المُنجد

عربی ---- اردو

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

عربی اور اُردو کی جامع ترین لغت

المُنجد

مرتب :

لوئیس معلوف

ترجمہ

مولانا عبدالحفیظ بلیاوی

تقدیم :

محمد اسحاق بھٹی

تکمیل و نظرِ ثانی :

قاری عبدالسّتار

فاضل مدینہ یونیورسٹی

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

حرفِ چند

آج سے تقریباً ۳۵ سال قبل جب والد محترم حضرت مولانا عبدالخالق قدوسی رحمۃ اللہ علیہ نے مکتبہ قدوسیہ کا آغاز کیا تو اس کی بنیاد عربی کتب کے کاروبار سے رکھی۔ انہوں نے محدود پیمانے پر عربی کتب کی خرید وفروخت شروع کی اور ان کی شہادت (۲۳ مارچ ۱۹۸۷ء) تک الحمدللہ مکتبہ قدوسیہ پورے پاکستان میں عربی کتب کی فراہمی اور طباعت کا ایک اہم ادارہ بن چکا تھا۔ عربی کی نادر ونایاب کتب کے حصول کے لیے شائقین دور دراز سے تشریف لاتے۔ اسی طرح طباعت کے میدان میں بھی مکتبہ قدوسیہ نے عربی کی کئی ایک بلند پایہ کتب شائع کیں۔ عربی زبان وادب کی خدمت کا یہ سلسلہ جاری وساری ہے۔ کچھ عرصہ قبل مصباح اللغات بہت عمدہ معیار پر اور خوبصورت کمپوزنگ کے ساتھ شائع کی گئی جب کہ چار جلدوں پر مشتمل ایک بہت اہم کتاب ''تاریخ ادب عربی'' بھی جلد شائع ہو رہی ہے۔ اسی سلسلے میں ہماری ایک اور کاوش المنجد (عربی۔اردو) آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

مولانا ابوالفضل بلیاوی نے جب مصباح اللغات مرتب کی تو اس کی بنیاد دراصل المنجد ہی تھی مولانا ابوالفضل نے المنجد کو سامنے رکھتے ہوئے اس میں بعض اضافے کر دیئے تھے۔ جب کہ کثیر تعداد میں المنجد کے الفاظ حذف کر دیئے تھے اور اس کو مصباح اللغات کا نام دیا تھا۔ ہماری خواہش تھی کہ المنجد کو اس کی اصل حالت میں ترجمہ کے ساتھ شائع کیا جائے۔ چنانچہ ہم نے مصباح اللغات میں ان حذف شدہ الفاظ کو نئے سرے سے ترجمہ کروا کر شامل کر دیا ہے جب کہ ان کے اضافہ جات کو خارج کر دیا ہے۔ یوں المنجد اپنی اصل شکل میں مکمل ہو گئی ہے۔ مولانا عبدالستار صاحب فاضل ریاض یونیورسٹی نے اس مشکل کام کو بہت محنت اور خلوص سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

المنجد کی طباعت اور معیار کے متعلق بہتر فیصلہ تو قارئین ہی کر سکتے ہیں۔ البتہ ہم نے بساط بھر کوشش ہے کہ ظاہری اور معنوی اعتبار سے اس کو مفید سے مفید تر بنایا جائے۔ عربی الفاظ کو نمایاں کرنے کے لئے سرخ رنگ کی روشنائی استعمال کی گئی جب کہ اردو کے لیے سیاہ۔ علاوہ ازیں المنجد کے آخری ایڈیشن میں جدید عربی کے جو الفاظ ہیں ان کا ترجمہ بھی شامل کر دیا گیا ہے جو اس نسخے کی اہمیت کو دوچند کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ اہل عرب کے ہاں روزمرہ کے محاورے اور ضرب الامثال کا مختصر اور جامع ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ اپنی حد تک ہم نے کوشش کی ہے کہ تصحیح کا زیادہ سے زیادہ خیال رکھا جائے۔ اس مقصد کے لئے مختلف ماہرین فن کی خدمات حاصل کی گئیں جنہوں نے بار بار کتاب کی خواندگی کی۔ اس کے باوجود جو

کمی کوتاہی رہ گئی ہو، قارئین اس کی نشاندہی فرما کر ہمیں شکریہ کا موقع دیں۔ تاکہ آئندہ طباعت مزید بہتر ہو سکے۔

ہم محترم ومکرم جناب مولانا محمد اسحاق بھٹی کے ممنون ہیں کہ انہوں نے ہماری درخواست پر اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے وقت نکال کر اس بظاہر خشک موضوع پر علمی، تحقیقی اور جامع مقدمہ لکھا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن حکیم کی زبان کی مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

ابوبکر قدوسی
اپریل ۲۰۰۱ء

تقدیم

''لغت'' عربی کا لفظ ہے اور مذکر استعمال ہوتا ہے۔ اس کے معنے ہیں زبان' بولی' آواز' فرہنگ' وہ کتاب جس میں الفاظ کے معنے درج ہوں اور مشکل الفاظ کے استعمال کا طریقہ بتایا گیا ہو۔ وہ صدا جس کی وساطت سے ایک شخص دوسرے شخص کے سامنے اپنا مقصد بیان کرتا اور اپنی ضرورت کا اظہار کرتا ہے۔

ہر زبان کے لغت کی کتابیں لکھی گئی ہیں اور ان کتابوں میں مشکل الفاظ کے معنے بتائے گئے ہیں۔ اردو زبان کے بھی بہت سے لغت موجود ہیں' جن میں اس زبان کے ماہرین نے دقیق اور مشکل الفاظ کے معانی درج کیے ہیں اور ان کے محل استعمال اور طریق بیان کی وضاحت کی ہے۔ انگریزی کتب لغت بھی معرض تصنیف میں آئی ہیں۔ اس موضوع کی بعض کتابیں وہ ہیں جن میں انگریزی الفاظ کے معنے انگریزی میں بتائے گئے ہیں' بعض میں اردو میں اور بعض میں عربی میں بیان کیے گئے ہیں۔ اسی طرح عربی کتب لغت کثیر تعداد میں ضبط تحریر میں لائی گئی ہیں۔ عربی سے عربی میں بھی' عربی سے اردو میں بھی' عربی سے فارسی اور انگریزی وغیرہ زبانوں میں بھی۔! پھر عربی لغت کی کتابیں صرف اہل عرب ہی نے نہیں لکھیں' غیر عربوں نے بھی اس زبان میں مہارت پیدا کی اور بہت سی کتب لغت تصنیف کی ہیں بلکہ عربی لغت نویسوں میں غیر مسلم بھی شامل ہیں جن کی بعض کتابیں ہمارے ہاں مشہور و متداول ہیں اور ہم ان سے استفادہ کرتے ہیں۔ غیر مسلموں کی کتابوں میں ایک کتاب ''المنجد'' ہے جو عربی سے عربی کے لغت کی کتاب ہے' پہلی دفعہ ۱۹۰۸ میں چھپی تھی۔ اب تک پینتیس چھتیس دفعہ چھپ چکی ہے۔ اس کے مصنف کا نام لوئیس معلوف ہے۔ یہ مشہور مستشرق پادری تھا یعنی فادر لوئیس معلوف۔ ۱۸۶۷ء میں پیدا ہوا تھا۔ ۱۹۴۶ میں فوت ہوا۔

کلام و تکلم کا آغاز کب ہوا؟

سوال یہ ہے کہ اظہار مقصد و مدعا کا سلسلہ کب سے جاری ہے اور کلام و تکلم کا آغاز کس طرح ہوا؟ اس کی ابتدا کب ہوئی اور کس زبان میں ہوئی؟

بعض کتابوں میں مرقوم ہے کہ بات چیت اور گفتگو کا سلسلہ تخلیق آدم سے بھی قبل سے جاری تھا اور جن اور ملائکہ ایک دوسرے سے باتیں کرتے تھے۔ ان کی کوئی زبان تو ہوگی جس میں وہ محو تکلم ہوتے تھے' لیکن انسانی بیان و کلام کی ابتدا اس وقت سے ہوئی' جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ حضرت آدم کا اولین مقام جنت تھا۔ وہیں اللہ کی طرف سے انھیں قوت گویائی سے نوازا گیا اور انھیں اس وقت کی موجود اشیا کے ناموں سے آگاہ کیا گیا۔ قرآن اس کا ذکر ان الفاظ میں کرتا ہے۔

وعلم ادم الاسمآء كلها- (البقرہ:۳۱)

یعنی اللہ نے آدم کو سب چیزوں کے نام سکھا دیے۔

یہی لغت و نطق کی تاریخ ہے اور یہیں سے اس کا آغاز ہوتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ حضرت آدم کو اللہ نے کن چیزوں کے نام سکھائے؟

جواب دیا جاتا ہے کہ آسمان' زمین' دریا' درخت' پہاڑ' پتھر' پانی' نباتات' حیوانات وغیرہ ان سب چیزوں کے نام بتا دیے' جو اس وقت موجود تھیں اور استعمال میں آ سکتی تھیں۔ فرشتوں کو اللہ نے ان چیزوں کے ناموں سے مطلع نہیں کیا تھا' حالاں کہ یہ چیزیں موجود تھیں' اس لیے کہ فرشتوں کو ان کی ضرورت نہ تھی۔ آدم کو چوں کہ دنیا میں رہنا تھا اور اس کی اولاد کا سلسلہ آگے بڑھنا اور پھلنا تھا' اس لیے ان کے لیے اکل و شرب کی بھی ضرورت تھی' لباس کی بھی ضرورت تھی اور حالات کے مطابق دیگر بہت سی اشیا کی حاجت تھی۔ یعنی انھیں ان تمام چیزوں کے ناموں سے مطلع کر دیا گیا اور پھر وہ اطلاع آگے چلتی رہی۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سواری کے جانوروں' مویشیوں اور برتنوں کے نام بھی انھیں بتا دیے گئے تھے۔

سب سے پہلی زبان

روایات سے واضح ہوتا ہے کہ سب سے پہلے جو زبان سطح وجود پر ابھری اور جس سے دنیا کے اولین انسان حضرت آدم آشنا ہوئے' وہ عربی زبان تھی۔ لیکن عربی کے ساتھ حضرت آدم کو کسی اور زبان سے شناسا کیا گیا یا نہیں؟ یہ مختلف فیہ بات ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک روایت بیان کی جاتی ہے کہ جنت میں حضرت آدم علیہ السلام کی زبان عربی تھی' لیکن جب انھوں نے اس درخت کا پھل کھا لیا جس کے کھانے سے اللہ نے منع فرمایا تھا تو عربی زبان ان سے چھین لی گئی اور وہ سریانی زبان بولنے لگے۔ اس کے بعد اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمالی اور غلطی معاف کر دی تو عربی زبان انھیں دوبارہ عطا فرما دی گئی اور وہ جنت سے دنیا میں آئے تو ان کی زبان عربی تھی اور وہ عربی میں گفتگو کرتے تھے۔

عربی زبان کی اہمیت

عربی زبان کے بارے میں متعدد صحابہ کرام سے متعدد روایات مروی ہیں۔ ایک روایت میں بتایا گیا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

احبوا العرب لثلاث

۱- فانی عربی -

۲- والقرآن عربی -

۳۔ ولسان اهل الجنة عربی ۔

تم عربی سے تین امور کی بنا پر محبت کرو۔
ایک اس لیے کہ میں عربی ہوں۔
دوسرے اس لیے کہ قرآن مجید عربی زبان میں ہے۔
تیسرے اس لیے کہ اہل جنت کی زبان عربی ہے۔

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر میں میت سے فرشتوں کے سوال و جواب کا سلسلہ عربی زبان میں ہوگا۔

ایک روایت سے پتا چلتا ہے کہ اللہ کی طرف سے انبیا علیہم السلام پر جن کتب وصحائف کا نزول ہوا' وہ عربی زبان میں تھیں' لیکن ان انبیا علیہم السلام کی زبان انہی قوموں کی تھی' جن قوموں کی طرف انھیں مبعوث فرمایا گیا تھا۔ پھر ان انبیا نے ان عربی کتب وصحف کا ترجمہ اپنی اپنی امتوں کی زبان میں کیا۔

معانی ومطالب میں عربی زبان کی وسعت

عربی زبان الفاظ و معانی کے لحاظ سے نہایت وسیع زبان ہے اور فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے دنیا کی کوئی زبان اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ قدیم عرب کے شاعر اور ادیب جس فخر اور غرور کے ساتھ اس زبان میں اپنی مہارت کا تذکرہ کرتے ہیں دوسرے زبانوں کے پرانے ماہر وادیب اس انداز سے شاید نہیں کرتے ہوں گے۔

عربی زبان کی وسعت کا یہ عالم ہے کہ ایک ایک لفظ میں کئی کئی معنے پنہاں ہیں اور اس باب میں اس کا دامن نہایت کشادہ ہے۔ مثلاً تلوار کر لیجیے' عربی میں اس کے لیے بہت سے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ اسی طرح شیر' نیزہ' اونٹ' بکری وغیرہ کے لیے بے شمار الفاظ مستعمل ہیں اور عرب ادبا و شعرا الفاظ کی اس بے پناہ کثرت پر انتہائی مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہیں۔

صلات اور حروف روابط

عربی زبان میں ایک بہت بڑا مسئلہ صلات اور حروف روابط کا ہے۔ کس فعل کا کیا صلہ ہونا چاہیے اور وہ صلہ کن حروف کے ساتھ آنا چاہیے' یہ مسئلہ بے حد اہمیت کا حامل ہے اور انتہائی دشوار بھی ہے۔ اگر رفع کا صلہ ''ب'' ہے تو کیا معنے ہوں گے' علیٰ' الیٰ' من' اور فی ہے تو کیا ہوں گے۔! اس میں بسا اوقات عربی کے بڑے بڑے ادیب ٹھوکر کھا جاتے ہیں' بلکہ بعض دفعہ بعض اہل زبان بھی لغزش کا شکار ہو جاتے ہیں۔۔۔ عربی کے لغت نویسوں نے اس مشکل کو پوری طرح پیش نگاہ رکھا ہے اور بتایا ہے کہ کس فعل کا کس موقعے پر کیا صلہ آئے گا اور کیا معنے دے گا۔ لیکن اس باب میں سب سے بہتر اور قابل اعتماد بلکہ کہنا چاہیے کہ حرف آخر قرآن مجید ہے۔ اگر عربی کے کسی ادیب کو اس کتاب ہدیٰ سے پورا شغف ہے اور اس میں وہ درک رکھتا ہے تو اسے صلات کی پوری مشق ہو جاتی ہے اور حروف روابط کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

عربی شعر کا معاملہ

پھر شعر میں الفاظ کا استعمال ایک بہت بڑا فن ہے---شعر ہر اعتبار سے صحیح ہے، ردیف، قافیہ، الفاظ سب معاملہ ٹھیک ہے، لیکن ماہرین فن اس میں بھی خوب سے خوب تر کی تلاش میں رہتے ہیں- اس کی ایک مثال ملاحظہ ہو-

خنسا عرب کی بہت بڑی شاعرہ تھی اور مرثیہ گوئی میں اس دور کا کوئی شاعر اس کا مقابلہ نہ کر سکتا تھا، وہ علاقہ نجد کی رہنے والی تھی اور اس کا اصل نام تماضر تھا- چوں کہ بے حد چست، تیز طرار، ذہین اور خوب رو تھی، اس لیے خنسا کے لقب سے مشہور ہوئی، جس کے معنے ہرنی کے ہیں- اس نے زمانہ جاہلیت بھی پایا اور زمانہ اسلام بھی-! اس کا سلسلۂ نسب ساتویں پشت سے عرب کے نامور شاعر امراء القیس سے ملتا ہے- شاعری کے فن میں اس کی مہارت سے متعلق بعض دلچسپ باتیں تاریخ کی کتابوں میں مرقوم ہیں-

دورِ جاہلیت میں اہل عرب میں یہ دستور تھا کہ مختلف مقامات پر شعر و شاعری کی مجلسیں آراستہ ہوتی تھیں- ان مجلسوں میں مرد اور عورتیں برابر کی سطح پر حصہ لیتے تھے- خنسا بھی ان میں شامل ہوتی تھی اور اس کے خیمے پر ایک جھنڈا نصب کیا جاتا تھا، جس پر جلی حروف سے لکھا ہوتا تھا-

الخنساء--- ارثی العرب
(خنساء- عرب کی سب سے بڑی مرثیہ گو)

تمام عرب شعرا نہایت شوق اور دلجمعی سے اس کا کلام سنتے تھے- نابغہ ذبیانی جس کا اصل نام زیاد بن معاویہ تھا، بڑی توجہ سے اس کے اشعار سنتا تھا- ایک مجلس میں خنساء بھی موجود تھی اور حضرت حسان بن ثابت بھی تشریف فرما تھے- نابغہ ذبیانی نے خنساء کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اگر میں نے ابو بصیر (اعشیٰ) کے اشعار نہ سنے ہوتے تو تمھیں موجودہ دور کے تمام شعرا سے بہتر قرار دیتا-

حضرت حسان کو دورِ جاہلیت میں بھی عرب کا بہت بڑا شاعر گردانا جاتا تھا اور زمانہ اسلام میں بھی انھوں نے رسول اللہ ﷺ کی مدح میں جو اشعار کہے، تاریخ اسلامی میں وہ اپنی مثال آپ ہیں-

انھوں نے نابغہ ذبیانی کی زبان سے خنساء کے اشعار کی تعریف سنی تو طیش میں آ گئے اور بولے:

''میں خنساء سے بہتر شعر کہتا ہوں-''

نابغہ ذبیانی نے یہ الفاظ سن کر حسان سے تو کچھ نہیں کہا البتہ خنساء کی طرف دیکھا-

خنساء نے حسان سے کہا: ''آپ اپنے قصیدے کے جس شعر کو سب سے اچھا سمجھتے ہیں، وہ سنایے-''

حسان نے فوراً شعر پڑھا-

ان الجفنات یلمعن فی الضحی
واسیافنا یقطرن من نجدۃ دما

یعنی ہمارے پاس بڑے بڑے شفاف برتن ہیں جو چاشت کے وقت چمکتے ہیں اور ہماری تلواریں بلندی سے خون ٹپکاتی ہیں۔

اس شعر میں انھوں نے اپنے قبیلے کی سخاوت کا اظہار بھی کیا ہے اور بہادری و جنگ ہوئی کا بھی۔!

شعر سن کر خنساء نے کہا: ''یہ شعر سات مقامات پر بلندی سے گر گیا---'' اب وہ ان مقامات کی نشان دہی کرتی ہے۔

۱۔ ''جفنات'' کا لفظ دس سے کم پر بولا جاتا ہے۔ اس کے بجائے مناسب لفظ ''جفان'' تھا۔

۲۔ ''غر'' کے معنے پیشانی کی سفیدی کے ہیں۔ اس کی جگہ لفظ ''بیض'' ہوتا تو زیادہ بہتر تھا۔

۳۔ ''یلمعن'' عارضی چمک کو کہا جاتا ہے۔ یہاں ''یشرقن'' لایا جاتا تو بہت مناسب رہتا۔

۴۔ ''الضحی'' کی نسبت ''الدجی'' زیادہ موزوں تھا' کیوں کہ روشنی' سیاہی میں زیادہ اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔

۵۔ ''اسیاف'' کا اطلاق جمع قلت پر ہوتا ہے' اس کے بجائے ''سیوف'' استعمال کرنا چاہیے تھا۔

۶۔ ''یقطرن'' میں وہ خوبی نہیں پائی جاتی جو ''یسلن'' میں پائی جاتی ہے' لہٰذا ''یقطرن'' کی جگہ ''یسلن'' زیادہ مناسب تھا۔

۷۔ ''دم کی جگہ ''دماء'' ہونا چاہیے تھا' اس لیے کہ اس میں کثرت کے معنے پائے جاتے ہیں۔

حضرت حسان نے خنساء کے یہ اعتراضات سنے اور خاموش رہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حسان نے خنساء کے اعتراضات کو اہمیت دی اور خنساء کے نزدیک شعر اس طرح ہونا چاہیے تھا۔

لنا الجفان البیض یشرقن فی الدجی
وسیوفنا یسلن من نجدة دماء

عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ عہد قدیم میں عرب عورتیں بھی عربی زبان کے مختلف گوشوں پر گہری نظر رکھتی تھیں اور اس سے خوب آگاہ تھیں کہ کون سا لفظ کس موقعے اور مقام پر زیادہ مناسب اور موزوں رہتا ہے۔ یہ زبان پر ان کے عبور کا ثبوت اور اس کی نزاکتوں سے کامل آگاہی کی دلیل ہے۔

ہر زبان کے لغت کی کتابیں لکھی گئی ہیں' جو زبان بولی جاتی ہے' اس کے نشیب و فراز کو سمجھنے اور مشکل الفاظ کو فہم کی گرفت میں لانے کے لیے لغات کی بہرحال ضرورت رہتی ہے۔ بعض دفعہ کسی لفظ کے معنی کا علم ہوتا ہے' لیکن اس کو مناسب اور صحیح انداز سے استعمال میں لانے میں مشکل پیش آجاتی ہے' اس مشکل سے نکلنے کے لیے کتاب لغت کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔

عربی کتب لغت کی کثرت

عربی لغت کی سب سے زیادہ کتابیں لکھی گئی ہیں اور ایک ایک کتاب کئی کئی جلدوں میں لکھی گئی ہے۔ اس طرح ان کی تعداد ہزاروں تک پہنچ گئی ہے۔ اس کا اندازہ صاحب بن عباد کے اس واقعہ سے کیجیے کہ ان کو کسی حکمران

نے اپنے یہاں آنے کے لیے درخواست کی تو انھوں نے جواب دیا کہ میں اپنے مقام سکونت سے آپ کے ہاں کس طرح آ سکتا ہوں۔ مجھے ساٹھ اونٹ تو فقط لغت کی کتابیں لادنے کے لیے درکار ہوں گے۔
یہ صرف ایک شخص کی بات ہے کہ اس کے پاس کتب لغت کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ انھیں کسی جگہ منتقل کرنے کے لیے ساٹھ اونٹوں کی ضرورت ہے۔ یقیناً ایسے اہل علم بھی ہوں گے جن کے پاس اس سے بھی زیادہ کتابیں ہوں گی۔

عربوں کا فطری ذوق

یہاں یہ بھی عرض کر دیں کہ قدیم دور کے جن عرب شاعروں اور اصحاب فصاحت و بلاغت کا کلام ہم پڑھتے اور سنتے ہیں، وہ کسی کے شاگرد نہیں تھے اور ان میں سے کسی نے کسی استاذ کے سامنے اس طرح زانوئے شاگردی تہ نہیں کیا تھا، جس طرح ہم کرتے ہیں۔ امراء القیس کس کا شاگرد تھا؟ نابغہ ذبیانی کس کے حلقہ تلمذ میں رہا تھا؟ خنسا نے کس سے استفادہ کیا تھا؟ حسان بن ثابت نے کس سے اصلاح لی تھی؟
کلثوم بن عمرو عتابی، سری بن احمد کندی اور اس طرح کے بہت سے شعرا و ادبا تھے، مگر کچھ پتا نہیں ان لوگوں نے یہ علم کس سے سیکھا تھا۔ خود نبی ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ انا افصح العرب (میں تمام باشندگان عرب سے زیادہ فصیح ہوں) پھر قبیلہ قریش کی زبان نہایت نکھری ہوئی اور صاف تھی۔ قبائل عرب میں سے بنوقیس، بنوتمیم، بنواسد اور بنو ہذیل وغیرہ قبائل کی زبان نہایت فصیح تھی اور یہ نعمت انھیں ان کے فطری ذوق کی بدولت حاصل ہوئی تھی۔

عرب میں تحریر و کتابت کا آغاز

اب سوال یہ ہے کہ اہل عرب نے تحریر و کتابت کا سلسلہ کب شروع کیا اور کس طرح کیا اور اول اول عربی رسم الخط کی طرح کس نے ڈالی؟
اس سوال کا جواب محمد بن اسحاق ندیم وراق (وفات تقریباً ۳۹۰ھ) نے اپنی مشہور تصنیف ''الفہرست'' میں دیا ہے اور ہم یہاں اسی سے استفادہ کر رہے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:
اس میں اختلاف ہے کہ سب سے پہلے عربی رسم الخط کی بنیاد کس نے رکھی۔ ہشام کلبی کا بیان ہے کہ اس کا اولیں موجد عرب عاربہ کا ایک گروہ ہے[1] جنھوں نے عدنان بن اد کے ہاں سکونت اختیار کی۔ ان کے نام یہ تھے:

---

[1] یہاں یہ وضاحت کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ قبائل عرب کی تین قسمیں ہیں اور وہ ہیں (۱) عرب عاربہ (۲) عرب متعربہ اور (۳) عرب مستعربہ۔ عرب عاربہ خالص عربوں کو کہا جاتا ہے اور وہ نو قبیلے ہیں جو ارم بن سام بن نوح علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ وہ نو قبیلے یہ ہیں: عاد، ثمود، امیم، عبیل، طسم، جدیس، عملیق، جرہم، وبار۔
عرب متعربہ اور عرب مستعربہ کا اطلاق ان لوگوں پر ہوتا ہے جو خالص عرب نہیں ہیں، ان میں دوسری قوموں کا اختلاط پایا جاتا ہے۔ عرب متعربہ قحطان کی اولاد ہیں، جن کی اصل زبان سریانی تھی۔ پھر انھوں نے یمن کو اپنا وطن بنا لیا تھا۔ یمن میں انھوں نے بنو اسماعیل سے عربی زبان سیکھی اور وہی ان کی زبان قرار پائی۔

ابو جاد، ہواز، حطی، کلمون، صعفض، قریسات[1]۔
کتابت و تحریر کا آغاز انھوں نے اپنے ناموں کے مطابق کیا۔ یعنی وہ حروف لکھنا شروع کیے جو ان کے ناموں میں پائے جاتے ہیں۔ بعدازاں وہ ان حروف سے آشنا ہوئے جو ان کے ناموں میں موجود نہ تھے، مثلاً ثا، خا، ذال، ظا، شین، غین۔ ان حروف کو انھوں نے ''روادف'' کے نام سے موسوم کیا۔

ابن ہشام کی روایت کے مطابق، یہ لوگ (ابو جاد، ہواز، حطی وغیرہ) شاہان مدین سے تعلق رکھتے تھے اور حضرت شعیب علیہ السلام کے زمانے میں ''یوم الظلہ''[2] میں ہلاک ہوئے۔

اس کی صورت یہ ہوئی کہ پہلے تو سات دن حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم اتنی سخت گرمی میں مبتلا رہی کہ ان کے لیے اس کا برداشت کرنا ممکن نہ رہا۔ جہاں جاتے ہیں، گرمی کی شدت میں مبتلا ہیں۔ سات دن یہ کیفیت طاری رہی۔ اس کے بعد یکا یک آسمان سے سیاہ بادل نمودار ہوا اور سردی کا ریلا آیا، جس سے لوگ بے حد خوش ہوئے اور اس سیاہ بادل کے نیچے جمع ہو گئے۔ پھر اس بادل میں سے آگ کے شعلے برسنے لگے اور ان شعلوں نے نہایت تیزی کے ساتھ وہاں کے باشندوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی تکذیب کرنے والے تمام لوگ ان شعلوں میں بھسم ہو گئے۔ قرآن نے اس دن کو ''یوم الظلہ'' (سائبان کے دن) سے تعبیر کیا ہے، اس لیے کہ منکرین حق پر سیاہ بادل، سائبان کی طرح تن گیا تھا۔ صرف وہی لوگ اس عذاب سے محفوظ رہے تھے، جنھوں نے حضرت شعیب علیہ السلام کے احکام پر عمل کیا تھا۔ یوم الظلہ کو ابو جاد، ہواز، حطی، کلمون، صعفض اور قریسات بھی ہلاک ہو گئے تھے۔

کلمون کی بہن نے ان کی ہلاکت پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے یہ مرثیہ کہا تھا۔

کلمون ہدّ رکنی هلكه وسط المحله
سید القوم اتاه الحتف ثارا وسط ظله
جعلت نارا عليهم دارهم كالمضمحله

یعنی ''اے کلمون! میرا سہارا ختم ہوا، اس لیے کہ تو آبادی کے عین وسط میں ہلاک ہو گیا۔
قوم کے سردار کو موت نے آدبوچا، جب کہ وہ سائبان کے نیچے اقامت گزیں تھا۔
اس سائبان نے ان کے گھروں پر آگ برسادی اور گھر تباہ ہو گئے۔''

گزشتہ سے پیوستہ
عرب مستعربہ، حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں، انھیں بنی سعد بن عدنان بن اد کہا جاتا ہے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام اصل عرب نہ تھے، نہ ان کی آبائی زبان عربی تھی، ان کی شادی بنو جرہم میں ہوئی تو انھوں نے عربی زبان سیکھی، اس لیے ان کی اولاد جو ارض حجاز سے تعلق رکھتی ہے، عرب مستعربہ ہوئی۔

[1] ہمارے ہاں ان ناموں کا تلفظ یہ ہے: ابجد، ہوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت۔

[2] حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو جب ان برائیوں سے روکا، جن کا وہ ارتکاب کرتی تھی تو ان لوگوں نے ان کی بات ماننے سے انکار کر دیا اور کہا کہ اگر تم سچے ہو اور واقعی تمھیں اللہ نے اپنا پیغمبر بنا کر بھیجا ہے تو ہم پر آسمان سے عذاب کی شکل میں کوئی ٹکڑا برسادو۔ چنانچہ فاخذهم عذاب يوم الظلة (شعراء:189) ''سائے کے دن کے عذاب نے ان کو آپکڑا''

الفہرست کے مصنف محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے یہ نام ابن ابی سعد کی تحریر میں اس شکل وصورت اور اس اعراب کے ساتھ پڑھے ہیں۔

ابجاد، ہاوز، حاطی، کلمان، صاع فض، قرست۔

کہتے ہیں، یہ آخری قافلہ تھا جو عدنان بن اُدّ وغیرہ کے ہاں آ کر ٹھہرا۔ جب ان لوگوں نے اپنے آپ کو عربوں کے قالب میں ڈھال لیا تو عربی انداز کتابت وضع کیا۔ واللہ اعلم

کعب احبار کا کہنا ہے کہ پہلے شخص جنھوں نے عربی، فارسی اور ہر قسم کے اسالیب کتابت کو وضع کیا، آدم علیہ السلام ہیں۔ انھوں نے اپنی موت سے تین سو سال قبل ان اسالیب کتابت کو مٹی پر لکھا اور آگ پر پکایا۔ جب دنیا طوفان کی زد میں آئی تو انداز تحریر کے یہ نمونے محفوظ رہے، چنانچہ ہر قوم نے اپنے اپنے رسم الخط کو پہچانا اور اختیار کیا اور اسی انداز سے لکھنا شروع کر دیا۔

حضرت عبداللہ بن عباس کا فرمان ہے کہ سب سے پہلے جن لوگوں نے عربی رسم الخط وضع کیا، وہ قبیلہ بولان کے تین شخص ہیں۔ انھوں نے انبار کو اپنا مسکن بنایا اور اکٹھے ہو کر حروف مقطعہ اور موصولہ وضع کیے۔ ان کے نام مرامر بن مرہ، اسلم بن سدرہ اور عامر بن جدرہ ہیں۔ ایک قول کے مطابق مروہ اور جدلہ ہیں۔ مرامر نے شکل وصورت کو، اسلم نے فصل و وصل کو اور عامر نے نقطوں کو وضع کیا۔

اہل حیرہ سے پوچھا گیا: ''تم نے عربی کس سے سیکھی۔؟ انھوں نے جواب دیا۔ ''اہل انبار سے!'' نیز کہا جاتا ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام چوبیس برس کے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو عربی مبین بولنا سکھائی۔

محمد بن اسحاق کا کہنا ہے کہ جو چیز واقعیت وحقیقت سے قریب تر اور قابل قبول ہے اور جسے ثقہ لوگوں نے بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ عربی جن قبائل کی زبان تھی، وہ تھے حمیر، طسم، جدلیس، ارم اور حویل۔ یہ عرب عاربہ تھے۔ حضرت اسماعیل نے جب قبیلہ جرہم میں سکونت اختیار کی اور بڑے ہوئے تو اسی قبیلے میں، جو خاندان معاویہ بن مضاض جرہمی کی ایک شاخ تھا، شادی کی۔ چنانچہ یہ لوگ ان کی اولاد کے ننھیال ٹھہرے۔ اس رشتہ وتعلق کی بنا پر حضرت اسماعیل علیہ السلام نے اس قبیلے کی زبان سیکھی۔ اس کے بعد مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ جیسے جیسے ضروریات پیش آتی اور ظاہر ہوتی رہیں، حالات کے مطابق ان کی اولاد نے بات سے بات نکالی اور بہت سی چیزوں کے نام وضع کر لیے۔ پھر اس طرح جب دائرہ کلام زیادہ وسیع ہو گیا تو قبیلۂ عدنان میں عمدہ اور فصیح شعر کہنے کا رواج ہوا، جو آہستہ آہستہ مزید ترقی کر گیا۔

عرب کا ہر قبیلہ اپنی الگ بولی رکھتا تھا، جسے لوگ سیکھتے اور رواج دیتے تھے، لیکن زبان بنیادی طور پر سب کی ایک ہی رہی۔

اس بات کی تصدیق مکحول کی روایت سے ہوتی ہے جو وہ مختلف راویوں سے بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں، پہلا گروہ، جس نے عربی خط وضع کیا نفیس، نضر، تیما اور دومہ پر مشتمل ہے جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد تھے۔ انھوں نے اسے تفصیلی شکل میں وضع کیا اور قادور اور نبت بن ہمیسع بن قادور نے اسے پھیلایا اور عام کیا۔ وہ مزید کہتے ہیں کہ انبار کے چند افراد نے جو قبیلہ ایاد قدیم سے تعلق رکھتے تھے، حروف الف، ب، ت، ث وضع کیے اور عربوں

نے اسی سے سب کچھ سیکھا۔

محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے عمر بن شیبہ کی کتاب مکہ میں خود اس کے ہاتھ سے لکھی ہوئی یہ تحریر پڑھی ہے کہ مجھے علمائے مصر کے ایک گروہ نے بتایا کہ جس نے عربی کے خط جزم کو اختیار کیا وہ بنو مخلد بن نضر بن کنانہ کا ایک شخص ہے۔ اسی کی پیروی میں عربوں نے لکھنا شروع کیا۔

ایک دوسرے گروہ کا کہنا ہے کہ جو شخص علم کتابت کو قریش مکہ میں لایا وہ ابو قیس بن عبد مناف بن زہرہ ہے۔ ایک قول کے مطابق حرب بن امیہ ہے۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب قریش نے (جدید تعمیر کے لیے) کعبہ کو گرایا تو اس کے ایک رکن کے نیچے سے ان کو ایک پتھر دستیاب ہوا جس پر یہ تحریر ثبت تھی۔

السلف بن عبقر یقرأ علی ربه السلام من رأس ثلاثة الاف سنة

یعنی تیسرے ہزار سال کے آغاز میں سلف بن عبقر اپنے رب کو سلام بھیجتا ہے۔

خزانہ مامون میں چمڑے پر لکھا ہوا عبدالمطلب بن ہاشم کا ایک نوشتہ موجود تھا، جس پر یہ الفاظ مرقوم تھے:

حق عبدالمطلب بن هاشم من اهل مكة على فلان بن فلان الحميرى من اهل وزل صنعا عليه. الف درهم فضة كيلا با لحديدة و متى دعاه ادبها اجابه شهدالله و الملكان۔

کہ اہل مکہ میں سے فلاں بن فلاں حمیری پر جو وزل صنعا سے تعلق رکھتا ہے، عبدالمطلب بن ہاشم کا چاندی کا ہزار درہم بوزن حدیدہ واجب الادا ہے، جب بھی اس سے اس کا مطالبہ کیا جائے گا، وہ اسے ماننے پر مجبور ہوگا۔ اللہ اور اس کے فرشتے اس پر گواہ ہیں۔

یہ خط عورتوں کے خط کی مانند ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ عورتیں بھی لکھنا جانتی تھیں۔

قصبہ سور میں، مربین کے قبرستان میں ایک عرب کاتب اسید بن ابوالعیص مدفون تھا، قبرستان کے کنارے ایک مسجد تھی۔ سیلاب کی وجہ سے اس میں شگاف پڑ گیا تو وہاں سے ایک پتھر برآمد ہوا جس پر یہ الفاظ کندہ تھے۔

انا اسید بن ابی العیص ترحم الله علی بنی عبد مناف

میں اسید بن ابوالعیص ہوں، اللہ بنی عبد مناف پر رحم کرے۔

اب سوال یہ ہے کہ عرب اس نام (یعنی عرب) سے کیوں موسوم ہوئے؟

الفہرست میں مرقوم ہے کہ ابن ابوسعد لکھتا ہے کہ لوگ کہتے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسمٰعیل کے بیٹوں کو ان کے ننھیال کے ساتھ جو قبیلہ جرہم سے تعلق رکھتے تھے، دیکھا تو پوچھا۔

''اسماعیل! یہ کون لوگ ہیں؟''

انھوں نے جواب دیا: ''میرے بیٹے اور ان کے ننھال جرہم''

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو قدیم سریانی زبان میں باتیں کر رہے تھے' کہا: "اعرب لہ" یعنی ان کو ایک دوسرے میں جذب کر دو اور ملا دو۔

یہ تمام باتیں کہاں تک صحیح ہیں؟ یہ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔

اس سے آگے الفہرست میں خط حمیری اور مختلف علاقوں کے رسم الخط اور اندازِ کتابت کا ذکر کیا گیا ہے جو نہایت دلچسپ ہے۔ متعدد علاقوں کے اسالیب کتابت کے نمونے بھی درج کتاب کیے گئے ہیں۔

کتاب کی خصوصیت

زیر مطالعہ کتاب عربی زبان کے ہزاروں الفاظ پر مشتمل ہے اور اپنے انداز کی ایک منفرد کتاب ہے۔ اس کی بہت بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں سے مطلوبہ لفظ تلاش کرنے کا طریقہ نہایت آسان ہے۔ مثلاً آپ فعل مضارع کے جمع کے لفظ یَسْتَخْرِجُوْنَ کے معنے دیکھنا چاہتے ہیں تو اس کا مادہ تلاش کیجیے جو تین حروف خ ر ج (خَرَجَ) ہے۔

اسی طرح آپ کو لفظ یَسْتَبْدِلُوْنَ کی تلاش ہے تو پہلے ب د ل (بدل) پر نظر ڈالیے' پھر آگے بڑھتے بڑھتے "یَسْتَبْدِلُوْنَ" آ جائے۔

اس طرح ثلاثی' رباعی' خماسی وغیرہ کے تمام ابواب آپ کے سامنے آ جائیں گے اور مسئلہ آسانی سے حل ہو جائے گا۔

عربی لغت کی کتابوں کے مختلف طریقوں میں آسان ترین طریقہ یہی ہے جو اس کتاب میں اختیار کیا گیا ہے یعنی حروف تہجی کی ترتیب سے کتاب مرتب کی گئی ہے۔ جیسے آ' اَبّ' اَبَّبَ' اَبَتَ' اَبَثَ' اَبجَدُ' اَبَدَ' اَبَرَ۔۔۔ اَیاد' ایلہ تک' اس کے آگے ب' پھر ت اور آخر میں ی۔

یہ نہایت آسان ترتیب ہے اور اس طرح ہر شخص بخوبی کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔

میرے محترم عزیز ابوبکر قدوسی نے اپنے اشاعتی ادارے مکتبہ قدوسیہ کی طرف سے اس کتاب کی اردو زبان میں اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ ان کی یہ کوشش حد درجہ لائق تحسین ہے۔ یقیناً اہل علم اس کو سراہیں گے اور یہ کتاب ان کے تحقیقی کاموں میں مدد و معاون ہوگی۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ ان کے کاروبار میں برکت فرمائے اور یہ قرآن و حدیث کی جو نشر و اشاعت کر رہے ہیں' اسے قبولیت سے نوازے۔

محمد اسحٰق بھٹی

المنجد کے رموز واشارات

فا	سے مراد اسم فاعل	مص	سے مراد مصدر	(س)	سے مراد باب سَمِعَ یَسْمَعُ
مفع	سے مراد اسم مفعول	(ض)	سے مراد باب ضَرَبَ یَضْرِبُ	(ک)	سے مراد باب کَرُمَ یَکْرُمُ
ج	سے مراد جمع	(ن)	سے مراد باب نصر ینصر	(ح)	سے مراد باب حَسِبَ یَحْسِبُ
جج	سے مراد جَمْعُ الْجَمْعِ	(ف)	سے مراد باب فَتَح یَفْتَحُ		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کریں

بعض قیاسی احکام

عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لیے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں:

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں اس طرح شریک ہونا کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہوں۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لیے کرنا۔

(۱۶) تخیل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ. تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ. حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقیناً پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) صیونت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا' چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کے لیے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔
(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔
(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔
(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔
(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔
(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔
(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔
(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔
(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لیے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتدا: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)
(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ. عراق میں پہنچا۔ (۱۰)
(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَعْلَ. اس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)
(۴) تعدیہ: جیسے اخرج = نکالا۔ (۱)
(۵) تعریض: جیسے اَبْعَثُ الحِمار = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)
(۶) صیئونت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)
(۷) لیاقت: جیسے اَلامَ الْفَرعِ. سردار قابل ملامت ہوا۔ (۲۸)
(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دور کی۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ الْبَقَرُ. گائے دودھ والی ہو گئی (۲۴)
(۱۰) مبالغہ: جیسے اَتْمَرَ النخلُ. کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)
(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ. میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)
(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ. میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)
(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلتہ یعنی فسختہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتدا: جیسے کَلَّمَ اس نے کلام کی (مجرد کلم زخمی کرنا) (۵)
(۲) الباس ماخذ: جیسے جلل الفرس. اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)
(۳) بلوغ: جیسے خیم. وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)
(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ. اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)
(۵) تخلیط: جیسے ذَهَّبَ. اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)
(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ الْقَوْسَ. اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)
(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ. اس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)
(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الْاِبِلَ. اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجرُ. درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)
(۱۰) قصر: جیسے هَلَّلَ. اس نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)
(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ. وہ بہت گھوما (۲۹)
(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِی. اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلہ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمرواً. زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)
(۲) موافقت مجرد: جیسے سافر بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتدا: جیسے تَکَلَّمَ. اس نے کلام کیا۔ (۵)
(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ. اس نے اپنے پتھر کو تکیہ بنایا۔ (۶)
(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ. اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)
(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ. وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۲)
(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)
(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ. اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)
(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ. وہ بہادر بنا۔ (۲۰)
(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ. وہ مالدار ہو گیا (۲۴)

(۹) مطاوعت فعل: جیسے علمته فتعلّم. میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔(۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ. اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک. اونٹ کا بیٹھنا)(۵)
(۲) تشارک: جیسے تشاتما. دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔(۳۴)
(۳) تخیل: جیسے تَمَارَضَ: اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)
(۴) مطاوعت فاعل: جیسے بَاعَدتُهُ فَتَبَاعَدَ. میں نے اسے دور کیا سو وہ دور ہو گیا۔(۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتدا: جیسے اِنْطَلَقَ. وہ گیا (مجرد طَلَقَ)(۵)
(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنکَسَرَ. وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت فعل: جیسے کَسَرْتُهُ فانکسر. میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فانغلق. اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰)

فائدہ. باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں آتا اور ہمیشہ ایسے معانی کے لیے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِحْتَجَرَ الفَارُ. چوہے نے بل بنایا۔(۲)
(۲) تخیر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ. اس نے اپنے لیے جو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل. اپنے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)
(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممنه فاغتمَّ. میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)
(۵) طلب: جیسے اِکتَدَّ فُلاناً. اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔(۲۵)
(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب
(۷) موافقت تفاعل: جیسے اختصم بمعنی تخاصم (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب: جیسے استطعمته. میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)
(۲) لیاقت: جیسے استرقع الثوب. کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)
(۳) وجدان: جیسے استکرمته. میں نے اسکو کرم سے متصف پایا۔(۴)
(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُهُ. میں نے اس کو اچھا گمان کیا (۳۱)
(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین. مٹی پتھر بن گئی (۱۲)
(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ. اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا (۲)
(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَاَ. اس نے جرأت دکھلائی۔(۳۰)
(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ. اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ کہا۔(۲۶)
(۹) مطاوعت افعل: جیسے اَقَمْتُه فَاسْتَقَامَ. میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّو اِسْتَقَرَّ (۳۱)
موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِسْتَجَابَ (۳۱)
(۱۱) ابتدا: جیسے اِسْتَعَانَ. زیر ناف کے بال کاٹے (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ. رات بہت تاریک ہو گئی (۲۹)

فائدہ. اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لیے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضَّ اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْدَوْدَبَ. بہت کبڑا ہو گیا۔(۲۹)
(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلیٰ التَّمرُ بمعنی حلا (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۱) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ. وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ. بہت سرخ ہوا۔(۲۹)
یہ باب الوان وعیوب کے لیے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(١) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُهٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔(٣٠)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنا لیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (١) مصدر' (٢) اسم مرۃ' (٣) اسم نوع' (٤) ظرف مکان و ظرف زمان' (٥) اسم آلہ (٦) اسم فاعل' (٧) اسم مفعول' (٨) صفت مشبہ' (٩) اسم تفضیل' (١٠) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:

(١) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعة' تجارة' حیاكة

(٢) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع

(٣) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعلان ہے جیسے غَلَیَان' جَولاَن' حفقان

(٤) جس کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زكام' دوار

(٥) اس کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فُعالؔ اور فَعِیلؔ ہے جیسے رَحِیل' و ذمیل

(٦) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فَعالؔ اور فَعِیلؔ ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیر' نَئِیم

(٧) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعلَۃ ہے جیسے حُمرَة' رِزقة' خُضرة

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

(١) فعل کا مصدر فُعُولَۃؔ اور فَعَالۃؔ کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُولَة نَبَاهَة' فَصَاحَةُ

(٢) فعل لازمی کا مصدر فَعَلؔ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ

(٣) فعل لازمی کا مصدر فُعُولؔ کے وزن پر جیسے قُعُودٌ' خُرُوجٌ' نُهُوضٌ

(٤) فِعلؔ اور فَعلؔ کے وزن پر جیسے فَهْم' نَصر

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّلَ کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تفعلۃ کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعة' قَدَّمَ تقدمة اگر مہموز اللام ہو تو تفعلۃ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأ تَنبِئَة و طَأ تو طِئَة' هنَّأ تهنئة اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلی تحلیه' زکی تزکیۃ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوسَمَ' تقویمًا' سَوَّدَ تسویدا

فَاعَلَ کا مصدر فعال و مفاعلۃ ہے جیسے قَاتَلَ قِتالاً و مُقَاتَلَةً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلۃ کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ' مُیَاسَرةً' یَامَنَ مُیَامَنۃ اور یَاوَمَ مُیَاوَمَةً و یَواہ شاذ ہے۔

اَفعَلَ کا مصدر اِفعَال ہے جیسے اَکْرَمَ اِکْرَام اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' وہ الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے امات' اماتة' اغاث اغاثة' اشار اشارة

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّل اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُل ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یاء سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَأنّی' تَأنّیًا' تغاضی تَغَاضِیًا.

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَال' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال' اِفْعَوعَلَ کا افعیعال اور اُفْعَلَّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا. انطلق اِنطِلاقًا' اِحْدَوْدَب اِحْدِیْدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا.

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً.

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَۃ اور فِعْلاَل ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَةً وَدِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَۃ اور وَسْوَاسًا.

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُل. اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنلاَلاً اِفْعَلَّلَ کا اِفْعِلاَّل ہے جیسے

تدحرج تدحرجًا. احرنجم احرنجامًا. إقشعرّ إقشعرارًا فعل مجہول کے لیے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضُرِبَ ضَربًا.

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر، مضرب، مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مستثنیٰ ہیں۔ مَجِئی، مرجِعٌ، مَسِیرٌ، مَصِیرٌ، مَشِیبٌ، مَرْفِق مَقِیلٌ
مثال واوی سے مفعِل کے وزن پر خواہ مضارع کا "عین" کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مورِدٌ، مَوعِدٌ، مَوجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنحَدَر، مصطبَر، مزدحم

اسم مرۃ واسم نوع

اس مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً، جَلَسْتُ جَلْسَةً
ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلتَفَتُّ اِلتِفَاتَةً، اِنطَلَقْتُ اِنطِلاقَةً. اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضربة واحدة، قاتلته مقاتلة، لا غير وما التفت اليه الا التفاتة وَاجِبَةً اجابة فقط.
اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فعلة کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد، مشى مِشْيَةَ المُختَال. ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة، قبيح المعاشرة.

ظرف مکان وظرف زمان

ظرف مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔
ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مفعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنصَر مَفْتَحٌ، مَسمَعٌ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مفعِل کے وزن پر جیسے مَجلِس مَنزِل
اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں، ان سب کا وزن مفعِل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ، مَطْلِعٌ، مَجزِرٌ، مَرْفِقٌ، مَفْرِقٌ، مَسْكِنٌ، مَنْسِكٌ، مَنْبِتٌ، مَسْقِطٌ.
مثال سے ظرف زمان ومکان ہمیشہ مفعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مفعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد، مَوجِل، مَطوِی، مَرمِی
اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَلٌ، اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ، اِنْخَدَعَ سے مُنْخَدَعٌ
کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لیے مفعلة کا وزن مقرر ہے جیسے مقبرة جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مأبلة جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَالٌ جیسے مفتاح. مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ اور مِفْعَلٌ جیسے مِبْرَدٌ یہ اوزان بھی قیاسی ہیں۔ مُنْخُلٌ، مُدهُنٌ، مُكحلة، مُدقٌ، مُسعُط، مُنصُل وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کی مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں اور آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لیے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم سِكِّين، فَأسٌ وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فاعل کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ، نَاصِرٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجتَنِبٌ، مُستَخرِجٌ، مُتَصَرِّفٌ
اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَضْرُوبٌ، مَفْتُوحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مُنْعَقِدٌ

مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کردینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ. مُكْرَمٌ. مُدَحْرَجٌ

تنبیہ: (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. ايفَعَ سے يَافِعٌ. أغْشَبَ سے عَاشِبٌ. اَحَبَّہ سے مَحْبُوبٌ. أَجَنَّہ سے مَجْنُونٌ. حَمَّہ سے مَحْمُومٌ. اَزْكَمَہ سے مَزْكُومٌ. اَسَلَّہ سے مَسْلُولٌ.

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ، كَرِيمٌ، لَيِّنٌ، سَهلٌ، صَعْبٌ، لقيان، غضبان، كسول، عطشى، رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لیے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ، اعرج، ابلَجُ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقيم

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فُعْلیٰ کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ، عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سوادًا. اشد استِخرَاجًا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد، حمد سے اور "حاتم اعطى من عمرو" میں اعطى سے اور "هذا السفر اَخْصَرُ من ذَاكَ" میں اَخْصَرُ، اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "مابا لبادية انوا منه" میں انواء، نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی بچھتر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْيَرُ اور اَشَرُّ تھے۔ کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہوگئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں:

فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ. نَصَّار. فَعَّالَةٌ جیسے عُلَّامَةٌ و فهامة. فِعِّيل جیسے صِدِّيق و سِكِّير. مفعيل جیسے مِسْكِيْنَ و مِعْطِيْرُ. مِفْعَالٌ جیسے مكسال و مقدام. فعلة جیسے ضحكة و ضُجُعَةٌ. فَعَلٌ جیسے شَرَةٌ، وَحِرِزٌ. فَعِيْلٌ جیسے رَحِيْمٌ وَ عَظِيْمٌ. فَعُولٌ جیسے كَذُوبٌ. وَدُوْدٌ. فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِيَةٌ. فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ. فَعُولَةٌ جیسے فَرُوقَةٌ. مَفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ. فَاعُولٌ جیسے فَارُوْقٌ. فُعَّالٌ جیسے كُبَّارٌ. مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاكٌ، اَدْرَكَ سے۔ معطاء اعطى سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ. اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقٌ. اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تاء تانیث کے لیے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے جیسے علامة، فَهامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصير، امراة نصيرة". "جاء نصير و نصيرة".

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت میں ہوگی جیسے "زيد قتيل". و اتت المراة جريحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبيب و حبيبة

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے يحيىٰ البتول، مريم البتول اور

موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "ھذا رسول و تلک رسولة. وجاء رسل و رسولة

مذکر ومؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة' قوة' نعمة' قدرۃ الف مقصورہ جیسے عذری' فضلیٰ' کُبریٰ' عُظمیٰ الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بیضاء' زرقاء

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم' زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اناث کے ساتھ مختص ہوں' جیسے اخت' ام وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' مصر' قریش وغیرہ۔ یا اعضاء انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے' اس لیے کہ صدغ' مرلق' حاجب' خد' مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المبتکر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے' مشہور اسماء درج ذیل ہیں:

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروی' است' اصبع' افعی' افق' بئر' باع' بنصر' ثعلب' جحیم' جھنم' حرب' خنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحی' ریح' سعیر' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عین' غول' فاس' فخذ' فلک' قدم' قدوم' قوس' کاس' کتف' کرش' کف' نار' نعل' ناب' ورک' ید' یمین' ینبوع

ہوا کے لیے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء' قبول' جنوب' دبور' شمال' ھیف' حرور' سموم' صرصر' نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں' ابن الانباری فرماتے ہیں **الریح مؤنثة لا علامة فیھا و کذلک سائر اسمائھا الا الاعصار فانه مذکر**

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں: ابط' ابھام' ازار' بلد' جراد' حال' حانوت' خمر' درع' دلو' روح' زقاق' سبیل' سری' سراویل' سلاح' سکین' سلم' سلم' سماء' سوق' صاع' ضحی' طرس' طریق' عجز' عضد' عقاب' عقرب' عنق' عنکبوت' فردوس' فرس' فھر' قدر' قفا' قمیص' کبد' السان' مسک' ملح' منجنیق' موسیٰ' نفس' وراء'

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان" رایت الرجلین و مررت بالرجلین.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد' عبدالرحمن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب' ذواتا بعلبک

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہوگئی' ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام رامیان' داع داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا. رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان. فتی سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان' قھقرآن' خوزلیان شاذ ہیں' قیاس کا تقاضا تھا کہ قھقھریان' خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لیے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان. بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہوتا کہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواء ان اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالاء سے لالاء ان. قُرَّاء سے قُرَّاء ان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لیے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماء ان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب"، کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة، ابن، اسم یعنی سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض، اجمع، جمعا، کل اور عریب، دیار اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحدہ کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واؤ ماقبل مضموم اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بِمُسلِمِینَ"

اس وزن پر جمع بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لیے طلحة باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واؤ نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذوو معدی کرب، ذوو بعلبک.

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو، ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامة کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً رضون، عالمون، علیون، اهلون، بنون، سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون، سبون، منون

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات. اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبة سے طالبات، مسلمة سے مسلمات

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرة سے ثمرات، شجرة سے شجرات، امراة، شاة، قلة، أمَةٌ، مِلَّةٌ شفة اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات، مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات، امتیازات.

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات، حمی سے حمیات.

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیہ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے، جیسے سماوات، ارضات، سجلات، حمامات، سرادقات، شمالات، امهات، سراویلات وغیرہ۔

الفاظ عجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات

اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل' قناصل بطارکۃ' کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعلۃٌ فَعلَۃٌ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرۃ تمرات. رَحْمَۃٌ رَحَمَاتٌ.

اور اگر فِعلۃٌ فُعلۃٌ کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا' ساکن رکھنا اور فاکلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرَۃٌ سے کِسَرات' کِسِرات' کِسْرات' حُجرۃٌ سے حُجَرات' حُجْرات' حُجُرات.

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فاء کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوزَۃٌ سے جَوزَات' بیعۃٌ سے بیعات.

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃٌ سے رمیاتٌ اور رقوۃٌ سے رقوات' رقوات لیکن اگر فاء کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فاء بنانا جائز نہیں جرواتٌ شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فاء مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضمَّۃٌ سے ضمَّات. عزَّۃٌ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رجل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رسل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَدٌ سے اُسُد. بُعْثٌ سے بُعُثٌ.

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں: جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں:

اَفعَالٌ جیسے طِفلٌ سے اَطْفَالٌ. اَفْعُلٌ جیسے نہرٌ سے انھر.
اَفعِلَۃٌ جیسے رغیفٌ سے اَرْغِفَۃٌ. فِعْلَۃٌ سے فعلۃٌ جیسے فتیٌ سے فتیۃ.

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد' منابر' اناعیم' قنادیل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایھا الشُّیُوْخُ لَا تَکُوْنُوا کَالْفِتیَۃِ. احفظُوا اَنْفُسَکُمْ

آمَ (ن) أَوْمًا: سخت پیاسا ہونا۔ آمَ (ک) أَوْمًا و أُيَامًا و ايَامًا) النحلَ و عَلَيْهَا: شہد نکالنے کے لیے چھتہ کے نیچے دھواں کرنا۔
الأَوْمَةُ پیاسا کرنا۔
الأُوَامُ: پیاس۔ دورانِ سر (والايام) دھواں۔ ج ایم۔
آنَ (ن) أَوْنًا. عَلَى نَفْسِهِ: نرمی کرنا۔
أَوَّنَ (ن) وتَأَوَّنَ: الرَّجُلُ: سنجیدہ وپُر وقار ہونا۔
الأَوْنُ: نرمی۔ آرام۔ سکون۔ وقار کے ساتھ چلنا۔
الآنَ والأَوَان. وقت۔ ج آوِنَة.
الآنَ: ابھی۔
الإِيْوَان: محل۔ ج ایوانات و أَوَاوِيْن.
الأَوان: کھوے (اس کے لیے واحد نہیں)
آهَ (ن) أَوْهًا وأَوَّهَ و تَأَوَّهَ: درد مند ہونا۔ آہ آہ کرنا۔
الأَوَّاه: بہت آہیں کرنے والا۔
الآهَة. آہ۔ کراہ۔ کھسرہ۔
أَوَى (ض) أُوِيًّا و إِوَاءً. البَيْتَ و إِلَى البَيْتِ: ٹھکانا لینا۔ پناہ دینا۔ اُترنا۔ (وآوَى وأَوَّى) ہ البَيْتَ وَإِلَى البَيْتِ ٹھکانا دینا۔ پناہ دینا۔ اُتارنا۔
أَوَى (ض) أَوْيَةً وإِيَّةً و مَأْوِيَةً و مَأْوَاةً. لَهُ: رحم کھانا۔ نرم دل ہونا۔ ترس کھانا۔
تَأَوَّى وتَآوَى. الطُّيُورُ: اکٹھا ہونا۔
اِئْتَوَى واِتَّوَى: پناہ لینا لَهُ: ترس کھانا۔
المَأْوَى والمَأْوَاة: ٹھکانا۔ جائے پناہ۔
اِبْنُ آوَى: گیدڑ۔ بعض اس کی کنیت ابو زُهْرَه کہتے ہیں۔ ج بنات آوَى.
الآيَةُ: علامت مِنَ الكِتَابِ: آیت
الآيَة: عبرت۔ آیٌ و آیاتٌ.
آيَةُ الرَّجُلِ: وجود۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ القَوْمُ بِآيَتِهِمْ" قوم پوری جماعت کے ساتھ نکلی۔
أَيْ. حرف ندا ہے جیسے "أَيْ زَيْدُ" حرف تفسیر جیسے "رَأَيْتُ غَضَنْفَرًا أَيْ أَسَدًا".
إِيْ: ہاں۔ ہمیشہ قسم سے پہلے واقع ہوتا ہے جیسے "إِيْ وَاللّهِ"

ایٔ اس کے مختلف مواقع استعمال ہیں۔
(۱) شرط کے لیے اس صورت میں دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے۔ جیسے "أَيًّا تضرِبْ أضْرِبْ" جس کو مارے گا میں ماروں گا۔
(۲) استفہام کے لیے جیسے "أَيُّكُمْ اَتى" تم میں سے کون آیا؟
(۳) اسم موصول جیسے "سَلِّمْ عَلىٰ اَيُّهُمْ اَفْضَلُ" ان میں سے جو افضل ہے اس کو سلام کر۔
(۴) مال کے معنی پر دلالت کرنے کے لیے اس صورت میں نکرہ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ جیسے "زَيْدٌ رَجُلٌ اَیُّ رَجُلٍ" زید بہت کامل آدمی ہے۔ اور کبھی موصوف بالله منادی پر یا کے بعد مخاطب کو متنبہ کرنے کے لیے آتا ہے۔ جیسے یَا اَیُّهَا الرَّجُلُ.
اِيَّا: وہ حرف جو ضمائر منصوبہ منفصلہ کے شروع میں لگایا جاتا ہے جس سے مقصد تخصیص پیدا کرنا ہوتا ہے جیسے "اِيَّاكَ اَعْنِیْ"
اَيَا: بعید کے لیے حرف نداہے اور کبھی ہمزہ کو ھ سے بدل کر ھیا بولتے ہیں۔
آدَيَئِيدُ اَيْدًا وَآدًا. مضبوط و سخت ہونا۔
اَيَّدَهُ تَأْيِيْدًا وَ آيَدَهُ مُوَايَدَةً: قوی کرنا۔ ثابت کرنا۔ صفت (مُؤَيِّد ومُؤيِد) صفت مفعولی مُؤَيَّد و مُؤيَد (تَأَيَّدَ:) قوی ہونا۔
الْاَدُو الْاَيْدُ: قوت۔
اَلْإِيَادُ: ہر وہ چیز جو کسی چیز کے لیے باعث تقویت ہو۔ پردہ۔ پناہ۔ فضاء آسانی۔ مضبوط پہاڑ۔ اِيَادُ الْجَيْشِ: فوج کا دایاں و بایاں بازو۔
الْاَيِّدُ: قوی۔
المُؤَيَّدُ: بڑا معاملہ۔ مصیبت۔ ج مَآوِدُ مُوَايِد.
اَيَّار: ماہ مئی (رومی مہینے کا نام)
اِیبیکا: پیٹ کی صفائی کے لئے دوائی استعمال کی جاتی ہے۔
اَیڈیولوجیا: تصورات اور افکار میں بحث کرنے والا فن۔ ایک خاص مذہب جو افکار کو ہی

بنیاد تصور کرتا ہے۔ (یونانی لفظ)
اَيِسَ(س) اِيَاسًا. منہ نا اُمید ہونا۔ صفت (آئِس)
اَيَّسَهُ وَ آيَسَهُ اِينَاسًا نا امید کر دینا۔
اَلْآئِسَةُ: پچاس یا اس سے زائد عمر والی عورت۔
آضَ يَئِيضُ اَيْضًا: لوٹنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فَعَلَهُ اَيْضًا" اس نے اس کو بھی کیا۔
ایضاً پر نصب مصدریت یا حالیت کی بنا پر ہے۔
ایک حالت سے دوسری حالت پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "آضَ سَوَادُ شَعْرِهِ بَيَاضًا" اس کے بالوں کی سیاہی سفیدی سے بدل گئی۔
الْاَيْقُونَةُ: مجسمہ۔ اسٹیچو۔ اس کے مقابل میں عربی لفظ اَلنَّصْمَةُ ہے۔
اَيِكَ(س) اَيْكًا وَاسْتَايَكَ. الشَّجَرُ: گنجان ہونا۔
الْاَيْكُ: گنجان درخت۔ واحد (اَيْكَة)
الْاَيِكُ: پھل دار۔
اِيْل. عبرانی میں الله تعالیٰ کا نام۔ معنی قوی قدیر۔
الْاَيِّلُ وَالْاِيَّلُ وَالْاُيَّلُ. بارہ سنگھا ج اَيَائِل.
اَيْلُول: ماہ ستمبر (رومی مہینے کا نام)
آمَ يَئِيمُ اَيْمَةً وَاُيُومًا وَاَيْمًا. الرَّجُلُ مِنْ زَوْجَتِهِ اَوِ الْمَرْاَةُ مِنْ زَوْجِهَا: رانڈ و بیوہ ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (اَيِّم) ج اَيَائِم وَاَيَامَىٰ وَاَيِّمُوْنَ وَاَيِّمَات.
اَيِّمَه: رانڈ بیوہ کرنا۔
تَاَيَّمَ: عرصہ تک بے نکاح کے رہنا۔
الْاَيْمُ: سانپ۔ نراژدہا۔ ج اَيُوم.
اَيْمُ اللّٰهِ: اللہ کی قسم۔
الْآمَةُ: عیب و نقص۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَرْبُ (مَأْيَمَةٌ) مَيْتَمَةٌ" لڑائی عورتوں کو رانڈ کرنے والی اور بچوں کو یتیم بنانے والی ہے
آنَ يَئِيْنُ اَيْنًا: وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "آنَ لَكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے ایسا کرنے کا وقت آ گیا۔
الْاَيْنُ: تھکن۔ ماندگی۔

الْآنَ وَالْاَوَانُ مادہ اون دیکھو۔
اَيَّانَ اسم شرط ہے۔ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "اَيَّانَ تَضْرِبْ اَضْرِبْ" جب تم مارو گے میں ماروں گا۔ اسم استفہام جیسے "اَيَّانَ تَرْجِعُ" تو کب واپس ہو گا؟ اور متی کے معنی میں بھی آتا ہے بمعنی کب۔
اَيْنَ: اسم ظرف ہے بمعنی کہاں جیسے "اَيْنَ يُوْسُفُ" یوسف کہاں ہے؟ اور معنی شرط کو متضمن ہو کر دو فعلوں کو جزم دیتا ہے خواہ ما اس کے ساتھ لاحق ہو یا نہ ہو جیسے "اَيْنَ اَوْ اَيْنَمَا تَقِفْ اَقِفْ" تو جہاں کھڑا ہو گا میں کھڑا ہوں گا۔
اَیون بجلی کے مجموعات میں سے ایک ذرہ جب اس بجلی میں کمی ہو جائے تو ایون موجب ہوتا ہے اور جب زیادتی ہو جائے تو ایون سالب (منفی) ہوتا ہے۔
اِيهِ: کچھ اور کہو۔ یا کرو۔ یا سناؤ۔
اَيَا وَاَيَاءُ وَاَيَاةُ وَاِيَاةُ. الشَّمْسِ: آفتاب کی روشنی۔ اور ایسا ہی نباتات کی رونق کے معنی میں بھی آتا ہے۔ والاياة: آفتاب کے گرد کا دائرہ۔

ب

ب حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل کے لیے مستعمل ہے۔
الباءُ دوسرا حرف ابتدائی حروف میں سے۔
اس کا مخرج دونوں ہونٹوں کا ملنا ہے۔
حساب جمل میں اس کا نمبر (۲) ہے۔
(۱) الصاق: جیسے "امسکتُ بالغلام" میں نے غلام کو پکڑ لیا۔
(۲) استعانة: جیسے "کتبتُ بالقلم" میں نے قلم سے لکھا۔
(۳) مصاحبت: "اذهب بسلامٍ" سلامتی کے ساتھ جاؤ۔
(۴) ظرفیت: جیسے "سارَ باللیلِ" وہ رات میں چلا۔
(۵) بدل: جیسے "باعَ الکفرَ بالایمانِ" اس نے ایمان کے بدلے کفر لیا۔
(۶) تعدیه: جیسے "ذهبتُ بهِ الی البیتِ" میں اس کو گھر تک لے گیا۔
(۷) قسم: جیسے "باللّٰه" اللہ کی قسم۔
(۸) سببیت: "لقیتُ بزیدٍ الأهوالَ" میں زید کی وجہ سے خطرات میں پڑ گیا۔
(۹) تاکید اور یہ زائدہ ہوتا ہے اور زیادتی کے مواقع حسب ذیل ہیں۔
کان منفی کی خبر میں جیسے "وما کانَ بمنکرٍ" یہ منکر نہیں۔ لیس کی خبر میں جیسے "لیسَ زیدٌ بقائمٍ" زید کھڑا نہیں ہے۔ ما مشابہ بلیس کی خبر میں جیسے "ما اللّٰه بغافلٍ" اللہ غافل نہیں ہے۔

اور افعل صیغہ تعجب کے فاعل پر جیسے "اکرِمْ بهِ احسِن بهِ" اور نفس و عین کے تاکید لانے میں جیسے "جاءَ الوزیرُ بنفسهِ" وزیر خود آیا۔
اور کفی کے فاعل پر جیسے "کفیٰ باللّٰهِ شهیدًا"
اور مفعول پر جبکہ اس کا تعدیہ ایک مفعول کی طرف ہو جیسے "کفیٰ بالمرءِ کذبًا انْ یحدّثَ بکلِّ ما سمعَ" اور مبتدا پر سماعی حیثیت سے جیسے "بحسبکَ درهمٌ" بجائے "حسبُکَ درهمٌ" کے۔
اور اذا فجائیه کے بعد قیاسی حیثیت سے جیسے "خرجتُ فاذا بزیدٍ فی الطریقِ"۔
اور اس حال پر جس کا عامل منفی ہو جیسے "فما رجعتْ بخائبةٍ رکابٌ"۔
اور کبھی عن و علیٰ و الیٰ کے معنی میں آتا ہے۔
البابا: پوپ ج باباوات نسبت کے لیے (بابوی)
بابا. ہٗ و بہٖ کسی سے بابی و انتَ و امّی کہنا۔ الولدُ بابا کہنا۔
البؤبؤ: اصل درمیانی حصہ۔ آنکھ کی پتلی۔ عالم۔ خوش طرح سردار۔
بابل فرات کے کنارے کا وہ مشہور شہر جو کلدانیوں کا دار السلطنت تھا۔ جس کو نمرود نے بسایا تھا۔
البابلیّ: جادوگر۔ شراب۔ زہر۔
البابور: سٹیمر۔ اس کی عربی باخرہ ہے

البابونج والبابونج: بابونہ۔
باتولوجیا: علم طب کی ایک قسم جس میں بیماریوں کی تشخیص، علامات اور اسباب کی بحث ہوتی۔
باجَ (ف) بأجا و بأجَ: چلانا۔
البأج والباج: قسم۔ شکل۔ کہا جاتا ہے۔ "الناسُ بأجٌ واحدٌ" لوگ ایک روش طریقہ پر ہیں۔ والباج ٹیکس جو بھیڑ بکری کے مالک سے لیا جائے۔
الباجوج: ج بوابیج جوتیوں کی ایک قسم (فارسی لفظ، فرانسیسی لفظ)
البادزهر: زہر باد (ایک بیماری کا نام)
البادنجان و البادنجانة: بینگن۔
بأرَ (ف) بأرًا و ابتأرَ: کھودنا الشیٔ: چھپانا۔ ذخیرہ کرنا الخیر: پوشیدہ طور پر کرنا۔
ابار. ہٗ کسی کے لیے کنواں بنانا۔
البئر: کنواں۔ ج آبار و آبار و بئار و أبؤر (کلمہ مؤنث ہے)
البؤرة: گڑھا۔ آتشدان۔ ذخیرہ۔
البارامون — البیرمون: عیسائیوں کا یوم عید (یونانی)
البارنامج والبرنامج: بجٹ۔ فہرست حدیث کے راویوں اور اسناد کتب کی فہرست۔
البارود: بارود۔
البارودة: بندوق۔ ج بواريد۔
ابارونقبی ممتاز شخصیت کا لقب جس کو یورپ میں اراضی تحفہ حکومت وقت دیا کرتی

تھی۔(فرانسیسی)

البَاز. ج بِئزان و بُؤوز و اَبْؤز و (اَلبَاز و البَازِی)ج اَبْوَاز و بِوَازٍ و بِیْزَان و بُزَاۃ: باز.

البَازْدَار. باز وغیرہ شکاری پرندہ رکھنے والا۔ ج بَزَادِرَۃ.

البَازَار. بازار۔

البَازْرْکان. سوداگر۔

اَلْبَازَفَلِیط:عیسائیوں کے نزدیک روح مقدس اقنوم ثالث جس کا ترجمہ فریاد طلب کیا گیا۔ (یونانی)

باریوم:سفید دھات جس کی علامت Ba ہے۔

البَازَهر. دیکھیے۔بادزھر.

بَؤُسَ (ک) بَاسًا. مضبوط وبہادر ہونا۔ صفت (بَئِس وبَئِیس)

بَئِسَ (س) بُؤسًا وبَئِیسًا و بُؤُوسًا و بُؤسی. سخت حاجت مند ہونا۔ صفت۔ (بائِس)ج بُؤس.

بِئسَ. فعل ماضی جامد ہے۔مذمت کے لیے مستعمل ہےاور بَئِسَ الرَّجُلُ سے بنا ہے۔

اَبْاَسَ. مُصیبتیں پڑناہ: مصیبتوں اور سختیوں میں مبتلا کرنا۔

تَبَائَسَ. بتکلف مفلس بننا۔

اِبْتَأسَ. ناپسند کرنا۔ غمگین ہونا۔اوراسی سے ہے"لَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ" جو کچھ وہ کرتے ہیں اس پر غم نہ کیجئے۔

البَأس. بہادری۔قوت۔خوف۔عذاب۔ لَا بَأسَ بِهٖ: اس پر کوئی اعتراض نہیں لَا بَأسَ عَلَيْكَ: تمہارے اُوپر کوئی خوف نہیں۔ لَا بَأسَ فِيْهِ: اس میں کوئی حرج نہیں۔لَابَأسَ اَنْ تَعْرِفُوْا: تمہارے جاننے میں کوئی دشواری نہیں۔

البُؤس. ج اَبْؤُس و (البَاسَاء و البُؤسی) شدت ومحتاجی۔والبَاسَاء: لڑائی۔ بھوک۔

بَنَاتُ بِئْسٍ: مصیبتیں۔

بِئْسَ. وبَئِسُ العَذَاب: سخت عذاب۔

البَاسِلِيق. کہنی کے قریب ایک رگ کا نام۔

بَاش. رئیس. باش کاتب۔ہیڈ کلرک۔

البَاشَا. پاشاکا معرب۔جو ایک معزز لقب ہے جس کو سلطان ترکی مخصوص مراتب کے لحاظ سے دیا کرتا تھا۔ج باشادات و بَاشَات.

البَاشَق: ایک شکاری پرندہ۔

تَبَأّطَ. لیٹنا۔ فارغ البال ہونا۔ مطمئن ہونا۔

عَنْهُ: اعراض کرنا۔

باقَهُ (ن) بُؤوْقًا و اِنبَاق. عَلَيْه الْوَيْلُ: اچانک آنا۔

البَاقَة: گلدستہ۔

بَؤُلَ (ک) بَوؤلَة و بَالَة. کمزور اور ذلیل ہونا۔صفت (بَئِيْلٌ)

بَالَطُو:گلاج اس کی عربی معطف ہے۔

بَابُوتُولُوجِيَا: جنگلی جانوروں کی ریسرچ کا علم۔

بَان: لمبے پتوں والا درخت سفید پھولوں والا جس سے تیل نکالا جاتا ہے۔

البَالُ. ویل مچھلی۔

البَالَة :عِنْدَ التَّجار : کپڑوں کا بنڈل۔اس کی فصیح عربی امَالة ہے۔

البَالُو. ناچ گھر۔اس کی فصیح عربی مرقص ہے۔(جدید)

اَلبَالُون. غبارہ۔اس کی فصیح عربی مُنطَاد ہے۔(جدید)

بَانطَلُون: پتلون شروال کی طرح انگریزی پاجامہ۔

اَلبَامِيَا. بھنڈی ترکاری۔(جدید)

بَاهَ (ف) بأهًا. سمجھنا۔کہا جاتا ہے"مَابَأَهُ لِلْاَمْرِ اَوْ بِالْاَمْرِ" اس نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔

اَلْبَاوبَاب: موٹا درخت جو افریقہ میں پایا جاتا ہے۔

بَأَى (ف) بَأوًا. عَلَيْهِمْ: فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔

بَای: مالدار' یا صاحب گھر (ترکی زبان میں) ایشیاء کے علاقہ میں صاحب قیادۃ کو بولتے ہیں۔

البَبْر والبَبَر. شیر ببر۔ج بُبُور.

البَبْغاء والبَبَّغاء والبَبغَاء. طوطا۔ ج بَبْغَاوَات

بَتَأ(ف) بَتْأ. بِالْمَكَان: اقامت کرنا۔

بَتّه(ن ض) بَتًّا وابَتَّه اِبْتَاتًا : كَاتَا الْاَمْرَ: نافذ کرنا النِّيَة: پختہ ارادہ کرنا۔

بَتَّتَه. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔توشہ دینا۔الوَعْدَ: پختہ وعدہ کرنا۔

تَبَتَّتَ. ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔توشہ لینا۔

اِنْبَتَّ: کٹ جانا۔

البَاتُّ. کاٹنے والا۔دُبلا۔بَيْعٌ بَاتٌّ: لازمی بیع

اَلْبَتَّة: بَتَّ کا اسم مرۃ۔البَتَّة وَبَتَّةً وبتاتًا: یقینًا. کہا جاتا ہے"لَا اَفْعَلُهُ اَلْبَتَّة" میں اس کو یقیناً نہیں کروں گا۔

البَتَّات و لبَتّی. موٹا کپڑا بننے والا یا بیچنے والا۔

البَتِيَّة: لکڑی کا بڑا پیپا۔ج بَتَاتِيّ.

البَتِّي: اُونی رومال۔

بَتَرَهُ(ن) بَتْرًا. کاٹنا۔

بَتِر(س)بَتَرًا و اِنْبَتَرَ. کٹ جانا۔

اَبْتَرَهُ. اللّٰهُ: بےاولاد کردینا۔

البَاتِر والبَتَار والبَتَّار. شمشیر براں۔ج بَوَاتِر.

الْاَبْتَر. کٹا ہوا۔دُم کٹا مِنَ الْحَيَّات: چھوٹا یا زہریلا سانپ۔ لا ولد۔ الْاَبْتَرَان: غلام وجنگلی گدھا۔مؤنث بَتْرَاء. والبَتْرَاءُ مِن الخُطَب: وہ خطبہ جو حمد الٰہی سے خالی ہو۔

اِلْبِتْرُول: زمین کی معدنیات میں سے ایک اعلیٰ قسم کا پٹرول

بَتِع (س) بَتَعًا. مضبوط گردن یا مضبوط جوڑوں والا ہونا۔صفت (اَبْتَع) مؤنث بَتْعَاء ج بَتَع.

الْاَبْتَع. پُر گوشت گٹھا ہوا۔ کہا جاتا ہے"جَائُوْ كُلُّهُمْ اَبْتَعُوْنَ" وہ سب کے سب آگئے۔

بَتَكَه (ن ض)بَتْكًا وبَتَكَة۔کاٹنا۔

تبتك و انبتك: کٹنا۔
البتكة ٹکڑا۔ ج بتك.
الباتك و البتوك: کاٹنے والا۔ تلوار۔
بتل (ن ض) بتلا و بتل. الشئ: کاٹ کر جدا کرنا۔
بتل و تبتل: دنیا سے بے تعلق ہو کر خدا کی طرف متوجہ ہونا۔ شادی نہ کرنا۔
انبتل: کٹنا۔
عطاء (بتل) بے مثل عطیہ۔ آخری عطیہ۔
البتول: غیر شادی شدہ عورت جو شادی کی طرف رغبت نہ کرے۔
البتولة و البتولية: تجرد کی حالت۔
البتيل: دنیا سے بے تعلق۔ وادی کے نچلے حصے کی نالی۔
خصر بتيل: تپلی کمر۔ ج بتل.
ابتولا: معقول آمدن والے خوبصورت عمدہ لکڑی والے درخت جو کہ زیادہ تر روس میں پیدا ہوتے ہیں۔
بث (ن ض) بثا و بثث. الخبر: خبر پھیلانا۔
بث و باث و ابث. فلانا الخبر: آگاہ کرنا۔ بتانا۔
تباث. القوم الاسرار: ایک دوسرے کو راز بتانا۔
انبث: پھیلنا۔ متفرق ہونا۔ غبار وغیرہ کا اڑنا۔
البث: پراگندگی حال۔ سخت غم۔
بثبث: الخبر: پھیلانا۔ الغبار: اڑانا۔
بثر (ض) وبثر (س) وبثر (ک) بثرا وبثرا وبثورا وتبثر. وجهه: چہرے پر پھنسیاں نکلنا۔ صفت (بثر و بثير)
الباثر: فا. بغیر کھودے ہوئے نکلنے والا پانی۔ حاسد۔
البثير. بہت. کہا جاتا ہے "كثير بثير"
المبثور: بہت مالدار۔ وہ شخص جس پر حسد کیا جائے۔
بثع (س) بثعا. الشفة خاصة كثرت خون سے سرخ ہونا۔
الابثع: وہ شخص جس کے ہونٹ کثرت خون سے سرخ ہو گئے ہوں۔ مؤنث بثعاء ج بثع.
بثق (ن) بثقا و تبثاقا و بثق النهر: پانی اچھی طرح بہنے کے لیے دریا کے بند کو توڑ دینا۔
انبثق: الماء: بہہ پڑنا بالكلام: تیز بولنا۔
البج: پرندے کا بچہ۔
بجه (ن) بجا: پھاڑنا۔ نیزہ مارنا۔ بج الكلاء الناقة: موٹا کرنا۔
الابج: کشادہ آنکھ والا۔ مؤنث بجاء کہا جاتا ہے "عين بجاء" کشادہ آنکھ۔
بجبج: الصبي: بچے کو بہلانا۔
تبجبج: اللحم: ڈھیلا ہونا۔
بجح (س) بجحا. به: خوش ہونا۔
البجباج: موٹا گوشت سے بھرا ہوا۔
رمل بجباج: جمع شدہ ریت
تبجح. فخر کرنا۔ بڑا بننا۔
البجاح: بہت فخر کرنے والا۔
بجد (ن) بجودا وبجد. بالمكان: اقامت کرنا۔
البجد. من الناس: جماعت من الخيل: سوا دو سو سے زائد گھوڑے۔
بجدة الامر و بجدته و بجدته. حقیقت۔ اصلیت۔ کہا جاتا ہے "عنده بجدة الامر" وہ حقیقت شناس ہے۔ "وهو ابن بجدة الامر" وہ معاملہ کی حقیقت کا جاننے والا ہے۔
البجاد: دھاری دار کپڑا۔ ج بجد.
بجر (س) بجرا. الرجل: موٹی جڑ والی اور باہر کو نکلی ہوئی ناف والا ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ دودھ اور پانی سے پیٹ بھرنے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔ صفت (بجر و ابجر)
تبجر: النبيذ: پینے میں زیادتی کرنا۔
الباجر: فا. پھولے ہوئے پیٹ والا۔ ج بجرة.
البجر. ج اباجر واباجير و (البجرى) ج بجاري. برائی. مصیبت۔ بڑا معاملہ۔ کہا جاتا ہے "لقيت منه البجاري" اس سے مجھے مصیبتیں حاصل ہوئیں۔
البحور بحور علماء عروض کی اصطلاح میں شعروں کا وزن۔
بجس (ن ض) بجسا و بجس. الماء: پانی جاری کرنا الجرح: زخم چیرنا۔
بجس وانبجس وتبجس. الماء: پانی جاری ہونا۔ بہنا۔
البجس والبجيس: بہنے والا۔ عين بجيس: بہت پانی والا چشمہ۔ ماء بجيس: بہتا ہوا پانی۔
بجعه (ف) بجعا. تلوار سے کاٹنا۔
البجع ایک قسم کا پرندہ جس کی چونچ لمبی اور چوڑی ہوتی ہے اور اس کی چونچ کے نیچے بڑا سا پوٹا ہوتا ہے۔ واحد بجعة.
بجل (ن) وبجل (س) بجلا و بجولا: خوش ہونا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (باجل)
بجل (ک) بجالة و بجولا: معزز ہونا۔ صفت (بجيل)
ابجله الشئ: کافی ہونا۔
بجل. حرف جواب مثل نعم کے۔ اسم فعل بمعنی حسب. تم کہتے ہو "بجلك" یعنی تمہارے لیے کافی ہے۔
بجم (ض) بجما وبجوما: گھبراہٹ یا عاجزی سے خاموش ہو جانا۔
بجم: بمعنی مجرد۔ دیر کرنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ منقبض ہونا۔
بح (س) بحا وبححا و بحوحا و بحاحا و بحوحة و بحاحة: گلو گرفتہ ہونا۔ بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا۔ صفت (ابح) مؤنث بحاء. ج بح.
ابحه و بححه: کسی کی آواز کو بھاری کر دینا۔
البحة: آواز میں بھاری پن اور خشونت۔
بحبح و تبحبح: اچھی طرح ٹھہرنا۔
تبحبح الدار: گھر کے وسط میں ٹھہرنا۔ "تبحبحت العرب في لغاتها" توسع کرنا۔

بُحْبُوحَةُ الدار: وسط۔ درمیان۔
اَلْعَیْش: فراخیِ زندگانی۔
بَحُتَ (ک) بُحُوحَتةً: خالص ہونا۔
بَاحَتَه. الوُدَّ: خالص دوستی کرنا فُلاناً: بتانا۔
اَلْبَحْت: محض خالص۔ شَرَابٌ بَحْتٌ: سادہ بغیر کسی چیز سے ملا ہوا۔ مِسْكٌ بَحْتٌ: خالص مشک۔ عَرَبِيٌّ بَحْتٌ: خالص نسب والا عربی مؤنث بَحْتَة. بحت کا لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے آتا ہے۔ اگر چاہو تو مؤنث تثنیہ جمع لا سکتے ہو۔
اَلْبُحْتُر والبُحْتُرِی: پست قد گٹھے بدن والا۔
بَحَثَ (ف) بَحْثًا. فِي الْاَرْضِ: کھودنا۔ اور اسی سے مثل ہے "کَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهٖ بِظِلْفِهٖ" یعنی وہ اپنی ہلاکت وبربادی کا سامان خود پیدا کرتا ہے
بَاحَثَه: خطاب کرنا۔ گفتگو کرنا۔
تَبَاحَثُوْا: باہم گفتگو کرنا۔
بَحْثَر الشَّیْ بَحْثَرةً: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ کھولنا۔
ف تَبَحْثَرَ. بکھرنا۔ جدا جدا کرنا۔ ظاہر ہونا۔
بَحِرَ (س) بَحَرًا: سمندر دیکھ کر ڈر سے حیران یا مبہوت ہونا۔ سخت پیاسا ہونے کی وجہ سے سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَحِر)
بَحَرَ (ف) بَحْرًا. الْاَرْضَ: شق کرنا النَّاقَةَ: کان چیرنا۔ صفت مفعولی (بحیرۃ) بَحَائِر و بُحُر
اَلبَاحِر. مبہوت۔ بیوقوف۔ فضولی۔
اَلبَاحُوْر والبَاحُوْرَاءُ: ماہ جولائی کی سخت گرمی۔ اَلْبَاحُوْرُ: چاند۔
اَلْبُحْرَان: فی عرف الاطباء: امراضِ حادہ کا وہ تغیر جو اچانک پیدا ہوتا ہے۔ نیز شدتِ مرض سے قوتِ مدرکہ میں خلل پیدا ہونا۔
اَلْبَحْرَیْن: ایک شہر کا نام نسبت کے لیے (بحرانی) خلافِ قیاس۔
بَخَّ (ن) بَخًا. فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔
بَخ: اسم فعل ہے تعریف اور اظہارِ خوشنودی کے لیے مستعمل ہے اور تاکید کے لیے مکرر بولتے ہیں۔ کہتے ہیں بَخٍ بَخٍ کسرہ سے۔ یا تنوین سے بمعنی واہ واہ۔ آفرین شاباش۔
بَخْبَخَ. فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا اَلْبَعِیْرُ: اونٹ کا بلبلانا اور منہ کا جھاگ سے بھر جانا۔
الرَّجُلَ: کسی کو شاباش دینا۔
بَخْبَخَ و تَبَخْبَخَ. اَلْحَرُّ: کم ہو جانا۔
بَخَتَه (ن) بَخْتًا: مارنا۔
بَخَّتَهٗ: لاجواب کر دینا۔
بُخِتَ: بزدل ہونا۔
اَلْبَخْت: نصیبہ (فارسی کلمہ ہے جس کے لیے فصیح لفظ اَلْحَظُّ ہے)
اَلْبَخِیْت والْمَبْخُوتِ: نصیبہ ور۔
بَخْتَرَ بَخْتَرَةً و تَبَخْتَرَ: خوش رفتاری سے چلنا۔ متکبرانہ چال چلنا۔
اَلْبَخْتَرِيَّةُ والتَّبَخْتُرِيَّةُ: متکبرانہ چال۔
بَخَرَت (ف) بَخَرًا. اَلْقِدْرُ: بھاپ نکلنا۔
بَخِرَ (س) بَخَرًا. اَلْفَمُ: گندہ ذہن ہونا۔ صفت (اَبْخَر)
تَبَخَّرَ. دھونی لینا۔ دھونی سے خوشبودار ہونا۔
اَلْبُخَارُ: بھاپ ج اَبْخِرَة
اَلبَاخِرَة. اسٹیمر۔
اَلْبَخُوْر: ہر وہ چیز جس سے دھونی دی جائے ج اَبْخِرَة و بُخُوْرات۔
بَخُوْرُ مَرْيَمَ وبَخُوْرُ الْاَكْرَاد و بَخُوْرُ البر و بَخُوْرُ السُّوْدَان و بَخُوْرُ الْبَرْبَرِ. مختلف قسم کے نباتات کے نام۔
اَلْمِبْخَرَة. عودسوز۔
بَخَزَ (ن) بَخْزًا. عَيْنَهٗ: آنکھ پھوڑنا۔
بَخَسَه (ف) بَخْسًا. گھٹانا اور اسی سے ہے "لَاتَبْخَسْ اَخَاكَ حَقَّهٗ" اپنے بھائی کا حق مت گھٹاؤ۔ ظلم کرنا۔ بَخَس عَلَيْهِ: آنکھ پھوڑنا۔
تَبَاخَسَ. اَلْقَوْمُ: ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا۔
اَلْبَخْس. س ناقص۔ قرآن عزیز میں ہے۔ "وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ" ان کو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا۔
اَلْبَخْس. وہ زمین جو بغیر سیراب کیے ہوئے پیداوار اگائے۔
اَلْبَخْسِيُّ. مِنَ الزَّرْعِ: وہ کھیتی جو بغیر آبپاشی کے پیدا ہو۔
اَلْاَبَاخِس. انگلیاں۔
بَخَشَ يَبْخُشُ. سوراخ کرنا۔
اَبْخَش: سوراخ۔ اَبْخَشِيْش: مٹھائی عطیہ رشوت کی صورت میں یا عزت کی صورت میں (یہ سب الفاظ غیر فصیح عربی زبان کے ہیں)
بَخَصَ (ف) بَخْصًا. عَيْنَهٗ: آنکھ نکال لینا۔
بَخِصَ (س) بَخَصًا. الرَّجُلُ: کسی کی آنکھ کے اوپر یا نیچے غدہ ہونا۔ صفت (اَبْخَص) مؤنث بَخْصَاء ج بُخْصٌ.
تَبَخَّصَ. تیز نظر سے دیکھنا۔ پلکوں کا الٹ جانا۔
اَلْبَخَصُ: نچلے ابرو کے نیچے گوشت اس وقت ظاہر ہو جب غور سے دیکھے حیرانگی یا انکار کے وقت 'قدم کا گوشت' انگلیوں کی جڑ کا گوشت۔
مَبْخُوْصُ. اَلْقَدَمَيْنِ: وہ شخص جس کے قدموں میں گوشت کم ہو۔
بَخَعَ (ف) بَخْعًا. نفسه: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا۔ الشَّاةَ: ذبح کرنے میں گدی تک کاٹ دینا لَهٗ نُصْحَه: خالص خیر خواہی کرنا الرَّكِيَّةَ: کنواں پانی نکلنے تک کھودنا 'فُلَانًا خَبَرَهٗ' تصدیق کرنا۔
بَخِعَ (س) بُخُوْعًا و بَخَاعَةً. بالحق: اقرار کرنا۔ حق کے سامنے جھک جانا۔
بَخَقَ (ف) بَخْقًا و اَبْخَقَ. عَيْنَه: کانی کرنا پھوڑنا۔
رَجُلٌ (اَبْخَق وبَاخِق و بَخِيْق و مَبْخُوْق) کانا مرد۔
عَيْنٌ (بَخْقَاء وبَاخِقَة وبَخِيْقَة ومَبْخُوْقَة) کانی آنکھ۔

بَخِقَتْ (س) بَخَقًا. عَيْنَه: بُری طرح کانی ہونا۔
بَخِلَ (س) بَخَلًا و بَخُلَ (ک) بُخلا. بخیل ہونا۔ کنجوس ہونا۔ صفت بَخِيْل ج بخلاء عَلَيْه و عَنْهُ: کسی سے بخل کرنا۔ صفت باخِل ج بُخْل.
بَخَّلَه: بخل کی جانب منسوب کرنا۔
اَبْخَلَه. بخیل پانا۔
البَخَال والبَخَّال والمُبَخَّل والبَخَل. بہت کنجوس۔
المَبْخَلَة. باعث بخل۔ اور اسی سے ہے،، اَلْوَلَد مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ لڑکا باعث بخل اور باعث بزدلی ہوتا ہے۔
بَدَّ (ن) بَدًّا. رِجْلَيْه: ٹانگیں پھیلانا الرَّجُلَ عَنِ الشَّیءِ: دور کرنا۔ روکنا۔
بَدَّ (س) بَدَدًا. زیادتی گوشت کی وجہ سے دونوں رانوں میں فاصلہ ہونا۔
بَدَّدَ. الشَّیْ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ الرجل: تھکنا۔
بَادَّ مُبَادَّةً وبِدَادًا. مبادلہ کے طور پر بیچنا۔ القوم فی السَفَرِ: ہر ایک کا اپنا اپنا زادِ سفر لانا اور پھر مل کر خرچ کرنا۔
اَبَدَّ. الشَّیْ بَيْنَهُم: ہر ایک کا حصہ دینا یَدَہٗ: زمین کی طرف ہاتھ بڑھانا۔
تبَدَّدَ. متفرق ہونا القوم الشَّیْ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔
اِسْتَبَدَّ. بِكَذَا: اپنے آپ کو ترجیح دینا۔ اَلْاَمْر بِفُلَان: کسی معاملہ کا بے قابو ہو جانا۔
البَدّ والبَدِيْد. مثل و نظیر۔
البُدُّ. چارہ کار۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو،، لَا بُدَّ مِنْ هٰذَا یہ لازمی ہے۔ بدلہ
والبُدَّة والبُدَاد. حصہ۔
ذَهَبُوْا (اَبَادِيْد تَبَادِيْد) یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔ وطَيْرٌ اَبَادِيْد وتبَادِيْد متفرق پرندے۔
اَلْمُسْتَبِدّ. کام شروع کر کے خاتمہ ہی پر دم لینے والا۔

بَدَأَ (ف) بَدْئًا وابْتدَأَ و تبَدَّأَ. الشَّیْ وَ بِهٖ: شروع کرنا۔ پہلے کرنا۔ بَدَأَ بِفُلَانٍ: آگے بڑھانا۔ بَدَأَ الشَّیْ: شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔
بَدَأَ و أَبْدَأَ. الله الخلقَ: پیدا کرنا۔ صفت (بَادِیْ)
بَدَّأَهٗ. شروع کرانا۔ فضیلت دینا۔
البَدْء والبَدْأة والبَدَائة والبَدِءَة: شروع۔ ابتداء۔ کہا جاتا ہے، اَفْعَلُهٗ بدئًا وبدءَ بَدْءٍ واوَّلَ بَدْءٍ وبَادِیَٔ بَدْءٍ وبَدْأَةَ ذِیْ بَدْءٍ یعنی میں اس کو ساری چیزوں سے پہلے کروں گا۔
والبَدَائَة: کسی جگہ کے لیے سفر کی ابتداء۔ تم کہتے ہو، اِكْتَرَيْت الفرسَ لِلْبَدَاْةِ والرَّجْعَةَ میں نے گھوڑے کو آمد و رفت کے لیے کرایہ پر لیا۔ بدوٌ کی جمع اَبْداء وبُدُوْءٌ.
اَلْمَبْدَأ. اصل۔ سبب ج مَبَادِیٔ.
اَلْمُبْتَدَاءُ. پہلا۔ وہ اسم مسند الیہ جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو۔
اَللِابْتَدَائِی: پہلا کہا جاتا ہے۔ اَلْمَحْكَمَةُ الِابْتِدَائِيَّة: وہ محکمہ جو فیصلہ کرنے کا زیادہ اختیار رکھتا ہے۔ اَلتَّعْلِيْم الابتدَائِی: ابتدائی تعلیم۔ اَلشَّهَادَةُ الِابْتِدَائِيَّة: پرائمری سند۔
اَبْدَأَ الرَّجُل: عمدہ کلام لانا۔ کہا جاتا ہے۔ فَلَانٌ مَا يُبْدِئُ وَمَا يعِيد یعنی فلان آدمی نہ تو عمدہ پیش کر سکتا ہے اور نہ اس کو اعادہ کر سکتا ہے۔
بَدَحَ (ف) بَدْحًا. ہٗ بِالعَصَاء: لاٹھی سے مارنا بالسِرِّ: ظاہر کرنا۔
تَبَادَحُوْا. بِالشَّیْ: باہم مل کر پھینکنا۔
البَدْح. ج بُدُوْح وبِدَاح و (البَدَاح) ج بُدُح و (البُدْحَة:) وسیع زمین۔
بَدَخَ (ف ض) و بَدُخَ (ک) بَدَخًا و بَدَاخَة: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (بَذِيخ) ج بُدَخاء.
تَبَدَّخَ. عَلَيْهِ: بڑا بننا۔
بَدَرَ (ن) بُدُوْرًا. اِلَی الشَّیْ: جلدی کرنا ہٗ الَی الشَّیْ: کسی چیز کے لیے کسی سے سبقت کرنا۔

بَادَرَ مُبادَرةً وبدارًا. اِلَی الشَّیْ: جلدی کرنا الشَّیْ: وقوع سے پہلے کرنا۔ بَادَرَ فُلَانًا الشَّیْ وَاِلَيْهِ: کسی چیز کے لیے کسی سے سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَبَادَرَ. القَوْم: جلدی کرنا۔
تَبَادَرَ وابْتَدَرَ. اَلْقَوْم اَمْرًا: بعض کا بعض سے سبقت کرنے کے لیے بڑھنا۔
اَلْبَادِر. جلدی کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج بَوادِر.
اَلْبَادِرَة. تیزی یا تیزی کے وقت
بَدَعَ (ف) بَدْعًا. الشَّیْ: گھڑنا۔ بغیر نمونہ کے کوئی چیز بنانا۔ ابتداء کرنا۔ ایجاد کرنا۔
بَدُعَ (ک) بَدْعًا و بَدَاعَةً وبُدُوْعًا: بے مثال ہونا۔ انوکھا ہونا۔
بَدِعَ (س) بَدَعًا. موٹا ہونا۔ صفت (بَدِيْع)
بَدَّعَهٗ. بدعت کی نسبت کرنا۔
اَبْدَعَ. کسی کام کو خوش اسلوبی سے کرنا بِهٖ: چھوڑ دینا (وابْتَدَعَ) الشَّیْ: ایجاد کرنا الرَّجُل: بدعت نکالنا۔
تَبَدَّعَ. بدعتی ہونا۔
اِسْتَبْدَعَ. الشَّیْ: عجیب و نادر سمجھنا۔
اَلبِدْعُ. انوکھا۔ نا تجربہ کار مرد۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ بِدْعٌ فِی الْاَمْرِ فلاں نے اس کام کو پہلی مرتبہ کیا۔ ج اَبْدَاع وبُدُوع.
اَلبِدْعَة: بغیر نمونہ کے بنائی ہوئی چیز۔ دین میں نئی رسم۔ وہ عقیدہ یا عمل جس کی کوئی اصل قرونِ ثلاثہ مشہور ولہا بالخیر میں نہ ملے۔ ج بِدَع.
البَدِيْع: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے الله بَدِيْع السَّمٰوات وَالْاَرْضِ اللہ نے آسمان و زمین کو بغیر کسی نمونہ کے پیدا کیا ہے۔
بَدِغَ (س) بَدَغًا: زمین پر گھسٹنا۔ بالشَرِّ او بِالْاَقْذَارِ: آلودہ ہونا۔
بَدَغَ (ف) بَدْغًا. الْجَوزَ اَو اللوزَ: اخروٹ یا بادام توڑنا۔

بَدَلَ(ن) بَدْلًا وأَبْدَلَ وبَدَّلَ. الشَّيءَ: بدلنا۔ بدلہ میں لینا۔

بَدِلَ(س) بَدَلًا ہڈیوں یا جوڑوں میں درد والا ہونا۔

بَدَّلَ وأَبْدَلَ. الشَّيءَ مِنه: بدلہ میں لینا وبَدَلَ الشَّيءَ شيئًا. آخر. بدل دینا۔ کہا جاتا ہے' بَدَّلَ الله الخوف أَمْنًا اللہ نے خوف کو امن سے بدل دیا۔

بَادَلَهُ. بِكَذا: بدلہ دینا۔

تَبَدَّلًا وتَبَادَلًا. ثَوْبَيْهِمَا: ایک دوسرے سے بدل لینا۔ تَبَدَّلَ: بدل جانا۔ متغیر ہونا۔

تَبَدَّلَهُ واسْتَبْدَلَهُ. بِكَذا: بدلہ میں لینا جیسے' تَبَدَّلَتِ الدَّارُ بِأُنْسِهَا وَحْشًا مکان کی اُنسیت وحشت سے بدل گئی۔

اَلْبِدْلُ والبَدَلُ والبَدِيْلُ: بدلہ۔ جانشیں۔ سخی۔ فیاض۔ شریف۔ کہا جاتا ہے رجلٌ بِدْلٌ وبَدَلٌ ج أبدال و بُدَلاء البَدَل: جوڑوں یا ہاتھ پیروں یا ہڈیوں کا درد۔ اور اسی سے ہے۔ رُبَّ بَدَلٍ شر مِنْ بَدَل بہت سے عوض ہڈی کے درد سے برے ہیں۔ اَلأَبْدَال: صالحین کی وہ جماعت جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی۔ کہتے ہیں کہ جب ان میں سے کوئی مرتا ہے تو فوراً دوسرا اس کا قائم مقام ہو جاتا ہے۔

اَلْبَدَّال: کھانے پینے کی چیزوں کا بیچنے والا۔ بنیا۔ عوام۔ بقال کہتے ہیں۔

بَدَنَ(ن) بَدْنًا وبُدْنًا وبُدُونًا وبَدُنَ (ک) بَدَانَةً وبَدَانًا. موٹے بدن والا ہونا۔ صفت (بَادِن) مؤنث (بادِن: بَادِنَة) ج بُدَّن و(بَدين) ج بُدْن.

بَدَّنَه: زرہ پہنانا۔ وبَدَّن: بڑی عمر کا ہونا۔

البَدَن: جسم۔ ج ابدان۔ چھوٹی زرہ ج بُدون.

البَدَنَة: وہ گائے یا اُونٹ جس کی قربانی مکہ میں حج کے موقعہ پر کی جائے۔ عورتوں کی بغیر آستین والی قمیص۔ ج بَدَنات. و بُدْن.

المِبْدان والمُبَدَّن. موٹے جسم والا۔ تناور۔

بَدَهَ(ف) بَدْهًا و بَادَهَ. الرَّجُلَ: کسی کے پاس اچانک آنا۔ صفت (بادِه) مؤنث (بَادِهَة) ج بَوَاده.

تَبَادَهُوا: الشِّعْرَ او الخُطَبَ: باہم بے فکر و تامل کے شعر پڑھنا یا تقریر کرنا۔

اِبْتَدَهَ. اَلْخُطْبَةَ: بے فکر و تامل کے تقریر کرنا۔ صفت (مُبْتَدِه و مِبْدَه)

البُدَاهَة والبَدَاهَة: ہر چیز کا آغاز۔ کہا جاتا ہے' لَحِقَهُ فِي بَدَاهَةِ جَرْيِهِ دوڑ کے آغاز ہی میں اس سے جاملا۔ اچانک۔

البَدِيْهِيُّ: بدیہی۔ (وہ چیز جس کے جاننے کے لیے غور و فکر کی ضرورت نہ ہو۔

بَدَا(ن) بُدُوًّا و بَدَاءً و بَدْوًا و بَدَاءَة: ظاہر ہونا۔ صفت (بادٍ) ج بَادُون و بُدَى و بُدِّى له فِي أَمْر: خیال سوجھنا۔

بَدَا(ن) بَدَاوَة و بِدَاوَة و تَبَدّى: بادیہ کی طرف جانا۔ بادیہ میں اقامت اختیار کرنا۔ صفت (اَلْبَدْوِيّ وتَبَدَّى:) ظاہر ہونا۔

تَبَادَى: بدوی صفت ہونا۔

البَدْو والبَادِيَة والبَدَاوة: صحراء جنگل۔ ج بَادِيَات وبَوَادٍ والبَدْو: خانہ بدوش عربی قبائل۔ اور بدو کی طرف نسبت کے لیے (بَدْوِيّ و بَدَوِيّ) مؤنث بَدْوِيَّة ج بَدَاوِيّ.

البَدْوَة: وادی کا کنارہ۔

البَدَاة: کھمبی۔ خاک۔ قائم کردہ رائے۔ ج بَدَوات.

بَذَّ(س) بَذَذًا و بَذَاذًا و بَذَاذَة و بُذُوْذَة: بدحال ہونا۔ شکستہ حال ہونا۔ صفت (بَذّ و بَاذّ) مؤنث (بَذَّة وبَاذَّة)

بَذَّه(ن) بَذًّا: غالب ہونا۔ فائق ہونا۔

بَاذَّهُ: سبقت کرنا۔

البَذّ والبَذِيذ: مثل اور کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ بَذِيذٌ یگانہ روزگار مرد۔

بَذَأَ(ف) بَذْأً. الشَّيءَ: ناپسند کرنا الشَّخْصَ وَعَلَى الشَّخْصِ: حقارت کرنا مذمت کرنا۔

بَذَأَ(ف) وبَذِئَ(س) وبَذُؤَ(ک) بَذَاءَة: فحش گو ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (بَذِيء)

أَرْضٌ بَذِيئَة: وہ زمین جس میں گھاس نہ ہو۔

أَبْذَأَ: فحش گوئی کرنا۔

بَاذَأَه: جھگڑا کرنا۔ فحش گوئی کرنا۔

بَذَحَه(ف) بَذْحًا. چیرنا الجِلْدَ عَنِ العِرق: کھال ہٹانا۔

تَبَذَّحَ. السَّحَابُ: برسنا۔

البَذْح. پھٹن۔ ج بُذُوح: کہا جاتا ہے۔ فِي رِجْلِهِ بُذُوحٌ اس کے پاؤں میں بوائی ہے۔

البَذَح: رانوں کی خراش۔

بَذِخَ(س) بَذَخًا و بَذَخَ(ف) بَذْخًا و بَذُخَ(ک) بَذَاخَة و تَبَذَّخَ: بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔ بڑی شان والا ہونا۔ صفت (بَاذِخ) ج بَوَاذِخ و(بَذِيخ) ج بُذَخَاء.

بَاذَخَه: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

بَذَرَ. المَالَ: فضول خرچی میں بکھیرنا۔ صفت (بَذْر وتِبْذار و تِبْذارة)

تَبَذَّرَ وانْبَذَرَ: متفرق ہونا۔ تَبَذَّرَ الماءُ: رنگ بدل کر پیلا پڑ جانا۔

بَذْرَقَ. اَلْمَالَ: بکھیرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔

المُبَذْرِق: راہبر۔ دیدبان۔ رہنما۔

بَذَعَه(ف) بَذْعًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ ڈرانا۔ بَذَعَ الإِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔

اَبْذَعَه: ڈرانا۔ خوف دلانا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔

البَذْع: برتن سے ٹپکا ہوا پانی۔

بَذَلَ(ن ض) بَذْلًا. الشَّيءَ: دینا۔ سخاوت کرنا۔ کہا جاتا ہے' بَذَلَ نَفْسَه دُوْنَ أَوْعَنْ فُلان اس نے فلاں کی حمایت میں اپنی جان لڑا دی۔ صفت (بَاذِل وبَذُول) اور صفت مفعولی (مَبْذُول) بَذَلَ جُهْدَهُ: پوری کوشش کرنا۔

تَبَذَّلَ وَابْتَذَلَ: چھچھورا ہونا۔ وقار کے خلاف کرنا۔
بَذُمَ(ک) بَذَامَةً: کسی رائے پر پختگی کے ساتھ ڈٹ جانا۔ صفت بذیم۔
البُذْم: دوراندیشی۔ قوت۔ طاقت۔ رائے کی عمدگی۔ مروت۔
اَلْمِبْذَم: مضبوط اُونٹنی۔
بَذَا(ن) بَذْوًا وَاَبْذَىٰ اِبْذَاءً عَلَيْهِ: فحش بکنا۔
بَذُوَ(ک) بَذَاءً و بَذَائَةً. فحش گو ہونا۔ صفت (بَذِيٌّ)ج اَبْذِياءمؤنث (بَذِيَّةٌ)
البَذَاء: بیہودہ کلام۔
بَرَّ(ن) بِرًّا و مَبَرَّةً. وَالِدَهُ: اطاعت کرنا۔ حسن سلوک کرنا۔ خدمت کرنا۔ صفت (بَرٌّ)ج اَبرار و (بَارٌّ)ج بَررَة.
بَرَّ(س ض) بَرًّا و بَرَارَة و بُرُورًا. فِي قَوْلِهِ: سچ بولنا خَالِقَهُ: اطاعت کرنا بَرَّتِ اليَمِيْن: قسم پوری ہونا۔ بَرَّتِ الصَّلَاة: نماز کا مقبول ہونا۔ بَرَّ اللہ الصَّلٰوةَ: نماز کو قبول کرنا۔
بَرَّرَهُ: نیک چلن قرار دینا۔ وجہ جواز پیدا کرنا۔
بَارَّهُ: حسن سلوک کرنا۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
اَبَرَّ: خشکی کا سفر کرنا عَلَيْهِ: غالب ہونا۔ اللہ حَجَّتَهُ: قبول کرنا اَلْيَمِيْن: [illegible] ہونا
تَبَرَّرَ: نیک ہونا۔ نیکی کے اظہار کا ارادہ کرنا۔
تَبَرَّرَهُ: اطاعت کرنا۔
العَرَبِ اَبَرُّهُمْ کا مقصد یہ ہے کہ عرب کا سب سے زیادہ فصیح وہ بدوی ہے جو شہر سے بہت دور ہو۔
البُرِّیٰ: اچھی بات۔
المَبَرَّة: جو نیکی پر اُبھارے۔ عطیہ۔ ج مَبَرَّات و مَبَار.
المَبْرُوْر. مِنَ الْاَفْعَالِ: شبہ۔ جھوٹ خیانت سے خالی۔
اَلبَرِيْر: درخت پیلو کا پہلا پھل۔ واحد بَرِيْرَةَ
بَرَأَهُ(ف) بَرْءًا و بُرُوءًا: نیست سے ہست کرنا۔
بَرِئَ(س) بُرُوْءًا و بَرَاءً اوبَرَائَةً. مِنَ الْعَيْبِ وَالْدَيْنِ: خلاصی پانا۔ نجات پانا۔
بَرِئَ(س) و بَرَأَ(ف) وبَرُوَ(ک) بَرْءًا و بُرُوءًا. مِنَ الْمَرَضِ: شفایاب ہونا۔ چنگا ہونا۔
بَرَّأَهُ تَبْرِئَة. بری کرنا۔ پاک کرنا مِنَ التُّهْمَةِ: دور کرنا۔
اَبْرَأَ. المَرِيْض: شفا دینا هُ مِنَ الدَيْن: بری کردینا اَلرَجُل: مہینے کی پہلی رات میں داخل ہونا۔
بَارَأَ. شَرِيْكَه: شریک سے جدائی اختیار کر لینا۔
تَبَرَّأَ. مِنَ الذَنْبِ: گناہ سے بیزار ہونا۔
تَبَارَأَ. الزوْجَان: شوہر بیوی کا ایک دوسرے سے جدا ہونا۔
اِسْتَبْرَأَ: قرض یا گناہ سے برائت طلب کرنا۔
اَلْبَرِى والبَرِئّ: خالص۔ خالی۔ گناہ و تہمت سے پاک۔ ج بَرِئیون و بُرَآء و بِرَاء و اَبْرَاء واَبرِباء. مؤنث بَرِيْئَةٌ و بَرِيَّةج بَرِيْئَات و بَرِيَّات و بَرَایا.
البَرَاء: مہینے کی پہلی رات۔ اِبْن البَرَاءِ مہینے کی آخری رات۔ کہا جاتا ہے' اَنَا بَرَاءٌ مِن كَذا میں اس سے بری ہوں۔ (اس کا تثنیہ جمع نہیں اور نہ اس کے لیے مؤنث ہے)
البُرْأة: شکاری کی جھونپڑی۔ ج بُرآء
البَرَائَة: بَری کا مصدر۔ فرمان۔ پروانہ۔ ج براٴت.
البَارِئ: پیدا کرنے والا۔ صحت یاب جس کی لاغری باقی ہو۔
البَرِيَّة مخلوق۔ ج بَرایا.
البُرَائِل و البُرَائِلِیّ. پرندہ کی گردن کے پر۔
البَرَائِلیَّ: مرغ۔
بَرْأَلَ وتَبَرْأَلَ وِابْرَأَلَّ. الطَّائِر: پرندہ کا لڑنے کے لیے گردن کے پر کھڑے کرنا۔
البَرْنَج: مٹی کا پرنالہ۔ ج بَرَانج
بَرْبَرَ: بک بک کرنا۔ بڑبڑانا۔ صفت (بَرْبار)
تَبَرْبَرَ: وحشی ہونا۔
البَرْبَرِی: قوم بربر کا ایک فرد۔
البَرْبَر: مغربی افریقہ کی ایک قوم۔ اور بسا اوقات اس لفظ کا اطلاق زنگیوں اور حبشیوں پر بھی ہوتا ہے۔ ج بَرَابِر و بَرَابِرَة.
بَرْبَصَ. الاَرْض: سینچنا۔
البَرْبَط: بربط (باجہ)
بَرَتَ(ض) بَرْتًا. الشّئ: کاٹنا۔
بَرِتَ(س) بَرَتًا: حیران ہونا۔
البِرُت والمِبْرَت. چینی۔ شکر سفید
البَرْت: کلہاڑا۔
البُرْت والبِرِّيْت: ماہر راہبر۔ ج اَبْرات.
البُرْتقان: نارنگی۔ نارنگی کا درخت۔ واحد (بُرْتقانة)
البُرْثن: ج مِنَ السِّبَاعِ وَالطَّيْرِ: پنجہ۔ چنگل ج بَرَاثِن.
بَرِجَ(س) بَرَجًا: کھاتا پیتا ہونا۔ بَرِجت عَيْنُه: آنکھ کا سیاہ اور کشادہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (اَبْرَج) اور آنکھ کی صفت (بَرْجاء)ج بُرج.
بَرَج. الشَّیءُ: ظاہر ہونا۔ بلند ہونا۔
بَرَّج وَابْرَج: برج بنانا۔
تَبَرَّجَتِ. اَلْمَرْاَة: اجنبیوں کے سامنے آراستہ ہو کر نکلنا۔
اَلْبَرَج: خوبصورت۔ نمایاں۔ روشن۔ ج اَبْراج.
البُرج: ستون۔ قلعہ۔ محل۔ منار۔ گنبد۔ ج بُرُج وَابْراج وَابْرِجَة. اَلْبُرْج: آسمانی برجوں میں سے ایک۔ آسمانی برج بارہ ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ حمل۔ ثور۔ جوزاء۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو اور حوت۔
فَلَكُ الْبُرُوْج وہ دائرہ جس کو سورج آسمان میں بناتا ہے اور یہ دائرہ بارہ حصوں پر مشتمل ہے۔
ہر ایک کے ۳۰ درجے ہیں۔ موجودہ دور کے علماء اس کا نام دائرہ گرہن رکھتے ہیں۔

البارج: ماہر کشتی بان۔
البارجة: بڑی جنگی کشتی۔ ج بوارج۔ کہتے ہیں، ما فلان الا بارجة قد جمع فيه كل الشر يعني فلاں بڑا شریر ہے۔ سفينة بارجة کھلی ہوئی کشتی۔
تباريج النبات: نباتات کے پھول۔
الإبريج: دودھ بلونے کا آلہ۔
البرجاس: چراغ کی ایک قسم جو مسافر سواریوں کے ساتھ جلائے جاتے تھے۔
البرجد: موٹا دھاری دار کمبل۔
البرجيس: ایک ستارہ کا نام جس کو مشتری کہتے ہیں۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
البرجمة ج براجم: انگلیوں کے جوڑ۔ ہاتھ پیر کی چھوٹی چھوٹی ہڈیاں۔ انگلیوں کے جوڑ کی پشت۔
البراجم: قبیلہ تمیم کی ایک شاخ۔ ان الشقي وافد البراجم امثلہ عرب میں سے ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو لالچ کی وجہ سے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے۔ اس کا واقعہ یوں ہوا کہ جب سوید بن ربیعہ نے عمرو بن ہند کے بھائی کو مار ڈالا تو عمرو بن ہند نے بنو تمیم کے سو آدمیوں کو جلانے کی قسم کھائی اور بنو دارم (قبیلہ بنی تمیم کی ایک شاخ) کے ننانوے آدمیوں کو قتل کر کے جلانے لگا تو ایک شخص جو براجم میں سے تھا گوشت کے جلنے کی بو پا کر وہاں آموجود ہوا۔ عمرو بن ہند نے اس کو بھی قتل کر کے اپنی قسم پوری کر لی۔
برح (س) براحا وبرحا۔ المكان ومنه: ہٹنا۔ جدا ہونا۔ زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے، مابرح ولا برحت غنيا بمعنى مازال ولازلت۔ برح الخفاء: ظاہر ہونا۔
برح (ن) برحا۔ الرجل: غضبناک ہونا (بروحا) الصيد: داہنی جانب سے گزرنا۔ صفت (بارح و بروح وبريح)
برح به الأمر: تھکانا۔ سخت تکلیف دینا۔ الله عنك تکلیف دور کرنا۔
ابرحه: ہٹانا۔ تعظیم کرنا۔ تعجب میں ڈالنا۔

بارح المكان: چھوڑ دینا۔
البرح: ج أبراح و (التبريح والبرحاء:) سختی۔ تکلیف۔ برائی۔
البرح: دہشت انگیز معاملہ۔
أمر (برح:) تکلیف دہ معاملہ۔
البارح والبارحة گذشتہ رات۔ البارحة الأولى: گذشتہ رات سے پہلی رات۔ کہا جاتا ہے هذه فعلة بارحة یہ فعل غلط اور غیر ارادی ہے۔
برحى: ایک کلمہ جس کو نشانہ میں غلطی کے وقت بولتے ہیں اور مرحى اس کے خلاف ہے۔
البارح: گرم ہوا۔ ج بوارح
ابن بريح: کوا۔
ب برد (ن) بردا و برد (ک) برودة: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (برد و بارد وبرود وبراد) بردت الأرض: اولے پڑنا۔ برد القوم: سردی لگنا یا اولے پڑنا۔ برد الحق عليه اوله: ثابت ہونا۔ برد فلان: سونا۔ سست ہونا۔ کہا جاتا ہے، جد في الأمر ثم برد اس نے معاملہ میں کوشش کی پھر ٹھنڈا پڑ گیا۔
برد (ن) بردا: الحديد: ریتی سے رگڑنا۔ الخبز روٹی پر پانی ڈالنا العين: ٹھنڈا سرمہ لگانا۔
بردہ (ن) بردا او بردة: ٹھنڈا کرنا الوجع: تکلیف کو ہلکا کرنا۔ سکون دینا الحق: ثابت کرنا۔ واجب کرنا بردنا الله و برد علينا: رات کو ٹھنڈک لگنا۔
ابرد: موسم سرما یا اولوں میں داخل ہونا الیه البريد: قاصد بھیجنا الشيء: ٹھنڈا کرنا۔
تبرد: ٹھنڈک چاہنا۔ کہا جاتا ہے نزل في الماء يتبرد وہ ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے پانی میں اترا۔
تبارد: کسی کام میں سست ہو جانا۔ ٹھنڈک ظاہر کرنا۔
إبترد: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا۔

استبرده: ٹھنڈا پانا۔ استبرد عليه لسانه: اس نے اس پر زبان درازی کی۔
البرد: سردی۔ نیند۔
البرد: اولہ۔
البردة: ایک اولہ۔ بدہضمی۔
البرذون: ٹٹو گھوڑا۔ ترکی گھوڑا۔ ج براذين۔
برز (ن) بروزا: میدان کی طرف نکلنا۔
برز (ن) وبرز (س) برزا: گمنامی کے بعد مشہور ہونا۔ صفت (بارز)
ابرزه: نکالنا۔ الكتاب: شائع کرنا۔
الرجل: ارادہ سفر کرنا۔
البرزخ: دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ مرنے کے وقت سے دوبارہ اٹھنے تک کا زمانہ۔ ج برازخ۔ برازخ الإيمان: ایمان کی ابتداء اور آخر کے درمیان کی حالت۔ یا شک ویقین کے درمیان کی حالت۔
تبرزق۔ القوم: بغیر گھوڑوں اور اونٹوں کے جمع ہونا۔
البرازيق: لوگوں کی جماعتیں۔ بڑے راستہ کے ارد گرد چھوٹے راستے۔ واحد برزيق۔
برس (س) برسا: مقروض پر سختی کرنا۔
برس۔ الارض: نرم بنانا۔
البرس والبرس: روئی۔
البرسيان: ایک قسم کی کھجور۔
البرسكوب: وہ عینک جس کے ذریعے رکاوٹوں کے باوجود دیکھا جاتا ہے۔
برسمه: برسام میں مبتلا کر دینا۔
البرسام: ایک ہذیانی بیماری۔
برسم: برسام میں مبتلا ہونا۔ صفت (مبرسم)
برش (س) برشا وابرش: سفید داغوں والا ہونا۔ صفت (ابرش ومبرش) مکان۔ ابرش: مختلف رنگوں کی بہت نباتات والی زمین۔ سنة برشاء: سال جس میں گھاس کی پیداوار بہت ہو۔
البرشة والبرش: سفید داغ۔

البِرِيش: سفید داغوں والا۔
بَرْشَم بَرْشَمةً و بِرْشامًا. الرَّجل: غم کی وجہ سے خاموش ہونا لِلَيْهِ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
البُرْشُم: برقع۔
بَرْشَن. الرسالة: گوند سے چپکانا۔
البِرْشان: گوند۔ لیئی۔
بَرِص (س) بَرَصًا. برص کی بیماری والا ہونا۔ صفت اَبْرَص) مؤنث بَرْصَاء ج بُرْص.
اَرْض بَرْصَاء: مختلف جگہوں سے چری ہوئی زمین حَيَّةٌ بَرْصَاء: سفید داغوں والا سانپ۔
اَبْرَصهٗ: برص کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔
تَبَرَّص. الارْض: چرا کر بالکل صاف کر دینا۔
البَرَص. ایک بیماری ہے جس کی وجہ سے جلد سفید ہو جاتی ہے اور سخت تکلیف دہ خارش پیدا ہو جاتی ہے۔
سَامّ اَبْرَص. چھپکلی۔ تثنیہ کی صورت میں هذان سَامَّا ابرص اور جمع کی صورت میں هٰؤُلاءِ سَوامّ اَبْرَص وَاَبَارِص بولتے ہیں۔
الاَبْرَص: چاند۔
بَرَض (ن) بَرْضًا. اَلْماء مِنَ العَيْنِ: تھوڑا نکلنا۔
بَرَض (ن) بُرُوضًا. النَّبات: اکھوا نکلنا۔
بَرَّض وابرض. المكان: بہت اکھوا والی ہونا۔
تَبَرَّض: تھوڑی چیز پر زندگی گذارنا۔ الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا الماء: چوسنا الارض: روئیدگی ظاہر ہونا۔
البَرْض. تھوڑا ج اَبْرَاض و بُرُوض وابراض کہا جاتا ہے هذا بَرْض مِن عِدَّةٍ یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔
البُرْضة: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
البَارِض: اکھوا۔

عَيْن (بَرُوْض) تھوڑے پانی والا چشمہ۔
البُرَاض والبُرَاضه: تھوڑا۔
المَبْرُوْض: کثرتِ داد و دہش کی وجہ سے تنگ دست۔
المُبَرْطِس والمُبَرْطِش: بائع اور خریدار کے درمیان دلال للمُبَرْطِس: کرایہ پر گھوڑوں اور گدھوں کو چلانے والا۔
البُرْطَاش. پتھر کی چوکھٹ۔ فصیح عربی الاُسْكُفَّة ہے۔
بَرْطَلَهٗ بَرْطَلَةً: رشوت دینا تَبَرْطَل: رشوت لینا۔
اَلْبُرْطُل: ٹوپی۔
اَلْبِرْطِيْل: رشوت۔ لمبا پتھر ج بَرَاطِيل
بَرْطَمَ: الليل: تاریک ہونا للرَّجُل: غصہ کی وجہ سے ہونٹ لٹکانا (وتَبَرْطَم) غصہ سے پھولنا۔
البِرْطَام والبُرَاطِم: موٹے ہونٹ والا۔
بَرَع (ن) بَرِع (س) بَرُع (ک) بَرَاعَةً وبُرُوْعًا: علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہونا۔ صفت بارع)
بَرَعَهٗ: علم یا فضیلت یا جمال میں غالب ہونا۔
بَرَع الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
تَبَرَّع بالعَطَاء: صدقہ کرنا۔ تبرع کرنا۔
اَلْبَرِيْع: عقل و جمال میں کامل بَرْق بَرِيْع: دور سے چمکنے والی بجلی۔
بَرْعَم بَرْعَمَةً وتَبَرْعَم. الشَّجَرُ: شگوفہ نکلنا۔
البُرْعُم والبُرْعُمَة: ج بَرَاعِم و البُرْعُوم والبُرْعُومة) ج بَرَاعِيم: شگوفہ ناشگفتہ۔ پھل کا غلاف۔
اَلْبَرْغ: لعاب۔
بَرْغَثَ. المَكَان: بہت پسوؤں والا ہونا۔
اَلْبُرْغُوث: پسو۔ ج بَرَاغِيث.
بُرْغُوث البَحْرِ: جھینگا۔
البُرْغل والبَرْغَل: سخت چھنی ہوئی گندم۔
البَرْغَش: مچھر۔ واحد بَرْغَشَة)
البرغي والبُرْغِيُّ: پیچ والی کیل۔ ج براغی

فصیح عربی لولب ہے۔
البِرْفِير: ارغوانی رنگ۔ ارغوانی رنگ سے رنگا ہوا کپڑا۔
بَرَق (ن) بَرْقًا و بُرُوْقًا وبَرَقَانًا وبَرِيْقًا. البَرْق: ظاہر ہونا الشیء: چمکنا۔ روشن ہونا السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
الرَّجُل: دھمکانا۔
بَرَقَتْ (ن) بَرْقًا وبَرَّقَتْ وابْرَقَتْ. المَرْاَة: آراستہ ہونا۔
بَرِق (س) بَرَقًا: متحیر ہونا۔ چندھیا جانا۔ خیرہ چشم ہونا۔
بَرَّقَهٗ. آراستہ کرنا بَرَّق عَيْنَيْهِ و بِعَيْنَيْهِ: آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔
اَبْرَق: برق زدہ ہونا۔ دھمکانا۔ دور کا سفر کرنا بسيفه: چمکانا عن وَجْهِهٖ: ہٹانا اَبْرَقَتِ السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
اَلْبَرْق: بجلی ج بُرُوق کہا جاتا ہے بَرْق خُلَّب و بَرْق خُلَّبٍ و برق الخُلَّبِ بے بارش کی بجلی۔
البَارِقَة: بجلی والا بادل۔ تلواریں سَحَابَة بَرَّاقَة) بجلی والی بدلی۔
البَرْقَة: دہشت۔ خوف۔
البَرَق: گھبراہٹ۔ دہشت۔ بھیڑ کا بچہ۔ ج اَبْرَاق و بُرْقَان.
البُرَق: گوہ۔
رَجُل (بَرُوق:) بزدل۔
البُرْقَة: ج بُرَق و (الاَبْرَق) ج اَبَارِق: سخت ترین زمین جس میں ریت گارا پتھر ہو۔ اس کی تصغیر اُبَيْرِق) ہے لِلاَبْرَق: سیاہ سفید رنگ والا۔
البُرَاق: اس جانور کا نام ہے جس پر نبی کریم ﷺ شب معراج میں سوار ہوئے تھے۔ اُس جانور کا قد گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔
التَّبَارِيْق: تھوڑا سا تیل یا گھی جو کھانے میں ڈالا جائے۔
مَبْرِق. الصُّبْح: صبح طلوع ہونے کی جگہ۔

ج مبارف و مباريق.

برقح برقحةً و تبرقح. وجهه: بدصورت ہونا

الثوب: آلودہ ہونا۔

برقشہ برقشةً مختلف رنگوں سے آراستہ کرنا۔

في الكلام: بے سر پیر کی باتیں کرنا۔

تبرقش: مختلف رنگوں سے آراستہ ہونا۔

البرقش ایک لطیف آواز اور رنگین پروں والا پرندہ۔

ابو براقش ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر کا بالائی حصہ خاکی اور بیچ کا حصہ سرخ اور نیچے کا سیاہ ہوتا ہے اور جب وہ پر نکالتا ہے تو مختلف رنگ دکھائی دیتے ہیں۔ مجازاً متلون المزاج کو کہتے ہیں۔

البرفوش پرانا جوتا۔

برقط: قریب قریب قدم سے چلنا۔ مڑ مڑ کر دیکھنا

الكلام: بے ترتیب بولنا۔

برقعها: برقع اوڑھنا۔

تبرقعت: برقع اوڑھنا۔

البرقع: برقع۔

برقل: جھوٹ بولنا۔

البرقلة: قول جو عمل سے خالی ہو۔

البرقيل ایک قدیم قلعہ شکن آلہ۔

البروق: لمبے تنے والا زیادہ پھولوں والا پودا زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے بکری اس کو نہیں کھاتی۔

البرقوق: شفتالو۔

برك (ن) بروكا وتبراكا وبرّك واستبرك. البعير: بیٹھنا۔ برّك بالمكان: اقامت کرنا۔

برّك. فيه: برکت کی دعا کرنا۔

بارك. الرجل: برکت کی دعا کرنا۔ راضی ہونا۔ بارك الله لك وفيك وعليك

وبارك لك: برکت دینا۔ بولتے ہیں بارك على الانبياء وآلهم یعنی ان کی عزت وعظمت جو تو نے انہیں بخشی ہے برقرار رکھ۔ اور بورك فيك اس سائل سے کہتے ہیں جس کو دفع کرنا منظور ہوتا ہے۔

ابركہ: اونٹ کو بٹھانا۔

تبرّك. بہ: برکت حاصل کرنا۔

تبارك. بہ: نیک شگون لینا الله: مقدس ہونا۔

ابترك. القوم: گھٹنوں کے بل بیٹھ کر جنگ کرنا۔ ابتركوا في العدو: تیز دوڑنے کی کوشش کرنا فلانا: پچھاڑنا اور اپنے سینہ کے نیچے دبا لینا في عرضه وعليه: گالی دینا۔ اہانت کرنا۔

استبرك: برکت کی فال لینا۔

البرك سینہ۔ اونٹوں کا گلہ۔ واحد (بارك) مؤنث (باركة) ج بروك.

البركة: زیادتی۔ بہتات۔ نیک بختی۔ نمو

البركة: اونٹ کے بیٹھنے کی ہیئت۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ حوض۔ ج برك دودھ دینے والی بکری۔ ج بركات

البركة ایک چھوٹا سفید آبی پرندہ۔ پینے والے کی اجرت۔ ج برك وابراك وبركان.

البريك اونٹ۔

البارُوك: بزدل۔ کابوس۔

البراك: پانی لینے والا۔ پینے والا۔

المبرك: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے لیس بفلان مبرك جمل یعنی فلاں کے پاس کچھ نہیں۔

البروكة: مادہ سیپی۔

بَرْكِيّة: لمبے پتوں سیدھے تنے والا پودا۔

البركار والبيكار: پرکار (جدید)

البُركان: آتش فشاں پہاڑ۔ جوالا مکھی (جدید)

بركعه: کاٹنا۔ پچھاڑنا۔ بركع لفرس چاروں پیروں پر کھڑا ہونا اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا۔

بركع وتبركع. الرجل: چوتڑ کے بل گرنا۔

البركع: پست قد مرد۔

البرلمان: پارلیمنٹ نظام۔

برم (ن) برما و برم. الحبل: دولڑیوں کو بٹنا۔ صفت مفعولی (مبروم وبريم).

الامر: مضبوط کرنا۔

برم (س) برما: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔

بحجته: دلیل کا نہ ملنا۔

ابرم. الحبل بمعنی برم الحبل ــ ه: زچ کرنا عليه في الجدال: خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کئے جانا۔

تبرم: زچ ہونا۔

انبرم. الحبل: رسی کا بٹ جانا۔

البرم درخت غصاہ کا پھل (دیکھئے غصاہ)

بخیل لئیم۔ وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو۔ ج ابرام.

البرمة: پتھر کی ہانڈی۔ ج برم و برام.

البرم: بد اخلاق لوگ۔

البرام: چیچڑی۔ ج ابرمه.

البرّام: رسی بٹنے والا۔

البريم والبرام: دھاگا۔ ہر وہ چیز جو بٹی جائے۔ بٹی ہوئی رسی۔ البريم: لشکر۔

البريمہ: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔

المبرم: تکلہ۔ ج مبارم.

السوار من الذهب المبروم: اصل سونے کے کنگن۔

المبرم: قطعی قضاء۔ مبرم: اٹل فیصلہ۔

البرماطوی کی ایک قسم۔ (ترکی لفظ)

البرنامج. میزانیہ بجٹ (جدید)

البرناسیة: ان شعراء کا مسلک جنہوں نے رومانی گانوں کو اپنایا اور لفظی صفت کا پورا اہتمام کیا (فرانسیسی لفظ)

برنسہ: برنس پہنانا۔

تبرنس. برنس پہننا۔

البرنس: وہ لمبی ٹوپی جو عرب میں پہنی جاتی تھی۔ وہ لباس جس کا کچھ حصہ ٹوپی کی جگہ کام دے۔

البرنيطة: ایک خاص علاقے کی ٹوپی۔ (ہیٹ)

البرنية: مٹی کا برتن۔ ج برانى.

بره (س) برها: بیماری کے بعد جسم کا اصلی حالت پر آنا۔ صفت (ابره) مؤنث (برهاء)

جُهْرہ۔
اَبْرَہ. دلیل لانا۔
اَلْبُرْهَة والبَرْهَة عرصہ۔ زمانے کا ایک حصہ۔ جُهْرہ وبُرْهات.
البَرَاهِمَة ہندوؤں کی ایک ذات مفرد (بَرْهَمن)
بَرْهَنَ. الشَّیَٔ وَعَلَیْهِ وَعَنْه: دلیل قائم کرنا۔
تَبَرْهَنَ: دلیل سے ثابت ہونا۔
اَلْبُرْهان: دلیل۔ جِ بَرَاهِین.
اَلْبِرْوَاز: چوکھٹا (جدید) اس کے لیے فصیح لفظ کفاف اور اطار ہے۔
اَلْبِرُوتِسْتُو: دعویٰ قائم باوجود بیکاری اور نقصان کے ادراک کے۔
اَلْبِرُوتِسْتَانِی: معروف عیسائی مذہب پروٹسٹ کو ماننے والا۔
اَلْبِرُوتُون: ہیدروجن کا ذرہ
اَلْبِرُولِتَارِیَا: کام کرنے والا طبقہ (لاطینی لفظ)
اَلْبِرُوم: بدبودار جسم سمندری پانیوں سے نکالا جاتا ہے سرخ بہنے والے مادے کی شکل میں علامہ BR
اَمْبُرُومِز (الصُّفر): پیتل
اَبْرُومِیز: ہواء کی پیائش کا آلہ
بَرَا (ن) بَرْوًا وَاَبْرَیٰ اِبْرَاءً. النَّاقَةَ: اونٹنی کی ناک میں حلقہ ڈالنا۔
اَلْبُرَة: حلقہ (خواہ کنگن ہو یا بالی یا پازیب ج بُرَی و بُرَات و بُرِیْن وبرین. کہا جاتا ہے "اَعْطَتْهُ الدُّنیا بُرَتَهَا یعنی دنیا اس کے ہاتھ میں آگئی ہے۔
بَرَیٰ (ض) بَرْیًا وَابْتَرَیٰ. السَّهْمَ وَ الْقَلَمَ: تیر یا قلم تراشنا۔ صفت مفعولی (بَرِیٌّ و مَبْرِیٌّ)
الشَّخْصَ: دبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔
بَارَیٰ. الرَّجُلَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا
اِمْرَأَة: فراق کی شرط پر صلح کرنا۔
اَبْرَیٰ. مٹی لگنا۔
تَبَارَیَا: باہم آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَبَرَّیٰ. لِمَعْرُوْفِه: بھلائی کے درپے ہونا۔
اِنْبَرَیٰ: تراشا جانا لَهُ: پیش آنا۔
اَلْبَرَیٰ: مٹی۔
البَارِی. فا. پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ تیر کا تراشنے والا۔ امثال عرب میں سے اَعْطِ القَوْسَ بَارِیْهَا کمان تراشنے والے کو دو۔ یعنی کام اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت رکھتا ہو۔
البُرَایَة والبُرَاء: تراشہ۔ چھیلن۔
البَرِیَّة: مخلوق۔ جِ بَرَایَا.
اَلْاِبْرِیَة والتِبْرِیَة: سر کی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرے۔
البَرَّاءَ ة والمِبْرَاءُ والمِبْرَاة: چاقو۔ تراشنے کا اوزار۔
بَزَّهُ (ن) بَزًّا و بِزِّیزَیٰ. چھیننا۔ غالب ہونا الشَّیَٔ مِنْهُ: زبردستی لے لینا۔
اِبْتَزَّ. مِنْهُ الشَّیَٔ: زبردستی چھین لینا۔
البَزّ: کتان یا روئی کے کپڑے۔ ہتھیار۔ ج بُزُوْز.
البِزَّة: کپڑے۔ ہتھیار۔ ہیئت۔
البَزَّاز. پارچہ فروش۔
البِزَازَة: پارچہ فروشی۔
البَزَابُورَط: پاسپورٹ (جدید) پروانہ راہداری۔ اس کے لیے فصیح لفظ الجواز ہے۔
بَزْبَز: تیز چلنا۔ سخت ہانکنا۔ بھاگنا۔ بہت حرکت کرنا۔
بَزَجَ (ن) بَزْجًا. فخر کرنے میں مقابلہ کرنا عَلَیَّ فُلَانًا: بھڑکانا۔ اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
بَزَّجَهُ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
بَازَجَهُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَازَجَا: باہم فخر کرنا۔
بَزِخَ (س) بَزَخًا: نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَخ) مؤنث (بَزْخَاء) جِ بُزْخ.
تَبَازَخَ. عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا۔ نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والے کی طرح چلنا یا بیٹھنا۔ تَبَازَخَتِ الْمَرْأَة: بڑے سرین والی

ہونا۔
بَزَّخَ. لَهُ: فروتنی کرنا۔
بَزَرَ (ض) بَزْرًا. الحُبُوْبَ: بونا۔ بیج چھینٹنا (وبَزَّرَ) القِدْرَ: مسالہ ڈالنا۔ بَزَرَ الْاِنَاءَ: بھرنا۔ کہتے ہیں، فُلَانٌ بَزَرَ كَلَامَه وتَوْبَلَهُ فلاں نے اپنی گفتگو میں نمک مرچ ملانا۔
اَلْبِزْر. بیج۔ تخم۔ واحد (بِزْرَة) جِ بُزُوْر. مسالہ۔ جِ اَبْزَار. جِ جِ اَبَازِیْر کہتے ہیں، مِثْلِی لَایَخْفَیٰ عَلَیْهِ اَبَازِیْرك یعنی مجھ جیسے پر تمہاری گپیں پوشیدہ نہیں رہ سکتیں۔ البَزْر: رینٹ۔
اَلْمَرْأَةُ (البُزُرَاء) بہت اولاد والی عورت۔
البَزَّار: بیج اور مسالہ کا بیچنے والا۔
اَلْبِیْزَر: سیل کا بٹہ۔ دھوبی کا تختہ (والمِبْزَر) دھوبی کی موگری۔
اَلْبَیْزَار: باز پالنے والا۔ کاشتکار۔ ج بیازرة (معرب)
بَزُعَ (ک) بَزَاعَةً. الغُلَامُ: خوش طبع ذکی اور چست ہونا۔ صفت (بَزِیْع) مؤنث (بَزِیْعَة)
تَبَزَّعَ. الغُلَامُ: چست و پھرتیلا ہونا۔
الشَّرَّ: شر و فتنہ کا بھڑکنا۔
البَزَّاع: بغیر جھجک کے گفتگو کرنے والا لڑکا (والبَزِیْع) من الغِلْمَان: تیز خاطر۔ چرب زبان لڑکا۔ اَلْبَزِیْع: شریف آدمی۔
بَزَغَتْ (ن) بَزْغًا و بُزُوْغًا. الشَّمْسُ: طلوع ہونا۔ بَزَغَ الحَاجِمُ: نشتر لگانا۔ دَمَه: خون بہانا۔
اِبْتَزَغَ: الرَّبِیْعُ: فصل بہار کا شروع ہونا۔
نُجُوْمٌ (بَوَازِغ) طلوع ہونے والے ستارے۔
اَلْمِبْزَغ: نشتر۔
بَزَقَ (ن) بَزْقًا. تھوکنا الْاَرْضَ: بونا۔
اَلْبُزَاق: تھوک۔
البَزَّاق: ایک قسم کا گھونگا۔ واحد بَزَّاقَة.
بَزَلَ (ن) بَزْلًا و بَزَّلَ. الشَّیَٔ: سوراخ کرنا۔ الشَّرَابَ: صاف کرنا۔ بَزَلَ الْاَمْرَ:

کسی کام کو کر گزرنا۔ رایکوئی نئی رائے پیش کرنا۔ کسی رائے پر جم جانا۔
بَزَلَ (ن) بُزُولًا. البَعِیرُ اُونٹ کا جوان ہونا نَابُ البَعِیرِ کچلی کا نکلنا۔ صفت مذکر و مؤنث (بَازِلٌ ج بَوَازِل و بُزَّل و بُزُل.
تَبَزَّلَ وَابْتَزَلَ سوراخ ہونا۔
تَبَزَّلَ وَابْتَزَلَ: الْخَمْرَ شراب کے برتن میں سوراخ کرنا الجَسَدُ: جسم سے خون ٹپکنا۔
السِّقَاءُ مشک کا ٹپکنا
اِسْتَبْزَلَ: الشَّیْءَ: کھولنا الْخَمْرَ: صاف کرنا۔
البَزْل سختی۔
البُزْل: ایک قسم کا پہاڑی بکرا۔
البِزال: برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔
البُزال: شراب کے مٹکے کا سوراخ۔
البَازِل: اُونٹ کی کچلیوں کا دانت۔ تجربہ کار مرد۔ کہتے ہیں رُمِیَ بَاشْهَبَ بَازِلٍ وہ دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔ الابَزْلاً بڑی مصیبت۔ عمدہ رائے۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ بَزْلَاءُ الرَّأیِ عمدہ رائے والی عورت۔ وخُطَّةٌ بَزْلَاءُ صاف وواضح طریق کار۔
المِبْزَل: شراب صاف کرنے کا آلہ۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔
بزم (ن ض) بَزْمًا. عَلَیْهِ: اگلے دانتوں سے کاٹنا الشَّیْءِ: اُٹھانا فُلَانًا ثَوْبَهُ: چھین لینا النَّاقَةَ: انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دوہنا وَتَرَ القَوْسِ: کمان کے تانت کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑ کر تیر چلانا۔
البَزِیم: ساگ یا ترکاری وغیرہ کا مٹھا باندھنے کے لیے پتے یا چھلکا۔
بَزَا (ن) بُزُوًّا. عَلَیْهِ: درازدستی کرنا بَزَاهُ وَابْزَاهُ وَابْزَی بِهِ) غالب آنا بَزَا وَبَزِی بَیْزِی بَزًا وَابْزَی اِبْزَاءً) نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا صفت (اَبْزَی) مؤنث بَزْوَاءُ.
تَبَازَی: باز کے مشابہ ہونا۔ سرین اُٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا۔
البزو مثل و نظیر۔
البَزِیُّ دودھ پیتا بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بَزِیِّیْ" وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔
البزاغینگ۔
البَاز وَالبَازِی باز۔
بَسَّ (ن) بَسًّا وَابَسَّ. الابِلَ: آہستہ آہستہ ہانکنا اور بس بس کہنا۔ "بَسَّ الْمَالَ فِی البِلَادِ" ملک میں مال کا پھیلا دینا۔ "بَسَّ السَّوِیقَ" گھی یا زیتون کے تیل میں ستو ملانا القَوْمَ عَنْهُ دھتکارنا۔ "وَابَسَّ بِالنَّاقَةِ:" دوہنے کے لیے چمکارنا۔
اِنْبَسَّ زمین پر پانی کا بہنا۔ الگ ہٹنا۔
البَسُّ وَالبِسُّ بلا۔ کوشش۔ ج بِسَاس
البَسِیس: تھوڑا کھانا۔
البَسِیسَةُ: گھی یا زیتون کے تیل میں ملا ہوا ستو یا آٹا۔
البَسُوس: اُونٹنی جو بغیر بس بس کہے ہوئے دودھ نہ دے۔ ج بُسُس
بَسْ بَسْ وَبُسْ بُسْ: بکریوں، اُونٹوں، بلیوں کے بلانے یا ڈانٹنے کے لیے کلمہ۔
اَبْسُوس: جساس بن مرہ البکری کی خالہ جس کی وجہ سے بنی بکر اور بنی تغلب کے درمیان مشہور جنگیں ہوئیں اور اس کا نام منحوس سمجھا جاتا ہے۔
بَسْبَسَ: بِالغَنَمِ اَوِ الاِبِلِ: بس بس کہہ کے بلانا بِهِ: کسی سے بس کہنا۔
البَسْبَس: بیابان، بے گھاس پانی والی زمین۔ ج بَسَابِس. تُرَّهَاتُ البَسَابِسِ والتُّرَّهَاتُ البَسَابِس: جھوٹی اور باطل باتیں۔
البُسْتَان: باغ۔ ج بَسَاتِین (جدید)
البُسْتَانِی: باغ والا۔ باغبان البُسْتَانِی مِنَ النَّبَاتِ: لگائے ہوئے پودے۔
بَسْتَرِینَة: سال کے آخر میں عیسائیوں کے ہاں جو تحائف پیش کیے جاتے ہیں۔
بَسَرَهُ (ن) بَسْرًا جلدی کرانا۔ مغلوب کرنا (وَابْسَرَ) القَرْحَةَ نچوڑ کر باندھنا الحَاجَةَ بے وقت طلب کرنا النَّخْلَةَ: درخت خرما میں قبل از وقت پیوند لگانا النَّبَاتَ: تر گھاس چرانا۔ وَابْسَرَ النَّخْلُ: گدر کھجور والا ہونا۔
بَسَرَ (ن) بَسْرًا وبُسُورًا: ترش رو ہونا۔ صفت (بَاسِرٌ) اور اسی وجہ سے شیر کو (البَسُور) کہا جاتا ہے۔
تَبَسَّرَ وَابْتَسَرَ. الحَاجَةَ بے وقت طلب کرنا۔ اِبْتَسَرَ بِالاَمْرِ: شروع کرنا الشَّیْءَ: تازہ لینا۔ اُبْتُسِرَ لَوْنُهُ بدل جانا۔
البَسْرُ: ٹھنڈا پانی۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ بَسْرٌ" تیوری چڑھا ہوا چہرہ۔
البُسْرُ: تازہ چیز۔ گدر کھجور۔ واحد بُسْرَةٌ ج بِسَار. البُسْرَةُ: طلوع کے وقت کا آفتاب۔
البَاسُور ج بَوَاسِیر: بواسیر کی بیماری۔
المَبْسُور: بواسیر کی بیماری والا۔
المُبْسِرَات: ہوائیں جن کا چلنا بارش کی علامت ہو۔
بَسَطَ (ن) بَسْطًا. الثَّوْبَ: پھیلانا الیَدَ: ہاتھ کشادہ کرنا الرَّجُلَ: کسی کا دل بڑھانا العُذْرَ: عذر ظاہر کرنا یا قبول کرنا المَکَانُ القَوْمَ: وسیع ہونا فُلَانًا عَلَیْهِ: فضیلت دینا السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔
بَسُطَ (ک) بَسَاطَةً: بسیط ہونا۔ پُر مذاق ہونا۔
بَسَّطَ. الثَّوْبَ: پھیلانا۔
بَاسَطَهُ: بے تکلفی سے کھل کر باتیں کرنا۔
تَبَسَّطَ وَانْبَسَطَ: پھیلنا۔ دراز ہونا۔ بے تکلف ہو جانا۔ سیر و تفریح کرنا۔
البَاسِطُ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
دور کی مسافت۔
البَاسِطَةُ: کھلا ہوا ہاتھ۔
یَدٌ (بَسْطٌ وبُسُطٌ) وسعت دسترس۔ کمال۔
البَسْطَةُ: فراخی زندگانی۔
بَسْطَةُ العَیْشِ
البِسَاطُ: بچھونا۔ فرش۔ ج بُسُط

اَلْبِسَاط: کشادہ زمین۔
اَلْبَسِيْط: مفرد۔ کشادہ زمین۔ پر مذاق۔
بَسِيْطُ الوجه: کشادہ رو۔ ہنس مکھ۔
اِبْنِسِيْط: خلاف مرکب' شعروں کا ایک وزن' جس کے الفاظ یہ ہیں۔ مستفعلن' فاعلن' مستفعلن' فعلن۔
بَسِيْطُ الْيَدَيْن: فیاض۔ سخی۔ ج بُسَطَاء۔
اَلْبَسِيْطَة: زمین۔ زمین کا ہموار حصہ۔
اسطرْما: گوشت ہانڈی۔
بَسَقَ (ن) بَسْقًا: تھوکنا۔
بَسَقَ (ن) بُسُوقًا. النَّخلُ: لمبے تنے اور لمبی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (بَاسِق) أَصْحَابَهُ وَعَلَى أَصْحَابِهِ: فضیلت میں بڑھ جانا فِي عِلْمِهٖ: ماہر ہونا۔
بَسَّقَهٗ: لمبا کرنا۔
تَبَسَّقَ: لمبا ہونا۔
الْبَاسِقَةُ: مؤنث۔ سفید صاف رنگ کا بادل۔ مصیبت۔ ج بَوَاسِق و بَوَاسِقُ السَّحَاب: ابتدائی بادل۔
اَلْبِسْكُوتِي: خشک روٹی یا خشک حلوی۔
اَلْبِسِيكولوجيا: علم نفس یا علم فلسفہ
بَسُلَ (ک) بَسَالًا وبَسَالَةً: بہادر ہونا صفت (بَسُوْل وباسِل) ج بُسْل و بُسَلاء و بُسْل
بَسَلَ (ن) بُسُولًا. الرَّجُلُ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔ صفت (بَسْل و بَسِيْل) النَّبِيذُ: نبیذ کا تیز ہونا اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
بَسَلَهٗ (ن) بَسْلًا: ملامت کرنا۔ حلال کرنا۔ جائز کرنا عَنْ حَاجَتِهٖ: منع کرنا۔ روکنا۔
اَبْسَلَهٗ: ہلاکت کے لیے چھوڑ دینا۔ رہن رکھنا اللّٰهُ الشَّيْءَ: حرام کرنا ؤ لِكَذَا: پیش کرنا أَبْسَلَ نَفْسَهُ لِلْمَوْتِ: مرنے کے لیے تیار ہو جانا۔
بَسَّلَهٗ: ناپسندیدہ بنا دینا (بَسَّلَ وَابْتَسَلَ) نَفْسَهُ لِلْمَوْتِ: اپنے آپ کو موت کے لیے پیش کر دینا۔

بَاسَلَهٗ: لڑائی میں حملہ کرنا۔
تَبَسَّلَ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔
اِسْتَبْسَلَ: مرنے یا مارنے کے لیے جنگ میں کود پڑنا۔
اَلْبَسْلُ: سختی۔ حلال۔ حرام (واحد جمع مذکر و مؤنث مساوی ہیں) کہا جاتا ہے۔ "هٰذا بَسْلٌ عَلَيْكَ" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ اور کہا جاتا ہے "بَسْلًا لَهٗ" اس کے لیے خرابی ہو۔
اَلْبَاسِلُ: شیر۔ ج بَوَاسِل۔ اور کہا جاتا ہے "يَوْمٌ بَاسِلٌ" سخت دن۔ "وَغَضَبٌ بَاسِلٌ" تیز غصہ۔
الْبَسَالَةُ: دلیری۔ بہادری۔ کراہت۔
اَلْبِسِلَّى: ایک قسم کی نباتات۔
تَمِه (س تَمَهًا وتَمَاهَةً). الطَعَامُ: بُو یا مزہ خراب ہونا۔ صفت(تَمِه) تَانَّ. بَیْنَهُمَا: مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔

اَتَنَّ. المَرَضُ الصَّبِیَّ: بڑھنے سے روکنا۔ صفت مفعول(تِنٌ). الرَّجُلُ: دور ہونا۔

التِنُّ: شخص۔ مثل۔ ہمسر۔ ج اَتْنَان.

التِنِّیْنُ: مچھلی۔ اژدھا۔ آسمان میں ایک جگہ کا نام۔ج تَنَّانِیْن.

تَنَأَ (ف) تُنُوْءًا. بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ صفت(تانِئ)ج تُنَّاء.

اَلتَّنُّوْبُ: واحد اَلتَّنُّوْبَةُ۔ صنوبر کی قسم کے مشہور درخت جس کا تنا سیدھا لمبا ہوتا ہے عام باغوں میں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

التِنْبَك والتُنْبَاك: تمباکو۔

التِنْبَل والعِنْبَال والتُنْبُول والتِنْبَالة: پست قد۔ کند ذہن۔ سست ج تَنَابِیْل وتَنَابِلَة.

التَنْبُلُ والتَانبُوْل: پان۔

التَنْجرة: ہانڈی۔ دیگ(جدید)

اَلتَّجْنِیْن: تنگسٹن ایک دھات جو بجلی کی تاروں میں استعمال ہوتی ہے۔ اور فولاد جوڑا جاتا ہے۔علامت دھا "W"

تَنَخَ (ن) تُنُوْخًا وتَنْخًا وتَتَنَّخ. بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔

تَنِخَ (س)تَنْخًا: بدہضمی ہونا۔

اَتْنَخَهٗ: مبتلاء بدہضمی کرنا۔

التَّنُّوْب: صنوبر کی مانند ایک درخت کا نام۔ واحد تَنُّوْبَة.

التَّنُّوْر: تنور۔ج تَنَانِیْر.

اَلتَّنَّار: تنور بنانے والا۔

التَّنَضُّبُ (دیکھئے مادہ نضب)

التَّنُوْفَةُ والتَّنُوْفِیَة: بے پانی کا جنگل۔ج تَنَائِف.

التَّنَك: ٹین(جدید)

التَّنَكْجِی: ٹین بنانے والا۔(جدید)

تَهْتَهَ: لغویات میں مشغول ہونا۔

التَّهَاتِه: لغویات، باطل باتیں۔

تَهِمَ (س)تَهَمًا. اللَّحْمُ: خراب ہونا۔ صفت(تَهِم)

اَتْهَمَ وتَاهَمَ وتَتَهَّمَ: سرزمین۔ تہامہ میں آنا یا نازل ہونا۔

التَّهَمَة: بدبو۔

تِهَامَة: مکّہ معظمہ۔ ملک حجاز کے جنوبی علاقے۔ نسبت کے لیے تِهَامِیّ و تَهَامٍ۔ ج تَهَامِیُّوْن وتَهَامُوْن.

اِتَّهَمَ وتُهْمَة (دیکھئے مادہ وہم)

تَهِنَ (س) تَهَنًا: صفت (تَهِن)

تَهَا (ن) تَهْوًا: غافل ہونا۔

التِهْوَاء: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی تِهْوَاء مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گذر گیا۔

التَّوُّ: اکیلا۔ ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسّی۔ج اَتْوَاء: کہا جاتا ہے "جَاءَ تَوًّا" وہ قصد کرکے آیا۔ کوئی چیز اس کو باز نہیں رکھ سکتی۔

تَابَ (ن) تَوْبًا وتَوْبَةً وتَابَةً ومَتَابًا وتَتْوِبَةً. اِلَی اللّٰهِ: گناہ چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا۔ نادم وپشیمان ہونا۔ صفت (تائِب) اللّٰهُ عَلَیْهِ: بخش دینا اور دوبارہ مہربان ہونا۔ صفت(تَوَّاب)

اِسْتَتَابَهٗ: توبہ کرنے کی ترغیب دینا۔

التُوْت: توت کا درخت۔ توت کا پھل۔

اَلتُّوْتِیَا: یہ ایک قسم کا پتھر ہے جو بطور سرمہ کے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک قسم کی سمندری سیپی جس پر کانٹے ہوتے ہیں اور اس کے اندر سے انڈے کی زردی کی مانند ایک چیز نکلتی ہے جو کھائی جاتی ہے۔

تَاجَ (ن)تَوْجًا: تاج پہننا۔

تَوَّجَهٗ: تاج پہنانا۔

تَتَوَّجَ: تاج پہننا۔

التَائِج: تاج والا۔

التَاج: شاہی ٹوپی۔ج تِیْجَان. تَاجُ الْجَبَّارِ: ستارے۔ تَاجُ الْعُمُوْدِ: ستون کے بالائی حصہ کے نقش ونگار۔

اَلتَّوْبِیْجِیَّة: پانچ قسم کے پھولوں کا گلدستہ۔

تَاحَ یَتُوْحُ تَوْحًا: لَهُ الشَّیْءُ: تیار ہونا۔

تَاخَتْ (ن)تَوْخًا وتَوَخًا. الْاِصْبَعُ فِی الْجِسْمِ الْوَارِمِ اَوِ الرَّخْوِ: انگلی کا سوجے ہوئے یا نرم حصہ بدن میں دھنس جانا۔

التُّوْدَرِی والتُوْذَرِی: ایک دوا کا نام

تَارَ (ن)تَوْرًا. الْمَاءُ: جاری ہونا۔

اَتَارَہٗ اِتَارَةً: باربار لوٹانا۔

التَوْر: چھوٹا برتن۔ قاصد۔

التَارَة (دیکھئے تار)

التَوْرَاة والتَوْرِیَة: آسمانی کتاب جو سیّدنا موسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی۔ج تَوْرَات وتَوْرِیَات.

تَازَ (ن) تَوْزًا. الشَّیْءُ: سخت ہونا۔

تَافَ (ن) تَوْفًا. الْبَصَرُ: نگاہ کا چندھیا جانا۔

التَافَة والتَوْفَة والتُوْفَة: عیب۔ کہا جاتا ہے "مَافِیْهِ تَوْفَة" اس میں کوئی عیب نہیں۔ گناہ۔

تَاقَ (ن) تَوْقًا وتُؤُوْقًا وتَوَقَانًا وتوقانًا وتِیَاقَةً. هٗ واِلَیْهِ: شائق ہونا۔اِلَی الْغَایَةِ: جلدی کرنا۔ صفت (تَائِق وتوّاق). عَیْنُهٗ بِالدُّمُوْعِ: بہنا۔ تَاقَ مِنْهُ: ڈرنا بِنَفْسِهٖ: جان دینا۔

تَتَوَّقَ. اِلَی الشَّیْءِ: آرزومند ہونا۔ شائق ہونا۔

تَالَ یَتُوْلُ تَوْلًا: جادو کرنا۔ جادو کا علاج کرنا۔

التُوَلَة والتُوْلَة: مصیبت ج تُوَالات.

التُوَلَة والتِوَلَة: جادووغیرہ۔

التُوْمَة: موتی کے مشابہ چاندی کا دانہ۔ بالی۔ شتر مرغ کا انڈا۔ج تُوَم وتُوَّم: توم کو عوام ثوم (لہسن) کے بجائے استعمال کرتے ہیں۔

المُتَوَّم: مالا پہنا ہوا۔ کان میں بالی پہننے والا۔

تَتَاوَنَ وتَتَاءَنَ. الصَّیْدَ: کبھی دائیں کبھی بائیں سے حملہ کرنا۔

اَتُّوْنُ. الحَمَّامِ: حمام کی بھٹی۔

تَاهَ (ن)تَوْهًا: ہلاک ہونا۔ ضائع ہونا۔ راستہ گم کرنا۔ فاسد العقل ہونا۔

التَوْه والتُوْه: ہلاکت۔ فلاةٌ تَوْهٌ: گمراہ کردینے والا بیابان۔ج اَتْوَاه و جج تَاوِیْه.

تَوَّهَهٗ واَتَاهَهٗ: ہلاک کرنا۔

تَوِیَ (س)تَوًی. المالُ: برباد ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت(تَوٍ وتَاوٍ) کہا جاتا ہے

"لاتوی عَلَیْهِ" اسے کوئی نقصان نہیں۔
اَتوَاهُ اِتوَاءً. اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔
المَتوَاۃ: باعث ہلاکت۔ باعث نقصان کہتے ہیں"الشُّحُّ مَتوَاۃ" بخل باعث نقصان ہے۔ ج مَتَاوٍ ومَتویَات.
التِّیَاتْرُو: تھیٹر۔ اس کی عربی مُمَثَّل ہے اور مولدین کے نزدیک مَسْرَح.
اَلتِّیَاتْرُو: فن کار
تَاحَ (ض) تَیْحًا. لَه: مقدر ہونا۔ تیار ہونا
فِي مَشْیِهٖ: جھکنا۔
اَتَاحَهٗ اِتَاحَةً: تیار کرنا۔ مقدر کرنا۔ کہا جاتا ہے"اَتَاحَ اللّٰهُ لَهُ الشَّرَّ" اللہ نے اس کے لیے شر کو مقدر کردیا۔
المُتَاح والمِتْیَاح: امر مقدر۔ فیصل شدہ۔
التَّیَّاح والتِیْحَان والتَّیِّحَان والتَّیْحَان والمِتْیَح: لایعنی اُمور میں مشغول ہونے والا۔ اور کہا جاتا ہے"رَجُلٌ تَیِحٌ" ہمیشہ بلا میں مبتلا رہنے والا مرد۔
تَاخَهٗ (ض) تَیْخًا: کھجور کی چھڑی سے مارنا۔
المِتْیَخَة: کھجور کی چھڑی۔
التَّید: نرمی، کہا جاتا ہے"تَیْدَكَ زیدًا" زید سے نرمی کر۔
تَار (س) تَیَرَانًا. البَحْرُ: جوش میں آنا۔
التَّیَّار: جوش مارنے والے سمندر کی لہر۔ مغرور۔ کہا جاتا ہے"قَطَعَ عِرقًا تَیَّارًا" اس نے تیز بہنے والی رگ کو کاٹا۔"فَرَسٌ تَیَّارٌ" دوڑنے میں موج کی طرح چلنے والا گھوڑا۔
التَّیْر: تکبر و غرور۔
تَارَۃً (دیکھئے تَار)
تَازَهٗ (ض) تَیْزًا و تَایَزَهٗ: غلبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے"تَازَ السَّهْمُ فِي الرَّمِیَّةِ" شکار میں تیر نے حرکت کی۔
التَّیَّاز: پست قد سخت جوڑوں والا۔
تَاسَ یَتِیْسُ. الجَدْیُ: بکرا بن جانا۔
تَیَّسَ. فَرَسَه: سدھانا ۔ هٗ عَنْ کَذَا: باز رکھنا۔

تَایَسَ: مدافعت کرنا۔
تَتَایَسَ. المَاءُ: موجوں کا ٹکرانا۔ (او اِسْتَتْیَسَ) الغز: بکری کی طرح ہو جانا۔
التَّیْس: بکرا۔ جنگلی بکرا۔ نر ہرن۔ ج تُیُوس واتیاس وتِیَسَة. لِحْیَةُ التیس: ایک قسم کی نباتات۔
التَّیْسِیَّة والتَّیُوْسِیَّة: بکرے جیسی طبیعت۔ کہتے ہیں۔ فِي فُلَانٍ تَیْسِیَّةٌ وتُیُوسِیَّة
التَّیَّاس: بکری والا۔
الاَتیَس: بکری جیسا۔
تَاعَ (ض) تَیْعًا و تَیَعًا وتَیَعَانًا. القَيءُ: نکلنا۔ المَاءُ: بہنا اور زمین پر پھیلنا۔
الیه: جلدی کرنا اور مشتاق ہونا۔ (تَیْعًا) الطَّرِیْقَ: طے کرنا السَّمْنَ: روئی کے ٹکڑے سے گھی اُٹھانا۔
اَتَاعَ. مَا اَکَلَهٗ: اُلٹی کردینا۔ الشَّیْءَ: لوٹانا۔
تَتَیَّعَ. اِلَی الشَّرِ وَ (تَتَایَعَ) فِي الشَّرِّ: برائی کی طرف سبقت کرنا۔ صفت (تَیِّع وتَیِّعَان)
الرِّیحُ بِالوَرَقِ: اُڑا لے جانا۔ تَتَیَّعَ فِي الامرِ: اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے"اِنَّهٗ یَتَتَایَعُ فِي الْاُمُورِ" وہ اپنے آپ کو معاملات میں بغیر سوچے سمجھے ڈال دیتا ہے۔
تَاكَ (ض) تُیُوْکًا: بیوقوف ہونا۔ صفت (تائك) اَحْمَقُ تَائِكٌ: بہت بیوقوف۔
اتاكَ. الشَّعْرَ: اُکھیڑنا۔
تِیْكَ: مؤنث کے لیے اسم اشارہ۔ اس کی تصغیر (تَیَّاكَ) ہے اور اس پر ھاء تنبیہ داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے ھاتیك)
تَامَهٗ (ض) تَیْمًا و تَیَمَهٗ. الحبُّ: غلام بنا دینا۔ ذلیل کردینا۔
التیم. س۔ عشق کی وجہ سے عقل کی خرابی۔ غلام کہا جاتا ہے"هُوَ تَیْمُ اللّٰهِ" وہ اللہ کا بندہ ہے۔
التِّیْمَة والتِّئمة: بکری جو گھر میں چارہ دے کر دوہی جائے۔ بکری جو بھوک کے وقت ذبح کی جائے۔
التَّیْمَاء: بیابان۔ نام ایک مقام کا۔
التِّیْن: انجیر۔ انجیر کا درخت۔ واحد (تینة)
المَتَانَة: وہ زمین جہاں انجیر کے درخت بہت بوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے"اَرْضٌ مَتَانَةٌ" بہت انجیروالی سرزمین۔
التَّیَّان: انجیر بیچنے والا۔ انجیر خشک کرنے والا۔
تَاهَ (ض) تِیْهًا تکبر کرنا (تَیْهًا وتَیَهَانًا) سرگشتہ پھرنا۔ گمراہ ہونا۔ صفت (تَیَّاه وتَیْهَان)
اَلتَّبُّوعُ: ہر ترکاری جس کا دودھ نکلے جب اس کو کاٹا جائے۔
اَلتِّیُوقرَاطِیَّةُ: وہ حکومت جس کے قائم ہونے کے متعلق نظریہ ہو کہ اللہ کی قائم کردہ اور اس کو چلانے والے خداتعالیٰ کے نمائندے ہیں۔
تَیَّهَ واَتَاهَ. ہ گمراہ کرنا۔ ضائع کرنا۔
التَّائِه والتَّیْهَان والتَّیَّاه والتَّیِّهَان: متکبر۔ مغرور۔
التِّیْه: ڈینگ۔ غرور۔ گمراہی۔ چٹیل میدان جس میں انسان بھٹک جائے۔ ج اَتْیَاه واَتَاوِیْه واتاوِهَة.
اَرْض تَیْهَاء ومَتْیَهَة ومِتْیَهَة ومَتِیْهَة وتِیْهٌ: راستہ بھٹکانے والی سرزمین۔

ث

ث: الثاء بنیادی حروف میں سے چوتھا حرف ہے۔ حروف لثویہ سے ہے۔ حساب جمل میں اس کی گنتی (۵۰۰) ہے۔
ثَئِبَ (س) ثَأَبًا وثُئِبَ وتَثَائَبَ: جمائی لینا۔ صفت (مَثْئُوب) وتثائب الْاَخْبَارَ: جستجو کرنا۔
الثأب والثُؤبَاء والتَثَائُب: جمائی۔
ثأثأ: پیاسا رکھنا۔ سیراب کرنا النَّارَ آگ بجھانا الغضبَ: غصہ ٹھنڈا کرنا ٥ عَنِ الْاَمْرِ: کسی کام سے روکنا۔
ثأجت (ف) ثاجًا. الْغَنَمُ: ممیانا۔
الثُوَاج: بھیڑ بکری کی آواز۔
ثَئِدَ (س) ثَأدا. النَّبتُ: شاداب ہونا۔ الرَّجُلُ اَوِ الْمَكَانُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (ثئِد و ثَئِيد)
الثأد والثأد: نمناک مٹی۔ تری. سردی۔ بُرا کام۔ نرم وسرسبز نباتات۔
الثَّأْدَ: موٹی عورت۔
الثأداء: لونڈی۔ "مَا اَنَا ابْنُ ثَأدَاء" میں عاجز اور کمزور رائے والا نہیں ہوں۔
الثأدَ: موٹاپا۔
ثَأَرَ (ف) ثَأْرًا. القَتِيلَ وَبِالْقَتِيلِ: خون کا مطالبہ کرنا۔ قاتل کو قتل کرنا۔ صفت (ثائِر) کہا جاتا ہے "ثَارَه بِكَذَا"
یعنی اس نے فلاں کے ذریعہ خون کا بدلہ لیا "وَثُئِرَ زَيْدٌ". زید سے خون کا بدلہ لیا گیا۔
اَثَارَ واِثَّارَ. مِنْهُ: خون کا بدلہ لینا۔

اِسْتَثْأَر: خون کا بدلہ لینے کے لیے فریاد کرنا۔
الثَّأر والثُؤْرَة: خون کا بدلہ۔ جرم کا بدلہ۔ ج اَثْآر وآثار وثآئِر: کہا جاتا ہے "هُوَ ثَأرُكَ" وہ تمہارے رشتہ دار کا قاتل ہے۔ "ویا ثارات فُلَان" اے فلاں کے قاتلو! والثارُ الْمُنِيم" خون کا کامل بدلہ جس کے بعد طالب آرام سے سو رہے۔
ثَئِطَ (ف) ثَأَطًا. اللَحْمُ: خراب ہونا۔ بگڑنا۔
ثُئِطَ. الرَّجُلُ: زُکام ہونا صفت (مثئوط)
الثُؤَاط: زکام۔
الثَأطَة: بدبودار کیچڑ۔ اور اسی سے مثل ہے "ثَأطَةٌ مدّت بِمَاء" اس وقت بولتے ہیں جبکہ ایک خرابی کے ساتھ اسی جیسی دوسری خرابی ہو جائے۔ جیسے "اُردو میں مفلسی میں آٹا گیلا" ج ثَأط.
الثاطاء: بیوقوف عورت۔
تَؤَلَّلَ وتَثَالَلَ جَسَدُه: مسے والا ہونا۔
الثُؤْلُول: مسہ۔ پستان کا سرا۔ بھٹنی ج ثَآلِيل.
ثَأَى (ف) ثَأْيًا واَثَأَى. الشَّئَ چیرنا۔ پھاڑنا۔ کمزور کرنا۔ فاسد کرنا۔ واَثَأَى فِي الْقَومِ کشت وخون کرنا۔
ثَئِيَ (س) ثَأَىً. الشَّئُ: چھد جانا۔
الثَّأْيُ: زخم کے نشان۔
الثَأى. مس کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَرْاَبُ الثَأيَ" فلاں فساد کی اصلاح کرتا ہے۔

ثَبَّ (ن) ثَبَابًا: جم کر بیٹھنا۔ وقار سے بیٹھنا الْاَمْرُ: پورا کرنا۔
ثَبُتَ (ک) ثَبَاتَةً و ثُبُوتَةً: بہادر ہونا۔ صاحب عزم ہونا۔
ثَبَتَ (ن) ثَبَاتًا وثُبُوتًا. فِي الْمَكَانِ ٹھہرنا۔ قیام کرنا علی الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ صفت (ثابتٌ وثَبِيتٌ وثَبْتٌ) الامرُ عنده: ثابت ہونا۔ مؤکد ہونا۔
ثَبَّتَهٗ واَثْبَتَهٗ: ثابت کرنا الحق: دلائل سے مؤکد کرنا۔ نام درج رجسٹر کرنا۔ لکھنا اور کہا جاتا ہے "طَعَنَه فَاَثْبَتَ فِيْهِ الرُّمْحَ" اس نے اس کو نیزہ مارا اور گھسا دیا۔
اَثْبَتَ وثابتَ. الامرَ: پوری طرح سے پہچاننا۔
اِسْتَثْبَتَ وتَثَبَّتَ. فِي الْاَمْرِ والرَّاى: جلدی نہ کرنا۔ مہلت سے کام لینا۔ مشورہ کرنا۔ اور حقیقت کی جستجو کرنا۔
الثَّبَت: ثابت ہونا۔ حجت۔ دلیل۔ کہا جاتا ہے "لا اَحْكُمُ اِلَّا بِثَبَتٍ" میں بغیر حجت و برہان کے فیصلہ نہیں کرتا۔
الثِّبَات: برقع کے بند۔ کجاوہ باندھنے کے تسمے۔
الثُبَات: ایسی بیماری جو حرکت سے عاجز کر دینے والی ہو۔ بہادر شہسوار جس کا حملہ بھرپور ہو۔
الْاِثْبَات: ایجاب۔ نفی کی ضد۔
الْاَثْبَات: قوم کے معتبر لوگ۔ مفرد ثَبْتٌ کہا

جاتا ہے "فلانٌ ثَبْتٌ مِنَ الْاَثْبَاتِ" یہ مجاز ہے جیسے کہ "فلانٌ حُجةٌ" جبکہ روایت میں ثقہ ہو۔
الثَوابت مِنَ النُجُوْمِ: سیاروں کے علاوہ ستارے۔ واحد ثَابِتَة.
المُثْبَت: مع۔ تسموں سے بندھا ہوا۔
مَرِيْضٌ مُثْبَت: زیادتی مرض کی وجہ سے بچھونے سے جدانہ ہونے والا۔
التَّثْبِيت: عیسائیوں کے نزدیک سات رازوں میں سے ایک راز
ثَبَجَ(ن) ثَبْجًا وَ ثَبَّجَ. الْكَلاَمَ: ٹھیک طریقے سے گفتگو نہ کرنا الْخطَّ: تحریر میں غیر معروف طریقہ استعمال کرنا۔
ثَبِجَ(ض) ثَبْجًا وَثُبُوْجًا: پاؤں کی انگلیوں پر بیٹھنا۔
ثَبَّجَ وتَثَبَّجَ الرَّاعِي بِالعَصَا: لاٹھی کو پیٹھ پر رکھ کر اس کے پیچھے ہاتھ رکھنا۔
اِثْبَاجَّ. السَّقاءُ: بھر جانا الرجلُ موٹا اور ڈھیلا ہونا۔
الثَّبَجُ: کاندھے اور پیٹھ کا درمیانی حصہ "الثَّبَجُ مِنْ كُلِّ شَئٍ" درمیانی حصہ۔ بڑا حصہ۔ بلند حصہ۔ ج "اَثْبَاجٌ وثُبُوجٌ" کہا جاتا ہے۔ "يَرْكَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ" وہ لوگ اس سمندر کے بڑے حصے پر سوار رہ گئے۔ "وتَسنَّمتِ الحُمرُ اَثْبَاجَ الْاَكَامِ" گدھے ٹیلوں کی بلندیوں پر چڑھ گئے۔
الْاَثْبَجُ: چوڑی پیٹھ والا۔ کبڑا۔
رجُلٌ مُثَبَّجٌ: لمباے ڈول مرد۔
ثَبَرَهٗ (ن) ثَبْرًا: لعنت کرنا۔ دھتکارنا۔ محروم کرنا۔ ہلاک کرنا عَنْ كَذَا: روکنا، ہٹانا۔ (ثُبُوْرًا) ہلاک ہونا۔
ثَبِرَت (س) ثَبَرًا. القرْحَةُ: پھٹنا اور بہنا۔
ثَابَرَ ثِبَارًا ومُثَابَرَةً. عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ ہمیشگی کرنا۔
ثَبَّرَ. فُلَانًا بِالشَّئِ: کسی کو کسی چیز پر روک دینا اللهُ فُلَانًا: ہلاک کرنا۔
تَثَابَرُوْا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

الثَّبْرَةُ نرم زمین۔ زمین یا پہاڑ کا گڑھا۔
المَثْبِر: نوچڑ خانہ۔ عورت یا اونٹنی کے جننے کی جگہ۔
المُثَبَّر: زوکا ہوا۔ محروم۔
ثَبَطَهٗ(ن) ثَبْطًا و ثَبَّطَهٗ. عَنِ الْاَمْرِ: روکنا باز رکھنا عَلَى الْاَمْرِ: کسی کو کسی کام پر موقوف رکھنا۔
اَثْبَطَهٗ. المرضُ بیماری کا جدا نہ ہونا۔
تَثَبَّطَ. عن الْاَمْرِ دیر لگانا۔ رکنا۔
الثَّبِطُ: کمزور۔ بیوقوف۔ ج اَثْبَاط وثِبَاط مؤنث ثَبِطَة
ثَبَقَ(ض) ثَبْقًا وتَثْبَاقًا. النَّهرُ: پانی کی زیادتی سے تیز بہنا العينُ جلدی آنسو بہانا۔
الثُّبْل والثَّبَل: برتن کی تلی کا باقی ماندہ
ثَبَنَ(ض) ثَبْنًا وثِبَانًا. الثوبَ: کنارہ موڑ کر سینا۔ (وتَثَبَّنَ) الشَّئَ: پھانٹر میں لینا۔ پائجامہ کے نیفہ میں رکھ لینا۔
الثُّبْنَة. ج ثُبَن و (الثِّبَان) ج ثُبُن: پھانٹر۔
الثَّبِين: چادر کا کنارہ جبکہ اس کو موڑ لیں۔
المَثْبَنَة: تھیلی جس میں عورت اپنا آئینہ وغیرہ رکھتی ہے۔ ج مَثَابِن۔
ثَبَى(ض) ثَبْيًا. الشئَ: جمع کرنا۔
ثَبَّى. الشئَ: جمع کرنا۔ تعظیم کرنا۔ درست کرنا۔ پورا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ثَبَّى اللهُ لَهُ النِّعَمَ" اللہ تعالیٰ نے اسے نعمتوں کے انبار دیئے عَلَى الْاَمْرِ: ہمیشہ رہنا عَلَى فُلَانٍ: کسی کے خلاف مدد طلب کرنا۔
الثُّبَة: حوض کا درمیان۔ جماعت۔ شہسواروں کی جماعت۔ ج ثُبَاتٌ وثُبُون.
الْاُثْبِيَّة: بڑی جماعت۔ ج اَثَابِيّ.
الثَّبِيُّ: لوگوں کی بہت تعریف کرنے والا۔
ثَتِنَ (س) ثَتَنًا. اللحمُ: بدبودار ہونا۔
اللِّهَةُ: ڈھیلا ہونا۔ صفت ثَتِنَة.
ثَجَّ (ن) ثُجُوجًا. المَاءُ: بہنا (ثَجًّا) المَاءَ: بہانا۔
اِنْثَجَّ. المَاءُ: بہنا۔

الثَّجَّةُ باغ جس میں حوض ہو۔ ج ثَجَّات
مَطَرٌ (ثَجَّاجٌ): بہت برسنے والی بارش۔
عَيْنٌ (ثَجُوْجٌ): بہت پانی والا چشمہ۔
الثَّجِيْجُ زبردست سیلاب۔ الثَّجِيْجَة: دودھ کا جھاگ جو ہاتھ یا برتن میں چپک جائے۔
المِثَجُّ زبان آور خطیب۔
ثَجْثَجَ. المَاءَ بہانا۔ تَثَجْثَجَ بہانا۔
ثَجَرَ(ن) ثَجْرًا. التمرَ: کھجور کو بسر کی کھل کے ساتھ ہلانا۔
ثَجَّرَهٗ: کشادہ کرنا۔ چوڑا کرنا۔
الثُّجْرَة: درمیان۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "اَقَامُوا فِي ثُجْرَةِ الوَادِي" انہوں نے وادی کے درمیان اقامت کی۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیانی حصہ کا اردگرد۔ ج ثُجَر: کہا جاتا ہے "طَعَنُوْهُمْ فِي الثُغَرِ والثُجَرِ"
الثَّجْر والثَّجِر وَالْاَثْجَر. مِنَ الوَرَقِ وَنَحْوِهٖ: موٹا اور چوڑا۔
ثَجِلَ(س) ثَجَلًا: بڑے پیٹ والا ہونا صفت (اَثْجَل) مؤنث ثَجْلَاءُ ج ثُجْل. کہا جاتا ہے "مَزَادَةٌ ثَجْلَاءُ" کشادہ توشہ دان۔
ثَجَمَتْ (ض) ثَجْمًا واَثْجَمَتْ. السَّمَاءُ: جلدی سے برسنا۔ ثَجَمَهٗ عَنْهُ: جلدی سے باز رکھنا۔
ثَجَا(ن) ثَجْوًا: خاموش رہنا۔
اَثْجَاه: خاموش کرنا۔
ثَخُنَ(ک) ثِخَنًا وثَخَانَةً وثُخُوْنَةً: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (ثَخِيْنٌ) ج ثُخَنَاء.
اَثْخَنَ. فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا فِي العَدُوِّ: خونریزی میں مبالغہ کرنا فِي الْاَرْضِ: سخت خونریزی کرنا۔ اَثْخَنَتْهُ الجراحُ: سست وکمزور کرنا۔
اِثَّخَنَ: سست وکمزور ہونا۔
اِسْتَثْخَنَ. منه المرضُ او النومُ: غالب آنا۔
ثَدَغَ(ف) ثَدْغًا. راسهٗ: کچلنا۔ پھوڑنا۔
اِنْثَدَغَ: کچلا جانا۔
ثَدَقَ (ن) ثَدْقًا. المطرُ: بارش ہونا

السحاب: برسانا۔ صفت ثاوق.

إنثدق. الناسُ عليه: حملہ کرنا۔

ثَدَّمَ. الابريقَ: چھننا لگانا۔

الثدم: گفتگو اور حجت میں عاجز۔ بیوقوف سست۔ مؤنث ثَدمة.

الثِدام: چھننا۔

ثَدِنَ (س) ثَدَنًا. اللحم: بدبودار ہونا۔ (وثدَن) الرجلُ: پُر گوشت اور بھاری ہونا صفت (ثدِن ومُثدَّن)

اَثدَنَ. الشَّيُّ: چھوٹا کرنا۔

ثَدَاه (ف) ثَدْوًا: ترکرنا۔

ثَدِی (س) ثَدًى: تر ہونا۔

الثَدْی والثَدَی: پستان (مذکر ومؤنث) ج ثُدِیّ وثِدِی واَثْدٍ.

الثَدْیاء: بڑی پستان والی عورت۔

ثَرَّ (ن ض) ثَرًّا وثُرُورًا وثَرُورَةً وثَرارَةً. الشَّیُّ: کشادہ ہونا السَّحَابَةُ او العَیْنُ: بہت پانی والا ہونا۔ صفت مؤنث (ثَرَّة وثَرُور) صفت مذکر (ثَرٌّ) ج ثِرار: کہا جاتا ہے۔ "مَطَر ثَرٌّ" بڑی بوندوں کی کثیر بارش "و فرس ثَرٌّ" کشادہ قدم رکھنے والا گھوڑا۔ "شَاةٌ ثَرَّةٌ" کشادہ سوراخ۔ پستان۔ اور زیادہ دودھ والی بکری۔

ثَرَّهُ (ن) ثَرًّا: متفرق کرنا السَّحَابَةُ مَائَهَا: برسانا۔

ثَرَّ المكانَ: ترکرنا۔

الثَّرُّ: بہت بولنے والا۔

الثَّارَّة: بہت بولنے والی۔

الثَّرَّارة. مِنَ العُیُونِ: بہت پانی والا چشمہ۔

ثَرَبَه (ض) ثَرْبًا وثَرَّبَهُ وثَرَّبَ عَلَيْهِ واَثْرَبَهُ: ملامت کرنا۔ فعل کی مذمت کرنا۔ "اَثْرَبَ الكَبْشُ" زیادہ پردے کی چربی والا ہونا۔ صفت (اَثْرب) مؤنث ثَرْباء.

الثَرْب: پردے کی چربی۔ ج ثُرُوب و اَثْرُب جج اَثارِب.

ثَرْثَرَ ثَرْثَرَةً. الشَّیءَ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا الكَلامَ: واہی تباہی بک بک کرنا۔ صفت (ثَرْثَار)

ثَرَدَ (ن) ثَرْدًا واثَّرَدَ واثْتَرَدَ. الخُبْزَ: روٹی توڑ کر شوربے میں ترکرنا۔ صفت مفعولی (ثَرِید ومَثْرُود) ثرید تیار کرنا ثَرَّدَ الثوبَ: کپڑا رنگ میں بھگونا۔

ثُرِدَ وثُرِّدَ. مِنَ المَعْرَكَةِ: میدانِ جنگ سے زخمی اُٹھایا جانا۔

الثَرْد: ہلکی بارش۔

الثَرَد: ہونٹوں کی پھٹن۔

الاَثْرَد: پھٹے ہوئے ہونٹوں والا۔

الثَرِید والثَرِیدَة: شوربے میں ترکی ہوئی روٹی۔ ج ثرائد وثُرُود.

اَرْضٌ (مَثْرُوْدَةٌ ومُثَرَّدَةٌ) زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

ثَرِعَ (س) ثَرَعًا. الرَّجُلُ: طفیلی ہونا۔

الثُرْعُلَة: مرغ کی گردن کے پر۔

الثُرْعُل: مادہ لومڑی۔

الثُرْعُول: ایک قسم کی گھاس۔

ثَرَمَهُ (ض) ثَرْمًا واَثْرَمَه: جڑ سے دانت توڑنا۔

ثَرِمَ (س) ثَرَمًا وانْثَرَمَ: ٹوٹے ہوئے دانت والا ہونا۔ صفت اَثْرَم. مؤنث ثَرْمَاء ج ثُرم.

الثَرْمَان: ایک درخت ہے اُشنان کی مانند جس کی اُونٹ اور بکری کھاتے ہیں۔

الاَثْرَمَان: شب وروز۔ زمانہ وموت۔

ثَرَا (ن) ثَرَاءً وثَرِیَ (س) ثَرًى. الرَّجُلُ: بہت مال والا ہونا۔ ثراهُ: مالداری میں بڑھ جانا۔ ثَرَ اللهُ القَوْمَ: زیادہ کرنا۔

اَثْرَیٰ اِثْرَاءً: بہت مال والا ہونا۔ صفت (ثَرِیٌّ و مُثْرٍ واَثْرَیٰ) مؤنث ثَرْوَاء.

الثَرَاء والثَرْوَة: مال یا قوم کی کثرت۔

الثُرَیَّا: مالدار عورت (ثَرْوَاء کی تصغیر، ستاروں کے مجموعے کا نام۔ جھاڑ۔

الثَرْوَان: بہت مال والا۔

ثَرِیَ (س) ثَرًى واَثْرَیٰ. التُّرابُ: خشک ہونے کے بعد ترونرم ہونا۔ صفت (ثَرِیٌّ واَثْرَیٰ) مؤنث ثَرِیَة وثَرْیَاء. اَثْرَتِ الاَرْضُ: زمین کا نمناک ہونا۔

ثَرَّیٰ. هُ: ترکرنا المَكَانَ: چھڑکنا۔

الثَرَیٰ: تری۔ (والثَرَاء) نمناک مٹی۔ خیر ج اَثْرَاء. کہا جاتا ہے "یَبِسَ الثَرَیٰ بَیْنَهُم" یعنی وہ لوگ آپس میں دوست ہونے کے بعد دشمن ہوگئے۔ و "فُلانٌ قَرِیْبُ الثَرَیٰ" یعنی فلاں خیر سے قریب ہے۔

الثَرِیُّ والثَرِیٰ. مِنَ المَالِ: بہت مال.

رِمَاحٌ ثَرِیَّة: بہت نیزے۔

ثَعَّ (ض) ثَعًّا: کھایا ہوا قے کردینا۔

اِنثعَّ. الاَكِلُ مِنْ فَمِهٖ والدَّمُ مِنْ اَنْفِهٖ اَوْجُرْحِهٖ: قے ہونا۔ نکلنا۔ بہنا۔

ثَعَبَ (ف) ثَعْبًا. الماءَ: جاری کرنا۔ عَلَيْهِمُ الغَارَةَ: لوٹ ڈالنا۔

اِنْثَعَبَ. الماءُ: نالی یا پرنالہ میں جاری ہونا۔

الثَعْب: وادی میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج ثُعْبَان. مَاءٌ اَوْدَمٌ ثَعْبٌ وَ ثَعَبٌ و اُثْعُوبٌ: بہتا ہوا پانی یا خون۔

الثُعْوب: پیت۔

الثُعْبَة والنعبة: خبیث قسم کا گرگٹ۔

المَثْعَب: نالی یا پرنالہ۔

الثُعْبَان: نر سانپ۔ اژدہا۔ ج ثَعَابِین.

ثَعِطَ (س) ثَعَطًا. اللَّحْمُ اَوِ المَاءُ: بدبودار ہونا الشَّفَةُ: سوجنا اور پھٹنا۔

الثَعْطَة: گندہ انڈا۔

ثَعِلَتْ (س) ثَعَلًا. اَسْنَانُهُ: ایک دوسرے کے اُوپر دانتوں والا ہوا۔ صفت (اَثْعَل) مؤنث ثعلاء ج ثُعْل.

اَثْعَلَ. الاَمْرُ: دشوار ہونا اس طرح پر کہ یہ معلوم نہ ہو کہ کس طرح انجام دیا جائے الضُّیُوفُ: بہت ہونا۔

الثَعْل. اونٹنی یا بکری یا گائے کے تھن میں باکھ کی زیادتی۔ ج ثُعُول.

الثُعْل: ایک قسم کا کیڑا جو مشک میں بدبو ہونے پر پیدا ہو جاتا ہے۔

الثُعْلُول: غضبناک۔

ثُعَالة: مادہ لومڑی کا علم (غیر منصرف)

اَرْضٌ (مُثْعَلَةٌ:) بہت لومڑیوں والی زمین

ثَعْلَب وتَثَعْلَب: لومڑی کی طرح مکر وفریب کرنا۔

الثَعْلَبُ: لومڑی۔ جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے بال ہر سال گر جاتے ہیں اور اسی سے ہے "دَاءُالثعلب" اس بیماری کا نام ہے جس میں بال گرتے ہیں۔ مادہ کو ثَعْلَبة اور نر کو ثُعْلُبان کہتے ہیں۔ اور ثَعْلَبٌ کا اطلاق مذکر و مؤنث دونوں پر ہوتا ہے۔ ج ثَعَالِب وثَعَالٍ.

الثَعْلَبُ: بھالے کا سرا جو پھل کے اندر داخل ہو۔

الثَعْلَبَة: دم کی ہڈی۔ سرین۔

عِنَبُ الثَعْلَب: مکوے۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ (مُثَعْلِبٌ) وَ اَرْضٌ (مُثَعْلِبَةٌ) بہت لومڑیوں والی جگہ یا زمین۔

ثَفْثَغَ كَلَامُهُ: خلط ملط ہونا۔ فَهُوَ ثَفْثَع وَ ثُفْثَاغ کہا جاتا ہے۔ فلاں اپنی کلام میں خلط ملط کرتا ہے۔

ثَغَبَ (ض) ثَغْبًا. الجمدُ: پگھلنا۔ الدَّمُ: بہنا۔

تَثَغَّبَتْ. لِثَتهُ بِالدَّمِ: مسوڑھے سے خون بہنا۔

الثَغْب ج ثِغَاب واَثْغَاب و (الثُغْبُ) ج ثِغْبَان وثُغْبان: پہاڑ کے سایہ میں تالاب جہاں دھوپ نہ پہونچے اور اس وجہ سے پانی ٹھنڈا ہو۔

ثَغَرَ (ف) ثَغْرًا. الاناَء: سوراخ کرنا یا توڑنا سِنَّه: اُکھیڑنا الثُلْمَةَ: بند کرنا الجدَار: گرا دینا الرَّجُلَ: دانت توڑنا۔ کہا جاتا ہے "ثَغَرَهُمْ وَثَغرَ عَلَيْهِم" اس نے ان پر پہاڑ کے درے کو بند کر دیا۔

ثُغِرَ واَثْغَرَ. مُنه کھلا جانا الصبِيُّ: دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔

اِثَّغَرَ واِتَّغَرَ. الصَبِيُّ: دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔

الثَغْر: اگلے دانت۔ مُنہ۔ سرحد۔ پہاڑ یا وادی کی کشادگی۔ ج ثغور. : کہا جاتا ہے۔ "اَمْسَوا ثُغُورًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔

الثُغْرَة: رخنہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا۔ آسان راستہ۔ اور اسی سے ہے "هُوَ يَخْتَرِق ثُغر المجد" وہ بزرگی کے راستوں پر چلتا ہے۔

الثُغْرُوْر: ملک کی سرحدوں پر خوف کی جگہ۔

المَثْغَر: منفذ۔

الثِغْرَب: زرد دانت۔

اَثْغَمَ. الوادی: درخت ثغامہ والی ہونا الراسُ: سفید ہونا الرَّجُلَ: غضب ناک بنانا۔ مبتلاء بد ہضمی کرنا۔

ثَاغَمَه: بوسہ دینا۔

الثَغِم: کاٹنے والا کتا۔

اَلثَّغْمُ شکاری کتا۔

الثَغَام: ایک قسم کا سفید پھولوں والا درخت واحد ثغامة.

الثَاغِم: سفید۔

الثَّقَلاَنُ جن وانس

ثَغَتْ (ن) ثُغَاءً. الشَاةُ: ممیانا۔ کہا جاتا ہے "مَالَه ثَاغِيةٌ ولارَاغيةٌ" اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹنی۔ "وما بِالدَّار ثاغٍ ولاراغٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اَثْغىٰ اِثْغَاءً. الشَاةَ: ممیانے پر اکسانا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُه فما اثغىٰ ولا اَرْعىٰ" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ بکری دی نہ اونٹنی۔

الثَغْيَة: بھوک۔ اور قبیلہ کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَ الْحَيَّ ثَغْيَةٌ" قبیلہ بھوک میں مبتلاء ہے۔

ثَفَأَ (ف) ثَفْأً. القدرَ: جوش ٹھنڈا کرنا۔

الثُفَّاء: رائی۔ واحد (ثُفَّائَة)

ثفَّد. الدرعَ: زرہ کو لباس کے نیچے پہننا۔

الثَفَافِيْد: اُوپر تلے سفید بادل (و المَثَافِيْد) کپڑوں کے استر. واحد مِثْفَد.

اَثْفَرَ وثَفَّر. الحمارَ: پیچھے سے ہانکنا۔

اِسْتَثْفَرَ. الكلب بذنبه: دُم دبانا۔ المُصَارِع بِثَوبِهِ: لنگوٹ کسنا۔

الثَفْر والثَفَر: زین کے پچھلے حصہ کا تسمہ ج اَثْفَار.

ثَفَلَ (ن) ثَفْلاً و ثَفَّلَ. الرُّحَىَ چکی کے نیچے چمڑہ بچھانا الشَيَ: یکبارگی بکھیر دینا۔

اَثْفَلَ. الخَمْرُ: نتھرنا الشَّرَابُ: تلچھٹ والا ہونا۔

ثَافَلَهٗ: ہم نشینی کرنا۔

تَثَفَّلَ: مجد و بزرگی سے کوتاہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَثَفَّلَهٗ عِرْقُ سُوْءٍ" اس کو بداصلی نے مجد و بزرگی سے کوتاہ بنا دیا استهٗ: بیٹھنا۔

الثَفَال: سست رفتار اونٹ وغیرہ۔

الثِفَال: چکی کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ (و الثُفَال) چکی کا نچلا پاٹ۔

الثُفْل والثَافِل: تلچھٹ۔

ثَفَنَتْ (ض) ثَفْنًا. النَّاقَةَ گھٹنے سے مارنا۔

ثَفَنَه: دفع کرنا۔ مارنا۔ ثَفَنَ الشَّیء: لازم ہونا۔

ثَفِنَت (س) ثَفَنًا. يَدُه: کام کرنے سے سخت ہونا۔ اَثفَنَ الْعَمَلُ يَدَهٗ: سخت کر دینا۔

ثَافَنَهٗ: ہم زانو ہو کر بیٹھنا۔ کسی کے ساتھ لگے رہنا یہاں تک کہ اس کا بھید معلوم کر لینا عَلىٰ كَذَا: مدد کرنا۔

الثَفِنَة. مِنَ البَعِير: اُونٹ کا وہ حصہ جو بیٹھتے ہوئے زمین پر لگے اور سخت ہو گیا ہو کہا جاتا ہے "خَوىٰ البَعِيْرُ علىٰ ثَفِنَاته" یعنی اُونٹ بیٹھ گیا۔ مِنَ الانسان: زانو مِنَ الخَيْلِ: گھوڑے کے زانو کا اندرونی حصہ. ج ثِفِنات

السَّفِنَة: لوگوں کی جماعت۔

ثَفَا (ن) ثَفْوًا. ہ: تابع ہونا پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔

اَثْفىٰ. الرَّجُلُ: تین عورتوں سے نکاح کرنا (وَثَفَّى) القِدرَ: ہانڈی کو چولھے کے پایہ پر رکھنا۔

المُثَفَّىٰ: وہ شخص جو تین یا زیادہ بیویوں کو دفن کر چکا ہو۔

المُثَفَّاة: وہ عورت جس کے تین یا زیادہ شوہر مر چکے ہوں۔

ثقَب (ن) ثقبًا. الشيَ: سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔ (ثقُوبًا) النارُ: روشن ہونا النَّجمُ: چمکنا الطَّائِرُ: اُونچا اُڑنا النَّاقَۃُ: بہت دودھ والی ہونا رَایُہٗ: نافذ ہونا الرَّائحۃُ: پھیلنا۔
ثقُب (ک) ثَقَابۃً: سرخی میں آگ کے مشابہ ہونا۔ صفت (ثَقِیب) مؤنث ثَقِیبۃٌ.
ثَقَّب وتَثَقَّب. الشيَ: سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔ ثَقَّبہ الشَّیبُ وثَقَّب فیه الشَّیبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ (ثَقَّب وَاَثْقَب) النَّارَ: روشن کرنا (تثقَّب وانثقب) سوراخ ہونا۔
الثَّقْبُ: سوراخ۔ ج اَثْقُب و ثُقُوب.
الثُّقْبۃ: چھوٹا سوراخ۔ ج ثُقَب وثُقَب
الثِّقاب والثُّقوب. چھپٹی۔ چھوٹی چھوٹی لکڑیاں جن سے آگ سلگائی جاتی ہے اور جس کو عوام شخط یا نفط کہتے ہیں۔
الثَّاقِب. رَایٌ ثاقِبٌ: عمدہ رائے۔ "عقلٌ ثاقبٌ" عقل کامل۔ حَسَبٌ ثاقِبٌ: مشہور حسب کہا جاتا ہے نحن اَثقَبُ النَّاسِ اَحسابًا" ہم لوگوں میں حسب کے لحاظ سے مشہور ہیں۔
الاَثقُوب: امور میں بہت زیادہ دخل دینے والا۔
المِثْقَب: برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِثْقَبٌ" یعنی سمجھ دار تجربہ کار عمدہ رائے والا۔
المِثْقَب والمَثْقَب: بڑا راستہ۔ سخت و دشوار راستہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَلَّاعُ المَثَاقِب" یعنی وہ بہادر ہے۔
المُثَقَّب: سوراخ کیا ہوا۔
ثَقِف (س) **وثَقُف** (ک) ثَقْفًا وثَقَفًا وثَقَافۃً: زیرک وسبک وچالاک ہونا۔ صفت (ثَقْفٌ وثَقِفٌ وثَقُفٌ وثَقِیفٌ)
ثقفه (س) ثَقْفًا: کامیاب ہونا۔ فتح مند ہونا۔ پالینا۔ (ثَقْفًا وثَقَافۃً وثُقُوفۃً) الکلامَ: جلدی سے سمجھ لینا۔
ثقفه (ن) ثَقْفًا: دانائی میں غالب ہونا۔ بالرمح: نیزہ مارنا۔
ثَقَّف. الرُّمحَ: سیدھا کرنا الولدَ: مہذب بنانا۔ تعلیم دینا۔
ثَاقَفَہٗ: ہتھیاروں سے باہم کھیلنا۔ دانائی میں غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ثاقفته فثقفته" یعنی میں نے اس پر غالب آنے کی کوشش کی اور غالب ہو گیا۔
تثاقفا: باہم جھگڑا کرنا۔ دانائی میں ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرنا۔
الثِّقاف: جھگڑا۔ نیزوں کے سیدھا کرنے کا اوزار۔
اِمرَأۃ (ثَقاف) کوئی ذہین عورت۔
الثَّقِیف: بہت زیرک وچالاک۔ خَلٌّ ثِقِّیفٌ: بہت کھٹا سرکہ۔
المُثَقَّف: شعراء کے عرف میں بمعنی نیزہ۔
ثَقُل (ک) ثِقَلًا وثَقَالۃً: بھاری ہونا۔ صفت (ثَقِیل وثُقَال وثقال) ج ثُقَلاء وثِقال وثقل السمعُ: کچھ بہرا ہونا القولُ: سننا ناگوار ہونا المَرْأۃُ: حمل ظاہر ہونا۔
ثَقَلَہٗ (ن) ثَقْلًا: وزن معلوم کرنے کے لیے ہاتھ میں اٹھانا۔
ثَقِلَ (ک) ثَقَلًا. المَرِیضُ: سخت بیمار ہونا۔
ثَقَّلَہٗ: بوجھل کرنا الحرفَ: تشدید دینا عَلَیہ: بھاری بوجھ لادنا ہٗ المرضُ: سخت ہونا۔ "اثقلتِ المرأۃُ" حمل کا بھاری ہونا اور ولادت کا وقت قریب ہونا۔
تثاقل: بتکلف ثقل ظاہر کرنا عنہ: دیر لگانا القومُ: باوجود مدد طلب کیے جانے کے مدد کے لیے نہ اٹھنا۔
اثّاقل. الی الدُّنیا: مائل ہونا۔
اِستثقل. الشَّیَ: بوجھل ہونا الشیَ: بوجھل پانا بفلانٍ: بوجھ کو محسوس کرنا۔
الثاقل: بوجھل۔ مرض ثاقل: سخت مرض۔ دِینارٌ ثاقِلٌ: پورا دینار۔ ج ثواقِل: کہا جاتا ہے "اَصبَحَ ثاقِلًا" یعنی اس کو مرض نے بوجھل کر دیا۔
الثَّقَل: مسافر کا سامان اور اس کے نوکر چاکر۔ کہا جاتا ہے "اَعْطِہ ثِقْلَہ" اس کو اس کے برابر دیدو ج اثقال. والاثقال: زمین کے خزانے اور دفینے۔ مُردے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَاَخرَجَتِ الاَرضُ اَثقالَها﴾ اور زمین اپنا بوجھ باہر نکال پھینکے گی۔
الثِّقل: گرانباری۔
الثَّالُوثُ الاَقدس: معبود ذات کے تین اقانیم میں سے تیسرا اقنوم مقدس روح۔
الثَّقْلَۃ والثِّقْلۃ والثَّقَلۃ والثِّقَلۃ والثُّقَلۃ: کل سازو سامان۔ کہا جاتا ہے "وارتحلوا بثقلتِهِم" وہ لوگ مع اپنے پورے ساز و سامان کے چلے گئے۔ الثَّقْلَۃ: پیٹ میں خوراک کی گرانی۔ اونگھ۔ کہا جاتا ہے "وَجَدتُ ثَقْلَۃً فی جَسَدِی" میں نے اپنے بدن میں سستی محسوس کی۔
المِثقال: تولنے کے اوزان۔ مِثقال الشَّیِ: چیز کا وزن یا چیز کی ترازو۔ ج مثاقیل اور مثقال عرف میں ڈیڑھ درہم کے وزن کا ہوتا ہے اور کبھی کم اور کبھی زیادہ۔
ثَکِل (س) ثُکْلًا وثَکَلًا. ابنَہٗ: گم کرنا۔ صفت (ثاکِل وثکلان) مؤنث ثاکل وثاکلۃ وثکلی ج ثواکل وثکالی.
اَثکَل. الاُمَّ ولدَھا واثکلَ الولدُ اُمَّہٗ: بچے سے ماں کو گم کرا دینا۔ اور ماں کے سامنے بچے کا مر جانا۔
الثَّکُول والمِثکال: بچے کو بہت گم کرنے والی عورت۔ جمع مثاکیل: کہا جاتا ہے "نساءُ الغزاۃ مثاکیل" غازیوں کی عورتیں بچے کو گم کرنے والی ہیں۔
المَثْکَلۃ: سبب گمشدگی فرزند۔ کہا جاتا ہے "رُمحُه للذاتِ مُثکِلۃ" اس کا نیزہ ماؤں کے لیے بچوں کے گم کرنے کا سبب ہے۔
ثَکَمَ (ن) ثَکْمًا الاَمرَ والطریقَ: کسی امر یا کسی راستے کیلئے لازم ہونا۔ الآثارَ: پیروی کرنا له الامرُ: واضح طریقہ سے بیان کرنا۔
وثَکِمَ (س) ثَکَمًا. بالمکانِ: اقامت

کرنا۔
ثُکم. الطَّرِیقِ و ثُکمَتَهٗ: راستہ کادرمیان
ثَلَّ (ن) ثَلًّا. البِئرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا
الوِعَاءَ: برتن سے سب کچھ نکال لینا(ثَلًّا
ثَلَلًا) القومَ: ہلاک کرنا البَیْتَ: گرادینا۔
ڈھادینا۔ کہاجاتا ہے"ثَلَّ اللّٰہُ عرشَهُم" یعنی
اللہ نے ان کے مُلک کو برباد کر دیا۔ وثلّ
عرشهم اُن کی عزت ضائع ہوگئی التراب:
گرانا۔ ذوالثل ذِی حَافِرٍ: لید کرنا۔
اثلّهٗ اِثلالًا: مرمت کرنے کا حکم دینا۔
الرَّجُلُ: بہت بھیڑوں والا ہونا۔ فمهٗ: بے
دانت والا ہونا۔
تَثَلَّل. البیتُ: آہستہ آہستہ گرنا۔
اِنثَلَّ: ڈھے جانا۔ گرجانا۔
الثَلَل: ہلاکت۔ دانتوں کاگرنا۔
الثِلَّه: ہلاکت۔ ج ثِلَل.
الثَلَّة: بھیڑوں کا ریوڑ۔ اُون۔ کہا جاتا ہے
"کِسَاء جَیِّد الثَلَّة" عمدہ اُون کا کمبل۔
کنوئیں کی نکالی ہوئی مٹی۔ ج ثِلَل وثلال
اُون، بال اور اُونٹوں کے بال کا مجموعہ۔
الثُلَّة: لوگوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے۔
"فُلَانٌ لَا یُفَرِّقُ بَیْنَ الثَلَّة والثُلَّة" فلاں
بھیڑوں اور آدمیوں کی جماعت میں فرق نہیں
کرتا۔
الثِلَّة: نیستی وہلاکی۔ جمع ثِلَل.
المَثَلَّة: بیابان میں سائبان۔
ثَلَبَه (ض) ثَلْبًا: عیب لگانا۔ ملامت کرنا۔
غیبت کرنا۔ گالی دینا۔ دھتکارنا الشَّیئَ: رخنہ
ڈالنا۔
ثَلَّبَ. الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا اور دانتوں کا
گرجانا۔
ثَلِبَ (س) ثَلَبًا. الشَّیْئُ: رخنہ دار ہونا۔
الجِلدُ: سکڑنا۔
الثِلْب: بوڑھا اُونٹ جس کے دانت گرگئے
ہوں۔ ج ثِلَبَة و اَثلاب.
والثَلِب: عیب دار۔ ذلیل۔ رُمحٌ ثَلِب:
رخنہ دار نیزہ۔

الاِثْلَب والاَثْلَب مٹی یا پتھر کا چورہ۔ ج
اَثَالِب.
المِثْلَب: وہ شخص جس کی عادت عیب لگانے
کی ہو۔
المَثْلَبَة: عیب۔ گالی۔ کہا جاتا ہے"مَا
عَرَفْتُ فِیهِ مَثْلَبَةً" میں اس کے اندر کوئی
عیب نہیں جانتا۔ ج مَثَالِب. مَثَالِبُ الاَمْرِ:
کسی امر کے عیوب۔
ثَلَثَ (ن) ثَلْثًا. الشَّیئَ: تہائی لینا۔
القومَ: تہائی مال لے لینا۔ تیسرا ہونا۔
ثَلَّثَ. الاِثْنَین: اپنے کو ملاکر تین کردینا
الشَّیئَ: مثلث بنانا الشَّراب: تہائی باقی رہنے
تک پکانا الشَّیئَ: تین مرتبہ کرنا۔
اَثْلَثَ. القومُ: تین ہونا۔ تیس ہونا۔ مثلاً
"کَانُوْا تِسْعَةً وَّعِشْرِیْنَ فَاَثْلَثُوْا" وہ لوگ
اُنتیس تھے تیس ہوگئے۔
الثَلَاثَة: تین۔ مؤنث ثَلاث.
ذُو الثَلَاثِ: تین لٹ والی رسّی۔ اور تم کہتے
ہو"فعلَه ثَلَاثًا" اس نے اس کو تین مرتبہ
کیا۔
الثِلْث: اُونٹنی کا تیسرا بچہ۔ کہا جاتا ہے
"سَقَی زَرْعَه الثِلْث" اس نے اپنے کھیت کو
تین دن میں ایک مرتبہ پانی دیا۔
الثُلْثُ والثُلُث: تہائی۔ ج اَثلاث. اور
اسی معنی میں(الثلیث) ہے۔
الثَلَاثَاء والثُلَاثَاء و یَوْمُ الثَلَثَاء: منگل۔
اس کا تثنیہ ثُلَاثَاءَان: اور جمع ثلاثات
وثلاثاء ات واثالث.
الخطُّ الثُلُثیُّ: موٹے حرفوں والا خط۔
اتوا ثُلاثَ اَوْ مَثْلَثَ وہ تین تین آئے۔ یہ
غیر منصرف ہے اور مذکر و مؤنث دونوں کے
لیے یکساں ہے۔
الثِلِثان والثُلْثَان: مکوئے کا پودہ۔
الثَلَاثُوْن: تیس(مذکر و مؤنث)
الثَالُوث: تین سے مرکب۔
المِثْلَث: جو تانت کہ تین لٹ کا ہو۔ بربط۔
باجہ کا تیسرا تانت۔ ج مثالث.

المُثَلَّث والمُثَلِّث: بادشاہ کے پاس چغل
خوری کرنے والا۔
المُثَلَّث: مِنَ الاَحْرُفِ: تین نقطوں والا یا
تین حرکتوں والا۔ والمُثَلَّث فِی الهَندَسَةِ:
تین ضلعوں والی شکل۔
المَثْلُوث: تین سے مرکب۔ وہ چیز جس کی
تہائی لے لی گئی ہو مِنَ الحِبَالِ: تین لٹوں کی
بٹی ہوئی رسّی۔ کِسَاء مَثْلُوث: اُون بال اور
اُونٹوں کے بال کا بنا ہوا کمبل۔
اَلْمَثْلُوثَة: تین چمڑے کا بنا ہوا توشہ دان۔
ثَلَجَت (ن) ثَلْجًا وَاَثْلَجَتِ السَّمَاءُ:
برف گرانا۔ تم کہتے ہو"ثَلَجَتْنَا السَّمَاءُ" یعنی
ہمارے اُوپر برف پڑی۔
ثَلَجَت (ن) ثُلُوجًا. نَفْسِی بِهٖ وَاِلَیْهِ:
خوش ہونا۔ مطمئن ہونا۔
ثَلِجَت (س) ثَلَجًا واثلجت. نَفْسِی
بِهٖ: مطمئن ہونا۔ خوش ہونا۔
ثُلِجَ. فُؤَادُه: بلید الطبع ہونا۔ صفت
(مَثْلُوج)الفُؤَاد. ثُلِجَتِ الاَرْضُ
وَاُثْلِجَت: برف پڑنا۔
اَثْلَجَهٗ: خوش کرنا۔ اَثْلَجَ القَوْمُ: برف میں
داخل ہونا۔ اَثْلَجَتْ عَنْهُ الحُمّٰی: زائل
ہونا۔ اَثْلَجَ مَاءُ البِئْرِ: ختم ہونا۔
الثَلْج: برف۔ ج ثُلُوج. واحد ثَلْجَة. مَاءٌ
ثَلِجٌ: ٹھنڈا پانی۔
الثَلَّاج: برف بیچنے والا۔
الثُلَاجِیُّ: بہت سفید۔ کہا جاتا ہے"فَضْلٌ
ثُلَاجِیٌّ"
المَثْلَجَة: برف کی حفاظت کی جگہ۔
المَثْلُوج: برف پڑی ہوئی چیز۔ رجلٌ
مَثْلُوجُ الفُؤَادِ: بلید الطبع مرد۔ مَاءٌ
مَثْلُوج: برف سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔
ثَلَطَ (ض) ثَلْطًا. الثَّوْرُ اَوِ البَعِیْرُ: پتلا
پاخانہ کرنا۔
ثَلَعَ (ف) ثَلْعًا. رَاسَهٗ: کچلنا۔ توڑنا۔
ثَلَغَ (ف) ثَلْغًا. رَاسَهٗ: کچلنا۔ توڑنا۔
المُثْلَغ. مِنَ التَّمْرِ: پھٹ کر زمین پر گری

ہوئی کھجور۔ تم کہتے ہو۔ "تَنَاثَرَت الثِّمَارُ فَتَلَغَتْ" پھل بکھر گئے اور پھٹ گئے۔

ثَلَمَ (ض) ثَلْمًا وثَلَّمَ. الحَائِطَ: رخنہ ڈال دینا الإناءَ: کنارے سے توڑنا۔

ثَلِمَ (س) ثَلَمًا وتَثَلَّمَ وانْثَلَمَ: رخنہ پڑنا۔

ثَلِمَ ثَلْمَةً فِي ماله: کچھ ضائع ہونا۔

الثَّلْم ج اثلام و (الثُّلْمَة) فِي الحَائِطِ وَ نَحْوِهِ: شگاف۔ رخنہ۔ اللفوئی ہوئی جگہ۔

الأَثْلَم: ہر وہ چیز جس کا رخنہ ظاہر ہو۔ مٹی پتھر۔

ثَمَّ (ن) ثَمًّا. الشَيْءَ: درست کرنا۔ تم کہتے ہو "ثَمَمْتُ أُمُوْرِي" میں نے اپنے اُمور کو درست کر لیا۔ ثَمَّتِ الشَّاةُ النبتَ بِفَمِهَا: بکری نے گھاس کو اپنے منہ سے صاف کر لیا۔

اِنْثَمَّ: الجِسْمُ: گھلنا۔ کمزور ہونا الشَّيْخُ: بوڑھا ہونا۔ صفت (ثَمَّة)

ثَمَّ وثَمَّة: وہاں۔ اسم ہے جس سے بعد کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔

الثَم: ثم کا مصدر بمعنی درست کرنا۔ اور اسی سے ہے "كُنا اَهْلَ ثَمِّهٖ ورَمِّهٖ" ہم اصلاح ومرمت کے اہل تھے۔ اور کہا جاتا ہے۔ "هو ثُمُّهُ وَ رُمُّه اوثُمُّهُ وَرُمُّهُ او ثُمَّة ورُمُّهُ:" وہ اس کا جید وردی قلیل وکثیر ہے۔ اور کہا جاتا ہے "ماله ثُمٌّ ولَاُرمٌّ" یعنی وہ کسی چیز کا مالک نہیں۔

ثُمَّ: حرفِ عطف ہے۔ ترتیب اور تراخی کے لیے مستعمل ہے۔ اور اس پر تا بھی آتا ہے کہا جاتا ہے ثُمَّت.

الثُمَّة: سوکھی گھاس کا مٹھا۔

الثُمَام: ایک قسم کی گھاس جو لانبی نہیں ہوتی واحد ثُمَامَة.

المِثَم. مِنَ النَّاسِ: اچھا بُرا ہر قسم کا کھانا کھانے والا۔

ثَمَأهُ (ف) ثَمْأً: چربی کھلانا الرَّاسَ: کچلنا توڑنا الانفَ: کنارہ توڑ دینے سے خون بہنا۔

ثَمَجَهُ (ض) ثَمْجًا: باہم ملانا۔

المُثَمِج: مختلف رنگوں سے رنگنے والا۔ مؤنث مثمجة.

ثَمَدَ (ن ض) ثَمْدًا واثْمَدًا واسْتَثْمَدَ. المَاءَ: پانی جمع ہونے کے لیے حوض کی مانند بنانا۔ ثَمَدَ الشيُ فلانًا: کسی کے پاس کسی چیز کا اس طرح ہونا کہ اس کا سارا مال ضائع ہو جائے۔

النَاقَةُ بالحَلب: دوہنے میں اونٹنی کا دودھ کو سُک لینا۔

اِثَّمَدَ واتَّمَدَ واثْتَمَدَ: تھوڑے پانی کی طرف جانا۔

اِسْتَثْمَدَه: بخشش طلب کرنا۔

الثَمْد والثَمَد: تھوڑا پانی جو جاڑوں میں جمع رہے اور گرمیوں میں خشک ہو جائے گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ج ثماد

الإِثْمِد والأُثْمُد: ایک قسم کا پتھر جس سے سرمہ تیار کیا جاتا ہے اور جس کو علماء کیمیا انتیمون کہتے ہیں۔

رَجُلٌ (مَثْمُوْد:) وہ شخص جس کو سائلین کی کثرت مفلس بنائے۔

ثَمَر (ن) ثُمُوْرًا واَثْمَرَ. الشَّجَرُ: پھلدار ہونا۔ صفت (ثَامِر ومُثْمِر). اَثْمر الشَّجَرُ الثَّمر: پھل لانا۔ اثمرَ القومَ: پھل کھلانا۔

ثَمَّرَ: مَالَه: بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔

اِسْتَثْمَرَ :الشَيْءَ: نتیجہ خیز بنانا الرَّجُلُ: پھل پانا۔

الثَمَر: پھل۔ واحد ثَمَرة. ج ثِمَارٌ جج اَثْمار وثُمُر. الثمرة: نسل۔ اولاد۔ ثمرة اللسَان: زبان کا کنارہ السَوْط: چابک کے سرے کی گرہ۔ اور اسی سے ہے "اَمَرَ الجَلَّادَانَ يَدُق ثمرةَ سَوْطِهٖ" اس نے جلاد کو حکم دیا کہ کوڑے کے سرے کی گرہ کو کچل لے۔ ثمرة القلب: دوستی۔ محبت۔ اور اسی سے ہے "خَصَّنِيْ بِثَمْرةِ قَلْبِهٖ" اس نے مجھ کو اپنی دوستی کے لیے خاص کیا۔

الثَامِر: لوبیا۔

شَجَرَةٌ (ثَمْرَاء:) پھل دار درخت۔ اَرْضٌ ثَمْرَاء: بہت پھلوں والی زمین۔

ثَمِلَ (س) ثَمَلًا: مست ہونا۔ صفت (ثَمِلٌ)

ثَمَلَهٗ (ن ض) ثَمْلًا: فریاد رسی کرنا۔ کھلانا پلانا۔ غمخواری کرنا۔

اَثْمَلَهٗ: مدہوش کرنا۔ اَثْمَلَ اللّبَنُ: بہت جھاگ والا ہونا۔

(ثَمَّلَ) اللّبَنَ: جھاگ اٹھنے کے لیے اُچھالنا۔

تَثَمَّل. مافي الاناء: پینا۔

الثَمَلَة ج ثُمول و(الثملة) ج ثُمَلُ (الثَمِيْلَة) ج ثَمِيْل وثَمَائِل و(الثُمَالَةُ) ج ثَمَال: حوض یا برتن میں باقی ماندہ پانی وغیرہ۔ الثُمَالَةُ: جھاگ۔

الثمال والمُثَمَّل: زہر قاتل۔

ثِمَالُ. القَوْمِ: قوم کا فریاد رس۔

الثَمِيْل: کھٹا دودھ.

المَثْمَلَة: حوض۔ تالاب۔

المِثْمَلَة: حوض کی تلی کی کیچڑ۔ چرواہے کا تھیلا۔ جس کو وہ اپنے کندھے پر رکھتا ہے۔

ثَمَنَ (ن ض) ثَمْنًا. الرَّجُلَ: کسی شخص کے مال کا آٹھواں حصہ لینا الشَيْءَ: آٹھواں حصہ لینا القومَ: آٹھواں ہونا۔

ثَمُنَ (ک) ثَمَانَةً. الشَّيءَ: قیمتی ہونا۔

ثَمَّنَ. الشَيْءَ: قیمت کا اندازہ کرنا۔ آٹھ ضلعوں والی بنانا۔

اَثْمَنَ. القومُ: آٹھ ہونا۔ اَثْمَنْتُ المالَ زَيْدًا ولِزَيْدٍ قیمت دینا۔

الثَمَن: بیع شدہ چیز کا بدلہ۔ قیمت ج اَثْمَان واَثْمنه واَثْمُن.

الثُمن والثُمُن: آٹھواں حصہ۔ ج اثمان اسی معنی میں ثَمِيْنٌ ہے اور الثَمِيْن: قیمتی۔

اَتَوْا (ثُمَان و مَثْمَنَ) وہ لوگ آٹھ آٹھ آئے (غیر منصرف ہے)

الثَمَانِيَةُ: آٹھ۔ مؤنث ثمان۔ اور تم کہو گے "ثَمانِيَةَ عَشَرَ رَجُلًا وثَمانِيَ عَشرَةَ امْرأَةً"

الثَّامِن: آٹھواں۔
الثَّمَانُون: اَسّی۔(۸۰)
المُثَمَّن: وہ چیز جس کی قیمت کا اندازہ کیا گیا ہو۔ ہشت پہل۔ آٹھ ضلعوں والی چیز۔
الثُّنَّة: گھوڑے کے پاؤں کے پچھلے حصّہ کے بال ج ثُنَن۔
الثُّنْدُؤَة و الثَّنْدوة: مرد کا وہ حصّہ جو عورت کے پستان کا ہے۔ ج ثناد۔
ثَنیٰ (ض) ثَنْیًا. الشَّیَٔ: موڑنا۔ لپیٹنا۔ بعض کو بعض پر تہہ کر دینا روکنا زَیدًا حاجت سے باز رکھنا۔ دوسرا ہونا۔ تم کہتے ہو "هٰذَا وَاحِدٌ فَاثْنِه" یہ ایک ہے تم دوسرے بن جاؤ کہا جاتا ہے "ثَنیٰ عَلَیْه بِضَرْبَةٍ ثَانِیَةٍ" اس نے اس کو دوبارہ مارا۔ "وَفُلَانٌ لَایَثْنِی وَلَا یَثْلُثُ" یعنی فلاں چلنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ "وَثَنیٰ صَدْرَهٗ" یعنی اس نے اپنے دل میں دشمنی کو پوشیدہ کیا۔
ثَنَّی الشَّیَٔ تَثْنِیَةً: دوہرا کرنا بِالْاَمْرِ: ایک کام کے ساتھ دوسرا کام ملا دینا۔ الکلمةَ: تثنیہ کی علامت لگانا۔ ایک حرف پر دو نقطے لگانا۔
اَثْنیٰ. الرَّجُلَ: دوسرا ہونا عَلَیْه تعریف کرنا عَلَیْه بِالضَّرْب: دوبارہ مارنا۔
تَثَانَوْا. عَلَیْه: مہربانیاں ظاہر کرنا۔
اِسْتَثْنیٰ. الشَّیَٔ: حکم عام سابق سے نکالنا فُلَانًا وَعَلیٰ فُلَانٍ: کسی کو غیر کے حکم سے خارج کرنا۔
اِثْنَوْنیٰ. صدرُہ عَلَی الْبَغْضَاءِ: بغض و عداوت پر مشتمل رہنا۔
الثِّنْیُ. مِنَ الثَّوْبِ: پیچ۔ لپیٹ۔ تم کہتے ہو "اَرْسَلْتُه ثِنیَ کِتَابِی" میں نے اس کو اپنے خط میں ملفوف کر کے بھیجا مِنَ الوَادِی: موڑ مِنَ اللَّیْلِ: وقت مِنَ الْحَیَّةِ: کنڈلی ج اَثْنَاء. اَثْنَاءُ الْکَلَامِ: دورانِ گفتگو۔ تم کہتے ہو "جَاؤُا فِی اَثْنَاءِ الْاَمْرِ" یعنی وہ لوگ کام کے درمیان میں آئے۔
الثِّنْیُ: دہرائی ہوئی بات۔ ج ثِنْیة (والثُّنْیَان) سردار سے دوسرے درجہ کا آدمی۔
الثَّنَاء: تعریف۔ ج اَثْنِیَة۔
الثِّنَاء: اُونٹ کے زانو باندھنے کی دہری رسّی۔
اَتَوْا (ثُنَاَ و مثنیٰ): وہ لوگ دو دو آئے (غیر منصرف ہے اور مذکر و مؤنث کے لیے یکساں ہے)۔
الثَّنِی. ج ثِنَاء و ثُنْیَان: وہ جانور جس کے سامنے کے دانت گر گئے ہوں۔
الثَّنِیَّة: سامنے کے اُوپر کے نیچے کے دو دو دانت۔ ج ثَنَایَا استثناء: کہا جاتا ہے "حَلَفَ یَمِینًا لَیْسَ فِیْهَا ثَنِیَّةٌ" اس نے بغیر استثناء کے قسم کھائی۔ گھاٹی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ طَلَّاعُ الثَّنَایَا" یعنی فلاں مشقتوں کا برداشت کرنے والا ہے۔
تَثْنِیَةُ الْاِشْتِرَاع: موسیٰ کی کتابوں میں سے پانچویں کتاب۔
الثُّنَائِی. مِنَ الْاَلْفَاظِ: دو حرفوں والا۔
اِثْنَان مؤنث ثِنْتَان و اِثْنَتَانِ: دو۔
الْاِثْنَان ویَوْمُ الْاِثْنَیْنِ: پیر کا دن۔ سوموار۔
الثَّانِی مؤنث الثَّانِیَة: دوسرا۔
الثَّانِیَة: سیکنڈ۔ ج الثَّوَانی۔
الثَّنْوَیٰ و الثُّنْیَا. مِنَ الجَزُوْرِ: ذبح کیے ہوئے جانور کا سر و پاؤں مستثنیٰ کیا ہوا۔
المَثْنیٰ: بربط باجہ کے پہلے تار کے بعد والا تار "مَثْنَی الْوَادِی: وادی کا موڑ۔ ج المَثَانِی. المثانی: قرآن کی آیتیں۔
مَثَانِیُ الشَّیِٔ: کسی چیز کی لڑی وغیرہ۔
وَالْمَثَانِی مِنَ الدَّابَةِ: زانو اور کہنیاں۔
المَثْنَاة: اُون اور بال وغیرہ کی رسّی۔ کجی لپیٹ ج مثانیة۔
ثَابَ (ن) ثَوْبًا و ثُؤُوْبًا: لوٹنا النَّاسُ: اکٹھا ہونا الْمَاءُ: حوض میں جمع ہونا (ثوبَانًا واثْوَبَ اِثْوَابًا) المَرِیْضُ: چنگا ہونا۔
ثَوَّبَهٗ. مِن کَذَا: بدلہ دینا الرَّجُلُ: جانے کے بعد واپس ہونا۔ (وَتَثَوَّبَ) الْمُصَلِّی: فرض کے بعد نفل نماز پڑھنا۔
اَثَابَ اِثَابَةً. الرَّجُلُ: چنگا ہونا الرَّجُلَ: بدلہ دینا ہ جزاء ہ: دینا۔
الحوضَ: بھرنا۔
تَثَوَّبَ: ثواب حاصل کرنا۔
اِسْتَثَابَ. المالَ: لوٹانا الرَّجُلَ: بدلہ مانگنا۔
الثَّائِب: فا. بارش سے پہلے کی تیز ہوا مِنَ الْبَحْرِ: سمندر کا بڑھتا ہوا پانی بھاٹا کے بعد۔
الثَّوْب: کپڑا ج ثِیَاب واَثْوَاب واَثْوُب. کہا جاتا ہے "طَاهِرُ او دَنَسُ الثِّیَابِ" پاک نفس یا خبیث النفس۔
الثَّوَاب والمَثُوبَة والمَثْوُبَة: اعمال کا بدلہ۔ خیر ہو یا شر عموماً خیر کے لیے مستعمل ہے۔
الثَّوَاب: شہد۔ شہد کی مکھی۔
الثَّوَّاب: بزاز۔ کپڑے کا سوداگر۔ کپڑے والا۔
الثِّیَابِی: کپڑوں کا محافظ۔
المَثَاب والمَثَابَة: جمع ہونے کی جگہ۔ "مَثَابُ الْبِئْرِ ومَثَابَتُهَا: کنوئیں کے ارد گرد کے اونچے پتھر۔
الثَّوْج: مٹی چونہ اُٹھانے کی ٹوکری۔
ثَاخَت (ن ض) ثَوْخًا وثَیْخًا. الْاِصْبَعُ فِی الْوَرَمِ او الرَّجُلُ فِی الْوَحلِ: اُنگلی کا ورم میں یا پیر کا کیچڑ میں دھنسنا۔
ثَارَ (ن) ثَوْرًا وثَوْرَانًا وثُؤُوْرًا: جوش میں آنا۔ بھڑکنا۔ اور اسی سے ہے "ثَارَتِ الْفِتْنَةُ بَیْنَهُمْ" ان کے درمیان فتنہ و فساد بھڑک اُٹھا۔
الغُبَارُ او الدُّخَانُ: بلند ہونا الجَرَادُ: ٹڈیوں کا ظاہر ہونا نَفْسُه: جی کا متلانا الیه وَبه: حملہ کرنا۔ کود پڑنا۔
ثَاوَرَہٗ مُثَاوَرَةً وثِوَارًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
ثَوَّرَهٗ واَثَارَهٗ واِسْتَثَارَهٗ: جوش دلانا۔ ثَوَّرَ الْاَمْرَ: کھود کرید کرنا۔ ثَوَّرَ الکِتَابَ: معانی میں بحث کرنا۔

تَثوَّر: جوش میں آنا۔
ثَوَرانُ. الشفق و ثَوْرُهٗ: شفق کی سرخی۔
الثور: بیل۔ آسمان کے ایک برج کا نام ج ثیران. واَثوارِ وثِیار وثِیَرة وثِوَرة.
الثور: پنیر کا بڑا ٹکڑا۔ ج اَثوار وثِورة.
الثور: ناخن کی جڑ کی سفیدی۔
الثورة: گائے۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "ثورة رجال او رمالٍ" لوگوں کی یا ریت کی کثرت۔ جوش و ہیجان۔ بغاوت۔
الثائر: فا. کہا جاتا ہے "ثَارَ ثائرهٗ فَارَ فائرهٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔ "وَرَأیته ثائرَ الراسِ" میں نے اس کو پراگندہ بال دیکھا۔
الثائرة: شور۔ چیخ۔ ج ثوائر.
المَثورَة: بہت بیلوں والی زمین۔
ثاعَ (ن ثوعًا. الماءُ: بہنا۔
ثَوِلت (س ثَوَلًا وثالَت (ن ثَوْلًا.
الشَّاةُ خاصةً: دیوانی ہونا۔ الرَّجلُ: بیوقوف ہونا۔ صفت (اَثوَل) مؤنث ثَوْلا. ج ثُوْل ج اَثاوِلة.
تَثوَّل. النحلُ: اکٹھا ہونا۔ علیه القوم: برا بھلا کہنے اور مارنے پیٹنے لگنا۔
اِنثالَ اِنثِیالًا. عَلَیْهِ التُرابُ: گرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْثَالَ عَلَیْهِ النَّاسُ مِنْ کُلِّ وَجْهٍ" لوگ اس پر ہر طرح سے ٹوٹ پڑے عَلَیْهِ
القَولُ: زبان پر خود بخود آجانا۔
الثَّول: شہد کی مکھیوں کا جھنڈ۔
الثویلة: قبیلہ کے جمع ہونے کی جگہ۔ متفرق گھروں کے لوگوں کا جتھا۔ کہا جاتا ہے "اتی ثُوَیلةٌ مِن الناس" لوگوں کی جماعت آئی۔
الثُوم: لہسن۔
الثُّومَة: ایک لہسن۔ تلوار کے دستہ کے کنارے کی آرائش۔ تم کہتے ہو "سَیفِی ثُومَتُه مِن فِضَّة" میری تلوار کے دستہ کا کنارہ چاندی کا ہے۔
تَثاوَن: مکروفریب کرنا۔
الثُّونِیٰ: آٹے میں لگانے کی خشکی۔ پلیتھن۔
ثَوَیٰ (ض ثَوَاءً وثُوِیًّا. المَکانَ وفیه و به: اقامت کرنا۔ الرَّجُلُ: مرنا۔
ثُوِیَ: دفن کیا جانا۔
ثَوَّاہ تَثوِیَةً. فِی المَکان: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔
اَثوَیٰ: اقامت کرنا۔ ثواہ: مہمانی کرنا۔
اثواہ فِی المَکان: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔
تَثَوَّاہ: مہمان بننا۔
الثُّوَّة: گھر کا سامان، راستہ کے نشان کے پتھر۔ ج ثُوًی.
الثاوَة والثایَة: اونٹوں کا باڑہ۔
الثَّوِیّ: مہمان۔ مہمان خانہ، قیدی۔ ج ثُوِیًا مؤنث ثَوِیَّة. الثَّوِیَّة: بھیڑ بکری گائے اونٹ کا باڑہ۔ عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ ثَوِیَّةُ فُلان" یہ فلاں کی بیوی ہے۔
الثَّوِیَّة: پتھر جو راستہ میں نصب کر دیا جائے تاکہ چرواہے کے لیے علامت رہے جبکہ وہ رات میں واپس ہو۔
المَثْویٰ: منزل۔ ج مَثاوٍ. ابو المَثْویٰ: مہمان۔ اَبُو مَثْوَاہ: میزبان۔ اُم مَثْواہ: میزبان کی بیوی۔
تَثَیَّبَت وثَیَّبَت. المَرأة زوجها: موت یا طلاق کی وجہ سے شوہر سے جدا ہونا۔ صفت (ثَیِّب) والثَّیِّب: باکرہ کی ضد۔ شادی شدہ مرد یا عورت۔ (مذکر و مؤنث) دونوں کے لیے یکساں ہے۔ تم کہتے ہو "رجل ثَیِّبٌ" شادی شدہ مرد "اِمرَأۃٌ ثَیِّبٌ" شوہر سے جدا شدہ عورت۔ ثیب: جو عورتوں کے لیے ہے اس کی جمع ثیبات ہے اور کہا جاتا ہے "بئر ثَیِّبٌ" کنواں جس میں پانی جمع ہو۔
المُثَیِّب: خاوند سے جدا شدہ عورت۔
الثَّیتَل: پہاڑی بکری۔ نامرد۔ عورتوں کے پاس بیٹھنے والا۔
ثَیتَل وتَثَیتَل. الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بیوقوف بننا۔
الثِّیل والثَّیِّل: ایک قسم کی گرہ دار نباتات جو زمین پر پھیلتی ہے۔
الثِّین: موتی نکالنے کی جگہ، موتی میں سوراخ کرنے والا۔ موتی میں سوراخ کرنے کا آلہ
(الثِّیَّة) بکریوں کا باڑہ۔

ج

جَأَبَ(ف) جَأْبًا مال کمانا۔ گیرو مٹی بیچنا۔

الجیم ہجائی حروف میں پانچواں حرف ہے۔ یہ مجہورہ حروف میں سے ہے۔ جمل کے حساب میں اس کا نمبر ۳ ہے۔

الجأب: گیرو مٹی۔ سخت اور اجڈ آدمی۔ شیر۔ ج جُؤُوب کہا جاتا ہے "فُلانٌ جأبُ الصبر" فلاں امور میں بڑا صابر ہے۔

الجأب: موٹا گورخر۔

جَأْبَةُ البطن: ناف۔

جَئِثَ(س) جَأَثًا۔ الرجلُ: اٹھنے یا بوجھ اٹھانے میں سست ہونا۔

جُئِثَ جَأْثًا وجُؤُوثًا: گھبرانا۔ صفت (مَجْؤُوث)

أَجْأَثَهُ۔ الحِمْلُ: گرانبار کرنا۔

الجأْآث: بدخو۔ سست رفتار۔

جَأَجَ(ف) جَأْجًا: بزدلی سے کھڑا ہونا۔

جَأْجَأَ جَأْجَأَةً۔ بالابل: جی جی کہہ کر پانی پلانے کے لیے بلانا۔

تجاجأ: عن کذا: رکنا۔ باز رہنا۔

الجُؤْجُؤ۔ من الطائر: پرند کا سینہ۔ من السفینة: جہاز کا اگلا حصہ۔ ج جآجی۔

جأر(ف) جَأْرًا۔ وجُؤَارًا الی اللہ: دعا کرنے میں آواز بلند کرنا۔ گڑگڑانا۔ الثورُ: ڈکارنا۔ النباتُ: بلند ہونا۔ الارضُ: لمبی گھاس والی ہونا۔

الجأز(س) من النبت: لمبی اور تروتازہ نباتات (والجَئِر والجأر) موٹا مرد۔ من الغیث: بہت بارش۔

جَأَشَ(ف) جَأْشًا۔ قلبُه: غم یا گھبراہٹ سے مضطرب ہونا۔ الیہ: متوجہ ہونا۔

الجأش: قلب۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "رابطُ الجأش" یعنی بہادر۔ ج جُؤُوش۔

الجائشة: نفس۔

جَأَفَهُ(ف) جَأْفًا و جَأَّفَهُ تجئیفًا: پچھاڑنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ جأف الشجرةَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

اِنجأفتِ۔ الشجرةُ: جڑ سے اکھڑنا۔

جَئِلَ(س) جَأَلًا: لنگڑا ہونا۔

جَأَلَ(ف) جَأْلًا۔ الصوفَ: اکٹھا کرنا۔ الصوف: اکٹھا ہونا۔

جَيْأَل وجَيْأَلة: بجو (یہ دونوں علم اور غیر منصرف ہیں)۔

الجاورس: باجرہ۔

جَأَيَ(ف) جُؤْوَةً وجُؤُوَةً۔ الفرسُ: سرخ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (أجْوَأ) مؤنث جاواء

جأي(ف) جَأْيًا۔ الشيءَ: روکنا۔ چھپانا الثوب: سینا۔ علیہ: دانتوں سے کاٹنا۔

جَبَّ(ن) جَبًّا: کاٹنا۔ غالب ہونا (جِبابًا) النخلة: گابھا دینا۔

جُبِّبَ۔ الفرسُ: زانو اور ایڑی تک سفیدی کا پہنچنا۔ صفت (مُجَبَّب) تیز چلنا۔

جابَّه مُجابَّةً وجِبابًا: غالب آنا۔ فخر میں مقابلہ کرنا۔

تَجابَّ۔ الرجلان: ایک دوسرے کی بہن سے شادی کرنا۔

اِجْتَبَّ: جبہ پہننا۔ الشيءَ: کاٹنا۔

الجُبّ: گہرا کنواں۔ کچا کنواں۔ گڑھا۔ ج أجباب وجِباب۔ وجِبَبَة۔

الجُبَّة: جبہ۔ زرہ۔ من السِنان: چھڑ کا بالائی حصہ جس میں نیزہ پیوست ہو۔ آنکھ کے گرد کی ہڈی۔ پنڈلی کی ہڈی کا زیریں حصہ جو سم سے متصل ہو۔ ج جُبَب وجِباب۔

الجَباب والجُباب: قحط۔

بعیرٌ (أجَبّ: کوہان کٹا ہوا اونٹ۔

جَبَأ(ف) جَبْأً وجَباءً وجُبُوءًا وجُبُوءَةً۔ البصرُ: نگاہ کا کمزور ہونا۔ السیفُ: اچٹ جانا الرجلُ: خوف کی وجہ سے باز رہنا اور واپس آنا۔ صفت (جُبّأ وجُبّاء) بمعنی بزدل۔ جبأت علیه الحیةُ: سوراخ سے نکل کر گھبرا دینا۔

جبأ علی القوم: اچانک نمودار ہونا۔

جَبِيءَ(س) جَبَأً: چھپنا۔ عنه: باز رہنا اور ڈرنا۔

أجْبَأ۔ الشيءَ: چھپانا۔ أجْبأتِ الارض: سرخ سانپ کی چھتری والی ہونا۔ أجبأ علی القوم: بلند جگہ سے اچانک نمودار ہونا۔

الجَبْء: سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری ج أجبؤ وجِبَأة۔ گیرو: پہاڑ کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ٹیلہ۔

ارض (مَجْبَأة) بکثرت سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری والی زمین۔

جَنْجَبَ۔ الرجلُ: سفر کرنا۔ موٹا ہونا۔

الجُنْجُبة: چمڑے کا تھیلا۔ ڈھول۔ موٹی اونٹنی۔ ج جناجب۔

ماء (جَنْجَاب وجُبَاجِب:) بہت پانی۔
الجِبْت: بُت۔ جادو۔ جادوگر۔ بے برکت۔
جَبَخَ (ف) جَبْخًا: تکبر کرنا۔ جبخ القِدَاح والکِعَاب فی القمار: پانسہ پھینکنا۔
الجَبْخَانَة: میگزین (جدید) اس کے لیے عربی لفظ مَسْلَحَه ہے۔ بارود کارتوس۔
جَبَذَهُ (ض) جَبْذًا و اِجْتَبَذَهُ: کھینچنا۔
جَبَذ العِنَبُ: چھوٹا اور خشک ہونا۔
جَبَاذِ. مبنی علی الکسر: موت۔
جَبَرَ (ن) جَبْرًا وجُبُورًا وجِبَارَةً وجَبَّر. العظمَ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنا۔
جَبَرَتْ جَبَر او جُبورًا وَ جَبَارَةً: نقصان شدہ واپس کرنا یا اس کا عوض دینا۔
جَبَر (ن) جُبُورًا وجَبْرا وانْجَبَر وتَجَبَّرَ واِجْتَبَرَ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔ الفقِيْرَ: غنی بنانا۔ جبرہ علی الامر: مجبور کرنا۔
اَجْبَرَهُ. علی الامر: مجبور کرنا۔ مذہب جبریہ کی طرف منسوب کرنا۔
اِجْتَبَرَ واسْتَجْبَرَ: فقر کے بعد مستغنی ہونا۔
تَجَبَّرَ: تکبر کرنا۔ سرکش ہونا۔ صفت (جبیّر) حالت گذشتہ کا واپس آنا۔ النبتُ: چرے جانے کے بعد پھر اُگنا۔ تَجَبَّر المریضُ: درست حالت والا ہونا۔
الجَبْر. مص: ٹوٹے ہوئے کی درستی۔ غرور۔ مجبوری۔ قضاء الٰہی کے وقوع کا کلی طور پر مجبورانہ اعتقاد کرنا۔ الجبراء: بہادر مرد۔
اَلْجبارَةَ: صنوبر کی اقسام میں سے بہت بڑا درخت جس کی لمبائی میٹر تک پہنچ جاتی ہے وہ بڑی تیزی سے پھیلتا ہے اور خوبصورت منظر والا ہے۔
الجِبَارَة: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنے کا پیشہ (والجبیرۃ) ٹوٹی ہوئی ہڈی کے باندھنے کی لکڑی یا پٹی۔ ج جَبَائر. الجبائر: کنگن و بازوبند۔
الجَبَرُوْت والجَبُرُوْت والجَبْرُوْت: قدرت۔ طاقت۔ عظمت۔

اَلْجَبْرُ: علوم ریاضیہ میں سے ایک علم جو کہ علامات اور حروف کی مدد سے حساب کا علوم شناخت کرتا ہے۔
جَابِر. فا. ابو جابر: روٹی۔ اُمّ جابر: ہریسہ۔
الجُبَار: بیکار بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "ذهب دَمُه جُبَارًا:" اس کا خون رائیگاں گیا۔ یعنی اس کے خون کا بدلہ نہیں لیا گیا۔ "وانا منه خَلاوَة وجُبَار" میں اس سے پاک و بری ہوں۔
جُبَار: منگل کا دن۔
الجَبَّار: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ قابض: تسلط والا۔ قاہر۔ مغرور سرکش۔
برج جوزا۔ کہا جاتا ہے۔ "طَلَعَ الجَبَّار" برج جوزا طلوع ہوا۔ نَخلة جَبَّارة: لمبا کھجور کا درخت جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔
الجَبْرِيَّة والمُجَبِّرَة: فرق اسلامیہ میں سے ایک فرقہ جس کے ماننے والے انسان کے مجبور محض ہونے کے قائل تھے۔
جَبَزَهُ (ن) جَبْزًا. کاٹنا۔
جَبَزَ (ن) جَبَازَةً. الخبزُ. خشک ہونا۔ صفت (جبیز)
الجِبْز: بخیل۔
الجَبْزَة: ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "جبزله مِنْ مالِهِ جَبْزَةً" یعنی اس نے اس کو اپنے مال کا ایک حصہ دیا۔
الجَبِيْز: خشک روٹی۔
تَجَبَّسَ. فی مشیته: ناز و تکبر سے چلنا۔
الجِبْس: بزدلی۔ کمینہ۔ کند خاطر۔ فاسق۔ بچہ۔ ریچھ کا بچہ۔ ج جِباس.
الجَبِيْس: ریچھ کا بچہ۔ (والجبوس والاَجْبَس:) کمینہ۔ ناکارہ۔
الاَجْبَس: کمزور۔ بزدل۔
جَبَلَهُ (ض-ن) جَبْلاً. اللهُ: پیدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَبَلَهُ اللّٰهُ عَلَى الكَرَم" اللہ نے شرافت و کرم اس کی فطرت میں رکھ دی۔

جَبَلَ التراب: پانی ڈال کر گارہ بنانا۔
جَبَّلَهُ: مختلف ٹکڑے کرنا۔
اَجْبَلَهُ: بخیل پانا۔
اَجْبَلَ وتَجَبَّلَ وجَابَلَ. المسافرُ: پہاڑ کی طرف جانا۔ پہاڑ میں داخل ہونا۔ پہاڑ میں رہنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبَ حَاجَةً فَاَجْبَلَ" اس نے اپنے مقصد میں کوشش کی اور محروم رہا۔
وتَجَبَّلَ مَاعِنْدَهُ: اس نے اس کا سب کچھ لے لیا۔
الجَبْلَة والجِبْلَة والجَبَلَة والجِبِلَّة: چہرہ۔ جسم کا سامنے کا حصہ۔ فطرت۔ طبیعت۔ اصل۔ قوت۔ زمین کی سختی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ذُوجبلة" فلاں سخت طبیعت ہے۔ "وجبلته علی الخیر" اس کی طبیعت میں نیکی ہے۔
الجُبْل والجُبْلَة: لوگوں کی جماعت۔
الجُبْلَة: کوہان۔
الجِبْل: مکان کا صحن۔ بہت بڑا۔ کہا جاتا ہے۔ "حَیٌّ جِبْل" بڑا قبیلہ۔
الجَبَل: پہاڑ۔ ج جِبال واَجْبال واَجْبُل. اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ جَبَل" یعنی بخیل مرد۔ "وهُوَ جَبَلُ الوَجْه" وہ بھدے چہرہ والا ہے۔ "وفُلانٌ جَبَلُ قومِهِ" فلاں اپنی قوم کا سردار و عالم ہے۔ اِبْنَةُ الجَبَل: سانپ۔ مصیبت۔ آواز بازگشت۔
الجَبَلِیّ: طبعی۔
الجِبال: بدن۔ کہا جاتا ہے فُلانٌ خَطِيْرُ الجِبال" فلاں تنومند ہے۔
الجَبِيْل والمِجْبَال: بدصورت۔ کہا جاتا ہے "رجل جَبِيْل الوجه" بدصورت مرد۔ "وامرأة مِجْبَالٌ" بدصورت عورت۔ سَيْفٌ مِجْبَالٌ: موٹی دھار کی تلوار۔
الجُبُلَّة: خشک سال۔ ہر چیز کی کثرت۔ اصل۔ المَجْبُوْل: بڑے ڈیل ڈول والا۔
جَبُنَ (ن) جُبْنًا وجُبُنا وجَبَانَةً: بزدل

ہونا۔ صفت (جَبَان) ج جُبَناء مؤنث جَبَانَة وجَبَان. ج جَبَانات.

جَبَّنَ. اللبنَ: پنیر بنانا الرجلَ: بزدلی پر اکسانا۔ (واَجْبَنَ واِجْتَبَنَ) الرجلَ: بزدلی کی طرف منسوب کرنا۔ بزدل پانا۔ اور اسی سے ہے "قَاتَلْنَاكم فَمَا اَجْبَنَّاكم" ہم نے تم سے جنگ کی تو تم کو بزدل نہیں پایا۔

تجَبَّنَ. اللبنُ: پنیر بننا یا پنیر کی طرح جم جانا الرجلُ: موٹا ہونا۔

الجُبْن والجُبُن والجُبُنّ: پنیر۔

الجُبْنَة: پنیر کا ٹکڑا۔

الجَبِيْن: پیشانی۔ پیشانی کا کنارہ۔ ج اَجْبُن وجُبُن واَجْبِنَة. الجَبِيْن: بزدل (مذکر و مؤنث)

الجَبَّان: پنیر بیچنے والا۔ یا پنیر والا۔ بہت بزدل۔ مؤنث جَبَّانة (والجَبَّانَةُ:) ہموار زمین۔ قبرستان۔ صحراج جَبَابِين

المَجْبَنَة: باعث بزدلی۔ پنیر بنانے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں پنیر بہت ہو۔ عوام کی زبان میں بکری کے بچے کی اوجھ کو کہتے ہیں جو دودھ کو پنیر بنادیا کرتا ہے۔

جَبَهَ (ف) جَبْهًا. الرجلَ: پیشانی پر مارنا۔ اچانک آنا۔ حاجت سے باز رکھنا۔ جبهه بالمکروہ: برائی سے پیش آنا الشِتاءُ القومَ: اسباب سرما تیار کرنے سے پہلے سرما کا آنا۔ الرجلُ: بغیر رسّی ڈول وغیرہ کے پانی پر آنا۔

جَبَّهَه: سرنگوں کردینا۔

اِجْتَبَهَ. الماءَ: وغیرہ: پانی وغیرہ کو ناگوار سمجھنا۔

الجَبَه: پیشانی کی چوڑائی اور خوبصورتی۔

الجَبْهَة: پیشانی۔ ج۔ جباه وجَبَهات.

جَبْهَة القوم: سردار قوم. جَبهة من الناس: لوگوں کی جماعت۔ ذلت۔ تم کہتے ہو "لقيتُ منه جَبهة" مجھے اس سے ذلت حاصل ہوئی۔ الجَبهة: گھوڑے۔ اس کے لیے واحد نہیں۔ اور اسی سے ہے "ليس في الجبهة صدقة" یعنی گھوڑوں میں زکوۃ نہیں۔

الأَجْبَه: خوبصورت پیشانی والا۔ شیر۔ مؤنث جَبْهَاء.

جَبَا (ن) جَبًا وجَبْوًا وجَبْيًا وجَبْوَةً وجِبَاوَةً وجَبَى (ض) جِبَايَةً. الخراجَ: جمع کرنا الماءَ في الحوضِ: جمع کرنا۔

جَبَّى تَجْبِيَةً: سجدہ کے وقت ہاتھوں کو گھٹنے یا زمین پر رکھنا۔

اَجْبَى. زرعَه: پکنے سے پہلے بیچنا۔ اور اسی سے ہے "من اَجْبَى فقد اَرْبَى" جس نے پکنے سے پہلے (کھیتی کو) بیچا اس نے ربو کا معاملہ کیا۔

اِجْتَبَى. ہ: پسند کرنا۔ چن لینا۔

الجَبَاء ج اَجْباء و(الجَابِيَة). ج جَوَابٍ: اونٹوں کے پانی پینے کا حوض۔

الجَبَا: کنوئیں کی من۔

المَجْبَى: خراج۔ ٹیکس۔

جَثَّهُ (ن) جَثًّا واِجْتَثَّهُ: جڑ سے اکھیڑنا۔

الجَثّ والجُثّ: مردہ ٹڈی۔ یا شہد کی مردہ مکھی۔ کھجور کا غلاف۔ شہد میں ملا ہوا شہد کی مکھیوں کا پر وغیرہ۔ الجَثّ: موم۔

الجُثَّة: جسم انسانی۔ لاش۔ ج جُثث.

الجَثِيْث. من النخل: کھجور کا پودہ۔ واحد (جثيثه)

المِجَثَّة والمِجْثَاث: کھرپی۔ گھاس کھودنے کا اوزار

اِجْثَأَلَّ. الطيرُ: پر جھاڑنا۔ النَبْتُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا۔

جَثَلَهُ (ض) جَثْلًا. الريحُ: اڑا لے جانا۔ بکھیر دینا۔

جَثِل (س) وجَثُل (ک) جَثَالَةً وجُثُولَةً. الشجرُ والشعرُ: گنجان و کالا ہونا۔ صفت (جَثْل وجَثِيل)

الجَثْلَة: چیونٹی۔ ج جَثْل.

الجُثَال: چنڈول۔

الجُثَالَة: بکھرے ہوئے پتے۔

الجَثْلِيق والجَاثَلِيق: لاٹ پادری۔ ج جَثَالِقَة (جدید)

جَثَمَ (ن ض) جَثْمًا وجُثُومًا. الليلُ: آدھی رات ہونا الرجلُ او الطائر والحيوانُ: سینہ کو زمین سے لگانا۔ صفت (جاثِم) ج جُثَّم.

الجَاثُوم والجُثَام: کابوس۔

رجل (جُثَمَة وجَثَّامَة وجُثَم وجَثُوم: بہت بیٹھنے والا یا بہت سونے والا۔

الجَثَمَة: ٹیلہ۔ پشتہ۔

الجُثْمَة: راکھ وغیرہ کا تودہ۔

الجُثْمَان: بدن۔ شخص۔

المَجْثَم: بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَجَاثِم.

المُجَثَّمَة: وہ پرندہ یا خرگوش جس کو باندھ کر تیر وغیرہ مارا جائے یہاں تک کہ مر جائے۔

جَثَا (ن) جُثُوًّا وجَثَى (ض) جُثِيًّا وجِثِيًّا: زانو پر بیٹھنا یا انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔ صفت (جاثٍ) ج جُثِيٌّ وجِثِيٌّ مؤنث جاثِيَة.

جَاثَى. ہ: گھٹنے سے گھٹنا ملا کر بیٹھنا۔

اَجْثَى. ہ: زانو کے بل بٹھانا۔

تَجَاثَوا: باہم زانو پر بیٹھنا۔

الجَثْوَة والجُثْوَة والجِثْوَة: پتھروں کا ڈھیر۔ مٹی کا ڈھیر۔ قبر۔ ج جُثًى وجِثًى: شعلہ

جُثْوَة. الرجل: بدن۔

جَحْجَحَ. الشَّيْءَ: پورا جائزہ لے کر اقدام کرنا۔

عن الامر: ہٹ جانا۔ رک جانا۔

الجَحْجَح والجَحْجَاح: فیاضی کی طرف سبقت کرنے والا سردار۔ ج جَحَاجِح وجَحَاجِيح وجَحَاجِحَة.

جَحَدَه (ف) جَحْدًا وجُحُودًا: کفر کرنا۔ جھٹلانا ہ حقَّه وجَحَدَ بحَقِّهِ: باوجود علم کے انکار کرنا۔ صفت (جَاحِد).

جَحِدَ (س) جَحَدًا. الشَّيْءُ: کم ہونا النبتُ: چھوٹا رہ جانا الارضُ: خشک ہونا

الرجلُ: بے خبر ہونا۔ صفت (جَحْد وجَحِد واَجْحَد کہا جاتا ہے "عامٌ جَحِد" کم بارش والا سال۔ "ارض جَحِدة" خشک زمین۔ (لام الجحود) عند النحاة: لام جو ما نافیہ اور کان کے بعد تاکید نفی کے لیے آئے جیسے "وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ القرىٰ" خدا کا یہ کام نہیں ہے کہ بستیوں کو ہلاک کرے۔

جَحْدَرَهٗ: پچھاڑنا۔ لڑھکانا۔

تَجَحْدَرَ. الطائرُ: پر تول کر اُڑنا۔

الجَحْدَر: پست قد۔

جَحْدَلَهٗ: پچھاڑنا

جَحَرَ(ف) جَحْرًا وتَجَحَّر وانْجَحَرَ. الضبُّ او السبعُ: سوراخ میں داخل ہونا۔ جَحِرت لعين: اندر کو دھنس جانا۔ تم کہتے ہو۔ "جَحَر الخيرُ عنّا" خیر ہم تک نہ پہونچی۔

اَجْحَر وجَحَرَ. السبعَ: سوراخ میں داخل ہونے پر مجبور کرنا۔ واَجْحَرت السماءُ: بارش نہ ہونا۔ اجحرَ القومُ: قحط وسختی میں پڑنا۔ ہ الیٰ کذا: تنگی ڈالنا مجبور کرنا۔

اِجْتَحَر: سوراخ بنانا۔

تَجَحَّرَتِ. العينُ: اندر کو دھنسنا۔ اور اسی سے ہے عین (جَحْراء) گڑھے میں دھنسی ہوئی آنکھ۔

الجَحْر: گہرا گڑھا۔

الجَحْرة والجَحَرة: خشک سال۔

الجُحْر: سوراخ۔ بل۔ ج اَجْحَار وجِحَرة واجحِرة.

الجَاحِر: پیچھے رہ جانے والا جو قافلہ کو نہ پاسکے۔

الجَوَاحِر: وہ جانور جو اپنے ریوڑ سے پیچھے رہ جائیں۔

المَجْحَر: چھپنے کی جگہ، جائے پناہ۔ ج مَجَاحِر.

جَحَسَ و جَحَشَ(ف) جَحْسًا و جَحْشًا. الجلد: چھیلنا۔ کھرچنا۔

جَاحَسَ وجَاحَشَ. عن نفسه وعن غيره: مدافعت کرنا ہ: مزاحم ہونا۔ مقاتلہ کرنا۔

الجَحْش: گدھے کا بچہ۔ تشبُّہا گھوڑے کے بچے کو بھی کہتے ہیں۔ ج جِحَاش وجِحْشان وجِحَشة.

الجَحْشة: گدھے کا مادہ بچہ۔ اون جو ہاتھ پر لپیٹ کر کاتی جائے۔

الجَحْوش: چھوٹا بچہ۔

المَجْحُوش: وہ شخص جس کا آدھا بدن ماؤف ہو گیا ہو۔

جَحِظَت(س) جُحُوظًا. عينه: اُبھرے ڈھیلے والی ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ رجل (جَاحِظ) العينين: اُبھری ہوئی آنکھ والا مرد۔

جَحَّظَ. اليه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

الجَاحِظَتَان: دونوں آنکھوں کے ڈھیلے۔

جَحَفَه(ف) جَحْفًا: چھیلنا۔ بہالے جانا۔ برباد کر دینا ہ برِجْلِه: لات مارنا۔ جَحَفَ معه ولَه علي غَيْره: مائل ہونا له الطَعَامَ: کھانا نکالنا۔

جُحِفَ. الرجلُ: مبتلائے ہیضہ ہونا۔

اَجْحَفَ. السَيْلُ: بہا لے جانا الدهرُ بالناس: ہلاک کرنا۔ جڑ سے مٹانا فلانٌ بِعَبْدِه: طاقت سے زیادہ کام کی تکلیف دینا اِجْحَاف کا استعمال بطورِ استعارہ کے نقص فاحش میں بھی ہوتا ہے۔

جَاحَفَهٗ: مزاحمت کرنا۔ جاحف عنه: مدافعت کرنا۔

تَجَاحَفُوْا لاٹھی اور تلواروں سے لڑنا۔ بالكرة: بلے سے باہم دگر گیند چھیننا۔

اِجْتَحَفَهٗ: چھیننا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ ہلاک کرنا ماءَ البئر: تمام پانی نکال دینا السيلُ الوادي: کھود کر بہالے جانا۔

الجَحْفة والجُحْفَة: حوض کے اطراف میں پانی کا بقیہ۔ السيلُ والموت (الجُحاف: ہمہ گیر و تباہ کن۔ الجُحاف: ہیضہ کے اسہال۔

المَجْحُوف: مبتلائے ہیضہ۔

الجِحَاف: جنگ۔ لڑائی۔

المُجْحِفَة: مصیبت۔

جَحْفَلَهٗ جَحْفَلَةً: پچھاڑنا۔ پھینکنا۔ سرزنش کرنا۔

تَجَحْفَلُوْا: جمع ہونا۔

الجَحْفَل: بڑا لشکر۔ ج جَحَافِل. رجل جَحْفَلٌ: بڑے مرتبہ کا مرد۔

الجَحْفَلَة: کھردار جانور کا ہونٹ۔

جَحَلَه(ف) جَحْلًا وجَحَّلَهٗ: پچھاڑنا۔

الجَحَل. ج جُحُول وجِحْلان: گرگٹ۔ گوہ کا بچہ۔ گبریلا۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ ج جِحَال: بڑی مشک۔ اور کہا جاتا ہے "رجل جَحْل" موٹا کشادہ پیشانی والا مرد۔

الجُحَال: زہر۔

الجَيْحَل: بڑی چٹان۔ پہاڑ۔ ہر بڑی چیز۔

جَحَمَ(ف) جَحْمًا. النارَ: بھڑکانا العينَ: کھولنا ہ عن الامر: روکنا۔

جَحِمَت (س) جَحَما وجَحْمًا وجَحُمَت(ک) جُحُومًا. النارُ: بھڑکنا۔

جَحَّمَهٗ. بعينيه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

اَجْحَمَ. عن الامر: رکنا۔ باز رہنا۔

اَجْحَمتِ النارُ: تیز بھڑکنا۔

تَجَحَّمَ: تنگ ہونا۔ جلنا

الجَاحِم: فا. بھڑکتی ہوئی چنگاری۔ من الحرب: سخت اور گھمسان کی جنگ۔ اور کہا جاتا ہے "نارٌ جاحِمَةٌ" تیز آگ۔ "عَيْنٌ جَاحِمَةٌ" اٹھی کی اٹھی رہ جانے والی آنکھ۔

الجَحِيْم: دوزخ۔ گڑھے میں سخت بھڑکتی ہوئی آگ۔ سخت گرم جگہ۔

جُحْمَةُ. النارِ: آگ کی بھڑک۔ ج جُحَم

الجُحَام: آنکھوں کی سوجن۔

الاَجْحَم: بہت سرخ آنکھوں والا۔ سوجی ہوئی آنکھوں والا۔ مؤنث جَحْماء. ج جُحْم وجُحُم وجَحْمىٰ.

الجحّام: بخیل۔

الجحمرش: بہت بوڑھی عورت۔ بدصورت موٹا خرگوش۔ ج جحامر: تصغیر **جُحَیمر**

الجحمش والجحموش: بہت بوڑھی عورت۔

جحمرشٌ: دودھ والی خرگوش

جَحِنَ (س) جَحَنًا. الصبیُّ: خوراک کی خرابی سے کمزور ہونا۔ صفت (جَحِن)

جَحَنَ (ف) جَحنًا واَجحَنَ وجحّنَ: فقر یا بخل کی وجہ سے اہل وعیال پر تنگی ڈالنا۔

اَجحنَهٗ: بری خوراک دینا۔

الجحن: دیر میں جوان ہونے والا **من النبات:** کمزور اور چھوٹا پودہ۔

جحَا (ن) جَحوًا: چلنا **بالمکان:** اقامت کرنا۔

اِجتحاه: جڑ سے اُکھیڑنا۔

الجحوۃ: ایک قدم۔

جَخَّ (ض) جَخًّا: ہاتھ پیر چھوڑ کر لیٹنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا **برجله:** خاک اُڑانا۔

جَخَرَ (ف) جَخرًا. البئر: کشادہ کرنا۔

جَخِرَ (س) جَخَرًا. جوف البئر: کشادہ ہونا۔

اَجخَرَ وَجخَّرَ. البئر: کشادہ کرنا۔

تَجَخّرَ. الحوض: پانی کے خشک ہو جانے کے بعد مٹی کا پھٹ جانا۔

الجَخِر: بہت کھانے والا۔ بزدل۔

جَخَفَ (ن ض) و جَخِفَ (س) جَخفًا و جَخِیفًا: اپنی حد سے زیادہ فخر کرنا۔ صفت **(جَخّاف)**

الجَخِیف. س: بھاری لشکر۔ بہت مغرور انسان کے پیٹ کی آواز۔ نفس وروح۔ تم کہتے ہو "**وقع ذلك فی جخیفی**" میرے دل میں یہ واقع ہوا۔

جَخَا (ن) جَخوًا. الکوزَ: سرنگوں کرنا۔ اُوندھا کرنا۔

جُخّی وتجخّی. الکوزُ: سرنگوں ہونا۔ اوندھا ہونا **الشیخ:** خمیدہ کمر ہونا۔ **جخّی اللیلُ:** گذر جانا۔

جَدَّ (ض) جَدًّا. فی اعین القوم: عالی مرتبہ ہونا۔

جَدَّ (ض) جِدّۃً. الثوبُ: نیا ہونا۔ **(جَدًّا) الشیءَ:** کاٹنا (ض ن) جدًّا کوشش کرنا **فی الامر:** تحقیق کرنا۔ اہتمام کرنا۔ جلدی کرنا **به الامرُ:** سخت ہونا۔

جَدَّ (س) جَدَدًا. الثدیُ او الضرعُ: خشک ہونا۔ صفت **(اَجَدّ)** اور ناقہ کی صفت **(جَدّاء)** ہے۔ اور کہا جاتا ہے "**سَنَةٌ جَدّاء**" قحط کا سال۔

جُدَّ (س) جَدًّا وجُدًّا: نصیب والا ہونا۔ صفت **(مَجْدُود)** کہا جاتا ہے "**جُدِدْتَ یا فلان**" تم خوش قسمت ہو۔

جَدَّدَ واَجَدَّ. الشیَّ: نیا کرنا۔ **اَجَدَّ ثَوبًا:** نیا پہننا۔ **اَجَدَّ الامرَ:** اچھی طرح تحقیق کرنا **فی الامر:** سنجیدگی اختیار کرنا۔ کوشش کرنا۔

اَجَدَّ الطریقُ: سخت وہموار ہونا **الرجلُ:** سخت وہموار زمین پر چلنا۔

جَادَّہٗ مُجَادَّۃً. فی الامر: کسی سے تحقیق کرنا۔

اِستَجَدَّ. الشیُّ: نیا ہونا **الشیَّ:** نیا کرنا یا نیا پانا **الثوبَ:** نیا پہننا۔

تَجَدَّدَ: نیا ہونا۔

الجَدُّ. س: دادا۔ نانا۔ ج **اَجْدَاد وجُدُود وجُدُودَۃ.** مؤنث **جَدَّۃ.** ج **جَدَّات.**

الجَدُّ: نصیبہ. بزرگی۔ عظمت۔ روزی۔ نہر کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "**عَثَرَ جَدُّہٗ او تَعِسَ جَدُّہٗ**" وہ نقصان میں رہا یا وہ ہلاک ہوا۔

الجِدُّ. س: کوشش۔ سنجیدگی۔ جلدی۔ اچھی طرح ثابت شدہ۔ و "**فلانٌ عالمٌ جِدُّ عالِمٍ:**" فلاں انتہائی درجہ کا عالم ہے۔ "**وعَظِیمٌ جِدًّا:**" بہت ہی بڑا۔ **جدًّا:** کا نصب مصدریت کی وجہ سے ہے۔

الجُدُّ: حصہ۔ کہا جاتا ہے "**فلانٌ ذُوجُدٍّ فی کذا**" فلاں اس بارے میں خوش نصیب ہے۔ بہت پانی والا کنواں۔ کم پانی والا کنواں۔ چٹیل میدان کے اطراف میں تھوڑا پانی۔ سمندر کا کنارہ۔ ہر چیز کا کنارہ **(والجُدّی)** بڑے حصہ والا۔ بہت نصیبہ والا۔

الجَدَد: ہموار سخت زمین۔ اسی سے مثل ہے "**مَنْ سَلَكَ الجَدَدَ اَمِنَ العِثار**" جو ہموار سخت زمین پر چلتا ہے وہ لغزش سے محفوظ رہتا ہے۔ باریک ریت۔ ج **اَجْدَاد.**

الجِدّۃ: دریا کا کنارہ۔ کتے کے گلے کا پٹکا۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ **وجِدّۃُ الثوبِ:** کپڑے کا نیا ہونا۔

الجُدّۃ: علامت۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "**رکب جُدّۃَ الامرِ او جُدّۃً مِنَ الامرِ**" اس نے رائے قائم کی۔ ج **جُدَد.**

ناقة (جَدّاء) خشک تھن والی اونٹنی۔ **سنة جَدّاء:** قحط کا سال۔

الجَادّ: کوشش کرنے والا۔ سرگرمی سے کام کرنے والا۔ سنجیدگی سے کام کرنے والا۔

الجَادّۃ. الجادّ کا مؤنث۔ سڑک کا درمیان۔ ج **جَوادّ.**

الجَدَاد والجِدَاد: کھجور توڑنا۔

جُدَادۃ. النخل وغیرہ: کھجور وغیرہ کا کٹا ہوا درخت۔

الجُدّاد: اُلجھا ہوا دھاگا یا آپس میں گتھی ہوئی ٹہنی۔

الجَدِید: نیا۔ ایک قسم کا پرانا سکہ۔ ج **جُدُد.**

الجَدِید والمَجْدُود: نصیبہ ور۔ کٹا ہوا۔

الجَدِیدَان والاَجَدّان: دن رات تثنیہ ہی مستعمل ہے۔ صرف دن یا رات کو جدید یا اَجَدّ نہیں کہتے۔

المُجَدَّد. مفع مِنَ الاَکسِیَة: مختلف دھاریوں والا۔

جَدَبَ (ن ض) جَدْبًا وجَدُبَ (ک) جُدُوبَۃ وتَجَدَّبَ. المکانُ: بارش نہ ہونے کی وجہ سے خشک ہونا۔ صفت **(جَدْب واَجْدَب وجَدِیب وجَدُوب**

ومجدُوبٌ)
جَدَبَ فلانا: عیب لگانا۔
اَجدَبَ. المکانُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا القومُ: قحط زدہ ہونا الارضَ: خشک پانا فلانًا: مہمان داری نہ پانا۔
جَدَّبَهُ: کمزور کرنا۔
تَجَدَّبَ: عیب دار ہونا۔
الجَدب. س: خشک سالی۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "مکان جَدبٌ" قحط زدہ مقام۔ مؤنث جَدِبَةٌ ج جُدُوب. کہا جاتا ہے "اَرَضُوْن جُدُوبٌ وَاَرْضُون جَدْبٌ" قحط زدہ زمینیں۔
الجَدُوب والجَدِيب: قحط زدہ۔ اَرْضٌ (جَدْبَاء) قحط زدہ زمین۔
المِجدَاب. من الآراضِي: بنجر زمین۔ ج مَجَادِب.
الأَجَادِب: وہ زمینیں جس میں پیداوار نہ ہو۔
مکانٌ مَجْدُوب) قحط زدہ۔
الجَدَث: قبر۔ ج جَدَاث واَجدُث.
الجُدجُد: سخت ہموار زمین۔ جھینگر۔ ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کا کیڑا جو رات میں آواز کرتا ہے۔ ج جَدَاجِد.
جَدَحَ (ف) جَدْحًا واجدَحَ واجتَدَحَ. السَّوِيقَ: گھولنا۔ جدحَ السَّوِيقَ في اللبن: ملانا۔ کہتے ہیں "جَدَحَ جُوَيْنٌ من سويق غيره" دوسرے کے ستو کو جُوَین نے گھولا حلوائی کی دوکان اور دادا جی کی فاتحہ" کے طور پر ضرب المثل ہے۔
جَدَّحَهُ: ملانا۔
المِجدَح: ستو وغیرہ گھولنے کا سامان۔ ایک ستارہ کا نام۔
المِجدَاح: سمندر کا کنارہ۔ ج مَجَادِح.
مَجَادِيح. السماءِ: بچھتر۔ واحد۔ مَجدح: کہا جاتا ہے "اَرسَلَتِ السَّماءُ مَجَادِيحَ الغَيثِ" آسمان نے بارش کے لیے بچھتروں کو آزاد چھوڑ دیا۔
جَدَرَ (ن) جَدْرًا وجُدِرَ وجُدِّرَ: چیچک نکلنا۔ صفت (مَجْدُور و مُجَدَّر)
جَدَرَه (ن) جَدْرًا: لائق و مناسب بنانا الجدارَ: دیواروں سے گھیرنا الرجلُ: دیوار کی اوٹ میں ہو جانا۔
جَدَرَ وجَدُرَ (ک ن) جَدَارَةً واَجدَرَ. النبتُ: کونپل نکلنا۔
جَدُرَ (ک) جَدَارَةً. بکذا: لائق ہونا۔ صفت (جَدِير) کہا جاتا ہے "هو جَدِيرٌ بكذا ولكذا" ج جَدِيرُوْن وجُدَرَاء. مؤنث جَدِيرَة. ج جَدِيرات و جَدَائِر.
جَدَّرَ واجتَدَرَ. الحَائِطَ: دیوار بنانا اور پلاسٹر کرنا۔
الجُدَر والجَدَر: پھنسیاں۔ مار کا نشان۔ زخم کا نشان۔
الجَدِير. بالشيء وله: لائق۔ مناسب ج جَدِرُوْن.
الجَدر. ج جُدرَان و (الجِدَار) ج جُدُر وجُدْر: دیوار۔
الجَدر والجَدر: ایک قسم کی ریگستانی نباتات ج جُدُور. واحد (جَدرة وجَدَرَة)
الجُدَرِيّ والجَدَرِيّ: چیچک۔
المِجدَار: دھوکا (یعنی وہ چیز جو جانوروں اور چڑیوں کو بھگانے کے لیے کھیت میں کھڑی کی جاتی ہے۔
المَجدَرة: لائق۔ کہا جاتا ہے "انّه مَجدَرة لان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔ (مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لیے یکساں ہے) ارض مَجدَرَة: بہت چیچک والی سرزمین۔
المَجدُور: چیچک زدہ۔ کم گوشت والا۔ اور کہا جاتا ہے "انه مجدور ان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔
جَدَعَ (ف) جَدْعًا. الانفَ وماشاكله: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "لِاَمرٍ مَا جَدَعَ قَصِيرٌ اَنفَهُ" کسی خاص مصلحت سے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ جَدَعَ فلانا: قید کرنا۔ باز رکھنا۔ الرجلَ عيالَه: نان نفقہ روک لینا۔
(وجَدَّعَ واَجْدَعَ) الولدَ: بری خوراک دینا۔
جَدِعَ (س) جَدَعًا: بری خوراک والا ہونا۔ صفت (جَدِع). الرجلُ: کان ناک کا کٹ جانا۔ صفت (اَجدَع) مؤنث جَدعاءُ ج جُدْع.
جَدَّعَهُ: کسی سے "جدعالك" کہنا یعنی اللہ تجھ کو عیب دار کر دے اور تجھ سے خیر کو منقطع کر دے۔
جَادَعَهُ مُجادَعَةً وجِدَاعًا: گالی دینا۔ جھگڑا کرنا۔
تَجادَعَا: باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ اسی سے عرب کا قول ہے "تَرَكتُ البلادَ تتجادَعُ اَفاعِيهَا" میں نے ملک کو اس حال میں چھوڑا کہ وہاں کے اشرار ایک دوسرے کو کھائے جا رہے تھے۔
الجَدْعَة: کاٹنے کے بعد عضو کا بقیہ حصہ۔ کاٹنے کی جگہ۔
جَدَاعِ بروزن قطام: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "واَجْحَفَتْ بهم جَدَاعِ" ان کو قحط کے سال نے برباد کر دیا۔
المِجدَع: عضو کاٹنے کا اوزار۔
الجُدَاع: موت۔
جَدَفَ (ض) جُدُوفًا. الطيرُ: کٹے ہوئے پروں سے اڑنا الظبيُ: چھوٹے قدم سے چلنا الرجلُ: تیز چلنے میں ہاتھوں کو ہلانا۔
جَدَفَ (ض) جَدْفًا. الشَّيءَ: کاٹنا۔ الملّاحُ السفينةَ: چپو سے چلانا۔ السّماءُ بالثلج: برف گرانا۔
جَدَّفَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاتُجدِّفُوا بِنِعَم الله" اللہ کی نعمتوں کی ناشکری مت کرو الملّاحُ: چپو سے ڈونگی چلانا على الله: کفر اور اہانت آمیز باتیں کرنا۔
جُدِّفَ. عليه: تنگی میں مبتلا کیا جانا۔ اور اسی

سے ہے"وانه لَمُجدَّف علیه العَیْش" وہ تنگ دست ہے۔
اَجدَفَ القومُ: چلانا۔ شور مچانا۔
الجَدَفَة: شوروشغب۔
رَجُلٌ (مَجْدُوْفُ) الید: چھوٹے ہاتھ والا۔ کٹے ہوئے ہاتھ والا"مَجْدُوْفُ الْإِزَارِ وَالْقَمِیْص" چھوٹا تہبند اور چھوٹی قمیص پہننے والا۔
المِجْدَاف: چپو۔مِجداافا الطَّیْرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔ ج مَجَادِیْف
التَجْدِیْف: کلمہ کفر۔ ج تَجَادِیْف.
الجُدَافي والجدَافاء: غنیمت۔
الجَدَف: قبر۔ ج اَجْدَاف.
جَدَلَ (ن ض)جَدْلًا. الحبل بٹنا۔
جَدِلَ (س)جَدَلًا. الرجلُ: سخت جھگڑالو ہونا۔
وجَدَلَ (ن)جَدْلًا. الحبُّ: خوشہ میں سخت ہونا۔الولدُ: مضبوط اور سخت ہڈیوں والا ہونا۔
جَدَلَهُ (ض ن)جَدْلًا وجَدَّلَهُ: زمین پر پٹک دینا۔جدَّل الشعر: گوندھنا۔ چوٹی بنانا۔
جَادَلَهُ مُجَادَلَةً وجِدَالًا: جھگڑا کرنا۔
تَجَادَلَا: ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَجَدَّلَ, اِنْجَدَلَ: زمین پر پٹکا جانا۔
الجَدْل. س: سخت۔ ٹھوس۔ عضو۔ ج جُدُول. قبر۔
جِدْلاءُ ج جُدل۔ محکم
اَلْجَدَلُ عِنْدَ الْمُنْطَقِیِّیْنَ: وہ قیاس جس میں مقدمات مشہورہ ہوں یاان کو تسلیم کرلیا گیا ہو۔ مثلاً فلاں رات کو گھومتا ہے لہٰذا چور ہے۔
الجَدَل: جھگڑا۔ جھگڑے کی مہارت۔
الجَدَلة: ہاون کا دستہ۔
الجَدَالَة: زمین۔جَدَالة الخَلْق: گٹھے ہوئے بدن والا۔
الجَدِیْل: بٹی ہوئی رسی۔ ج جُدُل. جُدُل الانسان: انسان کے ہاتھ پیروں کی جوڑ

ہڈی۔
الجَدِیْلَة: طریقہ۔ کہا جاتا ہے"عملی علی جَدِیْلَته" اس نے اپنے طریقہ پر کام کیا۔ قبیلہ۔ گوشہ۔ کنارہ رائے کی پختگی۔ کبوتر وغیرہ کا کابک۔
الْاَجْدَلِيّ والْاَجدل شکرا۔ ج جَادِل.
درْعٌ جَدْلَاءُ: مضبوط زرہ۔ ج جُدْل.
الجَدَّال والجدِل والمجدَل والمِجْدَال: بہت جھگڑالو۔ الجَدَّال: کابک بیچنے والا۔
المَجْدَل: محل. ج مَجَادِل
المَجْدَل: لوگوں کی جماعت۔
المَجْدُوْل: بٹا ہوا یا مضبوط بٹا ہوا۔
اَلْجَدْوَل: فہرست' لسٹ' اور کہا جاتا ہے- اِسْتَقَامَ جَدْوَلُ الْقَوْمِ جب ان کا نظام مضبوط ہو-
الجدْوَل والجدوَل: نالہ۔
جَدَمَهُ (ن) جَدْمًا: کاٹنا۔ جَدَمَتِ النخلَةُ: پھلدار ہو کر خشک ہونا۔ صفت (جَادِم)
اِنْجَدَمَ: کٹ جانا۔
الجَدَمَة: پست قد۔
والجُدَامَة: وہ بالیاں جو پہلی مرتبہ گاہنے میں نہ ٹوٹیں۔
اَلجَدَم: پست طبقہ کے لوگ۔
جَدَا (ن)جُدُوًّا. علیه: عطیہ دینا۔
واجْتَدیٰ اِسْتَجْدیٰ. فلانًا: حاجت کا سوال کرنا۔ عطیہ مانگنا۔
اَجْدَیٰ اِجْدَاءً: عطیہ پانا۔فلانًا: عطیہ دینا الامرُ: نفع دینا. کہتے ہیں"مایُجْدِی عنك هذا" تم کو یہ فائدہ نہیں دے گا۔
اِجْتَدَاه: عطیہ دینا۔
الجَدَا: عام بارش، والجداءُ نفع عطیہ۔
الجَادِي: مانگنے والا۔ عطیہ دینے والا۔
الجَادِي: زعفران۔
الجَدْوِی: عطیہ۔
الْاَجْدَیٰ: زیادہ نافع۔

الجَدیٰ: سخی۔
الجَدْوَة: گلہ۔ ریوڑ۔
جَدَیٰ (ض جَدْیًا): عطیہ طلب کرنا۔
اَجْدَیٰ اِجْدَاءً. الجرحُ: بہنا۔
الجَدْی: پہلے سال کا بکری کا بچہ۔ ج اَجْدٍ وجِداء وجِدْیَان: قطب کے پہلو کے ایک ستارے کا نام جس کو"جَدْیُ الفَرْقَد" بھی کہتے ہیں آسمان کے ایک برج کا نام۔
الجَدِیَة: زین یا پالان کے نیچے کی گدی ج جَدَی و جَدیات.
الجَادِیَاء: زعفران۔
جَدَّهُ (ن)جَدًّا: کاٹنا۔ توڑنا۔جَدَّ في سیره: تیز چلنا۔
جَدَّذَ: قوم سے اپنی پیروی چاہنا اور اس کا نہ ماننا۔
اِنْجَدَّ: کٹنا۔ ٹوٹنا۔
تَجَدَّذَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الجُدَاذ والجَدَاذ والجِدَاذ: توڑ ہوا۔ ٹکڑا۔ سونے کے ڈلے۔
الجَدَاذَة: ہر چیز کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "جَذَاذَته عَلَیْه کَذَا" وہ اس سے اتنا زیادہ۔
الجُذَاذات: ریزہ۔ برادہ۔ کہا جاتا ہے"عندی جُذَاذَاتٌ مِنَ الفِضَّةِ" میرے پاس چاندی کے ریزے ہیں۔
الجِذّ: کٹی ہوئی چیز کا چھوٹا ٹکڑا۔ تم کہتے ہو"اُثِرتُ اِلَی الصنم فکَسَّرْته اَجْذَاذًا" میں بت پر ٹوٹ پڑا اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
الجُذَّة: ٹکڑا۔
الْاَجَذّ: ٹوٹا ہوا۔ مؤنث جَذَّاء.
جَذَبَهُ (ض) جَذْبًا. واجتذَبَهُ. الیه: کھینچنا۔جَذَبَ الشهرُ: اکثر حصہ گذر جانا۔
جَذَبَتِ الناقَةُ: کم دودھ والی ہونا۔المُهر عن امه: دودھ چھڑانا۔
جَاذَبَهُ الشيءَ: کسی چیز کے بارے میں کشمکش کرنا۔
تجَاذَبَا. الشَّیْءَ: کسی چیز کے بارے میں

باہم کشمکش کرنا۔
تَجذَّب. اللبنَ: پینا۔
اِنجذَب: کھنچ جانا۔ اِنجذب فی السیر: تیز چلنا یا دور تک جانا اور کہا جاتا ہے "اِنجذَبَ بھم السیرُ" وہ لوگ دور تک چلے۔
الجاذِب. فا. کم دودھ والی اونٹنی۔ ج جواذب وجِذاب۔
الجَذبة: دور کی مسافت۔ کہا جاتا ہے "بینه وبین المنزل جذبة" اس کے اور منزل کے درمیان مسافت بعیدہ ہے۔
جَذَاب: موت کے لیے علم۔
الجاذِبِیَّة: کھینچنے کی قوت۔
الجَذَّابَة: چھوٹی چڑیوں کے شکار کرنے کا کمپا۔
جَذَرَ(ن) جَذرًا: کاٹنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔
جَذَّر. العَدَدَ: عدد کا جذر حاصل کرنا۔
جَذَّرَہ واَجذَرَہ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
الجَذر: جڑ سے اُکھڑنا۔
الجِذر والجَذر: جڑ۔ جَذرُ النبات: نباتات کی جڑیں جو زمین میں پھیلی ہوئی ہوں۔ ج جُذُور: مربع کا جذر۔ جذر البقرة: گائے کے سینگ۔
الجَذرِیَّة: وہ دانت جو رباعیہ کے بعد ہو۔
المَجذُور: عدد کا مربع۔
اَلجَذرُ: عدد اپنے آپ میں ضرب دینا مثلاً 10X10=100 حاصل ہوتے ہیں۔ 100 (سو) 10 کا مجذور ہے۔
الجَوذَر والجُوذَر والجُوذُر: نیل گائے کا بچہ۔ ج جَوَاذِر وجآذِر۔
المُجذَّر: بہت پست قد۔
جَذَعَ(ف) جَذعًا. الدابةَ: بغیر چارہ کے روک رکھنا۔ بین البعیرین: ایک رسی میں باندھنا۔
الجَذَع. من البھائم: چھوٹا بچہ۔ ج جِذاع وجُذعَان اور اسی سے ہے "جُذعَان الجبال" چھوٹے پہاڑ۔ نوجوان۔ اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ فی ھٰذا الامرِ جَذَعٌ" فلاں اس معاملہ میں نو آموز ہے۔
"واَعدتُ الاَمرَ جَذَعًا" میں نے اس کام کو از سر نو کیا۔ کہا جاتا ہے۔ "ذھبوا (جِذعَ مِذعَ) مبنی بر فتحہ: یعنی متفرق ہوگئے۔
الجِذع: درخت کا تنہ۔ ج جُذُوع واَجذاع۔ جِذعُ الاِنسانِ: دھڑ۔ سر اور ہاتھوں اور ٹانگوں کے علاوہ انسان کا باقی جسم۔
المُجذَع والمُجذَّع: بے اصل وبے ثبات۔
جَذَفَ(ض) جَذفًا واَجذَفَ. الطائرُ: تیز اُڑنا۔ "جَذَفَت واَجذَفَتِ المرأةُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔
جَذَفَ وجَذَّفَ. القارِبَ: چپو سے چلانا۔ الشَّیءَ: کاٹنا۔
تَجَذَّفَ. فی مشیه: تیز چلنا۔
المِجذَاف: کشتی چلانے کا چپو۔
المَجذُوف: کٹی ہوئی ٹانگ والا۔
جَذِلَ(س) جَذَلًا واجتَذَلَ: خوش ہونا۔ صفت (جَذِل وجَذلَان) ج جُذلان مؤنث جَذِلَة وجَذلَی۔
جَذَلَ(ن) جُذُولا واستَجذَلَ: سیدھا کھڑا ہونا۔
اَجذَلَه: خوش کرنا۔
تَجاذَلَ. القومُ: باہم کینہ رکھنا۔ باہم دشمنی کرنا۔
الجِذل. من الشجرة: بغیر شاخوں کے درخت کا تنہ۔ ٹھنٹھ۔ کہا جاتا ہے "عَادَ الشَّیءُ اِلیٰ جِذلِهِ" چیز اپنی اصل پر لوٹ آئی۔ لکڑی کا کندہ جو خارش والے اونٹ کے بدن رگڑنے کے لیے کھڑا کیا جائے۔ جُذَیل اس کی تصغیر ہے اور اسی سے ہے "انا جُذَیلھا المُحَکَّک" میں تجربہ کار وواقف کار ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "ھو جِذلُ مالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔ ج جِذال واَجذَال وجُذُول وجُذُولَة۔
الجَاذِل. فا. شادماں۔ ستون کی مانند ایک جگہ پر کھڑا رہنے والا۔ "سِقاءٌ جاذِلٌ: دودھ کو بدمزہ کر دینے والی مشک۔
جَذَمَ(ض) جَذمًا وجَذمَةً: جلدی سے کاٹنا۔
جُذِمَ جَذمًا: کٹے ہوئے ہاتھ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔
جُذِمَ: کوڑھی ہونا۔ صفت (اَجذَم ومَجذُوم ومُجذَّم)۔
اَجذَمَ عن الشَّیءِ: باز رہنا۔ علیه: پختہ ارادہ کرنا۔ فی سیرہ: تیز چلنا۔ یدہ: کاٹنا۔
اِنجَذَمَ وتَجَذَّمَ: کٹ جانا۔
الجِذم والجَذم: اصل۔ جڑ۔ ج جُذُوم واَجذَام۔
الجَذمة والجَذَمة: ہاتھ میں کٹنے کی جگہ۔
الجَذمة: ٹکڑا۔ چابک۔ کوڑا۔
الجُذمة: ٹنڈاپن۔
الاَجذَم: ہتھ کٹا۔ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا۔ مؤنث جَذمیٰ وجَذماء اور کہا جاتا ہے "ھو اَجذَمُ الحجة" وہ شخص ایسا ہے جس کے پاس نہ دلیل ہے نہ زور بیان۔
الجُذَامَة: کٹی ہوئی کھیتی کا باقی ماندہ۔
المِجذَام والمِجذَامَة: امور میں جلدی فیصلہ کرنے والا۔ جلدی سے دوستی کو ختم کر دینے والا۔
جَذَا(ن) جَذوًا وجُذُوًّا واَجذَیٰ. علی الشیءِ: اچھی طرح کھڑا ہونا۔
تَجاذَیٰ. الحجرَ: اٹھانا۔
الجِذَاة: بڑے درختوں کی جڑیں۔ ج جِذَاء
الجِذوة والجَذوة والجُذوة: بھڑکتا ہوا انگارہ۔ ج جُذیٰ وجِذیٰ وجِذاء کہا جاتا ہے "فلانٌ جُذوَةُ شرٍّ" فلاں شر کا بانی اور اسے ہوا دینے والا ہے۔
جَذیٰ(ض) جَذیًا واَجذیٰ. فلانا عنه: منع کرنا۔
تَجاذیٰ تَجاذِیًا: کھسک جانا۔
الجِذیٰ والجِذیَة. من الشجرة: جڑ۔
جَرَّہ(ن) جَرًّا وجَرِّیَة: کھینچنا۔ جَرَّ الابلَ: آہستہ ہانکنا۔ الکلمةَ: زیر لگانا۔ علیٰ نفسه

جَرِیْرَۃً: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
جَرَّرَہٗ وجَرَّرَبِہٖ: سختی سے کھینچنا۔
جَارَّہٗ رَسَنَہٗ: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَارَّہ الدَّیْنَ" اس نے قرض ادا کرنے میں ٹال مٹول کی۔
اِنْجَرَّ: کھینچنا۔
جَرَّ واجْتَرَّ البعیرُ: جگالی کرنا۔
اَجَرَّ البَعِیْرُ: جگالی کرنا الفَصِیْلَ: دودھ پینے سے روکنے کے لیے زبان چیر دینا لسانہ: گفتگو کرنے سے منع کرنا۔ اَجَرَّہٗ رَسَنَہٗ: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ اجرّہ الرمحَ: نیزہ گھسا کر چھوڑ دینا۔ اَجَرَّہٗ الدَّیْنَ: مہلت دینا۔
اِجْتَرَّ واجْدَرَّ الشیءَ: کھینچنا۔
اِسْتَجَرَّ الشیءَ: کھینچنا المالَ: تھوڑا تھوڑا لینا لِفُلَان: مطیع وفرمانبردار ہونا۔
الجَرُّ. مص اور اسی سے ہے "کان ذلك عام كذا وَهَلُمَّ جرًّا اِلَي اَلْيَوم" یہ واقعہ فلاں سال میں ہوا اور آج تک ایسا ہی ہے۔ جرُّ الجَبَل: دامن کوہ۔ بجو وغیرہ کا سوراخ۔ اعراب کی ایک قسم خواہ حرکت سے ہو یا حرف سے۔
الجِرَّۃ: کھینچنے کی ہیئت۔ خانہ بدوش لوگ۔ (والجَرَّ) جگالی۔
الجَرَّۃ: جَرَّ کا اسم مرۃ. گھڑا۔ ج جَرّ وجرار.
الجَرَّۃ: بھو بھل کی پکی ہوئی روٹی۔
الجُرَّۃ: گلہ بونے کے لیے سوراخ دار برتن۔ ہرن کے شکار کے لیے لکڑی کا پھندا ج جُرَر. کہا جاتا ہے۔ فعلت. ذلك من (جرَّاك وجُرائكَ وجَرَاكَ وجَرَائِكَ) میں نے یہ تمہاری وجہ سے کیا۔
الجِرِّيّ: ایک قسم کی مچھلی جس کو بام کہتے ہیں۔
الجِرِّيَّة والجِرِّيْئَة: پرندے کا پوٹا۔
الجَارُوْر: پانی بہنے کی جگہ۔ سیلاب کا بنایا ہوا نالہ في اصطلاح المولدين: صندوقچی جو کھینچنے سے کھلے۔
بئر (جَرُوْر:) گہرا کنواں فرس جَرُوْرٌ: قابو میں نہ آنے والا گھوڑا، امرأة جرور: لنجی عورت۔
الجَرِيْرَة: گناہ۔ کہا جاتا ہے "فعلت ذلك من جريرتك" میں نے اس کو تمہاری وجہ سے کیا۔
الجَرَّار: بہت کھینچنے والا۔ گھڑا بنانے والا۔ گھڑا بیچنے والا۔ جیش جرار: بہت بڑا لشکر عوام چھوٹی صندوقچی کے لیے لفظ جرَّار کو استعمال کرتے ہیں جو کھینچنے سے کھلتی ہو۔
الجَرَّارَة: زرد رنگ کا بچھو جو دم کو گھسیٹتا چلتا ہے۔
المَجَرُّ: پانی بہنے کی جگہ۔ شہتیر۔
المَجَرَّة: کہکشاں۔ عوام اس کو "درب التبانہ" کہتے ہیں۔
جَرُؤ (ک) جَرَاءَةً وجُرْأَةً وجُرَةً وجَرَائِيَةً. عليه: دلیری کرنا۔ صفت (جَرِي) ج اَجْرَاء واَجْرِيَاء.
جَرَّأَهٗ تَجْرِيْئًا: جرأت دلانا۔ دلیر بنانا۔
اِجْتَرَأَ: دلیر ہو جانا۔
اِسْتَجْرَأَ بتکلف جرأت دکھلانا۔
الجَرِيْئَة: درندوں کے شکار کرنے کا مکان۔ ج الجَرائی.
الجِرِّيْئَة: پوٹا۔ حلق۔
جَرِبَ (س) جَرَبًا: خارش والا ہونا۔ صفت (جَرِب وجَرْبَان واَجْرَب) ج جِرَاب وجَرْبِي واَجَارِب وجُرْب. جَرِبَ السيفُ: زنگ آلود ہونا۔
جَرَّبَهٗ تَجْرِيْبًا وتَجْرِبَةً: آزمانا۔
اَجْرَبَ القومُ: قوم کے اونٹوں میں خارش پھیلنا۔ کھجلی میں مبتلا کرنا۔
الجَرَب: عیب۔ برائی۔ تلوار کا زنگ۔
الجَرْبَاء: اجرب کا مؤنث۔ قحط زدہ زمین۔ ستاروں بھرا آسمان۔
الجِرَاب: تلوار کا میان۔ چمڑے کا برتن۔ کنوئیں کا جوف۔ خصیتین کی تھیلی۔ ج اَجْرِبَة وجُرُبٌ وجُرْبٌ.
الجَرَاب: خالی کشتی۔
الجِرِبَّة: سخت وقوی افراد (انسان ہو یا حیوان) کھاؤ اور نکمے اہل وعیال۔
الجِرْبِيَاء: شمالی ہوا یا اس کی ٹھنڈک
الجِرِبَّان والجُرُبَّان. من السيف: میان پر تلہ۔ دھار من القميص: گریبان۔
المُجَرَّب: آزمودہ۔ دراهم مجرّبة: کھرے دراہم۔
اَلْجُرَّۃُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ کرنے والی قوم۔
جَرْبَارَۃُ: پھولوں کی ایک قسم۔
جَرْبِيَّۃ: پھولوں کی ایک قسم۔
الجَوْرَب: پائتابہ (فارسية) ج جَوَارِب وجَوَارِبَة.
جَوْرَبَهٗ: پائتابہ پہنانا۔
تَجَوْرَبَ: پائتابہ پہننا۔
الجِرِّيث: ایک قسم کی مچھلی۔ مارماہی۔
تَجَرْثَمَ واِجْرَنْثَمَ: اوپر سے نیچے گرنا اور سکڑ کر زمین پر آرہنا۔ اِجْرَنْثَمَ: چمٹ کے رہ جانا۔
الجُرْثُوم والجُرْثُوْمَة. من الشيء: جڑ۔ یا درخت کی جڑ میں جمع شدہ مٹی۔ ج جَرَاثِيْم.
جُرْثُومة النمل: چیونٹیوں کی بستی۔ اور عصری زبان میں "جراثیم" (Grms) کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
جَرِجَ (س) جَرَجًا. الخاتمُ في اصبعه: ڈھیلی ہونے سے حرکت کرنا۔ صفت (جَرِج) الرجل: سخت زمین میں چلنا۔
الجَرَج: سخت زمین۔
الجُرْجة: توشہ رکھنے کا تھیلا۔ خرجی۔ ج جُرَج.
جَرْجَرَ. الجملُ: بلبلانا۔ الماء في حلقه: گڑگڑ کرنا۔ (وتَجَرْجَر) الماءَ: غٹ غٹ پینا۔

الجَرْجَر: غلّہ کی دائیں کرنے کا آہنی آلہ۔ حلق۔ جَراجِر

الجِرْجِر وَالجَرْجَر: لوبیا۔ چنا۔

الجَرْجارة: چلی۔

الجِرْجِير: ایک قسم کی ترکاری جو پانی میں پیدا ہوتی ہے۔

جَرَحَ(ف) جَرْحًا: زخمی کرنا ٥ بلسانہ: عیب لگانا۔ مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "جرح الشهادةَ" اس نے گواہی کو باطل کر دیا الرجلُ: کمانا۔ صفت (جارِح) اور اسی سے ہے "مَالَهُ جارِحةٌ" اس کے لیے کوئی کمانے والا نہیں۔

جَرِحَ(س) جَرْحًا: زخمی ہونا۔

جَرَّحَهُ: بہت زخمی کرنا۔ جَرَّحَ الشهادةَ: رد کرنا۔

اِجْتَرَحَ. الشَّئَ: کمانا۔ الْاِثْمَ: ارتکاب کرنا۔

اِسْتَجْرَحَ. الشئُ: فاسد ہونا۔

الجُرْح: زخم ج جُرُوح وَاَجْرَاح.

الجُرْحَة: جس چیز سے مخالف کی گواہی یا دلیل مجروح کی جائے۔

الجِرَاحة: زخم۔ ج جِرَاح وجِرَاحَات: جراح کا پیشہ۔ گناہ۔

الجَرَّاح وَالجِرَاحِيّ: زخموں کا علاج کرنے والا۔ سرجن۔

الجَارِحَة: جارح کا مؤنث۔ چھری۔ شکاری درندہ یا پرندہ یا کتا۔ عضوِ انسانی خصوصًا ہاتھ ج جَوَارِح. جَوَارِحُ النهار: کنایہ ہے مصائب سے۔ اور اسی سے ہے "نَعُوذُ باللّٰهِ مِنْ طَوَارِقِ اللیل وَجَوَارِحِ النَّهارِ" ہم دن اور رات کے مصائب سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔ "الجَوَارِحُ مِنَ الطَّیْرِ" شکاری پرندے۔

المَجْرُوح. ج مَجَارِيح و (الجَرِيح) ج جَرْحى: زخمی۔

جَرَدَ(ن) جَرْدًا وجَرَّدَ. العودَ: چھیلنا الجلدَ: بال اتارنا السیفَ: ننگی کرنا القحطُ الارضَ: چٹیل کر دینا۔ جَرَّدَهُ مِنْ ثوبه وجَرَّدَهُ ثَوْبَهُ: ننگا کرنا۔ جَرَّدَ الکتابَ: اعراب نہ لگانا۔ جَرَّدَ الجَرِيْدَةَ: چھینک دینا۔

جَرِدَ(س) جَرَدًا: چٹیل ہونا۔ ننگا ہونا المكانُ: ٹڈی زدہ ہونا الفرسُ: چھوٹے بال والا ہونا۔

جُرِدَتِ. الارضُ: ٹڈیوں کے کھانے سے صاف ہو جانا۔

تَجَرَّدَ: ننگا ہونا الامرِ: تمام کاموں سے فارغ ہو کر مشغول ہونا اور کوشش کرنا الفرسُ: گھوڑدوڑ میں آگے بڑھ جانا۔

اِنْجَرَدَ: ننگا ہونا بنا السیرُ: بغیر دوسری طرف التفات کیے ہوئے چلتے رہنا الثوبُ: گھسنا اور بوسیدہ ہونا۔

اِجْتَرَدَ. القطنَ: دُھننا۔

الجَرْد. مص مکان جَرْدٌ: بغیر نباتات والی جگہ۔ الثوبُ الجَرْد: پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ڈھال۔ مال کا بقیہ ج جُرُود

الجَرَد والجَرِد: بغیر نباتات والی جگہ۔

الجَرَد: بال کا چھوٹا ہونا۔

الجُرْدَة: برہنگی۔

الجُرْدَة: پرانا بوسیدہ کپڑا۔

الجَرَاد: ٹڈی۔ واحد۔ جَرادَة

الجُرَادة: لکڑی کا چھلکا۔

الجَرِيد: کھجور کی ٹہنی جو پتوں سے صاف کر لی گئی ہو۔ واحد جَرِيْدَة

الجَرِيْدَة: سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں۔ مال کا بقیہ۔ رجسٹر۔ اخبار۔ ج جَرائِد.

الاَجْرَد: بغیر نباتات والی زمین۔ بے بال۔ چھوٹے بالوں والا۔ مؤنث جَرْداء. ج جُرْد. الاَجْرد من الخیلِ: گھڑدوڑ میں آگے رہنے والا گھوڑا۔ لَبَنٌ اَجْرَد: بے جھاگ کا دودھ۔ صَخْرَةٌ جَرْداء: صاف چکنی چٹان۔ خَمْرَةٌ جَرْداء: شراب صافی۔ والجَرْد: سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "ما رَأَيْتُه مُنْذُ اَجْرَدَيْنِ" میں نے اس کو پورے دو دن یا دو مہینے یا دو سال سے نہیں دیکھا و "شَهْرٌ اَجْرَدَ" پورا مہینہ۔

سَنَةٌ جارُوْد وجارُوْدَة: سخت قحط والا سال۔

اَلتَّجْرِيْد: نحویوں کے نزدیک کلمات کو لفظی عامل سے خالی کرنا جیسے زید قام اور صرفیوں کے نزدیک زائد حروف سے خالی کرنا جیسے قام زید۔

التَّجْرِيْدَة: فوج کا دستہ۔

المِجْرَد: دانتوں کے صاف کرنے کا برش۔ روئی دھنے کا آلہ۔

الجَرَّاد: تانبے وغیرہ کے برتنوں کی کھائی کرنے والا۔ قلعی گر۔

المُنْجَرِد: چھوٹے بالوں والا۔

الجَرْدَق والجَرْدَقة: روٹی۔ ج جَرادِق.

الجَرْدَم: سبز سر والی سیاہ ٹڈی۔ نر بہت بولنے والا۔

جَرَذَ(ن) جَرْذًا. الجرحُ: زخم کا بستہ ہو کر سوجنا۔

جَرَّذَ. الشجرةَ: ٹہنیاں اتارنا۔

اَجْرَذَهُ: نکالنا۔ علیحدہ کرنا ٥ الیہ: مجبور کرنا۔

الجَرَذ: جانور کے کوچ کا ورم۔

الجُرَذ: ایک قسم کا چوہا۔ ج جِرْذان. کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَتْ جِرْذَانُ بَيْتِهِ" اس کے گھر میں چوہے قلابازی کھا رہے ہیں۔

ارض (جَرِذَة): بہت چوہوں والی زمین۔

المُجَرَّذ: آزمودہ کار۔

الاَجْرَذ: وہ شخص جو چلنے میں قدم کا اگلا حصہ قریب قریب رکھے اور ایڑی دور دور۔

جَرَزَ(ن) جَرْزًا: کاٹنا۔ جڑ سے اکھیڑنا ٥ الزمانُ: ہلاک کرنا ٥ بالشتم: گالی دینا۔ کہا جاتا ہے "جَرَزَ ماعلَی المائدة" دستر خوان کا سب کچھ صاف کر گیا۔

جَرُزَ(ک) جَرَازَةً: پیٹو ہونا۔

جَرِزَتِ(س) جَرَزًا. الارضُ: بنجر ہونا۔ صفت (جارِزَة) ج جَوارِز.

جارَزَهٗ جِرَازًا ومُجارَزَةً: گالی کے مشابہ خوش طبعی کرنا۔
اَجْرَزَ. البَعِيْرُ: لاغر ہونا المكانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت (مُجْرِاز)
تجارَزَ. القومُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
الارض (الجَرْز والجَرَز والجُرُز): بنجر زمین۔ زمین جس کی گھاس چرلی گئی ہو۔ ج اَجْرَاز کہا جاتا ہے "اَرْضٌ جَرْزٌ وَارضٌ اَجْرَازٌ واَرَضُوْنَ اَجْرَازٌ"
اَلجِرْز: عورتوں کا ایک لباس۔
الجُرْز: لوہے یا چاندی کا ستون۔ ج اَجْرَاز وجِرَزَة. کہا جاتا ہے "طَوَتِ الحَيَّةُ اَجْرَازَها" سانپ کنڈلی مار کے بیٹھ گیا۔ "وطَوىٰ فلانٌ اَجْرَازَهٗ" فلاں نے سستی کی۔
الجَرَز: خشک سال۔ جسم۔ انسان کا سینہ۔ اُونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔
الجَرْزَة: ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَماهُ اللّٰهُ بِجَرْزَةٍ" اللہ اس کو ہلاک کرے۔
الجُرْزَة: گٹھا۔ بنڈل۔ ج جُرَز.
الجُرَاز: شمشیر براں۔
الجَرُوْز: بہت کھانے والا جو دستر خوان کو صاف کردے۔
المَجْرُوْز. من الامكنة: نبات بریدہ جگہ۔
جَرَسَ (ض) جَرْسًا: بولنا۔ آواز سنانا الكلامَ: ترنم سے پڑھنا الشيءَ: زبان سے چاٹنا۔
اَجْرَسَ: الطّائِرُ: اُڑنے میں سرسراہٹ کی آواز سنائی دینا الحادی: حدی گانا الجرسَ: بجانا (والجرسَ) الحلیُ: جھنکار ہونا۔ بجنا۔
جَرَّسَهٗ. الدهرُ: تجربہ کار بنانا۔ جَرَّسَ بهم: بدنام کرنا۔
تَجَرَّسَ: بولنا۔ گفتگو کرنا۔ نغمہ سرائی کرنا۔
اِجْتَرَسَ. المالَ: کمانا۔
الجَرْس والجِرْس: آواز۔ آہستہ آواز۔
الجِرس: اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ خَيْرِ جِرْسٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔ ج اَجْرَاس.
الجَرَس: گھنٹہ۔ گھڑیال۔ ج اَجْرَاس.
ذات الاَجْرَاس: ایک قسم کا سانپ جس کی آواز گھنٹہ کی مانند ہوتی ہے۔
الجَارِسَة: گھاس کھانے والا کیڑا۔ ج جَوَارِس
الجَوَارِس: شہد کی مکھیاں۔
الجُرْسَة: آزمودہ کاری۔
المُجَرَّس: تجربہ کار۔ کہا جاتا ہے "ناقة مجرَّسة" سدھائی ہوئی اُونٹنی۔
جُرَاسِيْس: سفید یا بنفشی پھولوں والا پودا زیادہ تر زیب وزینت کے لئے بویا جاتا ہے۔
جَرَشَ (ن) جَرْشًا. الحَبَّ والقمحَ: دلنا۔ (وجَرَّشَ) الراسَ: کھجلا کر بھوسی نکالنا۔
اِجْتَرَشَ. لعياله: کمائی کرنا الشَّيْءَ: اُچک لینا۔
الجَارُوْش والجَارُوْشة: غلّہ دلنے کی چکی۔ ج جَوَارِيش.
الجَرْش. مص۔ سانپ کے کینچلی سے نکلنے کی آواز۔
والجِرْش والجُرْش والجُرُش. مِنَ الليل: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "مضى جرش من الليل" رات کا ایک حصہ گذر گیا۔ ج اَجْرَاش وجُرُوْش.
جَرَاشَة. الحَبِّ: دلا ہوا غلّہ۔ سر کی بھوسی۔
الجَوَارِش: جوارش۔ (دوا)
الجَرِيْش والمَجْرُوْش: دلا ہوا۔
جَرِضَ (س) جَرَضًا. بريقه: فکر یا غم کی وجہ سے مشکل سے تھوک نگلنا رِيْقَه: یکبار کی نگل لینا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ يَجْرَضُ عليك رِيْقَه غَيْظًا" یعنی فلاں تمہارے اوپر دانت پیس رہا ہے۔
جَرَضَه (ن) جَرْضًا: گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "هو يَجْرِضُ نفسه" وہ مرنے والا ہے۔
اَجْرَضَهٗ. بريقه: اچھو لگوانا۔
الجَرَض والجَرِيْض: تھوک جس سے پھندا لگ جائے۔ اور اسی سے مثل ہے "حالَ الجَرِيضُ دُوْنَ القَرِيْضِ" شعر کہنے سے شدید غم نے روک دیا۔
الجَرِيْض: غمگین۔ ج جَرْضىٰ: اور کہا جاتا ہے "فَلَتَ فلانٌ جَرِيْضًا" فلاں مرنے ہی والا ہے۔
الجِرَّاض والجِرْيَاض والجِرْآض: بہت غمگین۔
الجُرْضُم والجُرَاضِم والجِرْضَمُّ: بہت کھانے والا۔ ناقة (جِرْضِمٌ وجِرْضَمٌّ) موٹی تازی اُونٹنی۔
جَرَعَ (ف) جَرْعًا وجَرِعَ (س) جَرَعًا واجْتَرَعَ اِجْتِرَاعًا. الماءَ: یکبار گی پی لینا۔
جَرَّعَهٗ. الماءَ: ایک ایک گھونٹ کر کے پلانا۔
تَجَرَّعَ. الماءَ: تھوڑا تھوڑا پینا الغيظَ: غصہ پی جانا۔
اَجْرَعَتِ. النّاقةُ: کم دودھ والی ہونا۔ صفت (مُجْرِع) ج مَجَارِع ومَجَارِيْع)
الجُرْعَة والجَرْعَة والجِرْعَة: گھونٹ۔
الجَرَعَة. ج جَرَع وجِرْعَان و (الجَرْعاء) ج جَرْعَاوَات و (الاَجْرَع) ج اَجَارِع: ہموار ریتلا میدان جس میں کچھ نہ اُگے۔
جَرَفَ (ن) جَرْفًا وجَرَّفَ وتَجَرَّفَ واجْتَرَفَ. الشَّيْءَ: کل یا اکثر حصہ کو لے جانا الطينَ: کھرچ لے جانا۔
اَجْرَفَ: الرّاعِيُ اِبِلَهٗ: اونٹ چرانا۔ اَلجَرْف: چارہ
اَجْرَفَ. المكانُ: سیلاب زدہ ہونا۔
الجَرْف. مص۔ بہت مال (مویشی چاندی سونا وغیرہ۔ سرسبزی۔ وہ داغ جو اُونٹ کی ران یا بدن پر لگایا جاتا ہے۔
الجُرُف. ج جِرَفة و (الجُرْف) ج

اَجْرَف: دریا کے کنارے کا وہ حصہ جس کو پانی نے کھوکھلا کر دیا ہو۔ اور اسی سے ہے "فلان یَبْنِی عَلٰی جُرُفٍ ہارٍ لَایَدْرِیْ مالَیْلٌ مِنْ نَہارٍ" فلاں دریا کے گرتے ہوئے کنارے پر گھر بناتا ہے اور اسے لیل و نہار کی تمیز نہیں۔

الجُراف. من السیل: تمام چیزوں کو بہا لے جانے والا سیلاب۔ اور کہا جاتا ہے "رجلٌ جُراف" تمام کھانا کھا جانے والا امرد۔

(والجِراب) ایک قسم کا پیمانہ۔

الجارِف. فا. طاعون. عام تباہ کن موت (چاہے انسان کی ہو یا مویشی کی)

الجارُوْف: بہت کھانے والا۔ تیز بہا لے جانے والا۔ منحوس۔ مؤنث جارُوْفَة.

الجَرَّاف: بہت تیز بہا لے جانے والا۔

المُجرَّف والمُجترَف: وہ شخص جس کا تمام مال برباد ہو گیا ہو۔

المِجرَف والمِجرَفة: بیلچہ۔ پھاوڑہ۔

جَرْفَسَهٗ: پچھاڑنا الشَّئَ: بہت حرص سے کھانا۔

جَرِل (س) جَرَلًا. المکانُ: سخت اور پتھریلی ہونا۔

الجَرَل: سخت اور پتھریلی زمین ج اَجْرال.

الجَرْوَل: پتھریلی زمین۔ ج جَراوِل.

الجِرْیَال والجِرْیَالة: شراب یا اس کا رنگ۔

جَرَم(ض) جَرْمًا. الشَّئَ: کاٹنا۔ پورا کرنا الناقة: اُون کترنا (جَرمًا وجَرامًا وجِرامًا) النخلَ: کھجوریں کاٹنا۔

جَرَم(ن) جَرْمًا واجترَم. لاهله: کمانا۔

جَرَم (ض) جَرِیمةً واَجرَم واجتَرَم. الیه وعلیه: گناہ کرنا۔

جَرِم (س) جَرَمًا: گری ہوئی کھجوریں کھانا۔

لونُه: صاف ہونا۔

جَرُم (ک) جَریمةً: عظیم الجرم ہونا۔ بڑا گناہ کرنا۔

جَرَّمَه: کاٹنا۔

جَرَّمَهٗ وتَجرَّم. علیه: گناہ کی تہمت لگانا۔

تَجرَّمَ الزمانُ او الشتاءُ: ختم ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "عامٌ مُجرَّم" پورا سال۔

الجَرْم. مص. (والجُرْم) گناہ۔ ج جُرُوم واَجْرام. اور کہا جاتا ہے "لَاجَرَمَ ولا جُرْمَ" یعنی ضروری یقیناً۔ اور کبھی قسم کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے "لا جَرَمَ لَا فْعَلَنَّ کَذَا" میں بخدا ایسا کروں گا۔

الجَرْم. س: ڈونگی۔ گرم ملک۔ ج جُرُوم.

الجُرُوْم: گرم ممالک۔ اس کے مقابلہ میں "الصُرود" ہے یعنی سرد ممالک۔

الجِرْم: جسم۔ رنگ۔ باصطلاح فلسفہ ستارہ و آسمان۔ ج اجرامٌ وجُرُمٌ وجُرُوم.

الجَرَام والجُرَام والجَرِیْم: خشک کھجور۔ چھوہارہ۔

الجَرِیْم: بڑے جسم والا۔ گنہگار۔ مؤنث جَرِیْمَة ج جِرام.

الجَرِیْمَة: جرم۔ گناہ۔ گٹھلی۔ شجر جَرِیْمة: کٹا ہوا درخت۔ الجَرِیْمة: آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے۔ "هو جَرِیْمَة اهله" وہ اپنے اہل کے لیے کمانے والا ہے "والعقاب جَرِیْمَةُ فَرخِها" عقاب اپنے بچوں کی خوراک لانے والا ہے۔

جَرْمَزَ واجرَمَّزَ. الرَّجلُ: سمٹنا۔ لوٹنا۔ بھاگنا۔ جواب میں غلطی کرنا۔

الجَرَامِیز من الحیوان: جانور کی ٹانگیں۔ کہا جاتا ہے۔ "ضَمَّ الثورُ جَرامِیزہ" بیل نے اپنی ٹانگیں سمیٹ لیں۔ "واَخَذه بجرامیزہ" اس نے سب لے لیا۔

الجُرْمُوْق: موزہ۔ وہ چیز جو موزہ کے اوپر اس کی حفاظت کے لیے پہنی جاتی ہے۔ عوام اس کو "کالوش" کہتے ہیں۔

جَرَن(ن) جُرُوْنًا. الثوب: بوسیدہ و نرم ہونا علی الامر: خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَرَنَتْ یدُہ علی العَمَلِ" اس کا ہاتھ کام میں مشاق ہو گیا۔

جَرْنًا. الحَبَّ: پیسنا۔

اَجْرَنَ. الحبَّ: کھلیان میں جمع کرنا۔

اِجْتَرَنَ: کھلیان بنانا۔

الجارِن: سانپ کا بچہ۔ مٹے ہوئے نشان والا راستہ من المتاع: استعمال شدہ بوسیدہ سامان۔ سقاءٌ جارِنٌ: سخت چمڑے والی مشک۔ دِرعٌ جارِنَة: نرم زرہ۔ ج جَوارِن و جارِنات.

الجُرْن: پانی وغیرہ کے لیے کھدا ہوا پتھر۔ ج اَجْران وجِران. (والجَرِیْن) ج جُرُن: کھلیان کھجور وغیرہ خشک کرنے کی جگہ۔

الجِرَان. من البَعیر: اونٹ کی گردن کا اگلا حصہ۔ ج جُرُن واَجْرِنَة اور کہا جاتا ہے "اَلْقَی البَعیرُ جِرانَه" یعنی اونٹ بیٹھ گیا۔ "والقی فُلانٌ علی هذا الامرِ جِرانه" یعنی فلاں نے اس مقصد پر اپنی نظر جمادی۔ "و ضَرَبَ الاِسْلامُ بجِرانِه" اسلام نے جڑ پکڑلی۔ "وضَرَبَ اللیلُ بجِرانِه" رات آ گئی "والقی عَلَیْه جِرانَه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔

المِجْرَن: کھلیان۔ رجل مِجْرَن: بہت کھانے والا امرد۔

المُجَرَّن. من السِّیاط: نرم اور چکنا کوڑا۔

جَرَّہٗ تَجْرِیْهًا. الامرَ: ظاہر و آشکارا کرنا۔

تَجَرَّہَ. الامرُ: ظاہر و آشکارا ہونا۔

الجَراهِیَة: ظاہر و آشکارا۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ جَراهِیَةَ القومِ" میں نے قوم کی چیخ پکار سنی۔

جَرْهَدَ واجرَهَدَّ. فی السیر: تیز چلنا۔

الجَرْهَد والجُرْهُد: پھرتیلا چلنے والا۔

اَجْرَتْ اِجْراءً. الکلبةُ: پلوں والی ہونا۔

الجَرْو. بتثلیث الجیم: ہر چھوٹی چیز یہاں تک کہ انار اور خربزہ بھی۔ اور عموماً کتے اور شیر کے بچہ کے لیے مستعمل ہے۔ ج جِراء واَجْرٍ و جمع اَجْرِیَة.

الجَرْوَة: بتثلیث الجیم: جرو کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ علی الامرِ جروته" اس نے اس کام میں صبر و استقلال سے کام لیا۔

"وضرب جروته عنه" اس نے صبر کر لیا۔

کلبة (مُجْرٍ و مُجْرِیَة) پلوں والی کتیا۔

جَرَیٰ (ض) جَرْیًا وجَرَیَانًا وجِرْیَةً. الماءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ کہا جاتا ہے "نَهْرٌ سَرِیْعُ الجِرْیَةِ" تیز بہنے والی ندی الفرسُ: دوڑنا الامرُ: واقع ہونا الی الشَّیٔ: قصد و ارادہ کرنا۔

اَجْرَی الْکَلِمَةَ: کلمہ کو منصرف بنانا۔

جَرَّیٰ واَجْرَیٰ. الماءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔

اَجْرَیٰ له الحِسَابَ: کسی کا حساب درج رجسٹر کرنا علیه الحساب: کسی کے ذمہ بقایا نکالنا۔

جَرَّیٰ فلانًا: وکیل بنا کر بھیجنا۔ اَجْرَیٰ الامرَ: نافذ کرنا۔ جاری کرنا۔ اَجْرَیٰ الامرَ الی فلان: سپرد کرنا یا نسبت کرنا۔ اَجْرَیٰ الی الشَّیٔءِ: قصد و ارادہ کرنا۔ اجری علیه الرزقَ: جاری کرنا۔ معین کرنا۔

اَجْرَیٰ الْقِصَاصَ: قصاص لینا۔ اجری الکلمةَ: منصرف کر دینا۔

جَارَاہ: کسی کے ساتھ چلنا (تَجَارَیَا) ساتھ ساتھ دوڑنا۔ چلنا۔ کہا جاتا ہے "الدینُ والرهْنُ یتجاریان" قرض اور رہن ایک ہی طرح کے ہیں۔ جَارَیٰ فی الامرِ: موافقت کرنا۔

اِستَجْرَیٰ. فلانًا: کسی سے دوڑنے یا چلنے کے لئے کہنا۔ وکیل بنانا۔

الجَرِی: وکیل۔ پیغامبر۔ مزدور۔ ضامن۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جَرِیٌّ لَهُ" وہ اس کا ضامن ہے ج اَجْرِیَاء. کہا جاتا ہے "من جَرَاكَ او من جَرَائِكَ" یعنی تمہاری وجہ سے۔

الجِرَایَة: وظیفہ۔ فوجی کا روزینہ الجَرَاء والجِرَاء: جوانی۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَة بَیِّنَة الجَرَایَة" اچھی جوان لڑکی۔

الجَرَایَة والجِرَایَة: وکالت۔

الاِجْرِیَا والاِجْرِیَّاء: کام کا طریقہ۔ خلق۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "جَرَیٰ علیٰ اَجْرِیَّاه واَجْرِیَّانِه" وہ اپنی فطرت پر چلا۔

الجِرِّیُّ والجِرِّیت: ایک قسم کی مچھلی۔ مار ماہی۔ بام۔

الجَرِیَّة: پوٹا۔

الْجَارِی: ترکی رسم الخط کی ایک قسم جو کہ خط ثلث دیوانی اور تعلیق سے لیا گیا۔

الجَارِی. فا "نهر جارٍ" وہ دریا جو خشک نہ ہو۔

الجَارِیَةُ. الجاری کا مؤنث۔ بچی۔ باندی۔ آفتاب۔ کشتی۔ سانپ۔ ج جَارِیَات و جَوَارٍ.

المَجْرَیٰ: پانی بہنے کی جگہ۔ گذرگاہ۔ ج مَجَارٍ.

المَاجَرِیَات: واقعات و حوادث۔ جَرَیٰ مَاجَرَیٰ سے ماخوذ ہے۔ کہا جاتا ہے۔ کانت بَیْنَهُمْ مُناظرات وماجَرَیات یطول شرحها"

جَزَّ (ن) جَزًّا وجَزَّزَ واجتَزَّ. الصوفَ او العشبَ او النخلَ: کاٹنا۔

جَزَّ واَجَزَّ واستَجَزَّ. الغنمُ او البُرُّ او النخلةُ: کترنے یا کاٹنے کا وقت قریب آنا۔

اَجَزَّ التمرُ: خشک ہونا۔ اَجَزَّ القَوْمُ: کتری ہوئی بھیڑوں والی یا کٹی ہوئی کھیتی والی ہونا۔

الجِزَّة: کتری ہوئی اُون۔ ج جِزَز و جَزَائِز.

الجَزَز: غیر مستعمل اُون۔

الجُزَاز والجُزَازَة: اُون کا وہ حصہ جو کاٹتے وقت زمین پر گرے۔ جُزَازٌ من اللیل: رات کا ایک حصہ۔

الجَزَاز والجِزَاز: کھیت کی کٹائی۔ کترنے یا کاٹنے کا وقت۔

الجَزُوزَة. من الغنم: بھیڑ جو کتری جائے ج جُزُز.

الجَزِیز: کترا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

الجَزِیزَة: اُون کا گچھا۔

الجَزَّاز: کترنے یا کاٹنے والا۔

المِجَزّ: کترنی۔ قینچی۔

جَزَأَ (ف) جَزْءًا. الشَّیٔ: اجزاء میں تقسیم کرنا۔ ایک جزء لینا۔ (وتَجَزَّأَ واجْتَزَأَ) بالشَّیٔءِ: اکتفاء کرنا۔

جَزَّأَ تَجْزِئَةً وتَجْزِیْئًا. الشَّیٔ: تقسیم کرنا۔ (جَزَّأَہ واَجْزَأَہ) بالشَّیٔءِ: قانع بنانا۔ کہا جاتا ہے "جَزَأَ المَاشِیَةَ بالرَّطْبِ عن الماءِ" جانور کو تر گھاس کھلائی اور پانی پلانے کی ضرورت نہیں ہوئی۔ اَجْزَأَ عنه: مستغنی ہونا۔

تَجَزَّأَ. تقسیم ہونا۔

الجَزْء. بعض۔ کفایت۔ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ فی هذا غَناءٌ و جَزْءٌ" تمہارے لیے اتنا بس ہے۔

الجُزْء. چیز کا ایک حصہ۔ ج اَجْزَاء اور اسی معنی میں جزء و جزاء بھی ہے۔

الْجُزئِی: جزء کی جانب منسوب۔ کلی کی ضد۔

الجُزئِیَّة: ضد کلیت۔ ج جزئیات.

الجُزْأَة: چھری۔ ستالی وغیرہ کا دستہ۔

المَجْزَأ والمَجْزَأَة والمُجْزَأ والمُجْزَأَة: کسی چیز کا اتنا حصہ جو کافی ہو۔ کہا جاتا ہے "اَجْزَأَ مَجْزَأ فلان ومَجْزَأَه ومَجْزَأَته ومُجْزَأَته" وہ فلاں کا قائم مقام ہوا۔

الجَزِئُ والمُجْزِئُ. من الطعام: آسودہ کرنے والا۔

الجَوَازِی: نیل گائے جو صرف گھاس چرتی ہے اور زیادہ پانی کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔

جَزَحَ (ف) جَزْحًا. لهُ من المال: حصہ دینا الرَّجُلُ: اپنے کام کے لیے جانا الظباءُ: اپنی جھاڑی میں داخل ہونا۔

الجَزْح. عطیہ۔

الجُزْدَان: جزودان. بستہ۔ تھیلی۔

جَزَرَ (ن ض) جَزْرًا وجَزَرًا وجِزَارًا واجتَزَرَ. الشاةَ: ذبح کرنا۔ جَزَرَ النخلةَ جزرًا: کاٹنا۔

جَزَرَ (ن ض) جَزْرًا. البحرُ: سمندر کا پیچھے ہٹنا الماءُ: خشک یا کم ہو جانا۔

أجْزَرَ. النخلُ: کاٹنے کا وقت آنا۔ **الشیخ:** مرنے کاوقت آنا۔**فلانًا:** ذبح کرنے کے لیے بکری دینا۔

تَجَازَرَا: باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَجَزَّرُوْهم واجْتَزَرُوْهم. فی القتال: میدانِ جنگ میں دشمن کو درندوں کی خوراک بنادینا۔

الجَزْر. مص۔: ذبح کرنا۔ بھاٹا۔ سمندر کے پانی کا اُتار۔

الجَزَر: ہر وہ جانور جس کا ذبح کرنا جائز ہو۔ واحد **جَزَرَة.** ذبیحہ. **جزر السباع:** وہ گوشت جس کو درندے کھائیں۔ کہا جاتا ہے۔ "**تركوهم جَزَرًا**" یعنی انہوں نے ان کو صحرا میں قتل کردیا۔**الجَزَر:** وہ زمین جہاں سے مد(جوار) لوٹے۔و (**الجزر**) گاجر۔

الجَزَّار والجزير: ذبح کرنے والا۔

الجَزُوْر: ذبح کے لیے اُونٹنی یا بکری۔ ج **جُزُر و جَزُوْرات وجَزَائِر.**

الجُزَارَة: ذبح کیے ہوئے جانور کے اطراف (یعنی سری پائے) اس لیے کہ ذبح کرنے والا ان کو ذبح کرنے کی اُجرت میں لیتا ہے۔ وہ چیز جس کو ذبح کرنے والا ذبح کی اُجرت میں لے۔

الجِزَارَة: ذبح کرنے کا پیشہ۔

الجَزِيرَة. ج **جَزَائِر وجُزُز وجُزُر:** زمین کا وہ حصہ جس کے چاروں طرف پانی ہو، دوآبہ کے ممالک **جزيرة العرب:** ملک عرب۔ (اور یہ فی الحقیقت جزیرہ نما ہے۔

الجَزَائِر: شمالی افریقہ میں ایک ملک کا نام۔

الجَزَائِر الخالدات: بحر محیط (اٹلانٹک) کے مغربی حصہ میں چھ جزیرے۔

المَجْزِر: مذبح. بوچڑ خانہ۔ عوام اس کو **مَسْلَخ:** کہتے ہیں۔

جَزَعَ (ف)**جَزْعًا. الوادی:** پار کرلیا۔ **مِنْ مَالِهٖ جِزْعَةً:** ایک حصہ دینا۔

جَزِعَ (س)**جَزَعًا وجُزُوْعًا. منه:** بے صبری کرنا۔**علیه:** ڈرنا۔ صفت(**جَزِعٌ وجَازِعٌ وجَزُعٌ وجَزَاعٌ وجُزُوْعٌ**)

جَزَّعَهُ: تسلی دینا۔ بے صبری زائل کرنا۔

جَزَّعَ الشیٔ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ **الحوضُ:** تھوڑے پانی والا ہونا۔

أجْزَعَهُ: گھبرادینا۔(**أجْزَعَ منه جِزْعَةً:** ایک حصہ باقی چھوڑدینا۔

اِنْجَزَعَ وتَجَزَّعَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ ٹوٹنا۔

اِجْتَزَعَهُ: کاٹنا۔ توڑنا۔

الجَازِع. فا. ہر وہ لکڑی جس کو دو چیزوں کے درمیان عرض میں نصب کر کے اس پر کوئی چیز رکھیں۔ مؤنث **جَازِعَة.**

الجَزْع. مص: مہرہ جس میں سفیدی وسیاہی ہوتی ہے۔ واحد **جَزْعَة.**

الجِزْع: لوگوں کے رہنے کی جگہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔**جِزْعُ الوادی:** وادی کا موڑ ج **أجْزَاع.**

الجُزْع والجِزْع: رہٹ کا دُھرا۔

الجِزْعَة والجُزْعَة: تھوڑی چیز۔ بقیہ۔ ج **جِزَع. الجُزْعة:** چھری کا دستہ۔

الجَزِيعَة: بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ ج **جَزَائِع.**

المِجْزَاع: بہت بے صبر۔ ج **مَجَازِيع.**

المُجَزَّع والمُجَزِّع. من الرُّطَب: نیم پختہ کھجور۔ وہ چیز جس میں سفیدی وسیاہی ہو۔ **حوضٌ مجزَّعٌ:** تھوڑے پانی والا حوض۔

جَزَفَ (ن)**جَزْفًا واجْتَزَفَ. الشیٔ:** اٹکل سے بیچنا یا خریدنا۔و (**المجزاف**) بتثلیث الجیم و (**الجِزْيَف**) اٹکل کی بیع۔ کہا جاتا ہے "**بيع جزيف وبيع جُزَاف**"

جَازَفَه مُجَازَفَةً: اٹکل سے خرید وفروخت کرنا۔ اور اسی سے ہے "**جازف فِي كلامه**": اس نے بے تکی باتیں کیں۔ **جَازَفَ بنفسه:** اپنے آپ کو خطرہ میں ڈال دینا۔

الجَزْفَة: چوپایوں کا گلہ۔

الجَزَّاف. شکاری۔

الجَزُوْف. من الحوامل: حد ولادت سے گزرنے والی۔

المِجْزَفَة: مچھلی کا جال۔

جَزُلَ (ک)**جَزَالَةً. الشیٔة:** بڑا ہونا۔ موٹا ہونا۔ **المنطق:** فصیح ہونا۔ صفت(**جَزْل**) ج **جِزَال** و (**جَزِيْل**) ج **أجْزَال وجِزَال**

الرَّجُل: صائب الرائے ہونا۔

جَزَلَ (ض)**جَزْلًا. الشیٔ:** دو ٹکڑے کرنا **القتبُ غارِبَ البعیرِ:** کاٹا دینا۔ زخمی کر دینا۔

أجْزَلَ. العطاءَ وفی العطاءِ ومن العطاءِ لفلان وعليه: بہت دینا۔

اِسْتَجْزَلَهُ: کسی چیز کو بڑا یا موٹا یا کسی کلام کو فصیح پانا۔ **اِسْتَجْزَلَ رایَه:** کسی کو صائب الرائے پانا۔

الجَزْل. مص: موٹا۔ بڑا۔ بہت۔ فیاض۔ بہت دینے والا۔ عمدہ رائے والا۔ عمدہ الفاظ۔

الجِزْل: خشک لکڑی۔

الجَزَال والجِزَال: کھجور کے پھل اُتارنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "**هذا زَمَن الجِزَال**" یہ کھجور کے پھل اُتارنے کا زمانہ ہے۔

الجُزَّال والجَزِيل: بہت بڑی۔

الجَوْزَل: کبوتر کا بچہ۔ ج **جَوَازِل.**

جَزَمَه (ض) **جَزْمًا:** کاٹنا۔ **جزم الحرف:** ساکن کرنا۔**الفعلَ:** جزم دینا یا حرفِ علت یا تثنیہ وجمع سے نون گرا دینا۔ **اليمينَ:** پوری کرنا۔ تم کہتے ہو "**حلف يمينًا جزمًا**"۔ **الامر:** کسی امر کا قطعی فیصلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "**امرته امرًا جزمًا**" میں نے اس کو لازمی حکم دیا۔ "**وهذا حكم جزمٌ**" یہ لازمی وقطعی حکم ہے۔ **جزم الی الامر:** پختہ ارادہ کرنا۔**جزم عليه الشیٔ:** واجب کرنا۔ **الرجلُ:** دن رات میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔(**واجتزم**) **النخلةَ:** پھلوں کا اندازہ کرنا۔ و **جَزَّمَ عنه:** بزدل ہونا، عاجز ہونا۔ **علیه:** خاموش ہونا۔ **القربة:** بھرنا۔

تَجَزَّمَ. العودُ: پھٹنا۔

اِنْجَزَمَ. العظمُ: ٹوٹنا۔**الحرفُ:** ساکن

ہونا۔

الجزم. س: کہا جاتا ہے "قلم جزم" برابر قط والا۔ "امر جزم" وقت سے پہلے آنے والا معاملہ۔

الجزم: حصہ۔

الجازم. فا. جزم کا عمل کرنے والا۔ جیسے لَم. سِقاءٌ جازِم: بھری ہوئی مشک۔ بعیر جازِم: سیراب اونٹ۔ ج جَوازِم.

الجَزْمة: دن رات میں ایک مرتبہ کھانا۔

الجزْمة: بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔

سِقاءٌ او اِناءٌ (مجزوم) بھری ہوئی مشک یا برتن۔

جَزیٰ (ض) جَزاءً. الرجلَ بکذا وعلیٰ کَذَا: بدلہ دینا۔ جَزیٰ فلانًا حقه: ادا کرنا۔ جزاه الشئُ: کافی ہونا (واَجْزیٰ) الامرُ منه او عنه: قائم مقام ہونا۔ تم کہتے ہو "یُجزی هذا من او عن ذاك" یہ اس کے قائم مقام ہے۔

جَازاه مُجازاةً وجزاءً: بدلہ دینا۔

تَجازیٰ تَجازِیًا. دینه وبدینه علی فلان: طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔

اِجْتزاه: بدلہ مانگنا۔

الجزاء والجَزاء والجازیة والمُجازاة: کسی چیز کا بدلہ۔ الجَازیة کی جمع الجوازی. کہا جاتا ہے "جزتك الجَوازِی" یعنی تم نے اپنے فعل کا بدلہ پالیا۔

الجِزْیة: زمین کا محصول۔ ٹیکس جو ذمی سے لیا جائے۔ ج جِزیٰ وجزیٌ وجزاء.

الاَجْزیٰ: بہت کافی۔ تم کہتے ہو "اللحم السمین اَجْزیٰ من المهزُول" موٹا گوشت دبلے سے زیادہ بہتر ہے۔

جَسَّهٗ (ن) جَسًّا واجْتَسَّه: معلوم کرنے کے لیے ہاتھ سے چھونا۔ الارضَ: روندنا۔ ہ بعینیه: گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔

جَسَّ وتَجَسَّس واِجْتَسَّ. الاخبارَ او الامورَ: تفتیش کرنا۔

الجَسِیس. ج جِسَّة و (الجاسوس) ج جواسیس والجَسَّاس:) جاسوس۔ بُرائی کی نیت سے خبروں کی تفتیش کرنے والا۔

جَوَاسُّ. الانسان: انسان کے حواس خمسہ واحد (جاسَّة)

اَلْجَاسُوسِيَّة: سی-آئی-ڈی اپنے ملک کے مفاد میں دشمن کی خفیہ خبریں اور پروگرام معلوم کرنے کا ادارہ۔

المَجَسّ والمُجَسَّة: چھونے کی جگہ۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "فلان ضیق المَجَسّ او المجَسَّة" فلاں تنگ دل ہے۔ المجسَّة: نبض. کہا جاتا ہے "مَجسّته حارة" اس کی نبض گرم ہے ج مَجاسّ

المِجَسَّة: چھونے کا آلہ۔ ج مَجاسّ و مِجَسَّات.

جَسَأَتْ (ف) جَسْئًا وجُسُوءً او جُسْأةً. الیدُ من العمل: کام کرنے کی وجہ سے سخت ہونا۔ صفت (جَاسِئَة وجَسْئاء)

الجَسْءُ: سخت کھال۔ جما ہوا پانی۔

الجَاسِیَة. من النبات ونحوه: خشک

جَسِدَ (س) جَسَدًا. الدمُ به: چپکنا۔ (جَسِدٌ و جَاسِد)

جَسَّدَهٗ: زعفران سے رنگنا۔

تَجَسَّدَ: تن آور ہونا۔

الجَسَد: بدن انسانی۔ زعفران۔ خشک خون ج اَجْسَاد نسبت کے لیے (جَسَدی و جُسْدَانی)

تَجَسَّدَ: جسم والا ہونا۔

الجَسَاد: زعفران۔

الجُسَاد: پیٹ کا درد۔

الجَسِید: خشک خون۔

المِجْسَد: کرتہ جو بدن سے متصل ہو۔ بنیان

جَسَرَ (ن) جَسَارةً و جُسُورًا. علیٰ الامر: اقدام کرنا (و تجاسَر) فخر کرنا۔ جری ہونا۔

جَسَرَ (ن) جَسْرًا: پل بنانا (و اجتَسَر) المفازة: عبور کرنا۔

جَسَّرَهٗ: بہادر بنانا۔

الجَسْر والجِسْر: پل۔ ج جُسُور و اَجْسُر. الجَسْر من الابل: بڑا اونٹ۔ من الرجال: بڑے ڈیل ڈول کا مرد مؤنث جَسْرة.

الجَاسِر ج جُسَّار وجَاسِرُون و (الجَسُور) ج جُسُر و جُسْر: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ مؤنث جَاسِرَة و جَسُور. ج جَواسِر.

المَجْسَرة: دلیری۔ بہادری۔

الجَسَّار: بہت دلیری کرنے والا۔

جَسَعَ (ف) جُسُوْعًا. عن العطاء: باز رہنا۔ رُک جانا۔

الجَاسِع. من السفر: لمبا سفر۔

جَسُمَ (ک) جَسَامَةً: تناور ہونا۔ صفت (جُسَام وجَسِیم) ج جِسَام مؤنث (جَسِیمَة و جُسَامَة)

جَسَّمَهٗ: تن آور و موٹا کرنا۔

تَجَسَّمَ: تناور و موٹا ہونا۔

تَجَسَّمَ فی عینی کَذَا: خیال میں آنا الامرَ: کسی بڑے کام کی طرف اقدام کرنا الرملَ: ریگستان کے بڑے حصے کو طے کر لینا فلانًا من بین القوم: انتخاب کرنا الارضَ: ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تجسَّم فُلانٌ مِنَ الكَرَم" فلاں بڑا فیاض ہے، گویا کہ وہ کرم کا مجسمہ ہے۔

الجِسْم: بدن۔ وہ چیز جس میں طول عرض، عمق ہو۔ ج اَجْسَام واَجْسُم وجُسُوم. نسبت کے لیے (جِسْمِیّ و جِسْمَانِیّ)

الجُسْمان: بدن۔

الجُسُم: بڑے بڑے اُمور۔

الاَجْسَم: تناور اور بڑا۔

المُجَسَّم: وہ عدد جو کسی جسم کی لمبائی کو عرض و عمق میں ضرب دینے سے حاصل ہو۔ ہر وہ چیز جس میں طول، عرض، عمق ہو۔

جَسَا (ن) جَسْوًا وجُسُوًّا: بمعنی جَسَأ.

جَاسَاه مُجَاسَاةً: دشمنی کرنا۔

جَشَّه (ن) جَشًّا: کوٹنا۔ توڑنا۔ جَشَّ المکانَ: جھاڑو دینا۔ صاف کرنا۔ و بالعصاء: لاٹھی سے مارنا دَمْعَه: بہانا القومُ: کوچ کرنا۔ اکٹھا ہونا۔

اَجَشَّ. الشئَ: کوٹنا۔ توڑنا البُرَّ: موٹا پیسنا۔ صفت مفعولی (جَشِيش و مَجْشُوش)

اَجَشَّ واِجْتَشَّ. المکانُ: گنجان گھاس والی ہونا۔

الجَشّ. س۔ مَوْضعٌ جَشٌّ: سخت پتھریلی جگہ۔

الجُشّ: پہاڑ۔ ج جِشاش.

الجَشَّة والجُشَّة: لوگوں کا ایک ساتھ آنے والا گروہ۔ بھدی آواز۔

الاَجَشُّ: بھدی آواز والا آدمی۔ مؤنث جَشَّاء.

المِجَش والمِجَشَّة: چکی۔

جَشَأَ نَفْسُه (ف) جُشُوْءً ا وجُشْأً و جَشَأً: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے جی متلانا المکانُ: خوب پیداوار ہونا من المکان: نکلنا البحرُ: جوش میں آنا۔

جَشَّأَ تَجْشِئَةً وتَجَشَّأَ تَجَشُّؤًا: ڈکار لینا۔

اِجْتَشَأَ. البلادَ واِجْتَشَأَتْه البلادُ: ناموافق ہونا۔

الجُشَاء: ڈکار۔ واحد جُشَأَة و جُشَاة.

جَشَبَ (ف) و جَشِبَ (س) جَشْبًا و جَشُبَ (ک) جَشَابَةً. الطعامُ: موٹا و بدمزہ ہونا۔ صفت (جَشْبٌ و جَشِبٌ و جَشِيبٌ و مِجْشَاب و مَجْشُوبٌ) و جَشُبَ الرَّجُلُ: بدغذا ہونا۔

المِجْشَب: موٹے جسم والا بہادر۔

جَشَرَ (ن) جَشْرًا و جَشَّرَ. المواشی: چرانے کے لیے لے جانا۔ وجَشَّرَ الاناءَ: خالی کرنا۔

جَشَرَ (ن) جُشُوْرًا. الصبحُ: پو پھٹنا الرَّجُلُ: سفر کرنا۔

جَشِرَ (س) جَشَرًا و جُشِرَ: کھانسنا۔ آواز بیٹھنا۔ صفت (اَجْشَر) مؤنث جَشْرَاء. ج جُشْر.

الجَشَر والجُشَّار: مویشی جو چراگاہ سے لوٹ کر شام کو گھر پر نہ آئیں۔ وہ لوگ جو چراگاہ ہی میں رات گذاریں اور گھر پر واپس نہ آئیں۔

الجُشَارِیّ: چرواہا۔

المِجْشَر: حوض. ج مَجَاشِر

الجَشِير: چمڑے کا تیر دان۔

الجُشَار: کھانسی۔

الجُشْرَة: سینہ کی سختی۔ خشک کھانسی۔

جَشِعَ (س) جَشَعًا و تَجَشَّعَ: بدترین قسم کا لالچی ہونا۔ صفت (جَشِع) ج جَشِعُوْن وجشاعی و جُشَعَاء وجِشَاع.

تَجَاشَعَا. الماءَ: باہم تنگی کرنا اور پیاسا رہنا۔

جَشِمَ (س) جَشْمًا وجَشَامَةً وتَجَشَّمَ الامرَ: مشقت سے کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَشِمْتُ اليك عرقَ القربة" تمہاری وجہ سے بڑی مصیبت جھیلی۔ وتَجَشَّمَ الرملَ: ریگستان کے بڑے حصہ کو طے کیا۔ "وتَجَشَّمَ فلانًا من بين القوم: اس نے قوم سے فلاں کا انتخاب کیا اور اسی کی روش پر چلا۔

جَشَّمَهُ واَجْشَمَهُ. الامرَ: کوئی کام کرنے کی تکلیف دینا "مهما تجشّمني فاني جاشم" جس کا تو مجھ کو حکم دے گا میں کروں گا۔

الجَشَم والجُشَم: بوجھ۔ بھاری کام۔ کہا جاتا ہے "القى عَلَيَّ جَشَمَه" اس نے میرے اوپر اپنا بوجھ ڈال دیا من البعیر: سینہ۔

المُجْشَم والجَشِيم: موٹا۔ بھاری۔

الجُوْشَن: سینہ۔ زرہ۔ جوشن الليل: آدھی رات۔

جَشَّ (ض) جَشًّا و جَشِيشًا: سخت

بندھ جانے کی وجہ سے کراہنا۔

جَصَّصَ البناءَ: گچ کرنا الجروُ: آنکھیں کھولنا العنقودُ: پھوٹنا علی العدوِ: حملہ کرنا۔

اِجْتَصَّ و تَجَاصَّ. القومُ: قریب قریب اکٹھا ہونا۔

الجَصّ والجِصّ: گچ۔ چونہ۔

الجَصَّاص: گچ والا یا گچ بیچنے والا۔

الجَصَّاصَة: گچ بنانے کا کارخانہ۔

الجَصِيص: فریاد و نالہ۔

الجَصِيصَة: پاس پاس رہنے والا گروہ۔

جَعَصَ (ن) جَعْصًا. عليه بالسيف: حملہ کرنا۔

جَعَبَه (ف ض) جَعْبًا و جَعَّبَهٗ تجعيبًا و جَعْبَاهُ جعباةً وجعباءً: اُلٹ دینا۔ پچھاڑ دینا۔ جَعَبَ (الجعبة): ترکش بنانا۔

تَجَعَّبَ وانْجَعَبَ وتَجَعْبَى: پچھڑ جانا۔ تَجَعْبَى الجيشُ: کثرت کے ساتھ جمع ہونا۔

الجَعْبَة: ترکش۔ ج جِعَاب.

الاَجْعَب: بڑے پیٹ والا جو کام کرنے میں سست ہو۔ مؤنث جَعْبَاء. ج جُعْب.

الجَعْبَاء: دُبر۔

الجَعَّاب: ترکش بنانے والا۔

الجِعَابَة: ترکش بنانے کا پیشہ۔

الجُعْبُوب: پست قد بد شکل۔ ج جعابيب

الجِعِبيّ والجَعَبَّاة: حلقہ، دُبر۔

الجَنْعَب: ہر ایک کو پچھاڑ دینے والا۔

جَعْجَعَ البعيرَ: بٹھانے یا اُٹھانے کے لیے حرکت دینا۔ بٹھانا البعیرُ: بیٹھنا بالغریم: سختی سے مطالبہ کرنا فی المکان: غیر مطمئن حالت میں بیٹھنا۔

تَجَعْجَعَ: درد کی وجہ سے زمین پر گر پڑنا۔

الجَعْجَعَة: س۔ اکٹھے ہونے والے اونٹوں کی آواز۔ چکی کی آواز۔ اور اسی سے مثل ہے "اسمع جعجعة ولا اریٰ طِحْنا" چکی کی آواز سنتا ہوں اور آٹا دکھائی نہیں دیتا۔ اس

شخص کے حق میں بولتے ہیں جو دھمکی تو دے اور کچھ کر کے نہ دکھلائے یا اس بخیل کے حق میں جو وعدہ تو کرے اور پورا نہ کرے۔
الجَعجَاع: تنگ اور سخت جگہ۔ معرکہ جنگ۔ قحط زدہ زمین۔
جَعُدَ(ک) جَعَادَةً و جُعُودَةً. الشعرُ: گھنگھریالے ہونا۔
جَعَّدَ الشعرَ گھنگھریالے بنانا۔
تَجَعَّدَ. الشعرُ: گھنگھریالے ہونا۔ و تجعّدَ الشيءُ: سکڑنا۔
الجَعْدَ. من الشعرِ: گھنگھریالا۔ کہا جاتا ہے "هو جَعْدُ اليد" وہ بخیل ہے۔ وجَعْد القَفَا" جس کے حسب میں کھوٹ ہو۔ ج جِعَاد. ترابٌ جَعْدٌ: نمناک مٹی۔ وَجه جَعْدٌ: کم ملاحت والا گول چہرہ۔ زُبَدٌ جَعْدٌ: تہہ بر تہہ مکھن۔ (ابو جَعْدَه و ابو جَعَادَة ابو جُعَادَة:) بھیڑیے کی کنیت۔
اَلْجَعْدَةُ موسم بہار کی خوشبودار انگوری جو کہ جلدی خشک ہو جاتی ہے۔
جَعَرَ (ف) جَعْرًا وانْجَعَرَ. السبعُ: پاخانہ کرنا۔
تَجَعَّرَ: کنوئیں میں گرنے کے خوف سے کمر میں رسّی باندھنا۔
الجَعْر. س.: درندے کا پاخانہ۔ ج جُعُور
اِجْتَابَ. البلادَ: طے کرنا الصَّخْرَةَ: چٹان کو تراشنا البئرَ: کھودنا القميصَ: پہننا۔
اِسْتَجَابَهٗ واِسْتَجَابَ لَهٗ اِسْتِجَابَةً واِسْتَجْوَبَهٗ واِسْتَجْوَبَ لَهٗ اِسْتِجْوَابًا جواب دینا اللّٰہ فلانا ولفلان ومن فلان: دعا قبول کرنا۔

الجَوْب. س: عورت کی قمیص۔ بڑا ڈول۔ انگیٹھی۔ ج اَجْوَاب (والمِجْوَب) ڈھال۔
الجَوْبَة: گڑھا۔ گھروں کے درمیان خالی جگہ۔ ج جُوَب.
الجَوَاب: جواب۔ ج اَجْوِبَة وجَوَابَات.
الجَابَة: قبولیت۔ کہا جاتا ہے "اَسَاءَ سَمْعًا فَاَسَاءَ جَابَةً" اس نے برے طریقے سے سنا اور برے طریقے سے قبول کیا۔
الجَوَّاب: بہت طے کرنے والا۔ حریری کا قول ہے "جَوَّابُ آفاقٍ تَرَامَتْ سَفْرَتُه" آفاق کو طے کرنے والا ہے اس کا سفر اس کو پھینکتا رہتا ہے۔
الجِيْبَة. جواب کی کیفیت۔
الجَائِب فا. جَائِبُ العين: شیر۔
الجَائِبَة: پھیلنے والی خبر۔ کہا جاتا ہے "هل عندك من جائبة خبر" کیا تمہارے نزدیک کوئی ایسی خبر ہے جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتے ہوئے تمہارے پاس پہنچی ہو۔
المَجُوْبَة: جواب۔
جُوت اَو قُنَّب كَلْكُوتَا او قُنَّب هِنْدِى: ہندوستان کی پٹ سن جس سے بوریاں اور رسیاں بنائی جاتی ہیں۔
المِجْوَب: ڈھال۔
المِجْوَاب: پھاڑنے والا آلہ۔
جَوِثَ (س) جَوَثًا: اوپر سے بڑے اور نیچے سے لٹکے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (اَجْوَث) مؤنث جَوْثَاء ج جُوْث.
الجَوْث والجَوْثَاء: بکری کا اوجھ۔
جَاحَ (ن) جَوْحًا: راہ راست سے ہٹ جانا جَاحَه جَوْحًا وجِيَاحَةً واَجَاحَه واِجْتَاحَه) جڑ سے اُکھیڑنا۔ ہلاک کرنا۔
الجَائِحَة: بلا۔ ہلاکت۔ بڑی مصیبت۔ سنة جائحة: خشک سال۔ ج جَائِحَات و جَوَائِح
الاَجْوَح: کشادہ۔ مؤنث جَوْحَاء. ج جُوْح
الجَوْح: تربوز۔

الجَوْحَة: سختی ومصیبت۔
جَاخَ (ن) جَوْخًا و جَوَّخَ. السیل الوادیَ: کناروں کو بہا لے جانا۔ جَوَّخه: پچھاڑنا۔ اُکھیڑنا۔
تَجَوَّخَ: پچھاڑا جانا۔ اُکھیڑنا۔ تجوَّختِ البئرُ: گر جانا القرحةُ: زخم کا پھٹنا اور بہہ پڑنا۔
الجُوْخ: اُون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج اَجْواخ.
الجُوْخَة: اُونی کپڑے کا ٹکڑا۔ گڑھا۔
جَادَ (ن) جَوْدَةً وجُوْدَةً: عمدہ ہونا۔ اچھا بنانا۔ (وجَوَّدَ واَجْوَدَ) الفرسُ: تیز رفتار ہونا۔
جَادَهٗ (ن) جَوْدًا: بخشش میں غالب ہوناہ الھویٰ: غالب ہونا۔ (جُوْدًا) علیه: بخشش کرنا۔ صفت جَوَاد بالمال: خرچ کرنا بنفسِه: جان دینا۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی لَاُجاد الی لقائك" میں تمہاری ملاقات کا مشتاق ہوں (جُوْدًا وجُؤُوْدًا) العینُ: بہُت آنسوؤں والی ہونا المطرُ: بہُت بارش ہونا۔
ت (جَائدٌ) ج جَوْد.
جِیْدَت. الارضُ: زمین پر کثیر بارش ہونا۔
جِیْدَ الرَّجُلُ: ہلاکت کے قریب ہونا۔ پیاسا ہونا۔
جَوَّدَ. الشیء: خوبصورت بنانا۔ عمدہ بنانا فی عدوہ: تیز دوڑنا القاریُٔ: فن تجوید کے لحاظ سے پڑھنا۔
جَاوَدَهٗ مُجَاوَدَةً: بخشش کرنے پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
اَجَادَ: اچھا بنانا بالولد: فیاض بچّہ کا باپ ہونا۔ اَجَادَهٗ النقدَ: کھرے سکے دینا۔ (واَجْوَدَ) الشیء: عمدہ بنانا۔ اَجَادَ الرجلَ: قتل کرنا۔ اُجِیْدَتِ الارضُ: زمین پر کثیر بارش ہونا۔
تَجَوَّدَ: عمدہ چیز کا انتخاب کرنا فی صنعته: صنعت میں عمدگی سے کام کرنا۔
تَجَاوَدَ. القومُ: یہ دیکھنا کہ حجت کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔ کہا جاتا ہے "هم یَتَجَاوَدُوْن الحَدِیثَ" وہ دیکھتے ہیں کہ حدیث کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔
اِسْتَجَادَہ: عمدہ سمجھنا۔ اِسْتَجَادَ الامیرَ: بخشش طلب کرنا۔
الجَاد: باطل۔ کہا جاتا ہے "وقعوا فی ابی جاد" وہ لوگ باطل میں مبتلا ہوگئے۔
الجَوْد: بھوک۔
الجَوْد. مص۔ الجَوْد والمطر الجَوْد: بہُت بارش۔
الجُوْدَة الجُوَادَة: پیاس۔
الجُوَاد: پیاس کا انتہائی مرتبہ جو باعث ہلاکت ہو۔
الجَیِّد: عمدہ۔ ج جِیَاد. و جج جِیَادَات و جَیَائِد. (جَیَائِد اصل میں جَیَاوِد ہے۔ واوٗ کو ہمزہ سے بدل لیا گیا ہے اور یہ شاذ ہے)
الجَوَاد: سخی (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے رجلٌ جَوَادٌ واِمْرأةٌ جوادٌ. ج اَجْواد واَجَاوِدٌ واَجَاوِیْد وجُوْد وجُوَدَة وجُوَدَاء. فرس جَوَاد: تیز رفتار گھوڑا۔ ج جِیَاد واَجْیَاد واَجَاوِیْد کہا جاتا ہے "سِرْتُ اِلَیْه جَوَادًا" میں اس کی طرف دوڑتا ہوا چلا۔ "و سِرْنا عقبةً جوادًا و عقبتَیْن جوادَیْن وعِقَابًا جِیَادًا" ہم دُور کی گھاٹی یا دو گھاٹی یا گھاٹیوں پر چلے۔
الجَوَّاد: بڑا فیاض۔
الاَجْوَد: اسم تفضیل ـ مؤنث جَوْدَاء (خلاف قیاس) ج جُوْدٌ واَجَاوِید.
الجَادِیّ: زعفران۔
التَجْوِیْد. فی القرآءة: قواعد فن قرأت کے مطابق پڑھنا۔
التَجَاوِیْد: مفید بارشیں (جمع ہے اس کا واحد نہیں)
رجلٌ او شاعر (مُجِیْد وَ مِجْوَاد) عمدہ کام کرنے والا مرد۔ جید اشعار کہنے والا شاعر۔
المَجُوْد: پیاسا۔ قریب بہلاکت۔
جَارَ (ن) جَوْرًا. عن الشیء: ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "جَارَ عن الطریق" وہ راستہ سے ہٹ گیا علیه: ظلم کرنا۔ صفت (جَائِر) ج جَوَرَة و جُوَرَة وجَارَة (جِوَرًا) فریاد رسی چاہنا۔
جَوَّرَهٗ: ظلم کی طرف منسوب کرنا۔ پچھاڑنا۔
جَوَّرَ البنَاء: گرا دینا۔
جَاوَرَ مُجَاوَرَةً وجِوَارًا وجُوَارًا: پڑوس میں رہنا المَسْجدَ: اعتکاف کرنا۔
اَجَارَهٗ اِجَارَةً. من العذاب: بچانا۔ چھڑانا۔ پناہ دینا فلانًا: فریاد رسی کرنا۔ ہ عن کذا: ہٹا دینا المتاعَ: حفاظت کے لیے برتن میں رکھنا۔
تَجَوَّرَ. الرَّجُلُ: پچھاڑا جانا علیٰ الفراش: پہلو پر لیٹنا البناء: گر جانا۔ کہا جاتا ہے "تجوَّر خباءُ اللیلِ" یعنی تاریکی چھٹ گئی۔
تَجَاوَرَ واِجْتَوَرَ. القومُ: ایک دوسرے کے پڑوس میں رہنا۔
اِسْتَجَارَ. فلانا وبه: فریاد رسی چاہنا۔ پناہ لینا۔ اِسْتَجَارَہ مِنْ فُلَانٍ" پناہ چاہنا۔
اِسْتَجْوَرَهٗ: ظالم پانا۔
الجَوَار: بہُت گہرا پانی۔
الجَوَّار: کسان۔
الجِوَار: پڑوس۔ کہا جاتا ہے "اَقَامَ فی جواره" اس نے اس کے پڑوس میں اقامت کی۔ امان و ذمہ داری۔ کہا جاتا ہے "هو فی جواری" وہ میرے امن اور ذمہ داری میں ہے۔
الجَار: پڑوسی۔ پناہ دینے والا۔ پناہ لینے والا۔ جِیْران. وجِیْرَة وجوار و اَجْوَار و (جَارُ النهر) نیلوفر کے مشابہ ایک قسم کی نباتات۔
الجَارَة: پڑوسن۔ بیوی۔ سوکن۔ ج جَارَات
الجَائِر: ظالم۔ بڑا ڈول۔
الجَوْرم. مص: ظلم۔
الجَوَرّ. من الغیث: بہُت کڑک والی بارش۔ مال جَوَرّ: بہُت مال۔ بازِلٌ جِوَرّ: زور سے بلبلانے والا اونٹ۔

المُجوَّر: گہرا۔
جارُ النَّهر: پانی میں پیدا ہوئی بوٹی۔
جَوْرَبَهٗ: پائتابہ پہنانا۔
تَجَوْرَبَ: پائتابہ پہننا۔
الجَوْرَب: پائتابہ۔ ج جَوَارِب وجَوَارِبَة. عوام الكلسة اور القلشينة کہتے ہیں۔
الجاوَرْس: باجرہ۔
جازَ (ن) جَوْزًا وجُؤُوْزًا وجَوَازًا و مَجَازًا. المكانَ وبالمكان: چلنا المكانَ: گزر جانا البيعُ: بیع کا پورا ہونا۔ (جَوَازًا) الامرُ: جائز ہونا۔ کہا جاتا ہے "جازله ان يفعل كذا" اس کے لیے ایسا کرنا ممکن ہے الدرهمُ: رائج ہونا السهمُ الى الصَّيْد: شکار سے ہٹ کر نکل جانا عن الصَّيْد: شکار کو چھید کر نکل جانا۔
جَوَّزَ. الامرَ: جائز ٹھہرانا۔ الحكمَ: جائز سمجھنا۔ رأيَهٗ: جاری کرنا الابلَ: آگے سے ہانکنا یہاں تک کہ سب گزر جائیں۔ الدراهمَ: رائج کرنا۔
جاوَزَ. المكانَ: آگے بڑھ جانا عن الذنب: درگزر کرنا الرجلَ: اجازت دینا۔
اَجازَ اِجازَةً. الشَّيْءَ: جائز کرنا الرایَ: نافذ کرنا الرَّجُلَ: اجازت دینا۔ اَجازَهٗ بالف درهم: انعام دینا على اسمه: نام کا ٹھپا بنانا۔ الموضعَ: آگے بڑھ جانا۔ القاضى البيعَ: نافذ کر دینا۔ اَجازَهُ العقبة گھاٹی سے گزار دینا۔
تَجَوَّزَ. فى الامر: برداشت کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ فى الصلاة: اختصار کرنا۔ کذا: تھوڑی چیز پر اکتفاء کرنا۔ عنه: چشم پوشی کرنا۔ معاف کرنا۔ فى الكلام: مجاز بولنا الدراهمَ: کھوٹے قبول کرلینا۔
تَجاوَزَ. عنه: چشم پوشی کرنا اور معاف کرنا۔ فى الشيءِ: افراط کرنا۔
اِجْتازَ: چلنا۔ بالمكان: گزرنا۔ من مكان الى آخر: عبور کرنا۔

اِسْتَجازَ اِسْتِجازَةً: اجازت طلب کرنا الامرَ: جائز سمجھنا۔
الجائز. فا نافذ. روا۔ مباح۔ دو دیواروں کے اوپر رکھی ہوئی لکڑی۔ ج جَوَائِز وجُوْزَان وجِيْزَان واَجْوُز واَجْوِزَة.
الجائزة: الجائز کا مؤنث۔ عطیہ۔ انعام۔ پانی کا ایک گھونٹ۔ ج جَوَائِز. جوائز الاشعار والامثال: وہ اشعار یا کہاوت جو ایک شہر سے دوسرے شہر تک پھیل جائیں۔
الجَوْز. مں: اخروٹ کا درخت۔ اخروٹ۔ واحد جوزة. الجَوزة: پانی کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔
جَوْزهندى: ناریل۔
جَوْز الشيء: چیز کا وسط اور اکثر حصہ۔ کہا جاتا ہے "قَطَعُوا جَوْزَ الفَلاةِ" انہوں نے جنگل کا بڑا حصہ طے کر لیا۔ "مضىٰ جَوْزُ الليلِ" رات کا بڑا حصہ گزر گیا۔ ج اَجْوَاز.
الجَوْزاء: آسمان کے ایک برج کا نام کالی بکری جس کے وسط میں سفیدی ہو۔
الجَواز. مں: پروانہ، راہداری۔ عوام اس کو تذكرة السفر یا اليسا بورط کہتے ہیں۔ ج اَجْوِزَة. پانی کی اتنی مقدار جس کو مسافر اپنے ساتھ لے اور دو چشموں کے درمیان کافی ہو۔
الجُواز: پیاس۔
الجِيزة: کنارہ۔ گوشہ۔ وادی کا کنارہ۔ پانی کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔ ج جِيْز وجِيَز.
الاجازة: اذن۔ اجازت عند المحدثين: روایت کی اجازت لفظاً یا کتابتاً۔
الاِجازَة: اللّيسانس. سند بی اے کی ڈگری محدثین کے نزدیک حدیث کو زبانی یا تحریری روایت کرنے کی اجازت۔
اَلْمُجاز: یعنی جس کو کسی کام کرنے کی اجازت دی گئی ہو۔
جیسے مُجازٌ فى الحُقُوق و مُجاز فى الأدب یعنی حقوق و آداب کا اجازت نامہ حاصل کرنے والا۔ اسی کو فرانسیسی میں "اللياس" بولتے ہیں۔

المَجاز: لفظ جو اپنے موضوع لہ کے علاوہ کسی دوسرے معنی میں کسی مناسبت سے استعمال کیا جائے۔ (والمَجازة) راستہ۔ مَجازة النهر: پل۔ المَجازة: بہت اخروٹ والی زمین۔ کہا جاتا ہے "ارض مجازة"
جَوْزُ القَوْغَل: مندی کھجور کی ایک قسم۔
جَوْزَةُ العُنُق: گردن کے شروع ایک زخم ابھرا ہوا۔
المُجيز. فا ولی. اُمورِ یتیم کا منتظم۔ غلام جس کو تجارت کی اجازت دی گئی ہو۔
مِجوَز: دو کانوں والا آلہ موسیقی
جاسَ (ن) جَوْسًا واِجْتاسَ اِجْتِياسًا. الشَّيْءَ: بہت انہماک سے تلاش کرنا۔ (جَوْسًا وجَوَسانًا) القومُ بين البيوت والدور: گھروں کے درمیان فساد مچا دینا اور ان کے اندر مال متاع کو ڈھونڈھنا۔
جاساه: دشمنی کرنا۔
الجَوّاس: قوم کے درمیان فساد مچانے والا شیر۔
جَوْسَةُ النَّاظِر: ٹکٹکی۔
الجَوْسَق: محل۔ ج جَواسِق و جَواسِيْق.
جاشَ (ن) جَوْشًا: پوری رات چلنا۔
تَجَوَّش. الليلُ: کچھ حصہ گزر جانا فى الارض: داخل ہونا۔
الجَوْش: مں۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "مضى جوش من الليل" رات کا اگلا حصہ یا کچھ حصہ گزر گیا۔
الجَوْشَن: سینہ۔ زرہ من الليل: رات کا وسط یا ابتدائی حصہ۔ ج جَواشِن.
جاظَ (ن) جَوْظًا و جَوَظانًا: تکبر سے چلنا۔
جَوَّظَ: زچ ہونا بے صبر ہونا۔ (وتَجَوَّظَ:) کوشش کرنا۔
الجُوَاظ: تنگ دلی۔ بے صبری۔
الجَوَّاظ: تکبر سے چلنے والا۔ اجڈ۔ بہت

کھانے والا۔
الجَوَّاظَة: بمعنی جَوَّاظ. تامبالغہ کے لیے ہے۔
جَاعَ(ن) جَوْعًا و مَجَاعَةً: بھوکا ہونا۔ صفت (جَائِع وجَوْعَانُ) مؤنث جَائِعة وجَوْعیٰ ج جِيَاع وجُوَّع اليه: مشتاق ہونا۔
جَوَّعَهٗ تَجْوِيْعًا واَجَاعَهٗ اِجَاعَةً: بھوکا رکھنا۔ خوراک روکنا۔ کہا جاتا ہے "اَجَاعَ قِدرَہ" اس نے اس کی ہانڈی کو نہیں بھرا۔
تَجَوَّعَ: بتکلف بھوکا بننا۔
اِسْتَجَاعَ اِسْتِجَاعَةً: ہر وقت کچھ نہ کچھ کھاتے رہنا۔ کسی چیز کو کھانا اور سیر نہ ہونا۔
الجُوْع والمَجَاعَة: بھوک۔ الجُوْعُ الكَلْبِي او الجُوْعُ البَقَرِى: معدہ کی ایک بیماری کا نام جس میں آدمی شکم سیر نہیں ہوتا اور اگر ہو جاتا ہے تو جلدی بھوک لگ جاتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے "عَامٌ مَجَاعَةٍ او مَجْوَعَةٍ" بھوک کا سال۔ ج مَجَاوِع.
الجَوْعَة: اسم مرة. قبیلہ کا خالی ہونا۔
جَوِفَ جَوَفًا: کھوکھلا ہونا۔
جَافَهٗ(ن) جَوْفًا: گہرا کرنا ٥ بالطعنة: جوف میں نیزہ مارنا۔
اَجَافَهٗ. الطَّعْنَة وبالطَّعْنَة: جوف میں نیزہ مارنا الباب: بھیڑ دینا۔
جَوَّفه: کھوکھلا کرنا۔ گہرا کرنا۔ جوف میں سے سب کچھ نکال لینا۔
تَجَوَّفَ: کھوکھلا ہونا۔ (تَجَوَّفه و اِجْتَافَه) جوف میں داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِجْتَافَ الوحشى كِنَاسَه وتَجَوَّفه" وحشی جانور اپنے بھٹ میں داخل ہو گیا۔
اِسْتَجَافَ واسْتَجْوَفَ اِسْتِجَافَةً. الشَّيْئَ: کشادہ ہونا۔ الشَّيْئَ: کھوکھلا پانا۔
الجَوْف. س. پیٹ من البيت: اندرونی حصہ۔ ج اَجْوَاف.
الجَوَف. س. کشادگی۔
الجَائِف. فا. جوف تک پہنچنے والی چیز۔ مؤنث جائفه. الجَائِفَة: نیزہ کی مار جو جوف تک پہنچے۔ ج جَوَائِف.
الاَجْوَف: کھوکھلا۔ کشادہ جوف والا۔ مؤنث جَوْفَاء ج جُوْف. "الجَوْفَاء مِن الدِلَاء" کشادہ ڈول من القَضَاء او المشجر: اندر سے کھوکھلا۔ الفعل الاجوف: وہ فعل جس کا عین کلمہ حرف علت ہو۔ جیسے قَال، بَاعَ،
خاف اَجْوَف: بڑا شیر۔
المَجْوْف: بڑے جوف والا۔
المُجَوَّف: کھوکھلا۔ رجل (مُجَوَّف واَجْوَف و مَجُوْف:) بزدل۔
المُسْتَجَاف: کشادہ جوف والا۔
الجُوَاف: ایک قسم کی مچھلی۔
جَوْفَل اشخاص یا اشیاء کو بذریعہ طیارہ منتقل کرنا۔
جَوِق(س) جَوَقًا. الوجهُ: ٹیڑھے منہ والا ہونا۔ صفت (اَجْوَق و جَوِق) مؤنث جَوْقاء ج جُوْق.
جَوَّق. القومَ: جمع کرنا عليه: شور مچانا۔
تَجَوَّقُوْا: اکٹھا ہونا۔
الجَوْق. ج اَجْوَاق و (الجَوْقَة) لوگوں کی جماعت۔
الاَجْوَق: موٹی گردن والا۔ اَجْوَق الفكُّ: جھکے ہوئے جبڑے والا۔
المُجَوَّق: ٹیڑھے جبڑوں والا۔
جَالَ(ن) جَوْلًا و جُوْلًا و جُؤُوْلًا و جَوَلَانًا و جِيْلَانًا وجَوَّلَ تَجْوَالًا. فی المكان: چکر لگانا۔ گھومنا۔ جَالَ الشَّيْئَ: پسند کرنا۔ جَالَ القَوْمُ جَوْلَةً: شکست کھانے کے بعد حملہ کرنا۔ جَوَّلَ الاَرْضَ: زمین میں بہت چکر لگانا۔
جَاوَلَهٗ مُجَاوَلَةً: ایک دوسرے کو دھتکارنا۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔
اَجَالَ. الشیء وبالشَّيْئِ: گھمانا۔ السيفَ: تلوار سے کھیلنا اور اِدھر اُدھر گھمانا۔
تَجَاوَلَ. القومُ فی الحربِ: ایک دوسرے کے مقابلہ میں چکر لگانا۔
اِجْتَالَ اِجْتِيَالًا: گھومنا القومَ: ارادہ سے پھیر دینا منهُمْ جَوْلًا: پسند کرنا اَمْوَالَهُمْ: لے جانا۔
اِنْجَال. الغبارُ: بلند ہونا اور پھیلنا۔
اِسْتَجَال اِسْتَجَالَةً. اموالهم: لے جانا۔
اَلْجَوْل: س. گھوڑوں یا چوپایوں کا گلہ۔ رسّی۔ ج اَجْوَال (والجُوْل) مٹی جس کو ہوا سطح زمین پر اِدھر اُدھر کرے۔
الجَال والجُوْل: قبر یا کنوئیں کی دیوار پہاڑ کا پہلو۔ جُوْلُ القبر: قبر کا ارد گرد۔ کہا جاتا ہے "ماله جَالٌ او جُوْل" اس کا پختہ ارادہ نہیں ج جِوَال وجُوَال وجِوَالَة وجُوَالَة واَجْوَال.
الجَوَالَة. من الشيء: چیز کا بہتر حصہ۔
الجَوْلَان والجُوْلَان: مٹی جس کو ہوا اِدھر اُدھر کرے۔
الجَوْلَان. س. مال کا چھوٹا اور ردی حصہ جَوْلَانُ الهُمُوم: غم کی ابتدا۔
الجَوَّال والجَوَّالَة: بہت چکر لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هو جَوَّالَة جوَّابة" وہ بہت زیادہ چکر لگانے والا ہے۔ اور مقامات کو طے کرنے والا ہے۔
الاَجْوَل: اسم تفضیل۔ یوم اَجْوَل: بہت غبار کا دن۔
الاَجْوَلِيّ: بہت چکر لگانے والا گھوڑا۔
المَجَال: چکر لگانے کی جگہ۔
المِجْوَل: ڈھال۔ پازیب۔ تعویذ۔ ہار میں چاندی کا ہلال۔ کرتی۔ گورخر۔ چاندی۔ لکڑی کا بڑا پیالہ۔ تالاب۔
المُسْتَجِيْل: بیوقوف۔
جَامَ(ن) جَوْمًا: اچھی یا بُری چیز کا طلب کرنا۔
الجَام: پیالہ۔ ج جَامَات واَجْوَام واَجْؤُم وجُوْم.
الجُوَيْمَة: جام کی تصغیر۔
جَانَ(ن) جَوْنًا: کالا ہونا۔
تَجَوَّنَ. باب العروس: دلہن کے دروازہ پر سفیدی پھیرنا۔ باب الميت: سیاہ کرنا۔

الجَوْن ہس۔ سفید۔ سیاہ۔ سرخ خالص سبزی جس کی سبزی سیاہی مائل ہو۔ دن من الخیل والابل: بہت کالا۔ ج جُوَن.

الجَوْنَة: غروب کے وقت کا آفتاب۔ تار کول ملا ہوا مٹکا۔ کوئلہ۔

الجُوْنَة: چمڑے سے منڈھی ہوئی ٹوکری۔ ج جُوَن

الجَوْنَاء: آفتاب۔ ہانڈی۔ سیاہ اونٹنی۔

الجَوْنِیّ: قطا پرندہ کی ایک قسم جس کا سینہ اور بازو کالا ہوتا ہے۔

جَاهَ(ن) جَوْهًا. الرجل بالمكروه: ناپسند طریقہ سے پیش آنا۔

جَوَّهَهُ تَجْوِيهًا واَجَاهَهُ اِجَاهَةً: صاحب مرتبہ بنانا۔

تَجَوَّهَ: بڑا ہونا۔ بتکلف بڑا بننا۔

الجَاه والجَاهَة: قدر۔ شرف۔ بلندی۔ مرتبہ۔

الجَوْهَر: وہ چیز جو قائم بالذات ہو اور محل کا محتاج نہ ہو۔ اس معنی میں یہ عرض کا مقابل ہے۔ ہر وہ پتھر جس سے مفید چیز نکالی جائے۔ واحد (جَوْهَرَة) ج جَوَاهِر. جوهر الشيء: چیز کی اصلیت —جوهر السيف: تلوار کا جوہر۔ الجوهر الفرد: وہ چیز جو قابل انقسام نہ ہو۔ الجواهر العلوية: افلاک۔ ستارے۔ ارواح۔

الجَوْهَرِيّ: جوہر کی جانب منسوب۔ لازم و ضروری۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کا مقابل عرضی ہے۔ جوہر کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

جَوَّى تَجْوِيَةً —السِقَاءَ: مشک میں پیوند لگانا۔

الجَوّ: آسمان وزمین کا درمیانی حصہ۔ کشادہ وادی۔ کشادہ میدان۔ جَوُّ البَيْتِ: گھر کا اندرونی حصہ جَوُّ الماء: زمین کا وہ حصہ جو پانی کے لیے کھودا جائے۔ جَوُّ كلِ شيٍ: اندرونی حصہ۔ ج جِوَاء واَجْوَاء.

الجَوَّانِيّ. جَوّ کی جانب منسوب۔ اس کا نقیض بَرَّانِي ہے۔ دیکھئے لفظ بَرَّانِي۔

الجُوَّة: مشک کا پیوند۔ زمین کا سخت ٹکڑا۔ پہاڑ وغیرہ کا گڑھا۔ لوہے کا زنگ۔ گندم گوں رنگ۔

جَوِيَ(س) جَوًى: عشق یا غم کی وجہ سے جلن لاحق ہونا الماءُ: بدبودار ہونا۔ الشَّيَّ: ناپسند کرنا۔ جَوِيَتْ نفسه من البلد وعن البلد: ناموافق ہونا۔

جَاوَى مُجَاوَاة. بالابل: پانی پر بلانا۔

اِجْتَوَى. البَلَد: اقامت ناپسند کرنا۔ (واِسْتَجْوَى) الطعامَ: ناپسند کرنا۔

الجَوَى. ہس: غم یا عشق کی وجہ سے سوزشِ سینہ کا ایک مرض۔ مرض کی طوالت۔ بتلائے سوزشِ عشق۔

الجِوَاء. کشادہ وادی۔ زمین کا اندرونی حصہ۔ چرواہے کا تھیلا۔ وہ چیز جس پر ہانڈی رکھی جائے۔

الجَوِي: بدبودار۔ عاشق۔ بتلائے سوزش عشق۔

الجَوِيّ: تنگ دل مؤنث جَوِيَّة.

الجِيَّة: پانی وغیرہ جبکہ بدبودار ہو جائے۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج جِيّ.

جَاءَ يَجِيءُ ويَجُوءُ مَجِيئًا ومَجِيئَةً وجَيْأً وجَيْئَةً: آنا۔ به: لانا۔ جَاءَهُ وجَاءَ اليه: آنا۔ الشَّيَّ: کرنا۔ صفت (جاءٍ) مؤنث جائية

جاآني وجَايَأني فَجِئْتُهُ: کثرتِ آمد میں مقابلہ کرنا۔

اَجَاءَهُ: لانا۔ آنے کو لازم وضروری ٹھہرانا۔

اَلجِيْئَة. ہس۔ ایک مرتبہ کی آمد۔ پیپ وخون۔ ٹکڑا جس سے جوتہ پیوند لگایا جائے۔

الجِيئَة: آنا۔ ج جِيآت.

جَابَ(ض) جَيْبًا. البِلَادَ: طے کرنا۔ القميصَ: گریبان بنانا۔

جَيَّبَ: القَمِيْصَ: گریبان بنانا۔

الجَيْب. من القميص: گریبان۔ دل وسینہ۔ کہا جاتا ہے "نَاصِحُ الجَيْبِ" امین وصادق جَيْبُ الارض: زمین میں داخل ہونے کی جگہ۔ ج جُيُوْب.

الجَيْبُ والجَيْبَة. عند العوام: تھیلی۔ پاکٹ۔ ج جِيَاب.

جَاحَ يَجِيْحُ جَيْحًا. السيلُ الوادى: کناروں کو بہالے جانا۔

جَادَ وجَيِدَ يَجَادُ جَيَدًا: خوبصورت اور لمبی گردن والا ہونا۔ صفت (اَجْيَد) مؤنث جَيْداء وجَيْدَانة. ج جُوْد. اور کبھی جَيَد گردن کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عنق أجيد"

الجِيْد: گردن۔ ج اَجْيَاد وجُيُود.

جَيَّر. الحوضَ: کچ کرنا۔

جَيْرِ: حرف ایجاب بمعنی نعم۔ یعنی ہاں۔

الجَيئر: کچ۔

الجَيَّار: بے بجھا چونہ۔ (والجائر) غصہ یا بھوک کی وجہ سے سینہ کی سوزش۔ حوض (مُجَيَّر) کچ کیا ہوا حوض۔ گہرا حوض۔

جَاشَتْ (ض) جَيْشًا وجَيْشَانًا و جُيُوْشًا. القِدْرُ: اُبلنا البحرُ: جوش مارنا الصدرُ: غصہ سے جوش میں آنا۔ الحَربُ بَيْنَهُمْ: گھسان کی جنگ شروع ہونا۔ العينُ: آنسو بہانا۔ الوادى: موج مارنا۔ الميزابُ: پرنالہ کا خوب اچھی طرح بہہ پڑنا۔ النفسُ: جی متلانا۔ نفسُ الجبان: بھاگنے کا ارادہ کرنا۔

جَيَّشَ. الجُيُوش: فوجوں کو جمع کرنا۔

تَجَيَّشَ. القومَ: اکٹھا ہونا۔ تَجَيَّشَتْ نفسهُ: جی متلانا۔

اِسْتَجَاشَ. الجَيْشَ: جمع کرنا۔ الاميرَ: امیر سے مدد اور لشکر طلب کرنا۔ القومَ: مدد دینے پر برانگیختہ کرنا۔

الجَائِشَة: نفس۔

الجَيْشَة. جاش کا اسم مرۃ۔ ج جَيْشَات.

الجَيْش. ہس: لشکر۔ ج جُيوش.

الجَيْش: ایک قسم کی لمبی نباتات کا نام ہے۔

الجَيَّاش: متحرک ومضطرب۔

جَاضَ (ض) جَيْضًا وجَيَّض تَجْيِيْضًا.
عنه: منحرف ہونا۔ ہٹ جانا۔
جَائِضَةٌ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الجَيْضَةُ: دائیں بائیں جھکاؤ۔
الجيَضُّ والجيَضَّى: تکبر وغرور کی چال۔
جَاظَ (ض) جَيْظَانًا: چلنے میں تکبر کرنا۔
صفت (جَيَّاظ) بحمله: بوجھل چلنا۔
الجَيْعَر: بجو۔
الجَيْعَم: بھوکا۔
جَافَت (ض) جَيْفًا وجَيَّفَت وتَجَيَّفَت واجْتَافَت وانْجَافَت. الجثّه: بدبودار ہونا۔
الجِيْفَة: میت کا بدبودار جثہ۔ ج جِيَف واَجْيَاف.
الجَيْفَر: قوی شیر۔
جَيْفَل: نام ماہ ذی القعدہ۔
الجِيْل: لوگوں کا ایک گروہ۔ صدی۔ ایک زمانہ کے لوگ۔ ج اَجْيَال وجِيْلان.
الجَيْلَم: چاند۔
الجَيْهَر: ایک قسم کی مکھی۔
الجَيْهَل والجَيْهَلَة: انگارہ ہلانے کی لکڑی۔ کریلنی۔ صَفَاة جَيْهَل: بڑا پتھر۔
اَلْجَوْدِيْزِيَّة: (یونانی لفظ) زمین کی پیائش کا علم
اَلْجيولوجيا: زمین کے طبقات اس کی طبعی مائیت کے اسباب کا علم۔
الجِيْم: حروف ہجاء کا پانچواں حرف۔ (مذکر و مؤنث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

ح

ح: الحا بنیادی حروف میں سے چھٹا حرف ہے۔ یہ حروف حلق سے ہے۔ حساب جمل میں اس کا نمبر (۸) ہے۔

حَبَّهٗ (ض) حُبًّا وحِبًّا. اَلشَّیَٔ: رغبت کرنا۔

حَبَّ (س) حَبُبَ (ک) الیه: محبوب ہونا۔

حَبَّبَهٗ. الیَّ: محبوب بنانا۔ اور کہا جاتا ہے "حَبَّبَنِی اِیَّاه" اس نے مجھ کو اس کا محبوب بنایا۔ حَبَّبَ اَلقِربَةَ: بھرنا (حَبَّبَ واَحَبَّ) الزرعُ: دانے دار ہونا۔

حَابَّه مُحَابَّةً و حِبَابًا: باہم محبّت کرنا۔ محبّت ظاہر کرنا۔

اَحَبَّه: محبّت کرنا۔ یہ حب سے زیادہ مستعمل ہے۔ صفت فاعلی۔ (مُحِبٌّ) اور صفت مفعولی (مَحْبُوبٌ و مُحَبٌّ)

تَحَبَّبَ. الیه: محبّت و دوستی ظاہر کرنا۔ تَحَبَّبَ من الشَّرَابِ: بھرنے سے مٹکے کی مانند پھول جانا۔

تَحَابَّ. القومُ: ایک دوسرے سے محبّت کرنا۔

اِسْتَحَبَّه: محبّت کرنا۔ اچھا سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَبَّ الکفرَ علی الایمان" اس نے کفر کو ایمان پر فضیلت دی۔

الحَبَّ ج حُبُوْب و حُبَّان: دانہ۔ واحد (حَبَّة) ج حَبَّات. حَبُّ الغَمامِ: اوله. حبة القلب: دل کا دانہ یا روح۔ الحَبَّة: دو

(۲) جَو کے برابر ایک وزن کا نام۔ دینار کا سولہواں حصہ۔ الحَبَّة الخَضْرَاء: بُن (ایک دوا کا نام) الحَبَّةُ السَوْدَاء: کلونجی۔

المَحَبَّة: مرغوب چیز کی طرف طبیعت کا میلان۔

الحِبُّ. مس: دوست۔ عاشق۔ محبوب۔ ج اَحْبَاب و حِبَّان و حَبَبَةٌ و حُبٌّ و حُبُوبٌ.

الحُبُّ. مس: بڑا گھڑا یا مٹکا۔ ج حِباب و حَبَبَة و اَحْبَاب.

الحُبّةَ: انگور کا بیج۔ معشوق۔ معشوقہ۔ ج حُبَب. کہا جاتا ہے "هذا حُبَّتك" یہ وہ چیز ہے جس کا مل جانا تمھیں محبوب ہے۔ "و نعم و حُبّةٍ و کَرامَةً" جیسا کہ کہا جاتا ہے "حُبّاً و کَرَامَةً"

الحَبَب: دانتوں کی ہمواری۔ (والحَبَاب) بلبلہ۔ حَبَبُ الماءَ او الرمل و حِبَبُهٗ: پانی یا ریت کا بڑا حصہ۔

الحَبَاب: انتہا۔ کہا جاتا ہے۔ "حَبَابك ان تفعل کذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحُبَاب: دوستی۔ محبت۔ محبوب۔ سانپ۔

اُمُّ حباب: دنیا۔

الحُبَابَة: ایک قسم کا سیاہ آبی کیڑا۔ ج حُبَاب

الحَبِیْب: عاشق۔ معشوق۔ ج اَحِبَّة و اَحِبَّاء و اَحْبَاب.

الحَبَّاب. حبّ: کا اسم مبالغہ: گھڑوں اور مٹکوں کا بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔

المُحِبَّ: فا. کہا جاتا ہے "اِمرأة محبّة لزوجها و مُحِبّ لهٗ"

حَبَجَه (ض) حَبْجًا. بالعصاء: لاٹھی سے مارنا۔ (واَحْبَجَ) الامرُ: اچانک ظاہر ہونا۔ قریب ہونا۔ ظاہر ہونا۔

حَبِجَ (س) حَبَجًا و حَبَجَ (ف) حُبَاجًا: سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَبِجٌ)

الحَبَج. مس۔ مینگنیاں جو سدہ کی شکل میں ہو جائیں۔ اونٹ کی کمر کا داغ۔

حَبْحَبَ حَبْحَبَةً. الماءُ: پانی کا آہستہ بہنا۔ النارُ: آگ جھڑکنا۔

اَلْحَبْحَاب: پست قد۔ بدنما۔ بدشکل۔ حبَاحِب.

الحُبَاحِب واُمُّ حُبَاحِبْ: جگنو۔ وہ چیز جو جگنو کی دُم میں آگ کی مانند دکھلائی دے۔ اور اسی سے نَارُ الحُبَاحِب ہے جس کو ضعف و کمزوری میں بطور مثل کے استعمال کرتے ہیں۔

نَارُ الحُبَاحِب: چنگاری جو گھوڑے کے سم سے پتھر وغیرہ پر ٹھوکر لگنے سے نکلے۔

المُحَبْحَب: بدغذا۔

الحَبْحَبَة: تربوز۔ ج حَبْحَب.

حَبَّذَا. حَبَّ اور ذَا، اسم اشارہ سے مرکب کلمہ ہے جو مدح کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور ہر صورت میں یہی صیغہ بولا جاتا ہے۔ (حَبَّذَه) کسی سے "حبذا" کہنا۔

حَبَّ: بیج بطور دوائی چنے کے برابر گولی بنانا اس

سے چھوٹی یا بڑی بھی ہو سکتی ہے۔ حب الضمام: اولا الحبة السودا' شونیز یعنی کلونجی۔ الحبة الخضراء: بن کا پھل

حَبَرَ (ن) حَبْرًا. الشَّیَٔ: مزین کرنا۔ منقش کرنا۔

حَبَرَهُ (ن) حَبْرًا وحَبْرَةً واَحْبَرَهُ: خوش کرنا۔ اَحْبَرَت الاَرْضُ: پیداوار کا زیادہ ہونا۔

حَبِرَ (س) حُبُوْرًا و حَبَرًا: خوش ہونا۔ (حَبَرًا) الجرحُ: زخم کا اچھا ہونا اور کچھ اثر باقی رہنا الاسنانُ: زرد ہونا الارضُ: پیداوار کا زیادہ ہونا۔

حَبَّرَ. الدواةَ: روشنائی ڈالنا الکلامَ او الخطَّ او الشعرَ: عمدہ بنانا۔

حُبِّرَ: پسوؤں کے کاٹے کا نشان والا ہونا۔

تَحَبَّرَ: مزین ہونا۔ عمدہ ہونا۔ السحابُ: ظاہر ہونا اور پھیلنا۔

الحَبْر والحِبْرُ: نیک عالم۔ خوشی ونعمت

الحَبْر الاعظم: پوپ۔ یہودیوں کے نزدیک کاہنوں کا سردار۔ ج حَبار و حُبُور.

الحِبْرُ: روشنائی، خوبصورتی۔ نقش ونگار۔ دانتوں کی زردی ج حُبُور. کہا جاتا ہے "فلان حسن الحِبر والسِبر" یعنی فلاں خوبصورت اچھی ہیئت والا ہے۔ "و فلان لیس له حبر" یعنی فلاں کا کوئی مثیل ونظیر نہیں "و ذهب حِبْرُهُ و سِبْرُهُ" یعنی اس کی رونق وہیئت جاتی رہی۔

الحَبَر. س اثر۔

الحِبْرَة. مثلثة الحاء: دانتوں کی زردی۔

الحَبَرة والحِبَرَة: ایک قسم کی یمنی چادر۔ ج حَبَرات و حِبَرات وحِبَر.

الحَبْرَة: خوشی۔ نعمت۔ ہر عمدہ راگ۔

الحِبَر والحَبِیْر. من الثیاب: نیا ونرم منقش چادر۔ حَبِیر کی جمع حُبُر ہے۔

الحَبَار. ج حَبارَات و (الحِبْر) ج حُبُوْر: داغ۔ نشان۔ اثر۔ کہا جاتا ہے "بِجلدِهٖ حَبارُ الضربِ" اس کی کھال میں مار کا اثر ہے "و فی یدہٖ حَبارُ العَمَلِ" اس کے ہاتھ میں کام کرنے کا اثر ہے۔

المِحْبَرة والمَحْبَرة والمَحْبُرة: دوات۔ ج مَحابِر.

الحَبُوْرة: امامت۔

الحابُوْر: بدکاروں کی مجلس۔

الحُباری: سرخاب۔ ج حُبارَات.

الحَبُوْر والحُبْرُور والحِبْرِیْر: سرخاب کا بچہ۔ ج حَبارِیر. کذب (حِبرِیت) خالص جھوٹ۔

حَبَسه (ض) حَبْسًا و مَحْبِسا: قید کرنا عن الشَّیَٔ: روکنا۔ الشَّیَٔ: پورے طریقے سے حفاظت کرنا الشَّیَٔ بالشیء: ڈھانپنا یا احاطہ کرنا۔ المالَ علیٰ کَذَا: وقف کرنا۔

اَحْبَسَ و حَبَّسَ. المالَ: اللہ کے راستہ میں وقف کرنا۔

حَابَسَهُ مُحابَسَةً: روک رکھنا۔

تَحَبَّسَ واِحْتَبَسَ. فی الکلام: رک جانا علیٰ کَذَا: محدود رکھنا۔ واِحْتَبَسَهُ: روک رکھنا (لازم ومتعدی) اِحْتَبَسَ الرجلَ: قیدی بنانا۔

الحَبْس. ج حُبُوس و (المَحْبِس) ج مَحابِس: قید خانہ۔

الحِبْس: پلنگ پوش۔ وہ لکڑی یا پتھر جو پانی کے بہاؤ کے روکنے کے لیے رکھا جائے ج اَحْباس.

الحُبُس: واحد حَابِس و (الحُبُس) واحد حَبُوْس: یا حَبِیْس: پیادے۔ وقف شدہ چیز۔

الحُبْسَة: گفتگو کرنے میں دشواری۔

الحَابِسَة. الحابس کا مؤنث۔ اُونٹ جو شریف النسل ہونے کی وجہ سے گھر ہی میں باندھ کر رکھے جائیں۔

الحَبائِس: اُونٹ جو شریف النسل ہونے کی وجہ سے گھر ہی میں باندھ کر رکھے جائیں۔ اُمورِ خیر میں وقف شدہ چیز (حَبِیسة) کی جمع ہے۔

الحَبِیْس: قیدی من الخیل: جہاد کے لیے وقف شدہ گھوڑا۔ ج حُبُس دنیا سے بے تعلق آدمی۔ ج حُبَساء

المَحْبَسَة: قید خانہ۔ عابدوں زاہدوں کے رہنے کی جگہ ج مَحابِس.

حَبَشَ حَبْشًا و حُباشَةً حَبَّشَ واِحْتَبَشَ. الشَّیَٔ: جمع کرنا۔

اَحْبَشَتِ. المرأةُ: حبشی بچہ جننا۔

تَحَبَّشَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔

الحُباشَة ج حُباشَات و (الاُحْبُوْش) والاُحْبُوْشة ج اَحابِیْش: مختلف قبیلوں کے لوگ۔

الحَبَش والحَبَشه: ملک حبش کا باشندہ واحد (حَبَشِی) ج حُبْشان. الحَبَشَة: ملک حبش جس کو آج کل ابی سینیا کہتے ہیں۔

الحُبْشِیَّة: سخت کالا اونٹ۔ سیاہ رنگ کی بڑی چیونٹی۔

الحُبَاشِیَة: عقاب۔

الاَحْبَش: حبشی. ج اَحابِش.

الحُبْشَان: ٹڈی کی ایک قسم۔

حَبَضَ (ض) حَبْضًا و حَبِضَ (س) حَبَضًا. القلبُ: دل کا سخت دھڑکنے کے بعد ساکن ہونا الرَّجلُ: مرنا السَّهْمُ: تیر۔ تیر کا پھینکنے والے کے سامنے ہی گرنا اور سیدھا نہ جانا۔ "فلانٌ بالوتر" آواز نکلنے کے لیے حرکت دینا۔

حَبَضَ (ن ض) حُبُوْضًا. ماء البئر: کم ہونا حقهُ: باطل ہونا السهْمُ: تیر کا پھینکنے والے کے سامنے ہی گرنا اور سیدھا نہ جانا الغلامُ: لوگوں کے نیک گمان کے خلاف ہونا۔

اَحْبَضَ: حقَّهُ: باطل کرنا البئرَ: پانی ختم کرنا۔

الحَبَض. س: رگ کی تیز حرکت۔ کہا جاتا ہے "مابه حبض ولا نبض" یعنی اس کے اندر حرکت نہیں۔

المِحْبَض: دھنیا کی کمان۔ شہد نکالنے کی لکڑی ج مَحابِض و مَحابِیض.

رَجلٌ (حَابِض و حَبّاض) کنجوس۔ بخیل۔

حَبِطَ (س) حَبْطًا و حُبُوْطًا. عمله: بیکار ہونا۔ خراب ہونا۔ برباد ہونا (واَحْبَط) ماءُ البئر: ہمیشہ کے لیے کم ہو جانا۔

حَبط. دمُ القتیل: بیکار جانا۔ حَبِطَ البَعِیْر حَبَطًا: خندقوق نامی ایک قسم کی نباتات کے کھانے سے پیٹ پھولنا۔ صفت (حَبِط) ج حَباطی اوراس بیماری کا نام حُباط ہے۔

اَحْبَطَ. عمله: بے کار و باطل کرنا۔ اَحْبَطَ الضَرْبُ زیدًا: نشان چھوڑنا۔ اَحْبَط عنه: روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعلق بِهِ ثم اَحْبَطَ عنه" اس کا تعلق اس سے ہوا پھر اس نے روگردانی کی۔

الحَبَطُ. س۔ زخم کا نشان۔ مار کی وجہ سے بدھی۔ مار کی وجہ سے آماس۔

الحَبَنْطِی: موٹا وپست قد۔ غصے میں بھرا ہوا۔

حَبَقَهُ (ض) حبقا: مارنا۔

حَبَقَ (ض) حَبْقا و حَبِقًا و حُبَاقًا. العَنْزُ: گوز کرنا۔ (اس کا اکثر استعمال بکری اور اُونٹ کے لیے ہے۔)

حَبَّقَ. المتاعَ: جمع کرنا۔

اَحْبَقَ: تابعدار ہونا۔

حَبَقُوْا و تَحابَقُوْا. عَلَيْهِ: جہالت سے کام لینا۔

الحَبَق: پودینه. واحد حَبَقة. حَبَقُ المَاءِ: نھری نعنع۔ حبق البقر: بابونہ۔

حَبَقُ الفَتی او الفیل: دونا مروا۔

الحُبَق والحَبِقة: کم عقل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حَبِقَة" جاہل مرد۔

الحَبِق: بے کار و بے فائدہ مرد۔

الحَبَقُرُّ: اولہ۔

حَبَكَهُ (ن ض) حَبْكًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا الحائكُ الثوبَ: عمدہ بننا۔

حَبَّكَهُ: مضبوط کرنا۔

اَحْبَكَهُ: مضبوط کرنا۔ عمدہ طریقہ سے کرنا۔

تَحَبَّكَ: کمر باندھنا۔ کپڑے میں لپٹنا۔

اِحْتَبَكَ. الثوبَ: عمدہ بننا بالازار: ازار باندھنا۔

الحُبْكَة والحِباك: ازار باندھنے کی جگہ یا کمربند۔ الحِبَاك: ریت کے ٹیلہ کا راستہ۔ ج حُبك.

الحَبَك والحَبَكة: انگور کی جڑ۔

الحِبَكُّ: کمینہ۔

الحُبُك: سخت۔

الحَبِيْك: مضبوط کیا ہوا۔

الحَبِيْكة. الحَبِيْك کا مؤنث۔ ریت کے ٹیلے کا راستہ۔ ستاروں کے درمیان کا راستہ۔ بالوں کے گچھے کی ایک لٹ۔ لوہے کی زرہ ج حَبائك وحَبِيْك وحُبُك. قرآنِ مجید میں ہے ﴿والسماءِ ذاتِ الحُبُك﴾ قسم ہے آسمان راستوں والے کی۔

اَلْمَحْبَك: ازار باندھنے کی جگہ۔

حَبْكَرَ. الشَّيءَ: جمع کرنا۔

تَحَبْكَرَ. في طريقه: متحیر ہونا۔

حَبَلَهُ (ن) حَبْلًا: رسّی سے باندھنا الصیدَ: پھندے سے پکڑنا۔ صفت (حَابِل)

حَبِلَتْ (س) حَبَلًا. المرأةُ: حاملہ ہونا۔ صفت (حَابِلة) ج حَبَلَة و (حُبلیٰ) ج حُبالیٰ و حُبْلَیات و (حَبْلانة) من الماء: بھر جانا۔ صفت (حَبْلان)

حَبَّلَها واَحْبَلَها: حاملہ کرنا۔ اَحْبَلَ النخلَ: گابھا دینا۔

اِحْتَبَلَ. الصیدَ: پھندے سے پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَبَلَه الموتُ بِحَبائِله" موت نے اسے اپنے پھندے میں پھانس لیا۔

(وتحبَّل) الصیدُ: پھندے میں پھنسنا الدابةُ: جانور کی ٹانگوں کا رسّی میں پھنس جانا۔

الحَبْل: رسّی۔ باندھنے کی چیز۔ ج حِبَال واَحْبُل وحُبُول واحبال. ملاپ۔ عہد وذمہ ز ریت کا لمبا ٹکڑا۔ بدن کی رگ جیسے حَبْلُ الذّراع وحَبْلُ الوَرِيْد" کہا جاتا ہے "هو علىٰ حَبْلِ ذِراعِك" وہ تم سے قریب ہے۔ "وَصَلَ زَيْدٌ حَبْلَ عمرو" زید نے اپنی لڑکی کی شادی عمرو سے کر دی "و هو يَحْطُبُ في حَبْل فلان" یعنی وہ اس کی اعانت اور مدد کرتا ہے۔ "وحَرَمَ حِبالَه" یعنی اس نے تعلقات منقطع کر لئے۔

الحَبَل. س۔ انگور کی بیل یا اس کی شاخیں واحد حَبَلَة ج اَحْبال. بھر جانا۔ غم وغصہ۔ حمل۔

الحِبْل: دانشمند وزیرک۔ چالاک۔ ج حُبُول

الحَابِل: پھندے سے شکار کرنے والا جادوگر۔ کپڑے کا تانا۔ "اختلَط الحابلُ بالنّابِل" بطور ضربُ المثل کے اس وقت بولتے ہیں جب یہ کہنا ہوتا ہے کہ فلاں معاملہ آپس میں گتھ گیا۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اس مثال میں حابل سے تانا اور نابل سے بانا مراد ہے۔ اور بعضوں کے نزدیک حابل سے مراد پھندے سے شکار کرنے والا اور نابل سے مراد تیر سے شکار کرنے والا ہے۔ نیز کہتے ہیں "دار حَابلهُ علی نابله" یعنی اس کا اول آخر پر گھوم گیا۔ "و ثار حابلهُم علی نابلهم" یعنی انہوں نے آپس میں شر و فساد برپا کر لیا۔ "و حول حابلَه علی نابله" یعنی اس نے اوپر کا نیچے کر دیا۔

الحَابُول: درخت خرما وغیرہ پر چڑھنے کے لئے چھال کی رسّی۔ پاسی۔

الحُبَال: بھر جانا۔ کہا جاتا ہے "به حُبال من الشَراب"

الحِبَالَة: پھندا۔ ج حَبائِل.

الْاُحبول والاُحْبُوْلَة: پھندا۔

الحَبَالَة: کسی چیز کا مناسب وقت۔ بوجھ۔

الحَبّال: رسّی بنانے والا یا بیچنے والا۔

الحَبْلان: غصہ اور کینہ سے بھرا ہوا۔ مؤنث حُبْلانة.

المَحْبَل: حمل کی مدت۔

المُحَبَّل: رسّی۔ شعر محبَّل: بٹے ہوئے بال۔

مُحْتَبَلُ. الفرس: گھوڑے کی ٹانگ اور کھر کا جوڑ۔

حَبِنَ (س) حَبَنًا وحُبِنَ حَبْنًا: سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَابِن ومَحبُون واَحْبَن) عَلَیْهِ: غصہ سے بھرنا۔

اَحْبَنَهُ. الداءُ: سوجے ہوئے پیٹ والا کر دینا۔

الحَبْن والحَبِیْن: کنیر کا درخت۔

اُمّ حُبَیْن والحُبَیْنَة: گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔

الحِبْن: بندر۔ پیپ سے بھرا ہوا پھوڑا۔ ج حُبُون۔

حَبَا (ن) حَبْوًا: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَبَوْت الی الخمسین" میں پچاس سال کے قریب ہو گیا الولَدُ: چوتڑوں کے بل گھسنا السفینةُ: جاری ہونا۔ حَبَا ما حَوْله: حفاظت کرنا اور منع کرنا الشیُ له: پیش آنا۔ السهمُ: نشانہ خطا کرنا ہ کَذَا و بکَذَا: بغیر کسی بدلہ کے دینا ہ عن کَذَا: منع کرنا۔

حَبَّاه: حفاظت کرنا اور منع کرنا۔

حَابَیٰ مُحَابَاةً وحِبَاءً. الرجلَ: مدد کرنا۔ دوسروں کے علاوہ مخصوص کرنا ہ فی البیع: سہولت برتنا القاضی زیدًا فی الحکم: انصاف سے ہٹ کر مائل ہونا۔

اَحْبَیٰ. الرامی: نشانہ سے خطا کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَمیٰ فَاحْبَیٰ" اس نے تیر پھینکا اور نشانہ سے خطا کی۔

اِحْتَبَیٰ اِحْتِبَاءً. بالثوب: کسی کپڑے میں لپٹ جانا۔ پیٹھ اور پنڈلیوں کو کسی کپڑے سے باندھ لینا۔

الحِبَاء والحِبْوَة والحَبْوَة والحُبْوَة: عطیہ. الحِبَاءُ: عورت کا مہر۔

الحَبْوَة والحُبْوَة: وہ کپڑا جس سے پیٹھ اور پنڈلیوں کو ملا کر باندھ لیا جائے۔ ج حُبیً و حِبیً۔

الحَبِیّ والحَبَا: گہرا بادل جو زمین سے قریب ہو۔

الحَابِی. فا: گردن تک بلند کندھوں والا۔

حَتَّ (ن) حَتًّا. الشجر: پتے جھاڑنا۔ چھال اُتارنا الشیئَ عن الثوب: اکھڑ کر دور کرنا عن الشَّیِ: ہٹا دینا الورقَ او القشرَ عن الشجر: پتے جھڑنا یا چھال گرنا۔

تَحَاتَّ تَحَاتًّا وانْحَتَّ وانْحِتَاتًا. الورقُ من الشجر: جھڑ جانا شعرُهُ عن راسِهِ: گرنا الاَسْنَانُ: کھوکھلا ہو کر گرنا۔

الحَتُّ. مں: مُردہ ٹڈی۔ الفرس الحتّ: تیز رفتار گھوڑا۔ ج اَحْتَات. کہا جاتا ہے "تر کُوْهُمْ حَتًّا بَتًّا اَوْ حَتًّافَتًّا" یعنی انہوں نے ان کو ہلاک کر دیا۔ "و مَا فِیْ یَدَیَّ منه حَتٌّ او حُتَاتة" یعنی اس میں سے میرے ہاتھ میں کچھ نہیں۔

الحَتَت: درختوں کی خرابی جس سے پتے جھڑ جاتے ہیں۔

الحُتَات: بکھری ہوئی چیز۔ چورہ۔ ریزہ۔

الحَتَات: شور و غوغا۔

الحَتُوْت والمِحْتَات. من النخل: کھجور کا درخت جس سے کچی ہی کھجوریں گر جائیں۔

حَتّٰی: حرف جار ہے۔ انتہا پر دلالت کرتا ہے جیسے "اکلتُ السمکة حتی راسها" یعنی میں نے مچھلی کو اس کے سر تک کھالیا۔ اور "ان" مصدریہ کی تقدیر سے فعل مضارع پر داخل ہوتا اور غایت کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے "سِرْتُ حَتّٰی اَدْخلَ المَدِیْنَة" یعنی میں چلا یہاں تک کہ شہر میں داخل ہو گیا۔ اور یا بیان علت کا فائدہ حاصل ہوتا ہے جیسے "ترَهَّبْتُ حتی اتوب" یعنی میں نے توبہ کرنے کے لیے دُنیا سے بے رغبتی اختیار کی۔ اور کبھی حرف عطف بمعنی واو ہوتا ہے جیسے "اکلتُ السَمکةَ حتی راسِها" میں نے مچھلی کو اور اس کے سر کو کھالیا۔ اور کبھی حرف ابتدا ہوتا ہے۔ جیسے "فوا عجبًا حتی کُلَیْبٌ تسُبُّنِیْ" بڑا تعجب ہے کہ کلیب مجھے گالی دینے لگیں۔

حَتَّامَ: کب تک، اس کی اصل حتی ما ہے۔ "مَا" استفہامیہ کا الف حذف کر دیا گیا ہے۔

حَتَأَ (ف) حَتْأً واَحْتَأَ. العقدةَ: گرہ باندھنا الثوبَ: کپڑا سینا الجدارَ: دیوار مضبوط کرنا الشَّیَٔ: لگاتار دیکھنا الحِمْلَ عن الدابة: بوجھ اُتارنا المرأةَ: جماع کرنا الرجلَ: مارنا۔

حَتْحَتَ: جلدی کرنا۔

تَحَتْحَتَ. الورقُ: جھڑنا۔

حَتِدَ (س) حَتَدًا: خالص الاصل ہونا۔ صفت (حَتِد)

حَتَدَ (ض) حُتُوْدًا. بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔

حَتَّدَ. الشَّیَٔ: خالص اور نفیس ہونے کی وجہ سے چننا۔

الحُتْد والحَتَد. من الشَّیِٔ: اصل و جوہر کہا جاتا ہے "عین حُتُد" پانی ختم نہ ہونے والا چشمہ۔

المَحْتِد: اصل۔ کہا جاتا ہے "فلان کریم المَحْتِد" فلاں کریم الاصل ہے۔

حَتَرَه (ن ض) حَتْرًا وحُتُورًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا۔ تھوڑا دینا۔ تھوڑی خوراک دینا۔ حتر له شیئاً: تھوڑا دینا اهلَه: نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما حَتَرْتُ الیَوْمَ شیئًا" میں نے آج کچھ نہیں کھایا۔ یا مجھے آج کچھ حاصل نہیں ہوا۔

اَحْتَرَ. الشَّیَٔ: مضبوط کرنا الرَّجُلُ: تھوڑی بھلائی یا تھوڑی بخشش والا ہونا عَلَیْنَا الرزقَ: کم کرنا یا روک لینا۔

حَتَّرَ: نان نفقہ میں کمی کرنا البَیْتَ: گھر کے گرد گھیر اپنانا۔

الحَتْر والحِتْر والحُتْرَة: تھوڑی چیز یا تھوڑی بخشش۔

حِتَارُ. الشَّیِٔ: کنارہ۔ گھیرا۔ جیسے "حِتَارُ الاُذُن" کان کا کنارہ "حِتَارُ الظفر" ناخن کے اردگرد کا گوشت۔ "حِتَارُ المُنْخِل

والغِربالِ" چھلنی کا گھیرا۔ ج حُتُر.
الحَتْرَةُ: ایک بار بچہ کا دودھ چوسنا۔
الحَتِيرَة. عند البعض الحَثِيرَةُ: کھانا جو عمارت کی تیاری پر کھلایا جائے۔
المُحْتِرُ: اہل و عیال پر نان نفقہ میں تنگی کرنے والا۔
حَتْرَشَ حَتْرَشَةً. الجرادُ: کھانے میں آواز نکالنا۔
تَحَتْرَشَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔
الحُتْرُوش: ہلکا پھلکا چست لڑکا۔
الحَتَارِش: بچے کی حرکتیں۔ کہا جاتا ہے "ماأحسن حتارش هذا الصبی" اس بچے کی حرکتیں کس قدر اچھی ہیں۔
تَحَتْرَفَ. الشَّئُ: بکھر جانا۔ کہا جاتا ہے "تَحَتْرَفَ الشئُ من يدی" چیز میرے ہاتھ سے بکھر گئی۔
الحَتْرَفَةُ: آنکھ کی سرخی۔ سختی۔
حَتَشَ (ن) حَتْشًا: آمادگی کے ساتھ جمع ہونا۔
الحَتْفُ: موت۔ کہا جاتا ہے "ماتَ حَتْفَ اَنْفِهٖ اَوْحَتْفَ فيه" وہ اپنی موت سے مرا۔ ج حتوف.
حَتَكَ (ض) حَتْكًا وحَتَكَانًا وتَحَتَّكَ: چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔
الحَتَكُ والحَوَاتِكُ: شتر مرغ کے بچے۔
حَتَلَهٗ (ن) حَتْلًا: دینا۔
الحِتْلُ والحَاتِلُ: مثل و مشابہ۔ الحِتْلُ: عطیہ۔ گھٹیا چیز۔
حَتَمَ (ض) حَتْمًا. الشَّئَ: مضبوط کرنا۔ الشَّئَ عَلَيْهِ: واجب کرنا بالشَّئِ: کسی چیز کا حکم لگانا۔
تَحَتَّمَ: خوش ہونا۔ اظہار شادمانی کرنا۔ دستر خوان کے بقیہ کو کھانا الزُجاجُ بَعْضُه علی بَعْضٍ: شیشہ کا بعض بعض پر گر کر ٹوٹنا۔ (وانْحَتَمَ) الامرُ: واجب ہونا۔ تَحَتَّمَ الشَّئُ علی نفسه: لازم کر لینا۔ واجب کر لینا۔

الحَاتِمُ: فا۔ حاکم۔ کہا جاتا ہے حَتَمَ الحَاتِمُ بکذا" حاکم نے فلاں چیز کا فیصلہ کیا۔ کالا کوا۔
الحتم. س: خالص۔ کہا جاتا ہے "هو الاخ الحتم" وہ حقیقی بھائی ہے۔ "وهذا ولد حتم" یہ حقیقی لڑکا ہے جس کے نسب میں کوئی شبہ نہیں۔ فیصلہ۔ ج حُتُوم.
الحُتُوْمَةُ: ترشی۔
الحُتْمَةُ: سیاہی۔
الاَحْتَمُ: سیاہ۔
الحُتَامَةُ: دستر خوان کا چورہ۔
حَتِنَ (س) حَتَنًا. الحَرُّ: تیز ہونا۔
اَحْتَنَ. الرَّجُلُ: سارے تیر ایک ہی جگہ پڑنا۔
تَحَاتَنَ. القومُ فی الامر: برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَحَاتَنَ الدَّمْعُ" دو دو قطرے آنسو کے گرے۔ "و تَحَاتَنَتِ الرِّيَاحُ" ہوائیں پے در پے چلیں۔
اِحْتَتَنَ: بالکل برابر ہونا۔
الحَتْنُ والحِتْنُ: برابر۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هُما حِتْنَان" وہ دونوں برابر ہیں۔
الحِتَنُ: باطل۔ یومٌ (حَاتِنٌ) گرمی میں اول آخر برابر دن۔
الحَتَنُ: پہاڑ کے کنارے۔
حَتَا يَحْتُوْ حَتْوًا: تیز دوڑنا۔
حَتَاهُ (ض) حَتْيًا واَحْتَاهُ: سینا۔ مضبوط کرنا الحبلَ: بٹنا۔
فرس (مُحْتَاةُ) الخلق: مضبوط بدن کا گھوڑا۔
حَثَّ (ن) حَثًّا و حَثَّثَ تَحْثِيثًا واَحَثَّ اِحْثَاثًا واحْتَثَّ اِحْتِثَاثًا واِسْتَحَثَّ اِسْتِحْثَاثًا. الرجلَ علی الامرِ: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔
حَاثَّهٗ: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔
تَحَاثَّ. القومُ: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔
اِحْتَثَّ: برانگیختہ ہونا (لازم و متعدی)

حَثَّثَ تَحْثِيثًا: سونا۔
الحُثُّ: بھوسے کے ریزے۔ خشک روٹی۔ چمچماتا ہوا ریت۔
الحَثِيْثُ والحَثُوْثُ: تیز۔ کہا جاتا ہے "وَلّٰی حَثِيثًا" وہ تیز بھاگا۔
الحَثَاثُ والحِثَاثُ: جلدی۔ تھوڑی نیند۔ کہا جاتا ہے ماا کتحل فلان حَثَاثًا" یعنی وہ ذرا بھی نہیں سویا۔
حَثْحَثَ. البرقُ: بادل میں کوندنا۔ فلانًا: کسی چیز پر برانگیختہ کرنا المیلَ فی العینِ: سرمہ کی سلائی کو آنکھ میں حرکت دینا۔
تَحَثْحَثَ. القومُ: آمادہ ہونا۔
الحَثْحَاثُ والحُثْحُوثُ: تیز جس میں کسی قسم کی سستی نہ ہو۔
حَثِرَ (س) حَثَرًا. الجلدُ: پھنسی والا ہونا العَيْنُ: آشوب چشم کی وجہ سے موٹے پپوٹے والی ہونا العَسَلُ: خراب ہونے کی وجہ سے دانہ دار ہونا۔ صفت (حَاثِرٌ وحَثِرٌ) الشَّئُ: کشادہ ہونا۔ صفت (حَثِرٌ و حَثْرٌ)
حَثَّرَ. الدواءَ: گولی بنانا۔
اَحْثَرَ وتَحَثَّرَ. النخلُ: دانہ ظاہر ہونا۔
الحَثَرُ: س تلچھٹ۔
الحَثِرُ: پھنسی والا۔ طعام حَثِرٌ: بکھرا ہوا کھانا۔ جس میں کوئی برکت نہ ہو۔ فُؤَادٌ حَثِرٌ: دل جو کچھ محفوظ نہ رکھ سکے۔ لِسَانٌ حَثِرٌ: زبان جس کو کچھ مزہ معلوم نہ ہو۔
حَثْرَبَ. الماءُ: گدلا ہونا البئرُ: گدلے پانی والا ہونا۔
الحُثْرُب: گدلا پانی۔ نرم زمین میں اُگنے والی ایک قسم کی گھاس۔ ہانڈی کی تلی کی چکنائی۔
حَثِلَ (س) حَثَلًا: بڑے پیٹ والا ہونا۔
اَحْثَلَتْ. الامُ ولدها: خراب غذا دینا۔ صفت مفعولی (حَثِيلٌ) الدهر فلانًا: بُرا حال کر دینا۔ تباہ حال کر دینا۔
الحَثْلُ: بُرے طریقہ سے دودھ پلانا۔ تباہ حالی۔

الحَثْل: لاغر۔ کمزور۔
الحَثْلَة: حوض کا بقیہ پانی۔
الحُثَال والحُثَالَة: چاول جو وغیرہ کا چھلکا۔
حُثَالَة الدهن: تیل کا تلچھٹ الناسِ: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
حَثَمَ (ن) حَثْما . له: دینا الشیءَ: ملنا۔ رگڑنا۔
الحَثْمَة والحَثَمة: چھوٹا ٹیلہ۔
والحَثْمَة: ناک کا بانسہ۔ ج حِثام۔
الحُثْمَة: بند کے نزدیک پانی کے گرنے کی جگہ۔
حَثَا (ن) حَثْوًا وحَثِيَ (ض) حَثْيًا وتَحْثَاءً. التراب: گرانا۔ ڈالنا۔ التراب: گرنا له: تھوڑا سا دینا۔ کہا جاتا ہے "حَثَا في وَجْهِهِ الرماد" یعنی اس نے اسے شرمندہ کر دیا۔ "وحثا في وجه التراب" یعنی وہ اس سے سبقت لے گیا۔
اِسْتَحْثَوا: ایک دوسرے کے چہرے پر مٹی ڈالنا۔
الحَثَا والحَثِيُّ: بھوسہ کے ریزے۔ ڈالی ہوئی مٹی۔
الحَثْواء: بہت مٹی والی زمین۔
الحَثِيُّ: مٹی۔ لپ۔ ج حَثَيات
الحُثْوَة: مٹی کا ایک حصہ۔ ج حُثًى۔
حَجَّهُ (ن) حَجًّا: دلیل میں غالب ہونا۔
الجُرْحَ: سلائی لگا کر دیکھنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَجَّ بنو فلان فُلَانًا" یعنی فلاں کے پاس بنو فلاں نے بہت آمدورفت کی "وحَجَجْتُ فلانًا" یعنی میں فلاں کے پاس بار بار آیا گیا۔ حَجَّ الاماكنَ المقدسة: زیارت کرنا۔ صفت (حَاجّ) ج حُجَّاج و حَجِيج و حُجّ۔ مؤنث حَاجَّة ج حَوَاجّ۔
حَجَّ عَلَيْهِ: آنًا عن الامر: باز رہنا۔
حَاجَّهُ حِجَاجًا ومُحَاجَّة: جھگڑا کرنا۔
حَجَّجَهُ تَحْجِيجًا وأَحَجَّهُ إِحْجَاجًا: حج کرنے کے لئے بھیجنا۔
تحاجًا تحاجًّا: باہم جھگڑا کرنا۔

اِحْتَجَّ: دعویٰ کرنا اور دلیل پیش کرنا بالشَّيْءِ: دلیل یا عذر بنانا البيتَ: زیارت کرنا۔
اِسْتَحَجَّ: حجت طلب کرنا۔
الحَاجّ. فا. مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے والا۔ اسم جمع بمعنی حُجَّاج. کہتے ہیں "قَدِمَ الحَاجُّ حتى المُشاة" حاجی صاحبان آ گئے یہاں تک کہ پیدل چل کر آنے والے بھی۔
الحِجَّة: حج کا اسم۔ سال۔
ذُو الحِجَّة: قمری سال کا بارھواں مہینہ ج ذَوات الحِجَّة. الحَجَّة: کان کی لو۔
الحَجَّة: بالی۔ کان کی لو۔
الحُجَّة: دلیل۔ برہان۔ ج حُجَج و حِجَاج.
الحُجَاج: ابرو کی ہڈی۔ ج حُجُج واحِجَّة وحِجاج. حَجَاجُ الشمس: آفتاب کا کنارہ۔
الحَجِيج: دلیل میں غالب آنے والا۔ وہ شخص جس کے زخم کو سلائی ڈال کر معلوم کیا جائے۔
المَحَجّ: حج کرنے کی جگہ۔
المَحَجَّة: راستہ کا درمیان۔ ج مَحَاجّ۔
المِحْجَاج: بڑا جھگڑالو۔ زخم معلوم کرنے کی سلائی۔
المَحْجُوج: دلیل میں مغلوب۔ مطلوب ومقصود۔ حج کرنے کی جگہ۔
حَجَأ (ف) حَجْأً. بالشَّيْءِ: خوش ہونا۔ عنه الشَّيْءَ: روکنا۔
حَجِئَ (س) حَجْأً وحَجَأً وتَحَجّأً. بالشَّيْءِ: بخل کرنا۔ فریفتہ ہونا۔
الحَجِيء: سزاوار۔ لائق۔ تم کہتے ہو "حَجِيء بكذا" وہ فلاں چیز کے لائق ہے۔ پناہ لینے والا۔ تم کہتے ہو۔ "هو حَجِيء اليهم" وہ ان لوگوں کے پاس پناہ لینے والا ہے۔
المَحْجَأ: پناہ لینے کی جگہ۔
حَجَبَهُ (ن) حَجْبًا وحِجَابًا وحَجَّبَهُ:

چھپانا۔ اندر آنے سے روکنا۔ حَجَب بَيْنَهُمَا: حائل ہونا۔ حَجَب صدرُه: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ فلان يَحْجُب للامير" فلاں امیر کا دربان ہے۔
تَحَجَّبَ واحْتَجَبَ: چھپنا۔
اِسْتَحْجَبَهُ: حاجب بنانا۔ دربان بنانا۔
الحِجَاب. مص ج حُجُب: پردہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ تعویذ۔
حجاب الشمس: آفتاب کی روشنی۔
حِجَابُ القلب: پردہ جو دل اور پیٹ کے درمیان حائل ہے۔
الحَاجِب ج حَوَاجِب و حَوَاجِيب: ابرو حَوَاجِبُ الشمس: آفتاب کی شعاعیں الشَّيْء: چیز کا کنارہ۔ حاجبُ الشمس: آفتاب کا کنارہ جو طلوع ہونے کے وقت ابتداءً ظاہر ہو۔ الحاجب ج حُجَّاب وحَجَبَة: دربان۔
الحِجَابَة: دربانی۔
حَبَّذَا: اس کا اعراب یعنی ترکیب حب فعل ماضی ذا اسم اشارہ اس کا فاعل فعل فاعل مل کر خبر مقدم ضمیر یا بعد والا اسم اس کا مبتدا مؤخر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریں۔
الحَاجِبِيَة: معتدل علاقوں کی ایک پھول دار انگوری۔
المَحْجُوب: اندھا۔
حَجْحَجَ: گفتگو سے رکنا بالمكان: اقامت کرنا الرَّجُلُ: پچھلے پاؤں واپس ہونا۔
حَجَرَهُ (ن) حَجْرًا و حِجْرانًا. بتثلیث الحاءِ في المصدرين: منع کرنا۔ حَجَر عَلَيْه القَاضِي: مالی معاملات کے کرنے سے روکنا۔ (حَجْرا ومَحْجَراً) عَلَيْه الامرَ: محروم کرنا۔
حَجَّرَ. القمرُ: ہالہ والا ہونا الطينَ: پتھر کی مانند سخت ہونا۔
أَحْجَرَهُ: ڈھانپنا۔ چھپانا۔
تَحَجَّرَ واسْتَحْجَرَ: پتھر کی مانند ہونا۔
الرَّجُلُ: حجرہ بنانا۔ تَحَجَّرَ علي فلان:

تنگی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَجَّرَ مَا وَسَّعَهُ اللّٰه" اللہ نے جس چیز میں اس کے لیے وسعت کی تھی اس کو اس نے اپنے لیے تنگ بنالیا۔ محروم کرنا۔ اِسْتَحْجَر عليه: جرأت ودلیری کرنا۔

اِحْتَجَرَ: حجرہ بنانا۔ اِحْتَجر الشيء: اپنی گود میں لینا به: پناہ لینا۔

الحَجْر۔مص۔ منع۔روک من العين: آنکھ کا خانہ (والحُجْر والحِجْر) گود۔ کہا جاتا ہے "نشأ فُلانٌ في حِجْرِ فُلان" فلاں کی پرورش فلاں کی گود میں ہوئی۔ حرام۔ کہا جاتا ہے "هذا حَجر عَلَيْك" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ و حُجْراً له: یعنی دفع ہو۔ عرب اس کو اس وقت بولا کرتے ہیں جبکہ کسی چیز کو مکروہ سمجھیں۔

الحِجْرُ: عقل ۔ گھوڑی۔ ج "حُجُور وحُجُورة وأحْجار۔

الحَجَرُ: پتھر۔ ج أحْجار وحِجَار وحِجارة وأحْجُر کہا جاتا ہے "القَمَه الحَجَر" یعنی اس نے اسے لاجواب کر دیا۔ اور کہا جاتا ہے "اهلُ الحَجَر والمَدَر" یعنی دیہات کے رہنے والے لوگ۔ الحَجَران: سونا چاندی۔ أحْجار الخَيل: وہ عمدہ گھوڑے جو نسل بڑھانے کے لیے پالے جائیں۔(مفرد استعمال نہیں کرتے)

الحُجَر: ناخن کے ارد گرد کا گوشت۔

الحَجْرَة: کنارہ۔ ج حَجْر وحَجَرات وحَواجِر. کہا جاتا ہے "اِنْتَشَرَتْ حَجْرَتُه" اس کا مال زیادہ ہو گیا۔

الحُجْرَة: چھوٹا کمرہ۔ قبر۔ باڑہ۔ کنارہ۔ ج حُجَر و حُجْرات و حُجَرات و حُجُرات. حُجْرتا العسكر: لشکر کے دونوں بازو میمنہ و میسرہ۔

الحَجِر ، الحَجِيْرَة: بہت پتھروں والی جگہ۔

الحَاجِر. فا ج حُجْران: بلند زمین جس کے درمیان میں پست جگہ ہو ۔ صحرا میں حاجیوں کے اترنے کی جگہ۔ (والحَاجُور) نہر کے کنارے کا وہ حصہ جو پانی کو روک لے۔

المَحْجَر والمِحْجَر. من العين: آنکھ کا خانہ۔ باغ۔ ج مَحاجِر.

المَحْجَر: گاؤں کا گرداگرد۔ حفاظت کی جگہ۔ اور اسی سے ہے "المَحْجَر الصحيّ" وہ مقام جہاں پر وبا زدہ لوگ رکھے جائیں تاکہ وبا دوسری جگہ نہ پھیلنے پائے۔

حَجَزه (ن ض) حَجْزًا وحِجازَةً: منع کرنا۔ روکنا۔ دفع کرنا بَيْنَهُما: فاصلہ کرنا عَلَيْه المالَ او العِقارَ: مال یا جائداد کو دعوی کی بنا پر روک لینا۔

أحْجَزَ وانْحَجَزَ: ملک حجاز میں آنا۔

الحَجَز: رُک جانا۔

حَاجَزَه: ایک دوسرے کو منع کرنا۔

تَحاجَزُوا: بعض کا بعض کو منع کرنا اور دفع کرنا۔

اِحْتَجَزَ. الشيءُ: اکٹھا ہونا به: باز رہنا بالازار: کمر پر باندھنا الشيءَ: گود میں اُٹھانا الرَّجُلُ: حجاز میں آنا۔

الحِجْز والحُجْز: جڑ۔ قبیلہ۔ کنارہ۔

الحِجْز: پاک دامن۔پاک۔

الحِجاز: ملک عرب کا ایک حصہ۔ کمر بند۔ اونٹ کے باندھنے کی رسّی۔ گانے کا ایک سُر۔

الحُجْزَة. ج حُجَز و حُجُزات و حُجَزات و حُجْزات: ازار باندھنے کی جگہ۔ نیفہ۔ کہا جاتا ہے "فلان طَيِّبُ الحجزة" فلاں پاکدامن ہے۔ "وشديد الحجزة" یعنی بڑا صابر۔ "وهذا كلامٌ آخِذٌ بَعْضُه بِحُجْزَة بَعْضٍ" یعنی یہ کلام ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہے۔

الحَاجِز. ج حَجَزَة: روک ۔ فاصل۔ ظالم۔ الحَاجِزج حَواجِز: تلوار کی دھار۔ برزخ: فاصل وروک۔

اَلْحَاجِزُ "النَّارِي" توپخانہ سے مسلسل گولہ باری کہ دشمن کے سامنے آگ کی دیوار بن جائے۔

اَلْحَاجِزُ (الحراري) ایک علمی اصطلاحی اس سے مراد وہ حرارت جو کہ طیاروں کے فضاء میں ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے۔

المُحْتَجَز: ازار باندھنے کی جگہ۔

حَاجَفه مُحاجَفَةً: مقابلہ کرنا۔ مدافعت کرنا۔

اِنْحَجَفَ: زاری کرنا۔ گڑگڑانا۔

اِحْتَجَفَ. الشيءَ: اپنے لیے خاص کر لینا۔ نفسه عن كذا: باز رکھنا۔

الحَجَفَة: بغیر لکڑی کے چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال۔ سینہ۔ ج حَجَف.

اَلحَجِيْف: جوف سے نکلنے والی آواز۔

الحَجُوْف: وہ شخص جس کے نیچے کے جبڑے میں درد ہو۔

حَجَلَ(ن ض) حَجْلًا وحَجَلانًا: ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر اُٹھا کر آہستہ آہستہ چلنا۔ المقيَّدُ: دونوں پاؤں سے کودنا البَعيرَ: باندھنا۔

حُجِلَ حَجْلًا. بَيْنَهُما: حائل کیا جانا۔

حَجَلت (ن) حُجُوْلًا و حَوْجَلتِ. العينُ: اندر کو دھنس جانا۔

حَجَّلَ. العروسَ: دُلہن کے لیے کمرہ آراستہ کرنا۔ دُلہن کو آراستہ کمرہ میں داخل کرنا۔ حَجَّلتِ المرأةُ بَنانَها: مہندی لگانا۔ العينُ: اندر کو دھنس جانا۔ الرَّجُلُ أمْرَه: مشہور کرنا۔ المقيَّدُ: دونوں پاؤں سے کودنا۔

حَجَّلَ وتَحَجَّلَ. الفرسُ: ٹانگوں میں سفیدی والا ہونا۔ صفت (مُحجَّل ومَحْجُول) اور اگر تین ٹانگوں میں سفیدی ہو تو اس کو حجیل کہتے ہیں۔ حُجِّلَتِ المرأةُ: پازیب پہنایا جانا۔

الحَجَل واحد حَجَلة. ج حَجْلان و حِجْلى: چکور۔

الحَجْل والحِجْل والحِجِل: پازیب۔ بیڑی۔ گھوڑے کی ٹانگ کی سفیدی ۔ ج أحْجَال و حُجُول.

الحَجَلة: پردہ جو دلہن کے لیے مکان کے اندر لگایا جائے۔ کمرہ جو دلہن کے لیے آراستہ

کیا جائے۔ ج حِجال و حُجْل: عربوں کے قول "الحُجُول لِرَبّات الحِجال" کے معنی یہ ہیں کہ پازیب عورتوں کے لیے ہے۔
الحُجَيْلا: پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔
الحَوْجَلَة والحَوْجَلَة: شیشی ۔ ج حَواجِل و حَواجِيْل.
المُحَجَّل من الخيل: ٹانگوں میں سفیدی والا گھوڑا۔ يومٌ مُحَجَّل: خوشی کا دن۔ اور کہا جاتا ہے "اَمرٌ اغرٌ مُحجَّل" بہت مشہور معاملہ۔

حَجَمَ (ن ض) حَجْمًا . البعيرَ: مُنہ پر جالی لگانا الحَجَّامُ المريضَ: پچھنا لگانا الحَيَّةُ: ڈسنا الصبيُّ ثدى امه: چوسنا۔ حجمه عن الشَّئ: منع کرنا۔ حجم طرفه عنه: نگاہ پھیرنا۔
حَجَمَ (ن) حَجْمًا واَحْجَمَ. الثدىُ: اُبھرنا۔ بلند ہونا۔ اَحْجَمَتِ المرأة للمولود: پہلی دفعہ دودھ پلانا۔ احجم عن الشَّئ: ڈر کر باز رہنا یا پیچھے ہٹنا۔
اِحْتَجَمَ: پچھنا لگوانا۔
الحِجامَةُ: پچھنا لگانے کا پیشہ۔
الحَجْم: س۔ جسم کی مقدار۔ اُبھار جو ہاتھ کے گزارنے سے محسوس ہو۔ ج حُجُوم.
الحِجام: اُونٹ کے مُنہ میں لگانے کی جالی۔
الحَاجم ج حُجَّام وحَجَمة و (الحَجَّام) پچھنے لگانے والا۔
المَحْجَم: پچھنا لگانے کی جگہ۔ ج مَحاجم
المِحْجَم والمِحْجَمَة: پچھنے لگانے کا اوزار۔ سینگی۔ ج مَحاجم.
المِحْجام: خوف کی وجہ سے بہت پیچھے ہٹنے والا۔

حَجَنَ (ن) حَجْنًا و حَجَّنَ. العودَ: موڑنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ (واِحْتَجَنَ) الشَّئ: ٹیڑھے سر کے ڈنڈے سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے اِحتَجَنَ المالَ: اس نے مال کو جمع کیا۔ نیز اس نے منتشر مال کو اکٹھا کیا اور اس کی اصلاح کی۔ اِحْتَجَنَ عَلَيْه: روک دینا۔

حَجِنَ (س) حَجَنًا. بالدار: اقامت کرنا عَلَيْه وبه: بخل کرنا۔
تَحَجَّنَ: مڑ جانا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔
الحَجَن والحُجْنة: کجی۔ ٹیڑھا پن۔
الحُجْنَة: اپنے لیے مخصوص طریقہ سے جمع کی ہوئی چیز۔ الحَجِنُ: چھچھڑی۔
الاَحْجَن: ٹیڑھا۔ کہا جاتا ہے "صقر اَحْجَنُ المخالب" شکرا ٹیڑھے چنگل والا۔ مؤنث حَجْناء ج حُجْن.
الحَجُون: کاہل۔ کہتے ہیں "سِرنا عقبة حَجُونا" ہم لمبی اور دور دراز گھاٹی پر چلے۔
المِحْجَن والمِحْجَنَة: ٹیڑھے سر والا ڈنڈا۔ ٹیڑھے سر والا۔ کہا جاتا ہے "هو محجنُ مال" وہ مال کا یعنی اُونٹوں کا بہترین منتظم ہے۔ مَحْجَنُ الطائر: چونچ۔

حَجَا (ن) حَجْوًا: ٹھہرنا بالمَكان: اقامت کرنا بالشَّئ: بخل کرنا بِه خيرًا: گمان کرنا السِرَّ: حفاظت کرنا حَجَاه: قصد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ منع کرنا القومَ: بدلہ دینا الامرَ: گمان کر کے دعوی کرنا۔
حَجِيَ (س) حَجًى . بِه: فریفتہ ہو کر لازم ہونا۔
اَحْجاه اِحْجاءً . بكذا: لائق بنانا۔ کہا جاتا ہے "ما اَحْجاه بكذا" وہ اس کے کس قدر لائق ہے۔
حَاجَاهُ مُحاجاةً: پہیلی پیش کرنا۔ یا عقل وزیرکی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَاجَيْته فَحَجَوْتُه" میں نے زیرکی میں اس کا مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔
تَحَجَّى . بالشَّئ: فریفتہ ہو کر لازم ہونا بالمَكان: اقامت کرنا ۔ کہا جاتا ہے "تحجَّيتكم لى هٰذا المكان" میں تم سے پہلے اس جگہ میں پہنچ گیا اور وہاں پر جم گیا الشَّئ: قصد کرنا۔
اِحْتَجى. الشَّئ: چھپانا۔
تَحاجَوا: آپس میں پہیلی پیش کرنا۔
الحِجى: عقل وزیرکی ج اَحْجاء.

الحِجا: کنارہ۔ گوشہ۔ ج اَحْجاء. پردہ۔
الحَجا: وادی کا موڑ۔ زمین کا بلند حصہ۔ ج اَحْجاء و حَجا. الشَّئ: کنارہ۔
الحَجاة: بارش کا پانی پڑنے کی وجہ سے بلبلہ ۔ ج حَجا.
الحَجِي والحَجِيّ: لائق۔
الاُحْجِيَّة: چیستاں۔ پہیلی۔ ج اَحاجي و اَحاج. كلمة (مُحْجِيَة و مُحْجِيَّة) پہیلی دار کلمہ کہ جس کے الفاظ بظاہر معنی کے مخالف ہوں۔ کہا جاتا ہے "انه (المَحْجاة) ان يفعل كذا" یعنی وہ یقیناً اس لائق ہے کہ ایسا کرے۔

حَدَّ (ن) حَدًّا و حَدَدًا . الدارُ: حد مقرر کرنا المذنبَ: حد جاری کرنا الشَّئَ عن الشَّئ: جدا کرنا اللّٰهُ عَنَّا الشر: روکنا۔ باز رکھنا۔ پھیرنا۔
حَدَّتْ (ن ض) حَدًّا و حِدادًا. المرأة: سوگ منانا۔ صفت (حَادٌّ) ج حوادّ.
حَدَّ حَدًّا وحَدَّدَ واَحَدَّ . السِّكينَ: تیز کرنا۔
حَدَّتْ (ض) حِدَّةً واحْتَدَّتْ. السكينُ: تیز ہونا باریک دھار ہونا۔
حَدَّ (ض) حَدًّا و حَدَدًا وحِدَّةً. عليه: غضبناک ہونا۔
حَدَّدَ . الارضَ: حدود قائم کرنا اِلَيْه ولَهُ: قصد کرنا الامرَ: معلوم کرانا عَلَيْه: غضبناک ہونا الزرعُ: بارش متوخر ہونے کی وجہ سے پیچھے اُگنا۔
حَادَّهُ: دشمنی کرنا۔ باہم غضبناک ہونا۔
حَادَّتْ ارضه ارضى: پڑوس میں ہونا۔
اَحَدَّ. اِلَيْهِ النظر: گھورنا۔ تیز نظر کرنا۔
اَحَدَّتِ المرأةُ: شوہر کے مرنے پر سوگ کرنا۔ صفت (مُحِدٌّ و مُحِدَّةٌ)
تَحَدَّدَ. بهِمْ: درپے ہونا۔
تَحادَّا: باہم غضبناک ہونا۔
اِحْتَدَّ: قوی ہونا عَلَيْه: غضبناک ہونا۔
اِسْتَحَدَّ: دھار تیز کرنا۔ شرمگاہ کے بال

موٹڈنا۔

الحَدُّ. س: دوچیزوں کے درمیان کی روک۔ تم کہتے ہو "دَارُہٗ حدَّدَارِی" اس کا گھر میرے گھر کے پڑوس میں ہے۔ والحدُّ: کسی چیز کی انتہا۔ الحَدُّ مِنَ السَّیفِ: تلوار کی دھار مِنَ الشَراب: شراب کی تیزی مِنَ الانسَان: دبدبہ اور غضب کی بنا پر جو کیفیت پیدا ہو۔ من کل شیء: تیزی. حَدَّ الشَّیُٔ: جامع مانع تعریف۔ سزا۔ ج حُدُوُدْ. و حُدُودُ اللہ: طاعت الٰہی واحکام شرعیہ۔

الحَدَد. س: ممنوع۔ کہا جاتا ہے "هذا امر حَدَدٌ" یعنی یہ امر ممنوع ہے اس کا کرنا جائز نہیں "و هٰذا خَبرٌ حَدَدٌ" یہ خبر باطل وجھوٹ ہے "و دُوْنَ هَذا حَددٌ" اس کے ورے ممانعت ہے "و حَدَدًا ان یکون هٰذا" اللہ کی پناہ کہ ایسا ہو۔

الحِدَاد. حدَّت المرأة کا مصدر۔ سیاہ ماتمی لباس۔

الحُدَاد: تیزی والا۔ کہا جاتا ہے "رجُلٌ حُدَادٌ" تیزی والا مرد۔ سکین حُدَادٌ تیز چھری۔ ج اَحِدَّة اور کہا جاتا ہے "حُدَادُكَ اَنْ تفعل کَذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحدَادَة: بیوی۔

الحِدَادَة: لوہاری۔

الحَدِید: لوہا۔ مضبوط اور سخت لوہے کو "ذکر" اور نرم کو "اُنثی" اور "اَنِیث" سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هو حدیدی" وہ میرا پڑوسی ہے۔ "و داری حَدِیدَةُ دارہٖ" میرا گھر اس کے گھر کے پڑوس میں ہے۔

الحَدید. ج اَحِدَّاء وحِدَاد: کاٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "سَیفٌ حَدِیدٌ" کاٹنے والی تلوار۔ رجلٌ حَدِیدٌ: تیز فہم یا سریع الغضب۔

الحَدِیدَة: لوہے کا ٹکڑا۔ ج حَدائِد و حَدِیدَات و جج حَدَائِدات. حَدِیدَةُ الحَرْث: ہل کی پھار۔ الحَدِیدة: چمچہ۔

الحَدّاد: لوہار۔ لوہا بیچنے والا۔ دربان۔ جیلر۔ زرہ سالہ۔ شراب فروش۔ سمندر۔

المَحْدُوْد: حدبندی کیا ہوا۔

حَدَأ(ف) حَدْأً. الشَّیٔ عنه: پھیرنا۔ ہٹانا۔

حَدِیَٔ (س) حَدَأً. بِالْمَکَان: کسی جگہ میں جم کے رہ جانا الیه: پناہ لینا اِلَیهِ وعلیه: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔ ظلم سے بچانا عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔

الحَدَأة: دو سر والی کدال۔ ج حَدَا وحِدَاء.

الحَدَأة: چیل۔ عوام حُدَیَّةٌ کہتے ہیں۔ ج حِدَأٌ وحِدَاءٌ وحِذْآنٌ.

حَدِبَ(س) حَدَبًا واَحْدَبَ. الرجلُ: کبڑا ہونا صفت (حَدِب وَاَحْدَاب) مؤنث حَدِبَة وحَدْبَاء. ج حُدْب واَحْداب. و حَدِبَات. حَدِبَ علَیْه: مہربان ہونا۔

حَدَّبَ واَحْدَبَ: کبڑا بنانا۔ حَدَّب الشَّیَٔ: کسی چیز کو اُبھرا ہوا بنانا۔

تَحَدَّبَ: کبڑا ہونا عَلَیْه: مہربان بِهٖ: تعلق رکھنا۔ المرأةُ: بچّوں پر مہربانی کی وجہ سے دوسرا نکاح نہ کرنا۔

اِحْدَوْدَبَ وتَحَادَبَ: کبڑا ہونا۔

اِحْدَوْدَبَ الرملُ: لمبا اور ٹیڑھا ہونا۔

الحَدَب. س: کبڑا پن۔ موج۔ لہر۔ کھال کے اندر نشان۔ زمین کی اُونچی جگہ۔ ایک قسم کی گھاس۔

الحَدْبَاء: قحط کا سال۔ دشوار اُمور۔ لاش۔

الحَدَبَة: کبڑا پن۔ پیٹھ میں کبڑا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فی ظهره حَدَبَة" اس کی پیٹھ میں کبڑا پن ہے۔ مِنَ الارض: بلند و سخت جگہ۔

الاَحْدَب: تلوار۔ ہاتھ کی ایک رگ کا نام۔ امر اَحْدَب: دشوار کام۔

المُحَدَّب: کبڑا۔ من الخطوط: اُبھری ہوئی لکیریں۔ لبن (حُدَبدٌ) جما ہوا دودھ۔

حَدَثَ (ن) حُدُوْثًا. الامرُ: واقع ہونا۔ (حَدَاثَة وحُدُوْثًا) نوپید ہونا اور جب قَدُم کے مقابلے میں بولتے ہیں تو عین کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں جیسے "اَخَذَنی ما قَدُمَ وما حَدُثَ" یعنی مجھ کو نئے پرانے غموں نے گھیر لیا۔ اس کے علاوہ دوسری جگہ ضمہ نہیں دیتے۔

حَدَّثَ. عن فلان: روایت کرنا۔ ہ کَذَا وبکذا: خبر دینا۔ بیان کرنا۔

حَادَثَه: گفتگو کرنا۔ حادَثَ السیفَ: تلوار کو جلا دینا۔ اور اسی سے ہے "کنصل السَیْفِ حُودِثَ بالصِقَال" مانند تلوار کی پھل کے کہ صیقل کرنے سے جلا دیا گیا ہو۔

اَحْدَثَه: ایجاد کرنا۔ پیدا کرنا۔ اَحْدَثَ الرجلُ: پاخانہ کرنا۔ السیفَ: تلوار کو جلا دینا۔

تَحَدَّثَ. بالشی عن الشَّیَٔ: گفتگو کرنا۔ خبر دینا۔

تَحادَثُوْا: باہم گفتگو کرنا۔

اِسْتَحْدَثَهٗ: پیدا کرنا۔ الخیرَ: نیا پانا۔

رجل (حِدَثُ) ملوك: بادشاہوں کا قصہ گو۔

الحَدِث والحَدُث: اچھی گفتگو کرنے والا۔

الحَدَث: نئی چیز۔ خلاف سنت۔ نئی بات۔ دین میں نئی بات۔ پاخانہ۔ ج اَحْدَاث واَحْداث الدهر: زمانہ کے مصائب۔

الحَدَث: جوان۔ ج اَحْدَاث وحُدْثان.

الحَدَاثَة. س۔ حَدَاثَةَ الْاَمرِ: آغاز وابتداء

الحُدْثی: نئی۔

الحُدُوْثة: آغاز وابتداء

الحِدُثَان: آغاز وابتداء حدثانُ الدهر وحَدَثانه: زمانہ کی سختیاں۔

الاُحْدُوْثة: بات۔ افسانہ۔ کہانی۔ ج اَحَادِیْث.

حُدُوْثُ الْعَالَم: فلاسفہ کے نزدیک دنیا کا حادث ہونا (نئی پیدا کی گئی) اس کے صانع نے اس کو نیا بنایا ہے وہ ازل سے نہیں۔

الحَادِث: نوپید چیز۔ قدیم کی ضد۔ ج

حَوادث. وحَادثات. حَوادِثُ الدهر: زمانہ کے مصائب۔
الحَدِیْث. ج حِدَاث وحُدثَاء: نیا۔
الحَدِیْث ج اَحَادِیْث وحِدثان وحُدثان: خبر۔ کہا جاتا ہے "صَارُوْا اَحادِیْثَ" یعنی وہ لوگ ختم ہوگئے صرف ان کی بات ہی بات باقی رہ گئی۔ وعلم الحدیث: نبی کریم ﷺ کے اقوال، افعال واحوال بتانے والا علم۔
الحِدِّیْث: بہت گفتگو کرنے والا۔
الحُدَّاث: گفتگو کرنے والی جماعت۔
الحِدِّیثٰی: خبر حدیث۔
المُحْدَث. مع کتاب و سنت واجماع کے خلاف نئی بات۔ ج مُحْدَثات. نیا۔
مُتَحَدَّث. القوم: قوم کے گفتگو کرنے کی جگہ۔
حَدَجَ (ض) حَدْجًا. البعیرَ: اُونٹ پر کجاوہ باندھنا الاحمالَ: باندھنا الابلَ: داغ لگانا ٥: مارنا۔ حَدَجَهُ بالسهم تیر اندازی کرنا ٥ بالذنب: تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "حَدَجه ببیع سوء" اس نے ایسی بیع اس پر لازم کردی جس میں گھاٹا ہے۔
حَدَجَ و حَدَّجَ. ببصره: گھورنا۔ تیز دیکھنا۔
اَحْدَجَ. البعیرُ: اُونٹ پر بوجھ لادنا۔ اُونٹ پر کجاوہ کسنا۔
الحِدْج: بوجھ۔ ج حُدُج و حُدُوج و اَحْدَاج. (والحِدَاجَة) محافہ کی مانند عورتوں کی ایک سواری۔ ج حَدَائِج.
الحَدَج: کچا اور سخت اندرائن۔ کچا خربوزہ۔
اَبُو حُدَیْج: لقلق پرندہ کی کنیت۔
المِحْدَج: اُونٹوں کے داغ لگانے کا اوزار۔
حَدَرَ و حَدُرَ (ن وک) حَدْرًا و حُدُورًا وحَدَارَةً. الرجلُ: مضبوط و موٹا ہونا۔ الجلدُ: سوجنا۔ حَدَرُوْا حَوْلَهُ وبه: گھیر لینا۔
حَدَر (ن وض) حَدْرًا و حُدُوْرًا نیچے اُترنا۔ الشئَ: نیچے اُتارنا اللثام عن حنکه: جھکانا العینُ الدمعَ: آنسو بہانا۔ القرآءةَ فی القراءةِ: تیزی سے پڑھنا۔
الدواءُ بَطْنَه: اسہال لانا۔
تَحَدَّرَ وتَحَادَرَ. اُترنا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ الدَّمعَ یتحادَرُ علٰی لحیَتِه" میں نے دیکھا کہ آنسو اس کی داڑھی پر بہہ رہا تھا۔
اِنْحَدَرَ: نیچے۔ کہا جاتا ہے "اِنْحَدَرْتُ مِنَ الجَبَلِ الَی المدینة" میں پہاڑ سے شہر کی طرف اُترا۔ الجلدُ: سوجنا۔
الحَدَر: ڈھلواں جگہ۔ وہ جگہ جہاں سے اُترا جائے۔ آنکھ کا بھینگا پن۔
الحَدُوْر والحَادُرَاء والحَادُوْر: وہ جگہ جہاں سے اُترا جائے۔ الحَادُوْر: اسہال لانے والی دوا۔ ج حَوَادیر.
الحَدْرَة: پپوٹے کے اندر کا زخم۔ عَیْنٌ حَدْرَةٌ: پُرگوشت آنکھ۔
الحُدْرَة: اُونٹوں کا ریوڑ۔
الحَادِر. فا: موٹا خوبصورت جَبَل حَادِرٌ: بلند پہاڑ۔ حَبْلٌ حادِرٌ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ حَیٌّ حَادِرٌ: جمع شدہ قبیلہ۔
الحَادِر: شیر۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ حَادِرَةُ العَیْنَیْنِ" پُرگوشت خوبصورت آنکھوں والی اُونٹنی۔
الاَحْدَر. مِنَ الخیل: پُرگوشت گھوڑا۔ مِنَ الرجال: ایک چیز کو دو (۲) دیکھنے والا۔ مؤنث حَدْرَاء
الحَدُوْرَة والحُدُوْرَة والحَادُوْرَة: آنسوؤں کا بہاؤ۔
الحُنْدُر والحُنْدُوْر والحُنْدُوْرَة والحِنْدَارَة: آنکھ کی سیاہی۔ ج حَنَادِر: کہا جاتا ہے "جَعَلتُه علٰی حُنْدُوْرَةِ عَیْنِی وحِنْدِیْرَةِ عَیْنِی" میں نے اس کو اپنا نصب العین بنایا۔
الحَیْدَر: شیر۔ پست قد۔
الحَیْدَرَة: شیر۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰه بالحَیْدَرَة": "اللہ اس کو مصیبت و ہلاکت میں مبتلا کرے۔
حَدَسَ (ن ض) حَدْسًا. فی الامر: گمان کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ وہم کرنا۔ الشئَ برجلِه: روندنا۔ زَیْدًا: پچھاڑنا۔ الشاةَ وبالشاةِ: ذبح کرنے کے لیے لٹانا۔ فی الارض: اٹکل سے چلنا۔ فی السیر: تیز چلنا۔ حَدَسَ بِه الارضَ: پٹک دینا۔
تَحَدَّسَ. الاخبارَ وعن الاخبار: چھپ کر دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔
الحَدِیْس والمَحْدُوْس: زمین پر پچھاڑا ہوا۔
الحَدُوْس: اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے والا۔
الحَدْس. مص: دانائی۔ زیرکی۔
الحَدْسِیَّات: دانائی اور زیرکی سے معلوم کی ہوئی باتیں۔
الحِدَاس: غایت۔ انتہاء۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ بِه الحِدَاسَ" میں اس کی انتہاء کو پہنچ گیا۔
المَحْدَس: مطلب۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ بَعِیْدُ المَحْدَس" فلاں کا مطلب بڑا ہے۔
حَدَقَ (ض) حَدْقًا. القومَ: گھیر لینا۔ حَدَقَهُ بعینِه: کسی کی طرف دیکھنا ٥: آنکھ کی سیاہی پر مارنا۔ المریضُ حُدُوْقًا: بیمار کا آنکھ کھولنا اور دیکھنا۔
اَحْدَقَ. القومُ بِه: گھیر لینا۔ اَحْدَقَتِ الرَّوْضَةُ: باغ میں چار دیواری ہونا۔
حَدَّقَ. الیه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا حَدَّقَ بِه: چاروں طرف سے گھیر لینا۔
تَحَادَقُوْا: ایک دوسرے کو گھیر لینا۔
اِحْدَوْدَقَ. القومُ بِه: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔
الحَدَقَة: آنکھ کی سیاہی۔ ج حَدَق و حَدَقَات واَحْدَاق وحِدَاق: کہا جاتا ہے "هُمْ فی مِثْلِ حَدَقَةِ البَعِیْر" وہ لوگ فراخی میں ہیں اور ان کے پاس پانی بہت ہے۔ "وهم رُمَاةُ الحَدَقِ" یعنی وہ لوگ تیر اندازی میں بڑے ماہر ہیں۔ وتکلَّمْتُ علی حَدَقِ

القوم: میں نے قوم کی نگاہ کے سامنے گفتگو کی۔
الحَدَق: بیگن۔
الحَدِیقة: باغ جس کی چار دیواری ہو۔ ج حَدَائق۔
حَدَلَ (ض) حَدْلًا و حُدُولًا. عَلَیْه: کسی پر ظلم کرنے کے لیے مائل ہونا۔
حَدِلَ (س) حَدَلًا: بہ نسبت دوسرے کندھے کے ایک بلند کندھے والا ہونا۔
الرجل: نکھیوں سے دیکھنا۔ صفت اَحْدَل مؤنث حَدْلَاء ج حُدْلٌ (شاذ) و (حَدِل) ج حَدَالی۔ حَدِل عَلَیْه: ظلم کرنا۔
حَادَلَهُ: پھسلانا۔
تَحَادَلَ: کمان پر جھکنا۔
الحِدْل: ازار باندھنے کی جگہ۔ گردن کا درد۔
الحَدْل. س۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَحَدْلٌ" وہ غیر عادل ہے۔
الحُدَال: چکنا و ہموار۔
مُحْدَلَةُ الطُّرُق: شوارع کو درست کرنے والی گاڑی۔
الحَوْدَلَة. پشتہ۔ ٹیلہ۔
حَدَمَهُ (ض) حَدْمًا. تیز گرم کرنا۔ الدم: گہرا سرخ کرنا۔
اِحْتَدَمَ. النهارُ: سخت گرمی والا ہونا۔
الشرابُ: تیزی بڑھ جانا۔ اِحْتَدَمَتْ القدرُ: سخت جوش والی ہونا۔
اِحْتَدَمَ و تَحَدَّمَ. الرجل: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ سخت غضبناک ہونا۔ اِحْتَدَمَ الدمُ: گہرا سرخ ہونا۔ عَلَیْه غیظًا: غصہ سے دانت پیسنا۔
الحَدَمَة. آگ کے بھڑکنے کی آواز۔
الحِدام. غصہ۔ غضب۔
حَدَا حَدْوًا وحِدَاءً و حُدَاءً حدی پڑھنے میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَمْلَحَ حُدَاءَهُ" اس کا حدی پڑھنا کس قدر عمدہ ہے۔
الابلَ وبالابلِ: گاکر ہانکنا۔ صفت (حَادٍ) ج حُدَاة الریحُ السحابَ: ہانکنا۔ چلانا۔

حَداه علی کَذَا: برانگیختہ کرنا (واحتدی)
اللیلُ النهارَ: پیچھے آنا۔
الحَادِی وحَادی النجم. دو ستاروں کے نام اور لفظ حادی عشر، میں حادی واحد کا مقلوب ہے۔
الحَدَّاء. حادی کا مبالغہ۔ اور حادی اس کو کہتے ہیں جو اونٹوں کو گا کر ہانکے۔
الحَدْوَاء. شمالی ہوا۔
الحوادِی. ہر چیز کے آخری حصے۔ ٹانگیں۔
الاُحْدُوَّة والاُحْدِیَة. اونٹوں کے ہانکنے کا گیت۔
حَدِیَ (س) حَدًی. بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہنا۔
تَحَدَّیٰ. الرجلَ: مقابلہ کرنا۔
(وحَدَّیٰ) الشَّیَ: کرنے کا ارادہ کرنا۔
الحُدَیَّا. جھگڑا۔ مقابلہ۔ کہا جاتا ہے۔ "هو حُدَیَّا الناس" وہ لوگوں سے مقابلہ کرنے والا ہے "وانا حُدَیَّاك فی هذا الامر" میں اس معاملہ میں تیرا مقابلہ کرنے والا ہوں۔
حَذَّهُ (ن) حَذًّا. جلدی سے کاٹنا۔
الحَذَذ. ہاتھ یا دُم کا ہلکا پن۔ وحَذَذُ القلب: تیزی خاطر۔ تیز فہمی۔
الاَحَذّ. ہلکے ہاتھ یا دم والا۔ تیز۔ دبلا۔ امر اَحَذُّ: امر منکر۔ سخت امر۔ بے مثل۔
قلبٌ اَحَذُّ: ذکی۔ مؤنث۔ حَذَّاء۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ حَذَّاءُ" تیز رفتار "وقصیدةٌ حذَّاءُ" مشہور قصیدہ۔ "وحاجةٌ حَذَّاءُ" جلدی پوری اور کامیاب ہونے والی حاجت۔ "و عَزِیْمَةٌ حَذَّاء" پختہ ارادہ۔ ج حُذٌّ۔
الحُذَّة. گوشت کا ٹکڑا۔
حَذِرَ (س) حَذَرًا و حِذْرًا و مَحْذُورَةً الرجلَ ومن الرجل: بچنا۔ پرہیز کرنا۔ چوکنا رہنا۔ صفت (حَذِرٌ و حَذُرٌ) ج حَذِرُوْن و حَذَارَی۔
حَذَّرَهُ. خوف دلانا۔ متنبہ کرنا۔ چوکنا کرنا۔
حَاذَرَهُ. ایک دوسرے سے پرہیز کرنا۔ ڈرتے رہنا۔ (وتحذَّر منه (احتذره) پرہیز کرنا۔ بچتے رہنا۔
اِحْذَارَّ غضبناک و منقبض ہونا۔
الحَاذِر. فا. مستعد و تیار۔
الحَاذُوْرَة. بہت چوکنا۔
حَذَارِ اسم فعل بمعنی بچو۔ کہا جاتا ہے "حَذَارِ زَیْدًا" یعنی زید سے بار بار بچو۔
الحُذَارِیات. ڈرانے والے۔
الحِذْرِیان. چوکنا رہنے والا۔
الحُذُرِّیّ. باطل۔
الحَذِیْر. ڈرانے والا۔ کہا جاتا ہے "انا حَذِیرك منه" میں تم کو اس سے ڈراتا ہوں۔
المَحْذُور. وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے۔
المَحْذُوْرة. گھبراہٹ۔ بلا و مصیبت کہ جس سے پرہیز کیا جائے۔ جنگ۔
حَذَفَهُ (ض) حَذْفًا. گرانا۔ کاٹنا ۵ بالعصا او الحجر: لاٹھی یا پتھر سے مارنا۔
حذف فی مَشْیَتِه: قریب قریب قدم رکھنا۔
حَذَّفَ الشَّیَ: اچھی طرح سے کرنا۔ (گویا کہ جن چیزوں کا علیحدہ کرنا ضروری ہے ان کو علیحدہ کر دیا۔ جس کی وجہ سے سارے عیوب سے پاک صاف ہو گیا) شعرَه: زلف نکالنا۔ ہموار کرنا۔
تَحَذَّفَهُ بالعصاء: مارنا یا پھینک کر مارنا۔
الحَذَف. س۔ چھوٹی بھیڑیں۔ حَذْفُ الزرع: کھیتی کے پتے۔
الحَذَف. ایک قسم کی بط۔ واحد حَذَفة
الحُذَف. پست قد عورت۔
الحُذَافة. مِنَ الشَّیَ: تھوڑا۔ تراشہ۔
الحِذْفار والحُذْفُور ج حَذَافِیر: جانب۔ جماعت کثیر۔ آمادۂ جنگ لوگ۔ کہا جاتا ہے "اُشدُدْ حَذَافِیرَك" یعنی آمادہ ہو جاؤ۔ و "اَخَذَهُ اونالَه بِحَذْفاره و بحذفُوره و بحذافیرِه" اس نے اس کو بتمامہ لے لیا۔
حَذَقَ (ض) حَذِقَ (س) حَذْقًا و حِذْقًا و حَذَاقًا و حِذَاقًا و حَذَاقَةً و حِذَاقَةً. ماہر

ہونا۔ صفت (حَاذِق) ج حُذَّاق و حِذَاق.
الکتابَ: پوری پڑھ لینا۔ العملَ: ماہر ہونا۔
حذَق (ض) حُذُوقًا. الخلُّ: بہت کھٹا ہونا۔
حذَق (ض) حَذْقًا. الشَّیَٔ: کاٹنا الخلُّ فاه: چرپراہٹ لگنا۔
حذَّقَه. ماہر بنانا۔
تَحذَّق. ماہر ہونا۔ وتَحذَّق عَلَيْه: مہارت ظاہر کرنا۔
اِنْحذَق. کٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "حَذَقْتُ الحَبْلَ فَانْحذَق" میں نے رسّی کو کوٹا پس وہ کٹ گئی۔
الحِذْقَة. ٹکڑا۔ ج حِذَق و حُذَاق. (آخری جمع شاذ ہے۔)
الحَاذِق فا. ج حُذَّاق و حِذَاق من الخل. بہت تیز سرکہ۔
الحَذِيْق. کٹا ہوا۔
الاَحذَاق. ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے۔ "حبلٌ اَحذَاق" کٹی ہوئی رسّی (جمع کے ساتھ صفت ہے جیسے ثوبٌ اَخلاق میں)
الحِذَاق. بچے کا ختم قرآن۔ ختم قرآن کی دعوت۔
الحُذَاقة. تھوڑا کھانا۔
الحُذَاقِيّ. فصیح زبان والا۔ تیز چھری گدھے کا بچہ۔
حَذِلَتْ (س) حَذَلًا. العينُ: گری ہوئی پلکوں والی ہونا۔ صفت (حَذْلاء)
اَحْذَل. العينَ: پلک گرا دینا۔
تَحذَّل. عَلَيْه: مہربان ہونا۔
الحَذْل. میلان (والحَذَل والحُذْل) کپڑے کے دامن کی گولائی۔
الحُذَالَة. ایک قسم کی سرخ گوند۔ چاول وغیرہ کی بھوسی۔ کرتے کے دامن کی گولائی۔
حَذْلَق و تَحَذْلَق. حذاقت ظاہر کرنا یا حذاقت کی ڈینگ مارنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يَتَحَذْلَقُ فِی کَلَامِهٖ" وہ اپنی گفتگو میں ظریف اور ہوشیار بنتا ہے۔

حُذْلِقَ. الشَّیُٔ: تیز کیا جانا۔
رجل (حِذْلِق) بے فائدہ ڈینگ مارنے والا، گپی۔
حَذْلَم. جلدی کرنا۔ العودَ: چھیل کر تیز کرنا السقاءَ: بھرنا۔
تحذْلَم: جلدی کرنا، باادب ہونا۔
الحُذْلُوْم: ہلکا پھلکا، جلد باز۔
حذَمَه (ض) حَذْمًا. کاٹنا (حَذَمَانًا) فی مشیته: تیز چلنا۔ دیر کرنا۔
الحِذْم والحِذْيَم والمِحْذَم. مِنَ السیوف: شمشیر براں۔
الحَذَم. بازو کٹے ہوئے پرندہ کی اُڑان۔
حَذَامِ. ایک عورت کا نام جس کا لقب زرقاء یمامہ تھا اور جو تیزی نظر میں ضرب المثل تھی۔
الحُذَام. سست و کاہل۔ کہا جاتا ہے "اشتری عَبْدًا حُذَامَ المشی" اس نے سست رفتار غلام خریدا۔
حَذَا (ن) حَذْوًا و حِذَاءَ النَّعْلِ: نمونہ پر کاٹنا۔ حَذَا النعْلَ بالنَّعْلِ: ایک برابر قطع کرنا۔ حَذَاه و حَذَا حَذْوَهٗ: پیروی کرنا۔ نقل کرنا۔ حذَاه و حذَالهٗ و اَحْذَاه نَعْلًا: جوتہ پہنانا۔ جوتہ دینا۔ جوتہ بنانا۔ حَذَا الشرابُ لِسانَه: زبان کو چھیل دینا التراب فی وجوههم: خاک ڈالنا۔ زیدًا شیئًا: کسی کو کچھ دینا۔
حَاذَاه و حاذَاهُ مُحاذاةً وحِذَاءً مقابل میں ہونا۔ مقابل میں بیٹھنا۔
تَحَاذَيَا. ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بنو فلان يَتحاذَوْنَ المَاءَ" فلاں کی اولاد پانی آپس میں برابر تقسیم کرتی ہے۔
اِحتَذٰى. جوتہ پہنانا۔ مثال فلان و علی مثاله: پیروی کرنا۔ مشابہت کرنا۔
اِسْتَحْذَاه. جوتہ طلب کرنا۔
الحِذَاء والحِذَة والحَذْو والحُذْوَة والحِذْوَة: مقابل و برابر۔ کہا جاتا ہے "داری حِذَاءَ دَارِہٖ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وجَلَسْنَ حِذَاءَ ہٗ و

بحِذَائِه" وہ اس کے مقابل بیٹھا۔
الحِذْوَة والحُذْوَة. عطیہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔
الحُذَاوَة. بیٹ۔
الحِذَاء. جوتہ۔ اُونٹ یا گھوڑے کا سم جس پر پڑے۔ ج اَحْذِيَة.
الحَذَّاء. جوتہ بنانے والا۔ ج حَذَّاؤُوْن. کہا جاتا ہے۔ هُوَ (مُحَا ذَاك) وہ تمہارے مقابل ہے۔
حَذیٰ (ض) حَذْيًا. الخلُّ لِسَانه: زبان کو چھیل دینا یدَه: کاٹنا ہ بلسانه گالی دینا۔ غیبت کرنا۔
اَحْذَاه اِحْذَاءً. مال غنیمت کا حصہ دینا
اَحْذَاهُ طَعْنَةً: نیزہ مارنا۔
الحُذْيَا والحُذَيَّا والحُذَايَة و الحَذِيَّة. مال غنیمت کا حصہ۔ والحُذَيَّا: ہدیہ جو بشارت دینے والے کو دیا جائے۔
الحِذْيَة. ہیرا۔ گوشت کا ٹکڑا جو لمبا کاٹا جائے۔
المِحْذَاء. لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔
حَرَّ (س) حَرَارًا. العَبْدُ: آزاد ہونا (حُرِّيَة) شریف الاصل ہونا۔ (حَرَّةً) پیاسا ہونا۔
حَرَّ (س ن ض) حَرًّا و حَرَّةً و حُرُوْرًا حَرَارَةً. گرم ہونا۔
حَرَّ (ن ض) حَرًّا. الماءَ: گرم کرنا۔ الارضَ: ہموار کرنا۔
حَرَّرَ. العبدَ: آزاد کرنا۔ الولدَ او الشَّیَٔ: اللہ تعالیٰ کی عبادت کیلئے وقف کرنا۔ الکتابَ: خوبصورت و درست لکھنا۔ الوزنَ: غور کر کے ضبط کرنا۔ المعنیٰ: حشو و زوائد سے پاک کرنا۔
اَحَرَّ. النهارُ: گرم ہونا اَحَرَّ صَدْرَه: پیاسا کرنا۔
تَحَرَّرَ. العبدُ: آزاد ہونا۔
اِسْتَحَرَّ. القتالُ: سخت جنگ ہونا۔
الحَرُّ. گرمی۔ ج حُرُوْر و اَحَارِر (خلاف قیاس)

الحَرُوْر. گرم ہوا جو رات میں چلے۔ دھوپ کی گرمی۔ آگ۔ لاغری۔
الحَرارة. گرمی۔
الحُرِیَّة والحَرُوْرة والحَرُوْرِیَّة. وتُضمّ الحاء فیهما: آزادی۔
الحُرِّیَّة: خالص ہونا۔ حُرِّیَّةُ القوم: قوم کے اشراف۔ کہا جاتا ہے "هو مِنْ حُرِّیَّة قومه" وہ اپنی قوم کے اشراف میں سے ہے۔
الحَرِیْر. ریشم۔ ریشم کا بنا ہوا۔ ریشم کا کپڑا (والمَحْرُوْر. غصہ کی وجہ سے گرم۔
الحَرِیْرة. ریشم کا ٹکڑا۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا، دودھ اور روغن ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ غصہ کی وجہ سے گرمی والا۔
الحُرّ. آزاد، شریف۔ مِن کلِّ شیءٍ: عمدہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ حرٌّ" اصیل گھوڑا۔ "وطینٌ حُرٌّ" بغیر ریت کے خالص مٹی۔ حُرُّ الدار: گھر کا درمیان۔ حُرُّ الارضِ: زمین کا خلاصہ۔ حُرُّ الوَجْهِ: رخسار کہا جاتا ہے "لَطَمَهٗ علی حُرِّ وَجْهه" اس نے اس کے رخسار پر طمانچہ مارا۔ ج اَحْرار و حِرار۔
اَحْرارُ البُقُول. وہ ترکاریاں جو کچی کھائی جائیں۔ الحُرّ: کبوتر کا بچہ۔ شکرا۔ باز۔ سَاقُ حُرٍّ: نر قمری۔ عَیْنُ حُرٍّ: ایک پرندہ کا نام۔
الحُرَّة. حرّ کا مونث۔ آزاد عورت۔ شریف عورت۔ ج حَرائِر و حُرَّات۔ اَرْضٌ حُرَّةٌ: بغیر ریت والی زمین۔ رَمْلَةٌ حُرَّةٌ: ریت جس میں گارا نہ ہو۔ لَیْلَةٌ حُرَّةٌ اَوْ لَیْلَةُ حُرَّةٍ: ہر مہینے کی پہلی رات۔
الحَرَّة. سیاہ پتھروں والی زمین۔ ج حَرّات و حِرار و اَحَرُّون و حَرُّوْن۔
الحِرَّة. پیاس۔ کہتے ہیں "رماهُ اللّٰه بالحِرَّةِ تحت القِرَّةِ" اللہ اس کو سردی کے زمانہ میں پیاس میں مبتلا کردے۔
الحارّ. گرم مِنَ الاعمال: دشوار کام۔
الحَرّان. بہت پیاسا۔ مونث حَرّیٰ ج حِرار و حَراریٰ۔
الحَرِیْرِیّ. ریشم بنانے والا۔ ریشم بیچنے والا۔

المَحْرُوْر. وہ شخص جس کو گرمی لاحق ہو گئی ہو۔
حَرَبَ (ن) حَرْبًا. الرجلَ: سب کچھ چھین لینا۔ صفت مفعولی (حریب) ج حَرْبیٰ و حُرَباء و (محروب)
حُرِبَ. الرجل مالَهٗ: چھینا جانا۔
حَرِبَ (س) حَرَبًا. کتے کے کاٹے کی دیوانگی والا ہونا۔ سخت غضبناک ہونا۔ صفت (حَرِبَ) یعنی سخت غضبناک۔ ج حَرْبیٰ و
حَرِبَ الرجلُ: ویل و ہلاکت کو پکارنا اور واحَرباہُ کہنا۔
حَرَّبَهٗ. غضبناک بنانا۔ حرَّبَ السنانَ: تیز کرنا۔
حارَبَهٗ حِرابًا و مُحارَبَة. لڑائی کرنا۔
اَحْرَبَ. الحَرْبَ: جنگ بھڑکانا۔ فلانًا: دشمن کے مال کے لوٹنے کیلئے رہنمائی کرنا۔ النحلُ: شگوفہ نکلنا۔
تَحارَبَ واحْتَرَبَ. القومُ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
اِحْرَنْبیٰ اِحْرِنْباءً. آمادۂ غضب ہونا۔ آمادۂ شرارت ہونا۔ چت لیٹ کر آسمان کی طرف ٹانگیں اٹھانا۔ المکانُ: کشادہ ہونا۔
الحَرْب. لڑائی۔ تم کہتے ہو "وقعتْ بینهم حَرْبٌ" ان کے درمیان لڑائی واقع ہوئی کلمہ مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں اس کی تصغیر حُرَیْب۔ ج حُرُوْب۔ رجل حَرْبٌ: بہادر جنگجو۔ کہا جاتا ہے "انا حَرْبٌ لمن یُحارِبُنی" میں اس کا دشمن ہوں جو مجھ سے جنگ کرے۔ دارُ الحَرْب: مشرکین کا ملک۔ اور وہاں کے رہنے والوں کو (الحربیون) کہتے ہیں۔
الحَرْبَة. چھوٹا نیزہ۔ ج حِراب۔ الحَرْبَة. نیزہ مارنا۔ مال چھیننا۔ فساد دین۔ جمعہ کا دن۔ ج حَرَبات و حَرْبات
الحَرّاب. چھوٹے نیزے کو اٹھانے والا ز چھوٹا نیزہ بنانے والا۔
الحِرْبَة. ہیئت جنگ۔

الحُرْبَة. گون یا بورے کی مانند ایک برتن ز چرواہے کا تھیلا۔
الحِرْباء والحِرْبائة. گرگٹ۔ اس کو تلون مزاج کے لیے بطور مثال کے بولا جاتا ہے۔ ج حَرابیّ
الحِرْباء. زرہ کا حلقہ۔ پشت کا گوشت۔
الحَرَب. مص۔ ہلاکت ویل۔
وَاحَرَبًا. میت پر افسوس اور نوحہ کرنے کے لئے کلمہ۔ اس کا اعراب (ترکیب) واو حرف نداء و ندبہ۔ حربا منادی مبنی بالضم اس کے آخر میں ظاہری اعراب نہیں۔ تقریری اعراب مفعول بحذف فعل اندب اور الف آخر میں برائے ندبة ہے۔
المِحْرَب والمِحْراب. جنگجو۔ بہادر۔
المِحْراب: گھر کی صدر کی جگہ۔ گھر کی اچھی جگہ۔ صدرِ مجلس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ کچھار۔ و مِحْرابُ المَسْجِد: امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ قبلہ۔ ج مَحارِیْب۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ یکره المحاریب" وہ صدر مجلس میں لوگوں سے ممتاز ہو کر بیٹھنے کو مکروہ سمجھتا ہے۔
الحِرْبِش والحِرْبِشّ. بڑا سانپ، اژدھا۔
حَرَتَ (ن) حَرْتًا. الشَّیءَ: سخت ملنا۔
حَرِتَ (س) حَرَتًا: الرجلُ: بد خلق ہونا۔
الحَرُوْت. مص۔ جانوروں کے چارہ کھانے کی آواز۔
الحِرِیْت. ایک قسم کی مچھلی۔
حَرَثَ (ن ض) حَرْثًا. الارضَ: ہل چلانا، کھیتی کرنا۔ صفت (حارِث) ج حُرّاث۔ حَرَثَ المالَ: کمائی کرنا۔ جمع کرنا۔ النارَ: کریدنا۔ الشَّیءَ: اچھی طرح مطالعہ کرنا۔ الاَمْرَ: یاد کر کے بھڑک اٹھنا الخُبْزَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (واَحْرَثَ واحْتَرَثَ) الدّابّةَ: تھکانا۔ دبلا کرنا۔ صفت مفعولی (حَرِیْثة) ج حَرائِث۔
اِحْتَرَثَ الاَرْضَ: کھیتی کرنا۔ المالَ:

کمائی کرنا۔
الحَرْث بس۔ کھیتی۔
الحَارِث. فا ج حُرَّاث. الحَارِث. و
ابو الحَارِث شیر کی کنیت۔
الحَرِیْثَة کمائی۔ ج حَرَائِث.
الحِرَاثَة کھیتی۔ کاشتکاری۔
المِحْرَث ج مَحَارِث و (المِحْرَاث)
ج مَحَارِیْث ہل۔ کریلنی۔
حَرِجَ(س) حَرَجًا. الشَّیُٔ: تنگ ہونا
الرجلُ: گنہگار ہونا العینُ: اندر دھنس
جانے کی وجہ سے بینائی کم ہونا۔
عَلَیْه الشَّیُٔ: حرام ہونا۔ الیه: پناہ لینا
الغبارُ تنگ جگہ میں گھٹنا۔
حَرَجَ(ن) حَرْجًا. انیابَه: غصہ سے
دانت پیسنا۔
حَرَّجَه تنگ کرنا۔ حَرَّجَ عَلَیْه: کسی سے
یہ کہنا کہ تو تنگی میں ہے۔
اَحْرَجَه گناہ میں مبتلا کرنا۔ تنگی میں ڈالنا۔
تنگ جگہ کیلئے مجبور کرنا۔ فلانًا الیه: مضطر
کرنا۔ اَحْرَجَ عَلَیْهِ الامرَ حرام کرنا۔
تَحَرَّجَ گناہ سے بچنا۔
الحَرَج گناہ۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔
مردہ لے جانے کا تختہ۔ حرمت۔ کہا جاتا ہے
"لا حَرَجَ عَلَیْكَ" تمہارا کوئی قصور نہیں، یا
تمہارے اُوپر کوئی اعتراض نہیں۔
وحَدِّث عَنِ البَحْرِ ولا حَرَجَ. سمندر
کے متعلق بیان کرو اور تمہارے اُوپر مبالغہ
وغیرہ کا کوئی اعتراض نہیں۔
الحِرْج گناہ۔ کوڑی۔ شکار میں سے کتے کا
حصہ۔ درندوں کے شکار کے لیے پھندا۔
بکریوں کا ریوڑ۔ ج اَحْرَاج و حِرَاج.
الحَرِج تنگ۔ وہ شخص جو لڑائی سے منہ نہ
پھیرے۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔ وہ
شخص جو کسی معاملہ میں پیش قدمی کرنے سے
خوف کھائے۔
الحَرَجَه درختوں کا جھنڈ۔ بکریوں کا،
اونٹوں کا گلہ۔ ج حَرَج و حَرَجَات.

الحُرْجَة ڈولچی۔
الحَرِیْج تنگ۔
المِحْرَاج. مِن اللیالی بہت سرد رات۔
المُحَرِّج. تنگ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے
"حَلَفَ بالمحرجات" اس نے تنگی میں
مبتلا کرنے والی قسمیں کھائیں۔
حَرْجَلَ حَرْجَلَة. لمبا ہونا۔ دائیں بائیں
دوڑنا۔
الحَرْجَلَة بس۔ لنگڑاپن۔ (والحَرْجَل)
گھوڑوں کا گلہ۔ کہا جاتا ہے "جاءُ وْا
حَرَاجِلَةً" وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔
الحُرْجُل والحُرَاجِل لمبا۔
حَرْجَمَ. الابلَ اُونٹوں کو ایک دوسرے پر
گرتے ہوئے واپس کرنا۔
اِحْرَنْجَمَ. القومُ او الابلُ اکٹھا ہونا۔
عن الامر ارادہ کے بعد ہٹ جانا۔
حَرِدَ(س) حَرَدًا و حَرْدًا. عَلَیْه:
غضبناک ہونا۔ صفت (حَارِد و حَرِد و
حَرْدَان) الوتر: کمان کی تاروں میں سے
بعض کا بعض سے لمبا ہونا۔ صفت (حَرْد)
حَرَدَ(ض) حَرْدًا منع کرنا۔ ارادہ کرنا
الخشبَ: سوراخ کرنا۔ (حُرُوْدًا) قوم
سے علیحدہ واکیلا ہونا۔ صفت (حَرْد و حَرِد)
ج حِرَاد و (حریدج حُرَدَاء)
حَرَّدَ جھونپڑی میں پناہ لینا۔ الشَّعْرُ: ایک
بال کا تنہا اُگنا ہو کنا۔ حَرَّدَ الحَبْلَ بٹنے
سے گول ہوجانا۔ الشیءَ ٹیڑھا کردینا۔
اَحْرَدَهُ الگ کردینا۔ اکیلا کردینا۔ اَحْرَدَ
فی المشی تیز چلنا۔
تَحَرَّدَ. الادیمُ: بالوں سے پاک صاف
ہونا۔
حَارَدَتِ. الناقةُ: کم دودھ والی ہونا۔ صفت
(حَرُوْد مُحَارِد) السنةُ: کم بارش والا
ہونا۔ حَارَدَ الرجلُ دیتے رہنے کے بعد بند
کردینا۔
اِنْحَرَدَ. النجمُ ٹوٹنا۔
الحَرَد بس۔ اُونٹ کی اگلی ٹانگ کے پٹھے کا

ڈھیلاپن۔
الحَرُوْد کم دودھ والی اُونٹنی۔
الحَرِیْد دور۔ خشک کی ہوئی مچھلی۔ بہت میں
سے تھوڑی چیز۔
الاَحْرَد اگلی ٹانگ کے پٹھے کے ڈھیلاپن والا
ہونا۔ بخیل کنجوس۔ زرہ کے بوجھ سے اچھی
طرح نہ چل سکنے والا۔ ج حُرْد.
المِحْرَاد بے بارش کا سال جمع۔ مَحَارِد.
الحَرْدَبَة تنگی بے عقلی۔
الحِرْذَوْن نر گوہ۔ یا گرگٹ کے مشابہ ایک
جانور۔
حَرَزَ(ن) حَرْزًا. المالَ حفاظت کرنا،
اکٹھا کرنا۔
حَرِزَ(س) حَرَزًا پرہیزگار ہونا۔
حَرُزَ(ک) حَرَازَةً و حَرَازًا. المكانُ:
مضبوط ہونا۔
حَارَزَ. الشَّیَٔ حفاظت میں مقابلہ کرنا۔
(واَحْرَزَ) المکان الرجلَ جائے پناہ ہونا
اَحْرَزَ الشَّیَٔ جمع کرنا۔ حفاظت کرنا۔ ذخیرہ
کرنا۔
تَحَرَّزَ واحْتَرَزَ. منه بچنا۔
اِسْتَحْرَزَ محفوظ جگہ میں آجانا۔
الحِرْز. مضبوط جگہ۔ کہا جاتا ہے "حِرْزٌ
حَرِیْزٌ و حَارِزٌ" بہت محفوظ مقام۔ حصہ۔ کہا
جاتا ہے "اَخَذَ حِرْزَه" اس نے اپنا حصہ لے
لیا۔ ہر وہ چیز جس میں اشیاء کی حفاظت ہو سکے
جیسے صندوق وغیرہ۔ ہر وہ چیز جو ضائع اور تلف
ہونے سے بچائے۔ فی اصطلاح
المعوذین: تعویذ ج اَحْرَاز.
الحَرَز بس۔ بچوں کا ایک قسم کا کھیل جو
اخروٹ سے کھیلتے ہیں۔ ہر وہ چیز جو محفوظ کی گئی
ہو۔ ج اَحْرَاز.
الحَرِیْز جمع کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "لا
حَرِیْزَ مِنْ بَیْعٍ" یعنی اگر اس نے خواہش کے
مطابق قیمت دے دی تو میں بیچ دوں گا۔
الحَرِیْزَة. مِنَ الابل اُونٹ جن کو خوبی کی
وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔ ج حَرَائِز.

حَرَسَهُ(ن ض) حَرْسًا. حفاظت کرنا۔ صفت (حَارِس)ج حُرَّاس و حَرَسَة و حَرَس و اَحْرَاس. حَارِس السَماء و حَارِس السماك نو ستاروں کے نام۔

حَرَسَ(ض) حَرْسًا و اِحْتَرَسَ. الشَّيَّ: رات میں چوری کرنا۔

حَرِسَ(س) حَرَسًا. زمانہ دراز تک زندہ رہنا۔

اَحْرَسَ. بالمکان: حفاظت کیلئے قیام کرنا۔

تَحَرَّسَ واِحْتَرَسَ. مِنْه: محفوظ رہنا، بچ کر رہنا۔

الحَرْس. س۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضیٰ عَلَیْه حَرْسٌ" اس پر ایک زمانہ گزر گیا۔ ج اَحْرَاس.

الحَرَس. حفاظت کرنے والے۔ وحَرَسُ المَلِكِ: شاہی محافظ۔ فوج۔ واحد (حَرَسِيٌّ)

الحَرَسَان. رات دن۔

الحِرَاسَة. حفاظت۔

الحَرِيسَة. بکریوں کا باڑہ۔ رات میں چوری کی ہوئی بکری۔ چوری۔ ج حَرَائِس.

الاَحْرَس. پرانا۔ جس پر ایک زمانہ گزر گیا ہو۔

الحِرْسَان. ٹڈی کی ایک قسم۔

الحَرْسَم. گوشہ۔

الحَرْسِم. زہر و موت۔

الحَرَاسِن. ایک قسم کی مچھلی۔

الحَرَاسِين. دُبلے اُونٹ (اس کا واحد نہیں) قحط والے سال۔

حَرَشَ (ض) حَرْشًا و تَحْرَاشًا. الضَّبَّ: شکار کرنا البعیرَ: تیز چلنے کیلئے رسّی سے پیٹھ کو رگڑنا الرجلَ: خراش لگانا۔

حَرِشَ (س) حَرَشًا. سخت ہونا۔ صفت (اَحْرَش) الرجلَ: دھکادینا۔

حَرَّشَ. بین القوم و بین الکلاب والسباع: ایک کو دُوسرے کے خلاف برانگیختہ کرنا۔

تَحَرَّشَ. بِه: درپے ہونا۔ تَحَرَّشَ الضَّبَّ وبالضَّبِّ: شکار کرنا۔

اِحْتَرَشَ. الشَّيَّ: جمع کرنا القومُ: اکٹھا ہونا الرجلُ: دھکا دینا اعیالہ: کمائی کرنا الضَّبُّ: شکار کرنا۔

الحَرْش. س۔ اثر دھوکا، فریب۔ جماعت۔ ج حِرَاش.

الحَرِش. کھردرا۔ وہ شخص جس کو نیند نہ آئے۔

الحُرْشَة والحَرَش. کھردراپن۔

الحَرِيش. کنسلائی۔ ج حُرُوش. کن کھجورا۔

الحَرِيش: ایک دریائی جانور۔ گینڈا، ایک قسم کا چتی دار سانپ۔

الحَرِيشَة. ایک قسم کی نباتات۔ کہا جاتا ہے "اَخْرَجْتُ لَه حَرِيشَتِي" میں نے اس کیلئے اپنا سب کچھ جو میرے قبضہ میں تھا نکال دیا۔

الحَرَّاش. مِنَ الحیات: پرانا سیاہ سانپ۔

الاَحْرَش کھردری گوہ۔ دینار احرش: نئے ہونے کی وجہ سے کھردرا دینار۔ ج حُرش.

الحَرْشَف. مچھلی کا سفنا۔ چھوٹے پرندے۔ ٹڈی کہ ابھی پر نہ نکلے ہوں۔ زرہ کی کڑیاں۔ کمزور بوڑھے۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ ثَمَّه غیر حَرْشَفِ رِجَالٍ" وہاں پر سوائے کمزور و بوڑھے لوگوں کے کوئی نہیں۔ پیادوں کی جماعت۔ سمندر کے کنارے کے پتھر۔ ج حَرَاشِف.

الحُرْشُف. سخت زمین۔

حَرَصَ (ن) حَرْصًا. الجلدَ: چھیلنا۔ القصَّار الثوبَ: دھونے یا کوٹنے میں پھاڑنا۔

حَرَصَ(ض) و حَرِصَ(س) حِرْصًا و اِحْتَرَصَ. علی الشَّيِّ: لالچ کرنا صفت (حریص) ج حُرَصَاء و حِرَاص و حُرَّاص مؤنث حَرِيصَة ج حِرَاص و حَرَائِص.

حُرِصَ. المرعی: چر کے بالکل صاف کیا جانا۔

حَرَّصَهُ. علی الشَّيِّ: لالچ دلانا۔

تَحَرَّصَ. بتکلف لالچ کرنا۔ وقت کا انتظار کرنا اور اسی سے ہے هو یتحرّصُ غداءهم و عشاءهم وہ ان لوگوں کے صبح شام کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔

الحِرْص س۔ لالچ۔

الحَرْصَة والحَارِصَة والحَرِيْصَة. زخم جو کچھ کھال کو پھاڑ دے۔ الحَارِصَة و الحَرِيْصَة: سخت بارش جو زمین کو صاف کر دے۔

حَرَضَ (ن ض) حُرُوْضًا و حَرِضَ (س) حَرَضًا و حَرُضَ(ک) حَرَاضَة. مرض فاسد میں مبتلا ہو کر دبلا ہونا۔ صفت (حَرِضٌ و حَرَضٌ و حَارِضٌ و حَارِضَةٌ) کہا جاتا ہے "ناقة حَرَضٌ" دبلی اُونٹنی۔

حَرَضَ (ض) حَرْضًا. نفسَه: خراب کرنا، بگاڑنا۔

حَرَّضَهُ. علی الامر: برانگیختہ کرنا۔ فلانًا: کسی کے بدن یا عقل کی خرابی کو دُور کرنا۔ الشَّيَّ: خراب کرنا، بگاڑنا۔

اَحْرَضَهُ گرانا ٥ الحزنُ او المرضُ: بدن کو گھلا دینا ٥ علی الشَّيِّ: برانگیختہ کرنا الرجلُ: ناخلف اولاد کا باپ ہونا۔

حَارَضَ. علی العمل: مداومت کرنا۔ فلانًا: تیر کی چھڑ سے ایک دوسرے کو مارنا۔

تَحَارَضُوْا. علی العمل: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔

الحَرَض. س۔ بدن یا مذہب یا عقل کی خرابی حَرَضُ الثوبِ: کپڑے کا کنارہ۔

الحرض: قریب بہلاکت۔ بے فیض آدمی۔ وہ شخص جس کو غم یا عشق گھلا دے۔ گرا ہوا جو اٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ بُری گفتگو۔ ج اَحْرَاض و حُرْضَان و حِرَضَة.

الحُرْض والحُرُض. اشنان جس سے

کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے تھے۔

الحِرضَة گھٹیا قسم کا آدمی جس کو کوئی مُنہ نہ لگائے۔ ج حِرَض.

حَرَفَ(ض) حَرْفًا. الشَّیْءَ عن وجهه: پھیرنا، جھکانا عن الشَّیْءِ مائل ہونا۔ لعیالہ اِدھر اُدھر سے کمائی کرنا۔

حَرِفَ. فی مالہ حَرْفَةً کچھ ضائع ہو جانا۔

حَرَّفَ. القولَ قول کو اس کے موقع سے پھیر دینا القلمَ ترچھا قط لگانا۔ الشَّیْءَ کنارہ بنانا۔ جھکانا۔

حَارَفَهٗ معاملہ کرنا۔ اور اسی سے ہے "فَقَدْ عَلِمُوْا فی الغَزْوِ کَیْفَ نُحَارِفُ" انہوں نے یقیناً جان لیا کہ ہم جنگ میں ان کے ساتھ کیسا معاملہ کرتے ہیں الرجلَ شر یا خیر کا بدلہ دینا الجرحَ سلائی سے اندازہ کرنا۔

اَحْرَفَ فقیری کے بعد مستغنی ہونا۔ اہل و عیال کے لیے مشقت برداشت کرنا۔ الناقةَ لاغر کرنا الرجلَ خیر و شر کا بدلہ دینا۔

تَحَرَّفَ عنه وانْحَرَفَ واحْرَوْرَفَ. ایک جانب کو جھکنا۔ تَحَرَّفَ لِعَیالِهٖ ہر پیشہ سے کمائی کرنا۔

اِحْتَرَفَ پیشہ اختیار کرنا۔ تلاش کرنا۔ حیلہ کرنا لاهلهٖ کمائی کرنا۔

الحَرْفُ ج حِرَفٌ کنارہ، دھار۔ جانب "حَرْفُ الجَبَلِ" پہاڑ کا تیز سرا۔ کہا جاتا ہے "فلان علی حَرْفٍ مِنْ اَمْرِهٖ" فلاں شخص معاملہ کے ایسے موقع پر ہے کہ اگر پسند خاطر نہ ہو تو ہٹ جائے۔

الحَرْفُ: پانی بہنے کی جگہ۔ حرفُ السَّفِیْنَةِ او النهرِ کشتی یا دریا کا کنارہ۔

الحَرْفُ ج حُرُوفٌ واَحْرُفٌ حروف تہجی میں سے ایک اور اس کا نام "حروف المبنی" ہے فی النحو وہ کلمہ جو بغیر دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے اور اس کا نام "حرف المعنی" ہے۔ کلمہ جیسے یہ حرف قاموس میں نہیں یعنی یہ کلمہ نہیں۔

الحُرْف رائی۔ واحد (حُرْفه)

اَلحُرْف: حَبُّ رَشَاد واحد حُرْفَةٌ۔

الحُرْف محرومی۔ بد بختی۔

الحِرْفَة پیشہ۔

حَرِیْف. الرجلِ ہم پیشہ۔ ج حُرَفاء

الحُرْفَة محرومی۔ کم نصیبی۔ بد بختی۔

الحَرَافَة چرپراہٹ۔

الحِرِّیْف چرپراہٹ والی چیز۔ کہا جاتا ہے "هذا بَصل حِرِّیف" یہ تیز پیاز ہے۔

المُحْتَرِف پیشہ ور۔

المِحْرَف والمِحْرَاف زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔

المُحَرَّف وہ شخص جس کا مال ضائع ہو گیا ہو۔

المُحارَف محروم۔ کم نصیب۔

حَرَقَ(ن) حَرْقًا بالنار جلانا۔ بالمِبْرَد ریتی سے رگڑنا الشَّیْءَ بعضَه کو بعض سے رگڑنا۔

حَرَقَ(ن ض) حَرْقًا و حَرِیْقًا و حُرُوقًا. نابَهٗ علیه دانت پیسنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یَحْرِقُ و یُحَرِّقُ عَلَیَّ الْاُرَّمَ" یعنی وہ میرے اُوپر دانت پیستا ہے۔ شدتِ غضب کے لیے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔

حَرِقَ(س) حَرَقًا شعرہ کٹ جانا یا گر جانا۔ صفت (حَرِقُ) الشَّعْرِ.

حَرِقَ و حُرِقَ پیر کی کٹی ہوئی رگ یا پٹھے والا ہونا۔

حَرَّقَهٗ و اَحرَقَهٗ. بالنار جلانا۔

حَرَّقَ المرعی الابلَ پیاس لگانا۔

تَحَرَّقَ و اِحتَرَقَ جلنا۔

حَارَقَ مُحَارَقَةً. المرأةَ پہلو پر لٹا کر جماع کرنا۔

الحَرَق والحَرْق۔ جلن۔ الحَرَق: دھوبی کے ٹھکنے سے کپڑے کی پھٹن۔

الحَرُوق کپڑے میں جلنے کی وجہ سے سوراخ۔

الحَرِق سخت چمک والا بادل۔ بال جو دراز نہ ہوں۔

الحُرْقَة والحَرْقَة گرمی۔ کہا جاتا ہے "فی جَوْفِه حَرْقَةٌ" اس کے جوف کے اندر گرمی ہے۔

الحُرَقَة والحَارُوْقَة والحُرَّاقة شیر براں۔

الحَرَّاق والحِرَاق ہر چیز کو بگاڑنے والا۔

الحُرَاق بہت کھاری پانی۔ بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الحَرِیْق آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ جلا ہوا۔ سردی یا گرمی سے جلی ہوئی نباتات۔ ج حَرْقی.

اَلحَرِیْقَة عامة الناس کے نزدیک: کسی جگہ پر آگ بھڑک اٹھنا، حرارت۔

الحُرَّاق بہت کھاری پانی۔

حرَّاق عوام کے نزدیک لقمہ طعام۔

الحَرَّاقة کشتی جس پر سے دشمنوں پر آگ پھینکی جائے۔ ج حَرَّاقات عوام کے نزدیک حُرَّاقة اس کو کہتے ہیں جو کھال پر رکھ دیا جائے تو آبلہ اُٹھ آئے۔

الحُرُوق والحَرُوْق چقماق کا سوختہ۔

الحَرِیْقَة گرمی (والحَرُوْقَة) ایک قسم کی خوراک جس کو پانی جوش دے کر آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں۔

المِحْرَق ریتی۔

المُحْرَقَة ذبیحہ جس کو اظہارِ عبودیت کیلئے جلا دیا کرتے تھے۔ ج مُحرَّقات.

الحَارِقة پیر کی رگ یا پٹھا۔

عمامة (حُرْقَانِیَّة) کستری رنگ کا عمامہ۔

الحِرْقِل زبان کی جڑ۔ ج حَرَاقِل.

الحَرْقَدَة خرخرہ کی گرہ۔

حَرْقَصَ. فی المشی قریب قریب قدم رکھنا۔ الکلام جلدی جلدی بولنا۔

الحُرْقُوص پسو کی مانند ایک کیڑا۔ ج حَرَاقِیص.

اَلحُرْقُوص بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا۔

الحَرْقَفَة سرین کی ہڈی کا سرا۔ ج حَرَاقِف و حَرَاقِیف.

الحُرْقُوف۔ دبلا جانور۔
حَرَكَ(ن) حَرْكًا. حق ادا کرنے سے باز رہنا۔ حَرَكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان میں مارنا۔ حَرَكَ حَارِكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان کاٹ دینا ۔ ہ بالسیف: تلوار سے مارنا۔
حَرِكَ(س) حَرَكًا. کمر یا دونوں کندھوں کے درمیان کمزوری والا ہونا۔ نامرد ہونا۔ صفت (حَرِيكٌ)مؤنث حَرِيكَة.
حَرُكَ(ک) حَرْكًا و حَرَكَةً. ہلنا۔
حَرَّكَهُ. ہلانا۔ کہا جاتا ہے "حَرَّكَ مِنِّي الْاَمْرُ": مجھے معاملہ نے مضطرب کر دیا۔
الحَارِكُ. فا. دونوں کندھوں کے درمیان کا لائی حصہ۔
اَلْحَرَكَةُ الْيَوْمِيَّةُ(فلکیات) آسمانی گیند کی گردش کا تصور جہان کے محور کے رو گرد جس کا سبب زمین کی گردش اپنے محور کے ارگرد۔
الحَرَاكُ. حرکت۔
الحَرِكُ. سبک و تیز خاطر۔ کہا جاتا ہے "غلامٌ حَرِكٌ" سبک و تیز خاطر لڑکا۔
المِحْرَاكُ. حرکت دینے کا آلہ۔ کریلنی۔
اَلْمُحَرِّكُ ج مُحَرِّكَات: مختلف جہازوں، گاڑیوں کے انجن۔
المَحْرَكُ. گردن اور سر میں جوڑ کی جگہ۔
حَرْكَثَتْ حَرْكَثَةً. الريحُ الاشجارَ: ہلانا۔
الحَرْكَلَةُ. سرین کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔ ج حَرَاكِلُ و حَرَاكِيلُ.
الحُرْكُوكُ. کندھوں کے درمیان کا حصہ۔
حَرْكَلَ. الصَّائِدُ: شکار سے محروم واپس آنا۔
الحَرْكَلَةُ. ایک قسم کی رفتار۔ پیادے۔
حَرَمَهُ (ض) و حَرِمَهُ (س) حِرْمًا و حَرِيمًا و حِرْمَانًا و حَرِمًا و حِرْمَةً و حَرِيمَةً الشَّيْءَ: منع کرنا۔ روکنا۔ محروم کرنا۔ صفت مفعولی (محروم)

حَرِمَ(س) حَرَمًا و حَرَامًا و حَرُمَ (ک) حُرْمًا و حُرُمًا و حُرْمَةً و حُرُمَةً و حَرَامًا. عَلَيْهِ الامرُ: حرام ہونا۔
حَرِمَ(س) حَرَمًا و حَرَامًا. في القمارِ: جوئے میں ہارنا۔
حَرَّمَ. الشَّيْءَ: حرام کرنا۔ حَرَّمَ الصلوٰةَ: نماز کا تحریمہ باندھنا (واحرم) ماہ حرام میں داخل ہونا۔ حَرَّمَه واحرمه في القمار. غالب ہونا۔ واَحْرَمَ: حرم میں داخل ہونا۔
اَحْرَمَ الشَّيْءَ: حرام کرنا۔ احرم عن الشيء: رکنا، باز رہنا۔
تَحَرَّمَ. منه بِحُرْمَةٍ: کسی کے ذمہ میں آکر محفوظ ہونا۔ تحرَّمَ به: ایک ساتھ زندگی بسر کرنے کی وجہ سے دونوں کے درمیان حرمت قائم ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "تَحَرَّمْتُ بطعامكَ و مجالسكَ" یعنی ایک ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے، اٹھنے کی وجہ سے مجھ سے جس چیز کا لینا تمہارے لیے جائز تھا وہ ممنوع ہو گیا۔
اِحْتَرَمَهُ. ڈرنا۔ حرمت و عزت کی رعایت کرنا۔ احترم الشَّيْءَ: محروم ہونا۔ "لا تحترم فتحترم" میں دونوں معنی جمع ہو گئے ہیں۔ یعنی ڈرو مت ورنہ خیر سے محروم رہو گے۔
اِسْتَحْرَمَ. الشَّيْءَ: حرام سمجھنا۔
الحِرْمُ. س۔ حرام۔ ایسا واجب جس کا ترک کرنا جائز نہ ہو۔ ج حُرُمٌ. احرام کا زمانہ۔
الحُرْمُ. س۔ حج کا احرام۔
الحَرَمُ. س۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے اور جس کی طرف سے مدافعت کی جائے۔ مقدس ۔ ج اَحْرَام. الحَرَمُ الاقصىٰ: بیت المقدس
الحَرَمَانِ. مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ۔
الحِرْمَانُ. محرومی۔
الحُرْمَةُ والحُرُمَةُ والحُرَمَةُ. ذمہ، ہیبت، ہر وہ چیز جس کی ادائیگی ضروری ہو اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو۔ حصہ۔ قابل حفاظت چیز جس کی پردہ دری حرام ہو۔ حُرْمَةُ

الرجلِ: بیوی۔ ج حُرَم و حُرُمات و حُرْمات.
الحَزْمَة. حفاظت۔
الحَرِيمُ. س۔ ہر وہ چیز جو حرام ہونے کی وجہ سے چھوئی نہ جائے۔ محرم کا کپڑا۔ حَرِيمُ الرجلِ: جس کی طرف سے مدافعت اور اس کی حفاظت کی جائے اور اسی وجہ سے بیوی کو حریم کہتے ہیں۔ قصر شاہی کے اردگرد وسیع جگہ۔ ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ ج حُرُم و اَحْرَام و اَحَارِيمُ.
الحُرَمُ ایک شخص کی بیویاں۔ الاَشْهُرُ الحُرُمُ اربعة: ذوالقعدہ و ذوالحجہ و محرم و رجب کہ ان مہینوں میں عرب قتل و قتال کو حرام سمجھتے تھے۔
الحَرِيدَة. س۔ ہر مرغوب چیز سے جو فوت ہو جائے۔
الحَرَامُ. س۔ ضد حلال۔ ج حُرُم. کہا جاتا ہے "حرامُ اللهِ لا افعل هذا" قسم کیلئے جیسے "يمينُ الله لا افعل" احرام باندھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حرامٌ و قومٌ حرامٌ" احرام باندھنے والا مرد، احرام باندھنے والی قوم۔ دونوں صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے اس وجہ سے کہ یہ مصدر ہے۔ الشهرُ الحَرَامُ: ماہ محرم۔ البلد الحرام: مکہ مکرمہ۔ المسجدُ الحَرَامُ: مسجد کعبہ۔
الحَرَامِيُّ. حرام کام کرنے والا۔
مُحَرَّمٌ. قمری سال کا پہلا مہینہ۔ المحرَّمُ: جس کے لیے ذمہ ہو۔ جلد محرَّم: بے کمائی ہوئی کھال سَوْطٌ محرَّمٌ: کوڑا جو نرم نہ کیا گیا ہو۔ اَعرابي مُحَرَّمٌ: اُجڈ دیہاتی۔
المَحْرَمُ. حرام۔ ج مَحَارِم. مَحَارِمُ الليل: رات کے خطرات۔
المُحْرِمُ. احرام باندھنے والا۔ صلح کرنے والا۔ ہر وہ شخص جو تمہاری حفاظت میں ہو۔ کہا جاتا ہے "انه لَمُحْرِمٌ عنك" یعنی اس کی تکلیف تمہارے اوپر حرام ہے۔
المَحْرُومُ. خیر سے روکا ہوا۔ وہ شخص جس

کے مال میں زیادتی نہ ہو۔ وہ بدنصیب جو کمائی نہ کر سکتا ہو۔
المَخرِمَة والمَخرُمَة. ہر وہ چیز جس کی پردہ دری جائز نہ ہو۔ ج مَحَارِم.
حَرْمَدَ. في الامر: اصرار کرنا۔
الحِرمِد والحِرمَد. رنگ و بو بدلا ہوا اور بقول بعض سیاہ کیچڑ۔
حَرمَزَهٔ. لعنت کرنا۔
الحَرمَل. کالادانہ۔
حَرَنَ و حَرُنَ (ن و ک) حُرُونًا و حِرَانًا وحِرَانًا. البَغلُ: اڑ جانا۔ صفت مذکر و مؤنث (حَرُون) ج حُرُن. و حَرَنَ في البيع: ٹھیک قیمت پر بیچنا۔ حَرُنَ (ک) حُرُونة. بالمكان: جگہ سے نہ ہٹنا العسلُ في الخلية: شہد کا چھتہ میں چپکنے کی وجہ سے کالنے میں دشواری ہونا۔ و حَرَنَ القطن: دھننا۔
المِحرَن. دھننے کی کمان۔
الحَرا. گھر کا صحن۔ کہا جاتا ہے "نَزَلتُ بَحَرَاهُ" میں اس کے صحن میں اترا۔ آواز۔ رہ۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ج اَحْرَاء.
الحَرا: لائق۔ کہا جاتا ہے "بالحرا اَنْ يكون ذالك"
الحَرَاوَة. رائی وغیرہ کی تیزی۔
الحَروَة. گلے یا سینے میں یا سر میں غصہ یا درد کی وجہ سے جلن۔ بدبو کے ساتھ چرپراہٹ۔
حَرَىٰ (ض) حَرْيًا. الشَّيُّ: گھٹنا۔ کم ہونا۔
اَحْرَىٰ. الشَّيْ: گھٹانا۔ کم کرنا۔
تَحَرَّىٰ. قابل استعمال کو طلب کرنا۔ دو چیزوں میں سے اولیٰ کو طلب کرنا۔ الامرَ: قصد کرنا اور فضیلت دینا۔ بالمكان: ٹھہرنا۔
المَحرىٰ والمَحرَاة. لائق سزاوار۔ کہا جاتا ہے "هذا الامر محرىً او محراة لذلك او بذالك" یعنی یہ کام اس کے لائق ہے۔
الحَرِىّ. ج حَرِيّون واَحرِياء مؤنث حَرِيَّة ج حَرِيَّات و حرايا (الحرى) ج
اَحْرَاء (الحَرى) لائق سزاوار۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے۔ "انّه لحرىً او حَرٍ او حَرِىّ بكذا بانْ يَّفعل كذا" یعنی وہ فلاں چیز کے لائق ہے اور فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ (اخیر کلمہ کے تثنیہ و جمع نہیں آتے)
الحَارِيَة. بہت زہریلا سانپ جو پرانے ہونے کی وجہ سے چھوٹا ہو گیا ہو۔
اَحْرِ بِه: فعل تعجب ہے بمعنی کس قدر لائق۔ اس کی ترکیب احر فعل امر بمعنی تعجب اس کے آخر میں ی حرف علت گرا دیا گیا ہے۔ بہ: با حرف زائد ہے اور ھا حالت رفع میں فاعل احر کا۔
الاَحْرىٰ. زیادہ لائق زیادہ مناسب، زیادہ بہتر۔
رِجَالُ التَّحَرِّى: پولیس کی تفتیشی پارٹی جو کہ جرائم اور مجرمین کے متعلق تفتیش کرتے ہیں۔
حَزَّهٔ (ن) حَزًّا و اِحْتَزَّهٔ. کاٹنا۔ حَزَّ العودَ: شگاف ڈالنا۔
تَحَزَّزَ. شگاف پڑنا۔
حَزَّ واَحَزَّ علىٰ كرم فلانٍ: بڑھ جانا۔
حَزَّزَ. اَسنانه: کناروں کو تیز کرنا۔
حَازَّهٔ مُحَازَّةً و حِزَازًا. پوری کوشش کرنا۔
الحَزُّ. وقت۔ سخت گفتگو والا۔ لکڑی وغیرہ میں شگاف۔ واحد (حَزَّة)
الحَزَّة. درد دل۔ دقت۔ کہا جاتا ہے "اِنّي حَزَّةَ اَتَيتَنِي قَضَيتُ حَاجَتَكَ" میں نے اس وقت تیری حاجت پوری کی جب تم میرے پاس آئے۔ دشوار حالت
الحَزَاز والحَزَازَة. سر کی بھوسی۔ عوام حزاز کو داد کے معنی میں استعمال کرتے ہیں مگر فصیح لفظ اس کیلئے قوباء ہے۔
الحَزَازَة: غصہ وغیرہ کی وجہ سے دل کا درد، گفتگو میں بے راہ روی۔ ج حَزَازَات.
الحَزَّاز والحُزَّاز. ہر وہ چیز جو دل یا سینہ میں باعث تکلیف ہو۔
حُوَازُّ. القَلبِ: دل کو الم پہنچانے والے اُمور۔ واحد (حَازَّة)
الحَزِيز. سخت عمل کرنے والا ج حُزُز و حُزَّان و حِزَّان و اَحِزَّة.
اَلحَزَاز: بھوسا جو کہ چھلنی کے بعد گرتا ہے۔ ایک بیاری کا نام
الحَزَازِىّ. سخت عمل کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔
اَلحَزَاز: سفید یا سبز پودا جو کہ پتھروں یا باغوں میں پیدا ہوتا ہے۔
المَحَزّ. کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے۔ "قطع فاصاب المَحَزَّ" اس نے قطع کیا اور درست قطع کیا۔
المِحَزّ. کاٹنے کا آلہ۔ ج محازٌّ. سخت گفتگو والا۔
الحَزَز. سختی۔
الحُزَّة. نیفہ۔
الحزات: سرخ یا زرد پھول کا نام
حَزَأَ (ف) حَزْأً. الابلَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا السرابُ الشخصَ: نمایاں کرنا المرأةَ: جماع کرنا۔
اِحْزَوزَأَ. الطائرُ. پروں کو سمیٹ کر انڈوں سے علیحدہ ہونا الابلُ: اکٹھا ہو
حَزَبَهٔ (ن) حَزْبًا. الويلُ الغمُّ: پہنچنا، لاحق ہونا، سخت ہونا۔ حَزَبَ القرآنَ: ایک حصہ مقرر کر کے پڑھنا۔
حَزَّبَ. القومَ: پارٹی پارٹی کر کے جمع کرنا۔
حَازَبَه. کسی کی پارٹی میں داخل ہونا۔ مدد کرنا۔ قوت پہنچانا۔
تَحَزَّبَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔ پارٹی پارٹی ہونا۔
الحَازِب. ج حَوَازِب و (الحَزِيب) ج حُزُب و حُزُّب: امر شدید۔ تم کہتے ہو "نَزَلَت بِه حَوَازِبُ الخُطُوبِ" اس پر سخت حادثے واقع ہوئے۔ "وهٰذا امر حَزِيبٌ" یہ دشوار امر ہے۔
الحِزْب. لوگوں کی جماعت۔ ہتھیار۔ پارٹی۔ حصہ۔ ورد۔ وظیفہ۔ ج اَحزاب. ہر وہ قوم جن کے خیالات و افکار ایک ہوں اگرچہ آپس میں

ملاقات نہ ہو۔
الحَزابِي والحَزابِيَة. مِنَ الرجال: گٹھے بدن والا، پست قد۔
الحَيزَبُون والحَيزَبُور: کھوسٹ بڑھیا۔
حَزَرَ(ن ض) حَزرًا و مَحزَرَةً. الشَّيَ: اندازہ کرنا، تخمینہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حزر قدومه يوم كذا" اس نے اپنے آنے کا فلاں دن اندازہ کیا۔ (وحزر (ک) حَزرًا و حُزُورًا) النبيذُ او اللبنُ: کھٹا ہونا۔ صفت (حَازِر)
الحَزرَة. ج حَزَرَات و (الحَزِيرَة) مِن كل شي: عمدہ حصہ۔
الحَازِرَة: حَازِر کا مؤنث: مضبوط قوی اُونٹنی۔ طاقتور لڑکا۔ ج حَزَاوِرَة: کمزور مرد۔ طاقتور مرد۔
الحَزُّورَة. معمہ۔ چیستاں۔ پہیلی (عوام کی لغت ہے۔ فصیح لفظ "الاحجِيَّة" ہے۔
المُحَزوِر. غضبناک۔
حَزِيرَان. ماہ جون۔ شمسی سال کا چھٹا مہینہ۔
حَزفَرَ. القومَ لِلقَوم: جنگ کیلئے آمادہ ہونا۔ حَزفَرَ الإناءَ: بھرنا المتاعَ: باندھنا۔
حَزَقَ(ض) حَزقًا. الوَتر او الرباطَ: خوب کھینچ کر باندھنا الشَّيَ: دبا کر نچوڑنا۔ الحِمَارُ: گوز کرنا بالحبل: رسّی سے باندھنا۔
اَحزَقَهُ. منع کرنا۔ روکنا۔
تَحَزَّقَ. سکڑنا۔
الحِزق والحِزقَة والحَازِقَة والحَزَاقَة والحَزِيقَة. آدمی وغیرہ کی جماعت۔ حَزِيقَة کی جمع حَزَائِق و حَزِيق و حُزَق. الحُزقَة: ہر چیز کا ٹکڑا۔
الحَازُوقَة. ہچکی۔ (لغت عوام ہے فصیح لفظ الفُواق ہے)
الحَزُقّ والحُزُقّ والحُزُقَّة والحُزُقَّة والاُحزُقَّة. پست قد۔ جو چھوٹے چھوٹے قدم سے چلے۔ (والمُتَحَزِّق) بدخلق۔ بخیل۔

المحزوق. مِن ابريق و نحوه: تنگ گردن والا لوٹا وغیرہ۔
حَزَكَهُ(ض) حَزكًا: لپیٹنا اور دبانا۔ ہ بالحبل: گٹھا بنانا اور باندھنا۔
اِحتَزَكَ. بالثوب: کپڑے سے کمر کسنا۔
اِحزَألَّ. الشيءُ: اکٹھا ہونا۔ القلبُ: خوف کی وجہ سے دل کا سکڑ جانا۔ الجبلُ: پہاڑ کا سراب سے بلند ہونا۔ البعيرُ في السير: چلنے میں بلند ہونا۔
الحَوزَل والحَوزَلة. پست قد۔
حَزَمَهُ(ض) حَزمًا و حَزَّمَهُ. باندھنا۔
حَزِمَ(س) حَزَمًا. سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔
حَزُمَ(ک) حَزمًا و حَزَامَةً. ہوشیاری اور دُور اندیشی سے کام لینا۔ صفت (حَازِم) ج حَزَمَة و حُزَّم و اَحزَام و (حَزِيم) ج حُزَمَاء. (اَحزَم) الفرسَ: تنگ بنانا۔
تَحَزَّمَ واِحتَزَمَ. رسّی وغیرہ سے کمر کسنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَزَّمَ في الامرِ" یعنی اس نے معاملہ میں دانائی اور ہوشیاری سے کام لیا۔
اِحزَوزَمَ اِحزِيزَامًا. الشيءُ: اکٹھا ہونا المكانُ: سخت و بلند ہونا۔
الحِزام ج حُزُم و (الحِزامَة) ج حَزَائِم و (المِحزَم والمِحزَمَة) جانور کا تنگ۔ کہا جاتا ہے۔ "اَخَذَ حِزَامَ الطَّرِيق" وہ وسط راستہ پر چلا۔
الحَزم. س. سخت و بلند زمین ج حُزُوم
الحَزَم. کھانے کا دشواری سے ہضم ہونا، سینہ میں پھندا لگنا۔
الحُزمَة. لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔
الحُزُمَّة. پست قد۔
الحَزِيم. جانور کے تنگ باندھنے کی جگہ، کہا جاتا ہے "شَدَدتُ لِهٰذَا الامرِ حَزِيمِي" میں نے اس معاملہ کیلئے کمر کو کسا یعنی پوری طرح سے آمادگی ظاہر کی۔ سینہ کا وسط۔ ج حُزُوم واَحزِمة
الاَحزَم. چوڑے سینہ والا۔ بڑے پیٹ اور موٹی کمر والا۔
الاَحزَام. پارٹیاں۔
الحَيزُوم. سینہ کا وسط۔ سخت و بلند زمین۔ ج حَيَازِم و حَيَازِيم. "شُدَّ الحَيَازِم" کنایہ ہے صبر کرنے سے۔
المَحزِم. مِن الدابة: تنگ باندھنے کی جگہ۔
حَزَنَهُ(ن) حُزنًا. غمگین کرنا۔
حَزِنَ(س) حَزَنًا. لهُ و عليه: غمگین ہونا صفت (حَزِين) ج حُزَنَاء و حِزَان و حَزَانَى و (حَزِنٌ و حَزَنٌ و مَحزُونٌ و مُحزَن و حَزَان و حَزنَان)
حَزُنَ(ک) حُزُونَةً. المكانُ: سخت ہونا۔
اَحزَنَ. سخت زمین میں چلنا۔ (و حَزَّنَ) الرجلَ: غمگین بنانا حَزَّنَ القارِئُ: باریک آواز سے پڑھنا۔
تَحَزَّنَ و تَحَازَنَ و اِحتَزَنَ. غم گین ہونا۔ تحزَّنَ عليه ولأمره: دردمند ہونا۔
الحُزن و الحَزَن. غم۔ ج اَحزَان.
الحَزن. سخت و بلند زمین۔ ج حُزُن و حُزُون.
الحُزنَة. مِن الارض: سخت زمین۔
الحُزنَة. سخت پہاڑ۔ ج حُزَن. الحُزَن: سختیاں۔
الحَزَانَة. اہل و عیال جن کی وجہ سے آدمی فکرمند رہتا ہے۔
الحَزِين. گلا۔
الحُزُونَة. زمین کی سختی۔
حَزَا(ن) حَزوًا و حَزَى(ض) حَزيًا و تَحَزَّى الشيَ: اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ الطيرَ: شگون معلوم کرنے کے لئے اُڑانا۔
حَزَا(ن) و حَزَى. السرابُ الشيَ: نمایاں کر دینا۔
اَحزَى اِحزَاءً. الشيءُ: بلند و نمایاں ہونا بالشيء: جاننا۔
الحَازِي. فا. وہ شخص جو ہتھیلی وغیرہ دیکھ

کر پیشین گوئی کرے اور اسی سے ہے "عَلَى الحَازِي هَبَطْتُ" یعنی میں دانا اور واقف کار کے پاس پہنچا۔

اَلْخَزِيُّ وَ اَلْخَزَاءُ: واحد خَزَاءَةٌ و خَزَاة. اجوائن کی طرح پودا۔

حَسَّهُ (ن) حَسًّا. قتل کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ حَسَّ الدابةَ: کھریرا کرنا البردُ الزرعَ: جلانا۔ اللحمَ: چنگاری پر ڈالنا النارَ: پختہ ہونے کے لئے کباب وغیرہ پر آگ ڈالنا۔

حَسَّ (ض) حَسًّا وَاَحَسَّ. الشَّيَ و بالشَّيِّ: معلوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَسَّ وَاَحَسَّ منه خبراً" اس نے اس سے خبر معلوم کی۔

حَسَّ (س ض) حَسًّا و حِسًّا. بالخبر: یقین کرنا لفلان: نرم دل ہونا۔

حَسَّهُ. معلوم کرانا۔

تَحَسَّسَ. سننا دیکھنا الخبرَ: معلوم کرنے کی کوشش کرنا الشيَ: حواس سے پہچاننا۔

تَحَسَّسَ منهُ: حقیقت حال معلوم کرنا۔

اِنْحَسَّتْ. اَسْنَانُه: اکھڑ جانا۔ ٹوٹ جانا۔

اِحْتَسَّ. الشَّيَ: چھونا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔

الحِسُّ. س۔ حرکت: آہستہ آواز۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ له حِسًّا" میں نے اس آہستہ آواز نہیں سنی۔ آہٹ۔ بچہ کی پیدائش کے بعد کا درد۔ حَسُّ الحُمّٰى: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔

الحَسُّ. مص حیلہ۔ شور۔

الحَسَّةُ والحِسَّةُ. حالت۔ کہا جاتا ہے "هو في حِسَّةِ سوءٍ" وہ بری حالت میں ہے۔

الحَاسَّةُ. الحاسُّ کا مؤنث۔ معلوم کرنے کی قوت۔ ج حَوَاسُّ الحَوَاسُّ الخمس: معلوم کرنے کی پانچ قوتیں۔ (سننا دیکھنا سونگھنا چکھنا چھونا) "حَوَاسُّ الارض خمس" زمین کے لئے پانچ آفتیں۔ سردی، اولے، ہوا، ٹڈی، مویشی۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بالقومِ حَوَاسُّ" لوگوں پر سخت سال گزرے۔

الحَسِيسُ. آہستہ آواز۔ حرکت۔ مقتول۔

حِسَاسُ الحُمّٰى: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔

الحِسِّيُّ. وہ چیز جس کا ادراک قوت حاسہ سے ہو اور اس کا ضد عقلی ہے۔

الحُسَاسُ. ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے۔ پتھر کے چھوٹے ٹکڑے۔ واحد (حُسَاسَةٌ) بدبختی۔ بدخلقی۔

حَسَّاسُ گاڑی کی ریس۔

الحَسُوسُ. سخت قحط کا سال۔

اَلْمَذْهَبُ الحِسِّيُّ: ان لوگوں کا نظریہ جن کا عقیدہ ہے کہ تمام عقلی ملکیات احساس کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔

حُسَاسَاتُ. الحيا: کنایہ ہے شرمندگی کی چیزوں کی وجہ سے انقباض کے احساس سے۔

المَحْسُوسُ. حس ظاہری سے معلوم کیا ہوا۔ بدبخت۔ اَرْضٌ مَحْسُوسَةٌ. ٹڈی یا اولے سے تباہ شدہ زمین۔

المِحَسَّةُ. کھریرا۔

الحَاسُوسُ جاسوس۔

حَسَبَهُ (ن) حَسْبًا و حِسَابًا و حِسْبَانًا و حُسْبَانًا و حِسْبَةً و حِسَابَةً. شمار کرنا۔

حَسِبَهُ (س ح) حِسْبًا و مَحْسَبَةً و مَحْسِبَةً. گمان کرنا۔

حَسُبَ (ک) حَسَبًا و حَسَابَةً. شریف الاصل ہونا۔ صفت (حَسِيبٌ) ج حُسَبَاءُ.

حَسَّبَ. تکیہ دینا المیتَ: کفنا کر دفن کرنا یا پتھروں میں دفن کرنا۔ (وَاَحْسَبَه) کسی کو اتنا کھلانا یا دینا کہ وہ بول اٹھے کہ بس۔ کہا جاتا ہے "اعطى فَاَحْسَبَ" یعنی اس نے دیا اور بہت دیا۔

حَاسَبَه مُحَاسَبَةً و حِسَابًا. حسابات کی جانچ کرنا۔

تَحَسَّبَ. قناعت کرنا۔ تکیہ لگانا۔ الخبرَ: دریافت کرنا۔ پہچاننا۔ قصد کرنا۔

تَحَاسَبَ. ایک دوسرے کے حساب کی جانچ کرنا۔

اِحْتَسَبَ. الامرَ: گمان کرنا۔ شمار کرنا ما عند فلان: آزمائش کرنا۔ اِحْتَسَبَ عليه الامرَ: امر منکر سے منع کرنا به: قناعت کرنا عنه: رک جانا، باز رہنا۔ احتسب وَلَدًا لَهُ: بڑی عمر کے بچہ کو کھو دینا (اور اگر چھوٹا بچہ مر جائے تو اس کے لئے افترط آتا ہے) عند الله خیرًا: ثواب کی امید رکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا يُحْتَسَبُ به" یعنی فلاں اس کے مقابلہ میں کسی شمار میں نہیں و "فلانٌ استعطاني فَاحْتَسَبْتُهُ" فلاں نے مجھ سے عطیہ مانگا اور میں نے اس کو کافی دیا۔

الحَاسِبُ. فا. حساب داں۔ ج حَسَبَةٌ

الحَسْبُ. مص. کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَسْبُكَ درهمٌ" اور باء کی زیادتی سے "بِحَسْبِكَ درهمٌ" بھی کہا جاتا ہے یعنی تمہارے لئے ایک درہم کافی ہے۔ وهذا رجلٌ حَسْبُكَ مِنْ رجلٍ" یہ مرد تمہارے لئے اس مرد سے کافی ہے و "زيد صديقي فَحَسْبِي او فَحَسْبُ" زید میرا دوست ہے اور میرے لئے کافی ہے۔

الحَسَبُ. حسب کا مصدر۔ عدد۔ اندازہ کہا جاتا ہے "هذا بِحَسَبِ ذاك" یہ اس کے موافق ہے واعْمَلْ على حَسَبِ ما اَمَرْتُكَ" یعنی کرو اس کے موافق جیسا میں نے تم کو حکم دیا ہے۔ "و حَسَبَمَا ذُكِرَ" موافق اس کے جو ذکر کیا گیا۔ خاندانی شرافت، آباء و اجداد کے مفاخر. الحَسَبُ: شمار کیا ہوا۔

الحِسَابُ. مص۔ شمار۔ کافی۔ کہا جاتا ہے "اَعْطاه عَطاءً حِسَابًا" اس نے اس کو کافی دیا۔ لوگوں کی بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "اتانی حِسَابٌ مِنَ النَّاس" جیسا کہ کہا جاتا ہے "جاء نی عَدَدٌ مِنهُم و يَرْزُقُ الله مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ" اللہ جس کو چاہتا ہے بغیر کمی و تنگی کے رزق دیتا ہے۔ حسابُ الجُمَّلِ: حروف ابجد کا حساب۔ یوم

الحِسَاب: قیامت کا دن۔
الحِسَابِیُّ: حساب داں۔
الحِسْبَة. س۔ میت کو پتھروں میں یا کفنا کر دفن کرنا۔ ثواب جزا۔ ج حِسَب.
الحَسِیْب. خاندانی شرف والا۔ حساب جانچ کر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "کَفٰی بِاللّٰهِ حَسِیْبًا"
الحُسْبَان. حساب۔ چھوٹے تیر۔ واحد (حُسْبَانَة)
کَفٰی بِاللّٰهِ حَسِیْبًا اللہ کافی حساب کرنے والا ہے۔ کَفٰی فعل ماضی' با حرف جارہ زائدہ ہے۔ لفظ اللہ فاعل بحلا مرفوع ہے۔ حَسِیْبًا تمیز ہے۔
الحُسْبَانَة. کڑک۔ بادل۔ اولے۔ چیونٹی (وَالمِحْسَبَة) چھوٹا تکیہ۔
مُحْتَسِبُ. البَلَدِ: شہر میں حاکم کی طرف سے اوزان وغیرہ کی دیکھ بھال کے لئے جو مقرر ہو۔
حَسْبَلَ. حسبی اللہ کہنا۔
حَسْحَسَ. لَهُ: ورد مند ہونا اللحم: گوشت کو انگاروں پر ڈال کر اُلٹنا پلٹنا۔
تَحَسْحَسَ. لِلقِیَامِ: حرکت کرنا اوبارُ الابل: متفرق و پراگندہ ہونا۔ گر جانا۔
حَسَدَتُ (ن ض) حَسَدًا و حَسَادَةً و حَسَّدْتُ. فلانا نعمته و علیٰ نعمته: زوال نعمت کی تمنا کرنا یا دوسرے سے نعمت کے زوال اور اپنے لئے حصول کی تمنا کرنا۔ صفت (حَاسِدٌ) ج حُسَّاد و حَسَدَة و حُسَّد.
اَحْسَدَ. حاسد پانا۔
تَحَاسَدَا. ایک دوسرے کے زوال نعمت کی تمنا کرنا۔
الحَسُوْد. وہ شخص جو طبعًا حاسد ہو (مذکر و مئونث) ج حُسُد.
الحَسَّاد. بہت حسد کرنے والا۔
المَحْسَدَة. باعث حسد۔
حَسَرَ (ن ض) حُسُوْرًا. البصرُ: نگاہ کا تھک جانا۔ الشَّیُٔ: کھل جانا الماءُ: نیچے اتر جانا (حَسْرًا) الرجلُ او الدابةُ: تھکنا۔
حَسَرَ (ن ض) حَسْرًا. الشَّیَٔ: کھولنا۔ کہا جاتا ہے "حَسَرَ کُمَّه عن ذِرَاعِه" یعنی اس نے آستین چڑھائی۔ "و حَسَرَتِ الجاريَةُ خِمَارَها عن وجهها" یعنی لڑکی نے اپنی اوڑھنی اپنے چہرہ سے ہٹا دی۔ صفت مؤنث (حَاسِرٌ) ج حُسَّر و حَوَاسِرٌ.
الحُسَّر: میدانِ جنگ کے پیادے جن کے سر اور چہرے کھلے ہوئے ہوں یا جن کے جسم پر زرہ اور سر پر خود نہ ہوں الغصن: چھیلنا البیتَ: جھاڑو دینا الدابةَ: چلا کر تھکا دینا۔
حَسِرَ (س) حَسَرًا. تھکنا۔ (حَسَرًا و حَسْرَةً) افسوس کرنا۔
حَسَّرَ. الطیرُ: پروں کا گرنا حَسَّرَهُ: افسوس کرانا۔ افسوس کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ تکلیف دینا۔ حقارت کرنا۔
اَحْسَرَ. الدابةَ: چلا کر تھکانا۔
تَحَسَّرَ. علیه: افسوس کرنا الشعرُ او الریشُ: گرنا۔ جھڑنا۔ تَحَسَّرَ الطائرُ: پروں کا گرنا۔ تَحَسَّرَتِ المراةُ: برہنہ رُو ہو کر بیٹھنا۔
اِنْحَسَرَ. الشَّیُٔ: کھلنا الطیرُ: پرانے پر گر کر نئے نکلنا۔
اِسْتَحْسَرَ. تھکنا۔
الحَاسِر. فا. بغیر عمامہ یا بغیر زرہ یا بغیر خود والا۔ عورت جس نے اپنے چہرہ سے اوڑھنی کو ہٹا دیا ہو۔
الحَسِر. تھکانے والا۔ افسوس کرنے والا۔
الحَسِیْر. تھکا ہوا۔ کمزور۔ افسوس کرنے والا۔ تھکانے والا۔ ج حَسْرٰی.
الحَسْرَان. فوت شدہ چیز پر زیادہ افسوس و حسرت کرنے والا۔
التَحَاسِیْر. مصیبتیں۔ بلائیں۔ واحد (تَحْسِیْر)
المَحْسِر والمَحْسَر. چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَلِیْحُ المنظرِ و کَرِیْمُ المَحْسَرِ' فلاں دیکھنے میں خوبصورت اور باطن کے لحاظ سے کریم ہے۔ طبیعت۔ ج مَحَاسِر. کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عارِیَةُ المَحَاسِرِ بغیر نباتات والی زمین۔
المِحْسَر. جھاڑو۔
المَحْسُوْر. البصرِ: تھکی ہوئی نگاہ والا۔
حَسَفَت (ض) حَسْفًا و حَسِیْفًا الحَیَّةُ: پھنکارنا (حَسَفَ (ض) حَسْفًا) السحابَ: چلنا الغنمَ ہانکنا التمرَ: صاف کرنا القرحَ: چھیلنا۔
(حَسْفًا و حُسَافًا) الزرعَ: کاٹنا۔
حَسِفَ (س) حَسَفًا. له: کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔
اَحْسَفَ. التمرَ: عمدہ کھجوروں میں ردی کھجوریں ملا دینا۔
حَسَّفَ. التمرَ: عمدہ کھجوروں میں ردی کھجوریں ملا دینا۔
حَسَّفَ. التمرَ: ردی کھجوروں سے صاف کرنا۔
تَحَسَّفَ. الجلدُ: چھلنا ادبارُ الابلِ: اُونٹ کے بالوں کا جھڑ جانا۔
اِنْحَسَفَ. الشَّیُٔ فی یدی: ریزہ ریزہ ہونا۔
الحُسَاف کھائی ہوئی چیز کا تھوڑا بقیہ۔
الحُسَافة ردی کھجوریں یا کھجور کے چھلکے۔ کہا جاتا ہے۔ "فلان لا یعطی مِنَ البُرِّ الانسافَتَه و مِنَ التمرِ الاحُسَافَتَه" فلاں گیہوں کی صرف پھٹکن اور کھجوروں میں سے صرف ردی کھجوریں دیتا ہے۔ تھوڑا پانی۔
حُسَافَةُ الناس: رذیل لوگ۔ (الحُسَافة والحَسِیْفة) دشمنی۔ غصہ۔ کہتے ہیں "رَجَعَ بِحَسِیْفَةِ نَفْسِه" بغیر اپنی حاجت پوری کئے ہوئے واپس ہوا۔
حَسِكَ (س) حَسَكًا. علیه: غضبناک ہونا۔ صفت (حَسِكٌ) الدابةُ: چارہ کھانا، دانہ چبانا۔
اَحْسَكَ. الدابةَ: چارہ دینا۔

النباتُ: کانٹے دار ہونا۔
الحَسَك. س کانٹے دار پودہ۔ باریک ہڈی واحد (حَسَكَة)
الحَسِيْكَة. جانور کا دانہ۔ سیپی۔
(والحَسَكَة والحُسَاكَة) دشمنی۔ کینہ۔
الحَسِيْك. پست قد۔
حَسَلَ (ن) حَسْلًا. الشَّئَ: ذلیل کرنا۔
الدابةَ: تیز ہانکنا۔
حُسِلَ. بِه: ذلیل کیا جانا۔
حَسَّلَ. بنفسه: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ دنائت اختیار کرنا۔
تَحَسَّلَ و اِحْتَسَلَ. گوہ کے بچہ کا شکار کرنا۔
الحِسْل. گوہ کا بچہ۔ ج حِسَلَة و اَحْسَال و حُسُول و حِسْلَان. کہا جاتا ہے "لا آتيك سِنَّ الحِسْلِ" یعنی میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤں گا چونکہ گوہ کے دانت موت تک نہیں گرتے اس لئے دوام سے کنایہ کیا گیا اور لفظ سِن منصوب بنزع الخافض ہے اس وجہ سے کہ تقدیر مدة بقاء سن الحسيل ہے۔ ابو حِسْل، و ابو حُسَيْل: گوہ۔
الحُسَالَة. چاندی۔ چاندی کے ذرات، زَر وغیرہ کی بھوسی۔ (والحُسَيْلَة). قوم کے ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
الحَسِيْل. گائے کے بچے۔ واحد (حَسِيْلَة) گھٹیا چیز۔ ج حُسُل.
المَحْسُوْل. گھٹیا۔ ردی۔
حَسَمَهُ (ض) حَسْمًا. جڑ سے کاٹنا۔
حَسَمَ العِرْقَ رگ کاٹ کر خون روکنے کے لئے داغ دینا۔ الداءَ: مرض کو دوا سے دور کرنا۔
حَسَمَهُ الشَّئَ: روکنا، منع کرنا۔
اِنْحَسَمَ. جڑ سے کٹنا۔
الاَحْسَمُ. باخبر فیصلہ کن مرد۔
الحُسُوْم. نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے "اَيَّامٌ حُسُومٌ" على الوصف "ايامُ حُسُومٍ" على الاضافة یعنی نامبارک و منحوس دن۔

الحُسَام. شمشیر بُراں۔ حُسَام السيف: تلوار کی دھار۔
المَحْسَمَة. کاٹنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "هذا مَحْسَمَةٌ للداء" یہ مرض کے دور کرنے کا ذریعہ ہے۔
حَسُنَ و حَسَنَ (ک ن) حُسْنًا. خوبصورت ہونا۔ صفت (حَسَن) ج حِسَان و (حُسَان) ج حُسَانون و (حَاسِن و حَسِيْن) مونث حَسَنَة و حَسْنَاءُ ج حِسَان و حَسَنَات اور مبالغہ کے لئے (حُسَّان) مونث حُسَّانَة.
حَسَّنَهُ. آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
حَاسَنَهُ مُحَاسَنَة. خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ نرمی برتنا۔ نیک سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنِّي لأحاسِنُ بِكَ النَّاسَ" میں تمہاری خوبیوں کی وجہ سے لوگوں پر فخر کرتا ہوں۔
اَحْسَنَ. نیکی کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا۔
الشَّئَ: اچھی طرح بنانا۔ اچھی طرح جاننا۔ کہا جاتا ہے "فلان يُحْسِنُ القرائةَ" فلاں اچھی طرح پڑھتا ہے۔ اليه وبه: نیک سلوک کرنا۔ نیکی کرنا۔
تَحَسَّنَ. خوبصورت ہونا۔ اچھا ہونا۔
بكذا: آراستہ ہونا۔ مونڈنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ الحَمَّامَ فتَحَسَّنَ" وہ حمام میں داخل ہوا اور حجامت بنائی۔
اِسْتَحْسَنَهُ. اچھا جاننا۔
الحُسْن. جمال و خوبصورتی۔ ج مَحَاسِن (خلاف قیاس) المحاسن: بدن کے خوبصورت مواقع حُسْنُ ساعَةٍ: ایک قسم کی نباتات ہے، جو طلوع آفتاب سے پہلے کھلتی اور طلوع آفتاب کے بعد مرجھاجاتی ہے چونکہ اس کی خوشنمائی تھوڑی دیر کیلئے ہوتی ہے اس لئے اس کا یہ نام ہے۔ سِتُّ الحُسْنِ: ایک قسم کی نباتات جو درختوں پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کا پھول عمدہ خوبصورت ہوتا ہے۔
الحُسْن: کہنی کے پاس ایک ہڈی کا نام۔
الحَسَن. س کہنی کے پاس کی ہڈی۔

بلند ٹیلہ۔ الحَسَنَان: سیّدنا حسن و سیّدنا حسینؓ۔
الحَسَنَة. نیکی۔ بھلائی۔ ج حَسَنَات.
الاَحْسَن. حسن کا اسم تفضیل۔ ج اَحَاسِن مؤنث حُسْنیٰ اور کبھی شاذ طریقہ سے اس کی تصغیر اُحَيْسِن لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ما اُحَيْسِن زيدًا" احاسن القوم: قوم کے خوبصورت لوگ۔
الحُسْنىٰ. اچھا کام۔ اچھا انجام۔ اللہ تعالیٰ کو دیکھنا۔ کامیابی۔ شہادت۔ ج حُسْنَيَات و حُسَن الاسماء الحُسْنىٰ: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام۔
الحُسْنَيَان. فتح مندی و شہادت۔ کہا جاتا ہے "حُسْنَيَاهُ و حُسْنَاءُهُ اَنْ يفعلَ كذا" اس کیلئے انتہا یہ ہے اور جن کاموں کے کرنے کی طاقت رکھتا ہے ان میں بہتر یہ ہے کہ ایسا کرے۔
الحَسُّوْن. ایک خوبصورت خوش آواز چھوٹا سا پرندہ۔
المِحْسَان. بہت بھلائی کرنے والا۔
التَحَاسِيْن. اچھی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "ما اَبْدَعَ تَحَاسِيْنَ الطَّاؤوسِ و تزاييْنَه" مور کی خوبی اور زینت کس قدر نادار اور عجیب ہے۔
المَحْسَنَة. سبب حسن۔ کہا جاتا ہے "هذا طعامٌ مَحْسَنَةٌ للجِسْم" یہ خوراک جسم کیلئے باعث حسن ہے۔
الحِسْنَة. پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔
حَسَا (ن) حَسْوًا و تَحَسَّىٰ و اِحْتَسَىٰ المرقَ: تھوڑا تھوڑا پینا الطائرُ الماءَ: چونچ سے پانی پینا۔
حَسَّىٰ و اَحْسَىٰ و حَاسَىٰ. الرجلَ المرقَ: تھوڑا تھوڑا پلانا۔
تَحَاسَيَا: ایک دوسرے کو شوربا پلانا۔
الحَسْو والحَسَا والحَسَاء والحَسُوُّ. ہر رقیق چیز جو پی جاسکے۔ اور اسی سے ہے "يَوْمٌ كَحَسْوِ الطير" یعنی بہت چھوٹا دن۔ ایک

قسم کا کھانا جو آٹا اور پانی ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
الحَسُوُّ بہت گھونٹ گھونٹ پینے والا۔
الحَسْوَة. حسا کا اسم مرة۔ گھونٹ۔ ج حَسَوات.
الحُسْوَة. ایک مرتبہ گھونٹ لگانے کا اندازہ۔ کہا جاتا ہے "فی الاِناء حُسْوَة" برتن میں ایک گھونٹ کی مقدار ہے۔ ج اَحْسِيَة واَحْسُوَة وج اَحاسٍ.
الحَسِيَّة وہ چیز جو پی جا سکے۔
حَسِیَ(ض) حَسْيًا و اِحْتَسى. نرم دلدلی زمین۔
المِحسَاة پانی کھینچنے کا بیل۔
حَشَّ(ن) حَشًّا. العشبَ کاٹنا النارَ: سلگانا اور کریدنا الحربَ: بھڑکانا الفرسَ: گھاس ڈالنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَحُشُّكَ وتَروِثُنی" میں تیرے لئے گھاس ڈالتا ہوں اور تو میرے اوپر لید ڈالتا ہے یعنی میں تیرے ساتھ نیکی کرتا ہوں اور تو میرے ساتھ برائی سے پیش آتا ہے المالَ: بڑھانا۔ زیادہ کرنا الصیدَ: دونوں جانب سے گھیرنا۔ حَشَّتِ الیدُ: شل ہونا الولدُ فی بطن الناقة: پیٹ میں خشک ہونا۔
الفرسُ: تیز دوڑنا۔
اَحَشَّ. الکلاءُ: کاٹنے کا وقت قریب آنا الارضُ: گھاس والی یا بہت گھاس والی ہونا۔
اَحَشَّهُ: گھاس کاٹنے میں مدد دینا اَحشتِ الناقةُ او المراةُ: پیٹ میں بچہ خشک ہونا۔ صفت (مُحِشٌّ) اَحَشَّهُ عن حاجته: جلدی کرانا۔
اِحتَشَّ. الحَشِيْشَ: گھاس جمع کرنے کی کوشش کرنا۔
اِستَحَشَّ. الرجلُ: پیاسا ہونا الغصنُ: لمبی ہونا الیدُ: شل ہونا۔
العظمُ: باریک ہونا۔
الحشیش خشک گھاس۔ واحد (حَشِيْشَة)
الحَوْزِي. اُونٹ کا ہانکنے والا۔ قوم سے علیحدہ ہو کر تنہا اُترنے والا۔ کالا۔
الحَيِّزُ والحَيْزُ. جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا في حيز التواتر" یعنی یہ چیز تواتر سے ثابت ہے۔
الحَوْزَاء. لڑائی۔
الحُوَيْزَاء. ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا ہوا ذخیرہ۔
الاَحْوَزِي. ماہر۔ ہر کام میں پھرتیلا۔ بہتر کار گزار۔
الحَوَّاز. الحائز کا مبالغہ۔ اور اسی سے ہے "الاثم حَوَّازُ القُلُوْب" گناہ دلوں پر غالب آنے والا ہے یہاں تک کہ آدم غیر پسندیدہ کام کر بیٹھتا ہے۔
الحُوَّاز. بڑے بڑے گبریلے۔
حاسَ (ن) حَوْسًا. القومَ: میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا الذِئبُ الغَنَمَ: درمیان میں آکر پراگندہ کرنا۔ حاسَتِ المرأةُ ذيلها: دامن کھینچتے ہوئے چلنا الجزارُ الاهابَ: قصائی کا کھال کو اُتارنا۔
حَوِسَ (ن) حَوَسًا. دلیر و بہادر ہونا۔ صفت (اَحْوَس)
تَحَوَّسَ. دلیری دکھلانا في الكلام: گفتگو کیلئے تیار ہونا للشيءِ: دردمند ہونا۔
اِسْتَحْوَسَ اِسْتِحْوَاسًا. رُکنا۔ دیر کرنا۔
الاَحْوَس. دلیر و بہادر۔ وہ شخص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو جب تک کہ اپنی حاجت پوری نہ کرلے۔ بھیڑیا۔ ج حُوْس.
الحَوُوس. لوگوں کو بہت قتل کرنے والا۔ بہادر۔
الحُوَاسَة. غنیمت۔ حاجت (والحُوَيْسَاء) قرابت۔ رشتہ داری۔
حَاشَ (ن) حَوْشًا. الابلَ: جمع کر کے ہانکنا (واحاشَ) اِحَاشَةً واَحْوَشَ اِحْوَاشًا و اِسْتَحْوَشَ اِسْتِحْوَاشًا) الصيدَ: گھیر کر پھندے کی طرف لانا۔ حَاشَ واَحْوَشَ واَحَاشَ عليه الصيدَ و اَحْوَشَهُ اِيَّاهُ: شکار کرنے میں مدد کرنا۔
حَوَّشَهُ: بہت جمع کرنا۔ حَوَّشَ الرجل: دلیری دکھانا، تیاری کرنا۔
حَاوَشَهُ. على الامر: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
تَحَوَّشَ. عنه: علیحدہ ہونا منه: شرم کرنا المرأةُ من زوجها: بیوہ ہونا۔
اِنْحَاشَ. اکٹھا ہونا عنه: بھاگنا۔ بدکنا له الصيدُ: شکار کا خود آنا۔
تَحَاوَشُوْا. عليه: اپنے درمیان میں کر لینا۔
اِحْتَوَشَ. القومُ الصيدَ: قوم کا شکار کو ایک دوسرے کی طرف بدکانا۔ اِحْتَوَشَ القومُ الرجلَ و عليه: گھیر لینا اور اپنے درمیان میں کر لینا۔
الحَوْش. باڑہ کے مشابہ گھر کے اردگرد۔
الحُوَاشَة. باعث شرم۔ رشتہ داری۔ ایسا کام جس میں گناہ و قطع رحمی ہو۔
الحائِش. فا. حائشُ الشجر: درخت کا گنجان حصہ۔ رجل (حُوْش) الفؤاد: ذکی و تیز فہم مرد۔
الحُوْشِيُّ. منَ الكلام: نادر و غریب کلام رجلٌ حُوشِيٌّ: لوگوں سے نہ ملنے والا۔ لیلٌ حُوشِيٌّ: تاریک رات۔
حَاصَ (ن) حَوْصًا و حِيَاصَةً. الثوبَ دُور دُور سینا۔ حَوْلَهُ منڈلانا بينهما: تنگ کرنا۔
حَوِصَ (س) حَوَصًا تنگ گوشہ چشم والا ہونا۔ صفت (اَحْوَص) مؤنث حَوْصَاء ج حُوْص و اَحَاوِص
حَاوَصَهُ. چپکے سے گوشۂ چشم سے دیکھنا۔
اِحْتَاصَ اِحْتِيَاصًا. في امره: احتیاط کرنا۔
الحَوْص. س۔ پیٹ کا مروڑ۔ کہا جاتا ہے "لا طْعَنَنَّ في حَوْصِك" جو تم نے سیا ہے اُس کو میں اُدھیڑ دوں گا اور جس کو تم نے درست کیا ہے اُس کو بگاڑ دوں گا۔ "وما طعنتَ في حَوْصِهٖ" تو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا۔ و "دخلَ فِي حَوْصِ النَّاس" وہ لوگوں کے باطن اُمور میں داخل ہوا۔
الحِيَاصَة. جانور کا تنگ۔
الحِوَاص. لکڑی کی سوئی۔
الحَوَص. چھوٹی آنکھیں۔
حَوْصَلَ. الطائرُ: پوٹا بھرنا الحنطة: اکٹھا کرنا۔
الحَوْصَل والحَوْصَلَةُ والحَوْصَلَّة و الحَوْصَلاء. پرندہ کا پوٹا۔
حَاضَ (ن) حَوْضًا. حوض بنانا الماءَ: جمع کرنا۔
حَوَّضَ. حوض بنانا حول الامر: گھومنا ز چکر لگانا۔
اِحْتَاضَ و تَحَوَّضَ. حوض بنانا۔
اِسْتَحْوَضَ. الماءُ: حوض کے مشابہ گڑھے میں جمع ہونا۔

الحَوْض. پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج اَحْوَاض و حِيَاض و حِيضَان. حَوْضُ الاُذُن کان کا گڑھا۔
المُحَوَّض. درخت کے ارد گرد پانی کا گڑھا۔
حَاطَهُ (ن) حَوْطًا و حِيْطَةً و حِيَاطَةً. حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔ بہ: گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔
حَوَّطَهُ. حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔ الساحةَ: گرداگرد دیوار بنانا۔ الحائطَ: دیوار بنانا۔ حَوْلَ الأمرِ: گھومنا۔ چکر لگانا۔
حَاوَطَهُ. کسی سے کوئی چیز حاصل کرنے کے لیے کہ جس کے دینے سے وہ انکار کر رہا ہو پیچھے پڑنا اور اس کے گرد چکر لگانا۔
اَحَاطَ و اِحْتَاطَ. بِهِ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَحَاطَ بِهِ عِلْمًا" اس نے پورے طریقے سے علم حاصل کیا۔ اِحْتَاطَ الرَّجُلُ: ہوش و حواس سے کام کرنا۔ اِحْتَاطَ علی الشَّیْءِ: محافظت کرنا۔ اِحْتَاطَ لِنَفْسِهِ: بھروسہ کے ساتھ لینا۔
تَحَوَّطَهُ. حفاظت کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فلانٌ يَتَحَوَّطُ اَخَاهُ حِيْطَةً حَسَنَةً" فلاں اپنے بھائی کی بہت اچھے طریقے سے حفاظت کرتا ہے۔
اِسْتَحَاطَ. فِي اَمْرِهِ او تِجَارَتِهِ: احتیاط کرنے میں مبالغہ کرنا۔
الحَوْطَةُ والحِيْطَةُ والحَيْطَةُ..احتیاط کا اسم۔ الحِيْطَةُ: پاکدامن شریف عورت۔
الحَوْطُ. س۔ چاندی وغیرہ کا بنا ہوا چاند ہلالی شکل کا۔ سیاہ و سفید دو رنگوں کا دھاگا کہ جس میں مہرے یا کوڑی وغیرہ پرو کر نظر بد سے بچنے کے لیے عورتیں کمر پر باندھتی ہیں۔
الحِوَطُ. وہ چیز جس سے دراہم کے نقصان کو پورا کریں۔
الاَحْوَطُ. بہت احتیاط کرنے والا۔ قابل اعتماد۔ (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ احتیاط سے ماخوذ ہے۔)

الحائط. فا دیوار۔ باغ۔ ج حِيطَان و حِيَاط.
الحَوَّاط. حائط اسم فاعل کا مبالغہ۔
حُوَّاط. الأمرِ: کسی کام کا مدار۔
الحُوَاطَة. غلّہ کی حفاظت کے لیے بنی ہوئی جگہ۔
المَحَاط. وہ جگہ جو قوم کے یا جانوروں کے پیچھے ہو اور جہاں ان کی حفاظت ہو۔
المُحِيْط. فا وہ خط جو دائرہ کا احاطہ کیے ہوئے ہو۔ البَحْرُ المُحِيْطُ: بحر او قیانوس جو ہر طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہے۔
حَافَ (ن) حَوْفًا و حَوَّفَ الشَّيْءَ: کنارہ پر کرنا۔ حَوَّفَ المَكَانَ: تَحَوَّفَ الشَّيْءَ: کناروں سے کم کرنا۔ کنارہ کو پکڑنا۔
الحَوْفُ. س۔ ازار کی مانند چمڑے کی ایک چیز جس کو بچے پہنتے ہیں۔ جانب۔ کنارہ۔ گوشہ۔
الحَافَانِ. زبان کے نیچے سبز رنگ کی دو رگیں۔
الحَافَةُ. جانب۔ کنارہ۔ شدت۔ حاجت۔ ج حَافَات و حِيَف. حَافَتَا الوَادِي و نحوه: وادی کے دونوں کنارے۔
حَاقَ (ن) حَوْقًا. البيتَ: جھاڑو دینا۔ الشَّيْءَ: رگڑ کر چکنا کرنا۔ بہ: احاطہ کرنا۔
حَوَّقَ. علیہ: گڑبڑ گفتگو کرنا۔
الحَوْقُ والحَوْقَةُ. بڑی جماعت۔
الحُوْقُ. گھیرا۔ چوکھٹا۔
الحُوَاقَةُ. کوڑا کرکٹ۔ سامان۔
المِحْوَقَةُ. جھاڑو۔ ج مَحَاوِق.
حَوْقَلَ حَوْقَلَةً و حِيْقَالًا. چلنے سے تھکنا۔ کمزور بڈھا ہونا۔ الشَّيْخُ: چلنے میں کمر پر ٹیک لگانا۔ لاحول ولا قوة الا بالله العلي العظيم کہنا۔
الحَوْقَلُ. عمر رسیدہ بڈھا۔
الحَوْقَلَةُ. س۔ لمبی گردن کی شیشی۔
حَاكَ (ن) حَوْكًا و حِيَاكًا و حِيَاكَةً الثَّوْبَ: بننا۔ صفت (حَائِك) ج حَاكَة و

حَوَكَة. مؤنث حَائِكَة و حَائِك. ج حَائِكَات و حَوَائِك. کہا جاتا ہے "حَاكَ الشَّاعِرُ القَصِيْدَةَ" شاعر نے قصیدہ بنایا۔ "وحَاكَ الشَّيْءُ فِي صَدْرِي" فلاں چیز میرے دل میں جم گئی۔
مَا (اَحَاكَ) سَيْفُهُ: نہ کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ فَمَا اَحَاكَ فِيْهِ سَيْفُهُ" اس نے اسے مارا تلوار نے کوئی اثر نہیں کیا۔ (یہ ہمیشہ نفی ہی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)
الحَوْكُ. جنگلی تلسی۔ کہا جاتا ہے "هذا علٰی حَوْكِ هذا" یہ ہیئت و شکل و عمر میں اس کی مانند ہے۔
المَحَاكَة. کارگہ۔ کھڈی۔
المَحْوَكَة. لڑائی۔ جنگ۔
حَالَ (ن) حَوْلًا و حُؤُوْلًا: الشَّيْءُ: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا۔ الحَوْلُ: گزرنا اور پورا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حالتِ الدارُ وحِيلَ بها" گھر پر بہت سے سال گزرے۔ عليه الحَوْلُ: پورا سال گزرنا۔ القوسُ: کج ہونا۔ العهدُ: پلٹ جانا۔ الی مکان آخر: منتقل ہونا۔ فی ظَهْرِ الدَّابَّةِ: جانور کی پیٹھ پر کود کر چڑھنا۔ الشَّخْصُ: متحرک ہونا۔ (حِيلَةً و مَحَالًا) حیلہ کرنا۔
(حُؤُوْلًا و حِيَالًا) الانثی: حاملہ نہ ہونا۔ النخلةُ: ناغہ سے پھلدار ہونا۔ (حَوْلًا و حُؤُوْلًا و حَيْلُوْلَةً) درمیان میں حائل ہونا۔
حَوِلَتْ (س) حَوَلًا عَيْنُهُ. بھینگی ہونا۔
حَوَّلَهُ تَحْوِيْلًا. ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔ زائل کرنا۔ حَوَّلَ اِلَيْهِ: پلٹ دینا۔ حَوَّلَ الرَّجُلُ: منتقل ہونا۔ حَوَّلَ الارضَ: ایک سال کے ناغہ سے کاشت کرنا۔ الشَّيْءَ: محال بنانا (وأحالَ) العَيْنَ: بھینگا کرنا۔
حَاوَلَهُ مُحَاوَلَةً و حِوَالًا. حیلہ سے طلب کرنا۔ لہ البصرَ: تیز کرنا۔ الشَّيْءَ: ارادہ کرنا اور حیلہ سے طلب کرنا۔

احال. الله الحول: پورا کرنا بالمکان:
ایک سال قیام کرنا الرَّجُلُ: محال بات کہنا
الشیءُ: چند سال گزرنا۔ اَحالَ الغریمَ
بِدَیْنِهٖ علیٰ آخر: قرض کو دوسرے کے
حوالہ کرنا۔ صفت فاعلی (مُحِیْل) صفت
مفعولی (مُحال) اور دوسرے غریم کو
(مُحال علیہ) مال کو (مُحال بہ) اور اس
فعل کو (الحوالۃ) کہتے ہیں۔ اَحالَ عَیْنَهٗ:
بھینگی کر دینا۔ احالَ عَلَیْهِ الْماءَ مِنَ الدَّلْوِ:
اُنڈیلنا۔ کہا جاتا ہے "اَحالَ عَلَیْهِ بالسَّوْطِ
یَضْرِبُهٗ" وہ اس کو کوڑے سے مارنے پر متوجہ
ہوا۔ اَحالَ فی ظَهْرِ الدَّابَّةِ: کود کر سوار
ہونا۔ اَحالَ الامرَ علیٰ فلانٍ. کسی پر کسی
کام کو منحصر کر دینا۔

اَحْوَلَ. الصبیُّ: یک سالہ ہونا اور کہا جاتا
ہے "ما اَحْوَلَهٗ وما اَحْیَلَهٗ" وہ کتنا بڑا حیلہ
ساز ہے۔ "وَهُوَ اَحْوَلُ مِنْكَ و اَحْیَلُ
مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ حیلہ گر ہے۔

تَحَوَّلَ. عنه: پھر جانا الرَّجُلُ: ایک جگہ
سے دوسری جگہ منتقل ہونا فی الامر: حیلہ و
مکر سے کام کرنا۔

اِحْتالَ اِحْتِیالًا. حیلہ کرنا الشیءُ: ایک
سال کا ہونا عَلَیْهِ بالدَّیْنِ: دوسرے کے ذمہ
ڈالنا۔

اِحْتَوَلَهٗ. القومُ: گھیر لینا۔

اِحْوَلَّتْ. عَیْنُهٗ: بھینگی ہونا۔

اِحْوالَّتِ. الارضُ: سرسبز ہونا اور ہموار
اُگنا۔

اِسْتَحالَ اِسْتِحالَةً. ایک حال سے دوسری
حالت کی طرف بدلنا۔ محال ہونا القوسُ:
درستی کے بعد کج ہونا فلانٌ الشَّیْءَ: کسی چیز
کی طرف دیکھنا کہ آیا اس میں حرکت ہے یا
نہیں۔

اَلْحَوانی: سب سے زیادہ طویل پسلیاں اس
واسطے کہ ان میں ٹیڑھا پن ہوتا ہے۔

اَلْحَوْصِیَّة: پھول کا نام جو کہ بڑے جسم والا
متعدد رنگوں والا ایک ستارہ کی شکل پر ہوتا ہے۔

اَلْحَوالَة: ایک شخص کی طرف سے دوسرا قرض
کی ادائیگی کرے۔ اس کی کئی اقسام ہیں۔
(۱) حوالَةٌ بریدیة: منی آرڈر (۲) حوالَةٌ
مَصْرِفِیَّة: بینک ڈرافٹ۔ (۳) حَوالَةٌ بَرْقِیَّة:
ٹیلی گراف منی آڈر۔ (۴) اَلْحَوالَةُ
الْمُسَطَّرَة: کراس چیک (۵) اَلْحَوالَةُ
الْمُعْتَمِدَة: (۵) ایل۔سی چیک طرفین کے
اعتماد کے بغیر رقم نہ ملے۔ (۶) اَلْمُوَقَّعَةُ علیٰ
بَیاض: بلینک چیک۔

الحال. کیفیت۔ ہیئت۔ صفت (مذکر و
مؤنث) گرم راکھ۔ کالی مٹی۔ حالُ مَتْنِ
الفرسِ: گھوڑے کی پشت کا درمیان۔ ج
اَحْوال واَحْوِلَة

حالَةُ. الشیءِ: کیفیت۔ حالت۔ ج
حالات۔ حالاتُ الدهرِ: زمانہ کی
گردشیں۔

الحَوْلُ. س۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "لَا
حَوْلَ ولا قوۃَ الا باللّٰہِ" یعنی نہ تو حرکت
ہے نہ قوت ہے مگر اللہ تعالیٰ کی مشیت سے۔
ہوشیاری۔ دور بینی۔ سال۔ ج حُؤول و
اَحْوال۔

الحَوْلِیُّ. یک سالہ بچہ۔ ج حَوْلِیّات۔ اور
اسی سے ہے "حولیات زُهَیْر" یعنی زہیر
کے وہ قصائد جن کی نظم و ترتیب و تہذیب اور
لوگوں کے سامنے پیش کرنے میں ایک سال کی
مدت لگتی تھی۔

الحِوَل. ہوشیاری۔ دور بینی۔ قدرت،
تصرف زوال۔ انتقال۔ کہا جاتا ہے "لا حِوَلَ
عَنْهُ"

الحَوَل. بھینگا پن۔

حَوْلُ وحَوْلَی وحوال وحَوالَی.
الشیءِ او الشخصِ: گرداگرد۔ کہا جاتا
ہے "قَعد حَوْلَهٗ و حَوْلَیْهِ و حَوالَهٗ وحَوا
الَیْهِ"

الحَوال والحولان والحَوْلان. تغیر و
انقلاب۔

الحَوالِیُّ والحَوْلِیُّ والحُوَّلِیُّ. حیلہ ساز۔
بہت سخت حیلہ گر۔

الحِوال. ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان
حائل ہو۔

حِیالَ. الشیءِ: مقابل۔ سامنے اور کہا جاتا
ہے "قَعَدَ کل علیٰ حِیالِهٖ" ہر ایک علیحدہ
علیحدہ بیٹھا۔

الحِیْلَة والحَوْلَة. ہوشیاری۔ دور بینی۔
تصرف کی قوت۔ ج حِیَل و حِوَل.

الحُوْلَة. تعجب۔ امر منکر۔ مصیبت۔ کہا جاتا
ہے "رجلٌ حُوْلَةٌ" یعنی بہت حیلہ گر مرد۔
"وهذا من حُوْلَة الدهر" یہ عجائبات زمانہ
سے ہے۔

الحَوَل. بھینگا۔ بہت حیلہ گر۔

الحُوَیْل. گواہ۔ ضامن۔

الاَحْوَل. بھینگا۔ مؤنث حَوْلاءُ. ج
حُوْلٌ.

الحائِل. فا. رنگ بدلا ہوا۔ یکسالہ۔ ہر وہ مادہ
جو حاملہ نہ ہوتی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِمْرأَة حائِلٌ
و نَخْلَة حائِل" ج حُوَّل و حُوَل و
حِیال و حَوائِل

الحائِلَة. الحائل کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا
ہے "ما فیه حائِلَة" اس میں کوئی حیلہ نہیں۔

المُحال. مشکل۔ باطل۔ ٹیڑھا۔ غیر ممکن۔

المُحْوِل. یک سالہ بچہ۔

المُحِیْل. من النساء: لڑکی کے بعد لڑکا یا
لڑکے کے بعد لڑکی جننے والی عورت۔

المَحالَة. ہوشیاری۔ تصرف کی قدرت۔
رہٹ۔ پیٹھ کا درمیان۔ ج مَحال و
مَحاوِل۔ کہا جاتا ہے "لا مَحالَةَ من
الامر" ضروری۔ اس میں کوئی شک نہیں۔

المَحالَة: رہٹ۔ بڑی چرخی۔

المِحْوال. بہت محال باتیں کہنے والا۔

المُسْتَحِیْل. بیہودہ و لغو بات۔ پھرا ہوا۔

المُسْتَحِیْلَة والمُسْتَحالة من القسیِّ:
ٹیڑھی کمان من الارض: ایک سال یا چند
سال چھوڑی ہوئی زمین۔

حامَ (ن) حَوْمًا و حَوَمانًا. علیٰ

الشیء و حوله: منڈلانا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت (حائم) ج حُوَّم۔ مؤنث حائِمَة۔ ج حَوائِم و حُوَّم (حَوْمًا و حِیامًا و حُوُومًا) حَولَ غرضِه و علیه: طلب کرنا۔
حَوَّم۔ فی الامر: کام میں لگا رہا۔
الحَوْم۔ اُونٹوں کا بڑا گلہ۔
الحُوْم۔ شراب جو سر کو چکرا دے۔
حَوْمَة۔ القتالِ او البحر او الرملِ وغیر ذلك۔ بڑا حصہ۔ حَوْمَةُ الموت: موت کا ہجوم۔
الحُوْمَة۔ بلور۔
حَوْمَلَ حَوْمَلَةً۔ پانی اُٹھانا۔
الحَوْمَل۔ صاف سیلاب۔ کالا بادل۔
تَحَوَّنَ۔ الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔
حَوِیَ (س) حَوًی و اَحْوَوَی اِحْوِوَاءً و اِحْوَاوَیٰ اِحْوِیْوَاءً۔ سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہ ہونا۔ صفت (اَحْوَیٰ) مؤنث حَوَّاء ج حُوٌّ۔
حَوَیٰ (ض) حَوَایَةً و حَیًّا۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ حَوَّاهُ تَحْوِیَةً۔ قبضہ کرنا۔
تَحَوَّیٰ۔ سمٹنا۔ گول ہونا۔ الحَیَّةُ۔ کنڈلی مارنا۔ الشَّیْءَ۔ قبضہ کرنا۔
اِحْتَوَیٰ اِحْتِوَاءً۔ الشیء و علیه: جمع کرنا۔
الحَاوِی۔ فا۔ سانپ کا منتر کرنے والا۔ مؤنث حَاوِیَة ج حَاوِیَات و حَوَاوٍ۔
الحَاوِیَاء۔ سمٹی ہوئی آنتیں ج حَاوِیَاءَات و حَوَاوٍ۔
الحَوَاء و الحَوَاة۔ آواز۔
الحَوِیُّ۔ استحقاق کے بعد مالک ہونے والا چھوٹا حوض۔
الحِوَاء۔ قریب قریب گھروں کا مجموعہ۔ ج اَحْوِیَة۔
الحَوِیَّة۔ الحوی کا مؤنث۔ سمٹی ہوئی آنتیں۔ چھوٹا حوض۔ کمبل کہ جس میں گھاس بھوسہ وغیرہ بھر کر اُونٹوں کے کوہان کے اردگرد رکھتے ہیں۔ ج حَوَایَا۔ اور اسی سے مثل ہے "المَنَا یا علی الحَوَایَا" اس شخص کیلئے جو موت کو خود ہی تلاش کرے۔
الحَوَّاء۔ سانپوں کا جمع کرنے والا۔
حَیْثُ۔ ظرف مکان۔ مبنی بر ضمہ۔ اور کہا جاتا ہے مِن هذه (الحَیْثِیَة) یعنی اس اعتبار سے۔ اور کبھی حَیْثُ زمان کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔
حَاجَ (ض) حَیْجًا۔ محتاج ہونا۔
اَحَاجَ و اَحْیَجَ۔ المکانُ: کانٹے اگانا۔
الحَاج۔ کانٹا۔ ایک قسم کا ترش پودہ۔
حَادَ (ض) حَیْدًا و حَیَدَانًا و مَحِیْدًا و حَیْدَةً و حُیُوْدًا و حَیْدُوْدَةً۔ عَنِ الطَّرِیقِ: الگ ہونا۔ ہٹ جانا۔
حَیَّدَہٗ۔ گرہ پر کر دینا۔ حَیَّدَ السَّیْرَ: تسمہ میں گرہ لگانا۔
حَایَدَ مُحَایَدَةً و حِیَادًا۔ علیحدہ ہونا۔
الحَیْد۔ چیز کا اُبھرا ہوا حصہ۔ پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔ ج حُیُوْد و حِیَد و اَحْیَاد (والحِیْد) مثل و نظیر۔
الحَیْدَة۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔
الحَیَدَیٰ۔ متکبر کی چال۔
الحَیْدَان۔ کنکری جو جانور کے چلنے سے اُڑے۔
المَحِیْد۔ حاد کا اسم ظرف۔
حَارَ (س) حَیْرًا و حَیْرَةً و حَیْرَانًا و حَیَرًا الماءُ: پانی کا اس طرح آنا جانا کہ یہ نہ معلوم ہو کہ کیسے جاری ہے۔ الرَّجُلُ: چکا چوند ہونا۔ راستہ گم کرنا۔ فی امرہ: حیران ہونا۔ صفت (حَیْرَان) مؤنث حَیْرَیٰ ج حَیَارَیٰ و حُیَارَیٰ۔
حَیَّرَہٗ۔ حیرانی میں ڈالنا۔
تَحَیَّرَ۔ الماءُ: بمعنی حَارَ الماءُ۔
المکانُ بالماء: بھر جانا (واسْتَحَارَ) حیرانی میں پڑنا۔ اِسْتَحَارَ المکانُ وبالمکانِ: چند دن کے لیے اُترنا السحابُ: کسی جانب میں متوجہ نہ ہونا۔
الحَیْر۔ حِمیٰ۔ باغ۔
الحَیْر و الحِیَر۔ بہت اہل ومال۔ کہا جاتا ہے "لا آتیہ، حَیْرَ دَهْرٍ" میں اُس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
الحَارَۃ۔ محلہ۔
الحَائِر۔ فا۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ بلند کناروں والی نشیبی جگہ۔ ج حُوْرَان و حِیْرَان
المَحَارَۃ۔ سیپی۔ ج مَحَارٌ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ المَحَارَتَان: سرین کے دونوں گول سرے جن سے ران کے سرے ملے ہوئے ہیں۔
المِحْیَر۔ بہت حیران۔
المُتَحَیِّرَات۔ کواکب۔ سیارہ۔ واحد (متحیرہ)
المُسْتَحِیْر۔ فا۔ وہ راستہ جو جنگل کے عرض میں ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں نکلا ہے۔ بھاری بادل جس کے لیے ہوا نہ ہو جو کہیں لے جائے۔
حَازَ (ض) حَیْزًا۔ الابلَ: ہانکنا۔
تَحَیَّزَ۔ الشیءُ: کسی ایک ہی جگہ میں منحصر ہونا الحیَّةُ: کنڈلی مارنا۔
الحَیِّز۔ دیکھئے مادہ حوز۔
حَاسَ (ض) حَیْسًا: الشَّیْءَ: ملانا
الحَبْلَ: بٹنا (وحَیَّس) الحَیْسَ: حیس بنانا۔ کہا جاتا ہے "حِیْسَ حَیْسُهم" ان کی ہلاکت قریب ہوئی۔
الحَیْس۔ مص۔ ایک قسم کا کھانا جو کھجور، گھی اور ستو سے تیار کیا جاتا ہے۔ کچا کام۔ ردی کام۔
المُحَیَّس۔ وہ جس کے ماں باپ دونوں غلام ہوں۔
حَاشَهٗ (ض) حَیْشًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔
حَاشَ مِنْهُ: گھبرانا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔
الوادی: دراز ہونا۔
تَحَیَّشَ۔ گھبرانا۔
الحَیْشَان۔ بہت گھبرانے والا۔

حَاصَ (ض) حَیْصًا و حِیْصَةً و حُیُوْصًا و مَحِیْصًا و حَیَصَانًا وانْحَاصَ و تَحَایَصَ عن كَذَا: الگ ہونا۔ ہٹ جانا کہتے ہیں۔ "مَنْ حَاصَ عَنِ الشَّرِّ سلِمَ" جو بُرائی سے الگ رہا محفوظ رہا۔ ووَقَعَ فِي حَیْصَ بَیْصَ اَوْفي حِیْصَ بِیْصَ" وہ ایسی گڑبڑی میں پڑ گیا جس سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں۔

حَالَصَهُ. فریب دینا اور غلبہ کرنا۔

الَاحْیَص. وہ شخص جس کی ایک آنکھ دوسری سے چھوٹی ہو۔

دابَّةٌ (حَیُوص) بدکنے والا جانور۔

المَحِیْص. علیحدہ ہونے کی جگہ۔ بھاگنے کی جگہ۔

الحَیْصَاء والمِحْیَاص. وہ عورت جس کی اندام نہانی تنگ ہو۔

حَاضَتْ (ض) حَیْضًا و مَحِیْضًا و مَحَاضًا و تَحَیَّضَتْ. المرأةُ: ماہواری خون جاری ہونا۔ صفت (حائِض و حَائِضَة) ج حُیَّض و حَوَائِض.

حَیَّضَ. الماءَ: پانی بہانا۔

الحِیَاض. حیض کا خون۔

الحِیْضَة والمَحِیْضَة. حیض کا چیتھڑا۔

حَیْعَلَ. المؤذنُ: حَيَّ عَلَىٰ الصَّلٰوة حَيَّ عَلَىٰ الْفَلَاح کہنا۔

حَافَ (ض) حَیْفًا. علیه: ظلم کرنا۔ صفت (حَائِف) ج حُیَّف و حُیُف و حَافَة.

تَحَیَّف. الشَّيءَ: کم کرنا۔ اطراف سے گھٹانا۔

الحَائِف. فا۔ حَائِفُ الجَبَل: پہاڑ کا کنارہ۔

الحِیْفَةُ. گوشہ۔ کپڑے کا ٹکڑا جو قمیص کے دامن میں پیوند لگایا جائے۔ شکار کے واسطے ہنکایا ہوا جانور۔ ج حِیَف.

الَاحْیَف مِنَ الَامْكِنَة: وہ جگہ جہاں بارش نہ ہو۔ مؤنث حَیْفَاء.

حَاقَ (ض) حَیْقًا و حُیُوْقًا و حَیَقَانًا و اَحَاقَ اِحَاقَةً. بہ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔ حَاقَ بِهِم الَامْرُ: لازم ہونا۔ واجب ہونا بِهِمُ العذابُ: نازل ہونا فیْهِ السَّیْفُ: اثر کرنا۔ نشان ڈالنا۔ اَحَاقَ الشَّيَ بكذا: گھیرا کرنا۔

حَایَقَهُ مُحَایَقَة. حسد کرنا۔ دشمنی کرنا۔ بغض رکھنا۔

اِحْتَاقَ. علی الشيء: احتیاط کرنا۔

الحَیْق. بُرے فعل کی وجہ سے جو کچھ انسان کو لازم ہو۔

الحَیْقَل. بے فیض آدمی۔

حَاكَ (ض) حَیْكًا و حَیَكَانًا. متکبرانہ چال چلنا۔ صفت (حَائِك و حَیَّاك) مؤنث حَیَّاكَةٌ وحَیْكَانَةٌ و حَیْكَیٰ (واَحَاكَ) السیفُ: کاٹنا السیفُ او الکلام فیْهِ: اثر کرنا۔

اِحْتَاكَ اِحْتِیَاكًا. بثوبه: لپٹنا۔ مِشْیَةٌ (حِیْكَیٰ) متکبرانہ چال۔

حَالَ (ض) حَیْلًا. الشيءُ: بدلنا الماءُ: وادی میں جمع ہونا۔

الحَیْل. قوۃ۔ وادی میں جمع شدہ پانی۔ ج اَحْیَال و حُیُول.

الَاحْیَل والَاحْوَل. بہت حیلہ کرنے والا۔

الحِیْلَة. ہوشیاری۔ دوربینی۔ تصرف کی قوت۔ ج حِیَل

الحَیْلَة. بکریوں یا بھیڑوں کا ریوڑ۔ حیلہ گری۔

الحِیْلَان. غلّہ گاہنے کا اوزار۔

حَانَ (ض) حَیْنًا و حَیْنُوْنَةً. الشيءُ: وقت قریب ہونا فلان: ہلاک ہونا۔ رنج و تکلیف میں پڑنا۔ توفیق سے محروم ہونا۔ حَانَ لَهُ اَنْ یَفْعَلَ كَذَا: وقت قریب آنا۔ السُّنْبُلُ خشک ہو کر کٹائی کا وقت قریب آنا۔

حَیَّنَهُ. وقت و میعاد مقرر کرنا اللّٰهُ فلانًا: ہدایت کے لیے توفیق نہ دینا۔

حَایَنَه. وقت معین کیلئے معاملہ کرنا۔

اَحْیَنَ اِحْیَانًا. الرَّجُلُ او الشيءُ: وقت آنا بالمکان: کچھ وقت کے لیے قیام کرنا۔

اَحَانَه. اللّٰه: ہلاک کرنا۔

تَحَیَّنَ. مِنْه غَفْلَةً: انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَتَحَیَّنُ طَعَامَ النَّاسِ" وہ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔ توفیق و ہدایت سے محروم رہنا۔

اِسْتَحْیَنَ. وقت مناسب کی آرزو رکھنا۔

الحَانُ و الحَانَة. شراب فروشی کی دکان۔

الحَیْن. ہلاکت۔ رنج و محنت۔

الحِیْن. وقت۔ ج اَحْیَان۔ جج اَحَایِین.

الحِیْنَة و المِحْیَان. وقت۔

الحَائِن. فا۔ بےوقوف۔

الحَائِنَة. مصیبت۔ ج حَوَائِن.

حَیِيَ (س) حَیَاةً. زندہ رہنا۔ اس میں ایک لغت ادغام سے بھی ہے۔ کہا جاتا ہے حَيَّ یَحْیَیٰ (حَیَاءً) منه: منقبض ہونا۔ الطریقُ: ظاہر ہونا۔

حَیَّاه و تَحِیَّةً. حَیَّاكَ اللّٰهُ کہنا (یعنی اللہ تمہاری عُمر دراز کرے) سلام کرنا۔ حَیَّاهُ اللّٰهُ: باقی رکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَیَّا الْخَمْسِیْنَ مِنْ عُمُرِه" وہ اپنی عمر کے پچاسویں سال کے قریب پہنچا۔

حَایَا مُحَایَاةً. الصبيَّ: غذا دینا زیدًا: شرم دلانا النارَ: بھڑکانا۔

اَحْیَاهُ. زندہ کرنا النارَ: پھونک کر سلگانا الارضَ: سرسبز بنانا۔ الرائدُ الارضَ: گھاس پانی طلب کرنے والے کا زمین کو سرسبز پانا اللّٰهَ: بیدار رہنا۔

(اَحْیَاه و اِسْتَحْیَاه). زندہ چھوڑنا۔

اِسْتَحْیَا و اِسْتَحیٰ. منه: شرم کرنا۔

اِسْتَحْیَاهُ و اِسْتَحْیَا منه: منقبض ہونا۔ باز رہنا۔

حَيَّ وحَيَّ هَلًا و حَیَّهَل. اسم فعل بمعنی اَقْبِلْ وعَجِّلْ. کہا جاتا ہے "حَيَّ عَلَی الصَّلٰوة" یعنی نماز کے لیے آؤ۔ (حَيَّ هَلْ) بفلان: فلاں کو بلاؤ۔

الحَیَا و الحَیَاء. بارش۔ تروتازگی۔ نباتات۔

الحَیَا. شرم وحیا۔ کسی چیز سے منقبض ہونا اور ملامت کے خوف سے چھوڑنا۔ بارش و تروتازگی۔ توبہ۔

الحَیَاۃ. زندگی۔

الحَیُّ. زندہ۔ نسبت کے لیے (حَیَوِیٌّ) مؤنث حَیَّۃ. اَرْضٌ حَیَّۃ: سرسبز زمین۔ کہا جاتا ہے "لا یَعْرِفُ الحَیَّ مِنَ اللَّیِّ" یعنی وہ بیوقوف ہے۔ الحَیُّ: محلّہ۔ عرب کے قبیلوں میں سے چھوٹا قبیلہ۔ ج اَحْیَاء.

الحَیِیُّ والحَیِّی. شرم دلانا۔

الحَیَوان. جاندار۔ ج حَیَوانات.

المَحْیَا. وہ موقع جہاں شرم کی جائے۔ ج مَحَای. زندگی۔

المُحَیَّا. چہرہ۔

خ

خ : الخاء: بنیادی حروف میں سے ساتواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کا نمبر ۶۰۰ ہے۔

خَبَّ (ن) خَبًّا. النباتُ: بلند ہونا۔ بڑھنا الرَّجُلُ: اپنی چیز کو روکنا۔ بخل کی وجہ سے بے نشان ہونے کیلئے پست زمین میں اُتر آنا (خَبًّا و خَبِیْبًا و اِخْتَبَّ) الفرسُ فی عَدْوِہ: گھوڑے کا دوڑنے میں کبھی اگلی ٹانگوں پر کھڑا ہونا اور کبھی پچھلی پر۔ (خَبًّا و خَبَابًا)

البَحْرُ: جوش مارنا۔

خَبَّ (س) خَبًّا و خِبًّا. مکار ہونا۔

خَبَّبَہٗ. دھوکا دینا۔ خراب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَّبَ علی فلانٍ صَدِیْقَہ" اُس نے فلاں کے دوست کو بگاڑ دیا۔ خَبَّبَ لَحْمُہ: گوشت کے جاتے رہنے سے جھریاں پڑنا۔

اَخَبَّ. الفرسَ: گھوڑے کو خَبَب چال چلانا (دیکھئے مصدر خَبَب)

الخَبُّ. س۔ دغاباز۔ فریبی۔ فساد۔ ریت کی دھاری۔ نرم زمین جو دو سخت زمینوں کے درمیان ہو۔ ج خُبُوب. کہتے ہیں "اَصابَہُم الخَبُّ" یعنی ہوائیں ان پر پیچیدہ ہو گئیں اور موجوں میں اضطراب ہو گیا۔

الخُبُّ. پست زمین۔ درخت کی چھال۔ ج خُبُوب و اَخْبَاب.

الخَبَّة. مُثَلَّثة الخاء: ریت یا بدلی کی دھاری۔ پٹی کی طرح دھجی۔ الخُبَّة: پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ وادی کا درمیانی حصہ۔ گوشت کا پارچہ۔

ثوبٌ (خِبَبٌ و خبائبُ و اَخْبَاب) پھٹے پرانے کپڑے (تعداد اجزاء کی وجہ سے صفت میں جمع لانا جائز ہے)

الخَبِیْبُ. زمین میں لمبا شگاف۔

الخَبِیْبَة. ریت یا بدلی کی دھاری۔ گوشت کا پارچہ۔ وادی کا درمیانی حصہ۔ ج خَبَائِب.

المَخَبَّة. وادی کا درمیانی حصہ۔

خَبَأَ (ف) خَبْأً و خَبَأَ. الشَّیَٔ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

خَابَأَہٗ. کسی سے چیستاں و پہیلی کہنا۔

اِخْتَبَأَ. منہ: چھپنا الشیء: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اِخْتَبَأَ لَہٗ خَبِیْأً" اس نے اس سے ایک چیز پوشیدہ کی اور پھر اس سے دریافت کیا۔

اَلْخَبْءُ والخَبِیُّ. پوشیدہ۔ خَبْءُ الارض: نباتات۔ خَبْءُ السماء: بارش۔ کہتے ہیں "اَخْرَجَ خَبْءُ السَّماءِ خَبْءَ الارض" بارش نے نباتات کو اگایا۔

الخِبَاء. اون یا بالوں کا خیمہ۔ ج اَخْبِیَة.

الخَبِیْئَة. پوشیدہ رکھی ہوئی چیز۔ ج خَبَایَا.

الخَابِئَة و الخَابِیَة. مٹکا۔ ج الخَوَابِی والخَوَابِیُ. بِنْتُ الخَابِیَة: شراب۔

الخُبَأَة. بہت پوشیدہ رہنے والی عورت۔

المَخْبَأ. چھپنے کی جگہ۔ ج مَخَابِئ.

خَبَتَ (ض) خَبْتًا. ذِکْرُہٗ: پوشیدہ ہونا۔ مخفی ہونا۔

اَخْبَتَ. القومُ: کشادہ و پست زمین میں آنا الی اللہ: عاجزی و فروتنی کرنا۔

الخَبْت. کشادہ و پست زمین۔ ج اَخْبَات و خُبُوت.

الخَبْتَة والخِبْتَة. تواضع۔ عاجزی۔ فروتنی۔

الخَبِیْت. حقیر و فرومایہ و خبیث۔ کہا جاتا ہے "ھو خَبِیْتُ النفس" وہ شکستہ دل ہے۔

خَبُثَ (ن) خُبْثًا و خَبَاثَةً و خَبَاثِیَةً پلید و ناپاک ہونا۔ صفت خَبِیْث) ج خُبُثٌ و خُبَثَا و اَخْبَاث و خَبَثَة. خَبُثَتْ نَفْسُہ: جی متلانا۔ بالمرأة: زنا کرنا۔

خَبُثَ (ک) خُبْثًا. ردی ہونا۔ مکار ہونا۔

(واَخْبَثَ) برے لوگوں کے ساتھ رہنا۔

واَخْبَثَہ: برائی سکھلانا۔ خراب کرنا۔ برائی کی طرف منسوب کرنا۔

خَبَّثَہٗ. خبیث بنانا الطعامَ: کھانے کو ناگوار کر دینا۔

تَخَابَثَ. برائی ظاہر کرنا اور اس پر عمل کرنا۔

تَخَبَّثَ. بتکلف شرارت کرنا۔

اِسْتَخْبَثَ. برائی کرنا۔ شرارت کرنا ہ: برا پانا۔

الخَبَث. مِنَ الحدید ونحوہ۔ لوہے کا میل سونے یا لوہے کا کھوٹ۔ بے فائدہ چیز۔

خَبَاثِ. بروزن قَطَامِ. خبیثة سے معدول ہے اور صرف ندا کی صورت میں عورت کو گالی دینے کے لیے آتا ہے جیسے "یا خَبَاثِ" اے بدکار عورت۔

خبث خبیث، سے معدول ہے اور یہ بھی صرف ندا ہی کے موقع پر مرد کو گالی دینے کے لیے آتا ہے۔ جیسے "یا خبث" یعنی اے بدکار مرد۔

الخبیث ناپاک۔ گھٹیا۔ ناپسندیدہ چیز۔ ہر حرام چیز۔ ہر خراب چیز۔ ج خبث و خبثاء و اخباث و خبثة۔ مؤنث خبیثة۔ ج خبیثات و خبائث.

الخبائث بُرے افعال۔ وہ چیزیں جن کو عرب گندی سمجھتے تھے اور کھاتے نہیں تھے۔ جیسے سانپ و گبریلا وغیرہ۔ الاخبثان پیشاب، پاخانہ۔

الخِبِّیث بڑا بدکار۔ بڑا شریر۔

الخِبِّیثی بُرائی۔ پلیدی۔

المَخبثة سبب فساد۔ کہا جاتا ہے: الکفر مَخبثة لنفس المنعم" ناشکری منعم کی طبیعت کے لیے باعث فساد ہے۔

خبج(ن) خبجا. بالعصاء لاٹھی سے مارنا۔ الرجل گوز کرنا۔

الخبج و الخباجاء بیوقوف۔

الخبج و الخُباج گوز۔

خبخب. الرجل ڈھیلے پیٹ والا ہونا :ہ بیوفائی کرنا۔

تخبخب. الشئ المضطرب ڈھیلا ہونا بدنه موٹائی کے بعد دبلا ہونا۔ الحر گرمی کی تیزی کا کم ہونا۔

خَبَر(ن) خبرا و خبرة. الشئ آزمانا۔ تجربہ سے جاننا۔

خبر(ن) خبرا. الارض کھیتی کیلئے جوتنا الطعام نرم کرنا۔

خَبُر(ک) و خَبِر(ف) خُبرا و خِبرا و خُبرةً و خِبرةً و مَخبُرةً و مَخبَرةً. الشئ و به حقیقت حال سے واقف ہونا۔

خبّره و اخبره. الشئ و بالشئ آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اخبره خبوره" یعنی اُس نے اطلاع دی ہر اُس چیز کی جو اس کے پاس تھی۔

خابره بٹائی پر کھیت جوتنا۔ پروا کرنا۔ بعضوں نے گفتگو کرنے اور بحث کرنے کے معنی میں استعمال کیا ہے۔

تخابر ایک دوسرے کو خبر دینا۔

تخبّر. الامر حقیقت حال سے واقف ہونا۔

تخبّره و استخبره خبر دریافت کرنا۔

تخبّر القوم بکری کو خرید کر ذبح کرنا اور اس کے گوشت کو آپس میں تقسیم کرنا۔

اِختبر. الشئ آزمانا۔ حقیقت حال سے واقف ہونا لِاَهْلِه اپنے گھر والوں کے لیے کھانا لینا۔

المختبر لیبارٹری: (سائنس روم)

الخَبْر بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ والی اونٹنی۔ کھیتی۔ پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔ بیری یا اراک کا درخت اور اس کے ارد گرد کی گھاس۔ واحد (خبرة) ج خبور

الخِبْر نیز بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ والی اونٹنی۔

الخُبْر نیز علم۔ تجربہ۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "صدق الخبر الخُبر" آزمائش نے خبر کی تصدیق کردی۔ رجل خُبْر و خبر و خبر خبر کا جاننے والا۔

الخبر خبر۔ ج اخبار و اخابیر

الاخباری تاریخ کی تدوین کرنے والا مؤرخ۔

الخبراء بڑا توشہ دان۔ بیری کے درختوں کو اگانے والی زمین۔ ج خبارئ و خبار و خبراوات.

الخُبْرة نیز بکری جس کو لوگ مختلف قیمت دے کر خریدیں اور پھر آپس میں تقسیم کرلیں اور ہر ایک کو اس کی قیمت کے لحاظ سے ملے۔ زیادہ ثرید۔ خوراک وغیرہ جو اہل و عیال کیلئے خریدی جائے۔ کہا جاتا ہے "اجتمعوا علی خبرته" وہ لوگ اس کے کھانے پر جمع ہوگئے۔ سالن

الخبار نرم زمین۔ جڑیں۔ واحد (خبارة)

الخبیر واقف۔ آگاہ۔ دانا۔ کسان۔ ج خُبَراء کھیتی۔ اونٹ کے بال۔ گرے ہوئے بال۔ واحد (خبیرة) ج خبائر. الخبیر: اونٹ کے منہ کی جھاگ۔

الخابور ایک درخت کا نام۔ راس العین اور فرات کے درمیان ایک ندی کا نام۔

المَخبر والمَخبَرة و المخبُرة آگاہی جو خبر یا آزمائش سے حاصل ہو۔

خبز(ض) خبزا. الخُبز: روٹی پکانا۔ القوم روٹی کھلانا۔ کہا جاتا ہے "خبزتهم و تمرتهم" میں نے ان کو روٹی کھجور کھلائی۔

خبزه و تخبزه مارنا۔ کہا جاتا ہے۔ "خبطني برجله و خبزني" اس نے مجھ کو اپنے پیر سے مارا۔

انخبز. المكان پست ہونا۔

اختبز. الخبز روٹی پکانا۔

الخُبز روٹی۔ خبز الغراب ایک قسم کی نباتات جس میں روٹی کی مانند گول گول ٹکیاں نکلتی ہیں۔

الخَبز پست جگہ۔

الخابز نانبائی۔ روٹی والا۔

الخبیز پکی ہوئی روٹی۔ ثرید۔

الخِبازة نانبائی کا پیشہ۔

الخَبّاز نانبائی۔

الخُبّازی والخُبّاز والخبیزة والخُبّازة خبازی (ایک دوا کا نام)

خبس(ن) خبسا و اختبس و تخبّس. الشئ لے لینا۔ غنیمت حاصل کرنا۔ کہا جاتا ہے "خبس فلانا حقه" فلاں نے اس کے حق کو مارلیا۔ اختبس ماله کھا تا رہنا۔

الخبوس ظلم کرنے والا۔ الخباس ظلم والی

الخابس و الخبّاس و المختبس شیر۔

الخبوس شیر۔ ظلم کرنے والا۔

الخُباسة وہ چیز جو ظلماً لی جائے۔ (والخُباساء غنیمت۔

خبش(ن) خبشا و تخبّش. الاشیاء من ههنا و ههنا اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔

الخبّاش. کمائی کرنے والا۔

خُباشاتُ العَیش: زندگی بسر کرنے کی چیزیں جیسے کھانا، کپڑا وغیرہ۔ خُباشاتُ النّاس: مختلف قوموں کی جماعت۔

خَبَصَ(ض) خَبْصًا. الشیءَ بالشَّیءِ: ملانا (خَبَّصَ و تَخَبَّصَ واخْتَبَصَ) کھجور اور گھی کا حلوا بنانا۔ اِخْتَبَصَ الرَّجُلُ: اپنے لیے کھجور اور گھی کا حلوا بنانا۔ کھجور گھی کا حلوا کھانا۔

الخَبِیص و الخَبِیصَة. کھجور اور گھی کا حلوا۔

المِخْبَصَة. کڑھائی میں حلوے کو اُلٹنے پلٹنے کا چمچہ۔

خَبَطَ(ض) خَبْطًا زور سے مارنا۔ الشَّیءَ: سخت روندنا اللیلَ: ٹیڑھا ٹیڑھا چلنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ یَخبِطُ خَبْطَ عَشْواءَ" وہ رتوندی والی اُونٹنی کی طرح ٹیڑھا ٹیڑھا چلتا ہے۔ یعنی امور میں بغیر بصیرت کے تصرف کرتا ہے "وما اَدری اَیُّ خَابِطِ لیلٍ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ گمنام رات میں آنے والا کون ہے۔

الشَّیطانُ زَیدًا: دیوانہ کر دینا۔ ه بخیر: بغیر جان پہچان کے دینا۔ البَعِیرَ: منہ کی چوڑائی میں لمبا داغ لگانا الشجرةَ: پتے جھاڑنا۔

خُبِطَ: زکام ہونا۔ صفت (مخبوط)

تَخَبَّطَهٗ زور سے مارنا الشیطانُ زیداً: دیوانہ کر دینا البلادُ: فتنہ و فساد و لوٹ مار واقع ہونا۔ تَخَبَّطَ الشیءَ: روندنا۔

اِختَبَطَهٗ زور سے مارنا زَیدًا: بغیر کسی وسیلہ کے مانگنا۔ اِختَبَطَتِ البلادُ: فتنہ و فساد واقع ہونا۔

الخَبَط. درخت کے پتے جو ڈنڈے سے مار کر گرائے جائیں۔

الخَبْطَة. تالاب یا برتن کا بقیہ پانی۔ مشک میں بقیہ دودھ۔ حقیر چیز، دیوانگی۔ ج خَبَط و خُبَط. کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ خَبْطَةٌ مِنَ الجَمال" اس کے اوپر جمال و خوبصورتی کا کچھ اثر ہے۔

الخِبْطَة. ہر چیز کا کچھ حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "کانَ ذٰلك بعد خِبْطَةٍ مِنَ اللَّیل" یہ رات کے کچھ حصہ کے بعد ہوا۔ الخِبْطَةُ مِنَ الماء: پانی کا گھونٹ۔ ج خِبَط.

الخَبَاط. غبار۔

الخِبَاط. چہرے کی چوڑائی میں لمبا داغ۔ ج خُبُط.

الخُبَاط. دیوانگی۔

الخَبُوط و الخَبِیط والاَخْبَط. مِن الخَیل: زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔

الخَبِیط. حوض جس کو اُونٹوں نے پاؤں مار مار کر گرا دیا ہو۔ دہی جس میں تازہ دودھ ڈال کر ملا جلا دیا گیا۔

المِخْبَط و المِخْبَطَة و المِخْبَاط. پتے جھاڑنے کا ڈنڈا۔ دھوبی کی موگری۔

خَبَعَ(ف) خَبْعًا. فی المکان: داخل ہونا الشَّیءَ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "جارِیَة خُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی اپنے آپ کو چھپانے والی اور کبھی ظاہر کرنے والی لڑکی۔ (خُبُوْعًا) الصَّبِیُّ: روتے روتے سانس رکنا۔

خَبَقَ(ض) خَبْقًا گوز کرنا ہ: اپنے سے حقیر جاننا۔

تَخَبَّقَ. الشیءُ: بلند ہونا۔

الخِبَقّ. بہت کودنے والا مرد۔ تیز رفتار گھوڑا۔

خَبَلَهٗ(ن) خَبْلًا و خَبَّلَهٗ. خراب کرنا۔ بگاڑنا ه الحزنُ: عقل کو تباہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ الحُبُّ قَلْبَهٗ" محبت نے اس کے دل کو تباہ کر دیا یدہ: لنجا کرنا ه عن کذا: روکنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ عن فِعلِ اَبِیهِ" اُس نے اپنے باپ کے رویہ سے کوتاہی کی۔

خَبِلَ(س) خَبَلًا و خَبَالًا. جنون لاحق ہونا۔ صفت (خَبِلٌ واَخْبَلُ) خَبِلَتِ الیَدُ: لنجا ہونا۔

اَخْبَلَهٗ. ناقةً: عاریت پر دینا۔

اِختَبَلَهٗ. عقل کو خراب کرنا۔ اِختَبَلَتِ الدَّابَّةُ: جانور کا اپنی جگہ میں نہ ٹھہرنا۔

تَخَبَّلَتْ. الیَدُ: لنجا ہونا۔

اِستَخْبَلَهٗ. الابلَ: عاریت پر مانگنا۔

الخَبْل. س۔ قرض۔ منگنی۔ فتنہ (والخَبَل) ہاتھ پاؤں کی تباہی ج خُبُول.

الخَبَل. ایک پرندہ جس کی آواز اُلو کی آواز کے مشابہ ہے۔ دَهرٌ (خَبِلٌ) بگڑا ہوا زمانہ۔

الخَبَال. فساد۔ نقصان۔ ہلاکت۔ زہر قاتل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَبَالٌ علی اهلِهٖ" وہ اپنے لوگوں کے لیے بوجھ ہے۔

الخَابِل. فسادی۔ شیطان۔ جن۔ کہا جاتا ہے۔ "مَسَّهُ الخَابِلُ" اس کو جن نے دیوانہ بنا دیا۔ الخَابِلان. رات دن۔

المُخْبَل. فا مُخْبَل. بغیر الف لام کے زمانہ کے ناموں میں سے ہے۔

المُخَبَّل. دیوانہ۔ تھڑدلا۔ وہ شخص جو درد کی وجہ سے اچھی طرح چل نہ سکتا ہو۔

خَبَنَ(ض) خَبْنًا و خِبَانًا. الثوبَ: موڑ کر سینا الشاعرُ: شعر میں خَبْن واقع کرنا (دیکھئے الخَبْن) واَخْبَنَ الطَّعامَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔

اِختَبَنَ. الشَّیءَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔

الخُبْنَة. کپڑے کی تہ۔ خوراک جو دامن کی تہہ میں لے جائے۔ ج خُبَن.

الخَبْن. فی العروض: علم عروض کی اصطلاح میں سبب خفیف سے ساکن کو حذف کر دینا۔ جیسے فَاعِلُن سے فَعِلُن. رجل (خُبُنٌّ) مرد کہ جس کے اعضاء سمٹے ہوئے ہوں۔

خَبَا(ن) خَبْوًا و خُبُوًّا. خبت النارُ او الحِدَّةُ: بجھنا۔ دھیما پڑنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَا لَهَبُهٗ" اس کے غصہ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔

اَخبَی. النارَ: آگ بجھانا۔

خَبَی. الشَّیءَ: چھپانا۔

اَخبَی وخَبَّی و تَخَبَّی واسْتَخْبَی. الخِباءَ: خیمہ لگانا۔ اِستَخبَی الخباءَ: خیمہ میں داخل ہونا۔

الخِبَاء. اُون یا اُونٹ کے بالوں کا خیمہ۔ بالی

میں جو یا گیہوں کا چھلکا۔ کلی کا غلاف ج اَخْبِیَة۔
خَتَّ (ن) خَتًّا. السِّنانَ الیه: پیاپے نیزہ مارنا۔
اَخَتَّه. حصہ کم کرنا۔ لَخَتَّ الرَّجُلُ: باپ کے ذکر پر شرمندہ ہونا۔
الخَتَت. بدن کی سستی۔
الخَتِیْت. گھٹیا، ناقص۔
خَتَاهُ (ف) خَتْأً. عن کَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔
اِخْتَتَأَ. خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا مِنْ فُلانٍ: شرم، ڈر یا ذلت کی وجہ سے چھپنا لَهُ: فریب دینا الشَّیْءَ: اُچک لینا۔
مفازة (مُخْتَتِئَة) بیابان جس میں راستہ نہ ملتا ہو۔
خَتَرَه (ض) خَتْرًا. بری طرح سے بیوفائی کرنا۔ صفت (خَاتِرٌ و خَتَّارٌ و خَتِیْرٌ و خَتُوْرٌ و خِتِّیْرٌ) (ن ض) خَتْرًا و خُتُوْرًا. نفسُهُ: جی بگڑنا۔
خَتِرَ (س) خَتَرًا. زہر یا دوا وغیرہ پینے کی وجہ سے بے حس ہونا۔
تَخَتَّرَ. سست و ڈھیلا ہونا۔ مرض وغیرہ کی وجہ سے سست ہونا۔
خَتَّرَهُ. الشراب: بے حس کر دینا۔
خَتْرَبَهُ. کاٹنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
خَتْرَم خَتْرَمَةً. عاجزی یا گھبراہٹ کی وجہ سے چپ رہنا۔
خَتَعَ (ف) خَتْعًا و خُتُوْعًا. الدلیل بالقوم: اندھیرے میں راہبری کرنا علی القوم: اچانک آجانا۔ (وانْخَتَعَ) فی الارض: دُور تک نکل جانا۔
الخَوْتَع والخَتِع والخُتَع. ماہر راہبر۔
الخَوْتَع: خرگوش کا بچہ۔ الخُتَع: بجو۔
الخُتَعَة: مادہ چیتا۔
الخِتَاع. چمڑے کا دستانہ جو باز پالنے والے باز کے پنجوں کے خوف سے ہاتھ میں پہنتے ہیں۔
خَتَلَهُ (ن ض) خَتْلًا و خَتَلانًا و خَاتَلَهُ مُخَاتَلَةً. فریب دینا۔ کہا جاتا ہے "خَاتَلَ الصیادُ" یعنی آہستہ آہستہ چلا تا کہ شکار کو احساس نہ ہو۔ صفت (خَاتِل و خَتُول)
تَخَاتَلُوا. باہم ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِخْتَتَلَ. لِأَسْرارِ القَوْمِ: چوری سے سننا۔
اِخْتَتَلَ الرجلَ: فریب دینا۔
الخَتَل. چھپنے کی جگہ۔ خرگوش کا سوراخ۔
الخَوْتَل. خوش طبع و دانا مرد۔
الخَتَّال. بڑا فریبی۔ مؤنث خَتَّالة۔
خَتَمَ (ض) خَتْمًا و خِتَامًا. الشیءَ و علیه: مہر لگانا العملَ: ختم کرنا الکتابَ: پوری پڑھ لینا الاناءَ: مٹی وغیرہ سے بند کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَتَمَ عَلَیْكَ بَابَه" یعنی اس نے تم سے اعراض کیا اللّٰهُ لَهُ بالخیر: اچھا انجام کرنا علی قلبه: بے سمجھ کر دینا الزَّرْعَ و علیه: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔
خَتَّمَ. اچھی طرح ختم کرنا۔ خَتَّمَهُ: انگوٹھی پہنانا۔
اِخْتَتَمَ. خاتمہ پر پہنچنا۔
تَخَتَّمَ. الخاتمَ به: انگوٹھی پہننا۔ کہا جاتا ہے "تختَّم بالعَقِیْق" اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی بامرِهِ: چھپانا عنه: غفلت برتنا اور چپ رہنا۔ عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بِعَمَامَتِه" اس نے اپنا عمامہ باندھا۔
اِخْتَتَمَهُ. پورا کرنا۔
اَلْخَتْم. مہر۔ شہد۔
الخَاتَام. انگوٹھی۔ مہر۔ ج۔ خَوَاتِیْم۔
الخاتَم والخاتِم. ج خَوَاتِم و خُتُم: انگوٹھی۔ مہر۔ انجام۔ گدی کا گڑھا۔ ٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی۔
الخَاتِمَة. الخاتِم کا مؤنث۔ انجام۔ نتیجہ ج خَوَاتِم و خَاتِمَات۔
الخَتَم. انگوٹھی۔
الخِتَام. مہر لگانے کی مٹی یا ہر وہ چیز جس سے مہر لگائی جائے۔ ج خُتُم
المُخَتَّم. مِنَ الخَیْل: گھوڑا جس کی ٹانگوں میں تھوڑی سی سفیدی ہو۔
خَتَنَ (ن ض) خَتْنًا. الشَّیْءَ: کاٹنا۔ الصبیَّ: ختنہ کرنا۔ صفت مفعولی۔ (خَتِیْن و مَخْتُوْن) عَامٌ مَخْتُوْنٌ: خشک سال۔
وخَتَنَ الرجلَ: فریب دینا۔
خَتَنَهُ (ن) خُتُوْنًا و خُتُوْنَةً و خَاتَنَهُ. داماد بننا۔ خاتَنَ الرجلَ: فریب دینا۔
اِخْتَتَنَ. الصبیُّ: ختنہ شدہ ہونا۔
الخِتَان و الخِتَانَة. ختنہ۔ الخِتَانَة: ختنہ کرنے کا پیشہ۔
الخَتَن. عورت کی طرف سے رشتہ جیسے سسر، سالہ، داماد۔ ج اَخْتَان۔
الخَتَنَة. الخَتَن کا مؤنث۔ ساس۔
الخَاتُوْن. بیگم۔ معزز عورت کا لقب۔ ج خَوَاتِیْن (کلمہ عجمی ہے)
خَتَایَخْتُو خَتْوًا. غم یا بیماری سے شکستہ دل ہونا۔ خَتَاه: روکنا۔
اَخْتَی. المتاعَ: ایک ایک کر کے بیچنا۔
اِخْتَتَی اِخْتِتَاءً. مرض یا غم کی وجہ سے شکستہ دل ہونا۔
خَثَّ. الشَّیْءَ: جمع کرنا اور درست کرنا۔
اِخْتَثَّ. شرم کرنا۔
الخَثّ. سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ یا خشک شدہ کائی۔
الخَثّ. والخُثَّة. آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا مٹھا۔
خَثَرَ (ن) خَثْرًا و خُثُوْرًا و خَثَرَانًا و خَثِرَ (س) خَثَرًا و خَثُرَ (ک) و تَخَثَّرَ اللبنُ: گاڑھا ہونا۔ دہی بننا۔ صفت (خَاثِر)
خَثَرَت (ض) خَثْرًا. نفسُ الرجل: جی متلانا۔ مضطرب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَیْقَظَ فلانٌ خَاثِرَ النفسِ" فلاں شخص بیدار ہوا اس حال میں کہ وہ سست تھا۔
خَثِرَ (س) خَثَرًا. شرم کرنا۔
خَثَّرَ و اَخْثَرَ. اللبنَ: گاڑھا کرنا۔
اَخْثَرَ الزبدَ: مکھن کو بغیر پگھلائے ہوئے چھوڑ دینا۔ اور امثلہ عرب میں سے ہے "ما یدری اَیُخْثِرُ ام یُذِیْبُ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو متردد و متحیر ہو۔

الخاثِرَة. جماعت۔
الخُثار. دستر خوان کا باقی ماندہ۔
الخُثارَة. چیز کا باقی ماندہ حصّہ۔ دودھ کا گاڑھا گاڑھا حصّہ جو باقی رہ جائے۔ کہا جاتا ہے "ذَهبَ صَفوُهُ و بَقِيَت خُثارَتُه" اس کا خالص حصّہ ختم ہو گیا اور تلچھٹ باقی رہ گیا۔
تَخثعَم. خون سے آلودہ ہونا۔
الخَثعَم و المُخَثعَم. شیر۔
الخَثعَمَة. جانور کو ذبح کرنا اور اکٹھے ہو کر کھانا پھر اسی جانور کے خون میں خوشبو ملا کر ہاتھ ڈال کر آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کرنا۔
الخَثلَة و الخَثَلَة. مِنَ البطن: پیڑو۔ کہا جاتا ہے "طَعَنه فی خَثلَة بَطنِهِ" اس نے اس کے پیڑو پر نیزہ مارا۔ ج خَثَلات و خَثلات. الخَثلَة. موٹی عورت۔
خَثِم(س) خَثما. موٹی یا چوڑی ناک والا ہونا۔ صفت (خَثِم واَخثم) خَثِمَت اَخلافُ النّاقَةِ: اونٹنی کے تھن کا بند ہونا۔
خَثَم(ن) خَثمًا. اَنفَه: کچل دینا۔
خَثَّم. الشّیٔ: چوڑا کرنا۔
الخُثمَة. ناک کی چوڑائی یا موٹائی۔
خَثِیَ(ض) خَثیًا. البقر: گوبر کرنا۔
خَجَّه (ن) خَجًّا. ہٹانا۔ دفع کرنا الحَطَب: پھاڑنا۔ چیرنا برجله: پاؤں سے خاک اڑانا بِسَلحِه: پاخانہ کرنا۔ ساعدہ: گٹھا ہوا ہونا المرأةَ: جماع کرنا۔
اِختَجَ. الجملُ: پیچ کھاتے ہوئے تیز دوڑنا۔ ریح (خَجُوج) تیز ہوا۔
خَجَأ(ف) خَجأً. الرَّجُلُ: چھپ کے گھر میں داخل ہونا اللَّیلُ: ہ: مارنا۔ المرأةَ: جماع کرنا۔
خَجِیَ(س) خَجأً. شرم کرنا۔ بیہودہ بکنا۔
اَخجَأه. سوال میں اصرار کرنا۔
تَخاجأ. دیر لگانا۔
الخُجأة. موٹا و سست۔ بیوقوف۔
الخَجِفُ و الخَجِیف. اوچھاپن۔

خَجِلَ(س) خَجَلا. شرم سے سرگشتہ و بے خود ہونا۔ صفت (خَجِل و خَجلان) الثوبُ: کپڑے کے نیچے کا حصّہ پھٹنا اور کشادہ ہونا۔ النَّباتُ: بہت اور گنجان ہونا۔ صفت (خَجِل) البعیرُ بالحِمْلِ: بوجھل ہونا بامرِه: مشتبہ ہونا مِن کذا: زچ ہونا فی طلب الرزق: سست ہونا۔
خَجَّلَه واَخجَلَه. شرمندہ کرنا۔ واَخجَلَ النَّباتُ: لمبا و گنجان ہونا۔
الخَجَل س۔ شرم۔
خَجَی(ض) خَجیًا. الترابَ بِرِجلِه: پاؤں سے خاک اڑانا۔
خَجِیَ(س) خَجًا. شرم کرنا۔
خَدَّ(ن) خَدًّا. فیه الضربُ: بدھی پڑنا الارضَ: کھودنا۔
خَدَّدَ تَخدِیدًا. لَحمُه: دبلا ہو کر جھری پڑنا لَحمَه: دبلا کرنا۔
خادَّهُ مُخادَّةً. کام میں مزاحم ہونا۔
تَخادَّا. ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
تَخَدَّدَ. لحمُه: لاغری سے جھری دار ہونا القومُ: فرقے فرقے ہونا۔
الخَدُّ. چھوٹی ندی۔ طریقہ۔ لمبا گڑھا۔ لوگوں کی جماعت۔ ج اَخِدَّة و خِداد و خِدّان. الخدُّ مِنَ الوجه: رخسارہ۔ ج خُدُود.
الخُدَّة. لمبا گڑھا۔ ج خُدَد.
الاُخدُود. لمبا گڑھا۔ ج۔ اَخادِید.
الاَخادید: کوڑے کے مارنے کے نشانات۔ اور اسی سے ہے اَخادِید الاَرشِیَة فی البِئرِ: کنوئیں میں رسّی کھینچنے کے نشانات۔
المِخَدَّة: چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسارہ رکھتے ہیں۔ سرہانہ۔ ہل کا پھار۔
المِخَدّان دونوں کلّیاں۔
خَدَبَ(ن) خَدبًا. جھوٹ بولنا ہ بالسَّیفِ: تلوار سے مارنا۔ ہ الحَیَّةُ: ڈسنا۔

تَخَدَّبَ. درمیانی چال چلنا۔
الخَدَب. لمبائی۔ کہا جاتا ہے "فی لِسانِهِ خَدَب" اس کی زبان میں اوچھاپن اور حماقت ہے۔
الخَدِب والاَخدَب. بیوقوف۔ لمبا۔ جلد باز۔ سیفٌ خَدبٌ: تلوار قاطع۔
طَعنَةٌ اوحَربَةٌ خَدِبَةٌ و خَدباءُ: سخت یا کشادہ زخم والی نیزہ کی مار۔
الخُدبَة. لمبائی۔
الخَدّاب. بڑا جھوٹا۔ دِرعٌ (خَدباءُ) کشادہ زرہ۔ الخَدباءُ: ہر وہ جانور جو کٹ کھنا ہو۔
خَدَجَت(ن ض) خِداجًا و اَخدَجَت الدابةُ: ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت (خادِج و مُخدِج) و صفت مفعول خَدِیج و خَدُوج و مُخدَج) اور خَدُوج کی جمع خُدُوج و خِداج و خَدائِج. اَخدَجَ الشّیٔ: گھٹنا صلوٰتَه: نماز میں کچھ کمی کر دینا۔
خَدَّجَتِ النّاقةُ: ناتمام بچہ گرانا۔
الخِداج. نقصان۔
خَدِرَ(س) خَدَرًا. العضوُ: سن ہونا) العینُ: خارش یا تنکا پڑ جانے کی وجہ سے آنکھ کا بھاری ہونا الحرُّ او البردُ: سخت ہونا النهارُ: ہوا بند اور تیز گرمی ہونا۔
خَدَرَ(ن) خَدرًا. متحیر ہونا الظبیُ: ریوڑ سے پیچھے رہ جانا الاسدُ فی عرینه: ماند میں رہنا بالمکان: اقامت کرنا (وخَدَّرَ واَخدَرَ) النبتَ: پردہ میں رکھنا خَدَّرَ واَخدَرَ العضوَ: سن و بے حس کر دینا۔
اَخدَرَ بالمکان: اقامت کرنا مع اهله: اپنے لوگوں کے ساتھ قیام کرنا الاسدُ: جھاڑی میں رہنا الاسدَ عرینه: کچھار کا شیر کو چھپا لینا۔
تَخَدَّرَ واختَدَرَ چھپنا۔
الخادِر. سست کاہل۔ حیران۔
الخِدر. پردہ جو لڑکی کے لیے مکان کے گوشہ میں لگا دیا جائے۔ لڑکی کیلئے مکان کا

مخصوص حصہ۔ شیر کی جھاڑی۔ رات کی تاریکی
ج اَخدار و خُدُور جج اَخادیر.
الخَدَر. عضو کی بے حسی۔ کاہلی، سستی۔ تاریکی۔ اندھیری جگہ۔
الخَدِر. بے حس عضو والا۔ لَیلٌ خَدِرٌ: تاریک رات۔ مکانٌ خَدِرٌ: پوشیدہ اندھیری جگہ۔ نہارٌ خَدِرٌ: نمناک دن۔
الخِدار. شیر کی جھاڑی۔
الخُدرَة. سخت تاریکی۔
الاَخدَر والخُدارِیُّ. تاریک رات
الخُدارِیُّ. کالا بادل۔
الخُدَارِیَّة. عقاب۔
الاَخدَر والخُدرِیّ والاَخدرِیُّ. ایک قسم کا جنگلی گدھا۔
هَودَجٌ (مَخدُور) پردہ پڑا ہوا ہودہ۔
الخَدَرنی. مکڑی۔
الخَدَرنَق. نر مکڑی۔ اور بقول بعض بڑی مکڑی۔ ج خَدارِن.
خَدَشَه (ض) خَدشًا و خَدَّشَه. خراش لگانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ عیب لگانا۔
الخَدش. س۔ خراش۔ ج خُدُوش و خِداش واَخداش.
الخَدُوش. بہت خراش لگانے والا۔ پسو۔ مکھی۔
المُخادِش والمُخَدِّش. بلی۔
المُخَدَّش. انسان کی گردن میں کٹنے کی جگہ۔
خَدَعَه (ف) خِدعًا و خَدعًا. دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ الضبُّ فی جُحرِہ: داخل ہونا۔ المطرُ: کم ہونا۔ الرَجُلُ: کم مال والا ہونا۔ داد و دہش سے رُکنا۔ السوق: بازار کا ماندپڑنا۔ رائج ہونا (ضد) الامورُ: مختلف ہو جانا۔ الشمسُ: غائب ہونا۔ الطریقُ: غیر معلوم ہونا۔
الشیُّ: خراب ہونا۔ الثوبَ: موڑنا۔
الرجلَ: اَخدع رگ کاٹ دینا۔
اَخدَعَه. دغا بازی پر اکسانا۔ الشیَّ: چھپانا پوشیدہ کرنا۔
خادَعَه مُخادَعَةً و خِداعًا و اِختَدَعَه و تَخَدَّعَه. دھوکا دینا۔ خادَعَ العینَ: دیکھی ہوئی چیز میں شک ڈالنا۔ تَخَدَّعَ ل: بتکلف مدد کرنا۔
تَخادَعَ. فریب خوردہ ظاہر کرنا۔ القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِنخَدَعَ. فریب خوردہ ہونا۔ دھوکے پر راضی ہونا۔ بہ: دھوکا کھا جانا۔ السوقُ: بازار کا ماندپڑ جانا۔
الخَدِیعَة. ج خَدائع و (الخُدعَة والخِداع) فریب۔ دھوکا۔ مکر و حیلہ۔
الخُدعَة. لوگوں کو دھوکا دینے والا۔
الخُدَعَة والخَدّاع والخَیدع. بہت دھوکا دینے والا۔ سَنَةٌ خَدّاعةٌ: کم پیداوار والا سال۔
الخادِع. فا. طَریقٌ خادِعٌ راستہ جو کبھی ظاہر ہو اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ دینارٌ خادِعٌ: کھوٹا دینا۔
الخادِعَة. مؤنث۔ بڑے دروازہ میں چھوٹا دروازہ۔ مکان کے اندر کوٹھری۔
الاَخدَع. اسم تفضیل۔ الاَخدَعان: گردن کی دونوں پہلوؤں پر دو پوشیدہ رگوں کا نام اور کہا جاتا ہے "لا قیمن اخداعیک" میں تمہارے تکبر کو دور کر دوں گا۔ و "فلانٌ شَدِیدُ الاَخدَع" فلاں بڑا گردن کش ہے۔
ج اَخادِع.
الخَیدَع. وہ شخص جس کی دوستی پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ راستہ جو مقصد کے مخالف ہو۔ چمکتی ہوئی ریت۔ فریب دینے والا بھیڑیا۔
الخَدُوع. بہت فریب دینے والا۔
طَرِیقٌ خَدُوعٌ: راستہ جو کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ ج خُدُع.
المَخدَع والمُخدَع والمَخدِع. کوٹھری جو بڑے کمرہ کے اندر ہو۔ ج مَخادِع.
المُخَدَّع. تجربہ کار جو بار بار دھوکا کھا چکا ہو۔
الخَدعُوزة. کدو کا ٹکڑا۔
خَدَفَ (ض) خَدفًا. تیز چلنا۔
خَدَفَت السماءُ بالثلج: برف گرانا
(واختَدَف) الشیَّ: اُچک لینا۔
الخَدف. س۔ کشتی کا چپوار۔
خَدِلَت (س) خَدَلًا و خَدالَةً و خُدولَةً. الساقُ: پرگوشت ہونا۔
ساقٌ خَدلَةٌ پرگوشت پنڈلی۔
خَدَمَه (ض ن) خِدمَةً و خَدمَةً. خدمت کرنا۔ صفت (خادم) ج خُدّام و خَدَم مؤنث خادِم و خادِمَة.
اَخدَمَه. خادم دینا۔
خَدَّمَ الرَجُلُ امرأتَه: پازیب پہنانا۔
تَخَدَّمَه. خدمت لینا۔ خادم بنانا۔
اِختَدَمَ. اپنی خدمت کرنا ہ: خادم مانگنا۔ خادم بنانا۔
اِستَخدَمَه. خادم بنانا الرجلَ: خادم مانگنا۔
الخِدمَة. وقت خواہ دن کا ہو یا رات کا۔
الخَدَمَة. پازیب۔ پنڈلی۔ لوگوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فَضَّ اللّٰهُ خَدَمَتَهم" اللہ ان کی جماعت کو متفرق کر دے۔
(والخَدَمَة) حلقہ کی مانند مضبوط چمڑے کا موٹا تسمہ جس کو اونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے۔ ج خَدَم و خِدام و خَدَمات
الخادِمِیَّة. نوکری۔
المَخدُومِیَّة. آقائی۔
الخَدّام. نوکر۔
الخَدِیم. نوکر۔ غلام۔
الاَخدَم. گھوڑا جس کے پیر کی سفیدی کم ہو کر کھر کے کچھ اوپر گول سا ہو۔ مؤنث خَدماء.
الخَدماء: بکری جس کی ایک ٹانگ سفید اور باقی سیاہ ہوں۔
المَخدُوم. مفع آقا۔ مولیٰ۔ کتابٌ مَخدُومٌ: وہ کتاب جس کی بکثرت شروح و حواشی ہوں۔
المُخَدَّم والمُخَدَّمَة. پازیب پہننے کی

جگہ۔ تسمہ۔ عورت کے پاجامہ میں نیچے باندھنے کا دھاگا۔ قوم مُخَذَّمُوْنَ: بہت نوکر چاکر والے لوگ۔

خَادَنَهٗ مُخَادَنَةً: دوستی کرنا۔ ساتھی بننا۔

الخِدْن: دوست۔ یار، ساتھی (مذکر و مؤنث) ج اَخْدَان۔

الخَدِيْن: دوست، یار، ساتھی۔

الخُدَنَة: لوگوں سے بہت دوستی کرنے والا۔

خَدَى (ض) خَدْيًا و خَدَيَانًا۔ الفرسُ ام البعيرُ: تیز دوڑنا۔

اَخْدَى إِخْدَاءً: آہستہ آہستہ چلنا۔

الخَذَا: کیڑا جو گوبر میں سے نکلتا ہے۔ واحد (خَذَاة)

الخُذَيْوِيُّ: عزیز مصر کا لقب۔ فارسی لفظ ہے بمعنی بادشاہ۔ وزیر۔ سردار۔

خَذِأَ وخَذِيَ (س) خَذَأً و خُذُوءًا وخَذَاءً واستَخْذَأَ۔ لَهٗ: فروتنی کرنا۔ تابعدار ہونا۔

اَخْذَاه: ذلیل کرنا۔ تابع بنانا۔

الخَذَأ: نفس کی کمزوری۔

خَذَّ (ن) خَذِيْذًا۔ الجُرحُ: پیپ بہنا۔

الخُذْرَة: پھرکی۔

خَذْرَفَ: جلدی چلنا ہٗ بالسيف: جسم کے اطراف کاٹنا الاناءَ: بھرنا۔

تَخَذْ رَفْتُه۔ النوى: پھینک دینا۔

تَخَذْرَفَ الثوبُ: پھٹنا۔

الخُذْرُوْف: تیز چلنے والا۔ پھرکی۔ اس کو خَرَّارَه بھی کہتے ہیں۔ اونٹوں کا گلہ۔ اونٹ جو گلہ سے علیحدہ ہوگیا ہو۔ "تركتِ السيوفُ راسَه خَذَارِيْفَ" تلواروں نے اس کے سر کو ٹکڑے کر دیا۔ رجلٌ (مُتَخَذْرَف) اچھے اخلاق والا مرد۔

خَذَعَ (ف) خَذْعًا وخَذَّعَ۔ اللحمَ او القرعَ: بغیر جدا کئے ہوئے قاشیں تراشنا۔

تَخَذَّعَ: کٹنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا خِذَعَ مِذَعَ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

الخَذْعَة: زمین وغیرہ کا ٹکڑا۔

الخَذِيْعَة: ایک قسم کا کھانا جو قیمہ سے تیار کیا جاتا ہے۔

المِخْذَعَة: چھری۔

الخَيْذَعُ: عیب۔

خَذْعَبَ و خَذْعَلَ۔ البِطِّيْخَ و نحوه: پھانکیں کرنا۔

الخُذْعُوبة و الخُذْعُولة: پھانک۔ قاش۔

خَذَفَ (ض) خَذْفًا۔ بالحصاة و نحوها: انگلیوں سے پھینکنا۔ گوپھن سے پھینکنا۔

تَخَاذَفَ۔ عيناه بالدموع: جلدی آنسو بہانا۔

الخَذَّافة: دُبر۔

المِخْذَفَة: گوپھن۔ غلیل۔

الخَذُوْف۔ مِنَ الدَّوَابِّ: تیز رفتار جانور جو دوڑنے میں کنکری اڑائے ز جو چلنے میں پیروں کو پیٹ تک اٹھائے۔ ج خُذُف۔

الخَذَفَان: تیز رفتاری۔

خَذَقَ (ن ض) خَذْقًا۔ الدابة: تیز چلنے کیلئے چھونا البازی: بیٹ کرنا۔

الخَذْق: گوبر۔ لید۔

خَذَلَ (ن) خَذْلًا و خَذْلَانًا و خِذْلَانًا۔ فلانًا و عنه: مدد چھوڑنا۔ صفت (خَاذِل) ج خُذَّل۔ صفت مفعولی (مَخْذُوْل) ج مَخَاذِيْل۔ خَذَلَتِ الظَّبْيَةُ: ریوڑ سے علیحدہ ہوجانا۔ صفت (خَاذِل و خُذُوْل)

(خَذَّلَ عنه اَصْحَابَه: مدد چھوڑنے پر اکسانا۔

ہٗ: پسپائی اور ترک جنگ پر آمادہ کرنا۔

خَاذَلَهٗ مُخَاذَلَةً: مدد چھوڑنا۔

تَخَاذَلَ۔ القومُ: باہم مدد چھوڑنا۔ رِجْلَاهُ: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔

الخُذَّال: زیادہ مدد چھوڑنے والا۔

الخُذَلَة: وہ شخص جس کی مدد ہمیشہ چھوڑ دی جائے۔

الخَذُوْل: بہت مدد چھوڑنے والا۔

رجلٌ خَذُوْلُ الرِّجل: وہ مرد جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی آفت یا نشہ کی وجہ سے جواب دے دیا ہو۔

خَذَمَ (ض) خَذْمًا و خَذَّمَ۔ الشَّيْءَ: جلدی سے کاٹنا۔

خَذِمَ (س) خَذَمًا۔ نشہ میں ہونا۔ صفت (خَذِيْم) کٹنا۔

خَذِمَ (س) خَذَمًا: تیز چلنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اَخْذَمَ: ذلت کا اقرار کرنا ہٗ الشرابُ: مست کر دینا۔

تَخَذَّمَ۔ الشَّيْءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ الشيءَ: تکلف سے کاٹنا۔

اِخْتَذَمَ: قاطع ہونا الشَّيْءَ کاٹنا۔

الخَذُوْم ج خُذُم و (الخَذِم والمِخْذَم والمُخَذَّم) مِنَ السيوف: کاٹنے والی تلوار۔

الخُذَامَة: چیز کا ٹکڑا۔

المِخْذَم: کاٹنے کا اوزار۔

خَذَا (ن) خُذُوًّا وخَذِيَ (س) خَذًى ڈھیلا ہونا لحمُه: گھٹا ہونا الاذنُ: لٹکتا ہوا ہونا۔

اِسْتَخْذَى: تابعدار ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔

الاَخْذَى: ڈھیلے کان والا۔ اذنٌ (خَذْوَاء) لٹکے ہوئے کان۔

خَرَّ (ن ض) خَرِيْرًا۔ الماءُ او الريحُ: پانی کے بہنے اور ہوا کے چلنے میں آواز ہونا۔ صفت (خَرَّار) النائمُ: خراٹے لینا۔

خَرَّ (ن ض) خَرًّا و خُرُوْرًا: اوپر سے نیچے گرنا خَرَّ لِلّٰهِ سَاجِدًا۔ سجدہ میں گر پڑنا لِوَجْهِهٖ گرنا الرَّجُلُ: مرنا عليه: غیر معلوم جگہ سے اچانک آپڑنا۔

اَخَرَّهٗ اِخْرَارًا: گرانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ بالسَّيْفِ فَاَخَرَّهٗ" اس نے اسے تلوار مار کر گرادیا۔

اِنْخَرَّ: ڈھیلا ہونا۔

الخُرّ: کان کی جڑ۔ زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب شگاف ڈال دے۔ ج خِرَرَة

(والخُرِّيُّ) چکی کا سوراخ۔
الخُرْوَر. بلی کی آواز۔ جگہ جس میں پانی اور گڑھے ہوں۔
الخَرِيْر. مص۔ سونے والے کا خراٹا۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست جگہ۔ ج اَخِرَّة.
الخَرَّار. بہت خراٹے لینے والا۔ مؤنث خَرَّارَة. الخَرَّارَة: پھرکی۔
خَرِئَ (س) خَرْأً و خِرَاءَةً وخَرَاءَةً وخُرُوْءاً. پاخانہ کرنا۔ بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرِئَتْ بَيْنَهُم الضبعُ" یعنی ان کے درمیان دشمنی ہو گئی۔
الخُرْء. ج خُرُوْء و (الخِراء) پلیدی۔ پاخانہ۔ بیٹ۔
المَخْرَاةُ والمَخْرَأَةُ والمِخْرَأَةُ. پاخانہ کی جگہ۔ ج مَخَارِي.
خَرِبَ (س) خَرَبًا و خَرَابًا. البيتُ: اُجاڑ ہونا۔ صفت (خَرِب) مؤنث خَرِبَة. (خَرَبًا) الرَجُلُ: پھٹے ہوئے یا چھدے ہوئے کان والا ہونا۔ صفت (اَخْرَب) مؤنث خَرْبَاء. ج خُرْب.
خَرَبَهُ (ض) خَرْبًا. ڈھانا۔ ہلاک کرنا۔ پھاڑنا۔ سوراخ کرنا۔
خَرَبَ (ض) خِرَابَةً و خَرَابَةً و خَرْبًا و خُرُوْبًا. چور ہونا۔ صفت (خَارِب) ج خُرَّاب.
خَرَّبَ. البَيْتَ: ویران کرنا۔ ڈھانا المزادة: سوراخ کرنا۔
اَخْرَبَ. البيتَ: غیر آباد کرنا المكانُ: خالی ہونا۔
تَخَرَّبَ. الدُوْدَةُ الشجرةَ: سوراخ کرنا۔
اِسْتَخْرَبَ. الرَجُلُ: مصیبت سے شکستہ دل ہونا اِلَيْه: مشتاق ہونا السَّقَاءُ: سوراخ دار ہونا۔
الخَرِب. ویران جگہ۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "هو خَرِبُ العِظَامِ" یعنی اس کی ہڈیوں میں گودا نہیں ہے۔ "وهُوَ خَرِبُ الجَوْفِ" یعنی وہ خالی پیٹ بھوکا ہے۔ "وهُوَ خَرِبُ الامَانَةِ" یعنی وہ امانت دار نہیں ہے۔ رجلٌ (خِرِبَّان) بزدل مرد۔
الخُرْب والخُرَّابَة والخُرْبَة. سرین کا گڑھا۔ سوئی کا ناکہ اور بقول بعض ہر گول سوراخ جیسے کان کا سوراخ۔ ج خُرَب وأخْرَاب وخُرُوْب.
الخُرْب والخَرْبَة والخُرْبَة. چرواہے کا تھیلا۔ دین کی خرابی۔
الخَرْبَة. چھلنی۔ عیب۔ لغزش۔ باعث شرم چیز۔ دینی خرابی۔ کہا جاتا ہے "هو صاحبُ خَرْبَة" یعنی اس کے دین میں خرابی ہے اور اسی سے ہے "لحى الله ادنانا الىٰ كل خَرْبَة" اللہ تعالیٰ لعنت کرے کہ اس نے ہم کو دین کی ہر خرابی کے قریب کر دیا۔ "وما رَأَيْنَا مِنْ فلان خَرْبَةً في دِيْنِه" ہم نے فلاں کے دین میں کوئی خرابی نہیں دیکھی۔ ج خَرَبات.
الخِرْبَة والخَرِبَة. ویران جگہ۔ ج خَرِبات و خِرَب و خَرِب وخَرَائِب
الخِرْبَة: چور کی ہیئت۔
الخَرَاب. ویران۔ ج اَخْرِبة و خِرَاب.
خَرَّابَة و خُرَّابَة. الاِبْرَة: سوئی کا ناکہ۔
الخَرُّوْب والخَرْنُوْب. ایک درخت کا نام واحد خَرُّوْبَة وخَرْنُوْبَة.
التَخَارِيْب. بھڑوں کے چھتے کے سوراخ۔ شہد کے چھتے کے سوراخ جس میں مکھیاں شہد جمع کرتی ہیں۔ اس کا مفرد تُخْرُوْب ہے (صحیح نخاریب بالنون ہے)
الخُرْبُد. گھٹا جما ہوا دودھ۔
الخِربِز. خربوزہ۔
خَرْبَشَ خَرْبَشَةً الكتابَ اوالعملَ: بگاڑنا۔
خَرَابِيْشُ. الخطِّ: تحریر جو بگاڑی گئی ہو۔
خَرْبَصَ. الاشياءَ. الگ الگ کرنا المالَ: لے کر چمپت ہو جانا۔
الخَرْبَصَة. جوان و پر گوشت عورت۔
خَرْبَقَ. چلنے میں جلدی کرنا الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا العملَ: بگاڑنا۔ الثوبَ: پھاڑنا النبتُ: ایک دوسرے سے متصل ہونا۔
الخَرْبَق. ایک قسم کی گھاس جس کی پتیاں بارتنگ کے مشابہ ہوتی ہے اور دو قسم کی ہوتی ہیں سیاہ و سفید۔
اِخْرَنْبَقَ. سر جھکانا۔ زمین سے چپٹنا۔
خَرَتَ (ن) خَرْتًا. الاُذُنَ: سوراخ کرنا الارضَ: راستوں سے واقف ہونا۔
خَرِتَ (س) خَرَتًا. ہوشیار راہبر ہونا۔
الخَرْت والخُرْت. سوئی وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "اَضْيَقُ مِن خَرْتِ الاِبْرَةِ" و "اِجْعَلِ العُوْدَ فِي خَرتِ الفَاسِ" سینہ کے نزدیک ایک چھوٹی ہڈی۔ ج اَخْرَات وخُرُوت ذَنَبُ خُرْتٍ: تیر بھیڑیا۔
الخِرِّيْت. ماہر راہبر جو جنگل و بیابان کے مخفی راستوں سے بھی واقف ہو۔ ج خَرَارِيْت و خَرَارِت.
المَخْرَت. واضح راستہ۔
المَخْرُوْت. پھٹے ہوئے کان یا ناک یا ہونٹ والا۔
الخَرْثَاء. بڑی کوکھ والی اور ڈھیلے گوشت والی عورت۔
الخِرْثَاء. سرخ چیونٹی۔
الخُرْثِيُّ. ردی و گھٹیا سامان۔ خُرْثِيُّ الكلامِ: بے فائدہ گفتگو۔
خَرَجَ (ض) خُرُوْجًا و مَخْرَجًا. مِن موضعه: نکلنا في العلمِ: فائق ہونا بِه: نکالنا عليه: جنگ کیلئے نکلنا الرَعِيَّةُ على المَلِكِ: سرکشی و بغاوت کرنا اِلىٰ فلان مِن دَيْنه: ادا کر دینا۔
خَرَّجَهُ. مِنَ المكان: نکالنا الارضَ: خراج مقرر کرنا المسئلةَ: مسئلہ کی توجیہ کرنا۔ الوَلَدَ فِي الاَدَبِ: مہذب و تجربہ کار بنانا العملَ: ایک دوسرے کے مخالف مختلف قسم کے کر دینا۔ الغلامُ اللوحَ: کچھ لکھنا اور کچھ

چھوڑ دینا الرَّاعِیَۃُ المرتَعَ کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔
اَخرَجَ. الشَّیَٔ: نکالنا الرجلَ: خراج ادا کرنا الرَّاعِیَۃُ المرتعَ: کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔
خَارَجَ. السَّیِّدُ عَبْدَہٗ ہر مہینہ رقم معین کی ادائیگی کا معاملہ کرنا۔
تَخارَجَ. الشُّرکاءُ: آپس میں تقسیم کرنا۔
تَخرَّجَ. الوَلَدُ فی الاَدَبِ: تربیت یافتہ ہونا۔ صفت مُتخرج.
اِختَرَجَ. الشَّیَٔ: نکالنا۔ استنباط کرنا۔ ایجاد کرنا فلانًا: نکلنے کو کہنا۔
اِخرَجَّ واخرَاجَّ. الحیوانُ: سیاہ و سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (اَخرَج) مؤنث خَرْجَاءُ.
اِستَخرَجَ. الشَّیَٔ: استنباط کرنا ہ: نکلوانا المسئلۃ: حل کرنا اُستُخرِجَتِ الارضُ: کھیتی کے قابل ہونا۔
الخَرْج. خراج۔ بعضوں کے نزدیک خَرْج اور خَراج میں فرق ہے۔ خرج وہ ہے جو انسان کے عوض میں ہو اور خراج عام ہے۔ خرج اول اول گھرتے وقت کا بادل۔ ج اخراج.
الخَرْجَۃ خروج کا اسم مرۃ۔ جھروکا۔
الخُرْج خرجی۔ ج خِرَجَۃ.
الخُرَاج. مثلثۃ الخاء: زمین کا محصول۔ جزیہ۔ ج اَخرَاج و اَخرِجَۃ ج آخاریج.
الخُرَاج پھوڑا پھنسی۔ واحد (خُرَاجَۃ) ج خُرَاجات.
خَرَّاج ولّاج وخُرَجَۃ وُلَجَۃ بہت نکلنے والا۔ بہت داخل ہونے والا۔ بڑا ہوشیار۔ حیلہ گر۔
الخَارِج ہر چیز کا ظاہر۔ نکلنے والا۔
الخَارِجَۃ الخارج کا مؤنث۔ ج خارجات و خَوَارِج. الخَوَارِج: باغی لوگ۔ جماعت سے نکلے ہوئے لوگ۔
الخَارِجِیّ بیرونی۔ وہ شخص جو بذات خود سرداری حاصل کرے بغیر اس کے کہ پہلے سے

اس کے خاندان میں سرداری ہو یا ایسا شخص جو دلیر اور باپ اس کا بزدل ہو اور اسی طرح اس گھوڑے کو بھی کہا جاتا ہے جو سابق ہو جائے اور اس کے ماں باپ ایسے نہ ہوں۔ بادشاہ کا باغی۔ جماعت کا مخالف۔ مذہب خوارج کا معتقد۔
الخارِجیَّۃ الخارجی کا مؤنث۔ وہ منصب جس کے تعلقات دوسری حکومتوں سے ہوں۔
المُخرَّج والخِرِّیج والمُتخرِّج تربیت یافتہ۔
الخُرُوج مص. یوم الخروج عید کا دن۔ قیامت کا دن۔
المَخرَج مص. نکلنے کی جگہ۔ پائخانہ کا مقام۔ ج مَخَارِج. والمَخرج عند القراء والصرفیین جنہ سے حروف نکلنے کی جگہ۔
المُخرَج مص نکلنے کی جگہ۔
خَرْخَرَ. النائمُ: خراٹے لینا النمرُ او السِنَّوْرُ: آواز کرنا۔
تَخَرْخَرَ. بطنُہٗ بڑے ہونے کی وجہ سے پیٹ کا ہلنا۔
الخَرْخَر پانی بہنے یا ہوا چلنے کی آواز۔
الخَرْخَار کثرت سے بہتا ہوا پانی۔
خَرِدَت(س) خَرَدًا و تَخرَّدَت الجَارِیَۃُ: باکرہ ہونا۔ دوشیزہ ہونا۔
خرِدَ و اَخرَدَ. الرَّجُلُ: زیادہ خاموش رہنے والا ہونا۔ کم گفتگو ہونا۔ ذلت کی وجہ سے شرم کرنا۔ اَخرَدَ الی اللھو: مائل ہونا۔
الخَرِید والخَرِیدَۃ والخَرُوْد. باکرہ دوشیزہ۔ شرمیلی۔ زیادہ خاموش رہنے والی لڑکی۔ ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد. صوت خَرِیْد: نرم آواز جس میں شرم و حیا کی آمیزش ہو۔ لؤلؤۃ خریْدۃ: ناسفتہ موتی۔
الخَرِیْدَۃ: ناسفتہ موتی۔ ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد.
الخُرْدَۃ معمولی اسباب تجارت۔
الخُرْدِجی خردہ بیچنے والا۔ معمولی تاجر۔ بساطی۔
خَرْدَق. العملَ بگاڑنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔

فصیح خربق ہے۔
الخُرْدُق چربہ ج خَرَادِق (دخیل)
خَرْدَل. الطعامَ: اچھا حصہ کھانا اللحمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔
الخَرادِل گوشت کے ٹکڑے۔
لحمٌ (خَرادِیل) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا گوشت۔
الخَرْدَل رائی۔ واحد (خردلۃ)
خرزَ(ن ض) خَرْزًا. الجلدَ: بتالی سے سینا۔
خَرِزَ(س) خَرَزًا: کمزوری کے بعد مضبوط کرنا۔
الخَرَز پوتھ جس کو لڑی میں پرو لیا جائے۔ شیشہ کے چھدے ہوئے دانے ز پتھر کے نگ واحد (خَرَزَۃ) خَرَزَۃ الظھر ریڑھ کی ہڈی کے منکے۔ خَرَزات الملک شاہی تاج کے جواہر۔
الخُرْزَۃ سوراخ اور اس کا دھاگا۔ ج خُرَز.
الخِرازَۃ موچی کا پیشہ۔
الخَرَّاز موچی۔
طائر (مُخرَّز) پرندہ جس کے بازوؤں پر نقطے ہوں۔
المِخرَز بتالی۔ ج مَخَارِز.
خَرِسَ(س) خَرَسًا گونگا ہونا۔ خَرْسًا: مٹکے سے پینا۔
اَخرَسَہُ اللّٰہُ: گونگا کرنا۔ اَخرَسَتِ الارضُ واستَخرَسَت ناقابل زراعت ہونا۔
خَرَّسَ. علی النفساءِ: زچہ کو اس کی خوراک کھلانا۔
تَخارَس گونگا بننا۔
تَخرَّسَت. النفساءُ: زچہ کو اپنے لئے کھانا تیار کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "تَخرَّسی یا نفس لا مُخرِّسَۃ لکِ" یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی اور کرنے والا نہیں۔
الخُرْس والخِرَاس: بچّہ کی پیدائش کا

کھانا۔

الخُرْسَة والتَخرِسَة. زچہ کا کھانا۔ اچھوانی۔

الخَرس والخِرس. مٹکا۔ ج **خُرُوس**

الخِرس: ناقابل زراعت زمین۔

الخَرّاس. مٹکا بنانے والا یا بیچنے والا۔

الخَرُوس. زچہ کہ جس کے لئے اچھوانی تیار کی جائے۔

الاَخرَس. گونگا۔ ج **خُرس و خُرسَان و اَخارِس** مؤنث **خرساء**. **لَبَن اَخرَس**: جما ہوا دودھ کہا جاتا ہے۔ "**ولاَنی عُرضًا اَخرَسَ اَمرَس**" یعنی اُس نے مجھ سے مُنہ پھیر لیا اور گفتگو نہیں کی۔

الخَرساء. مصیبت۔ بغیر گرج و چمک کے بادل۔ **رَجُلٌ (خَرِس)** رات کو نہ سونے والا مَرد۔

خَرَشَهُ (ض) خَرشًا و خَرَّشَهُ و خارَشَهُ مُخارَشَةً و خِراشًا واِختَرَشَهُ. خراش لگانا ہ **الذبابُ**: کاٹنا۔ **خَرَشَ و خَرَّشَ الغصنَ**: ٹہنی کو ڈنڈے سے کھینچنا۔ **خارَشَ الکلبُ**: برانگیختہ کرنا۔ **خَرَشَ واِختَرَشَ لِعَیالِهٖ**: بال بچوں کے لئے کمائی کرنا۔

اِختَرَشَتِ الجِراءُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ **خارَشه الشّئَ واِختَرَش منه الشَّیءَ**: زبردستی لے لینا۔

تَخارَشَت. الکلابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا۔

الخَرش. مکھی۔ واحد **(خَرشَة)** گھر کا ردی سامان۔ ج **خُرُوش**.

الخُراشَة. برادہ۔

الخِرشَاء. سانپ کی کینچلی۔ انڈے کا چھلکا۔ غبار۔ **خِرشَاء العَسَلِ**: موم۔ شہد کہ جس میں مُردہ مکھیاں پڑی ہوں۔ ج **خَرَاشِیّ**.

المِخرَش والمِخرَاش. مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا۔ عوام اس کو **بَعْکُوزَة** کہتے ہیں۔

خَرشَبَ. العملَ: کام کو اچھی طرح نہ کرنا۔

الخَرشَعَة. پہاڑ کی چھوٹی چوٹی۔ ج **خَرشَع و خَراشِع**.

الخَرشَفَة. گفتگو کی گڑبڑی۔ حرکت۔ **(والخِرشاف)** سخت زمین کہ جس میں چلنا دشوار ہو۔

الخَرشُوف. ایک قسم کی نباتات۔

الخُرشُوم. وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی نوک۔ بڑا پہاڑ۔ ج **خَراشِیم**.

خَرَصَ (ن ض) خَرصًا. جھوٹ بولنا۔ **فی الامر**: اٹکل سے کہنا۔ قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "**خَرَصَ النخلةَ**" اس نے درخت خرما کے پھلوں کا اٹکل سے اندازہ کیا۔

خَرُصَ (ن) خِراصَةً. الشَّئُ: درست کرنا۔

خَرِصَ (س) خَرَصًا. بھوک و سردی والا ہونا۔ صفت **(خَرِصٌ و خارِص)**

تَخَرَّصَ واِختَرَصَ. تہمت لگانا۔ جھوٹ بولنا۔ توشہ دان میں رکھنا۔

الخَرص. اندازہ۔ تم کہتے ہو "**کم خرص ارضك**" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے۔ توشہ دان۔ چھوٹا نیزہ۔ بھالا۔ مٹکا۔ ٹوکری۔

الخِرص والخُرص. ج **خِرصان و خُرصان**. سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ ج **خِراص و اَخراص**: درخت خرما کی شاخ۔

الخُرص والخُرص والخُرص. شہد نکالنے کی لکڑی۔ جا خراص۔

الخُرصَة. حصہ۔ زچہ کا کھانا۔

الخَرِیص. ٹھنڈا پانی۔ درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی۔ نہر کی ایک جانب۔

الخَرّاص. جھوٹا۔

المِخرَص. نیزہ۔ ج **مَخارِص**.

خَرَطَ (ن ض) خَرطًا. الورقَ: ہاتھ سے مار کر پتے جھاڑنا **العنقودَ**: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا **الشجرةَ**: کھینچ کر پتے جھاڑنا **العُودَ**: خراد سے ہموار کرنا **الحدیدَ**: عمود کی مانند لمبا کرنا۔ **الجواهرَ**: تھیلے میں جمع کرنا **البازیَ**: شکار پر چھوڑنا **الرجلَ: فی الامرِ**: کسی کام میں لگانا **الرجُلُ**: جھوٹ بولنا **الدَّلوَ فی البئر**: لٹکانا **الابلَ فی الرعی**: چرنے کے لئے چھوڑنا **جاریتَهُ**: جماع کرنا **باستِهٖ**: گوز کرنا **عبده علی النّاسِ**: ایذا رسانی کیلئے مقرر کرنا۔

خَرَطَهُ (ن) و خَرَّطَهُ. الدواءُ: اسہال لانا۔

خَرِطَت (س) خَرَطًا و اخرطت. الشاةُ و النَاقَةُ: بکری یا اونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا **خَرِطَ بالطَعامِ**: پھندا لگنا۔

تَخَرَّطَ. فی الامور: دلیری و خودسری کرنا۔

اِنخَرَطَ. الجسمُ: لاغر ہونا۔ **اِنخَرَطَت الخَرزَةُ فی السِّلكِ**: پرویا جانا۔ **اِنخَرَطَ فی المَکانِ**: جلدی سے داخل ہونا **مِن**: نکلنا **الصقر**: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔ **بطنُ الانسانِ**: پیٹ چلنا۔ کہا جاتا ہے۔ "**اِنخَرَطَ عَلَینا بالقبیح**" وہ ہمارے اُوپر فحش گوئی کے ساتھ متوجہ ہوا۔

اِختَرَطَ. السیفَ: سونتنا **العنقودَ**: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا۔

اِستَخرَطَ. فی البکاءِ: پھوٹ پھوٹ کے رونا۔

الخَرّاط. خراد کا کام کرنے والا۔ بڑا جھوٹا۔

الخَرَط. سارے جسم کی کمزوری۔ جانوروں کی ایک بیماری جو ان کے تھن میں ہوتی ہے اور اس سے جما ہوا دودھ نکلتا ہے۔

الخَرُوط. منہ زور جانور۔ ج **خُرُط**. بے عقلی و نادانی سے کاموں میں دخل دینے والا۔

الخِراطَة. خراد کے کام کا پیشہ۔

الخُراطَة. برادہ۔

الخَرِیطَة. تھیلا۔ ملک کا نقشہ۔ اٹیلس۔ **خَرِیطَه** کو **خارِطَه** بھی کہتے ہیں اور عربی **مُصَوَّر** یا **مُخَطَّط** ہے۔

الخَرطانُ انگوری جس کو جانور کھاتے ہیں اور امریکی لوگ اس کا مشروب پیتے ہیں۔

الْمَخرُوط. وہ بکری یا اُونٹنی جس کو خرط کی بیماری لاحق ہو۔ ج مَخارِیط.
الْمِخرَطة. خراد کرنے کا اوزار۔ ج مَخارِط.
الْمَخرُوط. مص۔ کم داڑھی والا۔ لمبا چہرہ جس میں عرض کم ہو
بئر مخروطة: تنگ منہ کا کنواں۔
الْخِرطِیط. منقش پروں والا پروانہ۔ ج خراطِیط.
الْخُرطُوم والْخُرطُم. سونڈ۔ جلدی نشہ لانے والی شراب۔ انگور کا پانی جو ملنے سے پہلے نکلے۔ خراطیم القوم: سردارانِ قوم۔
خَرطَمه. سونڈ پر مارنا۔
اِخرَنطَم. ناک بلند کرنا۔ غضبناک ہونا۔ تکبر کرنا۔
اَلْخَرطُون: زمین کے اندر بسنے والا کیڑا جو کہ زمین کو زراعت والی بنانے میں فائدہ مند ہے۔
خَرعَه (ف) خَرعًا. پھاڑنا۔
خَرِعَ (س) خَرعًا. الشَّیُ: ٹوٹنا۔
وانخرع و تخرّع. الرَّجُلُ: سست ہونا۔ ناقص رائے ہونا۔ کمزور جسم ہونا۔
انخرعت القناة: پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
خَرُعَ (ک) خَراعَةً و خُرعًا و خُرُوعًا. ڈھیلے جوڑوں والا ہونا۔ صفت خَرِعٌ و خَرِیعٌ.
خَرَّعَ. الثوبَ: عصفر (کسم) سے رنگنا۔
اِختَرَعَ. الشَّیَ: پھاڑنا۔ پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا اور اس سے (الخرعة) ہے۔
فلانًا: خیانت کرنا۔ دھوکا دینا۔
الدابة: دوسرے کے جانور کو چند دن کام میں لانا اور پھر واپس کر دینا۔
الْخَراعة. مص۔ بے باکی۔
الْخِروَع. ارنڈی کا پودہ جس سے کسٹرائل تیار ہوتا ہے ہر وہ پودہ جو نرمی سے دہرا ہو جائے۔ واحد خِروَعَة.
الْخُراع. اُونٹنی کی دیوانگی۔ اُونٹنی کی پیٹھ کی شکستگی۔
الْخَرُوع والْخَرِیع والْخِروَع. مِنَ النساء: نزاکت سے جھک جھک جانے والی عورت۔ ج خَرائع و خُرُوع. عَیشٌ خَرُوعٌ. آسودہ زندگی۔ رَجلٌ خَرِیعٌ: کمزور مرد۔ ناقة خریع و مَخرُوعَة: اُونٹنی جس کو دیوانگی لاحق ہو۔
خَرِفَ (س) و خَرُفَ (ک) خَرَفًا. بڑھاپے کی وجہ سے فاسد العقل ہونا۔ صفت (خَرِف) مؤنث (خَرِفة).
خَرَفَ (ن) خُرفًا و خِرَافًا و خَرافًا و مَخرفًا. الثمرَ: چننا۔
خُرِفَتِ. الارضُ: موسم خریف کی بارش ہونا۔ صفت (مَخرُوفَة) البَهائِمُ: موسم خریف کا آنا یا ان کے چرنے کے لائق گھاس اگانا۔
خَرَّفَه. خرف (فسادِ عقل) کی جانب نسبت کرنا۔
خارَفَه مُخارَفَةً و خِرافًا. موسم خریف میں معاملہ کرنا۔
اَخرَفَه. بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ اَخرَفَتِ الشاةُ: موسم خریف میں بچہ دینا۔ اَخرف الرجلُ: موسم خریف میں داخل ہونا۔ الثمرُ: پھل توڑنے کا وقت آ پہنچا۔
اِختَرَفَ. الثمرُ: چننا۔ فی مکان: موسم خریف میں اقامت کرنا۔
الْخَراف والْخِراف. پھلوں کے چننے کا زمانہ۔
الْخُرافة: بے عقلی کی ہنسی لانے والی باتیں۔
الْخَرُوف. بکری کا بچہ۔ ج خِراف و اَخرِفَة و خِرفان.
الْخَرُوفَة. بکری کا مادہ بچہ۔ درخت خرما جس کا پھل توڑا جائے۔
الْخُرفَة. چنا ہوا میوہ۔
الْخَرِیف. موسم خریف۔ گرمی اور جاڑے کے درمیان کا زمانہ۔ موسم خریف کی بارش۔ اور نسبت کے لئے خَرِیفِی و خَرفِی و خَرَفِی. چنی ہوئی کھجور۔
الْخَرِیفَة. درخت خرما جس سے تر کھجوریں چنی جائیں۔
الْخُرافة. باطل بات۔ ج خُرافات. چنا ہوا پھل۔
الْمِخرَف. چھوٹی ٹوکری۔ جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں۔
الْمَخرَفَة. درخت خرما کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ۔ ج مَخارِف. بڑھاپے کی وجہ سے عقل کی خرابی۔
الْمُخارِف. مِن الرجال: محروم۔
خَرفَشَ. الشَّیءَ: ملانا۔ خلط ملط کرنا۔
خَرَقَ (ن ض) خَرقًا. الثوبَ: پھاڑنا فلانًا بالرمح: نیزہ مارنا الکذبَ: جھوٹ گھڑنا المفازةَ: طے کر کے انتہا تک پہنچنا العادةَ: عادت کے خلاف کرنا البناء و فی البناء: روشندان کھولنا الریحُ: تیز چلنا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
خَرَقَ (ن) خُرُوقًا. فی البیت: لگاتار قیام کرنا۔
خَرِقَ (س) خَرَقًا. خوف یا شرم سے دہشت زدہ ہونا۔ صفت (خَرِق) فی البیت: لگاتار قیام کرنا الغزالُ او الطائر: اُٹھنے یا اُڑنے سے عاجز ہونا۔
خَرِقَ (س) خُرقٌ (ک) خَراقَةً. بیوقوف ہونا۔ ادھورا کام کرنا۔ صفت (اَخرَق) مؤنث خَرقاء.
خَرَّقَه. پھاڑنا۔ خَرَّقَ الرَّجُلُ: بہت جھوٹ بولنا۔
اَخرَقَه. دہشت زدہ کرنا۔
تَخَرَّقَ وانخَرَقَ واخرَورَقَ. پھٹنا وتَخَرَّقَ الکذب: جھوٹ گھڑنا تَخَرَّقَ فی الکرم: بے حد فیاضی کرنا تَخَرَّقَت وانخَرَقَتِ الریحُ: تیز چلنا۔
اِختَرَقَ. الارضَ: زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا القومَ: قوم کے درمیان سے چلنا الکذبَ: جھوٹ گھڑنا۔

الخَرْق. مس۔ سوراخ۔ کشادگی۔ بغیر گھاس پانی کا بیابان۔ کشادہ زمین جس میں ہوائیں تیز چلیں۔ ج خُرُوق.
الخِرْق. ج اَخْراق و خُرَّاق و خُرُوْق و (الخِرِّیق) فیاض۔ سخی۔
الخُرق والخَرَق والخُرْقَة. رائے کی کمزوری۔ نادانی و بیوقوفی۔ سختی۔ نومَةُ الخُرق: چاشت کے وقت کی نیند۔ اس کو نومة الخُرق اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس وقت سونے سے عبادت بڑھتی ہے۔
الخِرْقَة. کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ ج خِرَق. چیتھڑا۔ دھجی۔
الخارِق. فا. وہ چیز جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو۔ ج خوارِق.
الخَرِیق والخَرُوْق. ٹھنڈی تیز ہوا۔
الخَرِیق: نرم ہوا۔ ج خُرُق: وادی کا کشادہ حصہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔
الخَرْقَاء. اَخرق کا مؤنث۔ کشادہ زمین۔ تیز ہوا۔
المَخْرَق. بے گھاس پانی کا بیابان۔ ج مَخارِق. مَخارِق کا استعمال عام طور پر بدن کے منافذ جیسے مُنہ، ناک وغیرہ پر ہوتا ہے۔
المَخْرَقَة. جھوٹ۔
المِخْرَاق. خوبصورت بدن والا۔ فیاض۔ تجربہ کار۔ ج مَخارِیق. المخارِیق: وہ کپڑا جس کو بٹ کر بچے کھیلا کرتے ہیں۔
المُنْخَرِق: تیز رفتار۔
المُخْتَرَق. گزرگاہ۔ مُخْتَرَقُ الرِیاح: ہوا کے چلنے کی جگہ۔ اور کہا گیا ہے "مکانٌ خاوِیُ المُخْتَرق" یعنی ایسی جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو۔
خَرَمَهُ (ن) خَرْمًا. شگاف ڈالنا۔ سوراخ کرنا۔ خرم الخَرزَةَ: توڑنا ہ: ناک کی درمیانی ہڈی پھاڑنا الاِبْرةَ: ناکہ توڑ دینا عن الطریق: ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "خَرَمَتْه الخَوارِمُ" یعنی وہ مر گیا۔ و "ماخَرَمْتُ مِنهُ شیئًا:" میں نے اُس میں سے کچھ کم نہیں کیا۔
خَرِمَ (س) خَرَمًا. تھنوں کے بیچ کی چھدی ہوئی ہڈی والا ہونا۔ صفت (اَخْرَم)
خَرُمَ (ک) خَرامَةً. شوخ و بیباک ہونا۔ صفت (خارِم و خَرِیْم)
خَرَّمَ. الخَرْزَةَ: سوراخ کرنا۔
تَخَرَّمَ. ٹوٹنا۔
تَخَرَّمَهُ واخْتَرَمَهُ. ہلاک کرنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ اِخْتَرَمَه المرضُ: لاغر کرنا۔ تَخَرَّمَتْه و اِخْتَرَمَتْه المَنِیَّةُ: اس کو موت نے لے لیا۔
اُخْتُرِمَ. عنّا: مرنا۔
اِنْخَرَمَ. انفُه: نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْخَرَمَ ذٰلِكَ القَرْن" یہ زمانہ ختم ہو گیا۔
الخَرْم. مس۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ ج خُرُوم.
الخُرْمَان. جھوٹ۔
الخَرْمَة. ناک میں چھدنے کی جگہ۔
الخَرْمَاء. چھدا ہوا کان۔ عنزة خرماء: بکری جس کا کان عرض میں پھاڑ دیا گیا ہو۔
الخَوْرَمَة. انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ۔
الاَخْرَم. مونڈھے کا کنارہ۔ شاہِ روم کا لقب۔
الاَخْرَمَان: اُوپر کے جبڑے میں دو سوراخ دار ہڈیاں۔
المَخْرِم. پہاڑ کی نوک کا آخری سرا۔ ج مَخارِم. مخارِمُ اللیل: رات کے ابتدائی حصے۔
خَرْمَشَ. الکتابَ: مٹانا۔ بگاڑنا۔
خَرْنَفَهُ. بالسیف: تلوار سے مارنا۔
الخِرْنِق. جوان خرگوش۔ ج خَرانِق.
الخَوَرْنَق. بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس۔ ایک نباتات۔
خَزَّ (ن) خَزًّا. الحائطَ: دیوار پر کانٹے رکھنا خَزَّ التمرُ یَخْزَز: کچھ کھٹا ہونا۔ صفت (خازٌ واخْتَزَّه) بالرمح: نیزہ مارنا کہا جاتا ہے "خزَّه واخْتَزَّهُ بِبَصرِه: اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا۔
الخَزّ. ریشم۔ ریشم اور اُون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج خُزُوْز.
الخُزَز. نر خرگوش۔ ج خِزّان واَخِزَّة.
الخُزَیْز. بہت ہی خشک عوسج (عوسج ایک کانٹے کا نام ہے)
الخَزَّاز. ریشم فروش۔
المَخَزَّة. خرگوشوں کی جگہ۔
خَزِبَ (س) خَزَبًا و تَخَزَّبَ. الجلدُ: بغیر درد کے سوجنا۔ صفت (خَزِب)
الشاةُ: سوجے ہوئے تھنوں والی ہونا۔ صفت (اَخْزَبَة و خَزْباء)
الخَیْزَب والخَیْزَبان. نرم گوشت۔ ایک ٹکڑے کو (خَیْزَبَة و خَیْزَبانَة) کہتے ہیں۔
الخَیْزَبان: شتر مرغ کا نر بچہ۔
الخُزَیْبَة. سونے کی کان۔
الخِزْبَاز والخَازِبَاز. مبنی علی الکَسْرَة: ایک قسم کی مکھیاں جو باغوں میں ہوتی ہیں۔ باغ کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
خَزَرَ (ن) خَزْرًا. کنکھیوں سے دیکھنا۔ چالاک ہونا۔ صفت (خازِر)
خَزِرَتْ (س) خَزَرًا. عینُه: تنگ آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْزَر) مؤنث خَزْراء ج خُزْر.
خَزَرَ. خَزِرَ الرَّجُلُ: بھاگنا۔
خَزَّرَ. الشَّیَ: تنگ کرنا۔
تَخازَر. نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو سمیٹنا۔
الخَزَر. آنکھ کی تنگی۔ ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں اور اسی سے ہے "بَحْرِ الخَزَر" یعنی بحر کیسپین۔
الخَزْرَة والخُزَرَة. پیٹھ کا درد۔
الخُزْرَة. بدترین قسم کا بھینگا پن جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشے کی جانب اُلٹ جاتا ہے۔
الخَیْزُرَان. بانس۔ نیزے۔ نرکل۔ ہر نرم لکڑی۔ لکڑی جس سے ملاح کشتی کو چلاتا ہے۔

واحد (خَیْزُرَانَة) ج خَیَازِر۔

الخَیْزُور. نرکل۔

الخَوْزَرَیٰ والخَیْزَرَیٰ. ایک قسم کی چال نازو انداز کے ساتھ۔

خَزْرَفَ. فی مشیته: ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

خَزَعَ (ف) خَزْعًا و تَخَزَّعَ. الشَّیَٔ: کاٹنا عن القوم: پیچھے رہ جانا۔ خزع منه شَیْئًا: لینا۔ تَخَزَّعُوا الشَّیَٔ: باہم تقسیم کرنا۔

خَزَّعَ. الشیء: کاٹنا ـــ الشَّیَٔ بینهم: تقسیم کرنا۔

اِنْخَزَعَ. الحبلُ: نصف سے کٹ جانا۔ الرَّجُلُ: بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔

اِخْتَزَعَهُ. لینا ـــ ہ عن القوم: جدا کر لینا۔

الخُزَاعُ. موت۔

الخَزْعَة. ایک پاؤں سے لنگڑاپن۔

الخِزْعَة. گوشت کا ٹکڑا۔

الخُزَاعَة. ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹا جائے۔

الخَوْزَعُ. بڑھیا۔

الخَوْزَعَة. ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جدا ہو۔

الخَزُوْعُ. وہ شخص جو لوگوں کے مال کو اڑا لے۔

الخَزْعَبَل والخُزَعْبِل والخُزَعْبِیْل. خوش طبعی کی باتیں۔ باطل باتیں۔

الخُزَعْبَلَة. خوش طبعی و مذاق۔

خَزْعَلَ. فی مشیه: لنگڑانا الماشی: پاؤں کو جھاڑنا۔

الخَزْعَل. بجو۔

الخُزَعَالَة. خوش طبعی و کھیل کود۔

خَزَفَ (ض) خَزْفًا. فی مشیه: ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا الثوبَ: پھاڑنا الشَّیءَ: چیرنا۔

الخَزَف. واحد (خزفة) ٹھیکری۔ مٹی کے پکے ہوئے برتن۔

الخَزَّاف والخَزَفِیّ. مٹی کے برتن بنانے والا یا بیچنے والا۔

خَزَقَهُ (ض) خَزْقًا. آہستہ نیزہ مارنا۔

خَزَقَهُ بالسهم: تیر مارنا۔ خزق الطائرُ: بیٹ کرنا الشَّیَٔ فی الارض: گاڑنا۔

تَخَزَّقَ وانْخَزَقَ. چھدنا۔

اِخْتَزَقَ. السیف: ننگی ہونا۔ میان سے نکل پڑنا۔

الخَازِق. فا. نیزے کا پھل۔

الخَازُوْق. تیز سرے کا ایک لمبا ڈنڈا جس کو مجرم کی دبر میں داخل کرتے تھے اور وہ اس پر مر جایا کرتا تھا۔ ج خَوَازِیق. مولدین نے اسی سے فعل "خَوْزَق" بنایا ہے۔

المِخْزَقَة. چھوٹا نیزہ۔

خَزِكَ (س) خَزَكًا. اصرار کرنا۔

خَزِلَ (س) خَزَلًا. شکستہ پشت ہونا۔ صفت (اَخْزَل و مَخْزُوْل)

خَزَلَ (ض) خَزْلًا. الشَّیَٔ: کاٹنا ہ عن حاجته: روکنا۔

تَخَزَّلَ. کٹنا۔ بوجھل چلنا السَّحابُ:

اَلاِخْتِزَالُ: علم حساب میں حذف کرنا اور کثیر کو قلیل کی طرف لانا۔ کسر اور اختصار: $(\frac{20}{6}, \frac{15}{25} - \frac{1}{2}, \frac{20}{5})$

اختصار (شارٹ) جلدی کی خاطر لکھنا۔

اِنْخَزَلَ. گرانباری سے چلنا فی کلامه: رک جانا عن الجواب: لاپروائی کرنا مِنَ المکان: علیحدہ ہونا۔

اِخْتَزَلَ. الشَّیَٔ: کسی چیز کو کاٹ لینا۔ ہ: عیب لگانا برایه: علیحدہ رائے رکھنا ہ عن قومه: علیحدہ کرنا الوَدِیْعَة: واپسی سے روک کر خیانت کرنا۔

الخُزْلَة. شکستگی پشت۔

الخُزَلَة. مراد سے روکنے والا۔

الخَوْزَلٰی والخَیْزَلٰی. ایک قسم کی چال جس میں ناز و انداز ہو۔

خَزَمَ (ض) خَزْمًا. اللآلی: پرونا۔ (وخَزَّمَ) البعیرَ: ناک میں حلقہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَزَمَ انفَ فلانٍ" یا "جَعَلَ فی اَنْفِهِ الخِزَامَة" فلاں کی ناک میں ناتھ ڈال دی۔ یعنی تابع و مسخر کر لیا۔

خَازَمَهُ مُخَازَمَةً. الطریقَ: دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ ملنا۔

تَخَزَّمَ. الشوكُ فی رجله: چبھنا۔

تَخَازَمَ. الجیشان: دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

الخَزَم. ایک درخت جس کی چھال سے رسی بناتے ہیں۔

الخُزَامَی والخُزَام. ایک قسم کی نباتات جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔

الخِزَامَة. باریک چمڑا جس سے دو تسموں کو باندھا جائے۔ ج خَزَائِم.

الخَزُوْمَة. گائے یا چھوٹے قد اور زیادہ عمر والی گائے۔

الاَخْزَم. نر سانپ۔

شراك (مَخْزُوْم) کٹا ہوا تسمہ۔

خَزَنَ (ن) خَزْنًا واخْتَزَنَ. المالَ: ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا السِّرَّ: چھپانا۔ اللسانَ: زبان روکنا۔ اِخْتَزَنَ الطریقَ: قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔

خَزِنَ (ن) خَزْنًا و خُزُوْنًا و خَزِنَ (س) خَزَنًا و خَزُنَ (ک) خَزَانَةً. اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَزِیْن)

اَخْزَنَ. محتاجی کے بعد مالدار ہوا۔

اِسْتَخْزَنَ. المالَ: ذخیرہ کرنے کو کہنا۔

اِسْتَخْزَنَ المالَ: ذخیرہ کرنا۔

الخِزَانَة والخَزِیْنَة. ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔

خَزَائِن. الخِزَانَة: خزانچی کا پیشہ۔

الخَازِن. فا. ذخیرہ کرنے والا۔ خازن الامیر: خزانچی۔ ج خَزَنَة و خُزَّان.

الخَازِن: زبان۔

الخَزْنَة والخَزِیْنَة. خزانہ۔ ذخیرہ کیا ہوا مال۔

الخَزَّان. زبان۔

المَخْزَن. ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج مَخَازِن. مخازن الطریق. مقصود کی

طرف قریب ترین راستہ۔
خزاہ (ن) خزوًا. غالب آنا۔ سیاست کرنا۔ خواہش نفسانی سے روکنا۔ دشمنی کرنا۔
خز الدابۃ: سدھانا۔
خزی (س) خزیًا و خزًی. ذلیل ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔ خزیۃ و خزی منہ خزایۃً و خزًی: شرم کرنا۔ صفت (خزٍ) مؤنث خزیۃ و (خزیان) مؤنث خزیاء ج خزایا.
خزی (ض) خزیًا. ہ: شرمندگی میں ڈالنا۔ رسوا کرنا۔ بہت زیادہ رسوا ہونا۔
خازاہ مخازاۃً. شرمندگی میں ڈالنا۔
اخزاہ اخزاءً. شرمندگی میں ڈالنا۔ ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا۔ اور جب کوئی شخص کوئی پسندیدہ فعل کرے تو کہا کرتے ہیں "اخزاہ اللہ ما اشعرہ" جیسے کہ کہتے ہیں "قاتلہ اللہ ما اشجعہ" ان جیسی دعاؤں میں معنی کا اعتبار نہیں ہوتا۔
استخزی. شرم محسوس کرنا۔
الخزی. ذلت۔ رسوائی۔ عذاب۔ دوری۔
الخزیۃ والخزیۃ. بلاء۔ مصیبت۔ ذلیل کن عادت۔
المخزاۃ. باعث رسوائی و شرمندگی۔
خسّ (س) خساسۃً و خسوسۃً و خِسّۃً. رذیل ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا۔ صفت (خسیس) ج خساس و اخسّۃ.
خسّ (ن) خسًّا و خسّسَ. نصیبہ: حصہ کم کرنا۔
اخسّ. گھٹیا کام کرنا ہ: رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔ اخسّ حظّہ: حصہ کم کرنا۔
تخاسّوا. الشیء: کسی چیز کو آپس میں لینا، دینا اور اس کی طرف سبقت کرنا۔
استخسّہ. رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔
الخسّ. خس. خسّ الحمار و خسّ البقر: دو جنگلی گھاس کے نام۔
الخساس. ہر وہ چیز جس کو لوگ آپس میں دیں لیں۔

الخساسۃ. تھوڑا مال۔
الخسیسۃ. الخسیس کا مؤنث۔ ج خسائس و خسائس الامور: حقیر باتیں۔ شیٔ (خساس و مخسوس) معمولی گھٹیا چیز۔
الخسّان. ستارے جو غائب نہ ہوں۔ جیسے بنات النعش.
خسأ (ف) خسأ الکلب: دھتکارنا۔ (خسأً و خسوءًا) البصر: چندھیا جانا۔ نگاہ کا تھک جانا (وخسِئ (س) خسأً و انخسأ) الکلب: دور ہونا۔ دھتکارا جانا۔
خاسأ مخاسأۃً و تخاسأ و تخاسؤا. القوم: آپس میں ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
الخسیٔ. گھٹیا اون وغیرہ۔
الخاسیٔ. فا من الخنازیر والکلاب: دھتکارے ہوئے کتے و سور جو لوگوں کے قریب نہ آنے دیئے جائیں۔
الخسیج. خیمہ۔ اون کا بنا ہوا کمبل۔
خسِر (س) خسرًا و خسرًا و خسرًا وخسارًا وخسارۃً وخسرانًا. نقصان اٹھانا۔ گمراہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (خاسر و خسیر و خیسری)
خسر (ض) خسرًا و خسرانًا. المیزان: کم کرنا۔ گھٹانا المال: ضائع کرنا۔
خسّرہ واخسرہ. نقصان کرانا۔ گمراہ کرنا۔ ہلاک کرنا۔ اخسر الرجل: نقصان میں پڑنا۔ اخسر المیزان: گھٹانا۔ کم کرنا۔
الخاسر. فا. کرۃ خاسرۃ: غیر مفید حملہ۔
الخنسر والخنسری. وہ شخص جو نقصان میں ہو۔ ج خناسرۃ.
خسع خسعًا. عنہ کذا: کسی سے کسی چیز کو دور کیا جانا۔
خاسع القوم و خسیعتہم. قوم کا خسیس ترین فرد۔
خسف (ض) خسوفًا. المکان: دھنس جانا القمر: گہن لگنا العین: آنکھ کا جاتا رہنا یا اندر کو دھنس جانا السقف: گر. الشیٔ: کم ہونا الرجل: دبلا ہونا۔ خسف فی الارض و خسف بہ: زمین میں دھنس (خسفًا) الشیٔ: کاٹنا العین: پھوڑنا اللہ الارض: مع ساری چیزوں کے دھنسا دینا۔ اللہ الارض بفلان: زمین میں دھنسا دینا۔ البئر: پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا جو ہمیشہ جاری رہے فلانًا: ذلیل کرنا۔ ناپسندیدہ امر پر مجبور کرنا۔ خسف الشیٔ فخسف ھو: پھاڑنا اور پھٹنا۔ (لازمی و متعدی)
اخسفت وانخسفت. عینہ: اندھی ہونا الارض: مع ساری چیزوں کے دھنس جانا البئر: گر جانا۔
الخسف. مص۔ عیب۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "سامہ خسفًا و خسفًا" اس نے اس کو ذلیل کیا اور اس کو مشقت کی تکلیف دی۔
الخسف: کنوئیں کا سوت۔
الخاسف. فا. دھنسی ہوئی آنکھ۔ دبلا۔ بیماری کی وجہ سے لاغر۔ بھوکا۔ ج. خسف.
الخسف والخسف اخروٹ واحد (خسفۃ) کہا جاتا ہے "باتوا علی الخسف" انہوں نے فاقہ سے رات گزاری۔ و "شربنا علی الخسف" بغیر کچھ کھائے ہوئے ہم نے پیا۔
الخسیف. ج اخسفۃ و خسف و (الخسوف) ج خسف. من الآبار: کنواں جو چٹان میں کھودا جائے اور اس کا پانی ختم نہ ہو۔ والخسیف من العیون: دھنسی ہوئی آنکھ من النوق: بہت دودھ والی اونٹنی جس کا دودھ جاڑے میں جلدی ختم ہو جائے۔ من السحاب: بہت پانی کو لے کر اٹھنے والا بادل۔
خسق (ض) خسقًا و خسوقًا. السہم: اچھی طرح نافذ نہ ہونا۔
الخسّاق. بڑا جھوٹا۔ کہا جاتا ہے "ھو ذو خسنات فی البیع" وہ کبھی بیع کو جاری کرتا

ہے۔ کبھی فتح کرتا ہے۔

خَسَلَهٗ (ن) خَسْلًا. رذیل کرنا۔ دُور کرنا۔

الخِسالة والخُسالة. ہر چیز کا ردی حصّہ۔

الخَسِیل. فرومایہ۔ رذیل۔ ج خِسال و خَسائِل

الخُسَّل والخُسَّال. کمینے وکمزور لوگ۔

المُخسَّل والمَخسُوْل. رذیل۔ حقیر۔

خَاسَیٰ مُخاساةً واَخْسَیٰ اِخساءً خَسّیٰ تَخْسِیَةً ہ: اخروٹ سے باہم طاق و جفت کھیلنا۔

الخَسا. طاق۔ ج الاَخاسِي (خلاف قیاس) کہا جاتا ہے "خَسًا اَوْ زَکًا" یعنی طاق یا جفت۔

الخَسِيّ. اُون کا کپڑا یا خیمہ۔

خَشَّ (ن) خَشًّا. فیه: داخل ہونا السحابُ: تھوڑی بارش برسنا زیدًا: نیزہ مارنا البعیرَ: اُونٹ کی خشاش ڈالنا۔ (دیکھئے لفظ "خشاش")

اِنخشَّ. فیه: داخل ہونا بَیْنَ القومِ: گھل مل جانا۔

الخَشّ. مِنَ: تھوڑی بارش۔ شگاف۔ کھردری چیز۔ پیادے۔

الخُشّ. ٹیلہ۔

الخاش. فا. الخشّ کا واحد بمعنی پیادہ۔

الخِشاش. کیڑے مکوڑے۔ پہاڑی سانپ۔ ایک قسم کی لکڑی جس کو اُونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں۔ واحد (خِشاشة) غضب۔ کہا جاتا ہے "حَرَّكَ خِشاشَهٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔

خُشاشا الشَّیْءِ: چیز کے دونوں کنارے۔ ج اَخِشّة

الخُشاش. ردی۔ گھٹیا۔ بہادر۔

الخَشاء. گارے اور کنکر والی زمین۔ ج خَشّاوات و خَشاشِيّ

الخُشّاء. کان کے پیچھے اُبھری ہوئی ہڈی۔

المِخَشّ. دلیر مرد جو رات کی ہولناکیوں میں کام کرے۔ دلیر گھوڑا۔

الخشیش والخُشَیْش. ہرن کا بچہ جو چلنے

لگے۔

خَشَبَ (ض) خَشْبًا. الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: ملانا الشَّیْءَ: چھانٹنا۔ صاف کرنا السَّیْفَ: صیقل کرنا (واختَشَبَ) الشِّعرَ: آمد کے مطابق بغیر تنقیح کے اشعار کہنا۔

اِختَشَبَ السَّیْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

خَشُبَ. الشَّیْءُ: موٹائی میں لکڑی کی مانند ہونا۔

تخشَّبَ. چراگاہ سے سوکھی گھاس چرنا۔ السَّیْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

اِخْشَوْشَبَ. لکڑی کی مانند سخت ہونا۔ في عَیْشِه: مشقت پر صبر کرنا۔

الخَشَب. موٹی لکڑی۔ ج خَشَب و خُشُب و خُشْبان

الخَشِب والاَخشَب. موٹا کھردرا۔

عَیْشٌ خَشِبٌ: ناپسندیدہ زندگی۔

الخَشّاب. لکڑی بیچنے والا۔ ج خَشّابة

الخَشْباء. سخت زمین جس میں پتھر، کنکر اور گارہ ہو۔

الخَشِیب. مِنَ السُّیُوفِ: تلوار جو ابھی ڈھالی گئی ہو۔ صیقل کی ہوئی تلوار۔ ردی۔ گھٹیا۔ صاف کی ہوئی چیز مِنَ القِسِيِّ: تراشی ہوئی کمان۔ ج خُشُب و خُشائِب

المَخْشُوْب. مخلوط نسب والا۔ وہ شخص جس کی تعلیم وتربیت اچھی نہ ہوئی ہو۔ وہ شخص جو اچھے طریقے سے کام نہ کرتا ہو۔

المِخْشاب. موٹا۔ پست قد۔

الخَشْبَل. سخت ٹیلہ۔

الخَشْتَق. کتان۔ ریشم۔ چوبغلہ۔

خَشْخَشَ خَشْخَشَةً و تَخَشْخَشَ. السلاحُ او الحُلِيُّ: جھنکار ہونا فلانٌ بَیْنَ الشَّجرِ و بَیْنَ القومِ: داخل ہو کر غائب ہو جانا۔

الخَشْخاش. پوست کا پودہ۔ واحد (خشخاشة)

خَشَرَ (ض) خَشْرًا. دسترخوان پر ردی چیز چھوڑنا الشَّیْءَ: کسی چیز سے اس کے ردی

حصّہ کو دور کرنا۔

خَشِرَ (س) خَشَرًا. بزدلی سے بھاگنا۔ حریص ہونا۔

الخُشار والخُشارة. ہر چیز کا ردی حصّہ۔ دسترخوان کا بچا کھچا۔ جو کا دانہ جس میں گودا نہ ہو۔ رذیل لوگ۔

خاشِرة. النّاس: رذیل لوگ۔ واحد (الخاشر)

خَشْرَبَ خَشْرَبَةً. ادھورا کام کرنا۔

خَشْرَمَتِ. الضَّبُعُ: کھانے میں چپڑ چپڑ کرنا۔

الخَشْرَم. شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کی جماعت۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں۔ ج خَشارِمة.

الخُشارِم. موٹی آواز۔ بڑی ناک۔

خَشَعَ (ف) خُشُوعًا. له: فروتنی کرنا۔ عاجزی کا اظہار کرنا۔ صفت (خاشِعٌ) ج خُشَّع و خَشَعة و خاشِعُوْن بِبَصَرِه: پست کرنا بَصَرُهٗ: نگاہ کا پست ہونا الصَّوتُ: آواز کا پست ہونا الشَّمسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا الوَرَقُ: پتے مرجھانا الارضُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔

اَخشَعَهٗ. کسی کو فروتنی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَخَشَّعَ. فروتنی کرنا۔ (وتخاشَعَ) فروتنی دکھانا۔

اِختَشَعَ. کسی کے سامنے سر جھکاتے ہوئے فروتنی کرنا۔

الخاشِع. فا. مَكانٌ خاشِعٌ: وہ جگہ جس کا راستہ نہ ملے۔ بَلْدَةٌ خاشِعَةٌ: وہ شہر جس میں اُترنے کی کوئی جگہ نہ ہو۔ جِدارٌ خاشِعٌ: دیوار جو گر کر زمین کے ہموار ہو گئی ہو۔

الخُشْعة. بچہ جو مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر نکالا گیا ہو۔

الخُشْعة. پست ٹیلہ۔ ج خُشَع

خَشَفَ (ن ض) خُشُوْفًا و خَشَفانًا.

مُلک میں جانا اور غائب ہو جانا۔ رات میں چلنا۔ الماءُ: جمنا البردُ: تیز ہونا (وانخشَف) فِی الشَّیءِ: داخل ہونا۔

خشَف (ض) خشَافَةً. بالقوم: ساتھ چلنا اور راہبری کرنا (خَشْفًا و خَشَفَةً) الجلیدُ: برف پر چلنے سے آواز نکلنا فی السَّیرِ: تیز چلنا۔

خشِف (س) خشَفًا. البعیرُ: پورے بدن پر خارش والا ہونا۔ صفت (اَخشَف) مؤنث خشفاء. ج خُشْف.

خشَّف. راستہ بتلانا۔

خاشَف. الی الشرِّ: برائی کی طرف سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "خاشَفَ فی ذِمَّتِهٖ" اس نے بدعہدی کرنے میں جلدی کی۔

خاشَفَ السَّهمُ: سنسناہٹ سنائی دینا۔

اَخشَفَت. الظَّبیَةُ: بچہ والی ہونا۔

الخاشِف. فا. سَیفٌ خاشِفٌ: تیز تلوار۔ ماءٌ (خاشِفٌ و خَشِفٌ) جما ہوا پانی۔

الخشف. بتثلیث الخاء: ہرن کا نوزائیدہ بچہ۔ ج خِشَفَةٌ (والخُشَف) سبز رنگ کی مکھی۔ واحد (خُشَفَة)

الخشف والخَشَفَة والخشفة. آواز۔ حرکت۔ آہٹ۔ الخِشْف: ذلت۔

الخِشف والخُشف گھٹیا قسم کا اُون۔

الخُشُوف. معاملات میں دخل دینے والا مِنَ الرِّجال رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز مِنَ السُّیُوف تیز تلوار۔

الخُشّاف چمگادڑ۔

المَخْشَف وہ جگہ جہاں پانی جم گیا ہو۔

المِخْشَف. راہبر۔ معاملات میں دخل دینے والا۔ رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز۔

خَشَلَهٗ (ن) ہ خَشْلًا و خَشَلَةً. حقیر بنانا۔ خَشَلَ الشَّرابَ صاف کرنا۔

خَشِلَ (س) خَشَلًا. الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

تَخَشَّلَ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ ردی چیز لانا۔

الخَشْل والخَشَل. ردی۔ الخَشْل: ہر جوفدار چیز۔ خالی کیا ہوا انڈا۔ واحد (خَشْلَة) کہا جاتا ہے۔ رجلٌ (خَشْلٌ فَشْلٌ و خَشِلٌ فَشِلٌ) کمزور مرد۔

خشَمَہٗ (ض) خشمًا ناک کی جڑ توڑنا۔

خشِم (س) خشمًا و خُشُومًا. چوڑی ناک والا ہونا الانف: بدبودار ہونا۔

خشِم (س) خشمًا و خشَم واَخشَم و تخشَّم. اللحمُ: بدبودار ہونا۔ خشَّمه الشرابُ: ناک کی جڑ میں شراب کی بو پہنچ کر مست کر دینا۔

الاَخشَم. چوڑی ناک والا۔ بو محسوس نہ کرنے والا۔ اَنفٌ اخشَم: بدبودار ناک۔ مؤنث خشماء ج خُشْم.

الخَیشُوم. ناک کی جڑ۔ ج خیاشِیم.

الخَیاشِیم: ناک کے اندر کی رگیں۔

خیاشِیم الجبال: پہاڑوں کی چوٹیاں۔ کہا جاتا ہے۔ "اَشرَفتُ خیاشیمَ الجبال"

الخُشَام. شیر۔ بڑی ناک والا۔ بڑا پہاڑ جس کی بڑی چوٹی نکلی ہوئی ہو۔

رَجُلٌ (مَخشُوم) مست مرد۔

خَشُن (ک) خُشْنَةً و خَشَانَةً و خُشُونَةً و مَخْشَنَةً. سخت و کھردرا ہونا صفت (خَشِن) ج خِشَان.

خشَّنَهٗ. سخت و کھردرا بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَشَّنَ صَدْرَهٗ" اس نے اس کو غصہ دلا کر بھڑکا دیا۔

خاشَنَهٗ. سختی کا برتاؤ کرنا۔

تَخَشَّن. سخت کھردرا ہونا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔ موٹا کھردرا پہننا۔

تَخاشَن. بتکلف سختی برتنا۔

اِستَخشَنَ. الشَّیءَ کھردرا پانا۔

اِخشَوشَنَ. سخت کھردرا ہونا۔ علیه صَدرُهٗ غضبناک ہونا۔

الخَشِین سخت طبیعت والا۔

الاَخشَن. سخت و کھردرا۔ مؤنث خَشْناء ج خُشْن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَخشَنُ" بُرے حال والا۔ و "هُوَ اَخشَنُ الجانب" وہ دشوار طاقت سے زیادہ ہے۔ "کَتِیبَةٌ خَشناءُ" بہت ہتھیار والی فوج۔

خَشِیَ (س) خَشْیًا و خِشْیًا و خَشْیَةً و خَشَاةً و خَشْیَانًا و مَخْشِیَةً و مَخْشَاةً. ڈرنا۔

خشَّاہُ تخشیةً و خشَّاءً. ڈرانا۔ خشَّاہُ فلانًا: کسی سے خوف دلانا۔

الخَشِی والخاشِی والخَشیان و الخَشِیُّ. ڈرنے والا۔ مؤنث خاشیة وخشیة وخشیانة وخشیًا. ج خَشَایَا.

الخشِی والخشِیُّ مِنَ النَّبات: خشک گھاس۔ کہا جاتا ہے "هذا المکانُ اَخشی مِن ذاک" یہ جگہ اس سے زیادہ خوفناک ہے۔

خَصَّ (ن) خَصًّا و خُصُوصًا و خُصُوصَةً و خُصُوصِیَّةً و تَخِصَّةً و خِصِّیَّةً و خِصِّیصی و خِصِّیصاء. فلانًا بالشیءِ خاص کرنا۔ خصوصیت دینا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّهٗ بالوُدِّ" یعنی اس نے اسی کے ساتھ محبت کی (خُصُوصًا) الشیءُ: خاص ہونا الشیءَ لِنَفسِهٖ اپنے لئے چھانٹ لینا۔

خَصَّ (س) خَصَاصَةً و خَصَاصًا و خَصَاصاءُ محتاج ہونا۔

خصَّص. الشیءَ: خاص کرنا ہ بالشیء: کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا الغلامُ: لکڑی کے سرے پر آگ لے کر گھمانا۔ بیٹھی گھمانا۔

اِختَصَّ. محتاج ہونا بالشیء: خاص ہونا ہ بالشیءِ خاص کرنا اور اسی سے ہے۔ "اللّٰهُ یَختَصُّ بِرَحمَتِهٖ مَن یَّشاءُ" اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے۔

تَخَصَّصَ. بالشیءِ: خاص ہونا۔ تَخَصَّصَ الرجلُ خاص لوگوں میں سے ہونا۔

اِستَخَصَّ. الشیءَ: مخصوص ہونے کی درخواست کرنا۔

الخُصّ بانس یا لکڑی کا جھونپڑا۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ ج اَخْصَاص و خُصُوص و خِصَاص۔ شھر (خِصٌّ) ناقص مہینہ۔

الخَاصُّ فا عام کی ضد۔ یکتا۔

الخَاصَّة عَامَّة کی ضد۔ وہ چیز جس کو تم اپنے لئے خاص کر لو۔ خاصَّةُ المَلِك: بادشاہ کے مقرب لوگ۔ خاصَّةُ النَّبات: نباتات کی قوت و اثر۔ ج خواصّ (والخَوَاصُّ والخُصَّان والخِصَّان) مِنَ القوم: برگزیدہ اور بڑے لوگ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا یَفْعَلُ هٰذا خِصَّانُ النَّاسِ" اس کو بڑے بڑے لوگ ہی کرتے ہیں۔

الخَاصِّيَّة خاصہ کی جانب نسبت۔ ج خاصِیَّات و خَصَائِص۔

الاَخَصُّ افضل۔ کہا جاتا ہے "لَمْ یَکُنْ فِي اَطْبَائِهِ اَخَصُّ مِنْ هٰذَیْن"

الخُصَاصَة انگور توڑنے کے بعد بیل میں چھوٹے ہوئے دانے۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ج خُصَاص۔

الخَصُوص والخُصُوص علیحدگی۔ اس کے مقابلہ میں عموم ہے۔ انحصار۔ اس کے مقابلہ میں اطلاق ہے۔ اور کہا جاتا ہے "عَلَى الخُصُوصِ و خُصُوصًا" یعنی خاص طور پر جیسے حریری کا قول ہے۔ لَنْ یَصْقُلَ الخاطِرَ ویُنَشِّطَ الفاتِرَ کقائِلَةِ الهَوَاجِر وخُصُوصًا فی شَهْرَی ناجِر۔

الخَصَاص ...س۔ دروازہ کی جھری۔ برقع وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "بَدَرَ القَمَرُ مِنْ خَصَاصِ الغَیْمِ" چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہوگیا۔ وَلَمَحْتُهُ مِنْ خَصَاصِ البَاب" میں نے اس کو دروازہ کی جھری سے دیکھا۔ مکان وغیرہ میں شگاف۔ واحد (خَصَاصَة) اور کہا جاتا ہے "سَدَدْتُ خَصَاصَةَ فلانٍ" میں نے فلاں کی محتاجی دور کردی۔

خُوَیْصَّة الانسان: وہ شخص جو خدمت کرنے کے لیے مخصوص ہو۔

خَصِبَ (ض) وخَصِبَ (س) خِصبًا المکانُ: سرسبز ہونا۔ زرخیز ہونا۔ صفت (خَصِب وخَصِیب ومُخْصِب ومِخْصَاب)

اَخْصَبَ المکانُ: سرسبز ہونا اللهُ المکانَ: سرسبز کرنا الشاةُ: سرسبزی میں پہنچنا القومُ: سرسبزی پانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْصَبَ جَنَابُ القَومِ" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔

الخَصْبَة شگوفہ خرما۔ بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خَصْبَة)

الخِصْب سبز گھاس کی کثرت۔ فراخی زندگانی۔ ج اَخْصَاب کہا جاتا ہے "بلدٌ خِصْبٌ واَخْصَاب" جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے) یعنی سرسبز شہر اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خَصِیبٌ واَرَضُونَ خِصْبٌ واَرْضٌ خِصْبَةٌ وخَصْبَةٌ"

الخِصَاب بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خِصَابَة)

(رجل خَصِیب) بہت فیض والا مرد۔

خَصِرَ (س) خَصَرًا الیومُ: ٹھنڈ ہونا۔ الرَّجُلُ: ٹھنڈک کی وجہ سے اطرافِ اعضاء میں تکلیف پہنچنا۔

اَخْصَرَ القَرُّ انامِلَه: سردی کا انگلیوں کو ٹھنڈا کردینا۔

خاصَرَهُ مُخاصَرَة ہاتھ پکڑ کر چلنا۔ کسی کے پہلو میں چلنا یا کسی کے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنا۔

اِخْتَصَرَ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ الکلامَ: مختصر کرنا الطَّرِیقَ: قریب کا راستہ چلنا۔ فی الشَّیْءِ: زائد چیزیں حذف کرنا الرَّجُلُ: ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا۔ بالعَصَا: ٹیک لگانا۔

تَخاصَرَ اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا القومُ: ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اکٹھے چلنا۔

تَخَصَّرَ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔

بالمِخْصَرَة لاٹھی کو ہاتھ میں لینا۔

الخَصْر کمر۔ خَصْرُ القَدَمِ: تلوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج خُصُور۔

الخَصَر سردی۔

اَلخَصِر ٹھنڈا۔

الخِصَار ازار۔

الخَاصِرَة من الانسان: پہلو۔ ج خَوَاصِر پہلو کا درد۔

المِخْصَرَة ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی ز چھڑی وغیرہ۔ عصائے شاہی جس کو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے۔ ج مَخَاصِر۔ مَخاصِرُ الطَّرِیق: اقرب ترین راستہ۔

المُخَصَّر باریک کمر والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُخَصَّرُ القَدَمَیْنِ" وہ ایسا شخص ہے جس کا تلوا زمین سے نہیں لگتا۔

رجل (مَخْصُور) کمر یا پہلو میں درد والا۔

اَخْصَرَ مختصر۔ اِخْتَصَرَ کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔

خَصَفَ (ض) خَصْفًا واَخْصَفَ و اِخْتَصَفَ النعلَ: جوتا سینا۔ جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا۔ الشَّیْءَ علی الشَّیْءِ: چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ یَخْصِفُونَ اَقْدَامَ القَوْمِ بِاَقْدَامِهِمْ" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں۔

خُصِفَ بہ پیچھے کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔

خَصَّفَ بدخلق ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اس کے تکلف میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّفَهُ الشَّیْبُ" بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کردیئے۔

الخَصْف س۔ جوتا۔

الخَصَف سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ۔

الخَصَفَة کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ موٹا کپڑا۔ ج خَصَف و خِصَاف۔

الخَصَف والخَصَفَة چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔

الخُصْفَة جوتے وغیرہ کا سوراخ۔

الخَصَّاف بڑا جھوٹا۔ موچی۔

الخَصِیف راکھ۔ سلا ہوا جوتہ۔ تازہ دودھ

جو دہی پر ڈالا جائے۔ (والاخصف) سفید و سیاہ۔ سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔
الاخصف شتر مرغ۔ مؤنث خصفاء.
شاة (مخصوفة) سفید و سیاہ رنگوں والی بکری۔
خصل(ن) خصلا. الشئی کاٹنا۔ جدا کرنا۔ (خصل(ن) خصلا و خصالا)
القوم فائق ہونا۔ مرتبہ میں بڑھ جانا۔
خصّل ٹکڑے کرنا الشجر چھانٹنا۔
خاصلة خصالا و مخاصلة تیر اندازی میں شرط لگانا۔
اخصل. الرامی نشانہ پر ٹھیک لگانا۔
تخاصل. القوم تیر اندازی میں باہم شرط لگانا۔
الخصل مص۔ تیر کا نشانہ پر لگنا۔ شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو۔ جس پر جوا کھیلا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ "احرز خصله واصاب خصله" یعنی وہ غالب رہا۔ ج خصول.
الخصلة عادت (حسنہ یا قبیحہ) غالب استعمال حسنہ کیلئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا۔ ج خصال (والخصلة) گچھا۔ کانٹے دار لکڑی۔ تر لکڑی کا کنارہ۔ ج خصل
الخصل لٹکتے ہوئے درخت کا کنارہ۔
الخصلة بالوں کا گچھا، گوشت کا عضو۔
الخصیلة بالوں کا گچھا۔ گوشت جس میں پٹھا بھی ہو۔ ج خصیل و خصائل کہا جاتا ہے "ارتعدت فرائصه واضطربت خصائله" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا اور پٹھے والا گوشت تھر تھرانے لگا۔
المخصل شمشیر براں (مفصل میں ایک ضعیف لغت)
المخصال دارنتی۔
خصم(ض) خصما جھگڑے میں غالب آنا۔
خاصمة خصاما و مخاصمة جھگڑا کرنا۔ اسم (الخصومة) ہے۔

اخصم جھگڑا کرنے کیلئے دلیل سمجھانا۔
تخاصم واختصم. القوم ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
الخصم مص۔ مدمقابل۔ مخالف۔ جھگڑا کرنے والا۔ تثنیہ جمع اور مؤنث کے لیے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هما وهم وهي خصمي" ج خصوم و خصام واخصام"
الخصم جانب۔ گوشہ۔ ج اخصام خصوم.
الخصیم جھگڑالو۔ ج اخصام و خصماء و خصمان.
الخصم ج اخصام و خصمون
(الخصوم) جھگڑالو۔ مخالف۔ مدمقابل۔
خصی(ض) خصاء. خصی کرنا۔
الخصی فوطوں میں درد والا۔
الخصی وہ شخص جس کے فوطے نکال لیے گئے ہوں۔ آختہ۔ ج خصیة و خصیان.
الخصیة. فوطہ ج خصی. خصیة البحر و خصی الثعلب و خصیة الدیك و خصیة الکلب مختلف نباتات کے نام۔
خضض. الجارية سفید مہرے پہنا کر سنوارنا۔
خاضه مخاضة بیع بالعوض کرنا۔
الخضض سفید مہرے۔ رنگ برنگ کے کھانے۔ بیہودہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "منطق خضض"
الخضاض کم حیثیت زیور۔ روشنائی۔ قیدی کی بیڑی۔ کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا۔
رجل خضاض و خضاضة بیوقوف مرد۔ مکان (خضیض) پانی سے تر جگہ۔
خضب(ض) خضبا و خضب. الشئی رنگین کرنا۔
خضب(ض) وخضب(س) خضوبا وخضب واخضب الشجر او المکان سرسبز ہونا۔
تخضّب واختضب. بالحناء رنگین ہونا۔ صفت (خضیب) ج خضب و (مخضوب و مخضب)
اخضوضب اخضیضابا. الشجر: سرسبز ہونا۔
الخاضب شتر مرغ جس کے پیخ پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہوگئی ہوں۔
الخضب جڑی بوٹیوں میں سبز مادہ جو کہ کلورین کے نام سے مشہور ہے وہ پتوں اور دانوں میں ہوا کے اندر کاربون آنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے جس کی مدد سورج کی شعاعیں بھی کرتی ہیں۔
الخضب مص۔ درخت کی سبزی۔ بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی۔ ج خضوب.
الخضاب رنگ۔ رنگ کرنے کی چیز۔
الخضبة خضاب لگانے والی عورت۔
الخضوب بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی۔
الخضیب رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "کف خضیب وامرأة خضیب" رنگی ہوئی ہتھیلی۔ خضاب لگائی ہوئی عورت۔ ج خضب. الکف الخضیب ایک ستارے کا نام۔
المخضب کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن۔ لگن۔
خضخض خضخضة. الماء و نحوہ: ہلانا۔
تخضخض ہلنا۔
الخضاخض. من الاماکن جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں۔ بڑے پیٹ والا موٹا مرد (والخضخض) چھوائی اور پروائی کے درمیان کی ہوا۔
خضد(ض) خضدا. العود بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا۔ موڑنا الشجر کانٹے کاٹنا الرجل لکڑی گاجر وغیرہ کی مانند تر چیز کھانا۔
خضّد کاٹنا۔
تخضد وانخضد. العود ٹوٹنا۔

اِنْخضدَتِ الثمارُ: پھلوں کا پارہ پارہ ہونا۔
الخَضد. کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ پھلوں کی پژمردگی۔ نباتات کی کمزوری۔
خَضَد البَدَن: کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا۔ خَضَد السَّفر: تکانِ سفر (والخَضَاد) اعضاء کا درد۔
الخَضِد والمَخْضُوْد. اُٹھنے سے عاجز، کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَخْضُوْدٌ" ذلیل سے عاجز مرد۔
الاَخضَد والمُتخَضِّد. دوہرا ہونے والا۔
المِخْضَد. بہت کھانے والا۔
خَضِرَ (س) خَضَرًا. سبز ہونا الزَّرْعُ: سرسبز و شاداب ہونا۔
خَضَرَ (ن) خَضْرًا. النخلَ: کاٹنا۔
اَخْضَرَ. الريُّ النباتَ: سرسبز و شاداب کرنا۔
خَضَّرَ. الشيئَ: سبز کرنا۔
خَاضَرَهُ مُخاضَرةً. درخت کے اُوپر ہی کچا پھل بیچ دینا۔
اِخْضَرَّ واخْضَوْضَرَ. سبز ہونا۔ واخْضَرَّ اللیلُ: سیاہ ہونا۔
اِخْتَضَرَ. الفاکهةَ: وقت سے پہلے کچا کھانا العشبَ: سبز رہتے ہوئے کاٹنا الجاریةَ: بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا۔ اُخْتُضِرَ: جوان مرنا۔
الخِضْر والخَضِر. اس ذاتِ گرامی کا نام جن سے سیدنا موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی۔ اور اس کی کچھ تفصیل سورۂ کہف میں ہے۔
الخَضِر. سبز۔ ٹہنی۔ کھیتی۔ سبز ترکاری۔ سبزہ زار۔
الخَضَار. نئی سبزی۔ زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔
الخَضِیْر. سبز۔ سبز ترکاری۔
الخُضْرَة. سبز رنگ۔ ترکاری۔ نرمی و نازکی۔ کہا جاتا ہے۔ "غُصْنٌ فِيهِ خُضْرَةٌ" ٹہنی جس میں نرمی ہو۔ ج خُضَر وخُضْر و "خَضْرَةُ الدِّمَن" کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو اس کیلئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) والخُضْرَةُ فِي اَلْوَانِ الابلِ والخَيْلِ: مٹیالا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو فِي اَلْوَانِ النَّاسِ: گندم گونی۔
الخَضَّار. سبزی فروش۔
الخُضَارة. سبز ترکاریاں۔ خَضارَةُ: سمندر کیلئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
الخُضَارِيُّ والخُضَيْرِيُّ. ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں۔ ج خَضَارِيّ.
الخَضْرَاءُ. اخضر کا مؤنث۔ القُبَّة الخَضْرَاءُ: آسمان۔ و خَضْرَاءُ القَوْمِ: قوم کا بڑا حصہ۔ ج خَضْرَاوَات.
الخَضْرَاوَات: ترکاریاں۔ میوے۔
الاَخْضَرَان. گھاس و درخت۔
الاَخَاضِر. سونا۔ گوشت و شراب۔
الاُخَيْضِر. مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری۔
المَخْضَرَة. سبزہ زار۔
خَضْرَمَ. الاُذُنَ: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔
الخِضْرِم. بہت پانی والا کنواں۔ بہت بڑا سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ خِضْرِمٌ" بہت پانی والا سمندر۔ و "رَجُلٌ خِضْرِمٌ" بہت فیاض مرد۔ (والخِضَارِم) ج خِضْرِمُوْنَ وخَضَارِمُ و خَضَارِمَةٌ:
الخُضْرِمِ: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔ زگوہ کا بچہ۔
المُخَضْرَم. غیر مختون۔ وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو۔ وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو۔ وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو۔ "مَاءٌ مُخَضْرَمٌ: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔
خَضَعَ (ف) خُضُوْعًا و خَضَعًا و خُضْعَانًا. عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ سرفگندہ ہونا۔ صفت (خَاضِعٌ) ج خُضَّعٌ و (خُضُوْعٌ) ج خُضُعٌ. لَهُ: تابع و فرمانبردار ہونا النجمُ: مائل بغروب ہونا الرجلَ: ساکن کردینا۔
خَضِعَ (س) خَضَعًا. الرَّجُلُ: جھکا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْضَعُ) مؤنث خَضْعَاءُ.
خَضَّعَهُ. عاجز کرنا اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَخْضَعَ. عاجز ہونا۔ عاجز کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْضَعَتْنِي اِلَيْكَ الحَاجَةُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنادیا۔ الکِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا۔
خَاضَعَهُ. نرمی سے گفتگو کرنا۔
تَخَضَّعَ واخْضَوْضَعَ. بتکلف عاجزی ظاہر کرنا۔
اِخْتَضَعَ. عاجز ہونا الصقرُ: ٹوٹ پڑنے کیلئے سر جھکانا فی سَيْرِهِ: تیز چلنا۔
الخَضَع. س۔ پیدائشی گردن کی پستی۔
الاَخْضَع. ذلت پر راضی۔ دبی ہوئی گردن والا۔
الخُضَعَة. ہر ایک سے عاجزی ظاہر کرنے والا۔ اپنے ہمسر پر غالب آنے والا۔ ج خُضَع.
الخَضْعَة والخَضَعَة. تلواریں۔ کوڑے۔ تلواروں اور کوڑوں کی آواز۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسِّيَاطِ خَضْعَةً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی۔
الخَضِيْعَة. آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے۔ سیلاب کی آواز۔
الخَيْضَعَة. لڑائی کا شور۔ میدان جنگ اور اس کا غبار۔
الخَيْضَع. مِنَ الرِّجَالِ: ذلت پر راضی ہونے والا۔
خَضَفَ (ض) خُضَافًا وخَضْفًا. گوز کرنا۔ صفت (خَضِيْفٌ وخَضُوْفٌ وخَضَّافٌ)
الخَضَف. چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ۔

الاخضف۔

خضِلَ(س) خَضلًا واَخضَل واِخضَلَّ و اِخضَوضَل. تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ صفت (خَضِل و خاضِل) کہا جاتا ہے "عَیشٌ خَضِلٌ" شاداب زندگی۔ و "شَوَاءٌ خَضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت۔ و "سِنَانٌ خضِلٌ" خون سے تر نیزہ۔

خَضَّلَ واَخضَلَ. الشیء: تر کرنا۔

اِخضَالَّ واِخضَلَّ. تر ہونا۔

الشجرُ: بہت ٹہنی اور بکثرت پتے ہونا۔

الخَضَل والخضل. صاف موتی۔ ایک قسم کے مہرے۔ واحد (خَضلَة)

الخُضلَة. تروتازگی۔ آسودگی۔ نعمت۔ زندگی کا آرام و آسودگی۔

الخَضِيلَة. سرسبز و شاداب باغ۔

المُخضَل والمُخضَلُّ. آسودہ زندگی والا۔

خضَم (ض) وخضِم (س) خضمًا. الطعامَ: انتہائی داڑھ سے کھانا۔ منہ بھر کے کھانا۔

اَخضَم لَهٗ في العَطَاءِ: زیادہ دینا۔

الخِضَمُّ. بڑا سمندر۔ سردار۔ بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ سَيفٌ خِضَمٌّ: شمشیر بُراں۔

الخُضَام والخضامة. وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے۔

الخَضِيمَة. سبز نباتات۔ بہت نباتات والی زمین۔ اُبلا ہوا گیہوں۔

الخُضمَّة. درمیان۔ چیز کا بڑا حصہ۔

المُخضَم والمُخضَّم. آسودہ زندگی والا۔

خطَّ(ن) خطًّا. بالقلم: لکھنا۔

الخطّةَ لنفسہ: نشان لگا کر اپنے لیے مخصوص کرنا۔

الشَّيءَ: قلم وغیرہ سے لکھنا علَى الشيء: نشان لگانا۔ علامت لگانا الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا عذارہٗ: رخسار پر بال نکلنا۔ القبرَ: کھودنا الرياحُ الرملَ: دھاری ڈالنا في الارضِ: لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جاراہُ فما خطّ غُبارَهٗ" اس نے اُس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہنچا اور کہا جاتا ہے "فلانٌ يُخطّ في الارضِ" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ خطَّ الطعامَ و في الطعامِ: تھوڑا کھانا في نومه: خراٹے لینا۔

خطّط. لکیریں کھینچنا الخطوطَ نقش کرنا البلادَ: حدود مقرر کرنا۔

اِختطّ. الوجهُ اوغیرهٗ: دھاری دار ہونا الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا الارضَ او الدارَ: اپنا معلوم ہونے کیلئے حد بندی کرنا خُطّةً: معین کرنا۔ علامت لگانا۔

الخاطُّ. فا. جادوگر۔

الخطُّ. تحریر۔ کتابت۔ لمبا راستہ۔ خطُّ الاِستِوَاءِ: وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ ج خُطوط. وخُطُوطُ الكفِّ: ہاتھ کی لکیریں۔

الخُطُّ والخَطُّ. راستہ۔ سڑک۔ محلّہ۔

الخِطُّ والخِطّة. وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔ زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لئے خاص کرلے۔ ج خِطَط.

الخُطّة. کام۔ کہا جاتا ہے "تلك خُطّةٌ لَيسَت مِن بَالي" یہ کام میری شان کا نہیں ہے۔ "وفي رَاسه خُطّةٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے۔ خصلت۔ جہالت۔ مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ ج خُطَط. کہا جاتا ہے "فلانٌ يَبني خُطَط المكارِمِ" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔

الخَطّيُّ. نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے۔ اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔ خَطّية.

الخَطُوط. زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے۔

الخَطّاط. بہت لکھنے والا۔

المِخطّ. کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی۔

المُخطّط. دھاری دار۔ خوبصورت۔

خطِئَ (س) خطأً. غلطی کرنا في دينه: قصداً یا بلا قصد غلطی کے راستہ پر چلنا۔ (خِطأً و خِطأَةً) گناہ کرنا۔ صفت (خاطیٔ) ج خَطَأَة مؤنث خاطِئَة ج خواطئ.

خطأت (ف) خطأً. القدرُ بزبدها: جھاگ پھینکنا۔

خطّأه تخطِئًا وتخطِئَةً. غلطی کی طرف نسبت کرنا۔

اَخطأ اِخطاءً وخاطئةً. غلطی کرنا الطريقَ: چوک جانا الرجلَ: غلطی میں ڈالنا الرامي الغرضَ: نشانہ پر نہ لگنا في عمله: راہ راست سے ہٹ جانا۔

تخطّأ وتَخَاطَأ. غلطی کرنا۔ تخطّأ وتخاطأه: غلطی میں ڈالنا السهمُ الرمِيّةَ: نشانہ سے ہٹ جانا۔ تخطّأ لَهٗ في المسئلة وبها: کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے درپے ہونا۔

الخِطءُ. گناہ۔

الخِطْءُ والخطأُ والخطاء. گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔

الخَطّاء. بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔

الخطِيئَة. گناہ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خطايا وخطيئات.

خطب (ن) خُطبةً وخطبًا وخطابةً. وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے "خطب القومَ وفي القومِ" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔

خطُب (ک) خطابةً. واعظ ہونا۔ مقرر ہونا۔ لیکچرار ہونا۔

خطَب (ن) خطبًا وخطبةً وخِطِّيبَى الفتاةَ: منگنی کرنا۔ صفت (خاطب) کہا جاتا

ہے "خطب الفتاةَ علی فلان" اس نے فلاں کے لیے لڑکی کی منگنی کی۔

خَطِب(س) خَطَبًا. الشَّیُ: تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔

خَاطَبَهٗ خِطَابًا و مُخاطبةً و تخاطبا. باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "خاطبهٗ فِی فُلان" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔

اَخْطَب. الصیدُ فُلانًا: قریب ہونا الحنظلةُ: رنگین ہونا الحنظلُ: زرد ہونا اور سبز دھاریاں پڑنا۔

اِختطب. الفتاةَ: منگنی کرنا القومُ فلانًا: قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لیے کسی کو بلانا عَلَی المنبرِ: خطبہ دینا۔

الخَطب. س. حالت۔ کہا جاتا ہے "ما خَطْبُكَ" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لیے مستعمل ہے۔ ج خُطُوب.

الخِطاب. گفتگو۔ فَصْل الخطاب: فصاحت۔ حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمد للہ کے بعد اَمَّا بَعْد کہنا۔

الخُطبة. تقریر۔ گفتگو۔ خُطْبَةُ الکِتَاب: کتاب کا دیباچہ۔ الخُطبة: تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطب. منگنی کرنے والا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "ھو خِطْبُھَا و ھِی خِطْبُهٗ" ج۔ اَخْطَاب.

الخِطْبَة. س. منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔

الخَطَّاب. منگنی کرنے والا۔ بہت تقریر کرنے والا۔

الخَطَّابَة. بہت تقریر کرنے والا (مذکر مؤنث) الخطّاب کا مؤنث۔

اَلْخَطَّابِيَّة: شیعة رافضة میں سے ایک فرقہ جو کہ اپنے امیر ابوالخطاب کی طرف منسوب ہیں۔ وہ ان کو اپنے مخالفین کے خلاف جھوٹی گواہی دینے کا حکم کرتا تھا۔

الخَطِیب. منگنی کرنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِیبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَبَاء.

الخِطِّیب. عورت کو پیغام نکاح دینے والا۔ ج خِطِّیبُون

الخِطِّیبی. عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔

الاَخْطَب. شکرا. من الحَنْظَلِ: سبز دھاریوں والا اندرائن۔ الاَخْطَبُ: خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَکْتَبُ اور شِعْرٌ سے اَشْعَر. کہا جاتا ہے "کَانَ اَخْطَبَ اَھْلِ زَمَانِه" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطَرَانًا و خَطِیرًا. فِی مَشْیَتِه: ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا۔ الرُّمْحُ: ہلنا بِسَیْفِه اورُمْحِه: فخر و غرور سے ہلانا بِیَدِه: چلنے میں آگے پیچھے کرنا (خَطْرًا و خَطَرَانًا و خَطِیرًا) الجملُ بذنبه: بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا۔

خَطَرَ(ن ض) خُطُوْرًا. الامرُ لهٗ: سوجھنا خَطَرَتِ الحوادث: پیش آنا۔ خَطَرَ الامرُ ببالِه و عَلَی و فِي بَالِه: بھولنے کے بعد یاد آنا۔

خَطُرَ (ک) خَطَرًا و خُطُورَةً. عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (خَطِیرٌ) ج خُطَر.

خَاطَرَ مُخَاطَرَةً. بنفسه: خطرہ میں ڈالنا ہ علی کَذَا: شرط لگانا۔

اَخْطَرَ. الشَّیَ فی او عَلَی او بِبَالِه: یاد دلانا ہ: بلند مرتبہ میں ہم مثل ہونا المالَ: مال کو شرط پر رکھنا المریضُ: خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخْطِر)

تَخَطَّری. پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرَانِی شَرُّ فُلَان" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔

تَخَاطَرَ. القومُ علی الشَّیُ: شرط لگانا۔

الخَطْر. غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (والخَطْر) اونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔

الخَطْر. بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جس کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اَخْطَار.

الخَطَر. قریب بہلاکت ج اَخطار. کہا جاتا ہے "رَکِبُوْا الاَخْطَار" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی۔ رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی رتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے فِي ظِلِّ عیشٍ خَطِیرٍ مَالَهٗ خَطَر. شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطَار. جج خُطُر.

الخَطْرَة. ایک بار۔ تم کہتے ہو "ما لقیته اِلّا خَطْرَة" میں اس سے ایک بار ملا۔

الخَاطِر. فا. امر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازاً اطلاق کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي خَاطِرِی" میرے دل میں واقع ہوا۔ و "فُلانٌ سَرِیعُ الخَاطِر" فلاں تیز طبیعت ہے۔ و "جَاشَ الشِّعْرُ فِی خَاطِرِی" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَوَاطِر.

الخَطَّار. الخاطر کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ شیر۔

الخَطَّارَة. اونٹوں کا باڑہ۔

الخَطِیر. عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسّی۔ ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَهٗ خَطِیرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔

المَخَاطِر. خطرے (اس کیلئے مفرد نہیں)

الخُطْرُب والخُطارب. افترا پرداز۔ جھوٹا۔

خَطْرَفَ و تَخَطْرَفَ. چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خِطْرِیف و خُطْرُف)

خَطْرَفَهٗ بالسَّیف: تلوار سے مارنا۔

خَطِفَ (س) خَطْفًا. الشَّیَ: اچک لینا

البرق البصر: چندھا کر دینا السمع: چوری سے سننا۔
خطف (س) وخطف (ض) خطفانًا تیز چلنا۔ صفت (خطیف وخیطف)
خطّف اُچک لینا (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لیے ہے)
اخطفہ خطا کرنا المرضُ: بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا الرجلُ: کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے ٹھیک ہونا۔
تخطّف واختطف الشیَٔ: چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اُچک لینا۔
الخطف والخطَف لاغری اور پہلوؤں کا دُبلاپن۔
الخطفۃ جھپٹا۔ عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اُتار لے یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔
الخاطف فا بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خواطف
اخطف الحشیٰ: دُبلا۔
الخاطوف درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔
الخطّاف الخاطف کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔
الخطّاف: آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے۔ ج خطاطیف و خطاطیف السباع: درندوں کے چنگل۔
الخطفی والخیطفی تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "ھو یمشی الخطفی" وہ تیز چلتا ہے۔
الخطیفۃ ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچہ سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔
خطل (س) خطلًا واخطل فی کلامہ: بہت بولنا اور فحش بولنا۔ فی منطقہ اور رأیہ: غلطی کرنا۔ جیسے "اصالۃ الرای صانتنی من الخطل" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔
تخطّل فی المشی: نازانداز سے چلنا۔

الخاطل باطل۔
الخطل س۔ بیوقوفی۔ سبکی۔ سرعت۔ بہت ردی گفتگو۔ کہا جاتا ہے۔ "اری فی مشیتہ خطلًا" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگوئے پریشان۔
الخطل بیہودہ گفتگو والا۔ بیوقوف۔ سھم خطِل: نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ ثوب خطِل: موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے۔ ج اخطال اور کہا جاتا ہے "رجل خطل الیدین" سخت ہاتھوں والا مرد و "رمح خطل" بےڈول لمبا نیزہ۔
الخطل: تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "احوس فی الھیجاء بالرمح خطل" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے۔ خطل بالمعروف: داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔
الاخطل لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بیہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خطلاء ج خطل
الخیطل کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش۔ ٹڈی دل۔
خطمہ (ض) خطمًا وخطمۃ بالخطام: نکیل لگانا۔ خطمہ بالکلام: خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خطم الرجل: ناک پر مارنا۔ (خطمًا وخطامًا) القوس بالوتر: کمان پر تانت چڑھانا۔
اختطم الخطام: نکیل لگانا۔
المخطِم والمخطَم ناک۔
الخطم س۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ من الدابّۃ: چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ امر عظیم: پہاڑ کی چوٹی۔
الخطام مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت۔ ج خطم۔
الخاطم فا کہا جاتا ہے "فلانٌ خاطم امر بنی فلانٍ" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔
الخطّام اسم مبالغہ۔ مسک خطّام: ناک

کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔
الاخطم لمبی ناک والا۔ کالا۔ مؤنث خطماء ج خطم
الخطمی ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ واحد (خطمیۃ)
خطا (ن) خطوًا قدموں کے درمیان کشادہ کر کے چلنا۔
خطّا و خاطی الرجلَ: قدموں کو کشادہ کر کے چلانا۔ خطّی عنہ الشیَٔ: زائل کیا جانا۔
تخطّی تخطّیًا واختطی اختطاءً ہ الی کذا: پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
الخطوۃ چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اسے فشحۃ کہتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے۔ قرّب اللہ علیك الخطوۃ: اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لیے قریب کر دیں۔ ج خطی و خطوات و خطوات و خطوات۔
الخطوۃ بمعنی خطوۃ۔ خطا کا اسم مرۃ فی المساحۃ: چھ قدم۔
الخطیۃ گناہ۔
خظا خظوًا خظوًّا لحمہ: گٹھا ہونا۔
اخظی الرجلُ: موٹا ہونا۔ اخظاہ: موٹا کرنا۔
الخظی گٹھے بدن والا۔ کہا جاتا ہے۔
خفّ (ض) خفًّا وخفّۃ وخِفّۃ ہلکا ہونا۔ خفیف العقل ہونا۔ کم مال والا ہونا۔ المطرُ: کم ہونا (خفًّا وخفّۃ وخفوفًا) الی العدوّ: جلدی کرنا القومُ: جلدی کوچ کر کے کم ہونا۔
خفّف الشیَٔ: ہلکا کرنا الحرف: مشدد نہ کرنا الثوب: باریک بنانا۔
اخفّ کم سامان والا ہونا۔ سبک حال ہونا الرجل: جہالت پر اکسانا۔ عیب لگانا۔
تخفّف چرمی موزہ پہننا۔ جلدی کرنا۔
تخافّ ہلکا پھلکا ہونا۔
استخفّہ ہلکا سمجھنا۔ جاہل سمجھنا۔ حق و

صواب سے ہٹانا ٥ الغناءُ طرب و نشاط میں
ڈالنا ٥ الطَّربُ:
اِسْتَخفَّ بِہٖ تحقیر جاننا۔
اَلْخِفُّ ہلکا۔ تھوڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے
"خرجَ فِی خِفٍّ مِنْ اَصْحَابِہٖ وُہ اپنے
تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔
الخُفُّ للبعِیْرِ والنَّعَامِ اُونٹ اور شتر
مرغ کی ٹاپ۔ چرمی موزہ۔ ج اخفاف
و خِفاف کہا جاتا ہے "خُفٌّ ضَاحِكٌ"
پھٹا ہوا موزہ۔ الخُفُّ قدم کا وہ حصہ جو زمین
سے لگے۔ سخت زمین۔
الخِفَّۃ ہلکا پن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل
میں)
الخَفِیْف ہلکا۔ پھرتیلا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ
خَفِیْفُ الرُّوْحِ وُہ لطیف اچھی صحبت والا
ہے و "خَفِیْفُ القَلْبِ ذکی و "خَفِیْفُ
العَقْلِ بیوقوف و "خَفِیْفُ الظَّھْرِ کم اولاد
والا و "خَفِیْفُ الیَدِ پھرتیلا و "خَفِیْفُ
العَارِضَیْنِ ڈاڑھی میں کم بال والا۔ ج اَخِفَّاء
و خِفاف و اَخْفاف۔ الخَفِیْفُ: علم
عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔
الخُفاف ذکی، تیز فہم۔
الخَفَّاف چرمی موزوں کا بیچنے والا۔
الخُفُّوف بجو۔
خفَاَ (ف) خفأً۔ الشَّیْءَ اُکھیڑ کر زمین پر
پٹکنا البیتَ ڈھا کر گرا دینا القِرْبَۃ مشک کو
پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تاکہ پانی جذب نہ ہو۔
خفَتَ (ن) خُفُوْتًا۔ الصوتُ پست
ہونا۔ صفت (خَافِتٌ وخَفِیْتٌ)۔ (خُفَاتًا)
اچانک مرنا۔ (و خَفْتًا و خَافَتَ و تَخَافَتَ
بِکَلامِہٖ وبِصوتِہٖ پوشیدہ رکھنا۔ پست کرنا۔
آہستہ کرنا بالقِرَاءَۃِ آہستہ پڑھنا۔ خَافَتَہٗ
پست گفتگو کرنا۔ تَخَافَتَ بتکلف ضعف و
سکون ظاہر کرنا۔
الخُفْت ایک قسم کی نباتات۔
الخَفْتَان چلتہ (جنگ میں پہننے کا ایک لباس
(دخیل)

الخَافِتُ بے پانی کا بادل۔ زرعٌ خافتٌ:
کمزور پودہ جو ابھی لمبا نہ ہوا ہو۔
خفِجَ (س) خفجًا۔ البعیرُ اُونٹ کو بیماری
لاحق ہونا۔
الخَفِیْجُ کمزور۔ سست۔
الاَخْفَجُ خَجَ کی بیماری والا۔ ٹیڑھے پاؤں
والا۔ عمودٌ اَخفجُ ٹیڑھا ستون۔
الخَفَجُ ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔
خَفْخَفَ خَفْخَفَۃً۔ الخِنْزِیْرُ او الضَّبُعُ
آواز کرنا الرَّجُلُ قَمِیصَہ الجَدِیْدَ او
القِرْطَاسَ حرکت دینے سے آواز نکلنا۔
الخَفْخَاف وہ شخص جس کی آواز ناک سے
نکلتی ہوئی معلوم ہو۔
خفَدَ (ن) خَفْدًا و خَفَدَانًا و خَفَدَ
(س) خَفَدًا تیز چلنا۔
الخُفْدُ دو الخُفْدُوْدُ چمگادڑ یا چمگادڑ کی
مانند ایک دوسرا پرندہ۔
الخَفَیْدَدُ تیز چلنے والا۔ شتر مرغ۔ ج
خَفَادِدُ و خَفادِیْدُ و خَفَیْدَدات۔
خفَرَ (ن ض) خَفْرًا و خَفَرًا۔ ہ و بہٖ و
عَلَیْہِ پناہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ امن دینا پناہ
دینے کی اُجرت لینا۔ خَفَرَ بالعَھْدِ وفا کرنا۔
عہد پورا کرنا۔ (خَفْرًا و خُفُوْرًا) فلانًا عہد
توڑنا۔ بیوفائی کرنا۔
خفِرَ (س) خَفَرًا و خَفَارَۃً۔ الجَارِیَۃُ
بہت شرمیلی ہونا۔ صفت (خَفِرٌ و خَفِرَۃٌ
و مِخْفَارٌ)
خَفَّرَہٗ امن دینا۔ حفاظت کرنا۔ شرمندہ
کرنا۔ کسی کے ساتھ رہبر بھیجنا۔
تَخَفَّرَ بِہٖ پناہ دینا۔ پناہ لینا۔ رہبر بننے کو
کہنا۔ تَخَفَّرَتِ الجَارِیَۃُ بہت شرمیلی
ہونا۔
الخَفَارَۃ (بتثلیث الخاء) رہبری۔
عہد۔ الخُفَارَۃُ راہبر کی اُجرت۔
اَلْمَخْفَرُ پولیس اسٹیشن
الخُفْرَۃ۔ خفارۃ کے معنی میں اسم ہے۔ کہا
جاتا ہے "ھو فی خفرۃ اللّٰہِ وُہ اللہ کے ذمہ

ہے "ھٰذَا خُفَرَتِیْ یہ میرا رہبر ہے۔
الخَفِیْرُ پناہ دیا ہوا۔ پناہ دینے والا۔ حمایت و
حفاظت کرنے والا۔ ج خُفَرَاءُ۔
الخُفَرَۃُ پناہ دینے والا۔
خفَسَ (ن) خفسًا ٹھٹھا کرنا۔
خفَسَ الطَّعَامَ او الشَّرابَ تھوڑا کھانا یا
پینا۔
البناءَ عمارت ڈھانا۔
خفَسَ (ض) خَفْسًا و اَخْفَسَ بہت
بدزبانی کرنا۔
اِنْخَفَسَ۔ الماءُ پانی کا متغیر ہونا۔
تَخَفَّسَ۔ الرَّجُلُ لیٹنا۔
شرابٌ (مُخْفِسٌ) جلد مست کرنے والی
شراب۔
خفَشَ (ن) خفشًا۔ بہٖ پھینکنا البناءَ:
ڈھانا۔
خَفِشَ (س) خَفَشًا کمزور ہونا۔ پیدائشی
کمزور نظر والا ہونا۔ تنگ آنکھ والا ہونا۔ رتوند
والا ہونا۔ صفت (خَفِشٌ و اَخْفَشُ)
خَفَّشَ۔ البدنُ بدن کا کمزور ہونا۔
البناءَ عمارت ڈھانا الرجلَ پچھاڑ کر کچل
دینا بالارضِ زمین سے چمٹنا۔
الخُفَّاشُ چمگادڑ۔ ج خَفَافِیْش۔
خفَضَ (ض) خَفْضًا پست کرنا۔
الصوتَ آہستہ کہنا الکلمۃَ زیر دینا۔
خَفَضَ الصَّوْتُ آہستہ ہونا بالمکان:
اقامت کرنا الرَّجُلُ عزنا الابلُ آہستہ چلنا
الجَارِیَۃَ ختنہ کرنا۔
خَفُضَ (ک) خَفْضًا۔ العیشُ آسودہ و
خوشحالی ہونا۔ صفت (خَفِیْضٌ و خَفْضٌ و
خَافِضٌ و مخفوضٌ)
خَفَّضَ۔ الشَّیْءَ آسان کرنا۔ نرم کرنا اور
اسی سے ہے "خَفِّضْ عَلَیْكَ یعنی اپنے اُوپر
نرمی کرو۔
تَخَفَّضَ۔ الامرُ آسان ہونا۔
اِنْخَفَضَ بلندی کے بعد پست ہونا
الصوتُ پست ہونا۔

اِختفض. السعر: بھاؤ گرنا۔

الخَافِض. فا. اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ خَافِضُ الطَّيرِ وخَافِضُ الجَناحِ" وہ باوقار اور متحمل المزاج ہے۔ مؤنث خافِضة.

الخَافِضة: لڑکیوں کی ختنہ کرنے والی۔

الخَفْض. مص. (والخَفِيْضة) آسودگی۔ فراخی کی زندگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فی خَفْضٍ مِنَ العَيْشِ" وہ آسودہ زندگی میں ہے۔

خَفَع(ف) خَفْعًا. بھوک وغیرہ سے چکرا کر گرنا۔ خَفَعَهٗ بالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔ (خَفْعًا وخَفْعَانًا) السترُ: ہلنا۔

اَخْفَعَهٗ. الجُوْعُ: چکرا کر گرا دینا۔

اِنْخَفَع. بیہوشی کے قریب ہونا۔

المَخْفُوْع. دیوانہ۔

خَفَقَه(ن ض) خَفْقًا. بالسَّيْفِ: آہستہ تلوار سے مارنا النَّعْلُ: جوتے سے آواز نکلنا (خَفْقًا و خُفُوْقًا و خَفَقَانًا) الفُؤادُ: دھڑکنا الرَّايَةُ: پھڑپھڑانا البَرْقُ: کوندنا (خُفُوْقًا) النجمُ: غروب ہونا اللیلُ: اکثر حصہ گزر جانا الطائرُ: اُڑنا الرَّجُلُ فی البِلَادِ: سفر کرنا المکانُ: خالی ہونا۔

اَخْفَقَ. مضطرب ہونا۔ حاجت میں ناکام رہنا۔ محروم ہونا القومُ: قوم کے توشہ کا ختم ہو جانا بِراسِهٖ: اونگھ سے سر ہلانا بِثوبِهٖ: کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا النجمُ: غروب ہونا الطائرُ: بازو پھڑپھڑانا ۔ پھاڑنا۔

اِخْتَفَقَ. العَلَمُ او السرابُ: جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا۔

الخَفْقَة. خَفَقَ کا اسم مرۃ۔

الخِفْقَة. کوئی چیز جس سے مارا جائے۔ جیسے تسمہ وغیرہ۔

الخَفِق والخَفِقَة والخُفَق والخُفَقَة تپلی کمر کا گھوڑا (خَفِقَة اور خُفَقَة میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہے۔) ج خِفَاق وخَفِقَات و خفقات.

الخَافِق. فا. مكانٌ خافِقٌ: انیس سے خالی جگہ۔ رجلٌ خافِقُ العَيْنِ: دھنسی ہوئی آنکھ والا۔

الخَفَّاق. اسم مبالغہ۔ خَفَّاقُ القَدَمِ: وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصہ چوڑا ہو۔

الخَفَّاقَة. دُبر۔ امرأةٌ خَفَّاقَةُ الحشا: تپلی کمر والی عورت۔

الخَافِقَان. پورب و پچھم۔

الخَوَافِق والخَافِقات. خافِقَه کی جمع۔ جھنڈے۔ خَوَافِقُ السَّمَاءِ: ہوا چلنے کی چاروں سمتیں۔

الخَيْفَق. مصیبت۔ بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو۔

المَخْفَق. ہموار زمین جس میں سیراب حرکت کرتا ہوا ہو۔

المِخْفَق. چوڑی تلوار۔

المِخْفَقَة. کوڑا جس سے مارا جائے۔ اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا۔

مَخَافِق. النجم: ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں۔

المَخْفُوْق. مفع. پاگل۔ دیوانہ۔

الخَافِل. بھاگنے والا۔

الخَفْن. پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔

الخَيْفَان. ٹڈی۔ واحد (خیفانة)

الخَفَّان. شتر مرغ کے چوزے۔

الخُفَّان. ایک قسم کا نرم پتھر۔ یہ استعمال عوام سے ہے فصیح لفظ "الرخفة" ہے۔

خَفَا (ن) خَفْوًا وخُفُوًّا. البرقُ: چمکنا الشیءُ: ظاہر ہونا۔

خَفَى (ض) خَفْيًا وخُفِيًّا. الشَّیءَ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَفَى المَطَرُ الفَارَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ (ضد)

خَفِى (س) خَفَاءً وخُفْيَةً وخِفْيَةً. پوشیدہ ہونا۔ صفت (خافٍ وخفیٌّ)

خَفَّى واَخْفَى. الشَّیءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْفِ عَنَّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ۔ واَخْفَى الرجُلُ: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ اَخْفَى الشَّیءَ: سرپوش ہٹانا۔

تَخَفَّى واِسْتَخْفَى. چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔

اِخْتَفَى. الشَّیءَ: ظاہر کرنا۔ نکالنا مِن فُلانٍ: چھپنا البئرَ: کھودنا۔

الخَفَاء. مص. پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "برح الخَفَاءُ" یعنی معاملہ واضح ہو گیا۔ پردہ۔ چادر جو لباس کو چھپالے۔ پوشیدہ چیز۔ ج اَخْفِيَة. اَخْفِيَةُ الكَرَى: آنکھیں۔ اَخْفِيَةُ الزَهْرَةِ: کلی کے غلاف۔

الخَفِیُّ. لوگوں سے علیحدہ۔ مخفی جگہ میں رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَفِیُّ البَطْنِ" پچکے ہوئے پیٹ کا مرد۔

الخَافِي والخَافِيَاء. جن۔

الخَافِيَة. الخافِي کا مؤنث۔ پوشیدہ چیز۔ پوشیدگی۔ جن۔ ج خَوَافٍ اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خَافِيَةٌ" جنوں کی سرزمین۔

الخَوَافِیُّ. پرندے کے بازوؤں کے نیچے چھپے ہوئے پر۔ اور امثال عرب سے ہے "لَيْسَ القَوَادِمُ كَالخَوَافِي" سیخ پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں۔

الخَفِيَّة. الخَفِیُّ کا مؤنث۔ گنجان۔ جھاڑی۔ کنواں جس میں پانی ہو۔ ج خفايا و خفيَّات کہا جاتا ہے۔ "بِهٖ خَفِيَّةٌ" اس پر کچھ جنون و دیوانگی کا اثر ہے۔

المُخْتَفِي. فا. کفن چور۔

خَقَّتْ (ض) خَقًّا و خَقَقًا و خَقِيْقًا. القِدْرُ: جوش سے سنسنانا۔ خَقَّ السَّيْلُ فِی الاَرْضِ: گہرا گڑھا کر دینا (واَخَقَّتْ) البَكَرَةُ: چرخی کے سوراخ کا چوڑا ہونا۔

الخَقُّ. ج اَخْقَاق وخُقُوق و (الاُخْقُوْق والاَخْقِيْق) زمین کا شگاف۔ تالاب جبکہ خشک ہو جائے۔

خَاقَان. ترکوں کے بادشاہ کا لقب۔ ج خَوَاقِيْن. کہا جاتا ہے (خَقَّنَهٗ) القَوْمُ عَلٰی اَنْفُسِهِمْ: لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنالیا۔

خلّ (ن ض) خلّا و خلولاً۔ لحمه: دُبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا (خلّ) الشئ: سوراخ کرنا۔
الفصیل: زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کیلئے لکڑی ڈالنا فی دُعَائِه: خاص کرنا۔
خلّ الیه: محتاج و فقیر ہونا۔
خلّل العصیرُ: کھٹا ہونا۔ سرکہ بنا العَصِیرَ: سرکہ بنانا الاسنانَ: خلال کرنا۔
خلّل فی دُعَائِه: خاص کرنا۔
خالّه مُخالّة و خِلالاً و خلالاً دوستی کرنا۔ بھائی بندی کرنا۔
اَخلّ۔ محتاج ہونا بالشئ: کوتاہی کرنا۔ چھوڑ دینا الوالی بالثّغُورِ: لشکر کم کر دینا بمرکزه: مرکز کو چھوڑ دینا بقَوْمِه: غائب ہو جانا بالرّجُلِ: پورا حق نہ دینا۔ بالامرِ: بُرے طریقے سے انجام دینا۔ بگاڑ دینا۔ اَخلّ اللّٰهُ: محتاج کر دینا۔ اَخلّ بالرّجلِ: محتاج ہونا۔
تخلّل القوم: قوم میں مل جانا ہ بالرّمح: پیاپے نیزے مارنا الشئ فیه: نفوذ کرنا المطر: مخصوص جگہ میں برسنا الرجلُ: خلال کرنا۔
اختلّ۔ الامرُ: کمزور و فاسد ہونا عقله: خراب ہونا الیه: محتاج ہونا العصیرُ: سرکہ بنا العصیرَ: سرکہ بنانا لَحْمُهُ: لاغری کی وجہ سے کم ہونا الرّجُلُ: اپنے لیے سرکہ بنانا۔
تخالّوا تخالاً۔ باہم دوستی کرنا۔
الخلّ۔ سرکہ۔ ریگستانی راستہ۔ دُبلے جسم والا۔ لاغر۔ موٹا۔ بوسیدہ کپڑا۔ کپڑے کی پھٹن۔ ج اَخُلّ و خِلال۔ کہا جاتا ہے "مالَهُ خلّ ولا خمرٌ" اس کے پاس نہ جید ہے نہ ردی "ولستُ من هذا الامرِ فی خلٍّ ولا خمرٍ" مجھ کو اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے کام۔ اُمّ الخلّ: شراب۔
الخِلّ والخُلّ۔ دوست۔ مؤنث خِلّ وخِلّة۔ ج اَخلال۔
الخلَل۔ سستی۔ فساد۔ رائے میں انتشار و پراگندگی۔ شگاف۔ دراڑ۔ ج خِلال۔

الخِلَل۔ دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ واحد (خِلّة) کہا جاتا ہے "هو خِلَل القومِ" وہ قوم کے درمیان ہے۔
الخَلّة۔ عادت۔ سوراخ۔ تھوڑا سرکہ ز۔ تھوڑی سی کھٹی شراب۔ حاجت۔ محتاجی۔ ج خِلال و خَلَل۔ الخَلّة: ہلکی پھلکی عورت۔
الخُلّة۔ گھاس جس میں مٹھاس ہو۔ ج خُلَل۔ دوستی۔ عادت۔ بیوی۔ محبوبہ۔ دوست (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے) تم کہتے ہو "هو وهی وهنّ خُلّتی"
الخِلّة۔ دوستی۔ بھائی بندی۔ تلوار کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو۔ چمڑا جو منقش ہو۔ ج خِلَل و خِلال
الخِلال۔ سوراخ کرنے کا آلہ۔ لکڑی جو اُونٹ کے بچے کی زبان میں لگا دی جاتی ہے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔ ج اَخِلّة (و الخِلالة) دانت صاف کرنے کا تنکا۔
الخِلال و الخِلالة۔ دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ و خِلالُ الدّیارِ: شہروں کا اردگرد۔ گھروں کے درمیان۔ کہا جاتا ہے هو خِلالَهُم: وہ ان کے درمیان ہے۔
الخَلالة والخِلالة والخُلالة۔ سچی دوستی۔
الخلیل۔ خالص دوست۔ ج اَخِلّاء و خُلّان۔ لاغر بدن۔ فقیر۔ مؤنث خلیلة۔ ج خلیلات و خلائل۔ شئ خلیلٌ: چھدی ہوئی چیز۔
الخَلّال۔ سرکہ بیچنے والا۔ سرکہ بنانے والا۔
الاَخَلّ۔ محتاج۔ دوسرے سے زیادہ محتاج۔ رجلٌ (مُخِلّ) محتاج مرد۔
خلا (ف) خُلوءا۔ جگہ سے نہ ٹلنا۔
خلأت الناقةُ: اَڑ جانا۔
خالأ مُخالأة۔ القومَ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری میں مشغول ہو جانا۔
خلَبَه (ن ض) خلبا بظفره: خراش لگانا، زخمی کرنا السّبعُ الفریسةَ: چنگل سے پکڑنا الفتیٰ: جوان کے دل کو چھین لینا اور فتنہ میں مبتلا کرنا۔

خلبه (ن) خلبا وخِلابا وخِلابةً و خالبه مُخالبةً وخلّبه واختلبه: نرم کلامی سے فریفتہ کرنا۔ صفت (خالبٌ وخلوبٌ وخلّابٌ وخلبوت) مؤنث خالبة وخلبة وخلوبٌ وخلّابةٌ وخلبوت
خلبت (س) خلبا۔ المرأة: بیوقوف ہونا۔ صفت خلباء۔
اَخلب۔ الماءُ: کیچڑ والا ہونا۔ صفت (مُخلب)
اِستخلبه۔ بظفره: خراش لگانا۔
الخِلب۔ جگر کے اُوپر کی جھلی۔ انگور کے پتے۔ ج اَخلاب (والمِخلب) چنگل۔ ج مَخالب۔ المِخلب: درانتی۔
الخُلب والخُلُب۔ کیچڑ۔ کھجور کے درخت کا گودا۔ کھجور کے درخت کی چھال اور اس کی بٹی ہوئی رسّی۔
الخُلّب۔ بے بارش کا بادل۔ والبرق الخُلّب وبرقُ الخُلّب: بے بارش کے بادل کی بجلی۔ "اِنّما انت کبرقِ خُلّب" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے۔
الخِلّبیّ فریب۔
المُخلّب۔ من الثیاب: بہت نقش و نگار والا کپڑا۔
خلبسه۔ او خلبس قلبه: فریفتہ کرنا۔
الخُلابس۔ نرم بات۔
الخَلابس والخلابس والخلابیس: باطل و جھوٹی باتیں۔ الخلابیس: کمینے و فرومایہ لوگ۔
خلبص۔ بھاگنا۔
خلجه (ن ض) خلجا۔ کھینچنا۔ کھینچ کر نکالنا ہ بعینه: آنکھ سے اشارہ کرنا الشئ: حرکت دینا ہ بالسیف: تلوار سے مارنا الولدَ: دودھ چھڑانا ہ الامرُ: مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "خلجته اُمورُ الدّنیا" اس کو دنیا کے دھندوں نے پھنسالیا۔

خلَجت(ن ض) خلْجًا و خُلُوْجًا و خلَجَانًا. العین پھڑکنا۔
خلِجَ(س) خلَجًا چلنے یا تھکنے کی وجہ سے ہڈیوں کادرد کرنا الشّیُٔ:بگڑنا۔خراب ہونا۔
خالَج. قلبه امرٌ:کسی معاملہ کادل کو سوچ بچار میں ڈال دینا۔
اَخلَجَ. حاجبَيْهِ مٹکانا۔
تَخلّجَ لڑکھڑانا۔ہلنا،جھکنا الشّیُٔ:کھینچنا۔
تَخالَجَتْه. الهمومُ:کہا جاتا ہے "تخالج في صدري شي"یعنی میرے دل میں کچھ خلجان ہوا۔
اِختلَجَ جھڑ جانا العینُ:پپوٹوں کاغیر ارادی طور پر پھڑکنا الشيء في صدره:خلجان ہونا الشّیُٔ: کھینچ کر نکالنا الولدَ:دودھ چھڑانا۔
اُختُلِجَ. من بينهم مرنا۔
الخالج. فا موت۔
الخُلُج. کاٹنے والے بدن کے لوگ۔ مشکوک نسب کے لوگ۔
الاَخلَج رسّی۔
الخَلِيج. من البحر:کھاڑی۔ ندی۔ چھوٹی کشتی۔ رسّی۔ ج خُلجان و خلُج.
خَليجَا النهر:دریا کے دونوں جانب۔
الخِلاج ایک قسم کی دھاری دار چادر۔
الخَلُوج اُونٹنی جس کادودھ بچہ جدا کرنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔تیز رو اُونٹنی۔ پراگندہ بادل۔بہت پانی والا بادل۔
الاِخليج ایک قسم کی گھاس مِنَ الخَیْل:تیز رفتار گھوڑا۔
خلْخَل. العظمَ:گوشت چھڑا کر صاف کرنا المراۃَ:پازیب پہنانا۔
تَخلْخَل. الشّیُٔ:کسی چیز کے اجزاء کا ملا ہوا نہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا من مکانه:جگہ سے ہلنا المراۃُ:پازیب پہننا الثوبُ بوسیدہ ہونا۔
الخَلْخال ج خَلاخِيل و (الخَلْخَل والخُلخُلی)ج خَلاخِل پازیب۔ ثوب (خلْخالٌ و خلْخَل)باریک کپڑا۔
المُخلْخَل. پنڈلی یا پازیب پہننے کی جگہ۔ عسکر (مُتخلْخِل)بکھری ہوئی فوج۔
خلَدَ(ن) خُلوْدًا ہمیشہ رہنا۔ (خلْدًا و خُلوْدًا)باوجود زیادتی عمر کے کمزوری و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خالِد ومُخلِد ومُخلَد ومُخَلّد) الی المکان وبالمکان: اقامت کرنا الی الارض چمٹنا۔
خلّدَ واَخلَدَ. الی المکان وبالمکان: اقامت کرنا ہ:ہمیشہ کیلئے رکھنا۔ اَخلَدَ بصاحبه:ہمیشہ ساتھ رہنا۔ اَخلَدَ اِلَيْهِ: مائل ہونا۔جھکنا۔
الخُلْد. ہیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلْد: چھچھوندر۔ مَناجِذُ الخلْدُ:کنگن۔بالی۔ج خِلَدَة.
الخلَدْ دل۔ہمیشہ رہنے والا۔
الخلَدَة بالی۔ کنگن۔
الخالِد. فا. ابُوْخالِد کتا۔
الجزائرُ الخالِدات جزائر کناری۔
الخوالِد دیگ دان کے پائے۔پہاڑ۔پتھر۔
الخُلّر ایک قسم کی نباتات۔بقول بعض لوبیا یا ماش۔
خلَسَ(ض) خلْسًا وخِلّيسي. الشّیَٔ: فریب سے جھپٹا مار لینا۔
اَخلَسَ. النبتُ سبز اور خشک ملا جلا ہونا الراسُ:بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت خِلْسٌ و خَلِيْس و مُخْلِس اخلستِ الارضُ: کچھ ہریالی ہونا۔
خالَسَهُ مُخالَسةً جلدی کرنا۔
تَخالَسَ. القوم الشّیَٔ:ایک دوسرے سے چھیننا۔ کہا جاتا ہے "هما يتخالسان انفسهما"وہ دونوں ایک دوسرے کے قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔
اِختلَسَ. الشّیَٔ:فریب سے جھپٹا مار لینا القارئُ الحرکةَ:پر نہ پڑھنا۔ اس کے مقابلہ میں اشباع ہے جس کے معنی پر پڑھنے کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرف علت پیدا ہو جائے۔
الخُلْسة. جھپٹ۔ جھپٹی ہوئی چیز۔ مناسب فرصت۔ اُور اسی سے ہے "الخُلْسةُ سَريعةُ الفوتِ بَطيئةُ العَوْدِ"فرصت جلد ختم ہو جانے والی اور دیر میں آنے والی ہے۔
الخَلِيْس والخِلّاس چوکنا، بہادر۔
الخَلِيْسة. درندے کے مُنہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مر جائے۔
الخِلاسیُ وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ میں سے ایک گورا ایک کالا ہو۔
خلَصَ(ن) خُلُوصًا و خَلاصًا خالص ہونا مِنَ الهَلاك: نجات پانا۔ محفوظ رہنا الماءُ مِنَ الکَدِرِ:صاف ہونا الی المکان وبالمکان پہنچنا مِنَ القومِ جدا ہونا۔
خلِصَ(س) خلَصًا. اللحمُ:گوشت میں ہڈی کا چورا ہونا۔
خلّصَه. من کذا:نجات دینا۔ خلّصَ الشّیَٔ صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ خلاصہ لینا۔ خلّصَ الرجُلُ: مثل شی دینا۔
خالَصَه مُخالَصةً. في العشْرة او المودّة: خلوص برتنا۔ خالَصَهُ الودَّ: خالص دوستی کرنا۔
تخالَصَا باہم خالص دوستی کرنا۔
اَخلَصَ. الشّیَٔ:خلاصہ لینا۔ چن لینا۔ ہ للّٰهِ:عیوب سے خالی کرنا الطاعة وفي الطّاعة:بے نام و نمود کے کرنا له الحبَّ او القولَ:کھوٹ سے خالی کرنا۔
تخلّصَ. منه نجات پانا۔ جدا ہونا من کذا الی کذا:منتقل ہونا۔
اِستخلَصَه. چن لینا الشیء منه:اپنے لیے حاصل کرنا۔
الخَلاص س (والخِلاص)کھوٹ سے خالی کیا ہوا۔(سونا چاندی وغیرہ)
الخُلاصة والخِلاصة خالص گھی۔ پھر اس کا عام طریقہ سے استعمال ہر اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کر لیا گیا ہو۔ اور اسی سے ہے "خُلاصةُ الکلامِ"

الاِخلاص و الاِخلاصۃ. مکھن جو تلچھٹ سے جدا کر لیا جائے۔ "کَلِمَۃُ الاِخلاص" لا الٰہ الا اللّٰہ

الخَلَص. ہر سفید چیز۔

الخِلص. ج خُلَصاء و (الخُلصان) یار یا خالص دوست۔ خُلصان مفرد و جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُو خُلصانی و ھُم خُلصانی"

الخالِص. فا. بے کھوٹ۔ صاف رنگ۔ کہا جاتا ہے "ھذا ثوبٌ خالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ ج خُلَّص.

الخالِصَۃ. خالص کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ خالِصَتی" وہ میرا دوست ہے و "ھذا الشَّئُ خالِصَۃٌ لکَ" یہ چیز تمہارے لیے مخصوص ہے۔

الخُلُوص. رُب جو کھجور سے تیار کی جائے۔ تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔ بالائی

المُخَلِّص. فا. نجات دہندہ۔

خلَط (ض) خَلطًا و خلَّط. الشَّئَ بالشیء: ملانا۔ کہا جاتا ہے "خَلَّطَ المریضُ" بیمار نے مضر چیزیں کھائیں۔ و "خَلَّطَ فی الکلامِ" اُس نے بکواس کی۔

خلَّط فی الشَّئ: خراب و فاسد کرنا۔

اَخلَط. الفرسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

خالَطَہ مُخالَطَۃً و خِلاطًا. ملنا۔ میل ملاپ کرنا۔ ساتھ رہنا الدّاءُ فُلانًا: بیماری لاحق ہونا۔

خُولِطَ. فی عَقلِہ: مخبوط الحواس ہونا۔

اِختلَط. ملنا الظَّلامُ: تاریکی کا چھا جانا الرَّجُلُ: خراب عقل والا ہونا۔ الفرسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تخالَطُوا. باہم ایک دوسرے کے ساتھ گتھ جانا۔

الخِلْط. مس۔ لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

الخِلْط. ٹیڑھا تیر۔ ٹیڑھی کمان۔ بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "ھو خِلطٌ بیِّنُ الخلاطَۃِ" وہ بیوقوف ہے جس کی بیوقوفی ظاہر ہے۔ ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ ج اَخلاط۔ حرامی۔ اور کہا جاتا ہے "رجلٌ خِلطٌ مِلطٌ" مخلوط نسب کا مرد۔

الاَخلاط. ملی جلی قسمیں۔ اَخلاطُ الجَسَدِ فی عُرفِ الاَقدَمِین. خون۔ بلغم۔ سودا۔ صفرا۔ واَخلاطُ القَومِ: قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخَلِط. بیوقوف۔

الخُلْطَۃ. شرکت۔

الخِلاط. آدمیوں اور جانوروں کا ملا جلا ہونا۔

الخَلاطَۃ. عقل کی خرابی۔ بیوقوفی۔

الخَلِیط. ج خُلُط و خُلَطاء: خلط ملط رکھنے والا۔ شریک۔ وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔ شوہر۔ پڑوسی۔ ساتھی۔ بھوسہ ملی ہوئی مٹی۔ خَلِیطُ الرَّجُل: میل جول رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَلِیطٌ مِنَ النّاسِ" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخُلَّیطی والخُلَّیطیٰ. معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔ کہا جاتا ہے "قَعَوْا فی خُلَّیطی" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخلاط والمِخلَط. بہت میل جول رکھنے والا۔ جمل (مُختَلِط) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ مل گئی ہو۔

خلَع (ف) خَلعًا. الشَّئَ: اُتارنا کَتِفَہ او وَرِکَہ: عضو کو جگہ سے ہٹا دینا القائدَ: معزول کر دینا الدابۃَ: بندش سے آزاد کر دینا العِذارَ: اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایہ ہے بے حیائی ہے) علَیہ ثوبًا: خلعت دینا۔ خلَع الشَّجَرُ: پتے جھڑنا۔ نئے پتے نکلنا۔

خلَع (ف) خَلعًا و خُلعًا. ابنَہ: عاق کرنا۔ صفت مفعولی (خَلِیع) زمانہ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا۔ اِمرأتَہ: مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مفعولی (خالِع) اسم (الخُلْعَۃ)

خُلِعَ. المیِّتُ: کفن جدا کیا جانا۔

خلُع (ک) خَلاعَۃً. خواہشات نفسانی کا تابع ہونا۔ بے حیاء ہونا۔

خالَع مُخالَعَۃً. الرَّجُلُ زَوجَتَہ او المَرأۃُ زَوجَھا: مال کے شرط پر جدائی اختیار کرنا۔

خالَعَ الرجلَ: جوا کھیلنا۔

خَلَّعَہ. جدا جدا۔ خالص کرنا۔

اَخلَع. السنبلُ: خوشہ میں دانے بیٹھنا الشَّجَرُ: نئے پتے نکلنا۔

تَخَلَّع. فی المَشیِ: چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا فی الشَّرابِ: منہمک ہونا القَومُ: چپکے سے کھسک کر چلا جانا۔

تَخالَع. الزَّوجُ والزَّوجَۃُ: مال پر جدائی اختیار کرنا القَومُ: باہم عہد توڑنا۔

اِنخَلَع. ہٹ جانا۔ اُکھڑ جانا۔ زائل ہو جانا۔

اِختَلَع. الشیءَ: نکال لینا۔ کھینچ لینا۔

اِختَلَعُوا الرَّجُلَ: مال لے لینا۔ اِختَلَعَتِ المَرأۃُ مِن زَوجِھا: مال دے کر جدائی اختیار کرنا۔ اسم (الخُلْع)

الخِلْعَۃ. کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں۔ اُتارا ہوا کپڑا۔ عمدہ مال۔

الخُلْعَۃ. عمدہ مال۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فیہ خُلعۃ" اس میں کمزوری ہے۔

الخُلاع. ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے۔

الخَلِیع. بے حیائی کا کام کر کے اپنے مرتبہ کو گرا دینے والا۔ معزول شدہ۔ خبیث۔ جوئے باز۔ ج خُلَعاء. بھیڑیا۔ بھوت۔ ثوبٌ خَلِیعٌ بوسیدہ کپڑا۔

الخَلِیعَۃ. بے حیائی۔ الخلیع کا مؤنث۔ من مانی عورت۔

الخَوْلَع. بیوقوف۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت۔ بھیڑیا (والخَیْلَع) خوف جو دل پر طاری ہو۔ الخَیْلَع: بے آستینوں کی قمیص۔

رجل خیلع: کمزور مرد۔
المُخلّع من الرجال: کمزور سست۔ اکھڑے ہوئے جوڑوں والا۔ وہ شخص جس کا سارا بدن یا کچھ بدن بے حس ہو۔
الخلعاء و الخلعلع: بجو۔

خلفه (ن) خلافة و خلّیفی: جانشین ہونا ربّه فی قومه: جانشین بنانا۔ الرجل: قائم مقام ہونا (خلفاً و خلفة) الفاکهة بعضها بعضاً: ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا (خلافة و خلوفاً) الغلام: بیوقوف ہونا۔ صفت (خالف خالفة) عن خلق ابیه: باپ کے عادات و اخلاق سے بدل جانا (خلوفاً و خلوفة) فم الصائم: منہ کی بو کا متغیر ہونا (خلَف (ض) خلفاً) الرجل لاهله: اپنے گھر والوں کے لیے پانی لانا البیت: پچھلے حصہ میں ستون لگانا اباه: باپ کے قائم مقام ہونا۔ کہا جاتا ہے "خلف اللّٰه لك و علیك" اللہ تعالیٰ تم کو بدلہ دیں الثوب: مرمت کرنا عن اصحابه: پیچھے رہ جانا فلاناً: پیچھے سے پکڑنا۔ جانشین ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "خلف له بالسیف" اس کے پیچھے سے آکر اس نے اسے تلوار ماری۔ و "خلف له بخیر او شر" اس کی غیر موجودگی میں اس نے اس کا بھلا یا بُرا ذکر کیا۔

خلِف (س) خلفاً: بائیں ہتھا ہونا۔ بھینگا ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ خلفت الناقة: حاملہ ہونا۔ صفت (خلفة)

خلّف الشیء: پیچھے چھوڑنا۔ مؤخر کرنا ہ: جانشین بنانا۔

خالفه خلافاً و مخالفة: ناموافقت کرنا۔

خالف عن کذا: پیچھے رہنا بین رجلیه: آگے پیچھے کرنا اور تم کہتے ہو "خالفنی عن کذا" جبکہ وہ اعراض کر رہا ہو اور تم قصد کر رہے ہو۔ اور "خالفنی الی کذا" جبکہ وہ قصد کر رہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو۔

اخلف: بُو کا بدلنا یا خراب ہونا الثوب: مرمت کرنا لاهله: اپنے لوگوں کیلئے پانی کھینچنا وعده و بوعده: پورا نہ کرنا ہ: وعدہ خلاف پانا الغیث: امید کے بعد نہ برسنا الشجرة: کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا الطائر: پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا الغلام: قریب البلوغ ہونا لنفسه: ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا ہ: پیچھے ڈالنا الدواء فلاناً: کمزور کرنا اللّٰه علیه: ضائع شدہ کا بدلہ دینا۔

تخلّف عنهم: پیچھے رہنا النوم: پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔

تخالفوا و اختلفوا: اختلاف کرنا۔ ناموافق ہونا۔

اختلفه: جانشین ہونا۔ پیچھے کرنا۔ پیچھے سے پکڑنا۔ و اختلف الی المکان: بار بار جانا۔

استخلفه: اپنا جانشین بنانا فلاناً من فلان: قائم مقام کرنا۔ استخلفت الارض: گرمی کی گھاس کو اگانا۔ استخلف الرجل لاهله: اپنے لوگوں کیلئے پانی یا میٹھا پانی لانا۔ پانی پلانا۔

الخلْف: مص۔ ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو اور اسی سے ہے "هؤلاء خلف سوء" اُن لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں۔ ردی قول اور امثال عرب میں ہے "سکت الفا و نطق خلفا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا اور بولا تو ردی بات۔ کلہاڑی کی دھار، بڑا کلہاڑا۔ بے نفع شخص۔ پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی۔ ج خلوف اور خلف قُدام کی نقیض ہے۔ بمعنی پیچھے و بعد ازاں۔

الخُلْف: وعدہ پورا نہ کرنا۔ خلاف مفروض خلیف کی جمع۔ قیاس الخلف: منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا۔

الخِلْف: مختلف۔ اُونٹنی کے تھن کا سرا۔ موسم بہار کی گھاس۔ ج اخلاف و خلفة

الخلفان: دو مختلف صفات والے۔ کہا جاتا ہے "له ولدان خلفان" اس کے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک اور دوسرا بیوقوف یا ایک لمبا اور دوسرا پست قد ہے۔ اور کہا جاتا ہے "ولدت الناقة خلفین" اُونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے۔

ذات الخلفین: کلہاڑا جس کے دو سرے ہوں۔ ج ذوات الخلفین۔

الخلَف: ولد یا ولد صالح۔ بدلہ۔ کہا جاتا ہے "فی هؤلاء القوم خلف ممن مضی" یعنی اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں۔ وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو۔ کہا جاتا ہے "اعطاك اللّٰه خلفا من تلف" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدلہ دیں۔ نسل۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "هم کرام خلفا عن سلف" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں۔ و "هو خلف صدق عن ابیه" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے۔

الخالف: فا۔ بیوقوف۔ وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد بیٹھا رہے۔ نبیذ خالف: بگڑی ہوئی شراب۔ الخالِف: گوشت جس میں کچھ بُو پیدا ہو گئی ہو اور کھانے کے قابل ہو۔

الخالفة: الخالف کا مؤنث۔ گزری ہوئی جماعت کے بعد باقی ماندہ جماعت۔ مکان کے پچھلے حصہ کا ستون۔ رجل خالفة: بیوقوف۔ جھگڑالو۔ بہت اختلاف کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "ما ادری ای خالفة هو وای الخالف هو" میں نہیں جانتا وہ کون شخص ہے۔

الخوالف: عورتیں۔ وہ زمینیں جن کی پیداوار بعد میں اُگے۔

الخلاف: ناموافقت۔ بید کی ایک قسم۔ آستین۔ المسائل الخلافیة: مختلف فیہ مسائل۔

الخلافة: امارت۔ قائم مقامی۔ امامت۔

الخلفة: مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل ہونا۔ ج خلف

الخلفة: آنا جانا۔ مخالفہ۔ مختلف۔ کپڑے کا

پیوند۔ گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اُگے۔ وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے۔ باقی ماندہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُنَّ يَمْشِيْنَ خِلْفَةً" وہ سب آگے پیچھے آ جا رہی ہیں "جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا۔ "قومٌ خِلْفَةٌ" یعنی اختلاف کرنے والے لوگ۔ "فی البئرِ خِلْفَةٌ من الماءِ" کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔

الخُلْفة. مخالفت۔ بیوقوفی۔ عیب۔ کھانے کا آخری مزہ۔

اِخْتِلافُ الْمَنْظَر: زاویہ (ستارے اور زمین کے درمیان) وہ زاویہ جس کا سر "ک" ہو اور اس کا قاعدہ زمین کے قطر کا نصب اور ب ہو۔ اس اختلاف کو اختلاف افقی بولتے ہیں۔

الخَلِيْف. دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ یا پہاڑی راستہ۔ وعدہ سے پیچھے رہنے والا۔ وعدہ خلاف کرنے والا۔ ج خُلُف و خُلْف و خَلَف. الخَلِيْف: وہ عورت جو بالوں کو پیچھے لٹکالے۔

الخَلِيْفَة. جانشین۔ قائم مقام۔ بڑا بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو۔ یہ مذکر ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذا خَلِيْفَةٌ آخر" اور کبھی لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "خَلِيْفَةٌ أُخْرَى" ج خلفاء و خَلائِف. پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ثلثة خُلَفاء" اور دوسرے کے لحاظ سے مذکر و مؤنث دونوں لانا جائز ہے۔ تم کہو گے "ثَلاثَةٌ اَوْ ثلاث خَلائِف"

الأَخْلَف. بائیں ہتھا۔ بھینگا۔ کم عقل۔ سیلاب۔ نر سانپ۔

المِخْلاف. بہت وعدہ خلاف۔ ج مَخالِيْف. المِخْلاف: پروا۔ اور اسی سے مَخالِيْف اليمن ہے۔

المَخْلَفَة. بید اگنے کی جگہ۔ راستہ۔ مرحلہ۔ منزل۔

خَلَقَهٗ (ن) خَلْقًا و خِلْقَةً. پیدا کرنا۔ عدم سے وجود میں لانا۔ الكذبَ: جھوٹ گھڑنا۔ الادِيْمَ: کاٹنے سے پہلے اندازہ کرنا۔ الشئَ: ہموار کرنا۔ چکنا کرنا۔ ملائم کرنا۔

خَلِقَ (س) خَلَقًا و خَلُقَ (ک) خُلُوْقًا و خُلُوْقَةً و خَلاقَةً. چکنا و نرم ہونا۔

خَلُقَ (ن) و خَلِقَ (س) و خَلُقَ (ک) خُلُوْقَةً و خَلَقًا. الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

خَلُقَ الشئُ لَهٗ. لائق ہونا۔ سزاوار ہونا۔

خَلُقَ الغُلامُ: اچھے اخلاق والا ہونا۔

خَلَّقَهٗ. خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا۔ العودَ: ہموار کرنا۔ القدحَ: نرم کرنا۔

خالَقَهُمْ مُخالَقَةً. خوش خوئی کے ساتھ معاشرت کرنا۔

اَلْخَلَنْجُ: ایک درخت جس کے پھول گلابی اور پتے باریک چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

اَخْلَقَ. الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔ الشبابُ: جوانی کا ختم ہونا۔ الثوبَ: بوسیدہ کرنا۔ الثوبَ: بوسیدہ کپڑا پہنانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْلَقْتُ لَهٗ دِيْباجَتِيْ" میں نے اس کو اپنے ایسے راز پر مطلع کر دیا جس کے ظاہر ہونے سے عار ہو۔

تَخَلَّقَ. خلوق سے خوشبودار ہونا۔ بغیرِ خُلُقِهٖ: بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا۔ اور اسی سے ہے "لَيْسَ التَّخَلُّقُ بالاَخلاقِ كالخُلُقِ" بناوٹی اخلاق طبعی عادات جیسے نہیں۔

(واخْتَلَقَ) الكذبَ: جھوٹ گھڑنا۔ افتراء کرنا۔

اِخْلَوْلَقَ. الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔ الرسمُ: زمین کے برابر ہو جانا۔ متنُ الفرسِ: چکنی ہونا۔ الدارُ: ویران ہونا۔ اور عسی کے معنی میں امید کے لیے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "اِخْلَوْلَقَتِ السَّماءُ اَنْ تُمْطِرَ" امید ہے کہ بارش ہو۔

الخَلْق. مص۔ فطرت۔ لوگ۔ ہر چکنی چیز۔

الخِلْقَة. فطرت۔ ہیئت۔ ج خِلَق.

الخُلْق و الخُلُق. طبعی خصلت۔ طبیعت۔ مروّت۔ عادت۔ ج اَخلاق. علم الاخلاق: حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمت خلقیہ ہے۔

الخَلَق. مص۔ بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ثوبٌ خَلَقٌ و جُبَّةٌ خَلَقٌ" ج اَخْلاق و خُلْقان اور کہا جاتا ہے "ثوبٌ اَخْلاقٌ و ثیابٌ اَخْلاقٌ"

الخَلَق. بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔

الخَلاق. بھلائی کا وافر حصہ۔

الخُلاق. چکنا۔

الخِلاق و الخَلُوْق. ایک قسم کی خوشبو جس کا جزء اعظم زعفران ہے۔

الخَلِيْق. لائق مناسب۔ کہا جاتا ہے "هو خَلِيْقٌ بِهٖ" وہ اس کے لائق ہے۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔ ج خُلُق و خُلَقاء.

الخَلِيْقَة. طبیعت۔ مخلوق۔ کنواں جو کھودا جا رہا ہو۔ ج خَلائِق.

الاَخْلَق. زیادہ لائق۔ چکنا۔ فقیر۔ مؤنث خَلْقاء.

المُخْتَلَق. کامل و معتدل اخلاق والا۔

المُخْتَلَق. اخلاق کریمانہ رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هو (مَخْلَقَةٌ) بذالك و لِذلك" وہ اس کے لائق ہے۔

الخَلْقَبِين. بڑا دیگ۔ ج خَلاقِيْن.

ابل (خِلْمَة) چرنے والے اونٹ۔

خَلا (ن) خُلُوًّا و خَلاءً. الاناءُ: خالی ہونا۔ المكانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا۔ الرَّجُلُ: مکان میں اکیلا ہونا۔ علَى الشيءِ: اقتصار کرنا۔ بس کرنا۔ علٰی فلان: اعتماد کرنا۔ به: فریب کرنا۔ الشئَ: گزرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهٗ لِخَمْسٍ خَلَوْنَ مِنَ الشَّهرِ" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا۔ عنِ الأمرِ و مِنْهُ: بیزار ہونا۔ عنِ الشئِ: بھیجنا۔ بالشئِ: منفرد ہونا۔

خَلا (ن) خَلْوَةً و خُلُوًّا و خَلاءً. به و معهٗ و اِلَيْهِ: تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلا الرَّجُلُ بِنَفْسِهٖ" منفرد ہونا۔ لامر:

کسی کام کے لیے فارغ ہونا بالمکان: لازم
رہنا بالہ. مطمئن ہونا الحزنُ: غم سے جدا
ہونا۔ صفت (خالٍ) ج خلوٌ اور کہا جاتا ہے
"افعل کذا وخلاك ذمٌّ" یعنی تمہیں اس
کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔
خلّی تخلیۃً الامر و عنہ: چھوڑنا
مکانہُ: مرنا سبیلَہٗ: چھوڑنا، آزاد کرنا بین
المشتری والمبیع: سپرد کرنا بینھما:
دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔
خالاہُ مخالاۃً چھوڑ دینا۔
اخلی اخلاءً. المکان: خالی کرنا یا پانا
المکانُ: خالی ہونا ہ وبہ ومعہٗ: تنہائی میں
ملنا فلانًا معہٗ: کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی
میں ملنے دینا عنہٗ: چھوڑنا۔
تخلّی تنہائی میں رہنا منہ و عنہٗ: چھوڑنا
لہٗ: کسی کام کے لیے فارغ ہونا خلیّۃً: اپنے
لیے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔
اختلی: تنہائی میں رہنا۔
استخلی. ہ: تنہائی میں ملاقات چاہنا
بالملك: تنہائی میں ملنا المکانُ: خالی ہونا۔
الخلاء. س. خالی مکان۔ پاخانہ۔ مکان
خلاءٌ: خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے
"بات فی البلد الخلاء" اس نے تنہا شہر
میں شب باشی کی۔ و "خلاؤك اقنی
لحیائك" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا
تمہاری حیاء کا نگہبان ہے "وانا منہ خلاء"
میں اس سے بری ہوں۔ مفرد تثنیہ جمع مذکر و
مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے۔
الخِلْو خالی (مذکر و مؤنث) ج اخلاء اور
کبھی مؤنث کے لیے خلوۃ استعمال کرتے
ہیں۔
خلا و ماخلا. الّا کے معنی میں کلمہ استثناء
ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہوگا
جیسے "جاء اتباعُ الامیر خلا او ما خلا
زیدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں
مجرور ہوگا جیسے "خلا زیدٍ" اور خلا سے پہلے
اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے۔

الخلوۃ تنہائی کی جگہ۔ ج خلوات.
الخلیّۃ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔
شیر کی جھاڑی۔ ج خلایا.
اَلخُلَیَّۃ ج خلایا تمام زندہ کائنات کا بنیادی مادہ۔
کائنات بسیطہ ایک خلیہ سے بنتی ہیں اور
کائنات مرکب مجموعہ خلایا ہوتا ہے۔
الخلیّ فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس
کی بیوی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "انا خلیٌّ منہٗ"
میں اس سے بری ہوں۔ ج خلیاء و
خلیون. الخلیّ. شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
الخالی. فا کنوارا۔ کنواری۔ ج اخلاء.
خلی(ض) خلیًا. النبات کاٹنا۔
الماشیۃَ: جانوروں کیلئے گھاس کاٹنا۔
الفرسَ: منہ میں لگام دینا اللجامَ من
الفرسِ: اُتارنا الشعیرَ فی المخلاۃِ:
توبرا میں جو ڈالنا القدرَ: ہانڈی کے نیچے
ایندھن لگانا ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔
خالی مخالاۃً. ہ بچھاڑنا۔ فریب دینا۔
اخلی. المکانُ: زیادہ گھاس والی جگہ ہونا
الدابّۃَ: گھاس کا چارہ دینا۔
اختلی. العشبَ کاٹنا۔
انخلی. الخلی کٹنا۔
اخلولی اخلیلاءً الرجلُ دودھ پینے پر
مداومت کرنا۔
اَلخلیوز: لکڑی اور روئی وغیرہ کی پیدائش میں
بنیادی مادہ۔
الخلی تر گھاس۔ ج اخلا واحد (خلاۃ)
المخلی گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔
المخلاۃ توبرہ۔ ج مخالٍ.
المختلی شیر۔
خمّ(ن ض) خمًّا. البیتَ: جھاڑو دینا
البئرَ: کنواں صاف کرنا الناقۃَ: دوہنا فلانًا:
تعریف کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ھو یخمّ ثیاب
فلان" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خمًّا
وخمومًا واخمّ) اللحمُ: بدبودار ہونا۔
صفت (خامّ و خمّ و مُخمّ) اللبنُ بگڑنا۔
کہا جاتا ہے "فلانٌ لا یخمّ فلاں اپنے افعال

کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔
خُمّ. الدجاجُ: ڈربہ میں بند کیا جانا۔
تخمّم. ما علی الخوان: دستر خوان کا
باقی ماندہ کھانا کھانا۔
اختمّ. البیتَ: جھاڑو دینا الشیئَ کاٹنا۔
الخُمامۃ: کوڑا کرکٹ۔ کوئیں کی صفائی میں
جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔
الخُمّ: ڈربہ۔ ج خِمَمۃ.
الخمّ: خالی باغ۔
الخُمّان. مثلثۃ الخاء: ادنیٰ درجہ کے
لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ درخت۔
المِخمّۃ: جھاڑو۔
الخمیم. تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔
سُست قلب (مخموم) حسد و کینہ سے پاک
صاف دل۔
الخمیت: موٹا۔
خمِج(س) خمجًا: بیماری یا تھکن کی وجہ
سے سُست ہونا اللحمُ: بدبودار ہونا دِینُہٗ
او خُلُقُہٗ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا فلانًا:
بُرائی سے ذکر کرنا۔
خمخم: گنگنانا۔
الخمخم: ایک سمندری چھوٹا جانور۔
الخمخم: ایک قسم کی کانٹے دار گھاس۔
خمَدت(ن) وخمِدت(س) خمدًا و
خمودًا. النارُ: آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ
کا ختم ہو جانا الحُمّیٰ: بخار کی تیزی کا کم ہونا۔
المریضُ: بیہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔
اخمد. الرجلُ: بے حرکت ہونا۔ خاموش
ہونا انفاسہ: مار ڈالنا یا ذلیل کرنا۔ النارَ: لپٹ
کو بجھانا۔
الخمود آگ بجھنے کے لیے دبانے کی
جگہ۔
خمر(ن ض) خمرًا چھپانا الشھادۃَ:
پوشیدہ کرنا الرجلَ: شراب پلانا العجینَ:
خمیر ڈالنا فلانًا: شرم کرنا۔
خمِر(س) خمرًا. عنہ: پوشیدہ ہونا،
چھپنا عنہ الخبرُ: پوشیدہ رہنا الشیئَ: سابقہ

حالات سے بدل جانا۔
خَمَرَ العَجِيْنَ: خمیر ڈالنا۔ وَجْهَهُ: ڈھانپ لینا۔ بِيْتَه: گھر میں جمے رہنا
خامر مُخامرةً. بیع میں دھوکا دینا۔
القلب: داخل ہونا۔ الشَّئُ الآخرَ: باہم ملنا
ہ الداءُ: بیماری کا اندر تک اثر کرنا۔ بَيْتَهُ: گھر میں جمے رہنا۔ ہ: چھپنا۔
أخمر. چھپنا۔ له: کینہ رکھنا۔ الشئَ: چھپانا غافل کرنا۔ العجينَ: خمیر ڈالنا۔ الامرَ: پوشیدہ کرنا۔ الارضُ: زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا
ہ الشئَ: تحفہ دینا۔
تَخَمَّرَتِ واختمرت. المرأة: اوڑھنی ڈالنا۔ واختمر العَجِيْنُ: خمیر ہو جانا۔
اِخْتمر العصيرُ: شراب بن جانا۔
الخَمْر والخَمْرة. انگوری شراب۔ ہر نشلی چیز۔
الخِمْر. کینہ۔
الخَمَرِ. لوگوں کی جماعت و بھیڑ۔ گھنی جھاڑی۔ تم کہتے ہو "تَوَارَىٰ الصَّيْدُ عَنِّي في خمر الوَادِي" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا۔
الخَمِر. وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو۔
رَجُلٌ خَمِرٌ: وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔
الخُمَار. شراب کی وجہ سے درد سر (والخُمار والخَمْرة) لوگوں کی کثرت و ہجوم۔
الخِمَار. اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ ج أخْمِرَة وخُمُر وخُمْر. کہا جاتا ہے "مَا شَمَّ خِمارَكَ؟" یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔
الاِخْتِمَار. کیمیائی تبدیلی: یعنی بنیادی مادہ دوسرے مادہ میں تبدیل کرنا مثلاً چینی کے شیرہ سے کحل بنانا۔
الخَمِير والخَمِيْرَة. خمیر۔ الخَمِير: خمیری روٹی۔
الخَمْرَة. خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی

تلچھٹ۔ شراب کی تکلیف و دوران سر۔ کھجور کی چھوٹی چٹائی۔ خَمرة اللَّبن: وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ ج الخُمَر (والخَمرة والخُمرة) بو جو تمہیں پہنچے۔
الخُمْرِيُّ. من الالوان: سیاہ رنگ جو سرخی مائل ہو۔
الخَمَّار. شراب فروش و (الخَمَّارة) شراب بیچنے کی جگہ۔
الخِمِّير والمُستخمر. بہت شراب پینے والا۔
المَخْمُوْر. شراب کی وجہ سے مست۔
خَمَسَ (ن ض) خَمْسا. القومَ: پانچواں ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔
المالَ: پانچواں حصہ لینا۔ الحَبلَ: پانچ لڑیوں سے بٹنا۔
خَمَّسَ. الشئَ: پانچ رکن والا بنانا۔ اور اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے جس کے معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں کا کر دینا ہے۔
أخْمس. القومُ: پانچ ہونا۔
الخُمْس والخُمُس. پانچواں حصہ۔ ج أخماس. کہا جاتا ہے "ضَرَبَ أخماسًا لِأسداسٍ" یعنی اس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔
خُماس و مَخمس. پانچ پانچ (یہ خمسہ خمسہ سے معدول ہے) کہا جاتا ہے "جاءُوْا خُماسَ و مَخْمسَ" وہ پانچ پانچ آئے۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔
الخُمَاسِي. پانچ حرفوں والا۔ کہا جاتا ہے "جارِيَةٌ خُماسِيَّةٌ" پنج سالہ لڑکی۔
الخَمْسَة. پانچ۔ مؤنث کے لیے خَمس۔
خَمْسُوْن. پچاس۔
الخَمِيْس. و يوم الخَمِيْس: جمعرات۔ ج أخْمِسَة واخمِساء. الخَمِيْس: لشکر۔ اس لیے کہ اس میں پانچ جماعتیں

میمنہ۔ میسرہ۔ قلب۔ ساقہ۔ مقدمۃ الجیش ہوتی ہیں۔ رُمح (خَمِيْس و مَخْمُوْس) پانچ گز کا نیزہ۔
المُخَمَّس. پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ اٹھانے کیلئے لوہے کا ایک آلہ۔
المُخَمَّس. وہ شکل جس کو پانچ برابر کے اضلاع گھیر لیں۔
التَخْمِيْس. شعراء کے نزدیک تین شطر کو شعر کے دو شطر کی طرف ملانا۔
خَمَشَ (ن ض) خَمشا و خُمُوْشا. الوجهَ: خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔
خَمَّشه. زیادہ خراش لگانا۔
الخَمْش. س۔ خراش۔ ج خُمُوش.
الخُمَاشة. خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر بدلہ مقرر نہ ہو۔ ج خُماشات. یا وہ زخم جو پوری دیت واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو۔ جیسے ہاتھ، کان یا ناک وغیرہ کاٹنا۔
الخُمُوْش. مچھر۔
خَمَصَ (ن) خَمْصًا و خُمُوْصا و اِنْخَمَصَ. الجرحُ: ورم کا جاتا رہنا۔
خَمَصَهُ خَمْصًا و خُمُوصا و مَخْمَصة الجوعُ: دبلے پیٹ والا کر دینا (و خَمِص (س) خَمَصًا و خَمُص (ک) خَمصا و خُمُوصا و مَخْمَصة) البطنُ: پیٹ کا خالی ہونا۔ دبلا ہونا۔
تخامصَ. الليلُ: صبح کے قریب رات کی تاریکی کا کم ہونا۔ عَنه: یکسو ہونا۔
الخَمْصَة. بھوک۔
خَمَطَ (ن) خَمْطا و خُمُوْطا و خَمِطَ (س) خَمَطًا. الخمرُ او اللبنُ: اچھی بو کا ہونا۔ بو میں تغیر پیدا ہو جانا۔ صفت (خامط و خَمْط) خَمِطَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ (خَمِطَ (ض) خَمْطًا) اللحمَ: بھوننا۔ صفت مفعولی خَمِيْط
خَمَطَ (ن ض) خَمْطًا. اللَّبنَ: دودھ کو برتن میں ڈالنا۔
تَخَمَّطَ. تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ البحرُ:

موج مارنا الفحل نر بڑبڑانا۔
الخمط س۔ ہر کھٹی یا کڑوی چیز۔ ہر درخت کا تھوڑا پھل۔ ہر بے کانٹے والا درخت۔ پیلو کا پھل۔
الخمطة والخمطة. من اللبن دودھ کی بو۔
خمعت(ف) خمعا و خموعا و خمعانا. الضبع لنگڑاتے ہوئے چلنا۔
الخامعة بجو۔ ج خوامع.
الخماع لنگڑاہٹ۔
الخمع بھیڑیا۔ چور۔ ج اخماع.
الخيمع والخموع بدکار عورت۔
خمل(ن) خمولا. ذكره اوصوته: پوشیدہ و کمزور ہونا (خمل(ن) خملا) البسر نرم ہونے کے لیے گھڑے وغیرہ میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خمله الله" اللہ اس کو ہلاکت میں ڈال دے۔
خمل جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔
اخمله گمنام و بے قدر کرنا۔ اخملت الارض بہت گنجان درختوں والی ہونا۔
اخمل القطيفة روئیں دار بنانا۔
اختملت. الماشية: جانوروں کا اچھی گھاس والی زمین میں چرنا۔
الخامل. فا من الرجال گمنام و بے قدر۔ ج خمل.
الخمل کپڑے کا رُواں۔ (والخمالة والخميلة) شتر مرغ کے پر۔
الخملة چادر۔ روئیں دار کپڑا۔
الخملة. راز۔ اندرونی کیفیتیں۔ ج خملات.
الخمال جوڑوں کا درد (والخمالي والخمل والخمل) خالص دوست۔
الخميل روئیں دار کپڑے۔ نرم خوراک۔ گہرا بادل۔ واحد خميلة.
الخميلة چادر۔ بہت گھنا درخت۔ بہت درختوں والی پست زمین۔ ج خمائل
المخمل روئیں دار کپڑا۔

خمن(ن ض) خمنا و خمن. الشيء: تخمینہ کرنا۔ قیمت لگانا۔ اندازہ کرنا۔
الخامن گمنام و بے قدر۔
الخمن بدبو۔
الخمان کمزور نیزہ۔ گھٹیا درجہ کا آدمی۔ کہا جاتا ہے "هم خمان الناس" وہ گھٹیا درجہ کے لوگ ہیں۔
الخمانة کمزور نیزہ کا چھڑ۔
خن(ض) خنينا ناک میں رونا یا بولنا یا ہنسنا۔ صفت (اخن)
خن(ن) خنا. المال لینا۔ القوم قوم کے حریم میں داخل ہونا۔
اخنه عقل چھین لینا۔ صفت (مخنون) قیاس کے مطابق (مخن) ہونا چاہیے۔
استخنت. البئر بدبودار ہونا۔
الخن خالی کشتی۔
الخنة گنگناہٹ۔ ناک کی آواز۔
الخنان آسودگی۔ آرام۔
الخنان والخنان ہونٹوں کا زکام۔ ناک کی ایک بیماری۔ پرندوں کے گلے کی ایک بیماری۔
المخن لمبا مرد۔
المخنة گنگناہٹ و ناک کی آواز۔ ناک۔ گھر کا درمیان۔ صحن۔ واضح راستہ۔ راستہ میں داخل ہونے کی جگہ۔ وادی کی تنگ جگہ۔ کہا جاتا ہے "فلان مخنة لفلان" فلاں چیز فلاں کے کھانے کی ہے۔
خنب(س) خنبا زکام والا ہونا۔ لنگڑا ہونا۔ ہلاک ہونا۔ کمزور ہونا۔
اخنب واختنب ہلاک ہونا۔ اخنب ہلاک کرنا۔ کمزور کرنا۔
تخنب تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے بلند کرنا۔
الخنب ایک قسم کی بیماری جو ناک میں ہوتی ہے۔
الخنب زانو کا باطنی حصہ۔ پسلیوں یا انگلیوں کے درمیان کی کشادگی۔ ج اخناب.
الخناب لمبا۔ بیوقوف۔

الخنابة بڑا نشان۔ برائی۔
الخنابة والخنابة تکبر۔ غرور۔
الخنابتان والخنابتان ناک کے نتھنے۔
خنث(س) خنثا. الرجل ہیجڑا ہونا۔ صفت (خنث)
خنث(ض) خنثا. تھٹا کرنا السقاء: مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ دینا۔
خنثه موڑنا۔ نرم کرنا۔ ہیجڑا بنانا۔
انخنث دوہرا ہونا۔ لچکنا۔
تخنث وانخنث ہیجڑا ہونا۔
خناث مؤنث کیلئے وصف ہے اور صرف ندا ہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "یا خناث" یعنی اے لچکنے والی۔
خناث. الثوب واخناثه کپڑے کی تہیں کہا جاتا ہے "اطو الثوب على خناثه" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ واحد (خنث)
الخنث لچک۔
الخنثى ہیجڑا۔ ج خناثى و خناث.
المخناث وہ شخص جس میں بہت زیادہ لچک ہو۔ کہا جاتا ہے "رجل مخناث و امرأة" مخناث ج مخانيث.
المخنث. ہیجڑا۔ وہ شخص جس میں لچک ہو۔
الخنجر والخنجر بڑی چھری۔ ج خناجر.
خنخن خنخنة. ناک میں بولنا في كلامه گنگنانا۔
الخنذب بد خلق۔
الخندريس پرانی شراب۔
الخندع خسیس۔ لئیم۔
الخندق کھائی۔ ج خنادق و (خندق) خندقة کھائی کھودنا۔
تخنذذ بے شرم دلیر ہونا۔
الخنذيذ لمبا۔ سخت۔ پہاڑ کی بلند چوٹی۔ بلیغ شاعر۔ بہادر۔ سخی۔ بگولہ۔ بدزبان۔ خصی گھوڑا۔ ج خناذيذ.

الخنذُ ع خسیس۔ لئیم۔

خنز (س) خنزًا و خُنوزًا. النحم: بدبودار ہونا۔ صفت (خنِز و خنز)

الخُنْزُوان والخُنْزُوانة. تکبر۔ غرور۔

الخُنْزُوان. بندر۔ نر سور۔

الخِنْزِیْر. سور۔ ج خنازیر. الخنازیر: کنٹھ مالا۔ خنزیر البحر: مچھلی کی ایک قسم۔ خنزیرُ الهند: خرگوش کی مانند اس سے چھوٹا ایک جانور جس کی کھال پر مختلف رنگ کے داغ ہوتے ہیں۔ خِنزِیْرَةُ البئر: کنوئیں کی چرخی جس پر پانی نکالتے ہوئے رسّی لپیٹتے ہیں۔

الخنزرة. موٹائی۔ پتھروں کے توڑنے کی بڑی کدال۔

خنَس (ن ض) خنسًا و خُنوسًا و خِناسًا. عنه: پیچھے ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ سکڑنا۔ کہتے ہیں "خنَسَ الطَرِیْقُ عَنَّا" یعنی ہم راستہ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔ بَیْنَ اَصْحابه: چھپنا۔

خَنسهُ (ن ض) خَنسًا. پیچھے کرنا اِبهامه: سمیٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَشارَ بِاَرْبَعٍ و خنس اِبْهامه" اس نے چار انگلیوں سے اشارہ کیا اور انگوٹھے کو سمیٹ لیا القولَ: بُری بات کہنا الشئَ عَنْه: چھپانا فُلانًا وبه: غائب کردینا۔ چھپادینا۔ صفت خانسٌ. ج خُنّس.

خنِس (س) خنسًا. ناک کا چپٹا ہونا اور اس کے سرے کا اُٹھا ہوا ہونا۔ صفت (اَخنس) مؤنث خنساء ج خُنس اسم الخنس.

اَخنسهُ. عنه: روکنا۔ پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْنَسْتُ عنه بَعْضَ حَقِّهٖ" میں نے اس کے کچھ حصّہ کو روک لیا اَوْ عارَ الطَرِیْق: دشوار راستوں سے آگے بڑھ جانا۔

تَخنَّس. به: غائب کردینا۔

اِنخنس. عنه: پیچھے ہونا۔ سکڑنا۔

الخُنَس. ہرنیوں کے رہنے کی جگہ۔ ہرنیاں۔ جنگلی گائے۔

الخُنَّس. ستارے یا صرف سیارے۔ یا بقول بعض چند سیارے جن کے نام یہ ہیں۔ زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔

الخنساء. نیل گائے۔ ایک مشہور شاعرہ کا لقب۔

الاخنس والخنّوس. شیر۔ الاخنس: چیچڑی۔

الخنّاس. شیطان۔

الخنّیس. فریبی۔ حیلہ گر۔

الخنسر. لئیم۔ کمینہ۔

الخنسر ولخنسری. وہ شخص جو نقصان کے موقع میں ہو ج خناسرة.

الخناسیرُ. مصیبتیں۔

الخِنْشار. ایک قسم کی نباتات۔

الخِنَّوص. مؤنث الخنّوصة: سور کا بچہ۔ ج خنانیص

الخِنْصِر والخنصر. چھنگلیا۔ ج خناصر. کہا جاتا ہے۔ "هٰذا اَمْرٌ تُعقَدُ عَلَیْهِ الخَناصِر" یعنی یہ ایسا معاملہ ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے۔

خنطه (ض) خنطًا. رنج و غم پہنچانا۔

خَنطَث. تکبر و غرور کے ساتھ چلنا۔

الخِنطِیْر. بہت بڑھیا۔ جس کی پلکیں لٹک آئی ہوں۔

الخنطل. بلی۔ مصیبت۔ قطار، ٹڈی دل۔

خنع (ف) خُنوعًا. له و اِلَیْه: انکساری و فروتنی کرنا اِلَی اللّٰه: بغیر عمل کے گڑگڑانا بفُلان: بیوفائی کرنا اِلَی الاَمْرِ الشَّئِ: مائل ہونا۔

خنَعهٗ. کلہاڑی سے کاٹنا۔

اِخنعَتْهُ. الحاجةُ له و اِلَیْه: ذلیل و پست کردینا۔

الخنع. ذلت۔

الخُنْعة. عار۔ تہمت۔

الخانِع والخنوع. متہم۔ بدکار۔ بدگمانی میں ڈالنے والا۔ ج خنعة و خُنع.

الخِنْعابة. کمینہ۔

شَعْرٌ (خنعب) لمبا بال۔

الخُنعُبة. چھوٹا گڑھا۔ مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔

خنف (ض) خنافًا. البعیرُ: دوڑنے میں سر کو سوار کی طرف پھیرنا۔ صفت (مذکر و مؤنث) (خنوف) ج خُنُف. (خُنوفًا) غضبناک ہونا الرجلُ بانفه: تکبر کرنا۔ صفت (خانف) المرأة: سینہ پر دوہتڑ مارنا۔

خنِف (س) خنفًا. صدرُهٗ او ظهرُهٗ: ایک جانب دوسری کے مخالف پیٹھ یا سینہ والا ہونا۔ صفت (اخنف) ج خُنف.

المخنف. نشانات۔

خنفس. عن القوم: نفرت کرنا۔ علیحدہ ہو جانا۔

الخُنفُس والخنفس والخُنفَس و الخُنفسا والخُنفسانة. گبریلا۔ ج خنافس.

والخُنافِس. شیر۔

خُنفَساءُ البَطاطِس. آلو کو نقصان دہ امریکی سنڈھی۔

خنقه (ن) خَنقًا و خنقًا و خنّقهٗ تخنیقًا. گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "خَنقتْهُ العَبْرَةُ" یعنی اُسے روتے روتے پھندا لگ گیا۔ خنَقَ الاناءَ: بھرنا۔ خنَق السَّراب الجبلَ. پہاڑ کی چوٹی کو قریب قریب چھپالینا۔ خَنَق زیدٌ الاربعین: قریب قریب ہونا۔

اِختنق. گلا گھٹنا۔

انْخنق. اپنا گلا گھونٹنا۔

الخنق والخنیق. گلا گھونٹا ہوا۔

الخُناق. ایک بیماری کا نام جس میں سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔

الخُناقِیَة. پرندوں اور گھوڑوں کے حلق کی بیماری کا نام۔

الخناق. رسی وغیرہ جو گلا گھونٹنے کے کام میں آئے۔ گردن۔ کہا جاتا ہے "اخذه بخناقه" اس نے اس کی گردن پکڑلی۔

الخانق. فا. تنگ راستہ۔ گلی۔ خانق الذئب وخانق النمر وخانق الکلب: گھاسوں کے نام۔

الخَنَّاق. جس کی عادت گلا گھونٹنے کی ہو۔
المِخْنَقَة. گلوبند (ایک زیور) وہ چیز جس سے گلا گھونٹا جائے۔ ج مَخَانِق و مَخَانِيْق.
المُخَنَّق. مع۔ گلا گھونٹنے میں رسی کی جگہ گردن۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ مُخَنَّق الخَصرِ" پتلی کمر کا لڑکا۔
المُخْتَنَق. تنگ جگہ۔
المُخْتَنِق. گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی رخساروں تک ہو۔
خَنَا (ن) خَنْوًا وخَنِي (س) خَنًى و اَخْنىٰ عَلَيْهِ فِي الكَلَامِ: بدزبانی کرنا اَخْنَى الجَرَادُ: بہت انڈے دینا المَرْعَىٰ: بہت گھاس والی ہونا۔ اَخْنَىٰ عَلَيْهِ الدَّهْرُ: طویل ہونا۔ ہلاک کرنا۔ ظلم کرنا۔ بیوفائی کرنا اور کہا جاتا ہے "اَخْنىٰ بِهٖ" اس نے اسے چھوڑ دیا اور اس کے ساتھ بدعہدی کی۔
الخَنىٰ. بدزبانی۔ خَنىٰ الدَّهر: مصیبتیں واحد (خَنَاة)
خَابَ (ن) خَوْبًا. محتاج ہونا۔
الخَوْبَة. بھوک۔ بغیر چارہ والی زمین یا وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔
خَاتَ (ن) خَوْتًا وخَوَتَانًا. الرجلُ. عمر رسیدہ ہونا۔ عہد توڑنا۔ خلاف وعدگی کرنا المالَ: کم کرنا (وانْخَاتَ واخْتَاتَ)
البَازِي عَلىٰ الصَّيْدِ: ٹوٹ پڑنا۔
خَاتَ (ن) خَوَاتًا. العقابُ: عقاب کے بازوؤں میں سرسراہٹ ہونا۔
تَخَوَّتَ واخْتَاتَ. المالَ: کم کرنا الشَّیٔ: اُچک لینا حَدِيثَ القَومِ: سن کر یاد رکھنا الشَّاةَ: فریب دے کر چرانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْتَاتُوْنَ اللَّيْلَ" وہ رات میں رہزنی کرتے ہیں۔
الخَوَّات. دلیر مرد۔
خَوِثَ (س) خَوَثًا. البطنُ: ڈھیلا ہونا۔ کھانے سے بھرا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْوَث) مؤنث (خَوْثَاء)
اَخَاخَ إخَاخَةً. العشبُ: پوشیدہ ہونا۔ کم ہونا۔
الخَوْخ. شفتالو۔ واحد (خَوْخَة)
الخَوْخَة. روشن دان۔ پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔
الخَوْخَاء والخَوْخَاة والخَوْخَاءَة. بیوقوف۔
خَوَّدَ. الرَّجُلُ: تیز چلنا مِنَ الطَّعَامِ شَيْئًا: کچھ حاصل کرنا۔
تَخَوَّدَ. الغُصْنُ: جھکنا۔
الخَوْد. نازک بدن۔ جوان عورت۔ ج خَوْدَات وخُوْد.
خَاوَدَهٗ مُخَاوَدَةً. الى الشئِ: ایک کا دوسرے کے بعد آنا۔ کہا جاتا ہے "خَاوَدْنَا اِلَى المَاءِ" یعنی ہم واپس آرہے تھے اور وہ لوگ جارہے تھے۔ خَاوَدَهٗ: بار بار زیارت کیلئے آنا۔ خَاوَدَتْه الحُمىٰ: غیر متعین وقت پر آنا۔ خَاوَدَ عَنْهُ. علیحدہ ہونا۔
تَخَاوَدَ. القومُ: باہم عہد وپیمان کرنا۔
تَخَوَّدَ. نگہبانی کرنا۔ تم کہتے ہو "تخودنا بالزيارة" اس نے ہم سے بار بار ملاقات کی۔
الخُوْذَة. خود۔ ج خُوَذ.
خُوْذَانُ. النَّاسِ: لوگوں کے خادم۔
خِوَاذُ. الحُمىٰ: غیر معین وقت میں بخار آنا۔
خَارَ (ن) خُوَارًا. البقرةُ: آواز کرنا۔
(خُؤُوْرًا و خَوِرَ (س) خَوَرًا) ست و کمزور ہونا۔ ٹوٹنا قوةُ المريض: کم ہونا۔
خَوَّرَ. کمزور ہونا۔ ڈھیلا ہونا الارضُ: کثرت بارش کی وجہ سے نرم ہو جانا الرجلَ: کمزوری کی طرف نسبت کرنا۔
اَخَارَهٗ. مائل کرنا۔ موڑنا۔ پھیرنا۔ تم کہتے ہو "اَخَرْنَا الإبلَ الىٰ مَوضعِ كذا" ہم نے اونٹوں کو فلاں مقام کی طرف پھیر دیا۔
تَخَاوَرَت. الثِّيْرَانُ: بیلوں کا باہم آواز نکالنا۔
اِسْتَخَارَهٗ. مہربانی چاہنا المنزلَ: صاف کرنا۔
الخَوْر. مں۔ دو بلندیوں کے درمیان پست زمین۔
الخُوَار. مں۔ گائے کی آواز۔ بکریوں، ہرنوں اور تیر کی آواز کے لیے بھی مستعمل ہے۔
الخَوَّار. بزدل۔ کمزور۔ سُست۔ فرسٌ خَوَّارُ العِنَانِ: تابعدار تیز رفتار گھوڑا۔
الخَوَّار مِنَ الزِّنَادِ: چقماق۔
الخُوْرِی. کاہن۔ ج خَوَارِنَة (دخيل)
الخُوْرُس. گرجا میں خادموں کے قیام کی جگہ (جديد)
خَازَهٗ (ن) خَوْزًا. دشمنی کرنا۔
خَاسَتْ (ن) خَوْسًا. الجِيْفَةُ: بدبودار ہونا البِضَاعَةُ: مندا ہونا خَاسَ العَهْدَ و بِالعَهْدِ: بدعہدی کرنا بِالوَعْدِ: خلاف وعدہ کرنا بِفُلَانٍ: بیوفائی کرنا۔
خَوَّسَ. الشَّیٔ: کم کرنا۔ گھٹانا الابلَ: ایک ایک کرکے پانی پر بھیجنا۔
خَاشَهٗ (ن) خَوْشًا. بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا الشَّیٔ: لینا الرَّجُلُ: ہجوم میں داخل ہونا۔
خَوَّشَ و تَخَوَّشَ. الشيء: کم کرنا۔ گھٹانا۔ و تَخَوَّشَ الرَّجُلُ: موٹائی کے بعد لاغر ہونا۔
الخَوْش. پہلو۔
الخَوْشَان. ایک قسم کی گھاس جس میں ترشی ہوتی ہے۔ واحد (خَوْشَانَة)
خَوِصَ يَخْوَصُ خَوَصًا. دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْوَص) مؤنث خَوْصَاء ج خُوْص الشَّاةُ: تمام جسم میں سفیدی کے ساتھ ایک سفید اور ایک سیاہ آنکھ والی ہونا۔
خَوَّصَ. پہلے شرفا کا پھر کمینوں کا اکرام کرنا التَّاجَ: سونے کے پتروں سے مزین کرنا ٥ الشَّيْبُ: بڑھاپا شروع ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَوِّصْ مَا اَعْطَاكَ" یعنی جو کچھ وہ دے اس کو لے لو اگرچہ تھوڑا ہو۔
خَاوَصَ و تَخَاوَصَ. آنکھوں کو بھینچ کر

تیز دیکھنا النجومُ: مائل بغروب ہونا۔
خاوَصَهٗ مُخاوَصَةً وخاوَصَهُ البیعَ: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔
اَخوَصَ. النخلُ: پتے والا ہونا۔
تَخوَّصَ. الشيءَ: تھوڑے ہونے کے باوجود لے لینا العَطِیَّةَ: تھوڑا تھوڑا کر کے لینا۔
الخَوَّاص. کھجور کے پتوں کا بیچنے والا۔ اور اس کے عمل کو (الخِیَاصَة) کہتے ہیں۔
الخُوص. کھجور کے پتے۔ واحد (خُوصَة)
الخَوصاء. گرم ہوا جو آنکھوں کو چندھا کر دے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوا فِي الظَّهِیرَةِ الخَوصاءِ" وہ دوپہر کی سخت گرمی میں نکلے۔
خاضَ (ن) خَوضًا وخِیاضًا. الماءَ: داخل ہونا۔ گھسنا الشرابَ: ملانا الغَمَراتِ: سختیوں میں کود پڑنا فی الحَدیثِ: مشغول ہونا الجَوادُ فی المَیدانِ: کلیلیں کرنا۔ بالفَرسِ: پانی پر لے جانا بالسَیفِ: زخم میں تلوار ہلانا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ یَخوضُ المَنایَا" وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے۔ وَهُوَ یَخُوضُ اللیلَ وہ رات کو ہولناکیوں کی پروانہ کرتے ہوئے گھس پڑتا ہے۔
خَوَّضَ. الماءَ: داخل ہونا۔ گھسنا۔
خاوَضَ مُخاوَضَةً واَخاضَ
اِخاضَةَ الفرسِ: پانی میں داخل کرنا۔
اَخاضُوا الماءَ: جانوروں کو پانی میں ڈال دینا۔
تَخَوَّضَ. بتکلف گھسنا۔
اِختاضَ. الماءَ: داخل ہونا۔ گھسنا۔
تَخاوَضَ. القومُ فی الحَدیثِ: باہم مشغول ہونا۔
الخَوضَة. خاض کا اسم مرۃ۔ موتی۔
الخَوَّاض. بہت گھسنے والا۔
المَخاضَة. پانی میں گھسنے کی جگہ۔ ج مَخاوِض ومَخاض ومَخاضات.
تَخَوَّطَهٗ. وقتاً فوقتاً آنا۔

الخُوط. نرم ٹہنی یا ہری شاخ۔ ج خِیطان.
خافَ (س) خَوفًا وخِیفًا ومَخافَةً وخِیفَةً وتَخوَّفَ. گھبرانا۔ احتیاط کرنا۔ ڈرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخافَهٗ وخافَ مِنهُ وخافَ عَلَیهِ"
صفت (خائِف) ج خُوف وخُیَّف وخِیَّف وخائِفون. وتخوَّفَ الحقَّ: حق کو مار لینا۔ وتخوَّفَ الشيءَ: تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔ تَخوَّفَ علیهِ شیئًا: خوف کھانا۔
خَوَّفَه. ڈرانا الطَّریقَ: ایسا کر دینا کہ لوگ ڈرنے لگیں۔
اَخافَهٗ اِخافَةً. ڈرانا۔ اَخافَ الطَّرِیقُ: گھبراہٹ میں ڈالنا۔
خاوَفَهٗ. ڈرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خاوَفَنِي فَخُفتُهٗ اَخُوفُهٗ" میں نے اس سے ڈرنے میں مقابلہ کیا تو میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ ڈرنے والا نکلا۔
الخَوَّاف. شور۔
الخاف. بہت ڈرنے والا۔
الخافَة. چمڑے کا جبہ جس کو شہد نکالنے والا پہنتا ہے۔ جس کے ذریعہ سے پھلوں کو چنا جائے۔
الخِیفَة. ڈرنے والے کی حالت۔ ج خِیف.
المَخُوف. خوفناک۔ کہا جاتا ہے "طَرِیقٌ مَخُوفٌ" خوفناک راستہ۔
خوق (س) خَوَقًا وانخاقَ وتَخوَّقَ. کشادہ ہونا۔ صفت (اَخوَق) مؤنث خَوقاء ج خُوق.
اَخاقَ اِخاقَةً. ملک میں جانا۔
خَوَّقَهٗ. کشادہ کرنا۔
تَخوَّقَ. عنهُ: دور ہونا۔
الخُوق. بالی کا حلقہ۔
الخَوق. کشادگی۔ خارش۔
الاَخوَق. خارش والا۔ کانا۔
مکان (مُنخاق) کشادہ جگہ۔
خالَ یَخُولُ خَولاً وخِیالاً. المواشيَ:

نگہبانی کرنا فلانٌ علی اَهلِهٖ: تدبیر اُمور کرنا۔ انتظام کے لیے کافی ہونا۔
خالَ یَخالُ خَولاً. تنہائی کے بعد غلاموں والا ہونا۔
خَوَّلَهُ. الشيءَ: عطا کرنا۔ بخشش کرنا یا مالک بنانا۔
اَخوَلَ واُخوِلَ. ماموں والا ہونا۔
اَخالَ. فیه خالاً من الخیرِ واَخالَهٗ: فراست سے بھلائی معلوم کرنا۔
تَخوَّلَ فِیهِ خالًا مِنَ الخَیرِ و تَخیَّلَ تَخوُّلًا وتَخَیُّلًا. بھلائی معلوم کرنا۔
تَخوَّلَ خالًا: ماموں بنانا فلانًا: نگہبانی کرنا۔
اِستَخوَلَهُم. خادم بنانا۔ استخولَ واستَخالَ فِیهِم: ماموں بنانا۔
الخَوَل. خولی کی جمع۔ غلام۔ لونڈیاں۔ لفظ واحد ہی جمع کے لیے مستعمل ہے۔ اور کبھی واحد کے لیے (خائل) بولتے ہیں۔
الخال. ماموں۔ ج اَخوال واَخوِلَة وخُؤُول وخُوَّل. وخُؤُولَة
الخالَة. ماں کی بہن۔ موسی۔ ج خالات. تم کہتے ہو "هُما اَبناءُ خالَةٍ" یہ دونوں ایک دوسرے کے خالہ کے بیٹے ہیں۔ الخال: خیر کا نشان۔ فوج کا جھنڈا۔ چیز کا مالک۔ تم کہتے ہو "انا خال هذا الفرس" میں اس گھوڑے کا مالک ہوں۔
الخَولِيّ. مال کا بہتر منتظم۔ ج خَوَل.
الخائِل. فا. الخول کا واحد۔ کہا جاتا ہے "هو خائِلُ مالٍ" وہ مال کا منتظم و نگہبان ہے اور کبھی حذف ہمزہ سے "خالُ مالٍ" کہتے ہیں۔
الخَولَة. ہرنی۔
الاَخوَل. وہ شخص جس کے بہت سے ماموں ہوں۔ رجل (مُخوِل ومُخوَل ومُخال) شریف ماموں والا۔
خامَت (ن) خَوماناً. الارضُ: ناموافق آب و ہوا والی ہونا۔
اخامَ اِخامَةً. الفرسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا

ہونا۔
الخام. روئی کا کپڑا۔ ج اَخوَام. اَرْضٌ (خَامَۃ) ناموافق آب وہوا والی زمین۔
خَانَہٗ (ن) خَوْنًا وخِیَانَۃً ومُخَانَۃً و خَانَۃً. فِي کَذا: امانت میں خیانت کرنا۔
خَانَہٗ سَیْفُہٗ: اُچٹ جانا۔ خَانَہٗ الدَّھْرُ: آسودگی کو سختی سے بدل دینا۔ خَانَتْہٗ رِجْلَاہٗ: چلنے پر قادر نہ ہونا۔ خَانَ الدلوُ الرِشاءُ: ٹوٹ جانا۔ العھدَ: توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "خانہ العَھْدَ او الاَمَانَۃَ" یعنی اس نے عہد یا امانت میں خیانت کی۔ صفت (خَائِن) ج خُوَّان و خَانَۃ و خَوَنَۃ (خَوْنًا) جسم میں کمزوری اور نظر میں ضعف ہونا۔
خوَّنَہٗ. خیانت کی نسبت کرنا۔
خَوَّنَہٗ وخَوَّنَ مِنْہٗ وتَخَوَّنَہٗ. تھوڑا تھوڑا کر کے کم کرنا۔ خَوَّنَہٗ وتَخَوَّنَہٗ. نگہبانی کرنا۔ ور اسی سے ہے "کَانَتِ الحُمّٰی تَتَخَوَّنُہٗ" س کو وقت پر بخار آتا ہے۔ تَخَوَّنَہٗ الدَّھْرُ: سودگی کو سختی سے بدل دینا۔
اِخْتَانَہٗ. خیانت کرنا المال چرانا۔
اِسْتَخَانَہٗ. خیانت کرنے کا ارادہ کرنا۔
الخَان. دکان۔ سرائے۔ ج خَانَات (دخیل) اور خان ترکوں کے بادشاہ کا لقب تھا۔
الخَائِنَۃ. الخَائِن کا مؤنث ۔ الخَائِنَۃ: ت خیانت کرنے والا۔ "تا" مبالغہ کے لیے ہے۔ جیسے رَاوِیَۃ بہت روایت کرنے والا۔
الخُوَان والخِوَان. دستر خوان۔ عوام اس سفرہ کہتے ہیں۔ ج اَخْوِنَۃ وخُوْن.
الخَؤُوْن والخَوَّان. بہت خیانت کرنے لا۔
الخَوَّانَۃ. بہت خیانت کرنے والا۔ "تا" بالغہ کے لیے ہے۔ دبر۔
خَوَّتِ الدَّارُ تَخْوُ خَوًّا. گر جانا النجومُ: غیر بارش ہوئے غروب ہونا۔
الخَوُّ. بھوک۔ کشادہ وادی (والخَوُّ) شہد۔
الخَوَّۃ. کشادہ زمین۔

خَوَیٰ(ض) خواءً. البیتُ: گرنا۔ خالی ہونا راسُہ: کثرتِ نکسیر سے خون سے خالی ہونا (خَوًی وخَواءً) بھوکا ہونا الزَنْدُ: آگ نہ دینا (خَیًّا) النجومُ: بے بارش کے ہونا۔ مائل بغروب ہونا (خَوًی وخَوایَۃً) الشيءَ: اُچک لینا۔
خَوِیَ (س) خَیًّا وخُوِیًّا وخَوایَۃً. المکان: خالی ہونا۔
خَوّیٰ تَخْوِیَۃً. البعیرُ: بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اونچا رکھنا الطائرُ: اڑنے میں بازو لٹکانا۔
اَخْوَیٰ اِخْوَاءً. الزَنْدُ: آگ نہ دینا۔ النجومُ: بے بارش کے ہونا الرجلُ: بھوکا ہونا مَا عِنْدَ فُلَان: سب کچھ لے لینا (و خَوَّت) الماشِیَۃُ. بہت موٹا ہونا۔
اِخْتَوَیٰ اِخْتِوَاءً. بے عقل ہونا البلدَ: عبور کرنا ما عِنْدَ فُلان: سب کچھ لے لینا الفرسَ: اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان نیزہ مارنا۔
الاَخْوَیٰ. عقل و ہوش رفتہ۔ مؤنث خَیَّا وخَوْیَاء.
الخَوَیٰ والخَوَاء. کھانے سے پیٹ کا خالی ہونا۔ دو چیزوں کے درمیان کا خلاء۔ خَوَاءُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اگلے پچھلے پیروں کے درمیان کا فاصلہ۔
الخَوِیُّ. خالی پیٹ والا۔
الخَوِیّ. نرم وپست زمین۔
خَابَ(ض) خَیْبَۃً وتَخَیَّبَ. محروم ہونا۔ ناامید ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَابَ سَعْیُہٗ" یعنی وہ ناکامیاب ہوا۔
خَیَّبَہٗ واَخَابَہٗ. محروم کرنا۔
قَدْحٌ (خَیَّابٌ) آگ نہ دینے والا چقماق۔
المَخْیَبَۃ. باعث محرومی۔
خَاتَ(ض) خَیْتًا و خُیُوتًا. آواز کرنا۔
خَارَ(ض) خَیْرًا. صاحب خیر ہونا۔
اللّٰہُ لَکَ فِی الاَمْرِ: بہتری کرنا۔
خَارَ (ض) خِیْرَۃً وخیرۃً وخِیَرًا و

خیّرَ الشيَ علی غَیْرِہٖ: فضیلت دینا۔
خار د: انتخاب کرنا اور اسی سے ہے "اللّٰھُمَّ خِرْلي" اے اللہ میرے لیے دو امر میں سے بہتر کا انتخاب کر۔
خَیَّرَہٗ و خَایَرَہٗ. فِي الاَمْرِ وبَیْنَ الاَمْرَیْنِ. پسند کرنے کے لیے اختیار دینا۔ و خَایَرَہٗ فِي العِلْمِ فَخَارَہٗ: علم میں مسابقت کرنا اور غالب رہنا۔
تَخَیَّرَہٗ واخْتَارَہٗ. چن لینا۔ انتخاب کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔
اِسْتَخَارَ اِسْتِخَارَۃً. طلب خیر کرنا۔ اللّٰہَ: طلب خیر کی دعا کرنا۔
الخَیْر ج خُیُوْر: بھلائی، نیکی۔ کسی چیز کا اپنے کمال کو پہنچنا مال ج اَخْیَار وخِیَار: بہت نیکی والا۔ اور خیر اسم تفضیل کا صیغہ (اَخْیَر) کا مخفف ہے اور اس کی مؤنث (خَیْرَۃ) ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانَۃٌ خَیْرَۃُ النَّاسِ و خَیْرُھُم"
الخِیْر. شرف۔ بزرگی۔ کرم۔ اصل۔ ہیئت۔
الخَیِّرَۃ. بہت خیر والی۔ ہر چیز سے بہتر۔ ج خَیِّرَات.
الخِیَرۃ والخِیْرَۃ. مِنَ الشَّيءِ او القَوْمِ: افضل۔
الخِیَار. پسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بالخِیَار" یعنی جو چاہو پسند کرو۔ خِیَارُ الشَّيءِ: چیز میں کا افضل۔ الخیار: ککڑی۔ واحد (خِیَارَۃ)
خِیَار شَنْبَر. املتاس۔
الخِیْرِیُّ. ایک قسم کی پھولوں والی نباتات۔
الخَیْرِیَّۃ. عمدگی۔ فضل۔ عثمانی سلطنت کا ایک پرانا سکہ۔
الخَیِّر. فیاض۔ مؤنث خَیِّرَۃ.
الاَخْیَرُ. زیادہ اچھا۔ مؤنث خِیْرَیٰ وخُوْرَیٰ ج اَخَائِیْر
الخِیْرَیٰ والخُوْرَیٰ والخُوْرَیٰ والخِیْرَیٰ. بہت زیادہ اچھا۔ کہا جاتا ہے رجل خیری —الخ —یعنی بہت خیر والا۔

المُخْتار: مع۔ کہا جاتا ہے "اَنتَ بالمُخْتارِ"یعنی تم جو چاہو پسند کرو۔
خاسَ(ض) خَیْسًا. اللَّحمُ بدبو دار ہونا البَیْعُ نمرد بازاری ہونا۔ مندا ہونا الرَّجلُ: جھوٹ بولنا۔ ذلیل ہونا الرَّجلَ او الدابةَ: مطیع کرنا۔
خاسَ(ض) خَیْسًا وخَیَسانًا. بالعهد: بدعہدی کرنا بالوَعْدِ: خلاف وعدگی کرنا۔
خَیَّسَهُ. سدھانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَیَّسَ الجملَ"یعنی اس نے اونٹ کو سوار ہو کر سدھایا۔ روکنا۔
الخَیْس. غم۔ گمراہی۔ جھوٹ۔ خیر۔
الخِیْس. گنجان درخت۔ شیر کی جھاڑی۔ ج اَخْیاس دودھ۔
الخِیْسة. شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج خِیَس
المُخَیَّس. والمُخَیِّس. جانور کے سدھانے کی جگہ۔ قید خانہ۔
خاشَ(ض) خَیْشًا. ما فی الوعاءِ: نکالنا۔
الخَیْش. کتاں کا کھردرا کپڑا۔ ج خُیُوش واَخْیاش واحد (خَیْشة) کمینہ آدمی۔
الخَیَّاش. کتاں کا کھردرا کپڑا بیچنے والا۔
خاصَ(ض) خَیْصًا. کم ہونا۔ صفت (خائص)
خَیِصَ(س) خَیَصًا. ایک بڑی ایک چھوٹی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْیَص) مؤنث (خَیْصاء)
الخَیْص. تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "نِلْتُ مِنْهُ خَیْصًا خائصًا" میں نے اس سے تھوڑی چیز حاصل کی۔
الخَیْصیٰ. تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فی المَرْعیٰ خَیْصیٰ مِنَ العُشْبِ" چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس ہے۔
الخَیْصان. تھوڑا مال۔
خاطَ(ض) خَیْطًا. الثوبَ: سینا۔ صفت فاعلی (خائط وخاطٌ وخَیَّاط) اور صفت مفعولی (مَخِیط ومَخْیُوط) الحَیَّةُ: زمین پر رینگنا اور اسی سے ہے "هذا مَخِیطُ الحَیَّة" یہ سانپ کے رینگنے کی جگہ ہے۔
خاطَ اِلَیْهِ خَیْطَةً ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا۔
خَیَّطَ. الشَّیْبُ فی راسِه: بڑھاپا شروع ہونا۔
تَخَیَّطَ. راسُهُ بالشَّیْبِ: بڑھاپا شروع ہونا۔
اِخْتاطَ واختطی. اِلَیْهِ: ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا۔
الخَیْط. س۔ دھاگہ۔ ج خُیُوط و خُیُوطَة و اَخْیاط مِنَ النَّعامِ: شتر مرغ کا ریوڑ۔ مِنَ الجَرادِ: ٹڈیوں کا دل۔ ج خِیْطان.
الخَیْطُ الاَبیَضُ: صبح کی سفیدی۔ الخَیْطُ الاَسْوَدُ: رات کی سیاہی۔ الخَیْطُ مِنَ الرَّقَبَة: حرام مغز۔ کہا جاتا ہے "جاحَشَ عَنْ خَیْطِ رقبتِه" اس نے اپنے خون سے مدافعت کی۔ خَیْطُ باطِلٍ: تر مرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔
الخِیْط. والخَیْطی. مِنَ النَّعامِ او الجَرادِ: شتر مرغ کا ریوڑ۔ ٹڈیوں کا دل۔
الخِیاطَة. درزی کا پیشہ۔
الخَیَّاط. درزی۔
الخِیاط والمِخْیَط. سوئی۔
خَیِفَ(س) خَیَفًا. ایک نیلگوں اور ایک سرمگیں آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْیَف) مؤنث خَیْفاء ج خِیْف.
خَیَّفَ. عَنِ القتالِ: روگردانی کرنا۔ القومُ: کسی جگہ میں اُترنا۔ خَیَّفَتِ المرأةُ باَوْلادِها: اخیافی بھائیوں کی ماں ہونا۔
تَخَیَّفَ. الوانًا: مختلف رنگوں والا ہونا۔
الخَیْف. دامن کوہ میں ہر بلند و پست زمین۔ پانی بہنے کی جگہ سے بلند جگہ۔ تھن کی کھال۔
الخِیْفة. چھری۔ شیر کی جھاڑی۔
الخَیْفاء. کشادہ تھنوں والی۔ ج خَیْفاوات وخِیَف.
الاَخْیاف. مختلف لوگ۔ کہا جاتا ہے "هم اِخْوَةٌ اَخْیافٌ اَوْ بنُو اَخْیافٍ" یعنی ان کی ماں ایک ہے اور باپ مختلف ہیں۔
الخَیْفان. لوگوں کی کثرت۔ مختلف رنگوں والی ٹڈی۔ ایک قسم کی پہاڑی گھاس۔ واحد (خَیْفانَة)
خالَ یَخالُ خَیْلًا وخِیْلًا وخالًا وخَیْلَةً وخِیْلَةً وخَیَلانًا وخَیْلُولَةً ومَخِیلَةً ومَخالَةً. الشیَٔ: خیال کرنا۔ گمان کرنا اور واحد متکلم مضارع کا صیغہ اَخالُ و اِخالُ اور بکسر ہمزہ زیادہ فصیح ہے۔
خَیَّلَ تَخْییلًا وتَخَیُّلًا. علیه: تہمت لگانا (خَیَّلَ تَخْییلًا) السحابُ: گرجنا، چمکنا اور برسنے کے لیے تیار ہونا فِیْهِ الخَیْرَ: معلوم کرنا عَنِ القَوْمِ: کمزور و بزدل ہونا۔
خُیِّلَ. اِلَیْهِ ولَهُ اَنَّهُ کَذا: توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے۔
خایَلَهُ. فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
خایَلَتِ السَّحابَةُ: بارش کی اُمید دلانا۔
اَخْیَلَتِ. السماءُ: برسنے کیلئے تیار ہونا۔
النّاقَةُ: تھنوں میں دودھ والی ہونا۔
(واَخالَ) القومُ: ایسے بادل کو دیکھنا جس کے متعلق خیال ہو کہ برسے گا۔ (اَخْیَلَ و اِخْتالَ) المَکانُ بالنَّباتِ: ہرا بھرا ہونا۔
اَخالَ عَلَیْهِ الشیُٔ: دشوار و مشتبہ ہونا۔
تَخَیَّلَتِ. السَّحابةُ: بارش کی علامتیں معلوم ہونا الرَّجُلُ: تکبر کرنا لَهُ اَنَّهُ کَذا: توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے فیه الخیرَ: معلوم کرنا ۵: فراست سے معلوم کرنا علیه: پسند کرنا اور فراست سے خیر معلوم کرنا۔
تَخایَلَ تَخایُلًا واخْتالَ واخْتِیالًا. تکبر کرنا اور اکڑ کر چلنا۔
اِسْتَخالَ. السَّحابةَ: برستا ہوا خیال کرنا۔
الخال. س۔ بادل جس سے بارش ضروری ہو۔ بے بارش کا بادل۔ بجلی۔ غرور۔ بڑا پہاڑ۔ جھنڈا۔ نرم کپڑا۔ سخی و فیاض آدمی۔ مغرور۔

گمان و توہم۔ بے بیوی والا۔ کمزور دل یا کمزور جسم والا۔ چھوٹا ٹیلہ۔ گھوڑے کی لگام۔ کفن۔ بدن کا تل۔ ج خِیْلان.

الخَالَة. مغرور عورت۔

الخَیْل. مس۔ گھوڑوں کا گروہ۔ ج خُیُول واَخْیَال. اور مجازاً خیل کا اطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اتی بخَیْلِه ورَجْلِه" وہ اپنے سوار اور پیادوں کے ساتھ آیا۔

الخِیْل. ہینگ۔

الخَیْلان. ایک دریائی جانور ہے جس کا نصف حصہ انسان جیسا اور نصف حصہ مچھلی کا سا ہوتا ہے۔

الخِیَال. گمان وہم۔ ج اَخْیِلَة (و الخَیَالة) وہ صورت جو خواب میں نظر آئے۔ انسانی شکل۔ ڈراوا۔ یعنی وہ چیز جس کو کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں چوپائے اور پرندے اس کو انسان خیال کرتے ہیں۔

الخَائِل. مغرور۔ ج خَالَة.

المُخَیِّلَة والخِیَالِیَّة. قوتِ خیالیہ۔

الاَخْیَل. مؤنث خَیْلاء. ج خِیْل واَخَائِل. و (المَخْیِل والمَخْیُوْل) بدن میں تل والا۔

الاَخْیَل: ایک منحوس پرندہ کا نام۔

الاُخَائِل. مغرور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اُخَائِل"

الخَیَّال. شہسوار۔ گھوڑے والا۔ ج خَیَّالَة.

الخُیَلاء. والخِیَلاء والخَیْلَة. تکبر و غرور۔ السحابة (المُخْیِلَة والمَخِیْلَة والمُخَیِّلَة والمُخْتَالَة) بادل جس کے برسنے کی امید ہو۔ المُخَیِّل: خیر سے ڈرانے والا۔ الکلام مُخَیِّل: دشوار کلام۔

المَخَائِل. مِن السُحب: بارش سے ڈرانے والے بادل۔ اور اسی سے "ظَهَرَتْ فیه مَخَایِلُ النجابة" اس کے اندر شرافت کی علامتیں ظاہر ہوئیں۔

اَرْض (مُتَخَیِّلَة و مُتَخَایِلَة)

خام یخِیْم خَیْمًا و خَیَمانًا و خُیُوْمًا و خُیُوْمَةً وخِیَامًا و خَیْمُوْمَة اقامت کرنا عنه: بزدل ہونا۔ روگردانی کرنا القومُ فی القتَال: جنگ میں کامیاب نہ ہونا جله: پاؤں اُٹھانا۔

خَیَّم. خیمہ لگانا۔ خیمہ میں اقامت کرنا بالمکان: اقامت کرنا خَیَّمت الکرْمَةُ: خیمہ کی مانند ہونا خَیَّمت البقر: اپنے تھان پر کھڑے رہنا الریح فی الثوب: کپڑے میں خوشبو کو بسانا۔

اَخام اِخَامَةً واَخْیَم اِخْیَامًا الخیمةَ: نصب کرنا الفرسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔

تَخَیَّم. المکانَ وبالمکان وفیه: جگہ میں اپنا خیمہ نصب کرنا تخیَّمتِ الرِّیْحُ الطَّیِّبَةُ بالثَّوْب وفِیْه: بھڑک اُٹھنا۔

الخِیْم. طبیعت۔ خصلت۔ تلوار کا جوہر۔

الخَام. ہر وہ چیز جس میں ابھی ہاتھ نہ لگا ہو جیسے ہیرا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو۔ پتھر جو تراشا نہ گیا ہو۔ چمڑا جس کی دباغت نہ ہوئی ہو۔ کپڑا جو ابھی دھویا نہ گیا ہو۔ روئی کا بنایا ہوا۔ ج اَخْوَام. الخَام: مولی۔

الخَامَة. تروتازہ گھاس۔ ج خَام و خامات.

الخَیْمة. ڈیرہ۔ ہر وہ مکان جو اینٹ، پتھر اور مٹی وغیرہ سے نہ بنا ہو۔ ج خِیَم و خِیَام و خَیْمات و خِیَم. الخیام: ہودے۔

الخَیَّام. خیمہ میں رہنے والا (الخَیْمی) خیمہ بنانے والا یا بیچنے والا۔

المُخَیَّم. وہ جگہ جہاں خیمے نصب ہوں۔

د

د: الدال بنیادی حروف میں سے آٹھواں حرف ہے- حروف نطعیہ سے ہے- حساب جمل میں اس کا نمبر (۴) ہے-

دَأَب (ف) دَأْبًا وَدَأَبًا وَدُؤُوبًا. فی العمل: لگاتار جانفشانی سے کرنا۔ صفت (دَائِبٌ وَدَؤُوبٌ). (دَأْبًا وَدَأَبًا)

الدابۃ تیز ہانکنا ۵ دھتکارنا۔

اَدْأَبَهٗ اِدْآبًا تھکانا۔ لگاتار کوشش کرنے کا حاجت مند بنانا۔

الدَّأْب والدَّأَب مں۔ عادت۔ حالت۔

الدَّائِبَان رات دن۔

الدَّائِب تھکاماندہ۔

دَأَثَ (ف) دَأْثًا. بوجھل ہونا لثوبُ: میلا ہونا الثوبَ: میلا کرنا الطعامَ: کھانا۔

الدِّئْث سخت کمینہ۔

الدَّأَثَاء باندی۔ لونڈی۔ ج دِآث اِبْنُ دَأَثَاء: بیوقوف۔

دَأْدَأَ دَأْدَأَةً وَدِئْدَاءً. تیز دوڑنا فِیْ اَثَرِهٖ: کھوج لگانے کیلئے پیچھے جانا الشیَٔ: ڈھانپنا۔ حرکت دینا۔ ٹھہرانا القومُ: باہم ہجوم کرنا۔

تَدَأْدَأَ ہلنا۔ ٹھہرنا فِی مَشْیِهٖ: لڑکھڑانا۔ عَنْ فَرَسِهٖ: گرنا۔

الدَّأْدَأُ والدَّأْدَاء. والدَّأْدَأَةُ والدَّأْدَائَةُ. مِنَ اللَّيَالِيْ: سخت تاریک رات۔ ج الدَّآدِی.

الدَّار صِیْنِیْ دار چینی۔

دَئِصَ (س) دَأَصًا. اترانا البعیرُ: موٹا و پُر گوشت ہونا۔

الدَّأْص موٹاپا۔

دَأَظَ (ف) دَأْظًا. الاِنَاءَ: بھرنا الرجلَ: باوجود شکم سیری کے کھانے پر مجبور کرنا۔ غصہ دلانا۔ گلا گھونٹنا القَرْحَةَ: دبا کر نچوڑنا۔

دَأَظَ (ف) دأظًا موٹا ہونا۔

دَأَلَ (ف) دَأْلًا ودَأَلًا ودَأَلٰی سست چلنا۔ (له دَأْلًا ودَأَلانًا) فریب دینا۔

دَاءَ لَهٗ مُدَاءٍ لَةً دھوکا دینا۔ تیز چلنے میں مقابلہ کرنا۔

دُؤَالَةٌ لومڑی کے لئے علم جنس ہے۔

الدَّأَل والدِّئِل والدُّؤَل والدَّأَلَان. گیدڑ۔ بھیڑیا۔ نیولے کی مانند ایک جانور۔

الدُّؤْلُوْل مصیبت۔ ج دَآلِیل. کہا جاتا ہے "وَقَعَ القَوْمُ فی دُؤْلُوْلٍ" لوگ مصیبت میں پڑ گئے۔

دَأَمَ (ف) دَأْمًا. الحائطَ: سہارا دینا الرجلَ: کود کر سوار ہونا۔

تَدَأَمَهٗ. الماءُ: ڈھانپ لینا۔ تَدَأَمَتِ السَّمَاءُ: لگاتار برسنا۔

تَدَائَمَتْ. عليهِ الهُمُوْمُ والاُمُوْرُ: ہجوم کرنا۔

الدَّأْم مں۔ ہر وہ چیز جو تمہیں چھپالے۔

الدَّأْمَاء. سمندر۔

دَأَى يَدْأَىٰ ويَدْأٰى دَأْوًا وَدَأْيًا. الذئب للصيد: دھوکے سے شکار کرنا۔

الدَّأْی سینے کی پسلیوں کے ملنے کی جگہ۔ ج دَأْيَات.

(اِبْنُ دَايَةَ) کوا۔

الدَّايَة دائی جنائی۔ ج دَايَات.

دَبَّ (ض) دَبًّا وَدَبِيبًا رینگنا۔ ہاتھوں یا پیروں کے بل چلنا۔ کہتے ہیں "هُوَ اَكْذَبُ مِنْ دَبَّ وَدَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے السُّقْمُ فی الجِسْمِ او البِلٰى فی الثوبِ: بیماری کا جسم میں اور کہنگی کا کپڑے میں سرایت کرنا، اثر کرنا الجَدْوَلُ: نہر کا جاری ہونا اور کہا جاتا ہے "دبت عَقَارِبُهٗ" اس نے تفرقہ اندازی کیلئے چغل خوری کی۔ دَبَّ الشَّيْخُ: آہستہ چلنا۔

اَدَبَّ. الصَّبِيَّ: ہاتھ پیروں پر چلانا اِلٰی اَرْضِهٖ جَدْوَلًا: نہر جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَدَبَّ البِلَادَ" اس نے ملک کو عدل و انصاف سے بھر دیا۔ و "هُوَ يُدِبُّ عَلَيْنَا عَقَارِبَهٗ و يُحَرِّشُ عَلَيْنَا اَقَارِبَهٗ" یعنی وہ ہم سے دشمنی کرتا ہے اور تکلیف پہنچاتا ہے۔

الدُّبُّ. ریچھ۔ ج اَدْبَاب وَدِبَبَة. مؤنث دُبَّة. الدُّبُّ الاَكْبَرُ والدُّبُّ الاَصْغَرُ: بنات النعش کے ستاروں کا مجموعہ۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ دُبَّ فُلَانٍ اَوْ دُبَّةَ فُلَانٍ" اس نے فلاں کا طریقہ اختیار کر لیا۔

الدَّبَّة. تیل وغیرہ کا برتن۔ بط کی شکل کا شیشہ کا برتن۔ بہت ریتلی جگہ۔ ج دِبَاب. منه کاروان۔ ج دَبّ. کہا جاتا ہے "لَيْسَ

فی الدّارِ دُبّیٌ اَوْدِبّیٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔ اس کا استعمال صرف نفی کی صورت میں ہوتا ہے۔

الدَّبَب. رُواں۔ بال کی کثرت۔ گائے کا نومولود بچھڑا۔

الدَّبّاب. تیز رینگنے والا۔ ناتوانی سے آہستہ چلنے والا۔ مؤنث دَبّابَة.

الدَّبّابَة. ایک آلہ کا نام جس کو محاصرہ میں استعمال کیا کرتے تھے اور اس کے جوف میں داخل ہو کر قلعہ کی دیوار کی جڑ میں پہنچ جاتے تھے اور جوف میں رہتے ہوئے نقب لگاتے تھے۔ ج دَبّابات. الدَّبّابَة: ٹینک یعنی مسلح جنگی موٹر۔

الدَّبِیْب. س۔ رینگنے والا۔ چھوٹا کیڑا جو پانی میں کھیلتا رہتا ہے۔

الدَّبُوْب والدَّیْبُوْب. موذی۔ چغل خور۔ گہرا غار۔ ہر موٹی تازی چیز۔

الدَّابَّة. الداب کا مؤنث۔ ہر رینگنے والا جانور۔ سواری کا جانور۔ بوجھ لادنے کا جانور۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے اور اس میں تا وحدت کی ہے۔ ج دَوابّ. تصغیر (الدُّوَیْبَّة)

الدُّبّاء. کدو۔ واحد (دُبّائَة)

الدِّبْبان. رُواں۔ بالوں کی کثرت۔

الاَدَبّ. بہت بالوں والا۔ بہت روئیں والا۔ مؤنث دَبّاء. بہت بالوں والا اُونٹ۔

المَدَبّ. جاری ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَدَبُّ السَّیْل" سیلاب بہنے کی جگہ۔ و "مَدَبُّ النَّمل" چیونٹیوں کے چلنے کی قطار۔

أرْضٌ (مَدَبَة) بہت ریچھوں والی زمین۔

دَبَأه (ف) دَبْأً. لاٹھی سے مارنا الشَّیءُ: ساکن ہونا۔

دَبّأه. وَدَبَأ عَلَیْهِ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

دَبَجَه (ن) دَبْجًا و دُبْجَة. نقش کرنا، مزین کرنا، خوبصورت بنانا الطَّیْلَسانَ: ریشمی کپڑا لگا کر مزین کرنا۔

الدِّیْباج. ریشمی کپڑا۔ ج دَبابِیج و دَیابِیْج.
واحد (دِیْباجَة) و (الدیباجة) چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یَصُوْنُ دِیْباجَتَه" فلاں اپنی آبرو کی حفاظت کرتا ہے۔ و "فُلانٌ یَبْذُلُ دِیْباجَتَه" فلاں اپنی آبروریزی کرتا ہے۔ "دِیْباجَةُ الکِتاب" کتاب کا دیباچہ۔

الدِّیْباجَتان. دونوں رخسارے۔ دِیْباجَةُ الْوَجْه: چہرہ کی رونق۔ الدِّیْباج: جوان اونٹنی۔

الدَّبّاج. ریشمی کپڑے کا بیچنے والا۔

المُدَبَّج. ریشمی کپڑے سے مزین کیا ہوا۔ بدشکل۔ ایک بدشکل آبی پرندہ۔ اُلو۔

دَبَّج. سر جھکانا اور پیٹھ بچھانا۔ ذلیل ہونا۔ فِیْ بَیْتِه: گھر میں جمے رہنا۔

دَبَّخ. بمعنی دَبَّج.

دَبْدَبَ دَبْدَبَةً. الحافِرُ عَلَی الاَرْضِ: ٹاپ سے آواز نکلنا۔

دَبَرَ (ن) دَبْرًا ودُبُوْرًا النَّهارُ اَوِ الصَّیْفُ: گزر جانا۔ ختم ہونا الرَّجلُ: مرنا۔ پشت پھیرنا۔ بوڑھا ہونا الریحُ: پچھوائی رخ پر ہو جانا۔ (دَبْرًا) السَّهْمُ الهدفَ: نشانہ سے ہٹ جانا الکتابَ: نقل کرنا بالشَّیْءِ: لے جانا ہ: پیچھے آنا الحدیثَ عن فلانٍ: کسی کے مرنے کے بعد اس کی بات بیان کرنا۔

دُبِرَ. پچھوائی ہوا لگنا۔

دَبِرَ (س) دَبَرًا. البعیرُ: کجاوہ وغیرہ سے زخمی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (دَبِر)

دَبَّرَ. الامرَ: غور کرنا۔ انجام سوچنا۔ انتظام کرنا الحدیثَ: دوسرے سے روایت کرنا علیٰ هَلاکِه: کسی کی ہلاکت کیلئے حیلہ اور کوشش کرنا۔

دابَرَ مُدابَرَةً ودِبارًا. مرنا ہ: دشمنی کرنا۔

اَدْبَرَ. البعیرُ: زخمی پیٹھ والا ہونا۔ اَدْبَرَه القَتَبُ: پیٹھ زخمی کرنا فلانٌ: مرنا۔ پچھوائی ہوا میں داخل ہونا عَنْهُ: پیٹھ پھیرنا ہ: پیچھے کرنا۔ اَدْبَرَتِ الدُّنْیا: اقبال کا ختم ہونا۔ الامرُ: ختم ہونا الرَّجُلُ: بدھ کے دن سفر کرنا۔

تَدَبَّرَ. الامرَ: انجام سوچنا۔

تَدابَرَ. القومُ: باہم دشمنی کرنا۔ اختلاف کرنا اور قطع تعلقات کرنا۔

اِسْتَدْبَرَہ. پشت دینا۔ اختیار کرنا اور جستجو کرنا الامرَ: غیر متوقع طور پر نتیجہ کا سامنے آنا۔

الدَّبْر. س۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا جھنڈ۔ واحد (دَبْرة) ج اَدْبُر و دُبُوْر. بہت مال۔ موت۔ پہاڑ۔ سمندر میں جزیرہ کی مانند زمین کا ٹکڑا جس پر جوار بھاٹا ہوتا ہو۔ کسی چیز کے پیچھے۔ تم کہتے ہو "جَعَلَ کَلامِی دَبْرَ اُذُنِه" اس نے میری بات سے غفلت کی اور متوجہ نہیں ہوا۔

الدِّبْر. بمعنی الدَّبْر. بہت مال۔ واحد ہے مفرد اور جمع دونوں کیلئے ہے۔ کہا جاتا ہے "مالٌ دِبْرٌ واموالٌ دِبْرٌ"

الدُّبْر و لدُّبُر. مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: پچھلا حصہ۔ ج اَدْبار دُبُرُ الصَّلٰوة: نماز کا آخر۔ کہا جاتا ہے "جاءَ دُبُرًا لشَّهْرِ وفی دُبُرِه و عَلیٰ دُبُرِه واَدْبارَ الشهرِ و فی اَدْبارِه:" وہ مہینہ کے آخر میں آیا۔ دُبُرُ البَیْتِ: گھر کا گوشہ۔

الدَّبْرَة. انجام۔ لڑائی میں شکست۔ قابل کاشت زمین۔ ج دِبار.

الدَّبِر. زخمی پیٹھ والا جانور۔

الدِّبْرَة. جہت پشت۔ کہا جاتا ہے "لَیْس لِهٰذَا الْاَمْرِ قِبْلَة ولا دِبْرَة" یعنی اس معاملہ میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہے۔

[illegible]برہ. جانور کی پیٹھ کا زخم جو کجاوہ وغیرہ سے ہو جائے۔ ج دَبَر و اَدْبار.

الدَّبار. ہلاکت۔

الدِّبار. کھیتوں کی نالیاں۔ لڑائیاں۔ شکستیں۔

الدَّبُوْر. پچھوائی ہوا۔

الدَّبِیْر. مِنَ الرَّجُلِ: پیچھے۔ کہا جاتا ہے "هُوَلا یعرفُ قَبِیْلَه مِنْ دَبِیْرِه" وہ اپنے آگے پیچھے کو نہیں پہچانتا۔ زیادتی، جہالت کے

لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "عرف قَبِيْلَهٗ مِنْ دَبِيْرِهٖ" اس نے طاعت اور معصیت میں تمیز کرلی۔

الدَّبُوْر. شکل وصورت۔ ج دَبَابِيْر.

الدَّبُوْرَة. پتھروں کو ہموار کرنے کا اوزار۔ فصیح لفظ "الصَّاقُوْر" ہے۔

الدَّبَرَان. چاند کی ایک منزل کا نام جو برج ثور کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے۔

الدَّابِر. فا. تابع۔ ہر چیز کا آخر۔ اصل۔ گزرا ہوا۔ جیسے "اَمْسِ الدَّابِر" گزشتہ کل۔ اور یہ تاکید کے لئے ہے جیسے "رَاَيْتُه بِعَيْنِيْ" بولتے ہیں۔ نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔ جوئے کے تیروں میں سے ناکامیاب تیر۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ فِي الْكِنَانَةِ غَيْرُ الدَّابِر" ترکش میں سوائے دابر کے کچھ باقی نہ رہا۔ اور کہتے ہیں "قَطَعَ اللّٰهُ دَابِرَهُمْ" اللہ ان کی جڑ کو کاٹ دے۔

الدَّابِرَة. الدابر کا مؤنث۔ شکست۔ بدفالی۔ نحوست۔ انسان کی ایڑی کا پٹھا۔ دَابِرَةُ الطَّيْرِ: پرندے کے پاؤں کا خار۔ ج دَوَابِر.

الدَّبَرِيّ. نماز جو آخر وقت میں ادا کی جائے۔

الدَّبَرِيُّ. وقت ختم ہو جانے کے بعد آنے والا۔ "شَرُّ الرَّاْيِ الدَّبَرِيّ" یعنی وہ رائے بری ہے جو وقت گزر جانے کے بعد سمجھ میں آئے۔

و "جَاءَ دَبَرِيًّا" وہ آخر میں آیا۔

المُدَابِر. ناکامیاب تیر والا۔

المُقَابَل والمُدَابَر. نجیب الطرفین۔ شریف ماں باپ والا۔

المَدْبُوْر. زخمی۔ بہت مال والا۔

دَبَسَ. الشَّيْءَ: چھپانا الشَّيْءُ: چھپنا العِنَبُ: میٹھا ہونا العَصِيْرُ المَغْلِيُّ: گاڑھا ہو جانا الرَّجُلُ العَصِيْرَ: پکا کر گاڑھا کر دینا۔

اَدْبَسَتْ. الاَرْضُ: اکھوا نکلنا۔

اِدْبَسَّ اِدْبِسَاسًا. الفَرَسُ: سرخ سیاہ ہونا۔ صفت (اَدْبَس)

الدِّبْس. ہر کالی چیز۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ دِبْسٌ" بہت مال۔

الدِّبْس. پکایا ہوا گاڑھا شیرہ۔

الدَّبَّاس. شیرہ بنانے والا یا بیچنے والا۔

الدِّبْس. شہد۔ کھجور کا شیرہ۔

الدُّبْسَة. سیاہی ملی ہوئی سرخی۔

الدَّبُّوْس والدَّبُوْس. آہنی گرز۔ ج دَبَابِيْس.

دَبَشَ (ن) دَبْشًا. الشَّيْءَ: چھلکا اُتارنا الطَّعَامَ: کھانا۔

الدَّبَش. گھر کا سامان۔ ردی سامان۔ مَكَانٌ (مَدْبُوْش) وہ جگہ جہاں کی پیداوار کو ٹڈیوں نے کھالیا ہو۔

سَيْلٌ (دُبَاشٌ) ہر چیز کو بہالے جانے والا سیلاب۔

دَبَغَ (ف ن ض) دَبْغًا و دِبَاغًا و دِبَاغَةً. الجِلْدَ: کھال کو پکانا۔

اِنْدَبَغَ. کھال کا نرم ہونا اور اس سے رطوبت اور بدبو کا زائل ہونا۔

الدِّبْغ والدِّبْغَة والدِّبَاغ و الدِّبَاغَة. چمڑا پکانے کا مسالہ۔

جِلْدٌ (دَبِيْغٌ) پکائی ہوئی کھال۔

الدِّبَاغَة. چمڑے کی پکائی کا پیشہ۔

الدَّبَّاغ. چمڑے کو پکانے والا۔

المَدْبَغَة والمَدْبُغَة. چمڑا پکانے کی جگہ۔ چمڑے جو پکانے کے لئے مسالہ میں ڈالے گئے ہوں۔

دَبَقَ (ض) دَبْقًا. الصَّائِدُ الطَّيْرَ: لاسہ سے شکار کرنا۔

دَبِقَ (س) دَبَقًا. بِهٖ: چمٹنا۔

دَبَّقَهٗ. لاسہ سے شکار کرنا۔

اَدْبَقَهٗ. چپکانا۔

تَدَبَّقَ. الطَّيْرُ: لاسہ سے شکار ہو جانا الشَّيْءُ: لیس دار ہونا۔

الدِّبْقُ. ایک درخت چھوٹے قد کا جس کے پھول انگوری نما پرندوں کو شکار کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الدِّبْق والدَّابُوق والدَّبُوْقَاء. پرندوں کے شکار کرنے کا لاسہ۔

دِبْك: دَبَكَ يَدْبُكُ (عامی لفظ) الارض: زمین پاؤں وغیرہ مار کر گونج پیدا کرتا ہے۔ علی الارض. زمین پر گرانا۔

الوِعَاءَ. برتن کو بھرنا۔ دبك بمعنی دبك.

الدبكه: معروف رقص

دَبَلَ (ن) دَبْلًا و دُبُوْلًا. الاَرْضَ: کھاد ڈالنا الشَّيْءَ: درست کرنا۔

دَبَلَهٗ (ن ض) دَبْلًا. بِالعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَبَلَتْهُ الدُّبُوْلُ" اس پر مصائب پڑے یا اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔

(و دَبَلَ) اللُّقْمَةَ: بڑا لقمہ لینا الشَّيْءَ: اُنگلیوں سے جمع کرنا۔

دَبِلَ (س) دَبَلًا. موٹا ہونا۔

الدَّبْل. مس. پلیگ۔ مصیبت۔ اولاد کی موت۔ نالا۔ ج دُبُوْل.

الدُّبْلَة. بڑا لقمہ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ کلہاڑی کا سوراخ۔ ج دُبَل و دُبَل.

الدَّبْلَة والدُّبَيْلَة. مصیبت۔ پیٹ کی ایک بیماری۔ پیٹ کا پھوڑا۔

الدُّبَال. کھاد۔

الدَّبُوْل. عورت جس کا بچہ مرگیا ہو۔ ہلاکت ومصیبت۔

الدَّوْبَل. نر سور۔ چھوٹے قد کا گدھا۔

الدِّبْلُوْمَاسِي: ڈپلومیسی یعنی نمائندہ حکومت اپنی حکومت کے مفادات کے لئے موزوں طرز عمل اختیار کرے۔

دُبِيَتْ. الاَرْضُ: چھوٹی ٹڈیوں کا کھیتی کو کھا جانا۔ صفت (مَدْبِيَّة و مَدْبُوَّة)

اَدْبَتِ. الاَرْضُ: بکثرت چھوٹی ٹڈیوں والی ہونا۔

الدَّبَى. چھوٹی ٹڈی۔ چیونٹی۔ واحد (دَبَاة)

دَثَّ (ن) دَثًّا. الصَّيَّادُ بِهٖ: کسی چیز سے شکار کرنا۔ دَثَّهٗ. تکلیف دہ مار مارنا۔ ہٹا دینا۔ پتھراؤ کرنا۔

دَثَّتْ (ض) دَثًّا. السَّمَاءُ: ہلکی بارش ہونا۔

الدثّ والدَّثة والدِثاث ہلکی بارش۔
الدُثة معمولی زکام۔
الدَثوُث ہٹ جانے والا۔
دَثَر(ن) دُثوُرا. الرسمُ مٹنے لگنا۔ صفت (دَاثِر)ج دَواثِر السَّيفُ زنگ آلود ہونا الشَجَرُ: پتے نکلنا الثوبُ: میلا ہونا الرجُلُ بڑھاپے کے آثار نمایاں ہونا۔
دَثرَہٗ ہلاک کرنا۔ چادر سے ڈھانپنا۔
الطائِر گھونسلہ بنانا۔
تَدَثَّر واِدَّثر. بالثوب: اوڑھنا۔ صفت (مُتَدثِر) و (مُدَّثِر) اس کی اصل مُتَدثِر ہے تا کو دال میں ادغام کر دیا گیا ہے۔ وتَدَثَّر فرسہ کود کر سوار ہونا۔
اِنْدَثَر مٹنا۔ ناپید ہونا۔
اِدَّثَر بہت مال جمع کرنا۔
تَداثَر. الرَسْمُ مٹنے لگنا۔
الدَاثِر. فا ہلاک ہونے والا۔
الدَثر بہت۔ مالٌ دَثرٌ بہت مال، کہا جاتا ہے "مَالٌ دَثرٌ ومَالَانِ دَثرٌ وَاَموَالٌ دَثرٌ" اور کبھی دُثوُر جمع بولتے ہیں۔ رجُلٌ، دَثر: غافل۔ مرد هُوَ (دِثرُ) مَالٍ: وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔
الدَثر. میل کچیل۔ اور کہا جاتا ہے عَسْكَرٌ دَثرٌ بہت فوج۔
الدِثار. بدن سے ملے ہوئے کپڑے کے اوپر کا گرم کپڑا۔ سونے والا جس کپڑے کو اوڑھ کر لیٹے۔
الدَثور والدِثَارِيُّ کاہل۔ سست۔ گمنام۔ بہت سونے والا۔
الاَدْثَر. غافل۔
القَرحَة: نشتر لگا کر مواد بہانا۔
الماءَ: گرانا۔
الطائرُ: درخت میں گھونسلہ بنانا۔ پھدکنا۔
دَجَّ(ض) دَجِيجًا و دَجَجَانًا. القومُ: آہستہ چلنا البيتُ: چھت ٹپکنا۔ (دَجًا) السِترَ: لٹکانا۔
دَجَّجَهٗ. ہتھیار بند کرنا۔ دَجَّجَتِ السماءُ ابر آلود ہونا۔
تدجج ہتھیار بند ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "تَدَجج فِي شِكَّتِهٖ" وہ پوری طرح ہتھیار بند ہو گیا۔
الداجُّ. فا (مثل لفظ الحاج کے مفرد و جمع ہے) خادم اور بوجھ اٹھانے والوں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ وہ آہستہ چلتے ہیں۔ ج داجُّون و داجة.
الدُجة سخت تاریکی۔
الدجاج. (بتثلیث الدال والفتح اعلی) مرغی۔ مرغ (پالتو و جنگلی) الدجاج الهِندي ایک بڑا پرندہ ہے جس کو ملک شام میں دجاج حبش اور مصر میں دجاج رومی کہتے ہیں۔
واحد (دجاجة) ج دُجج الدجاجة: دھاگے کی انٹی۔ عیال۔
الدُجج سخت تاریکی۔ سیاہ پہاڑ۔
الدُجوجي والديجوج تاریک رات۔ ج دَياجيج.
الدُجاجي. مرغیوں کا بیچنے والا۔ اَسوَدُ دُجاجي: سخت سیاہ۔
المُدَجَّج والمدجج. پوری طرح سے ہتھیار بند "دَجَّجتِ السماءُ" سے ماخوذ ہے اور تشبیہا سیہی پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے۔
دُجْدَجَ و تَدَجْدَجَ. اللَيلُ تاریک ہونا۔
دَجِر(س) دَجرًا. حیران ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت (دَجِر و دَجران) ج دَجْرىٰ و دَجارىٰ.
داجرَ مُداجرةً بھاگنا۔
الدِجران. تھونی۔ وہ لکڑی جو بیل چڑھانے کے لئے لگائی جائے۔ واحد (دجرانة)
الدُجْر. ایک وہ چیز جس میں سوراخ دار لوہا لگا ہوا ہوتا ہے اور اس میں سے بونے کے وقت غلہ گراتے ہیں۔
الدُجْر. بتثلیث الدال والکسر افصح
الدَيْجُور. تاریکی۔ خاکستری رنگ کی سیاہی مائل مٹی۔ ج دَياجِير و دَياجِر
دَجَل(ن) دَجلا جھوٹ بولنا (و دَجَل) البعيرَ: اونٹ پر قطران ملنا بالمكان: ٹھہرنا۔ مقیم ہونا۔ و (دَجَّل) الشيئَ ڈھانپنا الاناءَ سونے کے پانی سے ملمع کرنا الارضَ: گوبر ڈالنا۔
الدَجَل گوبر۔
الدجّال بڑا جھوٹا۔ نام ایک شخص کا جو آخر زمانہ میں ظاہر ہوگا۔ ج دَجّالوُن و دَجاجلة. الدَجّال سونے کا پانی۔
الدجّالة ساتھیوں کا بڑا گروہ جو زمین پر چھا جائے۔
الدَجِيل والدُجالة. قطران (دیکھئے لفظ القطر ن)
دِجْلة. عراق کا مشہور دریا۔ لفظ کے لحاظ سے مؤنث ہے اور نہر کی تاویل سے مذکر اور کبھی اس پر الف لام بھی داخل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدجلة"
دَجَم(ن) دَجْمًا. اللَيلُ: تاریک ہونا۔
دَجِم(س) ودُجم دَجْمًا. غمگین ہونا۔
الدَجم. مِنَ الشيء: قسم۔
الدُجم. عشق کے بے تابیاں۔ کہا جاتا ہے "اَخذَتهُ دُجَمُ العِشقِ" اس کو عشق کی بے تابیوں نے گھیر لیا۔
الدُجْمة. کلمہ۔ کہا جاتا ہے "ما سمعتُ لهُ دُجْمةً" غديرٌ (دَيْجَمٌ) لہریں مارنے والا تالاب۔
دَجَن(ن) دَجْنًا و دُجُونًا. اليومُ: بادل بارش والا ہونا اللَيلُ: سیاہ ہونا۔ صفت (اَدْجَن) مؤنث (دَجْناء) ج دُجْن.
دَجَن(ن) دُجُونًا. بالمكان: اقامت کرنا۔
الحمامُ وغيرُهُ: پالتو ہونا۔ صفت (داجن) مؤنث (داجنٌ وداجنة) ج دَواجِن. کہا جاتا ہے "دَجَنُوا فِي لُؤمِهِم" کمینہ پن ان کی گھٹی میں پڑ گیا۔
اَدْجَن. القومُ: بارش میں داخل ہونا۔
السماءُ: لگاتار برسنا المطرُ اوالحُمّىٰ: ہمیشہ رہنا اللَيلُ: تاریک ہونا۔

داجنه مُداجنة. نمائشی رواداری برتنا۔
اِدْجوْجن. اليومُ: بارش والا ہونا۔
الدَّجْن. س۔ بہت بارش۔ گھٹاٹوپ بادل ج دُجْن ودِجان ودُجُون واَدْجان. کہا جاتا ہے "يَوْمُ دَجْنٍ ويَوْمٌ دَجْنٌ" بہت بارش کا دن۔ علی هذا القياس. لَيْلَةُ دَجْنٍ و لَيْلَةٌ دَجْنٌ
الدُّجْنة. تاریکی۔ ج دُجَن و دُجْنات. والدُّجنة فی اَلْوان الابل. بدترین سیاہی۔
الدُّجُنَّة والدَّجَنَّة والدِّجَنَّة تاریکی۔ بہت بارش والا گھٹاٹوپ بادل۔ ج دُجُنّات. کہا جاتا ہے "يَوْم دُجُنَّةٍ ويوم دُجُنَّةٌ" بہت بارش کا دن و علی هذا القياس "لَيْلَةُ دُجُنَّةٍ ولَيْلَةٌ دُجُنَّةٌ" تاریک رات۔
الاَدْجن. تاریک۔
لَيْلَةٌ (مِدْجان) تاریک رات۔
الداجنة والمُدْجِنة. مِنَ السحاب: بہت بارش والا بادل۔
دجا (ن) دَجْوًا ودُجُوًّا. اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (دَاجٍ) مؤنث داجية. الثوبُ: کشادہ ہونا۔
داجیٰ مُداجاةً ہ: نمائشی رواداری برتنا۔
اَدْجیٰ اِدْجاءً وتَدَجّیٰ تَدَجِّيًا و اِدْجَوْجیٰ اِدْجيجاءً. اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ اَدْجی البيتَ: پردہ لٹکانا۔
الدُّجة. قمیص کا بٹن۔ تین انگلیاں مع لقمہ کے۔ ج دُجات ودُجیٰ.
الدُّجية. تاریکی یا بادل کی تاریکی۔ شکاری کے گھات کی جگہ۔ ج دُجیٰ.
الداجی. فا مِنَ العَيْشِ: آسودگی نعمۃ داجيةٌ: کامل نعمت۔
لَيْلٌ (دَجِيٌّ) تاریک رات۔
الدَّياجی. تاریکیاں۔
دَحَّ (ن) دَحًّا. الشئَ فی الاَرْضِ: چھپانا الطَّعامُ بَطْنَه: شکم سیری سے لٹک آنا۔ الرَّجُلَ: گدی پکڑ کر دھکیلنا البيتَ فی الثریٰ: کشادہ کرنا۔

اِنْدَحَّ اِنْدِحاحًا. بطنُه: کشادہ ہونا۔
الدَّحْدَح والدَّحْدَحة والدَّحْداح والدَّحْداحة والدَّحادح والدُّحَيْدِحة. پستہ قد۔
دَحَرَه (ف) دَحْرًا و دُحُورًا و مَدْحَرةً. دھتکارنا۔ دور کرنا۔ دفع کرنا۔ صفت فاعلی (داحر و دَحُور) و صفت مفعولی (مَدْحُور)
دَحْرَجه لڑھکانا۔
تَدَحْرَج لڑھکنا۔
الدُّحْرُوجة. گبریلا کی گولی جس کو لڑھکا کر لے جاتا ہے۔ ج دحاريج.
الدَّحْز. سخت ومضبوط۔
اَلدُّحْبُرِيجة. گندم کے درمیان باریک دانہ۔
دَحَس (ف) دَحْسًا. بَيْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا الشئَ: بھرنا بِرِجْلِه: کریدنا الجزارُ: کھال اُتارنے کیلئے کھال میں ہاتھ داخل کرنا۔ الثوبَ فِی الوِعاءِ: کپڑے کو برتن میں داخل کرنا الشرَّ: خفیہ طریقہ سے شرانگیزی کرنا۔
(واَدْحَس) السُّنبلُ: دانوں سے بھرا ہونا۔
دَحِسَتْ (س) دَحَسًا. اِصْبَعُه: انگلی کا سوجنا۔ صفت (مَدْحُوس) اور انگلی کو مَدْحُوسة کہتے ہیں۔
الدِّحاس. مِنَ البُيُوتِ: آدمیوں سے بھرا ہوا گھر۔
الدَّحّاس والدُّحَاس. ایک زرد رنگ کا کیڑا جو زمین کے اندر رہتا ہے۔ ج دَحَاسَات ودَحَاحِيس
الداحِس والداحُوس. انگلی کے کنارے پرورم۔
الدَّيْحَس. ہر چیز کی کثیر مقدار۔
دَحَصَ (ف) دَحْصًا. المَذْبُوحُ بِرِجْلِه: ایڑیاں رگڑنا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔
دَحَضَ (ف) دَحْضًا و دُحُوضًا. الحُجَّةَ: باطل کرنا۔ دَحَضَتِ الحُجَّةُ: باطل ہونا الشمسُ: ڈھلنا۔

دحض (ف) دحضا. مذبوح کی طرح پاؤں پٹکنا رجلُه: پھسلنا المطرُ التلاعَ: پھسلن کی جگہ بنادینا عَنِ الامْرِ: تفتیش کرنا۔
اَدْحض. الرجلَ: پھسلانا الحجّةَ: باطل کرنا۔
اِنْدحض. البُرْهانُ: باطل ہونا۔
الدَّحض والدَّحَض. مِنَ الاَمْكِنَةِ: پھسلن کی جگہ۔ ج دحاض.
المَدْحضة. پھسلانے والی جگہ۔
دَحَقَهُ (ف) دَحْقًا واَدْحَقَهُ. دور کرنا۔ دھتکارنا۔
اِنْدَحق. اپنی جگہ سے نکل پڑنا۔
الداحِق. فا. بیوقوف۔ غضبناک۔
الدَّحِيق. دور۔ دور ہونے کی جگہ۔
دَحِيقُ القومِ: قوم کا دھتکارا ہوا۔
مُنْدَحِق. البَطْنِ: کشادہ پیٹ والا۔
دَحَلَ (ف) دَحْلًا. بھاگ کر چھپنا۔ دور ہونا البِئْرَ: کنوئیں کے ایک جانب میں کھودنا۔
(واَدْحَل) فی الدَّحْل: کھوہ میں داخل ہونا۔
دَحِلَ (س) دَحَلًا. ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت (دَحِل)
دَاحَلَهُ مُداحَلَةً. دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔
الدَّحْل والدُّحْل. کھوہ۔ گڑھا جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے کشادہ ہو۔ ج دِحَال واَدْحَال واَدْحُل ودُحُول ودُحْلان.
الدَّحْلة. کنواں۔
الدَّحِل. فریبی، دغاباز۔ موٹا پست قد۔ ڈھیلے پیٹ والا۔
الدِّحَال. امتناع۔
البئر (الدَّحُول والدَّحْلاء) اوپر سے تنگ نیچے سے چوڑا کنواں۔
الداحُول. وہ لکڑی جو ہرن کے شکار کرنے کیلئے کھڑی کی جائے۔ ج دَواحِيل. اور اس طریقہ سے شکار کرنے والے کو (الدَّحّال) کہتے ہیں۔
دَحَمَهُ (ف) دَحْمًا. زور سے دھکا دینا۔

دَخمَسَ. اللَّيلُ: رات کا تاریک ہونا۔
الدَّخمَس والدُّخمُس. سیاہ۔ بہت سخت تاریک۔ کہا جاتا ہے "لَيْلٌ دَخْمَسٌ" بہت تاریک رات۔ ج دَخامِس.
الدَّخامِس. بہت زیادہ گندم گوں موٹا آدمی۔ بہادر۔
دَخمَلَ. بِهٖ: زمین پر لڑھکانا۔
دَحا يَدْحُو ويَدْحي دَحْوًا. البَطْنُ: بڑا ہونا اور نیچے کو لٹکنا۔ اور کہا جاتا ہے۔
دَحا يَدْحو دَحْوًا — اَللّٰهُ الأرضَ - زمین کو بچھانا۔
اِدْحَوىٰ اِدْحِواءً. پھیلنا۔
دَحيٰ يَدْحيٰ دَحْيًا. الشَّيئَ: پھیلانا۔
تَدَحّيٰ تَدَحِّيًا. الشَّيئُ: پھیلنا۔
اِنْدَحيٰ. البطنُ: کشادہ ہونا۔
الدَّحْيَة. بندریا۔
الدِّحْيَة. فوج کا سردار۔ ج دِحاء.
الأدْحِيُّ والإدْحِيُّ والأُدْحُوَّة والأُدْحِيَّة. ریت میں شتر مرغ کے انڈے دینے کی جگہ۔
الدَّخ والدُّخ. دھواں۔
دَخْدَخَ. الرَّجُلُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر تیز چلنا عَنْهُ الشَّيئَ: روکنا۔
تَدَخْدَخَ. الرَّجُلُ: دلگیر ہونا۔
دَخَرَ (ف) ودَخِرَ (س) دَخَرًا ودُخورًا. ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔
اَدْخَرَهٗ. ذلیل کرنا۔
دَخَسَ (ف) دَخْسًا. الشَّيئَ فِي الرَّمادِ: چھپا دینا۔ دَخَسَ فِيهِ: داخل ہونا۔
دَخِسَ (س) دَخَسًا. الحافِرُ: ورم والا ہونا۔ صفت (دَخِس)
الدَّخْس. جوان ریچھ۔ موٹا گٹھے بدن والا۔
الدَّخَس. جانور کے کھر کا ورم۔
الدُّخَس. ایک بحری جانور کا نام ہے جس کو سوس کہتے ہیں۔
عَدَدٌ (دِخاس) بہت۔ دِرْعٌ دِخاسٌ: قریب قریب حلقوں والی زرہ۔

الدَّخِيس. آپس میں اُلجھی ہوئی گھاس۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دَخِيسُ اللَّحمِ" وہ پُر گوشت ہے۔
کلا (دَيْخَس) بہت اور اُلجھی ہوئی گھاس۔
الدَّواخِس والدُّخُس. دیگ دان کے پائے۔
دَخْوَصا. الجارِيَةُ: پاخانہ کرنا۔
دَخَلَ (ن) دُخُولًا ومَدخَلًا. الدارَ: اندر آنا۔ داخل ہونا بِهٖ: اندر لانا۔ داخل کرنا عَلَيْهِ: زیارت کرنا۔ ملاقات کرنا۔
دُخِلَ. فِي عَقْلِهٖ او جَسَدِهٖ و (دَخِلَ (س) دَخَلًا) عقل یا جسم میں خرابی لاحق ہونا۔ صفت (مَدْخُول) عَلَيْهِ امرُ فُلانٍ: باطنی طور پر فاسد ہونا۔ (دَخَلَهٗ) داخل کرنا۔
داخَلَهٗ مُداخَلَةً. العُجبُ: خود پسندی آنا۔ داخَلَهٗ فِي أُمُورِهٖ: در اندازی کرنا۔ دخل دینا۔
اَدْخَلَهٗ اِدْخالًا ومُدْخَلًا. داخل کرنا۔
تَدَخَّلَ. داخل ہونا الشَّيئُ: آہستہ آہستہ داخل ہونا۔
تَداخَلَه. گھل مل جانا الشَّيئُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تَداخَلَتِ الأُمُورُ: مشتبہ و ملتبس ہونا۔
اِدَّخَلَ واِنْدَخَلَ. داخل ہونا۔
الدَّخْل. مص۔ آمدنی۔ مرض۔ عیب۔ تہمت۔ دَخلَ الرَّجُلِ: نیت۔ مذہب۔ راز۔
الدَّخَل. عقلی یا جسمانی خرابی۔ مکر۔ خاندانی عیب۔ وہ لوگ جو اپنے آپ کو کسی کی جانب منسوب کرتے ہوں اور فی الحقیقت ان میں سے نہ ہوں۔
دَخْلَةُ الرَّجُلِ ودِخلَتَه ودُخْلَتَه نیت۔ مذہب۔ راز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَفِيفُ الدَّخْلَةِ" وہ پاک نیت ہے۔ الدِّخْلَةُ: راز۔ اسی سے ہے "فَرِشْتَه دُخْلَةَ اَمْرِی" میں نے اُس کے سامنے اپنا راز ظاہر کر دیا۔
الدِّخْلَةُ: مختلف رنگوں کو ملا کر ایک رنگ بنانا۔
الدُّخَّل. بڑے ڈیل اور گٹھے بدن والا۔

درخت کے جڑ کی گھاس۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ ج دَخاخِيل
(دُخَّلِ الرَّجُلِ ودُخَيْلاه ودُخَيْلاه) نیت راز۔
دَخّالُ الأُذُن - زیادہ پاؤں چھوٹے پاؤں والا سیاہ رنگ والا جانور جو کہ آرام کے وقت گھونگے کی شکل میں لپٹ کر بیٹھتا ہے۔
اَلتَّداخُل. دو تیز حرکتوں کا واقع ہونا ایک وقت اور ایک مقام میں جس کی وجہ سے دو شعلے ہوتے ہیں نتیجہ اندھیرا ہوتا ہے۔
الداخِل. ف. اندر آنے والا۔ اندرونی۔
الداخِلَة. مؤنث۔ داخِلَةُ الأرضِ: زمین کا نشیبی حصہ الإزارِ: ازار (تہ بند) کی اندرونی سطح الانسانِ: نیت۔ مذہب۔ راز۔ ج دَواخِل
الدِّخال. گھوڑے کا ایال۔ جوڑوں کا آپس میں داخل ہونا۔
الدَّخِيل. غیر قوم میں داخل ہونے والا۔ ج دُخَلاء۔ عجمی کلمہ جو عربی زبان میں داخل ہو گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "داءٌ دَخِيلٌ" اندرونی بیماری "هُوَ دَخِيلُ فُلانٍ" وہ فلاں کے ہر کام میں رازدار ہے۔ و دَخِيلُ الرَّجُلِ: نیت۔ مذہب۔ راز۔
الدَّخِيلَة. مِنَ الشَّيئِ: چیز کا اندرونی حصہ۔
دَخِيلَةُ المَرءِ: نیت۔ اندرونی خیال۔
المَدْخَل. داخل ہونا۔ داخل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ المَدْخَلِ فِي أُمُورِهٖ" وہ اپنے اُمور کا بہترین منتظم ہے۔
المُدْخَل. مع۔ لئیم۔ کمینہ۔ غیر قوم میں داخل ہونے والا۔
د- د- ت (کیمیا) باریک پسی ہوئی دوائی جو کہ کیڑے مار دوائی کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ اس کا نام ڈیکلورو ڈیفنل۔ ٹریکلوریتان۔ اس کا انکشاف ۱۹۴۳ء کو سویسری مُلر نے کیا۔
المَدْخُول وہ شخص جس کی عقل میں فتور ہو۔ لاغر۔ عیب دار۔ نَخْلَةٌ مَدْخُولَةٌ: درخت خرما جس کے اندر کا حصہ کھوکھلا ہو گیا ہو۔ رَجُلٌ (مُتَداخِلٌ) موٹا گٹھے ہوئے بدن

کا مرد۔
الدُّخْلُل والدِخْلَل. راز دار۔ دُخْلُلُ
الرَّجُلِ: نیت۔ راز۔ اُمور میں مداخلت کرنے
والا۔
الدخلِل. چربی جو گوشت میں پیوست ہو۔
دَخمَهٗ (ف) دَخمًا. سختی سے ہٹانا۔ دَخم
الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
دَخمَسه دَخمَسَةً. دھوکا دینا۔
دَخِن (س) دَخنًا. الطَّعَامُ و اللحم
وغيرهما: دھوئیں کی بُو دینا۔ صفت
(دَخِن) النَّارُ: دھواں اُٹھنا۔ خُلُقه: بداخلاق
ہونا۔ و دَخُن (ک) دُخْنَةً) دھوئیں کے
رنگ کا ہونا۔ صفت (اَدْخن) مؤنث دَخناء.
دَخَنَتْ (ن ض) دَخنًا و دُخونًا
و دَخَّنَتْ واَدْخَنَتْ واِدَّخَنَتْ. النارُ:
دھواں اُٹھنا۔
اِدَّخَنَ الزَّرْعُ. دانوں کا سخت ہونا۔
دَخَّنَ الشيَ: دھونی دینا۔
تَدَخَّنَ. دھوئیں کی بُو دینا۔
الدُخن. کنگنی۔ چینا۔ باجرا۔
الدَخَن. س۔ دھواں۔ کینہ۔ فساد۔ عقلی فتور۔
دین کی کمزوری۔ حسب کا عیب۔ کہا جاتا ہے
"لَسْتُ اُصَالِحُه عَلٰى دَخَنٍ" میں اس
سے مکر و فساد کی صورت میں صلح نہیں کروں
گا۔
الدُّخنة. دھندلا۔ خوشبو جس سے مکانوں کو
دھونی دیتے ہیں۔ اَبُو دُخْنَة: ایک قسم کا
پرندہ۔
اَلدُّخَان والدُّخَّان. دھواں ج اَدْخِنَة
ودَوَاخِن ودَوَاخِين. مولدین تمباکو و
سگریٹ کو کہتے ہیں۔
الدَّاخِنَة. روشن دان جس سے دھواں نکلے۔
ج دَوَاخِن.
الدَّخنَان. وہ چیز جس پر دھواں چھا جائے۔
مؤنث دَخنانة.
اَلمَدْخَنُ. دھوئیں کی جگہ۔
المِدْخَنَة. عود سوز۔ انگیٹھی۔ ج مَدَاخِن.

المَدْخَنَة. دھواں نکلنے کی چمنی۔
الدَّخيُ. تاریکی۔
لَيْلَةٌ (دَخيَاء) تاریک رات۔
الدَّدُ. کھیل کود۔ اس کا لام کلمہ مثل "غد"
کے واؤ محذوف ہے اور کبھی واؤ کو الف سے
بدل کر (الددا) کہا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا
اَنَا فِي دَدٍ ولا الدَّدُ مِنِّي" نہ تو میں کھیل
کود میں ہوں اور نہ یہ میرا کام ہے۔ الدَّد:
وقت۔ کہا جاتا ہے "مضى دَدٌ مِنَ الدَّهْرِ"
زمانہ کا ایک حصہ گزر گیا۔
الدَّدَن. کھیل کود۔
الدَّدَان. بے نفع آدمی۔ کند تلوار۔ بہت
کاٹنے والی تلوار (ضد) الدَّيْدَن والدَّيْدَان
عادت۔
الدَّيْدَب والدَّيْدَبَان. نگہبان۔ ہراول۔
راہبر۔
اَلدَّبْدَبُ والدَّبْدَبَانُ: (فارسی لفظ) رقیب،
جاسوس۔
اَلدَّيْدَانُ والدَّيْدَانُ- کھیل و کود۔
دَرَّ (ن ض) دَرًّا. الحَلِيبُ: دودھ زیادہ
ہونا۔ الدُّنيا على اَهْلِهَا: پیداوار زیادہ ہونا۔
النَّاقَةُ بِلَبَنِهَا: بہت دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے
"دَرَّتْ حُلُوبَتُهٗ" وہ خوش حال ہو گیا۔
النَّبَاتُ: گھ جانا (دَرًّا و دُرُورًا) العَرَقُ:
بہنا۔ السَّمَاءُ بالمَطَرِ: برسنا۔ السِّرَاجُ:
روشن ہونا۔ السُّوقُ: بازار کا چل پڑنا۔
العُرُوقُ: خون سے بھرنا۔
دَرَّ (س ض) دَرًّا. وَجْهُهٗ: بیماری کے بعد
نکھر آنا۔
دَرَّ (ض) دَرِيرًا. الفرسُ: تیز دوڑنا۔
اَدَرَّ. المغزلَ: مضبوط بٹنا۔ الشيَ: حرکت
دینا۔ عليه الضربَ: لگاتار مارنا۔
الرِّيحُ السَّحَابَ: تھپیڑے مار کر برسنے
کے قابل بنا دینا۔ کہا جاتا ہے "اَدَرَّ اللهُ لكَ
اَخْلَافَ الرِّزْقِ" اللہ تعالیٰ تمہارے لئے
رزق زیادہ کرے۔ النَّاقَةَ: بہت دودھ والی ہونا۔
اِسْتَدَرَّ. اللَّبَنُ: زیادہ۔ اِسْتَدَرَّهٗ: بہانا

الرِّيحُ السَّحَابَ: تھپیڑے مار کر برسنے کے
قابل بنا دینا۔
الدَّرُّ. س۔ دودھ۔ دودھ کی زیادتی۔ خون اور
کہا جاتا ہے "لِلّٰهِ دَرُّهٗ" اس کی خوبی اللہ ہی کے
لئے ہے۔ "لَا دَرَّ دَرُّهٗ" خدا کرے کہ وہ خوش
حال نہ ہو۔
الدُّرّ. بڑے موتی۔ واحد (دُرَّةٌ) ج
دُرَرٌ و دُرَّات.
الدَّارُّ. فا. دودھاری اونٹنی۔ ج دُرُوْرٌ و
دُرَّرٌ و دُرَّارٌ.
الدِّرَّة. دودھ۔ دودھ کی زیادتی۔ دودھ کا
بہنا۔ خون۔ کوڑا۔ ج دِرَر. کہا جاتا ہے "مَرَّ
عَلٰى دِرَّتِهٖ" وہ اپنے ارادہ پر ڈٹا رہا کوئی چیز اس
کے لئے مانع نہیں۔
دَرَرُ. الطَّرِيقِ: راستہ کا درمیان۔ دَرَرُ
الرِّيحِ: ہوا چلنے کی سمت۔ کہا جاتا ہے "هُمَا
عَلٰى دَرَرٍ وَاحِدٍ" ان دونوں کا قصد ایک
ہے۔
الكَوكَبُ (الدُّرِّيُّ) بتثليث الدال
روشن ستارہ۔ فرسٌ دَرِّيٌّ: تیز رفتار گھوڑا۔
دُرِّيُّ السَّيْفِ: تلوار کی چمک۔
اَلدُّرَّةُ: عام لوگوں کے نزدیک: طوطا
الدَّرُوْر. بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
حَرْبٌ دَرُوْرٌ: خونریز جنگ۔
الدِّرِّيْرُ. س۔ روشن چراغ۔ تیز رفتار جانور۔
التَّدِرَّة. دودھ کی کثرت۔
المِدْرَار. بہت بہنے والا۔ کہا جاتا ہے
"سَمَاءٌ مِدْرَارٌ" موسلا دھار برسنے والا
بادل۔ "عَيْنٌ مِدْرَارٌ" بہت آنسو بہانے والی
آنکھ۔
دَرَأَهٗ (ف) دَرْاً و دَرْاَةً. زور سے دھکا دینا
الشيَ: السَّيْلُ عَلَيْهِ: تیزی کے ساتھ آنا۔
کہا جاتا ہے "دَرَأَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا" وہ ہمارے
اوپر اچانک آ گیا (دُرُوْءًا) چمکنا
النَّارُ: روشن ہونا۔
دَارَأَهٗ مُدَارَأَةً. ایک دوسرے کو دفع کرنا۔
نرمی برتنا۔ مہربانی کرنا۔ فریب دینا۔

المَدْرَج. راستہ۔ مسلک۔ اور اسی سے ہے "اُمْشِ فِي مَدْرَجِ الحَقِّ" حق کے راستہ پر چلو۔ مَدْرَجُ النَّمْلِ: چیونٹیوں کے چلنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَخْفَى مِنْ مَدْرَجِ النَّمْلِ" وہ چیونٹیوں کے راستہ سے زیادہ پوشیدہ ہے۔ المَدْرَج: لپٹی ہوئی کتاب یا خط ج مَدَارِج۔

المُدْرَج والمُدْرَجة. لپٹی ہوئی کتاب یا خط۔ ج مَدَارِج۔

اَلْمُدَرَّج: کھیل کا سٹیڈیم، وعظ و تقریر کے لئے ہال۔ تصویر کشی کا کمرہ۔

السينما: سینما گھر

المَدْرَجة. ج مَدَارِج: افضل یا اعلیٰ تک پہنچنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "هذا الأمر مَدْرَجَةٌ لهذا" یہ اس امر کے لئے ذریعہ ہے۔ راستہ۔ راستہ کا بڑا حصہ۔ کاغذ جس میں کوئی تحریر لکھی جائے یا لپیٹی جائے مَدَارِج

الأَكَمَة: ٹیلہ کے درمیان کے راستے۔

أَرْض مُدْرَجَة: بہت تیتر والی زمین۔

دَرَحَهُ (ف دَرْحًا) دفع کرنا۔ ہٹانا۔

دَرِحَ (س دَرَحًا) بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث دَرِح)

اَلْمُدْرَحِيَّة: یہ مادہ اور روح سے ماخوذ ہے دو عقیدوں کے امتزاج کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی خالق اور خلق کے نظریہ کی طرف اور یہ بھی تصور کہ مادی اثرات انسانی کردار پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

دَرِدَ (س دَرَدًا) غضبناک ہونا۔ صفت (دَرِد) بے دانتوں کا ہونا۔ صفت أَدْرَد مؤنث دَرْدَاء۔ ج دُرْد۔

اَدْرَدَهُ دانتوں کا گرانا۔

الدُّرْدِيُّ. تلچھٹ۔

الدُّرْد: پستانوں والے جانور جنکے دانت نہیں ہوتے ان کی انگلیاں طاقتور ناخنوں والی ہوتی ہیں جن کے ذریعے زمین میں گڑھا نکال سکتے ہیں ان میں سے بعض کو آكِلُ النَّمْل بولتے ہیں۔

دَرْدَبَ الرَّجُلُ: خوفزدہ آدمی کی مانند پیچھے دیکھتے ہوئے بھاگنا۔

اِمْرَأَة (دَرْدَب) رات میں آمدورفت رکھنے والی عورت۔

الدَّرْدَبِيس مصیبت۔ بڈھا۔ بہت بڑھیا۔ محبت کا منتر۔

دَرْدَرَ الشيخُ او الصَّبِيُّ البُسْرَة: منہ میں چھلانا۔

الدَّرْدَار. ڈھول کی آواز۔ ایک بڑا درخت جس کے پھول زرد اور پتے خاردار ہوتے ہیں۔

الدُّرْدُر بچے کے دانت نکلنے کی جگہ۔ ج دَرَادِر۔

الدُّرْدُور. بھنور۔

دَرِزَ (س دَرَزًا) دنیا کی نعمتوں اور لذتوں پر قادر ہونا۔

دَرَزَ (ن دَرْزًا) الثوبَ: کپڑا باریک سینا

الخَيَّاط الدَّرُوز: درزی کا سیون کو باریک سینا۔

الدَّرْز. ص۔ دنیا کی نعمتیں اور لذتیں۔ دو کپڑوں کے درمیان کا سیون۔ ج دُرُوز۔

بَنَات الدُّرُوز: جوں اور اس کے انڈے۔

الدَّرْزِيُّ. سلائی کا پیشہ کرنے والا۔ ج دَرَزَة بھی کہتے ہیں۔ واحد دَرْزِيٌّ اور اودُرُوز عوام ضمہ دال سے دُرزی کہتے ہیں۔

(اَوْلَادُ دَرْزَة) جولاہے۔ درزی: نیچے درجہ کے لوگ۔ أُمّ دَرْزَة: دنیا کی کنیت۔

دَرَسَ (ن دُرُوسًا) الرسمُ: مٹنا۔ صفت (دَارِس) ج دَوَارِس الشيءُ: نشان مٹنا۔ (دَرْسًا) الرسمَ: نقش مٹانا۔ الثوبُ: کپڑا بوسیدہ ہونا۔ الثوبَ: بوسیدہ کرنا۔ الناقةَ: سدھانا۔ (دَرْسًا و دِرَاسَةً) الكتابَ او العلمَ: پڑھنا۔ متوجہ ہو کے یاد کرنا۔ درس الجاريةَ: جماع کرنا۔ (دَرْسًا و دِرَاسَةً) الحنطةَ: گیہوں کو گاہنا۔ دَرَسَتِ المرأةُ (دَرْسًا و دُرُوسًا) حائضہ ہونا۔

دَرَّسَهُ و اَدْرَسَهُ الكتابَ: پڑھانا۔ دَرَّسَ البعيرَ: سدھانا۔

دَارَسَهُ مُدَارَسَةً و دِرَاسًا. باہم پڑھنا۔ الذُّنُوبَ: ارتکاب کرنا۔

تَدَارَسَ. الطَلَبَةُ الكتابَ: باہم پڑھنا اور کہا جاتا ہے "تَدَارَسَ الكتابَ و ادَّارَسَهُ" اس نے کتاب پڑھی۔

اِنْدَرَسَ الرَّسْمُ: مٹنا۔ الخبرُ: ناپید ہونا۔

الدَّرْس. مص۔ سبق۔ مخفی راستہ۔ ج دُرُوس

الدِّرْس والدَّرْس والدَّرِيس. پرانا کپڑا، اونٹ کی دم۔ ج أَدْرَاس و دِرْسَان. کنیت فرج۔ أَبُو إِدْرِيس: کنیت ذکر۔

الدُّرْسَة. ریاضت۔ ورزش۔

الدَّارِس. حائضہ عورت۔

الدَّرَّاس. بہت پڑھنے والا۔

المَدْرَسَة. طلبہ کے تعلیم حاصل کرنے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "هذه مدرسة النعم" یہ چوپائے کا راستہ ہے۔

المِدْرَس. پڑھنے کی کتاب۔ پڑھنے کی جگہ۔

المِدْرَاس. توراۃ پڑھنے کی جگہ۔

المَدْرُوس. مف۔ پرانا کپڑا۔ طریق مَدْرُوسٌ: چلتا ہوا راستہ۔ فراش مَدْرُوسٌ: بچھا ہوا بچھونا۔ مجنون۔ پاگل۔

دَرِصَت (س دَرَصًا) الناقةُ: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانت والی ہونا۔ صفت (دَرْصَاء)

الدِّرْص والدَّرْص. چوہا، بلی، خرگوش، سیہی وغیرہ کا بچہ۔ ج أَدْرَاص و دِرَصَة و دِرْصَان و دُرُوص و أَدْرُص

الدِّرْص و الدُّرُوص تیز رفتار اونٹنی۔

أُمّ أَدْرَاص. جنگلی چوہا۔ بلا۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "وقعوا في أم أدراص" وہ لوگ ہلاکت میں پڑ گئے۔

أَبُو أَدْرَاص. بیوقوف۔

دَرِعَ (س دَرَعًا) الفرسُ وغيرُهُ: سیاہ سر اور سفید جسم والا ہونا۔ صفت أَدْرَع مؤنث دَرْعَاء ج دُرْع

دَرَعَ (ف دَرْعًا) الشاةَ: بکری کے سر کی جانب سے کھال اُتارنا۔ قَبَّةَ او اليد:

گردن یا ہاتھ کا جوڑ اُکھاڑنا۔
دَرِعَ الزَّرْعُ کھیت کا کچھ حصہ کھایا جانا
الماءُ پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا۔
دَرَّعَهُ زرہ پہنانا الْمراْةَ قمیص پہنانا گلا
گھونٹنا الشیءَ ظاہر کرنا الرَّجُلَ: چلنے میں
آگے بڑھنا۔
اَدْرَعَ الشَّهْرُ آدھے سے زیادہ گزرنا (و
تَدَرَّعَ و اِدَّرَعَ) زرہ پہننا۔ اَدْرَعَ واِدَّرَعَ
اللَّيْلَ: رات کی تاریکی میں داخل ہونا۔
اَدْرَعَ بھی چیز میں کسی چیز کو داخل کرنا۔
اَدْرَعَ الماءُ: پانی کے قریب کی سب چیز
کھائی جانا۔
اِنْدَرَعَ فِي السَّيْرِ آگے بڑھنا۔ اِنْدَرَعَ
يَفْعَلُ كَذَا وہ ایسا کرنے لگا العظمُ ہڈی کا
گوشت سے جدا ہونا الْبَطْنُ: پیٹ بھرنا۔
القمرُ مِنَ السَّحابِ: چاند کا بادل سے
نکلنا۔
الدِّرْعُ زرہ۔ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی
استعمال کرتے ہیں۔ ج دُرُوْع. وَاَدْرُع
ودِرَاع. تصغیر دُرَيْع. دِرْعُ المَرْأَةِ:
عورت کی قمیص یا وہ قمیص جس کو وہ گھر میں
پہنتی ہے۔ (مذکر) ج اَدْرَاع اور درع اس
چھوٹے سے کپڑے کو بھی کہتے ہیں جس کو
چھوٹی لڑکی گھر میں پہنتی ہے۔
الدِّرْعُ مِنَ العُشْبِ تازہ گھاس۔
الدُّرْعُ والدُّرَعُ قمری مہینے کی سولہویں،
سترہویں، اٹھارہویں راتیں۔ اس لئے کہ ان
راتوں کی ابتداء میں تاریکی اور بقیہ میں چاندنی
رہتی ہے۔
الدَّارِعُ. فا زرہ پہننے والا۔
الدُّرْعَةُ درخت خرما کی چھال کی مانند۔ ایک
چیز جس کو درخت خرما کے اردگرد لگا دیا جاتا
ہے۔ ج. دُرَع.
الدَّرْعَاءُ مؤنث اَدْرَع مِنَ اللَّيالِي وہ
رات جس میں صبح کے وقت چاند نکلتا ہے۔ ج
دُرْع.
الدِّرْعِيَّةُ زرہ کو چھونے والا نیزہ۔ ج
دَرَاعِي.
الدُّرَّاعَةُ ج دَرَارِيع و (المِدْرَعَةُ ج
مَدَارِع: جبہ۔ کوٹ۔ والمِدْرَعة عند
اليهود: احبار یہود کے پہننے کا کتاں کا ایک
کپڑا۔
ماءٌ (مُدْرِع و مُدْرَع) پانی جس کے
قریب قریب کی چراگاہ چر لی گئی ہو۔ روضة
مُدْرَعة باغ جس کے اردگرد کو کھا لیا گیا ہو۔
المُدَرَّعُ ایک قسم کا جانور۔
المُدَرَّعَةُ فولاد سے ڈھکا ہوا جنگی جہاز۔
الدَّرَف پناہ۔ سایہ۔ جانب۔
الدَّرْفَةُ. عِنْدَ العَامَّةِ: دروازہ کا پٹ۔ فصیح
لفظ (الصَّفق) ہے۔
دَرْفَقَ واِدْرَنْفَقَ. فِي سَيْرِهِ تیز چلنا۔
دَرْقَنَ) دَرْقًا فِي الْمَشْيِ تیز چلنا۔
دَرَّقَهُ نرم کرنا۔
الدَّرْقُ سخت خواہ کوئی چیز ہو۔
الدَّرْقَاءُ بادل۔
الدَّرَقَةُ چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال جس میں
لکڑی اور پٹھا نہ ہو۔ ج دَرَق.
الدُّرَّاقُ ایک میوہ دار درخت۔ ایک قسم کا
میوہ۔ واحد دُرَّاقَةٌ. شراب۔ (الدَّرَّاق
والدِّرْيَاق والدِّرْيَاقَة) تریاق۔
الدُّرَّاقِنُ زرد آلو۔ شفتالو۔
الدَّوْرَقُ بغیر ٹونٹی کے دو دستوں والا لوٹا۔
ج دَوَارِق (معرب) الدَّوْرَقُ عابد زاہد
لوگوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔ اور اسی کی نسبت
سے پہننے والے "الدَّوْرَقِيُّونَ" کہلاتے ہیں۔
دَرْقَلَ دَرْقَلَةً. الرجُلُ تیز گزرنا۔ ناچنا۔
ناز سے چلنا۔
الدِّرَقْلُ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
الدَّرْقَمُ بیکار۔ دجال کا نام۔
دَرَكَ. الْمَطَرُ: پے در پے برسنا۔
اَدْرَكَ. الشيءُ اپنے وقت پر پہنچنا الثمرُ:
پھل کا پکنا الوَلَدُ لڑکے کا بالغ ہونا الشيءَ:
لاحق ہونا المَسْأَلةَ سیکھنا بِثَأْرِهِ خون کا
بدلہ لینا الشيءَ بِبَصَرِهِ دیکھنا۔
دَارَكَهُ مُدَارَكَةً و دِرَاكًا لاحق ہونا۔
الشيءَ ایک کو دوسرے کے پیچھے کرنا۔
الطَّعنَ پیا پے نیزہ مارنا۔
تَدَارَكَ. القَوْمُ آخر کا اول سے آملنا اور اس
میں اِدَّارَكَ بولا جاتا ہے الخطأَ بالصَّوابِ:
غلطی کی اصلاح کرنا۔ غلطی کے بعد درست کرنا
مافات تلافی کرنا، درست کرنا۔ کہا جاتا ہے
"تَدَارَكَهُ اللّٰهُ بِرَحْمَتِهِ" یعنی اللہ کی رحمت
اس کو لاحق ہو۔ و "تَدَارَكَ القَوْمَ" اس نے
قوم کی تلافی کی۔
اِدَّرَكَهُ ملنا۔ لاحق ہونا۔
اِسْتَدْرَكَ الشيءَ بِالشيءِ کسی چیز سے کسی
چیز کو حاصل کرنے کا ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے
"اِسْتَدْرَكَ النَّجاةَ بِالْفِرَارِ" اس نے بھاگ
کر نجات حاصل کرنے کا ارادہ کیا مافات:
تلافی کرنا الخطأَ بالصَّوابِ غلطی کی اصلاح
کرنا عَلَيْهِ القَوْلَ غلطی نکالنا۔
الدَّرَك والدَّرْك لاحق ہونا۔ حصول
حاجت۔ کسی چیز کی انتہائی گہرائی۔ کہا جاتا ہے
"بَلَغَ الغَوَّاصُ دَرَكَ البَحْرِ" غوطہ خور
سمندر کی انتہائی گہرائی میں پہنچ گیا۔ اور کہا جاتا
ہے "فَرَسٌ دَرَكُ الطَّرِيدَةِ" بھگائے ہوئے
جانور کو پالینے والا گھوڑا۔ تاوان۔ اور اسی سے
ہے "مَا لَحِقَكَ مِنْ دَرَكٍ فَعَلَيَّ
خَلاصُهُ" جو تاوان تمہارے اُوپر ہوگا اس کی
ادائیگی میرے ذمہ ہے۔
الدَّرَكَةُ درجہ۔ لیکن درکہ اور درجہ میں
فرق ہے۔ درکہ اُترنے کی حالت میں اور درجہ
چڑھنے کی حالت میں۔ ج دَرَكات کہا جاتا
ہے۔ "الجنةُ دَرَجاتٌ والنارُ دَرَكاتٌ"
رِجالُ الدَّرَكِ امن عامہ کو کنٹرول کرنے
والی فورس
الإِدْرَاكُ مص قوت مدرکہ۔
دَرَاكِ اسم فعل بمعنی اَدْرِكْ.
الدِّرَاكُ متصل۔ کہا جاتا ہے "سَيْرٌ دِرَاكٌ"
متصل سیر۔
الدَّرَّاكُ مرغوب چیز کو پالینے والا۔

الدَرِيكة. بھگائی ہوئی۔
الاِسْتِدْرَاك. س۔ کلام سابق سے جو وہم پیدا ہوا اس کو دور کرنا۔
رَجُل مُدْرِكة. تیز ادراک کرنے والا۔ تاء مبالغہ کے لیے ہے۔
مَدَارِكُ الشَرْعِ: وہ نصوص جن سے ثبوت احکام ہو۔
المُدْرَكَات والمَدَارِك. حواس۔
الدَرْبَكة. اختلاط۔ بھیڑ۔ انبوہ۔
الدرابكة. ایک قسم کا باجہ (مولدہ)
دَرِمَ (س) دَرَمًا. العَضْوُ: گوشت سے ہڈی کا پوشیدہ ہونا۔ صفت (دَرِم ودَارِم و دَرِيم وادْرَم) السَاقُ: ہموار ہونا۔
الاَسْنَانُ: گرنا: گرنے کے قریب ہونا۔
البَعِيرُ: بے دانتوں والا ہونا۔
دَرَمَ (ض) دَرْمًا ودَرَمًا ودَرَمانًا ودَرامةً. القُنْفُذ والاَرْنَبُ و نحوهُما: چھوٹے چھوٹے قدموں سے جلدی چلنا۔ اور ایسا ہی "دَرَم الشيخ والصَبیُّ" بھی بولا جاتا ہے۔
دَرَّمَ. اَظْفَارَه: ناخن کاٹنے کے بعد ہموار کرنا۔
اَدْرَمَ. الصَبیُّ: دودھ کے دانت ہلنا۔ صفت (اَدْرَم) مؤنث دُرْمَاء. الدَرْمَاء: خرگوش۔ سرخ پتیوں والی ایک گھاس۔
دَارَمَ مُدَارَمَة. گرانی کے ساتھ ساتھ جلدی چلنا۔
الدَرِمَة. درم کا مؤنث۔ خرگوش۔
دِرْعٌ دَرِمَةٌ: چمکدار یا نرم زرہ۔
الدَرَّام والدَرَّامَة. یہی۔ خرگوش۔
الدَرَّام: پست قد۔ بدرفتار۔ مؤنث دَرَّامَة.
الدَرِيم. پُرگوشت۔ نازک اندام خوبصورت لڑکا۔
اَلدَّرْمَاءُ: سرخ پتوں والی انگوری
اَلدَّرَامَا: (لاطینی) ڈرامہ: یعنی کسی قصہ یا کہانی کو شخصیات کے روپ میں نقل کرتے ہوئے ذکر کرنا۔

دِرْع (مُدَرَّمَة) چمکدار نرم زرہ۔
المِدْرَام. میل کچیل میں لتھڑا ہوا۔ ج مَدَارِيم.
دَرْمَسَ. خاموش رہنا الشیَٔ: چھپانا۔
دَرْمَصَ دَرْمَصَة. خاکساری کرنا۔ فروتنی کرنا۔
الدَرْمَق والدرمك. سفید آٹا۔ میدہ۔
دَرْمَكَ. دوڑنا البِنَاءَ: ہموار و چمکدار بنانا۔
الدَرْمَكُ نرم مٹی۔
الدُرْمُوك غالیچہ۔
دَرِنَ دَرَنًا. الثوبُ: میلا ہونا۔ صفت (درن و مِدْرَان) مؤنث دَرِنَة و مِدْرَان.
اَدْرَنَ. الثوبَ: میلا کرنا الثوبُ: میلا ہونا۔ اَدْرَنتِ الماشيةُ: پرانی خشک گھاس چرنا۔
الدَرَن. میل کچیل۔ ج اَدْرَان. اُمُّ دَرَن: دنیا۔
الدِرَان. لومڑی۔
الدَرِين. پرانی خشک گھاس جس کو جانور نہ کھائیں۔ پرانا کپڑا۔ اُمُّ دَرِين: قحط زدہ زمین۔
الدُرْنُوك والدرنيك. غالیچہ۔ قالین۔ ج دَرَانِيك.
دَرَهَ (ف) دَرْهًا. عَلَيْهِم: ناگاہ آنا لهم و عَنْهُم: مدافعت کرنا۔ دَرَه عَلیٰ كَذَا: زیادہ کرنا۔
دَارِهَاتُ الدهر: زمانے کے حوادث۔
التُدْرَهُ. دفع۔ مدافعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوتُدْرَه" وہ دشمنوں پر اچانک ٹوٹ پڑنے والا ہے۔
المِدْرَه. سردار۔ قوم کا نمائندہ۔ لیڈر۔ ج مَدَارِه.
دَرْهَمَت. الخَبَازی: درہم کی مانند گول پتیوں والی ہونا۔
اِدْرَهَمَّ. بڑی عمر والا ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے دانتوں کا گرنا۔ صفت (مُدْرَهِمّ) البَصَرُ: نگاہ کا مدھم ہونا۔

الدِرْهم والدِرْهَم والدِرْهَام. چاندی کا سکہ۔ ج دَرَاهم (یونانی کلمہ ہے) مولدین کے نزدیک دراہم کا اطلاق مطلقًا نقود پر ہوتا ہے۔
المُدَرْهَم. بہت دراہم والا۔
الدَرْوِيش. راہب۔ عابد۔ زاہد۔ لفظ فارسی ہے جس کے معنی فقیر کے ہیں۔
دَرَیٰ (ض) دَرْيًا ودِرْيًا ودَرْيَةً و دِرْيَةً ودَرَيَانًا ودِرْيَانًا ودُرِيًّا ودِرَايَةً. الشیءَ و بالشیءِ: حیلہ سے جاننا۔ (آخری مصدر، زیادہ مستعمل ہے۔)
دَرَیٰ (ض) دَرْيًا وتَدَرَّیٰ وادَّرَیٰ. الصَيْدَ: دھوکا دینا۔ دَرَی الرَاسَ: مِدْرَیٰ سے سر کو کھجلانا (دیکھئے مِدْرَیٰ)
دَارَیٰ مُدَارَاةً ــــــ ہ: باہم نرمی کرنا۔ فریب دینا۔
اَدْرَیٰ. الرجلَ بكَذَا: جتلانا۔ آگاہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما اَدْرَاك وما يُدْرِيك" یعنی تم نہیں جانتے۔
المِدْرَیٰ والمِدْرَاة والمَدْرِية. کنگھی۔ باریک سینگ جس سے عورتیں بالوں کو درست کرتی ہیں۔ ج مَدَارٍ و مَدَارَیٰ.
دَزَرَه (ن) دَزْرًا. ہٹانا۔ دفع کرنا۔
دَسَّ (ن) دَسًّا و دِسِّيسَیٰ. الشیءَ تَحْتَ التُرَابِ وفِيه: دھنسانا۔ چھپانا۔ گاڑنا۔ دَسَّ عَلَيْه: حیلہ و مکر کرنا۔ سازش کرنا۔
دَسَّسَ تَدْسِيسًا. دھنسانا۔ چھپانا۔ تشدید مبالغہ کے لیے ہے اور بجائے دَسَّسَ کے دَسَّیٰ کہا جاتا ہے جیسے بجائے تَظَنَّنَ کے تَظَنّیٰ.
تَدَسَّسَ. به اِلیٰ اَعدائه: حیلہ و مکر کرنا۔ سازش کرنا۔
اِنْدَسَّ. دھنسنا۔ دفن ہونا۔
الدَسِيسَة. خفیہ سازش و عداوت۔
الدَسَّاس والدَسَّاسَة. سرخ رنگ کا زہریلا سانپ جو مٹی میں چھپا رہتا ہے۔ الدَسَّاسة: سانپ کی چھتری۔ اور امثال سے ہے "العِرْق

دَسَّاس "یعنی باپ کی عادتیں بیٹوں تک پہنچتی ہیں۔
الدَّاسُوْس. جاسوس۔
الدَّسِیْس. وہ شخص جس کو خبر لانے کیلئے بھیجا جائے۔ وہ چیز جو مٹی میں دبا دی جائے۔ گرم راکھ میں بھونی ہوئی چیز۔ ج دُسُس:
الدُّسُس: ریاکار لوگ۔
المِدَسّ. زخم کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔
الدَّسْت. حیلہ و فریب۔ مکان کا صدر حصہ۔ مجلس۔ تکیہ۔ کاغذ۔ لباس۔ بیابان۔ ج (دُسُوْت) اور شطرنج کے کھیلنے میں بولتے ہیں "الدَّسْتُ لِیْ" یعنی میں غالب رہا۔ و "الدَّسْتُ عَلَیَّ" میں مغلوب ہوگیا۔ اور عوام دست کا کلمہ دیگ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
الدَّسْتَجَة. دستہ۔ مٹھا۔ شیشہ کا بڑا برتن۔ ج دَسَاتِج.
الدُّسْتُوْر. مجموعہ قوانین۔ اجازت۔ وزیر۔ وہ کتاب جس میں آئین و قوانین ضبط کیے جائیں۔ وہ رجسٹر جس میں فوجیوں کے نام اور ان کے وظائف لکھے جائیں۔ ج دَسَاتِیْر.
الدَّسْتَان. فی اصطلاح اصحاب الموسیقی. بربط کا تار۔ ج دَسَاتِیْن.
دَسَرَہٗ (ن) دَسْرًا. نیزہ مارنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
السَّفِیْنَةَ: رسّی سے کشتی کے تختوں کو جوڑنا۔
الدِّسَار فِی الشَّیْءِ: زور سے گھسانا الشَّیْءَ: میخ لگانا الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
الدِّسَار. کھجور کے ریشہ کی مانند ایک چیز جس سے کشتی کے تختوں کو جوڑتے ہیں۔ میخ ج دُسُر و دُسْر.
الدَّسْرَاء. کشتی۔ ج دُسُر.
الدَّوْسَر. گیہوں میں کا ایک تلخ قسم کا دانہ۔ شیر۔ موٹا اونٹ۔ ودوسر: نعمان بن منذر شاہ عراق کی ایک فوج کا نام۔
الدَّوْسَر والدَّوْسَرِیّ والدَّوْسَرَانِیّ. موٹا۔ مضبوط۔

دسع (ف) دَسْعًا. منہ بھر کے قے کرنا بِقَیْئِہٖ: قے کرنا الاناءَ: بھرنا العِرْقُ: رگ کا گوشت میں چھپنا الرَّجُلُ: بہت دینا الشَّیْءَ: ہٹانا، دفع کرنا البَعِیْرُ جِرَّتَہٗ: جگالی کرنا۔
الدَّسِیْعَة. بہت بخشش۔ طبیعت۔ بڑا پیالہ۔ وسیع دسترخوان۔ قوت۔ ج دسائع
بعیر (دَیْسَع) بہت جگالی کرنے والا اونٹ۔
المَدْسَع. حلق کی نالی۔
دَسِقَ (س) دَسَقًا. الحَوْضُ: پُر ہونا۔ لبالب ہونا۔
اَدْسَقَ. الاناءَ: بھرنا۔
الدَّیْسَق. بھرا ہوا حوض۔ چاندی کا خوانچہ۔ صاف چاندی کا زیور۔ لمبا راستہ۔ بڈھا مرد۔ خوبصورتی۔ نور۔ سفیدی۔ سراب کی سفیدی اور اس کی چمک۔
الدَّوْسَك. شیر۔
الدَّسْکَرَة. بڑا گاؤں۔ گرجا۔ ہموار زمین۔ ایسا مکان جس میں شراب اور کھیل کود کی چیزیں ہوں۔ محل کی مانند عمارت جس کے اردگرد مکانات ہوں اور ان میں شاطر لوگ جمع ہوتے ہوں۔ ج دَسَاکِر.
دَسَمَ (ن ض) دَسْمًا. القَارُوْرَةَ: ڈاٹ لگانا البابَ: بند کرنا الجُرْحَ: زخم میں بتی رکھنا المَطَرُ الارضَ: کچھ کچھ تر کرنا البَعِیْرَ: قطران وغیرہ ملنا (دیکھئے قطران) الاَثَرَ: مٹا المرأةَ: جماع کرنا۔
دَسِمَ (س) دَسَمًا و دُسُوْمَةً. چربی والا ہونا۔ صفت (دَسِم و اَدْسَم) مؤنث (دَسِمَة و دَسْمَاء) ج دُسْم و دُسُم
(دَسِمَ وتَدَسَّمَ) الشَّیْءُ: میلا ہونا۔ میلا لا ہونا۔ وتَدَسَّمَ الرَّجُلُ: چکناہٹ کی چیز کھانا۔
دَسَّمَ. الشَّیْءَ: چربی ڈالنا۔ کالا کرنا المَطَرُ الارضَ: تر کرنا۔
اَدْسَمَ. القَارُوْرَةَ: ڈاٹ لگانا
الدَّسَم. کنارہ۔ کسی چیز کی انتہا۔ کہا جاتا ہے "انا علی دَسَمِ الامرِ" میں کام کے خاتمہ پر ہوں۔
الدَّسَم. گوشت یا چربی کی چکنائی۔ چربی کا میل۔
الدُّسْمَة. خاکستری (والدسام) ڈاٹ۔ کاگ۔ کہا جاتا ہے "مَاهُوَ اِلَّا دُسْمَةٌ" یعنی اس میں نفع نہیں۔
الدَّیْسَم. ریچھ یا اس کا بچہ۔ لومڑی یا اس کا بچہ۔ گھاس۔ تاریکی۔ سیاہی۔ کام کا ساتھی۔ مہربان۔
الدَّیْسَمَة. ذرہ۔
دَسَا یَدْسُوْ دَسْوًا و دَسِیَ یَدْسٰی دَسْیًا. کم ہونا الرَّجُلُ: پوشیدہ ہونا۔
دَسّٰی. الرَّجُلَ: بگاڑنا۔ گمراہ کرنا نَفْسَہٗ: گمنام کرنا۔
دَشَّ (ن) دَشًّا. دشیشہ (ایک قسم کا کھانا) تیار کرنا الحَبَّ: غلّہ کو کچلنا۔
الدَّشِیْش. گیہوں کی مانند ایک غلّہ جس کو موٹا موٹا پیسا جاتا ہے۔
الدَّشِیْشَة. ایک قسم کا کھانا جس کا جزء اعظم کوٹا ہوا گیہوں ہے۔
الدَّوْشَق. بڑا مکان۔ موٹا اونٹ۔
الدَّوْشَك. بچھونا۔
دَشَنَ (ن) دَشْنًا. الشَّیْءَ: دینا۔
دَشَّنَ. الثَّوْبَ: پہلی مرتبہ پہننا۔ المَعْبَدَ: برکت دینے کے لیے سب سے پہلی مرتبہ نماز پڑھنا۔
تَدَشَّنَ. الشَّیْءَ: لینا۔
الدَّاشِن. فا. الدَّاشِنُ مِنَ الثِّیَابِ: نیا کپڑا جو ابھی استعمال نہ کیا گیا ہو مِنَ الدُّوْرِ: نیا مکان جس میں ابھی کسی نے سکونت نہ کی ہو۔
دَشَا (ن) دَشْوًا. لڑائی میں گھس پڑنا۔
دَظَّہٗ. دھتکارنا۔
دَعَّہٗ (ن) دَعًّا. سختی سے دھتکارنا۔ دھکے دینا۔
اَدَعَّ. الرَّجُلُ: چھوٹے چھوٹے بال بچے والا ہونا۔
الدَّعَاع. چھوٹے چھوٹے بال بچے۔

الدُعاع. کھجور کے متفرق درخت۔ ایک جنگلی درخت کے دانے۔ پروں والی سیاہ چیونٹیاں۔ واحد دُعَاعَة.

دَعَبَهٗ (ف) دَعْبًا و دَعَابَةً. دفع کرنا۔ مزاح کرنا۔ خوش طبعی کرنا۔ (دَعْبًا) المرأة: جماع کرنا۔

دَاعَبَهٗ مُدَاعَبَةً. کھیل کود کرنا۔ خوش طبعی کرنا۔ ہنسی مذاق کرنا۔

تَدَاعَبَ. القَوْمُ: باہم ہنسی مذاق کرنا۔

تَدَعَّبَ. عَلَيْهِ: ناز کرنا۔

الدَعِب والدَاعِب. کھیل کود ہنسی مذاق کرنے والا۔

الدَعَّاب والدَعَّابَة. بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔ دَعَّابَة میں "تا" مبالغہ کی ہے، تانیث کی نہیں۔

الدُعَابَة. ہنسی مذاق۔ سیاہ چیونٹی۔ بیوقوفی۔

الاَدْعَب. بیوقوف۔ مؤنث دَعْبَاء. ج دُعْب.

الدُعْبُب. بہت کھیلنے والا۔ اچھا گانے والا۔ نازک بدن نوجوان۔

الدُعْبُوْب. سیاہ چیونٹی۔ ایک قسم کا سیاہ دانہ جو کھایا جاتا ہے۔ راستہ جس پر آمدورفت زیادہ ہو۔ پست قد مرد جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ شادمان۔ مخنث۔ بیوقوف۔ لمبا گھوڑا۔ لَيْلَة دُعْبُوْب: بُری رات یا بہت کالی رات۔

الدُعْبُوْث والدُعْبُوْس. بیوقوف۔ کم عقل۔

الدِعْبِل. مینڈک کے انڈے (والدِعْبِلَة) مضبوط اونٹنی۔

دَعَتَ (ف) دَعْتًا. سختی سے ہٹانا۔ دھکے دینا۔

دَعَثَ (ف) دَعْثًا. پاؤں یا ہاتھ وغیرہ سے مٹی باریک کرنا۔ دَعَثَ بِهِ الْأَرْضَ: پٹک دینا۔

دُعِثَ. رونگٹے کھڑے ہونا۔ سستی لاحق ہونا۔

اَدْعَثَ. فِي الشَرِّ: بُرائی میں مبالغہ کرنا۔

الشَيْءَ: باقی رکھنا۔ چوری کرنا۔

اِنْدَعَثَ. الشَيْءُ: روندا جانا۔

تَدَعَّثَتْ. صُدُوْرُهُمْ: کینہ رکھنا۔

الدَعْث. س۔ مرض کی ابتداء۔

الدِعْث. کینہ۔ پانی کا بقیہ۔ ج اَدْعَاث ودِعَاث.

دَعْثَرَ. الحَوْضَ: ڈھانا الْأَرْضَ: روندنا۔

الدَعْثَر. بیوقوف۔

الدُعْثُوْر. مِنَ الحَوْضِ: حوض جس کے چاروں طرف شکستہ ہو گیا ہو۔ گڑھا مِنَ النَعَمِ: بہت چوپائے۔

دَعِجَت (س) دَعَجًا. العَيْنُ: آنکھ کا بہت سیاہ اور بڑی ہونا۔

اَدْعَج. بڑی اور بہت سیاہ آنکھوں والا۔ مؤنث دَعْجَاء. ج دُعْج. الدَعْجَاء: قمری مہینہ کی اٹھائیسویں رات۔

الدُعْجَة. آنکھ کی سیاہی۔ مع وسعت کے۔

لَيْل اَدْعَج. تاریک رات۔

المَدْعُوْج. مجنون۔ پاگل۔

دَعِرَ (س) دَعَرًا. العُوْدُ: دھواں دینا اور نہ سلگنا۔ بوسیدہ ہونا۔ صفت (دَعِر) الزَنْدُ: آگ نہ دینا۔ صفت (اَدْعَر)

دَعَرَ (ف) ودَعِرَ (س) دَعَارَةً. الرَجُلُ: بدکار ہونا۔

تَدَعَّرَ. وجهُه: چہرہ کا بری طرح سے داغ دار ہونا الرَجُلُ: شریر ہونا۔ خبیث ہونا۔

الدَعَر والدَعْرة والدَعَارَة والدِعَارَة. بُرائی۔ فسق۔ فساد۔

الدَعَارَة والدَعَّارَة. بد خلقی۔

الدَاعِر. فا. شریر۔ خبیث۔ ج دُعَّار مؤنث۔ دَاعِرَة. الدَائِرة: درخت خرما جو گابھانہ دیا جا سکے۔ ج مَدَاعِيْر.

الدُعْر. لکڑی کھانے والا کیڑا۔ واحد (دُعْرَة) رَجُلٌ (دُعَرٌ ودُعَرَةٌ) ساتھیوں کے ساتھ خیانت کرنے والا۔

دَعَزَ (ف) دَعْزًا. ہٹانا۔ دفع کرنا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

دَعَس (ف) دَعْسًا. الشَيْءَ: روندنا۔ الوِعَاءَ: بھرنا فُلَانًا: دفع کرنا۔ (ودَعَّسَه) بالرُمْحِ: نیزہ مارنا المَرْأَةَ: ذلیل ورسوا کرنا۔

دَاعَسَه مُدَاعَسَةً. باہم نیزہ بازی کرنا۔

الدَعْس. س۔ نشان۔ طَرِيْق دَعْس: بہت نشانوں والا راستہ۔

المَدْعَس. امید کی جگہ۔

المِدْعَس والمِدْعَاس. بہت آمدورفت کا راستہ۔ نیزہ۔ ج مَدَاعِس و مَدَاعِيس.

المِدْعَس.: نیزہ مارنے والا۔

دَعَصَهٗ (ف) دَعْصًا وادْعَصَهٗ. قتل کرنا۔ دَعَصَهٗ بالرُمْحِ: نیزہ مارنا۔

دَاعَصَه. عزت میں مقابلہ کرنا۔

تَدَعَّصَ. اللحمُ: گل سڑ کر ریزہ ریزہ ہونا۔

الدِعْص. ج دِعَصَة واَدْعَاص و (الدِعْصَة ج دِعْص): ریت کا تودہ۔

المَدَاعِص. نیزے۔

الدَعْصَاءُ: نرم زمین جہاں بنسبت دوسری جگہوں کے گرمی زیادہ ہو۔

دَعَقَ (ف) دَعْقًا. الطريقَ: بہت روندنا۔ صفت مفعولی (دَعْق ودَعِق ومَدْعُوق)

الغَارَةَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا المَاءَ: جاری کرنا الرَجُلَ: فوراً مار ڈالنا (واَدْعَق) الخَيْلَ: ایڑ لگانا عَلَيْهِمُ الخَيْلَ: کسی قوم پر لوٹ ڈالنے کیلئے گھوڑوں کو لے آنا۔

دَعِقَ (س) دَعَقًا. الطَرِيْقُ: بہت آمدورفت والا ہونا۔

الدَعْقَة. حملہ وچیخ۔

الدُعْقَة. اونٹوں کا گلہ۔ بارش کی بوچھاڑ۔

المَدْعَق. پانی بہنے کی جگہ۔

دِعْوِيْقَةُ الطُيُوْن: ایک چھوٹی چڑیا کا نام۔

خيل (مَدَاعِيْق) لڑائی میں لوگوں کو کچلنے والے گھوڑے۔

دَعَكَ (ف) دَعْكًا. الثوبَ: ملائم بنانا الخصمَ: نرم کرنا الجلْدَ: ملنا الشَيْءَ فِي

التراب: مٹی میں لوٹانا۔ کہا جاتا ہے "دَعَكَهٗ بِالقَوْلِ" اس نے اس کو سخت و سست کہہ کر تکلیف پہنچائی۔

دَعِكَ(س) دَعَكًا. بیوقوف ہونا۔ صفت (دَاعِك وَدَاعِكَة) مؤنث (دَاعِكَة) کہا جاتا ہے "فُلَان اَحمَق دَاعِكَة" فلاں بیوقوف ہے۔

دَاعَكَهٗ مُدَاعَكَةً. سخت جھگڑا کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔

تَدَاعَكَ. القَوْمُ: باہم سخت جھگڑنا۔

تداعكوا فی الحرب: لڑائی میں باہم زور آزمائی کرنا۔

الدَّعِك. سخت جھگڑالو۔

الدُّعَك گمنام۔ کمزور۔ ایک قسم کا پرندہ۔

الدُّعْكَة راستہ کا بڑا حصہ۔

المِدْعَك والمُدَاعِك. سخت دشمن۔

دَعَلَ(ض) دَعْلًا دھوکا دینا۔

دَاعَلَه باہم فریب دینا۔

الدَّاعِل. فا بھاگنے والا۔

دَعْلَجَ دَعْلَجَةً. اللَّيْلُ: تاریک ہونا الشَّيْءُ: کسی چیز کے رنگوں کا مخلوط ہونا الرَّجُلُ: بار بار آنا جانا الشَّيْءَ لڑھکانا۔

الدَّعْلَج. بھری ہوئی گون۔ باہم لپٹی ہوئی نباتات۔ خوبصورت نازک بدن جوان۔ تاریکی۔ بھیڑیا۔ گدھا۔ اونٹنی جو ہانکنے سے نہ چلے۔ آنے جانے والے کا نشان قدم۔

دَعَمَ(ف) دَعْمًا. الشَّيْءَ: سہارا دینا۔ ٹیک لگانا ٥ مدد دینا۔ قوی کرنا۔

اِدَّعَمَ ٹیک لینا۔

تَدَاعَمَ. الاَمْرُ فُلَانًا ہجوم ہونا

الدِّعمَة ج دِعَم و (الدِّعَام) ج دُعُم و (الدِّعَامَة ج دَعَائِم:) ستون۔ کھمبا۔ لکڑی کا ستون جو چھپر کیلئے کھڑا کیا جائے۔

الدِّعْمَتَان والدِّعَامَتَان. چرخی کے دونوں طرف کے ڈنڈے دِعَامَة القَوْم: رئیس قوم۔

الدُّعْمِيُّ بڑھئی۔ کوئی چیز جس میں مضبوط سہارا لگا ہوا ہو۔ راستہ کا بڑا حصہ۔

فرس (اَدْعَم وَدُعْمِيٌّ) سینہ میں سفیدی والا گھوڑا۔

المُدَّعَم جائے پناہ۔

دَعْمَصَ. المَاءُ: بہت سیاہ کیڑوں والا ہونا۔

الدُّعْمُوص. پانی کا سیاہ کیڑا جو تالابوں میں پانی کم ہو جانے پر ظاہر ہوتے ہیں اور عوام اس کو (البُلْعُط) کہتے ہیں۔ ج دَعَامِص و دَعَامِيص.

دَعَنَ(ف) دَعَانَةً. شوخ و بیباک ہونا۔

الدِّعَنُّ. شوخ و بیباک۔ ج دِعَنَّة.

دَعَا(ن) دُعَاءً ودَعْوَى ٥: پکارنا۔ رغبت کرنا۔ مدد طلب کرنا ٥ اِلَى الاَمْرِ کسی کام کی طرف لے جانا بِهٖ: حاضر ہونے کو کہنا۔

دَعَاهُ فُلَانًا و بِفُلَانٍ نام رکھنا۔

المَيِّتَ: بین کرنا (٥: دَعْوَةً ومَدْعَاةً) دعوت کھانے کیلئے بلانا (دُعَاءً) لَهٗ: دعا کرنا عَلَيْهِ: بددعا کرنا اِلَيْهِ: کسی چیز کی طرف بلانا۔

دَاعَاهُ مُدَاعَاةً. جھگڑا کرنا۔ باہم پہیلی کہنا الحَائِطَ گرانا۔

اَدْعَاهُ اِدْعَاءً. غیر باپ کی طرف منسوب کرانا۔

تَدَعَّتْ تَدَعِّيًا. النَّائِحَةُ نوحہ کرنے میں آواز کو بلند کرنا۔

تَدَاعَى. العَدُوُّ: متوجہ ہونا القَوْمُ: ایک دوسرے کو بلانا۔ تَدَاعَوْا الشَّيْءَ: دعویٰ کرنا۔ تداعت الحِيْطَانُ: شکستہ و ویران ہونا۔

القَوْمُ عَلَيْهِ: دشمنی میں متفق ہونا۔

اِنْدَعَى اِنْدِعَاءً. لِدَعْوَتِهٖ: جواب دینا۔

اِدَّعَى. الشَّيْءَ: حق یا باطل کا دعویٰ کرنا۔ بِهٖ اپنی طرف نسبت کرنا عَلَيْهِ: مقدمہ کرنا اِلَى غَيْرِ اَبِيْهِ: باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہونا الشَّيْءَ: تمنا کرنا اِدَّعَى فِى الحَرْبِ: حریف کے سامنے اپنا نام و نسب پیش کرنا۔

اِسْتَدْعَاهُ اِسْتِدْعَاءً. پکارنا الشَّيْءَ: طلب کرنا۔

الدُّعَاء دعا کا مصدر۔ ج اَدْعِيَة.

الدَّعْوَة. پکار۔ قسم۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّى دَعْوَةَ الرَّجُلِ" یعنی وہ مجھ سے قریب ہے۔ اور یہ مانند (هُوَ مِنِّى رَمْيَةَ السَّهْمِ و مَزْجَرَ الكَلْبِ" کے ہے کہ اس کا بھی مطلب یہی ہے۔ "وَلَهُمُ الدَّعْوَةُ عَلَى غَيْرِهِم" دعا میں ان سے ابتداء ہے۔ و كُنَّا فِيْ دَعْوَةِ فُلَانٍ ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔ (والدَّعَاوَة الدِّعَاوَة) اِدِّعَاء کے اسم ہیں۔

الدَّعْوَى. س۔ مقدمہ۔ دعویٰ۔ ج الدَّعَاوِى والدَّعَاوَى.

الدَّعَّاء بہت دعا کرنے والا۔

الدَّعَّاءَة انگشت شہادت۔

الاُدْعِيَّة والاُدْعُوَّة چیستاں پہیلی۔

الدَّعِيُّ. لے پالک۔ وہ شخص جس کے نسب میں شبہ ہو۔ غیر باپ یا غیر قوم کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنے والا۔ ج اَدْعِيَاء.

الدَّاعِي. فا لوگوں کو اپنے دین و مذہب کی طرف بلانے والا۔ ج دُعَاة مؤنث دَاعِيَة ج دَاعِيَات و دَوَاعٍ (وَالدَّاعِيَة) سبب۔ ج الدَّوَاعِي. دَاعِى اللَّبَنِ: دودھ کا وہ حصہ جو تھن میں چھوڑ دیا جائے تاکہ بقیہ دودھ آسانی سے دوہا جا سکے۔ و دَوَاعِى الصَّدْرِ: فکر و غم۔ و دَوَاعِى الدَّهْرِ زمانہ کی گردشیں۔

المَدْعَاة کھانے کی دعوت۔ سبب۔

دَغْدَغَ دَغْدَغَةً. فُلَانًا بِكَلِمَةٍ: طعن و تشنیع کرنا۔

الدَّغْدَغَة. پھسپھسی گفتگو کرنا۔ چھپانا۔ استہزاء کرنا۔ گدگدی کرنا۔ عوام گدگدی کے لیے "زَكْزَك والزَّكْزَكَة" بولتے ہیں۔

المُدَغْدَغ حسب و نسب میں عیب دار۔

دَغَرَهٗ(ف) دَغْرًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔

دَغَرَتِ المَرْاَةُ حَلْقَ الصَّبِيِّ: انگلی سے دبانا۔ الاُمُّ اِبْنَهَا: آسودگی سے کم دودھ پلانا۔

وَغَرَ الشَّیُٔ فِی الشَّیُٔ: ملانا ہ: بھینچ کر مار ڈالنا فِی البَیْتِ: داخل ہونا۔ عَلَیْہِ: اچانک آنا۔

دَغَرَ(س) دَغَرًا. الرَّجُلُ: بد خلق وکمینہ ہونا۔ صفت (دَاغِرٌ)

دَغَرَ(س) دَغْرًا ودَغْرٰی. عَلَیْھِمْ: لوگوں پر اچانک پہنچ جانا۔

اِنْدَغَرَ: بھینچ جانا عَلَیْہِ: اچانک آنا۔

الدَّاغِرُ: ذلیل۔ حقیر۔ خبیث۔ مفسد۔

الدَّغرۃ: کسی چیز کو اُچک کر لے لینا۔

المَدْغَرَۃ: گھمسان کی جنگ۔

دَغَشَ(ف) دَغْشًا وادْغَش. تاریکی میں داخل ہونا۔ دَغَشَ عَلَیْھِمْ: اچانک آنا۔

دَاغَشَہٗ: بھیڑ کرنا حَوْلَ الماءِ: پیاس کی وجہ سے پانی کے گرد منڈلانا المَاءَ: جلدی پینا فِی الشَّیُٔ: کسی چیز کو حرص کی وجہ سے کسی سے مکر سے طلب کرنا ظُلْمَۃَ اللَّیْلِ: رات کی تاریکی میں بغیر کسی سستی کے چل پڑنا۔

تَدَاغَشَ. القَوْمُ و (دَغْوَشُوْا): آپس میں گتھ جانا۔

الدَّغَش والدُّغْشَۃ والدَّغِیْشَۃ: تاریکی۔

دَغِصَ(س) دَغْصًا: خوراک یا غصہ سے بھرنا۔

دَاغَصَ مُدَاغَصَۃً. فِی العَمَلِ: جلدی کرانا۔

اَدْغَصَہٗ. غصہ سے بھر دینا۔ اَدْغَصَہٗ المَوْتُ: فوراً موت کا آنا۔

الدَّاغِصَۃ. گھٹنے کی چپنی۔ عوام اس کو صَابُوْنَۃُ الرُّکْبَۃِ کہتے ہیں۔ گھا ہوا گوشت۔ رقیق پانی۔ ج دَوَاغِص.

الدَّغْصَان غضبناک۔

دَغَفَ(ف) دَغْفًا. الشَّیُٔ: سختی سے پکڑنا۔ دَغَفَھُمُ الحَرُّ: گرمی کا زیادہ ہونا۔

اَبُو الدَّغْفَاء: بیوقوف۔

الدَّغْفَل: ہاتھی یا بھیڑیے کا بچہ۔ بہت سے پر۔ عَیْشٌ دَغْفَلِیٌّ: آسودہ زندگی۔ عَام دَغْفَلِیٌّ: سرسبز سال۔ فراخی کا سال۔

دَغَلَ(ن) دَغْلًا. فِیْہِ: متہم کی طرح داخل ہونا۔

اَدْغَلَ. الرَّجُلُ: درختوں کے جھنڈ میں داخل ہو کر چھپ جانا الاَرْضُ: گنجان درختوں والی ہونا بِہٖ: خیانت کر کے اچانک مار ڈالنا۔ چغل خوری کرنا الشَّیُٔ: تباہ کن چیز ملا دینا۔

الدَّغَل ج اَدْغَال ودِغَال و (الدَّغِیْلَۃ) درختوں کا جھنڈ۔ فساد و تباہی۔ خوف وہلاکت کی جگہ۔

مکان (دَغِل) گنجان درختوں والی جگہ۔ پوشیدہ۔

الدَّاغِلَۃ باطنی کینہ۔ کسی کے عیوب وخیانت تلاش کرنے والے لوگ۔

الدَّغَاوِل. مصیبتیں (جمع ہے بغیر واحد کے)

المَدْغَل وادی کا درمیانی حصہ۔ ج مَدَاغِل.

دَغَمَھُمْ ودَغِمَھُم (ف س) دَغْمًا ودَغَمَانًا. الحَرُّ او البَرْدُ: گرمی یا سردی کا پڑنا دَغَمَ اَنْفَہٗ: توڑنا۔ دَغَمَ الاِنَاءَ: ڈھانپنا۔

اَدْغَمَ. اللّٰہُ فُلَانًا: سیاہ رو کرنا۔ ذلیل کرنا۔

اَدْغَمَھُمُ الحَرُّ او البَرْدُ: گرمی یا سردی کا پڑنا۔

الفَرَسَ اللِّجَامَ: لگام لگانا۔ اَدْغَمَہٗ الشَّیُٔ: غمگین کرنا۔ اَدْغَمَ الرَّجُلُ: لقمہ کو بغیر چبائے ہوئے نگلنا۔ (وادَّغَمَ) الشَّیُٔ فِی الشَّیُٔ: ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا۔ اسی سے صرفیوں کی اصطلاح ادغام (ایک حرف دوسرے حرف میں شامل کرنا) ہے۔

اِدْغَامَّ. الفَرَسُ (اِدْغِیْمَامًا) بقیہ جسم سے منہ کا زیادہ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْغَم)

الدَّغْم والدُّغْمَۃ. گھوڑے کا رنگ جس کا منہ باقی جسم سے زیادہ سیاہی مائل ہو۔

الاَدْغَم کالی ناک والا۔ ناک میں بولنے والا۔ ج دُغْم.

الدُّغَام. حلق کا درد۔

دَغْمَرَہٗ دَغْمَرَۃً. عیب لگانا۔ الشَّیُٔ: ملانا۔ الرَّجُلُ: بد خلق ہونا۔

الدَّغْمَرِیُّ والدُّغْمُرِیُّ. برے بھلے ملے جلے اخلاق والا۔ رَجُل (دُغْمُور) مرد بدخو۔

الدَّغَامِر قوم کے گھٹیا درجہ کے لوگ۔

دَفَّ(ض) دَفًّا ودَفِیْفًا. آہستہ چلنا۔ لَہٗ الاَمْرُ: تیار ہونا۔ ممکن ہونا الطَّائِرُ: پر پھڑپھڑانا۔

دَفَّ(ض) دَفًّا. الشَّیُٔ: جڑ سے اکھیڑنا۔

دَفَّفَ ودَافَّ. جلدی کرنا۔ دَفَّفَ الجَرِیْحَ ودَافَّہٗ ودَافَّ عَلَیْہِ: پوری طرح سے فوراً مار ڈالنا۔ ودَفَّفَ الرَّجُلُ: دف بجانا۔

اَدَفَّ اِدْفَافًا. الطَّائِرُ: پر پھڑپھڑانا۔ اَدَفَّتْ عَلَیْہِ الاُمُوْرُ: پے درپے آنا۔

(وتَدَافَّ) القَوْمُ: ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔ اِسْتَدَفَّ. الطَّائِرُ: زمین کے قریب اُڑنا الاَمْرُ: درست ہونا۔ پورا ہو جانا۔ الرَّجُلُ بِالْمُوْسٰی: استرے سے مونڈنا۔

الدَّفُّ س۔ ہر چیز کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ اللّٰہُ بِذَاتِ الدَّفِّ" اللہ اس کو نمونیا میں مبتلا کرے۔

(الدُّفُّ) ایک قسم کے باجہ کا نام۔ ج دُفُوْف.

الدَّفَّۃ ہر چیز کا پہلو۔ دَفَّتَا الطَّبَلِ: ڈھول کے دونوں طرف کے چمڑے۔ پتوار (آخر معنی میں کلمہ مولدہ ہے۔ اس کے لیے فصیح لفظ السُّکَّان ہے)

الدَّافَّۃ. دشمن کی طرف مارچ کرنے والی فوج۔ لوگوں کی جماعت جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتی رہے۔

الدَّفَّاف دف بجانے والا۔ دف بنانے والا۔

اقرب الموارد میں بحوالہ لسان العرب ہے کہ دفاف مالک دف کو مُدَفِّف بنانے والے کو اور مُدَفْدِف بجانے والے کو کہتے ہیں۔

الدَّفُوْف. مِنَ الطَّیْرِ: کسی چیز پر ٹوٹ

پڑتے وقت زمین سے قریب ہونے والا پرندہ۔
دَفِئَ يَدْفَأُ دَفَأً و دُفُوْءًا و دَفُؤَ يَدْفُؤُ دَفَاءَةً. مِنَ البَرْدِ: گرم ہونا۔ گرمی محسوس کرنا۔
دَفَّأَهُ. گرم کرنا۔
اَدْفَأَهُ. گرم کپڑا پہنانا۔ بہت دینا۔ گرم کرنا الجريحَ: فوراً مارڈالنا القَوْمَ: جمع کرنا۔
تَدَفَّأَ و اِدَّفَأَ و اِسْتَدْفَأَ. گرم کپڑا پہننا۔ گرم ہونا۔
الدِفْأُ. سخت گرمی۔ ج اَدْفَاء. اونٹوں کی پیداوار اور جو اس سے نفع حاصل ہو۔
عطیه دِفْأُ الحَائِط: دیوار کی اوٹ۔ کہا جاتا ہے "أُقْعِدَ فِي دفاءِ الحَائِط" وہ دیوار کی اوٹ میں بٹھایا گیا۔ گرم کپڑے۔ گرمی حاصل کرنے کا سامان۔ تم کہتے ہو "مَا عَلَيْهِ دِفْءٌ" اس پر گرمی حاصل کرنے کا کوئی سامان نہیں۔
الدَفَأُ. س۔ کندھے کا سینہ کی طرف جھکنا۔
الدِفَاء. گرمی حاصل کرنے کا سامان۔ (کپڑا وغیرہ)
الدَفِئُ الدَفِيُّ. گرمی حاصل کرنے والا۔ گرم کپڑے پہنے والا۔ مؤنث دَفِئَة و دَفِيْئَة.
الدَفِئَةُ مِنَ الاَرَاضِي: گرم زمین۔
الدَفْآن. گرمی حاصل کرنے والا۔ مؤنث دَفْأَى.
الاَدْفَأُ. وہ شخص جس کا کندھا سینہ کی طرف جھکا ہوا ہو۔ مؤنث دَفْأَى. الاَدْفَاء: مرد خیمہ نشین۔
اَرْض (مِدْفَاة) گرم زمین۔
اِبِل (مُدْفِئَة و مُدْفَأَة و مُدَفِّئَة و مُدَفَّاة) بہت اُون اور چربی والا اونٹ۔
الدَفْتَر. رجسٹر۔ کاپی۔ ج دَفَاتِر.
دَفَرَهُ (ن) دَفْرًا. سینہ میں مار کر ہٹانا۔
دَفِرَ (س) دَفَرًا و دَفْرًا. ذلیل ہونا۔ اللَحْمُ: کیڑے پڑنا الشَيُّ: بدبودار ہونا۔
صفت (دَفِر و اَدْفَر) مؤنث۔ دَفِرَة و دَفْرَاءُ. كَتِيْبَة دَفْرَاء: لشکر جس سے لوہے کے زنگ کی بو آئے۔

اَدْفَر. الرَجُلُ: تیز گندہ بغل ہونا۔
الدَفْر. س۔ بدبو۔
دَفَارِ. مَبْنِيٌّ عَلَى الكَسْرِ بروزن قَطَامِ: لونڈی (یہ کلمہ لونڈی کے لیے گالی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ اور اکثر نداء کے موقع پر آتا ہے)
اَلدِفْرَان: صنوبر کی ایک قسم
دَفَعَهُ (ف) دَفْعًا و دَفَاعًا و مَدْفَعًا. ہٹانا۔ دور کرنا۔ دَفَعَهُ فِي كَذَا: داخل کرنا۔ اِلَيْهِ الشَيْءَ: ادا کرنا القَوْلَ: دلیل سے باطل کرنا ہ اِلَى كَذَا: مجبور کرنا عَنْهُ الاَذَى: بچانا۔ محفوظ کرنا عَنِ المَوْضِعِ: کوچ کرنا۔ چھوڑنا اِلَيْهِ: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْق يَدْفَعُ اِلَى مَكَانِ كَذَا" راستہ جو فلاں جگہ تک پہنچتا ہے۔
دُفِعَ. اِلَى المكان: پہنچنا۔
دَافَعَهُ مُدَافَعَةً و دِفَاعًا. مزاحمت کرنا عَنْهُ: حمایت کرنا۔ مدد کرنا عَنْهُ الاَذَى: ہٹانا، دور کرنا دَافَعَهُ عَنْ حَقِّهِ: ٹال مٹول کرنا۔
تَدَفَّعَ. السَيْلُ: زور سے بہنا۔
اِنْدَفَعَ. السَيْلُ: زور سے بہنا الفرسُ فِي سَيْرِهِ: تیز دوڑنا الرجُلُ فِي الحَدِيْثِ: بات چیت میں مشغول ہونا۔ اِنْدَفَعَ يَقُوْلُ: کہنے لگنا اِنْدَفَعَ الرجُلُ: ہٹنا۔
تَدَافَعَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَدَافَعُوْا الشَيْءَ: ہر ایک کا دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَيْف يَتَدَافَعُهُ الحَيُّ" مہمان جس کو قبیلہ کے لوگ ایک دوسرے کے ذمہ ڈالتے ہیں۔
اِسْتَدْفَعَ. اللّٰهُ الشَرَّ: شر کو ہٹانے کی دعا کرنا۔
الدَفْعَة. دَفَعَ کا اسم مرۃ۔
الدُفْعَة. بوچھار۔ برتن یا مشک سے جتنا ایک مرتبہ گرے۔ ج دُفَع و دُفُعَات.
الدَوَافِع. نشیب زمینیں جہاں سیلاب کا پانی جمع ہو جائے۔
الدَفُوْع. بہت ہٹانے والا مِنَ الدَوَابِ: لات مارنے والا۔

الدَفَّاع. بہت دفع کرنے والا۔
اَلدِّفَاع: ملک اور اس کی سرحدوں کی حفاظت بری، بحری اور فضائی ذرائع سے کرنا۔
الدُفَّاع. موج یا سیلاب کا زور۔ بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي دُفَّاعٍ مِنَ النَاسِ" وہ بہت لوگوں میں آیا۔
المَدْفَعُ. پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَدَافِع.
اَلْمِدْفَعُ: وہ اوزار و ہتھیار جن کے ساتھ بم پھینکے جاتے ہیں۔ ان میں سے چند درج ذیل ہیں مِدْفَعٌ: توپ۔ مِدْفَعَةٌ مُضَادَّةٌ لِلطَّائِرَاتِ: طیارہ شکن توپ۔ مِدْفَعُ الذَرِّي- ایٹم بم پھینکنے کا میزائل۔ قَاذِفُ الصَوَارِيْخ: راکٹ گرانے والا۔
المِدْفَع. ہٹانے کا اوزار۔ توپ۔ ج مَدَافِع.
المِدْفَع: بہت دفع کرنے والا۔
المُدَفَّع. ہر جگہ سے دھتکارا ہوا فقیر۔
دَفَقَ (ض ن) دَفْقًا. الماءُ: زور سے گرانا اللّٰهُ رُوْحَه: موت دینا الكُوْزَ: گرا کر خالی کر دینا۔
دَفَقَ (ن) دَفْقًا و دُفُوْقًا. الماءُ: گرنا اَلنَّهرُ: بھر کر بہنا (جمہور کے نزدیک اس کا استعمال صرف متعدی ہی کی صورت میں ہوتا ہے۔)
دَفَّقَ. دَفَقَ کا مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "دَفَّقَتْ كَفَّاهُ العَطَاءَ" یعنی اس کے دونوں ہاتھوں نے بہت زیادہ بخشش کی۔
اَدْفَقَ. الكوزَ: گرا کر خالی کر دینا۔
تَدَفَّقَ و اِسْتَدْفَقَ. الماءُ: گرنا الدَابَةُ: تیز دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَان يَتَدَفَّقُ فِي البَاطِلِ" فلاں باطل میں سبقت کرتا ہے۔
اِنْدَفَقَ و اِسْتَدْفَقَ. الماءُ: گرنا۔
الدُفْقَة. ایک دفعہ۔ یکبارگی۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا دُفْقَة" وہ سب یکبارگی آ گئے۔
سَيْل دُفَاق. بہت زیادہ سیلاب جو وادی کے دونوں کناروں کو بھر دے۔
الاَدْفَق. ٹیڑھا۔ فکر یا بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر۔ سَيْر اَدْفَق: تیز چالی۔ مؤنث

دفقاء.

الدِفقَّی تیز حال۔ کہا جاتا ہے "مَشَی الدِفقَّی" وہ تیز چال چلا۔ (والدِفقَّة) تیز رفتار اونٹنی یا گھوڑا۔

الدِفلُ قطران (دیکھئے قطران) زفت (ایک دوا کا نام) کنیر۔

الدِفلَی کنیر۔ ایک جماعت کے نزدیک الف الحاق کا ہے اس لیے اس پر تنوین آتی ہے اور دوسروں کے نزدیک تانیث کا اس لیے تنوین نہیں آتی۔

دَفَنَ (ض) دَفنًا. المیّتَ گاڑنا۔ دفن کرنا الحدیثَ چھپانا الابلَ تیز دوڑانا الابلُ: تیز دوڑنا۔

تَدَفَّنَ واِندَفَنَ چھپنا الابلُ تیز دوڑنا۔

اِدَّفَنَ. العبدُ آقا کے خوف سے بھاگنا۔ صفت (دَفُون) الشیءَ چھپانا۔

تَدَافَنَ. القومُ باہم چھپانا۔

دَافِنُ. الامرِ مخفی معاملہ کا اندرونی حصہ۔

الدَفنُ دفن کیا ہوا۔ ج اَدفان۔ مدفون زمین۔ ج دُفن. رجل دَفن گمنام و بے قدر مرد۔

داء (دِفن و دَفِن) پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔

الدَفِینَة گاڑا ہوا۔ گاڑا ہوا خزانہ۔ ج دَفائِن کہا جاتا ہے "فلان یثیر الدفائن" فلاں بڑا عالم ہے۔

الدَفِین دفن کیا ہوا۔ چھپا ہوا۔ ج دُفُن ودُفَناء واَدفان: خوض۔ رکیّة دَفِین: دفن شدہ کنواں۔ اِمرأة دَفِین پوشیدہ عورت۔ ج دَفنیٰ. داء دَفِین پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے "ھو دَفِین المروءة او دَفن المروءة" وہ بے مروّت ہے۔

الدِفَان. مِنَ الرکایا مٹی سے پٹا ہوا کنواں ج دُفن کہا جاتا ہے "ماء دِفان" پوشیدہ پانی۔

الدَفَافِین کشتی کے تختے۔ واحد (دفّان)

المدفِن گاڑنے کی جگہ۔

الدِفنِس والدِفناس کمینہ و بیوقوف۔ بخیل۔ مِنَ النساء بیوقوف۔ بھاری جسم کی عورت۔

الدَافِه مسافر۔

دَفَا (ن) دَفوًا ودَافیٰ مُدَافاة واَدفیٰ اِدفاء. الجریحَ فوراً مار ڈالنا۔ واَدفیٰ الظبیُ لمبے سینگوں والا ہونا۔

تَدَافَاہ تلافی کرنا۔

الدَّفا خمیدگی۔

الاَدفیٰ خمیدہ۔ مؤنث دَفوَاءُ. طائر اَدفیٰ لمبے بازوؤں والا پرندہ۔ ناقة دَفوَاءُ لمبی گردن والی اونٹنی۔ شَجَرَة دَفوَاءُ بڑا درخت۔ عقاب دَفوَاءُ ٹیڑھی چونچ والا عقاب۔

دَقّ (ض) دِقَّة باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ دقیق و دشوار ہونا۔

دَقّ (ن) دَقًّا. الشیءَ توڑنا الباب: کھٹکھٹانا الشیءَ ظاہر کرنا الشیءَ علی الشیءِ او بالشیءِ کوٹنا۔

دَقَّقَ. الشیءَ بہت باریک کرنا۔ آٹا کرنا فی الحساب وغیرہ باریک بینی سے کام لینا۔

اَدَقَّه اِدقَاقًا باریک کرنا الرجلُ بکری دینا۔ کہا جاتا ہے "اتیته فما اَدَقّنی ولا اَجَلّنی" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو تھوڑا دیا نہ زیادہ۔ اَدَقّ الرجلُ بخل کی وجہ سے معمولی چیز کے پیچھے پڑنا۔

دَاقَقَه مُدَاقَّة. الحسابَ فِی الحسابِ غور سے جانچ کرنا۔

اِندَقّ اِندِقَاقًا باریک ہونا۔ اِندَقَّت عُنُقُه: ٹوٹنا۔

تَدَاقّ. الرَجُلان: باریکی میں مقابلہ کرنا۔

اِستَدَقّ اِستِدقَاقًا پتلا و باریک ہونا۔ اور اسی سے ہے "اِستَدَقّ الهلال" ہلال باریک ہے۔

الدِقّ باریک تھوڑا۔ اور اسی سے ہے "اخذت دِقّه وجِلّه" میں نے قلیل و کثیر سب لے لیا۔ حُمَّی الدِقّ دق کا بخار۔

الدَقّة. دَق کا اسم مرة۔

الدِقّة کوٹنے کی ہیئت۔ خست۔ چھوٹائی۔ باریکی اور اسی سے ہے "دِقّة المعانی" معانی کی باریکی۔

الدُقّة باریک خاک۔ مصالحے۔ نمک۔ دھنیا۔ خوبصورتی۔

الدُقَاق چورہ۔ آٹا (والدُقَاقة) باریک خاک جس کو ہوا اڑائے۔ دُقَاق العِیدانِ ودِقَاقُها چھپٹی۔

الدَقِیق باریک۔ آٹا۔ مشکل معاملہ۔ تھوڑا۔ ج اَدِقّة واَدِقّاء مؤنث دَقِیقَة.

الدَقِیقَة دقیق کا مؤنث۔ منٹ۔ درجہ کا ساٹھواں حصہ۔ ج دَقَائِق. الدَقِیقَة: بکریاں۔ کہتے ہیں "کم دَقِیقَتُكَ" تمہاری بکریاں کتنی ہیں؟

الدَقّاق بہت کوٹنے والا۔ آٹا بیچنے والا۔

الدَقّاقة کوٹنے کا اوزار۔

المِدَقّ والمُدُقّ ج مَدَاق و (المِدَقّه) کوٹنے کا اوزار۔

المُدَقَّقة قیمہ۔ باریک کوٹا ہوا گوشت۔

المَدقُوق دق کے بخار والا۔

المَدَقَّة پھولوں کی ایک درمیانی قسم۔ مؤنث کا عضو تناسل۔

مُستَدَقّ. السَاعِدِ کلائی کا پتلا حصہ۔ مُستَدَقّ کُلِ شیءٍ ہر چیز کا باریک و پتلا حصہ۔

دَقدَقَ. النَاسُ شور مچانا۔ الدَوَابُ سُم کی آواز سنائی دینا۔

دَقِرَ (س) دَقَرًا شکم سیر ہونا المکانُ: سبزہ زار ہونا النَباتُ: زیادہ ہونا۔ الرَجلُ شکم سیری کی وجہ سے قے کرنا۔

الدَقَرُ والدَقَرة والدَقِیرة والدَقَریٰ. سرسبز و خوبصورت باغ۔

اَرض (دَقراء) سبز و نمناک زمین۔

الدُقرا لکڑی جس پر انگور کی بیل چڑھائی

جائے۔ واحد دُفْرَانۃ.

الدَّوْفَرَۃ. بنجر زمین جو پہاڑوں کے درمیان ہو۔

الدِفْرَار. جانگھیا۔ ج دَفَارِیْر.

الدِفْرَارَۃ. چغلی۔ بُری عادت۔ جھگڑا۔ ج دَفَارِیْر. کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالدَّفَارِیْر" وہ قبیح قسم کی چھوٹی چیزیں لایا۔ جانگھیا۔ پائجامہ۔ رَجُل دُفْرَارَۃ: چغل خور۔ پست قد۔

دَقَسَ (ن) دَقْسًا و دُقُوْسًا. فِی الْبِلَادِ: گھس جانا الْوَتَدَ فِی الْاَرْضِ: گڑ جانا الْبِئْرَ: بھر دینا۔

الدَّقْشَۃ. ایک چھوٹا سا جانور ہے۔

دَقِعَ (س) دَقَعًا. تھوڑے سے گزارہ پر راضی ہونا۔ ذلت اور فقر کی وجہ سے خاک نشین ہونا۔

اَدْقَعَہ. محتاج بنا دینا۔ ذلیل کرنا۔

اَدْقَعَ بِہٖ وَاِلَیْہِ فِی الشَّتْمِ وَنَحْوِہٖ: گالی دینے میں مبالغہ کرنا۔ اَدْقَعَ الرَّجُلُ: مٹی میں ملا ہوا ہونا۔

الدَّاقِع. فا. رنجیدہ۔ تھوڑی کمائی کا طالب۔

الْاَدْقَع. مٹی۔ جُوْعٌ اَدْقَعُ: سخت بھوک۔

الدَّقَّاع والدُقَّاع والدِقْعِم. مٹی (دِقْعِم میں میم زائد ہے)

الدَّقْعَاء. مٹی۔ بنجر زمین۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ الْقَوْمَ" (صَقْعٰی دقعٰی) میں نے قوم کو خاک نشین دیکھا۔

الدَّیْقُوْع. سخت بھوک۔

الدَّوْقَعَۃ. فقیری۔ ذلت۔

المُدْقِع. زمین پر پٹک دینے والا۔ ذلیل۔ بھاگنے والا۔ دُبلا۔ جُوْعٌ مُدْقِعٌ: سخت بھوک جو زمین پر گرادے۔

المِدْقَاع. لالچی۔ تھوڑے پر راضی ہونے والا۔ ج۔ مَدَاقِیْع.

دَقَلَہٗ (ن) دَقْلًا. منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔ ناک یا منہ پر مارنا (دُقُوْلًا) غائب ہونا فِیْہِ: داخل ہونا۔

اَدْقَل. النَّخْلُ: ردی کھجور والا ہونا۔ الرَّجُلُ: کمزور بچہ والا ہونا الشَّاۃُ. دبلی و کمزور ہونا۔ صفت مُدْقِل.

الدَّقَل. ردی کھجور۔ بادبان کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ اَطْوَلَ مِنَ الدَّقَلِ وَاَنْتَ تَنْثُرُ كَلَامَكَ نَثْرَ الدَّقَلِ" میں تم کو دیکھتا ہوں کہ بادبان کے ڈنڈے سے بھی زیادہ لمبے ہو اور گفتگو ردی قسم کی کرتے ہو۔

الدَّقْل. جسم کی ناتوانی۔

الدَّقْلَۃ والدَّقِلَۃ والدَّقِیْلَۃ. دُبلی پتلی بکری۔ ج دَقَّال و دَقَائِل.

دَقَمَہٗ (ن) دَقْمًا. اچانک سینہ پر مار کر دھکا دینا۔ دانت توڑنا الرِّیْحُ عَلَیْہِ: ہوا کا آنا۔

دَقِمَ (س) دَقَمًا. اگلے دانتوں کا گرنا۔ صفت دَقِمٌ و اَدْقَم.

اَدْقَم. فاہ: اگلے دانتوں کو توڑنا۔

الدَّقْم. سخت غم۔

الدَّقْمَۃ. منہ کا اگلا حصہ۔

الدَّقْم. نقصان۔

دَقَنَ (ن) دَقْنًا. فی لحی الرَّجل: ٹھوڑی پر مکا مارنا۔ دَقَنَہ: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔

دَكَّ (ن) دَكًّا. الحَائِطَ: دیوار گرا کر زمین کے برابر کرنا الْاَرْضَ: ہموار کرنا التُّرَابَ: مٹی کوٹ کر ہموار کرنا البِئْرَ: کنوئیں کو مٹی وغیرہ ڈال کر پاٹنا التُّرَابَ عَلَی الْمَیِّتِ: میت پر مٹی ڈالنا ہٗ: دھکا دینا الدَّابَۃَ فِی السَّیْرِ: جانور کو تھکانا۔ کہا جاتا ہے "دَكَّتِ الْحُمّٰی الرَّجُلَ" بخار نے مرد کو کمزور کر دیا۔

دُكَّ. مریض ہونا۔

دَكَّكَ. الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔

اِنْدَكَّ. ہموار ہونا الرَّجُلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا السَّنَامُ: کوہان کا پیٹھ کے برابر ہونا۔

تَدَاكَّ. عَلَیْہِ الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔

الدَّكُّ. مص۔ ہموار زمین۔ ہموار جگہ۔ ج۔ دُكُوْك.

الدُّكُّ. ج دِكَكَۃ و (الدِكَّاء) ج دَكَّاءَات. نرم مٹی کا پشتہ۔ نرم پہاڑ۔

الدَّكَّاءُ: پست کوہان کی اونٹنی۔

الدِّكَّۃ. ازار بند۔ صحیح لفظ التِّكَّۃ ہے۔

الدَّكَّۃ. ہموار ریگستان۔ بیٹھنے یا کرسی رکھنے کے لیے چبوترہ۔ ج دِكَاك.

الدُّكَّان. دکان۔ چبوترہ۔ ج دَكَاكِیْن.

الدَّكَّاك. بہت روندنے والا۔ بہت کوٹنے والا۔

الْاَدَكُّ. چوڑی پیٹھ والا چھوٹا گھوڑا۔ بغیر کوہان کا اونٹ۔ اور اس سے اسم (الدَّكَكُ) ہے۔ ج دُكّ و دُكُك مؤنث دَكَّاء. یَوْمٌ اوشَھْرٌ او حَوْلٌ (دَكِیْك) پورا دن یا مہینہ یا سال۔

المِدَكُّ. مضبوط و قوی زمین کو سخت روندنے والا امرد۔ ہموار کرنے کا اوزار۔

اَمَۃ (مِدَكَّۃ) کام کرنے میں قوی باندی۔

دَكْدَكَ. الحُفْرَۃَ: گڑھے کو مٹی سے بھر دینا۔

تَدَكْدَكَتْ. الجِبَالُ: گرنا۔

الدَّكْدَك والدِكْدِك. ج دَكَادِك و (الدَّكْدَاك) ج دَكَادِیْك: سخت زمین۔

دَكَسَ (ن) دَكْسًا. الشَّیْءَ: بھرنا۔

دَكِسَ (س) وَكَسًا. الشَّیْءُ: تہ بتہ ہونا۔

اَدْكَسَ. المَكَانُ: سبزی ظاہر ہونا۔

الدَّكِیْسَۃ. مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی جماعت۔

الدَّاكِس. فا. چھینک وغیرہ سے بدفالی۔

الدَّاكِس مِنَ الظِّبَاءِ: وہ ہرن جو پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔

الدُّكَاس. اُونگھ۔

الدَّوْكَس. شیر۔ بہت چوپائے اور بکریاں۔

دَكَلَ (ن ض) دَكْلًا. الطِّیْنَ: لیپنے کے لیے ہاتھ سے مٹی جمع کرنا الشَّیْءَ: روندنا۔

دَكَّلَ. الدَّابَۃَ: جانور کو مٹی میں لوٹانا۔

تَدَكَّلَ. اپنے آپ کو بڑا سمجھنا عَلَیْہِ: ناز کرنا

عنه: دیر کرنا۔

الدَّکْلَة. پتلا گارا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والے لوگ۔

الاَدْکَل. سیاہی مائل۔

الدَکِیْل. روندا ہوا۔

دَکَمَ(ن) دَکْمًا. الشَّئَ: بعض کو بعض پر کوٹنا ٥ فِی صَدْرِہ: سینہ پر مار کر ہٹانا فاہ اَوْ اَنْفَه: منہ یا ناک توڑنا المرأة: جماع کرنا۔

دَکَمَهٗ. فِی الشَّئِ: داخل کرنا ٥ فِی رَاسِہٖ: سر میں سینگ سے مارنا۔

تَدَاکَمَ. القومُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔

الدُّکْمة. سیاہی مائل رنگ۔

دَکَنَ(ن) دَکْنًا ودَکَّنَ. المتاعَ: تہ بتہ رکھنا۔ دَکَّنَ الدُّکَّانَ: دکان لگانا۔

دَکِنَ(س) دَکَنًا. سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْکَن)مؤنث دَکْنَاء. ج دُکْن.

الثَّوْبُ: میلا و گرد آلود ہونا۔

الدُّکْنَة. سیاہی مائل رنگ۔

الدُّکَّان. دکان کا چبوترہ۔ ج دَکَاکِیْن(کلمہ فارسیہ ہے)

الدُّکَّانِي. دکان والا۔

دَلَّهٗ(ن) دَلَالَةً ودُلُولَةً ودِلِّيْلَي. اِلَي الشَّيء وعَلَيْه: راستہ دکھانا۔ رہنمائی کرنا۔

(ض) دَلًّا ودَلَالًا ودَلَّ(س) دَلَلًا) ناز و نخرہ کرنا المَرْأَةُ عَلٰی زَوْجِها: بناوٹی مخالفت کرنا الرَّجُلُ: فخر کرنا۔ اپنی داد و دہش کا احسان جتانا۔

اَدَلَّ اِدْلَالًا. عَلَيْهِ: محبت پر بھروسہ کرنا۔ اور اسی سے ہے "اَدَلَّ فَاَمَلَّ" اُس نے محبّت پر بھروسہ کیا اور ملول کر دیا۔ دلیری کرنا عَلٰی اَقْرَانِه: اُوپر سے دبا لینا البَازِیْ عَلٰی صَیْدِہٖ: اُوپر سے جھپٹا مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ یُدِلُّ بِه" وہ اس پر بھروسہ کرتا ہے "اَدَلَّ بالطَّرِیْق": "پہچانا۔

تَدَلَّلَ. عَلَيْهِ: گستاخی و جرأت کرنا المرأةُ عَلٰی زَوْجِها: بناوٹی مخالفت کرنا۔

اِنْدَلَّ. راستہ پانا الماءُ: گرنا۔

اِسْتَدَلَّ. عَلَيْهِ: رہنمائی کرنے کو کہنا۔

اِسْتَدَلَّ بِکَذَا عَلَی الاَمْرِ: دلیل کرنا۔

الدَّالَّة. دالّ کا مؤنث۔ ناز و نخرہ۔ جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَيْهِ دَالَّة" اس کو اس کے اُوپر ناز ہے۔

الدَّلُّ. س۔ سکون و اطمینان کی حالت۔ اچھی سیرت۔

الدَّلَال. س۔ ناز و نخرہ۔

الدَّالُوْلَاء. ناز۔

الدِّلَالَة. دلالی کا پیشہ۔ دلال یا رہبر کی اُجرت۔

اَلدَّلَالَةُ: رہنمائی، دلیل، مرشد، سیاحوں کو رہنمائی کرنے والی کتاب، سفر کارڈ، دلیل الخُلُف - ریاضی کے مسئلہ میں مخالف کے بدلنے پر دلیل قائم کرنا۔

الدَّلَّال. خریدار اور بیچنے والے کے درمیان کا آدمی۔

الدَّلِیْل. ج اَدِلَّة واَدِلَّاء و (الدَّلَالَة)ج دَلَائِل: ہر وہ چیز جس سے رہنمائی ہو سکے۔ حجت و دلیل۔ الدَّلِیْل: رہنما۔ مرشد۔

الدَّلَّة. احسان۔ ناز و نخرہ کرنا۔

الاَدَلُّ. احسان جتانے والا۔

الدُّلَّي والدَّلِیْلَة. واضح راستہ۔

المُدِلُّ. فا. اپنے اُوپر اور اپنے سامان پر بھروسہ رکھنے والا۔ المُدِلُّ بِالشَّجَاعَةِ: دلیر۔

الدُّلْب. چنار کا درخت۔ واحد (دُلْبَة)

الدُّلْبَة. سیاہی۔

الدَّالِب. چنگاری جو بجھی نہ ہو۔

الدَّوْلَاب والدُّوْلَاب. رہٹ۔ چرخی پر گھومنے والی چیز۔ ج دَوَالِیْب. (دخیل)

المَدْلَبَة. بہت چنار کے درختوں والی زمین۔

الدَّلْبُوْث. ایک قسم کی گھاس کا نام۔

دَلَثَ (ض) دَلْثًا. قریب قریب قدم رکھنا۔

تَدَلَّثَ. اِلَيْهِ: کسی کے پاس گھس پڑنا۔

اِنْدَلَثَ. الرَّجُلُ: خودسر ہونا۔

اِدَّلَثَ. الشَّئُ: ڈھانکنا۔

الدِّلَاث. تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلُ دِلَاث ونَاقَة دِلَاث. ج دُلُث و دُلُث"

دَلَجَ(ض) دُلُوْجًا. کنوئیں سے پانی نکال کر حوض میں ڈالنا۔ صفت (دَالِج)ج دُلَّج.

اَدْلَجَ اِدْلَاجًا واِدَّلَجَ اِدِّلَاجًا. القَوْمُ: پوری رات یا آخری حصّہ میں چلنا۔ اسم (الدَّلْجَة والدُّلْجَة)

الدَّلَج والدَّلَجَان والدَّلْجَة. رات کے آخری حصّہ کا وقت۔

الدَّوْلَج. تہ خانہ (والمَدْلَجَة) وحشی جانوروں کا بھٹ۔

المِدْلَجَة. لکڑی یا چڑے کا بڑا برتن جس میں دودھ لے جایا جائے۔ ڈول۔

المَدْلَج والمَدْلَجَة. حوض اور کنوئیں کے درمیان کا راستہ۔

المِدْلَاج. آخری رات میں چلنے کا عادی۔

المُدْلِج و اَبُومُدْلِج. سیہی۔

دَلَحَ(ف) دُلُوْحًا. بوجھ کی وجہ سے آہستہ چلنا۔

تَدَالَحَ. الرَّجُلَان الشَّئَ بَيْنَهُمَا: کسی چیز کو لکڑی پر اُٹھانا۔

الدَّالِح. ج دُلَّح ودَوَالِح و (الدَّلُوْح) ج دُلُح: بہت پانی والا بادل۔

فَرَس (دُلَح) سوار کو نہ تھکانے والا گھوڑا۔ بہت پسینہ والا گھوڑا۔

دَلِخَ(س) دَلَخًا. موٹا ہونا الِانَاءُ: بھر کر بہہ پڑنا۔

الدَّالِخ. موٹا۔ کہا جاتا ہے بَعِیْر دَالِخ واِبِل دُلَّخ ودَوَالِخ.

الدَّلُوْخ. موٹا۔ ج دُلُخ.

دَلْدَل دَلْدَلَةً. اَعْضَائَه اَوْرَاسَه: چلنے میں ہلانا۔

تَدَلْدَلَ. فِی مَشْيِه: لڑکھڑانا الشَّئُ: لٹکتے ہوئے ہلنا۔

الدُّلْدُل والدُّلْدُوْل. سیہی۔ الدُّلْدُل: بڑا معاملہ۔

الدَّلْدَال: اضطراب۔ قوم دَلْدَال: لڑکھڑاتی ہوئی چلنے والی قوم۔

دَلَّسَ. البائِعُ: سامان کے عیب کو چھپانا المُحَدِّثُ: محدث کا حدیث کی روایت میں اپنے راوی کا نام نہ لینا بلکہ اس سے اُوپر کے راوی کا نام لینا اور لفظ ایسا اختیار کرنا جس میں سماع کا احتمال ہو۔

دَالَسَه مُدَالَسَةً: فریب دینا۔ ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَلَا يُدَالِسُ وَلَا يُوَالِسُ" وہ نہ ظلم کرتا ہے نہ خیانت۔

أَدْلَسَ. المَكَانُ: موسم گرما کے آخر میں یا چرلینے کے بعد سرسبز ہونا۔

تَدَلَّسَ. الرَّجُلُ: چھپنا۔ الطَّعَامَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔ الدَّابَّةُ: چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس کو چٹ کر جانا۔

اِنْدَلَسَ. الشَّيْءُ: پوشیدہ ہونا۔

الدَّلَس فریب، دھوکا۔

الدَّلَس نباتات جو موسم گرما کے اخیر میں یا چرلینے کے بعد سبز ہو جائے۔ ج أَدْلَاس (والدُّلْسَة) تاریکی۔

دَلَصَ(ن) دَلِيصًا: چمکنا۔ نرم ہونا۔ صفت (دَلِصٌ) ج دِلَاصٌ و (دَلِيص) ج دُلُص.

دَلِصَت(س) دَلَاصَةً. النَّاقَةُ: بوڑھی اور گرے ہوئے دانت والی ہونا۔

دَلَّصَ. الشَّيْءَ: چمکدار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَلَّصَ السَّيْلُ الحَجَرَ" سیلاب نے پتھر کو چمکدار بنادیا الدِّرْعَ: ملائم کردینا الجَبِينَ: بال اکھیڑنا۔

اِنْدَلَصَ. الشَّيْءُ مِن يَدِه: پھسل کر گرنا۔ الشَّيْءُ من الشَّيْءِ: نکلنا۔

الدَّلِص والدَّلِصَة: ہموار زمین۔

الدِّلَاص نرم و چمکدار۔ کہا جاتا ہے "دِرْع دِلَاص" نرم و چمکدار زرہ۔

الدُّلَّاص نرم، چکنا، چمکدار۔

دَلَظَه(ض) دَلْظًا: سینہ میں مار کر ہٹانا۔

دَلَظَ فِي سَيْرِه: تیز گزرنا۔

دَالَظَه: مدافعت کرنا۔

اِنْدَلَظَ. المَاءُ: زور سے بہنے لگنا۔

دَلَعَ(ف) دَلْعًا وَأَدْلَعَ لِسَانَه: زبان نکالنا۔

دَلَعَ(ف ن) دَلْعًا وَدُلُوعًا وَانْدَلَعَ وَادَّلَعَ. لِسَانُه: زبان کا منہ سے باہر نکلنا۔

اِنْدَلَعَ البَطْنُ: پیٹ کا بڑا اور ڈھیلا ہونا السَّيْفُ: تلوار کا میان سے باہر نکلنا۔

الدَّلِيع والدَّلُوع: کشادہ راستہ۔ نرم راستہ۔ ج دَلَائِع. والدَّلُوع مِنَ النُّوقِ: اونٹوں سے آگے رہنے والی اونٹنی۔

الدُّلَّاع والدُّولَعَة: سمندری سیپی کی ایک قسم

المُدَلَّع: ناز و نعمت میں پرورش یافتہ۔ اسم (الدَّلَاعَة) اور یہ مولدین کے نزدیک ہے۔

الدَّلْعَس والدِّلْعَس والدِّلْعَوْس والدِّلْعَاس والدُّلَاعِس. مِنَ الجِمَالِ: سدھا ہوا اونٹ۔

الدِّلْعَان: چکنے والی مٹی۔ (لغت عامیہ ہے۔)

دَلَفَ(ض) دَلْفًا ودَلَفًا ودُلُوفًا ودَلِيفًا ودَلَفَانًا: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح آہستہ آہستہ چلنا النَّاقَةُ بِحِمْلِهَا: اونٹنی کا بوجھ لے کر اٹھنا الجَيْشُ: لشکر کا آگے بڑھنا۔ صفت (دَالِف) ج دُلَّف ودُلُف.

أَدْلَفَ. لَه القَوْلَ: سختی سے گفتگو کرنا ہ الكِبَرُ: آہستہ چلانا۔

تَدَلَّفَ. إِلَيْه: چلنا اور نزدیک ہونا۔

اِنْدَلَفَ. عَلَيْه: گرنا۔

الدَّالِف تیر جو نشانہ کے قریب گرے اور پھر وہاں سے علیحدہ ہو جائے۔

الدُّلَّف بہادر۔

الدَّلُوف تیز اُڑنے والا گدھ۔ موٹا اونٹ۔ بہت پھلدار درخت خرما۔ ج دُلُف.

الدُّلْفِين ایک قسم کا تھن والا سمندری جانور جس کی تھوتھنی چونچ کی شکل کی ہوتی ہے اور جس کے متعلق مشہور ہے کہ ڈوبنے والے کو اپنی پیٹھ پر بٹھا کر بچاتی ہے۔ معرب ہے۔ عربی میں اس کا مرادف الدُّخَس ہے۔

طَرِيق (دَلْفَق ودِلْفَاق) روشن و نمایاں راستہ۔

دَلَقَ(ن) دَلْقًا وَأَدْلَقَ. السَّيْفَ مِنْ غِمْدِه: تلوار کو میان سے سونتنا۔ دَلَقَ البَابَ: دروازہ کو زور سے کھولنا عَلَيْهِم الغَارَةَ: لوٹ ڈالنا البَعِيرُ شِقْشِقَتَه: اونٹ کا جھاگ نکالنا۔ (دَلْقًا ودُلُوقًا. السَّيْفُ:) تلوار کا میان سے نکل پڑنا الخَيْلُ: گھوڑوں کا پے در پے نکلنا۔ صفت (دُلُق) واحد (دَالِق ودَلُوق)

اِنْدَلَقَ. الشَّيْءُ: اپنی جگہ سے نکل پڑنا۔ الخَيْلُ: گھوڑوں کا بہت تیزی کے ساتھ نکل پڑنا السَّيْفُ: تلوار کا میان سے نکل پڑنا۔

تَدَلَّقَ. السَّيْلُ عَلَيْه: بہت تیزی کے ساتھ سیلاب کا بہہ پڑنا۔

اِسْتَدْلَقَ. السَّيْفَ: میان سے نکالنا۔

الدَّلَق ایک جانور کا نام ہے جو بلی سے چھوٹا ہوتا ہے اس کا رنگ زرد ہوتا ہے پیٹ اور گردن میں کچھ سفیدی ہوتی ہے۔ سَيْف (دَلِق و دَالِق ودَلُوق) میان سے آسانی سے نکلنے والی تلوار۔ غَارَة دَلُوق: سخت لوٹ۔ نَاقَة دَلُوق: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اونٹنی۔ ج دُلُق.

الدِّلْقِم بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اونٹنی (میم زائد ہے۔)

دَلَكَ(ن) دَلْكًا. الشَّيْءَ: رگڑنا۔ ملائم کرنا ہ الدَّهْرُ: تجربہ کار بنانا وَجْهَه بِالطِّيبِ: خوشبو لگانا الرَّجُلُ حَقَّه: ظلم کرنا غَرِيمَه: قرض خواہ کو ٹالنا (دُلُوكًا) الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔ صفت (دَالِك)

دَالَكَ مُدَالَكَةً. الغَرِيمَ: قرض خواہ کو ٹالنا۔

تَدَلَّكَ: نہانے کے وقت بدن ملنا۔ بِالطِّيبِ: خوشبو لگانا۔

الدَّلْك نرمی۔ کہا جاتا ہے "فِي رُكْبَتِه دَلْكٌ" اس کے زانو میں نرمی ہے۔ غروب آفتاب کا وقت۔

الدَّلُوك: لگانے کی خوشبو یا دوا وغیرہ۔
الدَّلِیْك: وہ شخص جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا ہو۔ ج دُلُكٌ۔ خاک جس کو ہوا اُڑادے۔ ایک قسم کی نباتات۔
الدَّوْلُوك: بڑا معاملہ۔ ج دَآلِیك.
المِدْلَك والمِدْلَكَة: ملنے کا اوزار۔
المَدْلُوك. مفع. البَعِیرُ المَدْلُوكُ: نرم گھٹنے والا اونٹ۔ وہ شخص جو سفر کی وجہ سے تجربہ کار ہو گیا ہو۔
المُدَالِك: وہ شخص جو اپنے آپ کو گھٹیا باتوں سے بلند نہ رکھے۔
دَلِم (س) دَلَمًا وادْلَامَّ اِدْلِیْمَامًا. چمکدار سیاہ ہونا۔ صفت (اَدْلَم) مؤنث دَلْمَاء.
دَلِمَتِ الشَّفَةُ: ہونٹ کا ڈھیلا ہونا اور لٹکنا۔
اِدْلَامَّ اللَّیْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔
اَدْلَمَ شَفَتَهٗ: ہونٹ کا ڈھیلا کرنا۔
الدُّلْم: ہاتھی۔
الدَّلَام: سیاہی۔ سیاہ۔ کہا جاتا ہے "شَیْءٌ دَلَام" کالی چیز۔
الدَّلْمَاء: قمری مہینہ کی تیسوی رات۔
الاَدْلَم. مِنَ الاَلْوَانِ: کالا۔ کالا سانپ۔ لمبا کالا۔
الدِّیْلَم: مصیبت۔ حوض کے پاس چیونٹیوں اور چیچڑیوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ لشکر۔ نر تیتر۔ قطا پرندہ کی ایک قسم۔ جماعت۔ دشمن۔
اِدْلَمَسَّ اِدْلِمْسَاسًا. اللَّیْلُ: سخت تاریک ہونا۔
الدُّلْمِس والدُّلَامِس: سخت تاریکی۔ مصیبت۔
الدِّلْمِس: مصیبت۔
تَدَلْمَصَ. رَاسُهٗ: سر کا گنجا ہونا۔
الدُّلْمِص والدُّلَامِص: چمکدار۔ راس دُلَمِص: گنجا سر۔
طَرِیْق (دَلَنْع) نرم راستہ۔ ج دَلَانِع.
دَلِه (س) دَلَهًا و دَلْهًا و دُلُوهًا وتَدَلُّهًا. غم و عشق وغیرہ سے سرگشتہ ہونا۔ حیران ہونا۔
دَلَه (ف) دَلْهًا. عَنْهُ: تسلی پانا۔

دَلَّهَهٗ: حیران کرنا۔ مدہوش کرنا۔
الدَّالِه والدَّالِهَة: غم و عشق وغیرہ کی وجہ سے سرگشتہ و دیوانہ۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ دَلْهًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔
المُدَلَّه: عشق وغیرہ کی وجہ سے بے خود و دل رفتہ۔
دَلْهَثَ. الرَّجُلُ: جلد آگے بڑھنا۔
الدَّلْهَث والدُّلَاهِث والدِّلْهَاث: پیش قدمی کرنے والا۔ دلیر۔ شیر۔
اِدْلَهَمَّ. اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیر ہونا۔ الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔
الدَّلْهَم: تاریک۔ بھیڑیا۔ نر سنگ خوار پرندہ۔ عشق کی وجہ سے عقل رفتہ و مدہوش۔
الدِّلْهَام والدَّلْهَمس: دلیر۔ بہادر مرد۔ شیر۔
الدَّلَهْمَس: بہت تاریک رات۔
دَلَا (ن) دَلْوًا و دَلْیًا. الدَّلْوَ: ڈول کنوئیں میں لٹکانا۔ نکالنے کے لیے کھینچنا۔ حَاجَتَهٗ: حاجت طلب کرنا۔ دَلَاهُ: نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَلَوْتُ بِفُلَانٍ اِلَیْكَ" میں نے تیرے پاس فلاں کو سفارشی بنایا۔ و "دَلَاهُ بِغُرُوْرٍ" اس نے اس کو دھوکے میں ڈالا۔ دَلَوْتُ بِالدَّلْوِ: ڈول سے پانی کھینچنا۔ دَلَاهُ بِالحَبْلِ مِنَ السَّطْحِ: اس نے اس کو رسی کے ذریعہ چھت سے لٹکایا۔
دَالَاهُ: نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔
اَدْلَی اِدْلَاءً: کنوئیں میں ڈول لٹکانا۔ فِیْهِ: کسی کے بارے میں بری بات کہنا۔ بِقَرَابَتِهٖ: قرابت سے وسیلہ پکڑنا۔ بِحُجَّتِهٖ: دلیل بیان کرنا۔ اِلَیْهِ بِمَالٍ: دینا۔ اُدْلِیَ اِلَی فُلَانٍ: کسی کے پاس جھگڑا لے جانا۔
تَدَلَّی. الثَّمَرُ مِنَ الشَّجَرِ: پھل کا لٹکنا۔ مِنَ الخَیْلِ: گھوڑے سے اترنا۔
اِدْلَوْلَی اِدْلِیْلَاءً: جلدی کرنا۔
الدَّلْو: مع۔ ڈول (مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں) ج دِلَاء واَدْلٍ ودُلِیّ ودِلِیّ کہا جاتا ہے "اَلْقِ دَلْوَكَ فِی الدِّلَاءِ" یعنی تم بھی کوشش کرو۔ الدَّلْو: ایک برج آسمانی کا نام۔ اونٹ کا داغ۔ مصیبت۔

الدَّالَاة: ڈولچی ج دَلًی و دَلَوَات.
الدَّالِی. فا. ج دُلَاة.
الدَّالِیَة: سیاہ انگور۔ رہٹ۔ زمین جس کو ڈول یا رہٹ سے سینچا جائے۔ انگور کی بیل۔ ج دَوَالٍ (یہ مولد ہیں)
دَلِیَ (س) دَلًی: متحیر ہونا۔
تَدَلَّی. بِهٖ: قریب ہونا۔ لَهٗ: فروتنی کرنا۔
دَمَّ (ن) دَمًّا. الشَّیْءَ بالصِّبْغِ او القِیْرِ اونحوهما: کسی چیز پر ملنا۔ الاَرْضَ: ہموار کرنا۔ الیَرْبُوْعُ جُحْرَهٗ: جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ کو مٹی وغیرہ سے پاٹ کر برابر کرنا۔ الرَّجُلَ: پوری طرح سے عذاب دینا۔ مارنا یا سر کچلنا۔ القَوْمَ: نیزہ مار کر ہلاک کرنا۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔
دَمَّ (ن ض س) دَمَامَةً: حقیر و بدصورت ہونا۔ صفت (دَمِیْم) ج دِمَام مؤنث دَمِیْمَة و دَمِیْمَة ج دَمَائِم و دِمَام.
دَمَّمَ. الشَّیْءَ: کسی چیز پر طلاء کرنا۔
اَدَمَّ. الرَّجُلُ: بری بات کرنا یا بد صورت بچہ والا ہونا۔
الدِّمُّ والدِّمَم والدِّمَام: ہر وہ چیز جو بطور طلاء کے استعمال کی جائے۔
الدَّم: بمعنی خون۔
الدِّمَّة: چیونٹی۔ جوں۔ مینگنی۔ بکریوں کا باڑہ۔ بلی۔ حقیر و پست قد مرد۔
الدُّمَّة: روش۔ طریقہ۔ گڑیا۔ ج دُمَم.
الدَّیْمُوْم والدَّیْمُوْمَة: وسیع بیابان۔ ج دَمَامِیْم. الدَّیْمُوْمَة: بمعنی دوام و ہمیشگی۔
المِدَمَّةُ: ایک قسم کی دندانہ دار لکڑی جس سے زمین کو ہموار کرتے ہیں۔
المَدْمُوم: خون کی مانند سرخ۔ بہت موٹا۔ چربی دار۔
دَمُثَ (ك) دَمَاثَةً: نرم اخلاق ہونا۔

دمِث(س) دَمَثًا. المَكانُ وغَيْرُهُ: نرم ہونا۔
دَمَّثَ. المَضْجعَ: نرم بنانا المَكانَ: نرم کرنا لَهُ الحَدِيْثَ: ذکر کرنا۔
الدَمْث والدَمَث والدَمِث و الدَمِيْث. نرم ریتلی جگہ۔ ج دِماث واَدْماث اور اسی سے ہے "رجل دَمِثُ الاَخْلَاقِ" نرم اخلاق والا مرد۔ اَرْضٌ (دَمْثاء) نرم زمین۔
الدُمُوْثَة. نرم خوئی۔
الدَمائِث. نرم چیزیں۔ واحد (دَمِيْثَة)
الاُدْمُوْث. بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔
دَمَجَ(ن) دُمُوْجًا وانْدَمَجَ وادَّمَجَ. فِي الشَّيْئِ: مضبوط گڑ جانا۔ دَمَجَ الْاَمْرُ: درست ہونا۔
دَمَّجَهُ. فِي الشَّيْئِ: داخل کرنا۔ گاڑنا۔
دَامَجَهُ دِمَاجًا. عَلَيْهِمْ: موافقت کرنا۔
اَدْمَجَ. الشَّيْئَ فِي الثَّوْبِ: کسی چیز کو کپڑے میں لپیٹنا الحَبلَ: رسی کو اچھی طرح بٹنا۔ الكَلامَ: بہتر ترتیب دینا الفرسَ: دبلا کرنا۔
تَدَامَجَ. القَوْمُ عَلَيْهِ: باہم مدد کرنا۔ اکٹھا جمع ہونا۔
تَدَمَّجَ. فِيْ ثِيَابِهٖ: کپڑوں میں لپٹنا۔
الدَامِج. فا. تاریک۔ کہا جاتا ہے "لَيْلٌ دَامِجٌ" تاریک رات۔
الدِمجُ. دوست۔ نظیر۔
الدَمْجَة. طریقہ۔ کہا جاتا ہے "عَلٰى تِلْكَ الدَمْجَةِ" اس طریقہ پر۔
الدُمَاج والدِمَاج. بہت مضبوط۔ سیدھا۔
المُدْمَج. مع. تیر کی چھڑ۔
المِدْمَاجَة. پگڑی۔
دَمَخَ (ف) دَمْخًا. بلند ہونا رَاسَهُ: سر توڑنا۔ کچلنا۔ لَيْلٌ (دَامِخ) معتدل رات۔
دَمَرَ (ن) دُمُوْرًا ودَمَارًا ودِمَارَةً. ہلاک ہونا (دُمُوْرًا) عَلَيْهِم: بغیر اجازت کے آنا یا برے ارادہ سے اچانک آنا۔
دَامَرَ. اللَّيْلَ: جاگتے رہنا۔
دَمَّرَهُمْ و دَمَّرَ عَلَيْهِمْ. ہلاک کرنا۔
تَدْمُر. ملک شام کے ایک بڑے شہر کا نام۔ ایک قلعہ کا نام۔
التَدْمُرِيّ. کمینہ۔ جنگلی چوہا جس کے ناخن ٹوٹ گئے ہوں اور گوشت سخت ہو۔ کہا جاتا ہے "مَافِي الدَارِ تَدْمُرِيٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔
دَمَسَ(ن ض) دَمْسًا و دُمُوْسًا. الظَلَامُ او اللَيْلُ: سخت سیاہ ہونا۔ صفت (دَامِسٌ) المَوْضَعُ: مٹنا۔
دَمَسَهُ (ن) دَمْسًا ودَمَّسَهُ. ڈھانپنا۔ دفن کرنا۔ چھپانا۔
دَمَسَ عَلَيْهِ السِرَّ او الخَبرَ: پوشیدہ کرنا۔ بَيْنَهُم. اصلاح کرنا۔
دَمِسَتْ (س) دَمَسًا. يَدُهُ: گندگی سے آلودہ ہونا۔
دَامَسَ مُدَامَسَةً. الشَّيْئَ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
اَدْمَسَ. اللَيْلُ: تاریک ہونا الشَّيْئَ: پوشیدہ کرنا۔
تَدَمَّسَ. آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔
اِنْدَمَسَ. تہ خانہ میں داخل ہونا۔
الدَمْس. س. صورت جو دور سے دکھائی دے۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ دَمْسًا" میں نے صورت دیکھی۔
الدُمْس. مِنَ الاُمُوْرِ: بڑے بڑے اُمور۔ کہا جاتا ہے "جَائَنَا بِاُمُوْرٍ دُمْسٍ" وہ ہمارے پاس بڑے بڑے اُمور لایا۔
الدَمَس والدَمِيْس. ہر وہ چیز جو ڈھک دی جائے۔
الدِمَاس. ہر وہ چیز جو تم کو چھپا لے۔
الدَامُوْس. شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج دَوَامِيْس.
الدَيْمَاس والدِيْمَاس. تہ خانہ۔ غسل خانہ۔ قبر۔ ج دَيَامِيْس و دَمَامِيْس.
لَيْلٌ (اُدْمُوْس) تاریک رات۔
الدَيَامِيْس. گہری جگہیں جہاں روشنی نہ پہنچے۔
الدُمُسْتُق. رومیوں کے کمانڈر کا لقب۔ ج دَمَاسِق.
دَمْشَقَ. الاَمرَ: جلدی سے پورا کرنا الشَّيْئَ: آراستہ کرنا۔
تَدَمْشَقَ. دمشق میں آنا۔
دَمْشَقُ. اليَدَيْنِ: دونوں ہاتھوں سے جلدی کام کرنے والا۔
دِمَشْق و دِمِشْق. شام کا دارالخلافہ۔ نسبت کے لیے دِمَشْقِيٌّ. ج دَمَاشِقَة.
المُدَمْشَق. نیم پختہ بھنا ہوا گوشت۔
دَمَصَ (ن) دَمْصًا. فِي الشَّيْئِ: جلدی کرنا۔ دَمَصَتِ الكَلْبَةُ بِجَرْوِهَا. ناتمام بچہ گرا دینا۔
دَمِصَ (س) دَمَصًا. سر میں کم بال والا ہونا۔ پچھلے حصہ میں باریک اور اگلے حصہ میں موٹی ابروؤں والا ہونا۔ صفت (اَدْمَص) مؤنث دَمْصَاء ج دُمْص.
دَمَعَتْ (ف) دَمْعًا ودَمِعَتْ. (س) دَمَعًا ودَمَعَانًا ودُمُوْعًا. العَيْنُ: آنسو بہنا۔ دَمِعَ الاِنَاءُ: بھر جانا۔
اَدْمَعَ. الاِنَاءَ: لبالب بھر دینا۔
اِسْتَدْمَعَ. آنسو بہانا۔
الدَمْع. آنسو۔ واحد (دَمْعَة) ج دُمُوْع واَدْمُع. دَمْعَةُ الكَرْمِ: شراب۔
امْرَاَةٌ (دَمِعَة و دَمِيْع) جلدی رونے والی۔ بہت آنسوؤں والی عورت۔ ج دَمْعیٰ و دَمَائِع.
ورَجُلٌ دَمِيْع: جلدی رونے والا۔ بہت آنسوؤں والا مرد۔ ج دُمَعَاء و دَمْعیٰ.
الدَامِع. فا. مَكَانٌ دَامِعٌ. نمناک جگہ۔
شَجَّةٌ دَامِعَةٌ: خون بہانے والا زخم۔
الدَمَّاع. پانی جو درخت کے کاٹنے سے نکلے۔ آنکھ کا پانی جو بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے نکلے۔
الدَمَّاع والدَمُوْع. بہت آنسو والا۔
الدُمَّاع: نمناک جگہ۔ يَوْمٌ دَمَّاع: خفیف بارش کا دن۔

قَدَحٌ (دَمْعَان) لبالب بھرا ہوا پیالہ۔
المَدْمَع. آنسو بہنے کی جگہ۔ ج مَدَامِع.
الدمَّاع. رخسارہ پر آنسو کا نشان۔
دَمَغَه (ف ن) دَمْغًا. دماغ تک زخمی کرنا۔ صفت مفعولی (دَمِيغ و مَدْمُوغ)
٥ الشَّمْسُ: دماغ کو تکلیف پہنچانا۔
٥: مغلوب کرنا الحَقُّ البَاطِلَ: نیست ونابود کرنا۔ باطل کرنا۔ ناپید کرنا۔
دَمَّغَ. الأطْعِمَة بالدَّسَم: چربی ڈالنا۔
أدْمَغَه. إلىٰ كَذَا: محتاج بنانا۔ حاجت مند بنانا۔ أدْمَغَ الطَّعَامَ: نگلنا الشَّيْءَ: داخل کرنا۔ شَجَّةٌ (دَامِغَة) دماغ تک پہنچنے والا زخم۔
الدِّمَاغ. سر کا بھیجا۔ ج أدْمِغَة. أُمُّ الدماغ: دماغ کے اوپر کی باریک جھلی۔
دَمَقَ (ن) دُمُوقًا. عَلَيْه: بغیر اجازت کے داخل ہونا۔
دَمَقَ (ن ض) دَمْقًا. الشَّيْءَ: چرانا۔ فَاهُ: دانت توڑنا۔ (ودَمَّقَ وأدْمَقَ) الشَّيْءَ في الشَّيْءِ: داخل کرنا۔
إنْدَمَقَ. عَلَيْه: بغیر اجازت کے داخل ہونا۔ نکلنا۔
الدَّمَق. برف کے ساتھ سخت ہوا۔
الدَّامِق. فا. (والدَّمُوق) مِنَ الرِّجَال: خراب آدمی جس سے کوئی نفع نہ ہو۔
الدَّمِيق. دوسرے میں داخل کیا ہوا۔
المُنْدَمَق. داخل ہونے کی جگہ۔
الدِّمَقْس والدِّمَقَاس. سفید ریشم۔ دیبا۔
ثَوْبٌ (مُدَمْقَس) ریشم کا بنا ہوا کپڑا۔
دَمَكَ (ن) دُمُوكًا. الأرْنَبُ: خرگوش کا تیز دوڑنا الشَّيْءُ: چمکدار و نرم ہونا۔ (دَمْكًا) الشَّيْءَ: پینا الرِّشَاءَ: رسی بٹنا۔
الدَّامِكَة. مصیبت۔ ج دَوَامِك.
الدَّمُوك. تیز گزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَحًى دَمُوك" تیز پیسنے والی چکی۔ ج دُمُك.
المِدْمَك. بیلن۔
المِدْمَاك. کچی اینٹوں یا پتھروں کا ردا۔ ج مَدَامِيك.
الدَّمَكْمَك. بہت مضبوط۔ رَحًى دَمَكْمَك: تیز پیسنے والی چکی۔
دَمَلَ (ن) دَمْلًا. الدُّمَّلَ: پھوڑا اچھا کرنا۔ (دَمَلَ ودَوْمَلَ) بَيْنَهُم: اصلاح کرنا۔
دَمِلَ (س) دَمَلًا وادَّمَلَ واندَمَلَ. الجُرْحُ: زخم اچھا ہونا۔
دَامَلَه. نرمی سے سلوک کرنا۔
تَدَمَّلَ. المَكَانُ: کھاد پڑنا۔
تَدَامَلَ. القَوْمُ: باہم صلح کرنا۔
الدَّمْل. مص۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَامَلَه بالدَّمْل" اِس نے اُس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کیا۔
الدُّمَل والدُّمَّل. پھوڑا۔ واحد (دُمَّلَة) ج دَمَامِل ودَمَامِيل.
الدَّمَال. کوڑا کرکٹ جس کو سمندر پھینک دے۔ سیاہ بدبودار پرانی کھجور۔ مینگنی مٹی وغیرہ جس کو جانور روند دیں۔ کھاد۔ کہا جاتا ہے۔ "هٰذا دَمَالُ ذَاكَ" یہ اس کا مصلح ہے۔
الدَّمَّال. زمین میں کھاد ڈالنے والا۔
دَمْلَجَ دَمْلَجَةً ودِمْلَاجًا. الشَّيْءَ: کسی چیز کو اچھے طریقے سے ڈھالنا۔
الدُّمْلُج والدِّمْلِج. ج دَمَالِج و (الدُّمْلُوج) ج دَمَالِيج: بازو بند۔ پہنچی۔ کہا جاتا ہے "أَلْقىٰ عَلَيْهِ دَمَالِيجَه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔ الدَّمَالِيج: سخت زمینیں۔
المُدَمْلَج. ہموار راستہ۔
دَمْلَحَه. لڑھکانا۔
دَمْلَقَه. چکنا و ہموار کرنا۔
حَجَرٌ (دَمْلَق ودُمَلِق ودُمَالِق) چکنا پتھر۔
دَمْلَكَ. الشَّيْءَ: چکنا کرنا۔
تَدَمْلَكَ. چکنا ہونا الثَّدْيُ: گول ہونا اور ابھرنا۔
الدُّمْلُوك. گول چکنا پتھر۔
دَمَنَ (ن) دَمْنًا. الأرْضَ: کھاد ڈالنا۔
دَمِنَ (س) دَمَنًا. النَّحْلُ: سیاہ و بدبودار ہونا عَلَيْه: کینہ رکھنا۔
دَمَّنَ. البَعِيرُ المَكَانَ: اُونٹ کا مینگنی کرنا بَابَ فُلانٍ: کسی کے دروازہ پر پڑا رہنا فُلانًا: اجازت دینا۔
أدْمَنَ. الشَّيْءَ: ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُدْمِنُ خمر" ہمیشہ شراب پینے والا مرد۔
تَدَمَّنَ. المَكَانُ او المَاءُ: جگہ یا پانی کا مینگنیوں سے پلید ہونا۔
الدَّمْن. مص۔ کھجور کے درخت کی بوسیدگی و سیاہی۔
الدِّمْن والدَّمَان. گوبر۔ کھاد۔ راکھ۔ کھجور کے درخت کی بوسیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دِمْنُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم ہے۔
الدِّمْنَة. گھر کے نشانات۔ حوض کا بقیہ پانی۔ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ ج دِمَن ودِمْن. و "خَضْرَاءُ الدِّمَنِ وخُضْرَةُ الدِّمَن" کوڑے کی سبزی اور یہ دونوں مثال ہیں ان چیزوں کے لیے جن کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔ الدِّمْنَة: پرانا کینہ۔ کہا جاتا ہے "فِي قَلْبِه دِمْنَة" اس کے دل میں پرانا کینہ ہے۔
دَمِهَ (س) دَمَهًا. الرَّمْلُ: ریت کا سخت گرم ہونا۔
دَمْهَته. الشَّمْسُ: دھوپ لگنا اور جلانا۔
دَمِيَ (س) دَمًى ودُمِيًّا. الجُرْحُ: خون دینا۔ صفت (دَمٍ)
دَمَّىٰ تَدْمِيَةً وأدْمىٰ إدْمَاءً. الجُرْحَ: زخم سے خون نکالنا۔ أدْمَى الرَّجُلَ: خون بہانا۔ دَمَّى لِفُلانٍ: راستہ آسان کرنا۔ قریب کرنا۔
إسْتَدْمىٰ. مِنْ غَرِيمِه: قرض دار سے نرمی سے قرض وصول کرنا الرَّجُلُ: ناک سے خون بہتے وقت سر جھکانا الذَّبِيحَ: خون لینا۔
الدَّامِي. فا. جس کا خون بہہ رہا ہو۔
ودَامِي الشَّفَة: فقیر یا مانگنے کا حریص۔

الدامِیۃ. الدامیۃ مؤنث۔ زخم یا مار جس سے خون بہے۔

الدم خون۔ اس کی اصل دمیٌ بقول بعض دمْوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور کبھی میم سے بدل لیتے ہیں اور دمٌّ مشدد بولتے ہیں۔ مثنیٰ دمان و دمیان و دموان ج دِماء و دُمِیٌّ تصغیر دُمَیٌّ اور نسبت کے لیے (الدَمِیُّ والدموی) دم الاخوین: ایک دوا کا نام۔ الدمی۔ کہا جاتا ہے "رجل ذو دمٍ" خون کا مطالبہ کرنے والا مرد۔

الدَمَّۃ خون کا ٹکڑا۔

الدُمْیۃ پتلی جو خون کی مانند سرخ و منقوش ہو۔ بت۔ ج دُمیٰ.

الدَمْیا خیر و برکت۔

المُدَمّٰی بہت سرخ گھوڑا وغیرہ۔ خون لگا ہوا تیر۔

دَنَّ (ن) دَنًّا و دَنَنَ. الذُبابُ بھنبھنانا (دَنِینًا) الرَجُلُ گنگنانا۔ اس طرح بولنا کہ کچھ سمجھ میں نہ آئے۔

دَنَّ (س) دَنَنًا پیٹھ میں جھکاؤ ہونا۔ صفت (اَدَنّ) مؤنث (دَنّاء) ج دُنٌّ.

بیت اَدَنّ پست مکان۔

اَدَنَّ بالمکان اقامت کرنا۔

الدَنّ بڑا مٹکا جو بغیر زمین کھودے ہوئے نہ رکے۔ ج دِنان.

الدَنِّیۃ لمبی ٹوپی۔

الدَنَّۃ چیونٹی کی مانند ایک کیڑا۔

دَنَأَ (ف) و دَنُؤَ (ک) دُنُوئَۃ و دَناءَۃ خسیس ہونا۔ کمینہ و ذلیل ہونا۔ صفت (دَنِیٌ) ج اَدْناء و دَناء.

دَنِئَ (س) دَنَأً. الرَجُلُ کُبڑا ہونا۔ صفت (اَدْنَأ) مؤنث (دَنْأی)

اَدْنَأ ذلیل سواری پر سوار ہونا۔

دَنَّأَ کمینہ بنانا۔

تَدَنَّأ کمینگی پر اکسانا۔

الدَنِیئۃ کمینگی و عیب۔

الدِنَّب والدِنَبَّۃ والدِنّابۃ پست قد۔

دَنَجَ (ن) دِناجًا. الامر کسی کام کو مضبوطی سے کرنا۔

الدُنُج عقل مند لوگ۔

دَنَحَ (ف) دُنُوحًا و دَنْحًا ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔

الدِنْح نصرانیوں کی ایک عید۔

الدَنْحَۃ خیانت۔

دَنَخَ (ف) دَنْخًا گرانبار ہو کر چلنا۔

دَنَّخَ فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ گھر میں رہنا۔

المُدَنِّخ فحش بکنے والا۔ وہ شخص جس کے سر میں کہیں بلندی اور کہیں پستی ہو۔

دَنْدَنَ دَنْدَنَۃ. الذُبابُ بھنبھنانا الرَجُلُ گنگنانا حَوْلَ الماء چکر لگانا۔ گھومنا۔

الدِنْدِن گنگناہٹ۔ پرانا ہونے کی وجہ سے سیاہ شدہ پودا۔

دَنَّرَ الدینار تَدْنیرًا دینار بنانا۔ دَنَّرَ الوجہُ دینار کی طرح روشن و چمکدار ہونا۔

دُنِّرَ بہت دینار والا ہونا۔

الدینار سونے کا ایک پرانا سکہ۔ ج دَنانیر.

دَنِسَ (س) دَنَسًا و دَناسَۃ عِرْضُہ او ثَوْبُہ او خُلُقُہ عیب دار ہونا۔ میلا ہونا۔ صفت (دَنِسٌ) ج اَدْناس و مَدانیس.

دَنَّسَہ میلا کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَنَّسَہ سوء خُلُقِہ" اس کی بد خلقی نے اس کو عیب دار کر دیا۔

تَدَنَّسَ میلا ہونا۔

الدَنَس میل کچیل۔ ج اَدْناس.

المَدانِس عیوب۔ گندی جگہیں۔ کہا جاتا ہے "ھو یتصوّن من الادناس والمدانس" وہ عیوب سے بچتا ہے۔

دَنَعَ (ف) دُنُوعًا و دَناعَۃً کمینہ و بے خبر ہونا۔ صفت (دانِع و دَنِع و دَنِیع و دَنِیعَۃ)

دَنِعَ ذلیل ہونا۔ کمینہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ خواہش مند ہونا۔

اَدْنَعَ صلحاء کے طریقہ کی پیروی کرنا۔

رجل (دَنِعَۃ) بے خیر و بے فیض آدمی۔ کہا جاتا ہے "ھو من دَنَع الناس" وہ کمینے لوگوں میں سے ہے۔

دَنِفَ (س) دَنَفًا. المریضُ بیماری کا بڑھ جانا اور قریب المرگ ہونا۔ الشمسُ آفتاب کا زرد ہونا اور ڈوبنے کے قریب ہونا ۵ المرضُ بیماری کا تیز ہو جانا۔ الشیءُ قریب کرنا۔

الدَنَف مرض دائمی۔ ہمیشہ کا بیمار۔ کہا جاتا ہے "رجل دَنَف وامرأۃ دَنَف وھم دَنَف" اور کہا جاتا ہے "کادت الشمس تکون دَنَفًا" آفتاب ڈوبنے کے قریب ہے۔

الدَنِف مرض لازم والا۔ ج اَدْناف مؤنث دَنِفَۃ ج دَنِفات.

الدِنْفِس بیوقوف عورت۔

الدُنافِس بدخو۔

دَنْفَشَ زردیدہ نگاہ سے دیکھنا۔

الدِنْفِصَۃ دبلی عورت۔

دَنَقَ (ن ض) دُنُوقًا باریک امور نکالنے کا حریص ہونا۔ صفت (دَنیق) ج دُنُق.

دَنَّقَ الوجہُ غم یا مرض سے کمزور ہونا لِلْمَوتِ قریب المرگ ہونا العینُ آنکھ کا اندر دھنس جانا الشیءُ بُری طرح سے لینا الشمسُ آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا الرجلُ الیہ النظرَ لگاتار دیکھنا۔

الدَنْقَۃ گیہوں میں ایک قسم کا دانہ جس کو اکرا یا منمنا کہتے ہیں۔

الدانِق (والدانَق) بیوقوف۔ چور۔ درہم کے چھٹے حصہ کا ایک سکہ۔ ج دوانق و دوانیق (کلمہ فارسیہ)

الدَنْقَر شورہ۔

دَنْقَسَ زردیدہ نگاہ سے دیکھنا۔ بینھم فساد ڈالنا۔

دَنْکَسَ فی بیتہ گھر میں چھپ کے بیٹھنا اور لوگوں کی ضروریات کے لیے نہ نکلنا۔

دَنا یَدْنو دُنُوًّا و دَناوَۃً. للشیء و منہ والیہ کسی چیز کے قریب ہونا۔ صفت (دانٍ)

ج دُناۃ.

دَنِیَ یَدْنیٰ دَنًا و۔نَایَۃً. گھٹیا ہونا۔ ردی ہونا۔ صفت(دَنِیٌّ. ج اَدْنِیاء)

دَنَّاہُ تَدْنِیَۃً. قریب کرنا۔ دَنّیٰ فِیْ الْاُمُوْرِ: ہر چھوٹے بڑے امر کے پیچھے پڑنا۔

دَانیٰ مُدَانَاۃً. القَیْدَ: بیڑی کو تنگ کرنا۔ بَیْنَ الاَمْرَین: قریب قریب کرنا۔

الاَمْرَ: نزدیک ہونا۔

اَدْنیٰ اِدْنَاء. تنگ زندگی بسر کرنا۔ قریب ہونا۔ قریب کرنا۔ کسی کے قریب کرنا۔

السِتْرَ: پردہ لٹکانا۔

تَدَنّیٰ. تھوڑا تھوڑا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْدٌ یَتَدَنّیٰ خَیْر مِنْ قَرِیْبٍ یَتَبَعَّدُ" دور کا آدمی جو تھوڑا تھوڑا قریب ہو اس قریب سے بہتر ہے جو دور ہو۔

تَدَانیٰ تَدَانِیًا. القَوْمُ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ تَدَانَتْ اِبِلُہٗ: کم ہونا۔

اِدَّنیٰ. قریب ہونا۔

اِسْتَدْنَاہ. قریب ہونے کو کہنا۔

الدَنَاوَۃ. س۔ قرابت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا دَنَاوَۃٌ" ان دونوں کے درمیان قرابت و رشتہ داری ہے۔ الاَدْنیٰ. دَنِیٌّ کا اسم تفضیل۔ ج اَدَان و اَدْنُوْنَ. مؤنث دُنْیَا. ج دُنیً.

اَلْاَدْنَوْنَ: نسب کے لحاظ سے قریبی رشتہ دار لوگ۔

الدُّنْیَا. موجودہ زندگی۔ ج دُنیً. نسبت کے لیے (دُنْیَوِیٌّ و دُنْیَاوِیٌّ و دُنیِیٌّ) اور کہا جاتا ہے "ھُوَ فِیْ دُنْیَا دَانِیَۃ" وہ آسودہ زندگی میں ہے جو چاہتا ہے حاصل کر لیتا ہے۔ ھُوَ ابْنُ عَمٍّ دِنْيٍ و دِنْیًا و دُنْیَا و دِنْیَۃً" وہ چچا کا بیٹا ہے جو نسب میں لاحق ہے۔

المُدَنِّی. مع۔ مِنَ الرِجَال: کمزور۔ نَاقَۃٌ (مُدَن و مُدْنِیَۃ) وضع حمل کے قریب والی اونٹنی۔

دَھَتَہٗ (ف) دَھْتًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔

دَھْدَمَ. البِنَاءَ: ڈھانا۔

تَدَھْدَمَ. ویران ہونا۔ منہدم ہونا۔

دَھْدَہَ و دَھْدیٰ. الحَجَرَ: لڑھکانا۔

تَدَھْدَہَ و تَدَھْدیٰ. لڑھکنا۔

الدُھْدُوْہ و الدُھْدُوَّۃ و الدُھْدِیَّۃ. گبریلا کی گولی۔

الدَھْدَأ و الدَھْدَاء. چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ کہا جاتا ہے "ما اَدْرِیْ اَیُّ الدَھْدَاءِ ھُو" میں نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔

دَھَرَ (ف) دَھْرًا. القَوْمَ و بِالْقَوْمِ اَمْرٌ مَکْرُوْہٌ: قوم پر امر ناپسندیدہ واقع ہونا۔

الدَھْر. زمانہ طویل۔ لمبی مدت۔ دَھْرُ الاِنْسَان: انسان کے زندگی گزارنے کا زمانہ۔ دہر عصر کا مرادف ہے۔ مصیبت۔ غایت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاكَ بَدھْرِی" یہ میری عادت نہیں "وَمَا دَھْرِیْ بِکَذَا" یہ میری غایت و انتہا نہیں۔ غلبہ۔ ج اَدْھُر و دُھُوْر کہا جاتا ہے "لاآتِیہِ دَھْرَ الدَاھِرِیْنَ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

الدَھْرِیُّ. بددین جو عالم کے قدیم و غیر مخلوق ہونے کا قائل ہو۔

الدَھْرِیَّۃ. ایک فرقہ جو عالم کے قدیم ہونے کا قائل تھا۔

الدُھْرِیُّ. وہ شخص جس کی عمر طویل ہو اور جس پر ایک زمانہ گزر چکا ہو۔

دَھْر (دَاھِر و دَھِیْر) سخت و طویل زمانہ۔

الدِھَار و المُدَاھَرَۃ. غیر معین مدت کے لیے معاملہ کرنا۔

الدَھَارِیْر. زمانہ گزشتہ کی ابتداء (اس کے لیے واحد نہیں) مصیبتیں۔ زمانہ کے حوادث۔ کہا جاتا ہے "دُھُوْرٌ دَھَارِیْر" طویل زمانے و "کَانَ ذٰلِكَ فِی دَھْرِ الدَھَارِیْر" یہ زمانہ قدیم میں تھا۔

قَوْمٌ (مَدْھُوْرُوْنَ) آفت رسیدہ لوگ۔

دَھِسَ (س) دَھْسًا. المَکَانُ: نرم ہونا کہ جس میں نہ صرف ریت ہی ہو نہ صرف مٹی۔ صفت (اَدْھَس) مؤنث دَھْسَاء ج دُھْسٌ. الادھس: سرخ مائل بسیاہی۔

الدَھْسَاء: بڑے سرین والی عورت۔

اَدْھَسَ. القَوْمُ: نرم زمین میں چلنا۔

الدَھْس: نباتات کہ ابھی سبزی غالب نہ ہوئی ہو۔ نرم زمین کہ جس میں نہ صرف ریت ہو نہ صرف مٹی۔ زمین کہ ابھی اچھی طرح اس پر روئیدگی نہ ہو۔ ج اَدْھَاس.

دَھْسَمَ. الشَیْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔

دَھِشَ (س) دَھَشًا و دُھِش. متحیر ہونا۔ صفت (دَھِش و مَدْھُوش و دَھْشَان)

دَھَّشَہٗ و اَدْھَشَہٗ. مدہوش کرنا۔

الدَھْشَم. بہت دیالو۔ فیاض۔ سخی۔ سمندر۔

دَھَقَ (ف) دَھْقًا. الکَاسَ: پیالہ بھرنا۔ المَاءَ: پانی کو تیزی سے گرانا الشَیْءَ: توڑنا۔ کاٹنا: مارنا۔

اَدْھَقَ. الکَأسَ: پیالہ بھرنا: جلدی کرانا۔

اِدَّھَقَتِ. الحِجَارَۃُ: مضبوطی سے ایک دوسرے سے جڑ جانا۔

الدَھَق. شکنجہ۔

الدِھَاق. مِنَ الکُئُوس: بھرا ہوا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "کَاسٌ دِھَاق" چھلکتا ہوا پیالہ۔ و "مَاءٌ دِھَاق" بہت پانی۔

دَھْقَنَ. القَوْمُ فُلَانًا: قوم کا کسی کو چودھری بنانا۔

تَدَھْقَنَ. چودھری بننا۔

الدَھْقَنَۃ. چودھراہٹ۔

الدُھْقَان و الدِھْقَان. چودھری ج دَھَاقِنَۃ و دَھَاقِیْن. الدَھْقَان. سوداگر۔

دَھَكَ (ف) دَھْکًا. الشَیْءَ: پیسنا۔ توڑنا الاَرْضَ: روندنا المرأۃ: جماع کرنا۔

الدَھْکَل. سختی و بلا۔

الدَّھْلِیَّۃُ: آمنے سامنے پتوں والا بڑے پھولوں والا ایک پودا۔

الدِھْلِیْز. ڈیوڑھی۔ لمبا تنگ راستہ۔ ج دَھَالِیْز. اَبْنَاءُ الدَھَالِیْز: وہ بچے جو راستہ سے اٹھائے جائیں۔

دَھَمَہ (ف) و دَھِمَہ (س) دَھْمًا. الاَمْرُ: اچانک آپڑنا۔

دَهَّمَتِ. النَارُ القِدْرَ آگ کا ہانڈی کو سیاہ کرنا۔
اِدْهَمَّهُ غمگین کرنا۔
اِدْهَمَّ وادْهَامَّ اِدْهِيْمَامًا. الفرسُ: گھوڑے کا سیاہ ہونا۔
الدَهْم بڑی تعداد۔ ج دُهُوم.
الاَدْهَم. سیاہ۔ نئے نشانات۔ پرانے نشانات۔ مؤنث دَهْمَاءُ دُهْم. الاَدْهَم بیڑی۔ ج اَدَاهِم.
الدَهْم مخلوق۔ کہا جاتا ہے "اَىُّ الدُهْم هُوَ" وہ اللہ کی کونسی مخلوق ہے۔
الدُهْمَة سیاہی۔
الدَهْمَاء. الادهم کا مؤنث۔ ہانڈی۔ لوگوں کی جماعت۔ قمری مہینہ کی انتیسویں رات۔ ایک چوڑی قسم کی گھاس جس سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں۔ حَدِيْقَة (دَهْمَاء ومُدْهَامَّة) سبز باغ جس کی سرسبزی مائل بسیاہی ہو۔
الدَهِيْم والدُهَيْمَاء واُمُّ الدُهَيْم مصیبت۔ الدُهَيْم بیوقوف۔
دَهْمَجَ. الشَيْخُ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا الخَبَرَ اپنی طرف سے زیادہ کرنا۔
الدَهْمَج الدُهَامِج بڑے ڈیل ڈول کی چیز۔ دو کوہان کا اونٹ۔
دَهَنَ(ن) دَهْنًا ودَهْنَةً. الرأسَ سر پر تیل ملنا الشَيْءَ تر کرنا۔ تیل لگانا۔ (دَهَنَ دَهْنًا ودَاهَنَهُ مُدَاهَنَةً وادْهَنَهُ) فریب دینا۔ باطن کے خلاف ظاہر کرنا۔ وادْهَنَ عَلَيْهِ رحم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا ادْهَنْتَ اِلَّا عَلٰى نَفْسِكَ" تم نے صرف اپنے نفس پر رحم کیا۔
دَهَنَتْ(ف ن ض) دِهَانًا ودَهَانَةً النَاقَةُ اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔
دَهَّنَ. الشَيْءَ تیل لگانا۔ تر کرنا۔
تَدَهَّنَ وادَّهَنَ تیل لگنا۔
اَلدُّهْن بہت۔ اتنی بارش جو زمین کو تر کردے۔
الدَهْن. دَهَنَ الشَيْءَ یعنی تر کرنا کا اسم۔

دُهْنُ الشَيْءِ کسی چیز کا تیل۔ ج اَدْهَان ودِهَان.
الدُهْنَة تھوڑا تیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَيِّبُ الدُهْنَة" اچھی خوشبو والا ہے۔
الدَهْنَاء بیابان۔ سرخ رنگ کی ایک گھاس جس کے پتوں سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں۔
الدَهَّان تیل لگانے والا۔ تیل بیچنے والا۔
الدِهَان سرخ چمڑا۔ وہ روغن جس کو دیوار وغیرہ پر لگایا جائے۔ پھسلن کی جگہ۔
الدَهِيْن کم دودھ والی اونٹنی۔ تیل لگا ہوا۔ کمزور۔
المُدْهُن پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ تیل کی شیشی۔ ج مَدَاهِن.
دَهْوَر. الشَيْءَ گڑھے میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْوَرَ الكَلَامَ" کلام کو ایک دوسرے کے پیچھے لایا۔ و "دَهْوَرَ اللقمَ" اس نے لقمہ کو گول کیا اور نگل گیا۔ دَهْوَرَ الحَائطَ اس نے دیوار دھکا دے کر گرا دی۔
ذہ وذہ: اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے اور اس پر "ھا" تنبیہ داخل کرتے ہیں اور کہتے ہیں ھٰذِہ و ھٰذہ۔

ذَهَبَ (ف) ذَهابًا وذُهُوبًا ومَذْهَبًا: جانا۔ گزرنا۔ مرنا۔ الاَمْرُ: ختم ہونا علی الشَّیْءِ: بھول جانا بِه: لے جانا۔ ساتھ جانا۔ جگہ سے ہٹانا اور اسی سے ہے "ذَهَبَتْ بِهِ الخُیَلاءُ" اس کو تکبر لے گیا یعنی اس کو اس کے مرتبہ سے گرادیا۔

فِی المَسْئَلَةِ اِلٰی کَذا: فلاں رائے اختیار کرنا۔

ذَهِبَ (س) ذَهَبًا: سونے کی کان میں بہت سا سونا پاکر حیران ہونا۔

اَذْهَبَ وذَهَّبَ: سونے کی قلعی کرنا۔ صفت مفعولی (ذَهِیبٌ ومُذْهَبٌ و مُذَهَّبٌ) اَذْهَبَه واَذْهَبَ بِه: لے جانا۔ جگہ سے ہٹانا۔

الذَّهَب: مص۔ سونا (کبھی مؤنث بھی بولتے ہیں) ج اَذْهاب و ذُهُوب و ذُهْبان۔ ایک ٹکڑے کو (ذَهَبَة) کہتے ہیں۔ الذَّهَب: انڈے کی زردی۔ ج ذِهاب و اَذهاب و جج اَذاهِیب۔

الذِّهْبَة: ہلکی یا بہت بارش۔ ج ذِهاب واَذْهاب و جج اَذاهِیب۔

الذَّهُوب: جانے والا۔

المَذْهَب: مص۔ روش۔ طریقہ۔ اعتقاد۔ اصل۔ ج مَذاهِب "تَمَذْهَبَ بالمَذْهَبِ" اسی سے فعل بنا ہے یعنی اس نے مذہب اختیار کیا۔ مشہور مذاہب چار ہیں۔ حنفی۔ شافعی۔ حنبلی۔ مالکی۔

المُذْهَبات: زمانہ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے آٹھ تعلقات کے علاوہ سات قصائد۔

ذَهِرَ (س) ذَهَرًا. فوه: کالے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَذْهَر) مؤنث ذَهْراء. ج ذُهْر.

ذَهَلَ (ف) ذَهْلًا و ذُهُولًا. الشَّیْءَ و عَنْهُ: بھول جانا۔ غافل ہوجانا۔

ذَهِلَ (س) ذُهُولًا. ہکابکا ہونا۔ ہوش میں نہ رہنا۔

اَذْهَلَ: غافل کردینا۔

الذُّهْل والذَّهْل. مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔

المَذْهَل: ہکابکا ہونے کی جگہ۔

الذُّهْلُول. مِنَ الخَیْلِ او الرِّجال: عمدہ گھوڑا۔ اچھا آدمی۔ ج ذَهالِیل.

ذَهَنَ (ف) ذَهْنًا. الاَمْرَ: سمجھنا۔ تیزی خاطر میں غالب آنا (واَذْهَنَ واسْتَذْهَنَ) الرَّجُلَ عَنِ الاَمْرِ: فراموش کردینا۔

ذَهِنَ (س) ذَهَنًا. الشَّیْءَ: سمجھنا۔

ذَهُنَ (ک) ذَهانَةً. اچھے حافظہ والا ہونا۔

ذُهِنَ: ذہن کا زائل ہونا۔

ذاهَنَه: زیرکی و تیزی خاطر میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ یُذاهِنُ النّاسَ یُفاطِنُهُم" وہ لوگوں سے ذہانت اور فطانت میں مقابلہ کرتا ہے۔ اَقْرَبُ المَوارِد میں شرح اشارات کے حوالہ سے ہے کہ علوم حاصل کرنے کے لئے نفس کی استعداد کا نام ذہن ہے اور اس استعداد کی جودت کا نام فطانت۔

الذِّهْن: سمجھ۔ عقلی قوت۔ حافظہ۔ زیرکی۔ تیزی خاطر۔ چربی۔ قوت اور اسی سے ہے "ما برِجْلِی ذِهْنٌ" میرے پیر میں چلنے کی قوت نہیں۔ ج اَذهان.

الذهن. سمجھ۔ زیرکی۔ ج اذھان. کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اهل الاذهان" وہ سمجھ دار لوگوں میں سے ہے۔

رجل "ذَهِن و ذِهْنٌ" ذکی اور سمجھ دار مرد۔

ذَھا (ن) ذَھْوًا. تکبر کرنا۔

ذُو. صاحب مالک۔ تثنیہ ذَوَان. ج ذَوُوْنَ (اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب ہے) کہا جاتا ہے "وَجَدْتُه ذَاصَبَاحٍ" میں نے اس کو صبح کے وقت پایا و "جَاءَ مِنْ ذِیْ نَفْسِه" وہ فرمانبرداری کی حالت میں آیا۔ اور فقہاء کے قول "ذُوالیَد اَحَقُّ" کا مطلب یہ ہے کہ قبضہ کرنے والا زیادہ حق دار ہے "وَكَانَ ذٰلِكَ مِنْ ذِیْ قَبْلُ" یعنی یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔ ذَوُوْالاَرْحَام: رشتہ دار۔ اقربا۔ الذَّوُوْن والاَذْوَاء: یمن کے بادشاہ جن کے نام لفظ ذو سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے ذُوْیَزَن. ذُوْنَوَاس. ذُوْرِيَاش. وغیرہ۔

ذَاتُ. ذُو کا مؤنث۔ تثنیہ ذَوَاتَان. ج ذَوَات (اس کا اور اس کے تثنیہ اور جمع کا اعراب انہی جیسے مشابہ کلمات کا اعراب جیسا ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ ذَاتَ يَوْمٍ او ذَاتَ لَيْلَة اَوْذَاتَ مَرَّةٍ" میں نے اس سے کسی دن یا کسی رات یا کسی دفعہ ملاقات کی۔ "وَكَانَ ذٰلِكَ ذَاتَ الْعُوَيْم" یہ گزشتہ سال تھا۔ و "جَلَسَ ذَاتَ الْيَمِيْن" وہ داہنی جانب بیٹھا۔ "وَلَقِيْتُه اَوَّلَ ذَاتِ يَدَيْنِ" میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ ذَاتُ الصَّدْرِ: فکر یا بھید۔ ذَاتُ الْيَمِيْنِ: داہنی جانب۔ ذَاتُ الْبَيْنِ: حال۔ کہا جاتا ہے "اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُم" تم لوگ اپنی اس حالت کو درست کرو جس پر اتفاق کر سکتے ہو۔

ذَاتُ شَفَةٍ: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُه فَمَا رَدَّ عَلَيَّ ذَاتَ شَفَةٍ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے جواب میں ایک کلمہ بھی نہیں کہا۔

ذَاتُ الْيَدِ: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "قَلَّتْ ذَاتُ يَدِهِ" اس کی ملکیت کم ہو گئی اور کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَّجَاجَةُ ذَاتَ بَطْنِهَا" یعنی مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی۔ ذَاتُ الجَنْبِ عِنْدَ الاَطِبَّاءِ: نمونیا۔ ذَاتُ الرِئَةِ و ذَاتُ الصَّدْرِ و ذَاتُ الكَبِد: بیماریوں کے نام۔

الذات. وہ چیز جو جانے یا خبر دینے کے قابل ہو۔ ذَاتُ الشَّئِ: نفس شئ. عین شئ. جوهر شئ. اِسْمُ الشَّئِ. عِنْدَ النُّحَاةِ: نحویوں کے نزدیک اسم ذات وہ ہے جو کسی ذات سے تعلق رکھتا ہو۔ جیسے مرد۔ شیر وغیرہ اور اس کے مقابلہ اسم معنی ہے جیسے علم، شجاعت، سخاوت وغیرہ۔ الذَّوَات عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْن: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔

الذَاتِی. ذات کی جانب منسوب۔

ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا و ذَوْبًا. الثَّلجُ او السَّمَنُ: برف یا گھی پگھلنا دَمْعُهُ: آنسو بہنا الشَّمْسُ: آفتاب کا گرم و تیز ہونا الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بیوقوف ہونا۔ شہد کھانے پر مداومت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَابَ لِي عَلَيْهِ حَقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا و "مَا ذَابَ فِي يَدِي مِنْه خَيْر" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ و "ذَابَ جِسْمُ الرجل" لاغر ہو گیا۔

ذَوَّبَ. السَّمَنَ: گھی پگھلانا الغُلَامَ: لڑکے کے گیسو بنانا۔

اَذَابَ اِذَابَةً. السَّمَنَ: گھی پگھلانا حَاجَتَه: حاجت پوری کرنا القَوْمُ اَمْرَهُمْ: درست کرنا عَلَى العَدُوِّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا۔

اِسْتَذَابَه. پگھلانے کو کہنا۔ شہد مانگنا الشَّئَ: باقی رکھنا حَاجَتَهُ: پوری کرنا۔

الذَاب. عیب۔

الذَوْب. س۔ خالص شہد۔ ذَوْبُ الذَّهَب: سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الكَلَامُ ذَوْبُ الرُّوْحِ" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے۔

الذَوبَة. ذَاب کا اسم مرة کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ مِنْهُ ذَوْبَةٌ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔ مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے مُناقة (ذَؤُوْب) موٹی اونٹنی۔

الاِذْوَاب والاِذْوَابَة. مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کیلئے پگھلایا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْلٰى مِنَ الذَّوْبِ بِالاِذْوَابَةِ" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ اس سے زیادہ میٹھا ہے۔

المِذْوَب. سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی۔

المِذْوبَة. چمچہ۔

ذَاجَ (ن) ذَوْجًا. جلدی کرنا الماء: پانی پینا۔

ذَاحَ (ن) ذَوْحًا. سخت چال چلنا۔

(وذَوَّحَ) الاِبِلَ: اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا۔

ذَادَه (ن) ذَوْدًا اوذِيَادًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "ذَادَ الاِبِلَ عَنِ المَاءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹا دیا (وذَوَّدَ) عَنْ حَسَبِه: بچانا۔ حمایت کرنا۔ صفت (ذَائِد) ج ذُوَّد و ذُوَّاد و ذَادَة.

اَذَادَ اِذَادَة وَاَذْوَدَهُ اِذْوَادًا ہٹانے میں مدد دینا۔

الذَوَّاد. بہت دفع کرنے والا۔

المَذَاد. چراگاہ۔

المِذْوَد. مویشیوں کا تھان۔ جس۔ سے کسی چیز کو ہٹایا جائے۔ بیل کا سینگ۔ زبان۔

رجال (مَذَاوِدُ و مَذَاوِيْدُ) قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ۔

اَلذَّوْدُ: اونٹ جن کی تعداد تین سے لے کر تیس (۳۰) تک۔ مؤنث کے لئے اس کا واحد کوئی نہیں یا یہ خود واحد ہے اس کی جمع اَذْوَاد ہے۔

ذَاطَهُ (ن) ذَوْطًا. سخت گلا گھونٹنا۔ الاِنَاءَ: بھرنا۔

ذَوِطَ (س) ذَوَطًا. چھوٹی چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔ صفت (اَذْوَط)

الذَوطَة. زرد پیٹھ والی مکڑی۔ ج ذِوَاط.

الذَوط. ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

ذَاعَ (ن) ذَوْعًا. مَالَهُ: سب کچھ پراگندہ

کر دینا۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً. القَوْمُ بِمَا فِي الحَوْضِ: قوم کا سارا پانی پینا الرَّجُلُ بِمَالِهٖ: لے جانا۔

ذَافَ (ن) ذَوْفًا. کشادہ قدم رکھتے ہوئے چلنا۔

ذَاقَ (ن) ذَوْقًا و ذَوَاقًا و مَذَاقًا الشَّيْءَ: چکھنا العَذَابَ. عذاب برداشت کرنا الرَّجُلَ وَمَا عِنْدَ الرَّجُلِ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما ذاق ذواقًا" اس نے کچھ نہیں چکھا۔

تَذَوَّقَ. الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا۔

تَذَاوَقَ. القَوْمُ الشَّيْءَ: چکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَاوَقُوْا الرِّمَاحَ" انھوں نے نیزوں کو سنبھالا۔

اِسْتَذَاقَه. آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا۔ لَهُ الاَمْرُ: آسانی سے حاصل ہونا۔ اسی سے ہے "لَا يَسْتَذِيْقُ لِيَ الشِّعْرُ اِلَّا فِي فُلَانٍ" میرے لیے شعر کی آمد نہیں ہوتی مگر فلاں کے حق میں۔

الذَّوْق والذَّائِقَة. چکھنے کی قوت۔

الذَّوْق والذَّوَاق. طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هو حَسَنُ الذَّوْقِ لِلشِّعْرِ" اس کی طبیعت شعر کے لئے زیادہ موزوں ہے

الذَّوَاق: مزہ۔ کہا جاتا ہے "ذَوَاقه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔

المَذَاق. مزہ۔ کہا جاتا ہے "مَذَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔ "وهُوَ مُرُّ المَذَاقِ" وہ کڑوے مزہ کا ہے۔

ذَوَى (ض) وذَوِيَ (س) ذُوِيًّا. النَّبَاتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا۔

اَذْوَى اِذْوَاءً. پژمردہ کرنا۔

الذَّوِيّ. بکری کے چھوٹے بچے۔

الذَّوَاة. خربوزہ یا انگور وغیرہ کا چھلکا۔

اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے۔

ذَيْتَ ذَيْتَ اَوْ ذَيْتَ و ذَيْتِ. بات چیت یا فعل کیلئے کنایہ ہے جیسے "قُلْتُ لَهُ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے اس سے ایسا ایسا کہا۔ و "فَعَلْتُ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے ایسا ایسا کیا اور اسی کے مانند (ذَيًّا ذَيًّا و ذَيَّةَ ذَيَّةَ) ہیں۔

ذَاجَ (ض) ذَيْجًا. المَاءَ: پانی پینا۔

ذَايَجَهُ مُذَايَجَةً. کسی کے ساتھ ہو کر پینا۔

ذَيَّخَت. النَّخْلَةُ: گابھا نہ لگنا۔

اَذَاخَ اِذَاخَةً. بِالمَكَانِ: گرد اگرد گھومنا بني فلان: ذلیل کرنا۔

الذِّيْخ. دلیر بھیڑیا۔ زیادہ بالوں والا۔ نر بجو۔ مؤنث ذِيْخَة. عمدہ گھوڑا۔ تکبر۔ ایک سرخ رنگ کا ستارہ۔ ج اَذْيَاخ وذُيُوخ. و ذِيَخَة.

ذَارَهُ يَذَارُهُ ذَيْرًا. ناپسند کرنا۔

الذِّيْرَة. مٹی ملا ہوا گوبر۔

ذَاعَ (ض) ذَيْعًا و ذُيُوعًا و ذَيْعُوْعَةً و ذَيَعَانًا. الخَبَرُ: پھیلنا۔ اور کہا جاتا ہے "ذَاعَ فِي جِلْدِهِ الجَرَبُ" اس کے جسم میں کھجلی پھیل گئی۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً. الخَبَرَ وبالخَبَرِ: پھیلانا السِّرَّ بالسِّرِّ: ظاہر کرنا القَوْمُ مَا فِي الحَوْضِ او بِمَا فِيْهِ: سارا پی لینا بِالشَّيْءِ: لے جانا۔

اِنْذَاعَ. الخَبَرُ: پھیلنا۔

المِذْيَاع. راز کی حفاظت نہ کرنے والا۔ ج مَذَايِيْع. تم کہتے ہو "فُلَانٌ لِلاَسْرَارِ مِذْيَاعٌ و لِلاَسْبَابِ مِضْيَاعٌ" فلاں بھیدوں کو بہت ظاہر کرنے والا اور اسباب کو بہت ضائع کرنے والا ہے۔

الذِّيْفَان والذَّيْفَان. مہلک زہر۔

ذَالَ (ض) ذَيْلًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا لمبا ہونا۔ دامن دار ہونا الطَّائِرُ: پرندہ کا دُم کو کھینچنا یا پھیلانا النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: اونٹنی کا رانوں پر ادھر اُدھر مارنا الجَارِيَةُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا الشَّيْءُ: ادنیٰ ہونا۔ حَالُهُ: پست و فروتر ہونا فُلَانٌ اِلَى فُلَانٍ: گستاخی کرنا۔

ذَيَّلَ. الثَّوْبَ: کپڑے کا لمبا کرنا۔ الكِتَابَ: کتاب کے آخر میں کچھ بڑھانا۔

اَذَالَ اِذَالَةً وَاَذْيَلَ اِذْيَالًا. الثَّوْبُ: دامن والا ہونا الرَّجُلُ ثَوْبَهُ: کپڑے کا دامن بنانا۔ دامن لمبا کرنا۔ مَالَه: خرچ کرنا ہ: اہانت کرنا فَرَسَه و غُلَامَه: لاپروائی کی وجہ سے دبلا کرنا۔

المرأة قِنَاعَهَا: عورت کا برقع کو لٹکانا۔

الدَّمْعَ: آنسو بہانا۔

تَذَيَّلَ. فِي الكَلَامِ: گستاخی کرنا۔ الجَارِيَةُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا الفَرَسُ فِي اِسْتِنَانِه: گھوڑے کا دوڑنے میں خوشی سے دُم ہلانا۔

تَذَايَلَ. حَالُهُ: پست و فروتر ہونا۔

الذَّيْل. چیز کا آخری حصہ۔ ذَيْلُ الثَّوْبِ: دامن۔ ذَيْلُ الرِّيْحِ: ریت پر ہوا کے نشانات۔ ذَيْلُ الفَرَسِ: دُم یا دُم کا لٹکا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي ذَيْلٍ ذَائِلٍ" وہ بڑی سخت ذلت میں ہے۔ ج اَذْيَال و ذُيُول واَذْيُل.

اَذْيَالُ النَّاسِ وذُيُوْلُهُم: آخر کے لوگ۔

الذَّائِل. فا. دامن دار۔ دِرْعٌ ذَائِلٌ او ذَائِلَةٌ: لمبے دامن والی زرہ۔ کہا جاتا ہے "طَالَ ذَيْلُه" یعنی اس کا حال اچھا ہو گیا اور مال بڑھ گیا۔ ثَوْبٌ (مُذَال او مُذَيَّل) لمبے دامن کا کپڑا۔

المُذَالَة. باندی۔ لونڈی۔ اور مثل ہے "اَخْيَلُ مِنْ مُذَالَةٍ" باندی سے زیادہ متکبر۔ اس لئے کہ اس کی اہانت کی جاتی ہے اور وہ اپنی حماقت سے ناز و انداز سے چلتی ہے۔ دِرْعٌ مُذَالَةٌ: لمبی زرہ۔

اَرْضٌ (مُتَذَيِّلَة) زمین جس پر ہلکی سی بارش ہو۔

المِذْيَال. لمبے دامن والا (مذکر و مؤنث)

ذَامَهُ (ض) ذَيْمًا و ذَامًا. عیب لگانا۔ مذمت کرنا۔ صفت (مَذِيْم و مَذْيُوْم)

الذَّام والذَّيْم. عیب۔ مذمت۔

الذِّيْن. عیب۔

ر

ر: الراء: بنیادی حروف میں سے دسواں ہے- یہ حروف الذولقیہ میں سے ہے- حساب جمل میں اس کا نمبر ۲۰۰ ہے-

رَأَبَ (ف) رَأْبًا. الصَّدْعَ: پھٹن درست کرنا۔ مرمت کرنا الشَّئَ: جمع کر کے نرم باندھنا بَیْنَھُم: صلح کرانا۔

رَأَبَتِ الْاَرْضُ: سبزی کاٹ لینے کے بعد سر سبز ہونا۔

اِرْتَأَبَ اِرْتِآبًا. الصَّدْعَ: پھٹن درست کرنا۔ پیوند کرنا۔

الرَّأْب. س. پھٹن۔ شگاف۔ سردار۔ ج رِئَابٌ. کہا جاتا ہے "کَفٰی بِفُلَانٍ رَأْبًا لِاَمْرِكَ" فلاں تمہارے امر کو درست کرنے والا کافی ہے۔ (اس جملہ میں مصدر بمعنی اسم فاعل ہے)

الرُّؤْبَة. لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس سے کسی چیز کو درست کیا جائے۔ سوراخ بند کرنے کی چیز۔ گاڑھا دودھ۔ رات کا گزرا ہوا وقت۔ حاجت۔ ج رِئَاب ورُؤْبَات. کہا جاتا ہے "ھُوَ رِئَابُ بَنِی فُلَانٍ" وہ بنو فلاں کے اُمور کا درست کرنے والا ہے۔

اَلْمَرْأَبُ: کاروں موٹر سائیکلوں وغیرہ کو درست کرنے کی جگہ (ورکشاپ)

الرَّآّب والمِرْآب. درست کرنے والا۔

رَأْبَل رَأْبَلَةً. ایک جانب کو جھکتے ہوئے چلنا گویا کہ ننگے پیر چلنے کی وجہ سے تکلیف ہے۔

تَرَأْبَلَ. القَوْمُ: چور بنا عَلَیْهِ: لوٹ ڈالنا۔

الرِئبَال والرِیبَال. شیر۔ بھیڑیا۔ ج رَآبِل ورَآبِیْل ورَآبِلَة ورَیَابِیْل.

الرِئبَال. اکلوتا لڑکا۔

الرَّاتِیْنج. صنوبر کا گوند۔

رَؤُدَ (ک) رُؤُدْوَةً. الغُصْنُ: ٹہنی کا تر اور بہت نازک ہونا۔ صفت (رَؤُد)

تَرَأّدَت. الرِیْحُ: ہوا کا اِدھر اُدھر چلنا۔

تَرَأّدَ الرَّجُلُ: اُٹھنے میں کانپنا (وارْتأد) الغُلَامُ: خوش عیشی کی وجہ سے لڑکے کے بدن کا تھلکنا الغُصْنُ: جھکنا العُنُقُ: گردن کا پیچیدہ ہونا (تَرَأّدو تَرَاءَد) الضُحٰی: روشنی پھیلنا۔ دن چڑھنا۔

رَأْدوِرَائِد. الضُحٰی: آفتاب چڑھنے اور روشنی پھیلنے کا وقت۔ والرأد: کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

الرَّادِیُولاَ: کتان کی قسم سے ایک پودا۔

الرِئْد. ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رِئْدِی" یہ میرا ہم عمر ہے۔ درخت کا پودہ۔ ج اَرْآد.

الرَّأْد والرَّأدَة والرُؤْد والرُؤْدَة. خوبصورت نوجوان عورت۔ الرُؤْد: نرمی سہولت۔ کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

رَأْرَأ. پتلی پھرانا۔ تیز دیکھنا۔ رَأْرَأ بِعَیْنَیْهِ: آنکھیں پھرانا۔ صفت مذکر (رَأْرَأ) صفت مؤنث رَأْرَأ ورَأْرَأَة ورَأْرَاء ورأراءة الظِبَاءُ: ہرنیوں کا دُم ہلانا السَّحَابُ او السَّرابُ: بادل یا سراب کا چمکنا الرَّجُلُ: پڑھنے یا بولنے میں حرف ر زیادہ بولنا۔

رَؤُسَ یَرْؤُسُ رِئَاسَةً. رئیس ہونا۔

رَأَسَ (ض) رِئَاسَةً. القَوْمَ: سردار قوم ہونا (رَأَسَهٗ (ف) رَأْسًا) سر پر زخم پہنچانا السَّیْلُ الغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ جمع کرنا۔

رُئِسَ. دردِ سر والا ہونا۔

رَأَّسَهٗ. سردار بنانا۔

تَرَأَّسَ و اِرْتَأَسَ. سردار ہونا۔

اِرْتَأَسَهٗ: گردن پکڑ کر زمین میں جھکا دینا۔

اِرْتَأَسَ الشَّئَ: کسی چیز کے سرے پر سوار ہونا۔

الرَّأْس سر۔ ج اَرْؤُس ورُؤُوْس و رُؤْس و آرَاس. اس کا اطلاق ہر ذی روح کے لیے ہوتا ہے اور اکثر جانوروں کے لیے جیسے اَرْبَعُوْنَ رَأْسًا مِنَ الْغَنَم.

الرَّأْس: چیز کی چوٹی۔ سردار قوم۔ رأس الشَّھْرِ او العام: مہینے یا سال کا پہلا دن۔ اور کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ رَأْسًا" اس نے اس کام کو ابتداء کیا۔ و "وَلَدَتْ ثَلَاثَةً رَأْسًا عَلٰی رَأْس" اس عورت نے یکے بعد دیگرے تین بچے جنے۔ و "رُمِیْتُ مِنْكَ فِی الرَّأْس" تیری رائے میرے حق میں ایسی بُری ہوئی کہ تو میری طرف دیکھتا بھی نہیں۔ و "ھٰذَا قِسْمٌ بِرَأْسِهٖ" یہ مستقل ایک

قسم ہے۔ و"اَنتَ علیٰ رَأسِ اَمرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔

رِیَاسُ. السَیفِ: تلوار کا قبضہ۔ کہا جاتا ہے"اَنتَ علیٰ رِیَاسِ اَمرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔

الرَائِس. فا. حاکم۔ ج رُؤاس.

الرئِیس والرِیِّس. سردار قوم۔ چودھری۔ ج رُؤساء.

الرِّئِیس. مستحکم سرداری والا۔

الرَوَائِس. وادیوں کی بلندیاں۔ اگلے بادل۔ واحد رَئِیسَة.

الرَأّآس. سری بیچنے والا۔

الاَرْأس. بڑے سر والا۔ مؤنث رَأْساء.

الرُوَاسِیُّ. بڑے سر والا۔

المِرْآس. مِنَ الخَیلِ: وہ گھوڑا جو گھڑ دوڑ میں دوسرے گھوڑوں کے سر کو کاٹے۔ گھڑ دوڑ میں آگے بڑھنے والا۔

المُرَائِس. جنگ سے جی چرانے والا۔

المَرؤُوس. رعیت، محکوم۔ بڑے سر والا (والرئِیس) وہ شخص جس کے سر میں زخم لگا ہو۔

رَأَفَ (ف)رَأفَةً ورَؤُوفَ (ک)رَأفَةً ورَئِفَ (س)رَأفًا و تَرَأّفَ. بہ: بہت مہربانی کرنا۔ صفت(رَؤُوف ورَؤُف و رَأف ورَئِف ورَائِف)

تَرَاءَفُوا. آپس میں مہربانی کرنا۔

رَأّفَهُ واسْتَرْأَفَهُ. مہربان بنانا۔ مہربانی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّأف. شراب۔

اِسْتَرْأَلَ. الرَّأْلُ: شتر مرغ کے بچہ کا قوی و مضبوط ہونا۔ النَبَاتُ: لمبی ہونا۔

الرَّأْل. شتر مرغ کا بچہ۔ مؤنث رَأْلَة. ج رِئَال وأرْؤُل ورِئْلان. رِئَالَة. کہا جاتا ہے "خَوَّدَ رَأْلُه" یعنی وہ گھبرا گیا۔

الرُؤَال. گھوڑے کے منہ کے جھاگ۔

الرَائِل والرَاؤُول. دانتوں کے نیچے زائد نکلا ہوا دانت۔ نعامة (مُرْئِلَة) بچے والی مادہ شتر مرغ۔

المُرَائِل. جلدی کرنے والا۔

رَأَمَ (ف)رَأمًا. الحَبلَ: مضبوط بٹنا۔ القَدَحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔

رَئِمَ (س)رَأمًا و رِئْمَانًا. الجُرْحُ: زخم کا انگور بندھنا۔ الشَیئَ: محبت کرنا۔ اُلفت کرنا۔ النَاقَةُ و لَدَهَا: مہربان ہونا۔ صفت (رَائِم ورَائِمَة رُؤُوم) ج رَوَائِم. کہتے ہیں"هو رُؤُومٌ لِلضَیمِ" وہ ذلیل ہے۔ ذلت پر راضی ہو جانے والا ہے۔

اَرأَمَ اِرآمًا. الجرحَ: زخم کو علاج کر کے اچھا کرنا۔ الحَبلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔ ہ علَی الاَمرِ: مجبور کرنا۔ النَاقَةَ: اونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔

تَرَأمَهُ. وتَرَأّمَ عَلَیهِ: مہربان ہونا۔

الرِّئْم. سفید ہرن۔ ج اَرْآم و آرام. مؤنث رِئْمَة.

الرُؤَام. لعاب۔

الرَوَائِم. دیگ دان کے پائے۔

رَأَى یَرَى رَأیًا ورُؤیَةً ورَاءَةً. ورِئیَانًا. بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔ یَرَى کی اصل یَرْأی ہے اور اصل کا استعمال نادر ہی ہوتا ہے۔ اور اَمر کا صیغہ رَ ہے۔ کہا جاتا ہے"یا تُرَى ویاهَل تُرى" یعنی اے شخص کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا صیغہ گمان کے معنی میں مجہول ہی سنا گیا ہے۔

رَآءَ. الشَیئَ: دیکھنا۔

رَأَى (ف)رَأیًا. الرَجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا۔ الزَند: چقماق سے آگ نکالنا۔

الزَنْدُ: آگ نکلنا۔ الرَایَةَ: جھنڈا گاڑنا۔

رَأَّیتُه تَرْئِیَةً. خلاف حقیقت دکھانا۔

رَائَیتُه مُرَاءَاةً ورِئَاءً. خلاف حقیقت دکھانا۔ و رَائَیتُه مُرَاءَاةً: باہم مشورہ کرنا۔

اَرْأَى اِرْئَاءً. عقل و رائے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دیکھنا۔ دکھاوے کے لیے کام کرنا۔ پھیپھڑے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش منظر ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا

الرَایَةَ: جھنڈا گاڑنا الحَامِلُ مِنْ غَیرِ ذَوَاتِ الحَافِرِ والسَبُعِ: حمل سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت(مُرْءٍ و مُرْئِیَة)

اَرَاهُ یُرِیهِ اِرَاءَةً واِرَاءً. الشَیئَ: دکھانا۔ صفت مذکر(مُرٍ) صفت مؤنث مُرِیَة. کہا جاتا ہے"اَرِنی بِرَأیِكَ" مجھے مشورہ دو۔ و "اَرَى اللهُ بِفُلانٍ" اللہ تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھلائیں جس پر وہ خوش ہو۔

تَرَأّى وتَرَاءَى. فِي المِرْآةِ: آئینہ میں دیکھنا۔ تَرَأّى و تَرَاءَى لَهُ: دیکھنے کے درپے ہونا۔ وتَرَاءَى النَاسُ. ایک دوسرے کو دیکھنا۔ اور کہا جاتا ہے"تَرَائَینا فِي الاَمرِ" ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ و "تَرَأّى بِرَایِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم خیال ہو گیا۔ و"تَرَائَی لِي اَنَّ الاَمرَ کَیتَ کَیتَ". میرے لئے یہ ظاہر ہو گیا کہ معاملہ ایسا ہے۔ و"تَرَائَینَا الهِلَالَ". ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔

اِرْتَأَى. الاَمرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا۔

اِسْتَرْأَى. ہ: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے"اِستَرأَیتُه واستَرْیتُه"

اِسْتَرأَى بالمِرْأة: آئینہ سے دیکھنا۔

الرَأي. رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو"رَأْیِي کَذَا" میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔ ج آراء وأرْآء.

الرِئيُّ والرُئيُّ والرُوَاء والرِيُّ. منظر اور حسن منظر۔

الرُؤیَا. خواب ج رُؤًى. کہا جاتا ہے "جَاءَ حِینَ جَنَّ رُؤْیًا اورأیًا" وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہو گئی۔

الرُؤیَة. آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًى.

الرِیَة. دیکھنا۔

الرِئَاء. مص۔ حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا

جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ رِئَاءً" اس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لیے کیا۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ رِئَاءُ اَلْفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریباً ہزار ہیں۔ و "قَوْمٌ رِئَاءٌ" ایک دوسرے کے مقابل قوم۔ و "دُوْرُنَا رِئَاءٌ" ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔

التَّرْئِيَة بنظر یا حسن منظر۔

الرَّءَّاء بہت دیکھنے والا۔

الرِّئَة پھیپھڑا۔ ج رِئَات ورِئُون اور نسبت کے لیے (رِئَوِيٌّ)

رَئِيُّ القوم قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرَّئِيُّ بڑا سانپ۔ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔

هُوَ (اَرْاٰی) بكذا وہ اس کے لائق ہے۔

المِرْآة آئینہ۔ ج مَرَاءٍ و مَرَايَا اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے يَتَمَرْأىٰ یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اس کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)

المَرْأىٰ والمَرْآة منظر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَرْآةٌ بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ و "تُخْبِرُ عَنْ مَجْهُوْلِهٖ مَرْآتُه" اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے و "هُوَ مِنِّیْ مَرْاٰی و مَسْمَعٌ او بِمَرْاٰی و بِمَسْمَعٍ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔

رَبَّ (ن) رَبًّا۔ القومَ بالادست ہونا۔ انتظام کرنا النِّعْمَةَ زیادہ کرنا الشَّيْئَ جمع کرنا۔ مالک ہونا الاَمْرَ کسی کام کو درست کرنا۔

الدُّهْنَ تیل کو عمدہ خوشبو دار بنانا۔

بالمَکَانِ: اقامت کرنا (رَبًّا ورُبًّا)

الزِّقَّ مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔

(رَبًّا ورَبَّبَ تَرْبِيْبًا وتَرِبَّةً وارْتَبَّ اِرْتِبَابًا) الوَلَدَ لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔

ورَبَّبَ الدُّهْنَ تیل کو عمدہ اور خوشبو دار بنانا۔

اَرَبَّ۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا مِنْهُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَبَّتِ السَّحَابَةُ" جبکہ لگاتار برسے۔

تَرَبَّبَ۔ القومُ اکٹھا ہونا۔

الصَّبِيَّ بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ تم کہتے ہو "رَأَيْتُهٗ يَتَرَبَّبُ اَرْضَكُمْ" میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔

اُرْتُبَّ۔ العنبُ انگور کا پکانے سے رُب تیار ہونا۔

الرَّبُّ مص۔ مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور اس کی طرف نسبت کے لیے (رَبِّی و رَبَّانِی و رُبُوْبِیٌّ)

الرَّبَّانِي عارف باللہ۔ عالم۔

الرُّبَّانِي ملاحوں کا چیئرمین

الرَّبَّة رب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ۔ بڑا گھر۔

الرِّبَّة بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت۔ ج اَرِبَّة ورِبَاب۔

الرُّبُّ پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَاب ورُبُوب۔

رُبَّ ورُبَّةَ و رُبَّمَا ورُبَّتَمَا حرف جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لیے شرط ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر میں "ما" لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الخَلِيْلُ مُقْبِلٌ ورُبَّمَا اَقْبَلَ الخَلِيْلُ" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ صَقِيْلٍ"

الرَّابُّ سوتیلا باپ۔

الرَّابَّة سوتیلی ماں۔

الرَّبَب بہت پانی۔ میٹھا پانی۔

الرَّبَاب سارنگی کی مانند ایک باجہ۔ سفید بادل۔ واحد (رَبَابَة)

الرِّبَاب عہد۔ دوست۔ دس۔ دس آدمیوں کی جماعتیں۔

الرِّبَابَة الرب کا اسم۔ مملکت۔ عہد و پیمان جیسے "كُنْتَ اِمْرَءًا اَفْضَتْ اِلَيْكَ رِبَابَتِي"

الرُّبَّى بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ مضبوط گرہ۔ حاجت۔ نعمت۔ احسان۔

الرُّبُوبَة والرُّبُوْبِيَّة الرب کا اسم۔

الرُّبَّاب جماعت۔

الرُّبَّان ملاحوں کا سردار۔

الرَّبِيب والرَّبُوْب سوتیلا لڑکا۔ سوتیلا باپ۔ ج اَرِبَّة۔ الربيب مشک کو بنانے والا اور درست کرنے والا۔

الرَّبِيبَة دایہ۔ سوتیلی لڑکی۔ سوتیلی ماں۔ ج رَبَائِب۔

المَرْبُوْب پرورش کیا ہوا۔ غلام، بندہ۔

المَرَبُّ جائے اقامت یا جائے اجتماع۔ تم کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ القَوْمِ" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ لوگوں کا جمع کرنے والا آدمی۔

(المِرْبَاب: بہت پیداوار والی زمین۔

المُرَبَّب جس کے اوپر انعام کیا جائے۔

المَرَبَّة مملکت۔

(ربأ ف) رَبْأً چڑھنا۔ بلند ہونا۔ عَلىٰ جَبَلٍ پہاڑ پر سے جھانکنا فِي الاَمْرِ: غور و فکر کرنا القَوْمَ و لِلْقَوْمِ دیدبان بنا الشَّيْئَ بلند کرنا المَالَ: حفاظت کرنا۔ انتظام کرنا۔ لے جانا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنِّيْ اَرْبَأُ بِكَ عَنْ ذَالِكَ" یعنی میں اس کو تمہارے لیے پسند نہیں کرتا۔ "ومَارَبَأْتُ رَبْأَهٗ" تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پرواہ کی۔ وارْبَأْهُ یعنی اس کی حفاظت کرو۔

رَبَّأه تَرْبِئَةً. لے جانا۔
رَابَأَهٗ مُرَابَأَةً. چوکنا رہنا۔ بچنا۔ نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔
اِرْتَبَأَ اِرْتِبَاءً. بِهِم: دیدبان بننا۔
المِرْبأة: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا عَلىٰ الجَبَل: پہاڑ پر سے جھانکنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَبَأَ الشَّمْسَ مَتٰى تَغْرِبُ" یہ دیکھتے رہو کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے۔
الرَبِئُ والرَبِيْئَةُ. فوج کا دیدبان۔ ج رَبَايَا. کہا جاتا ہے "بَثُّوا رَبَا يَاهُمْ" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا۔
المَرْبَأُ والمِرْبَأُ والمَرْبَأَة والمُرتَبَأ. دیدبانی کی جگہ۔المِرْبَأ: سیڑھی۔
رَبَتَ (ن)رَبْتًا ورَبَّتَ تَرْبِيْتًا. پرورش کرنا۔ رَبَّتَ الصَبِيَّ: بچے کو سلانے کے لیے تھپکنا۔
رَبِتَ (س)رَبَتًا. الشَئُ: بند ہونا۔
رَبَثَهٗ (ن)رَبْثًا ورَبَّثَهٗ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔
تَربَّثَ. ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔
اِرْتَبَثَ وارْبَثَّ. القَوْمُ: پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا۔اَمْرُهُمْ: کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔
الرِّبِّيْثىٰ. مانع۔ روک۔
الرَبِيْثَة. مکر۔ مانع۔ ج رَبَائِث.
الرَبِيْث والمَرْبُوْث. رُکا ہوا۔
رَبُجَ (ک)ورَبِجَ. (س)رَبَاجَةً. کودن ہونا۔ بلید ہونا۔
تَرَبَّجَ. متحیر ہونا۔ کودن ہونا۔
الاِرْبِجَان. ایک قسم کی نباتات۔
رَبِحَ (س)رِبْحًا ورَبَحًا ورَبَاحًا. فِيْ تِجَارَتِهٖ: نفع اٹھانا۔
رَبَّحَهٗ. نفع کرانا۔
رَابَحَهٗ مُرَابَحَةً وَاَرْبَحَهٗ. عَلىٰ سِلْعَتِهٖ: نفع دینا۔اَرْبَحَ النَاقَة: صبح اور دوپہر میں دوھنا۔
تَرَبَّحَ واِسْتَرْبَحَ. نفع طلب کرنا۔
الرَابِح. فا. مَالٌ رَابِحٌ: نفع دینے والا مال۔
الرِّبْح. ج اَرْبَاح (الرَبَح والرَبَاح) نفع۔الرَبَح: اونٹ جو بیچنے کے لیے لائے جائیں۔ اونٹ کے چھوٹے بچے۔
الرَبَاح. شراب۔
الرَبَاحِي. کافور کی ایک قسم۔
الرُبَاح والرُبَّاح. نر بندر۔ بکری کا بچہ۔ اونٹ کا بچہ۔ ج رَبَابِيْح.
مَتْجَر (رَبِيْح) فائدہ مند تجارت۔
الرِبَحْل. بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث رِبَحْلَة.
رَبِخَ (س)رَبَخًا. البَعيرُ: اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا(رَبْخا رُبُوْخًا رَبَاخًا) المرأةُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا۔
اَرْبَخَ. الرَمَلُ: تہ بتہ ہونا الرَجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا۔
تَرَبَّخَ. الرَجُلُ: سست و ڈھیلا ہونا۔
الرَبِيْخ. بڑا پالان۔
رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا. بالمَكَان: اقامت کرنا۔
رَبَدَهٗ (ن)رَبْدًا. روکنا۔ منع کرنا۔
رَبَدَ الاِبل: اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔
رَبَّدَتِ. الشاةُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا۔تَرَبَّدَ الضَرْعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔
تَرَبَّدَتِ. السَماءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا الرَجُلُ: تیوری چڑھانا اللوْنُ: رنگ بدل جانا۔
اِرْبَدَّ اِرْبدَادًا واِرْبَادَّ اِرْبِيْدَادًا: خاکستری رنگ والا ہونا۔
الرَبْد. س۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرُبد. تلوار کا جوہر۔
الرَابد. س۔ ایک قسم کی نباتات۔
الاَرْبَدْ. خاکستری رنگ والا۔عَامٌ اَرْبَدُ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاء. الرَبْدَاء: سخت و شدید۔ کہا جاتا ہے "دَاهِيَةٌ رَبْدَاء:" بلائے بد۔ ج رُبُد. الاَربَد. ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔
المِرْبَد. اونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔
الرَبِيْد. کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔
الرَبِيْدَة. دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کا صندوق۔
المُتَرَبِّد. شیر۔
رَبِذَ (س)رَبَذًا. چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت(رَبِذ) کہا جاتا ہے "هُوَ رَبِذ العِنَان" وہ تنہا بھاگنے والا ہے۔ مؤنث رَبِذَة. لِثَّةٌ رَبِذَةٌ: کم گوشت والا مسوڑھا۔
اَرْبَذَ. الثوبَ او الحَبْلَ: کپڑے یا رسّی کو کاٹنا۔
الرِبْذَة والرَبَذَة. چیتھڑ جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں۔ اون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سربند۔ ج رِبَذ ورِبَاذ ورَبَذ.
الرِبْذَة. بے خبر آدمی۔ ہر پلیدی۔
الرَبَذِيُّ. کمان کا چلہ۔ کوڑا۔
رَبُزَ (ک)رَبَازَةً. زیرک و دانا ہونا۔ الكَبْشَ: مینڈھے کا فربہ ہونا۔
رَبَّزَ. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اِرْتَبَزَ. الشَئُ: پورا و کامل ہونا۔
الرَبِيْز. زیرک و دانا۔
رَبَسَهٗ (ن)رَبْسًا. بيَدَيْهِ: ذہتڑ مارنا۔
(ورَبَّسَ) القِربَةَ: مشک بھرنا۔
اَرْبَسَه اِرْبَاسًا. غضبناک کر دینا۔
اِرْتَبَسَ. العُنْقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گھتنا۔ ٹھوس ہونا۔
اِرْبَسَّ اِرْبسَاسًا. الرجلُ: ملک میں جانا۔فِيْ اَمْرِه: تصرف کرنا اَمْرُهُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔

الرِّبْس. مذ، امرِ منکر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رِبْسٍ "وہ بہت مال لایا۔
الرُّبْسَاءُ. سخت مصیبت۔ ج رُبْس۔
"جَاءَ بِأُمُوْرٍ رُبْسٍ "وہ مصائب لایا۔
الرَبِيس. بہادر۔ مصیبت۔ دھتّر مارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (اُمُّ الرُّبَيْس) بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرَّبْسَة. میلی کچیلی بد ہیئت عورت۔
الرِّبْيَاس. چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔
اَرْبَش. الشَّجَرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض پھلدار ہونا۔
الاَرْبَش. مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْشَاء. اَرْضٌ رَبْشَاء: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔
الرُّبْشَة. رنگوں کا اختلاف۔
الرَّبَش. نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔
رَبَصَ (ن) رَبْصًا. بِه: کسی کے لیے خیر و شر کا انتظار کرنا۔ برائی پہنچانے کیلئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ. انتظار کرنا عَنِ الاَمْرِ: رک جانا فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا بِفُلَانٍ: بمعنی رَبَص بِسِلْعَتِه: گرانی کا انتظار کرنا۔
الرُّبْصَة. انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَت (ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا و رِبْضَةً. الدَّابَةُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔ رَبَضَ الاَسَدُ عَلیٰ فَرِيْسَتِهٖ اوالقِرْنُ علیٰ قِرِيْنِه: دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا. فُلَانًا او المكانَ: پناہ لینا۔
رَبَّضَهٗ. بالمَكَان: ٹھہرانا الدَّوَابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کر کے بٹھا دینا الشَّمسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّضَ. ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔
الرَّابِض. فا. (الرَّبَّاض) شیر۔

الرَّابِضَة. رابض کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ نک چیٹے کے لیے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَتُهٗ رَابِضَةٌ علیٰ وَجْهِه"
الرُّبْضُ والرِّبْض والرُّبُض والرَّبَض. بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَبْضٌ عَنِ الاَسْفَارِ اَوْعَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لیے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُّبْض. عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔
الرِّبْض. مِنَ البَقَرِ: بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔
الرَّبَض. بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض.
الرُّبْضَة والرُّبُضَة. ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔
الرِّبْضَة. لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔
الرَّبُوض. مِنَ القُرىٰ: آباد گاؤں۔ مِنَ الدُّرُوْعِ. کشادہ زرہ مِنَ الشَّجَرَة: بڑا درخت۔ ج رُبُض. قِرْبَةٌ رَبُوْضٌ: بڑی مشک جو اٹھائی نہ جا سکے۔
الرَّبِيْض. باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے۔ پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
المَرْبِض. جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِض (والمَرْبَض) پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
رَبَطَهٗ (ن ض) رَبْطًا. باندھنا۔ مضبوط کرنا اللّٰهُ علیٰ قَلْبِه: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (رَبَاطَةً) مضبوط دل ہونا۔
رَابَطَ رِبَاطًا ومُرَابَطَةً. الاَمْرَ: مداومت کرنا الجَيْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔
تَرَابَطَ. المَاءُ فِي المَكَانِ: پانی کا جمع ہو کر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔
اِرْتَبَطَ. فَرَسًا: حفاظت سرحد کے لیے تیار کرنا فِي الحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔
الرِّبَاط. مذ۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لیے قیام کرے۔ ج۔ رُبُط. الرِّبَاط: فقراء کے لیے مکان موقوفہ۔ ج رِبَاطَات. کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَهٗ" یعنی وہ مر گیا یا مرض سے تندرست ہوگیا۔
الرَّابِط. فا. راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔ رَابِطُ الجَاشِ: قوی دل غیر خائف۔
الرَّابِطَة. رابط کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔
الرَّبِيْط. بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد۔ فلسفی۔
رَبِيْطُ الجَاشِ: بہادر۔
الرَّبِيْطَة. باندھے ہوئے جانور۔
خلافِ قیاس دَابَّةٌ رَبِيْطَةٌ. اور دَوَابُّ رَبِيْطَة کہا جاتا ہے اور دابة رَبِيْط بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّبَّاط. تانت کو باندھنے والا۔
الرُّبُط. بندھے ہوئے اور چارہ دیئے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِيْط)
المَرْبَط والمَرْبِط. جانوروں کی باندھنے کی جگہ ج مَرَابِط.
المُرَابِطَة. آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرَابِطَات.
رَبَعَ (ف) رَبْعًا. توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَيْكَ اَوْ عَلیٰ نَفْسِكَ او علیٰ ظَلْعِكَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو بالمَكَانِ: اقامت کرنا عَنْه: رکنا۔ عَلَيْه: مہربانی کرنا الرَّجُلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کیلئے پتھر اٹھانا بِعَيْشِه: راضی رہنا الابلُ: چوتھے دن پانی پینے آنا۔ رُبِعَتْ عَلَيْهِ الحُمّىٰ: چوتھے

دن بخار آنا (رُبُوْعًا) الربیعُ: موسم بہار آنا۔

رَبَع(ف ن ض) رَبْعًا. الحبْلَ: چار بل کی رسّی بٹنا القَوْمَ: اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔

رُبِع. القومُ: موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوْعة) الرَّجلُ: چوتھے دن بخار آنا۔

رَبَّع. البیْت او الحَوْض: مکان یا حوض چوکور بنانا۔ رَابَعوا. الحملَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ اُٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابعتُه" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اونٹ کی پیٹھ پر لادا۔

اَرْبَع. چوتھے سال میں داخل ہونا۔ القَوْم: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا الإبلَ: پانی پر جانے کے لیے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَّجلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔

اُرْبِع. الرَّجلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔

تَربَّع. فی جُلوسه: چار زانو ہو کر بیٹھنا۔ (وارْتبع) الجَملُ: اونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا بالمَکان: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ وارْتبع الحجَرَ: پتھر اُٹھانا۔

اِسْتَرْبَع. الرملُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔ الشَّیَٔ: طاقت رکھنا۔

الرَّبْع مس. گھر۔ گھر کا اردگرد۔ اُترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع ورُبُوْع واَرْبُع واَرْبَاع (والرَّبَع) میانہ قد۔

الرُّبْع والرُّبُع. چوتھائی ج اَرباع و رُبُوع۔

الرُّبَع. اونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہو اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو ہُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مالَهُم رُبَع ولا هُبَع"۔ ج: رِبَاع واَرْبَاع مؤنث رُبَعَة.

ج رُبَعات و رِباع.

الرِّبْع. تین دن اونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمَّى الرِّبع: چوتھیا بخار۔

الرابع. فا. چوتھا۔ ربیْعٌ رَابع: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبِلٌ رَوابع: چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔

رُباعَ. چار چار۔ کہا جاتا ہے "اَتَوْا رُباعَ" وہ لوگ چار چار آئے۔

الرَّبْعَة. میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبْعات و رَبَعات. عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "فَتح العَطَّارُ رَبْعَتَه" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔

الرَّباع. اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلیٰ رَبَاعِهِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔

الرَّبَاعَة والرِّبَاعَة. اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیهِم مَنْ یَضْبطُ رَبَاعَتَهُ اِلّا فُلَانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہا جاتا ہے "لا یُقِیم رَبَاعَة القَوْمِ اِلَّا فُلان" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و "هُوَ رَبَاعَةُ قَومِه" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَّبَاعِیَه. سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِیَات.

الرَّبَاعِی. وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع و رُبُع و رِبْعَان و رِبَاع و رُبع و اَرْبَاع. مؤنث رَبَاعِیَة ج رَبَاعِیَات.

الرُّبَاعِیُّ. چار سے مرکب۔

الرَّبِیْع. ج اَرْبِعَة ورِبَاع واَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِیْعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار

ج اَرْبِعَاء ورُبْعان: زمین کیلئے پانی کا حصہ ج رُبُع: چوتھائی۔

الرِّبْعِیُّ. مِنَ المَسَاکِن: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

الرَّبِیْعَة. پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اُٹھایا جائے۔ باغ۔ لوہے کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرَّوْبَع. کمزور۔ کمینہ۔

الرَّوْبَعة. پستہ قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔

اَرْبَعة. چار۔ مؤنث اَرْبَع. الرِّیَاحُ الْاَرْبَع: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اُتری ہوائیں۔

ذَواتُ الاَرْبَع: چارپائے۔

اُمُّ اَرْبَعٍ واَرْبَعِین. ایک قسم کا کیڑا۔

الْاَرْبِعَاءُ. مثلثة الباء: بدھ کا دن۔ تثنیہ اَرْبَعَاوَان. ج اَرْبعاءات واَرْبعاوَات.

قَعَدَ (الْاَرْبَعَاء والْاَرْبُعَاوَىٰ) وہ چار زانو بیٹھا۔

الْاُرْبُعَاء: ستون خانہ۔

اَرْبَعُوْن. چالیس۔

المَرْبَع. موسم بہار کی بارش (والمُرتَبع) موسم بہار کی اقامت گاہ۔"

المِرْبَع والمِرْبَعَة. لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لیے استعمال کی جائے۔

المُرْبِع. موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی۔

المُرْبَع. چوتھیا بخار والا۔

المُرَبَّع. چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے

١٦=٤x٤=٤٠

المِرْبَاع. وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔

(والمُرتَبع والمَرْبُوْع) درمیانہ قد۔

الْمَرَابِيْع. ابتدائے موسم بہار کی بارشیں۔
الْيَرْبُوْع. ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ ج يَرَابِيْع.
رَبَعَ (ف) رَبْعًا. الْقَوْمُ فِيْ النَعِيْم: خوشحال زندگی بسر کرنا۔
رَبِعَ (س) رَبْعًا. عَيْشُه: فراخ و آسودہ ہوناالرَجُلُ. بدکار و شوخ چشم ہونا۔ صفت (رَبِعٌ)
رَبُعَ (ک) رَبَاعَةً. بہت ہونا۔
الْاَرْبَعُ. کثیر و کشادہ۔
رَبَقَه (ن ض) رَبْقًا و رَبَّقَهُ. پھندے سے باندھناه فِيْ الْاَمْرِ: کام میں ڈالنا۔
ورَبَّقَ الْكَلَامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔
کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَجُلُ اَثْنَاءَ حَبْلِه وَاَرْبَاقَه" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کیلئے رسّی کا پھندا بنایا۔
تَرَبَّقَهُ. لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَئَ فِيْ عُنُقِيْ" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔
اِرْتَبَقَ. فِي الحِبَالَة: لٹکانافِي الْاَمْرِ: کسی کام میں پھنسنا۔ اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِيْ حَبَالَتِهٗ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔
الرِبْق. پھندوں والی رسّی۔
الرَبْقَة والرِبْقَة. رسّی کا پھندا۔ ج رِبَق ورِبَاق واَرْبَاق. کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَهٗ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ و "نَقَضُوا الحِبَالَ واَكَلُوا الرِبَاقَ" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے۔
الرَبِيْق. پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔
الْمُرَبَّقَة. چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔
التِرْبِيْق. بکری باندھنے کی رسّی۔
رَبَكَ (ن) رَبْكًا. الشَئَ: ملانا۔
الرَبِيْكَة: گارا بناناه: کیچڑ میں گرانا۔
رَبِكَ (س) رَبَكًا. پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِكٌ و رَبِيْكٌ)
اِرْتَبَكَ. فِي الوَحلِ: کیچڑ میں گرنا فِيْ الاَمْرِ: پھنس کے رہ جانا فِيْ كَلَامِهٖ: رُک رُک کے گفتگو کرنا الصَيْدُ فِي الحِبَالَة: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑ پھڑانا الاَمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
اِرْبَاكَ اِرْبَيْكَاكًا. رَاْيُه: رائے کا گڑبڑ ہو جاناالرَجُلُ عَنِ الاَمْرِ: کام سے رک جانا۔
الرَبِيْكَة. گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رَمَاه بِرَبِيْكَة" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (والربيك والرَبُوك) ایک قسم کا کھانا جو پنیر، کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔
الاَرْبَكُ. مِنَ الابل: کالا اونٹ۔
رَبَلَ (ن ض) رَبْلًا. القَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المَراعِيْ: بہت گھاس والی ہونا۔
رَبَّلَ واَرْبَلَ. المَكَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔
رَابَلَ. بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا۔
تَرَابَلَ. لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔
تَرَبَّلَ. موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہوناجسْمُه: پھولنا الاَرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔تَرَبَّلَ القَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔
اِرْتَبَلَ. مَالُه: بہت ہونا۔
الرَبْل. موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُوْل.
الرَبَل. بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔
رَجُلٌ (رَبِلٌ) موٹا مرد۔
الرَبْلَة والرَبَلَة. ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلات.
الرِبْيَل. تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔
الرَبَالَة والرَبِيْلَة. گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "ضَمُرَ بَعْدَ رَبَال" ة وہ موٹائی کے بعد دبلا ہو گیا۔ الرَبِيْلَة: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔
الرِيْبَال. لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر۔ ج رَبَابِيْل.
المِرْبَال. بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔
الرَبِيْل. ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت، موٹی اونٹنی۔
اَرْبَنَه. بیعانہ دینا۔
تَرَبَّنَ. جہاز کا کپتان ہونا السَفِيْنَةَ: کشتی چلانا۔
الرَبُوْن او الاُرْبُوْن والاُرْبَان. بیعانہ۔
الرُبَّان والرُبَّانِي. جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَة و رَبَابِين. رُبَّانُ كُلِّ شَئٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِرُبَّانِهِ اَوْ بِرُبَّايَة" اس نے سارا لے لیا۔
رَبَا يَرْبُوْ رَبَاءً ورُبُوًّا. المالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا الرَابِيَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔
(رَبْوًا) الفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔
(رَبْوًا ورُبُوًّا) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا۔ اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَيْتُ و رَبِيْتُ رَبَاءً ورَبِيًّا" میں نے نشوونما پائی۔
رَبَّى تَرْبِيَةً و تَرَبَّى. الوَلَدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّى التُفَّاحَ بالسُكَّرِ: مربہ ڈالنا۔
رَابَى مُرَابَاةً. سود پر مال دینا۔
الرَجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔
اَرْبَى اِرْبَاءً. سود لیناالشَئَ: بڑھانا ہ: اُمید دلانا (عَلَيْه فِيْ كَذَا واِرْتَبَا اِرْتِبَاءً) زیادہ کرنا۔
الرِبَا. زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لیے۔ رِبَوِيٌّ.
الرَبَا. زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلَيَّ رَبَاء" فلاں کا میرے اوپر

احسان ہے۔

الرَّابِیَة. ج رَوَابٍ و (الرُّبْوَة والرَّبْوَة والرِّبْوَة) ج رُبًى و رُبِیٌّ. ٹیلہ۔

الرَّبْوَة. عِنْدَ الحُسَّاب. دس لاکھ۔

الرِّبْوَة. بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًى.

الرُّبَیْبَة. حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔

الرَّبَاة والرَّبَاوَة. بتثلیث: ٹیلہ۔

الرَّبْو. ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت۔ ج اَرْبَاء. الرَّبْو والرَّبْوَةُ عِنْدَ الاطِبَّاء: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔

الاُرْبِیَّة. اہل خاندان۔ چچا زاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ اُرْبِيَّة قَوْمِه" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔

رَتَّ (ض) رَتَتًا. ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (اَرَتُّ) و صفت مؤنث (رَتَّاء ورُتّی) ج رُتٌّ.

اَرَتَّهٗ اِرْتَاتًا. اللّٰهُ: ہکلا کر دینا۔

الرَّتُّ. سخت۔ نر سور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَتَة. الرَّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوْت. کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ رُتُوْتِ النَّاس" وہ لوگوں کا سردار ہے۔

الرُّتَّة. ہکلا پن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی۔

رَتَأَ (ف) رُتُوْءًا. گلا گھونٹنا۔ العُقْدَةَ: گرہ مضبوط کرنا۔ فِيْ المَكَان: اقامت کرنا۔ الرَّجُلُ: چلا جانا۔

اَرْتَأَ. رک رک کر ہنسنا۔

رَتَبَ (ن) رَتْبًا و رُتُوْبًا. الشَّیْءُ: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَبَ فِی الصَّلوٰة" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔

رَتَّبَهٗ. ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔

اَرْتَبَ. سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا۔ الغُلَامُ الكَعْبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔

تَرَتَّبَ. ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

الرَّتَب. سختی و تنگی۔ بلند زمین، قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں۔ (والرَّتْب) خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔ چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ۔

الرَّتَبَة. انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الرُّتْبَة. مرتبہ۔ ج رُتَب.

التُّرْتُب والتُّرْتَب. قائم و ثابت چیز۔ ہمیشگی۔ مٹی۔ غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا تُرْتُبًا" وہ سارے آئے۔

التُّرْتُبَّة. راستے کے مانند جس پر آدمی چلے۔

الرَّاتِب. فا. عَیْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم۔ والرَّاتِبُ عِنْدَ المحَدِثِیْن: تنخواہ۔ وظیفہ۔ ج رَوَاتِب. الرَّوَاتِب: سنن مؤکدہ۔

المَرْتَبَة. درجہ۔ اعلیٰ درجہ۔ ج مَرَاتِب.

رَتَجَ (ن) رَتْجًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا (رَتَجَانًا) الصَّبِیُّ: بچے کا چلنے لگنا۔

رَتِجَ (س) رَتَجًا. الخَطِیْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

اَرْتَجَ. البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا۔
الخِصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا۔
الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا۔
البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔

اُرْتِجَ واُرْتُتِجَ واُسْتُرْتِجَ. الخَطِیْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

الرَّتَجُ والرِّتَاج. دروازہ۔ بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو۔

سِكَّة (رَتَج) تنگ گلی۔ مَالٌ رَتَجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو۔

الرِّتَاجَة. چٹان۔ ج رَتَائِج.

(والمَرْتَج) تنگ راستہ۔ ج مَرَاتِج.

المِرْتَاج. تنگ راستہ۔ کنجی۔ مکان (مُرْتَج) بہت نباتات والی جگہ۔

رَتَخَ (ف) رُتُوْخًا. العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا بالمَكَانِ: اقامت کرنا مِنَ الخَیْرِ: پیچھے رہنا۔

رَتَعَ (ف) رَتْعًا و رُتُوْعًا و رِتَاعًا. آسودہ زندگی بسر کرنا۔ فِي المَكَان: اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا۔ صفت (رَاتِع) ج رُتَّع و رُتَّع ورِتَاع ورُتُوْع و رَاتِعُوْن. رَتَعَ فِيْ مَالِ فُلَان: دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا۔ فِيْ لَحْمِ فُلَان: غیبت کرنا۔

اَرْتَعَ. القَوْمُ: سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا. الاَرْضُ: چرنے والے کو آسودہ کرنا
الغَیْثُ: بارش کا چارہ کو اگانا۔
الدَّوَابَّ: جانوروں کو چرانا۔

الرَّتْعَة. سبزے کی کثرت۔ اور اسی سے ہے "اَسْمَنَنِي القَیْدُ والرَّتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا۔

الرَّتِع. آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔ كَلَأٌ رَتِعٌ: چرنے والے کے لیے کافی گھاس۔

الاَرْتَاع. مِنَ النَّاس: بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُ اَرْتَاعًا مِنَ النَّاسِ" میں نے بہت لوگوں کو دیکھا۔

الرَّتَّاع. سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا۔

المُرْتِع. آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔

المَرْتَع. چراگاہ۔

رَتَقَ (ن) رَتْقًا. الثَّوْبَ: جوڑنا۔ الفَتْقَ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِقُ الفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنے والا ہے۔ و "رَتَقَ فتقهُمْ" اس نے ان کے درمیان

صلح کرادی الشیءَ: بند کرنا۔
اِرْتَتَق. الشیءُ: جڑ جانا۔
الرِّتَاق. دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں۔
الرَّتَقَة. انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الرُّتُوْق. عزت و شرف۔
رَتَكَ (ض ن) رَتْكًا و رَتَكًا و رَتَكَانًا البَعِيْرُ: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔
اَرْتَكَ: البَعِيْر: اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا۔ اَرْتَكَ الضِحكَ: آہستہ ہنسنا۔
المَرْتَك. مرداسنگ۔
رَتِلَ (س) رَتَلًا. الشیءُ: عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا۔ صفت (رَتِل)
رَتَّلَ. الکَلَامَ: اچھی طرح ترتیب دینا۔ القُرْآن: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا۔
تَرَتَّلَ. فِي القَوْلِ: ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا۔
الرَّتَل. س۔ عمدہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "کَلَامٌ رَتَلٌ"۔ خوبی۔ آراستگی۔ ہر چیز کی خوبی۔
ثَغرٌ رَتِلٌ: خوبصورت ہموار دانت۔
التَّرْتِيْل. پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا۔ آواز کو عمدہ بنانا۔ مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حروف اچھی طرح ادا ہوں۔
الاَرْتَل. اچھی ترتیب والا۔ تتلانے والا۔
الرُّتَيْلاء. کیڑے مکوڑے وغیرہ جیسے مکڑی، مکھی وغیرہ۔ ج رُتَيْلاوَات. ایک قسم کی نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔
رَتَمَهٗ (ض) رَتْمًا. توڑنا یا کوٹنا۔ فِي بَنِي فُلَان: پرورش پانا۔ اور کہا جاتا ہے "مَارَتَمَ بِكَلِمَةٍ" وہ ایک لفظ نہیں بولا۔ (رَتِيْمًا) رتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا۔ سُست ہونا۔
اَرْتَمَ وتَرَتَّمَ وارْتَتَمَ. یاد رکھنے کے لیے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرْتَمْتُ زَيْدًا: یاد آنے کیلئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھ دیا۔
الرَّتَم. ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں۔ واحد (رَتَمَةٌ)
الرَّتَم: بھرا ہوا توشہ دان۔ کامل حیاء۔ آہستہ گفتگو۔ راستہ۔
الرُّتَام. بوسیدہ۔
الرَّتَمَة. ج رَتَم ورِتَامٌ و (الرَّتِيْمَة) ج رَتَائِم: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لیے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔
الرَّتِيْم. آہستہ چال۔ وہ شخص جس کو رتم کے دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوئی ہو۔ ج رُتَامي.
شَرٌّ (تُرْتُم و تُرْتَمٌ) دائی فساد۔
رَتَنَ (ن) رَتْنًا. الشَحْم بالعَجِيْن: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔ رَتَاه يَرْتُوْه رَتْوًا. ڈھیلا کرنا۔ باندھنا۔ القَلْبَ: دل کو قوی کرنا۔ ه اِلَيْه: ملانا۔ الدَلْوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا۔ (رَتْوًا ورُتُوًّا) بِرَاسِه: سر سے اشارہ کرنا۔ الرَجُلُ: قدم رکھنا۔
رُتِيَ. فِي ذَرْعِه: سُست بازو ہونا۔
الرَّتْوَة. قدم ز بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت۔ حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَنَا و بَيْنَهُمْ رَتْوَة" ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بمقدار حد نظر کے ہے۔
الرَّاتِي. دوسروں سے زائد علم والا۔
رَثَّ (ض) رَثَاثَةً ورُثُوْثَة. الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) ج رِثَاث.
اَرَثَّ اِرْثَاثًا. الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔
اُرْتُثَّ. زخمی کو میدانِ جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرْتَثٌّ)
الرِّثُّ. س۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَاث. کہا جاتا ہے "کَلَامٌ غَثٌّ رَثٌّ"، یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔
الاَرَثُّ. بوسیدہ۔ پرانا۔
الرَّثِيْث. بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مردہ۔
الرِّثَّه. گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَث و رِثَاث. کمزور لوگ۔
الرَّثَاثَة. س۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔
رَثَأَ (ف) رَثْأً. اللَبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا۔ الشیءَ بالشیءِ: ملانا۔ غَضَبُهٗ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔
اَرْثَأَ وارْتَثَأَ. اللَبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔
اِرْتَثَأَ فِي رَايِه: رائے میں گڑبڑی کرنا۔
اِرْتَثَأَ عَلَيْهِمُ الاَمْرُ: گڑ بڑ ہونا۔ اِرْتَثَأَ.
الرَّثِيْئَة: دہی پینا۔
الرَّثْءُ والرَّثَأَة. بیوقوفی۔ کم سمجھی۔ کمزور دلی۔
الرَّثِيْئَة. رثأ اللَبَن کا اسم۔ دہی۔ بیوقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔
رَجُلٌ (مَرْثُوْدٌ) کمزور دل۔ کم سمجھ۔
رَثَدَ (ن) رَثْدًا وارْتَثَدَ. المَتَاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی (رَثِيْدٌ و مَرْثُوْدٌ)
رَثِدَ (س) رَثَدًا وارْثَدَ. الماءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفَرَ حَتّٰى اَرْثَدَ" اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔ اَرْثَدَ القَوْمُ: جماعت ہونا۔
الرَّثَد والرِّثْدَة. لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔
الرَّثَد. ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔
رَثَدُ البَيْتِ: گھر کا ردی سامان۔
المَرْثَد والمِرْثَد. فیاض و سخی مرد۔
المَرْثَد: شیر۔
رَثَطَ (ن) رُثُوْطًا وارْثَطَ وتَرَثَّطَ. فِي قُعُوْدِه: نشست میں جمکنے رہنا۔
رَثِعَ (س) رَثَعًا. بہت حریص و لالچی

ہونا۔ صفت (رَثِعٌ)ج رَثِعُوْن.

اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا. المطرُ: لگاتار برسنا فُلانٌ: کمزور اور سست ہونا الشَعْرُ: بال کا لٹکنا۔

رَثَمَ (ض) رَثْمًا. الانفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِیْم و مَرْثُوْم)

رَثِمَ (س) رَثَمًا وارْثَمَّ. الفَرسُ: ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِمٌ وأَرْثَمُ) صفت مؤنث (رَثِمَةٌ ورَثْماءُ)ج رُثْمٌ.

الرَثَم والرُثْمة. گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔

الرِثْمة. ہلکی بارش۔ ج رِثَام.

المَرْثِم والمِرْثَم. ناک۔ ج مَراثِم.

رَثَّنَ تَرْثِیْنًا. اچھی طرح سے بارش ہونا۔

الرَثَان. لگاتار بارش۔

اَرْضٌ (مَرْثُوْنَةٌ و مُرَثَّنَةٌ) بارش شدہ زمین۔

رَثَایَرْثُوْ رَثْوًا ورَثَیٰ یَرْثِی رِثْیًا ورِثَاءً ورَثَایَةً ومَرْثَاةً ومَرْثِیَةً. المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔

رَثی لَهٗ: رحم کرنا۔

رَثَیٰ یرثی رِثَایَةً. عَنْه حَدِیْثًا: یاد کرنا۔

رَثِیَ یَرْثَیٰ رَثًی ورَثْیًا. جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثَّیٰ و تَرَثّیٰ. المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔

الرَثَّائَة والرَثَّایَة. نوحہ کرنے والی عورت۔

الرَثْیَة. جوڑوں کا درد (والرِثْیَّة) کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔

المَرْثَاة والمَرْثِیَة. وہ اشعار وغیرہ جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔ مَراثٍ و "اَلْمَراثِی السبعُ" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔

رَجُلٌ (مَرْثُوٌّ) کمزور عقل والا مرد۔

الرَثُوْ. وہی۔

رَجَّ(ن) رَجًّا. ہلانا۔ حرکت دینا۔

رَجَّهٗ(ن) ورَجَّ رَجًّا. ہلنا۔ حرکت دینا۔

اِرْتَجَّ. البحرُ: موج مارنا الکلامُ: ملتبس ہونا۔

الرَّجَّة. حرکت۔ رَجَّةُ القومِ: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔

رَجاجُ. الغنمِ او النّاسِ: کمزور و لاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعجةٌ رَجاجةٌ" لاغر بھیڑ۔

نَاقَةٌ (رَجَّاء) بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔

اَرْجأ. الاَمرَ: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَأتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔

الصَائدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔

رَجَبَ (ن) رَجْبًا. مِنْهُ: شرم کرنا۔

رَجَبَه بکلامٍ سَیِّئٍ: تہمت لگانا (رَجْبًا و رُجُوْبًا وارْجَبَ) ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجِبَ (س) رَجَبًا. مِنْهُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجِبَه: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَّبَه. ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النَخلةَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا۔ اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَیْلُها المحکک وعُذَیْقُها المُرجَّبُ" اس قول میں جُذَیْل جذل کی اور عُذَیْق عِذق کی تصغیر ہے۔ جذل کے معنی تنہ اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے تھونی لگا دی گئی ہو۔ رَجَّبَ الرَجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔

تَرَجَّبَ. خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا الرَجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَب. قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج اَرْجاب ورُجُوْب ورِجَاب. کہا جاتا ہے "اَجَّلْتُكَ اِلَی سَبْعَةِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔ رَجَبَان: ماہ رجب و شعبان۔

الرُجْبَة. سہارا جو کھجور کے درخت کے لیے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب.

الرَاجِبَة. انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب.

الاَرْجاب. آنتیں۔ (واحد نہیں)

المُرَجَّب. خوفناک۔ معظم۔

رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحانًا ورُجُوْحًا. المیزانُ: جھکنا الرایُ: غالب ہونا۔ ہٗ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔ دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ہٗ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (رَجاحَةً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔

رَجَّحَهٗ وارْجَحَهٗ. جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔ رَجَّحَ وارْجَحَ لَهٗ: جھکتا ہوا دینا۔

رَاجَحَه. جھکنے میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّحَ. الرایُ عِنْدَہ: غالب و برتر ہونا فِی القَوْلِ: مائل ہونا الشَیْءُ: ہلنا الاُرْجُوحَةِ بِهٖ: جھکنا۔

اِرْتَجَحَ. فِی الاُرْجُوحَة: جھولے میں جھکنا الابلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔

الرُجُح. مِنَ الجِفانِ: بھرے ہوئے بڑے پیالے مِنَ الکَتائِبِ. لشکر گراں۔

الاُرْجُوْحَة. ج اَرَاجِیْح (لرُجَاحَة و الرُجَّاحَة والمَرْجُوْحَة) جھولا۔

الاَرَاجِیْح. بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔

اِمْرَأة (رَجاح) بڑے سرین والی عورت۔

رَجَدَ (ن) رَجادًا. خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)

اِعْتَراجِحَة اَوِالتِبَایُنَةُ العَدَدِیَّة: (علم جبرا) دو مخالف عدد کا مجموعہ: ۴+۹۲۶-۱

رُجِدَ رَجْدًا ورُجِّدَ واُرْجِدَ. کانپنا۔

رَجَزَ (ن) رَجْزًا. رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ ورَجَّازٌ ورَجَّازَة) رَجَزَ بِهٖ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَجَّزَہٗ.کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَاجَزَ. صَاحبَہ.رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّزَ.رجز پڑھنا الرَعْدُ.لگا تار گڑگڑانا السَحَابُ.بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔

اِرْتَجَزَ.رجز پڑھنا الرَعْدَ.لگا تار گڑگڑانا بِفُلان:کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا الرَجْزَ فِی القِتَال.لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔

تَرَاجَزَ. القَوْمُ.رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔

الرُجْز والرِجْز.گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِجز.گناہ۔

الرَجَز.اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔

الرَجَازَة.عورتوں کے لئے اونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الُارْجُوْزَة.بحر رجز کا قصیدہ۔ج اَرَاجیز.

الَارْجَز.رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ(ن ض) رَجْسًا. البعيرُ:اونٹ کا آواز کرنا السَمَاءُ:آسمان کا گڑگڑانا۔

فلانًا عَنِ الَامْر:روکنا (وارْجَس)پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ(س) ورَجُسَ(ک) رَجَاسَةً. بُرا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)

اِرْتَجَسَتِ. السَمَاءُ:گڑگڑانا۔ البِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔

الرِجْس والرَجَس والرَجِس.گندی، پلیدی۔ الرِجْس:بُرا عمل۔ بُرے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔

الرَجَّاس.سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْرٌ اوسَحاب رَجَاس" بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔

بَعِيْرٌ رَجُوْسٌ مِرجس:تیز آواز نکالنے والا اونٹ۔

المِرْجَاس.پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

المَرْجوسَة.فساد و گڑبڑاہٹ۔

رَشِحَ پسینہ سے تر ہونا۔

رَشَّحَ. المَالَ: بہتر انتظام کرنا الوَلَدَ: پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے "هُوَ یُرَشَّحُ لِوَلَایَةِ العَهْدِ" وہ ولی عہدی کیلئے تیار کیا جا رہا ہے الظَّبْیَةُ ولَدَهَا: جننے کے وقت آلائش چاٹنا النَّاقَةُ وَلَدَهَا: بمعنی رَشَحَتْهُ الغَیْثُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھانا۔

تَرَشَّحَ. وَلَدُ النَّاقَةِ: ماں کے ساتھ چلنے کے لائق ہونا الظَّبْیَةُ: جننے کے وقت آلائش چاٹنا المَاءُ: پتھروں سے ٹپکنا۔ الرَّجُلُ لِاَمْرٍ: لائق ہونا۔ اہل ہونا۔

اِسْتَرْشَحَ. النَّبَاتُ: بلند ہونا۔ بڑھنا النَّبَاتَ: چرانے کیلئے بڑھنے کا انتظار کرنا۔

الرَّشْح. مص. پسینہ۔

الرَّاشِح. فا. پتھروں سے ٹپکنے والا پانی۔ مِنَ المِعْضَلَان: چلنے میں قوی۔ پہاڑ جس کا نچلا حصہ تر ہو۔ زمین پر رینگنے والا کیڑا۔ ج رَوَاشِح.

الرَّشِیْح. پسینہ۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِرْشَح والمِرْشَحَة. زین کے نیچے کا خوگیر۔

الاَرْشَح. بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْشَحُ فُؤَادًا" وہ تیز خاطر ہے۔

رَشَدَ (ن) رُشْدًا ورَشَادًا ورَشِدَ (س) رَشَدًا. ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا اَمْرَهٗ: ہدایت یافتہ ہونا۔

رَشَّدَهٗ واَرْشَدَهٗ. اِلٰی کَذَا وعَلَیْهِ ولَهٗ: ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ القَاضِیْ: سیدھے راستہ پر چلنا۔

اِسْتَرْشَدَ. لِاَمْرِهٖ: راہ راست پانا۔ ہ: ہدایت طلب کرنا۔

الرُّشْد. مص. ہدایت۔ راہ راست پر ہونا۔

الرَّشْدَة والرِّشْدَة: حلال زادہ۔

الرُّشْدٰی. ہدایت۔

الرَّشِیْد. سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔

الرَّشَاد والرَّشَد. ایک قسم کی نباتات۔

الرَّشَادَة. چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر۔ ج رَشَاد.

المَرَاشِد. سیدھے و متوسط راستے (جمع ہے واحد نہیں)

اُمّ (راشِد) چوہیا۔

رَشْرش رَشْرَشَةً الشئُ: ڈھیلا ہونا۔ البعيرُ: اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کیلئے سینہ سے زمین رگڑنا۔

تَرَشْرَش. الماءُ: بہنا۔ خُبزٌ او عظمٌ (رَشْرش و رشراش) نرم روٹی یا ہڈی۔

رَشَف (ض ن) رَشْفًا و رَشِيفًا و ترشافًا ورشف (س) رَشَفًا ورَشَفانًا الماءَ و نحوهُ: چوسنا الاناءَ: پی کر خالی کرنا۔

رَشَّف وارْشَف وتَرَشَّف وارْتَشَف الماءَ: خوب چوسنا۔

الرَّشْف والرَّشَف. حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حوضٌ رَشَفٌ"، بے پانی کا حوض۔

الرَّشاف. بہت چوسنے والا۔

المِرْشَف. پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَراشِف

المَراشِف: ہونٹ۔

رَشَقَه (ن) رَشْقًا. بالسهمِ: تیر مارنا۔ ببصرِهِ: گھور کے دیکھنا ہ بلسانِهِ: طعن و تشنیع کرنا اور اسی سے ہے "اِيّاكَ ورَشَقاتِ اللّسانِ"، زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔

رَشُق (ک) رَشاقَةً. الغلامُ: خوبصورت قد والا ہونا۔ چابک دست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَشِيق) ج رَشاق.

راشَقَهُ مُراشَقَةً. ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔

تَراشَق. القومُ: باہم تیر اندازی کرنا اور کہا جاتا ہے "تَراشَقُوا بألسنتِهِمْ وتَراشَقُوا بأعينِهِمْ"، انھوں نے اپنی زبانوں سے طعن و تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔

تَرَشَّق. في الأمرِ: تیز ہونا۔

ارْشَق. النظرَ اليه: تیز نظر سے دیکھنا۔ القومُ ببصرِهِ: نگاہ ڈالنا الظَّبيةُ: ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا الرامِی: سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "ارْشَقَنی مَقْصَدِي"، اس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا و "ما اَرْشَقَ هذه القوسَ"، یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔

الرَّشَق. تیز تیز پھینکنے والی کمان۔ رَشِيق کی جمع۔

الرَّشْق والرِّشق. قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سمعتُ رَشْقَ قلمِهِ"، میں نے اس کے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِّشق: تیر اندازی ج اَرْشاق.

الاَرْشَق. سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِيْدٌ اَرْشَقُ"، کھڑی گردن۔

الرَّشِيق: نازک اندام خوبصورت۔ مِنَ اللفظِ او الخطِّ: پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط۔

رَشَم (ن) رَشْمًا. بيدرِ الحنطةِ: گیہوں کے کھلیان پر قومہ مہر کرنا۔ (ورَشَّم) لکھنا۔

رَشِم (س) رَشَمًا. کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (اَرْشَم)

اَرْشَم. الشجرُ: درخت کا پتے والا ہونا۔ الارضُ: سبزی نکلنا شروع ہونا البرقُ: بجلی چمکنا۔ الماشيةُ: ابتدائی سبزی چرنا۔

(وارْتَشَم) الاناءَ: برتن پر قومہ مہر کرنا۔

الرَّشَم. ابتدائی سبزی۔ بجو کی منہ کی سیاہی (والرَّشْم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر۔

الاَرْشَم. داغدار۔ کتا (چونکہ اس کے نتھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے) مِنَ الغيثِ: تھوڑی بارش۔ عامٌ اَرْشَمُ: سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔

الرَّوْشَم والرَّاشوم. غلّہ کے انبار پر قومہ مہر کرنے کی منقوش تختی۔

الرُّشْمَة. بجو کے منہ کی سیاہی۔

رَشَن (ن) رَشْنًا و رُشُونًا. بن بلائے مہمان بننا الكلبُ في الاناءِ: کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔

الرَّشَن والرَّشْن. پانی نکلنے کا دہانہ۔

الرَّاشِن. فا. بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "الحلوان" بھی کہا جاتا ہے۔

الرَّوْشَن. روشن دان۔ ج رَواشِن.

رَشاه (ن) رَشْوًا. رشوت دینا۔

راشى مُراشاةً. فلانًا: رشوت دینا۔ مدد کرنا۔

ارْشَى. الدلوَ: ڈول میں رسّی لگانا الشجرُ: درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا القومُ في دمِهِ: کسی کے خون میں شریک ہونا اَرْشَوا بسلاحِهِمْ فيه: کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔

تَرَشَّى. الرجلُ: باہم نرمی برتنا۔

ارْتَشَى. رشوت لینا مِنْهُ رِشْوَةً: رشوت لینا۔

اِسْتَرْشَى. في حُكْمِهِ: رشوت مانگنا الفصيلُ: اونٹ کے بچّہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا ما في الضرعِ: تھن سے دودھ نکالنا۔

الرُّشْوَة والرَّشْوَة والرِّشْوَة. رشوت۔ ج رُشًى ورِشًى.

الرِّشاء. رسّی۔ ڈول کی رسّی۔ ج اَرْشِيَة کہا جاتا ہے "اَتبعِ الدلوَ رشاءَها"، ڈول کے پیچھے رسّی بھی کرو۔ اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرانا ہو۔ وارشية النباتِ: نباتات کی بیلیں۔

الرَّشاة. ایک قسم کی نباتات۔ ج رَشا.

الرَّشِيّ. اونٹ کا بچّہ۔

التَّرْشاء. ڈول کی رسّی۔

رَصَّ (ن) رَصًّا. الشئَ: ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا الدجاجةُ: بيضتَها: مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کیلئے چونچ سے درست کرنا۔

رَصْرَصَهُ. ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا الرجلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

تَرَصَّصَ وارْتَصَّ. باہم چمٹنا۔ جڑنا۔

الرَصَاص. سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَته)

الرَصَاصِیَّ. سیسہ کے رنگ کا۔

الرَصَص. دانتوں کی پیوستگی۔

الرَصِیْص. ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِیْصَةٌ. ج رَصَائِص. کہا جاتا ہے "رُصَّتْ عَلَی الْقَبر الرَصَائِص" قبر پر پتھر تہ بتہ لگائے گئے۔ الرَصِیْص: انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے مُنہ کا نقاب۔

الاَرَصّ. قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّآء. ج رُصّ. فَخِذٌ رَصَّاء: ایک دوسرے سے ملی ہوئی ران۔

الاُرْصُوْصَة. خربزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔

الرَصَّاصَة. بخیل۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔ بُنْیَان (مَرْصُوْصٌ) مضبوط عمارت۔

الرَصَب. انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔

رَصِحَ (س) رَصَحًا. قریب قریب سرین صفت (اَرْصَح) مؤنث رَصحَاء.

رَصِخَ. فِی الْاَمْرِ: بمعنی رَسَخ.

رَصَدَهٗ (ن) رَصْدًا ورَصَدًا. انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔

رُصِدَ. المَکَانُ: بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُوْد)

رَاصَدَه. نہگبانی کرنا۔

اَرْصَدَ. الرَقِیْبَ: گھات میں راستہ پر کھڑا کرنا لَهٗ شیئًا: تیار کرنا۔ مہیا کرنا لهٗ خَیْرًا اوشرًا: بدلہ دینا الحِسَابَ: پیش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔

اِرْتَصَدَهٗ وتَرَصَّدَهٗ. امید لگانا۔ تَرَصَّدَلَهٗ: گھات میں بیٹھنا۔

تَرَاصَدَ. الرَجُلَانِ: ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔

الرَاصِدُ. فا. نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّد ورَصَد.

الرَصَد. راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد. گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر ومؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کیلئے رِصَاد بولتے ہیں)

الرَصْدَة. بوچھار ج رِصَاد.

الرُصْدَة. تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔

الرَصُوْد. پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اونٹنی۔

الرَصِیْد. گھات میں رہنے والا۔

المِرْصَاد. راستہ (والمَرْصد) گھات۔ ج مَرَاصِیْد ومَرَاصِد. مَرَاصِدُ الحَیَّات: سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔ اَرْضٌ (مُرْصِدَةٌ) تھوڑی سی گھاس والی زمین۔

رَصْرَصَ. البنَاءَ: عمارت مضبوط بنانا فی المَکَان: ٹھہرنا۔ رہنا۔

الرَصْرَاصَة. سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔

رَصَعَهٗ (ف) رَصْعًا. بیده: تھپڑ مارنا بالرمح: سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السِنَانَ فی المَطعُوْن: زور سے بھالا مار کر گھسا دینا الحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا (رَصُوْعًا) اقامت کرنا۔

رَصِعَ (س) رَصَعًا. بالشیء: چپکنا بالطیب: مہک اُٹھنا المرأةَ رِصَاعًا: جماع کرنا۔

رَصَّعَ. الشَیَّ: اندازہ کرنا اور بُننا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَائِرُ عُشَّةً بالقُضْبَان" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کر کے تیلیوں سے بنا۔ الذَهَبَ بالجَوَاهر: سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "تَاجٌ مُرَصَّعٌ بالجَواهر" جواہر کا جڑا ہوا تاج العِقْدَةَ بالجَوَاهر: ہار میں جواہر پرونا۔

اَرْصَعَهٗ. بالرُمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔

اِرْتَصَعَ. الحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا به: چپکنا اَسْنَانُه: دانتوں کا پیوستہ و قریب قریب ہونا۔

تَرَصَّعَ. جڑاؤ ہونا۔ شادماں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔

تَرَاصَعَتِ. العَصَافِیْرُ: جفتی کرنا۔

الرَصِیْعَة. کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ ج رَصَائِع.

الاَرْصَع. لاغر سرین والا۔ الطَعْنُ اَرْصَعُ: پورا گھسا ہوا نیزہ۔

الرَصَّاع. بہت جماع کرنے والا۔

المِرْصَاع. لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو چوڑا کریں۔

الرُصغ. بندوبست۔ گٹا۔

الرِصَاغ. بمعنی الرِسَاغ.

رَصَفَ (ن) رَصْفًا. الحِجَارَةَ: پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا المصَلّی قَدَمَیْهِ او بَیْنَ قَدَمَیْه: نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا اور کہا جاتا ہے "هٰذا الاَمْرُ لا یَرْصُفُ بِكَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔

رَصُفَ (ک) رَصَافَةً. العَمَلُ: مضبوط ہونا۔

رَصِفَتْ (س) رَصَفًا و رُصِفَتْ رَصَفًا اَسْنَانُه: دانتوں کا ترتیب وار و ہموار ہونا۔

اَرْصَفَ. شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔

تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ وارْتَصَفَتْ الحِجَارَةُ: پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔ القَدَمُ فِی الصَّفِّ: ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا اَسْنَانُه: دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔

الرَصَف. پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَة) الرَصَفَتَان: گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے۔ گھٹنے۔ الرَصَف: پانی کا بند۔ مَاءُ الرَصَف: پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔

الرِصَاف. پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔

گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رَصف و رُصُف۔
الرَّصِيْف۔ نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِيْفٌ: مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک رَصِيْف کا اطلاق پتھروں کے فرش کیے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔
الرُّصَافَة۔ پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ اطراف شہر کا سبزہ زار اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔
الرُّصُوْفَة۔ ثابت قدمی۔
المِرْصَافَة۔ ہتھوڑا۔
المُرْتَصِف۔ شیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الاَسْنَان: قریب قریب دانتوں والا امرد۔
رَصَنَ (ن) رَصْنًا۔ الاَمْرَ: پورا کرنا۔ مضبوط کرنا الدَّابَةَ: داغ لگانا ہ بِلِسَانِهٖ: گالی دینا۔
رَصُنَ (ک) رَصَانَةً۔ العَقْلُ وغَيْرُهٗ: سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِيْنٌ)
رَصَّنَ۔ الشَّئَ مَعْرِفَةً: خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے "رَصِّنْ لِيْ هٰذَا الخَبرَ"، میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔
اَرْصَنَه۔ مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔
الرَّصَن۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرَّصِيْن۔ اپنے ساتھی کی ضرورت کیلئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔
المِرْصَن۔ جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔
رَصَا (ن) رَصْوًا۔ الشَّئَ: مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔
اَرْصَىٰ۔ بِالمَكَانِ: جم کے رہنا۔
رَضَّهٗ (ن) رَضًّا: کوٹنا۔ دلنا۔
رَضَّضَ۔ الشَّئَ: اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔
تَرَضَّضَ۔ کوٹا جانا۔ دلا جانا۔
اَرَضَّ۔ سست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا فی الاَرْضِ: جانا۔ التَّعَبُ العَرَقَ: پسینہ بہانا۔
اِرْتَضَّ۔ الشَّئُ: ٹوٹنا۔

الاَرَضّ۔ جم کر بیٹھنے والا۔
الرَّضِيْض والمَرْضُوْض۔ کوٹا ہوا۔
الرُّضَاض۔ ریزے۔ چورہ۔
الرُّضَّة والمِرَضَّة والرَّضُّ گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔
المِرَضَّة: کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔
رَضَبَ (ن) رَضْبًا واَرْضَبَ۔ المَطَرُ: زور سے بارش ہونا السَّمَاءُ: آسمان کا برسانا
(رَضَبَ و تَرَضَّبَ) الرِّيْقَ: تھوک چوسنا۔
الرَّاضِب۔ فا۔ مِنَ المَطَرِ: زور سے برسنے والی بارش۔
الرُّضَاب۔ چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءٌ رُضَابٌ: میٹھا پانی۔
المَرَاضِب والمَرَاضِيْب۔ خوش مزہ تھوک۔
رَضَحَ (ف) رَضْحًا۔ النَّوىٰ او الحَصىٰ: گٹھلی یا کنکری توڑنا رَاسَه بِالحَجَرِ: کچلنا۔
تَرَضَّحَ۔ الحَصىٰ: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ: روٹی کا چورا کرنا۔
تَرَاضَحُوْا۔ بِالنُّشَابِ: ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔
اِرْتَضَحَ۔ مِنَ الاَمْرِ: عذر کرنا۔
الرَّضْح۔ س۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَاءُ رَضْحٌ مِنَ الخَبرِ"، ہم کو تھوڑی خبر ملی۔
الرُّضَح۔ شکستگی۔
الرَّضِيْح۔ ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔
الرَّضْحَة۔ گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضْحَةٌ مِنَ المَطَرِ"، یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج رَضَحٌ
المِرْضَاح۔ گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔
رَضَخَ (ض ف) رَضْخًا۔ النَّوىٰ او الحَصىٰ: گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے

"رَضَخَ لَهٗ مِنْ مَالِهٖ رَضْخًا"، یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا التُّيُوْسُ: باہم سینگ مارنا اور عوام کہتے ہیں "رَضَخَ لَهٗ"، یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و "رَضَخَ لِلْحَقِّ"، اس نے حق کا یقین کیا۔
رَاضَخَهٗ۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا الشَّئَ: بادل ناخواستہ دینا مِنْه شَيْئًا: پانا۔ حاصل کرنا۔
اَرْضَخَ۔ لِلرَّجُلِ: بہت میں سے تھوڑا دینا۔
تَرَاضَخَ۔ القَوْمُ بِالحِجَارَةِ: باہم پتھراؤ کرنا۔
تَرَضَّخَ۔ الحَصىٰ: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ: توڑ کر کھانا الخَبرَ: سن کر یقین نہ کرنا۔
الرَّضْخ۔ س۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔
الرَّضِيْخ۔ توڑی ہوئی گٹھلی۔
الرَّضِيْخَة والرُّضَاخَة۔ تھوڑا عطیہ۔
المِرْضَاخ۔ ج مَرَاضِيْخ (المِرْضَخَة) پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔
رَضَدَ (ن) رَضْدًا۔ المَتَاعَ: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔
اِرْتَضَدَ۔ المَتَاعَ: سامان ترتیب سے رکھنا۔
رَضِعَ (س) ورَضَعَ (ف ض) رَضْعًا ورَضَعًا ورَضِعًا ورَضَاعًا ورِضَاعًا ورَضَاعَةً ورِضَاعَةً واِرْتَضَعَ۔ الوَلَدُ اُمَّهٗ: ماں کا دودھ پینا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔
رَضُعَ (ک) رَضَاعَةً۔ لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَع
رَاضَعَهٗ رِضَاعًا ومُرَاضَعَةً رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا اِبْنَهٗ: دائی پلائی کو دینا الطِّفْلُ: بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔
اَرْضَعَه۔ دودھ پلانا۔ اَرْضَعَتِ المَرْاَةُ: دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) اس کلمہ میں تاء علامت تانیث لاحق نہیں ہوئی اس وجہ سے یہ کہ طبقہ اناث ہی کیلئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس

وقت صفت (مُرْضِعَة) ہوگی۔ ج مُرْضِعَات و مَرَاضِعُ)

اِسْتَرْضَعَ. دائی پلائی طلب کرنا یا دودھ پلانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ المَرْأَةَ وَلَدِی"، عورت سے میں نے اپنے بچّہ کو دودھ پلانے کو کہا۔

الرَّضَع. کمینگی۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔ واحد (رَضَعَة)

الرَّاضِع. فا. دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔

الرَّاضِعَة. راضع کا مؤنث۔ الرَّاضِعَتان بچّہ کے اگلے دو دانت۔ ج رَوَاضِع.

الرَّضِيْع. ج رُضَعَاء والرَّضِع ج رُضَع. دودھ پیتا بچّہ۔ کمینہ۔ رَضِيعُكَ: تمہارا رضاعی بھائی اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہوگا اس لئے مراضع کے معنی میں ہے۔

الرَّضَاعَة. س. پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔ (والرِّضَاعَة) اِرضاع کا اسم۔

الرَّضُوْعَة. اپنے بچّہ کو دودھ پلانے والی عورت۔

الرَّضَّاع. بہت دودھ پلانے والے۔ کمینہ۔

المَرَاضِيع. کمینے۔

رَضَفَهُ (ض) رَضْفًا. داغ لگانا۔ رَضَفَ اللَّبَنَ: دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا اللَّحْمَ: گوشت کو گرم پتھر پر بھوننا۔

رَضَّفَهُ. سخت غضبناک کر دینا۔

الرَّضْف. گرم پتھر۔ واحد (رَضْفَة) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى الرَّضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔ الرَّضَف: ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَيْهَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔

الرَّضَفَة. گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ۔ ج رَضَف و رَضَفَات.

الرَّضِيْف. گرم پتھر (والرَّضِيْفَة) گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِيْفَة" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔ الرَّضِيْف والمَرْضُوْف. گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔

الرَّضِيْفَة والمَرْضُوْفَة. اوجھ جس کی دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کا ٹکڑا اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔

المِرْضَافَة. داغ کرنے کا آلہ۔

مُطْفِئَةُ (الرَّضْفِ) ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گزرے۔

اَرْضَكَ. عَيْنَيْهِ: آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا۔

رَضَمَ (ض) رَضْمًا. الأَرْضَ: زمین کو جوتنا البَيْتَ: گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔ صفت مفعولی (رَضِيْم و مَرْضُوْم)

المَتَاعَ: سامان کو تہ بتہ رکھنا۔ الشَّيْءَ: توڑنا۔ عَلَيْهِ الصَّخْرَ: ڈالنا (رَضْمًا ورَضَمَانًا) فی المَشْيِ: سست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِرْتَضَمَ. المَتَاعُ: سامان تہ بتہ ہونا۔

الرَّضْم والرَّضَم والرِّضَام. بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں۔ رَضَم کا واحد (رَضَمَة)

الرُّضَام: ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصّہ۔

رَضَاهُ يَرْضُوْهُ رَضْوًا. پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِي فَرَضَوْتُه" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔

رَضِيَ (س) رُضًى ورِضًى ورُضْوَانًا و رِضْوَانًا و مَرْضَاةً. عَنْه و عَلَيْه: خوش ہونا۔ راضی ہونا۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُوْن و رُضَاة و رُضّ ج رُضَّوْن و (رَضِيّ) ج اَرْضِيَاء و رُضَاة.

رَضِيَ. الشَّيْءَ ورَضِيَ بِه و فِيْه: پسند کرنا۔ قناعت کرنا۔ صفت مفعولی (مَرْضِيّ و مَرْضُوّ) کہا جاتا ہے "رَضِيَ اللّٰهُ عَنْ فُلَان وَرَضِيَ عَنْه" یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے خوش رہے۔ "رَضِيَتْ مَعِيْشَتَه" اس کی زندگی پسندیدہ ہے۔

رَاضٰى رِضَاءً ومُرَاضَاةً. الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْضٰى ورَضّٰى. الرَّجُلَ: رضامند کرنا۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔

تَرَضّٰى. الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔

تَرَاضٰى. القَوْمُ الشَّيْءَ: قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔

اِرْتَضَاهُ. لِخِدْمَتِه او لِصُحْبَتِه: پسند کرنا۔

اِسْتَرْضَاهُ. رضامندی طلب کرنا۔ و اِسْتَرْضَيْتُه کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو۔

رَجُلٌ و امْرَأَةٌ (رِضًى) پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی ہے)

عِيْشَةٌ (رَاضِيَةٌ) پسندیدہ و اچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)

رَضْوٰى. مدینہ طیبہ اور ینبع کے درمیان ایک پہاڑ کا نام اور نسبت کے لئے رَضْوِيّ.

الرِّضَاء. خوشنودی۔

الرِّضْوَة. خوشنودی۔ کہا جاتا ہے "ما فَعَلْتُ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ رِضْوَتِه" میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔

الرِّضِيّ. عاشق۔ دبلا۔ چھریرا۔

اَرْطَ اِرْطَاطًا. بیوقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔ فِي مَقْعَدِه: جم کے بیٹھنا۔

اِسْتَرطَهٗ. بیوقوف سمجھنا۔
الرَّطِیْط. شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بیوقوف۔ ج رِطَاط.
الرَّطَائِط. بیوقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے واحد نہیں)
رَطَأَ (ف) رَطأً. القَوْمَ: قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا بِسلْحِهٖ: پاخانہ کرنا المرْأةَ: جماع کرنا۔
اِسْتَرْطَأَ. الرجُلُ: بیوقوف ہونا الرجُلَ: بیوقوف سمجھنا۔
الرَّطأ. بیوقوفی۔
الرَّطِیُ. بیوقوف۔ ج رِطَاء مؤنث رَطِئةٌ و رَطْآء.
رَطَبَ (ن) رَطَابَةً البُسْرُ پختہ ہونا۔ بسر کھجور کا رطب ہونا۔
رَطَبَ (ن) رَطْبًا و رُطُوْبًا. الدابةَ: جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔
رَطِبَ (س) ورَطُبَ (ک) رُطُوْبَةً و رَطَابَةً تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔
رَطَبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔
رَطَّبَ وارْطَبَ. الثَّوْبَ و نَحْوَهٗ. تر کرنا۔
رَطَّبَ وارْطَبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔ رَطَبَ القَوْمَ: پختہ کھجور کھلانا۔ وارْطَبَتِ الاَرْضُ: زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔
اَرْطَبَ النَّخْلُ: کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔
اَرْطَبَ القَوْمُ: پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔
تَرَطَّبَ. تر ہونا اور اسی سے ہے "ترطّب لِسَانِیْ بِذِکْرِكَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔
الرَّطْب والرَّطِیْب. تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَطِیْبٌ" خوش حال زندگی۔
الرَّطْب والرُّطْب. سبز چارہ۔
الرُّطَب. پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَة) ج رِطَاب وارْطَاب.

الرَّطْبَةُ: گھاس نما پودہ تین پتوں والا۔ بنفشی رنگ پھولوں والا جنگل میں اور زراعت کیا جاتا ہے۔
المَرْطَبَة. کھارن کنوئیں کے درمیان میٹھا کنواں۔
اَلْمِرْطَاب: درجہ حرارت اور ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ دوسرا نام میزان رطوبت ہے۔
الرَّطَاب. بروزن نظام: عورتوں کے لئے ایک گالی۔
اَلْمِرْطِبَانُ: اچار مربہ جمع کرنے کے لئے برتن۔ (عامی لفظ ہے)
الرَّطْز. کمزور بال وغیرہ۔
الرُّطَازَات. خرافات۔
رَطَسَ. (ن ض) رَطْسًا. تھپڑ مارنا۔
اِرْطَسَّتْ. عَلَیْهِ الحِجَارَةُ: پتھروں کا تہ بتہ ہونا۔
رَطَعَ (ف) رَطْعًا. الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
الرَّطْع. زکام۔
رَطَلَ (ن) رَطْلًا. الشئَ ہاتھ میں اٹھا کر وزن معلوم کرنا الرجلَ. دوڑنا۔
رَطَّلَ. الشعرَ تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا. الشئَ. رطل پیمانہ سے وزن کرنا (وارْطَلَ) الرجُلَ: ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔
رَاطَلَ. رطل سے بیچنا۔
الرَّطْل والرِّطْل. بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ اُتولہ۔ ج اَرْطَال. الرطْل مِنَ الرجَالِ: بیوقوف۔ سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام۔ قریب البلوغ لڑکا۔ سبک رفتار گھوڑا۔
الرِّطْلَة. سبک رفتار گھوڑی۔
الرُّطَیْلاء. رتیلا کی تصحیف ہے۔
المُرَطَّل. مِنَ الرجَالِ: نرم۔ لمبا۔
رَطَمَهٗ (ن) رَطْمًا. کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا۔
رطَمَ وارْطَمَ فی قُعُوْدِهٖ: جم کے بیٹھنا۔ وارْطَمَ الرجُلُ: خاموش رہنا۔
رُطِمَ. البَعِیْرُ اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا۔

ترطَّمَ. السلحُ پاخانہ روکنا۔
ارْتَطَمَ. کیچڑ میں گرنا یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنس جانا فی الامرِ: کسی معاملہ میں پھنس جانا عَلَیْهِ الاَمْرُ: مشتبہ ہونا الشئُ: ڈھیر لگنا۔
الرُّطْمَة. پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی دشوار ہو۔
الرُّطَام. قبض۔
الرُّطُوْم. بیوقوف مرد۔
الرَّاطِم. کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔
اِمْرَأةٌ (مَرْطُوْمَةٌ) بدی کے ساتھ متہم عورت۔
رَطَنَ لَهٗ (ن) رَطَانَةً ورِطَانَةً ورَاطَنَهٗ مُرَاطَنَةً. عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
تَرَاطَنَ. القَوْمُ و تَرَاطَنُوْا فِیْمَا بَیْنَهُمْ: باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
الرُّطَیْنٰی. کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَاءُ رُطَیْنَاكَ هٰذِهٖ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے۔
رَعَتَ (ن) رَعْتًا. الرِّیْحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔
الرعاع. کمینے و رذیل لوگ۔
الرَّعَاعَة. شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ (ف) رَعْبًا و رُعْبًا. خوف کرنا الرجُلَ: خوف دلانا (رَعْبًا) الاِنَاءَ او الحَوْضَ: برتن یا حوض کا بھرنا السَّنَامَ و نَحْوَهٗ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَتِ الحَمَامَةُ: کبوتر وغیرہ کا غٹر غوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِیْبًا و تَرْعَابًا. الرجُلَ: خوف دلانا الاناءَ: برتن بھرنا۔ السَّنَامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا فُلَانًا. کسی کیلئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
ارْتَعَبَ. ڈرنا۔
الرُّعْب. جادو کا منتر۔ مقفی نثر۔ برا وعدہ۔
الرُّعْب والرُّعُب. گھبراہٹ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَة.
الرَّعِیْب. خوفزدہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ

رَعِيبُ العَيْنِ و مَرْعُوبُ العَيْنِ" بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔

الرَّعَّاب. جادو کرنے والا۔ مقفّی نثر بولنے والا۔

الرَّعَّابَة. لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔

الرُّعْبُوب. بزدل۔ ج رَعَابِيب

(الرُّعْبُوبَة والرعبيب) مِنَ الجَوَارِي: نازک اندام لڑکی۔

المُرَعْبَب. موٹا جس سے چربی ٹپکے۔

التَّرْعِيبَة. کوہان کا ٹکڑا۔ ج تَرَاعِيب.

المِرْعَبَة. ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔

تَرَعْبَلَ: اللَّحمَ: گوشت کے پارچے پارچے ہونا۔ الثَّوبَ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الرَّجُلُ: بیوقوف سست عورت سے نکاح کرنا۔

تَرَعْبَلَ اللَّحمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا۔ الثَّوبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

الرَّعْبَلُ مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: موٹا اونٹ۔

الرَّعْبَلَة والرُّعْبُولَة. پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِل و رَعَابِيل اور کہا جاتا ہے "ثَوبٌ رَعَابِيل" یعنی پرانا کپڑا۔

الرَّعْبَلَة والرَّعْبَلِيل. مِنَ الرِّيَاحِ: ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔

الرُّعْبُولَة. پھٹا ہوا۔ چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔

رَعَثَ (ف) رَعْثًا ورَعِثَ (س) رَعَثًا. العَنْزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔

تَرَعَّثَتْ وارْتَعَثَت. المَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔

الرَّعْثُ والرَّعَثُ. رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔

الرَّعْثَة والرَّعَثَة. بالی۔ مرغ کی کلغی؛ مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث و رُعُث.

الرَّعْثَاء. بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں؛ لمبے دانہ والا انگور۔

الرَّاعُوثَة. پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔

رَعَجَهُ (ف) رَعْجًا ورَعَجًا وارْعَجَهُ. تنگی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ البَرقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ أَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال مویشی والا ہونا۔ رَعِجَ (س) رَعَجًا المَالُ، او العَدَدُ. بہت ہونا۔ الوَادِي: وادی کا بھر جانا۔ ارْتَعَجَ الرَّجُلُ. کانپنا۔ کہا جاتا ہے خَرَجُوا ولَهُم ارْتِعَاجٌ. لوگ نکلے اس حال میں کہ اُن کے لئے اضطراب تھا۔ البَرقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الوادی. بھر جانا۔ المَالُ: بہت ہونا۔

الرَّعَجُ. بہت مویشی۔

رَعَدَ (ف ن) رَعْدًا و رُعُودًا. السَّحَابُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے "وَرَعَدَ لِي فُلَانٌ و بَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ و "رَعَدَتِ المَرْأَةُ و بَرَقَت" یعنی وہ عورت بناؤ سنگھار کے سامنے آئی۔

أَرْعَدَ الرَّجُلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا؛ گڑگڑاہٹ سننا. زَيدًا: دھمکی دینا۔ الخَوفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا؛ لرزا دینا۔

أُرْعِدَ. کپکپی ہونا۔

تَرَعَّدَ. حرکت کرنا۔ کانپنا۔

ارْتَعَدَ. اضطراب کرنا۔ کانپنا۔

الرَّعْد س۔ بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ والصَّلِيلِ" یعنی وہ لڑائی لایا۔

الرَّعْدَة والرِّعْدَة. کپکپی۔

الرَّعَّاد. بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور اس کو "سَمَكَةُ الرَّعْدِ" بھی کہتے ہیں۔

الرَّعَّادَة. بہت بولنے والا۔

الرَّاعِدَة. گرجنے والا بادل۔ صَلَفٌ تَحْتَ الرَّاعِدَة: اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِد. ذَاتُ الرَّوَاعِد: مصیبت۔

رَعْدَدَ. سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

تَرَعْدَدَ. کپکپی ہونا۔

الرِّعْدِيد والرِّعْدِيدَة. بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رِعْدِيد: نرم و نازک نباتات۔ ج رَعَادِيد.

رَعْرَعَ المَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا۔ اللهُ: اگانا۔

تَرَعْرَعَ. الصَّبِيُّ: بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔ المَاءُ او السَّرَابُ: پانی یا سراب کا متلاطم ہونا۔ السِّنُّ: دانت کا ہلنا۔

الرَّعْرَع والرُّعْرُع والرَّعْرَاع. اچھے قد اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِع ورَعَارِيع.

الرَّعْرَاع: بزدل۔ لمبا نرکل۔

رَعَسَ (ف) رَعْسًا. کانپنا۔ تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (رَعْسًا ورَعَسَانًا) رَأسَهُ: بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔

أَرْعَسَه. کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔

تَرَعَّسَ وارْتَعَسَ. کانپنا۔

نَاقَةٌ (رَاعِسَةٌ) اونٹنی جو نشاط میں ہو۔

الرَّعُوس. خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔

الرَّعِيس. چلنے میں لڑکھڑانے والا۔

الرَّعَّاس. نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔

المِرْعَس. خسیس آدمی جو کوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے۔

رَعِشَ (س) رَعَشًا وارْتَعَشَ. کانپنا۔ صفت (رَعِش ورَعِيش)

اَرْعَشَهٗ و رَعَّشَهٗ. کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔ عاجز کرنا۔
الرَعِش والرِعْشِیْش. بزدل۔ جلد باز۔
الرِعْشَة. جلد بازی۔
الرُعَاش. مرض کی وجہ سے کپکپی۔
نَاقَةٌ (رَعُوش) بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی۔
الرَعْشَاء. مِنَ النَعامِ: تیز رفتار شتر مرغ۔ مِنَ النُوقِ: تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی۔
المُرْعَش والمَرْعَش. ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔
الرَعْشَن. کانپنے والا۔ بزدل۔ جلدی کرنے والا۔
رَعَصَ (ف) رَعْصًا وارْعَصَ. الشَیْئَ: حرکت دینا۔ ہلانا۔ کھینچنا عَلَیْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا۔
تَرَعَّصَ وارْتَعَصَ. عَلَیْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا الجَدْیُ: بکری کے بچے کا خوشی میں آکر اُچھلنا۔
رَعَظَ (ف) رَعْظًا. السهمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑ دینا۔
رَعَّظَهٗ. عَنْ کَذَا: سُست کر دینا۔ جلدی کرانا الوتدَ: اُکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
اَرْعَظَ. السَهْمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ فُلَانًا: سُست کر دینا۔
الرُعْظ. تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج اَرْعَاظ. کہا جاتا ہے "کَسَرَ عَلَیْهِ اَرْعَاظَ النَبَال" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدتِ غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے۔
رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا. الفرسُ الخَیْلَ: آگے بڑھ جانا۔
رَعِفَ (س) رَعَفًا. الدمُ: نکسیر پھوٹنا۔ (ورَعَفَ (ف ن) رَعْفًا ورُعَافًا) الرَجُلُ: نکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِهِ البَابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔

اَرْعَفَهٗ. جلدی کرانا القِرْبَةَ: مشک کو لبالب بھرنا القَلَمَ: قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔
اِرْتَعَفَ واسْتَرْعَفَ. آگے بڑھنا۔ واسْتَرْعَفَتِ الحَصیٰ رِجْلَه: کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
الرُعْف. س۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔
الرُعَاف. نکسیر۔ بہت بارش۔
الرَعَّاف. بہت نکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔
الرُعَافِی. بہت دینے والا۔ (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے۔)
الرَاعِف. فا. نتھنے کا کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج رَوَاعِف.
الرَوَاعِف. نیزے۔
الرَعُوْف والرَاعُوْف والرَاعُوْفَة و الاُرْعُوْفَة. مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الرُعُوف. ہلکی بارش۔
المَرَاعِف. ناک اور اس کا ارد گرد۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه عَلَی الرَغْمِ مِنْ مَرَاعِفِه" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
المُسْتَرْعِف. مِنَ الخَیْلِ: آگے رہنے والا گھوڑا۔
رَعَقَ (ف) رُعَاقًا ورَعِیْقًا. بَطْنُ الدَابَةِ: جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔
رَعَلَ (ف) رَعْلًا الشَیْئَ: کشادہ۔ پھاڑنا۔ فُلَانًا: سخت نیزہ مارنا۔
رَعِلَ (س) رَعَلًا. بیوقوف ہونا۔ النَبَاتُ: لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (اَرْعَل)
رَعَّلَ. الکَرْمُ: انگور کی کونپلیں پھوٹنا۔
اَرْعَلَهٗ. سخت نیزہ مارنا۔
اِسْتَرْعَلَتْ. الغَنَمُ: بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ اِسْتَرْعَلَ الرَجُلُ: جنگ میں آگے آگے چلنا۔

الاَرْعَل. بیوقوف۔ مؤنث رَعْلاء ج رُعْل لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات۔ ضَرْبٌ اَرْعَل: گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے والی تلوار کی ضرب۔
الرَعْل. پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رَعْلٌ
الرَعْل: کپڑے۔
الرَعْل. شہد کی نر مکھی۔
الرُعَال. رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔
الرَعَالَة. بیوقوفی۔
الرَعْلَة. شتر مرغ۔ بکری یا اونٹنی کے کان کے پچھلے حصے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔ تھوڑے گھوڑوں کا یا گائیوں کا گلہ۔ ج رِعَال و اَرْعَال واَرَاعِیْل. کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الخَیْلُ رِعَالًا واَرَاعِیْل" اَرَاعِیْلُ الرِیَاحِ اَوِ السَحَابِ: ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
الرُعْلَة. انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔
الرَعِیْل. آگے آگے رہنے والی جماعت (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال.
المِرْعَل. شمشیر براں۔
المِرْعَل. عمدہ مال۔
المُسْتَرْعِل. گلہ سے نکلا ہوا جانور۔ گلہ بان۔ اونٹ والا۔
رَعَمَ (ن) رَعْمًا. الشَیْئَ: نگہبانی کرنا۔ الشَمْسَ: آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔
رَعَمَتْ (ف) ورَعُمَتْ (ک) رَعَامَةً و اَرْعَمَتْ. الشَاةُ: بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوْم)
رَعَّمَ. الشَاةَ: بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔
الرَعَام. نگاہ کی تیزی۔
الرُعَام. رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج اَرْعِمَة.
الرُعَامة والرُعَامی. ایک قسم کا درخت۔
الرُعَامی. جگر کی زیادتی۔
الرِعْم. چربی۔ اُمّ رِعْم: بجو۔

الرَّعُوْم. نفس۔

الرُّعُوْم. نازک بدن عورت۔

رَعَنَ (ن) رَعْنًا ورَعِنَ (س) رَعَنًا و رَعُنَ (ک) رُعُوْنَة. بیوقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں لغزش والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)

رَعَنَتْه (ن) رَعْنًا. الشَّمْسُ: دھوپ لگنے سے بیہوشی طاری ہونا۔

الرَّعْن. س۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رِعَان ورُعُوْن.

الاَرْعَن. چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔

الرَّعُوْن تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔

رَعَا يَرْعُوْ رَعْوًا ورَعْوَةً ورِعْوَةً و رُعْوَةً. غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوٰی والرُّعْيَا)

اِرْعَوٰی اِرْعِوَاءً. مِنَ الجهل: رکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ) رجوع کرنا۔

رَعٰی يَرْعٰی رَعْيًا ورِعَايَةً ومَرْعًى. الماشِيَةُ الكَلَاءَ: جانور کا گھاس چرنا الماشِيَةَ: جانور کو گھاس چرانا النُّجُوْمَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا الاَمِيْرُ رَعِيَّةً رِعَايَةً: امیر کا انتظام مملکت کرنا عَلَيْه حُرْمَتَه: پاس عزت کرنا الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔

رَاعٰی مُرَاعَاةً. النُّجُوْمَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔ انجام پر غور کرنا الرَّجُلَ: کسی کے حق کو نگاہ رکھنا۔ رَاعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا۔

رَاعِيْتُهُ سَمْعِيْ: توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يُرَاعِيْ اِلٰی قَوْلِ اَحَدٍ" وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا۔ الحِمَارُ الحُمُرَ: گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔

اَرْعٰی. المَاشِيَةَ: جانور کو چرانا المَكَانَ: چراگاہ بنانا عَلَيْه: شفقت۔ مہربانی کرنا۔

اَرْعَيْتُه سَمْعِيْ: بات سننا۔ اَرْعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا اللّٰه

المَاشِيَةَ: چری اگانا۔

رَعَّاهُ تَرْعِيَةً. کسی سے "رَعَاهُ اللّٰه" کہنا۔

اِرْتَعَتْ وتَرَعَّتِ. المَاشِيَةُ: جانور کا چرنا۔

اِسْتَرْعٰی اِسْتِرْعَاءً. المَاشِيَةَ: چرانے کے لیے کہنا ہ مَاشِيَتَهٗ: رکھوالی کیلئے کہنا اور اسی سے مثال ہے "مَنِ اسْتَرْعَى الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیئے سے رکھوالی کیلئے کہا۔ اس نے ظلم کیا۔ اس شخص کی لئے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے ہ السَّمْعَ: توجہ کرنے کو کہنا ہ الشيْ: کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لیے کہنا۔

الرِّعْيَة. چرائی۔

الرُّعْيَا والرُّعْوٰی والرَّعْيَا والرَّعْوٰی. حفاظت۔

الرَّعْي. س۔ کہا جاتا ہے "رَعْيًا لَكَ" یعنی تمہاری حفاظت ہو۔

الرِّعْي. گھاس۔ ج اَرْعَاء. رِعْيُ الحَمَامِ والاِبِلِ: دو گھاسوں کے نام۔

الرَّعِيَّة. چرنے والا جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَايَا. رَعِيَّةُ المَلِكِ و رَعَايَاهُ: تابع فرمان لوگ۔

الرَّعَاوٰی والرُّعَاوٰی. لوگوں کے اردگرد چرنے والے مویشی۔

الرَّعَاوِيَة. عوام کے مویشی۔

الاَرْعَاوِيه. شاہی مویشی۔

الرَّاعِي. فا. بہت الفت کرنے والا حاکم قوم۔

رَاعِي المَاشِيَةِ: چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج رُعَاةٌ ورُعْيَان ورُعَاء ورِعَاء. مؤنث رَاعِيَة ج رَوَاعٍ. رَاعِيَةُ الشَّيْبِ ورَوَاعِيه: بڑھاپے کی ابتداء۔ رَاعِي الجَوْزَاءِ ورَعِيُ النَّعَائِمِ: دو ستاروں کے نام۔ رَاعِي البُسْتَانِ ورَاعِيَةُ الاَتُنِ: ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِيَةُ الرَّاسِ: جوں۔

المَرْعٰی. س۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ (والمَرْعَاة) چراگاہ۔

المَرْعِيّ جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت کی جائے۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا و رُغْبًا ورَغْبَةً. فيْه: چاہنا۔ خواہش کرنا۔ عَنْه. اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا۔

به عن غيره: دوسرے پر فضیلت دینا۔

رَغِبَ (س) رَغَبًا ورَغْبٰی ورُغْبٰی رَغْبَةً ورَغَبَةً ورُغْبُوْتًا ورَغَبَاتًا ورَغْبَاءَ اِلَيْه: خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری و ذلت سے مانگنا۔

رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَةً. بہت کھاؤ ہونا الوادی: فراخ و کشادہ ہونا۔

رَغَّبَه وارْغَبَه. في الشيء. رغبت دلانا۔ رَغَّبَه: مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَبَ اللّٰه قَدْرَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے۔

اِرْتَغَبَ. فيه: خواہش کرنا۔ چاہنا۔

تَرَاغَبَ. الوادي: کشادہ ہونا۔ الناس في الخير: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔

الرَّغَب. مرغوب۔

الرُّغُب والرِّغَاب. مِنَ الاَرْضِ: بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔

طَرِيْقٌ (رُغُبٌ) کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ.

الرَّغِيْب. بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِيْبٌ و سِقَاءٌ رَغِيْبٌ" کشادہ حوض و مشک۔ حِمْلٌ رَغِيْبٌ: بھاری بوجھ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِيْبُ الخُطْوَةِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَاب.

المَرْغُوْب. خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِيْبَة. رغیب کا مؤنث۔ امر مرغوب۔ بہت عطیہ۔ ج رَغَائِب.

رَغَثَ (ف) رَغْثًا. الوَلَدُ اُمَّه: ماں کا دودھ پینا ہ. لگاتار نیزے مارنا القَوْمُ فُلَانًا: سوال کر کے سارا مال ختم کر دینا۔

رُغِثَ. کسی سے بہت سوال کیا جانا اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں

درد ہونا۔

اَرْغَثَتْ. الْمَرْأَةُ: دائی پلائی ہونا۔ وَلَدَها: دودھ پلانا۔ صفت (رَغُوث ورَغُوثَة و مُرْغِث:) اَرْغَثَه: پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔ بار بار نیزہ مارنا۔

اِرْتَغَث. الْوَلَدُ اُمَّه: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

الرُغَثاء. پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔

المُرغَث. انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔

رَغِدَ(س) رَغَدًا ورَغُدَ(ک) رَغادَةً عَيْشُه. آسودہ و خوش حال ہونا۔ عیش کی صفت (رَغْدٌ ورَغَدٌ ورَغِيْدٌ)

اَرْغَدَ. القومُ: آسودہ زندگی والی ہونا مَواشِيَهُمْ: جانوروں کے چرنے کے لیے آزاد چھوڑنا اللّٰهُ عَيْشَه: آسودہ بنانا۔

اِرْغادَّ. رائے میں متردد ہونا اللَّبَن: دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔

اِسْتَرْغَدَ. العَيْشَ: آسودہ زندگی پانا۔ قَوْمٌ (رَغَدٌ) ونِساءٌ رَغَدٌ: آسودہ زندگی والی قوم۔ اور یہ راغد کی جمع ہے جیسے خادم کی جمع خدم۔

الرَغِيْدَة. ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

المَرْغَدَة. باغ۔

رَغَسَهُ(ف) رَغْسًا واَرْغَسَهُ. اللّٰه مالًا وولدًا: بہت دینا۔

اِسْتَرْغَسَهُ. نرم سمجھنا۔

الرَغْس. نعمت وبرکت۔ نمو۔ ج اَرْغاس.

المُرْغِس. مِنَ العَيْش: فراخ زندگی۔

المَرْغُوس. مبارک۔

المَرْغُوسَة. المَرْغُوس کا مؤنث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔

رَغَشَ(ف) رَغْشًا. عَلَيْهِ: شور مچانا۔

رَغَفَ(ف) رَغْفًا. العَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا البَعِيْر: اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔

اَرْغَفَ. چلنے میں جلدی کرنا اِلَيْهِ: تیز نظر سے دیکھنا۔

الرَغِيْف. گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ چپاتی روٹی۔ ج اَرْغِفَة ورُغُف ورُغْف ورُغْفان وتَراغِيف.

وَجْهٌ (مُرَغَّف) سخت چہرہ۔

رَغَلَ(ف) رَغْلًا. الوَلَدُ اُمَّهُ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

اَرْغَلَ. الرجلُ. غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا اِلَيْهِ: مائل ہونا الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا الشيءَ: بے موقع رکھنا۔

الجَدْيُ اُمَّه: بکری کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا المكانُ: رغل نامی گھاس اگانا الماءَ: بہت گرانا۔

الرُغْل. ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ ج اَرْغال.

الرَغُوْل. اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَمْ رَغُوْل" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے۔

الاَرْغَل. من العَيْش: فراخ زندگی۔

الرَغْلَة. بکری۔ بھیڑ کا بچہ۔

رَغَمَهُ(ف) رَغْمًا. مغلوب ومجبور کرنا۔

رَغَمَ الشيءَ: ناپسند کرنا۔

رَغِمَ(س) ورَغَمَ(ن) رَغْمًا ورِغْمًا ورُغْمًا. اَنْفُه لله: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ صفت (راغِم) الانفِ. ج رُغْمُ الاُنُوْف. ورَغِمَه: ناپسند کرنا۔

رَغَّمَهُ. ذلیل کرنا اور رغمًا رغمًا کہنا۔ اَنْفَه: خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰهُ اَنْفَه" یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے فُلانٌ اَنْفَه: فروتنی کرنا۔

اَرْغَمَهُ. ذلیل کرنا۔ ناراض کرنا۔ ناپسندیدہ کام پر اکسانا الذُّلَّ: خاک آلود کرنا۔ اَرْغَمَ اَهْلَه: اپنے اہل کو ناپسندیدگی سے چھوڑنا اللُّقْمَةَ مِن فِيهِ: لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا اللّٰهُ اَنْفَه: ذلیل کرنا۔ اَرْغَمَتِ الغَنَمُ اَوِ الظِّباءُ: بکری یا بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا۔

راغَمَهُ. باہم غضبناک ہونا۔ ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ دشمنی کرنا۔ غصہ سے علیحدہ ہونا۔

تَرَغَّمَ. عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ تَرَغَّمَتِ الرَّجُلَ: کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا۔

الرَّغْم والرُّغْم والرِّغْم. ناپسندیدگی۔ مجبوری۔ ذلت۔ مٹی۔ کہا جاتا ہے "اَتى عَلى رَغْمِه" وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا۔

الرَّاغِم. فا. راغِمُ الاَنْف: ذلیل: ج رُغْمُ الاُنُوْف.

الرَّغام. مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت۔

الرُّغام. رینٹ۔ ج اَرْغِمَة.

الرُّغامة. حاجت۔ مطلوب۔ کہا جاتا ہے "لِيْ عِنْدَ فُلانٍ رُغامة" مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے۔

الرَّغْماء. مِنَ الشاءِ: ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری۔

المَرْغِم والمَرْغَم. ج مَراغِم و (الرُّغامى) ناک الرُّغامى: جگر کی زیادتی۔ پھیپھڑوں کی رگیں۔

المُراغَم. مٹ. بھاگنے کی جگہ۔ جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِذْلِيْ عَن دارِ الهَوانِ مُراغَم" میرے لیے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے۔ قلعہ۔

المَرْغَمَة. ناپسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ عَلى مَرْغَمَتِه" میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا۔

المِرْغام. غضب میں ڈالنے والا۔ مؤنث مِرْغامَة.

رَغَنَ(ف) رَغْنًا. فِيْهِ: لالچ کرنا۔ اِلَيْهِ: کان لگانا۔

اَرْغَنَه. طمع دلانا۔ اَرْغَنَ الاَمْرَ: آسان کرنا اِلَيْهِ: کان لگانا۔ اَرْغَنَ لِفُلانٍ: اطاعت وفرماں برداری کرنا۔

الاَرْغُن والاَرْغُنُوْن. (آرگن ایک باجہ کا نام)

رَغَلَ(ن) رُغَاءً. البَعِيرُ او النَّعَامُ او الضَّبُعُ بلبلانا۔ چیخنا الصَّبِیُّ بہت رونا۔
الرَّغْدُ زور سے گرجنا۔
رَغَلَ(ن) رَغْوًا ورَغًى تَرْغِيَةً وارْغَىٰ اِرْغَاءً. اللَّبَنُ و نَحْوُهٗ دودھ پر جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَى الرَّجُلُ وأَزْبَدَ" مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی۔ "وَاَتَيْتُهٗ فَمَا اَثْغَىٰ وَلَا اَرْغَىٰ" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی تولیل کرنا۔ مغلوب کرنا۔ ورَغَّىٰ فُلَانًا غضبناک کرنا۔
اِرْتَغَىٰ. اللَّبَنَ دودھ سے جھاگ اُتار لینا
الرُّغْوَة جھاگ پینا۔
الرَّغْوَة والرُّغْوَة والرِّغْوَة ج رُغًى ورِغًى و (الرُّغَايَة والرِّغَايَة والرِّغَاوَة والرُّغَاوَى والرِّغَاوَى) مِنَ اللَّبَنِ: دودھ کا جھاگ۔
الرَّاغِيَةُ اونٹنی۔ کہتے ہیں "مَالَهٗ ثَاغِيَةٌ ولَا رَاغِيَةٌ" اُس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی۔
المِرْغَاةُ کفگیر۔
المُرْغِيَّ. مِنَ الكلامِ مبہم گفتگو۔
رَفَّ(ن ض) رَفًّا بہت کھانا ہ خدمت کرنا۔ بھلائی و احسان کرنا۔ ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا النَّاسُ بِهٖ گھیر لینا بہ اکرام و تعظیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَنْ كَانَ يَحُفُّهٗ ويَرُفُّهٗ" وہ شخص چلا گیا جو اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا۔
البَيْتَ گھر میں الگنی بنانا الى كذا خوش ہونا۔ رَفَّتْ عَيْنُهٗ پھڑکنا) البرق بجلی کا چمکنا شَفَتَيْهِ ہونٹ کا چوسنا۔
اللَّبَنَ ہر روز دودھ پینا ثَوْبَهٗ دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشادہ کرنا۔
الدَّابَةَ بھوسہ کھلانا۔
رَفَّ(ض) رَفًّا ورَفِيْفًا وارْتَفَّ النَّبَاتُ لہلہانا۔ رَفَّتِ العَيْنُ پھڑکنا۔ رَفَّ البَرْقُ بجلی چمکنا۔ رَفَّ لَوْنُهٗ چمک اُٹھنا۔
اَرَفَّ اِرْفَافًا. الطَّائِرُ پرندہ کا دونوں بازو پھیلانا۔
الرَّفُّ س۔ الگنی۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں۔ ریت کی باریک نوک۔ مویشی کا گلہ یا پرندوں کی ڈار۔ بکریوں کا باڑہ۔ ملائم کپڑا۔ ج رُفُوف ورِفَاف.
الرِّفُّ اونٹوں کا گلہ۔ ہرن کا پینا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ الحُمّىٰ رِفًّا" اُس کو روزانہ بخار آیا۔
الرُّفّ والرُّفَّة بھوسہ و بھوسہ کا چورہ۔
الرُّفَاف بھوسہ کا چورہ۔
الرَّفِيْف س۔ چھت۔ فراخ سالی فتی رفيف الاخلاق اچھے اخلاق والا جوان۔
الرَّفَّاف اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "ثغر رَفَّاف" سفید و شفاف دانت۔
رَفَأَ(ف) رَفْأً. الثَّوْبَ کپڑے کو رفو کرنا۔ مرمت کرنا ہ خوف سے تسکین دینا۔ مدد دینا بَيْنَهُمْ صلح کرانا السَّفِيْنَةَ کشتی کو کنارہ پر لانا۔
رَفَّأَهٗ تَرْفِئَةً و تَرْفِيْئًا مبارک باد دینا اور "بالرِّفَاءِ والبَنِيْن" کہنا۔ (بالرفاء والبنين شادی کرنے والے کیلئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے بیٹے پیدا ہوں۔
اَرْفَأَ. اِلَيْهِ قریب ہونا اور پناہ لینا۔ الشَّيْءَ اِلَيْهِ قریب کرنا الرَّجُلُ کنگھی کرنا۔
السَّفِيْنَةُ کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا۔
ارْفَأَهٗ و رَافَأَهٗ مدارات کرنا۔ مدد کرنا۔
الرِّفَاءُ اتفاق۔
الرَّفَّاءُ رفوگر۔
المَرْفَأُ والمُرْفَأُ. مِنَ البَحْرِ بندرگاہ۔ ج مَرَافِئ.
رَفَتَ(ن ض) رَفْتًا. الشَّيْءَ توڑنا۔ کوٹنا۔ چورہ کرنا (وارْفَتَّ و تَرَفَّتَ ٹوٹنا۔ چورہ ہونا العَظْمُ ریزہ ریزہ ہونا۔
الحَبْلُ رسی کا کٹ جانا۔
الرُّفْت بھوسہ۔ ہر چیز کو توڑنے والا۔
الرُّفَات چورہ۔ ریزہ۔ ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے۔
رَفَثَ(ن ض) رَفْثًا ورَفِثَ(س) رَفَثًا وارْفَثَ. فِيْ كَلَامِهٖ فحش گوئی کرنا۔
الرَّفَث س۔ گندی گفتگو۔ جماع۔
رَفَّحَهٗ نئی شادی والے کو مبارکباد دینا۔
رَفُخَ. عَيْشٌ رَافِخٌ ناز و نعمت کی آسودہ زندگی۔
الرُّفُوْح مصیبتیں۔
رَفَدَهٗ(ض) رَفْدًا او اَرْفَدَهٗ دینا۔ مدد دینا۔ رَفَدَ الحَائِطَ سہارا دینا۔ رَفَدَ الدَّابَّةَ و عَلَيْهَا وارْفَدَ لَهَا چوپایہ کیلئے پالان بنانا۔
رَافَدَهٗ مدد دینا۔
رَفَّدَهٗ تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔
تَرَافَدَ. القَوْمُ باہم مدد کرنا۔
اِرْتَفَدَ. المَالَ کمائی کرنا۔ حاصل کرنا۔
اِسْتَرْفَدَهٗ عطیہ طلب کرنا۔ مدد طلب کرنا۔
الرَّفْد حصہ۔ بڑا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "اُرِيْقَ رَفْدُهٗ" اس کا انتقال ہو گیا۔
الرِّفْد ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا دی جائے تاکہ اس کیلئے سہارا ہو جائے۔ عطیہ۔ مدد۔ بڑا پیالہ۔ ج اَرْفَاد ورُفُوْد.
الرِّفْدَة لوگوں کی جماعت۔ ج رِفَد.
الرَّافِد. فلاں بادشاہ کی غیبوبت میں اس کا قائم مقام۔ ج رُفَّد.
الرَّافِدَانِ دریائے دجلہ و فرات۔
الرَّافِدَة پل کے اوپر چھت کی لکڑی۔ عوام اسے "وَصْلَة" کہتے ہیں۔ ج رَوَافِد.
الرِّفَادَة زخم کی پٹی۔ زین۔ زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز۔
نَاقَةٌ رَفُوْدٌ ایک دفعہ کے دوہنے میں پیالہ بھرنے والی اونٹنی۔ ج رُفُد.
المِرْفَد والمِرْفَدَة مدد۔ ج مَرَافِد.

المِرْفَد بڑا پیالہ۔ ج مَرافِد۔

المَرافِيد بکریاں جن کا دودھ جاڑے یا گرمی میں کبھی ختم نہ ہو۔

المُرْفِد یاری گر۔

رَفْرَف. الطَّائِرُ: پرندے کا پھڑ پھڑانا الشَّيْءُ: آواز کرنا۔

الرَّفْرَف. لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔ خیمہ کا دامن۔ زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ۔ درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔ بچھونا۔ تکیہ۔ باریک ریشمی کپڑا۔ کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتِ الرِّيحُ رَفْرَفَ الفُسْطَاطِ" ہوا نے خیمہ کے دامن کو اِدھر اُدھر کر دیا۔ رَفْرَف الدِّرْعِ: زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ ج رَفَارِف۔

الرَّفْرَاف. ایک پرندہ جس کو "خَاطِف ظِلِّهِ" بھی کہتے ہیں۔ نر شتر مرغ۔

رَفَزَهُ (ض) رَفْزًا مارنا۔

الرَّافِز. حرکت کرنے والی رگ۔

رَفَسَهُ (ن ض) رَفْسًا ورِفَاسًا سینہ پر مارنا البَعِيرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا اللَّحْمَ و نَحْوَهُ: گوشت کا قیمہ کرنا۔

الرِّفَاس. اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسّی۔

الرَّفْسَة. سینہ پر لات مارنا۔

نَاقَةٌ (رَفُوسٌ) دولتی مارنے والی اونٹنی۔

رَفَشَ (ن) رَفْشًا کھانے پینے میں فائدہ اُٹھانا۔ خوب کھانا پینا القَمْحَ: گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا کر لے جانا الشَّيْءَ: کوٹنا (رُفُوشًا) فِي الأَمْرِ: کشادہ ہونا۔

رَفِشَ (س) رَفَشًا چوڑے کانوں والا ہونا۔ صفت (أَرْفَش) مؤنث رَفْشَاء. ج رُفْش۔

رَفَّشَ لِحْيَتَهُ: داڑھی میں کنگھا کرنا۔

الرَّفَّاش. گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا اُٹھا کر ماپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔

الرَّفْش مص۔ بیلچہ۔ کشتی کا چپّو۔

المِرْفَشَة بیلچہ۔

رَفَضَ. تَرَافَضُوا المَاءَ باری باری پانی پر آنا۔ ہر ایک آنے والے کو (رَفِيض) کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَفِيضُكَ" وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔

اِرْتَفَضَ. السِّعْرُ بھاؤ گراں ہونا۔

الرُّفْضَة پانی پینے کی باری۔

رَفَضَ (ن ض) رَفْضًا ورَفَضًا. الشَّيْءَ: پھینکنا۔ چھوڑنا۔ صفت رَافِض ج رَافِضُونَ ورَفَضَه ورُفَّاض (وأَرْفَضَ) الإِبِلَ: چراگاہ میں متفرق کر دینا۔ رَفَّضَ و أَرْفَضَ الوَادِي: کشادہ ہونا۔

رَفَضَت (ن) رُفُوضًا. الإِبِلُ: چرواہے کی نگاہ کے سامنے تنہا تنہا چرنا۔

تَرَفَّضَ. بکھرنا۔ متفرق ہونا۔ ٹوٹنا الدَّمْعُ: آنسو بہانا اور بکھرنا۔

اِرْفَضَّ. الدَّمْعُ: آنسو بہنا و ٹپکنا الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا الشَّيْءُ: متفرق ہو کر جانا اور اسی سے ہے "اِرْفَضَّ النَّاسُ عَنْهُ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے الوَجْعُ: درد کا زائل ہونا۔

اِسْتَرْفَضَ. الوَادِي: کشادہ ہونا۔

الرَّفْض. مص رِفَاض و (الرَّفَض) ج أَرْفَاض. اونٹنیوں یا ہرنیوں کا متفرق گلہ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامٌ رَفَضٌ" تھوڑے متفرق شتر مرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فِي القِرْبَةِ رَفَضٌ مِنْ مَاءٍ" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔

الرَّافِضَة. جنگ وغیرہ میں اپنے قائد ور ہنما کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ ج رَوَافِض. اور اسی سے ہے "لَا خَيْرَ فِي الرَّوَافِضِ"

الرَّافِضَة: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لیے "رَافِضِيٌّ"

الرِّفَاض. پریشان راستے۔

الرُّفَاض. مِنَ الشَّيْءِ: ٹکڑے۔ ریزے۔

رَجُلٌ (قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ) قبضہ کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔

الرُّفُوض. متفرق گھاس۔ رُفُوض النَّاسِ: لوگوں کے گروہ۔ رُفُوض الأَرْضِ: زمین جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو۔ زمین جو حِمی ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔

الرَّفِيض. چھوڑا ہوا۔ پسینہ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ۔

الرَّفِيض والمَرْفُوض. چھوڑا ہوا۔

المَرْفَض. مِنَ الوَادِي: سیلاب بہنے کی جگہ۔ ج مَرَافِض.

رَفَعَ (ف) رَفْعًا. الشَّيْءَ: اُٹھانا فُلَانًا عَلَى صَاحِبِهِ فِي المَجْلِسِ: آگے بڑھانا الكَلِمَةَ: رفع کی علامت لگانا الشَّيْءَ: لینا الشَّيْءَ فِي خِزَانَتِهِ: چھپانا الجَمَلُ فِي السَّيْرِ: چلنے میں جلدی کرنا القَوْمُ: ملکوں میں گھستے چلے جانا الجَمَلَ: تیز چلانا الحَدِيثَ: پہلے قائل تک سند پہنچانا۔

(رَفْعًا ورَفَاعًا ورِفَاعَةً) القَوْمُ الزَّرْعَ: کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا (رَفْعًا ورُفْعَانًا) زَيْدًا إِلَى الحَاكِمِ: فیصلہ کرانے کے لیے جانا ہ إِلَى السُّلْطَانِ: پیش کرنا۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا أَمْرٌ يَرْفَعُ الرَّاسَ" یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجد و بزرگی ہے۔ و "فُلَانٌ لَا يَرْفَعُ العَصَا عَنْ عَاتِقِهِ" یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔

رَفُعَ (ک) رِفْعَةً ورَفَاعَةً عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (رَفِيع) ورَفُعَ رَفَاعَةً: بلند آواز والا ہونا الثَّوْبُ: باریک ہونا۔ صفت (رَفِيع)

رُفِعَ لَهُ الشَّيْءُ. دور سے دیکھنا۔

رَفَّعَهُ. بلند کرنا۔ رَفَّعَ القَوْمَ: لڑائی سے دور کرنا۔

رَافَعَهُ. إِلَى الحَاكِمِ شکایت کر کے فیصلہ کے لئے حاضر کرانا ہ قطع تعلق کرنا بِهِمْ: رحم کرنا۔

تَرَفَّعَ. برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَفَّعَتْ بِیْ هِمَّتِیْ عَنْ كَذَا" میری ہمت نے مجھ کو اس سے برتر بنادیا ہے الشَّیْءَ او الرَّجُلَ بلند کرنا۔

ترافعا. ایک دوسرے کو بلند کرنا الخَصمان الی الحاکِم فیصلہ کے لیے جانا۔

اِرْتفع بلند ہونا السِّعْرُ بھاؤ گراں ہونا النَّهارُ دن کا چڑھنا دراز ہونا۔ مِنْ بَیْنِهِمُ الخِصَامُ دشمنی زائل ہونا۔ الشَّیْءُ بلند ہونا۔

اِسْتَرْفَعَ. الشَّیْءَ اُٹھانے کو کہنا الخِوانُ: دستر خوان خالی ہونا اور اُٹھانے کا وقت آنا۔

الرَّافع. فا. بَرْقٌ رَافِعٌ چمکنے والی بجلی۔

الرِّفعة. بس. بلندی ومرتبہ۔

الرَّفاع والرِّفاع کھیتی میں دانے کا موٹا ہونا۔ کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔

الرَّافِعَةُ وَالمخل(فارسی کلمہ): بوجھ اٹھانے کا اوزار۔ کرین۔ پتھر توڑنے کا آلہ بھاری اشیاء تولنے کا آلہ جس کا دوسرا نام القبان بھی ہیں قینچی جس کو المقصّ بھی بولتے ہیں۔ دستپناہ جس کو المِلقط بولتے ہیں۔ چمٹی جس کو الکسّارۃ بولتے ہیں۔

الرَّفَاعة والرُّفاعة والرِّفاعة. مِنَ الصَّوْتِ آواز کی بلندی وشدت۔ الرِّفاعة والرُّفاعة گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔

الرَّفِیْعة حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ۔

المَرْفُوع. مف. ایک قسم کی تیز دوڑ مِنَ الکَلامِ بلند گفتگو۔ والحدیثُ المَرْفُوعُ عِنْدَ المُحَدِّثِیْن وہ حدیث جس کی سند نبی کریم ﷺ تک متصل ہو۔

الاِرْتفاعُ ارباب مساحت کے نزدیک بلندی مثلث یا اضلاع والی یا مخروطی شکل میں۔ دو قاعدوں کے درمیان ایک عمود (علم ہندسہ والوں کے نزدیک) کسی ستارے کا بلند ہونا (فلکیات میں) وہ زاویہ جو کہ افق اور زمین و کوکب کے درمیان واقع ہونے والے سیدھے خط کے درمیان ہو۔

المِرْفَع بلند کرنے کا آلہ۔

المَرْفَع والمَرَافِع. عِنْدَ المَسِیْحِیِّیْن: مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔

رَفُعَ(ک) رَفَاغَةً. العَیْشُ کشادہ و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِغ ورَفِیْغ وارْفَغ)

اَرْفَغَ. لَهُ المَعاشَ آسودہ و کشادہ بنانا۔

تَرَفَّغَ آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔ جماع کے لیے عورت کی دونوں رانوں کے درمیان بیٹھنا۔

الرُّفْغ ج. اَرْفُغ ورِفَاغ وادی کی بہت بری جگہ۔ بہت خاک والی زمین۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ كَرُفْغِ التُّراب" یعنی وہ بہت زیادہ مال لایا۔ گوشہ ج ارفاغ ورُفُوْغ. جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ۔ جوار کا بھوسہ۔

اَرْفاغُ النَّاسِ نااہل و کمینے لوگ۔

(الرَّفْغ والرَّفَاغَة والرَّفاغِیَة) آسودہ زندگی کَلَسٌ رَفْغٌ نرم چونے کا گارہ۔

الرِّفغ ناخن کا میل۔

الرُّفْغ بغل۔ اندام نہانی کا ارد گرد۔ اور اسی سے ہے "اِذَا التَقَی الرُّفْغَان وَجَبَ الغُسلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

الرُّفغ ناخن کا میل۔

المَرَافِغ کج ران و بغل (جمع ہے اور اس کا واحد نہیں۔)

المَرْفُوْغة تنگ اندام نہانی والی عورت جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔

رَفَقَ(ن) رَفْقًا نفع پہنچانا۔ مدد کرنا۔ کہنی پر مارنا النَّاقَةَ اونٹنی کے بازو کو باندھنا۔ العَمَلَ مضبوطی سے کرنا۔

رَفِقَ و رَفُقَ(ن وک) ورفق(س) رِفْقًا ومَرْفِقًا ومَرْفَقًا و مِرْفقا. بِهِ وَلَهُ وعَلَیْهِ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔

رَفِقَ(س) رَفَقًا. البَعِیْرُ پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔ صفت (اَرْفَق)

رَفُقَ(ک) رَفَاقَةً. الرَّجُلُ ساتھی ہونا۔

رَافقہ. رفیق ہونا۔ ساتھی ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَافَقَهُ فِی السَّفَرِ" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔

اَرْفَقَ. مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ نفع پہنچانا۔

تَرَفَّقَ. بِهِ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ عَلَیْهِ سہارا لینا۔

ترافق. الرَّجُلانِ ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِرْتفق. کہنی یا تکیہ پر ٹیک لگانا۔ مدد طلب کرنا۔ الاِناءُ بھر جانا القَوْمُ سفر میں باہم ساتھی ہونا۔ بِهِ نفع اُٹھانا۔

استرفقہُ. مہربانی طلب کرنا۔ نفع رسانی طلب کرنا۔

تَمَرْفَقَ. تکیہ لینا۔

الرِّفْق. بس. نرم برتاؤ۔ مہربانی۔ ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔

الرَّفْق. بس. نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "هٰذا اَمْرٌ رَفْقُ البُغْیَةِ" یہ سہل الحصول معاملہ ہے۔

الرَّفَق تھن میں دودھ کی نالیوں میں خرابی۔ نَاقَةٌ (رَفِقَة ورَفْقاء) اونٹنی جس کے تھن کے اندر دودھ کی نالیوں میں خرابی ہو۔

الرِّفْقَة والرُّفْقَة والرُّفاقة. ساتھیوں کی جماعت۔ ج رِفاق ورِفَق ورُفق واَرْفاق.

الرَّافقة لطف ومہربانی۔ بہتر سلوک۔

الرِّفاق اونٹنی کے بازو باندھنے کی رسّی۔ ج رُفُق.

الرَّفِیْق ساتھی۔ مہربان۔ ج رُفَقاء.

المِرْفَق والمَرْفِق کہنی۔ ہر وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے۔ ج مَرافِق.

المَرْفِق ہر وہ چیز جس سے نفع اُٹھایا جائے اور اسی سے ہے "مَرَافِقُ الدَّار" یعنی گھر کے منافع جیسے کنواں، باورچی خانہ، پاخانہ وغیرہ۔ و "مَرَافِقُ البِلادِ" شہر کے منافع جن سے سارے باشندے مستفید ہوں۔

الْمِرْفَقَة. چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسار رکھتے ہیں۔
الْمِرْفَق الْمُرْتَفَق. تکیہ لگانے کی جگہ۔
الْمُرْتَفِق. بھرا ہوا۔ ثابت۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا ورُفُوْلًا ورَفَلَانًا. دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنا۔ ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔ صفت مذکر (رَفِل)
صفت مؤنث رَفِلَةٌ.
رَفَلَ (ن) رَفْلًا ورَفِلَ (س) رَفَلًا. بدنما لباس پہننا۔ بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا۔ صفت مذکر (اَرْفَل ورَفِل) و صفت مؤنث رَفْلَاء.
اَرْفَلَ. دامن گھسیٹنا۔ ناز سے چلنا۔
ثِيَابَه: کپڑوں کو لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "اَرْفَلَ رِفْلَه" اس نے دامن لٹکایا۔
رَفَّلَهٗ. تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔ مالک بنانا۔ ذلیل کرنا۔ الْاِزَارَ: ازار لٹکانا اور ناز سے چلنا۔
تَرْفَلَ. تکبر کی وجہ سے ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ. عَلَيْهِ: رئیس و سردار بننا۔
الرِّفْل. دامن۔
الرَّفَل. س۔ مِنَ الْبِئْرِ: کنوئیں کی تہ کا تھوڑا پانی۔
الرِّفَل. لمبے دامن والا۔ لمبی دُم والا گھوڑا۔ بہت گوشت والا۔ کشادہ کپڑا۔
عَيْشٌ رِفَلٌ: کشادہ زندگی۔
الرَّفَال. مِنَ الشَّعْرِ: لمبے بال۔
الْمِرْفَال. مِنَ الرِّجَال وَالنِّسَاءِ: دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنے والا یا چلنے والی۔
الرِّفَان. آہستہ آہستہ قطروں والی بارش۔
رَفَهَ (ف) رَفْهًا ورِفْهًا ورُفُوْهًا. خوش حال ہونا۔ صفت (رَافِه ورَفْهَان)
رَفَهَت الْاِبِلُ: حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔ صفت (رَافِهَة) ج رَوَافِه.
رَفُهَ (ک) رَفَاهًا ورَفَاهِيَةً ورَفَاهَةً الْعَيْشُ: زندگی کا خوش گوار و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِه ورَفِيه)
رَفَّهَ وَاَرْفَهَ. الرَّجُلَ: آسودہ و خوشحال بنانا۔

رَفَّهَ عَنْه: مہلت دینا۔ بارِ غم ہلکا کرنا۔ کشادگی کرنا۔ اَرْفَهَ ورَفَّهَ الرَّاعِي. الْاِبِلَ: حسب مرضی آنے دینا۔ اَرْفَهَت الْاِبِلُ: اونٹ کا پانی کے قریب رہنا۔ اَرْفَهَ الْقَوْمُ قوم کے مویشی کا حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔
رُفِّهَ. عَنْه: تنگی و رنج دور کیا جانا۔
اَرْفَهَ وَتَرَفَّهَ واسْتَرْفَهَ. آرام لینا۔
الرِّفْهُ. س۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
الرَّفَهَة. رحمت و مہربانی۔
هُوَ (رَافِه) بِه وہ اس پر مہربان ہے۔
الرُّفَهْنِيَةُ. فراخی، عیش ارزانی۔
الرُّفْه. خشک گھاس اور اسی سے مثل ہے "اَغْنَى مِنَ التُّفَه عَنِ الرُّفَه"
رَفَا (ن) رَفْوًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر رفو کرنا۔ درست کرنا۔ صفت (رَافٍ) ج رُفَاة اور صفت مفعولی (مَرْفُوٌّ) ہ: ڈر دور کرنا۔ فاقہ دور کرنا۔
رَفَّى تَرْفِيَةً. الْعَرِيْسَ: شادی شدہ کو دعا دینا اور "بِالرَّفَاءِ وَالْبَنِيْن" کہنا۔
رَافَى رِفَاءً ومُرَافَاةً. الرَّجُلَ: موافقت کرنا۔
اَرْفَى. اِلَيْهِ: پناہ لینا۔
تَرَافَى. الْقَوْمُ عَلَى الْاَمْرِ: باہم موافق ہونا۔
الرِّفَاء. اتفاق و موافقت۔
الْاَرْفَى. ڈھیلے پن کے ساتھ لمبے کانوں والا۔ مؤنث رَفْوَاء ج رُفْوٌ.
الْاُرْفِيُّ. ہرن کا دودھ یا مطلقاً دودھ۔
رَقَّ (ض) رِقَّةً. پتلا ہونا لَهٗ: رحم کرنا وَجْهُه: شرم کرنا الرَّجُلُ: بُرے حال والا اور کم مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَقَّتْ عِظَامُهٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔
رَقَّ (ض) رِقًّا. الْعَبْدُ: غلام بننا یا غلام رہنا۔
رَقَّقَهٗ. پتلا کرنا۔ رَقَّقَ اللَّفْظَ: نرمی سے پڑھنا الْكَلَامَ: خوبصورتی سے گفتگو کرنا۔

مَشْيَهٗ: آہستہ چلنا مَابَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔
اَرَقَّ. الشَّيْءَ: پتلا کرنا الْوَاعِظُ قَلْبَه: دل کو نرم کرنا الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔
الْعِنَبُ: انگور کا پتلے چھلکے اور زیادہ شیرہ والا ہونا الْعَبْدَ: غلام کا مالک ہونا۔
تَرَقَّقَ. الشَّيْءُ: پتلا ہونا لَه: رحم کھانا۔ ترس کھانا۔
اسْتَرَقَّ. الشَّيْءُ: پتلا ہونا الْعَبْدَ: غلام کا مالک ہونا اللَّيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا الْمَاءُ: پایاب ہو جانا۔
الرِّقّ. س۔ غلامی۔ پتلی چیز۔ پتلی کھال۔ جس پر لکھا جائے۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ درخت کے پتے یا جانوروں کے لیے آسانی سے حاصل ہونے والی ٹہنیاں۔
الرَّقّ. لکھنے کے لیے پتلی کھال۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ پتلا۔ مگرمچھ کے مشابہ ایک آبی جانور۔ بڑا یا نر کچھوا۔ ج رُقُوْق.
الرِّقّ والرُّقّ والرَّقَق. نرم و کشادہ زمین۔
الرُّقّ: سمندر یا وادی کا پتلا پانی۔
الرَّقَق. کمزوری۔ باریکی۔ کھانے کا پتلا پن۔
الرَّقَّة. زمین جو پانی سے بھر جائے اور پھر خشک ہو جائے۔ ج رِقَاق. الرَّقَّة: ایک شہر کا نام۔ الرَّقَّتَان: دو شہر ہیں جن کے نام رقة و رافقه ہیں اور یہ باب تغلیب سے ہے۔
الرِّقَّة. رحمت۔ مہربانی۔ شرم۔ باریکی۔ رِقَّة الْعَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔ رِقَّةُ الْجَانِب: ضعف و کمزوری سے کنایہ ہے۔
الرَّقَاق. بیابان۔ ہموار نرم زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرُّقَاق. پتلا۔ پتلی روٹی۔ واحد (الرُّقَاقَة) نرم مٹی والی کشادہ زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرَّقِيْق. پتلا۔ ج اَرِقَّاء مؤنث رَقِيْقَة. ج رِقَاق. کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِيْقُ الْمَعَانِي" وہ لطیف معانی والا ہے۔ و "عَيْشٌ رَقِيْقُ الْحَوَاشِي" یعنی خوش حالی اور آسودگی والی

زندگی۔ و "رَجل رَقِیق الحَالِ" کم مال والا مرد۔ و "لَفظٌ رَقِیقٌ" یعنی آسان و خوشگوار لفظ۔ الرَّقِیق: غلام۔ (واحد و جمع دونوں کے لئے) کہا جاتا ہے۔ عَبْدٌ رَقِیق و عَبِیْدٌ رَقِیق اور کبھی اَرِقَّاء جمع بولتے ہیں اور باندی کے لیے رَقِیق اور رَقِیقَة دونوں کا استعمال ہے۔ رَقِیقُ الاَنفِ: ناک کا نرم حصہ۔ الرَّقِیقَان: ناک کے نتھنوں کے کنارے۔ مَرَاقُ البَطْنِ: پیٹ کا نرم و پتلا حصہ۔ المُرَقَّق: چوڑی پتلی روٹی۔ المِرْقَاق: بیلن۔ المُسْتَرَق: چیز کا نرم حصہ۔

رَقَأ (ف) رَقْأً و رُقُوْءًا۔ الدَّمْعُ اَوِ الدَّمُ: آنسو یا خون کا خشک ہونا۔ منقطع ہونا۔ رَقَأَ بَیْنَهُم: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا فِی الدَّرَجَة: چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَأ عَلیٰ ضَلْعِكَ" اِرْقَ عَلیٰ ظَلْعِكَ میں ایک لغت ہے۔ یعنی اپنے اوپر نرمی کرو اور استطاعت سے زیادہ بوجھ مت لادو۔ اَرْقَأَ الدَّمَ اَوِ الدَّمعَ: خشک کرنا۔ الرَّقُوْءُ: خون بند کرنے والی چیز۔ قوم کے درمیان صلح کرانے والا۔ المَرْقَأة و المِرْقَاة: سیڑھی۔ زینہ۔ الرَّقَاء: فساد۔

رَقَبَهُ (ن) رُقُوْبًا و رَقُوْبًا و رَقَابَةً و رِقْبَانًا و رِقْبَةً و رَقْبَةً: نگہبانی کرنا، انتظار کرنا، ڈرانا النَّجْم: ستاروں کی دیکھ بھال کرنا ٥: گلے میں رسی ڈالنا۔ رَاقَبَهُ: نگہبانی کرنا۔ رَاقَبَ اللّٰهَ فِی اَمْرِهِ: خوف کرنا۔ اَرْقَبَهُ الدَّارَ: بشرط رُقبیٰ زندگی بھر کے لئے دینا (دیکھو لفظ رُقبیٰ) اَرْقَبَهُ الرُّقبیٰ: کسی کے لیے رُقبیٰ کرنا (دیکھو لفظ رُقبیٰ) تَرَقَّبَهُ و اِرْتَقَبَهُ: انتظار کرنا۔ اِرْتَقَبَ المَکَانَ: چڑھنا۔ تَرَاقَبَا: ایک دوسرے کی نگہبانی کرنا۔ الرَّقَب: گردن کی موٹائی۔

الرُّقبیٰ: کسی کو مکان وغیرہ اس شرط پر دینا کہ اگر میں تم سے پہلے مر جاؤں تو یہ مکان تمہارے لیے ہے اور تم مر گئے تو پھر میں واپس لے لوں گا۔ الرِّقْبَة: احتیاط۔ بچاؤ۔ نگہبانی۔ خوف۔ ڈر۔ گھبراہٹ۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَالًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ مال آباء و اجداد سے حاصل نہ کیا ہو۔ ایسے ہی کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَجْدًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ آباؤ اجداد صاحب مجد نہ ہوں۔ الرَّقَبَة: گردن یا پس گردن۔ ج رِقَاب و رَقَبَات و رَقَب و اَرْقُب۔ الرَّقَبَة: مملوک غلام (مجازاً) کہا جاتا ہے "هُمْ غِلَاظُ الرِّقَابِ" وہ سخت اور سرکش لوگ ہیں۔ الرُّقْبَة: چیتے کے شکار کے لیے گڑھا جیسے زبیہ شیر کے لئے۔ الاَرْقَب: مؤنث رَقْبَاء۔ و (الرَّقَبَان و الرَّقَبَانِی) موٹی گردن والا۔ الاَرْقَب: شیر۔ الرَّقُوْب: میراث کے لیے اپنے شوہر کی موت کا انتظار کرنے والی عورت۔ وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو یا وہ جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو۔ الرَّقُوْبُ مِنَ الشُّیُوْخِ وَ الاَرَامِل: وہ لوگ جن کی کوئی کمائی نہ ہو اور نہ وہ کمائی کرنے کی طاقت رکھتے ہوں۔ اُمّ الرَّقُوْبِ: مصیبت۔ الرَّقِیْب: ج رُقَبَاء: نگہبان۔ محافظ۔ منتظر پس ماندگان۔ چچازاد بھائی جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر۔ ایک ستارہ کا نام۔ رَقِیْبُ الجَیْش: دیدبان۔ ج رُقُب و رَقِیْبَات: ایک خبیث قسم کا زہریلا سانپ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِیْبُ نَفْسِهِ" وہ اپنے اعمال کا خود ہی نقاد ہے۔ کسی کو کچھ کہنے کا موقع نہیں دیتا۔ نیز "الرَّقِیْب" اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ الرَّقَّابَة: مالک کی غیبوبت میں مال کی نگرانی کرنے والا خادم۔ المَرْقَب و المَرْقَبَة: نگرانی کرنے کی اونچی جگہ ج مَرَاقِب۔ المِرْقَب: دوربین۔

رَقَحَ مَالَهُ: بہتر انتظام کرنا۔ تَرَقَّحَ لِعِیَالِهِ: کمائی کرنا۔ اِرْتَقَحَ: زیادہ ہونا۔ الرَّقَاحَة: کمائی تجارت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ (رَاقِحَة) اَهْلِهِ" وہ اپنے اہل و عیال کیلئے کمائی کرنے والا ہے۔ الرَّقَاحِی: سوداگر۔

رَقَدَ (ن) رَقْدًا و رُقُوْدًا و رُقَادًا: سونا۔ صفت (رَاقِد) ج رُقُوْد و رُقَّد۔ السُّوْقُ: بازار کا مندا پڑنا الحَرُّ: گرمی کم ہونا۔ عَنِ الاَمْرِ: کام سے غافل ہونا عَنْ ضَیْفِهِ: مہمان کی خبر گیری نہ کرنا الثَّوْبُ: پرانا ہونا۔ اَرْقَدَ: سلانا اَرْقَدَ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ تَرَاقَدَ: سوتا ہوا ظاہر کرنا القَوْمُ عَلیٰ فُلَانٍ: قوم کا کسی کے خلاف مدد دینا۔ اِرْقَدَّ اِرْقِدَادًا: جلدی کرنا۔ اِسْتَرْقَدَ: نیند کا غالب ہونا۔ الرَّقْدَة: نیند۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتنَا رَقْدَةٌ مِنَ الحَرِّ" یعنی ہمارے اوپر دس دن کے برابر گرمی پڑی۔ الرُّقَدَة و الیَرْقُوْد: بہت سونے والا۔ الرَّقُوْد: ہمیشہ سونے والا۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَة رَقُوْدُ الضُّحیٰ" چاشت تک سونے والی۔ یعنی آسودہ حال عورت۔ الرَّقَدَان: بکری کے بچہ وغیرہ کی اچھل کود۔ الرَّاقُوْد: بڑا مٹکا۔ ج رَوَاقِیْد: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ایک قسم کا پیمانہ۔ التَّرقِیْد: ایک قسم کی چال۔ تَرقِیدُ البَیْض: بچے نکالنے کے لیے مرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔ المَرْقَد: خواب گاہ۔ ج مَرَاقِد۔ المُرْقِد: خواب آور دوا۔ واضح راستہ۔

رَقْرَقَ۔ المَاءَ: چھڑکنا العَیْنَ: آنسو بہانا الخَمْرَ: پانی ملانا الطِّیْبَ فِی الثَّوْبِ: خوشبو لگانا۔

تَرَقْرَقَ. الماءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ چمکنا۔ آنا جانا العَیْنُ: آنسو بہانا الدَّمعُ: آنسو کا آنکھ میں چکر کھانا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا گھومتا ہوا معلوم ہونا۔
الرَّقْراق: وہ جو چمکے۔ آئے جائے۔ مِنَ الدَّمْعِ: آنسو جو آنکھوں ہی میں پھر رہا ہو۔ مِنَ السَّحابِ: آنے جانے والا بادل۔
الرُّقَارِق: سمندر یا وادی کا رقیق پانی۔ باریک کپڑا۔ بہت آبدار تلوار۔
رَقَزَ(ن) رَقْزًا: ناچنا العِرْقُ: اُچھلنا۔
الرَّقَّاز: ناچنے والا۔
رَقَشَه(ن) رَقْشًا: نقش کرنا الکَلَامَ: لکھنا، سجانا۔
رَقَّشَ. الکَلَامَ: لکھنا۔ سجانا۔ گھڑنا الصَّحِیْفَةَ: سطریں کرنا الرَّجُلَ: عتاب کرنا الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔
تَرَقَّشَ: مزین ہونا۔
اِرْتَقَشَ: حسن زینت ظاہر کرنا الجَیْشُ: لڑائی میں گتھ جانا۔
الأَرْقَشُ: سفید و سیاہ چیتوں والا۔ مؤنث رَقْشاءُ.
الرَّقْشُ والرَّقْشَةُ: ایک قسم کا رنگ جس میں میلا پن اور سیاہی ہو۔
الرَّقْشاءُ. مِنَ الحَیّاتِ: چتی دار سانپ۔ ایک قسم کا کیڑا۔ اونٹ کے مستی کے وقت کے جھاگ۔
رَقَصَ(ن) رَقْصًا: ناچنا۔ اضطراب کرنا النَّبِیْذُ: جوش مارنا فِی الکَلَامِ: جلدی جلدی بولنا (رَقْصًا ورَقَصًا و رَقَصَانًا) الجَمَلُ: اونٹ کا دوڑنا۔
رَقَّصَه وأَرْقَصَه: نچانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِرْقَصَ القَوْمُ فِی سَیْرِھِمْ" جبکہ وہ اپنی چال میں کبھی بلند ہوں اور کبھی پست۔
اِرْتَقَصَ. السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔
تَرَقَّصَ. الشَّیْئُ: جلدی جلدی پست و بلند ہونا۔
الرَّقَّاصُ: وہ پتلی جو کہ لٹکائی جائے اور دھاگہ کے ذریعے ناچے۔ ہر جسم جو کہ اپنے محور کے ارد گرد اپنے بوجھ کی وجہ سے گھومے۔
الرَّقَّاصُ: بہت ناچنے والا۔ اور اسی سے ہے رقّاص السّاعَةِ (گھڑی کا پنڈولم)
الرَّقَّاصَةُ: رقاص کا مؤنث۔ عربوں کے ایک کھیل کا نام۔ باوجود بارش کے پیداوار نہ اگانے والی زمین۔
شِعْر (مُرَقِّص): وجد میں لانے والا شعر۔
فَلاةٌ (مُرْقِصَة): بیابان جو چلنے والے کو دوڑنے پر اُبھارے۔
رَقِطَ(س) رَقَطًا: سیاہ پر سفید نقطے یا سفید پر سیاہ داغ والا ہونا۔
رَقَّطَ. عَلَی الثَّوْبِ: روشنائی وغیرہ چھڑک کر داغ ڈالنا۔
تَرَقَّطَ تَرَقُّطًا وارْقَطَّ ارْقِطَاطًا و ارْقَاطَّ ارْقِیْطَاطًا: سیاہ یا سفید داغ والا ہونا۔ صفت (اَرْقَط) مؤنث رَقْطَاءُ ج رُقْط الأَرْقَط: چیتا۔
الرُّقْطَة: سیاہ پر سفید یا سفید پر سیاہ داغ۔
الرَّقْطَاءُ: فتنہ و فساد۔
الرُّقَّیْطَاءُ: زیبائشی پودا۔
رَقَعَ(ف) رَقْعًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر پیوند لگانا الغَرَضَ بِسَهْمِه: نشانہ پر مارنا ذَنَبَهُ بِالسَّوْطِ: دم پر کوڑے سے مارنا فِی السَّیْرِ: تیز چلنا الرَّجُلَ: ہجو کرنا الشَّیْخُ: اُٹھنے کے لیے ہتھیلیوں کا ٹیک لگانا۔
رَقُعَ(ک) رَقَاعَةً: بیوقوف و بے حیاء ہونا۔ صفت (رَقِیْع وأَرْقَع و مَرْقَعَان)
رَقَّعَ تَرْقِیْعًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر پیوند لگانا اور اسی سے ہے "رَقَّعَ دُنْیَاہ بِآخِرَتِهِ" اس نے اپنی دنیا کی اصلاح آخرت سے کی۔ و "ھُوَ صَاحِبُ تَرْقِیْعٍ و تَوْصِیْلٍ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنی باتوں میں نمک مرچ لگایا کرتا ہو۔
رَاقَعَ. الخَمْرَ: ہمیشہ شراب پینا۔
أَرْقَعَ. الثَّوْبُ: کپڑے کا پیوند کے قابل ہونا الرَّجُلُ: حماقت کا کام کرنا۔
تَرَقَّعَ. البِلَادَ: شہروں میں ارزانی و فراخی میں کمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا (اِرْتَقَعَ) بِهِ وَلَهُ" یعنی اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
اِسْتَرْقَعَ. الثَّوْبُ: قابل مرمت ہونا۔
الرَّقْعُ: س۔ متقدمین کے نزدیک ساتواں آسمان۔
الرَّقْعَةُ: نشانہ میں تیر کی آواز۔
الرُّقْعَةُ: تحریر کا پرزہ۔ کپڑے کا پیوند۔ رُقْعَةُ الشِّطْرَنْجِ: شطرنج کا تختہ۔ رُقْعَةُ الغَرَضِ: جس پر نشانہ لگایا جائے۔ رُقْعَةُ الأَرْضِ: زمین کا ایک ٹکڑا۔ رُقْعَةُ الشَّیْئِ: چیز کا اصل و جوہر۔ ج رُقَعٌ ورِقَاعٌ: کہا جاتا ہے "فِی هٰذَا الجَمَلِ رُقْعَةٌ مِنَ الجَرَبِ" اس اونٹ میں خارش کی ابتداء ہے۔
الرَّقْعَاءُ. أَرْقَعُ کا مؤنث۔ بَقَرَةٌ رَقْعَاءُ: مختلف رنگوں والی گائے۔
الرَّقِیْعُ: آسمان یا قدماء کی اصطلاح میں پہلا آسمان۔ ج أَرْقِعَةٌ.
جُوْعٌ (یَرْقُوْعٌ): سخت بھوک۔
المُرْتَقَعُ: کپڑے میں پیوند کی جگہ اور کہا جاتا ہے "لَا أَرٰی فِیْهِ مُرْتَقَعًا" میں اس کے اندر کوئی موقع گالی یا ہجو کا یا کوئی موقع اصلاح کا نہیں دیکھتا ہوں۔
أَرْقَلَ: دوڑنا۔ پویہ چلنا المَفَازَةَ: بیابان کو طے کرنا۔ أَرْقَلَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا لمبا ہونا۔
الرَّقْلَةُ: کھجور کا لمبا درخت۔ ج رِقَالٌ و رَقْلٌ.
الرَّاقُوْلُ: کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی۔ پاہی۔
المِرْقَالُ والمُرْقِلُ والمُرْقِلَةُ. مِنَ الإِبِلِ: تیز رفتار اونٹ۔ ج مَرَاقِیْلُ ومَرَاقِلُ ومُرْقِلَاتٌ.
رَقَمَ(ن) رَقْمًا ورَقَّمَ: لکھنا الکِتَابَ: اعراب و نقطے لگانا۔ رَقَمَ الثَّوْبَ: کپڑے کو دھاری دار بنانا البَعِیْرَ: اونٹ پر داغ لگانا الخُبْزَ: روٹی پر نقش ڈالنا اور "فُلَانٌ یَرْقُمُ

عَلَی الْمَاءِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کاموں میں حاذق وماہر ہو۔

الرَّقْم. س۔ دھاری دار نقش یا دھاری دار چادر کی ایک قسم۔ معرب اَرْقَام و رُقُوْمُ الْاَرْقَام الْهِنْدِيَّةُ: ہندسے۔

الرَّقْم الرَّقِم و بِنْتُ الرَّقِم. مصیبت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالرَّقْمِ او بِالرَّقِمِ" یعنی وہ بہت مصیبت لایا۔ و "جَاءَ بِالرَّقِمِ الرَّقْمَاءِ" وہ بہت بڑی مصیبت لایا۔

الرَّقْمَة. باغ۔ وادی کا پہلو۔ وادی میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔ خبازی۔ کہا جاتا ہے "مَا وَجَدْتُ فِي الْاَرْضِ اِلَّا رَقْمَةً مِنْ كَلَاءٍ" میں نے زمین میں صرف تھوڑی سی گھاس پائی۔

الرَّقَمَة. ایک قسم کی نباتات۔

الرَّقِيْم. کتاب۔ لکھاہوا۔

الْاَرْقَم. ایک خبیث قسم کا سانپ۔ چتی دار سانپ۔ ج اَرَاقِم اس کی مادہ کو رَقْمَاء نہیں رَقْشَاء کہتے ہیں۔ الْاَرْقَمْ: قلم۔

الرَّقَم والرُّقْمَة. چتی دار سانپ کا رنگ۔

الْمِرْقَم. قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ داغ لگانے کا آلہ۔ ج مَرَاقِم۔

الْمَرْقُوْم. س۔ كِتَابٌ مَرْقُوْمٌ: واضح لکھی ہوئی کتاب۔ ثَوْرٌ مَرْقُوْمُ الْقَوَائِم: ٹانگوں میں سیاہ دھاری یا داغوں والا بیل۔ اَرْضٌ مَرْقُوْمَةٌ: تھوڑی گھاس والی زمین۔

رَقَنَت (ن) رَقْنًا. الْجَارِيَة: لڑکی کا مہندی لگانا۔

رَقَّنَهٗ. نقش و نگار کرنا۔ لکھنا۔ رَقَّنَ الْكِتَابَ: مزین کرنا۔ سجانا۔ قریب قریب سطریں لکھنا۔ الخطَّ: نقطے لگانا (وَاَرْقَنَ) لِحْيَتَهٗ: داڑھی پر خضاب لگانا۔

اَرْقَنَ وتَرَقَّنَ اِرْتَقَنَ واسْتَرْقَنَ. خضاب لگایا ہوا ہونا۔

الرَّقِيْن والمَرْقُوْن. لکھاہوا۔

الرِّقَان والرَّقُوْن والْاِرْقَان. مہندی یا زعفران۔

الرُّقُن. مردار خوار پرند کا انڈا۔

الرَّقْوُ والرَّقْوَة. گول وبلند ریت کا ٹیلہ۔

رَقِيَ (س) رُقِيًّا و رُقِيًّا. الجَبَلَ و فِيْهِ واِلَيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَ عَلٰى ظَلْعِكَ" یعنی اپنی طاقت کے مطابق چڑھو اور اپنے نفس پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔

رَقٰى (ض) رَقْيًا ورُقِيًّا ورُقْيَةً. ہ و عَلَيْهِ: نفع یا نقصان کے لیے منتر کرنا۔

رَقَّاهُ تَرْقِيَةً. بلند کرنا۔ چڑھانا۔

اِرْتَقٰى اِرْتِقَاءً وتَرَقّٰى تَرَقِّيًا. الجَبَلَ وفِيْهِ واِلَيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا فِي السُّلَّم: سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا بِهِ الْاَمْرُ: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ يَتَرَقّٰى بِهِ الْاَمْرُ حَتّٰى بَلَغَ غَايَتَهٗ" فلاں کے لیے معاملہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گیا۔ و تَرَقَّى الرَّجُلَ: ہنسلی کی ہڈی پر مارنا۔

تَرَاقٰى. اَمْرُهُمْ اِلَى الْفَسَادِ. معاملہ میں لگاتار فساد کا ہونا۔

اِسْتَرْقَاهُ. منتر کرنے کو کہنا لَهٗ کسی کے لیے منتر کرنے والے کو طلب کرنا۔

الرُّقْيَة. منتر۔ افسوں۔ تعویذ۔ ج رُقًى ورُقْيَات ورُقَيَات.

الرَّاقِي. فا. منتر کرنے والا۔ ج رُقَاة ورَاقُوْنَ مؤنث رَاقِيَة ج رَوَاقٍ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَاقِيَةٌ" مثل رَجُلٌ رَاوِيَةٌ کے۔ تا مبالغہ کیلئے ہے، تانیث کی نہیں۔

الرَّقَّاء. ماہر منتر کرنے والا۔ پہاڑوں پر بہت چڑھنے والا۔

الْمُرْتَقٰى. چڑھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَقَدْ اِرْتَقَيْتُ مُرْتَقًى صَعْبًا" میں دشوار مقام پر چڑھا۔

التَّرْقُوَة. ہنسلی کی ہڈی۔ ج تَرَاقِي

الْمَرْقٰى والمِرْقَاة والْمَرْقَاة. سیڑھی کا پایہ۔ ج مَرَاقٍ

رَكَّ (ض) رَكًّا ورِكَّةً ورَكَاكَةً. ضعیف وکمزور ہونا۔ اسی قول سے ہے "اِقْطَعْهُ مِنْ حَيْثُ رَكَّ" اس کو جہاں سے کمزور ہے کاٹ دو الرَّجُلُ کم علم یا کم عقل ہونا۔

رَكَّ (ن) رَكًّا. الشَّيْءَ: بعض کو بعض پر جمانا۔ کہا جاتا ہے "رَكَّ الْاَمْرَ فِي عُنُقِهٖ" اس نے کام اپنے ذمہ لازم کیا الشَّيْءَ بِيَدِهٖ: ہاتھ سے دبا کر موٹائی معلوم کرنا۔

رَكَّكَ واَرَكَّ. السَّحَابُ: ہلکی بارش برسانا۔ اَرَكَّ الْحَقُّ فُلَانًا: غالب ہونا۔

اُرِكَّتْ ورُكِّكَتِ الْاَرْضُ: ہلکی بارش برسنا۔

اِرْتَكَّ. مضطرب ہونا۔ ہلنا۔ فِي الْاَمْرِ شک کرنا۔

اِسْتَرَكَّهٗ. کمزور سمجھنا یا کمزور پانا

الرِّكُّ والرَّكُّ. ج رِكَاك واَرْكَاك و (الرِّكَّة والرَّكِيْكَة) ہلکی بارش۔ اَرْضٌ رِكٌّ: ہلکی بارش والی زمین۔ الرِّكُّ: لاغر۔

الرُّكَاك والْاَرَكُّ. کمزور عقل۔ کمزور رائے۔

الرَّكِيْك. ج رِكَاك ورِكَّة: کمزور عقل یا کمزور رائے۔ ڈھیلا ڈھالا کم ہمت۔ الرَّكِيْك مِنَ الْكَلَامِ: پھس پھسی گفتگو۔ رَجُلٌ رَكِيْكُ الْعِلْمِ: کم علم مرد۔ ثَوْبٌ رَكِيْكُ النَّسْجِ: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔

الرُّكَاكَة. کمزور عقل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُكَاكَةٌ و مَرْأَةٌ رُكَاكَةٌ" ج رِكَاك

الرُّكُوْكَة. کمزوری۔

رَكِبَ (س) رُكُوْبًا و مَرْكَبًا. الدَّابَّةَ و عَلَى الدَّابَّةِ: چڑھنا۔ سوار ہونا البَحْرَ. دریائی سفر کرنا الطَّرِيْقَ: راستہ پر چلنا۔ اَثَرَهٗ: پیچھا کرنا هَوَاهُ: مطیع خواہشات ہونا رَاْسَهٗ: بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کر گزرنا الذَّنْبَ: ارتکاب کرنا الْخَطَرَ: اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔ رَكِبَهُ الدَّيْنُ. مقروض ہونا۔

رَكِبَ (س) رَكَبًا. بڑے زانو والا ہونا۔

رَكَبَهٗ (ن) رَكْبًا. زانو پر مارنا۔

رُكِبَ زانو میں درد والا ہونا۔
رَكَّبَ الشَیءَ ترکیب دینا۔ بعض کو بعض پر رکھنا ہ الفَرَسَ سوار کرانا۔
اَرْكَبَهُ سواری دینا المَهْرُ: سواری کے قابل ہونا۔
تَرَكَّبَ ترکیب پانا۔
اِرْتَكَبَهُ سوار ہونا الذَنبَ: گناہ کر بیٹھنا الامْرَ دلیری سے گھس پڑنا۔
الدَّیْنَ قرض زیادہ لینا۔
تَرَاكَبَ الامْرُ تہ بتہ ہونا۔
الرَكْبُ اونٹ یا گھوڑوں کے سوار۔ یہ اسم جمع ہے اور بقول بعض جمع۔ ج اَرْكُبْ و رُكُوْب.
الرِكْبَة "رَكِبَ الدَابَةَ" کا اسم۔ سوار ہونے کی ایک قسم۔ کہا جاتا ہے "هُو حَسَنُ الرِكْبَة" وہ اچھی طرح سوار ہونے والا ہے۔
الرُكْبَة زانو۔ گھٹنا۔ ج رُكَب ورُكْبات ورُكُبَات. کہا جاتا ہے "هٰذا اَمْرٌ اِصْطَكَّتْ فِيْهِ الرُكَب" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں گھٹنے ایک دوسرے سے رگڑ کھاتے ہیں۔ رُكْبَةُ الدَجَاجَة و رُكَبَة الرَامِیْ: دو ستاروں کے نام۔
الرِكَاب زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے۔ ج رُكُب. الرِكَاب: سواری کے اونٹ اس کا واحد رَاحِلَۃٌ ہے۔ ج رُكُب ورَكَائِب ورِكَابات. رِكَابُ السَحَاب: ہوائیں۔
الرَكُوْب بہت سوار ہونے والا۔
(والرَكُوبة) سواری کا اونٹ۔ سواری۔ ج رِكَائِب. طَرِيْقٌ رَكُوْبٌ: چلتا ہوا راستہ۔
الرَكَّاب بہت سوار ہونے والا۔ مؤنث رَكَّابَةٌ.
اَلْمَرْكَبَاتُ واحد مَرْكَبَةُ: مختلف شکلوں کی ساماں والی (راہٹ) گاڑیاں خواہ گھوڑوں گدھوں کے ذریعے چلیں یا بجلی تیل وغیرہ کے ساتھ۔
الرُكَّاب کابوس۔

الرَاكِب فا سوار۔ ج رُكَّاب و رُكْبان و رُكُوب و رِكَبة ورَكْبٌ ورَكَبَة. مؤنث رَاكِبةج رَواكِب پہاڑ کی چوٹی۔
الرَاكِب الرَاكِبَة والرَاكُوْب والرَاكُوبَة درخت خرما کے بالائی حصہ کا قلم جو زمین تک لٹکا ہوا نہ ہو۔
الرَكِيْب جڑا ہوا۔ دوسرے کے ساتھ سوار۔ کھیتی۔ نخلٌ رَكِيْبٌ: ایک قطار میں نہر کے کنارے لگائے ہوئے کھجور کے درخت۔
الاَرْكَب بڑے زانو والا۔ بَعِيرٌ اَرْكَب: اونٹ جس کا ایک زانو دوسرے سے بڑا ہو۔
المَرْكَب ج۔ سواری خواہ بری ہو یا بحری۔
المُرَكَّبُ مفع۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ المُرَكَّب" فلاں اپنے اصل کے لحاظ سے کریم ہے۔ الجَهْلُ المُرَكَّب: باوجود جہالت کے اپنے آپ کو عالم سمجھنا۔
المَرْكُوْب مفع۔ سواری۔ ج مَرَاكِيب.
رَكَحَ (ف) رَكْحًا وارْتَكَحَ. عَلَى الشَیءِ واِلَيْهِ: سہارا لینا۔ ٹیک لگانا (رُكُوْحًا) اِلَيْه مائل ہونا۔
اَرْكَحَ. عَلَيْهِ: سہارا لینا ہ اِلَيْهِ: ٹیک لگانا۔ کہا جاتا ہے "اَرْكَحْتُ اِلَيْهِ ظَهْرِیْ" میں نے اس کی طرف اپنی پیٹھ کی ٹیک لگائی۔
تَرَكَّحَ فی المَعِيْشَةِ: حصول معیشت کے لیے تصرف کرنا فِی الدَار: فراخی و کشادگی کرنا بالمَكَان: اقامت کرنا ٹھہرنا۔
الرُكْح پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ پہاڑ کا گوشہ۔ بنیاد۔ گھر کا صحن۔ ج رُكُوْح. اِرْكَاح. الاِرْكَاح: راہبوں کے مکانات۔
الرُكْحَة گھر کا صحن۔ ج رُكَح.
الرَكْحَاء سخت بلند زمین۔
جَفْنَة (مُرْتَكِحَةٌ) ثرید سے بھرا ہوا پیالہ۔
رَكَدَ (ن) رُكُوْدًا. المَاءُ اوِ الرِيحُ: ٹھہرنا۔
المِيْزَانُ: ترازو کا برابر ہونا۔ عَصِيْرُ العِنَبِ: جوش ٹھنڈا پڑنا العَكَرُ والثُفْلُ: تلچھٹ بیٹھنا الشَمْسُ بالکل سر پر آکر ٹھہر جانا۔ کہا جاتا ہے "رَكَدَت رِيْحُهُم" یعنی ان کی حکومت جاتی رہی۔
الرَاكِد. فا. ٹھہرا ہوا۔
الرَكُوْد. بھرا ہوا پیالہ: ہمیشہ دودھ دینے والی اونٹنی۔
المَرَاكِد. ٹھہرنے کی جگہیں۔
رَكْرَكَ. الشَیءُ: کمزور ہونا الرَجُلُ: بزدل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ رَكْرَكَةٌ" وہ ہر چیز میں کمزور ہے۔
رَكَزَ (ن ض) رَكْزًا. الرُمْحَ و نَحْوَهٗ: زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔
رَكَّزَ. الرُمْحَ: گاڑنا۔
اَرْكَزَ. المَعْدِنُ: دھات والا ہونا۔
الرَجُلُ: کان پانا۔
اِرْتَكَزَ. العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔
الشَیءُ: اپنی جگہ میں برقرار رہنا عَلَى العَصَاءِ: لاٹھی پر سہارا لینا۔
الرِكْز. دھیمی آواز۔ آہٹ۔ دانا و فیاض آدمی۔
اَلرَّاكِزُ صاحب وقار و سنجیدہ آدمی
الرِكْزَة. حزم۔ حکمت۔ ثبات عقل۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُهٗ فَمَا رَأَيْتُ لَهٗ رِكْزَةً" میں نے اس سے گفتگو کی تو اس کے اندر میں نے عقل کا کچھ حصہ نہیں دیکھا۔ الرِكْزَة: چاندی یا سونے کا بڑا ٹکڑا۔ کھجور کا درخت جو جڑ سے اُکھیڑ لیا جائے۔
الرَكِيْزَة. زمین کے اندر دفن کئے ہوئے جواہر۔ ج رَكَائِز.
الرِكَاز. زمین کے اندر اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی دھاتیں۔ واحد (رِكْزَةٌ) ج اَرْكِزَة ورِكْزَانٌ.
المَرْكَز. دائرہ کا وسطی نقطہ کہ جس سے دائرہ تک جتنے خط نکلیں باہم برابر ہوں۔ رہنے کی جگہ۔ ج مَرَاكِز. مراكِزُ الأسنانِ. دانت نکلنے کی جگہیں۔

رَكَسَ (ن) رَكْسًا. الشَّيْءَ: اُلٹ دینا۔ البَعِيْرَ: اونٹ پر رکاس باندھنا (دیکھئے لفظ رکاس)

اَرْكَسَهٗ. اوندھا کرنا الشَّيْءَ: پہلی حالت پر لوٹادینا الثَّوْبَ فِي الصِّبْغِ: کپڑے کو دوبارہ رنگ میں ڈالنا الجَارِيَةُ: پستان اُبھرنا شروع ہونا۔

تَرَاكَسَ. الشَّعْرُ: بالوں کا تہ بتہ ہونا۔

اِرْتَكَسَ. اوندھا ہونا۔ دوبارہ مبتلائے مصیبت ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ فِيْ مَكَانِهٖ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔

الرِّكْسُ. پلیدی۔ گندگی مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ گرنے کے بعد مرمت کی ہوئی عمارت۔ پل۔

الرَّاكِسُ. وہ بیل جو کھلیان کے وسط میں ہو اور دوسرے بیل اس کے بعد ہوں۔

الرِّكَاسُ. رسّی جو اونٹ کی مہار میں باندھ کر زانو میں باندھ دیں۔

الرَّكَاسَةُ والرِّكَاسَةُ. جو چیز زمین میں گاڑی جائے۔ جیسے میخ؛ کیل وغیرہ۔

الرَّكِيْسُ. اوندھا کیا ہوا۔ کمزور۔

رَكَضَ رَكْضًا: دوڑنا۔ پاؤں ہلانا ۵ دفع کرنا الفَرَسَ بِرِجْلَيْهِ: گھوڑے کو ایڑ لگانا الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا جلدی سے پر پھڑپھڑانا مِنْهُ: جلدی سے بھاگنا۔

النُّجُوْمُ: ستاروں کا چلنا القَوْسَ: تیر اندازی کرنا الاَرْضَ والثَّوْبَ: پیر سے ملنا۔

رُكِضَ. الفَرَسُ: دوڑایا جانا۔ صفت (مَرْكُوْض)

رَاكَضَهٗ مُرَاكَضَةً. گھوڑا دوڑانے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَاكَضَ. القَوْمُ: باہم دوڑانا۔

اِرْتَكَضَ. ہلنا۔ مضطرب ہونا الجَنِيْنُ: پیٹ میں حرکت کرنا الرَّجُلُ فِيْ اَمْرِهٖ: اپنے معاملہ میں تصرف کرنا خَيْلَهُمْ اِلَيْهِ: دوڑانا القَوْمُ فِي المَيْدَانِ: دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔

الرَّكْضَةُ. حرکت۔ دھکا۔

الرَّكُوْضُ. تیز دوڑنے والا۔ قَوْسٌ رَكُوْضٌ: جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔

المِرْكَاضُ. بہت دوڑنے والا۔

المِرْكَضُ. آگ سلگانے کی چیز مِنَ القَوْسِ: کمان کا گوشہ۔ ج مَرَاكِضُ.

مَرَاكِضُ الحَوْضِ. حوض کے کنارے۔

المِرْكَضَةُ. کمان کا گوشہ۔ گھوڑا جو زمین پر اپنی ٹانگوں کو مارے۔ قَوْسٌ (مُرْكَضَةٌ) جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔

رَكَعَ (ف) رَكْعًا ورُكُوْعًا. سر جھکانا۔ پشت۔ خم کرنا اِلَى الله: اللہ کے سامنے پست ہونا الرَّجُلُ: توانگری کے بعد محتاج ہونا۔ اوندھا ہونا و پھسلنا۔

رَكَّعَهٗ واَرْكَعَهٗ. جھکوانا۔

الرَّاكِعُ. فا. سر جھکانے والا۔ ج. رَاكِعُوْنَ و رُكَّعٌ ورُكُوْعٌ.

الرُّكْعَةُ والرَّكْعَةُ. زمین کا گڑھا۔

الرَّكْعَةُ: رَكَعَ کا اسم مرۃ۔

رَكَلَهٗ (ن) رَكْلًا ورَكَّلَهٗ. لات مارنا۔ ایڑ لگانا۔ کہا جاتا ہے "رَكَلَ الفَرَسَ" اس نے گھوڑے کو دوڑانے کے لیے ایڑ لگائی۔

رَكَلَتِ الْخَيْلُ الاَرْضَ: زمین پر سم مارنا۔

رَاكَلَ. صَاحِبَهٗ: ایک دوسرے کو لات مارنا۔

تَرَاكَلَ. القَوْمُ: باہم لات مارنا۔

تَرَكَّلَ. الحَافِرُ بالمِسْحَاةِ و عَلَيْهَا: پاؤں سے زمین میں دھنسانا۔ تَرَكَّلَتِ الاَرْضُ: کھروں سے کھدنا۔

الرَّكْلُ. گندنا۔(الرَّكَّالُ) گندنا فروش۔

الرَّكْلَةُ. رکل کا اسم مرۃ۔ ساگ کا گٹھا۔

المَرْكَلُ. راستہ۔ جانور کو ایڑ لگنے کی جگہ۔ ج مَرَاكِلُ. تم کہتے ہو "فَرَسٌ نَهْدُ المَرَاكِلِ" بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔

المِرْكَلُ. سوار کا پیر۔ ج مَرَاكِلُ.

رَكَمَ (ن) رَكْمًا. الشَّيْءَ: تہ بتہ کرنا۔ ڈھیر لگانا۔

تَرَاكَمَ وارْتَكَمَ. الشَّيْءُ: ڈھیر لگنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاكَمَ لَحْمُ فُلَانٍ" یعنی فلاں موٹا ہوگیا۔

الرَّكْمُ. تہ بتہ بادل۔

الرُّكْمَةُ. کیچڑ کا ڈھیر۔ الرُّكَامُ. تہ بتہ بادل یا ریت وغیرہ کا ڈھیر۔ قَطِيْعٌ. رُكَامٌ: بڑا ریوڑ۔

اَلرَّكِيْمَةُ (اَلذَّرِّيَّةُ) ایٹمی مواد پیدا کرنے کا آلہ۔

اَلْمِرْكَمُ: بجلی بھرنے کا آلہ۔

مُرْتَكَمُ. الطَّرِيْقِ: شاہراہ۔

الْمَرْكُوْمُ. مف سَحَابٌ مَرْكُوْمٌ: تہ بتہ بادل۔ نَاقَةٌ مَرْكُوْمَةٌ: موٹی اونٹنی۔

رَكَنَ (ن) ورَكِنَ (س) رُكُوْنًا. اِلَيْهِ: مائل ہونا۔ آرام لینا۔ اعتماد و بھروسہ کرنا۔

رَكُنَ (ک) رَكَانَةً ورُكُوْنَةً. صاحب وقار و سنجیدہ و ثابت قدم بنانا۔

اَرْكَنَ. اِلَيْهِ: بھروسہ کرنا۔

تَرَكَّنَ. مضبوط و صاحب وقار ہونا۔

الرُّكْنُ. باعث تقویت۔ عزت و قوت و غلبہ۔ بڑا معاملہ مِنَ الشَّيْءِ: جزء۔ ہر چیز کا قوی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رُكْنٌ مِنْ اَرْكَانِ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم کے اشراف میں ایک شریف ہے۔ رُكْنُ الرَّجُلِ: آدمی کی قوم۔ ج اَرْكَان و اَرْكُنٌ. الاَرْكَانُ: اجسام بسیطہ جن سے مادیات کی ترکیب ہوتی ہے اور قدماء کے نزدیک وہ چار ہیں۔ آگ؛ پانی؛ ہوا اور مٹی۔

الرِّكْنُ. چوہا۔ جنگلی چوہا۔

اَرْكَانُ الْحَرْبِ: فوجی قیادت کے قائدین–وہ جگہ جہاں فوجی قائدین رہائش پذیر ہوں–

الرَّكِيْنُ. ثابت قدم۔ سنجیدہ۔ باوقار۔

الرَّكِيْنُ مِنَ الجِبَالِ: بلند اطراف والا پہاڑ۔

الرُّكَيْنُ. چوہا۔ جنگلی چوہا۔

الاَرْكُوْنُ. رئیس۔ بڑا کسان۔ ج اَرَاكِنَةٌ (کلمہ یونانیہ ہے)

المِرْكَنُ. لگن۔ کپڑے وغیرہ دھونے کا ٹب۔

ج مَرَاكِن.
اَلْمِرْكَنُّ: بڑا تھن۔ نَاقَةٌ مُرْكِنَةٌ: بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
رَكَا (ن) رَكْوًا. اَلْاَرْضَ: کھودنا۔ اَلْحَوْضَ: حوض کو بنا کر تیار کرنا اَلْاَمْرَ: درست کرنا اَلشَّئَ: باندھنا اَلْاَمْرَ: مؤخر کرنا اَلْحِمْلَ عَلَى الْبَعِيْرِ: بوجھ دو چند لادنا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا عَلٰى فُلَانٍ: برائی بیان کرنا۔
اَرْكٰى اِرْكَاءً. اَلْاَرْضَ: کھودنا۔ اَلْحَوْضَ: حوض کو تیار کرنا اَلْاَمْرَ: مؤخر کرنا۔
عَلَيْهِ: برائی بیان کرنا اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ لَهُمْ جُنْدًا: کسی کے لیے فوج تیار کرنا۔
رَاكٰى. عَلَى الْاَمْرِ: کسی معاملہ پر بھروسہ و اعتماد کرنا۔
تَرَكّٰى وارْتَكٰى. عَلَيْهِ: کسی پر بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔
اَلرَّكْوَةُ. بتثليث الراء: چھوٹی ڈونگی۔ وہ برتن جو انگور وغیرہ نچوڑتے وقت جمع ہونے کیلئے نیچے رکھیں۔ اَلرِّكْوَةُ: چھاگل ج رِكَاءٌ ورَكَوَاتٌ.
اَلرَّكِيَّةُ. پانی والا کنواں۔ ج رَكَايَا ورَكِيٌّ.
اَلْمُرْتَكِيْ والْمُرَاكِيْ. ہمیشہ رہنے والا۔
اَلْمَرْكُوُّ. کنوئیں کا چو بچہ۔ بڑا حوض۔
اَلرَّكِيُّ. ضعیف و سست۔
رَمَّ (ن ض) رَمًّا ومَرَمَّةً. اَلْبِنَاءَ اَوِ الْاَمْرَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا اَلسَّهْمَ بِعَيْنِهِ: تیر کو دیکھنا اور اسے ہموار کرنا اَلْبَهِيْمَةُ: چوپائے کا لکڑیوں کو منہ سے پکڑنا اور کھانا اَلشَّئَ: کھانا۔
رَمَّ (ض ن) رِمَّةً ورَمًّا ورَمِيْمًا. اَلْعَظْمُ: ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَمِيْم) ج اَرِمَّاءُ.
رَمَّ الْحَبْلُ: رسی کا ٹوٹنا۔
اَرَمَّ. اَلْعَظْمُ: بوسیدہ ہونا۔ پُر مغز ہونا۔ اَرَمَّ اِلَى اللَّهْوِ: کھیل کی طرف مائل ہونا۔ اَلْقَوْمُ: خاموش ہونا۔

رَمَّمَ. اَلْبِنَاءَ: عمارت کی مرمت کرنا۔ درست کرنا۔
تَرَمَّمَ. اَلشَّئَ: کسی چیز کی اصلاح و درستی کے درپے ہونا اَلْعَظْمَ: ہڈی سے گوشت چھڑا لینا۔
اِرْتَمَّتْ. اَلْبَهِيْمَةُ: چوپائے کا ٹہنیوں کو منہ سے پکڑ کر کھانا۔ اِرْتَمَّ مَا عَلَى الْخِوَانِ: کھا کر دستر خوان کا سب کچھ صاف کر دینا۔
اِسْتَرَمَّ. اَلْبِنَاءُ: عمارت کا قابل مرمت ہونا اَلرَّجُلَ: کسی چیز کی درستی کیلئے بلانا۔
اَلرَّمُّ: مس اور کہا جاتا ہے "مَا لِيْ مِنْهُ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ" مجھے اس سے چارہ نہیں یعنی یہ میرے لئے ضروری ہے۔ و "مَالَهُ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
اَلرِّمُّ. نمناک مٹی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالطِّمِّ والرِّمِّ" وہ بری و بحری چیزیں یا خشک و تر چیزیں یا مٹی و پانی یا بہت مال لے کر آیا۔
اَلرَّمُّ. غم۔ جماعت۔
اَلرَّمَّاءُ. مِنَ النِّعَاجِ: سفید بھیڑ۔
اَلرُّمَّةُ. پرانی رسی کا ٹکڑا۔ ج رُمَمٌ اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ الشَّئَ بِرُمَّتِهِ" اس نے اس کو سب کچھ دے دیا۔
اَلرِّمَّةُ. پرانی رسی کا ٹکڑا۔ پر دار چیونٹی۔ بوسیدہ ہڈی۔ ج رِمَمٌ ورِمَامٌ.
اَلرَّامَّةُ. مِنَ الْجَوَارِيْ: بہتر کار پرداز و ماہر لڑکی۔ ج رُمَّمٌ.
حَبْلٌ (رِمَامٌ واَرْمَامٌ ورِمَمٌ) پرانی و بوسیدہ رسی۔ اَلرَّمِيْمُ والرُّمَامُ. بوسیدہ۔
اَلرُّمَامَةُ. بقدر ضرورت گزارہ۔ کہا جاتا ہے "اِكْتَفٰى بِالرُّمَامَةِ" اس نے بقدرِ ضرورت گزارہ پر کفایت کی۔
اَلْمِرَمَّةُ والْمَرَمَّةُ. کھر دار جانور کا ہونٹ۔
اَلْمُرِمَّاتُ. مصیبتیں۔
رَمَأَ (ف) رَمْأً ورُمُوْءًا. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا اَلْخَبَرَ: گمان کرنا اور اندازہ کرنا (واَرْمَأَ) عَلَى الْمِائَةِ: زائد ہونا۔ اَرْمَأَ اِلَيْهِ: قریب ہونا۔

مُرَمَّاتٌ. اَلْاَخْبَارِ: جھوٹی خبریں۔
رَمَثَهُ (ن) رَمْثًا. درست کرنا۔ ہاتھ سے پونچھنا۔ چرانا۔ اَلشَّئَ بِالشَّئِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔
رَمِثَ (س) رَمَثًا. اَلْبَعِيْرُ: رمث درخت کے پتوں کے کھانے سے بیمار ہونا۔ اَمْرُهُمْ: گڈمڈ ہونا۔ مخلوط ہونا۔
رَمَّثَ. عَلَى الْمِائَةِ: زائد ہونا۔ (و اَرْمَثَ) اَلْحَالِبُ فِي الضَّرْعِ: تھن میں کچھ دودھ چھوڑ دینا۔
اَرْمَثَ واسْتَرْمَثَ. فِيْ مَالِهِ: باقی رکھنا۔
اَرْمَثَ الشَّئَ: نرم کرنا۔
اَلرِّمْثُ. غضا کے مشابہ ایک درخت کا نام۔ ایک قسم کی شور و تلخ گھاس جس کو اونٹ چرتے ہیں۔ پرانے کپڑوں والا مرد۔ کمزور پیٹھ والا۔
اَلرَّمَثُ. تھن کا بقیہ دودھ۔ دریا کے عبور کرنے کے لیے لکڑیوں کا تختہ۔ زیادتی۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلٰى فُلَانٍ رَمَثٌ" فلاں کو فلاں پر فضیلت ہے۔ پرانی رسی۔ ج اَرْمَاثٌ و رِمَاثٌ. اور کہا جاتا ہے "حَبْلٌ اَرْمَاثٌ" پرانی رسی۔
اَلرُّمْثَةُ. دھونے کے بعد تھن کا بقیہ دودھ۔
اَلرَّمْثَاءُ والْمَرْمَثَةُ. رمث گھاس اگانے والی زمین۔
اَلرَّمَّاثَةُ. مادہ نیل گائے۔
رَمَجَ (ن) رَمْجًا. اَلطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
رَمَّجَ. اَلْكَاتِبُ: لکھنے کے بعد خراب کرنا۔
رَامِجٌ. فا. پرندہ جس کو جال میں باندھ دیتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے شکاری پرندوں کا شکار کریں یا اُلو کہ اُس کے پر باندھ دیتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے باز کا شکار کریں۔
اَلرِّمَاجُ. نیزے کی گرہیں اور پورے۔
رَمَحَ (ف) رَمْحًا. نیزہ مارنا۔ رَمَحَتْهُ الدَّابَّةُ: جانور کا لات مارنا۔ رَمَحَ الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا۔
رَامَحُوْا. باہم نیزہ بازی کرنا۔

تَرَامَحَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
الرُّمْح. نیزہ۔ ج رِمَاح وأرْمَاح. کہا جاتا ہے "كُسِرَ وَابَيْنَهُمْ رُمْحًا" یعنی ان کے درمیان شر و فساد واقع ہو گیا۔ و "رُمِيْنَا بِيَوْمٍ كَظِلِّ الرُّمْحِ" یعنی ہم ایسے دن میں پھنس گئے جو لمبا تھا اور تنگ تھا۔ و "هُمْ عَلَى بَنِي فُلَانٍ كَرُمْحٍ وَاحِدٍ" وہ لوگ بنی فلاں کے خلاف مانند جماعت واحدہ کے ہیں۔ "وَاخَذَتِ الْإِبِلُ رِمَاحَهَا" یعنی اونٹنیاں موٹی ہو گئیں یا دودھ دینے لگیں اور ان وجوہ سے انہوں نے اپنے آپ کو ذبح ہونے سے بچا لیا۔ الرُّمْح: فقر و فاقہ۔
الرَّامِح. نیزہ والا (اس معنی میں فاعل ذِیْ كَذَا ہے اور اس کے لیے فعل نہیں)
ثَوْرٌ رَامِحٌ: سینگوں والا بیل۔ السِّمَاكُ الرَّامِح: ایک ستارہ کا نام۔
الرَّمَّاح. نیزہ ساز۔ نیزہ لینے والا۔ ج رَمَّاحَة. والرَّمَّاحَة مِنَ الْقِسِيِّ: زور سے نیزہ پھینکنے والی کمان۔
الرِّمَاحَة. نیزہ سازی۔
دَابَّةٌ (رَمَّاحَةٌ ورَمُوْحٌ) بہت کاٹنے والا جانور۔
اَرْمَخَ. الرَّجُلُ: نرم و تابع ہونا۔
اَرْمَخَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کے دانت نکلنا۔ موٹا ہونا۔
الرِّمْخ. بہت سے درخت جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔
رَمَدَ (ض) رَمْدًا و رِمَادَةً. سردی سے ہلاک ہونا۔ (ن ض) (رَمْدًا) الْقَوْمَ: قوم پر پہنچ کر ہلاک کر دینا۔
رَمِدَتْ (س) رَمَدًا. الْعَيْنُ: آنکھ دکھنا الرَّجُلُ: آشوب چشم والا ہونا۔ رَمِدَ عَيْشُ الْقَوْمِ: ہلاک ہونا۔
رَمَّدَ. الشَّيْءَ: راکھ میں ڈالنا۔ رَمَّدَتِ النَّاقَةُ: تھن والی ہونا۔
اَرْمَدَ. محتاج ہونا الْقَوْمُ: قحط و خشک سالی میں پڑنا۔ قوم کے مویشیوں کا ہلاک ہونا۔
الْعَيْنَ: مبتلائے آشوب چشم کرنا۔ اَرْمَدَهُ: راکھ جیسا کر دینا۔ ہلاک کر دینا۔
اِرْمَدَّ. الشَّيْءُ: خاکستری رنگ کا ہونا۔ الْعَيْنُ: آنکھ دکھنا فُلَانٌ: شتر مرغ کی طرح دوڑنا۔
الرَّمَد. آشوب چشم۔ آنکھ کا دکھنا۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کے لیے تکلیف دہ ہو۔
الرَّمِد. آشوب چشم والا مِنَ الْمِيَاهِ: متغیر پانی مِنَ الثِّيَابِ: میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمِدَةٌ.
الْاَرْمَد. آشوب چشم والا۔ خاکستری رنگ کا۔ ثَوْبٌ اَرْمَد: میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمْدَاء. الرَّمْدَاء: شتر مرغ۔ ج رُمْدٌ.
الرَّمَاد. راکھ۔ ج اَرْمِدَة اور عرب کا قول "هُوَ يَنْفُخُ فِيْ رَمَادٍ" مثال ہے اور اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو بے فائدہ کام کرے۔
الرَّمَادَة. ہلاکت۔
الرِّمْدَة. تھوڑی سی چیز۔
الرُّمْدَة. خاکستری رنگ۔
الرَّمَادِيّ. خاکستری رنگ کا۔
الرِّمْدِدَاء والاِرْمِدَاء. خاکستر۔ راکھ۔
الْمُرْمَدُ والمُرْمِدُّ. آشوب چشم والا۔
الْمُرَمَّد. گرم راکھ میں بھونا ہوا۔
رَمَزَ (ن ض) رَمْزًا. اِلَيْهِ: اشارہ کرنا۔ ہ بِكَذَا: برانگیختہ کرنا الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
رَمَزَ (ن) رَمَزَانًا. الظَّبْيُ: ہرن کا چھلانگ مارنا غَنَمَهُ: ایک چرواہے سے ناراض ہو کر بکریوں کو دوسرے کے سپرد کرنا۔
رَمُزَ (ک) رَمَازَةً. بہت حرکت کرنا۔ عقلمند ہونا۔ بزرگ و شریف ہونا۔
تَرَمَّزَ وارْتَمَزَ. تیار ہونا مِنَ الضَّرْبَةِ: مار سے تلملا اٹھنا الْقَوْمُ: اٹھنے کے لیے یا خصومت کے لیے اپنی جگہ ہی پر کلبلانا۔
اِرْمَازَّ اِرْمِئْزَازًا. الرَّجُلُ: جگہ سے ہٹنا یا جگہ سے چپٹے رہنا (ضد) منقبض ہونا۔ متحرک ہونا۔
تَرَامَزَ. الْقَوْمُ: ہر ایک کا دوسرے کی جانب اشارہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ عَلَيْهِمْ فَتَغَامَزُوْا وتَرَامَزُوْا" میں ان کے پاس گیا تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو اشارے کرنے لگے۔
الرَّمْز والرُّمْز والرَّمَز. اشارہ۔ ج رُمُوْز.
الرَّمِيْز. مکرم و معظم۔ اصیل۔ عقلمند۔ بہت حرکت کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَمِيْزُ الْفُؤَادِ" تنگ دل مرد۔
الرَّمَّازَة. دبر۔ زانیہ۔ رنڈی۔ بڑا لشکر۔
الرَّامِز. مِنَ الْاِبِلِ: پوری قوت والا اونٹ اِبِلٌ (مَرَامِيْزُ) بہت حرکت کرنے والا اونٹ۔
الرَّمْزِيَّة: شعری مسلک جو کہ اشاروں کے ساتھ چیزوں اور ان کے ہم جنس کے درمیان تشبیہ دیتے ہیں۔
الرَّامُوْز. سمندر۔ اصل۔ نمونہ۔ ج رَوَامِيْز.
الرُّمَيْز. چھڑی۔
رَمَسَهُ (ض ن) رَمْسًا. ڈھانپنا۔ دفن کرنا الْخَبَرَ: چھپانا۔ الْقَبْرَ: قبر پر مٹی ہموار کرنا۔ ہ بِالْحَجَرِ: کسی پر پتھر پھینکنا۔ صفت مفعولی (رَمِيْس و مَرْمُوْس)
اَرْمَسَ. الْمَيِّتَ: دفن کرنا۔
اِرْتَمَسَ. فِي الْمَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔
الرَّمْس. وہ قبر جو سطح زمین سے بلند نہ ہو۔ قبر کی مٹی۔ پست آواز۔ ج رُمُوْس وأرْمَاس.
الرَّوَامِس. رات میں اڑنے والے پرندے۔ ہر جانور جو رات کو نکلے۔ واحد (رَامِس)
(وَالرَّامِسَات) نشانات کو مٹا دینے والی ہوائیں۔
الرَّامُوْس. قبر۔ ج رَوَامِيْس
الْمَرْمَس. قبر کی جگہ۔
رَمَشَ (ن ض) رَمْشًا. الشَّيْءَ: انگلیوں سے پکڑنا۔ رَمَشَتِ الْغَنَمُ: بکریوں کا تھوڑا چرنا ہ بِالْحَجَرِ: کسی کو پتھر مارنا ہ بِيَدِهِ:

ہاتھ سے چھونا۔

اَرْمَش۔ الشَّجَرُ: درخت پر پتے آنا۔ پھلدار ہونا۔ الرَّجُلُ: کمزوری و سستی سے کسی چیز کی طرف بہت دیکھنا۔ فِي الدَّمْعِ: تھوڑے آنسو بہانا۔

الرَّمَش۔ پلکوں کی سرخی سیلانِ آب کے ساتھ۔ پلک کے بالوں کا آپس میں چمٹ جانا۔

الرُّمْش۔ نوجوانوں کے ناخن کی سفیدی۔

الرُّمْش۔ س۔ پھولوں کا دستہ۔ رُمْشُ العَيْنِ: پلک۔

الأَرْمَش۔ خوبصورت بناوٹ والا۔ مؤنث رَمْشَاء۔ ج رُمْش (والمُرَمَّش) چندھی آنکھوں والا۔ الأَرْمَش: مختلف رنگوں والا۔

أَرْضٌ (رَمْشَاء) بہت گھاس والی زمین۔ خشک بے گھاس کی زمین (ضد)

المِرْمَاش۔ دیکھتے وقت آنکھوں کو بہت پھرانے والا۔ ج مَرَامِيش۔

رَمَصَ (ن) رَمْصًا۔ اللّٰهُ مُصِيبَتَهُ: مصیبت کو دفع کرنا۔ دور کرنا۔ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔ الشَّيْءَ: ٹٹولنا۔ إِلَيْهِ: کسی طرف پست نگاہ سے دیکھنا۔ الدَّجَاجَةُ: بیٹ کرنا۔ صفت (رَمُوص) السِّبَاعُ: بچہ جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰهُ أُماً رَمَصَتْ بِهِ" برا کرے اللہ اس ماں کے لیے جس نے اس کو جنا ہے۔

رَمِصَتْ (س) رَمَصًا۔ عَيْنُهُ۔ کیچڑ بہنا۔ صفت مذکر (أَرْمَص) صفت مؤنث (رَمْصَاء) ج رُمْص۔ رَمِصَ الرَّجُلُ: کیچڑ بہتی ہوئی آنکھوں والا ہونا۔

الرَّمَص۔ س۔ آنکھ کا کیچڑ۔

رَمِضَ (س) رَمَضًا۔ النَّهَارُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ الشَّمْسُ: ریت وغیرہ پر سخت دھوپ پڑنا۔ الرَّجُلُ: گرم زمین سے پاؤں جلنا۔ الطَّائِرُ: پیاس کی تیزی سے پرندہ کے جوف کا گرم ہونا۔ عَيْنُهُ: گرم ہو کر جل اٹھنا۔ لِلأَمْرِ: غصہ سے جل اٹھنا۔

رَمَضَ (ن ض) رَمْضًا۔ النَّصْلَ: باریک ہونے کیلئے دو ہموار پتھروں کے درمیان رکھ کر کوٹنا (ورَمَّضَ وارْمَضَ) الغَنَمَ: گرم زمین میں چرانا۔ ورَمَّضَ الصَّوْمَ: روزہ کی نیت کرنا۔ رَمَّضَ الرَّجُلَ: کچھ انتظار کر کے چلا جانا۔ وارْمَضَ الشَّيْءَ: جلانا۔ أَرْمَضَ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ دکھ دینا۔ أَرْمَضَ الحَرُّ القَوْمَ: گرمی تیز ہونے سے تکلیف پہنچنا الأَمْرُ فُلَانًا: غصہ سے جلانا۔

تَرَمَّضَ۔ الصَّيْدَ: سخت گرم جگہ میں شکار کرنا۔ تَرَمَّضَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔

إِرْتَمَضَ۔ مِنَ الحُزْنِ: غم سے جل اٹھنا لِفُلَانٍ: کسی کے لیے غمگین ہونا كَبِدُهُ: خراب ہونا الفَرَسُ بِهِ: کودنا۔

الرَّمَض۔ س۔ گرمی کی جلن۔ خریف سے پہلے کی بارش جو گرم زمین پر ہو۔

الرَّمَضِيّ۔ مِنَ السَّحَابِ والمَطَرِ: گرمی کے آخر اور خریف کی ابتداء کی بارش یا بادل۔

رَمَضَان۔ قمری مہینوں کا نواں مہینہ۔ ج رَمَضَانَات و رَمَاضِين وأَرْمِضَاء وأَرْمِضَة۔

الرَّمْضَاء۔ گرمی کی تیزی۔ دھوپ کی تیزی کی وجہ سے گرم زمین۔

الرَّمَاضَة۔ ہر چیز کی تیزی۔

الرَّمِيض والرَّمِيضَة۔ مِنَ النِّصَالِ: تیز بھالا۔

رَمَطَهُ (ض) رَمْطًا۔ عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا۔

رَمَعَ (ف) رَمَعَانًا۔ أَنْفُهُ: غصہ یا بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔ صفت (رَمِع) عَيْنُهُ بِالدُّمُوعِ: آنسو بہانا بِيَدِهِ: ہاتھ سے اشارہ کرنا رَاسَهُ: سر ہلانا۔ رَمَعَتِ المَرْأَةُ بِالصَّبِيِّ: عورت کا بچہ جننا (رَمْعًا ورَمَعَانًا) الرَّجُلُ: تیز چلنا۔

رُمِعَ وارْمَعَ۔ السَّاقِي: شراب پلانے والے کی پیٹھ یا پیٹ میں درد ہونا۔

رُمِعَت۔ المَرْأَةُ بِالصَّبِيِّ۔ عورت کا بچہ جننا۔

تَرَمَّعَ۔ غصہ سے کانپنا۔

الرَّامِع۔ فا۔ سر کو جھکا کر اٹھانے والا۔

الرُّمْعَة۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رُمْعَةٌ مِنْ نَبْتٍ" گھاس کا ایک قطعہ۔

الرَّمَّاعَة۔ د بر۔ بچہ کا تالو جو حرکت کرتا رہتا ہے۔

اليَرْمَع۔ پھرکی۔ سفید چمکتی ہوئی کنکریاں جو توڑنے سے ٹوٹ جائیں۔ ج يَرَامِع۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ يَفُتُّ اليَرْمَعَ" میں نے اس کو کنکریاں توڑتے ہوئے چھوڑا۔ یعنی وہ مغموم و شکستہ دل تھا۔

المُرَمِّعَة۔ بیابان۔ کہا جاتا ہے "أَتَى بِمُرَمِّعَاتِ الأَخْبَارِ" وہ جھوٹی خبریں لایا۔

الرُّمَاع۔ ساقی کی پیٹھ کا درد جس کی وجہ سے وہ پلا نہ سکے یا پیٹ کا درد جس سے چہرہ زرد پڑ جائے۔

رَمَغَ (ف) رَمْغًا۔ الشَّيْءَ: چمڑے وغیرہ کو ہاتھوں سے ملنا۔

رَمَّغَ۔ رَاسَهُ: سر پر تیل لگانا الكَلَامَ: گفتگو میں نمک مرچ لگانا الطَّعَامَ: سالن سے تر کرنا۔

رَمَقَهُ (ن) رَمْقًا۔ چھچلتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔ دیر تک دیکھنا۔

رَمَّقَ۔ دیر تک دیکھنا الكَلَامَ: گھڑنا۔ باطل سے آراستہ کرنا العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا ہ بِالشَّيْءِ: کسی کی آخری سانس کو کسی چیز کے ذریعہ بچالینا۔

رَامَقَ مُرَامَقَةً۔ العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا الرَّجُلَ: شر سے بچنے کے لیے سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ النَّخْلَةُ تُرَامِقُ بِعِرْقٍ" یعنی یہ درخت خرمانہ بڑھتا ہے نہ ہی مرجھاتا ہے۔

تَرَمَّقَ۔ المَاءَ واللَّبَنَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔

إِرْمَقَّ وارْمَاقَ۔ الشَّيْءُ: کمزور ہونا۔ پتلا ہونا۔ إِرْمَاقَ الرَّجُلُ: دبلے پن سے ہلاک ہونا۔ إِرْمَقَّ الطَّرِيقُ: راستہ کا دراز ہونا۔

عَيْشٌ (رَمِقٌ ورِمَاقٌ) تنگ زندگی۔

الرماق: نفاق و دشمنی کی وجہ سے ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الرمق: بقیہ زندگی۔ من العیش: تھوڑا گزارہ جو زندگی کے آخری سانس کو باقی رکھے۔ ج ارماق۔ الرمق: بکریوں کا گلہ (رمہ فارسی کا معرب)
الرمقة والرماق والرماق۔ من العیش: تھوڑا گزارہ جو زندگی کو باقی رکھے۔ قوت لا یموت۔
الرامق والرموق۔ فقیر۔ حاسد۔ ج رمق۔ رجل (رمق) کمزور مرد۔
المرمق والمرمق۔ العیش: تنگ گزارہ والا۔
المرامق۔ بد خلق۔ تھوڑی محبت والا۔
الیرموق۔ کمزور نظر والا۔
حبل (ارماق) کمزور رسّی۔
رمك (ن) رموكا۔ بالمكان: اقامت کرنا الابل على الماء: اونٹوں کا پانی پر قیام کرنا، ٹھہرنا۔
ارمكه۔ بالمكان: ٹھہرانا۔ قیام کرنا۔
ارمكّ ارمكاكا: دبلا پتلا ہونا۔ البعیر اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا۔ صفت مذکر (ارمك) وصفت مؤنث رمكاء ج رمك۔
استرمك۔ القوم: حسب میں عیب دار ہونا۔
الرامك والرامك۔ ایک قسم کی خوشبو۔
الرمكة۔ گھوڑی یا ترکی گھوڑی جو نسل بڑھانے کے لیے رکھی جائے۔ ج رمك ورماك ورمكات وارماك رجل رمكة: کمزور مرد۔
الرمكة۔ اونٹوں میں خاکستری رنگ۔
رمل (ن) رملا۔ الطعام: کھانے میں ریت ملانا النسیج: باریک بنانا السریر: جواہر وغیرہ سے آراستہ کرنا۔ الثوب بالدم: کپڑے کو خون سے تھیڑنا۔ آلودہ کرنا۔ (رملا ورملانا ومرملا) کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا۔

رمّلت۔ المرأة من زوجها عورت کا بیوہ ہونا النسیج: باریک بنانا الکلام: کلام کو گھٹیا قرار دینا الخط: خشک ہونے کے لئے ریت ڈالنا الثوب بالدم: کپڑے کا خون سے تھیڑنا۔
ارمل۔ القوم: توشہ ختم ہونا۔ محتاج ہونا۔ زادهم: توشہ ختم کرنا المرأة: بیوہ ہونا۔ الحبل: رسّی دراز کرنا السهم بالدم: تیر کا خون سے آلودہ ہونا النسیج: باریک بنانا۔
ترمّلت۔ المرأة: عورت کا بیوہ ہونا۔
ترمّل وارتمل۔ بالدم: خون سے آلودہ ہونا۔
الرمل۔ ریت۔ رملة اس سے خاص ہے ج رمال وارمل علم الرمل: ایک علم ہے جس میں ریت پر لکیریں کھینچ کر آئندہ کے احوال کو معلوم کرتے ہیں۔ ام رمال: بجو۔
الرمل۔ تھوڑی بارش۔ زیادتی۔ گائے کی ٹانگوں میں بدن کے رنگ کے مخالف دھاریاں۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام۔ فن موسیقی کا ایک راگ۔
الرملة۔ زمین کا ٹکڑا جس پر ریت ہو۔
الرملة۔ کالی دھاری ج رمل وارمال۔
الارمل۔ مسکین۔ مرد جس کی بیوی نہ ہو۔ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو۔ رنڈوا۔ ج ارامل و ارامِلة مؤنث ارملة۔ عام ارمل کم بارش والا سال۔
الارملة۔ ضعیف و محتاج لوگ۔
سنة (رملاء) کم بارش والا سال۔ نعجة رملاء بھیڑ جس کی ٹانگیں سیاہ اور بقیہ جسم سفید ہو۔
الرمّال۔ ریت بیچنے والا۔
المرمل۔ چھوٹی بیڑی۔
المرمل والمرمّل۔ شیر۔
الرمّان۔ انار۔ انار کا درخت۔ واحد (رمّانة)
الرمّانة۔ ناف اور اس کا ارد گرد۔
المرمنة۔ انار اُگنے کی جگہ۔
رمه (س) رمها۔ الیوم: دن کا سخت گرم ہونا۔

رمٰی (ض) رمیا ورمایة۔ الشیء و بالشیء: پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "رمی السهم عن او علی القوس" تیر کو کمان سے پھینکنا المکان: کسی جگہ کا قصد کرنا اللّٰه له: مدد کرنا۔ رماه بکذا: عیب لگانا۔ تہمت لگانا۔ اور کہا جاتا ہے "رمٰی بحبله علی غاربه" اس نے اس کی رسّی اس کے کاندھے پر رکھ دی یعنی اسے آزاد چھوڑ دیا۔ "رمٰی علی الخمسین" زائد ہونا المال: بہت ہونا۔
رمٰی به علی البلد: حاکم و والی بنانا۔
ارمٰی ارماء۔ الشیء من یده: پھینکنا۔ ہ عن فرسه: گھوڑے سے گرا دینا۔ ارمٰی علی الخمسین: زائد ہونا۔ ارمت به البلاد: وطن سے دور کر دینا۔
راماه مراماة ورماء وترماء۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے پر تیر پھینکنا۔ رامٰی عن قومه: تیر اندازی کرنا۔
ترامٰی ترامیا۔ القوم: بعض کا بعض پر تیز اندازی کرنا اور پتھر اؤ کرنا الامر: تاخیر ہونا۔ السحاب: بعض کا بعض سے مل جانا۔
ترامت به البلاد: وطن سے دور کر دینا۔
ترامی الشیء لگاتار ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما زال الشر یترامٰی بینهم" شر ان کے درمیان لگاتار ہوتا رہا۔ "وترامٰی امره الی الظفر او الخذلان" اس کا معاملہ کامیابی یا ناکامی کی طرف پہنچ گیا۔
ارتمٰی ارتماء۔ پھینکا جانا۔ کہا جاتا ہے "رماه فارتمٰی" اس نے اسے پھینکا وہ پھینکا گیا الصید: شکار پر تیر مارنا۔ ارتمت به البلاد: وطن سے دور کر دینا۔ ارتمیا: ایک کا دوسرے پر تیر پھینکنا۔
ترمّٰی۔ تیر پھینکنا اور شکار کرنا۔
الرمی۔ پتھر پھینکنے کی آواز۔
الرماء۔ زیادتی۔ ربوا۔ سود۔
الرمیة۔ زیادتی "فی هذا رمیة عمّا قیل لی" جو کچھ مجھ سے کہا گیا ہے اس سے اس میں

زیادتی ہے۔و "هُوَ صَاحِبُ رَمْيَةٍ" وہ باتوں میں زیادتی کرنے والا ہے۔ رَمیٌ کا اسم مرة اور عرب کا قول "رَمْيَةٌ مِنْ غَيْرِ رَامٍ" مثال ہے؛ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو غلط کار ہو اور اتفاقاً کوئی صحیح کام کرے۔

الرَّامِي. فا. ج رُمَاة ورَامُون. ایک ستارہ کا نام۔

الرَّامِي أو قَلْبُ سِيَام: بھنگ

الرَّمِيُّ. سخت بارش برسانے والا بادل۔ ج أَرْمَاء وأَرْمِيَةٌ ورَمَايَا.

الرَّمِيَّة. شکار جس پر تیر پھینکا جائے۔ ج رَمَايَا.

المِرْمىٰ. تیر پھینکنے کا آلہ۔ ج مَرَامٍ.

المِرْمَاة. چھوٹا کمزور تیر۔ کھر۔

المَرْمىٰ. مصدر میمی۔ تیر پھینکنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الكَلَامُ بَعِيْدُ المَرَامِيْ" یہ کلام دوررس ہے۔ "وَمَا أَبعد مَرْمىٰ هِمَّتِهِ" اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے "وَلَهُ هِمَّةٌ قَصِيَّةُ المَرْمىٰ" اس کی ہمت دور تک پہنچنے والی ہے۔

رَنَّ (ض) رَنِيْنًا وأَرَنَّ. رونے میں آواز بلند کرنا۔ فریاد کرنا۔ رَنَّ وأَرَنَّ إِلَيْهِ: کان لگانا۔

رَنَّتْ وأَرَنَّتِ القَوْسُ: آواز کرنا۔ رَنَّ وأَرَنَّ واسْتَرَنَّ لِكَذَا: کھیل کود کرنا۔

رَنَّنَ. القَوْسَ: آواز نکالنا تَرْنِيْنًا و تَرْنِيْنَةً) چیخنا۔

الرَّنَّة. آواز مطلقاً یا کمان وغیرہ کی آواز کے لئے خاص ہے۔

الرَّنِيْن. آواز مطلقاً یا غمگین آواز۔

الرَّنَن. تھوڑا پانی۔ ایک جانور جو گرمی کے زمانہ میں ٹراتا ہے۔

قَوْسٌ (مِرَنَّة ومِرْنَان) بہت آواز کرنے والی کمان۔

الرُّنَّىٰ. تمام مخلوق۔ ماہ جمادی الاخری کا نام اس معنی میں اس پر الف لام نہیں آتا۔

رَنَأَ (ف) رَنْأً. آواز کرنا إِلَيْهِ: دیکھنا مِشْيَتِهِ: گرانبار چلنا۔

الأَرْنَب. خرگوش۔ (یہ بزدلی کے لیے ضرب المثل ہے) ایک قسم کا زیور۔ ج أَرَانِب (واليَرْنَب) چھوٹی دم کا ایک قسم کا جنگلی چوہا۔

الأَرْنَبَة. أرنب کا واحد۔ ناک کا بانسہ "جَدَعَ فُلَانٌ أَرْنَبَةَ فُلَانٍ" فلاں نے فلاں کی ناک کاٹ لی یعنی اہانت کی۔ ج أَرَانِب.

نَسِيْجٌ (مُؤَرْنَبٌ و مُرْنَبٌ) خرگوش کے بال ملا کر بنا ہوا۔

أرض (مُرْنِبَةٌ ومُؤْرْنِبَةٌ و مُؤَرْنَبَةٌ) بہت خرگوش والی زمین۔

رَنَّحَهُ تَرْنِيْحًا. کمزور کرنا۔ الرِّيْحُ الغُصْنَ: جھکانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُهُ حَتَّى رَنَّحْتُهُ" میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ اس پر بیہوشی طاری ہو گئی۔

رُنِّحَ. عَلَيْهِ: غشی طاری ہونا۔ فرار یا خوف یا غم کی وجہ سے سست و کمزور ہو کر جھک پڑنا۔ صفت مُرَنَّح)

تَرَنَّحَ وارْتَنَحَ. نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھکنا عَلَيْهِ: فخر و برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَنَّحَ بِالكَلَامِ عَلَيَّ جهلًا" اس نے جہالت کی وجہ سے میرے اوپر فخر کا اظہار کیا۔

الرُّنْح. چکر۔ دوران سفر۔

المُرَنَّحَة. جہاز کا اگلا حصہ۔

رَنَخَ (ن) رَنْخًا. سست ہونا۔

رَنَّخَهُ. خوار و ذلیل ہونا۔

تَرَنَّخَ. خوار و ذلیل ہونا۔ بِهِ: کسی چیز سے لٹک جانا۔

الرَّنْد. ایک قسم کی خوشبودار جنگلی گھاس جو آس کے مشابہ ہوتی ہے۔ کھجور کی پتیوں سے بنی ہوئی چھوٹی گون۔

الرُّنْز. چاول۔

رَنَعَ (ف) رُنُوْعًا. دبلا و لاغر ہونا لَوْنُه: رنگ کا متغیر ہونا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا سر ہلا کر مکھی اڑانا۔ الرَّجُلُ: کھیلنا۔

رَنَّعَ. رَأْسَه: حرکت دینا۔

المَرْنَعَة. کھیل کود کی آواز۔ وسعت باغ۔ ارزانی و فراخ سالی۔ کہا جاتا ہے "إِنَّ فِي المَرْنَعَةِ لِكُلِّ قَوْمٍ مَقْنَعَة" ارزانی اور فراخی سال میں ہر قوم کے لیے آسودگی ہے۔

أَرْنَفَ. الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ البَعِيْرُ: اونٹ کا سر ہلاتے ہوئے چلنا۔ النَّاقَةُ بِأُذُنَيْهَا: اونٹنی کا تھکن کی وجہ سے کان ڈھیلا کرنا۔

الرَّانِف. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر ایک چیز کا کنارہ۔

الرَّانِفَة. ناک کا کنارہ۔ کان کی نرم ہڈی کا کنارہ۔ چوتڑ کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے مِنَ الكُمِّ: آستین کا کنارہ۔ ج رَوَانِف اور کہا جاتا ہے "عَلَوْا أَرْوَانِفَ الآكَامِ" وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھ گئے۔

رَنَقَ (ن) رَنْقًا ورُنُوْقًا ورَنِقَ (س) رَنَقًا. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ صفت رَنْق (رَنِق ورَنَق)

رَنَّقَ. المَاءَ: پانی کا گدلا کرنا۔ پانی صاف کرنا۔ القَوْمُ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بغیر اڑنے کے پر پھڑپھڑانا۔ النَّوْمُ فِي عَيْنَيْهِ: آنکھوں میں نیند بھر آنا۔ جَنَاحُ الطَّائِرِ: بازو ٹوٹنے سے پرندہ کا گرنا عَيْنَاهُ: بھوک وغیرہ سے نگاہ کا پست ہونا جِسْمُهُ اور رَأْيُهُ: کمزور ہونا۔ السَّفِيْنَةُ: کشتی کا اپنی جگہ پر گھومنا۔ الرَّجُلُ: حیران ہونا۔ المَنِيَّةُ مِنْهُ: موت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "رَنِّقْ وَلَا تَعجلْ" یعنی ٹھہرو انتظار کرو جلدی مت کرو۔ النَّظَرَ إِلَيْهِ: دیر تک دیکھنا۔

أَرْنَقَ. المَاءَ: پانی گدلا کرنا۔ اللِّوَاءَ: حملہ کرنے کے لیے جھنڈا ہلانا۔ اللِّوَاءُ: جھنڈے کا ہلنا۔

تَرَنَّقَ. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔

الرَّنَق. مص۔ جھوٹ۔

الرَّنْقَاء. مِنَ الطَّيْرِ: انڈے سینے والا پرندہ۔ عوام اس کو فرقہ کہتے ہیں۔ لأَرْضُ رَنْقَاءُ: بنجر زمین۔ ج رَنْقَاوَات۔

الرَّنْقَة. کیچڑ ملا ہوا پانی۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ج رَنَائِق (یہ رنائق کا مقلوب ہے)

الرَّونق چمک دمک۔ خوبصورتی۔

التَّرنُوق والتُّرنُوق والتُّرنُوقَاء نہروں کا کیچڑ۔ سیلاب کے بہنے کی جگہ جبکہ پانی خشک ہو چکا ہو۔

الرَّنکۃ ایک مچھلی کا نام

رَنَم(س) رَنِیمًا ورَنَم و ترنّم خوش آوازی سے گانا۔

الرنم والرَّنمۃ ایک قسم کی نباتات۔

الرُّنُم گانے والی عورتیں۔ خوش الحانی سے گانے والیاں۔ ہوشیار لونڈیاں۔ اور کہا جاتا ہے "عُود رُنُم" بجنے والا بربط۔

رَنَا(ن) رُنُوًّا ورَنًا۔ اِلَیْہِ ولَہٗ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا الرَّجُلُ: مشغولی قلب کے ساتھ طرب اور کھیل کود میں ہونا (وترانی) عَنْہُ: غفلت برتنا۔

رَنّی تَرْنِیَۃً گانا اِلَیْہِ: مشتاق ہونا۔

(وارْنی) الحَسَنُ فُلانًا: تعجب میں ڈالنا اور دیکھنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَرْنَاہ اِلَی الطَّاعَۃِ: کسی کو طاعت پر متوجہ کرنا اور اس کا طاعت پر مداومت کرنا۔

رَانَاہ سلوک کرنا۔ مقابلہ کرنا جیسے "لَہٗ شَرَفٌ یَرَانِی الکَوَاکِبَ" یعنی اسے ایسی شرافت حاصل ہے جو لوگوں کی نظر کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں ستاروں سے مقابلہ کرتی ہے۔

تَرَنّی محبوب کی طرف لگاتار دیکھنا۔

الرَّنَا س۔ وہ چیز جس کی طرف خوبصورت ہونے کی وجہ سے دیر تک دیکھیں۔

الرَّنَاء خوبصورتی۔

الرَّنَاء اچھی آواز۔ طرب۔

الرَّنَّاء والرَّنُوّ دِل پسند و خوبصورت چیز کی طرف دیر تک دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَنُوُّ الاَمَانِی" وہ بہت سی آرزوؤں کی توقع کرتا ہے۔

رَھِبَ(س) رَھْبَۃً ورُھْبًا ورَھْبًا و رَھَبًا ورُھْبَانًا ورَھَبَانًا۔ خوف کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَرْھَبْ بِكَ"

رَھَبَ الجَمَلُ اٹھنے لگنا پھر کمزوری کی وجہ سے بیٹھ جانا۔ رَھَبَتِ النَّاقَۃُ: سفر کی وجہ سے تھکنا۔ صفت مذکر و مؤنث (رَھْبٌ) ج رِھَاب۔

اَرْھَبَ تھکے ہوئے اونٹ پر سوار ہونا۔ آستین لمبی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْھَبَ عَنْہُ النَّاسَ بَاسُہٗ ونَجْدَتُہٗ" یعنی اس کے دبدبہ اور دلیری نے لوگوں کو ڈرنے پر برانگیختہ کیا۔

تَرَھَّبَ راہب بننا ۔ دھمکی دینا۔

اِسْتَرْھَبَہ خوف دلانا۔

الرَّھْب نیزہ کا باریک پھل۔ مِنَ الاِبِلِ: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ یا اونٹنی۔ ج رِھَاب۔

الرُّھْب آستین۔

الرَّھْبَۃ والرَّھْبَی والرُّھْبَی والرَّھْبَاء۔ ڈر۔ خوف۔

الرَّھْبَانِیَّۃ والرُّھْبَانِیَّۃ دنیا اور لذائذ دنیا سے بے تعلقی۔

الرَّاھِب فا۔ شیر۔ گرجاؤں کا گوشہ نشین۔ ج رُھْبَان۔ مؤنث رَاھِبَۃ ج رَاھِبَات و رَوَاھِب۔ الرَّاھِبَۃ ڈراؤنی حالت۔

الرَّھْبَان بہت زیادہ خوف کرنے والا۔ ج رَھَابِین ورَابِنَۃ و رَھْبَانُون۔ مؤنث رَھْبَانَۃ ج رَھْبَانَات۔

الرُّھْبَان۔ راہب۔ ج رَھَابِین مؤنث رُھْبَانَۃ ج رُھْبَانَات۔

الرَّھَبُوت والرَّھَبُوتی بہت ڈر۔ شدید خوف۔

الاِرْھَابِی عوام کو خوفزدہ کرنے والا حاکم۔

اَلْحُکْمُ الاِرْھَابِی خوفزدہ کرنے کا حکم۔

الرَّھْبَنَۃ راہبوں کا طریقہ اختیار کرنا۔

المَرَاھِب خوفناکیاں۔

الرَّھِیب والمَرْھُوب خوفناک۔ شیر۔

رَھْبَل غیر مفہوم کلام کرنا۔

تَرَھْبَلَ تیز چال چلنا۔

الرَّھْبَل مبہم کلام۔ غیر مفہوم کلام۔

الرَّھْبَلَۃ تیز چال۔

اَرْھَجَ غبار۔ اڑانا بَیْنَ القَوْمِ: بعض کو بعض پر بھڑکانا السَّمَاءُ: آسمان کا برسنے لگنا۔

الرَّھْج والرَّھَج اڑایا ہوا غبار۔ والرَّھج: فتنہ و فساد۔ شور و شغب۔ بغیر پانی کے بادل۔ واحد (رَھْجَۃ)

الرَّھْوَجَۃ ایک قسم کی چال۔

رَھَدَ(ف) رَھْدًا باریک پیسنا۔

رَھِدَ سخت نادانی و حماقت کرنا۔

رَھَادَۃُ العَیْشِ زندگی کی آسودگی۔

الرَّھْوَدِیَّۃ مہربانی و نرمی۔

الرَّھِید نرم و نازک۔ ارزاں۔

الرَّھِیْدَۃ نرم و نازک عورت۔ الرَّھِیدۃ: ایک قسم کا کھانا جو کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ سے تیار ہوتا ہے۔

اَمْرٌ (مَرْھُوْدٌ) غیر محکم کام۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَکْتُھُم مَرْھُوْدِیْنَ" یعنی میں نے ان کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ کسی امر کا عزم نہیں رکھتے تھے۔

الرَّھْدَل بیوقوف۔ کمزور۔

الرَّھْدَن والرُّھْدَن والرَّھْدَن۔ بزدل۔ بیوقوف۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ کا نام۔ ج رَھَادِن ورَھَادِنَۃ۔

الرُّھْدُوْن جھوٹا۔

رَھْرَہٗ رَھْرَھَۃً۔ مَائِدَتَہٗ: جود و سخاوت سے دسترخوان پھیلانا۔

تَرَھْرَہ۔ السَّرَابُ: سراب کا متواتر چمکنا جِسْمُہٗ: جسم کا آسودگی کی وجہ سے سفید و نرم و نازک ہونا۔

الرَّھْرَھَۃ س۔ چہرہ کی بشاشت۔ بشرہ کی چمک دمک۔

جِسْمٌ (رَھْرَہٌ ورَھْرَاہٌ ورُھْرُوْہٌ) سرخ سفید نازک بدن۔ طَسْتٌ رَھْرَہٌ ورَھْرَاہٌ: تھوڑی گہرائی کا طست۔ ومَاءٌ رَھْرَاہٌ ورُھْرُوْہٌ: صاف پانی۔

رَھَزَ(ف) رَھْزًا ورَھَزَانًا۔ المُبَاضِعُ: جماع کرنے والے کا حرکت کرنا۔

اِرْتَھَزَ لِلاَمْرِ: خوشی سے جھومنا۔

رَھَس (ف) رَھْسًا. الشَّیَ: سخت روندنا۔ بہت پامال کرنا۔
تَرَھَّس. الشَّیُ: ہلنا۔ اِدھر اُدھر ہونا۔
اِرْتَھَس. القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ اِرْتَھَسَت رِجْلا الدَّابة: رگڑ کھانا الوَادِی: بھر جانا الجَرادُ: تہ بتہ ہونا۔
اِرْتَھَش. الرَّجلُ: کانپنا القَوْمُ: قوم کے درمیان لڑائی واقع ہونا القَوْسُ: نرم و سست ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کا ٹکرانا۔
تَرَھَّش. الرَّجُلُ: کریم و سخی ہونا۔ النَاقَۃُ اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
الرَّھَش. جانوروں کا اگلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا۔
الرَّھِیْش. مِنَ التُّراب: گرتی ہوئی مٹی جو نہ رکے۔ کمزور۔ باریک۔ کم گوشت والا۔ باریک پیکان۔ پتلا تیر۔ نَاقَۃ رَھِیْشَة. بہت دودھ والی اونٹنی۔
الرَّاھشان. بازوؤں کے باطن کی دو رگیں۔
الرُّھْشَة. کرم۔ حیا۔
الرَّوَاھِش. ہتھیلی کے ظاہر کی رگیں۔ جانور کے بازوؤں کے اندر کی رگیں۔ واحد (رَاھِش ورَاھِشَة)
رَھَص (ف) رَھْصًا. الشَّیَ: سخت نچوڑنا الصَّیْدَ: شکار کو سست کر دینا ٥ ملامت کرنا۔ جلدی کرانا الحَائِطَ: دیوار کا پہلا ردہ رکھنا الفَرسَ: کھر کو زخمی کرنا۔
رَھِصَ (س) وَرُھِصَ رَھَصًا. الفرسُ گھوڑے کا زخمی کھر والا ہونا۔
اَرْھَص. الحائطَ: دیوار کا پہلا ردہ رکھنا الشَّیَ: بنیاد رکھنا۔ ثابت کرنا ٥ بھلائی کا منبع بنانا الفرسَ: گھوڑے کے کھر کو زخمی کرنا۔
رَاھَص. غریمه: قرض دار کی نگرانی کرنا۔
تَرَاھَصَت. الصُّخُوْرُ: چٹانوں کا آپس میں جمنا۔
الرَّھص. مِن الحَائِطِ: دیوار کا پہلا ردہ۔ مٹی جس سے دیوار بنائی جائے۔
الرَّھَّاص مٹی، گارہ بنانے والا۔

الرَّھْصَة. گھوڑے کے سم کا زخم۔
الرَّھِیْص. مِن الخیل: سم کے زخم والا۔ خُفٌّ رَھِیْصٌ: اونٹ کا کھر جس کو پتھر لگ گیا ہو۔ اَسَدٌ رَھِیْصٌ: شیر جو اپنی جگہ سے ہلتا نہ ہو۔
الرَّوَاھِص. مِن الحجارة: سم کو زخمی کرنے والا پتھر۔ مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔ واحد (رَاھِصَة)
المَرْھَصَة. مرتبہ۔ درجہ۔ ج مَرَاھِص.
رَھَطَ. (ف) رَھْطًا. اللُّقمة: بڑا لقمہ لینا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یُرھِطُ" وہ بہت کھاتا ہے۔
رَھَّطَ. بہت کھانا اللُّقمة: بڑا لقمہ لینا الرَّجُلُ: سواری کی پیٹھ پر جم کے بیٹھنا۔ گھر سے نہ نکلنا۔
اِرْتَھَطَ. القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
الرَّھْط والرَّھَط. آدمی کی قوم اور قبیلہ تین سے دس تک کا گروہ جس میں کوئی عورت نہ ہو اور اس لفظ کا واحد نہیں۔ ج رُھُط واَرْھَاط و ج اَرَاھِیْط واَرَاھِط اور جب رہط کی جانب عدد کی اضافت ہوتی ہے تو اس سے مُراد اشخاص و افراد ہوتے ہیں جیسے "عَشْرُوْن رَھْطًا" یعنی بیس شخص۔ اور کہا جاتا ہے "نَحْنُ ذُوْرَھطٍ" ہم اکٹھے ہیں۔ الرَّھْط دشمن۔
الرِّھاط. گھر کا سامان۔
الرُّھَطَة والرُّھطاء والرَّاھِطَاء. مِن جُحرة الیَرْبُوع جنگلی چوہے کا وہ سوراخ جس سے وہ مٹی باہر نکالتا ہے۔ ج رَھَاطی
التَّرھُوْط. بہت کھانے والا۔
رَھَفَ (ف) رَھفًا. السَّیْفَ: تلوار کو باریک کرنا۔
رَھُفَ (ک) رَھَافَة ورَھفًا. باریک و پتلا ہونا۔ صفت (رَھِیف)
اَرْھَفَ. السَّیْفَ: تلوار کی دھار پتلی کرنا۔
اَرْھَفَ بالکلام فی البدیھہ کہنا۔
الرَّھِیْف. پتلا۔ پتلی کی ہوئی دھار والی چیز۔

المُرْھَف. مع سَیفٌ مُرْھَفٌ: تیز پتلی دھار کی ہوئی تلوار۔ فَرَسٌ مُرْھَفٌ: دبلے پیٹ اور قریب قریب پسلیوں والا گھوڑا۔ خَصْرٌ مُرْھَفٌ: پتلی کمر مُرْھَفُ الجِسْم: دُبلا پتلا۔ رَجُلٌ (مَرْھُوْف) البدن: پتلے جسم والا مرد۔
رَھِقَ (س) رَھَقًا. بیوقوف ہونا۔ صفت (رَھِق) ہلکا ہونا۔ ظلم کرنا۔ بُرائیوں کا مرتکب ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ جلدی کرنا السَّفرُ: قریب ہونا۔ وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "رَھِقَت الکِلَابُ الصَّیْدَ" یعنی کتے شکار پر جا پہنچے۔
رَھَّقَهٗ. برائی کی تہمت لگانا۔
رَاھَقَ. الغُلَامُ: جوانی کے قریب پہنچنا۔ صفت (مُرَاھِق) کہا جاتا ہے "صَلَّی الصَّلوٰۃ مُرَاھِقًا" اس نے وقت ختم ہونے کے قریب نماز پڑھی۔
زَنَأ (ف) زَنْأً وزُنُوْءًا. اِلَيْهِ : پناہ لینا فِي الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا الظِلُّ : سایہ کا سمٹنا الرَجُلُ : خوش ہونا۔ جلدی کرنا۔ زمین سے چمٹنا بَوْلَه زَنْأ : پیشاب روکنا۔ بَوْلُهُ زُنُوْءًا : پیشاب رکنا۔
زَنَّأ. عَلَيْهِ : تنگی کرنا۔
اَزْنَاهُ اِزْنَاءً. مجبور کرنا۔ چڑھانا۔ بازرکھنا۔
الزَنَاء. پستہ قد۔ پیشاب یا پاخانہ روکنے والا۔ تنگ۔ قبر۔

الزَّنِئ. چھوٹی مشک۔
زَنِبَ (س) زَنَبًا. موٹا ہونا۔
الاَزْنَب. موٹا پستہ قد۔
الزَّيْنَب. بزدل۔ ایک خوشبودار خوش منظر درخت۔
الزَّأنَبِىُ. آہستہ چال۔
زُنَابَةُ. العَقْرَب: بچھو کا ڈنک۔
تَزَنْبَرَ. عَلَيْهِ: تکبر کرنا۔ ترشروئی کرنا۔
الزَنْبَر. شیر۔
الزُّنْبُوْر. بھڑ۔ ایک درخت جو چنار کی مانند ہوتا ہے۔
الزَّنْبَرِیّ. بھاری بھرکم مرد۔ بڑی کشتی۔ کہا جاتا ہے سَفِينَةٌ زَنْبَرِيَّةٌ"
الدِّنْبَارُ ڈسنے والی مکھی
اَرْضٌ (مَزْبَرَةٌ) بہت بھڑوں والی زمین۔
الزَّنْبُرُك. گھڑی کا اسپرنگ (یہ کلمہ فارسی ہے) اس کے مقابلہ میں "النَابِض" کا کلمہ وضع کیا گیا ہے۔
الزَّنْبَاعَة. چرمی موزے یا جوتے کی نوک۔
الزَّنْبَق. سوسن سفید یا سفید چنبیلی۔ واحد زَنْبَقَة. چنبیلی کا تیل۔ بانسری۔ ج زنابق اُمُّ زَنْبَق: شراب۔
الزُّنْبُل. پستہ قد مرد۔
تَزَنْتَرَ. ناز سے چلنا۔
الزَّنْتَرَة. تنگی۔ عسرت۔
زَنِجَ (س) زَنَجًا. پیاس سے آنتوں کا سکڑنا۔
زَانَجَهٗ. برائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔
تَزَنَّجَ. عَلَيْهِ. دست درازی کرنا۔
الزَّنْج و الزِّنْج. حبشی واحد (زنجی) ج زُنُوْج.
الزِّنَاج بدلہ۔
الزَّنْجَب و الزَّنْجَبان. کمربند۔
الزَّنْجَبَة. گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
الزَّنْجَبِيْل. سونٹھ۔ شراب۔
زَنْجَرَ. انگوٹھے کے ناخن کو انگشت شہادت کے ناخن سے مارنا۔
الزِّنْجَار. تانبے کا زنگ۔
الزِّنْجِيْر و الزِّنْجِيْرَة. سپیدی جو جوانوں کے ناخن پر ہوتی ہے۔ الزِّنْجِيْر: ناخن کا کٹا ہوا حصہ۔ زنجیر۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں (زَنْجَرَهٗ فَتَزَنْجَرَ) یعنی اس نے اسے قید کیا اور وہ قید ہو گیا اور عوام کہتے ہیں۔ جَنْزِيْر و جَنْزَرَة.
الزِّنْجَفْر و الزُّنْجُفْر. شنگرف۔
الزِّنْجِيْل. کمزور و سست بدن والا مرد۔
زَنَخَهٗ (ف) زَنْخًا. تعریف کرنا۔ دفع کرنا۔ معاملہ میں تنگی کرنا۔
زَانَخَهٗ. ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
زَنَّخَ و تَزَنَّخَ. الْمَاءَ: بار بار پانی پینا و تَزَنَّخَ الرَّجُلُ: کھل کر گفتگو کرنا۔ اپنے آپ کو مرتبہ سے زیادہ ظاہر کرنا۔ کسی معاملہ یا فرض میں تنگی برتنا۔
الزَّنْخ. بدلہ۔
زَنِخَ (ف) زَنَخًا. الدهْنُ: تیل کا بگڑنا۔ خراب ہونا۔ صفت (زَنِخٌ)
زَنَخَ (ن ض) زُنُوْخًا. القُرَادُ: چیچڑی کا چمٹنا۔
زَانَخَهٗ. ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَزَنَّخَ. تکبر کرنا۔ کھل کر گفتگو کرنا۔
اِبِلٌ (زَنِخَةٌ) پیاس کی وجہ سے سمٹے ہوئے پیٹ والے اونٹ۔
زَنْخَرَ. بِمَنْخَرِهٖ: خراٹے لینا۔
زَنَدَ (ن ض) زَنْدًا. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ النَّارَ: چقماق سے آگ نکالنا۔
زَنِدَ (س). زَنَدًا. الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔
زَنَّدَ. جھوٹ بولنا۔ چقماق سے آگ نکالنا۔ السِقَاءَ: مشک بھرنا فِى الاَمْرِ: تنگ دل ہونا عَلٰى اَهْلِهٖ: سختی برتنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يُزْنِدُكَ اَحَدٌ عَلَيْهِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا۔
اَزْنَدَ. الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يُزْنِدُكَ اَحَدٌ عَلَيْهِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا الرَّجُلُ فِي وَجْعِهٖ: مرد کا اپنی بیماری میں دوبارہ مبتلا ہو جانا۔
تَزَنَّدَ. غضبناک ہونا۔ جواب نہ دے سکنا۔ تم کہتے ہو "سَاَلْتُهٗ مَسْئَلَةً فَتَزَنَّدَ" میں نے اس سے ایک مسئلہ پوچھا اور وہ جواب نہیں دے سکا۔
فِي الاَمْرِ كَذَا: تنگ دل ہونا۔
الزَّنْد. س۔ ہاتھ کا گٹا۔ چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو (الزَّنْدَة) اور دونوں کو (الزندان) کہتے ہیں۔ ج زِنَاد وازْنُد وازناد
اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَارِيُ الزَّنْد" فلاں کامیاب ہے۔ و "فُلَانٌ كَابِي الزَّنْد" فلاں ناکامیاب ہے و "هُمَا كَزَنْدَيْنِ" وہ دونوں مساوی ہیں، اس کا استعمال عموماً دنائت و خست میں ہوتا ہے اور ان دونوں آدمیوں کیلئے بھی بولتے ہیں جن کی وجہ سے حاجت پوری ہو اور جو تمہاری مدد کرے اس کیلئے کہتے ہو "وَرَتْ بِكَ زِنَادِىْ" یعنی تمہاری وجہ سے میری حاجت پوری ہوئی۔
المُزَنَّد. تنگ۔ بخیل۔ منہ بولا بیٹا۔ کم چوڑا کپڑا۔ عطاء مُزَنَّد: تھوڑی بخشش۔
تَزَنْدَقَ. بے دین ہونا۔ دو خدا ماننا۔ باطنی کافر ہونا۔ صفت زِنْدِيْق. ج زَنَادِقَة و زَنَادِيْق.
الزَّنْدَقَة. ظاہری ایمان و باطنی کفر۔ رَجُلٌ (زَنْدَق و زَنْدَقِيّ) بہت بخیل۔
زَنَرَ (ن) زَنْرًا. الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔ الغُلَامَ: لڑکے کو جنیؤ پہنانا۔
زَنَّرَ. اِلَيَّ بِعَيْنِهٖ: گھور کر دیکھنا۔
تَزَنَّرَ. جنیؤ پہننا الشَّيْءُ: باریک ہونا۔
الزُّنَّار. ج زَنَانِيْر و (الزُّنَّارَة) جنیؤ۔
الزَّنَانِيْر. چھوٹی کنکریاں۔
الزَّنْزَلَخْت. ایک درخت کا نام۔
زَنِفَ (س) زَنَفًا و تَزَنَّفَ. غضبناک ہونا۔
زَنَقَ (ن ض) زَنْقًا و زَنَّقَ. الفَرَسَ: گھوڑے کا نچلے جبڑے کے نیچے تسمہ لگانا۔

البَغل: خچر کی ٹانگوں میں پائے بند باندھنا۔ (وزَنَّق وازْنق. عَلیٰ اَوْلادِہٖ: اولاد پر نفقہ میں تنگی کرنا۔)

الزَنَق. نیزے کی نوک۔ گھوڑے کا نچلا جبڑا جہاں تسمہ باندھتے ہیں۔ ج زُنُوق.

الزَنَقَة. تنگ گلی۔

الزِنَاق. گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے کا تسمہ۔ خچر کا پائے بند۔ گلوبند۔ عورتوں کا ایک زیور۔ ج زُنُق.

الزِنَاقَة. گھوڑے کے جبڑے کے نیچے کے تسمہ کا حلقہ۔

الزَنِیْق. درست۔ مضبوط۔ کہا جاتا ہے "رَایٌ زَنِیْق" درست رائے۔

المَزْنُوْق. مع۔ بند پیشاب والا۔

الزَّنْك (علم کیمیا) توتیا۔

زَنَّم. لَہُ الخَصَمَ: کسی کو وکیل خصومت بنا کر بھیجنا۔

الزَنَمَة. کان کا وہ حصہ جو کاٹ دیا جائے اور لٹکتا رہے۔ حلق کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت۔ علامت۔ زَنَمَتَا الاُذُن: کان کی لو کے قریب اُبھرا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فِی کَلامِہٖ زَنَمَۃُ خَیْرًا و زَنَمَۃُ شَرٍّ" یعنی اس کے کلام میں خیر یا شر کی علامت ہے۔

الزَنِم. مِنَ الجمالِ: اونٹ جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ دیا جائے اور وہ لٹکتا رہے۔ مؤنث زَنِمَۃٌ.

الاَزْنَم. مِنَ الجمالِ: بمعنی الزَنِم. مؤنث زَنْمَاء. ج زُنْم.

الزُنَام. مصیبت۔

الزَنِیْم. کمینہ۔ منہ بولا بیٹا (والمُزَنَّمُ) اجنبی آدمی جو قوم میں داخل ہو جائے اور قوم کے لوگ اس کے حاجت مند نہ ہوں۔

نَاقَۃٌ (مُزَنَّمَۃ) اونٹنی جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا جائے۔

زَنَا (ن) زُنُوًّا. تنگ ہونا۔ صفت (زَنِیٌّ)

زَنّیٰ تَزْنِیَۃً. عَلَیْہِ: تنگی کرنا۔

زَنیٰ (ض) زِنیً وزِنَاءً وزَانیٰ مُزَانَاۃً وزِنَاءً. زنا کرنا۔ صفت (زَانٍ) ج زُنَاۃ. صفت مؤنث زَانِیَۃ ج زَوَانٍ..

زَنّیٰ. ہ: زنا کی نسبت کرنا یا زانی کہنا۔

اَزْنیٰ اِزْنَاءً زنا کرنے پر اکسانا۔

الزَّانِیَۃ. زنا کرنے والا۔ (تا مبالغہ کیلئے ہے۔)

الزَّنَّاءَۃ. بہت زنا کرنے والی۔ بندریا۔

الزِنْیَۃ. مرد کا آخری بچہ۔

زِہٖ. کلمہ استحسان بمعنی خوب اور کبھی تحکم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے بُرائی کرنے والے کے لیے کہا جائے "اَحْسَنْتَ"

زَہَدَ و زَہِدَ (س ف) وزَہُدَ (ک) زُہْدًا و زَہَادَۃً. فِی الشَّیءِ و عَنْہُ: بے رغبتی کر کے چھوڑ دینا اور اسی سے ہے "زَہَدَ فِی الدُّنْیَا" اس نے دنیا سے منہ موڑ کر اپنے آپ کو عبادت کے لیے فارغ کر لیا۔ صفت فاعلی (زَاہِد) وصفت مفعولی (مَزْہُوْد) فِیْہِ و عَنْہُ.

زَہَدَ زَہْدًا. النَّخْلَۃَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔

زَہَّدَہٗ. فِی الشَّیءِ و عَنْہُ: بے رغبت کرانا۔ (زَہَّدَ وازْہَدَ) النَّخلَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔

تَزَہَّدَ. عبادت کے لیے دنیا کو چھوڑ دینا۔

تَزَاہَدَ. القَوْمُ فُلَانًا: حقارت کرنا۔

اِزْدَہَدَ. الشَّیءَ: کم سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ (زَہْدَ) مَایَکْفِیْكَ" جتنا تم کو کافی ہو اس کو لے لو۔

الزُّہْدُ والزہادَۃ. حقارت کی وجہ سے بے رغبتی۔

الزَہَد. زکوۃ. ج زِہَاد.

اَرْضٌ (زَہَادٌ) زمین جو بہت پانی برسنے سے بہے۔

الزَّاہِد. فا۔ آخرت کی محبت کی وجہ سے دنیا سے بے رغبت۔ تنگ خو۔ ج زُہَّد و زُہَّاد و زَاہِدُوْن.

الزَہِیْد. کم حقیر۔ مؤنث زَہِیْدَۃٌ. کہا جاتا ہے "ہُوَ زَہِیْدُ الخُلُقِ" وہ تنگ خو ہے۔ "ہُوَ زَہِیْدُ العَیْنِ" وہ سیر چشم ہے۔ تھوڑے پر قناعت کرتا ہے۔ و "وَادٍ زَہِیْدٌ" کم پانی کو لینے والی وادی۔ ج زُہْدَان.

الزَہَّیْد. بہت بے رغبتی کرنے والا۔

المُزْہِد. کم مال والا۔

زَہَرَ (ف) زُہُوْرًا. السِرَاجُ او القَمَرُ او الوَجْہُ: چمکنا۔ روشن ہونا۔ الشَّیءُ: صاف رنگ والی ہونا۔ الزَنْدُ: چقماق سے آگ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے "زَہَرَتْ بِكَ زِنَادِی اَوْنَارِی" تمہاری وجہ سے مجھے قوت حاصل ہوئی اور میں معزز ہوا۔

زَہِرَ (س) زَہَرًا او زَہُرَ (ک) زُہُوْرَۃً. الرَجُلُ: خوبصورت و بارونق ہونا۔

اَزْہَر. النَّبَاتُ: کلی نکلنا۔ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔

اِزْدَہَرَ. روشن ہونا۔ چمکدار ہونا۔ بِالاَمْرِ: نگہداشت کرنا۔ دل میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِزْدَہِرْ بِہٰذَا فَاِنَّ لَہُ شَانًا" اس کی حفاظت کرو اس لیے کہ اس کیلئے ایک خاص شان ہے۔

اِزْہَرَّ وَاِزْہَارَّ. النَّبَاتُ: کلی لانا۔ شگوفہ دار ہونا۔

تَزَاہَرَ. السِرَاجُ و نَحْوُہٗ: چراغ وغیرہ کا روشن ہونا۔

الزَہْر والزَہَر. کلی۔ شگوفہ۔ واحد (زَہْرَۃ و زَہَرَۃ) زَہْرَۃُ الدُّنْیَا: دنیا کی رونق و خوبی۔ ج اَزْہُر و اَزْہَار و زُہُوْر. ج اَزَاہِر و اَزَاہِیْر. زَہْرُ النَرْدِ: تاش۔

الزُّہْرُ والزُّہْرَۃُ. حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَیْتُ مِنْہُ زُہْرِی وزُہْرَتِی" اس سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔

الزُہَر. مہینے کی پہلی تین راتیں (مانند غُرَر کے)

الزُہْرَۃ. خوبصورتی۔

الزُّہَرَۃُ: ایک سیارے کا نام جو کہ سورج سے ۱۰۸ ملین کلو میٹر دور ہے۔ اس کی چمک کبھی صبح کے وقت کبھی شام کے وقت بہت ہوتی ہے۔

شام اور عراق کے آس پاس باشندے اس کو پوجتے ہیں اور اس کو العزی کا نام دیتے ہیں۔ بعض قدماء کے نزدیک خوبصورتی کا دیوتا ہے۔

اَلزُّھْرَۃُ: بادیاتِ الزَّھْر پھولوں میں اعضاء تناسل کا مجموعہ۔

بَادِیَاتُ الزَّھْر: انگوریوں کی ایک شاخ جن میں اعضاء تناسل ظاہر ہوں اور ان کو الذھو کا نام دیا جاسکتا ہے۔

مَستُوراتُ الزَّھْر: انگوریوں کی وہ قسم جو کہ نہ پھول نکالیں اور نہ ان کا دانہ نکلے۔

زَھْرَۃُ الآلام: زمین پر لگی ہوئی خوبصورت انگوری جس کے بڑے بڑے پھول ہوتے ہیں اس کے پھول مسیح کو عذاب دینے کے اوزار کے مشابہ ہوتے ہیں' خوبصورتی کے لئے بوئی جاتی ہے۔

زَھْرَۃُ الحَواشِي: خنازیری پھولوں کی قسم ہے۔

زینت کے لئے اور جوشاندہ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

زَھْرَۃُ الرَّبِیعِ: باغوں میں موسم ربیع میں لگائے جانے والا پھول جو کہ زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔اس قسم کے پھول کئی انواع پر ہیں۔

زَھْرَۃٌ مِنْ فَصِیلَۃِ المُرَکَّبَاتِ: ایک انگوری جس کے پتے زمین پر پھیل جاتے ہیں چھوٹا سا تنا ہوتا ہے جس پر چھوٹے چھوٹے پھول ہوتے ہیں۔

زَھْرَۃُ العَسَلِ: ایک درخت جس کے پھول زرد یا سرخی مائل ہوتے ہیں۔

زَھْرَۃُ الصَّمَدِ: خوبصورتی پتیوں والا پودا۔

اَلزُّھَیْرَۃُ: ابتدائی چھوٹے چھوٹے پھول۔

اَلْمِزْھَرِیَّۃُ: شیشے کا برتن پھول سجانے کے لئے۔

الزَّاھِر. فا. خوشنما پودہ۔ چمکدار صاف رنگ والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمرُ زَاھِرٌ" بہت سرخ۔

الزَّاھِرِیَّۃ. ناز کی چال۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمْشِي الزَّاھِرِیَّۃَ" وہ ناز سے چلتا ہے۔

الأزْھَر. روشن۔ صاف رنگ والا۔ روشن چہرہ والا۔ جمعہ کا دن۔ تازہ دودھ۔ سپید رنگ کا شیر۔ چاند۔ جنگلی بیل۔ مؤنث زَھْرَاء ج زُھْر.

الزَّھَّار. بہت چمکدار۔ کہا جاتا ہے "نَجْمٌ زَھَّارٌ و قَمَرٌ نَوَّارٌ".

المُزْھِر. فا. مہمانوں کیلئے آگ روشن رکھنے والا۔

المِزْھَر. ایک قسم کا باجا۔ ج مَزَاھِر.

زَھْرَفَ. الشَّيْءَ: کھوٹا بنانا۔

زَھْزَقَ. الرَّجُلُ: بہت ہنسنا۔ زَھْزَقَتِ الأُمُّ وَلَدَھا: ماں کا بچہ کو کدانا۔

الزُّھْزُق. کمینہ۔ فرومایہ۔

زَھَفَ (ف) زُھُوفًا. الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ جھوٹ بولنا لِلْمَوْتِ او اِلَی المَوْتِ: قریب الرگ ہونا۔

زَھِفَ (س) زَھَفًا. لِلشَّيْءِ: جلدی کرنا۔ چست ہونا۔

اَزْھَفَ. اِلَیْہِ الطَّعْنَۃَ: قریب کرنا۔

اَزْھَفَتْہُ الطَّعْنَۃُ: قریب بہ ہلاکت کرنا۔

اَزْھَفَ عَلَی الجَرِیْحِ: حملہ کر کے فوراً مار ڈالنا الرَّجُلَ: جھوٹ بولنا۔ خیانت کرنا۔ چغل خوری کرنا۔ برائی کی طرف جلدی کرنا فلانًا. ذلیل کرنا۔ کسی کے ساتھ بدی کرنا۔ ہلاک کرنا الشَّيْءَ: ڈھیلا کرنا۔ جلدی کرانا۔ لے جانا۔ خراب کرنا۔

ہ بالشَّرِّ: برائی پر اکسانا بما طَلَبَہُ: پورا کرنا بالشَّيْءِ: تعجب کرنا الخَبَرَ: خبر میں زیادتی کرنا لَہُ حَدِیْثًا: جھوٹی بات بیان کرنا اِلَیْہِ حَدِیْثًا: قول ردی کی نسبت کرنا۔

اِنْزَھَفَتْ. الدَّابَّۃُ: مار وغیرہ سے اُچھلنا۔

تَزَھَّفَ. عَنْہُ: اعراض کرنا۔

اِزْدَھَفَ. اِلَی المَوْتِ: موت سے قریب ہونا عَنْہ: اعراض کرنا الشَّيْءَ: منحرف ہونا ہ: جلدی کرانا۔ ہلاک کرنا لہ الدَّابَّۃُ: جانور کا گرادینا الشَّيْءَ وبِہ: لے جانا لِلعَدَاوَۃِ و بِھَا: دشمنی اختیار کرنا الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا فُلانًا: بدی میں گھسنا۔ گفتگو میں زیادتی کرنا فِي کَلامِہِ: سختی کرنا اور آواز بلند کرنا۔

زَھَقَ (ف) زُھُوْقًا. العَظْمُ: ہڈی کا مغز سے پر ہونا البَاطِلُ: نیست و نابود ہونا۔ کمزور ہونا (زُھْقًا و زُھُوْقًا) النَّفْسُ: روح کا جسم سے نکلنا (الرَّاحِلَۃُ: سواری کا آگے بڑھنا الشَّيْءُ: تباہ ہونا۔ ہلاک ہونا السَّھْمُ: تیر کا نشانہ سے گزر جانا۔

اَزْھَقَ. العَظْمُ: ہڈی کا مغز سے پر ہونا۔ الإنَاءَ: برتن بھرنا البَاطِلَ: باطل کو نیست و نابود کرنا السَّھْمَ: تیر کا نشانہ سے گزارنا النَّاقَۃُ السَّرْجَ: زین کو آگے بڑھا کر گردن پر ڈال لینا فِي السَّیْرِ: تیز چلنا۔

زَاھَقَ. الحَقُّ البَاطِلَ: حق کا باطل کو نیست و نابود کرنا الإنَاءَ: برتن کو الٹ دینا۔

اِنْزَھَقَ. آگے بڑھنا انْزَھَقَتِ الدَّابَّۃُ: مار وغیرہ سے اُچھلنا۔

الذَّاھِقُ. پست زمین و (الذھق) گڑھا۔

الزَّاھِقُ. فا. موٹا جانور۔ قوی۔ لاغر (ضد) شکست خوردہ مِنَ السِّھَامِ: نشانہ سے تجاوز کرنے والا تیر مِنَ المِیَاہِ: تیز بہنے والا پانی۔ ج زُھَّق و زُھُق (والزَّھُوْق) ہلاک ہونے والا۔ باطل۔ گہرا کنواں۔

الزَّھِقُ. پھرتیلا۔ سبک۔

فَرَسٌ ہ (زَھَقَی) سبقت لے جانے والا گھوڑا۔

الزَّاھِقَۃُ. الزَّاھِقُ کا مؤنث۔ بِئْرٌ زَاھِقَۃٌ: گہرا کنواں۔

الزُّھَاقُ والزِّھَاقُ. مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِي زُھَاقُ مِأَتِہِ دِیْنَارٍ" میرے پاس تقریباً سو دینار ہیں۔

جَاءَتِ الخَیْلُ (ازاھق وازاھیق) گھوڑوں کی متفرق جماعتیں آئیں۔

الأُزْھُوْقَۃُ. عجیب قسم کی دوڑ۔ ج ازاھیق کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذَاتُ ازاھِیْقَ" عجیب قسم سے دوڑنے والا گھوڑا۔

المَزْھَقَۃُ. سبب بطلان۔ سبب ہلاکت۔ کہا

جاتا ہے "جملٌ مزھقۃ. لا رواح المطی" اونٹ سواریوں کی روح کیلئے باعث ہلاکت ہیں۔ یعنی سواریاں پوری کوشش کرتی ہیں اور اونٹوں کے ساتھ لاحق نہیں ہوتیں۔
زَھَكَ (ف)زَھْكًا. کوٹنا۔الریحُ الارضَ: ہوا کا خاک کو اڑانا۔
زَھِلَ (س)زَھَلًا. الشئُ: سفید و چکنا ہونا۔
زَھَلَ (ف)زَھْلًا. عن الشئِ: دور ہونا۔
الزَاھِل. فا. مطمئن دل والا۔
الزُھْلُول. چکنا۔ ج زَھَالِیل.
رَجُلٌ (زَھْلَب) سبک داڑھی والا مرد۔
زَھْلَقَ. الشئَ: چکنا و سفید کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَھْلَقَ لَهُ الحَدِيْثَ" اس نے اس کو نرم گفتگو سے مخاطب کیا۔
تَزَھْلَقَ. چکنا و سفید ہونا وتزھلق الحیوانُ" موٹا ہونا۔
الزِّھْلِق. چکنا۔ ہلکا پھلکا تیز آدمی۔ تیز ہوا۔ بتی کی لو کی جگہ۔ حمارٌ زِھْلِق: ہموار پیٹھ و موٹا گدھا۔ ج زَھَالِق.
الزُھْلُوق. موٹا۔
زَھَم (ن)زَھْمًا وازْھَم. العظمُ: ہڈی کا پُر مغز ہونا۔ زَھَمَه عَنْ كَذَا: روکنا۔ زَھَمَ الرَّجُلُ عَلَيْهِ: بہت باتیں کہنا۔
زَھِمَ (س)زَھَمًا. بدہضمی والا ہونا۔ صفت (زَھْمَان) چکناہٹ والا چربی دار ہونا۔ صفت (زَھِمٌ) مؤنث زَھِمَةٌ.
زَاھَمَهُ. باہم دشمنی کرنا۔ باہم دوستی کرنا۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ (ضد)
الزُھْم. بدبودار ہوا۔ چربی۔ ایک خوشبو کا نام جو الزباد کے نام سے مشہور ہے۔ (دیکھئے لفظ الزَّباد)
الزُھْمَة والزُھُومَة والزَھَم. سڑے ہوئے گوشت کی بدبو۔
زَھَا (ن) زَھْوًا وزُھُوًّا وزَھَاءً. چمکنا۔ روشن ہونا۔ بڑھنا۔ نشوونما پانا النَّخْلُ: درخت خرما کا لمبا ہونا البُسْرُ: رنگ پکڑنا الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا النَّبْتُ: پھل دار ہونا الشَّاةُ: بکری قریب ولادت کی وجہ سے تھن والی ہونا الرِّيحُ: چلنا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ تکبر کرنا۔ (زَھَا (ن)زَھْوًا) فُلَانًا: حقارت کرنا الكِبْرُ فُلَانًا: خود پسند بنانا زَھَا السِّرَاجَ: روشن کرنا۔
الرِّيحُ النَّبَاتَ: تر شدہ گھاس میں ہوا کی وجہ سے لہلہاہٹ ہونا الامواجُ السَّفِينَةَ: موجوں کا کشتی کو بلند کرنا فُلَانٌ بالسَّيْفِ: تلوار چمکانا فُلَانًا بالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا السَّرَابُ الاكْمَةَ يَزْھَاھَا: نمایاں کرنا۔ (يَزْھُوھَا مستعمل نہیں ہے۔)
زُھِيَ. الرَّجُلُ بِكَذَا: تکبر کرنا۔
اَزْھَى. تکبر کرنا النَّخْلُ: لمبا ہونا البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔
زَھَّى. البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔ زَھَّتِ المِرْوَحَةُ الرِّيحَ: پنکھے کا ہوا کو حرکت میں لانا۔
اِزْدَھَى. الرَّجُلُ: مغرور بنانا۔ حقارت سے دیکھنا ہ عَلَى الامْرِ: مجبور کرنا۔ ہ و بِهِ: حقارت کرنا۔
الزُھَاء. س. مقدار۔ تقریبًا۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِی زُھَاءُ خَمْسِيْنَ دِرْھَمًا" میرے پاس تقریبًا پچاس درہم ہیں۔
الزَھْو. س. فخر۔ تکبر۔ غرور۔ جھوٹ و باطل۔ ظلم۔ سرسبز نباتات۔ زرد یا سرخ کچی کھجور۔
(والزُھا) تروتازگی و خوبصورتی۔ زُھَا الدُّنْيَا: دنیا کی زینت و آرائش۔
الزُھْوُ. زرد یا سرخ کچی کھجور۔
الزَاھِي. فا. پررونق چمکدار چہرے والا۔ مؤنث زَاھِيَةٌ.
المُزْدَھِي والمَزْھُوّ. متکبر و مغرور۔
زَاءَ يَزُوءُ زَوْءًا. بِهِ الدَّھْرُ: زمانہ کا پلٹ جانا۔
زَابَ يَزُوبُ زَوْبًا. چپکے سے بھاگ جانا المَاءُ: جاری ہونا۔
زَاجَ (ن)زَوْجًا. بَيْنَھُمْ: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔
زَوَّجَه. اِمْرَأَةً اَوْ بِامْرَأَةٍ اَوْ لِامْرَأَةٍ: نکاح کرانا الشَّئَ بالشَّئِ وَاِلَيْهِ: ملانا۔
زَاوَجَه. باہم میل ملاپ رکھنا۔ باہم قریب ہونا (وازْوَجَ) بَيْنَھُمَا: قریب کرنا۔
تَزَوَّجَ. اِمْرَأَةً و بِامْرَأَةٍ: نکاح کرنا فِي قَوْمٍ: کسی قوم میں نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهُ النَّوْمُ" اس کو نیند آگئی۔
اِزْدَوَجَ وتَزَاوَجَ. الكَلَامُ: کلام کا ایک حصہ دوسرے حصہ کے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا القَوْمُ: باہم شادی بیاہ کرنا۔
الزَاج. پھٹکری (کلمہ فارسی) عوام "الجاز" کہتے ہیں۔
الزَوْج. شوہر۔ بیوی۔ ساتھی۔ جوڑا۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِی زَوْجَا حَمَامٍ" میرے پاس ایک جوڑا کبوتر ہے۔ "واشْتَرَيْتُ زَوْجَي نِعَالٍ" میں نے ایک جوڑہ جوتا خریدا۔ ہر چیز کی قسم۔ ج اَزْوَاج و زِوَجَة. جج اَزَاوِيج.
الزَوْجَة. بیوی۔ ج زَوْجَات.
الزَوَاج. شادی بیاہ۔
زَاحَ يَزُوحُ زَوْحًا وزَوَاحًا عَنِ المَكَانِ: دور ہونا۔ ہٹنا۔ جانا العِلَّةُ: زائل ہونا (زَوْحًا) الابِلَ: پراگندہ کرنا۔ جمع کرنا۔ (ضد)
اَزَاحَه. جگہ سے ہٹانا الامْرَ: کام کو پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَاحَھَا اللّٰهُ العِلَلَ" اللہ تعالیٰ علتوں کو دور کریں۔ و "اَزَحْتُ عِلَّتَه فِي مَا احْتَاجَ اِلَيْهِ" یعنی میں نے اس کی ضرورت پوری کردی۔
اِنْزَاحَ. زائل ہونا۔
زَادَ يَزُوْدُ زَوْدًا. توشہ لینا۔
اَزَادَه وزَوَّدَه. توشہ دینا۔
اِزْدَادَ واسْتَزَادَ. توشہ مانگنا۔
تَزَوَّدَ. توشہ لینا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّدَ مِنَ الامِيْرِ كِتَابًا اِلَى عَامِلِه" وہ امیر کا خط اس

کے عامل کے پاس لے گیا تاکہ اس سے فائدہ اٹھائے۔ و"تزوّرمنّی طَعْنَةً بَیْنَ اُذُنَیْهِ" یعنی میری جانب سے اس کو دونوں کانوں کے درمیان نیزے کا زخم لگا۔

الزّاد. توشہ۔ زادراہ۔ ج اَزْوِدة واَزْواد.

المِزْوَد والمَزاد و المَزادَة. توشہ دان۔ ج مَزاوِد. نُفاضَةُ المزاوِد: توشہ دان کا بچا کھچا۔ یہ خست کے لیے ضرب المثل ہے۔ وَهُمْ مِلاء المَزاوِد: وہ لوگ اغنیاء ہیں۔

زَارَه یَزُوْرُہ زِیارَۃً ومَزارًا و زَوْرًا و زُوارًا و زُوارَۃً وازْدارَہُ. ملاقات کیلئے جانا۔ صفت (زائِر) ج زائِرُوْنَ وزُوَّر وزُوَّار مؤنث زائِرة ج زُوَّر وزَوْر و زائِرات.

زَارَ زَوَارًا. الفَرَسَ: گھوڑے کے ہونٹوں میں تیار باندھنا۔ (دیکھئے لفظ زیار)

زَوِرَ یَزْوَرُ زَوْرًا. کج ہونا۔ ٹیڑھے سینہ والا ہونا۔

زَوَّرَ. جھوٹ کو آراستہ کرنا الکَلامَ: باطل ٹھہرانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا الشَّهادَۃَ: شہادت کو باطل قرار دینا نَفْسَہ: جھوٹ و بہتان کی علامت لگانا عَلَیْهِ: کسی پر جھوٹ باندھنا عَنْہُ: کسی سے پھر جانا فُلانًا عَلیٰ نَفْسِهِ: کسی پر تہمت لگانا۔ الشَّیئَ: درست کرنا؛ سیدھا کرنا الشَّیئَ لِنَفْسِهِ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لیے خاص کرلینا الزائِرَ: عزت و اکرام کرنا۔ تم کہتے ہو "زُرْتُهُمْ فَزَوَّرُوْنِی" میں نے ان لوگوں سے ملاقات کی اور انہوں نے میری تعظیم کی القَوْمُ صَاحِبَهُمْ: بھلائی کرنا۔

اَزَارَہ. زیارت کرنے پر برانگیختہ کرنا الشَّیئَ: چلانا۔ اِزْدارَہُ. ملاقات کے لیے جانا۔

تَزَوَّرَ. جھوٹ بولنا الشَّیئَ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لیے خاص کرلینا۔

تَزاوَرَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کی زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ یَتَزاوَرُوْنَ وبَیْنَهُمْ تَزاوُر" وہ آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں (وازْوَرَّ وازْوارَّ) عَنْہُ: انحراف کرنا۔

اِسْتَزارَہ. ملاقات کے لیے کہنا۔

الزَّوْر. س۔ سینہ کے درمیان کا بالائی حصّہ یا سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ عَرِیْضُ الزَّوْرِ" چوڑے سینہ والا گھوڑا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْقیٰ زَوْرَہُ" یعنی اس نے اقامت کرلی۔ الزَّوْر: پختہ ارادہ عقل۔ خیال جو خواب میں آئے۔ زیارت کرنے والا (واحد تثنیہ جمع؛ مذکر؛ مؤنث سب کیلئے) کہا جاتا ہے رَجُلٌ زَوْرٌ اِمْرَاَۃٌ زَوْرٌ ورِجالٌ زَوْرٌ ونِساءٌ زَوْرٌ. سردار۔ رئیس۔ درخت خرما کی شاخ کہ جس میں پتے ابھی نہ نکلے ہوں۔ پتھر جو کنواں کھودتے وقت نکل آئے اور اس کو توڑ نہ سکیں اور چھوڑ دیں۔

الزُّوْر. عقل۔ جھوٹ۔ باطل۔ اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ زُوْرٌ ولَا صَبُوْرٌ" نہ تو اس کے اندر قوت ہے اور نہ کوئی رائے جس کی طرف رجوع کیا جائے۔ رائے۔ سردار۔ رئیس۔ کھانے کی لذت۔ کپڑے کی نرمی و صفائی۔ راگ و گانے کی مجلس۔ یہودیوں ونصرانیوں کی عیدیں۔

الزَّوَر. س۔ کجی۔ سینہ کے بالائی حصّہ کی کجی۔

الزِّیر. منکا۔ کتاں۔ باریک تانت۔ عادت۔ عورتوں سے بغیر ارادہ و بدی کے بات چیت کرنے کو پسند کرنے والا۔ ج اَزْوار و اَزْیار وزِیَرة.

الزِّیْرَة. ملاقات کی ہیئت۔ کتاں کا ٹکڑا۔

الزِّیار. دو لکڑیاں جن سے سلوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر قابو میں کرتا ہے۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں زَیَّرَ الفَرَسَ (والزِّوار) ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز کی درستی ہو۔ سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسّی۔ ج اَزْوِرَة.

الزِّیَر. غضبناک۔

الزّارَة. اونٹوں کا گلہ۔ بانس؛ نرکل وغیرہ کی جھاڑی جس میں پانی بھی ہو (والزّاوِرَة والزّاوَرَة والزّاوُوْرَة) پوٹا۔ زَاوَرَۃُ القَطا: قطا پرندہ کا وہ حصّہ جس میں وہ اپنے بچّوں کیلئے پانی لے جائے۔

الزَّوَرَّ. سخت چال۔ سخت۔ سفر کے لیے تیار کیا ہوا اونٹ (والزَّوِیر والزُّوَیْر) سردار قوم۔ رئیس قوم۔

الزَّوْرَة. زار کا اسم مرۃ۔ دوری۔ او نٹنی جو شدت و صلابت کی وجہ سے کنکھیوں سے دیکھے۔

الاَزْوَر. ٹیڑھے سینے والا۔ باریک وسط سینہ والا۔ مائل ہونے والا۔ ترچھی نظر سے دیکھنے والا۔ مؤنث زَوْراء. ج زُوْر. کہا جاتا ہے "قَوْمٌ عَنْ مَواقِفِ الحَقِ زُوْرٌ" حق کے مواقع سے ہٹی ہوئی قوم۔

الزَّوْراء. گہرا کنواں۔ کمان۔ پیالہ۔ چاندی کا برتن۔ شہر بغداد۔ دجلہ بغداد۔ فَلاۃٌ زَوْراء: دور دراز بیابان۔ کَلِمَۃٌ زَوْراء: گھٹیا بات۔ مِنارَۃٌ زَوْراء: ٹیڑھا منارہ۔

الزَّوَّار والزَّوُوْر. بہت ملاقات کرنے والا۔

المَزار. س۔ ملاقات۔ زیارت کرنے کی جگہ۔ ج مَزَارات.

الزُّوْسْتِبْراء: بحر اوقیانوس کے ساحل پر پیدا ہونے والا ایک پھول دار جس کو مچھلی پسند کرتی ہے۔

الزَّوْرَق. چھوٹی کشتی۔

الزَّوْش. کمینہ غلام۔

الاَزْوَش. متکبر و مغرور۔

زَوَّطَ. بڑے لقمے بنانا۔

الاَزْوَط: جس کی ایک آنکھ تنگ سوراخ والی ہو۔

زَاعَ یَزُوْعُ زَوْعًا. فُلانًا: روکنا۔ آگے دھکیلنا الدَّابَّةَ: جانور کو تیز چلانے کے لیے لگام ہلانا الشَّیئَ: موڑنا لَهُ مِنَ البِطِّیْخَة (زَوْعَةً) خربوزے کی قاش اُتار کر دینا (وتَزَوَّعَ) اللَّحْمُ: گوشت کا پٹھے سے اُتر

جانا۔

زَوَّعَ الابِلَ: متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

الزَّوْعَة. لوگوں کی ایک جماعت مِنَ البَطِّيخَةِ و نَحْوِها: خربوزہ وغیرہ کی پھانک؛ قاش مِنَ النَبتِ: گھاس کا وہ حصہ جو خشک ہونے لگے۔

الزَاعَة. پولیس کی جماعت (جمع ہے مثل باعة. وسادة کے)

الزَوْع والزُوَع. مکڑی۔

زَاعَ يَزُوعُ زَوْعًا. الشَئَ: کسی چیز کو جھکانا النَاقَةَ: اونٹنی کو مہار سے کھینچنا۔ (زَوْغًا وزَوَغانًا) مائل ہونا۔ ظلم کرنا البَصَرُ: نگاہ میں ہونا۔

اَزَاغَه اِزاغَةً. جھکانا۔

الزَاغ. کوا۔

زَافَتْ تَزُوْفُ زَوْفًا. الحَمامَةُ: کبوتر کا بازو ودم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا الطائِرُ فِي الهَوَاءِ: پرندہ کا فضا میں گولائی میں اُڑنا الرَجُلُ: مرد کا ہاتھ پاؤں چھوڑ کر اعضاء ڈھیلے کر کے چلنا الماءُ: پانی کا بلبلے والا ہونا (وتزاوف) اپنے آپ کو ہلکا پھلکا کرنے کے لیے ورزش کی مشق کرنا۔

الزُوُوْف. چلنے میں ڈھیلا پن۔

الزُوْفيٰ والزُوْفَاء. ایک دوا کا نام۔

زَوَّقَ. الكَلامَ: آراستہ کرنا۔ مزین کرنا البَيْت: نقش و نگار کرنا الدِرْهَم: پارہ کا طمع کرنا۔

الزَوَاق. لڑکی کی زینت۔

الزَوَّقَة. گھروں میں نقش و نگار کرنے والے۔

الزَاوُوْق والزَاوُوْق. پارہ۔

زَاكَ يَزُوْكُ زَوْكًا وزَوَكَانًا. مونڈھوں کو حرکت دینا اور ٹانگوں کو کشادہ کرنا۔ تکبر سے چلنا۔

تَزَاوكَ تَزَاوكًا. شرم کرنا۔

الزَوْك. س۔ کوے کی چال۔

زَالَ يَزُوْلُ زَوْلًا وزَوَالًا ورَولَانًا وزُؤُوْلًا و زُوُوْلا وزَوِيْلًا. جاتا رہنا۔ پھر جانا اور اسی سے ہے "زَالَ عَنْه مُلكَهُ"، اس کی سلطنت جاتی رہی۔ جدا ہونا۔ ہلاک ہونا (زَوْلًا) حرکت کرنا اور اسی سے ہے "اَرَی النُجُوْمَ تَزُوْلُ ولا تَغِيبُ"، یعنی میں دیکھ رہا ہوں کہ ستارے حرکت کر رہے ہیں اور غائب نہیں ہوتے۔ و "فُلانٌ يَزُوْلُ فِي النَّاسِ" فلاں لوگوں میں بہت چلتا پھرتا ہے۔

زَالَتْ (ن) زَوالًا وزُوُولا وزَوَلَانًا و زِئَالًا. الشَمْسُ: آفتاب کا ڈھلنا۔ الخَيلُ بِرُكبَانِها لے کر اُٹھنا اور اسی سے ہے "زِيْلَ بِنَعْشِه"، یعنی اس کی نعش اُٹھائی گئی۔ کہا جاتا ہے "زَالَ زَائِلُ الظِلِّ"، یعنی دوپہر ہو گئی۔ و "زَالَ اَوْزِيْلَ زَوِيْلُه وزَوَالُه" ڈر اور خوف کی وجہ سے اس کی جانب جھک گئی۔

اَزَالَهُ وزَوَلَهُ واِزْدالَهُ. ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَالَ اللّٰه زَوَالَهُ"، یعنی اللہ اسے ہلاک کرے۔ زَوَّلَ الشَئَ: کسی چیز کو لانا۔

زَاوَلَهُ. کوشش کرنا۔ قصد کرنا۔ تلاش کرنا۔

تَزَوَّلَ. الشَئَ: کسی چیز کو لانا الغُلامُ: لڑکے کا انتہائی زیرک و ظریف ہونا۔

تَزَاوَلَ. القَوْمُ: باہم کوشش کرنا۔

اِنْزَالَ. عَنْه: جدا ہونا۔

اِزْوَلَّ اِزْوِلَالًا. الشَئُ: زائل ہونا۔

الزَوْل. س۔ تعجب۔ عجیب۔ کہا جاتا ہے "سَيْرٌ زَوْلٌ"، یعنی عجیب سیر۔ و "شَتْوَةٌ زَوْلَةٌ" عجیب سردی۔ الزَوْل: وجود انسانی۔ فیاض مرد سبک و ظریف و زیرک۔ بہادر۔ بلا۔ ج اَزْوَال۔

الزَوَال. س۔ سورج کا ڈھلنا۔ کہتے ہیں "السَاعَةُ الرَابِعةُ زَوَالِيَّة"۔

الزَائِل. فا۔ کہا جاتا ہے "لَيْلٌ زَائِلُ النُجُوْمِ"، یعنی لمبی رات۔

الزَوَّال. بہت حرکت کرنے والا۔

الزَائِلَة. الزائل _ کا مؤنث۔ زندہ یا متحرک چیز۔ ج زَوَائِل. الزَوَائِل: ستارے۔ عورتیں۔ شکار۔

الزَوِيْل. س۔ حرکت۔ جانب۔

المِزْوَلَة. دھوپ گھڑی۔ ج مَزَاوِل.

زَامَ يَزُوْمُ زَوْمًا. الرَجُلُ: مرنا۔

الزَام. ہر چیز کی چوتھائی۔ زَامٌ مِنَ النَهارِ: دن کی چوتھائی۔ زَامَانٌ مِنَ النَهارِ: دن کا نصف حصہ۔

الزَامَة. جماعت۔ گروہ۔ ج زَامَات.

الزَوْم. عِنْدَ العَامَّةِ: عوام کے نزدیک کسی چیز کا شیرہ یا نچوڑا ہوا اور اس کے لیے فصیح لفظ النسغ ہے۔ وہ پانی جس سے کپڑا دھویا جائے اور اس کیلئے فصیح لفظ الغُسالَة ہے۔

الزَوِيْم. ہر چیز کا ڈھیر۔

زَوْمَلَ. الابِلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔

الزَوْمَلَة. س۔ گدھے مع بوجھوں کے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ زَوْمَلَتِها"، وہ اس کا جاننے والا ہے۔

الزَان. بدہضمی۔

الزَوْن والزُوْن والزِوَن. پستہ قد۔

الزُوْن: بت یا مندر۔

الزَوْنَة. زینت۔ سمجھدار عورت۔

الزِوَان والزُوَان والزَوَان. دیکھئے الزُؤان بالهَمْزَةِ.

زَوَىٰ يَزْوِي زُوِيًّا وزَيًّا. الشَئَ: جدا کرنا۔ یکسو کرنا۔ روکنا۔ جمع کرنا۔ قبضہ کرنا المَالَ وغیرہ: اکٹھا کرنا عَنْهُ السِرَّ. راز کو پوشیدہ رکھنا عَنْه حَقَّه: کسی کا حق روک لینا۔

الدَهْرُ القَوْمَ: زمانہ کا قوم کو تباہ و برباد کرنا۔

زَوَّىٰ و تَزَوَّىٰ وانْزَوَىٰ. گوشہ نشین ہونا۔ تَزَوَّىٰ وانْزَوَىٰ: سکڑنا۔ زَوَّىٰ الكَلامَ: دل میں سوچنا۔ اِنْزَوَى القَوْمُ بَعْضُهُم اِلىٰ بَعْضٍ: سمٹنا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔

الزَاوِيَة. مِنَ البَيْتِ: گوشہ۔ ج زَوَايَا. والزَاوِيَةُ: عِنْدَ الحِجارِيْن والنَجَّارِيْن وغَيرِهِم: دو مستقیم ضلعوں کا ایک آلہ کہ جس کے ضلعوں کا ایک ایک سرا باہم اس طرح

جڑا ہوا ہوتا ہے کہ ان کا درمیانی گوشہ زاویہ قائمہ بن جاتا ہے۔
تَزَیَّبَ. لَحْمُهٗ گوشت کے لوتھڑے بننا۔
الزِّیَب ہوا کی تیزی۔
رَجُلٌ (زِیَبٌ واَزْیَبٌ) بہادر و دلیر مرد۔
الاَزْیَب. شاداں۔ پست قدم۔ قریب قریب قدم رکھنے والا۔ کمینہ۔ منہ بولا بیٹا۔ اجنبی۔ امر بد۔ بلا مصیبت۔ دشمنی۔ بہت پانی۔ شادمانی۔ سیبی۔ جنوبی ہوا۔
الاِزْیَبُ شدید۔ بخیل۔
الزِّیْبَق پارہ۔
زَاتَ یَزِیْتُ زَیْتًا وزَیَّتَ. الطَّعَامَ: کھانے میں زیتون کا تیل ڈالنا الشَّیْئَ: کسی چیز پر زیتون کا تیل لگانا الْقَوْمَ: لوگوں کو زیتون کا تیل کھلانا یا توشہ دینا۔
اَزَاتَ اِزَاتَةً بہت تیل والا ہونا۔
اِزْدَاتَ اِزْدِیَاتًا روغن زیتون ملنا۔
اِسْتَزَاتَ روغن زیتون طلب کرنا۔
الزَّیْت س۔ زیتون کا تیل۔ ج زُیُوْت و (الزَّیَّات) تیلی۔ زیت کا اطلاق مطلقاً تیل کیلئے بھی ہوتا ہے۔ چاہے وہ کسی چیز کا ہو۔
الزَّیْتُوْن زیتون کا درخت۔ زیتون کا پھل۔ واحد زَیْتُوْنَةٌ.
اَلزَّیْتُوْنِیَّةُ وہ درخت جس کے پتے درخت زیتون جیسے ہوتے ہیں اس کے پھول زرد اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ وہ مشرق وسطی میں بہت پیدا ہوتا ہے لوگ دوران سفر اس کو استعمال کرتے ہیں۔
اَلْمِزْیَتَةُ مخصوص تیل کی طویل بوتل جس کے ساتھ اوزار کو تیل لگایا جاتا ہے۔
الزَّیْتُوْنِی زیتون کے رنگ والا۔
المَزِیْت والمَزْیُوْت. جس میں تیل استعمال کیا گیا ہو۔
الزِّیْج گاڑی کا میٹر جس کے ساتھ گاڑی کی رفتار معلوم ہوتی ہے۔
الزِّیْج معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔ علم نجوم کی اصطلاح میں وہ جدول جو سیاروں کی رفتار بتاتی ہے۔ جنتری۔ ج زِیَجَات و زِیَجَةٌ (دخیل)
زَاحَ یَزِیْحُ زَیْحًا وزُیُوْحًا وزِیُوْحًا و زَیَحَانًا وانْزَاحَ دور ہونا۔ چلے جانا۔ زَاحَ اللِّثَامَ نقاب اُتارنا۔ کھولنا۔
اَزَاحَهٗ دور کرنا۔ لے جانا۔
المَزَاح دور چلے جانے کی جگہ۔
زَاخَ یَزِیْخُ زَیْخًا وزَیَخَانًا. ظلم کرنا۔ علیحدہ ہونا۔
اَزَاخَهٗ علیحدہ کرنا۔
تَزَیَّخَ فروتنی کرنا۔
زَادَ یَزِیْدُ زَیْدًا وزِیْدًا و زَیْدًا و زِیَادَةً و مَزِیْدًا و زَیْدَانًا بڑھنا۔ زیادہ ہونا الشَّیْئَ: بڑھانا، زیادہ کرنا فُلَانٌ زیادہ دینا۔
زَایَدَ بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
اَلْمُزَایَدَةُ بولی کی بیع یعنی کوئی چیز بیع کے لئے پیش کی جائے اس پر مختلف افراد زیادہ قیمت لگائی جو زیادہ لگادے اس کو حق خرید مل جائے۔
تَزَیَّدَ. السِّعْرُ بھاؤ گراں ہونا الرَّجُلُ فِیْ حَدِیْثِهٖ واقع سے زیادہ بیان کرنا فِی الشَّیْئِ: بڑھانے میں تکلف کرنا۔
تَزَایَدَ. فِیْ حَدِیْثِهٖ واقعہ سے زیادہ بیان کرنا۔ تَزَایَدُوْا فِیْ ثَمَنِ السِّلْعَةِ: ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔
اِزْدَادَ زیادہ ہونا۔ زیادہ کرنا زیادہ طلب کرنا۔
اِسْتَزَادَهٗ زیادہ طلب کرنا۔ کوتاہی کرنے والا۔ سمجھنا اور شکایت کرنا۔
الزَّائِد. فا مؤنث زَائِدَة. زَائِدَةُ الْكَبِد: جگر کا چھوٹا سا ٹکڑا جو اسی کے ساتھ ایک جانب میں ہوتا ہے۔ ج زَوَائِد. والزَّوَائِد مِنَ الاَسْنَان کچلیوں کے قریب والے دانت۔
الزِّیَادَة س۔ جو چیز بڑھائی جائے۔ ج زِیَادَات وزَیَائِد وزِیَادَةُ الْكَبِد: بمعنی زَائِدَةُ الْكَبِد.
الزَّیْد والزِّیْد زیادتی۔ بڑھاؤ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ زَیْدٌ عَلٰی مِائَةٍ" وہ سو سے زائد ہیں۔
المَزِیْد س۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "لا مَزِیْدَ عَلٰی هٰذَا الاَمْرِ" یعنی اس معاملہ میں زیادہ گنجائش نہیں۔
المَزَادَة توشہ دان۔ چمڑے کے کئی ٹکڑے ملا کر ایک تھیلا سا بناتے ہیں جس میں پانی رکھتے ہیں۔
زِیْر دیکھئے مادہ (زور)
الزِّیْز ایک کیڑا جو درختوں پر رہا کرتا ہے اور زیز زیز کی آواز نکالتا ہے۔
الزِّیْزَی والزِّیْزَاء والزِّیْزَاء والزَّازِیَة. چھوٹا سا ٹیلہ یا سخت زمین۔ پر یا اس کے کنارے۔ ج اَلزَّیَازِی.
اَلزِّیَذِیَّاتُ چھوٹے چھوٹے پروں والے کیڑے۔
الزِّیَازِیَة پپیہ۔
الزِّیْزَفُوْن ایک درخت ہے جس کے پھول کو پانی میں بھگو کر دوا استعمال کرتے ہیں۔ اور امثال عرب میں سے ہے "هُوَ كَالزِّیْزَفُوْن یُزْهِرُ ولا یُثْمِرُ" وہ زیزفون کی مانند ہے پھول تو دیتا ہے پھل نہیں۔
زَاطَ یَزِیْطُ زَیْطًا وزِیَاطًا. شور مچانا اور بہت جھگڑنا۔ صفت (زَیَّاط)
زَاغَ یَزِیْغُ زَیْغًا و زَیَغَانًا و زُیُوْغَةً: جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا الْبَصَرُ نگاہ کا تھکنا۔
زَیَّغَهٗ ٹیڑھا کرنا۔ کجی درست کرنا۔
اِزَاغَهٗ. عَنِ الطَّرِیْقِ بدراہ کرنا الرَّجُل: کجی میں ڈالنا۔
تَزَایَغَ جھکنا۔
الزَّائِغ فا ج زَاغَة وزَائِغُوْن.
الزَّاغ ایک قسم کا کوا جس کے پیٹ اور پیٹھ کے پر کچھ سفیدی مائل ہوتے ہیں۔ اور ایک قسم ہے۔ الزَّاغُ الجِیْفِیُّ جو مردار کھاتا ہے۔ ج زِیْغَان.
الزَّیْغ س۔ حق سے انحراف۔ شک۔
الزُّیُوْغ جھکاؤ۔
زَافَت (ض) زُیُوْفًا. الدَّرَاهِمُ کھوٹے ہونا۔ (زَافَ زَیْفًا) الدرَاهِمَ کھوٹے کرنا یا کھوٹے سمجھنا الحَائِطَ دیوار پھاندنا (زَیْفًا

وزيفانا) مٹک کر چلنا البعيرُ: اونٹ کا جھکتے ہوئے دوڑنا۔
زيَّف. الدراهمَ: کھوٹے بنانا یا سمجھنا۔
الرجلَ: حقارت کرنا البناءُ: بلند ہونا۔
تزيَّفت. الدراهمُ: کھوٹے ہونا۔
الزائف. فا. شيرٍ من الدراهم: کھوٹا درہم۔ ج زُيَّف وزُيُوف.
الزيف. چھجہ جو دیوار کی حفاظت کیلئے ہوتا ہے۔ کنگرہ۔ سیڑھی کے پائے۔ ج زياف وأزياف وزُيُوف. اور کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ زَيْفٌ" کھوٹا درہم۔
الزيَّاف. مٹک کر چلنے والا۔ شیر۔ مؤنث زيَّافة.
زيَّق. الثوب: کپڑے میں گوٹ لگانا۔
تزيَّقتِ. المرأةُ: زینت کرنا۔ سرمہ لگانا۔
الزيق. من الثوبِ: کپڑے کی گوٹ۔ معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔
زاك (ض) زَيَكانًا: نازو تکبر سے چلنا۔
الزيك. چھوٹے جواہر جو بڑے جوہر کے گرد اگرد جڑے ہوئے ہوں۔
زالَهُ يزالُهُ و يزيلُهُ زَيْلًا. عن مكانِهِ: ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما زِلْتُ أفعلُ" میں ہمیشہ کرتا رہا۔ وما زلتُ بزيدٍ ومازلتُ زيدًا حتى فَعَلَ" میں ہمیشہ زید کے ساتھ لگا رہا یہاں تک کہ اس نے کر دیا۔ و "زِلْتُ أفعلُ" بمعنی "ما زلتُ افعلُ" حرف نفی کی تقدیر سے اور یہ قليل الاستعمال ہے۔
أزالَهُ إزالةً وإزالًا. عن مكانِهِ: ہٹانا۔
زيَّلَهُ. متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
زايَلَهُ. باہم دگر جدا ہونا۔
تزايلوا وتزيَّلوا. پراگندہ ہونا۔ جدا ہونا عنهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "أنا أتزايلُ عنكَ فلا أتجاسرُ عليكَ" میں تم سے شرم کرتا ہوں اس لیے میں تمہارے سامنے دلیری نہیں کر سکتا۔

الزيل. دونوں رانوں کے درمیان کی دوری۔
الأزيل. دونوں رانوں کے درمیان فاصلہ والا۔ رجلٌ (مِزْيَلٌ و مِزْيالٌ) خوش طبع۔ زیرک۔
زام يزيمُ ويزامُ زَيْمًا. لفلانٍ فاسكتَهُ: ایک کلمہ بول کر خاموش کر دینا۔
تزيَّمت. الخيلُ وغيرُها: گھوڑے وغیرہ کا پراگندہ ہونا اللحمُ: گوشت کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الزيمة. گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج زِيَم. زانه يزينُهُ زَيْنًا: زینت دینا الشيءَ: خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔
زيَّنَهُ تزيينًا وأزانَهُ إزانةً وأزيَنَهُ إزيانًا. زینت دینا۔
تزيَّنَ تزيُّنًا وازَّيَّنَ ازَّيُّنًا وازْدانَ ازْديانًا وازْيَنَّ ازْيِنانًا وازْيانَّ ازْيِيْنانًا. آراستہ ہونا۔
الزائن. فا. امرأةٌ زائنٌ: آراستہ عورت۔
الزين. مص۔ آراستگی ج أزيان. الزين: ایک درخت کا نام جس سے تیر بناتے ہیں۔ زينُ الديكِ: مرغ کی کلغی۔
الزَّانُ: بلوط کی قسم سے ایک درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے اس کے پھول سے مفید غذائی تیل نکالا جاتا ہے۔ اور وہ خوبصورتی کے لئے بویا جاتا ہے۔
الزانة. بدہضمی۔
الزَّيْنَةُ: انتہائی خوبصورت پھول کی قسم جس کی اہمیت باغوں میں بہت ہے۔
الزَّاوِيَةُ: زاوية مستقيمة: وہ زاویہ جس کے دونوں ضلع نقطہ زاویہ کے دونوں جانب برابر ہوں۔ دونوں جانب کو دو ضلع کا نام دیا جاتا ہے۔ نقطہ کو راس الزاویہ کہا جاتا ہے۔ زاوية قائمة مستقيمة کا نصب ہوتا ہے۔ زاوية حادة: قائمہ سے زیادہ چھوٹا ہوتا ہے۔ زاوية منفرجة: قائمہ سے بڑا اور مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ نافرة: مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ منعكسة: مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

الزينة. آراستگی جس سے زینت کی جائے۔ أمراضُ الزينةِ عند الأطباء: بال یا کھال یا ناخن کے امراض۔
الزيان. خوبصورت۔ کہا جاتا ہے "قمرٌ زيانٌ" خوبصورت چاند۔
الزيان. ہر وہ چیز جس سے زینت کی جائے۔
المزيِّن. فا. نائی۔ (مولد)
زيَّاه تزييةً. پوشاک پہنانا۔ کہا جاتا ہے "هذه زاي فزيِّها" یعنی اس کو حرف زا سے پڑھو۔
تزيَّا. آراستہ ہونا بزيِّ القومِ: قوم کا لباس پہننا۔
الزيّ. ہیئت۔ شکل۔ پوشش۔ کہا جاتا ہے "أقبل بزيِّ العرب" وہ عرب کے لباس میں آیا و "جاءنا بزيٍّ غريبٍ" وہ ہمارے پاس عجیب لباس میں آیا۔ ج أزياء.

س: السین بنیادی حروف میں سے بارہواں حرف ہے حرف اسلیہ میں سے ہے اور حساب جمل میں اس کا نمبر (٦٠) ہے۔

السین. فعل مضارع کو مستقبل قریب کے معنی کے لیے خاص کر دیتا ہے۔

سَأبَهٗ(ف) سَأبًا. گلا گھونٹنا السِقَاءَ: مشک کو کشادہ کرنا (وسَئِبَ (س) سَأبًا) مِنَ الشَرَابِ: آسودہ و سیراب ہونا۔

السَأب. مر۔ بڑی مشک۔ ج سُؤُوْب.

السُؤْبَان. مال کا بہترین منتظم۔

المِسْأب. بڑی مشک۔ بہت پانی پینے والا۔

سَأتُهٗ(ف) سَأتًا. گلا گھونٹنا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔

السَأت. گلے کی ایک جانب۔

سَأدَهٗ(ف) سَأدًا وسَأدًا. گلا گھونٹنا۔

سُئِدَ. کھاری پانی کے پینے سے بیمار ہونا۔ صفت (مَسْئُوْد)

سَئِدَ(س) سَأدًا. پینا الجَرْحُ: زخم ٹوٹ کر بہنا۔ صفت (سَئِد)

اَسْأدَ اِسْآدًا. ساری رات چلنا۔ کہتے ہیں "اَسْعَدَ یَوْمَه اِسْعَادًا مِنْ اَسْأَ و لَیْلَةَ اِسْآدًا" جو شخص ساری رات چلتا رہا اس نے اپنے دن کو کامیاب بنایا۔

السُؤَاد. کھاری پانی پینے کی وجہ سے بیماری۔

السُؤْدَة. بقیہ جوانی۔

المِسْأد. تیل یا شہد کی مشک۔

سَأرَ(ف) سَأرًا واَسْأرَ. الشَارِبُ فِي الاِنَاءِ: کچھ باقی چھوڑنا۔ صفت (سَأرٌ) اور کہا جاتا ہے "اَسْاَرَ الحَاسِبُ فِيْ حِسَابه" حساب لگانے والے نے حساب کو پوری طرح سے نہیں کیا۔

سَئِر(س) سَأرًا. الشئُ: باقی رہنا۔

تَسأرَ. النَبِیْذَ: جھوٹا نبیذ پینا۔

السُؤْر. جھوٹا پانی وغیرہ۔ بقیہ۔ ج اَسْآر. کہا جاتا ہے "هُوَ سُؤر شر" وہ شریر ہے۔

السُؤرَة. بقیہ جوانی۔ مِنَ المَالِ: عمدہ مال۔ ج سُؤَر.

السَائِر. فا. مِنَ الشَئ: بقیہ۔

سَأسَأ سَأسَأةً. بِالحمارِ: گدھے کو روکنے کیلئے ڈانٹنا یا پینے یا چلنے کیلئے آواز دینا۔

تَسَأسَأتِ. الاُمُوْرُ: مختلف ہونا۔

سَأفَتْ(ف) سَأفًا و سَئِفَتْ(س) سَأفًا يَدُهٗ: ناخن کے ارد گرد پھٹنا۔ ہاتھ کی صفت (سَئِفَةٌ) (سَئِفَ وانْسَأفَ) لِيْفُ النَخْلِ: پھٹنا۔ پراگندہ ہونا۔ چھلنا۔

السَأف. کھجور کی شاخ۔ دم کے بال۔

السَائِفَة. ریت کے تودے کے نیچے کی باریک ریت۔ ج سَوَائِف.

سَألَ(ف) سُؤَالًا وسَألَةً وسَألَةً و مَسْألَةً وتَسْآلًا. طلب کرنا۔ مانگنا۔ درخواست کرنا۔ اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ جیسے "سَألْتُ اللّٰهَ نَعْمَةً" اور جب استخبار کے معنی میں ہو تو مفعول اول کی طرف بنفسہ اور مفعول ثانی کی طرف عن سے متعدی ہوتا ہے جیسے سَألْتُه عَنْ حَاجَتِه" اور کبھی همزہ کی تخفیف ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "سَالَ یسَالُ سَلْ" مثل خاف یخاف خف کے اور اسم مفعول "مَسُوْلٌ" مانند مخوف کے۔

سَاءَلَ، وسَایَلَه مُسَاءَلَةً و مُسَایَلَةً و سَاءَلَ عَنْهٗ: بمعنی سال۔

اَسْألَ. سُؤْلَهٗ و سُؤْلَتَهٗ و مُسَألَتَهٗ: حاجت پوری کرنا۔

تَسَألَ و تَسَوَّل. مانگنا۔

تَسَاءَ و تَسَاوَل. القَوْمُ: ایک دوسرے سے پوچھنا۔

السُؤْل والسُوْل والسُؤْلَة والسُوْلة. درخواست۔ التجا۔

السَأَل والسُؤَلَة والسَؤْوْل. بہت سوال کرنے والا۔

السَائِل. فا. مانگنے والا۔ ج سَائِلُوْنَ وَسُؤُل وسُؤَّال و سَألَة.

المَسْئَلَة. حاجت۔ مطلب۔ ج مسَائِل

المَسْئُوْلِیَّة. ذمہ داری۔

سَئِم(س) سَأمَةً و سَأمًا و سَأمَةً و سَأمًا و سَآمَةً. الشَئَ و مِنْهٗ: کسی چیز سے ملول ہونا۔ اکتا جانا۔ صفت (سَؤُدُمٌ)

اَسْأمه اِسْآمًا. ملول کرنا (اکتا دینا)

سَأ(ن) سَأوًا. دوڑنا الشَئَ: کسی چیز کی نیت کرنا۔ قصد کرنا الرَجُلَ: کسی کو غمگین کرنا الثَوْبَ: کپڑے کو کھینچ کر پھاڑنا۔

بَيْنَهُمْ لوگوں میں فساد ڈالنا۔
السَأو .س۔وطن۔ وہ جہت جہاں کا ارادہ کیا جائے اور کہا جاتا ہے "هُوَ بَعِيْدُ السَاوِ" وہ بڑی ہمت والا ہے۔
سَبَّهٗ(ن) سَبًّا و سِبِّيْبَى. سخت گالی دینا۔ مقعد میں نیزہ مارنا (سَبًّا) الحَبْلَ: رسّی کو کاٹنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو زخمی کرنا۔ کونچیں کاٹنا۔
سَبَّبَهٗ. بہت گالی دینا الاَسْبَابَ: اسباب پانا لِلْمَاءِ مَجْرَى: پانی کے لیے نالی درست کرنا الاَمْرَ: سبب بننا۔
سَابَّهٗ مُسَابَّةً و سِبَابًا. گالی دینا۔
تَسَبَّبَ. اسباب ڈھونڈنا بِهٖ اِلَيْهِ: وسیلہ بننا بِالاَمْرِ: سبب ہونا۔
تَسَابَّ. الرَّجُلَانِ: باہم قطع تعلق کرنا اور گالی گلوچ کرنا۔
اِسْتَبَّ. القَوْمُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
اِسْتَسَبَّ. لَهٗ: گالی کیلئے پیش کرنا۔
اِسْتَسَبَّ لَهُ الاَمْرُ: کام کا درست ہونا۔
السِبُّ والسُبَبَة والمِسَبّ والمَسَبَّة. بہت گالی دینے والا۔ السِبّ: ج سُبُوْب: رسّی. عمامہ۔ کھونٹی۔ کتاں کا باریک ٹکڑا۔ پردہ۔
السَبَّة. مِنَ الحَرِ او البَرْدِ او الدَهْرِ: عرصہ مقعد۔
السُبَّة. انگشت شہادت عِنْدَ المُوَلّدِيْن: ہفتہ۔
السُبَّة. جس کو لوگ بہت گالی دیں۔ عار۔ بے عزتی۔
السَبَب. رسّی۔ ذریعہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَالِي اِلَيْهِ سَبَب" میرے لیے اس کی طرف کوئی راستہ نہیں۔ و "قَطَعَ اللّٰهُ بِهِ السَبَبَ" اللہ نے اس کی زندگی ختم کر دی۔ دوستی۔ رشتہ داری۔ فِي العُرُوْضِ: دو حرف متحرک یا ایک متحرک اور ایک ساکن۔ ج اَسْبَاب. اَسْبَابُ السَمَاءِ: آسمان کے اطراف یا آسمان میں چڑھنے کی جگہ اور کہا جاتا ہے "تَعَاطَى الاَسْبَابَ" اس نے اُمورِ معیشت کے اسباب حاصل کیے۔ و "تَقَطَّعَتْ بِهِمُ الاَسْبَابُ" ان کی دوستیاں اور تعلقات ختم ہو گئے۔
السَبِيْب و السَبِيْبَة. بالوں کا گچھا۔ مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کے دم کے بال۔ گھوڑی کی پیشانی کے بال۔ ایال۔ ج سَبَائِب. کہا جاتا ہے "قَدْ عَقَدُوْا سَبَائِبَ خَيْلِهِم" انہوں نے اپنے گھوڑوں کے دُم کے بال میں گرہ لگائی۔
السَبِيْبَة: کتاں کا باریک ٹکڑا۔
السَبَّاب. بہت گالی دینے والا۔ مؤنث سَبَّابَة.
الاُسْبُوْبَة. باعث گالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ اُسْبُوْبَةٌ يَتَسَابُّوْنَ بِهَا" ان کے درمیان گالی کا سبب ہے جس کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کو گالی دیتے ہیں۔
السَبَّابَة و المِسَبَّةُ. انگشت شہادت۔
سَبَأَ (ف) سَبْأً و سِبَاءً و مَسْبَأً. الخَمرَ: شراب کو پینے کیلئے خریدنا۔ الجِلْدَ: کھال اُتارنا الجِلْدَ بِالنَارِ: کھال کو آگ میں جلانا۔
الرَجُلَ: کوڑے مارنا۔ مصافحہ کرنا۔
النَارُ الجِلْدَ: آگ کا کھال کو جھلس دینا۔
اَسْبَأَ لِاَمْرِ اللّٰهِ: حکم الٰہی کے لیے جھک جانا۔ عَلَى الشَرِّ: مطیع ہونا۔
اِنْسَبَأَ. الجِلْدُ: کھال کا اُترنا۔ چھل جانا۔
اِسْتَبَأَ اِسْتِبَاءً. الخَمرَ: شراب کو پینے کے لئے خریدنا۔
السِبَا و السَبِيْئَة. شراب۔
السَبَّاء. مے فروش۔
السُبْأة. دور کا سفر۔
السِبى. مِنَ الحَيَّةِ: سانپ کی کینچلی۔
المَسْبَأ. پہاڑی راستہ۔ راستہ۔
سَبَتَ (ن ض) سَبْتًا. ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔ سبت منانا۔ آرام لینا الشَيْءَ: کسی چیز کو کاٹنا الرَاسَ: سر مونڈنا الرَجُلُ: حیران ہونا الشَعرَ: بال لٹکانا عُنُقَهٗ: گردن پر مارنا۔
سُبِتَ. الرَجُلُ: نیند کا آجانا۔
اَسْبَتَ. ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔
اِنْسَبَتَ. الشَيْءُ: کسی چیز کا دراز ہونا۔ الجِلْدُ: کھال کا نرم ہونا الوَجْهُ: چہرہ کا لمبا ہونا۔
اِسْتَبَتِ. اليَهُوْدُ: یہودیوں کا ہفتہ کا دن منانا۔
السَبْت. س۔ سنیچر۔ شنبہ۔ ج اَسْبُت و سُبُوْت. السَبْت: بہت سونے والا۔ عمدہ گھوڑا۔ دلیر لڑکا۔ چالاک مرد۔ زمانہ۔ ہفتہ۔ (السَبْتَة) زمانہ کا ایک عرصہ۔
السِبْت. پکائی ہوئی کھال۔ رنگی یا دباغت دی ہوئی کھال۔
السُبْت و السَبْت. خطمی کی مانند ایک پودہ۔
السُبَات. نیند یا اونگھ۔ زمانہ۔ چالاک مرد۔
اِبْنَاسُبَاتٍ: دن رات (السَابُوْت) ایک قسم کی سمندری مچھلی۔
السِبْتَان. بیوقوف۔
السِبْتَاء. بیابان۔
السَبَنْتَى. دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِت و سَبَاتَى. مؤنث سَبَنْتَاة.
السَبَنْتَاة: زبان دراز عورت۔
المُسْبِت. فا. وہ شخص جو مرض وغیرہ کی وجہ سے نہ حرکت کرے نہ آنکھیں کھولے۔
المَسْبُوْت. مف۔ میت یا بیہوش سر منڈا ہوا۔
تَسَبَّجَ. سیاہ کمبل اوڑھنا۔
السُبْجَة. کالا کمبل۔ ج سُبَج. بغیر آستین کا کرتا۔
السَبَج. سیاہ مہرے۔
السَبَّاج. کالا کمبل بیچنے والا۔
ثَوْب (مُسَبَّج) چوڑا کپڑا۔
سَبَحَ (ف) سَبْحًا. الرَجُلُ: اپنی معاش کیلئے تصرف کرنا۔ سونا اور آرام لینا۔ دور تک نکل جانا عَنِ الاَمْرِ: فارغ ہونا۔ فِي الكَلَامِ: بہت بولنا فِي الاَرْضِ: کھودنا

القومُ: پھرنا اور زمین میں پھیلنا (سَبْحًا و سِبَاحَةً. فِي الْمَاءِ و بِالْمَاءِ) تیرنا اور بطور استعارہ کے گھوڑے کی رفتار اور سیارے کی چال کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے (سُبْحَانًا) سبحان اللہ کہنا۔

سَبَّحَ تَسْبِيحًا: نماز پڑھنا۔ سبحان اللہ کہنا اللهَ و لِلّٰهِ: خدا کی پاکی بیان کرنا۔

اَسْبَحَهُ: تیرانا۔

السَّبْحَة. سَبَحَ کا اسم مرۃ۔ کھال کے کپڑے۔

السُّبْحَة. دعا۔ تم کہتے ہو "قَضَيْتُ سُبْحَتِي"، میں نے اپنی دعا پوری کر لی۔ نفل نماز۔ تسبیح۔ سُبْحَةُ اللهِ: اللہ تعالیٰ کا جلال۔ ج سُبَح و سُبُحَات و سُبُحَاتُ وَجْهِ اللهِ: اللہ تعالیٰ کے انوار یا وہ دلائل عظمت جن سے باری تعالیٰ کی تقدیس کی جائے۔

السُّبْحَة: روئی کا ٹکڑا۔

السُّبْحَةُ: پتھر یا لکڑی کے منکے جو کہ لڑی پروئے جاتے ہیں تاکہ اس کے ساتھ مختلف اذکار کئے جائیں۔

سُبْحَان. مص۔ کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللهِ" یعنی میں اللہ تعالیٰ کی عیوب و نقائص سے پاکی بیان کرتا ہوں۔ و "سُبْحَانَ مِنْ كَذَا" موقع تعجب کیلئے اور یہ اضافت کے معنی میں ہے۔ یعنی "سُبْحَانَ اللهِ مِنْ كَذَا" کے معنی میں۔ و "اَنْتَ اَعْلَمُ بِمَا فِي سُبْحَانِكَ"، یعنی جو کچھ تیرے نفس میں ہے اس کا تو زیادہ جاننے والا ہے۔

التَّسْبِحَة. مص۔ تسبیح کے کلمات۔ ج تَسَابِيح.

السَّابِح. فا. ج۔ سَابِحُوْنَ و سُبَّاح و سُبَحَاء مؤنث سَابِحَة ج سَابِحَاتٌ و سَوَابِح. والسَّابِحُ مِنَ الْخَيْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ السَّوَابِحُ: تیز رفتار گھوڑے۔

السَّابِحَات: کشتیاں۔ ستارے یا مومنین کی ارواح جو آسانی سے قبض کی جاتی ہیں یا فرشتے جو آسمان و زمین کے درمیان تسبیح کرتے رہتے ہیں۔

السَّبَّاح. سَابِح کا مبالغہ۔ بڑا تیراک۔ ج سَبَّاحُوْنَ.

السَّبُوْح. تیراک ج سُبَحَاء. فَرَسٌ سَبُوْحٌ. تیز رفتار گھوڑا جو اپنی رفتار میں اِدھر اُدھر نہ ہوتا ہو۔

السُّبُّوْح والسَّبُّوْح: باری تعالیٰ کی صفات میں سے ہے۔ اس لیے کہ اس کی تسبیح کی جاتی ہے۔

ثَوْبٌ (مُسَبَّحٌ) مضبوط کپڑا۔

المُسَبِّحَة والسَّبَّاحَة. انگشت شہادت۔

المِسْبَحَة. عِنْدَ العَامَةِ: عوام کے نزدیک بمعنی نفل نماز۔ تسبیح یا تسلی۔

سَبْحَل سَبْحَلَةً. سبحان اللہ کہنا۔

السِّبَحْل. موٹا۔ جَارِيَةٌ سِبَحْلَةٌ: موٹی لمبی لڑکی۔

سَبْحَنَ. سبحان اللہ کہنا۔

سَبَخَ (ن) سَبْخًا. گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا۔ دور ہونا۔

سَبِخَ (س) سَبَخًا المَكَانُ: شورے والی ہونا۔ صفت (سَبِخٌ)

سَبَّخَ. عَنْهُ. ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ سَبِّخْ عَنِّي الْحُمَّى او الشِّدَّةَ" اے اللہ مجھ سے بخار یا سختی کو ہلکا کر دے الحَرَّ. ٹھنڈا کرنا القُطْنَ و نَحْوَهُ: روئی دھننا الرَّجُلُ: گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا العِرْقُ: رگ کا ساکن ہونا الحَرُّ. گرمی کا کم ہو جانا۔

اَسْبَخَ. فِي الحَفْرِ: کھودنے میں زمینی شور تک پہنچنا۔ المَكَانَ: زمین شور والی ہونا۔

تَسَبَّخَ. الحَرُّ او الغَضَبُ: گرمی یا غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

اَرْضٌ (سَبْخَة) ج سِبَاخ (وسَبِخَة) ج سَبِخَات: زمین شور۔

السَّبْخَة والسَّبَخَة. نمکین و دلدلی زمین۔ کائی کی مانند جو پانی کے اوپر آ جائے۔ ج سِبَاخ.

السِّبَاخ. من الارض. ویران کھیت جو جوتا نہ گیا ہو۔

السَّبِيخ. روئی کا پھایا بکھرے ہوئے پر وغیرہ۔

السَّبِيخَة. دھنکی ہوئی روئی کا گالا۔ ج سَبَائِخ. تم کہتے ہو "طَارَتْ سَبَائِخُ القُطْنِ"، روئی کے گالے اُڑے۔

سَبَدَ (ن) سَبْدًا. الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔ شَارِبَه: مونچھوں کا بڑھ کر ہونٹوں کو گھیر لینا۔

سَبَّدَ الشَّعْرُ: بال کا مونڈنے کے بعد نکلنا الفَرْخُ چوزے کے پر نکلنا اور سخت ہونا الرَّحْلُ سر میں تیل نہ لگانا۔ رَاْسَهُ سر میں کنگھی کرنا اور تر کرنا پھر چھوڑ دینا۔ شَعْرَهُ: بال کو جڑ سے مونڈنا العُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگنا۔

اَسْبَدَ. الشَّعْرَ: بال مونڈنا اَلْعُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگنا۔

السِّبْد. بھیڑیا۔ مصیبت۔ ج اَسْبَاد.

الاَسْبَاد: کالے کپڑے۔ اَسْبَادُ العُشْبِ: گھاس کا سرا ابتدائی روئیدگی کے وقت۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ سِبْدٌ مِنَ الاَسْبَادِ"، وہ چوری میں بڑا ہوشیار ہے۔

السَّبَد. کم بال۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ"، اس کے پاس نہ تو بال ہیں نہ اون یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

السَّبَد. سبز گھاس کا بقیہ۔

السُّبَد. چیتھڑا جس سے حوض کی نالی بند کی جائے۔ بدبختی۔ ج سِبْدَان. ایک قسم کا پرندہ جس کے پر دھاری دار ہوتے ہیں اور اس کا منہ کشادہ اور سر و چونچ چوڑی ہوتی ہے۔ السُّبَد والسُّبَدَة. پیڑو۔

السِّبَنْدَى. لمبا۔ دلیر۔ چیتا (الف الحاق کیلئے ہے تانیث کیلئے نہیں) ج سَبَانِد. و سَبَانِدَة. السَّبَانِدَة: کھیل کود میں رہنے والے لوگ۔

سَبَرَ (ن ض) سَبْرًا واَسْبَرَ واسْتَبْرَ. الجُرْحَ او البِئْرَ او المَاءَ: گہرائی کی

آزمائش کرنا۔
الْاَمْر: تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہ مَفَازَۃ لَاتُسْبَر" اس بیابان کی وسعت کا اندازہ معلوم نہیں۔

السَّبْر۔ ش۔ شیر (والسِبْر) اصل۔ رنگ۔ جمال۔ ہیئت۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ الحِبْر والسِبْر" جبکہ اچھی ہیئت والا اور جمیل ہو "وَ رَأیْتُه سَیِّیَ السِبْر" جبکہ لاغر اور رنگ بدلا ہوا ہو "و قَدْ غَلَبَ عَلَیْهِ سَبْرٌ فُلَان" اس پر فلاں کی مشابہت غالب ہے۔ السِبْر: دشمنی۔ ج اَسْبَار.

السَّبْرَة. ٹھنڈی صبح۔ ج سَبَرَات.

السُبَر والسُبُرَة. ایک شکاری پرندہ۔

السِبَار. ج سُبرو (المِسْبَر والمِسْبَار) ج مَسَابِر و مَسَابِیْر: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔

السِبَار: افریقہ کے جنگلوں کا ایک درندہ جو بجو کے مشابہ ہوتا ہے۔

اَلسَّابُوْرَۃُ: مٹی وغیرہ اٹھانے کے لئے ٹوکرا۔

السِبَارَۃ. ایک قسم کا جہاز۔

السَّابِرِی. سابور کی جانب منسوب۔ عمدہ کھجور۔ باریک بنی ہوئی مضبوط زرہ۔

السَّبُّوْرَة. سلیٹ۔ بلیک بورڈ۔

المَسْبَر. ہیئت و حسن و جمال۔ کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ مَسْبَرَہٗ و مَخْبَرَہٗ"

المِسْبَار. زخم کی گہرائی معلوم کرنے والا۔ ج مَسَابِیْر.

مَسْبَرَۃُ. الجَرْح: زخم کی گہرائی۔

المِسْبَرَة. آزمائش۔

المَسْبُوْر. ث۔ اچھی ہیئت والا۔

سَبَرَتَ. الرَجُلُ: قناعت کرنا۔

السُبْرُت والسُبْرُوْت والسِبْرِیْت والسِبْرَات. مسکین و محتاج۔ ج سَبَارِیْت و سَبَارٍ. السُبْرُوْت: تھوڑی چیز۔ امرد لڑکا۔

السُبْرُوْت مِنَ الاَرْض: چٹیل بیابان۔

المُسَبْرَت. وہ شخص جس کے بال نہ ہوں۔

سَبْسَبَ. المَاءَ: پانی بہانا الرَجُلُ: نرم و آہستہ چلنا۔ بری گالی دینا۔

تَسَبْسَبَ. الماءُ پانی بہنا۔

السَبْسَب. بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔ ج سَبَاسِب اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ سَبَاسِب او سُبَاسِب" بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔

سَبِطَ(س) سَبْطًا و سَبَطًا و سُبُوْطًا و سَبُطَ(ن) سُبُوْطَةً و سَبَاطَةً.

الشَعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔

سَبُطَ(ک) سَبَاطَةً. المَطَرُ: بہت بارش ہونا اور دور تک ہونا۔

سُبِطَ سَبْطًا. بخار ہونا۔

سَبَّطَتِ. النَاقَۃُ او النَعْجَۃُ: اونٹنی یا بھیڑ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت (مُسَبِّط)

اَسْبَطَ. خوف کی وجہ سے چپ رہنا۔ کمزور ہونا۔ گر کر بے حس و حرکت ہونا بِالاَرْضِ: چمٹنا فِی نَوْمِہ: نیند میں آنکھیں بند کرنا عَنِ الاَمْرِ: غفلت کرنا۔

السِبْط. اولاد کی اولاد۔ اس کا اطلاق اکثر نواسوں پر ہوتا ہے جیسے حفید کا اطلاق پوتوں پر مِنَ الیَهُوْدِ: یہ لفظ یہودیوں کے لیے ایسے ہی مستعمل ہے جیسے عرب کیلئے قبیلہ کا لفظ۔ ج اَسْبَاط.

السَبْط والسَبِط. مِنَ الشَعْرِ: سیدھے بال۔ السَبْط مِنَ المطرِ: بکثرت بارش۔ ج سِبَاط. کہا جاتا ہے "هُوَ سَبِطُ الیَدَیْنِ اَوْ سَبْطُ البَنَان" یعنی وہ فیاض و کریم ہے۔ و "سَبْطُ الجِسْم" عمدہ قد و قامت والا۔

السَبَط. تر و تازہ لفی گھاس۔ چینا کی مانند ایک پودہ۔ واحد (السَبَطَة) شَعْرٌ سَبَط: سیدھے بال۔ السَبَط: درخت جس کی ڈالیاں بہت ہوں اور جڑ ایک ہو۔

سَبَاط. بروزن قطام بمعنی بخار۔

سُبَاط. ایک ترکی مہینہ مطابق ماہ فروری۔ اس کو شباط بھی کہتے ہیں (اور یہ منصرف اور غیر منصرف دونوں ہے۔)

السُبَاطَة. بال جو کنگھی کرنے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا خانہ۔

السَّابُوْط. ایک سمندری جانور۔

السَابَاط. چھت جو دو مکانوں کے درمیانی راستہ پر ہو۔ ج سَوَابِیط و سَابَاطَات.

السَبَطَانَة. نے۔ جس میں گولی ڈال کر پرندہ کو مارتے ہیں۔

اِسْبَطَرَّ اِسْبِطْرَارًا. دراز ہو کر لیٹنا۔

اِسْبَطَرَّتِ الاِبِلُ: تیز چلنا لَهُ البِلَادُ: کسی کیلئے ممالک و بلاد کا درست ہونا۔

السِبَطْر. تیز خاطر و چالاک۔ لمبا۔ اسدٌ سِبَطْرٌ: حملہ کرنے کے وقت دراز ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "جِمَالٌ سِبَطْرَاتٌ" لیٹے ہوئے اونٹ (اس میں تا تانیث کی نہیں بلکہ ایسی ہی ہے جیسے حَمَّامات اور رِجَالَات مذکر کی جمع میں۔)

السُبَاطِر والسَبَیْطَر. لمبا مرد۔

السِبَطْرَیٰ. متکبرانہ چال۔

سَبَعَ (ف ن) سَبْعًا. القَوْمُ: ساتواں ہونا۔ مال کا ساتواں حصہ لینا الحَبْلَ: سات لڑی کی رسی بنانا الشَیْءُ: سات بنانا الرَجُلَ: غیبت کرنا۔ گالی دینا الشَیْءَ: چرانا۔ الذِئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکری کو پھاڑنا۔

سُبِعَتِ. الوَحْشِیَةُ: درندے کا بچے کو کھا جانا۔ صفت (مَسْبُوْعَة)

سَبَّعَهٗ. سات بنانا یا سات گوشہ کا بنانا الاِنَاءَ: برتن کو سات مرتبہ دھونا اللّٰه لَكَ: سات مرتبہ یا سات گنا دینا یا سات اولاد دینا المَرْأَةُ: عورت کا ساتویں مہینے بچہ جننا القَوْمُ: پورے سات سو ہونا۔

سَابَعَهٗ مُسَابَعَةً و سِبَاعًا. گالی گلوچ کرنا۔

اَسْبَعَ. القَوْمُ: سات ہونا الرَاعِیْ: چرواہے کے جانوروں میں درندہ کا آپڑنا الشَیْءَ: سات بنانا المَکَانُ: بہت درندوں والی ہونا ہ: درندے کا گوشت کھلانا الرَجُلُ: گھاٹ پر ساتویں دن جانے والے اونٹوں کا مالک ہونا۔ ایسے اونٹوں کو (سَوَابِع) کہتے ہیں۔

اِسْتَبَعَ. الشَیْءَ: کسی چیز کو چرانا الغَنَمَ:

بکری کو پھاڑنا القَوْمُ: سات ہونا۔
السَّابِع. فا. ساتواں۔ ج سَبَعَةٌ و سَابِعُوْنَ.
سَبْعَة. سات۔ مؤنث۔ سَبْع.
السَبْع. سَبْعَة کا مؤنث۔ یَوْمُ السَبْع: قیامت کا دن۔ السَبْعُ المَثَانِي. سورۂ فاتحہ یا پہلی سات سورتیں۔ کہا جاتا ہے "طَافَ بِالبَيْتِ سَبْعًا" اس نے بیت کا سات مرتبہ طواف کیا۔
السَبْع والسَبُع والسَبَع. درندہ۔ ج اَسْبُع و سِبَاع و سُبُوع و سُبُوعَة مؤنث سَبُعَة و سَبْعَة. السَبْع مِنَ الطَيْرِ: شکاری پرندہ۔
السُبْع. ساتواں حصہ۔ ج اَسْبَاع. و حُمّيٌ السُبْع: ساتویں روز کی باری کا بخار۔
السِبْع. اونٹوں کا ساتویں دن گھاٹ پر آنا۔
السُبَاعِيّ. سات گوشے والا۔ سات حروف والا لفظ۔ بڑا اونٹ۔ سُبَاعِيّ البَدَنِ: پورے قد و قامت والا۔ مَوْلُوْدٌ سُبَاعِيٌّ: ساتویں مہینے پیدا ہونے والا بچہ۔
السَبْعُوْنَ. مِنَ العَدَدِ: ستر (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)
السَبِيْع. ساتواں حصہ۔
الاُسْبُوْع. ہفتہ۔ ج اَسَابِيع اَرْضٌ (مَسْبَعَة) بہت درندوں والی زمین۔
المُسْبَع. ساتویں مہینے پیدا شدہ بچہ۔ وہ بچہ جس کی ماں مر گئی ہو اور کوئی دوسری عورت دودھ پلائے۔ منہ بولا بیٹا۔
المَسْبُوْع. درندہ سے خائف۔
سَبَغَ (ن) سُبُوْغًا. العَيْشُ: زندگی کا وسیع و فراخ ہونا الثَوْبُ: کپڑے کا زمین تک لمبا ہونا الشَيءُ: پورا ہونا اِلَىٰ وَطَنِهِ: مائل ہونا المَطَرُ: بارش کا زمین سے قریب ہونا۔
اِسْبَغَ. اللّٰهُ عَلَيْهِ النِعْمَةَ: نعمت کا کامل کرنا / پوری کرنا الثَوْبَ: کپڑے کا لمبا و کشادہ کرنا الرَجُلُ: پوری زرہ پہننا لَهُ النَفَقَةَ: کسی کے لیے کشادگی سے خرچ کرنا اور تمام
ضروریات پوری کرنا۔
السَّابِغ. فا. دِرْعٌ سَابِغَةٌ: پوری زرہ۔ ج سَوَابِغ. ذَنَبٌ سَابِغٌ: لمبی دم۔ سَابِغ الاِلْيَتَيْنِ: بڑے چوتڑوں والا۔
السَبْغَة. آسودگی۔ وسعت۔
اَلتَّسْبِيْغُ: علم عروض والوں کے نزدیک فاعلاتن کے آخر میں حرف ساکن زائد کرنا مقطوع رمل کی قسم میں وہ فاعلاتان ہو جاتا ہے۔
التَسْبِغ والتَسْبِغَة. خود کا وہ حصہ جو زرہ کی کڑیوں سے مل کر گردن کو چھپاتا ہے۔ ج تَسَابِغ (دونوں لفظ فتحہ با سے بھی ہیں۔)
سَبْغَل. اِسْبَغَلَّ الثَوْبُ: کپڑے کا پانی سے تر ہونا الشَعْرُ: بالوں کا تیل سے تر ہونا۔
المُسْبَغِلّ. فراخ و دراز۔
سَبَقَهُ (ن ض) سَبْقًا. اِلَىٰ كَذَا: آگے بڑھ جانا ہ عَلَىٰ كَذَا: غالب ہونا۔ سَبَقَ عَلَىٰ قَوْمِهِ: قوم سے بخشش و کرم میں بڑھ جانا۔ صفت (سَابِق) ج سَابِقُوْن و سُبَّاق.
سَبَّقَهُ. شرط لینا یا دینا الشَاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا الطَيْرَ: پرندہ کے پیر میں بندھن ڈالنا۔ سَبَّقَ البَدْرَةَ بَيْنَ الشُعَراءِ: دس ہزار کی تھیلی شعراء کے درمیان رکھنا تا کہ جو غالب ہو وہ لے لے۔
اَسْبَقَ. القَوْمُ اِلَى الاَمْرِ: سبقت کرنا۔
سَابَقَهُ سِبَاقًا و مُسَابَقَةً. آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَابَقْتُ بَيْنَ الخَيْلِ" میں نے گھڑ دوڑ میں مقابلہ کرایا۔
تَسَابَقَ واسْتَبَقَ. القَوْمُ: ایک دوسرے پر آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ اِسْتَبَقَا البَابَ او اِلَى البَابِ: دونوں نے دروازے کی طرف آگے بڑھنے کی کوشش کی۔ اِسْتَبَقَا الصِراطَ: دونوں آگے بڑھ گئے اور راستہ کو چھوڑ دیا۔ یہاں تک کہ گمراہ ہو گئے۔
السَبَق. ج اَسْبَاق و (السُبْقَة) شرط جو آگے بڑھنے پر رکھی جاتی ہے۔
کہا جاتا ہے هُمَا (سِبْقَانِ) وہ دونوں ایک
دوسرے پر سبقت کرنے والے ہیں۔
السَابِق. فا. گھڑ دوڑ کے میدان کا پہلا گھوڑا۔ اس کو مجلی بھی کہا جاتا ہے بقیہ گھوڑوں کے نام ترتیب وار یہ ہیں۔ المُصَلِّيْ. المُسَلِّي. التَالِيْ. المُرْتَاح. العَاطِف. الحَظِيّ. المُؤَمِّلُ. اللَطِيْم. السُكَيْت.
ج. سَابِقُوْن و سُبَّاق اور کبھی اس کو اسم قرار دے کر سَوَابِق جمع لاتے ہیں۔ جیسے خَاتَم و خَوَاتِم.
السَابِقَة. السَابِق کا مؤنث۔ اولیت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ سَابِقَةٌ فِيْ هَذَا الاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اولیت حاصل ہے۔ ج سَوَابِق و سَابِقَات. السَوَابِق: گھوڑے۔
السَبَّاق. بہت آگے بڑھنے والا۔
السِبَاق. س۔ پائے بند۔ بندش۔ سِبَاق الخَيْلِ. گھڑ دوڑ۔
السَبُوْق والمُسَبَّق. مِنَ الخَيْلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا۔
سَبَكَ (ن ض) سَبْكًا و سَبَّكَ. الفِضَّةَ: پگھلا کر سانچے میں ڈھالنا الكَلامَ: کلام کو حشو و زوائد سے پاک کر کے عمدہ بنانا۔ سَبَّكَتْهُ التَجارِبُ: مہذب بنانا۔
اِنْسَبَكَ. الذَهَبُ و نَحْوُهُ: پگھلنا۔ ڈھلنا۔
السَبِيْك. پگھلا ہوا۔ میل کچیل سے صاف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "تِبْر سَبِيْك"
السَبِيْكَة. چاندی وغیرہ کا ڈلا جو پگھلا کر سانچے میں ڈھالا گیا ہو۔ ج سَبَائِك.
المَسْبَك. پگھلانے اور ڈھالنے کی جگہ۔ ج مَسَابِك. اِسْبَكَرَّ. دراز ہو کر لیٹنا الاَسَدُ: حملہ کے وقت دراز ہونا۔ اِسْبَكَرَّتِ الجَارِيَةُ: پورے قد والی ہونا۔
سَبَلَ (ن) سَبْلًا: گالی دینا۔
سَبَّلَ. المَالَ: اللہ کی راہ میں خیرات کرنا الشَيْءَ: مباح کرنا السِتْرَ: پردہ لٹکانا۔
اَسْبَلَ. السِتْرَ: پردہ لٹکانا الدَمْعَ: آنسو بہانا الماءَ: پانی گرانا الطَرِيْقُ: بہت

آمدورفت والا ہونا السَّمَاءُ: برسنا الدَّمْعُ او المَطَر: بکثرت آنسو بہنا یا بکثرت بارش ہونا الزَّرْعُ خوشہ نکلنا۔
عَلٰی فُلَان: کسی کے خلاف بہت گفتگو کرنا۔

السَّبَلُ. بارش جو ابھی زمین تک نہ پہنچی ہو۔ آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ پر پردہ ہو جاتا ہے۔ بہنے والی بارش یا خون۔ خوشہ۔ ناک۔ اَسْبَلَ الدَّمْعُ او المَطَرُ کا اسم۔ کہا جاتا ہے "سَبَلٌ مِنْ رِمَاحٍ" نیزوں کا مجموعہ خواہ کم ہو یا زیادہ "ثِيَابٌ سَبَلٌ": لٹکائے ہوئے کپڑے۔

السَّبَلَة. مونچھ کے بال۔ اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ۔ داڑھی کا اگلا حصہ۔ ج۔ سِبَال (والسُّبُوْلَة والسَّبُوْلَة) خوشہ۔ کہا جاتا ہے "مَلَا الإِنَاءَ اِلٰی سَبَلَتِه" اس نے برتن کو کنارہ تک بھر دیا۔ و "جَرَّ سَبَلَتَه" اس نے تکبر سے اپنے کپڑے کھینچے و "بَعِيْرٌ حَسَنُ السَّبَلَة" باریک کھال والا اونٹ۔ و "جَاءَ وَقَدْ نَشَرَ سَبَلَتَه" وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔

السَّبِيْل. راستہ یا واضح راستہ (مذکر و مؤنث) ج سُبْل و سُبُل واَسْبُل واَسْبِلَة و سُبُوْل
اِبْنُ السَّبِيْل: مسافر۔ سَبِيْلُ اللّٰه: جہاد۔ طلب علم۔ حج۔ امور خیر جن کا اللہ نے حکم دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لَكَ عَلَيَّ سَبِيْلٌ" تم کو میرے اوپر مواخذہ کا کوئی حق نہیں۔ و "لَيْسَ عَلَيَّ فِي كَذَا سَبِيْلٌ" میرے اوپر اس میں کوئی مواخذہ نہیں اور مولدین کہتے ہیں "مَا عَلَى الْمُحْسِنِ سَبِيْلٌ" محسن پر کوئی معارضہ نہیں۔ و "سَبِيْلُنَا اَنْ نَفْعَلَ كَذَا" یعنی ہم اس کام کے لائق ہیں۔

السَّبِيْلَة. راستہ یا واضح راستہ۔

السَّابِلَة. رہ چلتا راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ "سَبِيْلٌ سَابِلَةٌ" راستہ پر گزرنے والے لوگ۔ ج سَوَابِل.

عَيْنٌ (سَبْلَاء) لمبے پلکوں والی آنکھ۔ اِمْرَأَةٌ سَبْلَاءُ. مونچھوں والی عورت۔

الاَسْبَل والمُسْبِل والمُسْبَل والمُسَبَّل والمُسَبَّل. لمبی مونچھوں والا۔ المُسْبَل: گوہ۔ جوئے کے تیروں میں سے پانچواں یا چھٹا تیر۔ ماہ ذی الحجہ۔

اَسْبَنَتِ. المَرْأَةُ ہمیشہ سیاہ تہ بند باندھنا۔

السَّبَنِيَّة. عورتوں کا سیاہ تہ بند۔

السَّبَنْتُ والسَّبَنْتَة. عرصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَه سَبَنْتًا" اس کے پاس میں نے عرصہ تک اقامت کی۔

السَّبَنْتٰی. دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِت و سَبَات.

السَّبَنْدَی. دلیر۔ جنگ میں پیش قدمی کرنے والا۔ ج سَبَانِد.

سُبِه سَبْهًا و سُبِّهَ تَسْبِيْهًا. بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت (مَسْبُوْه و مُسَبَّه)

السَّبَه. بڑھاپے کی وجہ سے زوال عقل۔

رَجُلٌ (سُبَّهٌ و سُبَاهٌ) مغرور مرد۔

السُّبَاه. سکتہ۔ زوال عقل۔

رَجُلٌ (سَبَاهِيٌّ) بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل شدہ مرد۔

المُسَبَّه. فصیح زبان والا۔

سَبَهْلَل. کہا جاتا ہے "جَاءَ الرَّجُلُ سَبَهْلَلًا" مرد بغیر ہتھیار اور ڈنڈے کے آیا۔ یعنی لاپروائی سے آیا یا بغیر کسی کام کے آیا اور میا "هُوَ يَمْشِي سَبَهْلَلًا" وہ بیکار آتا جاتا ہے۔

سَبٰی يَسْبِي سَبْيًا و سِبَاءً. العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا الرَّجُلَ. دور کرنا۔ جلاوطن کرنا الخَمْرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا الحَافِرُ المَاءَ: پانی تک کھودنا فلانًا: کسی کو اپنی محبت میں قید کرنا۔

اِسْتَبٰی اِسْتِبَاءً. العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا قَلْبَ فُلَان: کسی کے دل کو اپنی محبت میں قید کرنا الخَمْرَ: شراب ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا۔

تَسَابٰی. القَوْمُ: بعض کا بعض کو قید کرنا۔

تَسَبّٰی. فُلَانٌ لِفُلَان: کسی کا کسی سے اظہار محبت کرنا اور اپنی طرف مائل کرانا۔

السَّبْيُ. س۔ قیدی۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِسَبْيٍ كَثِيْرٍ" عموماً اسیر کا لفظ مردوں کیلئے اور سَبْیٌ کا اطلاق عورتوں پر ہوتا ہے۔ ج سُبِيٌّ و سَبْيُ الحَيَّة: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔

السَّبِيُّ. قیدی مرد۔ قیدی عورت۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَبِيٌّ و جَارِيَةٌ سَبِيٌّ" ج سَبَايَا سَبِيُّ الحَيَّة: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔

السَّبِيَّة. قیدی عورت۔ ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجی ہوئی شراب۔ موتی جس کو غوطہ خور نکالے۔

السَّبِيُّ والسَّبَاء. لکڑی جس کو سیلاب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے۔

سَوَابِیْ. السَّابِيَا: جنگلی چوہے کے سوراخ کی مٹی۔

السَّتّ. عیب۔ بری گفتگو۔

السِّتَّة. چھ۔ مذکر کے لیے مستعمل ہے اور مؤنث کے لیے سِتٌّ.

السَّات. چھٹا۔

السِّتُّوْن. ساٹھ (مذکر و مؤنث)

السَّتَب. ایک قسم کی تیز چال۔

سَتَر (ن ض) سَتْرًا و سَتَرًا و سَتَّر. الشَّیْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔ ڈھانکنا۔

سَاتَرَه مُسَاتَرَةً. العَدَاوَةَ: مخفی دشمنی کرنا۔

تَسَتَّرَ واِسْتَتَرَ واِنْسَتَرَ. چھپنا۔ ڈھک جانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَسْتَتِرُ مِنَ اللّٰهِ بِسِتْرٍ" یعنی وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا نہیں۔

السِّتْر. پردہ۔ خوف۔ حیاء۔ ج سُتُوْر و اَسْتَار کہا جاتا ہے "مَالَه سِتْرٌ وَلَا حِجْرٌ" یعنی اُسے حیا و عقل نہیں۔ و "هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَه" اللہ نے اس کے پردہ کو پھاڑ دیا۔ یعنی اس کی برائیاں ظاہر کر دیں۔

السَّتَر. س۔ ڈھال۔

السِّتَار. پردہ۔ ج سُتُر کہا جاتا ہے "مَدَّ اللَّيْلُ سِتَارَه" رات نے اپنے پردہ کو پھیلا

دیا۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُتْرَةُ. ج سُتَر و (السِتَارَة) ج سَتَائِر: پردہ۔ سُتْرَةُ السَطْحِ: چھت پر پردہ کی دیوار۔

السَتِير. چھپا ہوا۔ پاکدامن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَتِيْرٌ وامْرَأَةٌ سَتِيرَه". ج سُتَرَاءُ. مثل قُتَلَاء و شُهَدَا. و شجر سَتِير: بہت ڈالیوں والا درخت۔

المَسْتُوْر. مفع۔ پاک دامن۔ ج مَسْتُوْرُوْن و مَسَاتِيْر.

السَتَّار. سَاتِر کا مبالغہ اور یہ صفات باری تعالیٰ میں سے ہے۔

الإسْتَار. مِنَ العَدَدِ: چار فِي الوَزْنِ: چار مثقال۔ ج اَسَاتِر و اَسَاتِير.

المِسْتَر والاِسْتَارَة. پردہ۔

المُسَتَّر. ث۔ جَارِيَةٌ مُسَتَّرَةٌ: پردہ نشین لڑکی۔

المِسْتَع والمُسْتَع. چست و چالاک اور بہت کار گزار مرد۔

السَتُّوق والسُتُّوق. کھوٹا درہم جس پر چاندی کا ملمع ہو۔

المُسْتُقَة والمُسْتَقَة. لمبے آستین کی پوستین۔ چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ۔

سَتَلَ (ن) سَتْلًا وتَسَاتَلَ وانْسَتَلَ واسْتَتَلَ. القَوْمُ: پے درپے یکے بعد دیگرے نکلنا اللُؤلُؤ: موتیوں کا لگاتار بکھرنا الدَمْعُ: آنسو قطرہ قطرہ بہنا۔ صفت سَائِل)

سَتِلَه (س) سَتَلًا و سَاتَلَه: پیروی کرنا۔

السَتَل. س۔ عقاب یا ایک قسم کا پرندہ جو عقاب یا گدھ کے مشابہ ہوتا ہے۔ ج سِتْلَان و سِتَلَان.

السُتَالَة. ردی چیز۔

المُسْتَل. تنگ راستہ۔ ج مَسَاتِل.

اَسْتَن. الرَجُلُ فِي السَنَةِ: قحط سالی میں پڑنا۔

الاَسْتَن والاَسْتَان. بوسیدہ درخت کی جڑیں۔

الإسْتَانَه. شہر ۔

سَتَهَ (ف) سَتْهًا. الرَجُلَ: پیچھے لگنا۔ چوتڑ پر مارنا۔

السَتْه والسِتْه والسَتَه. سرین۔ ج اسْتَاه.

الاَسْتَه والسُتَاهِي. بڑی سرین والا۔ ج سُتْه و سُتْهَان و سَتَاهِيّ. مؤنث سَتْهَاء.

سَتَا (ن) سَتْوًا. جلدی کرنا۔

اَسْتَى وسَتَّى. الثَوبَ: کپڑا بننے کے لیے تانے کو پھیلانا۔

السَتَا. تانا۔ بھلائی۔ کہا جاتا ہے "نَالَ مِنْهُ سَتًا" اس نے اس سے بھلائی حاصل کی۔

الأُسْتِيّ. تانا تنا ہوا کپڑا۔

سَتَاةُ. الثَوْبِ: کپڑے کا تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ لُحْمَة ولَا سَتَاة" نہ تو تو بانا ہے اور نہ تانا۔ یعنی نہ تو تو نافع ہے نہ نقصان رساں۔

سَجَّ (ن) سَجًّا. پتلا پتلا پاخانہ کرنا۔ الحَائِطَه: دیوار لیپنا۔

السَجَّة والسَجَاج. بہت پانی والا دودھ۔

السُجُج. لیپی ہوئی چھتیں۔ پاک نفوس۔

المِسَجَّة. لکڑی کا ایک اوزار جو لپائی کے کام آتا ہے۔

السَجْب. پرانی مشک۔ ج سُجُب. سِقَاءٌ (سَاجِبٌ) خشک مشک۔ ج سَوَاجِب.

سَجَحَت (ف) سَجْحًا. الحَمَامَةُ: کبوتر کا کو کو کرنا (و سَجَّح) لَهُ بِكَلَامٍ: تعریض کرنا۔ اشارہ کنایہ سے بات کرنا۔

سَجِحَ (س) سَجَحًا و سَجَاحَةً. اعتدال کے ساتھ طول ہونا۔ کم گوشت والا ہونا الخَدُّ: رخسارہ کا ملائم ہونا خُلُقُه: اخلاق کا نرم ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي عَقْلِه رَجَاحَةٌ وفِي خُلُقِه سَجَاحَةٌ" اس کی عقل میں پختگی اور اخلاق میں نرمی ہے۔

اَسْجَحَ. الوَالِيُّ: معاف کرنا الرَجُلُ: نرم اور لطافت آمیز گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِذَا سَأَلْتَ فَاَسْجِحْ" یعنی جب تم سوال کرو تو نرم الفاظ بولو۔

انْسَجَحَ. لَهُ بِكَذَا: سخاوت و جواں مردی کیا جانا۔

السُجُح. نرم آسان۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُجُحٌ" نرم اخلاق کا مرد۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بُيُوْتُهُمْ عَلَى سُجُحٍ وَاحِدٍ" ان کے مکانات ایک اندازہ کے ہیں (والسُجُح) راستہ کا درمیانی حصہ۔

السَجِيْح. نرم و آسان۔

السَجِحَة والسَجِيْحَة. عادت۔ فطرت۔ طبیعت۔ السَجِيْحَة: اندازہ کہا جاتا ہے "رَكِبَ سَجِيْحَةَ رَاسِه" اس نے ایک رائے کو اپنے لئے پسند کیا اور اس پر چل پڑا۔

الاَسْجَح. خوبصورت متناسب اعضاء والا۔ مؤنث سَجْحَاء. ج سُجْح.

سَجَاحِ. بروزن قطام۔ نام ایک عورت کا جس نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں دعوئے نبوت کیا تھا۔

السِجَاح. سامنے۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ سِجَاحَ وَجْهِه" میں اس کے منہ کے سامنے بیٹھا۔

السُجَاح. فضائے آسمانی۔

المَسْجُوح والمَسْجُوحَة. عادت۔

سَجَدَ (ن) سُجُوْدًا. فروتنی سے جھکنا۔ عبادت کیلئے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ صفت مذکر (سَاجِد) ج سُجَّد و سُجُوْد و صفت مؤنث (سَاجِدَةٌ) ج سَاجِدَات و سَوَاجِد.

کہا جاتا ہے "هُوَ سَاجِدُ المَنْخِرِ" وہ پست و ذلیل ہے۔ "عَيْنٌ سَاجِدَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ و "نَخْلَةٌ سَاجِدَةٌ" جھکا ہوا کھجور کا درخت۔

سَجِدَت (س) سَجَدًا. رِجْلُه: پیر کا پھولنا۔

اَسْجَدَ. سر جھکانا عَيْنَه: نگاہ پست کرنا۔

الاَسْجَد. پھولے ہوئے پاؤں والا۔

السَجَّاد. بہت سجدہ کرنے والا۔

السِجْدة. سجد کا اسم۔
السَّجَّادَة والمِسْجَدَة. جائے نماز۔
المَسْجَد والمَسْجِد. سجدہ گاہ۔ عبادت گاہ۔ ج مَساجِد. المَسْجِدُ الحَرامُ: بیت اللہ شریف۔ المَسْجِد الاَقْصیٰ: مسجد بیت المقدس۔ المَسْجِدَانِ: مکہ و مدینہ کی مسجدیں۔
المَسْجَد. آدمی کی پیشانی۔ ج مَسَاجِد.
سَجَرَ (ن) سَجْرًا. التَّنُّورَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا المَاءُ النَهرَ: پانی کا دریا کو بھرنا البَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا المَاءَ فِيْ حَلْقِه: پانی ٹپکانا الكَلْبَ: گلے میں لکڑی باندھنا الشَيْءَ: بھیجنا (سَجْرًا و سُجُوْرًا) النَاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔
سُجِّرَ. المَاءَ: پانی جاری کرنا التَّنُّورَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا النَاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔
سُجِّرَ. البَحْرُ: سمندر کا چڑھنا۔ بلند موجوں والا ہونا۔
سَاجَرَهُ. مخلص دوست بنا۔
اِنْسَجَرَ. الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا الاِبِلُ فِيْ سَيْرِهَا: اونٹوں کا لگاتار چلنا۔
السَجْر. مص۔ بادل کی گرج۔ بِئْرٌ سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔
السُجْرَة. پانی جو دریا کو بھردے۔ ج سُجَر (والسَجَر) فِيْ العَيْنِ: سرخی ملی ہوئی سپیدی۔
السَاجِر. فا۔ سیلاب جو ہر چیز کو بھر دے۔ وہ جگہ جس کو سیلاب آکر بھر دے۔
السَاجُوْر. لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے۔ ج سَوَاجِيْر: اور اسی سے ہے "سَوْجَرَ الكَلْبَ" یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لٹکائی اور کہا جاتا ہے "فِيْ اَعْنَاقِهِمْ سَوَاجِرُ" ان کے گلوں میں طوق ہیں۔
المِسْجَر والسَجُوْر. تنور میں جھونکنے کی لکڑی وغیرہ۔
السَجِيْرُ. مخلص دوست۔ ج سُجَرَاء

الاَسْجَر. آنکھوں میں سرخی والا۔ مؤنث سَجْرَاء. خالص کیچڑ والا تالاب۔ شیر۔
شَعْرٌ (مُسَجَّر و مُنْسَجِر) لٹکے ہوئے بال۔ المُسَجَّر: وہ دریا وغیرہ جس کا پانی کم ہو گیا ہو۔
المَسْجُوْر. مص۔ ساکن اور بھرا ہوا۔ خالی (ضد) زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔ اللؤلؤ المَسْجُوْر: پروئے ہوئے موتی۔ لڑی سے بکھرے ہوئے موتی۔ لُؤلُؤَةٌ مَسْجُوْرَة: بہت آبدار موتی۔
السَجُوْرِيّ. بیوقوف۔
سَجِسَ (س) سَجَسًا. المَاءُ: گدلا اور متغیر ہونا۔ صفت (سَجْسٌ و سَجِسٌ و سَجِيْسٌ)
سَجَّسَ. المَنْهَلُ. چشمہ کا بدبودار و خراب ہونا۔
السَجَس. مص۔ فساد۔ گدلا پن۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِيكَ سَجِيْسَ اللَيَالِيْ" میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
السَجْسَج. زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم۔ پو پھٹنے اور آفتاب نکلنے کے درمیان کا وقت۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ سَجْسَج" دن کہ جس میں نہ تو تکلیف دہ گرمی ہو اور نہ سخت سردی ہو۔ و "هَوَاءٌ سَجْسَجٌ" گرم اور سرد کے درمیان معتدل فضا۔ و "رِيْحٌ سَجْسَج" نرم و معتدل ہوا۔ ج سَجَاسِج و سَجَاسِيْج.
سَجَعَ. (ف) سَجْعًا. الخَطِيْبُ: مقفی کلام بولنا۔ صفت (سَاجِع و سَجَّاع و سَجَّاعَة) الحَمَامَةُ: کبوتر کا کو کو کرنا۔ صفت (سَاجِعَة و سَجُوْع. ج سُجَّع وسَوَاجِع النَاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا (اور یہ کمان کے لیے بھی مستعمل ہے) کہا جاتا ہے "سَجَعَ فُلَانٌ ذٰلِكَ المَسْجَع" فلاں نے اس مقصد کا ارادہ کیا۔
سَجَّعَ. الخَطِيْبُ والحَمَامَةُ: بمعنی سَجَعَ (تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔)
السَاجِع. فا. گفتگو۔ رفتار وغیرہ میں درمیانی چال چلنے والا۔ وَجْهٌ سَاجِع: اچھی خلقت کا معتدل چہرہ۔ نَاقَةٌ سَاجِعَة: طرب ونشاط کے ساتھ آواز نکالنے والی اونٹنی۔
السَّجْعُ. مقفی کلام۔ ج اَسْجَاع.
السَجْعَة والاُسْجُوْعَة. قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔ ج اَسَاجِيْع.
المَسْجَع. مقصد۔
سَجَفَ (ن) سَجْفًا و سَجَّفَ. البَيْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا۔
سَجِفَ (س) سَجَفًا. پتلی کمر والا ہونا۔
اَسْجَفَ. السِتْرَ: پردہ لٹکانا۔ البَيْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا اللَيْلُ: تاریکی بڑھنا۔
السَجْف والسِجْف. ج سُجُوْف و اَسْجَاف و (السِجَاف والسَجِيْف) دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو۔ پردہ۔ السِجَاف: گوٹ۔ سنجاف۔ کہا جاتا ہے "اَرْخَى اللَيْلُ سُجُوْفَه" رات نے پردے ڈال لئے۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔
السُجْفَة. رات کا ایک حصہ۔
السِجَافَة. پردۂ حجاب۔
سَجَلَ. (ن) سَجْلًا. به: اوپر سے پھینکنا۔ المَاءَ: پانی گرانا الكِتَابَ: لگاتار پڑھنا۔
سَجَّلَ. بالشَّيْءِ: اوپر سے پھینکنا۔ سَجَّلَ الرَّجُلُ: عہد نامہ لکھنا الاَوْرَاق: کچہری اور محکموں میں اوراق کو تحریر میں لانا۔ القَاضِيْ عَلَيْهِ: فیصلہ کرنا عَلَيْهِ بِكَذَا: مشہور کرنا لَهُ بِمَالِهِ: ثابت کرنا۔
سَاجَلَهُ مُسَاجَلَةً و سِجَالًا. مقابلہ کرنا۔ دوڑ یا شعر گوئی میں مقابلہ کرنا۔
اَسْجَلَ. بہت خیر والا ہونا ہ: بہت دینا۔ الحَوْضَ: بھرنا۔ الكَلَامَ: کلام کو بلا کسی قید کے بولنا۔ النَاسَ: چھوڑنا۔ لَهُمْ الاَمْرَ: لوگوں کے لیے کسی معاملہ کو مباح کر دینا اور اسی سے ہے "هٰذَا مُسْجَلٌ لَه اِنْ شَاءَ اَخَذَه وَاِنْ شَاءَ تَرَكَه" یہ اس کے لیے مباح ہے چاہے لے لے چاہے چھوڑ دے۔ "اَسْجَلَ الاَنْعَامَ فِيْ الزَرْعِ":

کھیت میں جانوروں کو آزادانہ چھوڑنا۔

تَساجَلَا. باہم مقابلہ کرنا۔

اِنْسَجَلَ. اوپر سے گرنا۔ کہا جاتا ہے "سَجَلَ الْمَاءَ فَانْسَجَلَ" اس نے پانی گرایا پس وہ گرا۔

السَّجْل. مذ۔ بڑا ڈول جس میں پانی ہو۔ ڈول بھر۔ عطیہ۔ سخی مرد۔ بڑا تھن۔ ج سِجَال و سُجُوْل اور کہا جاتا ہے "الْحَرْبُ بَيْنَهُمْ سِجَالٌ" یعنی لڑائی میں غلبہ کبھی ایک کو ہوتا ہے کبھی دوسرے کو۔ السَّجْلُ: حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ سَجْلَه مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔

السِّجِلّ. معاہدات کا رجسٹر۔ احکام کا رجسٹر۔ قاضی کا رجسٹر جس میں دعوے اور احکام وغیرہ لکھے جاتے ہیں تاکہ قاضی کے پاس محفوظ رہے۔ ج سِجِلَّات.

السِّجِّيْل. کنکر۔

عَيْنٌ (سَجُوْلٌ) بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔

السَّجِيْل. حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ سَجِيْلَه مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔ شَيْءٌ سَجِيْلٌ: بہت سخت چیز۔ ضَرْعٌ سَجِيْلٌ: لٹکا ہوا بڑا تھن۔ دَلْوٌ سَجِيْلٌ و سَجِيْلَةٌ: بڑا ڈول۔ (نَاقَةٌ سَجْلَاء) بڑے تھنوں والی اونٹنی۔

السَّوْجَلَة والسَّوْجَل والسَّاجُوْل. شیشی کا غلاف۔ ج سَوَاجِيْل.

الْمُسْجَل. مفع۔ ہر ایک کیلئے جائز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْنَاهُ والدَّهْرُ مُسْجَلٌ" ہم لوگوں نے اس کام کو ایسے وقت میں کیا کہ کوئی کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔

السِّجِلَّاط. چنبیلی۔

سَجَمَ (ن) سُجُوْمًا و سِجَامًا. الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔ صفت (سَاجِم)

سَجَمَ (ن ض) سَجْمًا و سُجُوْمًا عَنِ الْاَمْرِ دیر کرنا۔ (ض ن) سَجْمًا و سُجُوْمًا و سَجَمَانًا الْعَيْنُ اَوِ السَّحَابَةُ الْمَاءَ: آنکھ کا آنسو یا بادل کا پانی بہانا۔

سَجَّمَ تَسْجَامًا و تَسْجِيْمًا واَسْجَمَ. الْمَاءَ: پانی گرانا۔ اَنْجَمَتِ السَّحَابَةُ: دیر تک برسانا۔

اِنْسَجَمَ. الْمَاءُ: پانی گرنا۔ بہنا الْكَلَامُ: کلام کا مرتب ہونا۔

تَسَاجَمَتِ. الدُّمُوْعُ: آنسو بہنا۔ گرنا۔

اَسَّجَم. پانی۔ آنسو۔

عَيْنٌ (سَجُوْمٌ) آنسو بہانے والی آنکھ۔ ج سُجُوْم. نَاقَةٌ (سَجُوْمٌ و مِسْجَامٌ) بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج سُجُوْم و مَسَاجِيْم.

مَكَانٌ (مَسْجُوْمٌ) بارش شدہ جگہ۔

سَجَنَهُ (ن) سَجْنًا. قید کرنا۔ سجن الْهَمَّ: غم پوشیدہ کرنا۔

سَجَّنَ. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔

السِّجْن. قید خانہ۔ ج سُجُوْن.

السَّجَّان. داروغہ جیل۔

السَّجِيْن. قیدی۔ ج سُجَنَاء و سَجْنَى۔ مؤنث سَجِيْن و سَجِيْنَةٌ ج سَجْنَى و سَجَائِن. ضَرْبٌ سَجِيْنٌ: سخت مار جو مضروب کو زمین پر بٹھادے۔

اَلْمَسْجُوْن. مفع۔ قیدی۔

السَّاجِنَة. السَّاجِن کا مؤنث۔ پہاڑ میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج سَوَاجِن.

السِّجِّيْن. ہمیشہ۔ سخت۔ وہ شخص جو ہمیشہ بلا بیوی کے رہے۔ ایک مقام کا نام جس میں کفار و فجار کے اعمال نامے ہیں۔ جہنم کی ایک وادی کا نام۔ برملا و اعلانیہ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ سِجِّيْنًا" وہ برملا آیا۔ کھجور کے درخت کے اردگرد کا گڑھا۔

السَّجَنْجَل. آئینہ۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج سَنَاجِل.

سَجَا يَسْجُوْ سَجْوًا و سُجُوًّا. اللَّيْلُ: رات کا سنسان ہونا۔ ہمیشہ رہنا۔ النَّاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔

سَجَّى تَسْجِيَةً. الْمَيِّتَ: میت کو کپڑے سے ڈھکنا۔ اور اسی سے ہے "سَجِّ مَعَائِبَ اَخِيْكَ" اپنے بھائی کے عیوب کو چھپاؤ۔

اَسْجَتْ اِسْجَاءً. النَّاقَةُ: اونٹنی کا زیادہ دودھ والی ہونا۔ اَسْجَى الْبَحْرُ: سمندر کی موجوں میں سکون ہونا الرَّجُلُ: کسی چیز کو چھپانا۔

سَاجَاهُ کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بِالطَّعَامِ فَمَا سَاجَيْنَاهُ" وہ ہمارے پاس کھانا لایا ہم نے اس کو نہیں چھوا۔

السَّاجِي. فا. ساکن۔ قرار یافتہ۔ نرم۔ کہا جاتا ہے "عَيْنٌ سَاجِيَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ و "لَيْلَةٌ سَاجِيَةٌ" سنسان رات۔ بہت تاریک رات جو ہر چیز کو ڈھانک لے۔

اِمْرَأَةٌ (سَجْوَاءُ) الطَّرْفِ: جھکی ہوئی نگاہ والی عورت۔ نَاقَةٌ سَجْوَاءُ: دوھنے کے وقت خاموش رہنے والی اونٹنی۔ رِيْحٌ سَجْوَاءُ: نرم ہوا۔

السَّجِيَّة. طبیعت۔ عادت۔ ج سَجِيَّات و سَجَايَا

سَحَّ (ن) سَحًّا. بہت موٹا ہونا۔ الْمَاءَ: پانی کو لگاتار بہت گرانا اور اسی سے ہے "اِسْتَنْشَدْتُه قَصِيْدَةً فَسَحَّهَا عَلَيَّ سَحًّا" میں نے اس سے قصیدہ پڑھوایا اس نے میرے سامنے لگاتار پڑھا۔ مارنا۔ کہا جاتا ہے "سَحَّهُ مِائَةَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے (سَحًّا و سُحُوْحًا و تَسَحَّحَ) بہت بہنا۔

سَحَّتْ (ض) سُحُوْحًا و سُحُوْحَةً: الشَّاةُ بہت موٹی ہونا گویا کہ موٹاپے کی وجہ سے چربی بہاتی ہے۔ صفت (سَاحٌّ و سَاحَّةٌ) ج سِحَاح و سُحَاح.

اِنْسَحَّ. اِبِطُ الْبَعِيْرِ عَرَقًا: اونٹ کی بغل سے پسینہ بہنا۔

السَّحّ والسُّحّ. خشک متفرق کھجوریں۔

السَّحَاح. فضاء آسمانی۔

سَحَابَةٌ (سَحُوْحٌ) بہت بارش والا بادل۔

غَارَةٌ (سَحَّاءُ) اچانک دشمن پر مصیبت لانے والی لوٹ۔

عَيْنٌ (سَحَّاحَةٌ) بہت آنسوؤں والی آنکھ۔
فَرَسٌ (مِسَحٌ) تیز رفتار عمدہ گھوڑا۔
سَحَبَهُ (ف سَحْبًا). زمین پر گھسیٹنا۔ الرَّجُلُ: بہت کھانا پینا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَسْحَبُ ذَيْلَهُ" وہ متکبرانہ چال چلتا ہوا آیا۔
تَسَحَّبَ. عَلَيْهِ: ناز کرنا۔ مِنَ الاكل او الشُّرْب: بہت کھانا پینا۔ فِي حَقِّ فُلَانٍ: چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔
السَّحْب. گھسٹنا۔
السُّحْبَة. آنکھ کا پردہ و (السُّحَابَة) تالاب کا باقی ماندہ پانی۔
السَّحَاب. بادل۔ ج سُحُب. واحد (سَحَابَة) ج سَحَائِب. کہا جاتا ہے "أَقَمْتُ عِنْدَهُ سَحَابَةَ يَوْمِنَا" میں نے اس کے پاس پورے دن اقامت کی۔
السَّحْبَل. کشادہ وادی۔ بڑا ڈول۔ بڑی مشک۔ بڑا پیٹ۔ بڑی گوہ۔
سَحَتَ (ف سَحْتًا و سُحْتًا). حرام مال کمانا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ذبح کرنا۔
سَحَتَ الشَّحْمَ عَنِ اللَّحْمِ: چربی کو گوشت سے علیحدہ کرنا۔ وَجْهَ الْأَرْضِ: مٹانا۔
أَسْحَتَهُ. خراب کرنا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ أَسْحَتَتْ تِجَارَتُهُ: تجارت میں حرام داخل ہونا۔
أُسْحِتَ. مال ضائع ہونا۔
السَّحْت. مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ عذاب۔ اور کہا جاتا ہے "مَالُهُ أَوْ دَمُهُ سَحْتٌ" اس کا مال یا خون اس شخص کیلئے جو ان کو معدوم کرے مباح ہے۔ السُّحْت و السُّحُت. حرام۔ ہر وہ کمائی جو خبیث و قبیح ہو اور اس سے عار لازم آئے۔ جیسے رشوت وغیرہ۔ ج أَسْحَات.
مَالٌ (سُحْتٌ و سُحُتٌ و سَحِيتٌ و مُسْحَتٌ و مَسْحُوتٌ) تلف شدہ مال۔ ہلاک شدہ مال۔ رَجُلٌ سُحْتٌ و سَحِيتٌ: بڑا پیٹو۔ آسودہ ہونے والا۔ عَامٌ (أَسْحَتُ) و أَرْضٌ (سَحْتَاء) بے نباتات والا سال یا زمین۔
السُّحْتُوت والسِّحْتِيت. کم روغن اور زیادہ پانی والا ستو۔ تھوڑی چیز۔
السُّحْتُوت والسِّحْتِيّ. پرانا کپڑا۔
السَّحِيتَة. سب کچھ بہا لے جانے والا بادل۔ ج سَحَائِت.
مَسْحُوتُ. الجوف والمعدة: آسودہ نہ ہونے والا۔ زیادہ بدہضمی ہونے والا۔ (ضد)
سَحَجَهُ (ف سَحْجًا و سَحَّجَهُ. چھیلنا الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: کسی چیز کو کسی چیز سے رگڑ کر چھیلنا۔ صفت مفعولی (مَسْحُوجٌ و سَحِيجٌ)
سَحَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا جلدی چلنا۔
تَسَحَّجَ وانْسَحَجَ. چھلنا۔
السَّحَّاج. بہت چھلنے والا۔ کہا جاتا ہے "زَمَنٌ سَحَّاجٌ" بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل کر رکھ دے۔
السَّحُوج والمِسْحَاج. بہت قسم کھانے والی عورت۔
المِسْحَج والمِسْحَاج. مِنَ الدَّوَابِّ: تیز چلنے والا جانور۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ المِسْحَاج: لکڑی کاٹنے کا اوزار۔
زَمَنٌ مِسْحَاجٌ: بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل دے۔
سَحَرَهُ (ف سِحْرًا). دھوکا دینا۔ جادو کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ عن كَذَا: پھیرنا۔ دور کرنا۔ سحر عن الامر: کسی معاملہ سے دور ہونا و سَحَرَ الفضة: چاندی پر سونے کا جھول چڑھانا۔
سَحَرَهُ (ف سَحْرًا). پھیپھڑے پر مارنا۔ صفت مفعولی (مسحور و سَحِير) المطرُ الطين: خراب کرنا۔
سَحِرَ (س سَحَرًا). صبح سویرے آنا۔ ڈول وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کا کٹ جانا۔ صفت (سَحِر و سَحِير)
سَحَّرَهُ. جادو کرنا۔ سحری دینا یا کھلانا۔ غذا دینا۔ مشغول کرنا۔
أَسْحَرَ. صبح کے وقت جانا۔
تَسَحَّرَ. سحری کھانا۔
اِسْتَحَرَ. صبح کے وقت میں داخل ہونا یا صبح کے وقت نکلنا۔ الدِّيكُ: مرغ کا صبح کے وقت بانگ دینا۔
السِّحْر. مص۔ وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو۔ باطل کو حق کی صورت میں ظاہر کرنا۔ جادو۔ دھوکا۔ حیلہ۔ فساد۔ ہر وہ چیز جس کے حاصل کرنے میں شیطانی تقرب کی ضرورت ہو۔ ج اسحار و سُحُور. السحر الكلامي: کلام کی لطافت جو جادو کا کام کرے اور خیالات کو پلٹ دے اور اسی سے ہے "إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا"
السَّحَر. صبح سے کچھ پہلے۔ السَّحَر الأعلى: صبح کاذب۔ والسَّحَر الآخر: صبح صادق۔ السَّحْرُ: ہر چیز کا کنارہ۔ ج أَسْحَار.
السَّحْر والسَّحَر والسُّحْر. پھیپھڑا۔ ج سُحُور و سُحُر و أَسْحَار اور کہا جاتا ہے "انْقَطَعَ مِنْهُ سَحْرِي" میں اس سے ناامید ہو گیا۔ و "انتفخ سَحْرُهُ" وہ بزدل ہو گیا۔ گویا خوف کی وجہ سے اس کا پھیپھڑا پھول گیا۔ و "مَاتَ فلانٌ بَيْنَ سَحْرِي و نَحْرِي" فلاں کا انتقال میرے سینہ سے ٹیک لگائے ہوئے ہوا۔
السَّحَرِي والسَّحَرِيَّة. صبح سے کچھ پہلے۔
السُّحْرَة. صبح کاذب۔
السُّحَارَة. پھیپھڑا۔ مِنَ الشاة: بکری کے پھیپھڑے اور نرخرہ کا وہ حصہ جس کو قصاب کاٹ لیتا ہے۔
السَّحُور. سحری۔ وہ کھانا جو صبح سے کچھ پہلے کھایا جائے۔
السَّحِير. پیٹ کی بیماری والا۔ مِنَ الخيل: بڑے پیٹ والا گھوڑا۔
السَّحَّار. جادوگر۔
السَّاحِر. فا۔ عالم۔ ج سَحَرَة و سُحَّار و سُحَّارٌ و سَاحِرُونَ. مؤنث السَّاحِرَة. ج سَاحِرَات و سَوَاحِر.

السوحر. بید کا درخت۔
المُسَحَّر. وہ شخص جس کا پھیپھڑا دور کر دیا گیا ہو۔ خوف دلایا ہوا۔ جادو کیا ہوا۔ کھوکھلا۔
المَسْحُورَة. مفع۔ خراب کیا ہوا کھانا۔ کثرت بارش یا کسی اور وجہ سے خراب جگہ۔
عنز مسحورة: کم دودھ والی بھیڑ۔ أرض مَسْحُورَة: بنجر زمین۔
تَسَحْسَحَ. الماءُ: پانی کا اوپر سے بہنا۔
السَحْسَح والسَحْسَحَة. گھر کا صحن
(السَحْسَح والسَحْسَاح) مِنَ المطر: بہت سخت بارش جو زمین کے کنکر، پتھر وغیرہ کو بہالے جائے۔
سَحَطَ (ف) سَحْطًا و مَسْحَطًا. جلدی ذبح کرنا ٥ الطعامَ: پھندا لگانا سَحَط الشرابَ: پانی ملانا السَخْلَ: بکری کے بچّہ کو ماں کے ساتھ چھوڑنا۔
اِنسَحَطَ. من یدہ: ہاتھ سے پھسل کر گرنا عن النَخلة ونحوها. لٹکنا اور بغیر ہاتھ سے پکڑے ہوئے اُترنا۔
المَسْحَط. حلق۔
شاة (سَحِيط و سَحُوطَة) ذبح کی ہوئی بکری۔
سَحَفَ (ف) سَحْفًا. الشَعرَ عَنِ الجلدِ: بال کو کھال سے زائل کرنا الرَأسَ: سر مونڈنا (واَسْحَفَتِ) الريحُ السحابَ: ہوا کا بادلوں کو اُڑا دینا۔ وَاَسْحَفَ السَحْفَة: پیٹھ کی چربی کو بیچنا۔
السَحْفَة. پیٹھ کے اوپر کی چربی۔ ج سِحاف و سُحُف۔
السُحاف. سل کی بیماری۔
السَحِيف. چکی کی آواز پیسنے کے وقت۔ دودھ دوہنے کی آواز۔
السَحِيفَة. سخت بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے۔ چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔ ج سَحائف۔
السَحُوف. سخت بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے "ناقة سَحُوف" بے چربی والی اونٹنی۔

اونٹنی جس کے تھن لمبے ہوں اور تھن کے سوراخ تنگ ہوں۔ جمل أو ناقة سَحُوف: زیادہ چربی والا اونٹ یا اونٹنی۔
مَسْحَف. الحيّة: زمین پر سانپ کے چلنے کے نشانات۔
المِسْحَفة. گوشت چھیلنے اور چمڑا کھرچنے کا آلہ۔
رَجُلٌ (مَسْحُوف) سل کی بیماری والا۔
أرض (مُسْحَفة) باریک گھاس والی زمین۔
سَحَقَهُ (ف) سَحْقًا. بہت زیادہ کوٹنا۔ باریک کرنا۔ ہلاک کرنا الريحُ الأرضَ: ہوا کا تیز چلنے کی وجہ سے صاف کر دینا الرأسَ: سر مونڈنا الشئَ الشدیدَ: نرم کرنا القملةَ: جوں کو مار ڈالنا الثوبَ: کپڑے کا پرانا اور بوسیدہ کرنا العینُ دمعَها: آنکھ کا آنسو بہانا۔ کہا جاتا ہے "سَحَقه اللّه" اللہ نے اس کو دور کر دیا۔
سَحِقَ (س) وسَحُقَ (ک) سحقًا. دور ہونا۔
سَحُقَ (ک) سُحُوقَة. الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا ہونا النخلةُ: درخت خرما کا طویل ہونا۔ صفت (سَحُوق) ج سُحُق۔
سَحَّقَ. بہت باریک پیسنا۔
اَسْحَقَهُ. دور کرنا۔ ہلاک کرنا الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا خُفُّ البعیرِ: گھس جانا۔ الضَرعُ دودھ خشک ہو جانا اور تھن کا پیٹ سے لگ جانا۔
اِنسَحَقَ. باریک ہونا القلبُ: دل کا شکستہ ہونا الشئُ: کشادہ ہونا دور ہونا الثوبُ: باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا۔ الدلوُ: ڈول کا خالی ہو جانا۔
السَحْق. مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ کہا جاتا ہے "ثوبٌ سَحْقٌ و سَحْقُ ثوبٍ" باعتبار وصف یا اضافت کے۔ نیز کہا جاتا ہے "سَحْق درهم" کھوٹا درہم ج سُحُوق۔
السُحْق والسُحُق. دوری۔ کہا جاتا ہے

"سُحقاً لهُ" یعنی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کرے۔
السَحِيق. دور۔ مِسكٌ سَحِيقٌ: باریک پسی ہوئی مشک۔
السَوْحَق. لمبا یا لمبا مرد۔
السَحّاقة. بہت پیسنے والا۔ امرأة سحّاقة. عورت جس کی پستانیں لمبی ہوں اور لٹک آئی ہوں۔
السَحِقَة. سحیق کا مؤنث۔ زور کی بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے۔ ج سَحائق.
دمع (منسحق) بہے ہوئے آنسو۔ ج مَساحِق (نادر) کہا جاتا ہے "جرت من عینه مَساحِقُ الدُموع" اس کی آنکھ سے آنسوؤں کی قطاریں بہہ پڑیں۔
الاَسْحَق. دور۔
المِسْحَق. جس سے پیسا جائے۔
سَحَلَ (ف) سَحْلًا. الشئَ: چھیلنا۔ پیسنا۔ کوٹنا الرجلَ: گالی دینا۔ ملامت کرنا۔ الغریمَ مائة درهم: قرض خواہ کو نقد ادا کرنا۔
٥ مائة سوط: مارنا الثوبَ: کچے دھاگے سے بننا۔ الحبلَ: رسی کو اکہرا بٹنا۔
سَحَلَتْ. سَحْلًا و سُحُولًا. العینُ: رونا۔
سَحَلَ (ض) سَحِیلًا و سُحالًا. البغلُ: خچر کا ہنہنانا۔
ساحَلَه. ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ ساحَلَ القومُ بأولادهم: ساحل پر لانا۔
اَسْحَلَه. گالی خوردہ پانا۔
اِنسَحَلَ. چھلنا۔ پسنا۔ باریک ہونا۔ بالكلام: گفتگو جاری کرنا۔ اِنسَحَلَتِ الدراهمُ: چمکدار ہونا۔
السَحْل. مص۔ (السَحْل) ج اَسْحال و سُحُول و سُحُل و (السَحِيل) کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔
الساحِل. فا۔ سمندر کا کنارہ۔ ج سَواحل۔

السِحَال. لگام۔
السُحلَة. چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے جدا ہوگیا ہو۔
السُحَالَة. چاندی ؍ سونے کا برادہ۔ گیہوں ؍ جو کی بھوسی۔ ناکارہ لوگ۔
الاِسحِل. ایک درخت کا نام جس کی مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔
الاَساحِل. پانی کی نالیاں۔
المِسحَل. سنگ تراشی کا اوزار۔ ریتی۔ زبان۔ لگام۔ بلیغ خطیب۔ بہادر۔ چست ساقی۔ جلاد۔ حدود کو قائم کرنے والا۔ پختہ ارادہ۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلَانٌ مِسْحَلَهُ" فلاں نے گمراہی اختیار کی۔ **المِسحَل:** شیطان۔ داڑھی کی ایک جانب چھلنی۔ توشہ دان کا منہ۔ بہت پانی والا۔ پرنالہ۔ بہت بارش۔ خسیس آدمی۔ سخاوت وفیاضی۔ گدھے کا بچہ۔ گورخر۔ ماہر قرآن۔ روئی کا پاکیزہ کپڑا۔ ج مَسَاحِل.
السُحَال والسَحِيل. ہنہناہٹ۔
شاب (مُسحُلَانٌ ومُسحُلَانِيٌّ) لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان۔ مؤنث مُسحُلَانَة و مُسحُلَانِيَّة)
المَسحُول. مفع۔ چھوٹا۔ حقیر۔ ہموار کشادہ جگہ۔
السَّحْلَبِيَّاتُ: سحلبی انگوریاں جو کہ اپنی ترکیب میں بے مثل ہیں ان کے پھول مرغوب ہوتے ہیں چائے کی طرح ان کا مشروب پیا جاتا ہے۔
السَحلَال. بڑے پیٹ والا۔
سَحِمَ (س) وسَحُمَ (ک) سَحمًا. کالا ہونا۔ صفت (اَسحَم) مؤنث سَحمَاء. ج سُحم.
سَحَّمَ. وَجهَهُ: چہرہ کالا کرنا۔
اَسحَمَتِ. السَمَاءُ: برسانا۔
السُحَام والسَّحَام والسُحمَة سیاہی۔
الاَسحَم. سینگ۔ بادل۔ سرپستان۔ شراب کی مشک۔ بت۔ خون جس میں قسم کھانے والے اپنے ہاتھوں کو ڈبوتے تھے۔

السَحَم. لوہا (والسحِيم والاَسْحَمَان) ایک درخت کا نام۔
السَحمَة. لوہے کا ٹکڑا۔
السُحُم. لوہار کے ہتھوڑے۔
سَحَنَ (ف) سَحنًا. الحَجَرَ: پتھر توڑنا **الخَشَبَةَ:** لکڑی کو رگڑ کر نرم و چمکدار بنانا **الشَیءَ:** باریک پیسنا۔
سَاحَنَه. ملاقات کرنا۔ بہتر میل ملاپ سے رہنا۔ سَاحَنَه الشَیءَ کسی چیز میں شرکت کرنا (و تَسَحَّنَه) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ و روغن کو دیکھنا۔
السَحنَة والسِحنَة والسَحنَاء والسَحَنَاء ہیئت رنگ کھال کی تابانی۔
المِسحَنَة. پتھروں کو توڑنے کا اوزار۔ ج مَسَاحِن.
سَحَاه يَسحَاه و يَسحُوه و يَسحِيه سَحيًا. الطِينَ: چھیلنا۔ کھرچنا۔ صفت (سَاحٍ) ج سُحَاة و سَاحُون مؤنث سَاحِيَة. **الشَعرَ:** مونڈنا (واَسحَى اِسحَاءً و سَحَّى تَسحِيَةً) **الكِتَابَ:** خط پر کسی چیز سے مہر کرنا۔
اِستَحَى اِستِحَاءً. الشَیءَ: چھیلنا۔ **الشَعرَ:** مونڈنا۔ **اِستَحَى مِنهُ:** شرم کرنا۔
السِحَاء. مِنَ الكِتَابِ: خط پر مہر کرنے کی چیز۔ واحد سَحَاءَةٌ. **السِحَاءَةُ:** دماغ کی جھلی۔ ج سَحَايَا.
السَحَاة میدان۔ جانب۔ ایک قسم کی خاردار گھاس۔ چمگادڑ۔ ج سَحًى.
السِحَايَة. بادل کا ٹکڑا۔ دماغ کی جھلی۔ کسی چیز کا برادہ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ۔
السَاحِيَة. سیلاب ؍ زور کی بارش۔
السَحَّاء. بیلچہ بنانے والا۔
الاُسحُوَان. بہت کھانے والا۔ لمبے قد کا خوبصورت۔
المِسحَاة. بیلچہ۔ کدال۔ ج مَسَاحٍ.
سَخَتْ (ن) سَخْتًا. الجَرَادَةُ: ٹڈی کا زمین میں دم چبھونا **فِي السَيرِ او الحَفرِ:** دور تک جانا یا کھودنا۔

السَخَاخ. نرم عمدہ زمین۔
سَخَأَ (ف) سَخْأً. النَارُ تَحتَ القِدرِ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔ سلگانا۔
السَخَب. شور۔
السِخَاب. لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی جواہر وغیرہ نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "وَجَدتُكَ وَارِثَ السِخَابِ" یعنی میں نے تم کو مانند بچے کے نا سمجھ پایا۔ ج سُخُب.
اِسخَاتَّ اِسخِيتَاتًا. الجُرحُ: زخم کے ورم کا ہلکا ہونا۔
السُخت والسِخِّيت. سخت۔
السُخْت. کھردار جانوروں کے پیٹ سے جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں۔
المَسخُوت. تاباں۔ چمکیلا۔
السِخِّيت. بلند اٹھا ہوا غبار۔ سفید آٹا۔ سخت۔ کم گھی والا ستو۔
السِختِيَان والسَختِيَان. دباغت دی ہوئی بکری کی کھال۔
سَخِرَهُ (ف) سِخرِيًّا و سُخرِيًّا و سَخَّرَهُ و تَسَخَّرَهُ واستَسخَرَهُ. بیگار لینا۔ مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا۔
سَخَرَتِ (ف) سَخرًا. السَفِينَةُ: کشتی کا عمدہ رفتار سے چلنا۔ صفت (سَاخِرَة) ج سَوَاخِر.
سَخِرَ (س) سَخرًا و سَخَرًا و سُخرًا و مَسخَرًا و تَسخِيرًا و استَسخَرَ. بِهِ و مِنهُ: ٹھٹھا کرنا۔ تم کہتے ہو "انا اَقُولُ هٰذا وَلا اَسخَرُ" میں اس کو کہتا ہوں اور ہنسی نہیں کرتا ہوں۔ یعنی بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں۔
السُخرَة. جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ بیگار ؍ بیگاری (والسُخرِيَّة) ٹھٹھا۔
المَسخَرَة. وہ جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ (لغت عامیہ)
سَخِطَ (س) سَخَطًا. الرَجُلَ و عَلَيهِ غضبناک ہونا۔ **الشَیءَ:** ناپسند کرنا۔
اَسخَطَهُ. غضبناک کرنا۔

تَسَخَّطَهٗ. ناراض ہو کر غضبناک ہونا اور ناپسند کرنا العَطَاءَ: کم سمجھنا۔
السُّخْط والسُّخُط والسَخَط. ناراضی اور بقول بعض بڑے لوگوں کی ناراضی۔
المَسْخُوْط. مث۔ناپسندیدہ۔
المَسْخَط والمَسْخَطَة. سبب ناراضی۔ ج مَسَاخِط.
سَخُفَ (ک) سُخْفًا و سَخَافَةً. کمزور عقل والا ہونا۔ سَخُفَ الغَزَلُ: باریک ہونا السِقَاءُ: کمزور ہونا۔
سَخَّفَهٗ. کم عقل قرار دینا۔
سَاخَفَهٗ. بیوقوفی میں مدد دینا۔
السُخْفَة والسَخْفَة. لاغری۔ کمزوری۔ کم عقلی۔ کہا جاتا ہے "هٰذا مِنْ سُخْفَةِ عَقْلِكَ" یہ تمہاری کم عقلی کی وجہ سے ہے۔
السَخْف. تنگ گزارہ کی زندگی (والسُخْف) کم عقلی۔
السَخِيْف. کم عقل۔ ثَوْبٌ سَخِيْفٌ: باریک جھر جھرا کپڑا۔ رجُلٌ سَخِيْفٌ: کمزور عقل والا مرد۔ سَخِيْفُ العَقْلِ: ناقص عقل والا۔ رَايٌ سَخِيْفٌ: کمزور رائے۔
سَحَابٌ سُخِيْفٌ: پتلا بادل۔
السَخَافَة. مص۔ ہر چیز کی کمزوری۔
اَرْضٌ (مُسْخِفَة) کم گھاس والی زمین۔
سَخَلَه (ف) سَخْلًا. صاف کرنا۔ چھانٹ دینا۔ سَخَلَ الشَّیْءَ: فریب سے لینا۔
سَخَّلَه. عیب لگانا۔ کمزور کرنا۔
اَسْخَلَ. الاَمْرَ: پیچھے کرنا۔
السَخِل. کمزور مِنَ القَوْمِ: رذیل۔ ج سُخَّل و سُخَّال.
السَخْلَة. بکری کا بچہ۔ ج سَخْل و سِخَال و سُخْلَان و سِخْلَة.
السُخَالَة. پھوڑن۔ چھلکن۔
المَسْخُوْل. فرومایہ۔ ضعیف۔ مجہول۔ اور اسی سے ہے "كَوَاكِبُ مَسْخُوْلَةٌ" یعنی مجہول ستارے۔
سَخِمَ. اللَحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔

المَاءَ: پانی گرم کرنا اللّٰه وَجْهَهٗ: سیاہ رو کرنا ہ بِصَدْرِہٖ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّمَ. عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔
السَخَم. سیاہی۔
السُخْمَة. سیاہی۔ کینہ۔ غضب۔
السُخَام. کوئلہ۔ ہانڈی کی سیاہی۔ پرندہ کے بازوؤں کے نیچے کے نرم پر۔ لَيْلٌ سُخَامٌ: کالی رات (السُخَامیٰ والسُخَامِية) خوشگوار شراب۔
الاَسْخَم. کالا۔ مؤنث سَخْمَاء. ج سُخْم.
السُخَامِيُّ. کالا۔
السَخِيْمَة. کینہ۔ کہا جاتا ہے "سَلَلْتُ سَخِيْمَتَه باللطفِ والتَرَضِّيْ" میں نے اس کے کینہ کو لطف ورضامندی سے نکال لیا۔ پاخانہ۔ حدیث میں ہے "مَنْ سَلَّ سَخِيْمَتَهٗ عَلٰى طَرِيْقٍ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰه" جس شخص نے راستہ پر پاخانہ کیا اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ج سَخَائِم.
المُسَخَّم. مث کینہ ور۔
سَخَنَ (ن) و سَخِنَ (س) و سَخُنَ (ک) سُخُوْنَةً و سَخَانَةً و سَخْنًا و سُخْنًا و سُخْنَةً. گرم ہونا۔
سَخَنَهٗ (ن) سَخْنًا. بالضَرْب: تکلیف دہ طور پر مارنا اور اسی سے ہے "مَا اَسْخَنَ ضَرْبُهٗ" اس کی مار کس قدر تکلیف دہ ہے۔
سَخِنَتْ (س) سَخَنًا و سُخُوْنًا و سُخْنَةً. عَيْنُه: آنکھ کا تکلیف سے جل اٹھنا۔
اَسْخَنَ و سَخَّنَ. الشَّیْءَ: گرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْخَنَ عَيْنَه و بِعَيْنِه" یعنی اس نے اسے رلا دیا۔
السَخْن والسَخْنَة والسِخْنَة والسَخَنَة والسِخَنَة والسُخُوْنَة. گرمی۔ بخار۔ کہا جاتا ہے "عَلَيْكَ بالاَمْرِ عِنْدَ سُخْنَتِهٖ" معاملہ کو اس کے ابتداء ہی میں ٹھنڈا ہونے سے پہلے سنبھال لو۔
السُخْن والسَخْنَان والسُخْنَان و

السَخْنَان. گرم۔
مَاءٌ (سَخِّيْن) گرم پانی۔ ضَرْبٌ سِخِّيْن: تکلیف دہ مار۔ السِخِّيْن: کدال۔ بیلچہ۔ قصائیوں کی چھری۔ ہل کا دستہ۔ ج سَخَاخِيْن.
السَاخِن. فا. گرم۔ ج سُخَّانٌ. مؤنث سَاخِنَةٌ. کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ سَاخِنَةٌ" گرم رات۔
السُخَاخِيْن. گرم۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سُخَاخِيْن" گرم پانی (کلام عرب میں مفاعیل کا وزن اس کے علاوہ کوئی نہیں۔)
السَخِيْن. ہر وہ چیز جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈی۔
السَخِيْنَة. ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ گرم کھانا۔
التَسَاخِيْن. ہانڈیاں۔ موزے۔ چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے جس کا واحد نہیں اور یا تَسْخَن یا تَسْخَان واحد ہے۔)
المِسْخَنَة. ہانڈی۔ ج مَسَاخِن.
سَخَا يَسْخُو وسَخِيَ يَسْخىٰ و سَخُوَ يَسْخُوْ سَخًا و سَخَاءً و سَخَاوَةً و سُخُوًّا و سُخْوَةً. فیاض ہونا۔ سخی ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَخِيْتُ نَفْسِيْ و بِنَفْسِيْ عَنِ الشَّیْءِ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔
سَخَا النَارَ يَسْخُوْهَا سَخْوًا و يَسْخَاهَا سَخْوًا و سَخْيًا. راکھ نکال کر آگ جلانا القِدْرَ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا الرَّجُلُ: حرکت سے سکون اختیار کرنا۔
تَسَاخیٰ و تَسَخّیٰ. بتکلف فیاض بننا۔
السَخَاوَة. فیاضی۔ بخشش۔
السَخَاءَة. ایک قسم کی سبزی۔ ج سَخَاءٍ.
السَخِيُّ. فیاض۔ ج اَسْخِيَاء و سُخَوَاء مؤنث سَخِيَّة. ج سَخَايَا و سَخِيَّات.
الاَرْض (السَخْوَاء) کشادہ نرم زمین۔ ج سُخَاوىٰ و سَخَاوٍ.
اَرْضٌ (سَخَاوِيَة) نرم کشادہ زمین۔ ج

سَخَاوِيٌّ.
مَسْخِيٌّ. النَّارِ: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تاکہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔
المِسْخَاة. چھپٹی۔ آگ کی کریلنی۔
سَدَّ (ن) سَدًّا. الاناءَ: برتن بند کرنا الثُّلْمَةَ: رخنہ درست کرنا البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
سَدَّ (س ض) سَدَدًا و سَدَادًا. درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَسِدُّ فِيْ قَوْلِهِ" وہ ٹھیک بات کہتا ہے و "قُلْتُ لَهُ سَدَادًا مِنَ القَوْلِ و سَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کہی الشَّيْءُ: سیدھا ہونا۔
سَدَّدَ. الرُّمْحَ: سیدھا کرناہ: راہِ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔
اَسَدَّ. الشَّيْءُ: سیدھا ہونا الرَّجُلُ: راہِ راست کو پہنچنا یا طلب کرنا۔
تَسَدَّدَ. سیدھا ہونا الشَّيْءُ: درست ہونا۔
اِنْسَدَّ واِسْتَدَّ اِنْسِدَادًا واِسْتِدَادًا. بند ہونا۔
اِسْتَدَّ. الشَّيْءُ: درست ہونا۔
السَّدّ والسُّدّ. ج اَسْدَاد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتْ عَلَيْهِ الاَرْضُ بِالاَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہوگئے۔ والسَّدّ ج اَسِدَّة: عیب مثل اندھے پن کے۔ والسُّدّ. ج سُدُوْد: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَادٌ سُدٌّ" یعنی ٹڈی دل۔ والسُّدّ. ج سِدَدَة وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی۔ مسایہ۔
كَلَامٌ (سَدٌّ) صحیح ودرست کلام۔
السَّدَد. مص۔ درستی۔ جو درست ہو۔
السَّدَاد. مص۔ درستی وراستی۔ ہدایت۔
السِّدَاد. ڈھکنا۔ دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔
السِّدَادَة. ڈھکنا۔

السُّدَاد. ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔
رَجُلٌ (سَدَّاد) راہِ راست پر رہنے والا مرد۔
السُّدَّة. دروازہ۔ برآمدہ۔ بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ ج سُدَد.
عَيْنٌ (سَادَّة) اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ۔ ج سُدُد.
الاَسَدُّ. ج سُدٌّ (السَّدِيْد) ٹھیک درست۔ حق کا قصد کرنے والا۔
المَسَدّ. بند کرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "سَدَّ مَسَدَّهُ" یعنی قائم مقام۔
سَدَجَ (ن) سَدْجًا. بِالشَّيْءِ: گمان کرنا۔ (و تَسَدَّجَ) جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں گھڑنا۔ صفت (سَدَّاج)
اِنْسَدَجَ. اوندھا گرنا۔
سَدَحَهُ (ف) سَدْحًا. ذبح کر کے زمین پر پھیلانا۔ پچھاڑنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ سَدَحَ بِالمَكَانِ. اقامت کرنا (سَدَحَهُ و سَدَّحَهُ) قتل کرنا۔
اِنْسَدَحَ. چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔
السَّادِح. فا. مالدار۔ صاحب فراخی و ارزانی۔ مؤنث سَادِحَة. السَّادِحَة: گھٹا ٹوپ بادل۔
السَّدِيْح والمَسْدُوْح. چت لیٹا ہوا۔
اِنْسَدَحَ. پھیلنا۔
سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا و سُدُوْرًا. الشَّعْرَ: بال لٹکانا الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ لمبا لٹکانا۔
الرَّجُلُ فِي البِلَادِ: جاکر واپس نہ آنا۔
سَدِرَ (س) سَدَرًا و سَدَارَةً. حیران ہونا۔ لاپروا ہونا البَعِيْرُ: شدتِ گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت (سَادِرٌ) کہا جاتا ہے "تكَلَّمَ سَادِرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔
اِنْسَدَرَ. الشَّعْرُ: بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "اِنْسَدَرَ يَرْكُضُ" وہ آہستہ دوڑا۔ نیچے اترنا اور ہمیشہ چلنا۔

تَسَدَّرَ. بِثَوْبِهِ: اوڑھ لینا۔
السِّدْر. بیر کا درخت۔ ج سُدُوْر.
السِّدْرَة. بیر کا درخت۔ ج سِدْرَات. و سِدِرَات و سِدَرَات و سِدَر. و سِدْرَةُ المُنْتَهَى. ساتویں آسمان میں عرش اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لیے منتہا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہا وہیں تک ہے۔
السَّدِر. حیران۔ سمندر۔ نَاقَةٌ سَدِرَةٌ: بوڑھی اونٹنی۔
السِّدَار. پردہ کی مانند جو خیمہ کے عرض میں لگایا جاتا ہے۔
السَّدَّار. بیر کے پتوں کا بیچنے والا۔
السَّدِيْر. تازہ گھاس۔ حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام۔ شاہ نعمان کے ایک محل کا نام۔ یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں۔ سَدِيْرُ النَّخْلِ: وہ جگہ جہاں درخت خرما بہت سے ہوں۔
الاَسْدَرَان. آنکھ کی دو رگیں۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ اَسْدَرَيْهِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا۔
سَدَسَ (ض) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا ہونا۔
سَدَسَ (ن) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا حصہ لینا۔
سَدَّسَ. الشَّيْءَ: چھ پہل بنانا۔
اَسْدَسَ. القَوْمُ: چھ ہونا۔ چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا البَعِيْرُ: آٹھویں سال میں دانت گرانا۔
السِّدْس. اونٹ کے لیے چھٹے روز پانی پینے کی باری۔ ست کی اصل سدس ہے۔
السُّدْس والسُّدُس. چھٹا حصہ۔ ج اَسْدَاس اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَضْرِبُ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" وہ مکر و فریب کی کوشش کرتا ہے۔
السَّدَس. آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔
السَّادِس. فا. چھٹا۔ مؤنث سَادِسَة.

السُدَاسِیُّ چھ سے مرکب۔ چھ حرفوں والا کلمہ جیسے زنج بیل۔ کہا جاتا ہے جاءُوْا (سُدَاسَ) وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

السُدُوْس والسَدُوْس. سبز رنگ کی چادر۔ السُدُوس چراغ کی سیاہی۔

السَدِیْس چھٹا حصہ۔ ج سُدُس چھ سے مرکب۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔ چھ سال والی بکری۔

المُسَدَّس. شش پہل۔ وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو۔ المُسَدَّس: ریوالور جس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں۔

سَدَعَ(ف) سَدْعًا ذبح کر کے پھیلانا الشَیءَ بِالشَّیءِ ٹکرانا۔

سُدِعَ رنج واذیت پہنچایا جانا۔

السَدْعَة رنج واذیت۔

المِسْدَع. اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ ہادی رہنما۔

سَدَفَ(ض) سَدْفًا. القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا الحِجَابَ: پردہ لٹکانا۔ صفت مفعولی (مَسْدُوْف)

اَسْدَفَ. سونا۔ بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا اللَیْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (اَسْدَف) مؤنث سَدْفَاءُ ج سُدْف الفَجْرُ: روشن ہونا السِتْرَ: پردہ اُٹھانا المَرأةُ القِنَاعَ: برقعہ ڈالنا۔ اَسْدَفَ عَنْ کَذَا الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَسْدِفِ البَابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ تاکہ گھر میں روشنی ہو سکے۔

سَدَّفَه. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

السَدَف. تاریکی۔ روشنی (ضد) بھیڑ۔ ج اَسْدَاف.

السَدْف. وجود جو دُور سے دکھائی دے۔ ج سُدُوف.

السَدْفَة والسُدْفَة. تاریکی۔ روشنی۔ (ضد) السُدْفَة: دروازہ۔ دروازے کا چھجہ۔

اس کو بارش سے بچائے۔

السَدِیْف. کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا۔ ج سِدَاف و سَدَائِف.

السِدَافَة. پردہ۔

السَدَق والسَوْدَق. سذق و سوذق کی تصحیف ہے۔

سَدِكَ(س) سَدَكًا و سَدْكًا. بِالأَمْرِ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔ صفت (سَدِك) بہ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدِكٌ بِالرُمْحِ" بہت نیزہ مارنے والا ہے۔

سَدَلَ(ن ض) سَدْلًا و سَدَّلَ. الشَعْرَ اَوِ الثَوْبَ بال یا کپڑا لٹکانا۔ سَدَلَ الثَوبَ: کپڑا پھاڑنا فِي البِلَادِ جانا۔

سَدِلَ(س) سَدَلًا. خَلْقَةً: جھکاؤ والا ہونا۔

تَسَدَّلَ واِنْسَدَلَ لٹکنا۔

سَوْدَلَ. الرَجُلُ لمبی مونچھوں والا ہونا۔

السِدْل ہار جو سینہ تک لمبی ہو۔

(والسُدْل) پردہ۔ ج اَسْدَال واَسْدُل وسُدُوْل. کہا جاتا ہے اَرْخَى اللَيْلُ سُدُوْلَه. رات نے اپنے پردے لٹکائے یعنی تاریکی چھاگئی۔

السَدَل. جھکاؤ۔ میلان۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ سَدَلٌ اِلٰی جَانِبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے۔

السَدِیْل. ہودہ پر جو لٹکایا جائے۔ پالکی وغیرہ کا پردہ۔ ج سُدُل واَسْدَال و سَدَائِل.

شَعْرٌ (مُسَدَّلٌ) بہت لمبے بال۔

السَوْدَل. مونچھ۔

سَدَمَ(ن) سَدْمًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بھیڑنا۔

سَدِمَ(س) سَدَمًا. ندامت کے ساتھ غمگین ہونا۔ غم کے ساتھ غضبناک ہونا۔ بِالشَيْءِ: بہت خواہش مند ہونا۔ حریص ہونا المَاءُ: پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا۔

سَدَّمَ. المَاءَ طُوْلُ عَهْدِه: متغیر کر دینا۔

مَاءٌ (سَدِمٌ و سَدُمٌ و سِدمٌ و سُدُمٌ) کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی جمع کے لیے کہا جاتا ہے۔

مِیَاهٌ سُدُمٌ واَسْدَامٌ وسِدَامٌ. رَجُلٌ سَدِمٌ غضبناک مرد۔

السَدَم. ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصہ۔

السَدْمَان. ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدْمَانُ نَدْمَانٌ"

اَلسَدِیْم کرہ آسمانی پر کمزور روشنائی والے ستارے۔ اَلسَدِیْم تیز تلوار یا اس کی دھار۔

السَدِیْم. ج سِدَام: بہت یاد کرنے والا۔ ج۔ سُدُم: کہرا یا باریک کہرا۔

سَدَنَ(ن ض) سَدْنًا و سِدَانَةً: کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سَادِن) ج سَدَنَة کہا جاتا ہے "هُوَ سَادِنُ فُلَانٍ و آذِنُه" یعنی فلاں کا دربان ہے۔

سَدَنَ السِتْرَ: پردہ لٹکانا۔

السِدْن والسَدَن. ج اَسْدَان. و (السَدَان) پردہ۔

سِدَانَة. الكَعْبَةِ کعبہ کی خدمت۔

السَدَن چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔

السَدَّان. نہائی (صحیح لفظ سدان ہے۔)

سَدَا سُدُوًّا و سَدْوًا. بِيَدِه نَحْوَ الشَيءِ: کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانا الصَبِيُّ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النَاقَةُ فِي المَشْيِ: کشادہ قدم رکھنا اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَه" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔

اَسْدَى اِسْدَاءً. النَخْلُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔

اِسْتَدَى اِسْتِدَاءً. بِيَدِه: ہاتھ بڑھانا الصَبِيُّ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا الفَرَسُ پسینہ والا ہونا۔

السَادِی. فا. چھٹا۔ مؤنث سَادِيَة. ج سُوَاد النُوْقُ السَوَادِي: کشادہ قدم

رکھنے والی اونٹنیاں۔

سَدَیٰ یَسْدَیٰ سَدًی. البُسْرُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ) الْاَرْضُ: زمین کا بہت نمناک ہونا اللَّیْلَةُ: بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِیَةٌ)

سَدَیٰ یَسْدِی سَدْیًا. الثَّوْبَ: تانا تننا۔

سَدَّیٰ. الثَّوْبَ (تَسْدِیَةً) تانا تننا۔ اِلَیْهِ: احسان کرنا مَعْرُوْفًا: بھلائی کرنا الْاَرْض: نمناک کرنا۔

اَسْدَیٰ اِسْدَاءً. الثَّوْبَ: تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "اَلْحِمْ مَا اَسْدَیْتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اسے پورا کرو اِلَیْهِ: احسان کرنا الْاَرْضَ: نمناک کرنا بینھما: اصلاح کرنا الْاَمْرَ: بیکار چھوڑنا۔

تَسَدَّیٰ تَسَدِّیًا. الشَّیْءَ: سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا الثَّوْبَ: تانا تننا۔

السَّدَیٰ. تانا۔ ج اَسْدِیَةٌ نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (والسَّدَاء) سبز کچی کھجور۔

السَّدَاة. مِنَ الثَّوْبِ: تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ بِلُحْمَةٍ وَلَا سَدَاةٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔

اِبِلٌ (سُدًی وسَدًی) بیکار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد وجمع کے لئے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَ كَلَامُه سُدًی" اس کی گفتگو لغو و بیکار گئی۔

الْاَسْدِیُّ والْاُسْدِیُّ. وہ کپڑا جس کا تانا کیا گیا ہو۔

الْمِسْدَاة. تانا تننے کا آلہ۔

السَّذَاب. ایک بدبودار پودہ جس کے پتے صقر کی طرح ہوتے ہیں۔

السُّذْبَة. ایک قسم کا برتن۔

السَّاذَج. سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تیز بات۔

السَّذَاجَة. سادگی۔

السَّذَق. سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحرا و بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔

السَّوْذَق السَّیْذَاق والسَّیْذَقَان والسَّیْذُقَان. کنگن۔ شکرا۔ السَّوْذَق: زنجیر کا حلقہ۔

السَّوْذَقِیُّ. چست۔ چالاک۔ متکبر۔

السُّذَانِق والسَّوْذَنِیق والسَّوْذَانِق. شکرا۔

سَرَّهُ (ن) سُرُوْرًا و مَسَرَّةً و سُرًّا و سُرَّیٰ و تَسِرَّةً. خوش کرنا۔

سَرَّهُ (ن) سَرًّا. ناف میں نیزہ مارنا۔ الصَّبِیَّ: بچے کا نال کاٹنا فلانًا: پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارکباد دینا۔

سَرَّ (س) سَرًّا. ناف میں درد ہونا۔

سُرَّ سُرُوْرًا. خوش ہونا۔ صفت (مَسْرُوْر) الصَّبِیُّ. ولادت کے وقت نال کا کاٹا جانا۔

اَسَرَّهُ اِسْرَارًا. خوش کرنا۔ اَسَرَّ السِّرَّ: بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد) اِلَیْهِ بِكَذَا: چپکے سے بیان کرنا اِلَیْهِ الْمَوَدَّةَ و بِالْمَوَدَّةِ: اپنی دوستی کو چھپانا۔

سَرَّرَهُ. خوش کرنا۔ سَرَّرَهُ سَرِیَّةً: لونڈی سے شادی کرانا۔ اس میں ایک لغت سَرَّاہ بھی ہے۔

سَارَّهُ. پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔

تَسَرَّرَ. لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں تَسَرَّیٰ بھی ہے جیسے تَظَنَّنَ میں تَظَنَّیٰ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

تَسَارَّ. الْقَوْمُ باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَارَّ زَیْدٌ اِلَی مَا تَكْرَهُ" یعنی جس سے تم کو نفرت ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔

اِسْتَسَرَّ اِسْتِسْرَارًا. لونڈی کو ہم خوابی کے لیے مخصوص کرنا عَنْهُ: چھپنا۔ الْقَمَرُ: چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سرار سے ماخوذ ہے) الشَّیْءَ: چھپانے میں مبالغہ کرنا الرَّجُلُ: خوش ہونا الرَّجُلُ: اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔

السَّرُّ. س۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد۔ اور اسی طرح "قَوْمٌ بَرُّوْنَ سَرُّوْنَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔

السِّرُّ. ج اَسْرَار: بھید، راز۔ کہا جاتا ہے "صُدُوْرُ الْاَحْرَارِ قُبُوْرُ الْاَسْرَارِ" احرار کے سینے بھید کے لیے قبر ہیں۔ و "رَجُلٌ سِرِّیٌّ" کاموں کو پوشیدہ طور پر کرنے والا مرد۔ و "فُلَانٌ سِرُّ هٰذَا الْاَمْرِ فلان" اس امر کا جاننے والا ہے۔ السِّرُّ: طریقہ۔ وسط۔ وادی کا درمیان۔ خالص چیز۔ عمدہ و افضل چیز۔ پاک و عمدہ زمین۔ قمری مہینہ کی پہلی رات یا آخری رات یا درمیان مہینہ۔ اصل ہر چیز کا جوف و مغز۔ ج اَسِرَّةٌ جیسے قِنّ کی جمع اَقِنَّة۔

السِّرّ والسِّرّ. ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ ج اَسْرَار جج اَسَارِیْر. الْاَسَارِیْر: چہرہ کی خوبیاں۔

السُّرّ. نال جس کو دائی جنائی ولادت کے وقت بچہ کی ناف سے کاٹتی ہے۔ ج سِرَرٌ اور سُرّ کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے۔

السَّرَر والسُّرُر. ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط۔ ناف کا وہ حصہ جس کو دائی جنائی کے وقت کاٹتی ہے۔ السَّرَرُ: قمری مہینے کی آخری رات۔ کسی چیز کا کھوکھلا ہونا۔

السَّرَّة. گلدستہ۔

السُّرَّة. نال جس کے ذریعہ سے جنین کے پیٹ میں غذا پہنچتی ہے۔ ناف۔ ج سُرَّات و سُرَر سُرَّةُ الْوَادِی: وادی کا درمیان یا وادی کی بہترین جگہ۔ سُرَّةُ الْبَلَدِ: وسط شہر۔ سُرَّةُ الْحَوْضِ: حوض کی تہ میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ سُرَّةُ الْفَرَسِ: ایک ستارہ۔ اِمْرَأَةٌ سُرَّةٌ: لوگوں کو خوش کرنے والی عورت۔

السَّرُوْر. خوشی۔

السُّرُوْر. خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔

السَّرِیْر. تخت۔ عموماً تخت شاہی کیلئے بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "زَالَ عَنْ سَرِیْرِهِ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔ خواب گاہ۔ گردن اور سر کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا اَسِرَّةَ رُؤُوْسِهِمْ" انہوں نے ان کی گردن

میں سر کے ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔ فراخی
زندگانی۔ ٹیلہ پر کی ریت۔ج اَسِرَّةٌ و سُرُرٌ.
السَّرِيْرَةُ. بھید۔ راز۔ وہ امر جس کو پوشیدہ
رکھا جائے۔ نیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَيِّبُ
السَّرِيْرَةِ" وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ج
سَرَائِرُ.
السُّرِّيَّةُ لونڈی جو ہم خوابی کے لیے مخصوص
کی جائے۔ج سَرَارِيُّ اغلب یہی ہے کہ اس
کا اشتقاق سِرٌّ سے ہے اور بعضوں کے نزدیک
سرور سے ہے۔
السِّرِّيْرُ. بھائیوں سے اچھا سلوک کرنے والا
اور ان کو خوش رکھنے والا۔
السَّرَّاءُ. خوشی۔ خوش حالی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ
صَدِيْقٌ لَهُمْ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ" وہ ان
لوگوں کا خوش حالی و بدحالی میں دوست ہے۔
سنگریزہ والی زمین۔ اَرْضٌ سَرَّاءُ: عمدہ
زمین۔ السِّيَرَّاءُ: مجوف نالی۔
السِّرَارُ. ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ لکیریں۔
ج اَسِرَّةٌ. السِّرَارُ: قمری مہینے کی آخری
رات۔
السِّرَارُ. خالص نسب۔ سَرَارُ الشَّهْرِ:
قمری مہینے کی آخری رات۔ سَرَارُ الْوَادِي:
وادی کی عمدہ جگہ۔
السَّرَارَةُ. خالص۔ نسب۔ وادی کا درمیان۔
سَرَارَةُ الشَّيءِ: عمدہ خالص۔ ج سَرَائِرُ.
السُّرَارُ = خلوص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سِرٌّ بَيِّنُ
السَّرَارَةِ" وہ خالص ہے جس کا خالص ہونا
ظاہر ہے۔ و "هُوَ فِي سَرَارَةٍ مِنْ عَيْشِهِ" وہ
اچھی زندگی میں ہے۔
السَّارُوْرَاءُ. خوشی و خوش حالی۔
الاَسَرُّ. کھوکھلا چقماق مِنَ الرِّجَالِ:
اجنبی۔ زیادہ موٹا۔
المَسَرَّةُ. س۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔ ج
مَسَارُّ.
المِسَرَّةُ. ایک جوف دار آلہ جس کو سننے
والے کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔
المَسْرُوْرُ. خوش۔ مؤنث مَسْرُوْرَةٌ.

سَرَأَتْ (ف) سَرْأً و سَرَّأَتْ تَسْرِئَةً
الجَرَادَةُ او السَّمَكَةُ او الضَّبَّةُ: ٹڈی یا
مچھلی یا گوہ کا انڈا دینا۔ المَرْأَةُ: بہت اولاد والی
ہونا۔
اَسْرَأَتِ السَّمَكَةُ انڈے دینے والی ہونا۔
السَّرْءُ والسِّرْءُ والسَّرْأَةُ والسِّرْأَةُ.
ٹڈی یا مچھلی یا گوہ وغیرہ کا انڈا۔
السَّرُوْءُ. مِنَ السَّمَكِ و نَحْوِهَا: بہت
انڈے والی۔ج سُرُؤٌ و سُرَأٌ.
اَرْضٌ (مَسْرُوْءَةٌ) ٹڈیوں والی زمین۔
سَرَبَ (ن) سُرُوْبًا. الماءُ: پانی کا جاری
ہونا الرَّجُلُ: چھپتے چلے جانا۔
الإِبِلُ: چرنے کے لیے جانا (سَرْبًا)
القِرْبَةُ: مشک سینا۔
سَرِبَ (س) سَرَبًا. الإِنَاءُ: برتن ٹپکنا
الماءُ مِنَ الإِنَاءِ: برتن سے پانی کا بہنا۔
سُرِبَ. ناک کے نتھنوں میں چاندی کا
دھواں پہنچنے سے گھٹن لاحق ہونا۔ صفت
مَسْرُوْبٌ.
سَرَّبَ. الإِبِلَ: گروہ گروہ بھیجنا۔
إِلَيَّ الأَشْيَاءَ: ایک کے بعد ایک دینا
الحَافِرُ: دائیں بائیں کھودنا القِرْبَةَ: مشک
میں پانی ڈالنا (وأَسْرَبَ) الماءَ مِنَ الإِنَاءِ:
برتن سے پانی بہانا۔
تَسَرَّبَ. مِنَ الماءِ: پانی سے بھر جانا۔
الوَحْشُ فِي حُجْرِهِ: وحشی جانور کا اپنے
سوراخ میں داخل ہونا۔
اِنْسَرَبَ. سوراخ میں داخل ہونا۔
الماءُ مِنَ الإِنَاءِ: برتن سے پانی بہنا۔
السَّرْبُ. س۔ جانور۔ جانب۔ سینہ۔ راستہ۔
کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخَلًّى السَّرْبِ" فلاں پر
کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ "خَلِّ لَهُ سَرْبَهُ"
اس کا راستہ چھوڑ دو۔
السِّرْبُ. ہرنوں کا گلہ۔ پرندوں کی ڈار۔
عورتوں کی جماعت۔ کھجور کے درختوں کا
جھنڈ۔ راستہ۔ دل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاسِعُ
السِّرْبِ" فلاں کشادہ دل ہے۔ج اَسْرَابٌ.

السَّرَبُ وحشی جانور کا سوراخ۔ تہ خانہ۔ نالی
جس سے پانی آئے۔ مشک سے بہنے والا پانی اور
کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ سَرَبٌ" چلتا ہوا راستہ۔
ج اَسْرَابٌ.
السَّرِبُ. بہنے والا پانی۔ مَزَادَةٌ سَرِبَةٌ:
بہنے والی مشک۔
السَّرْبَةُ. قریب کا سفر۔ مشک کی سیون۔
السُّرْبَةُ. ہرن یا اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔
طریقہ۔ انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے
درختوں کا جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ
تک کے بال۔ج سُرَبٌ.
السَّرَابُ. وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے
وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا نظر
آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ
عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ جھوٹ اور مکرو
فریب کے لیے اس سے مثال دی جاتی ہے۔ کہا
جاتا ہے "هُوَ اَخْدَعُ مِنَ السَّرَابِ" وہ
سراب سے زیادہ فریبی ہے۔
السَّارِبُ. فا. کھلم کھلا ظاہر۔ ظَبْيَةٌ
سَارِبَةٌ: چراگاہ میں جانے والی ہرن
(والسَّرُوْبُ) سیدھا جانے والا۔
والمَسْرَبُ.ج مَسَارِبُ: جانے کی جگہ۔
کہا جاتا ہے "لِلْوَحْشِ وَالنَّعَمِ مَسَارِبُ و
مَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپاؤں کے
لیے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔ مَسْرَبُ
الماءِ: پانی بہنے کی جگہ۔
المَسْرَبَةُ والمَسْرُبَةُ. چراگاہ۔ سینہ کے
درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی
جگہ۔ د ب۔ ج مَسَارِبُ.
المُنْسَرِبُ. بہت لمبا۔ تیز بہنے والا پانی۔
سَرْبَخَ. الرَّجُلُ: خفیف و سبک ہونا۔ آہستہ
چلنا۔ دوپہر میں چلنا۔
السَّرْبَخُ. کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو
جائے۔
قفر (سِرْبَاخٌ و مُسَرْبَخٌ) بیابان دور دراز
جس میں آدمی گم ہو جائے۔
سَرْبَلَهُ. کرتا پہنانا۔

تَسربل. بالسِربال: کرتا پہننا۔
السِربال. کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے۔ ج سَرابیل.
سَرج (ن) سَرجًا. جھوٹ بولنا المَرأةُ شَعرها: چوٹی بنانا۔
سَرِج (س) سَرَجًا. جھوٹ بولنا۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔
سَرَّج. الشیئَ: خوبصورت بنانا۔ سَرَّجهٗ اللّٰه: توفیق دینا۔ سَرَّج الشعرَ: چوٹی بنانا۔ الحَدِیثَ: گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَيَّ أُسْرُوجَةً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔ و"اِنَّهٗ لَیُسَرِّجُ الاَحادِیثَ تَسرِیجًا" وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں۔ "سَرَّجَ الثَوبَ" اس نے دور دور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَهٗ شین معجمہ سے ہے۔
اَسرَجَ. الفَرسَ: گھوڑے پر زین کسنا۔ السِراجَ: چراغ روشن کرنا۔
تَسَرَّجَ. عَلَیْهِ: جھوٹا گمان کرنا۔
السَرج. زین. ج سُرُوج.
السِراج. چراغ۔ ج سُرُج. سِراجُ اللیلِ: جگنو۔
السِیرَج. تل کا تیل۔ اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔
السَرَّاج. جھوٹا۔ زین ساز و (السِراجَة) زین سازی کا پیشہ۔
السُرَیجیّات. سریج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔
المَسْرَجة. چراغ دان۔ ج مَسارِج.
المِسْرَجة. چراغ۔ ج مَسارِج.
السِرْجِن والسِرْجِین والسِرْجُون. گوبر۔
سَرَحَت (ف) سَرحًا و سُرُوحًا. المَواشي: جانوروں کا چرنے کے لیے جانا۔ السَیلُ: سیلاب کا آہستہ بہنا (سَرحًا) المَواشيَ: جانوروں کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔ سرحهٗ: بھیجنا۔ سَرح ما في صَدْرِہ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

سَرِح (س) سَرحا. الرجلُ: کسی کا اپنے اُمور کے لیے نکلنا۔
سَرَّح. المَواشيَ: جانوروں کو چرنے کیلئے چھوڑنا القَومَ: آزاد کرنا چھوڑ دینا الزَوْجَةَ: طلاق دینا۔ اسم (السَراح) ہے۔ اِلَیْهِ رَسُوْلًا: پیغامبر بھیجنا الاَمرَ: آسان کر دینا۔ اللّٰهُ فُلانًا لِلْخَیرِ: بھلائی کی توفیق دینا۔ الشَعرَ: کنگھا کرنا عنه: کشادگی کر دینا۔
اِنسَرحَت. الدابةُ: جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا الرَجُلُ: چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ننگا ہونا۔
تَسَرَّح. مِنَ المکانِ: نکلنا عَنهُ: کشادگی کیا جانا الکَتّانُ. کتاں کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔
السَرح. مص۔ جانور۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ ہر لمبا درخت۔ بے کانٹوں کا درخت۔ واحد (سَرحَة) ج سُرُوح.
السَرحَة. جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو۔
خَیلٌ (سُرُحٌ و ناقَةٌ سُرُحٌ) تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ مِشیَةٌ سُرُحٌ: نرم چال۔ عَطاءٌ سُرُحٌ: بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔
السِرحان. بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سَراحٍ و سَراحٍ و سَراحِین. ذَنَبُ السِرحانِ: فجر کاذب۔
السِرحانَة. سِرحان کا مؤنث۔
عامٌ (سَنِتٌ و سنیتٌ و مُسنِتٌ) قحط سالی۔ رجلٌ سَنِتٌ: بے نفع مرد۔

السَنُّوت والسِنُّوت. زیرہ اور بقول بعض شہد یا پنیر۔

المُسنِت. مسکین جس کے پاس کچھ نہ ہو۔

السُنتُب. بدخلق۔

سنج (ن) سَنجا الثوبَ: کپڑے کے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں رنگنا۔

السِناج. دیوار وغیرہ پر دھوئیں کا اثر (والسِنیج) چراغ۔

سَنجة المیزان. باٹ۔ ج سَنجات

(دخیل) السُنجة. سیاہ سفید رنگ (ثوبٌ مُسَنَّجٌ) سیاہ سفید دھاری دار کپڑا۔

السِنجاب والسُنجاب. چوہے سے بڑا ایک جانور جس کی دُم بہت گچھے دار بالوں سے اوپر کو اُٹھی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی کھالوں سے پوستین بناتے ہیں۔

السَنجق. جھنڈا۔ ج سَناجق۔ جدید۔

سنح (ف) سَنحا و سُنحا و سُنُوحا. الأمرُ او الرأیُ: پیش آنا۔ ظاہر ہونا۔ سوجھنا۔

لی الشعرُ: آسان ہونا۔ بک: اشارہ سے سمجھانا الرجلُ عن رأیه: رائے سے پھیر دینا۔

به و علیه: تنگی ڈالنا۔ تکلیف پہنچانا۔

(سُنُوحا وسانح سناحا و مُسانحة) الطیرُ او الظبیُ: پرندہ یا ہرن کا بائیں سے دائیں طرف گزرنا۔

تسنّح من الریح ہوا کی طرف پشت پھیرنا۔

تسنّحه واستنسحه. عن کذا: کھود کرید کرنا۔

السُنح. س۔ برکت من الطریق: درمیانی راہ۔

السانح. فا بائیں جانب سے آنے والا۔ اور اس کے مقابلہ میں بارح ہے۔ جس کے معنی ہیں دائیں جانب سے آنے والا۔ عرب "سانح" سے نیک شگون اور "بارح" سے بدشگون لیا کرتے تھے۔ اور اسی سے مثال ہے "من لی بالسانح بعد البارح" یعنی میرے لیے منحوس کے بعد مبارک کا ضامن کون ہوگا۔ اس کو مکروہ کے بعد محبوب کی توقع کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

السنیح. بائیں جانب سے آنے والا۔ موتی۔ زیور۔ ج سُنُح

السَنحنح. رات کو نہ سونے والا۔

سنخ (ف) سُنُوخا فی العلم. راسخ ہونا۔

سنخ (ف) سنخا. بگڑنا۔ متغیر ہونا۔ صفت (سَنِخٌ) مؤنث سَنِخة. من الطعام: بہت کھانا الفمُ: دانتوں سے خالی ہونا۔ اسنانه: دانتوں کی جڑوں کا تباہ ہونا۔

السِنخ. اصل من السن: دانت اُگنے کی جگہ۔ ج اسناخ و سُنُوخ. سِنخ النصل: پھل کا اتنا حصہ جو تیر کے اندر داخل ہو۔ سِنخ الکلمة: کلمہ کا اصل ماخذ۔ سِنخ الحُمّی: بخار کی تیزی۔

السَنخ. اونٹ۔

السَنخة والسَناخة. بدبودار ہوا۔

سند (ن) سُنُودا واستند و تساند. الیه: اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ سند. فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔ سند للاربع: چالیس کے قریب ہونا۔ سند ذنب الناقة: اونٹنی کے دم کا دائیں بائیں سرین پر لگنا۔

سنّد سند: (ایک قسم کی چادر) اوڑھنا۔

الشیءَ: ٹیک لگا کر مضبوط کرنا۔

ساند. مساندة و سنادا شعره و فی شعره: شعر میں مختلف ردیف لانا

الرجلَ: مدد کرنا د علی العمل: کفایت کرنا۔ الی الشیءِ: ٹیک لگانا۔

اسْند. في الجبل: پہاڑ پر چڑھنا ہ في الجبل: پہاڑ پر چڑھانا في العدو: دوڑنے میں کوشش کرنا اسندہ الی الشئ: ٹیک لگانا۔

السَّند. ایک قسم کی چادر۔ سہارا اور مولدین کے نزدیک بمعنی دستاویز مستعمل ہے۔ ج سندات پہاڑ کا وہ حصہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اسناد۔

السَّندة. ایک قسم کی نباتات۔

السناد. قافیہ کا ہر عیب جو حرف روی سے پہلے ہو۔ ناقة سنادٌ: لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔ دبلی ؛ قوی۔

الاسناد. مع. عند اهل المناظرة: حوالہ دینا۔ ج اسانيد والاسنادُ في علم العربيّة: دو کلموں کے درمیان نسبت تامہ واقع کرنا جیسے مبتدا و خبر یا فعل و فاعل کے درمیان نسبت۔ جیسے زيدٌ قائمٌ و قامَ زيدٌ۔

السَّندان أ نهاني. اهرن. ج سنادين (دخیل)

السِّندان. بڑا اور مضبوط مرد۔ قوی بھیڑیا۔

السِّندانة. گدھی۔

السنديان. شاہ بلوط کا درخت۔ واحد (سنديانةٌ) فارسی کلمہ ہے۔

السنيد. لے پالک۔ منہ بولا بیٹا۔

المُسْنَد. من الحديث: جس کی سند قائل تک پہنچائی جائے۔ ج مسانِد و مسانيد. المُسْنَد: ایک قسم کا طرز تحریر جس کو بنو حمير استعمال کرتے تھے۔ منہ بولا بیٹا۔ زمانہ۔

المسند والمِسْنَد. جس پر ٹیک لگائی جائے۔ ج مَساند. کہا جاتا ہے "حرجَ القومُ (مُتَسانِدين)" لوگ مختلف جھنڈوں کے نیچے ہو کر نکلے۔ کسی ایک امیر کے تحت میں نہیں تھے۔

المُسْتَنَد. جس پر اعتماد و بھروسہ کیا جائے۔

السِّنْدَأْوُ والسِّنْدَأْوة. ہلکا۔ دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ پست قد۔ موٹے سر اور پتلے جسم والا۔ السِّنْدَأْوة: کپڑے کا ٹکڑا جس کو عمامہ کے نیچے تیل سے بچانے کے لیے باندھا جاتا ہے۔

جملٌ (سِنْدَأْبٌ) قوی اور سخت اونٹ۔

سَنْدر. جلدی کرنا۔

السَّنْدَرة. س. جلدی۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بناتے ہیں۔ ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول "اَكِيْلُكُمْ بالسيف كَيْلَ السَّنْدَرة" کا مطلب یہ ہے کہ میں تم لوگوں کو بہت زیادہ قتل کروں گا۔

السَّنْدَرِيُّ. دلیر۔ لمبے قد والا۔ مضبوط۔ کمان۔ نیلگوں۔ نیزہ۔ شیر۔ تلوار وغیرہ کا سفید پھل۔ بڑی آنکھوں والا۔ عمدہ۔ ردی۔ ایک بڑا پیمانہ (والسَّنْدَر والسُّنْدُر) دلیر۔

السَّنْدَرُوْس. ایک قسم کا گوند یا کہرباء کی مانند ایک معدنی چیز۔

السُّنْدُس. ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

السَّنْدَل. ایک قسم کا پرندہ۔ چرمی موزہ کا پاتابہ۔

سَنِرَ (س) سَنَرًا. بدخلق ہونا۔

السَّنَوَّر. (س) سَنَرًا. بدخلق ہونا۔

السَّنَوَّر. ایک ہتھیار زرہ کی مانند چمڑے کا بنا ہوا لباس۔ لوہے کا ہر ایک ہتھیار۔

السِّنَّوْر. بلی۔ سردار ؛ دُم کی جڑ۔ گردن کی ہڈی کے مہرے۔ ج سنانير۔

السُّنَّار. بلی۔

سَنْسَنَت. الريح: ٹھنڈی ہوا چلنا۔

السِّنْسِن. پیاس۔ پسلی کی ہڈیوں کے سرے۔ ج سناسن (والسِّنْسِنة) ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "جاءَت الرِّيحُ سَناسِنَ" ہوا ایک ہی طریقہ پر آئی۔

سَنِطَ (ک) سَناطة و سَنَطَ (س) سَنَطًا. کوسج یا کچی داڑھی والا ہونا۔ صفت (سِناط و سُناط و سُنُوط) ج سُنْط و اَسْناط۔

السَّنط. گٹا۔ پہنچا۔

السُّنْطبة. بے ڈول لمبائی۔

السُّنْطاب. لوہار کا ہتھوڑا۔

السِّنْطِير والسِّنْطور. ایک قسم کا ستار جس کے تار تانبے کے ہوتے ہیں۔

سَنْطَلَ. الرجلُ: سر جھکا کر چلنا۔

السَّنْطَلة. س. لمبائی۔

السَّنْطالة. سر جھکا کر سکون کی چال۔

السِّنْطِيل. لمبا۔

المُسَنْطَل. ت. سست چال چلنے والا۔ جو قریب گرنے کے ہو۔ بے ڈول جسم کا بڑے پیٹ والا۔

اسطَنْبُول: ایک پودے کا نام جس کا تنا ملائم پھول گلابی ہوتے ہیں۔

السِّنْطِلِيل. لمبے قد والا۔

سَنَعَ (ف ن) وسَنُعَ (ک) سَناعة و سُنُوْعًا. حسین و خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (سَنِيع) مؤنث سَنِيْعة۔

اَسْنَعَ. الغلامُ: لڑکے کا طویل و خوبصورت ہونا الرجلُ: خوبصورت بچوں والا ہونا۔ گٹے کا درد والا ہونا الشئ: زیادہ کرنا۔

السِّنْع. گٹے کے مقام کی باریکی۔ گٹے کا جوڑ۔ ج سِنَعة واَسْناع۔

السَّنَع. خوبصورتی۔

الاَسْنَع. لمبا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "هذا اَسْنَعُ مِن ذاك" یہ اس سے افضل ہے۔ مؤنث سَنْعاء۔

السَّنِيْعة. پہاڑی راستہ۔ ج سَنائع۔

السُّنْعُبة. تیولا۔ اوپر والے ہونٹ کے اندرونی حصہ میں ابھرا ہوا گوشت۔

سَنَفَ (ن ض) سَنْفًا. البعيرَ: اونٹ پر تنگ باندھنا النّاقةُ: اونٹنی کا اونٹ سے

آگے نکل جانا۔

اَسْنَفَ. البَعِيْرُ: چلنے میں گردن آگے بڑھانا۔ اَسْنَفَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ البَرْقُ: بجلی کا قریب ظاہر ہونا الاَمْرَ: مضبوطی سے کرنا البَعِيْرَ: تنگ باندھنا۔

السِّنْف. لکڑی جو پتوں سے خالی ہو؛ پھلی کا چھلکا۔ پتا۔ ج سُنُوْف.

السِّنْف. ایک تلخ دانہ جو گیہوں؛ جو میں ہوتا ہے۔ جماعت۔ صنف۔ پھلی۔ واحد (سِنْفَةٌ) ج سِنْفٌ جج سِنَفَة.

السَّنِيْف. بچھونے کی گوٹ۔ ایک کپڑا جس کو اونٹ کے مونڈھوں پر باندھتے ہیں۔ ج سُنُفٌ و سُنُفٌ واَسْنِفَةٌ.

المُسْنِفَة. مِنَ السِّنِيْنَ: خشک سال۔ مِنَ الاراضِي: قحط زدہ زمین۔

سِنَافُ. البَعِيْرِ: اونٹ کا تنگ۔ ج سُنُفٌ و سُنُفٌ واَسْنِفَةٌ.

السُّنْفَتَانِ والسُّنْفَتَانِ. دو لکڑیاں جن میں کنوئیں کی چرخی پھنسی ہوئی ہوتی ہے۔

المِسْنَاف. وہ اونٹ جو کجاوہ کو اِدھر اُدھر کرتا ہو جس کی وجہ سے تنگ باندھنا پڑے۔ ج مَسَانِيْف.

سَنِقَ (س) سَنَقًا. بدہضمی ہونا (بقول بعض سَنِق صرف حیوانات کے لیے مخصوص ہے۔)

اَسْنَقَهُ. النَّعِيْمُ: ناز و نعمت والا ہونا۔ خوش حال ہونا۔

السُّنْقُر والسُّنْقُور. ایک شکاری پرندہ جو شکرے سے بڑا اور خوبصورت ہوتا ہے۔

السُّنْكسار والسِّنكسار. عِنْدَ النَّصرانِيِّيْنَ نصرانیوں کے اولیاء و صالحین کے حالات کا مجموعہ جو گرجوں میں پڑھا جاتا ہے۔ (جدید)

سَنِم (س) سَنَمًا. البَعِيْرُ: بڑے کوہان والا ہونا النَّبتُ: خوشہ یا پھول نکلنا۔

سَنَّم. الكَلأُ البَعِيْرَ: موٹے کوہان والا کر دینا الإناءَ: برتن بھرنا الشَّيءَ: بلند کرنا القَبْرَ: قبر کو کوہان نما کرنا المِكْيَالَ: پیمانہ کو بھر کر کوہان جیسا کر دینا۔

اَسْنَمَ. الكَلأُ البَعِيْرَ: موٹے کوہان والا کر دینا الدُّخَانُ: دھوئیں کا بلند ہونا۔ اَسْنَمَتِ النَّارُ: آگ سے لپٹ اُٹھنا۔

تَسَنَّمَ. النَّاقَةَ: اونٹنی کے کوہان پر سوار ہونا الشَّيءَ: کسی چیز پر چڑھنا فُلَانًا: غفلت میں پکڑ لینا ہ الشَّيْبُ: بڑھانا۔ پھیل جانا۔

السَّنِم. مِنَ الابِلِ: بڑے کوہان والا اونٹ مِنَ النَّبَاتِ: زمین سے بلند شگوفے والے پودے۔

السَّنَام. کوہان۔ ج اَسْنِمَة. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَنَامُ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم میں بڑا ہے۔

سَنَمَةُ. النَّبَاتِ: نباتات کا اوپر کا حصہ جیسے بالی؛ شگوفہ۔ رَجُلٌ (سَنِيْمٌ) عالی مرتبہ مرد۔

السُّنَّم. گائے۔

التَّسْنِيْم. جنت کے ایک چشمہ کا نام۔

المُسَنَّم. مِنَ الجمالِ: اونٹ جس پر سواری نہ کی جائے۔

السِّنِمَّار. چاند۔ چور۔ رات میں نہ سونے والا۔

السَّنمُورَة. ایک قسم کی مچھلی جس کو نمک لگا کر خشک کرتے ہیں۔ (جدید)

سَنِه (س) سَنَهًا. بہت برسوں والا ہونا۔ صفت (سَنِهٌ) الطَّعامُ او الشَّرَابُ: بگڑ جانا متغیر ہونا۔

سَانَهَ. الرَّجُلَ: سال وار معاملہ کرنا۔

سَانَهَتِ النَّخْلَةُ. ایک سال کے ناغہ سے پھل لانا۔

تَسَنَّهَ. بہت برسوں والا ہونا الخُبْزُ: بدبو دار ہونا عِنْدَهُ: ایک سال تک اقامت کرنا۔

السَّنْهَاء. مِنَ النَّخْلِ: ایک سال کے ناغہ سے پھل دینے والا درخت خرما۔ خشک سالی والا۔ کہا جاتا ہے "سَنَةٌ سَنْهَاء" بغیر بارش و بغیر پیداوار کا سال۔

سَا يَسْنُو سَنْوًا وسَنَاوَةً و سُنُوًّا و سَنَايَةً. السَّحَابُ الاَرْضَ: بادل کا زمین کو سیراب کرنا البَرْقُ: بجلی کوندنا البابَ: دروازہ کھولنا۔ سَنَتِ النَّارُ: روشنی بلند ہونا السَّماءُ: برسنا۔ سَنَا علَى الدابَّةِ: جانور پر پانی لانا الدَّلْوَ: ڈول کو کنوئیں سے کھینچنا۔

سَانَى سِنَاءً و مُسَانَاةً. الرَّجُلَ: ایک سال کیلئے معاہدہ کرنا یا اُجرت پر رکھنا۔

تَسَنَّى تَسَنِّيًا. الشَّيءُ: چڑھنا۔ "تَسَنَّتِ العُقْدَةُ" گرہ کھلنا۔

السَّنَة. سال۔ ج سُنُوْن و سِنُوْن وسنَوات و سنهات. تصغیر سُنَيَّة و سُنَيْنَة و سُنَيْهَة. نسبت کیلئے سَنَوِيّ و سَنَهِيّ.

سَنَة سَنْوَاءُ. سخت سال۔

السَّنَاء. بجلی کی چمک۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّنَةُ الضَّوْئِيَّةُ. (فلکیات) وہ مسافت جس میں روشنی ایک سال بھر میں طے کرتی ہے۔ یعنی ۹۴۶۸ ارب کلومیٹر سب سے قریب ستارہ ہماری طرف چار ضوئی سالوں سے زیادہ دور ہے۔

السَّانِي. فا پانی لانے والا۔ ج سُنَاة.

السَّانِيَة. رہٹ۔ اونٹنی جس پر کنوئیں سے پانی لایا جائے۔ ج سوانٍ.

السَّنَةُ الانقلابِيَّةُ او الاستوائِيَّةُ: وہ وقت جو کہ سورج کے گزرنے کے لئے ہوتا ہے اعتدال ربیع کے نقطہ پر دو دفعہ مسلسل۔ جس کی قیمت (مقدار) ۲۴۲۲، ۳۶۵ شمسی درمیانے دن۔

المَسْنُوّ والمَسْنِيّ. رہٹ سے سیراب کی ہوئی چیز۔

السَّنَةُ النُّجُومِيَّةُ او المَدرِيَّةُ: زمین کا

سورج کے اردگرد گردش کرنے کا وقت جب کہ اس کو سورج کے مرکز سے کسی سیارے کے ساتھ جمع ہوتے ہوئے دو دفعہ دیکھا جاتا ہے۔

المُسَنَّاۃ۔ بند جو سیلاب کو روکے۔ ج مُسَنَّوات و مُسَنَّیات۔ کہا جاتا ہے "عَقَدُوْا مُسَنَّیاتٍ لِحَبْسِ المِیاہِ" انہوں نے پانی روکنے کے لیے بند باندھا۔

سَنِیَ (س)سَناءً۔ بلند مرتبہ ہونا۔

سَانَی مُسَاناۃً و سِناءً۔ الرَّجُلَ: خوشنود کرنا۔ مدارات کرنا۔ مطالبہ میں نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَانَیْتُہٗ حَتّیٰ اِسْتَخْرَجْتُ مَا عِنْدَہٗ" میں نے اس کے ساتھ نرمی کر کے جو کچھ اس کے پاس تھا سب نکلوا لیا۔

اَسْنیٰ اِسْناءً۔ البَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ لَہُ الجائزۃَ: بیش قیمت انعام دینا "جاوَرْتُہ فَاَسْنیٰ جِوارِی" میں اس کا پڑوسی تھا۔ اس نے پڑوس کا حق ادا کر دیا۔ القَوْمُ: ایک سال کسی جگہ مقیم رہنا۔

تَسَنّیٰ۔ الاَمْرُ: تیار ہونا۔ الرَّجُلُ: آسانی و نرمی کرنا۔ الشَّیْءُ: متغیر ہونا۔ القُفْلُ: تالا کھلنا۔ الرَّجُلَ: راضی کرنا۔

السَّنیٰ۔ بجلی۔ ریشم۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّناء۔ س۔ بمعنی سنی۔ بلندی۔ روشنی۔

السَّنایا۔ شریف و عالی مرتبہ مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَنایا" (جمع کے وزن پر مفرد ہے)

السَّنِیّ۔ عالی مرتبہ۔ مؤنث سَنِیَّۃٌ۔

السِّنایۃ۔ تمام چیز۔ پوری کی پوری۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُہٗ بِسِنایَتِہٖ" میں نے اس کو سارا کا سارا لے لیا۔

سَہَبَ (ف)سَہْبًا۔ الشَّیْءَ: لینا۔

اَسْہَبَ۔ الکَلامَ و فِی الکَلامِ: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْہِب و مُسْہَب) ثانی نادر ہے۔

الرَّجُلُ: بہت دینا۔ حریص و لالچی ہونا۔

الفَرَسُ: گھوڑے کا کشادہ قدم رکھنا۔

اَسْہَبُوْا الدَّابَّۃَ: جانور کو چرنے کیلئے چھوڑ دینا۔

اُسْہِبَ۔ مدہوش ہونا۔ عقل کھو دینا یا زیادتی محبت یا مرض یا خوف کی وجہ سے رنگ بدل جانا۔ اَسْہَبَتِ البِئْرُ: زیادہ گہرائی کی وجہ سے پانی نہ ملنا۔ صفت (سَہْبَۃٌ و مُسْہِبَۃٌ۔)

اِسْتَہَبَ۔ بہت دینا۔

السَّہْبُ۔ س۔ بیابان مِنَ الخَیْلِ: کشادہ قدم سے تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضیٰ سَہْبٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

السُّہْبُ والسُّہُبُ۔ مِنَ الاَرْضِ: وسیع و ہموار میدان۔ کہا جاتا ہے "قَطَعُوْا سُہْبًا اَو سُہُبًا مِنَ الاَرْضِ" انہوں نے زمین کے ہموار میدان کو طے کیا۔

سَہَجَتِ (ف)سَہْجًا۔ الرِّیْحُ: ہوا کا لگاتار تیز چلنا۔ الرِّیْحُ الاَرْضَ: ہوا کا زمین کو صاف کر دینا۔ الطِّیْبَ: خوشبو گھسنا۔ القَوْمُ لَیْلَتَہُمْ: تمام رات چلنا۔

السَّاہِج۔ ج سُہَّجٌ (والسَّیْہَج والسَّہْوَج والسَّیْہُوْج) مِنَ الاَرْیاحِ: تیز ہوائیں۔

المَسْہَج۔ تیز ہوا کی گزرگاہ۔ جہاں تیز ہوا چلے۔

المِسْہَج۔ ہر حق و باطل میں بولنے والا۔ فصیح و بلیغ۔

سَہِدَ (س)سَہَدًا و تَسَہَّدَ: بیدار رہنا۔ کم نیند والا ہونا۔

سَہَّدَہٗ۔ بیدار رکھنا۔ کہا جاتا ہے "سَہَّدَہُ الھَمُّ" اس کو غم نے بیدار رکھا۔

السُّہْد والسُّہاد۔ بے خوابی۔

السُّہُد۔ کم نیند والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُہُدٌ" کم سونے والا مرد "عَیْنٌ سُہُدٌ" کم سونے والی آنکھ۔

السَّہْدۃ۔ بیداری اور کہا جاتا ہے "مارَأَیْتُ مِنْہُ سَہْدَۃً" میں نے اس کے اندر خیر کی طرف رغبت نہیں دیکھی۔

السَّہْوَد۔ بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے "غُلامٌ سَہْوَدٌ" نازک اندام جوان لڑکا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَسْہَدُ مِنْكَ رایًا" وہ تم سے زیادہ ہوشیار ہے۔

المُسَہَّد۔ سہ۔ کم نیند والا۔

السَّہْدَر۔ بعید۔

سَہِرَ (س)سَہَرًا۔ ساری رات بیدار رہنا۔ صفت (ساہِرٌ و سَہْرانُ) اور کہا جاتا ہے "لَیْلَۃٌ ساہِرَۃٌ" رت جگے والی رات۔ سَہِرَ البَرْقُ: بجلی کا رات کو چمکنا۔

اَسْہَرَ۔ جاگتے رکھنا۔

ساہَرَہٗ۔ اکٹھے جاگنا۔

السُّہار۔ بیداری۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُہارُ العَیْنِ" کم سونے والا مرد۔

السَّاہُوْر۔ بیداری۔ زیادتی۔ چاند کا ہالہ۔ چاند۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ القَمَرُ فِی السَّاہُوْرِ" یعنی چاند گہن میں آگیا۔

ساہُوْرُ عَیْنِ الماءِ: چشمہ کا منبع۔

السَّاہُور: مہینے کے باقی نو دن۔

السَّہّار والسُّہَرَۃ۔ بہت بیدار رہنے والا۔

السَّاہِرۃ۔ السَّاہِرُ کا مؤنث۔ زمین اور بقول بعض سطح زمین۔ ہمیشہ جاری رہنے والا چشمہ۔ چاند۔ خوفناک جنگل۔

الاَسْہَران۔ آنکھ کی دو رگیں ناک کی دو رگیں۔

المِسْہار۔ بیداری پر قادر۔

سَہِفَ (س)سَہْفًا۔ القَتِیْلُ: مقتول کا نزع کی حالت میں تڑپنا۔

سَہِفَ (س)سَہَفًا۔ بہت پیاسا ہونا۔ ہلاک ہونا۔

اِسْتَہْفَہٗ۔ خفیف سمجھنا۔

السَّاہِف فا۔ ہلاک ہونے والا۔ جس پر جان کنی کے وقت پیاس کا غلبہ ہو۔

ساهف الوجہ متغیر چہرے والا۔
السہفس۔ مچھلی کے سفنے۔
السہاف پیاس کی بیماری جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔ طعام (مسھفۃ) بہت پانی پلانے والا کھانا۔ رجلٌ مسھوفٌ: بہت پانی پینے والا جو سیراب نہ ہوتا ہو۔
السہوق بڑا جھوٹا۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ درختوں کا شاداب تنا۔
السہوق کشادہ قدم والا۔
سہکَ (ف) سہکًا. الریحُ ہوا کا تیز چلنا الریحُ الترابَ عن وجہ الارضِ: غبار اُڑانا الشیَ کسی چیز کو گھسنا۔
سہکت سہوکًا. الدابۃُ جانور کا آہستہ چال چلنا۔
سہِکَ (س) سہکًا بدبودار ہونا۔ صفت (سہِک) کہا جاتا ہے "یدی سہکۃ من السمکِ" میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔
السہک والسہکۃ والسہوکۃ پسینہ یا سڑے ہوئے گوشت یا مچھلی کی بدبو۔
السہک لوہے کا زنگ۔
ریحٌ (ساھکۃٌ) بہت تیز ہوا۔ ج سواھک و ساھکات. (ریحٌ سہوك و سیھک و سیھوک و مسھکۃ) بہت تیز ہوا۔
السیھک غبار جس کو ہوا اُڑا دے۔
السہاك والمسھك ہوا کی تیزی کی طرح بلاغت سے گفتگو کرنے والا۔
المسھك من الخیلِ تیز رفتار گھوڑا۔
المسھك والمسھکۃ. تیز ہوا کی گزرگاہ۔
سہُل (ک) سہولۃً. المکانُ: نرم ہونا۔
سہُل (ک) سہولۃً و سہالۃً. الامرُ: آسان ہونا۔ صفت (سہلٌ و سہِلٌ)
سہّل. الامر لہٗ و علیہِ آسان کر دینا۔ الموضعَ نرم کر دینا۔

ساھلہٗ مساھلۃً نرم برتاؤ کرنا۔
اسہل پہاڑ سے میدانی زمین کی طرف اُترنا ہ الدواءُ پیٹ کو نرم کرنا۔ دست لانا۔
الرجلُ لوگوں کے ساتھ نرمی برتنا۔ الامرَ نرم پانا۔
اُسہِل. الرجلُ اسہال والا ہونا۔
تسہّل. الامرُ آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما تسہّل لی ان افعلہٗ" میرے لیے اس کا کرنا آسان نہیں ہوا۔
تساھلا ایک دوسرے سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔ تساھل الامرُ علیہِ آسان ہونا۔
استہل. المکانَ نرم سمجھ کر اقامت کرنا۔
استسہلہٗ آسان سمجھنا۔
السہل نرم زمین۔ ہموار زمین۔ ج سہولٌ و سہولۃٌ اور نسبت کے لیے (سُہلی) جیسے "بعیرٌ سُہلیٌّ" نرم زمین میں چرنے والا اونٹ اور تم کہتے ہو: "ارضٌ سہلٌ" سہلُ الوجہِ کم گوشت والا چہرہ۔ سہلُ الخلقِ نرم اخلاق والا اور کسی کو خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا کرتے ہیں "اھلا وسھلا" یعنی تم اپنے ہی لوگوں میں آئے۔ اجنبیوں میں نہیں اور تم نے نرم زمین پر قدم رکھا۔ سخت زمین پر نہیں۔
السہلۃ والسہل ریت جیسی مٹی جس کو پانی بہا لاتا ہے۔ السہلۃ اسہال۔
الاسہال. عند الاطباءِ دست آنا۔
السہول دست آور دوا۔
سُہیل ایک روشن ستارہ جو بلادِ عرب میں گرمی کے آخر زمانہ میں طلوع ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ اس کے طلوع ہونے پر گبریلے مر جاتے ہیں۔ متنبی کہتا ہے۔
وتُنکِرُ موتَھُم وانا سُہیلٌ
طلعتُ بموتِ اولادِ الزناءِ
سہَمَ (ف) وسہُمَ (ک) سُہومۃً و

سُہوًا لاغری کی وجہ سے رنگ متغیر ہونا وجہٗ۔ تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ سہمۃً: قرعہ اندازی میں غالب ہونا۔
سُہِمَ لو کی لپٹ لگنا۔
ساھمہٗ قرعہ اندازی کرنا۔
اَسہم. لہٗ فی کذا حصہ مقرر کرنا بین القومِ قرعہ ڈالنا فی الکلامِ لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسہِمٌ مُسہَمٌ)
تساھم واستہم. القومُ باہم قرعہ اندازی کرنا۔ تساھموا الشیَ باہم تقسیم کرنا۔
السہم ج سِہام قرعہ اندازی کا تیر۔ تیر۔ سہمُ الرامی ایک ستارہ۔ ج اسہم و سہمۃ و سُہمان حصہ۔ کہا جاتا ہے "اصابہٗ فی القسمۃ سہمان" تقسیم میں اس کو دہرا حصہ ملا۔
السہمۃ قرابت۔ تقسیم۔ حصہ۔
السُہم. آفتاب کی کرنیں۔ حرارتِ غالبہ۔ پیاس۔ عقلاء۔ حکماء۔
الساھمۃ. من النوقِ دبلی پتلی اونٹنی۔
السہام لو کی گرمی۔ گرمی کی تیزی۔ ترمرے یعنی مکڑی کے جالے کی طرح ایک چیز جو سخت گرمی کے زمانہ میں فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
السُہام دبلے پن کے ساتھ رنگ متغیر ہونا۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
السہیم شریک۔ حصہ دار۔
المُسہَم لاغری کی وجہ سے رنگ بدلا ہوا دونغلا گھوڑا۔
المُسہَّمۃ. من الثیابِ دھاری دار کپڑا۔
المسھم والمسھوم. من الابلِ سہام بیماری والا اونٹ۔
السہوم عقاب۔
سہا یسہو سہوًا وسُہوًّا. فی الامرِ وعن الامرِ غافل ہونا۔ بھولنا۔ دل کا

دوسری طرف متوجہ ہونا۔ صفت (سَاہٍ و سَھْوان)
اِلَیْهِ: پست نگاہ سے دیکھنا۔
سَھُوَ یَسْھُوْ سَھَاوَةً. الفَرَسُ: گھوڑے کا آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَھْوٌ)
اَسْھیٰ. الرَّجُلُ: سہوہ بنانا (دیکھئے نیچے لفظ سَھْوَة)
سَاھیٰ. الرَّجُلَ فِی الْمُعَاشَرَةِ: نرمی کرنا۔ خوش خلقی کا برتاؤ کرنا ٥: غافل کرنا۔ استہزاء کرنا۔
سَھَّاہُ. فریپان میں گرم کر کے خشک کرنا۔
السَّھْوُ. مص. سکون۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "اَفْعَلَهٗ سَھْوًا رَھْوًا" یعنی اس کام کو بغیر کسی تقاضے کے آسانی و نرمی سے کرو۔ "مَاءٌ سَھْوٌ" نتھرا ہوا صاف پانی "جَمَلٌ سَھْوٌ" نرم تابعدار اونٹ "اَمْرٌ سَھْوٌ" نرم کام۔ "رِیْحٌ سَھْوٌ" نرم ہوا۔ ج سِھَاءٌ.
السُّھیٰ والسُّھَا. بنات نعش صغریٰ میں بہت ہی چھوٹا سا ستارہ۔ اور اسی سے مثل ہے "اُرِیْھَا السُّھیٰ و تُرِیْنِی الْقَمَرَ" جو سوال از آسمان و جواب از ریسمان کے موقع پر بولتے ہیں۔
السِّھْوُ والسِّھْوَاءُ. رات کا ایک حصہ۔
السَّھْوَةُ. السھو کا مؤنث ۔ سھا کا اسم مرة ج. سِھَا: کانس۔ مہتابی۔ طاقچہ۔ روشندان۔ صحن کے سامنے کا پردہ۔ پانی کے سامنے کا خیمہ جو اعراب قائم کیا کرتے تھے۔ پتھر کی چٹان۔ پالکی۔ نرم کمان۔
السَّاھِی. فا. کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ سَاہٍ رَاہٍ" یعنی نرم رفتار اونٹ۔ ج جِمَالٌ سَوَاہٍ رَوَاہٍ
الاَسَاھِی. الوان. رنگ (اس کے لیے مفرد نہیں۔)
سَھْوَکَهٗ. پچھاڑنا۔ ہلاک کرنا۔
تَسَھْوَکَ. پچھاڑا جانا۔ ہلاک ہونا۔ پشت پھیرنا۔ نرم چلنا۔

سَاءَ یَسُوْءُ سَوَاءً. الشَّیْءُ: قبیح ہونا۔ بُرا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَتْ سِیْرَتُه" اس کی عادت بُری ہے۔
سَاءَ یَسُوْءُ سَوْءًا وسَوْءًا وسَوَاءَةً وسَوَایَةً وسَوَائِیَةً ومَسَاءً ومَسَاءَةً و مَسَایَةً ومَسَائِیَةً ومَسَائِیَّةً الاَمْرُ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ مکروہ سلوک کرنا بِه ظَنًّا: بُرا گمان کرنا۔
سَوَّاہُ تَسْوِئَةً وتَسْوِیْئًا. خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ سَوَّأَ عَلَیْهِ عَمَلَهٗ: عیب لگانا۔ سرزنش کرنا۔
اَسَاءَ اِسَاءَةً. الشَّیْءَ: خراب کرنا۔ بگاڑنا اِلَیْهِ: بُرا سلوک کرنا۔
اِسْتَاءَ. غمگین ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَهٗ فَاسْتَاءَ" اس نے اسے غمگین بنایا اور وہ غمگین ہوا۔
السُّوْءُ. سَاءَہٗ کا اسم۔ آفت۔ شر و فساد۔ ج اَسْوَاءٌ.
السَّوْءُ. مص. رَجُلُ سَوْءٍ: و رَجُلُ السَّوْءِ: بدکار مرد۔ والسَّوْءُ: فساد۔ آگ۔ آنکھ کی کمزوری۔
السَّیِّئُ. قبیح. برا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَیِّئُ الظَّنِّ" وہ لوگوں سے بدگمان ہے۔
السَّیِّئَةُ. السَّیِّئُ کا مؤنث ۔ بُرائی۔ گناہ۔ ج سَیِّئَاتٌ.
السَّوْءَةُ. فاحشہ۔ بُری عادت۔ شرمگاہ۔ ج سَوْءَاتٌ.
الاَسْوَاءُ. اسم تفضیل مؤنث سُوْاٰی.
بُرا. السُّوْاٰی: جہنم کی آگ۔
السَّوْءَاءُ. بُری عادت۔ بدشکل عورت۔
المَسَاءَةُ. بُرا قول یا فعل۔ ج مَسَاوِئُ.
المَسَاوِئُ: بُرائیاں۔ عیوب۔ نقائص۔
السُّوْبَةُ. دور کا سفر۔
السُّوْبِیَةُ. گیہوں کی شراب۔
سَاجَ یَسُوْجُ سَوْجًا وسُوَاجًا وسَوَجَانًا. آہستہ آنا جانا۔
سَوَّجَ وسَیَّجَ. الکَرْمَ و نَحْوَهٗ او عَلَی

الکَرْمِ. انگور وغیرہ میں باڑ لگانا۔
السِّیَاجُ. دیوار۔ انگور وغیرہ کی باڑ۔ ج سِیَاجَاتٌ واَسْوِجَةٌ و سُوْجٌ.
السَّاجُ. ساکھو کا درخت۔ ج سِیْجَانٌ. واحد (سَاجَةٌ) کشادہ گول چادر۔
کِسَاءٌ (مُسَوَّجٌ) گول کیا ہوا کمبل۔
السَّاحَةُ. گوشہ۔ کنارہ۔ مکانوں کے درمیان کا چوک۔ ج سَاحٌ و سُوْحٌ و سَاحَاتٌ.
سَاخَ یَسُوْخُ سَوْخًا وتَسَوَّخَ. فِی الطِّیْنِ: گارے میں دھنس جانا۔ سَاخَ الشَّیْءُ فِی الْمَاءِ: تہ نشین ہونا (سَاخَتْ) بِهِمُ الْاَرْضُ.
سُیُوْخًا و سُؤُوْخًا وسَوَخَانًا. نگل لینا۔
السُّوَاخُ والسُّوَّاخُ والسُّوَّاخَی والسُّوَاخِیَةُ. بہت کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مُطِرْنَا حَتّٰی صَارَتِ الْاَرْضُ سُوَّاخَی" ہمارے اوپر بارش ہوئی۔ یہاں تک کہ زمین کیچڑ ہوگئی۔ و "بَطْحَاءُ سُوَّاخَی" سنگریزہ والی زمین جس میں پیر دھنس جائے۔
سَادَ یَسُوْدُ سِیَادَةً وسُوْدَدًا وسُؤْدُدًا وسَیْدُوْدَةً وسُوْدًا. شریف ہونا۔ بزرگ ہونا قَوْمَهٗ: سردار ہونا۔ ٥: بزرگی و شرافت کے فخر کرنے پر غالب ہونا۔ صفت (سَائِد) ج سَادَةٌ: جج سَادَاتٌ الرَّجُلَ: کسی سے راز کی بات کہنا۔ (سُوَادًا) الرَّجُلُ: زرد کائی جمے ہوئے پانی کو پینا۔
سَوِدَ یَسْوَدُ سَوَدًا واسْوَدَّ اِسْوِدَادًا واِسْوَادَّ اِسْوِیْدَادًا. کالا ہونا۔
سَوَّدَ. دلیر ہونا ٥: سردار بنانا۔ الشَّیْءَ: کالا کرنا الرَّجُلَ: سرداروں کو قتل کرنا۔
سَاوَدَهٗ. مکر و فریب کرنا۔ رات کے اندھیرے میں ملنا۔ سرداری یا سیاہی میں مقابلہ کرنا۔ راز کی بات کہنا۔ سَاوَدَ الاَسَدَ: شیر کو ہٹانا۔ ہانکنا۔

اَسْوَدت اِسْوادًا واسادتْ اِسادةً المرْأةُ: کالا بیٹا جننا۔ سردار جننا۔
تَسَوَّدَ: نکاح کرنا۔ سردار ہونا۔ کالا ہونا۔
اِسْتاد القَوْمَ: سردار قوم کو قتل کرنا یا قید کرنا فِيْ بَنِيْ فُلانٍ: سردار قوم کی لڑکی سے منگنی کرنا۔
السَوْد: سیاہ پتھروں والا ہموار میدان۔ ج اَسْواد۔ ایک قطعہ کو (سَوْدَة) کہتے ہیں۔
السَوْدَة: کھجور کے درختوں والی زمین۔
السَوْد: مص: سرداری۔ ایک قسم کی نباتات۔
السَوَاد: سیاہی۔ وجود۔ تم کہتے ہو "رَاَيْتُ سَوَادًا" میں نے وجود کو دیکھا۔ ج اَسْوِدَة۔ ج اَساوِد۔ بہت مال۔ بہت تعداد۔ سَوَادُ البَلْدَة: شہر کے اردگرد کی آبادیاں۔ سَوَادُ اللَّيْل: پوری رات۔ سَوَادُ النَاس: عام لوگ سَوَادُ العَسْكَر: اسلحہ و سامان فوج۔ سَوَادُ العَيْن: آنکھ کا سیاہ حصہ۔ پتلی۔ سَوَادُ القَلْب: دل کا سیاہ نقطہ۔
السُوَاد: رازدارانہ گفتگو۔ دانتوں کی ایک بیماری۔ رنگ کی زردی۔
السِوَاد: آواز۔
السَوَادِيَة والسُوْدَانِيَة: بھجنگا۔
السُوْدَان: سوڈان کا باشندہ۔ واحد (سودانی) سیاہ رنگ کے لوگ۔
السِّيْد: بھیڑیا۔ شیر۔ ج سِيْدَان۔
السِيْدَة: مادہ بھیڑیا۔
السِيْدَانَة: بھیڑیا۔
السَيِّد: سردار۔ تخفیفًا (سَيْد) بھی ایک لغت ہے۔ ج اَسْيَاد وسَادَة وسَيَائِد۔ عِنْدَ المُسْلِمِيْن: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ کی اولاد اور ان کی نسل سے جو لوگ ہوں۔
السَّيِّدَان: حضرت حسنینؓ۔
السَائِد. فا، ج سَادَة. ج سَادَات
اَسْوَد. مؤنث سُوْد وسُوْدَان.

سَوْدَاء: کالا مِن العَيْن: آنکھ کی پتلی۔ مِن القَوْم: بزرگ تر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ مِنْ فُلانٍ" وہ فلاں سے بزرگ تر ہے۔ تصغیر اُسَيْوِد و اُسَيِّد۔ الاَسْوَدَان: کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو۔ والاَسْوَد: مؤنث اَسْوَدَة ج اَسَاوِدَة بڑا کالا سانپ جس کو حنش بھی کہتے ہیں۔ السَهْم الاَسْوَد: مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے۔ گویا بہت ہاتھوں کے پڑنے کی وجہ سے کالا ہو گیا ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَسْوَدُ الكَبِدِ" فلاں دشمن ہے۔ و علیٰ هذا القیاس "هُمْ سُوْدُ الاَكْبَادِ"
السَوْدَاء والسُوَيْدَاء عِنْدَ الاَطِبَّاء: ایک خلط کا نام۔ مالیخولیا کی بیماری۔ الحَبَّةُ السَوْدَاء: کلونجی۔ سَوْدَاءُ القَلْبِ و سُوَيْدَاؤه: دل کا سیاہ نقطہ۔
السُوْدَدُ والسُوْدُد: مرتبہ بلند۔ سرداری۔ مَاءٌ (مَسْوَدَة)
المَسْوُوْد: مرض مالیخولیا کا بیمار۔
المُسَوَّدَة والسواد. عِنْدَ الكُتَّاب: پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔ اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَيَّضَة کہتے ہیں۔
عِنْدَ الطَبَّاعِيْن: پروف (المُسَوَّدَة والمُسْوِدَة) مِن الاَيَّام: مصائب کے دن۔ سخت زمانہ۔
السَوْذَق والسُوْذَق والسَوْذَانق والسَوْذَنِيْق: شکرا یا شاہین۔
سَارَ يَسُوْرُ سَوْرًا الحائط: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔ (سَوْرًا و سُؤُوْرًا) اِلَيْهِ: کودنا الشَرَابُ فِيْ رَاسِه: شراب کا سر کو چکرانا۔
سَوَّرَ: کنگن پہنانا المَدِيْنَة: شہر پناہ پانا المَرْأة: الحائط: دیوار پر چڑھنا۔
سَاوَرَه سِوَارًا و مُسَاوَرَةً: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ تم کہتے ہو

"سَاوَرَت الحَيَّةُ الرَاكِبَ" سانپ نے سوار پر حملہ کیا و الشرابُ: سر کو چکرانا۔
تَسَوَّرَ: کنگن پہننا الحائط و عليه: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔
السُوْر: شہر پناہ۔ ج اَسْوار و سِيْران۔
السُوْر: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهُ سُوْرٌ مِن الاِبِلِ" اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔
سُوْرِيَة و سُوْرِيَّة: ملک شام۔
السُوْرَة: سار کا اسم مرۃ۔
سَوْرَة الخَمْرِ و (سُوَارُها) شراب کی تیزی سَوْرَة السُلْطَانِ: بادشاہ کا دبدبہ۔ سَوْرَةُ المَجْدِ: بزرگی کا اثر۔ سَوْرَةُ البَرْدِ: سردی کی تیزی۔
السُوْرَة: مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَه عِنْدَكَ سُوْرَة" تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "و لَه سُوْرَةٌ فِي المَجْدِ" اس کے لیے بزرگی کا مرتبہ ہے۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيْكَ سُوْرَةٌ" اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے۔ شرف۔ علامت۔ لمبی و خوبصورت عمارت مِن الكتابِ: قرآن پاک کی سورت اور اس کو السُوْرَة بھی کہا جاتا ہے۔ ج سُوَر و سُوْر و سُوْرَات و سُوَرَات۔
السِوَار والسُوَار والاِسْوار: کنگن۔ ج سُوْر واَسْوِرَة واَسْوِرَة واَساوِر ر اَساوِرَة و يُسُوْوِر. الاَسَاوِرَة: عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آکر رہ پڑی تھی۔
السَوَّار: وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے۔ شراب پینے کے بعد اپنے ہم نشین پر حملہ کرنے والا۔ كَلْبٌ سَوَّار: لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا۔
السَوَّار: شیر۔
الاَسْوار والاِسْوار: گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا۔ تیر انداز عِنْدَ الفُرْس: فوجی افسر۔ ج اَساوِر واَساوِرَة۔

السُّوَارِیُ. بلندی۔
المِسْوَر والمِسْوَرَة. چمڑے کا تکیہ۔ ج مَسَاوِر.
المُسَوَّر. کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ۔
مَلِكٌ مُسَوَّرٌ: طاقتور بادشاہ۔
السُّوْرَنْجان والسَّوْرَنْجان. ایک دوا کا نام۔ جنگلی سنگھاڑا۔

سَاسَ يَسُوْسُ سِيَاسَةً. الدَّوَابَ: دیکھ بھال رکھنا۔ سدھانا القَوْمَ: اُمور کی تدبیر و انتظام کرنا الاَمْرَ: انتظام کرنا۔ صفت (سَائِس) ج سَاسَة وسُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ مُجَرَّبٌ قَدْسَاسَ و سِيْسَ عَلَيْهِ"، فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے۔

سَاسَ يَسَاسُ وسَوِسَ يَسْوَسُ و سِيْسَ يُسَاسُ سَوْسًا و تَسَوَّسَ. الطَّعَامُ: گھن پڑنا الشَّاةُ: بکری کا بہت جوں والی ہونا۔
سَوَّسَ. الطَّعَامُ: گھن پڑنا لَهُ اَمْرًا: مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّسَ فُلَانٌ اَمْرَ القَوْم"، فلاں قوم کے اُمور کا مالک بنایا گیا۔
اَسَاسَ. الطَّعَامُ: گھن پڑنا۔ اَسَاسَهُ النَّاسُ: رئیس و سردار بنا لینا۔ اَسَاسَتِ الشَّاةُ: بہت جوں والی ہونا۔ صفت (مُسِيْس)
السَّاسِ. منتظم۔ دانت کی جڑ جس کو کیڑوں نے کھا لیا ہو (اس کی اصل سَائِس ہے مثل هَارٍ و هَائِرٍ و صَافٍ صَائِفٍ کے۔)
السُّوْس. اون یا لکڑی کا کیڑا۔ گھن۔ واحد (سُوْسَته) کسی چیز کا کھانے والا۔
السُّوْس: اصل طبیعت۔ تم کہتے ہو "الفَصَاحَةُ مِنْ سُوْسِه"، فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ مٹھیٹھی کا درخت۔
السَّوَس. ایک بیماری جو جانوروں کی سرین پر ہوتی ہے۔
السُّوَاسِ. گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو خشک کر دیتی ہے۔

السِّيَاسَة. س۔ پالیٹکس۔ ملکی تدبیر و انتظام۔ السِّيَاسَتُه المَدَنِيَّة: شہری انتظام۔ عدل و استقامت کے ساتھ اس طرح پر انتظام کرنا کہ سب کی معاشی حالت اچھی ہو۔
السُّوْسَن والسَّوْسَن والسُّوْسَان. ایک خوشبو دار بوٹی۔ جنگلی و بستانی دو قسم کی ہوتی ہے۔ واحد (سُوْسَنَة) ج سَوَاسِن.
السُّوسِيُو لُوجيا: ہیئت اجتماعیہ کے حالات کا علم۔

سَاطَهُ يَسُوْطُهُ سَوْطًا. کوڑے مارنا الشَّيْءَ: مخلوط کرنا الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا الاَمْرَ: تہ و بالا کر دینا (سَوْطَانًا) نَفْسُه: جی کا متلانا۔
سَوَّطَ. الكُرَّاثُ: گندنا کی شاخیں نکلنا الاَمْرَ: مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا۔
اِسْتَوَطَ. الاَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔
السَّوْطُ. کوڑا۔ چابک۔ ج۔ اَسْوَاط و سِيَاط السَّوْطُ: حصہ۔ سختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُمَا يتعاطيان سَوْطًا واحدًا"، وہ دونوں ایک طرز پر کام کرتے ہیں۔ السَّيَّاط. گندنا کی شاخیں۔
السَّوَّاط. سپاہی جس کے پاس کوڑا ہو۔
السَّوِيْط. گڈمڈ۔ ملا ہوا۔
المِسْوَاط. بغیر چابک کے نہ چلنے والا گھوڑا۔ (والمِسْوَط) لکڑی وغیرہ کی کوئی چیز جس سے کسی چیز کو کسی چیز میں مخلوط کیا جائے۔
المِسْيَاط. پانی جو حوض کے تہ میں باقی رہ جائے۔

سَوْطَرَ. دیکھئے سَيْطَرَ.
سَاعَ يَسُوْعُ سَوْعًا. ضائع ہونا۔
سَاعَتِ الاِبِلُ: بغیر چرواہے کے آزادی سے چرنا۔
سَاوَعَهُ مُسَاوَعَةً وسِوَاعًا. گھنٹہ بھر کے لیے معاملہ کرنا الرَّجُلَ: ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
اَسَاعَ اِسَاعَةً. الشَّيْءَ: بیکار چھوڑنا۔ ضائع کرنا۔
اَسْوَعَ اِسْوَاعًا. ایک گھنٹہ متوخر ہونا۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
السَّوْعُ والسُّوَاع. رات کا ایک حصہ۔
السَّائِع. ہلاک ہونے والا۔ ج سَاعَة.
السَّاعَة. گھنٹہ۔ وقت۔ موجود۔ ابھی۔ کہا جاتا ہے "اقْضِنِيْ حَقِّيْ السَّاعَة" میرے حق کو ابھی ادا کرو۔ گھڑی (مولدة) ج سَاعات و سَاع السَّاعَةُ الرَّمْلِيَّةُ: ریت گھڑی۔ السَّاعَةُ الشَّمْسِيَّة: دھوپ گھڑی۔
سَاعَةٌ سَوْعَاءُ: سخت وقت۔
السُّوَيْعَة. ساعت کی تصغیر یعنی تھوڑا وقت۔
رَجُلٌ (مِسْيَاعٌ و مُسِيْعٌ) لِلْمَالِ. مال کا بہت ضائع کرنے والا۔ تابع کے طور پر کہا جاتا ہے "هُو مِضْيَاعٌ مِسْيَاعٌ و مُضِيْعٌ مُسِيْعٌ".
السُّوَاع والسُّوْعَاء. مذی یا ودی۔ حدیث میں ہے فِي السُّوْعَاءِ الوُضُوْءُ.
السُّوَاع. ایک بت کا نام جس کی پرستش نوح علیہ السلام کے زمانہ میں ہوتی تھی اور بعد میں قبیلہ ہذیل اس کی پرستش کرتا تھا۔
المُسَوَّع. جائز۔

سَاغَ (ن) سَوْغًا و سُوَاغًا و سَوْغَانًا. الاَمْرُ: جائز ہونا۔ صفت (سَائِغ) الشَّرَابُ: خوشگوار ہونا۔ صفت (سَائِغ و سَيِّغ واَسْوَغ) کہا جاتا ہے "سَاغَ لِي الشَّرَابُ سَاغَتْ بِهِ الاَرْضُ"، دھنسا دینا۔
سَاغَ يَسُوْغُ سَوْغًا و سَاغَ يَسِيْغُ سَيْغًا. الشَّرَابَ: خوشگوار کرنا۔ جید لغت

(اَسَاغَهٗ) ہے۔

سَوَّغَ. الْاَمْرَ: جائز کرنا لَهٗ كَذَا: دینا۔ کسی کے لئے خاص کر دینا۔

اَسَاغَ. الطَّعَامَ اوِ الشَّرَابَ: خوشگوار بنانا اور کہا جاتا ہے "اَسِغْ لِيْ غُصَّتِيْ" یعنی مجھے مہلت دے۔

اَسْوَغَ اِسْوَاغًا. الصَّبِيُّ اَخَاهُ: ساتھ پیدا ہونا یا ایک کے بعد دوسرا پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (سَوْغٌ و سَوْغَةٌ و سَيِّغٌ) کہا جاتا ہے "هٰذَا سَوْغُ هٰذا وهُوَ اَخُوْهُ سَوْغُهٗ وهِيَ اُخْتُه سَوْغُهٗ وهُوَ اَخُوْهُ سَيِّغُه وهِيَ اُخْتُهٗ و سَيِّغُه" یہ سب ان موقعوں پر بولتے ہیں جبکہ دونوں بچے ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا یکے بعد دیگرے اور ان کے درمیان کوئی تیسرا نہ ہو۔

اِسْتَسَاغَ. الشَّرَابَ: خوشگوار پانا۔

السَّيِّغ. مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔

السِّوَاغ. حلق کے پھندے کو دور کرنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَلْمَاءُ سِوَاغُ الْغُصَصِ" پانی پھندے کو دور کرنے والا ہے۔

سَافَ يَسُوْفُ و يَسَافُ سَوْفًا. اِلْمَالُ: ہلاک ہونا۔ جانوروں میں بیماری واقع ہونا۔

سَافَ يَسُوْفُ سَوْفًا. عَلَيْهِ: صبر کرنا (واسْتَافَ اِسْتِيَافًا) الشَّيْءَ: سونگھنا۔

سَوَّفَهٗ. ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا ہ الْاَمْرَ: پورا اختیار دینا۔

سَاوَفَهٗ مُسَاوَفَةً. سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔ ٹالنا۔

اَسَافَ اِسَافَةً. مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا مرنا۔ صفت (مُسِيْف) اور اولاد کو (مُسَاف) کہتے ہیں۔ اَسَافَهُ اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔

سَوْفَ. مبنی بر فتحہ: حرف استقبال ہے "س" سے اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے اور یہ فعل سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَقْتَاتُ السَّوْفَ" فلاں آرزوؤں میں زندگی بسر کرتا ہے۔

السَّائِفَة. باریک ریت اور ریتلی اور سخت زمین کے درمیان والی زمین۔

السَّوَافُ والسُّوَافُ. جانوروں کی بیماری و ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي الْمَالِ سَوَافٌ" مال میں ہلاکت واقع ہوئی اور اسی سے مثل ہے "اَسَافَ حَتّٰى مَا يَشْتَكِي السَّوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو جائے۔

السَّافُ والسَّافَةُ. مٹی یا کچی اینٹوں کا ردہ۔ ج آسُف و سَافَات. کہا جاتا ہے "بَنَيْ سَافَيْنِ او ثَلَاثَ سَافَاتٍ" اس نے دو یا تین ردے رکھے۔ السَّافُ: ایک شکاری پرندہ۔

السَّافَةُ والسُّوْفَةُ. ریتلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین۔ ج سُوْف و سُوَف.

الْمَسَافَةُ والْمَسَافُ. ج مَسَاوِف و (السِّيْفَة) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو "كَمْ مَسَافُ هٰذِهِ الْاَرْضِ و مَسَافَتُهَا و سِيْفَتُهَا" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔ و "بَيْنَهُمْ مَسَاوِفُ مَرَاحِل" ان کے درمیان بہت بُعد ہے۔ الْمَسَافُ: ناک۔

الْمِسْيَافُ. وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔

الْمُسْتَافُ. قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے کی جگہ۔

اَلسُّوْفِيَات: روسی قائدین نے انقلاب روس کے بعد اس لفظ کو کارکنوں، زمینداروں اور فوجی قائدین کی جماعت پر بولا ہے۔ بعد میں مملکت روس پر اس کا استعمال ہونے لگا۔

الْمُسَوِّفُ. فا۔ صابر۔ خود مختار۔

الْمَسُوْفُ. عطر دان۔

سَاقَ يَسُوْقُ سَوْقًا و سِيَاقًا و سِيَاقَةً و مَسَاقًا واِسْتَاقَ واِسْتِيَاقًا. الْمَاشِيَةَ. جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سَائِق) ج سَاقَة و سُوَّاق و سَائِقُوْن. صفت مفعولی (مَسُوْقَة) اور کہا جاتا ہے "سَاقَه مَسَاقَ غَيْرِهٖ" اس نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔ سَاقَ الْحَدِيْثَ: بیان کرنا۔

سَاقَهٗ يَسُوْقُهٗ سَوْقًا و سِيَاقًا. پنڈلی پر مارنا۔ سَاقَ اِلَيْهِ الْمَالَ: بھیجنا۔ پیش کرنا مِنَ امْرَاتِهٖ: مہر دینا الْمَرِيْضُ نَفْسَه عِنْدَ الْمَوْتِ و سِيْقَ عَلَى الْمَجْهُوْلِ: جانکنی ہونا۔

سَوِقَ يَسْوَقُ. سَوْقًا. اچھی اور پُرگوشت پنڈلی والا ہونا۔

سَوَّقَ. النَّبْتُ: تنہ دار ہونا ہ الْاَمْرَ: مالک بنانا الْمَاشِيَةَ: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔

سَاوَقَهٗ. ہانکنے میں فخر کرنا۔

اَسَاقَهٗ اِسَاقَةً واسْتَسَاقَهٗ اِسْتَسَاقَةً الْمَاشِيَةَ: ہانکنے کے لئے دینا۔

تَسَوَّقَ. خرید و فروخت کرنا۔

تَسَاوَقَتِ. الْمَاشِيَةُ: قطار میں چلنا۔ چلنے میں بھیڑ کرنا۔

اِنْسَاقَ. ہانکا جانا الْاِبِلُ: قطار میں چلنا۔

السَّاقُ. پنڈلی (مؤنث) ج سُوْق و سِيْقَان واَسْوُق. سَاقُ الشَّجَرَةِ: درخت کا تنہ۔

سَاقُ الْحَمَامِ و سَاقُ الْغُرَابِ: دو نباتات کے نام۔ سَاقُ حُرٍّ: نر قمری۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ الْاَمْرُ عَنْ سَاقِهٖ" یعنی معاملہ سخت ہو گیا۔ و "قَامَتِ الْحَرْبُ عَلٰى سَاقٍ" یعنی جنگ سخت ہوئی۔ و "وَلَدَتِ الْمَرْأَةُ ثَلَاثَةً بَنِيْنَ عَلٰى سَاقٍ وَاحِدَةٍ" عورت کے تین بیٹے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں کوئی لڑکی نہیں۔

السَّاقَةُ. جلو۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ سَاقَةِ الْجَيْشِ" فلاں لشکر کے پچھلے دستہ میں ہے۔

السُّوق. بازار۔ (مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے) ج اَسْوَاق.
سُوْقُ الحَرْبِ: میدانِ جنگ۔
السَوق. پنڈلی کی لمبائی۔
السُّوْقَة. رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد جمع ، مذکر مؤنث)
السَّیِّق. مِنَ السَّحَابِ: بادل جس کو ہوا اُڑا دے۔
السَّیِّقَة. جانور جن کو دشمن ہانک کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "المَرْءُ سَیِّقَةُ القَدَرِ" مرد تابع قضاء و قدر ہے۔ السَّیِّقَة: شکاری کی اوٹ۔ ج سَیَائِق. و سَیِّقَات.
السَّوِیْق. ستو۔ ج اَسْوِقَة. شراب۔
السِّیَاق. مص۔ عورت کا مہر۔ سِیَاق الکَلَام: اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے وَقَعَتْ هٰذِهِ العِبَارَة فِیْ سِیَاقِ الکَلَامِ: یعنی یہ عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔
السَّوَّاق. ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا یا بنانے والا۔
الاَسْوَق. لمبی پنڈلیوں والا۔ مؤنث سَوْقَاء ج سُوْق.
السُّوَّاق. لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا ہونے والا پودا۔
المِسْوَق. لکڑی جس سے جانوروں کو ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکار کو دھوکا دیں۔
المُنْسَاق. تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا پہاڑ۔
سَاكَ يَسُوْكُ سَوْكًا و سَوَّكَ. الشَّیْءَ: رگڑنا۔ ملنا۔ اور اسی سے ہے "سَاكَ الأَسْنَانَ بِالعُوْدِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔
سَاكَ سِوَاكًا و تَسَاوَكَ. آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔
تَسَوَّكَ تَسَوُّكًا و اِسْتَاكَ اِسْتِیَاكًا. مسواک کرنا۔

السِّوَاك. مص ج سُوْك و (المِسْوَاك) ج مَسَاوِیْك. دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مِسْوَاك.
سَالَ يَسَالُ سُوَالًا و سَوَالًا. سَأَلَ کا ایک لغت۔
سَوِلَ يَسْوَلُ سَوَلًا. ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَسْوَل. مؤنث سَوْلَاء. ج سُوْل.
سَوَّلَ. لَهُ الشَّيْطَانُ: گمراہ کرنا۔ کسی کام کے کرنے کے لئے روغن قاز ملنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ تَسْوِيْلَاتِ الشَّيْطَانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ و "سَوَّلَتْ لَهُ نَفْسُهُ كَذَا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا۔
تَسَوَّلَ. البَطْنُ: ڈھیلا پڑنا۔
السُّوْل. السُّؤْل کا مخفف۔
السُّوَلَة. بہت پوچھنے والا۔
السَّوْلَاء. اَسْوَل کا مؤنث ۔ بڑا ڈول۔
السَّوِيْل. برابر۔ کہا جاتا ہے "اَنَا سَوِيْلُكَ فِي هٰذَا الاَمْرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔
سَامَ يَسُوْمُ سَوْمًا و سَوَامًا. السِّلْعَةَ فروخت کے لئے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔
المُشْتَرِيُ السِّلْعَةَ: بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِسِلْعَتِهِ كَذَا وَكَذَا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔
سَامَتِ المَاشِيَةُ: جانور کا چراگاہ میں جانا۔
سَامَهُ الاَمْرَ تکلیف دینا۔ سَامَهُ خَسْفًا: ذلیل کرنا الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ: پرندہ کا منڈلانا۔
الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔
سَامَ النَّاقَةَ عَلَى الحَوْضِ: اونٹنی کو حوض پر لے جانا۔
سَوَّمَهُ. الاَمْرَ: کرنے کی تکلیف دینا۔
٥ فِيْ مَايَمْلِكُهُ: حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا فُلَانًا: کسی کو اس کے منشاء پر چھوڑ دینا کہ جو چاہے کرے۔ امثالِ عرب میں سے ہے "عَبْدٌ و سُوَّمٌ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو الخَيْلَ: گھوڑوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا عَلَيْهِمْ: لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا الفَرَسَ: گھوڑے پر داغ لگانا۔
سَاوَمَ سِوَامًا و مُسَاوَمَةً. بِالسِّلْعَةِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔
تَسَاوَمَ. السِّلْعَةَ: فروخت کرنے میں جھگڑنا۔
فِي السِّلْعَةِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔
اَسَامَ اِسَامَةً. المَاشِيَةَ: جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا اِلَيْهِ بِبَصَرِهِ: نظر ڈالنا۔
اِسْتَامَ. فُلَانًا السِّلْعَةَ: قیمت دریافت کرنا بِهَا: زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔
تَسَوَّمَ. علامت لگانا۔
السَّام. موت۔ نرکل۔ واحد (سَامَةٌ)
السَّامَة: موت۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا۔ کنوئیں کے اوپر کا گڑھا۔ ج سِيَم.
السِّيْمَة والسُّوْمَة والسِّيْمَا والسِّيْمَىٰ. علامت بینت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ سُوْمَةُ الصَّلَاحِ و سِيْمَةٌ" اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔
السِّيْمِيَا والسِّيْمِيَاء. علامت۔ خوبصورتی۔
السَّائِم. فا. خودسری سے چلنے والا۔ چرواہا۔
السَّائِمَة والسَّوَام. چرنے والا اونٹ۔ جانور۔ ج سَوَائِم.
السُّوَام. مص۔ ایک پرندہ۔
المَسَام. جلدی گزرنا۔
المَسَامَة. چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی۔
المُسَوَّم. خوبصورت بناوٹ والا۔ علامت لگایا ہوا۔ الخَيْلُ المُسَوَّمَة. چرائے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔
سَوِيَ يَسْوَىٰ سِوًى. الرَّجُلُ: درست کام والا ہونا۔
سَوَّى. الشَّيْءَ: درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔

کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ المُعَوَّج فمَا اسْتَوٰی" میں نے ٹیڑھے کو درست کیا وہ درست نہیں ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلقًا بنانے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے الاَبَّارُ یُسَوِّی الاِبَر. (وسَاوَی) بَیْنَهُمَا و سَوَّاه و سَاوَاه بِه: برابر کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّیَتْ عَلَیْهِ الاَرْض: یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کر دیا گیا۔ وساوی الشَّیْءَ: برابر کرنا۔ سَاوی الرَّجُلُ قِرْنَه: ہم مثل ہونا۔ قدر وقیمت میں برابر ہونا۔ علم و شجاعت میں ایک جیسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذا لَایُسَاوِی دِرْهمًا" یہ ایک درہم کے برابر نہیں۔

اَسْوٰی اِسْوَاءً. رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا۔ درست اُمور والا ہونا الشَّیْءَ: ہموار کرنا اَسْوَاه: برابر کرنا۔

تَسَوّٰی. ہموار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَوَّتْ بِهِ الاَرْض" یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کر دیا گیا۔

تَسَاوَیَا. فِیْ كَذا: ہم مثل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔

اِسْتَوٰی. الشَّیْءُ: معتدل و برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ الشَّیْءَ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے چیز کو سیدھا کیا وہ سیدھی نہیں ہوئی الرَّجُلُ: درست اُمور والا ہونا۔ پوری جوانی کو پہونچنا عَلَیْهِ: غالب ہونا عَلٰی ظَهْرِ الدَّابَة: جم کے بیٹھنا۔ "اِسْتَوٰی عَلٰی سَرِیْر المَلِك" کنایہ ہے کامل قبضہ و تصرف سے اِلَی الشَّیْءِ: قصد و ارادہ کرنا۔ اِسْتَوَتْ بِهِ الاَرْضُ: ہلاک و مدفون ہونا۔ اِسْتَوٰی الطَّعَامُ: پک کر تیار ہونا۔

السَّوٰی. ارادہ۔

السَّوَاء. برابر۔ درمیان۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ سَوَاءَهُ" اس نے اس کے وسط میں مارا۔ و "لَقِیْتُهُ فِیْ سَوَاءِ النهار" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی اور سواء غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جاءُوْا سَوَاءَ زَیْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مَكَانٌ سَوَاءٌ و ثَوْبٌ سَوَاء" یعنی لمبائی و چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا۔ و "سَوَاء السَّبِیْل" سیدھا راستہ۔ و هٰذا دِرْهَمٌ سَوَاءٌ یہ پورا درہم ہے۔ سَوَاءُ الجبل: پہاڑ کی چوٹی۔ السَّوَاء: مثل و مانند۔ "هُمَا فِی هٰذَا الاَمْرِ سَوَاءٌ" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سَوَاءٌ کے سَوَاءَان بھی کہہ سکتے ہیں اور جمع کی صورت میں هُمْ سَوَاء یا هُمْ اَسْوَاء اور خلافِ قیاس "هُمْ سَوَاسٍ و سَوَاسِیَة و سَوَاسِوَة" بھی کہہ سکتے ہیں۔ ولَیْلَةُ السَّوَاءِ: تیرھویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِرَجلٍ سَوَاءٍ والعَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے۔ اور جب سواء کے بعد ہمزۂ تسویہ ہو تو اَمْ کا ہونا ضروری ہے چاہے دو اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ ازَیْدٌ جَاءَ اَمْ عَمْرٌو" میرے لئے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ و "سَوَاء عَلَیَّ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ" میرے لئے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزۂ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف اَوْ کے ذریعہ ہوگا جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قُمْتَ اَوْ قَعَدتَ اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف وَاوْ اور اَوْ دونوں سے جائز ہے جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قِیَامُكَ اَوْ قُعُوْدُكَ و قِیَامُك و قُعُوْدُكَ"

السِّوَی وَالسُّوَی. برابر۔ و ط۔ غیر مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جَاءُوْا سِوَی زَیْدٍ" اور تم کہتے ہو "عِنْدِیْ رَجُلٌ سِوَاك" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ و "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سِوًی والعَدَم" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور کہا جاتا ہے "هُمَا عَلٰی حد سوی" یعنی ان کے درمیان تفاوت نہیں۔

السوی. ہموار۔ درست۔ برابر۔ انصاف۔ مَكَانٌ سَوِیٌّ: بیچ کی جگہ۔ غُلَامٌ سَوِیٌّ: بے عیب لڑکا۔ ج اَسْوِیَاء.

السَّوِیَّة السَّوِیّ کا مؤنث ۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "هُمْ علٰی سوِیَّة فیْ هذا الاَمر" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ و "قَسَمْتُ بَیْنَهُمَا بالسَّوِیَّة" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کر دیا۔ لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ ج سوایا.

السِّیُّ. بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَاسِیَّان" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ مکان سِیٌّ: ہموار جگہ۔ اور مؤنث کے لئے کہا جاتا ہے "مَاهِیَ بِسِیٍّ لَكَ ولَیْسَت الْمَرْأةُ لَكَ بِسِیٍّ و مَالَكَ بِاَسْوَاءٍ" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل نہیں۔ اور "لا سِیَّمَا" سی اور ما سے مرکب ہے اور کلمہ استثناء ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور لَاسِیْمَا تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت ہے۔

لَاسِیَّمَا اس لفظ کے ذریعے اس کے بعد والے لفظ کو معنی میں ترجیح ہوتی ہے اس کے ماقبل پر اس کلمہ (لاسیما) کے بعد والے لفظ کے اعراب میں دو توجیہ ہیں-

(ا) مرفوع اس بنیاد پر کہ وہ مبتدا محذوف کی خبر ہے مثلاً یعجبنی الربیع لاسیما ازهاره-

لانفی جنس سی: اسم' ماموصولہ محلا مجرو رمضاف الیہ ہی مبتدا محذوف ازهاره اس کی خبر-

مبتداء خبر مل کر صلہ موصول کا-

لانفی جنس کی خبر محذوف: موجودة

(۲) مجرور اس بنیاد پر کہ ما زائدہ سی

مضاف اور ازهار مضاف الیہ۔
اس صورت میں لا کا اسم : سی اور خبر موجودۃ۔

الاَسْوٰی اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذا المَکَانُ اَسْوٰی هٰذِهِ الاَمْکِنَةِ"

الاِسْتِوَاء مں۔ درستی۔ اعتدال و (خط الاستواء) عِنْدَ الْجُغْرَافِیِّیْن: وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصّوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔

سَیَّأَت و تَسَیَّأَت. النَّاقَةُ: اونٹنی کا بغیر دوھنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تَسَیَّأَتْ عَلَیَّ الاُمُوْرُ" میرے اُوپر اُمور مختلف ہوگئے۔ و "تَسَیَّأَ فُلَانٌ بِحَقِّی" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کر لیا۔

اِنْسَیَأَ. اللَّبَنُ: دودھ کا بغیر دوھنے کے بہنا۔

السُّیُّ والسِّیُّ. دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوھے ہوئے نکلے۔ ج سُیُوْء.

سَابَ یَسِیْبُ سَیْبًا. الماءُ: پانی کا ہر طرف کو بہنا۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ فِیْ کلامه بغیر غور و فکر کے بولنا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا آزادانہ چلنا۔

سَیَّبَهٗ چھوڑ دینا۔ العَبْدَ: غلام کو آزاد کر دینا۔

انساب اِنْسِیَابًا. تیز چلنا۔ اِنْسَابَتِ الحَیَّةُ: سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔ فَلَانٌ نَحْوَنا: لوٹنا۔

السَّیْبُ مں۔ بارش۔ داد و دہش۔ مال زیادتی۔ گھوڑے کے دُم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُیُوْب.

السِّیْب پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُیُوْب
سِیْب (فارسی)

السیاب والسَّیَاب والسُّیَّاب. کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بُسر ہیں) واحد سَیَابَةٌ و سَیَّابَةٌ. السِّیَابَةُ شراب۔

السِّیْبَان. صِئبَان کا محرف کلمہ ہے۔ بمعنی جوں کے انڈے۔

السَّائِبَةُ. چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں نذر وغیرہ کیلئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے (اس کے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا اور گھاس پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔) ج سُیَّب و سَوَائِب.

سَیَّجَ. الکَرْمَ: انگور میں باڑ لگانا۔

السِّیَاج. دیوار۔ باڑ۔ ج سیاجات و اَسْوِجَة و سُوْج.

السِّیْجَان ایک قسم کی مچھلی۔

ساحَ یَسِیْحُ سَیْحًا و سَیَحَانًا. الماءُ: پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت ماءٌ سَائِحٌ و سَیْحٌ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الأَرْضُ تُسْقٰی بِالْمَاءِ سَیْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے الظِّلُّ: پھرنا۔ ہٹ جانا (سَیْحًا و سَیَحَانًا و سِیَاحَة و سُیُوْحًا) زمین میں عبادت کے لئے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا۔ صفت (سائح) ج سُیَّاح و سَائِحُوْن.

سَیَّحَهٗ واَسَاحَهٗ بہانا۔ کہا جاتا ہے "یسح تَسْیِحًا کثیرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ اَسَاحَ الفَرَسُ بذنبه: گھوڑے کا دم کو لٹکانا۔

اِنْسَاحَ. بَطْنُهٗ پیٹ کا بڑا ہونا۔ موٹا ہونا الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا بالُهٗ: کشادہ دل ہونا۔ اِنْسَاحَتِ الصَّخْرَةُ چٹان کا پھٹ جانا۔

السَّیْحُ مں۔ بہنے والا پانی۔ دھاری دار کمبل۔ ج سُیُوْح و اَسْیَاح.

السَّائِح مسجد میں رہنے والا روزہ دار۔

السَّیَّاح ملکوں میں بہت پھرنے والا۔

المِسْیَاح. بُرائی اور چغلی کو پھیلانے والا۔ ج مَسَایِح.

المُسَیَّح. من الثیاب دھاری دار کپڑا۔

ساخ یَسِیْخُ سَیْخًا و سَیَخَانًا. مضبوط ہونا۔ ساخَتْ قَدَمُهٗ فِی الطِّیْنِ: گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔

السِّیْخ بڑی چھری۔ (فارسی)

السِّیَاخ مٹی کی عمارت۔ ج سُیُوْخ.

سارَ(ض) سَیْرًا و تَسْیَارًا و مَسِیْرًا و مَسِیْرَةً و سَیْرُوْرَةً: جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا ۵ و به: چلانا الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا السُّنَّةَ: عمل کرنا۔ جیسے "و اوّل راضی سُنَّةً مَنْ یَسِیْرُهَا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے "سِرْ عَنْكَ" یعنی غافل ہو جاؤ اور برداشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْ وَدَعْ عَنْكَ الشَّكَّ و المِرَاءَ" سار الکلامُ او المثلُ فِی النَّاسِ: مشہور ہونا۔

سَیَّرَ واَسَارَ. الرَّجُلَ: چلانا الجُلَّ عَنْ ظَهْرِ الدَّابَّةِ: اتار دینا۔ سَیَّرَ الثَّوبَ او السَّهْمَ: دھاری ڈالنا۔ سَیَّرَ المَثَلَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔ سَیَّرَ سِیْرَةً: پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا۔ سَیَّرَهٗ مِنْ بَلَدِهٖ جلا وطن کرنا۔ نکال دینا۔

سَایَرَهٗ: ساتھ چلنا۔

تَسَیَّرَ. الجِلْدُ: چھل جانا۔

تَسَایَرَا. باہم مل کر چلنا۔ تَسَایَرَ عَنْ وَجْهِهِ الغَضَبُ زائل ہونا۔

اِسْتَارَ اِسْتِیَارًا. زاد راہ خریدنا بِسِیْرَةِ فُلَانٍ: کسی کی سیرت و عادت پر چلنا۔

سَارُ. الشَّیْءِ: تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔

السَیْر. تسمہ۔ ج سُیُورٌ و سُیُورَۃٌ واَسْیارٌ۔
السِیْرَۃ. سار کا اسم۔ عادت۔ طریقہ۔ طرز زندگی۔ ہیئت۔سِیرَۃُ الرَجُلِ: سوانح عمری۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ السِیْرَۃِ" وہ اچھی عادت والا ہے۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَنْ طابَتْ سَرِیْرَتُہٗ حُمِدَتْ سِیْرَتُہٗ" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ ج سِیَر۔
السِیَراء. دھاری دار چادریں یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی نباتات۔ گٹھلی سے چمٹا ہوا چھلکا۔ دل کا پردہ۔ کھجور کی ٹہنی۔
السَائِر. فا. سائِرُ الشَیْءِ: چیز کا بقیہ۔
المَثَلُ السائِر:
السَیَّارُ والسُیَرَۃُ والسَیُوْرُ. بہت چلنے والا۔
السَیَّارَۃ. السَیَّار کا مؤنث ۔ قافلہ۔ آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ۔ جیسے زحل؛ مشتری؛ مریخ؛ زمین؛ زہرہ؛ عطارد وغیرہ۔ جسَیَّارات. السَیَّارَۃ: موٹر کار۔
التَسْیار. مص۔ سیر کا مبالغہ۔
المَسُوْر. مف۔ قیاس کے لحاظ سے مَسِیر ہے۔ مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا۔طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ: آمدورفت والا راستہ۔
المَسِیْرَۃُ. مص۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا مَسِیْرَۃُ یَوْمٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے۔
المُسَیَّر. مِنَ الثِیَابِ: دھاری دار کپڑا۔
السِیْرَج. تل کا تیل۔
سَیِسَ یَسْیَسُ سَیَسًا. الطَعامُ: گھن پڑنا۔
سَاسَاہ. مجرم دلانا۔ عار دلانا۔
السِیْسِ. چنبیلی کا پودہ۔
السِیْسَاء. ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ۔

سِیْسَاءُ الظَھْرِ مِنَ الدَوَابِّ: جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ۔
سَیْطَرَ سَیْطَرَۃً و تَسَیْطَر. نگہبان ہونا۔ داروغہ ہونا۔
سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا و سُیُوْعًا. الشَیْءُ: ضائع ہونا(وانْسَاعَ و تَسَیَّعَ. المَاءُ: پانی کا ادھر اُدھر بہنا۔انْسَاعَ الجَامِدُ: جمی ہوئی چیز کا پگھلنا۔
سَیَّعَ. الحَائِطَ بِالطِیْنِ: دیوار کا مٹی سے لیپنا۔الشَیْءَ: تیل وغیرہ ملنا۔
اَسَاعَ. الشَیْءَ: ضائع کرنا۔
السَیْعُ. مص۔ سطح زمین پر بہنے والا پانی۔
السِیَاع. گارا۔ کہگل۔
السَیْعَاءُ والسِیْعَاءُ. رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجْتُ بَعْدَ سِیْعَاءٍ مِنَ اللَیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر جانے کے بعد میں نکلا۔
المِسْیَعَۃُ. کرنی۔ کہگل کرنے کا اوزار۔
نَاقَۃٌ (مِسْیَاعٌ) بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لئے جانے والی اونٹنی۔
سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا. الشَرَابُ: خوشگوار بنانا۔
السَیْغُ. مِنَ الشَرَابِ: خوشگوار شراب۔
سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا. اَلیَدُ: ناخن کے اردگرد پھٹنا۔
سَافَہٗ یَسِیْفُہٗ سَیْفًا. تلوار سے مارنا۔
تَسَیَّفَہٗ. تلوار سے مارنا۔
سَایَفُوْا و تَسَایَفُوْا واسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا. باہم تلوار بازی کرنا۔واُسْتِیْفَ القَوْمُ: تلوار سے مارا جانا۔
السَیْفُ. تلوار۔ جاَسْیَافٌ و سُیُوْفٌ واَسْیُفٌ و مَسْیَفَۃٌ ۔ (السَائِفُ) تلوار سے مسلح۔سَیْفُ الجَبَّارِ: تین ستاروں کے نام۔سَیْفُ الرِیَاحِ: ایک قسم کی نباتات۔
السَیْفُ والسِیْفُ. ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے۔

السِیْفُ: سمندر کا کنارہ یا ہر چیز کا کنارہ۔ جاَسْیَاف وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے۔
السِیْفَانُ. مِنَ الرِجَالِ: لمبا و پتلا مرد۔ مؤنث سَیْفَانَۃٌ. اور بقول بعض عورتوں ہی کے لئے مخصوص ہے۔
السَیَّاف. شمشیر زن۔ جسَیَّافَۃ. رَجُلٌ سَیَّافٌ: خون گرانے والا مرد۔سَیَّافُ الاَمِیْرِ: جلاد۔
الاَسْیَاف. پارٹیاں۔
المَسَایِف. خشک سالی۔ قحط۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْھُمُ المَسَایِفُ" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی۔
المُسِیْفُ. تلوار سے مسلح۔ دلیر۔ فقیر۔
المُسَیَّف. مِنَ الدَرَاھِمِ: درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں مِنَ البُرُوْدِ: چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں۔
اَلسِیْکاس: کھجور کی مانند پتوں اور تنے کے لحاظ سے لیکن صنوبر کے زیادہ قریب درخت ہے۔ اکثر زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔
السِیْکاہ. فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)
سَالَ (ض) سَیْلًا و سَیَلانًا و مَسِیْلًا و مَسَالًا. المَاءُ: بہنا۔ سَالَتْ غُرَّۃُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا۔
اَسَالَ اِسَالَۃً و سَیَّلَ تَسْیِیْلًا. المَاءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔اَسَالَ الجَامِدَ: پگھلانا۔
اَسَالَ غِرَارَ النَصْلِ: لمبا کرنا۔
تَسَایَلَ. القَوْمُ: ہر طرف سے آنا۔
السَائِلَۃُ. مِنْ غُرَرِ الخَیْلِ: گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی۔ جسَوَائِل۔
السَیْلُ. مص۔ بہنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَیْلٌ" بہنے والا پانی۔السیل: سیلاب۔ ج سُیُوْل۔

السِیْلَةُ. پانی بہنے کی جگہ۔ سال کا اسم مرۃ۔
السَیْلَة. پانی کا بہاؤ۔
السِیْلان. ایک قیمتی پتھر۔ تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو۔ ج سَیَالِیْن.
السَوَائِل. مِنَ المَعَادِنِ وغَیْرِھا: بہنے والی چیزیں۔
السَیَال. سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے۔ واحد سَیَالَةٌ.
السَیَّال. زور سے بہنے والا۔ مؤنث سَیَّالَة
السَیَّال: ایک قسم کی مچھلی۔
مَسِیْلُ. المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَسَائِل و مُسُل وامْسِلَة و مُسْلان.
المُسَال. مِنَ الْوَجْهِ: ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب۔
سِینَمَا توغرَاف: وہ آلہ جو کہ بنائی گئی تصاویر کو سکرین پر پیش کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہو۔ وہ گھر جس میں مناظر سینمائی دکھائے جائیں۔
اسِیْزَامَا: سینما کا جدید آلہ جو کہ اشخاص کی تصاویر وغیرہ ایسی عمدہ پیش کرتا ہے گویا کہ وہ اصلی اور حقیقی ہیں۔
السِیْمُوْنِیَّة. سیمون جادوگر کی طرف منسوب۔ مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش۔
سِیَةُ. القَوْسِ: کمان کا سرا۔ ج سِیَات.

ش

ش: الشین: بنیادی حروف میں سے تیرہواں ہے- یہ حروف شجریہ سے ہے- حساب جمل میں اس کے نمبر (۳۰۰) ہے-

الشُؤْبُوْب. بارش کی بوچھاڑ۔ دھوپ کی تیزی۔ ہر چیز کی حد۔ ہر چیز کی شدت دفع۔ آغاز حسن۔ ج شَآبِیْب. کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَآبِیْبِ الْوَجْهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے۔

شَئِزَ (س) شَأَزًا و شُؤْزَةً و شُؤَازًا. المَكَانُ: سخت اور بلند ہونا۔ ناہموار ہونا۔ صفت (شَأْزٌ و شَئِزَةٌ) (و شَئِزَ) بے آرام ہونا۔ ڈرنا۔

اَشْأَزَهُ. رنجیدہ کرنا۔ بے آرام کرنا۔ ڈرانا۔ اَشْأَزَ الرَجُلُ: عَنْ كَذَا بلند ہونا۔

اِشْتَأَزَ. بدکنا۔

الشَأْزَةُ. اسم مَرة خَيْلٌ شَأْزَةٌ: موٹا گھوڑا۔

المَشْئُوْزُ والمَشُوْزُ. بے آرام۔ بے قرار۔ خوفزدہ۔

شَئِسَ (س) شَأَسًا. الشَیُٔ: سخت ہونا۔ الرَجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا اَلْمَكَانُ: سخت و سنگریزہ دار ہونا۔ مَكَانٌ (شَئِسٌ و شِأْسٌ) سخت و سنگریزہ والی جگہ۔ ج شَئِیْس و شُؤْسٌ.

شَأْشَأَ شَأْشَأَةً و شَأْشَاءً. الراعِی. الغَنَمَ اَو الحَمِیْرَ و بِهَا: شَأْشَأْ یا شُؤْ شُؤْ کہہ کر ہانکنا۔ النَخْلَةُ: درخت خرما میں گابھا لگنا۔

تَشَأْشَأَ. القَوْمُ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

الشَأْشَاء. س۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ کھجور کے لمبے درخت۔

شَئِفَتْ (س) شَأَفًا. الرِجْلُ: آبلہ پڑنا۔ صفت (مَشْؤُفَةٌ) شَئِفَتْ اَصَابِعُه: ناخنوں کے اردگرد پھٹنا۔ (شَأَفًا و شَآفَة، فُلَانًا و لِفُلَانٍ: بغض رکھنا۔

شَئِفَ. خوفزدہ ہونا۔ ڈرایا جانا۔ صفت (مَشْؤُف) شُئِفَتِ الرِجْلُ: آبلہ پڑنا۔

اِسْتَشْأَفَتِ. القَرْحَةُ: خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا۔

شَأَفَ. الجُرْحِ: زخم کی خرابی۔

الشأفة. جڑ تلوے کا زخم۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَاصَلَ شَأْفَتَهٗ" اس نے اسے جڑ سے کھو دیا۔ و "بَيْنَهُمْ شَأْفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے۔ واِسْتَاصَلَ اللّٰهُ شَأْفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے۔

شَأْفَةُ الرَجُلِ. اہل و مال۔

رَجُلٌ شَأَفَةٌ. معزز و بلند مرتبہ مرد۔

شَأَمَ (ف) شَأْمًا. القَوْمَ و عَلَيْهِمْ: بدبختی ڈالنا۔ صفت (شَائِمٌ)

شَؤُمَ (ک) شَآمَةً و شُئِمَ. عَلَيْهِمْ: منحوس و نامبارک ہونا۔

شَأَمَهُمْ. ملک شام کی طرف روانہ کرنا۔

شَاءَمَ مُشَاءَمَةً. بِه: بائیں طرف لینا۔ الرَجُلُ: ملک شام میں آنا۔

اَشْأَمَ. ملک شام کا ارادہ کرنا۔ ملک شام میں آنا۔ سر اُٹھائے ہوئے گزرنا۔

تَشَاءَمَ و تَشَأَّمَ. ملک شام کی جانب منسوب ہونا۔ بائیں طرف ہونا۔

تشاءم واسْتَشْأَم. بِه: بدفالی کرنا۔ بد شگون لینا۔

الشُؤْمُ. نحوست۔ کالے اونٹ۔

الشامُ والشأْمُ. ملک شام۔

الشأْمِیّ والشآمی والشآمِیّ۔ ملک شام کی جانب منسوب۔

الشائِم. فا۔ نحوست لانے والا۔

الشَأْمَة والمَشْأَمَة. نحوست۔

الشِیْمَة والشِئْمَة. خلق۔ طبیعت۔ عادت۔ ج شِیَم۔

الاَشْأَم. اسم تفضیل اور اسی سے ہے "اَشْأَمُ كُلِّ امِرِئٍ بَيْنَ لِحْيَيْهِ" ہر آدمی کو بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے۔ یعنی زبان۔ بدبختی لانے والا۔ مؤنث شُؤْمی۔

والیَدُ الشُؤْمی. بایاں ہاتھ۔

الاَشَائِم. اشأم کی جمع۔

المَشُوْم والمَشْؤُوْم. منحوس۔ بدبخت۔ ج مَشَائِیم.

شَأَنَ (ف) شَأْنًا. صاحب عزت و مرتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَأَنَ شَأْنَك" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا۔ "ما شَأَنَ شَأْنَك" اس نے تمہارے کام کی پرواہ

نہیں کی۔ و "اشان شانك" اپنی حالت پر رہو۔
اشتأن. شأنك: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا۔
الشأن. ج شؤون و شئان و شئین: بڑے بڑے امور و احوال۔ معاملہ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "من شانه كذا وان يفعل كذا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے۔ و "ماشانك" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شؤون و شؤون: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "بلغت الرائحة الى شؤون رأسه" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اگیں شؤون واشؤن: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں۔ کہا جاتا ہے "فاضت شؤونه" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہوگئیں الشؤون: حاجتیں۔ کہا جاتا ہے "كلفنى شؤونك" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کر دو شؤون الخمر: شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے۔
شأى يشؤ وشأوا واشتأى اشتئاءا. القوم: آگے بڑھ جانا۔ شأى التراب من البئر: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔
شائى مشاءاة. القوم: آگے بڑھنا۔ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تشائى تشائيا. القوم: ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ متفرق ہونا۔ تشاءى مابينهما: فاصلہ پر ہونا۔
الشأو. س۔ مدت۔ غایت۔ کہا جاتا ہے "فلان بعيد الشأو" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و "عداشاوا" وہ ایک چکر دوڑا۔ الشأو: اونٹنی کی مہار۔ اونٹنی کی مینگنیاں۔ زنبیل۔ کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ المشآة. کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ ٹوکری جس سے کنوئیں سے مٹی نکالی جائے۔ ج المشائى.

شب (ض) شبابا و شبيبة. الغلام: جوان ہونا۔ کہتے ہیں "من شب الى دب" جوانی سے بڑھاپے تک۔
شب (ن ض) شبيبا و تشبابا و شبوبا. الفرس: اکٹھے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا۔ نشاط میں ہونا۔ عرب کا مقولہ ہے "الجوهر يشب بعضه بعضا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھا دیتا ہے۔
شب (ن) شبا و شبوبا. النار: آگ روشن کرنا۔ شبت النار: آگ روشن ہونا الشئ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔
شب. الشئ: زیادہ کیا جانا۔ بلند کیا جانا۔ شبت النار: روشن ہونا۔ شب له الشئ: اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔
شبب و تشبب. جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا الشاعر بالفتاة: عورتوں کے محاسن و اوصاف کو بیان کرنا۔ شبب قصيدة: عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "شبب قصيدته بفلانة" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے۔ پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو۔ شبب الكتاب: کتاب شروع کرنا۔ تشببت النار: آگ روشن ہونا۔ بھڑکنا۔
اشب. الغلام: لڑکے کا جوان ہونا۔ الرجل: جوان اولاد والا ہونا الله الغلام: لڑکے کو جوان کرنا الفرس: گھوڑے کو اکسانا۔ الثور: بیل کا بوڑھا ہونا۔ صفت (مشب و مشب و شبب و مشب)
اشب. له كذا: مقدر کیا جانا۔
الشب. پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے۔ جوان۔ شب الليل: ایک قسم کی نباتات۔
الشباب والشبيبة. س۔ جوانی۔ بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ۔ ابتداء جیسے "شباب النهار" دن کی ابتداء۔ الشباب بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے۔ "قصيدة حسنة الشباب" اچھی تشبیب والا قصیدہ اور شبیبہ کی جمع شبائب.
الشبوب. عمدہ بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هذا شبوب لكذا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے۔ مثلا "الخمار شبوب لوجهها" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے (والشباب) جس سے آگ جلائی جائے۔
الشبابة. ایک قسم کی بانسری (مؤلدة) عوام اس کو منجيرة کہتے ہیں۔
الشاب والشب. جوان۔ ج شباب و شبان و شببة. مؤنث شابة و شبة. ج شابات و شبات و شواب و شبائب.
المشب. شیر۔
المشبوب. من الرجال: تیز خاطر مرد۔ المشبوبتان: زہرہ و مشتری۔ نار مشبوبة: بھڑکائی ہوئی آگ (نار شابة نہیں بولتے۔)
الشبث. سوئے کا ساگ۔
شبث (س) شبثا و تشبث. بكذا: چمٹنا۔ معلق ہونا۔ رجل (شبثة) اپنے مقابل کو چمٹنے والا۔
الشبث. مکڑی۔ ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں۔ ج اشباث و شبثان. رجل (شبث) چمٹنے والی طبیعت والا مرد۔
الشباث والشبوث. ٹیڑھے سرے والی سیخ۔ ج شبابيث.
اشبج. الباب: دروازہ بھیڑنا۔
الشبج. بلند دروازہ یا دروازہ۔ واحد (شبجة)
شبح (ف) شبحا. الشئ: پھاڑنا۔ چیرنا الجلد: کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا الرجل: گھسیٹنا الداعی: دعا کے لئے ہاتھ

پھیلانا۔ فلانا لہ: کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا۔

شَبُحَ (ک) شَبَاحَةً. لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا۔

شَبَحَ. بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دور دیکھنا۔ الشَّیْءَ: پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔

تَشَبَّحَ. الحِرْبَاءُ عَلَى الْعُوْدِ: گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا۔

الشَّبَحُ والشَّبْحُ. شخص۔ بلند عمارت کا دروازہ۔ ج شُبُوْحٌ واَشْبَاحٌ. اشباح المَالِ: نظر آنے والا مال جیسے اونٹ، گائے بکری وغیرہ۔

الشَّبْحَةُ. اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفَ بَیْتِی شَبْحَةً شَبْحَةً" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی۔ عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْن: گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسّی۔

المَشْبَحَةُ: وہ تصاویر جو سکرین پر سینما گھر میں دکھائی جاتی ہیں۔

الشَّبْحَان. لمبا۔

الشَّبْحَان. مِنْقَلَةٌ کھیل کود کی دو لکڑیاں۔ (دیکھئے مِنْقَلَةٌ)

الشِّبْدِعُ والشَّبْدَعُ والشِّبْدِعَةُ. بچھو۔ مصیبت۔ زبان۔ ج شَبَادِع.

شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا. الثَّوْبَ وِنَحْوَهُ: بالشت سے ناپنا۔ شَبَرَهُ مَالًا. کسی کو مال دینا۔

شَبِرَ (س) شَبَرًا. الرَّجُلُ: اکڑنا۔ اترانا۔

شَبَّرَ. الشَّیْءَ: اندازہ کرنا فُلَانًا: تعظیم کرنا۔

اَشْبَرَ. فُلَانًا: فضیلت دینا ہ مَالًا: دینا الرَّجُلُ: لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پستہ قد بیٹوں والا ہونا۔

تَشَابَرَ. الفَرِیْقَانِ فِی الْحَرْبِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے۔

تَشَبَّرَ. بڑا ہونا۔

الشَّبْرُ. مہر۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهَا وَلَمْ یُعْطِهَا شَبْرَهَا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قد و قامت۔

الشِّبْرُ. عمر۔ بالشت۔ ج اَشْبَار. کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِیْرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔

الشَّبْرُ. عطیہ۔ خیر۔

الشِّبْرَةُ. قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)

الشُّبْرَةُ. عطیہ۔

الشَّبُّوْرُ. بگل۔ ج شَبَابِیْر و شَبُّوْرَات. (کلمہ عبرانی ہے)

شَابِر. المِیْزَانُ: چور۔

فُلَانٌ (اَشْبَرُ) مِنْكَ. فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے۔

الاَشْبُوْر. ایک قسم کی مچھلی۔

المَشَابِرُ. نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے۔ واحد (مَشْبَر و مَشْبَرَة)

شَبْرَقَهُ. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ: پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِی مَشْیِهَا جانور کا دور دور قدم رکھنا البَازِی الصَّیْدَ: نوچنا اور پھاڑنا الثَّوْبَ: برا بننا۔

الشَّبَارِقُ والشُّبَارِقُ. ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ و شُبَارِقُ و شُبَارِیْقُ و شِبْرِق و شِبْرَاقٌ" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔

الشِّبْرِق. بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِق.

الشِّبْرِقَةُ. کپڑے کا ٹکڑا۔

الشِّبْرَاقُ. مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: سختی۔

ثَوْبٌ (مُشَبْرَق) برا بنا ہوا کپڑا۔

تَشَبَّصَ. الشَّجَرُ: آپس میں گتھا ہوا ہونا۔

الشَّبَص. درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ سختی۔

شُبَاط. ترکی مہینہ۔ مطابق فروری۔

الشُّبُوْطُ والشَّبُّوْطُ والشَّبُوْطُ. ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِیْط.

شَبِعَ (س) شِبَعًا و شَبْعًا. ومِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ هٰذَا الاَمْرِ و رَوِیْتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ۔

شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً. عَقْلُهُ: بہت عقل والا ہونا۔

شَبَّعَتْ. غَنَمُهُ: آسودگی کے قریب ہونا۔

اَشْبَعَهُ. کھلا کر شکم سیر کرنا الشَّیْءَ: زیادہ کرنا الثَّوْبَ مِنَ الصَّبْغِ: خوب گہرا رنگنا الکَلَامَ: مکمل کہنا۔

تَشَبَّعَ. بتکلف شکم سیر ہونا۔ ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔

الشِّبْعُ والشِّبَعُ. کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔

الشُّبَاعَةُ. آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔

الشُّبْعَةُ. ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔

الشَّبْعَانُ. شکم سیر۔ مؤنث شَبْعَی و شَبْعَانَةٌ ج شِبَاعٌ و شَبَاعَی. کہا جاتا ہے "هِیَ شَبْعَی الذِّرَاعِ" وہ پرگوشت بازو والی ہے۔ و "شَبْعَی الخَلْخَالِ اَوِالسِّوَارِ والدِّرْعِ" یعنی موٹی۔

الشَّبِعَةُ. شکم سیر عورت۔

الشَّبِیْعُ. بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِیْعُ الغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا۔ و "رَجُلٌ شَبِیْعُ العَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ و "حَبْلٌ شَبِیْعٌ" بہت لٹوں والی رسّی۔ ج شُبُع

شَبِقَ (س) شَبَقًا. بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِق) مؤنث شَبِقَة. مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔

الشَّوْبَق. بیلن۔ ج شَوَابِق (کلمہ فارسی

ہے) مشہور (شَوْبَك) ہے فتحہ شین اور کاف سے چوبک کا معرب ہے۔

شَبَكَتْ (ض) شَبْكًا. الْاُمُوْرُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ شَبَكَهٗ عَنْهُ: غافل کر دینا (شَبَكَ و شَبَّكَ) الشَّيْءَ: ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَكْتُ اَصَابِعِي بَعْضُهَا فِيْ بَعْضٍ و شَبَكْتُ بَيْنَ اَصَابِعِي"، میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔

اَشْبَكَ. الْقَوْمُ: نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ "اَشْبَكَ الْمَكَانُ"، قریب کنوئیں والی ہونا۔

شَابَكَ. بَيْنَ الْاَصَابِعِ: انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔

تَشَابَكَتِ. الْاُمُوْرُ: باہم مختلط ہونا۔

اِشْتَبَكَ و تَشَبَّكَ. مختلط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا الْكَلَامُ اوِ الْاُمُوْرُ: پیچیدہ ہونا۔

الشَّبَكَة. شکاری کا جال۔ ج شَبَك و شِبَاك و شَبَكَات. الشَّبَكَةُ: بہت کنوئیں والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔

الشُّبْكَة. قرابت۔

طَرِيْقٌ (شَابِكٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔ ج شوابك.

الشَّبَّاك. جال بنانے والا۔

الشُّبَّاك. دریچی جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِيْك. الشَّبَّاك: شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ شَابِك کی جمع ہے۔ جیسے قاری کی جمع قراء۔

الشَّبَائِك. جھگڑے۔

الْمُشَبَّك. ایک قسم کا کھانا۔

شَبِلَ (ن) شُبُوْلًا. الْغُلَامُ: لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت (شَابِل) فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ: پرورش پانا۔

اَشْبَلَ. عَلَيْهِ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَشْبَلَتِ الْمَرأةُ عَلٰى اَوْلَادِهَا: شوہر کی وفات کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔

الشِّبْلُ. شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال و شِبَال و اَشْبُل و شُبُوْل. اَبُو الْاَشْبَالِ: شیر۔ لَبُوَةٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔

مَكَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔

شَبَمَ (ن) شَبْمًا و شَبَّمَ الْجُدَىَ: بکری کے بچہ کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔

شَبِمَ (س) شَبَمًا. الْمَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا۔

الشَّبَم. سردی۔

الشَّبِم. صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام۔ الشَّبِم. ہتھیار۔ زہر۔ موت۔

الشِّبَام والشِّبَمّ. لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پیے۔

الشِّبَام. برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔

الْمُشَبَّم. تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔

شَبَنَ (ن) شُبْنًا. الْغُلَامُ: لڑکے کا نازک اندام و پرگوشت ہونا۔ (شُبُوْنًا) الشَّيُّ: قریب ہونا۔

الشَّابِنُ مِنَ الْغِلْمَان: نازک اندام پرگوشت لڑکا۔

الشَّبِيْنُ والاِشْبِيْنُ. دولھا کا خدمت گار۔ شَبِيْنَة واشْبِيْنَة: دلہن کی خدمت گار (کلمہ سریانیہ ہے)

الشَّبَانِيُّ والْاَشَبَانِيُّ والشَّبَّانِيُّ. سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔

شَبَّهَهٗ. اِيَّاهُ و شَبَّهَهٗ بِهٖ: تشبیہ دینا۔ تمثیل دینا۔ شَبَّهَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: مشتبہ کرنا۔ مشکل ہونا۔

شُبِّهَ الشَّيُّ: مشتبہ کیا جانا۔

شُبِّهَ. عَلَيْهِ الْاَمْرُ:

اَشْبَهَهٗ و شَابَهَهٗ. مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اَشْبَهَ فُلَانٌ اُمَّهٗ فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔

تَشَبَّهَ بِهٖ: مانند ہونا؛ عمل میں مشابہت کرنا۔

تَشَابَهَ. الرَّجُلَان ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الْاَمْرُ. مُتَشَابِهٌ یعنی غیر محکم ہونا۔

اِشْتَبَهَا. ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ اِشْتَبَهَ فِي الْاَمْرِ. صحیح ہونے میں شک کرنا الْاَمْرُ عَلَيْهِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔

الشِّبْهُ والشَّبَهُ. مثل مانند۔ ج اَشْبَاه و مَشَابِه جیسے (حسن و محاسن) الشَّبَه: مشابہت ایک خار دار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ (الشِّبْهُ والشَّبَهُ والشَّبَهَان والشُّبْهَان) پیتل۔

الشُّبْهَةُ. مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَه و شُبُهَات.

الشَّبِيْه. مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاه.

الْمُشَبَّه والْمُشْتَبِه. مِنَ الْاُمُوْرِ: مشکل۔ جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِيَّاكَ والمشَبَّهَات" اپنے آپ کو امور مشکلہ سے بچاؤ۔

الْمُشَبِّهَةُ: اسلامی فرقوں میں سے ایک فرقہ جو کہ اللہ تعالیٰ کو صفات و اسماء میں مخلوق کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔

شَبَا يَشْبُو شَبْوًا. الشَّيْءُ: بلند ہونا الْفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔ الْوَجْهُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا۔ النَّارُ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔

اَشْبَى اِشْبَاءً. الرَّجُلَ: تعظیم و اکرام کرنا۔ عَلَيْهِ: مہربان ہونا؛ دینا منقبت میں ڈالنا۔ الشَّجَرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا۔ الرَّجُلُ: ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبِي و مُشْبٍ)

الْاَوْلَادُ اَبَاهُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے

مشابہ ہونا۔

الشَّبَاةُ نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا مِنَ السَّیْفِ: دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبا و شَبَوات بیوقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ شَبَاةٌ" یہ بیوقوف مرد ہے۔

شَبْوَةُ بچھو کے لئے علم ہے اور علمیۃ تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔

الشَّبْوُ دکھ۔ تکلیف۔

شَتَّ (ض) شَتًّا وشَتَاتًا وشَتِیتًا متفرق ہونا (وشَتَّتَ واَشَتَّ) الْاَشْیَاءَ: متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِیْ قَوْمِیْ" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔

تَشَتَّتَ وانْشَتَّ واسْتَشَتَّ. الشَّمْلُ: متفرق ہونا۔

الشَّتُّ مص۔ پراگندگی۔

اَمْرٌ (شَتٌّ وشَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اشْتَات کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَتَاتًا وَجَاءُوْا اَشْتَاتَ شَتَاتٍ" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔

شَتَّانَ مبنی علی الفتحہ اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَتَّانَ بَیْنَهُمَا وَمَا بَیْنَهُمَا وما زَیْدٌ واَخُوْهُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔

الشَّتِیْتُ مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّٰی (جیسے مَرِیْض و مَرْضٰی) ثَغْرٌ شَتِیْتٌ: چھدرے دانت۔

اناس (شَتّٰی وشُتُوتٌ) مختلف قبائل کے لوگ۔ اشیاءُ شَتّٰی مختلف چیزیں۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ اَمْرٍ شَتّٰی" وہ لوگ متفرق امور میں پڑ گئے۔

شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا. الشَّیْءَ کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا الرَّجُلَ: زخمی کرنا العینَ پلک الٹنا۔

شَتِرَ (س) شَتَرًا کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا بہ: گالی دینا۔ (وشُتِرَ) اُلٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔

شَتَّرَ عَیْنَهُ پلک الٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ قبیح باتیں سنانا۔

اِنْشَتَرَتْ. عَیْنُهُ اُلٹی ہوئی پلک والی ہونا۔

الشَّتَرُ مص۔ کٹنا۔ پلک لٹنا۔ عیب و نقص۔ الشُّتْرَةُ دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشَّتِیْرُ بہت عیب و برائی والا۔ بد خلق۔

الاَشْتَرُ اُلٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْراءُ ج شُتْر.

الشَّوْتَرةُ بڑے سرین کی عورت۔

شَتِعَ (س) شَتَعًا بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اُٹھنا۔

شَتَغَهُ (ض) شَتْغًا روندنا۔ ذلیل کرنا۔

اَشْتَغَهُ تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔

المَشَاتِغُ ہلاکتیں۔

شَتَلَ یَشْتُلُ شَتْلًا وَشَتَّلَ اَشْتَلَ (سریانی لفظ) پودے کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگانا۔ الشتلة "اشتل" کا واحد: وہ پودا جس کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگایا جائے۔ اس کو ہماری زبان میں "پنیری" بولتے ہیں۔

اَلْمَشْتَلُ بیج لگانے کی جگہ تاکہ اگنے کے بعد اس کو دوسری جگہ لگایا جا سکے۔

اَلْمَشْتُوْلُ وہ شخص جس کا لباس غیر منظم ہو۔

شَتَمَهُ (ن ض) شَتْمًا ومَشْتَمَةً ومَشْتُمَةً وتَشْتَامًا گالی دینا (شَتْمًا) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَاتَمَهُ فَشَتَمَهُ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

شَتُمَ (ک) شَتَامَةً بدصورت و کریہ المنظر ہونا۔ صفت (شَتِیْمٌ) الشَّتِیْمُ غضبناک شیر۔

شَتَّمَهُ بہت گالی دینا۔

شَاتَمَهُ باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَشَاتَمَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

تَشَتَّمَ گالی سننے کے درپے ہونا۔

الشَّتَامَةُ مص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی۔

الشَّتِیْمَةُ گالی۔ ج شَتَائِم.

الشَّتَّام والشَّتَّامَةُ برے چہرہ والا۔ بدخلق۔

الشَّتَّام والشَّتَّامَةُ بہت گالی دینے والا۔

الشَّتَامَةُ شیر غضبناک۔

شَتَنَ (ن) شَتْنًا. الثَّوْبَ کپڑے کو بننا۔ صفت (شَاتِنٌ)

الشَّثْنُ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَثْنُ الکَفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد۔

الشُّتُوْنُ بننے والا۔

شَتَا یَشْتُوْ شَتْوًا وشَتِیَ تَشْتِیَةً وتَشَتِّی تَشَتِّیًا. بالبلد: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا۔ شَتَا وتَشَتَّی المکانَ: بزمانہ سرما قیام کرنا۔ شَتَاهُ: زمانہ سرما کے لئے کافی ہونا۔

شَتَا یَشْتُوْا شَتْوًا وشُتِیَ واَشْتَی القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اُٹھانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیْءٌ یُشْتِیْنِیْ" یہ زمانہ سرما میں میرے لئے کافی ہوگی۔ شَتَا الشِّتَاءُ: سردی پڑنا۔

شَاتَی مُشَاتَاةً وشِتَاءً. الرَّجُلَ جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا۔

الشِّتَاءُ مص۔ موسم سرما۔ ج اَشْتِیَة وشُتِیّ اور نسبت کے لئے (شَتَوِیّ وشَتْوِیّ)

الشَّتْوِیُّ: جاڑے کی بارش فاکهته

الشِّتاء: آگ۔
الشِّتاء والشِّتا. قحط۔
الشَّتاۃ والشَّتوۃ. جاڑا۔ صاحب
الشَّتوۃ: وہ شخص جس کے پاس جاڑے
میں پناہ لیں۔
الشَّتِی جاڑے کی بارش۔
المَشتی والمَشتاۃ. جاڑے کا زمانہ یا
جاڑے کی جگہ۔ موسم سرما گزارنے کی
جگہ۔ ج المَشاتی.
کہا جاتا ہے ھذہ مَشاتینا ومَصایفنا
ومَرابعنا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و
ربیعی منازل ہیں۔
الشَّثُّ. چھوٹے سیب کی طرح خوشبو دار
کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت
جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے
پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال
کرتے ہیں۔ جنگلی اخروٹ۔ شہد کی کھیاں۔
پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند
رہ جائے۔ ج شِثاث. واحد (الشَّثَّۃ)
الشَّثُّ: ہر چیز کی بہت تعداد۔
شَثِرَتْ (س) شَثَرًا. عَینُہٗ: آنکھ موٹی
ہونا۔
الشِّثْرُ. پہاڑ کا کنارہ۔ ج شُثُور. قَناۃٌ
(شَثِرۃ) تیرہ [illegible] جس کے ٹکڑے ٹوٹنے
کے وقت اڑیں۔
شَثِلَتْ (س) شَثَلًا وشَثُلَتْ (ک)
شُثُولَۃً. اصابعُہٗ: موٹی ہونا۔
شَثِلُ الاصابع: سخت اور موٹی انگلیوں
والا۔
قَدَمٌ (شَثِلَۃٌ) موٹا اور سخت قدم۔
شَثِن. بمعنی شثل.
شَجَّ (ن ض) شَجًّا. الرَّاس: زخمی کرنا۔
توڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یَشُجُّ مَرَّۃً
ویَاسُو مَرَّۃً"، فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی
درست کرتا ہے۔ شَجَّ المفازۃ: بیابان
طے کرنا۔
المرکبُ البحرَ: جہاز کا سمندر کو
پھاڑنا۔
الشَّراب بالماء: ملونی کرنا۔ کہا جاتا ہے
"شَجَّ الأرض براحلتہ" یعنی بہت تیز
چلایا۔
شَجَّ (س) شَجَجًا. سر میں زخم یا نشان
زخم والا ہونا۔ صفت (اَشَجّ و شَجِیج) ج
شَجّی و (مَشْجُوج ومُشَجَّج)
الشَّجِیج. المِشْجَج: مینخ۔ کھونٹی۔
شَجَّجَہٗ. سر کو بہت زخمی کرنا۔ شَجَّجَ
علیَ الامر: پختہ ارادہ کرنا۔
شاجَّ مُشاجَّۃ وشِجاجًا وتَشاجَّ.
القَوْمُ: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔
الشَّجاج فضائے آسمانی۔
الشَّجَّۃ. سر کا زخم۔ ج شِجاج.
الشَّجَج س۔ پیشانی میں زخم کا نشان۔
الشَّجّاج. سر کو بہت زخمی کرنے والا۔
شَجَبَہٗ (ن) شَجْبًا. ہلاک کرنا۔ غمگین
کرنا۔ کھینچ کر مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے
"اِنَّکَ لَتَشْجُبُنی عَنْ حاجَتی" تو مجھ کو
میری حاجت سے مشغول رکھتا ہے
"شَجَبَ الفُنَیْنَۃَ بِشِجابٍ" اس نے
شیشی میں ڈاٹ لگائی۔
شَجَبَ (ن) شَجْبًا وشُجُوبًا وشَجِبَ
(س) شَجَبًا. ہلاک ہونا۔ مرنا۔ غمگین
ہونا۔ صفت (شَجِبٌ وشاجِبٌ) الشَّیُٔ:
جانا۔
شَجَبَ (ن) شَجِیبًا. الغُرابُ: کوے کا
جدائی کے لئے آواز کرنا۔
اَشْجَبَہٗ. غمگین کرنا۔
تَشاجَبَ. الشَّیُٔ: خلط ملط ہونا۔ بعض کا
بعض میں داخل ہونا۔
تَشَجَّبَ غمگین ہونا۔
الشَّجْبُ س۔ حاجت۔ غم۔ ستون خانہ۔
مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنا
لیں۔ ج شُجُوب واَشْجاب.
الشَّجَب س۔ رنج و تکلیف جو مرض یا
قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ ج شُجُوب.
الشّاجِب. بہت بک بک کرنے والا۔
مِنَ الغِرْبان: بہت کائیں کائیں کرنے والا
کوا۔
الشِّجاب. شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج
شُجُب (والشُّجُب والمِشْجَب) لکڑی
کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے
جاتے ہیں۔
الشَّجْباء. مشک۔
الشَّجْذَۃ. نرم بارش۔
المِشْجاذ. گوپھن۔
شَجَرَ (ن) شَجْرًا. الشَّیَٔ: باندھنا۔
فُلانًا: علیحدہ کرنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے
"ما شَجَرَکَ عَنْ کَذا" تم کو فلاں سے
کس چیز نے روکا الرَّجُلَ بالرُّمح: نیزہ
مارنا فَمَہٗ: لکڑی سے کھولنا الدّابۃ: جانور
کو ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں
تک کہ منہ کھول دے الشَّجَرۃ: درخت
کے بعض حصے کو پکڑنا البَیْتَ: ستون لگانا۔
النَّبات: جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اٹھانا۔
شَجَرَ (ن) شَجْرًا و شُجُورًا. بَیْنَھُم
اَمْرٌ: مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے
"شَجَرَ مابَیْنَھُمْ" باہم جھگڑنا۔
شَجِرَ (س) شَجَرًا. الرَّجُلُ: بہت
جمعیت والا ہونا۔
شَجَّرَ. النَّباتُ: درخت ہو جانا النَّخْلَ:
ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر
رکھنا۔
شاجَرَہٗ مُشاجَرۃ. جھگڑا کرنا الماشِیَۃُ:
گھاس وغیرہ ختم ہو جانے سے درخت کے
پتوں پر گزارہ کرنا الماشِیَۃَ: جانوروں کو
درخت چرانا۔
اَشْجَرَ. المکانُ: درخت اگانا۔
تَشاجَرَ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم
جھگڑا کرنا۔ تَشاجَرُوا بالرِّماحِ: باہم نیزہ
بازی کرنا الشَّیُٔ: بعض کا بعض میں داخل
ہونا۔
اِنْشَجَرَ. جلدی سے چھٹکارا پانا نَوْمُہٗ: نیند

کا دور ہونا۔
اِشتَجَر. القَومُ: باہم جھگڑنا۔ الرَّجلُ: آگے بڑھنا۔ جلدی سے چھٹکارا پانا۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا اور اسی سے ہے "باتَ مُرتَفِقًا مُشتَجِرًا"
نَوْمُه. نیند کا دُور ہونا۔
الشَّجَر. درخت۔ ج اَشجَار وشَجْرَاء. واحد (شَجَرَةٌ) شَجَرَاتٌ. شَجَرَةُ النَّسَبِ: جس میں مورث اعلیٰ سے لے کر اولاد در اولاد تک کا بیان ہو۔ الشَّجَرَةُ المَلْعُوْنَةُ: تھوہر کا درخت۔ شَجَرَةُ الحَیَاتِ اَوْشَجَرَةُ مَعْرِفَةِ الخَیرِ مِنَ الشَّرِّ: وہ درخت جس کا پھل کھانے سے حضرت آدمؑ کو جنت میں اللہ تعالیٰ نے منع کیا تھا۔
نَبَاتٌ خَشَبِیٌّ: دراز قد پودے (درخت) قدرتی جنگلات میں یا خود بوئے گئے ان میں سے ایک قسم ہمیشہ سرسبز یا موسم کی وجہ سے ان کے پتے گر جاتے ہیں۔زیادہ تر لکڑی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔ اور کچھ خوبصورتی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔
شَجَرُ المَطَّاطِ: ربڑ کا درخت جو کہ لمبا ہوتا ہے خاص کر جنوب مشرق ایشیاء میں۔
شَجَرَةُ الخُبزِ: وہ درخت جس کے بڑے بڑے پھل ہوتے ہیں ان کو کوٹ کر پیس کر روٹی پکائی جاتی ہے۔
شَجَرُ الزَّنْبَقِ: وہ درخت جس کے پھول خزامی پودے کی طرح خوبصورت اور خوشبو دار ہوتے ہیں۔ اس کے چھلکے صحت افزاء ہوتے ہیں۔
الشِّجَر درخت۔ شجر میں ایک لغت ہے۔
الشَّجْر. س۔ مختلف فیہ امر۔ ٹھوڑی یا دونوں جبڑوں کے درمیان کا حصہ۔ منہ کا وہ حصہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ ج اَشجار وشُجُوْرٌ وشِجَارٌ. الحُرُوفُ الشَّجَرِيَّةُ: ش ض ج۔ اور بقول بعض۔ ش ج ق ک ی۔

اَلشَّجْرُ منہ کھلنے کی جگہ
اَلْحُرُوْفُ الشَّجْرِیَّةُ جو کہ منہ کھلنے کی جگہ سے ادا ہوں وہ شین۔ ضاد اور جیم ہیں۔
الشَّجْرَةُ اسم مرۃ۔ چاہ زنخداں۔
مَکَانٌ (شَجِرٌ وشَجِیْرٌ واَشْجَرُ ومُشْجِرٌ) درختوں والی یا بہت درختوں والی جگہ۔ مؤنث شَجِرَةٌ وشَجِیْرَةٌ وشَجْرَاءُ ومُشْجِرَةٌ.
الشَّجْرَاءُ گنجان درخت۔ گنجان درختوں والی زمین اور اس کے مقابلہ میں مردار ہے۔ یعنی وہ زمین جس میں درخت نہ ہوں۔ اور اس سے ہے "قَطَعْتُ کُلَّ شَجْرَاءَ ومَرْدَاءَ" میں نے ہر قسم کی گنجان درختوں والی اور چٹیل زمین طے کی۔
الشِّجَار والشَّجَار. ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ الشِّجَار: دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی۔ تھوتھنی یعنی لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔ کنوئیں پر کی لکڑی۔ اونٹ کا داغ۔ ج شُجُرٌ.
الشَّجِیْر. تلوار۔ اجنبی اونٹ یا آدمی۔ بُرا ساتھی۔
الشَّجَّار. درختوں کا ماہر۔ ج شَجَّارُوْنَ.
الشَّوَاجِر. مشغول رکھنے والی چیزیں۔ مَوَانِع. رِمَاحٌ شَوَاجِر: ایسے نیزے جن کے گھاؤ مختلف جگہ ہوں۔
المَشْجَر والمِشْجَر. ہودہ کی لکڑی؛ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ المَشْجَر: درخت کی جگہ۔ المِشْجَر: لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے یا پھیلائے جاتے ہیں۔ ج مَشَاجِر.
مَکَانٌ (مُشْجِرٌ) بہت درختوں والی جگہ۔
ثَوْبٌ (مُشَجَّرٌ) درخت کی طرح نقش و نگار سے مزین کپڑا۔ اہل چین کی تحریر کو بھی مُشَجَّر کہتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ بھی درخت کی طرح ہوتی ہے۔
شَجُعَ (ک) شَجَاعَةً. دلیر و بہادر ہونا۔

شَجَعَ (ن) شَجْعًا دلیری و بہادری میں غالب ہونا۔
شَجِعَ (س) شَجَعًا. لمبا ہونا۔ صفت (اَشْجَعُ) مؤنث شَجْعَاءُ.
شَجَّعَهُ. قوی دل بنانا عَلَى الاَمْرِ: جرأت دلانا۔
شَاجَعَهُ دلیری میں مقابلہ کرنا۔
تَشَجَّعَ. بہادر بننا۔ بتکلف دلیری ظاہر کرنا۔
الشُّجَاع والشَّجَاع والشِّجَاع. دلیر۔ بہادر۔ جری۔ ج شُجْعَان وشِجْعَان وشِجَاع وشُجَعَا وشُجْعَةٌ وشَجْعَة وشِجْعَة وشَجَعَة.
الشُّجَاع والشِّجَاع ایک قسم کا سانپ۔ ج شَجْعَاع وشِجْعَان واَشْجِعَة.
رَجُلٌ (شَجْعَةٌ وشُجْعَةٌ) عاجز بزدل مرد۔ بے ڈول لمبا۔
الاَشْجَع. اسم تفضیل۔ بہادر۔ مؤنث. شَجْعَاء. ج شُجْع. شیر لمبا۔ آگے بڑھنے والا اونٹ۔ ایک قسم کا سانپ۔ زمانہ۔
الاَشْجَع والاِشْجَع. انگلی کی جڑ جو ظاہر کف کے پیچھے سے ملی ہوتی ہے یا ہتھیلی کی پشت کی رگ۔ ج اَشَاجِع.
الشَّجِع. بہادر۔ دیوانہ اونٹ۔ جَمَلٌ شَجِعُ القَوَائِمِ: جلدی قدم اٹھانے والا اونٹ۔
الشَّجِیْع. دلیر۔ بہادر۔ ج شُجْعَانٌ شِجَاعٌ وشُجَعَاءُ واَشجعةٌ. مؤنث شَجِیْعَةٌ. ج شَجَائِعُ وشِجَاعٌ وشُجُعٌ.
الشُّجُع. درخت کی جڑیں۔
الشَّجَاعَةُ. دلیری۔ بہادری۔ خوف کے وقت دل کی مضبوطی۔
المُشْجَع. انتہائی پاگل۔
الشَّجَم. ہلاکت۔
الشُّجُم. لمبی اور بڑی مصیبتیں۔
شَجَنَ (ن) وشَجُنَ (ک) شَجْنًا وشُجُوْنًا. غمگین ہونا۔ صفت (شَاجِنٌ)

شَجَنَهٗ (ن) شَجْنًا وشُجُوْنًا وشَجَّنَه۔ غمگین کرنا۔
شَجَنَتْ (ن) شُجُوْنًا. الحمامَةُ: کبوتر کا غم کے ساتھ نوحہ کرنا۔
اَشْجَنَهٗ. غمگین کرنا۔ اَشْجَنَ الکَرْمُ: انگور کے درخت کا پیچیدہ اور اُلجھی ہوئی شاخوں والا ہونا۔
تَشَجَّنَ. حرکت کرنا۔ غمگین ہونا الاَمْرَ: یاد کرنا الشَجَرُ: درخت کا گنجان ہونا۔
الشَجْنُ. س۔ الشَجْنُ. ج شُجُوْنٌ و (الشَاجِنَةُ. ج شَوَاجِنُ) وادی کا راستہ یا وادی کے بالائی حصّہ کا راستہ۔
الشَجَنُ. س۔ غم۔ اندوہ۔ خواہش نفس۔ ج شُجُوْنٌ واَشْجَانٌ. (الشَجن والشِجْنة والشَجْنَة. والشُجْنَةُ) اُلجھی ہوئی پیچیدہ ٹہنی۔ ہر چیز کی شاخ۔ کہتے ہیں "الحدیْثُ ذُوْشُجُوْن" یعنی بات میں بات نکلتی ہے۔ الشِجْنَةَ: پہاڑ کا شگاف۔ شِجْنَةٌ وشُجْنَةٌ کی جمع شِجْنٌ وشَجْنٌ وشِجَنَاتٌ وشُجْنَاتٌ وشُجُنَاتٌ.
شَجَا (ن) شَجْوًا واَشْجٰی اِشْجَاءً. الرَجُلَ: غمگین کرنا۔ خوش کرنا (ضد) برانگیختہ کرنا۔ اَشْجَی الغَرِیْمَ او السَائِلَ: قرض خواہ یا سائل کو اس کی خواہش کے مطابق دینا۔
شجِی (س) شَجًا. غمگین ہونا بالشجا: حلق میں ہڈی پھنس جانے سے گھٹنا اور اسی سے ہے "عَلَیْكَ بِالْكَظْمِ وإنْ شَجِیْتَ بالعَظْمِ" اگر تمہارے حلق میں ہڈی پھنس جائے تو اپنے اوپر بردباری کو لازم جانو۔ شَجِیَ الغَرِیْمُ عَنْهُ: جانا۔
تَشَاجَی. حزن و ملال ظاہر کرنا۔
الشَجَا. س۔ ہڈی وغیرہ جو حلق میں پھنس جائے۔ غم واندوہ۔
الشَجْوُ. س۔ غم۔ اندوہ۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عِنْدی شَجْوٌ" اس کی مجھ سے ایک حاجت ہے۔ گریہ و زاری کا ایک دور۔ کہا جاتا ہے "بکی فُلانٌ شَجْوَه" و "بَکَتِ الحمامَةُ شجْوَها"
الشَجِی الشَجِّی. غمگین۔ فکر مند۔ مؤنث شَجِیَةُ و شجیَّة اور نسبت کے لئے (الشَجْوِیُّ) مَفَازَۃٌ (شَجْواء) دشوار گزار بیاباں۔
شَحَّ (ن ض س) شَحًّا وشِحًّا وشُحًّا. بالشَیْءُ وعَلَی الشَیْءِ: بخل کرنا۔ حرص کرنا۔
شَاحَّ. بالشَیْءِ عَلَی فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کا بخل کرنا ٥: کسی سے جھگڑا کرنا۔ اسی سے ہے "لا مُشَاحَّةَ فِی الاَمْرِ" یعنی معاملہ بالکل صاف ہے اس میں کوئی مناقشہ اور جھگڑا نہیں۔
شَاحَّ. القَوْمُ عَلَی الاَمْرِ وفِیْهِ: کسی چیز میں باہم بخل کرنا۔ تَشَاحُّوْا عَلَی الشَیْءِ: اپنے لئے اختیار کرنے کا ارادہ کرنا۔ تَشَاحَّ الخَصْمَانِ فِی الجدَلِ: ہر ایک کا غالب ہونے کا ارادہ کرنا۔
الشَحُّ. س۔
الشحِیْح. بخیل۔ حریص۔ ج شِحَاح و اَشِحَّة واَشِحَّاءُ. مؤنث شَحِیْحَةٌ. ج شَحَائِحُ. اِبِلٌ شَحَائِحُ. کم دودھ والی اونٹنیاں۔
الشَحَاحُ. بخیل۔ حریص۔ الشَحَاحُ مِنَ الاَرْضِ: وہ زمین جو بغیر زیادہ بارش کے پانی نہ بہائے۔ زَنْدٌ شَحَاحٌ: چقماق جو آگ نہ دے "مَاءٌ شَحَاحٌ" تھوڑا پانی جو زمین کو نہ ڈھکے۔
شَحَبَ (ف ن) و شَحُبَ (ک) وشَحِبَ شَحُوْبَةً وشُحُوْبًا. لَوْنُهٗ: بھوک یا مرض وغیرہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔
الشَاحِب. فا. لاغر یا رنگ بدلا ہوا اور کہا جاتا ہے "شَاحِبُ اللَّوْنِ" جیسے کہا جاتا ہے "شَاحِبُ الجِسْمِ"
شَحَثَ (ف) شَحْثًا. المُدْیَةَ: چھری تیز کرنا۔
شَحَجَ (ف ض) شَحِیْجًا وشُحَاجًا وتَشْحَاجًا وتَشَحَّجَ. البَغْلُ او الغُرَابُ: خچر کا ہنہنانا۔ کوے کا کائیں کائیں کرنا۔
الشَحَّاج والمِشْحَج والشَاحِجُ. گورخر۔ بَنَاتُ شَحَّاجٍ وبَنَاتُ شَاحِجٍ: خچریں۔
شُحَاجُ. البَغْلِ اَوِالغُرَابِ و (شَحِیْجُهُمَا) خچر یا کوّوں کی آواز۔
الشَوَاحِج. کوّے۔
شَحَذَ (ف) شَحْذًا. السِکِّیْنَ ونَحْوَهٗ: چھری تیز کرنا۔ صفت مفعولی (شَحُو ذوشَحِیْذ)
٥ ببَصَرِہٖ: گھورنا ٥ بعَیْنِه: نظر بد لگانا۔ الجُوْعُ مِعْدَتَهٗ. سخت بھوک لگنا۔ فِی التَسَوُّلِ: مانگنے میں بہت اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَشْحَذُ النَاسَ" وہ لوگوں سے اصرار سے مانگتا ہے عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔ الدَابَةَ: جانور کو تیز ہانکنا (وتَشَحَّذَهٗ) ہٹانا۔ دھتکارنا وتَشَحَّذَ الرَجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
اَشْحَذَ. السِکِّیْنَ: چھری تیز کرنا۔
شَاحَذَہ. تلوار وغیرہ تیز کرنے میں مشابہت کرنا۔
الشَحَّاذُ. گداگر۔ سائل۔ ج شَحَاحِذَة (الشِحَاذَة) گداگری کا پیشہ۔
الشَحْذَان والشَحَذَان. بھوکا۔ ہانکنے والا۔ ہلکا چلنے والا۔
رَجُلٌ (شُحْذُوْذٌ) تیز اور غصہ کے وقت طیش میں آنے والا۔
المِشْحَذُ. چھری وغیرہ تیز کرنے کا سامان؛ تیز ہانکنے والا۔
المِشْحَاذُ. ٹیلہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج مَشَاحِیْذ.
المَشْحَذَةُ. وہ چیز جو باعث تیزی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الکَلَامُ مَشْحَذَةٌ لِلْفَهْمِ"

یہ کلام سمجھ کے لئے باعث تیزی ہے۔

شَحَرَ (ف) شَحْرًا منہ کھولنا۔

الشَحْر س۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بطن وادی (والشِحْر) کنارہ۔ ساحل۔

شَحْرِ عمَّان وشِحْرِ عمَّان: عمان اور عدن کے درمیان کا ساحل۔

الشِحْرۃُ. تنگ ساحل۔

الشَحْرُوْر: کالے رنگ کا چڑیا سے بڑا ایک خوش آواز پرندہ۔ ج شَحارِیْر اور اس کو (شُحْوُر) بھی کہا جاتا ہے۔

شَحِزَ (س) شَحزًا گھبرانا۔ ڈرنا۔

شَحِزَ (ف) شَحزًا: جماع کرنا۔

شَحْشَحَ. البعِیْرُ: اونٹ کا آواز کو پھرانا الطائِرُ: پرندہ کا جلدی سے اُڑنا چوکنا رہنا الصُرْد: آواز کرنا۔

الشَحْشَح والشَحْشاحْ. بے برکت۔ بخیل۔ بدخلق۔ ہمیشگی کرنے والا۔

الشَحْشَحْ. وسیع بیابان۔ بہادر مرد۔ غیرت دار۔ خوش بیان لیکچرار۔

الشَحْشَحان. بخیل۔ غیرت دار۔ لمبا۔

المُشَحْشِحُ والمُشَحْشَحُ. بے برکت۔

اَشْحَصَہٗ. تھکانا مِنَ المَکانِ و (شَحَّصَہٗ) عَنْہُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ جلا وطن کرنا۔

شَحَطَ (ف) شَحْطًا وشَحَطًا وشُحُوْطًا ومَشْحَطًا. الاِناءَ: برتن بھرنا اللبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا العَقربُ الرجُلَ: بچھو کا ڈسنا الطائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا فُلانًا: سبقت لے جانا (وشحِط (س) شَحطًا) المَکانُ: دور ہونا۔

شَحَطَ وشحِطَ الجَمَلَ. اونٹ کو ذبح کرنا۔

شُحِطَ. بالدمِ: خون سے لتھڑنا۔

شَحَّطَہٗ. خون میں لتھیڑنا۔

اَشْحطہٗ. دور کرنا۔

تَشَحَّطَ. بالدمِ: خون سے لتھڑنا۔

الشَحْط س۔ خون میں لت پت ہونا۔ پرندہ کی بیٹ (والمِشْحط) انگور کی ٹہنیوں کو اٹھانے کا تھم۔ عوام اس کو (مَسْمُوْك) کہتے ہیں۔

الشَّحاطَۃُ: جوتی کی ایک خاص قسم جس کو گھروں میں پہنا جاتا ہے۔

الشَاحُوْطَۃ: وہ آلہ جس کے ساتھ پتھروں میں سوراخ کئے جاتے ہیں۔

شَحِطَ یشحط علی الارضِ: کھینچنا۔ (سریانی)

شَحطَ عُودُ الثقاب باریک لکڑی جلانا۔

مَنزلٌ (شَاحِطٌ) دور کی منزل۔

الشَحَّاط دور۔

شَواحِطُ. الاودیۃ: دور کی وادیاں۔

الشَوْحَطۃ. لمبی گھوڑی۔

شَحَكَ (ف) شَحْكًا. الجدیَ: بکری کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔

الشِحَاكُ. تھوتھنی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔

شَحَلَ. الکرْمَ: انگور کی بیل تراشنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔ فصیح قضب ہے۔

شَحَمَہٗ (ف) شَحْمًا چربی کھلانا۔

شَحُمَ (ک) شَحامۃً. بہت چربی دار ہونا۔ صفت (شَحِم)

شَحِمَ (س) شَحمًا. چربی کی خواہش کرنا۔ صفت (شَحِم)

شَحِمَتْ (س ن) شُحُوْمًا. الناقۃُ: لاغری کے بعد موٹی ہونا۔

اَشْحَمَ. بہت چربی والا ہونا (وشَحَّمَ) القَوْمَ: چربی کھلانا۔

الشَحْم. چربی۔ ایک ٹکڑے کو (شَحْمَۃ) کہتے ہیں۔ ج شُحُوْمٌ

الشاحِمُ والشَحّامُ. چربی بیچنے والا۔

الشَحَّام. بہت چربی کھلانے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شاحِمٌ لاحِمٌ"، چربی دار پر گوشت مرد یا لوگوں کو بہت چربی کا گوشت کھلانے والا۔

الشَحْمَۃ. چربی کا ٹکڑا۔ شَحْمَۃ الارْضِ. کیچوا۔ سانپ کی چھتری۔ شَحْمۃ الارْضِ وشَحْمَۃُ الرمل: گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو زمین یا ریت میں گھس کر رہتا ہے العَیْن: آنکھ کا غلہ۔ شَحمۃ الاُذُن: کان کی لو شَحْمَۃُ الرُمّان: انار کے اندر کا باریک چھلکا المرْج: خطمی اور امثال میں سے ہے "ما کُلُّ بیضاء شَحْمَۃٌ ولا کُلُّ سوداء تمرۃٌ" ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایک صفت میں مشابہت اور بقیہ صفات میں مغائرت ہو۔

الشَحِم. تھوڑے رس کا انگور۔ چربی کا حریص۔

الشَحِم. اکڑ۔

الشَحِیْم. موٹا۔

الشَحِیم والشَحِیمۃ. سریانیوں کے فرائض نماز کی کتاب (کلمہ سریانیہ ہے)

المُشَحَّم والمُشحِم. گھر میں بہت چربی رکھنے والا۔

المُشَحَّم والمَشْحُوم. چربی کی بنی ہوئی چیز۔

شَحَنَ (ف) شَحنًا. السفینۃَ: کشتی پر لادنا المدینۃَ بالخیلِ: بھرنا الرجلَ: دھتکارنا۔ دور کرنا۔

شَحَنَ (ف ن) وشحِن (س) شَحنًا. الکلابُ: کتوں کا دور تک جانا اور شکار نہ کرنا۔

شَحِنَ (س) شَحنًا. علیہ: کینہ رکھنا۔

اَشْحَنَ. المکانَ: بھرنا السیفَ: میان میں کرنا۔ سونتنا (ضد) لہ بسھمٍ: تیر مارنے کے لئے تیار کرنا الصبیُّ: رونے کے لئے آمادہ ہونا۔

شاحنَہٗ. بغض و عداوت رکھنا۔ دشمنی کرنا۔

الشَحْنُ. جہاز پر یا ریل گاڑی یا ٹرک پر مال

ڈالنا- اَلسَّیارَۃ الشَّاحِنَۃ:ٹرک
اَلشَّاحِنَۃ ج شَاحِنَات :ریل مال گاڑی کے لوڈ والے ڈبے- ریل گاڑی کے سواری والے ڈبے- اس کو قافلہ بھی بولتے ہیں-
تشَاحَنُوْا. ایک دوسرے سے بغض رکھنا-
الشَّحْناء. بغض- کینہ- دشمنی- عداوت-
الشَّحْنَہ. عداوت- دشمنی- کشتی بھرنے کی چیز- شحْنَۃُ البلدِ: پولیس- کوتوال- سواروں کی جماعت کا ایک دستہ- کہا جاتا ہے "بالبلد شحْنَۃٌ مِن الخَیلِ "شہر میں سواروں کی جماعت کا ایک دستہ ہے-
الشِّحْنَۃ: چارپایوں کے لئے ایک دن رات کا چارہ- ج شِحَنٌ. مَرْکَبٌ (شاحِنٌ) بھری ہوئی سواری-
المُشَاحِنُ. فا. عَدُوٌّ مُشَاحِنٌ: بہت سخت دشمنی کرنے والا دشمن-
ش ح یَشْحُوْ ویشحا شَحْوًا. الرَّجُلُ: مُنہ کھولنا اللِجامُ فم الفرس :کھولنا-
شَحَا الرَّجُلُ: قدم کو دور دور رکھنا الفَمُ: کھلنا-
اَشحی. فاہ :کھولنا-
شَحیّ تَشْحِیَۃً. فُوْہٗ :منہ کھلنا-
تَشَحّی. عَلَیْہ :زباں درازی کرنا-
الشَّحاءُ. وسیع- کشادہ- چوڑا-
الشَّحْوُ. جوف-
الشَّحْوَۃُ. اسم مرۃ- قدم- کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَعِیْدُ الشَّحْوَۃ" دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا- "رَجُلٌ بَعِیْدًا لشحوۃ فِیْ مَقاصِدِہٖ" اپنے مقاصد میں عالی ہمّت مرد-
الشَّحواء. چوڑا کنواں-
شَحِی یَشْحٰی شَحْیًا. ایک لغت ہے-
شحا وادی میں-
شخَ(ن) شَخًا. پیشاب کرنا فِیْ النَّوْمِ: خراٹے لینا اللَّبنُ: دوھنے کے وقت آواز نکلنا-
شخب (ف ن) شَخْبًا ومَشْخبًا. اللّبنَ: دوھنا اللّبنُ: بہنا اَوْدَاجُ القَتِیْلِ دمًا: مقتول کی رگوں سے خون جاری ہونا-
اِنْشَخَبَ. دوھا جانا-
الشِّخابُ. تازہ دودھ-
الشَّخْبُ. س. خون (الشُّخْبُ) دودھ کی دھار- واحد (الشُّخْبَۃُ) ج شِخَاب.
الاُشْخُوب. تھن سے دودھ نکلنے کی آواز- ج اشاخِیب.
دَوَج (شَخِیْبٌ) خون پھینکنے والی رگ-
الشِّنْخاب والشُّنْخُوبُ والشُّنْخُوبَۃُ. پہاڑ کی چوٹی- ج شناخِیْبُ.
شَخُتَ (ک) شُخُوْتَۃً. دُبلے جسم والا ہونا- صفت (شَخْت و شَخِت) ج شِخَات کہا جاتا ہے "ھُوَ شَخْتُ الخُلُقِ" وہ ادنٰی اخلاق والا ہے- و "ھُوَ شَخْتُ العَطاءِ" وہ کم داد ودہش والا ہے- "ھُوَ شَخْتُ الجُزارَۃِ" وہ باریک ٹانگوں والا ہے-
شَخَتَہٗ. الیہ. پہچانا-
الشَّخْتُ والشَّخِّیْتُ والشَّخِیْتُ والشِّخْتِیْت. بلند غبار-
الشَّخْتُوْر والشَّخْتُوْرَۃ. ڈونگی- جس میں ایک ہی آدمی سوار ہو-
شَخَرَ (ض) شَخِیْرًا. حلق یا ناک سے آواز نکالنا-
شخر (ض) شَخِیْرًا وشَخْرًا. الفَرَسُ او الحمارُ. گھوڑے کا ہنہنانا- یا گدھے کا رینکنا-
شَخَّرَ. الحِلْسَ. کجاوہ باندھنے کیلئے جانور کی پیٹھ سے ٹاٹ یا کمبل اُٹھانا النخلۃَ: ٹوٹنے کے خوف سے کھجور کے گچھوں کو ٹہنی پر رکھنا-
الشَّخْرُ. س. مِنَ الشَّبابِ: ابتداء جوانی مِنَ الرَّحْلِ: کجاوہ کے اگلے اور پچھلے حصّہ کی درمیانی جگہ-
الشَّخِیْر. س. پہاڑ کا وہ حصّہ جو قدموں سے لگ کر گرے-
الشِّخِّیْر. بہت خراٹے لینے والا-
شَخَزَ (ف) شَخْزًا. مضطرب ہونا- عَلَیْہِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا ہٗ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا بَیْنَھُمْ: اکسانا اور فساد ڈالنا-
تَشَاخَزَ. القَوْمُ: باہم بغض رکھنا-
الشَّخْزُ. س. رنج و مشقت کی شدت-
شَخَسَ (ف) شَخْسًا. الرَّجُلُ: مضطرب ہونا الحمارُ: گدھے کا جمائی کے وقت مُنہ کھولنا-
اَشْخَسَ. الرَّجُلَ وبہٖ: غیبت کرنا-
اَشْخَسَ لَہٗ فِی المَنْطِقِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا-
شَاخَسَ. اَمْرُ الْقَوْمِ: مختلف ہونا- الحِمارُ: لید سونگھنے کے بعد سر اُٹھا کر مُنہ کھولنا-
تَشاخَسَ. الحِمارُ: بمعنی شَخَسَ او شَاخَسَ اَسْنانُہٗ: بڑھاپے کی وجہ سے گر گر کر یا جھک کر بے ترتیب ہونا اَمْرُھُمْ: تباہ و پریشان ہونا-
الشَّخِیْسُ. حکم کے خلاف کرنے والا- امر متفرق-
شَخْشَخَ. ببَوْلِہٖ: دور تک پیشاب کی دھار گرانا- صفت (شُخْشاخٌ)
شَخْشَخَتِ النّاقَۃُ: بیٹھے ہوئے سینہ اُٹھانا-
الشَّخْشَخَۃُ. س. ہتھیار کی جھنکار- کاغذ یا نئے کپڑے یا خشک چیز کی آواز-
شَخَصَ (ف) شُخُوْصًا. الشَّیُٔ: بلند ہونا عَنْ قَوْمِہٖ اَوْ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ: جانا- کوچ کرنا اِلَیْھِم: واپس آنا- لوٹنا النَّجْمُ: ستارہ کا طلوع ہونا السَّھْمُ: تیر کا نشانہ سے اوپر اوپر نکل جانا الجُرْحُ: سوجنا ورم کرنا بَصَرُہٗ: ٹکٹکی لگانا-
المَیِّتُ بَصَرَہٗ وبِبَصَرِہٖ: میت کی نگاہ کا کھلا رہ جانا-
شُخِصَ. بِہٖ: کسی امر کے لاحق ہونے

سے بے قرار ہونا۔
شَخَصَ (ک) شَخَاصَةً. موٹا ہونا۔
شَخَّصَ. الشَّیْءَ: تعین کرنا۔ تمیز کرنا اور اسی سے اطباء کے نزدیک تشخیص امراض ہے۔
اَشْخَصَهٗ. بے آرام کرنا۔ بے قرار بنانا۔
اَشْخَصَ الرَّجُلُ: جانے کا وقت قریب قریب ہونا بِهٖ: غیبت کرنا لَهٗ فِی الْمَنْطِقِ واَشْخَصَ اِلَیْهِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا ہ: اِلٰی قَوْمِهٖ: واپس کرنا۔ لوٹانا الرَّامِی: نشانہ سے ہٹ کر بلند پڑنا یا ڈالنا۔ (لازم و متعدی)
تَشَخَّصَ. معین ہونا۔ ممیز ہونا لَهٗ: کسی شخص کی صورت دکھائی دینا۔
تَشَاخَصُوْا. باہم اختلاف کرنا۔
الشَّخْصُ. جسم انسانی وغیرہ جو دور سے دکھائی دے۔ ج اَشْخُصٌ واَشْخَاصٌ وشُخُوْصٌ.
الشَّخِیْصُ. جسیم۔ مؤنث شَخِیْصَةٌ. سردار مِنَ الْمَنْطِقِ: ترش روئی سے گفتگو کرنے والا۔
شَخَلَ (ف) شَخْلًا. الشَّرَابَ: صاف کرنا النَّاقَةَ: دوہنا۔
شَاخَلَهٗ. خالص دوستی کرنا۔
الشَّخْلُ والشَّخِیْلُ. خالص دوست۔
المِشْخَلُ والمِشْخَلَةُ. چھننا۔
المَشْخَلَبَةُ. موتی کے مشابہ سفید مہرہ۔ ایک زیور کا نام جو درخت خرما کی چھال اور مہرہ سے بناتے ہیں اور کبھی اس لڑکی کو بھی مَشْخَلَبَة کہتے ہیں جو اس زیور کو استعمال کرے۔
شَخَمَ (ن) وشَخِمَ (س) وشَخُمَ (ک) شُخُوْمًا وشَخْمًا واَشْخَمَ. الطَّعَامُ او اللَّحْمُ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت (شَخِمٌ) الفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشْخَمَ الرَّجُلُ: رونے کے لئے تیار ہونا۔

شَخَّمَ. الطَّعَامَ: خراب کرنا۔
الطَّعَامُ: خراب ہونا الفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔
اِشْخَامَّ. النَّبْتُ: خشک و تر گھاس کا آپس میں مل جانا۔
شَعْرٌ (اَشْخَمُ) سفید بال۔ رَوْضٌ اَشْخَمُ: بے نباتات کے باغ۔ عَامٌ اَشْخَمُ: خشک سال جس میں نہ پانی ہو نہ چراگاہ۔
الشُّخُمُ. وہ لوگ جن کی ناک خوشبو یا بدبو سے بند ہوگئی ہو۔
الشَّخَا. شورہ زار۔
شَدَّ (ض ن) شَدًّا. الرَّجُلُ: دوڑنا۔ النَّهَارُ: بلند ہونا عَضُدَهٗ: قوی کرنا۔ الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔ باندھنا۔ کسنا اور اسی سے ہے "شَدُّ الرِّحَالِ" اور یہ کنایہ ہے سفر سے عَلٰی یَدِهٖ: اعانت کرنا۔ تقویت پہنچانا۔ اور کہا جاتا ہے "لَا اَمْلِكُ شَدًّا وَلَا اِرْخَاءً" یعنی میں کسی چیز پر قادر نہیں۔
شَدَّ (ض ن) شَدًّا وشَدَّةً وشُدُوْدًا عَلَی العَدُوِّ: دشمن پر حملہ کرنا۔
شَدَّ (ض) شِدَّةً. قوی ہونا۔
شَدَّدَهٗ. قوی کرنا۔ شَدَّدَ الضَّرْبَ: بہت مارنا عَلَیْهِ: تنگی کرنا الحَرْفَ: تشدید لگانا الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔
شَادَّهٗ. فِی الْاَمْرِ: غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جھگڑنا۔ سختی کرنا۔ اَشَدَّ. عقل یا عمر کی پختگی کو پہنچنا۔ مضبوط چوپایہ والا ہونا۔
تَشَدَّدَ. قوی ہونا۔ کسی کام میں سختی کرنا۔
اِشْتَدَّ. قوی ہونا فِی السَّیْرِ: تیز دوڑنا۔ عَلٰی قِرْنِهٖ فِی الحَرْبِ شِدَّةً: حملہ کرنا۔ عَلَیْهِ المَرَضُ: تیز ہونا۔ بڑھنا۔
تَشَادَّ. الشَّیْءُ: مضبوط ہونا۔
الشَّدُّ. س۔ شَدُّ النَّهَارِ: دن چڑھنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا شَدَّ النَّهَارِ وفِی شَدِّ النَّهَارِ" وہ دن چڑھنے کے وقت ہمارے پاس آیا۔ اور "شَدُّ الرِّحَالِ" کنایہ ہے سفر سے۔
الشَّدَّةُ. شَدَّ کا اسم مرۃ۔ لڑائی کا حملہ۔
الشِّدَّةُ. اشتداد کا اسم ہے۔ سختی۔ تنگی۔ ج شِدَد. والشِّدَّةُ: مصیبت۔ ج شَدَائِد
شِدَّةُ الْاَرْضِ: زمین کی سختی۔
الشُّدّٰی. سختی۔
الشَّدِیْدُ. بہادر۔ قوی۔ بلند۔ مضبوط۔ بخیل۔ شیر۔ ج اَشِدَّاء وشِدَاد وشُدُوْد کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَدِیْدُ العَیْنِ" ایسا شخص جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو مِسْكٌ شَدِیْدُ الرَّائِحَةِ" تیز خوشبو والا مشک۔
الشَّدِیْدَةُ. الشدید کا مؤنث۔ ج شدائد. و "الحُرُوْفُ الشَّدِیْدَةُ" آٹھ ہیں جن کا مجموعہ "اجدت طبقك" ہے۔
الاَشُدَّ والاُشُدَّ. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَلَغَ اَشُدَّهٗ" یعنی فلاں طاقت و قوت کے زمانہ کو پہنچ گیا اور یہ جمع ہے جس کا واحد نہیں یا واحد ہے جو جمع کے وزن پر ہے۔
المِشَدُّ. ایک قسم کا کپڑا جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے۔
المُشِدُّ. مضبوط چوپایوں والا۔
المُتَشَدِّدُ. فا. بخیل۔ امور میں سختی کرنے والا۔
شَدَحَ (ف) شَدْحًا. موٹا ہونا۔ صفت (شَادِحٌ)
اِنْشَدَحَ. ٹانگوں کو پھیلا کر چت لیٹنا۔
الشَّادِحُ. فا مِنَ الكَلَاءِ: وسیع سبزہ۔
الاَشْدَحُ. چوڑا۔
الشُّدْحَةُ والمُشْتَدَحُ. فراخی۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عَنْهُ شُدْحَةٌ اومُشْتَدَحٌ" تمہارے لئے اس میں گنجائش ہے۔
شَدَخَ (ف) شَدْخًا. اعتدال سے ہٹ جانا الرَّاسَ: سر توڑنا۔ کچلنا الرَّجُلَ: گردن کٹنے کی جگہ پر مارنا۔ (شَدَخَتْ غُرَّةُ الفَرَسِ شَدْخًا وشُدُوْخًا) ماتھے کی

سفیدی کا ناک تک پھیلنا۔ گھوڑے کو (اَشْدَخ) کہتے ہیں۔

شَدَّخَ. الرَّاسَ: سر توڑنا۔ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)

تَشَدَّخَ وانْشَدَخَ. الرَّاسُ: سر ٹوٹنا۔ کچلا جانا۔

الشَّدَخُ. ناتمام بچہ جو آسانی سے گر جائے۔

الشَّدْخَةُ. مِنَ النَّبَاتِ: نرم و نازک۔ تازہ نباتات۔

الشَّادِخ. فا. چھوٹا جبکہ نرم و نازک ہو۔ غُلَامٌ شَادِخٌ: جوان لڑکا۔ اَمْرٌ شَادِخٌ: اعتدال سے ہٹا ہوا معاملہ۔

الشَّادِخَة. الشَّادِخ کا مؤنث۔ گھوڑے کے ماتھے کی سفیدی جو ناک تک پھیلی ہوئی ہو۔

الاَشْدَخ. شیر مِنَ الخَیْلِ: ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی والا گھوڑا۔ مؤنث شَدْخَاء ج شُدُخ.

المُشَدَّخ. مثل. گردن کٹنے کی جگہ۔

الشَّادِر. تخت رواں۔ خیمہ۔ چھوٹا مکان۔

شَدَفَهٗ (ض) شَدْفًا. ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔

شَدِفَ (ف س) شَدَفًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا۔

اَشْدَفَ. اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

تَشَادَفَ. جھکنا۔

الشَّدَفُ. س. رخسارے کا جھکاؤ۔ اونٹ کے سر کی پیچیدگی۔ تاریکی۔ کالبد۔ ج شُدُوْف.

الشَّدِف. لمبا جلدی کودنے والا۔

الشُّدْفَة. ٹکڑا (الشَّادُوْف) ڈولچی۔ چھاگل (جدید)

الاَشْدَف. رخسارہ کے جھکاؤ والا۔ نشاط کے ساتھ چلنے والا اونٹ۔ بڑے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ مؤنث شَدْفَاء ج شُدْف.

شَدِقَ. (س) شَدَقًا. چوڑے جبڑے والا ہونا۔ صفت (اَشْدَق) مؤنث (شَدْقَاء) ج شُدْق.

تَشَدَّق. بتکلف فصاحت ظاہر کرنے کے لئے باچھیں کھولنا بالکَلَامِ وفِیْهِ: بغیر احتیاط کے ہر قسم کی باتیں کرنا۔ لوگوں کے ساتھ ٹھٹھا کرنا۔

الشِّدْق والشَّدْق. جبڑا۔ شِدْق الوَادِی: وادی کا کنارہ۔ ج اَشْدَاق وشُدُوْق.

الاَشْدَق. زبان آور۔ بلیغ۔

الشَّدِیْق. مِنَ الوَادِی: کنارہ۔ ج شُدُق.

الشَّدْقَم والشُّدَاقِم. چوڑے جبڑے والا۔ شیر۔

الشِّدْیَاق. عِنْدَ النَّصَارٰی: کاہن سے ایک درجہ کم والا پادری۔ ج شَدَائِقَه (دخیل)

الشَّادَكُوْنَة. بستر۔ مغنیہ (جدید)

الشَّوْدَكَان. ہتھیار، ہتھیار کا سامان۔

شَدَنَ (ن) شُدُوْنًا. الظَّبْیُ: قوی ہونا اور ماں سے بے نیاز ہونا (تمام کھر دار اور سم والوں کے بچوں کے لئے مستعمل ہے۔)

اَشْدَنَت. الظَّبْیَةُ: قوی بچے والی ہونا۔ صفت (مُشْدِن) ج مَشَادِنٌ ومَشَادِیْنٌ.

الشَّذَنُ. ایک پودہ ہے جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے۔

الشَّادِنُ. فا. جب مطلق بولا جائے تو ہرن کا بچہ مراد ہوتا ہے۔

شَدَهَ (ف) شَدْهًا. الرَّاسَ: سر کچلنا۔

(شَدَهَ واَشْدَهَ) الرَّجُلَ: دہشت میں ڈالنا۔

شُدِهَ. مدہوش ہونا۔

اِنْشَدَهَ واِشْتَدَهَ. متحیر ہونا۔

الشُّدَاه والشُّدْه والشَّدْه والشَّدَه. حیرت۔ دہشت۔

المَشَادِه. مشاغل۔ حیران و بے خود کر دینے والے معاملات۔

شَدَا یَشْدُو شَدْوًا. الرَّجُلُ: گاکر شعر پڑھنا الاِبِلَ: حدی گاکر ہانکنا الشِّعْرَ: گانا اور سر نکالنا مِنَ العِلْمِ شَیْئًا: کچھ حاصل کرنا۔ صفت (شَادٍ) ج شُدَاةٌ وشَادُوْن.

شَدَاه فُلَانًا او بِفُلَان: تشبیہ دینا۔ شَدَا شَدْوَهٗ: وہ اس کی چال چلا۔

اَشْدٰی اِشْدَاءً. گانے میں ماہر ہونا۔

الشَّدَا. بقیہ قوت۔ گرمی۔ کھجلی۔ مِنَ الشَّیْئِ: کسی چیز کی حد۔ کنارہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْه شَدًا" اس نے اس میں سے تھوڑا سا لیا۔ و "لَمْ یَبْقَ مِنَ المَرِیْضِ اِلَّا شَدًا" جبکہ قریب الموت ہو جائے۔

الشَّدْوُ. س. بہت میں سے تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوْا شَدْوًا مِنْ مَالِه" انہوں نے اس کے بہت سے مال میں سے تھوڑا سا لیا۔

الشَّاد. چپڑاسی۔ (جدید)

شَذَّ (ن ض) شَذًّا او شُذُوْذًا عَنِ الجَمْهُوْرِ اَوِ الجَمَاعَةِ: علیحدہ ہونا۔ اکیلا ہونا القَوْلُ: مخالف قیاس ہونا۔ عَنِ الاُصُوْلِ مخالف قاعدہ ہونا۔ صفت (شَاذٌّ) ج شُذَّاذ وشَوَاذّ. مؤنث شَاذَّة ج شَوَاذّ والشُّذَّاذُ مِنَ النَّاسِ: تھوڑے لوگ اور اسی سے ہے "جَاءُوْا شُذَاذًا" یعنی تھوڑے لوگ آئے۔ وہ لوگ جو کسی قوم میں ہوں اور ان کے قبیلہ سے نہ ہوں۔ شُذَاذُ الآفَاق: مسافر لوگ۔

شَذَّهٗ (ن) شَذًّا وشَذَّذَهٗ. شاذ کرنا۔

اَشَذَّ. نادر بات کہنا الشَّیْئَ: جدا کرنا۔ شاذ کرنا۔

الشُّذَّان والشَّذَّان. متفرق کنکریاں وغیرہ۔ شُذَّانُ النَّاسِ: متفرق لوگ۔

شَذَبَ (ن ض) شَذْبًا وشَذَّبَ. اللِّهَاءَ: چھال چھیلنا الشَّیْئَ: کاٹنا۔ شَذَبَ: وَشَذَّبَ الشَّجَرَ: درخت کو چھانٹنا اَلمَالَ: بکھیرنا۔ شَذَّبَ عَنْهُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ شَذَّبه: دھتکارنا۔

تَشَذَّبَ. بٹنا۔ دور ہونا القَوْمُ: متفرق ہونا۔
الشَذَب. درخت کے ٹکڑے۔ متفرق لکڑیاں۔ چھلکے۔ سامان خانہ۔ کھائی ہوئی گھاس کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے"فِي الْاَرْضِ شَذَبٌ مِنَ الْكَلَاءِ" وَمَالَهُ اِلَّاشَذَبٌ مِنَ العَسْكَرِ" ہر ایک بقیہ کے معنی میں ہے۔ ج اَشْذَابٌ.
الشَذْبَةُ. درخت کی کاٹی ہوئی ٹہنی۔
الشَاذِبُ. فا. وطن سے دور۔
الشَوْذَبُ. مِنَ الرِجَالِ: لمبا خوبصورت قد والا۔ ہر چیز کا عمدہ حصہ۔
المِشْذَبُ. شاخ تراشی کا آلہ۔
المُشَذَّبُ. مفع. کانٹوں سے صاف کیا ہوا تنہ۔ فَرَسٌ مُشَذَّبٌ. لمبا گھوڑا جس میں گوشت زیادہ نہ ہو۔
شَذَّرَ. النَظْمَ: مہرہ لگا کر جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے"شَذَّرَ كَلَامَهُ بِشِعْرٍ" کلام میں شعر داخل کرنا بفُلَان: بدنام کرنا۔
تَشَذَّرَ. برائی یا مقابلہ کے لئے تیار ہونا۔ غضبناک ہونا۔ سبک ہونا اور کام کے لئے چست ہونا ہ: دھمکانا القَوْمُ: متفرق ہونا اور اپنی اپنی راہ لینا القوم فی الحَرْبِ: حد سے گزرنا۔
الشَذْرُ. سونے کا ٹکڑا جو کان سے نکالا جائے۔ مہرہ جس سے لڑی میں موتیوں کو جدا کیا جائے۔ چھوٹے موتی۔ واحد (الشَذْرَة) ج شَذَرَات وشُذُوْر. کہا جاتا ہے"تَفَرَّقُوْا شَذَرَ مَذَرَ وشِذَرَ مِذَرَ" وہ سب بکھر گئے اور ہر ایک نے اپنی راہ لی۔
الشَوْذَرُ. چادر۔ بے آستین کی قمیص۔
رَجُلٌ (شِنْذَارَة) صاحب غیرت مرد۔
شَذَفَ (ن) شَذْفًا. کہا جاتا ہے"مَا شَذَفْتُ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا (اس کا استعمال صرف نفی کے ساتھ ہی ہوتا ہے۔)
الشَوْذَقُ. کنگن۔

الشَذَامُ. بچھو اور بھڑ کا ڈنک۔ نمک۔
الشَيْذُمَانُ. بھیڑیا۔
الشَيْذُمَانَةُ. تیز رفتار جوان اونٹنی۔
شَذَا يَشْذُوْا شَذْوًا. مشک لگانا الخَبَرَ: معلوم کر کے سمجھانا (وَاَشْذَى) فُلَانًا: تکلیف دینا وَاَشْذَاهُ عَنْهُ: دور کرنا؛ ہٹانا۔
شَذَّى تَشْذِيَةً. بِالخَبَرِ: معلوم کر کے سمجھانا۔
الشَذْوُ. س. مشک۔ مشک کی خوشبو۔
الشَذَا. بو کی تیزی۔ تکلیف۔ برائی۔ نمک۔ کھلی۔ مسواکوں کے درخت کا نام۔ لکڑی کے ٹکڑے۔ مکھی۔ ایک قسم کی کشتی۔ بھوک کی تیزی۔
الشَذَاةُ. شَذَا کا واحد۔ ج شَذَوَاتٌ. قوت کا بقیہ۔ برائی چیز۔
شَرَّ (ض ن س) شَرًّا وشَرَارَةً وشَرَرًا. شریر ہونا۔ شرارت کرنا۔ صفت مذکر (شَرٌّ) وصفت مؤنث (شَرَّة) ج اَشْرَار وشِرَار واَشِرَّاء.
شَرَّ (ن) شَرًّا: اللَحْمَ او الثَوْبَ: گوشت یا کپڑے کو خشک ہونے کے لیے دھوپ میں ڈالنا فُلَانًا: برائی کی طرف نسبت کرنا۔ لوگوں میں مشہور کرنا۔ دھتکارنا اَشَرَّ الشَيْءَ: ظاہر کرنا۔
شَارَّهُ. جھگڑا کرنا۔
تَشَارًّا تَشَارًّا. باہم جھگڑنا۔
الشَرُّ. س. برائی۔ ج شُرُوْرٌ. یہ ہر قسم کی برائی اور خطا کے لیے اسم جامع ہے۔ کہا جاتا ہے"هُوَ شَرُّ النَاسِ وَهُمْ شِرَارٌ وَاَشْرَارٌ وَاَشِرَّاءُ وَهِيَ شَرَّةٌ اَوْشُرَّى النِسَاءِ" وہ لوگوں میں بہت برا ہے اور اصل اس کی (اَشَرّ) ہے۔ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ ہمزہ کو کثرتِ استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے جیسے خیر میں۔
الشِرَّةُ. برائی۔ تیزی۔ چستی۔ غضب۔ سبکی۔ لالچ۔ شِرَّةُ الشَبَابِ: جوانی کی چستی۔

الشُرَّةُ. مکروہ۔ کہا جاتا ہے"مَا قُلْتُ ذٰلِكَ لِشُرَّتِكَ" میں نے تیرے مکروہ سمجھنے کی وجہ سے اس کو نہیں کیا۔
الشَرَرُ والشَرَارُ. آگ کی چنگاری جو اڑے۔ واحد (شَرَرَة وشَرَارَة)
الشَرِيْرُ. شرارت کرنے والا۔ ج شِرَار واَشِرَّاء. مؤنث شَرِيْرَة. الشَرِيرُ: سمندر کا کنارہ۔ ج اَشِرَّة.
الشِرِّيْرُ. بہت شرارت کرنے والا۔ شیطان کا لقب۔ ج شِرِّيْرُوْن.
الاِشْرَارَةُ. پنیر وغیرہ خشک کرنے کے لیے چٹائی۔ اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔ خشک گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَارِيْر.
الشَرِيْرَةُ. بڑی سوئی۔
الشَرَّانُ. بھنگا۔ مچھر کی مانند ایک کیڑا جو انسان کے منہ کے سامنے اڑتا ہے اور کاٹتا نہیں۔ واحد (شَرَّانَةٌ)
شَرِبَ (س) شُرْبًا وشَرْبًا وشِرْبًا ومَشْرَبًا وتَشْرَابًا. الماءَ: پینا۔ گھونٹ لینا۔ سیراب ہونا۔ شَرِبَ السُنْبُلُ الدَقِيْقَ: کنایہ ہے غلہ کی تیاری سے اور کہا جاتا ہے"اَكَلَ عَلَيْهِ الدَهْرُ وَشَرِبَ" یعنی ہلاک ہوگیا و"اَكَلَ فُلَانٌ مَالِي وشَرِبَه" یعنی ختم کر دیا۔
شَرِبَ (س) شَرَبًا. پیاسا ہونا۔ پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد) شَرِبَ بِهِ: کسی پر جھوٹ بولنا۔
شَرُبَ (ن) شَرْبًا. الكَلَامَ: سمجھنا۔
شَرَّبَهُ. پانی پلانا شَرَّبَ القِرْبَةَ: نئی مشک میں مٹی اور پانی ملنا تاکہ پانی خوشگوار رہے قَصَبُ الزَرْعِ: کھیتی کے ڈنٹھل کا سیراب ہونا السُنْبُلُ الدَقِيْقَ: خوشہ کے دانوں میں گودا بیٹھنا۔
اَشْرَبَهُ. پلانا اَشْرَبَ الرَجُلُ: پیاسا ہونا۔ پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد) اللَوْنَ: گہرا رنگنا الثَوْبَ حُمْرَةً: کپڑے کے رنگ میں سرخی کو ملانا بِه: کسی پر

جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "اَشرَبَنِی مَالَمْ اَشْرَبْ" اس نے میرے متعلق ایسی چیز کا دعویٰ کیا جس کو میں نے نہیں کیا الاِبِلَ: باندھنا و اُشْرِبَ حُبَّ فُلَان اس کے دل میں فلاں کی محبت جاگزیں ہوگئی۔
شَارَبَہٗ مُشَارَبَۃً وشِرَابًا. ساتھ پینا۔
تَشَارُبًا. ایک دوسرے کے ساتھ پینا۔
تَشَرَّبَ. الثَّوْبُ العِرْقَ: جذب کرنا۔ چوسنا۔
اِسْتَشْرَبَ. لَوْنُہٗ: تیز اور گہرا ہونا۔
اِشْرَأَبَّ. لِلشَّیْ وَاِلَیْہِ: گردن اُٹھا کر دیکھنا۔ اسم (الشُّرَابِیبَۃ) جیسے اِطْمَأَنَّ سے طُمَأْنِیْنَۃ.
الشَّرْب. مں شَارِبٌ. اسم فاعل کی جمع ہے۔
الشِّرْب. مں۔ پینے کا پانی۔ پانی کا حصہ۔ گھاٹ۔ پینے کا وقت۔ ج اَشْرَاب.
الشَّرْبَۃ. شَرِبَ کا اسم مرۃ۔ جو ایک مرتبہ پیا جا سکے۔
الشُّرْبَۃ. چہرے کی سرخی۔ کہا جاتا ہے "فِی وَجْھِہٖ شُرْبَۃٌ مِنْ حُمْرَۃٍ" اس کے چہرہ میں سرخی ہے۔ سیراب ہونے کی مقدار پانی۔
الشَّرَبَۃ. بہت پینا۔ پیاس۔ گرمی کی شدت۔ ج شَرَب و شَرَبَات.
مَاءٌ (شَرُوْبٌ وشَرِیْبٌ) پینے کے لائق پانی۔ الشَّرِیْب: بہت پینے والا۔ پینے کا ساتھی جو شخص تمہارے ساتھ مل کر پانی لائے یا تمہارے ساتھ پلایا جائے۔ اُونٹوں کو گھاٹ پر لانے میں ساتھی۔
الشَّرَبَّۃ. بے درخت کے گھاس والی زمین۔ وادی کا کنارہ۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ عَلٰی شَرَبَّۃٍ وَاحِدَۃٍ" فلاں ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔
الشَّرَاب. ہر ایک پینے کی چیز۔ ج اَشْرِبَۃ.
الشُّرْبَۃ والشَّرُوْب والشَّرَّاب والشِّرِّیْب. بہت پینے والا۔
الشَّرَّابَۃ. شراب کا مؤنث۔
عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْن ترکی ٹوپی وغیرہ کا پھندنا۔ ج شَرَارِیْب. شَرَّابَۃ الرَّاعِیْ: ایک پودہ کا نام۔
الشَّارِبُ (فا) ج شَرْبٌ (جیسے رَاکِبٌ جمع رَکْبٌ) جانوروں کی کمزوری۔
شَارِبُ الرَّجُلِ: مونچھ دونوں جانب کے اعتبار سے تثنیہ لاتے ہیں اور "شَارِبَا الرَّجُلِ" کہتے ہیں اور اطراف و اجزاء کے اعتبار سے جمع "شَوَارِبُ الرَّجُلِ" بولتے ہیں۔ الشَّوَارِب: گردن کی رگیں۔ گردن میں پانی گزرنے کی جگہیں۔
الشَّارِبَۃُ. الشَّارِبُ کا مؤنث۔ ج شَارِبَاتٌ وشَوَارِبُ: دریا کے کنارے رہنے والی قوم۔
الشُّرُوْب. پانی پینے والے۔
الشَّرَابِیُّ. سقہ۔ بھشتی۔
المَشْرَب. پانی۔ پانی پینے کی جگہ۔ اور اب خواہش نفس اور میلان کے معنی میں مستعمل ہے۔ جیسے "وَافَقَ الْاَمْرُ مَشْرَبَہٗ" معاملہ اس کی خواہش کے مطابق ہوگیا۔ ج مَشَارِبُ.
المَشْرَبَۃُ والمَشْرُبَۃ. نرم زمین جو ہمیشہ سرسبز رہے | پینے پلانے کا کمرہ | پینے کی جگہ۔ ج مَشَارِب کہا جاتا ہے "طَعَامٌ ذُوْ مَشْرَبَۃٍ" پانی پلانے والا کھانا یعنی جو شخص اسے کھائے پانی زیادہ پیے۔
المِشْرَبَۃ. پانی پینے کا برتن۔ ج مَشَارِبُ.
المَشْرُوْب. مع۔ ہر وہ چیز جو پی جائے۔
الشُّرَابِث. سخت ہتھیلی والا۔ شیر۔
شَرْبَقَ. الثَّوْبَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الشَّرْبِیْن. سرو کی مانند ایک درخت کا نام جس سے عمدہ قطران نکلتا ہے۔
شَرِثَت (س) شَرَثًا وانْشَرَثَتْ. یَدُہٗ: ہاتھ کا سردی کی وجہ سے سخت ہو کر پھٹنا۔ شَرِثَ الرَّجُلُ: سردی کی وجہ سے سخت ہو کر پھٹے ہوئے ہاتھ والا ہونا۔ صفت (شَرِثٌ) النَّعْلُ: جوتے کا چٹخنا۔
الشَّرْثُ. ہر پرانی بوسیدہ چیز۔
الشَّرِث. مِنَ السُّیُوْفِ والاَسِنَّۃِ: تیز تلوار و بھالا۔
الشَّرْثَۃ. پرانا جوتا۔
شَرَجَ (ن) شَرْجًا. جھوٹ بولنا الشَّیْ: جمع کرنا الشَّرَابَ بِالْمَاءِ: ملونی کرنا (و شَرَّجَ واَشْرَجَ) الحِجَارَۃَ: پتھروں کو تہ بتہ لگا کر جمانا الخَرِیْطَۃَ: کناروں کو ملا کر باندھنا۔ وشَرَّجَ الثَّوْبَ: کپڑے میں لنگر ڈالنا۔ دور دور سینا۔ عوام سَرَّجَ کہتے ہیں۔
اَشْرَجَ صَدْرَہٗ عَلٰی کَذَا: کسی بات کو چھپانا۔
شُرِّجَ. اللَّحْمُ: چربی سے مخلوط ہونا۔
شَارَجَہٗ. مشابہ ہونا۔
تَشَرَّجَ. الشَّیْءُ فِی الشَّیْءِ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔
اِنْشَرَجَ. الشَّیْءُ: دو ٹکڑوں میں پھٹنا۔
الشَّرْجُ. مں۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا شَرْجُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے "ھُمَا شَرْجٌ وَاحِدٌ" وہ دونوں ایک نوع کے ہیں۔ فرقہ۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحُوْا فِی الْاَمْرِ شَرْجَیْنِ" وہ کام میں دو فرقے ہوگئے۔ سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ ج شِرَاج وشُرُوْج.
الشَّرْجَۃ. سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ گڑھا جس میں کھال بچھا دی جائے اور پانی ڈالا جائے اور اس میں سے اونٹ پانی پئیں۔
الشَّرَج. وادی کی کشادہ جگہ۔ کاج (اس معنی کے لحاظ سے اسم جنس ہے) کمان کی پھٹن۔ ج اَشْرَاج.
الشَّرِیْج. مثیل۔ مانند۔ لکڑی کے دو برابر برابر کے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا۔ لکڑی جس سے دو کمانیں بنائی جائیں۔ قوس

شَرِیْحٌ پھٹی ہوئی کمان۔ ج شَرَائِح۔
الشَّرِیْجَة. درخت خرما کی پتیوں سے بنی ہوئی ٹوکری۔ بانس کا ٹھاٹھر جو دکان کے دروازہ پر لگایا جائے۔ پٹھا جس سے تیر کے پر کو جوڑیں۔ ج شَرَائِج۔
سَهْمٌ مُشَرَّجٌ. تیر جس میں پر کو جوڑنے والا پٹھا لگا ہو۔
الشَّیْرَج. تل کا تیل۔ (دخیل)
الشَّرْجَب. اصیل گھوڑا۔ لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔
الشَّرْجَبَان والشُّرْجُبَان. ایک قسم کا پودہ جس کا پھل بینگن کے مشابہ ہوتا ہے اور اس سے کھال کی دباغت کرتے ہیں۔
شَرَحَ (ف) شَرْحًا. اللحمَ: لمبے ٹکڑے کاٹنا المَسْئَلَةَ: مسئلہ کی باریکی کو کھول دینا اور بیان کرنا الکَلَامَ: سمجھانا الشَّیْئَ: کھولنا؛ کشادہ کرنا۔ حفاظت کرنا صَدْرَہٗ لِلشَّیْئِ و بِالشَّیْئِ: خوش ہونا اِلَی الشَّیْئِ: رغبت ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَشْرَحُ اِلَی الدُّنْیَا" فلاں دنیا کی طرف رغبت ظاہر کرتا ہے۔
شَرَّحَ. الشَّیْئَ: کاٹ کر جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے اطباء کے نزدیک "عِلم التشریح" ہے شَرَّحَ قِطْعَةَ اللَّحْمِ: پتلا پتلا پارچہ کاٹنا الشَّیْئَ: کھولنا ظاہر کرنا۔
اَشْرَحَ. صَدْرَہٗ: خوش ہونا۔
اِنْشَرَحَ. کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَہٗ بِقَبُوْلِ الْخَیْرِ فَانْشَرَحَ" اللہ نے اس کے سینہ کو قبول خیر کے لیے کشادہ کر دیا اور وہ کشادہ ہو گیا۔
الشَّرْحَة. گوشت کا ٹکڑا۔ گوشت کا پارچہ۔
الشَّرِیْحُ والشَّرِیْحَةُ. گوشت کا ٹکڑا۔ موٹے گوشت کا دراز ٹکڑا۔ ج شَرَائِح۔
الشَّارِحُ. فا. بیان کرنے والا۔ کھیت کی پرندوں سے حفاظت کرنے والا۔
المَشْرُوْحُ. مف. سراب۔
المَشْرَحُ. اندام نہانی۔
شَرَخَ (ن) شُرُوْخًا الصَّبِیُّ: جوان ہونا۔ صفت (شَارِخ) ج شَرْخ (جیسے صَاحِب کی جمع صَحْبٌ) (شَرْخًا وشُرُوْخًا) نَابُ البَعِیْرِ: دانت نکلنا۔
الشَّرْخ. مص۔ اصل۔ ابتداء جوانی۔ اول امر۔ کسی چیز کا اُبھرا ہوا کنارہ۔ مثل ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرْخِیْ" وہ میرا ہم عمر ہے۔ و "هُمَا شَرْخَان" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ "شَرْخَا الرحْل" کجاوہ کا اگلا و پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَایَزَالُ بَیْنَ شَرْخَیْ رَحْلِهٖ" یعنی فلاں ہمیشہ سفر کرتا رہتا ہے۔ اونٹ کی سالانہ پیدائش۔ ج شُرُوْخ۔
الشُّرْخُوْب. ریڑھ کی ہڈی۔ ج شَرَاخِیْب.
شَرَدَ (ن) شَرْدًا وشُرُوْدًا وشُرَادًا وشِرَادًا. بدک کر بھاگنا عَلَی اللّٰهِ: اطاعت سے نکل جانا۔ صفت (شَارِد) ج شُرَدٌ (شُرُوْدٌ) ج شُرُدٌ مؤنث شَارِدَةٌ ج شَوَارِد وشُرَّد۔ و شَوَارِدُ اللُّغَة: نوادر کلمات۔
شَرَّدَہٗ واَشْرَدَہٗ. دھتکارنا۔ بھگانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُطَرَّدٌ مُشَرَّدٌ" فلاں دھتکارا ہوا؛ بھگایا ہوا ہے؛ جیسے کہا جاتا ہے "طَرِیْدٌ شَرِیْدٌ"۔ شَرَّدَ شَمْلَهُمْ: جماعت متفرق کر دینا۔ شَرَّد بِفُلَانٍ: لوگوں کو کسی کے عیوب سنانا۔
تَشَرَّدَ. القَوْمُ: جانا۔
الشَّرِیْد. دھتکارا ہونا۔
الشَّرِیْدَة. الشرید کا مؤنث۔ چیز کا بقیہ۔ ج شَرَائِد۔
الشِّرْدَاح. موٹا ڈبلے گوشت والا۔
شَرْذَ. الجَمْعَ: متفرق کرنا۔
الشِّرْذِمَةُ. لوگوں کی قلیل جماعت۔ ج شَرَاذِم وشَرَاذِیْم. ثِیَابٌ شَرَاذِمُ پھٹے ہوئے کپڑے۔
شَرَزَہٗ (ن) شَرْزًا. کاٹنا۔ صفت (شَارِزٌ) ج شُرَّازٌ.
شَرَّزَہٗ. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ گالی دینا۔ عذاب دینا۔
شَارَزَ. بدخلق ہونا الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا۔ دشمنی کرنا۔
اَشْرَزَہٗ. سختی و ہلاکت میں ڈالنا۔
الشَّرْزُ. مص۔ قوت۔ سختی و درستی۔ سخت و درشت۔ جیسے "عَذَّبَہُ اللّٰهُ عَذَابًا شَرْزًا" اللہ اس کو سخت عذاب دے۔
الشَّرْزَةُ. اسم مرۃ۔ ہلاکت۔ سختی۔
الشُّرَّاز. شارز اسم فاعل کی جمع۔ لوگوں کو سخت عذاب دینے والے۔
الشِّیْرَاز. دہی جس میں سے پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج۔ شَوَارِیْز وشَرَارِیْز۔
المُشَارِز. فا. سخت۔ بدخلق۔
المُشَرَّز. مف. بندھا ہوا۔ ملائے ہوئے کناروں والا۔
الشَّرِس (س) شَرَاسَةً وشَرَسًا وشَرِیْسًا. بدخلق ہونا۔ صفت (شَرِس وشَرِیس واَشْرَس) شَرِسَتِ المَاشِیَةُ: کانٹے اور چھوٹے پودے ہمیشہ کھانا۔
شَرَسَہٗ (ن) شَرْسًا. سخت کلامی سے جلانا۔
النَّاقَةَ: لگام سے کھینچنا۔
شَارَسَہٗ مُشَارَسَةً وشِرَاسًا. سخت معاملگی کرنا۔
تَشَارَسَ. القَوْمُ: باہم دشمنی کرنا۔
شَرِسَت (س) شَرَاسَةً. المَاشِیَةُ: خوب چرنا۔
الشَّرَس والشِّرْس. مص (والشِّرْس) کانٹے دار چھوٹے پودے۔ الشَّرْسَاء. اشرس کا مؤنث۔ سفید پتلا بادل۔
الشَّرِیْس. مص۔ بدخلق۔ بہت جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ نَفْسٌ شَرِیْسَةٌ" اس کے اندر بدخلقی اور جھگڑا کرنے کی عادت ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْشَرِیْس" وہ بدخلق ہے۔ وقَدْ لَانَ شَرِیْسُہٗ اس کی بدخلقی نرم پر

گئی۔ شِرِّیْسُ الْاَکْلِ: بہت کھانے والا۔
الشَّرِیْس: شیر۔ ایک بدمزہ پودہ۔
اَرْضٌ (شَرِیْسَةٌ ومُشْرِسَةٌ) بہت کانٹے دار چھوٹے پودوں والی زمین۔
الشِّرَاس. س. سریس۔
شَرْسَفَ شَرْسَفَةً. بدخلق ہونا۔
الشُّرْسُوْف. پسلیوں کا وہ کنارہ جو پیٹ کی جانب ہوتا ہے۔ بندھا ہوا اونٹ۔ سختی کی ابتداء۔ مصیبت۔ شَرَاسِیْف.
شَرْشَرَ. الشَّیْئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔ کاٹ کر جھاڑنا السِّکِّیْنَ: چھری پتھر پر تیز کرنا۔
المَاشِیَةُ النَّبَاتَ: جانور کا گھاس چرنا۔
تَشَرْشَرَ. مِنْهُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
الشَّرْشَر. ایک قسم کی بیل جس میں کانٹے نہیں ہوتے۔ واحد (شَرْشَرَة) شِوَاءٌ شَرْشَرٌ: بھنا ہوا گوشت جس سے چربی ٹپکتی ہو۔
الشِّرْشِرَة. ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔
الشَّرَاشِر. نفس۔ تمام بدن۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰی عَلَیْهِ شَرَاشِرَهٗ" اس نے اس سے محبت کی یہاں تک کہ اپنے آپ کو ہلاک کر لیا۔ بوجھ۔ شَرَاشِرُ الذَّنَب: دُم کے اطراف۔
الشُّرْشُوْر. ایک پرندہ جس کو "بِرْتِش" بھی کہتے ہیں۔ ج شَرَاشِیْر.
شَرَصَهٗ (ن) شَرْصًا. کھینچنا۔
شَرَصَهٗ وشَرَّصَهٗ. بِکَلَامِهٖ: گالی دینا۔
الشَّرْص. س. سختی۔ درشتی۔
الشِّرْص. کنپٹی کے پاس بال گرنے کی جگہ۔ ج شِرَاصٌ وشِرَصَةٌ.
شَرَطَ (ن ض) شَرْطًا. عَلَیْهِ فِیْ بَیْعٍ ونَحْوِهٖ: شرط لگانا الجِلْدَ: نشتر مارنا۔
شَرِطَ (س) شَرَطًا. کسی بڑے معاملہ میں پھنسنا۔
شَرَّطَ. الجِلْدَ: نشتر لگانا الشَّیْئَ: باندھنا۔

شَارَطَهٗ. باہم شرط لگانا۔
اَشْرَطَ. الاِبِلَ: اونٹ کو فروخت کرنے کیلئے نشان لگا کر جدا کرنا اِلَیْهِ رَسُوْلًا: جلدی ایلچی بھیجنا نَفْسَهٗ اَوْمَالَهٗ فِی اَمْرٍ: پیش کرنا نَفْسَهٗ لِکَذَا: تیار کرنا۔ آمادہ ہونا بِالشَّیْئِ وفِیْهِ: ہلکا سمجھنا اور شرط لگانا۔
تَشَرَّطَ. فِی العَمَلِ: اچھی طرح غور کرنا۔ اپنے اوپر غیر ضروری شرطیں لگانا۔
تَشَارَطَا. القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ شرط لگانا۔ تَشَارَطُوْا عَلَی الشَّیْئِ: التزام شرط کرنا۔
اِشْتَرَطَ. لَهٗ کَذَا: شرم لازم کرنا۔
اِسْتَشْرَطَ. المَالُ: درستی کے بعد خراب ہونا۔
الشَّرْط. س. کسی چیز کا لازم کرنا۔ ج شُرُوْط. کمینہ۔ ہیچ۔ ج اَشْرَاط.
الشَّرَط. س. علامت۔ ہر چیز کا اول ہر چھوٹی نالی۔ ردی مال۔ چھوٹے چھوٹے مال۔ ج اَشْرَاط. الاَشْرَاط: رذیل لوگ۔ شریف لوگ (ضد) کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ شَرَطِ النَّاسِ واَشْرَاطِهِمْ" وہ رذیل یا شریف لوگوں میں سے ہے۔
الشُّرْطَةُ. شرط جو تم لگاؤ۔ فوج کا پہلا دستہ جو میدان جنگ میں آئے۔ شُرْطَةُ: کُلِّ شَیْئٍ: عمدہ و بہترین (والشُّرْطِیُّ) شُرَط کے واحد ہیں۔ شُرَط کے معنی والی کے اعوان و انصار لوگ اور آج کل کے زمانہ میں کوتوال کو کہتے ہیں۔ اس وجہ سے کہ وہ ایسی علامت لگاتے ہیں جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔
الشُّرَط. فوج کا پہلا دستہ جو میدان جنگ میں حاضر ہو اور موت کے لیے تیار ہو۔
الشَّرِیْط. شرط۔ پوست خرما کی بٹی ہوئی رسی جس سے تخت وغیرہ کو باندھیں۔ ڈبہ جس میں عورت خوشبو وغیرہ رکھے۔ ج شُرُط.
الشَّرِیْطَةُ. شرط۔ پھٹے ہوئے کان والا اونٹ۔ ج شَرَائِط.
اَشْرَطُ. النَّاسِ: رذیل آدمی۔
المِشْرَط والمِشْرَاط والمِشْرَطَة. نشتر۔ ج مَشَارِط ومَشَارِیْط.
شَرَعَ (ف) شَرْعًا. لِلْقَوْمِ: قانون بنانا۔ شریعت جاری کرنا لَهُمُ الطَّرِیْقَ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَرَعَ اللّٰهُ لَنَا کَذَا بِشَرْعِهٖ" یعنی خدا نے ہمارے لیے ایسا ظاہر کیا الرَّجُلَ: حق کو غالب کرنا اور باطل کو مٹانا البَیْتُ: گھر کا کھلے ہوئے راستہ پر ہونا۔
البَابَ اِلَی الطَّرِیْقِ: دروازہ کو کھلے ہوئے راستہ کی جانب کرنا الحَبْلَ: رسی کی گرہ کو کھول کر دونوں کناروں کو کڑے وغیرہ میں ڈالنا۔
الشَّیْئَ: بہت بلند کرنا۔
شَرَعَ (ف) شَرْعًا: شُرُوْعًا. فِی المَاءِ: پانی میں داخل ہونا یا اوک سے پینا۔
الوَارِدُ: پانی کو منہ لگا کر پینا المَاشِیَةَ: جانور کو پانی پر لے جانا الاَمْرَ: کام شروع کرنا فِی الاَمْرِ: کام میں مشغول ہونا الرِّمَاحَ فَشَرَعَتْ هِیَ: نیزے کو کسی کی جانب سیدھا کرنا اور سیدھا ہونا۔ (لازمی و متعدی)
الطَّرِیْقُ: راستہ ظاہر ہونا بِفُلَانٍ: کسی کو پانی پر لے جانا فُلَانٌ عَلَیْنَا: قریب ہونا اور جھانکنا۔ شَرَعَ یَضْرِبُ: مارنے لگنا۔ (افعال مقاربہ سے ہے۔)
شَرَّعَ واَشْرَعَ. الطَّرِیْقَ: راستہ ظاہر کرنا۔
ہ فِی المَاءِ: پانی میں داخل کرنا۔ شَرَّعَ الحَبْلَ: رسی کی گرہ کھولنا۔ شَرَّعَ السَّفِیْنَةَ: کشتی میں بادبان لگانا۔ اَشْرَعَ بَابَهٗ اِلَی اَوْعَلَی الطَّرِیْقِ: راستہ کی طرف دروازہ کھولنا۔ اَشْرَعَ عَلَیْهِ الرُّمْحَ: کسی کی جانب نیزہ سیدھا کرنا۔
اَشْرَعَ الشَّیْئَ: بہت بلند کرنا۔

اِشْتَرَعَ الشَّرِيْعَةَ: قانون بنانا۔ شریعت جاری کرنا۔

الشَّرْعُ: س۔ اللہ کے مقرر کردہ احکام۔ اور کہا جاتا ہے "شَرْعُكَ مَا بَلَّغَكَ المَحَلَّ" یعنی تمہارے لیے اتنا توشہ کافی ہے جو مقصد کی جگہ تک پہنچا دے۔ اور یہ اس شخص سے کہتے ہیں جس کو تھوڑے پر قناعت کرنے کیلئے برانگیختہ کرنا ہو(الشِّرْعُ والشَّرَعُ) مثل۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ فِي هٰذَا شَرْعٌ وَاحِدٌ وَهُمْ فِي هٰذَا شَرْعٌ" یعنی لوگ اس میں برابر ہیں۔

الشِّرْعُ: جوتے کا تسمہ۔

الشِّرْعَةُ والشِّرْعَةُ: تانت۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا عَلَى الشَّرْعِ" انہوں نے تانت کو بجایا۔ الشِّرْعَةُ: قطا پرندہ کے شکار کرنے کا جال۔ شریعت۔ مثل۔ پانی کی طرف راستہ۔ عادت۔ ج شِرْعٌ شِرَعٌ وشِرَاعٌ۔

الشَّرْعَةُ: کشتی۔ ج اَشْرَاعٌ۔

الشَّرِيْعُ: بہادر۔ عمدہ کتاں مِنَ اللِّيْفِ: درخت خرما کی چھال کے کانٹے جو سخت ہو گئے ہوں۔

الشَّرِيْعَةُ: طریقہ۔ اللہ کے مقرر کیے ہوئے احکام۔ چوکھٹ۔ دریا کے کنارے رہنے والوں کے لیے گھاٹ۔ ج شَرَائِعُ۔

نَهْرُ الشَّرِيْعَةِ: دریائے اُردن۔

الشَّارِعُ: اسم فاعل۔ مؤنث شَارِعَةٌ۔ ج شُرَّعٌ و شُرُوعٌ وشَوَارِعُ۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شُرَّعٌ وشَوَارِعُ" پانی میں داخل ہونے والے اونٹ۔ بَيْتٌ شَارِعٌ: وہ مکان جس کا دروازہ راستہ کی جانب ہو۔

والشَّارِعُ۔ ج شَوَارِعُ۔ سڑک، عام راستہ۔ رِمَاحٌ شَارِعَةٌ وشَوَارِعُ: کسی کی جانب سیدھے کیے ہوئے نیزے۔

الشَّوَارِعُ مِنَ النُّجُوْمِ: غروب کے قریب ستارے۔

اَنْفٌ (اَشْرَعُ) لمبے بانسہ والی ناک۔

الشِّرَاعُ: ہر وہ چیز جو بلند اور کھڑی کی جائے۔ بادبان۔ تانت جب تک کہ کمان پر لگی رہے۔ اونٹ کی گردن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شِرَاعُ الاَنْفِ" لمبے بانسہ کی ناک والا مرد۔ ج اَشْرِعَةٌ وشُرُعٌ۔

الشَّرَاعَةُ: دلیری۔

الشَّرَّاعُ: عمدہ کتاں بیچنے والا۔

الشَّرْعِيُّ: مطابق شریعت۔

الشُّرَاعِيُّ مِنَ الاِبِلِ: لمبی گردن والا اونٹ۔

الشُّرَاعِيُّ مِنَ الرِّمَاحِ: لمبے نیزے۔ ایک شخص کی جانب منسوب جس کا نام شراع تھا اور وہ نیزے بنایا کرتا تھا۔

المَشْرَعُ والمَشْرَعَةُ والمَشْرُعَةُ: دریا کے کنارے رہنے والوں کے لیے گھاٹ۔ ج مَشَارِعُ۔

المُشَرَّعُ مِنَ البُيُوتِ: بلند مکان۔

المَشْرُوعُ: سیدھا کیا ہوا۔ جس کو شریعت جائز رکھے۔ والاَمْرُ المَشْرُوْعُ: وہ کام جس کو تم شروع کرو۔

شَرْعَبَ الاَدِيْمَ: لمبا کاٹنا۔

الشَّرْعَبُ: لمبا۔

الشَّرْعَبِيُّ: ایک قسم کی چادر۔ لمبا خوبصورت جسم والا۔

شَرَفَهُ (ن) شَرْفًا: کسی سے عزت و مرتبہ میں غالب ہونا۔ صفت مفعولی (مَشْرُوفٌ) الحَائِطَ: دیوار میں کنگرہ بنانا۔

شَرُفَ (ک) شَرَافَةً وشَرَفًا: دین یا دنیا میں بلند مرتبہ ہونا۔ صاحب عزت ہونا۔ (شَرُفَتِ النَّاقَةُ شُرُوْفًا) بوڑھی ہونا۔

شَرِفَ (س) شَرَفًا: بلند ہونا۔

شَارَفَهُ: شرافت پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ شَارَفَ المَكَانَ: چڑھنا الشَّيْئَ: اوپر سے جھانکنا۔ قریب ہونا۔

شَرَّفَهُ: تعظیم کرنا۔ بزرگی دینا۔ عزت کرنا۔ شَرَّفَ البَيْتَ: کنگرہ بنانا المَكَانَ: چڑھنا۔

اَشْرَفَ الشَّيْئُ: بلند ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا المَكَانَ: چڑھنا عَلَيْهِ: اوپر سے جھانکنا لَكَ الشَّيْئُ: ممکن ہونا۔ قدرت و طاقت میں ہونا عَلَى المَوْتِ: قریب الموت ہونا عَلَيْهِ: ڈرنا یا مہربانی کرنا۔

اَشْرَفَتِ الخَيْلُ: تیز دوڑنا نَفْسُهُ عَلَى الشَّيْئِ: حریص ہونا اور ہلاک ہونا۔

تَشَرَّفَ البَيْتُ: کنگرے دار ہونا الرَّجُلُ: عزت پانا بِكَذَا: باعث عزت جاننا المَكَانَ: چڑھنا الشَّيْئَ: ہاتھوں سے اُڑ کر کے کسی چیز کی طرف نظر اُٹھا کے دیکھنا لِلشَّيْئِ: جھانکنا عَلَى الشَّيْئِ: اوپر سے جھانکنا۔

تُشُرِّفَ القَوْمُ: ذی عزت لوگوں کا قتل کیا جانا۔

اِشْتَرَفَ: سیدھا کھڑا ہونا۔

اِسْتَشْرَفَ: سیدھا کھڑا ہونا الشَّيْئَ: ہاتھ کی آڑ کر کے نظر اُٹھا کے دیکھنا۔

اِسْتَشْرَفَهُ حَقَّهُ: ظلم کرنا۔ حق مار لینا الشَّاةَ: عیوب سے سالم لینے کیلئے دیکھ بھال کرنا۔

الشَّرَفُ: س۔ عزت و بزرگی۔ شرافت بلند مکان۔ ناک۔ ج اَشْرَافٌ۔ شَرَفُ البَعِيْرِ: کوہان الشَّرَفُ: شریف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرَفُ قَوْمِهِ وكَرَمُهُمْ" وہ قوم کا شریف ہے۔

الشَّرَفَةُ: خاندانی شرافت۔

الشُّرْفَةُ مِنَ القَصْرِ: کنگرہ۔ ج شُرَفٌ والشُّرْفَةُ مِنَ المَالِ: عمدہ مال اور کہا جاتا ہے "اُعِدَّ زِيَارَتُكُمْ شُرْفَةً" تمہاری ملاقات کو میں اپنے لئے باعث عزت سمجھتا ہوں۔

الشَّرَفَةُ: شَرَفَاتٌ کا واحد۔ شَرَفَاتٌ ان مثلث یا مربع برجیوں کو کہتے ہیں جو دیوار کے بالائی حصہ میں ہوتی ہیں۔

الشَّارِفُ: فا۔ عنقریب شرف حاصل

کرنے والا۔ سَهْمٌ شَارِقٌ: پرانا تیر۔ دَنٌّ شَارِقٌ: پرانی شراب کا مٹکا۔ مِنَ النُوْق: بوڑھی اونٹنی۔ ج شُرَّقٌ وشُرْفٌ وشُرُوْفٌ وشُرُفٌ.

الشَارِفَةُ. شَارِفٌ کا مؤنث۔ بوڑھی اونٹنی۔ ج شَارِفَاتٌ وشَوَارِف.

الشَوَارِف. شراب کے برتن۔ مٹکا وغیرہ۔

الشَارُوْف. جھاڑو۔

الشَرِيْف. شرف و عزت والا۔ ج شُرَفَاء واَشْرَاف مؤنث شَرِيْفَةٌ. ج شَرَائِف وشَرِيْفَات۔ حَارِكٌ شَرِيْفٌ: بلند مونڈھا۔

اَشْرَافُ الاِنْسَان: انسان کے ناک، کان۔

الاَشْرَفُ. اسم تفضیل۔ چمگادڑ۔ قصر اَشْرَف. مؤنث شَرْفَاء. ج شُرْف: کنگرہ دار یا برجی والا محل۔ رَجُلٌ اَشْرَفٌ: بلند کاندھے والا مرد۔ مَنْكِبٌ اَشْرَف: بلند مونڈھا۔

الشَرْفَاءُ. اَشْرَف کا مؤنث۔ مِنَ الآذَان: لمبا کان۔

المُشرِفُ. مِنَ الاَمَاكِن: بلند جگہ۔

المُشْرَفُ. جھانکنے کی جگہ۔ ج مَشَارِف. مُشَارِفُ الاَرْضِ: زمین کی بلند جگہیں۔

المَشْرَفِيّ. عرب کے ان دیہات کی طرف منسوب جو مَشارِفُ الشام کے نام سے موسوم ہیں اور اسی سے ہے السُيُوفُ المَشْرَفِيَّةُ اور بقول بعض السُيُوفُ المَشْرَفِيَّة یمن کے ایک علاقہ کی طرف منسوب ہیں۔ مَشَارِفُ الشَام کی طرف نہیں۔

المُسْتَشْرِف. بلند۔

شَرَقَ (ن) شَرْقًا. الشَاةَ: بکری کے کان کو لمبائی میں چیرنا۔ صفت مفعولی (شَرْقَاء) الثَمَرَ: پھل توڑنا۔

شَرَقَتْ (ن) شَرْقًا وشُرُوْقًا. الشَمْسُ: آفتاب طلوع ہونا۔ النَخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔

شَرِقَ (س) شَرَقًا. بِرِيْقِه: اچھو لگنا۔ شَرِقَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا سرخ ہونا۔ لَوْنُهُ: شرم کی وجہ سے سرخ ہونا۔ الجرْحُ بالدَم: زخموں کا خون سے بھرنا۔ الدَمُ فِيْ عَيْنِه: آنکھ میں خون ظاہر ہونا۔ المَوْضَعُ بِاَهْلِه: جگہ کا لوگوں سے بھر کر تنگ ہونا۔ الشَمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ الشَيُّ: مخلوط ہونا۔ الاَرْضُ: پانی جاری ہونے کے ناقابل ہونا۔ الشَاةُ: لمبائی میں چرے ہوئے کان والی ہونا۔

شَرَّقَ. مشرق کی طرف متوجہ ہونا۔ چمکدار خوبصورت چہرے والا ہونا۔ اللَحْمَ: گوشت کے ٹکڑے کرنا اور دھوپ میں خشک کرنا۔ البِنَاءَ: چونے وغیرہ سے لیپنا۔ الشَيَّ بِالزَعْفَرَان: کسی چیز کو زعفران سے رنگنا۔

اَشْرَقَتِ. الشَمْسُ. آفتاب کا طلوع ہونا۔ چمکنا۔ اَشْرَقَ وَجْهُهُ: چمکدار ہونا۔ المَكَانُ: سورج کی چمک سے روشن ہونا۔ الرَجُلُ: طلوع آفتاب کے وقت داخل ہونا۔ اَشْرَقَتِ الشَمْسُ المَكَانَ: روشن کرنا۔ الثَوْبَ فِي الصِبْغ: گہرا رنگنا۔ اَشْرَقَهُ بِرِيْقِه: اچھو لگوانا۔ النَخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔

تَشَرَّقَ. دھوپ میں بیٹھنا۔ دھوپ کھانا۔

اِنْشَرَقَتْ. القَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔

اِشْرَوْرَقَتْ اِشْرِيْرَاقًا. العَيْنُ بِالدَمْع: آنسوؤں سے ڈبڈبانا۔ سرخ ہونا۔

الشَرْق. مص۔ آفتاب طلوع ہونے کی جگہ۔ چھٹن اور اسی سے ہے "مَا دَخَلَ شَرْقَ فَمِي شَيٌّ" میرے منہ کے شگاف میں کچھ داخل نہیں ہوا۔ ج اَشْرَاق (والشِرْق) روشنی جو دروازے کی دراڑ سے داخل ہو۔

الشَرَق. مص۔ آفتاب۔

الشَرْقَة. شَرَق کا اسم مرة۔ تم کہتے ہو "اَخَذَتْهُ شَرْقَةٌ كَادَ يَمُوْتُ مِنْهَا" اس کو اچھو لگ گیا جس سے وہ مرنے کے قریب ہو گیا۔ جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ (والشَرِقَة) آفتاب جبکہ طلوع ہو۔

الشَرِيق. آفتاب جبکہ طلوع ہو۔ خوبصورت لڑکا۔ ج شُرُق.

التَشْرِيْق. ۔ ۔ اَيَّامُ التَشْرِيْق. عیدالاضحی کے بعد تین دن۔ اس لیے کہ ان دنوں میں قربانی کا گوشت خشک کیا جاتا ہے۔ التَشْرِيْق: عید کی نماز اس لیے کہ طلوع آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔

الشَارِقُ. فا. آفتاب بوقت طلوع۔ کہتے ہیں "لا اُكَلِّمَكَ مَاذَرَّ شَارِقٌ" میں تم سے گفتگو نہیں کروں گا جب تک آفتاب طلوع ہو اور کبھی آفتاب کے علاوہ ستاروں پر بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔ پہاڑ وغیرہ کی شرقی جانب۔ ج شُرْقٌ.

الشَارُوْق. چونا راکھ ملا ہوا۔

المَشْرِق والمَشْرَق والمَشْرُق. طلوع آفتاب کی جگہ یا جہت۔ ج مَشَارِقُ.

المَشْرِقَةُ والمَشْرَقَةُ والمَشْرُقَةُ والمِشْرَاقُ والمِشْرِيق. جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔

مِشْرِيْقُ البَاب: دروازے کی دراڑ جس میں سے طلوع آفتاب کے وقت روشنی پڑے۔

المِشْرَاقُ. وہ شخص جس کی عادت ہو کہ دوسرے کو اچھو لگنے میں مبتلا کر دے۔

المُشَرَّق. مفع۔ چونہ راکھ سے پلستر کیا ہوا۔

الشَرْقُرقُ والشَرقْرَاقُ والشِرِقْرَاق والشَقِرَّاق ایک چھوٹا پرندہ جس کو "اَخْيَل" بھی کہتے ہیں اور عوام اس کو "شُقُرَّق" کہتے ہیں۔

شَرِكَتْ (س) شَرَكًا. النَعلُ: تسمہ

ٹوٹنا۔

شَرِكَهُ (س) شِرْكًا وشَرِكًا وشِرْكَةً وشَرِكَةً. شریک ہونا۔

شَرَّكَ. النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

اَشْرَكَهُ. فِي اَمْرِهٖ: کام میں شریک بنانا۔

اَشْرَكَ بِاللّٰهِ: شریک ٹھہرانا۔ شرک کرنا۔ صفت (مُشْرِك ومُشْرِكِيٌّ) اور اسم (الشِرْك)

النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

شَارَكَهُ و تَشَارَكَا. باہم شریک ہونا۔

اِشْتَرَكَ. الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ اِشْتَرَكَ الْقَوْمُ فِي كَذَا: باہم شریک ہونا۔

الشِرْك. شَرِك واَشْرَك کا اسم۔ شریک حصہ۔ اور اسی سے ہے "بِيْعَ شِرْكٌ مِنَ دَارِهٖ" اس کے گھر کا ایک حصہ بیچا گیا۔ ج اَشْرَاك.

الشِرْكَة. س شریک کا حصہ۔ دو یا دو سے زائد حصوں کا آپس میں اس طرح ملنا کہ ایک دوسرے سے ممتاز نہ ہوں اور عقد پر بھی بولا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ اختلاط نہ ہو۔

الشَرَك. جال۔ پھندا۔ ج شُرُك واَشْرَاك. راستہ پر جانوروں کے قدموں کے نشانات۔ واحد (شَرَكَة)

الشِرَاك. جوتے کا تسمہ جو پشت قدم پر پڑے۔ زمین پر گھاس کی ایک پٹی۔ ج اَشْرُك وشُرُك.

الشُرَكِيُّ والشُرَّكِيُّ. تیز چال اور کہا جاتا ہے "لَطَمَهُ لَطْمًا شُرَكِيًّا" اس نے اس کو جلدی جلدی پیاپے طمانچے مارے۔

الشَرِيْك. ساجھی۔ شریک۔ ج شُرَكَاء واَشْرَاك. مؤنث شَرِيْكَة. ج شَرَائِك.

الْمُشَارِك. ساجھی۔ حصہ دار۔

الْمُشْتَرَك. مع جس میں دو یا دو سے زائد شریک ہوں۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ مُشْتَرَكٌ و رَأْيٌ مُشْتَرَكٌ وَاَمْرٌ مُشْتَرَكٌ" لفظ مشترک: جس کے معانی بہت ہوں جیسے لفظ عین۔ رَجُلٌ مُشْتَرَكٌ: غمگین آدمی کی طرح خود بخود باتیں کرنے والا۔

اَلْاِشْتِرَاكِيُّ: اشتراکیت کو ماننے والا۔

اَلْاِشْتِرَاكِيَّةُ: وہ نظریہ جس میں معاشرہ کے وسائل آمدن مشترکہ ہوں اور اس کو ان پر خرچ کیا جائے ان سے کام لیا جائے اور خرچ دیا جائے۔ یعنی آمدن کا حق ملکیت یا وراثت بالکل نہ ہوگا۔

شَرَمَ (ض) شَرْمًا. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ الْاَنْفَ: ناک کا بانسہ کاٹنا الثَرِيْدَةَ: ثرید کو کناروں سے کھانا لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ: تھوڑا سا دینا۔

شَرِمَ (س) شَرَمًا. کٹی ہوئی ناک والا ہونا۔ صفت (اَشْرَم) مؤنث شَرْمَاء ج شُرْم.

شَرَّمَهُ. پھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَشَرَّمَ وانْشَرَمَ. پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ شَرَّمَ الصَيْدُ: شکار کا زخمی ہو کر بھاگنا۔

الشَارِم. فا. نشانہ کے گوشہ کو چھیدنے والا تیر۔

الشَرْم. س. کھاری۔ سمندر کے پانی کا گہرا حصہ۔ ایک قسم کا درخت۔ ج شُرُوْم.

شَرِنَ (س) شَرَنًا. الصَخْرُ: چٹان کا پھٹنا۔

الشَرَن. شگاف۔

الشَرَنْبَث والشَرَنْبَذ. موٹے اور سخت ہاتھوں والا۔ شیر۔

الشَرَنْبَى. ایک پرندہ۔

شَرْنَفَ. الزَرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے پتوں کو کاٹنا۔

الشِرْنَاف. کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو کھیتی کے لیے مضر ہیں۔

شَرْنَقَ. الشَيْءَ: کاٹنا۔

الشَرَانِق. سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔ والشَرَانِق عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ: ریشم کے کیڑے کا کویا؛ واحد (شَرْنَقَة) اس کو "فَيَالِج" بھی کہتے ہیں جس کا واحد "فَيْلَجَة" ہے۔ نیز "صُلَّج" کہتے ہیں جس کا واحد "صُلَّجَة" ہے۔

شَرِهَ (س) شَرَهًا وشَرَاهَةً. اِلَى الطَعَامِ وعَلَيْهِ: بہت حریص ہونا۔ صفت (شَرِه وشَرْهَان)

الشَرْهَاء. مِنَ السِنِيْنَ: خشک سال۔

شَرْهَفَ. الصَبِيَّ: بچہ کو عمدہ غذا دینا۔

الشَرْوُ و الشِرْوُ. شہد۔

الشِرْوَال. سروال میں ایک لغت ہے۔ بمعنی پاجامہ۔

شَرَى يَشْرِي شِرَاءً وشِرًى. الشَيْءَ: خریدنا، بیچنا اللَحْمَ اَوِ الثَوْبَ: دھوپ میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا بِنَفْسِهٖ عَنْ قَوْمِهٖ آگے بڑھ کر قوم کی طرف سے لڑنا۔ بادشاہ کے سامنے قوم کی نمائندگی کرنا۔

ہ. ٹھٹھا کرنا۔ غمگین کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهٖ مَاشَرَاهُ" اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کیا اللّٰهُ فُلَانًا: پِتی اُچھلنے کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

شَرِيَ يَشْرَى شَرًى. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا زِمَامُ الدَابَةِ: بہت زیادہ ہلنا الرَجُلُ: غضبناک ہونا۔ اصرار کرنا الجِلْدُ: جسم پر پِتی اُچھلنا۔ صفت (شَرٍ) الشَرُّ بَيْنَهُمْ: بُرائی پھیلنا الفَرَسُ فِي سَيْرِهٖ: تیز دوڑنا الفَرَسُ فِي لِجَامِهٖ والبَعِيْرُ فِي زِمَامِهٖ: کھینچنا۔

اَشْرَى. الزِمَامَ: حرکت دینا الشَيْءَ: جھکانا۔ الحَوْضَ: حوض کو بھرنا البَرْقُ: بجلی کا تیز چمکنا بَيْنَهُمْ: بھڑکانا القَوْمُ: خارجی جیسا ہونا یعنی طاعت امام سے نکل جانا۔

شَرَّى. اللَحْمَ اوالثوبَ ونَحْوَهُمَا: گوشت یا کپڑے کو دھوپ میں ڈالنا۔

شَارَى مُشَارَاةً وشِرَاءً. الرَجُلَ: خرید و فروخت کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

اِشْتَرَى. خریدنا۔ بیچنا۔

تَشَارَى تَشَارِيًا. الرَجُلَانِ: باہم

غضبناک ہونا۔
تَشَرَّی تَشَرِّیًا۔ متفرق ہونا۔ خوارج میں سے ہونا۔
اِسْتَشْرَی اِسْتِشْرَاءً۔ الفَرَسُ فِیْ سَیْرِہٖ: تیز دوڑنا الرَّجُلُ فِی الْاَمْرِ اصرار کرنا۔ اِسْتَشْرَتِ الْاُمُوْرُ: بڑا اور دشوار ہونا الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
اِشْرَوْرَی اِشْرِیْرَاءً۔ مضطرب ہونا۔
الشَّرْیُ۔ اندرائن۔ عرب کہا کرتے تھے۔ "لِفُلَانٍ طَعْمَانِ اَرْیٌ وشَرْیٌ" یعنی فلاں میٹھا بھی ہے اور کڑوا بھی۔ درخت خرما جو بیج سے اگا ہو۔ واحد (شَرْیَۃٌ)
الشِّرَاءُ۔ ج اَشْرِیَۃٌ و (الشِّرٰی) خرید و فروخت۔
الشَّرَاءُ۔ طرف۔ جانب۔
الشَّرٰی۔ پتی اُچھلنے کی بیماری۔ پہاڑ۔ راستہ۔ طرف۔ جانب۔ ج اَشْرَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "دَخَلُوْا اَشْرَاءَ الْحَرَمِ" وہ لوگ حرم کے اطراف میں داخل ہوئے۔ الشَّرٰی: فرات کی جانب شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور مثال کے کہا کرتے ہیں (والشَّرَاۃُ) ردی مال یا عمدہ مال۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شَرَارَۃٌ" یعنی عمدہ اونٹ۔
الشَّرِیُّ۔ مِنَ الخَیْلِ: پسندیدہ۔ رفتار میں انتہا کو پہنچا ہوا۔
الشَّرِیَّۃُ۔ الشَّرِیُّ کا مؤنث۔ طریقہ۔ طبیعت۔ روش۔ وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے۔
الشَّرْوٰی۔ مثل یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ وھِیَ وھُمَا وھُمْ وھُنَّ شَرْوَاكَ" یعنی تمہارے مثل ہیں اور کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَا یَمْلِكُ شَرْوٰی نَقِیْرٍ" وہ نقیر کی برابر کسی چیز کا مالک نہیں۔ نقیری کے لیے بطور مثال کے بولا کرتے ہیں۔ اور نقیر اس گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے۔

الشِّرْیَانُ۔ ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں۔ اُچھلنے والی رگ جس میں خون دوڑتا ہے۔ ج شَرَایِیْنُ۔
الشِّرْیَانَاتُ۔ جسم کی باریک رگیں۔
الشَّارِیْ۔ اسم فاعل۔ ج شُرَاۃٌ۔ زمانہ حال کے علماء اس کلمہ کو بجلی پر دلالت کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ الشُّرَاۃُ: خوارج۔
الْمُشْتَرِیْ۔ فا خریدار۔ ایک سیارہ کا نام۔ ایک قسم کا پرندہ۔
شَرْیَفَ۔ الزَّرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے مضر پتوں کو کوٹنا۔
الشِّرْیَافُ۔ کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو مضر ہوں۔
شَزَّ (ض) شَزَازَۃً۔ بہت خشک ہونا۔ صفت (شَزٌّ و شَزِیْزٌ)
شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا وشُزُوْبًا۔ کھردرا ہونا یا لاغر و خشک ہونا۔ صفت (شَازِبٌ) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِبٌ شَازِبٌ" رنگ بدلا ہوا لاغر و خشک مرد۔ ج شُزَّبٌ وشَوَازِبُ۔
شَزَّبَ۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو لاغر کرنا۔ چھریرا بنانا۔
تَشَازَبَ۔ القَوْمُ عَلَی المَاءِ وغَیْرِہٖ: اپنے حصہ کا منتظر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ مُتَشَازِبُوْنَ" وہ لوگ اپنے حصہ کا انتظار کر رہے ہیں۔
الشُّزْبَۃُ۔ اسم مرۃ۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔ الشَّزْبَۃُ مِنَ الاُتُنِ: دبلی پتلی گدھی۔
الشُّزْبَۃُ۔ فرصت۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ شُزْبَتُہٗ" اس کی فرصت کا موقع نکل گیا۔
الشَّزِیْبُ۔ لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ ہوئی ہو۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔ ج شُزُوْبٌ۔
الشَّوْزَبُ۔ علامت۔
شَزَرَ (ض) شَزْرًا۔ الرَّجُلَ والِیْہِ: غصہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا فُلَانًا: دائیں بائیں سے نیزہ مارنا۔ نظر بد لگانا۔
شَزَرَ (ن ض) شَزْرًا واِسْتَشْزَرَ۔ الحَبْلَ: رسی بٹنا۔ اِسْتَشْزَرَ الحَبْلُ: رسی کا بٹ جانا۔ اِسْتَشْزَرَ الشَّیْءَ: بلند کرنا الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
اَشْزَرَہٗ۔ اللّٰہُ: ایسی مصیبت میں پھنسانا جس سے رہائی ممکن نہ ہو۔
تَشَزَّرَ۔ غضبناک ہونا لِلْقِتَالِ: آمادۂ جنگ ہونا۔
شَازَرَہٗ مُشَازَرَۃً۔ دشمنی کرنا۔
تَشَازَرَ القَوْمُ: ترچھی نظر سے ایک دوسرے کو دیکھنا۔
الشَّزْرُ۔ مص۔ سختی۔ دشواری۔ کہا جاتا ہے "غَزْلٌ شَزْرٌ" ناہموار کتا ہوا سوت۔
الشَّزَرُ والشُّزْرَۃُ۔ آنکھ کی سرخی۔
الاَشْزَرُ۔ سرخ۔ عَیْنٌ شَزْرَاءُ: غصہ کی وجہ سے سرخ آنکھ۔
شَزِنَ (س) شَزَنًا۔ الرَّجُلُ: چست ہونا۔
تَشَزَّنَ۔ الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔ لَہٗ فِی الخُصُوْمَۃِ: جھگڑے میں سختی برتنا۔ لِلسَّفَرِ: سفر کی تیاری کرنا۔ سامان کرنا۔
(تَشَزُّنًا وتشزینًا) الرَّجُلَ: پچھاڑنا۔ الشَّاۃَ: ذبح کرنے کے لیے لٹانا۔
الشَّزْنُ۔ چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔
الشَّزَنُ والشُّزُنُ۔ سختی۔ جانب دوری۔ زمین کی سختی۔ مِنَ العَیْشِ: زندگی کی سختی۔
الشُّزُنُ: چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔
الشَّزْنَۃُ۔ مِنَ النِّسَاءِ: بخیل عورت۔
الشُّزُوْنَۃُ۔ سختی۔
شَزَا یَشْزُوْا شَزْوًا۔ بلند ہونا۔
شَسَّ (ض) شُسُوْسًا۔ الشَّیْءُ: خشک ہونا۔
الشَّاسُّ۔ لاغر ضعیف و خشک۔
الشَّسُّ۔ سخت زمین جو ایک پتھر کی طرح معلوم ہو۔ ج شِسَاسٌ وشُسُوْسٌ

وشِسِيس.

شَسِبَ(س) وشَسُبَ(ک) شَسَبًا وشُسُوبًا. خشک و لاغر ہونا۔ صفت (شاسِبٌ ج شُسُبٌ.

الشَسْبُ والشَسِيبُ. مِنَ القِسِيِّ: کمان جس کی لکڑی پتلی ہو۔

الشَسُوب. مِنَ النُوق اونٹنی جس کا بچہ سردی میں مر جائے اور پھر دودھ نہ دے۔

شَسَع (ف) شَسْعًا وشُسُوعًا. المَنزِلُ دور ہونا۔ صفت (شَسُوعٌ ج شُسُعٌ و (شاسِعٌ). شَسْعًا وشَسَّعَ واشْسَعَ) النَعْلَ: جوتے کے لیے تسمہ بنانا۔

اشْسَعَ. الشئَ دور کرنا۔

شَسِعَ (س) شَسَعًا. النَعْلُ: جوتہ کا تسمہ ٹوٹنا الفرسُ گھوڑے کے ثنیہ اور رباعیہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔

بہ دور کرنا۔

الشِسْعُ. جوتی کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "اَوْنیٰ مِنَ الشِسْعِ" جوتی کے تسمہ سے بھی قریب۔ تنگ زمین۔ کسی جگہ کا کنارا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِشِسْعٍ مِنَ الوادی" وہ وادی کے کنارے پر اترا۔ تھوڑا مال۔ زیادہ مال (ضد) اور کہا جاتا ہے "هُوَ شِسْعُ مالٍ" وہ مال کا انتظام کرنے والا ہے۔ ج اشْساع.

شَسَفَ (ن) شَسُفَ (ک) شُسُوفًا شَسافةً وشَسافةً. خشک و لاغر ہونا۔ صفت (شاسِفٌ وشَسِيفٌ)

الشَسْفُ. خشک روئی کی ٹکیہ۔

الشَسْف کچی کھجور چیر کر خشک کی ہوئی۔

الشَسِف وہ شخص جو لاغری کی وجہ سے خشک ہو چلا ہو۔

شَصَّتْ (س ض) شُصُوصًا وشِصاصًا. الناقةُ اونٹنی کا بہت کم دودھ والی ہونا المعِيشةُ تنگ گزران ہونا الرَجُلُ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما اَدْرِی اَیْنَ شَصَّ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

شَصَّ(ن) شَصًّا واشَصَّهُ. عَنْ کَذا: منع کرنا۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔ اشَصَّ الرَجُلُ دور چلا جانا۔ اشَصَّتِ النَاقةُ اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔ صفت شَصُوصٌ. مُشِصٌّ نہیں کہتے۔

الشَصُّ. مشاق چور۔ ج شُصُوص (والشِصُّ) مچھلی شکار کرنے کا کانٹا۔ جس کو "سِنَّارَة" بھی کہتے ہیں۔ ج شُصُوص.

الشَصُوصُ. مِنَ النُوق اوالشِياهِ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج شُصُص وشَصائِص وشِصاص. سَنَةٌ شَصُوصٌ خشک سال۔ کہا جاتا ہے "نَفَی اللّٰهُ عَنكَ الشَصائِص" اللہ تمہاری سختیوں کو دور کرے۔

شَصَبَ(ن) شُصُوبًا وشَصِبَ(س) شَصَبًا. العَيْشُ تنگ گزارن ہونا۔ صفت (شاصِبٌ) الاَمْرُ دشوار ہونا المَکانُ قحط زدہ ہونا۔

شَصَبَ(ن) شَصْبًا. الشاةَ بکری کی کھال اتارنا۔

اَشْصَبَ. اللّٰهُ عَيْشَهُ تنگ گزران کرنا۔

الشِصْبُ. سختی۔ قحط۔ خشک سالی۔ حصہ۔ ج اَشْصاب.

الشَصْبُ والشَصَبُ. خشکی۔

الشُصْبُ کھال اتری ہوئی بکری۔ عَيْشٌ (شَصِبٌ) دشوار و تنگ گزران زندگی۔

الشَصِيبُ حصہ۔ مسافر۔

الشَصِيبَةُ سختی و خشک سالی۔ کنوئیں کی گہرائی۔ ج شَصائب. الشَصائب پالان کی لکڑی۔

الشَصَّاب قصاب۔

شَصَرَ(ن) شَصْرًا. الثَوْبَ کپڑے کو دور دور سینا۔ لنگر ڈالنا فلانًا بالرُمحِ کسی کو نیزہ مارنا ہ الثَورُ بیل کا سینگ مارنا۔

الشَصْر ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شَصْرة. ایک چھوٹا پرندہ۔ ج اشْصار.

الشاصِرُ. فا. الشاصِرُ مِنَ الظِباءِ: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شاصِرة ج شَواصِر.

الشاصِرةُ درندوں کیلئے ایک جال۔

الشَوْصَر. مِنَ الظِباء ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔

الشَصِيرُ کانٹے کی چبھن۔

شَصا يَشْصُو شُصُوًّا وشَصِيَ يَشْصَى شُصِيًّا. البَصَرُ نگاہ کا پتھرا جانا السَحابُ بادل کا بلند ہونا القِرْبَةُ مشک کا خوب اچھی طرح بھر جانا المَيِّتُ میت کے ہاتھ پیروں کا اٹھ جانا۔ کہا جاتا ہے "شَصا بِرِجْلِهِ" اس نے اپنی ٹانگ اٹھائی۔

اَشْصى. بَصَرَهُ ٹکٹکی لگانا۔ نگاہ اٹھانا۔

الشَصْوُ. سختی۔ مسواک۔

شَطَّ(ض ن) شَطًّا وشُطُوطًا. دور ہونا۔ فُلانًا دور کرنا۔ ظلم کرنا۔

شَطَّ(ض) شَطَطًا زیادتی کرنا۔ حق سے دور ہو جانا عَلَيْهِ فِي قَوْلِهِ وحُکْمِهِ: ظلم کرنا فِي سِلْعَتِهِ حد سے تجاوز کرنا اور بیش قیمت کرنا۔

اشَطَّ اِشْطاطًا واشْتَطَّ اشْتِطاطًا زیادتی کرنا۔ حد سے تجاوز کرنا۔ حق سے دور جا پڑنا عَلَيْهِ ظلم کرنا۔

شَطَّطَ زیادتی میں مبالغہ کرنا۔

شاطَّهُ زیادتی کرنے میں مقابلہ کرنا۔

الشَطُّ ص. دریا یا سمندر کا کنارہ۔ ج شُطُوط وشُطّان کوہان کی ایک جانب۔ ج شُطُوط.

الشَطَّةُ اسم مرة۔ جاريةٌ شَطَّةٌ سڈول بدن والی لونڈی۔

الشَطَّةُ والشَطاطَةُ والشَطاط والشِطاط دوری۔ الشَطاط والشِطاط: قد و قامت کی خوبصورتی اور اعتدال۔

الشاطُّ. فا. رَجُلٌ شاطٌّ سڈول بدن

والامرد۔مؤنث شاطئۃ۔

شَطَأَ(ف) شَطْأً و شُطُوْءًا کنارہ پر چلنا الدابۃ بالحمل جانور پر بوجھ لادنا۔ فُلانًا مغلوب کرنا الامُّ بالولد بچہ گرا دینا (واَشْطأ) الزرعُ کھیتی میں خوشہ نکلنا۔ اَشْطأ الشجرُ بغصونہٖ درخت میں ٹہنی نکلنا۔ اَشْطأ الرجلُ زکام والا ہونا۔ اَشْطأ الوادی دونوں کناروں پر بہنا۔ کہتے ہیں "ملنا لوادی کذا فوجدناہ مُشطئًا" ہم فلاں وادی کی طرف متوجہ ہوئے تو اس کو دونوں کناروں سے بہتا ہوا پایا۔

شَطَّأ تَشْطِیْئًا النھرُ دونوں کناروں پر بہنا۔

شاطأہٗ ایک دوسرے کے ساتھ دریا کے کنارہ پر چلنا۔

الشَطْأ کنارہ۔ج شُطُوْء (والشطأ) کھیتی کے پتے یا خوشہ۔ درخت خرما کے پودے۔ مِنَ الشجر شاخیں جو درخت کی جڑ میں نکل آئیں۔ج اَشْطاء۔

الشُطْأۃ زکام۔

الشاطئ فا مِنَ النھر جانب۔ تم کہتے ہو "شاطئ الاودیۃ" اس کی جمع نہیں آتی۔ مِنَ البحر کنارہ۔ج شواطئ و شُطْآن۔

شَطَبَ(ن) شَطْبًا الشیءَ لمبا کاٹنا یا چیرنا ہ و شَطَبَ فوقہٗ لکیر کھینچنا الرجلُ دور ہونا عنہ اعراض کرنا۔ ہٹنا الرمحُ عن مقتلہٖ نیزے کا خطا کرنا۔

شَطَّبَہٗ جسم میں عمل تشریح کرنا۔

تَشَطَّبَ کٹنا (وانشطب) الماءُ ونحوہٗ بہنا۔

الشَطْب س لمبا خوبصورت قد و قامت والا۔ درخت خرما کی تر و سبز شاخ۔ ج شُطُوب۔

الشَطْبۃ مِنَ النخل کھجور کی سبز شاخ۔ تلوار۔ج شُطَب لکیر جو غلط تحریر پر کھینچ دی جائے (والشِطْبۃ) لمبی خوبصورت لڑکی۔ اچھے گوشت والا گھوڑا۔

الشَطْبۃ و الشُطْبۃ و الشِطْبۃ تلوار وغیرہ کے پھل کی دھاری۔ج شُطَب۔

الشَطِیْبۃ اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا جو لمبا کاٹ لیا گیا ہو۔ جیسے شطائب۔

الشطائب سلف فرقے۔ تختیاں۔

سَیْفٌ مَشْطُوْبٌ و مُشَطَّبٌ دھاری دار تلوار۔ رَجُلٌ مُشَطَّبٌ وہ شخص جس کے چہرہ میں تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو۔

شَطَر(ن) شَطْرًا الشیءَ دو برابر حصوں میں کرنا بیت الشعر شعر کا نصف حذف کرنا الناقۃ او الشاۃ ایک جانب کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔ اور کہتے ہیں شَطَر شَطْرَہٗ اس نے اس کی جانب کا قصد کرنا۔

شَطَرَت(ن) شُطُوْرًا الناقۃُ اونٹنی کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا۔ شَطَرَ بَصَرُہٗ اس طرح دیکھنا کہ تمہاری طرف بھی نظر رہے اور دوسرے کی جانب بھی الدارُ دور ہونا (شَطَارَۃً) شوخ و بیباک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا۔ (شُطُوْرًا و شُطُوْرۃ و شَطَارَۃً) عَنْھُم جدا و بعید ہونا علٰی اَھْلِہٖ خباثت و کمینگی کی وجہ سے موافقت چھوڑ دینا الیھم متوجہ ہونا۔

شَطُرَ(ک) شَطَارَۃً شوخ و بیباک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا (شُطُوْرَۃ الناقۃُ) اونٹنی کے ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا۔ ایک پستان خشک ہونا۔

شَطَّرَ الشیءَ دو حصوں میں تقسیم کرنا۔ الشعرَ شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھا دینا (مولدۃ) الناقۃَ و بالناقۃِ اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔

شَاطَرَہٗ مالَہٗ آدھا آدھا تقسیم کر لینا۔ فُلانًا کسی کے گھر کے متصل گھر والا ہونا الناقۃَ اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔

الشَطْر س جزء۔ نصف۔ اور اسی سے ہے "شَطْر بیت الشعر" شعر کا نصف واحد؛ دوری جہت؛ جانب۔ اور اسی سے ہے شطر شطرہٗ و "فَوَلِّ وجھک شطر المسجد" اپنے چہرہ کو مسجد کی جانب پھیرو۔ ج اَشْطُر و شُطُوْر ناقہ کے تھن کے دو حصے ہوتے ہیں دو اگلے اور دو پچھلے۔ ہر دو باکھوں کو شطر کہتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "حلب اشطر الدھر" یعنی اس نے تجربہ کیا اور زمانہ کے خیر و شر کو وہ پہچان گیا اور امثال عرب سے ہے "ھذا حلبٌ لک شطرہ" یہ ایسا عمل ہے جس میں فریقین کا نفع ہے۔

الشِطْرۃ اسم نوع۔ اور کہا جاتا ہے "اولاد فلان شِطْرۃ" یعنی فلاں کی اولاد نصف مذکر نصف مؤنث ہے۔

الشَطْران صرف نصف تک بھرا ہوا مؤنث شَطْرٰی۔

الشاطر فا شوخ و بیباک۔ چالاک و خبیث۔ ج شُطّار۔

الشَطُوْر (مِنَ النعاج او النوق) بھیڑیا۔ اونٹنی جس کے ایک جانب کا تھن لمبا ہو یا ایک جانب کا تھن خشک ہو گیا ہو۔ ثوبٌ شَطُوْرٌ کپڑا جس کی ایک جانب دوسرے سے لمبی ہو۔ دارٌ شَطُوْرٌ دوسرے مکانوں سے علیحدہ مکان۔

الشَطِیْر دور۔ اکیلا۔ مسافر۔ اجنبی۔ ج شُطَراء و شُطُر۔ آدھا۔ کہا جاتا ہے "ھذا شَطْرُہٗ و شَطِیْرُہٗ" یہ اس کا آدھا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے "ھذا نصفہ و نصیفہ"۔

المَشْطُوْر س چٹنی لگی ہوئی روٹی۔ مِنَ الرجز فن عروض کی اصطلاح میں بحر رجز کے چھ اجزاء سے تین جز حذف کیا ہوا۔

المُشاطِر ہمسایہ۔ کہا جاتا ہے "ھم مُشاطِرونا" ان کے گھر ہمارے گھر سے متصل ہیں۔

الشِطْرَنْج ایک مشہور کھیل ہے۔ سنسکرت لفظ چترانگ کا معرب۔ اس میں چھ قسم کے مہروں سے کھیلتے ہیں جو شاہ؛ فرزین؛ فیل؛ اسپ

رخ اور پیدل کہلاتے ہیں۔ج شِطْرَنْجات.

شَطَسَ(ن) شَطْسًا. فِي الْاَرْضِ :سفر کرنا۔

الشَطْس .س۔ چالاکی۔

الشُطْس والشُطْسَة. مخالفت۔ دشمنی۔ عناد۔

الشَطُوْس .ہر طرف کو جانے والا۔ حکم کے خلاف چلنے والا۔

شَطِعَ (س) شَطْعًا. الرَّجُلُ: مرض وغیرہ کی وجہ سے گھبرا اُٹھنا۔

شَطَفَ(ن) شَطْفًا. الرَّجُلُ: جانا اور دُور ہونا عَنِ الشَيْءِ :ہٹنا الثَّوْبَ وغیرہ: کپڑا وغیرہ دھونا۔

سَهْمٌ (شَاطِفٌ) نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ نِيَّةٌ (شَطُوْفٌ) ارادہ بعید و بے پایاں۔

الشُطْفَة. مِنَ الشَيْءِ :ٹکڑا۔ج شُطَف.

شَطَنَهُ(ن) شَطْنًا :مخالفت کرنا۔ دُور کرنا۔ رسّی سے باندھنا۔ شَطَنَ فِي الْاَرْضِ : داخل ہونا (شُطُوْنًا) الدار :دُور ہونا۔

الرَّجُلُ :حق وغیرہ سے دُور ہونا

اَشْطَنَهُ :دُور کرنا۔

شَيْطَنَ شَيْطَنَةً وتَشَيْطَنَ. شیطانی فعل کرنا۔

الشَاطِن. فا. خبیث۔ حق سے دُور ہونے والا۔

الشَطَن. رسّی۔ج اَشْطَان.

بِئْرٌ (شَطُوْنٌ) زیادہ گہرا کنواں۔ حَرْبٌ شَطُوْنٌ :بہت سخت جنگ۔ نِيَّةٌ شَطُوْنٌ : ارادۂ بعید رُمحٌ شَطُوْنٌ :لمبا ٹیڑھا نیزہ۔

الشَّطِيْن .دُور۔

الشَيْطَان .ج شَيَاطِيْن .دیو۔ ہر سرکش و نافرمان (آدمی ہو یا جن یا جانور) اور اسی سے ہے "شَيَاطِيْنُ الْعَرَبِ" عرب کے سرکش و نافرمان لوگ۔ سانپ۔ شَيْطَانُ الفَلَاة : پیاس۔ مُخَاطُ الشَّيْطَان :ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے "رَكِبَه شَيْطَانُه" یعنی وہ غضبناک ہوا و "شَيَاطِيْنُ الرَاس" غصے کا جوش۔

شَطِيَ(س) شُطِيًّا. المَيِّتَ :میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔

شَطَّى تَشْطِيَةً. الشَاةَ :کھال اُتارنا اور گوشت کو جدا جدا کرنا۔

اِنْشَطَى. الشَيْءُ :پراگندہ و متفرق ہونا۔

شَظَّهُ(ن) شَظًّا. الاَمْرُ :دشوار ہونا۔ سختی میں ڈالنا (وشَظَّظَ واَشَظَّ) القَوْمَ :پراگندہ و متفرق کرنا۔ دھتکارنا۔ شَظَّ واَشَظَّ الجَوَالِقَ :ٹیڑھے سرے کی لکڑی کو بورے کے دونوں گوشوں میں باندھنا۔

الشَظّ .س۔ دن کا بقیہ۔ج اَشْظَاظ.

الشِظَاظ. ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے کے دونوں گوشوں میں داخل ہو۔ج اَشِظَّة.

الشَظِيْظ .بندھا ہوا بورا۔ چری ہوئی لکڑی۔ ج اَشْظَاظ. کہا جاتا ہے "طَارُوا اَشْظَاظًا اور شِظَاظًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہوگئے۔

شَظِفَ (س) شَظَفًا. العَيْشُ :تنگ گزران ہونا الرَّجُلُ :تنگ زندگی والا ہونا۔ صفت (شَظِفٌ) العَيْشِ: شَظِفَتْ يَدُهُ: سخت اور کھردرا ہونا السَّهْمُ :تیر کا کھال اور گوشت کے درمیان داخل ہونا۔ (وشَظُفَ (ک) شَظَافَةً) الشَجَرُ :سخت ہونا۔ صفت (شَظِيْف)

شَظَفَهُ(ن) شَظْفًا. عَنْ كَذَا :منع کرنا۔ روکنا۔

الشَظَف .س۔ج شِظَاف و (الشَظَاف) تنگی و سختی۔

الشِظَاف .دُوری۔

الشَظَف .س۔ لاٹھی کی پھٹن۔

الشِظْف .خشک روٹی۔ کھونٹی کی مانند لکڑی۔ چھپٹی۔ج شِظْفَة.

الشَظِف. بدخلق۔ بڑا جنگجو۔ عُوْدٌ شَظِفٌ :ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ اَرْضٌ شَظِفَةٌ : سخت و خشک زمین۔

المِشْظَف .بے ارادہ تعریض کرنے والا۔

شَظِيَ (س) يَشْظَى شَظًى. پھٹنا۔ القَوْمُ :متفرق ہونا۔

شَظَى يَشْظِي شَظْيًا. السِقَاءُ :خوب اچھی طرح بھر جانا المَيِّتُ :میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔

شَظَّى تَشْظِيَةً. القَوْمَ :متفرق کر دینا الفَرَسَ :گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا۔

اَشْظَى ہ :گھٹنے کی باریک ہڈی پر مارنا۔

تَشَظَّى. پھٹنا۔ متفرق ہونا العُوْدُ :ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِنْشَظَى. پھٹنا۔

الشَظَى .س۔ دست یا زانو کی پتلی اور چھوٹی ہڈی یا ان میں کے چھوٹے چھوٹے پٹھے۔ قوم کے پیرو۔ اجنبی لوگ جو قوم میں داخل ہو جائیں۔

الشَظِيَّةُ. کمان۔ پنڈلی کی ہڈی۔ لکڑی۔ ہڈی وغیرہ کا ٹکڑا۔ج شَظَايَا وشَظِيٌّ.

الشِظْيَة. پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ سے ایک طرف کو نکلا ہوا ہو۔

شَعَّ(ض) شَعًّا وشَعَاعًا. المَاءُ :بکھرنا۔ پھیلنا (شَعًا وشَعِيْعًا) جلدی کرنا۔

شَعَّ(ن) شَعًّا وشَعَاعًا. المَاءَ :بکھیرنا۔ کہا جاتا ہے "شَعَّ الغَارَةَ عَلَيْهِم" ہر طرف سے لوٹ ڈالنا۔

اَشَعَّ اِشْعَاعًا. المَاءَ ونَحْوَهُ :بکھیرنا الشَمْسُ :شعاع پھیلنا الزَّرْعُ :کھیتی میں خوشہ نکلنا السُنْبُلُ :دانوں سے پر ہونا۔

اِنْشَعَّ. الذِئْبُ فِي الغَنَمِ. بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔

الشُعّ مکڑی کا جالا۔ شُعُّ الشَمْسِ : آفتاب کی کرن۔

الشُعَاع. آفتاب کی کرن۔ج اَشِعَّة و شُعُع وشِعَاع.

الشُعَاع (علم ہندسہ)
خط مستقیم کا ٹکڑا جس کو سامنے لے جایا گیا ہو خط مستقیم کا قطعہ جو مرکز اور نقطہ دائرہ کو ملادے۔ اس کا نام شعاع الدائرہ ہے۔

اَشِعَّۃُ س اور رُنْجِن: غیر مرئی شعاعیں غیر شفاف اجسام جیسے لکڑی اور معدنی پلیٹ کو جلاتی ہے۔ اَشِعَّۃُ مَا قَبْلَ الاَحْمَرِ: سفید روشنی میں موجود غیر مرئی شعاعیں جن کا وقوع شرارے میں سرخ رنگ سے قبل ہوتا ہے بہت گرم ہوتی ہیں۔ اَشِعَّۃُ مَا بَعْدَ الْبِنَفْسَجِی: غیر مرئی سفید روشنی میں موجود شعاعیں جن کا وقوع شرارے میں بنفشی کے بعد ہوتا ہے۔ یہ فوٹو گرافی کی پلیٹ پر نشان چھوڑ جاتی ہے۔ اس کے ذریعے اس کے وجود کا علم ہوتا ہے۔

الاشعۃ المُهْبِطَۃُ: ہلکے (خفیف) گیس کی نالی میں بجلی کے آنے کی وجہ سے نیچے سے اوپر کی طرف بجلی کے شرارے جاتے ہیں۔

اَلشُّعَاعُ شعاع کو چھوڑنے کا آلہ۔

الشَّعَاعُ. س۔ خون وغیرہ کا بکھرنا۔ ہلکا سایہ مِنَ اللَّبَنِ: زیادہ پانی ملا ہوا دودھ ہر بکھری ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ بِالْعَصَاءِ عَلَى الحَائِطِ فَتَطَايَرَتْ شَعَاعًا" میں نے لاٹھی کو دیوار پر مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے چیتھڑے اڑ گئے۔ و "ذَهَبَ القَوْمُ شَعَاعًا" قوم بکھر گئی و "طَارَ قَلْبُهُ شَعَاعًا" اس کا دل غموں کی وجہ سے پراگندہ ہوگیا۔ و "طَارَتْ نَفْسُہ شَعَاعًا" خوف وغیرہ کی وجہ سے اس کا جی پراگندہ وپریشان ہوگیا۔

شُعَاعُ السُّنْبُلِ وشَعَاعُہُ وسَعَاعُہُ وشَعُّہُ. خوشہ کا خشک کانٹا جب تک کہ خوشہ پر رہے۔

الشَّعُّ والشَّعِيْعُ. جلدی۔ والشَّعُّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ. بکھری ہوئی۔

شَعَبَ (ف) شَعْبًا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ متفرق کرنا۔ درست کرنا۔ بگاڑنا (ضد) پھاڑنا۔ الشَّيُّ: ظاہر ہونا القَوْمُ: متفرق ہونا الرَّجُلُ: مرنا۔ شَعَبَتْهُ المَنِيَّۃُ: اچانک ہلاک کرنا فُلَانًا: مشغول کرنا اللِّجَامُ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو روکنا اور دوسری طرف کو پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْعَبْ لِيْ

شُعْبَۃً مِنَ المَالِ" یعنی اپنے مال میں سے ایک حصہ مجھ کو دو۔ شَعَبَ اِلَى القَوْمِ: اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کو قوم کی طرف مائل ہونا الاَمِيْرُ رَسُوْلًا اِلٰى مَوْضِعِ كَذَا: پیغامبر بنا کر بھیجنا۔

شَعِبَ (س) شَعَبًا. الرَّجُلُ اَوِ الثَّوْرُ: کندھوں اور سینگوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔

شَعَّبَ واَشْعَبَ. عَنْہُ. ہمیشہ کیلئے جدا ہونا۔

اَشْعَبَ الرَّجُلُ: مرنا۔

شَاعَبَ. و شَاعَبَتْ نَفْسُہُ: مرنا۔

شَاعَبَ الحَيٰوۃُ: ہلاک کرنا صَاحِبَہ: دور ہونا۔

اَلشَّعْبُ: بڑا قبیلہ۔ وہ طبقات جن پر عرب کی نسل تقسیم ہیں درج ذیل ہیں۔ (۱) الشَّعْبُ (۲) اَلْقَبِيْلَۃُ (۳) اَلعِمَارَۃُ (۴) اَلْبَطَنُ (۵) اَلْفَخِذُ (۶) اَلْفَصِيْلَۃُ (۷) اَلْعَشِيْرَۃُ۔ شعب میں کئی قبائل ہوتے ہیں قبیلہ میں کئی عمارہ، عمارہ میں کئی بطن، بطن میں کئی فخذ، فخذ میں کئی فصیلۃ اور فصیلۃ میں کئی عشیرہ ہیں۔ خزیمہ شعب ہے کنانہ قبیلہ، قریش عمارہ، قصی بطن، ہاشم فخذ اور عباس فصیلہ ہے۔ عشیرہ سے مراد ایک باپ کے قریب ترین بیٹے۔

تَشَعَّبُوْا. متفرق ہونا۔ تَشَعَّبَ الزَّرْعُ: شاخوں والی ہونا النَّهْرُ: متفرق شاخیں نکلنا عَنْہُ دور ہونا۔ تَشَعَّبَتْهُمُ الفِتْنَۃُ: جدا جدا کر دینا۔ تَشَعَّبَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَۃِ: متفرق شاخیں پھیلنا الشَّيُّ: درست ہونا۔

اِنْشَعَبَ. عَنْہُ: دور ہونا اَغْصَانُ الشَّجَرَۃِ: جڑ سے شاخیں نکلنا الطَّرِيْقُ او النَّهْرُ: جدا ہونا۔ اِنْشَعَبَ الرَّجُلُ واِنْشَعَبَ نَفْسُہُ: مرنا الشَّيُّ: درست ہونا۔ اِنْشَعَبَ بِهِ القَوْلُ: بات میں سے بات نکلنا۔

الشَّعْبُ. س۔ بڑا قبیلہ۔ لوگوں کی جماعت مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا شَعْبَانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ دوری۔ دور۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ

شَعَبٌ" دور کا پانی۔ سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ۔ شگاف۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَاَمَ شَعْبُهُمْ" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہوگئے۔ ج شُعُوْب.

الشُّعُوْبِيَّۃُ. وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں۔ واحد (شُعُوبِيٌّ)

الشِّعْبُ. پہاڑی راستہ۔ پانی کا راستہ۔ درۂ کوہ۔ بڑا قبیلہ۔ جانب۔ ج شِعَاب اور کہتے ہیں۔ "شَغَلَتْ شِعَابِي جدوای" یعنی اہل وعیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر مہربانی کرنے سے باز رہا۔

الشَّعَب. س۔ دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشُّعْبَۃُ. فرقہ۔ کسی چیز کا گروہ۔ شاخ۔ دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ وادی کی بڑی نالی۔ پہاڑ کی دراڑ۔ ج شُعَبٌ وشِعَابٌ وشُعَبُ الدَّهْرِ: زمانہ کے احوال۔ شُعَبُ السَّفُّوْدِ: سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کیلئے گوشت لٹکاتے ہیں۔ شُعَبُ اليَدِ: انگلیاں۔ شُعَبُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ۔ شُعَبُ الجِسْمِ: ہاتھ پاؤں۔ شُعْبَتَا الرَّجُلِ: کجاوہ کا اگلا پچھلا حصہ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَسْاَلَۃٌ كَثِيْرُ الشُّعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس کی تفریعات بہت ہیں۔

شَعْبَانُ. قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ۔ ج شَعْبَانَات وشَعَابِيْن (کلمہ غیر منصرف ہے)

شَعُوْبُ. موت کے لیے علم ہے اور غیر منصرف ہے۔

الاَشْعَبُ. جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا۔ مؤنث شَعْبَاء۔ ج شُعْب.

الشَّعَّاب. شگاف کو درست کرنے والا۔ پیشہ کا نام (الشِّعَابَۃ) ہے۔

الشَّعِيْب. کجاوہ۔ پرانی مشک۔ توشہ دان۔ ج

شُعُب.
الشَاعِبَان. دونوں کندھے۔
المَشْعَب. راستہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَشْعَبُ الحَقِ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے۔ ج مَشَاعِب.
المِشْعَبْ. سوراخ کرنے کا آلہ۔ ج مَشاعب.
المُشَعَّب. درست کیا ہوا۔
شَعْبَذَ. شعبدہ بازی کرنا۔ بازی گری کرنا۔
شَعِثَ (س) شَعَثًا. الاَمْرُ: پراگندہ ہونا۔ (شَعْثًا وشُعُوثَةً) الشَعْرُ: بالوں کا غبار آلود ہونا۔ چکٹ جانا۔
شَعَّثَ. الشَئَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا ہ بخَیْرٍ: خیر پہنچانا۔ مِنَ فُلان: چشم پوشی کرنا مِنْهُ شَیْئًا: لے لینا۔ نکال لینا عَنْهُ: مدافعت کرنا مِنَ الطَعَام: تھوڑا کھانا الشَاعِرُ: شعر میں تشعیب جاری کرنا (تشعیث علم عروض کی اصطلاح میں "فاعِلَاتن" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک حذف کرنے کو کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔)
تَشَعَّثَ. پراگندہ ہونا۔ بکھرنا مِنَ الطَعَام: تھوڑا کھانا الشَعْرُ: بالوں کا چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا الشِعْرُ: شعر میں تشعیث جاری ہونا۔
الاَشْعَث. چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔ مؤنث شَعْثَاء. ج شُعْث.
الشَعْث. پراگندگی معاملہ۔
الشَعَث. مص۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُمْ" اللہ نے ان کے اَمر کو جمع کر دیا۔
الشَعِث وَالشَعْثَان. چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔
شَعَرَ (ن) شِعْرًا وشَعْرًا. الثَوْبَ: کپڑے میں بال بھرنا الرَجُلُ: شعر کہنا بفُلَان: کسی کے لیے شعر کہنا۔
شَعَرً (ن) وشَعُر (ک) شِعْرًا وشَعْرًا وشَعْرَیٰ وشُعْرَیٰ وشِعْرَیٰ وشَعْرَةً بتثلِیْث الشین وشُعورًا وشُعُورَةً ومَشْعُورًا ومَشْعُورةً ومَشعُوْرَاء. بِهٖ: جاننا۔ محسوس کرنا لَهٗ سمجھنا۔
شَعِرَ (س) شَعَرًا. زیادہ اور لمبے بال والا ہونا۔
شَعَّرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا الثَوْب ونَحْوَهٗ: کپڑے میں بال بھرنا۔
اَشْعَرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا الثَوْبَ: کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا ہ الاَمْرَ وبِالاَمْر جتا دینا۔ خبر دینا۔ ہ الشِعَار: شِعَار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَشْعَر الهَمُّ قَلْبِی" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا۔ اَشْعَرَهٗ بكَذَا: چپکانا القَوْمُ: اپنے لیے خاص علامت مقرر کرنا۔ ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا۔ اَمَرَ فُلَانٌ: مشہور کرنا الرجلَ: برے نام سے مشہور کرنا ہ شَرًّا: ڈھانپ لینا۔
شَاعَرَہ فَشَعَرہ. شعروں میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا۔
اُشْعِرَ. المَلِكُ: بادشاہ کا قتل کیا جانا۔
تَشَعَّرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا۔
تَشَاعَرَ. بتکلف شاعر بننا۔
اِسْتَشْعَرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا الشِعَارَ: پہننا القَوْم: ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا بالثَوْب: شعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَشْعِرْ خَوفَ اللّٰه" اللہ کے خوف کو اپنے قلب کے لیے شعار بنالو۔
الشَعْرُ والشَّعَرُ. بال۔ ج اشْعَار وشِعَار وشُعُوْر. واحد (شَعْرَةٌ) ج شَعَرَاتٌ.
شَعْرُ الغُوْل: ایک قسم کی نباتات۔
الشِعْر. مص۔ کلام منظوم۔ ج اَشْعَار. "لَیْتَ شِعْرِیْ فُلَانًا اوعَنْ فُلَان اَوْ لِفُلَان مَا صَنَع" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہوتا کہ اس نے کیا کیا۔
الشِعْرَة. بال کا ایک ٹکڑا (والشِعْرَاء) ناف کے نیچے بال اُگنے کی جگہ۔
الشَعِرْ والشَعْرَانِیَّ. بہت اور لمبے بال والا۔
الشَعَار. درختوں والی جگہ۔ نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ لیں۔ درخت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ شَعَارُ الحج: احکام حج و رسوم حج۔ واحد (شَعَارَة)
الشِعَار مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقعہ پر ایک دوسرے کو پکاریں۔ مولدین اس کو "سِرُّ اللیْلِ" کہتے ہیں۔ لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت بدن کے بالوں سے متصل لباس گھوڑے کا جھول۔ کڑک۔ گنجان درخت۔ ج اَشْعِرة وشُعُر. شِعَارُ الحَج: علامت و رسوم حج۔ و شِعَارُ المَمْلَكَةِ: حکومت کے علامات۔ واحد (شِعَارَة)
الشَعِیْرُ جو۔ واحد (شَعِیرَةٌ) ج شَعِیْرَاتٌ اور شَعِیْرَةٌ کا اطلاق اس پیمائش پر بھی ہوتا ہے جو خچر کے بالوں کے چھ بال کے برابر ہو۔ نیز گوہاجنی جو آنکھ کے پلک کے کنارے پر ہوتی ہے۔
الشَعِیْرَة. علامت۔ ج شعَائِر. شعَائِر الحَج حج کے رسوم و علامات۔
الشَعِیرِی. شعیر کی جانب منسوب۔ جو کا بیچنے والا۔
الاَشْعَر. بہت اور لمبے بال والا۔ مؤنث شَعْرَاء. ج شُعُر. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشْعَر الرَقَبَة" یعنی فلاں گردن پر بہت بالوں والا ہے گویا کہ وہ شیر ہے۔ الاَشْعَر: ج اَشَاعِر: جانور کے کھر کے گرد اگرد کا چمڑا۔ گوشت جو ناخن کے نیچے نکلے۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذا البَیْتُ اَشْعَرُ مِنْ هَذَا" یہ شعر اس سے اچھا ہے۔

الشَّعْرَاء. الْاَشْعَر کا مؤنث۔ پوستین۔ جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی لوگوں کی کثرت اور بھیڑ۔ ایک قسم کا آرڈر۔ ایک شور قسم کا درخت۔ اَرْضٌ شَعْرَاء: بہت درختوں والی زمین۔ رِمَال شَعْرَاء: نصی نامی گھاس اگانے والا ریگستان۔ الشَّعْرَاء مِنَ الدَّوَاهِي: سخت مصیبتیں۔ ج شُعْر.

الشَّاعِر. فا۔ شعر کہنے والا۔ ج شُعَرَاء. مؤنث شَاعِرَة. ج شَوَاعِر و شَاعِرَات.

شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔

الشِّعْرٰی. ایک ستارہ کا نام جو سخت گرمی میں طلوع ہوتا ہے۔

الشُّعْرُوْر. گھٹیا درجہ کا شاعر۔ سب سے بہترین درجہ کے شاعر کو خِنْذِيْذ اور اس کے بعد شاعر اس کے بعد شُوَيْعِر اور اس سے بھی کم درجہ والے کو شُعْرُور کہتے ہیں۔ اس کے بعد صرف ایک ہی درجہ ہے جو مُتَشَاعِر کہلاتا ہے۔ الشُّعْرُور: چھوٹی ککڑی۔ ج شَعَارِير واحد (شُعْرُوْرَة)

الْمَشْعَر. علامت۔ درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ۔ رسوم حج کے ادا کرنے کی جگہ۔ ج مَشَاعِر. الْمَشَاعِر: حواس۔

شَعْشَع. الشَّرَابَ: پانی ملانا الشَّيْئَ: بعض کو بعض سے ملانا۔ شَعْشَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کی روشنی پھیلنا الضَّوْءُ: روشنی پھیلنا۔ شَعْشَعَ عَلَيْهِمُ الْخَيْلَ: سواروں سے حملہ کرنا۔

تَشَعْشَعَ. الشَّهْرُ: مہینے کے تھوڑے دن باقی رہنا۔

الشَّعْشَع والشُّعْشُع والشَّعْشَاع والشَّعْشَعَان والشَّعْشَعَانِيّ. لمبا۔ خوبصورت زیرک۔ سبک (والشَّعْشَع) مِنَ الظِّلِّ: ہلکا سایہ۔

شَعَفَهٗ (ف) شَعْفًا. الْحُبُّ: محبت کا دل پر غالب ہونا ہ بِالْقِطْرَان: قطران ملنا الشَّيْئُ الشَّيْئَ: غالب ہونا۔

شَعِفَ (س) شَعَفًا. بِفُلَانٍ وبِحُبِّ فُلَانٍ: شیفتہ و فریفتہ ہونا النَّاقَةُ: اونٹنی کو شعف کی بیماری ہونا (دیکھو لفظ شعف) صفت (شَعْفَاءُ)

شُعِفَ. بِفُلَانٍ: کسی کی محبت میں دیوانہ ہونا۔

الشَّعَفُ. س۔ کوہان کی چوٹی۔ ایک بیماری جو اونٹنی کو لاحق ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی آنکھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

الشَّعْفَةُ. اسم مرۃ۔ بارش کی ایک بوند۔ ہلکی بارش جو زمین کو تر کردے۔

الشَّعَفَة. پہاڑ کی چوٹی۔ سر کے بالوں کی لٹ۔ الشَّعَفَةُ مِنَ الْقَلْبِ: دل کا سرا جو شہ رگ کے ساتھ لٹکا ہوا ہے و شَعَفَةُ كُلِّ شَيْئٍ: ہر چیز کی چوٹی۔ ج شَعَف وشُعُوف وشِعَاف وشَعَفَات.

الشِّعَاف. محبت کی دیوانگی۔ شیفتگی۔ فریفتگی۔

الشَّعَاف. شیفتگی و فریفتگی۔

الْمَشْعُوْف. محبت میں دیوانہ وشیفتہ۔

شَعَلَ (ف) شَعْلًا. النَّارَ: آگ بھڑکانا الْاَمْرَ: غور کرنا۔

شَعِلَ (س) شَعَلًا واشْعَلَّ. الْفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔ صفت (شَاعِلٌ وشَعِيْلٌ واَشْعَلُ)

شَعَّلَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔

اَشْعَلَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ ہ: غضبناک کرنا۔ غصہ دلانا الْجَمْعَ: متفرق کرنا الْخَيْلَ فِي الْغَارَةِ: سواروں کو چاروں طرف پھیلا دینا السَّقْيَ: اچھی طرح سیراب کرنا۔ اَشْعَلَتِ الْقِرْبَةُ: مشک کا متفرق ٹپکنا الطَّعْنَةُ: جگہ جگہ خون ٹپکنا الْعَيْنُ:

اِشْعَلَّ اِشْعِلَالًا واشْعَالَّ اِشْعِيْلَالًا رَاسُ الرَّجُلِ: کھڑے بال والا ہونا الْفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔

تَشَعَّلَتْ واشْتَعَلَتْ. النارُ: آگ بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَعَلَ الرَّاسُ شَيْبًا" سر کے بالوں میں سفیدی پھیل گئی۔ واِشْتَعَلَ فُلَان وہ غصہ سے بھڑک اُٹھا۔

الشَّعْل. س۔ غُلَامٌ شَعْلٌ: سبک تیز خاطر لڑکا۔

الشَّعَل. س۔ گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔ اور کبھی سر کے پچھلے حصہ پر ہوتی ہے۔

الشُّعْلَة. گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔ آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ ج شُعَل.

الشَّعِيْل. ہانڈی یا توے کے نیچے ستاروں کی مانند چمکتا ہوا جو دکھائی دیتا ہے۔

الشَّعِيْلَة. بھڑکی ہوئی آگ۔ جلتی ہوئی بتی۔ ج شُعُل.

الْاَشْعَل. مِنَ النَّاسِ: پیدائشی آنکھوں میں سرخی والا۔

الْمِشْعَل والْمِشْعَال. چھننا۔ چمڑے کا ایک برتن جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے۔ ج مَشَاعِل ومَشَاعِيْل.

الْمَشْعَلُ والْمَشْعَلَةُ. قندیل۔ ج مَشَاعِل الْمَشْعَلَة: آگ بھڑکانے کی جگہ۔

الشُّعْلُوْل. آگ کی بھڑک۔ لوگوں کا گروہ۔ ج شَعَالِيْل. کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا شَعَالِيْل" وہ لوگ متفرق ہو ہو کر چلے گئے۔

شَعَمَ (ف) شَعْمًا. الرَّجُلَ: لوگوں کے درمیان صلح کرانا۔

اَشْعَنَ. عَدُوَّهٗ: دشمن کی پیشانی کے بال پکڑنا۔

اِشْعَانَّ واِشْعَنَّ. شَعْرُهٗ: چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا۔

الشَّعَن. خشک ہونے کے بعد جو گھاس یا پتے گر جائیں۔ شَعْرٌ (مَشْعُوْن) پراگندہ بال۔

الشَّعَانِيْن. عیسائیوں کا ایک تہوار (دیکھو لفظ سَعَانِين)

رَجُلٌ (مُشْعَانُّ) الرَّاسِ: پراگندہ اور کھڑے بالوں والا مرد۔

شَعْنَبَ. الْكَبْشُ: سیدھے نکلنے کے بعد کان کی طرف مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔ صفت (مُشَعْنَب ومُشْعَنِب)

شَعَايَشْعُوْ شَعْوًا. الشَّعْرُ: بالوں کا کھڑا

ہونا۔

شَعِيَتْ تَشْعٰى شَعًا. الغَارَةُ: چاروں طرف لوٹ پڑنا۔ صفت (شَعْوَاء)

اَشْعٰى. بِہ: اہتمام کرنا القَوْمُ الغَارَةَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا۔

غَارَةٌ (شَعْوَاء) پھیلی ہوئی لوٹ۔ شَجَرَةٌ شَعْوَاء: پھیلی ہوئی ٹہنیوں والا درخت۔

الشَّاعِي. فا. دُور۔ متفرق۔ مشترک حصہ۔ مؤنث شَاعِيَة ج شَوَاعٍ. کہا جاتا ہے "جَائَتِ الخَيْلُ شَوَاعِي وشَوَائِع" گھوڑے متفرق آئے۔

الشُّعٰى. پراگندہ بالوں کا گچھا۔ واحد (شَعْوَة)

شَعْوَذَ شَعْوَذَةً. شعبدہ بازی کرنا۔ نظر بندی کرنا۔ بازی گری کرنا۔ صفت (مُشَعْوِذٌ ومُشَعْوَذٌ)

شَغَبَ (ف) وشَغِبَ (س) وشَغْبًا وشَغَبًا وشَغَّبَ. القَوْمَ وبِهِم وعَلَيْهِم: فساد برپا کرنا۔ تباہی ڈالنا۔ صفت (شَغِب وشِغَبٌ وشَغَّاب ومِشْغَب ومُشَاغِب و ذو مَشَاغِب)

شَغَبَ (ف) شَغْبًا. عَنِ الطَّرِيقِ: ہٹنا۔ پھر جانا۔

شَاغَبَہ. جھگڑا کرنا۔

تَشَاغَبَ. الرَّجُلُ: نافرمانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبْتُ مِنْهُ كَذَا فَتَشَاغَبَ" میں نے اس سے فلاں چیز طلب کی وہ دینے سے باز رہا۔

الشَّغْبُ والشَّغَبُ. مص. شور وغوغا۔

الشَّغُوبُ. فساد انگیز۔ جھگڑالو۔

تَشَغْبَرَت. الرِّيحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

شَغَرَتْ (ن) شُغُورًا. الاَرْضُ: بغیر محافظ و نگراں کے ہونا۔ صفت (شَاغِرَةٌ) الرَّجُلُ: دُور ہونا السِّعْرُ: بھاؤ گھٹنا النَّاسُ: لوگوں کا متفرق ہونا۔

شَغَرَہٗ (ن) شَغْرًا وشِغَارًا. عَنْ بَلَدِہٖ: جلاوطن کرنا۔

شَغَرَ (ف) شَغْرًا. الكَلْبُ: کتے کا ایک ٹانگ اُٹھا کر پیشاب کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کا ٹانگ اُٹھا کر بچہ کو مارنا۔

شَاغَرَہٗ مُشَاغَرَةً وشِغَارًا. کسی کے ساتھ اپنی بہن یا بیٹی کا اس شرط پر نکاح کرنا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح بغیر مہر کے اس سے کر دے الرَّجُلَان عَلَيْهِ: ہجوم کرنا۔ حملہ کرنا۔

اَشْغَرَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا راستہ سے دُور ہونا۔

الرُّفْقَةُ: ساتھیوں کا راستہ سے جدا ہونا۔

الحِسَابُ عَلَيْهِ: کثرت اور پھیلاؤ کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔

اِشْتَغَرَ. الحِسَابُ عَلَيْه: خلط ملط ہوئے اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔

الاَمْرُ: بڑا اور وسیع ہونا۔ خلط ملط ہونا۔

عَلَيْهِ: دست درازی کرنا۔ فخر کرنا الحَرْبُ بَيْنَ القَوْمَيْنِ: وسیع پیمانہ پر اور سخت جنگ ہونا۔ فِي الفَلَاةِ: بیابان میں دُور تک جانا۔

تَشَغَّرَ. البَعِيرُ: تیز دوڑنا فِي اَمْرٍ قَبِيحٍ: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے تَفَرَّقُوْا (شَغَرَ بَغَرَ وشِغَرَ وبِغَرَ) وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے اور بکھر گئے۔ اِنَاءٌ (شَغَارٌ) خالی برتن۔

الشِّغَار. مص. دھتکار۔ جلاوطنی۔ بِئْرٌ شِغَارٌ و آبَارٌ شِغَارٌ: بہت پانی والے وسیع کنوئیں۔

الشَّغَّارَة. چقماق۔

الشِّغِّيْرُ. بد خلق۔

المِشْغَرُ. وحشی جانوروں کے بھگانے کا چھوٹا نیزہ۔

الشَّوْغَرُ. مضبوط خلقت۔

الشَّوْغَرَةُ. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل۔

الشُّغْرُوْرُ. ایک قسم کی گھاس۔

الشَّغْرَبِيَّةُ. ٹانگ میں ٹانگ لگا کر زمین پر پٹکنا۔

شَغَزَ (ف) شَغْزًا. عليهم: زیادتی کرنا۔ دست درازی کرنا بَيْنَهُم: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔

الشَّغْزَبِيَّةُ. بمعنی الشغربيّة.

تَشَغْزَبَتِ. الرِّيحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

شَغْشَغَ. الشَّيْءَ: داخل کرنا؛ نکالنا۔ اندر باہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ الطَّاعِنُ" جبکہ نیزہ مارنے والا نیزہ کو نیزہ زدہ کے جسم میں حرکت دے المُلْجَمَ: جانور کو سدھانے کے لیے لگام کو ہلانا۔ فِي الاَمْرِ: جلدی کرنا فِي الشُّرْبِ: کم کرنا فِي الاِنَاءِ مَاءً وغَيْرَہٗ: بغیر بھرنے کے ڈالنا البِئْرَ: گدلا کرنا اور کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ شُرْبِي" اس نے میرے پینے کی چیز کو گدلا کر دیا۔

شَغَفَہٗ (ف) شَغْفًا. دل کے پردے کو زخمی کرنا فُؤَادَہٗ: دل پر غالب ہونا اليَبِيْسُ: سبزی نکل آنا۔

شَغِفَ (س) شَغَفًا وشُغُف. بِہ: فریفتہ ہونا۔ شَغِفَ حُبُّہٗ: محبت کا دل کے پردے میں پہنچنا۔

تَشَغَّفَ. النَّاسَ: وسوسہ ڈال کر پراگندہ کرنا۔

الشَّغْف. س۔ دل کا پردہ۔

الشَّغَف. مص۔ انتہائی محبت۔ شَغَفُ القَلْبِ: دل کا پردہ۔

الشَّغَاف. دل کا پردہ۔ سویداء دل۔ ج شُغُف واَشْغِفَة.

الشَّغَاف والشُّغَاف. ایک بیماری جو دائیں طرف کی پسلیوں کے نیچے ہوتی ہے۔

الشَّغْفَر. خوبصورت عورت۔

شَغَلَہٗ (ف) شَغْلًا وشُغْلًا واَشْغَلَہٗ. بکذا: مشغول کرنا عَنْہُ: غافل کرنا۔ شُغِلَ عَنْہُ بکذا: مشغول رہنا۔ کسی کام میں لگا رہنا۔ اور اسی سے کہا جاتا ہے "مَا اَشْغَلَہٗ" یعنی وہ کس قدر مشغول ہے اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ فعل مجہول سے صیغہ تعجب نہیں بنایا جاتا۔

شَغَّلَہٗ. مشغول کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔)

تَشَغَّلَ وتَشَاغَلَ واشْتَغَلَ. بکذا: مشغول ہونا۔ اِشْتَغَلَ قَلْبُہٗ: مبتلائے افکار ہو

کر پریشان ہونا۔ اشتَغَل فِيه السَّمُّ: زہر کا اثر کرنا الدَواءُ فِيهِ: دوا کا مفید ہونا۔
وتشَاغَلَ عَنْه: غافل ہونا۔
الشُغْلُ والشُغُلُ والشَغَلُ. مصروفیت۔ مشغولیت۔ج اَشْغَال وشغُول.
الشُغْل. پری۔ بھراؤ۔
الشَاغِل. فا. مبالغہ کی صورت میں۔ "اَنَا فِي شُغْلٍ شَاغِل" کہا جاتا ہے۔
الشَغْلَة. اسم مرۃ۔ کھلیان۔ غلہ کا ڈھیر۔ ج شَغْل.
الشَغِل. کام میں لگا ہوا۔ مصروف۔
الشَغَّال. بہت کام والا۔
الُاشْغُوْلَة والمَشْغَلَة. کام۔ مشغلہ۔
المَشْغُوْل. مع. بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَشْغُوْلٌ" بھری ہوئی جگہ۔ دَار مَشْغُوْلَةٌ: آباد گھر۔ جَارِيَةٌ مَشْغُولَةٌ: شوہر والی۔ مَالٌ مَشْغُولٌ: تجارت وکاروبار میں لگا ہوا مال۔
الشَغِم. لالچی۔ بہت حریص۔
الشُغْمُوْم والشِغْمِيْم. خوبصورت لمبا۔
الشُغْنَة. تر ٹہنی۔ ج شُغَن.
الشُغْنُب والشُغْنُوْب. نازک وتر ٹہنی۔
شَغَتْ تَشْغُوْ شُغُوًّا وشَغِيَتْ تَشْغى شَغًا. السِنُّ: ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے بڑھنا۔ ناہموار ہونا۔ دانت کی صفت۔
شَاغِيَةٌ. ج شَوَاغٍ اور ایسے دانت والے کو (اَشْغى) اور مؤنث کے لئے (شَغْواء وشَغْيَاء) ج شُغْوٌ.
اَشْغى اِشْغَاءً. القَوْمُ بِهٖ: لوگوں کی مخالفت کرنا فُلَانٌ رَايَهٗ: پریشان کرنا۔
الشَغْوَا. عقاب۔
شَفَّ (ض) شُفُوْفًا وشَفِيْفًا وشَفَفا. الشَئُ: اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ صفت (شِفِيْفٌ و شَفَّافٌ) عَنْهُ الثَوْبُ: کپڑے کا چھوٹا ہونا۔ تنگ ہونا۔ (شُفُوْفًا) الجِسْمُ: بدن کا دُبلا ہونا (شَفًا) الشَئُ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَفَفْتَ عَلَيْهِ" تم نے اس پر زیادہ کیا۔ کم ہونا۔ گھٹنا۔
"هٰذا دِرْهَمٌ يَشِفُ قَلِيْلًا" یہ درہم کچھ کم ہے۔ حرکت کرنا۔
لَهُ الْاَمْرُ: قائم رہنا۔ ہمیشہ رہنا (شَفِيْفًا) فَمُ فُلَانٍ: دانتوں اور مسوڑوں میں سردی کی وجہ سے درد ہونا۔
شَفَّهٗ (ن) شَفًّا وشُفُوْفًا وشَفَّفَهٗ. المَرْضُ او الهَمُّ: کمزور کرنا۔ دُبلا کرنا۔
شَفَّ المَاءَ: سب پانی پی لینا۔
اَشَفَهٗ. عَلٰى فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اَشَفَّ الفَمُ: مُنہ کا بدبودار ہونا۔ اَشَفَّ عَلٰى فُلَانٍ: سبقت لے جانا۔ بڑھنا الدِرْهَمَ: زیادہ کرنا یا کم کرنا۔
اِشْتَفَّ وتَشَافَّ. مَافِي الْاِنَاءِ: برتن سے سارا پی جانا اور کھا جانا۔ "اِشْتَفَّ البَعِيْرُ الحِزَام" اونٹ نے سارے تنگ کو گھیر لیا۔
اِسْتَشَفَّ. لَهُ السِتْرُ: پردے کے پیچھے کی چیز نظر آنا الثَوْبَ: کپڑے کے عیوب کو دیکھنے کے لیے روشنی میں پھیلانا الشَئَ: دیکھنا اور معلوم کرنا الكِتَابَ: غور کرنا۔
ہ: پار کی چیز دیکھنا مَا فِي الْاِنَاءِ: برتن سے سب پی لینا پوری پوری رغبت کرنا۔
فِيْ تِجارَتِهٖ: تجارت میں فائدہ اُٹھانا۔
الشَفَّ والشِفَّ. کھرا یا باریک پردہ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَفٌ وشِفٌّ" باریک کپڑا۔ ہوا۔ زیادتی۔ نقصان۔ ایک قسم کی بدبودار پھنسی۔ ج شُفُوْف الشِفَّ: تھوڑی چیز۔
الشَفِيْف. مص. آفتاب کی سخت گرمی۔ سردی کی شدت۔ ٹھنڈی ہوا۔ ج شِفَاف ثَوْبٌ شَفِيْف: باریک کپڑا۔
الشَفَف. مص. کم۔ ہلکاپن۔ بدحالی۔
الشَفَّان. بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
الشُفَافَة. برتن کا بقیہ پانی۔ شُفَافَةُ النَهارِ: دن کا بقیہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشَفَّ مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے کچھ تھوڑا سا بڑا ہے۔
المَشْفُوْف. بدبودار پھنسیوں والا۔
شَفْتَر واشْفَتَّر. القَوْمُ: تتر بتر ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ اِشْفَرَّ العُوْدُ: ٹوٹنا السِرَاجُ: زیادہ چوڑی بتی کا ہونا۔
شَفْتَنَ شَفْتَنَة. جماع کرنا۔
شَفِر (س) شَفَارَة گھٹنا۔ کم ہونا۔
شَفَّرَ. المَالُ: کم ہونا الشَمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا عَلٰى الاَمْرِ: متوجہ ہونا الشَئَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
الشَفْر والشُفْر. ج اَشْفَار و (الشَفِيْر) پلک کی جڑ۔ ہر چیز کا کنارہ مِنَ الوَادِي: وادی کا بالائی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَارِ شَفْرٌ وشُفْرٌ وشَفْرَةٌ"
الشَفْرَة. بڑی چوڑی چھری۔ تلوار کی دھار۔ نیزے کے پھل کا پہلو۔ موچی کی رانپی۔ ج شَفْر وشِفَار وشَفَرَات. الشَفْرَة. نوکر: خادم۔ عیش (مُشَفِّر) تنگ زندگی۔
المِشْفَر. شدت۔ روک۔ زمین یا ریگستان کا ٹکڑا۔ ہونٹ۔ اونٹ کے ہونٹ کے لیے خاص طور پر مستعمل ہے۔ ج مَشَافِر.
الشُفَارِج. میوہ وغیرہ رکھ کر محفل میں لانے کی تھالی۔
شَفَزَهٗ (ض) شَفْزًا. لات مارنا۔ ٹھوکر مارنا۔
شَفْشَفَ. الرَجُلُ: کانپنا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (مُشَفْشِفٌ ومُشَفْشَفٌ) بِهٖ: خلط ملط ہونا الدَوَاءَ عَلٰى الجُرْحِ: زخم پر دوا چھڑکنا الهَمُّ فُلَانًا: دُبلا کرنا الصَقِيْعُ النَبَاتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ خشک کر دینا الحَرُّ والبَرْدُ الشَئَ: خشک کرنا عَلَيْهِ: ڈرنا۔
تَشَفْشَفَ. النَبَاتُ: خشک ہونے لگنا۔
الشَفْشَاف. اولوں والی بارش۔ عوام فَفْنَاف کہتے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا۔ ثَوْبٌ شَفْشَافٌ: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔
شَفَعَ (ف) شَفْعًا. الشَئَ: جوڑا کرنا۔ دہرا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ وِتْرًا فَشَفَعَهٗ بآخر" وہ طاق تھا اس نے دوسرا ملا کر جفت کر دیا جَارَهٗ: پڑوسی کو حق شفعہ دینا النَاقَةُ: ایک

بچہ ہوتے ہوئے حاملہ ہونا۔ تم کہتے ہو (شُفِع) لِيَ الاَشْخَاصُ: نظر کی کمزوری سے ایک چیز دود کھائی دینا۔ آنکھ کی صفت (شَافِعَة)

شَفَعَ (ف) شَفَاعَةً. لِفُلَان اَوْ فِيْهِ اِلى زَيْدٍ: سفارش کرنا۔ شَفَعَ عَلَيْهِ بالعَدَاوَةِ: کسی کے خلاف دوسرے کی مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُعَاذِيْنِي وَلَهُ شَافِعٌ" فلاں شخص مجھ سے دشمنی کرتا ہے اور اس کے لیے میری عداوت میں ایک شخص مددگار ہے لِفُلَانٍ فِي المَطْلَبِ: کسی کے لیے کوشش کرنا۔

شَفَّعَ. الشَّيْءُ: جفت بنانا۔ شَفَّعَنِيْ فِي فُلَان: سفارش قبول کرنا۔

تَشَفَّعَ. لِيْ وَاِلَيَّ بِفُلَانٍ اَوْ فِيْ فُلَانٍ: سفارش کرنے کو کہنا۔

اِسْتَشْفَعَ. زَيْدًا اِلى عَمْرٍو: سفارش کرنے کی درخواست کرنا لِفُلَانٍ عَلى فُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔

الشَّفْع. س۔ جفت۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "اَشَفْع هُوَ اَمْ وِتْر" کیا وہ جفت ہے یا طاق۔ ج اَشْفَاع وشِفَاع.

الشُّفْعَةُ. عِنْدَ الفُقَهَاء: زمین یا مکان میں ہمسائیگی کی وجہ سے حق خرید۔ دیوانگی۔ آنکھ مِنَ الضُّحى: چاشت کے وقت دو رکعتیں۔ ج شُفَع.

الشَّافِعُ. فا. نَاقَةٌ. شَافِعٌ: بچے والی حاملہ اونٹنی۔ عَيْنٌ شَافِعَةٌ: کمزوری سے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔ نَاقَةٌ (شَفُوْعٌ) ایک دفعہ کے دوھنے میں دو برتن بھرنے والی اونٹنی۔

الشَّفِيْعُ. سفارش کرنے والا۔ حق شفعہ والا۔ ج شُفَعَاء. الشَّفِيْع مِنَ العَدَدِ: جفت۔

الاَشْفَع. لمبا۔

المُشَفَّع. وہ شخص جس کی سفارش مقبول ہو۔

المُشَفِّع. سفارش قبول کرنے والا۔

المَشْفُوْع. پاگل دیوانہ۔ اِمْرَأَةٌ مَشْفُوْعَةٌ: نظر بد لگی ہوئی عورت۔

شَفِقَ (س) شَفَقًا. عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔ خیر خواہی و اصلاح کا خواہش مند ہونا۔ صفت "شَفِقٌ وشَفُوْقٌ وشَفِيْقٌ) شَفِقَ مِنَ الاَمْرِ: خوف کرنا۔ لالچ کرنا عَلى الشَّيْءُ: بخل کرنا۔

شَفَّقَهُ. مہربان بنانا۔ شَفَّقَ الشَّيْءَ: کم کرنا الثَّوْبَ: کپڑا خراب بننا۔

اَشْفَقَ. الشَّيْءَ: کم کرنا عليهِ مِنْهُ: کسی سے چوکنا رہنا۔ خوف کرنا۔ لالچ کرنا عَلى الصَّغِيْر: مہربان ہونا الرجُلُ: شفق کا وقت پانا الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور خاک اُڑانا۔

الشَّفَق. س۔ غروب آفتاب کے بعد اُفق آسمان کی سرخی۔ مہربانی۔ ردی چیزیں از دن۔ خوف۔ جانب۔ ثَوْبٌ شَفَقٌ کمزور کپڑا۔ ج اَشفاق.

الشَّفَقَة. مہربانی۔ رحمت۔ خوف کے ساتھ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَنِيْ مِنْهُ شَفَقَةٌ" اس پر مجھے ترس آیا۔ "وَلِيْ عَلَيْهِ شَفَقَةٌ" مجھے اس پر ترس ہے۔

شَفَنَ (ض) وشَفِنَ (س) شُفُوْنًا. الرَّجُلَ والى الرَّجُلِ: ترچھی نظر سے دیکھنا یا بنظر اعراض دیکھنا۔ صفت (شَافِنٌ وشَفُوْنٌ)

الشَّفْنُ والشَّفِنُ. زیرک ودانا۔ الشَّفْن: انتظار۔ میراث کا منتظر۔

الشَّفُوْن. بہت غیرت مند جس کی نگاہ شدتِ حذر کی وجہ سے نظر کرنے سے نہ تھکے۔ ج شُفُن.

الشَّفَنْتَرِيّ والشَّفَنْتَرى. متفرق۔

شَفَهَ (ف) شَفْهًا. فُلَانًا: ہونٹ پر مارنا۔ اصرار کر کے سوال کرنا اور سب کچھ خرچ کرا دینا الاِنَاءَ: سب پی کر خالی کر دینا۔ "كَادَتِ العِيَال تَشْفَهَ مَالِي" قریب ہے کہ میرے اہل وعیال میرے مال کو ختم کر دیں ہٗ عَنِ الاَمْرِ: غافل کر دینا۔

شُفِهَ. زَيْدٌ: بہت سائلین کا ہونا الشَّيْءُ: بہت طالبین کا ہونا الطَّعَامُ: بہت کھانے والوں کا ہونا۔ صفت (مَشْفُوهٌ)

شَافَهَهُ شِفَاهًا ومُشَافَهَةً. رو در رو گفتگو کرنا الشَّيْءَ: قریب ہونا۔

الشَّفَة والشِّفَة. مِنَ الاِنْسَان: ہونٹ۔ ج شِفَاه وشَفَهَات اور نسبت کے لیے (شِفَيّ وشفَهِيّ وشَفَوِيّ) اور تصغیر (شُفَيْهة) کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الشَّفَة" وہ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا یا کم سوال کرنے والا ہے۔ (ضد) و "لَهُ فِي النَّاسِ شَفَة حَسَنة" اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔ و "مَا اَحْسَنَ شَفَةَ النَّاسِ عَلَيْكَ" تمہارے متعلق لوگوں کی تعریف کس قدر اچھی ہے۔ و "مَا كَلَّمتُهُ بِبِنْتِ شَفَةٍ" میں نے اس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ شَفَةُ الشَّيْءِ كالدَّلْوِ: ڈول جیسی چیز کا کنارہ۔

الشَّافِه. پیاسا۔

الشُّفَاهِيّ والاَشْفَه. بڑے ہونٹوں والا۔

الحُرُوْفُ الشَّفَهِيَّة. ہونٹوں سے نکلنے والے حروف اور وہ بفم ہیں۔

المَشْفُوْه. مفع۔ مَاءٌ مَشْفُوْهٌ: ایسا پانی جس پر بہت پینے والے آتے ہوں اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَشْفُوْهٌ عَنَّا" یعنی فلاں ہم سے غافل ہے اس کے پاس کثرت سے لوگ آتے ہیں۔ و "هُوَ مَشْفُوْهُ المَوَارِد" وہ بڑا مہمان نواز اور بہت داد و دہش والا ہے۔

شَفَا يَشْفُوْ شَفْوًا. الهِلَالُ: چاند کا طلوع ہونا الشَّخْصُ: ظاہر ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا الشَّفَا. نئے چاند کا بقیہ حصہ جو ابھی غروب نہ ہوا ہو۔ ہر چیز کا حد و کنارہ۔ تثنیہ شَفَوَان. ج اَشْفَاء. آدمی کے لیے موت کے وقت اور چاند کے لیے چھپنے کے وقت اور آفتاب کے لیے غروب ہونے کے وقت کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ مِنه اِلّا شَفَا" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے۔

الاَشْفى. جس کے دونوں ہونٹ ملتے نہ ہوں۔

شَفى يَشْفِي شِفَاءً. اللّٰهُ فُلَانًا مِنَ

المَرضِ: تندرست کرنا۔ صحت یاب کرنا فُلانٌ فُلانًا: کسی کیلئے شفا مانگنا الشَّمسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔ (و شَفِیَ (س) شَفِیَ) الهِلالُ: نئے چاند کا غروب ہونا۔

شُفِیَ المَرِیْضُ: صحت پانا۔ تندرست ہونا۔

اَشْفٰی اِشْفاءً فُلانًا: شفا مانگنا عَلَیْهِ: کنارے پر آلگنا اور اسی سے ہے "اَشْفَی المَرِیْضُ عَلَی المَوْتِ" مریض موت کے کنارہ پر آلگا العَلِیْلُ: حصول صحت سے باز رہنا (ہمزہ سلب کیلئے) المُسَافِرُ: آخری رات کی چاندنی میں چلنا المَرِیْضَ: مفید دوا بتانا۔ تم کہتے ہو "اشفِنِیْ" یعنی مجھے کوئی ایسی چیز دو جس سے صحت حاصل ہو۔ اَشْفَاهُ الشَّیَٔ: مفید چیز دینا۔ شفا حاصل کرانے والی چیز دینا۔

تَشَفّٰی مِنْ غَیْظِهٖ: غصے سے ٹھنڈا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَفّیَ مِنْ فُلانٍ" یعنی اس نے اپنے دشمن کو ایسی تکلیف پہنچائی کہ جس سے اس کا دل ٹھنڈا ہوگیا (واشْتَفٰی) بِکَذا: شفا حاصل کرنا۔

اَلْمُسْتَشْفٰی - ہسپتال

اِسْتَشْفٰی بِهٖ: شفا چاہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یُسْتَشْفٰی بِرَایِهٖ" فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے المَرِیْضُ مِنْ عِلَّتِهٖ: صحت یاب ہونا۔

الشِفَاء۔ س۔ دوا۔ (مجاز ہے اس لیے کہ سبب کا نام وہ رکھا گیا جو مسبب کا تھا) ج اَشْفِیَةٌ جج اَشَافٍ۔

الشَّافِی۔ فا۔ مِنَ الاَدْوِیَةِ ونَحْوِهَا: مفید دوا وغیرہ۔ الجَوابُ الشَّافِی: ایسا جواب جس میں پھر سوال کی ضرورت نہ ہو۔

الاِشْفٰی۔ سُتالی۔ سُوجا۔ ج اَشافٍ۔

شَقَّ (ن) شَقًّا: الشَّیَٔ: پھاڑنا۔ جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے ہے شَقَّ عَصَاءَ القَوْمِ" اس نے قوم کی جمعیت کو توڑ دیا۔ و"شَقَّ فُلانٌ العَصَا" فلاں جماعت سے علیحدہ ہوگیا۔

شَقَّ (ن) شَقًّا ومَشَقَّةً۔ الاَمْرُ: دشوار ہونا عَلٰی فُلانٍ: مشقت میں ڈالنا البَرْقُ: بجلی کا وسط آسمان تک سیدھی پھیلنا الفرسُ: دوڑنے میں ایک جانب کو جھکنا (شُقُوْقًا) النَبتُ: اگنا نابُ البَعِیْرِ: دانت نکلنا (شَقًّا) الصُبْحُ: فجر طلوع ہونا۔

شَقَّقَ الحطبَ: لکڑی پھاڑنا۔ چیرنا الکَلامَ: بر محل کہنا۔

شَاقَّهٗ شِقَاقًا ومُشَاقَّةً: مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔

تَشَقَّقَ اَلْحطبُ: لکڑی کا پھٹنا۔ چرنا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَقَّقَتْ عَصَاهُمْ بالبَیْنِ" ان کا معاملہ تتر بتر ہوگیا۔

تَشَاقَّ۔ القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم عداوت کرنا الرجُلانِ: باہم خوب جھگڑا کرنا۔ تَشَاقُّوْ ثِیَابَهُمْ: ایک کا دوسرے کے کپڑوں کو پھاڑنا۔

اِنْشَقَّ۔ الشَیْ: شگاف پڑنا الاَمْرُ: پراگندہ و پریشان ہونا الفَجْرُ: فجر طلوع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَقَّتْ عَصَاهُمْ" ان کا معاملہ تتر بتر ہوگیا۔

اِشْتَقَّ۔ الشیَ: آدھا لینا الکَلِمَةَ مِنَ الکَلِمَةِ: مشتق کرنا جیسے الضَّرْبُ سے ضَرَبَ الفَرَسُ فِیْ عَدْوِهٖ: دائیں بائیں جانا فِی الکَلامِ او الخُصُوْمَةِ: اِدھر اُدھر ہٹ جانا الطَرِیْقَ فِی الفَلاةِ: بیابان میں راستہ طے کرنا۔

الشَقَّ۔ س۔ شگاف۔ پھٹن۔ صبح پھٹی ہوئی جگہ۔ مشقت۔ ہر چیز کا آدھا۔ ج شُقُوْق۔

الشِقَّ۔ جانب۔ کنارہ۔ انسان کی ایک جانب جس چیز کی جانب تمہاری نظر ہو۔ مشقت۔ سگا بھائی۔ ہر چیز کا آدھا۔ کہا جاتا ہے "المَالُ بَیْنِی وبَیْنَكَ شِقَّ اَوْ شَقَّ شَعْرَةٍ" مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے۔

الشِقَّةُ۔ کپڑے وغیرہ کی لمبی چٹ۔ پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ چیز کا آدھا حصہ جبکہ پھاڑ لیا جائے۔ ج شِقَق وشِقَاق۔

الشِقَّةُ والشُقَّةُ۔ دور کا سفر۔ مسافت جس کو مسافر طے کرے۔ راستہ جس کا طے کرنا چلنے والے کے لیے دشوار ہو۔ وہ جانب جہاں کا مسافر قصد کرے۔ مشقت۔ ج شُقَق۔

الشَقِیْقُ۔ دو حصوں میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ حقیقی بھائی۔ نظیر۔

الشَقِیْقَةُ۔ حقیقی بہن۔ باغوں کے درمیان سخت زمین۔ بہت بارش مِنَ البَرْقِ: اُفق آسمان میں پھیلنے والی بجلی۔ آدھا سیسی کا درد۔ ج شَقَائِق۔ شَقَائِقُ النُعْمَانِ: گل لالہ۔ واحد۔ شَقِیْقَةُ النُعْمَانِ۔

الاَشَقَّ۔ مِنَ الخَیْلِ: دائیں بائیں دوڑنے والا گھوڑا۔ فَرَسٌ اَشَقُّ المَنْخَرَیْنِ: وسیع نتھنوں والا گھوڑا۔

المَشَقَّةُ والمِشَقَّةُ۔ دشواری۔ محنت۔ ج مَشَاقّ ومَشَقَّات۔

شَقَأَ (ف) شَقْأً و شُقُوْءًا۔ النَابُ: دانت نکلنا الشَعْرَ الرَاسِ: مانگ نکالنا اور کنگھا کرنا رَاسَهٗ: سر پھاڑنا فُلانًا: کسی کی مانگ پر مارنا۔

المَشْقَأُ۔ مانگ۔

المِشْقَأُ والمِشْقَاءُ والمِشْقَاةُ۔ کنگھا۔

شَقُحَ (ک) شَقَاحَةً۔ قبیح ہونا۔ صفت (شَقِیْح)

شَقَحَ (ف) شَقْحًا۔ الشَیٔ: توڑنا الجَوْزَ: گری نکالنا ہ اللّٰهُ: قبیح بنانا الکَلْبُ: کتے کا پیشاب کرنے کے لیے ٹانگ اُٹھانا۔

شَاقَحَهٗ مُشَاقَحَةً۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

اَشْقَحَهٗ۔ دور کرنا (اَشْقَحَ وشَقَّحَ) البُسْرُ: رنگ پکڑنا النَخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ کہا جاتا ہے (شُقْحًا وشُقْحًا) لَهٗ: یعنی اس کے لیے دوری ہو۔

الاَشْقَحُ۔ سرخ زرد رنگ ملا ہوا۔ مؤنث شَقْحَاءُ۔ ج شُقْح۔

الشُّقَحِيُّ. سرخ رنگ والا۔
شَقِذَ (س) شَقَذًا. تیز نظر بد لگانے والا ہونا۔ بے نیند ہونا۔ صفت (شَقِذ وشَقِذ وشَقِيْذ وشقذان)
شَقَذَ (ض) شَقْذًا وشَقِذَ (س) شَقَذًا. دور جانا۔
شَاقَذَهٗ. باہم دشمنی کرنا۔ دور کرنا۔
اَشْقَذَهٗ. دھتکارنا۔
الشَقَذ والشُقَذ والشِقَذ. گرگٹ کا بچہ۔ ج شُقْذَان وشُقَاذَى. الشُقذ: س۔ کہا جاتا ہے "مَالَه شَقَذٌ ولَا نَقَذٌ" اس کے پاس کچھ نہیں "و هٰذَا لَيْسَ بِه شَقَذٌ ولَا نَقَذٌ" اس میں کوئی اللہ اور نقصان نہیں۔
الشِقْذَان. بھیڑیا۔ حشرات الارض۔ کیڑے مکوڑے۔ بھٹ۔ تیتر وغیرہ کے چوزے۔
الشَقَذَان. س ج شِقْذَان و (الشِقْذ والشَقَذ) گرگٹ۔ بھیڑیا۔
الشَقْذَاء. بہت بھوکا عقاب۔
شَقِرَ (س) و شَقُرَ (ک) شَقَرًا وشُقْرَةً. سرخ زرد رنگ کا ہونا۔ صفت (اَشْقَر) مؤنث شَقْرَاء ج شُقْر
اِشْقَرَّ. گہرا سرخ وزرد رنگ کا ہونا۔
الشَقَر. امر مقصود و دلچسپ۔ ج شقور: کہا جاتا ہے "اَفْضَيْتُ اِلَيْهِ بِشُقُوْرِی" میں نے اپنے ان اُمور پر اس کو مطلع کر دیا جن کو دوسروں سے چھپاتا تھا۔ و "بَثَّه شُقُوْرَهٗ" اس نے اپنے حالات کی اس سے شکایت کی۔
الشُقَر. مرغ۔ جھوٹ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالشُقَر والبُقَر" وہ جھوٹ اور مصیبت لایا۔
اَشْقَرَان بنباتات اور دانوں میں لگنے والی بیماری۔
الشَقِر والشَقِرَان والشُقَّار والشُقَّارَى. ایک قسم کی سرخ رنگ کی نباتات یا گل لالہ۔
الشَقِرَّاق والشِقِرَّاق. فاختہ سے بڑا ایک پرندہ جس کو شُقُرْق اور شَرَقْرَق بھی کہتے ہیں۔

شَقْشَقَ شَقْشَقَةً. الجَمَل: اونٹ کا بلبلانا الطَيْرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔
الشِقْشِقَةُ. بوقت مستی اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ ج شَقَاشِق اور فصیح کیلئے "هَدَرت شِقْشِقَتُه" کہا کرتے ہیں۔ و "فُلَانٌ شِقْشِقَةُ قَوْمِه" فلاں اپنی قوم میں شریف و فصیح ہے۔
شَقَّصَ. الذَبِيْحَة: ذبح کیے ہوئے جانور کو حصہ داروں کیلئے کاٹ کر برابر حصہ کرنا۔
الشِقْص. حصہ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ زمین کا قطعہ۔
الشَقِيْص. شریک۔ شرکت۔ حصہ۔ عمدہ گھوڑا۔ بہت میں سے تھوڑا۔
المِشْقَص. چوڑا پھل یا چوڑے پھل کا تیر۔ ج مَشَاقِص.
المُشَقِّص. قصاب۔
الشَقِيْط. مٹی کا مٹکا یا پکی ہوئی مٹی۔
الشَقِيْظ. پکی ہوئی مٹی۔
شَقَعَ (ف) شَقْعًا. فِي الْإِنَاء: برتن میں منہ ڈال کر پینا۔
الشَقَف. ٹھیکری۔ ٹھیکری کے ٹکڑے واحد (شَقَفَةٌ)
الشَاقُوْف. عند البَنَّائِيْن: لوہے کا بڑا ہتھوڑا۔ فصیح لفظ مِلْطَاس اور مِلْطَس ہے۔
شَقَلَ (ن) شَقْلًا. الدراهِمَ: تولنا المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
شَوْقَلَ شَوْقَلَةً. حلیم وبردبار ہونا۔
الشَاقُوْل. معماروں کا سا ہول جس سے دیوار کی ہمواری دیکھتے ہیں۔
شَقَنَ (ن) شَقْنًا واَشْقَنَ. العَطِيَّةَ: کم دینا۔ واَشْقَنَ الرَجُلُ: کم مال ہونا۔
شَقُنَ (ک) شُقُوْنَةً. العَطَاءُ: کم ہونا۔ صفت (شَقْنٌ وشَقِنٌ وشَقِيْنٌ)
المِشْقَن. ہنگا (جوتے اور بوئے ہوئے کھیت کی مٹی کے برابر کرنے کا آلہ)
شَقَا يَشْقُوْ شَقْوًا واَشْقَى اللّٰهُ فُلَانًا: بدبخت بنانا۔ اَشْقَى شَعْرَه کنگھی کرنا۔

شَقِيَ يَشْقَى شَقًا وشَقَاءً وشَقَاوَةً وشِقَاوَةً وشَقْوَةً وشِقْوَة. بدبخت ہونا۔ صفت (شَقِيّ) ج اَشْقِيَاء.
شَاقَى. فُلَانًا: بدبخت ہونے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "شَاقَانِيْ فَشَقَوْتُه" اس نے بدبخت ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ بدبخت رہا ہ فِي الحَرْب: لڑائی وغیرہ میں مشغول کرنا ہ عَلٰى كَذَا صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الشَاقِي. فا مِنَ الجِبَال: پہاڑ کا لمبا نکلا ہوا گوشہ۔ ج شَوَاق وشُقْيَان.
الشَقَا والشَقَاء. س۔ سختی۔ بدبختی۔
المِشْقَى. کنگھی۔
شَكَّ (ن) شَكًّا. فِي الْاَمْرِ: شبہ کرنا۔ صفت فاعلی (شَاكٌّ) اور صفت مفعولی (مَشْكُوْك) فِيْهِ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا ہ بِالرُمْح: ہڈی تک چھیدنا۔ شَكَّت الشَوْكَةُ رِجْلَهٗ: کانٹا چبھنا۔ شَكَّ القَوْمُ بُيُوْتَهُمْ: گھروں کو ایک طرز یا ایک قطار میں بنانا الخَيَّاطُ الثَوْبَ: کپڑے میں دور دور ٹانکے لگانا اِلَيْهِ البِلَادَ: طے کر کے پہنچنا الشَّیْءَ اِلَى الشَّیْءِ: ملانا عَلَيْهِ الامْرُ: دشوار ہونا فِي السِلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ صفت (شَاكُّ السِلَاحِ و شَاكٌّ فِي السِّلَاحِ) ج شُكَّاك.
شَكَّ (س) شَكًّا. فُلَانًا و اِلَيْهِ: مائل ہونا۔
شَكَّكَهٗ. شک وشبہ میں ڈالنا۔
تَشَكَّكَ. فِي الْاَمْرِ: شبہ کرنا۔
الشَكُّ. س۔ شبہ۔ ہڈی میں تھوڑی سی درز۔ ایک دوا جو چوہوں کیلئے قاتل ہے۔ ج شُكُوْك.
الشِكَّة. اسم نوع۔ ہتھیار۔ لکڑی وغیرہ کا پچڑ جو کلہاڑے کے سوراخ کو تنگ کرنے کیلئے لگاتے ہیں۔ ج شِكَك اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخْتَلِفُ الشِكَّة" فلاں مختلف اخلاق والا ہے۔

الشُکۃ. مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا شُکَّۃٌ بَعِیْدَۃٌ" ان دونوں کے درمیان بڑی مسافت ہے۔

الشَاکَۃ. الشاكُ کا مؤنث گلے کی سوجن۔ ج شَوَاكُ. بُیُوتٌ (شِكَاكٌ) ایک قطار کے مکانات۔

الشِکاکَۃ. زمین کا گوشہ۔

الشِکیکَۃ. طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "دَعْهُ عَلٰى شَكِيْكَتِهٖ" اس کو اس کی عادت پر چھوڑ دو۔ فرقہ میوہ کی ٹوکری۔ ج شَکائِك و شُکُكٌ.

اَلْمِشَكُّ. سوراخ کرنے کا آلہ۔ زرہ۔ ج مَشاكُّ.

شَكَرَ (ن) شُكْرًا و شُكُوْرًا و شُكْرَانًا. الرَجُلَ ولَهٗ (و باللام اَفْصَح) شکریہ ادا کرنا۔ شکر کرنا۔ بہتر سلوک پر تعریف کرنا اور کہا جاتا ہے "شَكَرَ اللّٰهُ سَعْيَكَ" یعنی اللہ ہاری کوشش کی جزا دے و "شَكَرْتُ لِفُلَانٍ نِعْمَتَهٗ" میں نے فلاں کی نعمت کا شکریہ ادا کیا۔ و "شَكَرَ اللّٰهَ و لِلّٰهِ وباللّٰهِ وبِنِعْمَةِ اللّٰهِ وبِنِعْمَةِ اللّٰهِ" اس نے اللہ کا شکر یا اللہ کی نعمت کا شکر ادا کیا۔ صفت (شاکر) ج شَاكِرُوْن وشُكر. شَاكِرُرَبِّهٖ: ایک قسم کی گھاس۔

شَكِرَتْ (س) شَكَرًا. النَاقَةُ: اونٹنی کا بھرے ہوئے تھن والی ہونا۔ صفت (شَكِرَةٌ) ج شَكِرَات وشَكَارٰى وشُكْرٰى و (مِشْكار) الشَجَرةُ: درخت کا جڑ میں سے شاخ نکلنا الرَجُلُ: تنگی کے بعد سخی ہونا۔

اَشْكَرَ. الضَرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔ صفت (شَكْرَان) مؤنث شَكْرٰى. ج شُكَارٰى و شَكَارٰى. عَيْنٌ شَكْرٰى: آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ۔ اشْكَرَ الشَجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا۔

شَاكَرَهٗ. شکر گزاری دکھلانا۔ الحَدِيْثَ: گفتگو شروع کرنا۔

اِشْتَكَرَ. الضَرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔

اِشْتَكَرَتِ الرِيَاحُ: ہوا کا تیز چلنا السَمَاءُ: بارش لانا الرَجُلُ فی عَدْوِهٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ اِشْتَكَرَ البَرْدُ او الحَرُّ: سردی یا گرمی کا تیز ہونا الشَجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا الجَنِيْنُ: رواں نکلنا۔

تَشَكَّرَ. لَهٗ: شکر ادا کرنا۔

الشَكُوْر. بہت شکر گزار (مذکر ومؤنث) ج شُكُر الشَكُوْرُ فِيْ اَسْمَائِهٖ تَعَالٰى. تھوڑے عمل کا زیادہ بدلہ دینے والا۔

الشَكِيْر. بڑے درختوں کی جڑ میں جو شاخ نکل آئے۔ بڑوں میں چھوٹے (پودے یا گھاس یا پر یا بال) بال جو چہرہ اور پس گردن کے متصل ہوں۔ درخت کی ڈاڑھی۔ شَكِيْرُ الْاِبِلِ. چھوٹے اونٹ۔ ج شُكُر.

الشُكْرَة. اسمرۃ (والشَكْرِيَّة) تھنوں کا دودھ سے بھرنا۔ کہا جاتا ہے نَبَاتٌ (مَشْكَرَةٌ) یعنی دودھ والا پودہ۔

الشُكْرَان. شکر گزاری۔

الشُوْكَرَان والشِيْكَرَان والشَيْكُرَان. ایک زہریلا پودہ۔ (دخیل)

الشَاكِرِيُّ. خادم، نوکر۔ چاکر۔ ج شَاكِرِيَّة (دخیل)

الشَاكِرِيَّة. خادم کی اُجرت۔ عوام شَاكِرِية کو ٹیڑھے سر والی چھری کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

الشَكَائِر. پیشانیاں۔

شَكَزَهٗ (ن) شَكْزًا. اُنگلی چھونا۔ زبان سے تکلیف دینا۔ شَكَزَهٗ بِالرُمْحِ: نیزہ مارنا۔

الشَكِز والشَكَز. بد خلق۔

الشَكَّاز. شاکز کا مبالغہ۔ جنگجو۔

شَكُسَ (ک) شَكَاسَةً وشَكِسَ (س) شَكَسًا. بخیل ہونا۔ درشت خو ہونا۔ سخت مزاج ہونا۔ صفت (شَكِسٌ وشَكْسٌ) ج شُكْسٌ.

شَاكَسَهٗ مُشَاكَسَةً. مخالفت کرنا۔ سختی سے پیش آنا۔

تَشَاكَسَ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اللَيْلُ والنَهارُ يَتَشَاكَسَانِ" دن اور رات ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

الشَكِيْس. نحوست۔

المِشْكَس. بخیل۔ سخت مزاج۔

الشَكْس. نئے چاند نکلنے سے ایک دو دن پہلے۔

الشَكِص والشَكِيْص. بد خلق۔

الشَكِيْصَة: اونٹنی جس کے نہ تو تھن میں دودھ ہو نہ حاملہ ہو۔

الشِكَاص. ناہموار دانتوں والی عورت۔

شَكِعَ (س) شَكَعًا. المَرِيْضُ: بہت آہ و زاری کرنا۔ صفت (شَاكِعٌ وشَكِعٌ وشَكُوْعٌ)

الزَرْعُ: کھیتی کا زیادہ دانوں والی ہونا الرَجُلُ: غضبناک ہونا۔ دردمند ہونا۔

اَشْكَعَهٗ. غضبناک کرنا۔ ملول کرنا۔ تنگ دل کرنا۔ زچ کر دینا۔

شَكَلَ (ن) شَكْلًا وشَكَّلَ. الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ شَكَلَ وشَكَّلَ العِنَبُ: انگور کا پکنے لگنا۔ شَكَلَ وشَكَّلَ الكِتَابَ: اعراب لگانا۔ شَكَلَ وشَكَّلَ الدَابَّةَ بالشِكَالِ: جانور کو پائے بند ڈالنا۔ شَكَّلَ الشَیْءَ: تصویر بنانا۔ شَكَلَتْ وشَكَّلَتِ المَرْأَةُ شَعْرَهَا: دائیں اور بائیں جانب زلف کی دو لٹیں بٹنا۔

شَكِلَ (س) شَكَلًا. سرخ سفید ہونا الشَیْءُ: سفید مائل بسرخ ہونا المَرْأَةُ: عورت کا نازو انداز والی ہونا۔

اَشْكَلَ. الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے اَشْكَلَتْ عَلَیَّ الاَخْبَارُ میرے اوپر خبریں مشتبہ ہو گئیں۔

العِنَبُ: انگور پکنے لگنا النَخْلُ: درخت خرما پک کر تیار ہونا الکِتَابَ: اعراب لگانا الشَیْءَ: مشکل ہونا المَرِيْضُ: بیمار کا صحت کے قریب ہونا۔

شَاكَلَهٗ مُشَاكَلَةً. مشابہ ہونا۔ موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِيْ فُلَانٍ مُشَاكَلَةٌ مِنْ اَبِيْهِ" اِس میں اُس کے باپ کی مشابہت ہے۔

تَشَكَّلَ. صورت اختیار کرنا العِنَبُ: انگور پکنے لگنا۔

اِشْتَكَلَ واِسْتَشْكَلَ. الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔

الشَّكْلُ. س۔ مشابہت۔ مثل۔ نظیر۔ مشکل معاملہ۔ قصد و ارادہ۔ کہا جاتا ہے "سَاَلْتُهُ عَنْ شَكْلِ فُلَانٍ" میں نے فلاں کے ارادہ کو دریافت کیا۔ عورت کا ناز و انداز۔ محسوس یا متوہم چیز کی صورت شکل مثلاً گولائی؛ کجی۔ سیدھا پن وغیرہ۔ ج اَشْكَال وشُكُوْل.

الاَشْكَالُ: چاندی یا موتیوں کے زیورات جو ایک دوسرے کے مشابہ ہوتے ہیں اور جن کو عورتیں کان میں پہنتی ہیں اور کہا جاتا ہے "اُمُوْرٌ اَشْكَالٌ" یعنی مشتبہ اُمور۔ شَكْلُ الكِتَابِ: کتاب کی حرکات۔ الشَّكْلَة: ایک حرکت مثلاً زیر، زبر یا پیش۔

الشِّكْلُ. مثل۔ عورت کا ناز و انداز۔

الشُّكْلَة. سرخی مائل بہ سفیدی (والشَّاكِلُ) مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ شُكْلَةٌ اَوْ شَاكِلٌ مِنْ اَبِيْهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ اِمْرَاَةٌ (شَكِلَةٌ) ناز و انداز والی عورت۔

الشِّكَال. جانور کا پائے بند۔ ڈوری جو اونٹ کے پیش بند اور تنگ کے درمیان باندھتے ہیں۔ اگلی ٹانگ اور پچھلی ٹانگ باندھنے کا بندھن۔ ج شُكُلٌ. الشِّكَالُ فِي الخَيْلِ: تین ٹانگوں کا سفید اور ایک دوسرے رنگ کا ہونا یا اس کے برعکس۔

الشَّاكِلَةُ. الشَّاكِلُ کا مؤنث۔ شکل۔ جانب۔ جیسے شَاكِلَةُ الطَّرِيْقِ. طریقہ مذہب۔ نیت۔ حاجت۔ کوکھ۔ ج شَوَاكِل. اور اسی سے ہے "اَصَابَ شَاكِلَةَ الصَّوَابِ" اس نے طریقہ صواب پا لیا۔ و "فُلَانٌ يَرْمِيْ بِرَايِهِ الشَّوَاكِلَ" یعنی فلاں وجوہ صواب کو پا لیتا ہے۔ الشَّوَاكِل. بڑے رستے سے نکلے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے هٰذَا طَرِيْقٌ ذُوْ شَوَاكِلَ. یہ راستہ ایسا ہے جس سے مختلف راستے نکلتے ہیں۔

الاَشْكَلُ. سفید مائل بسرخی۔ آنکھوں کی سفیدی میں سرخی والا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَشْكَلُ بِهٖ" اس کے مشابہ ہے۔ ج شُكْلٌ.

الشَّكْلاءُ. اَشْكَل کا مؤنث۔ حاجت۔

الشَّوْكَلَة. ناحیہ۔ جانب (الشَّوْكَل) کا واحد بمعنی عوسج۔ اور عوسج ایک کانٹے دار درخت کا نام ہے۔

الاَشْكَلَة. التباس۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ اَشْكَلَةٌ مِنْ اَبِيْهِ" اس کے اندر اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ حاجت جو انسان کو پابند کر دے۔ تم کہتے ہو "لَنَا عِنْدَهٗ اَشْكَلَةٌ" اس کے پاس ہماری حاجت ہے۔

الشَّكِيْل. خون آمیز جھاگ جو لگام کے لوہے پر ظاہر ہو۔

المُشْكِل والمُشْكِلَة. امر دشوار یا امر مشتبہ۔ ج مَشَاكِل و مُشْكِلَات.

المَشْكُوْل. مِنَ الخَيْلِ: تین ٹانگوں میں سفیدی اور ایک ٹانگ میں دوسرے رنگ والا۔ پائے بند سے بندھا ہوا۔

المُشَكَّل. صورت و شکل والا۔

شَكَمَهٗ (ن) شَكْمًا دینا۔ بدلہ دینا۔ فلانًا: رشوت دینا۔

شَكَمَهٗ (ن) شَكْمًا وشَكِيْمًا. دانت سے کاٹ لینا۔

شَكِمَ (س) شَكَمًا بھوکا ہونا۔

اَشْكَمَهٗ. بدلہ دینا۔

الشُّكْمُ والشُّكْمٰى. ثواب۔ بدلہ۔ عطیہ۔

الشَّكِم. شیر۔

الشَّكِيْمَة. تکبر۔ ظلم کی داد رسی۔ عہد۔ طبیعت۔ چیتا۔ زہر۔ مشابہت مِنَ اللِّجَامِ: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔ ج شَكَائِم و شُكُم و شَكِيْم اور اسی سے ہے "فُلَانٌ ذُوْ شَكِيْمَةٍ" اور شَدِيْدُ الشَّكِيْمَةِ یعنی فلاں خود دار اور غیرت مند ہے۔

شَاكَهَهٗ شِكَاهًا ومُشَاكَهَةً. مشابہ ہونا۔

اَشْكَهَ. الاَمْرُ: دشوار ہونا۔

تَشَاكَهَا. باہم مشابہ ہونا۔

شَكَا يَشْكُوْ شَكْوًى وشَكْوًا وشَكَاةً وشَكَاوَةً وشِكَايَةً وشَكِيَّةً. اِلَيْهِ زَيْدًا: شکایت کرنا۔ شکایت کرنے والے کو (شَاكٍ) جس کی شکایت کی جائے اس کو (مَشْكُوٌّ ومَشْكِيٌّ) اور جس سے شکایت کی جائے اس کو (مَشْكُوٌّ) اِلَيْهِ اور شکایت کو (شَكْوٰى) کہتے ہیں۔ شَكَا الاَمْرَ او العِلَّةَ: ذکر کرنا یا درد مند ہونا مَرَضَهٗ لِلطَّبِيْبِ: طبیب سے مرض کی کیفیت بیان کرنا اَمْرَهٗ اِلَى اللّٰهِ ظاہر کرنا۔

شَكَا يَشْكُوْ شَكْوًا وشَكْوٰى وشَكَاةً. المَرَضُ فُلَانًا: الم پہنچانا۔ درد مند بنانا۔

شَكَّى تَشْكِيَةً. الشَّاكِيَ: شکایت قبول کرنا۔

اَشْكٰى اِشْكَاءً. فُلَانًا: شکایت قبول کرنا۔ شاکی پانا۔ کسی کے سامنے شکایت اور تکلفات شوق کو بیان کرنا۔ کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا کہ وہ شکایت کرنے پر مجبور ہو۔ کسی سے شکایت کو زائل کر دینا فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: کسی سے کوئی چیز کسی کی خوشنودی کے لیے لینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَشْكِيْ بِكَذَا" وہ فلاں چیز کے ساتھ متہم ہے۔

شَاكَاهُ. شکایت کرنا۔

تَشَكّٰى. بیمار ہونا اِلَيْهِ: شکایت کرنا۔ مِن جُرْحٍ: درد مند ہونا۔

اِشْتَكٰى. بیمار ہونا اِلَيْهِ: شکایت کرنا مِن جُرْحِهٖ: درد مند ہونا۔

تَشَاكٰى تَشَاكِيًا. القَوْمُ: باہم دگر شکایت کرنا۔

الشَّكْوُ والشَّكْوٰى والشَّكَاءُ والشَّكَاةُ والشَّكْوَاءُ. بیماری۔ الشَّكْوٰى: جس چیز کی شکایت کی جائے۔ ج شَكَاوٰى. الشَّكْوُ: چھوٹا اونٹ۔

الشَّكْوَة. شَكَا کا اسم مرۃ۔ شکو بمعنی مرض کا واحد ج شَكَوَات وشِكَاءٌ (والشُّكَيَّةُ) پانی یا دودھ کا چمڑے کا برتن۔

الشَّكِيُّ. جس کی شکایت کی جائے۔

دردمند۔ مؤنث شَكِيَّة. ج شَكَايَا (والشَّاكِي) معمولی بیمار رَجُلٌ شَاكِي السِّلَاحِ: ہتھیار بند صاحب شوکت و رعب مرد (شائك کا مقلوب ہے۔)

الشَّكَاة. عیب۔

الْمِشْكَاة. طاق۔ چراغ رکھنے کا طاق۔ چراغ دان۔

شَكَى يَشْكِي شَكْيًا. اِلَيْهِ: شکایت کرنا۔

الشَّكِيَّةُ. بقیہ۔

شَلَّ (ن) شَلًّا. الثَّوْبَ: کپڑے میں ہلکی سلائی کرنا۔ شَلَّتِ الْعَيْنُ دمعَهَا: آنکھ کا آنسو بہانا الدِّرْعَ وشَلَّهَا عَلَيْهِ: زرہ پہننا الشَّيْئَ: کاٹنا۔

شَلَّ (ن) شَلًّا وشَلَلًا. الابل: اُونٹوں کو بھگانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ فُلَانٌ يَشُلُّهُمْ بِالسَّيْفِ" فلاں گزرا اس حال میں کہ لوگوں کو تلوار سے بھگا رہا تھا۔ "والصُّبْحُ يَشُلُّ الظَّلَامَ" صبح تاریکی کو دور کر دیتی ہے۔

شَلَّتْ (س) شَلًّا وشَلَلًا وشُلَّتْ و اُشِلَّتْ اِشْلَالًا. يَدُهُ: خشک ہونا۔ لنجا ہونا۔ ایسے ہاتھ کو (شَلَّاء) اور ایسے ہاتھ والے کو (أَشَلّ) کہتے ہیں۔ جو شخص اچھی طرح تیر چلائے یا نیزہ بازی کرے اس کے لیے دُعاء کے طور پر کہتے ہیں "لَا شُلَّتْ يَدَاكَ اولَا شُلَّتْ عَشْرُكَ" تمہارے ہاتھ یا تمہاری دس انگلیاں بیکار نہ ہوں۔

اَشَلَّ. بیمار ہاتھ والا ہونا۔

اِنْشَلَّ. الْمَطَرُ: برسنا السَّيْلُ: سیلاب بڑھنا شروع ہونا الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔ اِنْشَلَّتِ الإبِلُ: بھاگنا۔ شَلَالِ. مبنی علی الكسر: شَلَلْ کا اسم ہے۔ تیر انداز کے لیے دُعا کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "لَا شَلَالِ" بمعنی لا شُلَّتْ يَدُكَ.

الشَّلَلُ. س۔ کپڑے کا داغ جو دھونے سے بھی نہ جائے۔ ہاتھ کی خرابی۔

الشُّلُلُ والشُّلُلُ والشُّلُوْلُ. تیز۔ خوش مزاج۔

الشِّلَالُ. متفرق لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ شِلَالًا" اونٹوں کو بھگاتے ہوئے لوگ آئے۔

الشَّلَّةُ. اسم (ق) (والشُّلَّةُ والشُّلِّيّ) دور کا مقصد۔ جہت سفر۔

الشَّلِيْلُ. اونی کپڑے کا ٹکڑا جس کو کجاوہ کے پیچھے جانور کے سرین میں ڈالتے ہیں۔ چھوٹی زرہ جو بڑی زرہ کے نیچے پہنی جائے۔ کرتہ جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔ وادی میں پانی بہنے کا بڑا نالہ۔ ج اَشِلَّة.

الشَّلَّالُ. آبشار۔ ج شَلَّالَات

الْمِشَلُّ. گردن پر ڈالنے کا کپڑا۔ رَجُلٌ مِشَلٌّ: سبک دست۔ تیز۔ خوش مزاج۔

شَلَّحَهُ تَشْلِيْحًا. ننگا کرنا۔

الشَّلْحَاءُ والشَّلْحَى. تیز تلوار۔ ج شُلَّحٌ.

الْمُشَلَّحُ. حمام کا کمرہ جس میں کپڑے اُتارے جاتے ہیں۔

شَلَخَهُ (ن ف) شَلْخًا. بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا۔

الشَّلْخُ. س۔ اصل۔ جڑ۔ آدمی کی اولاد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَلْخُ سُوءٍ" وہ بُری اولاد ہے۔

شَلْشَلَ شَلْشَلَةً وشِلْشَالًا. الْمَاءُ: پانی ٹپکنا الْمَاءَ وبِالْمَاءِ: پانی متفرق چھڑکنا الْمَاءَ: پانی ٹپکانا السَّيْفُ الدَّمَ: گرانا۔ صفت مفعولی (شَلْشَل و مُشَلْشِل ومُشَلْشَل)

تَشَلْشَلَ. الْمَاءُ: پانی کا چھینٹنا۔ بکھرنا السَّيْفُ بالدَّمِ: گرانا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ و جُرْحُهُ يَتَشَلْشَلُ دَمًا" وہ اس حال میں آیا کہ اس کے زخم سے خون ٹپک رہا تھا۔

الشَّلْشَالُ. ٹپکنے والی مشک۔ مَاءٌ شَلْشَلٌ: ٹپکنے لگا تار ٹپکنے والا پانی۔ مَاءٌ ذُو شَلْشَلٍ: ٹپکنے والا پانی۔ (الشَّلْشَل والشُّلْشُل) مِنَ الرِّجَالِ: تیز و سبک دست۔ خوش مزاج۔

الشَّلْطُ والشَّلْطَاءُ. چھری۔

الشِّلْطَة. باریک اور لمبا تیر۔ ج شِلْط.

شَلَغَ (ف) شَلْغًا. الرَّاسَ: کچلنا۔ توڑنا۔

الشِّلْف. مِنَ الْحَدِيْدِ عِنْدَ الْعَامَّةِ: لوہے کی سلاخ۔

الشَّالُوْف. عِنْدَ الْعَامَّةِ: آبشار۔ آبشار گرنے کی جگہ۔

الشَّلَّافَة. مِنَ النِّسَاءِ: بدکار عورت۔

شَلَقَهُ (ن) شَلْقًا. لمبا پھاڑنا یا چیرنا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔

الشِّلْق والشَّلِق. نرم کانٹوں والی ایک مچھلی۔ ج شِلَاق.

الشِّلْقَاء. چھری۔

الشَّلْقَة والشِّلْقَة. گوہ کے انڈے۔

الشَّلَقَة. گھوڑوں کو سدھانے والے۔

الشَّلَقَة: موگری جس سے کسی چیز کو توڑیں۔

الشَّلَاق. فقیروں کا تھیلا۔

الشَّوْلَقِيّ. مٹھائی بیچنے والا یا مٹھائی کی زیادہ خواہش رکھنے والا۔

الْمِشْلِيْق. ہنستے وقت مُنہ کھولنے والا۔

الشَّيْلَمُ والشَّوْلَمُ والشَّالَمُ. ایک قسم کا کڑوا دانہ جو گیہوں میں پیدا ہوتا ہے۔

الشَّلَم. چنگاری۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَايَرُ شَلَمُه" فلاں کے غصہ کی وجہ سے چنگاری اُڑ رہی ہے۔

شَلَا يَشْلُوْ شَلْوًا. چلنا الشَّيْئَ: بلند کرنا۔

اَشْلَى اِشْلَاءً. الْكَلْبَ عَلَى الصَّيْدِ: کتے کو شکار پر اُکسانا۔ بھڑکانا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دودھنے یا چارہ کے لیے بلانا۔

اِشْتَلَى. فُلَانًا: چھڑانا۔

اِسْتَشْلَى. غضبناک ہونا۔ چھڑانا۔

الشِّلْو. عضو۔ اونٹنی کا بچہ۔ ہر پوست کشیدہ جس میں کچھ کھا لیا گیا ہو اور کچھ باقی رہ گیا ہو۔ ج اَشْلَاء. اَشْلَاءُ اللِّجَامِ: لگام کے تسمے جو پرانے ہوں۔ اَشْلَاءُ الإنْسَانِ: اعضاء انسانی۔ کہا جاتا ہے "بَنُوْ فُلَانٍ اَشْلَاءٌ فِي بَنِي فُلَانٍ" بنو فلاں بقایا ہیں بنو فلاں کے۔

الشِّلْو والشَّلَاء. ہر چیز کا جسم۔

المُشلَی. لاغر و نحیف۔

شَمَّ (س ن) شمًّا وشَمِیمًا و شَمِیمَی. الوَرْدَ: گلاب کا پھول سونگھنا (شَمَمًا) تکبر کرنا۔ الجبَلُ: اوِ الانفُ: چوٹی بلند ہونا۔ صفت (اَشَمّ و شَمِیم)

شُمَّ. آزمائش کیا جانا۔

شَمَّمَ. الزَهْرَ: پھول سونگھنا ہ الزَهْرَ: پھول سونگھانا۔

اَشَمَّ. سر اُٹھا کر گزرنا الوَرْدَ: گلاب کا پھول سونگھانا عَنِ الاَمْرِ: الگ ہونا۔ ہٹنا۔ اَشَمَّ القارئُ الحَرْفَ: اُشمام کر کے وقف کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشْمِمْنِی یَدَكَ" مجھے اپنا ہاتھ دو۔ و "عَرَضْتُ عَلَیْهِ کَذَا فَاِذَا هُوَ مُشِمٌّ لَا یُرِیْدُهٗ" میں نے اس پر فلاں چیز پیش کی اس نے ناک بھوں چڑھالی۔ اس کی خواہش اسے نہیں۔

شَامَّا مُشَامَّةً وتَشَامًّا تَشَامًّا. ایک دوسرے کو سونگھنا۔

اِشْتَمَّ. الشَّیْءَ: سونگھنا۔

تَشَمَّمَهٗ. آہستہ آہستہ سونگھنا۔

اِسْتَشَمَّهٗ. سونگھنے کی درخواست کرنا۔ سونگھنا۔

الشَّم. مص۔ سونگھائی۔

الشَّامَّة. سونگھنے کی حس۔

الشَّمَم. مص۔ نزدیکی۔ دوری (ضد) ناک کے بانسہ کی بلندی حسن وہمواری کے ساتھ۔

الشَّمِیْمُ. مص۔ بلند۔ عمدہ خوشبو۔

الاَشَمُّ. مغرور سردار۔ کریم۔ اُونچی ناک والا۔ مؤنث شَمَّاءُ. ج شُمٌّ.

الشَّمَّام والشَّمُوْم. بہت سونگھنے والا۔

الشَّمَّام: ایک قسم کا زرد رنگ کا خربوزہ۔ واحد (شَمَّامَةٌ) ج شَمَّامَاتٌ. الشَّمَامَات: عمدہ خوشبوئیں۔

الاِشْمَام. عِنْدَ الْقُرَّاءِ وَالنُّحَاةِ: بغیر آواز کے ہونٹ سے حرکت کی طرف اشارہ کرنا۔

المَشْمُوْمُ. شئ۔ جو چیز سونگھنے سے معلوم ہو۔ مشک۔

شَمِتَ (س) شَمَاتًا وشَمَاتَةً بِفُلَانٍ: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔ صفت فاعلی (شَامِتٌ) ج شُمَّاتٌ. اور صفت مفعولی (مَشْمُوْتٌ) بِهٖ.

شَمَّتَ. العَاطِسَ وشَمَّتَ عَلَیْهِ: یَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہہ کر دُعا کرنا۔ یا دُعا کرنا کہ ایسی حالت میں مبتلا نہ ہو جس پر کسی کو شماتت کا موقع ملے ہ: محروم کرنا۔ شَمَّتَ بَیْنَهُمَا: جمع کرنا۔

اَشْمَتَهٗ. اللّٰهُ بِعَدُوِّهٖ: دشمن کے غم سے خوش کرنا۔

تَشَمَّتَ. القَوْمُ: بلا غنیمت کے محروم واپس آنا۔

الشَّامِتُ. فا. ج شُمَّاتٌ.

الشَّامِتَة. الشَّامِت کا مؤنث۔ جانور کی ٹانگ۔ ج شَوَامِت. کہا جاتا ہے "بَاتَ بِلَیْلَةِ الشَّوَامِت" اس نے سخت مصیبت میں رات گزاری جس پر خوش ہونے والی عورتوں نے خوشی منائی۔ وبَاتَ طَوْعَ.

الشَّوَامِت. مصیبت پر خوش ہونے والی عورتوں کی خواہش کے مطابق اس نے رات گزاری۔

الشِّمَات والشَّمَاتَی. محروم لوگ (جمع ہے واحد نہیں) کہا جاتا ہے "رَجَعَ القَوْمُ شِمَاتًا او شَمَاتَی" قوم محروم واپس آئی۔

اَلشَّمَانِیَا: فرانسیسی دوپٹہ وہاں کے شہر کے نام پر۔

شَمَجَ (ن) شَمْجًا. الشَّیْءَ: ملانا الثَّوْبَ: کپڑے کو دُور دُور سینا۔ شَمَجَهٗ عن کَذَا: الگ کرنا فُلَانًا:

الشَّمَاج. انگور کا وہ حصہ جو کھانے کے بعد پھینک دیا جائے۔ کہا جاتا ہے ما ذُقْتُ شَمَاجًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔ نَاقَةٌ (شَمَجِی) تیز رفتار اونٹنی۔

شَمْجَرَ. الرَّجُلُ: خوفزدہ کی طرح دوڑنا۔

الشِّمْحَط والشِّمْحَاطُ والشِّمْحُوْط. بہت لمبا۔

شَمَخَ (ف) شَمْخًا وشُمُوْخًا. الجبَلُ: پہاڑ کا بلند ہونا۔ صفت (شَامِخٌ) ج شُمَّخٌ. مؤنث شَامِخَة ج شَوَامِخ و شَامِخَات (و شَمَّخ) اَنْفَهٗ وبِاَنْفِهٖ: تکبر سے ناک چڑھانا۔ صفت (شَمَّاخ)

تَشَامَخَ. بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔

تَشَمَّخَ. بِاَنْفِهٖ: تکبر کرنا۔

الشَّامِخ. فا. نَسَبٌ شَامِخٌ: شریف نسب رَجُلٌ شَامِخٌ: متکبر مرد۔

الشَّمَّاخ. شامخ کا مبالغہ جَبَلٌ شَمَّاخ: بہت بلند پہاڑ مَفَازَةٌ (شُمُوْخ و شُمَّخ) دور اطراف والا۔ بیابان۔

شَمْخَر شَمْخَرَةً. تکبر کرنا۔

اِشْمَخَرَّ اِشْمِخْرَارًا. الشَّیْءُ: طویل ہونا الجبَلُ: پہاڑ کا بلند ہونا۔

الشُّمَّخْر والشِّمَّخْر. متکبر مرد۔ بلند نظر۔ موٹا آدمی یا اونٹ۔

الشَّمْذَر والشِّمذَر والشِّمْذَار. تیز رفتاری۔

الشِّمذَارَةُ والشِّمیْذَر. چست لڑکا۔

شَمَرَ (ن ض) شَمْرًا. تیز چلنا۔ تکبر سے چلنا النَّخْلَ: کھجوریں کاٹنا۔

شَمَّرَ تَشْمِیرًا. تیز گزرنا ہ: تیز چلانا۔ الشَّیءَ: سمیٹنا السَّفِیْنَة او الصَّقر: چھوڑنا۔ الثَّوْبَ عَنْ سَاقِیْهِ: اُٹھانا فِی الاَمْرِ: چستی کرنا لِلاَمْرِ: ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔ اِلَی المَکَان: قصد کرنا۔ شَمَّرَتِ الحَرْبُ و شَمَّرَتْ عَنْ سَاقِهَا: سخت ہونا۔

اَشْمَرَهٗ. جلدی کرانا ہ بالسَّیْف:

تَشَمَّرَ واِنْشَمَرَ. تیز چلنا یا تکبر سے چلنا الاَمْرَ: ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔

الشِّمْر. فیاض۔ سخی۔ صاحب بصیرت۔ پرکھنے والا۔ تجربہ کار۔

الشُّمْرَة والشَّمَار: ایک قسم کا پودہ ہے

جس کے پھول زرد رنگ کے اور دانے سبز رنگ کے لمبے ہوتے ہیں۔ شَرٌّ (شِمِرٌّ) سخت بُرائی۔

الشَّمُّوْر الماس۔ ہیرا۔

الشِّمِّيْر والشَّمَّرِيُّ والشِّمِّرِيُّ والشِّمَّرِيُّ. تجربہ کار۔ دانائے اُمور۔ محنت سے کام کرنے والا۔ مِنَ الاِبِلِ: تیز رفتار۔ نَاقَةٌ او الشَّاة (شَامِرٌ او شامِرَةٌ) اونٹنی یا بکری جن کے تھن پیٹ سے لگے ہوئے ہوں۔ لِثَةٌ شَامِرَةٌ: دانتوں کی جڑوں سے لگا ہوا مسوڑھا۔ ج شَوَامِر.

المُشَمِّر. فا. تجربہ کار۔ محنت سے کام کرنے والا۔

شَمْرَجَ. الثَّوْبَ: دور دور ٹانکے لگا کر خراب سلائی کرنا فِي الْكَلَامِ: گڑبڑ کرنا۔ خلط ملط کرنا۔

الشِّمْرَاج. جھوٹ سے مخلوط گفتگو کرنا۔ ج شَمَارِيْج. الشَّمَارِيْج: باطل باتیں۔

الشُّمْرُج. باریک بناوٹ کا کپڑا۔

ثَوْبٌ (مُشَمْرَجٌ) باریک بناوٹ کا کپڑا۔

شَمْرَخَ. العِذْقَ: کھجور یا انگور کے گچھوں کو کاٹنا۔

الشُّمْرُوْخ والشِّمْرَاخ. کھجور یا انگور کا گچھا۔ الشِّمْرَاخ: پہاڑ کی چوٹی۔ بادل کا بالائی حصہ۔ الشُّمْرُوْخ: باریک ٹہنی جو سخت شاخ کے اوپر کے حصہ میں نکلے۔ ج شَمَارِيْخ.

الشَّمَارِق والشَّمَارِيْق والمُشَمْرَق. مِنَ الثِّيَابِ: کپڑا جو ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہو۔

شَمَزَتْ (ن) شَمْزًا. نَفْسُهُ مِنْهُ: کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔

تَشَمَّزَ. الوَجْهُ: سکڑنا۔

اِشْمَأَزَّ اِشْمِئْزَازًا. خوفزدہ ہونا۔ کراہت کی وجہ سے بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا الشَّيْءَ: مکروہ جاننا مِنْهُ: منقبض ہونا اور کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔

شَمَسَ (ن) شُمُوْسًا وشِمَاسًا. باز رکھنا۔ انکار کرنا لَهُ: دشمنی ظاہر کرنا۔ بُرائی کا ارادہ کرنا الفَرَسُ: نہ چڑھنے دینا نہ زین لگانے دینا نہ ایک جگہ قرار لینا۔ صفت (شَمُوْسٌ) ج شُمْسٌ و شُمُسٌ و (شَامِسٌ) ج شَوَامِس.

شَمَسَ (ن ض) شَمْسًا وشَمِسَ (س) شَمَسًا واَشْمَسَ. اليَوْمُ: دھوپ والا ہونا۔ صفت (شَامِس و مُشْمِسٌ) وشَمِسَ لِي. عداوت ظاہر ہونا اور چھپانے پر قادر نہ ہونا۔

شَمَّسَ. الكَافِرُ: آفتاب کی پرستش کرنا الشَّيْءَ: دھوپ میں پھیلانا ۵: نفرت دلانا۔ فُلَانٌ: شمّاس ہونا (دیکھو لفظ شمّاس)

شَامَسَهُ. دشمنی کرنا۔

تَشَمَّسَ. دھوپ میں بیٹھنا یا کھڑا ہونا عَلَيْنَا: بخل کرنا۔

الشَّمْس. س. آفتاب۔ تصغیر شُمَيْسَةٌ. ج شُمُوْسٌ الشَّمْس: ایک قسم کی کنگھی۔ ایک قسم کا ہار۔ کہا جاتا ہے "بَسَطَ الشَّيْءَ فِي الشَّمْسِ" اس نے چیز کو دھوپ میں پھیلایا۔ "وَدَخَلَتِ الشَّمْسُ فِي الْبَيْتِ" دھوپ گھر میں داخل ہو گئی۔

اَلشَّمْسُ: سورج جس کے درجہ حرارت کی مقدار سطح ۶۰۰۰ اور اندرونی ۹۰۰۰ ملین ذکر کی گئی ہے۔ اس کا قطر زمین کے قطر سے ۱۰۹ گنا زیادہ ہے۔

الشَّمِس والشَّمْس والشَّمُوْس. مِنَ الْاَيَّامِ: دھوپ والا دن۔

الشَّمُوْس بہت سخت دشمنی کرنے والا۔ ج شُمْسٌ و شُمُسٌ.

الشَّامِس فا. مِنَ الْاَيَّامِ: دھوپ والا دن۔ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جو نہ قرار پکڑے اور نہ سوار ہونے دے مِنَ الرِّجَالِ: دشوار خو۔ ج شَوَامِس

الشَّمْسِيَّة. عِنْدَ المُوَلَّدِيْنَ: چھتری (دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے) اور افصح یہ ہے کہ دھوپ سے بچانے والی کو ظُلَّةٌ یا مُظَلَّةٌ کہا جائے اور بارش سے بچانے والی کو عَالَةٌ.

الشَّمَّاس. قسیس سے نیچے درجہ کا پادری۔ (کلمہ سریانیہ ہے اس کے معنی خادم کے ہیں۔)

المُتَشَمِّس. فا. سخت۔ مضبوط۔ بخیل۔

شَمَصَ (ن) شَمْصًا وشَمَّصَ. الدَّوَابَّ: جانوروں کو تیز ہانکنا۔ شَمَصَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ یہاں تک کہ غضبناک ہو جائے۔

شَمَّصَهُ الشَّيْءُ: بے قرار کرنا۔

شَمِصَ (س) شَمَصًا جلدی جلدی بولنا۔

اَشْمَصَ وانْشَمَصَ. خوفزدہ ہونا۔

تَشَمَّصَ. سکڑنا۔

الشِّمَاص. نکل جانا۔

الشُّمَاص. جلدی۔

الشَّمُوْص. مِنَ الخَيْلِ: سرکش گھوڑا جو نہ سوار ہونے دے اور نہ زین کسنے دے۔

شَمَطَ (ض) شَمْطًا. الشَّيْءَ: ملانا الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا الشَّجَرُ: درخت کا جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا۔

شَمِطَ (س) شَمَطًا وشَمُطَ اِشْمِيْطَاطًا واَشْمَاطَّ اِشْمِيْطَاطًا واشْمَأَطَّ اِشْمِئْطَاطًا. سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔ صفت (اَشْمَط) ج شُمْط و شُمْطَان. مؤنث شَمْطَاء ج شُمْط.

شَمَّطَهُ واَشْمَطَهُ. بِهِ: ملانا۔ اشْمَطَ الرَّجُلُ: سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔

الشَّامِط. وہ دیگ جس میں پوری بکری معہ مسالا کے آجائے۔

الشَّمَط والشَّمْط والشِّمْط. مسالا۔ ج شِمَاط واَشْمَاط.

الشَّمِيْط. مخلوط۔ صبح (چونکہ اس میں کچھ رات کی تاریکی ملی ہوئی ہوتی ہے۔)

الشَّمْطَات. فِي الرَّأْسِ: سر کے کچھ تھوڑے سے سفید بال۔

الشُّمُّوْط. عِنْدَ العَامَّةِ: چینا کا خوشہ۔ دھاگے کا لپیٹا ہوا گولا۔

الشِمْطَاط والشُمْطُوْط والشِمْطِيْط. گروہ۔ گلہ۔ ج شَمَاطِيْط: کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَمَاطِيْط: لوگ متفرق آئے۔ ثَوْبٌ شِمْطَاط: پھٹا ہوا کپڑا۔ الشُمْطُوْط: لمبا۔

شَمَظَهٗ (ض ن) شَمْظًا. منع کرنا۔ کچھ نرمی اور کچھ سختی سے گفتگو کرنا۔ برانگیختہ کرنا اور معمولی حرکت دینا الشَیَٔ: ملانا۔ تھوڑا تھوڑا لینا۔

شَمَعَ (ف) شَمْعًا وشُمُوْعًا ومَشْمَعًا. کھیل کود کرنا۔ مزاح کرنا۔ صفت (شَمُوْعٌ) کہا جاتا ہے "اَشَامِعٌ اَنْتَ اَمْ جَادٌّ" تم مذاق کر رہے ہو یا واقعی بات کہہ رہے ہو۔ (شُمُوْعًا) الشَیُٔ: متفرق ہونا۔

شَمَّعَ. الشَیَٔ: پگھلے ہوئے موم میں غوطہ دینا یا اوپر سے ڈالنا الرَجُلَ: کھیل کود یا مزاح پر آکسانا۔

اَشْمَعَ. السِرَاجُ: روشنی پھیلنا۔

الشَمَعُ والشَمْعُ. موم بتی۔ واحد (شَمَعَةٌ وشَمْعَة) ج شَمَعَاتٌ. و (الشَمَّاعُ) موم بتی بنانے والا یا بیچنے والا۔ و (المَشْمَعَةُ) موم بتی کا کارخانہ یا بکنے کی جگہ۔

الشِمَاع والشِمَاعَة: خوش طبعی۔ ہنسی۔ مذاق۔

الشَمُوْع. مِنَ النِسَاءِ: ہنسی مذاق کھیل کود والی عورت۔

الشَمْعَدَان. چراغ دان۔ ج شَمَاعِد و شَمْعَدَانات دان فارسی کا کلمہ ہے۔ شمعدان کے مقابل عربی میں مَاثِلَةٌ ہے۔ مِسْكٌ (مَشْمُوْعٌ) عنبر ملا ہوا مشک۔

اِشْمَعَطَّ اِشْمِعْطَاطًا. غصّے سے بھر جانا۔ القَوْمُ فِي الطَلَب: کسی چیز کو ڈھونڈنے میں جلدی کرنا اور پھیل جانا الاِبِلُ والخَيْلُ: اونٹوں اور گھوڑوں کا متفرق ہونا۔

شَمْعَلَ وتَشَمْعَلَ واِشْمَعَلَّ. القَوْمُ: متفرق ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا۔ اِشْمَعَلَّتِ الحَرْبُ: لڑائی کا بھڑکنا الغَارَةُ: ہر جانب سے غارت واقع ہونا الاِبِلُ: اونٹوں کا خوشی میں ہو کر اِدھر اُدھر متفرق ہونا۔ اِشْمَعَلَّ الرَجُلُ: اوپر سے جھانکنا۔ بغیر ہنسی مذاق کے گزر جانا۔

شَمِقَ (س) شَمَقًا. جنون کی حد تک خوش ہونا۔

تَشَمَّقَ. شادماں ہونا۔

الشَمَاقَةُ. جنون۔ شادمانی۔ چستی۔ الشِمِقُّ والشَمَقْمَق. لمبا۔ شادماں۔

شَمَلَتْ (ن) شُمُوْلًا. الريْحُ: بادِ شمالی چلنا (شَمْلًا) الشَیَٔ: بادِ شمالی کے سامنے کرنا بِه: بائیں جانب لینا النَخْلَة: تیار کھجوروں کو چن لینا۔

شَمَلَ (ن ض) شَمْلًا. الشَاة: بکری کے تھن پر تھیلا چڑھانا۔

شَمِلَهٗ (س) شَمْلًا و شُمُوْلًا. چادر میں لپیٹنا۔

شَمِلَ (س) شَمَلًا و شُمل و شَمْلًا. القَوْمُ: بادِ شمالی لگنا۔

شَمَلَ (ن) وشَمِلَ (س) شَمْلًا وشَمَلًا وشُمُوْلًا. الاَمْرُ القَوْمَ: عام ہونا۔ شامل ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَمِلَ القَوْمِ خَيْرًا او شرًّا" اس کی بھلائی یا برائی ساری قوم کو عام ہو گئی۔

شَمَّلَهٗ تَشْمِيْلًا. چھوٹی چادر میں لپیٹنا۔ شَمَّلَ الرَجُلُ: جلدی کرنا۔ بائیں ہاتھ سے پکڑنا۔

اَشْمَلَ. القَوْمُ: بادِ شمالی میں داخل ہونا۔ الرِيْحُ: بادِ شمالی چلنا الشاةَ: بکری کے تھن کیلئے تھیلا بنانا القَوْمُ خيْرًا او شرا: خیر یا شر کو سب کے لیے عام کرنا الرَجُلُ: بڑی چادر والا ہونا۔ اَشْمَلَهٗ: بڑی چادر دینا النَخْلَةُ: پختہ کھجوروں کو چن لینا۔

تَشَمَّلَ. بِالشَمْلَة: چادر میں لپیٹنا۔

اِشْتَمَلَ. جلدی کرنا فی الحَاجَةِ: آمادہ ہونا ارادہ کرنا بِالثَوْب: سارے جسم پر لپیٹنا۔ الاَمْر عَلَيْهِ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ عَلٰى فُلَان: بچانا۔

اِنْشَمَلَ جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَمَلَ فِيْ حَاجَتِه" اس نے اپنی حاجت میں جلدی کی۔

الشَمْل. س۔ بادِ شمالی۔ امر مجتمع۔ امر متفرق (ضد) کہا جاتا ہے "جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اُمور متفرق کو جمع کر دے۔ و "فَرَّقَ اللّٰه شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اجتماع کو توڑ دے (والشِمْل) کھجوروں کا گچھا اور بقول بعض کم دانوں والا گچھا۔

الشَمَل. س۔ بادِ شمالی۔ پناہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی تعداد کھجور، آدمی وغیرہ کی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَنَا شَمَلٌ مِنَ المَطَرِ" ہم لوگوں پر تھوڑی بارش ہوئی۔ و "مَا عَلَي النَخْلِة اِلّاشَمَلٌ" کھجور کے درخت پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ ج اَشْمَال.

الشَمْلَة. جسم کو ڈھانکنے والی چادر۔ ج شَمَلَات اُمَّ شَمْلَة: دُنیا۔ شراب۔ آفتاب۔

الشِمْلَة. لپٹنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الشِمْلَةِ."

الشَمَال والشِمَال والشَمْأل والشَمْأَلُ والشَمِيْل والشَمُوْل وَالشَوْمَلُ والشَيْمَل. بادِ شمالی۔ کہا جاتا ہے "هَبَّتِ الشَمَال او رِيْحٌ شَمَالٌ" بادِ شمالی چلی۔ ج شَمَالَات. الشِمَال: بکری کے تھن کا غلاف۔ والشِمَال. ج اَشْمُل وَشُمُلٌ وشِمَالٌ (بلفظ الواحد) وشَمَائِل: بایاں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِنْدِی بِالشِمَال" فلاں میرے نزدیک کم رتبہ والا ہے۔ و "هُوَ عِنْدِیْ بِاليَمِيْن" وہ میرے نزدیک اچھے مرتبہ پر ہے۔ الشَمَال: اُتر۔ بد بختی۔ بکری کے تھن کا داغ۔ کھیتی کا ایک مٹھا جس کو ہاتھ میں پکڑ کر کاٹنے والا کاٹے۔ طَيْرٌ شِمَالٌ: وہ پرندہ جس سے بدشگونی کی جائے۔ نَاقَة شِمَالٌ: تیز رفتار اونٹنی۔

الشِمَال. ج شَمَائِل: سیرت۔ عادت۔

طبیعت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ مِنْ شِمَالِي اَنْ اَعْمَلَ بِشِمَالِيْ" میری عادت نہیں کہ بائیں ہاتھ سے کام کروں۔
الشِّمْلَة. طبیعت۔ ج شَمَائِل.
الشَّمِل. چادر سے لپٹا ہوا۔
الشَّمُوْل. شراب یا ٹھنڈی شراب۔
الشِّمِل. تھوڑی کھجوروں کا گچھا۔ نَاقَةٌ شِمِلَّةٌ: تیز رفتار اونٹنی۔
الشِّيْمَال. بایاں۔
الشِّمْأَلَة. شکاری کے لیے شکار سے چھپنے کی جگہ۔ ج شَمَائِل.
المِشْمَل. چھوٹی تلوار۔ خنجر پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ (والمِشْمِلَة والمِشْمَال) جسم کو ڈھانکنے والی بڑی چادر۔ لحاف۔
المَشْمُوْل. مذ۔ جس پر بادِ شمالی چلی ہو۔ پسندیدہ اخلاق والا۔
المَشْمُوْلَة. شراب اور بقول بعض ٹھنڈی شراب۔ لَيْلَةٌ مَشْمُوْلَةٌ: ٹھنڈی رات۔ اخلاق۔ مَشْمُوْلَةٌ: بُرے اخلاق۔
شَمْلَلَ. الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ النَّخْلَةَ: پختہ کھجوروں کو چن لینا۔ جَمَلٌ او نَاقَةٌ (شِمْلَالٌ و شَمْلِيْلٌ) تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی۔ والشِّمْلَال: بایاں۔
الشُّمْلُوْل. کھجوروں یا بارش کی تھوڑی مقدار یا آدمیوں کی تھوڑی تعداد۔ ج شَمَالِيْل. الشَّمَالِيْل: شاخ کے سر پر متفرق ٹہنیاں۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَي النَّخْلَةِ اِلَّا شَمَالِيْلَ" درخت خرما پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ و "ذَهَبُوْا شَمَالِيْلَ" وہ متفرق ہو کر چلے گئے۔ "ثَوْبُ شَمَالِيْلَ" پھٹا پرانا کپڑا۔
شَمْهَذَ. السِّكِّيْنَ: تیز کرنا۔ الحَدِيْدَ: پتلا کرنا۔
الشَّمْهَذ. تیز چیز۔ ہلکا پھلکا۔ تیز دانتوں والا کتا۔
شَمَا يَشْمُوْ شُمُوًّا. الرَّجُلُ: بلند شان والا ہونا۔

الشَّمَا. موم۔
شَنَّ (ن) شَنًّا. الماءَ عَلَى الشَّرَابِ: متفرق چھینٹا دینا۔ (واشَنَّ) الغَارَةَ عَلَيْهِمْ: چاروں طرف سے لوٹ ڈالنا۔
شَنَّتْ (ض) و شَنت وشَنَّتَ. القِرْبَةُ: مشک پرانی اور خشک ہونا۔
تَشَنَّنَ وتَشَانَّ الجِلْدُ: کھال خشک ہونا۔ سکڑنا جِلْدُ الاِنْسَانِ. بڑھاپے کے وقت جھری والا ہونا (واشْتَنَّ) السِّقَاءُ: مشک پرانی ہونا۔ تَشَادَّ الشَّيْآن: باہم ملنا۔
اِسْتَشَنَّ. دُبلا ہونا اِلَي اللَّبَنِ: دودھ کا خواہش مند ہونا۔ اِسْتَشَنَّتِ القِرْبَةُ: مشک پرانی ہونا۔
الشَّنّ. مذ۔ ج شنان واشنان و (الشَّنَّة) چھوٹی پرانی مشک۔ قَوْسٌ شَنَّةٌ: پرانی کمان۔ کہا جاتا ہے "قِرْبَةٌ اشْنَانٌ" پرانی مشک۔ ہر جزء کو مشک قرار دے کر اشنان جمع لاتے ہیں۔
الشَّنُوْن. موٹا۔ دبلا (ضد) بھوکا۔
الشَّنِيْن. دودھ جس پر پانی ڈالا گیا ہو۔
الشُّنَان. ٹھنڈا پانی۔ پانی برسانے والا۔ بادل۔
مَاءٌ شُنَانٌ: متفرق پانی۔
الشُّنَانَة. مشک یا درخت سے ٹپکنے والا پانی۔
الاُشْنَان. ایک قسم کی گھاس جو ہاتھ دھونے کے کام آتی ہے۔
شَنَأَ (ف) وشَنِئَ (س) شَنْأً وشُنْأً وشَنْأَةً وشَنَأَةً وشَنَانًا وشَنْآنًا ومَشْنَأً ومَشْنَأَةً ومَشْنُوْءَةً. الرَّجُلَ: بغض رکھنا۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ صفت فاعلی (شَانِئ) ج شُنَّا. مؤنث شَانِئَةٌ. ج شَوَانِي وصفت مفعولی (مَشْنُوْء)
شَنِئَ (س) شناة. الشئ: نکالنا حقه و بحقّه: اقرار کرکے دینا۔
شُنِئَ. جمیل ہوتے ہوئے مکروہ ہونا۔
تَشَانَأَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔
الشَّنَاءَةُ. بغض۔ دشمنی۔

الشَّوَانِي. شَانِئَة کی جمع۔ شَوَانِي المَال: ایسے اموال جن کیلئے بخل نہ کیا جائے۔
الشَّنْآن. بغض رکھنے والا۔ مؤنث شَنْآنَةٌ وشَنْأَى. رَجُلٌ (شَنَائِيَةٌ) بغض رکھنے والا مرد۔
المِشْنَأ. وہ شخص جس سے لوگ بغض رکھیں۔ ایسے اُمور کا ارتکاب کرنے والا جن کی وجہ سے لوگ دشمنی کریں۔
المَشْنَأ. قبیح (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے) لوگوں سے دشمنی کرنے والا۔
شَنِبَ (س) شَنَبًا. اليَوْمُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (شَانِبٌ وشَنِبٌ) اور اسم (الشُّنْبَة) الرَّجُلُ: سفید خوبصورت دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَشْنَب وشَانِب وشَنِيْب ومَشْنَب)
المَشَانِب. خوشبودار مُنہ۔
الشَّنْبَاء. سفید خوبصورت دانتوں والی عورت۔ انار کی ایک قسم جس میں گٹھلی نہیں ہوتی صرف رس ہی رس ہوتا ہے۔
شَنْبَثَ. الهَوَى قَلْبَه: محبت کا دل میں جاگزیں ہونا۔
الشَّنْبَث والشُّنَابِث. شیر۔ سخت۔
الشَّنْتَة. فائل۔
شَنْتَرَ. ثَوْبَهُ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الشُّنْتُرَة. انگلی۔ دو انگلیوں کے درمیان کا حصہ۔ ج شَنَاتِر. کہتے ہیں "لَا ضمنَّكَ ضَمَّ الشَّنَاتِرِ" یعنی میں تجھ کو انگلیوں کی طرح ملاؤں گا۔
شَنِجَ (س) شَنَجًا واشْنَجَ وتَشَنَّجَ وانْشَنَجَ. الجِلْدُ: کھال کا گرمی یا سردی سے سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔ جلد کی صفت (شَنِج) اور صاحب جلد کی صفت (شَنِج وَاَشْنَج)
شَنَّجَهُ. سکیڑنا۔
الشَّنِج. مذ۔ اونٹ۔
شَنَّحَ. عَلَيْهِ: بُرا بھلا کہنا۔
الشَّنَاح والشَّنَاحِي والشَّنَاحِيَ

والشَّناحِيَة. موٹا اور لمبا اونٹ۔ مؤنث شَناحِيَة.

شَنَّخ. النخلَ: درخت خرما سے کانٹے دور کرنا۔

الشِناخ. پہاڑ کی نوک۔

الشِنْخَابُ والشُنْخُوبُ والشُنْخُوبَةُ. پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَناخِيب. الشُنْخُوب: کندھے کے اوپر کا حصہ۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الشُنْدُخ. گٹھے بدن کا مضبوط و لمبا۔ شیر۔ سفر سے واپسی یا عمارت کی تیاری کی دعوت۔

شَنَّرَ. عَلَيْهِ: عیب لگانا۔ رسوا کرنا۔

الشَنار. عار۔ بدترین عیب۔

الشِنِّير والشِنِّيرَة. بدخلق۔ بڑا شریر۔ بڑا عیبی۔

شَنَزَ. الشُونِيز والشِينِيز. کلونجی۔

شَنَصَ(ن) شَنِصَ(س) شُنُوصًا. بِه: چمٹنا۔ فَرَسٌ (شَناصٌ وشَناصِيٌّ وشُناصِيٌّ وشَناصِيَةٌ) عمدہ مضبوط لمبا گھوڑا۔

الشُنُط. پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔

المُشَنَّط. بھنا ہوا گوشت۔ شِواءٌ مُشَنَّطٌ اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔

شنظ. شِناظ. الجبَل: پہاڑ کی چوٹی۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ ذاتُ شِناظٍ" گٹھے بدن والی پرگوشت عورت۔

الشُنْظُب. لمبا و خوبصورت۔

شَنْظَر. بِهِم. گالی دینا۔ فحش بکنا۔

الشِنْظِير والشِنْظِيرَةُ والشُنْظُورَةُ. بدخلق۔ چٹان جو پہاڑ سے پھٹ کر گرے۔ شِنظيرة کی جمع شَناظِيرُ. شَناظِير الجبَلِ پہاڑ کے اطراف۔ ہر چیز کی شاخ۔

شَنْظَى. بِه بُرا بھلا سنانا۔

شُنْظُوَةُ. الجبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج شَناظٍ.

شَنَعَهُ(ف) شَنْعًا. قبیح سمجھنا۔ گالی دینا۔ رُسوا کرنا۔

شَنعَ(س) شُنْعًا. بِه: قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَى اَمْرًا شَنِعَ بِه" اس نے ایسا معاملہ دیکھا جس کو قبیح سمجھا۔

شَنُعَ (ک) شَناعَة وشُنْعًا وشَنَعًا وشُنُوْعًا. قبیح ہونا۔ صفت (شَنِعٌ) ج شُنُعٌ و (شَنِعٌ واَشْنَعُ)

شَنَّعَ. الرَّجُلَ: بہت بُرا بھلا کہنا عَلَيْهِ الاَمْرُ: قبیح قرار دینا الرحلُ: آمادہ و تیار ہونا۔ (واَشْنَعَ) البعيرُ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔

تَشَنَّعَ. دوڑنے میں کوشش کرنا۔ لِلْاَمْرِ: تیار ہونا السِلاحَ: ہتھیار پہننا الغارَةَ: لوٹ ڈالنا القَوْمُ: اختلاف رائے کی وجہ سے خراب حالت والی ہونا الرَّجُلُ: بُرے کام کا ارادہ کرنا الفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا۔ چڑھنا الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

اِسْتَشْنَعَهُ. قبیح سمجھنا۔ مکروہ سمجھنا۔

الشُنْعَةُ والشَناعَةُ والشُنُوْعُ. قباحت۔

المُشَنِّعُ. قبیح۔ بے حقیقت خبروں کا پھیلانے والا۔

المَشْنُوْعُ بس۔ بُرائی میں مشہور۔

الشِنْعَابُ. لمبے قد و قامت کا مرد۔

الشُنْعُوف والشُنْعَاف. پہاڑ کی چوٹی۔ بلند پہاڑ۔ لمبا و کمزور مرد۔

الشَنْعَفَة. لمبائی۔

شَنَف (ن ض) شَنْفًا. اِلَيْهِ: تعجب یا اعتراض کی نظر سے دیکھنا۔

شَنِفَ(س) شَنَفًا. فُ نًا اور لِفُلانٍ: بغض رکھنا لَهُ: سمجھ جانا بِه: تاڑ جانا۔

شَنَّفَ. الكَلامَ: مزین کرنا اِلَيْهِ: کنگھی سے دیکھنا (واَشْنَفَ) الجارِيَةَ: لڑکی کیلئے ایئر رنگ بنانا۔ بالی بنانا۔

تَشَنَّفَتِ. الجارِيَةُ: لڑکی کا ایئر رنگ پہننا۔ بالی پہننا۔

الشانِف. فا۔ اعراض کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَشانِفٌ عَنّا بِاَنْفِه" وہ اپنے آپ کو ہم سے برتر سمجھتا ہے۔

الشَنْف. س۔ بالی۔ ایئر رنگ۔ ج شُنُوْف واَشْناف.

الشَنِف. بغض رکھنے والا۔

شَنَقَ(ن ض) شَنْقًا. البعيرَ: سوار ہونے کی حالت میں لگام کھینچنا القِرْبَةَ: مشک کو سربند باندھ کر دونوں ہاتھوں سے سربند کو پکڑنا راسَ الدابَةِ: درخت یا اونچے کھونٹے سے جانور کے سر کو باندھنا اور اسی سے مولدین کے نزدیک لفظ "الشَنْقُ" ہے جس کے معنی مجرم کو پھانسی دینے کے ہیں الشيَ: لٹکانا الخَلِيَّةَ: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔

شَنِقَ(ض) شَنْقًا وشَنِقَ(س) شَنَقًا کسی چیز سے محبت کرنا اور گرویدہ ہو کر رہنا۔

شَنَّقَ. الشيَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الخَلِيَّةَ: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔

اَشْنَقَ. البَعيرَ والقِرْبَةَ: بمعنی شَنَقَ البَعيرَ و القِرْبَةَ البَعِيرُ: اونٹ کا سر اُٹھانا عَلىٰ فُلانٍ: دست درازی کرنا الرَّجُلُ: خون بہا لینا یا خون بہا واجب ہونا۔ (ضد) الشي لٹکانا غَنَمَه اِلىٰ غَنَمِ زَيْدٍ: ملا کر بڑھانا اليَدَ اِلَى العُنُقِ: ہاتھ کا گلے میں گھیرا ڈالنا۔

شانَقَهُ مُشانَقَةً وشِناقًا. اپنے مال کو کسی کے مال سے ملانا۔

تَشانَقَا. اپنے مال کو دوسرے کے مال سے ملانا۔

الشَنق. س۔ تاوانِ زخم۔ رسی۔ سر کی لمبائی۔ گٹھری۔

الشِناق. س۔ مشک کا بندھن۔ تانت سر کی لمبائی۔ ہر وہ ڈوری جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ رسی جس سے اونٹ کے سر کو کھینچا جائے۔ ہاتھوں کو مونڈھوں سے ملا کر باندھنے کی رسی۔ ج شُنُق واَشْنِقَة.

القَلْبُ (الشَنِق) مشتاق و خواہش مند دل۔ ج اَشْناق. فَرَسٌ (اَشْنَق) لمبے سر کا گھوڑا۔ اور ایسا ہی بَعِيرٌ اَشْنَق. مؤنث شَنْقاء و شِنْقاء. الشَنْقاء. وہ پرندہ جو اپنے بچہ کو چوگا دے۔

الشَّنِيق پھانسی دیا ہوا۔ وہ لکڑی جس پر تھوڑا سا شہد لگا کر چھتے میں رکھ دیتے ہیں۔ مُنہ بولا بیٹا۔
الشَّنِيق. خود پسند۔ الشَّنِيقَة: عشق باز عورت۔
اَلْمِشْنَكْل ج شَنَاكِل دروازہ یا گھڑی کا دستہ بند کرنے اور کھولنے کے لئے۔ کپڑے لٹکانے کے لئے کیل۔
المِشْنَاق ہر چیز کی طرف نظر ڈالنے والا۔
شَنِمَ (ن) شَنْمًا. الجِلْدَ: خراش لگانا۔ مَاءٌ (شَنِمٌ) ٹھنڈا پانی۔
الشُّنْم کٹے ہوئے کان والے۔
الشَّنَم چنگاری جو اُڑے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَتَطَايَرُ شَنَمُهُ" فلاں سے غصہ کی وجہ سے چنگاری اُڑ رہی ہے۔
شَنْهَقَ او شَهْنَقَ. الحِمَارُ: گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔ یہ کلمہ عوام کے نزدیک ہے۔ فصیح لفظ نَهَقَ یا شَهَقَ ہے۔
الشَّانِيَة. بڑا جنگی جہاز۔ ج شَوَانٍ (مفرد کا استعمال نادر ہے۔)
شَهِبَ (س) وشَهُبَ (ک) شَهَبًا. سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (شَاهِب واَشْهَب) عَامٌ اَشْهَبُ: خشک سال۔ يَوْمٌ اَشْهَبُ: ٹھنڈی ہوا اور پالے کا دن۔ جَيْشٌ اَشْهَبُ: قوی و مضبوط لشکر۔ ج شُهْب۔
شَهَبَ (ف) شَهْبًا و شَهَبَةً. الحَرُّ: گرمی کا جھلس دینا۔
اَشْهَبَ. العَامُ القَوْمَ: قوم کے اموال کو تباہ کر دینا۔
اِشْهَبَّ واِشْهَابَّ واِشْتَهَبَ. سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ الزَّرْعُ: خشک و زرد ہونا اور کچھ سبزی باقی رہنا۔
الشَّهْب. س. برف سے ڈھکا ہوا پہاڑ۔
الشُّهْبُ والشُّهْبَة. سفیدی جس میں کچھ کچھ سیاہی ملی ہوئی ہو۔
الشِّهَاب. آگ کی چمک۔ ٹوٹا ہوا تارہ۔ نیزہ کا پھل۔ ج شُهُب و شُهْبَان وشِهْبَان واَشْهُب. کہا جاتا ہے "فُلانٌ شِهَابُ حَرْبٍ" جبکہ جنگ میں کود پڑنے والا ہو۔
الاَشْهَب شیر۔ دشوار کام۔
الشَّهْبَاء اَشْهَب کا مؤنث۔ شہر حلب کا لقب مِنَ الكَتَائِب: بہت ہتھیاروں والا بڑا لشکر۔ سَنَةٌ شَهْبَاءُ: بغیر بارش اور سبزی کے خشک سال یا بہت برف والا سال۔
الشُّهَاب واِشْهَابَة. دودھ جس میں دو تہائی پانی ملا ہوا ہو۔
الاَشَاهِب. منذر لخمی کی اولاد۔
الشَّاهَتْرَج والشَّهْتَرَج شاہترہ۔
شَهِدَ (س) شُهُوْدًا. المَجْلِسَ: حاضر ہونا الشَّيْءَ: معائنہ کرنا۔ اطلاع پانا الجُمْعَةَ: پانا عَلَى كَذَا: گواہی دینا۔ صفت (شَاهِد) ج شُهُوْد و شُهَّد.
شَهِدَ (س) و شَهُدَ (ک) شَهَادَةً. عِنْدَ الحَاكِمِ لِفُلانٍ اَوْ عَلَى فُلانٍ: گواہی دینا۔ صفت (شَاهِد) ج شَهْد وشُهُوْد واَشْهَاد. شَهِدَ اللّٰهُ. جاننا یا قبول فرمانا۔ شَهِدَ بِكَذَا: قسم کھانا۔
شَاهَدَهُ مُشَاهَدَةً. معائنہ کرنا۔
اَشْهَدَهُ. حاضر کرنا۔ اَشْهَدَ فُلانًا عَلَى كَذَا: گواہ بنانا۔
اِسْتَشْهَدَهُ. گواہی دینے کو کہنا۔
اِسْتَشْهَدَ بِهِ: گواہی کے معاملہ کو مدد دینا۔
اُشْهِدَ واُسْتُشْهِدَ. اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔
تَشَهَّدَ. گواہی طلب کرنا المُسْلِمُ: التحیات پڑھنا۔
الشُّهْد والشَّهْد. شہد جو موم سے جدا نہ کیا گیا ہو۔ ج شِهَاد اور (الشُّهْدَة والشَّهْدَة) اس سے خاص ہے۔
الشَّهَادَة. س. یقینی خبر۔ گواہی۔ قسم۔ اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔ عالم ظاہر جو عالم غیب کے مقابل ہے۔
الشَّاهِد. فا. زبان۔ اور اسی سے قول ہے "مَالَهُ رُوَاءٌ ولا شَاهِدٌ" یعنی اس کے لیے نہ تو حسن منظر ہی ہے نہ زبان۔ قوام۔ ستارہ۔ صَلاةُ الشَّاهِد: مغرب کی نماز۔ وہ عبارت جو کسی قاعدہ نحو وغیرہ کے ثابت کرنے کے لیے نقل کی جائے۔ الشَّاهِد من الاُمُوْر: جلدی۔
الشَّاهِدَة. الشَّاهِد کا مؤنث۔ زمین۔ ج شَاهِدَاتٌ وشَوَاهِد.
الشَّهِيْد والشِّهِيْد. حاضر۔ گواہی میں امانت دار۔ وہ ذات جس کے علم سے کوئی چیز غائب نہ ہو۔ اللہ کی راہ میں مقتول۔ اسم (الشَّهَادَة) ج شُهَدَاء مؤنث شَهِيْدَة.
المَشْهَد. لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اللہ کی راہ میں مقتول ہونے کی جگہ۔ ج مَشَاهِد.
المَشْهَدَة والمَشْهُدَة. لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔
المُشْهَد. اللہ کے راستہ کا مقتول۔
المُشْهِد. فا. اِمْرَأَةٌ مُشْهِدَةٌ: وہ عورت جس کا شوہر موجود ہو اور اس کا مقابل "اِمْرَأَةٌ مُغِيْبَةٌ" ہے۔ یعنی وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو۔
المَشْهُوْد. مف. جمعہ کا دن۔ قیامت کا دن۔ عرفہ کا دن۔
شَنْهَدَر شَهْدَرَةً. الغُلامُ او الجَارِيَةُ: لڑکے یا لڑکی کا تین اور چھ سال کے درمیان حرکت کرنا۔
الشَّهْدَر. دولت مند۔ مؤنث شَهْدَرَة.
الشِّهْدَارَة. بدزبان۔ فساد انگیز۔ گھٹے بدن کا پستہ قد۔
شَهَرَهُ (ف) شَهْرًا و شُهْرَةً. بِكَذَا: مشہور کرنا۔ شَهَرَ و شَهَّرَ السَّيْفَ. تلوار کو سونت کر بلند کرنا۔ و شَهَّرَ فُلانًا: رسوا کرنا۔
اَشْهَرَ. ایک مہینہ کسی حال میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَشْهَرْنَا فِي هٰذَا المَكَانِ" ہم نے

اس جگہ ایک مہینہ قیام کیا۔ اَشْهَرتِ المَرْأَةُ: ولادت کے مہینے میں داخل ہونا اَلْاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ مشہور کرنا۔

شَاهَرَهُ شِهَارًا و مُشَاهَرَةً. ماہواری پر معاملہ کرنا۔

اِشْتَهَر. الامرُ: مشہور ہونا الامْرَ: مشہور کرنا بالفضلِ: فضیلت میں مشہور ہونا۔

اَلشَّهْرُ: ماہ- شمسی سال کے کل ماہ بمع ایام درج ذیل: کانونِ الثانی (۳۱ دن)- شباط (۲۸ دن)- لیپ سال میں (۲۹ دن) اذار (۳۱ دن) نیسان (۳۰ دن) ایار (۳۱ دن) حزیران (۳۰ دن) تموز (۳۱ دن) آب (۳۱ دن) ایلول (۳۰ دن) تشرین الاول (۳۱ دن) تشرین الثانی (۳۰) کانون الاول (۳۱)

یعنی جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر۔

قمری سال کے ماہ بمع تعداد ایام (اندازاً)

محرم (۳۰ دن) صفر (۲۹ دن) ربیع الاول (۳۰ دن) ربیع الثانی (۲۹ دن) جمادی الاول (۳۰ دن) جمادی الاخرۃ (۲۹ دن) رجب (۳۰ دن) شعبان (۲۹ دن) رمضان (۳۰ دن) شوال (۲۹ دن) ذوالقعدہ (۳۰ دن) ذوالحجہ (۲۹ دن)

عربوں کے نزدیک حرمت والے چار ماہ ہیں- ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب-

الشَّهْر. مں- دانا- نیا چاند- چاند- مہینہ- ج اَشْهُر و شُهُور.

الشُّهْرة. شہرت- برائی میں مشہوری- رسوائی-

الشَّهِير. مشہور- نامور- مؤنث شَهِيرَة.

المَشْهُور. مع. شہرت یافتہ- مؤنث مَشْهُورَة.

الشَّهْرَب. بڑی عمر والا- مؤنث شَهْرَبَة. درخت خرما کے نیچے کا چھوٹا حوض-

شَهَقَ (ف ض) و شَهِقَ (س) شَهِيْقًا وتَشْهَاقًا. الحمارُ: گدھے کا رینکنا (شَهِيْقًا وتَشْهَاقًا وشُهَاقًا) الرَّجُلُ: رونے میں سسکی لینا- (شُهُوقًا) الجَبَلُ وغَيْرُهُ: پہاڑ وغیرہ کا بلند ہونا- صفت (شَاهِق) اور تم کہتے ہو "شَهَقَتْ عَيْنِي عَلَيْهِ"، جبکہ تم کو کوئی چیز پسند آئے اور تم اس پر نظر جما دو-

تَشَهَّقَ. عَلَيْهِ: نظر جما دینا-

الشَّهْقَة. اسم مرۃ- چیخ-

الشَّاهِق. فا. ذو شاهق: زیادہ غضبناک-

التَّشْهَاق. مں. کہا جاتا ہے "ضَحِكٌ تَشْهَاقٌ"، زور کی ہنسی- وصف بالمصدر کی بنا پر-

شَهِلَ (س) شَهَلًا واشْهَلَّ اِشْهِلَالًا. آنکھ میں سیاہی مائل بسرخی ہونا- صفت (اَشْهَل) مؤنث شَهْلاء. ج شُهْل. آنکھ کی صفت بھی شَهْلاء. واقع ہوتی ہے-

شَاهَلَهُ مُشَاهَلَةً. گالی گلوچ کرنا-

تَشَهَّلَ. بے رونق چہرہ والا ہونا-

الشَّهَل والشُّهْلَة. آنکھ کی سیاہی مائل بسرخی-

الشَّهْلاء. حاجت- کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْ فُلَانٍ شَهْلَانِي". فلاں میں سے میں نے اپنی حاجت پوری کی-

الشَّهْلَة. بڑھیا-

شَهَمَ (ف ن) شَهْمًا و شُهُوْمًا. الفَرَسَ: ڈانٹنا الرَّجُلَ: گھبرا دینا- خوفزدہ کرنا-

شَهُمَ (ک) شَهَامَةً وشُهُوْمَةً. تیز فہم ہونا- ذکی ہونا-

الشَّهْم. تیز خاطر- ذکی- سردار جس کا حکم جاری ہو- ج چالاک گھوڑا- ج شُهُوْم.

الشَّيْهَم. نر سیہی- ج شَيَاهِم

الشَّهَام. غول بیابانی-

الشَّيْهَمَة. بڑھیا-

المَشْهُوْم. تیز خاطر- ذکی- خوفزدہ-

الشَّاهِين. ایک شکاری پرندہ- ج شَوَاهِين وشَيَاهِين. ترازو کا عمود-

شَهَا يَشْهُو وشَهِيَ يَشْهَى شَهْوَةً و اِشْتَهَى. الشَّيْءَ: خواہش کرنا- رغبت شدید کرنا-

شَهُوَ يَشْهُو. الطَّعَامُ: لذیذ ہونا-

شَهَّى. الرَّجُلَ: خواہش کرنے پر اکسانا عَلَيْهِ كَذَا: طلب کرنا- کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ يُشَهِّي الطَّعَامَ" یہ چیز کھانے کی خواہش بڑھاتی ہے-

شَاهَاه. مشابہ ہونا-

اَشْهَاه. خواہش کے مطابق دینا- نظر بد لگانا-

تَشَهَّى. الشَّيْءَ: خواہش کرنا عليه كذا: بار بار خواہش کرنا-

الشَّهْوَة. مں- خواہش- ج شَهَوَات و شُهًى

الشَّهَّاء. بہت خواہش کرنے والا-

الشَّهِيّ. خواہش مند (والمُشْتَهَى) مرغوب- کہا جاتا ہے "شَيْءٌ شَهِيٌّ"، لذیذ چیز-

الشَّهْوَان. مؤنث شَهْوَى. ج شَهَاوَى و (الشَّهْوَانِيّ) خواہش مند-

الشَّاهِيَة. خواہش-

شَابَ يَشُوْبُ شَوْبًا وشِيَابًا. الشَّيْءَ: ملانا الرَّجُلَ: خیانت کرنا- دھوکا دینا (و شَوَّبَ تَشْوِيْبًا) عَنْهُ: آہستگی سے ہٹانا-

اِنْشَابَ اِنْشِيَابًا واشْتَابَ اشْتِيَابًا. ملنا-

الشَّوْب. مں- وہ چیز جو دوسرے سے ملائی جائے- گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا- شہد-

الشَّوْبَة. اسم مرۃ- دھوکا-

الشَّائِبَة. الشَّائِب کا مؤنث- اور شَوَائِب کا واحد- بمعنی عیوب-

الشِّيَاب. مں- ملاوٹ-

لَيْلَةُ (الشَّيْبَاء) مہینے کی آخری رات-

المَشُوْب والمَشِيْب. ملا ہوا-

المِشْوَب. بوتل کا غلاف- ج مَشَاوِب.

شَوَحَ. الشَّيْءَ: انکار کرنا- نہ پہچاننا-

الشَّوْحَة. چیل- ایک درخت جس کی شاخیں مخروطی شکل کی ہوتی ہیں- اور یہ (الشَّوْح) کا واحد ہے-

الشَّوْحَط. ایک درخت جس کی لکڑی سے

کمان بنائی جاتی ہے۔ واحد (الشَوْحطة)
شَوَّذَت الشَّمْسُ: مائل بغروب ہونا۔
شَوَّذَ السحابُ الشَمْسَ: ڈھانکنا۔ گھیر لینا۔
ہ: کسی کو عمامہ باندھنا۔
تَشَوَّذَ واشْتَاذَ. پگڑی باندھنا
الاَشاوِذ. مخلوق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَيْرُ الاَشاوِذِ" وہ مخلوق میں بہتر ہے۔
المِشْوَذُ والمَشْواذُ. عمامہ۔ بادشاہ۔ سردار۔ ج مَشاوِذ ومَشاوِيْذ.
شَارَ يَشُوْرُ شَوْرًا وشِيَارًا وشِيَارَةً ومَشَارًا ومَشَارَةً. العَسْلَ: چھتے سے شہد نکالنا۔ صفت مفعولی (مَشُوْر) شَوْرًا وشِوارًا) الدَّابَةَ: جانور کو سدھانا۔ تجربہ کیلئے سوار ہونا۔ خریدار کو دکھانے کیلئے سوار ہونا۔
شَارَتِ الإبِلُ: اونٹ کا موٹا و خوبصورت ہونا۔
شَوَّرَ الدَّابَةَ: جانور کو سدھانا۔ تجربہ کے لئے سوار ہونا۔ خریدار کو دکھانے کیلئے سوار ہونا
بِہ: شرمندہ کرنا۔ اِلَیْہِ: اشارہ کرنا۔
النَارَ وبِالنَارِ: آگ کو بلند کرنا۔
اَشَارَ العَسْلَ والدَّابَةَ: بمعنی شَارَهُما
النَارَ وبالنَارِ: آگ کو بلند کرنا بہ: پہنچوانا۔
اَشَارَ اِلَيْهِ واَشَارَ بِيَدِہٖ: اشارہ کرنا عَلَيْهِ: حکم دینا۔ نصیحت کرنا۔ صحیح طریقہ بتانا فُلانًا: عَسْلًا: شہد نکالنے میں مدد دینا۔
اَشْوَرَ اِشْوَارًا. النَارَ وبالنَارِ: آگ کو بلند کرنا۔
شَاوَرَہٗ فِي الاَمْرِ: مشورہ طلب کرنا۔
شَارَاتُ الزِّنْكِ: عزت کے شعار ٹوپیوں پر یا محل کی دیواروں پر۔
اِشْتَارَ اِشْتِيَارًا. العَسْلَ: شہد نکالنا۔
اِشْتَارَتِ الإبِلُ: اونٹ کا کچھ موٹا ہونا۔
تَشَوَّرَ: شرمندہ ہونا۔
تَشَاوَرَ واشْتَوَرَ. القَوْمُ: باہم مشورہ کرنا۔
اِسْتَشَارَ. عمدہ لباس پہننا۔ العَسَلَ: شہد نکالنا۔ اِسْتَشارَتِ الإبِلُ: موٹا و خوبصورت ہونا۔ اِسْتَشارَ الاَمْرُ: واضح و روشن ہونا ہ: مشورہ طلب کرنا۔
الشَوْر. س۔ شہد جو چھتے سے نکالا جائے۔
الشَارَة والشَوْرَة والشُوْرَة والشَوار والشُوار والشِوار والشِيار. حسن و جمال۔ ہیئت۔ منظر۔ لباس و زینت۔ گھر کا عمدہ سامان۔ کہا جاتا ہے "رِيْحٌ شَوار" نرم ہوا۔ و "خَيْلٌ شِيَار" خوبصورت موٹے گھوڑے۔
الشَوْرَة: شہد کا چھتہ۔
الشَوْرَة. شار کا اسم مرۃ۔ شرمندگی۔
الشَوْرَى. ایک قسم کی دریائی گھاس۔
الشُوْرَى. اسم ہے "تَشَاوَرَ" کا یا اَشَارَ عَلَيْهِ کا۔ مَجْلِس شُوْرَى: کونسل و "تَرَكَ عُمَرُ الخِلافَةَ شُوْرَى" کا مطلب یہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے مسئلہ خلافت کو باہم مشورہ کے لیے چھوڑ دیا۔
الشَيِّر. خوبصورت۔ جس سے مشورہ کیا جائے۔ وزیر۔ ج شُوَراء.
المَشار. شہد کا چھتہ۔
المَشارَة قابل کاشت زمین کا ٹکڑا۔ ج مَشاوِر و مَشائِر.
المَشُوْر. ع۔ آراستہ۔ مزین۔
المِشْوَر. شہد نکالنے کا آلہ۔ ج مَشاوِر.
المُشِيْر. فا. فِي اصْطِلاحِ اَرْبابِ السِياسَة: کونسلر۔ المُشِيْرِيَّة: کونسلر کا درجہ۔
اَلْمُشِيْرُ: مشورہ دینے والا حکومت کا نمائندہ جو کہ وزیر سے بڑا عہدہ دار ہو۔
المُشِيْرَة. انگشت سبابہ۔
المَشُوْرَة والمَشْوَرَة. اَشَارَ عَلَيْهِ کا اسم۔ مشورہ۔ نصیحت۔ ج مَشُوْرات.
الشَوار: گرنے کے قریب جگہ کا کنارہ۔
المِشْوار منظر۔ جانوروں کو دکھانے کی جگہ۔ شہد نکالنے کا آلہ۔ دھنے کی کمان کی تانت۔ ج مَشاوِيْر. کہا جاتا ہے "اَخَذَتِ الخَيْلُ مِشْوارَها" یعنی گھوڑے موٹے اور خوبصورت ہوئے۔
اَلشَّوْرَةُ: درختوں کی قطار۔ زمین کا طویل قطعہ۔
المِشْوارَة. شہد نکالنے کی جگہ۔
اَلشَوْرَبَةُ: چاول، دال یا سبزی کا شوربہ جو کہ گوشت کے ساتھ یا گھی کے ساتھ پکا ہو۔
شَوِزَ. (شُيْزَبِهٖ شَوْزًا) عَلَى المَجْهُوْلِ: فریفتہ ہونا۔
الاَشْوَز. مغرور۔ متکبر۔
المَشُوْز. بے آرام۔
شَاسَ يَشَاسُ وشَوِسَ يَشْوَسُ شَوَسًا وتَشَاوَسَ. غصہ یا تکبر کی بنا پر ترچھی نظر سے دیکھنا۔ دیکھنے کے لیے آنکھیں چھوٹی کرنا۔ لڑائی میں بہت دلیر ہونا۔ صفت (اَشْوَس) مؤنث شَوْسَاء. ج شُوْس. الشُوْس: لمبے۔ اور کہا جاتا ہے "رُمِيَ فُلانٌ بِخُطُوْبٍ شُوْسٍ" فلاں کے اوپر سخت مصیبتیں پڑیں۔
تَشَاوَسَ تَشَاوُسًا. بمعنی شَوِسَ. نخوت و تکبر ظاہر کرنا۔
شَوَّشَ. الاَمْرَ: مخلوط کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔
تَشَوَّشَ. عَلَيْهِ الاَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڑبڑ ہونا۔
تَشَاوَشَ. القَوْمُ: گڈمڈ ہونا۔
الشَوَاش. اختلاف و اضطراب۔
عِبَارَةٌ (مُشَوَّشَةٌ) ترکیب یا معنی کے لحاظ سے نادرست عبارت۔
الشَاشُ: روئی کی چادر۔ ریشم کی پگڑی
الشَاوِيْش. سارجنٹ۔ (جدید)
اَلشَاشَةُ البَيْضَاءُ: سینما کی سفید سکرین۔
شَاصَہٗ يَشُوْصُہٗ ويَشَاصُہٗ شَوْصًا. جگہ سے ہلانا۔ ہاتھ سے ملنا۔ دھونا۔ شاصَ فَاہُ بِالسِوَاكِ: منہ کو مسواک سے صاف کرنا
شَوْصًا وشَوَصًا) بھڑکنا الرَّجُلُ: ڈاڑھ یا پیٹ کے درد والا ہونا الجَنِيْنُ: جنین کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا بہ العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا فُلانٌ بِفُلانٍ: کسی کا کسی پر شر کو

براہیختہ کرنا۔
شَوِصَتْ(س) شَوَصًا. عَیْنُهٗ :اتنی موٹی ہونا جس سے دونوں پلکیں نہ مل سکیں۔ بہت پھڑکنے والی پلکوں والی ہونا۔ جس کو یہ کیفیت لاحق ہو اس کو (اَشْوَص) کہتے ہیں اور آنکھ کی صفت (شَوْصَاء)ج شُوْص.
شَوَّصَ تَشْوِیْصًا واَشَاصَ اِشَاصَةً الرَّجُلُ :مسواک کرنا۔
الشَّوْصَة. رگ کی حرکت۔ پسلیوں کے پردہ کا ورم۔ پیٹ کا ریاحی درد۔
اَلشِّیَاصُ .بد خلقی۔
شَاطَ یَشُوْطُ شَوْطًا. بِهِ الغَضَبُ: بھڑکنا۔
شَوَّطَ. لمبا سفر کرنا القِدْرَ :ہانڈی کا جوش دینا اللَّحْمَ :گوشت پکانا الصَّقِیْعُ النَّبَاتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔
تَشَوَّطَ. الفرسَ :گھوڑے کو چلا کر تھکانا۔
الشَّوْط. غایت۔ چکر۔ غایت تک ایک مرتبہ دوڑ۔ کہا جاتا ہے "جَرَی الفَرَسُ شَوْطًا"، گھوڑے نے ایک چکر لگایا۔ ج اَشْوَاط.
شَاظَ یَشُوْظُ شَوْظًا. بفُلانٍ :گالی دینا بِهِ الغضبُ :غصہ بھڑکنا۔
تَشَاوَظَ. القَوْمُ :باہم گالی گلوچ کرنا۔
الشُّوَاظ والشِّوَاظ .بغیر دھوئیں کا شعلہ۔ آگ یا دھوپ کی گرمی۔ پیاس کی شدت۔ چیخ و پکار۔ گالی گلوچ۔
شَوِعَ یَشْوَعُ شَوَعًا. الرَّأْسُ :پراگندہ اور گرد آلود بالوں والا ہونا الفرسُ: ایک رخسارے میں سفیدی والا ہونا۔ صفت (اَشْوَع) مؤنث شَوْعَاء ج شُوْع.
شَوَّعَ تَشْوِیْعًا. القَوْمَ :جمع کرنا۔
الشُّوْع. بان کا درخت۔ واحد شُوْعَة ج شِیَاع.
المِشْوَاع. تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔ (اس کی اصل مِشْیَاع ہے۔)
شَافَهٗ یَشُوْفُهٗ شَوْفًا. صیقل کرنا۔
الجَمَلَ بالقَطِرَانِ :اونٹ پر قطران ملنا۔
شِیْفَتِ. الجَارِیَةُ :بناؤ سنگھار کیا جانا۔
شَوَّفَ. الجَارِیَةَ :لڑکی کا بناؤ سنگھار کرنا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔
اَشَافَ اِشَافَةً. عَلَیْهِ :اوپر سے جھانکنا مِنْهُ :خوف کھانا الشَّیْئُ :بلند ہونا۔
تَشَوَّفَ تَشَوُّفًا. مزین ہونا مِنَ السَّطْحِ: دیکھنا۔ اوپر سے جھانکنا اِلَی الشَّیْئِ :جھانکنا الشَّیْئُ :بلند ہونا۔
اِشْتَافَ اِشْتِیَافًا. اِلَیْهِ :گردن اٹھا کے دیکھنا البَرْقَ: بجلی کو باامید بارش دیکھنا۔
(واِسْتَشَافَ) الجُرْحُ :زخم سخت ہونا۔
الشَّوْف .س۔ بنگا۔
الشِّیَاف. آنکھ میں استعمال کرنے کی دوا کی بتی۔
الشَّیِّفَة والشَّیِّفَان. دیدبان۔ دشمن کی حرکت کی دیکھ بھال کرنے والا۔
الشَّوَّاف. مِنَ الرِّجَالِ :تیز نظر والا۔
المَشُوْف. ع۔ آراستہ کیا ہوا۔ مِنَ الجِمَالِ :قطران ملا ہوا اونٹ۔
شَاقَنِی یَشُوْقُنِی شَوْقًا وتَشْوَاقًا. الحُبُّ اِلَیْهِ: شوق دلانا۔ صفت مفعولی (مَشُوْق) و صفت فاعلی (شَائِق) شَاقَ القِرْبَةَ: مشک کو دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑا کرنا۔ صفت مفعولی (مَشُوْقَة) الطُّنُبَ اِلَی الوَتَدِ: خیمہ کی رسیوں کو کھونٹے میں باندھنا۔
اَشَاقَهٗ اَشَاقَةً. شائق پانا۔
شَوَّقَهٗ. اِلَیْهِ :شوق کرنے پر براہیختہ کرنا۔
تَشَوَّقَ. الشَّیْئَ و اِلَیْهِ :بہت شوق ظاہر کرنا۔
اِشْتَاقَهٗ واِشْتَاقَ اِلَیْهِ :بہت خواہش کرنا۔
الشَّوْق .س۔ سخت خواہش۔ ج اَشْوَاق.
الشِّیَاق والشِّیْق. وہ چیز جس سے کسی چیز کو کھینچ کر دوسری چیز میں باندھیں جیسے خیمہ کی طنابیں۔
الشَّیِّق. آرزو مند۔
الرَّجُلُ (الاَشْوَق) لمبا مرد۔ ج شُوْق.
الشُّوَّق: عُشَّاق
شَاكَهٗ یَشُوْكُهٗ. شَوْكًا. کانٹا چبھانا۔
شَاكَتْهُ الشَّوْكَةُ. کانٹا چبھنا۔
شَاكَ یَشَاكُ شَاكَةً و شِیْكَةً. کانٹوں میں پڑنا ہٗ بالشَّوْكِ: کانٹا چبھانا الشَّوْكَ: کانٹوں میں پڑنا (شَوْكًا) شوکت ظاہر ہونا لِحَیَا البَعِیْرِ: لمبے دانتوں والا ہونا ثَدْیُ الجَارِیَةِ: نمودار ہونا شروع ہونا۔
شِیْكَ. کانٹا چبھنا الجَسَدُ: بدن پر سرخ پھنسیاں ظاہر ہونا۔ صفت (مَشُوْك)
اَشَاكَهٗ. کانٹا چبھانا۔
اَشْوَكَ. المَكَانُ :کانٹوں والی ہونا۔
اَشْوَكَتِ الشَّجَرَةُ :خاردار یا بہت کانٹوں والا ہونا۔ صفت (مُشْوِكَة)
شَوَّكَ. الشَّجَرُ: درخت کا خاردار ہونا۔ کانٹے نکلنا الحَائِطَ: دیوار پر کانٹے رکھنا الفَرْخُ: چوزے کا نئے پر نکالنا شَارِبُ الغُلَامِ: لڑکے کی مونچھ کا سخت ہونا الرَّأْسُ بَعْدَ الحَلْقِ :سر میں نئے بال نکلنا۔
الشَّوْك. س۔ کانٹا۔ ج اَشْوَاك واحد (شَوْكَة)
الشَّوْكَة. شوک کا واحد۔ بچھو کا ڈنک۔ سرخ پھنسی۔ ہتھیار اور اس کی تیزی۔ قوت و طاقت۔ دشمن کو تکلیف رسانی (کہا جاتا ہے "لَا تَشُوْكُكَ مِنِّی شَوْكَةٌ" یعنی مجھ سے تمہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی۔ شَوْكَةُ الحَائِكِ تانا بانا درست کرنے کا آلہ۔
الشَّوْكَةُ المُبَارَكَةُ والشَّوْكَةُ الیَهُوْدِیَّةُ والشَّوْكَةُ البَیْضَاءُ: جڑی بوٹیوں کے نام ہیں۔ رِیْحُ الشَّوْكَة: ایک تکلیف دہ پھنسی جو عموماً ہاتھ کے انگوٹھے میں ہوتی ہے۔
شَوْكُ الدَّرَّاجِ :کانٹے دار پودا جو کہ جانوروں کے لئے گھاس اور دھوبیوں کے لئے نمدہ کے کام آتا ہے۔
الشُّكُوْلَاتَا: ایک معجون کا نام
الشَّائِك ج شَاكَة و (الشَّوْك) خاردار۔

شائكُ السِّلَاح وشَوْكُ السِّلَاح: ہتھیاروں سے مسلح اور (شَاكُ السِّلَاح) بالتشدید اور (شَاكُ السِّلَاح) بالتخفیف اور (شاکی السلاح) بھی مستعمل ہیں۔ اَرْضٌ اور شَجَرَةٌ (شَاكَة) بہت کانٹوں والی زمین یا درخت۔

الاَشْوَك. مِنَ الثِّيَابِ ونحوها: کھردرا۔ مؤنث شَوْكَاء.

الشَوْكَرَان. ایک زہریلا پودا۔ (دخیل)

شَالَ يَشُوْلُ شَوْلًا وشَوَلَانًا. الذِّنْبُ وغیرہ: اُٹھنا۔ بلند ہونا۔ شَالَ الشَّئَ و بِالشَّئِ. اُٹھانا۔ بلند کرنا۔

المِيْزَانُ: ترازو کے ایک پلڑے کا اُونچا ہونا۔

شَالَتِ القِرْبَةُ اَوِ الزِقُّ: پھونکنے یا بھرنے کی وجہ سے مشک کی ٹانگوں کا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَالَتْ نَعَامَتُه" وہ ہلکا ہوا؛ وہ غضبناک ہوا پھر ٹھنڈا ہوگیا۔ وہ مر گیا۔ و شَالَتْ نَعَامَتُهُمْ. انہوں نے اپنے مکانات خالی کر دیئے اور متفرق ہوگئے یا ان کا اتفاق ٹوٹ گیا اور ان کی عزت جاتی رہی۔

اَشَالَ. الشَّئَ. بلند کرنا؛ اُٹھانا۔

شَوَّلَ تَشْوِيْلًا. لَبَنَ النَّاقَةِ. اونٹنی کے دودھ کا کم ہونا۔ گھٹنا۔ شَوَّلَتِ النُّوقُ: دودھ خشک ہونا۔ شَوَّلَ المَاءُ: کم ہونا المَزَادَةُ: کم پانی والا ہونا فِي المَزَادَةِ: تھوڑا پانی باقی رکھنا۔

شَاوَلَ. الحَجَرَ: اُٹھانا ہ و بہ: ہٹانا (و تَشَاوَلَ) ایک دوسرے پر نیزہ سے حملہ کرنا۔

اِنْشَالَ اِنْشِيَالًا. بلند ہونا۔

اِشْتَالَ اِشْتِيَالًا. بلند ہونا لَهُ. تعرض کرنا۔ گالی دینا۔

اِسْتَشَالَتِ. النَّاقَةُ ذَنَبَهَا: اونٹنی کا دُم کو اُٹھانا۔

الشَّوْلُ. س۔ سبک ہلکا ڈول وغیرہ کا بقیہ پانی۔ تھوڑا پانی۔ ج اَشْوَال.

الشَّوِل. کام اور خدمت میں چست۔

الشَوْلَة. اسم مرة۔ بچھو کے ڈنک کا وہ حصہ جو اوپر کو اُٹھا ہوا ہوتا ہے مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت۔

شُوْلَة وشَوَّالَة. بچھو کا اسم علم الشَوَّالَة: چغل خور عورت۔

الشِوَال عِنْدَ العَامَّة: بالوں یا اُون کا بڑا بورا (یہ جوالق کی تحریف ہے)

الشَال. کندھوں پر ڈالنے کی چادر۔ ج شِيْلَان و شالات. اور (الشَالَة) اخص ہے (اعجمیہ) النَاقَة (الشَائِل) بغیر دودھ والی مستی کے وقت دُم اُٹھانے والی اونٹنی۔ ج شُوَّل و شُوَّال وشُيَّل وشِيَّل.

الشَائِلَة. الشَائِل کا مؤنث مِنَ الاِبِل: اونٹنی جس کے حمل کو یا بعد وضع حمل کے سات مہینے ہو چکے ہوں اور دودھ خشک ہوگیا ہو۔ ج شَوْل. واَشْوَال وشَوَائِل.

شَوَّال. قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کر کے الشَوَّال بھی کہا جاتا ہے۔ ج شَوَّالَات. وج شَوَاوِيل.

المِشْوَل. چھوٹی درانتی۔

المِشْوَال. پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اُٹھایا جائے۔

شَانَ يَشُوْنُ شَوْنًا. الرُّؤُوْس: دماغ کے کیڑے نکالنے کے لیے سر کو کھولنا۔

تَشَوَّنَ. کم عقل ہونا۔

الشُوْنَة. بیوقوف عورت۔

الشُوْنَة. غلہ جمع کرنے کی جگہ۔ جنگی جہاز۔ ج شَوَان

الشَوَّانُ غلہ جمع کرنے والا۔

شَاهَ يَشُوْهُ شَوْهًا وشَوْهَةً. الوَجْهُ: چہرہ بدشکل ہونا الرَّجُل. خوفزدہ کرنا۔ گھبرا دینا۔ حسد کرنا۔ نظر بد لگانا۔ کہا جاتا ہے "شَاهَتْ نَفْسُه اِلَى كَذَا" اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی۔

شَوِهَ يَشْوَهُ شَوَهًا. الوَجْهُ: چہرہ کا بدشکل ہونا العُنُق: گردن لمبی ہونا۔ چھوٹی ہونا۔ (ضد)

شَوَّهَ. اللّٰهُ وَجْهَهُ: چہرہ کا بدشکل بنانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُشَوِّهْ عَلَيَّ" مجھے نظر بد نہ لگاؤ۔

تَشَوَّهَ. بدشکل ہونا۔ تَشَوَّهَ الرَّجُلُ شَاةً: شکار کرنا لِفُلَانٍ: اپنے آپ کو کسی کیلئے ناشناساں کرنا۔ نظر بد لگانے کیلئے کسی کی طرف نگاہ اُٹھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَشَوَّهُ اَمْوَالَ النَّاسِ لِيُصِيْبَهَا بِالْعَيْنِ" وہ نظر بد لگانے کیلئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اُٹھاتا ہے۔

الشَوْه. س۔ بدشکلی۔ خوبصورتی (ضد) گردن کی لمبائی و بلندی۔ سر بلند کرنا۔

الشَوْهَة. دوری۔ بدشکلی۔

الشَاه. بادشاہ نسبت کیلئے (شاہی و شاہانی)

الشَائِه. فا. حسد کرنے والا۔ ج شُوَّه.

شَاه بَنْدَر. سوداگروں کا رئیس۔

شَاه بَلُّوْط. شاہبلوط کا درخت۔

رَجُلٌ (شَاهُ البَصَرِ وشَائِهُهُ وشَاهِيْهِ) تیز نظر والا۔

الشَاة. بکری۔ بکرا۔ جنگلی گائے۔ ج شَاءٌ وشِيَاه وشِوَاه واَشْوَاه وشِيْه وشَيِّه وشَوِيّ اور شاة کی تصغیر شُوَيْه وشُوَيْهَة ج شُوَيْهَات اور نسبت کے لیے شَاوِيّ جیسے سَمَاء سے سَمَاوِيّ.

الشَاهِيّ. بکری والا۔

الشَاهَتْرَج: ایک گھاس نما پودا جس کے پتے ڈبل ہوتے ہیں انگوری شکل کے پھول ہوتے ہیں۔ اس کے پھول اور بیج خارش کے لئے بطور دواء استعمال ہوتے ہیں۔

الاَشْوَه. بدشکل۔ جلدی نظر بد لگانے والا۔ متکبر۔ مؤنث شَوْهَاء. ج شُوْه. الشَوْهَاء: ترش رو عورت۔ بدشکل عورت۔ خوبصورت عورت (ضد) منحوس عورت۔ فَرَسٌ شَوْهَاء. تیز نگاہ والا گھوڑا۔ اَرْضٌ (مَشَاهَة) بہت بکریوں والی زمین۔

المُشَوَّه. بدشکل: ناہموار شکل و صورت والا۔

شَوَى يَشْوِي شَيًّا. اللَّحْمَ: گوشت کو آگ میں بھوننا۔ صفت مفعولی (مَشْوِيّ)

المَاءَ: پانی گرم کرنا۔

شَوَّیٰ وَاَشْوَیٰ. القَوْمَ: بھنا ہوا گوشت کھلانا الرَّجُلَ: جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو۔ اَشْوَی السَّھْمَ: تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔ اَشْوَی الزَّرْعُ: بھوننے کے قابل ہونا الرَّجُلُ: رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔
اَشْوَیَ السَّعَفُ: درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا۔ اور اسی سے ہے "ما اَعْیَاہ وما اَشْوَاہ" وہ کس قدر کمزور ہے۔
اِنْشَوَیٰ اِنْشِوَاءً واشْتَوَیٰ اِشْتِوَاءً. بھن جانا۔ اِشْتَوَی الرَّجُلُ: بھونا۔
الشَّوَی. گھٹیا مال۔ آسان معاملہ۔ ہاتھ پیر۔ جسم کے اطراف۔ وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو (الشَّوَاة) کھوپڑی کا چمڑا۔
الشِّوَاء والشُّوَاء. بھنا ہوا گوشت وغیرہ والشِّوَاءَة والشُّوَاءَة والشَّوَاءَة بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔
الشَّوَّاء. گوشت بھوننے والا۔
الشُّوَایَة والشِّوَایَة والشَّوَایَة والشَّوِیَّة مِنَ الْمَالِ: ردی مال۔ ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ۔ ج شَوَایَا سَعَفَة (شَاوِیَّةٌ) درخت خرما کی خشک شاخ۔
الشَّوِیّ. بھنا ہوا گوشت۔
المِشْوَاة. گوشت بھوننے کا آلہ۔ ج مَشَاوٍ.
شَاءَهُ یَشَاءُهُ شَیْئاً ومَشِیئَةً ومَشَاءَةً ومَشَائِیَةً. چاہنا۔ صفت فاعلی (شَاءٍ) اور صفت مفعولی (مَشِیٌّ) اللّٰهُ الشَّیءَ: مقدر کرنا۔ تعجب کے موقع پر "مَاشَاءَ اللّٰهُ" کہا جاتا ہے۔
شَیَّأَهُ. عَلَی الْاَمْرِ: برانگیختہ کرنا۔ شَیَّأَ اللّٰهُ وَجْهَه چہرہ کا بد شکل بنانا۔
اَشَاءَهُ اِلَیْهِ اِشَاءَةً مجبور کرنا۔
تَشَیَّأَ تَشَیُّؤاً غصہ ٹھنڈا ہونا۔
الشَّیْءُ. س۔ چیز جس کے ساتھ علم و خبر کا تعلق ہو سکے۔ ج اشیاء جج اَشَاوِیٰ واَشَاوَات واَشْیَاوَات واَشَایَا اور تصغیر شُیَیءٌ وشِیَیءٌ اور اشیاء کا کلمہ غیر منصرف ہے۔
الشِّیئَة. شاء کا اسم (والمَشِیئَة) ارادہ۔
المُشَیَّأ. بد شکل۔ ناہموار صورت والا۔
شَابَ یَشِیبُ شَیْباً وشَیْبَةً ومَشِیباً. سفید بالوں والا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر (اَشْیَبُ وشَائِب) صفت مؤنث (شَائِبَة) (مؤنث کی صفت میں شَیْبَاء نہیں بلکہ شَمْطَاء آتا ہے) کہا جاتا ہے (شَابَتْ رُؤُوسُ الْآکَامِ "ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں۔
اَشَابَ. الرَّجُلُ: بوڑھی اولاد والا ہونا۔
اَشَابَ وشَیَّبَ. الحُزْنُ فُلَاناً وبِفُلَانٍ: غم کا بوڑھا کر دینا۔
الاَشْیَب. سفید سر والا مِنَ الاَیَّامِ: برف و بادل والا دن۔ ج شِیْبٌ وشُیُبٌ. الشِّیب: برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ۔
الشَّائِب. فا۔ سفید سر والا۔ مؤنث شَائِبَةٌ ج شُیَّب. مبالغہ کے طور پر "شَیْبٌ شَائِبٌ" کہا جاتا ہے مانند لَیْلٌ لَائِلٌ کے۔
یَوْمُ (شَیْبَان) اولہ برف بادل کا دن (وشِیبَان) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں برف اولہ کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے۔)
الشَّیْبَة. اسم مرۃ۔ شباب کا اسم۔ ایک پودہ ہے جس کا نام (افسنتین) ہے۔
الشَّیْتَان ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی ٹکڑی۔
شَاحَ یَشِیحُ شَیْحاً. عَلَی حَاجَتِهِ: چوکنا رہنا۔ کوشش کرنا۔
شَیَّحَهُ. ڈرانا۔ شَیَّحَ خَصْمَهُ: تنگ نگاہوں سے دیکھنا۔
اَشَاحَ اِشَاحَةً. فِی اَمْرِهِ: کوشش کرنا۔ چوکنا رہنا۔ محتاط رہنا وَجْهَهُ وبِوَجْهِهِ واَشَاحَ عَنْهُ وَجْهَهُ: نفرت سے منہ پھیر لینا المَکَانُ: شیح نامی گھاس اگانا الفَرَسُ بِذَنَبِهِ: گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
شَایَحَ مُشَایَحَةً وشِیَاحاً جنگ کرنا۔ فِی الْاَمْرِ کوشش کرنا۔
الشِّیح ایک قسم کی گھاس۔ واحد (شِیحَةٌ) مِنَ الرِّجَالِ: کاموں میں کوشش کرنے والا۔ چوکنا رہنے والا۔
الشِّیَاح. مص۔ کوشش۔ احتیاط۔ قحط۔
الشِّیحَان والشَّیْحَان والمُشِیح. لمبا۔ غیرت مند۔ محتاط۔
شَاخَ یَشِیخُ شَیْخاً وشُیُوخَةً وشُیُوخِیَّةً وشُیُوخِیَّةً وشَیْخُوخَةً وشَیْخُوخِیَّةً. بوڑھا ہونا۔
شَیَّخَ. بوڑھا ہونا ہ: تعظیم کیلئے یا شیخ کہہ کے پکارنا عَلَیْهِ: عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا بِهِ: رسوا کرنا۔
الشَّیْخِیَّة پھول کی ایک جنس جو کہ بطور زیب و زینت بوئے جاتے ہیں۔
تَشَیَّخَ. بوڑھا ہونا۔
الشَّیْخ. بڈھا۔ ج شُیُوخ وشِیُوخ واَشْیَاخ وشِیخَة وشِیَخَة وشِیخَان ومَشْیَخَة ومَشِیخَةٌ و جج مشائخ واَشَایِیخ مؤنث شَیْخَة اور شیخ کی تصغیر شُیَیْخ وشِیَیْخ. شَیْخُ المَرْأَةِ. شوہر اور شیخ کا اطلاق استاد۔ عالم۔ سردار قوم اور ہر اس شخص پر ہے جو لوگوں کے نزدیک علم و فضیلت و مرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔ شَیْخُ النَّارِ: ابلیس سے کنایہ ہے۔
الشَّیْخُون بڈھا۔
شَادَ یَشِیدُ شَیْداً وشَیَّدَ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا الحَائِطَ: دیوار پر گچ کرنا۔ جِلْدَهُ بِالطِّیبِ: جسم پر خوشبو ملنا۔ شَادَ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا (شَادَ الاِبِلَ شَیَاداً) اونٹوں کو بلانا۔
اَشَادَهُ اِشَادَةً ہلاک کرنا۔ اَشَادَ بِذِکْرِهِ: تعریف کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْهِ قَبِیحاً وبِقَبِیحٍ: بدنام کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْهِ: کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا المُغَنِّی: گانے میں آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ صَوْتَهُ وبِصَوْتِهِ: برے طریقہ سے آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ الضَّالَّةَ: گم شدہ چیز کی تعریف کرنا البُنْیَانَ لمبا کرنا۔

الشِّید گچ وغیرہ کا پلستر۔

المَشِید مفع۔ پلستر کیا ہوا (و المُشَیَّد) بلند کیا ہوا۔

الشِّیار یوم شنبہ۔ ج اَشْیُر وشُیر وشِیْر۔

شَیْزَہ۔ البُرْد: سرخی سے دھاری بنانا۔

الشِّیْز والشِّیْزیٰ آبنوس کی لکڑی یا بہت سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔

اَلشِّیْشَۃ: تمباکو نوشی کا آلہ

اَشَاشَتِ النَّخْلَۃُ: نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا۔

الشِّیْش نرم گٹھلی کی کھجور۔ والشِّیْش عِنْدَ العَامَّۃ: گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔ فصیح لفظ سَفُّوْد ہے۔

شَیَّص۔ القَوْمَ: رنج وتکلیف پہنچانا۔ عذاب دینا۔ شَیَّصَتِ النَّخْلَۃُ: ردی کھجور والا ہونا۔

الشِّیْص ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم کی مچھلی۔ واحد (شِیْصَۃٌ).

الشِّیْص بد خلقی۔

الشِّیْصَاء نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد (شِیْصَاءَۃ)

المُشَایَصَۃ ایک دوسرے سے جدائی۔ منافرت۔

شَاطَ یَشِیْطُ شَیْطًا وشِیَاطَۃً وشَیْطُوْطَۃً۔ الشَّیْئُ: جلنا۔ شَاطَتِ القِدْرُ: ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔

شَاطَ الزَّیتُ: زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا۔

شَاطَتِ الذَّبِیْحَۃُ: ذبیحہ کا گوشت تقسیم ہو کر ختم ہو جانا فُلانٌ: ہلاک ہونا فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا دَمُہٗ: بیکار جانا فُلانٌ الدِّمَاءَ: ملانا۔ یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔

شَیَّطَ واَشَاطَ۔ الصَّقِیْعُ النَّبتَ: جلانا اوالدَّوَاءُ الجُرْحَ: الرَّاسَ او الکُرَاعَ: سری یا پائے کے بالوں کو جلانے کے لیے جھلسنا القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔

اَشَاطَ فُلانًا: ہلاک کرنا۔ اَشَاطَ اللَّحْمَ عَلَی القَوْمِ: گوشت تقسیم کرنا۔ اَشَاطَ السُّلْطَانُ دَمَہٗ وبِدَمِہٖ: قتل کرنے کے لیے سامنے لانا۔

تَشَیَّطَ جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر و کمزور ہونا۔

اِشْتَاطَ اشْتِیَاطًا۔ عَلَیْہِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا الحَمَامُ: کبوتر کا خوش ہو کر اڑنا مِنَ الاَمْرِ: ہلکا ہونا فِی الحَرْبِ: اپنے آپ کو قتل کے لیے پیش کرنا۔

الشِّیَاط روئی، اون وغیرہ کے جلنے کی بو۔

التَّشْیِیْط والمُشَیَّط گوشت جو قوم کے لیے بھونا جائے۔

الشَّطِیُّ غبار جو فضا میں بلند ہو۔

المُسْتَشِیْط بہت ہنسنے والا۔ موٹا اونٹ۔

شَیْطَن وشَیْطَان (دیکھو مادہ شطن)

شَاعَ یَشِیْعُ شَیْعًا۔ بالخَبَرِ: خبر کو پھیلانا۔ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

شَاعَ یَشِیْعُ شَیْعًا وشُیُوْعًا ومَشَاعًا وشَیَعَانًا وشَیْعُوْعَۃً۔ الخَبَرُ: پھیلنا فِیْہِ الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

شَاعَہٗ شِیَاعًا: پیچھے جانا۔ ہمراہ جانا اور اسی سے ہے "شَاعَکُمُ السَّلَامُ وشَاعَکُمُ اللّٰہُ بالسَّلَامِ" یعنی سلامتی تمہارے ساتھ رہے اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔

اَشَاعَ اِشَاعَۃً۔ الخَبَرَ وبالخَبَرِ: پھیلانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَشَاعَکُمُ اللّٰہُ السَّلَامَ وبالسَّلَامِ" اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ اَشَاعَ بالاِبِلِ: پیچھے رہے ہوئے اونٹ کو بلانا۔

شَیَّعَہٗ رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کیلئے ہمراہ جانا۔ شَیَّعَ شَہْرَ رَمَضَانَ: عید کے روزے رکھنا الرَّجُلَ: جرات دلانا۔ قوی کرنا النَّارَ: آگ تیز کرنے کے لیے لکڑیاں ڈالنا الشَّیْئَ بالنَّارِ: جلانا۔ الرَّجُلُ: شیعہ ہونے کا دعوی کرنا الشَّیْئَ: کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔

شَایَعَہٗ کام کے لیے کسی کے ہمراہ جانا۔

شَایَعَ بِھِمُ الدَّلِیْلُ: رہنما کا لوگوں کو پکارنا۔ بالاِبِلِ: پکارنا، آواز دینا۔

تَشَیَّعَ شیعہ ہونے کا دعوی کرنا اللَّبَنُ فِی المَاءِ: بکھرنا ہ الغَضَبُ: دل میں غصہ بھڑکنا فُلانٌ فِی الشَّیْئِ: کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ہ الشَّیْبُ: بڑھاپا نمایاں ہونا۔

تَشَایَعَ تَشَایُعًا۔ القَوْمُ: مختلف گروہ ہونا۔

تَشَایَعُوْا عَلَی الاَمْرِ: باہم موافق ہونا۔

تَشَایَعُوْا فِی الدَّارِ: شریک ہونا۔

تَشَایَعَتِ الاِبِلُ: متفرق ہونا۔

اَلشُّیُوْعِیَّۃ: کارل مارکس کا اجتماعی نظریہ

اِشْتَاعَ اشْتِیَاعًا۔ فِی الدَّارِ: شریک ہونا۔

الشَّیْع مص۔ مقدار۔ مثل۔ ج اَشْیَاع کہا جاتا ہے "ھٰذا شَیْعُ ذَاکَ" یہ اس کے مثل ہے اور اسی سے ہے "کَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِھِمْ" یعنی جیسا ان کے امثال کے ساتھ کیا گیا۔

واَقَمْتُ عِنْدَہٗ شَھْرًا او شَیْعَ شَھْرٍ میں نے اس کے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینہ کے بقدر اقامت کی۔ و "کَانَ مَعَہٗ مِائَۃُ رَجُلٍ او شَیْعُ ذٰلِکَ" اس کے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے۔ و "نَزَلُوْا مَوضِعَ کَذَا او شَیْعَہٗ" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب اترے۔ "آتِیْکَ غَدًا وشَیْعَہٗ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔

الشَّاعَۃ بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں اور یہ شائع کی جمع ہے۔

شِیْعَۃُ الرَّجُلِ: پیرو، مددگار۔ ج شِیَع واَشْیَاع والشِّیْعَۃُ: فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے) اس لفظ کا غلبہ استعمال ان لوگوں کیلئے ہے جو حضرت علیؓ کے طرفدار ہیں۔ واحد (شیعی)

الشَّیِّع حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا شَیِّعٌ لِھٰذَا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُیَعَاء۔ مؤنث شَیِّعَۃ کہا جاتا ہے "الدَّارُ شَیِّعَۃٌ بَیْنَھُمَا" گھر ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔

الشِّیَاع آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔

الشُّیُوْع آگ سلگانے کی چیز۔

الشَائِع. فا. حَدِیْثٌ شَائِعٌ وشَاعٌ بحذف عین: پھیلی ہوئی بات۔ سَهْمٌ شَائِعٌ وشَاعٌ: مشترک غیر منقسم حصہ۔
المَشَاع والمُشَاع. پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے "مَشَاعُ القُرٰی" وہ چیزیں جس میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔
المُشِیْع. بھرا ہوا برتن۔ کمینگی سے بھرا ہوا کینہ ور۔
المِشْیَعَة. ٹوکری جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔
المُشَیَّع. مئ۔ بہادر۔ جلد باز۔
المِشْیَاع. تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔
رَجُلٌ مِشْیَاع: راز کو پھیلانے والا مرد۔
المُتَشَایِع والمُشْتَاع. شریک۔
شَاقَه یَشِیْقه شَیْقًا. اِلَیْهِ: کھینچ کر باندھنا۔ کہا جاتا ہے "شَاقَ الطُنْبَ اِلَی الوَتَدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کھینچ کر میخ سے باندھا۔
الشِیْق. پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِیْق: ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِیْقَة)
الشَیَّال. قلی۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ و (الشِیَالَة) بوجھ اُٹھانے کا پیشہ۔
شَامَ یَشِیْمُ شَیْمًا. بدن میں تل والا ہونا۔ صفت (اَشْیَم) مؤنث شَیْماء. ج شِیْم وشُوْم.
السَیْف: تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سونتنا۔ (ضد) البَرْق: بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "شَامَ مَخَایِلَ الشَیْئِ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اُٹھائی (شَیْمًا وشُیُوْمًا) الرَجُلُ: جم کے حملہ کرنا فی الشَیْئِ: داخل ہونا۔ الشَیْئَ فی الشَیْئِ: چھپانا الشَیْئَ: تخمینہ و اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "شِمْ مَا بَیْنَهُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔

شَیَّمَ واَشَامَ واِنْشَامَ واشْتَامَ. فی الشَیْئِ اَوْ الاَمْرِ: داخل ہونا۔ شَیَّمَ یَدَیْهِ فی رَاسِ فُلَانٍ اَوْ ثَوْبِهٖ: لڑائی کرنے کے لیے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔ اِنْشَامَ الرَجُلُ: منظور نظر ہونا۔
تَشَیَّمَ. اَبَاهُ: خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا۔ الشَیْئَ فِی الشَیْئِ: داخل ہونا۔ الشَیْبُ فُلَانًا: بڑھاپا غالب ہونا۔
الشَامَة. تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اونٹنی۔ ج شَام وشَامَات. کہا جاتا ہے "سَارُوْا شَامًا فِی البِلَادِ" وہ لوگ شہروں میں متفرق ہو گئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔
الشِیْمَة والشِیْمَة. عادت۔ طبیعت۔ ج شِیَم.
الشَیْم. ہر وہ زمین جو اب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔
الشَیَام. نرم زمین۔ مٹی۔
الشِیَام. مٹی۔ چوہا۔ ج شِیَم.
المَشِیْم والمَشُوْم والمَشْیُوْم. تل والا۔
المَشِیْمَة. بچہ کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشِیْم و مَشَائِم.
شَانَهٗ یَشِیْنُهٗ شَیْنًا. عیب لگانا۔
شَیَّنَ. حرف "ش" لکھنا۔
المَشَایِن. عیوب۔
شَاهَهٗ یَشِیْهُهٗ شَیْهًا. نظر بد لگنا۔
الشَیُوْه. نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَیُوْهٌ مِنْ اَشْیَهِ النَاسِ" وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔
الشِیَة. (دیکھو ش ی) الشَای. چائے۔

ص

ص: الصاد : چودھواں حرف بنیادی حروف سے - حروف اسلیہ سے ہے- بحساب جمل اس اعدد(۹۰) ہے-

صَئِبَ (س صَأَبًا) مِنَ الشراب: شراب سے سیر ہونا- بھر جانا صَئِبَ واصْأَبَ الرّاسُ: سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا-

الصُّوَابَة. جوں کے انڈے- ج صُؤَاب

صِئْبَان. الصِّئْبَان: چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند اولے-

المِصْئَاب. شراب سے بھرا ہوا-

صَأْصَأَ. الجَرْوُ: پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا الرَّجُلُ: مرد کا بزدل ہونا فُلان: (ڈرنا صَأْصَأَ) مِنْهُ: خوف کرنا- تابع ہونا-

الصَّأْصَأُ. ردی کھجوریں-

صِئْصِئَةُ. الدِّيك: مرغ کی ٹانگ کا خار-

صَئِكَ (س صَأَكًا) بدبودار پسینہ نکلنا الدم: خون جمنا: چپکنا-

صَائَكَهُ مُصَائَكَةً. سختی کرنا- تنگی کرنا-

الصَّئِك. مِنَ الرِّجَال: مضبوط آدمی-

صَئُول (ک صُؤُول) صَالَهُ البَعِيرُ: اونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا- صفت صَئِل وصَئُول-

صَأَلَ يَصْئِلُ صَئِيلًا. الفرسُ: گھوڑے کا ہنہنانا-

صَأَمَ يَصْأَمُ صَأْمًا. الجَيْشُ على القَوْمِ: لشکر کی رہنمائی کرنا-

صَئِمَ يَصْأَمُ صَأَمًا بہت پانی پینا-

الصَّائِم. پیاسا-

صَأَى يَصْأَى ويَصْئِى صُئِيًّا صَئِيًّا وتَصْئَاءً الفرخُ: پرندہ کے بچے کا چوں چوں کرنا- بچھو کا آواز کرنا- اسی سے ضرب المثل ہے "هو يَصْأَى ويصئی" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے- کہا جاتا ہے "جاءَ بما صَأَى وصمت" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا-

صَأَّى. چوں چوں کرانا-

صَبَّ (ن صَبًّا) الماءَ: پانی انڈیلنا الوادي: وادی میں اُترنا الدِّرْعَ: زرہ پہننا-

صَبَبْتُ الدِّرْعَ على فلان: میں نے فلاں کو زرہ پہنائی- کہا جاتا ہے "صبَّ عليه البلاء من صبب" اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی صَبَّ الله عليه صاعقةً: اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے-

صَبَّ. رِجْلَهُ في القيدِ: یعنی بیڑی پہنا دی-

صَبَّ (ض صَبًّا) الماءُ: پانی گرنا-

صُبَّ. الشيُ: مٹایا جانا- محو کیا جانا-

صَبَّ (س صَبَابَة) إليه: عاشق ہونا-

أَصَبَّ إصْبَابًا. القومُ: قوم کا نیچے اُترنا-

انْصَبَّ. الماءُ: پانی گرنا عليه: اُترنا- کہا جاتا ہے "تَصَبَّبَتْ قد ماهُ في الوادي" اس کے قدم وادی میں جم گئے-

اصْطَبَّ. الماءُ: پانی گرنا-

اصْطَبَّ وتَصَابَّ. الماءَ: بچا ہوا پانی پینا-

اصْطَبَّ وتَصَابَّ. العيشَ: بقیہ زندگی گزارنا-

تَصَبَّبَ. الماءُ ونحوهُ: پانی بہنا-

الصَّبُّ. عاشق ج صُبُّوْن. مؤنث صَبَّة ج صَبَّات. ماءٌ صَبٌّ: پانی بہا ہوا-

الصَّبُّ والصُّبَّة. گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)

الصُّبَّة. آدمیوں کی جماعت- گھوڑے، اونٹ، بکریوں کا گلہ- تھوڑا مال- برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ- شوربا- رات کا کچھ حصہ-

الصَّبَب. نشیب. ج أَصْبَاب.

الصُّبَابَة. برتن میں بچا ہوا پانی- ج صُبَابات. کہا جاتا ہے "لم أدرك من العيش إلا الصبابة" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا-

الصَّبَابَة. عشق- سوزش عشق-

الصَّبِيب. زرد رنگ- اولہ- عمدہ شہد- پسینہ- خون- عندم کا نچوڑ- ایک قسم کا سرخ رنگ- گرائی ہوئی چیز- تلوار کی دھار- کہا جاتا ہے "وضعت صبيب السيف في بطنه" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا-

المَصَبُّ. گرنے کی جگہ- ج مَصَابّ.

المِصَبُّ. حروف ڈھالنے کا سانچہ-

المَصْبُوب. گرایا ہوا المصبوب على الشيء: کسی چیز پر برانگیختہ کیا ہوا-

صَبَأَ (ف صَبْأً) (ک صَبْأً وصُبُوْءًا

مذہب تبدیل کرنا۔ صائبین کا دین اختیار کرنا۔ صفت صابی عَلَیْهِمْ: اچانک پہنچ جانا العَدُو عَلَیْهِمْ: دشمن کی رہنمائی کرنا

(واَصْبأ اِصْباءً) النابُ او النباتُ: دانت نکلنا۔ نباتات اُگنا واَصْبأ القومَ: قوم پر اچانک پہنچ جانا۔

الصابئونَ والصابئة: ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نوحؑ کے دین کے پیرو تھے اور کہا گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔

الصباؤت والصباؤوت. جمع صبیٰ عبرانی کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت کے ہیں اور اسی سے ہے "ربُّ الصباؤت" یعنی شرافت والا۔

صَبَحَ (ف) صَباحًا القومُ: صبح کے وقت آنا عن الحق: حق ظاہر کرنا۔

صَبِحَ (س) صَبَحًا وصُبْحَةً: چمکدار روشن ہونا الشعرُ: بال کا چمکدار ہونا الحدیدُ: لوہے کا چمکدار ہونا۔

صَبُحَ (ک) صَباحَةً الوجهُ: چہرے کا روشن و چمکدار ہونا الغلامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ صفت صُباحٌ صبیحٌ۔

صَبَّحَهُ: صبح کے وقت آنا۔ صبح کی شراب پلانا۔ صَبَّحَ القومُ الماءَ: قوم کو لے کر چلنا اور صبح کو پانی پر پہنچنا الرجلُ: صبح کو سلام کرنا۔ کہا جاتا ہے "صبّحك الله بخیرٍ"

اَصْبَحَ: صبح میں داخل ہونا۔ آدھی رات میں بیدار ہونا المصباحَ: چراغ جلانا۔ الحقُّ: حق ظاہر ہونا۔

اَصْبِحْ. یا رجلُ: اے شخص چوکنا ہو۔ عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے صباحُ اللهِ لا صباحُكَ۔

تَصَبَّحَ: صبح کے وقت سونا۔ ناشتہ کرنا۔

تَصَبَّحَ به: صبح کے وقت ملنا۔

تصابحَ: بتکلف خوبصورت بننا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یتصابحُ ویتحاسنُ" فلاں بتکلف خوبصورت و حسین بنتا ہے۔

اِصْطَبَحَ: چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے "الشمعُ مما یُصطبحُ به" موم ان چیزوں میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے۔

الرجلُ: صبح کی شراب پینا۔

اِصْباحَّ اِصْبیحاحًا الشعرُ: بال کا مائل بسرخی ہونا۔

اِسْتَصْبَحَ. الرجلُ: چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔

الصُّبْحُ: دن کا ابتدائی حصہ۔ ج اَصْباحٌ۔

الصُّبْحَةُ: س۔ ناشتہ۔ سیاہ رنگ۔ مائل بسرخی (والصَّبْحَةُ) صبح کی نیند۔

الصباحُ والصَّبیحةُ الاُصْبوحةُ: دن کا ابتدائی حصہ۔ اور وہ شام کی ضد ہے۔ تم کہتے ہو "آتیه صباحَ مساءَ" دونوں جزء کو مبنی کر کے اور "آتیتهُ ذا صباحٍ" یعنی صبح کے وقت اور "عِمْ صباحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے وقت اچھی ہو۔ "یومُ الصباحِ" لوٹ کا دن۔

الصُّباحُ: قندیل کا شعلہ۔ غلامٌ صُباحٌ: خوبصورت لڑکا۔ مؤنث صُباحةٌ ج صِباحٌ۔

الصُّباحِیَةُ: چوڑا نیزہ۔

الصُّباحِیُّ: بہت سرخ خون۔

الاَصْبَحُ: شیر۔ بال جس میں خلقتاً سفیدی سرخی مائل ہو۔ سفیدی سرخی مائل بال والا۔ مؤنث صَبْحاءُ ج صُبْحٌ۔

الصَّبُوحُ: جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی جائے۔ دودھ جو صبح کو دوھا جائے۔ کہا جاتا ہے "آتیتهُ ذا صَبوحٍ" یعنی صبح کے وقت میں اس کے پاس آیا۔

الصَّباحِیَّةُ: بچوں کو سال کے آخر میں جو دیا جائے۔ یار خصتی والی رات دلہن کو جو دیا جائے۔

الصَّبیحُ: خوبصورت۔ ج صِباحٌ۔ مؤنث صَبیحَةٌ ج صِباحٌ۔

الصُّبْحانُ: خوبصورت۔ مؤنث صُبْحیٰ ج صُباحیٰ۔ وہ شخص جو صبح کی شراب پیئے۔

رَجُلٌ صُبْحانٌ: جلدی صبح کی شراب پینے والا۔

الصَّباحِیَةُ: خوبصورتی۔

المُصْبَحُ: صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت۔ صبح کرنے کا مقام۔

المِصْبَحُ: بڑا پیالہ۔ چراغ۔

المِصْباحُ: چراغ۔ چوڑہ نیزہ۔ بڑا پیالہ۔ جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ ج مصابیح

صَبَرَ (ض) صَبْرًا علی الامرِ: دلیری کرنا۔ بہادری کرنا۔ صفت صابرٌ صبیرٌ صبورٌ عن الشیءِ: رک جانا الدابةَ: جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا ہ: مجبور کرنا اور لازم کر دینا ہ عن الامرِ: روک دینا۔ بند کر دینا (کام سے) اسی سے ہے۔ صبرتُ نفسی عن کذا یعنی میں نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔ وصبرتُ علی ما اکرهُ وصبرتُ عما اُحبُّ: جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا ہے "قُتِلَ صبرًا" وہ قتل کیلئے بند کیا گیا۔ وحُلِفَ صبرًا: قسم کھانے کے لیے بند کیا گیا۔

صَبَرَ (ن) صَبْرًا وصَبارَةً به: ضامن ہونا۔

ہ: ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبِرْنی" یعنی مجھ کو ضامن دو۔

صَبَّرَهُ: صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا المیّتَ: مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تا کہ بدبودار نہ ہو۔ صبّر الکأسَ: پیالہ کو لبالب بھرنا۔

اَصْبَرَ. اللبنُ: کھٹے پن کا تلخی تک پہنچ جانا۔ ایلوے کی مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا الرجلُ: ام صبور یعنی مصیبت میں پڑنا۔ شیشی کو کاگ لگانا القاضی فلانًا: قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔

صابَرَهُ صِبارًا ومُصابَرَةً: صبر کرنے میں غالب رہنا۔

تَصَبَّرَ: تکلف سے صبر ظاہر کرنا علیه: صبر کرنا۔

اِصْطَبَرَ واصَّبَرَ. علیه: صبر کرنا منه:

بدلہ لینا۔
اِصْبَارًا اصْبِرَارًا عَلَیْہِ: صبر کرنا۔
اِسْتَصْبَرَ الشَّیْئُ: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ تہ بتہ ہونا۔
الصَّبْرُ. بہادری۔ مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔
شَہْرُ الصَّبْرِ. رمضان کا مہینہ۔ یمین الصَّبْرِ: وہ قسم جس کو کھانے کے لیے قید کر دیا جائے۔
الصَّبْرُ والصُّبْرُ. کنارہ۔ سفید بادل۔ ج اَصْبَار. کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْئَ بِاَصْبَارِہٖ" یعنی پورا لے لیا۔ و "مَلَاَ الکَاسَ اِلٰی اَصْبَارِھَا" پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔
الصُّبْرُ والصُّبُرُ. کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔
الصِّبْرُ. بزف۔ ج اَصْبَار.
الصَّبِرُ. ایلوا۔ ج صُبُوْر. واحد صَبِرَۃ. اس لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔
الصُّبْرَۃُ. غلہ کا ڈھیر۔ سخت پتھروں کا ڈھیر۔ جمع صِبَار. کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ صُبْرَۃً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔
الصَّابِرُ. فا. اَبُوْ صَابِرٍ: نمک۔
الصَّابُوْرَۃُ. بوجھ جو سواری یا کشتی یا جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ ادھر ادھر نہ جھکنے پائے۔
الصَّبْرَۃُ والصَّبَارَۃُ. سخت سردی۔ صَبْرَۃُ الشِّتَاءِ. سردی کا درمیانی زمانہ۔
الصِّبَارُ. کاگ۔ ایک کھٹے درخت کا پھل۔
الصَّبَارَۃُ. ضمانت۔ سردی کی شدت۔
(والصُّبَارَۃُ) چکنے پتھر۔
الصَّبَارُ والصُّبَّارُ. املی۔ ناگ پھنی۔ واحد صُبَارَۃ. صُبَّارَۃ.
اَلصَّبَّارُ امریکہ کے علاقہ کی املی
الصَّبَّارَۃُ. بنجر سخت زمین۔
الصَّبُوْرُ. ج. صُبُرٌ. بردبار۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے (والصَّبَّارُ) بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصَّبُوْرَۃُ مِنَ الرِّجَالِ: قتل کے لیے قید کیا ہوا۔
الصَّبِیْرُ. صبر کرنے والا۔ ضامن۔ قوم کا چودھری۔ ج صُبَرَاءُ.
الصَّبِیْرُ والصَّبِیْرَۃُ. چوڑی روٹی۔
اُمُّ صَبَّارٍ واُمُّ صَبُّوْرٍ. مصیبت۔
المَصْبُوْرُ. قتل کے لیے قید کیا ہوا۔ ڈھیر۔ مؤنث مَصْبُوْرَۃ.
صَصَبَ. متفرق کرنا۔
تَصَبْصَبَ. متفرق ہونا۔ تَصَبْصَبَ اللَّیْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا الحَرُّ: گرمی زیادہ ہونا عَلَیْنَا فُلَانٌ بہت جرأت کرنا۔
الصِّبْصَابُ والصَّبْصَبُ والصُّبَاصِبُ. سخت مضبوط۔
صَبَعَ (ف) صَبْعًا بہ و علیہ. انگلی سے اشارہ کرنا فُلَانًا علیہ. اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صَبَعَہٗ (ف) صَبْعًا و مَصْبَعَۃً. متکبر بنانا۔ اسی سے ہے "مَنْ وَلَّاہُ السُّلْطَانُ صَبَعَہُ الشَّیْطَانُ" جس کو سلطان والی بنا دیتا ہے۔ شیطان اس کو متکبر بنا دیتا ہے۔ انگلی پر مارنا۔
صَبَعَ الشَّیْئَ: کسی چیز میں انگلی داخل کرنا بَیْنَ القَوْمِ: کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتا دینا۔ فِی الطَّعَامِ: کھانے میں انگلی ڈالنا۔
لاِصْبَعُ الاِصْبُعُ الاَصْبِعُ الاَصْبَعُ الاِصْبِعُ الاُصْبُعُ الاُصْبَعُ الاُصْبِعُ. انگلی۔ مؤنث۔ سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ ج اَصَابِعُ اَصَابِیْعُ الفَتَیَاتِ: ایک پھول کی قسم۔ فرنجمشک اَصَابِعُ العَذَارٰی او اَصَابِعُ العَرُوْسِ: انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
المَصْبَعَۃُ. غرور، تکبر، گھمنڈ۔
اَصَابِعُ الیَدِ: ہاتھ کی انگلیاں۔ خِنْصَرٌ (چھنگلیا) بِنْصَرٌ (چھنگلیا کے ساتھ والی) وُسْطٰی (درمیان والی) سَبَّابَۃ (انگشت شہادت) الاِبْہَامُ (انگوٹھا)
المَصْبُوْعُ. گھمنڈی۔ متکبر۔
المُصَبَّعُ. گوشت بھوننے کا پنجہ۔
صَبَغَ (ن ض ف) صَبْغًا وصِبْغًا وصِبَغًا الثَّوْبَ. کپڑے کو رنگنا یَدَہٗ فِی المَاءِ: پانی میں ہاتھ ڈبونا یَدَہٗ بِالعَمَلِ: کام میں مشغول ہونا۔ فُلَانًا بِالنَّعِیْمِ: نعمتوں سے چھپا دینا۔
صَبَغَہٗ بِالمَاءِ فَاصْطَبَغَ. پانی سے بپتسمہ دینا۔ کہا جاتا ہے "صَبَغُوْنِیْ فِیْ عَیْنِكَ" یعنی انہوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کر کے میری کیفیت بدل دی۔
صَبَغَ (ن) صُبُوْغًا ضَرْعُ النَّاقَۃِ اونٹنی کے تھن کا بھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبَّغَ. گہرا رنگنا (واَصْبَغَ) کھجور کا پکنے لگنا۔
اَصْبَغَ عَلَیْہِ النِّعْمَۃَ. کامل کرنا۔
تَصَبَّغَ. فِیْ دِیْنِہٖ: دین میں کامل و پختہ ہو جانا۔
اِصْطَبَغَ. سالن لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِصْطَبَغَ بِالخَلِّ اَوْ فِی الخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔ بِکَذَا: رنگین ہونا۔
الصَّبْغُ والصِّبْغُ. ج. اَصْبَاغ والصِّبَاغُ. ج اَصْبِغَۃ والصِّبْغَۃُ. رنگ۔
الصِّبْغُ. سالن۔
الصِّبْغَۃُ. نوع۔ ملت۔ دین۔ بپتسمہ کا رنگ۔
الصُّبْغَۃُ. ادھ کچری کھجور۔
الصِّبَاغَۃُ. رنگریزی کا پیشہ۔
الصَّابِغُ. رنگنے والا۔ لقب ہے یوحنا کا۔
الصَّبِیْغُ. رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِیْغٌ ثِیَابٌ صَبِیْغٌ"
الصَّبَّاغُ. رنگریز۔ جھوٹا۔
الاَصْبَغُ. بڑا سیلاب مِنَ الطَّیْرِ والشَّاءِ: پرندہ یا بکری جس کی دم سفید ہو مِنَ الخَیْلِ: گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں۔ مؤنث صَبْغَاءُ. ج صُبْغٌ
المَصْبَغَۃُ. رنگنے کی جگہ۔
صَبَنَ (ض) صَبْنًا الشَّیْئَ عَنْہُ. روک دینا۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا المُقَامِرُ الکَعْبَیْنِ: جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لیے درست کرنا۔
اِنْصَبَنَ واصْطَبَنَ. عَنْہُ: رک جانا۔ پھر

جانا۔
الصابُوْن. صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے۔ عربی میں (غاسول) کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو (صابونہ) کہتے ہیں اور اس کے بیچنے والے اور بنانے والے کو صَبَّان و صابُوْنی کہتے ہیں۔
الصابُوْنِیَّة. ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔
المَصْبَنَة. صابون کا کارخانہ۔
صَبا یَصْبُوْ صَبْوَةً و صُبُوَّةً و صُبُوًّا. اِلَیْهِ و لَهُ: مشتاق ہونا۔
صَبَا یَصْبُوْ صَبْوًا و صُبُوًّا و صِباءًا و صَباءًا. بچپنے کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صَابٍ مؤنث صَابِیَة.
صَبَتْ صَباءً و صُبُوًّا. الرِّیْحُ: پُروائی ہوا کا چلنا۔
صُبِیَ و اَصْبٰی. القَوْمُ: پُروائی ہوا کا لگنا۔
اَصْبٰی. الرَّجُلُ: بچے والا ہونا۔ اَصْبٰی الشَّیْءُ فُلَانًا: شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبَتْهُ المَکَارِمُ: اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔
صَبِیَ یَصْبٰی صَباءً و اِسْتَصْبٰی. بچوں جیسا کام کرنا۔ صَبِیَ اِلَیْهِ: مشتاق ہونا۔
اِسْتَصْبَاه: کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔
صَابٰی مُصَابَاةً. نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لیے جھکانا السَّیْفَ: تلوار کو میان میں اُلٹی طرف سے کرنا الکَلَامَ: بے قاعدہ بولنا بَیْتَ الشِّعْرِ: اچھی طرح نہ پڑھنا۔
تَصَبّٰی تَصَبِّیًا و تَصَابٰی تَصَابِیًا. کھیل کود کی طرف مائل ہونا المَرْأَةَ: عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاهُ الشَّیْءُ: شوق میں ڈالنا۔
الصَّبَا. پُروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُوْر ہے۔ تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَیَان اور جمع صَبَوَات اور اَصْبَاء.

الصِّبا. شوق۔
الصِّبَاء و الصَّبَاء. بچپنا۔ کہا جاتا ہے رَأَیْتُهُ فِیْ صِبَاهُ اَوْ فِیْ صَبَانِهِ. یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا۔
الصَّبْوَة. بچپن۔ جوانی کی نادانی۔
الصَّبِیُّ. بچہ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی تِلی۔ ج صَبْیَان و صِبْیَان و صُبْوَان و صِبْوَان و اَصْبِیَة و صِبْیَة و صَبْیَة و صُبْیَة و صِبْوَة و اَصْبٍ مؤنث صَبِیَّة. ج صَبَایَا. الصَّبِیَّة: لڑکی۔ الصَّبِیُّ: تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔ کہا جاتا ہے "بِهِ وَجْعٌ فِیْ صَبِیِّ قَدَمِهِ" اس کے پنجے میں درد ہے۔
الصَّبِیَّان. ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں۔
الصُّبَیَّة الاُصَیْبِیَة. صَبِیٌّ کی جمع صِبْیَة اور اَصْبِیَة کی تصغیر ہے۔
الصَّابِیَة. پروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا۔ المُصَابِیَة: مصیبت۔
صَتَّه (ن) صَتًّا. زور سے دھکا دینا۔ ہاتھ سے مارنا بِکَلَامٍ اَوْ بِدَاهِیَةٍ: تہمت لگانا۔ مصیبت ڈالنا۔
صَاتَّهُ مُصَاتَّةً و صِتَاتًا. جھگڑا کرنا۔
تَصَاتَّ. القَوْمُ: آپس میں جھگڑا کرنا۔ آپس میں جنگ کرنا۔
الصَّتُّ و الصِّتُّ و الصُّتَّة. جماعت
الصِّتُّ و الصُّتَّة: ضد۔ ہٹ۔
الصَّتَت. درپے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِصَتَتِهِ" وہ اس کے درپے ہے۔
الصَّتِیْت. جماعت۔ آواز۔ شور۔
المِصْتِیْت. اپنے کاموں میں مستعد۔
صَتَعَه (ف) صَتْعًا. پچھاڑ دینا لَهُ: کسی کا قصد کرنا۔
تَصَتَّعَ. کسی کام میں تردد کرنا۔
الصَّتَع. مضبوط جوان۔ گورخر۔
صَتَّمَ. الشَّیْءَ: مکمل کرنا۔
تَصَتَّمَ. تیز دوڑنا۔
الصَّتْم و الصَّتَم. سخت مضبوط۔ کامل مضبوط۔
الصَّتَمَة و الصُّتَیْمَةُ. سخت پتھر۔
المُصْتَم. گلی یا وادی جو غیر نافذہ ہو۔
صَحَجَ (ن) صَحْجًا. لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے۔
الصَّحْج و الصَّحِیْج. لوہے پر لوہا گرنے کی آواز۔ جھنکار۔
صَحَّ (ض) صُحًّا و صِحَّةً و صَحَاحًا. تندرست ہونا۔ ہر عیب سے پاک صاف ہونا الخَبَرُ: مطابق واقع ثابت ہونا۔ صفت صَحِیْحٌ و صِحَاح. کہا جاتا ہے "صَحَّ لِیْ عَلٰی فُلَانٍ کَذَا" یعنی میرے لیے فلاں پر اتنا ثابت ہوا۔
صَحَّحَ. المَرِیْضَ: تندرست کر دینا۔ چنگا کر دینا الکِتَابَ: کتاب کی غلطی درست کر دینا۔
اَصَحَّه اِصْحَاحًا. تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ اَصَحَّ الرَّجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا۔
تَصَحَّحَ بِکَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا۔
اِسْتَصَحَّ. مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے تندرست ہونا الکَلَامَ: صحیح پانا۔
الصِّحَّة. س۔ تندرستی۔
الصَّحَاح. س۔ مِنَ الطَّرِیْقِ: راستہ کا دشوار حصہ۔
الصَّحِیْح. تندرست۔ عیب وغیرہ سے بری۔ بھروسہ کے قابل۔ ج اَصِحَّاء و صِحَاح و اَصِحَّة و صَحَائِح.
المَصَحّ. صحت کی جگہ۔
المَصَحَّة و المَصِحَّة. صحت دینے والی۔ صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے "الصَّوْمُ مَصَحَّةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے "اَرْضٌ مَصَحَّةٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔
صَحِبَ (س) صُحْبَة و صَحَابَة و

صِحَابَةً وَصَاحَبَهُ مُصَاحَبَةً. ساتھی ہونا۔ دوستی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔
صَحَبَ(ف) صَحْبًا. الْمَذْبُوْحَ: کھال اُتارنا۔
اَصْحَبَ. الرجلُ: ساتھی والا ہونا۔ بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا۔ دشواری کے بعد تابعدار ہونا الماءُ: پانی کا کائی والا ہونا فُلانًا: محفوظ رکھنا ٥ عنْ كَذَا: روک دینا ٥ الشَّیْءَ: ساتھ کر دینا۔
تَصَحَّبَ. مِنْهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ ما يتصحَّبُ مِنْ شَیْءٍ"، یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے۔
اِصْطَحَبَ. فُلانًا: حفاظت کرنا۔
اِصْطَحَبُوْا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔
اِسْتَصْحَبَه. ساتھی بنانا۔ ساتھی بننے کے لیے کہنا۔ ساتھی بنا۔ اِسْتَصْحَبَهُ الشیءَ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لیے کہنا الشیءَ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔
الصَاحِب. ساتھی۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے "صَاحِبُ حُمَاةٍ"، یعنی حاکم حماة اور "یا صاحِ"، یا صاحب کی ترخیم ہے۔ ج صَحْب واَصْحَاب و صُحْبَةٌ وصِحاب وصُحْبَان وصِحَابَة وصَحابة اور اَصْحاب کی جمع اَصاحِيْب.
الصَاحِبَة. صاحب کا مؤنث۔ بیوی۔ ج صاحِبات و صَواحِب.
الصَحابة. وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو رورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔
الصَحَابِيُّ: جو صحابہ کرام رضي الله عنہم کی رف منسوب ہو۔ نیز صحابہ کرام رضي الله نہم میں سے فردِ واحد۔
الْمُصَاحِبُ. ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے فرمانبردار ہونے والا۔
الْمُصْحَب. پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے۔ عُوْدٌ صَحِبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو۔ اَدِيْمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کیے گئے ہوں۔
الْمُصْحَب و المِصْحَاب. فرمانبردار۔ ذلیل۔ اَدِيْمٌ مُصْحِبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہو۔ عُوْدٌ مُصْحَبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔
الْمَصْحُوْب. مث۔ ادیم مصحوب: وہ چمڑا جس پر سے بال نہ اُتارے گئے ہوں۔ عُوْدٌ مَصْحُوْبٌ وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَصْحُوْبًا مُصَاحَبًا"، یعنی محفوظ خیریت و عافیت کے ساتھ جاؤ۔
صَحَرَ (ف) صَحْرًا. اللبنَ: دودھ کو اُبالنا۔ صَحَرَتْهُ الشمسُ: دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔
صَحَرَ (ف) صَحِيْرًا وصُحَارًا. الحِمارُ: گدھے کا زور سے رینکنا۔
صَحِرَ (س) صَحَرًا. سرخی مائل مٹیالا ہونا۔ صفت اصحر مؤنث صَحْراءُ ج صُحْر اور رنگ کا نام صُحْرَة.
اَصْحَرَ. جنگل کی طرف جانا المكانُ: جنگل کی مانند وسیع ہونا الامْرَ و بالامْرِ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُصْحِرْهُ اَمْرَكَ"، یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو۔ اور "اَصْحِرْ مَافِي قَلْبِكَ"، یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو الرجلُ: کانا ہونا۔
اِصْحَارًّا اِصْحِيْرَارًا. سرخی مائل مٹیالے رنگ والا ہونا۔
الصَحَر. سرخ سفید رنگ۔
الصَحْراء. بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔ ج صَحارٰی صَحَارٍ و صَحارِيّ و صَحْراوات.
الصَحِيْرَة. دودھ جو اُبالا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملا دیا جائے۔
الْمُصَاحِر. وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے۔
الْمُصْحَر. شیر۔
صَحْصَحَ. الامْرُ: روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔
الصَحْصَح والصَحْصاح والصَحْصَحَان. ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج صحاصِح. التُرَّهاتُ الصَحاصِحُ و تُرَّهاتُ الصَحاصِحِ: لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بہتر ہے۔
الصُحْصُح والصُحْصُوْح. من الرجال: مرد باریک بین۔
الْمُصَحْصِح. خالص محبّت والا۔ باطل کوش۔
صَحَّفَ. الكلِمَةَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔
اَصْحَفَ. الكِتابَ: کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا۔
تَصَحَّفَ. القارئُ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَيْهِ الصَحِيْفَةُ"، یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہو گیا۔
الصَحْفَة. بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحاف. الصِحاف: چھوٹے چھوٹے چشمے۔
الصِحافة. ایڈیٹری۔ عالم الصِحافة: محررین اخبار۔
الصَحِيْفَة. لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِيْفَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے صُنْ صَحِيْفَةَ وَجْهِكَ: اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج صَحائف و صُحُف.
الصُحَيْفَة. چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو۔
الصَحِيْف. رُوئے زمین۔
الصَحَّاف. پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔
الصَحَفِيّ. بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا۔ (والمُصَحِّف) پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔
المُصْحَف والمِصْحَف والمَصْحَف. مجلد کتاب۔ جمع. مصاحف.

المُصحَّف. تغیر کیا ہوا۔
صحل (س) صحلا صوته: پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت صحِلٌ و اصْحل.
اصطحم. لرجلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
اصْحامّ اصْحِیْمامًا. النباتُ: پودہ کا بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی سے ملنا۔ صفت اصحم مؤنث صحماء رنگ۔ صُحْمة الارض زمین کے نباتات کا متغیر ہونا الزرع سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔
صحنه (ف) صحنا مارنا۔ کہا جاتا ہے "صحنهٗ عشْرِیْن سوْطًا" اس نے اُس کو بیس کوڑے مارے۔ صحنهٗ برجْله: پیر سے مارنا الرجلُ: کسی کو پیالہ میں کچھ دینا۔ صحنهٗ دینارًا: دینار دینا بیْنهُمْ: اصلاح کرنا۔
الصحن. چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فرسٌ واسعُ الصحْن" صحْن الدار: انگنائی أ الصحْن من الارض: ہموار زمین۔ ج صُحُوْن
الصحنان. جھانجھ ایک قسم کا باجا۔
صحنا الاذنین. کان کے اندرونی حصے۔
فرس صحُوْنٌ. لات مارنے والا گھوڑا۔
الصحْنی والصحْناة والصحْناء والصحْناءة. چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی۔
المِصْحنة. برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو۔
صحا یصْحُو صحْوًا وصُحُوًّا و صحی یصْحٰی صحًا واصحی اصْحاءً. الیوْمُ: دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا۔ صفت صحْو و صاحٍ مُصْحٍ السكرانُ: نشہ اتر جانا الرجلُ: بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صاحٍ ج صاحُوْن صُحاة مؤنث صاحیة ج صاحیات و صواحٍ.
صحّاه: ہوش میں لانا۔ اصْحی القوْمُ:

آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔
الصحْو. کہا جاتا ہے "سماءٌ صحْوٌ و یوْمٌ صحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں۔ اور یہ وصف بالمصدر ہے۔
المصْحاة. باعث افاقہ۔ کہا جاتا ہے "فیْ مسْلاةٌ منْ كرْب الهم و مصْحاةٌ منْ سُكر الهمّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشہء غم سے افاقہ ہے۔
المِصْحاة. برتن۔ طشت۔ پیالہ۔
صخّ (ن) صخا الحدیْد بالحدیْد لوہے کو لوہے پر مارنا الصوتُ الاذنَ: آواز کا کان کو بہرا کر دینا (صخًا صخِیْخًا) الحدیْدُ: لوہے کا آواز کرنا لحدیْثه: کان لگانا۔
الصخّة. اسم مرۃ۔ باری (والصخ و الصخیخ) پتھر یا لوہے کی آواز۔
الصخِیْخ. خوف زدہ کوّے کی آواز۔
الصاخّة. سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔
صخِب (س) صخبًا شور مچانا۔
صاخبهٗ مُصاخبةً. ایک دوسرے کا شور مچانا۔
تصاخب. القوْمُ: باہم شور مچانا اور رپیٹ کرنا۔
اصْطخبت. الطیْرُ او الضفْدعُ: پرندیا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔
الصخب. س۔ شور۔
الصاخب والصخب والصخّاب و الصخُوْب والصخْبان. شور مچانے والا۔ مؤنث صخِبةٌ و صُخُبٌ و صخّابةٌ و صخُوْبٌ و صخْبی
صخِد (س) صخدًا و صخدانًا الیوْمُ: سخت گرم ہونا۔
صخدته (ف) صخدًا الشمْسُ: جلانا۔ الصردُ: لٹورے کا آواز کرنا۔
صخد (ف) صُخُوْدًا لهٗ کان لگانا۔
اصْخد. الحرُّ: گرمی تیز ہونا الرجلُ: گرمی

میں داخل ہونا الحِرْباءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔
الصاخدة. دوپہری۔
الصخْدان والصخدان. سخت گرمی کا دن۔
صیْخدُ الشمْس: گروۂ آفتاب۔
هاجرةٌ صیْخُوْدٌ. سخت گرم دوپہری۔ ج صیاخیْد. صیاخیْدُ الحرّ: گرمی کی تیزی۔
المصْخدة. دوپہر۔ ج مصاخد.
المُصْطخد. دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔
صخرهٗ فرمانبردار کرنا۔
اصْخر. المكانُ: پتھریلا ہونا۔ صفت مُصْخر
الصخْرة الصخرة. ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صخْرٌ و صخرٌ و صُخُوْرٌ و صُخُوْرةٌ و صخرات. کہا جاتا ہے "فُلانٌ صخْرةُ الوادی" فلاں بہت مستقل ہے۔
الصخِر منَ الامْكنة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُو صخِرُ الوجه او اصْخرُ الوجه" یعنی وہ بے حیا ہے۔
الصخْراویّةُ انتہائی خوشبو والا درخت جس کے پھولوں کی خوشبو دور دور تک پھیل جاتی ہے۔
الصاخر لوہے پر لوہے کی جھنکار۔
الصاخرة. پینے کے لیے مٹی کا پیالہ۔
صحف (ف) صحفا الارض: زمین کھودنا۔
المِصْحفة. زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔
صخمته (ن) صخمًا الشمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
اصْطخم. الرجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
صخی یصْخی صخًا. الثوْبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صخٍ
الصخاة میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔
صدّه (ن) صدًّا عنْ كذا روک دینا۔

منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّبِيْلُ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی۔

صَدَّ (ن ض) صَدًّا و صُدُوْدًا. عَنْه: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ. جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ جمع صَوَادُّ و صُدَّاد.

صَدَّ (ن ض) صَدِيْدًا. مِنَ الشَّيْ: چیخ پڑنا۔ چلانا۔

صَادَّهٗ. مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ يُصَادُّهٗ و يُصَادُّهٗ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔

صَدَّدَ. تالی بجانا الجُرْحُ: پیپ دینا۔

اَصَدَّهٗ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔

الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔

تَصَدَّدَ لَهٗ: درپے ہونا۔

اِصْطَدَّتْ. المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔

الصُّدُّ. س الصَّدُّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ ج اَصْدَاد و صُدُوْد.

الصَّدَد. درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ۔

الصِّدَاد. پردہ۔ ج اَصِدَّة.

الصَّدُوْد. روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔

الصَّدِيْد. س۔ پیپ خون سے ملی ہوئی۔ صَدِيْدُ الفِضَّة: پگھلی ہوئی چاندی۔

الصُّدَّاد. سانپ۔ چھپکلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صَدَائِد.

صَدِئَ (س) صَدَأً و صَدُؤَ (ک) صَدَاءَةً. الحَدِيْدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِئٌ مؤنث صَدِئَةٌ. الشَّيْ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت اَصْدَأُ مؤنث صَدْآء. الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔

صَدَأَ (ف) صَدْأً و صَدَّأَ تَصْدِئَةً الشَّيْ: زنگ دور کرنا المِرْآة: آئینہ کو صاف کرنا۔

اَصْدَأَهٗ. مورچہ والا جیسا بنانا۔

تَصَدَّأَ. لَهٗ: درپے ہونا۔

الصَّدَأُ. زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔

الصَّدِئُ. جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔

الصُّدْأَة. مورچہ کا رنگ۔

صَدَحَ (ف) صَدْحًا و صُدَاحًا. الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت صَادِحٌ و صَدَّاحٌ و صَيْدَحٌ و صَيْدَاحٌ و صَدُوْحٌ و صَيْدَحِيٌّ و مِصْدَحٌ و مِصْدَاح.

الصَّدَحُ. علم۔ خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلا ٹیلہ۔ شَيْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدْحَان.

الصُّدْحَة والصُّدْحَة والصَّدَحَة. مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔

صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا. عَنِ المَكَانِ و عَنِ المَاءِ: واپس ہونا اِلَى المَكَانِ: متوجہ ہونا الرَّجُلَ عَنْ كَذَا: واپس کردینا (صُدُوْرًا) الاَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا مِنْهُ: ظاہر ہونا عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔

صَدَرَهٗ صَدْرًا. سینہ پر مارنا۔

صُدِرَ. سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُوْرٌ.

صَدَّرَهٗ. واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔

اَصْدَرَهٗ. عَنْ كَذَا: واپس کرنا۔ اَصْدَرَ الاَمْرَ: ظاہر کرنا الرَّجُلَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُوْرِدُ و لَا يُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔

صَادَرَهٗ. عَلَى الشَّيْ و بِهٖ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔

تَصَدَّرَ. صدر مجلس میں بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا۔

تَصَادَرُوْا. عَلٰى مَاشَاءُوْا: صدروا.

الصَّدْرُ. ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ القَوْمِ: رئیس۔ الصَّدْرُ الاَعْظَمُ: وزیر اعظم۔ ج صُدُوْر.

بَنَاتُ الصَّدْرِ. افکار۔

ذَاتُ الصَّدْرِ. سینہ کی ایک بیماری کا نام۔

صُدُوْرُ الوَادِي: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّيْ بِصَدْرِهٖ" یعنی اوّل حصہ کو لے لیا۔ فُلَانٌ بَعِيْدُ الصَّدْرِ" یعنی غیر مہربان۔

الصَّدَرُ. پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی۔ صَادِر کا اسم جمع۔

الصَّادِرُ. فا. لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا۔ اور اسی سے ہے "مَالَهٗ صَادِرٌ و لَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِيْقٌ صَادِرٌ: پانی پر لے جانے والا راستہ۔ طَرِيْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔

الصُّدْرَة. مِنَ الاِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔

التَّصْدِيْرُ. تنگ اُونٹ کے سینے کا۔

الصِّدَارُ. صدری۔ اُونٹ کے سینے پر نشان۔

الصَّدَارَة. تقدم۔ وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ (والصِّدِيْرَة) سینے کا اوپر کا حصہ۔ ج صَدَائِر.

الاَصْدَرُ. مضبوط بڑے سینے والا۔

الاَصْدَرَانِ: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

المَصْدَرُ. جائے صدور۔ ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لیے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل وجڑ ہیں۔

المُصْدِرُ. فا. رَجُلٌ مُصْدِرٌ: کاموں کو پورا کرنے والا۔

المُصدَّر قوی اور بڑے سینہ والا۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
صدع(ف) صُدُوعًا۔ الی کذا مائل ہونا۔
صدع(ف) صدعا۔ الشیٔ اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو القوم متفرق کر دینا الامر ظاہر کرنا بالحق حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا فی الامر کر گزرنا الامر بالحق حق کا فیصلہ کرنا فلانا قصد کرنا۔
صدعہ عن کذا روک دینا النہر کاٹ دینا فی المکان گزرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھذا الطریق یصدع فی ارض کذا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے اللیل رات میں چلنا۔
صُدِع و صُدِّع درد سر میں مبتلا ہونا۔ صفت مصدوع
صدّع۔ الشیٔ پھاڑنا الفلاۃ او النہر بیابان یا نہر کو طے کرنا۔
تصدّع۔ القوم متفرق ہونا۔ تصدّعت الارض بہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔
تصدّع و انصدع۔ الشیٔ پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تصدّعت و انصدعت الارض بالنبات" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔
انصدع الصباح صبح کی روشنی پھیلنا۔
الصادع۔ قاضی۔ جبل صادع دور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔ وادٍ صادع دور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سبیل صادع دور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صبح صادع روشن صبح۔
الصدع شگاف۔ ج صُدُوع۔
الصدع و الصدع ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔ صدع الحدید لوہے کا مورچہ یا زنگ۔ کہا جاتا ہے "الناس علیہم صدع واحد" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔
الصدع آدمیوں کی جماعت۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔

الصدعۃ اسم مرۃ۔ پھٹن۔ پراگندگی۔ تفرق۔ ج صدعات کہا جاتا ہے "رایت بینھم صدعات" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و "اصلحوا ما فیکم من الصدعات" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔
الصدعۃ ج صدع و الصدیع ج صُدُع بکریوں کا ریوڑ۔ اونٹوں کا گلہ۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ صدیع بمعنی مصدوع۔ صبح۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔
الصُداع درد سر۔
التصداع تفریق۔
المصدع سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مصادع۔
المصدع نیزہ۔ تیر۔ چھری کا چوڑا پھل۔
خطیب مصقع مصدع بلیغ خطیب۔
صدغ(ف) صدغا۔ عن الامر باز رکھنا۔ روکنا۔ سیدھا کرنا النملۃ چیونٹی کو مارنا۔
صدغ(ف) صدغا مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا۔
صدغ(ن) صدغا و صدوغا۔ الی الشیٔ مائل ہونا۔
صدغ(ک) صداغۃ کمزور و ناتواں ہونا۔
صدغ کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔
صادغہ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔
الصُدغ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ ج اصداغ
الصدغ کجی۔ ٹیڑھا پن۔
الصداغ کنپٹی پر نشان۔
الصدیغ کمزور۔ تین دن کا بچہ۔
الاصدغان دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
المصدغۃ تکیہ۔
بعیر مصدغ و مصدوغ کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔

صدف(ن ض) صدفا و صدوفا پھر جانا۔
صدف(ض) صدفا۔ عنہ اعراض کرنا فلانا پھیر دینا۔ ہٹانا۔
صدف(س) صدفا گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔
اصدفہ۔ عنہ پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔
صادفہ پانا۔
تصادف ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصدف سیپی۔
الصدفۃ ایک سیپی۔ ج اصداف۔ صدفۃ الاذن کان کا اندرونی حصہ۔
الصدف۔ فی الخیل رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔ الصدف الصدفۃ جانب۔ کنارہ۔
الصدف و الصُدُف و الصَدَف و الصُدْف پہاڑ کا کنارہ۔ الصدف زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔
فرس اصدف وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں۔
الاصداف سمندر کی موجیں۔
الصدفۃ ملاقات۔
الصدفیات نرم مزاج جانور جو کہ پانی میں زندگی بسر کرتا ہے اس میں ہڈی نہیں ہوتی اور جلد مچھلی کی طرح ہوتی ہے۔
الصدوف گندہ ذہن۔ بہت اعراض کرنے والا۔
المصدوف مخفی۔ چھپا ہوا۔
صدق(ن) صدقا و صدقا و مصدوقۃ و تصداقا سچ بولنا فی وعدہ و وعیدہ پورا کرنا فی الجملۃ بہادری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "صدق القتال" و صدق فلانا القتال سخت جنگ کی ہ النصیحۃ او المحبۃ خالص نصیحت یا محبت کرنا ہ الحدیث سچی بات بیان کرنا۔ سچی خبر دینا۔

صَدَقَهٗ. سچا جاننا۔ سچا سمجھنا۔
صَادَقَهٗ صِدَاقًا و مُصَادَقَةً. دوست بننا۔
صَادَقَه المَودَّةَ: خالص دوستی کرنا۔
اَصْدَقَ. الاِبْنَةَ: بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔
تَصَدَّقَ. صدقہ دینا عَلَى الفَقِيرِ بِكَذَا فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔
تَصَادَقَا. مُحبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ تَصَادَقَا الحَدِيثَ او المَوَدَّةَ او فِيهِمَا. ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔
الصَّدْقُ. س۔ سیدھا ٹھوس نیزہ ہو یا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْقٌ وقَنَاةٌ صَدْقَةٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِّقَاءِ والنَّظَرِ" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص۔ ج صُدُقٌ و صُدْقٌ و صَدْقُونَ. مؤنث صَدْقَةٌ ج صَدْقَاتٌ.
الصِّدْقُ. سچ۔ فضیلت۔ صلاح۔ سختی۔ مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلُ صِدْقٍ و صَدِيقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔ یعنی کامل ہے۔
الصَّدَقَةُ. خیرات۔ ج صَدَقَاتٌ
الصَّدُقَةُ والصُّدْقَةُ والصُّدُقَةُ. مہر۔
الصَّدَاقُ والصِّدَاقُ. مہر۔ ج اَصْدِقَةٌ و صُدُقٌ.
الصَّدَاقَةُ. سچی دوستی۔
الصَّادِقُ. سچا۔ تَمْرٌ صَادِقُ الحَلاوَةِ. بہت میٹھی کھجور۔ نِيَّةٌ صَادِقَةٌ: خالص نیت۔ حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ. شدید حملہ۔
الصَّدُوقُ. ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج صُدُقٌ و صُدْقٌ.
الصَّدِيقُ. پیارا دوست۔ ج اَصْدِقَاءُ و صُدَقَاءُ و صُدْقَانٌ. ج اَصَادِقُ. مؤنث صَدِيقَةٌ.
الصِّدِّيقُ. بہت سچا۔ سچائی میں کامل۔ عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔ حضرت ابو بکرؓ کا لقب۔
المِصْدَاقُ. کسی کی سچائی کا گواہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ ذُو مَصْدَقٍ او ذُو مِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔
المَصْدُوقَةُ. سچائی۔
التَّصْدِيقُ: علم منطق میں وہ شے جس کے وجود کے علاوہ اس پر حکم بھی لگا دیا جائے وہ تصدیق ہے اگر وجود مانا جائے اور حکم نہ لگایا جائے تو وہ تصور ہے۔
اس کی مثال: کسی حیوان کو دیکھ کر اس پر ناطق یا غیر ناطق نہ لگانا تصور ہے۔
صَدَمَهٗ (ض) دفع کرنا۔ ہٹانا۔ آپڑنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَمَهٗ اَمْرٌ شَدِيدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی "صَدَمَتْهُ حُمَيَّا الكَاسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔
صَادَمَهٗ مُصَادَمَةً. مارنا۔
اِصْطَدَمَ و تَصَادَمَ. الفَارِسَانِ: ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
الصِّدَامُ. جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔
الصَّدْمَةُ. اسم مرۃ۔ دفعةً واحدةً کہا جاتا ہے "صَرَعَهٗ بِصَدْمَةٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا۔ "اَعْطَاهُ رِزْقَ شَهْرَيْنِ بِصَدْمَةٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔
الصَّدْمَتَانِ والصَّدِمَتَانِ. پیشانی کے دونوں جانب۔
الاَصْدَمُ. وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔
رَجُلٌ مِصْدَمٌ. جنگجو بہادر۔
صَدَا يَصْدُو صَدْوًا وصَدًّى. بِيَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
صَدِيَ يَصْدَى صَدًى. سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ وصَادٍ و صَدْيَانُ. مؤنث صَدْيَا و صَادِيَةٌ ج صَوَادٍ. کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْيَانُ اِلَى حَدِيثِكَ وَلِي اَحْشَاءٌ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں۔ صَدِيَ الشَّيءُ. لمبا ہونا۔
صَادَاهُ مُصَادَاةً. مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔
الصَّدَى: الهَامَةُ: یعنی زمانہ جاہلیت کے عقیدہ کے مطابق جب مقتول کو قبر میں ڈال دیا جائے اور اس کا انتقام نہ لیا جائے تو میت کی قبر سے ایک جانور باہر نکل کر آواز دیتا ہے اور انتقام کا نعرہ لگاتا ہے۔ اس کو بوم القبر (قبر کا الو) یا الهَامَةُ بولتے ہیں۔
صَدَّى تَصْدِيَةً. بِيَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
اَصْدَى اِصْدَاءً. مرنا الجَبَلُ: گونجنا۔ آواز بازگشت کرنا۔
تَصَدَّى لَهٗ: درپے ہونا لِلاَمْرِ: کسی معاملے کے لیے متوجہ ہونا۔
الصَّدَى. سخت پیاس۔ آواز بازگشت۔ گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج اَصْدَاءٌ کہا جاتا ہے "هُمُ اليَوْمَ اَعْدَاءٌ وهُمْ غَدًا اَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مردہ ہوں گے "و مَنَعَتْ صَدَاهُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا۔ و "صَمَّ صَدَاهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔ و "اَصَمَّ اللّٰهُ صَدَاهُ" یعنی ہلاک کر دے۔
الصَّدَى. الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو ادھر ہی وہ اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اُجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔
زمانہء جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ۔ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔
صَرَّ. (ن) صَرًّا. الصُّرَّةَ: تھیلی کو باندھنا الدَّرَاهِمَ فِي الصُّرَّةِ: تھیلی میں رکھنا الفَرَسُ اُذُنَهٗ و بِاُذُنِهٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا النَّاقَةَ و بِالنَّاقَةِ: تھن کو باندھ دینا تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔
صَرَّ (ض) صَرًّا و صَرِيرًا. الشَّيءُ: چرچرانا الرَّجُلُ: زور سے چیخنا چلانا۔ پیاسا

ہونا۔ الْاُذُنُ: کان بجنا۔

صُرَّ. النَّبَاتُ: ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔

صَرَّتِ النَّاقَةُ: آگے بڑھنا۔ صَرَّ اُذُنَه سننے کے لیے کان کھڑے کرنا۔

صَارَّهٗ مُصَارَّةً. عَلٰی كَذَا: مجبور کرنا۔

اَصَرَّ. عَلَی الْاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر بُرائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "اَصَرَّ عَلَی الذَّنْبِ" جب کہ باز نہ آئے۔ قرآن میں ہے ﴿كَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ﴾ یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے السُّنْبُلُ: خوشے میں خار نکلنا الفَرَسُ اُذُنَه و بِاُذُنِهٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

الصِرُّ والصِرَّةُ. سردی۔ رِيْحٌ صِرٌّ: سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِرَّةُ. چیخ۔

الصَرَّةُ. شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔

الصُرَّةُ. تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَر.

يَمِيْنٌ صِرّٰى. سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِيَ مِنِّيْ صِرّٰى" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔

الصَرَر. خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَة.

الصَّارُّ. فا. شَجَرٌ صَارٌّ: گنجان درخت۔

الصَّارَّةُ. الصَّارُّ: کا مؤنث۔ حاجت۔ پیاس۔ ج صَوَارُّ.

الصَرُوْرُ والصَارُوْرُ والصَرُوْرِيُّ والصَارُوْرِيُّ. جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد و جمع دونوں کے لئے)

الصَّارِيُّ. ملاح۔ ج صَرَارِيُّوْنَ.

الصِرَار. دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج اَصِرَّةٌ.

الصَرَّارُ. صَارٌّ کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّيْلِ: جھینگر۔

اَلصَّرَارَةُ: سانپ کھانے والا عقاب۔

الصَرارَةُ والصَرُوْرَةُ والصَارُوْرَةُ و

الصَارُوْرَاءُ. وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

صَرَارُ اللَّيْلِ: ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کیڑا جو رات کو آواز کرتا ہے۔

الصَرِيْرَةُ: تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِر.

المَصَارُّ. آنتیں۔

المَصْرُوْرُ. مف. بندھا ہوا قیدی۔

صَرَبَ (ض) صَرْبًا. کاٹنا؛ کمانا؛ دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا الصَّبِيُّ: بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔

صَرِبَ (س) صَرَبًا. اللَّبَنُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَصْرَبَ. اِلَيْهِ مَالًا: دینا۔

صَرَّبَ. ترش دودھ پینا۔

اِصْطَرَبَ. اللَّبَنَ فِي الْوَطْبِ: دودھ کو ترش ہونے کے لیے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔

اِصْرَابَّ. الشَّيْءُ: صاف اور چکنا ہونا۔

الصَرْبُ والصَرَبُ. بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ و صَرَبَةٌ.

الصِرْبُ. غریب عربوں کے تھوڑے مکانات۔

الصَرِيْبُ. کھٹا دودھ۔ ج صُرُبٌ.

المَصْرُوْبُ. مف. جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔

المِصْرَبُ. برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِبُ.

صَرَّجَ. الحَوْضَ: حوض کو چونا؛ مٹی ملا کر بنانا۔

الحَوْضَ بِالنُّوْرَةِ: حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔

الصَارُوْجُ. چونا مٹی ملا ہوا (معرب)

صَرُحَ (ک) صَرَاحَةً و صُرُوْحَةً. صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِيْحٌ جمع صُرَحَاءُ مؤنث صَرِيْحَةٌ.

صَرَحَ (ف) صَرْحًا. الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَرَّحَ. المُتَكَلِّمُ: بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِيْ نَفْسِهٖ: ظاہر کرنا الاَمْرَ: واضح کرنا۔ الاَمْرُ: واضح ہونا لازم و متعدی ہے۔ النَّهَارُ. دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ: شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ کے ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مُحْضِهٖ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہوگیا۔ صَرَّحَتِ السَّنَةُ: خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَّامِيْ: تیر انداز کا خطا کرنا۔

اَصْرَحَ. الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَارَحَهٗ صِرَاحًا و صُرَاحًا و مُصَارَحَةً. کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَتَمَهٗ مُصَارَحَةً او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔

صَارَحَ وصَرَّحَ بِمَا فِيْ نَفْسِهٖ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

اِنْصَرَحَ. الحَقُّ: واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔

تَصَرَّحَ. الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ: شراب سے جھاگ دور ہونا۔

الصَرْحُ. قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوْحٌ.

الصَرْحَةُ. سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَّارِ: گھر کا صحن۔ ج صَرَحَاتٌ.

الصَرْحُ والصَرَاحُ والصِرَاحُ والصُرَاحُ. خالص۔

الصَرَاحَةُ والصُرُوْحَةُ. خلوص۔ وضاحت۔

الصُرَاحِيَّةُ. مِنَ الخَمْرِ: خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "كَذِبٌ صُرَاحِيَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔

الصُرَاحِيُّ. واضح۔ ظاہر۔

يَوْمٌ مُصَرِّحٌ ومُصَرَّحٌ. بے بادل کا دن۔

صَرَخَ (ن) صُرَاخًا وصَرِيْخًا. سخت چیخنا۔ فریاد کرنا القَوْمَ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَصْرَخَهٗ. فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

تَصَرَّخَ. بتکلف چیخنا۔

تَصَارَخَ وَاصْطَرَخَ. اَلْقَوْمُ: چیخ وپکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ بمعنی صَرَخَ.

اَلصَّارِخُ. فا. مرغ۔

اَلصَّارُوخُ. راکٹ (دفاعی اسلحہ جو بم کو لے کر چلتا ہے)

میزائل: اس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔ (۱) اپنے آپ اپنے آلات کے زور پر مخصوص ہدف کی طرف چلتا ہے۔ (۲) راڈار کی طاقت سے خاص شعاعوں کے پیچھے دوڑتا ہے۔ (۳) خاص قوت کے ذریعے جو اس کو ہدف مقرر کی طرف لے جاتا ہے۔

اَلصَّارِخَةُ. اَلصَّارِخُ کا مؤنث۔ فریاد رسی۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ الْقَوْمِ" میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سنی۔

اَلصَّرَّاخُ. بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔

اَلصَّرِيْخُ. ص۔ فریاد رس۔ داد خواہ۔ ج صُرَخَاءُ.

صَرِدَ (س) صَرَدًا. اَلسَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا اَلرَّجُلُ: سردی برداشت کر لینا۔ سردی محسوس کرنا اَلسِّقَاءُ: جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِيْ عَنْهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔

صَرَدَ (ن) صَرْدًا وَاَصْرَدَ. اَلرَّامِي السَّهْمَ: نشانہ لگانا۔ اَصْرَدَ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔

صَرَّدَ. اَلشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا اَقْطَاءَ کم دینا اَلرَّجُلَ: سیرابی سے کم پلانا۔

اَلصَّرْدُ. خالص خالص۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الْخَمْرَ صَرْدًا" خالص شراب پلائی۔ اُحِبُّهُ حُبًّا صَرْدًا خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ يَوْمٌ صَرْدٌ: ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدت سردی سے مر گیا۔ اَرْضٌ صَرْدٌ. سرد ملک۔ ج صُرُوْدٌ. اس کے خلاف اَرْضٌ جُرُوْمٌ ہے۔ یعنی گرم ممالک۔

اَلصَّرَدُ. بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے۔

اَلصَّارِدُ. فا. سَهْمٌ صَارِدٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔

اَلصَّوَارِدُ. ٹھنڈی ہوائیں۔

اَلصُّرَدُ. لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَانٌ.

اَلصُّرَدَانِ. زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔

اَلصَّرِدُ. مِنَ الْخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو مِنَ الرِّجَالِ: سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَرْدَى يَوْمٌ صَرِدٌ: سخت ٹھنڈا دن۔

اَلصُّرَّادُ وَالصُّرَيْدُ. بے پانی کا پتلا بادل۔ نَعْجَةٌ صَرِيْدَةٌ. سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِدُ.

اَلْمِصْرَادُ. بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهْمٌ مِصْرَادٌ. نشانہ پر لگنے والا تیر۔

سَهْمٌ مُصْرِدٌ. نشانہ پر لگنے والا تیر۔

اَلْمُصْطَرِدُ. سخت غضبناک۔

صَرْصَرَ. اَلصُّرَدُ اَوِ الصَّقْرُ: آواز کرنا اَلرَّجُلُ: چیخنا اَلشَّيْءَ: چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔

اَلصَّرْصَرُ. مِنَ الرِّيَاحِ: تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ (اَلصُّرْصُرُ) ج صَرَاصِرُ. اَلصُّرْصُوْرُ ج صَرَاصِيْرُ. جھینگر۔ مجیرا۔ اَلصُّرْصُوْرُ: کشتی۔

اَلصِّرَاطُ. راستہ۔ ج صُرُطٌ.

اَلصُّرَاطُ. لمبی تیز تلوار۔

صَرَعَهُ (ف) صَرْعًا وَصِرْعًا وَمَصْرَعًا. پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا اَلشِّعْرَ: دو مصرعے بنانا اَلْبَابَ: دو کواڑ لگانا۔

صُرِعَ. مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔

صَرَّعَهُ. سخت پچھاڑنا اَلشِّعْرَ: مصرعے لگانا اَلْبَابَ: کواڑ لگانا۔

صَارَعَهُ صِرَاعًا وَمُصَارَعَةً. کشتی لڑنا۔

تَصَارَعَ وَاصْطَرَعَ. اَلرَّجُلَانِ: باہم کشتی لڑنا۔

اِنْصَرَعَ. پچھاڑا جانا۔

تَصَرَّعَ. لِصَاحِبِهِ: تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَتَصَرَّعُ لَهُ وَاِلَيْهِ حَتّٰى اَجَابَنِيْ" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔

اَلصَّرْعُ. ص۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم کہا جاتا ہے "هُوَ صَرْعُ كَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے۔ ج اَصْرُعٌ صُرُوْعٌ.

وَالصَّرْعَانِ: رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ صَرْعَيِ النَّهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُوْ صَرْعَيْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكْتُهُمْ صَرْعَيْنِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

اَلصِّرْعُ. ص۔ مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ ج اَصْرُعٌ وَصُرُوْعٌ. کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا صِرْعَانِ" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

اَلصَّرْعَةُ. اسم مرۃ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَفْعَلُهُ عَلٰى كُلِّ صَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

اَلصُّبْرَعَةُ. جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

اَلصُّرَعَةُ وَالصَّرَّاعُ وَالصُّرَّاعَةُ وَالصِّرِّيْعُ وَالصَّرُوْعُ. لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ اَلصُّرَعَةُ: حلیم و بردبار۔ اس لیے کہ اس کی بردباری غضب وغصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔

اَلصُّرُعُ جمع صُرُوْعٌ کی ہے۔

اَلصِّرَاعَةُ. کشتی کا فن۔

اَلصَّرِيْعُ. زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ ج صَرْعٰى. کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِيْعَ الْكَاسِ" یعنی مجنون ہو کر رات گزاری۔

درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ ج صرع۔
المَصْرَعُ: س۔ پچھاڑنے کی جگہ۔ ج مَصَارِع۔
المِصْرَاعُ مِنَ البَابِ: دروازے کا ایک پٹ مِنَ الشِعْرِ: شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِیع۔
صَرَفَهُ (ض) صَرْفًا: پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوبَهُم" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے۔ صَرَفَ الشَرَابَ: خالص شراب پینا "الدَنَانِیرَ" دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا المَالَ: خرچ کرنا الکَلِمَةَ: منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔
صَرَفَ (ن) صَرِیْفًا: بِنَابِهِ: دانت پیسنا البَابُ: بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔
صَرَّفَهُ: مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَیْئَ: بیچنا الدَرَاهِمَ: تبدیل کرنا الخَمْرَ: خالص شراب پینا الکَلَامَ: بات سے بات نکالنا ٥ فِی الاَمْرِ: سپرد کر دینا صَرَّفَ المَاءَ: جاری کر دینا۔ اللّٰهُ الرِیَاحَ: ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔
صَارَفَهُ: مبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَهُ عَنِ الشَیْئِ: پھیر دینا۔ باز رکھنا۔
اَصْرَفَهُ عَنْ کَذَا: رد کر دینا۔ ہٹا دینا۔
اَصْرَفَ الشَرَابَ: کچھ نہ ملانا۔
تَصَرَّفَ فِی الاَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهِ الاَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آجانا۔
اِنْصَرَفَ الرَجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الکَلِمَةُ: منصرف ہونا۔
اِصْطَرَفَ: کمائی کرنے کیلئے پھرنا الدَرَاهِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَرَاهِمَ بِدِیْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ اللّٰهَ المَکَارِهَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔
الصَرْفُ: ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَهْرِ و صُرُوْفُهُ: مصائب زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَیَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الحَدِیْثِ او الکَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ المَالِ: خرچ کرنا۔
الصِرْفُ: خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔
الصَرْفَانِ الصِرْفَانُ: رات دن۔
الصَرْفَانُ: موت۔ پیتل۔ سیسہ۔
الصِرَافَةُ: صرافی کا پیشہ۔
الصَرْفَةُ: اسم مرۃ۔ گردش۔ مہرہ یا منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازل قمر میں سے۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دوہ کر اگلی صبح تک کیلئے چھوڑ دینا۔
الصَرُوْفُ: وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔
الصَرِیْفُ: س۔ چاندی خالص۔ صَرِیْفُ البَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِیْفُ القَلَمِ: قلم کے چلنے کی آواز (و المَصْرُوْف) ہر شے خالص۔ درخت کی خشک شدہ شاخ۔
الصَرِیْفَةُ۔ الصَرِیْفُ کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُفٌ و صُرَافٌ و صَرِیْفٌ۔
تَصَارِیْفُ الدَهْرِ: مصائب زمانہ۔
الصَرَّافُ والصَیْرَفُ والصَیْرَفِیُّ: روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَیَارِفَةٌ۔
الصَرَّافُ والصَرْفِیُّ: علم صرف کا جاننے والا۔
المُتَصَرِّفُ: ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔
المُتَصَرِّفِیَّةُ: ملک کا ایک حصہ۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔

صَرْقَعَ اَصَابِعَهُ: انگلیاں چٹخانا۔
صِرْقَاعَةٌ: گوپھن۔ گوپھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔
صَرُمَ (ک) صَرَامَةً السَیْفُ: کاٹنا الرَجُلُ: دلیر و چالاک ہونا۔
صَرَمَ (ض) صَرْمًا و صُرْمًا الحَبْلَ: توڑنا الشَیْئَ: کاٹنا فُلَانًا: چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا: اقامت کرنا۔
صَرَّمَهُ: صرم کا مبالغہ ہے۔
صَارَمَهُ مُصَارَمَةً: مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔
اَصْرَمَ الرَجُلُ: محتاج ہونا النَخْلُ: پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔
تَصَرَّمَ الرَجُلُ: بہادری کرنا۔
تَصَرَّمَ وَاِنْصَرَمَ: کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
تَصَرَّمَتْ وَاِنْصَرَمَتِ السَنَةُ: سال ختم ہونا۔
تَصَارَمَ القَوْمُ: قطع تعلق کر لینا۔
اِصْطَرَمَ الشَیْئَ: کاٹنا۔
الصَرْمُ: س۔ کھال (معرب چرم) الصَرَّامُ: چرم فروش۔
الصِرْمُ: جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْرَام وَاَصَارِم و اَصَارِیْم و صُرْمَان۔
الصُرْمُ: س۔ بے تعلقی۔
الصِرْمَةُ: قسم۔ اونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَم۔
الصَارِمُ: فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار۔ ج صَوَارِم۔
الصَرَامَةُ: س۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ: مستقل بالرائے۔ دھن کا پکا۔
الصَرُوْمُ: کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔ الصُرَامُ جنگ۔ مصیبت۔ رَجُلٌ صُرَامٌ: کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَرِیْمُ: کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ۔ صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔ زمین جس کی کھیتی

کٹ چکی ہو۔ غلّہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔
صَرِیْمَا اللَیْلِ: رات کا اوّل و آخر حصہ۔ اَمْرٌ صَرِیْمٌ: لازمی امر۔
الصَرِیْمَة. عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَیْرَمُ. پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔
الاَصْرَم. جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْم (والمُصْرَم) بہت بال بچّے والا مفلس۔
الاَصْرَمَان. رات دن۔ کوا و بھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهٗ بِوَحِشِ الاَصْرَمَیْنِ" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوّے ہیں۔
الصَرْمَاء. الاَصْرَم کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل۔ ہانڈی۔ کم دودھ والی اُونٹنی۔
المَصْرِم. ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آجائے۔
المِصْرَم. درانتی۔
الصُرْنَایَة. بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَا یَصْرُ واَصْرَوْا. اِلَیْهِ: دیکھنا۔
صَرَی یَصْرِیْ صَرْیًا. الشَیْئَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَی اللّٰهُ عَنْهُ الشَرَّ" اللہ اس شر کو دُور کرے۔ صَرَی بَوْلَهٗ: پیشاب روک دینا۔ فُلَانًا: منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا۔ الشَیْئُ: بلند ہونا۔ نیچے ہونا۔ القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا۔ بَیْنَهُمْ: فیصلہ کرنا۔
صَرِیَ یَصْرَی صَرًی. المَاءُ: دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا۔ اللَبَنُ: دودھ کا مزہ بدل جانا۔ فُلَانٌ فِیْ یَدِ فُلَانٍ: کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا۔ الدَمْعُ: آنسو کا بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِیَتْ واَصْرَتْ. النَاقَةُ: اُونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرَّی تَصْرِیَةً. الشَاةَ: دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لیے تھن میں روک دینا۔

الصَرَی. باقی ماندہ (الصِرَی) پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرِیٌّ" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَارِی. فا. ملاح۔ ج صُرَّاء و صَرَارِیٌّ و صَرَارِیُّوْن. بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ.
الصَارِیَة. الصاری کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الصَرَاة والصَرَّی والمُصَرَّاة. مِنَ الشَاةِ اَوِ النُوْقِ: وہ بکری یا اُونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَة والمِصْطَبَّة. چبوترہ۔
المِصْطَب. لوہار کی نہائی۔
المِصْطَح. خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلّہ کی گہائی کے لیے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح.
صَطَرَ (ن) صَطْرًا. لکھنا۔
صَیْطَرَ. داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔
المِصْطَع. فصیح و بلیغ۔
الاَصْطُمَّة. چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔
صَعُبَ (ک) صُعُوْبَةً. عَلَیْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ. مؤنث صَعْبَةٌ. ج صِعَاب.
اَصْعَبَ. الاَمْرُ: مشکل ہونا الشَیْئَ: مشکل پانا الجَمَلُ: سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔
صَاعَبَهٗ مُصَاعَبَةً. سختی کرنا۔
صَعَّبَهٗ. دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ. دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الاَمْرَ: دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ. باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ. مشکل ہونا۔ الشَیْئَ: مشکل پانا۔
الصَعْب. س۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔
الصَعُوْب. دشوار۔ ج صُعُب.

الصُعْبُوْب. دشوار۔
المَصَاعِب. سختیاں۔ مشقتیں۔
المُصْعَب. سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَصَاعِب ومَصَاعِیْب. کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ ومَصَاعِیْبُ" سرکش اُونٹ۔
صَعْتَرَ. النَحْلُ: پہاڑ پودینہ کھانا۔ الرَجُلُ الشَیْئَ: مزین کرنا۔
الصَعْتَر. پہاڑی پودینہ۔
الصَعْتَرِیّ. چالاک۔ کریم۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا فِی السُلَّمِ: سیڑھی پر چڑھنا بِهٖ: چڑھانا (صُعُوْدًا) المَکَانَ: نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا۔
صَعَّدَ. فِیْ وعَلَی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا فِی الوَادِی: وادی میں اُترنا۔
صَعَّدَ فِیْهِ النَظَرَ: اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔
اَصْعَدَ. مکّہ کو جانا فِی الاَرْضِ: اونچی زمین کی طرف جانا فِی الوَادِی: وادی میں اترنا فِی العَدْوِ: تیز دوڑنا: چڑھانا۔
اَصْعَدَتِ السَفِیْنَةُ: بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اُڑنا۔
تَصَعَّدَ و تَصَاعَدَ. چڑھنا۔ تَصَعَّدَهٗ و تَصَاعَدَهٗ الاَمْرُ: دُشوار و مشکل ہونا۔ تَصَعَّدَ النَفَسُ: مشکل سے سانس نکلنا۔
اِصَّعَدَ. چڑھنا۔
الصَاعِدُ. فا. کہا جاتا ہے "بَلَغَ کَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر۔ اور یہ باعتبارِ حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔
الصَعَّاد. بہت چڑھنے والا۔
الصُعُد. بلندی۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اُترا و "هٰذَا النَبَاتُ یَنْمُوْ صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ ایک درخت ہے جس سے تار کول پگھلایا جاتا ہے۔
الصَعَد. مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔

الصَّعِید. مٹی۔ قبر۔ راستہ۔ زمین کا بلند حصہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْحَدِیْقَةُ صَعِیْدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہوگیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ ج صُعُد و صُعُدَات و صُعْدَان. مصر میں چند شعروں کا نام صَعِید ہے۔

الصُّعُود. چڑھائی۔ خَمِیْسُ الصُّعُود: جمعرات کا دن جس میں سیّدنا حضرت مسیح آسمان پر تشریف لے گئے۔

الصَّعُود. چڑھائی۔ چڑھتا ہوا راستہ۔ دُشوار گزار گھاٹی۔ ج صُعُدو اَصْعِدَة و صَعَائِدُ کہا جاتا ہے "لَاُرْهِقَنَّكَ صَعُوْدًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔

الصُّعَدَاء. غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔

الصَّعْدَاء. مشقت۔

الصَّعْدَة. اسم مرۃ۔ سیدھا نیزہ۔ ج صِعَاد و صَعَدَات.

الصَّعُوْدَاء. دُشوار گزار گھاٹی۔

المُصَعَّد. مِنَ الْاَشْرِبَةِ: آگ سے گرم کیا ہوا۔

اَلتَّصَعُّدُ: جامد جسم کا دھواں کی شکل میں تبدیل ہونا۔ بغیر پگھلنے کے۔

اَلْمِصْعَدُ: بجلی یا گیس کے بند کرنے کے مقام۔

اَلْمِصْعَدُ: بلند عمارت پر چڑھنے کے لئے لفٹ۔

جَبَلٌ مُصْعَد. بلند پہاڑ۔

المِصْعَاد. درخت خرما پر چڑھنے کی رسّی۔

صَعِرَ (س) صَعَرًا. وَجْهُهُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب کو جھکنا۔ صفت اَصْعَر. مؤنث صَعْرَاء ج صُعْر رَاسُهُ: سر کا چھوٹا ہونا۔

صَعَّرَ وصَاعَرَ و اِصْعَرَّ. تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقتًا ہوتا ہے۔

تَصَعَّرَ و تَصَاعَرَ. تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔

صَعْرَرَ. الشَّیْءَ: گھمانا۔

تَصَعْرَرَ. گھومنا۔

اِصْعَنْرَرَ واِصْعَرَّرَ. پیچ و تاب کھانا۔

اِصْعَرَّتِ. الْاِبِلُ. تیز دوڑنا۔

الصَّعَّار. مغرور و متکبر۔

الصُّعْرُر والصُّعْرُوْر. درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ ج صَعَارِیر.

الصُّعْرُوْرَة. گبریلا کی گولی۔

صَعْصَعَ. الْقَوْمَ. متفرق کر دینا الشَّیْءَ. حرکت دینا۔ مِنْ فُلَانٍ خوف کرنا۔ رَاسَهُ بالدُّهْنِ. سر کو تیل سے چکنا کرنا۔

تَصَعْصَعَ. متحرک ہونا، متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا۔ "تَصَعْصَعَتْ صُفُوْفُهُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہوگئیں۔

الصَّعْصَع. متفرق (والصُّعْصُع) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ج صَعَاصِع کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہوکر چلے گئے۔

صُعِفَ صَعْفًا. کپکپی لاحق ہونا۔ صفت مَصْعُوْف.

اَصْعَفَ. الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دل کر اسے کھایا جاسکے۔

الصَّعْفَة. کپکپی۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَق والصَّعْفُوْق والصَّعْفَقِیّ. وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کیلئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔

الصَّعْفُوْق: کمینہ۔ ج صَعَافِیْق و صَعَافِقَة.

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً. السَّمَاءُ الْقَوْمَ. بجلی گرانا۔

صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ (س) صَعْقًا. الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا الرَّكِيَّةُ: کنوئیں کا گر جانا (وصَعِقَ صَعْقًا وصَعِقًا وصَعْقَةً وتَصْعَاقًا) گرج سے غشی طاری ہو جانا۔ صفت صَعِق. مرنا۔ صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْهُ. السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔ اَصْعَقَه: قتل کرنا۔

الصَّعْق. س۔ چیخ۔ موت۔

الصُّعَاق. بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَة. س۔ آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت۔ ہر مہلک عذاب۔ عذاب کی چیخ۔ ج صَوَاعِق.

الْمَصْعُوْق. غشی والا۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْقُر. مچھلی کے انڈے۔

صَعِلَ (س) صَعَلًا واِصْعَالَّ. چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت اَصْعَل. مؤنث صَعْلَاء ج صُعْل.

الصَّعْل. چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔ گدھا جس کے بال گر گئے ہوں۔

صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً. محتاج بنانا۔ دبلا کرنا۔

تَصَعْلَكَ. فقیر و محتاج ہونا۔

الصُّعْلُوْك. فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِك وصَعَالِیْك. صَعَالِیْكُ الْعَرَبِ: عرب کے چور اور فقراء۔

اَصْعَنَ. الرَّجُلُ. چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔

اِصْعَنَّ. الشَّیْءُ: باریک اور نازک ہونا۔

صَعَایَصْعُوْ صَعْوًا. باریک اور چھوٹا ہونا۔

الصَّعْو. چھوٹے چڑے۔ واحد صَعْوَة.

صَعَوَات. مولا۔ ج صِعَاء و اَصْعَاء نَاقَة

صَعْوَةٌ. چھوٹے سر والی اُونٹنی۔

الصُّعَب. جوں کے انڈے۔

صَغِرَ (س) و صَغُرَ (ک) صِغَرًا وصَغَارَة و صِغَرًا و صُغْرَانًا. چھوٹا ہونا۔

صَغِرَ (ک) صِغَرًا وصُغْرًا وصَغَارًا وصَغَارَةً وصُغْرَانًا۔ ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔
صَغَرَ (ن) وصَغِرَ (س) صَغْرًا۔ القَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔
صَغَّرَو اَصْغَرَہٗ. چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَہٗ فِی اَعْیُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "اَصْغَرَتِ الْاَرْضُ" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔ اَصْغَرَ الْقَوْمُ: چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔
تَصَاغَرَ. الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ اِلَیْہِ نَفْسُہٗ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہوگیا۔
اِسْتَصْغَرَہٗ. چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا فُلَانٌ: چھوٹا طلب کرنا۔
الصِّغْرَۃ. اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صِغْرَۃُ اَبَوَیْہِ او صِغْرَۃُ اَوْلَادِ اَبَوَیْہِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مِنَ الصِّغْرَۃِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔
الصَّغَار والصُّغْر. ذلت۔ ظلم۔
الصَّغَارۃ. چھوٹا پن۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صغارت مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغَر جسامت میں چھوٹا ہونا۔
الصُّغَار والصُّغْرَان. چھوٹا۔
الصَّاغِر. ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج / صَغَرَۃ و صَاغِرُوْن.
الصَّغِیْر. چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار و صُغَرَاء.
الاَصْغَر. اسم تفضیل۔ ج اَصَاغِرُ اَصَاغِرَۃٌ واَصْغَرُوْن. مؤنث صُغْرٰی. ج صُغَر.
الاَصْغَرَان. دِل و زبان۔ اور اسی سے مثل ہے "المرءُ باَصْغَرَیْہِ" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چیزوں یعنی دِل و زُبان سے وابستہ ہے۔
صَغَا یَصْغُوْو یصغی صَغْوًا وصَغِیَ یَصْغٰی صَغًی وصُغِیًّا. اِلَیْہِ: جھکنا النُّجُوْمُ او الشَّمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَغْوَاء اور جمع صَوَاغٍ.
اَصْغٰی اِصْغَاءً. اِلٰی حدیثِہٖ: کان لگانا اِلَیْہِ: سننے کے لئے جھکنا الاِنَاءَ: جھکانا الشَّیْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے "اَصْغٰی حَقَّہٗ" جبکہ حق گھٹا دیا۔
الصِّغْو. کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صِغْوُا الکَفِّ او المِغْرَفَۃِ: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج اَصْغَاء.
صَاغِیَۃُ. الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "اَکْرِمُوْا الرَّجُلَ فِیْ صَاغِیَتِہٖ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔
صَفَّ (ن) صَفًّا و صَفَّفَ. الشَّیْءَ: صف بنانا القَوْمَ: میدانِ جنگ میں صف بندی کرنا صَفَّ القَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا الطَّائِرُ بِجَنَاحِہٖ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا الاِبِلُ قَوَائِمَھَا: اُونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا السَّرْجَ: گدی بنانا۔
صَافَّ مُصَافَّۃً. القَوْمَ فِی القِتَالِ: میدانِ جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔ بنانے والا مُصَافِّی کہلاتا ہے۔
اَصَفَّ. السَّرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔
تَصَافَّ. القَوْمُ: صفوں میں اکٹھا ہونا۔
اِصْطَفَّ. القَوْمُ: صفوں میں کھڑا ہونا۔
الصَّفُّ. سیدھی قطار۔ کلاس۔ صف بستہ قوم۔ ج صُفُوْف.
الصَّفَف. زرہ کے نیچے کا لباس۔
الصُّفَّۃ. ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔ صُفَّۃُ السَّرْجِ او الرَّحْلِ: زین یا پالان کی گدی۔ صُفَّۃُ المَسْجِدِ: مسجد کا سایہ دار چبوترہ۔ الصُّفَّۃ: گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو۔ صُفَّۃٌ مِنَ الدَّھْرِ: زمانے کی ایک مدت۔ ج صُفَف و صُفَّات و صِفَاف.
الصَّافّ. فا. الصافۃُ مِنَ الاِبِلِ: جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات و صَوَافّ. الصَّافَّات: فرشتے۔
نَاقَۃٌ صَفُوْف. بہت دودھ دینے والی اُونٹنی جو کثرتِ دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگا دے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کر لے۔
الصَّفِیْف. خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔
الصَّفْصَاف: ایک درخت جو کہ عام طور پر ٹوکرہ بنانے کے کام آتا ہے۔
المَصَفّ. صف باندھنے کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔ مطلقًا کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ.
تَصَفَّتَ. الرَّجُلُ: قوی و مضبوط ہونا۔
الصِّفِتُّ والصِّفِتَّان والصِّفَتَّان. بھاری بھرکم جسم والا۔ قوی سخت اندام۔
صَفَحَ (ف) صَفْحًا. عَنْہُ: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صفح السَّائِلَ عَنْ حَاجَتِہٖ: حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتَیْتُہٗ فِیْ حَاجَۃٍ فَصَفَحَنِیْ" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی بِالسَّیْفِ: تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا الشَّیْءَ: چوڑا کرنا النَّاسَ: لوگوں میں مقابلہ کر کے ان کی حالت دیکھنا وَرَقَ المُصْحَفِ: ایک ایک ورق کو پیش کرنا فِی الاَمْرِ: غور کرنا۔

صَفَحَتْ (ف) صُفُوْحًا. النَّاقَةُ وغَيْرُها. دودھ کا ختم ہو جانا۔ صفت صَافِح.
صَفَّحَ. الشَّیَ: لمبا چوڑا کرنا المَكَانَ: مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔
صَفَّحَ بِیَدَیْهِ: تالی بجانا۔
اَصْفَحَ. السَّائِلَ: محروم واپس کر دینا الشَّیَ: اُلٹنا پلٹنا۔
صَافَحَهُ مُصَافَحَةً وصِفَاحًا. ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔
تَصَفَّحَ. الشَّیَ: تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا القَوْمَ: چہروں کو غور سے دیکھنا تاکہ حالات کا اندازہ ہو سکے۔ حالات کا جائزہ لینا۔
تَصَافَحَ. القَوْمُ: باہمدگر مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الاَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔
اِسْتَصْفَحَهُ. الذَّنْبَ: گناہ کی معافی چاہنا۔
الصَّفْحُ. جانب مِنَ الوَجْهِ: رخسارہ مِنَ الاِنْسَانِ: پہلو مِنَ السَّیْفِ. چوڑا پہلو۔ ج صِفَاح. کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔
الصَّفْحَةُ. مِنَ الشَّیِٔ: جانب۔ چہرہ مِنَ الكِتَابِ: ورق کا ایک جانب۔ صَفْحَةُ الرَّجُلِ: سینہ کی چوڑائی۔ ج صَفَحَات.
الصَّفْحَانِ والصَّفْحَتَانِ. رخسارے۔
الصُّفُح. چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔
الصِّفَاحُ والصَّفَحُ. رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَهُ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔
الصَّفِیْحُ. آسمان۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔
الصَّفِیْحَةُ. چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِیْحَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ ج صَفِیْح و صَفَائِح.
الصَّفَائِحُ: سر کی چار ہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔
الصُّفَّاحُ. پتلے چوڑے پتھر۔ اُونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں۔ ج صُفَّاحَات صَفَافِیْح.
الصَّفَّاحُ والصَّفُوْحُ. معاف کرنے والا۔
الصَّفُوْحُ بمعنی کریم۔
المُصْفَحُ. چوڑا۔ اُلٹا جھکا ہوا مِنَ الوُجُوْهِ: ملائم و خوبصورت مِنَ الاُنُوْفِ. ستواں ناک مِنَ الرُّؤُوْسِ: کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل مِنَ القُلُوْبِ: جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں مِنَ النَّاسِ: جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔
المُصَفَّحُ. چوڑا۔ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔ اَنْفٌ مُصَفَّحٌ: ستواں ناک۔
المُصَفَّحَةُ والمُصْفَحَةُ. تلوار۔ ج مُصَفَّحَات و مُصْفَحَات.
صَفَدَهُ (ض) صَفْدًا وصُفُوْدًا وصَفَّدَهُ. قید کرنا۔ ہتھکڑی لگانا۔
اَصْفَدَهُ. قید کرنا مَالًا: دینا۔
الصَّفَدُ. بخشش۔ بندھن۔ ج اَصْفَاد کہا جاتا ہے "الصَّفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔ الصِّفَادُ. ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔ بندش۔
صَفَرَ (ض) صَفِیْرًا. ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَرَ بِالفَرَسِ عِنْدَ وُرُوْدِهِ: گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔
صُفِرَ صَفْرًا. پیٹ میں صفار جمع ہونا۔ صفت مَصْفُوْر (دیکھئے صُفار)
صَفِرَ (س) صَفَرًا وصُفُوْرًا وصُفُوْرَة الاِنَاءُ: برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وِطَابُهُ اَوْ اِنَاؤُهُ" یعنی ہلاک ہوگیا۔
صَفَّرَ. الشَّیَ: زرد کرنا الثَّوْبَ: زرد رنگنا البَیْتَ: خالی کرنا لِلدَّابَّةِ: ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا بِالدَّابَّةِ: جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔
اَصْفَرَ. محتاج ہونا الاِنَاءُ: خالی ہونا البَیْتَ. خالی کرنا۔
اِصْفَرَّ اِصْفِرَارًا. زرد رنگ ہونا۔
الصَّفْرُ والصِّفْرُ والصُّفْرُ. خالی۔ کہا جاتا ہے "بَیْتٌ صِفْرٌ مِنَ المَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ الیَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔
الصُّفْرُ. سونا۔ پیتل۔
الصِّفْرُ. زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔
صَفَرٌ. قمری مہینوں میں سے دوسرا مہینہ۔ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج اَصْفَار
الصَّفَرَانِ. عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہورِ اسلام کے بعد محرم ہوگیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔
الصَّفَرُ. س۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰی شُرْسُوْفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا۔ عقل کہا جاتا ہے "لَا یَلْتَاطُ هٰذَا بِصَفَرِیْ" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں نہیں چپکتا۔
الصَّفِرُ. خالی۔ ج اَصْفَار. کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ اَصْفَارٌ" خالی برتن۔
الصُّفَیْرَاءُ: ایک درخت جس کے پتے سبز زردی مائل ہوتے ہیں۔
اَلْبَابَانِیَّةُ: زینب و زینت والا ایک درخت جس کے پتے پر نما ہوتے ہیں اور سفید رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔
الصَّفْرَةُ. ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔
الصُّفْرَةُ. زردی۔ سیاہی۔
مَصْفَارٌ: ایک قسم کی مچھلی۔
الصِّفْرِیْتُ. کثیر العیال محتاج۔ ج صَفَارِیْت.
الصَّفَرِیُّ والصَّفَرِیَّةُ. فصل خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے۔
الصُّفَارُ. آواز۔ زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔ کینچوا۔ پیٹ کے

کپڑے۔ زردی جو رنگ پر غالب ہو (والصِفار) جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔
الصُفارَة. مرجھایا ہوا پودہ۔
الصَفِیْر. ہر آواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔ حُرُوْفُ الصَفِیْر: زای معجمہ سین و صاد مہملہ ہیں۔
الصَفَّار. ٹھٹھیرا۔
الصَفَّارَة. سیٹی۔ مقعد۔
الصَفَّارِیَّة. زرد پروں کا پرندہ۔
الصَافِر. سیٹی بجانے والا چور۔ ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔ مثال ہے "هُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا۔ پرندہ۔ کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔
الاَصْفَر. زرد رنگ والا۔ مؤنث صَفْرَآء ج صُفْر.
الصُفْر. دنانیر۔
الاَصْفَرَان. زعفران اور سونا۔
الصَفْرَاء. مؤنث اَصْفَر. سونا۔ پتا۔ ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔
المُصْفِر. فا. محتاج۔
المَصْفُوْر والمُصَفَّر. بھوکا۔
الصِفْرِد. ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔
صَفْصَفَ. الرَجُلُ. بیابان میں اکیلا چلنا
العُصْفُوْرُ: چڑیا کا چہچہانا۔
الصُفْصُف. چڑیا۔
الصَفْصَفَة. بیابان۔
الصَفْصَاف. بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔ واحد صَفْصَافَة.

صَفَعَهُ (ف) صَفْعًا. تھپڑ مارنا۔
صَافَعَهُ و تَصَافَعًا. ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
الصَفْعَان والمُصْفَعَانِی. جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔
صَفَقَهُ (ن ض) صَفْقًا. تھپکی لگانا۔ تالی بجانا۔ صَفَقَ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ کھولنا۔ (ضد) الرَجُلَ عَنْ مُرَادِهٖ: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا الطَائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندہ کا بازوؤں کو پھڑپھڑانا عَیْنَهُ: آنکھ بند کر دینا العُوْدَ: بربط کے تاروں کو حرکت دینا القَدَحَ. پیالہ بھرنا الشَرَابَ: صفائی کیلئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا لَهٗ بِالبَیْعِ و صَفَقَ عَلٰی یَدِهٖ و صَفَقَ یَدَهٗ بِالبَیْعَةِ: سودا کرنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا الرَجُلَ: جانا ہ بِالسَیْفِ: تلوار مارنا الرِیْحُ الاَشْجَارَ: ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَیْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔
صَفُقَ (ک) صَفَاقَةً. الرَجُلُ: بے حیا ہونا الثَوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔
اَصْفَقَهُ. باز رکھنا۔ اَصْفَقَ البَابَ والقَدَحَ والشَرَابَ بمعنی صَفَقَ الحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا لِلقَوْمِ: اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے الثَوْبَ: کپڑے کو گف بننا۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوْا عَلٰی قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا القَوْمُ: مضطرب و پریشان ہوئے۔
صَفَّقَ. الطَائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندے کا بازو پھڑپھڑانا الرَجُلُ یَدَیْهِ: تالی بجانا حَوْلَ الشَیْءِ: طواف کرنا الرَجُلُ: جانا الشَرَابَ: صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔
صَافَقَ. الرَجُلَان عِنْدَ البَیْعِ: بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔

صَافَقَ الرَجُلُ بَیْنَ جَنْبَیْهِ. ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا. بَیْنَ ثَوْبَیْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا۔
تَصَافَقَ. القَوْمُ: خرید و فروخت کرنا۔
تَصَفَّقَ. الرَجُلُ: تردد کرنا لِلاَمْرِ: درپے ہونا۔
اِنْصَفَقَ. واپس ہونا۔ پھر جانا القَوْمُ عَلَیْهِ: متوجہ ہونا۔
اِصْطَفَقَ. العُوْدُ: بربط کے تاروں کا متحرک ہونا البَحْرُ: موجوں کا متلاطم ہونا القَوْمُ: مضطرب ہونا الاَشْجَارُ: حرکت کرنا النِسَاءُ عَلَی المَیِّتِ: عورتوں کا میت پر نوحہ و بین کرنا۔
الصَفْق. گوشہ۔ جانب۔ دروازہ کا کواڑ۔
صَفْقَا العُنُقِ: گردن کی دونوں اطراف۔
صَفْقَا الفَرَسِ: گھوڑے کے رخسارے۔
صَفْقُ الجَبَلِ: پہاڑ کی سطح۔ ج صُفُوْق.
الصِفْق. دروازے کا کواڑ۔ پٹ۔
الصَفْقَة. خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عقد بیع۔ کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع۔ "صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ" نقصان دہ عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔
الصَفَق. گوشہ۔ دماغ کا آخری حصہ۔
الصِفَاق. کھال کے نیچے کی جھلی۔ پیٹ پر کی جھلی۔ وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں۔ ج صُفُق.
الصَافِقَة. نازل ہونے والی جماعت۔ مصیبت۔
الصَفَّاق. صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنے والا اور لین دین کرنے والا۔
الصَفُوْق. بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق.
الصَفَائِق. آنے جانے والے قافلے۔
الصَفَائِق والصَوَافِق. مصیبتیں۔ حوادث۔

الصَفِيْق. بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَفِيْقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيْقٌ" گف۔ کپڑا۔

المَصْفَق. راستہ۔

المُصَافِق. فا ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا مِنَ الإبل: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔

صَفَنَ (ض) صُفُوْنًا. الفَرسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا الرَجُلُ: دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا بِهِ الأرْضَ: زمین پر دے مارنا (صَفْنًا) الطَائِرُ الحَشِيْشَ او الوَرَقَ: پرندہ کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا الرَجُلَ: خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔

صَافَنَ. القَوْمَ: قوم کے مقابل کھڑا ہونا۔ المَاءَ بَيْنَهُم: پانی کو آپس میں تقسیم کرنا اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تاکہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔

تَصَافَنَ. القَوْمُ المَاءَ: مذکورہ بالا طریقہ سے پانی تقسیم کرنا۔

الصَفَن. خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دستر خوان مستی کے وقت اُونٹ کے مُنہ کی جھاگ۔ ج صُفْن وصُفُن وأصْفَان و صُفْنَان.

الصُفن. چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَفْنَة. ایک مرتبہ بمقدار حصص پانی تقسیم کرنا۔ دستر خوان۔ مستی کے وقت اُونٹ کے منہ کی جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَفَن. ج أصْفَان وصُفْنان الصَفَنَة. خصیہ کی تھیلی۔

الصَافِن. پنڈلی کے نچلے حصہ میں ایک رگ۔ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَات و صَوَافِن و صُفُوْن.

صَفَا يَصْفُوْ صَفْوًا و صَفَاءً و صُفُوًّا. صاف ہونا الجَوُّ: فضا کا بے ابر و باد ہونا۔ القِدْرَ: دیگ کا خالص حصہ لے لینا۔

صِفَتْ تَصْفُوْ صَفْوًا و صُفُوْتَ صَفَادَةً النَاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔

صَفَّى تَصْفِيَةً. ألشَيَّ: صاف ستھرا کرنا۔

أصْفَى إصْفَاءً. فُلَانًا الوُدَّ: وأصْفَى لَهُ الوُدَّ. خالص محبت کرنا اَلذِي يَحْفِرُ: کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ أصْفَتِ الدَجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رُک جانا الشَاعِرُ: شعر کہنے سے رُک جانا اور اسی سے ضرب المثل ہے "اَنَا شَاكِرُكَ الَذِي يَصفي و شاعرك الذی لا يصفي" یعنی میں تمہارا ایسا شکر گزار ہوں جو خالص محبت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رُکتا نہیں۔ أصْفَى مِنَ المَالِ مال سے خالی ہونا ہ بِكَذَا: مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا الشَيَّ: کل لے لینا۔

صَافَى مُصَافَاةً. فُلَانًا: خالص محبت کرنا۔

تَصَافَى. القَوْمُ: بعض کا بعض سے خالص محبت کرنا۔

اِسْتَصْفَى. المَالَ: کل لے لینا الرَجُلَ: خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَصْفَاه واصْطَفَاه" یعنی چن لینا۔

الصَفو. س۔ خالص محبت (الصَفوَة والصِفوَة والصُفوَة) مِنْ كُلِ شَئ: خالص اور عمدہ۔

الصَافِي. صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ: بے ابروباد کا دن۔ كِلَاءٌ صَافٍ: بغیر وڑا کرکٹ کی گھاس۔

الصَافِيَة. زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مر گئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو۔ ج صَوَافِي.

الصِفوَة. خالص دوست۔ طرزِ صفائی۔

الصِفوَةُ مِنَ المَاءِ و نَحْوهٖ: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔

الصَفَاء. جمع صَفَاة کی بمعنی پتھر اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)

الصَفَاة. ج صَفَاء صَفَوَات جج اَصْفَاء و صُفِيٌّ و صِفِي.

الصَفْوَانَة. ج صَفْوَان و صَفَوَان والصَفْوَاء. ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَاتَنْدى صَفَاتَه" مُراد یہ ہے کہ بخیل ہے و "فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهٗ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔

الصَفْوَان. چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَان: صاف دن۔

الصَفِيّ. ~~مخلص دوست۔ ج أصْفِيَاء.~~ مؤنث صَفِيَّةٌ. ہر چیز کا خالص حصہ۔

الصَفِيّ والصَفِيَّة. مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لئے خاص کر لے۔

الصَفِيَّة. زیادہ دودھ والی اُونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ ج صفايا.

المِصْفَاة. چھننا۔ ج مَصَافٍ.

المُصْطَفَى. برگزیدہ۔ چنا ہوا۔

صَقِبَ (س) صَقَبًا. المَكَانُ: قریب ہونا۔ بعید ہونا۔

صَقَبَه (ن) صَقْبًا. تھپڑ مارنا الشَيَّ: جمع کرنا البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ الطَائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔

صَاقَبَهٗ صِقَابًا و مُصَاقَبَةً. قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ صِقَابًا یعنی رو در رو ملاقات کی۔

اَصْقَبَهٗ. نزدیک کرنا۔ اَصْقَبَ الشَيُّ.

قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَصْقَبَكَ الصَّیْدُ" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔
اَلصَّقَبُ. مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا۔ ج صُقُوب لمبا۔ ج صِقَاب و صُقْبَان۔
الصَّقَبُ والصَّقِبُ. قریب۔ نزدیک۔ کہا جاتا ہے "دَارِیْ مِنْ دَارِهٖ بِصَقَبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "الْجَارُ اَحَقُّ بِصَقَبِهٖ" پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔
الصَّیْقَبَانِیُّ. عطر فروش۔
الصَّقَحُ والصَّقْحَةُ. گنج۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔
الاَصْقَحُ. گنجا۔ مؤنث صَقْحَاءُ جمع صُقْحٌ۔
صَقَرَهٗ (ن) صَقْرًا. بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔ اسی سے ہے "صَقَرَنِیْ بِكَلَامِهٖ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی۔ بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ الْحِجَارَةَ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔
صَقَرَ و صَقَّرَ. النَّارَ: آگ کو جلانا۔
صَقِرَتْ (ن) صَقْرًا و صَقْرَةً و اَصْقَرَتِ. الشَّمْسُ اَوِ النَّارُ: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صَقَرَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
صَقَرَ (ن) صَقْرًا و اَصْقَرَ اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔
تَصَقَّرَ. شکرہ سے شکار کرنا۔ بِالْمَكَانِ: مکان میں ٹھہرنا۔ تَصَقَّرَتْ و اِصْطَقَرَتِ النَّارُ: آگ کا جلنا۔
الصَّقْرُ. گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔ ج اَصْقُر و صُقُور و صُقُورَة و صِقَار و صِقَارَة و صُقُر. کہا جاتا ہے "صَقْرٌ صَاقِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔
الصَّقْرُ. بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ ج صُقُور و صِقَار
الصَّقْرُ والصَّقَرُ. شیرہ۔ تر کھجور کا ہو یا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا التَّمْرُ اَصْقَرُ مِنْ ذَاكَ" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔
الصَّقْرَةُ. بہت کھٹا دودھ۔
صَقَرُ. طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔
الصَّقِرُ. مِنَ الرُّطَبِ اَوِ الزَّبِیْبِ: تر کھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔ اِمْرَاَةٌ صَقِرَةٌ: بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالصَّقَرِ وَالْبَقَرِ او بِالصُّقَارَی وَالْبُقَارَی" یعنی سفید جھوٹ بولا۔
الصَّقَرَةُ. پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔
الصُّقْرَةُ. حوض کا بقیہ پانی۔
الصَّاقُوْرُ. ہتھوڑا جس سے پتھر توڑا جائے۔ کدال (والصَّاقُوْرَةُ) مصیبت۔ بڑی مصیبت۔
الصَّقَّارُ. چغل خور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
صَقَعَهٗ. (ف) صَقْعًا. سر پر مارنا۔ صَقَعَ بِهِ الْاَرْضَ: پچھاڑ دینا۔ الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ صَقَعَ" یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا الْحِمَارَ بِكَیٍّ گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا۔ کہا جاتا ہے صَقَعَتْهُ الصَّاقِعَةُ بمعنی صَعَقَتْهُ الصَّاعِقَةُ یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔
صَقَعَ (ف) صَقْعًا و صُقَاعًا و صَقِیْعًا الدِّیْكُ: مرغ کا بانگ دینا (صَقْعًا و صُقَاعًا) بِصَوْتِهٖ آواز بلند کرنا۔
صَقِعَ (س) صَقَعًا. الرَّجُلُ: بیہوش ہونا۔ الفَرَسُ اَوِ الطَّائِرُ: سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت اَصْقَعُ. صُقِعَتِ الْبِئْرُ: کنواں گر جانا۔
صُقِعَ و اُصْقِعَ. المَكَانُ: یخ والا ہونا۔ پالا پڑنا۔
صَقَّعَ. لِفُلَانٍ: کسی کے لئے قسم کھانا۔
اَصْقَعَ. الرَّجُلُ: یخ پر چلنا الصَّقِیْعَ الْاَرْضُ: یخ پڑنا۔
الصُّقْعُ. جانب۔ گوشہ۔ ج اَصْقَاع۔
الصَّقَعُ. سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔
الصَّقِعُ. گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مَكَانٌ صَقِعٌ: پالا زدہ جگہ۔
الصَّقْعَةُ. گھوڑوں اور پرندوں کے وسط سر میں سپیدی۔
الصَّقْعَاءُ. مؤنث اَصْقَعُ کا۔ آفتاب۔
الصَّاقِعُ. جھوٹا۔ کہتے ہیں "صَهْ صَاقِعُ" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔
الصَّاقِعَةُ. مؤنث صَاقِعٌ کا۔ بجلی۔
الصِّقَاعُ. برقع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا۔ وہ چیز جس سے اونٹنی کی ناک کو باندھ دیں۔ اونٹ کی گدی پر داغ۔ صِقَاعُ الْخِبَاءِ وہ رسی جس کو خیمہ کے اوپر ڈال دیں اور اس کے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور ایسا اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اکھڑ جانے کا خوف ہو۔
الصَّقِیْعُ. یخ۔ پالا۔ ایک قسم کی بھڑ۔
المِصْقَعُ. فصیح بلیغ۔ بلند آواز والا۔ وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہ ہو۔ ج مَصَاقِع
صَوْقَعَهٗ. سر پر مارنا۔
الصَّوْقَعَةُ. عمامہ۔ سر کا درمیانی حصہ۔

اوڑھنی کو تیل سے بچانے والا کپڑا۔

الصَقْعَب. لمبا۔ آواز نکالنے والا۔ (دانتوں سے یا دروازے سے)

صَقْعَرَ. فِیْ اُذُنِہٖ: کان میں چلانا۔

الصُقْعُر. ٹھنڈا پانی۔ سڑا ہوا پانی۔

صَقَلَ (ن) صَقْلًا و صِقَالًا. الشیءَ: صاف کرنا۔ چکنا کرنا۔ زنگ دور کرنا۔ صفت صَاقِل ج صَقَلَة. صفت مفعول مَصْقُوْل الدَابَّة: دُبلا کرنا ہ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا بِہٖ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

صَقِلَ (س) صَقَلًا. صاف شدہ ہونا۔

الصَقَل. گھوڑے کے پہلو کی لمبائی۔

الصِّیْصَۃ والصِّیْصِیَۃ. کپڑا بننے والے کا کونچ۔ مرغ کا خار۔ ہرن اور گائے کا سینگ۔ چھوارے توڑنے کا دستہ۔ قلعہ۔ گڑھی اور ہر پناہ لینے کی جگہ۔ ج صَیَاصِی.
صَاعَ یَصِیْعُ صَیْعًا واَصَاعَ. الغَنَم.
متفرق کرنا القَوْمَ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَصَیَّعَ. المَاءُ: متحرک ہونا۔ جوش مارنا۔
اِنْصَاعَ. الرَّجُلُ: تیزی سے واپس ہونا۔
الطَّیْرُ: فضاء آسمانی میں چڑھنا۔
صَافَ یَصِیْفُ صَیْفًا و صَیَّفَ و تَصَیَّفَ واَصْیَفَ. المَکَانَ: موسم گرما میں اقامت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا الطَّعَامُ یُصَیِّفُنِی" یعنی یہ کھانا میرے لیے گرم موسم گرما بھر کیلئے کافی ہے۔
صَافَ (ض) صَیْفًا و صَیْفُوْفَۃً. السَّہْمُ عَنِ الْھَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا عَنِی وَجْھَہٗ: منہ پھیر لینا۔
صِیْفَ وصُیِّفَ. المَکَانُ او الرَّجُلُ: مکان یا آدمی پر موسم گرما میں بارش ہونا۔ صفت مفعولی۔ مَصِیْفٌ مَصْیُوْفٌ و مُصَیَّفٌ۔
صَایَفَہٗ مُصَایَفَۃً و صِیَافًا. موسم گرما کے لیے معاملہ کرنا۔
اَصَافَ اِصَافَۃً. بڑھاپے میں شادی کرنا یا بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا القَوْمُ: زمانہ گرمی میں داخل ہونا اللّٰہُ عَنْہُ الشَّرَّ: اللہ کا شر کو دُور کرنا۔ اَصَافَتِ الدَّابَۃُ: جانور کا گرمی کے زمانہ میں بچہ دینا۔
الصَّیْف. موسم گرما۔ ج اَصْیَاف.
الصَّیْفَۃ. موسم گرما۔ یہ صَیْف سے اخص ہے۔ ج صِیَف.
الصَّیِّف والصَّیِّفَۃ. موسم گرما کی بارش۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا صَیِّفَۃٌ غَزِیْرَۃٌ" ہم پر موسم گرما کی کثیر بارش ہوئی۔
الصَّیْف والصَّیْفِی. گھاس جو موسم گرما میں اُگتی ہے۔
الصَّائِف والصَّاف. گرم۔
صَیْفٌ صَائِفٌ. تاکید کے موقعہ پر بولا جاتا ہے جیسے لَیْلٌ لَائِلٌ.
الصَّائِفَۃ. مؤنث الصَّائِف کا۔ موسم گرما کا وقت۔ گرمی کے زمانے میں جنگ۔ "صَائِفَۃُ الْقَوْمِ" زمانہ گرما کی خوراک۔ ج صَوَائِف.
المَصِیْف والمُتَصَیَّف والمُصْطَاف. موسم گرما بسر کرنے کا مکان۔ المَصِیْف: ندی جہاں پر بل کھاتی ہو۔
اَرْضٌ مِصْیَاف. زمین جس میں روئیدگی موخر ہو جائے اور موسم گرما میں اس میں بارش زیادہ ہوئی ہو۔ ج مَصَائِیف.
المَصَایِیْف. وہ بچے جو گرمی میں پیدا ہوں۔
الصِّیْق. چڑا چڑے۔ ج صِیْقَان. پسینہ۔ بدبو۔ آواز (والصِّیْقَۃ) وہ غبار جو فضاءِ آسمانی میں چکر لگائے۔ ج صِیَق.
صَاكَ یَصِیْكُ صَیْكًا. بِہِ الطِّیْبُ او الدَّمُ: خوشبو یا خون کا چپکنا۔
صِیْلَ. لَہٗ کَذَا: مقدر کیا جانا۔
الصَّیْم. بہت سخت۔
الصِّیْن. ملک چین۔
الصَّوَانِی. چینی برتن۔ واحد صِیْنِیَّۃ.
الصِّیْنِیَّۃ: کسی دھات کا طبق جو کسی چیز کو پیش کرنے کے لیے بنایا گیا ہو۔

ض

ض: الضاد: پندرھواں حرف بنیادی حروف سے مخارج کے لحاظ سے حروف شجریہ سے ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۸۰۰) ہے۔

الضِئْب. ایک دریائی جانور۔ موتی۔

الضُوْبان. موٹا قوی مرد یا اُونٹ۔

ضَأدَ(ف) ضَأدًا. خصومت میں غالب آنا۔

ضُئِدَ ضُؤَادًا. زکام زدہ ہونا۔

اَضْأدَهٗ اِضْآدًا. زکام میں مبتلا کرنا۔

الضُؤْد والضِؤْدَةُ والضُؤْدَةُ. زکام۔

المَضْؤُود. زکام زدہ۔

ضَأزَهٗ(ف) ضَأزًا و ضَأزًا ظلم کرنا۔

ضَأزَهٗ حَقَّهٗ: حق گھٹانا۔

قِسْمَةٌ ضُوْزیٰ و ضَأزیٰ و ضِئْزیٰ. ناقص تقسیم۔

الضَيَّاز. کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الضُؤْزَة. حقیر مرد۔

ضَأضَأ ضَأضَاةً وضَوْضَأ ضَوْضَاةً. القَوْمُ فِي الحَرْبِ: قوم کا لڑائی میں شور مچانا۔

الضَأضَأ والضَوْضَأ والضَوْضیٰ. لڑائی کا شور۔

الضُؤْضُؤ والضِئْضِئ. اصل۔ کان۔ معدن۔ الضُؤْضُؤ: ایک قسم کا پرندہ جس کے پروں پر طرح طرح کے نقطے ہوتے ہیں۔

ضَئِطَ (س) ضَأطًا. الرَجُلُ: چلنے میں مونڈھے اور جسم کو حرکت دینا۔

ضُئِكَ. زکام زدہ ہوا۔ الضُؤَاك: زکام۔

ضَؤُل (ک) ضَآلَةً وضُؤُوْلَةً. لاغر ہونا۔ حقیر ہونا۔

ضَاءَلَ. شَخْصَهٗ: اپنے آپ کو حقیر کرنا۔

تَضَاءَلَ. حقیر ہونا۔ کمزور ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ الشَّيْءُ: سکڑنا۔

اِضْطَأَلَ. چھوٹا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت مُضْطَئِل.

الضَئِيْل. چھوٹا۔ باریک۔ حقیر۔ دُبلا۔ ج ضُؤَلَاء و ضِئَال و ضَئِيْلُوْن.

الضُؤَلَة. کمزور۔ دُبلا۔

الضَئِيْلَة. ضَئِيْل کا مؤنث۔ باریک سانپ۔ حلق کا کوا۔

ضَأنَ (ف) ضَأنًا: الضَأنَ: بھیڑ کو بکریوں سے جدا کرنا۔

اَضْأنَ اِضْآنًا. بہت بھیڑ والا ہونا۔

الضَأن. بھیڑ۔ دُنبہ۔

الضَّائِيُّ. مولدین کے نزدیک بھیڑ کا گوشت

الضَائِن. کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَائِنٌ" کمزور مرد۔ ریت کا سفید چوڑا قطعہ۔ اُون والا۔ بھیڑ، دُنبہ۔ ج ضُأنٌ و ضَأنٌ و ضَئِيْن و ضِئِيْن.

الضَائِنَة. مؤنث ضَائِن ج ضَوَائِن.

الضِئْنِيُّ. دہی جمانے کی بڑی مشک بھیڑ کی کھال کی۔

ضَأیٰ يَضْأیٰ ضَأيًا. الرَجُلُ: جسم کا لاغر ہونا۔

ضَبَّ (ض) ضَبًّا. چپ ہونا۔ النَاقَةَ. اُونٹنی کو پوری ہتھیلی لگا کر دوہنا عَلَى الشَّيْءِ: جمع کرنا الشَّيْءُ: زمین سے چمٹنا عَلَيْهِ: مضبوطی سے پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضِبُّ فُوْهُ او تَضِبُّ لِثَاتُه بِكَذَا اَوْ عَلَى كَذَا" جبکہ حرص زیادہ ہو جائے (ضَبًّا و ضَبِيْبًا) الرِيْقُ اَوْ الدَم: تھوک یا خون بہنا۔

ضَبَّتْ (ض) ضَبًّا و ضُبُوْبًا الشَفَةُ: ہونٹ میں ایسی بیماری ہونا جس کی وجہ سے خون بہے۔

ضَبُبَ يَضْبُبُ وضَبِب يَضَبُّ ضَبَابَةً: المَكَانُ: کسی جگہ میں زیادہ گوہ ہونا۔ صفت ضَبِبٌ مؤنث ضَبِبَةٌ.

ضَبَّبَ. عَلَى الشَّيْءِ: سخت قبضہ کرنا۔ جمع کرنا۔ ضَبَّبَ عَلَى الضَبِّ: گوہ کو بھڑکانا۔

ضَبَّبَ البَابَ. دروازے میں بلی لگانا۔

اَضَبَّ. خاموش ہونا۔ چیخنا اور گفتگو کرنا۔ (ضد) المَاءُ او الرِيْقُ: پانی یا تھوک بہنا اليَوْمُ: دن کا کہر والا ہونا المَكَانُ: زیادہ روئیدگی والا ہونا الشَعْرُ: بال کا زیادہ ہونا۔ القَوْمُ: کسی کام کے لیے اکٹھا اُٹھ کھڑا ہونا۔ القَوْمُ فِيْ بُغْيَتِهِمْ: حصولِ مطلب کیلئے متفرق ہونا۔ اَضَبُّوا لِفُلَانٍ: کسی کے

طلب کرنے کے لئے متفرق ہونا۔الماءَ او الدَم: بہانا۔عَلَی الاَمرِ: حاوی ہونا۔عَلَی الشَّیُٔ: چھپانا۔عَلَی المَطلُوب کامیابی کے قریب ہونا۔اَضبَوا عَلَیہِ: بھیڑ کرنا۔
اَضَبَّ عَلیٰ مَا فِی نَفسِہِ: جو کچھ دِل میں ہو اس پر خاموش رہنا۔عَلیٰ غَلٍّ فِی قَلبِہِ: کینہ کو دِل میں پوشیدہ رکھنا۔
تَضَبَّبَ. الصبِیُ: بچے کا موٹا ہونے لگنا۔
الضَبُّ. گوہ۔ ج اَضُبّ و ضُبَّان و ضِبَّاب و مَضَبَّۃ. عرب کہتے تھے"لَا اَفعَلُہٗ حَتّٰی یَرِدَ الضَبُّ" یعنی میں یہ کام نہیں کروں گا یہاں تک کہ گوہ پانی پر آئے اس لیے کہ ان کا خیال تھا کہ گوہ پانی پر نہیں آیا کرتی۔
بَقلَۃُ الضَبِّ. ایک خوشبودار نباتات۔
الضَبُّ. اُونٹ کے سینہ یا قدم کا ورم۔ اُونٹ کے اگلے پیر کا مرض۔ ہونٹ کا مرض جس سے خون بہے۔
الضَبُّ والضِبُّ. پوشیدہ کینہ۔ ج ضِبَاب. کہا جاتا ہے"رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ" یعنی دغا باز حیلہ گر مرد۔
الضَبَّۃ. ضَبّ کا مؤنث۔ شگوفہ قبل اس کے کہ کھلے۔ سختی سے نچوڑ کر دوھنا۔ دروازے کا لوہے یا لکڑی کا موسلا۔ ج ضِبَاب.
الاَضَبُّ. مِنَ الجِمَالِ: وہ اُونٹ جس کو (ضب) کی بیماری لاحق ہو۔ مؤنث ضَبَّاء. ج ضُبٌّ.
الضَبُوبُ. تھن میں تنگ سوراخ والی بکری۔
ضَبِیبُ. السَیفِ: تلوار کی دھار۔
الضَبَابَۃ. کہرا۔ ج ضَبَاب.
الضَبِیبَۃ. ایک قسم کی خوراک جو گھی اور کھجور کے شیرہ سے بچوں کے لیے تیار کی جاتی ہے۔
اَرضٌ مَضَبَّۃٌ. زیادہ گوہ والی زمین۔ ج مَضَابّ.

المِضبَاب. بخیل۔
ضَبَأ (ف)ضَبأً و ضُبُوئاً. الرَجُلُ: زمین یا درخت سے چمٹنا۔ صفت ضَبِیُّ الصَائدُ: شکاری کا فریب دینے کے لیے چھپنا۔ بِالاَرضِ: چمٹنا۔اِلَیہِ: پناہ لینا۔مِنہُ: شرم کرنا عَلَی القَومِ: اچانک آجانا۔
اَضبَأ. الشَیْٔ: چھپانا۔عَلَیہِ: خاموش رہنا اور چھپانا۔مَا فِی یَدِہٖ و عَلَیہِ: پکڑے رکھنا۔
اِضطَبَأ اِضطِبَاءً. مِنہُ: چھپنا۔
الضَابِیُ. راکھ۔
المَضبَأ. چھپنے کی جگہ۔ ج مَضَابِی.
ضَبَثَ (ض)ضَبثًا و اِضطَبَثَ بالشَّیُٔ و عَلَیہِ: سختی سے قبضہ کرنا۔ضَبَثَ بِہٖ: حملہ کرنا۔ضُبِثَ عَلَیہِ: مارا جانا۔
الضِبثَۃ. قبضہ۔ ج ضِبثَات و اَضبَاث.
الضُبَّاث. شیر کے پنجے۔
الضَبَّاث والضَبث والضَبُوث. شیر۔
المَضَابِث. چنگل اور شیر کے پنجے۔
مِضبَث. واحد۔
ضَبَحَت (ف)ضَبحًا و ضُبَاحًا. الخَیلُ فِی وردھا: گھوڑے کا دوڑنے کی حالت میں جوف سے آواز نکالنا۔ (ضُبَاحًا) الاَرنَبُ والثَعلَبُ والقَوسُ: آواز کرنا۔ضَبَحَت النَارُ العُودَ: آگ کا لکڑی کو متغیر کر دینا۔
ضَابَحَہ. رو در رو مقابلہ کرنا۔ گالی دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔
اِنضَبَحَ. لَونُہٗ: راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔
تَضَابَحَا. ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔
الضَبحَاء. کمان کہ جس میں آگ کا اثر ہو۔
الضِبح. راکھ۔
المَضبُوح. سنگستان کا پتھر۔
ضَبَدَ (ن)ضَبدًا. تر اور گدر کھجوروں کو ملانا۔
ضَبَّدَہٗ. غصہ آور چیزوں کو یاد دلانا۔

الضَبَد. غُصہ۔ غضب۔
ضَبَرَ (ن)ضَبرًا. الحِجَارَۃَ: تہ بتہ رکھنا۔الکُتبَ: جمع کرنا یا بنڈل بنانا۔ضَبرًا و ضَبَرَانًا) الفَرَسُ او المُقَیَّدُ: ٹانگوں کو جمع کرنا اور کودنا۔
ضَبَّرَ. الشَّیُٔ: جمع کرنا۔
الضَبر. لکڑی کی بنی ہوئی چیز جس پر کھال منڈھی ہوئی تھی اور جس کے اندر داخل ہو کر جنگ کے لیے قلعے کے قریب پہنچتے تھے۔ ج ضُبُور. الضَّبر: فقر فقرس ضَبرٌ: گھوڑا تام الخلقۃ.
الضَبر والضَبِر. جنگلی اخروٹ کا درخت۔
الضِبر. بغل۔
الضِبَار والضُبَار. کتابیں۔ ان کا واحد نہیں۔
الضَبَارَۃ. خلقت کی مضبوطی۔
الضِبَارَۃ والضُبَارَۃ. کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج ضَبَائِر.
الاِضبَارَۃ. کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج اَضَابِیر.
الضِبَارَۃ. لوگوں کی جماعت۔ مجمع کہتے ہیں"رَاَیتُھُم یَخرُجُونَ مِنَ المَکَانِ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ" میں نے ان کو دیکھا کہ لوگ جوق در جوق نکل رہے تھے۔
الضِبِّر. بہت زیادہ کودنے والا۔
الضَبِیر والضَبُور. سخت۔ شیر۔
الضُبَّار. ملوط کی مانند ایک درخت۔ واحد ضُبَّارَۃ.
المِضبَر. کودنے والا۔ شیر۔المضبور. وارنتی۔
ضَبَزَہٗ (ض)ضَبزًا. کنکھیوں سے تیز دیکھنا۔
الضَبز والضَبِیز. مِنَ الذِئَاب: تیز نظر بھیڑیا۔
ضَبَسَ (ن)ضَبسًا عَلَی الغَرِیمِ: قرضدار پر سختی سے تقاضا کرنا۔

ضَبِسَت(س) ضَبَسًا. نَفْسُه: جی کا بگڑنا اور متلانا۔
الضَبْس. بخیل۔
الضِبْس. شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِبْسُ شَرٍّ" وہ برائی کا ساتھی ہے یعنی شریر ہے۔
الضَبِس. سخت مزاج۔ فریبی۔
الضَبِيْس. سخت مزاج۔ گراں تن۔ گراں جان۔ بزدل۔ بیوقوف۔
ضَبَطَهُ(ن ض) ضَبْطًا و ضَبَاطَةً. لازم ہونا۔ غالب ہونا۔ قوی ہونا۔ خوب حفاظت کرنا العَمَلَ: مضبوط کرنا الكِتَابَ: تصحیح کرنا۔ اعراب لگانا عَلَيْهِ: گرفتار کرنا۔
ضَبِطَ(س) ضَبَطًا. دونوں ہاتھوں سے کام کرنا۔ صفت اَضْبَط مؤنث ضَبْطَاء. ج ضُبْط.
ضُبِطَتِ. الاَرْضُ. زمین پر بارش ہونا۔
تَضَبَّطَ. زبردستی گرفتار کرنا۔ تَضَبَّطَ الضَانُ: موٹا ہونا۔ تھوڑی سی گھاس کھانا۔
اِنْضَبَطَ: قابو میں آنا۔ مضبوط ہونا۔
الضَبْط. مص. روک۔ گرفتاری۔
الضَابِط. فا. قوی۔ ہوشیار۔ حاکم۔ فوج کا جنرل۔ ج ضُبَّاط (والضَابِطَة) عِنْدَ العُلَمَاء وہ قاعدہ کلیہ جو اپنے سارے جزئیات پر منطبق ہو۔
اَلضَّابِطِيَّةُ واحد: الضابطی۔ حاکم کا لشکر جن سے مال کو جمع کرنے، حفاظت کرنے اور مجرمین وغیرہ کو حکومت کے سامنے حاضر کرنے کی خدمت لی جاتی ہے۔
الضَابِطُ والاَضْبَط. شیر۔
ضَبَعَ(ف) ضَبْعًا و ضُبُوْعًا و ضَبَعَانًا البَعِيْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا اور اپنے پہلوؤں کو پھیلانا القَوْمُ الصُلْحَ: صلح کی طرف مائل ہونا۔ ضَبَعَه ضَبْعًا: مارنے کیلئے ہاتھ بڑھانا الرَجُلُ: ظلم کرنا عَلٰی فلان: بددعا کے لیے ہاتھ اٹھانا۔
ضَبَّعَ الرَجُلُ: بزدل ہونا۔ ضَبَّعَتِ الخَيْلُ والاِبِلُ: چال میں پہلوؤں کو پھیلانا۔
ضَابَعَه مُضَابَعَةً. ایک دوسرے کی طرف تلوار کا ہاتھ بڑھانا۔ الرَجُلَ: مصافحہ کرنا۔
اِضْطَبَعَ. بازو ظاہر کرنا۔ داہنی بغل سے چادر کو نکال کر بائیں کاندھے پر ڈالنا الشَيْءَ: بغل میں لینا۔
الضَبُع والضَبْع. بجو۔ لفظ مؤنث ہے۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج ضِبَاع واَضْبُع وضُبْع و ضُبُوْعَة و ضَبُعَات و مَضْبَعَة اور تصغیر ضبع کی اُضَيْبِع۔ خلاف قیاس اور کبھی مادہ کے لیے ضَبْعَة کا استعمال کیا جاتا ہے اور دو قسمیں مشہور ہیں۔ ضبع مخططة (دھاری دار) ضبع رقطاء (خال دار) اور ضبع رقطاء مخططة سے بڑا اور قوی ہوتا ہے۔
الضَبْع. بازو کا وسط۔ بازو۔ بغل۔
الضَبْع والضِبْع والضُبْع. جانب۔ کنارہ۔ ج اَضْبَاع.
الضَبُع. قحط کا سال۔
الضَبْع والضِبَاع. دعا کے لیے ہاتھ اٹھانا۔
الضِبْعَان. نر بجو۔ مثنی ضِبْعَان. ضِبْعَانَان غلط ہے۔ ج ضَبَاعِيْن. مؤنث ضِبْعَانَة ج ضَبَاعِيْن و ضِبْعَانَات.
الضَابِع. فا مِنَ الخَيْلِ والاِبِلِ: تیز دوڑنے والا۔ ج ضُبَّع.
ضَبَنَ(ن) ضَبْنًا. المَكَانُ: تنگ ہونا۔ صفت ضَبِنٌ عَنْهُ الهَدِيَّةَ: ہدیہ کو روک دینا۔ منع کرنا۔ ضَبَنَه: بغل اور پہلو کے درمیان اٹھانا۔
اَضْبَن واِضْطَبَنَ. بغل اور پہلو کے درمیان اٹھانا۔
الضِبْن. بغل اور پہلو کے درمیان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ ضِبْنِ فُلَان او ضِبْنَتِه" یعنی فلاں آدمی فلاں کی پناہ میں ہے۔
الضَبْنَة والضِبْنَة والضُبْنَة. بال بچے۔
الضَبْنَة والضِبنَةُ. بیوی۔
الضِبْن والمَضْبُوْن. لنجا۔
ضَبَا يَضْبُوْ ضَبْوًا. اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ ضبته النارُ: آگ کا بھون دینا اور متغیر کر دینا۔
اَضْبٰی. الشَيْءَ: اٹھانا۔ روکنا۔ عَلَيْهِ: فتح مندی کے لیے جا پہنچنا۔
الضَابِي. فا. راکھ۔
الضَبْوَة. عِنْدَ العَامَةِ: تمباکو کیلئے چمڑے کا بٹوہ اور صحیح لفظ الضَبَّة ہے اور ممکن ہے کہ یہ ظَبْيَة کی تحریف ہو۔
المُضْبَاة. بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔
المَضْبَاة. بھوبھل میں روٹی پکانے کا گڑھا۔
ضَجَّ (ض) ضَجًّا و ضَجِيْجًا و ضَجَاجًا و ضُجَاجًا. چیخنا۔ شور مچانا۔
اَضَجَّ اِضْجَاجًا. القَوْمُ: چیخنا۔ شور مچانا۔
ضَجَّجَ. الرَجُلُ: جانا اور مائل ہونا الطَائِرَ و نَحْوَهُ: زہر دینا۔
ضَاجَّه ضِجَاجًا و مُضَاجَّةً. جھگڑا کرنا اور شور مچانا۔
الضَجَّة. چیخ و پکار۔ شور۔
الضَجَاج. ہاتھی دانت۔ ایک قسم کا مہرہ۔
الضِجَاج. گوند جو کھایا جاتا ہے۔ ہر اس درخت کا پھل جو پرندوں یا درندوں کو بطور زہر کے دیا جائے۔
الضَجُوْج مِنَ النُوْقِ: دودھ دوہتے وقت چلانے والی اونٹنی۔
الضَجَّاج. بہت شور مچانے والا۔
ضَجِرَ (س) ضَجَرًا و تَضَجَّرَ. مِنْهُ: تنگ دل ہونا۔ بے قرار ہونا۔ زچ ہو جانا۔ صفت ضَجِر.
اَضْجَرَهُ. ستانا۔ زچ کر دینا۔ بے قرار کر دینا۔ تنگ دل کر دینا۔
الضَجَر. غم کی وجہ سے تنگ دلی۔ بے قراری۔
الضَجِر. تنگ مکان۔

الضُجْرَةُ. بے قراری۔ تنگ دِلی۔
الضَجُوْر والضَجَرَة. بہت بے قرار۔ بہت تنگ دِل۔
المُضْجِر. بے قرار کرنے والا۔ تنگ دِل کرنے والا۔ ج مَضَاجِر و مَضَاجِیر.
ضَجَعَ (ف) ضَجْعًا و ضُجُوْعًا وانْضَجَعَ واضَّجَعَ واضْطَجَعَ. پہلو کے بل لیٹنا۔ ضَجَعَ النَجْمُ: ستارہ کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔
اَضْجَعَهُ. پہلو کے بل لٹانا۔ الشَیْ: پست کرنا۔ الحَرْفَ: حرف کا کسرہ کی طرف امالہ کرنا۔ جوَالِقَهُ: بھری ہوئی گون کو خالی کر دینا۔
ضَجَّعَتِ. الشَمْسُ: غروب کیلئے مائل ہونا (و تَضَجَّعَ) فِیْ الْاَمْرِ: کوتاہی کرنا۔
ضَاجَعَهُ. ساتھ لیٹنا۔ صفت مُضَاجِع. کہا جاتا ہے "ضَاجَعَهُ الهَمُّ". یعنی اس کو غم لازم ہے۔
تَضَاجَعَ. عَنِ الْاَمْرِ: غفلت کرنا۔
الضَجْعُ. س۔ ہر وہ چیز جس سے کپڑا دھویا جائے۔ صابون۔
الضَجْعَة. صابون کا ایک ٹکڑا۔ ایک بار کا سونا۔ رائے کی کمزوری۔ آرام۔ راحت۔
الضِجْع. جھکاؤ۔ کہا جاتا ہے "ضِجْعُهُ اِلَیَّ". یعنی اس کا میلان میری طرف ہے۔
الضِجْعَة. پہلو پر لیٹنے کی ہیئت۔ کاہلی۔
الضُجْعَة. رائے کی کمزوری (و الضُجَعَة والضُجْعِیّ والضِجْعِیّ والضُجْعِیَّة والضِجْعِیَّة) بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔
الضَاجِع. فا۔ لیٹنے والا۔ کاہل۔ وادی کا موڑ۔ وادی کا ڈھلوان۔ بیوقوف مِنَ الدَّوابّ. بے برکت جانور مِنَ النُجُوْم: غائب ہونے کی طرف مائل ستارہ۔ ج ضَوَاجِع. رَجُلٌ ضَاجِع بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ ضَاجِعًا اِلَیْهِ". یعنی میں تم کو اس کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔

الضَاجِعَة. مؤنث ضَاجِع. نہر کا دھانہ۔ ٹیلہ۔ ج ضَوَاجِع (والضَجْعَاء) زیادہ بکریاں۔
الضَجُوْع والمَضْجُوْع. کمزور رائے والا۔ الضَجُوْع: مشک جو لے جانے والے کو جھکا دے۔ کشادہ ڈول۔ پانی کی زیادتی سے آہستہ آہستہ چلنے والا بادل۔
الضَجِیْع. ساتھ لیٹنے والا۔ مؤنث ضَجِیْعَة.
المَضْجَع. خواب گاہ۔ ج مَضَاجِع.
اَلْمُضْطَجَع. خواب گاہ۔ مَضَاجِع الغَیْث: بارش کی جگہ۔
ضَجِمَ (س) ضَجَمًا الفَمُ او العُنُقُ: منہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا۔ جس کا ٹیڑھا ہو جائے اس کو اَضْجَم اور مؤنث کو ضَجْمَاء کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فِیْ فَمِهٖ ضَجَمٌ" یعنی اس کے منہ میں کجی ہے۔
تَضَاجَمَ. الفَمُ: منہ کا ٹیڑھا ہونا۔ الاَمْرُ بَیْنَهُمْ: مختلف فیہ ہونا۔
الضِحّ. آفتاب کی روشنی۔ جس پر آفتاب کی روشنی پڑے۔
ضَحْضَحَ و تَضَحْضَحَ. السرابُ: سراب کا متحرک ہونا اور چمکنا۔ ضَحْضَحَ الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔
الضَحْضَح. تھوڑا پانی۔
الضَحْضَاح تھوڑا پانی یا نایاب پانی۔ بہت اُونٹ۔
ضَحِكَ (س) ضَحِكًا و ضِحْكًا و ضِحِكًا و ضَحْكًا. ہنسنا۔ کہا جاتا ہے "ضَحِكَ مِنْهُ و بِهٖ و عَلَیْهِ" اس نے کشادہ روئی کی اس طرح پر کہ دانت ظاہر ہوگئے۔ القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا السَحَابُ: بادل کا چمکنا۔ الطَرِیْقُ: راستہ کا ظاہر ہونا۔ ضَحِكَتِ الاَرْضُ عَنِ النَبَاتِ: اُگانا۔ الشَیْبُ براسه: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ طَلْعُ النخلة: درخت خرما کا شگوفہ نکلنا (ضَحِكًا) الرَجُلُ: تعجب کرنا۔

ضَاحَكَهُ. ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنا۔ ہنسی میں غالب آنا۔
اَضْحَكَهُ. ہنسانا۔ اَضْحَكَ الحَوْضَ: لبریز کر دینا۔
تَضَحَّكَ و تَضَاحَكَ واسْتَضْحَكَ. ہنسنا۔ و تَضَاحَكَ الرَجُلُ: بتکلف ہنسنا۔ تَضَاحَكَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہنسانا۔
الضَحْكَ. س۔ سفید دانت۔ گلی۔ جھاگ۔ برف۔ درمیان راستہ۔ تعجب۔ شہد یا شہد مع موم کے۔ کھجور کا شگوفہ غلاف سے نکلا ہوا۔
الضَاحِك. فا. ہنسنے والا۔ پہاڑ میں نہایت سفید چمکتا ہوا پتھر۔ کہا جاتا ہے "لَهُ رَایٌ ضَاحِكٌ". یعنی ظاہر ہے جس میں کوئی التباس نہیں۔
الضَاحِكَة. مؤنث ضاحک۔ دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں۔ ج ضَوَاحِك. کہا جاتا ہے "اِفْتَرَّ عَنْ ضَوَاحِكِهٖ" اس نے ہنسنے میں دانتوں کو ظاہر کیا۔
الضُحْكَة والضُحُكَة والضَحَّاك والضَحُوْك والمِضْحَاك. بہت زیادہ ہنسنے والا۔ الضَحُوْك والضَحَّاك: درمیان۔ راستہ۔ الضَحُوْك کی جمع ضُحُك.
الضُحْكَة. جس آدمی پر لوگ ہنسیں۔
الضُحَكَة. جو لوگوں پر ہنسے۔
الاُضْحُوْكَة. وہ چیز جس پر ہنسی آئے۔ ج اَضَاحِیْك.
ضَحَلَ (ف) ضَحْلًا. الغَدِیْرُ: تالاب کا پانی کم ہونا۔ الماءُ: پانی کا پایاب ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَضْحَلَ خَیْرَكَ". یعنی کس چیز نے تمہاری خیر و برکت کو کم کر دیا۔
الضَحْل. پایاب پانی۔ ج ضِحَال واَضْحَال و ضُحُوْل.
المَضْحَل. وہ جگہ جہاں پانی کم ہو۔
ضَحَا یَضْحُو ضَحْوًا و ضُحُوًّا وضُحِیًّا الرَجُلُ: دھوپ کھانا۔ الشَیْ: دھوپ کا لگنا۔ الطَرِیْقُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا

ہے "ضَحَا ظِلُّهٗ" یعنی مر گیا اور یہ ان کے قول "شَجَرَۃٌ ضَاحِیَۃٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے ماخوذ ہے۔

ضَحِیَ یَضْحٰی ضَحًا و ضَحَاءً. دھوپ لگنا۔ دھوپ کھانا۔ کھل جانا۔ ضَحِیَتِ اللَّیْلَۃُ: بے بادل کا ہونا۔

ضَحّٰی تَضْحِیَۃً. فُلَانًا: چاشت کے وقت کھانا کھلانا بِالشَّاۃِ: بقر عید کے زمانہ میں چاشت کے وقت ذبح کرنا یا مطلقاً ذبح کرنا۔ الْغَنَمَ: چاشت کے وقت چرانا الرَّجُلَ: فدیہ ہو جانا عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ جلدی نہ کرنا۔ اِلَیْهِ: بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

ضَاحٰی مُضَاحَاۃً. الرَّجُلَ: چاشت کے وقت آنا۔

اَضْحٰی. چاشت کے وقت میں داخل ہونا۔ اَضْحٰی یَفْعَلُ کَذَا: چاشت کے وقت ایسا کرتا تھا یا مطلقاً ایسا کرتا تھا (یہ کلمہ ان جیسے جملوں میں کانَ جیسا عمل کرتا ہے) الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔ عَنِ الْاَمْرِ: دور رہنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْحَی اللّٰہُ ظِلَّكَ" یعنی اللہ تیرے سائے کو دور کر دے۔ مراد یہ ہے کہ تجھے ہلاک کر دے۔

تَضَحّٰی تَضَحِّیًا. چاشت کے وقت کھانا۔ چاشت کے وقت تک سونا۔ دھوپ کھانا۔

اِسْتَضْحٰی اِسْتِضْحَاءً لِلشَّمْسِ: موسم سرما میں دھوپ کھانا۔

الضَّحَاءُ. چاشت کا وقت۔

الضَّحْوُ الضَّحْوَۃُ. چاشت کا وقت۔

الضُّحٰی. چاشت۔ آفتاب۔ بیان۔ کہا جاتا ہے "مَا لِکَلَامِهٖ ضُحًی" یعنی اس کے کلام کے لیے بیان نہیں۔

الضَّحْیَانُ. چاشت کے وقت کھانے والا۔ مؤنث ضَحْیَانَۃٌ.

الضَّحِیَّۃُ. دن کا □ بلند ہونا۔ قربانی کی بکری۔ ذبیحہ۔ ج ضَحَایَا.

الْاَضْحَاۃُ. قربانی۔ ج اَضْحًی.

الْاُضْحِیَّۃُ الْاِضْحِیَّۃُ: قربانی۔ ج اَضَاحِیُّ. یَوْمُ الْاَضْحٰی. قربانی کا دن۔ الْاَضْحٰی مِنَ الْخَیْلِ. سفید سیاہی مائل گھوڑا۔ مؤنث ضَحْیَاءُ.

الضَّاحِیْ. فا. دھوپ کھانے والا۔ ضَاحِی الْجِلْدِ: جسم کا کھلا ہوا حصہ۔

الضَّاحِیَۃُ. مؤنث ضاحی۔ ہر شے کا کھلا ہوا حصہ۔ ج ضَوَاحٍ. ضَوَاحِی الْبَلْدَۃِ: اطراف شہر۔ ضَوَاحِی الْحَوْضِ: حوض کے اطراف۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ ضَاحِیَۃً" یعنی اعلانیہ کیا۔ شَجَرَۃٌ ضَاحِیَۃُ الظِّلِّ. بے سایہ درخت۔

یَوْمٌ اِضْحِیَانٌ. بے بادل کا دن۔

لَیْلَۃٌ اِضْحِیَانَۃٌ و اِضْحِیَّۃٌ. چاندنی رات۔

اَرْضٌ مَضْحَاۃٌ. سورج کے سامنے کی زمین یا جس سے سورج غائب نہ ہو۔

ضَخَّ (ن) ضَخًّا. الْمَاءَ. پانی گرانا۔

ضَخَّتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا۔

اِنْضَخَّ الْمَاءُ: گرنا۔

الْمِضَخَّۃُ. پچکاری۔

ضَخَرَ (ف) ضَخْرًا عَیْنَهٗ. آنکھ نکال لینا۔

ضَخُمَ (ک) ضَخَامَۃً و ضِخَمًا. موٹا ہونا۔ صفت ضَخْمٌ. ج ضِخَام مؤنث ضَخْمَۃٌ. ج ضَخْمَات.

ضَخَّمَهٗ. موٹا بنانا۔

الضُّخَامُ. ہر شے کا بڑا۔

الْاَضْخَمُ. موٹا۔ زیادہ موٹا۔

الْمِضْخَمُ. بہت مارنے والا۔ سردار۔ عالی مرتبت۔

ضَدَّ (ن) ضَدًّا فُلَانًا فِی الْخُصُوْمَۃِ: جھگڑے میں غالب آنا۔ ـہٗ عَنْ کَذَا: نرمی سے ہٹانا۔ باز رکھنا الْقِرْبَۃَ: مشک کو بھر دینا۔

ضَادَّہٗ مُضَادَّۃً. مخالفت کرنا۔

اَضَدَّہٗ. غضبناک ہونا۔ ضد کرنا۔

تَضَادًّا اتَّضَادًّا. ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔

الضِّدُّ. مخالف۔ مثل و نظیر۔ دشمن۔ ج اَضْدَاد و ضِدٌّ.

الْاَضْدَاد. ایسے کلمات جو معانی متضادہ پر دلالت کریں جیسے یہی لفظ ضد کہ اس کے معنی مخالف اور نظیر دونوں کے ہیں۔

الضَّدِیْدُ. ضد۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "لَا ضَدِیْدَ لَهٗ" یعنی اس کا کوئی مثل نہیں۔

ضَدِیَ یَضْدٰی ضَدًی. عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔ صفت ضَادٍ مؤنث ضَادِیَۃٌ. ج ضَوَادٍ و ضَادِیَاتٌ.

ضَادَاہُ مُضَادَاۃً. مخالفت کرنا۔

اَضْدٰی اِضْدَاءً. الْاِنَاءَ: برتن کو بھر دینا۔

ضَرَّ (ن) ضَرًّا و ضُرًّا. فُلَانًا و لِفُلَانٍ: نقصان دینا ہٗ اِلٰی کَذَا: مجبور کرنا۔

ضَرَّ. بَصَرُہٗ: اندھا ہونا۔

ضَارَّہٗ ضِرَارًا و مُضَارَّۃً. نقصان دینا۔ مخالفت کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ضَارَّ اِمْرَاَتَهٗ: اپنی بیوی پر سوکن لانا۔

ضَرَّرَہٗ تَضْرِیْرًا. بہت زیادہ نقصان دینا۔

اَضَرَّہٗ. تکلیف پہنچانا ہٗ عَلَی الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔ اَضَرَّ بِهٖ: بہت قریب ہونا اِلَیْهِ و عَلَیْهِ: جلدی کرنا۔ اَضَرَّ بِعَدْوِہٖ: کچھ تیز دوڑنا عَلَی السَّیْرِ الشَّدِیْدِ: تیز چلنے میں صبر کرنا الرَّجُلُ: سوکن کر کے لانا۔ اندھا ہونا۔

تَضَرَّرَ. نقصان پہنچنا۔

اِضْطَرَّہٗ. اِلٰی کَذَا: محتاج کرنا۔ مجبور کرنا۔

اُضْطُرَّ. مجبور کیا جانا۔

اِسْتَضَرَّ. بِهٖ: نقصان پہنچنا۔

الضَّرُّ والضُّرُّ والضَّرَر. نقصان۔ تنگی۔ سختی بدحالی۔ ج اَضْرَار. اور عوام کے استعمال میں ضرہ چھوٹی چیونٹی کے معنی میں ہے مگر صحیح لفظ ذَرٌّ ہے۔

الضِّرُّ والضُّرُّ. سوکن کر کے لانا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِرُّ اَضْرَارٍ" یعنی مصیبتوں

میں ایک مصیبت ہے۔
الضَرَّاء. سختی۔ قحط۔ جانی و مالی نقصان۔
الضُرَّة. جانی و مالی نقصان۔
الضَرَّة. حاجت۔ تنگ حالی۔ تکلیف۔ پستان کی جڑ۔ پستان۔ تھن۔ مالِ کثیر۔
ضَرَّة المرأة. سوکن۔ ج ضرائِر. کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ دَاءُ الضَرَّائِر" یعنی ان کے درمیان حسد ہے۔ الضَرَّتَانِ: چکی کے دونوں پاٹ۔
الضَارُّ. نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔
الضَرُوْرَة والضَارُوْرَة والضَارُوْرِ والضَارُوْرَاء. حاجت۔ الضَارُوْرَة بمعنی ضرر۔
الضَرَارَة. اندھا ہونا۔ جانی و مالی نقصان۔
الضَرِيْر. اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج اَضِرَّاء واَضْرَار مؤنث ضَرِيْرَة. ج ضرائِر.
الضَرِيْر. غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارا۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ ضَرِيْرٌ و ذُوْ ضَرِيْرٍ عَلَى الشَّیٔ" یعنی جب کہ صابر ہو "نَاقَةٌ ذَات ضَرِيْرٍ" یعنی دیر میں تھکنے والی۔
الضَرُوْرِيّ. جس پر انسان کو مجبور کیا جائے۔ جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔
التَضِرَّة والتَضُرَّة. بدحالی۔
المَضَرَّة. نقصان۔ ج مَضَارّ.
ضَرَأَ (ف) ضَرْأً. الشَّیُٔ: مخفی ہونا۔ چھپنا۔
اِنْضَرَأَتْ اِنْضِرَاءً. الإبِلُ: اُونٹوں میں موت کا واقع ہونا الشَجْرَةُ: درخت کا خشک ہونا۔
ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا. الشَّیُٔ: متحرک ہونا۔ العِرْقُ: رگ کا پھڑکنا الجُرْحُ او الضِرْسُ: زخم یا داڑھ میں درد ہونا العَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا اللَيْلُ: رات طویل ہونا الزَمَانُ: گزرنا الطَيْرُ: پرندہ کا خوراک کی تلاش میں جانا٥: مارنا٥ البَرْدُ: سردی لگنا۔ ضَرَبَ الخَيْمَةَ: خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ العَنْكَبُوْتُ نَسِيْجَهَا: مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الاَجَلَ: مدت مقرر کرنا المثل: مثال بیان کرنا الدِرْهَمَ: درہم پر ٹھپہ لگانا الخاتمَ: انگوٹھی ڈھالنا الصَلَاةَ: نماز قائم کرنا الشَّیٔ بِالشَّیٔ: ملانا الحَاسِبُ كَذَا فِیْ كَذَا: ضرب دینا الجِزْيَةَ عَلَيْهِمْ: جزیہ مقرر کرنا عَلَيْهِمْ الذِلَّةَ: ذلت کو لازم کر دینا لَهٗ سَهْمًا مِنْ مَالِهٖ: مال سے حصہ مقرر کرنا عَلٰى يَدِهٖ: روک دینا القَاضِیْ عَلٰى يَدِهٖ: قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بنفسه الاَرْضَ: اقامت کرنا۔ سفر کرنا فِی الْمَاءِ: تیرنا بَيْنَهُمْ: فساد کرا دینا فُلَانًا عَنْ فُلَانٍ: روک دینا۔ منع کر دینا بِيَدِهٖ: اشارہ کرنا عَنْ فُلَانٍ كَذَا: روک لینا الدَهْرُ بَيْنَنَا: جدا کر دینا بالقِدَاحِ: تیروں کو گھمانا عَلٰى اُذُنِهٖ: سننے سے منع کرنا عَلَى المَكْتُوْبِ: مہر لگانا فِی البُوْقِ: بگل بجانا اِلَيْهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و "ضَرَبْتُ عَنْهُ جَرْوَتِی" میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا و "ضَرَبَ بِذَقَنِهِ الاَرْضَ" یعنی بزدلی کی اور خوف کیا و "ضَرَبَ فِی الاَرْضِ ضَرْبًا و ضَرَبَانًا" تجارت یا غزوہ کے لیے سفر کرنا۔
ضَرِبَ (س) ضَرَبًا. النَبَاتُ: نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔
ضُرِبَتِ الاَرْضُ: زمین پر کہرا پڑنا۔
ضَرَّبَهٗ. بہت مارنا الشَّیٔ بِالشَّیٔ: بلانا المَظَلَّةَ بِالخُيُوْطِ: چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا٥ النَجَّادُ المُضَرَّبَةَ: درزی کا رضائی کو سینا ضَرَّبَتْ عَيْنُهٗ: آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَيْنَهُمْ: بھڑکا دینا٥ فِی الحَرْبِ: برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ دلاور کرنا۔
ضَارَبَهٗ مُضَارَبَةً وضِرَابًا. ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَهٗ و ضَارَبَ لَهٗ فِی الْمَالِ و بِالمَالِ: کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔
اضرب فی المکان: اقامت کرنا۔ سر جھکانا عَنْهُ: اعراض کرنا القَوْمُ: پالے سے ڈھک جانا الخبزُ: پکنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْرَبَ جَأْ شَاً لِاَمْرِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کر لیا۔
تَضَرَّبَ. الشَّیُٔ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔
تَضَارَبَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔
اِضْطَرَبَ. متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا الاَمْرُ: خلل پر ہونا۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا فِی اُمُوْرِهٖ: متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَ حَبْلُهُمْ یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہو گیا مِنْ كَذَا: تنگ دل ہونا فُلَانٌ: حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتِمًا مِنْ ذَهَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لیے کہا۔
اِسْتَضْرَبَ. العَسَلُ: شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔
الضَرْب. مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرَاب. خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ ضَرْبٌ" ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے فِی العُرُوْضِ. فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جز۔ ج ضُرُوْبٌ واَضْرَابٌ واَضْرُبٌ. دِرْهَمٌ ضَرْبٌ: ٹھپہ لگا ہوا درہم۔ دَارُالضَرْبِ: ٹکسال۔
الضَرْب والضَرَب. سفید گاڑھا شہد۔
الضَرْبَة. اسم مرۃ۔ دفعۃ واحدۃ۔ کہا جاتا ہے "لَا آخُذَ مَالِیْ عَلَيْكَ اِلَّا ضَرْبَةً

وَاحِدَةً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔ آفت۔ فساد۔
الضَّرَبَان. مص۔ ضَرَبَانُ الدَّهْرِ: زمانے کے حوادث۔
الضروب والضرب. مارنے والا۔
الضَّرَّاب. زیادہ مارنے والا۔
الضَّارِب. فا۔ پست جگہ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو۔ ج ضَوَارِب. الطَّيْرُ الضَّوَارِبُ: خوارک تلاش کرنے والے پرندے۔
الضَّرِيْب. مارنے والا۔ ج ضُرَبَاء پٹا ہوا۔ ج ضَرْبَى قسم۔ مثل۔ شکل۔ حصہ۔ آدمی کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرَائِب.
الضَّرِيْبَة. طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ ضَرِيْبَتُهُ الَّتِي ضُرِبَ عَلَيْهَا" یعنی یہ اس کی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔ بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔ جزیہ مِنَ السَّيْفِ: دھار مِنَ الصُّوْفِ و نَحْوَهُ: اون یا روئی کی پونی۔ ج ضَرَائِب.
المَضْرَب. مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل (والمَضْرِبُ) تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ ج مَضَارِب.
المِضْرَب والمِضْرَاب. مارنے کا اوزار۔ زخم۔ بہت مارنے والا۔ المِضْرَب: بڑا خیمہ۔ ج مَضَارِب.
المُضْرِب والمُضْرِبَة مِنَ الحَيَّاتِ: غیر متحرک سانپ۔
مَضْرِبَةُ السَّيْفِ ومَضْرَبَتُهُ. تلوار کی دھار۔
بِسَاطٌ مُضَرَّبٌ. سلا ہوا بچھونا۔
المُضَرَّبَة. دلائی۔ رضائی۔
ضَرَجَ (ن) ضَرْجًا. الشَّيْءَ: پھاڑنا الثَّوْبَ بِالدَّمِ: خون میں لتھیڑنا الشَّيْءَ اِلَى الْاَرْضِ: ڈالنا۔
ضَرَّجَهُ. لتھیڑنا ضَرَّجَ الثَّوْبَ: سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو الْاَنْفَ بِالدَّمِ: خون آلود کر دینا الكَلَامَ: آراستہ کرنا الِابِلَ: لوٹ میں دوڑانا۔
ضَرَّجَ واَضْرَجَ. الجَيْبَ: لٹکانا۔
تَضَرَّجَ. پھٹنا الزَّهْرُ: پھول کا کھلنا الشَّيْءُ: لت پت ہونا الخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا المَرْاَةُ: عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔
اِنْضَرَجَ. پھٹنا لَنَا الطَّرِيْقُ: کشادہ ہونا مَا بَيْنَ الْقَوْمِ: دوری ہونا۔
اِنْضَرَجَتِ العُقَابُ: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔
الضَّرِيْج. ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِيْجٌ. تیز دوڑ۔
الاِضْرِيْج. زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم۔ سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المِضْرَج. پرانا مستعمل کپڑا۔ ج مَضَارِج
المَضَارِج: مشقتیں۔
عَيْنٌ مَضْرُوْجَةٌ. بڑی خوبصورت آنکھ۔
الضَّرْجَع. چیتا۔ ج ضَرَاجِع.
ضَرَحَ (ف) ضَرْحًا. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَحَ شَهَادَةَ فُلَانٍ عَنِّي" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کر دیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّي الثَّوْبَ" میں نے کپڑے کو اُتار دیا۔ القَبْرَ: قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَيِّتِ: میت کیلئے صندوقی قبر بنانا۔
ضَرَحَتْ (ن) ضُرُوْحًا و ضَرْحًا. السُّوْقُ: کساد بازاری ہونا ضَرْحًا و ضِرَاحًا. الدَّابَّةُ بِرِجْلِهَا. دولتی مارنا۔
ضَارَحَهُ. ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔
اَضْرَحَهُ. فاسد کرنا۔ دور کرنا۔ اَضْرَحَ السُّوْقَ: کساد بازاری کرنا۔
اِنْضَرَحَ. الشَّيْءُ: پھٹنا مَا بَيْنَ الْقَوْمِ. دوری ہو جانا۔ تعلقات کا ختم ہو جانا۔
اِضْطَرَحَ. الشَّيْءَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔
الضُّرَاح. چوتھے آسمان میں ﴿بیت المعمور﴾
الضَّرَح. مص۔ کھال۔ دوری۔ وحشت۔
الضَّرِح. خراب آدمی۔ نِيَّةٌ ضَرَحٌ: دور دراز کا ارادہ۔
الضَّرُوْح مِنَ الدَّوَابِّ: دولتی مارنے والا جانور۔ قَوْسٌ ضَرُوْحٌ: زور سے پھینکنے والی کمان۔
الضَّرِيْح. دور۔ قبر۔ ج ضَرَائِح.
المُضَرَّح والمَضْرَحِيّ. شکرہ۔ لمبے ڈینے کا گدھ۔ المَضْرَحِيُّ: فیاض سردار۔ سفید چیز۔
ضَرَسَ (ض) ضَرْسًا. الشَّيْءَ: ڈاڑھ سے سخت کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَسَهُ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس پر مصیبت ڈالی۔ "ضَرَسَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو کچل دیا۔ ضَرَسَ البِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا الرَّجُلُ: رات تک خاموش رہنا۔
ضَرِسَتْ (س) ضَرَسًا. الاَسْنَانُ: دانت کھٹے ہونا۔ ضَرَّسَهُ. الزَّمَانُ: زمانہ کا سخت ہونا۔ ضَرَّسَهُ الحُرُوْبُ او الْاَيَّامُ: تجربہ کار کر دینا۔
اَضْرَسَ. الحَامِضُ الاَسْنَانَ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا هٗ: رنجیدہ کرنا هٗ بِالْكَلَامِ: خاموش کر دینا۔
ضَارَسَهُ. لڑائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ضَارَسَ الْاُمُوْرَ: تجربہ کرنا اور پہچاننا۔
تَضَارَسَ القَوْمُ ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔ البِنَاءُ: ناہموار ہونا۔
الضِّرْس. ڈاڑھ کے دانت۔ ج اَضْرَاس.
الضِّرْس. ٹیلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا گیا ہو۔ ہلکی بارش۔ ج ضُرُوْس.
الضَّرِس. سخت مزاج۔ بھوک کی وجہ سے غضبناک۔ تجربہ کار۔ مسافر۔ جنگجو۔
الضَّرُوْس. مِنَ النُّوْقِ: وہ اونٹنی جو

دوبنے والے کو کاٹ کھائے۔ حَرْبٌ ضَرُوْسٌ: سخت جنگ۔
الضَّرِيْس. پتھر کا من بنا ہوا کنواں۔ ریڑھ کی ہڈی۔ بہت بھوکا۔ ج ضَرَاسِي.
المُضَرَّس. مصیبت زدہ. مِنَ الوَشْيِ: وہ کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش و نگار بنے ہوں۔ کہا جاتا ہے "فِي اليَاقُوْتَةِ تَضْرِيْسٌ" یاقوت میں ناہمواری۔ ج تَضَارِيْس. تَضَارِيْسُ الاَرْضِ: زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں۔
الضِّرْضِم. شیر۔ نر درندے۔
ضَرَطَ (ض) ضَرْطًا وضَرِطًا وضُرَاطًا وضَرِيْطًا. گوز کرنا۔
ضَرِطَ (س) ضَرَطًا. ہلکی ڈاڑھی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت اَضْرَط.
ضَرَّطَ واَضْرَطَ. الحِمَارُ: بہت گوز کرنا۔ ضَرَّطَ واَضْرَطَ الحِمَارَ: گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے۔ "ضَرَّطَ واَضْرَطَ بِفُلَانٍ" ٹھٹھے کے طور پر گوز کی آواز منہ سے نکالنا۔
مُضَرِّطُ الحِجَارَةِ: حیرۃ کے بادشاہ عمرو بن ہند کا لقب۔
الضَّرَّاط والضَّرُوْط والضِّرُّوْط. گوز کرنے والا۔ زیادہ گوز کرنے والا۔
الضُّرَّيْط. موٹا۔ کہا جاتا ہے "كَبْشٌ ضُرَّيْطٌ و نَعْجَةٌ ضُرَّيْطَةٌ" امثلہ عرب میں سے ہے "الاَخْذُ سُرَّيْطٌ والقَضَاء ضُرَّيْط یا الاَخْذُ سُرَّيْطَى والقَضَاء ضُرَّيْطَى یا الاَخْذُ سِرِّيْطَى والقَضَاء ضِرِّيْطَى یا الاَخْذُ سُرَيْطَاء والقَضَاء ضُرَيْطًا" یعنی قرض کو لے کر نگل لیتا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے۔
اَوْدَى البَعِيْرُ اِلَّا ضَرِطًا. مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل و خوار ہوگیا ہو اور سب کچھ ضائع ہوگیا ہو اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو۔

اَضْرِطًا واَنْتَ الاَعْلَى. مثال ہے قوی کے لیے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو۔
الضُّرَاط والضَّرِيْط. گوز۔
ضَرَعَ (ن) ضُرُوْعًا. مِنَ الشَّيْءِ: قریب ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔
ضَرَعَ (ن،ب) ضَرْعًا. فَرَسَهُ: سدھانا۔
ضَرَعَ (ف) ضَرَاعَةً و ضَرِعَ (س) ضَرَعًا و ضَرُعَ (ک) ضَرَاعَةً. کمزور ہونا۔ اِلَيْهِ: فروتنی کرنا۔ صفت ضَارِع و ضَرِعٌ. ج ضَارِعُوْنَ و ضُرُوْع و ضَرَعَة.
ضَرَّعَ. مِنْ فُلَانٍ: چپکے چپکے قریب آنا۔ ضَرَّعَتِ الشَّمْسُ: غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ ضَرَّعَ الرُّبُّ: شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا۔
ضَارَعَهُ. مشابہ ہونا۔ ضَارَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔
اَضْرَعَتِ الشَّاةُ: بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا۔ صفت ضَرْعَاء و ضَرُوْع وضَرِيْع وضَرِيْعَة: بچہ کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اترنا۔ اَضْرَعَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا لِفُلَانٍ مَالًا کسی کے لیے مال خرچ کرنا الحُمَّى فُلَانًا. کمزور کر دینا۔ مثال ہے الحُمَّى اَضْرَعَتْنِي لِلنَّوْمِ اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے۔ اَضْرَعَتْهُ الحَاجَةُ اِلَى فُلَانٍ: مجبور کر دینا۔
تَضَرَّعَ. ذلیل ہونا۔ چپکے چپکے قریب آنا اِلَى اللهِ: عاجزی سے دعا کرنا الظِّلُّ: سائے کا سمٹنا۔
تَضَارَعَا. ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔
اِسْتَضْرَعَ. لَهُ انکساری □ کرنا؛ ذلیل ہونا۔

الضَّرْع. تھن۔ ج ضُرُوْع.
الضِّرْع. مثل۔ رسّی کی لٹ۔ ج ضُرُوْع.
الضَّرَع. مرد کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَرَعٌ و قَوْمٌ ضَرَعٌ."
الضَّارِع. لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔
الضَّرْعَاء والضَّرِيْعَة. مِنَ الشَّاءِ والبَقَرِ: بڑے تھن والی۔
الضَّرُوْع. بڑے تھن والی۔ عاجز و ذلیل۔
الاَضْرَع. لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔
المُضَارِع. مشابہ۔ افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف (اتین) میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے۔ علم عروض کی ایک بحر کا نام۔
ضَرْغَمَ و تَضَرْغَمَ. شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔
الضَّرْغَم. شیر۔ ج ضَرَاغِم.
الضِّرْغَام والضِّرْغَامَة. شیر۔ بہادر۔ قوی۔
الضَّرْف. عِنْدَ العَامَّةِ: گھی تیل وغیرہ کے لیے چمڑے کا برتن اور صواب ظرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔
الضُّرْفَة. کثرت۔
ضَرْفَطَهُ. بِالحَبْلِ: رسّی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔
ضَرُكَ (ک) ضَرَاكَةً. بیوقوف ہونا۔
الضَّرِيْك. احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال۔ فقیر۔ مذکر گدھ۔ ج ضَرَائِك و ضُرَكَاء.
الضُّرَاك. موٹا آدمی۔ مضبوط و توانا آدمی۔ شیر۔
ضَرِمَ (س) ضَرَمًا. بھوک یا غصہ سے بھڑکنا۔ ضَرِمَتِ النَّارُ: آگ کا مشتعل ہونا عَلَيْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا فِي الطَّعَامِ: کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔

اَضْرَم و ضَرِم واِسْتَضْرَمَ النَّارُ: آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔

اِضْطَرَمَت وتَضَرَّمَتِ النَّارُ: مشتعل ہونا۔ تَضَرَّم الرَّجُلُ عَلَيْه: غصہ سے بھڑک اُٹھنا۔ اِضْطَرِمَ المَشِيْبُ: بڑھاپا آجانا۔

الضُرْم والضِرُم. ایک خوشبو دار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول سعتر کے مانند ہوتا ہے۔ الضِرْم: عقاب کا بچہ۔

الضَرَم. بھوک کی وجہ سے غصہ۔ ایندھن۔ اسی سے مثال ہے "نَفَخْتَ فِيْ غَيْرِ ضَرَمٍ" جبکہ بے فائدہ کام کرے۔

الضِرِم. بھوکا۔ عقاب کا بچہ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الضَرَمَة. چنگاری۔ آگ۔ ج ضَرَم. کہا جاتا ہے "مَا فِيْ الدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الضِرَام. بھڑک۔ جلن۔ کھورا۔ چھپٹی۔ کشادہ زمین۔

الضِرَامَة. لکڑی جو مشتعل ہو۔ بطم کا درخت۔

الضَرِيْم. جلا ہوا۔

الضِرْيَم. ایک درخت کا گوند۔

ضَرَا يَضْرُ و ضُرُوًّا. العِرقُ: رگ کا خون بہانا جو بند نہ ہو الرَّجُلُ: چھپنا۔

ضَرِی يَضْرَی ضَرَاوَةً و ضَرًی و ضَرْيًا و ضَرَائَةً بالشَّیٔ: حریص ہونا (ضَرًی و ضِرَاءً و ضَرَاءً) الكَلْبُ بالصَّيْدِ: کتے کا شکار پر خوگر ہونا مع گوشت خون کے چٹ کر جانا۔ صفت ضَرٍ و ضَارٍ. مؤنث ضَارِيَةٌ. ج ضَوَارٍ. ضَرِیَ النَّبِيْذُ: جھاگ والا ہونا۔

ضَرَّیَ واَضْرَی. الكَلْبَ بالصَّيْدِ: شکار پر کتے کو بھڑکانا۔ اَضْرَی الرَّجُلُ: جھاگ والی نبیذ پینا۔

اِسْتَضْرَی. لِلصَّيْدِ: شکار کو بے خبری میں پکڑنا۔

الضَرَاء. س۔ گنجان درخت۔ وسیع میدان۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الضَرَاءَ" یعنی وہ درختوں میں چھپ چھپ کر چل رہا ہے۔

الضَرَی. س۔ لڑائی کی شدت۔

الضِرْو. شکار کا عادی کتا۔ مؤنث ضِرْوَة. ج ضِرَاء و اَضْرٍ. ایک قسم کا درخت۔

الضَرِيُّ: ایک قسم کی نبیذ۔

الضَوَارِي. جمع ضارى مِنَ الحَيْوَانَاتِ. درندے جیسے شیر، چیتا وغیرہ۔

ضَرِی يَضْرِی ضَرْيًا. العِرْقُ بِالدَّمِ رگ کا خون بہانا۔ صفت ضَرِیٌّ.

ضَزَّ (س) ضَزَزًا. بد خلق ہونا۔

اَضَزَّ عَلَيْه: بخل کرنا۔ اَضَزَّهُ: پیسنا۔

الاَضَزُّ. بد خلق۔ تنگ جبڑے والا۔ وہ شخص جس کے اُوپر نیچے کی ڈاڑھیں مل گئی ہوں جس کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کر سکے۔ ج ضُزٌّ.

المُضِزُّ. بد خلق۔ غضبناک۔

ضَزَنَهُ (ن ض) ضَزْنًا. جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا۔

تَضَازَنَ. القَوْمُ: آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا۔

الضَيْزَن. قابل اعتبار نگہبان۔ آل و اولاد۔ شرکاء۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنے والا۔

ضَعْفَعَهُ. زمین تک ڈھا دینا۔

تَضَعْضَعَ. فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ ضعیف ہونا۔ مریض یا غم کی وجہ سے دُبلا ہونا مَالُهُ: کم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَعْضَعَ بِهِ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا۔

الضَعْضَع والضَعْضَاع. کمزور۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی۔

الضَعْضَعَة. س۔ شدت۔ فروتنی۔ خاکساری۔

ضَعَطَهُ (ف) ضَعْطًا. ذبح کرنا۔

ضَعُفَ (ن) ضَعْفًا و ضُعْفًا و ضَعُفَ (ك) ضَعَافَةً و ضَعَافِيَةً. کمزور ہونا۔

ضَعَفَ (ف) ضَعْفًا. القَوْمَ: زیادہ کرنا الشَّیٔ: دوچند کرنا۔

ضَعَّفَهُ. دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔

ضَعَّفَ الحَدِيْثَ: ضعف کی طرف نسبت کرنا (و تَضَعَّفَهُ واسْتَضْعَفَهُ) ضعیف سمجھنا۔

اَضْعَفَهُ. دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔ صفت مفعولی مَضْعُوْف. قیاس کے مطابق مُضْعَف ہونا چاہئے تھا اور یہ ایسا ہی ہے جیسے "اَسْعَدَهُ اللّٰه" سے مسعود نہ کہ مُسْعَد. اَضْعَفَ الرَّجُلُ: کمزور جانور کا مالک ہونا۔

ضَاعَفَهُ. دوچند کرنا۔

تَضَاعَفَ. دوچند ہونا۔

الضَعْف والضُعْف. کمزوری۔

ضِعْفُ. الشَّیٔ: دوچند اور یا دو چند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول "لَكَ ضِعْفُهُ" کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لیے دوچند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے۔ ج اَضْعَاف. اَضْعَافُ الكِتَاب: کتاب کی سطور کا فاصلہ۔

الاَضْعَاف مِنَ الجَسَدِ: اعضاء جسم یا ہڈیاں۔

الضَعْف. کمزوری۔ عقل و رائے کی کمزوری۔

مُضَاعَف عَدَد صَحِيْح: ایک عدد صحیح کو دوسرے صحیح عدد میں ضرب دینے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔

مُضَاعَف اَصْغَر: ضرب دینے کے بعد سب سے چھوٹا عدد جو پورا پورا تقسیم ہو جائے۔

مضاعف مشترک جو کئی پر تقسیم ہو جائے۔

الضعفان. کمزور۔ ج ضعافى.

الضعوف. کمزور۔

الضعيف. کمزور۔ ج ضعاف و ضعفاء.

و ضَعَفَة و ضَعْفٰی مؤنث ضَعِيْفَة.
الضَعِيْفُ مِنَ الكَلَامِ درجۂ فصاحت سے گرا ہوا کلام۔
المُضَاعَفَةُ. مِنَ الدُّرُوْعِ: ایسی زرہ جس کے حلقے دُہرے دُہرے ہوں۔
اَرْضٌ مُضَعَّفَة. زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
ضَعِلَ (س) ضَعَلًا. ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچے کا دُبلا ہونا۔
ضَغَا يَضْغُوْ ضَغْوًا. پوشیدہ ہونا۔
اَضغَّ. الْقَوْمُ: سرسبز باغ میں ہونا۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا۔ اَضغَّتْ واِضْطَغَّتِ الاَرْضُ. سبزہ زار ہونا۔
الضَغِيْغ. تروتازگی۔
الضَغِيْغَة. سرسبز باغ۔ فراخ دستی کی زندگی۔ پتلا خمیر۔ لوگوں کی مخلط جماعت۔
ضَغَبَ (ف) ضَغْبًا. بھیڑیے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا۔ گھبرا دینا۔
الضَغِيب والضُغَاب. خرگوش اور بھیڑیے کی آواز۔
الضَغْبُوْس. لومڑی کا بچہ۔ کمزور مرد۔ ککڑی کھیرا۔ ہلیون کی مانند ایک سبزی۔ ج ضَغَابِيْس.
ضَغَثَ (ف) ضَغْثًا. الحَدِيْثَ: ملانا۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
اَضْغَثَ. الحَالِمُ الرُّؤْيَا: خواب کو شک سے بیان کرنا۔
ضَغَّثَ. النَبَاتَ: سبزی کا مٹھا بنانا۔
اِضْطَغَثَ. الحَطَبَ: لکڑی کو اکٹھا کرنا۔
الضِغْث. تر و خشک گھاس کا مٹھا۔
مِنَ الخَبَرِ والاَمْرِ: مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ ج اَضْغَاث. اَضْغَاثُ اَحْلَام: گڑبڑ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جاسکے۔
كَلَامٌ ضَغْثٌ و ضَغِثٌ. ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

التَضْغِيْث. بارش سے تر زمین یا نباتات۔
ضَغَطَه (ف) ضَغْطًا واَضْغَطَه. بھینچنا۔ بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔
ضَاغَطَهُ ضِغَاطًا و مُضَاغَطَةً. ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔
تَضَاغَطُوْا. تنگی کرنا۔
اِنْضَغَطَ. مغلوب ہونا۔
اِضْتَغَطَ. عَلَيْهِ: تاوان وغیرہ میں سختی کرنا۔ اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔
الضُغْطَة. تنگی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ فُلَانًا ضُغْطَةً" جبکہ تم تنگی کرو تاکہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔
الضَغْطَة. قہر۔ تنگی۔ مجبوری۔ ضَغْطَةُ القَبْرِ. فشار قبر۔
الضَاغِط. فا۔ نگہبان۔ امانت دار۔
الضَاغُوْط. کابوس (ایک قسم کی بیماری)
الضَغِيْط. کمزور رائے والا۔ ج ضَغْطٰی مؤنث ضَغِيْطَة.
اَلْمِضْغَط: ہواء، فضا اور موسم کو معلوم کرنے کا آلہ۔
المَضْغَط. پست زمین۔ ج مَضَاغِط.
ضَغَمَ (ف) ضَغْمًا. الشَّيْءَ و بِه: بھنبھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضَغَمَهُ ضَغْمَةَ الاَسَدِ" اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔
الضُغَامَة. دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الضَيْغَم. شیر۔ کاٹنے والا۔ ج ضَيَاغِم.
الضَيْغَمِيُّ. شیر۔
ضَغِنَ (س) ضَغَنًا. عَلَيْهِ: کینہ رکھنا اِلَيْهِ: مائل ہونا۔
اِضْطَغَنَهُ. بغل کے نیچے لینا۔
اِضْطَغَنَ و تَضَاغَنَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلٰی فُلَانٍ ضَغِيْنَتَه" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔
الضِغْنُ. کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔

بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج اَضْغَان.
الضَاغِن والضَغِن. کینہ ور۔ فَرَسٌ ضَاغِنٌ و ضَغِنٌ: اڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔ عُوْدٌ ضَغِنٌ: ٹیڑھی لکڑی۔
الضَغِيْنَة. کینہ۔ ج ضَغَائِن.
ضَغَا يَضْغُوْا ضَغْوًا. المُقَامِرُ: خیانت کرنا اِلَيْهِ: عاجزی کرنا (ضَغْوًا وضُغَاءً) السِنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَضْغَاه اِضْغَاءً. میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
تَضَاغٰی. بھوک یا مار سے بلبلانا۔
الضُغَاء. س۔ ذلیل آدمی کی آواز۔
ضَفَّ. (ن) ضَفًّا و ضَفَفًا. الْقَوْمُ عَلٰی المَاءِ او الطَعَامِ: بھیڑ کرنا (ضَفًّا) الشَّيْءَ. جمع کرنا۔
تَضَافَّ. الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔
ضَفُّ الحَالِ: بدحال۔
الضَفَّة. جماعت۔
الضَفَّة والضِفَّة. دریا کا کنارہ۔
مِنَ البَحْرِ: سمندر کا ساحل۔ ج ضِفَاف.
الضَّفَف. مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلد بازی۔
الضَفَافَة. بے عقل۔
عَيْنٌ ضَفُوْف. بہت پانی والا چشمہ۔
مَاءٌ مَضْفُوْف. جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔
ضَفَدَهُ (ض) ضَفْدًا. طمانچہ مارنا۔
ضَفْدَعَ المَاءُ: پانی کا مینڈکوں والا ہونا الرَّجُلُ: سکڑنا۔ گوز کرنا۔
الضِفْدِع. مینڈک۔ ج ضَفَادِع و ضَفَادِي اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدَعَة.
ضَفَرَ (ض) ضَفْرًا و ضَفَّرَ. الحَبْلَ: رسی بٹنا الشَّعْرَ: بال گوندھنا۔ ضَفَرَ البِنَاءَ: عمارت کے پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔
الرَّجُلُ: دوڑنے میں کودنا الدَّابَّةَ: جانور

کے مُنہ میں لگام دینا۔
ضَافَرَهٗ. عَلَى الْاَمْرِ: مدد کرنا۔
تَضَافَرُوْا. عَلَى الْاَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِنْضَفَر. گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْضَفَر الْحَبْلَان" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔
الضَفْر. س۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہوگیا ہو۔ ج ضُفُوْر واَضْفَار۔
الضِفَار. کجاوہ کا تنگ۔ ج ضُفُر.
الضِفْرَة. ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہوگیا ہو۔ كِنَانَة ضِفِرَة: بھرا ہوا ترکش۔
الضَفِيْر. گندھے ہوئے بالوں کی رسّی۔ سمندر کا کنارہ۔ کجاوہ کا تنگ۔
الضَفِيْرَة. گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ چوٹی۔ ج ضَفَائِر. کہا جاتا ہے "كِنَانَةٌ ضَفِيْرَةٌ" یعنی بھرا ہوا ترکش۔
ضَفَزَ (ن) ضَفْزًا. کودنا فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہاتھ یا پیر سے مارنا الفَرَسَ: گھوڑے کے مُنہ میں لگام دینا البَعِيْرَ: اُونٹ کے مُنہ میں زبردستی لقمہ دینا۔
اِضْطَفَزَهٗ. زبردستی نگلنا۔
الضَفَّاز. چغل خور۔
الضَفِيْزَة. بڑا لقمہ۔ ج ضَفَائِز.
ضَفْضَفَة. الْقَوْمِ: جماعت۔ قوم۔
ضَفَطَهٗ (ن) ضَفْطًا. بِالْحَبْلِ: رسّی سے باندھنا الرَجُلُ: حاجت پوری کرنا بِسَلْحِهٖ: پاخانہ کرنا۔
ضَفُطَ (ک) ضَفَاطَةً. ڈھیلے اور بڑے پیٹ کا ہونا۔ جاہل اور کمزور رائے کا ہونا۔
تَضَافَطَ. اللَحْمُ: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔
الضَفْطَة. جہالت۔ کمزوری رائے۔
الضَافِط. فا۔ مسافر جس کا سفر دُور کا نہ ہو۔
الضَافِطَة. مؤنث ضَافِطٌ. بار برداری کا اُونٹ۔ کمینہ آدمی۔ شتر بان۔

الضَفَّاط والضِفَطُ والضَفِيْطُ. موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔ بیوقوف۔ کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے۔ شتر بان۔
الضُفَّاط. کمینہ آدمی۔
الضَفَطّ. موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔
ضَفَنَ (ض) ضَفْنًا. اِلَيْهِ: کسی کے پاس جا کر بیٹھنا بِحَاجَتِهٖ: حاجت پوری کر دینا۔ بِرِجْلِهٖ: لات مارنا مَعَ الضَعِيْفِ: ساتھ آنا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا فُلَانًا: چوتڑ پر لات مارنا عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔
تَضَافَنَ. الْقَوْمُ عَلَيْهِ: مل کر مدد کرنا۔
الضِفَن والضِفَنَّ. بیوقوف۔ چھوٹے قد کا موٹا۔
ضَفَا يَضْفُوْ ضَفْوًا. الرَاسُ: سر پر بال بہت زیادہ ہونا الحَوْضُ: حوض کا کناروں سے بہنا الثَوْبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔ صفت ضَافٍ.
الضَفَا. جانب۔ مثنی ضَفَوَان.
ضَفْوَةُ. العَيْشِ: خوش عیشی۔
ضَقَّ (ض) ضَقًّا. آواز کرنا۔
ضَكَّهٗ (ن) ضَكًّا. جھینچنا الْاَمْرُ فُلَانًا: تنگ ہونا هٗ بِالْحُجَّةِ: مغلوب کرنا۔
ضَكَزَهٗ (ن) ضَكْزًا. زور سے چھونا۔
الضَكِل. تھوڑا پانی۔
الضَيْكَل. بڑے ڈیل ڈول کا۔ ننگا۔ فقیر۔ ج ضَيَاكِل و ضَيَاكِلَة.
الاَضْكَل. ننگا۔
ضَلَّ (س ض) ضَلَالًا وضَلَالَةً. گمراہ ہونا۔ دین حق یا راہ حق سے ہٹ جانا۔ صفت ضَالٌّ. ج ضُلَّال و ضَالُّوْنَ الطَرِيْقَ او عَنْهُ. ہدایت نہ پانا الشَيْءُ عَنْهُ: ضائع ہونا بیکار جانا۔ ضَلَّ سَعْيُهٗ: کامیاب نہ ہونا الشَيْءُ: تلف ہونا الرَجُلُ: مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہو جانا الرَجُلَ: بھول جانا۔

ضَلَّلَهٗ تَضْلِيْلًا و تَضْلَالًا. گمراہ کر دینا۔ گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔
اَضَلَّ. الشَيْءَ: ضائع کرنا۔ ہلاک کرنا۔ دفن کرنا۔ غائب کرنا ہ الله: اللہ کا کسی کو گمراہ کر دینا فُلَان فَرَسَهٗ: گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا الشَيْءَ او الرَجُلَ: گمراہ پانا اور اسی سے ہے "اَتٰى قَوْمَهٗ فَاَضَلَّهُمْ" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا۔
تَضَالَّ. گمراہی کا دعویٰ کرنا۔
اِسْتَضَلَّ. گمراہ ہونے کو کہنا۔
الضَلُّ والضُلُّ والضَلَال والضَلَالَة. گمراہی۔ باطل۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضُلُّ بْنُ ضُلٍّ او ضِلُّ بْنُ ضِلٍّ او ضُلُّ اَضْلَالٍ او ضِلُّ اَضْلَالٍ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں یا اس کے اندر خیر نہیں۔
الضَلَل. گمراہی۔ پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے۔
الضَلَّة. اسم مرۃ۔ حیرت۔ خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا۔
الضِلَّة. گمراہی۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ ضِلَّةً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہوگیا۔ "ذَهَبَ ضِلَّةً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا۔ "هُوَ تِبْعُ ضِلَّةٍ" یعنی وہ مصیبت ہے "هُوَ يَلُوْمُنِيْ ضِلَّةً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی۔
الضُلَّة. کامل رہنمائی۔ کہا جاتا ہے "دَلِيْلٌ بِهٖ ضُلَّةٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے۔
الضَالَّة. مؤنث ضَالٌّ. گم شدہ چیز جس کے پیچھے تم پھر رہے ہو۔ ج ضَوَالّ.
الضِلِّيْل. بہت زیادہ گمراہ۔
الاُضْلُوْلَة. گمراہی۔ ج اَضَالِيْل.
المَضَلّ. جس میں لوگ گمراہ ہو جائیں۔

المُضِلُّ. فا۔ سراب۔

المَضَلَّة والمَضِلَّة. گمراہی۔ اَرْضٌ مَضَلَّةٌ و مَضِلَّةٌ: زمین جس میں راستہ بھول جائیں اور جمع کیلئے کہا جاتا ہے "اَرْضُوْنَ مَضَلَّات۔"

المُضَلَّل. بہت زیادہ گمراہ۔ گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو۔

ضَلُعَ(ک) ضَلَاعَةً. قوی مضبوط پسلیوں والا ہونا۔ صفت ضَلِيْع.

ضَلَعَ(ف) ضَلْعًا. الشَّئُ: ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت ضَالِعٌ الرَّجلَ: پسلی پر مارنا عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔

ضَلِعَ (س) ضَلَعًا و ضِلَعًا. پیدائشی ٹیڑھا ہونا۔ صفت ضَلِعٌ اور اسی سے ہے "لَا قِيْمَن ضَلَعَكَ او ضِلَعَكَ" یعنی میں تیری کجی کو درست کر دوں گا۔ ضَلِعَ مَعَ فُلَانٍ: جھکنا الرَّجُلُ: شکم سیر یا سیراب ہونا۔

ضَلَّعَه. جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔ بوجھل کرنا۔

ضَلَّعَ الثَّوبَ: کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش و نگار بنانا۔

اَضْلَعَهُ. جھکانا۔ بوجھل کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَضْلَعَتْهُ الخُطُوْبُ" یعنی فلاں کو حوادث نے بوجھل کر دیا۔

تَضَلَّعَ. شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تَضَلَّعَ مِنَ العُلُوْمِ" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔

اِضْطَلَعَ. قوی ہونا بِحَمْلِهٖ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔

الضَّلَع. میلان و ٹیڑھا پن۔ کہا جاتا ہے "ضَلَعُكَ مَعَ فُلَانٍ" تمہارا میلان فلاں کی جانب ہے۔

الضِّلْع والضِّلَع. پسلی (مؤنث) اَضْلُع و ضُلُوْع و اَضْلَاع. کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى ضِلْعٍ جَائِرَةٍ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔ الضِّلع والضِلع مِنَ البِطِّيخ: خربوزے کی قاش پھانک۔ ضِلْعُ السِلْقِ و نَحْوِهٖ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔ الضِلَع: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال اَبرو۔

الضِلْعَة. جانب۔

الضِلَعَة. ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔

الاَضلَع. مضبوط موٹا مرد۔ ج ضُلْع.

الضُلُوْع. زمین کا ڈھلوان۔

الضَّلِيْع. مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ ج ضُلْع. مؤنث ضَلِيْعَة رَجل ضَلِيْعُ الفَم: بڑے منہ والا۔ قَوْسٌ ضَلِيْعٌ و ضَلِيْعَةٌ و مَضْلُوْعَةٌ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔

المُضْلِعُ مِنَ الاَحْمَال: بوجھل۔ عاجز کر دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مُضْلِعٌ بِهٰذَا الاَمرِ" اسے اس کام کی طاقت ہے۔

المُضَلَّع. پہلوؤں والا مِنَ الثِّيَاب. دھاری دار کپڑا۔

اَلْمُضَلَّعُ او ذُو لَاَضلَاعِ: (ہ) خط منکر اور اس کے قطعات کو اضلاع اور اطراف اضلاع کو رؤس بولتے ہیں۔

اَلْمُضَلَّعُ الْمُنْتَظِمُ: وہ خط جس کے اضلاع برابر ہوں اسی کو محدب اور مجی بولتے ہیں۔

اَلْمُضَلَّعُ الرُّبَاعِيّ: چار اضلاع والا۔

اَلْمُضَلَّعُ الْخُمَاسِي: پانچ اضلاع والا

اَلْمُضَلَّعُ السُّدَاسِيّ: چھ اضلاع والا

ضَمَّ (ن) ضَمًّا. الشَّئَ: جمع کرنا الشَّئَ اِلَيْهِ: قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا عَلَى الشَّئِ: قبضہ کرنا فُلَانًا اِلَيْهِ: ساتھ رکھنا۔ ضَمَّه اِلٰى صَدْرِهٖ. معانقہ کرنا الحَرْفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ جَنَاحَه عَنِ النَّاسِ" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔

ضَامَّه. اِلَيْهِ: ملانا۔

اَضَمَّهُ. الشَّئَ اِلٰى فُلَانٍ: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔

اِنْضَمَّ. ملنا عَلٰى كَذَا: مشتمل ہونا۔

تَضَمَّمَ. الشَّئُ: پوری طرح سے شامل ہونا۔

اِضْطَمَّهُ. اپنی طرف ملانا۔ اِضْطَمَّ عَلَيْهِ: مشتمل ہونا۔

الضَّمُّ والضَّمَّةُ. پیش کی حرکت۔

الضَّمَّةُ. گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔

الضِمَام. ملانے کا ذریعہ۔

الضَمُوْم. دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔

الضَمِيْم. ساتھی۔ مؤنث ضَمِيْمَة.

الاِضْمَامَة. جماعت۔ ج اَضَامِيْم مِنَ الكُتُبِ: کتابوں کا بنڈل۔

المُنْضَمِّ. عَلٰى كَذَا: مشتمل ملا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ مُنْضَمًّا" یعنی لاغر ہو گیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔

ضَمَجَ (ن) ضَمْجًا و ضَمَّجَ. جَسَدَهٗ: خوشبو لگانا۔

ضَمِجَ واَضْمَجَ. بِالاَرْضِ: زمین سے چمٹ جانا۔

الضَمْجَة. ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے۔ کھٹل۔

الضَمَج. آفت جو انسان کو لاحق ہو۔

اِضْمَحَلَّ. نیست و نابود ہونا السَّحَابُ. بادل کا کھل جانا۔

ضَمَخَ (ن) ضَمْخًا و ضَمَّخَ. جَسَدَهٗ بِالطِّيْبِ: بدن میں خوشبو لگانا۔

تَضَمَّخَ وانْضَمَخَ واضْطَمَخَ. بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا۔

الضِمْخَة. موٹی عورت یا اونٹنی۔

ضَمَدَ (ن ض) ضَمْدًا وضَمَّدَ. الجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہا جاتا ہے "اُضْمُدْ عَلَيْكَ ثِيَابَكَ" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھو "ضَمَدَه بِالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری اور ایسا ہی "ضَمَدَ رَاسَهٗ بِالسَّيْفِ"

ضَمِدَ (س) ضَمَدًا. خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا عَلَیْہِ. کینہ کرنا۔
اَضْمَدَ. اَلْقَوْمَ: جمع کرنا۔
تَضَمَّدَ. اَلْجُرْحَ: پٹی بندھ جانا۔
اَلضَّمْدُ. س. تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ وری۔ اَلضِّمْدُ. دوست۔ ساتھی۔
اَلضَّمَدُ. ظلم۔ پرانا حق۔
اَلضَّامِدُ. فا۔ لازم۔
اَلضِّمَادُ والضِّمَادَةُ. پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے کہا جاتا ہے "اَنَا عَلٰی ضِمَادَۃٍ مِنَ الْاَمْرِ" یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔
ضَمَرَ(ن) وضَمُرَ(ک) ضُمُوْرًا. دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِرٌ مؤنث ضَامِرٌ و ضَامِرَۃٌ ج ضُمَّرٌ و ضَوَامِرُ.
اَضْمَرَ الْاَمْرَ: پوشیدہ کرنا فِیْ نَفْسِہٖ شَیْئًا. اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا الخبر: ہ تک پہنچنا۔ اَضْمَرَتِ الْاَرْضُ فُلَانًا: زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کر دیا۔ الشَّاعِرُ: شاعر کا اضمار برتنا اور اِضْمَار اصطلاح فن عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کر دیں۔ جیسے مُتَفَاعِلُن کے دوسرے حرف کو ساکن کر دیں تو مُتْفَاعِلُن ہو کر مُسْتَفْعِلُنْ کے وزن پر ہو جاتا ہے۔
اَضْمَرَ وضَمَّرَ الْفَرَسَ: دُبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔
تَضَمَّرَ وَجْهُہٗ: لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔
اِنْضَمَرَ الْغُصْنُ: ٹہنی کا خشک ہونا۔
اِضْطَمَرَ. بل جانا. الفرس: گھوڑے کا دُبلا ہونا۔ چھریرا ہونا۔
اَلْاِضْمَارُ: علم عروض میں دوسرے حرف کو ساکن کرنا۔ جیسے تامتفاعلن اس کو ستفعلن کی طرف منتقل کر دیا گیا۔

اَلضُّمْرُ. چھریرا۔ دُبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن۔ مؤنث ضُمْرَۃٌ. تنگ۔ راز (اَلْمُضْمَرُ) پوشیدہ۔
اَلضُّمْرُ والضُّمُرُ. دُبلا پن۔
اَلضَّمِیْرُ. راز۔ پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے اَنَا. اَنْتَ. ہُوَ ج ضَمَائِرُ.
اَلضِّمَارُ. پوشیدہ۔ ٹالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی اُمید نہ ہو مِنَ الدَّیْنِ: جس کی مدت معین نہ ہو۔
اَلْاِضْمَارُ. س. زحافاتِ شعریہ کی ایک قسم؛ تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔
اَلضَّوْمَرَانُ والضَّیْمَرَانُ. ایک قسم کی خوشبو دار گھاس۔
اَلْمِضْمَارُ. گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔ وہ میدان جہاں گھوڑے چھریرے کیے جائیں۔ گھوڑوں کے چھریرے کرنے کی مدت۔ میدانِ گھوڑ دوڑ۔
ضَمَزَ (ن ض) ضَمْزًا. چپ رہنا اللُّقْمَۃَ. بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا عَلٰی مَالِہٖ: بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ و ضَمُوْزٌ. ج ضُمُوْزٌ.
ضَمَسَہٗ (ض) ضَمْسًا. آہستہ آہستہ چبانا۔
ضَمْضَمَ ضَمْضَمَۃً. دل کو قوی کرنا۔ بہادر بنانا۔ الاسدُ: شیر کا گونجنا فُلَانٌ عَلَی الْمَالِ: کل لے لینا۔
اَلضَّمْضَمُ والضُّمَاضِمُ. دلیر۔ گرانڈیل۔ شیر غضبناک۔
ضَمِنَ (س) ضَمْنًا و ضَمَانًا اَلشَّیْءَ و بِہٖ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا ۵ جمع کرنا۔
ضَمِنَ (س) ضَمْنًا و ضَمَانَۃً. الرَّجُلُ: ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔ صفت ضَمِنٌ.

ضَمَّنَ الشَّیْءَ الْوِعَاءَ: برتن میں رکھنا ۵ الشَّیْءَ: ذمہ دار بنا دینا الشَّاعِرُ: شاعر کا تضمین کرنا۔ یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کر لینا۔
تَضَمَّنَ. الشَّیْءَ: مشتمل ہونا الشَّیْءَ عَنِّیْ: اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔
اَلضَّمَنُ والضُّمْنَۃُ والضُّمَانُ والضَّمَانَۃُ. ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔ لنجا پن۔
اَلضِّمْنُ. اندرون شیئ. ضِمْنُ الْکِتَابِ: کتاب کا بیچ۔ اَلضَّمِنُ. عاشق۔ پرانے مرض والا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ ضَمِنٌ عَلٰی اَہْلِہٖ" یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔
اَلضَّامِنُ. فا۔ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔
اَلضَّمِیْنُ. کفیل۔ مرض لازم میں مبتلا۔ ج ضَمْنٰی
اَلضَّمَانُ. س. کفالت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔
اَلْمَضْمُوْنُ. مف. جس کی کفالت کی جائے۔ مِنَ الْجُمْلَۃِ: مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لیے بیان نہ کیا گیا ہو۔ ج مَضَامِیْنُ.
اَلْمُضَمَّنُ. مفع. تضمین کیا ہوا مِنَ الْاَصْوَاتِ: غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملایا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔
ضَنَّ (س ض) ضَنًّا وضِنًّا و ضِنَّۃً و ضَنَانَۃً و مَضَنَّۃً واِضْطَنَّ. بِالشَّیْءِ: بخل کرنا۔ ضَنَّ بِالْمَکَانِ: مکان سے جدا نہ ہونا۔
اَلضِّنُّ والضِّنَّۃُ. جس پر بخل کیا جائے۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ ضِنِّیْ و ضِنَّتِیْ" وہ میرے ساتھ مختص ہے۔
اَلضِّنَنُ. بہادر۔
اَلضَّنِیْنُ. بخیل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا یُضَنُّ بِالضَّنِیْنِ" یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا

جاتا ہے۔

الضَّنَائِن وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے اور اسی سے ہے "ضَنَائِنُ اللّٰہ" اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔

الضَّنَانَۃُ ۔س۔ بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَجَمْتُ عَلَى الْقَوْمِ وهُمْ بِضَنَانَتِهِمْ" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوئے تھے۔

الْمَضَنَّة والْمَضِنَّة. جس پر بخل کیا جائے۔ ج مَضَانّ.

ضَنَأَ(ف) ضَنْأً و ضُنُوْءًا. چھپنا فِي الْاَرْضِ: جانا الْمَالُ: کثیر ہونا (ضَنَأَتْ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْأً و ضَنِئَتْ(س) ضَنْأً واَضْنَأَتْ) الْمَرْأَةُ: بہت اولاد والی ہونا۔ صفت ضَانِئٌ و ضَانِئَةٌ ج ضَوَانِئُ.

اِضْطَنَأَ لَهُ و مِنْهُ شرمانا اور منقبض ہونا۔

الضِّنْءُ اصل۔ معدن۔ کثرتِ نسل۔ ج ضُنُوْءٌ.

الضَّنْءُ والضِّنْءُ اولاد (اس کیلئے واحد نہیں)

الضُّنَائَة والضُّنَأَة ضرورت۔

ضَنَبَ(ن) ضَنْبًا به الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ ضَنَبَ بِالشَّيْءِ قبضہ کرنا۔

ضَنِطَ(س) ضَنَطًا. الشَّحْمُ: موٹا اور ٹھوس ہونا۔

اِنْضَنَطَ. الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔

الضَّنَط. تنگی۔

الضَّنَط چربی۔ نشاط۔ ڈینگ۔

الضِّنَاط. کنوئیں وغیرہ پر بہت زیادہ بھیڑ۔

ضَنُكَ(ک) ضَنَاكَةً. سست رائے۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن والا۔ صفت ضَنِيْكٌ ج ضُنُكٌ (ضَنَاكَةً و ضَنْكًا و ضُنُوْكَةً) تنگ ہونا۔

ضُنِكَ ضَنْكًا زکام زدہ ہونا۔

اَضْنَكَهُ اللّٰہ زکام میں مبتلا کرنا۔

الضَّنْك. تنگ۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے مَكَانٌ ضَنْكٌ و عِيْشَةٌ ضَنْكٌ.

الضِّنَاك. مضبوط جسم والا۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِنَاكٌ و اِمْرَأَةٌ ضِنَاكٌ" بڑا درخت۔

الضُّنَاك والضُّنْكَة زکام۔

الضَّنَاكَة ۔س۔ تنگ زندگی۔

الضَّنِيْك. تنگ زندگی۔ صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔ کٹی ہوئی چیز۔

ضَنِيَ(س) ضَنًى(وادی) مرض کی وجہ سے کمزور و لاغر ہونا۔ صفت ضَنًى و ضَنٍ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ ضَنًى و ضَنِيًا"

ضَنًى بفتح النون میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور ضَنٍ بکسر النون جب بولا جائے گا تو اس کیلئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے۔

ضَنِی کی جمع اَضْنَاء.

ضَانَى مُضَانَاةً الشَّيْءَ او الْاَمْرَ بمشقت برداشت کرنا۔

اَضْنَى اِضْنَاءً. الْمَرَضُ فُلَانًا بیماری کا سست کر دینا الرَّجُلُ بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔

تَضَانَى بتکلف بیمار ہونا۔ بننا۔

اِنْضَنَى سست ہو جانا۔

الضَّنَى بیماری۔ لاغری۔ بدحالی۔

الضِّنو والضَّنو والضُّنَى اولاد۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ ضِنْوٌ كَثِيْرٌ" اس کی بہت اولاد ہے۔

الضِّنَى مخفی بیماریاں۔

ضَنَتْ تَضْنِي و ضَنِيَت تَضْنَى ضَنًى و ضَنَاءً الْمَرْأَةُ: کثیر اولاد ہونا۔ ضَنَى نَصِيْبُ فُلَانٍ حصہ کا بڑھنا۔

ضَهَبَ(ف) ضَهْبًا بالنَّار: آگ سے متغیر کرنا۔

ضَهَبَ(ف) ضُهُوْبًا کمزور ہونا۔

ضَهَّبَ اللَّحْمَ: گوشت کو بریاں کرنا الْقَوْسَ: نرم کرنے کے لیے آگ کے سامنے کرنا۔ صفت ضَهْبَاء ضَهَّبَ الْقَوْمُ: زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔

ضَاهَبَهُ مُضَاهَبَةً. برا تاؤ کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔

ضَهْب. الْقَوْم مخلوط لوگ۔

الضَّيْهَب: پہاڑ کا وہ گرم حصہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہوں۔

ضَهَتَ(ن) ضَهْتًا. سخت روندنا۔

ضَهَدَ(ف) ضَهْدًا.

اَضْهَدَهُ واَضْهَدَ بِهِ واِضْطَهَدَهُ غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔ تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔

الضُّهْدَة. غلبہ اور قہر۔ کہا جاتا ہے ضُهدة لِكُلِّ اَحَدٍ یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔

الضَّهِيْدُ. سخت مضبوط۔

الضَّهْر والضَّاهِر پہاڑ کی چوٹی۔ وادی۔

الضَّهْر پچھوا۔

ضَهَزَهُ و ضَهَسَهُ(ف) ضَهْزًا و ضَهْسًا. سخت روندنا الدَّابَّةُ جانور کا اگلے دانتوں سے کاٹنا۔

ضَهَلَ(ف) ضَهْلًا و ضُهُوْلًا. اللَّبَنُ: تھوڑا تھوڑا جمع ہونا النَّاقَةُ و نَحْوُهَا: تھوڑی دودھ والی ہونا۔ صفت ضَهُوْلٌ ج ضُهُل ضَهِلَهُ. حَقَّهُ. حق کم کرنا (و تَضَهَّلَ) اِلَى فُلَانٍ: کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔

اَضْهَلَ. النَّخْلُ: کھجوریں پکنے لگنا اِلَى فُلَانٍ مَالًا مال کو فلاں کی طرف کر دینا۔

اِسْتَضْهَلَ. الْخَبَرَ: حسب امکان خبر طلب کرنا۔

الضَّهْل مجتمع دودھ۔ تھوڑا پانی۔

الضَّاهِلَة. مِنَ الْعُيُوْنِ تھوڑے پانی کا چشمہ۔ الضَّهْوَاء بے پستان عورت۔

الضَّهْوَة جوہڑ۔ ج اَضْهَاء.

ضَهِيَتْ تَضْهَى ضَهًى. الْمَرْأَةُ عورت

کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔ صفت ضَهْيَاءُ ج ضُهْيٌ. ضَهِيَت الاَرْضُ: زمین میں کچھ نہ اُگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔

ضَاهَى مُضَاهَاةً. الرَّجُلَ: مشابہ ہونا۔

الضَّهِيُّ. مشابہ۔ ہم شکل۔ کہا جاتا ہے "هو ضَهِيُك" وہ تمہارا ہم شکل ہے۔

ضَاءَ يَضُوْءُ ضَوْءًا او ضُوْءًا و ضِيَاءً. القَمَرُ وغَيْرُهُ: روشن ہونا۔ چمکنا۔

ضَوَّءَ تَضْوِئَةً. البَيْتَ: روشن کرنا۔ عَنِ الاَمْرِ: پھر جانا۔

اَضَاءَ اِضَاءَةً. البَيْتُ: روشن ہونا۔ البَيْتَ: روشن کرنا۔

تَضَوَّأَ. تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔ تَضَوَّأَهُ: کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔

اِسْتَضَاءَ بِهِ: روشن ہونا مِنْ فُلَانٍ: مشورہ کرنا۔

الضَّوْءُ والضُّوْءُ. روشنی۔ ج اَضْوَاءٌ.

الضِّيَاءُ والضِّوَاءُ. روشنی۔

الضَّوِيُّ والمُضِيُّ. روشن۔ روشن کرنے والا۔

ضَاجَ يَضُوْجُ ضَوْجًا. عَنْ كَذَا: اعراض کرنا۔ پھر جانا (واِنْضَاجَ) الوَادِيُ: کشادہ ہونا۔

تَضَوَّجَ الوَادِيْ: وادی کا بہت پیچ دار ہونا۔

اِنْضَوَجَ فِيْ ضَوْجِ الوَادِيْ: وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔

الضَّوْجُ: وادی کا موڑ۔ ج اَضْوَاجٌ.

الضَّوْجَانُ. سخت خشک۔ مؤنث ضَوْجَانَةٌ.

ضَوَّجَ. اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔

ضَارَ يَضُوْرُ ضَوْرًا. سخت بھوکا ہونا۔

ضَارَهُ الاَمْرُ: نقصان پہنچنا۔

تَضَوَّرَ. درد کی تکلیف یا ☐ بھوک سے پیچ و تاب کھانا الذِئْبُ و نَحْوُهُ: بھوک سے بلبلانا۔

الضُّوْرُ. سخت بھوک۔

الضَّوْزُ. کالی بدلی۔

الضُّوْرَةُ. ذلیل؛ حقیر۔

ضَازَ يَضُوْزُ ضَوْزًا. التَّمْرَةَ: پھل کو چبانا ہُ حَقَّهُ: کم کر دینا۔

ضَوْضَى ضَوْضَاةً و ضِيْضَاءً. شور مچانا۔

الضَّوْضَى والضَّوْضَا والضِّيْضَاءُ. شور و غوغا۔

ضَوَّطَ. الاَشْيَاءَ: جمع کرنا۔

تَضَوَّطَ. الشَّيْئُ: جمع ہونا۔

الاَضْوَطُ. ٹیڑھے جبڑے والا۔ بیوقوف۔

الضَّوِيْطَةُ. بیوقوف۔ حوض کی تہ کی مٹی کا گیلا خمیر۔

ضَاعَهُ يَضُوْعُهُ ضَوْعًا. حرکت دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ بھڑکا دینا۔ گھبرا دینا۔ ضَاعَ المِسْكُ: مشک کی خوشبو پھیلنا الدَّابَّةَ: جانور کو دُبلا کرنا الصَّبِيُّ. رونے میں پیچ و تاب کھانا۔

تَضَوَّعَ. المِسْكُ: مشک کی خوشبو بھڑکنا۔

الصَّبِيُّ. رونے میں پیچ و تاب کھانا (واِنْضَاعَ) الفَرْخُ: پرندہ کے بچے کا چوگہ کے لیے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔

الضُّوَعُ والضُّوَعُ. نر اُلو۔ رات کو اُڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔

الضُّوَاعُ. نر اُلو کی آواز۔

رَجُلٌ مَضُوْعٌ. خوفزدہ۔

ضَافَ يَضُوْفُ ضَوْفًا. عَنِ الشَّيْئِ: الگ ہونا۔

ضَانَ يَضُوْنُ ضَوْنَةً. زیادہ اولاد ہونا۔

الضَّوْنَةُ. مس۔ چھوٹی بچی۔

الضَّيْوَنُ. بلا۔ ج ضَيَاوِنُ.

الضَّوَّةُ. شور۔ لڑائی کا شور۔

ضَوِيَ يَضْوَى ضَوًى. خلقتًا یا بلاغری سے پتلی ہڈی کا ہونا۔

ضَوَى يَضْوِيْ ضَيًّا وضُوِيًّا. اِلَيْهِ: ملنا۔ پناہ لینا الرَّجُلَ: رات کو آنا۔ ضَوَاهُ اِلَيْهِ: مائل کرنا۔

اَضْوَى. دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا الرَّجُلَ: کمزور کرنا ہ حَقَّهُ: کم کرنا الاَمْرَ: کچا کام کرنا۔ اَضْوَتِ المَرْاَةُ: کمزور بچہ جننا۔

اَضْوَاهُ اِلَيْهِ: اپنی طرف مائل کرنا۔

اِنْضَوَى اِنْضِوَاءً. اِلَيْهِ: شامل ہونا۔ ملنا۔

الضَّاوِي. فا. رات کو آنے والا۔

الضَّاوِيُّ. کمزور دُبلا۔ خلقتًا یا لاغری سے کمزور جسم والا۔ مؤنث ضَاوِيَةٌ.

ضَاجَ يَضِيْجُ ضَيْجًا و ضُيُوْجًا و ضَيْجَانًا عَنْهُ و اِلَيْهِ: جھکنا۔ مائل ہونا۔

ضاجت عِظَامُهُ: لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا ہل جانا۔

ضَاحَتْ تَضِيْحُ ضَيْحًا. البِلَادُ: خالی ہونا۔

ضَاحَ و ضَيَّحَ. اللَّبَنَ: پانی ملانا۔ ضَيَّحَ فُلَانًا: پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔

تَضَيَّحَ اللَّبَنُ: پانی میں دودھ ملنا الرَّجُلُ: پانی ملا ہوا دودھ پینا۔

الضَّيْحُ. شہد۔

الضَّيْحُ والضَّيَاحُ. پانی ملا ہوا دودھ۔ شوربا۔

الضَّيْحَةُ. پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

ضَارَهُ يَضِيْرُهُ ضَيْرًا. الاَمْرُ: نقصان دینا۔

ضَازَهُ يَضِيْزُهُ ضَيْزًا. ظلم کرنا۔ ضَازَهُ حَقَّهُ: کم کرنا۔

الضَّيْزُ. ٹیڑھ۔ کجی۔

قِسْمَةٌ ضِيْزَى. ناقص تقسیم۔ ظالمانہ تقسیم۔

ضَاطَ يَضِيْطُ ضَيْطًا و ضَيَطَانًا. فِيْ مِشْيَتِهِ: موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور مونڈھوں کو حرکت دینا۔ صفت

ضَیْطَان و ضَیَّاط.

ضَاعَ يَضِيْعُ ضَيْعًا وضِيْعًا وضَيْعَةً وضَيَاعًا. ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ بیکار ہونا۔ صفت ضائعٌ ج ضُيَّع و ضِيَاع.

اَضَاعَه. ضائع کرنا۔ اَضَاعَ الرَّجُلُ: بہت جائیداد والا ہونا۔

تَضَيَّعَ المِسْكُ: مشک کا بھڑکنا۔ مشک کو خوشبو کا پھیلنا۔

الضَّيَاع س۔ ایک قسم کی خوشبو۔ بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ ضَيَاعًا و ضَيْعًا و ضِيْعًا" یعنی مر گیا اور کسی کو اس کی پروا نہ ہوئی۔

الضَّيْعَة. جائیداد۔ زمین سیر حاصل۔ اس کی تصغیر ضُيَيْعَةٌ ہے اور جمع ضِيَع و ضِيَاع و ضَيْعَات. الضَّيْعَة: پیشہ۔ کہا جاتا ہے "كَانَتْ ضَيْعَةُ العَرَبِ سِيَاسَتَه الإبِلِ" عرب کا پیشہ اونٹوں کا انتظام کرنا تھا۔

المِضْيَاع. بہت ضائع کرنے والا۔

المَضْيَعَة والمَضِيْعَة. موضع ہلاکت۔ جہاں ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "بِلَدِكُمْ مَضِيْعَةُ العِلْمِ" تمہارے شہر میں علم کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں۔

ضَافَ يَضِيْفُ ضَيْفًا اِلَيْهِ: مائل ہونا۔ ہٹ جانا۔ ضَافَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے لیے مائل ہونا السَّهْمُ عَنِ الهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا الرَّجُلُ: خوف کرنا مِنْه: پرہیز کرنا اور ڈرنا۔

ضَافَهُ يَضِيْفُهُ ضَيْفًا و ضِيَافَةً. مہمان ہونا۔ مہمانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَافَ الهَمُّ فُلَانًا" یعنی فلاں پر غم نازل ہوا۔

ضَيَّفَهُ. مہمان بنانا۔ مہمانی کا کھانا پیش کرنا۔ ضَيَّفَه اِلَيْهِ: جھکانا۔ ضَيَّفَ الرَّجُلُ: مائل ہونا۔ ہٹ جانا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے لیے مائل ہونا۔

اَضَافَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ جلدی چلنا۔ خوف کرنا الشَّیْئَ اِلَى الشَّیْئِ: جھکانا۔ سہارا دینا۔ ملانا الرَّجُلُ: پناہ دینا۔ مجبور کرنا مِنْهُ: چوکنا رہنا عَلَيْهِ: جھانکنا فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: مہمان اُتارنا الكَلِمَةَ اِلَى الكَلِمَةِ: ایک کی نسبت دوسرے کی طرف طریقہ مخصوص پر کرنا۔

تَضَيَّفَهُ. مہمان ہونا۔ طلب ضیافت کرنا۔

تضيف الرَّجُلُ: مائل ہونا الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

اِنْضَافَ اِلَيْهِ: ملنا۔

تَضَايَفَ الوَادِي: تنگ ہونا۔

اِسْتَضَافَهُ. ضیافت طلب کرنا۔ اِسْتَضَافَ بِه: فریاد کرنا۔ مِنْ فُلَانٍ اِلٰى فُلَانٍ: پناہ لینا۔

الضَّيْف. مہمان (واحد و جمع) مؤنث ضَيْف و ضَيْفَة ج اَضْيَاف و ضُيُوْف و ضِيَاف و ضِيْفَان و اَضَائِف.

الضَّيْفَن. طفیلی۔

الضِّيْف. پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ ضِيْفِ فُلَانٍ" وہ فلاں کے پہلو میں ہے۔

الضِّيَافَة. مہمانی کا کھانا۔

المُضَافُ فِي الحَرْبِ: جو جنگ میں گھر گیا ہو جو قوم کے ساتھ چپکا دیا گیا ہو۔

المَضِيْف والمَضْيَفَة. مہمانی کی جگہ۔

المِضْيَاف. بہت مہمانوں والا میزبان۔

المَضِيْفَة والمُضِيْفَة. حزن۔ غم۔

مَضَائِفُ الوَادِي: وادی کے پہلو۔

ضَاقَ يَضِيْقُ ضِيْقًا و ضَيْقًا. تنگ ہونا۔ صفت ضَيْق و ضَائِق و ضَيِّق الرَّجُلُ: بخل کرنا۔

ضَيَّقَهُ تَضْيِيْقًا. تنگ کرنا۔ ضُيِّقَ عَلَيْهِ: سختی کیا جانا۔

اَضَاقَ اِضَاقَةً. تنگ کرنا۔ اضاق الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔

تَضَيَّقَ و تَضَايَقَ. تنگ ہونا۔ وتضايق الاَمْرُ بِه او عَلَيْهِ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَايَقَ القَوْمُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان کشادہ نہیں۔

ضَايَقَه مُضَايَقَة. سختی کرنا۔

الضِّيْقُ والضَّيْقُ. سختی۔ حزن غم جس سے تنگ دلی ہو۔

الضَّيْقُ والضِّيَق. شک۔

الضِّيْقَة والضَّيْقَة. بدحالی۔ محتاجی۔ ج ضِيَق و ضَيْق.

الضَّائِقُ فا. تنگ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ضَائِقٌ صَدْرُهُ بِكَذَا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے۔ ج ضَاقَة جیسے سیّد کی جمع سَادَة.

الاَضْيَق. بہت تنگ۔ مؤنث ضِيْقَى و ضُوْقَى.

الضَّاكَة. شمالی افریقہ میں ایک درخت کا نام جس کا پھل کھایا جاتا ہے۔

المَضِيْق. تنگ جگہ۔ مشکل کام۔ گھاٹی۔ ج مَضَايِق.

ضَامَهُ يَضِيْمُهُ ضَيْمًا. ظلم کرنا۔ مجبور کرنا۔

ضَامَهُ واِسْتَضَامَهُ حَقَّهُ: کم کر لینا۔

الضَّيْم. ظلم۔ ج ضُيُوْم.

ضِيْمُ الجَبَلِ: پہاڑ کا کنارہ۔

الضَّامَة. حاجت۔ ضرورت۔

ط

ط اَلطَّاءُ: ہجائی حروف میں سے سولہواں حرف ہے۔ حروف نطعیۃ سے ہے۔ یعنی تالو سے خارج ہونے والا حرف ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۹) ہے۔

طَأطَأَ الرَّاسَ وغیرہ: پست کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَأطَأَ رَاسَهُ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے اس نے اپنے سر کو پست کر لیا۔ فَرَسَهُ: گھوڑے کو تیز دوڑانے کیلئے اس کی دونوں رانوں میں ایڑ لگانا۔ طَأطَأَتِ الْمَرْأَةُ سِتْرَهَا: عورت کا پردہ ڈالنا۔ طَأطَأَ يَدَهُ بِالْعِنَانِ لگام کو ڈھیلا چھوڑنا الْحُفْرَةَ: گڑھے کو گہرا کرنا۔ فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: کسی کو مرتبے سے گرا دینا۔ طَأطَأَ فِيْ قَتْلِ الْقَوْمِ: قوم کے قتل کرنے میں مبالغہ کرنا۔ سختی برتنا۔

تَطَأطَأَ پست ہونا۔

الطَّأطَأُ پست زمین۔ چھوٹا اونٹ۔

الطَّآةُ کیچڑ۔

طَبَّهُ (ن ض) طَبًّا علاج کرنا۔ طَبَّ الرَّجُلُ جلد بازی نہ کرنا۔ نرمی کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "مَنْ اَحَبَّ طَبَّ" یعنی جو دوست رکھتا ہے نرمی کرتا ہے اور کہا جاتا ہے "اِصْنَعْهُ صَنْعَةَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ" یعنی معاملہ کرو اس شخص جیسا جو کسی کے ساتھ محبت کرتا ہے تو نرمی کرتا ہے خَرَزَ الْقِرْبَةَ مشک میں پیوند لگانا۔ عام لوگ کہتے ہیں "طَبَّ عَلٰى وَجْهِهِ" یعنی وہ اپنے منہ کے بل اوندھا ہو گیا اور صواب اَكَبَّ ہے اور کہا جاتا ہے "مَا كُنْتَ طَبِيْبًا وَلَقَدْ طَبِبْتَ اور طَبَبْتَ" یعنی تم طبیب نہیں تھے اور بن گئے۔

طُبَّ الرَّجُلُ: جادو کیا جانا۔

طَبَّبَه علاج کرنا۔ طَبَّبَ الْخَيَّاطُ الثَّوْبَ. درزی کا کپڑے میں کشادہ ہونے کے لیے جوڑ لگانا۔

الْقِرْبَةَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَابَّ مُطَابَّةً الاَمْرَ: مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُطَابُّ هٰذَا لاَمْرَ مُنْذُ حِيْنَ كَيْ اَبْلُغَه" یعنی میں ایک مدت سے اس امر کی مشق و مزاولت کر رہا ہوں تاکہ اس کو حاصل کر لوں۔

تَطَبَّبَ الرَّجُلُ: طبیب بننا لِفُلَانٍ: علاج کرانا۔

اِسْتَطَبَّه دوا تجویز کرانا۔

الطَّبُّ طبیب۔ حاذق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَبٌّ بِهٰذَا الاَمْرِ" یعنی وہ اس امر کا عالم ہے۔ طبیب۔

الطِّبُّ ارادہ۔ خواہش۔ حال۔ شان۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طِبُّه المجون" فلاں کی عادت مذاق کی ہے۔

الطَّبُّ والطِّبُّ والطُّبُّ جسمانی اور روحانی علاج۔ نرمی۔ جادو۔

الطِّبَاب جس سے علاج کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبَابُ مَرَضِكَ" یعنی یہ تمہارے مرض کا علاج ہے۔

الطِّبَّةُ مؤنث۔ طَبٌّ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ تِلْكَ الطَّبَّةِ" یعنی وہ اس گوشہ میں ہے۔

الطِّبَّةُ ج طِبَبٌ الطِّبَابَةُ ج طِبَابٌ. زمین، کپڑے، کھال یا بادل کا مستطیل ٹکڑا۔ والطِّبَابَةُ مِنَ الخرز: مشک کے نچلے حصہ میں دو سوراخوں کے درمیان کا چمڑا۔

الطَّبِيْبُ فن طب کا جاننے والا۔ فن طب کا ماہر۔ ج اَطِبَّه اَطِبَّاءُ. مؤنث طَبِيْبَةٌ.

الْمَطْبُوْبُ سحر زدہ جس پر جادو کا اثر ہو۔

طَبِجَ (س) طَبَجًا الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ صفت اَطْبَجُ عَلٰى رَاسِهِ وَعَلٰى كُلِّ اَجْوَفٍ: سر پر یا ہر کھوکھلی چیز پر مارنا۔

تَطَبَّجَ فِي الْكَلَامِ: مختلف رنگوں میں گفتگو کرنا۔

طَبَخَ (ف ن) طَبْخًا و طَبَّخَ اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔ طَبَخَ الصَّبِيُّ: بچہ کا حرکت کرنا۔ بڑھنا۔

اِنْطَبَخَ پکنا۔

اِطَّبَخَ الرَّجُلُ: اپنے لیے پکانا اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔

الطَّبْخُ و الطِّبْخُ جو کچھ پکایا جائے۔

الطُّبَاخَةُ ہانڈی کے جھاگ۔ پکی ہوئی چیز۔

الطِّبَاخَةُ باورچی گیری۔

الطَّبَّاخ پکانے والا۔ اور اس کو طاہی بھی کہتے ہیں اور استعمال عوام میں طبّاخ کا اطلاق ا[illegible] پر ہوتا ہے اور حسن یہ ہے کہ اس کو منصب کہا جائے۔

الطَبِیْخ۔ پکی ہوئی چیز۔ چونہ۔ پکی اینٹ۔ ج اَطْبِخَۃ۔
الطَابِخ۔ پکانے والا۔ سخت بخار۔
الطَابِخَۃ۔ مؤنث طَابِخ۔ دوپہر۔
الطَبَاخ والطُبَّاخ۔ مضبوطی۔ قوت۔ موٹاپا۔ کہا جاتا ہے "مَافِیْ کَلَامِهٖ طُبَاخ" یعنی کوئی فائدہ نہیں۔
الاَطْبَخ۔ بہت زیادہ بیوقوف۔
المَطْبَخ۔ باورچی خانہ۔ ج مَطَابِخ۔
المِطْبَخ۔ پکانے کا اوزار۔ ج مَطَابِخ۔
المُطَبَّخ والمُطَّبَخ۔ باورچی خانہ۔
طَبَرَ (ن) طَبْرًا۔ اُچھلنا۔ کودنا۔ چھپنا۔
الطَبَر والطَبَرْزِیْن۔ کلہاڑا (یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
الطُبَّار۔ انجیر کے مشابہ ایک درخت۔ واحد طُبَّارَۃ۔
الطَبَرِی۔ طبرستان کی طرف منسوب۔
طَبَزَہٗ (ن) طَبْزًا۔ بھر دینا۔
الطِبْز۔ پہاڑ کا مضبوط کنارہ۔ دو کوہان کا اونٹ۔
طَبَسَہٗ۔ گارے سے لیپنا۔
الطَبَس۔ ہر ایک کالی چیز۔
الطِبْس۔ بھیڑیا۔
بَحْرٌ طَبِیْس۔ بہت پانی والا سمندر۔
الطَبَش۔ لوگ۔
الطَبَشُوْرَۃ: چاک جو کہ تختہ سیاہ اور سلیٹ پر برائے تحریر استعمال ہوتا ہے۔
الطَبْشَۃ۔ استعمال عوام میں بچوں کے مارنے کی لمبی چھڑی اور فصیح لفظ مِخْفَقَہ ہے۔
المَاءَ: پانی کو حرکت دینا۔
طَبَعَ (ف) طَبْعًا۔ الشَّیْءَ: کسی چیز کی تصویر بنانا عَلَیْهِ: مہر لگانا الدِرْهَمَ: سکہ ڈھالنا۔ السَیْفَ: تلوار بنانا۔ ڈھالنا اللّٰہُ الخَلْقَ: پیدا کرنا الدَلْوَ: ڈول بھرنا۔ کہا جاتا ہے "طَبَعَ اللّٰہُ عَلٰی قَلْبِهٖ" یعنی اللہ تعالی نے اس کے دل پر مہر کر دی جس کی وجہ سے وہ خیر کی توفیق سے محروم ہے۔

طَبِعَ (س) طَبَعًا۔ میلا کچیلا ہونا۔ عیب دار ہونا السَّیْفُ: تلوار کا زنگ آلود ہونا۔
صفت طَبِعٌ واَطْبَعُ۔
طُبِعَ عَلَی الجَهْلِ۔ پیدا کیا جانا۔
طَبَّعَ الاِنَاءَ: بھر دینا۔ گندا کرنا۔ عوام کہتے ہیں "طَبَّعَ الدَابَّۃَ" یعنی سدھا لیا۔ فصیح لفظ اس کے لیے "رَاضَهَا" ہے۔
تَطَبَّعَ۔ بھر جانا۔ ڈھلنا بِطِبَاعِ اَبِیْهِ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا النَهْرُ بِالمَاءِ: نہر کا کناروں سے بہہ نکلنا۔
اِنْطَبَعَ۔ بھر جانا۔ ڈھلنا۔
الطَبْعُ۔ پیدائشی عادت۔ مثال۔ نمونہ۔ کہا جاتا ہے "اِضْرِبْهُ عَلٰی طَبْعِ هٰذَا" یعنی اس کو اس کے نمونہ پر بناؤ۔ ج طِبَاع۔
الطِبْعُ۔ پانی جذب ہونے کی جگہ۔ پیمانہ بھر۔ مشکیزہ۔ نہر ج طُبُوْع و طِبَاع (والطَبَعُ) زنگ میل کچیل۔ عیب۔ ج اَطْبَاع۔
الطَبِعُ۔ کمینہ۔ سَیْفٌ طَبِعٌ: زنگ آلود تلوار۔
الطَابِع والطِبَاع۔ خلقی عادت۔
الطَابِع والطَابَع۔ مہر۔ ہر وہ چیز جس سے مہر کی جائے۔ ج طَوَابِع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا کَلَامٌ عَلَیْهِ طَابِعُ الفَصَاحَۃِ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس پر فصاحت کی مہر ہے۔
طَوَابِعُ البَرِیْدِ خط پر لگانے کے لئے ڈاک ٹکٹ جو کہ اندرون اور بیرون خطوط پر لگائی جاتی ہیں۔
الطَوَابِعُ الاَمِیْرِیَّۃ: رسید ٹکٹ یعنی مالی معاملات میں ٹکٹ دستخط یا توثیق کے لئے لگائی جاتی ہے۔
الطَوَابِعُ القُنْصُلِیَّۃ: حکومت کی طرف سے ٹکٹ جو کہ سفارتخانوں میں استعمال کی جاتی ہیں۔
الطَبَّاع۔ طَابِع اسم فاعل کا مبالغہ۔
الطِبَاعَۃ۔ تلوار سازی۔ چھاپنے کا پیشہ۔
دَارُ الطِبَاعَۃِ: تلوار سازی کا کارخانہ۔ چھاپنے کی جگہ۔

الطَبِیْعَۃ۔ خلقی و جبلی عادت۔ ج طَبَائِع۔
الطَبَائِعُ الاَرْبَعُ: سردی۔ گرمی۔ خشکی۔ تری۔
الطَبِیْعِی۔ جو طبیعت کے ساتھ مختص ہو۔ جو ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے۔ جو علم طبیعات کا ماہر ہو اور علم طبیعات وہ علم ہے جس میں طبائع اشیاء سے بحث کی جائے۔
الطُبْعَان۔ مہر۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طُبْعَانُ الاَمِیْرِ" یہ امیر کی مہر ہے۔
المَطْبَعَۃ والمَطْبَع۔ چھاپنے کی جگہ۔ ج مَطَابِع۔
المِطْبَعَۃ۔ چھاپنے کا آلہ۔ پریس۔ ج مَطَابِع۔
المَطْبُوْع۔ مفع۔ چھپا ہوا۔ پسندیدہ مِنَ الشُعَرَاءِ: جو بلا تکلف اشعار کہے۔
طَبِقَتْ (س) طَبَقًا وطَبَقًا یَدُہٗ: بند ہونا۔ پہلو سے لگنا۔ طَبِقَ یَفْعَلُ الشَّیْءَ: شروع کرنا۔ کرنے لگنا۔
طَبَّقَ الشَّیْءُ: عام ہونا السَّحَابُ الجَوَّ: بادل کا فضا کو گھیر لینا المَاءُ وَجْهَ الاَرْضِ: ڈھانپ لینا السَّیْفُ المَفْصِلَ: تلوار کا جوڑ کو جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یُطَبِّقُ المَفْصِلَ" جبکہ حجت میں غالب ہو۔ طَبَّقَ الحَاکِمُ فِیْ حُکْمِهٖ: حاکم کا درست فیصلہ کرنا الفَرَسُ فِیْ عَدْوِهٖ: دوڑنے میں ایک ساتھ دونوں ٹانگوں کا اُٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا۔
طَابَقَہٗ طِبَاقًا و مُطَابَقَۃً۔ موافقت کرنا۔
طَابَقَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: دونوں کو ایک طریقہ پر کرنا بَیْنَ قَمِیْصَیْنِ: ایک کے اوپر ایک پہننا عَلَی الاَمْرِ: برابری کرنا الرَّجُلَ عَلَی العَمَلِ: حاوی ہونا بِالحَقِّ: اقرار کرنا۔ یقین کرنا المُقَیَّدُ: قیدی کا چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا الفَرَسُ فِیْ جَرْیِهٖ: اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پچھلی ٹانگوں کو رکھنا۔
اَطْبَقَ الشَّیْءَ: ڈھانپنا اللَّیْلُ: تاریک ہونا النُجُوْمُ: کثرت سے ظاہر ہونا الرَّحٰی: ایک پاٹ کو دوسرے پاٹ پر رکھنا۔ کہا جاتا ہے

"اَطْبِقْ شَفَتَيْكَ" یعنی چپ رہ۔ اَطْبَقَ الرَّاكِعُ: رکوع کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو گھٹنے کے درمیان کر لینا۔ اَطْبَقُوا عَلَى الْاَمْرِ: اجماع کر لینا۔ اَطْبَقَتِ الْحُمّٰى: بخار کا لگاتار رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْبَقَ فُلَانًا" یعنی وہ کیسا حاذق ہے۔

تَطَابَقَ الْقَوْمُ: اتفاق کر لینا۔

تَطَبَّقَ وَانْطَبَقَ الشَّيْءُ: بند ہونا۔

الطِّبْقُ۔ مطابق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبْقُ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے مطابق ہے۔ دن کا حصہ۔ لاسہ جس سے پرندوں کا شکار کیا جائے۔ ایک درخت کا پھل الطِّبْقُ مِنَ النَّاسِ: جماعت۔

الطَّبَقُ۔ مطابق۔ پردہ۔ طشتری۔ ج اَطْبَاق

الطَّبَقُ: سطح زمین۔ ریڑھ کی ہڈی مِنَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ: دن رات کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهُ طَبَقًا مِنَ النَّهَارِ" یعنی میں نے اس کے پاس دن کے بڑے حصے میں اقامت کی مِنَ الْمَطَرِ: عام بارش۔ کہا جاتا ہے مَطَرٌ طَبَقٌ وَدِيمَةٌ طَبَقُ حال۔ کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ اَطْبَاقٌ" یعنی زمانے کے مختلف احوال ہیں۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى طَبَقٌ بَعْدَ طَبَقٍ" یعنی ایک جماعت کے بعد دوسری جماعت گزر گئی "جَاءَهُ طَبَقٌ مِنْ جَرَادٍ" یعنی ٹڈیوں کی جماعت آئی۔ "اَطْبَاقُ الرَّاسِ" سر کی ہڈیاں۔ بَنَاتُ طَبَقٍ: مصیبتیں۔ کچھوے۔ سانپ۔ اُمُّ طَبَقٍ: مصیبت۔

الطِّبْقَةُ۔ جال۔ پھندا۔ دن کا ایک حصہ۔ ج طِبَقٌ و طِبَقٌ۔

اَلْمُطَابَقَةُ (ع ج): دو برابر مقداروں کا مجموعہ ان میں حروف کی مقدار جو بھی ہو۔

ب×ج=ب×٢ب ج×ج

(س+١)(س+٢) = (س+٣س+٢)

الطَّبَقَةُ۔ مرتبہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ كُتُبَهُ اِلَيَّ طَبَقَةٌ" اس کے خطوط میری طرف متواتر آئے۔ ج طَبَقَات۔

الطَّبَقُ: بند۔

الطَّبِيقُ۔ رات کا ایک حصہ۔ ج طُبُقٌ (وَالطِّبَاقُ) مطابق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَبِيقُ ذَاكَ اَوْ طِبَاقُهُ" یعنی یہ اس کے مطابق اور موافق ہے۔ طِبَاقُ الْاَرْضِ: زمین کی سطح۔

الطَّابِقُ وَالطَّابَقُ۔ کڑاہی۔ آدھی بکری۔ ج طَوَابِقُ و طَوَابِيقُ۔

الطَّابِقُ وَالطَّابَقُ وَالطَّابَاقُ۔ شیشہ۔ بڑی پکی اینٹ (اور یہ دخیل ہے)

الْمُطْبَقُ۔ زمین کے نیچے قید خانہ۔ الْجُنُوْنُ الْمُطْبِقُ: لگاتار جنون۔ سَنَةٌ مُطْبِقَةٌ: سخت قحط۔ الْمُطْبِقَاتُ: مصیبتیں۔ الْحُرُوْفُ الْمُطْبَقَةُ: ص ض ط ظ۔

الْمُطْبِقُ۔ صائب الرائے۔ سَحَابَةٌ مُطْبِقَةٌ: تمام زمین پر برسنے والا بادل۔

طَبَلَ (ن) طَبْلًا و طَبَّلَ۔ ڈھول بجانا۔ عوام کہتے ہیں۔ طَبَلَ فِي الْمَشْيِ: یعنی چلنے میں تھک گیا اور صحیح لفظ (بَلَطَ) ہے۔

الطَّبْلُ۔ ڈھول۔ ج طُبُوْل و اَطْبَال۔

الطَّبَّالُ۔ ڈھول بجانے والا۔

الطِّبَالَةُ۔ ڈھول بجانے کا پیشہ۔

الطُّبْلَةُ۔ ڈھولک۔

اَلطَّبْلِيَّةُ ج طَبْلِيَّاتٌ گول میز جس پر روٹی لگائی جائے اور کھائی جائے۔

الطُّبْلِيَّةُ۔ خراج کے روپے۔ ج طُبْلِيَّات۔

الطُّوْبَالَةُ۔ مادہ بھیڑ۔ ج طُوْبَالَات۔

طَبَنَ (ض) طَبْنًا۔ النَّارَ: آگ کو دبا دینا۔

طَبَنَ (ض) طَبْنًا طَبِنَ (س) طَبَنًا و طَبَانَةً و طَبَانِيَةً و طُبُوْنَةً۔ الشَّيْءَ و لِلشَّيْءِ: سمجھ دار ہونا۔ صفت طَبِنٌ و طَابِنٌ۔ طَابَنَهُ: موافق ہونا۔ طَابَنَ الْحَفِيرَةَ: گہرا کرنا۔

اِطْبَانَّ اِطْبِئْنَانًا۔ بِالْمَكَانِ: مطمئن ہونا۔

الطَّبْنُ وَالطِّبْنُ۔ بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "اَيُّ الطِّبْنِ هُوَ" یعنی وہ کون آدمی ہے۔

الطُّبْنُ۔ طنبور یا بربط۔

الطَّبْنُ۔ گھر۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا لائے۔

الطَّبْنُ وَالطِّبْنُ وَالطُّبْنُ وَالطُّبُنُ: مردار جو گدھوں اور درندوں کے شکار کیلئے جال میں رکھا جائے۔ اعرابیوں کا ایک کھیل۔

الطَّبْنَةُ۔ سمجھ۔ ج طِبَنٌ۔

الطُّبْنَةُ۔ طنبور کی آواز۔ ایک کھیل۔

الطَّابُوْنُ۔ گڑھا جس میں حفاظت کے لیے آگ کو دبا دیا جائے۔

الطَّبَنْجَةُ۔ تمنچہ۔ ج طَبَنْجَات۔

طَبَاهُ يَطْبُوْهُ طَبْوًا وَاطَّبَاهُ اِطِّبَاءً۔ پکارنا۔ بلانا۔

طَبَاهُ يَطْبِيْهِ طَبْيًا۔ کھینچنا ہ عَنْهُ۔ باز رکھنا ہ اِلَيْهِ۔ بلانا۔

طَبِيَتْ تَطْبَى طَبًى۔ النَّاقَةُ: ڈھیلے تھنوں والی ہونا۔

اَطْبَاهُ اِطْبَاءً۔ بلانا۔

الطِّبْيُ وَالطُّبْيُ: تھن گدھی، گھوڑی، اونٹنی اور مادہ درندوں کا۔ ج اَطْبَاء۔

الطَّبْوَاءُ وَالطَّبِيَّةُ۔ مِنَ النُّوْقِ: ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی۔

طَتَّ (س) طَتًّا۔ الشَّيْءَ: پاؤں یا ہتھیلی سے مار کر جگہ سے ہٹانا۔

الطَّتُّ۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں گول لکڑی کو پھینکتے ہیں۔

الْمِطَتَّةُ۔ بچوں کے کھیل کی ایک گول لکڑی۔

طَثَرَ (ن) طَثْرًا و طُثُوْرًا و طَثَّرَ۔ اللَّبَنُ: دودھ کا بالائی والا ہونا۔ صفت طَاثِرٌ۔

الطَّثْرَةُ۔ کیچڑ۔ کائی۔ بالائی۔ غلیظ پانی۔ وسعت عیش۔ بھیڑ کا اون۔

اَطْثَرَ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔ □

طَجَنَ (ن) طَجْنًا و طَجَّنَ۔ الشَّيْءَ: بھوننا۔

الطَّاجِنُ وَالطَّيْجَنُ۔ کڑاہی۔ ج طَيَاجِن و طَوَاجِن (اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)

الْمُطَجَّنُ۔ بھنا ہوا۔

طَحَرَتْ (ف) طَحْرًا۔ الْعَيْنُ قَذَاهَا:

خس و خاشاک کو دور کرنا۔ نکال پھینکنا۔ صفت
طَحُوْرَۃُ الرِّیْحِ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔
طَحَرَ (ض) طَحْرًا و طَحِیْرًا و طُحَارًا۔ آہ کرنا۔
الطَّحَرَ و الطَّحَر۔ متفرق پتلے پتلے بادل۔
الطَّحْرَۃ و الطَّحْرِیَۃ۔ بادل کا ٹکڑا۔
الطَّحُوْر۔ جلدی کرنے والا۔
الطَّحُوْر و المِطْحَر۔ مِنَ القِسِیّ: دو پھینکنے والی کمان۔
الطُّحَار۔ سخت قسم کی پیچش جس میں آدمی آہ آہ کرنے لگے۔
الطُّحْرُوْر۔ بدلی۔ ج طَحَارِیْر۔
الطَّحَارِیْر: بادل کے ٹکڑے۔
طَحْرَبَ۔ تیز دوڑنا القِرْبَۃَ: مشک بھرنا گوز کرنا۔
الطِّحْرِب۔ کوڑا کرکٹ۔
الطِّحْرِبَۃ۔ مُثَلَّثَۃ: بادل یا کپڑے کا ایک ٹکڑا۔
طَحْطَحَۃ۔ توڑنا۔ طَحْطَحَ القَوْمُ بِالقَوْمِ: متفرق کر دینا۔ ہلاک کرنا مَالَہٗ: بکھیرنا۔ طَحْطَحَ الرَّجُلُ: ہلکی ہنسی ہنسنا۔
تَطَحْطَحَ۔ ٹوٹنا۔ متفرق ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بکھرنا۔
طَحَلَہٗ (ف) طَحْلًا۔ تلی پر مارنا۔ طَحَلَ الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
طَحِلَ (س) طَحْلًا و طَحَلًا۔ تلی کا بڑھنا الماءُ: پانی کا بدبودار ہونا۔
طُحِلَ طَحْلًا۔ تلی کی بیماری ہونا۔ صفت مَطْحُوْل۔
الطِّحَال۔ تلی۔ ج أَطْحِلَۃ و طُحُل و طِحَالَات۔
الطُّحَال۔ مرض جو تلی کو لاحق ہو۔
الطُّحْلَۃ۔ خاکستری رنگ۔
الأَطْحَل۔ خاکستری رنگ والا۔ مؤنث طَحْلَاء ج طُحْل۔
الطَّحِل۔ بڑی تلی والا۔ غضبناک۔ بھرا ہوا۔

کیچڑ والا پانی۔
الطُّحْلِ۔ عِنْدَ العَامَّۃِ: باریک تنکے اور فصیح لفظ ٹکٹا ہے۔
طَحْلَبَ۔ الماءُ: کائی والا ہونا۔ صفت مُطَحْلَب۔ مُطَحْلِب الأَرْضُ: سرسبز ہونا۔ الرَّجُلُ: قتل کرنا۔
الطَّحْلَبُ: شدید سبز رنگ کی بیل جس کے پتے اور ٹہنی ہوتی ہے لیکن تنا نہیں ہوتا دور دور تک پھیل جاتی ہے درختوں اور مکانوں پر عام چڑھ جاتی ہے۔
الطِّحْلِب و الطُّحْلُب و الطُّحْلَب۔ کائی۔ ایک ٹکڑا کائی کا۔
طَحْلَبَۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ طَحْلَبَۃٌ" یعنی اس کے اوپر بال نہیں۔
طَحَمَ (ف) طَحْمَۃً عَلَيْهِ۔ کودنا اور حملہ کرنا اور یہ استعمال عوام ہے اور ممکن ہے کہ یہ قَحَمَ کی تحریف ہو۔
الطُّحْمَۃُ۔ مُثَلَّثَۃ۔ مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ مِنَ السَّيْلِ: سیلاب کا زور۔ مِنَ اللَّيْلِ: بہت تاریکی (و الطَّحْمَاء) ایک قسم کی سبزی۔
الطَّحْمَۃ۔ سخت جنگجو۔ بہت اونٹ۔
الطَّحُوْم۔ تیز ہانکنے والا۔
المَطْحُوْم۔ بھرا ہوا۔
طَحَنَ (ف) طَحْنًا و طَحَنًا۔ البُرَّ: گیہوں پیسنا المَنِيَّۃُ القَوْمَ: ہلاک کرنا۔
طَحَنَتِ الأَفْعٰی۔ سانپ کا کنڈلی مارنا۔ صفت مِطْحَان۔
تَطَحَّنَ۔ پیسنا۔
الطِّحْن و الطَّحِیْن۔ پسا ہوا آٹا۔
الطَّاحِنَۃ۔ مؤنث طَاحِن۔ ڈاڑھ۔ ج طَوَاحِن۔
الطَّحَّان۔ پینے والا۔ آٹے کا بیچنے والا۔
الطِّحَانَۃ۔ پسائی کا پیشہ۔
الطَّاحُوْن و الطَّاحُوْنَۃ۔ چکی پینے کا مکان۔ ج طَوَاحِیْن۔
الطَّحُوْن و الطَّحَانَۃ۔ لڑائی۔ بڑا لشکر۔

بہت اونٹ۔
المِطْحَنَۃ۔ چکی۔ ج مَطَاحِن۔
المَطْحَنَۃ۔ پینے کا مکان۔ ج مَطَاحِن۔
طَحَا يَطْحُوْ طَحْوًا۔ بعید ہونا۔ ہلاک ہونا۔ الشَّيْءَ: دفع کرنا بالكُرَۃِ: پھینکنا القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
طَحَا يَطْحَا طَحْوًا۔ الشَّيْءَ: پھیلانا۔ دراز کرنا۔ الشَّيْءُ: پھیلنا۔ دراز ہونا القَمَرُ: روشن ہونا الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "طَحَابِہٖ هَمَّتُہٗ" یعنی اس کی ہمت اس کو ہر کام پر لے گئی۔ پہلو پر لیٹنا طَحَا بِفُلَانٍ شَحْمُہٗ: موٹا ہونا۔
الطَّحَا۔ چوڑی زمین۔
الطَّاحِی۔ بلند۔ پھیلنے والا۔ بڑی جماعت۔
مَظَلَّۃٌ طَاحِيَۃٌ و مَطْحُوَّۃٌ و مَطْحِيَّۃٌ۔ بڑا سائبان۔
بَقْلَۃٌ مُطْحِيَۃٌ۔ زمین پر پھیلنے والی سبزی۔
طَحَی يَطْحَی طَحْيًا۔ پہلو پر لیٹنا۔
الطَّحْيَۃ۔ بادل کا ٹکڑا۔
طَخَّ (ن) طَخًّا الشَّيْءَ: پھینکنا اور دور کرنا۔ (طُخُوْخًا) بد خلق ہونا۔
المِطْخَۃ۔ ایک لکڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
طَخِشَتْ (س) طَخَشًا۔ العَيْنُ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
طَخْطَخَ۔ الشَّيْءَ: برابر کرنا۔ ایک کو دوسرے سے ملانا اللَّيْلُ: تاریک کرنا۔
تَطَخْطَخَ۔ اللَّيْلُ: تاریک ہو□□نا السَّحَابُ: بادل گھر کر برابر ہونا۔
الطَّخْطَاخ۔ گھرا ہوا بادل۔ بد خلق۔
الطُّخَاطِخ۔ تاریکی۔
طَخِشَ: يَطْخَشُ: العَيْنُ: اندھیر ہونا۔
طَخَمَ (ف) طَخْمًا و طَخُمَ (ک) طَخَامَۃً۔ تکبر کرنا۔
اِطْخَمَّ۔ اللَّحْمُ: خشک ہو کر سیاہی مائل ہونا۔
الطَّخْمَۃ۔ بکریوں کا گلہ۔

الطُخمة ناک کے اگلے حصے کی سیاہی۔
الاَطْخم. جانور یا انسان کے ناک کا اگلا حصہ (و الطَخِیم) خشک گوشت۔
طَخا یَطْخُوا طَخْوًا و طُخُوًّا. اللیْلُ: تاریک ہونا۔
الطَخَاء. بلند بادل۔ د□ □ل کی گھبراہٹ۔
الطَخْیة والطِخْیة والطُخْیة. تاریکی۔ بادل کا ایک ٹکڑا۔ الطَخْیَة: بیوقوف ج طَخْیُون.
الطخواء والطخیاء. مِنَ اللَّیَالِي: تاریک راتیں۔
الطَاخِیَة. سخت تاریکی۔
طَرَّ(ن) طَرًّا. الماشِیَةَ. جانوروں کو زور سے ہانکنا الاِبلَ اُونٹوں کو اطراف سے گھیرنا الشيءَ کاٹنا الثوبَ. کپڑے کو پھاڑنا۔ الاِبلُ الجبالَ: اُونٹوں کا پہاڑ کو طے کرنا۔ طَرَّ القَوْمَ: کسی قوم پر گزرنا□ السِکِّینَ: چھری تیز کرنا۔ البُنْیانَ: کسی عمارت کی مرمت کرنا۔ الحَوْضَ: حوض کو لیپنا المالَ: مال چھیننا اور اسی سے ہے "طَرَّ عَقْلُهُ" فُلانًا: طمانچہ مارنا۔ دھتکارنا۔
طَرَّ(ن ض) طَرًّا و طُرُورًا. الشارِبُ او النَّباتُ. مونچھ یا نباتات کا اُگنا۔ طَرَّتِ النُّجُومُ: ستاروں کا روشن ہونا یَدُهُ: زخم کی وجہ سے گر جانا۔ الرجُلُ مِنَ السَطْحِ: گرنا۔
اَطَرَّهُ. گرانا۔ کاٹنا۔ دھتکارنا۔ اَطَرَّهُ عَلَى الاَمْرِ: برانگیختہ کرنا۔
طَرَّرَت الجارِیَةُ: لڑکی کا اپنی زلفوں کو سنوارنا۔
الطُرُّ. کنارہ ج اَطْرار. کہا جاتا ہے "هُوَ یَحْمِيْ اَطْرارَ البِلادِ" یعنی وہ اطراف بلاد کی حفاظت کرتا ہے۔ "و جاؤ طُرًّا" یعنی سب آئے۔
الطُرَّة. کمر۔
الطُرَّة. پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ کنارہ۔ کتاب کا حاشیہ۔ نہر کا کنارہ۔ وادی کا کنارہ۔ بادل کا لمبا ٹکڑا۔ ج طُرَّات و طُرَر و طِرار و اَطْرار اور اس لفظ کو اس علامت کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں جو شاہی فرامین وغیرہ میں لگایا جاتا ہے جس میں بادشاہ کا نام مع لقب کے ہوتا ہے اور صواب لفظ طُغْرا ہے۔
غُلامٌ طارٌّ و طَرِیرٌ. جوان جس کی مسیں بھیگ گئی ہوں۔ سِنانٌ طَرِیرٌ. تیز نیزہ۔
المُطَرّ. فا. غَضَبٌ مُطِرٌّ. بے موقع غضب۔
الطِرِّیَان. تشتری۔ طباق۔
المُطَرَّة. عادت۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُطَرَّةٌ حَسَنَةٌ" ان کی اچھی عادت ہے۔
طَرَأ(ف) طَرْأ و طُرُوْءًا. عَلَیهِم. دُور سے اور اچانک آ جانا۔ کہا جاتا ہے "طَرَءَ عَلَيَّ هَمٌّ لَا اُطِیْقُهُ" میرے اوپر ایسا غم آ پڑا ہے جس کی مجھے طاقت نہیں۔
طَرُؤَ(ک) طَرَاءَةً و طَرَاءً: النَّبَاتُ. تروتازہ ہونا۔ صفت طَرِيٌّ.
اَطْرَأهُ. حد سے زیادہ مدح کرنا۔
الطَارِي. فا. اجنبی۔ مسافر۔ غیر اصلی۔ ج طُرَّاءٌ طُرَاءٌ.
الطَارِئَة. مؤنث طَارِي. مصیبت۔ ج طَوارِي و طَارِئات. اور طَارِئَة کو ان لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے جو غیر ملکی ہوں اور کسی جگہ آباد ہو جائیں۔
الطُرْآن. راستہ۔ امر منکر۔ غیر پسندیدہ بات کہا جاتا ہے "حَمَامٌ طُرآنِي" یعنی وہ کبوتر جو نہ معلوم کہاں سے آیا "کَلامٌ طُرآنِيٌّ" جو کلام غیر پسندیدہ اور ادب و تہذیب سے گرا ہوا ہو۔
طُرَاءَة. السَیْلِ. سیلاب کا زور۔
طَرِبَ(س) طَرَبًا. خوشی یا غم سے جھومنا۔ صفت طَرِبٌ.
طَرَّبَ. گانا فِي صَوْتِهِ. سُر نکالنا عَنِ الطَرِیْقِ. ہٹ جانا۔ طَرَّبَهُ و اَطْرَبَهُ و تَطَرَّبَهُ. خوشی پر برانگیختہ کرنا۔
اِسْتَطْرَبَ. بہت خوش ہونا فُلانًا. خوش ہونے کو کہنا الابلَ. حُدی سے حرکت میں لانا۔
الطَرُوْب والمِطْرَاب والمِطْرَابَة. بہت زیادہ خوش۔
المَطْرَب والمَطْرَبَة. تنگ راستہ۔ ج مَطَارِب. المَطَارِب. متفرق راستے۔
الطِرْبَال. ہر بلند عمارت۔ دُور سے نظر آنے والا جھنڈا۔ بڑی چٹان پہاڑ کی جو فضا میں ہو ج طَرَابِیل. طَرَابِیْل الشام: ملک شام کے گرجے۔
الطِرْبِیْل. گانے کی مشین۔ ج طَرَابِیْل.
طَرَحَ(ف) طَرْحًا. الشَيءَ و بِالشَيءِ: پھینک دینا عَنْهُ. ڈال دینا اور دُور کر دینا۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَتِ النَّوٰی بِفُلانٍ کُلَّ مَطْرَحٍ" یعنی فراق نے فلاں کو دُور ڈال دیا۔ طَرَحَ الثَّوبَ عَلَیْهِ: کسی چیز پر کپڑا ڈالنا۔ طَرَحَتِ الاُنْثٰی: حمل گرانا۔ طَرَحَ الحَاسِبُ: حساب کرنے والے کا کسی بڑے عدد کو چھوڑ دینا عَلَیْهِ المَسْأَلَةَ: مسالہ پیش کرنا۔
طَرِحَ(س) طَرَحًا. بدخلق ہونا۔ خوش عیش ہونا۔
طَرَّحَ. طرح کا مبالغہ۔ طَرَّحَ بِهِ السَفَرُ اِلٰی نَاحِیَةِ کَذا: سفر نے اس کو فلاں گوشہ میں پھینک دیا۔ طَرَّحَ الاُنْثٰی: حمل گروانا البِناءَ: عمارت کو بہت بلند کرنا۔
طَارَحَهُ مُطَارَحَةً. الکَلامَ او الشِعْرَ او الغِنَاءَ: گفتگو یا شعر یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
اِطَّرَحَه. پھینک دینا۔ دُور کر دینا۔
تَطَارَحَ. القَوْمُ الکَلامَ او الغِنَاءَ: ایک کا دوسرے سے کلام یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
الطِرْح. ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ حمل ناتمام۔
الطَرَح والطَرُوْح والطَرَاح. مکان بعید۔ الطَرُوْح. لمبی شاخوں والا درخت خرما ج طُرُوْح.
الطُرْحَة. چادر سبز رنگ کی اور عوام کے نزدیک بمعنی اوڑھنی۔
الطَرِیْح. ڈالا ہوا پھینکا ہوا ج طَرْحٰی.

الطُّرَح. ڈالا ہوا، پھینکا ہوا۔
الاُطْرُوحَة. سوال جو تم کسی کے سامنے پیش کرو۔
المَطْرَح. ڈالنے کی جگہ۔ بچھانے کی جگہ۔ ج مَطارِح. کہا جاتا ہے "مَا طَرَحَكَ هٰذَا المَطْرَحَ" یعنی تمہیں اس میں کس نے ڈال دیا۔
طَرْفٌ مِطْرَحٌ. دور بین نگاہ۔ رُمْحٌ مِطْرَحٌ لمبا نیزہ۔
المُطْرَح ـ قَوْلٌ مُطْرَحٌ: وہ قول جس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔
الطِّرْخَان والطُّرْخَان. رئیس۔ ج طَرَاخِنَة.
الطَّرْخُون. ایک قسم کی نباتات ہے جس کا ریشہ عاقر قرحا ہے۔
الطِّرِّيخ. ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
اِطْرَخَمَّ. اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ الرَّجُلُ: نگاہ کمزور ہونا۔
طَرَدَهُ (ن) طَرْدًا و طَرَدًا. دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دھتکارنا۔ ہ مِنْ بِلَادِهِ: جلاوطن کرنا۔ طَرَدَ الإِبِلَ: اِدھر اُدھر سے جمع کر کے ہانکنا۔
طَرِدَ (س) طَرَدًا. شکار کا پیچھا کرنا۔
طَرَّدَ السَّوْطَ: اُٹھانا۔ طَرَّدَهُ عَنِ البَلَدِ. جلاوطن کرنا۔
طَارَدَ طِرَادًا و مُطَارَدَةً. الاَقْرَانَ: ایک کا دوسرے کے اُوپر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فُرْسَانُ الطِّرَادِ" وہ لوگ مدافعت کے شہسوار ہیں۔
اَطْرَدَهُ. جلاوطن کرنے کا حکم دینا۔ جلاوطن کرنا۔
تَطَارَدَ. القَوْمُ: بعض کا بعض پر حملہ کرنا۔
اِنْطَرَدَ. جلاوطن ہونا۔
اِطَّرَدَ. دور ہونا۔ الامْرُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا اور درست ہونا۔ الانْهَارُ: جاری ہونا۔ القَوْمُ إِلَى المَسِيرِ: پے در پے چلنا۔
اِسْتَطْرَدَ لَهُ: فریب دینے کیلئے شکست کو ظاہر کرنا۔ کلام کو اس طرح بیان کرنا کہ اس سے دوسرا کلام لازم آ جائے۔ اِسْتَطْرَدَ إِلَيْهِ الأَمْرُ: پہنچنا۔
الطَّرَد. کھجور کے پودے۔ ج طُرُوْد.
الطَّرَد. پانی جس میں جانور گھستے ہوں۔
الطَّرَّاد. طَارِد کا مبالغہ۔ تیز رفتار جنگی جہاز۔ کشادہ مکان۔ لمبا دن۔
الطَّرِيْد. دھتکارا ہوا۔ بھاگنے والا جو تمہارے بعد پیدا ہوا اور تم بھی اپنے بعد پیدا ہونے والے کا طَرِيد کہلاؤ گے مِنَ الاَيَّامِ. لمبا دن۔
الطَّرِيْدَان. رات دن۔
الطَّرِيْدَة. بھگایا ہوا شکار، ریشم وغیرہ کا مستطیل ٹکڑا۔ چرایا ہوا اُونٹ۔ تنور وغیرہ کے صاف کرنے کے لیے بھیگا ہوا چیتھڑا۔ ج طَرَائِد.
الطِّرَاد. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَمْشِيْ مَشْيًا طِرَادًا" یعنی فلاں سیدھی چال چلتا ہے۔ چھوٹا نیزہ۔
المِطْرَد. چھوٹا نیزہ۔ ج مَطَارِدُ.
يَوْمٌ مُطَّرِدٌ. لمبا دن۔
حُكْمٌ مُطَّرِدٌ. عام حکم اور اسی سے ہے "قَاعِدَةٌ مُطَّرِدَةٌ"
المَطْرَدَة و المِطْرَدَة. وسطِ راستہ۔ شاہراہ
المَطْرَدَة: دھتکارنے کا سبب۔
طَرِزَ (س) طَرَزًا. بد خلقی کے بعد اچھا اخلاق ہونا فِي المَلْبَسِ: لباسِ فاخرہ استعمال کرنا۔
طَرَزَهُ (ن) طَرْزًا. گھونسہ مار کے ہٹانا۔
طَرَّزَ. الثَّوْبَ: بیل بوٹے بنانا۔
تَطَرَّزَ. الثَّوْبُ: بیل بوٹے والا ہونا۔ فِيْ لُبْسِهِ: لباسِ فاخرہ پہننا۔
الطَّرْز. ہیئت۔ طریقہ۔ ترتیب۔
الطِّرَاز. کپڑے کا نقش و نگار۔ مقام جہاں کپڑے اچھے بنے جائیں۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلَى طِرَازِ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے "لَيْسَ هٰذَا مِنْ طِرَازِكَ" یعنی یہ تمہارے طور و طریقے پر نہیں۔ ج طُرُز.
الطِّرَازَة. بیل بوٹے بنانے کا پیشہ۔
الطَّرَّازَة والمُطَرِّز. بیل بوٹے بنانے والا۔
طَرَسَ (ض) طَرْسًا. الشَّيْءَ: مٹانا الكِتَابَ: لکھنا۔
طَرَّسَ. الكِتَابَ: اچھی طرح مٹانا۔ البَابَ: دروازہ کالا کرنا۔ الكَاتِبُ: لکھے ہوئے پر لکھنا۔
طَرْسَهُ: فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔
تَطَرَّسَ فِي المَآكِلِ: عمدہ کھانے کھانا۔ عَنِ الشَّيْءِ: پرہیز کرنا۔
الطِّرْس. صحیفہ۔ صحیفہ کہ جس کو مٹا کر پھر لکھا جائے۔ ج أَطْرَاس و طُرُوْس.
طَرِشَ (س) طَرَشًا. بہرا ہونا۔ صفت اَطْرَش مؤنث طَرْشَاء ج طُرْش.
تَطَارَشَ. بتکلف بہرا بننا۔
الطَّرَش والطَّرْشَة. بہراپن۔
الاُطْرُش والاُطْرُوْش. بہرا۔
طَرْشَمَ. اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
طَرِطَ (س) طَرَطًا. بیوقوف ہونا۔ صفت طَرِط. ابرووں پر کم بال ہونا۔ صفت طَارِط. الحَاجِبَيْنِ و طَرِطُهُمَا وَاَطْرَطُهُمَا واَطْرَط. مؤنث طَرْطَاء. اِمْرَأَةٌ طَرْطَاءُ العَيْنَيْنِ جس کی پلکوں پر کم بال ہوں۔
طَرْطَرَ. شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔
طُرْطُوْر. لمبا پتلا مرد۔ لمبی نوکدار ٹوپی اور طُرْطُوْر. اہل لبنان و شام کے نزدیک عورتوں کے زیورات میں سے ایک زیور ہے جس کو سر پر استعمال کیا جاتا ہے اور بسا اوقات اسے طُنْطُوْرَة بھی کہتے ہیں۔
طَرَفَهُ (ض) طَرْفًا. طمانچہ مارنا۔ طرفه عَنْهُ: واپس کرنا۔ باز رکھنا۔ طَرَفَ بَصَرَهُ اَوْ بِعَيْنِهِ: جھپکانا۔ عَيْنَهُ: آنکھ میں کوئی چیز لگانا جس سے پانی نکلے اور بند ہو جائے۔ صفت مَطْرُوْفَة. طَرَفَتْ عَيْنُهُ: نظر پھرانا فُلَانًا: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَتْ مِنْهُمْ عَيْنٌ تَطْرِفُ": یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا

سب مر گئے یا قتل کیے گئے۔

طَرُفَ (ک) طَرَافَةً. نیا مال ہونا۔

طَرَفَهٗ. ایک گوشہ میں کرنا۔ آنکھ میں کچھ پڑ جانا۔ طَرَفَ الخَيْلَ: گھوڑوں کی اگلی قطار کو پیچھے کر دینا۔ بنانَهٗ: پورے کو مہندی سے رنگنا الشَّيْءَ: پسند کرنا۔

اَطْرَفَ. نئی عمدہ چیز لانا۔ پلکوں کو بند کرنا۔ كَذا بِكَذا: لاق کرنا۔ ه الشَّيْءَ: تحفہ دینا۔

تَطَرَّفَ. ایک کنارہ میں ہونا الشَّيْءُ: کنارہ پر ہونا۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا الشَّيْءَ: اطراف سے لینا۔ پسند کرنا عَلَيْهِمْ: غارت ڈالنا۔

اِطَّرَفَ. الشَّيْءَ: نئی چیز خریدنا۔

اِسْتَطْرَفَهٗ. نیا سمجھنا الشَّيْءَ: نیا پانا، فائدہ لینا۔ پسند کرنا۔

الطَّرْفُ. آنکھ۔ کسی چیز کا کنارہ۔ ہر شئے کا منتہیٰ۔ ج. اَطْرَافٌ. الطَّرْفُ: شریف۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ بِطَرْفٍ خَفِيٍّ" یعنی خوف یا حیا کی وجہ سے نیم باز آنکھوں سے دیکھا۔

الطِّرْفُ. نجیب الطرفین۔ ج اَطْرَافٌ. اصیل (گھوڑا وغیرہ) ج طُرُوْفٌ و اَطْرَافٌ مؤنث طِرْفَةٌ. نیا مال۔ مِنَ النَّبَاتِ: جو ابھی اپنے غلاف شگوفہ میں ہی ہو مِنَ النَّاسِ: جو بوجہ ملالِ طبع کسی کے ساتھ معاشرت پر قائم نہ رہے۔ ایسا حریص نگاہ کا کہ جس چیز کو دیکھے اس کے متعلق خواہش کرے کہ وہ اس کے پاس ہو۔ رَجُلٌ طِرْفٌ فِي نَسَبِهٖ: نئی شرافت والا۔ اِمْرَأَةٌ طِرْفُ الْحَدِيْثِ: خوش کلام عورت۔

الطَّرَفُ. ہر شئے کا منتہیٰ۔ گوشہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ شریف۔ ج اَطْرَافٌ جج اَطَارِيْفُ. اطراف البدن: دونوں ہاتھ اور دونوں پیر اور سر۔ اَطْرَافُ النَّاسِ: ادنیٰ قسم کے لوگ۔ شرفاء اور خاندانِ شرفاء۔ اَطْرَافُ الرَّجُلِ: اقرباء۔

الطَّرِفُ. غیر مستقل۔ جو کسی ساتھی کی صحبت پر قائم نہ رہے۔ نئی شرافت والا۔

الطُّرْفَةُ. خون کا نقطہ جو آنکھ میں ہو جاتا ہے۔

الطُّرْفَةُ. ملیح بات۔ نئی عمدہ چیز۔ ج طُرَفٌ.

الطَّرْفَاءُ. جھاؤ کا درخت۔

الطَّارِفُ. فا۔ نیا مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَّالِدُ: پرانا مال۔

الطَّارِفَةُ. مؤنث طَارِف. کہا جاتا ہے "جَاءَ بِطَارِفَةِ عَيْنٍ" یعنی اتنا مالِ کثیر لایا کہ جو دیکھے اس کی آنکھ کو چکا چوند لگ جائے ج طَوَارِفُ

الطَّوَارِفُ: آنکھیں۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرَاهُ الطَّوَارِفُ" طَوَارِفُ الْخِبَاءِ: خیمہ کا وہ حصہ جو باہر نظر ڈالنے کے لیے اٹھا دیا جائے۔ طَوَارِفُ الْقَرَائِحِ: طبیعت کے لطائف و ظرائف۔

الطَّرِيْفُ. نادر میوہ مِنَ المَالِ: نیا حاصل کردہ مال، اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَّلِيْدُ: پرانا مال۔ الطَّرِيْفُ: نئے مال والا۔ نئی شرافت والا۔ ج طُرُفٌ و طِرَافٌ.

الطَّرِيْفَةُ. طَرِيف کا مؤنث۔ نادر و مستحسن بات ج طَرَائِفُ. کہا جاتا ہے "طَرَائِفُ الْحَدِيْثِ" پسندیدہ باتیں۔ "هَلْ وَرَاءَكَ طَرِيْفَةُ خَبَرٍ تُطْرِفُنَا بِهٖ" یعنی کوئی خبر جدید ہے جو تم ہمارے سامنے پیش کرو۔

الْاُطْرُوْفَةُ. نئی عمدہ نادر بات۔

الطِّرَافُ. چمڑے کا خیمہ۔ اتنا حصہ کھیتی کا جو اطراف سے کاٹ لیا جائے۔ ج طُرُفٌ. شرافت و بزرگی۔

المُطْرِفُ. مِنَ المَالِ: نیا مال حاصل کرنے والا۔

المِطْرَفُ و المُطْرَفُ. نقش و نگار والی ریشم کی چادر ج مطارِف.

طَرْفَسَ. نظر تیز کرنا۔ گھورنا۔ بہت کپڑے پہننا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا المَوْرِدُ: گھاٹ کا گدلا ہونا الماءَ: پانی پر آنے جانے والوں کا زیادہ ہونا۔

الطِّرْفِسَانُ. تاریکی۔ بچھونا۔ غالیچہ۔

الطِّرْفِسَاءُ. تاریک۔

طَرَقَهٗ (ن) طَرْقًا. ہتھوڑا مارنا النَّجَّارُ الصُّوْفَ: اُون دُھننا الشَّيْءَ: بجانا البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا الإبلُ الماءَ: اونٹوں کا پانی میں گھسنا۔ الرَّجُلُ: جادو منتر کے طور پر کنکری پھینکنا (طَرْقًا و طُرُوْقًا) القَوْمَ: رات کے وقت آنا۔

طَرِقَ (س) طَرَقًا. گدلا پانی پینا (طَرَقًا) البَعِيْرُ: اونٹ کے گھٹنے میں کمزوری یا اس کی پنڈلی میں کجی ہونا۔ صفت اَطْرَقُ. مؤنث طَرْقَاءُ ج طُرْقٌ.

طَرَّقَ لَهٗ. راستہ بنانا المَوْضِعَ: راستہ اختیار کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُطَرِّقُوا المَسَاجِدَ" یعنی مسجدوں کو راستہ مت بناؤ۔ "طَرَّقَ طَرِيْقَةً حَسَنَةً" اچھا طریقہ گھڑ لینا الحَدِيْدَ: لوہے کو کوٹنا اور پھیلانا۔ طَرَّقَتِ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: بچے کو مشکل سے جننا۔ القَطَاةُ: انڈے دینے کا وقت قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "طَرَّقَ بِحَقِّي" یعنی میرے حق کا انکار کیا پھر اقرار کر لیا۔

طَارَقَ. بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ: اوپر نیچے پہننا۔ الظَّلَامُ او الغَمَامُ: تاریکی یا بادل کا پیاپے آنا۔

اَطْرَقَ. خاموش ہونا۔ نگاہ جھکا کر زمین کی طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْرَقَ رَاسَهٗ" یعنی سر جھکایا اِلَى اللَّهْوِ: مائل ہونا الصَّيْدَ: جال لگانا اَطْرَقَتِ الإبلُ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔ الرَّجُلُ: پیدل چلنا۔ نکاح کرنا۔

تَطَرَّقَ. اِلَيْهِ: چلنا یہاں تک کہ پہنچنا۔ اِلَى الأمْرِ: راستہ تلاش کرنا۔

اِطَّرَقَتْ. الإبلُ: بعض کا بعض کے پیچھے چلنا۔ متفرق ہونا اور سیدھے راستہ کو چھوڑ دینا۔ اِطَّرَقَ جَنَاحُ الطَّيْرِ: پرندے کے بازوؤں کا ایک پر ایک جم جانا التُّرَابُ: مٹی کا تہ بتہ ہونا۔

تَطَارَقَ الشَّيْءُ: پے در پے ہونا۔ تَطَارَقَتِ الإبلُ: بعض کا بعض کے پیچھے ہونا۔

اِسْتَطْرَقَ. الشَّيْءَ: راستہ بنانا بین

الصُّفوف صفوں کے درمیان چلنا۔ کنکری پھینکنے کو کہنا۔
الطَّرف والطِّرف والطَّرفۃ مرتبہ۔ دفعہ کہا جاتا ہے "اتیتہ طرفین" یعنی میں اس کے پاس دو مرتبہ آیا۔
الطَّرق والطُّرق پھندا۔ جال ج اطراق
الطُّرقۃ پھندا۔ جال۔ ج طُرق
الطَّرق مشک کی سلوٹ۔ ج اطراق
پانی جمع ہونے کے مواضع۔ اُونٹوں کے پیر کے نشانات۔ اطراق البطن پیٹ کی سلوٹ۔
الطَّرقۃ طرق کا اسم نوع۔ طریقہ۔ ج طرق۔
الطُّرقۃ راستہ۔ طریقہ۔ عادت۔ لالچ۔ تہ بتہ پتھر ج طُرق
الطِّراق جوتے کا چمڑا۔ لوہا کہ جس کو چوڑا کر کے ڈھال وغیرہ پر منڈھیں۔ جوتے کے چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتا گانٹھیں۔ ج طُرق
الطریق راستہ (مذکر و مؤنث) ج طُرق اطرق و اطرقۃ واطرقاء و جج طرقات۔
الطَّریقۃ عادت۔ حالت۔ مذہب دھاری۔ کپڑے کا مستطیل ٹکڑا۔ لمبا کھجور کا درخت۔ خیمے کا ستون۔ سائبان کا ستون۔ قوم کا شریف اور افضل۔ واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ھو طریقۃ قومہ وھم طریقۃ قومھم یاوھم طرائق قومہم" ج طرائق۔ ثوب طرائق پرانا کپڑا طرائق الدھر حوادثِ دہر۔
الطَّارق فا۔ رات کو آنے والا۔ ج طُرّاق و اطراق۔ صبح کا ستارہ۔
الطَّارقۃ طارق کا مؤنث۔ مصیبت۔ قبیلہ مرد۔ چھوٹا تخت۔ ج طوارق و طارقات۔
الطَّرِیق مؤنث طریقۃ۔ المطراق۔ ج مطاریق۔ بہت سر جھکانے والا۔
المطرق والمطرقۃ۔ روئی، اُون دُھننے کا ڈنڈا۔ ہتھوڑا۔ ج مطارق۔
المطروق مف۔ وہ شخص جس میں نرمی اور ڈھیلا پن ہو۔ وہ شخص جس میں جنون اور بیوقوفی ہو۔ ماء مطروق وہ پانی جس میں اُونٹ مینگنی و پیشاب کریں۔
المطراق نظیر۔ ج مطاریق
المطاریق ٭ پیدل چلنے والے لوگ۔ اُونٹوں کی قطار۔
طرم (س) طرما بیت النحل شہد سے بھرنا۔ طرما العسل چھتے سے شہد بہنا۔
اطرمت اسنانہ دانتوں پر میل جمنا۔
طرم فوہ منہ کا بدمزہ یا بدبودار ہونا۔
تطرم فی الکلام کلام کرنے میں رُک جانا۔
الطرم والطرم والطریم شہد۔ الطریم تہ بتہ بادل۔ رجل طریم مرد دراز قد۔
الطرمۃ جگر۔
الطرمۃ والطرمۃ والطرمۃ اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔
الطرامۃ دانتوں کی زردی۔ دانتوں کے درمیان کا بقیہ کھانا۔ منہ کے اوپر خشک تھوک۔
الطریم غصہ۔
الطرموث بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔
طرمح البناء لمبی بنانا۔
الطرماح والطرماح والطرموح لمبا۔
الطرماح مشہور۔ عالی نسب۔ پیش بیں۔
طرمذ بیکار ڈینگ مارنا۔ جھوٹا فخر کرنا۔ صفت طرما ذو طرمذان۔
طرمس گھبراہٹ سے خاموش رہنا۔ مکروہ جاننا۔ بھاگنا الوجہ ترش رو ہونا الکاتب الکتابۃ مٹانا (واطرمس) اللیل تاریک ہونا۔
الطرماس والطرمس والطرمساء سخت تاریکی۔
الطرموس والطرموسۃ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔
الطرموق چمگادڑ۔
طرو یطرو وطری یطری طراوۃ وطرانۃ وطراوۃ وطراء الغصن او اللحم ٹہنی یا گوشت کا تازہ و نرم ہونا۔ صفت طریّ۔
طرا یطرو طروا علیہم دور سے آنا۔
طری الشیء تروتازہ کرنا الطیب خوشبوؤں کو مخلوط کرنا الطعام کھانے میں مسالہ ملانا۔
اطری اطراء فلانا تعریف میں مبالغہ کرنا۔ اطرورِی تخمہ ہونا اور پیٹ پھولنا۔
الطرا جو کچھ زمین میں غیر جنس زمین سے ہو۔ لاتعداد مخلوق۔
الطری نرم تازہ۔
الاطریۃ سویاں۔
الاطروان من الشباب ابتدائے شباب۔ عنفوانِ شباب۔
طری (س) طری الیہ متوجہ ہونا۔
طرزہ (ن) طرزا گھونسہ مار کے ہٹانا۔
طسہ (ن) طسا غالب آنا اور خاموش کرنا۔ فی الماء غوطہ دینا۔ طس القوم سیر میں دور تک چلا جانا۔ کہا جاتا ہے "ما ادری این طس" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔
طسس جانا فی البلاد سفر کرنا۔
الطس ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج طساس وطسوس وطسیس۔
الطسۃ والطسۃ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج طسات وطسات وطسس وطساس۔
الطساس برتن مذکور کو بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔
الطساسۃ برتن مذکور بنانے کا پیشہ۔
طسأ (ف) طسأ وطسی (س) طسأ تخمہ ہونا۔ صفت طاسی طیسی۔ طسامنہ شرم کرنا۔
اطسأہ بدہضمی کرنا۔
الطسأۃ تخمہ۔ ہیضہ۔
الطست ہاتھ دھونے کا تانبے کا برتن ج طسوت۔
طسع (ف) طسعا فی البلاد جانا۔

طَسِع (س) طَسَعًا. بے غیرت اور مفلس ہونا۔ صفت طَسِعٌ و طَسِيْع۔

طَسَم (ن) طَسْمًا. الشَّيَّ: مٹانا۔

طَسَم (ض) طُسُوْمًا. مٹنا۔

طَسِم (س) طَسَمًا. ہیضہ ہونا۔ تخمہ ہونا۔

الطَّسَم. تاریکی۔ تیرگی۔ گرد آلودگی۔

طَسْمٌ او اَطْسَامٌ مِنْ سَحَاب: تھوڑے سے بادل۔

الطَّسَام والطُّسَام والطَّسَّام. مِنَ الغُبَار: بہت زیادہ غبار۔

طشت (ن ض) طَشًّا واَطَشَّتِ السَّمَاءُ: پھوہار برسانا۔

طُشَّ. الرَّجُلُ: زکام جیسی بیماری لاحق ہونا۔

الطُّشَاش والطُّشَّة. زکام جیسی ایک بیماری کا نام۔

الطَّشَاش. کمزوری نگاہ۔

الطِّشَّة. چھوٹا بچہ۔

طَعِمَ (ش) طَعْمًا وطُعْمًا. الشَّيَّ: چکھنا عَلَيْهِ: قادر ہونا۔

طَعِمَ (س) طَعْمًا وطَعَامًا الطَّعَامَ: کھانا (طَعْمًا) الغُصْنُ: ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنی میں گھس جانا۔

طَعَم (ف) طَعْمًا آسودہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَطْعَمُ آكِلُ هٰذَا" یعنی اس کا کھانے والا آسودہ نہیں ہوتا۔

طَعَمَ الغُصْنَ: ٹہنی کو دوسرے درخت کی ٹہنی سے پیوند لگانا اور عرف اطباء و عوام میں ٹیکہ لگانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ "طَعَمَ العَظْمُ" گودے دار ہونا۔

اَطْعَمَ. الغُصْنَ: پیوند لگانا ہٗ: کھانا کھلانا۔ خوراک دینا الشَّجَرُ: پھل دینا' پھل پکنا الشَّيُّ: مزے دار ہونا یا مزے کا بدل جانا۔

طَاعَمَ و تَطَاعَمَ. الحَمَامَ: مادہ کی چونچ میں چونچ ڈالنا۔ طَاعَمَهٗ: ساتھ کھانا۔

تَطَعَّمَ. الشَّيَّ: چکھنا۔

اِطَّعَمَ. مزیدار ہونا۔ اِطَّعَمَتِ الشَّجَرَةُ: پھل کا پکنا اور عمدہ ہونا۔ عرب بولتے ہیں "هُوَ لَا يَطَّعِمُ" یعنی نہ تو وہ ادب سیکھتا ہے اور نہ ایسی چیز حاصل کرتا ہے جو اسے درست کر دے۔

اِسْتَطْعَمَ. مزہ پانا۔ کھانا مانگنا الطَّعَامَ: مزہ معلوم کرنے کے لیے چکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطْعَمه الحَدِيْثَ" یعنی اس نے بات کہنے کے لیے کہا۔

الطَّعْم. مزہ ج طُعُوم. کھانے کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْطَعْمٍ" یعنی صاحب عقل و تجربہ ہے۔

الطُّعْم. کھانا۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامُ طُعْمٍ" یعنی ایک شخص کو سیر کرنے والا ہے۔ دانے جو شکار کے لیے ڈالے جائیں۔

الطِّعْمَة. کھانے کا طریقہ۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔

اَلتَّطْعِيْمُ: ایک گوشہ یا ٹہنی دوسری ٹہنی میں لگانا۔ (پیوندکاری کرنا)

الطُّعْمَةُ. خوراک۔ کھانے کی دعوت۔ رزق۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ ضَيْعَتِي طُعْمَةً لِفُلَانٍ" یعنی میں نے فلاں کو اپنی جائیداد زراعت کے لیے عاریت پر دے دی ج طُعَم.

الطَّعَام. خوراک ج اَطْعِمَة جج اَطْعِمَات گیہوں۔

الطَّعِم والطاعم. خوش خوراک۔ کہا جاتا ہے "اَنَا طَاعِمٌ عَنْ طَعَامِكُمْ" یعنی میں تمہارے کھانے سے مستغنی ہوں۔

جَزُوْرٌ طَعُوْمٌ و طَعِيْمٌ. ذبح کرنے کے اونٹ نہ دبلے نہ موٹے۔ الطعومة: بکری جو کھانے کیلئے روک لی گئی ہو۔

الطَّعَامِيّ. کھانا بیچنے والا۔

المَطْعَم. کھانے کی جگہ۔ خوراک۔ ج مَطَاعِم.

المِطْعَم. زیادہ کھانے والا۔

المِطْعَام. مہمان نواز۔

المُطْعَم. مث رزق دیا ہوا۔

المُطْعُوْم. مث خوراک۔ جو چکھا جائے۔ پیوند۔ ٹیکہ۔

طَعَنَهٗ (ف ن) طَعْنًا. نیزہ مارنا اور چھو دینا المَفَازَةَ: جانا فِي السِّنِّ: بوڑھا ہونا الفَرَسُ فِي العِنَانِ: لگام کھینچ کر تیز چلنا (طَعْنًا وطَعَنَانًا: فِي الرَّجُلِ و عَلَيْهِ) عیب لگانا۔

طَعَنَهٗ. مارنا اللَّيْلَ: ساری رات چلنا۔

طُعِنَ. الرَّجُلُ: طاعون زدہ ہونا۔

تَطَاعَنَ القَوْمُ تَطَاعُنًا و طِعَانًا واطَّعَنُوْا. ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

الطَّعْنَة. نیزے کی ضرب۔ نیزے کی ضرب کا نشان۔ ج طَعْن و طَعَنَات

الطَّاعُوْن. پلیگ۔ وبا کی موت۔ ج طَوَاعِيْن.

الطَّعَّان والمِطْعَن والمِطْعَان. بہت نیزہ مارنے والا ج مَطَاعِن و مَطَاعِيْن اور اسی سے ہے "هُوَ طَعَّانٌ فِي اَعْرَاضِ النَّاسِ" یعنی وہ لوگوں کی آبرو پر بہت زیادہ طعنہ کرنے والا ہے۔

الطعين. نیزہ زدہ۔ پلیگ زدہ۔ ج طُعْن.

الطِّعِّيْن. جنگ میں نیزہ مارنے میں ماہر۔

المَطْعَنَة. نیزہ بازی۔

طَغَرہ (ف) طَغْرًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔

الطُّغْرَاء والطُّغْرَى. شاہی فرامین اور سکون کی علامت۔ ج طُغْرَاءَات و طُغْرَيَات.

الطُّغْرَائِيّ. طغرا بنانے والا۔

تَطَغَّمَ. عَلَيْهِ: جاہل بننا۔

طِغْمَة. جماعت جن کا معاملہ ایک ہو۔ ج طُغْمَات و طُغَم.

الطَّغَم. سمندر۔ بہت پانی۔

الطَّغَام. کمینے لوگ (واحد و جمع) معمولی پرندے۔ واحد طَغَامَة. الطَّغَامَة: بیوقوف۔

الطُّغُوْمَة والطُّغُوْمِيَّة. بیوقوفی۔ کمینہ پن۔

طَغْمَشَ الرَّجُلُ: کمزور نظر ہونا۔ اِلَيْهِ: کمزور نظر سے دیکھنا۔ صفت مُطَغْمِش.

الطّغمشة. ضعف بصر۔
طغا يطغو طُغوًا طُغوًا و طُغوانًا. حد سے بڑھ جانا البحرُ: سمندر کا جوش مارنا۔
السّيلُ: سیلاب کا چڑھ آنا۔
تطاغی. الموجُ: موجوں کا جوش مارنا۔
اطغاه و طغاه. سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔
اطغاه المالُ ونحوهٗ: سرکش بنا دینا۔
الطّغوة. بلند جگہ۔ ج طغوات
الطّغوی. سرکشی۔
الطّاغوت. ہر حد سے تجاوز کرنے والا۔ بدی و شرارت کا سرغنہ۔ شیطان۔ معبود باطل۔ ج طواغ و طواغیت. الطواغی والطواغیت: بُت خانے۔
طغی وطغی يطغی طغيًا و طُغیانًا وطِغیانًا بمعنی طغا واوی الکافرُ: کفر میں غلو کرنا الرّجلُ: ظلم اور گناہوں میں حد سے بڑھ جانا الماءُ: بلند ہونا۔
طغی واطغی. فلانًا: سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔ سرکش بنانا۔
الطّغیة. اسم مرۃ۔ سرکش گھوڑا وغیرہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ہر بلند جگہ۔
الطّاغی. فا۔ ظالم۔ طُغاۃ. طاغون.
الطّاغیة. مؤنث طاغی. جبار۔ متکبر۔ سرکش۔ بیوقوف۔ بجلی۔ رومی بادشاہوں کا لقب اور بسا اوقات عرب رُومی بادشاہوں کے علاوہ دوسروں پر اطلاق کرتے تھے۔
طفّ (ن ض) طفًّا الشّیءُ منهٗ: قریب ہونا الحائطَ: دیوار پر چڑھنا۔ طَفّهٗ برجله او بیده: پیر سے یا ہاتھ سے اُٹھانا۔
طفّف. المکیالَ: کم ناپنا الطّائرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا علی عیاله: بال بچوں پر بخل کرنا۔
طفّفت الشّمسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا به موضعَ کذا: قریب کرنا۔
اطفّ علیه: جھانکنا الکیلَ: بھرنا له: قریب دینے کا ارادہ کرنا علیه: مشتمل ہونا علیه بحجر: پھینکنے کے لیے اُٹھانا له السّیفَ: تلوار کو جھکانا۔

استطفّ علیه: جھانکنا۔ استطفّت الحاجةُ: حاجت کا پورا ہونا۔
الطّفّ. بلند زمین۔ کنارہ۔ جانب۔ صحن۔ مکان۔ پہاڑ کا پہلو ج طُفوف. (والطّفف والطّفاف والطِّفاف والطُّفافة) من الإناءِ: برتن کا کنارہ۔ کنارے تک بھرا ہوا۔
الطّفاف والصّفاف: رات کی تاریکی۔
طَفاف الشّمسِ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اتانا عند طُفاف الشّمسِ" غروب آفتاب کے قریب ہمارے پاس آیا۔
الطّفیف. کم۔ نامکمل۔ حقیر خسیس۔
الطّافة. باغ کا گرد اگرد۔ قطعہ زمین جو پہاڑوں اور میدان کے درمیان ہو۔
الطّفّ والطّفاف. من الخیلِ: ہلکا پھلکا تیز رفتار گھوڑا۔
الإطفائیة: آگ کو بجھانے والا خاص گروپ۔
اناءٌ طفّان. لبالب برتن۔
طفئت (س) طُفوءًا. النّارُ: آگ کا بجھنا عینهٗ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
اطفأ. النّارَ: آگ کا بجھانا۔ کہا جاتا ہے "اطفأ الفتنةَ او الحربَ: یعنی فتنہ یا لڑائی کو فرو کر دیا۔
انطفأت انطفاءً. النّارُ: آگ کا بجھنا۔
المُطفئ. فا. مُطفئ الجمرِ: ایام عجوز کا چوتھا یا پانچواں دن۔ مُطفئ الرّضفِ: مصیبت۔ مُطفئة الرّضف: چربی کہ جو گرم پتھر پر پڑے تو پگھل جائے اور اس کی گرمی کو دور کر دے۔
المِطفأة. آگ بجھانے کا آلہ۔ ج مَطافئ.
طفح (ف) طَفحًا و طُفوحًا الإناءُ: بھر جانا اور بہہ پڑنا الإناءَ: بھر دینا (لازم و متعدی) السّکرانُ: شراب سے پُر ہونا المرأۃُ بالولدِ: پورے دنوں پر بچہ جننا اور کہا جاتا ہے "اطفح عنّی" یعنی جاؤ۔
طفّح واطفح الإناءَ: بھرنا یہاں تک کہ بہہ پڑے۔

اطفح. القدرُ: جھاگ نکالنا۔
الطّفاح. پُری۔
الطُّفاحة. ہانڈی کے جھاگ۔
الطّفحان. لبریز جو بہہ پڑے۔ مؤنث طفحی.
الطّافحة. مؤنث طافح. خشک۔
فرسٌ طفّاحُ. القوائمِ: بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المطفحة. کفگیر۔
طفد (ض) طفدًا. المیّتَ: دفن کرنا۔
الطّفد والطّفد. قبر۔ ج اطفاد.
طفر (ض) طفرًا و طُفورًا. کودنا۔ اُونچائی میں کودنا۔
طفّر. اللّبنُ: بالائی والا ہونا (واطفر) الفرسَ النّهرَ: گھوڑے کو نہر کے ایک جانب سے دوسری جانب کودانا۔
الطّفرة. اُونچائی کی کودائی من اللّبنِ: بالائی۔
طفس (س) طفسًا و طفاسة. گندا ہونا۔ صفت طفِس.
طفس (ن) طُفوسًا. الرّجلُ: مرنا۔
طفطف طفطفةً. دشمن کے ہاتھوں میں ڈھیلا ہونا۔
الطّفطفة والطِّفطفة. کمر۔ ڈھیلا گوشت۔ ج طفاطف.
الطّفطاف. جانب۔ دریا کا کنارہ۔ درخت کی تروتازہ نرم شاخیں۔
طفق (س) و طفق (ض) طفقًا و طُفوقًا. یفعلُ کذا. شروع کرنا۔ طفق الموضعَ: لازم ہونا۔ طفق بمرادہ: کامیاب ہونا۔
اطفقهٗ. بمرادہ. کامیاب کرانا۔
طفُل (ک) طُفولة و طفالة. نرم و نازک پروردہ ہونا۔
طفَل (ن) طُفولًا. رات کے وقت داخل ہونا۔ طفلت الشّمسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔

طَفِلَ (س) طفلا و طُفِلَ النبات :
نباتات کا مٹی لگ جانے سے طویل نہ ہونا۔
طَفَلَ اللَّیلُ : قریب ہونا۔ طفلت
الشَّمسُ آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا
الرجل : طفیلی ہونا الکلام : غور کرنا۔
طَفْلَۃ: نرمی برتنا اور یہ طَفَلَ الراعی الابل
سے ماخوذ ہے جبکہ چرواہا چلنے میں اُونٹوں سے
نرمی کرے تاکہ اُونٹ کے بچے بھی ساتھ ہو
جائیں۔
اطفل. رات کے وقت داخل ہونا۔
اطفلتِ الشمسُ: آفتاب کا غروب کے
وقت سرخ ہونا الانثی: بچہ والی ہونا۔ اطفل
الکلام: سوچنا۔
تطفل. بچوں کی سی عادت اختیار کرنا۔ طفیلی
ہونا۔
الطَفل. نرم ونازک۔ ج طفال و طُفول
مؤنث طَفلۃ
الطِفل. ہر چیز کا چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هو
یسعی لی فی اطفال الحاجات" یعنی وہ
میری چھوٹی چھوٹی حاجتوں میں کوشش کرتا
ہے ہر وحشی جانور کا بچہ مؤنث طِفلۃ کہا جاتا
ہے جاریۃ طِفل و طِفلۃ اور طِفل واحد و
جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے اسلئے کہ اسم جنس
ہے۔ الطَّفَل : حاجت رات۔ آفتاب جو
قریب غروب ہو۔ چنگاری۔ کہا جاتا ہے
"تطایرت اطفال النار" یعنی چنگاری
اُڑی۔ ریح طَفِل: نرم نرم چلنے والی ہوا۔ ج
اطفال.
الطفل. بچپنے کی حالت۔ تاریکی۔ طفل
الغداۃ: طلوعِ آفتاب کے کچھ بعد۔ طفل
العشی: غروبِ آفتاب سے کچھ قبل۔
الطُفیلی من النبات والحیوان: دوسروں
کے سہارے زندگی گزارنے والے۔ جانور اور
درخت وپودے۔
الطُفال والطنال. خشک گارا۔
الطُفولیۃ والطفالۃ والطفولۃ. بچپنا۔
الطَفیل. گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ
جائے۔
الطُفیلی. بے بلائے دعوت میں شریک
ہونے والا اور یہ ایک شخص جس کا نام طفیل تھا
اس کی طرف منسوب ہے۔
المُطفل. بچے والی (انسان ہو یا جانور) ج
مطافل و مطافیل. کہا جاتا ہے "لَیلۃ
مُطفِلۃ" بچوں کو ہلاک کرنے والی ٹھنڈی
رات۔
طفن (ن) طفنا مرنا ہ: قید کرنا۔
اطفان المکان : قابل اطمینان ہونا
الرجل: اچھی عادت والا ہونا۔
الطفانین. جھوٹ۔ لغو وبیہودہ گفتگو۔ قید۔
طفا یطفو طفوا و طُفُوا. پانی پر آجانا اور
تہ نشین نہ ہونا اور اسی سے ہے "السمك
الطافی" جو مچھلی کہ پانی میں مر جائے اور اُوپر
آجائے الظبی ہرن کا تیز دوڑنا فوق
الفرس. کود کر گھوڑے پر بیٹھنا فی الارض.
داخل ہونا فلان. مرنا۔
الطفاوۃ. ہانڈی کا جھاگ۔ کہا جاتا ہے
"اصبنا طفاوۃ من الربیع" یعنی کچھ تھوڑا
سا حصہ ملا۔ آفتاب یا ماہتاب کا ہالہ۔
الطفوۃ. باریک گھاس۔
الطُفیۃ. خبیث قسم کا ایک سانپ ج طُفی.
طق. پتھر پر پتھر پڑنے کی آواز کی نقل۔
الظَنُّ. گمان۔ اور شک و یقین کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ ج ظُنُوْن ج ج ظَنَائِن (خلافِ قیاس)

الظِنَّة. تہمت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ ظِنَّةٌ" اس میں تہمت ہے۔ تھوڑی چیز۔ ج ظِنَن و ظَنَائِن.

الظَنَانَة. تہمت۔

الظَنَّان والظَنُوْن. بدگمان۔ رَجُلٌ ظَنُوْنٌ: کم حیلہ۔ کمزور۔ جس پر بھروسہ نہ کیا جائے بِئْرٌ ظَنُوْنٌ: کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں دَيْنٌ ظَنُوْنٌ: قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہو گا یا نہیں رَجُلٌ ظَنُوْن: جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے۔

الظَنِيْن. متہم۔ بدگمانی کی وجہ سے جس سے دشمنی کی جائے۔ بے برکت۔ ج اَظِنَّاء.

مَظِنٌّ. خیال رکھے جانے کے لائق۔

نَفْسٌ ظَنَّاء: نفس متہم۔

مَظِنَّةُ الشَّيْءِ: جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَظِنَّة الخَيْر و فِي المَسْاَلَةِ مَظِنَّةُ اِعْتِرَاضٍ" ج مَظَانّ.

الظُنْبُوْب. قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ ج ظَنَابِيْب. کہا جاتا ہے "قَرَعَ ظَنَابِيْبَ الْاَمْرِ" یعنی آسان کر دیا "قَرَعَ لِهٰذَا الاَمْرِ ظُنْبُوْبَه و سَاقَه" یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔

ظَهَرَ (ف ظُهُوْرًا. ظاہر ہونا۔ باہر آنا۔ ظَهَرَهُ ظَهْرًا: پیٹھ پر مارنا ظَهَرَ بِعِلْمِهٖ: فخر کرنا الشَّيْءَ و بِهٖ: پیٹھ پیچھے ڈال دینا الثَوْب: ابرہ لگانا ظَهْرًا و ظُهُوْرًا) البَيْتَ: مکان پر چڑھنا عَلَيْهِ: اعانت کرنا فُلَان و عَلَيْهِ: غالب ہونا عَلَی السِّر: بھید پر مطلع ہونا فُلَانٌ بِحَاجَتِيْ: حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔

ظَهَرَ (ن ظَهَارَةً. مضبوط پیٹھ والا ہونا۔

ظَهِرَ (س ظَهَرًا. پیٹھ میں شکایت ہونا۔ صفت ظَهِر.

اَظْهَرَ. الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا الكِتَابَ: از بر پڑھنا اَظْهَرَهٗ عَلٰی عَدُوِّهٖ. دشمن پر غالب کرنا عَلَی السِّرِّ: بھید پر مطلع کرنا: مرتبہ بڑھانا ظَهَّر) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا۔

ظَهَّرَ واِظَّهَرَ حَاجَتِيْ: ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔ غافل ہونا۔

ظَاهَرَهُ مُظَاهَرَةً و ظِهَارًا. مدد کرنا ظَاهَرَ بَيْنَ الثَوْبَيْن: اوپر نیچے کپڑے پہننا۔

تَظَاهَرَ: ظاہر ہونا الشَّيْءَ: ظاہر کرنا القَوْمُ: ایک دوسرے سے دُور ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِسْتَظْهَرَ. احتیاط کرنا الشَّيْءَ: بچانے کیلئے پیٹھ پیچھے کرنا: مدد طلب کرنا: تیاری کرنا عَلَيْهِ: چڑھنا غالب ہونا الدَرْسَ: سبق کو زبانی پڑھنا۔

الظَهْر. پیٹھ۔ پیٹ کا مقابل ج اَظْهُر و ظُهُوْر و ظُهْرَان. الظَهْر: بار برداری کا اُونٹ۔ مالِ کثیر۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔ خشکی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَارُوْا فِيْ طَرِيْقِ الظَهْرِ" یعنی خشکی کے راستہ میں چلے۔ سخت

زمین قِدْرٌ ظَهِرٌ: پرانی ہانڈی۔ کہا جاتا ہے "قَرَاَہ عَلٰی ظَهْرِ قَلْبِہٖ او عَلٰی ظَهْرِ لِسَانِہٖ" یعنی حفظ بغیر کتاب کے از بر پڑھا "وَاَعْطَاہُ عَنْ ظَهْرِیَد" یعنی بغیر بدلے کے دیا۔"و هُوَ نَازِلٌ بَیْنَ ظَهْرَیْهِمْ و ظَهْرَانَیْهِمْ و بَیْنَ اظهرهم" وہ ان کے درمیان نازل ہوا۔"رأیته بین ظَهْرَانَی اللَّیْلِ" یعنی میں نے اس کو عشاء اور فجر کے درمیان دیکھا۔"قَلَبَ لَهٗ ظَهْرَ الْمِجَنِّ" یعنی وہ اس کیلئے بدل گیا اور دشمنی کی۔"قَلَبَ الْاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ میں خوب غور کیا۔"قَتَلَہٗ ظَهْرًا" اس نے اچانک مارڈالا۔"هُوَ یَاکُلُ عَلٰی ظَهْرِ یَدَیْ" یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔"لَا تَجْعَلْ حَاجَتِی بِظَهْرٍ" یعنی میری حاجت کو مت بھولو اور پیٹھ پیچھے مت ڈالو۔

الظِّهْرِیٌّ. اُونٹ برائے ضرورت۔ پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا۔ بھولا ہوا۔ ظِهَارِیٌّ.

الظُّهْر. دن کے آدھے ہونے کا وقت ج اَظْهَار.

اَلظَّاهِرِیَّۃُ: ان لوگوں کا مسلک جن کے نزدیک علوم شریعت ظاہری نصوص ہی کے ساتھ حاصل ہوتے ہیں۔ محسوس واقعات۔

الظِّهْرَۃ. مدد۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ حَاجَتِی ظِهْرَتَہٗ" میری حاجت کو پس پشت ڈال دیا اور بھول گیا۔

اَلْمُظْهَرُ: اسم ظاہر جو کہ ضمیر کا الٹ ہوتا ہے۔

الظِّهْرَۃ والظُّهْرَۃ. مددگار۔ الظُّهْرَۃ: گچھوا۔

الظَّهْرَۃ. گھر کا سامان؛ کہا جاتا ہے "جَاءَنَا بِظَهْرَتِہٖ و بِظُهْرَتِہٖ و بِظِهْرَتِہٖ" ہمارے پاس مع اپنی قوم کے آیا۔

الظَّهِیر. مددگار۔ مضبوط پیٹھ والا۔ بیمار پیٹھ والا۔

الظَّهِیرَۃ. مؤنث ظهیر دن کے آدھے ہونے کی حد۔ ظَهَائِر.

الظُّهَار. تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔

الظِّهَارَۃ. کپڑے کا ابرا۔

الظَّاهِر. فا۔ باطن کا ضد ظَاهِرُ البَلَدِ بیرونِ شہر۔ کہا جاتا ہے "قَرَأَہٗ ظَاهِرًا" یعنی حفظ بغیر کتاب کے پڑھا۔

الظَّاهِرَۃ. مؤنث ظاهر۔ ظَاهِرُ العُیُوْنِ: اُبھری ہوئی آنکھ ج ظَاهِرَات و ظَوَاهِر.

ظَاهِرَۃُ الرَّجُلِ: کنبہ؛ قبیلہ۔ ظَاهِرَۃُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی ج الظَّوَاهِر: بلند زمینیں۔

الْمَظْهَر. جائے ظہور۔

الْمُظْهِر. فا۔ سواری والا۔

الْمُظَهَّر. قوی پیٹھ والا۔

الظَّوْنَۃ. بیوقوف۔

ظَافَہٗ یَظُوْفُہٗ و یَظَافُہٗ ظَوْفًا. دھتکارنا۔ دفع کرنا۔

ظُوْف. الرَّقَبَۃِ و ظَافُهَا. گردن کی کھال۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہٗ بِظُوْفِ رَقَبَتِہٖ اَوْ بِظَافِهَا" یعنی میں نے اُس کو تنہا چھوڑ دیا۔

اَظْوَیٰ. بیوقوف۔

الظِّیَۃ. مردار جب سڑنا شروع ہو۔

الظَّیُّ والظَّیَّان. شہد الظَّیَّان: جنگلی چنبیلی۔

الْمَظْیَاۃ والْمَظْوَاۃ مِنَ الاَرَاضِی: جنگلی چنبیلی والی زمین۔

ظَیَّاہُ تَظْیِیْنًا. غمگین کرنا۔

الظَّیْأۃ. بیوقوف۔

ع

ع: اَلْعَیْن اٹھارواں حرف بنیادی حروف میں سے- حروف حلق میں سے ایک یعنی اس کا مخرج حلق ہے-
بحساب جمل اس کا عدد (۷۰) ہے-
عَبَّ (ن) عَبًّا. تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا الماءَ: جانوروں کی طرح مُنہ لگا کر پانی پینا- عَبَّتِ الدَلْوُ: ڈول کا بھرتے وقت گڑگڑانا (عُبَابًا) البَحْرُ: موج کا زیادہ ہونا اور بلند ہونا-
تَعَبَّبَ. النبیْذَ ڈگڈگا کے پینا-
الاَعَبَّ. فقیر- سخت ناک والا-
العَبُّ. س- اولے- عبَ الشمسِ: آفتاب کی روشنی-
العُبَّ. آستین کا سرا- ج عُبَاب.
العُبُب. اُچھلنے والے پانی-
العَبَاب. مُنہ لگا کر پانی پینا-
العُبَاب. سیلاب کا چڑھاؤ- عُبَابُ البَحْرِ موج- کہا جاتا ہے "جَاؤْا بِعُبَابِهِم" سب آئے-
العُبِّيَّة والعِبِّيَة. نخوت- فخر- تکبر- غرور-
الیَعْبُوْب. تیز بہنے والا دریا- تیز رفتار لمبا گھوڑا- بادل ج یَعَابِیْب.
عَبَأَ(ف) عَبْأً و عَبَّأَ تَعْبِئَةً و تَعْبِیْئًا المَتَاعَ: سامان کرنا الجَیْشَ لِلْحرب: لشکر مرتب کرنا- عَبَأَ اِلٰی فُلَان و لَهٗ: قصد کرنا- کہا جاتا ہے "لَا اَعْبَأُ بِهٖ" مجھے اس کی پروا نہیں-

اِعْتَبَأَ مَا عِنْدَهٗ: سب کچھ لے لینا-
العِبْءُ. بوجھ- بوری- گٹھری- ج اَعْبَاء (والْعَبَ) مثل- نظیر- ج اَعْبَاء.
العَبَاء. چغہ- ج اَعْبِئَة.
العَبَائَة. چغہ-
المَعْبَأ. راستہ-
عَبَثَ(ن) عَبْثًا. الشَّیَٔ بالشَّیٔ: ملانا-
عَبِثَ(س) عَبَثًا. کھیل کود کرنا- مذاق کرنا بِالدِّیْن: حقارت کرنا- صفت عَابِث و عِبِّیْث.
عَبِیْثَةُ النَاسِ. مختلف قسم کے لوگ-
العَبَث. بے فائدہ- لغو- بے نتیجہ- کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ عَبَثًا" اس نے یہ کام لغو کیا-
العَبِیْث. ایک قسم کا پھول-
العَبَوْثُرَان والعَبَیْثُرَان. ایک قسم کا خوشبودار پودہ- ثاء کے فتحہ سے بھی ہیں-
عَبَدَ(ن) عِبَادَةً و عُبُوْدَةً و عُبُوْدِیَّةً و مَعْبَدًا و مَعْبَدَةً. اللّٰهَ: ایک جاننا- خدمت کرنا- ذلیل ہونا- خضوع کرنا- پرستش کرنا- کہا جاتا ہے "مَا عَبَدَكَ عَنِّی" یعنی کس چیز نے تم کو مجھ سے روکا-
عَبُدَ(ک) عُبُوْدَةً و عُبُوْدِیَّةً. باپ دادا سے غلام رہنا-
عَبِدَ(س) عَبَدًا و عَبَدَةً عَلٰی فُلَانٍ: غضبناک ہونا مِنْهُ: ناک چڑھانا- مَا قَالَهٗ: انکار کرنا عَلٰی نَفْسِهٖ: ملامت کرنا الرَّجُلُ: نادم و پشیمان ہونا ہٗ: لازم ہونا- جدا ہونا عَلَی الشَّیٔ: حریض ہونا- صفت عَابِدٌ و عَبِدٌ.

عَبَّدَهٗ. فرماں بردار بنانا- غلام بنانا- عَبَّدَ الطَرِیْقَ: راستہ کو چلتا ہوا بنانا- پائمال کرنا- الرَّجُلُ: جلدی کرنا- بھاگنا البَعِیْرَ: قطران ملنا (دیکھئے القَطِرَان) کہا جاتا ہے "عَبَّدَ یَعْدُو" یعنی کچھ تیز دوڑا- "مَا عَبَّدَانْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی-
اَعْبَدَهُ الغلام: غلام کا مالک بنانا- اَعْبَدَ الغُلَامَ: غلام بنانا القَوْمُ: جمع ہونا-
تَعَبَّدَ عبادت کے لیے علیحدہ ہونا هٗ: اطاعت کیلئے بلانا- غلام بنانا- غلام جیسا برتاؤ کرنا-
تَعَبْدَدَ القَوْمُ: متفرق ہونا-
اِسْتَعْبَدَهٗ واِعْتَبَدَهٗ. غلام بنانا-
العَبْد. آدمی- غلام- ج عَبِیْد و عِبَاد. و عَبَدَة و عَبْدُوْن واَعْبُد و عُبْدَان و عِبْدَان و عِبِّدَان و اَعْبَاد و مَعْبَدَة و عِبِّدَآء و عِبِّدٰی و عَبْدٌ و عُبُدٌ ومَعْبُوْدَآء ج اَعَابِد و مَعَابِد واَعْبِدَة عَبْدٌ قِنٌ و عَبْدُقِنٍ. خاندانی غلام-
العَبْدِیَّةُ والعُبُوْدَة والعُبُوْدِیَة و التَعْبِیْدَة. فرمانبرداری- غلامی- دَرَاهِمُ عَبْدِیَّة. پرانے دراہم-
العِبَاد. عبد کی جمع- حیرہ کے چند نصرانی عربی قبائل- نسبت کے لیے عِبَادِیٌّ.
العَبَادِیْد والعَبَابِیْد. لوگوں کے فرقے- گھوڑوں کے گلے- دُور کے راستے- (ان کا واحد

نہیں)

العابد. فا۔ خادم۔ ج عَبَدَة. عُبّاد. عابِدُوْن مؤنث عابِدَة ج عابِدات و عوابد.

العَبَدَة. قوت۔ بقاء۔ موٹاپا۔ زندگانی۔ خوشبو پینے کا پتھر۔ خودداری۔

المُعْبَد. عبادت گاہ۔ ج معابد.

المُتَعَبَّد. عبادت گاہ۔

المِعْبَد. کسی۔ پھاوڑا۔ ج معابد.

المُعَبَّد. مع۔ روندا ہوا راستہ۔ مکرم معظم۔ میخ۔ کھونٹی۔ قطران ملا ہوا اونٹ بعیر مُعَبَّد: اونٹ جس کی سواری چھوڑ دی گئی ہو۔ مؤنث مُعَبَّدَة. المُعَبَّدَة: تارلی ہوئی کشتی۔

عَبَر (ن) عَبْرًا: غمگین ہونا اور آنسو بہانا العَیْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا الکتابَ: چپکے چپکے غور کرنا الدراھم: کمیت و کیفیت دراہم کو دیکھنا (عَبْرًا و عُبُوْرًا) السبیلَ: طے کرنا۔ مرنا۔ گزرنا النھر والوادی: پار کرنا عبر بہ: گزر جانا الماءَ: (عَبْرًا و عِبَارَةً) الرؤیا: خواب کی تعبیر بیان کرنا۔

عَبِرَ (س) عَبَرًا: عبرت حاصل کرنا۔ عابِر اور اسی سے عرب کا قول ہے "اللھم اجعلنا ممن یعبر الدنیا ولا یعبرھا" اے اللہ! ہم کو ان لوگوں میں سے بنا جو دنیا سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور بغیر تیری رضامندی حاصل کیے جلدی مرتے نہیں۔

عَبَّرَ. الرؤیا: خواب کی تعبیر بیان کرنا عَمّا فی نفسہ: دل کی بات ظاہر کرنا عن کذا بولنا عَبَّرَہٗ بالماء: پار کرانا الدراھم: دراہم کی کمیت و کیفیت دیکھنا بہ: ہلاک کرنا بہ الامرُ: دشوار ہونا۔

اِعْتَبَرَ الشیءَ: آزمانا۔ غور کرنا منہ: تعجب کرنا نصیحت حاصل کرنا۔ بہ: اعتبار کرنا۔

اِسْتَعْبَرَ: آنسو بہانا۔ الرجلُ: غمگین ہونا الدراھم: کمیت و کیفیت معلوم کرنا۔ اِسْتَعْبَرَہُ الرؤیا او الدراھم: تعبیر بیان کرانا۔ دراہم کی کیفیت و کمیت پوچھنا العینُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا۔

العابِر. فا۔ گزرنے والا۔ کسی چیز میں غور کرنے والا۔ ج عابِرُوْن و عُبَّار و عَبَرَة مؤنث عابِرَة کہا جاتا ہے "دَخَلَ عابِرَ سبیلٍ" بغیر ٹھہرے ہوئے گزرتے ہوئے داخل ہوا۔

العَبَّار. مبالغہ عابر خواب کی تعبیر بتانے والا۔ جَمَلٌ عَبَّارٌ: چلنے میں قوی اونٹ۔

العَبْر والعِبْر. من الوادی: کونہ۔ کنارہ۔ مجلس۔ عَبْر و عِبْر: بہت آدمیوں والی مجلس۔

بناتُ عِبْرٍ: جھوٹ۔ باطل۔ ابو بناتِ عِبْرٍ: جھوٹا۔

العُبْر: ہر چیز کی کثرت۔ انسان کی ہی کثرت پر استعمال ہوتا ہے۔ تیز چلنے والا بادل۔ عورت جس کا بچہ کھو گیا ہو۔ عقاب (والعبر) آنکھ کی گرمی جو آنسو بہاتی ہے۔

العَبْر والعَبِیر والعُبْر. قوی مضبوط۔ (مذکر مؤنث واحد جمع) کہا جاتا ہے "فُلانٌ عَبْرٌ لِکُلِّ عَمَلٍ" یعنی ہر عمل کے لائق ہے "جمالٌ عُبْرُ أسفارٍ" چلنے میں قوی اونٹ۔

العَبْرَة. عَبَر کا اسم مرۃ۔ آنسو ج عِبَر و عَبَرات. غم۔

العِبْرَة. نصیحت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ بِفُلانٍ عِبْرَةٌ" احوال و کیفیات میں غور و فکر تعجب۔ اصل جو نظائر کا مرجع ہو۔

اَلْعِبَارَةُ الجَبْرِیَّة: اعداد اور حروف کا مجموعہ جن کے ساتھ عمل جبر کیا جا سکے۔

العِبَارَة. اسم ہے عَبَّر کا۔ معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ حَسَنُ العِبَارَةِ" فلاں اچھا بیان کرنے والا ہے۔ "ھذا عِبَارَةٌ عَنْ کَذا" یہ اس کے ہم معنی ہے۔

اَلْعَابُوْر: وہ پرندوں کی جماعت جو کہ کسی ایک علاقہ میں ٹھکانہ نہ بنائیں جیسے ترغل بوروار اور فری۔ (سریانی لفظ)

العَبِر. مؤنث عَبِرَة. العَبْران. مؤنث عَبْرَی ج عَبَارَی. آنسو بہانے والا۔ غمگین۔

العِبْرِیّ والعِبْرانِیّ. یہودی۔ یہودیوں کی زبان۔

العِبْرانِیَّة. یہودیوں کی زبان۔ یہودیت۔

العَبِیر. ایک مرکب خوشبو کا نام۔ سَھْمٌ عَبِیرٌ: بہت پروں والا تیر۔ قَوْمٌ عَبِیرٌ: بہت لوگ۔

المَعْبَر. گزرگاہ۔ گھاٹ۔

المِعْبَر والمِعْبَرَة. دریا عبور کرنے کا ذریعہ۔

المُعْبَر. بہت بالوں یا پروں والا۔ غُلامٌ مُعْبَرٌ: لڑکا جس کو احتلام ہونے لگے اور ابھی تک ختنہ نہ ہوا ہو۔

اَلْعَتْرَب: ساق نامی درخت جس کا پھل کھٹا ہوتا ہے۔

عَبَسَ (ض) عَبْسًا و عُبُوْسًا: ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ چیں بجبیں ہونا (و عَبَّسَ) الوجہُ: ترش رو ہونا۔ عَبَسَ وَجْھَہٗ: ترش روئی کرنا۔

عَبِسَ (س) عَبَسًا البعیرُ: اونٹ کی دم پر مینگنی کا خشک ہونا الوسخُ فی یدہ و علیھا: میل خشک ہونا۔

اَعْبَسَ الرجلُ: میلا ہونا الابلُ: دم پر خشک مینگنی والا ہونا الثوبُ: میل خشک ہونا۔

تَعَبَّسَ: ترش رو ہونا۔

العَبَس. س۔ اونٹ کی دم پر خشک مینگنی۔

العَبُوْس والعَبّاس. بہت ترش رو۔ شیر۔

یومٌ عَبُوْسٌ: سخت دن۔

عَبَشَ (ن) عَبْشًا الشیءَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔

العَبْش. درستی۔ صلاح (و العَبَش والعُبْشَة) عبادت۔ کند ذہنی۔

العَبْشَة والعَبَشَة. غفلت۔

عَبَطَ (ض) عَبْطًا الذبیحۃَ: موٹے تازے کو ذبح کرنا الضَّرْعَ: تھن کو خون آلود کر دینا التُرابَ: مٹی اڑانا الرجلَ: غیبت کرنا الدواھی فلانًا: بلا کسی سبب کے مصیبت

پہنچنا الکذبَ بِلاَکسی عذر کے جھوٹ گھڑنا
عِرضَہٗ گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ عَبطَت
الرِّیحُ وَجهَ الاَرضِ سطحِ زمین کا صاف کر
دینا الشَّیئُ پھٹ جانا۔
اَعبَطَہُ المَوتُ صحت و جوانی میں موت
واقع ہونا۔
اِعتَبطَ الذَّبِیحَۃَ موٹا تازہ ذبح کرنا
المَوتُ صحت و جوانی میں موت واقع ہونا
الرَّجُلَ ظلماً قتل کرنا العِرضَ گالی دینا۔ بے
آبرو کرنا الرَّجُلُ بخار آنا۔ زخمی کیا جانا۔
العَبطُ سفید جھوٹ۔ خالص افترا۔ کہا جاتا
ہے مات عَبطَۃً یعنی صحیح تندرست جوان مر
گیا۔
العَبِیطُ تندرست موٹا تازہ ذبح کیا ہوا
جانور۔ ج عُبُط و عِباط. اَدِیمٌ عَبِیطٌ
پھٹا ہوا چمڑا۔ دَمٌ عَبِیطٌ تازہ خون۔
الاِعتِباطُ مصدر اِعتَبطَ. الحَذفُ
الاِعتِباطِی عِندَ النُّحاۃِ حذف جو بغیر
کسی علت کے ہو۔
العَوبَطُ مصیبت۔ سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی
زیادہ ہو۔ ج عَوابِط.
عَبعَبَ الجَیشُ لشکر کا شکست کھانا۔
تَعَبعَبَ الشَّیئَ پورے کو ہلاک و برباد کر
دینا۔
العَبعَبُ کشادہ کپڑا۔ اُونٹ کے بالوں کا نرم
کمبل (والعَبعابُ) بلند قد والا۔ کشادہ حلق
والا۔ کامل الخلقت۔
عَبِقَ(س) عَبَقًا و عَبَاقَۃً و عَبَاقِیَۃً
الطِّیبُ بہٖ خوشبو لگنا المَکانُ بالطِّیبِ
جگہ کا خوشبو سے بھڑک اُٹھنا فلانٌ بالشَّیئِ
حریص ہونا بالمَکانِ اقامت کرنا۔
عَبَّقَ رائحۃَ الطِّیبِ خوشبو پھیلانا۔
العَبَقُ گھی وغیرہ کا بقیہ۔
العَبِقُ خوشبو دار۔ وہ چیز جس سے خوشبو
بھڑکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَبِقٌ لَبِقٌ یعنی
ظریف مرد۔
العَباقِیَۃُ مکار۔ مصیبت۔ چہرے پر زخم
کا نشان۔ شاطر چور۔
عَبقَر عَبقَرَۃً السَّرابُ سراب کا چمکنا۔
عَبقَرُ نام ایک مقام کا جس کے متعلق عرب
کا گمان تھا کہ وہاں جنات بہت ہیں۔
العَبقَرِیُّ عبقر کی طرف منسوب۔ سردار۔
ہر چیز سے فائق۔ تعجب انگیز چیز۔ مؤنث
عَبقَرِیَّۃٌ (والعَباقِرِیُّ) ایک قسم کا نفیس
فرش۔
عَبَكَ(ن) عَبكًا الشَّیئَ بالشَّیئِ ملانا۔
العَبَكَۃُ ٹکڑا۔ مشک کی میل۔ رسّی کی گانٹھ
کہتے ہیں "یَبلَی الحَبلُ و تَبقَی العَبَکَۃُ"
یعنی رسّی جل جائے اور بل نہ جائے۔
عَبَلَ(ض) عَبلًا الشَّجرَ درخت سے
پتے گرانا الحَبلَ رسّی بٹنا الشَّیئَ کاٹنا۔ رد
کرنا۔ روکنا بہلے جانا الشَّجرُ پتے نکلنا۔
عَبُلَ(ک) عَبلًا و عَبُلَ(ک) عُبُولًا و
عَبالَۃً موٹا ہونا۔ صفت عَبلٌ و عَبِلٌ
عِبالٌ و عابِلٌ عُبلٌ مؤنث عَبلَۃٌ
عَبلاتٌ و عِبالٌ.
اَعبَلَ موٹا ہونا۔ سفید ہونا الشَّجرُ
درخت کا لپٹی ہوئی پتیوں والا ہونا۔
العَبَلُ لپٹی ہوئی پتیاں۔ گرے ہوئے پتے۔
ج اَعبالٌ.
العَبِیلُ موٹا۔ مؤنث عَبِیلَۃٌ.
الاَعبَلُ سخت قسم کا پتھر جو سفید، سرخ اور
کالا ہوتا ہے ج اَعبِلَۃٌ.
العَبالُ جنگلی گلاب۔
العَبلاءُ چٹان۔ بقول بعض سفید چٹان ج
عِبالٌ.
المِعبَلَۃُ کا لمبا چوڑا پھل ج مَعابِلُ.
العَبُولُ موت۔
عَبِمَ(ک) عَبامَۃً رَ عَبامَۃً بیوقوف ہونا۔
ماءٌ عَبامٌ سست پانی۔
العَبامُ سُست تھکا ہوا۔ موٹا۔ بیوقوف۔
بے عقل۔ بے ادب۔ بزدل۔ ج عُبُمٌ.
العَبامَاءُ بیوقوف۔
عَبَنَ(ن) عَبنًا موٹا اور کھردرا ہونا۔
صفت عَبَنٌّ و عَبَنّیٌ مؤنث عَبَنّاۃٌ
عَبَنّیاتٌ.
العَبهَرُ نرگس۔ چنبیلی (والعَباهِرُ) بھرے
ہوئے جسم والا۔ لمبا۔
عَبهَلَہٗ غائب کرنا۔ عَبهَلَ الاِبلَ اُونٹ کو
آزاد چھوڑ دینا۔
العَباهِلُ مِنَ الاِبلِ آزاد چھوٹے ہوئے
اُونٹ۔
العَباهِلَۃُ یمن کے بادشاہ جو اسلامی حکومت
کے زمانے میں اپنی سلطنت پر چھوڑ دیئے گئے
تھے۔ واحد عَبهَلٌ.
عَبا یَعبُو عَبوًا چہرے کا دمک اُٹھنا
المَتاعَ تیار کرنا۔
جارِیَۃٌ عابِیَۃٌ خوبصورت لڑکی۔
عَبَّی تَعبِیَۃً الجَیشَ لشکر کو ترتیب دینا۔
تَعَبَّی تیار ہونا۔
العَبِیُّ حصہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا عَبِیُّكَ مِنَ
الجَزُورِ" ذبح کئے ہوئے (اُونٹ یا
بکری) سے یہ تمہارا حصہ ہے۔
رَجُلٌ عَباءٌ و عَباءِیٌّ بھاری جسم والا اکھڑ۔
العَباءَۃُ جبہ۔ ج عَبایَاتٌ و عَبِیٌّ.
عَتَّ(ن) عَتًّا بالمَسئَلَۃِ سوال کرنے میں
اصرار کرنا۔ ہ بالکلام جھڑکی دینا۔
عاتَّہٗ جھگڑا کرنا۔ بار بار کلام کو لوٹانا۔
تَعَتَّتَ فِی کَلامِہٖ بار بار کلام کو دہرانا۔
العَتُّ کلام وغیرہ میں سختی۔
عَتَبَ(ن ض) عَتبًا و عُتبانًا و مَعتَبًا و
مَعتَبَۃً و مَعتِبَۃً. عَلَیہِ کسی فعل پر سرزنش
کرنا۔ خفگی ظاہر کرنا۔
(عَتبًا و عِتابًا و عِتِّیبَی) فُلانًا ملامت
کرنا (عَتبًا و عَتَبانًا و تَعتابًا) لنگ پاؤں پر
کودنا (البَعِیرُ) تین ٹانگوں پر چلنا (عُتبانًا)
البَرقُ بجلی کا لگاتار چمکنا مِن مَکانٍ اِلٰی
مَکانٍ و مِن قَولٍ اِلٰی قَولٍ ایک جگہ سے
دوسری جگہ یا ایک بات سے دوسری بات کی
طرف منتقل ہونا۔
عَتَّبَ الرَّجُلُ دیر کرنا البابَ دروازے

کی دہلیز بنانا۔ عَاتَبَهٗ عِتَابًا و مُعَاتَبَةً علی کذا ملامت کرنا۔ غصہ کرنا۔ ناز سے خطاب کرنا۔

اَعْتَبَهٗ بسبب ناراضی و ملامت کو دُور کرنا۔ رضامند کرنا۔ اَعْتَبَ عَنْهُ پھر جانا۔

تَعَتَّبَ القَوْمُ ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَتَعَتَّبُ بِشَيْءٍ وَلَا يُتَعَتَّبُ عَلَيْهِ فِيْ شَيْءٍ" یعنی اس پر عیب نہیں لگایا جاتا۔ تَعَتَّبَ بَابَ فُلَانٍ: کسی کی چوکھٹ کو پھلانگنا۔ کسی کی چوکھٹ پر پڑا رہنا۔

تَعَاتَبَ الرَّجُلَانِ ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ ناز سے ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔

اِعْتَتَبَ میانہ روی اختیار کرنا۔ الطَّرِيْقَ آسان راستہ چھوڑ کر دشوار اختیار کرنا و مِنْهُ عَنْهُ پھر جانا۔

اِسْتَعْتَبَهٗ رضامند کرنا۔ رضامندی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْتَبْتُهٗ فَأَعْتَبَنِيْ" یعنی مجھ سے میں نے رضامندی طلب کی اس نے مجھے رضامند کر دیا۔ اور اسی سے ہے "مَا بَعْدَ المَوْتِ مُسْتَعْتَبٌ" یعنی موت کے بعد طلب رضامندی کا موقع نہیں۔

العَتَبُ لنگڑاہٹ۔ کہا جاتا ہے "بِرِجْلِهٖ عَتَبٌ" اس کے پیر میں لنگڑاہٹ ہے۔

العُتَبُ بہت عتاب کرنے والا۔

العَتَبُ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی یا بیچ والی اور چھنگلیا کے پاس والی انگلی کا درمیان۔ فساد۔

العَتَبُ و العَتَبَةُ مکروہ امر۔ شدت۔ سخت زمین۔

العَتَبَةُ چوکھٹ۔ سیڑھی کا زینہ۔ ج عَتَبٌ و عَتَبَات۔ عَتَبَاتُ المَوْتِ موت کی سختیاں۔

العُتْبَةُ وادی کا موڑ۔

العُتْبٰی رضامندی۔

الأُعْتُوبَةُ باعث عتاب۔ ج اَعَاتِيْب۔

العَتُوْبُ جس پر عتاب کا اثر نہ ہو۔ راستہ۔

المَعْتَبَةُ و المَعْتِبَةُ عتاب۔ غضب۔

المَعْتُوْبُ مفع۔ جس پر عتاب کیا جائے۔

أُمُّ عِتْبَانَ اُمُّ عَتَّابٍ بجو۔

عَتُدَ (ک) عَتَادًا و عَتَادَةً الشَّيْءُ تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔

عَتَّدَ و اَعْتَدَ الشَّيْءَ تیار کرنا۔

تَعَتَّدَ فِيْ صَنْعَتِهٖ غور سے کرنا۔

العَتَادُ سامان جو کسی مقصد کیلئے تیار کیا جائے۔ سامانِ جنگ۔ بڑا پیالہ۔ ج اَعْتُدٌ و عُتُدٌ و اَعْتِدَة۔

العَتِدُ و العَتَدُ مِنَ الخَيْلِ دوڑنے کے لیے تیار گھوڑا۔ مضبوط۔ تام الخِلْقَةِ (مذکر و مؤنث)

العُتْدَةُ سامان۔ کہا جاتا ہے "خُذْ لِلْأَمْرِ عُتْدَتَهٗ" کام کے لیے اس کا سامان لو۔ ج عُتَدٌ۔

العَتُوْدُ ایک سالہ بکری کا بچہ ج اَعْتِدَةٌ و عِدَّانٌ۔

العَتِيْدُ تیار۔ آمادہ۔ بھاری بھرکم جسم کا۔

العَتِيْدَةُ مؤنث عَتِيْدٍ۔ سنگھاردان۔

عَتَرَ (ض) عَتْرًا الشَّيْءُ مضبوط ہونا (عَتْرًا) العَتِيْرَةَ ذبح کرنا (تَعْتَارًا و عَتَرَانًا) الرُّمْحُ حرکت کرنا۔

العِتْرُ اصل۔ اور اسی سے مثل ہے "عَادَتْ اِلٰی عِتْرِهَا لَمِيْسُ" یعنی لمیس اپنی اصل کی طرف لوٹ گئی یہ مثال اس کیلئے بولی جاتی ہے جو اپنی پرانی عادت پھر اختیار کر لے۔ العِتْرُ ہر وہ جانور جو ذبح کیا جائے۔ بکواس (والعَتِيْرَةُ) بکری جس کو جاہلیت کے زمانہ میں رجب کے مہینے میں بتوں کے نام پر ذبح کیا کرتے تھے۔ ج عَتَائِرُ و عِتَرٌ۔

العِتْرَةُ کنبہ۔ اولاد۔ مشک خالص کا ٹکڑا۔ خوشگوار کھوک۔ مرزنجوش۔ دانتوں کی تیزی و صفائی۔

العَتَّارُ بہادر۔ مضبوط گھوڑا۔ سخت خالی مقام۔

المُعْتَّرُ مِنَ الرِّجَالِ موٹا۔ اور عوام کے نزدیک بمعنی شریر۔

عَتْرَسَهٗ سخت بھینچنا۔ سختی سے پکڑنا۔

عَتْرَسَهٗ مَالَهٗ مال غصب کر لینا۔

العَتْرَسُ و العَتَرَّسُ سخت بھینچنے والا۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹے موٹے جوڑوں والا۔ شیر۔ مرغ۔

العِتْرِيْسُ سخت سرکش۔ غضبناک۔ بلا۔ مصیبت۔

عَتْرَفَ لَهٗ سخت ہونا۔

تَعَتْرَفَ بزرگی ظاہر کرنا۔

العِتْرِيْفُ و العُتْرُوْفُ خبیث۔ بدکار۔ مضبوط اونٹ۔ ج عَتَارِيْف۔

عَتَفَ (ض) عَتْفًا الشَّعْرَ بال اکھیڑنا۔

العِتْفُ مِنَ اللَّيْلِ رات کا ایک حصہ۔

عَتَقَ (ض) عَتْقًا و عِتْقًا و عَتَاقًا و عَتَاقَةً العَبْدُ آزاد ہونا۔ صفت عَتِيْقٌ و عَاتِقٌ۔

عَتَقَ (ن) عَتْقًا و عِتْقًا و عَتُقَ (ک) عَتَاقَةً پرانا ہونا الشَّيْءُ درست ہونا الخَمْرُ شراب پرانی اور عمدہ ہونا۔ صفت عَاتِقٌ و عَتِيْقٌ و عُتَاقٌ اليَمِيْنُ عَلَيْهِ: قسم واجب ہونا۔

اَعْتَقَ العَبْدَ غلام آزاد کرنا الفَرَسُ تیز دوڑانا مَالَهٗ درست کرنا۔

عَتَّقَ الخَمْرَ پرانی کرنا۔ عَتَّقَ الثَّوْبَ: کپڑے کو پرانا کرنا فُلَانًا بِفِيْهِ منہ سے کاٹ کھانا۔

العِتْقُ مص۔ اصل کا خالص ہونا۔ جمال۔ شرافت۔ نجابت۔ آزادی۔ کھنکی۔

العُتْقُ کھنکی۔ آزادی۔ عاتق بمعنی کندھا کی جمع۔

العُتُقُ وہ درخت جس سے اوزار بنائے جاتے ہیں۔

العَاتِقُ فا۔ کندھا۔ ج عَوَاتِقُ و عُتُقٌ۔ کشادہ مشک۔ عمدہ شراب۔ پرانی شراب۔ دوشیزہ۔ ج عُتَّقٌ۔ عَاتِقُ الثُّرَيَّا: نام ستارہ

(والعاتِقه) پرانی سرخ کمان۔

العَتاق. پرانی عمدہ شراب۔

العَتِیق. پرانا۔ آزاد کردہ غلام۔ کریم۔ عمدہ ج عُتَقاءُ و عُتُق. فَرَسٌ عَتِیقٌ: خوش منظر گھوڑا۔ ج عِتاق. البَیْتُ العَتِیقُ: خانہ کعبہ۔

اَمَةٌ عَتِیقٌ: آزاد کردہ لونڈی۔

المُعَتَّقَة. پرانی عمدہ شراب۔ ایک قسم کا عطر۔

عَتَكَ (ض) عَتْكًا و عُتُوْكًا لڑائی میں حملہ کرنا الفَرَسُ: گھوڑے کا دانت کاٹنے کا ارادہ کرنا۔ عَتَكَ البَلَدَ: شہر پر ظلم کرنا عَلَی الاَمْرِ: کسی کام پر اقدام کرنا اِلَی المَكَانِ: مائل ہونا عَلَیْهِ بِخَیْرٍ او شَرٍّ: بھلائی یا برائی سے پیش آنا اللَّبَنُ: دودھ کا کھٹا ہونا القَوْسُ: کمان پرانی ہونے سے سرخ ہونا۔ صفت عاتِکه ج عَواتِك۔

العاتِك. فا۔ شریف۔ خالص۔ النَّبِیْذُ العاتِك. صاف شراب۔ اَحْمَرُ عَاتِكٌ: تیز سرخ۔

العَتك س۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی عَلَیْهِ عَتْكٌ" یعنی ایک زمانہ گزر گیا۔

العَتِیك. پرانے ہونے سے سرخ مِنَ الاَیَّامِ: سخت گرمی والا۔

عَتَلَهُ (ن ض) عَتْلًا سختی سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "عَتَلَهُ اِلَی السِّجْنِ" قید خانے کی طرف سختی سے کھینچا۔ الشَّیْءَ: اٹھانا۔

عَتِلَ (س) عَتَلًا اِلَی الشَّرِّ: برائی کی طرف جلدی کرنا۔ صفت عَتِلٌ۔

اِنْعَتَلَ (و تَعَتَّلَ) کھنچ جانا۔ جگہ سے نہ ہٹنا۔

العَتَلَة. بڑا ڈھیلا۔ کدالہ۔ بڑی لاٹھی۔ ج عَتَل.

العُتُلّ. بہت کھانے والا۔ سرکش۔ سخت عادت والا۔ سخت۔

العَتّال. باربردار۔ قلی۔ پیشے کا نام۔ العِتالَة.

العَتِیل. مزدور۔ خادم۔ ج عُتُل و عُتَلاء.

داءٌ عَتِیلٌ: سخت مرض۔

المِعْتَل. کھینچنے میں قوی و مضبوط۔

عَتَمَ (ض) عَتْمًا. اللَّیْلُ: رات کا ایک حصہ گزرنا عَنِ الاَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا۔ قِرَی الضَّیْفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔

عَتَّمَ عَنِ الاَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا قِرَاهُ: مہمانی کے کھانے میں تاخیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاعَتَّمَ اَنْ وَقَفَ بِنَا" یعنی دیر نہیں کی۔ "حَمَلَ عَلَیْهِمْ فَمَا عَتَّمَ" یعنی ان پر حملہ کیا تو منہ نہیں پھیرا الرَّجُلُ: تاریکی میں چلنا الطَّائِرُ: پرندہ کا انسان کے سر کے قریب پر پھڑپھڑانا۔

اَعْتَمَ قِرَی الضَّیْفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔ دیر ہونا (لازم و متعدی) حاجَتَهُ: مؤخر کرنا حاجَتُه: مؤخر ہونا اللَّیْلُ: رات کا ایک حصہ گزرنا الرَّجُلُ: تاریکی میں چلنا یا داخل ہونا عَنِ الاَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا۔

عَتَمَتْ (ن ض) عَتْمًا و اعْتَمَتْ و تَعَتَّمَتْ و اسْتَعْتَمَتْ النَّاقَةُ: عشاء کے وقت دوہا جانا۔ صفت عاتِمَة ج عاتِمات و عَواتِم اِسْتَعْتَمَ الرَّجُلُ: دیر کرنا النَّعَمَ: چوپایوں کے دوہنے میں دیر کرنا۔

العُتْم والعُتُم. جنگلی زیتون کا درخت۔ واحد عُتْمَة و عُتُمَة.

العَتَمَة. رات کی پہلی تہائی۔ رات کی تاریکی۔ دیر کرنا۔

العاتِم. فا۔ کہا جاتا ہے "جاءَ نَا ضَیْفٌ عاتِمٌ" ہمارے پاس مہمان دیر میں شام کے وقت آیا۔ مؤنث عاتِمَة.

النُّجُوْمُ العاتِمات: ستارے جو غبار وغیرہ کی وجہ سے تاریک ہو جائیں۔

العَتُوْم. اونٹنی عشاء کے وقت دودھ دینے والی۔ العَتُوْمَة: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

المِعْتام. دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ مِعْتامُ القِرَی: دیر میں مہمانی کا کھانا پیش کرنے والا۔

عَتَنَهُ (ض ن) عَتْنًا اِلَی السِّجْنِ: قید خانے کی طرف زور سے دھکیلنا۔

اَعْتَنَ عَلٰی غَرِیْمِه: قرض دار پر سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔

العاتِن والعَتُوْن. قوی ج عُتُن.

العَتِن مِنَ الرِّجالِ: سخت پر حملہ کرنے والا۔

عَتِهَ (س) و عُتِهَ عَتَهًا و عُتْهًا و عَتاهًا و عُتاهًا و عَتاهَةً و عَتاهِیَه. کم عقل ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت مَعْتُوْه و مُعَتَّه و عَتاهِیَة.

عُتِهَ فُلانٌ فِی العِلْمِ: حریص ہونا فِی فُلانٍ: تکلیف پہنچانے کا خواہش مند ہونا۔ صفت عَتِیه ج عُتَهاء.

تَعَتَّهَ. جاہل بننا۔ پاگل بننا عَنْهُ: تغافل برتنا۔

العَتاهِیَة و العَتاهَة. س۔ جنون اور دہشت سے پاگل لوگ۔ العَتاهِتَه: گمراہی۔ بیوقوفی۔

عَتا یَعْتُوْ عُتُوًّا و عُتِیًّا و عِتِیًّا. تکبر کرنا۔ حد سے گزرنا۔ صفت عاتٍ ج عُتاة و عُتِیّ عَنِ الاَدَبِ: ادب قبول نہ کرنا۔

العاتِی. فا۔ سرکش۔ لَیْلٌ عاتٍ. بہت تاریک رات۔

العَتِیّ. سرکش۔ ج اَعْتاء.

عَتّٰی یَعْتّی بمعنی عَتا یَعْتُو

تَعَتّٰی تَعَتِّیًا. نافرمانی کرنا۔ اطاعت نہ کرنا۔

عَثَّهُ (ن) عَثًّا. اصرار کرنا۔ عَثَّتِ العُثَّةُ الصُّوْفَ: کیڑے کا اون کو چاٹنا۔ عَثَّتِ الحَیَّةُ فُلانًا: سانپ کا ڈس لینا۔ سانپ کے پھونکنے سے بال کا گرنا۔

عَثَّثَ تَعْثِیْثًا و عاثَّ عِثاثًا و مُعاثَّةً فِی غِنائِه: سر نکالنا۔

اَعْتَثَّه. عِرْقُ سُوْءٍ: بد اصلی کا نیکی سے روک دینا۔

العِثّ. ایک قسم کے سانپ جو خشک سالی میں ایک دوسرے کو کھا جاتے ہیں۔ ج عِثاث.

العَثّاء. سانپ۔

العُثَّة. مِنَ النِّساءِ: لاغر بدن کی عورت۔ گمنام حقیر عورت ج عِثاث.

العُثَّة. کیڑا اون چاٹنے والا۔ ج عُثّ و

عُثَث. بڑھیا۔ بیوقوف عورت۔ بدزبان گمنام عورت۔

عَثَرَ (ن ض) عَثِرَ (س) عَثُرَ (ک) عَثْرًا و عِثِيرًا و عِثَارًا. الفرس: گھوڑے کا پھسلنا اور اوندھا ہونا۔ العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَثَرَ بِهِمُ الزَّمَانُ" زمانہ نے ان کے اندر تباہی ڈال دی "عَثَرَ جَدُّهٗ" یعنی ہلاک ہوگیا۔

عَثَرَ (ن) عَثْرًا و عُثُوْرًا. عَلَى السِّرِّ وغيره: بھید پر مطلع ہونا۔

عَثَّرَهٗ و اَعْثَرَهٗ. پھسلانا۔ اَعْثَرَهٗ عَلَى السِّرِّ وغيره: بھید پر مطلع کرنا۔ اَعْثَرَهٗ عَلَى اَصْحَابِهٖ: بتا دینا۔ اَعْثَرَ بِهٖ عِنْدَ الْاَمِيْرِ: عیب لگانا۔ طعنہ دینا۔

تَعَثَّرَ الرَّجُلُ وَالْفَرَسُ وَالْجَلَدُ: بمعنی عَثَرَ۔ لِسَانُهٗ: زبان کا رُکنا۔

العُثْر. (عقاب و العَثَر) جھوٹ۔

العَثْرَة. لغزش۔ جہاد۔ لڑائی۔ گرنا۔ ج عَثَرَات.

العَثُوْر. بہت گرنے والا۔ بہت پھسلنے والا۔

العَاثِر. جھوٹا۔

العَاثُوْر. شیر کے شکار کیلئے گڑھا۔ کنواں ج عَوَاثِر و عَوَاثِيْر (و العِثَار) پھسلن۔ بدی۔ مکروہ۔ جائے ہلاکت۔ جب کوئی آدمی ورطہ میں پڑ جائے تو کہا جاتا ہے "قَدْ وَقَعَ فِيْ عَاثُوْرِ شَرٍّ" یعنی شدت میں پڑ گیا۔

العِثْيَر. مٹی۔ غبار (و العَيْثَر و العِثْيَر) مخفی نشان۔

اَلعَثْقُوْلُ: کیلے کا گچھا۔

عَثْكَلَ الهَوْدَجَ: ہودہ کو جھالر وغیرہ سے مزین کرنا۔ الرَّجُلُ: سست رفتار سے دوڑنا۔ العِذْقُ: بہت گچھے دار ہونا۔

العُثْكُوْلَة و العُثْكُوْل و العِثْكَال. کھجور کا گچھا۔ ج عَثَاكِيْل.

العُثْكُوْلَة. جھالر وغیرہ جو ہودج میں لٹکایا جائے۔

عَثِلَ (س) عَثَلًا. الشَّيْءُ: بکثرت ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت عَثِلٌ و عَثَلٌ.

عَثَلَتْ (ن) عَثْلًا. يَدُهٗ: ٹوٹنے کے بعد ٹیڑھا جڑنا۔

العَثَل. بکری کے اوجھ پر کی چربی کی چادر۔

العَثْوَل. بیوقوف۔ ج عُثُل.

العِثْيَل. نر بجو۔

العِثْوَل. سر اور جسم پر بہت بالوں والا۔ مِنَ الرِّجَالِ: اُجڈ درشت مزاج۔

عَثَمَ (ن) عَثْمًا. العَظْمُ المَكْسُوْرُ: ٹوٹی ہوئی ہڈی کا ناہموار جڑنا۔ العَظْمَ: ہڈی کو ناہموار جوڑنا۔

اِعْتَثَمَ بِهٖ: مدد طلب کرنا۔ نفع اٹھانا۔ بِيَدِهٖ: جھکانا۔

العَيْثُوْم. بجو۔ ہاتھی۔

العَيْثَمِي. گورخر۔

العُثْمَان. حباری کا بچہ۔ سانپ۔ سپولیا۔ اژدھے کا بچہ۔

اَبُوْ عُثْمَان. سانپ۔

عَثَنَ (ن) عَثْنًا و عُثَانًا و عُثُوْنًا فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا (و عَثَّنَ) الثَّوْبَ: کپڑے کو دھونی دینا۔ عَثَنَتْ و عَثَّنَتِ النَّارُ: آگ سے دھواں نکلنا۔ کہا جاتا ہے "عَثَنَ عَلَى القَوْمِ" یعنی فساد پیدا کر دیا۔

عَثِنَ (س) عَثَنًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا خوشبودار ہونا۔

تَعَثَّنَ. دھونی لگنا۔

العُثَان. غبار۔ دھواں۔ ج عَوَاثِن.

العَثَن. دھواں، غبار، چھوٹا بُت۔

العَثِن والمَعْثُوْن. دھواں لگنے سے بگڑا ہوا کھانا۔

العِثْن. ناظم مال۔ رنگی ہوئی روئی۔

المُعَثَّن. بڑی ڈاڑھی والا۔

العُثْنُوْن. ڈاڑھی۔ مِنَ المَطَرِ او الرِّيحِ. بارش یا ہوا کی ابتداء ج عَثَانِيْن.

عَثَا يَعْثُوا عُثُوًّا و عَثَى يَعْثِي و يَعْثَى و عَثِيَ يَعْثَى عُثِيًّا و عِثِيًّا و عَثَيَانًا. فساد۔ کفر یا کبر میں مبالغہ کرنا۔ صفت عَاثٍ. ج عُثَاة و عُثِيٌّ و عِثِيٌّ.

العَثْوَة. زلف دراز۔ ج عُثًى.

الاَعْثَى. سیاہی مائل رنگ والا۔ بیوقوف۔ بہت بالوں والا۔

عَجَّ (ن ض) عَجًّا و عَجِيْجًا. چلانا۔ آواز بلند کرنا۔ بالنَّاقَةِ: اونٹنی کو "عاج عاج" کہہ کر ہانکنا (و اَعَجَّتِ) الرِّيحُ: ہوا کا غبار اڑانا۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ رَائِحَةٌ تَعُجُّ فِي المَسْجِدِ" اس کی بو ہے جو مسجد میں بھڑک اٹھتی ہے۔

عَجَّجَ الغُبَارَ: غبار اڑانا۔ البَيْتَ مِنَ الدُّخَانِ: مکان کو دھوئیں سے بھر دینا۔

تَعَجَّجَ. دھوئیں سے بھر جانا۔

العُجَّة. ایک قسم کا کھانا جو انڈا، آٹا اور گھی یا تیل سے تیار کیا جاتا ہے۔ خاگینہ۔

العَجَاج. غبار۔ دھواں۔ بیوقوف۔ ادنیٰ لوگ۔ واحد العَجَاجَة.

العَجَاجَة. غبار۔ بہت اونٹ۔ کہا جاتا ہے "لَبَدَ عَجَاجَتَهٗ" یعنی جس کام میں تھا اس سے رک گیا "لَفَّ عَجَاجَتَهٗ عَلَيْهِمْ" یعنی غارت ڈالا۔

العَجَّاج. چیخنے والا۔ چلانے والا۔ غبار کو اڑانے والا۔ اليَوْمُ عَجَّاجٌ: گرد و غبار والا دن۔

رِيْحٌ مِعْجَاجٌ. غبار اڑانے والی ہوا۔

عَجِبَ (س) عَجَبًا مِنَ الاَمْرِ وَلَهٗ: تعجب کرنا۔ اِلَيْهِ: پسند کرنا۔

اَعْجَبَهٗ و عَجَّبَهٗ. تعجب میں ڈالنا۔ اُعْجِبَ بِالشَّيْءِ: خوش ہونا اور تعجب کرنا۔ اُعْجِبَ بِنَفْسِهٖ: غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَعْجَبَهٗ بِرَايِهٖ" وہ اپنی رائے پر مغرور (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ فعل تعجب مجہول سے بنایا گیا ہے۔)

تَعَجَّبَ و اسْتَعْجَبَ مِنْهُ: تعجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعَجَّبَنِيْ فُلَانٌ" یعنی فلاں نے مجھ کو فریفتہ کر لیا اور فتنہ میں ڈال دیا۔

العَجْب. ہر شئے کا پچھلا حصہ۔ دُم کی جڑ۔ ج عُجُوْب.

الْعُجْبُ فخر۔ غرور۔ خود بینی۔ پیش آمدہ چیز کا انکار۔
الْعَجَبُ حیرانی۔ تعجب مِنَ الاضدا مندی ج اَعْجَاب.
الْعُجَاب والْعُجَّاب والْعَجِیْب جس پر تعجب کیا جائے۔ الْعُجَاب تعجب کی حد سے متجاوز۔ مبالغہ کے لئے۔ عَجَبٌ عُجَابٌ اور عَجَبٌ عَجِیْبٌ کہا جاتا ہے۔
الْعَجِیْبَۃ جس پر تعجب کیا جائے۔ ج عَجَائِب.
الْاُعْجُوْبَۃ جس پر تعجب کیا جائے۔ ج اَعَاجِیْب.
الْعَجْبَاء عورت جس کی خوبصورتی یا بدصورتی پر تعجب کیا جائے مِنَ النِیَاق موٹی اُونٹنی۔
رَجُلٌ تِعْجَابَۃٌ صاحب عجائبات۔
التَعَاجِیْب عجائبات۔ اس کا واحد نہیں۔
الْعَجْدَۃ کوا۔ ج عَجَد.
الْعَجْد والْعُجْد دانہ انگور۔ دانہ خشک انگور۔
عَجَرَ (ن) عَجْرًا. عُنُقَہٗ گردن موڑنا بِالسَّیْفِ تلوار سے حملہ کرنا الْقَاضِیْ عَلَیْہِ قاضی کا تصرف سے روک دینا ہ بِالْعَصَا: لاٹھی مارنے سے بدھی پڑنا الشَّیْئَ پھاڑنا (عَجْرًا و عَجَرَانًا و عَاجِرًا) خوف سے جلدی گزرنا۔
عَجِرَ (س) عَجَرًا موٹا ہونا۔ بڑے پیٹ کا ہونا۔ صفت اَعْجَر الْفَرَس موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔
تَعَجَّرَ بَطْنُہٗ موٹاپے کی وجہ سے پیٹ میں سلوٹ پر پڑنا۔
اِعْتَجَرَ عمامہ لپیٹنا۔ اعتَجَرتِ الْمَرْأۃ: اوڑھنی ڈالنا۔
الْعَجَر ابھار۔ مقدارِ جسم۔
الْعُجْرَۃ گرہ (دھاگے یا لاٹھی یا بدن کی گوں کی) کہا جاتا ہے "ذَکَرَ عُجَرَہٗ و بُجَرَہٗ یعنی اس کے عیوب بیان کر دیئے یا اس کی ظاہر و پوشیدہ سب باتیں بیان کر دیں۔
الْعَجُوْر خربوزہ کی ایک قسم۔
الْاَعْجَر بڑے پیٹ والا۔ بہت بھرا ہوا کپڑا۔ مؤنث عَجْرَاء ج عُجْرٌ. الْعَجْرَاء: گرہ دار لاٹھی۔
الْعَجَّار گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا کھانے والا۔
الْعَجَاجِیْر گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔
الْعُجْرُوْز ہوا کی وجہ سے ریت میں دھاری ج عَجَارِیْز.
الْمِعْجَر عورت کے سر پر باندھنے کا کپڑا۔ اوڑھنی۔ پگڑی۔
الْمُعْجَّر عمامہ بندھا ہوا۔
عَجْرَدَ ننگا کرنا۔
تَعَجْرَدَ ننگا ہونا۔ صفت مُعَجْرَد.
الْعَجْرِد ہلکا پھلکا تیز۔ سخت۔ عضو تناسل۔
الْعَجَارِد عضو تناسل۔
الْعَجَرَّد دلاور۔ ننگا۔
الْعَنْجَرِد بدزبان عورت۔
تَعَجْرَفَ تکبر کرنا۔ سرکشی کرنا۔
الْعَجْرَفَۃ تکبر۔ کلام میں اکھڑپن۔ کہا جاتا ہے "فِی الْجَمَلِ عَجْرَفَۃٌ و عَجْرَفِیَّۃٌ فِی الْمَشْیِ یعنی اُونٹ چلنے میں لاپرواہ ہے۔
عَجَارِفُ الدَّھْر و عَجَارِیْفُہٗ حوادث۔ سختیاں۔ عَجَارِفُ الْمَطَر و عَجَارِیْفُہٗ: بارش کی شدت۔
عَجْرَمَ الرَّجُلُ تیز دوڑنا۔
الْعَجْرَم والْعُجْرُم والْعُجَارِم سخت آدمی۔
الْعَجْرَم چھوٹے کانٹوں والا چھوٹے پتوں والا انڈوں کی طرح سیاہ چھوٹے پھلوں والا درخت۔
عَجَزَتْ و عَجُزَتْ (ن ک) عُجُوْزًا. الْمَرْأۃ عورت کا بڑھیا ہونا۔
عَجَزَ (ض) و عَجِزَ (س) عَجْزًا و عُجُوْزًا و عَجَزَانًا و مَعْجَزًا و مَعْجِزًا و مَعْجَزَۃً و مَعْجِزَۃً عَنْ کَذَا قادر نہ ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَجَزَ فُلَانٌ عَنِ الْعَمَلِ یعنی بوڑھا ہو گیا۔ طاقت نہیں رکھتا۔ صفت عَاجِزٌ ج عَوَاجِز و عَجَز.
عَجَّزَ عاجز کرنا۔ عجز کی طرف منسوب کرنا۔ روک دینا الْمَرْأۃ عورت کا بڑھیا ہونا۔
اَعْجَزَ عاجز کر دینا۔ عاجز پانا۔ اَعْجَزَہُ الشَّیْئُ چیز کا قبضہ سے نکل جانا۔ اَعْجَزَ فِی الْکَلَامِ اپنے مقصود کو بہترین اسلوب سے ادا کرنا۔
عَاجَزَہٗ مُعَاجَزَۃً مسابقت کرنا۔ عَاجَزَ الرَّجُلُ عاجز ہونا۔
تَعَجَّزَ عجز کا دعویٰ کرنا الْبَعِیْرَ اُونٹ کے چوتڑ پر سوار ہونا۔
اِسْتَعْجَزَ عاجز پانا۔
الْعَجَز تلوار (والْعُجْز والْعِجْز والْعَجْز والْعَجِز) پچھلا حصہ۔ سرین۔
عَجُزُ بَیْتِ الشِّعْرِ مصرعہ ثانی ج اَعْجَاز.
بَنَاتُ الْعَجْز تیریں۔ اَعْجَاز النَّخْل: درخت خرما کی جڑیں۔ کہا جاتا ہے رَکِبَ اَعْجَازَ الْاِبِلِ یعنی ذلت اور مشقت میں مبتلا ہونا۔
رَجُلٌ عَجُزٌ و عَجِزٌ عاجز۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عُجْزَۃُ اَبِیْہِ و عِجْزَتُہٗ یعنی وہ اپنے باپ کا آخری لڑکا ہے (مذکر و مؤنث واحد جمع سب کے لئے) وُلِدَ بِعَجْزَۃٍ والدین کے بوڑھا ہونے پر پیدا ہوا۔
الْعِجَاز والْعِجَازَۃ پٹا جس سے تلوار کے دستے کو باندھیں۔
الْعِجَازَۃ والْاِعْجَازَۃ گدی جس کو عورتیں سرین پر باندھتی ہیں تاکہ بڑے معلوم ہوں۔
الْعَجُوْز بڑھیا۔ ج عُجُز و عَجَائِز.
الْعَجُوْز شراب۔ مصیبت۔ کشتی۔ راستہ۔ ہانڈی۔ کمان۔ آگ۔ موت۔ کھجور کا درخت۔ اُونٹنی۔ سوئی۔ زمین۔ خرگوش۔ شیر۔ ہر چیز کا ہزار۔ کنواں۔ دریا۔ بہادر۔ گائے۔ سوداگر۔

ڈھال۔ توبہ۔ بیل۔ بھوکا۔ تیر دان۔ بڑا پیالہ۔
بھوک۔ دوزخ۔ لڑائی۔ نیزہ۔ بخار۔ خیمہ۔
آفتاب کا ہالہ۔ عورت کی قمیص۔ دُنیا۔ بھیڑیا۔
جھنڈا۔ گدھ۔ رعشہ۔ گھوڑی۔ آسمان۔ گھی۔
گرم ہوا۔ سال۔ آفتاب۔ خط۔ باٹ۔ صومعہ۔
بجو۔ گور خر مادہ۔ بچھو۔ چاندی۔ قبلہ۔ مشک۔
دیگ۔ قیمت۔ لشکر۔ کعبہ۔ عورت۔ کتا۔
مشک۔ بادشاہ۔ دیگ کا پایہ۔ داہنا ہاتھ۔ تلوار
کی دھار۔ عافیت۔ پرہیزگاری۔ قبضہ۔ تلوار کی
میخ۔ ایام العجوز جاڑے کے آخر میں
سات دن سخت سردی کے جس کے چار دن
فروری میں اور تین دن مارچ میں ہوتے ہیں
اور عام لوگ ان کو "مُستقرضات" کہتے ہیں
اور ان دنوں کے نام یہ ہیں صِنٌّ. صِنَّبر. وبَر
آمِرٌ. موتمرٌ مُعَلّل. مُطفی الجَمر یا
مُکفی الظّعن.
(بہت سے شعراء نے اپنے قصائد میں معانی
عجوز کے جمع کرنے کی کوشش کی ہے انہی
قصیدوں میں سے ایک قصیدہ کتاب کے آخر
میں لگایا گیا ہے۔
الاَعْجَز بڑے سرین والا۔ کِیسٌ اَعْجَزُ
بھری ہوئی تھیلی۔
العَاجِز فا۔ ج عَوَاجِز. ثَوْبٌ عَاجِزٌ:
تنگ کپڑا۔ اِمْرَاَۃٌ عَاجِزٌ عاجز عورت۔
العَجْزَاءُ مؤنث اَعْجَز ریت کا اُونچا ٹیلہ۔
المِعْجَز بڑا پیالہ۔
المِعْجَاز راستہ۔ ہمیشہ عاجز رہنے والا۔
المُعْجِزَۃ خارق عادت جس کو اللہ تعالیٰ کسی
نبی کے ہاتھ سے ظاہر کردے اور دوسرے اس
سے عاجز ہوں۔ ج مُعْجِزَات.
المَعْجُوزۃ جس سے سوال میں اصرار کیا
جائے۔
العَجِیزَۃ عورت کی سرین۔ کبھی مرد کیلئے
بھی بولا جاتا ہے۔ ج عَجِیزَات.
عَجَسَ (ض) عَجْسًا. عَنْ حَاجَتِہٖ باز
رکھنا۔ عَجَسَ عَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کو
مضبوطی سے پکڑنا۔

تَعَجَّسَ پیچھے ہٹنا الاَمْرَ کسی کام کے درپے
ہونا۔ پیچھا کرنا بِالقَوْمِ دیر کرانا۔ تَعَجَّسَہٗ
راوی کو ضعیف سمجھنا۔ تَعَجَّسَہٗ عَنْ
حَاجَتِہٖ کسی کو اس کی ضرورت سے روکنا۔
العُجْسَۃ رات کی تاریکی۔ رات کی ایک
ساعت۔
العَجُوْس بوجھل بادل۔ لگاتار بارش۔
العَجَاسَاء اُونٹوں کا بڑا گلہ۔
المَعْجِس کمان کا قبضہ۔
عَجْعَجَ عَجْعَجَۃً بہت چیخنا۔
العَجْعَاج بہت چیخنے والا مِنَ الخَیْلِ:
اصیل گھوڑا۔ عمر رسیدہ گھوڑا۔
العَجْعَجَۃ چیخ ج عَجَاج.
عَجَفَ (ن) عُجُوْفًا کھانا چھوڑ دینا۔
عَجَفَ (ض) عَجْفًا و عُجُوْفًا و
عَجَّفَ نَفْسَہٗ عَنِ الطَّعَامِ باوجود بھوک
کے دوسرے کو کھلانے کی غرض سے کھانے کو
چھوڑ دینا نَفْسَہٗ عَلَی المَرِیْضِ صبر سے
تیمارداری کرنا۔ نَفْسَہٗ عَلٰی فُلَانٍ کمراہی
کو برداشت کرنا اور مواخذہ نہ کرنا۔
عَجَفَ (ن ض) و اَعْجَفَ الدَّابَّۃَ جانور
کو لاغر کرنا۔ اَعْجَفَ القَوْمُ دبلے جانوروں
کا مالک ہونا۔ عَجَفَ عَنْ فُلَانٍ کسی سے
دُور ہونا۔ اَعْجَفَ بِنَفْسِہٖ عَلَی المَرِیْضِ
صبر سے تیمارداری کرنا۔
عَجِفَ (س) و عَجُفَ (ک) عَجَفًا
کمزور ہونا۔ دُبلا ہونا۔ صفت مذکر عَجِفٌ
و اَعْجَف اور مؤنث عَجِفٌ و عَجْفَاءُ
عِجَاف البِلَادُ بارش نہ ہونا۔ کہا جاتا ہے
"نَزَلُوْا فِیْ بِلَادٍ عِجَافٍ" غیر بارش شدہ
شہروں میں اُترے۔
عَجَّفَ الرَّجُلُ آسودگی سے کم کھانا نَفْسَہٗ
عَنِ الطَّعَامِ کھانا چھوڑ دینا۔
العِجَاف اندرائن۔ زمانہ۔ جمع عَجْفَاءُ کی
خلاف قیاس۔
التَّعَجُّف تنگی حالت۔
العَجِیْف لاغر دُبلا۔ ج عَجْفٰی.

عَجِلَ (س) عَجَلًا و عَجَلَۃً. جلدی
کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَجِلَ بِہٖ اِلَیْہِ" اس نے
ایک کام سے دوسرے کی طرف جلدی کی
الاَمْرَ دیر سمجھ کر دوسرا کام کر لینا۔
عَجَّلَ جلدی کرنا ہٗ سبقت کرنا۔ برانگیختہ
کرنا لَہٗ مِنَ الثَّمَنِ کَذَا پیش کرنا۔ اللَّحْمَ:
گوشت کو جلدی پکانا۔
اَعْجَلَہٗ سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ اَعْجَلَ
الشَّیْءَ جلدی کھانا۔ اَعْجَلَتِ النَّاقَۃُ:
ناقص بچہ گرا دینا۔
عَاجَلَہٗ مُعَاجَلَۃً. بِذَنْبِہٖ جلدی مواخذہ کرنا
اور سزا دینا ہٗ بِضَرْبٍ بیتاب کرنے میں سبقت کرنا۔
آگے بڑھ جانا۔
تَعَجَّلَ فِی الاَمْرِ جلدی کرنا الاَمْرَ جلدی
کام کرنا۔
اِسْتَعْجَلَہٗ برانگیختہ کرنا۔ جلدی کرنے کا حکم
دینا۔ سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
العِجْل بچھڑا۔ عُجُوْل و عِجَلَۃ و
عِجَال
العَجَلَۃ پہیا۔ رہٹ۔ ج عَجَل و عِجَال.
العَجَل و العُجْلَۃ و العُجَالَۃ جو جلدی کیا
جائے۔ کھانا جو موجود ہو۔ مہمان کیلئے جو جلدی
تیار کیا جائے۔
العَجَلَۃ جلدی۔ ہلکا پن۔ گارا۔ کیچڑ۔ سامان
لانے کی گاڑی۔ رہٹ۔ ج عَجَل و عِجَال
و اَعْجَال.
العَاجِل و العَجِل و العَجُل جلد باز۔
العَاجِلَۃ مؤنث عَاجِلٌ دُنیا۔
العِجَّوْل بچھڑا۔ ج عَجَاجِیْل.
العَجْلَان مؤنث عَجْلٰی ج عَجَالٰی و
عُجَالٰی و عِجَال و العَجُوْل ج عُجُل
و العَجِیْل ج عِجَال جلد باز۔
العَجُوْل و العَجَّال بہت زیادہ جلد باز۔
العَجُوْل موت۔ بچہ کھونے والی۔ متحیر
عورت۔
العَجِیْل ناشتہ پانی جو مہمان کے سامنے
جلدی سے پیش کیا جائے۔

العُجَيْلَة والعُجَيْلى والعُجَّيْلى: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "سَارَا العُجَيْلى" تیز چال چلا اور اس کا ضد هُوَيْنا ہے۔

المِعْجَال: برانگیختہ کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج مَعَاجِيْل۔ مَعَاجِيْل الطَّرِيْق: مختصر راستے۔ اِمْرَاةٌ مِعْجَال: وقت سے پہلے جننے والی عورت۔

طَرِيْقٌ مُسْتَعْجِلَة: مختصر راستہ۔ قریب کا راستہ۔

اَلْمِعْجَلُ: تیز رفتاری چیک کرنے کا آلہ۔

عَجَمَ (ن) عَجْمًا و عُجُوْمًا العُوْدَ: دانت سے کاٹ کر لکڑی کی نرمی سختی معلوم کرنا۔ السَّيْفَ: تجربے کے لیے تلوار کو حرکت دینا۔ الشَّيْئَ: امتحان کرنا۔ آزمائش کرنا۔ صفت عاجم ج عُجُم (عَجْمًا) الكِتَابَ: نقطہ لگانا۔ الحَرْفَ: حروف پر اچھی طرح وقف نہ کرنا۔ عَجَمَتْهُ الاُمُوْرُ: عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَجَمَتْهُ عَيْنِىْ مُنْذُ كَذَا" میری آنکھوں نے اس کو فلاں وقت سے نہیں دیکھا ہے "رَايْتُ فُلَانًا فَجَعَلَتْ عَيْنِىْ تَعْجُمُهُ كَانَّهَا تَعْرِفُهُ" و عَجَمَ عُوْدَ فُلَانٍ: یعنی اس کی آزمائش کی اور اس کے حال کی تحقیق کی۔

اَعْجَمَ و عَجَّمَ الكِتَابَ: اعراب نہ لگانا۔ نقطہ اور حرکات لگا کر یا تفسیر کر کے ابہام کو دور کرنا۔ اَعْجَمَ البَابَ: دروازے میں تالا لگانا۔ الكَلَامَ: عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔

عَجُمَ (ک) عُجْمَةً: لکنت ہونا۔ صفت اَعْجَم مؤنث عَجْمَاء ج عُجْم۔

عَاجَمَهُ: تجربہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَاجَمْتُ الاُمُوْرَ وَ عَاجَمَتْنِىْ" میں نے امور کی آزمائش کی اور امور نے میری۔

تَعَاجَمَ: کنایہ کرنا۔ توریہ کرنا۔ القَوْمُ: عجمی ہونا۔ الرَّجُلُ: عجمی ظاہر کرنا۔

اِنْعَجَمَ عَلَيْهِ الكَلَامُ: دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔

اِسْتَعْجَمَ: عجز سے ساکت ہونا۔ القِرَاءَةَ: پڑھنے پر قادر نہ ہونا۔ عَلَيْهِ الكَلَامُ: کلام کا دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔

العَجْم والعُجْم: دُم کی جڑ۔

العَجَم: ملک فارس و فارسی لوگ (والعُجْم) غیر عرب۔

العَجَم والعُجَام: چھوہارے کی گٹھلی۔ گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا الرُّمَّانِ عَجَمٌ" واحد عَجَمَة و عُجَامَة۔

العَجَمَة: کھجور کا درخت۔

العَجْمَة: اسم مرۃ۔ سخت چٹان۔ ج عَجَمَات۔

العُجْمَة و العَجْمَة: ابہام۔ کھول کر نہ بیان کرنا۔ ریت کا تودہ۔

الاَعْجَم: غیر عربی اگرچہ عجمی زبان فصیح بولتا ہو۔ جو صاف کھول کر نہ بیان کرے اگرچہ عربی ہو۔ گونگا۔ ج اَعْجَمُوْن۔ اَعَاجِم۔ مؤنث العَجْمَاء: چوپایہ ج عَجْمَاوَات۔ اَعْجَم: ریت کا ٹیلہ جس میں درخت نہ ہو۔

الاَعْجَام: غیر عرب۔

العَجَّام: بڑی چمگادڑ۔

الاَعْجَمِىّ والعُجْمِىّ: غیر عرب۔ جو عجم کی جانب منسوب ہو۔

العَوَاجِم: دانت۔ مفرد عَاجِمَة۔

رَجُلٌ صُلْبُ المَعْجَم: آزمائش کے وقت سخت۔

المُعْجَم: مصدر میمی۔ حروف تہجی۔ بابٌ مُعْجَمٌ: بند دروازہ۔ لغت کی کتاب کو بھی مُعْجَم کہتے ہیں۔

عَجَنَ (ن ض) عَجْنًا الدَّقِيْقَ: آٹا گوندھنا۔ عَلَى العَصَا: لاٹھی پر ٹیک لگانا۔ دونوں ہاتھوں کا ٹیک لگا کر اُٹھنا۔ الرَّجُلُ: صفت عَاجِن ج عُجُن۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَجَنَ وَ خَبَزَ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔

اَعْجَنَ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔

اِعْتَجَنَ الدَّقِيْقَ: آٹا گوندھنا۔ فُلَانٌ: خمیر بنانا۔

تَعَجَّنَ الشَّيْئُ: گندھ جانا۔ خمیر ہونا۔

العَجِن مِنَ الجِمَالِ: موٹا اونٹ۔

العَجْنَاء: کم دودھ والی اونٹنی۔ بہت موٹی اونٹنی۔

العَجِيْن: گندھا ہوا آٹا۔ ہیجڑا۔ ج عُجُن۔

العُجُن: ڈھیلے ڈھالے بدن کے مرد یا عورت۔

العَجِيْنَة: گندھے ہوئے آٹے کا ایک پیڑا۔ ہیجڑا۔ بیوقوف۔ جماعت۔ اُمُّ عَجِيْنَة: گدھ۔

العِجَان: گردن۔ سرین۔ ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ۔ خصیتین اور دبر کا درمیانی حصہ۔ ج عُجُن و اَعْجِنَة۔

العَجَّان: بہت آٹا گوندھنے والا۔ بیوقوف۔

عَاجِنَةُ المَكَان: مکان کا وسط حصہ۔

المِعْجَن والمِعْجَنَة: آٹا گوندھنے کا برتن۔

عَجَّهَ بَيْنَهُمَا: جدائی کرا دینا۔

تَعَجَّهَ: جاہل بننا۔ الاَمْرُ: ملتبس ہونا۔

العُجَاهِن: سیہی۔ جو خالص النسب نہ ہو۔ خادم۔ باورچی۔ ج عَجَاهِنَة۔

عَجَا يَعْجُو عَجْوًا البَعِيْرُ: اونٹ کا بلبلانا اور سرکش ہونا۔ عَجَتِ الاُمُّ الوَلَدَ: ماں کا بچے کو وقت رضاعت کے بعد دودھ پلانا۔ دودھ پلانا۔ فُلَانٌ فَاهُ: منہ کھولنا۔ عَجَاهُ اللَّبَنُ: دودھ کا غذا ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَقِىَ فُلَانٌ مَا عَجَاهُ" یعنی سختی میں مبتلا ہوا۔ (و عَاجَى) الوَلَدَ: ماں کے علاوہ کسی دوسرے کا دودھ پلانا یا دودھ روک دینا اور غذا دینا۔

عَجَا و عَجِىَ (س) وَجْهَهُ: منہ ٹیڑھا کرنا۔ عَجِىَ الصَّبِىُّ: دودھ کے علاوہ کسی دوسری چیز سے پرورش پانا۔

العَجِىُّ: ماں کو کھونے والا۔ دوسرے کے دودھ سے پرورش پانے والا۔ مؤنث عَجِيَّة ج عَجَايَا۔

العُجِىّ: بچہ کہ جس کی ماں نے وقت کے بعد دودھ پلایا ہو۔ بچہ کہ جس نے دوسرے کے

دودھ سے پرورش پائی ہو۔ مؤنث عُجِيَّۃ ج عُجَايَا و عَجَايَا.

العَجْوة والعُجَاوَة عمدہ قسم کی کھجور۔

العُجَاوَة والعِجَاوَة والعُجْوَة دودھ جو کہ یتیم کو پلائیں۔

عَجَتْ تَعجی عَجْيًا. المرْاَةُ صَبِيَّهَا: عورت کا بچّے کو دودھ پلانا۔

العَجَايَة والعُجَايَة. عمدہ قسم کی کھجور۔ جانور کے بندوبست کا پٹھا ج عُجی و عُجِیّ و عَجَايَا.

عَدَّ(ن) عَدًّا و تَعْدَادًا الشَّیَٔ شمار کرنا۔ گننا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَدْتُ زَيْدًا صَادِقًا" زید کو میں نے سچا گمان کیا۔

عَدَّدَ. المَيْتَ خوبیاں شمار کرنا۔ خوبیاں بیان کرنا الشَّیَٔ شمار کرنا۔ عدد والا کر دینا المَالَ زمانے کیلئے ساز و سامان بنانا۔

اَعَدَّهٗ لِاَمْر تیار کرنا۔ حاضر کرنا۔

عَادَّهٗ عِدَادًا و مُعَادَّةً لڑائی میں مقابلہ کرنا الشَّیَٔ القَوْمَ چیز کا قوم پر برابر برابر تقسیم ہونا۔

تَعَدَّدَ و تَعَادَّ عدد میں زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَتعَدُّوْنَ و يَتَعادُّوْنَ علٰى اَلْفٍ" یعنی وہ ہزار سے زائد ہیں۔

اِعْتَدَّ شمار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیٌٔ لَا يُعْتَدُّبِهٖ" یعنی یہ ایسی چیز ہے جس کا اعتبار نہیں کیا جاتا اور اس کی طرف التفات نہیں کیا جاتا۔ "اِعْتَدَّ الاَمْرُ تِجَارَةً" یعنی تجارت کا گمان کیا۔ عوام کہتے ہیں "اِعْتَدَّ بِنَفْسِهٖ" یعنی اپنے نفس پر اعتماد کیا۔

اسْتَعَدَّ. لِلْاَمرِ تیار ہونا۔

عددِ صحیح زیرو سے لے کر تمام گنتی مثبت و منفی مثلاً -----۳،۲،۱،۰-

اَلْعَدَادُ الزَّوجُ اوِ الْمُزْدَوِجُ جو ۲ کے علاوہ پر تقسیم نہ ہو جیسے ۴،۱۲- المفرد زوج کا الٹ جو دو پر تقسیم نہ ہو جیسے ۳،۵- اَلعَدَدُ الاُوْلٰی اوِ الاَوَّلُ اَوِ الاَصْلِیُّ جو اپنے آپ پر یا ایک پر تقسیم ہو-

اَلعَدَدُ الْكَسْرِی اوِ الْكَسْرِ جو ایک کا ایک جز یا کئی جز ہوں جیسے ۲/۱، ۴/۷-

اَلْعَدَدُ الْمُوْجِب جس کی طرف + (جمع) کا اشارہ ہو-

والعدد السالب جس کی طرف (-) نفی کا اشارہ ہو-

اَلْعَدَدُ التَّخيُلی اَوِ الْوَهْمِی فرضی عدد سمجھنے کے لئے-

اَلْعَدَدَانِ الْمُتقَابِلَانِ وہ عدد جن کی حسابی قیمت ایک ہو اور ان کا اشارہ مختلف ہو جیسے ‎+5‎' ‎--5-‎

اَلْعَدَدَان الاَوْلَيَان فِيْمَا بَيْنِهِمَا وہ دو عدد جن کو تقسیم کرنے والا مشترک صحیح عدد نہ ہو جیسے ۴،۹- الاعداد المُتَبَاينة عندالعرب: جن کو اکٹھے کوئی کسر یا عدد صحیح شمار نہ کرے' دیگر صورت میں اعداد مشترکہ ہوں گے-

اَلاِعْدَادُ الْجَبرِيَّة اَوِ الْمُوَجَّهَة وہ اعداد جن کی طرف اشارہ (+) یا (-) ہو اور اس کے ساتھ صفر ملا ہو-

العَدَد. شمار۔ گنتی۔ گنا ہوا مِنَ الِانْسَانِ: آدمی کی عمر کے سال۔ ج اَعْدَاد.

العِدَاد. عطاء دیوانگی کا اثر۔ ہمسر۔ حریف۔ موت کا وقت۔ پیشی کا دن۔ کمان کی آواز۔ شمار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ عِدَادِهِم" یعنی منجملہ ان کے ہے (والعِدَاد) مِنَ الوَجْعِ وقت مقررہ پر درد کا بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ مَرَضٌ عِدَاد" اس کا مرض وقت مقررہ پر عود کرتا ہے۔

اَلْعَدَّاد گاڑیوں کے چلنے کی مسافت کو معلوم کرنے کا میٹر یا استعمال شدہ بجلی کو یا استعمال شدہ پانی کو پیمائش کرنے کا میٹر-

العِدّ. جاری پانی جو منقطع نہ ہو۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذا بَرْضٌ مِنَ عِدٍّ" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔ پرانا کنواں۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هو عِدُكَ" وہ تمہارا ہمسر ہے۔ ج اَعْدَاد.

العِدّة. جماعت۔ چند۔ تعداد۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِیْ عِدَّةُ كُتُبٍ" میرے پاس کتابوں کا ایک ڈھیر ہے۔ "عِدَّةُ المَرْاَة" عورت کے طلاق یا شوہر کی وفات پر سوگ کا زمانہ۔ ج عِدَد.

العُدَّة. تیاری۔ کہا جاتا ہے "كُوْنُوْا عَلٰى عُدَّةٍ" تیار رہو۔ سامان حرب وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ عُدَّتَه" معاملے کیلئے سامان کو لے لیا ج عُدَدٌ (والعُدّ) مہاسے۔ پھنسیاں جو چہرے پر نکلتی ہیں۔

العَدَّان والعِدَّان. کسی چیز کا زمانہ و موسم یا زمانے کا اوّل و بہتر۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ فِیْ عَدَّانِ الشَّبَابِ و عَلٰى عِدَّانِ مِلْكِه" ج عَدَادِيْن.

العَدَدِیّ. عدد کی جانب منسوب۔ جو چیز شمار سے بیچی جائے۔

العَدِيْد. شمار۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "مَا اَكْثَرَ عَدِيْدِهِمْ" ان کا شمار کس قدر کثیر ہے۔ شمار کیا ہوا۔ ہمسر۔ ہم مثل۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الدَّرَاهِم عَدِيْدُ هٰذِهٖ" یعنی یہ دراہم اس کے مقدار میں ہیں۔ العَدِيْد مِنَ القَوْمِ جو قوم میں شمار کیا جائے اَيَّامٌ عَدِيْدَةٌ چند دن ج عَدَائِد العَدَائِد. بہت سے ہم مثل۔ تقسیم شدہ مال۔ میراث۔

العَدِيْدَة حصہ۔

المُعِدّ. فا۔ پورے سامان والا۔

عَدَرَ(ن) عَدْرًا وعُدْرَةً. جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔

عَدِرَ(س) عَدَرًا واِعْتَدَر اَلْمَكَانُ پانی زیادہ ہونا۔ اِعْتَدَرَ المَطَرُ بکثرت برسنا۔

العَادِر. فا۔ جھوٹا۔ پھسلنے والا۔

العَدَّار. ما۔ ح۔

العَدْر والعُدْر. موسلادھار کثیر بارش۔

عَدَسَهٗ(ض) عَدْسًا. خدمت کرنا۔

عَدَس المَوَاشِی. جانوروں کو چرانا الشَّیَٔ: سخت روندنا (عَدْسًا وعَدَسَانًا وعِدَاسًا وعُدُوْسًا) فِیْ الاَرْض. جانا۔ کہا جاتا ہے "عَدَسَتْ بِهٖ المَنِيَّةُ" موت اس کو لے گئی۔

عَدِسَ پھنسیوں والا ہونا۔ صفت مَعْدُوْسٌ.

عادَسَ. الرَّجلُ: ہمیشہ سفر میں رہنا۔
العَدَس. مسور۔ واحد عَدَسَةٌ العَدَسَة.
چپنی۔العَدَسة والعَدَسِيَّة عِنْدَ عُلَمَاءِ
الطَّبِيْعَةِ: شیشے کے ٹکڑے جو بطور آلات نظر
کے استعمال کئے جاتے ہیں۔
عَدَسْ. خچر ہانکنے کے لیے اسم صوت۔ نام
خچر۔
عَدَفَ (ض) عَدْفًا و تَعَدَّفَ. تھوڑا
کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَدَفْتُ او مَا تَعَدَّفْتُ
الْيَوْمَ" یعنی آج میں نے تھوڑا بھی نہیں کھایا۔
چہ جائیکہ کثیر۔
اِعْتَدَفَ. الثَّوبَ: کپڑے کا ٹکڑا لینا۔
العَدَف. تھوڑا عطیہ۔ تھوڑا چارہ۔ کہا جاتا
ہے "مَا ذُقْنَا عَدْفًا و عَدَفًا و عُدُوْفًا و
عَدُوْفًا وعَدُوْفَةً" ہم نے کھانے پانی سے
کچھ بھی نہیں چکھا۔
العَدُوْف. تھوڑا چارہ۔ ج عُدُف.
العِذف. لوگوں کی جماعت۔ رات کا ایک
حصہ۔
العِدْفَة. لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا اوس
سے پچاس تک (والعَدَفَة) زمین کے اندر
درخت کی جڑ ج عَدَف.
العَيْدَف. ہر چیز کا ٹکڑا۔
عَدَقَ (ض) عَدْقًا و عَدِقَ (س) عَدَقًا
وعَدَّقَ واَعْدَقَ يدها: حوض یا کنوئیں کے
کنارے میں کسی چیز کی تلاش کرنے کے لیے
ہاتھ ڈالنا۔ الظَّنَّ: کسی کام کو اپنی غالب رائے
سے کرنا کہ اس کا یقین نہ ہو۔
العَدَقَة: ڈول نکالنے کا سہ شاخہ کانٹا ج
عُدُق.
العَوْدَق والعَوْدَقَة. ڈول نکالنے کا سہ شاخہ
کانٹا ج عَدَق.
عَدَكَ (ن) عَدْكًا. الصُّوفَ. اُون دھننے
کے لیے ڈنڈے سے مارنا۔
المِعْدَكَة. اُون دھننے کا ڈنڈا۔
عَدَلَ (ض) عَدْلًا السَّهْمَ: تیر کو سیدھا
کرنا۔ فُلَانًا بِفُلَانٍ: برابری کرنا۔ بِرَبِّه: شرک کرنا۔ الطَّرِيْقُ: ٹیڑھا ہونا۔
(عَدْلًا و عُدُوْلًا) اِلَيْهِ: رجوع کرنا۔ واپس
ہونا۔ فُلَانًا: موازنہ کرنا۔ فُلَانًا فِي الْحِمْلِ:
ساتھ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْدِلُكَ
عِنْدِيْ شَيْءٌ" تمہارے مشابہ کوئی چیز نہیں
(عَدْلًا و عَدَالَةً و عُدُوْلَةً و مَعْدَلَةً و
مَعْدِلَةً) انصاف کرنا۔ صفت عادل ج
عُدُوْل.
عَدُلَ (ک) عَدَالَةً. عادل ہونا۔ گواہی کے
قابل ہونا۔
عَدِلَ (س) عَدَلًا. ظلم کرنا۔
عَدَّلَ الشَّاهِدَ: معتبر جاننا۔ الشِّعْرَ: شعر
درست وزن پر کہنا۔ المَتَاعَ: سامان کو دو
حصوں میں برابر کرنا۔ دو گٹھری بنانا۔ کہا جاتا ہے
"شَرِبَ حتی عَدَّلَ" یعنی اس قدر پیا کہ اس
کا پیٹ مانند گٹھری کے ہوگیا (واَعْدَلَ)
الشَّيْءَ: سیدھا کرنا۔ ہموار کرنا۔
عَادَلَهُ عِدَالًا ومُعَادَلَةً. موازنہ کرنا۔
ہ فِي المَحْمِلِ: ساتھ سوار ہونا۔ الشَّيْءُ:
ٹیڑھا ہونا۔ فِي الْاَمْرِ: متردد ہونا۔ بَيْنَ
الشَّيْئَيْنِ: برابری کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَادَلَ
بَيْنَ الْاَمْرَيْنِ" جب کہ دو امر پیش آئیں اور
یہ سمجھ میں نہ آئے کہ کونسا اختیار کرے۔ قَطَعَ
العِدَالَ فِيْ اَمْرِهٖ" یعنی پختہ ارادہ کرلیا۔
اِنْعَدَلَ عَنِ الطَّرِيْقِ: ہٹ جانا۔
اِعْتَدَلَ. سیدھا ہونا۔ دو حالتوں میں توسط
اختیار کرنا۔
العَادِل. فا۔ مشرک ج عُدُوْل.
العَدْل. انصاف۔ عادل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ
عَدْلٌ و اِمْرَاَةٌ عَدْلٌ و عَدْلَةٌ و رِجَالٌ
عَدْلٌ" نظیر۔ مثل۔ ج اَعْدَال. العَدْل:
پیمانہ۔ بدلہ۔ اُمور میں توسط۔ برابری۔ اَمر
متوسط۔ سیدھا ہونا۔
العِدْل. نظیر و مثل۔ قیمت۔ کہا جاتا ہے
"خُذْ عِدْلَه كَذا و كَذا" یعنی اس کی اتنی
قیمت لو۔ گون۔ جانور کی پیٹھ پر ایک طرف کا
بوجھ۔ ج عُدُوْل و اَعْدَال.
العَدَل. دو گونوں کی برابری۔
العَدَلَةُ والعُدَلَةُ. معتبر گواہان اور بقول
بعض عُدَلَة واحد ہے اور عَدَلَة جمع۔
العَدِل. العَادِل.
العَدِيْل. نظیر۔ مثل۔ ردیف ج عُدَلَاء.
الاِعْتِدَال. برابری۔ تناسب۔ الاِعْتِدَالُ
الرَّبِيْعِي: موسم ربیع میں رات دن کا برابر
ہونا۔ الاعتدال الخريفي: موسم خریف
میں رات دن کا برابر ہونا۔
المَعْدِل والمَعْدُوْل. پھرنے کی جگہ۔ کہا
جاتا ہے "مَالَهٗ مَعْدِلٌ او مَعْدُوْلٌ عَنْ
كَذَا" یعنی اس کیلئے فلاں چیز سے پھرنے کی
کوئی جگہ نہیں۔ "اَخَذَ مَعْدِلَ البَاطِلِ" یعنی
اس نے باطل کا طریقہ اختیار کیا۔
مُعَدَّلَاتُ البَيْتِ: گھر کے گوشے۔
عَدِمَ (س) عَدَمًا وعُدْمًا المَالَ: گم کرنا۔
نیست کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْدَمُ مِنِّي
هٰذَا الْاَمْرُ" یہ امر مجھ سے تجاوز نہیں کرتا۔
عَدُمَ (ک) عَدَامَةً. بیوقوف ہونا۔
اَعْدَمَ اِعْدَامًا. الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت
مُعْدِم و عَدِيْم ہ الشَّيْءَ: محروم کردینا۔
اَعْدَمَنِي الشَّيْءُ: نہ پانا۔ اَعْدَمَ فُلَانًا: منع
کرنا۔
العَدَم والعُدْم والعُدُم. فقدان. العَدَم:
نیستی۔
العَدِم. فقیر۔ محتاج۔
العَدِيْم. بیوقوف۔ دیوانہ۔ فقیر۔ غیر موجود
کہا جاتا ہے "هو عديم النظير" اس کے ہم
مثل کوئی نہیں۔ ج عُدَمَاء.
ارض عَدْمَاء. ویران زمین۔
المَعْدُوْم. مف۔ ضد وجود۔
عَدَنَ (ض) عَدْنًا الارض: زمین میں کھاد
ڈالنا۔
الحجر: اُکھیڑنا۔
عَدَنَ (ن ض) عَدْنًا و عُدُوْنًا: بالمَكَان:
اقامت کرنا۔ البَلَد: وطن بنالینا۔ اسی سے ہے
"جَنَّاتُ عَدْنٍ"

عَدَنَ الْاَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔ الْاَرْضَ: زمین کھودنا المَشَارِبُ: پینے والے کا آسودہ ہونا۔

عَدَنُ. یمن میں ایک شہر کا نام۔

العَدَنِیّ. عدن کی جانب منسوب۔ اچھے اخلاق والا۔

جَنَّةُ عَدْن. بہشت کا نام۔

العَدَان. سمندر کا کنارہ۔ دریا کا کنارہ۔

العَدَانَة. جماعت۔ عَدَانَات. کہا جاتا ہے "اَتَانَا عَدَانَات" ہمارے پاس مختلف جماعتیں آئیں۔

العَدِیْنَة. ڈول کا پیوند۔

العَیْدَانَة. کھجور کا لمبا درخت۔ عَیْدَان.

المَعْدِن. کان سونے یا چاندی وغیرہ کی۔ ہر چیز کا مکان جس میں اس کا اصل و مرکز ہو۔ گرمی سردی میں رہائش کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَعْدِنُ الْخَیْرِ" فلاں خیر کا اصل و مرکز ہے۔ مَعَادِن.

المِعْدَن. ہتھوڑا۔ وہ آلہ جس سے پتھر نکالے جائیں اور توڑے جائیں۔

المُعَدِّن. فا۔ کان کن۔ کان سے چاندی، سونا نکالنے والا۔

اَلتَّعْدِیْن: کان کنی اور اس کی تحقیق و معلومات کا علم۔

عَدَا یَعْدُوْا عَدْوًا وعَدَوَانًا وعُدُوًّا وتَعْدَاءً وعَدًا. دوڑنا (عَدْوًا و عُدْوَانًا) فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ: کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا۔ عَلَیْهِ: حملہ کرنا الْاَمْرَ و عَنِ الْاَمْرِ: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَهٗ اَوْ قَدْرَهٗ" اس نے اپنے مرتبہ سے تجاوز کیا (عَدْوًا وعُدُوًّا وعَدَاءً وعُدْوَانًا وعِدْوَانًا و عُدْوَی) عَلَیْهِ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَدَا مِمَّا بَدَا"۔

عَدَا مصدریہ کے ساتھ یا بغیر ما کلمہ استثناء ہے اور یہ تمام احکام میں خلا کے مانند ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءَ الْقَوْمُ عَدَا زَیْدًا وعدا زَیْدٍ" نصب اور جر کے ساتھ اور ما عَدَا زَیْدًا صرف نصب ہی کے ساتھ۔

عَدِیَ یَعْدَیٰ عَدًا لِفُلَانٍ: بغض رکھنا۔

عُدِیَ عَلٰی فُلَانٍ: ظلم کیا جانا۔ مال کا چوری جانا۔

عَدَّیٰ عَنِ الْاَمْرِ: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَدِّ عَمَّا تَرٰی" اپنی نگاہ پھیر لو فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ: کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا الشَّیْءَ: نافذ کرنا الفِعْلَ: لازم فعل کو متعدی بنانا۔

عَادَیٰ عِدَاءً و مُعَادَاةً فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔ دشمن ہونا بَیْنَ الصَّیْدَیْنِ: ایک دوڑ میں دو شکار مارنا الشَّیْءَ: دور کرنا۔

اَعْدَیٰ الرَّجُلَ: دوڑنے کیلئے اسے گھوڑا دینا فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: مدد کرنا۔ تقویت پہنچانا الْاَمْرَ: معاملہ کی جانب دوسرے کو بڑھانا۔

اَعْدَاهُ شَرًّا: شر پہنچانا مِنْ عِلَّةٍ اَوْ خُلُقٍ: بیماری لگا دینا یا عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قَرِیْنُ السُّوْءِ یُعْدِیْ قَرِیْنَهٗ" برا ہم نشین اپنے ساتھی کو بھی برا بنا دیتا ہے عَدَیٰ عَلَیْهِ: ظلم کرنا فِیْ کَلَامِهٖ. زیادتی کرنا۔

تَعَدَّی الشَّیْءَ: تجاوز کرنا عَلَیْهِ: ظلم کرنا الفِعْلُ: متعدی ہونا الشَّیْءَ اِلٰی آخَرَ: تجاوز کرانا۔

تَعَادَی الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ دوڑ میں مقابلہ کرنا الرَّجُلُ: دور ہونا بَیْنَهُمْ: اختلاف ہونا۔ فساد ہونا المَکَانُ: ناہموار ہونا تَعَادَتِ النَّوَائِبُ: مصائب کا پے در پے ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَادَی الْقَوْمُ" جبکہ ایک جیسی بیماری ایک کے بعد دوسرے کو ہو۔

اِعْتَدَی الْحَقَّ و عَنِ الْحَقِّ وفَوْقَ الْحَقِّ: تجاوز کرنا عَلٰی فُلَانٍ: ظلم کرنا۔

اِسْتَعْدَی الرَّجُلَ: مدد طلب کرنا الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔

العَدَاء. مشغولیت۔ دوری (العِدَاء) ایک دفعہ کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "عَدَا الْفَرَسُ عِدَاءً اَوْ عِدَاءً وَاحِدًا" یعنی گھوڑے نے ایک دوڑ لگائی عَدَاءُ الْوَادِیْ: وادی کا درمیان۔

العِدْوُ والعِدَاءُ والعِدَیٰ. چھوٹا پتھر جس سے کوئی چیز چھپائی جائے۔

العِدَیٰ والعَدَیٰ. جانب اَعْدَاء.

العِدَیٰ. اَعْدَاء جمع عَدُوّ کی بمعنی دشمن۔ دور ہونے والے۔ مسافرین۔ وادی کا کنارہ۔

العُدَیٰ. عدد کا اسم جمع ہے۔ بلند مقامات۔

العَدْوَیٰ. فساد۔ امراض متعدیہ۔

العَدَاوَة. دشمنی۔ دوری۔

العُدْوَة. دور جگہ (العَدْوَة و العِدْوَة) بلند جگہ۔ وادی کا کنارہ۔ وادی کی ایک جانب ج عِدَاء و عِدَوَات.

العَدْوَة. ایک مرتبہ کی دوڑ۔ وادی کا کنارہ۔

العُدَوَاء. سخت اور خشک زمین۔ دوری۔ مشغولیت عُدَوَاءُ الشَّوْقِ: شدائد و تکالیف۔ شوق عُدَوَاءُ الشُّغْلِ: شغل کے موانع۔ کہا جاتا ہے "طَالَتْ عُدَوَاؤُهُمْ" یعنی ان کا تفرق اور دوری طویل ہو گئی۔

العُدْوَانُ. خالص ظلم۔ کہا جاتا ہے "لَا عُدْوَانَ عَلَیَّ" یعنی میرے اوپر کوئی مجال نہیں۔

العَدَوَان. تیز دوڑ ذِئْبٌ ذُوْعَدَوَانٍ: لاگو بھیڑیا۔

العَدَّاء. تیز دوڑنے والا۔

عَدِیٌّ. نام ایک قبیلہ کا۔ جماعت جو قتل و قتال کے لیے تیار ہو۔

العَدُوّ. دشمن۔ ج اَعْدَاء اَعَادٍ.

العَادِی. فا۔ دشمن۔ ظالم۔ حد سے بڑھنے والا۔ اُچکنے والا۔ چور۔ شیر۔ عَادِی

العَوَادِی: بہت ضروری امور جو دوسرے امور سے باز رکھیں ج عُدَاة: عَادِیَا اللَّوْحِ: تختی کے دونوں طرف۔

العَادِیَة. مؤنث عادی۔ جماعت جو قتل و قتال کیلئے تیار ہو۔ لوٹنے والے۔ گھڑسوار۔ دوری۔ مشغولیت۔ تیزی غضب عَادِیَةُ السَّمِّ. زہر کا ضرر۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْكَ عَادِیَةَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کا نقصان

دور کر دیا ج عوادٍ. عَوادِی الدَّھر: گردشیں۔ موانع۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَتْهُ عَنْ كَذا عَوادٍ" اس کو فلاں کام سے موانع نے روک دیا۔

المَعْدى: گزرگاہ۔ کہا جاتا ہے "مالِي عَنْ فُلانٍ مَعْدى" میرے لیے فلاں سے گزرنے کی جگہ نہیں ہے۔

عَذَبَ(ض) عَذْبًا: سخت پیاس کی وجہ سے کھانا چھوڑ دینا۔ صفت عَذُوْب و عاذِب عَنْهُ: باز رہنا ہ منع کرنا۔ عَذَبَ السَّوْطَ: کوڑے میں پھندنا لگانا۔

عَذِبَ(س) عَذَبًا الماءُ: کائی والا ہونا۔ صفت عَذِب.

عَذُبَ(ک) عُذُوبَةً واعْذَوْذَبَ الشَّرابُ: میٹھا و خوشگوار ہونا۔

أعْذَبَ: میٹھے پانی پر پہنچنا۔ کائی۔ کوڑا کرکٹ دور کرنا۔ القَوْمُ: میٹھے پانی والا ہونا۔ الماءَ: میٹھا پانی کر دینا۔ عَنْهُ: باز رہنا ہ عَنِ الأمرِ: منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "أعْذِبْ نَفْسَكَ عَنْ كَذا": اپنے نفس کو اس سے روکو۔

عَذَّبَهُ: عذاب دینا۔ عَذَّبَهُ عَنِ الشَّيءِ: منع کرنا۔ عَذَّبَ السَّوْطَ: کوڑے میں پھندنا لگانا۔ الشَّيءَ: روکنا۔

اِعْتَذَبَ: عمامے کے دو شملے لٹکانا۔

اِسْتَعْذَبَ الشَّيءَ: میٹھا و خوشگوار پانا۔ میٹھا و خوشگوار پانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ يَسْتَعْذِبُ الماءَ" میٹھا پانی لانے کیلئے گیا عَنْ كَذا: باز رہنا۔

العَذْبُ من: خوشگوار کھانا پانی۔ ماءٌ عَذْبٌ: میٹھا پانی۔ العَذْبُ: ایک قسم کا درخت۔

العَذَبُ من: کوڑا کرکٹ۔ تنکا۔ ترازو کی زبان۔ درخت کی ٹہنیاں۔ ہر چیز کے اطراف۔ عمامہ کا شملہ۔ واحد عَذَبَةٌ.

العَذَبَةُ: تنکا (والعُذْبَة والعِذبة) کائی ج عَذَبات.

العاذِبُ فا: وہ شخص کہ اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔

مِنَ الدَّوابّ: وہ جانور جو کھڑا ہو اور کھاتا پیتا نہ ہو۔ ج عُذُوب.

العَذُوبُ: بمعنی عاذِب مِنَ الدَّوابّ. شدتِ پیاس کی وجہ سے چارے کو چھوڑنے والا۔

العَذابُ: ہر وہ جو انسان کیلئے باعث مشقت ہو۔ تکلیف۔ سزا۔ ج أعْذِبَة.

عَذَجَ(ض) عَذْجًا الماءَ: پانی پینا فُلانًا: گالی دینا۔

المِعْذَجُ: غیرت مند۔ بد خلق۔ بہت ملامت کرنے والا۔

عَذَرَ(ض) عُذْرًا وعُذُرًا وعُذْرَى ومَعْذُرَةً ومَعْذِرَةً عَلَى او فِي ما صَنَعَ: الزام سے بری کرنا۔ عذر قبول کرنا۔

عَذِرَ(ض) عَذْرًا وعُذْرًا: گناہ زیادہ ہونا (عَذْرًا) الغُلامَ: لڑکے کے کا ختنہ کرنا۔

عَذَرَ(ض ن) عَذْرًا وعُذْرًا. الفَرَسَ بالعِذارِ: پوزی لگانا، باگ ڈور سے باندھنا الصَّبِيَّ العاذُورُ: حلق کا درد لاحق ہونا اور تکلیف پہنچانا۔

عُذِرَ الصَّبِيُّ: حلق کا درد لاحق ہونا۔

عَذَّرَ: عذر ثابت نہ ہونا ہ عذر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ عذر الغلامُ: لڑکے کے رخسارہ پر سبزہ اگنا۔ مسیں بھیگنا الدارُ: نشانات مٹانا فِي الأمرِ: کوشش کے بعد کوتاہی کرنا۔

أعْذَرَهُ فِي او عَلَى ما صَنَعَ: الزام سے بری کرنا الرَّجُلُ: عذر ظاہر کرنا مِنْ نَفْسِهِ: بکثرت گناہ کرنا۔ انصاف کرنا فِي الأمْرِ: کوتاہی کرنا اور کوشش نہ کرنے کے باوجود کوشش کرنے والا سمجھنا الفَرَسَ: پوزی باندھنا، باگ ڈور باندھنا الغُلامَ: لڑکے کا ختنہ کرنا۔ ہ فِي ظَهْرِهِ: مار کر بدھی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ حَتّى أعْذَرَ مَتْنَهُ" مارا یہاں تک کہ پیٹھ پر زخم کے نشانات ڈال دیئے بِفُلانٍ: زخم کا نشان چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضُرِبَ فُلانٌ فَأعْذَرَ" یعنی مارتے مارتے ہلاکت کے قریب پہنچا دیا گیا۔ أعْذَرَتِ الدّارُ: بکثرت پلیدی والا ہونا۔

عاذَرَ مُعاذَرَةً: عذر نہ ثابت ہونا۔

تَعَذَّرَ عَلَيْهِ الأمْرُ: دشوار ہونا۔ باز رہنا۔ عَنِ الأمْرِ: پیچھے ہٹنا الرَّسْمُ: مٹنا الرَّجُلُ: اپنے لیے حجت کرنا۔ بھاگنا الشَّيءُ: پلیدی سے لتھڑنا فُلانٌ مِنَ الذَّنْبِ: گناہ سے بری ہونا۔

اِعْتَذَرَ عَنْ و مِنْ فِعْلِهِ: عذر بیان کرنا عَنْ فُلانٍ: کسی کے عذر قبول کرنے کو کہنا۔ الرَّجُلُ: صاحب عذر ہونا إلَيْهِ: عذر پیش کرنا الرَّسْمُ: نشان مٹنا۔

اِسْتَعْذَرَ إلَيْهِ: عذر پیش کرنا۔

العُذْرُ: حجت جس کی بنا پر عذر کیا جائے۔ ج أعْذار: غلبہ۔ کامیابی۔ اور اسی سے ہے جو جنگ کے موقع پر کہا جاتا ہے "لِمَنِ العُذْرُ" یعنی کسی کے لیے غلبہ ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ أبُو عُذْرِ هٰذا الكَلامِ" وہ اس کلام کا پہلا بولنے والا ہے "الهَوَى العُذْرِيّ": پاکیزہ محبت۔

العِذارُ: پوزی۔ باگ ڈور۔ ج عُذُر رخسارہ۔ رخسارے پر کان کے مقابل بال۔ حیا۔ کہا جاتا ہے "خَلَعَ عِذارَهُ" و "هُوَ خَلِيعُ العِذارِ" یعنی وہ اپنی خواہشات کا پابند ہے اور گمراہیوں میں منہمک ہے اور اپنے قول و فعل میں کوئی پرواہ نہیں کرتا گویا کہ بلا رسی کے جانور ہے۔ "لَوَى عِذارَهُ عَنْهُ" یعنی نافرمانی کی العِذارُ مِنَ النَّصْلِ: تیر کے پھل کے دونوں طرف کی دھار۔ العِذارُ: ختنہ کا یا تعمیر مکان کا کھانا۔

العِذْرَةُ: عذر ج عِذَر.

العُذْرَةُ: بکارت۔ کوئی علامت جو تیز رفتار گھوڑے کو نظر بد سے بچانے کے لیے اس کی پیشانی پر باندھا جائے۔ بالوں کا گچھا۔ گھوڑے کی گردن کے بال۔ العُذْرَةُ: پیشانی۔ ختنہ کا چمڑا۔ ایک ستارہ کہ جب وہ نکلتا ہے تو گرمی بڑھ جاتی ہے۔ حلق کا درد ج عُذَر.

العَذِرَةُ: پاخانہ۔ ردی حصہ جو گیہوں سے

نکلے۔ مکان کے سامنے کا صحن ج عَذِرات.
العَاذِر. فا۔ نشان زخم (والعَاذِرَة) پاخانہ۔
العَاذِر: وہ رگ جس سے استحاضہ کا خون آتا ہے۔
العَذِير. بمعنی عَاذِر. مددگار ج عُذُرٌ مؤنث عذيرة. العَذِير والعَذِيرَة. کسی نئی خوشی کا کھانا۔ العَذِيرَة: نشان زخم۔
العَاذُور. گلے کا درد۔ علامت ج عَوَاذِير.
الإعْذَار. کسی نئی خوشی کا کھانا۔
العَذْرَاء. باکرہ۔ درناسفتہ ج عَذَارِیٰ وعَذَارِیٰ وعَذْرَاوَات. لقب سیّدہ مریم رضی اللہ عنہا کا۔
العُذْرَى والمَعْذَرَة والمَعْذُرَة والمَعْذِرَة. عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِر.
المِعْذَار. عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِير.
عَذَفَ(ض) عَذْفًا مِنَ الطَّعَامِ: چکھنا۔
تَعَذَّفَ. الطَّعَامَ: کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ عَذْفًا ولا عَذُوفًا ولا عُذَافًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔
العُذَافِر. شیر۔ مضبوط اُونٹ۔ ج عُذَافِرَة.
عَذَوْفَر. مضبوط اُونٹ۔
عَذَقَ(ض) عَذْقًا وعَذَّقَ النَّخْلَة: درخت خرما کی شاخ کاٹنا۔ عَذَقَ فُلَانًا بِشَرٍّ: کسی کو تہمت لگانا۔ عذقه إلى كَذَا: منسوب کرنا۔ عَذَّقَ وأعْذَقَ الشَّاةَ: بکری کے رنگ کے خلاف کسی دوسرے رنگ کے اُون سے نشان لگانا۔
إعْتَذَقَ. دو شملے لٹکانا۔ إعْتَذَقَهُ بِكَذَا کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔
العَاذِق. فا۔ وہ شخص جو درخت خرما کی دیکھ بھال اور خدمت کرے۔ ج عَاذِقُوْن وعُذَّاق.
العَذْق. پھل دار کھجور کا درخت۔ ج أعْذُق وعُذَّاق.
العِذْق. انگور کا گچھا مِنَ النَّخلِ: کھجور کا خوشہ ج عُذُوق وأعْذَاق. العِذْق: شاخ دار ٹہنی۔ عزت۔ کہا جاتا ہے "فِيْ بَنِي فُلَانٍ عِذْقٌ كُمَلٌ" بنی فلاں میں انتہائی عزت ہے۔
العَذِق. ہوشیار۔ چرب زبان۔ طَيِّبٌ عَذِقٌ: تیز خوشبو۔
العَذَقة والعِذْقة. بکری کے رنگ کے خلاف اُون کا نشان۔
عَذَلَهُ(ن ض) عَذْلًا وعَذَّلَهُ. ملامت کرنا۔ صفت عَاذِل ج عُذَّل وعُذَّال وعَذَلَة وعَاذِلُوْن مؤنث عاذِلَة ج عَوَاذِل وعَاذِلَات.
تَعَاذَلَ. القَوْمُ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
تَعَذَّلَ واعْتَذَلَ. اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ ملامت سے متاثر ہونا۔ إعْتَذَلَ اليَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ إعْتَذَلَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّيْئِ: پختہ ارادہ کرنا۔ العَذْل والعَذَل والتَّعْذَال. ملامت کرنا۔ أيَّامٌ عُذُلٌ ومُعْتَذِلَاتٌ: سخت گرم دن۔
العُذَلَة والعَذُوْل والعَذَّال والعَذَّالَة. بہت ملامت کرنے والا۔
العَذَّالَة. مؤنث عَذَّالٌ. سرین۔
العَاذِل. فا۔ رگ خونِ استحاضہ۔
المُعَذَّل. مف۔ فیاضی کی وجہ سے ملامت کردہ شدہ۔
عَذْلَجَ. السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا الوَلَدَ وغَيْرَهُ: لڑکے کو اچھی غذا دینا۔
عَيْشٌ عِذْلَاجٌ. خوشگوار زندگی۔
العُذْلُوْج. اچھی غذا سے تربیت یافتہ بچّہ۔
المُعَذْلَج. پرگوشت۔ خوبصورت جسم والا۔ مؤنث مُعَذْلَجَة.
عَذَمَ(ض) عَذْمًا الفَرَسُ: گھوڑے کا کاٹ کھانا الرَّجُلَ: اپنے آپ سے دفع کرنا ہ: ملامت کرنا۔
عَذِمَ(س) عَذْمًا. گالی دینا۔
أعْذَمَهُ. عَنْ نَفْسِهِ روکنا۔ منع کرنا۔
العَذُوْم. بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا ج عُذُم.
العَذَّام. بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا۔
العَذِيْمَة. ملامت۔ بغیر گٹھلی کی کھجور کا درخت۔ ج عَذَائِم.
عَذَا يَعْذُوْ عَذْوًا وعَذِيَ يَعْذَىٰ عَذًى وعَذُوَ يَعْذُ وعَذَاوَةً المَكَانُ. اچھی ہوا والا ہونا۔ پانی اور امراض وبائیہ سے دُور ہونا۔
إسْتَعْذَىٰ المَكَانُ: اچھی ہوا والا سمجھنا۔
ارض عَاذِيَةٌ وعَذِيَةٌ وعَذِيَّةٌ وعَذَاةٌ. عمدہ آب و ہوا والی زمین۔
العِذْىٰ. کھیت جس کی سیرابی صرف بارش سے ہو۔ ج اعذاء.
عَرَّ(ن ض) عَرًّا وعُرَّ الجَمَلُ: خارشتی ہونا۔ صفت عَرٌّ وأعَرٌّ وعَارٌّ ومَعْرُوْرٌ.
عَرَّهُ(ن) عَرًّا. غمگین کرنا۔ سائل بن کر آنا۔ عَرَّهُ بِشَرٍّ: بُرائی سے ملوث کرنا (و عَرَّرَ) الأرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
عَرَّ(ض) عِرَارًا وعَارَّ مُعَارَّةً و عِرَارًا الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا چیخنا۔
أعَرَّتِ. الدَّارُ: مکان کا گندگی والا ہونا۔
تَعَارَّ. نیند سے بولتے ہوئے بیدار ہونا۔
إعْتَرَّهُ وإعْتَرَّبِهِ إعْتِرَارًا. بغیر سوال کے بخشش کے لیے آنا۔
إسْتَعَرَّهُمُ الجَرْبُ: خارش پھیلنا۔
العَارُوْر والعَارُوْرَة. منحوس مرد۔ قوم پر بے عزتی کرنے والا۔ بے کوہان کا اُونٹ۔
العُرَر والعُرُوْر. خارش۔
العَرّ. خارشی۔ خارش۔ عیب۔ بُرائی۔ جلدی دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔
العَرَّة. اسم مرۃ۔ مؤنث العَرّ. جنگ کی سختی۔ بُری عادت۔ عیب۔
العُرّ. خارش۔ پرندے کی بیٹ۔ لڑکا۔
العُرَّة. خارش۔ لڑکی۔ پرندے کی بیٹ۔ مینگنی۔ گوبر۔ کوہان کی چربی۔ مکروہ بات پہنچنا۔ گناہ۔ جنون جو انسان کو لاحق ہو۔ کہا جاتا ہے "بِهِ عُرَّة" یعنی اس کے ساتھ جنون ہے۔
الأعَرّ. خارشی مرد یا اُونٹ۔ مؤنث عَرَّاء ج

عَزّ. العَزّاءُ: لڑکی۔
العَرار. ایک پھول خوشبودار جس کا نام گاؤ چشم ہے۔ جنگلی نرگس۔ واحد عَرارَةٌ۔
العَرارَة. قصاص۔ خون کا بدلہ۔
العُرار. گناہ۔ قصور۔
العَرارَة. ٹڈی۔ سختی۔ بلندی۔ بد خلقی۔
العَرِیر. اجنبی۔
المَعَرَّة. گناہ۔ تکلیف۔ بدی۔ تاوان۔ قصور۔ عیب۔ امرِ قبیح۔ سختی۔ گالی۔ غصّہ سے چہرے کے رنگ کی تبدیلی۔ ستارہ کہکشاں کے علاوہ۔ نام ایک شہر کا۔ مَعَرَّةُ الجَیْشِ: لشکر جو لاعلمی سے قوم کی کھیتی کھالے۔
المُعْتَرّ. فقیر۔ بغیر سوال کئے ہوئے بخشش کے درپے ہونے والا۔
عَرُبَ (ک) عُرُوْبَةً وعُرُوْبِیَّةً وعَرابَةً وعَرْبًا وعُرُوْبًا: فصیح عربی زبان بولنا۔ فصیح عربی ہونا۔
عَرِبَ (س) عَرَبًا. بگڑے ہوئے معدہ والا ہونا المِعْدَةُ: معدہ کا فاسد ہونا الجُرْحُ. سوجنا اور پیپ والا ہونا البِئْرُ: کنوئیں میں پانی بہت ہونا الرَّجُلُ: لکنت کے بعد فصیح ہونا۔
عَرَبَ (ض) عَرْبًا. الطَّعامَ: کھانا۔
عَرَّبَ. المَنْطِقَ: اعرابی غلطی سے پاک کرنا الکِتابَ ونَحْوَهُ: عربی میں ترجمہ کرنا عَلَیْهِ فِعْلَهُ: قباحت بتانا قَوْلَهُ: رَد کر دینا عَنْهُ لِسانُهُ: فصیح ہونا۔ مُراد کو ظاہر کرنا عَن صَاحِبِهِ: اپنے صاحب کی طرف سے بولنا اور حجت بیان کرنا الرَّجُلُ: عربی گھوڑا لینا: المُشْتَرِی بیعانہ دینا الرَّجُلُ: قبیح بات بولنا بِحُجَّتِهِ: دلیل کو اچھی طرح بیان کرنا الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ: عربی کر دینا۔
اَعْرَبَ الشَّیْئَ: ظاہر کرنا عَن حاجَتِهِ: صاف بیان کرنا کَلامَهُ: فصاحت سے بولنا اور غلطی نہ کرنا بِالکَلامِ: بیان کرنا۔ بِحُجَّتِهِ عمدہ دلیل لانا الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ: عربی بنا دینا الکَلِمَةَ: اعراب لگانا الفَرَسَ: دوڑانا الفَرَسَ العَرَبِیَّ: ہنہنانے سے عربی گھوڑے کو غیر عربی سے ممتاز کرنا اَعْرَبَ الرَّجُلُ: اُونٹ اور عربی گھوڑوں کا مالک ہونا المُشْتَرِی: بیعانہ دینا الرَّجُلُ: کلام میں غلطی نہ کرنا۔ فحش بات بولنا۔
تَعَرَّبَ. اخلاقِ عرب کو اختیار کرنا۔ ان کی مشابہت کرنا۔ دیہات میں اقامت کرنا۔ اور اعرابی بننا۔
اِسْتَعْرَبَ. عربوں میں داخل ہو جانا۔ قبیح بات بولنا۔
العُرْب والعَرَب. باشندگانِ مُلک عرب۔ ج اَعْرُب وعُرُوب.
العُرْبُ والعُرْباء والعارِبَة والعَرِبَة والعَرْبِیَّة. خالص عربی لوگ۔ اور لفظ عرب اس موقعہ پر طائفہ کی تاویل میں مؤنث ہے۔
العَرَبُ والمُتَعَرِّبَة والمُسْتَعْرِبَة. غیر ملکی لوگ جو عرب میں آکر آباد ہو گئے ہوں۔
العَرابَة والعِرابَة. فحش وبد گوئی۔
العَرَب والعرب. مِنَ الماءِ: کثیر صاف پانی۔ رَجُلٌ عرب : تیز زبان مرد۔ بِئْرٌ عَرِبَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔ مِعْدَةٌ عَرِبَةٌ: فاسد معدہ۔
رَجُلٌ عَرْبانٌ. فصیح مرد۔
رَجُلٌ عَرْبانِیُّ اللِّسانِ: فصیح مرد۔
العَرَبِیّ. خالص عرب کا باشندہ۔ اگرچہ قیام کسی دوسرے مُلک میں ہو۔
العَرَبِیَّة. مؤنث العَرَبِیّ. اللُّغَةُ العَرَبِیَّةُ. عربی زبان۔
الاَعْرابِیّ. عرب کا دیہاتی۔
الاَعْراب. عرب دیہات کے باشندے۔ واحد اَعْرابِیّ.
العَرِبَة. تیز بہنے والی نہر۔ نفس۔ ج عَرَب و عَرِبات. العَرِبات. وہ کشتیاں جو عباسیوں کے دور میں دجلہ میں بندھی ہوئی رہتی تھیں جن سے پل کا کام لیا جاتا تھا اور اب اس لفظ کا اطلاق چکی پر ہوتا ہے۔
الاَعْرابِیَّة. عربی دیہاتیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْرَبُهُمْ اَحْسابًا" حسب کے لحاظ سے خالص و اَعْرَبُهُمْ اَلْسِنَةً: اور زبان کے لحاظ سے فصیح خَیْلٌ او اِبِلٌ عِرابٌ واَعْرُب: خالص عربی گھوڑے یا اُونٹ۔
العُرْبان. عرب۔
العَرُوب والعَرُوبَة مِنَ النِّساءِ: بہت ہنسنے والی۔ زوج کی نافرمان۔ عَرُوبَة اور یَوْمُ العَرُوبَة: جمعہ کا دن۔ کہا جاتا ہے "ما بِالدّارِ مُعْرِبٌ او عَرِیبٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الاِسْمُ المُعَرَّب. عربی بنایا ہوا اسم۔ جیسے ریشم سے اَبْرِیسَم۔
عَرْبَدَ عَرْبَدَةً. بد خلق ہونا۔ صفت عِرْبِیْد و مُعَرْبِد.
العِرْبَدّ والعِرْبِدّ. ایک سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "غَضِبَ غَضَبًا عِرْبَدًّا" یعنی سخت غضبناک ہوا۔ نر سانپ۔
عَرْبَنَهُ. بیعانہ دینا۔
العُرْبُون والعَرَبُون والعُرْبان. بیعانہ۔ سائی۔ ج عَرابِیْن. عوام عُرْبُوْن کہتے ہیں۔
عَرَتَ (ض ن ف) الرُّمْحُ: نیزے کا سخت ہونا البَرْقُ ونَحْوُهُ: بجلی وغیرہ کا چمکنا بَرْقٌ او رُمْحٌ عَرّاتٌ: بہت حرکت کرنے والا نیزہ یا بجلی۔
العَرْتَبَة. ناک یا ناک کا نرم حصّہ۔ اوپر کے ہونٹ کے بیچ کا گڑھا۔
العَرْتَمَة. ناک کا اگلا حصّہ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَلٰی عَرْتَمَتِهِ" یعنی اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
عَرَجَ (ض ن) عُرُوْجًا ومَعْرَجًا فِی السُّلَّمِ سیڑھی پر چڑھنا عَلَی الشَّیْئِ و فِیهِ: چڑھنا۔ عُرِجَ بِهِ: چڑھایا جانا۔
عَرَجَ و عَرِجَ (ف س) عَرَجًا. لنگڑا ہونا۔ صفت اَعْرَج ج عُرْج وعُرْجان مؤنث عَرْجاء.
عَرِجَتْ (س) وعَرَجَتْ (ک) عَرَجًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا۔
عَرَّجَ. ٹھہرنا۔ ایک جانب سے دوسرے

جانب جھکنا عَنِ الشیٔ: چھوڑنا اور تجاوز کرنا الثوب: پیچیدہ دھاری دار بنانا البناء او النھر: جھکاؤ کے ساتھ بنانا الرجل: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَعرَجُ علٰی قَولِہٖ" یعنی فلاں آدمی کی بات پر اعتماد نہیں کیا جاتا (وتعرّج) جھکنا علی المکانِ: سواری کے جانور کو باندھنا اور اقامت کرنا۔
اَعْرَجَ۔ آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ اَعْرَجَہُ اللّٰہُ: لنگڑا کر دینا۔
تعَارَجَ۔ بتکلف لنگڑا بننا۔
اِنْعَرَجَ۔ الشیٔ: مڑنا۔ ٹیڑھا ہونا الطریقُ: جھکنا عَنِ الشیٔ: تجاوز کرنا؛ چھوڑ دینا القَوْمَ عَنِ الطَرِیْقِ: بھٹک جانا۔
العَرَجَ والعَرَجَان۔ لنگڑاہٹ، لنگڑے کی چال۔
العَرجَاء۔ مؤنث الاَعرَج۔ لنگڑی عورت۔ بجو۔
العَرْجَۃ والعُرْجَۃ جس پر توقف کیا جائے۔
اَمرٌ عَرِیْجٌ غیر مستحکم کام۔
العُرَیْجَاء۔ دوپہر۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
المِعْرَجُ والمَعْرَج والمِعْرَاج۔ سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ ج مَعَارِجْ ومعَارِیج۔
المُنْعَرجُ مِنَ الوَادِی: وادی کا موڑ۔
عَرْجَنَ الثَوْبَ: کپڑے پر شاخوں کی شکل بنانا۔
العُرْجُوْن۔ کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور گچھے کو کاٹنے پر درخت پر خشک ہو کر باقی رہتی ہے۔ ج عَرَاجِین۔
عَرَدَ (ن) عَرْدًا الحَجَر: پتھر کو دور پھینکنا۔
(عُرُوْدًا واَعْرَد) النَبَاتُ او النَّابُ: پودے یا دانت کا پورا نکل آنا اور سخت ہونا الشجرُ: درخت کا موٹا اور بڑا ہونا۔
عَرِدَ (س) عَرْدًا وعَرَدًا۔ بھاگنا۔ مرض کے بعد جسم کا قوی ہونا۔ عَرَدَ السھمُ فِی الرَّمْیَۃِ: تیر کا پار ہو جانا۔ عَرَّدَ النجمُ: ستارے کا بلند ہونا۔ آسمان کے وسط میں پہنچنے کے بعد ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔ عَرَّدَ الرَجُلُ: راستہ کو چھوڑ کر مڑ جانا۔
العَرْد والعَرِد والعُرُدّ۔ بہت سخت۔
العَرَادَۃ: مادہ ٹڈی۔ حالت اور اسی سے ہے "ھُوَ فِیْ عَرادَۃِ خَیْرٍ" وہ اچھی حالت میں ہے۔
العَرَّادَۃ۔ پتھر پھینکنے کا آلہ ج عَرَّادات۔
العَرِیْد۔ طور طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا عَرِیْدہٗ" یہ اس کی عادت ہے۔
عَرْدَسَہ۔ پچھاڑنا۔
العَرَنْدَس۔ بڑا سیلاب۔ بڑا شیر۔ عِزٌّ عَرَنْدَسٌ: ثابت رہنے والی عزت۔
عَرَز (ض) عَرْزًا۔ الشیٔ: سختی سے کھینچنا۔ الرَجُلَ: کسی کو ملامت کرنا وعَرِزَ (س) عَرَزًا) الشیٔ: سخت ہونا؛ سکڑنا۔
عَرَّزَ۔ سکڑنا الشیٔ: پوشیدہ کرنا۔
عَارَزَہٗ۔ دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔
عَارَزَ وتَعَارَزَ الشیٔ: سکڑنا۔
اَعْرَزَ۔ الشیٔ: فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔
تَعَرَّزَ۔ عَلَیْہِ: دشوار ہونا۔
اِسْتَعْرَزَ۔ الشیٔ: سکڑنا الرَجُلُ: سخت ہونا۔
العِرْزَال۔ شیر کا مسکن۔ فالیز والے کا مچان۔ جنگ کے موقع پر بادشاہ کے لیے چھوٹا سا مکان۔ سانپ کی بمی۔ ٹٹی۔ دکان۔ لوگوں کی جماعت۔ مشکیزے کا منہ۔ قَوْمٌ عَرَازِیْل: چوروں کا گروہ۔
العِرْزِم۔ پرانا سانپ۔
العِرْزَم والعُرازِم والعِرْزَام: شیر۔
عَرَسَ (ن) عَرْسًا۔ خوشی میں رہنا عَنْہُ: پھر جانا عَرْسًا وعُرُسًا) جماع کرنا۔
عَرَسَ (ن ض) عَرْسًا۔ البَعِیْرَ: اونٹ کی گردن کو اگلے پاؤں سے بیٹھنے کی حالت میں باندھنا۔
عَرِسَ (س) عَرَسًا۔ الرَجُلُ: اکڑنا بِہٖ: لازم ہونا۔ محبت کرنا مِنْہُ: بے خود ہونا۔ صفت عَرِسٌ الشیٔ: سخت ہونا۔ الشَرُّ بَیْنَھُمْ: ہمیشہ رہنا عَنْہُ: بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا عَلٰی مَا عِنْدَہٗ: باز رہنا اور بخل کرنا۔
اَعْرَسَ۔ دلہن لانا الشیٔ: لازم ہونا اور محبت کرنا الرَجُلُ: چکی کے ایک پاٹ کو دوسرے پر پیسنے کیلئے رکھنا باَھْلِہٖ: جماع کرنا (وعَرَّسَ) القَوْمُ: سفر میں آخر رات میں آرام کے لیے اترنا۔
تَعَرَّسَ لِاِمْرَاَتِہٖ: فریفتہ ہونا۔
اِعْتَرَسَ القَوْمُ عَنْہُ: متفرق ہونا۔ جدا ہونا۔
العَرْسُ۔ رسّی۔ خیمہ کے بیچ کا کھمبا (والعُرْس) چھوٹا بچہ اونٹ کا۔ ج عَرَاس۔
العِرْس۔ دلہن عِرْسُ المَرْأۃِ: دولہا۔ ج اَعْرَاس۔ اِبْنُ عِرْسٍ نیولا۔ ج بَنَاتُ عِرْسٍ (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)
العُرْس والعُرُسُ۔ زفاف۔ ولیمہ کا کھانا۔ ج اَعْرَاس وعُرُسَات۔
العِرَاسِ۔ رسّی جس سے اونٹ کو باندھا جائے۔
العَرُوْس۔ دولہا دلہن۔ جمع کے لیے کہا جاتا ہے "ھُمْ عُرُسٌ و ھُنَّ عَرائِس" اور التباس کے دفع کرنے کے لیے عورت پر عَرُوْسَۃ کا اطلاق ہوتا ہے۔ ج عَرَائِس۔
العَرِیْس۔ عِنْدَ المُوَلَّدِیْن: دلہن۔
العِرِّیْسُ والعِرِّیْسَۃ: شیر کی جھاڑی۔
العَرَّاس وَالمِعْرَس والمُعَرِّس اونٹ کے چھوٹے بچوں کو بیچنے والا۔
المُعْرَس والمُعَرَّس۔ آخر رات میں آرام لینے کے لیے اترنے کی جگہ۔
عَرَشَ (ن ض) عَرْشًا۔ لکڑی کا مکان بنانا البَیْتَ: گھر بنانا العَرْشَ: چھت بنانا۔ تخت بنانا البِئْرَ: کنوئیں کے نچلے حصہ کو قد کے برابر پتھر سے بنا کر بقیہ کو لکڑی سے بنانا (عَرْشًا وعُرُوْشًا) الکَرْمَ: انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔

عَرَشَ (ض) عُرُوْشًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

عَرِشَ (س) عَرْشًا وعَرَشًا۔ متحیر ہونا۔ بِغَرِيْمِهِ: سخت پکڑنا۔ عَنْهُ: پھرنا۔ چھوڑ دینا۔

عَرَّشَ الْكَرْمُ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھنا الْكَرْمَ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔ الْبَيْتَ: چھت بلند کرنا الطَّائِرُ: بلند ہو کر بازوؤں سے سایہ کرنا (واَعْرَشَ) ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لیے چھولداری بنانا۔

تَعَرَّشَ وتَعَرْوَشَ بِالْاَمْرِ: چمٹا رہنا بِالْمَكَانِ: ثابت رہنا۔ تَعَرْوَشَ الدَّابَةَ: سوار ہونا۔

اِعْتَرَشَ۔ ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لیے چھولداری بنانا۔ اِعْتَرَشَتِ الدَّوَ اِلٰى عَلَى الْخَشَبِ۔ انگور کی بیل کا چڑھنا اور لٹکنا (واِعْرَوَّشَ) الدَّابَةَ: سوار ہونا۔

الْعَرْشُ۔ تخت شاہی۔ الْعَرْشُ: کسی چیز کا رُکن۔ کسی چیز کا قوام۔ کہا جاتا ہے "ثُلَّ عَرْشُهُ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی اور اس کا معاملہ کمزور ہو گیا۔ الْعَرْشُ مِنَ الْبَيْتِ: چھت۔ مِنَ الْقَوْمِ: رئیس۔ سردار۔ الْعَرْشُ: لکڑی جس سے کنوئیں کے اوپر کا حصہ بنایا جائے۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ مکان جس میں سایہ لیا جائے۔ محل۔ قدم کی پشت پر بلند حصہ۔ کنوئیں کا من عَرْشُ الطَّائِرِ: گھونسلہ۔ عَرْشُ الْكَرْمِ: انگور کی ٹٹی ج اَعْرَاش وعُرُوْش وعُرُش وعِرَشَة۔

الْعَرِيْشُ۔ جھونپڑی۔ چھولداری۔ جانوروں کو سردی سے بچانے کا باڑہ۔ انگور کی ٹٹی۔ ج عُرُش (والعَرِيْشَة) پالکی۔

عَرَصَ (ض) عَرْصًا وعَرِصَ (س) عَرَصًا الْبَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا۔ صفت عَرِصٌ عَرِصَ الرَّجُلُ: نشاط میں ہونا۔

عَرَّصَ الْبَعِيْرَ: اُونٹ سدھا لینا اللَّحْمَ: گوشت کو میدان میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا۔

اَعْرَصَ الشَّئُ: مضطرب ہونا۔

تَعَرَّصَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِعْتَرَصَ۔ الْغُلَامُ: کھیل کود کرنا۔ خوش ہونا الْجِلْدُ: کھال کا پھڑکنا الْبَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا الرَّجُلُ: اُچھلنا۔ کودنا۔

الْعَرْصَةُ۔ گھر کا صحن۔ ہر وہ جگہ جس میں کوئی عمارت نہ ہو۔ ج عِرَاص واَعْرَاص وعَرَصَاتٌ۔

الْعَرَّاصُ۔ بہت پراگندہ چمکنے والی بجلی۔ گرج اور بجلی والا بادل۔ نرم نیزہ۔

الْمِعْرَاصُ۔ نیا چاند۔

عَرْصَفَهُ۔ عَرْصَفَةً کھینچ کر لمبا پھاڑ دینا۔

الْعُرْصُوْفُ والعِرْصَافُ۔ پالان کی میخ۔ ج عَرَاصِيْف۔ الْعِرْصَافُ: پٹھے کا کوڑا۔ سونڈ کی نرم ہڈی۔

الْعَرْصَمُ۔ بہت کھانے والا۔ خرم وشادمان۔

الْعِرْصَمُّ۔ لاغر۔ مضبوط قوی۔ شیر (العِرْصَام والعُرَاصِم) شیر۔

الْعُرْصُوْمُ۔ بخیل۔

عَرَضَ (ض) عَرْضًا لَشَّئَ بِفُلَانٍ: پیش کرنا الشَّئَ عَلَيْهِ: دکھلانا الْمَتَاعَ لِلْبَيْعِ سامان کو فروخت کے لیے خریداروں کے سامنے کرنا الْجُنْدَ: فوج کا جائزہ لینا لَهُ مِنْ حَقِّهِ ثَوْبًا: حق کے بدلے میں دینا۔ عَرَضَ لَهُ عَارِضٌ مِنَ الْحُمّٰى: بخار لاحق ہونا الْقَوْمَ عَلَى السَّيْفِ: قوم کو تلوار سے مارنا الْحَصِيْرَ: چٹائی بچھانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَرْضَ او عُرْضَ فُلَانٍ" وہ فلاں کی چال چلا۔ لَا تَعْرِضْ عَرْضَ فُلَانٍ: فلاں کو بُرائی سے یاد نہ کرو۔

عَرَضَ الرَّجُلُ: بغیر کسی بیماری یا سبب کے مرنا الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے لگنا۔

عَرَضَ لِي عَارِضٌ: مجھے ایک مانع نے روک دیا۔

عَرَضَ (ض) و عَرِضَ (س) عَرَضًا۔ ظاہر ہونا اور ہمیشہ نہ رہنا۔

عَرَضَ (ض ن) عَرْضًا الْعُوْدُ عَلَى الْاِنَاءِ: برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا۔

عُرِضَ۔ مجنوں ہونا۔

عَرَضَ (ن) عُرُوْضًا۔ مکہ مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا الْكِتَابَ: زبانی پڑھنا۔

عَرُضَ (ک) عِرَضًا وعَرَاضَةً۔ چوڑا ہونا۔ صفت عَرِيْض وعُرَاض۔

عَرَّضَ وَلَهُ و بِهِ: تعریض کرنا۔ کسی دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا الشَّئَ: چوڑا کرنا الْمَتَاعَ: سامان کو دراہم ودنانیر کے علاوہ سامان کے بدلے فروخت کرنا الْكَاتِبُ: مبہم لکھنا الشَّئَ لِلشَّئِ: مقابل کرنا کہا جاتا ہے "عَرَّضْتَ مَالِكَ لِلْهَلَاكِ" تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کے لیے پیش کر دیا ٥ مِنْ مَالِهِ بِكَذَا: بدلہ دینا فُلَانٌ: عمدہ رائے والا ہونا۔

اَعْرَضَ عَنْهُ: روگردانی کرنا الشَّئَ: چوڑا کرنا الْمَسْئَلَةَ: لمبا چوڑا سوال کرنا۔ فِي الْمَكَارِمِ: بہت فیاض ہونا۔ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضْتُهُ فَاَعْرَضَ" یعنی میں نے اسے ظاہر کیا پس وہ ظاہر ہو گیا۔ الثَّوْبُ: وسیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعْرَضَ لَكَ الْخَيْرُ" یعنی تمہیں خیر کرنے کی قدرت ہے و "اَعْرَضَ لَكَ الظَّبْيُ فَارمه" تمہارے سامنے ہرن ظاہر ہوا پس اسے تیر مارو۔

عَارَضَهُ مُعَارَضَةً وعِرَاضًا۔ پھر جانا۔ یکسو ہونا۔ عَارَضَ الْكِتَابَ بِالْكِتَابِ: کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا الرَّجُلَ: کلام پر نقض وارد کرنا۔ مقاومت کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا ٥ فِي الْمَسِيْرِ: چلنے میں برابری کرنا۔ عَارَضَ الرَّجُلُ: راستہ میں ایک جانب ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَارَضَه فَعَرَضَهُ" اس نے معارضہ کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَعَرَّضَ الْاَمْرَ ولِلْاَمْرِ واِلَى الْاَمْرِ: درپے ہونا۔ طلب کرنا الشَّئُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب ظاہر کرنا۔ فاسد ہونا۔

تَعَارَضَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِعْتَرَضَ۔ چوڑائی میں ہونا لَهُ: منع کرنا

البَعِیر: سرکش اُونٹ پر سوار ہونا لَهُ بِسَهْمٍ: سامنے آکر تیر مارنا عِرْضَهُ. عیب نکالنا۔ آبرو گھٹانا دُوْنَ الشَّیئَ: حائل ہونا۔ روک بنا القَائِدُ الجُنْدَ: ایک ایک کر کے پیش کرنا عَلَیْهِ مِنْ قَوْلٍ او فِعلٍ: اعتراض کرنا۔ خطا کی جانب منسوب کرنا الشَّیئَ: تکلف کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَهُ فَاعْتَرَضَ" اِس نے اُس کو پیش کیا پس وہ پیش ہوا۔

اِستَعرَضَ. چوڑی چیز طلب کرنا الشَّیئَ: پیش کرنے کو کہنا ہ: کسی سے کہنا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے دکھاؤ القَوْمَ: بغیر دریافت حال کے قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِستَعْرِض یُعْطِی مَنْ اَقْبَلَ اَوْ اَدْبَرَ" یعنی بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے۔

اِستَعْرِضِ العَرَبَ: عربوں میں سے جس سے چاہو دریافت کرلو۔

العَرْض. اسباب۔ سامان۔ ج عُرُوْض پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو۔ بڑا لشکر۔ چوڑائی۔ وسعت۔ جنون۔ وادی۔ بہت ٹڈیاں۔ بادل مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔ ج عُرُوْض وعِرَاض واَعْرَاض. جزا سزا کا دن۔

العَرْض. التجا۔ گزارش۔ کہا جاتا ہے الشَّیئُ عَرْضُ عَیْنِی: یعنی چیز میری نگاہ کے سامنے ہے "اِشْتَرَیْتُ المَتَاعَ بِعَرْضٍ" سامان کو سامان سے خریدا۔ و عَرْضُ الحَالِ عِنْدَ الحُکَّامِ: حاکم کے پاس شکایت کے لیے یا کسی فائدہ کے لیے حاصل کرنے کی غرض سے درخواست دینا اور جمع کے لیے عُرُوْضُ الاَحْوَالِ بولا جاتا ہے اَعْرَاضُ الشَّجَرِ: درخت کی پھنگیاں۔

العِرْض. اچھی عادت۔ آبرو۔ باعث فخر و عزت۔ ج اَعْرَاض. کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِیُّ العِرْضِ" وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے و "ذُوْو العِرْضِ مِنَ القَوْمِ" یعنی قوم کے اشراف و "هُوَ عَرِبُ العِرْضِ" وہ کمینہ خاندان کا ہے۔ العِرْض. نفس۔ کہا جاتا ہے "اَکْرَمْتُ عَنْهُ عِرْضِی" یعنی میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا۔ جسم۔ جسم کی بُو۔ مسامات۔ وادی یا شہر کا کنارہ۔ وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو۔ ج عُرْضَان. بہت ٹڈیاں۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔ العِرْضُ مِنَ النَّاسِ: لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والا۔

العُرْض. جانب۔ کنارہ۔ دامن کوہ۔ مِنَ البَحْرِ او النَّهْرِ: سمندر یا دریا کا وسط۔ مِنَ الحَدِیْثِ: بہتر و بڑی بات۔ مِنَ السَّیفِ او العُنُقِ: تلوار یا گلے کی ایک جانب۔ کہا جاتا ہے نَظَرَ اِلَیْهِ عَنْ عُرْضٍ وکَلَّمَهُ عَنْ عُرْضٍ. گوشہ چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر گفتگو کی۔ و خَرَجُوْا یَضْرِبُوْنَ النَّاسَ عَنْ عُرْضٍ: یعنی نکل کر مارنا شروع کردیا اور یہ پروا نہیں کی کہ کس کو مار رہے ہیں اور کیوں مار رہے ہیں۔ و اِضْرِبْ بِهِ عُرْضَ الحَائِطِ: یعنی دیوار کے ایک گوشہ پر پھینک دو اور اعراض کرو۔ وهو مِنْ عُرْضِ النَّاسِ: وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

العَرَض. متاع۔ سامان۔ عارضہ۔ غیر دائمی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الاَمْرُ عَرَضٌ" یعنی یہ امر زائل ہونے والا ہے۔ بخشش۔ غنیمت مِنْ کُلِّ شَیئٍ جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ جوہر کے ساتھ قائم ہو۔ ج اَعْرَاض. کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَرَضًا" یعنی بغیر سوچے سمجھے ہوئے کیا۔

العِرْضَة. پیش کرنے کی نوعیت العِرْض کا مؤنث۔ یعنی لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

العُرْضَةُ. ہمت۔ کشتی لڑانے کا داؤ۔ ارادہ۔ نشانہ۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِکَذَا" وہ اس کی طاقت رکھتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلنَّاسِ" وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلکَلَامِ" وہ لوگوں کے اعتراضات کا نشانہ ہے و "جَعَلْتُهُ عُرْضَةً" میں نے اس کو نشانہ بنانا۔

العُرْضِی جو زین پر قائم نہ رہ سکے۔

مِنَ الاِبِلِ. سرکش اُونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

العِرَاض. جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ حصہ۔ اُونٹ کی ران میں چوڑائی میں علامت یا لکیر۔ عِرَاضُ الحَدِیْثِ: بڑی اور بہتر بات ج عُرُض.

العُرَاض والعُرُض. چوڑا۔

العُرَاضَة. عُرَاض کا مؤنث۔ ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

العِرِّیْض. وہ جو لوگوں سے شر کے ساتھ پیش آئے۔

العَرُوْض. اشعار کا وزن۔ مصرعہ اولی کا جزء اخیر۔ سرکش اُونٹنی جو ابھی سدھائی نہ گئی ہو۔ ج اَعَارِیض: مکہ اور مدینہ اور ان کے مضافات۔ گوشہ۔ دامن کوہ میں راستہ۔ بادل۔ بہت چیز۔ چلنے میں سامنے کی جگہ مِنَ الکَلَامِ مضمون۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ المَسْئَلَةُ عَرُوْضُ هٰذِهِ" یعنی یہ مسئلہ اس کی نظیر ہے۔

العَرُوْضِیّ. علم عروض کا جاننے والا۔

العَارِض. فا۔ رخسارہ۔ بادل۔ پہاڑ۔ عارضی چیز۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَارِضٌ" یعنی مانع نے روک دیا۔

العَارِضَةُ. مؤنث العَارِض. دانت جو منہ کے عرض میں ہیں یا وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں پیش آنے والی چیز۔ دروازہ کے اوپر کی لکڑی جس میں دروازہ گھومتا ہے۔ رخسارہ۔ گوشہ۔ حاجت۔ ج عَوَارِض. العَوَارِض. مکان کی چھت کی لکڑیاں جو عرض میں رکھی ہوئی ہوں۔ العَارِضَة: عمدہ رائے اور کلام کی تنقیح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ عَارِضَةٍ" فلاں صاحب بیان اور فی البدیہہ کہنے والا اور فصیح ہے۔

العَرِیْض. چوڑا۔ ج عِرَاض. دعاء عریض بہت زیادہ دُعا "هُوَ عَرِیْضُ البِطَانِ" یعنی وہ مالدار اور غنی ہے۔ العَرِیْض: خصی بکرا۔

العَرِیْضَة. مؤنث العَرِیْض. کیفیت کا پیش کرنا۔

التَّعْرِیض فِی الکَلَامِ: دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا۔
المِعْرَاض. توریہ کرنا مِنَ الکَلَامِ: مضمون۔ بغیر پر کا تیر جس کا درمیانی حصہ موٹا ہو۔ ج مَعَارِیض.
المَعْرِض. پیش کرنے کی جگہ۔ مصنوعات و مخترعات کے نمائش کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرْتُہٗ فِی مَعْرِضِ کَذَا."
المِعْرَض. دُلہن کی شب عروسی کا کپڑا الکَلَام المُعَرَّض. مبہم کلام ج مَعَارِضُ و مَعَارِیض. کہا جاتا ہے "اِنَّ فِی المَعَارِیضِ لَمَنْدُوحَۃً عَنِ الکِذْبِ" تعریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔
المَعْرُوض حکام کے سامنے پیش کرنے کی عرضی۔
عَرَطَ (ن) عَرْطًا واِعْتَرَطَ عِرْضَ فُلَانٍ غیبت کرنا۔ اِعْتَرَطَ الرَّجُلُ دُور چلا جانا۔
عِرِیْطُ و اُمُّ عِرِیْطٍ و اُمُّ العِرِیْطِ: بچھو۔
العَرْطَنِیْثَا ایک درخت کی جڑ جس کا نام بخور مریم ہے۔
عَرْعَرَ. القَارُوْرَۃَ: شیشی بند کرنا۔ کاگ لگانا۔ کاگ علیحدہ کرنا العَیْنَ: آنکھ پھوڑ دینا۔
العَرْعَر. سرو کے مانند ایک درخت۔ واحد عَرْعَرَۃ.
العُرْعُر. بد خلقی۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ عُرْعُرَہٗ" یعنی بد خلق ہوا۔ دونوں نتھنوں کے بیچ کا حصہ۔ پیڑو۔
العُرْعُرَۃ و العَرْعَرَۃ. شیشی۔ بوتل کی ڈاٹ۔ عُرْعُرَۃُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی ج عَرَاعِر.
العُرَاعِر: شریف۔ سردار مِنَ الاِبِلِ: موٹا اُونٹ ج عَرَاعِر. العَرَاعِر: کوہان کے کنارے۔
العَارُوْرَۃ. منحوس مرد۔ گندا مرد۔ بے کوہان کا اُونٹ۔
اَلعَرْعَر صنوبر کی قسم کا ایک درخت۔ جس کے پھل پھول والے مشروبات میں استعمال ہوتے ہیں۔ العرعر الکادی اس کی لکڑی سے سیاہ تیل جلدی امراض کے لئے نکالا جاتا ہے۔
عَرَفَ (ض) عِرْفَۃً و عِرْفَانًا و عِرِفَّانًا و مَعْرِفَۃً الشَّیْءَ: پہچاننا۔ جاننا بِذَنْبِہٖ: اقرار کرنا ہٗ: بدلہ دینا لِلْاَمْرِ: صبر کرنا۔
عَرَفَ (ن) عَرَافَۃً عَلَی القَوْمِ: چودھری ہونا۔ قوم کے معاملات کا انتظام کرنا۔ قوم کی سیاست کرنا (عَرْفًا) الفَرَسَ: گھوڑے کے ایال کاٹنا۔
عَرُفَ (ک) عَرَافَۃً: چودھری ہونا (عَرْفًا و عَرَافَۃً) بہت خوشبو لگانا۔ عمدہ خوشبو ہونا۔
عَرِفَ (س) عَرْفًا: خوشبو ترک کر دینا۔
عُرِفَ الرَّجُلُ: ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔ صفت معروف۔
عَرَّفَ. الشَّیْءَ: خوشبو دار کرنا۔ عَرَّفَہٗ الاَمْرَ: واقف کرا دینا۔ عَرَّفَہٗ بِفُلَانٍ: نام بتا دینا۔ عَرَّفَ الضَّالَّۃَ: گمشدہ کو ڈھونڈنا الطَّعَامَ: سالن زیادہ کرنا الاِسْمَ: اسم نکرہ کو معرفہ بنانا الحُجَّاجَ: حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرنا (واَعْرَفَ) فُلَانًا: خطا پر مطلع کرنا اور معاف کر دینا واَعْرَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔
تَعَرَّفَ الاِسْمُ: اسم نکرہ کا معرفہ ہونا الشَّیْءَ: طلب کرنا یہاں تک کہ پہچان لینا الضَّالَّۃَ: گمشدہ کو تلاش کرنا بِفُلَانٍ: آشنا ہونا اِلَیْہِ: واقف کرنا۔
تَعَارَفَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو پہچاننا۔
اِعْتَرَفَ. بِالشَّیْءِ: اقرار کرنا۔ ذلیل ہونا۔ تابعدار ہونا الشَّیْءَ: پہچاننا بِہٖ: رہنمائی کرنا الرَّجُلَ: دریافت کرنا اِلَیْہِ: نام اور حال کی اطلاع دینا لِلْاَمْرِ: صبر کرنا الضَّالَّۃَ: گم شدہ کا مالک ظاہر کرنے کے لیے اوصاف بتانا۔
اِسْتَعْرَفَ. الشَّیْءَ: پہچاننا اِلٰی فُلَانٍ: واقفیت کے لیے نسبت بیان کرنا۔
اِعْرَوْرَفَ. لِلشَّرِّ: برائی کیلئے آمادہ ہونا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا ایال والا ہونا البَحْرُ: سمندر کی موجوں کا بلند ہونا النَّخْلُ: درخت خرما کا گنجان ہونا الدَّمُ: خون کا جھاگ والا ہونا الرَّاکِبُ الفَرَسَ: سوار کا گھوڑے کے ایال پر سوار ہونا الرَّجُلُ: درخت خرما پر چڑھنا۔
العَرْف. بُو۔ اکثر خوشبو کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْیَبَ عَرْفَہٗ" اس کی خوشبو کیسی اچھی ہے۔ العُرْف. جود۔ بخشش۔ بھلائی۔ عطیہ۔ اقرار۔ کہا جاتا ہے لَہٗ عَلَیَّ اَلْفٌ عُرْفًا. اس کے میرے اوپر ہزار ہیں مجھے اقرار ہے۔ ایال۔ مرغ کی کلغی۔ نیکی۔
العُرْف. موج۔ اُونچی جگہ۔ آگے پیچھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ عُرْفًا" یعنی قوم آگے پیچھے آئی ج عُرُف و اَعْرَاف. العُرْف: اصطلاح۔ تسلیم کردہ باتیں۔ عُرْفُ اللِّسَانِ: اصطلاح لغوی۔ عُرْفُ الشَّرْعِ: اصطلاحِ شرعی۔
العُرْف و العِرْف. صبر۔
العُرُف. ایال۔ ریت کی اُونچی جگہ۔
العَرْفَۃ. ہوا۔ ہتھیلی کا زخم (والعِرْفَۃ) دریافت۔ سوال۔
العُرْفَۃ. دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ ریت کی اُونچی جگہ۔ ج عُرَف.
عَرَفَۃ مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔ نویں ذی الحجہ۔
عَرَفَات مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لیے نویں تاریخ کو ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے اور نسبت کے لیے عَرَفِی.
العِرَافَۃ. نجومی کا پیشہ۔
العَرَّاف. نجومی۔ طبیب۔
العِرْفَان. س۔ معروف۔
العِرِّفَان و العُرُفَّان. اقرار کرنے والا۔ بتانے والا۔
الاِعْتِرَاف. س۔ پادری کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا۔
العَارِف. فا۔ صبر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے

"هٰذا اَمرٌ عارِف" یعنی معروف ہے۔
العارِفۃ مؤنث عارف۔ معروف۔ عطیہ۔ ج عَوارِف۔
العَرُوْف بمعنی عارف۔ صبر کرنے والا۔ ج عُرُف۔
العَرُوْفۃ جاننے والا۔ عالم۔
العَرِیْف جاننے والا۔ عالم۔ اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔ نقیب۔ اور یہ رئیس سے کم مرتبہ کا ہوتا ہے اور اسی سے ہے "عَرِیْفُ المَکَاتِب" اسکول کا مانیٹر۔ ج عُرَفَاء۔ اَمرٌ عَرِیْفٌ امر معروف۔
الاَعْرَف اسم تفضیل۔ کلغی والا۔ ایال والا۔
حَزْنٌ اَعْرَف بلند جگہ۔
العَرْفَاء مؤنث الاَعْرَف بجو۔ قُلّۃ عَرْفَاء بلند چوٹی ج عُرْف۔
الاَعْراف دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک مقام۔ ایک قسم کی کھجور کا درخت۔
اَعْرافُ الرِّیاحِ والسَّحاب ابتدائی ہوائیں۔ بلند بادل۔ اَعْرافُ الحِجابِ والرَّمل حجاب اور ریت کی بلندیاں۔
(الاَعْراف) قرآنِ پاک کی ایک سورت کا نام۔
المَعْرِفۃ حقیقت کو پالینا۔
المَعْرَف والمَعْرِف چہرہ۔ چہرے کے محاسن ج مَعارِف کہا جاتا ہے "ھُمْ غُرُّ المَعارِف شُمُّ المَراعِف" وہ روشن چہرہ اور اونچی ناک والے ہیں۔ المَعارِف علوم۔ مَعارِفُ الرَّجُلِ شناسا لوگ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنَ المعارِف" وہ مشہور لوگوں میں سے ہے۔
المَعْرَفۃ ایال کے اُگنے کی جگہ۔ ج مَعارِف۔
المَعْرُوْف صفت مشہور۔ خیر۔ رزق۔ احسان۔ اَرْضٌ مَعْرُوْفَۃٌ اچھی بو والی زمین۔
العَرْفَج ایک قسم کا درخت جو نرم زمین میں ہوتا ہے۔ ج عَرافِج۔ العَرافِج ریت جس میں راستہ نہ ہو۔
عَرَقَ(ن) عَرْقًا ومَعْرَقًا۔ العَظْمَ ہڈی پر سے سارا گوشت کھالینا۔ کہا جاتا ہے "عَرَقَتْہُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح سے گھیر لیا۔ الطَّرِیْقَ قطع مسافت کرنا (عَرْقًا وعُرُوْقًا) فِی الاَرْضِ سفر کرنا۔
عُرِقَ عَرْقًا دُبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا۔
عَرِقَ(س) عَرَقًا پسینہ آنا۔ صفت عَرِقَانِ الحائطُ دیوار کا تر ہونا۔ الرَّجُلُ کاہل ہونا۔
عَرَّقَ پسینہ لانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الشَّجَرُ لمبی جڑ والا ہونا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الخَمْرَ شراب میں تھوڑا پانی ملانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الاِنَاءَ برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔ اَعْرَقَ الرَّجُلُ عراق میں جانا۔ خاندانی شریف ہونا۔
اِعْتَرَقَ الشَّجَرُ لمبی جڑ والا ہونا۔ العَظْمَ ہڈی پر جو کچھ گوشت ہو کھالینا۔ القَوْمُ عراق میں جانا۔ کہا جاتا ہے "تَعَرَّقَتْہُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح گھیر لیا۔
اِسْتَعْرَقَ پسینہ لانے کیلئے گرمی کے درپے ہونا۔ الشَّجَرُ لمبی جڑوالا ہونا۔
العَرْقُ ہڈی جس پر سے گوشت اُتار لیا گیا ہو۔ ج عِراق وعُراق۔
العِرْق ہر چیز کا اصل۔ مِنَ البَدَنِ رگ بدن۔ دشوار گزار پہاڑ۔ چھوٹا پہاڑ۔ تھوڑا پانی۔ شور زمین۔ دودھ۔ بہت اولاد۔ ریت کی باریک اور لمبی دھاری۔ ج عُرُوْق واَعْرَاق وعِراق۔ داءُ عِرْقِ النَّسَاءِ وجع مفاصل کی ایک قسم جو ران سے شروع ہوتی ہے اور گھٹنے یا قدم تک پہنچتی ہے۔
العَرَق مص۔ پسینہ۔ دیوار کی تری۔ دودھ اسلئے کہ رگوں سے کھنچ کر تھن میں پہنچتا ہے۔ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار اور عام لوگ اسے "مِدْمَاك" کہتے ہیں۔ پہاڑ کے راستے۔ ایک قطار میں اُونٹوں کے چلنے کے نشان۔ دوڑ۔ کہا جاتا ہے جَرَی الفَرَسُ عَرَقًا او عَرَقَیْنِ گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا مِنَ التَّمْرِ کھجور کا رس۔ عَرَقُ الخِلالِ دوست کا عطیہ۔ عرق کا اطلاق شراب پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ مِنْہُ عَرَقَ القِرْبَۃِ" و "تَجَشَّمْتُ اِلَیْكَ عَرَقَ القِرْبَۃِ" مشقت اور شدت سے کنایہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ میں نے ایسی مشقت اُٹھائی جیسے کہ مشک کا اُٹھانے والا کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے۔
العَرَقِیَّۃ عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا۔
العَرِق والعُرَقَۃ بہت پسینہ والا۔
العَرْقَۃ اسم مرۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ پہاڑ میں راستے۔
العِرْقَۃ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔ ج عِرَق وعِرْقات۔
العُرْقَاۃ والعِرْقَاۃ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔
العَرْقَاۃ والعَرْقُوَۃ ڈول کے منہ کی لکڑی ج العَراقِی۔
العَرَقَۃ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار۔ گھوڑوں یا پرندوں کی قطار۔ شہتیر۔ دھنی۔ خیمہ کے ارد گرد کا پھندنا ج عَرَق وعَرَقات۔
العَرِیْق والمُعْرِق خاندانی شرافت یا کمینگی۔ غُلامٌ عَرِیْقٌ دبلا لڑکا (والاَعْرَق) صاحب اصل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَعْرَقُ مِنْكَ فِیْ کَذَا" وہ فلاں چیز میں تم سے زیادہ صاحب اصل ہے۔
العِراق طول میں سمندر کا کنارہ۔ پر کا جوف مِنَ الدَّارِ گھر کا صحن مِنَ الظُّفُرِ ناخن کے گرد اگرد گوشت مِنَ الاُذُنِ کان کا گھیرا۔ مِنَ النَّہْرِ ندی کا کنارہ ج اَعْرِقَۃ وعُرُق وعُرْق والعِراق ملک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے۔
العِراقان کوفہ وبصرہ۔
العُراق ہڈی جس کا گوشت کھالیا گیا ہو۔ کثیر بارش۔ عُراقُ الغَیْثِ بارش کے بعد روئیدگی۔

العُرَاقَة. کثیر بارش۔

العَوَارِق. داڑھیں۔

المِعْرَق. چھری وغیرہ جس سے ہڈی پر سے گوشت اُتارا جاتا ہے۔

رَجُلٌ مُعَرَّقٌ ومَعْرُوْقُ العِظَام: دُبلا۔

عَرْقَبَ. الرَّجُلُ: حیلہ کرنا الدَّابَّةَ: کونچیں کاٹنا۔ کھڑا کرنے کے لیے کونچیں اُٹھانا۔

تَعَرْقَبَ. حیلہ کرنا۔ عرقوب کے مانند ہونا۔ (دیکھو لفظ عُرْقُوْب) عَنِ الاَمْرِ: باز رہنا۔ پہاڑ پر تنگ راستوں میں چلنا لِخَصْمِهٖ: دشمن کے لیے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔

العُرْقُوْب. کونچ۔ ایڑی کے اوپر کا پٹھا۔ وادی کا موڑ۔ پہاڑی راستہ۔ حیلہ ج عَرَاقِیْب عَرَاقِیْبُ الاُمُوْرِ: مشکل کام۔ عُرْقُوْب نام ایک شخص کا جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا۔

عَرْقَصَ الغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا۔ عَرْقَصَتِ الحَیَّةُ: سانپ کا رینگنا۔

عَرْقَلَ. توسط سے ہٹ جانا الاَمْرَ: دشوار کر دینا عَلَیْهِ الکَلَامَ: ٹیڑھا کرنا۔

تَعَرْقَلَ الاَمْرُ: پیچیدہ ہونا الکَلَامُ: ٹیڑھا ہونا۔

العِرْقَال. گمراہ۔ کج رو۔

العِرْقِیْل. انڈے کی زردی۔

العَرَاقِیْل. مصیبتیں۔ عَرَاقِیْلُ الاُمُوْرِ: دشوار اُمور۔

العِرْقَلی. ناز و تبختر کی چال۔

عَرَكَ (ن) عَرْکًا. الاَدِیْمَ: چمڑے کو ملنا ہٗ الدَّهْرُ: زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا الشَّیْءَ: رگڑتے رگڑتے مٹا دینا المَاشِیَةُ النَّبَاتَ جانوروں کا ساری نباتات کو کھا جانا المَاشِیَةُ الاَرْضَ: چارے سے خالی کر دینا (عَرْکًا وعَرَاکًا وعُرُوْکًا) المَرْاَةُ: عورت کا حائضہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَكَ الاَذٰی بِجَنْبِهٖ" یعنی اس نے مشقت اُٹھائی۔

عَرِكَ (س) عَرَکًا. سخت حملہ آور ہونا۔ صفت عَرِك.

عَارَكَهٗ مُعَارَکَةً وعِرَاکًا. مقاتلہ کرنا۔ مزاحمت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْرَدَ اِبِلَهٗ عِرَاکًا" یعنی وہ سارے اُونٹوں کو پانی پر لایا۔

تَعَرَّكَ الشَّیْءُ: ملا جانا۔

تَعَارَكَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقاتلہ کرنا۔

اِعْتَرَكُوْا. آپس میں جنگ کرنا۔ "اِعْتَرَكَ النَّاسُ فِی المَعْرَکَةِ او الخُصُوْمَةِ" لوگوں کا میدانِ جنگ میں قتل و قتال کیلئے پل پڑنا الاِبِلُ فِی الوِرْدِ: اُونٹوں کا گھاٹ پر اُترنے میں بھیڑ کرنا الرِّجَالُ فِی الحَرْبِ: انبوہ کرنا اور ایک دوسرے کو رگڑنا۔

العَرَك والعَرْك. آواز۔

العَرَکِیُّ. مچھلی کا شکاری۔ ج عَرَك. ج عُرُوْك.

العَرْکَة. بار بار۔ کہا جاتا ہے لَقِیْتُهٗ عَرْکَةً و عَرَکَاتٍ.

العُرَکَة. مشقت برداشت کرنے والا۔

العَرِیْکَة. کوہان۔ نفس۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَیِّنُ العَرِیْکَةِ" یعنی نرم خو ہے۔ "هُوَ شَدِیْدُ العَرِیْکَةِ" یعنی وہ سخت مزاج ہے۔ ج عَرَائِك.

المَعْرَك والمَعْرَکَة والمَعْرُکَة. میدانِ جنگ ج مَعَارِك.

المُعْتَرَك. میدانِ جنگ۔ مُعْتَرَكُ المَنَایَا انسان کی عمر سے ساٹھ اور ستر سال کے درمیان۔

المِعَارَك. فا. جنگجو۔ سخت حملہ آور۔

المَعْرُوْك. ن. مَاءٌ مَعْرُوْكٌ: جس پر پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔ ارض مَعْرُوْکَة جس زمین کو جانوروں نے چر کر صاف کر دیا ہو "رَمْلٌ مَعْرُوْكٌ وعَرِیْكٌ" جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں داخل۔

عَرْکَسَ. الشَّیْءَ: تہ بتہ ہونا الشَّیْءَ: تہ بتہ کرنا۔

اِعْرَنْکَسَ. جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا الشَّعْرُ: بالوں کا سخت کالا ہونا۔

عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا. العَظْمَ: ہڈی سے گوشت اُتار لینا الصَّبِیُّ اُمَّهٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا الاِبِلُ الشَّجَرَ: اُونٹ کا درخت سے پتے کھانا فُلَانًا: تکلیف پہنچانا۔

عَرَمَ (ن ض) عُرَامًا و عَرِمَ (س) و عَرُمَ (ک) عَرَامَةً. شدید و سخت ہونا۔ شوخ ہونا۔ بہت خوش ہونا۔ بد خلق ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت عَارِم و عَرِم.

عَرَّمَ الشَّیْءَ: خلط ملط کرنا۔

اَعْرَمَ. ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔

تَعَرَّمَ. العَظْمَ: ہڈی سے گوشت اُتار لینا۔ عَلَیْنَا: بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔

اِعْتَرَمَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا دُور دُور قدم رکھنا۔ منہ زور ہونا الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّهٖ: بچہ کا ماں کے پستان کو چوسنا۔

العَارِم. فا. بد خلق۔ موذی ج عَرَمَة مؤنث عَارِمَةٌ ج عَوَارِم و عَارِمَات. یَوْمٌ عَارِمٌ: نہایت ٹھنڈا دن۔

العُرَم. چکناہٹ۔ ہانڈی کا بقیہ۔

العَرَم والعُرْمَة. سیاہی سپیدی ملی ہوئی۔ چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے۔ بکری کے ہونٹ کی سفیدی۔ بکری کو (عَرْمَاء) اور بکرے کو اَعْرَم کہتے ہیں (والعَرَمَة) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں کرنے کے بعد بھوسہ نکالنے کے لیے جمع کیا جائے۔ العَرَمَة: کھانے کی بُو۔ العُرْم: ہانڈی کا میل۔

العَرِمَة. پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو۔ ج عَرِم اور یا عَرِم کا لفظ جمع ہے۔ بغیر واحد کے العَرِم نرچوہا۔ شدید بارش۔ وادی۔ وادی کے پشتے۔

المُعْرِم. قطا یعنی سنگ خوار پرندے کا انڈا۔

العُرَام. مِنَ الجَیْشِ: فوج کی تیزی و کثرت مِنَ الرَّجُلِ: بد خلقی۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ شِدَّةٌ وعُرَامٌ" اس میں تیزی و بد خلقی ہے۔ ہانڈی کا میل۔

العَرِیْم. مصیبت ج عُرْمَان.

الاَعْرَم. رنگ برنگ۔ غیر مستقل۔ بھیڑیا

بکری کا ریوڑ۔ غیر مختون۔ ج عُرمان جج عَرَامِین۔
العَرْمَاء۔ مؤنث اَعْرَم: چتی دار سانپ۔
العَرَمْرَم۔ سخت۔ بے شمار لشکر۔
عرن (ن ض) عَرْنًا السَّهْمَ: تیروں کو ترتیب سے رکھنا۔ عَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کا عادی ہونا۔ البَعِیرَ: اُونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔
عَرِنَتْ (س) عَرْنًا. الدَّابَةُ: عُرْنَه کی بیماری لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرْنَة) صفت مذکر عَرِن اور صفت مؤنث عَرُوْن وعَرِنَة
(عِرَانًا) الدَّارُ. گھر کا دُور ہونا۔
عَرَّنَ الرُّمْحَ: نیزے میں میخ لگانا۔
اَعْرَنَ. الرَّجُلُ: ہمیشہ گوشت کھانا۔
العَرَن۔ مس۔ پکا ہوا گوشت۔ دھواں۔
العَرَن والعِرَان والعُرْنَة ایک بیماری ہے جس سے جانور کے پچھلے پیر کے بال گر جاتے ہیں یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔
العِرَان۔ لکڑی جو اُونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔ دوری۔ بجو کا بھٹ۔ نیزے کی میخ۔ ہمسر۔ جنگ۔
العَرِین۔ گھر کا صحن۔ جھاڑی۔ گوشت۔ آواز۔ شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔ عزت ج عُرُن (والعَرِینَة) شیر، بجو، بھیڑیئے کی جھاڑی۔ سانپ کی بمی۔
العِرْنِین۔ ناک۔ ناک کا سخت حصہ۔ سردار۔ مِن کلِّ شیءٍ: ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج عَرَانِین۔
العِرْنَاس۔ پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر کی مانند ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی رُوئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام (عَرْنُوس) کہتے ہیں ج عَرَانِیس۔
عَرَا یَعْرُو وعَرْوًا. فُلَانًا اَمْرٌ: پیش آنا۔ فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے قصد کرنا۔ صفت فاعلی عار اور صفت مفعولی مَعْرُوٌّ القَمِیصَ کرتے میں کاج بنانا (وعَرِی) بخار کی سردی لاحق ہونا۔ صفت عَارٍ ج عُرَاة۔ اور مَعْرُو۔ وعُرِیَ الرَّجُلُ. خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔

اَعْرَی وعَرَّی القَمِیصَ: کرتے میں کاج بنانا۔ اَعْرَی صَاحِبَهُ: چھوڑ دینا۔
اِعْتَرَی اِعْتِرَاءً. فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے جانا۔ اِعْتَرَاهُ اَمْرٌ: لاحق ہونا۔
العِرْو۔ گوشہ۔ وہ جو اُمور کا اہتمام نہ کرے۔ لوگوں کی جماعت ج اَعْرَاء۔ کہا جاتا ہے "انا عِرْوٌ مِن کَذَا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وبِهَا اَعْرَاءٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے ساتھ جماعتیں ہیں۔
العُرَوَاء۔ بخار کی سردی۔
العُرْوَة مِنَ الإبْرِیق و نَحْوِهِ: چھاگل لوٹے کا دستہ۔
العُرْوَة والعُرْی والعِرَی: کاج۔
العُرْوَة۔ گنجان درخت۔ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتماد چیز۔ کہا جاتا ہے "انا عُروة مِنه" میں اس سے خالی ہوں۔ "اَلقی اِلَیهِ العُرَی" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا۔
عَرِیَ یَعْرَی عُرْیَةً وعُرْیًا مِنْ ثِیَابِهِ: ننگا ہونا۔ صفت مذکر عَارٍ وعُرْیَان ج عُرَاة۔ صفت مؤنث عَارِیَةٌ وعُرْیَانَةٌ ج عَوَارٍ وعَارِیَات۔ عَرِیَ مِنَ العَیْبِ وغَیْرِهِ: عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا۔ صفت عَرٍ (عُرِیَ) اللَّیْلَةُ: رات ٹھنڈی ہونا۔
عَرَاهُ یَعْرِیهِ عَرْیًا. الاَمْرُ: پیش آنا۔
عَرَّی تَعْرِیَةً الرَّجُلَ الثَّوْبَ ومِنَ الثَّوْبِ: ننگا کرنا۔ هُ مِنَ الاَمْرِ: علیحدہ کرنا۔ الرجل: بیکار کر دینا۔ چھوڑ دینا۔ چھڑا لینا۔ الشَّیْءَ: دستہ لگانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَّاهُ بِعُرًی وَثِیْقَةٍ" مضبوط دستہ لگانا۔
اَعْرَی اِعْرَاءً الرَّجُلَ الثَّوْبَ ومِنَ الثَّوْبِ: ننگا کرنا۔ کپڑے اُتار لینا۔ فُلَانًا النَّخْلَةَ: کسی کو ایک سال کے لیے پھل ہبہ کرنا۔ فُلَانًا صَدِیقُهُ: دُور ہونا اور مدد نہ کرنا۔ الرَّجُلُ: رات کی ٹھنڈک لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا۔
تَعَرَّی تَعَرِّیًا مِن ثِیَابِهِ: کپڑے اُتار لینا۔ ننگا ہونا۔
اِعْرَوْرَی اِعْرِیرَاءً. الفَرَسَ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا۔ تنہا سفر کرنا۔ اَمْرًا قَبِیحًا: قبیح کام کرنا۔
العَرَی۔ گوشہ۔ میدان۔ سردی۔
العَرَاء۔ کھلا میدان۔ ج اَعْرَاء۔
العَرَاة۔ میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔
فَرَس عُرْیٌ۔ ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔ بلا زین کے گھوڑا۔ ج اَعْرَاء۔
الاَعْرَاء۔ آزاد ولاپروا لوگ۔ واحد عُرْیٌ۔
العُرْیَة والعِرْیَة۔ ننگا پن۔
العَارِیَة۔ اُدھار لی ہوئی چیز۔
العُرْیَان۔ ننگا۔ عُرْیَانُ النَّجِی: جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔
عُرْیَانَاتُ البُزُورِ (ن) بیج سے خالی پودے جیسے صنوبر کے درخت۔
العَرِی۔ ٹھنڈی ہوا۔
العَرِیَّة۔ ٹھنڈی ہوا۔ کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کیلئے دے دیا ہو۔ ج عَرَایَا۔ "نَخْلُهُم عَرَایَا" کہا جاتا ہے یعنی ان کے درخت خرما ہبہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے دوسروں کو پھل کھانے کیلئے دے دیتے ہیں۔
المَعْرَی والمَعْرَاة۔ ننگا پن۔ بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ، چہرہ وغیرہ ج مَعَارٍ۔ المَعَارِی: بنجر مقامات۔ بچھونے۔
عَزَّ (ض) عِزًّا وعِزَّةً وعَزَازَةً. عزیز ہونا۔ قوی ہونا۔ ضعیف ہونا۔ الشَّیْءُ: قلیل ہونا۔ کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا۔ المَاءُ: بہنا۔ عَزَّ عَلَیْهِ عِزًّا: کریم ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَزَّ عَلَیَّ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" میرے اُوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو۔
عَزَّهُ (ن) عَزًّا: قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرانا۔

عَزَّزَہٗ مدد کرنا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔
عَازَّہٗ مُعَازَّۃً حصولِ عزت میں مقابلہ کرنا۔ گفتگو میں غالب ہونا۔
اَعَزَّہٗ اِعْزَازًا عزیز بنانا۔ محبت کرنا۔
اَعَزَّتِ الْبَقَرَۃُ گائے کا وضع حمل دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اُعْزِزْتُ بِمَا اَصَابَكَ" جو کچھ تم پر گزرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔
اِعْتَزَّ قوی ہونا بِہٖ اپنے آپ کو طاقتور و قوی سمجھنا۔ فخر کرنا عَلٰی فُلَانٍ بزرگی جتانا۔ غالب آنا۔
تَعَزَّزَ قوی ہونا بِہٖ فخر کرنا لَحْمُہٗ سخت اور ٹھوس ہونا۔
اِسْتَعَزَّ عَلَیْہِ سختی کرنا۔ غالب ہونا۔ اللّٰہُ بِفُلَانٍ وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعَزَّ بِحَقِّیْ" یعنی میرے اوپر غالب آگیا "وَاُسْتُعِزَّ بِعَلِیْلٍ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آ گئی۔
الْعِزُّ عزت۔ سخت بارش۔
رَجُلٌ عَزٌّ قوی۔ کہا جاتا ہے "جِئْ بِہٖ عَزًّا بَزًّا" اس کو جس طرح سے ہو لے آؤ۔
الْعَزَّۃُ ہرن کا مادہ بچہ۔
الْعِزَّۃُ حصولِ عزت کے مقابلہ میں غالب ہونا۔ حمیت۔
الْعَزِیْزُ شریف۔ قوی۔ نادر۔ معزز۔ بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہو اور وہ مغلوب نہ ہو اور کوئی اس کو عاجز نہ کر سکے اور اس کے مانند کوئی نہ ہو۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے ج عِزَازٌ وَاَعِزَّاءُ وَاَعِزَّۃٌ حاکم مصر کا لقب۔
الْاَعَزُّ اسم تفضیل۔ عزیز۔
الْعُزّٰی عزیزہ۔ شریفہ۔ (اَعَزُّ کا مؤنث۔) قریش کے ایک بت کا نام۔
الْعَزَّاءُ شدت۔ سخت سال۔ بڑی بوند کی بارش۔
الْمِعْزَازُ سخت مرض والا۔
الْمَعْزُوْزَۃُ سختی۔ زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو۔

عَزَبَ (ن) عُزْبَۃً وَ عُزُوْبَۃً بے زوج کے ہونا۔ مجرد رہنا۔
عَزَبَ (ن ض) عُزُوْبًا دور ہونا۔ غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ صفت عَازِبٌ عَزَبَتِ الْاَرْضُ زمین کا ویران ہونا۔
عَزَّبَ دیر تک غائب رہنا۔ شروع کئے ہوئے کو چھوڑ دینا۔
اَعْزَبَ دور ہونا ہٗ دور کرنا۔ بے زوج کر دینا۔
تَعَزَّبَ مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا۔
الْعَازِبُ فا۔ دور کی چراگاہ۔
الْعَازِبَۃُ مؤنث عَازِبٌ مرد کی بیوی ج عَوَازِبُ۔
الْعَزَبُ وہ مرد یا عورت جس کے زوج نہ ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ "عَزَبٌ" مرد کیلئے اور عَزَبَۃٌ مؤنث کیلئے۔ ج عُزَّابٌ وَ اَعْزَابٌ۔
الْاَعْزَبُ جس کے اہل و عیال نہ ہوں۔ وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دور ہو گیا ہو۔ مؤنث عَزْبَاءُ ج عُزْبٌ۔
الْمِعْزَبَۃُ باندی۔ لونڈی (وَالْمُعَزِّبَۃُ) بیوی۔
الْمِعْزَابُ وَ الْمِعْزَابَۃُ وہ شخص جو اپنے جانوروں کو دور چرانے کے لیے لے جائے
الْمِعْزَابَۃُ جس کے اہل نہ ہوں۔ جس کا کنوارہ پن دیر تک رہے۔
عَزَجَ (ن) عَزْجًا الرَّجُلُ دفع کرنا الْاَرْضَ بِالْمِسْحَاۃِ بیلچہ سے زمین کو الٹ پلٹ کرنا۔
عَزَرَہٗ (ض) عَزْرًا ملامت کرنا۔ اعانت کرنا۔ جماع کرنا ہٗ عَنْ کَذَا منع کرنا۔ واپس کر دینا ہٗ عَلَی الْاَمْرِ خبر دینا۔ ہٗ عَلَی الْفَرَائِضِ وَالْاَحْکَامِ فرائض اور احکام سے واقف کرا دینا۔
عَزَّرَہٗ ملامت کرنا۔ ادب دینا۔ سخت مارنا۔ تعظیم کرنا۔ اعانت و مدد کرنا۔
الْعَزْوَرُ وَالْعَزَوَّرُ بد خلق۔
الْعَزْوَرَۃُ مؤنث۔ عَزْوَرٌ ٹیلہ۔

الْعَزَائِرُ لکڑیاں۔ درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)
الْعَزِیْرُ وَالْعَزَائِرُ کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔
عَزْعَزَہٗ عزت میں غالب آنا۔
عَزَطَ (ن) عَزْطًا جماع کرنا۔
عَزَفَ (ن ض) عَزْفًا وَعُزُوْفًا نَفْسُہٗ وَ عَنِ الشَّیْءِ بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (عَزْفًا) نَفْسَہٗ عَنْ کَذَا منع کرنا (عَزْفًا وَ عَزِیْفًا) آواز دینا۔ گانا۔
عَزَّفَ آواز دینا۔
اَعْزَفَ ہوا کی سرسراہٹ سننا۔
تَعَازَفُوْا ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ برائی کیلئے آمادہ ہونا۔
الْعَازِفُ آلاتِ لہو سے کھیلنے والا۔ گویا۔
الْعَزْفُ دف کی آواز۔ ہوا کی سرسراہٹ۔
الْعُزْفُ جنگلی کبوتر۔
الْعَزُوْفُ وَالْعَزُوْفَۃُ جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَزُوْفٌ عَنِ اللَّھْوِ" وہ کھیل کود سے کنارہ کش ہے۔ ج عِزَافٌ عَزُوْفَۃٌ میں تا مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔
التَّعْزَافُ بمعنی عَزْفٌ مصدر۔
الْعَزَّافُ بہت باجا بجانے والا۔ بہت گانے والا۔ سَحَابٌ عَزَّافٌ بہت گرجنے والا بادل۔
الْمِعْزَفُ وَالْمِعْزَفَۃُ گانے بجانے کے آلات ج مَعَازِفُ۔
اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ شرارت کے لئے تیار ہونا۔
عَزَقَ (ن) عَزْقًا تیز دوڑنا الْخَیْرَ عَنِّیْ روک لینا ہٗ ضرب مارنے میں مبالغہ کرنا۔
عَزَقَ (ض) عَزْقًا الْاَرْضَ زمین کو کھودنا۔ کھود کر پانی نکالنا۔
عَزِقَ (س) عَزَقًا بِہٖ چپکنا۔
الْعَزِقُ بد خلق۔ ج عُزُقٌ۔
الْعَزُوْقُ وَالْعَزُوْقُ بے مغز کا پستہ۔ رَجُلٌ

عَزُوقٌ: سخت مزاج بخیل وبدخو مرد۔
العَزِیق. مِنَ الاَرْضِ: پست زمین۔
المِعْزَق والمِعْزَقَة. ہوا میں گیہوں صاف کرنے کا آلہ۔ کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا۔ کدال۔ بیلچہ۔ ج مَعَازِق.
المُتَعَزِّق. بدخلق۔
عَزَلَهُ (ض) عَزْلًا. عَنْ كَذَا: جدا کر دینا فُلَانًا عَنْ مَنْصَبِهٖ: علیحدہ کر دینا۔ معزول کر دینا ہ عَنْ عَمَلِهٖ: باز رکھنا۔
عَزَّلَهُ. ایک جانب کر دینا۔
تَعَزَّلَ و اِعْتَزَلَ. الشَّیْءَ و عَنْهُ: جدا ہو جانا۔
تَعَازَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔
العَزَل. بے ہتھیار و سامان ہونا۔ عَزَلُ الحِمَارِ: گدھے کا پچھلا حصہ۔ العَزَلَة: سرین کی ہڈی کا سرا جو بیٹھنے میں زمین سے ٹکے۔
العُزْل والعِزَال. کمزوری۔
العُزْلَة. جدائی۔ گوشہ نشینی۔
العَازِلُ وہ مادہ جو بجلی اور گرمی کے داخل ہونے کا روکے- خشک لکڑی دونوں کو روکتی ہے- اور شیشہ بجلی کو روکتا ہے-
العُزُل. بے ہتھیار مرد ج اَعْزَال.
الاَعْزَل. علیحدہ ریت کا ڈھیر۔ بے بارش کا بادل۔ بے ہتھیار ج عُزْل واَعْزَال وعُزَّل وعُزْلَان. مؤنث عَزْلَاء. الاَعْزَل مِنَ الدَّوَابِّ دم کو جھکا ہوا رکھنے والا مِنَ الطَّیْرِ: پرندہ جو اُڑنے پر قادر نہ ہو۔ الاَعْزَل: نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "رَامِح" ہے۔
العَزْلَاء. الاَعْزَل کا مؤنث۔ ڈبر۔ مشک کا منہ ج العَزَالِی والعَزَالَی. کہا جاتا ہے "اَنْزَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِیَهَا" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے۔ اشارہ ہے شدتِ بارش کی جانب کہا جاتا ہے "هُوَ عَنِ الحَقِّ بِمَعْزِلٍ" یعنی وہ حق سے بعید وجداگانہ ہے۔
المُعْتَزِلَة والعُزَّال. قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہل سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے۔
المِعْزَال. علیحدہ چرانے والا۔ سفر میں علیحدہ اُترنے والا۔ خود رائے۔ بے ہتھیار۔ کمزور احمق۔ ج مَعَازِیْل.
عَزَمَ (ض) عَزْمًا وعُزْمًا ومَعْزَمًا و مَعْزِمًا وعَزِیْمًا وعَزْمَةً وعَزِیْمَةً وعُزْمَانًا الاَمْرَ و عَلَیْهِ پختہ ارادہ کرنا الرَّجُلُ: کوشش کرنا الاَمْرُ: واجب ہونا فُلَانٌ عَلٰی فُلَانٍ: قسم دینا۔ کہا جاتا ہے "عَزَمْتُ عَلَیْكَ لَتَفْعَلَنَّ اِلَّا فَعَلْتَ اَوْلَمَّا فَعَلْتَ" یعنی قسم دیتا ہوں (وعَزَّمَ) الرَّاقِی: منتر پڑھنا۔
اِعْتَزَمَهُ الاَمْرَ و عَلَیْهِ: ارادہ کرنا الطَّرِیْقَ بغیر ٹھہرے ہوئے گزر جانا الفَرَسُ فِی عِنَانِهٖ: سرکشی کرنا۔
تَعَزَّمَ. الاَمْرَ وعَلَی الاَمْرِ: ارادہ کرنا۔
العَزْم. پختہ ارادہ۔
العُزْمَة. خاندان۔ قبیلہ۔ ج عُزَم.
العَزْمَة. حق۔ واجب ج عَزَمَات.
عَزَمَات اللّٰهِ و عَزَائِمُ اللّٰهِ: اللہ کے حقوق فرائض۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ عَزْمَةٌ" اس کیلئے ثابت وصبر نہیں۔
العَزْمِیّ. کھلی بیچنے والا۔ وفادار۔ عہد کو پورا کرنے والا۔
اُمُّ العِزْمِ والعِزْمَة واُمُّ عِزْمَةٍ. ڈبر۔
العَزِیْم. تیز دوڑ۔
العَزِیْمَة. مؤکد ارادہ۔ منتر ج عَزَائِم.
العَازِم. فا۔ ج عَزَمَة وعَازِمُوْن. اَمْرٌ عَازِمٌ کام جس کا پختہ ارادہ ہو۔
العَزُوْم. ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا۔ بڑھیا۔ ڈبر۔ ج عُزُم.
العَزَّام. صیغہ مبالغہ۔ شیر۔
المُعَزِّم. فا۔ منتر پڑھنے والا۔
عَزَا یَعْزُو عَزْوًا. الشَّیْءَ او فُلَانًا اِلٰی فُلَانٍ: نسبت کرنا (عَزَاءً) الرَّجُلُ: صبر کرنا۔
عَزَا یَعْزُ وعُزْوًا وتَعَزّٰی تَعَزِّیًا اِعْتَزٰی اِعْتِزَاءً لِفُلَانٍ والٰی فُلَانٍ: منسوب ہونا۔ سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا۔ اسم (عِزَاء) ہے۔ اور اسی سے ہے "اِعْتَزٰی بِعَزَاءِ الجَاهِلِیَّةِ۔"
العِزَة. لوگوں کی جماعت ج عِزًی وعِزُوْن.
العِزْوَة. انتساب۔ صبر۔
عَزَی یَعْزِی عَزْیًا الشَّیْءَ او فُلَانًا اِلٰی فُلَانٍ نسبت کرنا۔
عَزِیَ یَعْزَی عَزَاءً. مصیبت پر صبر کرنا صفت مذکر عَزٍ صفت مؤنث عَزِیَّةٌ.
عَزّٰی تَعْزِیَةً. الرَّجُلَ: تسلی دینا۔
تَعَزّٰی تَعَزِّیًا. اِلَیْهِ: منسوب ہونا عَنْهُ: صبر کرنا۔ تسلی حاصل کرنا۔
تَعَازٰی تَعَازِیًا. القَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
العَزِیّ. صابر۔
العِزْیَة. انتساب۔
الاِعْتِزَاء. دعوی کرنا۔ جنگ میں کوئی خاص علامت۔
عَسَّ (ن) عَسًّا وعَسَسًا رات میں پاسبانی میں پھرنا الخَبَرُ: دیر سے پہنچنا۔
عَسَّ. القَوْمَ: تھوڑا سا کھلانا۔
اِعْتَسَّ. رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔ الشَّیْءَ: رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا اور احوال سے مطلع ہونا۔
العَسَس. رات کے چوکیدار۔ یہ جمع ہے عَاسٌّ کی۔
عَوَّهَ الرَّجُلَ: آفت پہنچانا (واَعَاهَ واَعْوَهُ اِعَاهَةً واِعْوَاهًا و تَعَوَّهَ تَعَوُّهاً) آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ عَوَّهَ القَوْمُ: کچھ دیر سونے کیلئے سفر میں ٹھہر جانا۔ عَوَّهَ عَلَيْهِمْ. ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔

العَاهَة. آفت۔ اَهْلُ العَاهَات. آفت رسیدہ لوگ۔

المَعْيُوه والمَعُوْهُ والمَعْيه مِنَ المَوَاشِي وَغَيْرَهَا: آفت رسیدہ۔

عَوٰى يَعْوِى عُوَاءً و عَيًّا و عَوَّةً و عَوِيَّةً الكَلْبُ او الذِئْبُ و ابن آوى: بھونکنا۔ کہاجاتا ہے "فُلَانٌ مَا يَعْوِى وَمَا يَنْبَح" جبکہ کسی کو ضعیف سمجھا جاتا ہے۔ القَوْمُ اِلَى الفِتْنَةِ: بلانا (عَوَاهُ يَعْوِيْه عَيًّا: عَنِ الشَّيْ:) باز رکھنا (و عَوَّى) القَوْسَ و نَحْوُهَا: کمان کو جھکانا الحَبْلُ او الشَّعْرُ: رسّی یا بال کو موڑنا عَنِ الرَّجُلِ: جواب دینا اور غیبت کرنے والے کی تکذیب کرنا۔

اِعْتَوَى اِعْتَوَاءً الشَّيْ: موڑنا الكَلْبُ کتے کا بھونکنا۔

عَاوَى. الكُلَابَ مُعَاوَاةً. بھونک کر کتے کو اکسانا۔

تَعَاوَى تَعَاوِيًا القَوْمُ عَلَى فُلَانٍ: کسی پر ہجوم کرنا۔

اِنْعَوَى اِنْعِوَاءً. مڑنا۔

اِسْتَعْوَى اِسْتَعْوَاءً القَوْمَ: فریاد کرنا۔ فتنہ

پر اُبھارنا۔ هُ: بھونکوانا۔
العَوَّاء. بہت بھونکنے والا کتا۔
العَوَّة. س۔ آواز۔ شور (العُوَّة) چوتڑ۔
المُعَاوِيَة. کتیا۔ لومڑی کا بچہ۔
عَابَ يَعِيبُ عَيْبًا الشَّيْءَ: عیب دار بنانا۔ صفت فا عَلٰی عَائِب اور صفت مفعولی مَعِيبٌ و مَعْيُوبٌ.
فُلَانًا: عیب کی طرف منسوب کرنا۔ عَابَ الشَّيْءُ: عیب ناک ہونا۔ صفت عَائِب۔
عَيَّبَ و تَعَيَّبَ الرَّجُلَ: عیب کی نسبت کرنا الشَّيْءَ: عیب دار بنانا۔
تَعَايَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔
العَيْب. س۔ برائی۔ ج عُيُوب.
العَيْبَة. ایک مرتبہ عیب جوئی۔ العَيْبَة: چمڑے کی زنبیل۔ کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا صندوق۔ ج عِيَب و عِيَاب و عِيَبَات؛ و العَيْبَةُ مِنَ الرَّجُلِ: بھید کی جگہ۔
العَاب. عیب۔ برائی۔
العَيَّاب و العَيَّابَةُ و العُيَبَة. بڑا عیب جو۔
المَعَاب و المَعَابَة. عیب۔ برائی۔ ج مَعَائِب.
المَعِيب و المَعْيُوبُ. عیب دار۔
المُعَيِّب. زنبیل بنانے والا۔
عَاثَ يَعِيثُ عَيْثًا و عُيُوثًا و عَيَثَانًا الشَّيْءَ: فاسد کرنا فِيْ مَالِهِ: فضول خرچی کرنا اور خرچ کرنے میں جلدی کرنا۔ صفت مذکر عَيْثَان صفت مؤنث عَيْثٰى.
عَيَّثَ. اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا۔ اور کہا جاتا ہے عيث يفعل كذا. یعنی وہ ایسا کرنے لگا۔
تَعَيَّثَتِ الْإِبِلُ: سیرابی سے کم پینا۔
العَيُوث و العَيَّاث. بہت زیادہ فساد کرنے والا (و العَائِث) شیر۔
العَيْثَة. ایک مرتبہ فساد انگیزی۔ نرم زمین۔
عَاجَ يَعِيجُ عَيْجًا بِالشَّيْءِ: پروا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَعِيجُ بِكَلَامِهِ" یعنی میں اس کی گفتگو کی پروا نہیں کرتا۔ و ما عِجْتُ بِالشَّيْءِ: یعنی میں اس پر راضی نہیں۔ "وَشَرِبْتُ الدَّوَاءَ فَمَا عِجْتُ بِهِ" یعنی میں نے دوا پی اور کوئی فائدہ نہیں اٹھایا (یہ کلمہ ہمیشہ منفی ہی مستعمل ہوتا ہے۔)
عَارَ يَعِيرُ عَيْرًا. حیرانی کے ساتھ آنا جانا الفَرَسُ: گھوڑے کا ناک کی سیدھ پر بھاگنا کہ کوئی چیز اس کو پھیر نہ سکے۔ اسم العِيَار فُلَانًا: عیب لگانا۔ عَارَتِ القَصِيْدَةُ: قصیدہ کا مشہور ہونا۔
عَيَّرَ فُلَانًا: عار کی طرف نسبت کرنا۔ فعل کی برائی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَيَّرَهُ كَذَا و عَيَّرَهُ بِكَذَا عَيَّرَ المَاءُ:" کائی والا ہونا۔
عَايَرَ و مُعَايَرَة و عِيَارًا المِكْيَالُ او المِيزَانُ. اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ عَايَرَ فُلَانًا: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
اَعَارَ اِعَارَةً الفَرَسَ: چرنے کے لیے چھوڑنا۔ موٹا کرنا۔
تَعَايَرَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا۔
العَار. عیب۔ ہر وہ قول یا فعل جس سے انسان کو شرم آئے۔ ج اَعْيَار.
العَيْرُ. س۔ گدھا یا گور خر۔ اور گور خر کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے۔ ج اَعْيَار و عِيَار و عُيُوْر و عُيُوْرَة و عِيَارَات مؤنث عَيْرَةٌ
العَيْرُ: ہری بھری چیز۔ آنکھ کی پتلی یا پلک' کھونٹی۔ لکڑی جو ہودج کے آگے لگی ہوتی ہے۔ پہاڑ۔ سردار۔ بادشاہ۔ ڈھول۔ عَيْرُ القَدَمِ: قدم کے وسط میں ابھرا ہوا حصہ۔ عَيْرُ النَّصْلِ: تیر کے پھل کا درمیان حصہ۔ عَيْرُ الوَرَقَةِ: پتے کے درمیان کا خط۔
العِيْر. قبیلہ حمیر کا قافلہ۔ پھر سارے قافلوں پر بولا جانے لگا۔ ج عِيَرَات و عِيْرَات.
العَائِر. فا۔ حیران۔ مزدور۔ چکر لگانے والا سَهْمٌ عَائِرٌ جس تیر کا چلانے والا معلوم نہ ہو۔ شَاةٌ عَائِرَة: بکری جو دو گلوں کے درمیان پریشان ہو کہ کدھر جائے۔
العِيَار. جمع عَيْر. عِيَارُ الشَّيْءِ: ہر چیز کا اندازہ۔ ج عِيَارَات عِيَارُ الدَّرَاهِم او الدَّنَانِير: دراہم اور دنانیر کا ٹھپہ۔
العَيَّار. بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ فَرَسٌ عَيَّار: تیز رفتار گھوڑا۔
المِعْيَار. کسوٹی۔ ج مَعَايِيْر.
المُعَار. مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جو مع سوار کے راستہ سے ایک طرف ہو جائے۔
المَعَاير. عُيُوب۔
المُسْتَعِيْر. جو گدھے کے مشابہ ہو۔ موٹا گھوڑا۔
اَعْيَسَ اِعْيَاسًا الزَّرْعُ: کھیتی کا مرجھانا۔ خشک ہونا۔
تَعَيَّسَت. الإِبِلُ: بھورے رنگ کا ہونا۔
العَيَس و العِيْسَة. بھورے رنگ کا اُونٹ۔
العِيْس. بھورے رنگ کا اُونٹ۔ واحد۔ مذکر اَعْيَس واحد مؤنث عَيْسَاء. العِيْس: عمدہ قسم کے اُونٹ۔ العَيْسَاء: مادہ ٹڈی۔
عِيْسٰى. عبرانی لفظ ہے نام ایک نبیؑ کا ہے نسبت کے لیے عیسوی اور عیسٰی۔
عَاشَ يَعِيشُ عَيْشًا و عِيشَةً و مَعَاشًا و مَعِيْشًا و مَعِيْشَةً و عَيْشُوْشَة. زندہ رہنا۔
عَيَّشَهُ و اَعَاشَهُ و اِعَاشَةً. زندہ رکھنا۔
عَايَشَهُ. ساتھ زندگی بسر کرنا۔
تَعَيَّشَ. اسبابِ زندگی کے لیے کوشش کرنا۔
تَعَايَشُوا. بِالْأُلْفَةِ و المَوَدَّةِ: محبت و پیار سے ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔
العَائِش. فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ" اس کی حالت اچھی ہے۔
العَيْش. س۔ زندگی۔ کھانا۔ روٹی (و العِيْشَة) زندگی کی حالت۔
العَيَّاش. روٹی بیچنے والا۔ کھانے بیچنے والا۔ عائش کا مبالغہ۔
المُعَاش و المَعِيْشَة. کھانے پینے کی جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے۔ زندگی کا ذریعہ۔
المَعَاش. زندگی کے گزران کے ڈھونڈنے کا وقت یا زمانہ ج مَعَائِش.

الْمُتَعَيِّش. فا. جس کے پاس کچھ گزر بسر کے قابل ہو۔
الْعِيْص. گنجان درخت۔ اچھے درختوں کے اگنے کی جگہ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ عِيْصٍ كَرِيْمٍ" یعنی شریف اصل سے ہے۔ ج اَعْيَاص و عِيْصَان.
الْمَعِيْص. درخت کے اگنے کی جگہ۔
عَاطَت تَعِيْط عَيْطًا. الْعُنُق: گردن لمبی ہونا۔
عَيِط يَعْيَط عَيَطًا الرَّجُلُ: لمبی گردن کا ہونا۔ صفت مذکر اَعْيَط اور صفت مؤنث عَيْطَاء ج عِيْط.
عَيَّط تَعْيِيْطًا. چیخنا۔ چلانا۔
تَعَيَّط. غضبناک ہونا الْقَوْمُ: چیخنا۔ شور مچانا۔
تَعَيَّطَتِ الْعُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔ تَعَيَّطَ الْعُوْدُ: لکڑی میں سے پانی جیسا بہہ کر گوند بن جانا۔
الْعِيَاط. چیخ۔ شور۔
الْعَائِط. فا. چیخنے والا ج عُوْط و عِيْط و عُيَّط و عُوْطَط و عِيْطَات. اور مبالغہ کے لیے کہا جاتا ہے عَائِطٌ عِيْطٍ و عُوْطٍ و عُوْطَط.
هَضْبَةٌ عَيْطَاء. اونچا ٹیلہ۔
عَافَ يَعِيْفُ و يَعَافُ عَيْفًا و عِيَافًا و عَيَفَانًا. الطَّعَامَ و غَيْرَهٗ: کراہت کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
عَافَ يَعِيْفُ عِيَافَةً. الطَّيْرَ: پرندہ اڑا کر شگون لینا۔
عَافَتْ تَعِيْفُ عَيْفًا الطَّيْرُ: منڈلانا اور اسم عَيْفَة.
اَعَافَ اِعَافَةً. الْقَوْمُ: پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔
اِعْتَافَ اِعْتِيَافًا. سفر کیلئے توشہ لینا الطَّعَامَ وَغَيْرَهٗ: ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
الْعَائِف. فا. شگون لینے والا۔
الْعَيْفَة. ایک مرتبہ مکروہ جاننا۔ عَيْفَةُ الطَّائِرِ: منڈلانا۔ پرندہ کا چکر۔

الْعِيْفَة. کراہت کی نوعیت۔ عمدہ مال۔
الْعَيَفَان و الْعَيُوْف. شگون لینے والا۔
نسور عوائف مقتولین پر منڈلانے والے گدھ۔
الْعَيِّفَان. نفرت کرنے کا عادی۔
الْمَعِيْف. مکروہ۔
الْمُتَعَيِّف. شگون لینے والا۔ فال نکالنے والا۔
عَاقَ يَعِيْقُ عَيْقًا. بمعنی عَاقَ يَعُوْقُ عَوْقًا.
عَاكَ يَعِيْكُ عَيَكَانًا. مونڈھے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
عَالَهٗ يَعِيْلُهٗ عَيْلًا و مَعِيْلًا. الشَّيْءُ: عاجز کرنا۔ محتاج کرنا۔ عَالَ فِيْ مَشْيِهٖ: ناز و انداز سے چلنا۔
عَالَ يَعِيْلُ عَيْلًا و عَيُوْلًا و عُيُوْلًا فِي الْاَرْضِ: جانا اور پھرنا۔
عَالَ يَعِيْلُ عَيْلًا و عَيْلَةً و عُيُوْلًا و مَعِيْلًا. محتاج ہونا۔ صفت عَائِل مؤنث عَائِلَة اسم عَيْلَة. عَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا۔
عَيَّلَ. کثیر العیال ہونا عِيَالَهٗ: معاش کی کفالت کرنا الْقَوْمَ: عیال بنالینا۔ بیکار چھوڑ دینا فَرَسَهٗ: مہمل کر دینا۔ بیکار چھوڑ دینا۔
اَعْيَلَ اَعْيَالًا. کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعْيِل. صفت مؤنث مُعْيِلَة.
تَعَيَّلَ فِي الْمَشْيِ: ناز و انداز سے چلنا۔
الْعَائِل. فا. محتاج ج عَالَة و عُيَّل و عِيَل و عَيْلٰى.
الْعَيْلَان. نر بجو۔
عَيِّلُ. الرَّجُلِ: گھر کے لوگ ج عَيَائِل.
عَيْلَةُ الرَّجُلِ و عَائِلَتُهٗ. گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَمْسَيْتُ اَخَا عَيْلَةٍ" یعنی فقیر و محتاج ہو گیا۔
الْعَالَة. فاقہ۔
الْعَيَّال. ناز سے چلنے والا۔
الْعِيَالَة و الْمَعَالَة. لِلْبَرْذُوْنِ وَغَيْرِهٖ: چارہ۔
رَجُلٌ مُعَيَّلٌ صاحب عیال۔ اہل و عیال والا۔
عَامَ يَعَامُ و يَعِيْمُ عَيْمًا و عَيْمَةً. دودھ کا خواہش مند ہونا۔
اَعَامَهٗ اِعَامَةً. اللّٰهُ: بغیر دودھ کے چھوڑنا۔
اَعَامَ الرَّجُلُ: بغیر دودھ کے رہنا۔ الْقَوْمُ: دودھ کم ہونا۔
اِعْتَامَ اِعْتِيَامًا. عمدہ مال چھانٹ لینا۔
الْعَيْمَة. دودھ کی بہت زیادہ خواہش۔
الْعِيْمَة. عمدہ مال۔
الْعَيَام. دن۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا الْعَيَامَ كُلَّهٗ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔
الْعَيْمَان. دودھ کا خواہش مند۔ مؤنث عَيْمٰى ج عَيَامٰى.
عَانَ يَعِيْنُ عَيْنًا. الرَّجُلَ: نظر لگانا۔ صفت عَائِن. صفت مفعولی مَعِيْنٌ و مَعْيُوْنٌ (عَيْنًا و عَيَانًا و عَيَنَانًا) الْمَاءُ او الدَّمْعُ: پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عَانَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَضَرْتُ حَتّٰى عِنْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ پانی کے چشمہ تک پہنچ گیا۔
(عِيَانَةً) الْقَوْمَ: خبر لانا عَلَى الْقَوْمِ. جاسوس بننا۔
عَيِنَ يَعْيَنُ عَيَنًا و عِيْنَةً. آنکھ کی بڑی چوڑی پتلی والا ہونا۔
عَيَّنَ تَعْيِيْنًا. الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔ شگوفہ دار ہونا التَّاجِرُ: سامان کو ایک مدت کے وعدے پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا الْعَيْنَ: عین کو لکھنا اللُّؤْلُؤَةَ: بیندھنا۔
الْقِرْبَةَ: مشک میں پانی ڈالنا تاکہ سلائی کے سوراخ بند ہو جائیں الْحَرْبَ بَيْنَنَا: لڑائی جاری کرا دینا الشَّيْءَ: خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا فُلَانًا: برائیوں کو رو در رو کہہ دینا عَلٰى فُلَانٍ: جاسوسی کرنا عَلَى السَّارِقِ: متہمین میں سے چور کو متعین کرنا الشَّيْءَ لِفُلَانٍ: کسی کے لیے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَيَّنَ لِيْ بِشَيْءٍ وَمَا عَيَّنَنِيْ شَيْئًا" یعنی مجھ کو کچھ نہیں دیا۔
اَعَانَ اِعَانَةً. دیکھو مادہ عون۔ کہا جاتا ہے

"حَضَرْتُ حتّى اَعْنَيْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ میں پانی کے چشموں تک پہنچ گیا۔"وَمَا اَعْيَنَه" وہ کتنا بد نظر ہے۔

عَايَنَهُ عِيَانًا و مُعَايَنَةً. خود دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔

تَعَيَّنَه. نظر بد لگنا۔تَعَيَّنَ الرَّجُلَ: یقینی طور پر دیکھنا۔تَعَيَّنَ الشَّئَ: دیکھناالجلْدُ: کھال کا آبلہ دار ہونا الرَّجُلُ: کسی شۓ کے حاصل کرنے کے لیے توقف کرنا۔ تَعَيَّنَ عَلَيْهِ الشَّئُ: معین چیز لازم ہوناالسِّقَاء کہنگی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دائرے پڑ جانا۔

اِعْتَانَ. الشَّئَ: عمدہ لے لینا۔ اُدھار خریدنا القَوْمَ: خبر لالِفُلَان مَنْزِلًا: تلاش کرنا۔

العَائِن. فا۔ کہا جاتا ہے"مَا بالدَّارِ عَائِن" یعنی کوئی نہیں"و شَرِبَ مِنْ عَائِن" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔

العَائِنَة. مؤنث عَائِن. کہا جاتا ہے"لَقِيْتَهُ اَوّل عَائِنَةٍ وَاَدْنى عَائِنَةٍ" یعنی ہر چیز سے پہلےعَائِنة بني فُلَان: مال و محافظین مال۔

العَيْن. مس۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے یا پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمہ مؤنث ہے ج اَعْيُنُ و عُيُوْن و عِيُوْن واَعْيَان و جج اَعْيُنات اور تصغیر عُيَيْنَة.

العَيْن. اہل شہر۔ اہل مکان۔ بد نظری۔ کہا جاتا ہے"بِهِ عَيْنٌ" یعنی وہ بد نظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے"مَا بالدَّارِ عَيْنٌ" یعنی کوئی نہیں۔ خالص۔ واضح۔ کہا جاتا ہے"ذَكَرَ الْحَقُّ بِعَيْنِهِ" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ نفیس۔ عزت۔ جھنڈا۔

عَيْنُ الِابْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان۔ جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجودہ چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُه عَيْنًا بِعَيْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود۔ ذات شئی۔ کہا جاتا ہے"هُوَ هُوَ عَينًا او بِعَيْنِهِ" سود۔ سردار۔ شریف قوم۔ کمانڈر۔ فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔ مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ ج اَعْيُن و عُيُوْن. ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ۔ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے"فُلَانٌ عَيْنٌ عَلٰى فُلَان" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے "هُوَ عَبْدُ عَيْنٍ او صَدِيْقُ عَيْن" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہےلَقِيْتُهُ عَيْنَ عُنَّة میں اس کو ایسی حالت میں ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا"لَقِيْتُهُ اَوّلَ عَيْن" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی"لا تَطْلُبُ اَثَر اَبعَدَ عَيْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کیلئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔"صَارَ خَبْرًا بعْدَ عَيْن" و "اَنْتَ عَلٰى عَيْنِى" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے"ها هُوَ عَرْضُ عَيْنٍ" یعنی وہ قریب ہے"فَعَلَهُ عَلٰى عَيْنٍ و عَلٰى عَيْنَيْنِ و عَمْد عَيْنٍ و عَمْدَ عَيْنَيْنِ و عَمْدًا عَلٰى عَيْن." یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی۔و فَقَاعَيْنَهٗ یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا"و نَعِمَ اللّٰه بِكَ عَيْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔

العِيْن. نیل گائے۔

العَيَن. مس۔ اہل شہر۔ جماعت۔

العِيَان. مس۔ شخص۔ کہا جاتا ہے"لَقِيَهُ اوراهُ عِيَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اس کو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں۔

العِيَان ہل کا پھل جُعُيُن واَعْينة.

العِيْنَة. عمدہ مال۔عِيْنَةُ الخيْلِ: عمدہ گھوڑے۔العِيْنَةُ مِنَ النَعْجَةِ: بکری کی آنکھ کا گرداگرد عِيْنَةُ الحرْبِ: مادۂ جنگ۔ کہا جاتا ہےثَوْبُ عِيْنَةٍ: خوش نما کپڑا البَيْعُ العِيْنَةِ: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر اُدھار بیچنا۔

العِيَانُی مِنَ الشُّهُوْدِ: عینی گواہ۔

العَيْنِيَة. عین کی طرف منسوب۔

العَيُوْن. بہت نظر لگانے والا۔ ج عِيْن و عُيُن.

الاَعْيَن. وہ شخص جس کی پتلی بڑی اور چوڑی ہو۔ مؤنث عَيْنَاء ج عِيْن. الاَعْيَن: جنگلی بیل۔العَيْنَاء: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے"اَرْضٌ عَيْنَاء" یعنی سرسبز زمین۔

المُعَايَنَة. مس۔ برادری۔

المَعَان. منزل۔ کہا جاتا ہے"هُمْ مِنْكَ بِمَعَان" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔

العَيَّان و المِعْيَان. بہت نظر لگانے والا۔

المَاءُ المَعِيْن والمَعْيُوْن. جاری پانی۔

عَيْنٌ مَعْيُوْنَةٌ: بہت پانی والا چشمہ۔

المُعَيِّن فا "فِى الهَنْدِسَةِ" شکل مسطح مساوی الاضلاع۔

المُعَيَّن مف۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا نِيَّةٌ مُعَيَّنَةٌ و مُعَيِّنَةٌ یعنی نیت ظاہرہ۔

المُعْتَان. گھاس پانی تلاش کرنے والا۔

عَاه يَعِيْهُ عَيْهًا. آفت پہنچنا۔

العَائِهَة. شور۔ چیخ۔

العَاهَة. آفت۔

ارض مَعْيُوْهَة. آفت رسیدہ زمین۔

عَيَّ يَعْيُ و عَيِيَ يَعْيَ عَيًّا و عَيَاءً بِاَمْرِهِ و عَنْ اَمْرِهِ: عاجز ہونا۔ ناقابل ہوناالاَمْرَ: جاہل ہونا۔

عَيِيَ يَعْيِي عِيًّا. فِى المَنْطَقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَيِىٌّ و عَيٌّ.

عَيًّا تَعْيِيَةً وعَايَا مُعَايَاةً. الرَّجُلُ: غیر مفہوم کلام کہنا۔عَايَا صَاحِبَهُ پیچیدہ گفتگو کرنا۔

اَعْيَا اِعْيَاءً المَاشِي: چلنے والے کا تھکنا۔ اَعْيَاه: تھکانااَعْيَا الدَّاءُ الطَّبِيْبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دیناالاَمْرُ عَلَيْهِ: عاجز بنا دینا۔

تَعَايَا الْاَمْرُ عَلَيْهِ و تَعَيَّا عَلَيْهِ وتَعَايَاه. عاجز کرنا۔

تَعَایَا و تَعِیًّا واسْتَعْیَا بِالْاَمْرِ: ناقابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔
العَیَاء. مص۔ عاجزی۔ وَاءٌ عَیَاءٌ: ناقابل علاج مرض۔

العَیُّ. تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ ج اَعْیَاءٌ.
العَیِّی. تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز ج. أَعْیِیَاء واَعْیِیَة.
العَیَّان. تھکا ہوا۔ عاجز۔

ألاُعْیِیَّة. پیچیدہ کلام۔
المُعْیِی. تھکا ہوا۔ عاجز۔

غ

غ : اَلْغَیْنُ انیسواں حرف بنیادی حروف میں سے- یہ حروف حلقی (حلق سے نکلنے والے حروف) سے ہے بحساب جمل اس کا عدد (۱۰۰۰) ہے-

غَبَّ (ن) غَبًّا و غِبًّا چند دن کے بعد ملاقات کرنا- عَنْهُ: ایک دن ناغہ دے کر آنا- غَبَّتْ عَلَيْهِ الحُمّٰی: بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا- غَبَّ عِنْدَهُ: رات بسر کرنا الرَّایَ: رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا-

غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا و غُبُوْبَةً. الطَّعَامُ کھانے کا باسی ہونا- بدبودار ہونا- غَبَّتِ الْاُمُوْرِ: کاموں کا انتہا کو پہنچنا-

غَبَّتْ (ض) غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا المَاشِيَةُ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دے کر پانی پینا- صفت غَابَّةٌ ج غَوَابٌّ و غَابَّاتٌ.

اَغَبَّ. المَاشِيَةَ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دے کر پانی پلانا القَوْمَ: ایک دن ناغہ دے کر ملاقات کو آنا- اَغَبَّتْهُ الحُمّٰی واَغَبَّتْ عَلَيْهِ: تیسرے دن بخار آنا- اَغَبَّ الطَّعَامُ: کھانے کا بدبودار ہونا عِنْدَهُ: رات بسر کرنا-

غَبَّبَ. الشَّیْءُ: فاسد ہونا فِی الْاَمْرِ: مبالغہ نہ کرنا عَنْهُمْ: دفع کرنا الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا-

الغَابُّ. فا- باسی گوشت- نَجْمٌ غَابٌّ: ثابت ستارہ-

الغِبُّ. مص- نتیجہ انجام- بمعنی بعد حُمّٰی الغِبِّ: تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمّٰی غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے-

مَاءٌ غِبٌّ: دور کا پانی ج اَغْبَاب.

الغُبّ. لہر جو کنارے سے ٹکرائے- پست زمین- ج اَغْبَاب و غُبُوْب و غُبَّان.

الغُبَّة. زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سامان-

الغَبَب. مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت- ج اَغْبَاب.

الغَبِيْب. باسی گوشت- چھوٹی ندی پہاڑی یا زمینی-

الغَبِيبَة. صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دوہا جائے- اور پھر اگلے دن بلویا جائے-

التَغِبَّة. جھوٹی شہادت-

المُغِبُّ. شیر-

المَغَبَّة. انجام-

المُتَغَبِّبْ. انجام کا انتظار کرنے والا-

غَبَثَ (ن) غَبْثًا. الجُبْنَ بِالسَّمَنِ: پنیر کو گھی سے لت کرنا-

اِغْبَثَّ. مٹیالا رنگ کا ہونا- صفت "اَغْبَث"

الغُبْثَة. مٹیالا رنگ-

غَبِجَ (س) غَبْجًا. المَاءَ: لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا-

الغُبْجَة. گھونٹ-

غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا. گزرنا- ٹھہرنا- گرد آلود ہونا-

غَبِرَ (س) غَبَرًا. الجُرْحُ: زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا- اور پھر ٹوٹ جانا- صفت "غَبِرٌ" غبار لگنا-

غَبَّرَ. غبار اُڑانا الشَّیْءَ: غبار میں لتھیڑنا- الرَّجُلُ: لا الٰہ الا اللہ کہنا- یا قراءت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے "غَبَّرَ فِی وَجْهِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا-

اَغْبَرَ. غبار اُڑانا- گرد آلود ہونا- فِی الْاَمْرِ: متوجہ ہونا اور کوشش کرنا- اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ: زور سے برسنا-

اِغْبَرَّ. گرد آلود ہونا الْيَوْمُ: بہت غبار والا ہونا-

الغِبْر. چیز کا بقیہ- ج اَغْبَار.

الغُبَّر. چیز کا بقیہ- ج غُبَّرَات. کہا جاتا ہے "غُبَّرُ المَرْضِ" یعنی مرض کا بقایا-

الغُبْرَة. خاکستری رنگ-

والغَبَرَة والغُبَار. مٹی- خاک-

الغَبَر. بقاء. دَاهِيَةُ الغَبَرِ: منقطع نہ ہونے والی بڑی مصیبت- مٹی-

الغَبْرَة. گرد- غبار-

الغَبِر. گرد غبار- ناسور- جُرْحٌ غَبِرٌ: خراب شدہ زخم-

الْاَغْبَر. خاکستری رنگ والا- بھیڑیا- جانے والا- کہا جاتا ہے "لَا يَغُرَّنَّكَ عِزُّ الدُّنْيَا فَاِنَّه اَغْبَرَ" دنیا کی عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لیے کہ وہ جانے والی ہے- ج غُبر- سخت بھوک کی صفت میں یہ لفظ مستعمل ہے- کہا جاتا ہے "الجُوْعُ الْاَغْبَرُ والمَوْتُ الْاَحْمَرُ".

الغَبْرَاءُ. مؤنث اَغْبَر. مادہ چکور- زمین- کہا

جاتا ہے "مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِثْلَ فُلَان" مثل فلاں پر نہ تو آسمان نے سایہ ڈالا اور نہ زمین نے اٹھایا۔ بَنُوْ غَبْرَاءَ وَ بَنُوْ الْغَبْرَاءِ: فقراء۔ سَنَةٌ غَبْرَاءُ: خشک سال۔

الغُبَيْرَاء چنیا کی شراب۔ ایک قسم کا پودہ۔

الغُبْرَان ایک غلاف میں دو کھجور۔

الغَابِر. فا۔ گزرا ہوا۔ باقی۔ کہا جاتا ہے "وَهُوَ غَابِرُ بَنِي فُلَان" وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔ ج غُبَّر و غَابِرُوْنَ. غُبَّرُ الشَّئِ چیز کا بقیہ۔ غُبَّرُ اللَّيْلِ رات کا آخری حصہ۔ غُبَّرَ النَّاسِ رتبہ کے لحاظ سے آخری۔

المِغْبَار. مِنَ النَّخْلِ وَغَيْرِهَا: گرد آلود : درخت خرما وغیرہ۔

المُغَبِّرَة وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں۔

غَبَسَ (ن) غَبْسًا واَغْبَسَ واغبَسَّ واِغْبَاسَّ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (اَغْبَس) ج غُبْس. اَغْبَسَ الشَّئُ: خاکستری رنگ کا ہونا۔

الغُبْسَة و الغَبْس. خاکستری رنگ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔

غَبِشَ (س) غَبْشًا واَغْبَشَ. اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط ہونا۔

تَغَبَّشَهُ. دھوکا دینا۔ ظلم کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا۔

الغَابِش. دھوکا باز۔ فریبی ؛ ظالم۔

الغَبَش. رات کا بقیہ۔ آخری رات کی تاریکی ج اَغْبَاش.

الغُبْشَة. رات کا بقیہ۔ لَيْلٌ (غَبِشٌ واَغْبَشُ) تاریک رات۔ و لَيْلَةٌ غَبْشَاء ج غُبْش۔

غَبِصَتْ (س) غَبَصًا. العَيْنُ: ہمیشہ رونے کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔

الغَبَص. آنکھ کی کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "فِي عَيْنِهِ غَبَصٌ" اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔

غَبَطَ (ض) غَبْطًا. الكَبْشَ: مینڈھے کا موٹاپا معلوم کرنے کیلئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔

غَبَطَه (ض) و غَبِطَ (ف) غَبْطًا و غِبْطَةً کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لیے بھی تمنا کرنا۔ صفت (غَابِطٌ) ج غُبَّط.

غَبَّطَهُ. رشک دلانا۔

اَغْبَطَ. السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَغْبَطَ عَلَيْنَا المَطَرُ" النَّبَاتُ: زمین کو ڈھانپ لینا۔ اَغْبَطَتِ الحُمّٰى عَلَيْهِ بخار کا لگاتار رہنا۔

اِغْتَبَطَ وَاُغْتُبِطَ. خوشی اور اچھی حالت میں رہنا۔

الغَبْط و الغِبط. کٹی ہوئی کھیتی کے مٹھے ج غُبُوْط.

الغِبْطَة. حسن حال ؛ خوش ؛ رشک ؛ پادری کا لقب۔

الغَبِيْط. کجاوہ۔ پست زمین جس کے دونوں طرف بلندی ہو۔ پانی کی لہر جو زمین کی بلندی کو کاٹ دے۔ ج غُبُطٌ.

الغَبُوْط. مِنَ النُّوْقِ: اونٹنی جس کی چربی بغیر ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو۔

سَمَاءٌ (غَبْطَى) لگاتار برسنے والا بادل۔

اَرْضٌ (مُغْبِطَةٌ) نباتات سے گھری ہوئی زمین۔

الغَبْغَب. گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔

غَبَقَهُ (ن ض) غَبْقًا و غَبَّقَهُ. شام کو پینے کی چیز پلانا۔ غَبَقَ الغَنَمَ: بکری کو شام کو پلانا یا دوہنا۔

اِغْتَبَقَ. شام کو پینے کی چیز پینا الخَمْرَ: شام کے وقت شراب پینا (و تَغَبَّقَ) النَّاقَةَ: شام کے وقت دوہنا۔ (الغَبُوْق) شام کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔ وہ جو شام کو دوہا جائے (الغَبُوْق و الغَبُوْقَة) اونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ ج غَبَائِق. تم کہتے ہو "لَقِيْتُه ذَا صَبُوْحٍ وَذَا غَبُوْقٍ" یعنی میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔

الغَبَقَة. وہ رسی جو ہل چلاتے وقت بیل کے کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں۔

الغَبْقَان. شام کے وقت پینے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَبْقَان اِمْرَاَةٌ غَبْقَى" ج غَبَاقَى.

غَبَنَ (ن) غَبْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو تنگ یا چھوٹا کرنے کیلئے موڑ کر سینا الرَّجُلَ: کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ دیکھے نہ اسے علم ہو الطَّعَامَ: کھانے کو حاجت کے وقت کے لیے چھپانا۔

غَبَنَهُ (ن) غَبْنًا و غَبَنًا. فِي البَيْعِ او الشِّرَاءِ: دھوکا دینا فُلَانًا: قیمت وغیرہ میں نقصان پہنچانا۔ صفت (غَابِنٌ) صفت مفعولی (مَغْبُوْنٌ)

غَبِنَ (س) غَبْنًا و غَبَنًا. الشَّئَ و فِيْهِ: بھولنا۔ غلطی کرنا۔ (غَبَنًا و غَبَانَةً رَايَهُ): کم سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا۔

تَغَابَنَ. بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔

اِغْتَبَنَ. الشَّئَ: بغل میں چھپانا۔

الغَبْن و الغَبَن. مص۔ خرید و فروخت میں دھوکا و الغَبَانَة. کند ذہنی۔ بھول چوک۔

الغَبَن. کپڑے کی کترن۔

الغَابِن. فا۔ کام سے سستی کرنے والا۔ کام چور۔

الغَبِيْن و المَغْبُوْنَ. کم سمجھ۔

اَلْغَبْنُ وَالْغَبَنُ وَالْغَبَانَة کمزور رائے۔ بھول جانا۔

الغَبِيْنَة. دھوکا۔

المُغَابَنَة. خرید وفروخت میں نقصان۔

المَغْبِن. بغل۔ جسم کی لوٹ ج مَغَابِن.

غَبِيَ يَغْبَى غَبًا و غَبَاوَةً. الشَّئَ و عَنْهُ: نا سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا الشَّئِ عَلَيْهِ: مخفی رہنا عَنْهُ الخَبَرُ: جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ مِنْهُ الشَّئُ: مخفی ہونا۔

تَغَابَى عَنْهُ تَغَابِيًا و تَغَابَاهُ. غفلت برتنا۔

تَغَبَّاهُ واِسْتَغْبَاهُ. غبی جاننا۔ غبی سمجھنا۔

الغَبَاء. زمین کی پوشیدگی مِنَ التُّرَابِ بلند غبار۔

الغَبْوَة و الغُبْوَة. غفلت۔

الغَبَاوَة و الغُبِّى. جہالت۔ نا سمجھی۔ غفلت۔

الغَبِی. کم سمجھ جاہل ج اَغْبِیَاء و اَغْبَاء.

غَبّٰی تَغْبِیَةً. الشَّیْءَ: چھپانا الشَّعْرَ: بال کو چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا۔

اَغْبٰی. السَّحَابُ: کم برسنا، بوچھار برسانا۔

الغَبَاء. مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔

الغَبْیَة. کم بارش یا بوچھار۔

مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰی غَبْیَةِ مِنَ الشَّمْسِ" یعنی آفتاب کے غائب ہونے کے وقت آیا۔

اَلاَغْبٰی مِنَ الْاَغْصَانِ: گنجان ٹہنی۔ مؤنث غَبْیَاء ج غُبِیٌّ شَجَرَةٌ غَبْیَاء: گنجان درخت۔

المَغْبَاة. درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا۔ ج مَغَاب.

غَتَّ (ن) غَتًّا. الطَّعَامُ او الکَلاَمُ: خراب ہونا الشَّیْءَ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا فُلاَنًا. غمگین کرنا، گلا گھونٹنا فُلاَنًا بِالْاَمْرِ: تھکانا اور غمگین کرنا ٥ بِالْکَلاَمِ: سرزنش کرنا۔ غَتَّ الضِحْكَ: ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی روکنا المَاءَ: برتن کے منہ سے بغیر علیحدہ کئے ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا۔

غَتَّتَ واَغْتَتَ. الطَّعَامَ: کھانے کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

غَتِلَ (س) غَتَلاً. المَکَانُ: بہت درخت والا ہونا۔ صفت (غَتِل)

اَغْتَمَ. الزِّیَارَةَ: زیادہ ملاقات کر کے ملول کرنا۔

الغَتْم. سخت گرمی جس سے دم گھٹے۔

الغُتْمَة. گفتگو میں رکاوٹ۔

الْاَغْتَم والغُتْمِیُّ. جو اچھی طرح گفتگو نہ کر سکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَغْتَم و قَوْمٌ غُتْم واَغْتَام وامْرَاَةٌ غَتْمَاء."

غَثَّ (ض۔س) غَثَاثَةً و غُثُوثَةً الشَّاةُ: بکری کا دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت (غَثَّة) اللَّحْمُ: لاغر ہونا حَدِیْثُ القَوْمِ: ردی ہونا۔ فاسد ہونا۔

غَثَّ (ض) غَثًّا و غَثِیْثًا. عَلَیْهِ المَکَانُ: ناموافق ہونا الجُرْحُ: زخم سے پیپ وغیرہ بہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ لاَ یغثُّ عَلَیْهِ شَیْءٌ" یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہے تا کہ اس کو چھوڑے۔

اَغَثَّ. دُبلا ہونا۔ فاسد ہونا۔ فِی الکَلاَمِ: بیکار گفتگو کرنا اللحْمَ: دُبلا گوشت خریدنا۔

اِغْتَثَّتِ. الخَیْلُ: موسم بہار کی گھاس پر پہنچنا۔

تَغَثَّثَ. الشَّیْءَ: کم سمجھنا۔

اِسْتَغَثَّ. الجُرْحَ: علاج کر کے پیپ وغیرہ نکالنا۔

الغَثُّ. دُبلا۔ مِنَ الکلامِ: ردی کلام۔

الغَثِیْث. دُبلا۔

غَثِیْثُ الجُرْحِ وغَثِیثَتُهُ. پیپ، خون وغیرہ۔

الغَثِیْثَة. بے فائدہ چیز۔ عقل کا فتور۔

غَثَرَ (ن) غَثْرًا. المکانُ بالنَّبَاتِ: سبزی سے لہلہانا۔

اَغْثَرَ. الشَّجَرُ: درخت سے گوند بہنا۔

اِغْثَارَّ. الثَّوْبُ: زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (اَغْثَر)

الغَثَر. کپڑے کا رُواں والا ہونا۔

الغُثْر والغَثَرَة والغَثْرَاء والغَیْثَرَة. کمینے لوگ۔

الغَثْرَة. ارزانی و تروتازگی۔

الغُثْرَة. سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ۔

الاَغْثَر. سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ والا۔ مؤنث (غَثْرَاء) ج غُثْر. زیادہ اُون کا کمبل۔ شیر، بھیڑیا۔ کیچڑ۔ جاہل۔

المِغْثَر والمِغْثَار والمُغْثُور. بعض درختوں کا گوند ج مَغَاثِیْر.

اَرْضٌ (مُغْثِرِیَة) سبز سے لہلہانے والی زمین۔

غَثَمَ (ن) غَثْمًا لَهُ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔

الغَثِمَة. اوجھ کا وہ حصہ۔ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔

الغُثْمَة. سیاہی مائل سفید رنگ۔

الاِغْثَم. سیاہی مائل سفید رنگ والا۔

المَغْثُوم. مخلوط۔

الغَثِیْمَة. ایک قسم کا کھانا جس میں ٹڈی پڑتی ہے۔

غَثَا یَغْثُوْ غَثْوًا و غُثُوًّا واَغْثٰی. الوَادِی: زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا۔

السَّیْلُ المرتَعَ: سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا دینا۔

الغُثَاء والغُثَّاء. جھاگ۔ کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔

غَثٰی یَغْثِیْ غَثْیًا. الوَادِی: زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا الکَلاَمَ: مخلوط کرنا۔

غَثَتْ تَغْثِی غَثْیًا وغَثَیَانًا وتَغَثَّتِ النَّفْسُ: متلی آنا غَثَتِ السَّمَاءُ بالسَّحابِ: آسمان پر بادل چھا جانا۔

غَثِیَ یَغْثٰی غَثْیًا. الکَلاَمَ: مخلوط کرنا۔

غَدَّ (س) غَدًّا وغُدَّ. البَعِیْرُ: اُونٹ کا غدود والا ہونا۔

غَدَّ، غُدَّ وَغُدِّدَ واُغِدَّ. غدود والا ہونا۔ صفت (مُغِدٌّ)

غَدَّدَ نَصِیْبَهُ: حصہ۔ لینا۔

اَغَدَّ غدود والا ہونا۔ عَلَیْهِ: غصہ سے پھولنا۔

الغَدَد. اُونٹوں کا طاعون۔ ج غِدَاد.

الغُدَّة. مال کا ایک حصہ۔ سامان ج غَدَائِد.

(والغُدَدَة) اُونٹوں کا طاعون، گوشت کا سخت ٹکڑا جو مرض کی وجہ سے کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہو جاتا ہے۔ ج غُدَد و غَدَایِد.

المِغْدَاد. بہت غضبناک (مذکر و مؤنث)

غَدَرَ (ن ض س) غَدْرًا وغَدَرَانًا. خیانت کرنا۔ عہد توڑنا۔

غَدِرَ (س) غَدَرًا المَکَانُ: بہت پتھر والا ہونا عَنْ اَصْحَابِهِ: اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا الرَّجُلُ: تالاب کا پانی پینا اللَّیْلُ:

اَغْدَرَه. پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ باقی رکھنا۔ کیچڑ میں پھینکنا۔ اَغْدَرَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

غَادَرَهٗ غِدَارًا و مُغَادَرَةً. چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔
تَغَدَّرَ. پیچھے رہ جانا۔
اِغْتَدَرَ. الرَّجُلُ: چوٹی بنانا۔
اِسْتَغْدَرَ. المَكَانُ: تالابوں والا ہونا۔
الغَدَر. س. پتھر والی جگہ۔ درخت والے پتھر۔ کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔
الغَدَر والغَدَرَة والغَدَارَة. جو چھوڑا جائے۔
الغَدِيْر. نہر۔ تالاب۔ پانی جس کو سیلاب چھوڑ جائے۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدُرٌ و غُدْرٌ و غُدْرَان و اَغْدِرَة.
الغَدِيْرَة. چوٹی ج غَدَائِر. الغَدِيْرَة. سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدْرَان.
الغَادِر. فا۔ خیانت کرنے والا ج غَادِرُوْن و غَدَرَة و غُدَّار مؤنث غَادِرَة ج غَادِرَات و غَوَادِر.
الغَدْرَاء. تاریکی۔ لَيْلَةٌ (غَدْرَاءُ و غَدِرَةٌ و مُغْدِرَة) تاریک رات۔
الغُدَر والغُدَرَة والغِدِّيْر والغَدَّار والغَدُوْر. بہت غدر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَدُوْرٌ و امْرَاَةٌ غَدُوْرٌ". ج غُدُر اور مذکر کی گالی میں یاغُدَرُ بمعنی یاغادِرُ اور جمع میں یاآلَ غُدَرٍ مستعمل ہے۔
يَاغَدَارِ. مبنی علی الکسرة. عورت کی گالی میں مستعمل ہے۔
غَدَفَ (ن) غَدْفًا و غَدَفَ. لَهٗ فِي العَطَاءِ: بہت دینا۔
اَغْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا الشَّبْكَةَ عَلَى الصَّيْدِ: شکار پر جال ڈالنا البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا ہونا المَرْأَةُ قِنَاعَهَا عَلَى وَجْهِهَا: عورت کا چہرہ پر نقاب ڈالنا۔
اِغْتَدَفَ. مِنْهُ: زیادہ لے لینا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا آنا۔ تاریک ہونا۔
الغَادِف. ملاح۔
الغُدَاف. لمبا کالا بال۔ سیاہ بازو۔ بڑا کوا۔ بڑا گدھ۔ ج غِدْفَان.
الغَدَف. نعمت۔ ارزانی۔ تروتازگی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِي غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی میں ہیں۔
المِغْدَف والغَادُوْف. چپو۔
الغِدَفْل. کامل۔ لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ ج غَدَافِل.
غَدِق (س) غَدَقًا و اَغْدَق و اِغْدَوْدَق. المَطَر: بکثرت بارش ہونا عَيْنُ المَاءِ: کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا۔ صفت (غَدِقَة) اَغْدَق العَيْشُ: آسودہ ہونا۔ اَغْدَقَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
غَدَق (ض) غَدْقًا المَكَانُ: بارش سے تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِق)
تَغَدَّنَ. الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔
اِغْدَوْدَن. النَّبْتُ: سبز ہونا اور زیادتی و شادابی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا اور گرنا الشَّعْرُ: لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (غَدَوْدَن)
الغَدَن. نیند۔ اونگھ۔ ڈھیلا پن، سستی
والغُدْنَة. نرمی۔ نزاکت۔
الغِدَان. شاخ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں۔
الغُدَانِي. نازک بدن جوان۔
غَدَا يَغْدُو غُدُوًّا. صبح کے وقت جانا۔ جانا۔ اور صار کے معنی میں مستعمل ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔
غَدَا يَغْدُو غَدْوًا و غُدُوَّةً و اِغْتَدَى. عَلَيْهِ: سویرے آنا۔
غَدِيَ يَغْدَى غَدًا و تَغَدَّى. صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "هَلْ لَكَ اَنْ تَتَغَدَّى بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَتَغَشَّى بِنَا" یعنی کیا تیرے لیے یہ امکان ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے اس کو ہلاک کرے۔
غَدَّى. الرَّجُلَ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔
غَادَى مُغَادَاةً. الرَّجُلَ صبح کے وقت آنا۔
الغَد. آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو۔ نسبت کے لیے (غَدِيٌّ و غَدَوِيٌّ)
الغُدْوَة. صبح۔ فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًى و غُدُوٌّ.
الغَدَاة. صبح۔ فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ ج غَدَوَات کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ غَدَاتَيْنِ" یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِيَّة. بمعنی غُدْوَة و غَدَاة ج غَدَايَا و غَدِيَّات.
الغُدَيَّة. غداة کی تصغیر۔
الغَدَاء. صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عَشَاء ہے ج اَغْدِيَة.
الغَادِي. فا۔ شیر۔
الغَادِيَة مؤنث غَادِي. بادل جو صبح کے وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ و غَادِيَات.
الغَدْيَان. صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غَدْيَا.
المَغْدَى و المَغْدَاة. صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا. الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
اَغَذَّ اِغْذَاذًا. السَّيْرَ و فِي السَّيْرِ: چلنے میں جلدی کرنا الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
الغَاذّ. فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ حس۔
الغَذِيْذَة. زخم کا خون پیپ وغیرہ۔
غَذَمَ (ن) غَذْمًا. لَهٗ مِنَ المَالِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
و غَذِمَ (س) غَذْمًا و تَغَذَّمَ و اِغْتَذَمَ الشَّيْءَ: بہت حرص سے کھانا۔
اَغْذَمَ و تَغَذَّمَ الفَصِيْلُ مَا فِي ضَرْعِ اُمِّهٖ: اونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔
الغُذْمَة. مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَم
و الغَذْمَة. بہت دودھ۔ ج غُذَم.
بِئْرٌ غَذِيْمَةٌ. وسیع کنواں۔

الغُدَم و المُتَغَدِّم. بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَةً. غضبناک ہونا۔
الشَّیْءَ. جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔ اٹکل سے بیچنا۔
تَغَذْمَرَ. فِی المَجْلِسِ. غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَة. س۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور چیخ کا مخلوط ہونا۔ ج غذامیر.
غَذَا یَغْذُو غَذْوًا. الرَّجُلُ بالطَّعَام: خوراک دینا الطَّعَامُ الصَّبِیَّ. بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا العِرْقُ. خون بہانا الرَّجُلُ: جلدی کرنا الفرسُ. تیز گزرنا۔
غَذَّی تَغْذِیَةً. الرَّجُلَ: غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ غَذَّی العِرْقُ. خون بہانا۔
تَغَذَّی تَغَذِّیًا و اغْتَذَی اِغْتِذَاءً. خوراک کھانا۔
اسْتَغْذَی اِسْتِغْذَاءً. الرَّجُلَ: سخت پچھاڑنا۔
الغِذَاء. خوراک۔ ج اَغْذِیَة.
الغَاذِی. فا. غَاذِی المَالِ. مال کا منتظم۔ ج غُذَاة و غَاذُوْن مؤنث غَاذِیَة ج غَوَاذٍ.
الاَغْذَی. اسم تفضیل۔
الغَذِیّ. رحم کا بچہ (بکری کیلئے خاص ہے) ج غِذَاء. جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغَذَوِیُّ. رحم کا بچہ۔
الغَذَوَان. بدزبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔
غَرَّه (ن) غَرًّا و غِرَّةً و غُرُوْرًا. دھوکا دینا۔ بیہودہ امید دلانا۔ کہا جاتا ہے "مَا غَرَّكَ بِفُلَان"، یعنی تُو نے اُس پر دلیری کیونکر کی؟
غَرًّا الماءَ: پانی گرانا۔
غُرًّا و غِرَارًا. الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا الرَّجُلُ: غرغر پرندہ کھانا الرَّاعِی: اُونٹ کو چرانا الماءُ پانی کا نایاب ہونا۔
غَرَّ (ن) غَرًّا و غِرَارًا و غَرِرَ (س) غَرَارَةً. شریف ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔
غَرَّ (ض) غَرًّا و غَرَارَةً. تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔

غَرَّ (س) غَرَرًا و غُرَّةً و غَرَارَةً الوَجْهُ: خوبصورت سفید رنگ والا ہونا۔ الشَّیْءُ: سفید ہونا۔
غَرَّرَ تَغْرِیْرًا و تَغِرَّةً. بالشَّیْءِ. ہلاکت کیلئے پیش کرنا الطَّائِرُ. پرندہ کا اُڑنے کیلئے پر پھیلانا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ غَرَّرَتْ ثَنِیَّةُ الغُلَامِ: بچہ کے اگلے دانت نکلنا۔
غَارَّتْ غِرَارًا و مُغَارَّةً. السُّوْقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔ غَارَّ التَّحِیَّةَ: کم کرنا۔ غَارَّتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
تَغَرَّرَ. الفرسُ: گھوڑے کی پیشانی سفید ہونا۔
اِغْتَرَّ و اِسْتَغَرَّ. بِکَذَا: دھوکا کھانا۔
اِغْتَرَّهُ و اسْتَغَرَّهُ. بے خبری میں آنا۔ و اغْتَرَّهُ: بے خبری کا طالب ہونا۔
الغَرُّ. س۔ زمین میں شگاف۔ کپڑے یا کھال کی شکن۔ کہا جاتا ہے "طویت الثوب علی غره"، یعنی میں نے کپڑے کو اُس کی پہلی تہہ پر لپیٹا۔ چھوٹی ندی ج غُرُوْر.
الغِرُّ و الغِرَار. تلوار کی دھار۔ الغِرَار: نیند وغیرہ کی کمی۔ کساد بازاری۔ اُونٹنی کے دودھ کی کمی ج اَغِرَّة کہا جاتا ہے "اتانا علی غِرَار"، یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا۔ الغِرَار: تیر بنانے کا نمونہ اور اسی سے ہے "هُمْ عَلٰی غِرَارٍ وَاحِدٍ"، یعنی وہ ایک جیسے ہیں۔ کہا جاتا ہے "وَلَدَتْ ثلاثة بنین علی غِرَار"، یعنی اس نے تین بچے پے درپے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں۔
"لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ"، قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی۔
الغَرَارَة. غفلت۔ نوعمری۔ کہا جاتا ہے "کان ذلك علی غرارتی"، یعنی یہ میری نوعمری کے زمانہ میں تھا۔
الغُرْغُرَة: ایک آبی پرندہ جو گہرے جوہڑ میں زندگی گزارتا ہے۔
الغُرَّة. گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ۔ مِنَ القَوْمِ: شریف مِنَ الرَّجُلِ: چہرہ۔ روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے "قَدْ بَدَتْ غُرَّتُه" غلام۔ باندی۔ ج غُرَر.
الغُرَر. مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی، دوسری، تیسری رات۔ عرب۔ مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر دوسری تین راتوں کو نفل اور اس کے بعد تسع پھر عُشَر پھر بِیْض پھر دُرَع پھر ظُلَم پھر حَنَادِس پھر وَادِیْ پھر مَحَاق کہتے ہیں۔
الغِرُّ. ناتجربہ کار جوان۔ مؤنث غِرٌّ و غِرَّةٌ ج اَغْرَار.
الغُرَّی. اپنے قبیلہ میں سردار عورت۔
الغِرَّة. س۔ غفلت۔ ناتجربہ کاروں کی جماعت۔ ج غِرَر.
الغُرَّة. مہینے کا پہلا دن۔ ایک کالے رنگ کا آبی پرندہ۔
الغَرَر. ہلاکت کے درپے۔ کہا جاتا ہے "انا غَرَرٌ مِنْكَ"، میں تم سے دھوکے میں ہوں۔
الغُرُوْر. دھوکا دینا اور یہ دُنیا کی صفت میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدنیا غرور" غرغرہ کی دوائیں۔
الغُرُوْر. س۔ بیہودہ باتیں۔
الغَارّ. فا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔ مؤنث غَارَّة.
الغَرَّار. بہت دھوکہ دینے والا۔
الغَرِیْر. اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "اَدْبَرَ غَرِیْرُهُ وَاَقْبَلَ هَرِیْرُه" یعنی اس کی اچھی عادت جاتی رہی اور بُری عادت آگئی۔ اچھی زندگی۔ ج غُرَّان. ضامن۔ دھوکا زدہ۔ ناتجربہ کار جوان۔ ج اَغِرَّة و اَغِرَّاء مؤنث غَرِیْرَة ج غَرِیْرَات و غَرَائِر.
الغُرَیْر. کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "اَسْمَنُ مِنْ غُرَیْرٍ"، اور اس کا نام یَغْر اور غُرْغُوْر بھی ہے۔
الاَغَرُّ. خوبصورت۔ ہر چیز کا سفید۔ فیاض۔

سردار شریف مِنَ الاَیَّام: سخت گرم دن۔
مِنَ الخَیْلِ: پیشانی پر سفیدی والا۔ مؤنث غَرَّاء ج غُرٌّ و غُرَّان.
الغِرَارَةُ. بورا۔ تھیلا۔ ج غَرَائِر.
الغُرَّانُ. پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ المَاءُ بِغُرَّانِهٖ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔
المُغَارُّ. کم دودھ والی اُونٹنی۔ ج مَغَارُّ. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُغَارُّ الکَفِّ" یعنی بخیل ہے۔
المَغْرُوْر. مع۔ فریب خوردہ۔
غَرَبَ (ن) غَرْبًا. جانا فُلَانٌ عَنَّا: جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا فِی سَفَرِهٖ: طویل سفر کرانا (غروبا) الرجل: دور ہونا النجم: ستارہ کا غائب ہونا۔ ڈوبنا۔
غَرَبَ (ن) غُرْبَةً وغُرْبًا وغرابةً. پردیسی ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔
غَرُبَ (ک) غرابةً. الکلامُ: مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا الشَّیْءُ: غیر مانوس ہونا۔
غَرِبَ (س) غربًا. لو سے چہرہ کالا ہونا۔
غَرَّبَ. دُور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم میں پہنچنا ہٗ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر برانگیختہ کرنا۔ جلاوطن کرنا فِی الاَرْضِ: دُور تک لے جانا۔
اَغْرَبَ. مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا۔ فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا فِی الضِّحْكِ و نَحْوِهٖ: مبالغہ کرنا الحَوْضَ: حوض کو بھرنا الفَرَسُ فِی جَرْیِهٖ: گھوڑے کا بہت دوڑنا الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مر جائے ہٗ: علیحدہ کرنا اَغْرَبَ واُغْرِبَ المَرِیْضُ: تکلیف زیادہ ہونا۔ اَغْرَبَ عَلَیْهِ وبه: بُرا سلوک کرنا۔
تَغَرَّبَ. وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔
اِغْتَرَبَ. وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔
اِسْتَغْرَبَ. الشَّیْءَ: نادر پانا یا سمجھنا۔ الدَّمْعُ: آنسو بہانا۔

واُسْتُغْرِبَ. فِی الضِّحْكِ: ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔
الغَرْب. س۔ پچھم۔ ہر چیز کا اوّل۔ دھار۔ نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی اَخَافُ عَلَیْكَ غَرْبَ الشَّبَابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا ڈول۔ آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔ آنسو۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ آنکھ کا اگلا حصّہ۔ آنکھ کا پچھلا حصّہ۔ دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ چشم کا ورم۔ تھوک کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرْبٍ" اضافت سے اور "سَهْمٌ غَرْبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج غُرُوْب.
الغُرْبَة. دُوری۔
الغَرَب. س۔ سونا۔ چاندی۔ پیالہ۔ شراب۔ پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرَبٍ وسَهْمٌ غَرَبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ و "بِعَیْنِهٖ غَرَبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔
الغُرَاب. کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غراب اسود. ابقع. زاغ ج اَغْرُب و غُرْبٌ و غِرْبَان واَغْرِبَة جج غَرَابِیْن. کہا جاتا ہے "طَارَ غُرَابُهٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا اس کے بال سفید ہو گئے۔ و "اَرْضٌ لَا یَطِیْرُ غُرَابُهَا" یعنی سرسبز ہے۔ الغُرَاب اولہ و برف۔ سر کا پچھلا حصّہ۔ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی ابتداء۔ اور دھار۔ جیسے غُرَابُ الفَاسِ. اور کوّے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اُٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "بَكَرْتُ بُكُوْرَ الغُرَابِ" کوّے کی مانند صبح سویرے اُٹھا۔ "فُلَانٌ اَحْذَرُ مِنَ الغُرَابِ" فلاں کوّے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دُوْنَ هٰذَا شَیْبُ الغُرَابِ" اس سے کم کوّے کی سیاہی ہے اَغْرِبَةُ العَرَبِ: عرب کے سیاہ لوگ۔ الغُرَاب پرانی قسم کی ایک کشتی۔
الغُرَابَان. دونوں سرین کے نچلے حصّے جو ران سے ملے ہوئے ہوں۔

الغَارِب. فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کے حصّہ۔ ہر چیز کا اعلیٰ حصّہ۔ ج غَوَارِب اور اسی سے ہے۔ غَوَارِبُ المَاءِ بلند موجیں۔
الغَرِیْب. مسافر۔ وطن سے دُور۔ اجنبی ج غُرَبَاء عجیب و غیر مانوس مِنَ الکَلَامِ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَرِیْبَةٌ ج غَرَائِب.
الغُرُب. بمعنی غریب۔
المُغْرَب. صبح۔ ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں۔ عُنْقَاء (مُغْرِب و مُغْرِبَة) دیکھئے لفظ "عُنْقَاء".
المَغْرِب. پچھم۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ ممالک افریقیہ اور بزبانِ حال ممالک یورپ۔
مَغْرِبَانُ. الشَّمْسِ: آفتاب کے طلوع و غروب کی جگہ۔
المَغْرِبِیُّ. ممالک مغرب کی طرف منسوب۔ ج مَغَارِبَة.
الغِرْبِیْب. سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ غِرْبِیْب".
غَرْبَلَ غَرْبَلَةً الحِنْطَةَ: گیہوں چھاننا۔ البَلَدَ: ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا۔ فِی الاَرْضِ: جانا الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جدا جدا کرنا القَوْمَ: قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا۔
الغِرْبَال. چھلنی۔ دُف۔ چغل خور ج غَرَابِیْل.
المُغَرْبَل: مع۔ گھٹیا۔ پھولا ہوا۔ مقتول۔ زوال پزیر مُلک۔
الغِرْبِیْل. چھلنی۔ دُف۔ چغل خور۔
غَرِثَ (س) غَرَثًا. بھوکا ہونا۔ صفت (غَرْثَان) ج غَرْثَی وغَرَاثَی و غِرَاث مؤنث (غَرْثَی) ج غِرَاث.
غَرَّثَ. الکَلْبَ: کتے کو بھوکا رکھنا۔
الغَرِث والغَارِث. بھوکا۔
غَرِدَ (س) غَرَدًا وغَرَّدَ واَغْرَدَ و

تغرد. الطائر: پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور گنکری کرنا أغردہ الطائر: گاکر خوش کرنا۔
اِستغردہٗ. گانے پر برانگیختہ کرنا۔
الأغرُوْد والأغرُوْدة. پرندہ کی سریلی آواز ج أغارِيْد.
الغِرِد والغَرِد والغِرِّيْد. گانے والا۔
غَرَزَہٗ (ض) غَرْزًا. بِالْابرة و نحوِها: سوئی وغیرہ چبھونا۔ غرزَ الِابْرَة فِي الشَّيءِ: داخل کرنا۔
الراكِب رِجْلَه فِيْ الغَرْزِ: رکاب میں پاؤں ڈالنا۔ عُوْدًا بِالْاَرضْ: زمین میں لکڑی گاڑنا۔ غرزَتِ الجَرْادَةُ انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا۔ صفت (غارِزٌ و غارِزَةٌ)
غرّز. الِابرة فِي الشَّيءِ: داخل کرنا۔
غَرَّزَتِ الجَرادَةُ: انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا۔
الغنم. بکری کو موٹی ہونے کے لیے دوھنے سے چھوڑ دینا۔ أغرزَ. الِابْرَةَ: بمعنی غرزَ الوَادِي: غرز نامی پودہ اگانا فِي الشَّيءِ: داخل ہونا۔ اِغترزَ السَّيرَ: روانگی قریب ہونا فُلَانٌ السَّيرَ: روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا الرَاكِبُ رِجْلَهٗ فِيْ الغَرْزِ: سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔
الغَرْز. مـ. رکاب۔ زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی۔ ج غُرُوْز. کہا جاتا ہے "اِلزم غرز فُلان" یعنی اس کے امر و نہی کی اطاعت کرو۔ "اُشْدُدْ يَدَيْكَ بِغَرْزِهٖ" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کردو۔
الغَرَز. ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔
الغَرِيْزَة. طبیعت ج غَرَائِز.
الغَارِز. فا۔ اُونٹنی جس کا دودھ کم ہوگیا ہو۔ عُيُوْن (غَوَارِز) نہ بہنے والے چشمے۔
التَغْرِيْز. کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے منتقل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے۔ ج تَغَارِيْز.
المَغرِز. گاڑنے کی جگہ۔ ج مَغَارِز.
غَرَسَ (ض) غَرْسًا وغِرَاسَةً الشَجَرَ: درخت کا پودہ لگانا۔
اِنغرس: پودہ لگنا۔
الغَرْسُ. مص۔ پودہ لگایا ہوا ج غِرَاس وأغْرَاس.
الغِرْس. پودہ۔ پانی جو رحم سے نکلے۔ چھوٹا کوا۔ ج أغْرَاس.
الغرِيس. پودا لگایا ہوا۔ بھیڑ۔
الغَرِيْسَةُ. کھجور کا پودا جو ابھی اگا ہو۔ گٹھلی جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو۔ پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک۔ ج غَرَائِس وغِرَاس.
الغِرَاس. پودہ۔ پودہ لگانے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذا زَمَنُ الغِرَاس" جس طرح کہا جاتا ہے "هٰذا زَمَنُ الحصاد."
المَغْرس. پودہ لگانے کی جگہ ج مَغَارِس.
الغِرْش. مِنَ المسكوكات: ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے۔ ج غُرُوش.
غَرِضَ (س) غَرَضا. اليه: مشتاق ہونا۔ صفت (غَرِضٌ) مِنْهُ: تنگ دِل ہونا۔ ملول ہونا۔ خوف کرنا۔
غَرَضَ (ض) غَرْضًا. الاناءَ: برتن بھرنا۔ کم بھرنا الشَّيءَ: تازہ چننا۔ وقت سے جلدی کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدانہ ہو جائے (غَرِيْضًا) لَهٗ: تازہ دودھ پلانا۔
غَرُضَ (ک) غَرَضًا. اللحمُ: گوشت تازہ ہونا۔ صفت (غَرِيْضٌ) ج أغَارِيْض.
غَرَّضَ. مزاح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔ الشَّيءَ: تازہ چننا فِيْ سِقَائِهٖ: مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحرٌ لَا يُغَرَّض" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے جو خالی نہیں کیا جاسکتا۔ غَرَّضَ فُلَانًا: نشانہ بنانا۔
أغْرَضَ. فُلَانًا: تنگ دِل کرنا الغَرَضَ: نشانہ پر ٹھیک مارنا الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔
غَارَضَ. الِابِلَ: اُونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا۔
تَغَرَّضَ واِنْغَرَضَ. الغُصْن. شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدانہ ہونا۔
اِغترض. الشَّيءَ: کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔ أُغْتُرِض فُلَانٌ جوان مرنا۔
الغَارِض. فا۔ تڑکے پانی پر جانے والا۔ لمبی ناک۔ کہا جاتا ہے "اتيته غَارِضا" یعنی دن کے ابتدا میں۔
الغَرْض. مص۔ وادی کی ناقص شاخ ج غُرْضَان وغِرْضَان وأغرُض کجاوہ کا تنگ ج أغْرَاض وغُرُوْض.
الغُرْضَة. کجاوہ کا تنگ ج غُرُض وغُرْض.
الغَرَض. مص۔ مطلوب۔ حاجت۔ قصد۔ کہا جاتا ہے "فَهِمْتُ غَرَضَك" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا۔ نشانہ جس پر گولی ماری جائے۔ ج أغْرَاض.
الغرِيض. طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا۔ ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر تڑکے آیا جائے۔ تازہ گوشت۔
الِاغْرِيْض. شگوفہ۔ ہر سفید تروتازہ۔ ج أغَارِيض.
المَغْرِض. اُونٹ کا تنگ۔ ج مَغَارِض.
المَغْرُوْض. مع بارش کا پانی۔
الغُرْضُوْف. نرم ہڈی جیسے کان ناک کی ج غَرَاضِيف. الغُرْضُوفَانِ: دو لکڑیاں جو کجاوہ کے دائیں بائیں باندھی جاتی ہیں۔
غَرْغَر غَرْغَرَةً. غرغرہ کرنا۔ غرغرت القِدْرُ: ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔ غَرْغَرَہٗ: ذبح کرنا۔ غرغرہ بالرمح: حلق میں نیزہ مارنا الرَّجُلُ: آواز گلوگیر نکالنا۔ موت کے وقت خرخر کرنا اللَّحْمُ: گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔
تَغَرْغَرَ. بِالمَاءِ او الدَوَاءِ: پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تَغَرْغَرَتِ العَيْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔
الغِرْغِر. ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غِرْغِرَة)
الغُرْغُور. بمعنی الغُرَيْر (دیکھئے الغُرَيْر)
الغُرْغُرَة. پوٹا۔ پیشانی کی سفیدی۔ کہا جاتا

ہے"فُلَانٌ غُرْغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔
غَرَفَ (ض)غَرْفًا. الشَّئَ: کاٹنا نَاصِيَتَهٗ: پیشانی کے بال کترنا۔
وَاغْتَرَفَ. المَاءَ بِيَدِهٖ پانی کا چلو لینا۔
تَغَرَّفَهٗ. کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔
اِنْغَرَفَ. الشَّئُ: کٹنا۔ مرنا اور ٹوٹنا العَظْمُ: ہڈی کا ٹوٹنا فُلَانٌ: مرنا۔
الغَرْف. س(والغَرَف) پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔
الغِرْفَةُ. چلو لینے کی ہیئت۔ جوتی۔ ج غِرَف.
الغُرْفَةُ. چلو۔ ج غِرَافٌ کوٹھری کے اندر کوٹھری؛ بالاخانہ؛ بالوں کا گچھا۔ ج غُرَفٌ و غُرُفَاتٌ و غُرَفَاتٌ و غُرْفَاتٌ.
الغَارِفَةُ. مؤنث غارِف اسم فاعل مِنَ النُّوقِ: تیز دوڑنے والی اُونٹنی۔ ج غَوَارِف.
الغَرَاف. ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔
الغَرَّاف. بہت چلو لینے والا۔ نَهْرٌ غَرَّافٌ: بہت پانی کی نہر۔ غَيْثٌ غَرَّافٌ بہت بارش۔
الغَرُوْف. مِنَ الآبَارِ: وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے۔
الغَرِيْف. مِنَ الشَّجَرِ: گھنا درخت۔ بانس؛ نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔
الغَرِيْفَة. گھنا درخت۔ جوتی۔ تلوار کے پرتلے کے نچلے حصّہ۔ کا چمڑا۔
المِغْرَف. تیز رفتار گھوڑا اور "فَارِسٌ مِغْرَفٌ" بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَغَارِف.
المِغْرَفَة. چمچہ۔ ڈوئی۔ ج مَغَارِف.
غَرِقَ (س) غَرَقًا. فِي الْمَاءِ: ڈوبنا۔ صفت(غَرِقٌ وغَارِقٌ وغَرِيْقٌ) ج غَرْقَى
غَرِقَ فُلَانٌ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔ مستغنی ہونا۔
غَرَقَ (ن) غَرْقًا. مِنَ اللَّبَنِ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔
اَغْرَقَ. فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔
اَغْرَقَهٗ وغَرَّقَهٗ. ڈبو دینا۔ اَغْرَقَ و غَرَّقَ فِي الْقَوْسِ: کمان کو بہت زیادہ کھینچنا۔ اَغْرَقَ و غَرَّقَ اللِّجَامَ بِالفِضَّةِ: لگام کو چاندی سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْرَقَ اَعْمَالَهٗ بِالمَعَاصِي" یعنی اپنے اعمالِ صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا۔
[illegible]قَهٗ. قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَارَقَتْنِي لَمنِيَّةُ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔
اِغْتَرَقَ. النَّفَسَ بہت ہانپنا۔
لَبْعِيْرُ التَّصْدِيرَ اُونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔
الفَرَسُ الخَيْلَ گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَغْتَرِقُ العَيْنَ یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا۔
اِسْتَغْرَقَ. الشَّئَ: کل لے لینا الغَايَةَ: مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا فِي النَّوْمِ: گہری نیند سونا فِي الضَّحِكِ: کھلکھلا کر ہنسنا۔
اِغْرَوْرَقَتْ. العَيْنُ: ڈبڈبا آنا۔
الغُرْقَة. دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَق
غَرْقَأَتِ. الدَّجَاجَةُ بَيْضَتَهَا: مرغی کا کچا انڈا دینا البَيْضُ: کچا انڈا کرنا۔
الغِرْقِئُ. انڈے کے سفیدی کی جھلی۔ انڈے کی سفیدی۔
غَرِلَ (س) غَرَلًا. الصَّبِيُّ: بچے کا غیر مختون ہونا۔ صفت(اَغْرَل) مؤنث غَرْلَاء ج غُرْلٌ.
الغَرِل. ڈھیلا ڈھالا آدمی۔ بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ۔
الاَغْرَل. ارزانی کا سال۔ خوش عیش زندگی۔
الغُرْلَة. چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں۔
غَرِمَ (س)غُرْمًا وغَرَامَةً ومَغْرَمًا الدَّيْنَ ونَحْوَهٗ: قرض وغیرہ ادا کرنا۔
فِي التِّجَارَةِ: تجارت میں نقصان اُٹھانا۔
اَغْرَمَهٗ وغَرَّمَهٗ الدَّيْنَ: قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرِّمَ السَّحَابُ" یعنی بارش ہوئی۔
اُغْرِمَ. بِالشَّئِ: بہت خواہش مند ہونا۔
تَغَرَّمَ. تاوان برداشت کرنا۔
اِغْتَرَمَ. تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا۔
الغَرَامَة والغُرْم. تاوان۔ مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ ضرر۔ مشقت۔
الغَرَام. اشتیاق۔ محبت جو دل کو مبتلائے عذاب کرنے والا ہو۔ ہلاکت۔ عذاب۔
الغَرِيْم. قرض خواہ۔ قرض دار۔ مخالف۔ ج غُرَمَاء و غُرَّام.
اَلغَرَامَاتِيْقُ اَوالْغَرَامَاطِيْقُ: وہ علم جو بولنے اور لکھنے میں غلطی سے بچائے یعنی علم صرف، علم نحو اور علم عروض۔ اس لفظ کا اطلاق اس کتاب پر بھی ہوتا ہے جس میں یہ علم پایا جائے۔
المَغْرَم. تاوان۔ ج مَغَارِم.
غَرِنَ (س)غَرَنًا العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا۔
الغَرِن. کمزور۔
الغِرْيَن والغِرْيَن. تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے۔ بیوقوفی۔
الغِرْنِيْق والغُرْنَيْق والغُرْنُوْق والغُرَانِق. ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے سفید خوبصورت جوان کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ غُرَانِقٌ وصَبِيَّةٌ غُرَانِقٌ وغُرَانِقَةٌ" ج غَرَانِق وغَرَانِيْق و غَرَانِقَة.
غَرَا يَغْرُو غَرْوًا. الرَّحْلَ: تعجب کرنا الجِلْدَ: سریش سے جوڑنا الشَّحْمَ قَلْبَهٗ: چربی کا دل پر چھا جانا۔
اَلْغَرْنُوْقِي: ایک افریقی پھول کا نام
غَرِيَ يَغْرَى غَرَاءً و غَرًا وغِرًى وغَرِّيَ وأُغْرِيَ. بِكَذَا: بہت خواہش مند ہونا۔ بہت رغبت رکھنا۔ غَرِيَ الغَدِيْرُ: تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا فُلَانٌ: بہت زیادہ غضبناک ہونا (غَرَاةً) بِهٖ: چمٹنا۔ لازم ہونا۔

غَرّٰی تغریۃً. الشّیْءَ: سریش سے جوڑنا۔
اَغریٰ. الرَّجُلَ بِکَذا: برانگیختہ کرنا۔
اَغریٰ العَداوۃَ بَینَھُم: دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا۔
غاری غِراءً ومُغاراۃً. فُلانًا: سخت جھگڑا کرنا بَیْنَ الشیئینِ: ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا۔
الغَراء والغِراء. ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے۔ جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیئی۔ الغِراءُ: خوبصورتی۔
الغَراء والغَرْوی. خواہش مندی۔ کہا جاتا ہے "لَاغَرْوَ وَلَاغَرْوَیٰ مِنْ کَذا" یعنی اس سے تعجب نہیں۔
الغَرِیُّ. خوبصورت۔ عمدہ عمارت۔
المِغْراۃ. سریش پگھلانے کا آلہ۔
غَزَّ (ن) غَزًّا واغْتَزَّ. بِفُلانٍ: خاص کرنا الابِلَ او الصبیَّ: اونٹ یا بچہ پر نظر بد سے حفاظت کیلئے رنگی ہوئی اون لٹکانا۔
غازَّہٗ مُغازَّۃً: سبقت کرنا۔ جھگڑنا۔
اَغَزَّ. الشَّجَرُ: درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا۔ اَغَزَّتِ البَقَرۃُ: گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا۔
تَغازَّ. القَوْمُ الشَّیْءَ: آپس میں جھگڑا کرنا۔
الغُزّ. جمع۔ ترکوں کی ایک قوم۔ واحد (غُزِّیٌّ)
غَزُرَ (ک) غَزْرًا وغَزارۃً وغُزُرًا. اَلماءُ وغیرہ: پانی وغیرہ کثیر ہونا۔ غَزُرَتِ النَّاقۃُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
تَغَزَّرَ. الرَّجُلُ: زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا۔
غازَرَ واسْتَغْزَرَ. زیادہ لینے کے لیے تھوڑا دینا۔
الغَزْر. س۔ کھجور کے پتوں کی بکری۔
والغَزارۃ. کثرت۔
اَلغَزارُ: باریک کانوں کا پودا جس سے تحریر کے لئے قلمیں بنائی جاتی ہیں۔
الغَزِیْرُ. ہر چیز کا بہت۔ ج غِزار.

الغَزِیْرۃ. مؤنث غَزِیْر مِنَ النُّوقِ: بہت دودھ والی اُونٹنی مِنَ العُیُونِ: بہت آنسوؤں والی آنکھ مِنَ الآبارِ والیَنابیعِ: بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزار
المِغْزار. مِنَ الابِلِ: بہت دودھ والی اُونٹنی۔ مکانٌ (مَغْزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ۔
غَزَلَ (ض) غَزْلًا واغْتَزَلَ. الصُّوفَ: اُون کاتنا۔
غَزِلَ (س) غَزَلًا بالنِّساءِ. عورتوں سے باتیں کرنا۔ عشق بازی کرنا۔ عورتوں کے حسن وجمال کی تعریف کرنا۔
غازَلَ. المَرْأۃَ: عورت سے بات کرنا اور پھسلانا۔ کہا جاتا ہے "غازَلَ فُلانٌ الاَرْبَعِیْنَ مِنَ العُمُرِ" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہوگیا و "ھُوَ یُغازِلُ رَغَدًا مِنَ العَیْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے۔
اَغْزَلَتْ. الظَّبْیَۃُ: ہرنی کا بچے والی ہونا المَرْأۃُ: عورت کا تکلہ گھمانا۔
تَغَزَّلَ. فُلانٌ: بتکلف عشق بازی کرنا۔
تغازَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا۔
الغَزْل. س۔ کاتا ہوا۔
الغَزَل. س۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود۔
الغَزال. ہرن کا بچہ۔ ج غِزَلۃ و غِزْلانٌ.
دَمُ الغَزال. نام ایک نباتات کا۔
الغَزالۃ. غزال کا مؤنث۔ چڑھتے وقت کا سورج غَزالۃُ الضحیٰ وغَزالاتُہٗ: چاشت کی ابتداء۔
الغَزِل. عورتوں سے بات کرنے والا۔ عشق بازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو۔
الغازِلۃ. کاتنے والی۔ ج غُزَّل و غوازِل.
الغِزِّیل. عورتوں سے باتیں کرنے والا۔
الغَزّال. بہت کاتنے والا۔
الاَغْزَل. غَزَل کا اسم تفضیل۔
مِنَ الحُمّیٰ: بار بار آنے والا بخار۔

المِغْزَل والمَغْزَل والمُغْزَل. تکلہ ج مَغازِل.
غَزاہُ یَغْزُوْہٗ غَزْوًا. طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَفْتُ ما یُغْزیٰ مِنْ ھٰذا الکَلامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔
غَزْوًا وغَزاوۃً وغَزَوانًا. القَوْمَ: کسی قوم سے جنگ کیلئے چلنا۔ جہاد کیلئے نکلنا۔
غَزّٰی واَغْزیٰ. فُلانًا: جہاد کیلئے بھیجا جانا۔ سامان دینا؛ برانگیختہ کرنا ہٗ: مہلت دینا۔ مطالبہ کو مؤخر کر دینا۔
اِغْتَزیٰ اِغْتِزاءً. فُلانًا: قصد کرنا بِہٖ: مخصوص کرنا۔
الغَزْوۃ. غزا کا اسم مرۃ۔ ج غَزَوات.
الغازی. فا۔ ج غُزاۃ و غُزًّی و غُزِیٌّ و غُزّاء مؤنث غازِیَۃٌ ج غَوازٍ و غازِیات.
الغَزاۃ. اسم ہے غزو کا ج غَزَوات.
الغِزْوۃ. جس کا قصد کیا جائے۔ جس کو طلب کیا جائے۔
المَغْزیٰ. جنگ کرنا۔ جنگ کرنے کی جگہ۔
مغزی الکلام: مقصد کلام۔ ج مَغازٍ.
المَغازی. غازیوں کے مناقب۔ غازیوں کے افعال۔
اِمْرَأۃٌ (مُغْزِیَۃٌ) عورت جس کا شوہر جہاد میں ہو۔ اَتانٌ اوناقۃٌ مُغْزِیَۃٌ: دیر سے جننے والی گدھی یا اُونٹنی۔
غَسَّ (ن) غَسًّا. فِی البِلادِ: داخل ہونا الکَلامَ: کلام میں عیب لگانا ہٗ فِی الماءِ: پانی میں غوطہ دینا الھِرَّۃَ: بلی کو ڈانٹنا۔ اور غس کہنا۔
اِنْغَسَّ. فِی الماءِ: پانی میں ڈوبنا۔
الغُسُّ. کمزور نالائق۔
غَسَرَ (ن) غَسْرًا. عَلَی الغَرِیْمِ: قرض دار پر سختی کرنا۔
تَغَسَّرَ الغَزْلُ: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔
اُلجھا ہوا ہونا الاَمْرُ: ملتبس ہونا۔ مختلط ہونا۔

صفت (غَسِرٌ)
الغَسَر. جس چیز کو ہوا اُڑا کا تالاب میں ڈال دے۔
اَغسَف. تاریکی میں داخل ہو۔
الغَسَف. تاریکی۔
غَسَقَ(ض) غَسْقًا و غَسَقًا و غَسَقَانًا واَغْسَقَ. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
اَغْسَقَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا
المُؤَذِّنُ: مؤذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔
غَسَقَ (ض) غَسْقًا وغسوقا و غَسِقَ (س) غَسَقَانًا. الماءُ: پانی گرنا الغیمُ: بارش ہونا العَینُ: آنکھ کا ڈبڈبانا۔ اور تاریک ہونا۔
الغَسَق. اوّل شب کی تاریکی۔
الغاسِق. فا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔ الغَسَاق والغَسَّاق. ٹھنڈا۔ بدبودار۔
غَسَل (ض) غَسْلًا و غُسْلًا. الشَّیْ: پانی سے میل کچیل دُور کرنا ہ: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ بہت جماع کرنا۔
غَسَّل. الشَّیْ: دھونے میں مبالغہ کرنا۔ بہت جماع کرنا۔
اِنغَسَل. دُھلنا الشَّیْ: بہنا۔
اِغْتَسَل. نہانا بالطِیْبِ: خوشبو لگانا الفَرَسُ: گھوڑے کو پسینہ آنا۔
الغُسُل والغُسْل. اسم ہے غَسل سے۔
الفُرْدد تنہا جانے والا۔ کہا جاتا ہے جَاءُ وْا
(فُرَادَ وفُرَ ... فُرَادًا وفُرَادٰی)
یعنی اکیلے اکیلے آئے۔ واحد (فَرْدٌ وفَرِدٌ
وفَرِیْدٌ وفَرِد ...)
الفَرِیْد ایک یکتا۔ چھوٹا موتی جو سونے اور
بڑے موتیوں کے بیچ میں ہو۔ موتی۔ نفیس
جوہر ج فَرائِد
الفَرِیْدَة. مؤنث ... نفیس جوہر۔
ریڑھ کی ہڈی کا وہ مہرہ جو دُم کی ہڈی سے ملا ہوا
ہے ج فَرائِد کہا جاتا ہے "... بالفرائد"
یعنی ایسے الفاظ جو فصاحت و بلاغت اور عربی
الاصل ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔
الفَرَّاد. موتیوں کا بیچنے والا۔
المُفْرَد. مع۔ واحد اور اس کے مقابلہ میں جمع
ہے۔ جنگلی بیل۔
المُفَرَّد. مِنَ الذَّهَبِ: موتی لگا کر جدا کیا
ہوا۔
المُفْرِد. فا۔ کہا جاتا ہے "رَاكِبٌ مُفْرِدٌ"
سوار جس کے پاس اپنے اونٹ یا گھوڑے کے
سوا نہ ہو۔
فَرْدَسَهٗ فَرْدَسَةً. پچھاڑ دینا۔ زمین پر پٹک
دینا۔
الفِرْدَوْس. باغ۔ جنت۔ سرسبز وادی (مذکر
ومؤنث) ج فَرَادِیْس. فِرْدَوْسُ النَّعِیْمِ:
ایک جنت کا نام ہے۔
الفَرْدَسَة. س۔ گنجائش۔
المُفَرْدَس. فا۔ کشادہ سینہ والا۔ صَدْرٌ
(مُفَرْدَس) کشادہ سینہ۔
کَرْمٌ مُفَرْدَسٌ اُلٹی لگی ہوئی انگور کی بیل۔
فَرَزَ (ض) فَرْزًا واَفْرَزَ. الشَّیْءَ مِنْ
غَیْرِہٖ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا واَفْرَزَ الصَّیْدُ
الصَّائِدَ: شکار کا شکاری کو فریب سے مارنے کا
موقعہ دینا۔ افرز فُلَانًا بِشَیْءٍ: خاص کرنا اور
کسی کو شریک نہ کرنا۔

فَرَّزَ تفرِزَةً. عَلٰی بِرَاْیِہٖ: قطعی حکم لگانا۔
فَارَزَ. شَرِیْکَهٗ: الگ کرنا۔
اِفْتَرَزَ. الْاَمْرَ: اپنے لوگوں کے مشورہ کے
بغیر فیصلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَرَزَ اَمْرَہٗ
دُوْنَ اَھْلِ بَیْتِہٖ" اس نے اپنے معاملہ میں
اپنے گھر والوں سے مشورہ کئے بغیر فیصلہ کر لیا۔
تَفَارَزَ. الشَّرِیْکَانِ الشِّرْکَةَ: شرکت کو
فسخ کرنا۔
الفَرْز. س۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی دو
ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔
الفَرْزَة. سخت زمین میں شگاف۔
الفَرِز. ٹیلہ کا راستہ۔ ساتھی کیلئے علیحدہ کیا ہوا
حصہ۔ ج اَفْرَاز وفُرُوْز.
الفِرْزَة. جدا کی ہوئی چیز کا ایک حصہ۔
الفُرْزَة. باری۔ فرصت۔ ٹیلہ کا راستہ۔
الفَارِز. فا۔ کَلَامٌ فَارِزٌ صاحب واضح
کلام۔ لِسَانٌ فَارِزٌ: فیصلہ کن زبان۔
الاِفْرِیْز. مِنَ الحَائِطِ: کارنس ج اَفَارِیْز
(دخیل)
الفَرْزَدَق. روٹی جو تنور میں گر پڑے۔ روٹی
کے ٹکڑے۔ گوندھے ہوئے آٹے کے
پیڑے۔ واحد (فَرْزَدَقَة) اور اس کی تصغیر
فُرَیْزِق یا فُرَیْزِد ج فَرَازِق اور قیاس کے
لحاظ سے فَرَازِدُ الفَرَزْدَق: لقب ایک مشہور
شاعر کا۔
تَفَرْزَعَ. الکَلَأُ: گھٹا گھٹا ہونا۔
الفُرْزُع. بنولہ۔
الفُرْزُعَة. فُرْزُع کا واحد۔ گھاس کا گٹھا ج
فَرَازِع.
فَرْزَلَهٗ فَرْزَلَةً. قید کرنا۔
الفِرْزِل. قید۔ ہتھکڑی لگانا۔ لوہا کاٹنے کی
قینچی۔
الفِرْزُل. موٹا آدمی۔
تَفَرْزَنَ. البَیْذَقُ: شطرنج میں پیادہ کا ملکہ بننا۔
الفِرْزَان. شطرنج کی ملکہ ج فرازین
(دخیل)
فَرَسَ (ض) فَرْسًا وافْتَرَسَ. الاَسَدُ

فَرِیْسَتَهٗ: گردن توڑ دینا۔ شکار کرنا۔ فَرَسَ
الذَّبِیْحَةَ رگِ گلو کاٹ دینا۔ گردن جدا کرنا
الشَّیْءَ جدا جدا کرنا۔
فَرَسَ (ض) فِرَاسَةً. بِالعَیْنِ: ظاہر نظر
سے باطن کو معلوم کرنا۔
فَرُسَ (ک) فَرَاسَةً و فُرُوْسَةً و
فُرُوْسِیَّةً شہسواری میں ماہر ہونا۔
فَرَّسَهٗ. الشَّیْءَ. پھاڑنے کیلئے پیش کرنا۔
اَفْرَسَ. عَنْ بَقِیَّتِہٖ مَالٌ: مال لینا اور کچھ باقی
چھوڑ دینا الرَّاعِی: گلے کی حفاظت سے غافل
ہونا فُلَانٌ الاَسَدَ حِمَارَہٗ: اپنی نجات کیلئے
گدھے کو پھاڑنے کیلئے شیر کے سامنے کر دینا۔
تَفَرَّسَ. فِیْہِ: نظر جما کر دیکھنا۔ فِیْہِ الخَیْرَ:
کسی کے اندر علامت سے خیر پہچاننا الرَّجُلُ:
بتکلف شہسوار ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ
لَیْسَ بِفَارِسٍ و لٰکِنَّہٗ یَتَفَرَّسُ فلاں
شہسوار نہیں ہے لیکن وہ شہسوار بنتا ہے۔
الفُرْس وفَارِس. مملکت فارس کے
باشندے ان کے ملک کو (فارس) اور ان کی
زبان کو (الفارِسِیَّة) کہتے ہیں۔
الفَارِسِیُّ. فارس کی طرف نسبت۔ فُرْسٌ
کا واحد۔
الفِرْس. ایک قسم کی گھاس۔
الفَرَس. گھوڑا۔ گھوڑی۔ مذکر کو حصان اور
مؤنث کو حجرٌ کہتے ہیں اور بسا اوقات مؤنث
کے لیے (فرسة) بھی استعمال کرتے ہیں اور
فَرَسٌ کی جمع غیر لفظ سے خیل آتی ہے اور اسی
سے اَفْرَاس ہے۔ تین گھوڑوں کیلئے ثَلَاثَةُ
اَفْرَاسٍ اور تین گھوڑیوں کیلئے ثَلَاثُ اَفْرَاسٍ
کہیں گے اور جمع کثرت فُرُوْس آتی ہے۔ اور
عرب کا قول "هُمَا کَفَرَسَیْ رِهَانٍ" مثل
ہے ان دو شخصوں کیلئے جو کسی ایک مقصد کی
طرف مسابقت کریں اور کوشش اور فضل میں
برابر ہوں۔ فَرَسُ البَحْرِ: ایک دریائی جانور
ہے جو بڑے جسم اور بڑے سر کا ہوتا ہے اور اس
کی ٹانگیں اور دُم چھوٹی ہوتی ہے اور اس کی ہر
ٹانگ میں چار کھر ہوتے ہیں اور اس کو فَرَسُ

النَّهَرِ اور جَامُوسُ النَّحَرِ بھی کہتے ہیں۔

الفُرَیْسَة. تصغیر فَرَسٌ کی مؤنث کیلئے۔

الفُرَیْس. تصغیر فَرَسٌ کی مذکر کیلئے۔

الفَرْسَة. فَرَس کا اسم مرة (والفِرْسَة) پھوڑا جو گردن میں ہوتا ہے۔

الفَارِس. فا۔ گھڑ سوار۔ گھوڑے والا ج فُرْسَان وفَوَارِس اور کہا جاتا ہے "هُوَ فَارِسٌ بِالْاَمْرِ" وہ معاملہ کا جاننے والا ہے۔

الاَفْرَس. شہسواری کا ماہر۔ زیادہ سمجھدار۔

اَبُوْ فِرَاس والفَرَّاس. شیر۔ الفَرَّاس: ذکی۔

الفَرِیْس. مقتول۔ کہا جاتا ہے ثَوْرٌ فَرِیْسٌ و بَقَرَةٌ فَرِیْس ج فَرْسٰی. حلقہ جو رسّی کے سرے پر باندھا جاتا ہے۔

الفَرِیْسَة. فریس کا مؤنث۔ جس کو شیر وغیرہ پھاڑ دیں۔

الفُرَانِس والفِرْنَاس. شیر۔ موٹی گردن والا۔ الفرناس: بہت زیادہ بہادر۔ دیہاتیوں کا چودہری۔ ج فَرَانِسَة.

المَفْرُوْس. گردن کے پھوڑنے والا۔

الفَرُوْس. شیر۔

فَرْسَخَ فَرْسَخَة. الشَّیئُ: کشادہ ہونا۔ (و تَفَرْسَخَ وافْرَنْسَخَ) البَرْدُ او المَرَضُ: سردی یا بیماری کی تیزی کا کم ہونا۔ تَفَرْسَخَ وافْرَنْسَخَ الهم عَنْهُ: غم کا دُور ہونا۔ زائل ہونا۔

الفَرْسَخ. راحت۔ سکون۔ مدت طویل۔ ہمیشہ رہنے والی چیز۔ شگاف۔ فَرْسَخُ الطَّرِیْقِ تین میل ہاشمی۔ اور بقول بعض بارہ ہزار گز اور یہ تقریبًا آٹھ کلومیٹر کے برابر ہوتا ہے ج فَرَاسِخ (کلمہ فارسیہ ہے) سراوِیْلُ (مُطَرْسَخَة) کشادہ شلوار۔

اَلْفِرْسِن. اُونٹ کے کھر کا کنارہ (مؤنث) ج فَرَاسِن.

رَجُلٌ (مُفَرْسَنُ) الوَجْهِ: پُر گوشت چہرہ والا مرد۔

فَرَشَ (ن ض) فَرْشًا وفِرَاشًا. الشَّیئَ: بچھانا فُلَانًا اَمْرًا: کشادہ کرنا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا الْاَمْرَ: پھیلانا عَنْهُ: ارادہ کرنا۔ تیار ہونا۔

فَرُشَا. النَّبَاتُ: نباتات کا زمین پر پھیلنا۔

فَرَّشَ. فُلَانًا بِسَاطًا: کسی کیلئے بچھونا بچھانا۔

فَرَّشَ الدَّارَ: فرش لگانا۔ اینٹ اور پتھر بچھانا الزَّرْعُ: پھیلنا اور پتوں کا بڑھنا الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔

اَفْرَشَهُ. بِسَاطًا: کسی کیلئے بچھونا بچھانا۔

اَفْرَشَ السَّیْفَ: تلوار کی دھار کا پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔ الشَّجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنی والا ہونا۔ عَنْهُ: علیحدہ ہونا۔ دُور ہونا الرَّجُلُ: غیبت کرنا اور بُری بات کہنا المَكَانُ: زیادہ پڑنے والا ہونا الشَّاةَ لِلذَّبْحِ: زمین پر ذبح کرنے کیلئے لٹانا الرَّجُلُ: بچھونے والا ہونا۔

تَفَرَّشَ. الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔

اِفْتَرَشَ. ذِرَاعَیْهِ: بازو پھیلانا الشَّیْءَ: روندنا الطَّرِیْقَ: چلنا الرَّجُلُ: پچھاڑنا اِثْرَ فُلَانٍ: پیچھا کرنا عِرْضَهُ: بے عزتی کرنا الشَّجَّةُ الدماغ: بغیر ٹوٹنے کے پھٹنا المَالَ: غضب کرنا الشَّیْءُ: پھیلنا۔

الفَرْش. مص۔ بچھونا۔ کشادہ زمین چھوٹے چھوٹے درخت چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔ چھوٹے چھوٹے اُونٹ (اور اس معنی کے لحاظ سے جمع نہیں) جھوٹ۔ کھیتی۔ جبکہ اس کے تین پتے نکل آئیں۔ وہ جگہ جہاں بکثرت نباتات ہوں۔ گائے بکری جو ذبح کے قابل نہ ہوں۔

الفَرْشَة. فَرَش کا اسم مرة عِنْدَ العَامَّةِ: بچھونا۔

الفِرْشَة. بچھانے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے هُوَ حَسَنُ الفِرْشَةِ یعنی وہ اچھی حالت میں بچھا ہوا ہے۔

الفَرَاش. زمین پر خشک شدہ کیچڑ مِنَ النَّبِیْذِ: شراب کے بلبلے۔ زبان کے نیچے دو سرخ رگیں یا دو لوہے جس سے لگام کو باندھتے ہیں الفَرَاش من الرِّجَالِ: بہت ہلکا پھلکا مرد۔

الفِرَاش. بچھونا۔ گھونسلہ۔ منہ کی جڑ میں زبان کی جگہ۔ ج اَفْرِشَة وفُرُوْش.

الفَرَّاش. بہت بچھانے والا۔

الفَرَاشَة. پتلی ہڈی یا پتلا لوہا۔ تھوڑا پانی مِنَ القُفْلِ: تالے کا جھڑ۔ کندھوں کا اُٹھا ہوا حصہ اور (فَرَاشُ الدِمَاغِ) کا واحد ہے اور فَرَاشُ الدِمَاغِ ان پتلی پتلی ہڈیوں کو کہتے ہیں کہ جو کھوپڑی تک پہنچتی ہیں۔ الفَرَاشَة: پروانہ۔ اوچھی طبیعت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلَّا فَرَاشَةٌ" اور یہ حقارت اور خست کے لیے مثل ہے ج فَرَاش.

الفَرِیْش. مِنَ النَّبَاتِ: زمین پر پھیلی ہوئی بیل۔ گھوڑی جس نے حال ہی میں بچہ دیا ہو۔ ج فَرَائِش.

المِفْرَاش. بچھونا۔

المِفْرَشَة. کجاوہ پر بچھانے کا چھوٹا سا بچھونا۔ ج مَفَارِش.

المُفَرَّش. بعض کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مُفَرَّشٌ" بغیر کوہان کے اُونٹ۔

فَرْشَحَ فَرْشَحَةً وفَرْشَحَی. ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ڈھیلے طریقہ سے رانوں کو زمین سے ملا کر بیٹھنا۔ قریب قریب کودنا۔

الفِرْشَاح. بے بارش کا بادل۔ بے ڈول بلند عورت۔ چوڑا کھر۔ کشادہ زمین (الفِرْشِیْح) عضو تناسل۔

فَرَصَ (ن) فَرْصًا. الشَّیْءَ: کاٹنا۔ الجِلْدَ: چیرنا۔ پھاڑنا الفُرْصَةَ: فرصت پانا۔

فَرَصَ (ض) فَرْصًا. الرَّجُلَ: رگ گلو پر مارنا۔ شانہ کے گوشت پر مارنا۔

فُرِصَ فَرْصًا وفَرَصًا. شانہ کے گوشت میں درد ہونا۔

فَرَّصَ. النَّعْلَ: جوتے پر لوہے کی نوک سے منقش کرنا۔

فَارَصَهُ مُفَارَصَةً. فِي الشَّیْءِ: نوبت بنوبت کرنا۔

اَفْرَصَتْهُ الفُرْصَةُ. فرصت ملنا۔ اَفْرَص وتَفَرَّصَ الفُرْصَةَ: مہلت پانا۔

تَفَارَصَ. القَوْمُ البِئْرَ: قوم کا کنوئیں پر

باری باری آنا۔
اِفترص. الفُرصَة: موقع پانا۔ فرصت کو غنیمت جاننا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لَا یفترِصُ اِحْسانَه وبِرّه" یعنی فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا ہے۔
تفارِص. الفرصَة: باری اور یہ اسم ہے۔ القَوْمُ البِئر: کا۔ کہا جاتا ہے جَاءَ تْ فُرْصَتُكَ مِنَ السَقِي: یعنی تمہاری باری آئی۔ وقت مناسب اِنتَهز الفرْصة: فرصت کو غنیمت جاننا۔ ج فُرَص.
الفُرْصَة والفِرْصَة والفَرْصَة: اُون یا رُوئی کا ٹکڑا۔
الفَرِیص. پانی کا شریک کہتے ہیں "هُوَ فَرِیصی" گلے کی رگیں۔ واحد (فَرِیصَة) ہے۔
الفَرِیْصَة. باری۔ پہلو اور مونڈھے یا پستان اور مونڈھے کے درمیان کا گوشت جو خوف کے وقت اُچھلنے لگتا ہے۔ کہا جاتا ہے ارتعدت فریصة یعنی بہت گھبرایا "هو ضَخم الفَرِیْصَتِهِ" یعنی وہ جری و بہادر ہے۔ ج فَرِیْص و فَرَائِص.
المِفْرَص. لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِص.
المِفْرَاص. لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِیْص.
الفِرْصَاد. سرخ رنگ۔ توت یا توت کا درخت۔
والفِرْصِد والفِرْصِیْد. انگور کا بیج۔
فَرَض (ض) فَرْضًا. الخَشْبَةَ وفِیْهَا: لکڑی کاٹنا، چھیدنا الْاَمْرُ: فرض کرنا۔ معین کرنا۔ لَهُ كَذَا فِی الدِیْوَان: عطیہ دینا۔ تنخواہ مقرر کرنا لِفُلَانٍ كَذَا: فرض مقرر کرنا لَهُ: وقت معین کرنا اللّٰهُ الاَحْكَام عَلٰی عِبَادِهٖ: واجب ٹھہرانا۔
فَرِضَتْ (ض) و فَرُضَتْ (ک) فُرُوْضًا وفَرَاضَةً. البَقَرَةَ: گائے کا عمر رسیدہ ہونا۔ صفت (فَارِض)
فَرُض (ک) فَرَاضَةً عِلمِ فرائض کا جاننے والا ہونا۔
فَرَّضَ. الخَشْبَة: لکڑی میں سوراخ کرنا۔ الْاَمْرُ: واجب کرنا۔
اَفْرَضَ. فُلَانًا شَیْئًا: دینا لِفُلَان كَذَا: فرض قرار دینا۔ اَفْرَضَتِ الماشِیَةُ: نصاب کو پہنچنا۔ زکوۃ کے قابل ہونا۔
اِفْتَرَضَ. اللّٰهُ الاَحْكَام عَلٰی عِبَادِهٖ: واجب ٹھہرانا القَوْمُ: قوم کا ختم ہو جانا الجُنْدُ: فوج کا تنخواہ لینا۔
الفَرْض. س مِنَ القَوْسِ: چلہ کمان کی جگہ۔ ج فِرَاض. الفَرْض: اللہ کا بندوں پر مقرر کیا ہوا قانون۔ اپنے پر لازم کی ہوئی چیز عَلَیْهِ: تنخواہ۔ تنخواہ دار فوج ج فُرُوْض وفِرَاض.
الفُرْض: کاٹ۔
الاِفْتِرَاضُ منطقیوں کے نزدیک۔ قضایا کے برعکس طرق میں سے ایک طریق۔
الفُرْضَة. مِنَ النَهرِ: دریا کا دہانہ۔ لکڑی جس میں دروازہ کی چول ہو مِنَ البَحْرِ: بندرگاہ مِنَ القَوْسِ: کمان کا سرا جو تانت لگانے کیلئے کاٹا جائے مِنَ الدوَاةِ: دوات میں سیاہی کی جگہ۔ فُرْضَته الجَبلِ: پہاڑ کے وسط کی پست جگہ۔ ج فُرَض و فِرَاض.
الفِرَاض: کپڑا۔ دریا کا دہانہ۔
الفَارِض. فا۔ موٹا۔ پرانا ج فُرَّض مؤنث فَارِضَة ج فَارِضَات وفَوَارِض.
والفَرَضِی والفَرِیْض والفَرَّاض عِلم فرائض کا جاننے والا۔
الفَرِیضَة. فرض۔ زکوۃ۔ مقرر کردہ حصہ۔ ج فَرَائِض عِلْمُ الفَرائِض وہ علم جس میں وارثین کے حصص بیان کئے جائیں۔
اَصْحَابُ الفَرَائِض وہ ورثہ جن کے حصے مقرر ہیں۔
المِفْرَاض والمِفْرَض. کاٹنے کے اوزار۔
المَفْرُوْض. س اللہ کا حکم جو بندوں پر واجب ہو۔ کاٹا ہوا۔ محدود۔
الفِرْضِم بوڑھی بکری۔
فَرَطَ (ن) فُرُوْطًا. آگے بڑھنا۔ مقدم ہونا فَرْطًا فِی الاَمْرِ کوتاہی کرنا۔ فرط منه القول بغیر سمجھے بوجھے کہنا مِنْه شَیٌ جاتا رہنا عَلَیْهِ فِی القَوْلِ پیش دستی کرنا اور حد سے گزرنا فَرَطَ عَلٰی فُلَانٍ جلدی کرنا اور تکلیف دینا۔ فَرَطَ غالب ہونا۔ فَرَطَ اِلَیْهِ رَسُوْلًا قاصد بھیجنا اور جلدی کرنا وَلَدًا: چھوٹا بچہ مرنا۔
فَرَطَ (ن ض) فَرْطًا وفَرَاطَةً القَوْمَ: گھاس پانی کی طرف قوم سے پہلے جانا۔ صفت (فَارِط) جمع فَارِطُوْن وفُرَّاط.
فَرَّطَ. الشَیَٔ و فِی الشَیٔ ضائع کرنا۔ متفرق کرنا فِی الشَیٔ کوتاہی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ فَرَّطَهٗ چھوڑ دینا اور آگے بڑھ جانا۔ مدح یا ہجو کرنا اور حد سے گزرنا عَنْهُ مہلت دینا۔
اِلَیْهِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا اللّٰهُ عَنْه مَا یَكْرَهُ دور کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
اَفْرَطَ. جانب زیادتی اور حد سے بڑھ جانا۔ جلدی کرنا رَسُوْلًا قاصد بھیجنا الاَمْرَ: بھولنا اور چھوڑنا الِانَاءَ: برتن کو لبالب بھرنا بِیَدِهٖ اِلٰی السَیْفِ لیستلّه: تلوار کھینچنے میں جلدی کرنا عَلٰی الرَجُلِ: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا فُلَانٌ وَلَدًا نابالغ بچے کا وفات پانا۔ الشَیَٔ بھولنا۔ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَفْرَطَ مِنْهُمْ اَحَدًا" یعنی کسی کو نہیں چھوڑا۔
فَارَطَهٗ فِرَاطًا ومُفَارَطَةً. سبقت لے جانا۔ پالینا۔
تَفَرَّطَ. الشَیٔ: وقت گزر جانا الفَرَسُ الخَیْلَ گھوڑے کا سابق ہونا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَفَارَطَ. آگے بڑھنا القَوْمَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا الشَیٔ: وقت کا جاتا رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَارَطَتِ الصَلَاةُ عَنْ وَقْتِهَا" یعنی نماز اپنے وقت سے مؤخر ہو گئی تَفَارَطَتْه الهُمُوْمُ: غموں کا لاحق ہونا۔

اِنْفَرط. کھلنا۔
اِفْترَط. وَلَدًا : چھوٹے بچے کا مرنا۔
اِلَیْهِ فِیْ الْاَمرِ : آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُفْتَرط اِحْسَانُه" یعنی فلاں کے احسان کے فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا۔

الفَرْط. س۔ افراط کا اسم ہے۔ ٹیلہ کا سرا۔ پہاڑی کی چوٹی۔ راستہ کا نشان۔ ج اَفْرُط واَفْرَاط الفَرْط : وقت اور کہا جاتا ہے اَتَیْتُه فرْطًا : میں اس کے پاس چند دن کے بعد آیا اور یہ پندرہ دن سے زائد اور تین دن سے کم نہیں ہوتا۔ آتِیْكَ فِرْط یَوْمٍ اَو یوْمَیْنِ یعنی ایک یا دو دن کے بعد آوں گا "وَلَا اَلْقَاه اِلَّا فِیْ الفَرْط" یعنی چند ایام میں ایک مرتبہ ملوں گا۔

الفُرْط. دامن کوہ۔

اَفْرَاط. الصَباحِ : صُبح کی پہلی شعاعیں۔

الفَرْطَ. پانی کی طرف قوم سے آگے بڑھنے والا۔ اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَرَطٌ قَوْمٌ فَرَط اور اسی سے ہے "اَنَا فَرَطکم عَلٰی الحَوْضِ" الفَرْطَ : پہلا پہنچا ہوا اجر۔ جلد بازی۔ وہ کام جس میں کوتاہی کی جائے۔ نابالغ بچہ۔ کہا جاتا ہے "سَبَقَهٗ فَرَطٌ کَثِیْرٌ" نابالغ بچے مر گئے اور مردہ بچہ کے جنازہ کی دُعائیں۔ کہتے ہیں ((اللّٰهُمَّ اَجْعَلْهٗ لَنَا فَرَطًا)) یعنی اے اللہ اس کو ہمارے لیے اَجر بنا دے جو ہم سے پہلے پہنچ جائے۔

الفُرْط. چھوڑا ہوا کام۔ حد سے گزرا ہوا، حد سے تجاوز، ظلم و زیادتی۔ تیز گھوڑا جو سارے گھوڑوں سے بڑھ جائے۔

الفَرْطَة والفُرْطَة. نکلنا اور آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ فَرْطَةٍ فِیْ الْبِلَاد" یعنی بہت سفروں والا ہے۔

الفُرَاطَة والمَاءُ الفُرَاط. پانی جو چند قبیلوں کے درمیان مشترک ہو اور جو پہلے پہنچ جائے اسی کا ہو جائے۔ بِئْرٌ فُرَاطَةٌ : بھی کہا جاتا ہے یعنی مشترک کنواں تکلَّمَ فِرَاطًا : بے سمجھے بوجھے بولا۔

مَفَارِطُ. البِلَاد : اطراف بلاد۔

فَرْطَحَ فَرْطَحَة. الشَّیَٔ : چوڑا کرنا۔

رَاسٌ فِرْطَاح ومفْرطَح: چوڑا سر۔

فَرْطَسَ. الخنزیْر: ناک لمبی کرنا۔

فُرْطُوْسَة وفِرطِیْسَة. سور کی ناک۔

الفِرْطِیْسَتُه : ناک کا بانسہ۔ ج فَرَاطِیْس.

الفِرْطَاس. چوڑا۔

فَرَعَ (ف) فَرْعًا وفُرُوْعًا. الجَبَل : پہاڑ پر چڑھنا الوَادِی : وادی میں اُترنا الارض : زمین میں چکر لگانا القَوْمُ : قوم سے شرافت اور جمال میں فائق ہونا الفَرَسَ باللجام : گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا رَاسَهٗ بالعَصَا : سر پر لاٹھی مارنا بَیْنَ القَوْم : روک بن جانا یا اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوَّلُ صَیْدٍ فَرَّعَهٗ" پہلا شکار ہے جس کا خون گرایا گیا ہے۔

فَرِعَ (س) فرعًا. کثرت سے بالوں والا ہونا۔ صفت (افرع) مؤنث فَرْعَاءُ ج فُرْعٌ.

فَرَّعَ. فِیْ الجبل : پہاڑ پر چڑھنا۔ مِنَ الجَبَل : پہاڑ سے اترنا بَیْنَهُمْ تفریق کرنا المَسَائِلَ مِنْ هذَا الاصْلِ : فروع کا استنباط کرنا فِی الْاَرْض : زمین میں چکر لگانا۔

اَفْرَع. مِنَ الجَبَلِ : پہاڑ سے اُترنا بِالقَوْمِ: قوم کے پاس نازل ہونا الشَّیُٔ : طویل و بلند ہونا الاَمر : شروع کرنا اللجامُ الفَرَسِ : لگام کا گھوڑے کو لہولہان کرنا۔ اَفْرَعَتِ الضبع الغَنَم او فِیْ الغَنَمِ : بجو کا بکریوں میں تباہی ڈالنا اور خون آلود کرنا۔ اَفْرَعَتِ الاِبِلُ : اُونٹنی کا پہلا بچہ جننا القَوْمُ مِنْ سَفَرِهِمْ : وقت سے پہلے سفر سے واپس آنا۔ الاَرْضَ : زمین میں چکر لگانا الفَرْعَةَ : پہلا بچہ ذبح کرنا اَهْلَه : کفیل ہونا۔ حَاجَتَهٗ او سَفَرَهٗ : شروع کرنا (اُفْرِعَ) بِفُلَان : پکڑا جانا اور قتل کیا جانا۔

فَارَعَهٗ. کفایت کرنا اور انگیز کرنا۔

اِفْتَرَعَ. البِکرَ : بکارت زائل کرنا۔

تَفَرَّعَ. القَوْمُ : گالی دینا۔ فائق ہونا۔ الشَّیَٔ : بلند ہونا۔ تفَرَّعَتِ الاَغْصَانُ : ٹہنیوں کا بہت ہونا المَسَائِل : اصول سے متفرع ہونا الشَّیُٔ عَلٰی الشَّیِٔ : مترتب ہونا۔ مبنی ہونا۔

اِسْتَفْرَعَ. الشَّیَٔ : شروع کرنا الرَجُلُ: پہلے بچہ کو ذبح کرنا۔

الفَرْع. س۔ مِنَ کُلِّ شَیْٔ : اوپر کا حصہ جو اصل سے نکلا ہو جیسے فَرْعُ الشَجَرَةِ : منفعت بخش مال۔ الفَرْع فِیْ المَسَائِلِ العِلْمِیَة : مسائل مستنبط جو کسی اصل سے نکلے ہوں۔ فَرْعُ المَرْاَةِ : عورت کے بال فَرْعُ القَوْمِ. سردار رئیس۔ فَرْع الاُذُن : کان کا اوپر کا حصہ ج فُرُوْع. الفَرْع : جوئیں واحد (فَرْعَةٌ) اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَه عَلٰی فَرْعَیْ اَلیَتَیْه" چوتڑ کے اس حصے پر جو بیٹھنے میں زمین پر لگتا ہے۔ الفَرْعُ : گھاٹی کی طرف پانی بہنے کی جگہ ج فراع.

الفَرَع. اُونٹ یا بکری کا پہلا بچہ۔ جوئیں واحد (فَرَعَةٌ) تقسیم۔ کہا جاتا ہے تَرَاضَوْ بالفَرَع یعنی تقسیم پر راضی ہو گئے۔

الفَرْعَة. راستہ کی بلندی۔ پہاڑ کی چوٹی ج فِرَاع.

الفَارِع. فا۔ خوبصورت۔ بلند۔ پست۔

الفَارِعَة. مؤنث فَارِع. فَارِعَةُ الجَبَل: پہاڑ کا بلند حصہ۔ ج فَوَارِع (فَارِعَةُ الطَرِیْق و فرعاؤُه) راستہ کی بلندی۔

المِفْرَع. لوگوں کے درمیان صلح کرانے والا ج مَفَارِع.

المُفْرِع. ہر چیز کا طویل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُفْرِعُ الکتف" یعنی فلاں چوڑے اور بلند مونڈھے کا ہے۔

فَرْعَنَ فَرْعَنَةً. الرَجُلُ : تکبر کرنا۔ چالاک ہونا۔

تَفَرْعَنَ. النَبَاتُ : لمبی اور قوی ہونا فُلَانٌ عَلَیْنَا : سرکشی اور ظلم کرنا۔ فراعنہ کے اخلاق

کو اختیار کرنا۔
فِرْعَوْن و فُرْعُوْن و فُرْعَوْن، مصر کے بادشاہ کا لقب۔ شریر۔ سرکش۔ ج فَرَاعِنَه۔
فَرَغَ (ف.ن) و فَرِغَ (س) فَرَاغًا وفُرُوْغًا۔ مِنَ العَمَلِ :کام سے خالی ہونا۔ لَهُ و اِلَيْهِ :قصد کرنا الرَّجُلُ فُرُوْغًا :مرنا۔
فَرَغَ دَمُهُ :رائیگاں جانا، مطالبہ نہ کیا جانا مِنَ الشَّئُ :پورا کرنا۔ تمام کرنا الظَّرْفُ :برتن کا خالی ہونا (فَرْغًا) عَلَيْهِ الْمَاءَ :گرانا۔
فَرُغَ (ک) فَرَاغَةً :رنجیدہ ہونا۔ گھبرانا۔ فَرُغَتِ الطَّعْنَةُ :وسیع ہونا۔ صفت (فَرِيْغَة)
فَرَغَ (س) فَرَاغًا۔ الْمَاءُ :پانی کا گرنا۔
اَفْرَغَ وفَرَّغَ۔ الْمَاءَ :پانی گرانا الاِنَاءَ :برتن خالی کرنا الدِّمَاءَ :خون بہانا۔ کہا جاتا ہے " فَرِّغَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الصَّبْرَ" یعنی اللہ اس کو صبر دے۔ افرغ الذهبَ و نحوَه: سانچے میں ڈھالنا۔
تَفَرَّغَ۔ کام سے خالی ہونا الْأَمْرَ :کوشش کرنا۔
اِفْتَرَغَ۔ الْمَاءَ :اپنے اوپر پانی گرانا۔
اِسْتَفْرَغَ۔ قے کرنا مَجْهُوْدَهُ لِكَذَا : طاقت صرف کرنا۔
الفَرْغ۔ برتن کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ طَعْنَةٌ ذَاتُ فَرْغٍ" یہ نیزے کا زخم چوڑا ہے۔ قحط زدہ زمین۔ ج فُرُوْغ۔
الفِرْغ۔ فراغت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ فِرْغًا او فَرْغًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔
الفَرِغ۔ فارغ۔
الفِرَاغ۔ ڈول کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے۔ برتن۔ بڑا پیالہ۔ جانور کے ایک طرف کا بوجھ۔ چوڑا نیزہ۔ کشادہ رفتار کا جانور ج اَفْرِغَة۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فِرَاغٌ" یعنی تیز رفتار وسیع القدم مرد۔
الفَرِيْغ۔ چوڑا۔ ہموار زمین۔ کشادہ رفتار جانور ج فِرَاغ۔ رَجُلٌ فَرِيْغٌ :تیز زبان مرد۔
طَرِيْقٌ فَرِيْغٌ کشادہ راستہ۔ ضَرْبَةٌ فَرِيْغٌ و فَرِيْغَةٌ :تلوار کا کشادہ زخم جس سے خون بہے۔
الفَرِيْغَة۔ مؤنث فَرِيْغ۔ زیادہ پانی کا چھاگل۔
الاَفْرَغ۔ فارغ۔ مؤنث فَرْغَاء طَعْنَةٌ فَرْغَاء کشادہ زخم۔
الفَرْغَان۔ کشادہ برتن۔
دِرْهَمٌ (مُفْرَغ ومُفَرَّغ) سانچہ میں ڈھلا ہوا جس پر ٹھپہ نہ ہو۔
فرس (مُسْتَفْرِغ) بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
اِنْفِرَاغ: بجلی والا جسم۔ نہ باتہ جسم بجلی کی لہر کا ہلکی گیس میں گزرنا۔
الفَرْفَح۔ نرم و چکنی زمین۔
اَلْفَرْفَحِيْنُ: ایک سبزی کا نام جو کھائی جاتی ہے۔
الفُرْفُخ۔ لمبے پروالا۔ گیہوں کا چھلکن۔
الفُرَافِص والفُرَافِصَة۔ مضبوط شیر۔
فَرْفَرَ فَرْفَرَةً۔ تیز چلنا اور قدم قریب قریب رکھنا البَعِيْرُ :بدن کو جھاڑنا الرَّجُلُ فِي كَلَامِهِ :خلط ملط کرنا اور بڑھانا الشَّئَ: جھاڑنا اور حرکت دینا۔ توڑنا الذِّئْبُ الشَّاةَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الرَّجُلَ :غیبت کرنا بے عزت کرنا فُلَانًا :فریاد کرنا۔ فَرْفَرَ الفَرَسُ اللِّجَامَ :سر سے علیحدہ کرنے کے لیے حرکت دینا۔
الفِرْفِر والفُرْفُر۔ چڑیا۔
الفِرْفِر والفُرْفُر والفُرَافِر والفُرْفُوْر شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔ بھیڑیا بکری یا جنگلی گائے کا بچہ۔ جوان لڑکا۔ الفُرَافِر :بیوقوف بہت بکواس کرنے والا۔
الفَرْفَر :گھوڑا اپنے منہ میں لگام کو حرکت دینے والا۔
الفِرْفَار۔ ایک درخت ہے جس سے پیالے بنائے جاتے ہیں اور جو آگ سے کم جلتا ہے۔
الفُرْفَار۔ شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔
فَرَقَ (ن ض) فَرْقًا و فُرْقَانًا۔ بَيْنَهُمَا: جدا کرنا البَحْرَ :سمندر کو پھاڑنا (فَرْقًا) الشَّعْرَ :بال میں مانگ نکالنا الطَّائِرُ :پرندہ کا بیٹ کرنا۔
فَرَقَ (ن) فُرُوْقًا۔ لَهُ الطَّرِيْقُ :راستہ کا واضح ہونا الْأَمْرُ لِفُلَانٍ :روشن ہونا۔
فَرَقَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دردزہ والی ہونا۔ لَهُ عَنِ الشَّئِ: ظاہر کرنا۔
فَرِقَ (س) فَرَقًا۔ مِنْهُ :گھبرانا۔ کہا جاتا ہے " فَرَقٌ خَيْرٌ مِنْ حُبٍّ" خوف محبت سے بہتر ہے۔ یعنی تم سے لوگوں کا خائف رہنا تمہارے ساتھ محبت کرنے سے بہتر ہے۔
فَرِقَ الرَّجُلُ: موج میں داخل ہونا۔
اَفْرَقَ۔ الطَّائِرُ :پرندہ کا بیٹ کرنا۔ الطَّائِرَ :پرندہ سے بیٹ کرانا الْمَرِيْضُ مِنْ مَرَضِهِ :مریض کا صحت یاب ہونا۔ غَنَمَهُ :بکریوں کو ضائع کر دینا۔ کھو دینا۔
فَرَّقَ تَفْرِيْقًا و تَفْرِقَةً۔ الشَّئَ :جدا جدا کرنا الرَّجُلَ۔ خوف دلانا شَعْرَهُ بِالْمُشْطِ: کنگھے سے مانگ نکالنا۔
فَارَقَهُ فِرَاقًا ومُفَارَقَةً۔ جدا ہونا۔
فَرَّقَ تَفَرُّقًا وتِفِرَّاقًا واِفْتَرَقَ وتَفَارَقَ۔ ضد ہے تَجَمَّعَ اور اِجْتَمَعَ وتَجَامَعَ کی کہا جاتا ہے " تَفَرَّقَتْ بِهِمُ الطُّرُقُ" یعنی ہر ایک ایک راستہ کو ہولیا۔
اِنْفَرَقَ۔ عَنْهُمْ :جدا ہونا لَهُ الطَّرِيْقُ: راستہ کا واضح ہونا۔
الفَرْق۔ مص۔ مانگ۔ کتان۔
الفِرْق۔ لڑکوں کا گروہ۔ قسم۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ بکری وغیرہ کا گلہ۔
الفَرَق۔ مص۔ گھبراہٹ۔ مانگ۔ صبح یا ابتداءِ صبح ج اَفْرَاق واَفْرُق۔ الفَرَقُ دو دانتوں کا فاصلہ فِي الخَيْلِ :گھوڑے کی ایک سرین سے دوسرے کی بلندی اور یہ غیر محبوب ہے۔
الفُرْقَان۔ مص۔ ہر وہ چیز جس سے حق و باطل کے درمیان فرق ہو۔ دلیل۔ مدد صبح (يَوْمُ الفُرْقَان) جنگ بدر کا دن۔
والفُرُق۔ توراۃ۔ قرآن۔ الفَرْق ناپنے کا ایک برتن۔

الفِرْقَة. لوگوں کی ایک جماعت ج فِرَق.
الفُرقَة والفِرَاق. جدائی۔
الفَرَق والفِرق والفَارُوْق والفُرُوق والفُرُوْق. بہت گھبرانے والا۔ مؤنث فَرِقَةٌ وفَرُوْقَةٌ. نَبْتٌ فَرِقٌ: متفرق نباتات یا چھوٹے چھوٹے جو زمین کو نہ ڈھکیں۔
الفَرُوْقَة والفَرُوْقَة والفَارُوْقَة (مذکر و مؤنث) بہت گھبرانے والا۔ بزدل۔
الفَرِيْق. ریوڑ۔ فرقہ سے بڑی جماعت۔
فَرِيْقُ الخَيْل: آگے بڑھنے والا گھوڑا ج اَفْرِقَاء واَفْرِقَةٌ وفُرُوْق.
الفَرِيْقَة. بکریوں کا ریوڑ۔ ایک قسم کا کھانا جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔
الاَفْرَق. مانگ والا جس کے داڑھی کے بال یا پیشانی کے بال میں مانگ ہو۔ جس کے دانت جدا جدا ہوں۔ دِيْكٌ اَفْرَق: مرغ جس کی کلغی شاخ شاخ ہو۔ تَيْسٌ اَفْرَق: مینڈھا کہ جس کے سینگوں میں دوری ہو۔ مؤنث فَرْقَاء.
الفَارِق. فا۔ مؤنث۔ فَارِقَةٌ ج فَوَارِق و فارقات: ابر کا ٹکڑا جو ابر سے جدا ہو۔ دردِ زہ میں مبتلا اُونٹنی ج فَوَارِق وفُرَّق وفُرُق وفُرَّاق.
الفَارِق. ہر وہ چیز جو حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والی ہو۔
الفَارُوْق. وہ شخص جو اُمور میں فیصلہ کرے۔ لقب خلیفہء دوم (رض) کا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ (تَفَارِيْق) مَتَاعِه": یعنی اس نے متفرق سامان کو اکٹھا کیا۔ "واَخَذَ حَقَّه بالتَفَارِيْق" یعنی اس نے اپنا حق تھوڑا تھوڑا کر کے لیا۔
المَفرِق والمَفرَق. مِنَ الطَرِيْق: راستہ کا وہ حصہ جہاں سے مختلف راستے نکلیں۔
مِنَ الشَعْرِ: مانگ ج مَفَارِق. کہا جاتا ہے وَقَّفَهُ عَلى مَفَارِقِ الحَدِيْثِ یعنی اس نے بات کی وجوہ واضحہ سے واقف کیا۔
الفَرْقَد. قطب شمالی کے قریب ایک روشن ستارہ کا نام اور اسی کے پہلو میں ایک دوسرا ہے جو اس سے کم روشن ہوتا ہے اور یہ دونوں فَرْقَدَان کہلاتے ہیں۔
مِنَ الاَرْض: سخت ہموار میدان۔
الفُرْقُد: نیل گائے کا بچہ ج فَرَاقِد.
فَرْقَع فَرْقَعَةً وفِرْقَاعًا. تیز دوڑنا۔ گوز کرنا۔ صفت (فِرْقَاعٌ) الاَصابعَ: انگلیاں چٹخانا فُلاَنًا: گردن مروڑنا۔
تَفَرْقَع. انگلیوں کا چٹخنا۔
اِفْرَنْقَع. انگلیوں کا چٹخنا عَنْهُ: دور ہونا۔ یکسو ہونا۔
الفُرْقُعَة. دُبر۔
فَرَكَ (ن) فَرْكًا. الثَوْبَ: کپڑے کو ملنا۔ الشَيْئَ عَنِ الثَوْبِ: کھرچنا الجَوْزَ ونَحْوَهُ: اخروٹ وغیرہ کو مل دل کر چھلکا اُتارنا۔
فَرِكَهُ (س) فَرْكًا وفِرْكًا وفُرُوْكًا و فِرِكَّانًا. بغض رکھنا۔ اور کہا گیا ہے کہ زوجین کے ساتھ مخصوص ہے۔
فَرِكَتْ (س) فَرَكًا. الاُذُنُ: کان کی جڑ کا ڈھیلا ہونا۔ صفت (فَرِكَةٌ وفَرْكَاءُ)
فَرَّكَهُ. ملنے میں مبالغہ کرنا۔
فَارَكَهُ مُفَارَكَةً. چھوڑنا۔
اَفْرَكَ. السُنْبُلُ: ملنے کے قابل ہونا۔
تَفَرَّكَ. چال یا گفتگو میں اٹکنا۔
(واِنْفَرَكَ) ملا جانا۔ کہا جاتا ہے "اِنْفَرَكَ مَنْكِبُ فُلاَن" یعنی فلاں کا مونڈھا اکھڑ گیا۔
اِسْتَفْرَكَ. الحَبُّ فِي السُنْبُلَةِ: دانہ کا خوشہ میں سخت اور موٹا ہونا۔
الفِرْك. بغض۔ بغض زوجین۔
الفَرِك. چھلکا اُتارا ہوا۔ کہا جاتا ہے لَوْزٌ فَرِكٌ.
الفَارِك. فا۔ اِمْرَاةٌ فَارِكٌ: شوہر سے بغض رکھنے والی ج فَوَارِك.
الفَرُوْك. بغض رکھنے والا۔ شوہر سے بغض رکھنے والی عورت۔
الفَرِيْك. ملا ہوا دانہ۔ غلہ جو ملا جائے اور گھی ملا کر پکایا جائے۔
المَفْرُوْك. مع مِنَ الابل: وہ اُونٹ جس کے مونڈھے کی ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہو اور مونڈھا چھد گیا ہو مِنَ الثِيَاب: بہت گہرا رنگا ہوا کپڑا۔
اَلفَرِيْكِيَّة: وہ کھانا جو چھلکا اتارے ہوئے دانوں سے بنایا جائے (دلیا)
المُفْرَك. مع۔ چھوڑا ہوا۔ مبغوض۔
اَلمَفْرُوكَة: وہ حلوہ جو میدہ، گھی اور چینی سے بنایا جائے اور اس پر چلغوزے اور بادام بکھیر دیئے جائیں۔
اَفْرَمَ. الاِنَاءَ. برتن کو بھرنا۔
الاَفْرَم. گرے ہوئے دانت والا۔
فَرَمَ يَفْرِمُ. گوشت کاٹنا۔ فَرَّمَ الْوَلَدُ: بچوں کے دانت تبدیل ہونا۔ الفرمة: گوشت یا تمباکو کا ٹکڑا۔
الفَرمَان. پروانہ شاہی ج فَرَامِيْن.
الفُرْن. تنور۔ ج اَفْرَان.
الفَرَّان. تنور کا مالک۔ روٹی پکانے والا۔
الفَارِنَة. روٹی پکانے والی۔
الفُرْنِّي. گول موٹی روٹی واحد (فُرْنِيَّةٌ) سخت بدن کا آدمی۔
اَلفَرَنْك ج فَرَنْكَات -فرنک نامی معروف ملک فرانس کا سکہ۔
الفِرِنْد. انار دانہ۔ تلوار۔ جوہر تلوار۔ تلوار کا نقش و نگار۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ فِرِنْدٌ" بے مثل تلوار ج فَرَانِدُ. الفِرِنْد: ایک قسم کا کپڑا۔
الاِفْرِنْد. جوہر تلوار۔ نقش و نگار تلوار ج اِفْرِنْدَات.
فَرِهَ (س) فَرَهًا. خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَرِه)
فَرُهَ (ک) فَرَاهَةً وفُرُوْهَة و فَرَاهِيَة. ماہر ہونا۔ حاذق ہونا۔ خوش ہونا۔ سبک ہونا۔ صفت (فَارِهٌ) اَفْرَهَ. الرَجُلُ: چست و چالاک غلام لینا۔
اِسْتَفْرَهَ الدَوَابَّ: عمدہ جانور چھانٹنا۔
الفَارِه. چالاک۔ خوب کھانے والا۔ کہا جاتا

ہے "رَجُلٌ فَارِہٌ وَجَارِیَۃٌ فَارِہَۃٌ" ج فُرَّہٌ و فُرَّہَۃٌ وَفُرْہَۃٌ وَفُرَہَۃٌ و فُرُہٌ۔

الفَارِہَۃ۔ مؤنث فَارِہٌ۔ خوبصورت جوان لڑکی ج فَوَارِہُ وفُرُہٌ۔

الاَفْرِہ۔ چالاک۔

فَرْہَدَ۔ پھولنا۔ فَرْہَدَتْ نفسُہ :تنگ ہونا۔

تَفَرْہَدَ۔ الغُلامُ :لڑکے کا موٹا ہونا۔

الفُرْہُد والفَرْہَد والفُرْہُوْد موٹا تازہ لڑکا۔

الفُرْہُوْد۔ بکری یا پہاڑی بکری کا بچہ ج فَرَاہِیْد۔

فَرَّی تَفْرِیَۃَ الجُبَّۃَ :جبہ پر پوستین لگانا۔

اِفْتَرٰی۔ الفَرْوَ :پوستین پہننا۔

الفَرْوَۃ۔ مع بالوں کے سر کی کھال۔ عورت کا سر بند۔ تاج۔ تونگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہ عَلٰی اُمِّ فَرْوَتِہٖ" اس کی چندیا پر مارا۔ سائل کا تھیلہ۔ اُونٹ کا بالوں کا کمبل۔

الفَرْو۔ پوستین جو بعض حیوانات کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے۔ ج فِرَاءٌ۔

الفَرَّاء۔ پوستین کا بنانے والا۔

فَرْوَزَ فَرْوَزَۃً۔ مرنا۔

فَرَی یَفْرِی فَرْیًا۔ عَلَیْہِ الکَذِبَ :کسی پر جھوٹ باندھنا۔ الاَرْضَ :زمین میں چلنا۔ المَزَادَۃَ :توشہ دان بنانا۔ البَرْقُ :بجلی چمکنا۔

فَرَیٰ و فَرَّیٰ۔ الشَّیْئَ :کاٹنا اور پھاڑنا۔

فَرِیَ یَفْرَی فَرًی۔ مدہوش ہونا۔ متحیر ہونا۔

اَفْرَیٰ۔ الشَّیْئَ :کاٹنا اور پھاڑنا۔ درست کرنا فُلَانًا :ملامت کرنا۔

تَفَرَّی تَفَرِّیًا وانْفَرَی اِنْفِرَاءً پھٹنا۔ کہا جاتا ہے " تَفَرَّتِ الاَرْضُ بِالعُیُوْنِ" زمین میں چشمے پھوٹ پڑے۔

اِفْتَرَیٰ اِفْتِرَاءً۔ عَلَیْہِ الکَذِبَ :کسی پر تہمت لگانا یا جھوٹ باندھنا۔

الفِرْیَۃ۔ فَرَی کا اسم مرۃ۔ شور۔

الفِرْیَۃ۔ جھوٹ۔ تہمت ج فِرًی۔

الفَرِیُّ۔ پھٹا ہوا۔ گھڑی ہوئی بات۔ عجیب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَفْرِی الفَرِیَّ" فلاں تعجب انگیز کام کرتا ہے اور اسی سے قرآن میں ہے (لَقَدْ جِئْتِ شَیْئًا فَرِیًّا) یعنی تم نے ایسا کام کیا جس سے حیرت و تعجب ہے۔ مؤنث فَرِیَّۃٌ اور کہتے ہیں "الفَرِیَّۃَ الفَرِیَّۃَ" یعنی جلدی جلدی۔

الفَرِیُّ والفَرِیَّۃ۔ کشادہ ڈول۔

الفَرَا۔ تعجب۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا (اَفْرَیٰ) الفِرَیٰ" یعنی جھوٹوں کا جھوٹ۔

فَزَّ (ن) فَزًّا۔ اکیلا ہونا عَنْہُ :جدا ہونا الظَّبْیُ :ہرن کا گھبرانا ہ :دھوکا دینا اور غالب آنا۔ ہوش اُڑا دینا ہ عَنِ مَکَانِہٖ گھبرا دینا اور جگہ سے ہٹا دینا۔

فَزَّ (ض) فَزِیْزًا۔ الجُرحُ :زخم سے خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔

فَزَازَۃً وفُزُوْزَۃً۔ مضطرب ہونا اور بھڑک اُٹھنا۔

اَفَزَّہٗ۔ گھبرا دینا۔

اِفْتَزَّ عَلَیْہِ :غالب ہونا۔

تَفَازَّ۔ الرَّجُلَانِ :ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِسْتَفَزَّہٗ۔ ہلکا جاننا۔ ذلیل سمجھنا۔ مضطرب کر دینا۔ گھر سے نکال دینا۔ قتل کرنا مِنَ الشَّیْئِ: نکالنا۔

الفَزُّ۔ مں۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ نیل گائے کا بچہ ج اَفْزَازٌ۔

الفَزَّۃ۔ خوف و دہشت کی چھلانگ۔ کہا جاتا ہے قَعَدَ (مُسْتَفِزًّا) یعنی غیر مطمئن بیٹھنا۔

فَزَرَ (ن) فَزْرًا۔ پھاڑنا۔ فتح کرنا۔ توڑنا ہ بِالعَصَا: لاٹھی سے پیٹھ پر مارنا الشَّیْئَ مِنَ الشَّیْئِ :ایک چیز کو ایک چیز سے جدا کرنا۔

فَزَرَ (ن) فُزُوْرًا۔ پھٹنا۔

فَزِرَ (س) فَزَرًا۔ پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ پڑ جانا۔ صفت (اَفْزَر)

فَزَّرَ واَفْزَرَ۔ الشَّیْئَ :ریزہ ریزہ کرنا۔

تَفَزَّرَ وانْفَزَرَ۔ پھٹنا الثَّوْبُ :کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

الفِزْر۔ بکریوں کا چھوٹا سا ریوڑ۔ اور کہا گیا ہے کہ دس اور چالیس بکریوں کے درمیان بکری کا بچہ۔ شیر ببر کا بچہ۔ جز۔ غدود جو ران کے اوپر کے حصے میں نکلے۔

الفِزَر۔ پھٹن۔ شگاف۔ گویا کہ یہ فِزْرَۃٌ کی جمع ہے۔

الفُزُوْر۔ پھٹن۔ شگاف۔

الفُزْرَۃ۔ پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ۔ کشادہ راستہ۔ ج فُزَر

الفَازِر۔ فا۔ کالی چیونٹی جس میں سرخی ہو۔ کشادہ طویل راستہ۔

الفَازِرَۃ۔ مؤنث فَازِر۔ ریگستان کا راستہ۔

الفَزْرَاء۔ مؤنث اَفْزَر۔ پُر گوشت عورت قریب البلوغ لڑکی۔

الفَزَارَۃ۔ چیتا کی مادہ۔

المَفْزُوْر۔ مں۔ کبڑا۔ پیٹھ یا سینے میں گانٹھ والا۔

فَزَعَ (ف) فَزْعًا وفِزْعًا۔ مِنْہ :خوف کرنا۔

فَزِعَ (س) فَزَعًا۔ دہشت زدہ ہونا۔ خائف ہونا اِلَیْہِ :فریاد چاہنا۔ پناہ لینا الرَّجُلُ :فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔ مِنْ نومہ : بیدار ہونا (فَزْعًا) لِمَجِیْءِ فُلَانٍ :کسی کے آنے کی وجہ سے تیاری کرنا۔

اَفْزَعَہٗ۔ خوف دلانا۔ گھبراہٹ دُور کرنا۔

اَفْزَعَ القَوْمَ :فریاد رسی کرنا ہ مِنَ النَّوْمِ بیدار کرنا افزع عنہ: گھبراہٹ زائل کرنا۔

فَزَّعَہ۔ خوف دلانا۔

فَزَّعَ عَنْہُ۔ گھبراہٹ دُور کرنا۔

الفَزَع۔ مں۔ گھبراہٹ۔ فریاد رسی۔

الفُزْعَۃ۔ وہ شخص جس سے لوگ گھبرائیں۔

الفُزَعَۃ۔ لوگوں سے بہت گھبرانے والا۔

الفَازِع۔ خائف۔ فریادی۔ ج فَزَعَۃٌ۔

الفَزِع والمُفَازِع۔ خائف۔ فریادی۔

الفَزَّاعَۃ۔ بہت گھبرانے والا۔ وہ شخص جو لوگوں کو بہت گھبرا دے۔ اُچکا (کھیت کا)

المَفْزَع والمَفْزَعَۃ۔ جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے " فُلَانٌ مَفْزَعٌ او مَفْزَعَۃٌ لِلنَّاسِ"

فلاں لوگوں کیلئے جائے پناہ ہے یعنی جب ان کو اہم معاملہ پیش آتا ہے تو اس کی پناہ لیتے ہیں۔ دونوں صیغے واحد جمع مذکر و مؤنث کے لیے مستعمل ہیں۔

المُفزَّع .بزدل۔ بہادر۔

فَسَأه(ف) فَسْأً. لاٹھی سے مارنا ہ عَن کَذا. روکنا (و فَسّا تَفْسِيئًا وتَفْسِئَةً) الثوب: کپڑا پھاڑنا۔

فَسِئَ(س) فَسأً اُبھرے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ اُبھرے ہوئے پیڑو والا ہونا۔ صفت (اَفْسأ) مؤنث فَسْآءُ.

تَفَسَّأةً. لاٹھی سے مارنا۔ تَفَسَّأ الثَوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ بوسیدہ ہونا المَرْضُ فِيهِمْ: بیماری پھیل جانا۔

تَفاسأ تَفاسُوًا. الرَجُلُ: پیٹھ اور چوتڑ کو ظاہر کرنا۔

الفُستُق والفُسْتَق. پستہ۔

الفُسْتُقِي. پستئی رنگ کا۔

الفُسْتَان. عورتوں کا ایک لباس بمنزلہ قباء کے ج فَساتِين.

فَسَّح. پیشاب کرنے کیلئے ٹانگیں پھیلانا۔

اَفْسَح. عَنْهُ: چھوڑنا۔

فَسَح(ف) فَسْحًا. کشادہ قدم رکھنا۔ لَهُ فِي السفر: پروانہء راہداری دینا۔ (فَسْحًا و فُسُوْحًا) لَه فِي المَجْلِس کشادگی کرنا۔

فَسُحَ (ک) فَسَاحَةً :المَكانُ وسیع ہونا۔ صفت (فَسِيْحٌ وفُساحٌ وفُسُحٌ وفُسْحُم) مبالغہ کے لیے میم کی زیادتی کے ساتھ۔

اَفْسح المَكانُ وسیع ہونا۔

تَفَسَّح کشادہ ہونا لَهُ کشادگی کرنا۔

تَفَسَّحُوْا فِي المَجَالِس و (تَفَاسَحُوْا) کشادگی کرو۔

فَسَّح. المكانَ: کشادہ کرنا لَهُ فِي المَجْلِسِ: کشادگی کرنا۔

اِنْفَسَح. المكانُ: کشادہ کرنا صَدْرُه: کشادہ دل ہونا۔

الفَسْح مص. پروانہء راہداری۔

الفُسْحَة. گنجائش۔ مکانوں کے درمیان کشادگی ج فُسَح.

الفَيْسَحي. قدم کی چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشي الفَيْسَحي" وہ کشادہ کشادہ قدم رکھ کر چلتا ہے۔

فَسَخَ(ف) فَسْخًا. جاہل ہونا۔ ضعیف العقل ہونا رَايِ فُلان فاسد کردینا۔ بگاڑدینا الاَمْرَ او العقدَ: توڑدینا الشَّئَ جدا جدا کرنا العُوْدَ و المَفْصلَ لکڑی یا جوڑ کو جگہ سے ہٹادینا الثوبَ عَنْهُ: کپڑے کو اُتار دینا۔

فَسَخَ(ف) فَسْخًا و فَسِخَ(س) فَسْخًا الرَايُ: خراب ہونا۔

فَسَّخَهُ. فسخ میں مبالغہ کرنا۔

فَاسَخه. العقدَاوِ البيعَ و(تَفاسَخا) العَقْد او البيعَ عقد یا بیع کے توڑنے پر متفق ہونا۔ کہاجاتا ہے " تَفاسَخَتِ الاَ قاوِيْلُ" یعنی اقوال متناقض ہوگئے۔

اَفْسَخَ. الكتابَ: بھولنا۔

تَفَسَّخَ. ٹکڑے ٹکڑے ہونا الشَعْرُ عَنِ الجلدِ: بال کا کھال سے جھڑ جانا (اور یہ میت کے لیے خاص ہے)

اِنْفَسَخَ العَزمُ او العَقْدُ: ٹوٹنا۔

الفَسْخَة. فسخ کا اسم مرۃ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فَسْخَةٌ" یعنی کمزور بدن یا ضعیف العقل مرد۔

الفَسْخ والفَسِيْخ. وہ شخص جو اپنی حاجات میں کامیاب نہ ہو اور اپنے امور کا انتظام نہ کر سکے۔ کمزور بدن یا عقل والا۔ کمزور جس کا ارادہ سختی یا مصیبت کے وقت ٹوٹ جائے۔

اَلْفَسْخ: مت کے بعد روح جانوروں یا جمادات میں منتقل ہو جاتی ہے جس کو نظریہ آواگون بھی بولتے ہیں۔ (ہندو عقیدہ کے مطابق)

اَلْفَسِيْخ نمک لگائی مچھلی۔

فَسَدَ(ن ض) وفَسُدَ (ک) فَسَادًا وفُسُوْدًا. خراب ہونا۔ بگڑ جانا۔ صفت (فَسِيْدٌ)ج فَسْدىٰ و (فاسِدٌ)

اَفْسَدَهُ وفَسَّدَهُ. خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

فَاسَدَ. القَوْمُ قوم کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔ تَفاسَدَ القَوْمُ: قطع رحمی کرنا۔ آپس میں مخالف ہونا۔

اِسْتَفْسَدَ. تباہی چاہنا القَوْمَ بدسلوکی کرنا۔

الفَسَاد مص. کھیل کود۔ ظلماً مال لینا۔

المَفْسَدَة. مصدر فساد یا سبب فساد ج مَفَاسِد.

فَسَرَ(ن ض) فَسْرًا. الاَمْرُ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا المُغَطّٰي: ڈھکے ہوئے کو کھول دینا۔

فَسَرَ(ن ض) فَسْرًا و تَفْسِرَةً. الطَبِيْبُ طبیب کا قارورہ دیکھنا۔

فَسَّرَهُ. واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔

تَفَسَّرَ واِسْتَفْسَرَ. فُلانًا عَنِ الاَمْرُ و اِسْتَفْسَرَهُ الاَمْرُ: واضح کرانا۔ واضح کرنے کو کہنا۔

التَفْسِيْر. مص. تاویل۔ کشف۔ وضاحت۔ بیان شرح۔ ج تَفَاسِيْر. و حرفا التفسير. اَئے اور اَن ہیں اے سے مبہم کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے "هٰذَا عَسْجَدٌ اَىْ ذَهَبٌ" اور اَن سے معنی قول کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے "نَادَيْتُكَ اَنْ اَفْعَلْ كَذَا"

التَفْسِرَة. مص. مریض کا پیشاب۔ ہر چیز جس سے دوسرے پر استدلال کریں۔

الفُسَّاط والفُسْطَاط والفِسْطَاط. خیمہ۔ اُون کا خیمہ ج فَسَاطِيْط والفُسْطَاط بالضَمِّ: مصر قدیم کا علم ہے۔ ایک لغت اس میں فُسْتَات و فِسْتَات بھی ہے۔

الفَسِيْط. ناخن کا تراشہ واحد (فَسِيْطَة)

الفُسْطَان دیکھئے فُسْتَان.

الفَسْفَس والفَسْفَاس. بیوقوف۔ ایک بدبودار نباتات ج فَسَافِس و فَسَافِيْس.

الفُسَافِس. مچھر۔

الفُسَيْفِسَاء. بچے کاری۔ رنگ برنگ کے

چھوٹے چھوٹے پتھر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر مختلف اشکال وصورتیں بنانا۔

اَلْفِسْفِسَةُ : ایک قسم کا گھاس جس کو جانور کھاتے ہیں۔اس میں دوسری لغت اَلْفِصْفِصَةُ ہے۔اَلْفُسْفُوْسَةُ : پھنسی

فَسَقَ (ن ض)و فَسُقَ (ک) فِسْقًا و فُسُوْقًا. حق وصلاح کے راستہ سے ہٹ جانا۔ بدکار ہونا۔ صفت (فَاسِق) ج فَسَقَةٌ و فُسَّاقٌ و فَاسِقُوْن مؤنث فَاسِقَةٌ ج فَاسِقَاتٌ و فَوَاسِق (وانْفَسَق)الرُّطَبُ عَنْ قِشْرِهٖ : چھلکے سے علیحدہ ہونا۔

فَسَّقَهٗ. فسق کی طرف نسبت کرنا۔

الفِسْقِيَّة. حوض۔ وضو کرنے کی جگہ ج فَسَاقِيٌّ (دخیل)

الفُسَق والفَسَّاق والفِسِّيْق: بڑا بدکار۔ اور کہا جاتا ہے"یا فُسَقُ " یعنی اَیُّهَا الفَاسِق اور یہ ندا ہی کے لیے مخصوص ہے جیسے یا خُبَثُ.

الفَاسِقِيَّة. پگڑی باندھنے کا ایک مخصوص طریقہ۔ کہا جاتا ہے " تَعَمَّمَ فُلَانٌ الفَاسِقِيَّةَ"

فَسَاقِ. بروزن قطام عورت کیلئے گالی ہے اور ندا ہی کی صورت میں مستعمل ہے۔کہاجاتا ہے "یَا فَسَاقِ" بمعنی 'یَا فَاسِقَةُ"

الفُوَيْسِقَة. فاسقة کی تصغیر۔چوہیا۔

اَلْفَاسِقِيَّةُ: اندھی گمراہی۔ضَرْبُ الْمَثَل۔ تَعَمَّمَ فُلَانٌ بِالْفَاسِقِيَّةِ: فلان اندھی گمراہی میں داخل ہوا۔

رَجُلٌ فُسْكُلٌ : مرد کمینہ۔کاہل۔

فَسِلَ (س)و فَسُلَ (ک) فَسَالَةً و فُسُوْلَةً و فَسِل. فرومایہ ہونا، کمینہ ہونا، بے مروت ہونا۔

فَسَلَ (ن)فَسْلًا. الصَّبِيَّ: بچے کا دودھ چھڑانا۔

اَفْسَلَ. الفَسِيْلَةَ: کھجور کے پودے کو اُکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔ قلم لگانا(اَفْسَلَ وفَسَّلَ)دَرَاهِمَهٗ ومَتَاعَهٗ. کھوٹا کردینا۔

اِفْتَسَلَ. الفَسِيْلَةَ. کھجور کے پودے کو اُکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

الفُسَالَة. مِنَ الحَدِيْد ونَحْوِهٖ : لوہے کے ذرات جو کوٹتے وقت گریں۔

الفَسْل. س۔انگور کا قلم۔کمینہ۔بے مروت، ہر ردی چیز ج اَفْسُل وفُسُوْل وفِسَال وفُسْل وفُسُوْلَةٌ وفُسَلاء واَفْسَال کہا جاتا ہے"دِرْهَمٌ فَسْلٌ ودَرَاهِم فُسُوْلٌ."

الفِسْل. بیوقوف۔

الفَسِيْلَة. کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے اُکھیڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے۔درخت کا قلم۔ ج فَسِيْل و فَسَائِل جج فُسْلَان.

الفُسُوْلَة. س۔فتور۔

المَفْسُوْل. رذیل۔بے مروت۔

فَسَا يَفْسُوْ فَسْوًا وفُسَاءً. بلا آواز کے گوز کرنا۔

تَفَاسَى. گوز کرنے کے لیے چوتڑ اُٹھانا۔

الفُسَاء. س۔بلا آواز کے گوز۔ پھسکی۔

الفَسْوَة. ایک مرتبہ کی پھسکی ج فَسَوَات.

فَسَوَاتُ الضِبَاع: سانپ کی چھتری۔

الفَاسِيَة والفَاسِيَاء. گبریلا۔ج فَوَاسٍ.

الفَسُوّ والفَسَّاء. بہت گوز کرنے والا۔

المَفْسَى. دبر۔

اَلْفِيْسُوْلُوجِيَا اَوِ الفِيْزُلُوجِيَا۔ اعضاء کے کاموں کا علم۔

فَشَّ (ن)فَشًّا. ڈکار لینا۔ آہستہ آہستہ پھونکنا الوَطْبَ: سربند کھول کر ہوا نکال دینا۔ مکھن نکالنا النَّاقَةَ : اونٹنی کو جلدی سے دوھنا البَابَ : دروازہ کو حیلہ سے بغیر کنجی کے کھولنا بَيْنَ القَوْمِ: چغل خوری کرنا۔

فُشَّ. السِقَاءُ: ہوا نکال دیا جانا۔

اِنْفَشَّ. الجُرْحُ : زخم کی سوجن ڈھل جانا اللَّبَنُ : دودھ جاری ہونا الرَّجُلُ عَنِ الْاَمْرِ: کاہل ہونا۔انْفَشَّتِ الرِيْحُ: دبانے سے ہوا کا مشک وغیرہ سے نکلنا عِلَّةُ فُلَانٍ : بیماری کا زائل ہونا۔

الفَشّ. س۔(والفُشُوْش) بیوقوف۔کمزور رائے والا۔ باطل پر فخر کرنے والا۔ موٹا کمبل۔ درخت خرّوب۔ پانی رسنے کی جگہیں۔

الفَشُوش. پانی ٹپکنے والی مشک۔

الفَشَّاش. صیغہ مبالغہ۔

الفَشِيْش. آواز اور اسی سے ہے" فَشِيْشُ الاَفْعَى " سانپ کے کھال کی آواز چلنے میں۔

الفَاشُوْش. ضعیف رائے اور کمزور ارادہ والا۔

رَجُلٌ (مُنفشُّ)المَنْخَرَيْن: چھوٹے بانسہ کے ساتھ پھولے ہوئے نتھنوں والا۔

فَشَأَ (ف)فَشْأً. ناز کرنا۔

اَفْشَأَ. بزرگی جتانا۔گردن کشی کرنا۔

تَفَشَّأَ. المَرَضُ بِالقَوْمِ: قوم میں بیماری پھیل جانا۔

فَشَجَ (ض)فَشْجًا وفَشَّجَ وتَفَشَّجَ وانْفَشَجَ. الرَّجُلُ اَوِ البَعِيْرُ: مرد یا اُونٹ کا پیشاب کرنے کیلئے ٹانگیں پھیلانا۔

فَشَخَه (ف)فَشْخًا. ظلم کرنا۔بچوں کے کھیل میں طمانچہ مارنا۔ فَشَخَ فِي اللَّعِبِ: کھیل کود میں جھوٹ بولنا اور ظلم کرنا۔

فَشَّخَ. الرَّجُلُ: جوڑوں کو ڈھیلا کرنا۔

انْفَشَطَ. العُوْدُ: تر لکڑی کا ٹوٹ جانا۔

فَشَعَت (ف)فَشْعًا. الذُّرَةُ: چینا کے اطراف کا سوکھنا۔

اَلْفُشَّاغ وَالْفَشَّاغ: امریکی علاقہ کا پودا جس کی ادویات بھی بنتی ہیں۔

فَشَغَه (ف)فَشْغًا. بلند ہو کر ڈھانپ لینا۔ ہٗ بالسَوْطِ :کوڑے سے مارنا۔ صفت (فَاشِغٌ) مؤنث فَاشِغَةٌ الشَّيْءُ : وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔

اَفْشَغَهٗ. بالسَوْطِ : کوڑے سے مارنا۔

فَشَّغَ. بمعنی فَشَغَ ہ النَّوْمُ : نیند غالب آنا۔

تَفَشَّغَ. الشَّيْبُ فِيْهِ وتَفَشَّغَهٗ : بڑھاپا ظاہر ہونا البيوتَ : گھروں میں داخل ہونا۔ الرَّجُلُ : موٹے کھردرے کپڑے پہننا۔

تَفَشَّغَتِ الغُرَّةُ: پیشانی کی سفیدی کا پھیل کر

آنکھ کو گھیر لینا۔
اِنْفَشَغ. الشَّيُ : کشادہ ہونا۔ بہت ہونا۔ ظاہر ہونا۔
الفَشْغَة. اسم مرۃ۔ عشق پیچاں۔ نرکل کا گودا۔ نَاصِيَةٌ(فَاشِغَةٌ وفَشْغَاءُ) پیشانی کے پھیلے ہوئے بال جو آنکھ کو ڈھانپ لیں۔
الفَشَاغ والفُشَّاغ. آکاس بیل۔
الفِشَاغ. کاہلی۔
الاَفْشَغ. مینڈھا جس کی سینگیں دائیں بائیں نکل گئی ہوں۔ رَجُلٌ اَفْشَغُ الاَسْنَان: مرد جس کے دانت پراگندہ ہوں۔ مؤنث فَشْغَاء ج فُشْغ.
المِفْشَغ. جو اپنے ساتھی کا بُرائی سے مقابلہ کرے۔
المُفْشِغ. بے خیر۔ بے فیض۔
فَشْفَش. کمزور رائے والا ہونا۔ خوب جھوٹ بولنا۔ غیر کی چیز کو اپنی طرف نسبت کرنا۔ صفت(فَشْفَاش) بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا۔
الفَشْفَاش. مِنَ النَوْق: اُونٹنی کہ جس کا دودھ دوہنے کے وقت پراگندہ نکلے۔
الفَشْفَاشَة. نرم چیز۔ کہا جاتا ہے "تَخْرِجُ الزُبْدَةُ فَشْفَاشَةً" مکھن نرم نکلتا ہے۔
فَشِقَ (س)فَشَقًا. آدھی کو چھوڑ کر ساری کو دوڑنا۔ آدھی رہے نہ ساری پائے۔ اچانک آنا الظَبْيُ: ہرن کا دُور دُور سینگوں والا ہونا۔ صفت(اَفْشَق) مؤنث فَشْقَاء.
فَشَقَ (ض)فَشْقًا. الشَّيُ: توڑنا۔
فَاشَقَهُ. اچانک آنا۔
تَفَشَّقَ. بِثَوْبٍ: کپڑے کو بدھی جیسا بنانا۔
الفَشَق. س۔ دوڑ۔ بھاگ۔ چستی۔
الفَشَك. کارتوس۔ واحد(فَشَكَةٌ) دخیل۔
فَشِلَ (س)فَشَلًا. کمزور و بزدلی ہونا۔ صفت(فَشَلٌ وفَشِلٌ وفَشِيْلٌ) ج فُشْلٌ واَفْشَال.
فَشَلَ (ن ض)فَشْلًا. لِحْيَتَه: داڑھی پھٹکارنا۔
فَشَّلَتْ وتَفَشَّلَتْ وافْتَشَلَتْ. المَرْاَةُ: عورت کا پالکی کا پردہ بنانا۔ تَفَشَّلَ المَاءُ: پانی بہنا۔ الرَجُلُ مِنْهُمْ اِمْرَاَةً: نکاح کرنا۔
الفِشْل. پالکی کا پردہ۔ ہودج کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز۔ ج فُشُوْل.
المِفْشَل. ہودہ کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز ج مفاشل. المِفْشَل: وہ شخص جو غیر قوم میں شادی کرے تا کہ اولاد لاغر نہ ہو۔
التَفْشِيْل. س۔ تھن میں بقیہ دودھ۔ ج تَفَاشِيْل.
الاَفْشِيْنُ ج اَفَاشِيْنُ: رومی لوگوں کی نماز کا ایک حصہ۔
فَشَا يَفْشُو فَشْوًا وفُشُوًّا وفُشِيًّا خَبْرُهُ او فَضْلُهُ او سِرُّهُ: خبر یا فضیلت یا بھید ظاہر ہونا۔ پھیل جانا۔ فَشَتِ المَاشِيَةُ چراگاہ میں جانا اُمُوْرُهُم: اُمور کا متفرق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فَشَتْ عَلَيْهِ ضَيْعَتُهُ" اس کی جائیداد کا انتظام بکھر گیا۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کس کو سنبھالے۔
اَفْشَى اِفْشَاءً. الشَّيُ: پھیلانا۔ سِرَّهُ لِفُلَانٍ. ظاہر کرنا الرَجُلُ: بہت جانوروں والا ہونا۔
تَفَشَّى تَفَشِّيًا. المَرَضُ القَوْمَ وبِهِمْ: بیماری پھیلنا۔ تَفَشَّتِ القَرْحَةُ: زخم کا چوڑا ہونا۔
الفَشَاء. مویشیوں کی پیداوار اور زیادتی۔
الفَشْيَان. غشی۔
الفَشْوَة. عورت کی خوشبو کی ڈبیا۔
الفَاشِي. فا۔ مؤنث فَاشِيَةٌ ج فَوَاشٍ.
الفَوَاشِي. پھیلے ہوئے مویشی۔
التَفَشِّي. س۔ عِنْدَ اَهْلِ العَرَبِيَّة: حرف کا پڑھنا۔
فَصَّ (ض)فَصًّا وافْتَصَّ. كَذَا مِنْ كَذَا: جدا کرنا۔
فَصَّ (ض)فَصِيْصًا. الجُرْحُ: زخم کا بہنا العَرَقُ: پسینہ ٹپکنا الوَلَدُ: بچے کا آہستہ آہستہ رونا الجُنْدُبُ: ٹڈی کا آواز نکالنا۔
فَصَّصَ. الخَاتَم: انگوٹھی پر نگینہ لگانا۔ بِعَيْنِهِ: گھورنا۔
اَفَصَّ. اِلَيْهِ شَيْئًا. مِنْ حَقِّهِ: حق کا کچھ حصہ دینا۔
اِنْفَصَّ. مِنْهُ: جدا ہونا۔
الفَصّ. تثلیث الفاء: نگینہ (فتحہ فاعلیٰ ہے)
الفَصّ آنکھ کی سیاہی۔ لہسن کا جوا۔ اصل امر و حقیقت۔ امر۔ دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ فَصُّ المَاءِ: بلبلہ ج فُصُوْص و فِصَاص واَفُصّ.
الفَصَّاص. نگینہ لگانے والا۔
الفَصِيْص. صاف گٹھلی گویا روغن ملی ہوئی۔
فَصَحَ (ف)فَصْحًا. الصُبْحُ فُلَانًا: صبح ظاہر ہونا۔
فَصُحَ (ک)فَصَاحَةً. فصیح ہونا۔ خوش بیان ہونا۔ صفت (فَصِيْحٌ) الاَعْجَمِيُّ: عربی زبان میں گفتگو کرنا اللَبَنُ: دودھ سے جھاگ اُتار لینا۔ صفت(فَصْحٌ وفَصِيْحٌ)
فَصَّحَ. اللَبَنُ: بے جھاگ ہونا۔
اَفْصَحَ. فصاحت سے بولنا۔ فص[illegible] صبح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا عن كَذَا: خلاصہ کرنا۔ عَنِ الشَّيُ: ظاہر کرنا بیان کرنا مِنْ كَذَا: نکل جانا رہائی پانا الاَمْرُ: واضح ہونا۔ اللَبَنُ: دودھ کا بے جھاگ ہونا الصُبْحُ: صبح کی روشنی پھیلنا الفَرَسُ: گھوڑے کا صاف ہنہنانا البَوْلُ: پیشاب صاف رنگ کا ہونا۔ اَفْصَحَ النَصَارَى او اليَهُوْد: ایسٹر کی عید ماننا۔ ایسٹر کی عید کا زمانہ آنا۔
تَفَصَّحَ. زُبان آور ہونا۔ اچھا خوش بیان ہونا۔ و تَفَاصَحَ. بتکلف فصیح ہونا۔
الفَصَاحَة. س۔ بیان۔ کلام کا تعقید سے خالی ہونا اور یہ متکلم کلام کلمہ تینوں کی صفت واقع ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَصِيْحٌ. كَلَامٌ فَصِيْحٌ كَلِمَةٌ فَصِيْحَة.
الفَصِيْح. صاحب فصاحت۔ ج فُصُحٌ و فُصَحَاء وفِصَاح. مؤنث فَصِيْحَة ج فِصَاح و فَصَائِح وفَصِيْحَات.

الفِصْح. عِنْدَ النَّصارىٰ: ایسٹر۔ فِصْحُ الیَهُوْدِ: یہودیوں کے مصر سے نکلنے کی یادگار میں عید۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ فِصْحٌ" بے بادل کا دن۔
المُفْصِح: واضح۔ یَوْمٌ مُفْصِحٌ: بے بادل کا دن۔
فَصَخَ (ف) فَصْخًا. عَنِ الأَمْرِ: جان بوجھ کر غفلت کرنا۔ العُوْدَ او المَفْصَلَ: لکڑی یا جوڑ کو اکھیڑنا۔
فُصِخَ. فُلانٌ: خرید و فروخت میں نقصان اٹھانا۔
الفَصِیْخ والفَصِیْخَة والفاصِخَة: کمزور عقل۔ تا مبالغہ کے لیے ہے۔
فَصَدَ (ض) فَصْدًا و فِصَادًا. المَرِیْضَ: رگ کھولنا۔ لَهُ عَطاءً: جاگیر دینا۔ (و افْتَصَدَ) رگ کھولنا۔
فَصَّدَ. الشَّیْءَ: تھوڑے سے پانی میں بھگونا۔
اَفْصَدَتِ. الشَّجَرَةُ: درخت کے کونپل نکلنا۔
تَفَصَّدَ. الدَّمُ: خون بہنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَتَفَصَّدُ عَرَقًا" آیا اس حال میں کہ پسینہ بہ رہا تھا۔
اِنْفَصَدَتِ. الشَّجَرَةُ: درخت کے کونپل نکلنا۔ اِنْفَصَدَ الدَّمُ: خون بہنا۔
الفُصْدَة والفَصِیْدَة: کھجور خون کے ساتھ مخلوط کیا ہوا۔
الفَصِیْد: نشتر لگایا ہوا۔ آنت اور خون ملا کر بھونا ہوا۔
المِفْصَد: نشتر۔
فَصَعَ (ف) فَصْعًا. التَّمْرَةَ: دو انگلیوں سے دبا کر چھلکا علیحدہ کرنا عِمَامَتَهُ عَنْ رَاسِهِ: سر سے عمامہ اتارنا الشَّیْءَ: نرم کرنے کے لیے انگلیوں سے ملنا (و فَصَّعَ) لَهُ بِكَذَا: دینا۔ فَصَّعَ الشَّیْءَ مِنْ كَذَا: نکالنا۔ وفَصَّعَ الرُّطَبَةَ: دو انگلیوں سے مل کر چھلکا علیحدہ کرنا۔
اِنْفَصَعَ. الشَّیْءُ مِنْ كَذَا: نکلنا۔

اِفْتَصَعَ. حَقَّهُ مِنْهُ: اپنا کل حق زبردستی لینا۔
الفَصْعان: ہمیشہ سر کھلا رکھنے والا۔
الفُصْعاء: چوہیا۔
اَلْفُصْفُوْر: فاسفورس: اس کی دو اقسام ایک سفید اور دوسری سرخ۔ یہ زندگی کے لئے ضروری ہے۔ اس کے ساتھ ہڈیاں جوڑی جاتی ہیں۔ اس کے ساتھ کھاد بنائی جاتی ہے۔
فَصْفَصَ فَصْفَصَةً. الكَلامَ: جلدی بولنا الدَّابَّةَ: فصفصہ کھلانا۔
تَفَصْفَصَ. القَوْمُ عَنْ فُلانٍ: متفرق ہونا۔
الفِصْفِصَةُ: ایک قسم کی گھاس ہے جس کو جانور کھاتے ہیں اور جب تک تر ہو اس وقت تک یہ نام ہے ج فَصَافِص عوام "فِصَّہ" کہتے ہیں۔
الفُصَافِص: قوی اور مضبوط ارادہ والا۔
الفُصْعُل: بچھو یا بچھو کا بچہ۔ نالائق۔
فَصَلَ (ض) فَصْلًا. الشَّیْءَ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا اور اسی سے ہے "فَصْلُ الخُصُوْمَاتِ" یعنی جھگڑوں کا فیصلہ کرنا بَیْنَهُمَا: فاصلہ ہونا الوَلَدَ عَنِ الرَّضاعِ: بچے کا دودھ چھڑانا۔
فَصَلَ (ن) فُصُوْلًا. الكَرْمُ: انگور کی بیل میں دانہ بیٹھنا الرَّجُلُ عَنِ البَلَدِ: شہر سے نکل جانا۔
فَصَّلَ. الكَلامَ: تفصیل کرنا الشَّیْءَ: فصل فصل کرنا۔ متمیز۔ ٹکڑے کرنا۔ الثَّوْبَ: سینے کے لیے قطع کرنا۔ القَصَّابُ الشَّاةَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ العِقْدَ: ہار کے دو مہروں کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ ڈالنا۔
فَاصَلَ. شَرِیْكَهُ: جدا کرنا۔
اَفْصَلَ. المَوْلُوْدُ: دودھ چھڑانے کے قابل ہونا۔
اِنْفَصَلَ: جدا ہونا عَنْهُ: جدا کرنا۔
تَفَصَّلَ: عضو۔ عضو عضو کاٹنا۔
تَفَاصَلَتِ. الاَشْیاءُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔

اِفْتَصَلَ. الوَلَدَ عَنِ الرَّضاعِ: بچے سے دودھ چھڑانا النَّخْلَةَ عَنْ مَوْضِعِهَا: کھجور کے پودہ کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔
اِسْتَفْصَلَ: تفصیل طلب کرنا۔
الفَصْلُ: مص۔ دو چیزوں کے درمیان روک۔ زمین کے درمیان حد مِنَ الجَسَدِ: ہر دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ جوڑ کی جگہ۔ فرع۔ کہا جاتا ہے "لِلنَّسَبِ اُصُوْلٌ و فُصُوْلٌ" یعنی فروع مِنَ الکِتابِ: کتاب کا ایک مستقل ٹکڑا۔ سال کے چار حصوں میں سے ایک حصہ۔ اور وہ چار حصے یہ ہیں۔ بہار۔ گرمی۔ خریف۔ سردی۔ ج فُصُوْلٌ. الفَصْلُ: حق و باطل کے درمیان فیصلہ۔ قَوْلٌ فَصْلٌ: قول حق یَوْمُ الفَصْلِ: قیامت کا دن اور فَصْلُ الخِطَابِ سے مُراد وہ خطاب ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کن ہو۔ اور فصل الخطاب خطیب کا قول امابعد بھی ہے۔
الفَصْلَة: فصل کا اسم مرۃ۔ کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگایا گیا ہو۔
الفَصِیْل: شہر پناہ کے سامنے چھوٹی دیوار؛ اونٹنی یا گائے کا بچہ؛ جو ماں سے علیحدہ کیا گیا ہو ج فِصَالٌ و فُصْلانٌ و فِصْلانٌ۔
الفَصِیْلَة: فصیل کا مؤنث۔ ران یا اعضاء جسم کے گوشت کا ٹکڑا۔ کنبہ۔ ج فصائل۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا بِفَصِیْلَتِهِمْ" یعنی تمام آئے۔
الانفصالی: وہ شخص جو کہ اپنے دین اور ملک سے الگ ہونے کی طرف میلان رکھتا ہے۔ وہ شخص جس ہدف جماعت سے اختلاف اور اس سے خارج ہو جاتا ہے۔
الانفصالیۃ: دین و ملک سے الگ ہونا۔ الگ ہونے کی طرف میلان رکھنا۔
الفَصَّال: انعام حاصل کرنے کے لیے مدح کرنے والا۔ سَیْفٌ فَصَّالٌ: تلوار قاطع۔
الفِصَال: دودھ چھڑانا۔
الفاصِل: فا حُكْمٌ فاصِلٌ: حکم نافذ۔
الفاصِلَة: مؤنث فاصِل۔ ہار کے دو مہروں

کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ۔
الفاصِلَۃُ الصُّغْرٰی فِی عِلْمِ العَرُوْضِ. علم عروض کی اصطلاح میں تین حروف متحرک اور چوتھا ساکن جیسے ضَرَبَتْ اور فَاصِلہ کُبْرٰی: چار حروف متحرک اور پانچواں ساکن جیسے ضَرَبَکُمْ۔ اور فاصلہ سجع میں ایسا ہی ہے جیسے قافیہ شعر میں ج فَوَاصِل

الفَیْصَل حاکم۔ قاضی حق و باطل کے درمیان فیصلہ۔ جو چیز اُمور میں فیصلہ کرے۔ تلوارِ قاطع ج فَیَاصِل۔ حکم فیصلٌ: حکم نافذ۔ حکومۃ فیصلٌ: حکومت نافذہ۔ ضَرْبَۃٌ فَیْصَلٌ وہ مار جو دو ہمسر اور مقابل کے درمیان فیصلہ کن ہو۔

الفَیْصَلِی حاکم۔ جج۔

المَفْصِل جوڑ۔ ج مَفَاصِل. المفاصِل جمع شدہ پتھر۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین جس میں سنگریزے اور ریت وغیرہ جمع ہوگئے ہوں جس کا پانی صاف اور ٹھنڈا ہوتا ہے داءُ المَفَاصِل. وجع مفاصِل۔ ایک بیماری جس میں جوڑوں میں درد ہوتا ہے۔

المِفْصَل زبان۔

المِفْصَال جس کی عادت ہی فیصلہ کی ہو۔

المَفْصَلَۃ. فِیْ اِصْطِلَاحِ التجارین. دروازے وغیرہ کا قبضہ۔

اَلْفَاصُوْلِیَّۃُ اَوِالْفَصُوْلِیَا: لوبیا' زرعی سبزی امریکہ میں زیادہ تر ہوتی ہے۔ سولھویں صدی میں اس کی ابتدائی زراعت ہوئی۔

فَصَم (ض) فَصْمًا. الدملج ونحوہ: بازو بند وغیرہ کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا الشَّیْ: کاٹنا۔

فُصِمَ. البَیْتُ: مکان کا گرنا۔

اَفْصَمَ. عَنْہُ المطرُ او الحُمّٰی: بارش یا بخار کا منقطع ہونا۔

تَفَصَّمَ وانْفَصَمَ. منقطع ہونا۔ بغیر جدائی کے ٹوٹنا۔ پھٹنا۔

الفَصِیْم والاَفْصَمُ. ٹوٹا ہوا۔ کٹا ہوا۔ پھٹا ہوا۔

فَصٰی یَفْصِی فَصْیًا. الشَّیْءَ مِنَ الشَّیْءِ وعنہ: جدا کرنا۔ زائل کرنا۔

فَصّٰی تَفْصِیَۃً. اللحمَ مِنَ العَظْمِ او عَنِ العَظْمِ: گوشت کو ہڈی سے علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ چھڑانا۔

فَاصَاہُ مُفَاصَاۃً. جدا ہونا۔

اِفْصٰی اِفْصَاءً خیر یا شر سے نکل جانا۔

اَفْصٰی عَنَّا المطرُ: منقطع ہونا الصَّائِد: شکاری کی جال میں کچھ نہ پھنسنا۔

تَفَصّٰی تَفَصِّیًا وانْفَصٰی اِنْفِصَاءً مِنْ او عَنِ الشِّدَّۃِ او غیرِھا: رہائی پانا۔ کہا جاتا ہے "تَفَصّٰی من الدیونِ" قرض سے نجات پائی الرجلُ مِنَ الرجلِ و عَنْہُ: جدا ہونا۔ تَفَصّٰی الشَّیْءَ: پورا لے لینا۔

الفَصٰی. خشک انگور کا دانہ واحد (فَصَاۃٌ)

الفَصْیَۃ والفُصْیَۃ: خیر سے محرومی شر سے رہائی۔ الفصیۃ ما بین الحرِ والبَرْدِ: اعتدالِ موسم۔ کہا جاتا ہے "یومٌ فَصْیَۃٌ وفُصْیَۃٌ ویومٌ مُفْصٍ ولَیْلَۃٌ فَصْیَۃٌ وفُصْیَۃٌ ولَیْلَۃٌ فَصْیَۃٌ" معتدل دن رات نہ گرم نہ سرد۔

فَضَّ (ن) فَضًّا. الشَّیْءَ: توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فَضَّ خَتْمَ الکِتَابِ والخَتْمَ عَنِ الکِتَابِ: مہر توڑنا اللُّؤلُؤَۃَ: موتی باندھنا القَوْمَ: قوم کو متفرق کرنا۔ تم کہتے ہو "فَضَّ اللّٰہُ جَمْعَھُمْ" اللہ ان کی جمعیت کو متفرق کر دے۔ و فَضَضْتُ حَلْقَۃَ القَوْمِ: میں نے قوم کے حلقہ کو توڑ دیا الدُّمُوْعَ: آنسو بہانا۔ الشَّیْءَ عَلَی القَوْمِ: تقسیم کرنا۔ مَا بَیْنَھُمَا: کاٹ دینا اللّٰہُ فَاہُ: دانتوں کو گرا دینا اور اسی سے ہے "لَا فُضَّ فُوْکَ" اس شخص کیلئے جو بہترین گفتگو کرے دُعا ہے کہ تمہارے دانت نہ گرائے جائیں۔

فَضَّضَ. الشَّیْءَ: کسی چیز پر چاندی کا ملمع کرنا۔ چاندی کا جھول چڑھانا۔

اَفَضَّ. العَطَاءَ: بہت دینا۔

اِنْفَضَّ. ٹوٹنا۔ اِنْفَضَّتِ الدُّمُوْعُ: آنسو بہنا (وتَفَضَّضَ) متفرق ہونا۔

اِفْتَضَّ. الماءَ: پانی آہستہ آہستہ گرانا۔

الفَضّ. بکھرے ہوئے لوگ۔ کہا جاتا ہے فِی المَدِیْنَۃِ فَضٌّ یعنی شہر میں متفرق لوگ ہیں وتَمْرٌ فَضٌّ متفرق کھجوریں۔

الفُضَاض والفِضَاض والفُضَاضَۃ ریزے۔ ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "طَارُوْا فُضَاضًا" متفرق ہو کر اُڑ گئے۔

الفَضِیْض والفَضَض. نہاتے وقت پانی جو ادھر اُدھر بکھر جائے۔ ہر متفرق و منتشر چیز۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فَضَضٌ مِنَ النَّاسِ" متفرق فرقے نکلے

الفَضِیْض: ٹوٹا ہوا خوشگوار پانی یا بہتا ہوا پانی۔

الفِضَّۃ. چاندی (والفَضَّۃ) زمین جہاں پتھر ایک دوسرے کے اوپر بکھرے ہوئے ہوں۔

الفَاضَّۃ. مؤنث فاض۔ مصیبت ج فَوَاضّ.

المِفْضَاض والمِفَضّ والمِفَضَّۃ بینگا۔ موگری۔

الفَضْفَضَۃ. کشادگی۔

الفَضْفَاض. کشادہ۔

تَفَضَّجَ. الرَّجُلُ عَرَقًا وبِالعَرَقِ: بال کی جڑوں میں پسینہ آنا اور تر نہ ہونا الشَّیْءُ: وسیع ہونا جَسَدُہُ بِالشَّحْمِ: موٹاپے سے پھٹ پڑنا۔

اِنْفَضَجَ الرَّجُلُ عَرَقًا وبِالعَرَقِ: بمعنی تَفَضَّجَ الاَمْرُ: ڈھیلا اور کمزور ہونا البَدَنُ: بدن کا بہت موٹا ہونا القَرْحَۃُ: زخم کا کشادہ ہونا الاُفُقُ: ظاہر ہونا۔

الفَضِیْج. پسینہ۔

فَضَحَ. (ف) فَضْحًا. برائیاں ظاہر

کرنا۔ فَضَحَ الْمُعَمّٰى : معمہ حل کرنا القَمَرُ النُجومَ: چاند کا ستاروں پر غالب آنا الصُبْحُ: صبح طلوع ہونا الصُّبْحُ فُلَانًا: روشنی کا غالب ہونا۔

فَضِحَ(س) فَضَحًا. تھوڑا سفید ہونا۔ صفت (اَفْضَح)مؤنث فَضْحَاءج فُضْحٌ.

فَضَّحَ واَفْضَحَ. الصُبْحُ: صبح طلوع ہونا۔ اَفْضَحَ النخلُ: درخت خرما کا سرخ یا زرد پھل والا ہونا۔

فَاضَحَهُ وتَفَاضَحَا. ایک دوسرے کو رُسوا کرنا۔ ایک دوسرے کی بُرائیوں کو ظاہر کرنا۔

اِفْتَضَحَ. الاَمْرُ: مشہور ہونا الرَّجُلُ: رُسوا ہونا۔ بُرائیاں ظاہر ہونا۔

الفَاضِح. فا۔ صبح۔

الفَضَّاح. صیغہ مبالغہ۔

الفُضُوْح والفَضَاحَة والفُضُوْحَة والفِضَاح. رُسوائی/ بُرائیوں کا ظاہر ہونا۔

الفَضُوْح. رُسوا کرنے والا۔ رُسوا شدہ۔

الفَضِيْح. مال یا مویشی میں بدانتظامی۔

الفَضِيْحَة. مؤنث فَضِيْح. عیب۔ رُسوائی ج فَضَائِح.

المَفْضَحَة. سبب رُسوائی ج مَفَاضِح.

فَضَخَ(ف) فَضْخًا. الشَّئَ: کھوکھلی چیز کو توڑنا الرَّاسَ: سر کچلنا العَيْنَ: آنکھ پھوڑنا۔

اَفْضَخَ. العُنْقُوْدَ: انگور کے گچھے کا نچوڑے جانے کے قابل ہونا۔

اِنْفَضَخَ. ٹوٹنا۔ کشادہ ہونا۔ اِنْفَضَخَتِ القَرْحَةُ: زخم کا کشادہ ہونا اور نچڑا جانا زَيْدٌ: بہت رونا الدلو: ڈول کا چھلکنا۔

اِفْتَضَخَ. البُسْرَ: کچی کھجور کی نبیذ بنانا۔

فَضْخ. المَاءِ: پانی کی چھلک۔

الفَضُوْخ. شراب جو پینے والے کو مست بنا دے۔

الفَضِيْخ. شیرۂ انگور۔ کھجور کی شراب۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

فَضْفَضَ فَضْفَضَةً. الثَوْبُ او العَيْشُ: کشادہ ہونا و فَضْفَضَهٗ: کشادہ کرنا۔

الفَضْفَاض. کشادہ کپڑا۔ خوش عیش۔ فیاض۔ اَرْضٌ فَضْفَاض: زمین جس پر بارش کا پانی بہت جمع ہو۔ دِرْعٌ (فَضْفَاضَة وفُضَافِضَة) کشادہ زرہ۔ سَحَابَةٌ فَضْفَاضَة وفُضَافِضَة: بہت پانی والی بدلی۔ جَارِيَةٌ فَضْفَاضَةٌ: پُر گوشت طویل الجسم لڑکی۔

فَضَلَ(ن) و فَضِلَ(س) فَضْلًا باقی رہنا۔ زائد ہونا۔ فَضَلَهٗ: فضل میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "فضل فلانٌ عَلٰى غَيْرِهٖ" جبکہ فضل میں غالب ہو جائے۔

فَضِلَ و فَضُلَ(ک) فَضْلًا صاحب فضل ہونا۔ صاحب فضیلت ہونا۔

تَفَوَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔ عَلَى قَوْمِهِ: بلند ہونا النَّاقَةَ: دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا الفَصِيلُ: مہلت دے کر دودھ پینا مَا لَهُ: ٹھہر ٹھہر کے خرچ کرنا۔
إنْفَاقَ إنْفِيَاقًا. السَّهْمُ: سوفار ٹوٹنا۔
الجَمَلُ: اونٹ کا لاغر ہونا اور ہلاک ہونا۔
إفْتَاقَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ فقیر ہونا۔
إسْتَفَاقَ الرَّجُلُ مِنْ نَوْمِهِ أو مَرَضِهِ أو غَفْلَتِهِ: بمعنی افاق النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا۔
الفَاقُ. کھانے سے بھرا ہوا بڑا پیالہ۔ جنگل۔ کنکھا۔ لمبے قد کا مرد۔ لمبی گردن کا ایک دریائی جانور۔
الفَاقَة. حاجت۔ فقر۔ محتاجی۔
فَوْقَ س۔ اوپر۔ اور یہ ظرف مکان ہے اور کبھی زمانہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے أقَمْتُ فَوْقَ شَهْرٍ اور کبھی زیادتی اور فضل پر دلالت کرتا ہے جیسے العَشَرَةُ فَوْقَ التِّسْعَةِ و "هٰذَا فَوْقَ ذَاكَ" اور کبھی بطور اسم کے استعمال ہوتا ہے۔ كَقَوْلِهِ. وإذَا ذُكِرَتْ فَكُلٌّ فَوْقَ دُوْنٍ۔
الفَوْقَانِي. اوپر والا۔ اعلی۔ نقیض تحتانی۔
الفُوق. سوفار۔ ج فُوَق وأفْوَاق. زبان کا کنارہ۔ پہلا راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ارْتَدَّ عَلَى فُوقِهِ" یعنی گیا اور لوٹا نہیں ولَهُ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُو فُوقٍ یعنی وہ ان میں سے اکثر حصے والا ہے۔
الفَوَق. سوفار میں کجی۔
الفُوقَة. سوفار ج فُوق وفُقًا
الفِيقَة. دودھ جو دو دفعہ دوھنے کے درمیان میں تھن میں جمع ہو جائے۔ الفِيقَةُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا اکثر حصہ۔ فِيقَةُ الضُّحَى: چاشت کی ابتداء ج فِيَقٌ وفِيَقٌ وفِيقَاتٌ و أفْوَاقٌ وأفَاوِيقُ. تم کہتے ہو "أرْضَعَتْنِي أفَاوِيقَ بِرِّهِ" اس نے میرے ساتھ بہترین احسانات کیے الأفَاوِيقُ: پانی جو بادل میں جمع ہو جائے اور تھوڑا تھوڑا برسے۔
الفَوَاقُ والفُوَاقُ. س۔ دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت۔ دوہنے والے کے ہاتھ کے بند کرنے اور کھولنے کے درمیان کا وقت۔ اور اسی سے ان کا قول ہے۔ "أمْهِلْنِي قَدْرَ فُوَاقِ حَالِبٍ" یعنی مجھے ذرا سی مہلت دو "ولَهُ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُو فُوَاقٍ" اس کیلئے فلاں چیز سے حصہ کامل ہے۔ الفُوَاقُ: جانکنی کے وقت کی ہچکی ج أفْوِقَةٌ وآفِقَةٌ وج أفْوِقَات. الفُوَاق: اسم ہے أفَاقَ واسْتَفَاقَ العَلِيلُ سے جبکہ وہ لاغر ہو جائے۔
الفَائِقُ. فا۔ برگزیدہ۔ عمدہ خالص ہر چیز کا ج فَائِقُونَ و فُوقَة. الفَائِقُ: سر اور گردن کی جوڑ کی جگہ۔
السَّهْمُ الأفْوَقُ. وہ تیر جس کا سوفار ٹوٹ گیا ہو۔ شَاعِرٌ مُفِيقٌ. شاعر بلیغ۔
طَعَامٌ مُفَوَّقٌ. کھانا جو تھوڑا تھوڑا لیا جائے۔
الفُول. لوبیا۔
الفَوَّال لوبیا بیچنے والا۔ لوبیا پکانے والا۔
فَوَّمَ. روٹی پکانا۔
الفُوم. لہسن۔ گیہوں۔ چنا۔ روٹی۔ بڑا لقمہ۔ کل وہ غلے جن کی روٹی پک سکے ج فُومَان۔
الفُومَةُ. فوم کا واحد۔ خوشہ ؛ چٹکی جو دو انگلیوں کے درمیان لی جائے۔ ج فُوَم.
الفَامِيُّ. سبزی فروش۔
الفَوْفَل والفُوفَل: ہندوستان میں ایک انگوری کا پھل جس کو کمزوری دور کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی طاقت صندل کی طرح ہوتی ہے۔
الفَاوَانِيَا: اس کا دوسرا نام عود الكليب ہے۔ ایک دوائی کا نام۔
فَاهَ يَفُوهُ فَوْهًا وتَفَوَّهَ. بِكَذَا: بولنا۔

وتفوّہ المکانَ دہانہ میں داخل ہونا۔
فَوِہَ (س) فَوَھًا فراخ دہن ہونا۔
فَوَّھَہٗ فراخ دہن بنانا۔
فَاوَہٗ مُفَاوَھَۃً وفَاھٰی مُفَاھَاۃً فُلانًا: گفتگو کرنا۔ مفاخرت کرنا۔
تفاوہ القومُ بکذا آپس میں گفتگو کرنا۔
اِسْتَفَاہَ اِسْتِفَاھًا واسْتِفَاھَۃً کی کے بعد بہت کھانا پینا۔
الفُوہُ والفاہ والفیہ مُنہ ج افواہ
فو اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو اور حالتِ نصبی میں الف اور حالتِ جری میں یا کے ساتھ آتا ہے۔ بشرطیکہ مفرد ہو اور یاءِ متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف اضافت ہو۔ تم کہو گے سَقَطَ لِفِیْہِ یعنی وہ اپنے مُنہ کے بل گرا۔ و "کَلَّمْتُہٗ فَاہُ اِلٰی فِیَّ" یعنی میں نے اس سے رو در رو گفتگو کی فاہ حالیت کی بنا پر منصوب ہے اور ابتدائیت کی بنا پر اس کا مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔ اس صورت میں جملہ حال واقع ہوگا۔ جیسے کَلَّمْتُہٗ فُوْہُ اِلٰی فِیَّ۔
الفُوَیْہ فوہ کی تصغیر۔ چھوٹا مُنہ۔
الفَوَہ مُنہ کی کشادگی۔ دانتوں کا ہونٹ سے نکلنا۔
الفُوَّہُ والفُوَّۃُ ایک درخت کی جڑیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہیں اور رنگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض میں دواء اس کا استعمال ہوتا ہے۔
الفَوْھَۃ فاہ کا اسم مرۃ۔ مُنہ۔
الفُوْھَۃ. مِنَ الوَادِی والطَّرِیْق و جَبَلِ النَّارِ وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ج فُوْھَات.
الفَیِّہ بہت بولنے والا۔ بلیغ۔ بہت کھانے والا۔ مؤنث فَیِّھَۃ.
الفُوْھَۃ اوّل شَیٔ مِنَ الطَّرِیْقِ والوَادِی وجَبَلِ النَّارِ راستہ یا وادی یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج فُوَّھَات واَفْوَاہ وفَوَائِہ.
الفُوَّھَۃ گفتگو۔ چغلی۔ تم کہو گے "فُلانٌ یَخَافُ فُوَّھَۃَ النَّاسِ" فلاں لوگوں کی گفتگو سے خائف ہے۔ اِنَّہٗ لَذُوْ فُوَّھَۃٍ وہ بڑا تیز زبان / زبان زور ہے "وَاِنَّ رَدَّ الفُوَّھَۃِ لَشَدِیْدٌ" نکلی ہوئی بات کو لوٹانا دُشوار بات ہے۔
الاَفْوَہ چوڑے مُنہ والا۔ مؤنث فوھاء ج فُوْہٌ طَعْنَۃٌ فَوْھَاءُ چوڑا زخم کرنے والی نیزہ کی ضرب۔
الاَفْوَاہ مسالے۔ خوشبو کی ڈبیاں۔ قسمیں۔ ج اَفَاوِیہ واحد فُوْہ.
المُفَوَّہ بڑا بولنے والا۔ بلیغ۔ کہا جاتا ہے خطیبٌ مُفَوَّہٌ شرابٌ مفوَّہٌ خوشبو ملی ہوئی شراب (والمَفْوِیّ) فوہ سے رنگا ہوا۔ دیکھئے الفُوَّۃ.
الفُوْ ایک قسم کی نباتات ہے جس سے وجع الجنب اور داء الثعلب کا علاج کرتے ہیں ارض (مفواۃ) زمین جس میں فوۃ بہت ہو۔ (دیکھئے الفُوَّۃ)
فِیْ حرفِ جر۔ معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے
(۱) ظرفیت جیسے الخَمْرُ فِی الزِّقِّ
(۲) مصاحبت جیسے جَاءَ فِی القَوْمِ قُمْتُ فِی شُرُوْقِ الشَّمْسِ (۳) تعلیل جیسے قُتِلَ فِی ذَنْبِہٖ (۴) مقابلہ جیسے مَا عِلْمِیْ فِی بَحْرِہِ اِلَّا قَطْرَۃٌ (۵) استعلاء جیسے لَاُصَلِّبَنَّکُمْ فِی جُذُوْعِ النَّخْلِ (۶) بمعنی با جیسے اَنْتَ بَصِیْرٌ فِی عَمَلِکَ بمعنی الی جیسے رَدَّیْدَہٗ فِی جَیْبِہٖ بمعنی مِنْ جیسے مَضَتْ عَلٰی ثَلَاثَۃِ اَشْھُرٍ فِی ثَلَاثِ سِنِیْنَ.
فَاءَ یَفِیْءُ فَیْئًا لوٹنا الظِّلُّ سایہ کا ہٹ جانا الغَنِیْمَۃَ غنیمت حاصل کرنا (فَیْئًا و فُیُوْءًا) الاَمْرُ لوٹ آنا۔
فَیَّاَ تَفْیِئَۃً الشَّجَرُ درخت کا سایہ دار ہونا۔
فَیَّاَتِ الرِّیَاحُ الغُصُوْنَ ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا۔
اَفَاءَ اِفَاءَۃً الظِّلُّ سایہ کا لوٹنا ہ الی کَذَا: لوٹانا۔ اَفَاءَ اللّٰہُ عَلَیْہِ مَالَ القَوْمِ مال غنیمت حاصل کرا دینا عَلَی القَوْمِ فَیْئًا: دوسری قوم سے مال غنیمت حاصل کر کے دینا۔
تَفَیَّأَ تَفَیُّؤًا الظِّلُّ سایہ کا پلٹنا الشجرۃ و فِی الشَّجَرَۃِ درخت کا سایہ لینا۔ سایہ ڈھونڈنا الاَخْبَارَ خبر کی سن گن لینا۔ کہا جاتا ہے تَفَیَّأَ بِفَیْئِہٖ سایہ میں پناہ لینا۔
اِسْتَفَاءَ اِسْتِفَاءَۃً لوٹنا المالَ مالِ غنیمت لینا الاَخْبَارَ خبر کی سن گن لینا۔
الفَیْءُ سایہ۔ غنیمت۔ خراج ج افیاء و فُیُوْء الفَیْءُ پرندوں کی ایک ٹکڑی۔
الفَیْئَۃُ فاء کا اسم مرۃ۔ لوٹنا۔ وقت۔
الفِیْئَۃُ فاء کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ حَسَنُ الفِیْئَۃِ" وہ بہتر واپسی والا ہے۔ کہا جاتا ہے دَخَلَ عَلٰی (تَفِیْئَۃِ) فُلَانٍ یعنی فلان کے نشانِ قدم پر داخل ہوا۔
المُفَاءُ افاء کا اسم مفعول۔
المَفْیَأَۃُ والمَفْیُوْءَۃُ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ ہو۔ سایہ دار جگہ۔
اَفَاجَ. فِی عدوہ دوڑنے میں دیر کرنا القَوْمُ فِی الاَرْضِ ملک میں پھیل جانا۔
الفَیْجُ پیک۔ ایلچی۔ ہرکارہ۔ خادم۔ لوگوں کی جماعت۔ پست زمین۔ ج فُیُوْج.
الفَائِجَۃُ دو پہاڑوں کے درمیان وادی۔ ج فَوَائِج.
فَاحَ یَفِیْحُ فَیْحًا و فَیَحَانًا الحَرُّ گرمی کا تیز ہونا۔ فَاحَتِ القِدْرُ ہانڈی کا جوش مارنا (فَیْحًا و فُیُوْحًا) الرَّبِیْعُ سرسبز ہونا الدَّمُ خون گرنا الشَّجَّۃُ زخم کا بہت خون بہانا۔
فَاحَ یَفِیْحُ وفَاحَ یَفَاحُ فَیْحًا کشادہ ہونا۔ فَاحَتِ الغَارَۃُ وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔
فَیَّحَ الشَّیْءَ بکھیرنا۔ متفرق کرنا اور اسی سے ہے "لَوْ مَلَکْتَ الدُّنْیَا یَفِحْتَھَا فِی یَوْمٍ وَاحِدٍ" اگر تم دُنیا کے مالک ہو جاؤ گے تو ایک ہی دن میں بکھیر دو گے۔
اَفَاحَ القِدْرَ جوش دینا الدِّمَاءَ خون بہانا۔

الفیح والفیح: کشادگی۔
فیاح: اسم ہے غارت کا۔ کہا جاتا ہے **"فیحی فیاح"** یعنی اے غارت پھیل جا اور منتشر ہو جا۔ اور غارت لوٹ ڈالنے والے سواروں کو کہتے ہیں۔
الفیاح: اسم مبالغہ۔ فیاض۔ **بحر فیاح** بہت وسیع سمندر۔ **رجل فیاح** فیاض۔ بڑا دیالو مرد۔ مؤنث **فیاحۃ**۔
الافیح: کشادہ۔ مؤنث **فیحاء** ج **فیح**
الفیحاء: وسیع مکان۔ بصرہ۔ دمشق اور طرابلس شام کا لقب۔
فاخ یفیخ فیخا، فیخانا: بمعنی **فاح یفوح**
فیخ: وادی۔
فاد یفید فیدا: مرنا۔ **المال لہ:** ثابت ہونا اور بعضوں نے کہا ہے۔ جاتا رہنا۔ **فادت لہ فائدۃ:** حاصل ہونا۔ **(وفید) الرجل:** ناز سے چلنا۔
فید: الو کی آواز سے بد فالی لینا۔
افاد افادۃ۔ الرجل علما او مالا: فائدہ پہنچانا۔ **الرجل:** مار ڈالنا۔ **الجزور:** ذبح کرنا۔
واستفاد منہ علما او مالا: حاصل کرنا۔
تفاید۔ القوم بالمال: ہر ایک کا دوسرے کو فائدہ پہنچانا۔
تفید الرجل: ناز سے چلنا۔
الفید: س۔ زعفران کی پتی۔
الفائدۃ: ادھار مال دے کر یا قرض دے کر اپنے مال کے عوض فیصدی کے حساب سے قرض خواہ مقروض سے کچھ مال لے۔ **الفائدۃ البسیطۃ:** حاصل شدہ نفع جو اصل مال میں ملایا جائے۔ **الفائدۃ المرکبۃ:** ہر سال یا ہر چھ ماہ یا اس سے کم و بیش مقررہ مدت کے بعد حاصل ہونے والا نفع جو اصل مال میں ملا جائے۔
الفائدۃ: زیادتی جو انسان کو حاصل ہو۔ علم یا مال وغیرہ سے انسان جو حاصل کرے ج فوائد۔
الفیاد (والفیادۃ): ناز سے چلنے والا۔ کہا جاتا ہے **"ھو یمشی علی الارض فیادا میادا"** وہ زمین پر ناز سے اکڑتا ہوا چلتا ہے۔

الفیروز والفیروز والفیروزج والفیروزج: ایک قسم کا قیمتی پتھر۔
فاش یفیش فیشا: فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔ صفت **فائش**۔
فیش عن الامر: بزدلی کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔
فایشہ فیاشا ومفاشاۃ: مفاخرت کرنا۔
فایش الرجل: لڑائی میں ڈینگ مارنا اور فضول دھمکی دینا۔
تفیش۔ الامر: لغو دعوی کرنا۔ **عنہ:** عاجزی سے پلٹ جانا۔
تفایش۔ القوم: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
الفیاش: بہت فضیلت والا سردار۔ فخر کرنے والا۔
الفائش: (پانی پر تیرنے والا) **ضد العمیق**
الفیوش: فخر کرنے والا۔ بزدل۔ کمزور۔
فاص یفیص فیصا۔ فی الارض: جانا۔ **منہ:** ہٹ جانا۔ اور کہا جاتا ہے **"ما فصت افعل"** یعنی ہمیشہ کرتا رہوں گا۔ **فاصۃ:** جدا ہونا۔
افاص۔ الکلام: ظاہر کرنا۔ **افاصت یدہ:** انگلیوں کا کسی چیز کے پکڑنے سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے **مالک عنہ (مفیص)** تمہارے لئے کوئی بچنے کی جگہ نہیں۔
فاض یفیض فیضا و فیضانا و فیوضا و فیوضا و فیوضۃ و فیضوضۃ۔ السیل: کثرت سے ہونا اور وادی کے کنارہ سے بہنا۔ **کل سائل:** جاری ہونا۔ کہا جاتا ہے **"فاضت عینہ"** یعنی آنسو بہ پڑے۔ **فاض الجرح:** پھیل جانا۔ **الشیء:** بہت ہونا۔ **(فیضا وفیوضا) فاضت نفسہ:** روح نکلنا۔ **(فیضا) الاناء:** برتن کا بھر جانا۔ **صدرہ بالسر:** بھید کو چھپا نہ سکنا۔
افاض افاضۃ۔ الدمع: آنسو بہانا۔ **الماء:** پانی گرانا۔ **الاناء:** برتن کو لبریز کر دینا۔ **القوم من المکان:** متفرق و منتشر ہو جانا۔

القوم فی الحدیث: گفتگو میں مشغول ہونا۔ **القوم علی الرجل:** غالب ہونا۔ **بالشیء:** پھینکنا، دفع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے **"ما افاض بکلمۃ"** یعنی کچھ نہیں بولا۔
تفیض۔ الجفن: آنسو بہانا۔
استفاض استفاضۃ۔ الخبر: پھیلنا۔ **المکان:** کشادہ ہونا۔ **الوادی شجرا:** وسیع ہونا اور درخت بہت ہونا۔ **القوم فی الحدیث:** مشغول ہونا۔ **الرجل:** پانی بہانے کو کہنا۔ **القداح وبالقداح:** تیر سے جوا کھیلنا۔
الفیض: س۔ موت۔ کہا جاتا ہے **"ذھبنا فی فیض فلان"** فلاں کے جنازہ میں گئے۔
الفیض من الخیل: بہت تیز رو گھوڑا۔ ج **فیوض وافیاض**۔ کہا جاتا ہے **"ماء فیض"** بہت پانی۔ **"واعطاہ غیضا من فیض"** اس نے بہت میں سے تھوڑا دیا۔ **رجل فیض:** فیاض و سخی آدمی۔
الفیاض: بہت پانی والا۔ **رجل فیاض:** بہت جود و بخشش کرنے والا۔
حدیث (مفاض و مستفیض و مستفاض) فیہ: پھیلی ہوئی بات۔
درع (مفاضۃ) کشادہ زرہ۔
فاظ یفیظ فیظا وفیظانا وفیوظا وفیظوظۃ: مرنا۔
افاظ اللہ: موت دینا۔ کہا جاتا ہے **ضربتہ حتی افظت نفسہ** میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔
الفیظ: س۔ موت۔ کہا جاتا ہے **"حان فیظہ"** اس کی موت آگئی۔
الفیف: جنگل جس میں پانی نہ ہو۔ ہموار جگہ ج **افیاف وفیوف**۔ **الفیف من الارض:** مختلف ہواؤں والی زمین۔
الفیفی والفیفاء والفیفاۃ: بمعنی **الفیف**
ج **فیاف**۔ **الفیفاء:** چکنا پتھر۔
فاق یفیق فیقا: جان دینا۔ مرنا۔

اَفْيَقَ اِفْيَاقًا. الشاعِرُ: بمعنی اَفْلَق.

الفَيْقُ. مرغی کی آواز۔

فَالَ يَفِيلُ فَيْلَةً وفُيُوْلَةً وفَيْلُوْلَةً رَايُهٗ: کمزور اور غلط ہونا۔ صفت فَائِلُ الرَاى وفَالُهٗ و فِيْلُهٗ وفَيْلُهٗ. و فَالَ الرَجُلُ: ہاتھی جیسا ہونا۔

فَيَّلَ رَايَهٗ: غلطی پکڑنا۔ کمزور سمجھنا الرَجُلُ فِیْ رَايِهٖ. صواب کو نہ پہنچنا۔

تَفَيَّلَ. رَايُهٗ: کمزور ہونا النَبَاتُ: نباتات کا بڑھنا الشَبَابُ: جوانی ڈھلنا۔

الرَجُلُ: موٹا ہونا۔

الفَال. شگون۔ فال کا مخفف۔

الفِيْل. ہاتھی۔ ج اَفْيَال وفِيْلَة و فُيُوْل مؤنث فِيْلَة۔ الفِيْل: مرد فرو مایہ۔ داءُ الفِيْل: ایک بیماری ہے جس میں پاؤں سوج جاتا ہے۔ فیل پا۔

الفَيَّال. مہاوت، ہاتھی بان۔ ج فَيَّالَة.

فَائِلُ الرَاى وفَالُهٗ وفِيْلُهٗ. کمزور رائے والا۔

فَيِّلُ. اللحمِ: بہت گوشت والا۔ فَيِّلُ الرَاى: کمزور رائے والا۔

الفَيَالَة. رائے کی کمزوری۔

المَفْيُوْلاء. ہاتھی کے بچے۔

الفِيْلَجَة. ریشم کے کیڑے کا کویا۔ ج فَيَالِج.

الفَيْلَق. بڑا لشکر۔ بڑا آدمی۔ ج فَيالِق.

الفَيْلَم. بزدل۔ کشادہ منہ کا کنواں۔ کنگھا۔ دستر خوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ تلچھٹ کی کثرت ج۔ فَيالِم (والفَيْلَمانِّى) بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔

اَلْفِيلِيْرِيَّة: جنگلی زیتون جیسا ایک درخت جس کے پتے انڈے کی شکل کے ہوتے ہیں اور اس کے پھل انگوری ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

فَانَ يَفِيْنُ فَيْنًا. آنا۔

الفَيْنَة. وقت۔

الفَيْنَان. خوبصورت لمبے بالوں والا مؤنث فَيْنَانَةٌ.

تَفَيْهَق. فِى الْكَلَامِ: بہت پھیلا کر گفتگو کرنا۔

فِی مَشْيَتِهٖ: ناز سے چلنا عَلَيْهِ كَذَا: بڑا بننا۔

الفَيْهَق. ہر کشادہ جزء ج فَيَاهِق.

الفَيْهَك. بیوقوف عورت۔

ق

ق: اَلْقَافُ: بنیادی حروف میں سے اکیسواں حرف ہے لھویہ حروف میں سے ہے یعنی حلق کے کوا سے نکلنے والا حرف۔
بحساب جمل اس کا عدد (۱۰۰) ہے۔
قَأَبَ (ف) قَأْبًا الطَّعَامَ: کھانا الْمَاءَ: پانی پینا۔
قَئِبَ (س) قَأْبًا قَأَبًا. مِنَ الشَّرَابِ: زیادہ پینا۔
قَأَبَ يَقْأَبُ قَأْبًا: کھانا' پینا۔
اَلْقَوْأَب وَالْقَوَائِبِي. مِنَ الْآنِيَةِ: بہت پانی کا برتن۔
الْقَؤُوب وَالْمِقْأَب. بہت پینے والا۔
الْقَاقَاء. کوے کی کائیں کائیں۔
الْقِيْقِيُّ. انڈے کی سفیدی۔ انڈے کا باریک چھلکا۔
قَأَى (ف) قَأْيًا. الرَّجُلُ: حق خصم کا اقرار کرنا۔ دشمن کا مطیع ہونا۔
قَبَّ (ن ض) قَبًّا. النَّبَاتُ: نباتات کا خشک ہونا الشَّيْئُ: اطراف کو جمع کرنا۔
الْقُبَّةَ: گنبد بنانا۔
قَبَّ (ن ض) قَبًّا. يَدَ فُلَانٍ: ہاتھ کاٹنا۔
قَبَّ (ض) قُبُوْبًا. اللَّحْمُ وَنَحْوُهُ: گوشت وغیرہ خشک ہونا الْقَوْمُ: جھگڑے میں آواز بلند کرنا۔
قَبَّ (ض) قَبًّا وَقَبِيْبًا. الْاَسَدُ او الْفَحْلُ: دانت پیسنا۔ قَبَّ طَيَّ الثَّوْبِ: کپڑے کی تہ کو لپیٹنا۔
قَبَّ و قَبِبَ (س) قَبَبًا. الْخَصْرُ او الْبَطْنُ: کمر کا باریک یا پیٹ کا دبلا ہونا۔
قَبَّبَ. الرَّجُلُ: گنبد بنانا الْبَيْتَ: گھر کو گنبد دار بنانا التَّمْرُ: کھجور کا خشک ہونا۔
الشَّيْئَ: اطراف کو جمع کرنا۔
تَقَبَّبَ. الْقُبَّةَ: گنبد میں داخل ہونا۔
اِقْتَبَّ. يَدَهُ: ہاتھ کاٹنا۔
الْقَبُّ. س جوان گھوڑا۔ سردار قوم۔ چرخی کا سوراخ۔ قمیص کے گریبان میں لگانے کی دھجی۔ غلہ کا ایک پیمانہ۔
الْقَبُّ وَالْقِبُّ. سردار قوم۔ اَلْقِبُّ: دونوں سرینوں کے درمیان پیٹھ کی ابھری ہوئی ہڈی۔
الْقَبَّان. غلہ کا ایک پیمانہ۔
الْقَبَب س۔ کمر کا باریک ہونا۔ پیٹ کا پتلا ہونا۔
الْقُبَّة. گنبد۔ ج قِبَاب وقُبَب. قُبَّة الاسلام بُصره. قبة الشهادة عند اليهود: ایک خیمہ تھا جس میں یہود تابوت عہد کو چھپاتے تھے اور اس کو قبة الزمان بھی کہتے تھے اَلْقُبَّةُ الْخَضْرَاء او الزَّرْقَاء: گنبد آسمان۔
الْقِبَّة. اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔
الْقَابُّ. فا۔ آئندہ تیسرا سال؛ کہا جاتا ہے انك لا تنجح العام الحاضر ولا القابلَ ولا القابَّ تو نہ تو امسال کامیاب ہوگا نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔
الْقَابَّة. قَابٌّ کا مؤنث۔ بادل کی گرج۔ بارش کا قطرہ۔
الْقَبَّاب. اسم مبالغہ۔ شیر۔
الْقُبَاب. مِنَ السُّيُوْفِ وَنَحْوِهَا: شمشیر براں۔
مِنَ الْاُنُوْفِ: موٹی ناک۔
الْاَقَبُّ. مِنَ الْخَيْلِ: باریک کمر۔ پتلے پیٹ والا گھوڑا۔ مؤنث قَبَّاء ج قُبٌّ.
الْقُبِّي. لگاتار روزے رکھنے کی وجہ سے دبلے پیٹ والا۔
الْقَبِيْب. خشک نباتات۔
الْاَقَبُّ وَالْمُقَبَّب وَالْمَقْبُوْب. دبلا۔
الْقَبَج. چکور۔ کبک کا معرب ہے۔ واحد (قبجة) مذکر و مؤنث پر اطلاق ہوتا ہے۔ بخلاف یعقوب کے کہ کہ اس کا استعمال صرف مذکر ہی کے لئے ہوتا ہے۔
اَلْقَبَاجُوْرُ اَوِالْاَبَاجُوْر: روشنی روکنے کے لئے کھڑکیوں پر ارل (گھومنے والی پتری)
قَبُحَ (ک) قُبْحًا و قُبُحًا و قَبَاحَةً و قُبَاحًا و قُبُوْحًا و قُبُوْحَةً. برا ہونا۔ بدصورت ہونا۔
قَبَحَهُ (ف) قَبْحًا و قُبُوْحًا و قَبَحَهُ. اللّٰهُ عَنِ الْخَيْرِ: افعال خیر سے محروم کر دینا۔ صفت مفعولی مَقْبُوْحٌ اور کہا جاتا ہے "قَبَحْتُ لَهُ وَجْهَه" یعنی میں نے اس کے لئے "قَبَّحَه اللّٰه" کہا قَبْحُ الْبَيْضَةِ: انڈا

توڑنا۔ قَبَّحَ عَلَيْهِ فِعْلَه: برائی ظاہر کرنا۔

قَبَّحَ لَه وَجْهَهٗ: کسی کے عمل کے خلاف ناراضی کا اظہار کرنا۔

قَابَحَهٗ مُقَابَحَةً: آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

اَقْبَحَ الرَّجُلُ: برا فعل کرنا۔

اِسْتَقْبَحَ الشَّیْءَ: برا سمجھنا۔

اَلْقُبْحُ: س۔ قول، فعل یا صورت کی برائی۔

اَلْقَبِيْحُ: برا۔ ج قِبَاحٌ وَقَبْحٰی و قَبَاحٰی

(وَالْقَبِيْحُ) ران اور پنڈلیوں کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملتا ہے۔

اَلْقَبِيْحَةُ: قبیح کا مؤنث۔ عمل قبیح۔ ج قِبَاحٌ وَقَبَائِحُ

قَبَرَ (ن ض) قَبْرًا وَمَقْبَرًا۔ المَيِّتَ: میت کو دفن کرنا۔

اَقْبَرَهٗ: قبر بنانا۔ دفن کرنا۔ القَوْمَ: مقتول کو دفن کرنے کی اجازت دینا۔ دفن کرنے کے لئے دینا۔

اَلْقَبْرُ: س۔ انسان کے دفن کرنے کی جگہ۔ قُبُوْرٌ

اَلْقُبَّرَةُ وَالْقُنْبَرَةُ وَالْقُنْبُرَةُ وَالْقُنْبَرَاءُ وَالْقُنْبُرَاءُ: ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں چکاوک اور اُردو میں چنڈول کہتے ہیں۔ قُبَّرٌ وَقُبَرٌ وَقَنَابِرُ۔

اَلْقُبَّارُ: شکاری کا چراغ۔ لوگوں کی جماعت جو شکار کو جال سے کھینچنے کے لئے جمع ہو۔

اَلْقَبُوْرُ: پست زمین۔

اَلْمَقْبَرُ وَالْمَقْبَرَةُ وَالْمَقْبُرَةُ وَالْمَقْبِرَةُ: قبرستان۔ ج مَقَابِرُ

اَلْمَقْبَرِیُّ وَالْمَقْبُرِیُّ: مقبرہ کی طرف نسبت۔

اَلْقُبَّرَةُ وَالْقُنْبَرَةُ وَالْقُنْبُرَةُ وَالْقُنْبَرَاءُ وَالْقُنْبُرَاءُ: قُبَّرٌ وَ قُبَرٌ وَ قَنَابِرُ: چکاوک۔ چنڈول۔ یعنی ہمیشہ بولنے والی مشہور چڑیا۔

اَلْقُبْرُسُ: عمدہ تانبا۔ قُبْرُوْسٌ: ج

فارسة.

اَلْقَبْزُ: ایک قسم کا باجا۔

اَلْقِبْزُ: پستہ قد۔ بخیل۔

قَبَسَ (ض) قَبْسًا۔ مِنْهُ النَّارَ: شعلہ لینا۔ النَّارَ: آگ جلانا۔ العِلْمَ: علم سیکھنا۔ استفادہ کرنا۔ قَبَسَهُ النَّارَ: کسی کے لئے آگ لانا۔

(وَاَقْبَسَ) فُلَانًا العِلْمَ: سکھلانا۔ وَاَقْبَسَ فُلَانًا: کسی کو آگ دینا۔

اِقْتَبَسَ۔ مِنْهُ النَّارَ او العِلْمَ: بمعنی قَبَسَ۔ مِنَ الْعِلْمِ: استفادہ کرنا۔ وَاِقْتَبَسَهٗ نَارًا: کسی سے آگ لینا۔

اَلْقَابِسُ: فا۔ آگ طلب کرنے والا۔ ج اَقْبَاسٌ۔

اَلْقِبْسُ: اصل۔

اَلْقَبَسُ وَالمِقْبَاسُ: آگ کا شعلہ۔

اَلْقَبْسَةُ: قبس کا اسم مرة۔ قَبْسَةُ العَجْلَانِ: جلد بازی کے لئے مثال ہے۔ اس آگ لینے والے سے تشبیہ دی گئی ہے جو گھر میں داخل ہو اور صرف اتنی دیر ٹھہرے کہ آگ لے سکے۔

اَلْقَابُوْسُ: خوب صورت چہرہ اور اچھے رنگ و روغن کا مرد۔

اَلْقَوَابِسُ: اچھی بات سکھانے والے لوگ۔

اَلْمِقْبَسُ: لکڑی کا وہ حصہ جو جل رہا ہو ج مَقَابِسُ۔

اَلْمُقْتَبِسُ: آگ کا شعلہ۔

اَلْمِقْبَاسُ وَالْمِقْبَسُ: وہ چیز جس سے آگ کا شعلہ لیا جائے۔ اَلْمِقْبَاسُ: وہ عورت جو جلدی سے حاملہ ہو جائے۔

اَلْقَنْبَشُوْرُ: وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو۔

قَبَصَ (ض) قَبْصًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا۔ صفت (قَبُوْصٌ) الرَّجُلُ: سیراب ہونے سے پہلے روکنا۔ الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ (وَقَبَّصَ) الشَّیْءَ: چٹکی سے لینا۔

قَبِصَ قَبَصًا: بڑے سر والا ہونا۔ دردِ جگر میں مبتلا ہونا۔ سبک ہونا۔ چست ہونا۔

(و تَقَبَّصَ) الجَرَادُ عَلَى الشَّجَرِ: ٹڈیوں کا درخت پر اکٹھا ہونا۔

اِقْتَبَصَ۔ قَبْصَةً مِنْ كَذَا: چٹکی سے لینا۔

اَلْقِبْصُ وَالْقَبْصُ: بہت ریت کا ڈھیر۔

اَلْقِبْصُ: بہت سے آدمی۔

اَلْقَبْصُ وَالْقَبَصُ: جگر کا درد جو باسی منہ کھجور کے کھانے اور اس پر پانی پینے سے ہوتا ہے۔

اَلْقَبْصَةُ وَالْقُبْصَةُ: چٹکی۔ مِنَ الطَّعَامِ: لپ بھر خوراک۔ قُبَصٌ

اَلْقُبَيْصَةُ: بمعنی قَبْصَةٌ۔ اَلْقُبَيْصَةُ: مٹی کا ڈھیر۔ کنکری۔

اَلْقَبُوْصُ: ہلکا پھلکا۔ چست۔ حَبْلٌ قَبِصٌ: چھوٹی رسی۔ اَلْقَبِصُ: ہلکا پھلکا چست۔

اَلْقَبَصٰی: تیز دوڑ۔

اَلْاَقْبَصُ: بڑی کھوپڑی والا۔ مِنَ الخَيْلِ: چست تیز رفتار گھوڑا۔ اَلْاَقْبَصُ: وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصے سے غبار اُڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے۔ مؤنث قَبْصَاءُ ج قُبْصٌ۔

اَلْقَبْصَاءُ: بڑی کھوپڑی۔

اَلْقَبِيْصُ: مٹی کا ڈھیر۔

اَلْقَوَابِصُ: جماعتیں۔ پارٹیاں۔ واحد قَابِصَةٌ۔

اَلْمِقْبَصُ: رسی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں۔ ج مَقَابِصُ۔

حَبْلٌ مُتَقَبِّصٌ: چھوٹی رسی۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا۔ بِيَدِهِ الشَّیْءَ و عَلَى الشَّیْءِ: کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔ پنجہ سے پکڑنا۔ عَنِ الشَّیْءِ: پکڑنے سے باز رہنا۔ قَبَضَهٗ عَنِ الْاَمْرِ: ہٹانا۔ دور کرنا۔ قَبَضَهُ اللّٰهُ: وفات دینا۔ قَبَضَ الشَّیْءَ: سمیٹنا

الحَادِي الإِبِلَ: اُونٹ کو تیز ہانکنا۔الطَّائِرُ جَنَاحَه: پرندہ کا بازو سمیٹنا۔الدارَ و نَحْوَهَا: قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُ يَقْبِضُنِي مَا قَبَضَكَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی و "فُلَانٌ الخَيْرُ يَبْسُطُه والشَّرُّ يَقْبِضُه" فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے۔"واللّٰهُ يَقْبِضُ و يَبْسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا واقْتَبَضَ مِنْهُ المَالَ: اپنے لئے لینا۔قَبْضَةً: مٹھی بھر لینا۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا والقَبَضَ فِي حَاجَتِه: جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا۔القَوْمُ: چھوڑ دینا۔بَطْنُهُ: قبض ہونا۔القَبَضَ الشَّيْءُ: ملنا۔ منقبض ہونا۔ سمٹنا۔

قُبِضَ. المَرِيْضُ: قریب المرگ ہونا۔ مرنا۔

قَبَّضَ. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ سکیڑنا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّضَ وَجْهَه فَتَقَبَّضَ" اس نے اپنا منہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا۔" و "قَبَّضَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ" اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا۔اَقْبَضَ المَالَ فُلَانًا: مال کسی کے قبضہ میں دینا۔ مال پر کسی کا قبضہ کرانا۔

قَابَضَه مُقَابَضَةً. ہاتھ میں ہاتھ دینا۔

اَقْبَضَ. السَّيْفَ: تلوار کا قبضہ بنانا۔فُلَانًا المَتَاعَ: سامان پر قبضہ کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔

تَقَبَّضَ. جمع ہونا۔الجِلْدُ فِي النَّارِ: کھال سکڑ جانا۔الرَّجُلُ عَنِ الأَمْرِ: نفرت کرنا۔اِلَيْهِ: کودنا۔عَلَى الأَمْرِ: توقف کرنا۔

تَقَابَضَ. المُتَبَايِعَانِ: بائع اور مشتری کا بیعہ اور ثمن پر قبضہ کرنا۔

القَبْصُ. س۔ تیز ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِي قَبْضِهِ" مال اس کی ملکیت میں ہوگیا۔

القَبَضُ. قبضہ کیا ہوا مال۔ جلدی۔ تقسیم سے پہلے غنیمت کا مال۔

القَبْضُ: علم عروض کی اصطلاح میں پانچواں حرف ساکن کو حذف کرنا جیسے فَعُوْلُنْ سے فعول۔ حذف شدہ کو مَقْبُوضٌ بولتے ہیں۔

القَبْضَةُ. قبض کا اسم مرۃ۔ موت۔ کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِي قَبْضَتِهِ" مال اس کی ملکیت میں ہوگیا۔قَبْضَةُ السَّيْفِ: تلوار کا قبضہ۔

القَبْضَةُ والقُبْضَةُ. مقبوضہ شئی۔مِنَ الشَّيْءِ: مٹھی بھر کر۔

القُبَضَةُ. منتظم۔ چرواہا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ" قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑ دینے والا مرد۔

القُبَاضُ والقُبَاضَةُ. سکڑ جانا۔ جلدی۔

القُبَّاضُ والقُبَّاضَةُ. بہت سخت قبضہ کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔

القَابِضُ. فا۔مِنَ الطَّعَامِ: زبان پکڑنے والی خوراک۔مِنَ الأَدْوِيَةِ: قبض کرنے والی دوا۔ تیز ہانکنے والا۔قَابِضُ الأَرْوَاحِ حضرت عزرائیل۔

القَبِيْضُ. اکڑا ہوا۔ تیز۔ عقل مند۔ کاریگر جو اپنے کام پر متوجہ رہے۔

المِقْبَضُ والمَقْبَضُ والمَقْبِضُ والمِقْبَضَةُ والمَقْبَضَةُ والمَقْبِضَةُ تلوار کا قبضہ ج مَقَابِضُ۔

قَبَطَ (ن) قَبْطًا الشَّيْءَ: ہاتھ سے جمع کرنا۔ ملانا۔

قَبَّطَ وَجْهَهُ. ترش روئی کرنا۔ منہ بگاڑنا۔

القِبْطُ. مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت واحد قِبْطِيٌّ ج اَقْبَاط۔

القُبْطِيَّةُ والقِبْطِيَّةُ. کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔ ج القَبَاطِيُّ والقُبَاطِيُّ۔

القُبَّاطُ والقُبَّيْطُ والقُبَّيْطَى والقُبَّيْطَاءُ ایک قسم کی مٹھائی۔ ریوڑی۔

قَبَعَ (ف) قُبُوْعًا القُنْفُذُ: سیہی کا اپنی کھال میں سر چھپانا۔الرَّجُلُ فِي قَمِيْصِهِ: گریبان میں سر ڈالنا۔رَأْسَهُ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔فِي الأَرْضِ: جانا۔(قَبْعًا) الجَوَالِقَ: گون کے کنارے موڑنا (قَبْعًا و قُبُوْعًا) عَنْ أَصْحَابِهِ: تخلف کرنا۔النَّجْمُ: ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا۔الرَّجُلُ: عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔المَرْأَةُ: عورت کا چھپنا (قَبْعًا و قِبَاعًا و قُبَاعًا) الخِنْزِيْرُ: سور کا غرانا۔الفِيْلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا (و اقْتَبَعَ) المَزَادَةَ: مشک کے منہ کو منہ میں ڈال کر پینا۔

القُبْعُ. بگل۔

القُبَعُ والقُبَاعُ. سیہی۔ ایک قسم کا دریائی جانور۔

القُبَاعُ. بیوقوف مرد ایک بڑا پیمانہ۔

القُبَعَةُ. ایک چھوٹا سا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "يَا ابْنَ قُبَعَةَ و يَا ابْنَ قَابِعَاءَ" یعنی اے بیوقوف۔

"اِمْرَأَةٌ قُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی چھپنے والی کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔

القُبَّعَةُ. بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔

القُبَّاعُ. بزدل سور۔

القُبَعَةُ: چھوٹا پرندہ جو چوہوں کی بل کے پاس ہوتا ہے جب خوفزدہ ہو تو بل میں داخل ہو جاتا ہے۔

القُبَاعِيُّ. بڑے سر کا مرد۔

القَبِيْعَةُ. مِنَ السَّيْفِ: تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔

القَبِيْعَةُ والقُنْبُعَةُ. سور کی ناک کا سوراخ۔

القَوَابِعُ. گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔

القَبَعْثَرَى والقَبَعْثَرُ. بڑا۔ بڑا اُونٹ ج قَبَاعِث۔

القَبَعْثَى. بڑے قدم کا مرد۔ بڑے کھر کا اُونٹ۔ مؤنث قَبَعْثَاة۔

قَبْقَبَ قَبْقَبَةً. الفَحْلُ: بڑبڑانا۔الرَّجُلُ:

بیو قوف ہونا۔

پیٹ۔

س۔ گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ نر جانور کے دانت کی آواز۔

دریائی سیپی۔

کھڑاؤں۔ ج قَباقِیب

والقُباقِب. بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا۔ سخت آدمی

القُباقِب: آئندہ تیسرا سال۔ کہا جاتا ہے "لا تُفلِحُ العَام ولا القابلَ ولا القُباقِب" یعنی نہ تو تم امسال فلاح پاؤ گے نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

قَبِلَ (س) قَبُولًا وقُبُولًا. الشیٔ: لینا۔ قبول کرنا الکَلَامَ: تصدیق کرنا۔

قَبَلَتْ (ن) قَبْلًا وقُبُوْلًا. رِیْحُ القَبُوْل: پروائی ہوا چلنا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلًا. عَلَی الشیٔ: مشغول ہونا اور لازم ہونا المکانَ: متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَبَلَت المَاشِیَةُ الوَادیَ" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔

قَبَلَ (ف) قَبْلًا. الیَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔

قَبِلَتْ (س) قِبالَةَ الْمَرْاَةُ: عورت کا دائی جنائی ہونا القَابِلَةُ الوَلَدَ: دایہ گری کرنا۔

قَبِلَ (س) وقَبَلَ (ن ض) قَبَالَةً بِهٖ کفیل و ضامن ہونا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلًا و قَبِل (س) قَبَلًا آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔

قُبِلَ القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا۔

قَبَّلَهٗ بوسہ دینا۔ قَبَّلَ العَامِلَ العَمَلَ: ضامن لینا۔ اور ضمان کو (القَبالة) کہتے ہیں۔ قَبَّلَتْهُ الحُمّٰی: بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔

قَابَلَهٗ سامنے ہونا قَابَلَ الشَیٔ بالشَیٔ: مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔

اَقْبَلَ. الیَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔ اَقْبَلَتِ الاَرْضُ بالنباتِ: زمین میں نباتات کا بڑھنا۔ بکثرت ہونا۔ اَقبَلَ عَلَیْهِ: متوجہ ہونا اِلَیْهِ: آنا علَی الشیٔ: شروع کرنا اور لازم ہونا القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا فُلَانا الشیٔ: آگے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلْتُ زَیْدًا مَرَّةً و اَدْبَرْتُهٗ اُخْریٰ" یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کبھی پیچھے کیا۔ "اِذْهَبْ فَا "قْبِلْهُ الطَّرِیْق" اس کو لے جاؤ اور راستہ بتلاؤ اور سامنے کر لو۔

تَقَبَّلَهٗ. لینا۔ تَقَبَّلَ العَمَلَ: کام کو لازم کرنا۔

اللّٰهُ دُعَاءَ هٗ: دعا قبول کرنا اَبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا۔ تَقَبَّلَتْهُ السَعادَةُ: نیک بختی ظاہر ہونا۔

تَقَابَلَ. الرَجُلَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِقْتَبَلَ الکَلَامَ: فی البدیہہ کہنا الاَمْرَ: کام ازسر نو کرنا الرَّجُلُ: بیوقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔

اِقْبَلَتْ واقْبَالَتْ عَیْنُهٗ اِقْبِلَالًا واقْبِیْلَالًا. نگاہ کا بھینگا ہونا۔

اِسْتَقْبَلَ. الشیٔ: سامنے ہونا الرَّجُلَ: توجہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

قَبْلُ. پہلے۔ آگے۔ اور یہ ظرف زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے۔ جیسے مَاتَ الخَلِیْفَةُ و مَاتَ الوَزِیْرُ قَبْلَه و مِنْ قَبْلِهٖ. کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے۔ اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم جیسے مَاتَ الخَلِیْفَةُ و مَاتَ الوَزِیْر قَبْلُ و مِنْ قَبْلُ. اور اگر مضاف الیہ نہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں تو معرب جیسے مَاتَ الخَلِیْفَةُ و مَاتَ الوَزِیْر قَبْلًا و مِنْ قَبْلٍ

قُبَیْلَ. قبل کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ قُبَیْلَ العَصْرِ" یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔

القُبْلُ والقُبُلُ. اگلا حصہ مِنَ الزَّمَانِ: ابتدائی زمانہ مِنَ الجَبَلِ: دامن کوہ ج اَقْبَال کہا جاتا ہے اَقْبَلَ قُبْلَهٗ یعنی اس نے اس کا قصد کیا "رَاَیْتُهٗ (قُبْلًا وقَبَلًا وقُبُلًا وقِبَلًا وقَبِیْلًا وقِبَلِیًّا") میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔

القَبَلُ. س۔ سامنے کی مرتفع زمین۔ واضح راستہ۔ بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَیَّا اللّٰهُ قَبَلَهٗ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔

القَبَلُ: دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ ہر چیز جو پہلے نظر آئے۔ کلام کی برجستگی۔ ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے والقَبَل فی العَیْنِ: آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا فِی العَیْنَیْنِ: ہر آنکھ کی نگاہ کا ایک دوسرے کی طرف جھکنا۔

القِبَلُ. طاقت۔ قدرت جیسے "مالی بہ قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں۔ کہا جاتا ہے "لِی قِبَلَ فُلَانٍ دَیْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "واَتَانِی مِنْ قِبَلِه" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔ اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔

القِبْلَةُ. قَبِلَ کا اسم نوع۔ جہت۔ اور اسی سے ہے قِبْلَةُ المُصَلِّی اس جہت کیلئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔ جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "مَالَهٗ فِیْ هٰذَا الاَمْرِ قِبْلَةٌ ولا دِبْرَةٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔ "واجْعَلُوْا بُیُوْتَکُمْ قِبْلَةً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔

القُبْلَةُ. بوسہ۔ کفالت۔ ضمان۔ ج قُبَل۔

القَبَلَةُ. ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے ج قَبَل. القَبْلَةُ. بسکون الباء اور القُبْلَه بضم القاف و سکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔

القِبَالُ. مِنَ النَّعْلِ: تسمہ: کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُنْقَطِعُ القِبَالِ مرد بد رائے۔

القَبالة. س۔ ضمانت۔ کفالت۔ کہا جاتا ہے جلس (قُبالتَه) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔

القَبُول. س۔ اچھی ہیئت۔ باد صبا۔ دائی جنائی۔ عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔

القَبِیْل. ضامن۔ کفیل۔ شوہر۔ تین یا زائد کی جماعت۔ ج قُبُل و قُبَلاء۔

القَبِیْل: خدا کی اطاعت دَبِیْر: خدا کی نافرمانی القَبِیْلُ مِنَ النِّسَاءِ: دائی جنائی۔ کہا جاتا ہے "مَا یَعْرِفُ قَبِیْلًا مِنْ دَبِیْر" وہ آنے جانے والے کو پہچانتا نہیں "وَمِنْ قِبَلِ ذٰلِكَ" اس کی جہت سے اور کہا جاتا ہے "رَأَیْتُه قِبَلًا" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔

القَبِیْلَة. ایک باپ کے بیٹے۔ کنوئیں کے من کا پتھر۔ چمڑے کا ہر ایک ٹکڑا۔ ج قَبَائِل. قبائلُ الرَّاسِ: سر کی ہڈی کے ٹکڑے بعض بعض سے ملے ہوئے۔ قبائل الطیر: پرندوں کی قسمیں۔ قبائل الثوب: کپڑے کے ٹکڑے۔

الإسْتِقْبَال. س مِنَ الزَّمَانِ: حال کے بعد آنے والا زمانہ۔

الأقْبَل. وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو۔ "رَجُلٌ اِقْبَل" ناک کی جانب دیکھنے والا مرد۔ مؤنث قَبْلاء. ج قُبْل

القَابِل. فا۔ آئندہ سال۔ آمادۂ قبول۔ متاثر۔ ج قَبَلَة.

القَابِلِیَّة. قبول اور تاثر کی آمادگی کی حالت۔

القَابِلَة. قابل کا مؤنث۔ آنے والی رات۔ دائی جنائی۔ ج قَوَابِل و قَابِلات. قوابل الأمْرِ: اوائل امر۔

المُقَابَل. مف۔ الرَّجُلُ المُقَابَل: ماں باپ کی طرف سے شریف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقَابَلٌ مُدَابَر" نجیب الطرفین مرد۔

المُقَبَّل. مف۔ مقبول مِنَ الثِّیَاب پیوند لگا ہوا کپڑا۔ رَجُلٌ (مُقْتَبَلُ) الشَّبَاب: مرد نوجوان جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔

المُسْتَقْبِل. فا۔ (المُسْتَقْبِل والمُسْتَقْبَل) مِنَ الزَّمَانِ: آئندہ زمانہ۔

قَبَنَ (ض) قُبُوْنًا. الرَّجُلُ: ملک میں جانا۔

قَبَّنَ. الشَّیْءَ: قبان سے تولنا (دیکھئے قَبَّان)

اَقْبَنَ. دشمن سے شکست کھانا۔ بے خوف تیز دوڑنا۔

القُبْنَة. ضروریات میں بھاگ دوڑ۔

القَبَّان. بھاری اشیاء کے تولنے کا ایک آلہ (دخیل)

القَبِیْن. اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا۔ تیز رو۔

قَبَا یَقْبُوْ قَبْوًا. البناءَ: عمارت کو بلند کرنا یا گنبد نما بنانا الزَّعْفَرَانَ: زعفران توڑنا اور جمع کرنا الشَّیْءَ: کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا (قَبًّا) الشَّیْءَ: کسی چیز کو کمان جیسا کرنا۔ الحَرْفَ: ملانا۔

قَبّٰی تَقْبِیَةً. المَتَاعَ: سامان مہیا کرنا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو قبا بنانا عَلٰی فُلَانٍ: ظلم کرنا۔

تَقَبّٰی. الشَّیْءُ: گنبد جیسا ہونا القَبَاءَ: قبا پہننا الرَّجُلَ: پیچھے سے آنا۔

اِنْقَبٰی. عَنْهُ: پوشیدہ ہونا۔

اِقْتَبٰی. المَتَاعَ: سامان مہیا کرنا۔ آراستہ کرنا۔

القَبْوُ. گچھی ہوئی عمارت۔ گنبد۔ قبہ۔ گول گنبد دار کمرہ۔

القَبْوَة. قبا کا اسم مرۃ۔ دونوں ہونٹوں کا ملانا۔

القَبَاء. ایک کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ ج اَقْبِیَة.

القِبَاء. مقدار۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا قِبَاءُ قَوْسَیْنِ وقَابَ قَوْسَیْنِ" یعنی دو کمان کے مقدار۔ کنایہ قریب سے۔

القِبَةُ. اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔ تا واو محذوفہ کے بدلہ میں ہے۔

المَقْبُوُّ. مف جمع کیا ہوا۔ ملا ہوا۔

المَقْبِیُّ. بہت چربی والا۔

القُبَی: مقدار۔

القَبَایَة. بیابان۔

قَتَّ (ن) قَتًّا. جھوٹ بولنا الثَّوْبَ: کپڑے کو لمبائی میں کاٹنا الشَّیْءَ: کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ کم کرنا۔ مہیا کرنا۔ قَتَّ اِلٰی فُلَانٍ وقَتَّ اَثَرَ فُلَانٍ. ارادہ معلوم کرنے کیلئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا۔

قَتَّ وقَتَّتَ. الاحادیثَ: سخن چینی کرنا۔ وقَتَّتَ الاَفَادِیَةَ: ہانڈی میں ڈالنا اور پکارنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَقُتُّ الحَدِیْثَ" وہ باتوں میں تزویر اور تحسین کرتا ہے۔

تَقَتَّتَ. الحَدِیْثَ: بات کے پیچھے پڑنا۔ کان لگانا۔

اِقْتَتَّ. الشَّیْءَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا۔

القَتُّ. س۔ جھوٹ۔ اسپست یا اسپست خشک۔ ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں۔ واحد (قَتَّة)

القَتَات. ایک قسم کی نباتات۔

القَتَّات والقَتُوْت. چغل خور۔ امراۃ قَتَّاتَة و قَتُوْت: چغل خورن۔

القِتِّیْتٰی. چغلی۔ رَجُلٌ قِتِّیْتٰی. چغل خور مرد۔ قول (مَقْتُوْت ومُقَتَّت) جھوٹا قول۔

قَتَبَه (ن) قَتْبًا. بھنی ہوئی آنت کھلانا۔

اَقْتَبَ. البَعِیْرَ: اونٹ پر پالان باندھنا۔ ہ یَمِیْنًا: سخت قسم دینا ہ الدَّیْنَ: گرانبار و بوجھل کر دینا۔

القِتْب. آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے اردگرد ہو۔ پالان۔ ج اَقْتَاب.

القِتْبَة. آنتیں۔ ج اَقْتَاب.

القَتَب. کجاوہ۔ آنتیں۔ ج اَقْتَاب. کہا جاتا ہے "هُوَ قَتَبٌ یَعَضُّ بِالغَارِبِ" یعنی

وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے۔
القَتِد: تنگ خو۔ جلدی غضبناک ہونے والا۔
القَتُوبۃ: وہ اُونٹ جس پر پالان ہو۔ رجل (**مقتب**) **الکاھل**: ٹیڑھے کندھے والا مرد۔
قَتَد القَتاد: قتاد کے کانٹے دُور کر کے اُونٹوں کو چارہ دینا۔
قتّد القتاد: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا۔
القَتاد: ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کی مانند ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "**مِن دُونِ ھٰذا الامر خَرطُ القَتاد**" یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مُراد اس کے چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دُور کرنا ہے۔
القَتَد والقِتد: کجاوہ کی لکڑی۔ ج **اَقتاد والقُتد وقُتُود**۔
قَتَر (ن ض **قَترًا و قُتُورًا**) **علی عیالہ**: بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ صفت (**قاتر و قتور**) **الشیٔ**: بعض کو بعض سے ملانا۔ **الدرع**: زرہ میں میخوں کے سرے بنانا۔ لازم ہونا (**قَترًا و قَتَرًا و قُتُورًا**) **بین الامرین**: تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ **و الرجل**: روزی کا تنگ ہونا۔
قَتِر (ن ض **قَترًا و قُتُورًا و قَتِر** (س) **قَتَرًا**) **البخور و اللحم**: بدبودار ہونا **النار**: دھوئیں والی ہونا۔
قتّر علی عیالہ: نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ **اللحم**: گوشت کا بودار ہونا۔ **الصیّاد للاسد**: شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا۔ **الشیٔ**: خاک پر پچھاڑنا۔ **الرَّجُل**: ایک دوسرے کے قریب کرنا۔ **الوحش**: پکی ہوئی چیز کی بو تیز کرنا۔ اُونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تاکہ شکاری کی بو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے **ما بین الامرین**: اندازہ کرنا۔
اَقتر: مال کم ہونا۔ **علی عیالہ**: نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ **الشیٔ**: لازم ہونا۔ **اللہ رزقہ**: روزی تنگ کرنا۔ **النار**: دھوئیں والی کرنا۔
اقترت المرأۃ: عود کی دھونی دینا۔
تقتّر: غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا۔ **للصید**: شکار کے لئے قترہ میں چھپنا۔ (دیکھیے **قُترۃ**) **فلانا**: فریب دینے کا ارادہ کرنا۔ **عنہ**: جدا ہونا۔ **الامر**: آمادہ ہونا۔ **للامر کذا**: نرمی برتنا۔
تقاتر القوم: ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِقتتر الصائد: شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھیے **قُترۃ**)
القِتر: س۔ زندگی بسر کرنے کے قابل۔ اندازہ۔
القِتر: تیر کا پھل۔ چھوٹا تیر۔ تیر کا نے جو نشانے پر پھینکا جائے۔
القَتر: گردوغبار۔ اندازہ۔
القُتر والقُتُر: گوشہ و جانب ج قطر میں ایک لغت ہے۔
القَتِر: متکبر۔ مغرور۔
القَترۃ: **قتر** کا اسم مرۃ۔ گردوغبار۔
القِترۃ: **قتر** کا اسم نوع۔ **القِتر** کا واحد۔
ابُو قِترۃ: ابلیس کی کنیت۔ **ابن قِترۃ**: ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں۔ ج **بنات قِترۃ**۔ **قترۃ** ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے۔
القُترۃ: شکاری کا مچان۔ زرہ کا حلقہ۔ تنگی عیش۔ روشن دان۔ **قُترۃ البستان**: باغ کی نالی۔ **قُترۃ الباب**: دروازہ میں بند کرنے کی جگہ ج **قُتَر**۔
القُتار: پختہ چیز کی بھاپ۔ بخور یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بُو۔
القَتیر: زرہ کی میخوں کے سرے۔ زرہ۔ بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتداء۔
القاتر (**القَتُور والاَقتر**): بخیل۔ جو بال بچوں پر نان و نفقہ میں تنگی کرے۔ کہا جاتا ہے "**سرج** (**قاتر و مقتر**)" آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے۔ "**ولحم قاتر**" یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بُو ہو۔
الاَقتر: خاکستری رنگ والا۔
المُقتر: س۔ قوت لا یموت۔
قتع (ف **قُتُوعًا**): ذلیل ہونا۔
قاتعہ مُقاتعۃ: مقاتلہ کرنا۔
القَتع: شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو۔
القَتَع: ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے۔ واحد (**قَتعۃ**) اور کہا گیا ہے کہ قتع بمعنی دیمک۔
القتعۃ: ذلیل۔ کہا جاتا ہے **ھو** (**اَقتع**) یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مؤنث **قتعاء** ج **قُتع**
قتل (ن **قتلا و تقتالا**): مار ڈالنا۔ صفت **القاتل** ج **قاتلون و قتلۃ و قتّال**۔ کہا جاتا ہے "**قتلہ باخیہ**" یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا۔ **قتل الخمرۃ**: شراب میں پانی ملانا۔ **الجوع او البرد**: بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "**قتلہ اللہ**" یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح و ثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "**قتل الشیٔ خبرا**" یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کر لیا و "**قتل غلیلہ**" یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہو گئی۔
قتّل القوم: بہت لوگوں کو قتل کرنا۔
قاتلہ قتالا و قیتالا و مقاتلۃ: جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا۔ **ہُ اللہ**: لعنت کرنا۔ اور موقعہ استحسان پر کہا جاتا ہے "**قاتلہ اللہ ما**

اشعرہٗ مراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددعا۔
اَقْتَلَہٗ قتل کے لئے پیش کرنا۔
تَقَتَّل چلنے میں لچکنا لِلْاَمْرِ مہلت دینا لِفُلَانٍ: جھکنا۔ فرمانبردار ہونا (تقتل وتقاتل و اقتتل) القوم: باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔
اِسْتَقْتَلَ قتل ہونے کیلئے سر جھکانا۔ (جیسا اِسْتَمَاتَ قتل کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔ فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔
القَتْل مص القَتْلُ العمد قتل جو مقصود ہو القَتْلُ الخطا قتل جو غیر مقصود ہو۔
القِتل دشمن۔ دوست۔ ہمسر۔ نظیر۔ جنگجو۔ بہادر ج اقتال اور کہا جاتا ہے "انّہٗ لَقِتْلُ شَرٍّ" وہ شر کا جاننے والا ہے۔
القِتْلَة قتل کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَہٗ قِتْلَةَ سَوْءٍ" اس نے اس کو بُرے طریقہ سے قتل کیا۔
القِتَال نفس۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "ناقۃٌ ذاتُ قِتَال" مضبوط اونٹنی۔
القَتُوْل بہت قتل کرنے والا (مذکر و مؤنث) ج قُتُل و قُتْل
القَتِیْل مقتول۔ (مذکر و مؤنث) ج قَتْلٰی و قُتَلَاء و قَتَالٰی
المَقْتَل جسم کا وہ عضو مثلاً کنپٹی کہ جس پر ضرب پہنچنے سے آدمی نہ بچے۔ قتل کی جگہ۔ قتل ج مَقَاتِل
المُقَاتِلَة لڑنے والی جماعت۔ تا تانیث کیلئے جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے واحد (مُقَاتِل)
المُقْتَتَل میدانِ جنگ۔
المُقَتَّل تجربہ کار۔ باخبر۔ دل جس کو عشق نے ہلاک کر دیا ہو۔
قَتَمَ (ن) قُتُوْمًا و قَتِمَ (س) قَتَمًا الغُبَارُ غبار کا بلند ہونا۔
قَتُمَ (ض) قَتَامَةً و قُتُوْمًا سیاہی مائل ہونا (قُتُومًا) وَجْھُہٗ چہرے کا متغیر ہونا۔
اَقْتَمَ الیَوْمُ بہت غبار والا دن۔
اِقْتَامَ اِقْتِمَامًا الشیءُ کالا ہونا۔ سیاہی مائل ہونا۔
القَتْم مص۔ غبار۔
القَتَام والقَتَمَة کالا غبار۔ لڑائی کا غبار۔ تاریکی۔ سیاہی۔
القَاتِم فا۔ کالا۔ کہا جاتا ہے اسْوَدُ قَاتِم بہت کالا۔ ج قَوَاتِم
الاَقْتَم سیاہی مائل۔ بھورا۔
حیاضُ قُتَیْم موت کا گڑھا۔
قَتَنَ (ن) قُتُوْنًا السماکُ مچھلی کا خشک ہونا۔ اس کی تری کا زائل ہونا۔
قَتُنَ (ک) قَتَانَةً واقْتَنَ کم خوراک ہونا۔ دُبلا ہونا۔
القَتَان والقُتَان گرد و غبار۔
القَاتِن فا۔ سیاہی مائل۔ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ قَاتِن بہت سیاہ۔
القَتِیْن کم خوراک (مذکر و مؤنث) خوار و ذلیل۔ دُبلا پتلا۔ باریک نیزہ۔ چیچڑی۔
القَتَن ایک قسم کی چوڑی مچھلی۔
قَتَا یَقْتُوْ قَتْوًا وقُتًا وقَتْیًا وقِتْیًا ومَقْتًی المُلُوْكَ: اچھی خدمت کرنا۔ صفت (قَات)۔
اِقْتَوَی الرَّجُلُ خدمت لینا (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ اِفْعَلَالَ لازم ہے)
القَتْوَة قتا کا اسم مرۃ۔ چغلی۔
المَقْتَی جو خوراک پر خدمت کرے۔ اور اکثر بادشاہ کے خدام کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ج مَقْتَوُوْن و مَقَاتِوَة و مَقَاتِیَة۔
المَقْتَوِیّ بمعنی مَقْتَی
قَتَّ (ن) قَتًّا الشیءَ کھینچنا الابلَ اُونٹ کو پانی پلانا (واقْتَتَّ) الشجرَ درخت کو جڑ سے اُکھیڑنا۔ قَتَّ (ن) قَتًّا و قَتِیْتَی المالَ بکثرت جمع کرنا۔
القِتَاب سامان۔ کہا جاتا ہے جاءَ القومُ بقَتَابِھِم و قِتَابِھِم قوم مع اپنے ساز و سامان کے آگئی۔
القَتَّات چغل خور۔
القَتَّات والقَتِیْتَة والمَقَتَّة لوگوں کی جماعت۔
اَقْثَأَ المَكَانُ اَو القَوْمُ بہت ککڑی والی ہونا۔
القِثَّاء والقُثَّاء ککڑی۔ واحد (قِثَّاءَة قِثَّاء الحِمَار:) کریلا۔
المَقْثَأَة والمَقْثُؤَة ککڑی کی جگہ۔ ج مَقَاثِیٔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَقْثَأَة و مَقْثُؤَة" ککڑی والی سرزمین۔
اِقْثَر الشیءَ گھر کے لیے سامان بنانا۔ تَقَثَّر بددل ہونا۔ ڈرنا۔ خوف زدہ ہونا۔
القُثْرَة گھر کا سامان۔
القِثْرِد والقُثْرُد والقِثْرَد گھر کا سامان۔
القَثْرَد والقُثْرُد والقُثَار گھر کے بہت سامان والا۔ بہت بکریوں والا۔
القِثْرِد انگور کی جڑ میں خشک کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت۔
القُثَارِد قمیص کے دامن۔
قَثْقَثَ قَثْقَثَةً الوَتَدَ: کھونٹی کو اُکھیڑنے کے لئے حرکت دینا المِكْیَالَ: ناپ پورا کرنا۔
قَثَمَ (ض) قَثْمًا الشیءَ: شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا (واقْتَثَمَ) المالَ بہت لینا۔ اَقْثَمَ الرَّجُلَ ذلیل کرنا الشیءَ جڑ سے اُکھیڑنا۔
قَثَمَ (ن) قَثْمًا لَہٗ مِنَ المَالِ یکبارگی دینا فِیْ مَشْیِہٖ سست چلنا۔
قَثِمَ (س) وقَثُمَ (ک) قُثْمَةً و قَثَمًا شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا۔
قَثِمَ (س) قَثْمًا و قَثَامَةً گرد آلود ہونا۔
القُثَم والقَثُوْم خیر یا شر کا جمع کرنے والا۔ القُثَم بہت دینے والا (قاثم سے معدول ہے)

القاثم. فا۔ دینے والا۔
القثم. سخی لوگ۔
القُثمة. خاکستری رنگ۔
قثام. مبنی بر کسرہ۔ مادہ بجو۔ بہت مال غنیمت قثا یقثو قثوًا وقثی یقثی قثیًا واقتثی المالَ: جمع کرنا۔
القثا. ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ۔
قحّ (ن) قُحُوحة و قحاحَة. خالص ہونا۔
القحّ. خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ کریمٌ قحٌّ و اعرابیٌ قحٌّ" فلاں خالص کریم اور خالص اعرابی ہے ج اَقحَاح. القحّ: سخت اور بدخو۔ مؤنث. قحّة. کہا جاتا ہے اعرابیةٌ قحّةٌ.
القُحَاح. خالص۔
قحب (ن) قَحْبًا وقُحَابًا وقَحَب. کھانسنا۔ قحبت المرأةُ: عورت کا بدکار ہونا۔
القحب. سن رسیدہ کھانسی والا۔
القحبة. قحب کا مؤنث۔ بدکار۔ زانیہ۔ بڑھیا۔ ج قِحاب.
قحث(ف). قحثا. الشیءَ: کل لے لینا۔
قحد(ف) قحدا واقحد. البعیرُ: بڑے کوہان والا ہونا۔
استقحدت. الناقةُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
ناقة قحدة و مقحاد. بڑے کوہان والی اونٹنی۔ ج مقاحید.
القحدة. کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ج قحاد واقحُد.
القحاد. وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المقحدة. کوہان کی جڑ۔
قحز (ف) قحزا. کودنا۔ رنجیدہ ہونا۔ مضطرب ہونا (قحوزا) مردہ کی طرح گرنا (قحزا وقحوزا وقحز) به: پچھاڑنا۔

قحزه قحزا وقحّزه بالعصا: لاٹھی سے مارنا (قحز قحزا وقحوزا وقحزانا) الرجلَ: ہلاک کرنا۔
قحّز وتقحّز. لهُ الکلامَ: سخت کلامی کرنا۔
القاحزات. سختیاں۔
القُحَازة. پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
التقحیز. س۔ دھمکی۔ وعید۔ برائی۔
جُوْعٌ مُقحِز. سخت بھوک۔
قحط(ف) قحطًا. سخت مارنا۔
قحط(ف) قحطًا و قحِط(س) قحطًا المطرُ: بارش رکنا۔
قحط (ف) و قحط (س) قحْطًا وقحَطًا وقُحُوطًا وقُحِط واُقحِط العامُ. بارش رکنا۔ اور خشک سالی ہونا۔ صفت قاحِطٌ قواحط واقحط اللهُ الارضَ قحط ڈالنا۔ اُقحِط الناسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔
قحِط وقُحِط وا قحط البلدُ: بارش رکنا۔ خشک سالی والا ہونا۔
قحّط. النخلة: درخت خرما میں گابھا دینا۔
عامٌ قحطٌ وقحیطٌ ومقحوطٌ: خشک سال۔
سنةٌ قحیطٌ. خشک سال۔
المقحطة: آلہ قحط
المقحط. نہ تھکنے والا گھوڑا۔
قحفه(ف) قحفا. کھوپڑی کاٹنا یا توڑنا۔ الشیَ: بہا لے جانا ما فی الاناء: ڈگڈگا کے سب پی جانا الحبّ: دانے کو بکھیرنا۔ الرمّانةَ: انار چھلینا چھلکا اتارنا قحافا کھانسنا۔
اقتحف. ما فی الاناء: ڈگڈگا کے سب پی جانا السیلُ کلَّ شیٍ: بہالے جانا۔
القِحْف. کھوپڑی۔ کھوپڑی کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ ج اَقحاف وقحوف وقحفة. کہا جاتا ہے "رماہ باقحاف راسه" اس نے اس پر بڑے بڑے کام ڈال دیئے۔ اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا۔ "فُلانٌ مالَهُ قِدٌّ ولا قِحفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قد چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القحاف. ڈگڈگا کے پینا۔
القُحاف. بہا لے جانے والا سیلاب۔
القُحافة. ہر وہ چیز جس کو لے کر تم چست ہو جاؤ۔
القاحف. فا۔ ج قُحُف.
عجاجة قُحْفاء. آندھی جو سب چیز کو اڑا لے جائے۔
المقحفة. وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔ ج مقاحف.
قحَل(ف) قُحُولا وقحِل(س) قحْلا وقحَلا وقُحِل. الشیءُ: خشک ہونا۔ صفت قاحلٌ و قحْلٌ وقحِل وانقحلٌ اور اسی سے ہے قحَلَ الشیخُ یعنی ہڈیوں پر کھال خشک ہوگئی اور بہت بوڑھا ہوگیا "کیف نردُّ شیخکم وقد قحل" یعنی ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مر گیا اور اس کی کھال خشک ہوگئی۔
اقحلَ الشیءَ: خشک کرنا۔ کہا جاتا ہے اقحلَهُ الصومُ: روزہ نے اس کی کھال کو خشک کر دیا۔
قاحلهُ مُقاحلةً. لازم ہونا۔
تقحّل. الشیخُ: بڑھاپے کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔ تقحّل فی لُبوسه وحالِه: برے لباس اور حال والا ہونا۔
القاحل. فا من الجُلودِ: خشک کھال۔
القُحال. بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہو جاتی ہے۔
القُحُولة. خشکی۔
المتقحّل. من الرجال: خشک کھال والا۔ بدحال۔
قحَم(ن) قحما وقُحوما فی الامرِ:

کسی معاملہ میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا اِلَیْہِ: قریب ہونا۔

قَحَمَ(ف) قُحُمًا. المَفَاوِزَ: بیابان طے کرنا۔

قَحَّمَه واَقْحَمَه. فِیْ الاَمْرِ: معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔ "قَحَمَ الفَرَسُ رَاکِبَهٗ" گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ اَقْحَمَ فَرَسَه النَّهْرَ: گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا الکَلِمَةَ: کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے رِجْل کا لفظ اور ید مَن کے درمیان اس قول میں قطع اللهُ یَدَ و رِجْل مَنْ قالها اس لیے کہ اصل ترکیب یوں ہے۔
قَطَعَ اللهُ یَدَ مَنْ قَالَهَا وَ رِجْلَه.

اُقْحِمَ. القَوْمُ: قحط سالی کی وجہ سے اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ میں چلا جانا۔

تَقَحَّمَ. الفرسُ النَّهْرَ: گھوڑے کا نہر میں داخل ہونا۔ گھسنا الفَرَسُ رَاکِبَهٗ: گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ الامرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔

اِقْتَحَمَ الامْرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔
.فُلَانًا: حقارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَحَمَتْهُ عَیْنِیْ" میری آنکھوں نے اس کو ذلیل سمجھا۔ اقحمَ المَنْزِلَ: ہجوم کرنا النَّجْمُ: ستارے کا غائب ہونا۔ غروب ہونا (وانقحم) بے سوچے سمجھے گھس پڑنا۔

القَحِمُ. س۔ بہت بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ دُبلا۔ مؤنث قحمة ج قِحام۔

القُحْمَة. دشوار کام۔ ہلاکت۔ قحط ج قُحَم۔

القُحْمَة. بے سوچے کام میں مشغول ہونا۔ بے سوچے سمجھے سفر کو چل پڑنا۔

قُحَمُ الطَّرِیْقِ: راستہ کی دشواریاں۔ القحم مِنَ الخُصُوْمَاتِ: وہ جو انسان کو مکروہات پر برانگیختہ کریں۔ کہا جاتا ہے "لِلْخُصُوْمَةِ قُحَمٌ" القُحَمُ مِنَ الشَّهْرِ: مہینے کی آخری تین راتیں۔

القَحَامَةُ والقُحُوْمَةُ. بہت بڑھاپا۔

القَحُوْمُ. بہت بوڑھا۔

المِقْحَامُ. قاحم کا اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو سخت مصیبتوں میں گھس پڑے۔ ج مَقَاحِیْمُ۔

المَقَاحِمُ. ہلاکتیں۔ اور مفرد قَحْمَةٌ یہ جمع خلافِ قیاس ہے جیسے مَلَامِح جمع لَمْحَة کی۔

المُقْحَمُ. مفع۔ کمزور؛ وہ اعرابی جس کی پرورش جنگل میں ہوئی ہو۔

قَحَا یَقْحُوْ قَحْوًا. الدَّوَاءَ: دوا میں گل بابونہ ڈالنا واقْتَحَى المَالَ: کل مال لے لینا۔

اَقْحَتِ. الارض: گل بابونہ والی ہونا۔

المِقْحَاةُ. پھاوڑا۔

القُحْوَانُ والاُقْحُوَانُ. گل بابونہ۔ واحد قُحْوَانَةٌ واُقْحُوَانَةٌ. ج اَقَاحِیُّ و اَقَاحٍ اور اس کی تصغیر اُقَیْحِیَانٌ ہے اور اس کا واحد اُقَیْحِیَانَةٌ اُقْحُوَانَةٌ سے دانتوں کو تشبیہ دیا کرتے ہیں۔ اَقَاحِیُّ الاَمْرِ: کام کے اوائل۔

قَدْ. معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) بمعنی حسب جیسے قَدْ زَیْدٍ دِرْهَمٌ اور کبھی معرب ہوتا ہے جیسے قَدْ زَیْدٍ دِرْهَمٌ یعنی زید کے لئے ایک درہم کافی ہے اور قَدِیْ دِرْهَمٌ بغیر نون وقایہ کے جیسے حَسْبِیْ دِرْهَمٌ۔

(۲) اسم فعل بمعنی کَفٰی یا یَکْفِیْ جیسے قَدْنِیْ دِرْهَمٌ بمعنی یَکْفِیْنِیْ دِرْهَمٌ. ان سب صورتوں میں قدا اسم ہے۔

(۳) مضارع کے ساتھ توقع کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ یُقْدِمُ الغَائِبُ الیَوْمَ. توقع ہے کہ غائب آج آ جائے اور کبھی تقلیل کا جیسے قَدْ یَصْدُقُ الکَذُوْبُ جھوٹا آدمی کبھی سچ بولتا ہے۔

اور ماضی کے ساتھ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ اَفْلَحَ مَنِ اتَّقَى اللهَ جو اللہ سے ڈرا۔ اس نے یقیناً فلاح پائی۔ قرآن میں ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰهَا. قَدْ اَفْلَحَ المُؤْمِنُوْنَ.

اور حال سے قریب کرنے کیلئے جیسے قد قام فُلَانٌ جبکہ قیام زمانہ قریب میں ہی ہو چکا ہو اور کبھی مضارع کے ساتھ تکثیر کا فائدہ دیتا ہے جیسے قَدْ اَشْهَدُ الغَارَةَ الشَّعْوَاءَ تَحْمِلُنِیْ. مراد یہ ہے کہ میں لوٹ میں بہت حاضر ہوا کرتا ہوں۔

قَدَّ(ن) قَدًّا وقَدَدًا. الشَّیْءَ جڑ سے کاٹنا۔ لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا۔ تم کہتے ہو۔ قَدَدْتُ الشَّیْءَ نِصْفَیْنِ اور کبھی مفعول ثانی پر با کی زیادتی کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قَدَدْتُ الشَّیْءَ بِنِصْفَیْنِ. قَدَّ المُسَافِرُ الفَلَاةَ: بیابان طے کرنا۔ قَدَّ الکَلَامَ بات کاٹنا۔ قَدَّدَ اللَّحْمَ: ٹکڑے کرنا اور خشک کرنا۔

قُدَّ. دردِ شکم والا ہونا۔

تَقَدَّدَ. پھٹنا القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا الشَّیْءُ: خشک ہونا الثَّوْبُ: کٹ جانا اور پرانا ہونا القَوْمُ: مختلف الرائے فرقے ہونا الثَّوْبُ عَلَیْهِ: کپڑے کا اندازہ اور طول کے مطابق ہونا۔

اِنْقَدَّ. پھٹنا۔

اِقْتَدَّ. الشَّیْءُ: بمعنی قَدَّهُ الشَّیْءُ: پھٹنا۔
الاُمُوْرَ: تدبیر کرنا۔ تمیز کرنا۔

اِسْتَقَدَّ. الامرُ: برابر ہونا۔ ہمیشہ ہونا۔

القَدُّ. س۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلٰی قَدِّ ذَاكَ" یعنی اس کے مقدار ہے۔ قامت۔ چابک۔ بکری کے بچہ کی کھال۔ ج اَقُدٌّ وقُدُوْد وقِدَاد و اَقِدَّة.

القِدُّ. چمڑے کا برتن۔ تسمہ۔ کاٹی ہوئی چیز۔ چابک۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ قَدٌّ وَ

قحف اس کے پاس نہ تو چمڑے کا برتن ہے اور نہ لکڑی کا۔ جو کنایہ ہے اس بات سے کہ اس کے پاس کچھ نہیں۔ ج اقد.

القُد ایک سمندری مچھلی جس کی ایک قسم سے تیل نکالا جاتا ہے۔

القِدَّة تسمہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ مختلف الرائے فرقے۔ ج قِدَد واَقِدَّة قرآنِ مجید میں ہے "كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا" یعنی ہم مختلف الرائے فرقے تھے۔

القُداد جنگلی چوہا۔ سیہی۔

القُداد پیٹ کا درد۔

القَدید کاٹا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت۔ پرانا کپڑا۔

القدید چھوٹا ٹاٹ۔

القَدِیدِیُّون فوج کے توابع۔ جیسے درزی نائی وغیرہ۔

المَقَدّ راستہ۔ ہموار جگہ۔

المِقَدّ والمِقَدة والمُقُدّ کاٹنے کی چھری۔

المَقدُود ضعیف کمزور

القَیْدُود لمبی پیٹھ کی اونٹنی۔ ج قَیَادِید.

قَدَح(ف) قَدْحًا فِي عِرْضِه طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "قَدَحَ فِي سَاقِ اَخِيه" اس نے اپنے بھائی کو دھوکا دیا "قَدَحَ الشَّیْءُ فِي صَدْرِی" اس چیز نے میرے دل میں اثر کیا " قَدَحَ خِتَامَ الخَابِیَة" مٹکے کی مہر کو توڑ دیا۔

الدُّوْدُ فِي الْاَسْنَان او الشَّجَرِ دانت یا درخت میں کیڑا لگنا۔ قدحتِ العَیْنُ آنکھ کا دھنس جانا۔

الشَّیْ چلو لینا الطَّبِیْبُ العَیْنَ آنکھ کے اندرونی حصہ سے پانی نکالنا۔

فِي الْقِدْح تیر کے پھل میں سوراخ کرنا۔

قدح واقْتدح بالزَند چقماق سے آگ نکالنا۔ عرب کے امثال سے ہے "اِصْنَعْ لِي اَقْدَحْ لَكَ" یعنی تم میرے لیے ہو جاؤ میں تمہارے لیے ہو جاؤں گا۔ قدح واقْتدح المَرَقَ شوربا نکالنا القِدْرَ چمچہ سے نکالنا واقْتدَح الامر معاملہ کی تدبیر کرنا۔

قَدَّح الفَرَسَ گھوڑے کو دُبلا کرنا۔

قَدَّحتْ العَیْنُ آنکھ کا دھنسنا۔

قَادَحَه و تَقَادَحَا ایک دوسرے پر طعن و تشنیع کرنا۔

اسْتَقْدَح زِنَادَهُ چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔

القَدْح مص۔ دانت یا لکڑی کا کیڑا۔

القِدْح تیر بغیر پر اور نصل کے۔ جوئے کا تیر۔ ج قِدَاح و اَقْدُح واَقْدَاح و قِدْحَان وجج اَقَادِیح کہا جاتا ہے "صَدَقَهُم وَسْمَ قِدْحه" یعنی ان سے سچ کہا۔

القَدَح پینے کا برتن۔ چھوٹے اور بڑے دونوں کیلئے بولا جاتا ہے اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں۔ اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "لَا تَجْعَلُوْنِی كَقَدَحِ الرَّاكِبِ" یعنی مجھ کو آخری مت بتاؤ۔ اس لیے کہ سوار سارے سامان کے رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے اور القَدَحُ الفَرْدُ: کنایہ ہے بے پالک سے۔ ج اَقْدَاح.

القَدْح سم ہے۔ اِقْتدَاحُ النَّار سے۔

القِدْحة قدح کا اسم نوع۔

القُدْحة. مِنَ المَرَق چمچہ بھر۔

القِدَاحة پیالہ بنانے کا پیشہ۔

القَادِح فا۔ دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا۔ لکڑی میں شگاف۔

القَادِحَة قادح کا مؤنث۔ درخت یا دانت کا کیڑا۔ ج قَوَادِح کہا جاتا ہے "حُمّی قَادِحَة" بہت تیز بخار۔

القَدَّاح کاسہ گر۔ تروتازہ پودے کے اطراف۔ نباتات کے شگوفے کھلنے سے پہلے (القَدَّاحة) چقماق کا لوہا۔

القَدَّاحة سگریٹ جلانے کے لئے لیٹر۔

القَدِیح شوربا یا وہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچہ سے نکلے۔

الاَقْدَح و القَدُوْح مکھی۔ رکیٌّ قَدُوْحٌ وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی لیا جا سکے۔

المِقْدَح والمِقْدَاحُ چقماق۔ آگ نکالنے کا پتھر یا لوہا۔

المِقْدَح و المِقْدَحة چمچہ۔

اقْدَحَرَّ اقْدِحْرَارًا. الرجلُ بدی یا گالی گلوچ یا لڑائی جھگڑے کیلئے تیار ہونا۔

قَدَر(ن ض) وقَدِر(س) قَدْرًا وقُدْرَةً ومَقْدِرَةً ومَقْدَرَةً ومَقْدُرَةً ومِقْدَارًا وقَدَارَةً وقُدُوْرَةً وقُدُوْرًا وقِدْرَانًا وقَدَارًا وقِدَارًا. عَلَى الشَّیْ تولنا ہونا: قوی ہونا۔

قَدَر(ض) قَدْرًا. الاَمْرَ تدبیر کرنا۔ الشَّیْ بالشَّیْ اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق کرنا (قَدَارَةً) الشَّیْ تیار کرنا۔ وقت معین کرنا۔

قَدَر(ن ض) قَدْرًا. الامْرَ كَذَا غور و فکر کرنا۔

قَدَر(ن ض) قَدْرًا وقَدَرًا. اللّٰہَ تعظیم کرنا (وقَدَّر) اللّٰهُ عَلَيْهِ الاَمْرَ و قَدَّرَ لَهُ الاَمْرَ فیصلہ کرنا۔ حکم لگانا۔ قَدَّر الرِزْقَ: تقسیم کرنا۔ قَدَرَ وقَدَّرَ عَلٰی عِیَالِه اہل و عیال پر نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ قَدَر عَلَى الشَّیْ: قادر ہونا اور جمع کرنا۔ وقَدَّر الرَّجُلُ معاملہ کی درستی میں غور و فکر کرنا۔ وقَدَّرَ الشَّیَ بِالشَّیْ: اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق بنانا۔

قَدِر(س) قَدَرًا چھوٹی گردن والا ہونا۔ عَلَى الشَّی قدرت رکھنا۔

قَدَّر واَقْدَر اللّٰهُ فُلَانًا عَلٰی كَذَا: قادر بنانا۔ واَقْدَر الِانْسَانُ ہانڈی میں پکانا۔

قَادَرَهُ مُقَادَرَةً. توانائی میں مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ دوسرے کے کام کے مانند کام

کرنا۔
بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کیلئے اندازہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُقَادِرُنِيْ" یعنی فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔
تَقَدَّرَ الثَّوْبُ عَلَيْهِ کپڑے کا مقدار کے مطابق ہونا۔ لَهُ كَذَا آمادہ ہونا۔
تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ ہر ایک کا دوسرے کی مساوات کا طالب ہونا۔
اِنْقَدَرَ اندازہ کے موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے قَدَّرْتُ الثَّوْبَ فَانْقَدَرَ یعنی میں نے کپڑے کا اندازہ کیا اور وہ اندازے کے موافق ہوگیا۔
اِقْتَدَرَ عَلَيْهِ: قوی ہونا۔ قدرت پانا الرَّجُلُ: ہانڈی میں پکانا الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ: اندازہ کرنا۔
اِسْتَقْدَرَ اللّٰهُ خَيْرًا: خدا سے نیکی کا حصہ مانگنا۔
اَلْقَدْرُ مص۔ چیز کی انتہا۔ بغیر کمی زیادتی کے برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا قَدْرُ ذَاكَ" یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے۔ طاقت و قوت۔ عزت و وقار۔ توانگری۔ کندھے کا سرا۔ ج اَقْدَار.
قَلَبَ (ض) قَلْبًا الشَّیْءَ: پلٹ دینا۔ اُوپر کا نیچے کر دینا۔ اندر کا باہر کر دینا القَوْمَ: پھیر دینا۔ لوٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "قَلَبَ الْمُعَلِّمُ الصِّبْیَانَ" معلم نے بچوں کو ان کے گھر لوٹا دیا الْمَجْنُوْنُ عَیْنَهٗ: غضبناک ہونا۔ قَلَبَتِ الْبُسْرَةُ: کچی کھجور کا سرخ ہونا۔ قَلَبَ الْاَرْضَ لِلزِّرَاعَةِ: زمین کو جوتنا اور کہا جاتا ہے "قَلَبَ الْاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ کی آزمائش کی۔

قَلَبَهٗ (ن ض) قَلْبًا. دِل پر مارنا۔ قَلَبَ النَّخْلَةَ: گودا نکالنا اللّٰهُ فُلَانًا اِلَیْهِ: موت دینا۔

قَلِبَ (س) قَلَبًا. اُلٹے ہونٹوں والا ہونا۔ صفت اَقْلَبُ. قَلِبَتِ الشَّفَةُ: اُلٹا ہونا۔ صفت قَلْبَاءُ۔

قُلِبَ الْبَعِیْرُ: اُونٹ کا دل کی بیماری والا ہونا۔

قَلَّبَهٗ. بمعنی قَلَبَه اور تشدید مبالغہ یا تکثیر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ یُقَلِّبُ كَفَّیْهِ" وہ نادم ہونے لگا" و "قَلَّبَ الْاُمُوْرَ" اس نے انجام پر نظر ڈالی۔

اَقْلَبَ الشَّیْءَ: اُلٹ دینا اللّٰهُ اِلَیْهِ: موت دینا۔ اَقْلَبَ الْعِنَبُ: انگور کے اوپر کا حصہ خشک ہونا الْخُبْزُ: روٹی اُلٹنے کے قابل ہونا الْقَوْمُ: دِل کی بیماری میں مبتلا شدہ اُونٹوں کا مالک ہونا۔

تَقَلَّبَ. پلٹنا عَلٰی فِرَاشِهٖ: کروٹیں لینا۔ فِی الْاُمُوْرِ: اپنی مرضی سے تصرف کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَقَلَّبُ فِی نَعْمَائِهٖ" میں اس کی نعمتوں میں اپنی مرضی سے تصرف کرتا ہوں۔

اِنْقَلَبَ. اُلٹا جانا۔ اُوندھانا۔ واپس ہونا۔

الْقَلْبُ. مص۔ دِل۔ عقل قَلْبُ الْجَیْشِ: فوج کا درمیانی حصہ۔ قَلْبُ كُلِّ شَیْءٍ: گودا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُكَ بِهٰذَا الْاَمْرِ قَلْبًا" میں تمہارے پاس محض اس کام کے لئے آیا۔ قَلْبُ الْعَقْرَبِ: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ ج قُلُوْبٌ اَفْعَالُ الْقُلُوْبِ: ظن اور اس کے امثال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلْبٌ" یعنی خالص النسب اور اس میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور کبھی کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ قَلْبَةٌ"

الْقُلْبُ والْقَلْبُ والْقِلْبُ مِنَ الشَّجَرِ: درخت کے اندر کا نرم گودا ج اَقْلَابٌ وقُلُوْبٌ وقِلَبَةٌ: الْقُلْبُ: کنگن۔ سفید سانپ۔

الْقُلْبَةُ. سرخی۔

الْقُلَابُ. وہ بیماری جس سے بیمار بچھونے پر

تڑپے۔
القُلَاب. دِل کی بیماری۔
القَالِبُ. فا۔ سرخ رنگ کی پکی کھجور۔ کہا جاتا ہے "شَاةٌ قَالِبُ اللَّبَنِ" ماں کے مخالف رنگ کی بکری (و القَالَب) سانچہ۔ موزہ۔ جوتا بنانے کا فرمہ۔ ج قَوالِب۔
القُلَّبُ. پلٹنے والا۔ بہت اُلٹنے پلٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَّلٌ قُلَّبٌ" اور "حُوَّلِيٌّ وقُلَّبِيٌّ" یعنی حیلہ گر۔ معاملہ کے اُلٹ پھیر کا ماہر۔
القَلُوب. بہت اُلٹنے پلٹنے والا (و القِلَاب) بھیڑیا۔
القَلِيب. کنواں۔ کنواں بغیر من کا۔ پُرانا کنواں (مذکر اور کبھی مؤنث استعمال کیا جاتا ہے) ج قُلُب و قُلْب واَقْلِبَة۔
القَلُّوب والقِلَوب والقِلِّيب. بھیڑیا۔ شیر۔
المِقْلَب. کھیتی کے لئے زمین کو اُلٹنے پلٹنے کا ایک آہنی اوزار۔
المُنْقَلَب. مص۔ انقلاب کا اسم ظرف۔ لوٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "كُلُّ اِمْرِئٍ يَصِيرُ اِلَى مُنْقَلَبِه"
المَقْلُوبَة. مع کان۔
قَلِتَ (س) قَلَتًا. ہلاک ہونا۔
اَقْلَتَهُ. ہلاک کرنا۔ اَقْلَتَتِ المَرْاَةُ وكُلُّ اُنْثَى بے اولاد ہونا۔ اور اسم قَلْت ہے۔
القَلَت: خوف۔ اَقْلَتَهُ فَقَلِتَ: اس نے فاسد کیا پس وہ فاسد ہوگیا۔
القَلْت. چٹان کا گڑھا۔ آنکھ کا گڑھا۔ ج قِلَات۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهُ فِي قَلْتِ خَاصِرَتِهِ" اِس نے اُس کے کوکھ کے گڑھے میں نیزہ مارا "وطَعَنَهُ فِي قَلْتَي تَرْقُوَتَيهِ" اس نے اس کی دو ہنسلیوں کے بیچ کے گڑھے میں نیزہ مارا۔ عضو کے ہر گڑھے کو قلت کہتے ہیں۔
و رَجُلٌ قَلْتٌ و قَلِتٌ. کم گوشت۔ دُبلا پتلا مرد۔

القَلْتَة. دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ شَاةٌ قَلْتَةٌ: بکری جس کا دودھ میٹھا نہ ہو۔
المَقْلَتَة. ہلاکت۔ خوفناک جگہ۔
المِقْلَات. وہ عورت جس کا بچہ زندہ نہ رہے۔ وہ عورت جس کا ایک بچہ ہو اور پھر اس کے بعد وہ حاملہ نہ ہو۔ ج مَقَالِيت۔
قَلِح (س) قَلَحًا. زرد دانتوں والا ہونا۔
قَلِحَتْ اَسْنَانُهُ: دانتوں کا زرد ہونا۔ صفت مذکر قَلِح واَقْلَح صفت مؤنث قَلِحَةٌ و قَلْحاء. ج قُلْح.
قَلَّحَهُ. دانتوں کو زردی سے صاف کرنا۔
تَقَلَّحَ. میلے کپڑے والا ہونا تَقَلَّحَ البِلَادَ: قحط کے زمانہ میں شہروں میں کمائی تلاش کرنا۔
القَلْح. بڈھا گدھا۔
القَلَح والقُلَاح. زردی جو دانتوں پر آجاتی ہے۔
القِلْح. میلا کپڑا۔
القَلَحُوْمِن: توت کی ترشاخ۔
الاَقْلَح. زرد دانتوں والا۔ گبریلا۔
رَجُلٌ اَقْلَح: تجربہ کیا ہوا۔
المُقَلَّح. تجربہ کیا ہوا۔
القَلْحَزَة. پستہ قد کی چال القِلَحْزُ: موٹا متکبر۔
القِلْحَاس. مرد بدصورت۔ بدقوارہ۔
اِقْلَحَمَّ. الرَجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔
القِلْحَمّ. متکبر۔ بوڑھا۔
شَيْخٌ قِلْحَامَة. بہت بوڑھا۔
قَلَخَ (ف) قَلْخًا و قَلِيْخًا الشَجَرَة: درخت اُکھاڑنا۔
قَلَخَ (ف) قَلْخًا وقَلِيخًا وقُلَاخًا البَعِيرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔
قَلَخَهُ. بِالسَوْطِ. کوڑا مارنا قَلَخَ النَبْتُ: نباتات کا سخت ہونا۔
القَلْخ. مص۔ کھوکھلا۔ نرکل بانس۔ بوڑھا گدھا (والقُلَاخ) بڑے سر والا۔
قَلَدَ (ض) قَلْدًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا الحَدِيْدَةَ: لوہے کو باریک کرنا اور کسی چیز پر موڑنا الرَجُلَ السَيْفَ: تلوار کو حمائل کرنا۔ المَاءُ فِي الحَوْضِ او الشَرَابَ فِي البَطْنِ: جمع کرنا الزَرْعَ: کھیتی سیراب کرنا الشَئَ: موڑنا الحُمّٰى فُلَانًا: بخار ہر روز آنا۔
قَلَّدَهُ. السَيْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔
القَلَادَةَ: ہار پہنانا العَمَلَ: کام سپرد کرنا الدَيْنَ: قرض سونپ دینا قَلَّدَ البَعِيرَ: اُونٹ کی گردن میں کھینچنے کیلئے پٹہ ڈالنا۔
فُلَانًا القَضَاءَ فِي بَلَدٍ كَذَا: قاضی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قُلِّدَ حَبْلَه" وہ آزاد چھوڑ دیا گیا۔
قَلَّدَهُ فِي كَذَا" اِس نے اُس کی فلاں بات میں بغیر غور و فکر کے پیروی کی۔
اَقْلَدَ البَحْرُ عَلَيْهِم: غرق کر دینا۔ ڈوبا دینا۔
تَقَلَّدَتِ المَرْاَةُ القَلَادَةَ: عورت کا ہار پہننا تَقَلَّدَ الاَمْرَ: ذمہ دار ہونا۔ برداشت کرنا السَيْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔
تَقَالَدَ القَوْمُ المَاءَ: پانی پر باری باری آنا۔
اِقْتَلَدَ المَاءَ: پانی کا چلو لینا۔
اِقْلَوَّدَ النُعَاسُ فُلَانًا: نیند کا غالب آنا۔
القَلْد. مص پیچ دیا ہوا اینٹھا ہوا کنگن۔ کہا جاتا ہے "سِوَارٌ قَلْدٌ" رسّی پر بٹی ہوئی رسّی۔ ج اَقْلَاد وقُلُوْد.
القِلْد. بخار کی باری کا دن۔ چوتھیا بخار کا دن۔ پانی کا حصہ۔ جماعت۔ ہر ہفتہ کی بارش۔ کہا جاتا ہے "سَقَتْنَا السَمَاءُ قِلْدًا فِي كُلِّ اُسْبُوْعٍ" یعنی ہم پر ہر ہفتہ میں بارش ہوئی۔ بڑے پیالہ کے مشابہ ج اَقْلَاد کہا جاتا ہے "اَعْطَيْتُهُ قِلْدَ اَمْرِي" میں نے اپنے معاملہ کو درو بست اس کے سپرد کر دیا۔
القِلْدَة. گھی کی تلچھٹ۔ کھجور۔
القَلْدَة. دونوں مونچھوں کے درمیان گڑھا۔
القِلَاد والاِقْلِيْد. انگوٹھی یا بالی کے گرد لپیٹنے کے لئے پیتل یا تانبے کا تار۔
القِلَادَة. ہار۔ مالا۔ ج قَلَائِد و قَلَاد.

چھ

ستارے جن کو قوس بھی کہتے ہیں۔ قَلَائِدُ الشِّعْر: اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔
اَلْقَلاَدَةُ: امریکی علاقوں کا ایک خوبصورت پودہ جس کو زیب و زینت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
اَلْقَلُوْد. بہت پانی والا کنواں۔
القَلِيْد والمَقْلُوْد. بٹا ہوا۔
القِلِّيْد والمِقْلاد. خزانہ۔
التَقْلِيْد. س۔ ج تَقَالِيْد و تَقْلِيْدَات
التَقَالِيْد عِنْدَ النَّصَارٰى: نصرانیوں کی سینہ بہ سینہ مذہبی باتیں۔ اور تقلید کا اطلاق اس فرمان شاہی پر بھی ہوتا ہے جو پیروی حکم کیلئے جاری ہوتا ہے۔
الاِقْلِيْد ج اَقَالِيْد. المِقْلَد ج مَقَالِد. والمِقْلاد. ج مَقَالِيْد: کنجی۔ کہا جاتا ہے "ضَاعَتْ مَقَالِدُ او مَقَالِيْدُ" اُس کے اوپر اُس کے معاملات تنگ ہوگئے "وَاَلْقٰى اِلَيْهِ مَقَالِيْدَ الْاُمُوْرِ" اس نے اپنے اُمور اسے سونپ دیئے المِقْلَد: برتن۔ توبرہ۔ پیمانہ۔ ٹیڑھے سر کی چھڑی۔
المُقَلَّد. مع۔ سردار قوم۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ہار پہننے کی جگہ۔ مونڈھوں پر پرتلہ ڈالنے کی جگہ۔ مُقَلَّدَاتُ الشِّعْرِ: اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔
القَلَذ. ایک کیڑا ہے چوپاؤں کو چمٹ جاتا ہے اور ان کی موت تک جدا نہیں ہوتا۔
قَلَزَہ (ن ض) قَلْزًا. مارنا۔ قَلَزَ الاَرْضَ بعَصَاہ: کریدنا بِسَهْمِهٖ: تیر پھینکنا بِقَيْئِهٖ: اُلٹی کرنا الرَّجُلُ: پینا۔ چست ہونا۔ کودنا۔ لنگڑانا ہ المَاءَ: گھونٹ گھونٹ پلانا۔
(قَلَّزَ واَقْلَزَ) الجَرَادُ: انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین پر مارنا۔
تَقَلَّزَ. چست ہونا الوَعِلُ: پہاڑی بکری کا دوڑنا۔
اِقْتَلَزَ الكَاسَ: گھونٹ گھونٹ لینا۔

اَلْقَلَزُ. مِنَ الرِّجَال: ہلکا پھلکا کمزور مرد۔
القِلِزّ والقُلُزّ. سخت تانبا کہ جس کو لوہا کاٹ نہ سکے۔ مضبوط مرد۔ مؤنث قِلِزَّة وقُلُزَّة.
قَلْزَم و تَقَلْزَمَ الشَّیْءَ: نگلنا۔ تَقَلْزَمَ الرَّجُلُ: کنجوسی کی وجہ سے مرنا۔
القِلْزِم. کمینہ۔
القُلْزُم. مصر اور مکّہ کے درمیان ایک شہر کا نام اور اسی کے نام پر بحر قلزم ہے۔
القُلْزُمَة. س۔ کمینہ پن۔ شور۔
قَلَسَ (ض) قَلْسًا وقَلَسَانًا. کھانا یا پانی کا پیٹ سے مُنہ تک آنا۔ بہت شراب پینا نَفْسُهٗ: جی متلانا الكَاسُ بِالشَّرَابِ: چھلک پڑنا الاِنَاءُ: بہہ پڑنا النَّحْلُ: العَسَلَ: شہد بنانا السَّحَابَةُ بِالنَّدٰى: چھلا پڑنا الرَّجُلُ: گانے میں ناچنا۔ عمدہ گانا۔
قَلَّسَ. دف بجانا اور گانا۔ سجدہ کرنا القَوْمُ: گا بجا کر اور کھیل کود سے بادشاہوں کا استقبال کرنا لَهٗ: سینے پر ہاتھ رکھ کر عجز و انکساری ظاہر کرنا الرَّجُلَ: ٹوپی پہنانا۔
تَقَلَّسَ. ٹوپی پہنانا۔
القَلْس. س۔ کشتی و جہاز کی موٹی رسّی۔ ج قُلُوْس واَقْلاس. القَلْس: بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی جو مُنہ تک آئے۔ قے۔ قَلْس البَحْرِ: بادل۔
القَالِس. وہ شخص جس کے مُنہ تک بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی آجائے۔
القَلَّاس. اسم مبالغہ۔ ٹوپی بنانے والا۔ بَحْرٌ قَلَّاسٌ: زیادہ جھاگ پھینکنے والا سمندر۔
القَلِيْس. شہد۔ شہد کی مکھی۔
قَلْسَى الرَّجُلَ: ٹوپی پہنانا۔
تَقَلْسٰى تَقَلْسِيًا. ٹوپی پہننا۔
الاَنْقَلِيْس والاِنْقِلِيْس. ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کے مانند ہوتی ہے۔ بام مچھلی۔
القَلاَّش. چھوٹا۔ سکڑا ہوا۔
القَلاَشَة. کوتاہی۔ چھوٹا پن۔
القَلَّاش والاَقْلَش. حیلہ گر (دخیل)
قَلَصَ (ض) قُلُوْصًا. الرَّجُلُ: کودنا

القَوْمُ: اکٹھا ہو کر چلنا القَوْمُ عَنِ الدَّارِ: ہلکا پھلکا ہونا اور اکٹھا ہو کر چلنے کا وقت آنا۔
المَاءُ: پانی کا ختم ہونا البِئْرُ: اوپر تک چڑھنا الظِّلُّ عَنْ كَذَا: سایہ کا سمٹ آنا۔ صفت قَالِص الثَّوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ: کپڑے کا سکڑنا الغُلاَمُ: جوان ہونا الشَّفَةُ: ہونٹ کا اوپر کو سکڑنا۔
قَلَصَت (ض) قُلُوْصًا و قَلِصَت (س) قَلَصًا نَفْسُهٗ: جی متلانا۔
قَلَّصَ قَمِيْصَهٗ فَقَلَّصَ هُوَ: سمیٹنا۔ سمٹنا۔ لازم و متعدی۔ قَلَّصَت الدِّرْعُ: زرہ کا چست ہونا النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا: اُونٹنی کا سوار کو لے کر تیز دوڑنا۔ دوڑے جانا القَوْمُ: اُونٹنیوں پر سوار ہونا۔
اَقْلَصَ البَعِيْرُ: کوہان کا کچھ ظاہر ہونا النَّاقَةُ: گرمی میں موٹی ہونا۔
تَقَلَّصَ. اکٹھا ہونا۔ سکڑنا۔ قریب قریب ہونا۔
القَلْصَة. پانی جو کنوئیں میں بکثرت جمع ہو کر ختم ہو جائے۔ ج قَلَص و قَلَصَات. اور کہا جاتا ہے "مَا وَجَدتُ فِي البِئْرِ اِلَّا قَلْصَة مِنَ المَاءِ" کنوئیں میں سے صرف تھوڑا سا پانی پایا۔
القَلُوْص مِنَ الاِبِلِ: لمبی ٹانگوں والی اُونٹنی۔ جوان اُونٹنی یا چلتی ہوئی اُونٹنی۔ اُونٹنی جس پر پہلی مرتبہ سواری کی جائے۔ ج قَلاَئِص وقِلاَص وقُلُص وقُلْصَان.
القَلُوْص: مادہ شتر مرغ۔ شتر مرغ کا مادہ بچہ۔ شوات کا بچہ۔ جوان لڑکی۔ جاری نہر جس میں گندگی وغیرہ بہہ کر جاتی ہو۔
القَلِيْص. بہت مِنَ المِيَاهِ: ختم ہونے والا پانی۔
القَلاَّص مِنَ المِيَاهِ: ختم ہونے والا پانی۔ اُونٹنی کو دوہنے والا۔
المِقْلاَص. اُونٹنی کو دوہنے والا مِنَ النُّوْقِ: گرمی کے زمانہ میں موٹی ہونے والی اُونٹنی۔
فَرَسٌ مُقَلَّصٌ: لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔

قَلَطَ (ن) قَلْطًا. بدصورت ہونا۔
القَلَط. جن کے بچے۔ شیطان کے بچے۔
القَلَطِّی و القِلِیْط. مرد خبیث؛ سرکش (و القُلَاط) بہت پستہ قد۔ آدمی ہو یا بلی یا کتا۔
اَلْقُلَیْط: میل اور گندگی جمع ہونے کی جگہ۔
اَلْقُلَیْطَة: تیتر کی ایک قسم۔
القَلِیْط. خصیہ میں سوجن۔
القَیْلَط و القِیْلِیْط. خصیہ میں سوجن والا۔
القَلْطَبَان. بیوی کے بارے میں غیرت نہ رکھنے والا۔ بھڑوا۔
قَلَعَ (ف) قَلْعًا و قَلَّعَ واقْتَلَعَ الشَّیَٔ: جڑ سے اُکھیڑنا۔ قَلَعَ الوَ اِلٰی فُلَانًا: معزول کرنا۔ اِقْتَلَعَ الشَّیَٔ: چھیننا۔
قَلِعَ (س) قَلَعًا وقَلْعَةً الرَّاکِبُ: سوار کا زین پر جم کر نہ بیٹھنا الرَّجُلُ: کند ذہنی کی وجہ سے کلام کو نہ سمجھنا المُصَارِعُ: کشتی کے وقت قدم ثابت نہ رہنا۔
قُلِعَ قَلْعًا. الرَّجُلُ: حملہ میں ثابت نہ رہنا۔ زین پر جم کر نہ بیٹھنا۔
اَقْلَعَ عَنْ کَذَا: باز رہنا اور چھوڑنا المَلَّاحُ السَّفِیْنَةَ: بادبان اُٹھانا اَصْحَابُ السَّفِیْنَةِ: روانہ ہونا الشَّیُٔ: روشن ہونا الاَمِیْرُ: قلعہ بنانا الحُمّٰی عَنْ فُلَانٍ: بخار کا اُتر جانا۔ قرآن مجید میں ہے "یَا سَمَاءُ اقْلِعِیْ" یعنی اے آسمان بارش سے رُک جا۔
قَالَعَا مُقَالَعَةً. ایک دوسرے کو اُکھیڑنا۔
تَقَلَّعَ وانْقَلَعَ واقْتَلَعَ. جڑ سے اُکھڑنا۔
تَقَلَّعَ فِی مَشْیِهٖ: آگے کو جھکتے ہوئے چلنا۔
القَلْع. س۔ بسولی۔ چرواہے کا تھیلا۔ ج اَقْلُع وقُلُوْع. قَلْعُ الحُمّٰی: بخار اُترنے کا دن۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُه فِی قَلْعٍ و قِلْعٍ وقَلَعٍ مِنْ حُمَّاهُ" میں نے اس کو بخار اترتی ہوئی حالت میں چھوڑا۔ القلع کان جس کی طرف عمدہ رانگ کو منسوب کرتے تھے کہتے تھے "رَصَاصٌ قَلْعِیٌّ وقَلَعِیٌّ"
القِلْع. بادبان۔ ج قُلُوْع وقِلَاع.
القِلْع. بخار کے اُترنے کا دن۔ مردوں کے پہننے کی صدری۔ وہ شخص جو گھوڑے پر اچھی طرح نہ بیٹھ سکے۔
القُلْع. چلنے میں قوی مرد۔
القَلَع. س۔ خون۔ کھرنڈ جو کھجلی والے کے جسم پر ہو۔ پتھر جو چٹان کے نیچے ہو مِنَ الحُمّٰی: بخار اُترنے کا دن۔
القَلِع. جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ کند ذہن جو کلام کو نہ سمجھے۔ کھرنڈ والے۔ و شَیْخٌ قَلِعٌ: کھڑے ہونے کی حالت میں آگے کو جھکنے والا بڈھا۔
القَلْعَة. قلعه. ج قِلَاع و قُلُوْع.
القِلْعَة: کھجور کا چھوٹا پودہ جو کھجور کی جڑ سے اُکھیڑ اجائے۔ چرواہے کا توشہ دان۔
القِلْعَة. قَلَعَ کا اسم نوع۔ لمبا پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ ج قِلَع.
القُلْعَة. کھرنڈ والا؛ کمزور جو کشتی میں جلد مغلوب ہو جائے؛ ہمیشہ نہ رہنے والا مال؛ منگنی کا مال؛ درخت سے جو اُکھیڑ اجائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰی قُلْعَةٍ" وہ سفر پر ہے "و مَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَةٍ وقَلْعَةٍ وقُلَعَةٍ" یعنی ہم مالک نہیں و "هٰذَا المَنْزِلُ مَنْزِلُ قُلْعَةٍ" یعنی جب کوئی صاحب عزت آدمی آجاتا ہے تو بیٹھنے والے کو ہٹانا یا بار بار اُٹھنا پڑتا ہے۔
القَلَعَة. بڑا ٹیلہ۔ قلعہ۔ بادل کا پہاڑ جیسا ٹکڑا۔ ج قَلَع. چٹان جو پہاڑ سے جدا ہو گئی ہو اور دشوار گزار ہو۔ ج قِلَاع وَ قَلَع.
القُلَعَة. کھرنڈ والا۔
القُلَاع. جو خشک ہونے کے بعد پھٹی ہوئی مٹی پھنسیاں۔ جو منہ یا زبان پر ہوں۔ واحد قُلَاعَة القُلَاع: مٹی جو خشک ہونے کے بعد پھٹ جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو۔ قُلَاعُ الاُذن: کان کی جڑ میں شگاف کہ جس سے پیپ وغیرہ نکلے۔ القُلَاعَة: پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اُکھیڑ اجائے۔ کہا جاتا ہے "رُمِیَ بِقُلَاعَةٍ" یعنی لاجواب کر دیا گیا۔
القِلَاعَة. کشتی و جہاز کا بادبان۔
القَلَّاع. وہ شخص جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ بڑا جھوٹا۔ داڑھ اکھیڑنے والا۔ بادشاہوں کے پاس چغلی کھانے والا۔ سپاہی۔ سپہ سالار۔ کفن چور۔
القَلُوْع. بڑی اُونٹنی۔ کمان جو کھینچنے میں اُلٹ جائے۔ ج قُلُع.
اِقْلَاعُ الحُمّٰی ومُقْلَعُهَا. بخار کا اُترنا۔
المَقْلَع. پتھر اُکھیڑنے کی جگہ۔ ج مَقَالِع.
المِقْلَاع. گوپھن۔ ج مَقَالِیْع.
اِقْلَعَدَّ الشَّعْرُ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا فُلَانٌ: خودسری کے ساتھ جانا۔
اِقْلَعَطَّ الشَّعْرُ: بال گھنگھریالے اور سخت ہونا۔
اِقْلَعَفَّ الشَّیُٔ: سمٹنا اَنَامِلُ فُلَانٍ: سردی یا بڑھاپے کی وجہ سے جھری دار ہونا۔
قَلْعَطَ وَ تَقَلْعَطَ: زیادہ میلا کرنا اور میلا ہونا۔
اَلْمُقَلْعَط: میلا اور کنجوس آدمی۔
القَلْعَطَة. بالوں کا سخت گھنگھریالا پن۔
قَلَفَ (ض) قَلْفًا الشَّجَرَةَ: درخت سے چھال اُتارنا الشَّیَٔ: پلٹنا (واقْتَلَفَ) الظُّفُرَ: جڑ سے کاٹ لینا۔ قَلَفَ العَصِیْرُ: جھاگ لانا۔
قَلَفَ (ن) قَلْفًا. القُلْفَة: کاٹنا۔
قَلَفَ (ض) قَلْفًا وقُلْفَةَ الدَّنَّ: مٹکے کے سرے پر کی مٹی چھڑانا (وقَلَّفَ) السَّفِیْنَةَ کشتی کے تختوں کو درخت خرما کی چھال سے جوڑنا اور ان کے درمیان تارکول ڈالنا۔ اسم القلافة ہے وقَلَّفَ الجُزُور: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
قَلِفَ (س) قَلَفًا الصَّبِیُّ: بے ختنہ ہونا یا عضو تناسل کی کھال کا بڑا ہونا۔ صفت اَقْلَف.
تَقَلَّفَ القِشْرُ عَنِ الشَّجَرَةِ: درخت سے چھال کا اُترنا۔
اِنْقَلَفَتِ السُّرَّةُ: ناف کا موٹائی کی وجہ سے لوٹ جانا۔
القِلْف. درخت کی چھال۔ واحد قِلْفَة سخت جگہ۔

القِلْفَة. ناخن جڑ سے کٹا ہوا۔
القُلْفَة والقَلَفَة. عضو تناسل کی کھال۔ ج قُلَف.
القَلِفَة مِنَ الشفَاةِ: ہونٹ جس میں موٹائی ہو۔
القُلافَة. درخت وغیرہ کی چھال۔
القَلِيف ج قُلُف والقَلِيْفَة ج قَلِيْف والمَقْلُوْفَة ج مَقْلُوْفَات: کھجور رکھنے کا بڑا ٹوکرا۔
القَلِيف والمَقْلُوْف. مٹکا جس کے سرے سے مٹی چھڑادی گئی ہو۔ القَلِيف۔ خشک میوہ۔ دریائی کھجور جس کا چھلکا اُتر گیا ہو۔ کھجور کا بڑا ٹوکرا۔ واحد قَلِيْفَة.
الاَقْلَف. بے ختنہ۔ عضو تناسل کی بڑی کھال والا۔ مؤنث قَلْفَاء ج قُلْف. کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْلَفُ القَلْبِ" وہ اچھی باتوں کو نہیں قبول کرتا "عَامٌ اَقْلَف" سرسبز سال "عَيْشٌ اَقْلَف" خوش حال زندگی۔
التَقْلِيْف. کھجور سے گٹھلی جدا کرنا اور برتن میں ذخیرہ کرنا۔
قَلْفَحَ الطَعَامَ: سب کچھ کھالینا۔
تَقَلْفَعَ عَنْهُ الشَيْئُ: چھل جانا۔
القِلْفَع والقِلَفِع. خشک کیچڑ کا پھٹا ہوا ٹکڑا۔ لوہے کے ذرات جو ڈھالتے وقت گریں۔
القلفعة. سانپ کی چھتری۔ زمین کی مٹی جو سانپ کی چھتری کے اُگنے سے ہٹ جائے۔ اُونٹ کی کھال پر چھال کی مانند داغ۔
قَلِقَ (س) قَلَقًا. مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ صفت مذکر قَلِق و مِقْلاق. صفت مؤنث قَلِقَة ومِقْلاق.
قَلَقَ (ن) قَلْقًا الشَيْئَ: حرکت دینا۔
اَقْلَقَهُ. بے قرار کرنا۔ اَقْلَقَ الشَيْئَ مِنْ مَكَانِهِ: حرکت دینا القَوْمُ السُيُوْفَ فِي الغِمْدِ: آسانی کیلئے تلوار کو میان ہی میں حرکت دینا۔
القُلْقَاس. اروی۔
قَلْقَلَ قَلْقَلَةً. آواز نکالنا (قَلْقَلَة وقَلْقَالًا وقِلْقَالًا) الشَيْئَ: حرکت دینا۔ الحُزْنُ دَمعَهُ: آنسو بہانا۔ فِي الاَرْضِ: سفر کرنا۔
تَقَلْقَلَ. متحرک ہونا۔ ہلکا ہونا اور تیز دوڑنا فِي البِلَادِ: ملک میں پھرنا۔
القِلْقِل والقُلْقُلان. ایک درخت ہے جو انار کے مشابہ ہوتا ہے اور جس کا پھل کالے رنگ کا چکنا گول کالی مرچ کے برابر ہوتا ہے۔
حروف القَلْقَلَةِ پانچ حروف ہیں۔
ب ا ج ا د ا ط ا ق۔
القَلْقَال. ہمیشہ سفر کرنے والا۔
القُلاقِل والقُلْقُل. پھرتیلا مددگار۔ القُلْقُل: سفر میں ہلکا پھلکا۔
قَلَمَ (ض) قَلْمًا وقَلَّمَ الشَيْئَ: کاٹنا الظُفْرَ: ناخن تراشنا۔ قَلَّمَ: تھوڑا تھوڑا کاٹنا
القَلَم. قلم۔ قلم کا اطلاق بن جانے کے بعد ہے بننے سے پہلے قَصْبَةٌ اور یراعہ کہتے ہیں۔
القَلَم: جوئے کا تیر۔ تیر جو جواریوں کے درمیان گھمایا جاتا ہے۔ ج اَقْلام و قِلام.
القَالِم. فا۔ جس کے بیوی نہ ہو۔ ج قَلَمَة.
القُلامَةُ. تراشہ۔ قُلامَةُ الظُفْرِ: ناخن کا تراشہ۔ اور اس سے گھٹیا اور حقیر چیز کی تشبیہ دی جاتی ہے۔
الاِقْلِيْم. ملک۔ صوبہ۔ ربع مسکون کا ساتواں حصہ۔ ج اَقَالِيْم (دخیل)
الاِقْلِيْمِي: نظریہ اقلیمیہ کو ماننے والا۔ علاقائی سطح پر لوگوں کے اجتماع کا نظریہ۔
المِقْلَمَة. قلمدان۔ ج مَقَالِم.
مَقالِم. الرُمْحِ: نیزے کی گرہیں۔
المُقَلَّمَة. بیوہ عورت اور کہا جاتا ہے "سَارَتْ اَلْفٌ مُقَلَّمَةٌ" یعنی ہزار سپاہیوں کی ہتھیار بند فوج روانہ ہوئی۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَقْلُوْمُ الظُفْرِ ومُقَلَّمُ الظُفْرِ" یعنی ضعیف و ذلیل ہے۔
المِقْلَام. قینچی۔
قَلْمَعَ رَاسَهُ: سر پر مار کر جدا کرنا۔ مونڈنا۔ الشَيْئَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
القَلْمَعَة. س۔ کمینے لوگ۔
قَلْنَسَهُ. ٹوپی پہنانا۔ قَلْنَسَ الشَيْئَ: چھپانا۔ الرَجُلُ: سینہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا۔
تَقَلْنَس. ٹوپی پہننا۔
القَلَنْسُوَة والقَلَنْسِيَة. ٹوپی ج قَلانِس وقَلانِيْس وقَلاسٍ وقَلاسِّي اور تصغیر قُلَيْنِسَة وقُلَيْسِيَة اور پادری جس ٹوپی کو استعمال کرتا ہے اس کو عوام قَلُوْسَة کہتے ہیں۔
قَلَا يَقْلُو قَلْوًا. اللحمَ وغيرَهُ: گوشت کڑاہی میں بھوننا۔ صفت فاعلی۔ قَلَّاء اور صفت مفعولی مَقْلُوٌّ الاِبِلَ: اُونٹوں کو ہانکنا۔
القُلَةَ وبالقُلَةِ: گلّی ڈنڈا کھیلنا (قَلْوًا وقَلاءً) الرَجُلَ: بغض رکھنا۔
تَقَلّى اِلَيْهِ: نفرت کرنا۔ بغض ظاہر کرنا عَلَى فِرَاشِهِ: مضطرب ہونا۔ تلملانا۔
تَقَالَى الرَجُلَانِ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ تَقَالٍ" ان کے درمیان بغض ہے۔
اِقْلَوْلَى اِقْلِيْلاءً. کوچ کرنا۔ بے آرام ہونا۔ سکڑنا۔ جگہ سے علیحدہ ہونا۔ فِي الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر جھانکنا الطَائِرُ: پرندہ کا اُڑنے میں بلند ہونا۔ درخت کے اوپر کے حصہ پر اُترنا ہُ: پیٹھ پر سوار ہونا۔
القِلْو. ہلکا پھلکا۔ جوان ہلکا گدھا۔
القُلَة. ج قُلات وقِلُوْن وقُلُوْن (المِقْلَى والمِقْلاء) گلی ڈنڈا۔ القُلَة: ہرن کے پھنسانے کے لیے ایک قسم کا پھندا۔
القِلْوَة. جانور جو اپنے سوار کو لے کر سب سے آگے بڑھ جائے۔
القَلَوْلَى. بلند پرواز پرندہ۔
قَلَى يَقْلِي قَلْيًا اللحمَ وغيرَهُ: گوشت بھوننا صفت فاعلی قَلَّاء۔ صفت مفعولی مَقْلِيّ فُلانًا: سر پر مارنا (الرَجُلَ و قَلِيَه يَقْلاه قَلًى وقَلاءً ومَقْلِيَةً) بغض رکھنا۔ صفت فاعلی قَالٍ اور صفت مفعولی مَقْلِيّ.
القِلَى والقِلِي. سجی۔
القُلَى. پہاڑوں کی چوٹیاں۔ مُردوں کی

کھوپڑیاں۔ واحد قُلَّة.
القَلَّاء. کڑاہی بنانے والا۔ کڑاہی میں گوشت بھوننے والا۔
القَلَّاتَة وہ جگہ جہاں کڑاہیاں تیار ہوتی ہیں۔
القَلِيَّة. جو بھونا جائے۔ شوربا جو اُونٹ کے گوشت سے بنایا جائے۔ راہب کی کوٹھری۔ ج قَلَايَا.
المِقْلٰى والمِقْلَاة. کڑاہی۔ فرائی پان۔ ج مَقَالٍ.
المَقْلَاة وہ مقام جہاں کڑائی بنائی جائے۔
المَقْلِيّ جو بھونا جائے۔
قَمَّ(ن) قَمًّا خشک ہونا شَارِبَهٗ: مونچھ جڑ سے مونڈنا البَيْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ صفت قَامٌّ و قَمَّام (وأَقَمَّ) مَا عَلَى المَائِدَةِ: کھانا واقْتَمَّ الشَّيْءَ: مزاولت کرنا۔ اعتماد کرنا۔ خطا نہ کرنا۔
قَمَّمَهٗ: خشک کرنا۔ قَمَّمَ النَّجْمُ: ستارے کا وسط آسمان میں پہنچنا۔
تَقَمَّمَ مَا عَلَى المَائِدَةِ: دستر خوان پر سے سب کچھ کھالینا الشَّيْءَ: کسی چیز پر چڑھنا۔ النَّخْلَةَ: درخت خرما پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا الرَّجُلُ قِرْنَهٗ: ہمسر پر غالب آنا۔
القِمَّة. ہر چیز کی چوٹی۔ لوگوں کی جماعت۔ بدن۔ قدو قامت ج قِمَم.
القُمَّة. شیر کا لقمہ۔ کوڑا گھر۔
القَمِيم. خشک سبزی۔ ستو۔
القُمَامَة. کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت ج قُمَم.
المِقَمّ والمُقْتَمّ. دستر خوان پر کا سب کچھ کھالینے والا۔
المِقَمَّة. جھاڑو۔ ج مَقَامٌّ (والمِقَمَّة) پھٹے ہوئے کھر والے جانوروں کے ہونٹ۔
قَمَأَ(ف) وقَمُؤَ(ک) قَمَاءَةً وقُمْأَةً وقِمَاءَةً وقَمَاءَةً. ذلیل و خوار ہونا۔ صفت قَمِيءٌ ج قُمَاءٌ وقِمَاءٌ.
قَمَأَ(ف) قَمْأً المَكَانَ و بِهٖ: داخل ہونا اور اقامت کرنا هٗ: اُکھیڑنا۔
قَمَأَت(ف) قَمْأً وقَمُؤَت(ک) قُمُوْءًا وقُمُوْءَةً وقَمْأً وقَمَاءً وقَمَاءَةً. المَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا بِالمَكَانِ: سرسبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا۔
أَقْمَأَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا الشَّيْءُ او المكان فُلَانًا: تعجب میں ڈالنا أَقْمَأَتِ المَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا۔
قَامَأَهٗ مُقَامَأَةً. موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا قَامَأَهُ المكان: جگہ اس کو موافق نہیں آئی۔
تَقَمَّأَ فُلَانٌ المكان: موافق ہونا اور اقامت کرنا الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ عمدہ لینا۔
اِقْتَمَأَ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
القَمْءُ. وہ جگہ جہاں اقامت کریں اور موٹے ہو جائیں۔
القَمْأَة. ج قَمَاء والمَقْمَأَة والمَقْمُؤَة وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے۔
القَمْأَة والقُمَاة سرسبزی۔ آرام۔
القَمِيْءُ ذلیل و خوار۔
قَمَحَ(ن) قُمُوْحًا وقَامَحَ وتَقَمَّحَ وانْقَمَحَ البَعِيْرُ: سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اُٹھانا صفت قَامِحٌ ج قِمَاحٌ و قُمَّحٌ و تَقَمَّحَ الشَّرَابَ و مِنَ الشَّرَابِ: ناپسند کرنا۔
قَمِحَ(س) قَمْحًا واقْتَمَحَ وتَقَمَّحَ السَّوِيْقَ: ستو پھانکنا الشَّرَابَ: ہتھیلی پر لینا اور چاٹنا۔
قَمَّحَ فُلَانًا: حق سے کم دے کر ہٹانا۔
أَقْمَحَ السُّنْبُلُ: خوشہ میں دانہ بیٹھنا البُرُّ: تیار گیہوں ہونا الرَّجُلُ: سر اُٹھانا اور آنکھ بند کرنا بِأَنْفِهٖ: بڑائی جتانا۔ مغرور ہونا الغُلُّ الأَسِيْرَ: تنگی کی وجہ سے سر کو نکلا ہوا چھوڑ دینا فُلَانٌ: شراب پینا۔
القَمْحُ گیہوں۔ واحد قَمْحَة.
القَمْحَة. پھنکی یا پانی سے منہ بھرا ہوا۔
(والقُمْحَان والقُمَّجَان) زعفران۔
القَمْحَانَة. سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ۔
القَمِيْحَة. پھنکی (دوا یا ستو وغیرہ کی)
رَجُلٌ قَمُوْحٌ لِلنَّبِيْذِ: بہت پینے والا۔
القَمَحْدُوَة. سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ۔
اَقْمَخَ اِقْمَاخًا بِأَنْفِهٖ: بڑائی جتانا۔ متکبرین کی طرح بیٹھنا۔
قَمَدَ(ض) قَمْدًا وقُمُوْدًا انکار کرنا۔ باز رہنا۔ نیکی یا بدی میں لگا رہنا۔
قَمِدَ(س) قَمَدًا لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔ صفت أَقْمَدُ مؤنث قَمْدَاء.
اَقْمَدَ الرَّجُلُ: گردن بلند کرنا۔
القُمُد والقُمُدّ والقُمَاد. مضبوط۔ موٹا۔
القُمُدّ والقُمُدَّة والقُمُدَّانِيَة. لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی۔
القُمْدُر. لمبے قد والا۔
قَمَرَ(ض) قَمْرًا جوا کھیلنا الرَّجُلَ: جوئے میں غالب آنا۔
قَمَرَ(ن ض) قَمْرًا الرجل مَالَهٗ: مال چھین لینا۔
قَمِرَ(س) قَمَرًا الشَّيْءُ: بہت سفید ہونا۔ الرَّجُلُ: برف کی وجہ سے چندھیانا۔ چاندنی رات میں بے خواب ہونا الكَلَأُ والمَاءُ وغَيْرُهُمَا: گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا الإِبِلُ: اُونٹ کا سیراب ہونا۔
قَامَرَهٗ مُقَامَرَةً وقِمَارًا: باہم جوا کھیلنا۔
أَقْمَرَ اللَّيْلُ: چاندنی کا کھیت کرنا الهِلَالُ: پورا چاند بننا القَوْمُ: چاندنی میں ہونا۔ چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا الثَّمَرُ: پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی آجائے پکنے سے پہلے سردی کا آجانا اور مٹھاس کا جاتا رہنا الإِبِلُ: اُونٹ کا سیراب ہونا۔ بہت گھاس میں چرنا۔
تَقَمَّرَ: چاندنی رات میں شکار کیلئے نکلنا۔ الرَّجُلُ: جوئے میں غالب آنا۔ چاندنی رات میں آنا الطَّيْرَ والظِّبَاءَ: پرندوں یا ہرنیوں کا

چاندنی روشنی میں شکار کرنا الطَّیْرَ: پرندہ کو شکار کیلئے رات میں آگ سے چندھا کر دینا۔
تَقَامَرَ القَوْمُ: باہم جوا کھیلنا۔
اِقْمَارَّ اِقْمِیْرَارًا. سفید ہونا۔ چاند کے رنگ کا ہونا۔
القَمَر. چاند۔ تین رات کے بعد آخر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال ج اَقْمَارُ القمرَان: آفتاب و ماہتاب۔ اَقْمَارُ العِلْم وشُمُوسُه: علماء اور کہا گیا ہے "اِسْتَرْ عَیْنَهُ الشَّمْسَ والقَمَرَ" یعنی میں نے اس کو مہلت دی۔
القُمْرَة. سبزی مائل۔ سفید رنگ۔
المَاء القَمِر. بہت پانی۔ لَیْلَةٌ قَمِرَةٌ: چاندنی رات۔
الحُرُوْفُ القَمَرِیَّة. چودہ حروف ہیں جن کے ساتھ تلفظ میں لام پڑھا جاتا ہے جیسے اَلْقَمَرَ.
القُمْرِیّ. فاختہ کی مانند ایک مشہور پرندہ مؤنث قُمْرِیَّة ج قُمْر وَ قَمَارِیّ.
اَلْقَمَرِیَّةُ: زمین پر پھیلنے والی بوٹی جس کے پھلوں کے بیج چاند کی طرح ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے لگائی جاتی ہے۔ امریکہ کے علاقہ میں پائی جاتی ہے۔
القِمَار. مص. جوا۔
القَمِیْر. جواری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَمِیْرُكَ" وہ جوے میں تمہارا ساتھی ہے ج اَقْمَار. جیسے نَصِیْر وَاَنْصَار.
قُمْرَةُ الْمِرْكَب: (عِنْدَ الْمَلاَّحِیْن) بحری جہاز کا کمرہ
الاَقْمَر. سبزی مائل سفید رنگ والا۔ سفید وَجْهٌ اَقْمَر: چاند کے مشابہ چہرہ۔ سَحَابٌ اَقْمَر پانی سے بھرا ہوا بادل۔
القَمْرَاء. الاقمر کا مؤنث۔ چاندنی۔
لَیْلَةٌ مُقْمِرٌ و مُقْمِرَةٌ. چاندنی رات۔ عرب کے امثال میں سے ہے "اَنْشَطُ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ" بیان کیا گیا ہے کہ چاندنی میں ہرن کو نشاط حاصل ہوتا ہے اور وہ کھیلتا کودتا ہے اور کبھی دھوکے میں آجاتا ہے اور درندہ شکار کر لیتا ہے۔ اسی وجہ سے دوسری مثال میں کہا گیا ہے "اَغَرُّ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ".
المَقْمُوْر. مص. بُرائی۔ ناپسندیدہ بات اور اسی سے مثال ہے "وَضَعْتُ یَدِی بَیْنَ اِحْدٰی مَقْمُوْرَتَیْنِ" دو برائیوں میں سے ایک برائی میں میں نے ہاتھ ڈالا۔
قَمَزَ (ن ض) الشَّیْءَ. جمع کرنا الشَّیْءَ: انگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔
اَقْمَزَ الرَّجُلُ: بیکار چیزوں کا ذخیرہ کرنا۔
القَمَز. بے کار مال۔
القُمْزَة کھجور کی ایک مٹھی۔ نباتات کا شگوفہ جس میں دانہ نہ ہو۔ ج قُمَز.
قَمَسَهُ (ن ض) قَمْسًا واَقْمَسَهُ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔ اَقْمَسَ الکَوْکَبُ: ستارے کا غروب ہونا قَمَسَتِ الدَّلْوُ فِی المَاءِ: ڈول کا ڈوب جانا۔ قَمَسَ بِهِ فِی البِئْرِ: کنوئیں میں پھینکنا۔
الوَلَدُ فِی البَطْنِ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔
قَمَسَ (ن ض) قَمْسًا وقُمُوْسًا وانْقَمَسَ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔
اِنْقَمَسَ الکَوْکَبُ: ستارہ کا غروب ہونا۔
اِنْقَمَسَ فِی الرَّکِیَّةِ: کنوئیں میں کود پڑنا۔
قَمَسَ الرَّجُلُ: اونٹوں کو سیراب کرنا۔
قَامَسَهُ قِمَاسًا ومُقَامَسَةً. غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔ مناظرہ کرنا۔ مباحثہ کرنا۔ کہا گیا ہے "هُوَ یُقَامِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرتا ہے یعنی اپنے سے زیادہ علم والے سے مباحثہ کرتا ہے۔
تَقَامَسُوا فِی المَاءِ: باہم غوطہ زنی کرنا۔
القَمَّاس. غوطہ خور۔
القَامُوْس. سمندر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِیْس.
القَامُوْس: علامہ مجد الدین فیروز آبادی کی علم لغت میں ایک مشہور کتاب زمانہ موجودہ میں ہر لغت کی کتاب کو قاموس کہتے ہیں۔
القِمَاس. کنوئیں میں پانی کی زیادتی۔
القِمِّیْس ج قَمَامِیْس القِمِیْس سمندر۔
القَمُوْس. کنواں جس میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈول ڈوب جائے۔
القُمُّس. مرد شریف ج قَمَامِس و قَمَامِسَة.
القَوْمَس. امیر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِس: القَوَامِس: مصیبتیں۔
قَمَشَ (ن ض) قَمْشًا وقَمَّشَ القُمَاشَ: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔
تَقَمَّشَ. جو کچھ ملے اس کو کھا جانا اگرچہ معمولی ہو۔
اِقْتَمَشَ. القُمَاشَ: ادھر ادھر سے کھانا۔
القُمَاش. ردی اور گھٹیا چیزیں۔ قُمَاشُ النَّاسِ: رذیل لوگ۔ قُمَاشُ البَیْتِ: گھر کا سامان۔ ج اَقْمِشَه.
القَمْش. مص. ردی چیز۔
القَمَّاش. سامان بیچنے والا۔
قَمَصَ (ن ض) قُمَاصًا وقِمَاصًا وقَمْصًا الفَرَسُ وغَیْرُهُ: گھوڑے کا اگلی دونوں ٹانگوں کو اکٹھا ہی اٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا العَیْرُ: گدھے کا کودنا اور بھاگنا (قَمْصًا) مِنْهُ: نفرت کرنا۔ اعراض کرنا النَّاقَةُ بالرَّدِیْفِ: اونٹنی کا اچھلتے ہوئے لے جانا (وقَمَصَ) البَحْرُ بالسَّفِیْنَةِ: موج سے حرکت دینا۔
وقَمَّصَهُ: قمیص پہنانا۔ قَمَّصَ الثَّوْبَ: کرتا قطع کرنا۔
تَقَمَّصَ. کرتا پہننا اور استعارہ کی بناء پر کہا جاتا ہے "تَقَمَّصَ الوِلاَیَةَ والاِمَارَةَ وتَقَمَّصَ لِبَاسَ العِزِّ" تَقَمَّصَتِ الرُّوْحُ: ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا۔
القَمَص. انڈے سے نکلے ہوئے ٹڈی کے تازہ بچے۔ مکھیاں یا مچھر جو پانی کے اوپر اڑتے ہیں۔ واحد قَمَصَة.
القِمَاص مص. قلق.
القَمِیْص. کرتا (مذکر و مؤنث) ج اَقْمِصَة وقُمُص وقُمْصَان. القَمِیْص لوزائیہ

بچّے کے اوپر کی جھلی۔ دِل کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ الخَوْفُ قَمِيْصَ قَلْبِهٖ" خوف نے اس کے دِل کے غلاف کو پھاڑ دیا۔

القَمِيْص والقَمُوْص. وہ جانور جو اپنے سوار کو لے کر اُچھلے۔ القَمُوْص: شیر۔ بے آرام جس کو قرار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ قَمُوْصُ الحَنْجَرةِ" فلاں بڑا جھوٹا ہے۔

قَمَطَهٗ (ن ض) قَمْطًا وقَمَّطَهٗ. گہوارہ میں چھوٹے بچّے کے ہاتھ پاؤں باندھ دینا۔ الابل: اُونٹوں کو قطار میں کرنا۔ طَعَمَ الشَّیْئَ: چکھنا۔ الشَّیْئَ: لینا۔ قَمَطَ الدِّيْكُ: مرغ کا جفتی کرنا۔ المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔

القِمَاط : رسّی جس سے ہاتھ پاؤں باندھیں۔ چوڑا کپڑا جس سے گہوارہ میں بچّے کو لپیٹ دیں۔ ج قُمُط (والقِمْط) رسّی جس سے بکری کی ٹانگوں کو ذبح کرنے کے لیے باندھیں۔

عامٌ قَمِيْطٌ. پورا سال۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهٗ حَوْلًا قَمِيْطًا او شَهْرًا قَمِيْطًا" میں اس کے پاس ایک سال کامل یا ایک مہینہ کامل ٹھہرا۔

القَمَّاط. چور۔ بچّوں کو گہوارہ میں باندھنے کے لیے پٹی بنانے والا۔

القُمَّاط. بہت سے چور۔

قَمْطَرَ قَمْطَرةً الشَّیْئُ: جمع ہونا۔ الشَّیْئَ: جمع کرنا۔ القِرْبَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔ مشک کو بھرنا۔ العَدُوُّ: دشمن کا بھاگنا۔ قَمْطَرَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اِقْمَطَرَّ. منتشر ہونا۔ سکڑنا۔ الشَّرُّ: آمادہ ہونا۔ اليَوْمُ: دن کا سخت ہونا۔ عَلَيْهِ الشَّیْئُ: بھیڑ ہونا۔

القِمْطَر والقِمَطْر. بستہ۔ جزو دان۔ مجرمین کے پاؤں پھنسانے کی لکڑی۔ پستہ قد موٹا مرد۔ مذکر و مؤنث اور کبھی اِمْرَأَةٌ قِمَطْرَةٌ کہتے ہیں۔ ج قَمَاطِر القِمَطْر: شکر دانی۔

القُمَاطِر والقَمْطَرِيْر. سخت دن یا سخت بُرائی۔

القِمَطْرِیّ. پستہ قد موٹا مرد۔ اکٹھی چال۔

قَمَعَهٗ (ف) قَمْعًا. آنکس سے مارنا۔ ارادہ سے ہٹا دینا۔ خوار و ذلیل کرنا۔ قَمَعَ القِرْبَةَ: باہر کی طرف مشک کے مُنہ کو موڑنا۔ قَمَعَ فِي الشَّیْئِ: داخل ہونا۔ الكُتُبَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ قَمَعَتِ المَرْأَةُ بَنَانَهَا بِالحِنَّاءِ: عورت کا پوروں کو مہندی سے رنگنا۔ ہٗ: سر کے بالائی حصّہ پر مارنا۔ البَرْدُ النَّبَاتَ: سردی کا نباتات کو جلا دینا۔ ما فِي السِّقَاءِ: ڈگڈگا کے پینا۔ الشَّرَابُ: آسانی سے حلق سے اُترنا۔ سَمْعَهٗ لِفُلانٍ: خاموش ہونا۔ الوَطْبَ: قیف لگانا۔

قَمِعَتْ (س) قَمَعًا عَيْنُهٗ: گوشہ چشم میں ورم والی ہونا۔ صفت قَمِعَة الفَرَسُ: ایک موٹے گھٹنے والا ہونا۔ عُرْقُوْبُ الفَرَسِ: ایڑی کے سرے کا موٹا ہونا۔ الظَّبْيَةُ: ہرن کی ناک میں مکھی داخل ہونا اور اس کی وجہ سے اس کا سر ہلانا۔ فُلانٌ الدَّوَاءَ: دوا پھانکنا۔

قَمَّعَ البُسْرَةَ ونَحْوَهَا: کھجور وغیرہ کی پینڈی کو دُور کرنا۔ قَمَّعَتِ البُسْرَةُ ونَحْوُهَا: کھجور وغیرہ کی پینڈی کا دُور ہونا۔

اَقْمَعَهٗ. ذلیل و خوار کرنا۔ رد کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ تم کہو گے "اَقْمَعْتُهٗ" یعنی فلاں میرے پاس آیا میں نے اس کو ہٹا دیا۔

تَقَمَّعَ. متحیر ہونا۔ مدہوش ہونا۔ تنہا بیٹھنا۔ ذلیل ہونا۔ الذُّبَابَ: مکھی مارنا۔ تم کہو گے "تَرَكْتُهٗ يَتَقَمَّعُ" میں نے اس کو مکھی مارتا ہوا چھوڑا۔ (واقْتَمَعَ) الشَّیْئَ: چننا اور کہا گیا ہے "اقتمع ما فِي الاناءِ" یعنی برتن میں جو کچھ تھا سب پی گیا۔

اِنْقَمَعَ. خوار و ذلیل ہونا۔ پوشیدہ مکان میں داخل ہونا۔ الرَّجُلُ: تنہا بیٹھنا۔

القَمْع والقِمْع والقِمَع. قیف۔ ج اَقْمَاع۔ کھجور وغیرہ کے نیچے کی پینڈی۔ اور تشبیہ کی بنا پر انگشتانہ کو بھی قِمع کہتے ہیں۔ ج قُمُوْع۔

القَمَع. آنکھ کے گوشوں میں ورم یا سرخی۔ گھوڑے کے گھٹنے میں یا ایڑی میں موٹاپا۔ حلق کا کنارہ۔ سانس کی نالی کا کنارہ۔ نرخرہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

الاَقْمَع. مؤنث قَمْعَاءُ ج قُمْعٌ والقَمُوْع: وہ شخص جس کی آنکھ کے گوشے میں ورم یا سرخی ہو۔ الاَقْمَعُ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔

القَمَعَة. کوہان کی چوٹی۔ آنکھ کا زخم۔ حلق کا کنارہ۔ قَمَعَةُ الذَّنَبِ: دُم کا کنارہ۔ قَمَعةُ الشَّیْئِ: عمدہ چیز۔ ج قَمَع۔ القَمَعة: مکھی جو سخت گرمی میں اُونٹوں اور ہرنوں کو لگ جاتی ہے۔ ج قَمَاع۔

القَمِع. مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔ سَنَامٌ قَمِعٌ: بڑا کوہان۔ طَرْفٌ قَمِعٌ: پھنسیوں والی آنکھ۔

القِمْعَة. توشہ دان وغیرہ کا سربند۔ بہترین مال ج قِمَع۔

اَلقُمْعُ وَالقَمْعُ وَالقِمْعُ: قیف (برتن کے منہ پر رکھ کر مائع چیز بھرنے کا آلہ)

اَلقِمْعِيَّةُ: یورپ، برازیل اور ایشیاء کے ممالک میں پایا جانے والا ایک پھول جو کہ خوبصورت ہوتا ہے اور اس میں زہریلا مواد ہوتا ہے۔ اس سے پیشاب آور اور مسکن دواء دجتالین حاصل کی جاتی ہے۔ ایسے ہی دل کے مریضوں کو دی جاتی ہے۔

القَمِيْعَة. مِنَ الدَّوَابِّ: دونوں کانوں کے درمیان اُبھرا ہوا حصّہ۔ دُم کا سرا ج قَمَائِع۔

المِقْمَعَة. آنکس۔ لکڑی یا لوہا جس سے انسان کو مارا جائے۔ ج مَقَامِع۔

المَقْمُوْع. مغلوب۔ تختہ زدہ مِنَ المَالِ: چنا ہوا مال۔

قَمْعَلَ قَمْعَلَةً النَّبْتُ: نباتات کا غلاف نکلنا یا شگوفہ نکلنا۔ الرَّجُلُ: سردار قوم ہونا۔

القِمْعَال. سردار قوم: چرواہوں کا سردار۔

القُمْعُل. تنگ مُنہ کی ہانڈی (والقُمْعُوْل) بڑا پیالہ ج قَمَاعِل و قَمَاعِيْل۔

القُمْعُوْلَة. نباتات کا غلاف یا پھول کی کلی۔

کونپل۔ سر کے اندر گھاؤ۔ ج قَمَاعِيل.

قَمْقَمَ قَمْقَمَةً مَا عَلَى المَائِدَةِ دسترخوان کے بچے ہوئے کو جمع کرنا۔

تَقَمْقَمَ بہت پانی میں گھسنا یہاں تک کہ ڈوب جانا الشَّیَٔ چڑھنا۔

القُمْقُمُ حلق کی نالی۔ گھڑا۔ پانی گرم کرنے کے لیے تانبے کا برتن۔ عطر فروش کا برتن۔ گلاب پاش۔

القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم والقُمْقُمان بڑی تعداد سمندر یا سمندر کا گہرا حصہ۔ چھوٹی چچڑیاں۔ ایک قسم کی جوئیں۔ اس کا واحد قُمْقَامَة. القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم بڑا فیاض سردار ج قَمَاقِم وقَمَاقِمَة. القَمْقَام امر عظیم۔ بڑا معاملہ۔

رَجُلٌ قَمْقَامٌ کمینہ جو ردی اور گھٹیا قسم کے کھانے پر راضی ہو جائے۔ القَمَاقِم ماہ تمبر کے آخری بارہ دن جن سے آنے والے سال کے ہر مہینے کی ہوا کا پتہ لگایا جائے۔

القِمْقِم پر خشک کچی کھجور۔

القُمْقُمَة لکڑی کا پیالہ۔ لوٹا۔

قَمِلَ(س) قَمَلاً القَوْمُ زیادہ تعداد ہونا۔ سرسبزی و شادابی والا ہونا فُلَانٌ لاغری کے بعد موٹا ہونا رَاسُهُ سر میں جوں ہونا یا بہت جوں ہونا۔ صفت قَمِل بَطْنُهُ توند نکلنا۔

قَمِلَ واَقْمَلَ المَرْعَى چراگاہ کا اگنا اور سیاہ ہونا۔

تَقَمَّلَ الرَّجُلُ کچھ موٹائی شروع ہونا۔

القَمْلُ جوں واحد قَمْلَة کہا جاتا ہے "ذَبَّ قَمْلُهُ" یعنی موٹا ہوا۔ تمل قریش دانہ صنوبر۔

القَمَال جوں۔

القُمَّل چچڑی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد قُمَّلَة

المِقْمَل فقیری کے بعد تونگر۔

تَقَمَّنَ الاَمْرَ قصد کرنا الشَّیَٔ پکڑنے کے قریب ہونا۔

القَمَن لائق۔ قریب۔ مناسب۔ یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا المَنْزِلُ لَكَ مَوْطَنٌ قَمْنٌ" یعنی یہ مکان اس لائق ہے کہ تم اس میں رہو۔ "وجِئْتُ بالحَدِيْثِ عَلَى قَمْنِهِ" یعنی میں نے اس کی روش پر بیان کیا۔

القَمِن لائق۔ سزاوار۔ حمام کی بھٹی۔ قَمِن اور قَمِيْن کے ساتھ بایا من یا لام کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "هُوَ قَمِنٌ و قَمِيْنٌ بكَذَا وقَمِنٌ وقَمِيْنٌ مِنْ كَذَا ولِكَذَا" ج قُمَنَاء و قَمِيْنُون مؤنث قَمِيْنَة ج قَمِيْنَات و قَمَائِن کہا جاتا ہے : اَقْمِنْ بِهٰذَا الاَمْرِ یعنی وہ اس کے لیے سزاوار تر ہے۔ وهٰذَا الاَمْرُ مَقْمَنَة لِذَا یعنی زیادہ مناسب ہے۔

المُقْمَئِنّ سکڑا ہوا۔

قَامَى مُقَامَاةً موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے: مَا يُقَامِيْنِي هٰذَا یہ میرے موافق نہیں۔

قَمَا(ن) قُمُوْها البَعِيْرُ حوض سے سر اٹھا لینا اور پانی نہ پینا الشَّیْءُ فِي المَاءِ ڈوبنا اور اچھلنا۔

تَقَمَّهَ فِي الاَرْضِ آوارہ پھرنا۔ کہا جاتا ہے "خرج فُلَانٌ يتقمه" فلاں نکلا اس حال میں کہ نہیں جانتا کہ کہاں جائے۔

القَمَه کھانے کی کم خواہش۔

القَامِه ج قُمَّه.

اِقْمَهَدَّ سر اٹھانا الرَّجُلُ او البَعِيْرُ سر اُٹھانا بالمَكَانِ ہمیشہ اقامت کرنا۔ تیز دوڑنا۔

القَمَهْكَد کمینہ۔ بداصل۔ بدصورت۔

قَامَاه مُقَامَاةً (یائی) موافقت کرنا۔ تم کہو گے مَا يُقَامِيْنِي هٰذَا الشَّیْءُ یعنی یہ چیز مجھے موافق نہیں۔

قَنَّ(ن) قَنًّا نگاہ ڈال کر ڈھونڈنا۔ خبروں کو تلاش کرنا۔ لاٹھی سے مارنا۔ قَنَّ فِي الجَبَلِ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔

اِقْتَنَّ غلام بنانا۔ خاموش ہونا (واقْتَنَانًا) اِقْتَنْتَنَّا لکڑا ہونا۔

اِسْتَقَنَّ بالاَمْرِ مستقل ہونا۔ بکریوں میں رہ کر انہیں کے دودھ پر گزارہ کرنا۔

القِنّ چھوٹی پہاڑی (والقُنان) کرتے کی آستین۔

القِنّ غلام۔ خود مملوک ہوا ہو یا اس کے ماں باپ۔ اور یہ لفظ مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لیے ہے اور کبھی جمع اَقْنَان واَقِنَّة بھی ہے۔

القِنَانَة والقُنُوْنَة غلامی۔ بندگی۔

القُنَّة چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وقُنَّة كُلِّ شَیْءٍ ہر چیز کا بالائی حصہ۔ ج قُنَن و قِنَان وقُنُوْن وقُنَّات.

القِنَّة رسی کی لڑیوں میں ایک لڑی۔ ایک دوا کا نام۔ ج قِنَن.

القَنَن طریقہ۔ روش۔

القِنِّيْنَة شیشہ کی بوتل۔ ج قَنَانِي وقِنَان.

القَانُوْن قاعدہ۔ اصل۔ ہر چیز کا پیمانہ۔ ایک قسم کا باجہ۔ ج قَوَانِين (دخیل)

قَنَأ(ف) قُنُوْءًا. الشَّیْءُ گہرا سرخ رنگ والا ہونا اَللِّحْيَةُ مِنَ الخِضَابِ ڈاڑھی کا خضاب سے سیاہ ہونا (قَنْأً) اللَّبَنَ دودھ میں پانی ملانا۔

قَنَأ(ف) قَنْأً وقَنَأً وتَقْنِئَة و تَقْنِيْئاً لِحْيَتَهُ ڈاڑھی کو خضاب سے سیاہ کرنا۔ قَنَأَ الشَّیْءُ گہرا سرخ رنگنا۔

(قَنَأ ف) قَنْأً واَقْنَأ الرَّجُلَ قتل کرنا یا کسی دوسرے کو قتل کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَقْنَأ الاَدِيْمَ چمڑے کو خراب کرنا الشَّیْءُ لَانَا: ممکن ہونا اور قریب ہونا۔

قَنِیَٔ(س) قُنُوْءًا مرنا الاَدِيْمُ چمڑے کا خراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قَانِیٌٔ" بہت گہرا سرخ۔

المَقْنَأَة والمَقْنُوْءَة وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔

القَنْبَل ہاتھی کی گردن۔ پستہ قد عورت۔

قَنَبَ(ن ض) قُنُوْبًا فِي الشَّیْءِ داخل ہونا۔ الشَّمْسُ آفتاب کا غروب ہونا الکَرْمَ انگور کی تکلیف دہ ٹہنیوں کو کاٹ دینا۔

قَنَّبَ الزَّرْعُ خوشہ کے پتے ظاہر ہونا الزَّهْرُ کلی سے نکلنا الکَرْمُ انگور کی شاخ

تراشی کرنا الاسدُ بمَخْلبه: شیر کا چنگل کو سمیٹ لینا۔ قَنبتْ واقْتنبتْ وتَقنبت الخَيْلُ: چالیس کی جماعت کا دستہ ہونا۔ کہاجاتا ہے "قَنَبُوْا وتَقَنَّبُوْا نَحو العَدُوّ" جب کہ اکٹھے ہوں اور چالیس کے عدد کو پہنچ جائیں۔ و تَقنَّبَ الرَّجُلُ فِي بَيْتِه: داخل ہونا۔

اَقْنَب۔ سفر میں دُور جانا۔ قرض خواہ سے یا طاقتور سے چھپنا۔

قَنْبُ الزهْرِ پھول کا غلاف ج قُنُوب۔

القَانِب۔ فا۔ بلبلانے والا بھیڑیا۔ تیز رفتار قاصد۔ واد قَانِبٌ: وادی جس کا سیلاب دُور سے جاری ہو۔

القُنْب۔ بڑا بادبان۔ شیر کا چنگل۔ مِنْ كَفّ الاَسدِ: شیر کی ہتھیلی کا وہ حصہ جس میں چنگل سمٹا رہے۔

القُنَاب والقِنَاب والقُنَّابة۔ پتے جن میں خوشہ ہوتا ہے۔ القِنَاب: شیر کا پنجہ۔ کمان کی تانت۔

القِنَّبُ والقُنَّب۔ جوٹ۔ سن جس سے ستلی بناتے ہیں۔

القَنِيب۔ لوگوں کا گروہ۔ گھنا بادل۔

القَيْنَاب۔ تیز رفتار قاصد۔ تیز رفتار چھٹی رساں۔

المِقْنَب۔ تیس سے لے کر چالیس تک گھوڑوں کی جماعت جو لوٹ ڈالنے کیلئے جمع ہوں ج مَقَانِب (والمِقْنَاب) شیر کا چنگل۔

المِقْنَب: شیر کی ہتھیلی۔ کہاجاتا ہے "مِخلبُ الاَسدِ فِيْ مِقْنَبه" شیر کا چنگل اس کی ہتیلی میں ہے۔ شکاری کا تھیلہ۔

القُنْبُرة والقُنْبَرة۔ چنڈول نامی ایک قسم کی چڑیا جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں۔ ج قَنابِر۔ القُنْبرة: سر پر کچھ زائد پر۔ کلغی۔

دَجاجةٌ قُنْبُرانيةٌ۔ چوٹی والی مرغی۔ کلغی دار مرغی۔

القُنْبُض۔ سانپ۔ پستہ قد۔ مؤنث قُنْبُضة۔

القُنْبُضة: بدصورت عورت یا پستہ قد عورت۔

القُنَّبِيط۔ گوبھی۔ اور عوام قَرْنَبِيط بھی کہتے ہیں۔

قَنْبَعَ فِي بَيْتِه: چھپنا۔ روپوش ہونا۔ قَنْبَعَت الشَّجرةُ: غلاف کے اندر پھول یا پھل والا ہونا۔

الرَّجُلُ: غصہ کی وجہ سے پھولنا۔

القُنْبُع۔ درخت کی کلی کا غلاف۔ خوشہ میں گیہوں کا غلاف۔ پستہ قد خسیس مرد۔

القُنْبُعة۔ بمعنی القُنبع۔ ایک قسم کا بچوں کیلئے کپڑا۔ پستہ قد عورت۔ قُنْبُعة الخنْزِير: سور کی خرخراہٹ۔

القَنْبَل والقَنْبَلة۔ لوگوں کی یا گھوڑوں کی جماعت ج قَنابِل۔

القُنَابِل۔ بڑے سر والا (والقُنْبل) موٹا قوی مرد۔

قَنْبَلَ العُدُوّ: دشمن پر بم کے ساتھ حملہ کرنا۔

القُنْبُلَةُ: بم اس بم کی کئی اقسام ہیں۔

(۱) اَلْقُنْبُلَةُ الْحَارِقَة: آگ لگانے والا بم۔

(۲) اَلْقُنْبُلَةُ الجرثوميّة: جراثیمی بم

(۳) اَلْقُنْبُلَةُ السَّامَة: زہریلا بم

(۴) اَلْقُنْبُلَةُ الذَّرِيَّة: ایٹم بم

قَنَتَ (ن) قُنُوتا۔ اطاعت کرنا۔ نماز میں کھڑا ہونا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ کہاجاتا ہے "قَنَتَ اللهَ وقَنَتَ لِله"۔

لَهُ: ذلیل ہونا۔

قَنُتَ (ک) قَنَاتَةً۔ کم خوراک ہونا۔

اَقْنَتَ۔ نماز میں قیام طویل کرنا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ دشمن پر بددعا کرنا۔ ہمیشہ حج کرنا۔ دیر تک جنگ کرنا۔

اِقْتَنَتَ۔ فرمانبردار ہونا۔

القَانِت۔ فا۔ ہمیشہ اطاعت و فرمانبرداری میں رہنے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ ج قُنَّت۔

القَنِيت۔ کم خوراک۔ (مذکر ومؤنث) کہاجاتا ہے "سِقاءٌ قَنِيتٌ" پانی کو روکنے والی مشک جو ٹپکے نہیں۔

اِمْرأةٌ قَنُوْتٌ: شوہر کی تابعدار عورت۔

القُنْجُل۔ غلام۔

قَنَحَ (ف) قَنْحًا العودَ: لکڑی کا سرا موڑنا الشَّارِبُ: پینے والے کا سیراب ہو کر سر اُٹھانا۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا (واَقْنَحَ) البَابَ: دروازہ کو لکڑی سے اُٹھانا۔

قَنَّحَ البَابَ: دروازے کے لیے لمبی ٹیڑھی کنجی بنانا۔

تَقَنَّحَ۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا۔

القُنَاح۔ دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔

القُنَّاح۔ لمبی ٹیڑھی کنجی۔ لکڑی جس کو دوسری لکڑی کے نیچے ڈال کر حرکت دیں۔

القُنَاخِر۔ ج قَنَاخِر والقِنَّخر۔ بڑے جسم والا اَنْفٌ قُنَاخِر: موٹی ناک۔ القِنَّخر: کشادہ نتھنوں اور سخت آواز منہ والا۔

القُنْخُورَة والقِنْخِيرة والقِنْخَرة والقُنْخُور۔ بڑی چٹان۔

القَنْد۔ ج قُنُود والقِنْدِيد ج قَنادِيد شکر۔ القِنْدِيد: کافور۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران سے بنائی جاتی ہے۔ خوشبودار شراب۔ کہا جاتا ہے "جاءَ بالاَمْرِ عَلَى قَنادِيْدِه" وہ معاملہ کو اپنی روش پر لایا سَوِيقٌ مُقَنَّدٌ ومَقْنُودٌ۔ شکر ملا ہوا ستو۔ كلامٌ مُقَنَّدٌ: شیریں گفتگو۔

اَلْقِنْدِيَّةُ الْحَمْراء: بڑے پتوں والا پودا جس کی بلندی دس میٹر ہوتی ہے بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

رَجُلٌ مَقْنُوْدُ الكَلام: شیریں کلام مرد۔

القُنْدُر والقُنْدُس۔ ایک آبی جانور جس کی دُم چوڑی ہوتی ہے اور اس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہوتا ہے اور اس کی کھال سے پوستین بنتی ہے۔

قَنْدَس۔ گناہ کے بعد توبہ کرنا فِي الاَرْضِ: سیر وسفر کرنا۔

القِنْدَعْل۔ بیوقوف۔

قَنْدَلَ۔ بڑے سر والا ہونا۔ صفت قَنْدَل وقُنادِل وقِنْدِيل۔

رَاسٌ قُنادِل۔ بڑا اور مضبوط سر۔

القِنْدِيل۔ چراغ: فانوس۔ ج قَنَاوِيل

(دخیل)
القُنْدُوْل. ایک خار دار درخت۔ واحد قُنْدُوْلَة.
القُنْذُع. مرد دیوث۔
اَقْنَز. چھوٹے مٹکے سے پینا۔
القِنز والاِقْنِیز. چھوٹا مٹکا۔
القَانِز والقَنَّاز. شکاری۔
القَنَز. قنص میں ایک لغت ہے۔
القُنْزُعَة والقَنْزَعَة والقِنْزِعَة والقُنْزَعَة والقُنْزُع. بالوں کا گچھا جو سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے گرد اگرد بال۔ پروں کا بقیہ۔ مرغ کی کلغی۔ القُنْزُعَة: بہت پستہ قد عورت۔ ج قُنْزُعَات وقَنَازِع. القَنَازِع: بلائیں۔ سخت وتلخ بات۔ چھوٹے لوگ۔
اَقْنَسَ الرَّجُلُ: کمینہ ہوتے ہوئے شریف کی طرف اپنی نسبت کرنا۔
القِنْس والقَنْس. اصل۔
القِنْس ج قُنُوْس والقَوْنَس ج قَوَانِس والقَوْنُوْس. سر کا بالائی حصّہ۔ خود کی چوٹی۔ راستہ کا درمیان۔ گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان اُبھری ہوئی ہڈی۔
القَیْنَس. بیل۔ ج قَیَانِس.
قَنْسَرَتْهُ الشَّدَائِدُ والسِّنُّ: بوڑھا کرنا۔
تَقَنْسَرَ. بوڑھا ہونا اور جھری پڑنا۔
القِنْسَر والقِنَّسْرِیّ والقِنَّسْر. بہت بوڑھا عمر رسیدہ۔
القُنَاسِر. سخت۔
قَنَّشَه تَقْنِیْشًا. کم کرنا۔ اہل وعیال پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ قُنِّشَ فِیْ الشَّیْئِ: کمی کیا جانا۔
القَنْشُوْرَة. عورت جس کو حیض نہ آئے۔
قَنَصَ (ض) قَنْصًا الطَّیْرَ: پرندہ کا شکار کرنا۔
تَقَنَّصَ واقْتَنَصَ الطَّیْرَ او الظَّبْیَ: پرندہ یا ہرن کا شکار کرنا۔
القِنْص. اصل۔
القَنَص. شکار۔
القَنَّاص. شکاری۔

القُنَّاص. شکاری لوگ۔
القَانِص والقَنِیْص. شکاری۔
القَنِیْص: شکار۔ مؤنث قَنِیْصَة.
القَانِصَة. پرندے کا پوٹا ج قَوَانِص شکار کرنے والے۔
القِنْصَعْر. چھوٹی گردن والا۔ چھوٹی پیٹھ والا۔ گٹھے بدن کا۔
القُنْصُل. پستہ قد۔ ایک حکومت کا معتمد علیہ جو دوسری حکومت میں رہے۔ سفیر۔ ج قناصل (دخیل)
القُنْصُلِیَّة. قُنْصُل کے رہنے کی جگہ۔
قَنِطَ (س) قَنَطًا وقَنَطَ (ض ن) قُنُوْطًا وقَنُطَ (ک) قَنَاطَةً. مایوس ہونا۔ صفت قَنِط و قَانِط وقَنُوْط.
قَنَطَهُ (ض ن) قَنْطًا. منع کرنا۔ باز رکھنا۔
قَنَّطَهُ واَقْنَطَهُ. مایوس کرنا۔
قَنْطَثَ قَنْطَثَةً. خوف سے دوڑنا۔
قَنْطَرَ قَنْطَرَةً. بہت مال کا مالک ہونا۔ دیہات چھوڑ کر شہر میں اقامت کرنا عَلَیْنَا: دیر تک ٹھہرنا الشَّیْئَ: مضبوط باندھنا۔ المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
القِنْطِر. ایک قسم کا پرندہ (والقِنْطِیْر) مصیبت۔
القَنْطَرَة. پل۔ بلند عمارت ج قَنَاطِر.
القِنْطَار. ایک وزن جس کی مقدار مختلف زمانوں میں مختلف رہی۔ سو (۱۰۰) رطل۔ مال کثیر۔ ج قَنَاطِیْر
القِنْطَارِیُوْن. ایک کڑوی گھاس جو مقوی معدہ ہے۔ کہا جاتا ہے قَنَاطِیْر مُقَنْطَرَة: بہت زیادہ۔
قَنَعَتْ وقَنِعَتْ (ف س) قَنْعًا. الاِبِلُ: اُونٹوں کا تھان پر آنا۔
قَنَعَتْ (ف) قَنْعًا واَقْنَعَتْ واسْتَنْقَعَتْ الشَّاةُ: بلند تھان والی ہونا۔
قَنَّعَهُ. راضی کرنا۔ قَنَّعَ المرأَةَ: عورت کو دوپٹہ اوڑھانا رَاسَهُ بالسَّیْفِ او بالعَصَاءِ: سر پر تلوار یا لاٹھی سے مارنا د خِزْیَةً وعَارًا: رُسوائی اور عار میں مبتلا کردینا۔ قَنَّعَ الدِّیْکُ: مرغ کا لڑنے کے وقت گردن کے پروں کو کھڑا کرنا اور کہا جاتا ہے "قَنَّعَهُ الشَّیْبُ خِمَارَهُ" یعنی اس پر بڑھاپا چھا گیا۔
اَقْنَعَ رَاسَهُ او صَوْتَهُ: سر یا آواز بلند کرنا۔ بِیَدَیْهِ فِی الصَّلَاةِ: ہاتھ پھیلانا اور اللہ تعالیٰ سے رحم طلب کرنا الاِنَاءَ: برتن سے اُنڈیلنا۔ بھر جانے کے لیے پانی کے بہاؤ کی طرف کر دینا۔ کہا جاتا ہے "اَقْنَعَ الاِنَاءَ فِی النَّهْرِ" یعنی بھر جانے کیلئے برتن کو نہر میں پانی کے بہاؤ کی طرف کر دیا۔ اَقْنَعَ الاِبِلَ: اُونٹوں کو چراگاہ کی طرف لوٹانا۔
تَقَنَّعَ. بتکلف قناعت کرنا۔ کپڑے میں لپٹنا۔ فِی السِّلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ تَقَنَّعَتِ المَرْأَةُ بالقِنَاعِ: دوپٹہ اوڑھنا۔
اِقْتَنَعَ بالشَّیْئِ: راضی ہونا الاِبِلُ: اُونٹوں کا تھان پر واپس آنا الرَّجُلُ الاِبِلَ او الغَنَمَ لِمَأْوَاهَا: اُونٹوں کو تھان پر واپس لانا۔
القِنْع. ج اَقْنَاع والقِنَاع ج قُنُع. ہتھیار۔
القِنْع والقُنْع. کھجور کی لکڑی کی تھالی جس میں کھانا رکھا جاتا ہے۔ القِنْع: پہاڑ کے قرب میں بقیہ پانی ز ریت کا گول ٹیلہ۔ ج قِنَعَة واَقْنَاع. القَنْع بگل۔
القِنْعَة. دو ٹیلوں کے درمیان ہموار جگہ۔ ج قِنَع و جج قِنْعَان.
القُنْعَة. سوال۔ دیوار میں روشن دان۔
القُنْعَة. مِنَ الجَبَلِ و السَّنَامِ: پہاڑ یا کوہان کی چوٹی۔ انسانی سر کا اُبھرا ہوا حصّہ۔ باریک ریت۔
القِنَاع. دوپٹہ۔ کھانا رکھنے کی تھالی ج اَقْنَاع واَقْنِعَة. دل کا غلاف۔ کَشْفُ القِنَاعِ عَنِ الشَّیْئِ کنایہ ہے تصریح کرنے سے۔
القِنْع. جو تقسیم میں مل جائے اس پر راضی ہونے والا۔
القَنُوْع ج قُنُع والقَنِیْع ج قُنَعَاءُ: بمعنی قَنِع.

القانِع فا. بمعنی قنِع. عاجزی سے سوال کرنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ قوم کا خادم۔ قوم کا اُجرت پر کام کرنے والا۔ ج قانِعُوْن وقُنَّع.

رَجُلٌ قُنْعَان تھوڑی سی چیز پر راضی ہونے والا مرد۔

شاهِدٌ قُنْعَان شاہد عادل جس کی گواہی کافی سمجھی جائے (مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے)

رَجُلٌ قُنْعَانِي جس کی رائے پسند ہو القنْعان بڑا پہاڑی بکرا۔

القُنُوْع مص. لالچ۔ میلان۔ سوال۔ اظہار۔ عاجزی۔ تقسیم شدہ پر رضامندی۔

شاهِدٌ مَقْنَع. شاہد عادل کہ وہ خود یا اس کی گواہی کافی سمجھی جائے۔ ج مَقَانِع اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَنَا مَقْنَع فلاں کے لیے رضامندی ہے جس پر ہم قانع ہیں۔

المِقْنَع والمِقْنَعَة. سر پر ڈالنے کی اوڑھنی۔

المُقْنِع مص. وہ شخص جو اپنے سر کو خلقتاً اوپر اُٹھائے ہوئے ہو۔ فَمٌ مُقْنَعٌ: ایسا منہ جس کے دانت اندر کی طرف ہوں۔

المُقْنِع. فا. ذلت کے ساتھ سر کو اوپر اُٹھانے والا۔

المُقَنَّع مف. سر پر خود رکھنے والا۔ کپڑے میں لپٹا ہوا سر چھپانے والا۔

قَنِفَ (س) قَنَفًا المَكَانُ: جگہ کا پھٹی ہوئی مٹی والا ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کا سفید گدی والا ہونا۔

قَنَّفَهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اَقْنَفَ. ڈھیلے کان والا ہونا۔ بہت لشکر والا ہونا (واسْتَنْقَفَ) رائے اور تدبیر کا درست ہونا۔

اِسْتَنْقَفَ المَجْلِسُ: گول ہونا۔

القَنَف. مص. کان کا چھوٹا اور سر سے ملا ہوا ہونا۔

القَنَف. سیلاب کا کیچڑ جو زمین پر باقی رہ جائے اور پھٹ جائے۔

القَنِف. سر پر تھوڑے بال والا۔

القِنَاف والقُنَاف. بڑی ناک، لمبی داڑھی، لمبے قد والا۔

الْقَنْقَر: کنگرو، یعنی اسٹریلیا کا جانور جس کی پچھلی ٹانگیں بڑی اور اگلی چھوٹی اور مؤنث کے پیٹ کے نیچے چھوٹا تھیلا بنا ہوتا ہے بچے کو خطرے کے وقت بٹھا لیتی ہے۔

القَنِيف. لوگوں کی جماعتیں۔ بہت پانی والا بادل۔ کم خوراک مرد۔ سر پر کم بال والا مرد۔ رات کا ایک حصہ۔ ج قُنُف.

الاَقْنَف. چھوٹے کان والا مِنَ الخَيْلِ: سفید گدی والا گھوڑا۔ موٹی ناک والا۔ مؤنث قَنْفَاءُ ج قُنُف. القَنْفَاء: انسان کا کان جس کے لیے دائرہ نہ ہو۔

القِنْفَج. موٹی گدھی۔ القُنْفُدج قنافد والقُنْفُذ والقُنْفَذ: قَنَافِذ. ج۔ سیہی۔ مؤنث قُنْفُذَة. القُنفذ: چوہا۔ درخت جو ریت کے درمیان ہو۔ ریت کا بلند ڈھیر۔ کہا جاتا ہے " هُوَ قُنْفُذ لَيْلٍ" یعنی وہ چغل خور ہے۔ القَنَافِذ: چھوٹے پہاڑ۔

قَنْفَشَهُ قَنْفَشَةً: جلدی جمع کرنا۔

تَقَنْفَشَ. سکڑنا۔

القُنَافِش. چھلی ہوئی ناک؛ سخت داڑھی والا۔

المُقَنْفِش. فا في اللبَاسِ: بُری ہیئت اور لباس والا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُقَنْفِشًا لِحْيَتَهُ" داڑھی کو بُری ہیئت میں کئے ہوئے آیا۔

تَقَنْفَعَت. القُنْفُذَةُ: سیہی کا سمٹنا۔

القُنْفُع. پستہ قد۔ کمینہ (والقِنفع) چوہیا۔

القَنْقَن والقِنْقِن. ایک قسم کا چوہا۔ سمندری سیہی۔ واحد قَنْقَنَة. القِنْقِن: راہ نما۔ (والقُنَاقِن) زمین کے نیچے پانی معلوم کر لینے والا انجینئر ج قَنَاقِن (دخیل)

قَنِمَ (س) قَنَمًا الجَوْزُ: اخروٹ کا خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت قَانِم الفَرَسُ ونَحْوُهُ: نمی پہنچنے کے بعد غبار وغیرہ لگ کر میلا کچیلا ہونا الطَّعَامُ واللَّحْمُ والسِّقَاءُ وغَيْرُهَا: خراب ہونا اور بدبودار ہونا۔ صفت قَنِم واَقْنَم اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "يَدِي قَنِمَةٌ مِنَ الزَّيْتِ".

القَنَمَة. تیل وغیرہ کی بدبو۔

الاُقْنُوْم. شخص۔ اصل۔ ج اَقَانِيم (دخیل)

قَنَا يَقْنُوْ قَنْوًا وقُنْوَانًا وقُنُوًّا واقْتَنَى المَالَ: جمع کرنا۔ اپنے لیے حاصل کرنا۔

قَنَا يَقْنُوْ قَنْوًا اللّٰهُ الشَّيْءَ: پیدا کرنا لَوْنُ الشَّيْءِ: گہرا سرخ رنگ ہونا۔

قَنَا يَقْنِيْ وقَنِيَ يَقْنَى قَنْوًا وقَنْيًا وَاَقْتَنَى واسْتَقْنَى الحَيَاءَ: لازم پکڑنا۔ قَنَّى القَنَاةَ: نالی کھودنا۔ اَقْنَاهُ اللّٰهُ: غنی کرنا؛ مالدار بنانا

اَقْنَتِ السَّمَاءُ: بارش رُک جانا

قَنِيَ يَقْنَى قَنًا الاَنْفُ: نتھنوں کا تنگ ہونا اور درمیان سے اونچا ہونا۔ صفت اَقْنَى.

تَقَنَّى. نفقہ سے بچے ہوئے کا ذخیرہ کرنا۔

القَنَا والقِنَى والقُنْو والقِنْو. کھجور کا گچھا ج اَقْنَاء وقُنْيَان وقِنْيَان وقُنْوَان وقِنْوَان.

القَنَا: نیزہ ج قِنَاء. مخلوق۔

القُنْوَة والقِنْوَة. کمائی۔ کہا جاتا ہے "لَهُ غَنَمٌ قُنْوَةٌ وقِنْوَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔

اَلْقَنَا پھولوں کی ایک قسم جس سے سرخ گوند نکالی جاتی ہے۔ زیب وزینت کے لئے زراعت کی جاتی ہے۔

القِنَاوَة. بدلہ۔

القَنَاة. نیزہ یا نیزہ کی لکڑی۔ ج قَنًا وقُنِيّ وقَنَوَات وقَنَيَات. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صُلْبُ القَنَاةِ" فلاں سخت قد والا ہے ڈنڈا۔ جنگلی گائے۔ مادہ نیل گائے۔ درخت خرما لگانے کا تھالا۔ نالی۔ ج قُنِيّ وقِنَاء وقَنَوَات.

القَانِي. فا. کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قَانٍ" بہت گہرا سرخ۔

القُنْوَان. موٹا۔

القِنِّي والقِنْيَة. بکری یا اونٹنی جس کو ذخیرہ بنایا جائے۔

القَنَّاء والمُقْنِي. نیزہ والا۔ القَنَّاء: نالی

کھودنے والا۔
الاَقْنٰی مِنَ الْاُنُوْف: نتھنے تنگ اور درمیان سے بلند ناک۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْنٰی الْاَنْفِ" وہ تنگ نتھنے اور درمیان سے بلند ناک والا ہے۔ مؤنث قَنْواء۔
القَناء و الاَقْناءَة. مِنَ الحائِطِ: دیوار کی وہ جانب جس پر سایہ رجوع کرے۔
القُنو. سیاہی۔
المَقْناة و المَقْنوة. وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔
قَنٰی یَقْنِیْ قَنْیًا وقِنْیانًا وقُنْیانًا المالَ: حاصل کرنا۔ کمائی کرنا الحیاءَ: حیا کو لازم ہونا۔
قَنّٰی اللّٰهُ فُلَانًا. خوش کرنا۔ راضی کردینا۔
قَانٰی مُقَاناةَ الشَّیُٔ فُلَانًا: موافق ہونا۔
الشَّیُٔ: ملاناالشَّیُٔ بِالشَّیُٔ: خلط ملط کرنا۔
الشَّیُٔ: ہمیشہ رہنا۔
اَقْنٰی اِقْنَاءً اللّٰهُ: غنی کرنا۔ خوش کرنا۔ راضی کردینا الصَّیْدُ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: شکار کا زد میں آجانا۔ قریب آجانا۔
القُنْیَة و القِنْیَة. کمائی۔ ج قِنًی۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ غَنَمٌ قُنْیَةٌ وقِنْیَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔
اَرْضٌ مَقْناةٌ. ہر شخص کے موافق آب وہوا والی زمین۔
قَهِبَ (س) قَهَبًا. بھورے رنگ کا ہونا۔ صفت قَهْب و اَقْهَب.
اَقْهَبَ عَنِ الطَّعامِ: ہاتھ کھینچ لینا اور خواہش نہ کرنا۔
القَهْب. بڑا اونٹ۔
القُهْبَة. بھورا رنگ۔
القُهاب و القُهابِی. سفید۔
الاَقْهبان. ہاتھی اور بھینس۔
قَهَدَ (ف) قَهْدًا فِی مَشْیه: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔
القَهْد. سفید۔ تیرہ گوں۔ صاف رنگ والا۔ ایک قسم کی بکری۔ نیل گائے کا بچہ۔ بچھیا۔

نرگس کی کلی جب کہ کھلی نہ ہو۔ ج قِهاد.
قَهَرَهٗ (ف) قَهْرًا. غالب ہونا۔
قُهِرَ اللَّحْمُ: گوشت میں آگ کی وجہ سے پانی نکلنا۔
قَاهَرَهٗ. غالب آنا۔
اَقْهَرَهٗ. مغلوب پانا۔ اَقْهَرَ الرَّجُلُ: ذلت اور قہر کی طرف معاملہ والا ہونا۔ یاران مقہور کا ساتھی ہونا۔
القُهْرَة. مجبوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُهْرَة لِلنَّاسِ" وہ ہر ایک کا مقہور ہے۔
القُهَرَة. مِنَ النساءِ: بہت شریر عورت ج قُهَرات.
القاهِر. فا۔ بلند۔ ج قَوَاهر.
القاهِرة. القاهر کا مؤنث۔ مملکت مصر کا پایہ تخت۔ ہر چیز کا سابق۔ سینہ۔ سر سینہ۔ مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔
القَهّار. اسم مبالغہ۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔
القَهْرَمان. وکیل۔ آمد و خرچ کا منتظم۔ ج قهارمة.
القَهْرَمة. قہرمان کا فریضہ۔
القَهْرَم. پستہ قد۔ القُعْقُب۔ عمر رسیدہ۔ لمبے قد والا۔ بیگن۔
قَهْقَرَ قَهْقَرَةً و تَقَهْقَر. پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُقَهْقِر فِي مَشْيِه" جبکہ پچھلے پاؤں چلے۔
القُهْقُوْر. عمارت جس کو بجے پتھروں سے بناتے ہیں اور عوام اسے "قُعْقُور" کہتے ہیں۔
القَهْقَرَی. پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ القَهْقَرَی" وہ پچھلے پاؤں لوٹا۔
القَهْقَرة. س۔ بڑی چٹان۔ گیہوں جو سبزی کے بعد سیاہ ہو جائے۔
قَهَزَ (ف) قَهْزًا. کودنا۔
القِهِز. ریشم۔
قَهِلَ (ف) قَهْلاً و قُهُوْلاً وقَهِلَ (س) قَهَلاً وتَقَهَّلَ. جلْدُه: کھال خشک ہونا۔
قَهَلَ الرَّجُلُ: ناشکری کرنا۔ کفرانِ نعمت کرنا

فُلَانًا: بری تعریف کرنا۔ قَهِلَ (س) قَهَلاً وتَقَهَّلَ الرَّجُلُ: جسم کو آلودہ رکھنا۔ پاک صاف نہ رکھنا۔ تَقَهَّلَ: آہستہ چال چلنا۔ اپنی حاجت کا گلہ کرنا۔ بدحال ہونا۔ تَقَهَّلَ صَوْتُه: آواز کا نرم وضعیف ہونا۔
الکَتِف و الکِتْف و الکَتْف۔ شانہ۔ کندھا مؤنث۔ ج کِتَفَة و اَکْتَاف اور عرب کے امثال میں سے ہے "اِنَّهُ لَیَعْلَمُ مِنْ اَیْنَ تُؤْکَلُ الکَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو امور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

الکَتَف۔ بس دردِ شانہ کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

الکُتَاف۔ دردِ شانہ۔

الکِتَاف۔ مشکیں کسنے کی رسی۔ ج اَکْتِفَة و کُتْف و کُتُف۔

الکَاتِف۔ فا: ناپسند کرنے والا۔

الاَکْتَف مِنَ الخَیْلِ و الجِمَالِ: دردِ شانہ والا۔ مؤنث کَتْفَاء ج کُتْف۔ الاَکْتَفُ مِنَ الرِّجَالِ: مرد جس کے شانہ میں درد ہو۔ مِنَ الخَیْلِ: گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔

الکَتِیْف۔ لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی تلوار۔ ج کُتُف۔

الکَتِیْفَة۔ دروازے کی بلی۔ دروازے کی چٹخنی۔ جماعت۔ کینہ۔ ج کَتَائِف۔

الکُتْفَان و الکِتْفَان۔ ٹڈی جو پہلی مرتبہ اُڑے۔ واحد کِتْفَانَة۔

المِکْتَاف۔ جانور جس کا شانہ زین سے زخمی ہو گیا ہو۔

کَتْکَتَ الرَّجُلُ: بغیر قہقہہ کے ہنسنا۔ (و تَکَتْکَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

الکُتْکَات۔ جلدی جلدی بولنے والا۔

کَتَلَهُ(ن) کَتْلًا۔ قید کرنا۔ باز رکھنا۔

کَتِلَ (س) کَتَلًا۔ چمٹنا۔ صفت کَتِلٌ الحِمَارُ: گدھے کا زمین پر لوٹنے سے گرد آلود ہونا۔

کَاتَلَهُ اللّٰهُ: تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔

کَتَّلَ الشَّیْئَ: جمع کرنا اور گول بنانا۔

تَکَتَّلَ القَصِیْرُ: پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا الشَّیْئُ: جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔

اِنْکَتَلَ۔ گزرنا۔ جانا۔

الکُتْلَة مِنَ الطِّیْنِ و نَحْوِهِ: مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا گچھا ج کُتَل۔

الکُتَال۔ نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو۔ مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (و الکَتَل) موٹاپا اور کہا جاتا ہے "اَلْقَی عَلَیْهِ کُتَالَهُ" اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

الکُتْلِیَّةُ: شمالی امریکہ میں ایک خوبصورت درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول بڑے اور سفید ہوتے ہیں۔

الکَتِیْلَة۔ درخت خرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ ج کَتَائِل۔

الاَکْتَل۔ سخت۔ مصیبت۔

المِکْتَل و المِکْتَلَة۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آ سکے۔ ج مَکَاتِل

المُکْتَل: زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔

الکَاثُوْلِیْك۔ رومن کیتھولک۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاتولیکی ج کَاثُوْلِیْکِیُّوْن (دخیل)

کَتَمَ (ن) کَتْمًا و کِتْمَانًا و کَتَّمَ و اکْتَتَمَ الشَّیْئَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ اور کبھی کتم کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کَتَمْتُ زَیْدًا الحَدِیْثَ (میں نے زید سے بات چھپائی) اور مفعول اول میں من کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "کَتَمْتُ مِنْ زَیْدٍ الحَدِیْثَ" کَتَّمَ الشَّیْئَ: چھپانے میں مبالغہ کرنا۔ و اکْتَتَمَ الشَّیْئُ: زرد ہونا۔

کَتَمَ (ن) کُتُوْمًا و کِتَامًا الِانَاءُ: بہنے سے روکے رکھنا۔

کَاتَمَهُ مُکَاتَمَةً السِّرَّ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے کَاتَمَهُ العَدَاوَةَ: یعنی دشمنی کو چھپایا۔

تَکَاتَمَ الرَّجُلَانِ الحَدِیْثَ: ایک دوسرے سے پوشیدہ رکھنا۔

اِنْکَتَمَ۔ چھپنا۔

اِسْتَکْتَمَ السِّرَّ فُلَانًا: بھید چھپانے کو کہنا۔

الکِتْمَة۔ پوشیدگی۔

الکَتَم و الکِتْمَان۔ وسمہ جس سے خضاب

بناتے ہیں اور اس کی جڑ کو جوش دے کر روشنائی تیار کرتے ہیں۔

الکَاتِم. فا۔ کہا جاتا ہے سِرٌّ کَاتِمٌ بمعنی مَکْتُومٌ یعنی چھپا ہوا بھید وقَوْسٌ کَاتِمٌ کمان ثابت ودرست جس میں پھٹن وغیرہ نہ ہو۔

الکَتْمَة. کتم کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا رَاجَعْتُه کَتْمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ جواب میں نہیں کہا۔

الکُتَمَة والکَتَّام والکَتَّامَة بھید کو بہت چھپانے والا۔

الکَتُوم. بھید کو چھپانے والا (و الکَتِیم) مِنَ القِسِیِّ: ثابت ودرست کمان۔ یا وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرْزٌ کَتِیم: درز جو کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔

الاَکْتَم. بڑے پیٹ والا۔ شکم سیر۔

المُکْتَتِم. فا۔ سَحَابٌ مُکْتَتِم: بادل جس میں گرج نہ ہو۔

کَتِن (س) کَتَنًا. الوَسْخُ عَلَی الشَّیْئِ: میل کا چسپاں ہونا الشَّیْئُ: میل کچیل لگنا دھوئیں سے سیاہ ہونا النَّخلَةُ: درخت خرما کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا فُلَانٌ: سیاہ لب ہونا۔

کَتَّنَ و اَکْتَنَ الشَّیْئَ: چپکانا۔

تَکَتَّنَتِ المَرْاَةُ: برقع دستانے اور موزے پہننا۔

الکَتَن. ہونٹ کی سیاہی۔ دیوار کی دھوئیں کی وجہ سے سیاہی۔ میل کچیل۔ چس پیدگی۔ کھجور کی جڑ کی مٹی۔

الکُتُن والکَتِن. پیالہ۔ سِقَاءٌ کَتِنٌ: میلی کچیلی مشک۔

الکَتَّان. السی کا پودہ۔ الکَتَّان: سبز کائی۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المَاءُ کَتَّانَهُ" یعنی پانی کائی والا ہوگیا۔

اَلْکَتَانِیَّات: ایک فصل جو کہ السی کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے اس کی ایک قسم بڑے پھولوں والی زرد رنگ سے کی طرح اکٹھے۔ زیب وزینت کے لئے لگایا جاتا ہے۔

الکَتُّونَة. کاہن کی قمیص جس کو ڈیوٹی کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے۔ (دخیل)

الکُتَّان. کھٹل۔

کَتَا یَکْتُو کَتْوًا. چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔

اَکْتَی اِکْتَاءً. دشمن پر غالب آنا۔

اَکْتَوْتَی اِکْتِیْتَاءً. غصہ سے بھر جانا۔ بغیر عمل کے اپنی آپ تعریف کرنا۔

کَثَّ (ض) کَثَاثَةً و کُثُوثَةً و کَثَّ (س) کَثًّا. گاڑھا ہونا الشَّعْرُ: بالوں کا گھنا ہونا اللِّحْیَةُ: داڑھی گھنی اور گھنگریالی ہونا بِسَلْحِه: پاخانہ کرنا۔

اَکَثَّ الرَّجُلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔

صفت کَثٌّ. ج کِثَاث واَکَثُّ مؤنث کَثَّاء. ج کُثٌّ.

الکَثُّ والکَثِیْث. گھنی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَثُّ اللِّحیَةِ و کَثِیْثُها" وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ "و اِمْرَاَةٌ کَثَّةٌ و کَثَّاء" گھنے بال والی عورت۔ الکُثُّ: میلا کچیلا۔

الکَثِیْث. سن وغیرہ کا باریک دھاگا جو بکھر جائے۔

الکَاثّ. کٹی ہوئی کھیتی کے دانوں سے جو دوبارہ اگ آئے۔

کَثَا (ف) کَثْأً وکَثَأً تَکْثِئَةً اللَّبَنُ و نَحوُهُ دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا اللِّحیَةُ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا الزَّرْعُ: کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا القِدْرَ: ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا الرَّجُلُ: بالائی کھانا و بارُ الاِبِلِ اونٹ کے بال کا نکلنا۔

اَکْثَاَتِ اللِّحیَةُ: داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔

الکَثْاَة والکُثْاَة مِنَ اللَّبَنِ: بالائی۔ مِنَ المَاءِ: پانی کی سطح پر جو آجائے۔ کہا جاتا ہے "خُذْ کُثْاَةَ قِدْرِكَ" اپنی ہانڈی کے جھاگ علیحدہ کرو۔

الصَّیْدُ فُلَانًا: شکار کا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَثَبَكَ الصَّیْدُ فَارْمِهِ" شکار تمہارے قریب آچکا ہے تیر چلاؤ۔ جَاءَ یَکْثُبُهُ وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ کَثَبَ لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کا دودھ کم ہوا۔

کَثَّبَ الشَّیْئُ: کم ہونا۔

کَاثَبَ القَوْمَ: قوم سے قریب ہونا۔

اَکْثَبَ الرَّجُلَ والَیْهِ ومِنْهُ ولَهُ: قریب ہونا۔

فُلَانًا: تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔

اِنْکَثَبَ الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر ہونا۔

الکَثَب. قرب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ مِنْ کَثَبٍ او عَنْ کَثَبٍ" یعنی اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔

الکُثْبَة. تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی اکٹھی چیز۔ پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔ ج کُثَب.

الکَاثِبَة: کَاثِب کا مؤنث مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج کَوَاثِب.

الکُثَاب. بہت۔

الکَثَاب والکُثَّاب. بے پیکان و بے پر کا تیر۔

الکَثِیْب. ریت کا ٹیلہ۔ ج کُثُب و کُثْبَان و اَکْثِبَة.

الکَثْبَاء. مٹی۔

کَثَجَ (ض) کَثْجًا. مِنَ الطَّعَامِ: بقدرِ کفایت کھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ غلہ بہت لے جانا۔

کَثَحَ (ف) کَثْحًا الشَّیْئَ: جمع کرنا۔ بکھیرنا۔ کَثَحَتِ الرِّیحُ التُّرَابَ عَلَیْهِ: غبار ڈالنا۔ کَثَّحَ مِنَ المَالِ: خواہش کے موافق لینا (و کَثَّحَ) عَنْ کَذَا: ننگا کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَثَّحَتْهُ الرِّیحُ" یعنی اس کو ہوا نے ننگا کر دیا۔

تَکَاثَحَ القَوْمُ بِالسُّیُوفِ: تلوار بازی کرنا۔

تَکَثَّحَ بِالحَصَی: بتکلف کنکریوں سے مارنا۔

الکُثْحَةُ مِنَ النَّاسِ: چھوٹی سی جماعت۔

رَجُلٌ کُثْحُمُ اللِّحیَةِ: گھنی اور چھوٹی اور گھنگریالی داڑھی والا مرد۔ کُثْحُمَة مِنَ

دَرِيْن: خشک چارے کا چورہ۔ لِحْيَةٌ كُثْمِحَةٌ: گھنی چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی۔
كَثُرَ (ک) كَثْرَةً وكَثَارَةً. بہت ہونا۔ صفت كَثْرٌ وكَثِيْرٌ وكُثَارٌ وكَاثِرٌ وكَيْثَرٌ.
كَثَرَ (ن) كَثْرًا. الرَّجُلَ: کثرت میں غالب ہونا۔
كَثَّرَهُ زیادہ کرنا۔
أَكْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔ الشَّيْءَ: بہت کرنا۔ بہت شمار کرنا۔ بہت پانا النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَكْثَرَ اللّٰهُ فِيْنَا مِثْلَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر زیادہ کرے۔
كَاثَرَهُ. کثرت میں غالب آنا۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔ كَاثَرَ الْمَاءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔
تَكَثَّرَ بِمَالِ غَيْرِهِ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا مِنَ الشَّيْءِ: بہت لے لینا بِالْكَلَامِ: بہت گفتگو کرنا فُلَانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔
تَكَاثَرَ الْقَوْمُ. کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا الشَّيْءَ: بہت سمجھنا۔
اِسْتَكْثَرَ الشَّيْءَ: بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا مِنَ الشَّيْءِ: بہت کرنا۔ بہت کی رغبت کرنا۔
الْكِثْرُ والْكُثْرُ. بہت۔ كُثْرُ الشَّيْءِ: چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى الْقُلِّ والْكُثْرِ" قلت و کثرت پر اللہ ہی کا شکر ہے۔
الْكَثْرَةُ. بہتات۔ زیادتی۔
اَلْكِثْرَةُ. کثرت بفتح کاف میں ایک لغت ردیہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسے کہ کہا جائے الْقِلَّةُ والْكِثْرَةُ
الْكَثْرَى مِنَ النَّبِيْذِ وَنَحْوِهِ: نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔
الْكَثِيْرُ. بہت۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ كَثِيْرٌ وكَثِيْرَةٌ وكَثِيْرُوْنَ. وَنِسَاءٌ كَثِيْرٌ وكَثِيْرَةٌ وكَثِيْرَاتٌ اور کہا جاتا ہے "كَثِيْرًا مَا يَعْمَلُوْنَ كَذَا" بہت سے اس طرح نہیں کرتے) ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لیے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لیے ہے۔ اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کیلئے مانتے ہیں۔
الْكُثَارُ بہت (والْكِثَارُ) جماعتیں۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّارِ كُثَارٌ اَوْ كِثَارٌ مِنَ النَّاسِ" یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لیے مستعمل ہیں۔
الْكَيْثَرُ. بہت فیاض مرد۔
الْمُكْثِرُ. مالدار۔
الْمِكْثَارُ والْمِكْثِيْرُ. بہت بولنے والا (مذکر ومؤنث)
الْمَكْثُوْرُ. مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق و مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔
كَثَعَ (ف) كَثْعًا اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔
كَثَعَتْ (ف) كُثُوْعًا الْغَنَمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔
كَثَعَتْ (ف) كَثْعًا و كُثُوْعًا و كَثِعَتْ (س) كَثَعًا الشَّفَةُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ اُلٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو كَاثِعَة اور ایسے ہونٹ والے کو اَكْثَع کہتے ہیں۔
كَثَّعَ اللَّبَنُ او الْغَنَمُ: بمعنی كَثَعَ. كَثَّعَتِ الْاَرْضُ: روئیدگی کا ظاہر ہونا الْقِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا الْجُرْحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا لِحْيَةُ فُلَانٍ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔ فُلَانٌ السِّقَاءَ: مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔
الْكَثْعَةُ والْكُثْعَةُ. بالائی۔ ہانڈی کے جھاگ۔ الْكُثْعَةُ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔
الْكَثْعَةُ. گارا۔ کیچڑ۔
الْمُكَثِّعُ. فا۔ امْرَاَةٌ مُكَثِّعَةٌ: ہونٹوں یا سوتڑوں میں بہت خون والی عورت۔
الْكُثْعُمُ. چیتا۔ اور بقول بعض تیندوا۔
كَثُفَ (ک) كَثَافَةً وتَكَاثُفًا. موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت كَثِيْفٌ.
كَثَّفَهُ. موٹا کرنا۔
اَكْثَفَ مِنْهُ: قریب ہونا۔ قدرت دینا۔
اِسْتَكْثَفَ الشَّيْءُ: گاڑھا ہونا الشَّيْءَ: گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا الْاَمْرُ: بلند ہونا۔
اَلْمُكَثِّفُ: بیٹری جو کہ ساکن بجلی کے ساتھ چارج ہوتی ہے ریڈیو اور ٹیلفون وغیرہ کے آلات کے لئے ہے۔
اَلْكَثْفُ. جماعت۔
الْكَثِيْفُ. گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ كَثِيْفٌ یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد (والْكِثَافُ) بہت۔
كَثَلَ (ن) كَثْلًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
الْكُثْلُ. گروہ۔ گیہوں کا انبار۔
الْكَوْثَلُ والْكُوْثَلُ. دنبالہ کشتی۔
الْكَاثُوْلِيْكُ. دیکھئے كَاثُوْلِيْك.
كَثَمَ (ض) كَثْمًا الشَّيْءَ: جمع کرنا الْاَثَرَ: تابعداری کرنا۔ پیروی کرنا الشَّيْءَ: مُنہ میں رکھ کر توڑنا هُ عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا۔
كَثِمَ (س) كَثَمًا. شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَكْثَمُ.
كَاثَمَهُ. قریب آنا۔ میل ملاپ کرنا۔
اَكْثَمَ الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا فِي بَيْتِهِ: روپوش ہونا۔ اَكْثَمَهُ الصَّيْدُ: شکار کا قریب ہونا اور موقعہ دینا۔
تَكَثَّمَ. حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔
اِنْكَثَمَ. غمگین ہونا عَنْ وَجْهِ كَذَا: پھر جانا۔
الْكَثِمُ والْكَاثِمُ مِنَ الطِّيْنِ و نَحْوِهِ: گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔
كَثَمُ الطَّرِيْقِ: راستہ کا ظاہری حصہ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ عَنْ كَثَمٍ" اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا۔
اَلْاَكْثَمُ. کشادہ راستہ "وَطْبٌ اَكْثَمُ" بھرا

ہوا دودھ کا برتن۔
الکُثْنة. گلدستہ۔ پھولوں کی ٹوکری۔
الکُحُّ. خالص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِیٌّ کُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔
کَحَّبَ الکَرْمُ: کچا انگور ظاہر ہونا۔
الکُحْب. کچا انگور واحد۔ کُحْبَة: ذُبر۔
الکاحِب. بہت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهُ دَرَاهِمُ کَاحِبَةٌ" اس کے پاس بہت دراہم ہیں۔ الکاحِبَة: آگ جس کا شعلہ بلند ہو۔
کَحَثَ (ف) کَحْثًا لَهُ مِنَ المَالِ: دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔
کَحَصَ (ف) کُحُوْصًا الاَثَرُ: نشان مٹنا۔ الظَّلِیْمُ: شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ دکھلائی نہ دے۔ الرَّجُلُ: پشت دے کر بھاگنا (کَحْصًا) البِلٰی فُلَانًا: مٹانا۔ محو کرنا۔ بِرِجْلِهٖ: پاؤں سے کریدنا الاَرْضَ: زمین سے غبار اُڑانا الشَّیْءَ: کوٹنا (کَحْصًا و کَحَّصَ) الاَثَرَ: نشان مٹانا۔
الکاحِص. فا۔ پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث ج کَاحِصَةُ. کَوَاحِص. اَطْلَالٌ کَوَاحِص: مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔
کَحَطَ (ف) کَحْطًا العَامُ: خشک سالی ہونا۔ صفت کَاحِطٌ۔
الکُحُوْف. جسم کے اعضاء۔
کَحْکَحَ عاجز کرنا۔
کَحَلَ (ف ن) کَحْلًا و کَحَّلَ العَیْنَ: آنکھ میں سرمہ لگانا فُلَانًا: دوسرے کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ صفت کَاحِلٌ و کَحَّالٌ اور کہا جاتا ہے کَحَلَ السُّهَادُ عَیْنَهُ کنایہ ہے بے خوابی سے۔
کَحَلَ (ف) کَحْلًا و اَکْحَلَ العَامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ کَحَلَت السِّنُوْنُ القَوْمَ: قحط لاحق ہونا۔
کَحَّلَ و اَکْحَلَ و تَکَحَّلَ و اِکْتَحَلَ و اِکْحَالَّ المَکَانُ بِالخَضْرَةِ: ابتدائی سبزی والا ہونا۔
کَحِلَتْ (س) کَحَلًا و اِکْحَالَّتِ العَیْنُ آنکھ کا سرگیں ہونا۔ و کَحِلَ الرَّجُلُ: سرگیں آنکھ والا ہونا۔
تَکَحَّلَ و اِکْتَحَلَ. آنکھوں میں سرمہ لگانا۔
اِکْتَحَلَ فُلَانٌ: نرمی کے بعد سختی میں پڑنا۔
اِکْتَحَلَ السُّهَادَ: بیدار رہنا اور نیند کا اچٹ جانا وَجْهُهٗ بِالهَمِّ: چہرہ پر غم کا اثر ظاہر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اکْتَحَلَتْ عَیْنِی بِكَ" یعنی میں نے تم کو نہیں دیکھا۔
الکَحْلُ. مں۔ سخت قحط کا سال (کلمہ غیر منصرف ہے)
کَحْلُ و کُحَلُ و کَحْلَةُ. تینوں کلمات غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے اسماء ہیں۔ کہا جاتا ہے "صَرَّحَتْ کُحَلُ" جبکہ بالکل بادل نہ ہو۔
الکُحْل. سنگ سرمہ۔ سرمہ۔ مال کثیر۔
الکَحَل. خلقتاً آنکھوں کا سرگیں ہونا۔
الکِحَال. سنگ سرمہ و سرمہ (والکِحَلُ والکِحْلَة) مہرۂ تعویذ اور بقول بعض مہرۂ نظر بد۔
عَیْنٌ کَحِلٌ و کَحِیْلٌ و کَحِیْلَةٌ سرگیں آنکھ ج کَحْلٰی و کَحَائِل
اَعْیُن کَحْلَاءُ. سرگیں آنکھیں۔
الکُحَیْل. نفط۔ قطران۔
الاَکْحَل. مرد سرمہ لگا ہوا۔ بازو کی ایک رگ کا نام۔
الکَحْلَاءُ. الاَکْحَل کا مؤنث۔ وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ ج کُحْل.
الکَحْلَاء والکُحَیْلَاء. گاؤزبان۔
الکُحْلِی. سرمہ بنانے والا۔
المِکْحَل والمِکْحَال. سرمہ کی سلائی۔
المُکْحُلَة. سرمہ دانی۔
اَلْمُکَحَّلَةُ: پھول کی ایک قسم جس کا رنگ نیلا اور عمدہ خوشبو ہوتی ہے۔ لبنان اور ہالینڈ میں پیدا ہوتا ہے۔
الکَحْمَة. آنکھ۔
کَحِیَ یَکْحِیْ کَحْیًا الشَّیْءُ: خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔
کَخَّ (ض) کَخًّا و کَخِیْخًا فِی نَوْمِهٖ: خراٹے لینا۔
کَخْمَهٗ (ف) کَخْمًا. ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الکَیْخَم. بڑا۔
کَدَّ (ن) کَدًّا. کام میں محنت کرنا۔ روزی طلب کرنا۔ اُنگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا الرَّجُلَ: تھکانا الرَّاسَ: سر میں کنگھی کرنا یا خوب کھجلانا الشَّیْءَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
کَدَّدَهٗ. سختی سے ہٹانا۔
تَکَدَّدَ. مشقت برداشت کرنا۔
اَکَدَّ و اِکْتَدَّ. کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔ و اِکْتَدَّ الشَّیْءَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
اِکْتَدَّهٗ و اِسْتَکَدَّهٗ. کام میں محنت کرانا۔
الکُدّ. مں۔ جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ هٰذَا مِنْ کَدِّكَ ولا کَدِّ اَبِیْكَ" یعنی یہ تمہاری محنت و کوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔
الکِدَّة والکَدِیْد. سخت زمین۔ الکَدِیْد: موٹا موٹا پسا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔
الکُدَادَة والکُدَدَة والکَدَدَة ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔
کُدَاوَة السَّمَنِ: گھی کا تلچھٹ۔ کُدَاوَةُ الکَلَا: تھوڑی گھاس۔
الکَدُوْد. بہت محنتی۔ بخیل۔ بِئْر دَوْدٌ: کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔
الاَکْدَة. چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔
قَوْمٌ اَکْدَاد و اَکَادِیْد. شکست خوردہ قوم (ان کیلئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهُمْ اَکْدَادًا و اَکَادِیْد" میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا "واِبِلٌ اَکْدَاد" تیز چلنے والا اُونٹ۔
المِکَدُّ. کنگھی۔
المَکْدُوْد. مع مغلوب۔ اَرْضٌ مَکْدُوْدَة: کھروں سے روندی ہوئی زمین۔
کَدَأ و کَدِیَ (ف س) کَدْءًا و کُدُوْءًا

النَّبْتُ: نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔
کَدِئَ (س) کَدَأَ الغُرَابُ: کوّے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا البَقْلُ: چھوٹا ہونا اور تباہ ہونا الاِبِلُ: اُونٹ کا کم بال والا ہونا۔
کَدَأَ و کَدَّأَ البَرْدُ النَبَاتَ: زمین پر بٹھا دینا اور اُگنے نہ دینا۔
اَرْضٌ کَادِئَۃٌ. دیر سے اُگنے والی یا اگانے والی زمین۔ اِبِلٌ کَاؤتَہُ الاَدْبَار: کم بال والے اُونٹ۔
الکَدْب والکُدْب والکَدَب والکَدِب جوانوں کے ناخن کی سپیدی واحد کَدْبَۃ. دَمٌ کَدِبٌ: تازہ خون۔
کَدِجَ (س) کَدَجًا الرَّجُلُ: بقدر کفایت پینا۔
کَدَحَ (ف) کَدْحًا فِی العَمَلِ: محنت کرنا۔ مشقت اُٹھانا۔ کَدَحَ لِعِیَالِہٖ: کمائی کرنا۔ رَاسَہٗ بِالمُشْطِ: کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا (وکَدَّحَ) الوَجْہَ: چہرہ پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔
اِکْتَدَحَ لِعِیَالِہٖ: کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔
تَکَدَّحَ الجِلْدُ: خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ مِنَ السَّطْحِ فَتَکَدَّحَ" چھت سے گر پڑا پس خراش لگ گئی۔
الکَدْحُ. مص۔ خراش۔ ج کُدُوح
کَدَرَ (ن) وکَدُرَ (ک) وکَدِرَ (س) کَدَرًا وکَدَارَۃً وکُدُوْرًا وکُدُوْرَۃً وکُدْرَۃً. تیرہ گوں ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَدِرَ عَلٰی فُلَانٍ" غضبناک ہوا۔ کَدِرَ العَیْشُ: زندگی تلخ ہوئی۔
کَدَّرَ الشَّئَ: تیرہ گوں کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَدَّرَ عَیْشَ فُلَانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کر دی۔
تَکَدَّرَ واِکْدَرَّ الشَّئُ: تیرہ گوں ہونا۔
اِنْکَدَرَ فِی السَّیْرِ: تیز دوڑنا عَلَیْہِ القَوْمُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنْکَدَرَتِ النُّجُوْمُ بکھر جانا۔

الکُدْرَۃ. مص من الالوان: مٹیالا۔
الکُدْرَۃ مِنَ الحَوْضِ: کیچڑ یا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھا ج کُدَر (والکُدْرِیّ والکُدَارِیّ) پتلا بادل۔
الکَدَر والکَدْر والکَدِیْر مِنَ العَیْشِ او الالوان وغیر ذٰلِکَ: غیر صاف۔ تکلیف دہ۔
الکُدُرُّ. موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمَارٌ کُدُرٌّ: موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّۃ. موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّۃ
الکُدَارَۃ. ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔
الاَکْدَر. مٹیالا۔ مؤنث کَدْرَاء. ج کُدْر. سخت سیلاب۔ عَیْشٌ اَکْدَر: تلخ زندگی۔
کَدَسَہٗ (ض) کَدْسًا وکُدَاسًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔ کَدَسَ بِہِ الاَرْضَ: پچھاڑنا۔
کَدَسَتِ الدابۃُ چوپائے کا چھینکنا المُثْقَلُ فِی سَیْرِہٖ: گرانبار آدمی کا دوڑنا الخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا (کَدْسًا) بدفالی لینا (وکَدَّسَ) الحَصِیْدَ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔
تَکَدَّسَ. ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔
تَکَدَّسَتِ الخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَکَدَّسَ الرَّجُلُ: کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا الفَرَسُ: گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔
الکُدْسَۃ والکُدَاس. جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے والکُدَاس مِنَ الثَلْجِ او الحَصِیْدِ وَمَا اَشْبَہَ: برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر اور جوان کی طرح ہو۔
الکُدْس ج اَکْدَاس والکُدَّاس ج کَدَادِیْس کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ اَکْدَاس الرَّمَلِ: ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔
الکُدَاسَۃ. ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔
الکَادِس. فا۔ جس سے بدفالی لی جائے۔ ج کَوَادِس.

المُتَکَادِس ۔فا مِنَ الشَّجَرِ: گنجان درخت۔
کَدَشَہٗ (ض) کَدْشًا. خراش لگانا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا۔ ہٹانا۔
کَدَشَ لِعِیَالِہٖ: حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا (واَکْدَشَ واِکْتَدَشَ) مِنْ فُلَانٍ عَطَاءً: حاصل کرنا واَکْدَشَ بِخَبَرٍ: تھوڑی سی خبر دینا۔
تَکَدَّشَ الرَّجُلُ: پیچھے سے دھکا دیے جانے کی وجہ سے گرنا۔
الکَدْش. زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ کَدْشٌ" خراش زدہ کھال۔
الکَدَّاش. بہت کمائی کرنے والا۔ باصرار مانگنے والا۔
کَدَعَہٗ (ف) کَدْعًا. ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الکُدْعَۃ. ذلیل و رسوا۔
اَکْدَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔
الکَدَفَۃ. ٹاپ یا چاپ کی آواز۔
کَدْکَدَ الرَّجُلُ: زور سے ہنسنا۔ چلنے میں گرانبار ہونا۔ حملہ کرنا۔ کَدْکَدَہٗ وتَکَدْکَدَہٗ. سختی سے ہٹانا۔
کَدَمَ (ض ن) کَدْمًا. اگلے دانتوں سے کاٹنا الصَّیْدَ: شکار کو بھگانا۔ کہا جاتا ہے "کَدَمَ فِی غَیْرِ مَکْدَمٍ" بے موقع طلب کیا۔
کَادَمَتِ الدَّابَّۃُ الحَشِیْشَ: چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔
اُکْدِمَ الاَسِیْرُ: قیدی کو مضبوط باندھا جانا۔
تَکَادَمُوْا. بِالاَفْوَاہِ: ایک دوسرے کو دانت کاٹنا۔
الکَدْم. مص۔ اثر۔ انسان۔ ج کُدُوْم.
الکَدَم. دانت کاٹنے کا نشان۔
الکُدَم. دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ بہت لڑاکا۔ سبز سر والی کالی ٹڈی۔ واحد کُدَمَۃ
الکَدْمَۃ. کَدَمَ کا اسم مرۃ داغ، نشان۔
الکَدَمَۃ. حرکت۔
الکُدُوْم والکَدَّام. دانت کاٹنے والا۔

الکُدَام. گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اگ آئیں۔ بوڑھا مرد۔

الکُدَامَة: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔ دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔

الکُدَامَة والکُدَام. کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔

المَکْدَم. دانت کاٹنے کی جگہ۔

المُکْدَم. مِنَ الحِبَال والاَکْسِیَة: مضبوط بٹی ہوئی۔ قَدَحٌ مُکْدَمٌ: موٹے دل کا شیشے کا پیالہ اَسِیرٌ مُکْدَمٌ: رسّی سے بندھا ہوا قیدی۔

المُکَدَّم. دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مکدَّم جنگ کا زخمی شدہ۔

کَدَنَ (ن) کَدْنًا. بالثَّوْب: پٹکا باندھنا۔

الکُدْن والکِدْن. کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے۔ پالکی۔ کجاوہ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ج کُدُوْن.

کَدَنَ یَکْدُنُ اَلْفَدَّانَ: زراعت کے لئے دو بیل اکٹھے چلانا۔

الکِدْنَة. کوہان۔

الکِدْنَة والکُدْنَة چربی اور گوشت کی کثرت۔

الکَدَانَة. نااہلی۔ فرومائیگی۔

الکَدِن. بہت چربی اور گوشت والا۔ مؤنث کَدِنَة ج کَدِنَات.

الکَدَن. ٹیالا۔

الکَدَّان. نرم پتھر (اور یہ کذّان کی تحریف ہے)

الکَدَّانَة. نرم پتھر کا ٹکڑا۔

کَدَهَ (ف) کَدْهًا وکَدَّه. الشَّیْئَ: توڑنا۔ بالحَجَر: پتھر سے سخت رگڑنا عَلَیْهِ: غالب ہونا ہ الهَمَّ: مشقت میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکْدُوْهٌ مِنَ الهَمِّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے۔

لِاَهْلِهِ: مشقت سے کمائی کرنا شَعْرَهٗ بِالمُشْط: بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا۔

تَکَدَّہَ. ٹوٹنا۔

الکَادِه: فا۔ توڑنے والا۔ ج کُدَّد.

الکَدْه. س۔ خراش۔ پتھر کی رگڑ کا اثر۔ ج کُدُوْه.

کَدَا یَکْدُو کَدْوًا وکُدُوًّا الزَّرْعُ: خراب فصل ہونا الاَرْضُ: دیر سے اُگنا (کِدَاءً) الشَّیْئَ: کاٹنا۔ منع کرنا۔

کَدِیَ یَکْدَیٰ کَدًی بالعَظْم. ہڈی کا گلے میں اٹکنا المِسْکُ: بے خوشبو ہونا۔ صفت کَدٍ وکَدِیٌّ. کَدِیَتْ اَصَابِعُه: انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا۔

تَکَدَّی تَکَدِّیًا. مشقت برداشت کرنا۔

کَدَیٰ یَکْدِی کَدْیًا الرَّجُلَ: روکنا۔ مشغول کرنا الوَجْهَ: چہرے میں خراش لگانا الرَّجُلُ: دینے میں بخل کرنا۔

اَکْدَی اِکْدَاءً الرَّجُلُ: حاجت میں ناکام رہنا۔ دینے میں بخل کرنا۔ اَکْدَاهُ عَنْ کَذَا: باز رکھنا۔ منع کرنا۔ اَکْدَی المَعْدِنُ: جوہر نہ بنانا۔

الحَافِرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے کو نہ کھود سکنا۔ کہا جاتا ہے "سَاَلَه فَاَکْدَی" یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اس کو سخت زمین کی مانند پایا النَّبْتُ: سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا العَامُ: خشک سالی ہونا المَطَرُ: بارش کم ہونا الرَّجُلُ: غنا کے بعد محتاج ہونا۔

کَدَّی تَکْدِیَةً. سوال کرنا۔ خیرات مانگنا۔

تَکَدَّی تَکَدِّیًا. عطیہ طلب کرنا۔

الکُدْیَة. سخت ٹھوس زمین۔ بڑی سخت چٹان۔ ج کُدًی. الکُدْیَة: طلب عطیہ۔ باصرار مانگنے کا پیشہ۔ زمانہ کی سختی (والکَدَاة والکَدَایَة) مٹی یا غلّے کا ڈھیر۔

الکَادِیَة. زمانہ کی سختی۔

کَذَّ (ن) کَذًّا. کھردرا ہونا۔

اَکَذَّ. نرم پتھر پر چلنا۔

اَلکَذَّان. نرم پتھر۔ واحد کَذَّانَة. کَذَبَ (ض) کَذِبًا وکِذْبًا وکَذْبَةً وکِذْبَةً وکِذَابًا وکِذَّابًا. جھوٹ بولنا۔ جان بوجھ کر غلط خبر دینا. کَذَبَتِ العَیْنُ: دھوکا دینا۔ کَذَبَ الرَّاْیُ: غلط ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَتْكَ عَیْنُكَ" یعنی تیری نظر نے تجھ کو دھوکا دیا۔ وکَذَبَ السَّیْرَ: چلنے میں کوشش نہ کرنا۔ وکَذَبَ القَوْمُ السُّرٰی: لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَه الحَدِیْثَ" جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے۔

کُذِبَ الرَّجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔

کَذَّبَهٗ. جھوٹا بنانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ کَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَهٗ: رک جانا الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَذَّبَ اَنْ فَعَلَ کَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی کَذَّبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا (تَکْذِیْبًا وکِذَّابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَذَّبَ بِاٰیَاتِ رَبِّه" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔

اَکْذَبَهٗ. جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَکْذَبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَکْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الاِکْذَاب ہے۔

کَاذَبَهٗ کِذَابًا ومُکَاذَبَةً. کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔

تَکَذَّبَ. بتکلف جھوٹ بولنا فُلَانًا وعَلَیْهِ: جھوٹا سمجھنا۔

تَکَاذَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔

الکُذَاب. بتثلیث الکاف والکُذْبَی و الکُذْبَان: جھوٹ۔

الاُکْذُوْبَة. جھوٹ۔ ج اَکَاذِیْب.

الکَاذِب. فا ج کَذَبَةٌ وکَذَّابٌ وکُذَّبٌ.

الکَاذِبَة. کاذب کا مؤنث ج کَاذِبَات و

کَوَاذِب. جھوٹ۔

الکَذُوْب ج کُذُب والکَذبان والکَیْذَبان والکَیْذُبان : بڑا جھوٹا۔

الکَذُوْب: نفس۔

الکَذّاب والکَذبَة والکَذُوبَة والکِذّاب والمَکْذَبان والمَکْذَبانَة بڑا جھوٹا۔ الکَذُوْبَةُ: نفس۔

المَکْذَبَة والمَکْذُبَة. ج مَکَاذِب والمَکْذُوْب والمَکْذُوْبَة ج مَکَاذِیْب: جھوٹ۔

التَکَاذِیْب. جھوٹی باتیں۔ لغو وباطل باتیں۔

کَذَا. دو طریقہ سے مستعمل ہے۔

(۱) یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَأیْتُ زَیْدًا فَاضِلًا ورَأیْتُ عَمْرًوا کَذَا. اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے ھٰکَذَا.

(۲) یہ کہ کلمہ انہیں دونوں کلموں سے مرکب ہو اور کنایہ ہو عدد سے جیسے قَبَضْتُ کَذَا و کَذَا دِرهَمًا یا غیر عدد سے جیسے بِمَکَان کَذَا و کَذَا.

الکَاذِی. کیوڑہ۔

کَرَّ (ن) کُرُوْرًا. لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْهَزَمَ عَنْهُ ثُمَّ کَرَّ عَلَیْهِ" یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے لیے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا ۔صفت کَرَّار. اور اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ یَصْلَحُا لِلْکَرِّ والفَرِّ" گھوڑا گھومنے اور حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

اللَّیْلُ والنَّهَارُ: رات دن کا باری باری آنا (کَرًّا و کُرُوْرًا وتَکْرَارًا) الفَارِسُ عَلَی العَدُوِّ: شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور ٹوٹ پڑنا۔

کَرَّ (ن) کَرِیْرًا. المَرِیْضُ: جان دینا۔

کَرَّ (س ن) کَرًّا صَدْرُهُ: گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔

کَرَّر تَکْرَارًا وتَکْرِیْرًا وتَکِرَّةً. الشَّیْئَ: بار بار کرنا۔

تَکَرَّرَ. بار بار ہونا۔

الکَرُّ ~. س۔ کھجور کے پتوں کی رسّی ۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔ جہاز کا رسا۔ ج کُرُوْر (والکُرُّ) کنواں۔ ج کِرَار.

الکُرُّ. نماز پڑھنے کے لیے مصلّی۔ ج اَکْرَار و کُرُوْر.

الکُرُّ. ایک پیمانہ کا نام۔ چار درج اَکْرَار.

الکَرَّة. لڑائی میں حملہ عند المولدین مِنَ المحاسبین: ایک لاکھ ج کَرَّات. الکُرَّة: سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو کرَّتان اور قَرَّتان کہتے ہیں۔

الکَرَّی. لڑائی میں حملہ۔

الکَرِیْر. س۔ گلا گھونٹے ہوئے والے کی طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔

الکَرَّار والمِکَرُّ لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِکَرٌّ مِفَرٌّ" یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لے کر بھاگ جائے۔ نَاقَةٌ مِکَرَّةٌ: اونٹنی جس کو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔

المَکَرُّ. حملہ کی جگہ۔

کَرَبَ (ن) کَرْبًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا القَیْدَ عَلَی المُقَیَّدِ: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔ ہ الاَمْرُ: دشوار ہونا ہ الغَمُّ: سخت غم ہونا۔ کَرَبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسّی باندھنا فُلَانٌ: درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑ لینا (کُرُوبًا) قریب ہونا۔ النَّارُ: آگ بجھنے لگنا۔ کَرَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا فُلَانٌ: کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔

کَرَبَ النَّاقَةَ: بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "کَرَبَ یَفْعَلُ" یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے (کَرْبًا و کِرَابًا) الارْضَ لِلزَّرْع: کھیتی کے لیے زمین جوتنا۔

کَرِبَ (س) کَرَبًا الرَّجُلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسّی والا ہونا۔

کُرِبَ. غم لاحق ہونا۔

کَرَّبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی رسّی باندھنا الرَّجُلُ: بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔

اَکْرَبَ قریب ہونا الاَمْرُ: قریب الوقوع ہونا الإنَاءَ: برتن بھرنے کے قریب ہونا۔ فِی السَّیْرِ: دوڑنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

کَارَبَه مُکَارَبَةً و کِرَابًا. قریب ہونا۔

تَکَرَّبَ. تنہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔

اِکْتَرَبَ اِکْتِرَابًا واکْرَابَّ اِکْرِنْبَابًا سخت غمگین ہونا۔

الکَرْب. ج کُرُوْب والکُرْبَة ج کُرَب: غم اور مشقت۔

الکَرَب. ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسّی؛ کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد کَرَبَةٌ.

الکَرَبَة. گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے جس کو فارسی میں کماج اور بادریس کہا جاتا ہے۔ ج کَرَب.

الکَرَابَة. سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب.

الکَرَابَة والکُرَابَة. کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج اَکْرِبَة

الکِرَاب. وادی میں پانی بہنے کی جگہیں ۔ واحد کَرْبَةٌ.

الکَرُوْبِیُّوْن والکَرُوْبِیَّة. اشراف ملائکہ ۔ مقرب فرشتے ۔ عبرانی زبان میں کَرُبِیم کہتے ہیں۔ ج کَرُوْب. اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد کَرُوْب.

الکَرِیْب. نے کی گرہ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ الکَرِیْبُ مِنَ الاَرْضِ: بے پانی اور بے درخت والی زمین (والمَکْرُوْب) غمگین۔

الکَرِیْبَة. کَرِیْب کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب. کہا جاتا ہے "مَا فِی الدَّارِ

کَرَّابٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
اَلْمِکْرُوْبُ: جرثومہ
یعنی پانی خون اور ہوا میں باریک جانور جو بغیر دور بین کے نظر نہ آئے۔
اَلْاِکْرَاب. س جلد بازی ۔تم کہتے ہو "خُذْرِجْلَیْكَ بِاَکْرَابٍ" یعنی جانے میں جلدی کرو۔
اَلْمُکْرَب مِنَ الْمَفَاصِلِ: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسّی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔ حَافِرٌ مُکْرَبٌ: مضبوط کھر۔
اَلْکَرْبُوْنُ اَوِالْفَحِیْمُ: (کیمیا) کیمیائی عناصر میں سے ایک ہے جس کا رمز (علامت ایٹمی نمبر اور کمیت نمبر درج ذیل ہیں۔ ۱۲.۱ کاربن C-6-
کوئلہ کے استعمال کے لئے ایک جسم بسیط ہے۔ زندگی والی کائنات اور ملائم میں کاربن داخل ہوتا ہے۔
اَلْکَرْبُوْنَات: کاربونات
سفید باریک پیسا ہوا اکٹھا مادہ جو کہ دوسرے جسم کے ساتھ ہو۔ (سوڈا ئی کاربونیٹ)
اَلْکُرْبَج. دُکان یا دُکان کا سامان۔ ج کُرَابِج (دخیل)
کَرْبَدَ فِیْ عَدْوِہٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔
کَرْبَسَ. بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔
تَکَرْبَسَ مِنْ ظَهْرِ فَرَسِهٖ: گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔
اَلْکِرْبَاس. کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج کَرَابِیْس (دخیل)
رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَّاْسِ: گول سر والا مرد۔
کَرْبَشَ. چھلانگ لگانے کے لیے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا الشَّیْئَ: لینا اور باندھنا۔
تَکَرْبَشَ الْجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔
کَرْبَعَهٗ. پچھاڑنا الشَّیْئَ بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا قَوَائِمَهٗ: ٹانگیں جدا کرنا۔
تَکَرْبَعَ. چوتڑوں کے بل گرنا۔

کَرْبَلَ. کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا الْحِنْطَةَ: گیہوں میں چھاننا، صاف کرنا۔
اَلْکِرْبَال. گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ رُوئی دُھننے کی کمان۔ ج کَرَابِیْل.
اَلْکَرْبَلَة. س پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَمْشِیْ مُکَرْبَلًا" یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔
فَرَاشَةُ الْکَرْنُبِ: اَوْ دُوْدَةُ الْمَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔
اَلْکَرْوِرِیْنَا: درختوں کی ایک قسم جو کہ سڑکوں کے کنارے زیب و زینت کے لگائے جاتے ہیں ان درختوں کا اسٹر بلیا ہے۔
کَرَثَ (ض ن) کَرْثًا وَاَکْرَثَ الْغَمُّ فُلَانًا: سخت غمگین کرنا۔
اِنْکَرَثَ الْحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔
اِکْتَرَثَ لِلْاَمْرِ: پروا کرنا کہا جاتا ہے "هُوَ لَایَکْتَرِثُ لِهٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس معاملہ کی پروا نہیں کرتا۔
اَلْکُرَّاث وَالْکَرَّاث. گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد کَرَّاثَةٌ.
اَلْکَارِث. غم انگیز معاملہ۔ ج کَوَارِث.
اَلْکَرِیْث. غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَکَرِیْثُ الْاَمْرِ" جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔
کَرْثًا وتَکَرْثًا الشَّعْرُ ونَحْوُهٗ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔
اَلْکِرْثِیُّ. تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا۔
اَلْکِرْثِئَة وَالْکِرْثَاة. گنجان سبزی۔
اَلْکَرِیْثَاء. کچی کھجور۔
کَرِجَ (س) کَرَجًا وکَرِّجَ وَاَکْرَجَ وتَکَرَّجَ الْخُبْزُ: خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عَفَّنَ" سے تعبیر کرتے ہیں۔
اَلْکُرْج. ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْجِیّ (والکُرَّج) ایک چیز ہے بچھیرے کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں۔

اَلْکَرْخِیّ. مخنث
اَلْکُرْخ. راہب کی کوٹھری۔ ج اَکْرَاخ.
کَرَخَ (ف) کَرْخًا الْمَاءَ اِلٰی مَوَاضِعِهٖ: چلانا۔
کَرَدَ (ن) کَرْدًا. ہانکنا الْعَدُوَّ: دشمن کو ہٹانا الشَّیْئَ: کاٹنا۔
کَارَدَهٗ مُکَارَدَةً. دفع کرنا۔ ہٹانا۔
اَلْکَرْد. گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِکَرْدِهٖ او بِکَرْوَنِهٖ" اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا۔
اَلْکِرْدِیْدَة. کھجور کی بڑی ڈھیری۔
کَرْدَحَ. پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ فُلَانًا: پچھاڑنا۔
تَکَرْدَحَ فِیْ عَدْوِهٖ: پستہ قد کی طرح دوڑنا۔
اَلْکِرْدَح. بڑھیا۔ مضبوط مرد۔
اَلْکُرَادِح. پستہ قد۔
اَلْکِرْدَاح. دوڑنے میں قریب قریب قدم رکھنے والا۔
اَلْکَرْدَحَة. س تیز دوڑ۔
اَلْمُکَرْدَح. فا۔ ذلیل و خوار۔
کَرْدَسَ الْخَیْلَ: گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا الشَّیْئَ: باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا الْحِمَارَ: گدھے کو تیز ہانکنا هُ: پچھاڑنا۔
کُرْدِسَ الرَّجُلُ: ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔
تَکَرْدَسَ. سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔
اَلْکُرْدُوْس. کندھے کی ہڈی۔
اَلْکُرْدُوْسَة. گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ ج کَرَادِس وکَرَادِیْس. کَرَادِیْسُ الْفَرَسِ: گھوڑے کے جوڑ۔
اَلْمُکَرْدَس. گٹھے بدن کا۔
اَلْکَرْدِیْنَال: ج کَرَادِلَةٌ: گرجا میں ایک بڑا عہدہ
کَرْدَمَ. موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ الْقَوْمَ: جمع کرنا۔

تَكَرْدَمَ. گھبرا کر دوڑنا۔
الْكَرْدَم والْكُرْدُوم مِنَ الرِجَالِ: موٹا پستہ قد۔ جَ كَرَادِم و كَرَادِيم. الْكَرْدَم: بہادر۔
كَرَزَ (ض) كُرُوْزًا. داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔
اِلٰى فُلَانٍ: پناہ لینا كَرْزًا) انجیل کا وعظ کہنا۔
كَرَّزَ الْبَازِيَ: باز کو سدھانے کے لیے آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔
كُرِّزَ. الْبَازِيُ: باز کے پروں کا گرنا۔
كَارَزَ مُكَارَزَةً اِلَى الْمَكَانِ: دوڑ کر چھپنا۔
عَنْهُ: بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا
الْقَوْمَ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔
الْكُرْز. چرواہے کا تھیلا۔ چھوٹی بوری۔ كُرْزُ الْجُعَلِ: گبریلا کی گولی۔ جَ كِرَاز و كِرَزَة
الْكَرَز. ایک درخت کا نام جس کا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ واحد۔ كَرَزَة
الْكُرَّز. حاذق۔ نجیب۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ باز۔ ایک سال کا پرندہ جَ كَرَارِزَة (والْمُكَرَّز والْكُرَّزِيّ) لئیم۔ خبیث۔
الْكَارِز والْكَارُوْز. انجیل کا واعظ۔
الْكُرَاز. جَ كِرْزَان والْكُرَّاز: شیشی ۔ تنگ سر کا کوزہ۔
الْكُرَّاز. چرواہے کا تھیلا اُٹھانے والا۔ بے سینگ کا مینڈھا مِنَ الْمَعْزِ: گھنٹی دار بکری ۔ جَ كَرَارِيْز.
الْكِرِيْز. پنیر۔
الْكِرَازَة. انجیل کا وعظ۔
كَرْزَمَ كَرْزَمَةً الرَّجُلُ: دوپہر میں کھانا۔
الْكُرْزُم. بہت کھانے والا۔ چھوٹی ناک والا ۔ کلہاڑا۔
الْكِرْزِم والْكِرْزِيْم. کلہاڑا ۔ سخت مصیبت۔ جَ كَرَازِم و كَرَازِيم
كَرَّسَ لِبِنَاءٍ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔
الْاُسْقُفُ الْبِيْعَةَ اوالْاَوَانِي الْكَنِيْسَةِ وغَيْرَهَا: وقف کرنا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص کرنا۔
اَكْرَسَ: الْمَكَانُ: بول و براز سے لتھڑنا
ہ: بول و براز والی جگہ میں داخل کرنا۔
تَكَرَّسَ. بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص ہونا الشَّيْءُ: تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا اُسُّ الْبِنَاءِ: عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا الْحَبَّ ونَحْوَهُ: دانہ وغیرہ جمع کرنا۔
اِنْكَرَسَ علیہ: اوندھا ہونا فِي الشَّيْءِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔
الْكِرْس. ہر چیز کا انبوہ۔ بول و براز سے لتھڑا ہوا۔ بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ جز۔ جَ اَكْرَاس و جج اَكَارِيْس. كِرْسُ الْحَوْضِ: حوض کے ارد گرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔
الْكُرَّاسَة والْكُرَّاس. کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ جَ كَرَارِيْس.
الْكُرْسِيّ. تخت۔ کرسی۔ جَ كَرَاسِيّ و كَرَاسٍ كُرْسِيُّ الْاُسْقُفِ. پادری کی اقامت گاہ۔ كُرْسِيُّ الْمَلِكِ: تخت شاہی۔ والْكُرْسِيّ علم: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَهْلِ الْكُرْسِيِّ: یعنی وہ اہل علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "اِجْعَلْ لِهٰذَا الْحَائِطِ كُرْسِيًّا" اس دیوار کے لیے پشتہ بنا دو۔
كُرْسِيُّ الْجَوْزَا: چند ستاروں کا مجموعہ۔
الْكَرَاسِيّ علماء۔
الْكِرْيَاس. چھت کے اوپر کا پائخانہ۔ جَ كَرَابِيْس
الْكَرَوَّس. بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔
الْمُكَرَّس والْمُكَرَّس. مُفْصَّلُ الْقَلَائِدِ: دودھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔
الْمَكْرُس. جوان پستہ قد پُر گوشت۔
اَلْكَرَسْتَةُ: موچیوں کی اصطلاح میں وہ چمڑا جس سے جوتیاں تیار کی جاتی ہیں۔
كَرْسَعَ كَرْسَعَةً الرَّجُلُ: دوڑ ہلانا: گٹے کے چھنگلیا والے حصے پر مارنا۔
الْكُرْسُوْع. گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ۔
جَ كَرَاسِيْع. كُرْسُوْعُ الْقَدَمِ: ٹخنے کا جوڑ۔
الْكُرْسُعَة والْكُرْسُوْعَة. لوگوں کی جماعت۔
الْمُكَرْسَع. گٹے کے چھنگلیا کی طرف اُبھرا ہوا حصہ والا۔ مؤنث مُكَرْسَعَة
كَرْسَفَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کی کونچ کاٹنا۔
الْبَعِيْرَ: اُونٹ کے پاؤں باندھنا۔
لِدَّوَاةَ: دوات میں صوف ڈالنا۔
تَكَرْسَفَ. کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف پڑنا الشَّيْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الْكِرْسَافَة. آنکھ کی کدورت۔
الْكُرْسُف والْكُرْسُوْف. روئی۔
الْكُرْسُفَة والْكُرْسُوْفَة. روئی کا ٹکڑا ۔ دوات کا صوف۔
الْكِرْسِنَّة والْكِرْسَنَّة. ایک چھوٹے سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤدانہ کہتے ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے اور دواء میں کام آتا ہے۔
كَرِشَ (س) كَرَشًا الْجِلْدُ: کھال سکڑنا۔
الرَّجُلُ: تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔
كَرَّشَ. ترش رُوئی کرنا مُكَرَّشَة (ایک قسم کا کھانا) بنانا۔
تَكَرَّشَ وَجْهُهُ: ترش رُو ہونا۔ تیوری چڑھنا
الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔
اِسْتَكْرَشَ الْجَدْيُ: بکری کے بچے کا بڑے پیٹ والا ہونا۔ اِسْتَكْرَشَتْ اِنْفَحَةُ الْجَدْيِ: بکری کے بچے کے اِنْفَحَة کا کرش ہونا (بکری کا بچہ جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو اِنْفَحَة کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر کرش کہتے ہیں) الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔ ترش رُوئی کرنا۔
الْكِرْش والْكَرِش. جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مؤنث) جَ كُرُوْش. الْكَرِش

والکِرْش: لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل و عیال۔ چھوٹی اولاد۔ ایک بہترین قسم کی گھاس ۔خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھری۔ ج اَکْرَاش وکُرُوْش. کَرِش القَوْمِ: قوم کا بڑا حصہ۔ کَرِش کُلِّ شَیٍٔ: ہر ایک چیز کا اجتماع۔

التَّکْرِیْش. اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔

الاَکْرَش مِنَ الرِّجَالِ: بڑے پیٹ والا اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث کَرْشَاءُ ج کُرْش. قَدَمٌ کَرْشَاءُ: پُر گوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی اُنگلیوں والا قدم۔ دَلْوٌ کَرْشَاءُ: بڑا ڈول۔ اَتَانٌ کَرْشَاءُ: بھرے ہوئے کوکھ کی گدھی۔

المُکَرَّشَة. کھانا جو گوشت؛ چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔

کَرَصَ (ض) کَرْصًا الشَّیْءَ: کوٹنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔

کَرَّص. پنیر کھانا۔

اِکْتَرَص. الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

الکَرِیْص. پنیر۔ پنیر بنانے کی جگہ۔

المِکْرَص. دودھ دوھنے کا برتن۔

کَرَضَ (ن) کَرْضًا الشَّیْءَ: تہ بتہ رکھنا۔

کَرَظَ (ن) کَرْظًا فِیْ عِرْضِ فُلَانٍ: طعنہ دینا۔ عزت میں عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكْرُوْظُ الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔

کَرَعَ (ف) وکَرِعَ (س) کَرْعًا وکُرُوْعًا فِي المَاءِ او الإِنَاءِ: پانی یا برتن میں مُنہ لگا کر پانی پینا۔

کَرَعَهُ (ف) کَرْعًا. پنڈلی پر تیر مارنا۔

کَرِعَ (س) کَرَعًا. درد مند پنڈلی والا ہونا۔ پایہ کھانے کا مشتاق ہونا۔ باریک پنڈلی والا ہونا السَّاقُ: پنڈلی کے اگلے حصہ کا باریک ہونا۔

کَرَعَتِ السَّمَاءُ: برسانا۔

اَکْرَعَهُ الصَّیْدُ: شکار کا قریب ہونا۔ اَکْرَعَ القَوْمُ: مُنہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔

تَکَرَّعَ الرَّجُلُ: وضو کرنا۔ اطراف پر پانی بہانا۔

الکَرَع. س۔ مُنہ لگا کر پینے کے قابل پانی ۔جانور کی ٹانگیں۔ کمینے و فرومایہ لوگ۔ دنی طبیعت کا۔ واحد جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرَعٌ ورِجَالٌ کَرَعٌ" الکُرَاع مِنَ البَقَرِ والغَنَمِ: گائے بکری کے پائے (مذکر مؤنث) اور بقول بعض کُرَاع ٹخنوں کے نیچے کو کہتے ہیں۔ والکُرَاع مِنَ الإِنْسَانِ: گھٹنے سے نیچے ۔پنڈلی۔ ج اَکْرُع واَکَارِع.

الکُرَاع: گھوڑے۔ خچر۔ گدھے۔ ہر شے کا کنارہ۔

کُرَاعُ الاَرْضِ: زمین کے گوشے۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِيْ کُرَاعِ الطَّرِیْقِ" یعنی راستے کے کنارے میں چلو۔ اَکَارِعُ الاَرْضِ: زمین کی آخری حدیں۔

الکُرَاعِیّ. پائے کا بیچنے والا۔

الکَارِع. فا۔ پانی میں گھسنے والا پئے یا نہ پئے۔

الکَارِعَة. کارع کا مؤنث۔ ج کَارِعَات.

الکَارِعَات: پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔

الکَرِیْع. برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پانی پینے والا۔

الاَکْرَع. پتلی پنڈلیوں والا۔

الکَرَّاع. اسم مبالغہ۔ فرومایہ لوگوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔

المَکْرَع. جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ ج مَکَارِع.

فَرَسٌ مُکَرَّعُ القَوَائِمِ: مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔

المُکْرَعَةُ مِنَ النَّخِیْلِ وغَیْرِهِ. پانی لگائی ہوئی کھجور۔

کَرَفَ (ن ض). کَرْفًا وکِرَافًا ۔ اَکْرَفَ الحِمَارُ وغَیْرُهُ: گدھے کا پیشاب کو سونگھ کر سر اُٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔ کَرَفَ الشَّیْءَ: سونگھنا۔ اُکْرِفَتِ البَیْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔

اَلْکَرْشَتَة. عربی حروف غیر عربی زبان میں یا اس کا برعکس۔ اَلْکَرْشُوْنِیّ: عربی الفاظ جو کہ سریانی میں لکھے جاتے ہیں۔ (سریانی لفظ)

الکِرْف. ایک ہی چمڑے کا ڈول۔

کَرْفَأَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔ کَرْفَأَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔

تَکَرْفَأَ السَّحَابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا۔

الکِرْفِیُّ. بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو کِرْفِئَة کہتے ہیں۔ الکِرْفِیُّ: انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

المُکَرْفَح. بدصورت چہرہ والا۔

اَلْکَرَافِیَّةُ: شیشہ کی بوتل۔

کَرْفَسَ کَرْفَسَةً. بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا البَعِیْرَ: تنگ باندھنا۔

تَکَرْفَسَ. بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الکُرْفُس. رُوئی۔

الکَرَفْس. اجوائن۔

الکُرْکِیّ. سارس۔ ج کَرَاکِیّ.

الکَرْکَدَّن. گینڈا۔ اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام کَرکَدَنّ کہتے ہیں۔

کَرَّ کَرَّ کَرْکَرَةً الشَّیْءَ: بار بار اعادہ کرنا الرَّحَی: چکی گھمانا الحَبَّ: دانہ پیسنا۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا الرَّجُلَ: قید کرنا فِی الضَّحِكِ: بہت ہنسنا الرَّجُلُ: ہنسنا۔ شکست کھانا الرِّیَاحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا الاَمْرَ عَنْهُ: دفع کرنا؛ ہٹانا۔ رد کرنا بالدَّجَاجَةِ: مرغی کو بلانا۔

تَکَرْکَرَ فِي الاَمْرِ: مضطرب ہونا المَاءُ: اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا الطَّائِرُ: پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔

الکَرْکَر. ایک آبی پرندہ۔

الکَرْکَرَة. س گاڑھا دودھ ۔پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔

الکِرْکِرَة. سم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج کَرَاکِر. الکَرَاکِر: گھوڑے کے جوڑ۔

الکَرْکُوْرَة. گہری وادی۔

كَرْكَسَ الشَّيْءَ: رد کرنا۔ ہٹانا الدَّابَّةَ
چوپائے کو باندھنا (و تَكَرْكَسَ) الإِنْسَانُ:
اوپر سے نیچے لڑھکنا۔
الْكُرْكُم. زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی
جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔
الْكُرْكُنْد. سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔
كَرُمَ (ک) كَرَمًا وكَرَمَةً وكَرَامَةً.
عزیز و نفیس ہونا آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔
فیاض ہونا السَّحَابُ: بارش لانا۔
كَرَمَهُ (ن) كَرْمًا. کرم میں غالب ہونا۔
کہا جاتا ہے "كَارَمَهُ فَكَرَمَهُ" اِس نے اُس
سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہو گیا۔
كَرَّمَهُ تَكْرِيمًا وتَكْرِمَةً. تعظیم کرنا۔
تنزیہ کرنا۔ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ: اللہ تعالیٰ ان کو
باعزت کرے (و كُرِّمَ) السَّحَابُ: بادل کا
بہت پانی والا ہونا۔
كَارَمَهُ کرم میں مفاخرت کرنا وكَارَمْتُ
فُلَانًا: میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ
بدلہ دے۔
أَكْرَمَ. کریم اولاد والا ہونا فُلَانًا: تعظیم کرنا
نَفْسَهُ عَنِ الْمَعَاصِي: بچانا، محفوظ رکھنا اور
تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا أَكْرَمَهُ
لِي" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور
فعل رُباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔
تَكَرَّمَ. بتکلف کرم کرنا (و تَكَارَمَ) عَنِ
كَذَا: بچنا۔ دُور رہنا۔
اِسْتَكْرَمَ. عمدہ عمدہ چھانٹ لینا الشَّيْءَ: اچھی
چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔
الْكَرَم. مص۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں
ایک قسم کی کاریگری۔
الْكَرَم. صفت بمعنی کریم و طیب۔ اور یہی لفظ
واحد جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے جیسے
رَجُلٌ كَرَمٌ و نِسَاءٌ كَرَمٌ وأَرْضٌ كَرَمٌ.
الْكَرْم. انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ
(عامیہ) ج كُرُوم. بِنْتُ الْكَرْمِ
او الْكَرْمَةِ او الْكُرُومِ شراب۔ الْكَرْم:
ہار۔

الْكَرْمَة. انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے
الْكُرْمَة: سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا
ہے "رَجُلٌ كَرْمَة" مرد کریم۔
الْكَرَامَة. مص کہا جاتا ہے "أَفْعَلُ ذٰلِكَ حُبًّا
وكَرَامَةً لَكَ" میں اس کو تمہاری محبت و
تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں "وَلَهُ عَلَيَّ
كَرَامَةٌ" فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی
ہے۔ الْكَرَامَة: امر خارق عادت جو اولیاء اللہ
سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے كُرْمًا وكُرْمَةً
وكَرْمَةً وكُرْمَى وكُرْمَانًا وكُرْمَةَ عَيْنٍ
لَكَ. یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔
الأُكْرُومَة. کرم کا فعل۔
التَّكْرِمَة. مص۔ تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو
عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔
الْكَرِيم. صاحب کرم۔ درگزر کرنے والا
۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے رَجُلٌ
كَرِيمٌ مرد سخی۔ دیالو۔ ج كِرَام وكُرَمَاء.
اور لفظ "كَرِيم" کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ
اور قابل تعریف چیز پر ہوتا ہے۔ رِزْقٌ
كَرِيمٌ: بہت روزی۔ قَوْلٌ كَرِيمٌ: نرم و
پسندیدہ قول۔ كِتَابٌ كَرِيمٌ: معنی الفاظ اور
فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب وَجْهٌ
كَرِيمٌ: جمال و محاسن کے لحاظ سے پسندیدہ
چہرہ۔ الْكَرِيمَان: حج اور جہاد۔
الْكَرِيمَة. کریم کا مؤنث ج كَرِيمَات
وكَرَائِم وكِرَام. الْكَرِيمَة: ہر عضو
شریف۔ جیسے ہاتھ کان الْكَرِيمَتَان: دونوں
آنکھیں۔ كَرِيمَةُ الرَّجُلِ: بیٹی الْكَرِيمَة:
صاحب کرم و حسب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ
كَرِيمَةُ قَوْمِهِ" فلاں اپنی قوم میں شریف ہو۔
كَرِيمَةٌ میں تا مبالغہ کے لیے ہے۔ كَرَائِم
الْمَال: عمدہ اور بہترین مال۔
الْكُرَام. کریم۔ ج كُرَامُون.
الْكَرَّام. انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی
کرنے والا۔
الْكُرَّام والْكُرَّامَة. بہت زیادہ کرم کرنے
والا۔ ج كُرَّامُون.

الْمَكْرُمَانُ. کریم بہت وسیع اخلاق والا۔ اور
یہ نداہی کے لیے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے يَا
مَكْرُمَانُ.
الْمَكْرَم والْمَكْرَمَة. شریف۔ فیاض۔ ج
مَكَارِم. أَرْضٌ مَكْرَمَةٌ لِلنَّبَاتِ: عمدہ
زرخیز زمین۔
الْمَكْرُم والْمَكْرُمَة. کرم کا فعل۔ کریم
۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الْخَيْرِ مَكْرُمَةٌ" یعنی
فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔
الْمِكْرَام. لوگوں کا اِکرام کرنے والا۔ بہت
فیاض۔
الْمُكْرَم. مف۔ ہر ایک کے نزدیک باعزت
شخص۔
كَرْنَبَ الرَّجُلُ: چھوارے کو دودھ کے
ساتھ کھانا ضَيْفَهُ: مہمان کو کرم کلا کھلانا۔
الْكُرُنْب والْكَرْنِيب کرم کلا۔
الْكُرُنْبِيَّة. ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا
جاتا ہے۔
فَرَاشَةُ الْكُرُنْبِ: او دُودَةُ الْمَلْفُوفِ:
کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔
الْكُرُورِينَا: درختوں کی ایک قسم جو کہ سڑکوں
کے کنارے زیب و زینت کے لگائے جاتے ہیں
ان درختوں کا اسٹریلیا ہے۔
كَرْنَفَ الْكَرَانِيفَ: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ
لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو
کاٹنا كَرْنَفَهُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
كَرْنَفَ الشَّيْءَ بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا
النَّخْلَةَ: تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ
سے صاف کرنا۔
الْكِرْنَاف والْكُرْنَاف. کھجور کی ٹہنی کو
کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ۔ واحد
كُرْنَافَةٌ ج كَرَانِيف.
أَنْفٌ مُكَرْنَف. موٹی ناک۔
كَرِهَ (س) كَرْهًا وكُرْهًا وكَرَاهَةً
وكَرَاهِيَةً ومَكْرُهَةً ومَكْرَهَةً الشَّيْءَ:
ناپسند کرنا۔ صفت فاعلی كَارِه. صفت مفعولی
مَكْرُوه.

کَرِہَ (س) کَرَاھَۃً و کَرَاھِیَۃَ الْاَمْرِ او الْمَنْظَرَ: قبیح ہونا۔ صفت کَرِیْہٌ.
کَرَّہَ الشَّیْئَ فُلَانًا و کَرَّہَ الشَّیْئَ اِلٰی فُلَانٍ: ناپسند کرانا۔
اَکْرَہَ فُلَانًا عَلَی الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔
الرَّجُلَ: ناپسندیدہ امر پر اکسانا۔
تَکَرَّھَہٗ و تَکَارَہَ الشَّیْئَ: ناپسند کرنا۔ تَکَرَّہَ و تَکَارَھَہٗ: غضبناک ہونا۔
اِسْتَکْرَہَ الشَّیْئَ: قبیح پانا، قبیح سمجھنا۔
الْکَرْہُ و الْکُرْہُ: مص۔ انکار۔ مشقت جس پر کسی کو مجبور کیا جائے۔ اور بقول بعض کُرْہٌ بالضم جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْہٌ بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو۔ اور کہا جاتا ہے "شَیْئٌ کُرْہٌ" مکروہ چیز "و رَجُلٌ کُرْہٌ" ناراض مرد "وَجْہٌ کَرْہٌ" قبیح چہرہ "و فَعَلَہٗ کَرْھًا" یعنی اس نے اس کو مجبور آکیا۔
الْکَرِہُ. قبیح۔
الْکَرَاھَۃُ. مص۔ سخت زمین۔
الْکَرَاھِیْنُ. کراہت۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُکَ کَرَاھِیْنَ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔
الْکَرِیْھَۃُ. مؤنث کَرِیْہٌ. لڑائی کی شدت۔ مصیبت۔ ج کَرَائِہُ. ذُوالْکَرِیْھَۃِ: شمشیر براں۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ دُوْنَہٗ کَرَائِہَ وَ مَکَارِہَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار ہوا۔
الْمَکْرَہُ. مکروہ۔ ج مَکَارِہُ.
الْمَکْرَھَۃُ و الْمَکْرُوْھَۃُ. ناپسندیدہ و دشوار چیز۔ ج مَکَارِہُ.
الْمَکْرُوْہُ. مف۔ شر۔ ناپسندیدہ۔
الْمَکْرُوْھَۃُ. سختی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ذُوْمَکْرُوْھَۃٍ" وہ سختی میں ہے۔
کَرَا یَکْرُوْ کَرْوًا. الْاَرْضَ: کھودنا الْاَمْرَ: بار بار اعادہ کرنا الْبِئْرَ: کنوئیں کا من درخت کے تنوں سے بنانا بِالْکُرَۃِ: گیند کھیلنا کَرَتِ الدَّابَّۃُ: تیز دوڑنا۔
کَرِیَتْ تَکْرٰی کَرًا. السَّاقُ: پنڈلی کا باریک ہونا الْمَرْاَۃُ: موٹے بازوؤں والی ہونا۔
الْکَرَا. بازوؤں کی موٹائی۔ قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا یا پنڈلیوں کی باریکی۔ کَرَوَان کا مذکر۔
الْکَرَوَانُ. ایک پرندہ۔ بھورے رنگ کا لمبی چونچ کا۔ اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام ایسا رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کَرٰی کے معنے نیند کے ہیں مؤنث کَرَوَانَۃٌ. ج کِرْوَان و کَرَاوِیْن.
الْکُرَۃُ. ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ۔ ہر گول چیز۔ اور نسبت کے لیے کُرِیٌّ و کُرَوِیٌّ ج کُرًی و کُرِیْن و کِرِیْن و کُرَاتٌ و اُکَرٌ.
الْکُرَوِیَا و الْکَرَوِیَاءُ. زیرہ۔
کَرٰی یَکْرِیْ کَرْیًا. الرَّجُلُ: تیز دوڑنا النَّھْرَ: نہر کو کھودنا بِالْکُرَۃِ: گیند کھیلنا۔
کَرِیَ یَکْرٰی کَرًی. الرَّجُلُ: اونگھنا۔ صفت کَرٍ و کَرْیَان و کَرِیٌّ.
کَارَاہُ مُکَارَاۃً و کِرَاءً الدَّابَّۃَ او الدَّارَ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا۔ صفت مُکَارٍ.
اَکْرٰی اِکْرَاءً الشَّیْئُ: زیادہ ہونا۔ کم ہونا (ضد) فُلَانٌ: اطاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ الْاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ پیچھے ڈالنا الْحَدِیْثَ: بات طویل کرنا فُلَانٌ دَابَّتَہٗ او دَارَہٗ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم۔ الْکُرْوُ و الْکُرْوُ و الْکُرْوَۃُ
تَکَرّٰی تَکَرِّیًا. سونا۔
اِکْتَرٰی مِنْہُ الدَّارَ وَ غَیْرَھَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔
تَکَارٰی و اِسْتَکْرَی الدَّارَ وَ غَیْرَھَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔
الْکِرَاءُ و الْکُرْوَۃُ. کرایہ۔
الْکَرِیُّ. اونگھنے والا۔ کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ پر دینے والا۔ ج اَکْرِیَاءُ. بہت چیز۔ ایک درخت ہے جو ریگستان میں ہوتا ہے۔ واحد کَرِیَّۃٌ.
الْکَرْیَانُ. اونگھنے والا۔
الْمُکَارِیْ. جانوروں کو کرایہ پر دینے والا۔ ج مُکَارُوْنَ. اور اب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے۔
الْمُکَرِّیْ مِنَ الْاِبِلِ: آہستہ و نرم رفتار اونٹ۔
کَزَّ (ن) کَزًّا الشَّیْئَ: تنگ کرنا۔ کَزَّتْ خُطَاہُ: قدم قریب قریب ہونا الْمَرْاَۃُ وُمْلُجَھَا: عورت کا بازوبند کو بازو سے بھر دینا (کَزَازَۃً و کُزُوْزَۃً) سکڑنا۔ خشک ہونا۔
کُزَّ. سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔
اَکَزَّ. اللّٰہُ فُلَانًا: کپکپی کی بیماری لگانا۔ صفت مفعولی۔ مَکْزُوْزٌ.
اِکْتَزَّ. سکڑنا۔
الْکَزُّ. مص۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ کَزٌّ" یعنی قبیح چہرہ "و ذَھَبٌ او جَمَلٌ کَزٌّ" یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط "و فُلَانٌ کَزُّ الْیَدَیْنِ" فلاں بخیل ہے۔ ج کُزٌّ.
الْکَزَّۃُ کَزٌّ کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ کَزَّۃٌ" یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہے مڑتی نہیں "وبَکْرَۃٌ کَزَّۃٌ" یعنی تنگ چرخی۔
الْکَزَّانِ. کجاوہ کے پچھلے حصہ کی دو لکڑیاں۔
الْکُزُزُ. بخل۔
الْکُزَازُ و الْکُزَّازُ. سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام۔
کَزِبَ (س) کَزَبًا. مُشْطُ الرِّجْلِ: پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا۔ سکڑنا۔
الْکُزْبَرَۃُ و الْکُزْبُرَۃُ و الْکَزْبَرَۃُ. دھنیا کا پودہ اور دھنیا کو جلجلان کہتے ہیں۔
کَزَمَ (ن) کَزْمًا. منہ بند کرنا اور چپ رہنا۔ الْجَوْزَۃَ وَنَحْوَھَا: اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا ۵ سخت دانت کاٹنا۔
کَزِمَ (س) کَزَمًا. بخیل ہونا۔ بہت کھانے والا ہونا۔ چھوٹی ناک یا انگلی والا ہونا۔ صفت اَکْزَمُ. پیش قدمی سے ڈرنا۔
کَزَمَ الْبَرْدُ اَصَابِعَہٗ: سردی کا انگلیوں کو سکڑا دینا۔

اَکْزَم. سَکِرَنا عَنِ الطَّعَام: بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔
تَکَزَّمَ الفَاکِہَۃَ: میوہ بغیر چھیلے ہوئے کھانا۔
الکَزَم. تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔
الکَزَم. بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی۔ کہا جاتا ہے "فِی یَدِہٖ کَزَم" جبکہ افعالِ خیر کے لیے ہاتھ نہ کھلے۔
الکَزِم مِنَ الرِّجَال: بزدل خائف مرد۔
الکَزْمَان مِنَ الرِّجَال: اتنا کھانے والا کہ ناپسند کرنے لگے۔
المُتَکَزِّم. چھوٹی ہتھیلی اور قدم والا۔
کَزَیٰ یَکْزِیٰ کَزْیًا. اپنے آزاد کردہ سے احسان کرنا۔
کَسَّ (ن) کَسًّا الشَّیْءَ: باریک کوٹنا۔
کَسَّ (س) کَسَسًا. چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا۔ صفت اَکَسّ مؤنث کَسَّاء ج کُسّ.
الکَسّ. اندامِ نہانی۔
الکَسِیْس. ٹوٹی ہوئی روٹی، شکر اور بقول بعض جو اور چینا سے بنی ہوئی شراب۔ کھجور کی نبیذ۔ خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ کے سفر میں لے جاتے ہیں۔
المَکْسُوْس. مع ٹوٹی ہوئی روٹی۔
کَسَأَہٗ (ف) کَسْأً. پیچھا کرنا۔ کَسَأَ الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو ہانکنا القَوْمَ: خصومت میں غالب آنا ہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔
الکُسْء. مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔
الکُسْءُ والکُسُؤُ مِن کُلِّ شَیْءٍ: پچھلا حصہ ج اَکْسَاء. کہا جاتا ہے "رَکِبَ کُسْأَہٗ" یعنی وہ گدی کے بل گرا "واَتَیْنَا فِی اَکْسَاءِ الشَّہْرِ" یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے "وَمَرُّوْا فِیْ اَکْسَاءِ المُنْہَزِمِیْنَ او عَلٰی اَکْسَائِہِمْ" یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشان قدم پر اور ان کے پیچھے گئے۔
کَسَبَ (ض) کَسْبًا وکِسْبًا وتَکَسَّبَ واکْتَسَبَ مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرنا۔ طلب کرنا۔ کمائی کرنا۔ کَسَبَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کَسَبَ الاِثْمَ: گناہ اٹھانا لِاَھْلِہٖ: کمائی کرنا۔
کَسَّبَ وکَسَبَ واکْسَبَ فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا مال یا علم حاصل کرانا۔
اِسْتَکْسَبَ وتَکَسَّبَ فُلَانًا: کمائی کرانا۔
تَکَسَّبَ الرَّجُلُ کمانے کی کوشش کرنا۔
الکَسْب. مص۔ کمائی۔
الکِسْبَۃ والکَسِبَۃ. کمائی۔
الکَاسِب. فا۔ ابو کاسب: بھیڑیا۔
الکَاسِبَۃ. کاسب کا مؤنث ج کَوَاسِب
الکَوَاسِب: انسان یا پرندہ کے جسم کے جوڑ۔ شکاری جانور۔
الکَسُوْب والکَسَّاب. بہت کمائی کرنے والا۔
المَکْسَب والمَکْسِب والمَکْسِبَۃ. کمائی۔
اَلْکُسْتَنَا: ایک معروف درخت شاہ بلوط۔ ابو فروہ۔ اس کے پھلوں کو بھون کر کھایا جاتا ہے۔ کُسْتَنَۃُ الحِصَان او قَسْطَلَۃُ الحِصَان. سفید پھولوں والا کڑوے پھلوں والا درخت۔
الکَسَّاب. بھیڑیا۔
الکُسْب. کھلی۔
الکُسْبُج. کھلی۔
الکُسْبُر. ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَسَابِر
الکُسْبُرَۃ دھنیا۔
کَسَحَ (ف) کَسْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ کَسَحَتِ الرِّیْحُ الاَرْضَ: ہوا کا مٹی کو اڑا لے جانا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْنَا بَنِیْ فُلَانٍ فَکَسَحْنَاھُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔
کَسِحَ (س) کَسَحًا. ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَح ج کُسْحَان کہا جاتا ہے "مَا اَکْسَحَہٗ" کس قدر بوجھل ہے۔
کَاسَحَہٗ مُکَاسَحَۃً. بہت سخت جھگڑا کرنا۔
اِکْتَسَحَ الشَّیْءَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغَارُوْا عَلَیْھِمْ فَاکْتَسَحُوْھُمْ" یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔
الکَسْح مص۔ عاجزی۔
الکُسَاحَۃ. کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
الکَسِح. وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔
الاَکْسَح. ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج کُسْحَان.
الکَسِیْح والکُسَیْح والکُسْحَان ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔
الکُسَاح. اونٹوں کا ایک مرض۔
المِکْسَحَۃ. جھاڑو۔
المُکَسَّح. چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُوْدٌ مُکَسَّح.
المَکْسُوْح. مع جَمَلٌ مَکْسُوْحٌ: سخت لنگڑا اونٹ۔
کَسْحَبَ کَسْحَبَۃً ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔
کَسَدَ وکَسُدَ (ن) کَسَادًا وکُسُوْدًا الشَّیْءُ: خواہش مندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ کَسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شیٔ کی صفت کَاسِدٌ وکَسِیْدٌ اور سوق کی صفت کَاسِدٌ وکَاسِدَۃٌ واَکْسُدُ.
اَکْسَدَ القَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔
اَکْسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔
اَکْسَدَ الشَّیْءَ: غیر رائج بنانا۔
اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا۔
الکُسْد. قسط (ایک دوا کا نام)
الکَسِیْد. مندا۔ گھٹیا۔
کَسَرَ (ض) کَسْرًا العُوْدَ وکُلَّ صُلْبٍ:

توڑنا۔
العَسْکَرَ: لشکر کو شکست دینا الوَصِیَّۃَ: وصیت منسوخ کرنا الشِعْرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا الطَائِرُ جُنَاحَیْہِ: پرندہ کا اترنے کے لیے پروں کو سمیٹنا الحَرْفَ: حرف کو زیر دینا الوِسَادَۃَ: تکیہ کو موڑنا اور لب لگانا المَتَاعَ: سامان ایک ایک کر کے بیچنا۔ کَسَرَ مِنْ طَرفِہٖ وعَلٰی طَرْفِہٖ: نگاہ پست کرنا فُلَانًا عَنْ مُرادِہٖ: پھیرنا۔

کَسَرَ (ض) کُسُوْرًا الطَائِرُ: پرندہ کا اترنے کیلئے پروں کو سمیٹنا۔

کَسِرَ (س) کَسَرًا. کاہل ہونا۔

کَسَّرَ بمعنی کَسَرَ. تشدید مبالغہ اور تکثیر کیلئے ہے وکَسَّرَتِ المرْاَۃُ ونحوھا النوْرَ عَلٰی کَذَا فَتَکَسَّرَ آئینہ نے فلاں چیز پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ کَسَّرَ الکَلِمَۃَ: جمع مکسر بنانا۔ اور کہا جاتا ہے "کَسَّرَ الکِتَابَ عَلٰی عِدَۃِ اَبْوَابٍ" کتاب کو چند ابواب پر منقسم کیا۔

تَکَسَّرَ. ٹوٹنا الشَیْئَ: توڑنا۔

اِنْکَسَرَ. ٹوٹنا العَسْکَرُ: لشکر کا شکست کھانا اور پراگندہ ہونا۔ صفت دونوں معنی کے لحاظ سے مکسور ہے اور منکسر نہیں کہا جاتا الحَرُّ: گرمی کم ہونا العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا نرم ہونا اور خمیر ہونا عَنِ الشَیْئِ: عاجز ہونا۔

اِکْتَسَرَ الشَیْئَ: توڑنا۔

الکَسْرُ. مص زیر کی حرکت۔ بہت کم فِی الحِسَابِ: ایک سے کم جیسے تہائی چوتھائی اور اس کے مقابلہ میں صحیح ہے ج کُسُوْرٌ وج کُسُوْرَات۔

الکِسْرُ والکَسْرُ. عضو کا جزو۔ ہڈی کا جز مع گوشت کے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ وھُوَ یُطْعِمُ النَاسَ مِنْ کُسُوْرِ الاِبِلِ" میں اس کے پاس آیا اور وہ لوگوں کو اونٹ کے اعضاء کھلا رہا تھا۔ کوٹھری کا ایک گوشہ۔ خیمہ کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو۔ گوشہ ج اَکْسَارٌ وکُسُوْرٌ. کُسُوْرُ الاَوْدِیَۃِ: وادی کے موڑ (اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں) "ھٰذِہٖ اَرْضٌ ذَاتُ کُسُوْرٍ" یہ زمین اونچی نیچی ہے۔

الکَسْرَۃُ کَسَرَ کا اسم مرۃ زیر کی حرکت۔ شکست۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ عَلَیْھِمُ الکَسْرَۃُ" یعنی شکست کھا گئے "وبِعَیْنِہٖ کَسْرَۃٌ مِنَ السَّھْرِ" یعنی اس کی آنکھ میں نیند کا غلبہ ہے۔ بیداری کی وجہ سے۔ ج کَسَرات اور کہا جاتا ہے "ھُوَ ذُوْ کَسَرَاتٍ وھَزَرَاتٍ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں نقصان ہوتا ہے۔

الکِسْرَۃُ ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج کِسَرٌ وکِسِرات وکِسَرات۔

کَسْرٰی وکِسْرٰی. شاہان فارس کا نام۔ ج اَکَاسِرَۃُ واَکَاسِر وکَسَاسِرَۃُ وکُسُوْرًا اور نسبت کے لیے کَسْرَوِیٌّ اگر کَسْرٰی کی طرف نسبت ہو اور اگر کِسْرٰی کی طرف ہو۔ کِسْرَوِیٌّ اِکْسِرِیٌّ۔

الکُسَارُ والکُسَارَۃُ مِنَ الحَطَبِ ونحوِہٖ: چورا۔ چھپٹی۔

الکَسِیْرُ. ٹوٹا ہوا۔ ج کَسْرٰی و کَسَارٰی۔

الاِکْسِیْرُ. وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنا دے۔

التَکْسِیْرُ ~ مص. والتَکْسِیْرُ عِنْدَ المُھَنْدِسِیْنَ: پیمائش۔

الکَاسِرُ. فا۔ ج کُسَّرٌ. عقاب۔ کہا جاتا ہے عُقَابٌ کَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کیے ہوئے جانور کو توڑ دینے والا عقاب۔

کَاسِرُ الحَجَرِ اَوِ القُلَبِ: پہاڑی علاقے کا پھول۔

الکَاسِرَۃُ کاسر کا مؤنث ج کَاسِرَات وکُسَّرٌ وکَوَاسِرُ الکَوَاسِرُ: شکاری پرندے۔

اَلتَکَسُّرُ (فی الطب): وہ حالت جو جسم میں کمزوری والی ٹھنڈک اور چمڑے اور پٹھوں میں بدحالی پیدا کر دے۔

اَلاِنْکِسَارُ (فلکیات): ایسی شعاع کی جہت میں تبدیلی جو شفاف مادے سے گزر کر دوسرے مادے کے وسط تک چلی جاتی ہے۔

الکَسَّارُ. اسم مبالغہ۔

المَکْسِرُ. توڑنے کی جگہ۔ مَکْسِرُ الشَجَرَۃِ: درخت کی جڑ یا درخت کا تنہ جہاں سے ٹہنیاں توڑی جائیں۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَیِّبُ المَکْسِرِ" فلاں آزمائش کے وقت اچھا ہے۔

المُکَاسِرُ مِنَ الجِیْرَانِ: پڑوسی جس کے مکان کا گوشہ تمہارے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ جَارِیْ مُکَاسِرِیْ" وہ میرا پڑوسی ہے کہ اس کے مکان کا گوشہ میرے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہے۔

المُکَسَّرُ. مف. المُکَسَّرُ مِنَ الاَوْدِیَۃِ: وادی جس کے موڑ بہہ رہے ہوں۔ الجمع المُکَسَّرُ: جمع سالم کی ضد۔ جس میں واحد وزن باقی نہ رہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ. مَسْجِدٌ سے مَسَاجِد۔

المَکْسُوْرُ. مف. صَوْتٌ مَکْسُوْرٌ: نرم و کمزور آواز۔

المُتَکَسِّرُ. فا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُہٗ مُتَکَسِّرًا" میں نے اس کو سست دیکھا۔

کَسَعَہٗ (ف) کَسْعًا. دھتکارنا۔ دھتکارتے ہوئے پیچھا کرنا۔ چوتڑوں پر ہاتھ یا لات مارنا۔ کَسَعَ السَفِیْنَۃَ فِی البَحْرِ: کشتی کو سمندر میں اتارنا اور چلانا۔ کَسَعَہٗ بِکَذَا: تابع بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَرَدَتِ الخَیْلُ یَکْسَعُ بَعْضُھَا بَعْضًا" گھوڑے آئے اس حال میں کہ بعض بعض کے پیچھے تھے "واتَّبَعَ فُلَانٌ اَدْبَارَھُمْ یَکْسَعُھُمْ بِالسَّیْفِ" فلاں ان کے پیچھے گیا اور تلوار سے ان کو دھتکار رہا تھا "کَسَعْتُ الرَجُلَ بِمَا سَاءَہٗ" جبکہ گفتگو کرے اور آخر میں ایسی بات کہے جو تکلیف دہ ہو۔

کَسَعَتْ واکْتَسَعَتِ الخَیْلُ بِاَذْنَابِھَا گھوڑوں کا ٹانگوں میں دم دبانا۔

تَکَسَّعَ فِیْ ضَلَالِه: گمراہی کی انتہا کو پہنچنا۔
الکَسَعُ فِی الخَیْلِ: گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے ارد گرد سفیدی۔
الکُسَعُ. روٹی کے ٹکڑے۔
الکُسْعَةُ. پیشانی پر سفید داغ۔ پرندہ کی دُم کے نیچے سفید پر۔ ج کُسَع. کام کرنے والے بیل۔ گدھے۔ غلام۔
الاَکْسَعُ. مِنَ الخَیْلِ: کھر کے پاس جوڑ کے ارد گرد سفیدی والا گھوڑا مِنَ الطَّیْرِ: دُم کے نیچے سفید پر والا پرندہ۔
رَجُلٌ مُکَسَّعٌ. بے بیاہا مرد۔
الکُسْعُوْم. گدھا۔
کَسَفَ (ض) کَسْفًا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا اللّٰهُ الشَّمْسَ او القَمَرَ: گہن لگانا بَصَرَہٗ: نگاہ پست کرنا الشَّمْسُ النُّجُوْمَ: آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا۔
الشَّیْءَ: ڈھانکنا۔ کَسَفَهُ الحُزْنُ وغَیْرُہٗ: غمگین کر دینا۔
کَسَفَتْ (ض) کُسُوْفًا الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا وَجْهُهٗ: تیوری چڑھنا۔ متغیر ہونا حَالُهٗ: بُرا ہونا۔ کَسَفَ اَمَلُهٗ: اُمید منقطع ہونا کَسَفَ بَالُهٗ: جی میں بُرا خیال آنا یا اُمید کا کھوٹا ہونا۔
تَکَسَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا۔
اِنْکَسَفَتِ الشَّمْسُ والقَمَرُ: آفتاب اور ماہتاب میں گہن لگنا۔
کَسَّفَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الکَسْفُ. مص عرب کے امثال سے ہے "اَکَسْفًا واِمْسَاکًا" یعنی کیا ترش روئی اور بخل بھی (یہ مثال ترش رو و بخیل کیلئے استعمال ہوتی ہے)
الکَاسِفُ. فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَاسِفُ البَالِ" یعنی فلاں بُرے حال والا ہے "وکَاسِفُ الوَجْهِ" ترش رو "ویَوْمٌ کَاسِفٌ" سخت و خوفناک دن "ورَجُلٌ کَاسِفٌ" غمگین مرد جو غم کی وجہ سے نڈھال ہو گیا ہو۔

الکِسْفَةُ. ٹکڑا ج کِسْفٌ وکِسَفٌ واَکْسَافٌ وکُسُوْفٌ.
الکَسِیْفَةُ ٹکڑا۔
الکَسْکَسَةُ. مص وقف کی حالت میں ک ضمیر مؤنث کے ساتھ سین ملانا جیسے بِکِس واکرمتکِس بک واکرمتکِ میں (یہ لغت بنو تمیم کی ہے)
الکُسْکُسُ. ایک کھانا ہے جو آٹے سے بنایا جاتا ہے۔
کَسِلَ (س) کَسَلًا وتَکَاسَلَ کاہل ہونا۔ جس کام سے سستی نہ کرنا چاہیے اس میں سستی کرنا۔ صفت کَسِلٌ وکَسْلَانُ ج کُسَالٰی و کَسَالٰی مؤنث کَسِلَةٌ وکَسْلَانَةٌ وکَسْلٰی.
کَسِلَ (س) کَسَلًا واَکْسَلَ. بے انزال کے جماع کرنا یا منی کو باہر گرانا۔
اَکْسَلَ الاَمْرُ فُلَانًا: کاہلی میں ڈالنا۔
الکَسَالَةُ بیکاری۔
الکَسُوْلُ. کاہل۔ ناز پروردہ لڑکی کے لیے وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔
الکِسْلُ والمِکْسَلُ. دُھنیا کے کمان کی تانت جبکہ اُتار دی جائے۔ نَسَبٌ مِکْسَلٌ: وہ نسب جسے سرداری اور افعالِ خیر میں خودداری نہ ہو۔
المِکْسَالُ کاہل (مذکر و مؤنث) ناز پروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ یہ اس کے لیے باعث مدح ہے۔
المَکْسَلَةُ. سبب کاہلی۔ کہا جاتا ہے "الشِّبَعُ مَکْسَلَةٌ" آسودگی باعث کاہلی ہے "فُلَانٌ لَا تُکْسِلُهُ المَکَاسِلُ" اسباب کاہلی فلاں کو کاہل نہیں بناتے۔
کَسَمَ (ض) کَسْمًا الیَابِسَ: خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا عَلٰی عِیَالِه: کمائی حاصل کرنے کے لیے محنت کرنا نَارَ الحَرْبِ: لڑائی بھڑکانا۔
الکُسْمُ. مص۔ خشک چیز کا چورہ جو تمہارے ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔

الکَسُوْمُ. گزرنے والا۔
الکَیْسُوْمُ. بہت گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ رَوْضَةٌ کَیْسُوْمٌ واَکْسُوْمٌ ویَکْسُوْمٌ" یہ سرسبز و شاداب اور گنجان باغ ہے۔
خَیْلٌ اَکَاسِمُ. بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔
کَسَا یَکْسُوْ کَسْوًا واَکْسَی الثَّوْبَ فُلَانًا: کپڑے پہنانا۔ کَسَاہُ شِعْرًا: اشعار سے مدح کرنا۔
کَسِیَ یَکْسٰی وکُسِیَ کَسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا کَسِیَ یَکْسٰی کَسَاءً: بزرگ ہونا۔
تَکَسّٰی تَکَسِّیًا بالکِسَاءِ: اوڑھنا۔ پہننا۔
کَاسٰی مُکَاسَاةً فُلَانًا: فخر کرنا۔
اِکْتَسٰی. لباس پہننا۔ اِکْتَسَتِ الاَرْضُ بالنَّبَاتِ: نباتات سے چھپ جانا۔ اِکْتَسَیْتُه ثَوْبًا: کپڑے پہنانا۔
اِسْتَکْسٰی فُلَانًا: کسی سے لباس مانگنا۔
الکَاسِی. فا۔ لباس پہننے والا۔ ج کُسَاۃ
الکَسَاءُ. بزرگی و شرف۔
الکِسَاءُ. کپڑا۔ کمبل۔ ج اَکْسِیَۃ.
الکُسْوَۃُ والکِسْوَۃُ لباس۔ ج کُسًی وکِسًی.
الاَکْسٰی. بہت پہننے والا۔ بہت لباس دینے والا۔ عرب کے امثال میں سے ہے "هُوَ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَةٍ" اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔
الکُسٰی چوتڑ کا پچھلا حصہ۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ ج اَکْسَاءٌ. کہا جاتا ہے "رَکِبَ اَکْسَاءَہٗ" وہ گدی کے بل گرا۔
کَشَّ (ض) کَشًّا وکَشِیْشًا الزَّنْدُ: آگ نکلتے وقت سائیں سائیں کی آواز نکلنا الجَرَّۃُ: شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔
کَشَّتْ کَشِیْشًا الحَیَّةُ: سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ کَشَّ الجَمَلُ: اُونٹ کا پہلی مرتبہ بڑبڑانا البَقَرَۃُ: گائے کا آواز نکالنا (کَشًّا) الرَّجُلَ وغَیْرَہٗ: دھتکارنا۔ ڈانٹنا

تکاشَتِ الأفاعی: سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔

الکشّ. وہ چیز جس سے درخت خرما کو گابھا دیا جائے۔

الکُشّۃ. پیشانی یا سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا گچھا۔

الکَشِیش. س۔ شراب کے جوش کی آواز۔

کَشَأ(ف) کَشْأً الشَیئَ: چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا فُلَانًا بالسَّیفِ تلوار سے مارنا (واکتشأ) اللحم: گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی کَشِیٌٔ وکَشَأَ الرَّجُلُ: بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ کَشَأَ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔

کَشِئَ(س) کَشَأً وکَشَاءً یَدُہٗ: ہاتھ پھٹنا۔ جھری دار ہونا۔

کَشَأَ وکَشِیَٔ کَشَأً وکَشَاء وتَکَشَّأَ الرَّجُلُ مِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت کَشِیٌٔ وکَشِیٌٔ. تَکَشَّأَ الشَّیئُ: چھل جانا اللَّحْمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

کَشَّأَ تَکْشِئَۃَ اللَّحْمِ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

الکُشَأۃ عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی جَسَدِہٖ کُشَأۃ" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔

کَشَبَ(ض) کَشْبًا وکَشَّبَ اللَّحْمَ: گوشت بہت کھانا۔

الکُشْبُان انگشتانہ ج کَشَاتِیْبَ. وزَہْرُ الکُشْبُان ایک قسم کی نباتات۔

الکُشُوْث والکُشُوْثِی والکَشُوْثَی والکُشُوْثَاء. ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔

کَشَحَ(ف) کَشْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا القَوْمَ: پراگندہ کرنا؛ دھتکارنا عَنِ المَاءِ پانی پر سے واپس ہونا لَہٗ بالعَدَاوَۃ: دشمنی کرنا الدَّابَّۃُ چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دُم دبانا الطَّائِرُ پرندہ کا تیز واپس آنا الظَّلَامُ او الضَّوْءُ تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا (و) کَشَّحَ العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھال اُتارنا البَعِیرَ: اُونٹ کے پہلو میں داغ لگانا ۃ: پہلو پر داغ دینا۔

کُشِحَ الرَّجُلُ: پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَکْشُوْح. کُشِحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

کَشِحَ(س) کَشَحًا درد پہلو والا ہونا۔

کَاشَحَ کِشَاحًا ومُکَاشَحَۃً فُلَانًا بالعَدَاوَۃ دشمنی رکھنا۔

اِنْکَشَحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

تَکَشَّحَ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

الکَشْح. س۔ پہلو۔ ج کُشُوْح. کہا جاتا ہے "طَوَی کَشْحَہٗ عَنْ فُلَانٍ او طَوَی کَشْحًا عَنْہُ" یعنی اس نے پہلو تہی کی اور اعراض کیا "وطَوَی کَشْحَہ عَلَی الأَمْرِ" اس نے کام پر مداومت کی۔

الکُشَاح. پہلو کی بیماری جس کا علاج داغ لگانا ہے اور بقول بعض ذات الجنب کو کہتے ہیں۔

الکَاشِح. فا۔ پوشیدہ دشمنی رکھنے والا۔ اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بنا پر پہلو تہی کرے یا وہ جو تم سے دُوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔

الکِشَاح. پہلو کا داغ۔

الکُشَاحَۃ باطنی عداوت۔

المِکْشَح والمِکْشَاح. تلوار کی دھار۔

المِکْشَاح. کلہاڑا۔

کَشَدَ(ض) کَشْدًا الشَیئَ دانتوں سے کاٹنا النَّاقَۃَ اُونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔

اَکْشَدَ. خالص مکھن بنانا۔

الکُشْدَۃ. مکھن۔

الکَاشِد والکَشُوْد والکُشُد اہل وعیال کیلئے بہت محنت سے کمانے والا۔ ج کُشُد.

کَشَرَ(ض) کَشْرًا عَنْ أَسْنَانِہٖ: ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اسم الکِشْرَۃ السَّبُعُ عَنْ نَابِہٖ: درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا۔ فُلَانٌ لَہٗ: چیتے جیسا بننا۔

کَشِرَ(س) کَشَرًا بھاگنا۔

کَشَّرَ عَنْ اَسْنَانِہٖ: بمعنی کَشَرَ تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔

کَاشَرَہٗ مُکَاشَرَۃً. باہم ہنسنا۔ باہم دانت نکالنا۔

اَکْشَرَ لَہٗ عَنْ اَنْیَابِہٖ دھمکی دینا۔

تَکَشَّرَ دانت نکالنا۔

الکَشْر. س۔ سوکھی روٹی۔

الکُشَر انگور کا خوشہ جس کے انگور کھائے جا چکے ہوں۔

المُکَاشِر. فا۔ الجَارُ المُکَاشِرُ: قریبی پڑوسی۔

کَشَطَ (ض) کَشْطًا واسْتَکْشَطَ الشَّیئَ: ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ کَشَطَ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ والغِطَاءَ عَنِ الشَّیئِ: جھول کر گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اُتارنا۔ ننگا کرنا الحَرْفَ: موقع سے ہٹا دینا۔ وکَشَطَ البَعِیْرَ: اُونٹ کی کھال اُتارنا واسْتَکْشَطَ البَعِیْرُ: کھال اُتارنے کا وقت قریب ہونا۔

تَکَشَّطَ السَّحَابُ فِی السَّمَاءِ: آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

اِنْکَشَطَ. اُتارا جانا۔ ننگا ہونا الرَّوْعُ: خوف زائل ہونا۔

الکَشَّاط. قصائی۔

الکِشَاط انکشاف۔ اُتری ہوئی کھال۔

الکُشَاطَۃ کھال اُتری ہوئی اُونٹوں کے مالکین۔

کَشَعَ(ف) کَشْعًا القَوْمُ عَنْ قَتِیْلٍ: قوم کا مقتول سے متفرق وپراگندہ ہونا۔

کَشِعَ(س) کَشَعًا. بددل ہونا۔ زچ ہونا۔

کَشَفَ (ض) کَشْفًا وکَاشِفَۃً الشَّیئَ وعَنِ الشَّیئِ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰہُ غَمَّہٗ" اللہ اس کے غم کو زائل کرے "وکَشَفَتْہُ الکَوَاشِفُ" یعنی رُسوا کر دیا۔

کَشَفَ(س) کَشَفًا شکست کھانا الرَّجُلُ او الفَرسُ کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔
کَشَّفَ الشَّيْ کھولنا۔ ظاہر کرنا فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔
کَاشَفَهٗ بِکَذَا خبردار کرنا ہٗ بِالعَدَاوَۃِ کھلی کھلی دشمنی کرنا۔
اَکشَفَ ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا۔
اِنْکَشَفَ الشَّيْ ظاہر ہونا۔
تَکَشَّفَ الشَّيْ ظاہر ہونا البَرْقُ بجلی کا آسمان پر پھیلنا الرَّجُلُ رُسوا ہونا۔
تَکَاشَفَ القَوْمُ ایک دوسرے کے عیوب کو ظاہر کرنا۔
اِکْتَشَفَ الشَّيْ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اور اسی سے ہے "الاِکْتِشَافَات" ان نئی تحقیقات کیلئے جو امورِ طبعیہ وصناعیہ میں ظاہر ہوں۔
اِسْتَکْشَفَ عَنِ الشَّيْ ظاہر کرنے کو کہنا۔
الکَشْفُ مص عند العروضیین ساتویں متحرک کا گرا دینا۔
اَلْکَشْفُ وہ کاغذ جس میں سامان تجارت کی مقدار اور اس پر معاوضہ ادائیگی تحریر کیا جاتا ہے۔
اَلْکَشْفُ الاِلٰهِی: عِنْدَالصُّوفِیِّیْن جب صوفی ولی اللہ مخصوص طرق عبادت اختیار کرے تو اس پر حقائق الٰہیہ منکشف ہو جاتے ہیں۔ اصحاب الکشف ان ہی حضرات کو کہا جاتا ہے جن پر کشف ہوتا ہے۔
الکَشَفُ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔ والکشف فِي الخَيْلِ دُم کے بالوں کی پیچیدگی۔
الکَشَفَة سر کے اگلے حصہ میں بال گرنے کی جگہ۔
الکَاشِف فا۔ ج کَشَفَة
الکَاشِفَة مص۔ کاشف کا مؤنث۔ رُسوائی ج کَوَاشِف
الکَشَّاف اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَشَّافُ الغمم" وہ غموں کا زائل کرنے والا ہے۔

الاَکْشَف جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔ گھوڑا جس کی دُم کے بالوں میں پیچیدگی ہو۔ وہ شخص جس کے پاس لڑائی میں نہ ڈھال ہو نہ خود ہو۔ لڑائی میں شکست خوردہ۔
الکَشْفَاء اکشف کا مؤنث۔
الکَشِیْف بمعنی مَکْشُوْف کھلا ہوا۔ ظاہر۔
الکَشْك جو کا پانی۔ آش جو۔
الکَشْك عِنْدَ عامتنا ایک قسم کا کھانا جو موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے بعد پکایا جاتا ہے الکَشْك گنبد دار محل (دخیل)
کَشْکَش کَشْکَشَةً بھاگنا۔ کَشْکَشَتِ الحَيَّةُ سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔
الکَشْکَشَة مص ضمیر خطاب مؤنث کو شین سے بدل لینا۔ جیسے اَکْرَمْتُش وعَلَيْش اَکْرَمْتُك وعَلَيْكِ میں۔
الکَشْکُوْل والکَشْکُوْلَة بھکاریوں کا چنبل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے اس لیے کہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔
کَشَمَ(ن) کَشْمًا وکَشَّمَ واکْتَشَمَ الاَنْفَ ناک جڑ سے کاٹنا۔
کَشِمَ(س) کَشَمًا پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا۔ صفت اَکْشَم
کَشَمَ(ض) کَشْمًا القِثَّاءَ او الجَزَرَ ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔
اَنْفٌ کَشِمٌ و اَکْشَمُ جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔
الکَشَم والاَکْشَم تیندوا۔ کَشْمَرَ رونے کے لیے آمادہ ہونا اَنْفَهٗ ناک توڑ دینا۔
الکِشْمِش کشمش واحد کِشْمِشَة
کَشَاهٗ یَکْشُوْهٗ کَشْوًا دانتوں سے کاٹ کھانا۔
الکُشْيَة گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دُم کی جڑ۔ ج کُشًی

کَصَّ(ض) کَصًّا القَوْمُ اکٹھا ہونا (کَصِيْصًا) المَاءُ بِالنَّاسِ پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا (کَصًّا وکَصِيْصًا) الصَّوْتُ آواز باریک ہونا۔
اَکَصَّ بھاگنا اور شکست کھانا۔
تَکَاصَّ واِکْتَصَّ القَوْمُ اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔
الکَصِيْص مص شدتِ مشقت کی وجہ سے پیچ وتاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ٹڈی کی آواز۔ موٹا پستہ قد مرد۔ مکروہ۔
الکَصِيْصَة جماعت۔ ہرن کے پھنسانے کا پھندا۔ ج کَصَائِص
کَصْکَص تیز چلنا۔
کَصَمَ(ض) کُصُوْمًا پشت پھیرنا۔ پیٹھ دکھانا (کَصْمًا) دانتوں سے کاٹنا۔ الرَّجُلَ سختی سے ہٹانا۔
کَصَی یَکْصِي کَصْيًا رفعت کے بعد خسیس ہونا۔
کَضَلَ(ن) کَظْلًا ہٹانا۔ دور پھینکنا۔
کَظَّ(ن) کَظًّا الطَّعَامُ فُلَانًا زیادہ بھرنے سے سانس نہ لینے دینا الغَيْظُ صَدْرَهٗ: سخت غضبناک ہونا الحَبْلَ رسی باندھنا۔ خَصْمَه: چاروں طرف سے گھیر دینا (کَظَاظًا وکَظَاظَةً الاَمْرُ فُلَانًا) غمگین کرنا۔ مبتلائے کرب کرنا۔ بوجھل کرنا المَسِيْلُ بِالمَاءِ پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا۔
کَاظَّهٗ کِظَاظًا ومُکَاظَّةً جنگ میں سخت اور جم کر مقابلہ کرنا۔
تَکَاظَّ القَوْمُ میدانِ جنگ کو تنگ کرنا۔ دشمنی میں حد سے گزرنا۔
اِکْتَظَّ مِنَ الطَّعَامِ سانس نہ لے سکنے کی حد تک بھر لینا المَسِيْلُ بِالمَاءِ پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا المَحَلُّ لوگوں سے بھر جانا اِکْتَظَّهُ الغَيْظُ سینہ کا غصہ سے بھر جانا۔
الکِظَّة بدہضمی۔ زیادہ پیٹ بھر جانے کی

تکلیف۔

الکِظَاظ ۔س۔ تھکن۔ سختی۔ غم جو دل کو بھر دے۔ عداوت۔

الکِظُّ ۔س کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کِظٌّ" سخت گیر مرد (والکِظِّیظ والمُکَظِّظ والمَکْظُوْظ) وہ شخص جس کو اُمور گرانبار کر دیں اور وہ عاجز ہو جائے۔ بہت زیادہ غضبناک۔

الکَظِیظ والمَکْظُوْظ: کھانے سے بھرا ہوا۔ شکم سیر۔

الکَظِیْظ. بھیڑ۔ انبوہ۔ کہا جاتا ہے "عَلَی بَابِ فُلَانٍ کَظِیْظٌ" فلاں کے دروازہ پر بھیڑ ہے۔

طَعَامٌ مُکِظَّةٌ. بدہضمی والا کھانا۔

کَظَبَ (ن) کُظُوْبًا. بہت موٹا ہونا۔

کَظَرَ (ن) کَظْرًا. القَوْسَ: کمان کے کنارے پر تانت لگانے کے لیے دندانہ بنانا الزَنْدَةَ: چقماق سے دندانہ بنانا۔

الکُظْر. کمان کے کناروں پر تانت کا حلقہ لگانے کی جگہ۔ گردہ کی چربی (والکُظْرَة) ردہ کی جگہ جب کہ گردے نکال لیے جائیں۔

الکِظْر ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کی جگہ۔

کَظَمَ (ض) کَظْمًا البَابَ: دروازہ بند کرنا النَهرَ: نہر کو روکنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا اور مُنہ باندھنا البَعِیْرَ بالکِظَامَةِ: اُونٹ کو نکیل لگانا الشَّیْءَ و عَلَی الشَّیْءِ: روکنا کُظُوْمًا البَعِیْرُ: اُونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَظَمَ فُلَانٌ عَلَی جِرَّتِهِ" یعنی فلاں کے پیٹ میں بات پچتی نہیں (کَظْمًا و کُظُوْمًا) غَیْظَه: غصہ نگل جانا۔

کُظِمَ کُظُوْمًا. خاموش رہنا۔

الکَظَم. سانس کی نالی۔ ج اَکْظَام و کِظَام کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکَظَمِه" یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔

الکِظَام. بند کرنے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکِظَامِ الاَمْرِ" یعنی اس نے بھروسہ کے لائق چیز کو اختیار کیا۔

الکِظَامَة. وادی کا دہانہ۔ اُونٹ کی نکیل۔ ترازو کی رسیوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ الخُیُوْطَ فِي کِظَامَتَی المِیزَانِ" یعنی اس نے ترازو کی ڈنڈی کے دونوں حلقوں میں دھاگے باندھ دیئے الکِظَامَة: زمین کے اندر پانی کی نالی۔ کِظَامَةُ البَابِ: دروازہ بند کرنے کی چیز (والکَظِیمَة) دو قریب قریب کنوؤں کے درمیان نالی۔

الکَظِیْمَة: توشہ دان۔ ج کَظَائِم.

الکَاظِم. فا۔ خاموش۔ ج کُظَّم. بَعِیْرٌ کَاظِمٌ پیاسا اُونٹ۔

اِبِلٌ کُظُوْم. اُونٹ جو جگالی نہ کرے۔

الکَظِیْم والمَکْظُوْم. مصیبت زدہ۔

الکَظِیْم: دروازہ بند کرنے کی چیز۔

کَظَا یَکْظُوْ کَظْوًا لَحمُهٗ: گوشت سخت ہونا۔

تَکَظَّی لَحمُهٗ سَمَنًا: موٹائی کی وجہ سے گوشت کا بلند ہونا۔

اَرْضٌ کَاظِیَة خشک زمین۔

کَعَّ (ن ض) کَعًّا و کُعُوْعًا و کَعَاعَةً و کَیْعُوْعَةً. کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔

اَکَعَّ فُلَانًا: خوف دلانا۔ بزدل بنانا فِي کَلَامِه: کلام میں رکنا الخَوْفُ فُلَانًا: ارادہ سے باز رکھنا۔

الکَعُّ والکَاعُّ. کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَعُّ الوَجْهِ" فلاں سبک رخسار ہے۔

کَعَبَت (ن ض) کُعُوْبًا و کُعُوْبَةً و کَعَابَةً الجَارِیَةُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔ صفت کَعَاب و کَاعِب.

کَعَبَ (ف) کُعُوْبًا الثَّدْیُ: پستان اُبھرنا۔

(کَعْبًا) الإنَاءَ: برتن بھرنا فُلَانًا: خشک چیز مثلاً سر وغیرہ پر مارنا۔

کَعَّبَ الإنَاءَ: برتن بھرنا الشَّیْءَ: چوکور بنانا۔ کَعَّبَتِ الجَارِیَةُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔

اَنْکَعَبَ. دوڑنا۔

الکَعْب. دو پوروں کے درمیان کی گرہ۔ نیزہ کی گرہ۔ ہر بلند و مرتفع چیز۔ بزرگی و شرف ج کُعُوب. کہا جاتا ہے "اَعْلَی اللّٰهُ کَعْبَهُمْ" اللہ ان کی شان کو بلند کرے۔ و "ذَهَبَ کَعْبُهُمْ" ان کی عزت تباہ ہوگئی و "رَجُلٌ عَالِی الکَعْبِ" مرد بڑی بزرگی والا۔

الکَعْب: پانسہ۔ گھی کا ٹکڑا۔ برتن کا باقی ماندہ دودھ ج کِعَبٌ و کِعَاب. و الکَعْبُ فِي عِلْمِ الهَنْدَسَةِ: مربع جسم۔ الکَعْب: ہڈیوں کا جوڑ۔ قدم کے اوپر اُبھری ہوئی ہڈی۔ ٹخنے۔ ج کِعَاب و کُعُوْبٌ و اَکْعُبٌ.

الکِعَاب. نرد کے مہرے۔ واحد کَعْبٌ و کَعْبَة.

تَکْعِیْب عَدَدٍ مَا: تین برابر اعداد کا حاصل ضرب جیسے ۶ کا کعب ۲۱۶=۶x۶x۶

الکُعْب. اُبھری ہوئی پستان۔

الکَعْبَة. نرد کا مہرہ۔ ہر چوکور مکان۔ جھروکہ۔ بیت اللہ الحرام۔ ج کِعَاب و کَعَبَات.

الکُعْبَة. دوشیزگی۔

جَارِیَةٌ کَعَابٌ و مُکَعَّبٌ. اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ مُکَعَّبٌ".

الکَاعِبُ. مِنَ الجَوَارِی والثُّدِیِّ: اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی یا اُبھری ہوئی پستان ج کَوَاعِب.

المُکَعَّب. مربع جسم۔ وہ جسم جس کی چھ سطحیں ہوں اور لمبائی چوڑائی موٹائی سب برابر ہو۔ وَفِي الحِسَابِ مُکَعَّبُ العَدَدِ: چوگنے کا حاصل ضرب۔ جیسے آٹھ دو کا مکعب ہے۔ ثَدْیٌ مُکَعَّبٌ: اُبھری ہوئی پستان (یہ نادر ہے)

مُکَعَّبَة. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی کھجور کے لیے زنبیل۔

کَعْبَرَهٗ کَعْبَرَةً بالسَّیفِ: تلوار سے کاٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔

الکَعْبَرَة س مِنَ النِّسَاءِ: عجمی اُکھڑ عورت۔

الکُعْبُر مِنَ العَسَلِ: شہد کے چھتہ میں جو

جمع ہو۔
الكُعْبُرَةُ سخت گرہ دار ہڈی۔ بند وست۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ہر جمع شدہ چیز۔ سر کی جڑ۔ موٹا سرین۔ گیہوں کا کوڑا کرکٹ جو صاف کرتے وقت پھینک دیا جائے۔ پاخانہ جو اُونٹ کی دُم پر خشک ہو جائے۔ كُعْبُرَةُ الْكَتِفِ مونڈھے کا گول حصّہ۔ كُعْبُرَةُ الْوَظِيْفِ پنڈلی کے نچلے حصّہ کے ملنے کی جگہ۔ ج كَعَابِر. الكَعَابِرُ: ہڈیوں کے سرے۔

الكُعْبُوْرَةُ گرہ۔ جمع شدہ۔ غلّہ میں سے جو پھینک دیا جائے۔ ج كَعَابِيْر.

أَكْعَتَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بیٹھنا۔ غصّہ سے پھولنا۔

الكُعْت پستہ قد مرد۔ مؤنث كُعْتَةٌ.

الكُعْتَة شیشی کا سر بند۔

كَعْتَرَ تیز چلنا۔ تیز دوڑنا فِيْ مَشْيِهِ: مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

الكُعْتُر چڑیا کی مانند ایک پرندہ۔

الكَعْد گون۔

الكَعْدَة شیشی کا سر بند۔

الكُعْذُب فرومایہ۔ بے مروت مرد۔

الكُعْذُبَة پانی کا بلبلہ۔

كَعِرَ (س) كَعَرًا الصَّبِيُّ: پر شکم ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت كَعِرٌ. كَعِرَ الْبَطْنُ: پیٹ بھرنا۔ موٹا ہونا۔ (و كَعَّرَ و اَكْعَرَ) الْبَعِيْرُ: اُونٹ کے کوہان میں گرہ دار چربی ہونا۔

كَعَرَ يَكْعَرُ كَعْرًا ملامت کرنا۔

الكُعْر کوہان۔

الكُعْرَة غدود کے مانند گوشت میں گرہ دار چربی۔

الكُعْوَرَة بڑی ناک والا۔

كَعَزَ (ف) كَعْزًا انگلیوں سے چننا۔

الكُعْس ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈی۔ گائے اور بکری کے پائے کی ہڈی۔ ج كِعَاس.

كَعْسَبَ كَعْسَبَةً. الرَّجُلُ: دوڑنا۔ بھاگنا۔ تیز چلنا۔ مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

كَعْسَمَ كَعْسَمَةً. پیٹھ دے کر بھاگنا۔

الكُعْسُم گورخر۔ ج كَعَاسِم.

كَعْطَلَ كَعْطَلَةً تیز دوڑنا بِيَدِهِ: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔

الكَعْيَظ و الْمُكَعْظ پستہ قد۔ موٹا مرد۔

كَعْظَلَ كَعْظَلَةً تیز دوڑنا۔ آہستہ دوڑنا۔ بِيَدِهِ انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔

الكَعْك کیک۔ واحد كَعْكَة. ج كَعْكَات (دخیل)

تَكَعَّلَ التَّمْرُ و نَحْوُهُ: ایک دوسرے کے ساتھ گتھا ہوا ہونا۔

الكُعَل بخیل مالدار۔ پاخانہ گوبر (و الكُعَل) کالا پستہ قد مرد۔

المُكَعَّل غصّہ سے پھولا ہوا۔ چوتڑوں کو حرکت دینے والا۔

كَعَمَ (ف) كَعْمًا الوِعَاءَ: برتن کا منہ باندھنا۔ الْبَعِيْرَ: اُونٹ کو تھوتھنی لگانا الخَوْفُ فُلَانًا: ہٹانا الْمَرْأَةَ: عورت کا بوسہ لینا۔

الكِعْم ہتھیار کا کیس۔ نیام۔ ج كِعَام.

الكِعَام ج كُعُم و الكِعَامَة. تھوتھنی جس سے اُونٹ کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

كُعُوْمُ الطَّرِيْقِ: راستہ کے دہانے۔

بَعِيْرٌ مَكْعُوْمٌ تھوتھنی چڑھایا ہوا اُونٹ۔

اَكْعَنَ الرَّجُلُ: سست ہونا۔ نشاط میں کمی ہونا۔

تَيْسٌ مُكَعْنَبُ الْقَرْنِ: پیچیدہ سینگ والا بکرا۔

تَكَعْنَشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا جال میں پھنسنا۔ فُلَانٌ فِي الشَّيْءِ: مستغرق ہونا۔

كَعَا يَكْعُو كَعْوًا. بزدل ہونا۔

الكَاعِي. فا۔ شکست خوردہ۔

الاَكْعَاء. بزدل لوگ۔

الْكُعْوَةُ: وہ جو کفایت کرے۔

الكَاغِد و الكَاغَد. کاغذ۔

الكَاغِدِيّ. کاغذ بیچنے والا۔

كَفَّ (ن) كَفًّا و كَفَافَةً. الثَّوْبَ: لنگر کرنے کے بعد دوبارہ سینا (كَفًّا) الْإِنَاءَ: برتن کو بہت بھرنا الشَّيْءَ: جمع کرنا رِجْلَهُ: پیر میں چیتھڑا لپیٹنا الْقَبِيْلَةَ: قبیلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا مَاءَ وَجْهِهِ: آبرو بچانا اور سوال کرنے سے رکنا عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا هُ عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا (كُفُوْفًا) النَّاقَةُ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے چھوٹے دانت والی ہونا۔

كُفَّ و كُفِفَ. بَصَرُهُ: اندھا ہونا۔

تَكَفَّفَ النَّاسَ: لوگوں سے مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا الرَّجُلُ: ہاتھ میں لینا یا مٹھی بھر کھانا مانگنا۔ یا بھوک روکنے کے لائق مانگنا۔ عَنِ الْاَمْرِ: چھوڑنا دَمْعُهُ: آنسو کا رکنا۔

تَكَافَّ عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو روکنا۔

اِنْكَفَّ. باز رہنا عَنِ الْمَكَانِ: چھوڑنا۔

اِسْتَكَفَّ الشَّيْءَ: ہاتھ میں لینا النَّاسَ: مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا هُ عَنِ الشَّيْءِ: رکنے کی لیے کہنا النَّاسُ حَوْلَهُ: دیکھنے کے لیے احاطہ کرنا۔ اِسْتَكَفَّتِ الْحَيَّةُ: کنڈلی مارنا النَّاظِرُ: دھوپ سے بچنے والے کی طرح بھوؤں پر ہاتھ رکھنا عَيْنَهُ: دیکھنے کے لیے آنکھ پر ہاتھ کا سایہ کرنا۔ اِسْتَكْفَفْتُ عَيْنَهُ: ہاتھ کے نیچے سے دیکھنا فُلَانٌ بِالصَّدَقَةِ: صدقہ مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا بِهِ النَّاسُ: احاطہ کرنا الشَّعْرُ: بال بکثرت ہونا الشَّيْءُ: گول ہونا۔

الكَفّ. س۔ ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے (مؤنث) ج اَكُفٌّ و كُفُوْفٌ و كُفٌّ. كَفُّ السَّبْعِ و كَفُّ الْكَلْبِ و كَفُّ الذِّئْبِ و كَفُّ مَرْيَمَ و كَفُّ آدَمَ و كَفُّ الْاَسَدِ و كَفُّ الضَّبُعِ و كَفُّ الْقِرْدِ و كَفُّ الْاَجْذَمِ و كَفُّ الْجَذْمَاءِ و كَفُّ عَائِشَةَ: گھاس کی قسمیں۔ الكَفُّ: نعمت عِنْدَ الْعُرُوْضِيِّيْنَ: ساتویں حرف ساکن کا ساقط کردینا جیسے فَاعِلَاتُنْ کانون۔

الكَفَّة كف کا اسم مرۃ۔ كَفَّةُ الْمِيْزَانِ.

ترازو کا پلڑا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُه كَفَّةً كَفَّةً" بنی بر فتحہ و كَفَّةً لِكَفَّةٍ و كَفَّةً عَنْ كَفَّةٍ یعنی میں نے اس کو رو در رو دیکھا۔

الكِفَّة. ہر گول چیز۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو مِنَ الْمِيزَان: ترازو کا پلڑا مِنَ الدف: ڈھول کا ڈھانچہ۔ كِفَّةُ الصَائِد: شکاری کا جال۔ ج كِفَف و كِفَاف. الكِفَّةُ الجُنُوبِيَّة والكِفَّةُ الشَمَالِيَّة: دو ستاروں کے نام۔ اور کہا جاتا ہے "الذَهَبُ بالذهب والكِفَّةُ بالكِفَّة" یعنی برابر سر برابر جِئْتُهُ فِي كِفَّةِ اللَيْل: میں رات کی ابتدا میں اس کے پاس آیا۔

الكُفَّة. چیز کا کنارہ۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ الكُفَّة مِنَ الشَجَر: درختوں کی انتہا مِنَ النَاس: لوگوں کی جماعت۔ نزدیک جگہ والے مِنَ الغَيْم: بادل کا کنارہ مِنَ اللَيْل: دن رات ملنے کی جگہ یا مشرق میں یا مغرب میں مِنَ الدِرْع: زرہ کا دامن مِنَ الرَمْل: ریت کا ٹیلہ جو لمبا اور گول ہو مِنَ الثَوْب: کپڑے کے اوپر کی دھاری جس میں چھور نہ ہو مِنَ اللِثَّة: مسوڑھے کا لٹکا ہوا حصہ۔ كُفَّةُ القَمِيص: دامن کے اردگرد کی گوٹ۔ ج كُفَف و كِفَاف.

الكَفَف. سوال کے لیے ہاتھ پھیلانا مِنَ الرِزْق: گزارہ کے لائق روزی فِي الوَشْم: گوندنے کے حلقے۔

الكِفَف فِي الوَرشْم: گوندنے کے حلقے۔ گڑھے جس میں چشمے ہوں۔

الكَفَاف مِنَ الرِزْق: گزارہ کے لائق اور لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی۔ کہا جاتا ہے "قُوْتُه كَفَافُ حَاجَتِه" یعنی اس کا گزارہ بغیر کمی زیادتی کے اس کی حاجت کے مطابق ہے "و فُلَانٌ لَحْمُهُ كَفَافٌ لِادِيْمِه" یعنی فلاں کے بدن کے گوشت سے اس کا چمڑا ابھرا ہوا ہے۔ كَفَافُ الشَيْءِ: چیز کے مانند۔ کہا جاتا ہے "وعَنِّيْ كَفَافٍ" یعنی تو مجھے چھوڑ دے میں تجھ کو چھوڑ دوں گا "و طَارَ البَرْقُ فِيْ كِفَافِ السَحَاب" یعنی بادل کے کناروں میں بجلی کوندی "و جِئْتُه فِيْ كِفَافِ اللَيْل" میں اس کے پاس رات کے ابتدائی حصہ میں آیا۔

الكِفَاف. مِنَ الشَيْءِ: گھیرا مِنَ الثَوْب: کپڑے کی گوٹ۔ كِفَافُ السَيْف: تلوار کی دھار كِفَافُ السَحَاب: بادل کا کنارہ۔ بادل کا نچلا حصہ۔ ہر وہ جو کسی چیز کے ملنے کی جگہ ہوتی ہے۔ وہ کفاف ہے مثلاً كِفَافُ الأُذُن. ج أَكِفَّة

الكَاف. فا۔ ج كَفَفَة. و نَاقَةٌ كَافٌّ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔ رَجُلٌ كَافٌّ: اپنے نفس کو روکنے والا مرد۔

الكَافَّة. کاف کا مؤنث۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ النَاسُ كَافَّةً" یعنی سب آئے۔ (اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور اس کی اضافت نہیں ہوتی بلکہ ہمیشہ حالیت کی بنا پر منصوب رہتا ہے) الكَافَّةُ: بوڑھی اونٹنی۔

الكَفُوْف مِنَ النوْق: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔

المُكَافَّة. ایک دوسرے کو روکنا۔

المَكْفُوْف ج مَكَافِيْف و الكَفِيْف: اندھا۔

المُسْتَكِفّ. گول۔

المُسْتَكِفَّات. چشمے۔ اکٹھے اونٹ۔

كَفَأَ (ف) كَفْأً: پھرنا۔ شکست کھانا عَنِ القَصْد: میانہ روی سے تجاوز کرنا۔ الرَجُلَ: کسی کو دھتکارنا (و كَفَأَ واكْتَفَأَ) الإِنَاءَ: برتن کو الٹ دینا۔ اوندھا کر دینا۔

كَافَأَ الرَجُلَ عَلٰى مَا كَانَ مِنْهُ: بدلا دینا فُلَانًا: انتظار کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ نظیر ہونا۔ برابری کرنا۔ مدافعت کرنا۔ بَيْنَ الفَرَسَيْن برمحه: ایک کے بعد دوسرے کو نیزہ مارنا۔

أَكْفَأَ. جھکنا الإِنَاءَ: برتن کو الٹ دینا۔ جھکا دینا۔ أَكْفَأَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا بہت بچے دینا۔ أَكْفَأَ البَيْتَ: گھر پر پردہ لگانا الشَاعِرُ: بیت کے آخر کو روی کے بدلنے سے یا کسی اور طریقہ سے خراب کر دینا۔

تَكَفَّأَ فِيْ مِشْيَتِهِ: لڑکھڑانا۔

اِكْتَفَأَ الإِنَاءَ: برتن کو جھکانا پلٹ دینا۔ الإِبِلَ: اونٹوں کو لوٹ ڈال کر لے بھاگنا۔

تَكَافَأَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے برابر ہونا۔

اِنْكَفَأَ القَوْمُ: متفرق ہونا؛ واپس ہونا۔ شکست کھانا إِلٰى كَذَا: جھکنا اللَبَنُ: متغیر ہونا؛ رنگ بدلنا۔

اِسْتَكْفَأَ فُلَانًا إِبِلَهُ: ایک سال کی اونٹوں کی پیدائش کسی سے مانگنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَكْفَأْتُهُ إِبِلَهُ فَاكْفَأَنِيْهَا" یعنی میں نے اس سے اس کے اونٹ کی ایک سال کی پیدائش کو مانگا تو اس نے مجھے دودھ اون بچے سب دیدیئے "اِسْتَكْفَأْتُ فُلَانًا" برتن کی چیز کو اپنے برتن میں انڈیلنے کو میں نے کہا۔

الكَفَاء و الكَفَاءَة. برابری۔ مساوات۔

الكِفَاء. مصدر كَافَأَ. کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كِفَاءَ الوَاجِب" جتنی حمد واجب ہے اس کے برابر اللہ کے لیے حمد ثابت ہے۔ "وَهٰذَا كِفَاؤُهُ" یہ اس کے مثل ہے "وَلَا كِفَاءَ لَهُ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ كِفَاءُ البَيْت: خیمہ کے اوپر سے نیچے تک کا پردہ جو آخر میں لگایا جاتا ہے۔ ج أَكْفِئَة.

الكُفْءُ والكِفْءُ والكَفْءُ: مثل و نظیر۔ ج أَكْفَاء و كِفَاء.

الكُفُوْء والكُفْوء والكَفِيْءُ والكَفِيْئَة. مماثل۔

الكَفْأَة والكُفْأَة مِنَ النَخْل: درخت خرما کی ایک سال کی پیداوار فِي الإِبِل: ایک سال کی پیدائش یا ایک سال یا اس سے زائد کے ناغہ کے بعد کی سالانہ پیدائش فِي الأَرْض: سال بھر کی کھیتی۔ تم کہتے ہو "مَنَحْتُهُ كَفْأَةَ غَنَمِيْ" جبکہ تم ایک سال کے لیے دودھ صوف بچے سب دے دو اور اختتام سال پر بکریوں کو وہ تمہیں واپس کر دے۔

الكَفِيّ. مماثل۔ بطن وادی۔ کہا جاتا ہے

"هُوَ كَفِي اللَّوْن" یعنی اس کا رنگ بدلا ہوا ہے۔

كِفْتُ الوَادِی: اندرون وادی۔

الاِكْفَاء. مصدر اَكْفَاَ عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: حرف روی کو بدل بدل کر لانا۔ مثلاً کہیں میم کہیں دال کہیں نون۔ اور یہ ممنوع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُه مُكْتَفِي اللَّبْنِ و مُكْفَأ اللَّوْن" میں نے اس کو متغیر اللون پایا۔

كَفَتَهٗ (ض) كَفْتًا. پھیر دیناهٗ اللّٰه: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اِكْفِتْه اِلَيْكَ" اے اللہ اس کو وفات دے۔ كَفَتَ الشَّیٔ: الٹ جانا (و كَفَّتَ) الشَّیٔ اِلٰی نَفْسِه: اپنے ساتھ ملانا الشَّیٔ: قبض کرنا فُلَانٌ ذَيْلَهٗ: دامن سمیٹنا۔

كَفَتَ (ض) كَفْتًا و كِفَاتًا و كَفِيْتًا و كَفَتَانًا تَكَفَّتَ الطَّائِرُ وغَيْرُهٗ: پرندہ کا تیز اڑنا یا دوڑنا اور سمٹنا۔ تَكَفَّتَ فِيْ مَسِيْرِه: دوڑنا۔ تَكَفَّتَ الثَّوبُ: کپڑے کا سمٹنا۔

كَافَتَ مُكَافَتَةً و كِفَاتًا الرَّجُلُ دوڑنے میں سبقت کرنا الرَّجُلُ: اچانک مرنا۔

اِنْكَفَتَ. پھرنا۔ سکڑنا الفَرَسُ: گھوڑے کا لاغر ہونا۔

اِكْتَفَتَ المَالَ. سب لے لینا۔

اَلكَفْت. مص۔ موت۔ الٹ پلٹ ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُبْزٌ كَفْتٌ" بے سالن کی روٹی۔ "رَجُلٌ كَفْتٌ" دبلا پتلا ہلکا پھلکا مرد (و الكِفْت) چھوٹی ہانڈی۔

الكُفَت والكُفْتة مِنَ الخَيْلِ: بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا جو سوار نہ ہونے دے۔

الكِفَات. مص۔ چیز جمع کرنے کی جگہ۔ جمع کی ہوئی چیز۔

الكَفِيْت مص۔ توشہ دان مِنَ الرِجالِ: ہلکا پھلکا تیز مرد۔ وہ شخص جو تم سے آگے بڑھ جائے عَدْوٌ كَفِيْتٌ: تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے مَاتَ كِفَاتًا و مُكَافَتَةً: اچانک مر گیا۔

الكَفَّات. اسم مبالغہ۔ شیر۔

المُكْفِت. دو زرہوں کا پہننے والا جن کے درمیان میں کپڑا ہو۔

كَفَحَ (ف) كَفْحًا الْعَدُوَّ: دشمن کے رو در رو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا لِجاد الدابة: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لیے لگام کھینچنا الشَّیٔ: سرپوش اتارنا۔ المَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

كَفِحَ (س) كَفْحًا عَنْهُ: شرمندہ ہونا۔ بزدل ہونا۔

كَافَحَ القَوْمُ اَعْدَاءَ هُمْ بغیر ڈھال وغیرہ کے دشمن کے مقابلہ پر آنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُكَافِحُ الاُمُوْر" وہ امور کو خود انجام دیتا ہے۔ كَافَحَ عَنْهُ: مدافعت کرنا۔ كَافَحَ المَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

اَكْفَحَ الدابة: چوپایہ کو ٹھہرانے کی لیے لگام کھینچنا فُلَانًا عَنْ نَفْسِه: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

تَكَافَحَ القَوْمُ: آمنے سامنے مقابلہ کرنا۔

تَكَافَحَتِ الاَمْوَاجُ: موجوں کا ٹکرانا الكِبَاشُ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔

الكِفَاح. مص کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ كِفَاحًا" میں نے اس سے آمنے سامنے ملاقات کی۔

الكَفِيْح. نظیر۔ کفو۔ شوہر۔ اچانک آنے والا مہمان۔

الاَكْفَح. کالا۔

الكَفْحَة. چھوٹی سی جماعت۔

كَفَخَهٗ (ف) كَفْخًا. طمانچہ مارناهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

الكَفْخَة. جمع شدہ سفید مکھن۔

رَجُلٌ مِكْفَخٌ و عَمُوْدٌ مِكْفَخ: مضبوط۔

كَفَرَ (ن) كَفْرًا و كُفْرًا. الشَّیٔ: چھپایا۔ کہا جاتا ہے "كَفَر دِرْعَه بِثَوْبِه" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپانا اللَّيْلُ الشَّیٔ و عَلَی الشَّیٔ: ڈھانکنا الجَهْلُ عَلٰی عَلْمِ فُلَانٍ: علم پر جہل کا غالب آنا (كَفْرًا و كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) ایمان کی ضد بِالْخَالِقِ: نفی کرنا كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) نِعَمَ اللّٰهُ و بِنِعَمِ اللّٰهِ: ناشکری کرنا كَذَا: بیزار ہونا۔

كَفَّرَ الشَّیٔ: چھپانا الرَّجُلَ: کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔ كَفَّرَ لَهٗ: تعظیماً کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا اللّٰهُ لَهُ الذَّنْبَ: معاف کرنا۔ گناہ مٹانا عَنْ يَمِيْنِه او اِثْمِه: کفارہ ادا کرنا۔

كُفِّرَ. لِلْمَلِكِ: تاج پہنایا جانا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم کرنا لازم ہو۔

كَافَرَ مُكَافَرَةً. فُلَانًا حَقَّه: انکار کرنا۔

اَكْفَرَ. طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا الرَّجُلَ: کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔

اَكْفَرَ الرَّجُلُ: دیہات میں رہنا۔

اِكْتَفَر. دیہات میں رہنا۔

الكَفْر. مص دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی مٹی۔ الكَفْر: دیہات۔ ج کفور (و الكِفر والكَفْرَة) رات کی تاریکی۔

الكُفْر والكُفْرَان. ضد ایمان۔ الكُفْران: ناشکری۔ الكُفْر: فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔

الكَفَر والكَفَرَّی والكُفُرَّی والكِفِرَّی کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الكَفَر: پہاڑ کی گھاٹیاں واحد كَفَرَةٌ.

الكَفِر مِنَ الْجِبَالِ: بڑا پہاڑ۔

الكَافِر. فا۔ اللہ تعالٰی کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ ج كَافِرُوْنَ و كَفَرَة و كُفَّار و كِفَار (كُفَّار اس کافر کی جمع میں اکثر استعمال ہوتا ہے جو ضد مومن ہے اور كَفَرَةٌ کا استعمال اکثر اس كَافِر کی جمع میں ہے جو بمعنی ناشکر گزار ہے۔ الكَافِر: تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا مقیم الكَافِرُ مِنَ الْخَيْلِ: کالا گھوڑا۔

الكَافِرَة. کافر کا مؤنث۔ ج كَافِرَات و كَوَافِر. الكَوَافِر: شراب کے مٹکے۔

الکَفُوْر. کافر۔ ج کُفُر (اس کی جمع سالم نہیں آتی)

الکَافُوْر. ایک خوشبو دار گھاس۔ کافور۔ کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ ج کَوَافِیْر و کَوَافِرْ.

الکَفَّار. اسم مبالغہ۔ رَجُلٌ کَفَّارٌ: اللہ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔

الکَفَّارَة. کفار کا مؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔

المُکَفِّر و المُتَکَفِّر. ہتھیار بند۔ ہتھیار میں چھپا ہوا۔

المُکَفَّر. مفع۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا طائرٌ مُکَفِّرٌ: پروں میں چھپا ہوا پرندہ۔

کَفِسَ (س) کَفَسًا الصَّبِیُّ: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت أَکْفَس. مؤنث کَفْسَاء. ج کُفْس.

کَفِسَتْ و انْکَفَسَتْ رِجْلُه: پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ اِنْکَفَسَ الرَّجُلُ: مرد کا دوہرا ہونا۔

الکِفَاس. بچّے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔

کَفْکَفَهُ. عَنْ کَذَا: پھیرنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کَفْکَفَ الدَّمْعَ: آنسو بار بار پونچھنا۔ الرَّجُلَ: قرض دار سے نرمی برتنا یا قرض دار سے تکلیف پہنچانے والے کو دور کرنا۔

تَکَفْکَفَ. عَنْهُ: باز رہنا۔ پھر جانا۔

کَفَلَ (ن) کَفْلًا و کَفَالَةً فُلَانًا: نان و نفقہ کا ذمہ دار ہونا۔ فِی صِیَامِهِ: لگاتار روزے رکھنا۔ الشَّیْءَ اِلَیْهِ: ملانا۔

کَفَلَ (ن س) و کَفِلَ (س) و کَفُلَ (ک) کَفْلًا و کُفُوْلًا الرَّجُلَ و بِالرَّجُلِ والمَالَ و بِالمَالِ: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَفَلَ عَنْهُ بِالْمَالِ لِغَرِیْمِهِ" اس نے قرض خواہ کی لیے مال کی ذمہ داری کی۔

کَفَّلَهُ. نان ونفقہ وغیرہ کا ذمہ دار ہونا۔

کَفَّلَهُ و أَکْفَلَهُ اِیَّاهُ: ضامن بنانا۔ کَفَّلَ القَاضِی الخَصْمَ: ضامن لینا۔ تَکَفَّلَ زَیْدٌ عَمْرًوا: مال کا ضامن ہونا۔

کَافَلَهُ مُکَافَلَةً. معاہدہ کرنا۔

تَکَفَّلَ لَهُ بِکَذَا: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَکَفَّلَ بِالمَالِ" یعنی اپنے ذمہ کر لیا (و اِکْتَفَلَ) البَعِیْرَ: اُونٹ کے کوہان پر گول زین رکھ کر سوار کرنا۔ اِکْتَفَلَ بِفُلَانٍ: اپنے پیچھے سوار کرانا۔ الشَّیْءَ: پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے اِکْتَفَلُوْا بِالْجَبَلِ: یعنی پہاڑ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔

تَکَافَلَ القَوْمُ: بعض بعض کا ضامن ہونا۔

الکِفْل. دوچند ثواب یا گناہ پیچھے سوار ہونے والا۔ حصّہ۔ نظیر۔ ضمانت۔ بیل کی گردن پر ہل کی لکڑی کے نیچے کا چیتھڑا۔ اون جو پہلے اون کے گرنے کے بعد نکل؛ وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے؛ وہ شخص جو میدان جنگ میں آخر میں رہے اور بھاگنے کے لیے مستعد رہے؛ وہ شخص جو اپنے جان و مال کو دوسرے کے ذمہ ڈال دے؛ چیتھڑے وغیرہ سے ایک گول سی چیز بناتے ہیں اور اس کو اُونٹ کے کوہان پر رکھتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آسانی رہے؛ وہ چیز جو سوار کی اس کے پیچھے سے حفاظت کرے۔ ج أَکْفَال.

الکِفْل مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کا چوتڑ یا سرین کا پچھلا حصہ۔ ج أَکْفَال.

الکَافِل. فا۔ ضامن۔ یتیم کا متولی۔ پے درپے روزے رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے بَاتَ فُلَانٌ کَافِلًا" فلاں نے اس حالت میں رات گزاری کہ نہ تو دن کو کھانا کھایا اور نہ رات میں۔ ج کُفَّلٌ.

الکَفَالَة. ضمانت (اسم ہے کَفَلَ سے) ج کَفَالَات.

الکَفِیْل. ضامن۔ ہم مثل۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ کَفِیْلٌ وامْرَأَةٌ کَفِیْلَةٌ و قَوْمٌ کَفِیْلٌ" ج کُفَلَاء.

الکُفُوْلَة. اسم ہے کفل کا۔ اور کفل اس شخص کو کہتے ہیں جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے۔

کَفَنَ (ض) کَفْنًا الجمر بالرَّمَادِ: چنگاری کو راکھ میں دبا دینا۔ الصُّوْفَ: اون کاتنا۔ الخُبْزَةَ فِی المَلَّةِ: بھوبھل میں روٹی چھپانا۔

(و کَفَّنَ) المَیِّتَ: کفن دینا۔

تَکَفَّنَ بِکَذَا: چھپنا۔

الکَفْن. مص۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ کَفْنٌ" بے نمک کھانا۔

الکَفَن. کفن۔ ج أَکْفَان.

الکَفْنَة. ایک درخت کا نام ہے۔ اور بقول بعض ایک گھاس ہے جو زمین پر بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔

الکُفْنَة. عمدہ زمین جو ہر چیز کو اگائے۔ کہا جاتا ہے قَوْمٌ مُکْفَنُوْنَ یعنی ایسے لوگ جن کے پاس نمک نہ ہو۔

الکَافِه. فوج کا سردار۔

اِکْفَهَرَّ اِکْفِهْرَارًا اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ السَّحَابُ: بادل گھٹاٹوپ ہونا۔ النَّجْمُ: ستارہ کا سخت تاریکی میں چمکنا۔ الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔

المُکْفَهِرّ. فا۔ ہر تہ بتہ چیز۔ سخت اور بلند پہاڑ۔ کم گوشت۔ سخت اور بے حیا چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُکْفَهِرُّ اللَّوْنِ" یعنی فلاں کا رنگ تیرگی کی طرف مائل ہے" وفُلَانٌ مکفهرٌ" یعنی فلاں منقبض و ترش رو ہے۔ خوشی کے آثار اس کے اندر نہیں۔

الکُفْو و الکُفْء. مثل اور نظیر۔

کَفَی یَکْفِی کِفَایَةً الشَّیْءُ: کافی ہونا۔ صفت کَافٍ. کَفَی الشَّیْءُ فُلَانًا: قناعت کرنا اور دوسرے سے مستغنی ہونا و کَفَی فُلَانًا مُؤْنَتَهُ: کارگزاری کر دینا۔ اور کارگزاری سے مستغنی کر دینا۔ کہا جاتا ہے "کَفَیْتُهُ شَرَّ عَدُوِّهِ" یعنی اس کو دشمن کے شر سے بچا دیا۔ اور کفی کے فاعل پر با کی زیادتی ہوتی ہے۔ جیسے "کَفَی بِاللهِ شَهِیْدًا" یعنی اللہ تعالی کی شہادت غیر سے مستغنی کر دیتی ہے۔ لفظ اللہ محلا مرفوع ہے اور شہیدا تمیز ہے۔

کَافَی کِفَاءً و مُکَافَاةً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔

کافی ہونا۔
تَکَفَّی النَّبَاتُ: نباتات کا طویل ہونا۔
اِکْتَفٰی بِکَذَا: قناعت کرنا۔ مستغنی کرنا۔
اِسْتَکْفَی الرَّجُلُ الشَّیْئَ: کافی چیز مانگنا۔ تم کہتے ہو "اِسْتَکْفَیْتُہُ الْاَمْرَ فَکَفَانِیْہِ" میں نے اس سے کافی چیز کی درخواست کی اس نے مجھے کافی دی۔
الْکِفَایَة. س۔ جو کافی ہو اور غیر سے مستغنی کر دے۔
الْکَفْی وَالْکِفْی وَالْکُفْی. جس سے کفایت ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَفْیُكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد اس مرد سے تمہارے لیے کافی ہے اس میں مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔ الْکِفْیُ: اندرون وادی۔ ج اَکْفَاء.
الْکُفْیَة. گزارہ۔ جو تمہاری زندگی گزارنے کے لائق ہو۔ ج کُفًی.
الْکَفِیّ وَالْکَافِی. جو تمہارے لیے کافی ہو اور تم کو غیر سے مستغنی کر دے۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رَجُلٌ کَافِیْكَ مِنْ رَجُلٍ وَ رَجُلَانِ کَافِیَاكَ مِنْ رَجُلَیْنِ وَ رِجَالٌ کَافُوْكَ مِنْ رِجَالٍ" یہ مرد تمہارے لیے فلاں مرد سے کافی ہے اور اسی قیاس پر تثنیہ اور جمع۔ کَفِیُّ الرَّجُلَ: مرد کا قائم مقام۔ الْکِفْی: بارش۔
اَلْکَاکَاو: وسطی امریکا کا ایک درخت جس کے پتے چوڑے پھول چھوٹے پھل بڑے اس کے بیج سے کاکا (نکالا) جاتا ہے۔
الْمُکَافَاَت. س۔ احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجَوْتُ مُکَافَاتَكَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی امید کی۔
کَلَّ (ض) کَلًّا وَ کِلَّةً وَ کَلَالًا وَ کُلُوْلًا وَ کَلَالَةً وَ کُلُوْلَةً. تھکنا۔ صفت کَالٌّ. بے والد اور بے اولاد ہونا السَّیْفُ وَغَیْرُہٗ. تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔ صفت کَلٌّ وَکَلِیْلٌ اللِّسَانُ اَوِ الْبَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔

کَلَّلَ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا عَنِ الْاَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا الرَّجُلُ: اپنے اہل و عیال کو ضائع ہونے کے لیے چھوڑ دینا السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَلَّلَ تَکْلِیْلَةَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا عَلَیْهِ بِالسَّیْفِ: تلوار سے حملہ کرنا ہٗ: تاج پہنانا ہٗ بِالْحِجَارَةِ: پتھراؤ کرنا السَّحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔
اَکَلَّ الْبُکَاءُ بَصَرَہٗ: نگاہ کا مدھم کر دینا الْبَعِیْرَ: اُونٹ کو تھکا دینا الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اُونٹ والا ہونا۔
تَکَلَّلَ. تاج پہننا الشَّیْئُ بِہٖ: احاطہ کرنا۔ تَکَلَّلُوْہُ: لوگوں نے اس کا احاطہ کر لیا (و اِکْتَلَّ) السَّحَابُ عَنِ الْبَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا و اِکْتَلَّ الْغَمَامُ بِالْبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔ کوندنا۔
اِنْکَلَّ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا الرَّجُلُ: مسکرانا السَّحَابُ عَنِ الْبَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا۔
الْکَلُّ. س۔ کمزور۔ وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ یتیم۔ مرد گراں جان بے خیر۔ چھری یا تلوار کی پیٹھ۔ وکیل۔ بت۔ مصیبت۔ فقیر۔ عیال بوجھ اور کَلّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر و مؤنث کی جمع کُلُوْل کہتے ہیں۔
کُلّ. ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لیے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لیے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا عام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً۔ اور ما مصدر یہ ظرفیہ کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "کُلَّمَا اَتَاكَ زَیْدٌ اَکْرِمْہُ" یعنی زید جب کبھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو۔ اور معرفہ و نکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "ھُوَ الْعَالِمُ کُلُّ الْعَالِمِ" وہ بڑا کامل عالم ہے اور معرفہ و نکرہ محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ الْمَلَائِکَةُ کُلُّھُمْ" و "اَقَمْنَا حَوْلًا کَامِلًا کُلَّہٗ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔ اگر نکرہ کی طرف اضافت ہو گی تو معنی کی رعایت واجب ہو گی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "کُلُّ شَیْءٍ فَعَلُوْہُ بِحِکْمَةٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ" اور مثنی کی جیسے "وَ کُلُّ رَفِیْقَیْ کُلِّ رَحْلٍ وان ھما" اور مجموع مذکر کی جیسے "وَ کُلُّ اُنَاسٍ سَوْفَ تَدْخُلُ بَیْنَھُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "وَ کُلُّ مُصِیْبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُھَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضاف ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔ جیسے کُلُّ الْقَوْمِ حَضَرَ یا کُلُّ الْقَوْمِ حَضَرُوْا۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں بھی لفظ و معنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔ جیسے کُلٌّ حَضَرَ وَ کُلٌّ حَضَرُوْا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر ز مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے۔ اور تقدیر پہلی مثال میں کُلُّ اَحَدٍ ہے اور دوسری میں کُلُّھُمْ. اور اگر لفظ کُلّ نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہو گی۔ جیسے "مَا جَاءَ کُلُّ الْقَوْمِ" پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہو گی جیسے کُلُّھُمْ لَمْ یَقُوْمُوْا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے اَلْکُلُّ لِاِحَاطَةِ الْاَفْرَادِ.
کَلَّا. ہرگز نہیں۔ حرف ردع ہے۔ تنبیہ اور زجر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
الْکَلَّة. کَلّ کا اسم مرۃ۔ کند چھری۔
الْکَلَّة. تاخیر۔ دیر۔ کل کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے

كَلَة امْرَأة جیسے کُلُّ امْرِیٔ.

الکِلَّة. باریک پردہ۔ مچھر دانی۔ ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ ج کِلَل و کِلَّات (و الکِلَلُ حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِکِلَّةِ سُوْءٍ" یعنی بری حالت میں رات گزاری۔

الکَلَالَة. تھکن۔ جس کے والد اور ولد نہ ہو۔ وہ شخص جس کے لیے نسبی رشتہ دار نہ ہوں۔ کہتے ہیں "هُوَ ابْنُ عَمِّ الْکَلَالَةِ و ابْنُ عَمٍّ کَلَالَةٍ" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔

الکُلِّيُّ. کل کی طرف منسوب۔ العِلْمُ الکُلِّي: عِلمِ الٰهي.

کُلِّیَّةُ الشَّيْئِ: بتمامه. کہا جاتا ہے "اخذه بکلّیّته" یعنی بتمامہ لے لیا۔

اَلْکُلِّیَّةُ: ہائی تعلیمی مدرسہ جس میں مختلف علوم پڑھائے جائیں جس کو کالج کہتے ہیں۔

الکُلِّیَّات فِيْ عُرفِ المنطقیین: وہ مفہوم ہے جو بہت افراد پر صادق ہو اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔

(۱) جنس: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں مختلف ہوں۔ جیسے حیوان۔

(۲) نوع: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں متحد ہوں۔ جیسے انسان۔

(۳) فصل: وہ کلی جو ماعدا سے ممتاز کردے جیسے ناطق۔

(۴) خاصہ: وہ کلی عرضی جو ایک حقیقت کے ساتھ خاص ہو جیسے ضَاحِكٌ.

(۵) عرضِ عام: وہ کلی عرضی جو ایک سے زائد حقیقت کے ساتھ ہو جیسے مَاشِي.

الاِکْلِیْلُ: عیسائی مرد حضرات کے سر پر شادی کا تاج۔ کہا جاتا ہے۔ کَلَّلَ الکَاهِنُ العَرُوسَیْنِ مُتَکَلَّلاً کاھن (پادری) نے شادی والوں کو تاج پہنایا پس تاج والے ہوئے۔

الاِکْلِیْلُ الدَّائِرِي اَوِ الحَلْقَةُ الدَّائِرِیَّةُ: وہ سطح جو متحد مرکز دو دائروں کو گھیرتی ہو۔

الاِکْلِیْل. تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج اَکِلَّة و اَکَالِیْل: ناخن کے ارد گرد کا گوشت۔

اِکْلِیْلُ الملك: ناخنہ۔ و اِکْلِیْلُ الجَبَلِ: ایک قسم کی نباتات۔

الکَلِیْل. تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بصرٌ کَلِیْلٌ" کمزور نگاہ "سَیفٌ کَلِیْلٌ" کند تلوار۔ ج کِلال.

کَلَأَ (ف) کَلاءً و کِلاءً و کِلاءَةً اللّٰهُ فُلاناً: حفاظت کرنا۔ کَلأهُ بالسَّوْطِ: کوڑے مارنا۔ کَلأ بَصرُهُ فِي الشَّيئِ: بار بار دیکھنا النَّجْمُ مَتیٰ یَطْلُعُ ستارے کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (کَلأً و کُلُوْءَةً) الدینُ: ادائیگی میں دیر ہونا۔ صفت کَالِئٌ و کالٍ عُمرهُ: عمر کا ختم ہونا۔

کَلَأَ و کَلِئَ (س) کَلَأ المَکَانُ: سبزہ زار ہونا (و اَکْلَأَت) النَّاقَةُ اونٹنی کا سبزی کھانا۔

کَلَّأ تَکْلِیْئًا و تَکْلِئَةً السَّفِیْنَةَ: کشتی کو کنارے سے قریب کرنا الرجلَ: باز رکھنا فی الْاَمْرِ: غور سے دیکھنا الی فُلانٍ فی الْاَمْرِ: آگے بڑھنا (تَکْلِیْئًا) بیعانہ لینا۔ (تَکْلِئَةً) ہوا سے پناہ کی جگہ میں آنا فی الطَّعام وغیرہ: بیع سلم کرنا۔

کَالَأَهُ مُکَالَأةً و کِلَاءً انتظار کرنا۔

تَکَلَّأ و اِسْتَکْلَأ. الکُلأةَ: بیعانہ لینا۔

اِسْتَکْلأ المکانُ: سبزہ زار ہونا۔

اِکْتَلأ کُلأةً: بیعانہ لینا۔ اِکْتَلأتْ عَیْنُهُ بے خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِکْتَلأ مِنْ فُلانٍ: بچنا۔

الکَلَّاءُ. بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔

الکَالِئُ والکَالِي بیعانہ۔ ادھار ج کَوَالِي و کَوَالٍ.

مَکَانٌ کَلِئٌ و مُکْلِئٌ بہت سبزہ زار۔ مؤنث کَلِئَةٌ و مُکْلِئَةٌ.

رَجُلٌ کَلُوْءُ الْعَیْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ عَیْنٌ کَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔

الکُلأة. بیعانہ۔ ادھار۔

الاَکْلأ. اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَغَ اللّٰهُ بِكَ اَکْلأ العُمرِ" یعنی اللہ تعالی تمہاری انتہائی عمر کرے۔

اَرْضٌ مَکْلأةٌ. بہت سبزہ زار زمین۔

المُکَلّأ. بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔ ہر وہ جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔

کَلَبَ (ن) کَلْبًا الفَرَسَ: گھوڑے کو مہمیز مارنا المزادةَ: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔

کَلَبَ (ض) کَلْبًا الرجلُ: کتوں کے بھونکنے کے لیے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔

الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔

کَلِبَ (س) کَلَبًا. پیاسا ہونا الکَلْبُ: دیوانہ ہونا الرجلُ: پاگل کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا عَلَی الْاَمْرِ: حریص ہونا فی کَذَا: امید رکھنا علی الرَّجُلِ: اصرار کرنا الرَّجُلُ: بغیر آسودگی کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔ غضبناک ہونا۔ فرومائگی کرنا۔ الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا القِدُّ عَلَی الْاَسِیْرِ: خشک ہونا الشَّجَرُ: درخت کی سیرابی نہ ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا الشِّتاءُ و الزمانُ: سخت ہونا۔

کُلِبَ کِلابًا الرَّجُلُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانہ ہونا۔

کَلَّبَ الکَلْبَ: کتے کو سدھانا۔

کَالَبَ کِلابًا و مُکَالَبَةً الرَّجُلَ: کھلم کھلا دشمنی کرنا اور تنگی ڈالنا۔ کَالَبَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔

اَکْلَبَ القَوْمُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

تَکَالَبَ القَوْمُ: کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا عَلیٰ کَذَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَکَالَبَ النَّاسُ عَلَی الدُّنْیَا" یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہوگئے۔

اِسْتَکْلَبَ الرَّجُلُ: کتوں کی طرح بھونکنا۔

الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔ انسان کے کھانے کا عادی ہونا۔

الکَلْبُ. ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ کتاج

كِلاب. واكلُب و جمع اكالب و
كِلابات الكَلْبُ: چکی کے دھرے کے
سرے کا لوہا۔ کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر
مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں
ٹیک لگانے کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے
قبضہ کی میخ۔ کَلْبُ الفرس: گھوڑے کی پیٹھ کی
دھاری۔ کہا جاتا ہے "اِسْتوی علی کَلْبِ
فَرسِہ" وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ
گیا اور کہا جاتا ہے "کَفَّ عنہُ کِلابَہ" یعنی
اس نے گالی دینی اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی۔
اور فُلانٌ بِوادی الکَلْبِ" جبکہ گھر بار نہ ہو
جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔ الکَلْبُ: وادی کے
پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز
باندھی جائے۔ کَلْبُ الماءِ او کَلْبُ
البَحْرِ: ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ
ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی
چھوٹی ہوتی ہیں اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا
ہے۔ الکَلْبُ و کَلْبُ الجَبَّار والکَلْبُ
الاکبر والکلبُ الاصغر و کَلْبُ
الرَّاعِی: ستاروں کے نام۔ کَفُّ الکَلْبِ:
ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لسانُ
الکَلْبِ: ایک نباتات۔
الکُلاب: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔
الکَلَب. کَلِب کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔
سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے
"دفعتُ عنك کَلَبَ فُلانٍ" یعنی میں نے
تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔
الکَلْبۃ. کتیا۔ کا نام اُمِّ کَلْبۃ: بخار۔
الکَلْبتان. لوہار کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا
زنبور۔ اور اس کو کَلالِبۃ بھی کہتے ہیں۔
الکُلْبۃ. سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی یا
کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔
شراب فروش کی دکان۔
الکُلّاب والکَلُّوب. مہمیز۔ آگ نکالنے
کی لیے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج
کَلالِیب: کَلالِیبُ البازِی: باز کے پنجے۔
کَلالِیبُ الشَّجرِ: درخت کے کانٹے۔

الکَلّاب والکالِب. کتے والا۔ الکَلّاب
کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ
لٹکانے کی لیے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے
لیے لوہے کا کانٹا۔ ج کَلالِیب.
الکالِب والکَلِیب. کتوں کا جھنڈ۔
الکَلِب ج کَلْبُون والکَلِیب ج کَلْبی.
کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عامٌ کَلِبٌ: سخت
اور قحط کا سال۔ دَهْرٌ کَلِبٌ: غم میں مبتلا
کرنے والا دور۔ سائلٌ کَلِبٌ: بہت اصرار
سے مانگنے والا سائل۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ
کَلِبٌ علی کذا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص
ہے۔
الکَلِبۃ. کَلِب کا مؤنث۔ خار دار درخت۔
اَرْضٌ کَلِبۃٌ وارضٌ کَلِبۃُ الشَّجر: خشک
زمین۔
المُکَلَّب: بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ کَلابٌ
مُکَلَّبۃ: سدھے ہوئے کتے۔
المُکَلِّب. کتوں کو سدھانے والا۔ شکار
پکڑنے والے جانور۔
المُکالِب. دلیر۔
اَرْضٌ مَکْلَبۃ. بہت کتوں والی زمین۔
کَلَتَ (ض) کَلْتًا الشیءَ: جمع کرنا۔ کَلَتَ
بہ: پھینکنا۔ کَلَتَہُ فی الاِناءِ: برتن میں
انڈیلنا۔ الفَرسَ: گھوڑے کو چلانا۔
اِنْکَلَتَ الماءُ: ڈالا جانا۔ الرَّجُلُ: منقبض
ہونا۔
اِکْتَلَتَ الماءَ: پینا۔
الکُلْتۃ. کھانے کا حصہ۔
الکَلِیت والکَلِّیت. لمبا پتھر جس سے بجو
کے بھٹ کو بند کیا جائے۔
کَلْتَبَ کَلْتَبَۃً فی اَمْرِہ: مداہنت برتنا۔
سستی کرنا۔
الکَلْتَب والکُلْتُب. کاموں میں سستی
کرنے والا۔
کَلْثَمَ کَلْثَمۃً لَحْمُ الوَجْهِ: بلا ترش روئی
کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔
الکَلْثَج. بہادر سخی۔

الکُلَّج. قوی لوگ۔
کَلَحَ (ف) کُلُوحًا و کَلاحًا وَجْهُہُ:
تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت کالِح کہا جاتا
ہے "کَلَحَ فی وَجْهِ الصَّبِیِّ او
المَجْنُونِ" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں
ڈال دیا۔
کَلَّحَ وَجْهَہُ: ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔
اَکْلَحَ وَجْهَہُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ وَجْهَہُ:
تیوری چڑھانا۔
کالَحَ فُلانًا: قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی
کرنا۔ القَمرُ: چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے
آگے نہ بڑھنا۔
تَکَلَّحَ الوَجْهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ البَرْقُ:
بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الرَّجُلُ: مسکرانا۔
اِکْلَوَّحَ وَجْهُہُ: تیوری چڑھانے میں دانت
نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ کَلاحٌ" سخت اور
تنگی کا سال۔
کَلاحِ. مبنی بر کسرہ: قحط زدہ سال۔
الکَلْحۃ. منہ اور اس کا ارد گرد۔
الکالِح. فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے
ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ او شِتاءٌ
کالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔
الکَوْلَح. قبیح۔
کَلَدَ (ض) کَلْدًا و کَلَّدَ الشیءَ: تہ بتہ
جمع کرنا۔
تَکَلَّدَ الرَّجُلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی
ہونا۔
الکَلَد. سخت زمینیں۔ واحد کَلَدۃ.
الاِکْلِید. کنجی۔ (دخیل)
کابُوری او حُرَیْرۃ: ایک گرام پانی کو گرم
کرنے کے لئے سو (۱۰۰) درجہ کی حرارت۔
الکُلُور: کیمیت نمبر علامت ایٹمی نمبر
کلورین: 17 - C - L - ۳۵،۴۵۷
جسم بسیط زرد سبز مائل گیس جس کی ہوا سانس
روکنے والی ہوتی ہے۔ یہ زہریلا گیس ۱۹۱۵ء کی
جنگوں میں پہلی دفعہ استعمال کی گئی۔
صفائی کرنے والے اور رنگوں کو مٹانے والے

مراد میں داخل کی جاتی ہے۔

اَلْکُلُورومِیتِین: ٹائیفیٹ بخار کے علاج میں استعمال ہونے والی دوائی کا نام۔

کَلَزَ (ض) کَلْزًا و کَلَّزَ الشَّیَ: جمع کرنا۔

اِکْلَاَزَّ اِکْلِئْزَازًا. البَازِی: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا الرَّجُلُ: سکڑنا۔

الکِلَّز. مضبوط پٹھے والا مرد۔

کَلَّسَ البَیْتَ. گچ سے استرکاری کرنا۔ الشَّیَ: گچ کی مانند بنانا۔ کَلَّسَ عَنْ قِرْنِہٖ: بزدل ہونا اور بھاگنا عَلَیْہِ: حملہ کرنا مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

تَکَلَّسَ. چونا یا گچ ہونا۔ چونا یا گچ کی مانند ہونا۔ مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

الکِلْس. چونا یا چونا راکھ ملا ہوا۔

الکُلْسَة. بھورا رنگ۔

اَلْکَلْسِیُوم: کَیلْشِیَم: کیت نمبر ۴۰،۰۸۔

۲۰-C-A

ایک سفید بسیط مادہ جو ہڈیوں اور دانتوں کے جوڑنے میں کام آتا ہے اس کے مرکبات سے چونا اور چونا والے پتھر۔

الاَکْلَس. چونہ والا۔ چونا بیچنے والا۔ سَیْفٌ کَلَّاس: شمشیر براں۔

اَلْکَلْسَةُ ج اَلْکَلْسَاتُ: جوراببین۔ اس کو اَلْقَلْشِیْن ج قَلَاشِیْنَ بھی کہا جاتا ہے۔

اَلْکِلَاسِیکِیَّةُ اَوِ الاَدَبُ الْکِلَاسِیکِی: ادب کو پڑھانے کا وہ نظریہ جو کہ قدماء و یونان نے اختیار کیا۔

المُتَکَلِّس. تیز دوڑنے والا۔

الاَنْکَلِیس. ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو حَنْکَلِیس بھی کہتے ہیں (دخیل)

کَلْسَمَ اِلَیْہِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ الرَّجُلُ: تیز جانا۔ اداء حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔

کَلْصَمَ. الرَّجُلُ: بھاگنا۔

کَلِعَتْ (س) کَلَعًا قَدَمُہٗ: قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔

کَلِعَ (س) و کَلَعَ (ف) کَلْعًا. الوَسْخُ عَلٰی رَاسِہٖ او فِی رَاسِہٖ: سر پر میل کا خشک ہونا۔ کَلِعَ رَاسُہٗ: سر کا میلا ہونا۔ کُلِعَتْ قَوائِمُ الدَّابَةِ: چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا (کَلْعًا و کُلَاعًا) البَعِیْرُ: پھٹے ہوئے کھر والا ہونا۔

اَکْلَعَہُ الوَسْخُ: میلا کچیلا ہونا۔ میل کچیل کا تہ بتہ جمنا۔

تَکَلَّعَ القَوْمُ: جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔

الکِلْع. مرد بدقوارہ۔ فرومایہ۔ ج کِلْعَة.

الکَلَع. بوائی۔ پیر کی پھٹن۔

الکَلِع. بوائی والا۔ جس شخص یا چیز پر میل جم گیا ہو۔ مؤنث کَلِعَةٌ کہا جاتا ہے "ھو اَسْوَدُ کَلِعٌ" یعنی وہ کالا ہے اور اس کی سیاہی میل کی مانند ہے۔

الکَلْعَة. بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ بہت سی بکریاں۔

الکُلْعَة. ایک مرض ہے جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔

الکُوْلَع. میل کچیل۔

الکُلَاع. س۔ سختی۔ شدائد میں صبر۔ مواقع جنگ۔

الکُلَاعِیّ. مرد دلیر۔

کَلِفَ (س) کَلَفًا الوَجْہُ: چہرہ کا جھائیں والا ہونا۔ صفت اَکْلَف. مؤنث کَلْفَاء. بِہٖ: عاشق زار ہونا۔ صفت کَلِفٌ. الاَمْرَ: مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ کَلَّفَہٗ، دشوار کام کا حکم دینا۔

اَکْلَفَہٗ بِکَذَا: عاشق زار بنانا۔ تَکَلَّفَ الاَمْرَ: دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔

اِکْلَافَّ اِکْلِنْفَافًا. جھائیں کے رنگ کا ہونا۔

الکَلَف. سیاہی زردی مائل۔ جھائیں۔

الکَلِف. عاشق زار۔

الکُلْفَة. جھائیں کا رنگ۔

الکُلْفَة. مشقت۔ رنج۔ سختی۔ کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو ج کُلَف.

التَّکْلِفَة. مشقت۔ ج تکالیف۔

الکَلُوْف. دشوار امر۔

الکَلَافَة. سخت محبت۔ اشتیاق۔

الکَلْفَاء. اَکْلَفُ کا مؤنث۔ تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخ سیاہی مائل شراب کا مٹکا۔

المُکَلَّف والمُتَکَلِّف تکلفات کرنے والا۔ امور لایعنی میں پڑنے والا۔

الکَلَك. چھوٹی کشتیاں جو عراق کے دریاؤں میں چلائی جاتی تھیں۔ ج کَلَکَات

الکَلْکَل ج کَلَاکِل والکَلْکَال. سینہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ مِنَ الفَرَسِ: بیٹھنے کی حالت میں سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے الکَلَاکِل: جماعتیں۔

الکُلْکُل والکُلَاکِل. مضبوط۔ گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ مؤنث کُلْکُلَة و کُلَاکِلَة.

کَلَمَہٗ (ن ض) کَلْمًا. زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مِمَّا یَکْلِمُ العِرْضَ والدِّیْنَ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو دین اور آبرو میں عیب لگائے۔

کَلَّمَہٗ تَکْلِیْمًا. زخمی کرنا (تَکْلِیْمًا و کِلَّامًا) بات چیت کرنا۔

کَالَمَہٗ مُکَالَمَةً. گفتگو کرنا۔

تَکَالَمَ الرَّجُلَانِ: جدائی کے بعد گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَا مُتَصَارِمَیْنِ فَاَصْبَحَا یَتَکَالَمَانِ" دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ پھر گفتگو کرنے لگے۔ اس موقعہ پر یَتَکَالَمَان ہی کہا جائے گا۔ یَتَکَلَّمَان نہیں۔

تَکَلَّمَ تَکَلُّمًا و تِکِلَّامًا الرَّجُلُ کَلِمَةً و بِکَلِمَةٍ بات کہنا۔

الکَلْم. س۔ زخم۔ ج کُلُوْم و کِلَام.

الکَلِمَة. ج کَلِم و کَلِمَات والکِلْمَة ج کِلَم و الکَلْمَةُ ج کَلْمَات: لفظ مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ کَلِمَةُ التَّوْحِیْدِ: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ کَلِمَةُ التَّقْوٰی: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. العَشْرُ الکَلِمَات: اللہ تعالیٰ کے

دس احکام جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔

الْکَلِمَةُ و کَلِمَةُ اللّٰهِ سیدنا عیسیٰؑ کا لقب۔ اور کلمۃ کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔

کَلِمَةُ اللّٰه (عیسائیوں کے نزدیک): اقنوم ثانی تین میں سے۔

الْکَلَام. قول۔ گفتگو۔ جملہ۔

عِلْمُ الْکَلَام: اسلامی نظریات کے مطابق وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات پیدائش مخلوق اور آخرت کے متعلق بحث کی جائے۔

الْکُلَام. سخت زمین۔

الْکَلْمَانِيّ والکِلْمَانِيّ والکِلِمَّانِيّ والکِلِمَانِيّ فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انہی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔

رَجُلٌ تِکْلَامٌ و تِکِلَّام و تِکْلَامَة و تِکِلَّامَة عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔

الکَلِیْم. مجروح۔ ج کَلْمٰی تمہارا ہم کلام ج کُلَمَاء. **الکَلِیْم و کَلِیْمُ اللّٰه:** حضرت سیدنا موسیٰؑ کا لقب۔

رَجُلٌ کَلِیْمٌ. بہت بولنے والا۔

المُتَکَلِّم. فا۔ علم کلام کا ماہر۔

المُتَکَلَّم. گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو ما اجدُ مُتَکَلَّمًا یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔

کَلٰی یَکْلِی کَلْیًا. الرَّجُلَ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعول کَلِیّ۔

کَلِيَ (س کَلًى) و اِکْتَلٰی. گردے پر لگنا و اکتلاہ: گردے پر مارنا۔

کُلِيَ. درد گردہ میں مبتلا ہونا۔

کَلّٰی تَکْلِیَةً. چھپنے کی جگہ میں آنا۔

اِکْلَوْلٰی اِکْلِیْلَاءً. شکست کھانا۔

الْکُلْیَة والْکُلْوَة. گردہ۔ مثنّٰی کُلْیَتَان و کُلْوَتَان ج کُلًى و کُلْیَات. **کُلَى الْوَادِي:** وادی کے اطراف وجوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ حَمْرَاءُ الْکُلٰی" دُبلی پتلی بکریاں "لَقِیْتُهُ بِشَحْمِ کُلَاهُ" میں نے اُس سے آغازِ جوانی اور ایام نشاط میں ملاقات کی۔

والکُلْیَة مِنَ الْقَوْس: کمان کے قبضہ سے تین بالشت۔ **مِنَ السحاب:** بادل کا نیچے کا حصہ۔ **الکُلٰی مِنَ الطیر:** بازو کے چار پر۔

الکُلِّي. درد گردہ والا۔

کِلَا و کِلْتَا. یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً مثنّٰی ہیں اور کلا سے مذکر کی اور کلتا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے۔ اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَاَیْتُ کِلَا الرَّجُلَیْن و کِلْتَا الْمَرْاَتَیْن" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو مثنّٰی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلَان کِلَاهُمَا و رَاَیْتُ الرَّجُلَیْنِ کِلَیْهِمَا والمَرْاَتَیْنِ کِلْتَیْهِمَا" اور جب ضمیر ان کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "کِلْتَا الْجَنَّتَیْنِ اٰتَتْ اُکُلَهَا" و "زَیْدٌ و عَمْرٌو کِلَاهُمَا قَائِمٌ" اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "کِلَاهُمَا قَامَا" و "زَیْدٌ و عَمْرٌو کِلَاهُمَا قَائِمَان" اور یہ کم ہے۔ اور "کِلَاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِه" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنٰی کُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔

الاِکْلِیْرُس. گرجا کے خادم۔ واحد کُلَیْرِیْکِيٌّ ج اِکْلِیْرِیْکِیُّوْن۔

کَمْ. دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے جیسے کَمْ دِرْهَمًا لَكَ یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔
(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے جیسے کَمْ عَبْدٍ او عَبِیْدٍ مَلَکْتُ. میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

کَمَّ (ن کَمًّا) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ **البعیرَ:** اونٹ کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا۔ **النَّاسَ:** لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

کَمَّتْ و کُمَّتْ کَمًّا و کُمُوْمًا النَّخْلَةُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَکْمُوْم۔

کَمَّمَ واَکَمَّ الْقَمِیْصَ: کرتے میں آستین لگانا۔ **کَمَّمَتْ و اَکَمَّتِ النَّخْلَةُ:** درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔

تَکَمَّمَ بِثِیَابِه: اوڑھنا۔ چھپنا۔ **تَکَمَّمَهُ:** بند کرنا۔ لپیٹنا۔

تُکُمِّمَ الْقَوْمُ: مدہوش ہونا۔ ڈھانکا جانا۔

الکَمُّ والکَمِّیَّة. مقدار۔

الکَمِّي. کم کی طرف نسبت۔ مؤنث کَمِّیَّة۔

الکُمّ. آستین۔ ج کِمَام و کِمَمَة۔

الکُمَّة. گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔

الکِمّ. غلاف شگوفہ۔ ج کِمَمَة و اَکْمَام و کِمَام و اَکَامِیْم۔

اَکِمَّةُ الْخَیْل: توبڑہ۔ واحد کِمَام۔

الکِمَامَة. پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔

الکِمَامَة والکِمَام. تھوتھنی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تاکہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

المَکْمُوْم. مِنَ النَّخْل: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔

المِکَمَّة. تھوتھنی۔

کَمِئَ (س کَمْأً) پوشیدہ ہونا۔ **عَنِ الْاَخْبَار:** ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔ **کَمِئَتْ یَدُهُ مِنَ الْبَرْدِ او الْعَمَلِ:** ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔

کَمَأَهُ (ف کَمْأً) سانپ کی چھتری کھلانا۔

اَکْمَأَ اِکْمَاءً. المَکَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا۔ **الرَّجُلَ:** سانپ کی چھتری کھلانا۔ **السِّنُّ فُلَانًا:** بوڑھا کر دینا۔

تَکَمَّأَهُ. ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ **تَکَمَّأَتْ عَلَیْهِ الْاَرْضُ:** پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ یَتَکَمَّؤُوْنَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لئے نکلے۔

الکَمْءُ. مص۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں ج اَکْمُؤٌ و کَمْأَةٌ۔

الکَمَّاءُ. سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کے لئے چننے والا۔

المَکْمَاۃ و المَکْمُوَۃ. سانپ کی چھتری کی جگہ۔
اَلْکِمْبِیالَۃُ: سند یا ورق جو لکھا جائے۔
اَلْکِمْبِیُو: نقدی سکوں کا تبادلہ
کَمُتَ (ک) کُمْتًا و کَمَاتَۃً و کُمْتَۃ الفرسُ. کمیت ہونا۔
کمت (ن) کَمْتًا. الغَیْظَ: غصہ کو دبانا۔
کُمِّتَ الثوبُ: کپڑے کو سیاہی مائل سرخ رنگنا۔
کَمَّتَ تَکْمِیْتًا الْخَمرُ والفرسُ وغَیْرَهما: کمیت بنایا جانا۔
اَکْمَتَ واِکْمَتَّ واِکْمَاتَّ الفرسُ: گھوڑے کا کمیت ہونا۔
الکُمْتَۃ. کمیت رنگ۔
الکُمَیْت مِنَ الْخَیْلِ المذکر و المؤنث) سرخ سیاہ رنگ والا۔ اور یہ خلاف قیاس اَکْمت کی تصغیر ہے۔ ج کُمْت.
الکُمَیت. شراب۔ کہا جاتا ہے خَیْلٌ کُمَاتِیٌّ: قومہ کمیت گھوڑے۔
الکَمِیْتَۃ. جڑ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بکَمِیْتَتِہ" یعنی اس نے اس کو مع جڑ کے لے لیا۔
کَمْتَر. چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔ القِرْبَۃ مشک کو بندھن سے باندھنا۔ السِّقاءُ مشک بھرنا۔ القَصِیرُ: پستہ قد کا دوڑنا۔
الکُمْتُر والکُماتِر. موٹا۔ پستہ قد۔ سخت مضبوط۔
کمثر الشیُّ: جمع ہونا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الکماثر. پستہ قد۔
الکُمَّثْرَی. املوت۔ واحد کُمَّثْرَاۃٌ. ناسپاتی۔
الکَمَج. بن ران۔
اَلْکُمَاجُ: اس کا واحد کماجۃ: گول موٹی روٹی جو عام روٹی سے بڑی ہوتی ہے۔
کَمَحَ (ف) کَمْحًا الدابۃَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَکْمَحَ الدابۃَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
الکرمُ: پتے نکالنے کے قریب ہونا اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ ظاہر ہونا۔
اُکْمِحَ الرَّجُلُ: بڑا بنایا جانا۔
المُکْمَح. بڑا بنایا ہوا۔
کَمَخَ (ف) کَمْخًا بِاَنْفِہٖ: تکبر کرنا الفرسَ باللجامِ: گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَکْمَخَ الکَرْمُ: پتے نکالنے کے وقت خوشہ انگور نکلنے کی جگہ کا ظاہر ہونا۔
الکُمَاخ. غرور۔ بڑا بننا۔
الکامَخ. سالن۔ اور بعضوں نے سرکہ کی چٹنی کے لئے خاص کیا ہے۔ ج کَوَامِخ (دخیل)
کَمِدَ (س) کَمَدًا. بدلے ہوئے رنگ والا ہونا الرَّجُلُ: غم سے بیمار دل والا ہونا۔ صفت کَامِد و کَمِد و کَمِیْد. و کَمِدَ الثوبُ: پرانے ہونے کی وجہ سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
کَمَدَ (ن) کَمْدًا و کُمُوْدًا القَصَّارُ الثوبَ دھوبی کا کپڑے کو کاٹنا۔ اور اسم الکِمَاد ہے۔
اَکْمَدَ الھَمُّ فُلانًا: غمگین کرنا۔ اداس کرنا۔ دل کو بیمار کرنا و کَمَّدَ العُضوَ: ٹکور کرنا۔ سینکنا۔ صفت مفعولی مُکْمُود
الکَمْد والکُمْد والکُمْدَۃ رنگ کا بدلنا۔ صفائی کا جاتا رہنا۔ غم۔ سخت اندوہ۔
الکِمَاد. ٹکور کرنا۔ سینکنا۔ (الکِمادۃ) ٹکور کرنے کی پٹی۔
اَکْمَدُ اللَّوْنِ: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
الکَمَر. ہر وہ عمارت جس میں محراب جیسا ہو جیسے پل وغیرہ۔
کَمَزَ (ض) کَمْزًا العَجِیْنَ و نَحْوَہٗ: گندھے ہوئے آٹے کو ہاتھ سے گول بنانا۔
الکُمْزَۃ. کھجور وغیرہ کا گچھا۔ ریت یا مٹی کا ٹیلہ۔ ج کُمَز.
کَمَسَ (ن) کُمُوْسًا. تیوری چڑھانا۔
الاَکْمَسُ. جو دیکھ نہ سکتا ہو۔
کَمَشَ (ن) کَمْشًا النَّاقَۃَ: اُونٹنی کے تھن باندھنا فُلانًا بالسَّیفِ: تلوار سے اعضاء کو کاٹنا الزّادُ: توشہ ختم ہونا۔
کَمِشَ (س) کَمَشًا. پھرتیلا اور پکے ارادہ والا ہونا۔
کَمُشَ (ک) کَمَاشَۃً. دلیر ہونا۔
کَمُشَتِ الْمَرْاَۃُ: چھوٹے پستان والی ہونا (واَکْمَشَ) فِی السَّیْرِ وغیرہٖ: تیز چلنا۔
اَکْمَشَ بالنَّاقَۃِ: اُونٹنی کے پورے تھن کو باندھ دینا۔
کَمَّشَ الحَادِی بالسَّوْقِ: حدی پڑھنے والے کا کوشش سے ہانکنا فُلانًا: جلدی کرانا ذَیْلَہٗ: دامن سمیٹنا۔
اِنْکَمَشَ و تَکَمَّشَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔
تَکَمَّشَ الجِلْدُ و نَحْوُہٗ: سکڑنا۔
اِنْکَمَشَ الثوبُ بعدَ الغُسْلِ: کپڑے کا دھونے کے بعد سکڑنا، سمٹنا۔
الکَمْش والکَمِش والکَمِیْش مِنَ الرِّجالِ: پھرتیلا۔ پکے ارادہ والا۔ عرب کے امثال سے ہے "کَمِیْشُ الاِزَار" ازار سمیٹنے والا۔ یعنی پھرتیلا۔
الکَمْش والکَمُوْش والکَمْشَۃ والکَمِیْشَۃ مِنَ الاِناثِ: چھوٹے تھن یا پستان والی۔
الاَکْمَش. چھوٹے قدم والا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ مؤنث کَمْشَاء ج کُمْش
کَمَعَ (ف) کَمْعًا فِی الاِناءِ: برتن میں منہ لگا کر پینا قَوائِمَ الدابۃِ: چوپایہ کی ٹانگیں کاٹنا۔ فِی الماءِ: پانی میں اترنا۔ کَمَعَتِ الدابۃُ: آہستہ چلنا۔
کَامَعَہٗ. ملانا۔ ہم بستری کرنا۔
اِکْتَمَعَ الاِناءَ: برتن میں منہ لگا کر پینا۔
الکَمْع اترنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ فی کَمْعِہٖ" یعنی فلاں اپنے گھر اور اپنی جگہ میں ہے۔ وادی کا گوشہ۔ قبا۔ پست زمین (والکَمِیْع) ہم خواب۔
الکَمْع. ران کی گرہ۔
المُکامِع. فا۔ اپنے قریب جس سے کوئی

بات پوشیدہ نہ رہے۔

کَمْکَمَ کَمْکَمَةً الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔

تَکَمْکَمَ. گول ٹوپی پہننا فِیْ ثِیَابِہٖ: چھپنا۔

اَلْکَمْکَام. پستہ قد گٹھے بدن کا۔ مؤنث کَمْکَامَة.

کَمَلَ (ن) و کَمُلَ (ک) و کَمِلَ (س) کَمَالًا و کُمُوْلًا و تَکَمَّلَ و تَکَامَلَ و اکْتَمَلَ. پورا ہونا۔ کامل ہونا۔

کَمَّلَ و اَکْمَلَ واسْتَکْمَلَ الشَّیْءَ: پورا کرنا۔ کَمَّلَ و اَکْمَلَ الشَّیْءَ: ٹوٹل کردینا۔

الکَمَلُ کامل۔ پورا۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَیْتُهُ الْمَالَ کَمَلًا" میں نے اس کو پورا مال دیا۔ اور یہ لفظ جمع اور واحد میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول اَعْطَیْتُهُ الْمَالَ کُلَّهٗ جیسا ہے۔

الکَمَال. س۔ اسم مصدر۔ کہا جاتا ہے "لَكَ کَمَالُ الشَّیْءِ" یعنی تمہارے لئے یہ چیز کل ہے۔

الکَمِیْل. کامل۔

اَلْکَامِیْلِیَا ایک درخت جو کہ ہمیشہ سبز ہوتا ہے اس کے پتے چمکیلے پھول بڑے سرخ رنگ زیب وزینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

الکَامِل. فا۔ جس کے اجزا پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں۔ ضد ناقص ج کَمَلَة.

تَکْمِلَةُ الشَّیْءِ: جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔

المُکَمَّل. خیر یا شر میں کامل مرد۔

کَمَنَ (ن) و کَمِنَ (س) کُمُوْنًا چھپنا۔ سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل دینا۔

کَمَنَ (ن) کُمُوْنًا الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔

کَمِنَ (س) و کُمِنَ کُمُوْنًا آنکھ میں تاریکی یا پلکوں میں ورم والا ہونا۔ کَمِنَتْ و کُمِنَتْ عَیْنُہٗ تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔

اَکْمَنَ الشَّیْءَ: چھپانا۔

تَکَمَّنَ و اکْتَمَنَ. چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔

الکُمْنَة. آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم۔ ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہیں۔

الکَمِیْن. بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا۔ ج کُمَنَاء. گھات اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ فِیْهِ کَمِیْنٌ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں ایسا فساد ہے جو نا قبل سمجھ ہے۔

الکَمُّوْن. زیرہ۔ الکَمُّوْنُ الحُلْوُ: انیسون واحد کَمُّوْنَة.

المَکْمَن. چھپنے کی جگہ۔ ج مَکَامِن.

المُکْتَمِن. غمگین۔

الکَمَنْجَة. دو تارہ۔ سارنگی (دخیل)

کَمِهَ (س) کَمَهًا. اندھا ہونا۔ رتوندی والا ہونا بَصَرُہٗ: تاریک ہونا اور بینائی کو ناپید کرنا النَّهَارُ: دن کا غبار والا ہونا الرَّجُلُ: رنگ بدلا ہوا ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ سارے معانی میں صفت اَکْمَه. مؤنث کَمْهَاء. ج کُمْه.

الاَکْمَه: اندھا۔ مادر زاد اندھا۔

تَکَمَّهَ فِی الاَرْضِ: حیران پھرنا صفت کَامِهٌ و مُتَکَمِّه. کہا جاتا ہے ذَهَبَتْ اِبِلُهٗ کُمَّیْهَی. یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔

مُکْمَهُ الْعَیْنَیْنِ: جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔

کَمْهَلَ الرَّحْلَ: کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا عَلَیْنَا: حق روکنا الحَدِیْثَ: پوشیدہ کرنا۔ معمہ جیسا کرنا المَالَ: جمع کرنا۔

تَکَمْهَلَ الشَّیْءُ: جمع ہونا۔

اکْمَهَلَّ الرَّجُلُ: سمٹ کر بیٹھنا۔ سردی سے سکڑنا۔

کَمَی یَکْمِی کَمْیًا و اَکْمَی. شَهَادَتَهٗ وغَیْرَهَا: چھپانا کَمَی و کَمَی نَفْسَهٗ: زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔ اَکْمَی عَلَی الْاَمْرِ: پکا ارادہ کرنا۔ اَکْمَی المُحَارِبُ لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔ اَکْمَی الرَّجُلُ مَنْزِلَهٗ: مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔

تَکَمَّی الشَّیْءَ: چھپنا الشَّیْءَ: حفاظت کرنا اور چھپانا۔ تَکَمَّتِ الْفِتْنَةُ النَّاسَ: گھیر لینا۔

تُکُمِّیَ الْجَیْشُ: لشکر کے دلاور یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا القَوْمُ: مدہوش ہونا۔ گھیر لیا جانا۔

اِنْکَمَی. پوشیدہ ہونا۔

اِکْتَمَی اِکْتِمَاءً. چھپنا۔

الکَمِیُّ. بہادر۔ دلاور۔ ہتھیار بند۔ زرہ پوش۔ بھید کا محافظ۔ ج کُمَاة و اَکْمَاء.

المُتَکَمِّیُ. ہتھیار بند۔ دلیر۔

کَنَّ (ن) کَنًّا و کُنُوْنًا و کَنَنَ واکَنَّ الشَّیْءَ: گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا العِلْمَ وغَیْرَهٗ فِیْ نَفْسِهٖ: دل میں چھپانا۔

اِکْتَنَّ الرَّجُلُ: چھپنا الشَّیْءُ: سفید ہونا۔ المَرْاَةُ: عورت کا شرم و حیا سے منہ چھپانا۔ الشَّیْءَ: چھپانا۔

تَکَنَّی تَکَنِّیًا. ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تَکَنَّنَ ہے)

اِسْتَکَنَّ. چھپنا۔ گھر کی طرف لوٹنا۔

اَلْکِنُّ. ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ منزل۔ گھر۔ ج اَکْنَان و اَکِنَّة.

الکَنَّة. کَنَّ کا اسم مرہ۔ بہو یا بھاوج۔ ج کَنَائِن.

الکِنَّة. چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سفیدی۔

الکُنَّة. چھجہ۔ الکُنّی۔ کوٹھڑی کے اندر چھوٹی کوٹھڑی۔ ج کُنَّات و کِنَان.

الکِنَان. چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی۔ ج اَکِنَّة.

الکِنَانَة. ترکش۔ تیر دان۔ ج کَنَائِن و کِنَانَات.

کَانُوْنُ الاَوَّلُ و کَانُوْنُ الثَّانِی: رومی مہینے مطابق دسمبر و جنوری۔

الکَانُوْن والکَانُوْنَة. انگیٹھی۔ ج کَوَانِیْن. وہ شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے وہ شخص جو بیٹھ کر خبر و واقعات کا پتہ لگائے تاکہ ان کو دوسری جگہ نقل کرے۔

الکَنِیْن. چھپا ہوا۔

المستكبر

كَنَبَ (ن) كُنُوبًا الرَّجُلُ: سخت ہونا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔
كَنَبَ (ض) كَنْبًا الشَّيْءَ فِيْ جِرَابِهٖ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔
كَنِبَتْ (س) كَنَبًا الْيَدُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔
أَكْنَبَ الشَّيْءُ وَالْيَدُ: سخت ہونا عَلَيْهِ لِسَانُهٗ: زبان رکنا عَلَيْهِ بَطْنُهٗ: سخت ہونا۔
الْكَانِبُ: فا۔ شکم سیر۔
الْكَنَبُ: مص۔ کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔
الْكِنَابُ: خوشہ خرما۔
الْكِنِّيْبُ: خشک درخت۔
الْكُنَّبَةُ: ظالم خبیث۔
الْمِكْنَبُ وَالْمُكْنَبُ: کھودنے والا جس کے ہاتھ عمل کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔ حَافِرٌ مِكْنَبٌ وَمُكْنَبٌ: سخت کھر۔
الْمُكْتَنِبُ: مرد پستہ قد۔ سخت بدن والا۔
كَنْبَثَ وَتَكَنْبَثَ الرَّجُلُ: سکڑنا۔
رَجُلٌ كُنْبُثٌ وَكُنَابِثٌ: گٹھے بدن کا مرد مضبوط و قوی مرد۔
الْكُنْبَاثُ: گرنے والی ریت۔
وَجْهٌ كُنَابِدٌ: بدصورت چہرہ۔
رَجُلٌ كُنَابِدٌ: مرد بدصورت۔
الْكِنْبِرَةُ: ناک کا موٹا سرا۔
تَكَنْبَشَ الْقَوْمُ: خلط ملط ہونا۔
الْكُنْبُوْشُ وَالْكِنْبُوْشُ: عرق گیر۔ منہ چھپانے کا برقع۔ ج كَنَابِيْشُ (دخیل)
كَنَتَ (ن) كَنْتًا فِيْ خَلْقِهٖ: مضبوط ہونا۔ قوی ہونا۔
كَنِتَ (س) كَنَتًا السِّقَاءُ: مشک کا کھردرا اور سخت ہونا۔
اِكْتَنَتَ الرَّجُلُ: خضوع کرنا۔ راضی ہونا۔
سِقَاءٌ كَنِيْتٌ: پانی روکنے والی مشک جس میں ٹپکے نہیں۔
الْكُوْنْتُ: عزت داروں کا لقب جس کا معنی امیر یا عزت دار آدمی (لاتینی لفظ)

الْكُنْتَرَاتُو: دو یا دو سے زیادہ آدمیوں کا باہمی معاہدہ کسی کام یا امر مخصوص شرائط کے ساتھ۔ معاہدہ کو توڑنا۔
الْكِنْتِيُّ: قوی مضبوط۔
كَنْثَأَتْ كَنْثَأَةً اللِّحْيَةُ: داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔
رَجُلٌ كَنْثَأُ اللِّحْيَةِ وَكُنْثَاؤُهَا: لمبی داڑھی والا مرد۔
كَنَدَ (ن) كُنُوْدًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔
كَنَدَ (ن) كَنْدًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔
الْكِنْدَةُ: پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔
الْكُنُدُ: ناشکرا۔ (مذکر و مؤنث)
الْكَنُوْدُ: ناشکرا۔ بخیل۔ گنہگار۔ خدا کو ملامت کرنے والا۔ نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا (مذکر و مؤنث) أَرْضٌ كَنُوْدٌ: کچھ نہ اگانے والی زمین۔
الْكَنَّادُ: ناشکرا۔ بہت کاٹنے والا۔
الْكُنْدُرُ: ایک خاردار درخت کا گوند۔ مضبوط بناوٹ والا۔ اور جمع کی صورت میں کہا جاتا ہے "فِتْيَانٌ كَنَادِرَةٌ" مضبوط بناوٹ کے جوان۔
الْكُنْدُرَةُ: باز کے بیٹھنے کی جگہ۔ سخت و اونچی زمین۔
الْكُنْدَرَةُ: جوتیوں کی ایک قسم
الْكُنَارُ: بیر (دخیل)
الْكَنَارِيْ: ایک خوش الحان پرندہ ہے جس کے بازو کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں۔ اور اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور جزائر خالدات میں پایا جاتا ہے۔
الْكِنَّارَةُ وَالْكَنَّارَةُ: بربط یا ڈھول یا دف ج كَنَانِيْرُ وَكِنَّارَاتٌ. الْكُنَّارَةُ: کتان کے کپڑے کا ٹکڑا۔
كَنَزَ (ض) كَنْزًا الْمَالَ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔ زمین میں دفن کرنا الرُّمْحَ: نیزہ کو زمین میں گاڑنا الشَّيْءَ فِيْ وِعَاءٍ أَوْ أَرْضٍ: برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا السِّقَاءَ: مشک بھرنا (كِنَازًا وَكَنَازًا) التَّمْرَ: خرما کو سردی کے زمانہ کے لئے ذخیرہ کر کے رکھنا۔
اِكْتَنَزَ: بھرنا۔ جمع ہونا اللَّحْمُ: جمع ہونا اور سخت ہونا الشَّيْءَ فِي الْوِعَاءِ: برتن میں ہاتھ سے دبانا۔
تَكَنَّزَ لَحْمُهٗ: گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا۔ گوشت کا گٹھا ہونا۔
الْكَنْزُ: مص۔ ہر ذخیرہ کی ہوئی قابل رغبت چیز۔ زمین میں دفن کیا ہوا مال۔ جس میں مال محفوظ رکھا جائے جیسے صندوق وغیرہ۔ ج كُنُوْزٌ اور کہا جاتا ہے "شَدَّ كَنْزَ الْقِرْبَةِ" یعنی بھر دیا۔
رَجُلٌ كَنْزُ اللَّحْمِ وَكَنِيْزُهٗ وَمَكْنُوْزُهٗ وَمُكْتَنِزُهٗ: بہت اور سخت گوشت والا۔ اور کہا جاتا ہے "كِتَابٌ مُكْتَنِزٌ بِالْفَوَائِدِ" فوائد سے بھری ہوئی کتاب۔
الْكِنَازُ: کھجور یا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت۔
الْكِنَازُ: ٹھوس اور مضبوط گوشت والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِيَةٌ أَوْ نَاقَةٌ كِنَازٌ" بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اونٹنی۔ ج كُنُزٌ وَكِنَازٌ.
الْكَنِيْزُ: کھجوریں جو سردی کے زمانہ کیلئے جمع کی جائیں۔
الْكَنَّازُ: مال کے جمع کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔
الْمَكْنِزُ: جس میں ذخیرہ کیا جائے ج مَكَانِزُ.
كَنَسَ (ن) كَنْسًا وَكَنَسَ الْبَيْتَ: گھر میں جھاڑو دینا اور کہا جاتا ہے "كَنَسَ فِيْ وَجْهِ فُلَانٍ" اس نے فلاں سے ٹھٹھا کیا "وَمَرُّوْا بِهِمْ فَكَنَسُوْهُمْ" وہ ان کے اوپر گزرے اور ان کی جڑ مٹا دی۔
كَنَسَ (ض) كُنُوْسًا وَتَكَنَّسَ الظَّبْيُ: ہرن کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔ تَكَنَّسَ الرَّجُلُ: خیمہ میں داخل ہونا۔ تَكَنَّسَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا ہودہ میں داخل ہونا۔
اِكْتَنَسَتِ الظِّبَاءُ وَالْبَقَرُ: ہرنیوں کا یا گائے کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔
الْكُنَاسَةُ: کوڑا کرکٹ۔ کوڑا کرکٹ کی جگہ۔

الکَنِیس. تو بڑا۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔

الکَنِیسَة. عِندَ النَّصارٰی: گرجا۔ اور نصاریٰ اپنے مذہب کے مومنین پر بھی بولتے ہیں۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔ ج کَنَائِس.

الکَنِیسَة: خوبصورت عورت۔

الکِناس. ہرن کے پناہ لینے کی جگہ۔ ج اَکْنِسَة و کُنُس.

الکانِس. فا۔ ہرن جو اپنی پناہ کی جگہ میں داخل ہو ج کُنَّس و کُنُوس و کَوانِس "وَالجَوارِی الکُنَّس" ستارے یا نیل گائیں یا ہرنیاں۔

الکَنَّاس. بھنگی۔ جھاڑو دینے والا۔

المِکْنَسَة. جھاڑو۔ ج مَکانِس.

المُکانِس. ہمیشہ پناہ گاہ میں رہنے والا۔

المَکْنَس. وحشی جانوروں کے گرمی کی وجہ سے چھپنے کی جگہ۔

کَنَشَ (ن) کَنْشًا الثَّوبَ: کپڑے کے کنارے بٹنا المِسْوَاكَ الخَشِنَ: مسواک کا سرا نرم کرنا۔

اَکْنَشَهٗ عَنِ الاَمْرِ: جلدی کرانا۔

الکُنَّاشَة. بیاض جس میں مفید اور نادر باتیں لکھی جائیں۔

الکُنَّاشات. جڑیں جن سے شاخیں پھوٹیں واحد کُنَّاشَة.

الکِنْشَاءُ مِنَ الرِّجَالِ: چھوٹے چھوٹے گھنگھریالے بال والا بدصورت مرد۔

کَنَّصَ. ٹھٹھا سے ناک کو حرکت دینا۔

الکُنَّاص. قوی اونٹ گدھے وغیرہ۔

کَنَظَ (ن ض) کَنْظًا و تَکَنَّظَ الاَمْرُ فُلانًا: غمگین کرنا۔

الکُنْظَة. غم۔ بھینچ۔ دباؤ۔

کَنَعَ (ف) کُنُوعًا. سمٹنا عَنِ الاَمْرِ: بزدل ہونا اور بھاگنا النَّجْمُ: ستارے کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا اِلَیْهِ: فروتنی کرنا اور نرم ہونا فِیْهِ: لالچ کرنا۔ بِاللّٰهِ: اللہ کی قسم کھانا الاَمْرُ: قریب ہونا المِسْكُ بِالثَّوبِ: متغیر ہو کر کپڑے سے چپکنا۔ العُقَابُ: عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لیے بازوؤں کو سمیٹنا اَصابِعَهٗ: انگلیوں کو مار کر خشک کرنا۔

کَنِعَ (س) کَنَعًا. خشک ہونا۔ سکڑنا۔ صفت کَنِعٌ. و کَنِعَ الرَّجُلُ: چھاڑا جانا الشَّیءُ: لازم ہونا اور ہمیشہ رہنا۔

کَنَّعَ الشَّیءَ: قبضہ کرنا یَدَهٗ: ہاتھ خشک کرنا اور شل کرنا فلانًا بِالسَّیفِ: بدن پر تلوار مارنا عَنْهُ: علیحدہ ہونا۔

اَکْنَعَ. فروتنی کرنا۔ نرم ہونا۔ ذلت کے قریب پہنچنا۔ سوال کرنا العُقَابُ: عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لئے بازوؤں کو سمیٹنا۔ القَوْمُ: اکٹھا ہونا الابِلَ: اونٹوں کو قریب کرنا۔

تَکَنَّعَ. قلعہ بند ہونا الاَسِیرُ فِی قِدِّهٖ: تسمہ سے باندھا جانا بِهٖ: چمٹنا۔

اِکْتَنَعَ. حاضر ہونا۔ قریب ہونا عَلَیْهِ: مہربان ہونا القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ فُلانٌ مِنِّی: قریب ہونا۔

الکَانِع. فا۔ وہ جو قریب ہو۔ جو چھوٹا ہو۔ جو بعض بعض سے قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَنْفٌ کَانِعٌ" چپٹی ناک "اَسِیرٌ کَانِعٌ" تسمہ سے بندھا ہوا قیدی رَجُلٌ کَانِعٌ وہ شخص جو مع اہل و عیال کے تمہارے پاس آپڑے اور تمہارے فضل و احسان کا طامع ہو۔

الکَنِیع. سکڑا ہوا۔ راستہ سے ہٹا ہوا۔ ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا مِنَ الجُوْعِ: سخت بھوک۔

الکُنَاع. مرض کی وجہ سے ہاتھ پیروں کا چھوٹا ہونا گویا کہ کٹا ہوا یا مڑا ہوا ہے۔

الاَکْنَع والمُکْنَع والمُکَنَّع شل شدہ ہاتھ والا۔ والاَکْنَع مِنَ الاُمُورِ: ناقص۔ ادھورا۔ ج کُنْعٌ. یَدٌ مُکَنَّعَةٌ: شل ہاتھ۔

المَکْنُوع. مف دونوں ہاتھ کٹا ہوا۔

کَنَفَ (ن) کَنْفًا الشَّیءَ: حفاظت کرنا۔ اپنے میں ملانا الاِبِلَ: لِلاِبِلِ: اونٹوں کے لئے باڑہ بنانا عَنْهُ: علیحدہ ہونا الدَّارَ: گھر میں پاخانہ بنانا یَدَهٗ: پانی وغیرہ لینے کے لئے ہاتھوں کو ملانا فُلانًا عَنِ الاَمْرِ: روکنا۔

کَنَّفَ و اَکْنَفَ و کَانَفَ الرَّجُلَ: مدد کرنا۔ اعانت کرنا۔

کَنَّفَ الرَّجُلَ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔

اِکْتَنَفَ. اونٹوں کے لئے باڑہ بنانا (و تَکَنَّفَ) القَوْمُ فُلانًا: احاطہ کرنا۔

و اِکْتَنَفَ القَوْمُ: پاخانہ بنانا۔

الکِنْف. تاجر یا چرواہے کے سامان رکھنے کا برتن۔

الکَنَف. جانب۔ سایہ۔ پرندہ کا بازو۔ ج اَکْنَاف. و کَنَفُ الاِنْسَانِ: پہلو۔ یا دونوں بازو اور سینہ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ فِی کَنَفِ اللّٰهِ" تم اللہ کے حفظ و امان میں ہو (و الکَنَفَة) گوشہ۔

الکَنِیف. پردہ۔ پردہ کرنے والا۔ ڈھال۔ جانوروں کا باڑہ۔ پاخانہ۔ دروازہ کا چھجہ۔ ج کُنُف و کُنُف.

الکَانِفَة. روکنے والا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُکْنَفُ اللِّحْیَةِ: بڑی داڑھی والا مرد۔ دراز ریش مرد۔

الکِنْفِرَة. ناک کا بانسہ۔

اَلکُنْفُرُوا: میٹھے پانی میں تیزی سے پھیلنے والی بوٹی جو کہ سبز رنگ میں تہ بہ تہ ایک دوسرے میں لپٹی ہوئی ہوتی ہے۔

رَجُلٌ کَنْفَلِیْلُ اللِّحْیَةِ: بڑی داڑھی والا مرد۔ لِحْیَةٌ کَنْفَلِیْلَةٌ: بڑی داڑھی۔

اَکْنَهَ و اِکْتَنَهَ الشَّیءَ: حقیقت کو پہنچنا۔

الکُنْهُ اَصْلُ شَیءٍ. حقیقت شئے۔ جوہر شے غایت۔ الکُنْهُ: وقت۔

کَنَا یَکْنُو و کَنَی یَکْنِی کِنَایَةً بِالشَّیءِ عَنْ کَذَا: کنایہ کرنا۔ لفظ بولنا اور اس کے غیر مدلول کا ارادہ کرنا۔ مثلاً تم کہو "زَیْدٌ کَثِیْرُ الرَّمَادِ" اور مراد لو کہ زید کریم ہے۔ متکلم کو کان اور لفظ کو مَکْنِی عَنْهُ کہتے ہیں۔

کَنَی یَکْنِی کُنْیَةً و کِنْیَةً و کَنّٰی تَکْنِیَةً و اَکْنٰی اِکْنَاءً. زَیْدًا اَبَا فُلانٍ و کَنَاهُ و کَنَاهُ بِاَبِی فُلانٍ: کنیت رکھنا۔

تَکَنّٰی تَکَنِّیًا و اِکْتَنٰی اِکْتِنَاءً بِکَذَا: اپنی کنیت رکھنا۔ و تَکَنّٰی الرَّجُلُ: مشہور ہونے

کیلئے اپنی کنیت بیان کرنا۔ چھپنا۔
الکُنْیَةُ والکِنْیَةُ والکُنْوَةُ والکِنْوَة. وہ نام جو کسی کی تعظیم یا علامت کیلئے بولا جائے وہ نام جو۔ اب۔ ابن۔ ام یا بنت سے شروع کیا جائے۔ ج کُنًی و کِنًی.
الکِنَایَة. مس۔ اور اصطلاح میں کنایہ اس کو کہتے ہیں کہ شئی معین کو کسی ایسے لفظ سے تعبیر کیا جائے جس کی دلالت اس پر صریح نہ ہو اور ایسا کسی غرض کے لئے کرتے ہیں۔ مثلاً سامعین سے بات کو مبہم رکھنا۔
الکَانِی. فا۔ ج کُنَاة و کَانُون.
الکَنِی. ہم کنیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَنِیَّتُهُ" یعنی دونوں کیلئے ایک کنیت ہے۔ جیسے تم کہتے ہو "هُوَ سَمِیَّهُ" یعنی دونوں ہم نام ہیں۔
کَهِبَ (س) و کَهُبَ (ک) کَهَبًا و کُهُوْبًا. سیاہی مائل بھورا ہونا۔ صفت کَاهِبٌ و اَکْهَبُ.
اِکْهَابَّ اِکْهِیْبَابًا. لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔
اَلکُهْبَة. سیاہی مائل بھورا رنگ۔
رَجُلٌ اَکْهَبُ اللَّوْنِ. متغیر رنگ والا۔
کَهَدَ (ف) کَهْدًا و کَهَدَانًا الحِمَارُ: گدھے کا دوڑنا الحِمَارَ: گدھے کو دوڑانا الرَّجُلُ: تھکنا فِی الطَّلَبِ: اصرار کرنا۔
اَکْهَدَ. تھکنا فُلَانًا: تھکانا۔
الکَهْد. مس۔ مشقت۔
الکَهْدَاء. باندی۔ لونڈی۔ کہا جاتا ہے اَتَانٌ کَهُوْدُ الیَدَیْنِ: تیز رفتار گدھی۔
الکَهْدَل. جوان موٹی عورت۔ بڑھیا۔ مکڑی۔ نوجوان لڑکی۔
کَهَرَ (ف) کَهْرًا فُلَانًا: حقارت سے ترش روئی سے پیش آنا۔ جھڑکنا۔ قہر کرنا۔ قومہ سسر داماد کا تعلق کرنا النَّهَارُ: دن کا بلند ہونا الرَّجُلُ: ہنسا الحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔
الکُهْرُوْر والکُهْرُوْرَة. ترش رو جو لوگوں کو جھڑکے۔ ج کَهَارِیْر. الکُهْرُوْرَة: ترش روئی۔
کَهْرَبَ الشَّیْءَ. قوۃ کہربائیہ بھرنا۔

الکَهْرَبَاء والکَهْرَبَا. ایک درخت کا گوند ہے کہ اس کو رگڑ دیا جاتا ہے تو تنکا وغیرہ کو کھینچ لیتا ہے (دخیل) اصل میں کاہ ربا تھا۔ یعنی گھاس کو لے جانے والا۔ الکَهْرَبَاء: بجلی۔
الکَهْرَبَائِیَّة والکَهْرَبِیَّة. بجلی کی قوت۔
تَکَهَّفَ الجَبَلُ. غاروں والا ہونا۔
اِکْتَهَفَ. غار میں داخل ہونا۔
الکَهْف. کھوہ۔ غار (غار اور کہف میں فرق یہ ہے کہ غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف وسیع) جائے پناہ۔ ج کُهُوْف.
الکَهْکَم والکَهْکَامَة. بکین۔ عمر رسیدہ بڈھا۔ خوفناک مرد۔
کَهْکَهَ. المَقْرُوْرُ: سردی زدہ کا سانس سے ہاتھوں کا گرم کرنا الاَسَدُ والعَیْرُ: کَهْکَهَه کی آواز نکالنا الشَّیْءُ: گرم ہونا۔
تَکَهْکَهَ. عَنْهُ: ضعیف و کمزور ہونا۔
الکَهْکَهَة. مس۔ گرمی۔ شیر یا اونٹ کی آواز کی نقل۔
الکَهْکَاه والکَهْکَاهَة. کمزور۔ خوفناک۔
کَهَلَ (ف) کُهُوْلًا و کَهُلَ (ک) کُهُوْلَةً: ادھیڑ عمر کا ہونا۔
کَاهَلَ مُکَاهَلَةً الرَّجُلُ: شادی کرنا۔ ادھیڑ عمر کا ہونا۔
اِکْتَهَلَ. ادھیڑ عمر کا ہونا (و تَکَهَّلَ) النَّبَاتُ: پوری لمبائی کا ہونا۔
الکُهُوْلَة والکُهُوْلِیَّة. ادھیڑ پن۔
الکَهْل. ادھیڑ عمر کا۔ تیس سے پچاس سال تک کی عمر والا۔ ج کَهْلُوْن و کُهُوْل و کِهَال و کُهْلَان و کُهَّل.
الکَهْلَة. کَهْل کا مؤنث ج کَهْلَات و کَهَلَات.
الکَاهِل. فا۔ گردن کے قریب پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج کَوَاهِل. کَاهِلُ القَوْمِ: قوم کا معتمد۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَادِیْدُ الکَاهِلِ" فلاں صاحب شوکت و قوت ہے۔
الکَهْوَل والکَهْوَل. مکڑی۔
الکُهْلُوْل. بہت ہنسنے والا۔ مرد فیاض۔

کَهَمَتْ (ف) کَهْمًا. الشَّدَائِدُ فُلَانًا: خوف دلانا۔ آگے بڑھنے سے بزدل بنانا۔
کَهِمَ (س) و کَهُمَ (ک) کَهَامَةً و کُهُوْمًا: کمزور ہونا السَّیْفُ: کند ہونا۔
کَهُمَ (ک) و کَهَمَ (ف) کَهَامَةً و تَکَهَّمَ الرَّجُلُ: لڑائی اور مدد سے سستی کرنا۔
اُکْهِمَ بَصَرُهُ. نگاہ کمزور ہونا۔
الکَهَام والکَهِیْم. سست۔ عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو۔ اور جمع کی صورت میں بھی "قَوْمٌ کَهَامٌ" کہا جاتا ہے۔
کَهْمَسَ الرَّجُلُ: چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اڑانا۔
الکَهْمَس. شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔
الکَهْمَل. ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔
کَهَنَ (ف۔ ن) کَهَانَةً و تَکَهَّنَ تَکَهُّنًا و تَکْهِیْنًا لِفُلَانٍ: غیب کی باتیں بتلانا۔
کَهُنَ (ک) کَهَانَةً: کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔
کَاهَنَ مُکَاهَنَةً. عطا کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔
الکِهَانَة. کاہن کا پیشہ۔
الکَهْنُوْت. کاہن کا فریضہ۔ کاہن کی تنخواہ۔ کاہن کا درجہ۔
الکَاهِن. فا۔ غیب دانی کا مدعی عِنْدَ الیَهُوْدِ و عَبَدَةِ الاَوْثَانِ: پروہت عِنْدَ النَّصَارٰی: جو کہنوت کے درجہ پر ہو ج کَهَنَةٌ و کُهَّانٌ الکَاهِن: دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا۔
کَهِیَ یَکْهٰی کُهًی. چہرے پر چھائیں والا ہونا۔ گندہ ذہن ہونا۔ بزدل و کمزور ہونا۔
کَاهَی مُکَاهَاةً الرَّجُلَ: باہم فخر کرنا۔
اَکْهٰی. انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا عَنِ الطَّعَامِ: باز رہنا۔
اِکْتَهَاهُ اِکْتِهَاءً. تعظیم و اجلال کرنا۔
الاَکْهٰی. چہرے میں چھائیں والا۔ گندہ

ذہن۔ بزدل و کمزور۔ اَلْاَکْھٰی: بے شگاف کا پتھر۔
اَلْاَکْھَاء. شرفاء۔
کَاءَ یَکُوْءُ کَوْءً‌ا و کَأَوْا عَنْہُ: خوف کرنا۔ بزدل ہونا۔
اَکَائَہ اِکَاءً و اِکَائَۃً. کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا۔
الکَاءُ والکَائَۃ والکِیُّ والکَیْئَۃ. کمزور دل والا۔ بزدل۔
کَابَ یَکُوْبُ کَوْبًا و اِکْتَاب. بے دستہ کے کوزہ سے پینا۔
کَوَّبَ الشَّیْئَ. بٹے سے کوٹنا۔
الکُوْب. بے دستے کا کوزہ۔ ج اَکْوَاب.
الکُوْبَۃ. فوت شدہ پر حسرت و افسوس۔
الکُوْبَۃ. شطرنج۔ نرد۔ ڈگڈگی۔ بربط۔ دوا وغیرہ پیسنے کا بٹا۔
کَوَّثَ الزَّرْعُ: چار پانچ پتوں والی ہونا۔
الکَوْث. جوتا۔
الکُوْثَۃ. فراخ سال۔
تَکَوْثَرَ. الغُبَارُ: زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔
الکَوْثَر. بہت اور تہ بتہ۔ بہت اور تہ بتہ غبار۔ بہت بڑا فیاض سردار۔ جنت کی ایک نہر۔
الکَوْثَلُ والکَوْثَلُ. جہاز کا پچھلا حصہ۔
کَاحَہ یَکُوْحُہ کَوْحًا و کَوَّحَہ و کَاوَحَہ مُکَاوَحَۃً و اَکَاحَہ اِکَاحَۃً. لڑائی میں غالب آنا۔ کَاحَ الشَّیْئَ: پانی میں ڈبونا۔ مٹی میں دبانا۔ کَوَّحَہ: غالب بنانا۔ کَوَّحَ فُلَانًا: ذلیل کرنا۔ رد کرنا۔ کَوَّحَ الزِّمَامُ البَعِیْرَ: مغلوب کرنا۔ کَاوَحَہ: گالی گلوچ کرنا۔ اَکَاحَہ: ہلاک کرنا۔
تَکَاوَحَ الرَّجُلَانِ: باہم جنگ و جدال کرنا۔
الکَاحُ والکِیْحُ دامن کوہ۔ ج کُیُوْح و اَکْیَاح. کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰی کُوْحِہ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا۔
الکُوْخ والکَاخ. جھونپڑی۔ اور اسی سے ہے کُوْخ الصَّائِد: کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشت کار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کیلئے بنالیا کرتے ہیں۔ ج اَکْوَاخ و کُوْخَان و کِیْخَان و کِوَخَۃ.
لَیْلَۃٌ کَاخٌ. تاریک رات۔
الکَاخِیَۃُ عِنْدَ اَرْبَابِ السِّیَاسَۃِ: والی کا معتمد۔ محافظ اسرار۔ یہ اصل میں کتخدا تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا۔ ج کَوَاخٍ (دخیل)
کَادَہ یَکُوْدُہ کَوْدًا. روکنا۔ کَادَ بِنَفْسِہ جان دینا۔
کَادَ یَکَادُ کَوْدًا و مَکَادًا و مَکَادَۃً. فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا۔ جیسے "کَادَ یَضْرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف ان بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے اَکَادُ اُخْفِیْھَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا۔ اور "عَرَفَ مَا یَکَادُ مِنْہُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے۔ اور کاد کے عوض میں "کِیْدَ یَفْعَلُ کَذَا" بھی سنا گیا ہے اور کبھی "کَادَ" زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لَمْ یَکَدْ یَرَاھَا" معنی میں لَمْ یَرَھَا کے۔
کَوَّدَ الشَّیْئَ: جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔
اِکْوَأَدَّ اِکْوِئْدَادًا. بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا۔
الکُوْدَۃ. مٹی وغیرہ کا تودہ۔
المَکَادَۃ. س۔ کہا جاتا ہے "لَا مَھَمَّ لِیْ وَلَا مَکَادَۃَ" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس کے قریب ہوں۔
الکَوْدَن والکَوْدَنِیّ. غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی۔ خچر۔ ٹٹو۔ کَوْدَن کی جمع کَوَادِن.
کَوَّدَ الاِزَارُ: ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آجانا۔
الکَاذَۃ. ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت۔
الکَاذِیّ. کیوڑہ۔
کَارَ یَکُوْرُ کَوْرًا. العِمَامَ وَنَحْوَھَا عَلٰی رَاسِہ: سر پر پگڑی باندھنا الاَرْضَ: زمین کھودنا۔
فِیْ مِشْیَتِہ: تیز چلنا الحَمَّالُ الکَارَۃَ: گٹھری اٹھانا (کِیَارًا) الفَرَسُ ذَنَبَہ: گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔
کَوَّرَ العِمَامَۃَ: سر پر پگڑی باندھنا ہٗ پچھاڑنا۔ نیزہ مار کر گرا دینا المَتَاعَ: تہ بتہ رکھنا اللّٰہُ اللَّیْلَ عَلَی النَّھَارِ: ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔
کُوِّرَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا۔
اَکَارَ اِکَارَۃً عَلَیْہِ: ضعیف و کمزور سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔
تَکَوَّرَ. گرنا۔ پچھاڑا جانا۔ تیز گزر جانا۔
اِکْتَارَ اِکْتِیَارًا. عمامہ باندھنا الفَرَسُ: دوڑنے میں دم اٹھانا الشَّیْئَ: بعض کو بعض پر ٹیکنا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ پچھاڑا جانا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "کَوَّرَہ فَاکْتَار" یعنی اس نے اسے پچھاڑا وہ گر گیا الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ: گالی دینے کے لئے آمادہ ہونا۔
اِسْتَکَارَ اِسْتِکَارَۃً. تیز دوڑنا۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا۔
الکَارُ. ایک قسم کا جہاز۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز ج کَارَات.
الکَوْر. س۔ عمامہ کا پیچ۔ بڑی جماعت۔ اونٹوں یا گایوں کا گلہ۔ زیادتی۔ ج اَکْوَار.
الکَوْر. طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ کَوْرٌ کَرِیْمٌ" اس کی طبیعت اچھی ہے۔
الکُوْر. مٹی کی ا[illegible]۔ ج اَکْوَار و اَکْوُر و کِیْرَان و کُوْرَان. الکُوْر: بھڑوں کا چھتا۔ لوہار کی بھٹی۔ (والمَکْوَر) اونٹ کا کجاوہ۔ کجاوہ مع سامان۔
الکَارَۃ مِنَ الثِّیَابِ: دھوبی کے کپڑوں کی گٹھری۔ غلہ کی ایک مقدار معلوم۔ ج کَارَات.
الکُوْرَۃ. ضلع۔ ج کُوَر.
الکُوَارَۃ والکِوَارَۃ الکَوَّارَۃ. شہد کی مکھیوں کیلئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ۔ شہد

مع موم کے۔ الکوارۃ: عمامہ۔ پگڑی۔ والکوارۃ: تیز دوڑ۔
اَلْکُوْرَار: ایک زہریلا پودا جس کو استعمال کیا جائے تو انسانی پٹھے کمزور سے کمزور ہوتے جاتے ہیں خاص کر اس وقت خطرناک ہوتی ہے۔ جب زخمی انسان کے خون میں سرایت کر جائے۔
المکور والمکورۃ۔ عمامہ۔
المکوری والمکوری۔ فرومایہ۔ کمینہ۔ چوڑے بدن کا پستہ قد۔
کَازَ یَکُوْزُ کَوْزاً۔ کوزے سے پینا الشیٔ: جمع کرنا۔
تکوز۔ القومُ: قوم کا اکٹھا ہونا۔
اِکتاز۔ کوزے سے پینا الماءَ: کوزے سے لینا۔
الکُوز۔ کوزہ۔ ج اکواز و کیزان و کوزۃ۔ (دخیل)
مُکَوَّزُ الراس۔ لمبے سر والا۔
الکاز: النفط: پٹرول
کَاسَ یَکُوْسُ کَوْساً البعیرُ: ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا فِی السیرِ: آہستہ چلنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَکُوْسُ فِی السیرِ" فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے علیٰ راسہٖ: سر کے بل اُلٹ پڑنا فِی البَیْعِ: قیمت گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَکُسْنِیْ یا فُلَانُ فِی البَیْعِ" اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹا الحیۃُ: کنڈلی مارنا۔
کَاسَہٗ واکاسہٗ اکاسۃً۔ پچھاڑنا۔
کَوَّسَ الشیٔ علیٰ راسہٖ: سرنگوں کرنا۔
تکوّس الرجلُ: سرنگوں ہونا۔
تکاوس لحمُہٗ: گوشت کا تہ بتہ ہونا
العُشبُ: گھاس کا گنجان اور بہت ہونا۔
اِکتاسہٗ عن حاجتہٖ: روکنا۔
الکاس۔ کأس کا مخفف۔ بمعنی پیالہ۔
الکُوْس۔ س۔ دریا کا تلاطم۔ ڈوبنے کے قریب ہونا۔
الکُوْس۔ ڈھول۔ ایک مثلث پیمانہ جس کو بڑھئی استعمال کرتے ہیں۔ ج کُوْسات (دخیل) لُمعۃٌ کَوْساء۔ خشک گھاس کا

مٹھا۔ آپس میں ایک دوسرے پر لپٹا ہوا۔ ج کُوْس۔ رمالٌ کُوْسٌ: ریت تہ بتہ جما ہوا۔
الکُوْسی من الخیل: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ مؤنث کُوْسِیَۃ۔
المکاس۔ سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ۔
المکوس۔ چکی کے پتھر درست کرنے کی چھینی جھکاوس
کَوْسَج و تکوسج الرجلُ۔ کوسج ہونا۔
الکَوْسَج۔ صرف ٹھوڑی پر داڑھی والا۔ کم دانتوں والا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا۔ ج کواسج
الکَوْسَج: ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرہ کی طرح ہوتی ہے۔
کَاشَ یَکُوْشُ کَوْشاً: بہت گھبرانا۔
الجاریۃَ: جماع کرنا۔
کَوِعَ (س) کَوَعاً۔ بڑے بند دست والا ہونا۔ مڑے ہوئے بند دست والا ہونا۔ صفت اَکْوَعُ مؤنث کَوْعاءُ ج کُوْعٌ
کَاعَ یَکُوْعُ کَوْعاً الکلبُ: گرمی کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔ زخمی ہونے کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔
کَوَّعَہٗ بالسیفِ: تلوار مارنے سے بند دست کا ٹیڑھا کرنا۔
تکوّعت یدُہٗ: بند دست کا ٹیڑھا ہونا۔
الکاعُ والکُوْعُ۔ انگوٹھے کی جانب بند دست کا کنارہ۔ ج اکواع۔
الکوع۔ س۔ بند دست کی ہڈی میں ٹیڑھا پن۔ پیر کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف بہت جھکاؤ۔
کَافَ یَکُوْفُ کَوْفاً الادیمَ: چمڑے کے کناروں کو ملا کر سینا۔
کَوَّفَ الادیمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الشیٔ: علیحدہ کرنا الکافَ: حرف کاف لکھنا الرجلُ: کوفہ میں آنا۔
تکوّف القومُ تکوّفاً و کوفاناً علیٰ غیر القیاس جمع ہونا الرجلُ: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا۔
الکُوْفۃ۔ عراق کے ایک شہر کا نام۔ ریت کا

گول سرخ ٹیلہ۔
الکُوْفی۔ کوفہ کی جانب منسوب۔ اور اسی سے ہے خط کوفی۔
الکُوْفِیُّوْن۔ کوفہ کے نحوی حضرات۔
الکُوْفِیَّۃ۔ کوفی کا مؤنث۔ سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الکفیہ کہتے ہیں۔
کَوْفَلَتِ المرأۃُ ابنَہا: عورت کا بچے کو گول کپڑا لپیٹنا الکافولیۃ: مربع شکل کا سفید کپڑا جو کہ بچوں کو لپیٹا جاتا ہے۔
الکَیْفان والکُوْفان والکَوَفان والکُوَفان: گول تودہ ریت۔ گول چیز۔ عزت و شوکت و بلندی و مشقت۔ نرکل بانس۔ لکڑی کا جھنڈ۔ اور کہا جاتا ہے "ظَلُّوْا فِی کُوْفانٍ مِنْ اَمْرِہِمْ" ان کا معاملہ گڑبڑ ہو گیا "وَہُمْ فِی کُوْفانٍ مِنْ ذٰلِکَ" وہ لوگ اس سے عزت و شوکت میں ہیں۔ یعنی لوگ گڑبڑی میں ہیں۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ فِی کُوْفِیٍّ مِنْ اَمْرِہِمْ"
الکُوْکَۃ: ایک درخت جو دو یا تین میٹر سے زیادہ لمبا ہوتا ہے۔ اس کے پتے انڈے کی شکل میں ہوتے ہیں اس کو کائین حاصل کیا جاتا ہے۔
الکُوْکائین: ایک نشہ آور مادہ جو "کوکہ" سے نکالا جاتا ہے۔
کَوْکَبَ الحدیدُ: چمک اُٹھنا۔ چم چم کرنا۔
الکَوْکَب۔ ستارہ۔ تلوار۔ پانی۔ گرمی کی سختی۔ لوہے کی چمک دمک۔ لمبی نباتات۔ سردار قوم۔ شہسوار قوم۔ میخ۔ قید خانہ۔ ہتھیار بند۔ قریب البلوغ لڑکا۔ باغ کی کلی۔ فوج۔ پہاڑ۔ آنکھ کا پھولہ۔ چیز کا بڑا حصہ۔ شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو زمین کا خطہ کہ اس کا رنگ دوسرے خطہ سے مختلف ہو۔ کوکبُ البئرِ: کوئیں کا سوت۔ ج کواکب۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبُوْا تحتَ کُلِّ کَوْکَبٍ" یعنی متفرق ہوگئے "وَ یَوْمٌ ذُوْ کَوَاکِبَ" سختیوں والا دن۔
الکَوْکَبۃ۔ ایک ستارہ۔ ایک کلی۔ جماعت۔

المُكَوْكَب ۔ آنکھ کے پھولے والا۔
كَوْكَى كَوْكَوَةً. الرَّجُلُ: تیز چلنے میں جھومنا۔ پستہ قد کا دوڑنا۔
الكَوْكَاة والكَوَاكِيَة. پستہ قد۔
المُكَوْكَى ۔ بے برکت۔ کیکڑا۔
تَكَوَّلَ القَوْمُ: اکٹھا ہونا (وانکال انکیالا) القَوْمُ عليه: مار پیٹ گالی گلوچ کے لیے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔
تكاوَلَ الرجلُ: کوتاہی کرنا۔ باز رہنا۔
الكَوْلان والكُوْلان ۔ بردی نام کی ایک گھاس واحد كولانة.
الأكْوَل ۔ پہاڑ کی مانند بلند زمین ۔ ج اكاوِل
كَامَ (ن) كَوْمًا و كَوْمَةً الجارِيَةَ: جماع کرنا الفرسُ وَغَيْرُهُ: جفتی کرنا۔
كَوِمَتْ (س) كَوَمًا النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بڑی کوہان والی ہونا۔
كَوَّمَ تكويمًا التُّرابَ: مٹی کو تودہ تودہ کرنا المتاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا ثيابَهُ في ثوبٍ واحِدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔
اِكْتامَ اكْتِيامًا الرجُلُ: پیر کی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔
الكُوم ۔ اُونٹوں کا گلہ ۔ ج أكوام: بلند جگہ۔ ٹیلہ ج كِيَمان۔
الكُومَة والكَوْمَة. مٹی کا ڈھیر ۔ ج كُوَم وأكوام.
الأكْوَم ۔ بلند ۔ بڑے کوہان والا اُونٹ۔ مؤنث كَوْماء ج كُوْم.
الكُوْمِسْيُون: بڑھئی کی اجرت۔ کمیشن ایجنٹ کی اجرت۔ سیاسی و تجارتی معاملات کو درست کرنے کے لئے ایک منظم جماعت جس کو عربی میں "اللُّجنة" بولتے ہیں۔ الكومسيونجي: سامان بر آمد کرنے والا۔
كانَ يَكُوْنُ كَوْنًا و كِيانًا و كَيْنُونَةً الشيءُ: نو پید ہونا۔ واقع ہونا۔ پایا جانا۔ ہونا۔ كان افعال ناقصہ میں سے ہے۔ مبتدا و خبر پر داخل ہوتا ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لیے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو اسم کان کہا جاتا ہے جیسے "كان زَيْدٌ قائمًا" اور کبھی تامہ ہوتا ہے جیسے "فقالَ اللّهُ ليكن نورٌ فكانَ نُوْرٌ" اور ثبت کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "كانَ اللّهُ ولا شيَ معهُ" اور حصر کے معنی میں بھی جیسے "ان كان ذو عسرة فنظرةٌ الى ميسرة" اور وقع کے معنی میں جیسے "ماشاء الله كان" اور ينبغي کے معنی میں جیسے "ماكان لكم ان تنبتوا شجرها" اور استقبال کے معنی کے لیے جیسے "يخافون يوما كان شرّه مستطيرا" اور زمانہ ماضی کے لیے جیسے "كان في المدينة تسعةُ رهطٍ" اور زمانہ حال کیلئے جیسے "كُنْتُمْ خيرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ للنّاسِ" اور کبھی دوام و استمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كان اللّهُ غَفُوْرًا رَحيمًا" اور کہا جاتا ہے "صار الى كان" یعنی مر گیا اور مثنی اور جمع میں کہا جاتا ہے "صار الى كانا" صاروا الى كانوا" اور "كُنْتُ الكوفة" یعنی میں کوفہ میں تھا "و منازلُ اقفرت كان لم يكنها احدٌ" یعنی منازل خالی ہوگئے گویا کہ وہاں کوئی نہیں تھا "وكُنَاهُم" بمعنی كُنّا لهم.
كانَ يكُونُ كونا و كيانا على فُلانٍ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔
كَوَّنَ تكوينا الشيءَ: پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔
تكوَّنَ ۔ پیدا ہونا۔ ایجاد ہونا۔ متحرک ہونا۔
اكْتانَ اكْتِيانا بفلانٍ و عليه: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔
اسْتَكانَ استكانة لفلانٍ: فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔
الكَوْنُ ۔ مص۔ عالم وجود۔
الكَوْنِيّ ۔ کون کی جانب منسوب۔
الكُوْنِيّ ۔ عمر رسیدہ۔ بڑی عمر والا۔
الكِيَان ۔ مص۔ طبیعت۔ فطرت۔
الكِيَانَة ۔ ضمانت۔ کفالت۔
التَّكْوِيْن ۔ مص۔ معدوم کو عدم سے وجود میں لانا۔ سِفْر التَّكْوِيْن: بائبل کی پہلی کتاب موسوم بہ کتاب پیدائش۔
الكائن ۔ فا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ حادثہ۔
الكائنة. مؤنث كائن. حادثہ ج كائنات و كوائن. الكائنات: موجودات۔
الكُنْتِيّ و الكُنْتُنِيّ ۔ بڑی عمر والا۔ گویا کہ وہ اپنے قول "كُنْتُ في شبابي كذا و كذا" کی طرف منسوب کیا گیا ہے ۔ تم کہتے ہو "اَصْبَحْتُ كُنْتِيًّا" یعنی میں بڑی عمر والا ہوگیا ج كُنْتِيُّوْن و كُنْتُنِيُّوْن اور كُنْتُنِي میں نون وقایہ ہے تاکہ ضمہ ظاہر ہو جائے جس طرح کی ضربني میں فتحہ ظاہر ہونے کیلئے نون لاتے ہیں۔
المكان ۔ کسی شے کے ہونے کی جگہ ج اماكِن وأمكنة وأمْكُن (اخیر نادر ہے)
المكانة ۔ موضع ۔ جگہ ۔ مرتبہ ج مكانات.
المَكِيْن ۔ مرتبہ والا ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مكينٌ عند فُلانٍ" فلاں فلاں کے نزدیک صاحب مرتبہ ہے۔ کہا جاتا ہے مكْوُنٌ فيه: یعنی موجود۔
كَوِهَ (س) كَوَهًا ۔ متحیر ہونا۔
كاهَ يكُوْهُ كَوْهًا الشيءَ: منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔
كَوَّهَ النارَ: آگ بھڑکانا۔
تكَوَّهَ عليه الأمرُ: پراگندہ و پریشان ہونا۔
كَوَّى في دارِهِ كُوَّى: روشندان بنانا۔
تَكَوَّى تكوِّيًا الرجُلُ: تنگ جگہ میں داخل ہونا اور سمٹنا۔
الكُوُّ والكَوَّة والكُوَّة. روشن دان ۔ ج كِواء و كُوًى و كَوّات و كُوّات.
كُوى النهر: دریا کے نالے۔
كوى يكوي كَيًّا فُلانًا: لوہے وغیرہ سے داغ دینا ۔ كَوَتِ العقربُ فُلانًا: بچھو کا ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ تم کہتے ہو "كواني بعينه" یعنی اس نے مجھ کو تیز نظر سے دیکھا۔

اکْوی اِکْوَاءً ۔ زبان سے تکلیف پہنچانا۔
کَاوَیٰ مُکَاوَاۃً ۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔
اِکْتَوَیٰ ۔ داغ لگنا الرَّجُلُ: اپنے آپ کو داغ دینا۔ اپنی آپ تعریف کرنا ان صفات سے جو فی الحقیقت نہ ہوں۔
اسْتَکْوی فُلَانًا: داغ لگانے کو کہنا الرَّجُلُ: داغے جانے کا وقت قریب ہونا۔
الکَیَّۃ. کَوی کا اسم مرۃ۔ داغ لگانے کی جگہ۔
الکَوَّاء ۔ اسم مبالغہ ۔ بدزبان۔ بہت گالی بکنے والا۔
المِکْوَاۃ. داغ دینے کا لوہا۔ استری کرنے کا لوہا۔ ج مَکَاوٍ.
المِکْوَاۃ والکاوِیَاء. بکریوں پر نشان لگانے کا آلہ۔
کَیْ. حرفِ تعلیل ہے۔ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور تقدیر ان کی وجہ سے نصب دیتا ہے جیسے "جَاءَ کَیْ یَسْئَلَ" یعنی آیا تاکہ پوچھے اور ما استفہامیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "کَیْمَ جِئْتَ" یعنی تم کیوں آئے اس صورت میں یہ حرف جر ہوگا۔
وقف کی صورت میں اس کے ساتھ ہا متصل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے کَیْمَہْ جیسا کہ لِمَہْ کہا جاتا ہے اور مَاءِ مصدریہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "یُرَجَّی الفَتٰی کَیْمَا یَضُرُّ و یَنْفَعُ."
اور اَنْ مصدریہ مقدرہ پر وجوبا داخل ہوتا ہے جیسے "جِئْتُکَ کَیْ تُکْرِمَنِی" میں تمہارے پاس اس لیے آیا کہ تم میرا اکرام کرو۔ اور اکثر اس کا استعمال لام کے بعد ہوتا ہے جیسے جِئْتُ لِکَیْ تُکْرِمَنِی.
کَاءَ یَکِیْءُ کَیْئًا عَنِ الْاَمْرِ: اعراض کرنا۔
الکَاءُ والکَیْ والکَائَۃُ والکَیْأَۃ بزدل۔
کَیَّتَ الوِعَاءَ: برتن بھرنا الجَھَازَ: سامان تیار کرنا اور آسان کرنا۔
کَیْتَ و کَیْتَ ۔ اور کبھی کَیْتِ و کَیْتِ مکسورًا کہتے ہیں اور ان سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے۔ تم کہتے ہو "قَالَ فُلَانٌ کَیْتَ و کَیْتَ" یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا۔ اور کَیْتَ کَیْتَ بغیر واو کے بھی استعمال کرتے ہیں۔ اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔
کَاحَ یَکِیْحُ کَیْحًا السَّیْفُ فِیْہِ: تلوار کا اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَاحَ فِیْہِ السَّیْفُ" یعنی تلوار نے اس پر کام نہیں کیا۔
اَکَاحَہُ اِکَاحَۃً ۔ ہلاک کرنا۔
الکِیحُ ۔ موٹا (مذکر و مؤنث) کِیحٌ اَکْیَحُ: کھردرا۔ موٹا۔ جیسے کہا جاتا ہے یَوْمٌ اَیْوَمُ.
الکَیَحُ ۔ سختی۔ موٹاپا۔
کَادَہُ یَکِیْدُہُ کَیْدًا ۔ مکر کرنا۔ فریب کرنا ۔ مکر سکھلانا۔ جنگ کرنا۔ برا ارادہ کرنا الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نکالنا۔ کَادَ لِفُلَانٍ: حیلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَکِیْدُ اَمْرًا مَا اَدْرِی مَا ھُوَ" جبکہ وہ پھسلائے اور فریب دے و "بَلَغُوْا الْاَمْرَ الَّذِیْ کَادُوْا" یعنی جس امر کا وہ ارادہ کرتے تھے اس کو انہوں نے حاصل کر لیا بِنَفْسِہٖ: جان دینا الشَّیْءَ: تیار کرنا الرَّجُلُ: قے کرنا۔
کَایَدَہُ مُکَایَدَۃً ۔ مکر و فریب کرنا۔
تَکَایَدَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے ساتھ مکر کرنا۔
اِکْتَادَ اِکْتِیَادًا ۔ حیلہ کرنا۔ مکر و فریب کرنا۔
الکَیْدُ ۔س۔ حیلہ۔ مکر۔ خباثت۔ لڑائی۔ قے ج کِیَادٌ ۔ کہا جاتا ہے "غَزَا فَلَمْ یَلْقَ کَیْدًا" یعنی اس نے مقاتلہ نہیں کیا "وَلَا کَیْدًا وَلَا ھَمًّا" یعنی نہ تو سختی کرتا ہوں اور نہ اس کا ارادہ۔
الکَیَّادُ ۔ بہت مکر کرنے والا۔
المَکِیْدَۃ. اسم ہے کَادَ کا۔ مکر۔ دھوکا۔ خباثت ج مَکَائِد. کید کی نسبت جب اللہ تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے تو اس سے مراد مہلت دینی یا مکاروں کو ان کے فعل پر سزا دینی ہوتی ہے۔
کَارَ یَکِیْرُ کَیْرًا الفَرَسُ: دوڑنے میں دُم اُٹھانا۔
اَکَارَ عَلَیْہِ یَضْرِبُہُ: متوجہ ہونا۔
تَکَایَرَا ۔ ایک دوسرے کو مارنا۔
الکِیْرُ ۔ لوہار کی بھٹی۔ ج اَکْیَار و کِیَرَۃ
الکَیِّرُ ۔ دوڑنے میں دُم اُٹھانے والا۔
کَاسَ یَکِیْسُ کَیْسًا و کِیَاسَۃً الغُلَامُ: زیرک ہونا۔ ذہین ہونا فُلَانًا: دانائی میں غالب آنا الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
کَیَّسَہُ تَکْیِیْسًا ۔ زیرک و ذہین بنانا۔
کَایَسَہُ مُکَایَسَۃً ۔ دانائی میں مقابلہ کرنا ہٗ: فِی البَیْعِ: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔
اَکَاسَ اِکَاسَۃً و اَکْیَسَ اِکْیَاسًا ذہین اولاد والا ہونا۔
تَکَیَّسَ ۔ دانائی ظاہر کرنا۔ بتکلف دانا بننا۔
الکَیْسُ: س۔ عقل؛ سمجھ؛ دانائی؛ زیرکی۔ بخشش۔ جماعت۔ کاموں میں سنجیدگی۔
الکِیَاسَۃ: س۔ جو چیز نافع ہو اس کے استخراج کی قدرت۔
الکِیْسُ ۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ج اَکْیَاس و کِیَسَۃ جھلی جس میں بچہ رہتا ہے۔
الکَیِّسُ ۔ دانا۔ سمجھ دار۔ اچھی سمجھ بوجھ والا۔ ج اَکْیَاس و کَیْسٰی مؤنث کَیِّسَۃ ج کِیَاس.
المُکَیِّسُ ۔ سمجھ دار۔
کَیْسَانُ ۔ بغیر الف لام کے اسم ہے غدر کے لئے۔ جب کوئی بے وفائی کرے تو کہا جاتا ہے رَکِبَ فُلَانٌ کَیْسَانَ.
الاَکْیَسُ ۔ اسم تفضیل۔ مؤنث کَیْسٰی و کُوْسٰی ج کِیَس.
المِکْیَاسُ مِنَ النِّسَاءِ: وہ عورت جو عقلمند بچوں کو جنے۔ ج مَکَایِیْس.
کَاصَ یَکِیْصُ کَیْصًا و کُیُوْصًا و کَیَصَانًا کسی چیز سے عاجز ہونا الطَّعَامَ: تنہا کھانا۔
مِنَ الطَّعَامِ والشَّرَابِ: بہت کھانا پینا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ یَکِیْصُ" جلدی کرتا ہوا گزرا و "کِصْنَا عِنْدَہٗ مَا شِئْنَا" ہم نے اس کے پاس جو کچھ جی میں آیا کھایا۔
کَایَصَ مُکَایَصَۃً الاَمْرَ او العَمَلَ: مشق

کرنا۔
الکَیِّصُ۔مص۔ سخت بخیل۔درشت خو۔ گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد۔
کِیَصٌ و کِیَصّی و کِیْصّی و کَیْصّی۔ تنہا اترنے والا۔ تنہا کھانے والا اور کسی کا خیال نہ کرنے والا۔
الکَیِّصُ والکِیَصُّ مِنَ الرِجالِ: مضبوط پٹھے والا۔
کَاعَ یَکِیْعُ کَیْعًا و کَیْعُوْعَةً عَنْهُ: بزدل ہونا۔خائف ہونا۔ صفت کَاعٍ و کَائِعٌ ج کَاعَةٌ۔
کَافَ یَکِیْفُ کَیْفًا الشَّیْءَ: کاٹنا۔
کَیَّفَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کیفیت معلوم بنانا۔
تَکَیَّفَ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ کسی کیفیت پر ہونا۔
اِنْکَافَ اِنْکِیَافًا الشَّیْءُ: کاٹنا۔
کَیْفَ اسم مبہم مبنی علی الفتحہ ہے اور اکثر اس کا استعمال استفہام کے لیے ہوتا ہے جیسے "کَیْفَ زَیْدٌ" اور کبھی شرط کے لیے آتا ہے کبھی "ما" لگاتے ہیں اور کبھی نہیں جیسے کَیْفَمَا تَصْنَعَ اَصْنَعَ و کَیْفَ تَصْنَعَ اَصْنَعَ اور کہا جاتا ہے "کَیْفَ لِیْ بِفُلَانٍ" اس کے جواب میں تم کہتے ہو کُلُّ الْکَیْفِ جر کے ساتھ۔ مثل دوسرے معربات کے اور فتحہ کے ساتھ اپنی حالت پر باقی رہتے ہوئے۔
کَیْفِیَّةُ الشَّیْءِ: صفت۔حالت ج کَیْفِیَّاتٌ۔
الکِیْفَةُ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے دامن کے اگلے حصہ میں پیوند لگائیں۔ج کِیَفٌ۔
الکَیْکَةُ انڈا۔ج الکَیَاکِی اور تصغیر کُیَیْکَةٌ و کُیَیْکِیَةٌ
کَالَ یَکِیْلُ کَیْلًا و مَکِیْلًا و مَکَالًا و کَیَّلَ القَمْحَ وَغَیْرَهُ: ناپنا اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے "کِلْتُ زَیْدًا الطَّعَامَ" اور کبھی مفعول اول پر لام داخل ہوتا ہے جیسے کِلْتُ لِزَیْدٍ الطَّعَامَ۔ کَالَ الدَّرَاهِمَ: تولنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: اندازہ کرنا

اور کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ لَا یَکِیْلُنِیْ" یعنی اس پیمانہ کا غلہ میرے لیے کافی نہیں۔
کَالَ یَکِیْلُ کَیْلًا الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔
کَیَّلَ الْقَمْحَ: گیہوں ناپنا۔ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔
کَایَلَهُ مُکَایَلَةً۔دوسرے کے قول یا فعل کی مانند کہنا یا کرنا۔ گالی دینا اور بڑھ جانا اور کہا جاتا ہے "کَایَلْتُ فُلَانًا" یعنی اس نے میرے لیے اور میں نے اس کے لئے ناپا۔دونوں مُکَایِلَانِ کہے جائیں گے "وَ کَایَلَ الفَرَسُ الفَرَسَ فِی الْجَرْیِ" یعنی ایک گھوڑے نے دوسرے گھوڑے کا دوڑنے میں مقابلہ کیا اور کہا جاتا ہے "کَایَلْنَاهُمْ صَاعًا بِصَاعٍ" یعنی ہم نے ان کو پورا پورا بدلہ دیا۔
تَکَیَّلَ الرَّجُلُ: میدان جنگ میں آخری صف میں کھڑا ہونا۔
تَکَایَلَ الرَّجُلَانِ: گالی اور کینہ میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ایک کا دوسرے کیلئے ناپنا۔
اِکْتَالَ اِکْتِیَالًا مِنْهُ و عَلَیْهِ: اپنے لیے ناپنا۔
الکَالُ۔ایک ٹیڑھا سا آلہ ہے جو قلعہ کے گرانے میں کام آتا ہے۔
الکَیْلُ۔مص۔ ناپنے کا آلہ۔چنگاری جو چقماق سے گرے۔ج اَکْیَالٌ۔
الکَیْلَةُ کال کا اسم مرۃ ناپنے کا برتن فِیْ بَرِّ الشَّامِ: دو مد کا پیمانہ۔ج کَیْلَاتٌ۔ اور عرب کے امثال میں سے ہے "اَحَشَفًا و سُوْءَ کِیْلَةٍ" اس وقت بولا کرتے ہیں جب کہ دو بری باتوں کو کوئی جمع کرے۔مراد یہ کہ بری کھجور بھی اور پھر اس پر بری تول بھی۔
الکِیْلَةُ کال کا اسم۔اور اسم نوع۔
الکِیَالَةُ ناپنے کا پیشہ۔ناپنے کی اجرت۔
الکَیَّالُ۔ وہ شخص جو ناپنے کا پیشہ اختیار کرے۔
الکَیُّوْلُ۔ میدان جنگ کی آخری صف۔

اُونچی زمین۔بزدل (والکَیِّلُ) چنگاری جو چقماق سے جھڑے۔
المِکْیَلُ والمِکْیَلَةُ ج مَکَائِلُ والمِکْیَالُ ج مَکَایِیْلُ: جس سے ناپا جائے۔
اَلْکَیْلُوْسُ ایک سفید مائع مادہ جو کہ زود مضم مطعومات کا جوس ہوتا ہے۔
اَلْکِیْلُو غِرَام کلوگرام جو کہ ہزار گرام وزن کا ہوتا ہے اور گرام اوقیہ کا چوبیسواں جز ہوتا ہے۔
المَکِیْلُ والمَکْیُوْلُ۔ناپا ہوا۔
الکِیْمِیَاءُ والکِیْمِیَا۔ اکسیر۔جس کے متعلق خیال تھا کہ اس سے سونا چاندی بن جایا کرتا ہے عِلْمُ الْکِیْمِیَاءِ او الْکِیْمِیَا عِنْدَ الْقُدَمَاءِ: وہ علم ہے جس میں اس سے بحث کی جائے کہ کس طرح ایک معدنی چیز کو دوسرے کی طرف خصوصًا سونے کی طرف تبدیل کر سکتے ہیں اور یا تمام امراض کیلئے دوا کا استنباط عِنْدَ الْمُتَاخِرِیْنَ: وہ علم ہے جس میں اجسام کے طبائع و خواص سے بواسطہ حل و ترکیب کے بحث ہو۔اور نسبت کے وقت کِیْمِیٌّ و کِیْمَوِیٌّ کہتے ہیں۔ ج کِیْمِیُّوْنَ و کِیْمَوِیُّوْنَ۔
کَانَ یَکِیْنُ کَیْنًا لِفُلَانٍ: فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔
اَکَانَهُ اِکَانَةً اللّٰهُ: عاجز کر دینا۔مطیع کرنا۔ فرمانبردار بنانا۔
اِکْتَانَ اِکْتِیَانًا۔ غمگین ہونا اور غم کو چھپانا۔
اِسْتَکَانَ۔ کون کے مادہ میں مذکور ہے۔
الکَیْنَةُ بیری۔ضمانت۔
الکِیْنَةُ سختی۔ذلت حالت۔کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلَانٌ بِکِیْنَةِ سُوْءٍ" یعنی اس نے بری حالت میں رات گزاری۔
الکِیْنَا۔کُوْنِیْن (دخیل)
کَاهَ یَکِیْهُ کَیْهًا فُلَانًا: منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔
الکَیِّهُ۔وہ شخص جو اپنے حیلہ سے عاجز آ چکا ہو۔

ل

اَللَّامُ بنیادی حروف میں سے تیسواں حرف ہے۔ یہ حروف ذلقیہ سے ہے۔ لام بحساب جمل اس کا عدد (۳۰) تیس ہے۔

اللام تین قسمیں ہیں۔

اَلَدَّهُ: سخت جھگڑالو پانا۔ اَلَدَّ بِهٖ: ٹالنا۔ کہا جاتا ہے اَلْدَدْتُ بِهٖ: میں نے اس سے جھگڑا کرنے میں سختی کی۔

لَدَّ (س) لَدَدًا ۔ بہت جھگڑالو ہونا۔ صفت الدّ ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَلَدُّ بَیِّنُ اللَّدَدِ" یعنی وہ بہت ہی سخت جھگڑالو ہے۔

لَدَّدَهُ ۔ حیران کرنا لَدَّدَ بِهٖ: بدنام کرنا۔

تَلَدَّدَ ۔ متحیر ہونا ۔ دائیں بائیں دیکھنا فِی الْمَکَانِ: ٹھہرنا۔

اِلْتَدَّ ۔ منہ کے کنارے سے دوا پینا۔ عَنِ الشَّیْءِ: مائل ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔

اللَّدُّ ۔ مص ۔ بورا۔

اللَّدَد ۔ مص سخت جھگڑالو۔
اللَّدُّ والألَدُّ واللَّدُود واللَّدِیْد ۔ ج
اَلِدَّۃ والألَدّ ۔ مؤنث لَدَّاءُ ۔ ج لِدَاد ولُدّ.
و الألَنْدَد والیَلَنْدَد ۔ سخت جھگڑالو۔
اللَّدِیْد و اللَّدُوْد: دوا جو منہ کے کنارہ سے ٹپکائی جائے ۔ اللَّدِیْدَانِ: کانوں کے نیچے گردن کے دونوں طرف کے کنارے ہر چیز کے دونوں جانب ۔ کہا جاتا ہے "مالَہُ عَنْہُ مُحتَدٌّ ولا مُلتَدٌّ" یعنی اس کیلئے کوئی چارہ نہیں۔
المُتَلَدَّد ۔ گردن۔
لَدَحَہُ (ف) لَدْحًا ۔ پیٹھ پر آہستہ تھپکی دینا۔
لَدَس (ن) لَدْسًا الشَّیْءَ: چاٹنا ۔ ہُ بِیَدَیْہِ: مارنا۔ ہُ بِحجر: پتھر مارنا۔
لَدَّسَ الخُفَّ: پیوند لگانا۔ درست کرنا۔
اَلْدَسَتِ الأرْضُ: کچھ نباتات اگانا۔
اللَّدْس ۔ سست و نرم۔
اللَّدِیْس ۔ موٹا۔ ج اَلْدَاس.
المِلْدَس ۔ گٹھلی توڑنے کا پتھر ۔ ج مَلادِس.
لَدَغَہُ (ف) لَدْغًا و تَلْدَاغًا ۔ ڈسنا۔ کہا جاتا ہے "لَدَغَہ بِکَلِمَۃٍ" یعنی اس نے اسے طعن و تشنیع کیا۔
اَلْدَغَ .العَقرَبَ فُلانًا: ڈسنے کے لیے بچھو چھوڑنا۔ بچھو سے ڈسوانا۔
اللادِغ ۔ فا۔ مؤنث لادِغَۃ ج لُدَّغ.
اللَّدْغَۃ ۔ لدغ کا اسم مرۃ
اللَّدَّاغ ۔ کانٹا یا اس کا نوکیلا کنارہ۔
اللَّدَّاغَۃ مِنَ الرِّجَالِ: طعن و تشنیع کرنے والا۔
اللَّدِیْغ ۔ ڈسا ہوا (مذکر و مؤنث) ج لَدْغَی و لُدَغَاء ۔ اور کہا جاتا ہے "ھُم قَومٌ لَدْغَی ولُدَغَاء" وہ ایسے لوگ ہیں جو لوگوں پر طعن و تشنیع کرتے ہیں۔
المِلْدَغ ۔ وہ شخص جس کی عادت طعن و تشنیع کی ہو۔

لَدِكَ (س) لَدَكًا و لَدَكًا بِہٖ: چپکنا۔
لَدَمَہُ (ض) لَدْمًا ۔ طمانچہ مارنا ۔ کسی بھاری چیز سے مارنا جس کی آواز سنائی دے۔ الخُبزَ مِنَ المَلَّۃِ: روٹی کو بھوبھل سے نکالنا (ولَدَّمَ) الثَّوبَ: کپڑے میں پیوند لگانا درست کرنا۔
اَلْدَمَتْ عَلَیْہِ الحُمّٰی: لگاتار بخار رہنا۔
تَلَدَّمَ ۔ بوسیدہ ہونا۔ پیوند لگانے کے قابل ہونا۔ الثَّوبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔
اِلْتَدَمَ ۔ پریشان و مضطرب ہونا ۔ اِلْتَدَمَتِ النِّسَاءُ: نوحہ و ماتم میں منہ پر طمانچہ مارنا۔
اِلتَدَمَہُ: مارنا اور ہٹانا۔
اللَّدْم ۔ مص پتھر کے زمین پر گرنے کی آواز۔
اللَّدَم ۔ عزت ۔ قرابت۔
اللَّادِم فا۔ ج لَدَم (کخادم و خَدَم)
اللِّدَام ۔ پیوند۔
اللَّدَّام ۔ پیوند لگانے والا۔
اللَّدِیْم .مِنَ الثِّیَابِ: پیوند لگا ہوا کپڑا۔
المِلْدَم ۔ بیوقوف ۔ سست ۔ پرگوشت اُمُّ مِلْدَم: بخار (والمِلْدَام) گٹھلی توڑنے کا پتھر۔
لَدُنَ (ک) لَدَانَۃً و لُدُوْنَۃً ۔ نرم ہونا۔ صفت لَدْن ۔ مؤنث لُدْنَۃ ج لُدْن و لِدَان.
لَدُنَتْ اَخْلاقُہُ: نرم اخلاق ہونا۔
لَدَّنَ الشَّیْءَ: نرم کرنا ۔ ہُ فِی الأمْرِ: ٹھہرانا۔
لَدَّنَ ثَوبَہُ: تر کرنا۔
تَلَدَّنَ ۔ ٹھہرنا بِالمَکَانِ: اقامت کرنا عَلَیْہِ: دیر لگانا۔ کہا جاتا ہے "تَلَدَّنَتْ عَلَیَّ رَاحِلَتِی" جبکہ وہ نہ چلے۔
اللَّدْنُ مِنَ الطَّعَامِ: خراب گیہوں جس کی روٹی اچھی نہ پکے اور کہا جاتا ہے "ھُوَ لَدْنُ الخَلِیْقَۃِ" وہ نرم طبیعت پسندیدہ اخلاق والا ہے۔
لَدُنْ ولَدَنْ و لُدُنْ ولَدِنْ و لُدْنَ ولَدْن.
عِنْدَ کے معنی میں ظرف زمان و مکان ہے۔ مگر عِنْدَ سے زیادہ قرب پر دلالت کرتا ہے اور اس سے اخص ہے۔ اور مبنی ہے۔ کہا جاتا ہے

"لِی اِلَیْہِ لَدُنَۃٌ" مجھے اس کے پاس حاجت ہے۔
اَلْدَی اِلْدَاءً ۔ زیادہ ہم عمر والا ہونا۔
لَدَی. ظرف مکان ہے۔ مبنی ہے اور معنی میں لَدُنْ کے ہے۔
اللِّدَۃ ہم عمر یا جس کی ایک ساتھ پرورش ہوئی ہو۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ لِدَتِی" وہ میرا ہم عمر ہے ۔ ج لِدَات ولِدُوْن .اللِّدَۃ وقت ولادت (۔ کلمہ یا مادہ وَلَدَ سے ہے) جیسے عِدَۃ وعد سے ہے۔
لَذَّ (س و ض) لَذَاذًا ولَذَاذَۃً .الشَّیْءُ: خوش مزہ ہونا۔ مرغوب ہونا ۔ لذیذ ہونا۔ صفت لَذٌّ و لَذِیْذٌ.
لَذَّ (س) لَذًّا و تَلَذَّذَ و اِلتَذَّ الشَّیْءَ و بِہٖ و اِستَلَذَّ الشَّیْءَ: لذیذ پانا۔
لَذَّذَہُ. لذیذ بنانا۔
تَلاذًّا ۔ ایک دوسرے سے لذت اٹھانا۔
اللَّذّ ۔ مص لذیذ ۔ مرغوب ۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَذٌّ" میٹھی گفتگو کرنے والا۔
اللَّذْلَذ ۔ زیادہ لذیذ۔
اللَّذَّۃ خوشی ۔ مزہ ۔ حصول مرغوبات ۔ ج لَذَّات ۔ شراب۔
اللَّذِیْذ ۔ مرغوب ۔ مزیدار ۔ شراب ۔ ج لُذٌّ و لِذَاذٌ.
المَلَذّ ۔ لذت کی جگہ ۔ ج مَلاذّ.
المَلَذَّۃ خواہش ۔ ج مَلَذَّات.
لَذَبَ (ن) لُذُوْبًا و لاذَبَ مُلاذَبَۃً بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔
لَذَجَہُ (ن) لَذْجًا ۔ سوال میں اصرار کرنا لَذَجَ المَاءَ: گھونٹ لگانا۔
لَذَعَ (ف) لَذْعًا .فُلانًا بِلِسَانِہٖ: زبان سے تکلیف پہنچانا ۔ لَذَعَتِ النَّارُ الشَّیْءَ: آگ کا جھلس دینا۔ جلا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَذَعَ الحُبُّ قَلْبَہُ" محبت نے اس کے دل کو تکلیف پہنچائی ۔ لَذَعَ البَعِیْرَ: داغنے کے لوہے کے ایک کنارے سے داغنا الرَّجُلُ بِذَکَائِہٖ: جلدی سمجھنا .الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑا کر

بازوؤں کو تھوڑا سا حرکت دینا۔
تَلَذَّعَ ۔دائیں بائیں متوجہ ہونا۔ ذہین ہونا۔ تیز ذہن ہونا تَلَذَّعَتِ النَّارُ: آگ بھڑکنا۔
اِلْتَذَعَ . درد میں سوزش ہونا۔
اللَّاذِعة لاذع کا مؤنث ۔ج لَوَاذِع
لَوَاذِعُ الكَلَامِ: تکلیف دہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "نَعُوْذُ بِاللهِ مِنْ لَوَاذِعِهٖ" ہم اس کی تکلیف دہ گفتگو سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔
اللَّذَّاع. اسم مبالغہ ۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَذَّاعٌ لَذَّاعٌ" یعنی بڑا اخلاف وعدہ۔ اسلئے کہ زُبان سے خیر کا وعدہ کرتا ہے پھر خلاف وعدگی کر کے تکلیف پہنچاتا ہے۔
اللَّوْذَع وَاللَّوْذَعِيّ ۔ تیز ذہن ۔تیز خاطر۔ فصیح۔
اللَّاذِقِيَّة شام کے ایک شہر کا نام۔ اور نسبت کے لیے لَاذِقَانِيّ و لَاذِقِيّ.
لَذْلَذَ ۔چست و پھرتیلا ہونا۔
اللَّذْلَاذ ۔چست و پھرتیلا۔ بھیڑیا۔
لَذِمَهٗ (س) لَذَمًا الشَّيْءُ: تعجب میں ڈالنا۔ بوسہ دینا۔
لَذِمَ (س) لَذَمًا بِالْمَكَانِ: چمٹے رہنا بِالشَّيْءِ: حریص ہونا۔ شیفتہ ہونا۔
اَلْذَمَهُ الشَّيْءَ و بِهٖ: حریص بنانا۔ شیفتہ کرنا۔
ہٗ بِفُلَانٍ: لازم کرنا اِلْذَمْ بِالْمَكَانِ: ثابت رہنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِلْذَمْ بِفُلَانٍ كَرَامَتَكَ" یعنی ہمیشہ کرو۔
اُلْذِمَ بِفُلَانٍ: فریفتہ کیا جانا۔
اللُّذَمَةُ . گھر سے جدا نہ ہونے والا۔ کسی چیز کے ساتھ ہمیشہ رہنے والا۔
رَجُلٌ لَذِمٌ و لُذُوْمٌ و مِلْذَمٌ بِالشَّيْءِ: چیز کا شوقین اِلمِلْذَم: بہادر۔
اللاذن واللاذنة گوند کی ایک قسم۔
لَذِيَ يَلْذَى لَذًى بِالْاَمْرِ: لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا۔ شیفتہ ہونا۔
اَلَّذِيْ ۔اسم موصول ہے اور اس میں پانچ لغات ہیں اَلَّذِ و اَلَّذْ و اَلَّذِيُّ و اللَّذِيّ وَلَذِيْ مؤنث اَلَّتِي (مادہ ل ت ی میں ذکر ہو چکا) تثنیہ اللَّذَانِ اللَّذَا و اللَّذَانِّ ج اَلَّذِيْنَ و اللَّاؤُذن و اللَّاؤُد ۔اور بعضوں نے کہا ہے کہ اَلَّذُوْنَ حالت رفعی میں اور اَلَّذِيْنَ بہ حالت نصبی و جری میں۔ اور اَلَّذِيْ کی تصغیر اللَّذَيَّا اور تثنیہ کی اللَّذَيَّانِ اور جمع کی اللَّذَيُّوْنَ.
لَزَّ (ن) لَزًّا و لِزَزًا و لِزَازًا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: باندھنا ۔ملانا ۔لازم کرنا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملنا اِلْقَوْمُ: اکٹھا ہونا ۔بھیڑ کرنا۔
لَزَّهٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
ہٗ اِلٰى كَذَا: مجبور کرنا۔
لَزَّزَ اللهُ فُلَانًا: مضبوط جسم والا بنانا۔
لَازَّ لِزَازًا و مُلَازَّةً ۔چمٹنا اور جھگڑے میں تنگ کرنا۔
اَلَزَّ الشَّيْءَ: باندھنا اور چمٹانا۔
اِلْتَزَّ بِهٖ: چمٹنا۔ ملنا۔
اللِّزّ ۔س۔ دروازہ کا حلقہ۔
اللِّزَزُ و اللِّزَاز ۔س۔ دروازے کی بلی۔ سخت جھگڑا۔
اَلْمِلَزّ: چمڑے یا سٹیل کی سوراخ دار واشل جو پیچ کے نیچے مضبوطی کے لئے ڈالی جاتی ہے۔ اس کو روندل بھی کہتے ہیں۔
اللِّزّ . چمٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لِزُّ شَرٍّ و لَزِيْزُ شَرٍّ" فلاں شر کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اس سے جدا نہیں ہوگا۔
اَللَّزَّاب: سرو کے درختوں میں سے ایک بڑا درخت اس کے پتے شریان درخت کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس کی لکڑی عمدہ قسم کی لکڑی ہوتی ہے۔
عَيْشٌ لَزَزٌ ۔تنگ زندگی۔
اللَّزِيْزَة لَزِيْز کا مؤنث ج لَزَائِز . اللَّزَائِز سینہ کی ہڈیاں۔
المِلَزّ ۔سخت جھگڑالو (مذکر و مؤنث)
لَزَأَ (ف) لَزْأً و اَلْزَأَ و لَزَّأَ: الْاِنَاءَ: برتن بھرنا اَلْمَاشِيَة جانور کو سیر کرنا لَزَأَ فُلَانًا: دینا۔ کہا جاتا ہے "لَزَأَتْهُ اُمُّهٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔
تَلَزَّأَ الْاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔
لَزَبَ (ن) لُزُوْبًا ۔مضبوطی سے قائم رہنا۔ بِهٖ: چمٹنا لَزَبَتِ السَّنَةُ خشک سالی ہونا۔ قحط ہونا۔
لَزَبَتْ (ض) لَزْبًا . العَقْرَبُ فُلَانًا: بچھو کا ڈسنا۔
لَزِبَ (س) لَزَبًا و لَزُبَ (ک) لَزْبًا و لُزُوْبًا الطِّيْنُ: چپکنے والی اور سخت ہونا لَزِبَ الشَّيْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
تَلَازَبَ الشَّيْءُ: تہ بتہ ہونا۔
اللَّزْب ۔ تنگ راستہ۔
اللَّازِب ۔ فا۔ ثابت۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الْاَمْرُ ضَرْبَةَ لَازِبٍ" یعنی لازم و ثابت ہو گیا طِيْنٌ لَازِبٌ: ہاتھ میں چپکنے والی مٹی۔
اللِّزْب ۔ کم۔ تھوڑا۔ ج لِزَاب ۔کہا جاتا ہے "هُوَ عَزَبٌ لِزَبٌ" اس کے نہ جورو ہے نہ جاننا۔
اللَّزْبَة سختی۔ قحط۔ ج لِزَب و لَزَبَات سَنَةٌ لَزْبَةٌ: سخت سال۔
المِلْزَاب ۔ بڑا کنجوس۔ ج مَلَازِيْب.
لَزِجَ (س) لَزَجًا و لُزُوْجًا . لیس دار ہونا۔ چپکنے والا ہونا۔ صفت لَزِج . لَزِجَ الْعَسَلُ بِاِصْبَعِهٖ: شہد کا انگلی میں چپکنا۔
تَلَزَّجَ ۔ چپکنے والا ہونا البَقْلُ: نرم ہونے کی وجہ سے بعض کا بعض پر جھکنا الدَّابَةُ البُقُوْلَ: سبزی کے لیے جانا۔
اللُّزُوْجَة چپک۔ چسپیدگی۔
رَجُلٌ لَزِجَةٌ و لَزِجَةٌ لَزِيْجَةٌ ۔گھر ہی پر رہنے والا۔ جدا نہ ہونے والا۔
لَزِقَ (س) لُزُوْقًا و اِلْتَزَقَ بِهٖ: چپکنا (لَزَقًا) الرِّئَةُ بِالْجَنْبِ: پیاس کی وجہ سے پھیپھڑے کا پہلو سے چپکنا۔
لَازَقَهٗ لِزَاقًا و مُلَازَقَةً ۔چپکانا۔
اَلْزَقَهٗ بِهٖ: چپکانا۔
لَزَّقَ الشَّيْءَ: چپکانا۔ بغیر مضبوطی کے کام کرنا۔

اللِّزْقُ قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِزْقِي او بِلِزْقِي" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللزاق ۔س۔ جس سے چپکایا جائے۔ جیسے لیئی گوند وغیرہ ۔ لِزَاقُ الذَّهَبِ و لِزَاقُ الْحَجَرِ و لِزَاقُ الرُّخَامِ: دواؤں کے نام۔
اللزاق: جماع۔
اُذُنٌ لَزْقَاءُ۔ کان جس کا کنارہ سر سے ملا ہوا ہو۔
اللزُوق واللزُوق زخم کا مرہم جو اچھے ہونے تک چپکا رہے۔
اللزِيق. قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَزِيقِي" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللزيق۔ سمندری گھونگا۔
اَللَّزْقُقُور دوا لے مقام پر مرہم وغیرہ لگائی گئی۔
اللزق واللزيقاء واللُّزَّيْقِى۔ خودرو گھاس جو بارش کی صبح میں پتھروں کے نیچے نکل آئے۔
اَلْمُلْزَق۔ خاندان میں ملا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔
لَزِكَ(س) لَزَكًا الجُرْحُ: بغیر اچھا ہوئے گوشت کا اوپر سے برابر ہو جانا۔ اور یا صواب لدک دال مہملہ سے ہے۔
لَزِمَ(س) لُزُومًا لَزْمًا ولِزَامًا و لَزَامًا و لِزَامَةً و لُزْمَةً و لُزْمَانًا الشَّيْءَ: لازم رہنا بَيْتَهُ: گھر سے جدا نہ ہونا ۂ الْمَالُ: واجب ہونا الْغَرِيمَ و بِهِ: قرض دار کو چپٹے رہنا الْاَمْرُ: حکم واجب ہونا كَذَا عَنْ كَذَا لازم آنا۔ نتیجہ نکلنا (لَزْمًا) الشَّيْءَ جدا کرنا۔ ممیز کرنا۔
لَازَمَهُ لِزَامًا و مُلَازَمَةً۔ چپٹے رہنا اور جدا نہ ہونا۔
اَلْزَمَ اِلْزَامًا الشَّيْءَ: لازم کرنا ۂ اَلْمَالَ والعَمَلَ او بِالْمَالِ و بِالْعَمَلِ: واجب کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْزَمْتُ خَصْمِي" یعنی میں اپنے خصم پر حجت میں غالب رہا۔
اِلْتَزَمَه ۔ بمعنی لَازَمَهُ فُلَانًا: گردن پکڑنا العَمَلَ او المَالَ: اپنے اوپر واجب کر لینا القَرْيَةَ او العُشْرَ او غَيْرَهُمَا: مال گزاری یا عشر کا ضامن ہونا (آخری معنی میں مولد ہے)
اِسْتَلْزَمَ الشَّيْءَ: لازم سمجھنا۔ چاہنا۔
اللِّزَام ۔س۔ موت ۔ حساب ۔ بہت چمٹنے والا۔ فیصلہ (واللَّزِم) فیصلہ کرنے والا۔
لَزَامِ. بالبناء على الكسر لگاتار۔ پیوستہ۔ کہاجاتا ہے "ضَرْبَةُ لَزَامِ" یعنی لگاتار مار۔
اللُّزَمَة جدا نہ ہونے والا۔ چمٹا رہنے والا۔
اللُّزُوْمِيَّة سم ہے لزم سے۔
اَلْمُلَازِمُ فوج میں بحریہ کے اندر کمانڈر چھوٹا افسر جو کہ لفٹیننٹ کے برابر ہو۔
اللَّازِم۔ فا۔ مؤنث لَازِمَة جمع لَوَازِم۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الْاَمْرُ ضَرْبَةَ لَازِمٍ" جیسا کہا جاتا ہے "ضَرْبَةَ لَازِبٍ"
المِلْزَم و المِلْزَمَة لوہے یا لکڑی کا شکنجہ ج ملازم.
المَلْزُوْم ۔مف۔ لازم کیا ہوا۔
لَزَنَ(ن) لَزْنًا و لَزِنَ لَزَنًا و تَلَازَنَ القَوْمُ: ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
اللَّزَن ۔س۔ سختی ۔ عَيْشٌ لَزِنٌ: تنگ زندگی مَاءٌ لَزِنٌ: وہ پانی جو مشکل سے حاصل ہو۔ مَكَانٌ لَزِنٌ و لَزِنٌ و مَلْزُوْنٌ۔ بھیڑ والی جگہ۔
اللَّزْنَة واللَّزَنَة سختی لَيْلَةٌ لَزِنَةٌ: بھوک سردی یا خوف کی وجہ سے مصیبت کی رات۔ ج لِزَن.
زَمَانُ الْزَن۔ سخت زمانہ۔
اَللَّازْوَرْدُ واللَّازَوَرْدُ (فارسی لفظ): ایک کان جس کو زیورات میں لگایا جاتا ہے۔ اس کی عمدہ قسم صاف شفاف نیلی سرخ اور سبزی مائل ہوتی ہے۔
اَللَّازَوَرْدِيّ جو لازورد کے رنگ میں ہو۔
لَسَّ(ن) لَسًّا القَصْعَةَ: پیالہ چاٹنا۔ لَسَّتِ الدَّابَّةُ الكَلَاَ: چوپایہ کا زبان کی اطراف سے چرنا لِطَعَام: کھانا۔
اَلَسَّ الْمَكَانُ: ابتداءِ نباتات کا نکالنا۔
اللَّسَاس واللُّسَّاس ۔ ایک سخت اور کھردری گھاس ۔ اللَّسَاس: ہریاول جس کو جانور چر نہ سکے۔ اور اطراف زبان سے چرے۔
اللَّسَس۔ ہوشیار و ماہر اونٹ والے۔
لَسَبَتْهُ(ض) لَسْبًا الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ لَسَبَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا ۂ بِلِسَانِهِ: برا بھلا کہنا۔ سخت سست کہنا۔
لَسِبَ(س) لَسَبًا بِهِ: چپکنا اَلْعَسَلَ: شہد چاٹنا۔
اَلْسَبَ الْحَيَّةَ فُلَانًا: سانپ سے ڈسوانا۔
رَجُلٌ لَسَّابَةٌ لِلنَّاسِ: لوگوں کو برا بھلا کہنے والا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَكَ لُسُوْبًا و لُسُوْبًا" یعنی کچھ نہیں چھوڑا۔
لَسَدَ(ض) لَسْدًا ولَسِدَ(س) لَسَدًا الْإِنَاءَ: برتن چاٹنا العَسَلَ: شہد چاٹنا اُمَّهُ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
فَصِيْلٌ مِلْسَدٌ۔ بہت چاٹنے والا اور اونٹنی کا بچہ۔
لَسَعَهُ(ف) لَسْعًا ڈسنا۔ اور کہا گیا ہے کہ لَسَعَ ڈنگ سے ڈسنے کو اور لَدَغَ منہ سے ڈسنے کو کہتے ہیں۔ بچھو کیلئے تَلْسَع اور سانپ کیلئے تَلْدَغ کا استعمال ہے۔ لَسَعَهُ بِلِسَانِهِ: عیب لگانا۔ گفتگو سے تکلیف پہنچانا۔ لَسَعَ فِي الْاَرْضِ جانا۔ سفر کرنا۔
اَلْسَعَ فُلَانًا عَقْرَبًا: بچھو سے ڈسوانا بَيْنَ الْقَوْمِ: دشمنی ڈالنا۔ بھڑکا دینا۔
لُسِّعَ الرَّجُلُ: خانہ نشین ہونا۔
اللَّسَّاع واللُّسَعَة لوگوں کو گفتگو سے بہت تکلیف پہنچانے والا۔
اللَّسِيْع ڈسا ہوا۔ ج لَسْعٰى ولُسَعَاء.
اللَّسُوْع۔ بہت سے شگاف۔
المِلْسَع۔ ماہر راہبر۔
المُلَسَّعَة خانہ نشین جو گھر سے جدا نہ ہو۔
المُلَسِّعَة مقیم جماعتیں۔
لَسِقَ(س) لُسُوْقًا والتَسَقَ۔ چپکنا۔
اَلْسَقَ۔ چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِسْقِي و لَسِيْقِي" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللَّسُوْق۔ دوا جو اچھے ہونے تک چپکی رہے۔
المُلْسَق۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔

لَسَمَ(ن) لَسْمًا۔ چکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَسَمَ لِسَامًا" یعنی کچھ نہیں چکھا۔

لَسِمَ(س) لَسَمًا۔ حیا یا عاجزی کی وجہ سے چپ رہنا۔

لَسِمَهٗ لُسُوْمًا۔ لازم ہونا۔

اَلْسَمَه كَلَامًا: سمجھانا۔ کلام سکھانا۔ ہٗ الطَّرِيْقَ: راستہ اختیار کرانا۔ اَلْسَم واِسْتَلْسَمَ الشَّيْءَ ہٗ: ڈھونڈھنا۔

لَسِنَ(س) لَسَنًا۔ فصیح وبلیغ ہونا۔

لَسَنَ(ن) لَسْنًا فُلَانًا: بہتر بیان والا ہونا۔ برائی سے یاد کرنا۔ گفتگو میں غالب آنا۔ لَسَنَتْه العَقْرَبُ: ڈسنا (وَلَسَّنَ) الشَّيْءَ: کنارہ کو زُبان کے کنارہ کی مانند بنانا۔ زُبان کی شکل کا بنانا اور تیز کرنا۔

لَاسَنَ مُلَاسَنَةَ الرَّجُلَ: جھگڑے اور گفتگو میں غالب ہونا۔

اَلْسَنَ فُلَانًا قَوْلًا اَوْ رِسَالَةً: پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْسِنِّي فُلَانًا وَاَلْسِنْ لِيْ فُلَانًا كَذَا وَ كَذَا" یعنی فلاں کو میری فلاں فلاں بات پہنچادو۔

تَلَسَّنَ عَلٰى فُلَانٍ: جھوٹ بولنا۔ افترا کرنا الجَمْرُ: چنگاری سے زُبان کی مانند شعلہ بلند ہونا۔

اللِّسْن۔ زُبان۔ لغت۔ گفتگو۔

اللَّسَن۔ فصاحت۔

اللِّسَان۔ زُبان (مذکر و مؤنث) مذکر اکثر استعمال ہوتا ہے ج اَلْسِنَة واَلْسُن و لُسُنٌ و لِسَانَات لغت۔ پیغام۔ لِسَانُ الْعَرَبِ: عرب کی زُبان لِسَانُ الْقَوْمِ: قوم کا ترجمان۔ لِسَانُ الْحَالِ: زبانِ حال یا کسی چیز کی ظاہری کیفیت۔ لِسَانُ الصِّدْقِ: اچھی شہرت۔ لِسَانُ الْمِيْزَانِ ترازو کا وہ حصہ جو تولتے وقت ہاتھ سے پکڑا جائے۔ لِسَانُ النَّارِ: شعلہ۔ لِسَانُ الْحَمَلِ و الثَّوْرِ و الْكَلْبِ و السَّبُعِ و الْعَصَافِيْرِ: مختلف نباتات کے نام۔ والْحُرُوْفُ اللِّسَانِيَة ر. ز. س. ش. ص. ض. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ لِسَانَيْن" یعنی فریبی دغا باز۔ منافق۔ غیبت کرنے والا "وَاَلْسِنَةُ النَّاسِ عَلَيْهِ حَسَنٌ" لوگوں کی ثنا و تعریف اس کے حق میں اچھی ہے۔

اللَّسِن۔ جو چیز زُبان کی طرح نوکدار ہو (والاَلْسَن) فصیح بلیغ۔ مؤنث لَسْنَاء ج لُسْنٌ۔

المُلْسِن۔ فا۔ فصیح۔ بہت بولنے والا۔

المِلْسَن۔ پتھر جس کو دروازہ کے اوپر کے حصے میں لگادیتے ہیں اور اس کے نیچے گوشت کا ٹکڑا رکھ دیتے ہیں۔ جب کوئی درندہ آتا ہے اور اس گوشت کو لینا چاہتا ہے تو پتھر گر پڑتا ہے اور دروازہ کو بند کر دیتا ہے جس میں درندہ بند ہو جاتا ہے۔

المُلَسَّن۔ مف۔ زُبان کی طرح نوک دار بنایا ہوا۔

المُلَسِّن۔ فا۔ حیرت یا فکر کی وجہ سے زُبان کو دبانے والا۔

المَلْسُوْن۔ جھوٹا۔ باتونی کام چور۔ زُبان بریدہ۔

لَسَا يَلْسُوْ لَسْوًا۔ تھوڑا کھانا۔

لَشَّهٗ(ن) لَشًّا۔ دھتکارنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔

اللَّش۔ س۔ ماش۔

لَشْلَشَ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنا۔

اَلشَّلَاش۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنے والا۔

لَشَا يَلْشُوْ لَشْوًا۔ رفعت کے بعد خسیس ہونا۔

لَاشَىٰ مُلَاشَاةَ الشَّيْءَ: لاشئی کر دینا۔ معدوم کردینا (یہ لاشئی سے بنایا گیا ہے)

تَلَاشَى تَلَاشِيًا الشَّيْءُ معدوم ہونا۔ مضمحل ہونا۔

التَّلَاشِي۔ مص۔ اضمحلال۔

لَصَّ (س) لَصَصًا و لَصَاصًا و لُصُوْصِيَّةً و لَصُوْصِيَّةً۔ چور ہونا۔

لَصَّ (ن) لَصًّا البَابَ: بند کرنا الشَّيْءَ: چرانا۔ خفیہ طریقہ سے کرنا۔

لَصَّصَ الْبُنْيَانَ: مضبوط بنانا۔ لغت ہے رَصَّصَ میں۔

تَلَصَّصَ: چور ہونا۔ چوروں کی عادات اختیار کرنا۔

اللَّصُّ واللِّصُّ واللُّصُّ۔ چور۔ ج لُصُوْص واَلْصَاص ولِصَصَة ولِصَاص مؤنث لِصَّة ج لِصَّات و لَصَائِص۔

اَلَصَص۔ س۔ مونڈھوں کا یا داڑھ کا قریب قریب ہونا۔ اور یہ عیوب انسانی سے ہے۔

الاَلَصّ۔ قریب قریب مونڈھوں والا۔

اللَّصَّاء۔ اَلَصّ کا مؤنث۔ تنگ پیشانی۔ وہ بکری جس کا ایک سینگ آئے اور دوسرا پیچھے ہو۔ ج لُصّ۔

المَلَصَّة۔ بہت چوروں والی سرزمین۔ اسم جمع بمعنی لُصُوْص۔

لَصِبَ (س) لَصَبًا۔ اَلْجِلْدُ بِاللَّحْمِ: گوشت کا کھال سے لاغری کی وجہ سے چمٹنا۔ اَلْخَاتِمُ فِي الْاُصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں تنگ ہونا۔ السَّيْفُ فِي الْغِمْدِ: تلوار کا میان میں چمٹ کے رہ جانا۔

اِلْتَصَبَ الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔

اللِّصْب۔ وادی میں تنگ جگہ۔ پہاڑ کی چھوٹی گھاٹی۔ ج لُصُوْب ولِصَاب۔

اللَّصِب۔ بخیل۔ تنگ اخلاق والا۔

اللَّوَاصِب۔ گہرے تنگ کنوئیں۔

کہا جاتا ہے "سَيْفٌ مِلْصَابٌ" میان میں پھنس کے رہنے والی تلوار۔

طَرِيْقٌ مُلْتَصِبٌ۔ تنگ راستہ۔

اللِّصْت واللَّصْت واللُّصْت چور۔ ج لُصُوْت۔

لَصَغَ (ف) لُصُوْغًا الجِلْدُ: کھال کا لاغری کی وجہ سے ہڈی پر خشک ہونا۔

لَصِفَ (س) لَصَفًا الجِلْدُ: کھال کا ہڈی پر خشک ہونا اور چمٹنا۔

لَصَفَ (ن) لَصْفًا الحِجَارَةَ: ترتیب سے جوڑنا (لَصْفًا و لَصِيْفًا و لُصُوْفًا)

لَوْنُهٗ: رنگ کا چمکنا۔
لَصِقَ (س) لَصْقًا و لُصُوْقًا و اِلْتَصَقَ بالشَّیْءِ: چپکنا۔
اَلْصَقَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: چپکانا ۔بِعُرْقُوْبِ البَعِیْرِ: زخمی کرنا۔
لَاصَقَهٗ مُلَاصَقَةً: چپکانا۔
اللِصْقُ واللَصِیْقُ۔ جو شخص یا چیز قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِصْقِیْ و بِلِصْقِیْ و لَصِیْقِیْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللَصُوقُ۔ زخم کا مرہم جو چپکا رہے۔ عضو پر باندھنے کی پٹی۔
المُلْصَقُ۔ مذ۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔ مؤنث مُلْصَقَةٌ۔
لَصْلَصَ الوَتَدَ و نَحْوَهٗ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔
لَصَا یَلْصُو لَصْوًا .اَلْمَرْاَۃَ: عورت پر تہمت لگانا۔ گالی دینا۔ لَصَاهُ و لَصَا اِلَیْهِ: تہمت وشک کی وجہ سے ملنا۔
لَصَی یَلْصِی لَصْیًا ولَصِیَ یَلْصٰی لِصًی اِلَیْهِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔ لَصَاهُ لَصْیًا: عیب لگانا۔ وَلَصِیَ الرَّجُلُ: گنہگار ہونا۔
اللَصَاۃُ عیب۔
لَضْلَضَ لَضْلَضَةً۔ دائیں بائیں بہت زیادہ التفات کرنا۔
اللَضْلَاضُ۔ ماہر راہبر۔
لَضَمَهٗ (ن) لَضْمًا سختی کرنا۔ اصرار کرنا۔
لَضَا یَلْضُوْ لَضْوًا الرَّجُلُ: راہبری میں ماہر ہونا۔
لَطَّ (ض) لَطًّا البَابَ: دروازہ بند کرنا الشَّیْءَ: چھپانا السِتْرَ: پردہ لٹکانا الرَّجُلَ حَقَّهٗ و عَنْ حَقِّهٖ: حق کا انکار کردینا عَنْهُ و عَلَیْهِ الخَبَرَ: پوشیدہ رکھنا بِالاَمْرِ: لازم ہونا الشَّیْءُ بِکَذَا: چمٹنا۔ لَطَّتِ النَاقَةُ بِذَنْبِهَا: اونٹنی کا دوڑنے میں دم کو رانوں میں دبالینا۔
لَطَّهٗ (ن) لَطًّا بِالعَصَا: لاٹھی مارنا۔
اَلَطَّ عَلَیْهِ الاَمْرَ: چھپانا الرَّجُلُ: جھگڑے یا معاملے میں سختی کرنا الغَرِیْمُ: حق روکنا فُلَانًا: مدد کرنا۔ اَلَطَّ بِالحِجَابِ: پردہ لٹکانا (وتَلَطَّطَ) حَقَّ فُلَانٍ: انکار کرنا۔ اور تین طا کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے تَلَطّٰی حَقَّهٗ بھی کہا جاتا ہے۔
اِلْتَطَّ چھپنا الشَّیْءَ: چھپانا۔ اِلْتَطَّ بِالمِسْكِ: مشک سے لت پت ہونا۔
اللَطُّ۔ س۔ اندرائن کے رنگین دانوں کا ہار۔ ج لِطَاطٌ۔ اللَطُّ: خصم۔
اللَطَّةُ واللَطِیْطَةُ سویاں۔
اللَطَطُ۔ قرض خواہ کا حق روکنا۔ دانتوں کا گرنا یا دانتوں کا گھدر جانا۔ چیز کا چھپانا۔
اللِطَاطُ والمِلْطَاطُ۔ پہاڑ کی بالائی چوٹی کا کنارہ۔ پہاڑ کا پہلو۔
اللَطَاطُ۔ وادی کا کنارہ۔
اللَاطُّ فا (والمُلِطُّ) خبیث۔ وہ شخص جس کے ساتھی بھی سب خبیث ہوں۔
الاَلَطُّ۔ جس کے دانت گر گئے ہوں یا جس کے دانتوں کو کیڑوں نے کھالیا ہو اور جڑیں باقی رہ گئی ہوں۔
المِلْطَاطُ۔ سمندر کا کنارہ۔ کشادہ راہ گزر گھر کا صحن۔ پلاسٹر کرنے والوں کی کرنی۔ بیلن۔ چکی یا ہتھ چکی۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ وادی کا کنارہ۔
المَلْطُوطُ۔ مفع تَرْسٌ مَلْطُوْطٌ: اوندھی کی ہوئی ڈھال۔
لَطَاَ (ف) لُطُوْئًا ولَطِیَ لَطًا بِالاَرْضِ: زمین سے چمٹنا۔ لَطَاَهٗ بِالعَصَا: پیٹھ پر لاٹھی سے مارنا۔
اللَاطِئَةُ اچانک ہونے والا پھوڑا۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ چھوٹی ٹوپی جو سر سے چپک کے رہ جائے۔
اللَطَا۔ بھیڑیا۔ شکاری۔
المِلْطَا والمِلْطَاۃُ سر کے گوشت اور ہڈی کے درمیان باریک جھلی۔
لَطَثَهٗ (ن) لَطْثًا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ تھپڑ مارنا ؤ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔ لَطَثَ الشَّیْءَ: جمع کرنا الشَّیْءَ: بگاڑنا۔ خراب کرنا ؤ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
تَلَاطَثَ المَوْجُ: موجوں کا ٹکرانا القَوْمُ: ہاتھوں سے ایک دوسرے کو مارنا۔
المَلَاطِثُ۔ جسم کے وہ حصے جو مار یا بوجھ اٹھانے کی وجہ سے درد کر رہے ہوں۔
لَطَحَهٗ (ف) لَطْحًا۔ باطن کف دست سے مارنا۔ تھپکی دینا۔ لَطَحَ بِهٖ: زمین پر پٹک دینا۔
لَطَخَ (ف) لَطْخًا و لَطَّخَ الشَّیْءَ بِالمِدَادِ و نَحْوِهٖ: آلودہ کرنا ہ بِشَرٍّ: شر کی نسبت کرنا۔
تَلَطَّخَ۔ آلودہ ہونا بِاَمْرٍ قَبِیْحٍ: ملوث ہونا بِشَرٍّ: برائی کا ارتکاب کرنا۔
اللَطْخُ۔ س۔ تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے سَمِعْتُ لَطْخًا مِنْ خَبَرٍ میں نے تھوڑی سے خبر سنی "وفِی السَّمَاءِ لَطْخٌ مِنَ السَّحَابِ" آسمان میں تھوڑا سا بادل ہے۔
اللَطِخُ۔ گندی غذا کھانے والا۔ وہ چیز جو اپنے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں لتھیڑی گئی ہو۔
اللَطُوْخُ۔ جس سے کسی چیز کو آلودہ کریں۔
اللَطْخَةُ بیوقوف۔ ج لَطْخَاتٌ۔
اللَطِّیْخُ۔ بیوقوف۔
لَطَسَهٗ (ن) لَطْسًا۔ طمانچہ مارنا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ لَطَسَ الشَّیْءَ: سخت کوٹنا ؤ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا الشَّیْءَ: سخت روندنا الحَجَرَ بِالحَجَرِ: پتھر کو پتھر سے مارنا۔
لَاطَسَهٗ مُلَاطَسَةً۔ آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔
تَلَاطَسَ المَوْجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا۔
المِلْطَسُ۔ ج مَلَاطِسُ۔ المِلْطَاسُ۔ ج مَلَاطِیْسُ: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ پتھر توڑنے کی سخت اور بڑی کدال۔ پتھر یا چکی میں کھودنے کا آلہ۔ اونٹ کا کھر۔
لَطِشَ یَلْطَشُ: ہاتھ کے ساتھ مارنا۔
لَطَّشَ الثِّیَابَ: کپڑے خراب کرنا۔
لَطَعَ (ف) و لَطِعَ (س) لَطْعًا. الشَّیْءَ بِلِسَانِهٖ: زبان سے چاٹنا فُلَانًا: پیچھے سے

لات مارنا۔ لطع الغرض: نشانہ لگانا فُلانًا بالعصا لاٹھی مارنا عَينَهٗ: آنکھ پر طمانچہ مارنا الكَلبُ او الذئبُ الماءَ پینا اِسمَہ نام کو دیوان سے مٹا دینا۔دیوان میں نام لکھنا۔
لَطِعَت البِئرُ: کنوئیں کا پانی خشک ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "لَطعَ اِصبَعَہ" یعنی مر گیا۔
لَطِعَ(س) لَطَعًا دانتوں کا گرنا اور جڑوں کا باقی رہنا۔ صفت اَلطَع.
تَلَطَّعتِ الاِبلُ اونٹ کا بڑھاپے کی وجہ سے بے دانت ہونا۔
اِلتَطَعَ برتن یا حوض کا سب پانی پی جانا۔
الشَّیءَ چاٹنا۔
اللطع س۔ تالو۔ ج اَلطاع.
اللطعاء. الالطع کا مؤنث۔ دبلی پتلی۔ ج لُطع.
اللطع: س۔ ہونٹ کے اندر کی سفیدی۔
رَجُلٌ لُطَعٌ کمینہ آدمی۔
اللطّاع۔ کھا کر انگلیوں کو چاٹنے والا۔
لَطَفَ(ن) لُطفًا بِفُلانٍ و لِفُلانٍ مہربانی کرنا اللهُ بالعبدِ و لَهٗ: توفیق دینا۔ بچانا الشَّیءَ: قریب ہونا۔
لَطُفَ(ک) لُطفًا و لَطافَةً باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ صفت لَطِيف. كَلامُهٗ: نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "لَطُفَ عَنهُ" چھوٹا ہونا و "لُطِفَ بِه" اس کے ساتھ مہربانی کی گئی۔
لَطَّفَ الشَّیءَ: نرم بنانا۔ باریک کرنا۔
لَاطَفَهٗ مُلاطَفَةً۔ بھلائی کرنا۔ نرمی برتنا۔ نرم گفتگو کرنا۔
اَلطَفَ السُّوالَ: خوبصورتی سے سوال کرنا۔
ہ بِكَذا: تحفہ دینا۔ بھلائی کرنا۔ اَلطَفَ الشَّیءَ بِجَنبِه: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔
تَلَطَّفَ۔ خاکساری کرنا بِه: حیلہ کر کے بھیدوں کو معلوم کرنا الاَمرَ و فی الاَمرِ: نرمی برتنا۔
تَلاطَفَ القَومُ: باہم میل ملاپ کرنا۔
تَلاطَفُوا فی الاَمرِ: باہم نرمی برتنا۔
اِستَلطَفَهٗ لطیف پانا۔ اِستَلطَفَ الشَّیءَ بِجَنبِه پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔
اللَّطَف۔ بھلائی کرنا۔ تحفہ دینا۔ تحفہ۔ تھوڑا کھانا۔ ج اَلطاف۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلاءِ اَلطافُ فُلانٍ" یہ لوگ فلاں کے اصحاب اور اہل ہیں۔
اللطفة تحفہ۔ ہدیہ۔
اللطف س مِن قِبَلِ اللهِ: توفیق و عصمت خداوندی۔ ج اَلطاف.
اللطيف۔ باریک۔ نرم۔ پاکیزہ۔ مہربان ج لِطاف و لُطَفاء. اللطيف اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ یعنی بندوں کے ساتھ بھلائی اور احسان کرنے والا؛ نیز باریک سے باریک اُمور کا جاننے والا۔ اللطيفُ مِنَ الكَلامِ: کلام غامض جس کے معنی پوشیدہ ہوں مِنَ الاَجرامِ: نازک جسم۔
اللطّاف۔ بہت نرمی برتنے والا۔
اللطيفة لطیف کا مؤنث۔ نکتہ جس سے انبساط پیدا ہو۔ ج لَطائِف.
اللواطف. مِنَ الاَضلاعِ: سینہ کے قریب پہلو کی ہڈیاں۔
اللطفان۔ مہربان۔ نرمی کرنے والا۔
التلطيف۔ س عِندَ القُرّاءِ: حرکت کو حرف کی جانب جھکا دینا۔
لَطَمَهٗ(ض) لَطمًا۔ تھپڑ مارنا ہ بِكَذا: چپکانا۔ لَطَمَتِ الغُرَّةُ الفَرَسَ: ایک جانب چہرہ پر سفید داغ ہونا۔
لُطِمَ. الفَرَسُ: گھوڑے کے ایک رخسارہ پر سفید داغ ہونا۔ صفت لَطِيم (مذکر و مؤنث) ج لُطُم. لُطِمَ الرَّجُلُ ظلم کیا جانا۔
لَطَّمَهٗ زور سے تھپڑ مارنا۔ لَطَّمَ الكِتابَ: خط پر مہر لگانا۔
لَاطَمَهٗ لِطامًا و مُلاطَمَةً۔ تھپڑ مارنا۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
تَلَطَّمَ وَجهُهٗ: چہرے کا خاکستری رنگ کا ہونا۔
تَلاطَمَتْ و اِلتَطَمَتِ الاَمواجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا القَومُ: باہم طمانچہ مارنا۔
اللَّطمَة لطم کا اسم مرۃ ج لَطَمات.
اللَّطِيم۔ طمانچہ زدہ۔ ایک رخسارے پر سفیدی والا گھوڑا۔ میدانِ گھوڑ دوڑ کا نواں گھوڑا۔ مشک۔ جوان اونٹ۔ لڑکا جس کے ماں باپ دونوں مر گئے ہوں۔
اللطيمة مشک۔ مشک کا نافہ۔ عطر فروشوں کا بازار۔ ج لطائم.
المَلطَم رخسارہ۔
المِلطَم۔ بچھانے کا چمڑا۔
المَلطِم۔ وہ موقع جہاں پر سمندر کی موجیں ٹوٹ جائیں۔
المُلطَّم۔ مع۔ لئیم و ناکس۔
لَطَهَهٗ(ن ض) لَطهًا۔ تھپڑ مارنا۔
لَطا يَلطُو لَطوًا۔ بارش وغیرہ سے کسی غار یا پتھر کی پناہ لینا۔
لَطِي يَلطَى لَطًيا الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔
لَطِي يَلطَى لَطًى الرَّجُلُ: بوجھل کرنا۔
فُلانًا بِذلِكَ: کسی چیز کے متعلق گمان کرنا۔
تَلَطّى تَلَطِّيًا عَلَى العَدُوِّ: دشمن کی غفلت کا انتظار کرنا۔
اللطاة زمین۔ جگہ۔ پیشانی یا پیشانی کا درمیانی حصہ. لَطاةُ الرَّجُلِ: مرد کا سامان۔ کہا جاتا ہے "اَلقى بِلَطاتِه" اس نے اپنا بوجھ اتار دیا۔
اللُّطاة چور جو تم سے قریب ہوں۔
المِلطَى و المِلطاة سر کی ہڈی اور گوشت کے درمیان باریک جھلی۔
لَظَّهٗ(ن) لَظًّا و لَظِيظًا۔ لازم ہونا۔ اصرار کرنا۔ لَظَّ بِالشَّیءِ: چمٹے رہنا۔ لَظَّه لَظًّا: دھتکارنا۔
لَاظَّهٗ لِظاظًا و مُلاظَّةً فِي الحَربِ: اصرار کرنا۔
اَلَظَّ۔ اصرار کرنا اَلمَطَرُ: لگاتار برسنا بِالمَكانِ: اقامت کرنا بِالشَّیءِ: چمٹے رہنا۔ اور جدا نہ ہونا۔
تَلاظَّ القَومُ فِي الحَربِ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَلَظَّظَتْ تَلَظُّظًا الحَيَّةُ: سخت غصہ سے سر

ہلانا۔
اللَّط ۔س سخت عادت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَطٌّ كَطٌّ" کط تابع مہمل ہے۔
المِلْظَةُ پیغام۔
المِلَظّ و المِلْظاظ ۔ سخت اصرار کرنے والا۔
اللَظا۔ تھوڑی چیز۔
لَظْلَظَت لَظْلَظَةً اَلْحَيَّةُ رَاسَها: سانپ کا سخت غصہ سے سر ہلانا۔
تَلَظْلَظَت اَلْحَيَّةُ: سانپ کا سخت غصہ سے لہرانا۔
اللظْلاظ مِنَ الرِّجال: درشت خو۔ سختی کرنے والا۔ فصیح۔ يَوْمٌ لَظْلاظ: گرم دن۔
لَظِيَت تَلْظى لَظًى النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔
لَظّى تَلْظِيَةً النَّارَ: آگ کا بھڑکانا۔
تَلَظَّتْ و اِلْتَظَتْ النَّارُ: آگ بھڑکانا۔
تَلَظّى و اِلْتظى فُلانٌ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
تَلَظَّتِ الْمَفازَةُ: بیابان میں گرمی کی بھڑک کا تیز ہونا اَلْحَيَّةُ مِنَ السَّمِّ: پھنکارنا۔
اللظى ۔س: آگ یا آگ کی بھڑک۔
لَظَى مَعْرِفَةً: دوزخ۔ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
اَلَعَّ الْمَكانُ: ابتدائی روئیدگی کو اگانا۔
تَلَعَّى اللُّعاعَ: ابتدائی روئیدگی کو کھانا۔ ابتدائی روئیدگی کو جمع کرنا (اصل تَلَعَّعَ ہے ایک عین کو یا سے بدل دیا گیا ہے)۔
اللُّعاع۔ ابتدائی روئیدگی واحد لُعاعَة ہے اور اسی سے ہے "اِنَّمَا الدُّنْيَا لُعاعَة" یعنی دنیا ابتدائی روئیدگی کی مانند ہے جس کے لیے بقا نہیں۔
اللُّعاعَة کا سنی ۔ ارزانی سال ۔ دنیا ایک گھونٹ۔ لُعاعَةُ الْإِنَاءِ: برتن کا خالص حصہ اور کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ اِلَّا لُعاعَةٌ" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہا۔ ج لُعاع۔
اللُّعاعَة تکلف قومہ سر نکالنے والا۔ کہا جاتا ہے "مُطْرِبٌ لَعّاعَة"۔

اللَعَّةُ مِنَ النِّساءِ: خوبصورت پاک دامن عورت۔
عَسَلٌ مُتَلَعٌّ ۔ شہد جس کا گاڑھے پن کی وجہ سے تار نہ ٹوٹے۔
لَعَبَ و لَعِبَ (س) لَعْبًا الصَّبِيُّ: رال ٹپکانا۔
لَعِبَ (س) لَعِبًا و لَعْبًا و لِعْبًا و تِلْعابًا کھیل کرنا۔ مزاح کرنا۔ لذت و تفریح کے لیے کوئی فعل کرنا۔ ایسا فعل کرنا جس پر کوئی نفع متصور نہ ہو بِکذا: کھیل کی چیز بنانا فِي الْاَمْرِ: سبک سمجھنا۔ لَعِبَتِ الرِّياحُ بالدِّيارِ: گھروں پر ہوائیں قابض ہو گئیں یعنی مکانات ویران و برباد ہو گئے۔
لَعَّبَ۔ بمعنی لَعِبَ۔
اَلْعَبَ بمعنی لَعِبَ هُ: کھلانا یا کھیل کی چیز لانا الصَّبِيُّ: رال ٹپکانا۔
لَاعَبَه مُلاعَبَة: باہم کھیلنا۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود کرنا۔
تَلاعَبَ و تَلَعَّبَ بمعنی لَعِبَ کہا جاتا ہے "لَعِبَتْ بِهِمُ الهُمُومُ و تَلَعَّبَتْ بِهِمْ" ان کے ساتھ غموں نے کھیل کود کیا یعنی ان پر غم واقع ہوئے۔
اِسْتَلْعَبَتِ النَّخْلَةُ: خرما باقی رہتے ہوئے دوبارہ شگوفہ دار ہونا۔
اللَعْبَة۔ لَعِب کا اسم مرۃ۔
اللِعْبَةُ۔ لَعِب کا اسم نوع۔
اللُعْبَة۔ کھیل۔ کھیل کی باری۔ کہا جاتا ہے "اُقْعُدْ حَتّى اَفْرُغَ مِنْ هٰذِهِ اللُّعْبَةِ" جب تک میں اس کھیل کی باری سے فارغ ہوں بیٹھو۔ جس سے کھیلا جائے جیسے شطرنج۔ گڑیا وغیرہ۔ بیوقوف جس کا مذاق بنایا جائے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لُعْبَةٌ" یعنی ایسا مرد جس سے کھیل و تفریح کیا جائے؛ ج لُعَب۔
الْاُلْعُوبَة۔ کھیل۔
اللُّعاب۔ منہ کی رال۔ لُعابُ النَّحْلِ: شہد لُعابُ الْحَيَّةِ و نَحْوِها: سانپ وغیرہ کا زہر۔ لُعابُ الشَّمْسِ: وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر کے وقت چلچلاتی دھوپ میں مکڑی کے جالے کی مانند فضاء میں اوپر سے نیچے اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اور اس کو مُخاطُ الشَّيْطانِ بھی کہتے ہیں۔
لُعابُ السَفَرْجَلِ و نَحْوِهِ: ایک قسم کی دوا ہے جو بہی کے بیج سے تیار کی جاتی ہے۔
اللُعابِيّ۔ لُعاب کی جانب منسوب۔
اللُعابِيَّة۔ چھلوں کا رس۔
اللَعِب ۔س کھیلنے والا۔
اللَعُوب۔ ناز و انداز والی حسینہ۔ کہا جاتا ہے "جارِيَةٌ لَعُوبٌ" ج لَواعِب و لَعائِب۔
اللُعَبَة و اللَعّاب و اللِعِّيب و التَلْعاب و التِلِعّاب و التَلْعابَة و التِلْعابَة و التِلِعاب و التِلِعّابَة و التِلْعِيبَة و الاُلْعُبان۔ بڑا کھلاڑی۔ بڑا مذاق کرنے والا۔ اللَعّاب: بازی گر۔
المَلْعَب۔ کھیل کی جگہ۔ ج مَلاعِب۔ مَلاعِبُ الرِّياحِ: ہواؤں کی آمد و رفت کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ فِي مَلاعِبِ الْجِنِّ" میں نے اس کو گمنام جگہ میں چھوڑ دیا۔
المِلْعَبَة و المُلْعِبَة۔ بے آستین کی قمیص کہ جس کو پہن کر بچے کھیلتے ہیں۔
المُلاعِب۔ فا۔ مُلاعِبُ ظِلِّه: ایک پرندہ ہے جس کی گردن چھوٹی ہوتی ہے اور بازو بڑے ہوتے ہیں۔
ثَغْرٌ مَلْعُوب۔ رال بہانے والے دانت۔
لَعِثَ (س) لَعَثًا۔ سست ہونا۔ صفت اَلْعَثِ مؤنث لَعْثاء۔ ج لُعْث۔
لَعْثَمَ و تَلَعْثَمَ فِي الْاَمْرِ: توقف کرنا۔ ٹھہرنا۔ غور سے دیکھنا۔ ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "سَاَلْتُه عَنْ شَيْءٍ فَلَمْ يَتَلَعْثَمْ" یعنی میں نے اس سے فلاں چیز کے متعلق دریافت کیا تو اس نے جواب دینے میں تاخیر نہیں کی "وَمَا تَلَعْثَمَ عَنْ شَيْءٍ" نہ تو وہ پیچھے ہٹا اور نہ تاخیر کی۔
لَعَجَ (ف) لَعْجًا الضَّرْبُ فُلانًا: تکلیف پہنچانا۔ اور کھال میں سوزش ہونا الشَّيْءَ فِي

صَدْرِہٖ: کھٹکنا الحُبُّ او الْحُزْنُ فِیْ قَلْبِہٖ: گرمی پھونکنا۔

لَاعَجَہ مُلَاعَجَۃً الْاَمْرُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔

اَلْعَج النَارَ فِی الْحَطَبِ: آگ کو سلگانا۔

اِلْتَعَج. غم سے جلنا۔

اللاعج۔ فا۔ دِل سوز مُحبت۔ ج لَوَاعِج.

اللَعَج. ہر جلانے والی چیز۔ مار کی تکلیف۔ جلن۔

لَعْذَمَ فِی الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ تامل کرنا۔

تَلَعْذَمَ عَنِ الْکَلَامِ: حیرت سے متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَأَ فَمَا تَلَعْذَمَ" اس نے پڑھا تو نہ تو ٹھہرا اور نہ متردد ہوا "وَمَا تَلَعْذَمْنَا شَیْئًا" ہم نے کچھ نہیں کھایا۔

اللعْذَمِی. لالچی۔

لَعَزَہٗ(ف) لَعْزًا. ہٹانا اور مکا مارنا۔ لَعَزَتِ النَاقَۃُ فَصِیْلَھَا: بچے کو زبان سے چاٹنا الْمَرْأَۃَ: جماع کرنا۔

لَعَسَہٗ(ف) لَعْسًا. دانت سے کاٹنا۔

لَعِسَ(س) لَعَسًا. سیاہی مائل سرخ ہونٹ والا ہونا۔ خوبصورت سیاہ ہونٹ والا ہونا۔ صفت اَلْعَس مؤنث لَعْسَاء ج لُعْس. و لَعِسَت. الشَفَۃُ سیاہی مائل سرخ ہونا۔ بہترین سیاہ ہونا۔

اللُعْسَۃ. سیاہی مائل سرخ رنگ۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ لَعُوْسًا" میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اللعُوْس. کم خوراک۔ حریص۔ بھیڑیا۔ ج لُعَاوِس.

الَالْعَس مِنَ النَبَاتِ: گنجان پودہ۔

الْمُتَلَعِّس مِنَ الرِّجَالِ: بہت کھاؤ۔

لَحْمٌ مَلْعُوْسٌ. کچا سرخ گوشت۔

تَلَعْسَم فِیْ اَمْرِہٖ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔

لَعِصَ (س) لَعَصًا الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ الرَّجُلُ فِی الْاَکْلِ والشُّرْبِ: بہت حرص سے کھانا۔ پینا۔ صفت لَعِص.

تَلَعَّصَ عَلَیْنَا: سختی کرنا الرَّجُلُ: کھانے پینے میں بہت حریص ہونا۔

لَعَصَہٗ (ف) لَعْصًا بِلِسَانِہٖ: زبان سے لینا۔

اللَعْوَص. گیدڑ۔

لَعَطَ(ف) لَعْطًا. دوڑنا۔ لَعَطَتِ الْاِبِلُ: گھروں کے ارد گرد چرنا ہٗ: گردن کے عرض میں داغ لگانا ہٗ بَاَبْیَاتٍ: اشعار میں ہجو کرنا ہٗ بِسَھْمٍ او بِعَیْنٍ: تیر مارنا یا نظر بد لگانا ہٗ بحقِّہٖ: ٹال مٹول کرنا الماشیۃُ النَبَاتَ: جانور کا نباتات کو چرنا۔

اَلْعَطَ الرَّجُلُ: پہاڑ کے دامن میں چلنا۔

اِلْتَعَطَتِ الْاِبِلُ: چراگاہ میں دور نہ جانا اور گھروں کے ارد گرد ہی چرنا۔

اللَعْط. س۔ واحد الالعاط. سیاہ یا زرد خطوط جو عورتیں اپنے چہرہ پر کرتی ہیں۔

اللُعْط. دیوار یا پہاڑ کا پہلو۔ لُعْطُ الرَّمْلِ: ریت کا گوشہ۔ لُعْطُ الْجَبَلِ: دامن کوہ۔

اللعْطَۃ. اسم ہے لعط کا سیاہی یا زردی کا خط جو عورتیں اپنے رخسارے پر کرتی ہیں۔ بکری کے گردن کی سیاہی۔ شکرے کے چہرے کی تیرگی۔

اللَعْطَاء. گردن میں سیاہ داغ والی بکری۔

المَلْعَط. گھروں کے ارد گرد کی چراگاہ۔ ج مَلَاعِط.

المُلَطَّعَۃ. فربہ دراز لڑکی۔

اَلْعَف و تَلَعَّفَ الْاَسَدُ او الْبَعِیْرُ: شیر یا اونٹ کا بار بار آنکھ کھولنا اور بند کرنا۔ غضبناک ہونا اور حملہ کے لیے تیار ہونا۔

لَعِقَ(س) لَعْقًا و لُعْقَۃً و لَعْقَۃً الْعَسَلَ و نَحْوَہٗ: شہد کو زُبان یا اُنگلی سے چاٹنا۔ صفت لَاعِق ج لَعَقَۃٌ کہا جاتا ہے "لَعِقَ فُلَانٌ اِصْبَعَہ" یعنی مر گیا۔

اَلْعَقَ ولَعَّقَ. چٹانا۔ الْعَقَ النَّسَاجُ الثَّوْبَ: ہلکے کتائی کے دھاگے سے بننا۔

اُلْتعِقَ لَوْنُہٗ: رنگ سے متغیر ہونا۔

اللعْقَۃ. س۔ اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "فِی الْاَرْضِ لَعْقَۃٌ مِنْ رَبِیْعٍ" زمین میں تھوڑی سی سبزی ہے۔

اللُعْقَۃ. س چمچہ یا انگلی میں جتنا آئے۔ چاٹنے کے قابل چیزوں میں سے تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَعِقٌ لَعِقٌ" یعنی لالچی مرد۔

اللعَاق. چاٹی ہوئی چیز کا وہ حصہ جو منہ میں باقی رہ جائے۔

اللَعُوْق. ہر وہ چیز جو چاٹی جا سکے جیسے شہد، دوا وغیرہ۔ چٹنی۔ تھوڑا سا توشہ۔ کہا جاتا ہے "مَا مَعَنَا اِلَّا لَعُوْقٌ" ہمارے ساتھ صرف تھوڑی سی چیز ہے۔

المِلْعَقَۃ. چمچہ۔ ج مَلَاعِق.

اللعْقِط. بدزبان عورت۔

لَعَلَّ. حرف مشبہ بالفعل میں سے ہے۔ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور توقع کا فائدہ دیتا ہے جیسے لَعَلَّ الْحَبِیْبَ قَادِمٌ اور خوف کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے جیسے "لَعَلَّ الشِّدَّۃَ نَازِلَۃٌ" اور ایسے ممکن کے ساتھ خاص ہے جس کے حصول کا وثوق نہ ہو۔ (مفردات امام راغب اصفہانی میں ہے کہ بعض مفسرین نے بیان کیا ہے کہ لَعَلَّ جب باری تعالیٰ عَزَّ اِسْمُہٗ کی طرف سے ہو تو وجوب کے معنی ہوتے ہیں۔ اور قرآن پاک کے بہت سے مواقع میں لَعَلَّ کی تفسیر کَیْ سے کی گئی ہے) اس کے لام اوّل کو حذف کر کے عَلَّ بھی کہا جاتا ہے اور اس پر ما کافہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے لَعَلَّمَا اَضَاءَتْ لَكَ النَّارُ اور اس کے ساتھ جب یاء متکلم متصل ہو تو اکثر نون وقایہ نہیں لاتے۔ کہا جاتا ہے "لَعَلِّیْ" اور لَعَلَّنِیْ بھی۔

اللَعْل. ایک مشہور نہایت بیش قیمت پتھر۔

لَعْلَعَ العَظْمَ و نَحْوَہٗ: ہڈی توڑنا الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا السَّرَابُ: سراب کا چمکنا مِنَ الشَّیْءِ: تنگ دِل ہونا۔ زچ ہونا مِنَ الْجُوْعِ: بھوک کی وجہ سے غمگین ہونا بِالْعَاثِرِ: پھسلنے والے سے لَعْ یا لَعْلَعْ یا لَعًا کہنا۔

تَلَعْلَعَ. ٹوٹنا مِنَ الْجُوْعِ: بلبلانا اور پیچ و تاب کھانا الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے کمزور ہونا السَّرَابُ: سراب کا چمکنا الْکَلْبُ:

کتے کا پیاس کی وجہ سے زبان لٹکانا۔

اللَعلَع. سراب۔ بھیڑیا۔ ایک حجازی درخت۔

اللعلاع. بزدل۔

عَسَلٌ مُتَلَعْلِعٌ. شہد جس میں لمبا تار نکلے۔

تَلَعْلَمَ فِی اَمْرِہ: دیر لگانا۔

اللَعَم. لعاب دہن۔

لَعْمَظ لَعْمَظَةً و لَعْمَاظًا اللحم: ہڈی سے گوشت چھوڑنا۔

اللَعْمَظ واللُعْمُوظ واللُعْمُوظَة: بہت حریص و خواہش مند۔ ج لَعَامِظَة و لَعَامِيْظ. اَللُعْمُوظ: طفیلی۔ صرف کھانے پر خدمت کرنے والا۔ رَجُلٌ لَعْمَظَةٌ. بہت حریص۔

اللِعْماظ. س۔ ڈینگ مارنے والا۔

لَعَنَ (ف) لَعْنًا فُلَانًا: لعنت کرنا۔ رسوا کرنا۔ گالی دینا۔ خیر سے بعید کرنا۔ دھتکارنا۔

لَعَنَ نَفْسَهٗ: عَلَیَّ لَعْنَةُ اللهِ کہنا۔ اپنے اوپر لعنت کرنا۔

لَعَّنَهٗ تَلْعِيْنًا. عذاب دینا۔

لَاعَنَهٗ لِعَانًا و مُلَاعَنَةً: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔ اَلحَاكِمُ بَيْنَهُمَا: فیصلہ کرنا۔

اِلْتَعَنَ. اپنے اوپر لعنت کرنا (و تَلَاعَنَ) بعض کا بعض پر لعنت کرنا۔

اللَعْن. "وَاَبَيْتَ اللَعْنَ" زمانہء جاہلیت میں بادشاہوں کیلئے سلام۔ یعنی اے بادشاہ تو ایسے فعل سے باز رہ جو مستحق لعنت ہو۔

اللَعْنَةُ. لَعَنَ کا اسم مرۃ۔ لعنت۔ عذاب ج لِعَان و لَعَنَات.

اللَعَان واللَعَانِيَة. اسم ہیں لعنت سے۔

اللَان. فا. اَمْرٌ لَاعِنٌ: باعث لعنت۔

اللَعَّان. بہت لعنت کرنے والا۔

اللُعْنَةُ. جس پر لوگ بہت لعنت کریں۔

اللُعَنَه. جو لوگوں پر بہت لعنت کرے۔ ج لُعَن.

اللَعِيْن. لعنت کیا ہوا۔ گالی دیا ہوا۔ دھتکارا ہوا۔ بدبخت۔ مسخ کیا ہوا۔ رسوا۔ ہلاک شدہ۔ شیطان اڈکا (جو کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لیے کھڑا کیا جاتا ہے)

اللَعِيْنَة. بمعنی ملعون جیسے رَهِيْنَةٌ بمعنی مَرْهُوْنٌ.

المَلْعَنَة. پائخانہ۔ ج مَلَاعِن (و اللاَّعِنَة) وسط راستہ۔

المَلْعُوْن. مث۔ ج مَلَاعِيْن.

تَلَغّٰی العَسَلُ: شہد کا گاڑھا ہونا اللُعَاع ای اَوَّلَ النَّبَات: ہریاول نکلنا۔ شروع ہونا۔

اَلْعَتِ الاَرْض. ہریاول والی زمین ہونا۔

اللَعْو. بدخلق۔ کمینہ۔ لالچی۔ ج لِعَاء.

اللَعْوة. اللَعْو کا مؤنث۔ سرپستان کے اردگرد کی سیاہی۔ لَعْوَةُ الجُوْع: بھوک کی تیزی (واللَعَاۃ) کتیا۔ كَلْبَةٌ او ذِئْبَةٌ لَعْوَةٌ. لالچی کتیا یا مادہ بھیڑیا۔ ج لِعَاء و لَعَوَات.

اللُعْوَة. سرپستان کے اردگرد کی سیاہی۔

اللاَّعِی. جس کو ذرا سی چیز گھبراہٹ میں ڈال دے۔

اللاَعِيَة اللاعی کا مؤنث۔ ایک چھوٹا سا پودہ جس کا پھول زرد رنگ کا اور خوشبو عمدہ ہوتی ہے۔

اللَعَا. بہت حریص اور پھسلنے والے کیلئے۔ کہا جاتا ہے "لَعًا لَكَ" یعنی خدا تمہیں اُٹھائے اور "لَا لَعًا لَكَ" بددعا ہے یعنی خدا تمہیں نہ اُٹھائے۔

الاَلْعَاء. انگلیوں کی گرہوں کے جوڑ۔

لَعْوَق. کام میں جلدی کرنا۔

اللَعْوَق. کم عقل۔ بیوقوف۔

لَغَبَ (ف ن) و لَغِبَ (ک) لَغْبًا و لُغُوْبًا و لُغُوْبًا و لَغِبَ (س) لَغَبًا. بہت تھکنا۔

لَغَبَ (ف) لَغْبًا. القَوْمَ: جھوٹی بات کہنا عَلَيْهِمْ. فساد ڈالنا اَلْكَلْبُ فِی الاِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

لَغَّبَ واَلْغَبَ و تَلَغَّبَ السَّيْرُ فُلَانًا: بہت تھکا دینا۔ لَغَبَ دَابَّتَهٗ: جانور پر اتنا لاد دینا جس سے تھک جائے یا تھکا ہوا پانا اَلْغَبَ فُلَانًا: تھکا دینا۔ تَلَغَّبَ الاِنْسَانَ وَالحَيْوَانَ: دور بھگا دینا یا ہانک دینا کہا جاتا ہے "تَلَغَّبَتْهُمُ الاَسْفَارُ و تَلَغَّبْتُ بِهِمِ القِفَارُ" یعنی سفر نے انہیں دور ڈال دیا میدانوں نے انہیں دور پھینک دیا۔ مطلب یہ کہ وہ دور چلے گئے تَلَغَّبَ سَيْرَ القَوْمِ: قوم کے تھکنے تک چلتا رہا تَلَغَّبَ الدَّابَةَ: تھکا ہوا پانا۔

اللاَّغِبُ. فا۔ کمزور۔ ج لُغَّب. کہا جاتا ہے "اَتَانَا سَاغِبًا لَاغِبًا" ہمارے پاس بھوکا تھکا ہوا آیا۔

اللاغِبَة. اللاغِب کا مؤنث ج لَوَاغِب کہا جاتا ہے "رِيَاحٌ لَوَاغِب" یعنی نرم ہوائیں۔

اللَغْبُ اللَغُوْب. کمزور۔ بیوقوف۔ اللَغْب اگلے دانتوں کا مسوڑھا۔ کلام فاسد۔ کہا جاتا ہے "اُكْفُفْ عَنَّا لَغْبَكَ" یعنی ہم سے اپنے کلام فاسد کو بند کرو۔ سَهْمٌ لَغْبٌ: خراب تراشا ہوا تیر۔

اللَغْب واللَغَب واللَغِب واللَغِيْب. خراب پر۔ اللَغَب: گردن کے بال۔ کہا جاتا ہے اَخَذَ بلَغَب رَقَبَتِهٖ یعنی اس نے اس کی گردن کے بال کو پکڑ لیا۔

اللُغَاب. خراب تراشا ہوا تیر۔

اللَغَابَة واللُغُوْبَة. بیوقوفی۔ کمزوری۔

اللَغِيْث. زہر ملائی ہوئی چیز جو گدھ کے پھنسانے کیلئے پھیلائیں۔ جَو ملا ہوا گیہوں (گوجی)

اللُغْثُوْن. ناک کا نتھنا۔ ج لَغَاثِيْن.

لَغَدَ (ف) لَغْدًا الاِبِلَ العَوَائِدَ: سیدھے راستہ پر اونٹوں کو لانا عَنْ كَذَا: روکنا فُلَانًا: کنارہ گردن کے گوشت پر مارنا۔

اللُغْد ج اَلْغَاد. واللُغْدُوْد واللُغْدِيْد. ج لَغَادِيْد: حلق کا گوشت۔ حلق کا کوا۔ کان کے اندرونی حصہ کا زائد گوشت۔ کہا جاتا ہے "عِلْجٌ مِنَ الاَوْغَادِ ضَخْمُ الاَلْغَادِ"

اَلْمُتَلَغِّد سخت غضبناک۔
اَللَّغْذَمِیُّ و اَلْمُتَلَغْذِم بہت کھاؤ۔
لَغَزَ(ن) لَغْزًا اَلشَّیَٔ چیز کو اس کے صحیح طریقے سے پھیر دینا فِیْ یَمِیْنِہٖ قسم کھانے میں تلبیس سے کام لینا (وَالْغَز) اَلْیَرْبُوْعُ حُجْرَہ: جنگلی چوہے کا سوراخ کو پیچ دار کھودنا۔ (لَغَز وَالْغَز فِی الْکَلَامِ وَالْغَز الْکَلَامَ: کلام سربستہ کہنا۔ پیچ دار بات کہنا۔
لَاغَزَہٗ مُلَاغَزَۃً پہیلی جیسی گفتگو کرنا۔
اَللُّغْز وَاللَّغز وَاللُّغَز چوہے یا جنگلی چوہے یا گوہ کا بل۔
اَللُّغْزُ وَاللَّغْزُ وَاللُّغَزُ ج اَلْغَازٌ وَاللُّغَیْزَاءُ وَاللُّغَیْزَیٰ وَالْاُلْغُوْزَۃُ مِنَ الْکَلَامِ چیستان۔ معمہ۔ پہیلی۔ اَلْاَلْغَازُ پیچ دار اور مشکل راستے۔
اَللَّغَّازُ لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔
اَلْمُلْغَز مِنَ الْکَلَامِ پیچیدہ و دشوار کلام۔
لَغَطَ(ف) لَغْطًا و لِغَاطًا وَالْغَطَ ولَغَّطَ الْقَوْمُ شور کرنا۔
لَغَطَ(ف) لَغْطًا و لَغِیْطًا اَلْحَمَامُ اَو الْقَطَا کبوتر یا قطا کا غٹرغوں کرنا۔
اَللُّغْطُ س۔ دروازے کے آگے کا صحن۔
(وَاللَّغَط) آواز۔ شور۔ مبہم آواز جو سمجھ میں نہ آئے۔ ج اَلْغَاط۔
لَغِفَ(س) لَغْفًا۔ اَلْاِنَاءَ برتن چاٹنا۔ اَلْاِدَامَ سالن کو لقمہ بنانا۔
لَغَفَ(ف) لَغْفًا الرَّجُلُ اَو لَاسَدُ مرد یا شیر کا تیز نظر سے دیکھنا۔
لَاغَفَہٗ مُلَاغَفَۃً بوسہ دینا۔ دوستی کرنا۔
اَلْغَفَ تیز دوڑنا۔ نظر تیز کرنا۔ چوروں کے ساتھ رہنا اور ان کے مال و متاع کا محافظ بننا فُلَانًا الْاِدَامَ سالن کا لقمہ نگلوانا۔ ؤ برا معاملہ کرنا اور ظلم کرنا۔ اَلْغَفَ عَلَیْہِ: سخت سست باتیں کہنا۔
اَللُّغْفَۃُ لقمہ۔
اَللَّغِیف مرد کے خاص لوگ۔ چوروں کا ساتھی اور ان کے کپڑے وغیرہ کا محافظ۔ ج

لُغَفَاء۔
اَللَّغِیْفَۃ ایک قسم کا کھانا جس کو عَصِیْدَہ بھی کہتے ہیں۔
اَلْمَلْغَفَۃ چوروں کا گروہ۔
اَللَّغْلَغَۃُ کلام میں لکنت۔
لَغَمَ(ف) لَغْمًا اَلْبَعِیْرُ جھاگ پھینکنا ؤ: منہ چومنا الرَّجُلَ بِغَیْرِ مُتَیَقِّن خبر دینا۔
(وَلَغَّم) فُلَانًا بِالطِّیْبِ منہ پر خوشبو لگانا۔
لَغِمَ(س) لَغْمًا و لَغَمًا غیر یقینی خبر دریافت کرنا۔
لَغَمَ یَلْغَمُ اَلْاَرْضَ اَوِ الْحَجَرَ بارودی سرنگ بچھانا۔
اَللُّغْمُ بارودی سرنگ کبھی خشکی والی اور کبھی سمندری ہوتی ہے۔
اَلْغَمَ اَلذَّھَبُ و مَاشَابَھَہٗ مِنْ کُلِّ جَوْھَرٍ مُذَابٍ سونے وغیرہ میں پارہ ملایا جانا۔ صفت مُلْغَمٌ۔
اِلْتَغَمَ الذَّھَبُ سونے کا پارہ سے ملنا۔
تَلَغَّمَ بِالطِّیْبِ ناک اور منہ پر خوشبو لگانا اَلْقَوْمُ بِالْکَلَامِ گفتگو میں منہ کے کناروں کو ہلانا اَلْغَنَمُ بِالعُشْبِ و بِالشُّرْبِ تر ہونٹوں والی ہونا۔
اَللَّغَمُ تھوڑی خوشبو۔ زبان کی رگیں۔
اَللُّغَامُ اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ لعاب۔
اَللُّغْمَاءُ سفید منہ والی بکری۔
اَللَّغِیْمُ بھید۔
اَلْمَلْغَمُ ناک اور منہ اور ان دونوں کا ارد گرد۔ ج مَلَاغِم
اِلْغَانَّ اَلنَّبْتُ نباتات کا گنجان اور دراز ہونا اَلْاَرْضُ بہت گھاس والی زمین ہونا۔
اَللَّغَنُ جوانی کا جوش۔
لَغَا یَلْغُوْ لَغْوًا بِکَذَا بولنا اَلشَّیُٔ باطل ہونا اَلرَّجُلُ محروم ہونا عَنِ الطَّرِیْقِ ہٹ جانا۔
لَغَا یَلْغُوْ لَغْوًا و لَغَا یَلْغٰی و لَغِیَ یَلْغٰی لَغًی و لَغَایَۃً و لَاغِیَۃً و مَلْغَاۃً فِیْ قَوْلِہٖ: غلطی کرنا۔ بغیر سمجھے بوجھے بولنا۔

لَغِیَ یَلْغٰی لُغًی بِالْاَمْرِ مشتاق ہونا بِالْمَاءِ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا بِالشَّیِٔ چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا اَلطَّیْرُ: بِاَصْوَاتِھَا: پرندوں کا قوم سے سر نکالنا۔ اور کہا جاتا ہے ھُمْ یَلْغُوْنَ فِی الْحِسَابِ وہ حساب میں غلطی کرتے ہیں۔
لَاغٰی مُلَاغَاۃً الرَّجُلَ ہنسی مذاق کرنا۔
اَلْغٰی اَلشَّیَٔ باطل کرنا فُلَانًا محروم کرنا۔
اِسْتَلْغٰی فُلَانًا گفتگو کرانا۔ لغت سننا۔
اَللَّغَاس۔ آواز۔ بیہودہ۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔
اَللُّغَۃ ہر قوم کی کلام مصطلح جس سے وہ اپنے مقاصد کو ظاہر کرے۔ ج لُغًی و لُغَاتٌ و لُغُوْنٌ اور نسبت کیلئے لُغَوِیّ۔ عِلْمُ اللُّغَۃِ: مفردات کے اوضاع کی معرفت کا علم۔ کُتُبُ اللُّغَۃِ فن لغت کی کتابیں۔ اَھْلُ اللُّغَۃِ فن لغت کے ماہرین اور کبھی عِلْمُ اللُّغَۃِ کا اطلاق علوم عربیہ کے سارے اقسام پر ہوتا ہے۔
اَللَّغْو س۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کتے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ بِاللَّغْوِ و اِشْتَغَلَ بِاللَّغْوِ" وہ بیہودہ گفتگو اور افعال میں مشغول ہوا۔ قسم کھانے میں گناہ۔
اَللَّاغِیَۃُ س۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کَلِمَۃٌ لَاغِیَۃٌ قبیح کلمہ۔
اَللَّغَاۃُ آواز۔
اَللَّغْوٰی قطا پرندہ کا شور۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "اِسْمَعْ لَغْوَاھُمْ وَلَا تَخَفْ طَغْوَاھُمْ" ان کے بیہودہ کلام کو سنو اور ان کی سرکشی سے خوف مت کرو۔
لَفَّ(ن) لَفًّا اَلشَّیَٔ لپیٹنا۔ ملانا: جمع کرنا۔ اَلْمَیِّتَ فِیْ اَکْفَانِہٖ میت کو کفن میں لپیٹنا اَلْکَتِیْبَتَیْنِ دو لشکروں کو ملانا فِی الْاَکْلِ: مختلف قسم کے کھانوں کو ملا کر بری طرح سے کھانا اور اسی سے ہے "اِنْ اَکَلَ لَفَّ وَاِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ" اگر کھاتا ہے تو سب ہڑپ کر جاتا ہے اور اگر پیتا ہے تو سب صاف کر دیتا ہے اَلشَّیَٔ بِالشَّیِٔ چیز کو چیز سے ملانا: جوڑنا ؤ حَقَّہٗ حق کا انکار کرنا۔ منع کرنا۔ لَفَّتِ

الْاَشْجَارُ گنجان ہونا۔

لَفَّ (س لَفًّا و لَفَفًا) پرگوشت رانوں والا ہونا۔ صفت اَلَفّ مؤنث لَفَّاء ج لُفّ۔

لَفَّفَ بمعنی لَفَّ۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔

لَافَّ الصَّقْرُ الصَّيْدَ: شکرے کا شکار پر ٹوٹ پڑنا اور پنجوں میں کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَافَفْنَا الْقَوْمَ" یعنی ہم قوم سے مل گئے۔

اَلَفَّ الطَّائِرُ رَاسَهٗ: پرندہ کا پروں میں سر کو چھپالینا۔ الرَّجُلُ رَاسَهٗ: جبے میں سر کو چھپالینا۔

اِلْتَفَّ و تَلَفَّفَ فِيْ ثَوْبِهٖ: کپڑے میں لپٹنا۔ عَلَيْهِ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ اِلْتَفَّ النَّبَاتُ: گنجان ہونا۔ عَلٰى حَنَقٍ: غضبناک ہو کر لپٹنا الشَّيْئُ: گنجان ہونا۔

تَلَافَّ الْقَوْمُ: باہم ملنا۔

اللَّفُّ. س۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِلَفِّهِمْ و بِلَفَّتِهِمْ" یعنی جماعت کے ساتھ سب آئے۔

اللِّفُّ. پارٹی۔ گروہ۔ اکٹھی قوم۔ جو ادھر ادھر سے جمع کیا جائے۔ گنجان باغ۔ ج اَلْفَاف و لُفُوْف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ وَمَنْ لَفَّ لِفَّهُمْ او لَفَّهُمْ او لُفَّهُمْ" قوم آئی اور ان کے ساتھ ان کے لگے بندھے بھی آئے۔ "وَجَاءُوا اَلْفَافًا" مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت آئی وَضَةٌ لَفٌّ و لِفٌّ و لَفَّةٌ و لِفَّةٌ و لَفَّاء گنجان باغ۔

اللِّفَافَة. جو چیز کسی چیز پر لپیٹی جائے دل پر لپٹی ہوئی چربی۔ سگریٹ (مولدة) ج لَفَائِف۔

اللَّفَف. کام کرنے والے کے بازو کی رگ کا مڑ جانا جس کی وجہ سے وہ کام میں بیکار ہو جاتا ہے۔ کھانے میں ملانا جلانا اور زیادہ کھانا جس چیز کو قوم یہاں وہاں سے جمع کرے۔

اللَّفِيْف. جھنڈ دار اور گنجان درخت مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت جس میں شریف رذیل، فرمانبردار، نافرمان، قوی، کمزور سبھی قسم کے ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ لَفِيْفٌ" مخلوط رکھنا "هُوَ لَفِيْفُ فُلَانٍ" وہ فلاں کا دوست ہے "جَمْعٌ لَفِيْفٌ" ہر جگہ سے اکٹھا کیا ہوا۔

اَللَّفِيْفَة. مجموعہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔ سگریٹ۔ ج لَفَائِف

الْاَلَفّ. بازو کی ایک رگ۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ کاموں میں عاجز و سست۔ ملے ہوئے ابروؤں والا۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ۔ مؤنث لَفَّاء ج لُفٌّ. فَخِذٌ لَفَّاءُ: موٹی ران۔

التَلَافِيْف. گنجان گھاس مِنَ الْاَمْعَاءِ والدِّمَاغِ فِي اِصْطِلَاحِ الطِّبِّ: ایک کے اوپر ایک لپا ہوا۔

اَلْمِلَفّ والمِلْفَاف چادر۔ لحاف۔ والمِلَفّ فِي اصطلاح عُلَمَاءِ الْكَهْرُبَائِيَة چکر جس پر تار لپیٹا جائے۔

المَلْفُوْف. مت۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد مَلْفُوْفَة.

لَفَا (ف لَفْوًا و لَفَا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ اللَّحْمَ عَنِ الْعَظْمِ: گوشت اتارنا الرِّيْحُ السَّحَابَ عَنْ وَجْهِ الْاَرْضِ: بادلوں کو پراگندہ کردینا فُلَانًا عَنْ مُرَادِهٖ: رد کرنا۔ ہٹانا۔ غیبت کرنا حَقَّهٗ: حق سے کم دینا۔ پورا حق دینا بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا۔

لَفِيَ (س لَفًا) الشَّيْئُ: باقی رہنا۔

اَلْفَا اَلْفَاءً. الشَّيْئَ: باقی رکھنا۔

اِلْتَفَا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔

اللَّفَاء: مٹی۔ تھوڑی چیز۔ حق سے کم۔

اللَّفِيْئَة. بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا۔ ج لَفَايَا و لَفِيٌّ.

لَفَتَ (ض لَفْتًا) الشَّيْئَ: دائیں یا بائیں موڑنا۔ رِدَائَهٗ عَلٰى عُنُقِهٖ: چادر کو گردن پر موڑنا۔ فُلَانًا عَنْ رَأْيِهٖ: رائے سے پھیرنا الرِّيْشَ عَلَى السَّهْمِ: پر کو تیر پر کیفما اتفق لگا دینا۔ الرَّاعِي الْمَاشِيَةَ: مارنا اور اس کی پروانہ کرنا کہ کس کو لگے۔ اللِّحَاءَ عَنِ الشَّجَرَةِ: درخت سے چھال اتارنا۔ الْكَلَامَ: لاپروائی سے گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَفَتَهٗ بِكَذَا" یعنی اس نے اس کو دیا۔

لَفَّتَ الشَّيْئَ: موڑنا۔

اِلْتَفَتَ و تَلَفَّتَ اِلَيْهِ: چہرہ پھیرنا۔

اِلْتَفَتَ بِوَجْهِهٖ يُمْنَةً او يُسْرَةً: جھکنا۔

اللَّفْت. شلغم۔

اللِّفْت. چیز کی ایک جانب۔ گائے۔ بیوقوف عورت۔

اللِّفْت فِي التَّيْسِ: مینڈھے کے ایک سینگ کا ٹیڑھا ہونا۔ فِي الْاِنْسَانِ: بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔

اللَّفَات. بیوقوف۔ سخت خو۔

اللُّفَتَة. جانوروں کو ہمیشہ مارنے والا چرواہا۔

الْاَلْفَت. ایک پیچ دار سینگ والا بکرا۔ مضبوط ہاتھ والا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ بیوقوف۔ بھینگا۔ مؤنث لَفْتَاء ج لُفْتٌ۔

اللَّفُوْت. سخت خو۔ چغل خور عورت۔ اونٹنی جو دوہنے کے وقت بے قرار رہے۔ عورت جس کی نگاہ ایک جگہ نہ ٹھہرے۔

اللَّفِيْتَة. ایک قسم کا گاڑھا حلوا۔

المُتَلَفَّة. کندھے کی ہڈی کا اوپر کا حصہ۔

اِسْتَلْفَتَ. باہر نکالنا۔ چیز کی حقیقت کو پہنچنا۔ خبر کو چھپانا۔ حاجت روائی کرنا۔ تمام چارے کو کھانا۔

اَلْفَجَ. مفلس ہونا۔ بے مال و دولت ہونا۔ غم وغیرہ کی وجہ سے زمین سے چپٹے رہنا۔ فُلَانٌ: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔

اللَّفْج. ذلت۔

المُلْفَج و المُسْتَلْفَج. مفلس۔ لاغری کی وجہ سے زمین سے چمٹنے والا۔ المُسْتَلْفَجُ: خوف کی وجہ سے پراگندہ دل۔

لَفَحَ (ف لَفْحًا) فُلَانًا بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا لَفَحَتْ (ف لَفْحًا و لَفَحَانًا) النَّارُ و السَّمُوْمُ بِحَرِّهَا فُلَانًا: جھلس دینا۔

نَارٌ لَفُوْحٌ و لَافِحٌ: جلانے والی آگ۔ ج لَوَافِح کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ مِنَ الْحَرِّ لَفْحٌ و مِنَ الْبَرْدِ نَفْحٌ"۔

اللُّفَّاح. ایک قسم کا پودہ۔ واحد لُفَّاحَة.

لَفَخَهٗ. (ف لَفْخًا) فِي او عَلٰى رَاسِهٖ

مارنا۔
اللفخ میں سارے سر پر مارنا۔
لَفَظَ (ض) و لَفِظَ (س) لَفْظًا الشَّیَٔ و بِالشَّیِٔ مِن فَمِهٖ: منہ سے پھینکنا۔ ڈال دینا۔ صفت مفعولی لَفِیظٌ و مَلْفُوظٌ اَلْبَحْرُ دَابَّةً: دریا کا کنارے پر پھینک دینا فُلَانٌ نَفْسَهٗ او عَصَبَهٗ: مرنا (عصب سے مراد تھوک ہے جو منہ سے چٹ کر خشک ہو جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے "لَفَظَتْ اِلَیْنَا الْبِلَادُ اَهْلَهَا" یعنی ہماری جانب نکال دیا "وَجَاءَ وَقَدْ لَفَظَ لِجَامَهٗ" یعنی وہ آیا اس حال میں کہ پیاس اور تھکن کی وجہ سے تکلیف میں تھا (وتَلَفَّظَ) بِالْكَلَامِ: بولنا۔
اللفظ. مع. کلمات جو بولے جائیں۔ کَلَام. ج اَلْفَاظ.
اللفظة. لَفَظَ کا اسم مرۃ۔ کلمہ ج لَفَظَات.
اللافظة. لَافِظ کا مؤنث۔ سمندر اس وجہ سے کہ جواہر کو پھینکتا ہے (ہا مبالغہ کیلئے ہے) چلی۔ دنیا۔
لَافِظَةُ. سمندر۔ اور یہ علیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
اللُّفَاظ. جو پھینکا جائے۔
اللُّفَاظ. ترکاری۔
اللفاظة. جو منہ سے پھینکا جائے۔ جو دستر خوان سے جھاڑا جائے۔ کسی چیز کا تھوڑا سا بقیہ۔ ج لُفَاظ و لُفَاظَات. کلام۔
اللفیظ. پھینکی ہوئی چیز۔
اللفظی. جس کا لفظ سے تعلق ہو۔
لَفَعَ (ف) لَفْعًا. الشَّیْبُ رَاْسَهٗ: سارے سر کا سفید ہونا۔ لَفَعَتْهُ النَّارُ: بھڑک اور شعلہ پہنچنا۔
لَفَّعَ بمعنی لَفَعَ الْغُلَامَ: اپنی جانب کھینچ کر بغل گیر ہونا۔ فُلَانٌ: بہت کھانا اور کہا جاتا ہے "لَفَّعَ رَاْسَهٗ" جبکہ ڈھانپ لے۔
تَلَفَّعَ. بڑھاپا آنا۔ تَلَفَّعَتِ النَّارُ: شعلہ بھڑکنا۔ اَلْحُرُوْبُ بِالشَّرِّ: سبھی کو گھیر لینا اَلْمَالُ: مال یعنی مویشیوں کو چرنے سے نفع پہنچنا اَلْقَوْمُ عَلٰی جَیْشِ الْعَدُوِّ: دشمن کی فوج کو گھیر لینا اور سب کو قتل کر دینا۔ (والتفع) الرَّجُلُ بِالثَّوْبِ وَالشَّجَرُ بِالْوَرَقِ: لپٹنا۔ ڈھک جانا وَالْتَفَعَتِ الْاَرْضُ: سبزی سے ڈھک جانا۔
اَلْتُفِعَ لَوْنُهٗ: رنگ متغیر ہونا۔
اللفاع. چادر یا کمبل۔ اونٹنی کا تھنوں میں سے اگلے تھن۔
اللفاعة واللفیعة. قمیص کا پیوند۔
الملفعة. چادر یا کمبل وغیرہ۔
لَفَقَ (ض) لَفْقًا الثَّوْبَ: کپڑے کو دوہرا کر کے سینا اَلْاَمْرَ: طلب کرنا اور نہ پانا۔ الصَّقْرُ: شکار پر چھوڑا جانا اور شکار نہ کرنا۔
لَفَّقَ الْحَدِیْثَ: باطل سے مزین کرنا الرَّجُلُ: طلب کرنا اور نہ پانا الشُّقَّتَیْنِ: دونوں سرے ملا کر سینا۔ اور کہا جاتا ہے "لَفَّقَ بَیْنَ الثَّوْبَیْنِ" جبکہ دوہرا کر کے سیئے۔
تَلَفَّقَ بِهٖ: لاحق ہونا مَا بَیْنَهُمْ: درست ہونا۔
تَلَافَقَ الْقَوْمُ: معاملات درست ہونا۔
اللفق. چادر کے دو پاٹوں میں سے ایک پاٹ۔ اور دو آدمی جو جدا نہ ہوں۔ ان کے متعلق کہا جاتا ہے "هُمَا لِفْقَانِ"
اللفاق. مطلوب کو نہ پانے والا۔
اللفاق. دو کپڑے جو ایک ساتھ ملا کر جوڑے گئے ہوں اور ان میں سے ہر ایک کپڑے کو لِفَاق کہتے ہیں۔
اللفیك والالفك. بیوقوف۔ اللفیك: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
لَفْلَفَ. گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔ خوب اچھی طرح سے کھانا فِیْ ثَوْبِهٖ: کپڑے میں لپٹنا۔
تَلَفْلَفَ بِثَوْبِهٖ: کپڑے میں لپٹنا۔
اللفلف واللفلاف (و الملفلف) کمزور کلام میں عاجز و درماندہ۔
لَفَمَتْ (ض) لَفْمًا و تَلَفَّمَتْ والْتَفَمَتْ الْمَرْاَةُ: عورت کا نقاب ڈالنا۔ ناک پر نقاب باندھنا۔ تَلَفَّمَ بِعِمَامَتِهٖ: ڈھاٹا باندھنا۔
لَفَّمَتِ الْمَرْاَةُ فَاهَا: منہ پر نقاب ڈالنا۔
لَفَمَهٗ: مضبوط باندھنا۔
اللفام. ناک کے اوپر کا نقاب۔
لَفَا یَلْفُو لَفْوًا فُلَانًا حَقَّهٗ: حق کم کرنا اللَّحْمَ عَنِ الْعَظْمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔
اَلْفَاهُ اَلْفَاءً. پانا۔
تَلَافَی الْاَمْرَ: تدارک کرنا۔
اللفیة. گوشت کا ٹکڑا۔ ج لَفَایَا.
اللفاء. مٹی۔ خسیس۔ حقیر۔ اور کہا جاتا ہے "رَضِیَ فُلَانٌ مِنَ الْوَفَاءِ بِاللَّفَاءِ" فلاں شخص اپنے پورے حق میں سے تھوڑے پر راضی ہو گیا۔
التلافی. خون کا بدلہ حاصل کرنا۔
لَقَّ (ن) لَقًّا عَیْنَهٗ: آنکھ پر ہاتھ سے مارنا۔ صفت لَاقٌّ. ج لَقَقَةٌ.
اللق. سر زمین میں شگاف۔ بلند زمین۔ بہت بولنے والا۔ ہر تنگ اور لمبی زمین۔
اللققة. لَاقٌّ کی جمع۔ تنگ منہ کے گڑھے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَقَّاقٌ بَقَّاقٌ" بہت باتونی مرد۔
لَقَّبَ فُلَانًا بِکَذَا: لقب دینا۔
لَاقَبَهٗ. بُرے القاب سے گالی دینا۔
تَلَقَّبَ بِکَذَا: لقب پانا۔
تَلَاقَبَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو بُرے لقب سے گالی دینا۔
اللقب. اصلی نام کے علاوہ کوئی دوسرا نام جو اپنے وضع اول کے اعتبار سے مدح یا ذم کی طرف مشعر ہو ج اَلْقَاب.
لَقَحَ (ف) لَقْحًا النَّخْلَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔
لَقِحَتْ (س) لَقْحًا و لَقَحًا و لَقَاحًا النَّاقَةُ و نَحْوُهَا: حاملہ ہونا۔ صفت لَاقِحٌ و لَقُوْحٌ (لَقَحًا) اَلْحَرْبُ: سکون کے بعد بھڑک اٹھنا۔
اَلْمَرْاَةُ اَوِ النَّخْلَةُ: حاملہ ہونا۔
اَلْقَحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

الفحل النافة: حاملہ کرنا۔ گابھن کرنا۔ صفت مفعولی مَلْقُوْحَة. ج مَلاقِيح. اَلْقَح بينهم شرًا: فساد پیدا کرا دینا۔ اَلْقَحَتِ الرِّيْحُ الشَّجَرَ او السَّحاب: باردار کرنا۔
لَقَّحَ النَّخْلَة: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔
تَلَقَّحَتِ النَاقَةُ: حاملہ نہ ہوتے ہوئے حاملہ جیسی معلوم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّح زَيْدٌ عَلَيَّ" زید نے میری طرف ناکردہ گناہ کی نسبت کی۔ يَدَاهُ: گفتگو کرنے میں دونوں ہاتھوں سے اشارہ کرنا۔
اِلْتَقَحَتِ الاُنثىٰ: مادہ منویہ کو قبول کرنا۔
اِسْتَلْقَحَتِ النَّخْلَة: نر کھجور کے شگوفہ کو مادہ کھجور میں ڈالنے کا وقت قریب آنا۔
اللَّقَاح. مص۔ نر کھجور کا شگوفہ جو مادہ کھجور میں ڈالا جائے۔
اللِقَاح. لَقُوْح کی جمع۔ گھوڑے اونٹ کا مادہ منویہ۔
اللَّقَح. مص۔ حاملہ ہونا۔
اللقَحة دائی پلائی۔ عقاب۔ کوا۔ ج لِقَح و لِقَاح. اللِقحة نفس۔ ج لِقَاح.
اللِقْحَةُ واللَقْحَة. ج لِقَح و لِقَاحٌ واللقُوح ج لِقَاح و لَقَائِح: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
اللاقِح. فا۔ رِيْحٌ لَاقِحٌ: وہ ہوا جس سے درخت باردار ہو جائیں۔ وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرلے۔ ج لَوَاقِح.
اللقُوح. وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کر لے۔ ج لُقح.
اللَوَاقِح والمَلاقِح. حاملہ عورتیں۔
اللَوَاقِح مِنَ الرِّيَاحِ: درختوں کو باردار کرنے والی ہوائیں۔ بارش لانے والی ہوائیں۔
اللَوَاقِح: کوڑے۔
المَلاقِح. حاملہ کرنے والے۔ واحد مُلْقِح. حاملہ عورتیں واحد مُلْقَحَة.
المُلَقَّح. مفع۔ آزمودہ کار۔
المَلاقِيْح. مائیں۔ واحد مَلْقُوْحَة. جنین۔

مادہ منویہ۔
لَقَزَهُ (ن) لَقْزًا مکا مارنا۔
لَقَسَهُ (ن ض) لقسًا عیب لگانا۔ صفت لَاقِسٌ.
لَقِسَت (س) لَقَسًا نَفْسُ فُلَانٍ اِلَى الشَّئُ دِل کھنچنا۔ مائل ہونا نَفْسُهُ مِنَ الشَّئُ: جی متلانا۔ صفت لَقِسَةٌ. و لَقِس بِاَمْرٍ: سمجھنا۔ صفت لَقِس.
لَاقَسَ لِقَاسًا و مُلاقَسَةً. ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔
تَلَقَّسَتْ نَفْسُهُ مِنَ الشَّئُ: تنگ ہونا۔
تَلَاقَسَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اللَقْس واللاقِس. خارش۔
اللَقِس. لوگوں کا مذاق اڑانے والا اور برے القاب دینے والا۔ بد خلق۔ ہر چیز کا لالچی۔ جو ایک طریقہ پر مستقل نہ رہے۔
المَلاقِس. صبر کرنے والا۔ شَنٌّ لَقِسٌ. پرانی مشک۔
لَقَص (ض) لَقْصًا الشَّئُ جِلْدَهُ: کھال کو جلانا۔
لَقِصَ (س) لَقَصًا الشَّئُ: تنگ ہونا۔
لَقِصَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔
اِلْتَقَصَ الشَّئَ: لینا۔
اَللَقِص. تنگ۔ شرارت میں جلدی کرنے والا۔ بہت باتونی۔
لَقَطَ (ن) لَقْطًا الشَّئَ: زمین سے اُٹھانا اَلعِلْمَ مِنَ الْكُتُبِ: مختلف کتابوں سے حاصل کرنا الثَّوْبَ: پیوند لگانا الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا چونچ سے چگنا۔ صفت لَاقِطٌ و لَقَّاطٌ.
لَاقَطَه لِقَاطًا و مُلَاقَطَةً. مقابل ہونا۔
لَاقَطَ الْفَرَسَ: چاروں ٹانگیں پکڑ لینا۔
اِلْتَقَطَ الشَّئَ: بغیر قصد و طلب کے مطلع ہونا الشَّئَ: زمین سے اُٹھانا اللقَاطَ: جمع کرنا (و تَلَقَّطَ) الشَّئَ: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔
اللَقَط. اُٹھائی ہوئی چیز۔ چھوارے وغیرہ کا نچھاور۔ واحد لَقَطَة. لَقَطُ الْمَعْدَنِ: سونے وغیرہ کے ٹکڑے جو کان میں ملیں۔ کہا جاتا ہے "فِي الْمَكَانِ لَقَطٌ لِلْ اشـه" یعنی مکان میں جانور کے لیے تھوڑا سا چارہ ہے۔
اللَقَطَة. ایک قسم کی اچھی سبزی جس کے جانور حریص ہوتے ہیں۔ ج لَقَط.
اللقَطَة واللُقْطَة. وہ چیز جو تم کو راستہ میں پڑی ہوئی ملے اور تم اُٹھا لو یا وہ شئے متروک جس کا مالک معلوم نہ ہو۔
اللُقَاط واللَقَاط. خوشہ جس کو کھیتی کاٹنے والا خطا چھوڑ دے اور لوگ اس کو چن لیں۔ پڑی ہوئی چیز جو تمہیں ملے اور تم لے لو۔
اَللقَاط. گرے ہوئے خوشوں کا جمع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَارُهُ بِلِقَاطِ دَارِي" اس کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔ و "لَقِيتُهُ لِقَاطًا" میں اس سے رو در رو ملا۔
اللقَاطَة. گرے ہوئے خوشے۔ گری پڑی بے قیمت چیز۔ ج اَلْقَاط.
اللاقِط. فا۔ کھیتی کٹنے کے بعد خوشے چننے والا۔ آزاد کردہ غلام۔
اللاقِطَة. لَاقِط کا مؤنث۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "لِكُلِّ سَاقِطَةٍ لَاقِطَةٌ" یعنی ہر کلمہ جو منہ سے نکلے اس کیلئے کوئی نہ کوئی سننے والا ہے (حفاظت زبان کی نصیحت کے موقع پر بولا جاتا ہے) اللَاقِطَة رذیل مرد یا عورت۔
لَاقِطَةُ الْحَصىٰ: پرندہ کا سنگدانہ۔
اللَقَّاطُ واللَقَّاطة. بہت اُٹھانے والا۔
اللَقِيْط. اُٹھایا ہوا۔ نو مولود بچّہ جو پھینک دیا جائے۔
اللقِيْطَةُ. لَقِيط کا مؤنث۔ رذیل مرد یا عورت ج لَقَائِط. کہا جاتا ہے: رَجُلٌ لُقَيْطى خُلَيْطى. چغلی کھانے کے لیے خبروں کے کھوج میں رہنے والا مرد۔
الَالْقَاط. آوارہ و اوباش لوگ۔ تھوڑے متفرق لوگ۔
المَلْقَط. مطلب۔ دھات کی کان۔ کہا جاتا ہے یا مَلْقَطَانُ: یعنی اے بیوقوف۔ مؤنث مَلْقَطَانَة.

المِلْقَط. جس سے اُٹھایا جائے جیسے دستپناہ۔ موچنا۔ ج ملاقط.

المِلْقاط. قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ مکڑی۔ ج مَلاقِیط.

المَلْقُوط. نو مولود پھینکا ہوا بچہ۔ جو اُٹھایا جائے۔ ج ملاقِیط.

لَقَعَ (ف) لَقْعًا الشَّیئَ: پھینکنا فُلانًا بِعَیْنِهِ: نظر بد لگانا۔ لَقَعَتْهُ الحَیَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔

لَقَعَ فُلانًا: عیب لگانا لَقَعَهُ بِالکَلامِ: کلام میں غالب آنا۔

لَقِعَ (ف) لَقَعانًا. تیز گزرنا (لَقْعًا) عیب دار ہونا۔

لَاقَعَ فُلانًا بالکَلامِ: کلام میں غالب آنا۔

تَلَقَّعَ بالکَلامِ: بکواس کرنا۔

اُلْتُقِعَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔

اللُقّاع واللَقّاع. سبز رنگ کی مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔ واحد لُقّاعَة و لُقّاعَة.

اللُقَعَة. اللُقّاعَه واللقّاع والتِلِقّاع و التِلِقّاعَة. بیوقوف۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ برے لقب رکھنے والا۔ بہت باتونی۔ کہا جاتا ھے اِمْرَأةٌ تِلِقّاع و مِلْقَعَة بیہودہ گو عورت۔

لَقِفَ (س) لَقْفًا و لَقَفانًا والتَقَفَ الشَّیئَ: جلدی سے لینا۔

لَقِفَ (س) لَقَفًا الحَوْضُ: نیچے سے گر کر وسیع ہونا۔ صفت لَقِفٌ الحائِطُ: دیوار کا گرنا۔

لَقَّفَهُ الشَّیئَ: اُچکنے کیلئے پھینکنا ہ الطَّعامَ: نگلوانا۔ لَقَفَ الطَّعامَ: نگلنا الفَرَسُ: دو اگلی ٹانگوں سے سختی سے روندنا۔

تَلَقَّفَ الشَّیئَ: جلدی سے لینا الطَّعامَ نگلنا الحائِطُ او الحَوْضُ: دیوار یا حوض کا منہدم ہونا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّفَ مِنْ فِیهِ کَذا" جبکہ کسی سے سن کر یاد کرے۔

اللَقَف. س۔ کنوئیں یا حوض کا کنارہ۔ ج اَلْقاف. اللقف: بمعنی اِلْتِقاف و تَلَقُّف یعنی جلدی سے لینا۔

اللَقافَة. حذاقت۔ ہوشیاری۔

اللَقْف واللَقِف واللَقِیف مِنَ الرِّجالِ چست و زیرک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ و ثَقِفٌ لَقِفٌ و ثَقِیفٌ لَقِیفٌ."

لَقْلَقَ. اللَقْلاقُ: سارس کا آواز کرنا۔

لَقْلَقَتِ الحَیَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔ لَقْلَقَ الشَّیئَ: حرکت دینا۔

تَلَقْلَقَ الشَّیئُ: ہلنا۔ اللَقْلَق ج لَقالِق واللَقْلاق. سارس کی قسم کا ایک پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لانبی ہوتی ہیں اور سانپوں کو کھاتا ہے۔ ذکاوت اور فطانت کے ساتھ متصف ہے۔ اور اس کی کنیت "ابو حُدَیج" ہے اللَقْلَق: زبان۔

اللَقْلاق. آواز۔ شور۔

اللَقْلَقَة. سارس کی آواز۔ ہر آواز جس میں حرکت و اضطراب ہو۔ اور کہا جاتا ہے "فِی لِسانِهِ لَقْلَقَةٌ" یعنی اس کی زبان میں رکاوٹ ہے۔ ج لَقالِق.

حُرُوفُ اللَقْلَقَة: ب، ج، د، ط، ق۔ طَرْفٌ مُلَقْلَقٌ. تیز نگاہ جو ایک جگہ میں نہ ٹھہرے۔

لَقَمَ (ن) لَقْمًا الطَّرِیقَ وَغَیْرَهُ: راستہ کا دہانہ بند کرنا۔

لَقِمَ (س) لَقْمًا الطَّعامَ جلدی کھانا، ہڑپ کرنا۔

لَقَّمَهُ و اَلْقَمَهُ الطَّعامَ. لقمہ لقمہ کھلانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَمَهُ الحَجَرَ" یعنی اس نے اسے خاموش کر دیا۔

تَلَقَّمَ الشَّیئَ: جلدی سے کھانا۔ ہڑپ کرنا۔ المَاءُ فِی بَطْنِهِ. پانی کا زیادتی کی وجہ سے پیٹ میں بولنا۔

اِلْتَقَمَ الطَّعامَ: نگلنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَقَمَ اُذُنَهُ" یعنی چپکے چپکے کان میں بات کی۔

اللَقَم واللُقَم. راستہ کا بڑا حصہ۔ راستہ کا درمیان۔

اللَقْمَة. لَقَم کا اسم مرۃ۔

اللُقْمَة. ایک مرتبہ جتنا نگلا جائے۔ ج لُقَم.

اللَقِیم. لقمہ۔

التِلْقام والتِلْقامَة والتِلِقّام والتِلِقّامَة بڑے بڑے لقمے نگلنے والا۔

رَکِیَّةٌ مُتَلَقِّمَة. بہت پانی والا کنواں۔

لَقُنَ (ک) لَقانَةً. تیز فہم و ذکی ہونا۔

لَقِنَ (س) لَقْنًا و لَقَنًا و لَقانَةً و لَقانِیَةً وتَلَقَّنَ الکَلامَ مِنْ فُلانٍ: بالمشافہ حاصل کرنا اور سمجھنا۔

لَقَّنَهُ الکَلامَ: بالمشافہ سمجھانا۔

اَلْقَنَ الکَلامَ: جلدی سے یاد کرنا۔

اللَقْن. ستون۔ کنارہ۔

اللِقانَة واللَقانِیَة. س۔ زود فہمی۔

اللَقِن. زود فہم۔ تیز سمجھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَقِفٌ لَقِنٌ" یعنی وہ سنی ہوئی چیز کو بہت جلدی سمجھنے اور یاد کرنے والا ہے۔

اللَقَن. لگن (دخیل)

اَللَّقَن: تانبے کا برتن ہاتھ دھونے کے لئے۔

اللَواقِن. پیٹ کا نچلا حصہ۔

لَقا یَلْقُو لَقْوًا فُلانًا: مبتلاء لقوہ کرنا۔

لُقِیَ لَقْوًا. مبتلائے لقوہ ہونا۔

اللَقْوَة. ایک بیماری ہے جس سے منہ ایک جانب کو ٹیڑھا ہو جاتا ہے (واللِقْوَة) مادہ عقاب۔ تیز عقاب۔ ج لِقاء و اَلْقاء.

المَلْقُوّ. لقوہ زدہ۔

لَقِیَ یَلْقَی لِقاءً و لِقاءَةً و لِقایَةً و لَقانَةً و لُقْیانًا و لِقْیانًا و لِقْیانَةً و لُقِیًّا و لَقِیًّا و لَقْیَةً و لُقْیَةً و لُقًی فُلانًا: استقبال کرنا۔ پانا۔ دیکھنا۔ ملاقات کرنا۔

لَقّی تَلْقِیَةً فُلانًا الشَّیئَ: پھینکنا۔

لاقی لِقاءً و مُلاقاةً الرَّجُلَ: پانا۔ ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاقی بَیْنَ طَرَفَی القَضِیبِ" شاخ کے دونوں کنارے موڑ کر ملانا اور کہا جاتا ہے "لُوقِیَ بَیْنَهُما"

اَلْقَی الشَّیئَ اِلَی الاَرْضِ: ڈال دینا اِلَیْهِ القَوْلَ و بِالقَوْلِ: پہنچانا عَلَیْهِ القَوْلَ: املاء کرانا۔ پہنچانا فِیهِ الشَّیئَ: رکھنا عَنْهُ الشَّیئَ: ڈال دینا اِلَیْهِ السَّمْعَ: کان لگانا اِلَیْهِ خَیْرًا: بہتر سلوک کرنا اِلَیْهِ بالًا: پروا کرنا۔ اور کہا

جاتا ہے "اَلْقَيْتُ اِلَيْهِ الْمَوَدَّةَ و بِالْمَوَدَّةِ" میں نے اُس سے محبت کی۔

تَلَقَّى الشَّيْئَ ملنا۔ استقبال کرنا الشَّيْئَ مِنْهُ: سیکھنا تَلَقَّتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا حاملہ ہونا۔ صفت مُتَلَقٍّ.

اِلْتَقَى الشَّيْئَ ملنا (و تَلَاقَى) الْقَوْمُ باہم ملنا۔ وتَلَاقَوْا باہم جھگڑا کرنا۔

اِسْتَلْقَى عَلٰی قَفَاهُ چت سونا۔

اللَّقٰی پھینکی ہوئی چیز۔ ج اَلْقَاء.

اللَّقْيَة واللُّقْيَة مص۔ اللَّقْيَة لَقِيَ کا اسم مرة۔ ج لُقًى. کہا جاتا ہے "لَقِيْتُه لُقًى كَثِيْرَةً" میں نے اس سے بہت ملاقات کی۔

اللُّقَى پرندے۔ درد۔ تمام حیوان جو جلدی گابھن ہو جائیں۔

اللقیا. لِقَا کا اسم ہے۔

اَلتِلْقَاءَ. لِقَاء کا اسم۔ ملاقات کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ تِلْقَاءَهُ" یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا "و فَعَلَ الْأَمْرَ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهِ" یعنی اس نے اس کام کو خود بخود بغیر کسی کے مجبور کئے ہوئے کیا۔

اللقاة راستہ کا درمیان۔

اللقِيّ. خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ اور اکثر استعمال شر ہی کیلئے ہوتا ہے۔ مؤنث لَقِيَّة

اللقِيّ: آمنے سامنے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا لَقِيَّان و لَقِيَان" وہ دونوں آمنے سامنے آنے والے ہیں۔ "وَهُوَ شَقِيٌّ لَقِيٌّ" کے جملہ میں لقی تابع مہمل ہے۔

اللقَّاء. خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

الْاُلْقِيَّة. چیستان۔ پہیلی۔ ج اَلَاقِيّ.

اَلَالَاقِيّ: سختیاں۔

المَلْقٰی والمُلْتَقٰی. ملنے کی جگہ۔

المَلَاقِي. مَلْقٰی کی جمع۔ مَلَاقِيّ الْاَجْفَان: پپوٹوں کے ملنے کی جگہ۔

التَلَاقِي. مص یَوْمُ التَلَاقِي: قیامت کا دن۔

المُتَلَاقِي. فا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔

المُلْقٰی چیز ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْقَی الْكُنَاسَاتِ" یہ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔ و "فِنَاءُ فُلَانٍ مُلْقَی الرِّحَالِ" فلاں کا صحن دار کجاووں کے اتارنے کی جگہ ہے۔ کنایہ ہے اس سے کہ فلاں بڑا مہمان نواز ہے۔

المُلْقَى والمُلْقِى والمَلْقِيّ. خیر یا شر کے لیے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلْقًى" فلاں مصائب سے آزمایا ہوا ہے۔ والشُّجَاعُ مُوَقًّى والجَبَانُ مُلَقًّى کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِي مُلَاقِيّ" وہ میرا مقابل پڑوسی ہے۔

لَكَّهُ(ن) لَكًّا. گدی پر مکا مارنا۔ بھینچنا۔

لَكَّ اللَّحْمَ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا الشَّيْئَ ملانا الجِلْدَ لک سے کھال رنگنا۔

اِلْتَكَّ الوِرْدُ: گھاٹ پر آنے والوں کا بھیڑ کرنا العَسْكَرُ: لشکر کا آپس میں ملنا۔ ہجوم کرنا فِي كَلَامِهِ: غلطی کرنا فِي حُجَّتِهِ دیر لگانا۔

اللِكَاك. بھیڑ۔ اژدھام۔ سخت گوشت والی اُونٹنی ج لُكُك ولِكَاك.

اللَكّ. مص۔ گوشت۔ ایک سرخ رنگ جس سے کھال رنگتے ہیں۔ ایک نباتات جس سے گوند بناتے ہیں عِنْدَ حُسَّابِ الْمُوَلَّدِيْنَ: لاکھ ج الكَاك ولُكُوك.

اللَكُّ واللُكُّ. نباتات مذکور کا عصارہ یا اس کی تلچھٹ۔ لک سے رنگی ہوئی کھال کا چھیلن۔ سخت ور گوشت۔

اللكّة. شدت۔

اللكَّاء. مِنَ الْجُلُوْدِ: لک سے رنگی ہوئی کھال۔ رَجُلٌ لُكِّيٌّ: موٹا و سخت گوشت والا آدمی۔

اللَّكِيْك. گنجان لشکر۔ سخت گوشت۔ سخت اور موٹے گوشت والا۔ قطران۔ ایک کمزور درخت۔ ج لِكَاك.

المِلَكّ. سخت موٹے گوشت والا۔

سَكْرَانُ مُلْتَكّ. مست جو مستی کی وجہ سے خشک ہو گیا ہو۔

لَكَأَ(ف) لَكْأً بِالسَّوْطِ فُلَانًا: کوڑے سے مارنا۔

فُلَانًا: پچھاڑنا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا الرَّجُلَ: پورا حق دینا۔

لَكِئَ(س) لَكَأً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا بِفُلَانٍ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَلَكَّأَ تَلَكُّؤًا عَلَيْهِ: عذر کرنا۔ بہانہ کرنا عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ہچکچانا۔

لَكَثَهُ(ن) لَكْثًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ لَكَثَ فُلَانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔

لَكِثَ(س) لَكَثًا البَعِيْرُ: منہ میں پھنسیوں والا ہونا الوَسْخُ عَلَيْهِ و بِهِ: میل جمنا۔

اللَكَث. مص۔ دودھ کا میل جو دودھ کے برتن کے کناروں پر جم جائے۔ اُونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ نَاقَةٌ لَكِثَةٌ. موٹی اُونٹنی۔

اللكَاث. اُونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ چونے کے چمکنے والے پتھر۔

اللكَاثِيّ. بہت سفید۔

اللُكَّاث. چونہ بنانے والا۔

لَكَحَهُ(ف) لَكْحًا. مکا مارنا۔

لَكَدَهُ(ن) لَكْدًا. ہاتھ سے مارنا۔ ہٹانا۔

لَكِدَ(س) لَكَدًا الوَسَخُ عَلٰی فُلَانٍ وبِهِ: میں جمنا۔ چمٹنا۔ لَكِدَ الشَّعْرُ: بالوں کا گتھا ہوا ہونا۔

لَاكَدَ الغُلَّ: طوق سے لگے رہنا قَيْدَهُ: بیڑی کی وجہ سے اچھی طرح سے نہ چل سکنا فُلَانًا: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَلَكَّدَ فُلَانٌ: موٹے گوشت والا ہونا۔ الشَّيْئُ: چمٹنا بِهِ او عَلَيْهِ الوَسْخُ: میل کا جم جانا فُلَانًا: گردن میں ہاتھ ڈالنا۔

اِلْتَكَدَ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔

اللَكِد. بد خلق۔ بخیل۔

الاَلْكَد. کمینہ قوم سے ملا ہوا۔

المِلْكَد. کوٹنے کا دستہ۔

لَكَزَهُ(ن) لَكْزًا. مکا مارنا۔

لَاكَزَهُ. مکا بازی کرنا۔ ایک دوسرے کو مکا

مارنا۔
تَلَاکَزَا. ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
اللِّکَاز. چیتھڑا جس سے چرخی کے دھرے کو تنگ کرتے ہیں۔
اللَّکِز. بخیل۔
المُلَکَّز. ذلیل۔ دروازوں سے ہٹایا ہوا۔
لِکَسٌ. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شِکَسٌ لِکَسٌ" یعنی مرد دشوار خو۔ سرکش نافرمان۔
لَکَشَهُ (ض) لَکْشًا. مکا مارنا۔
لَکَضَهُ (ن) لَکْضًا. مکا مارنا۔
لَکَعَتْه (ف) لَکْعًا الْعَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا
لَکَعَ الرَّجُلُ: سخت سست سنانا۔ الْوَلَدُ: بچے کا دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُه یَلْکَعُ" میں نے اس کو کھاتا پیتا چھوڑا۔
لَکِعَ (س) لَکَعًا و لَکَاعَةً. لئیم ہونا۔ بیوقوف ہونا (لَکِعًا) عَلَیْهِ الْوَسَخُ: میل جمنا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ لَکَاعِ. مبنی علی الکسر: یعنی اے لئیمہ اور ندا ہی میں استعمال ہوتا ہے۔
رَجُلٌ لُکَاعٌ. لئیم وکمینہ مرد۔
اللَّکَاعَة. ایک قسم کا کانٹے دار پودہ۔ ج لُکَاعٌ.
اللَّکَع. پستہ قد۔
اللُّکَع. کمینہ۔ اور کہا جاتا ہے نداء کی صورت میں یا لُکَعُ اور نداء تثنیہ کی صورت میں یا ذَوَیْ لُکَع. اور معرفہ کی صورت میں غیر منصرف ہوگا۔ اس لیے کلمہ اَلْکَع سے معدول ہے۔ اللُّکَع: غلام۔ بیوقوف۔ گھوڑے کا بچہ۔ گدھے کا بچہ۔ چھوٹا بچہ۔ میلا کچیلا۔ گھوڑا۔ یا وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔
اللُّکَعَة. کمینی۔ گھوڑی۔
اَلْاَلْکَع. مؤنث لَکْعَاءُ ج لُکْعٌ واللُّکُوع واللَّکِیع: کمینہ۔ اَلْاَلْکَع: وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔
المَلْکَعَان. کمینہ۔ مؤنث مَلْکَعَانَة.

اللُّکَلِک. پستہ قد (واللُّکَالِك) موٹا اونٹ۔
لَکَمَهُ (ن) لَکْمًا. مکا مارنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَکَم السَّیْلُ عَرْضَ الْجَبَل" سیلاب نے دامن کوہ میں نشان چھوڑا۔
لَاکَمَهُ مُلَاکَمَةً. ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
اِلْتَکَم. بعض کا بعض کو طمانچہ مارنا۔
تَلَاکَمَا. ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔
اللُّکْمَة. گھونسا۔ مکا۔
رَجُلٌ مِلْکَمٌ. بہت گھونسے مارنے والا۔
المَلْکُوْم. سخ مظلوم۔
خُفٌّ لُکَامٌ و مِلْکَمٌ و مُلَکَّم. سخت کھر جو پتھر کو توڑ دے۔
المُلَکَّم. پیوند لگایا ہوا۔ چرمی موزہ۔
لَکِنَ (س) لَکَنًا و لُکْنَةً ولُکُوْنَةً و لُکْنُوْنَةً الرَّجُلُ: گفتگو میں اٹکنا۔ ہکلانا۔
صفت اَلْکَنُ مؤنث لَکْنَاءُ ج لُکْنٌ.
تَلَاکَنَ فِیْ کَلَامِهِ: ہنسانے کیلئے ہکلا کے بولنا۔
اللُّکْنَة. مص۔ ہکلا پن۔ تتلاہٹ۔
لٰکِن. اس کی اصل لاکن ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔
(۱) یہ کہ ثقیلہ سے مخفف ہو اس صورت میں عمل باطل ہوتا ہے اور حرف ابتداء ہے دو جملوں پر داخل ہوتا ہے اور کبھی واو کے ساتھ بھی ہوتا ہے جیسے قَامَ زَیْدٌ وَلٰکِنْ عَمْرٌو جَالِسٌ.
(۲) یہ کہ اصل وضع سے خفیفہ ہو اور اس وقت یہ حرف عطف ہے اگر عطف جملہ علی الجملہ ہو تو واو لانا ضروری ہے۔ اور اگر اس کے بعد مفرد ہو تو واجب ہے کہ واو نہ آئے اور اس سے پہلے نفی یا نہی کا ہونا ضروری ہے جیسے "مَا قَامَ زَیْدٌ لکن عَمْرٌو" و "لَا تَضْرِب زَیْدًا لٰکِنْ عَمْرًوا"
اللَّکَن. لگن۔ ج الْکَان (دخیل)
لٰکِنَّ. اس کی اصل لاکنّ ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اور یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ اور استدراک یعنی دفع توہم کیلئے آتا ہے۔ جیسے "قَامَ الْقَوْمُ لٰکِنَّ زَیْدًا جَالِسٌ" اور کبھی تاکید کیلئے جیسے لَوْزَارَنِیْ زَیْدٌ لَاَکْرَمْتُه لٰکِنَّهُ لَمْ یَجِیءْ لا سے جو نفی سمجھ میں آتی تھی اس کی لکن سے تاکید ہو گئی۔
لَکِیَ یَلْکَی لَکًی بِه: مشتاق ہونا۔ چمٹنا۔ صفت لَکِیٌّ. لَکِیَ بِالْمَکَان: اقامت کرنا۔
اللاکِی. عیب جو (لَامِك کا مقلوب ہے)
لَمْ. حرف جزم ہے۔ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنے میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَمْ یَاْکُلْ اس نے نہیں کھایا۔ اور لم پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے۔ لم کا عمل باقی رہتا ہے اور تقریر و توبیخ کا فائدہ دیتا ہے جیسے "اَلَمْ اَقُلْ لَكَ" کیا میں نے تم سے نہیں کہا۔ اور کبھی ہمزہ اور لم کے درمیان واؤ اور فا بھی لاتے ہیں۔ جیسے اَفَلَمْ اَقُلْ لَكَ او لَمْ اُؤَدِّبْكَ.
لَمَّا. تین صورتوں سے مستعمل ہے۔
(ا) لم کی طرح فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے مگر مندرجہ ذیل پانچ باتوں میں فرق ہے۔
(الف) حرف شرط کے ساتھ نہیں آتا مثلاً اِنْ لَمَّا تَقُمْ نہیں کہا جائے گا۔ اور اِنْ لَمْ تَقُمْ کہنا جائز ہے۔
(ب) لَمَّا کے منفی میں استغراق ہے اور لَمْ کے منفی میں انقطاع جیسے لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَذْکُوْرًا. اور اسی وجہ سے "لَمْ یَکُنْ ثُمَّ کَانَ" کہنا جائز ہے اور "لَمَّا یَکُنْ ثُمَّ کَانَ" نہیں کہہ سکتے۔
(ج) لَمَّا کا منفی اکثر حال کے قریب ہوتا ہے بخلاف منفی لَمْ کے۔
(د) لَمَّا کا منفی متوقع ہوتا ہے بخلاف منفی لَمْ کے۔
(ہ) لَمَّا کے منفی کو قرینہ کی بنا پر حذف کیا جاتا ہے جیسے "فَجِئْتُ قُبُوْرَهُمْ بَدْءًا و لَمَّا"

یعنی لَمَّا اَکُنْ بَدْءًا قَبْلَ ذٰلِكَ اور "وَصَلْتُ اِلٰی بَغْدَادَ وَلَمْ" یعنی لَمْ اَدْخُلْهَا کہنا جائز نہیں۔

(۲) لَمَّا ماضی کے ساتھ مختص ہے۔ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں سے فعل ثانی کا وجود فعل اول پر موقوف ہے جیسے لَمَّا جَاءَ نِیْ اَکْرَمْتُهٗ اور اس صورت میں اس کو حرف وجود لوجود کہا جاتا ہے (اور بعض حرف وجوب لوجوب کہتے ہیں) اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہ فعل کیلئے ظرف ہے جو غیر کے واقع ہونے سے واقع ہو۔ اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ یہ حین کے معنی میں ظرف ہے۔

(۳) لَمَّا حرف استثناء ہے اِلَّا کے معنی میں۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے "اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ" ان لوگوں کی قرءات میں جو میم کو مشدد پڑھتے ہیں۔ اور ماضی لفظا پر داخل ہوتا ہے جیسے اَنْشُدُكَ اللّٰهَ لَمَّا فَعَلْتَ یعنی مَا اَسْاَلُكَ اِلَّا فِعلَك.

لَمَّ (ن) لَمًّا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَ فُلَانٍ" یعنی اللہ تعالیٰ فلاں کے مختلف و پراگندہ امور کو درست کر دیں۔ لَمَّ بِفُلَانٍ کسی کے پاس آ کر نازل ہونا۔

لُمَّ فُلَانٌ: کچھ جنون لاحق ہونا۔ صفت مَلْمُوْم.

اَلَمَّ. چھوٹے گناہوں کا مرتکب ہونا۔ الْغُلَامُ: بلوغ کے قریب پہنچنا۔ صفت مُلِمٌّ. اَلَمَّتِ النَّخْلَةُ: پختگی کے قریب ہونا بِهٖ مرضٌ: مرض لاحق ہونا بِالْقَوْمِ و عَلَی الْقَوْمِ: آ کر اتر پڑنا بِالْمَعْنٰی: سمجھ لینا بِالذَّنْبِ: گناہ کرنا الشَّیْءَ: قریب ہونا بِالْاَمْرِ: غور نہ کرنا بِالطَّعَامِ: کھانے میں اسراف نہ کرنا اور کبھی کَادَ کے معنے میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "اَلَمَّ یَفْعَلُ کَذَا" بمعنی کَادَ یَفْعَلُ کَذَا.

اِلْتَمَّ فُلَانًا: زیارت کرنا بِالْقَوْمِ: آ کر اترنا۔

اللَّامَّة. نظر بد۔ ہر گھبراہٹ اور خوف کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اُعِیْذُهٗ مِنْ کُلِّ هَامَّةٍ وَلَامَّةٍ" کہا جاتا ہے "هُوَ یَزُوْرُنَا لِمَامًا" وہ ہم سے ناغہ سے ملاقات کرتا ہے۔

اللَّمُّ. مص۔ بے شمار جماعت۔

اللَّمَم. تھوڑی سی دیوانگی۔ گناہ کے قریب ہونا۔ چھوٹے گناہ۔

اللِّمَّا. ایک قسم کی مچھلی۔

اللَّمَّة. لَمَّ کا اسم مرۃ۔ سختی۔ جمع شدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ لَمَّةٌ مِنَ الْجِنِّ" یعنی اس پر جنات کا کچھ اثر پہنچا۔ اللَّمَّةُ زمانہ۔ اور کہا جاتا ہے "لِلشَّيْطَانِ لَمَّةٌ" یعنی شیطان کے لیے قربت ہے۔

اللُّمَّة. ساتھی۔ ہم سفر۔ کہا جاتا ہے "لَا تُسَافِرُوا حَتّٰی تُصِیْبُوْا لُمَّةً" مت سفر کرو یہاں تک کہ ہم سفر پاؤ۔ مونس۔ (واحد و جمع)

اللِّمَّة. بالوں کی زلف جو کانوں کی لو سے متجاوز ہو۔ پراگندہ بال۔ ج لِمَمٌ و لِمَامٌ.

المِلَمّ. ہر چیز میں سے سخت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِلَمٌّ" اپنے قبیلہ کے لوگوں کو جمع کرنے والا۔ "وَ رَجُلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ" لوگوں کے امور کی اصلاح اور عموما ان کے ساتھ بھلائی کرنے والا مرد۔

المُلِمَّة. دنیاوی مصیبتوں میں سے سخت مصیبت۔ درخت خرما جو پکنے کے قریب ہو۔

المَلْمُوْم. جس کو تھوڑی سی دیوانگی ہو۔ گول جمع کیا ہوا۔

کَتِیْبَةٌ مَلْمُوْمَةٌ. گنجان فوج۔ صَخْرَةٌ مَلْمُوْمَةٌ: سخت گول چٹان۔

لَمَاهُ وَلَمَا عَلَيْهِ (ف) لَمْأً. ہاتھ ڈالنا الشَّیْءَ: سب لے لینا۔ دیکھنا بِهٖ: مشتمل ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا یَلْمَأُ فَمُهٗ بِکَلِمَةٍ" یعنی کسی فتیح بات کے بولنے کو وہ کوئی بڑی بات نہیں سمجھتا۔

اَلْمَاَ. اللِّصُّ عَلَی الشَّیْءِ و بِالشَّیْءِ: چور کا کسی چیز کو چوری سے لے جانا عَلٰی حَقِّهٖ: حق کا انکار کرنا۔ اَلْمَاَتِ الدَّوَابُّ الْمَکَانَ: جانوروں کا جگہ کو خالی چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ بِالْاَرْضِ مَرْعًی فَهَاجَتِ الدَّوَابُّ فَالْمَاَتْهُ" زمین میں چراگاہ تھی چوپائے پل پڑے عَلَی الشَّیْءِ: مشتمل ہونا بِمَا فِی الْجَفْنَةِ: اپنے لیے خاص کر لینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ اَلْمَاَ مِنْ بِلَادِ اللّٰهِ" مجھے نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔

تَلَمَّاَتْ تَلَمُّؤًا الْاَرْضُ بِهٖ و عَلَيْهِ: گھیر لینا۔ تَلَمَّاَ وَالْتَمَاَ بِمَا فِی الْجَفْنَةِ و الْتَمَاهُ: اپنے لئے خاص کر لینا اور غالب ہونا۔

اَلْتُمِیَ لَوْنُ الرَّجُلِ: رنگ متغیر ہونا۔

المَلْمُوْنَة. جگہ جو لی جائے یا جہاں کوئی چیز پائی جائے۔ جال۔

لَمَجَ (ن) لَمْجًا الشَّیْءَ: منہ کے اطراف سے کھانا الْمَرْاَةَ: جماع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَمَجُوْا ضَیْفَهُمْ بِشَیْءٍ" انہوں نے اپنے مہمان کو ناشتہ نہیں دیا۔

تَلَمَّجَ الرَّجُلُ: غذا سے پہلے کچھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ یَتَلَمَّجُ بِالطَّعَامِ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ کھانے کو چکھ رہا تھا۔

اللَّمَاج واللُّمُوْج تھوڑی خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّجْتُ عِنْدَهٗ بِلَمَاجٍ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں چکھا۔

المِلْمَج واللَّمِیْج. بہت کھانے والا۔ کہا جاتا ہے "سَمْجٌ لَمْجٌ و سَمِجٌ لَمِجٌ و سَمِیْجٌ لَمِیْجٌ" یعنی بہت برا۔

اللُّمْجَة. غذا سے پہلے کا ناشتہ۔ ج لُمَجٌ.

المَلَامِج. منہ کے ارد گرد۔

رُمْحٌ مُلَمَّجٌ. نرم و چکنا نیزہ۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا الْبَصَرُ: نگاہ اٹھنا الرَّجُلُ الشَّیْءَ وَاِلَی الشَّیْءِ: دزدیدہ نظر سے دیکھنا۔ اور اسم اللَّمْحَةُ ہے الشَّیْءَ بِالْبَصَرِ: نگاہ ڈالنا۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا و لَمَحَانًا و تَلْمَاحًا النَّجْمُ او الْبَرْقُ ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ صفت لَامِحٌ و لَمُوْحٌ و لَمَّاحٌ.

لَامَحْتُهٗ. دزدیدہ نگاہی کرنا۔

لَمَّحَ تَلْمِیْحًا اِلَی الشَّیْءِ: اشارہ کرنا اَلْمَحَ

إلٰى فُلَان: اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا الشَّیَٔ: چمکدار بنانا۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا الرَّجُلَ: دکھانا۔

اِلتَمَحَهُ. نظر خفیف سے دیکھنا۔

اُلتُمِحَ بَصَرُهُ: نگاہ جاتا رہنا۔

اللَمح. س. کہا جاتا ہے "لَاُرِیَنَّكَ لَمحًا بَاصِرًا" میں تم کو صاف و روشن معاملہ دکھاؤں گا۔ اکثر اس کا استعمال وعید کے موقع پر ہوتا ہے۔

اللمحة. جلدی کی نگاہ۔ اسم ہے لمح کا۔ مَلامح کا واحد۔ کہا جاتا ہے "رَاَیتُه لَمحَة البَرق" میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر جتنی دیر میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے۔

اللامِح. ف. کہا جاتا ہے "هُوَ لَامِحُ عِطفَیه" یعنی وہ خودپسند ہے۔ اَبیَضُ لَمَّاح. بہت زیادہ سفید۔

المَلامِح. مشابہ۔ چہرے کے خط و خال۔ لمحہ کی جمع۔ کہا جاتا ہے "فِی فُلَان لَمحَة مِنْ اَبِیه او مَلامِحُ مِنْ اَبِیه" فلاں میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔

لَمَخَهُ(ف) لَمخًا. طمانچہ مارنا۔

لَامَخه مُلَامَخَةً و لِمَاخًا. ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

تَلَمَّخَ بِكَلامٍ قَبیح: بری گفتگو کرنا۔

لَمَدَهُ(ن) لَمدًا. فروتنی کرنا۔ انکساری کرنا۔

اَلاِلْمَد واللمْدَان. عاجز۔ ذلیل۔

لَمَذَ(ن) لَمذًا. مُنہ کے اطراف سے کھانا (لج میں ایک لغت ہے)

لِمَاذَا. کلمہ مرکب ہے لام تعلیل اور ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ سے۔

لَمَزَهُ(ن ض) لَمزًا. عیب لگانا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ہٹانا۔ مارنا۔ لَمَزَهُ الشَّیبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

لَامَزَهُ. اشارہ کنایہ سے گفتگو کرنا۔

تَلَمَّزَهُ. ڈھونڈنا۔ تَلَمَّزَ فِی السَّیرِ: دوڑنا۔

اللَمَّاز واللُمَزَة. لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ سامنے عیب بیان کرنے والا۔ اللَمَّاز: چغل خور۔

اللُمَّاز. سامنے غیبت کرنے والے۔

لَمَسَهُ (ن ض) لَمسًا چھونا۔ لَمَسَ الشَّیَٔ: طلب کرنا الشَّیُٔ: چھونے کے قابل ہونا المَرْاَةَ: جماع کرنا زَیدًا امْرَاَةً: نکاح کرا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَهُ شُعَاعٌ یَكَادُ یَلْمُسُ البَصَرَ" اس کیلئے شعاع ہے جو نگاہ کو چکا چوند کردے۔

لَامَسَهُ. ایک دوسرے کو چھونا۔ جماع کرنا۔

اَلمَسَ فُلَانًا: ڈھونڈنے میں مدد کرنا۔ زَیدًا اِمْرَاَةً: نکاح کرادینا۔

تَلَمَّسَ الشَّیَٔ: بار بار طلب کرنا۔

اِلتَمَسَ الشَّیَٔ مِنْ فُلَان: مانگنا۔ طلب کرنا۔

اللَمَاسَة واللمَاسَة. قریبی حاجت۔

اللمْس. س. حواس خمسہ ظاہرہ میں ایک حاسہ جس سے حرارت و برودت رطوبت یبوست معلوم ہوتی ہے۔

اللَمِیس. نازک بدن عورت۔

اللَمُوس. مُنہ بولا بیٹا یا جس کے حسب میں عیب ہو۔ کہا جاتا ہے كَوَاہُ لَمَاس او كَوَاهُ المُتَلَمِّسَة یعنی مرض کی جگہ میں داغ لگا۔

المُلامَسَة. س. فِی البَیع: کپڑے چھو کر بیع کو واجب سمجھنا۔

المَلْمَس. چھونا۔ چھونے کی جگہ۔

المَلْمُوس. مئ. کہا جاتا ہے "اِكَافٌ مَلْمُوسُ الاَحْنَاءِ" پالان جس کی کجی وغیرہ ہموار کر دی گئی ہو۔

المَلْمُوسَات. قوۃ لامسہ کے مدرکات۔ اوائل محسوسات۔

اللمُوسَة. راستہ۔

صَحِیفَةُ المُتَلَمِّس. بدبختی کیلئے مثل ہے۔ اس لئے کہ خط میں یہ لکھا ہوا تھا کہ جب متلمس آئے تو اس کو قتل کر دو۔

لَمَصَ(ن) لَمصًا العَسَلَ و شِبهَهُ: شہد کو انگلی کے کنارے سے لینا اور چاٹنا فُلَانًا چٹکی لینا: نقل اتارنا۔ عیب لگانا۔ مُنہ چڑانا۔ الصَّبِیُّ: پیشاب کر دینا۔

اَلمَصَ الشَّجَرُ: انگلی سے پکڑنے کے قابل ہونا۔ اَلمَصَ الكَرْمُ: انگور کی بیل میں نرم انگور ہونا۔

اللَمْص. س. لوگوں کی غیبت کرنا۔

اللاَمِص. انگور کی بیل کا محافظ۔

اللَمُوص. جھوٹا۔ فریبی۔ غیبت کرنے والا چغل خور۔

لَمَطَهُ (ن) لَمطًا بِالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔ لَمَطَ فُلَانٌ: گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔

اِلتَمَطَ. بِحَقِّیْ: حق مار لینا۔

لَمَظَ(ن) لَمْظًا. کھانے پینے کے بعد زُبان سے ہونٹ چاٹنا۔ کھانے کے بعد زُبان سے دانتوں کے درمیان کا نکالنا فُلَانًا مِنْ حَقِّه: حق میں سے کچھ دینا المَاءَ: زُبان کے کنارے سے چکھنا۔

لَمَّظَه مِنْ حَقِّه: حق میں سے کچھ دینا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّظَ فُلَانًا لُمَاظَةً" تھوڑا سا چکھانا۔

اَلمَظَهُ. ہونٹوں پر پانی ڈالنا۔ اَلمَظَهُ عَلٰی فُلَان: غصہ دلانا۔ اَلمَظَ فُلَانًا: آہستہ نیزہ مارنا البَعِیرُ بِذَنَبِه: اُونٹ کا ٹانگوں کے درمیان دُم کو دبانا الرَّجُلُ القَوسَ: کمان پر تانت باندھنا۔

تَلَمَّظَ الرَّجُلُ: کھانے کے بعد زُبان نکال کر ہونٹوں کو چاٹنا۔ کھانے کو مُنہ میں پھرانا۔ اور کہا جاتا ہے "تَلَمَّظَ بِذِكرِه" یعنی عیب لگایا۔

تَلَمَّظَتِ الحَیَّةُ: سانپ کا زُبان نکالنا۔

اِلتَمَظَ الشَّیَٔ: جلدی سے مُنہ میں ڈالنا الطَّعَامَ: کھانا بِحَقِّه: حق مار لینا بِالشَّیِٔ: لپٹنا بِشَفَتَیه: ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے۔

اِلمَظَ الفَرَسُ: نیچے کے ہونٹ پر سفیدی والا ہونا۔

اللمَاظ. تھوڑی سی چیز جو چکھی جائے۔ کہا

جاتا ہے "مَالَه سہ" اس کے پاس ایسی چیز بھی نہیں جس کو چکھے۔ "و مَا ذُقْتُ لَمَاظًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وشَرِبَه لَمَاظًا او لِمَاظًا" یعنی اس نے زُبان کے کنارے سے چکھا۔

اللماظة. فصاحت۔ زُبان کی روانی۔

اللُماظة. مُنہ میں بقیہ کھانا۔ تھوڑی سی چیز کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "مَا الدُّنْيَا اِلَّا لُمَاظَةُ اَيَّامٍ" دنیا صرف دنوں کا بقیہ ہے۔

اللَمَظ. گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی۔

اللُمْظَة. گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی یا ہونٹوں کی سفیدی۔ دِل کا سیاہ نقطہ تھوڑا سا گھی وغیرہ جس کو انگلی میں لے سکیں۔

الَالْمَظ مِنَ الْخَيْلِ: نیچے کے ہونٹ میں سفیدی والا گھوڑا۔

التِلِمَّاظ. جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ مؤنث تِلِمَّاظَة. التِلِمَّاظَه: بیہودہ بکواس کرنے والی عورت۔

مَلَامِظُ الْاِنْسَان: مُنہ اور ہونٹ کا گردا گرد۔

المُتَلَمَّظ. تبسم کرنے کی جگہ۔

لَمَعَ (ف) لَمْعًا و لَمَعَانًا و لُمُوْعًا و لَمِيْعًا و تِلِمَّاعًا البَرْقُ وَغَيْرُهُ: بجلی وغیرہ کا چمکنا۔ روشن ہونا۔ ضَرْعُ النَّاقَةِ: تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا فُلَانٌ بِالشَّئِ: لے جانا بِيَدِهٖ او بِثَوْبِهٖ او بِسَيْفِهٖ: ہاتھ یا کپڑا یا تلوار سے اشارہ کرنا الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھڑپھڑانا فُلَانٌ الْبَابَ: دروازے سے نکلنا۔

اَلْمَعَتِ الشَّاةُ بِذَنَبِهَا: بکری کا دُم اُٹھانا جس سے معلوم ہو کہ گابھن ہو گئی۔ صفت مُلْمِعَةٌ و مُلْمِعٌ الْاُنْثٰى: پیٹ میں بچّہ کا حرکت کرنا فُلَانٌ بِالشَّئِ و عَلَيْهِ: اچک لینا۔ چرانا۔ لے جانا۔ اَلْمَعَتِ الْبِلَادُ: خشک گھاس والا ہونا یا بہت گھاس والا ہونا۔ اَلْمَعَ اِلٰى فُلَانٍ بِثَوْبِهٖ: کپڑے سے اشارہ کرنا الْفَرَسُ و نَحْوُهَا: حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اُٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو کو پھڑپھڑانا۔

لَمَّعَ النَّسْجَ: مختلف رنگوں کا بننا۔

تَلَمَّعَ الشَّئَ واِلْتَمَعَهٗ اچک لینا البَرْقُ و غَيْرُهٗ: بجلی وغیرہ کا روشن ہونا۔ اِلْتَمَعَ الْقَوْمَ: لے جانا۔

اِلْتَمَعَ واُلْتُمِعَ لَوْنُهٗ: رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا۔

اللوامع. فا۔ ج لُمَّعٌ. کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ لَامِعٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اللاَّمِعَة. لامع کا مؤنث۔ بچّہ کی چندیا جب تک نرم رہے۔ ج لَوَامِع.

اللُمْعَة. گھاس کا خشک شدہ حصّہ۔ لوگوں کی جماعت۔ تھوڑا سا گزارہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "مَعَهٗ لُمْعَةٌ مِنَ الْعَيْشِ" اس کے ساتھ تھوڑا سا گزارہ زندگی ہے جو اس کے لیے کفایت کر سکے مِنَ الْجَسَدِ: جسم کے رنگ کی چمک۔ اور بقول بعض لُمْعَة خاص کر بدن کا سیاہ حصّہ۔ اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو۔ جسم کا وہ حصّہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے ج لُمَعٌ و لِمَاعٌ.

اللَمَّاع. لامع کا اسم مبالغہ۔

اللَمَّاعَة. عقاب۔ میدان جس میں سراب چمکے۔ بچّے کی چندیا جب تک نرم رہے۔

اللُمُوْع. چمکنے والا۔ تیز جھپٹنے والا عقاب۔

الَالْمَعُ والَالْمَعِيُّ. تیز ذہن۔ تیز فہم۔

الَالْمَعِيَّة. ذکاوت۔

کہا جاتا ہے ذَهَبَتْ نَفْسُهٗ لِمَاعًا اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔

التَلْمِيْع فِي الْخَيْلِ وغَيْرِهَا: جسم کے رنگ کے مخالف داغ۔ ج تَلَامِيْع. کہا جاتا ہے "فِيْهِ تَلْمِيْعٌ و تَلَامِيْعُ" جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں۔

مِلْمَعَا الطَّائِرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔

الْمُلَمَّعُ مِنَ الْخَيْلِ وَغَيْرِهٖ: جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا۔

اَرْضٌ مُلْمِعَةٌ و مُلَمِّعَةٌ و مُلَمَّعَةٌ. زمین جس میں سراب چمکے۔

خَدٌّ مُلَمَّع. چمک دار رخسارہ۔

اليَلْمَع. بے بارش کی بجلی۔ سراب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَكْذَبُ مِنْ يَلْمَعَ" فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے۔ اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے کہا جاتا ہے "اِنَّمَا هُوَ يَلْمَعٌ" یعنی وہ جھوٹا ہے۔ ج يَلَامِع.

واليَلْمَع مِنَ السِّلَاحِ: چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ۔ ج يَلَامِع.

اليَلْمَعِيّ. ذہین۔ تیز فہم۔ جھوٹ سچ ملانے والا۔

لَمَقَهٗ (ن) لَمْقًا و لُمُوْقًا. لکھنا۔ مٹانا۔

لَمَقَ عَيْنَهٗ: آنکھ ملنا۔ کانی کرنا۔ لَمَقَ اِلَيْهِ: دیکھنا اِلَيْهِ بِبَصَرِهٖ: دیر تک دیکھنا۔

تَلَمَّقَ. چکھنا۔

اللَمَاق. چکھنے کی تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ لَمَاقًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وَمَا بِالْاَرْضِ لَمَاقٌ" زمین میں چراگاہ نہیں۔

لَمَقُ الطَّرِيْقِ: راستہ کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ فِيْ لَمَقِ الطَّرِيْقِ" یعنی راستہ کے وسط میں چلا۔

اليَلْمَق. روئی دار قبا۔ (دخیل)

لَمَكَ (ن) لَمْكًا الْعَجِيْنَ: نرم گوندھنا۔

تَلَمَّكَ الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا۔

اللَمَاك. چکھنے کی چیز۔ صرف نفی ہی میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّكَ بِلَمَاكٍ" یعنی کچھ نہیں چکھا۔

اللَمَاك واللُمَاك واللُمْك. سرمہ۔

اللَمِيْك. سرمہ لگایا ہوا۔

اليَلْمَك. قوی جوان۔ مردوں ہی کے لیے خاص ہے۔ اور حرف یا زائد ہے۔

تَلَمَّلَ بِفَمِهٖ: کھانے کے بعد زُبان کو ادھر ادھر پھرانا۔

اللَمَال واللُمَال. سرمہ۔

لَمْلَمَ الحَجرَ: پتھر کو گول گھڑنا۔ **الشَّيْءَ:** جمع کرنا۔
تَلَمْلَمَ. گول ہونا۔ جمع ہونا۔
اللَمْلَم. بہت جمع شدہ فوج۔
اللَمْلُوم. جماعت۔
رَجلٌ مُلَمْلَم و جَملٌ مَلَمْلَمٌ: گٹھے بدن کا مرد اور اُونٹ۔ **شعر مُلَمْلَمٌ:** تیل لگے ہوئے بال۔
المُلَمْلَمَة مُلَمْلَم کا مؤنث۔ ہاتھی کی سونڈ۔
لَمَا يَلْمُو لَمْوًا. الشَّيْءَ: سب لے لینا۔
اللَمَة. جماعت۔ تین سے لے کر دس تک کے ساتھی۔ ہم عمر۔ ہم شکل۔ پیروی کے لیے نمونہ۔ ج لُمَات.
لَمِيَ يَلْمِي لَمْيًا و لَمِيَ يَلْمَى لَمًى الْغُلامُ: لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَلْمَى. صفت مؤنث لَمْيَا.
اَلْمَى اِلْمَاءً. اللِّصُّ بِكَذَا: چور کا چپکے سے لے جانا۔ اڑا لے جانا۔
تَلَمَّتِ الْأَرْضُ بِهِ و عَلَيْهِ: حاوی ہونا۔ مشتمل ہونا۔
اُلْتُمِيَ اِلْتِمَاءً. لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔ **به:** اپنے لیے خاص کرنا اور غالب ہونا۔
اللمي. بتثليث اللام: ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گونی یا سیاہی۔
اَللَّامِيُون: گھاس کی قسم سے ایک پودا جس کے پتے گھنے پھول سفید یا گلابی ہوتے ہیں بے آباد زمین میں ہوتا ہے۔
اَلْاَلْمَى. گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا۔ **رُمْحٌ اَلْمَى** مضبوط و گندم گوں نیزہ۔ **ظِلٌّ اَلْمَى:** گنجان سایہ۔ **شَجَرٌ اَلْمَى.** گنجان سایہ دار درخت۔ **غُلامٌ اَلْمَى:** سرد تھوک والا لڑکا۔ مؤنث لَمْيَاء. ج لُمْي. **لِثَةٌ لَمْيَاءُ:** کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔
لَن. مضارع کے حروف ناصبہ میں سے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے "لَنْ اَفْعَلَ المنكرَ مَا بَقِيتُ" جب تک زندہ رہوں گا امور منکرہ ہرگز نہیں کروں گا۔ اور دُعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے "لن تزالُوا مَلْجَا الفَقِيْرِ" ہمیشہ فقیر کے ملجا ہو۔
لَهُ (ن) لَهًّا الشِّعْرَ: نازک و مستحسن شعر کہنا۔
لَهِبَتْ (س) لَهَبًا و لَهِبًا و لَهِيبًا و لُهَابًا و لَهَابًا. النَّارُ: شعلہ بھڑکنا۔
لَهِبَ (س) لَهَبًا و لَهَبَانًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت لَهْبَان.
لَهَّبَ النَّارَ فَتَلَهَّبَتْ وَاَلْهَبَها فالتَهَبَتْ آگ بھڑکانا۔ یہاں تک کہ شعلہ ہو کر بھڑک اُٹھنا۔ **اِلْتَهَبَ عَلَيْهِ:** غضبناک ہونا۔ غصہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَلَهَّبُ او يَلْتَهِبُ جُوْعًا" فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے۔
اَلْهَبَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا **الفَرَسُ:** گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا **البَرْقُ:** بجلی کا پیا پے کوندنا۔ **اَلْهَبَ فِي الْكَلَامِ:** جلدی سے کہہ گزرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلْهَبَهُ لِلْاَمْرِ" اس نے اس کو کام کے لیے اکسایا۔
اللُهَاب. مص۔ پیاس۔
اللهابة. ایک قسم کی کملی جس میں پتھر رکھ کر ہودج یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں۔
اللِهْب. دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی یا پہاڑ کی دراڑ۔ ج اَلْهَاب و لُهُوْب و لِهَاب و لِهَابَة.
اللَهَب. مص۔ بے دھوئیں کا شعلہ۔ بلند غبار۔
اللَهَبَان. مص گرمی کی شدت۔ گرم دن۔ پیاس۔
اللُهْبَة. پیاس۔ خالص سفیدی۔
اللَهِيْب. مص۔ آگ کی گرمی۔ **المَلْهُوْب.** حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا۔
الْأُلْهُوب. گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اُڑے یا اس کے کھر سے آگ نکلے۔
المِلْهَب. نہایت خوبصورت۔
المُلْهِب. تیز دوڑنے والا غبار اڑانے والا گھوڑا۔
المُلَهَّب مِنَ الثِّيَاب: کم سرخی والا کپڑا۔
اللاّهُوْت. خداوندی۔ اور اس کی اصل "لاهٌ" بمعنی الله ہے واؤ اور تا کی زیادتی مبالغہ کیلئے ہے جیسے جبروت و ملکوت میں۔ **عِلْمُ اللاهُوْت:** عقائد متعلقہ ذات و صفات باری تعالیٰ کا علم۔ **اللاهُوْتِيْ** عقائد متعلقہ ذات و صفات باری کا عالم۔
لَهِثَ و لَهَثَ لَهْثًا و لُهَاثًا الْكَلْبُ وَغيره: کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔
لَهِثَ (س) لَهَثًا و لَهْثَانًا و لَهَاثًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت مذکر لَهْثَان. صفت مؤنث لَهْثَى.
اِلْتَهَثَ الْكَلْبُ: کتے کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔
اللُهَاث. مص پیاس کی جلن۔ موت کی سختی۔ تم کہتے ہو "هُوَ يُقَاسِي لُهَاثَ الْمَوْتِ" وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے۔
اللُهْثَة. تھکن۔ پیاس۔
لَهِجَ (س) لَهَجًا بالشَّيْءِ: شیفتہ ہونا۔ صفت لَهِج و **لَاهَجَ الفَصِيْلُ اُمَّهُ:** چوسنا **الفَصِيْل بامه:** ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا۔ صفت لَاهِج.
لَهَّجَ القَوْمَ: کھانے سے پہلے تھوڑا سا ناشتہ کھلانا۔
اَلْهَجَ الرَّجُلُ: دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا **فُلَانًا بالشَّيْءِ:** فریفتہ کرانا۔ شیفتہ بنانا۔
الفَصِيْلَ: منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لیے ہے)
اُلْهِجَ بِالشَّيْءِ: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔
اِلْهَاجَّ اِلْهِيْجَاجًا الشَّيْءُ: گڈ مڈ ہونا۔
اِلْهَاجَّت عَيْنُهُ: اونگھ آنا۔ **اِلْهَاجَّ اللَّبَنُ:** دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا۔
اللَّهْجَة. زبان یا نوک زبان۔ مادری زبان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فَصِيْحُ اللَّهْجَةِ و صَادِقُ اللَّهْجَةِ"
اللُّهْجَة. کھانے سے پہلے کا ناشتہ۔
المُلَهَّج. مص۔ وہ شخص جو سور ہے اور کام

کرنے سے عاجز ہو۔
لَهْوَجَ الشَّئَ: ملانا الامر. ادھورا کرنا۔ مستحکم نہ کرنا الشِّواءَ: نیم پخت کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔ کہا جاتا ہے شِواءٌ مُلَهْوَجٌ. اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔ حَدِيثٌ مُلَهْوَجٌ ورائٌ مُلَهْوَج. غیر محکم بات ورائے۔
تَلَهْوَجَ الشَّئَ: جلدی کرنا اللحمَ: گوشت کو نیم پختہ کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔
تَلَهْجَم بِالشَّئِ: شیفتہ ہونا الطَّرِيقُ: واضح ہونا۔ چلنے والوں کے پیر کا نشان ہونا۔
اللَّهْجَم. کشادہ چلتا ہوا راستہ۔ بڑا پیالہ۔
لَهَدَهُ لَهْدًا الحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ دبانا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْدٌ و لَهِيْدٌ. لَهَدَ دَابته: چوپایہ کو تھکانا۔ لاغر کرنا الشَّئَ: کھانا یا چاٹنا فُلَانًا: ذلیل کر کے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں یا مونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چھونا۔
لَهَّدَ فُلَانًا: بمعنی لَهَدَهُ اور تشدید تکثیر کیلئے ہے۔
اَلْهَدَهُ. ظلم کرنا۔ اَلْهَدَبِهِ: ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ اَلْهَدَ اِلَى الْاَرْضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا بِفُلَانٍ: دو لڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔
اللُّهَاد. ہچکی۔
اللَّهْد. مص۔ ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے۔ صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اُونٹ کے سینہ میں شگاف لگی۔ سست و ناکارہ مرد۔
اللَّهِيْد. عاجز۔ تھکا ہوا۔
اللَّهِيْدَة. ایک نرم قسم کا حلوا۔
المُلَهَّد. ص "رَجُلٌ مُلَهَّدٌ" کمزور ذلیل۔ دروازوں سے دھکا دیا ہوا۔
اللَّهْذَب. ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز۔
لَهْذَمَهُ. کاٹنا۔
تَلَهْذَمَهُ. کاٹنا تَلَهْذَم الشَّئَ: کھانا۔
اللَّهْذَم. تیز کاٹنے والا۔ تلوار۔ بھالا۔ دانت وغیرہ ج لَهَاذِم و لَهَاذِمَةٌ.
اللَّهَاذِمَةُ. چوروں کی جماعت۔
لَهَزَ (ف) لَهْزًا الشَّئُ فُلَانًا: کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا القَوْمَ: قوم میں مل جانا۔
لَهَزَهُ الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْز. لَهَزَهُ بِالرُّمْحِ: سینہ میں نیزہ مارنا۔ لَهَزَ فُلَانًا: مکا مارنا اور بقول بعض کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا الفَصِيلُ ضَرْعَ اُمِّهِ: دودھ پیتے ہوئے سر سے تھن کو مارنا۔
لَهَّزَهُ تَلْهِيْزًا. کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا۔
اللَّاهِز. فا۔ پہاڑ اور ٹیلہ جو راستہ کو تنگ اور دشوار گزار کر دے۔ اور جب دو پہاڑ اتنے قریب ہوں کہ ان کے درمیان کا راستہ پتلی گلی کی مانند ہو جائے تو ان دونوں پہاڑوں کو لاہزان کہیں گے۔
اللِّهَاز. چیتھڑا یا پچر جس سے چرخی وغیرہ کے سوراخ کو تنگ کریں۔
اللَّهِز. سخت۔
اللَّهْزَة. کان کے نیچے جبڑے میں ابھری ہوئی ہڈی۔
المِلْهَز. کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنے والا۔
المَلْهُوْز. ص۔ گٹھے بدن والا۔ جبڑے کی ہڈی پر داغ لگا ہوا۔
لَهْزَمَهُ. جبڑے کی ہڈی کو کاٹنا۔ لَهْزَمَ الشَّيْبُ خَدَّيْهِ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
اللِّهْزِمَة. کان کے نیچے جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی ج لَهَازِم.
لَهَسَ (ف) لَهْسًا الشَّئَ: چاٹنا (لحس میں لغت ہے) الصَّبِیُّ ثَدیَ اُمِّهِ: بے چوسے ہوئے چاٹنا عَلَى الطَّعَامِ: حرص کی وجہ سے ہجوم کرنا۔
لَاهَسَ مُلَاهَسَةً عَلَى الطَّعَامِ: کھانے پر ہجوم کرنا القَوْمَ اِلَى الشَّئِ: سبقت کرنا اور ہجوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُلَاهِسُ بَنِي فُلَانٍ" جبکہ کھانے کے وقت پہنچ جائے۔
اللَّاهِس. جلد باز۔ چابک دست۔ ج لَوَاهِس.
اللُّهَاس و اللُّهَاسة. تھوڑی خوراک۔
اللُّهْسَة. چاٹنے کے قابل چیز۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ عِنْدِیْ لُهْسَةٌ" تمہارے لیے میرے پاس کچھ نہیں۔
لَهْسَمَ مَا عَلَى المَائِدَةِ: دستر خوان سے سب کچھ کھا لینا۔
اللَّهَاسِم. وادی کی تنگ نالیاں واحد لُهْسُم.
لَهَطَهُ (ف) لَهْطًا. تھپڑ مارنا۔ لَهَطَ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَهَطَ الثَّوْبَ: کپڑا سینا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پچھاڑنا۔ لَهَطَتْ اُمُّهُ بِهِ: جننا۔
اللَّاهِط. فا۔ اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا۔
لُهْطَةٌ مِنَ الخَبَرِ: افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب۔
لَهِعَ (س) لَهَعًا و لَهَاعَةً الرَّجُلُ: ہر ایک سے بے تکلف ہونا۔ صفت لَهِعٌ و لَهِعٌ و لَهِيْعٌ فِی الكَلَامِ: خوب بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا۔
اللَّهَاعَة. غفلت۔
اللَّهِيْع. کارگزاری میں تیز۔
اللَّهِيْعَة. غفلت۔ سستی' کاہلی' خرید و فروخت میں سستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہو جائے۔
لُهِفَ لَهْفًا. ظلم کیا جانا۔
لَهِفَ (س) لَهَفًا. عَلَى مَافَاتَ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت لَهِفٌ و لَهِيْفٌ.
لَهَّفَ فُلَانٌ نَفْسَهُ او اُمَّهُ: وانفساہُ و اُمّيَاه والهفاه کہنا اور کہا جاتا ہے "لَهَّفَ اُمَّيْهِ" یعنی اَبَوَيْهِ: یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ دیا گیا ہے اس لیے کہ ماں کی مامتا مشہور ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَهَّفْتُ اِلَيْكَ تَلْهِيْفًا" یعنی میں نے تجھ سے فریاد رسی کی۔
اَلْهَفَ. حریص ہونا۔ نہایت خواہش مند

ہونا۔

تَلَهَّفَ. عَلَيْهِ: غمگین ہونا۔افسوس کرنا۔

اِلْتَهَفَتِ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَهَفَ فُلَانٌ: کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اُٹھا۔

اللاهِف. فا۔ مظلوم۔ مضطر۔ فریادی۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث لَاهِفٌ و لَاهِفَةٌ. اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَا هِفُ الْقَلْبِ" وہ شکستہ دِل ہے۔

اللاهِفة. لَاهِف کا مؤنث. ج لَاهِفَات ولَوَاهِف.

اللَهْف. س۔ يَلْهَفُ فُلَان: کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے یعنی فلاں پر کس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "يَا لَهْفِي عَلَيْكَ و يَا لَهْفَ و يالَهْفًا و يَالَهْفَ اَرْضِي و سَمَاىِ عَلَيْكَ و يالَهْفَاه" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے۔

اللهفان. افسوس کرنے والا۔ غمزدہ۔ مؤنث لَهْفٰى ج لَهَافٰى و لُهُف.

اللَهْفة. لَهَفَ کا اسم مرۃ۔ اور فوت شدہ کے افسوس کیلئے کہا جاتا ہے "يَا لَهْفَةُ و يَالَهْفَتَاهُ و يَالَهْفَتِيَاهُ"

اللَهُوْف. موٹا۔ لمبا۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث اللَهُوْفَة.

اللَهِيْف. مضطر۔ افسوس کرنے والا۔ رَجُلٌ لَهِيْفُ الْقَلْبِ: سوختہ دل۔ ج لِهَاف.

المَلْهُوْف. غمگین جس کا مال ضائع ہو گیا ہو یا کوئی قریب فوت ہو گیا ہو۔ فریاد کرنے والا مظلوم۔ رَجُلٌ مَلْهُوْفُ الْقَلْبِ: سوختہ دل مرد۔

لَهِقَ (ف) ولَهِقَ (س) لَهْقًا و لَهَقًا الشَّئُ: بہت سفید ہونا۔

تَلَهَّقَ الشَّئُ: بہت سفید ہونا الرَّجُلُ: زیادہ گفتگو کرنا۔

اللَهَاق. سفید یا سفید بیل۔ کہا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَهَاقٌ او لِهَاقٌ" بہت سفید "وبَقَرَةٌ لِهَاقٌ" بہت سفید گائے۔

اللَهِق واللَهَق. سفید بیل۔ سفید۔ مؤنث لَهِقَةٌ و لَهَقَةٌ. ج لَهِقَاتٌ و لِهَاقٌ. کہا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَهِقٌ و لَهَقٌ" بہت سفید۔

مُلَهَّقُ اللَّوْنِ: سفید رنگ والا۔

لَهْلَهَ لَهْلَهَةً. النَّسَّاجُ الثَّوْبَ: باریک بنا (هَلْهَلَ کا مقلوب ہے)

تَلَهْلَهَ الثَّوْبُ: باریک بنا ہوا ہونا الْكَلَاءُ: تھوڑی سی گھاس کے درپے ہونا۔

اللَهْلَهَةُ مِنَ الثِّيَابِ او الْكَلَامِ او الشِّعْرِ: ردی کپڑا یا گفتگو یا شعر۔

اللُهْلُه. بصورت۔ بَلَدٌ لُهْلُهٌ: کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ ج لَهَالِهُ (والُهْلُهَة) کشادہ زمین۔

اللَهْلَهَة. کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔

لَهِمَ (س) لَهْمًا و لَهَمًا الشَّئَ: ایک ہی مرتبہ میں نگلا الماءَ: گھونٹ لینا۔

اَلْهَمَهُ الشَّئَ: نگلوانا۔ اَلْهَمَ اللهُ فُلَانًا خَيْرًا: وحی کرنا۔ سکھلانا۔ توفیق دینا۔ دل میں ڈالنا۔

تَلَهَّمَ والتَهَمَ الشَّئَ: ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ (التَهَمَهُ ہی بولا جاتا ہے)

اُلْتُهِمَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔

اِسْتَلْهَمَ اللهَ خَيْرًا: اللہ سے خیر کے الہام کی دعا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَلْهِمُ اللهَ الرَّشَادَ" اللہ سے رُشد و ہدایت کے الہام کی دُعا کرتا ہوں۔

اللِهَام. بڑا لشکر۔

اللِهْم. عمر رسیدہ۔ ج لُهُوْم.

رَجُلٌ لِهِمٌ ولَهَمٌ. کھاؤ۔ پیٹو۔

اللُهْمَةُ مِنَ السَّوِيْقِ: ایک مرتبہ پھانکنے کی مقدار ستو۔

اللَهِمُّ. بہت بخشش والا۔ بڑا دیالو۔ بڑا سمندر۔ کھاؤ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔ رَجُلٌ لَهِمٌ: مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔ کفایت کرنے والا۔ ج لَهِمُوْنَ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَهُوْمٌ. کھاؤ مرد۔

اللُّهَيْم و اُمُّ اللُّهَيْم. موت۔ بخار۔ مصیبت۔ اللُهَيْم: کشادہ دیگ۔

الالْهَام. س۔ اللہ کا انسان کے دل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔

المِلْهَم والمُلْهَم مِنَ الرِّجَالِ: کھاؤ۔ پیٹو۔

لَهْمَس مَا عَلَى الْمَائِدَةِ: دستر خوان سے سب کچھ کھالینا۔

اللُّهْمُوْم. بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بے شمار۔ بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج لَهَامِيْم و لَهَامِيْمُ النَّاسِ: سخی لوگ۔

اللَهْمِيْم. سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔

لَهَّنَ الْقَوْمَ و لِلْقَوْمِ: ناشتہ کھلانا۔ سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

اَلْهَنَه. مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

تَلَهَّنَ الرَّجُلُ: ناشتہ کھانا۔

اللُهْنَة. تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے ج لُهَن.

لَهَا يَلْهُوْ لَهْوًا. الرَّجُلُ: کھیلنا۔ فریفتہ ہونا (لَهْوًا و لُهُوًّا) الْمَرْأَةُ اِلَى حَدِيْثِ الرَّجُلِ: مانوس ہونا۔ پسند کرنا (لُهِيًّا و لِهْيَانًا) عَنِ الشَّئِ: غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔

لَهِيَ يَلْهٰى لَهًا بِكَذَا: محبت کرنا عَنْهُ: تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْهَ لَهُ كَمَا يَلْهٰى لَكَ" تم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔

لَهَّاهُ تَلْهِيَةً عَنْ كَذَا: غافل کر دینا۔ بِكَذَا: مشغول کرنا۔

لَاهَاه مُلَاهَاةً. قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔

لَاهَى الشَّئَ: نزدیک ہونا الْغُلَامُ: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔

اَلْهَاهُ اِلْهَاءً. اَللَّعْبُ عَنْ كَذَا: غافل کرنا۔ فُلانٌ الشَّیْءَ: عاجزی سے چھوڑ دینا۔ الرَّحیٰ و فِی الرَّحیٰ و لِلرَّحیٰ: چکی میں کول ڈالنا۔ اَلْهیٰ الرَّجُلَ: بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔

تَلَهّٰی تَلَهِّیًا بِكَذَا: کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دل بہلانا۔ الشَّیْءَ: مشغول ہونا۔

تَلاهٰی تَلاهِیًا بِالْمَلاهِی: کھیل کود میں مشغول ہونا۔ الْقَوْمُ: باہم کھیلنا۔

اِلْتَهٰی الرَّجُلُ بِالشَّیْءِ: کھیلنا۔ بِغَیْرِهٖ: مشغول ہونا۔

اِسْتَلْهٰی اِسْتِلْهَاءً. صَاحِبَهٗ: ساتھی کا انتظار کرنا۔ ظُهرُ الشَّیْءِ: زیادہ لینا۔ نکلنا۔

اللُّهَاء. مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُمْ لُهَاءُ مِائَةٍ" وہ لوگ سو (۱۰۰) کی مقدار ہیں۔

اللَّهْو. کھیل کود۔ وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔ ڈھول۔ فرزند۔

اللَّهَاة. حلق کا کوا۔ ج لَهَوَات و لَهَیَات و لُهِیّ و لِهِیّ و لَهًا و لَهَاءٌ و لِهَاءٌ.

اللَّهْوَة. لَهَا کا اسم مرہ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔

اللَّهْوَة و اللُّهْوَة. پیستے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلہ ڈالیں۔ عطیہ۔ بہتر و کثیر عطیہ۔ لپ بھر مال۔ ج لُهًی.

اللُّهیَة. عطیہ یا بہتر و کثیر عطیہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَهْوٌ عَنِ الْخَیْرِ" فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے۔

اللَّهَوِیّ. لَهَاة کی طرف منسوب۔ والحرفان اللَّهَوِیَّان: ق و ک۔

الأُلْهُوَّة و الأُلْهِیَّة و التَّلْهِیَة. جس سے کھیل کود کیا جائے۔

المَلْهٰی. کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَلْهَی الْقَوْمِ" یعنی یہ ان کی اقامت کی جگہ ہے "وَهٰذَا مَلْهَی الْأَثَافِی" یہ پایہ دیگدان کی جگہ ہے۔

المِلْهٰی. کھیل کود کا آلہ۔ ج مَلَاهٍ. آلات

المَلاهِی. آلاتِ موسیقی۔

لَهْوَج. مادّہ ج میں گزر چکا۔

لَهْوَقَ لَهْوَقَةً و تَلَهْوَقَ الرَّجُلُ: جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنا۔ فِی الْعَمَلِ و الْكَلامِ: ترک مبالغہ کرنا۔

رَجُلٌ لَهْوَقٌ: ڈینگ مارنے والا۔ جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔

لَوْ. یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) زمانہ ماضی میں شرط کیلئے جیسے "لَوْ جَاءَنِی لَأَكْرَمْتُهٗ" اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک شرط۔ دوسرے شرط کو زمانہ ماضی کے ساتھ مقید کرنا۔ تیسرے امتناع اور اسی وجہ سے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزاء منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لَوْ كَانَ زَیْدٌ حَجَرًا كَانَ جَمَادًا"

(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کیلئے مگر یہ جازمہ نہیں جیسے "وَلَوْ تَلْتَقِی أَصْدَاءُ نَا بَعْدَ مَوْتِنَا" الخ۔ اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو لَوْ اِنْ کے معنی میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اس کے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنے میں ہو جاتا ہے جیسے لَوْ تَقُومُ أَقُومُ بمعنی لَوْ قُمْتَ قُمْتُ.

(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ اَنْ کے مگر یہ نصب نہیں دیتا۔ اور اکثر وَدَّ یَوَدُّ کے بعد واقع ہوتا ہے جیسے "وَدُّوا لَوْ تَأْتِیهِمْ" وہ تمنا کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "یَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ یُعَمَّرُ" ان میں ایک عمر دیئے جانے کی تمنا کرتا ہے۔

(۴) یہ کہ تمنا کیلئے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَأْتِینِی فَتُحَدِّثُنِی" تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔

(۵) عرض کیلئے مانند لَا کے اس کا جواب بھی فاء سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِیبَ خَیْرًا" اگر تم ہمارے پاس اترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔

(۶) تقلیل کیلئے جیسے "تَصَدَّقُوا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ" صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

لَابَ یَلُوبُ لَوْبًا و لُوَابًا و لَوَبَانًا الرَّجُلُ و البَعِیرُ: مرد یا اونٹ کا پیاسا ہونا۔ پانی کے اردگرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا۔ الاسم اللَّوْبُ و اللُّوبُ و اللُّؤُوبُ و اللُّوَاب.

لَوَّبَه تَلْوِیبًا. ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھئے ملاب)

اَلَابَ اِلابَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اللَّائِبُ. فا۔ ج لُؤُوبٌ و لُوبٌ. کہا جاتا ہے "اِبِلٌ لُوبٌ او نَخْلٌ لُوبٌ و لَوَائِبُ" پیاسے پانی سے دور۔

اللُّوَاب. لعاب.

اللُّوبَاءُ و اللُّوبِیَاءُ و اللُّوبِیَا. لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (دخیل)

اللُّوبَة. جماعت جو دوسری جماعت کے ساتھ رہے مگر شریک مشورہ نہ کی جائے۔ سنگلاخ سوختہ ج لُوب.

اللُّوب. گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شہد کی مکھی۔

اللَّابَة. سنگلاخ سوختہ۔ ج لَابَات و لَاب.

اللَّائِبَة. کالے اونٹ جمع شدہ۔

المَلاب. ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے مشابہ ہے۔

المُلَوَّب. مع۔ پیچ دار لوہا۔

اللَّوْلَب. پیچ۔ پیچ دار کیل۔ ج لَوَالِب.

اللَّوْلَبِیّ. لَوْلَب کی ہیئت پر ہو۔

المُلَوْلَب. سرمہ کی سلائی۔

لَاتَ یَلُوتُ لَوْتًا الرَّجُلُ: بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا۔ الخَبَرَ: خبر کو چھپانا۔ فُلانًا: حق گھٹانا۔

اللَّاتُ. زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

لَاتَ. حرف نفی ہے لَيْسَ کا عمل کرتا ہے مگر اس کے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً مرفوع محذوف ہوتا ہے جیسے "وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاص" تقدیر عبارت کی یوں ہے "وَلَاتَ الْحِيْنُ حِيْنَ مَنَاص"۔

لَاثَ يَلُوْثُ لَوْثًا. الْعَمَامَةَ عَلَى رَاسِهٖ: سر پر عمامہ لپیٹنا الضَّبَابُ بِالْجَبَلِ: کہرے کا پہاڑ کو ڈھانکنا بِفُلَانٍ: پناہ لینا۔ لَاثَ بِهِ النَّاسُ اردگرد جمع ہونا دَارَهٗ. ہمیشہ گھر میں رہنا الشَّيْئَ: منہ میں چبانا فِي الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا ثَوْبَهٗ بِالطِّيْنِ: کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا الشَّيْئَ: بھگا کر ملانا۔ لَاثَ فُلَانٌ: گھومنا۔ کہا جاتا ہے "لَاثَ لَوْثًا مِنَ الْكَلَامِ" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔ "وَمَا لَاثَ فُلَانٌ اَنْ غَلَبَ فُلَانًا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔

لَوْثَ يَلُوْثُ لَوْثًا فِي الْاَمْرِ: تاخیر کرنا۔

لَوَّثَ تَلْوِيْثًا الشَّيْئَ: بھگونا الْمَاءَ: گدلا کرنا ثِيَابَهٗ بِالطِّيْنِ: کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔ التِّبْنَ بِالْقَتِّ: بھوسہ کو چارے میں ملانا فُلَانًا عَنْ كَذَا: روکنا الْاَمْرَ: مشتبہ کرنا۔

اَلَاثَ اِلَاثَةً مَالَهٗ بِفُلَانٍ: ودیعت رکھنا۔

اَلْوَثَتْ اِلْوَاثًا. الْاَرْضُ: خشک گھاس میں تر اگانا۔

تَلَوَّثَ تَلَوُّثًا ثَوْبَهٗ بِالطِّيْنِ: کپڑے کا کیچڑ میں لتھڑنا زَيْدٌ بِعَمْرٍو: پناہ لینا اور نفع کی امید سے صحبت میں رہنا۔

اِلْتَاثَ اِلْتِيَاثًا عَلَيْهِ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا۔ بِرِدَائِهٖ: لپٹنا فِي الْعَمَلِ: دیر کرنا فِي كَلَامِهٖ: حجت سے عاجز رہنا بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔ آلودہ ہونا الْبَعِيْرُ: اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا فُلَانًا عَنْ كَذَا: روکنا۔

اللَّائِثُ. فا۔ شیر۔ نَبَاتٌ لَائِثٌ: آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔

اللُّوَاثُ. پلیتھن۔

اللُّوَاثَةُ. پلیتھن۔ جماعت۔ وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔

اللَّوْثُ. مس۔ قوت۔ برائی۔ زخم۔ کینہ کے مطالبات۔ کمزور ثبوت۔

اللُّوْثُ. ڈھیل ڈھال۔

اللِّيْثُ. گنجان نباتات۔

اللَّوْثَةُ. لَاثَ کا اسم مرۃ۔ بیوقوفی۔

اللُّوْثَةُ. ڈھیل ڈھال۔ تاخیر۔ بیوقوفی۔ زبان میں رکاوٹ۔ اثر جنون۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ لُوْثَةٌ" اس کے ساتھ جنون کا اثر ہے۔ گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ لُوْثَةٍ" سست و کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے: نَبَاتٌ لَيِّثٌ. گنجان پودہ۔

اللُّوَيْثَةُ. جماعت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ الْمَجْلِسَ لَيَجْمَعُ لُوَيْثَةً مِنَ النَّاسِ" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے۔

الْاَلْوَثُ. ڈھیلا ڈھالا۔ قوی۔ سست۔ موٹی زبان والا۔ کمزور عقل والا۔ مؤنث لَوْثَاءُ. ج لُوْثٌ۔

الْمَلَاثُ وَالْمِلْوَثُ. سردار شریف جس کی پناہ لی جائے۔ ج الْمَلَاوِثُ وَالْمَلَاوِثَةُ وَالْمَلَاوِيْثُ کہا جاتا ہے "هُمْ مَلَاوِثُ" یعنی وہ اشراف ہیں۔ وَاِنَّهٗ لَنِعْمَ الْمَلَاثُ لِلضِّيْفَانِ وہ مہمانوں کیلئے بہترین جائے پناہ ہے۔

الْمَلَاثُ. مرکز۔ وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے۔

الْمُلَيَّثُ. موٹاپے کی وجہ سے سست۔ دِيْمَةٌ لَوْثَاءُ. لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیر دے۔

لَاجَ يَلُوْجُ لَوْجًا الشَّيْئَ: منہ میں پھرانا۔

لَاحَ يَلُوْحُ لَوْحًا الشَّيْئُ: ظاہر ہونا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا النَّجْمُ: ستارہ کا نکلنا اِلَيْهِ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا الشَّيْئَ: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "لَاحَهٗ بِبَصَرِهٖ لَوْحَةً" جبکہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہو جائے الْعَطَشُ او السَّفَرُ فُلَانًا: متغیر کرنا۔ رنگ بدل دینا (لَوْحًا و لُوْحًا و لُوَاحًا و لُوُوْحًا و لَوَحَانًا) الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔

لَوَّحَ تَلْوِيْحًا دور سے اشارہ کرنا۔ لَوَّحَ بِسَيْفِهٖ: تلوار چمکانا بِثَوْبِهٖ: کپڑا بلند کر کے ہلانا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّحَ لِلْكَلْبِ بِرَغِيْفٍ فَتَبِعَهٗ" اس نے کتے کو روٹی ہلا کر دکھائی وہ پیچھے ہو لیا السَّفَرُ وَالْعَطَشُ فُلَانًا: چہرہ متغیر کر دینا الشَّيْبُ فُلَانًا: سفید بالوں والا کر دینا فُلَانًا بِالْعَصَا وَالسَّيْفِ وَالسَّوْطِ وَالنَّعْلِ: اٹھانا اور مارنا۔ الشَّيْئَ بِالنَّارِ: آگ سے گرم کرنا۔

اَلَاحَ اِلَاحَةً الشَّيْئُ: ظاہر ہونا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا النَّجْمُ: ستارے کا روشن ہونا بِسَيْفِهٖ او ثَوْبِهٖ: تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا بِحَقِّهٖ: حق مار لینا فُلَانًا: ہلاک کرنا مِنْهُ: خوف کرنا۔ پرہیز کرنا مِنَ الْقَوْلِ: شرمانا عَلَى الشَّيْئِ: اعتماد کرنا۔

تَلَوَّحَ. ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔

اِلْتَاحَ اِلْتِيَاحًا. پیاسا ہونا۔

اِسْتَلَاحَ فِي الْاَمْرِ اِسْتِلَاحًا. غور کرنا۔

اِسْتَلَاحَ: پیاسا ہونا۔

اللَّيَاحُ وَاللِّيَاحُ. صبح۔ جنگلی بیل۔ سفید اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَيَاحٌ او لِيَاحٌ" خالص سفید۔

اللَّائِحَةُ لائح کا مؤنث۔ ظاہر ہونے والی۔ ج لَوَائِحُ. کہا جاتا ہے "نَظَرْتُ اِلَى لَوَائِحِهٖ وَالْوَاحِهٖ" میں نے اس کی ظاہری شکل و صورت کو دیکھا۔ اللَّائِحَةُ رجسٹر۔ جس میں حساب درج کیا جائے۔ (مولدہ)

اللَّوْحُ. تختی۔ ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا لوہا ج اَلْوَاحٌ. لَوْحُ الْجَسَدِ: ہاتھ اور ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی۔ یا ہر وہ ہڈی جو چوڑی ہو۔ ج اَلْوَاحٌ ج اَلَاوِيْحُ. اَلْوَاحُ السِّلَاحِ: چمکدار ہتھیار۔

اللُّوْحُ. پیاس۔ فضاء آسمانی۔

اِبِلٌ لُوْحَى: پیاسے اونٹ۔

التَّلْوِيْحَاتُ. کتاب کے حواشی و نوٹ۔

الْمُلْتَاحُ. دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ والا۔

المَحِق. س۔ کھجور کے قریب لگے ہوئے پودے۔

المَحْقَة. ہلاکت۔

المَحَاق والمُحَاق والمِحَاق. مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتیں۔

سِنَانٌ مَحِیْقٌ. باریک و تیز بھالا۔

المَاحِق. فا۔ مَاحِقُ الصَّیْفِ: سخت گرمی یَوْمٌ مَاحِقٌ: سخت گرم دن۔

الاَمْحَق. بے برکت۔

المَمْحَقَة. باعث بے برکتی۔

مَحَكَ (ف) مَحْكًا و مَحِكَ (س) مَحَكًا واَمْحَكَ و تَمَحَّكَ الرَّجُلُ: گفتگو میں جھگڑا کرنا۔ بھاؤ کرنے میں جھگڑنا۔ صفت مَحِكٌ و مَاحِكٌ و مَحْكَان.

اَمْحَكَ الْخُصُوْمُ فُلَانًا: غضبناک کرنا۔

مَاحَكَ مُمَاحَكَةً فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔

تَمَاحَكَ الخَصْمَان: باہم جھگڑا کرنا۔

المُمْتَحِك: بد اخلاق؛ جھگڑالو۔

مَحِلَ (س) و مَحَلَ (ف) مَحْلًا و مُحُوْلًا و مَحُلَ (ک) مَحَالَةً الْمَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مَاحِل.

مَحَلَ (ف) و مَحِلَ (س) و مَحُلَ (ک) مَحْلًا و مِحَالًا بِه اِلَی الْاَمِیْرِ: چغل خوری کرنا۔ صفت مَاحِل و مَحُول و مَحَّال. مَحَلَ بِصَاحِبِه: بہتان رکھنا۔

مَحَّلَ فُلَانًا: ~~مضبوط کرنا الشَّیَٔ:~~ لمبا کرنا۔

مَاحَلَه مِحَالًا و مُمَاحَلَةً. مکر کرنا۔ قوت معلوم کرنے کیلئے باہم زور آزمائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ہٹانا۔ جھگڑا کرنا۔

اَمْحَلَ الْمَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِل والْاَرْضُ مُمْحِلٌ و مُمْحِلَةٌ: قحط زدہ زمین الْمَطَرُ: بارش رکنا الْقَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِلُوْنَ اللّٰهُ الْاَرْضَ: قحط زدہ کرنا۔

تَمَحَّلَ الشَّیَْ وَلَهُ: حیلہ کرنا لِفُلَانٍ حَقَّهُ حق حاصل کرنے کی تدبیر کرنا الدَّرَاهِمَ: پرکھنا۔
تَمَاحَلَ الْقَوْمُ: باہم کید و مکر کرنا۔ تَمَاحَلَتْ بِهِمُ الدَّارُ: دور ہونا۔
الْمَحْلُ. فریب۔ مکر۔ غبار۔ شدت۔ قحط۔ بارش کا نہ ہونا اور زمین کا خشک ہونا۔ سخت بھوک۔ ج مُحُوْلٌ و اَمْحَالٌ. کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَحْلٌ: غیر مفید مرد۔
الْمَاحِلُ. فا۔ جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهُ مَاحِلًا" میں نے اس کو متغیر اللون دیکھا۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَاحِلٌ و مَحْلٌ و مَحْلَةٌ و مَحُوْلٌ و مَحْوْلَةٌ" قحط زدہ زمین۔ اور جمع کے لیے اَرْضُوْنَ مَحْلٌ و مُحُوْلٌ.
الْمَحَالُ. بڑی چرخی۔ ایک قسم کا زیور۔
الْمِحَالُ. کید۔ مکر۔ جھگڑا۔ عذاب۔ شدت و قوت۔ ہلاک ہونا۔ ہلاک کرنا۔ حیلوں سے کسی مقصد کو طلب کرنا۔ تدبیر۔ دشمنی۔
الْمَحَالَةُ. بڑی چرخی۔ اُونٹ وغیرہ کی ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔ لکڑی جس پر کھڑے ہو کر کھگل کریں۔ ج مَحَالٌ اور مَحَالٌ کی جمع مُحُلٌ. اور کہا جاتا ہے "لَامَحَالَةَ" یعنی ضرور ولابدی۔
الْمِحْلُ. وہ شخص جو دھتکارا جائے یہاں تک کہ تھک جائے۔ اور کہا جاتا ہے "دَحِلٌ مَحِلٌ" یعنی حیلہ گر۔ مکار۔
الْمَحَّالُ. مکار۔ دغاباز۔ شیطان۔
اَرْضٌ مُمْحِلٌ و مُمْحِلَةٌ. قحط زدہ زمین۔
الْمُتَمَاحِلُ. بہت لمبا تڑنگا مرد یا اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُتَمَاحِلٌ" بہت لمبا تڑنگا مرد۔ "وَرَاَیْتُهُ مُتَمَاحِلًا" یعنی میں نے اس کو دیکھا کہ اس کے بدن کا رنگ بدلا ہوا ہے۔
فَلَاةٌ مُتَمَاحِلَةٌ: دو کنارے والا میدان۔
فِتْنَةٌ مُتَمَاحِلَةٌ ایسا فتنہ جو ختم ہونے میں نہ آئے۔
اَرْضٌ مِمْحَالٌ. قحط زدہ زمین۔
الْمِمْحَلَةُ. دودھ کا مشکیزہ۔

مَحَنَ (ف) مَحْنًا فُلَانًا: آزمانا ہٗ عِشْرِیْنَ سَوْطًا: کوڑے مارنا الْفِضَّةَ: چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔ اسم الْمِحْنَةُ ہے الثَّوْبَ: کپڑے کو پہن کر پرانا کرنا فُلَانًا شَیْئًا: دینا الْبِئْرَ: کنوئیں کی صفائی کرنا النَّاقَةَ: اُونٹنی کو چلا کر تھکانا الْجَارِیَةَ جماع کرنا (و مَحَّنَ) الْاَدِیْمَ: چمڑے کو نرم کرنا۔
اِمْتَحَنَ الشَّیَْ: آزمائش کرنا الْقَوْلَ: غور کرنا۔ سوچنا الْفِضَّةَ چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔
الْمَحْنُ. مص۔ ہر چیز کا نرم۔ تمام دن چلنے یا اور کسی کام سے تھکن۔ کہا جاتا ہے "كَانَ فِیْ مَحْنٍ" وہ مشقت میں تھا۔ الْمَحْنُ: عطیہ۔
الْمِحْنَةُ. آزمائش۔ ج مِحَنٌ.
مَحَا یَمْحُوْ و یَمْحِیْ مَحْوًا و مَحْیَ الشَّیَْ: مٹانا۔ صفت مفعولی۔ مَمْحِیٌّ و مَمْحُوٌّ. کہا جاتا ہے "مَحَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ وَالصُّبْحُ اللَّیْلَ" ہوا نے بادل کو پراگندہ کر دیا اور صبح نے رات کو زائل کر دیا۔
مَحَا یَمْحُوْ و یَمْحِیْ مَحْوًا و مَحْیَ و اِمْتَحٰی الشَّیَْ: مٹنا (اِمْتَحٰی اِمَّحٰی میں ایک ضعیف لغت ہے)
تَمَحّٰی تَمَحِّیًا مِنَ الْقَوْمِ: معافی کی درخواست کرنا۔
الْمَحْوُ. س۔ چاند کا سیاہ داغ۔
الْمَحْوَةُ. محا کا اسم مرۃ۔ شرم و عار۔ بارش اس لیے کہ زمین کی خشکی کو دور کر دیتی ہے۔ کہا جاتا ہے "صَابَتِ الْاَرْضَ مَحْوَةٌ" زمین پر بارش ہوئی۔ اور کہا جاتا ہے "هَبَّتْ مَحْوَةُ" بغیر لام کے اور ضمہ کے ساتھ۔ یعنی بادِ شمالی چلی۔
الْمِمْحَاةُ. میل صاف کرنے کا چیتھڑا۔
مَحَاهُ یَمْحَاهُ و یَمْحِیْهِ مَحْیًا. مٹانا (لغت ہے محا واوی میں)
مَخَجَ (ف) مَخْجًا و تَمَخَّجَ و تَمَاخَجَ الدَّلْوَ او بِالدَّلْوِ: بھرنے کیلئے ڈول ہلانا۔
مَخَجَ الْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔

تَمَخَّجَ الْمَاءَ: حرکت دینا۔
مَخَّخَ و تَمَخَّخَ وَامْتَخَّ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
اَمَخَّ الْعَظْمُ: گودے والی ہونا۔ اَمَخَّتِ الشَّاةُ: موٹی ہونا الْعُوْدُ: لکڑی کا تر ہونا الزَّرْعُ: پرمغز ہونا۔
الْمُخُّ. ہڈی کا گودا۔ بھیجا۔ آنکھ کی چربی۔ خالص۔ ج مِخَاخٌ و مِخَخَةٌ. کہا جاتا ہے "لَا اَرٰی لِاَمْرِكَ مُخًّا" میں تمہارے معاملہ میں کوئی خیر نہیں دیکھتا ہوں۔ وَالْمُخَّةُ: گودے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "هٰوٗلَاءِ مُخُّ الْقَوْمِ و مُخَّةُ الْقَوْمِ" یعنی یہ لوگ قوم کے افضل ہیں۔
الْمَخُّ. نرم۔
الْمُخَاخَةُ. ہڈی کا گودا جو چوسنے سے منہ میں آئے۔
الْمَخِیْخُ. گودے والی ہڈی۔ شَاةٌ مَخِیْخَةٌ گودے والی یعنی موٹی بکری۔ ج مَخَائِخُ. اِبِلٌ مَخَائِخُ: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ لِسَانٌ مُمِخٌّ" یعنی زبان آور اور قادر الکلام ہے۔
مَخَرَتْ (ف ن) مَخْرًا و مُخُوْرًا السَّفِیْنَةُ: آواز کے ساتھ پانی کو چیرنا۔ مَخَرَ الْاَرْضَ: زمین کو کھیتی کرنے کے لیے کھودنا۔ اچھی کھیتی کیلئے پانی دینا السَّابِحُ: ہاتھوں سے پانی کو پھاڑنا۔ الذِّئْبُ الشَّاةَ: بھیڑیے کا بکری کا پیٹ پھاڑنا۔
مَخَرَ (ف) مَخْرًا الْبَیْتَ: عمدہ سامان لے لینا۔
اِمْتَخَرَ و تَمَخَّرَ وَاسْتَمْخَرَ الرِّیْحَ: ہوا کی طرف پیٹھ کرنا۔ اِمْتَخَرَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا الشَّیَْ: اختیار کرنا۔
الْمَخْرُ. س۔ بَنَاتُ مَخْرٍ: پتلے سفید بادل۔
الْمَخْرَةُ. مخر کا اسم مرۃ۔ منہ کی بدبو (وَالْمِخْرُ وَالْمُخْرَةُ) پسند کی ہوئی چیز۔
الْمَاخِرَةُ. ماخر کا مؤنث۔ کشتی۔ ج مَوَاخِرُ.
الْمَاخُوْرُ. بدکاروں کی مجلس۔ بدکاری کا اڈا۔

بدکاری کے اڈے کا متولی۔ ج مواخر و مواخیر۔
مَخْرَق مَخْرَقَةً۔ جھوٹ گھڑنا۔
مِخْراق۔ گڑیا۔ ج مخاریق۔
مَخَضَ (ن ف ض) مَخْضًا اللبنَ: دودھ بلونا۔ مکھن نکالنا۔ صفت مفعولی مخیض و ممخوض۔ الشئ: بہت ہلانا۔ الرای: خوب غور کرنا۔ بالدَّلْوِ: بھرنے کیلئے ڈول ہلانا۔ البئر بالدَّلْوِ: کنوئیں میں سے ڈول سے بہت پانی نکالنا۔
مَخِضَت (س) مَخاضًا و مِخاضًا و مُخِضَت و مَخَضَتْ و تمخضت الحامِلُ: دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔ صفت ماخض۔ ج مُخَّض و مواخض۔
اَمْخَض اللَّبَنُ: دودھ کے بلوئے جانے کا وقت قریب ہونا۔ الرَّجُلُ: قریب الولادۃ اونٹنیوں کا مالک ہونا۔
اِمْتَخَض و تَمَخَّض اللَّبَنُ: مکھن نکلا ہوا ہونا۔ مکھن نکالنے کے برتن میں ہلنا۔ الوَلَدُ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔ تمخضت السَّماءُ: برسنے کے قریب ہونا۔ تمخض الدَّهْرُ بالفتنة: فتنہ ظاہر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تمخضت الليلة عن صباح سوءٍ" رات ختم ہوگئی اور اس کے بعد بُری صبح آئی۔
اِسْتَمْخَض اللَّبَنُ: دیر میں جمنے والا ہونا۔
اِسْتَمْخَضَت الحامِلُ بولدها: حاملہ کا دردزہ میں مبتلا ہونا۔
المخاض: دردزہ۔
الاِمْخاض: دودھ جب تک مکھن نکالنے کے برتن میں رہے۔
المِمْخَض و المِمْخَضَة: مشکیزہ۔ مکھن نکالنے کا برتن۔ ج مَماخِض۔
مَخَط (ف ن) مَخْطًا الشئَ: کھینچ کر لمبا کرنا۔ الجملُ به: تیز دوڑنا۔ الرَّجُلُ في الأرض: تیز چلنا۔ الوَلَدُ: لڑکے کا باپ کے مشابہ ہونا۔
غرس فلانًا: پودے میں پانی دینا اور نگہبانی کرنا۔ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔ المخاطَ: رینٹ صاف کرنا۔ الصَّبِيَّ: بچے کی رینٹ صاف کرنا۔ بيده: ملانا۔ (مخطًا و مخوطًا) السَّهْمُ: تیر کا پار ہونا۔ صفت ماخط۔
مَخَّط الوَلَدَ: بچے کی ناک سے رینٹ صاف کرنا۔
اَمْخَط السهمَ: تیر کو پار کرنا۔
اِمْتَخَط الشئَ: چھین لینا۔ اُچک لینا۔ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
اِمْتَخَط و تَمَخَّط: رینٹ صاف کرنا۔ و تمخط الرَّجُلُ: چلنے میں لڑکھڑانا۔
المَخْط: س۔ راکھ۔ چھوٹا کپڑا۔
المُخاط: رینٹ۔ ج اَمْخِطَة۔ مُخاط الشَّيْطان: وہ چیز جو دوپہر کے وقت میں مکڑی کے جالے کی مانند اوپر سے نیچے آتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس کو مخاط الشمس و لُعاب الشمس بھی کہتے ہیں۔
المُخاطِي: رینٹ والا۔
المِخط: فیاض سردار۔ ج اَمْخاط۔
المَخْطَة: مخط کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ میں جتنی رینٹ صاف کی جائے۔
المِخْل عند المولدين: لوہے وغیرہ کا آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر اٹھائے جائیں یا توڑے جائیں۔ ج اَمْخال و مُخُول۔
مَخْمَخَهُ: گودا نکالنا۔
مَخَن (ن) مَخْنًا: رونا۔ البئرَ: کنوئیں سے پانی نکالنا۔ العود: لکڑی چھلنا۔ الجاريةَ: جماع کرنا۔
مَخُنَ (ن) مَخْنًا و مُخُونًا: لمبا ہونا۔ صفت مَخِن و مَخْن۔ مؤنث مَخِنَة و مَخْنَة۔
المَخِن: لمبا مرد۔
المَخْنَة: المخن کا مؤنث۔ گھر کا صحن۔
مَخى الرجل عن الأمر: الگ کردینا۔ دور کردینا۔
اَمْخى امخاء و امْخى امخاء و تَمَخّى و امتخى اليه: عذر خواہی کرنا۔ منه: بیزار ہونا۔ و تمخى العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
مَدَّ (ن) مَدًّا الشئَ و بالشئ: پھیلانا۔ کھینچنا۔ الله عمره: عمر طویل کرنا۔ من الدَّواة: قلم میں روشنائی لینا۔ النهرُ او البحرُ: دریا یا سمندر کا چڑھنا۔ پانی زیادہ کرنا (لازم و متعدی) کہا جاتا ہے "قل ماء ركيتنا فمدتها ركية اُخرى" ہمارے کنوئیں کا پانی کم ہوگیا تو دوسرے کنوئیں نے اس کے پانی کو زیادہ کردیا "وهذا الوادي يمد في وادي كذا" یہ وادی دوسری وادی کے پانی کو زیادہ کرتی ہے۔ و مد نظره اليه: اس نے اس کی طرف بلند نگاہ ڈالی۔ مد الأرض: کھاد یا دوسری مٹی ڈالنا۔ الحرف: کھینچ کر پڑھنا۔ الابل: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا۔ السراج بالسليط: چراغ میں تیل ڈالنا۔ في السير: گزرنا۔ مد و امد الرجل: مہلت دینا۔ اعانت کرنا۔ فریاد رسی کرنا۔ في غيه: گمراہی میں زیادتی کرنا۔ الجند: فوج کی مدد کرنا۔ النهار: دن کا چڑھنا۔ بلند ہونا۔ الدواة: روشنائی ڈالنا۔ دوات میں روشنائی یا پانی زیادہ کرنا۔ اور ایسا ہی "مد القلم" قلم میں روشنائی لگانا۔ امد في مشيته: نازو انداز سے چلنا۔ امده الله في الخير: زیادہ کرنا۔ اجله: طویل کرنا اور مؤخر کرنا۔ فلانا بمال: دینا۔ الكاتب: قلم میں ایک ڈوبا دینا۔ البعير: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا۔ امد الجرح: زخم میں پیپ ہونا۔
مَدَّد الشئ: پھیلانا۔
مادّه مدادًا و ممادّة: کھینچنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ مادّه الثوب: ایک دوسرے کے کپڑے کو کھینچنا۔
تمادّا الثوب: باہم مل کر کھینچنا۔
تمدّد و امتدّ: پھیلنا۔ انگڑائی لینا۔ تمدّدوا الشئ بينهم: کھینچنا۔ امتد بهم السير: طویل ہونا۔ في مشيته: نازو انداز سے چلنا۔ الى الشئ: دیکھنا۔ النهار: دن کا آدھا

ہونا۔

اِستَمَدَّ القَوْمُ الاَمِيْرَ عَلَى العَدُوِّ: مدد طلب کرنا۔ مِنَ الدَّوَاةِ: روشنائی لینا۔

المَدُّ. س۔ سیلاب۔ ج مُدُوْد. منتھیٰ۔ کہا جاتا ہے "بَيْنِي و بَيْنَه قَدْرَ مَدِّ البَصَرِ" میرے اور اس کے درمیان منتہائے نظر کی مقدار فاصلہ ہے۔ دن کا بلند ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ مَدَّ النَّهَارِ و مَدَّ الضُّحٰى" میں اس کے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا۔ مَدُّ البَحْرِ: دریا کا چڑھنا۔

المَدُّ والمَدَّةُ. حرف کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت۔

المُدّ. ایک پیمانہ جس کی مقدار اہل عراق کے نزدیک دو رطل اور اہل حجاز کے نزدیک ایک اور تہائی رطل۔

المَدَّة. مد کا اسم مرۃ۔ قلم کا ایک مرتبہ دوات میں ڈالنا۔

المُدَّة. زمانہ کا حصہ قلیل ہو یا کثیر۔ غایت زمانی یا مکانی۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذِهِ الاُمَّةِ والاَرْضِ مُدَّةٌ" قلم کا ایک ڈوبا۔ ج مُدَد.

المِدَّة. مد کا اسم نوع۔ پیپ۔

المِدَد. مدد۔ فریاد رسی۔ کہا جاتا ہے "اَمْدَدْتُهُ بِمَدَدٍ" میں نے اس کو قوت پہنچائی' میں نے اس کی اعانت کی۔

المِدَّان والاِمِدَّان. کھاری یا بہت سخت کھاری پانی۔ وہ زمین جہاں سے پانی رسے۔

المِدَاد. س۔ روشنائی۔ گوبر یا کھاد۔ چراغ میں جو تیل ڈالا جائے۔ مثال و طریقہ۔ تم کہتے ہو "هُمْ عَلَى مِدَادٍ وَاحِدٍ" وہ ایک مثال پر ہیں "وَسُبْحَانَ اللهِ مِدَادَ السَّمٰوٰتِ" یعنی آسمان کی تعداد کے مطابق۔

المَادَّة. المَادُّ کا مؤنث۔ جس سے کسی چیز کی ترکیب و قوام ہو۔ المَادَّةُ الاُوْلٰى: وہ جس سے کسی چیز کا حصول بالقوہ ہو۔ ج مَوَادُّ. مَادَّاتٌ مَوَادُّ اللُّغَةِ: الفاظ لغت۔ مَوَادُّ العِلْمِ: مباحث علم۔

المَادِّيّ. منسوب اِلَى المَادَّةِ: دہریہ جو اس بات کا قائل ہو کہ صرف مادہ ہی کا وجود ہے۔

الاَمِدَّة. تانا۔

الاُمْدُوْد. عادت۔

المَدِيْد. کھینچا ہوا۔ لمبا۔ کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَدِيْدٌ" لمبا قد۔ "فُلَانٌ مَدِيْدُ القَامَةِ" فلاں لمبے قد کا ہے۔ مؤنث مَدِيْدَة. مُدَّةٌ مَدِيْدَةٌ: طویل مدت۔ ج مُدُدٌ. چارہ۔ پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا ہوا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔

المُدَيْدَة. تھوڑی سی مدت (مدت کی تصغیر)

المَمَدّ. مصدر میمی۔ چیز کے کھینچنے کی جگہ۔

المُمْتَدّ. اوزان شعر میں ایک وزن جس کو بعض متاخرین نے استعمال کیا ہے۔ وزن اس کا فاعلن فاعلاتن چار مرتبہ ہے۔

المَمْدُوْد. س۔ مَالٌ مَمْدُوْدٌ: بہت مال۔

المَمْدُوْدُ فِي عِلْمِ الصَّرْفِ: ہر وہ اسم معرب جس کے آخر میں همزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صحراء۔

مَدَحَهُ (ف) مَدْحًا و مِدْحَةً. تعریف کرنا۔

مَادَحَهُ. تعریف کرنا۔

تَمَدَّحَ. غیر واقعی اوصاف پر فخر کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا۔ الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔ اِلَى النَّاسِ: اپنی تعریف چاہنا۔

اِمْتَدَحَ فُلَانًا: تعریف کرنا (وامَّدَحَ) وسیع ہونا۔

تَمَادَحَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔

المِدْحَة. اسم ہے مدح سے۔ تعریف ج مِدَح.

المَدِيْح. ج مَدَائِح. والاُمْدُوْحَة. ج اَمَادِيْح. تعریف۔

المَمَادِح. تعریفیں۔

مَدَخَ (ف) مَدْخًا. بڑا ہونا۔ فُلَانًا: پوری مدد کرنا۔

مَادَخَهُ. خیر یا شر میں مدد کرنا۔

تَمَدَّخَ. تکبر کرنا۔ تَمَدَّخَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا پر گوشت اور چربی والا ہونا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بل کھاتی ہوئی چلنا۔

تَمَادَخَ و امْتَدَخَ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔

تمادخ عنه: سستی و کاہلی کرنا۔

المَادِخ والمَدِيْخ والمِدِّيْخ. معظم و معزز۔

المَدُوْخ والمُتَمَادِخ. جلد باز۔

مَدَرَ (ن) مَدْرًا و مَدَّرَ المَكَانَ: مٹی سے لیپنا۔ الحَوْضَ: حوض کے پتھروں کی جھری کو مٹی سے بند کرنا۔ مَدَّرَ: بیٹ کرنا۔

مَدِرَ (س) مَدَرًا. بڑے پیٹ والا ہونا۔

تَمَدَّرَ. لیپا جانا۔ آلودہ ہونا۔

اِمْتَدَرَ. المَدَرَ: ڈھیلا لینا۔

المَدَر. مص۔ مٹی کا ڈھیلا۔ بغیر ریت کا کیچڑ۔ شہر اور دیہات اس لیے کہ اکثر ان کی عمارتیں مٹی کی ہوتی ہیں۔

المَدَرَة. مٹی کا ایک ڈھیلا۔ مَدَرَةُ الرَّجُلِ: مرد کا گھر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ سَيِّدُ مَدَرَتِهِ: فلاں اپنے شہر کا سردار ہے۔

المَدَرِيّ. شہر کا رہنے والا۔

الاَمْدَر. بڑے پیٹ والا۔ بہت پاخانہ کرنے والا جو روکنے سے عاجز ہو۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا جس کے دونوں پہلو خاک آلود ہوگئے ہوں۔ گرد آلود۔

المَدْرَاء. بڑے پیٹ والی۔ بنو مَدْرَاء شہر والے۔

مَكَانٌ مَدِيْرٌ و مَمْدُوْرٌ. لیپی ہوئی جگہ۔

المَمْدَرَة والمَمْدُرَة. جہاں سے مٹی کے ڈھیلے لئے جائیں۔

اِبِلٌ مُمَدَّرَة. موٹے اونٹ۔

مَدَسَ (ن) مَدْسًا الجِلْدَ و نَحْوَهُ: کھال وغیرہ کو ملنا۔

مَدِشَتْ (س) مَدَشًا عَيْنُهُ: بھوک وغیرہ سے چندھیانا۔ يَدُهُ: ڈھیلے پٹھوں والا اور کم گوشت ہونا۔ صفت اَمْدَش: مؤنث مَدْشَاء ج مُدْش.

مَذَشَ (ن)مَذْشًا. مِنَ الطَّعَام: تھوڑا سا کھانا۔فُلَان مِنَ الْعَطَاءِ: کم کرنا۔
مَذَّشَ وأَمْذَشَ. دینا۔
رَجُلٌ مَذَّاش. الْيَدِ: چور۔
الْمَذْش. س۔ تھوڑا عطیہ۔
الْمَذَش. مص۔ گرمی یا بھوک کی وجہ سے چندھا پن۔ ہاتھ کے پٹھوں کا ڈھیلا پن اور گوشت کی کمی۔ پاؤں کی چٹخن۔ عورت کے پستان میں گوشت کی کمی۔ چہرہ کی سرخی اور سختی۔ بیوقوفی۔ اور کہا جاتا ہے "مَابِه مَذَشٌ او مَابِه مَذَشَةٌ" اس کو کوئی مرض نہیں۔
الْمَذِش. بیوقوف۔
الْمَذْعَة. ناریل کا خول جس میں سے مغز نکال لیا گیا ہو۔
الْمَذْعِيُّ. نسب میں متہم۔
الْمَيْذَع. سمندر کی چھوٹی مچھلیاں۔
مَذَقَ (ن)مَذْقًا. الصَّخْرَةَ: چٹان توڑنا۔
تَمَدَّلَ بِالْمِنْدِيْلِ: سر پر رومال لپیٹنا یا عمامہ باندھنا۔
الْمُذْلُوْج. بازوبند۔مَذْمَذَ. بھاگنا۔
مَدَنَ (ن)مُدُوْنًا بِالْمَكَان: اقامت کرنا (غیر مستعمل فعل ہے)الْمَدِيْنَة: شہر میں آنا۔
مَدَّنَ. الْمَدَائِنَ: شہر آباد کرنا۔
تَمَدَّنَ. شائستہ ومہذب ہونا۔
تَمَدْيَنَ. نازپروردہ ہونا۔
الْمَدِيْنَة. شہر۔ قصبہ۔ ج مُدْن مُدُن و مَدَائِن. الْمَدِيْنَة: مدینہ منورہ جس کا نام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت سے پہلے یثرب تھا۔مَدِيْنَةُ السَّلَام: بغداد۔
الْمَدَائِن. بغداد کے قریب ایک شہر کا نام جس میں کسریٰ کا محل تھا۔ بڑے ہونے کی وجہ سے جمع کا لفظ اطلاق کیا گیا اور نسبت کیلئے مَدَائِنِي.
الْمَدِيْن. شیر۔
الْمَدَان. ایک بت کا نام۔
مَدَهَ (ف)مَدْهًا. تعریف کرنا۔ صفت مادہ۔ ج مُدَّہ.
تَمَدَّهَ الرَّجُلُ: تعریف کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا۔
مَادَى مُمَادَاةً فُلَانًا: مہلت دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُمَادِيْهِ اَحَدٌ" فلاں کا غایت تک کوئی مقابلہ نہیں کرتا۔
اَمْدَى اِمْدَاءً فُلَانًا: مہلت دینا۔الرَّجُلُ: بڑی عمر والا ہونا۔ بہت دودھ پینا۔
تَمَادَى. فِي غَيِّه: دیر تک رہنا اور اصرار کرنا۔فِي الْاَمْرِ: انتہا کو پہنچنا۔بِهَا السَّفَر: سفر کا طویل ہونا۔
الْمَدَى والْمُدْيَة والمِيْدَاء. غایت انتہا۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ مَدَى الْحَيَاةِ و مُدْيَتَها و مِيْدَاءَ ها" یعنی زندگی کی انتہا کو پہنچ گیا و "دَارِي مِيْدَاءَ دَارِه" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "مُدْيَةُ الْقَوْسِ" کمان کا وسط۔
الْمُدْيَة والمَدْيَة والمِدْيَة. بڑی چھری۔ ج مُدًى و مِدًى و مُدْيَات و مُدَيَات.
الْمُدْى. شام و مصر کا ایک پیمانہ جس میں ۱۹ اصاع آتے ہیں۔ ج اَمْدَاء.
الْمَدِيُّ. جوہڑ۔ حوض کا نکلا ہوا پانی جو گندہ ہو گیا ہو۔ ج اَمْدِيَة.
الْاَمْدَى. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَمْدَى الْعَرَبِ" فلاں عربوں میں سے بہت زیادہ معمر ہے۔
مُذْ. دیکھو مُنْذُ.
مَذِجَ (س)مَذَجًا و تَمَذَّجَ الشَّيءُ: وسیع ہونا اور پھولنا۔تَمَذَّجَ الْاِنَاءُ: برتن کا بھرنا۔البِطِّيْخُ: خربوزہ کا پختہ ہونا۔
مَذَّجَ تَمْذِيْجًا الشَّيءَ: وسیع کرنا۔
مَذِحَ (س)مَذَحًا. رگڑ کھانے یا پسینہ آنے سے رانوں یا خصیوں یا سرینوں میں سوزش ہونا۔ صفت اَمْذَح.
تَمَذَّحَ الشَّيءَ: چوسنا۔
الْاَمْذَح. بدبودار۔
الْمَذَح. س۔ جنگلی انار کے پھول کا شہد۔
تَمَذَّخَ الرَّجُلُ: چوسنا۔
الْمَذَخ. جنگلی انار کے پھول کا شہد۔
مَذِرَتْ (س)مَذَرًا. البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔ صفت مَذِرَة. عوام "مَوْذَرَتِ البَيْضَةُ" اور صفت "مُمَوْذِرَة" کہتے ہیں۔
مَذِرَت نَفْسُه او مِعْدَتُهُ: جی متلانا یا معدہ بگڑنا۔الرَّجُلُ: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنا جانا۔
مَذَّرَ الشَّيءَ: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
اَمْذَرَتِ الدَّجَاجَةُ الْبَيْضَةَ: گندا کرنا۔
تَمَذَّرَ. پراگندہ ہونا۔ بکھرنا۔تَمَذَّرَتِ البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔الْمِعْدَةُ: بگڑنا۔النَّفْسُ: جی متلانا۔تَمَذَّرَ اللَّبَنُ: دودھ کا مشکیزہ میں پھٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَ الْقَوْمُ شَذَرَ مَذَرَ" قوم ہر طرف کو بکھر گئی۔
الْمَذِر. گندا۔ بگڑا ہوا۔الْمَرْاَةُ مَذِرَة: گندی عورت۔
الْاَمْذَرَ. پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنے جانے والا۔
الْمِذَار مِنَ النِّسَاءِ: چغل خورن۔
مَذَعَ (ف)مَذْعًا و مَذْعَةً يَمِيْنًا: قسم کھانا۔مَذَعَتِ الْمِيَاهُ: پہاڑ کی چوٹی پر بہنا۔
مَذَعَ لِفُلَان: خبر کا کچھ حصہ بیان کرنا اور کچھ چھپانا۔(مَذْعًا) الضَّرْعَ: تھن کا آدھا دودھ دوہنا۔
تَمَذَّعَ الشَّرَابَ: آہستہ آہستہ پینا۔
الْمَذَّاع. جھوٹا۔ بے وفا۔ ایک جگہ قائم نہ رہنے والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔
مَذَقَ (ن)مَذْقًا اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔فُلَانًا و لِفُلَان: پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔الْوُدَّ: خالص دوستی نہ کرنا۔
اِمْتَذَقَ و اِمَّذَقَ الشَّرَابُ او اللَّبَنُ: شراب یا دودھ کا پانی سے ملنا۔
لَبَنٌ مَذِق و مَذِيْق و مَمْذُوْق. پانی ملا ہوا دودھ۔رَجُلٌ مَذِق: ملول ورنجیدہ مرد۔
الْمَذَّاق. غیر خالص دوستی کرنے والا۔
مَذَلَ (ن)مَذْلًا و مِذَالًا و مَذِلَ (س)

مَذَلًا بِسِرِّهٖ: زچ ہو کر بھید کو ظاہر کر دینا (و مَذُلَت (ک) مَذَالَةً) نَفْسُهٗ بِالشَّیْءِ: فیاضی کرنا۔ جواں مردی کرنا۔ صفت مَذِیْلٌ۔ کہا جاتا ہے "مَذِلَ بِمَالِهٖ و مَذِلَ بِنَفْسِهٖ" اس نے مال یا نفس کی سخاوت کی۔ مَذِلَتْ رِجْلُهٗ: پاؤں کا سن ہونا۔

اَمْذَلَهٗ: تنگ دل کرنا۔ زچ کرنا۔ اَمْذَلَتْ رِجْلُهٗ: پاؤں کا سُن ہونا۔

اِمْذَلَّ اِمْذِلَالًا: سست و ڈھیلا ہونا۔

اِمْذَلَّتْ رِجْلُهٗ: پاؤں کا سُن ہونا۔

المَذْل س: سستی ڈھیلا پن۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَذْلُ الْیَدِ اَوِ النَّفْسِ" فلاں سخی و کریم ہے۔

المِذْل: چھوٹے جسم والا۔

المَذِل والمَذِیْل: بے قرار۔ زچ ہونے والا۔ راز کو ظاہر کر دینے والا۔ مَذِیْل کی جمع مَذْلٰی۔ المَذِل والمَاذِل: وہ شخص جس کا دل کسی چیز سے بھر جائے اور وہ اس کو چھوڑ کر دوسری چیز کی اُمید لگائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَذِلٌ بِمُهْجَتِهٖ" وہ اپنی روح کی سخاوت کرنے والا ہے۔

المِمْذَل: جو بھید کے چھپانے سے زچ ہو جائے۔ بہت بے حس پاؤں والا۔

مَذْ مَذْ مَذْمَذَةً الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔

المَذْمَاذ: بہت چلانے والا۔ باتونی۔ مؤنث مَذْمَاذَة۔

اَلْمِذْمِیْذُ: جھوٹ بولنے والا۔

مَذٰی یَمْذِیْ مَذْیًا و مَذَی الفَرَسَ: گھوڑے کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔

مَذٰی یَمْذِیْ و اَمْذَی الرَّجُلُ: مذی نکلنا۔

اَمْذَی الفَرَسَ: گھوڑے کو چرنے کیلئے چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِمْذِ بِعِنَانِ فَرَسِكَ" یعنی اپنے گھوڑے کی لگام کو چھوڑ دے۔ اَمْذَی الشَّرَابَ: بادہ و پانی ملانا۔

المَذِیُّ: پانی جو حوض کی نالی سے نکلے۔ مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔

المَذِیُّ: حوض میں پانی بہنے کی جگہ والمَذِیُ: مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔

المَاذِیُّ: شہد۔ لوہے کا ہر قسم کا ہتھیار۔

المَاذِیَّة: آسانی سے حلق سے نیچے اُترنے والی شراب۔ نرم یا سفید زرہ۔

المَذْیَه والمِذْیَة: آئینہ۔ ج مِذَاء و مِذْیَات۔

مَرَّ (ن) مَرًّا و مُرُوْرًا و مَمَرًّا: گزرنا۔ جانا مَرَّهٗ و مَرَّ بِهٖ و مَرَّ عَلَیْهِ: گزرنا۔

مَرَّ (ن) مَرًّا۔ البَعِیْرَ: اونٹ کے رسّی باندھنا۔

مُرَّ یُمَرُّ مَرًّا و مِرَّةً۔ بِفُلَانٍ: صفرا کا غلبہ ہونا۔ صفت مَمْرُوْر۔

مَرَّ (س ن) مَرَارَةً: کڑوا ہونا۔

مَرَّرَ الشَّیْءَ: کڑوا کرنا۔ زمین پر پھیلانا۔

اَمَرَّ فُلَانًا بِكَذَا: گزارنا۔ اَلْحَبْلَ: رسّی بٹنا اور اسی سے ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ یُمِرُّ عَلَیْهِ" فلاں اس کے ساتھ لپٹتا رہا تاکہ اسے پٹک دے "و فُلَانٌ ذُو نَقْضٍ و اِمْرَارٍ" یعنی فلاں صاحبِ حل و عقد ہے۔ اَمَرَّ الشَّیْءُ: کڑوا ہونا الشَّیْءَ: کڑوا کرنا۔ اَمَرَّهٗ عَلَی الْجِسْرِ: اس نے اسے پل پر سے گزارا۔ یَدَهٗ عَلَی الشَّیْءِ: ہاتھ پھیرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَمَرَّ فُلَانٌ وَ مَا اَحْلٰی" یعنی فلاں نے نہ کڑوی بات کی نہ میٹھی۔ "وَمَا یُمِرُّ وَمَا یُحْلِیْ" یعنی نہ ضار ہے نہ نافع۔

مَارَّ مِرَارًا و مُمَارَّةً عَلَی الْاَرْضِ: کھینچنا۔ الرَّجُلَ: پچھاڑنے کیلئے لپٹنا۔ ساتھ گزرنا۔

اِمْتَرَّ بِهٖ و عَلَیْهِ: گزرنا۔

تَمَارَّ الْقَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ گزرنا۔

تَمَارَّ مَا بَیْنَهُمْ: ایک دوسرے کے ساتھ بغض و دشمنی رکھنا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا یَتَمَارَّانِ" وہ دونوں کشتی لڑ رہے ہیں۔

اِسْتَمَرَّ: گزرنا۔ جانا۔ ایک حالت پر باقی رہنا۔ ہمیشگی کرنا بِهٖ عَلٰی كَذَا: باقی رکھنا۔ ثابت رکھنا الرَّجُلُ: درست معاملہ ہونا الشَّیْءَ: کڑوا پانا بِالشَّیْءِ: حملہ کرنے میں قوی ہونا۔

المَرّ س: رسّی۔ پھاوڑی۔

المُرّ: کڑوا۔ ایک قسم کی دوا جو ایک درخت سے نکل کر جم جاتی ہے جس کا مزا کڑوا ہوتا ہے اور بو اچھی ہوتی ہے۔ مُرُّ الصَّحَارٰی: اندرائن۔

المَرَّة: ایک بار۔ ج مَرٌّ و مِرَارٌ و مِرَرٌ و مُرُوْرٌ و مَرَّات۔

المِرَّة س: وہ حالت کہ جس پر کوئی چیز ہمیشہ رہے۔ رسّی کی لڑی۔ جسم کی توانائی۔ ذہانت۔ ج مِرَر۔ جج اَمْرَار۔ صفرا یا سودا۔ ج مِرَار۔

المِرَّة: بٹنا۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ شَدِیْدُ الْمِرَّةِ" مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ ذو مرة لقب حضرت جبرئیل کا۔

المُرَّة: المُرّ کا مؤنث۔ کڑوی۔ ج مَرَائِر۔ بہت بخیل۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج مُرٌّ و اَمْرَار۔ اَبُوْ مُرَّةَ: کنیت ابلیس عَلَیْهِ اللَّعن۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنْهُ الْمُرَّتَیْنِ" شر کو اور بڑے امر کو۔

المَرَارَة: پتہ۔ ج مَرَائِر و مَرَارَات: تلخی۔

المُرَیْرَاء: ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے اور پھینک دیا جاتا ہے۔ نازک اندام لڑکی۔

المَارُوْرَة: نازک اندام لڑکی۔ ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے۔

المُرِّیُّ: سالن۔ چٹنی۔ ایک قسم کی دوا۔

المُرَار: ایک درخت ہے جس کو عوام المُرَیر کہتے ہیں اونٹ جب اس کو کھاتا ہے تو اس کے ہونٹ سکڑ جاتے ہیں اور دانت نکل آتے ہیں۔

المَرِیْر والمَرِیْرَة: پختہ ارادہ مِنَ الْحِبَالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ اَمْرٌ مَرِیْرٌ: مضبوط معاملہ رَجُلٌ مَرِیْرٌ: قوی پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَمَرَّ مَرِیْرٌ" یعنی ضعف کے بعد قوی ہو گیا۔

"وَاسْتَمَرَّتْ مَرِیْرَتُهٗ عَلٰی كَذَا" جبکہ کوئی شخص کسی چیز کا عادی ہو جائے۔

الْمَرِيْرَةُ: عزت نفس۔ رسّی کی لڑی۔ ج مَرَائِر۔

الْاَمَرُّ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے ”فُلَانٌ اَمَرُّ عَقْدًا مِنْ فُلَانٍ“ یعنی فلاں فلاں سے زیادہ عہد کا پابند ہے۔ مؤنث مَرّیٰ۔ الْاَمَرُّ: گوبر جمع ہونے کی آنتیں (اور یہ اسم جمع ہے)

الْاَمَرَّانِ: فقر اور بڑھاپا یا انہیں کے مانند۔ کہا جاتا ہے ”لَقِیَ مِنْهُ الْاَمَرَّیْنِ“ یعنی اس نے اس سے سختی اور تلخی دیکھی۔

الْمَمَرُّ: س۔ گزرگاہ۔

الْمُمَرُّ: مع۔ بہت مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔

قِرْبَةٌ مَمْرُوْرَةٌ: بھری ہوئی مشک۔

مَرَأَ و مَرِئَ (س) و مَرُؤَ (ک) مَرَاءَةً الطَّعَامُ: خوشگوار ہونا۔ اور ”هَنَانِیْ و مَرَانِی الطَّعَامُ“ اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے اور اگر بغیر ہنانی کے کہنا ہو تو اَمْرَأَنِی باب افعال سے کہا جائے گا۔

مَرَأَ (ف) مَرْءًا۔ الرَّجُلُ: کھانا۔ (وامْرَأَ) الطَّعَامُ فُلَانًا: نافع و مفید ہونا۔

مَرِئَ (س) مَرْءًا: بول چال یا ہیئت میں عورت کی مانند ہونا۔

مَرُؤَ (ک) مُرُوْئَةً: صاحب مروت ہونا۔

(مَرَاءَةٌ) الْمَكَانُ: اچھی ہوا کا ہونا۔

مَرَّأَهٗ: کسی کو هَنِیْئًا مَرِیْئًا کہنا۔

تَمَرَّأَ: بتکلف مروت کرنا۔ صاحب مروت ہونا۔ کہا جاتا ہے ”فُلَانٌ یَتَمَرَّأُ بِنَا“ فلاں ہمارے عیب یا نقصان کے ذریعہ نخوت چاہتا ہے۔

اِسْتَمْرَأَ الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔ خوشگوار پانا۔

الْمَرْءُ مثلثة المیم: مرد۔ ج رجال (من غیر لفظہ) اور مَرْؤُوْن بھی سنا گیا ہے۔ اور نسبت کیلئے مَرْئِیٌّ مؤنث مَرْأَةٌ و مَرَةٌ۔

اُمْرُؤٌ: مرد۔ ہمزہ وصل کے ساتھ اور را کی حرکت آخر کی حرکت کے مطابق ہوتی ہے۔ تم کہو گے جَاءَ اُمْرُؤٌ رَاَیْتُ اُمْرَأً مَرَرْتُ بِاُمْرِئٍ اور ہر حالت میں ضمہ و فتحہ بھی جائز ہے۔ مؤنث اِمْرَأَةٌ ج نِسَاءٌ و نِسْوَةٌ (من غیر لفظها) اور جب تصغیر بنائیں گے تو ہمزہ وصل ساقط ہو جائے گا۔ کہا جائے گا مُرَیْءٌ و مُرَیْئَةٌ۔ اور اَمْرِیٌّ پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور اِمْرَأَةٌ پر داخل ہونا نادر ہے۔ الْمَرْأَةُ۔ مَرَأَ کا اسم مرۃ۔ مَرِیُٔ الطَّعَامِ کا اسم۔

الْمُرُوْئَةُ: نخوت۔ کامل مردانگی۔ مصباح میں ہے کہ مُرُوْئَةٌ ان آداب نفسانیہ کو کہتے ہیں جو انسان کو اخلاق حسنہ اور آداب جمیلہ پر برانگیختہ کریں اور کبھی ہمزہ کو واؤ سے بدل کر ادغام کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں مُرُوَّةٌ۔

الْمَرِیُٔ: زخرہ۔ ج مُرُوٌّ و اَمْرِئَةٌ صاحب مروت۔ کہا جاتا ہے ”طَعَامٌ مَرِیٌٔ“ خوشگوار کھانا۔ و کَلَأٌ مَرِیٌٔ بدہضمی نہ کرنے والی گھاس۔ و ”هَنِیْئًا مَرِیْئًا“ کھانے پینے والے کیلئے دعا ہے۔ یعنی رچتا پچتا کھاؤ۔

الْمَرِیْئَةُ مَرِیٌٔ کا مؤنث۔ اَرْضٌ مَرِیْئَةٌ: اچھی ہوا والی زمین

مَرَتَ (ض) مَرْتًا۔ الشَّیْءَ: نرم و چمکدار کرنا۔

الْمَرْتُ: س۔ (والمَرُوْتُ) جنگل جس میں سبزی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے اَرْضٌ مَرْتٌ: زمین سبزی سے خالی۔ ج اَمْرَاتٌ و مُرُوْتٌ و اَمَارِیْتُ رَجُلٌ مَرْتٌ: مرد جس کی ابروؤں پر بال نہ ہوں۔ مَرْتُ الْجَسَدِ: وہ شخص جس کے جسم پر بال نہ ہوں غُلَامٌ مَرْتُ الْعِذَارِ: لڑکا جس کی مسیں نہ بھیگی ہوں۔ اَرْضٌ مَمْرُوْتَةٌ: زمین سبزی سے خالی۔

الْمُرُوْتَةُ۔ الْمَرْتُ کا اسم۔ زمین کا سوکھا پن۔

مَرَثَ (ن ض) مَرْثًا الشَّیْءَ: نرم کرنا الصَّبِیُّ اِصْبَعَهٗ: بچے کا انگلی چبانا۔ ثَدْیَ اُمِّهٖ: چوسنا۔ الرَّجُلُ الرَّجُلَ: مارنا الدَّوَاءَ فِی الْمَاءِ: دوا بھگونا۔ مَرَثَ التَّمْرَ بِیَدِهٖ فِی الْمَاءِ: بھگونا۔ اور ریزہ ریزہ ہونے کے لیے ہلانا۔

مَرِثَ (س) مَرَثًا عَلَی الْخِصَامِ: صابر و بردبار ہونا۔ صفت مَرِثٌ و مِمْرَثٌ۔ ج مَمَارِثُ۔

مَرْثُ الثَّرِیْدِ: ثرید کو ریزہ ریزہ کرنا۔

مَرِجَ (س) مَرَجًا الْاَمْرُ والْعَهْدُ والْاَمَانَةُ و الدِّیْنُ: خراب ہونا۔ فاسد ہونا الْخَاتَمُ فِی الْاِصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔

مَرَجَ (ن) مَرْجًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کیلئے چھوڑنا۔ مَرَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چراگاہ میں چرنا۔ کہا جاتا ہے ”مَرَجَ لِسَانَهٗ فِی اَعْرَاضِ النَّاسِ“ اس نے لوگوں کی مذمت اور غیبت میں زبان چلائی۔ مَرَجَ الْكَذِبَ: جھوٹ میں ملوث ہونا۔ السُّلْطَانُ رَعِیَّتَهٗ: فساد کرنے دینا۔ مَرَجَ الْاَمْرَ: ضائع کرنا۔ مضبوط نہ کرنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔

اَمْرَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو آزادی سے چرنے دینا۔ الشَّیْءَ: ملانا۔ الْعَهْدَ: پورا نہ کرنا۔

اَمْرَجَتِ النَّاقَةُ: جنین کو خون بستہ ہو جانے کے بعد گرا دینا۔

الْمَرْجُ: س۔ چراگاہ۔ ج مُرُوْجٌ۔

الْمَارِجُ: فا۔ بہت بھڑکنے والا شعلہ۔ بے دھوئیں کا انگارہ۔

الْمَرَّاجُ: باتوں میں زیادتی کرنے والا اور جھوٹ بولنے والا۔

الْمَرْجَانُ: چھوٹے موتی۔ واحد مَرْجَانَةٌ مونگا۔

الْمَرِیْجُ: سفید چھوٹی ہڈی جو سینگوں کے درمیان ہوتی ہے۔ ج اَمْرِجَةٌ۔ اَمْرٌ مَرِیْجٌ: گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ۔ سَهْمٌ مَرِیْجٌ: ہلتا ہوا تیر۔ غُصْنٌ مَرِیْجٌ: شاخوں میں گھسی ہوئی شاخ۔

الْمِمْرَاجُ: وہ شخص جس کے امور مستحکم نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے ”نَاقَةٌ مِمْرَاجٌ“ وہ اونٹنی جس کو جنین گرا دینے کی عادت ہو گئی ہو۔

مَرِحَ (س) مَرَحًا و مَرَحَانًا الزَّرْعُ:

کھیتی میں خوشہ نکلنا السَّحابُ : بادل کا برسانا۔ مَرِحَتْ عَيْنُه: آنکھ کا خراب ہونا اور پانی بہنا العَيْنُ بمائِها و قَذاها: آنکھ کا پانی بہانا۔ مَرِحَ الرَّجُلُ: بہت زیادہ خوش ہونا۔ اِترانا۔ ناز سے چلنا۔ صفت مَرِحٌ ج مَرْحٰی و مَراحٰی۔ و مِرِّيحٌ ج مِرِّيحُوْن. کہا جاتا ہے "لَا تَمْرَحْ بِعِرْضِكَ" اپنی آبرو کے درپے نہ ہو۔

مَرَّحَ الجلدَ: کھال پر تیل ملنا المزادَةَ الجَدِيْدَةَ: پانی بھر دینا تاکہ درز بند ہو جائے۔ البُرَّ: گیہوں صاف کرنا المُهْرَ: بچھیرے کو سدھانا الرَّجُلُ: بڑی جنگ میں شامل ہونا۔

اَمْرَحَ. اترانے پر برانگیختہ کرنا۔ اَمْرَحَ الكَلَأُ الفرسَ: نشاط میں ڈالنا۔

المِراح. نشاط و شادمانی۔ اتراہٹ۔ خرام ناز۔

مَرْحٰی. کلمہ تعجب ہے جو تیر انداز کے لیے کہا جاتا ہے جب کہ تیر نشانہ پر لگے۔ اور اسی کے مانند ہے "مَرْحَيًا"

المَرْحٰی بڑی لڑائی (مادہ ر ح ی سے)

المِرْحَة. مرح کا اسم نوع۔ خشک انگور کا ڈھیر۔

المَرُوح. شراب۔ چست و چالاک گھوڑا۔ قَوْسٌ مَرُوْحٌ اچھے طریقہ سے تیر پھینکنے والی کمان۔

المِمْرَح والمِمْراح. چست۔ خوش و خرم۔ المِمْراح. بہت آنسوؤں والی آنکھ۔ بہت جلد اگانے والی زمین۔

المُمَرَّح. مف۔ كَرْمٌ مُمَرَّحٌ: ٹٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔

التِمْراحَة. بہت خوش و خرم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ تِلْعابَة تِمْراحَة" وہ بہت کھلاڑی اور بہت خوش و خرم ہے۔

مَرْحَبَ فُلانًا و بِه: مرحبا کہنا۔ خوش آمدید کہنا اللهُ فُلانًا: وسعت و گنجائش میں رکھنا ہ: وسعت کی طرف بلانا۔

مَرَخَ (ف) مَرْخًا. مذاق کرنا جَسَدَهٗ بِالدُّهْنِ: جسم پر تیل ملنا۔

مَرِخَ (س) مَرَخًا. العُرْفُجُ: طویل شاخ اور اچھے پتوں والا ہونا۔ صفت مَرِخٌ.

مَرَّخَه. تیل ملنا۔ مَرَّخ و اَمْرَخَ. العَجِيْنَ: خمیر کو پانی ملا کر ڈھیلا کرنا۔

تَمَرَّخَ بِالدُّهْنِ: اپنے آپ کو تیل ملنا۔

□ المَرْخ. س. ایک قسم کا درخت جو جلدی آگ پکڑ لیتا ہے۔

المَرُوْخ. مالش کرنے کی چیز۔

المَارِخ. فا۔ مَاءٌ مَارِخٌ: بہتا ہوا پانی۔ رَجُلٌ مَارِخٌ پانی بہانے والا امرد۔

المِرَخ والمِرِّيخ. بہت تیل لگانے والا بیوقوف مِنَ الشَّجَرِ: نرم و پتلا۔ المِرِّيخ: سبعہ سیارہ میں سے ایک ستارہ کا نام جس کو ہندی میں منگل اور فارسی میں جلاد فلک کہتے ہیں۔

المُرْخَة. کچی کھجور۔ ج مُرَخ

المَرِّخ. دم۔ پونچھ۔

المَرِيْخ. سینگ کے اندر چھوٹا سینگ۔ ج اَمْرِخَة.

ثَوْرٌ اَمْرَخ. سپید سرخ داغ والا بیل۔

المَرْخاء. چست تیز چلنے والی اونٹنی۔

مَرَدَ (ن) مُرُوْدًا و مَرُدَ (ک) مَرَادَةً و مُرُوْدَةً. سرکشی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ ہمسروں سے سبقت لے جانا۔ مَرَدَ عَلَى النِّفاقِ و نَحْوِهٖ: نفاق وغیرہ پر مداومت کرنا۔

مَرَدَ (ن) مَرْدًا الشَّيْءَ: نرم کرنا اور صاف کرنا۔ کاٹنا۔ فُلانًا: ہتک عزت کرنا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: ہاتھوں سے ملنا المَلَّاحُ السَّفِيْنَةَ: کشتی کو چپو سے چلانا الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پانی میں ملنا الغُصْنَ: ٹہنی کی چھال چھڑانا۔

مَرِدَ (س) مَرَدًا و مُرُوْدَةً. الغُلامُ: لڑکے کا دیر تک بے داڑھی کے رہنا الرَّجُلُ: دودھ میں بھیگی ہوئی کھجور کھانے کی مداومت کرنا۔

مَرَّدَ تَمْرِيْدًا و تَمْرادًا الغُصْنَ: ٹہنی سے پتے جھاڑ دینا البِنَاءَ: عمارت کو ہموار و چکنا کرنا۔ لمبی کرنا لِلْحَمَامِ تَمْرادًا: کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے بنانا۔

تَمَرَّدَ. مدت تک بے داڑھی کے رہنا۔ نافرمانی کرنا۔ عَلَى النَّاسِ. سرکشی کرنا الرَّجُلُ: ہمسروں سے بڑھ جانا۔ تکبر کرنا۔ سرکشوں کے پاس آنا۔

المَراد و المَرَّاد. گردن۔ ج مَرَادِيْد.

المَرْد. پیلو کا تازہ پھل۔

المُرْدِيّ. کشتی چلانے کا چپو۔ ج مَرادِيّ.

المارِد. فا۔ سرکش۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "بِنَاءٌ مارِدٌ" بلند عمارت (اور یہ مجاز ہے) ج مَرَدَة و مارِدُوْن و مُرَّاد.

المِرِّيْد. سخت سرکش۔ بڑا شریر۔ ج مُرَدَاء

المَرِيْد. دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور۔

الاَمْرَد. بے داڑھی کا جوان۔ فَرَسٌ اَمْرَدُ: گھوڑا جس کے کھر کے اردگرد بال نہ ہوں۔ مؤنث مَرْدَاءُ ج مُرْدٌ۔ کہا جاتا ہے "مُرْدٌ عَلَى جُرْدٍ" کم بال والے گھوڑوں پر بے داڑھی مونچھ کے جوان۔

المَرْداء. بے پتوں کا درخت۔ بنجر ریگستان۔ بنجر زمین۔ ج مَرادٍ.

التِمْراد. کبوتروں کی کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے۔ ج تَمارِيْد.

المِرِّيْد. سخت سرکش۔

المَرْدَقُوْش. دونا مروا۔ زعفران۔

مَرَذَ (ن) مَرْذًا. الخُبْزَ: روٹی کو نرم کرنے کے لیے ملنا۔

مَرَزَ (ن) مَرْزًا. کاٹنا۔ آہستہ آہستہ چٹکی لینا جس میں تکلیف نہ ہو اور جب تکلیف ہو تو اسے قرص کہتے ہیں الرَّجُلَ: عیب لگانا۔ ہاتھ سے مارنا الشَّيْءَ: ٹکڑا کرنا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: بچے کا دودھ پیتے ہوئے پستان پر ہاتھ مارنا۔

مَارَزَهٗ مُمَارَزَةً. مشق کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔

اِمْتَرَزَ. عِرْضَهٗ: عیب لگانا شَرِيْكَهٗ: شریک کے مال کو اپنے مال سے جدا کرنا مِنْ

مَالِهِ مَرْزَةٌ: کچھ لے لینا۔
الْمُرْزَةُ والمِرْزَةُ. حصہ۔ ٹکڑا۔
المُرْزَتَان. لو سے اوپر ابھرا حصہ۔
المُرْزَةُ. ایک شکاری پرندہ جس کو عُقَیب بھی کہتے ہیں۔
عِرْضٌ مَرِیزٌ. آبرو جس کی بے عزتی ہوئی ہو۔
المَرْزُبَانُ عِنْدَ الفُرْسِ: رئیس۔ سردار۔ چودھری ج مَرَازِبَة. والمَرْزُبَةُ عِنْدَهُمْ: سرداری۔
المَرْزَنْجُوش. دونا مروا۔
مَرَسَ (ن) مَرْسًا الدَّوَاءَ: پانی میں بھگونا اور ملنا الصَّبِیُّ اِصْبَعَهٗ: بچے کا انگلی کو منہ میں ڈال کے چوسنا یَدَهٗ بِالمِنْدِیْلِ: رومال سے پونچھنا حَبْلُ البَکَرَةِ: چرخی سے اُتر کر ایک جانب ہو جانا۔
مَرِسَتْ (س) مَرَسًا البَکَرَةُ: رسّی کا چرخی اور اِدھر اُدھر کی لکڑی کے درمیان پھنس جانا۔ کہا جاتا ہے "مَرِسَتْ حِبَالُهٗ" یعنی اس کے امور گڑبڑ ہو گئے۔ مَرِسَ الرَّجُلُ: کاموں میں بہت مشغولیت والا ہونا۔
مَارَسَ مِرَاسًا و مُمَارَسَةً الاَمْرَ: مشق نا۔ محنت کرنا۔ ہیشگی کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔ کو کسی کام میں لگانا۔
اَمْرَسَ. حَبْلَ البَکَرَةِ: چرخی پر رسّی کو دوبارہ چڑھانا۔
تَمَرَّسَ و اِمْتَرَسَ بِالشَّیْءِ: رگڑنا۔ تَمَرَّسَ بِالطِّیْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا بِالرَّجُلِ: برائی کے درپے ہونا بِدِیْنِهٖ: دین سے کھیلنا۔ بِالشَّیْءِ: مارنا بِالنَّوَائِبِ وَالخُصُوْمَاتِ: حوادث اور جھگڑوں کا عادی ہونا۔ اِمْتَرَسَ الخُطَبَاءُ وَالاَلْسُنُ فِی الخُصُوْمَةِ: خصومت میں اپنی بات پر اڑے رہنا۔
تَمَارَسَ القَوْمُ فِی الحَرْبِ: باہم جنگ و پیکار کرنا۔
المَرْسُ. س۔ لگاتار چال۔
المَرِسُ. کاموں میں زیادہ مشغولیت رکھنے والا۔ جنگ آزمودہ۔ رسّی جو چرخی سے علیحدہ ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی مَرِسٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی اخلاق کے ہیں۔ ج اَمْرَاس.
المَرَسَةُ. رسّی۔ ج مَرَس و جج اَمْرَاس.
اَمْرَاسُ المَرْکَبِ: سواری کی رسیاں۔
المِرَاسُ والمَرَاسَةُ. طاقت۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَهْلُ المِرَاسِ" وہ نرم مزاج ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں صَعْبُ المِرَاسِ کہا جاتا ہے۔
المُمَرَّسُ. مضبوط۔ طاقتور۔ کہا جاتا ہے "لَیْلَةٌ مُمَرَّسَةٌ" سخت اور تھکا دینے والی رات۔
المَرُوْسُ. چرخی جس سے رسّی ایک طرف کو گر گئی ہو۔
المَرِیْسُ. پانی میں بھگوئی ہوئی کھجوریں وغیرہ۔
المَارَسْتَانُ والمَارِسْتَانُ. شفاخانہ ج مَارِسْتَانَات. (دخیل)
مَرَشَ (ن) مَرْشًا وَجْهَهٗ: چہرہ نوچنا۔ کھرچنا۔ منہ سے کاٹنا۔ چٹکی لینا۔ ہٗ: کلام سے ایذا پہنچانا۔ مَرَشَ المَاءُ: پانی بہنا۔
اِمْتَرَشَ الشَّیْءَ: کھینچنا۔ اُچک لینا لِعِیَالِهٖ: کمائی کرنا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
المَرْسَنْكُ جلا ہوا سکہ۔ وہ بہت بھاری ہوتا ہے۔ ضرب مثل ہے۔ فلاں سکہ سے زیادہ بھاری ہے۔
المَرْشُ. س۔ بارش سے صاف شدہ زمین۔ وہ زمین جو تھوڑی سی بارش میں بہہ نکلے۔ ج مُرُوْش و اَمْرَاش. المَرْشُ: پہاڑ کا پست حصہ۔
الاَمْرَشُ. بہت شریر۔ مؤنث مَرْشَاءُ ج مُرْشٌ. المَرْشَاءُ. ہر پاگل کٹ کھنا جانور۔ مختلف قسم کی گھاسوں والی زمین۔
المَرَّاشُ. بہت کماؤ۔
التَّمْرِیْشُ. تھوڑی بارش۔
مَرَصَ (ن) مَرْصًا الثَّدْیَ و نَحْوَهٗ: پستان کو انگلیوں سے دبانا۔
مَرَصَ (ن) مَرْصًا الرَّجُلُ: سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَمَرَّصَ القِشْرُ عَنِ الشَّعِیْرِ و نَحْوِهٖ: جو وغیرہ سے چھلکا اُتر جانا۔
المَرُوْصُ. تیز رفتار اونٹنی۔
مَرِضَ (س) مَرَضًا و مَرْضًا. بیمار ہونا۔ صفت مَرِضٌ و مَرِیْضٌ و مَارِضٌ.
مَرَّضَهٗ. علاج کرنا۔ تیمار داری کرنا۔ مریض کر دینا۔ مَرَّضَ فِی الاَمْرِ: کاہل ہونا۔ کمزور ہونا۔ مضبوطی سے نہ کرنا۔ البُرَّ: گیہوں بکھیرنا۔
اَمْرَضَ. مریض ہونا۔ اللّٰهُ فُلَانًا: مریض بنانا ہٗ: مریض پانا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُ زَیْدًا فَاَمْرَضْتُهٗ" میں زید کے پاس آیا تو میں نے اس کو مریض پایا اجفانه: پلکوں کو پست کرنا الرَّجُلُ: حاجت برآری کے قریب ہونا۔ القَوْمُ: مریض چوپائے والے ہونا۔
تَمَرَّضَ. کام میں □ کمزور ہونا۔
تَمَارَضَ. بتکلف مریض بنا فِی اَمْرِهٖ: کمزور ہونا۔
المَرَضُ والمَرْضُ. بیماری ج اَمْرَاض. کہا جاتا ہے "بِهٖ مَرْضَةٌ شَدِیْدَةٌ" یعنی اسے سخت مرض ہے۔
المَرِیْضُ. ج مَرْضٰی والمَرِضُ ج مِرَاض بیمار. قَلْبٌ مَرِیْضٌ: کمزور دین والا۔ رَأْیٌ مَرِیْضٌ: کمزور رائے۔ عَیْنٌ مَرِیْضَةٌ: کمزور آنکھ۔ رِیْحٌ مَرِیْضَةٌ: سست ہوا۔ لَیْلَةٌ مَرِیْضَةٌ: رات جس میں ستارے دکھائی نہ دیں۔ اَرْضٌ مَرِیْضَةٌ: تنگ زمین۔ چٹیل زمین۔ بہت فتنہ فساد جنگ و جدال والی زمین۔ شَمْسٌ مَرِیْضَةٌ: بادل وغیرہ کی وجہ سے اچھی طرح سے روشنی نہ دینے والا آفتاب۔ مَرِیْضَةٌ کی جمع مِرَاض و مَرْضٰی.
المِمْرَاضُ. بہت بیماری والا۔
المَمْرُوْضُ والمُتَمَرِّضُ. بیمار۔
مَرَطَ (ن) مَرْطًا و مَرَّطَ. الشَّعْرَ او

الرِّيشَ بال یا پر نوچنا الشّیَ جمع کرنا
بسلجه الخانه کرنا۔ مرطت المرأةُ
بولدها جننا (مرطا و مروطا) الرجلُ:
جلدی کرنا فلانا ٹھکانا دینا۔ مرط الثوبَ:
آستینوں کو چھوٹا کر کے چادر کی مانند بنانا۔
مرِط(س) مرطاکم بالوں والا ہونا۔
امرط الشعرُ بال کا نوچنے کے قابل ہونا۔
امرطت النخلةُ درخت خرما سے کچی
کھجوریں گرانا الناقةُ اونٹنی کا چلنے میں تیز
ہونا۔
مارطه ممارطةً ایک دوسرے کے بال
نوچنا۔
تمرّط و امرط و انمرط الشعرُ بال
گرنا۔ تمرط السهمُ تیر کا پر سے خالی ہونا۔
امترط الشیَ اچک لینا۔
المِرط ہر بے سلا ہوا کپڑا۔ اون یا ریشم کی
چادر۔ ج مُروط۔
الامرط کم بال والا۔ بھیڑیا جس کے بال
نچے ہوئے ہوں۔ چور۔ مؤنث مرطاء ج
مُرط شجرة مرطاء بے پتوں کا درخت۔
سهم مریط و مراط و امرط بے پر کا
تیر۔
الأمرط من السهام بے پر کا تیر۔ کہا جاتا
ہے "سهم مُرُط" ج امراط و مراط۔
المراطة جو بال نوچنے یا کنگھی کرنے میں
گرے۔ المُروط تیز رفتاری۔ فرس
مرطی تیز رفتار گھوڑا۔
السمرطة من النوق تیز رفتار اونٹنی۔ ج
ممارط۔
المُریطی حلق کا کوا۔
المُریطاء ناف یا سینہ اور پیڑو کے درمیان
بغل۔ داڑھی بچہ کے گرداگرد۔
مرع(ف) مرعا راسه بالدهن سر پر
تیل ملنا شعره بال میں کنگھی کرنا۔
مرِع(س) مرعا و مرُع(ک) مراعة
المکانُ سر سبز ہونا الرجلُ خوش حال ہونا
مرع(س) مرعا الرجلُ سبزہ زار میں
پہنچنا۔
امرع المکانُ سرسبز ہونا راسه بالدهن
خوب تیل ملنا القومُ سرسبز جگہ پانا۔
تمرّع جلدی کرنا۔ گھاس طلب کرنا۔
انمرع فی البلاد جانا۔ سیر کرنا۔
المَرع گھاس۔ ج امرع و امراع۔
مکانٌ مَرِعٌ سبزہ زار جگہ۔ رجلٌ مَرِعٌ:
سبزہ زار ڈھونڈنے والا مرد۔
المُرعة والمِراع چربی۔
المُرعة والمُرَعة ایک پرندہ تیر کے
مانند۔ ج مُرع و مِرعان۔
مکانٌ مریعٌ سبزہ زار جگہ۔ ج امراع و
امرُع کہا جاتا ہے "فلان مریع الجناب"
فلاں بہت سخی و فیاض ہے۔
الأمروعة سبزہ زار زمین۔ ج اماریع۔
المِمراع سبزہ زار۔
مماریع الارض عمدہ زمینیں (اس کا واحد
نہیں)
المِرعَزّ والمِرعِزی والمَرعِزّی
والمِرعِزاء والمَرعِزاء بکری کے بالوں
کے نیچے کا رواں۔ نرم اون۔
مرغ(ف) مرغا الحیوانُ العشبَ:
چارہ چرنا فی العشب چرنے کیلئے ٹھہرنا
البعیرُ اونٹ کا جھاگ ڈالنا۔
مرِغ(س) مرغا عرضُه عزت پر دھبہ
لگنا۔
مرّغه تمریغا و تمراغا فی التراب:
مٹی میں لوٹانا۔ مرّغ العرض آبرو کو داغ
دار کرنا راسه خوب تیل لگانا۔
مارغه فریب دینا ہ فی التراب مٹی میں
چپکانا۔
امرغ سونے میں رال بہنا۔ بہت بکواس کرنا
العجینَ گندھے ہوئے آٹے کو پانی بڑھا کر
نرم کرنا عرضه آبرو کو داغ دار کرنا۔
تمرّغ فی التراب مٹی میں لوٹنا فی
الامر تردد کرنا علی فلان دیر لگانا۔
الحیوانُ جانور کا جھاگ نکالنا۔ تمرّغت
السائمةُ چوپایہ کا دیر تک کسی جگہ میں چرنا
الرجلُ برائی سے دور رہنا۔ بدن کو چمکیلا اور
نرم کرنا۔ درد کی وجہ سے تلملانا فی النعیم:
نعمت میں لوٹ پوٹ ہونا۔
المَرغ س۔ لعاب۔ باغ۔ تیل کی خوب
مالش۔
المارغ فا۔ بیوقوف۔
المرِغ من الشعر بہت تیل جذب کرنے
والے بال۔ المَراغ والمراغة
والمُتمرَّغ جانور کے لوٹنے کی جگہ۔
المرغة مرغ کا اسم مرة۔ باغ۔
الامرغ افعال رذیلہ میں آلودہ۔ مؤنث
مَرغاء ج مُرغ۔
المَمرغة ایک آنت کا نام جس کو اعور بھی
کہتے ہیں۔
مرق(ن) مروقا السهمُ من الرمیة:
تیر کا شکار کو چھید کے پار ہو جانا من الدین:
گمراہی یا بدعت کی وجہ سے دین سے نکل جانا۔
مرق(ن ض) مرقا القدرَ شوربا زیادہ کرنا
الجلدَ کھال سے اون اکھیڑنا ہ بالرمح نیزہ
مارنا الطائرُ پرندہ کا بیٹ کرنا۔
مرِقت(س) مرقا البیضةُ انڈے کا گندا
ہو کر پانی بننا النخلةُ درخت خرما سے زیادتی
کی وجہ سے پھلوں کا گر جانا۔
امرق القدرَ شوربا زیادہ کرنا الجلدُ اون
اکھیڑے کے قابل ہونا النخلةُ زیادتی کی وجہ
سے پھلوں کا گرنا۔ اسم المَرق ہے۔
مرّق گانا القدرَ شوربا زیادہ کرنا۔
تمرّق الشعرُ بال اکھیڑ اجانا۔ مرض وغیرہ
کی وجہ سے بال جھڑ جانا الثوبُ کپڑے کا
عصفر سے رنگا جانا۔
انمرق و امّرق السهمُ چھید کر پار ہونا۔
الشعرُ بال گرنا۔
امترق الشیَ جلدی سے گزر جانا۔
السیفَ من غمده تلوار کو میان سے
سونتنا۔
المرق س۔ دھنکی ہوئی اون۔ بدبودار اون یا

کھال۔ خوشہ کے خار۔ ج اَمْرَاق. کہا جاتا ہے "اَصَابَهُ ذٰلِكَ فِيْ مَرْقِكَ" یعنی یہ مصیبت اس کو تمہاری وجہ سے یا تمہارے جرم کی وجہ سے لاحق ہوئی۔

المِرْق. بدبودار اون یا کھال۔

المَرق والمَرقَة. شوربا۔

المُرَاقَة. اکھیڑی ہوئی اُون۔ تھوڑی سی اکھیڑی ہوئی گھاس۔

المَارِق. دین سے نکل جانے والا۔ ج مَارِقُوْنَ و مُرَّاق. المَارِق: چھید کر کے پار ہو جانے والا۔

المَارِقَة. المارق کا مؤنث۔ خوارج۔

المُرَّيْق والمُرِّيْق. عصفر۔ ثَوْبٌ مُتَمَرِّق: عصفر سے رنگا ہوا کپڑا۔

المَمْرَق. نکلنے کی جگہ۔ روشن دان۔

لَحْمٌ مُمَرَّق. بہت چکنا گوشت۔

المُمَرِّق: گویا۔ (گانے والا)

مَرْمَرَ. غضبناک ہونا الماءَ: سطح زمین پر پانی بہانا۔

مَرَكَ و مَرَّكَ: سامان تجارت پر نشان فارق لگانا۔

اَلْفَارِكَة: سامان پر نشان فارق۔

تَمَرْمَرَ الرَّمْلُ: ریت کا موج مارنا الجسمُ: جسم کا تھلتھلانا علٰی اَصْحَابِهٖ: امیر ہونا۔

المَرْمَر. سنگ مرمر۔ واحد مَرْمَرَة (و المِرْمَار) بہت رس والا انار۔ نازک بدن تھلتھلانے والا۔

مُرْمُرْ: کڑوا ہونا المرمار: زیادہ پانی والا انار۔

المُرَامِر. باطل۔ نازک بدن۔ تھلتھلانے والا۔

المَرْمَرَة. س۔ بہت بارش۔

المَرْمَرِيْس. چکنا۔ سخت۔ مصیبت۔ لمبی گردن۔

المِرْمِيْس. گینڈا۔

مَرَنَ (ن) مُرُوْنَةً و مُرُوْنًا و مَرَانَةً تھوڑی سختی کے ساتھ نرم ہونا یَدُهٗ عَلَی الْعَمَلِ و وَجْهُهٗ عَلَی الْاَمْرِ: سخت ہونا (مُرُوْنًا و مَرَانَةً) عَلَی الشَّيْءِ: عادی ہونا۔

مَرَنَ (ن) مَرْنًا الْجِلْدَ: کھال کو نرم کرنا۔ مِنْ عَدُوِّهٖ: دشمن سے بھاگنا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

مَرَّنَ الشَّيْءَ: نرم کرنا فُلَانًا عَلَی الْاَمْرِ: عادی بنانا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

تَمَرَّنَ. بتکلف دانا و زیرک بننا۔ مہربان ہونا عَلَی الشَّيْءِ: عادی ہونا۔

تَمَارَنَتِ النَّاقَةُ: دودھ دینے سے رک جانا۔

المَرْن. س۔ ایک قسم کا کپڑا۔ نرم کھال۔ لباس ز پوستین۔ عطیہ۔ جانب۔ ج اَمْرَان.

مَرْنَا الْاَنْفِ: ناک کے دونوں جانب۔

المَرَن. مچان جس پر باغبان سوتا ہے۔

المَرِن. ملائم و سخت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی مَرِنٍ وَاحِدٍ" جب کہ سب اخلاق میں ایک جیسے ہوں۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ ذٰلِكَ مَرِنِيْ" ہمیشہ میری یہ حالت رہی۔ المَرِن: شور و جنگ۔

المُرَّان. ٹھوس و لچک دار نیزے۔ ایک درخت ہے جس کے نیزے بنائے جاتے ہیں۔ واحد مُرَّانَة.

المَارِن. فا۔ ناک کا کنارہ یا ناک کا نرم حصہ ج مَوَارِن. رُمْحٌ مَارِنٌ: ٹھوس لچک دار نیزہ۔

المِيْرُوْن. عِنْدَ النَّصَارٰی: عیسائیوں کے اعتقاد میں ایک مقدس تیل جو بعض رسوم میں عیسائیوں کو لگایا جاتا ہے۔

اَمْرَانُ الذِّرَاعِ: ہاتھ کا پٹھا۔

مَرِهَتْ (س) مَرَهًا عَيْنُهٗ: سرمہ چھوڑنے سے آنکھ کا خراب ہونا۔ صفت مَرِهٌ و اَمْرَهُ.

رَجُلٌ مَرِهُ الْفُؤَادِ: مرد بیمار دل۔ سَحَابٌ اَمْرَهُ: سفید بادل جس میں سیاہی بالکل نہ ہو۔

المَرْهَاء. الاَمْرَه کا مؤنث۔ شَاةٌ مَرْهَاءُ: سفید بکری جس میں کوئی اور داغ نہ ہو۔ ج مُرْهٌ.

اَرْضٌ مَرْهَاءُ: کم درخت والی زمین۔

المُرْهَة. سفیدی جس میں کوئی دوسرا رنگ ملا ہوا نہ ہو۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

مَرْهَمَ مَرْهَمَةً. الجُرْحَ: زخم پر مرہم لگانا۔

المَرْهَم. زخم پر لگانے کی دوا۔ ج مَرَاهِم.

المَرْو. ایک سخت قسم کا پتھر جس کو صوان بھی کہتے ہیں۔ واحد المَرْوَة کہا جاتا ہے "قَرَعَ الدَّهْرُ مَرْوَتَهٗ" یعنی زمانہ نے اس پر بلا نازل کی۔ المَرْو: ایک خوشبودار پودہ۔

مَرٰی يَمْرِيْ مَرْيًا النَّاقَةَ: دودھ اتارنے کے لئے تھن پر ہاتھ پھیرنا الدَّمَ و نَحْوَهٗ: خون نکالنا حَقَّهٗ: حق کا انکار کرنا الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل سے بارش برسانا الشَّيْءَ: نکالنا الفَرَسَ: کوڑے وغیرہ سے مار کر رفتار ظاہر کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ يَمْرِيْ دَابَّتَهٗ بِسَاقِهٖ" وہ گزرا اس حال میں کہ اپنے جانور کو اپنی پنڈلی سے دبا دبا کر اس کی رفتار کو دکھلا رہا تھا۔

فُلَانًا مِائَةَ سَوْطٍ: کوڑے مارنا۔ مَرَی الفَرَسُ: گھوڑے کا تین پاؤں پر کھڑے ہو کر چوتھے کو زمین پر پٹکنا۔

اَمْرَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

مَارٰی مِرَاءً و مُمَارَاةً: جھگڑا کرنا۔

تَمَارَيَا. باہم جھگڑا کرنا۔

اِمْتَرٰی فِي الشَّيْءِ: شک کرنا (واسْتَمْرٰی اللَّبَنَ و نَحْوَهٗ:) دودھ دوہنا۔ نکالنا۔

تَمَرّٰی تَمَرِّيًا. بِكَذَا: آراستہ ہونا۔

المِرْيَة والمُرْيَة. جھگڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيْهِ مِرْيَةٌ" یعنی اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔ شک

المِرْيَة: دودھ جو اُونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ مِرْيَةَ النَّاقَةِ" اُونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا ہوا دودھ میں نے لیا۔

المَرِيّ. بہت دودھ والی اُونٹنی۔ رگ جو دودھ سے بھر جاتی ہے۔ ج مَرَايَا. المَرَايَا: جمع مِرْآة بمعنے آئینہ اور بجائے هَنِيْئًا مَرِيْئًا کے هَنِيًّا مَرِيًّا بھی کہا جاتا ہے۔

المَرِيَّة. بہت دودھ والی اُونٹنی۔

المَارِيّ. سفید چکنا بچھڑا۔ مؤنث مَارِيَة. چھوٹی دھاری دار کملی۔ قطا پرندہ کا شکاری۔

الْمَارِيَة والمُمْرِيَة. سفید چکنے بچھڑے والی گائے۔

مَرْيَم ج مَرْيَماتٌ : ایک عورت کا نام (سریانی لفظ) اس کا معنی: بلندی پانے والی۔

اَلْمِزْكَا : شراب اور پانی کا نام جس کو مقدس کام کے وقت پیا جاتا۔ (سریانی لفظ) ترجمہ: ملا ہوا۔

مَزَّ (س) مَزَازَةَ الرَّجُلُ: فضیلت والا ہونا الشَّیُٔ: بہت ہونا۔ صفت مَزِيْزٌ (مَزَازَاَة و مُزُوْزَة) الطَّعْمُ: کھٹ مٹھا ہونا۔

مَزَّ (ن) مَزًّا. الشَّیَٔ: چوسنا۔

مَازَ مُمَازَّةً. بَيْنَهُمَا: دور دور کرنا۔

مَزَّزَهُ. فضیلت والا سمجھنا بِكَذَا: فضیلت دینا۔

تَمَازَّتِ النِيَّة بِهٖ: دور ہونا۔

تَمَزَّزَ الشَّرَابَ: چوسنا۔ کھٹمٹھا کھانا یا پینا۔

المَزَّ. دُشوار۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ مَزٌّ" یہ سخت کام ہے۔

المِزَّ. مرتبہ و فضل۔ کثرت۔ اور کہا جاتا ہے "شَیٌٔ مِزٌّ" فاضل چیز۔

المُزَّ. کھٹ مٹھا۔ مؤنث مُزَّة.

المُزَّ والمُزَّاءُ والمَزَّة. خوشگوار شراب

المَزَّة: ایک مرتبہ چوسنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ فِي الْاِنَاءِ اِلَّا مَزَّةٌ" برتن میں صرف تھوڑا سا باقی رہا۔

المَزُّ کثرت۔ اور کہا جاتا ہے "فَعلْتُهٗ عَلٰى مَزٍّ" یعنی میں نے اس کو مہلت سے کیا۔

المَزِيْز. فاضل۔ تھوڑا۔ بہت۔ دُشوار۔

الاَمَزَّ. فاضل۔ افضل۔ دشوار۔ مؤنث مَزَّاء ج مُزّ.

مَزَجَ (ن) مَزْجًا و مِزَاجًا الشَّرابَ بِالْمَاءِ: پانی ملانا۔ فُلانًا علٰى فُلانٍ: اکسانا۔ رانگیختہ کرنا۔

مَازَجَهٗ مُمَازَجَة. مخالطت کرنا۔ فخر کرنا۔

مَزَّجَ السُنْبُلُ: سبزی کے بعد زرد ہونا۔ فُلانًا: کچھ دینا۔

تمَازَجَا. باہم ایک دوسرے کا ملنا۔

اِمْتَزَجَ بِهٖ: ملنا۔

اَلْمِزْج والمَزْج. شہد۔ پانی جو شراب میں ملایا جائے۔

المِزَاج. مص۔ ملانے کی چیز (جیسے پانی شراب میں) مزاج۔ ج اَمْزِجَة.

رَجُلٌ مَزَّاجٌ. جھوٹا گڑبڑ کرنے والا۔ ایک عادت پر باقی نہ رہنے والا۔

المَزِيْج. ملایا ہوا۔ کڑوا بادام۔

مَزَحَ (ف) مَزْحًا. مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔

مَزَّحَ السُّنْبُلُ او العِنَبُ: رنگ پکڑنا۔

مَازَحَهٗ مِزَاحًا و مُمَازَحَة. ہنسی مذاق کرنا۔

تَمَازَحَا. باہم ہنسی مذاق کرنا۔

تَمَزَّحَ بِهٖ: فخر کرنا۔

المَزْح. مص۔ خوشہ۔

المُزَاحَة والمزاح. ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی۔

المَزَّاح. بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔

المُزَّح مِنَ النَّاسِ: ہنسی مذاق کرنے والے لوگ۔

المَزْد. سردی۔

مَزَرَ (ن) مَزْرًا مِنَ اللبنِ: تھوڑا سا پینا۔ اللبنَ: دودھ کو چکھنے کے لیے پیناہ: آہستہ سے چٹکی لینا۔ غصہ دلانا (و مَزَّرَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

مَزُرَ (ک) مَزَارَةً. ظریف ہونا۔ سخت دل ہونا۔

تَمَزَّرَ النبِيْذَ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چکھنا۔

المَزْر. مص۔ مردِ ظریف۔

المِزْر. جو یا گیہوں کی شراب۔ بیوقوف۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ المِزْر" وہ شریف الاصل ہے۔

المَزِيْر. ظریف۔ سخت دل۔ ج مَازِر.

الاَمْزَر. اسم تفضیل ہے مُزر سے مؤنث مَزْرَاء ج مُزْر و امازر کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ آمازِرِ النَّاس" وہ افاضل الناس میں سے ہے۔

المَزْرَة. ایک مرتبہ چوسنا۔

مَزَعَ (ف) مَزْعًا الظَّبْیُ و نَحْوُهٗ: ہرن کا آہستہ سے چھلانگ مارنا (و مَزَّعَ) الْقُطْنَ: روئی تومنا۔ مَزَّعَ الشَّیَٔ: متفرق کرنا۔

تَمَزَّعَ. جدا جدا ہونا۔ تَمَزَّعُوا الشَّیَٔ بَيْنَهُمْ. انہوں نے چیز آپس میں تقسیم کر لی اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَمَزَّعُ غَيْظًا" وہ غصہ کی وجہ سے پھٹ پڑا۔

المِزْعَة. روئی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مزع (والمُزْعة) مِنْ لَحْمٍ او شَحْمٍ: گوشت یا چربی کا ٹکڑا۔ مِنَ الماءِ: پانی کا گھونٹ۔ ج مِزَع و مُزَع.

المَزَّاع. بہت دوڑنے والا۔ سیہی۔

المُزَاعَة. مِنَ الشَّیٔ: روئی وغیرہ کا وہ حصہ جو نومتے وقت گرے۔

المَزْعِیَ. چغل خور۔

فَرَسٌ مِمْزَعٌ. تیز رفتار گھوڑا۔

مَزَقَ (ن ض) مَزْقًا و مَزْقَةً الثَّوْبَ: پھاڑنا۔ عِرْضَهُمْ: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ صفت مَزِقٌ. ج مَزِقُوْن. جیسے "اَتَانِي اَنَّهُمْ مَزِقُوْن عِرْضِي" مجھ کو یہ اطلاع ملی ہے کہ وہ میری آبرو میں عیب لگاتے ہیں الطَّائِرُ بِسَلْحِه: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

مَزَّقَ الثَّوْبَ: چیر چیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّقَهُمُ اللهُ كُلَّ مُمَزَّق" اللہ ان کو پورے طریقہ سے پراگندہ کرے۔

مَازَقَهٗ. دوڑنے میں آگے بڑھ جانا۔

تَمَزَّقَ. پھٹنا۔ القَوْمُ: متفرق ہونا۔

اِنْمَزَق. پھٹنا۔

المِزْقَة. کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔ اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ مِزَق و مَزِق و مَزِيْق" پھٹا ہوا کپڑا۔

نَاقَةٌ اور فَرَسٌ مِزَاقٌ تیز رفتار۔ گویا کہ تیز رفتاری کی وجہ سے کھال پھٹنے کے قریب ہے۔

مَزْمَزَهٗ. اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔

تَمَزْمَزَ. حرکت کرنا لِلْقِیَامِ: اُٹھنے کے لیے تیار ہونا۔

مَزَنَ (ن) مَزْنًا و مُزُوْنًا. چلا جانا وَجْهُهُ: چہرہ کا چمک اُٹھنا مِنَ الْعَدُوِّ: دشمن سے بھاگنا و مَزَّنَ الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا فُلَانًا: تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔

تَمَزَّنَ. چلا جانا عَلَی الْقَوْمِ: مہربانی وسخاوت کرنا۔ بتکلف فضل ظاہر کرنا۔ بتکلف زیرک بننا عَلَی الْاَمْرِ: عادی ہونا۔

الْمُزْن. بادل۔ سفید بادل۔ پانی سے بھرا ہوا بادل۔ حَبُّ الْمُزْنِ: اولہ۔

الْمُزْنَة. بادل کا ٹکڑا۔ بارش۔ اِبْنُ الْمُزْنَةِ: نیا چاند۔

الْمَزْن. عادت۔ طریقہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلٰی هٰذَا الْمَزْنِ" ہمیشہ اس حالت پر رہا۔

الْمَازِن. فا۔ چیونٹی کے انڈے۔

مُزَیْنَة. مضر کا ایک قبیلہ اور نسبت کے لیے مُزَنِیّ۔

مَزَهَ (ف) مَزْهًا. ہنسی مذاق کرنا۔

مَزَا یَمْزُوْ مَزْوًا. تکبر کرنا۔

مَزَّاهُ تَمْزِیَةً. تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّیْتُ مَتَاعَهُ حَتّٰی نَفَقْتُهُ لَهُ" میں نے اس کے سامان کی تعریف کی یہاں تک کہ اس کو رائج کر دیا۔

تَمَازَی الْقَوْمُ: قوم میں سے ہر ایک کا اپنی فضیلت کا دعوی کرنا۔

الْمَزْوُ والْمَزِیَّة. ج مَزَایَا والْمَازِیَة. ج مَازِیَات. علم۔ کرم۔ شجاعت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے امتیاز ہو جائے۔ خوبی۔ عمدگی۔

مَزِیَ یَمْزٰی. تکبر کرنا۔

مَزّٰی تَمْزِیَةَ الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ عَنِّیْ مَازِیًا و مُتَمَازِیًا" یعنی مجھ سے دور مخالف ہو کر بیٹھا۔

الْمُزَاۃُ. سرکش لوگ۔ مفرد مَازٍ

الْمَازِیَة. جمع مَازِیَات. والمزیة. ج مَزَایَا. علم۔ کرم۔ شجاعت، شرافت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔

الْمَزِیُّ. مرد خوش طبع۔ زیرک۔

مَسَّ (ن س) مَسًّا و مَسِیْسًا و مِسِّیْسَی الشَّیْءَ: چھونا۔ پہنچنا الْمَرَضُ او الْکِبَرُ فُلَانًا: لاحق ہونا۔ مَسَّتِ الْحَاجَةُ اِلٰی کَذَا مجبور کرنا مَسَّنِیَ الشَّیْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ. شیطان نے مجھ کو ایذا و تکلیف پہنچائی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَسْتُ فُلَانًا مَوَاسَّ الْخَیْرِ او الشَّرِّ" یعنی فلاں کو خیر یا شر پیش آئے۔ "وَمَسَّتْ بِكَ رَحِمُ فُلَانٍ" جبکہ تم دونوں کے درمیان قرابت قریبہ ہو۔

مُسَّ مَسًّا. جنون لاحق ہونا۔ صفت مَمْسُوْس. مَاسَّهُ مُمَاسَّةً و مِسَاسًا. چھونا۔ جماع کرنا۔

اَمَسَّهُ الشَّیْءَ: چھوانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمَسَّ وَجْهَهُ الْمَاءَ او بَدَنَهُ الطِّیْبَ" چہرہ پر پانی لگایا یا بدن پر خوشبو۔

تَمَاسَّ الشَّیْئَانِ: ایک دوسرے کو چھونا۔

الْمَاسُّ فا۔ حَاجَةٌ مَاسَّةٌ: شدید حاجت اور کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ رَحِمٌ مَاسَّةٌ" ان کے درمیان قرابت قریبہ ہے۔

مَسَاسِ. اسم فعل بمعنے امر یعنی توم چھو۔ اور کہا جاتا ہے لا مساسِ یعنی مت چھو۔

الْمَسُوْسُ مِنَ الْمَاءِ: پانی جو ہاتھوں سے لیا جا سکے۔ میٹھا صاف پانی۔ کھاری پانی۔ پیاس دور کرنے والا پانی۔ کَلَأٌ مَسُوْسٌ: چرنے والے جانوروں کے لیے مفید گھاس۔

اَلْمَسِیْسَةُ: ایک حلوی کا نام۔

الْمِسُّ. تانبا۔

الامسّ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَمَسُّ مِنْ ذَاكَ بِکَذَا"۔

الْمَاسُوْسُ والْمَمْسُوْسُ. پاگل۔ مجنون۔ دیوانہ۔

مَسِیْسُ الْحَاجَةِ. حاجت کا مجبور کرنا۔

الْمَسَّاس بہت چھونے والا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ رَحِمٌ مَسَّاسَةٌ" یعنی ان کے درمیان بہت زیادہ قرابت قریبہ ہے۔

مَسَأَ (ف) مَسْأً و مُسُوْءًا. بیباک ہونا الْمَاشِیْ: دیر کرنا الْحَقَّ: حق کو دیر میں ادا کرنا الطَّرِیْقَ: راستہ کے درمیان میں چلنا۔ عَلَی الشَّیْءِ: عادی ہونا الرَّجُلَ بِالْقَوْلِ وَغَیْرِہٖ: کسی کو گفتگو سے نرم کر دینا۔ دھوکا دینا (وَاَمْسَأَ) بَیْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔

تَمَسَّأَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

مَسَحَ (ف) مَسْحًا الشَّیْءَ: پونچھنا۔ مریض کے لیے دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَسَحَ اللهُ مَابِكَ مِنْ عِلَّةٍ" یعنی اللہ تعالی تمہیں عافیت دیں اور مرض کو زائل کر دیں هٗ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا هٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا ذَوَائِبَ الْمَرْأَةِ: کنگھی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَحَهُ او مَسَحَ رَاْسَهُ" یعنی اس نے فریب دینے کیلئے نرم باتیں کیں۔ "مَسَحَ الْقَوْمَ قَتْلًا" قوم کو خوب اچھی طرح قتل کیا "و مَسَحَهُ الله" اللہ نے اس کو مبارک پیدا کیا۔ اللہ نے اس کو ملعون پیدا کیا۔ مَسَحَ فُلَانًا: مارنا۔ عُنُقَهُ: گلا کاٹنا الْاِبِلَ: اُونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا لسَّیْفَهُ: تلوار سونتنا الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔ •

مَسَحَ (ف) مَسْحًا و مِسَاحَةً: پیمائش کرنا (مَسْحًا و تَمْسَاحًا) جھوٹ بولنا۔

مَسَحَ (ف) مُسُوْحًا فِی الْاَرْضِ: جانا۔

مَسِحَ (س) مَسَحًا. کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے رانوں کا چھل جانا۔

مُسِحَ بِالْعِتْقِ او الْکَرَمِ: کسی پر شرافت یا کرم کا اثر ہونا۔

مَسَّحَ الشَّیْءَ: پونچھنا۔ مَسَّحَهُ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا مَسَّحَ فُلَانًا: فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا الْاِبِلَ: اُونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا۔

مَاسَحَهُ مُمَاسَحَةً. فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا۔ مصافحہ کرنا هٗ عَلٰی کَذَا: معاہدہ کرنا۔

تَمَسَّحَ بِالْمَاءِ و مِنَ الْمَاءِ: غسل کرنا

الشَّیْءَ: پونچھنا۔ و تَمَسَّحَهٗ بِالْمَاءِ او الدُّهْنِ: نہلانا یا تیل ملنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَمَسَّحُ بِهٖ"، فلاں اس کی بزرگی کی وجہ سے برکت حاصل کرتا ہے۔

تَمَاسَحَا. اتفاق کرنا۔ خرید و فروخت کرنے میں ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاسَحُوْا عَلٰی كَذَا" یعنی فلاں چیز پر سبھوں نے عہد و پیمان کیا "والتَقَوْا فَتَمَاسَحُوْا" وہ سب ملے اور باہم مصافحہ کیا۔

اِمْتَسَحَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

الْمِسْحُ. ٹاٹ۔ کمبل۔ اونی لباس جس کو زاہد لوگ تقشف کی بناء پر پہنا کرتے تھے۔ راستہ کا وسط ج اَمْسَاح و مُسُوْح۔

الْمَسْحَةُ. مسح کا اسم مرۃ۔ گیلے ہاتھ کا نشان۔ اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "عَلَيْهِ مَسْحَةٌ مِنْ جَمَالٍ او هُزَالٍ" اس کے اوپر جمال یا لاغری کا کچھ اثر ہے۔

الْمَسَحُ. مص۔ کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش۔

الْمِسَاحَةُ. مصدر يَمْسَحُ الْاَرْضَ کا اسم ہے عِلْمُ الْمِسَاحَةِ: وہ علم ہے جس میں مقادیر خطوط و سطوح و اجسام سے بحث کرتے ہیں۔

الْمَسِيْحُ. تیل لگا ہوا۔ ج مُسَحَاء و مَسْحٰی. لقب حضرت عیسیٰ کا۔ بہت سیاحت کرنے والا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ پسینہ۔ بہت سچا۔ کانا۔ گز۔ بہت جھوٹا۔ خوبصورت۔ بدصورت۔ بہت جماع کرنے والا مِنَ الدَّرَاهِمِ: گھسا ہوا درہم۔

الْمَسِيْحِيُّ. حضرت عیسیٰ کا تابع۔

الْمَسِيْحَةُ. سر کے دونوں جانب کے بال۔ گیسو۔ کنپٹی اور پیشانی کا درمیان۔ کمان۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج مَسَائِح۔

الْمَاسِحُ. فا۔ بڑا جھوٹا۔ بہت قتل کرنے والا۔

الْمَاسِحَةُ. الماسح کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ج مَوَاسِح۔

الْمَسَّاحُ. زمین کی پیمائش کرنے والا۔

الْمِسِّيْحُ. بڑا سیاح۔

الْاَمْسَحُ. کھردرے کپڑے کی رگڑ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش والا۔ ہموار تلوے والا۔ بڑا جھوٹا مِنَ الْاَرْضِ: ہموار زمین ج اَمَاسِح: بڑا سیاح۔ کانا۔ مؤنث مَسْحَاء۔

الْمَسْحَاءُ. کنکریوں والی ہموار زمین۔ سرخ زمین۔ ج الْمِسَاح و الْمَسَاحِي: چھوٹے پستانوں والی عورت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ مَسْحَاءُ الثَّدْيِ."

التِمْسَحُ. بڑا جھوٹا۔ فریب دینے کیلئے نرم بات کہنے والا۔ بڑا سرکش (والتِمْسَاح) مگر مچھ ج تَمَاسِح و تَمَاسِيْح۔

الْمِمْسَحُ والْمِمْسَحَةُ جس سے پونچھا جائے۔

مَسَخَهٗ (ف) مَسْخًا. بری صورت میں بدل دینا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "مَسَخَهُ اللهُ قِرْدًا" اللہ نے اس کو بندر کی صورت میں بدل دیا۔ صفت مفعولی مَسْخٌ و مَسِيْخٌ ج مُسُوْخ الْكَاتِبُ: لکھنے میں بہت غلطی کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو لاغر کرنا الطَّعْمَ اللَّحْمِ: گوشت کو بے مزہ کرنا۔

اَمْسَخَ الْوَرَمُ: ورم کا تحلیل ہونا۔

تَمَسَّخَ الغَزْلُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمَّسَخَتْ و اِنْمَسَخَتِ الْعَضُدُ: کم گوشت والا ہونا۔ اسم الْمَسَخ۔

اِمْتَسَخَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

الْمَاسِخِيُّ. کمان ساز۔

الْمَسِيْخُ. بدشکل مِنَ الطَّعَامِ بے مزہ یا بے نمک۔ بیوقوف۔

الْاُمْسُوْخُ. ایک قسم کی نباتات جس کا دانہ چنے کے برابر ہوتا ہے۔

الْمَمْسُوْخُ. صفت۔ فَرَسٌ مَمْسُوْخٌ: سرین پر کم گوشت والا گھوڑا۔

اَلْمَسْخُ: اقسام تناسخ سے ہے۔ اس کے قائلین کا نظریہ ہے کہ حیوان ناطق (انسان) کا بدن غیر ناطق حیوان کے بدن سے مناسب اوصاف حاصل کر لیتے ہیں۔ جیسے اسد لفظ سے انسان میں شجاعت آ جاتی ہیں۔ ارنب (خرگوش) کے لفظ سے بزدلی آ جاتی ہے۔

اَلْمَسْخَرُ ج مَسَاخِرُ: وہ شخص جس سے مذاق کیا جائے۔ اسی سے فعل: تُمُسْخِرَ عَلَيْهِ: اس سے مذاق کیا گیا اسی سے مساخر وہ کھیل و تماشے جو عید کے ایام میں کھیلے جاتے ہیں۔

مَسَدَ (ن) مَسْدًا الْحَبْلَ: رسی بٹنا یا مضبوط بٹنا فِي السَّيْرِ: تھکانا۔

مَسَدَ الْبَطْنُ: پیٹ کا نرم و ہموار ہونا۔

مَسَّدَ الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ: سختی سے ہاتھ پھیرنا۔

الْمَسَدُ. کھجور کے ریشہ کی رسی۔ یا مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کھجور کا ریشہ۔ لوہے کا دُھرا۔ ج مِسَاد و اَمْسَاد۔

الْمِسَادُ. شہد کا مشکیزہ۔ درستگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْسَنُ مِسَادِ شَعْرٍ مِنْكَ" اس کے بالوں کی درستگی تیرے بالوں سے اچھی ہے۔

الْمَمْسُوْدُ صفت۔ رَجُلٌ مَمْسُوْدٌ: گٹھے بدن کا مرد۔

سَاقٌ مَسْدَاءُ. اچھی ہموار پنڈلی۔

مَسَطَ (ن) مَسْطًا انگلی ڈال کر آنت میں سے نکالنا الثَّوْبَ: تر کرنا۔ پھر نچوڑنا فُلَانًا بِالسِّيَاطِ: کوڑے سے مارنا السِّقَاءَ: مشکیزہ سے جما ہوا دودھ انگلی سے نکالنا۔

الْمَاسِطُ. فا۔ کھاری پانی جو پیٹ کو صاف کر دے۔ ایک قسم کی گھاس جو گرمی کے زمانہ میں ہوتی ہے کہ جب اس کو اونٹ چرتا ہے تو اس کا پیٹ صاف ہوتا ہے۔

الْمَسِيْطُ. گارا۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔

الْمَسِيْطَةُ. گدلا پانی۔ تھوڑا پانی بہانے والی وادی۔

المِسح شمالی ہوا۔
المَسْعیٰ بہت سیر وسفر کرنے والا مرد۔
اَمْسَغ و اِمْتَسَغ الرَّجُلُ علیحدہ ہونا۔
مَسَكَ (ن ض) مَسْكًا۔ چمٹنا۔ متعلق ہونا۔ بِالنَّارِ زمین میں گڑھا کھود کر راکھ سے آگ کو دبا دینا۔
مَسُكَ (ک) مَسَاكَةً السِّقَاءُ مشکیزہ کا پانی کو گرنے نہ دینا۔
مَسَّكَ بِہٖ چمٹنا۔ مَسَّكَهٗ مشک سے خوشبو دار کرنا۔
اَمْسَكَهٗ روکنا۔ اَمْسَكَ بِہٖ چمٹنا الشَّیَّ عَلٰی نَفْسِہٖ: اپنے لیے حفاظت کرنا اللّٰهُ الْغَيْثَ بارش روکنا عَنِ الْاَمْرِ رکنا۔ باز رہنا عَنِ الْكَلَامِ خاموش رہنا۔
تَمَسَّكَ و تَمَاسَكَ و اِمْتَسَكَ بِہٖ چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَمَاسَكَ اَنْ قَالَ كَذَا" یعنی وہ فلاں بات کہنے سے نہیں رکا۔ "و غَشِيَنِي اَمْرٌ مُقْلِقٌ فَتَمَاسَكْتُ" میرے اوپر ایک رنجیدہ معاملہ آ پڑا اس لیے میں رک گیا۔ "وَمَا بِهٖ تَمَاسُكٌ" اس کے اندر کوئی خیر نہیں "وَامْتَسَكَ فِی الْبَلَدِ" وہ شہر میں ٹھہرا رہا۔
اِسْتَمْسَكَ بِہٖ: چمٹنا عَنْ كَذَا: باز رہنا بَوْلُهٗ: پیشاب بند ہونا الرَّجُلُ عَلٰی رَاحِلَتِهٖ: جم کر بیٹھنا۔
المَسْك س۔ کھال۔ ج مُسُك و مُسُوك۔ ایک ٹکڑے کو "مَسْكَة" کہتے ہیں۔
المَسَك۔ پانی روکنے کا بند۔ زمین کے طبقات۔ ہاتھی دانت یا ہڈی کے کنگن یا پازیب۔ کچھوے کی کھال۔ مچھلی کی ہڈی۔ واحد مَسَكَة۔
المُسْك بقاء بدن کے مقدار کھانا پانی عقل کامل۔
المِسْك۔ مشک۔ کستوری۔ یہ ایک جانور کا خون ہے جو اس کی ناف میں جمع ہوتا ہے اور اس جانور کو غَزَالُ الْمِسْكِ کہتے ہیں اور مشک کے ٹکڑے کو مِسْكَة کہتے ہیں۔ ج مِسَك۔

مِسْكُ الْبَرِّ و مِسْكُ الْجِنِّ: دو قسم کی نباتات۔ لفظ مِسْک فراء کے نزدیک مذکر ہے اور دوسرے ائمہ لغت کے یہاں مذکر و مؤنث دونوں۔
المُسْكَة جس سے تعلق کیا جائے۔ بقاء بدن کی مقدار کھانا پانی۔ عقل تام ورائے کامل۔ سخت کنواں جس میں منی بنانے کی ضرورت نہ ہو ج مُسَك کہا جاتا ہے "مَافِيهِ مُسْكَة" یعنی اس میں کوئی خیر نہیں "وَلَيْسَ لِاَمْرِهٖ مُسْكَة" یعنی اس امر کے لیے کوئی اصل نہیں جس پر اعتماد کیا جائے۔ "وَفِيهِ مُسْكَةٌ مِنْ خَيْرٍ" اس کے اندر خیر کا کچھ بقیہ ہے۔ "وَمَافِي سِقَائِهٖ مُسْكَةٌ مِنْ مَاءٍ" اس کے مشکیزہ میں تھوڑا سا بھی پانی نہیں۔
المُسُكَة والمُسْكَة بخل۔
المُسَكَة بخیل۔ وہ شخص جو کسی چیز سے چمٹے تو اس سے چھٹکارا نہ پا سکے۔ وہ شخص کہ جب کوئی اس کے مقابل ہو تو وہ بھاگ کھڑا ہو۔ ج مُسَك۔
المَسَاك پانی روکنے کا بند۔ بخل۔
المِسَاك بخل۔ روکنے والی چیز۔ تلوار وغیرہ کا دستہ اور کہا جاتا ہے "مَافِيهِ مِسَاكٌ" یعنی اس کے اندر خیر نہیں۔
المَسَاكَة والمِسَاكَة بخل۔
المَسَاكَات وہ مقامات جہاں پانی کی حفاظت کی جائے۔
المُسْكَان بیعانہ۔ ج مَسَاكِين۔
المِسْكِين والمَسْكَنَة دیکھو مادہ سکن۔
المُسْك والمَسَّاك والمُمْسِك بخیل۔
المَسِيك ج مُسُك والمِسِّيك بخیل۔ کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ مَسِيكٌ و مِسِّيكٌ" مشک جو پانی کو روک کے بہنے نہ دے۔ "وَمَا فِيهِ مَسِيكٌ" اس کے اندر خیر نہیں۔
الْاِمْسَاك س۔ بخل۔
المَسِيكَة والْاَرْضُ المَسِيكَةُ: زمین جو سختی کی وجہ سے پانی کو جذب نہ کرے۔
المَسِيكَة والمِسْكِيَّة۔ ایک قسم کی نباتات۔

مَسَلَ (ن) مَسْلًا المَاءُ پانی بہنا۔
اِمْتَسَلَ السَّيْفَ تلوار سونتنا۔
المَسَل پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَمْسِلَة و مُسُل مُسْلَان و مَسَائِل۔
مُسَالَا الرَّجُلِ مرد کے دونوں بازو یا داڑھی کے دونوں جانب یا مرد کے دونوں پہلو۔
مَسَالَةُ الْوَجْهِ حسن کے ساتھ چہرے کی لمبائی۔
المَسِيل بہاؤ۔ دودھ وغیرہ کا آبی حصہ۔ تر ٹہنی۔ ج مُسُل و اَمْسِلَة۔ مَسِيلُ الْمَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ س ی ل کے مادہ میں مذکور ہے۔
مُسْمِسَ مَسْمَسَةً و مِسْمَاسًا الْاَمْرُ: مخلط ہونا۔ ملتبس ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَمْرِهٖ فِي مِسْمَاسٍ" وہ اپنے معاملہ میں اشتباہ میں ہے۔
مُسْمِسَ الرَّجُلُ جنونی کیفیت لاحق ہونا۔
المَسْمَاس ہلکا۔
مَسَنَ (ن) مَسْنًا الرَّجُلُ: بے باک ہونا۔ ہٗ: مارتے مارتے گرا دینا الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: کھینچنا۔
مَسَا يَمْسُو مَسْوًا۔ الْحِمَارُ گدھے کا اڑنا (و مَسّٰى تَمْسِيَةً) الرَّجُلُ کسی چیز کا وعدہ کر کے ٹالنا۔
مَسَّاهُ تَمْسِيَةً۔ شام کے بہتر ہونے کی دعا دینا۔ یہ کہنا کہ تم نے شام کس طرح بسر کی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسّٰى بِهِ اللَّيْلُ" جبکہ کوئی شخص شام کے وقت آئے۔
اَمْسٰى اِمْسَاءً و مُمْسًى۔ شام میں داخل ہونا۔ کان کی طرح فعل ناقص ہو کر بھی مستعمل ہے۔ جیسے "اَمْسٰى زَيْدٌ ضَاحِكًا" یعنی زید شام کے وقت ہنس رہا تھا یا زید ہنس رہا تھا۔
اَمْسَاهُ اِمْسَاءً۔ کسی چیز سے مدد کرنا۔ وعدہ کر کے ٹالنا۔
مَاسَاهُ مُمَاسَاةً۔ مخول کرنا۔

اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کل لے لینا۔

المَسَاءُ ج اَمْسِیَة والمُسٰی والمِسٰی شام ظہر سے مغرب تک کا وقت۔

الْاُمْسِیَّة. شام کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ اُمْسِیَّةَ اَمْسِ" میں کل گزشتہ شام کے وقت اس کے پاس آیا۔

المُمْسٰی. مص۔ شام بسر کرنے کی جگہ۔

مَسٰی یَمْسِیْ مَسْیًا الشَّیْئَ: ہاتھ سے پونچھنا الحَرُّ المَاشِیَةَ: گرمی کا جانور کو لاغر کرنا السَّیْفَ: تلوار سونتنا الرَّجُلُ: برے خلق والا ہونا۔

تَمَاسٰی و تَمَسّٰی الشَّیْئُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً. پیاسا ہونا۔

المَاس[illegible] شخص جو کسی کی نصیحت نہ سنے [illegible] پلا مرد۔

الْمَسِ[illegible] [illegible] جو بکری کے پیٹ سے نکالی جاتی ہے اس کو باریک کپڑے نچوڑ کر دودھ ڈال دیا جاتا ہے اس سے جبن (پنیر) بن جاتا ہے۔

التَّمَاسِی. مص۔ مصیبتیں (اس کا مفرد نہیں)

مَشَّ (ن) مَشًّا العَظْمَ: ہڈی کے اطراف [illegible]سنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا اور کچھ چھوڑ دینا سارا دودھ دوہنا مَالَ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے لینا یَدَهٗ: ہاتھ سے چکناہٹ دور کرنے کیلئے پونچھنا فُلَانًا: دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا الشَّیْئَ: پانی میں حل کرنے کیلئے بھگونا۔

مَشَّشَ و تَمَشَّشَ العَظْمَ: ہڈی چوس کے گودا نکالنا۔

اَمَشَّ العَظْمُ: ہڈی کا گودے والی ہونا۔

اِنْمَشَّ لَهُ الشَّیْئُ: حاصل ہونا۔

اِمْتَشَّ الثَّوْبَ: کپڑا اتار لینا مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا مِنْ مَالِ فُلَانٍ: حصہ پانا العَظْمَ: چبائی ہوئی ہڈی کو چوسنا المُتَغَوِّطُ: پائخانہ کرنے والے کا پتھر یا ڈھیلے سے استنجا کرنا۔

المُشَاش. مُشَاشَة کی جمع۔ نرم زمین۔ اصل نفس۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَیِّنُ المُشَاشِ" فلاں نرم اخلاق ہے و مُشَاشُ الرَّجُلِ: سفر و حضر کے خدام۔

المُشَاشَة. نرم ہڈی کا سرا۔ راستہ کہ جس میں خاک اور نرم سنگ ریزے ہوں۔ پہاڑ کہ جس میں چشمے ابل رہے ہوں۔ ج مُشَاشٌ.

مُشَاشَةُ القَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

المَشّ. مص۔ کہا جاتا ہے "اَطْعَمَهٗ هَشًّامَشًّا" اس نے اسے عمدہ خوراک کھلائی۔

المَشَش. سفیدی جو اونٹ کی آنکھ میں ہو جاتی ہے۔

الاَمَشُّ. مِنَ الْاِبِلِ: آنکھ میں سفیدی والا اونٹ۔ مؤنث مَشَّاءُ ج مُشٌّ.

المَشُوْش. ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جیسے رومال، تولیہ وغیرہ۔

الْمَشَّاؤُنَ: ارسطو کے فلسفہ کو ماننے والے اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ارسطو اپنی تعلیمات چل کر پیش کرتے تھے۔ المَشَّائِیَّةُ: فلسفہ ارسطو۔

مَشَجَه (ن) مَشْجًا بِکَذَا: ملانا کہا جاتا ہے "مَشَجَ بَیْنَهُمَا"

المَشَج والمَشِیْج والمُشْج والمِشْج مخلوط ج اَمْشَاج. الاَمْشَاج: میل کچیل جو ناف میں جمع ہو جائے۔

اَمْشَحَتِ السَّمَاءُ: بادل کا کھل جانا السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔

مَشَرَ (ن) مَشْرًا الشَّیْئَ: ظاہر کرنا۔

مَشِرَ (س) مَشَرًا. اترانا۔ اکڑ باز ہونا۔

مَشِرَ و مَشَّرَ و اَمْشَرَ و تَمَشَّرَ الشَّجَرُ: شاخیں نکلنا مَشَّرَهٗ: پہنانا۔ مَشَّرَ الشَّیْئَ: تقسیم کرنا وَاَمْشَرَ الرَّجُلُ کھل کر دوڑنا بَدَنَهٗ: بدن کا پھولنا الاَرْضُ: سبزی اگانا۔ و تَمَشَّرَ الرَّجُلُ: مستغنی ہونا یا دولت کا اثر ظاہر ہونا۔ تَمَشَّرَ لِاَهْلِهٖ شَیْئًا: کمائی کرنا یا اپنے اہل کے لیے لباس خریدنا الشَّجَرُ: سرسبز ہونا القَوْمُ: کپڑے پہننا۔

اِمْتَشَرَ الرَّاعِیُ وَرَقَ الشَّجَرِ: چرواہے کا لکڑی سے درخت کے پتوں کو کھینچنا۔

المِشْرُ مِنَ الرِّجَالِ: سخت سرخ مرد۔

المَشَر. نشان۔ کہا جاتا ہے "اَذْهَبَهٗ مَشَرًا" یعنی اس نے اس کو گالی دی۔ ہجو کیا۔ یا گالی سنوائی۔

المَشْرَة. نئی نکلی ہوئی نرم سبز ٹہنی۔ نیا نکلا ہوا پتا لکڑی سے جھکائے ہوئے پتے، نئی نئی نکلی ہوئی گھاس اور کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ مَشْرَةُ غِنًی" یعنی اس کے اوپر دولت مندی کا اثر ہے۔

مَشْرَةُ الْاَرْضِ و مَشَرَتُهَا. سبزی یا نئی نکلی ہوئی سبزی۔

اَرْضٌ مَاشِرَةٌ. بارش سے سیراب اور سبزی نکلی ہوئی زمین۔

الاَمْشَر. چست وچالاک۔

المَوْشُوْر. دیکھئے مادہ وش ر۔

مَشَطَ (ض ن) مَشْطًا و مَشَّطَ الشَّعْرَ بالوں میں کنگھی کرنا۔ مَشَطَ الشَّیْئَ: ملانا البَعِیْرَ: اونٹ پر کنگھی جیسے آلہ سے داغ لگانا۔

مَشِطَتْ (س) مَشَطًا یَدُهٗ: کام کرنے سے کھردرا ہونا یا پھانس چبھنا (و مَشِطَتْ) النَّاقَةُ: دونوں پہلوؤں میں کنگھی جیسی چربی چڑھنا۔

اِمْتَشَطَ. کنگھی کیا ہوا ہونا۔ اِمْتَشَطَتِ الشَّعْرَ: کنگھی کرنا۔

المُشْط والمَشْط والمِشْط والمُشُط والمَشِط والمُشُطّ. کنگھی ج اَمْشَاط و مِشَاط.

المُشْط. کپڑا بننے کا ایک آلہ جو کنگھی کے مانند ہوتا ہے۔ اونٹ کے بدن پر داغ کرنے کا کنگھی کے مانند آلہ۔ پست قدم کی پتلی پتلی ہڈیاں اور کبھی پورے قدم پر اطلاق ہوتا ہے۔ والمُشْط ایک دریائی مچھلی جس کو مُلَطِّی بھی کہتے ہیں۔

المِشْطَة. مَشَطَ کا اسم نوع۔

المِشَاطَة. مَشَّاطہ گری۔

المُشَاطَة. کنگھی کرنے میں گرے ہوئے بال۔

المَشَّاط. شانہ ساز۔

المَاشِطَة والمَشَّاطَة. کنگھی کرنے کا پیشہ کرنے والی۔

المَشِیْط. کنگھی کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شَعْرٌ مَشِیْطٌ وَلِمَّة مَشِیْطٌ" کنگھی کئے ہوئے بال۔ کنگھی کی ہوئی زلف۔

المِمْشَط. کنگھی۔

المَمْشُوْط. مع. رَجُلٌ مَمْشُوْطٌ. پتلا و لمبا مرد۔

مَشِظَ (س) مَشْظًا ومَشَظًا. پھانس چبھنا۔ کہا جاتا ہے مَشِظَتْ یدہ: یعنی اس کے ہاتھ میں پھانس چبھ گئی۔ مَشِظَت الدَّابَّةُ: گوشت سے نمایاں پٹھوں والا ہونا۔

مَشَظَ (ن) مَشْظًا. البَلَدَ: شہر کو اقامت کے لیے پسند کرنا فُلَانًا: کچھ لے لینا۔

المَشْظ والمِشْظَة. پھانس۔ کانٹا جو ہاتھ میں چبھ جائے۔ کلہاڑی کو مضبوط کرنے کا پچڑ۔

المَشْظَة: مشظ کا اسم مرۃ مِنَ الْاَخْبَارِ مخفی خبریں جن کی تحقیق نہ ہو۔

قَنَاةٌ مَشِظَةٌ. نیا سخت نیزہ کہ جو لے اس کا ہاتھ چھل جائے۔

مَشَعَ (ف) مَشْعًا الشَّیْءَ: کمانا۔ اُچک لینا القُطْنَ: روئی تومنا الْغَنَمَ: بکری دوہنا بِبَوْلِہٖ: پیشاب کرنا فُلَانًا بِالْحَبْلِ وَغَیْرِہٖ: رسی وغیرہ سے مارنا الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔

مَشَّعَ الشَّیْءَ: صاف کرنا۔ پونچھنا القَصْعَةَ: پیالہ میں سے سب کھالینا۔

اِمْتَشَعَ ثَوْبَ صَاحِبِہٖ: چھین لینا۔ مَافِی الضَّرْعِ او مَا فِی یَدِ فُلَانٍ: سب دودھ دوہنا یا سب کچھ ہاتھ سے لے لینا۔ السَّیْفَ: جلدی سے سونتنا (و تَمَشَّعَ) الرَّجُلُ: اپنے آپ سے گندگی کو دور کرنا۔ پتھر سے استنجا کرنا۔

المِشْعَة والمَشِیْعَة. تومی ہوئی روئی کا ٹکڑا۔

المَشُوْع. بہت کمائی کرنے والا ذِئْبٌ مَشُوْعٌ: بہت اچکنے والا بھیڑیا۔

مَشَغَه (ف) مَشْغًا. مارنا۔ عیب لگانا الرَّجُلُ: ککڑی وغیرہ آہستہ آہستہ کھانا۔

مَشَّغَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا عِرْضَ فُلَانٍ: آبرو میں داغ لگانا۔

المِشْغ. گیرو۔

المِشْغَة. بوسیدہ کپڑے کا ٹکڑا۔

مَشَقَ (ن) مَشْقًا. جلدی نیزہ مارنا۔ جلدی کام کرنا ہٗ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھی کرنا الْكَتَّانَ و نَحْوَہٗ: رانچھ میں ڈال کر خراب وردی حصہ کو علیحدہ کرنا۔ الشَّیْءَ: دراز ہونے کیلئے کھینچنا الثَّوْبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو تھوڑا سا دوہنا فِی الْكِتَابَةِ: بڑے بڑے حروف لکھنا لکھنے میں جلدی کرنا اور کہا جاتا ہے "مَشَقُوْا خَیْلَهُمْ" یعنی انہوں نے کوچ کرنے میں جلدی کی۔

مُشِقَ مَشْقًا. پتلا و لمبا ہونا۔ دبلا اور کم گوشت والا ہونا۔ صفت مَشِقٌ و مَشِیْقٌ و مَمْشُوْقٌ.

مَشِقَ (س) مَشَقًا. رانوں کی رگڑ سے سوزش ہونا۔ صفت مَشِقٌ و اَمْشَقُ اور اسم المُشْقَة.

مَاشَقَهٗ مُمَاشَقَةً. گالی گلوچ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ مَاشَقَهٗ الشَّیْءَ: کسی سے چیز کو کھینچنا۔

اَمْشَقَهٗ بِالسَّوْطِ: کوڑا مارنا اَمْشَقَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔

مَشَّقَ تَمْشِیْقًا الْاِبِلَ الْكَلَاَ: اونٹ کو گھاس چرانا۔

تَمَشَّقَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا الغُصْنُ: ٹہنی کا چھلنا اللَّیْلُ: رات کا ختم ہونا۔

اِمْتَشَقَ. چھین لینا۔ اچک لینا مَا فِی الضَّرْعِ: سارا دودھ دوہنا السَّیْفَ تلوار سونتنا فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا الْكَتَّانَ: رانچھ میں ڈال کر خراب و ردی حصہ کو علیحدہ کرنا الشَّیْءَ: اپنے لیے لینا مَا فِی یَدِ الرَّجُلِ. سارا لے لینا۔

المَشْق. مس. گیرو۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ قَدِّہٖ مَشْقٌ" اس کے قد میں لمبائی اور پتلا پن ہے۔

المِشْقَه والمُشَاقَة. رانچھ کا نکلا ہوا خراب و ردی حصہ۔ المِشْقَة: روئی کا گالا۔ پرانا کپڑا ج مِشَق.

المُشْقَة. نئے کپڑے کی دھجی۔

المَشِیّ. پہنا ہوا کپڑا مِنَ الْخَیْلِ دُبلا گھوڑا۔

المَاشِق. فا۔ ج مُشَّق.

قَلَمٌ مَشَّاق. تیز چلنے والا قلم۔

ثَوْبٌ مِشَق و مُمَشَّق و اَمْشَاق. گیرو سے رنگا ہوا کپڑا۔

المَشْقَة. مَشَقَ کا اسم مرۃ۔ جانور کی ٹانگ میں رسی کا نشان۔

المَمْشُوْق. مع. کم گوشت کا مرد۔ مِنَ الْخَیْلِ: دُبلا گھوڑا مِنَ الْقُضْبَانِ: پتلی لمبی شاخ۔ کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَمْشُوْقٌ" لمبا پتلا قد۔ مؤنث مَمْشُوْقَةٌ.

التَّمَاشُق. جھگڑا۔

المِمْشَقَة. رانچھ۔ کتان وغیرہ کو صاف کرنے کا کنگھی کے مانند ایک آلہ۔ ج مَمَاشِق.

مَشَلَ (ن) مُشُوْلًا لَحْمُهٗ: گوشت کم ہونا (مَشْلًا) اللَّبَنَ: دودھ کم دوہنا (و اِمْتَشَلَ) السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

المَاشِل والمَمْشُوْل. دبلا پتلا۔ کم گوشت۔

المَشَل. کم دوہائی۔

المِمْشَل. نرمی سے دوہنے والا۔

المِشْلَوْز. میٹھی گٹھلی کا زرد آلو (یہ کلمہ مِشْمِش اور لَوْزٌ سے مرکب ہے)

المِشْمِش. زرد آلو۔ واحد مِشْمِشَةٌ.

مَشَنَه (ض) مَشْنًا. خراش لگانا۔ مَشَنَهٗ بِالسَّوْطِ: کوڑا مارنا ہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار مار کر کھال چھیلنا۔ مَشَنَ الْجَارِیَةَ: جماع کرنا (وامْتَشَنَ) النَّاقَةَ: سارا دودھ دوہنا۔ صفت

مَاشِن. ج مُشّن. و اِمْتَشَنَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا الشَّیٔ: اُچک کر اپنے لئے لے لینا ثَوْبَهٗ. کپڑا چھین لینا۔

مَشَّنَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بدکتے ہوئے دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاشَنَا جِلْدَ الظَرِبَانِ" بدترین قسم کی آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

المِشَان والمُشَان. ایک قسم کی کھجور یا عمدہ کھجور۔

اِسْتَمْشَى الرَّجُلُ: مسہل دوا پینا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَمْشَى بِكَذَا" جبکہ کوئی شخص مسہل لے۔

المَشْو والمَشُو والمَشِيُّ والمَشَاء. دست آور دوا۔

مَشٰى (ض) مَشْيًا و تِمْشَاءً. چلنا۔ بہت مویشی والا ہونا زَيْدٌ: ہدایت پانا اور اسم المِشْيَة (مَشَاءً) الْمَرْأَةُ او المَاشِيَةُ: بہت بچوں والی ہونا بِالنَّمِيْمَةِ: چغل خوری کرنا۔ بَطْنُهٗ: پیٹ چلنا۔

مَشّٰى تَمْشِيَةً. چلنا الرَّجُلَ: چلانا۔

اَمْشَى الرَّجُلَ: چلانا۔ اَمْشَاهُ الدَّوَاءُ: دست لانا (وامْتَشٰى) بہت مویشی کے بچوں والا ہونا۔

مَاشَاهُ مُمَاشَاةً. ساتھ چلنا۔

تَمَشّٰى. چلنا۔

تَمَاشَيَا. باہم مل کے چلنا۔

المِشْيَة. چال۔

المَشِيَّة. ارادہ۔ خواہش۔

المَاشِي: فا۔ ج مُشَاة و مَاشُوْن. چوپائے والا۔ المُشَاة: چغلی کھانے والے مِنَ العَسْكَرِ: پیدل دستہ۔

المَاشِيَةُ. مَاشِي کا مؤنث۔ مویشی. ج مَوَاشٍ.

المَشَّاء. بہت چلنے والا۔ چغل خور۔

المَمْشٰى. چلنے کی جگہ۔ غلام گردش ج مَمَاشٍ.

مَصَّ. (س ن) مَصًّا و تَمَصَّصَ و اِمْتَصَّ چوسنا.

اَمَصَّ اللَّبَنَ: چوسانا۔

المَصُّ. س قَصَبُ المَصِّ: گنا۔

المُصَّة والمُصَاص مِنَ الشَّیٔ: خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ المُصَاصِ" و "هُوَ مُصَاصُ قَوْمِهٖ" جبکہ نسب کے لحاظ سے خالص ہو۔ اور اس میں واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔

المُصَاصَة. جو چیز چوسی جائے۔

المَصَّاص. بہت چوسنے والا۔ پچھنے لگانے والا۔

المَصَّان. کمینہ۔ کمینگی کی وجہ سے بھیڑ بکری کے تھن میں منہ لگا کر چوسنے والا۔ اور گالی کے موقع پر مرد کے لیے یا مَصَّان اور عورت کے لیے یا مَصَّانَة کہا جاتا ہے۔

المَصَّان: پچھنے لگانے والا۔

المُصَّان. گنا۔

المَصُوْص. پختہ گوشت جو سرکہ میں ڈالا جائے۔

المَصِيْصَة. پیالہ۔

مَصِيْصُ الثَّرٰى: نمناک مٹی یا ریت۔

المِمَصُّ. چوسنے کا آلہ۔

مَصَتَ (ن) مَصْتًا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔ النَّاقَةَ: ہاتھ ڈال کر بچہ دانی کو صاف کرنا۔

مَصَحَ (ف) مَصْحًا و مُصُوْحًا الشَّیٔ: جاتا رہنا۔ منقطع ہونا بِالشَّیٔ: لے جانا۔ مَصَحَتِ الدَّارُ: گھر کا نشان مٹ جانا۔ مَصَحَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا النَّبَاتُ: نباتات کا مرجھانا الْكِتَابُ: کتاب کا مٹنا یا مٹنے کے قریب ہونا لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا (مَصَحَ) (ف) و مَصِحَ (س) مَصْحًا) الظِّلُّ: کم یا تنگ ہونا۔ صفت اَمْصَح.

مَصَحَ و مَصَّحَ و اَمْصَحَ اللّٰهُ مَرَضَكَ: صحت دینا۔ مرض کو زائل کرنا۔

المُصَاحَات. اونٹنی کے بچوں کی کھالیں جن میں کچھ بھر کر اونٹنی کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ وہ سمجھے کہ اپنا ہی بچہ کھڑا ہے۔

مَصَخَ (ف) مَصْخًا الشَّیٔ: کھینچنا۔

تَمَصَّخَ و اِمْتَصَخَ الشَّیٔ: کھینچ کر نکالنا۔ و اِمْتَصَخَ الشَّیٔ عَنِ الشَّیٔ: جدا ہونا۔

اِمَّصَخَ الْوَلَدُ: ماں کے پیٹ سے جدا ہونا۔

الاُمْصُوْخَة بُردی کا سفید گودا۔ قومہ ثمام اور نصی کے پتے ج اُمْصُوْخ و اَمَاصِيْخ (بردی، ثمام اور نصی یہ سب نباتات کی قسمیں ہیں)

المَصُوْخَة. بکری جس کے تھن کی جڑ ڈھیلی پڑ گئی ہو۔

المُصَاخ. ایک قسم کی نباتات جس کے چھلکے پیاز کے مانند ہوتے ہیں۔

مَصَدَ (ن) مَصْدًا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا الشَّیٔ: چوسنا۔ الرَّجُلَ: مطیع و فرمانبردار کرنا۔

المَصَاد بلند پشتہ۔ پہاڑ کی چوٹی ج اَمْصِدَة و مُصْدَان.

المَصْد والمَصَد. گرمی کی شدت۔ سردی کی زیادتی۔ بادل کی گرج۔ بارش۔ بلند پشتہ۔

المَصْدَة. بارش۔

مَصَرَ (ن) مَصْرًا. النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔

مَصَّرَ العَطِيَّةَ: بند کر دینا یا تھوڑا تھوڑا دینا

مَصَّرُوْا المَكَانَ: شہر بنانا الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔

تَمَصَّرَ المَكَانُ: شہر ہونا الشَّیٔ او العَطَاءُ: کم ہونا القَوْمُ: پراگندہ ہونا الشَّیٔ: پیچھا کرنا۔ تلاش کرنا (وامْتَصَرَ) النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔

المَاصِر. فا۔ دو چیزوں کے درمیان روک نَاقَةٌ او شَاةٌ مَاصِرٌ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری یا وہ جس کا دودھ دیر میں نکلے۔

المِصْر. دو چیزوں کے درمیان روک۔ دو ملکوں کے درمیان کی سرحد۔ شہر۔ گوشہ۔ ج اَمْصَار و مُصُوْر و مِصْر: ملک مصر۔

المِصْرَان: کوفہ و بصرہ۔

المِصْرِيّ. منسوب اِلٰى مِصْر. مصر

رہنے والا۔ مؤنث مِضِرَّۃٌ ج مَصَارٍ و مَصَارِیّ۔ کہا جاتا ہے خُمُرٌ مَصَارٍ و مَصَارِیّ۔

المَصُوْر مِنَ الْاِبِلِ او الشَّاءِ: وہ اونٹنی یا بکری جس کا دودھ دیر میں نکلے۔ ج مِصَار و مَصَائِر و عَطَاءٌ مَصُوْرٌ: تھوڑا عطیہ۔

المَصِیْر. آنت۔ ج اَمْصِرَۃٌ و مُصْران. جج مَصَارِیْن.

المُمَصَّر. گیرو سے رنگا ہوا۔

المُمَصَّرَۃ. المُمَصَّر کا مؤنث۔ کتے ہوئے سوت کا گولا۔

مَصْطَلَكَ الدَّوَاءَ: دوا میں مصطگی ملانا۔

المَصْطَکی والمُصْطَکی والمُصْطَکاء مصطگی۔ ایک مشہور دوا کا نام ہے (دخیل)

مَصَعَ (ف) مَصْعًا البَرْقُ: بجلی کا چمکنا الدَّابَّۃَ بِذَنَبِهَا: چوپایہ کا دم ہلانا فُلَانًا: کوڑا وغیرہ مارنا الفَرَسُ: آہستہ سے گزرنا الطَّائِرُ بذرقه: پرندہ کا بیٹ کرنا المَرْأَۃُ بالوَلَدِ: بچہ گرادینا فُؤَادُ فُلَان: جلد بازی یا خوف سے دل کا پراگندہ ہونا ةً: ملنا (مُصُوْعًا) لَبَنُ النَّاقَۃِ: اونٹنی کے دودھ کم ہونا یا سوکھ جانا۔ ناقہ کی صفت مَاصِعٌ و مَاصِعَۃٌ مَاءُ الحَوْضِ: حوض کا پانی کم ہونا الرَّجُلُ فِي الْاَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔

اَمْصَعَ الطَّائِرُ بِذَرقِه: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ العَوْسَجُ: درخت عوسج کا پھل نکلنا المَرْأَۃُ وَلَدَهَا: تھوڑا دودھ پلانا و اَمْصَعَتْ بِه: بچہ گرادینا القَوْمُ: بے دودھ والی اونٹنیوں والا ہونا لِفُلَان بحَقِّه: اقرار کرنا۔

مَصَّعَ القَضِیْبَ: چھال کو ٹہنی پر خشک ہونے کے لیے چھوڑ دینا۔

مَاصَعَ مِصَاعًا و مُمَاصَعَۃ. جنگ کرنا۔ مقاتلہ کرنا قِرْنَہٗ: تلوار وغیرہ سے مارنا بِلِسَانِه: تہمت لگانا۔

تَمَاصَعَ القَوْمُ فِي الْحَرْبِ: باہم جنگ کرنا۔

اِنْمَصَعَ وامْتَصَعَ فِي الْاَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔ اِنْمَصَعَ الحِمَارُ: گدھے کا کان کھڑے کرنا۔

المَصْع. س۔ ہانکنا۔ پھینکا جانا۔

المُصْعَۃ والمُصَعَۃ. ایک چھوٹا پرندہ۔ عوسج درخت کا پھل۔ ج مُصْع و مُصَع.

المَاصِع. ف۔ کھاری پانی۔ کم۔ گدلا۔ چمکیلا۔ پشت پھیرنے والا۔ مؤنث مَاصِعَۃٌ.

المِصَع. تلوار باز۔ لڑکا جو بٹے ہوئے کپڑوں سے کھیل رہا ہو۔

المَصُوْع. خوفزدہ مرد۔

مَصَلَ (ن) مَصْلًا اللبَنَ: پانی ٹپکنے کے لیے کپڑے میں لٹکانا مَالَہٗ: مال کو لغویات میں خرچ کرنا (مَصْلًا و مُصُوْلًا) الجُبْنَ و نَحْوَہٗ ٹپکنا الجُرْحُ: زخم کا رسنا۔

اَمْصَلَ مَالَہٗ. مال تباہ کرنا۔ لغویات میں خرچ کرنا الغَنَمَ: سارا دودھ دوہ لینا۔

اَمْصَلَتِ الْمَرْأَۃُ: ناتمام بچہ گرادینا۔ صف مُمْصِلٌ.

المَصْل. س۔ (والمَصَالَۃ والمُصَالَۃ) مِنَ اللبَنِ و نَحْوِہٖ: دودھ وغیرہ سے ٹپکا ہوا پانی المُصَالَۃ: تھیلا یا مٹکے سے جو ٹپکے۔

المَاصِل. ف۔ تھوڑا دودھ یا تھوڑا عطیہ۔

المِصْلَاء. باریک بازوؤں والی عورت۔

المِمْصَل. دودھ وغیرہ سے پانی ٹپکانے کا برتن۔ لغویات میں مال تباہ کرنے والا۔

مَصْمَصَ المَاءَ: زبان کے کنارے سے حرکت دینا الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ صاف کرنا۔

المُصَامِص. ہر چیز کا خالص۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَمُصَامِصٌ فِي قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم میں خالص النسب ہے۔

مَضَّ (س ن) مَضًّا و مَضِیْضًا الجُرْحُ فُلَانًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا الکُحْلُ العَیْنَ بِحِدَّتِه: سرمہ کا آنکھ میں جلن پیدا کرنا الخَلُّ فَاہُ: سرکہ کا منہ کو جلا دینا الشَّیْءُ فُلَانًا: تکلیف دہ غم میں مبتلا کرنا (مَضًّا) الشَّيْءَ: چوسنا۔

مَضَّ (س) مَضَضًا مِنَ الشَّیْءِ: دردمند ہونا۔ (مَضَضًا و مَضَاضَۃً و مَضِیْضًا) مصیبت کے دکھ سے دردمند ہوا۔

اَمَضَّہُ الْاَمْرُ: دردمند کرنا۔ جلن پیدا کر دینا۔ اَمَضَّہُ الجُرْحُ و نَحْوُہٗ: دردمند کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَمَضَّنِيْ کَلَامُ فُلَانٍ" فلاں کی گفتگو نے مجھ کو تکلیف پہنچائی "اَمَضَّہٗ جِلْدُہٗ" اس کی کھال کھجلائی۔

مَاضَّہٗ مِضَاضًا. لعنت ملامت کرنا۔

مَضَّضَ تَمْضِیْضًا. بہت کھاری پانی پینا۔ کھٹا دودھ پینا۔

تَمَاضَّ القَوْمُ: باہم جھگڑا کرنا۔

المَضّ. س۔ کُحْلٌ مَضٌّ: تیز جلن پیدا کرنے والا سرمہ۔ رَجُلٌ مَضُّ الضَّرْبِ: تکلیف دہ مار پیٹ والا مرد۔

المِضّ. ہونٹوں سے نہیں کے مانند کلمہ نکالنا اور کچھ امید بھی دلانا۔

مِضُّ و مِضَّ و مِضِّ مبنی و مِضٍّ مع التنوین: کلمہ ہے جو لا نفی کے معنی میں مستعمل ہے مگر اس کے ساتھ کچھ امید بھی ہو۔

المَضَّۃ اسم مرۃ۔ مؤنث المَضّ. اِمْرَأَۃٌ مَضَّۃٌ: عورت جو کسی مکروہ و مصیبت کو برداشت نہ کرسکے اَلْبَانٌ مَضَّۃٌ: کھٹے دودھ۔

المَضَض. س۔ مصیبت کی تکلیف۔ کھٹا دودھ۔

المَضَاض. جلن۔

المُضَاض. خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِنْ مُضَاضِ القَوْمِ" فلاں قوم کا خالص ہے۔ بہت کھاری پانی جو پیا نہ جاسکے۔ آنکھ کی جلن۔

المَضَّاض. جلانے والا۔

مَضَحَ (ف) مَضْحًا و اَمْضَحَ عِرْضَہٗ: عیب لگانا۔ مَضَحَ عَنْہُ: دفع کرنا الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا الاِبِلُ: اونٹوں کا منتشر ہونا المَزَادَۃُ: رسنا۔

مَضِدَ (س) مَضَدًا. کینہ رکھنا۔

مَضَرَ (ن) و مَضُرَ (ک) و مَضِرَ (س)

مَضْرًا و مَضَرًا و مُضُوْرًا النَّبِيْذُ او اللَّبَنُ: نبیذ یا دودھ کا کھٹا ہونا۔
مَضَّرَهٗ قبیلہ مضر کی طرف نسبت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَضَّرَ اللّٰهُ لَهُ الثَّنَاءَ" اللہ نے اس کی تعریف اچھی بنائی۔ مَضَّرَ مُضَرَ: ہلاک کرنا۔
تَمَضَّرَ قبیلہ مضر کی طرف منسوب یا اس کے مشابہ ہونا۔ قبیلہ مضر کی جانبداری کرنا۔ تَمَضَّرَتِ الْمَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا۔
لَبَنٌ مَضِرٌ و مَاضِرٌ و مَضِيْرٌ. کھٹا دودھ۔ و عَيْشٌ مَضِرٌ: آسودہ زندگی اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ خَضِرًا مَضِرًا او خِضْرًا مِضْرًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔ "اَخَذَهٗ خِضْرًا مِضْرًا و خَضِرًا مَضِرًا" یعنی اس نے اس کو تر و تازہ لیا یا بلا قیمت لیا۔
الْمَضِيْرَةُ. ایک قسم کا کھانا جو کھٹے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔
الْمُضَارَةُ مِنَ اللَّبَنِ: کھٹے دودھ کا پانی۔
مَضَغَ (ف ن) مَضْغًا الطَّعَامَ: چبانا۔
مَاضَغَهُ الْقِتَالَ او الْخُصُوْمَةَ: دیر تک لڑنا یا جھگڑنا۔
اَمْضَغَهٗ و مَضَّغَهٗ. چبوانا۔ اَمْضَغَ الثَّمَرُ: پھل کا چبانے کے قابل ہونا۔ اَمْضَغَ اللَّحْمُ: گوشت کا لذیذ ہونا اور کھایا جانا۔
الْمَضَاغُ. چبانا (والْمُضَاغَة) جو چیز چبائی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَنَا مَضَاغٌ" ہمارے پاس چبانے کے لیے کوئی چیز نہیں۔
الْمُضَاغَةُ: چباتے چباتے آخر میں جو منہ میں باقی رہ جائے۔
الْمَاضِغُ. فا۔ ج مُضَّغ.
الْمُضْغَةُ. گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مُضَغ و مُضَغُ الْاُمُوْرِ والْجِرَاحَاتِ: معمولی اور چھوٹے چھوٹے کام۔
الْمَضِيْغَةُ. ہڈی سے لگا ہوا گوشت۔ جبڑا۔ عضلہ۔ ج مَضِيْغ و مَضَائِغ.
الْمَضَّاغَه. بیوقوف۔ بہت چبانے والا۔

الْمَاضِغَانِ والْمَاضِغَتَانِ. دونوں جبڑے۔
الْمَوَاضِغُ. ڈاڑھیں۔
مَضْمَضَ مَضْمَضَةً و مَضْمَاضًا و مِضْمَاضًا الْمَاءَ فِيْ فِيْهِ: پانی کو منہ میں پھرانا الثَّوْبَ وَغَيْرَهٗ: دھونا (و تَمَضْمَضَ) النُّعَاسُ فِيْ عَيْنَيْهِ: اونگھ کا اثر آنکھوں میں ہونا۔ تَمَضْمَضَ الْكَلْبُ فِيْ اَثَرِهٖ: کسی کے پیچھے کتے کا بھونکنا۔
الْمِضْمَاضُ. جلن۔ ہلکا پھلکا مرد۔ نیند۔
الْمَضْمَضَةُ. مس۔ سانپ وغیرہ کی آواز۔ کلی۔
مَضٰى يَمْضِيْ و مَضَا يَمْضُوْ مُضُوًّا مُضِيًّا الشَّيْءُ: گزر جانا (مُضُوًّا) سَبِيْلَهٗ و لِسَبِيْلِهٖ: مرنا۔
مَضٰى يَمْضِيْ و يَمْضُوْ مَضَاءً و مُضُوًّا عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ جاری کرنا اور پورا کرنا۔ جس امر کو پورا کیا جائے اس کو مَمْضُوٌّ عَلَيْهِ کہتے ہیں۔ عَلَى الْبَيْعِ: بیع کو جائز رکھنا۔ مَضٰى مَضَاءَ السَّيْفِ: کاٹنا۔
اَمْضٰى اِمْضَاءً الْاَمْرَ: انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَمْضَى الْحَاكِمُ حُكْمَهٗ" حاکم نے اپنے فیصلہ کو نافذ کیا الْبَيْعَ: بیع کو جائز رکھنا۔ اور اسی سے ہے "اِمْضَاءُ الصُّكُوْكِ والرَّسَائِلِ" یعنی دستخط کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمْضَيْتُ لَهٗ" یعنی میں نے اس کو تھوڑی غلطی پر چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ انتہائی غلطی میں مبتلا ہو گیا پھر ایسے موقعہ پر اس کو سزا دی گئی کہ اس کے لیے کوئی عذر باقی نہ رہا۔
مَضّٰى تَمْضِيَةً الْاَمْرَ: نافذ کرنا۔
تَمَضّٰى الْاَمْرُ: نافذ ہونا۔ پورا ہونا الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔
الْمُضْوَاءُ. آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى عَلٰى مُضْوَائِهٖ" وہ اپنی پیش قدمی میں آگے رہا۔
الْمَاضِيْ. فا: گزشتہ زمانہ عِنْدَ النُّحَاةِ وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانہ پر وضعاً دلالت کرے الْمَاضِيْ: تلوار۔ ج مَوَاضٍ.

الْمَضَّاءُ. پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ مَضَّاءٌ عَلٰى مَا عَزَمْتَ عَلَيْهِ" تم اپنے ارادہ کو پورا کرنے والے ہو۔
مَطَّ (ن) مَطًّا الشَّيْءَ: پھیلانا الدَّلْوَ: ڈول کھینچنا خَدَّهٗ: تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَطَّ شِدْقَهٗ" اس نے گفتگو میں چرب زبانی کی۔ الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھیلانا خَطَّهٗ او خُطْوَهٗ: دراز کرنا۔
مَطَّطَ الشَّيْءَ: سخت کھینچنا الرَّجُلَ: گالی دینا۔
تَمَطَّطَ. کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا دِبْسٌ يَتَمَطَّطُ لِخُثُوْرَتِهٖ" یہ شیرہ ہے جو گاڑھا ہونے کی وجہ سے چمٹتا ہے فِي الْكَلَامِ: رنگ برنگ کی گفتگو کرنا۔
الْمَطَاطُ. اونٹ کا گاڑھا کھٹا دودھ۔
الْمَطَّاطُ. ربڑ۔
الْمُطَيْطٰى والْمُطَيْطَاءُ والْمِطِيْطَاءُ. مغرورانہ چال۔ چلنے میں دونوں ہاتھ کا پھیلانا۔
الْمَطِيْطَةُ. گدلا۔ گاڑھا پانی۔ ج مَطَائِط.
مَطَحَهٗ (ف) مَطْحًا بِيَدِهٖ: مارنا۔
تَمَطَّحَ و اِمْتَطَحَ الْوَادِيْ: بہت اور بلند پانی والی ہونا۔
مَطَخَ (ف) مَطْخًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا الرَّجُلَ بِيَدِهٖ: مارنا عِرْضَهٗ: آبرو کو داغدار کرنا۔
الْمَاطِخُ. فا۔ سست رفتار گھوڑا۔
الْمَطَّاخُ. بیوقوف۔ مغرور۔ فحش گو۔ جھوٹا اور جھوٹے سے کہا جاتا ہے "مَطْخ مَطْخ اور مَطِخ مَطِخ" یعنی تیرا قول باطل ہے۔
مَطَرَتْ (ن) مَطْرًا و مَطَرًا اَمْطَرَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا السَّمَاءُ الْقَوْمَ: پانی برسانا و اَمْطَرَ الرَّجُلُ: پیشانی پر پسینہ والا ہونا۔ بارش میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُ فُلَانًا فَامْطَرَ و اِسْتَمْطَرَ" میں نے فلاں سے گفتگو کی تو اس نے سر جھکا لیا اور اس کی پیشانی پر پسینہ آگیا۔ اَمْطَرَ الْمَكَانَ بارش شدہ پانا۔

مَطَرَ (ن مُطُوْرًا و مَطْرًا. الفَرسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا القِرْبَةَ مشک کو بھرنا الطَّيْرُ: پرندہ کا تیزی سے اُترنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ وَلَا اَدْرِي مَنْ مَطَرَبِهٖ" وہ گیا اور میں نہیں جانتا کہ اس کو کس نے پکڑ لیا (مُطُوْرًا) فِي الْاَرْضِ: جاناالعَبْدُ: بھاگنا الشَّيْئُ: بلند ہونا۔

تَمَطَّرَ. بارش کے سامنے ہونا۔ بارش طلب کرنا الرَّجُلُ فِي الْاَرْضِ: جانا الطَّيْرُ: پرندہ کا تیزی سے اُترنابِهٖ فَرَسُهٗ: لے کے تیز دوڑناتَمَطَّرَتِ الْخَيْلُ: گھوڑوں کا تیزی سے آنااور سبقت کی کوشش کرنا۔

اِسْتَمْطَرَ اللّٰهَ: بارش طلب کرناالْمَكَانُ او الزَّرْعُ: بارش کے قابل ہوناالرَّجُلُ: بارش سے چھپنا۔ خاموش رہناثَوْبَةً: برساتی پہنناالِسْتَمْطَرَ فُلَانًا و مِنْ فُلَانٍ: عنایت و کرم کی التجا کرناالسِّيَاطَ: کوڑوں کے در پے ہونا اور صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَسْتَمْطِرِ الْخَيْلَ" گھوڑوں کے درپے مت ہو۔

المَطَر. بارش ج اَمْطَار

المُطْر. چینا کا خوشہ۔ عادت۔

المَطْرَة. بارش کی ایک بوچھاڑ(و المِطْرَة والمَطَرَة) عادت المَمْطَرَة: مشک۔ حوض کا وسط۔

المَطَار والمَطَارَة مِنَ الْآبَارِ: چوڑے منہ کا کنواں۔

المُطَّارُ مِنَ الْخَيْلِ: بہت تیز رفتار گھوڑا۔

الْمَطِر والمَاطِر والمَطِيْر. بارش والا۔

المَطِيْر: جس پر بارش ہو۔

سَحَابٌ مِمْطَارٌ. موسلا دھار برسنے والا بادل۔

المِمْطَر والمِمْطَرة. برساتی۔ عوام مَشَمَّع کہتے ہیں۔

المُتَمَاطِر. بادل جو تھوڑی دیر برسے اور پھر رک جائے۔

المُتَمَطِّر. تیز رفتار گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑے کا سوار۔ بارش کے بعد سیر کو نکلنے والا۔ کہا جاتا ہے"خَرَجَ مُتَمَطِّرًا" یعنی بارش کے بعد سیر کو چلا۔

المُسْتَمْطِر. فا۔ بارش کا منتظر۔

المُسْتَمْطَر. مف۔ بارش کیلئے کھلا میدان۔

المِطْرَان والمَطْرَان. پادریوں کا ایک بڑا عہدہ ج مَطَارِنَة و مَطَارِيْن.

مَطَعَ (ف) مَطْعًا و مُطُوْعًا فِي الْاَرْضِ: جانااور گم ہوناالشَّيْئَ: اگلے دانتوں سے کھانا۔

المَاطِع. فا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے"بَيَاضٌ مَاطِعٌ نَاطِعٌ" خالص سفید۔

تَمَطَّقَ الطَّعَامَ چکھناالرَّجُلُ: چٹخارہ لینا۔

تَمَطَّقَتِ الْقَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔

المَطْقَة. مٹھاس۔ کہا جاتا ہے"تَمْرُهُمْ لَهٗ مَطْقَةٌ" ان کے چھوارے میں مٹھاس ہے کہ کھانے والے چٹخارہ لیتا ہے۔

مَطَلَ (ن) مَطْلًا الحَبْلَ: رسی تاننا الْحَدِيْدَ: لوہے کو کوٹ کے بڑھانا۔ پگھلا کر چوڑا کرناهٗ حَقَّهٗ و بِحَقِّهٖ: ٹال مٹول کرنا الدَّيْنَ: قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا۔

اِمْتَطَلَهٗ حَقَّهٗ: ٹال مٹول کرنا۔ اِمْتَطَلَ النَّبَاتُ: لمبا اور گنجان ہونا۔

اِمْطَلَّ الشَّيْئُ: دراز ہونا۔

المَطْلَةُ والمطلة. حوض کی تہ میں بقیہ پانی۔

المُطْلَة. تھوڑا سا پانی وغیرہ جو مشک سے گرے۔

المِطَالَة. لوہے کے پگھلانے کا پیشہ۔

المَطَّال. لوہے کو پگھلانے اور چوڑا کرنے والا(و المَطُوْل) بہت ٹالنے والا۔

المَطِيْلَة. کوٹ پیٹ کے چوڑا کیا ہوا لوہا۔

المِمْطَل. چور۔ لوہار کا گھن۔

المَمْطُوْل. مف۔ لمبا کیا ہوا۔ پھیلایا ہوا۔ ٹالا ہوا۔

مَطْمَطَ. گفتگو یا لکھنے میں سستی کرنا۔

تَمَطْمَطَ الْمَاءُ: گاڑھا ہونا۔

مَطَا يَمْطُوْ مَطْوًا. چلنے میں جلدی کرنا۔ بِالْقَوْمِ: دیر تک چلانا۔

مَطِيَ يَمْطَى مَطًا. پھیلنا اور لمبا ہونا۔

اَمْطَى الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا۔ سواری بنانااَمْطَاهُ الدَّابَّةَ: سوار کرانا۔

اِمْتَطَى. الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔

تَمَطَّى. پھیلنا اور لمبا ہوناالرَّجُلُ: چلنے میں ہاتھوں کو پھیلانا اور انگڑائی لینا۔

المَطَا. مذ۔ پیٹھ۔ تثنیہ مطوان ج اَمْطَاء.

المَطْو والمُطْو. شاخ جس کو چیر کر گٹھا باندھا جائے۔ ج مِطَاء وامْطَاء و مُطِيٌّ.

المِطْو: ساتھی۔ نظیر۔ کھجور کا گچھا۔ چینا کی بالی ج مِطَاء.

المُطَوَاء. بروزن غُلَوَاء۔ انگڑائی۔ لمبائی۔

المَطْوَة. مطا کا اسم مرۃ۔ کہاجاتا ہے"مَضَتْ مَطْوَةٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

المَطِيَّة. سواری۔ مذکر مؤنث دونوں کے لیے بعیر اور ناقة دونوں کو مطیة کہتے ہیں۔ ج مَطَايَا و مَطِيٌّ.

الْاَمْطِيُّ. سیدھے لمبے قد والا۔ ایک قسم گوند کی جو کھایا جاتا ہے۔

مَظَّهٗ (ن) مَظًّا. ملامت کرنا۔

مَاظَّهٗ مِظَاظًا و مُمَاظَّةً. جھگڑا کرنا۔ گالی دینامَاظَّ الْخَصْمَ: چمٹے رہنا۔

اَمَظَّهٗ. گالی دینا۔

تَمَاظُّوا. باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

المَظُّ. مذ۔ جنگلی انار کا درخت۔ ایک قسم کے گوند کا سرخ رنگ کا عصارہ۔

المَظَاظَة. سختی و بد مزاجی۔

مَظَعَ (ف) مَظْعًا و مَظَعَ الْوَتْرَ: تانت کو خشک اور چکیلا کرنا۔

تَمَظَّعَ الْمَاكُوْلَ: سب کا سب چاٹ جانا۔ الظِّلَّ: سایہ ڈھونڈتے پھرنافِي الرَّعْيِ: چرانے کے وقت سے دیر کرنا۔

المُظْعَة. گھاس کا بقیہ۔

المَظْعَة. باقی ماندہ گفتگو۔

مَعَ و مَعْ. اسم ہے جو مضاف ہو کر مستعمل ہے اور ظرف ہے اور اس وقت اس کے تین

معانی ہوتے ہیں۔

(۱)اجتماع اور مصاحبت جیسے "اللهُ مَعَكُمْ" اور اَفْعَلُ هٰذَا مَعَ هٰذَا.

(۲) وقت اجتماع۔ جیسے جِئْتُكَ مَعَ الْعَصْرِ.

(۳)بمعنی عند۔ جیسے جِئْتُ مِنْ مَعَ الْقَوْمِ. اور بلا مضاف ہوتے ہوئے بھی مستعمل ہے اس وقت اس پر تنوین آتی ہے اور حال واقع ہوتا ہے اور یہی تثنیہ اور جمع کے لیے بھی آتا ہے۔ جیسے "جَاءَ زَيْدٌ و عَمْرٌو مَعًا وَ جِئْنَا مَعًا" اور نسبت کے لیے مَعِيٌّ اور اسی سے واو معیت ہے۔

مَعَّ(ن) مَعًّا الشَّحْمُ: چربی کا پگھلنا۔

مَعَتَ(ف) مَعْتًا الشَّيْءَ: ملنا دلنا۔

مَعَجَ (ف) مَعْجًا الفَرَسُ: نرمی کے ساتھ تیز رفتار ہونا۔ صفت مَعُوج. مَعَجَ الْبَحْرُ: سمندر کا موج مارنا السَّيْلُ: سیلاب کا تیز بہنا بِالْقَلَمِ فِي الدَّوَاةِ: قلم کو روشنائی لگنے کیلئے دوات میں ہلانا الفَصِيْلُ ضَرْعَ أُمِّهِ: اونٹ کے بچہ کا دودھ اتارنے کے لیے تھن پر سر مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "الرِّيْحُ تَمْعَجُ فِي النَّبَاتِ" ہوا پودوں کو ادھر ادھر کر رہی ہے الْجَارِيَةَ: جماع کرنا الرَّجُلَ جنگ کرنا۔ تلوار مارنا۔ مَعَجَتِ النَّبَاتُ: لہلہانا۔

تَمَعَّجَ السَّيْلُ او الْحَيَّةُ: سیلاب یا سانپ کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

الْمَعْجِ. مع۔ اضطراب۔ مقاتلہ۔ نرمی سے ہوا کا چلنا۔

الْمَعْجَة. مَعْج کا اسم مرۃ۔ جوانی کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ فِيْ مَعْجَةِ شَبَابِهِ" اس نے یہ اپنی جوانی کے شروع میں کیا۔

الْمَعَّاج اسم مبالغہ۔ حِمَارٌ مَعَّاجٌ: دوڑنے میں ادھر ادھر ہونے والا گدھا۔

رِيْح مَعُوْج. تیز چلنے والی ہوا۔

فَرَسٌ مِمْعَج. نرمی کے ساتھ تیز رفتار گھوڑا۔

مَعَدَ(ف) مَعْدًا الشَّيْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا الشَّيْءَ: جلدی سے کھینچنا الرُّمْحَ: مرکز سے کھینچنا فِي الْأَرْضِ: دور تک جانا الشَّيْءُ: تباہ ہونا لَحْمَهُ: گوشت کو اگلے دانتوں سے کھانا السَّيْفَ: تلوار سونتنا الرَّجُلَ: معدہ پر مارنا (مَعْدًا و مُعُوْدًا) بِالشَّيْءِ: لے جانا الدَّلْوَ و بِهَا: ڈول کھینچنا اور کنوئیں سے نکالنا۔

مُعِدَ. درد معدہ والا ہونا۔ صفت مَمْعُوْد.

اِمْتَعَدَ الشَّيْءَ. چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا۔

الْمَعْد. س۔ موٹا۔ نرم سبزی۔ تر و تازہ پھل۔ تیز رفتار اونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ تُعُدٌّ ولا مُعْدٌ" اس کے پاس نہ قلیل ہے نہ کثیر۔

الْمَعَدّ. پیٹ۔ پہلو۔

الْمَعِدَة والمِعْدَة. آنتوں میں پہنچنے سے پہلے کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ ج مَعِد و مِعَد.

الْمُتَمَعِّدَة. مِنَ الرُّطَبِ: تر و تازہ۔

تَمَعْدَدَ الْغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا الْمَرِيْضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا الْمَهْزُوْلُ: موٹا ہونے لگنا۔

مَعِرَ(س) مَعَرًا الرِّيْشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا النَّاصِيَةُ: پیشانی کے سب بال گر جانا الظُّفْرُ: ناخن کا چوٹ وغیرہ لگنے سے گر جانا۔

مَعَّرَ. مفلس ہونا وَجْهَهُ: چہرہ کا غصہ سے بدلنا۔

اَمْعَرَ الرِّيْشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا الرَّجُلُ: محتاج ہو جانا۔ اَمْعَرَتِ الْأَرْضُ: کم نباتات والی ہونا الرَّجُلَ: مال چھین کر فقیر بنا دینا۔ الْقَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ بے سبزی والی زمین میں پڑنا الْمَوَاشِيُ الْأَرْضَ: چر کر صاف کر دینا۔

تَمَعَّرَ وَجْهُهُ: چہرے کا رنگ بدل جانا رَاسُهُ: سر کے بال گر جانا۔

الْمَعَارَة. بد خلقی۔ غصہ کی وجہ سے ترش رو۔

الْمَعِر. کم بال یا کم پروں والا۔ چوٹ لگنے سے گرنے والا۔ ناخن۔ بے برکت بخیل مرد۔ کم گوشت والا۔ اَرْضٌ مَعِرَةٌ: کم نباتات والی زمین۔

الْاَمْعَر. کم بال والا۔ کم نباتات والی جگہ۔ چمڑے کا موزہ۔ جس کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث مَعْرَاء. ج مُعْر. نَاصِيَةٌ مَعْرَاءُ: بے بال کی پیشانی۔

الْمَمْعُوْر. مع۔ غصہ کی وجہ سے ترش روئی۔

مَعِزَ(س) مَعَزًا الشَّيْءُ: سخت ہونا۔ صفت مَعِزٌ و مَاعِزٌ الرَّجُلُ: اپنے کام میں کوشش کرنا و اَمْعَزَ الرَّجُلُ: بہت بکریوں والا ہونا۔

مَعَزَ (ف) مَعْزًا. الرَّاعِي المعزى عَنِ الضَّانِ: بکریوں کو بھیڑوں سے جدا کرنا۔

تَمَعَّزَ وَجْهُهُ: چہرہ کا سکڑنا الْبَعِيْرُ: تیز دوڑنا۔

اِسْتَمْعَزَ. کام میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا اَمْعَزَهُ مِنْ رَجُلٍ یعنی کس قدر قوی اور سخت ہے۔ "وَمَا اَمْعَزَ رَايَه" وہ کس قدر مضبوط رائے والا ہے۔

الْمَعْز والمَعَز. بکری۔ یہ اسم جنس ہے۔ واحد مَاعِز ج اَمْعُز و مَعِيْزٌ. الْمَعَز: زمین کی سختی۔

الْاُمْعُوْز ج اَمَاعِز و اَمَاعِيْز والمَعِيْز و المِعْزیٰ والمَعَاز. بکری۔ الْاُمعوز: تیس سے چالیس تک ہرنوں کی جماعت۔

الْمَاعِز. فا۔ معز کا واحد (جیسے صاحب و صحب) بمعنی بکرا بکری۔ اور کبھی بکری کو مَاعِزَة کہتے ہیں۔ جمع مَوَاعِز. الْمَاعِز والمَعِز والْمُسْتَمْعِز: اپنے کام میں کوشش کرنے والا۔ والمَاعِز: بکری۔ بکری کی کھال مرد تیز طبیعت چالاک دوسروں کو منع کرنے والا۔

الْمِعْزَاة. بکری۔

الْاَمْعَز. بہت کنکر پتھر والی سخت جگہ مؤنث مَعْزَاء ج مُعْز و مَعْزَاوَات وَ اَمَاعِز.

الْمَعَّاز. بکری والا۔ بکریوں کا چرواہا۔

الْمَعْزِيّ. بخیل جو مال جمع کرے اور سائل کو منع کرے۔

رَجُلٌ مُمَعَّزٌ. خلقتاً سخت کھال والا مرد۔

مَعَسَ (ف) مَعْسًا الشَّيْءَ: سخت ملنا

الرَّجُلَ: بے عزتی کرنا۔ نیزہ مارنا۔
المَعْس. دودھ۔ حرکت۔
المَعَّاس والمُتمعِّس. لڑائی میں پیش قدمی کرنے والا۔
مَعِصَ (س)مَعَصًا الرَّجُلُ: موچ والا ہونا یا بہت چلنے سے پٹھوں میں درد والا ہونا۔ صفت مَعِصٌ و مَعِيْصٌ.
تَمَعَّصَ بَطْنُهٗ: پیٹ کا دردمند ہونا الرَّجُلُ: شرمندہ ہونا۔
مَعِضَ (س) مَعَضًا و اِمْتَعَضَ مِنَ الْاَمْرِ: غضبناک ہونا اور کام کا دشوار ہونا۔ صفت مَعِضٌ و مَاعِضٌ.
مَعَّضَهٗ و اَمْعَضَهٗ. غضبناک کرنا۔ دردمند کرنا الْمَعْض الشَّیْئَ: جلانا۔
مَعَطَ (ف)مَعْطًا الشَّیْئَ: کھینچنا الرِّیْشَ: پر اکھیڑنا بحقِّ فُلَانٍ: ٹالنا (وامتعط) السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔ مَعَطَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا الجَسَدُ: جسم کا بے بال ہونا۔
مَعِطَ (س)مَعَطًا و تَمَعَّطَ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا گرے ہوئے بال والا ہونا۔ صفت مَعِطٌ و اَمْعَطُ.
تَمَعَّطَ و اِمَّعَطَ و اِنْمَعَطَ و اِمْتَعَطَ الشَّعْرُ: بیماری کی وجہ سے بال گر جانا۔ اِمَّعَطَ و اِمْتَعَطَ النَّهَارُ: دن کا دراز ہونا۔ اِمْتَعَطَ رُمْحَه: نیزہ کھینچنا۔
المَعِط والاَمْعَط. جسم پر بے بال والا۔ مؤنث مَعْطَاء ج مُعْطٌ. ولِصٌّ اَمْعَطُ: بھیڑیے کے مشابہ چور۔ رَمْلٌ اَمْعَطُ: بغیر نباتات کے ریگستان اَرْضٌ مَعْطَاءُ: بغیر نباتات والی زمین۔
مَعَقَهٗ (ف)مَعْقًا. ڈگڈگا کے پینا۔ مَعَقَ السَّيْلُ الْاَرْضَ: سیلاب کا زمین کو بہا لے جانا۔
مُعِقَ مَعْقًا. الرَّجُلُ: فاسد معدہ والا ہونا۔
مَعُقَ (ک)مَعْقًا و مَعَاقَةً النَّهْرُ: گہرا ہونا۔ صفت مَعِيْقٌ مؤنث مَعِيْقَةٌ.
اَمْعَقَ الْبِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا۔

تَمَعَّقَ. گہرا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَمَعَّقَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا" یعنی اس نے ہم سے بد خلقی کی۔
المَعْق والمَعَق والمُعْق. گہرائی۔ ج اَمْعَاق و اَمَاعِق و اَمَاعِيْق. المَعْق: بدخلقی۔ بے نباتات والی زمین۔
مَعَكَ (ف)مَعْكًا الشَّیْئَ: ملنا الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ بے عزتی کرنا فُلَانًا فِي الخُصُوْمَةِ: غالب آنا۔ مَعَكَهٗ دِيْنَهٗ و بِدَيْنِهٖ: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
مَعُكَ (ک)مَعَاكَةً بیوقوف ہونا۔
مَعَّكَهٗ. زمین میں لوٹانا۔
تَمَعَّكَ. زمین میں لوٹنا۔
مَاعَكَهٗ مُمَاعَكَةً بِدَيْنِه: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
المَعِك. بیوقوف۔ سخت جھگڑالو (والمِمْعَك) قرض کو ٹالنے والا۔
اَلْمَعْكَرُوْنَةُ: مشہور کھانے کا نام۔
اِبِلٌ مَعْكَى. بہت اونٹ۔
المَعْكُوْكَاء گرد و غبار۔ شور و غوغا۔ بدی۔
مَعَلَ (ف)مَعْلًا الشَّیْئَ. چھین لینا۔ اُچک لینا الخَشَبَةَ: لکڑی چیرنا اَمْرَهٗ: کام کو ساتھیوں سے پہلے کر لینا الرَّجُلُ: تیز چلنا الحِمَارَ: گدھے کو خصی کرنا۔ مَعَلَهٗ و اَمْعَلَهٗ عَنِ الشَّیْئِ: جلدی سے ہٹا دینا۔
اِمْتَعَلَ الرَّجُلُ: پے در پے نیزہ مارنا۔
المَعِل مِنَ النَّاسِ: پھرتیلا، جلد باز۔
المَعْل. س۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ مِنْهُ مَعْلٌ" تیرے لیے ضروری ہے۔
المَعَالَة. بدی۔
حِمَارٌ مَمْعُوْل. خصی کیا ہوا گدھا۔
مَعْمَعَ. جلدی کام کرنا الشَّیْئُ المُحْتَرِقُ: جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا القَوْمُ: سخت جنگ کرنا۔ سخت گرمی میں چلنا الرَّجُلُ: گفتگو میں لفظ مع اکثر بولنا السَّمَاءُ الْمَطَرَ عَلَى الْاَرْضِ سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کر دینا۔

المَعْمَع. تیز خاطر عورت۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ مَعْمَعٍ" وہ امور پر صبر کرنے والا ہے۔
المَعْمَعَة. س۔ بانس وغیرہ جلنے کی آواز۔ لڑائی میں بہادروں کا شور۔ گرمی کی شدت ج مَعَامِعُ المَعَامِعُ: لڑائیاں اور فتنے۔
المَعْمَعِيُّ. جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔
المَعْمَعَان والمَعْمَعَانِي مِنَ الْاَيَّامِ: سخت گرم المَعْمَعَان: سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ مَعْمَعَانِ الصَّيْفِ" یعنی وہ سخت گرمی میں آیا۔ وَفِيْ مَعْمَعَانِ الشِّتَاءِ یعنی وہ سخت جاڑے میں آیا۔
مَعَنَ (ن)مَعْنًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا بِالْحَقِّ: حق کا انکار کرنا۔ حق کا اقرار کرنا۔ (ضد)
مَعَنَ (ف)مَعْنًا و مَعُنَ (ک)مُعُوْنًا الْمَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ صفت مَعِيْن. مَعَنَ الفَرَسُ: گھوڑے کا دور تک دوڑنا المَطَرُ الْاَرْضَ: پے در پے بارش ہو کر سیراب کر دینا۔
مَعِنَ (س)مَعَنًا المَكَانُ او النَّبْتُ: پانی سے سیراب ہونا۔
اَمْعَنَ فِي الطَّلَبِ: ڈھونڈنے میں بہت مبالغہ کرنا فِي الْاَمْرِ: معاملے کی گہرائی میں پہنچنا۔
الضَّبُّ فِيْ جُحْرِهٖ: گوہ کا سوراخ کے انتہائی حصے میں غائب ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا النَّظَرَ فِي الْاَمْرِ: نہایت غور کے ساتھ سوچنا الوَادِيُ: زیادہ بہتے ہوئے پانی والی ہونا لَهٗ: بہت ہونا، کم ہونا بِالْحَقِّ: حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا۔ انکار کرنا الْمَاءُ: پانی کا آہستہ آہستہ بہنا فُلَانٌ الْمَاءَ: پانی بہانا اَمْعَنَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔
تَمَعَّنَ. ذلیل و حقیر ہونا۔
المَعْن. معں۔ ہر نفع اٹھانے کی چیز۔ بہت

کم۔ آسان۔ لمبا۔ کوتاہ۔ ادھوڑی۔ سرخ کھال جو ٹوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔ ذلت۔ کھلے میدان کا پانی۔
المَعْنَة. معن کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَالَه سَعْنَةٌ ولا مَعْنَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
المَعْنِيّ. بہت مال والا۔ کم مال والا۔
المَعان. منزل۔
المَاعُوْن. بارش۔ پانی۔ ہر وہ خانگی سامان جس سے خود نفع اُٹھایا جائے اور دوسروں کو عاریت پر دیا جائے (جیسے ہانڈی' چمچہ' ڈول' رسی' سوئی وغیرہ وغیرہ) بھلائی۔ فرمانبرداری۔ زکوۃ عِنْدَ العَامَّةِ. کاغذ کا دستہ یا رِم۔
المَعِیْن. بہتا ہوا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَعِیْنٌ" جاری پانی "سِقَاءٌ مَعِیْنٌ" بہتے ہوئے پانی والا مشکیزہ۔ ج مُعُنَات و مُعُن.
المُعْنَات والمُعْنَان. پانی بہنے کی جگہ۔ وادی میں پانی کے نالے۔
کَلأٌ مَمْعُوْنٌ. گھاس جس میں پانی جاری ہو۔ رَوْضٌ مَمْعُوْنٌ. جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ۔
تَمَعْنَى یَتَمَعْنَى. معنی سمجھنا۔ معنے بیان کرنا۔
مَعَا یَمْعُوْ مُعَاءَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَمْعَى النَّخْلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا البُسْرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔
تَمَعَّى السِّقَاءُ: مشکیزہ کا تن جانا
الشَّرُّ بَیْنَ النَّاسِ: برائی کا پھیلنا۔
المَعْو. تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔
المَعْيُ والمِعَى ج اَمْعَاء. والمِعَاءُ ج اَمْعِیَة. آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
مَغَثَ (ف) مَغْثًا الدَّوَاءَ فِي المَاءِ: دوا کو پانی میں نرم کرنا الرَّجُلَ: غیر تکلیف دہ مارنا۔ پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَغَثَتْهُمُ الحُمّٰی" ان کو بخار آ گیا۔ مَغَثَهُ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔
مَغَثَ الشَّيْءَ: گڈمڈ کرنا عِرْضَ فُلَانٍ: عیب لگانا۔
مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔
مَاغَثَهُ مِغَاثًا و مُمَاغَثَةً. جھگڑا کرنا۔
المَغْث. مص۔ انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ ج مِغَاث.
المِغَث. سخت قسم کا پہلوان۔
المَغِیْث. گھاس جس کو بارش نے بچھا دیا ہو۔ شریر مرد۔
المُغَاث. چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔
المَمْغُوْث. بخار زدہ۔ بارش سے بچھی ہوئی گھاس۔
مَغَدَ (ف) مَغْدًا الشَّيْءَ: چوسنا۔
الفَصِیْلُ اُمَّهُ: اونٹ کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا النَّبَاتُ: نباتات لمبی ہونا الرَّجُلُ فِي عَیْشِهِ: آسودہ زندگی گزارنا شَعْرَهُ: بال اکھیڑنا العَیْشُ البَدَنَ: موٹا تازہ کر دینا فُلَانٌ: کامل جوان ہونا الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
مَغَدَ (ف) و مَغِدَ (س) مَغْدًا البَدَنُ: بدن کا موٹا ہونا۔
اَمْغَدَ. دیر تک پینا الصَّبِيَّ: بچے کو دودھ پلانا۔
المَغْد. مص۔ عَیْشٌ مَغْدٌ آسودہ زندگی۔
المَغْدُ: ببول کا گوند بیری کا گوند یبروح الضم (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بیگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے باریک و نازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔
مَغَرَ (ف) مَغْرًا فِي البِلَادِ: تیز جانا بِهِ بَعِیْرُهُ: لے کے تیز دوڑنا۔
مَغَرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرو سے رنگنا۔
اَمْغَرَهُ بِالسَّهْمِ: آر پار کر دینا۔ اَمْغَرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا۔ صفت مُمْغِر.
المَغْرَة والمَغَرَة. گیرو۔
المَغْر والمُغْرَة. غیر خالص سرخی کا رنگ۔
المَغَارَة. دیکھئے مادہ غور۔
الاَمْغَر. غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی جھلکتی ہو۔
لَبَنٌ مَغِیْرٌ. سرخ دودھ خون ملا ہوا۔
المَمْغَرَة. وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔
مَغَسَ (ف) مَغْسًا بِیَدِهِ: چھونا هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
مُغِس. آنتوں میں درد والا ہونا۔
مَغِصَ (س) مَغَصًا و مُغِصَ مَغْصًا آنتوں میں درد اور مروڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوْص.
اَمْغَصَهُ. مروڑ اور اینٹھن والا کرنا۔
تَمَغَّصَ بَطْنُهُ: مروڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ درد ناک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَغَّصَ بَطْنِيْ" یعنی درد میں مبتلا کیا۔ "تَمَغَّصَنِي الشَّيْءُ و تَمَغَّصْتُ مِنْهُ" اس نے مجھے تکلیف دی۔
المَغْص. مص۔ آنتوں میں مروڑ اور اینٹھن۔
المَغْص. عمدہ اونٹ ج اَمْغَاص. واحد مَغْصَة.
مَغَطَ (ف) مَغْطًا و مَغَّطَ الشَّيْءَ: لمبا ہونے کے لیے کھینچنا۔
تَمَغَّطَ و اِمَّغَطَ الشَّيْءُ: کھنچنا و طویل ہونا۔
تَمَغَّطَ البَعِیْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا۔ الفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔
اِمْتَغَطَ. کھینچنا اور طویل ہونا السَّیْفَ. تلوار سونتنا۔
المَمْغَط. انتہائی لمبا۔
مَغَلَ (ف) مَغْلًا و مَغَالَةً بِالرَّجُلِ: چغل خوری کرنا۔
مَغِلَتْ (س) مَغَلًا عَیْنُهُ: خراب ہونا۔
الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: زمانہ حمل میں دودھ پلانا۔
مَغَلَتْ (ف) و مَغِلَتْ (س) مَغْلًا

الدَّابَّة: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَغِلَةٌ و مَمْغُولَةٌ اور اسم المَغْلَة.
اَمْغَلَ القَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد والے جانور کا مالک ہونا الْحَامِلُ وَلَدَهَا: زمانۂ حمل کا دودھ پلانا بِهِ عِنْدَ السُّلْطَان: چغل خوری کرنا۔
المَغْل والمُغَل. زمانہ حمل میں عورت کا دودھ المَغَل: آنکھ کا کیچڑ۔ ج اَمْغَال.
المُغْل. ایک قوم کا نام۔ ج مُغُوْل.
المَغْلَة. مغل کا اسم مرۃ فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچے جننے والی بھیڑ یا بکری۔ ج مِغَال..
المَغَالَة. س خیانت۔ فریب۔
مَغْمَغَ اللحْمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔ الْكَلَامَ: مبہم کہنا الشَّئُ: گڈمڈ کرنا فِی عَمَلِهِ: ناقص وردی طریقے سے کرنا الْاَمْرُ: خلط ملط ہونا الْكَلْبُ فِی الْاِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔
مَغْنَطَ الْحَدِيْد۔ لوہا وغیرہ سے پلانا۔
اَلْمَغْنَطِيْسُ وَالْمَغْنَاطِيْسُ. ایک معدن جس میں لوہا و دیگر معاون جذب کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔
اَلْمَغْنُولِيَةُ: شمالی امریکہ میں ایک درخت کی قسم جس کے بڑے بڑے خوبصورت پھول ہوتے ہیں زیب وزینت کے لئے بوئے جاتے ہیں۔
اَلْمَغْنِيْسِيَا وَالْمَنَازِيَا: بے ہوا و بے ذائقہ سفید مٹی۔ جس کے ساتھ علاج کیا جاتا ہے۔
المَغْنَطِيْس والمَغْنَاطِيْس. چمک پتھر۔
مَغَا يَمْغُوْ مَغْوًا السَّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
المُغَاء والمُغُوّ. بلی کی آواز۔
مَغَى يَمْغِى مَغْيًا. غیر مفہوم گفتگو کرنا۔
تَمَغَّى الْاَدِيْمُ: چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔
المَغْيُ س فِی الْاَدِيْم: چمڑے کا ڈھیلا پن۔ فِی الْاِنْسَان: مذاقًا یا واقعی طور پر وہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔

مَفَجَ (ف) مَفْجًا الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔
رَجُلٌ مَفَاجَةٌ بیوقوف مرد۔
مَقَّ (ن) مَقًّا الشَّئَ: چیز کو کھولنا اللهُ عَيْنَه: اکھیڑنا۔
مَقَّقَ الطَّائِرُ فَرخَهُ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا۔ عَلٰی عِيَالِهِ: فقیری یا بخل سے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔
تَمَقَّقَ الشَّرَاب: تھوڑا تھوڑا پینا مَا فِی الْعَظْمِ: ہڈی سے سارا گودا نکال لینا (و اِمْتَقَّ) الفَصِيْلُ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
المَقَقُ. پتلے پن کے ساتھ بہت لمبائی۔ ہر دو چیزوں کے درمیان دوری۔
المَقَقَةُ. دودھ پینے والے میمنے۔ جاہل لوگ۔ تھوڑی تھوڑی شراب پینے والے۔
الاَمَقّ. پتلے پن کے ساتھ بہت لمبا۔ مؤنث مَقَّاء ج مُق. بلدٌ امَقٌ: وسیع شہر۔ فَخِذٌ مَقَّاء: گوشت سے خالی ران۔ ج مُقّ.
مَقَتَ (ن) مقتا وماقت الرَّجُلُ: بہت بغض رکھنا۔
مَقُتَ (ک) مقاتة فُلانٌ اِلَيَّ: ناپسند ہونا۔
مَقَّتَهُ. بہت بغض رکھنا۔ مَقَّتَهُ اِلٰی قُبْحِ فِعْلِهِ: مبغوض کر دینا۔
تَمَقَّتَ اِلَيَّ ناپسند ہونا۔
تَمَاقَتُوْا. بعض کا بعض کے ساتھ بغض رکھنا۔
المقْت. س زواج المقْت: باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔
المَقتِيّ. باپ کی بیوہ سے شادی کرنے والا۔
المَقِيْت والممْقُوْت. ناپسند۔
مَقَر (ن) مقرا عُنُقه: لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا السمكة المالحة: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔
مَقِر (س) مقرًا الشَّیُ: کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مقِر.
اَمْقَرَ السمكة المالحة: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا الشَّئُ: کڑوا ہونا اللَّبَنُ. دودھ کا بے مزہ ہونا۔
اِمْتَقَرَ الرَّكِيَّة: پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔
اِمْقَرَّ اِمْقِرَارًا. الرَّجُلُ: ابھری ہوئی رگ والا ہونا۔
المَقْر والمَقِر. ایلوا یا اس کے مشابہ کڑوی چیز۔
المَمْقُوْر. سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی۔
المُمْقِر. کم پانی والا کنواں۔
مَقَسَ (ن) مَقْسًا الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ الشَّئُ فِی الْمَاءِ: پانی میں ڈبونا الماءُ پانی کا جاری ہونا فُلَانٌ فِی الْاَرْضِ جانا۔
مَقِسَتْ (س) مَقَسًا و تَمَقَّسَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔
مَاقَسَه مُمَاقَسَة. باہم ڈبونا۔ غواصی میں مقابلہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُمَاقِسُ حُوْتًا"، وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے۔
مَقَطَهُ (ن ض) مَقْطًا: غصہ میں ڈالنا مَقَطَهُ بالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ مَقَطَ الشَّئَ: باندھنا۔ مضبوط بٹی ہوئی رسّی سے باندھنا عُنُقَهُ: توڑ دینا الْكُرَةَ: زمین پر مارنا پھر اٹھانا ہٗ بِالْاَيْمَان: قسم دلانا الحَبْلَ: رسّی بٹنا الشَّئُ گھونٹ لگانا۔ مَقَطَ بِالْقِرْن و مَقَطَهُ و مَقَّطَهُ: پچھاڑنا مَقَطَ بِالْاِبِلِ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی سے باندھنا۔
المَاقِط. فا۔ کنکری ڈال کر شگون لینے والا۔ ڈول کی رسّی۔
المِقَاط. مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسّی۔ ج مُقُط.
المَقط. چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔
المِقْط. پرندہ پھنسانے کا دھاگہ ج اَمْقَاط.
مَقَعَ (ف) مَقْعًا الشَّرَاب: ڈگڈگا کے پینا۔ ہٗ بِشَرٍّ: تہمت لگانا الفَصِيْلُ اُمَّهُ: اونٹ

کے بچّے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
اِمْتَقَعَ الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
اُمْتُقِعَ. غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔
اَلْمَقْعُ. س. ٹھہرا ہوا پانی۔ ج اَمْقُعٌ.
مَقَلَهٗ(ن) مَقْلًا. دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَقَلَتْهُ عَيْنِيْ" میری آنکھ نے اس کو دیکھا "وَمَا مَقَلَتْ عَيْنَايَ مِثْلَهٗ" میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔
ہٗ: پانی میں ڈبونا۔ مَقَلَ فِي الْمَاءِ: غوطہ لگانا۔
اَلْمَقْلَةُ: برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آ جائے تو تقسیم کرنا تاکہ اس طرح سب کو برابر برابر پانی مل جائے۔
مَاقَلَهٗ. ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
تَمَاقَلَا. باہم غوطہ زنی کرنا۔
اِمْتَقَلَ. بار بار غوطہ لگانا۔
اَلْمَقْلُ. س. کنوئیں کی تہ۔ کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔ سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔
اَلْمُقْلُ. گوگل کا پھل۔ گوگل۔
اَلْمَقْلَةُ. مقل کا اسم مرۃ۔ کنوئیں کی تہ۔ کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آ جاتا تھا تو پلاتے تھے تاکہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔
اَلْمُقْلَةُ. آنکھ کا ڈھیلا۔ آنکھ۔ ج مُقَلٌ.
مَقْمَقَ الشَّيْءَ: نرم اور آسان ہونا الشَّيْءَ: ذلیل کرنا الْوَلَدُ اُمَّهٗ: زور سے چوسنا۔
اَلْمُقَامِقُ. حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا۔
مَقِهَ (س) مَقَهًا. سرخ پلکوں والا ہونا۔ صفت اَمْقَهُ.
اَلْمَقَهُ. سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔
اَلْاَمْقَهُ. دور۔ بنجر زمین۔ سرخ پلکوں والا۔

خودسر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔ مؤنث مَقْهَاءُ ج مُقْهٌ.
مَقَا يَمْقُوْ مَقْوًا و مَقٰى يَمْقِيْ مَقْيًا السَّيْفَ: تلوار پر صیقل کرنا۔ مَقَا الْفَصِيْلُ اُمَّهٗ: زور سے دودھ پینا۔ مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔
مَكَّ (ن) مَكًّا و تَمَكَّكَ وامْتَكَّ الْعَظْمَ: ہڈی سے سارا گودا چوس لینا۔ مَكَّ الشَّيْءَ: ہلاک کرنا۔ برباد کرنا غَرِيْمَهٗ: قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔ اِمْتَكَّ و تَمَكَّكَ الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: سب کچھ چوس لینا۔
مَكَّكَ عَلٰى غَرِيْمِه: قرض دار سے اصرار کرنا۔
اَلْمُكَاكُ والْمُكَاكَةُ. ہڈی کا گودا۔
اَلْمَكُّوْكُ. پینے کا پیالہ ڈیڑھ صاع کا پیمانہ۔ کپڑا بننے کی نال۔ ج مَكَاكِيْكُ.
مَكَتَ (ن) مَكْتًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
اِسْتَمْكَتَ. پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔
مَكَثَ (ن) مَكْثًا و مَكَثًا و مُكُوْثًا و مُكْثَانًا و مِكِّيْثٰى و مِكِّيْثَاءَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔ صفت مَاكِثٌ اور اسم الْمُكْثُ والمِكْثُ.
مَكُثَ (ک) مَكَاثَةً. ٹھہرنا۔
اَمْكَثَهٗ. ٹھہرانا۔
تَمَكَّثَ. انتظار کرنا اور ٹھہرنا بِالْمَكَانِ ٹھہرنا فِي الْاَمْرِ: جلد بازی نہ کرنا۔
اَلْمَكِيْثُ. ٹھہرنے والا۔ رنجیدہ۔ ج مُكَثَاءُ و مَكِيْثُوْنَ.
مَكَدَ (ن) مَكْدًا و مُكُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ صفت مَاكِدٌ. مَاءٌ مَاكِدٌ: ختم نہ ہونے والا پانی نَاقَةٌ مَاكِدَةٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔ اور ایسا ہی نَاقَةٌ مَكْدَاءُ و مَكُوْدٌ. ج مُكُدٌ و مَكَائِدُ.
اَلْمِكَدُ. کنگھا۔
مَكَرَ (ن) مَكْرًا. الرَّجُلَ و بِهٖ: دھوکہ دینا۔ اللّٰهُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔ مَكَّرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا ہٗ: رنگنا الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔
مَكِرَ (س) مَكَرًا. سرخ ہونا۔
مَاكَرَهٗ. فریب دینا۔
مَكَّرَ. گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔
اَمْكَرَهٗ. دھوکا دینا ہٗ اللّٰهُ: مکر کی سزا دینا۔
تَمَاكَرُوْا. بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔
اِمْتَكَرَ و اِمْتُكِرَ. گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔
اَلْمَكْرُ. س. دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔
اَلْمَكْرَةُ. مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مَكْرٌ و مُكُوْرٌ.
اَلْمَاكِرُ. فریب کرنے والا۔ ج مَكَرَةٌ و مَاكِرُوْنَ.
اَلْمَكَّارُ والْمَكُوْرُ. بہت دھوکہ فریب کرنے والا۔
مَكَسَ (ض) مَكْسًا. ٹیکس جمع کرنا فِي الْبَيْعِ: قیمت گھٹانا ہٗ: ظلم کرنا۔
اَلْمَكْرُوْمُكُوْبُ: (یونانی لفظ): اس کی عربی اَلْمُجْهِرُ: دوربین-
مُكِسَ الرَّجُلُ: خرید و فروخت وغیرہ میں نقصان پہنچنا۔
مَاكَسَه مِكَاسًا و مُمَاكَسَةً. قیمت کم کرانا۔ مخالفت کرنا۔
تَمَاكَسَ الرَّجُلَانِ فِي الْبَيْعِ: خرید و فروخت میں باہم جھگڑنا۔
اَلْمَكْسُ. س. محصول۔ ٹیکس۔ چنگی۔ ج مُكُوْسٌ.
اَلْمَاكِسُ والْمَكَّاسُ. ٹیکس وصول کرنے والا۔ صاحب مکس بھی کہا جاتا ہے۔
مَكْمَكَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑھکنا الْمُخَّ: سارا گودا چوس لینا۔
مَكُنَ (ک) مَكَانَةً عِنْدَ الْاَمِيْرِ: صاحب مرتبہ ہونا۔

مَکِنَتْ(س) مَکْنًا الْجَرَادَةُ و نَحْوُهَا: ٹڈی کا انڈا دینا یا انڈے والی ہونا۔ صفت مَکُوْن ج مِکَانٌ۔

مَکَّنَهُ و اَمْکَنَهُ مِنَ الشَّیْ: قدرت دینا۔ قادر بنانا۔

اَمْکَنَ الْاَمْرُ فُلَانًا و لِفُلَان: آسان ہونا۔ ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُمْکِنُهُ النُّهُوْض" فلاں اٹھنے پر قادر نہیں۔ و اَمْکَنَنِی الْاَمْرُ: یعنی معاملہ میرے قبضہ میں آگیا۔ اَمْکَنَتِ الجَرَادَة: ٹڈی کا انڈا دینا۔

تَمَکَّنَ عِنْدَ الْاَمِیْر: بلند و صاحب مرتبہ ہونا۔

الْمَکَانُ و بِهِ: مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا ہونا۔ (و اِسْتَمْکَنَ) مِنَ الْاَمْر: قادر ہونا یا فتح مند ہونا۔

الْمَکْن و الْمَکِن: ٹڈی وغیرہ کے انڈے۔ واحد مَکْنَةٌ و مَکِنَةٌ ج مَکْنَات و مَکِنَات۔

الْمُکْنَة: قوت۔ طاقت۔

الْمَکِنَة: قدرت۔ پرندوں کا گھونسلا۔ ج مَکِنَات۔

الْمَکَان: موضع۔ جگہ (یہ ظرف ہے کون سے) ج اَمْکِنَة و اَمْکُن وجج اَمَاکِن۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الْعِلْمِ بِمَکَان" اس کے لیے علم کا ایک خاص مرتبہ حاصل ہے "وهٰذَا مَکَانُ هٰذَا" یہ اس کے بدلے میں ہے۔

الْمَکَانَة: س۔ مرتبہ۔ رفعت شان۔ سنجیدگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰی مَکَانَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔ ج مَکَانَات۔

الْمَکِیْن: صاحب مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکِیْنٌ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" اس کو امیر کے نزدیک مرتبہ حاصل ہے "وَهُوَ اَمْکَنُ مِنْ غَیْرِهِ" بہ نسبت غیر کے زیادہ صاحب مرتبہ ہے۔ ج مُکَنَاءُ۔

الْمَکِیْنَة: آہستگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰی مَکِیْنَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔

الْمُتَمَکِّن فِیْ عِلْمِ النَّحْوِ: اصطلاح نحو میں وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھتا ہو۔

والْمُتَمَکِّنُ الْاَمْکَن: اسم منصرف جس کے آخر میں تینوں حرکات مع تنوین کے ظاہر ہوں۔

والْمُتَمَکِّن غَیْرُ الْاَمْکَن: اسم غیر منصرف جس کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ آئے۔

غَیْرُ الْمُتَمَکِّن: وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو جیسے کَیْفَ و اَیْنَ۔

مَکَا یَمْکُوْ مُکَاءً و مَکْوًا: منہ سے سیٹی بجانا۔

مَکِیَتْ تَمْکٰی مَکًا یَدُهٗ: ہاتھ میں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے چھالے ہونا۔

تَمَکّٰی تَمَکِّیًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہونا۔

الْمَکِی والْمَکْو: خرگوش وغیرہ کا بھٹ۔ ج اَمْکَاء۔

الْمُکَّاء: سفید رنگ کا خوش آواز پرندہ۔ ج مَکَاکِیّ۔

الْمَکْوَةُ: دبر۔

مَلَّ(ن) مَلًّا الثَّوْبَ: کپڑے پر لنگر کرنا۔ کچا کرنا الشَّیْ فِی الْجَمْر: انگاروں میں رکھنا۔ صفت فاعلی مَلَّال صفت مفعولی مَمْلُوْلٌ و مَلِیْلٌ۔

السَّهْمَ بِالنَّار: تیر کو آگ سے سیدھا کرنا اللَّحْمَ اَوِ الْخُبْزَ: گوشت یا روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا فِی الْمَشْیِ: تیز دوڑنا عَلَیْهِ السَّفَرُ: سفر طویل ہونا۔

مَلَّ(ض ن) مَلًّا: ملال لاحق ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا الشَّیْ: الٹ پلٹ کرنا۔

الْمَحْمُوْمُ: بخار زدہ کا تلملانا۔

مَلَّ(س) مَلَلًا و مَلَالًا و مَلَّةً و مَلَالَةً الشَّیْ و مِنَ الشَّیْ: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔

مَلَّلَ تَمْلِیْلًا الشَّیْ: الٹ پلٹ کرنا۔

اَمَلَّ عَلَیْهِ السَّفَرُ: طویل ہونا۔ اَمَلَّهُ الْاَمْرُ وَاَمَلَّ عَلَیْهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ ملال میں ڈالنا۔ اَمَلَّهُ الشَّیْ: بھوبھل میں ڈالنا۔

اَمْلَلْتُ اِمْلَالًا و اَمْلَیْتُ اِمْلَاءً الْکِتَابَ عَلَی الْکَاتِب: املا کرانا۔

تَمَلْمَلَ: مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا فِی الْمَشْیِ: تیز دوڑنا مَلَّةَ کَذَا: مذہب اختیار کرنا الْخُبْزَة: روٹی کو بھوبھل میں پکانا۔

اِنْمَلَّ: کھینچا جانا۔ نکل آنا۔

اِسْتَمَلَّ الشَّیْ: زچ ہونا۔

الْمَلُّ: س۔ رَجُلٌ مَلٌّ: اکتایا ہوا مرد۔

الْمَلَّة: اسم مرۃ۔ چنگاری؛ بھوبھل؛ بخار کا پسینہ۔ تنگ دلی۔ و خُبْزُ الْمَلَّة: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَلَّةٌ" بہت جلدی ملول ہونے والا۔

الْمِلَّة: مذہب۔ شریعت۔ خون بہا۔ ج مِلَل۔

الْمُلَّة: کچی سلائی۔ ج مُلَل۔

الْمُلّٰی: بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی۔

الْمَلَل والْمَلَال: تنگ دل۔

الْمُلَال: مرض یا غم کی وجہ سے اضطراب۔ پیٹھ کا درد۔ کمان کی پیٹھ۔ ہڈی کے اندر کی گرمی۔ بخار کا پسینہ۔ تلوار کے قبضہ کی لکڑی۔

الْمَلُوْل والْمَلُوْلَة والْمَلَّالَة والْمَالُوْلَة: تنگ دل۔ مذکر و مؤنث تا مبالغہ کے لیے ہے۔

الْمَلِیْل والْمَمْلُوْل: بھوبھل میں بھنا ہوا۔

الشَّیُ الْمَمْلُوْل: باعث ملال۔ الْمَلِیْل: کریلنی۔ رَجُلٌ مَلِیْلٌ: آفتاب سے جھلسا ہوا مرد۔

اَلْمَلُّوْلُ واحد مَلُّوْلَةٌ: بلوط درخت کی ایک قسم جو کہ رنگنے کے کام آتا ہے۔

الْمَلِیْل والْمُمَلّ مِنَ الطُّرُق: بہت چلتا ہوا راستہ۔

الْمَلِیْلَة: اندرونی بخار۔ پیاس کی تیزی۔

مَلَأَ(ف) مَلْأً و مَلَاءَةً و مِلَاءَةً: بھرنا۔

الاِنَاءَ مَاءً و بِالْمَاءِ و مِنَ الْمَاءِ: برتن کو لبالب کرنا۔ صفت مفعولی مَمْلُوْءٌ. اور کہا جاتا ہے مَلَاَهٗ عَلَى الْاَمْرِ: اس کی اس نے مدد کی "و نَظَرْتُ اِلَيْهِ فَمَلَاَتْ مِنْهُ عَيْنِيْ" میں نے اس کو دیکھا مجھے اس کا دیکھنا بھلا معلوم ہوا و مَلَاَ عَلَيْهِ الْاَرْضُ: اس نے اس پر زمین تنگ کر دی۔

مَلُؤَ (ک) مَلَاءً و مَلَاءَةً: توانگر ہونا۔

مَلُؤَ (ک) و مُلِئَ مَلَاءَةً: زکام والا ہونا۔

مَلِئَ (س) مَلا و تَمَلَّاَ. پر ہونا۔ صفت مَلْاٰن.

مَلَّاَهٗ تَمْلِئَةً. خوب بھرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے) مَلَّاَ فِيْ قَوْسِهٖ: کمان کو خوب زور سے کھینچنا۔

اَمْلَاَهٗ. باعث زکام ہونا۔ صفت مَلْآن. اَمْلَاَ فِي الْقَوْسِ: خوب زور سے کھینچنا۔

تَمَلَّاَ. پر ہونا۔ تَمَلَّاَتِ الْمَرْاَةُ: عورت کا چادر اوڑھنا۔

مَالَاَهٗ مُمَالَاَةً و مِلَاءً عَلَى الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔ مدد کرنا۔

تَمَالَاَ الْقَوْمُ عَلَى الْاَمْرِ: اکٹھا ہو کر باہم مدد کرنا۔

اِسْتَمْلَاَ فِيْ دَيْنِهٖ: قابل اعتماد اغنیاء کو قرض دینا۔

الْمِلْ. برتن بھرنے کی مقدار۔ ج اَمْلَاء. اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يَنَامُ مِلَ جَفْنِهٖ" وہ بے غم سوتا ہے و "فُلَانٌ مِلَ كِسَائِهٖ" فلاں موٹا ہے۔

الْمَلَأُ. قوم کی جماعت۔ اشراف قوم جن سے دِلوں میں ہیبت طاری ہو۔ الْمَلَأُ الْاَعْلٰى: ملائکہ مقربین۔ الْمَلَأُ: مشورہ۔ کہا جاتا ہے "مَا كَانَ هٰذَا الْاَمْرُ عَنْ مَلَاءٍ مِنَّا" یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں تھا۔ گمان۔ لالچ۔ ج اَمْلَاء اور کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ مَلَا بَنِيْ فُلَانٍ" یعنی ان کے عادات و اخلاق کس قدر اچھے ہیں۔

الْمَالِي. فا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالِيٌ" مرد جلیل جس کے سامنے آنکھیں نہ ٹھہر سکیں۔ و شَابٌّ مَالِئُ الْعَيْنِ: آنکھوں کو بھر دینے والا جوان۔

الْمُلَاء والْمُلَاة والْمُلَائَة. زکام۔

الْمُلَائَةُ تہ بند۔ دہری چادر۔ ج مُلَاء.

الْمِلْاَة. س۔ بھرنے کی ہیئت۔ بد ہضمی۔

الْمَلْآن. بھرا ہوا۔ زکام والا۔ مؤنث مَلْاٰی و مَلْآنَة ج مِلَاءٌ.

الْمَلِئُ والْمَلِيّ. ... ج مِلَاءٌ و اَمْلِئَاء و مُلَاء. کہا جاتا ہے "هُوَ اَمْلَأُ الْقَوْمِ" یعنی وہ قوم میں سے زیادہ غنی اور قادر ہے و "فُلَانٌ اَمْلَأُ لِعَيْنِيْ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے لحاظ سے حسن میں زیادہ کامل ہے۔

مَلَتَهٗ (ض) مَلْتًا. حرکت دینا۔ زور سے ہلانا۔

مَلَثَهٗ (ن) مَلْثًا. بغیر نیّت وفا کے محض زبانی وعدہ سے دِل خوش کر دینا۔ آہستہ مارنا۔ مَلَثَهٗ بِالشَّرِّ: آلودہ کرنا۔ مَلِثَ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔

مَالَثَهٗ مِلَاثًا و مُمَالَثَة کھیل کود کرنا۔ مداہنت برتنا۔

مَلْثُ اللَّيْلِ و مَلَثُهٗ: رات کی ابتدائی تاریکی۔

الْمَلْثَةُ. مغرب کے وقت کی ابتدائی تاریکی۔

مَلَجَ (ن) و ملج (س) مَلْجًا الصَّبِيُّ اُمَّهٗ: بچّے کا ہونٹوں میں لے کر دودھ پینا۔

اَمْلَجَهٗ. دودھ پلانا۔

اِمْتَلَجَ. مَا فِي الثَّدْي چوسنا۔

الْمُلْج. گوگل کے پھل کی گٹھلی۔ ج اَمْلَاج.

الْمُلُج. دودھ پینے والے میمنے۔ چھوٹے چھوٹے بکری کے بچّے۔

الْمَلِيْج. دودھ پیتا بچّہ۔ مرد بزرگ۔

الْاَمْلَجْ. چٹیل میدان۔ آملہ۔

الْاُمْلُوْج. ایک جنگلی درخت جس کے پتے سرو اور جھاؤ کی طرح ہوتے ہیں۔ نازک ٹہنی۔ اور بقول بعض جڑ جو نرم ہونے کے لئے مٹی میں دبادی جائے۔ ج اَمَالِيْج.

الْمَالَج. کرنی۔ گل کاری کرنے کا آلہ۔ ج مَوَالِج. (دخیل)

مَلَحَ (ف ض) مَلْحًا الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا الرَّجُلَ: غیبت کرنا الطَّائِرُ: پرندہ کا بہت پھڑپھڑانا الْمَاشِيَةَ: نونی کھلانا اور کہا جاتا ہے "مَلَحَ اللّٰهُ فِيْهِ" یعنی اللہ اس کی زندگی میں برکت دے۔

مَلَحَ (ف) و مَلُحَ (ک) مُلُوْحَةً و مَلَاحَة و مُلُوْحًا الْمَاءُ: پانی کا کھاری ہونا۔ صفت مِلْيح اور نادر طور پر مالح بھی مستعمل ہے۔

مَلُحَ (ک) مَلَاحَةً و مُلُوْحَةً. خوبصورت ہونا۔ حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِيْح، مُلَاح و مُلَّاح.

مَلِحَ (س) مَلْحًا نیلگوں رنگ کا ہونا۔

مَلَّحَ الشَّيْءَ: نمکین کرنا الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا السَّمَكَ و نَحْوَهٗ: مچھلی وغیرہ میں نمک لگانا الدَّابَّةُ: چوپائے کے جبڑے پر نمک ملنا۔ الْمَاشِيَةَ: جانور کو نونی کھلانا۔ الْمُتَكَلِّمْ: عمدہ بات کہنا۔

اَمْلَحَ الْمَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونے کے بعد کھاری ہونا الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا الْاِبِلُ: کھاری پانی پر جانا الرَّجُلُ کھاری پانی پر پہنچنا الرَّاعِيَ الْاِبِلَ: کھاری پانی پلانا الشَّيْءُ. نیلگوں رنگ کا ہونا۔ الْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔ اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا اَمْلَحَهٗ و مَا اُمَيْلَحَه" یعنی کس قدر خوبصورت ہے۔

مَالَحَهٗ مِلَاحًا و مُمَالَحَةً. ساتھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْفَظُ حُرْمَةَ الْمُمَالَحَةِ" وہ ساتھ کھانے کا پاس کرتا ہے۔ مَالَحَ فُلَانًا: ایک بچّے کا دوسرے بچّے کے ساتھ دودھ پینا۔

تَمَلَّحَ الْبَعِيْرُ. اونٹ کا موٹا ہونا الرَّجُلُ: نمک توشہ میں لینا۔ نمک کی تجارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَظَرَّفُ و يَتَمَلَّحُ" فلاں خوش طبع اور دلچسپ باتیں کہتا ہے۔

اَمْلَح الْكَبْشُ: مینڈھے کا سفید و سیاہ رنگ کا ہونا۔
اِمْلاحَّ النَّخلُ: سرخ اور زرد کچی کھجور کا ہونا۔
اِسْتَمْلَح الشَّیَٔ: ملیح سمجھنا۔
المَلح. عمدہ عمدہ باتیں۔
المِلح. نمک (مذکر و مؤنث تانیث غالب ہے) تصغیر مُلَیْحَة. ج مِلاح. المِلْح: چربی ؛ موٹاپا۔ خوبصورتی۔ رضاعت۔ علم۔ علماء۔ ماءٌ مِلْحٌ: کھاری پانی اور کبھی ماءٌ مالِح بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَلِح و مِلْحة و مِلاح و اِمْلاح. کہا جاتا ہے "فُلانٌ مِلْحُهٗ علٰی رُکْبَتَیْهِ" وہ بے وفا ہے یا وہ بہت جھگڑا کرنے والا ہے۔
المِلح والمِلحة. حرمت۔ معاہدہ۔ کہا جاتا ہے بَیْنَهُما مِلْحٌ اور مِلْحَةٌ ان دونوں کے درمیان معاہدہ ہے۔ والملحة: کھاری۔ کہا جاتا ہے "بِئر مِلْحَةٌ" کھاری کنواں۔
المَلَح. سپیدی سیاہی ملی ہوئی۔ سخت نیلگونی۔ گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔
المَلْحَة. اسم مرۃ۔ موج دریا۔
المُلْحَة. سخت نیلگونی۔ ہیبت۔ خوف۔ برکت۔
المُلْحَة: مزیدار بات۔ ج مُلَح.
المُلْحَة. کلمہء ملیحہ۔
المِلاح. کشتی چلانے والی ہوا۔ نیزہ کا بھالا۔ پوشش۔ توبرہ۔
المُلاح. خوبصورت۔ ج مُلاحُوْن.
المَلاحَة. خوبصورت ہونا۔
المِلاحَة. جہاز رانی۔
المَمْلَحَة والمَلاحَة. نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ المَلاحَة: نمک بکنے کی جگہ۔
الأُمْلُوحَة مِنَ الكَلام: عمدہ مستحسن کلام ج اَمالِیح.
المَلاّح. نمک والا۔ نمک بیچنے والا۔ جہاز راں۔
المُلاّح. ایک ترش نباتات۔ واحد مُلاّحَة
رَجُلٌ مُلاّح خوبصورت خوش طبع مرد۔ ج مُلاّحُوْن.
المُلاّحِیَّة. جہاز راں کا پیشہ۔
المُلُوحَة. مص۔ نمکینی۔
المَلِیح. خوبصورت۔ مؤنث مَلِیْحَةٌ ج مِلاح و اَمْلاح مِنَ الْماءِ: کھاری پانی۔ سَمَكٌ مَلِیْحٌ: نمک لگی ہوئی مچھلی۔
الاَمْلَح. اسم تفضیل۔ سفید و سیاہ رنگ والا۔ ج مُلْحٌ. الاملح: شبنم جو رات کو سبزیوں پر پڑتی ہے۔
المَلْحاء. تانیث اَمْلَح. سفید و سیاہ رنگ والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔ بڑا لشکر ج مَلْحاوات.
المُلاحِیّ والمُلّاحِیّ. سفید لمبا انگور۔ ایک قسم کا انجیر۔
المِمْلَحَة. نمک دان۔ ج مَمالِح.
المُتَمَلِّح. نمک والا یا سوداگر نمک۔
مَلَخ (ف) مَلْخًا الشَّیَٔ: ہاتھ یا دانت سے کھینچنا الطَّعامَ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔ الفَرسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بھاگنا فِی الْباطِلِ: لغو و باطل میں بہت مشغول ہونا الجارِیَةَ: جماع کرنا۔
مَلُخَ (ک) مَلاخَةَ الطَّعامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔
مالَخَهٗ مِلاخًا و مُمالَخَةً. باہم کھیل کود کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
تَمَلَّخَ الشَّیُٔ: خراب و فاسد ہونا الشَّیَٔ: کھینچنا۔
اِمْتَلَخَ الشَّیَٔ اکھیڑنا۔ کھینچنا یَدَهٗ مِنَ الْقابِضِ عَلَیْهِ: کھینچ لینا السَّیْفَ: تلوار کو جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ بِرُمْحٍ مَرْکُوْزٍ فامْتَلَخه" اس کا گزر ایک گڑے ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔
المَلاّخ. بہت چاپلوسی کرنے والا۔ عَبْدٌ مَلاّخٌ: بہت بھاگنے والا غلام۔
المُلُوْخِیَّة. ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔
المَلِیْخ. بگڑا ہوا کھانا۔ بے مزہ۔ کمزور۔
مُمْتَلَخُ العَقْل: محروم العقل۔
مَلَدَ (ن) مَلْدًا الشَّیَٔ: کھینچنا۔
مَلِدَ (س) مَلَدًا الغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا اور نرم ہونا۔
مَلَّدَ الْاَدِیْمَ: چمڑے کو نرم کرنا الرِّیُّ الْغُصْنَ: ٹہنی کو نرم و نازک کرنا۔
المَلَد. جوانی۔ نزاکت۔ ج اَمْلاد.
المَلَدان. ٹہنی کی نزاکت۔
المَلْد والاَمْلَد والاُمْلُد والاُمْلُوْد والاِمْلِیْد والاُمْلُدان والاُمْلُدانِیُّ. نرم و نازک ٹہنی یا آدمی۔ کہا جاتا ہے "شابٌّ اُمْلُوْدٌ و شُبّانٌ اَمالِیْد" المَلْد: بھوت۔
المَلْداء. تانیث اَمْلَد ج مُلْد. کہا جاتا ہے اِمْرَاَةٌ مَلْداءُ و اُمْلُوْد و اُمْلُوْدَةٌ و اُمْلُدانِیَّةٌ یعنی نازک بدن عورت۔
مَلَذَ (ن) مَلْذًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا فُلانًا: نیزہ مارنا الفَرَسُ: گھوڑے کا بازوؤں کو پھیلا کر تیز دوڑنا (مَلْذًا و مَلاذَةً) الرَّجُلَ: محض باتوں ہی سے خوش کرنا اور کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا۔
مَلِذَ (س) مَلَذًا الظَّلامُ: گھٹاٹوپ اندھیرا ہونا الرَّجُلُ: خالص دوستی نہ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
الاَمْلَذ والمَلَذان والمَلَذانِیّ و المَلاذانِیُّ والمَلاذ والمَلُوْذ. خالص دوستی نہ کرنے والا۔
مَلَزَ (ن) مَلْزًا. پیچھے رہنا بِالشَّیِٔ: لے جانا۔
مَلَزَهٗ مِنْهُ: چھڑانا۔ مَلَزَ الشَّیُٔ عَنّی: جاتا رہنا۔
اَمْلَزَهٗ و تَمَلَّزَهٗ و اِمْتَلَزَهٗ. نکال لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا۔ وتَمَلَّزَ مِنْهُ: چھٹکارا پانا۔
اِنْمَلَزَ و اِمَّلَزَ مِنْهُ: بچ کر نکل جانا و اِمَّلَزَ عَنْهُ پیچھے رہنا۔
المِلِز مِنَ الرِّجالِ: مضبوط پٹھوں والا۔

الْمِلَّاز. بہت اچکنے والا۔ بھیڑیا۔

مَلَسَ (ن) مَلْسًا الشَّیْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔ الْاِبِلَ: زور سے ہانکنا الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا الرَّجُلَ بِلِسَانِهٖ: مداہنت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

مَلِسَ (س) و مَلُسَ (ک) مُلُوْسَةً و مَلَاسَةً. نرم اور چمکدار ہونا۔ صفت اَمْلَسُ.

مَلَّسَ الشَّیْءَ: نرم و چمکدار کرنا الْاَرْضَ: زمین کو ہموار کرنا ہٗ مِنَ الْاَمْرِ: چھڑانا۔

اَمْلَسَ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔

اَمْلَسَتِ الشَّاةُ: گرے ہوئے اون والی ہونا۔

تَمَلَّسَ. چکنا ہونا مِنْ بَیْنِ الْقَوْمِ: خارج ہونا مِنَ الشَّرَابِ: نشہ سے ہوش میں آنا (و اِنْمَلَسَ و اِمَّلَسَ) مِنَ الْاَمْرِ: بچ نکلنا؛ رہائی پانا۔

اِمْتَلَسَ الشَّیْءَ: اچک لینا۔ اُمْتُلِسَ بَصَرُهٗ: اس کی نگاہ جاتی رہی۔

اِمْلَاسَّ. چکنا ہونا مِنَ الْاَمْرِ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔

الْمَلَسُ. ہموار جگہ۔ ج مُلُوس و اَمْلَاس. وجج اَمَالِیس. مَلَسُ الظَّلَامِ: سخت تاریکی اور یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہے۔

الْمَلَسٰی. بہت تیز رفتار اونٹنی۔ اور کہا جاتا ہے بَایَعَهُ الْمَلَسٰی اس نے اس سے بلا شرط بیع کی۔

الْاَمْلَسُ. نرم چکنا۔ مؤنث مَلْسَاءُ.

الْمَلْسَاءُ: آسانی سے حلق سے اترنے والی شراب۔ سَنَةٌ مَلْسَاءُ خشک سال۔ ج اَمَالِس و اَمَالِیس. الْاَلِفُ الْمَلْسَاءُ: الف لین۔ جیسے کتاب کا الف۔

الْمَلِیْسُ. نرم اور چکنا۔

الْمُلَیْسَاءُ. دوپہر۔ مغرب اور عشاء کا درمیان۔

الْاِمْلِیْس والْاِمْلِیْسَةُ. خشک جنگل۔ ج اَمَالِیس اور اَمَالِس شاذ ہے۔

الْمِلَاَّتَه والْمِمْلَسَة. ہنگا۔ سراون۔ پٹیلا۔

مَلَشَ (ن) مَلْشًا الشَّیْءَ: ہاتھ سے ٹٹول کر کسی چیز کو ڈھونڈنا۔

الْمَالُوْش عِنْدَ الْعَامَّةِ: ایک کیڑا ہے جو نباتات کی جڑوں کو کھا جاتا ہے۔ ج مَوَالِیْش.

مَلِصَ (س) مَلَصًا الشَّیْءُ مِنْ یَدِهٖ: چکنے ہونے کی وجہ سے ہاتھ سے پھسل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَلِصَتِ السَّمَكَةُ مِنْ یَدِیْ" مچھلی میرے ہاتھ سے نکل گئی الرَّجُلُ: بھاگ نکلنا۔

مَلَصَ (ن) مَلْصًا بِسَلْحِهٖ: پاخانہ کرنا۔

اَمْلَصَتِ الْحَائِلُ: حاملہ کا بچہ گرا دینا۔ صفت مُمْلِص ج مَمَالِص. اَمْلَصَ الشَّیْءَ: پھسلانا۔

تَمَلَّصَ وانْمَلَصَ و اِمَّلَصَ مِنْهُ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا الشَّیْءُ: مِنْ یَدِیْ: پھسل جانا۔

الْمَلَص. ننگا۔

الْمَلِص. س۔ پھسلن۔

الْمَلِص. مِنَ الْجِبَالِ و نَحْوِهٖ. پہاڑ وغیرہ کی وہ چکنی جگہ جہاں سے ہاتھ پھسل جائے اور پکڑنا دشوار ہو۔ سَمَكَةٌ مَلِصَةٌ: پھسلنے والی مچھلی۔

الْمَلِیْص. بمعنی ملص. اسقاط شدہ بچہ۔

الْاَمْلَص. نرم و تر۔ رَجُلٌ اَمْلَصُ الرَّاسِ: سر پر بغیر بالوں کا مرد۔

الْمِمْلَاص. وہ عورت جس کو اسقاط کی عادت ہو گئی ہو۔

الْمُمْلَص. ساقط شدہ بچہ۔

مَلَطَ (ن) مَلْطًا الْحَائِطَ: مٹی سے لیپنا الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔

مَلَطَتْ و اَمْلَطَتِ الْحَامِلُ جَنِیْنَهَا: حاملہ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ اَمْلَطَ رِیْشُ السَّهْمِ: تیر کے پر کا گر جانا الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔

مَلَطَ (ن) و مَلُطَ (ک) مُلُوْطًا الْغُلَامُ: غیر معروف النسب ہونا۔

مَلِطَ (س) مَلَطًا و مُلْطَةً. بے بال کے جسم والا ہونا۔

مَلَّطَ الْحَائِطَ: دیوار کو مٹی سے لیپنا الشَّاعِرُ: ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔

مَالَطَه مُمَالَطَةً. باہم ملنا۔ ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔

تَمَلَّطَ الشَّیْءُ: چمک دار ہونا السَّهْمُ: تیر کا بے پر ہونا۔

اِمْتَلَطَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔

الْمِلْط. شریر و بدکار جس پر بھروسہ نہ کیا جا سکے غیر معروف النسب ج اَمْلَاط و مُلُوْط.

الْمِلَاط. لیپنے کی مٹی۔ ج مُلُط.

الْاَمْلَط ج مُلْط والْمَلِیْط: بے بال کے جسم والا۔ سَهْمٌ اَمْلَطُ و مَلِیْطٌ: بے پر کا تیر۔ الْمَلِیْط بے بال کا ساقط شدہ بچہ۔

الْمِمْلَاط مِنَ النُّوْقِ: بچہ گرانے کی عادی اونٹنی۔

مَلَعَ (ف) مَلْعًا و اِمْتَلَعَ الشَّاةَ: بکری کی کھال اتارنا۔ مَلَعَ الْفَصِیْلُ اُمَّهٗ: دودھ پینا۔

اِمْتَلَعَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔

مَلَعَتْ و اَمْلَعَتْ و اِمْتَلَعَتْ و اِنْمَلَعَتْ النَّاقَةُ: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔

الْمَلْع. س۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَیْهِ مَلْعٌ وَاحِدٌ" وہ سب اس کی دشمنی پر جمع ہیں۔

الْمَلِیْع ج مُلُعٌ والْمَیْلَع. تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی الْمَیْلَع: لمبا۔ ادھر ادھر حرکت کرنے والا۔

جَمَلٌ مَلُوْعٌ. تیز رفتار اونٹ۔ مؤنث مَلُوْع عُقَابٌ مَلُوْعٌ: تیزی سے جھپٹنے والا عقاب۔

الْمَلَاع والْمَلِیْع. بے گھاس کا بیابان۔

مَالَغَهُ مُمَالَغَةً بِالْكَلَامِ: ناشائستہ گفتگو سے مزاح کرنا۔

تَمَلَّغَ فِیْ كَلَامِهٖ. بیوقوف بننا۔

تَمَالَغَ بِهٖ: تمسخر کرنا۔

الْمَلْغ ج اَمْلَاغ والمالغ ج مُلَّاغ والْاَمْلَغ مؤنث مَلْغَاءُ ج مُلْغ. فحش کلامی

کرنے والا۔ بدکار۔ بیوقوف۔
المُلُوْغَة. بیوقوفی۔ فحش کلامی۔
مَلِقَهٗ (س) مَلَقًا و مَلِقَ لَهٗ و مَالَقَهٗ. چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مَلِقَ الخَاتِمُ مِنَ الاِصبع: ڈھیلی ہونا۔
مَلَقَ (ن) مَلْقًا الشَّیْءَ: مٹانا۔ نرم کرنا الثَّوْبَ: کپڑا دھونا ہٗ بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔ مَلَقَ الْوَلَدُ اُمَّهٗ: دودھ پینا الرَّجُلُ: تیز چلنا الْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
مَلَّقَ الْاَرْضَ او الْحَائِطَ: زمین یا دیوار کو کرنی سے گلکاری کرنا ہٗ بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔
مْلَقَ. محتاج ہو جانا الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ الدَّهْرُ مَالَهٗ: ضائع کر دینا۔
تَمَلَّقَ تَمَلُّقًا و تِمِلَّاقًا. الرَّجُلَ و لِلرَّجُلِ: چاپلوسی کرنا۔ تَمَلَّقَتِ الْمَرْأَةُ الْعِلْكَ بِفِیْهَا: چبانا۔
اِنْمَلَقَ و اِمَّلَقَ. نرم و چمکدار ہونا مِنْهُ: بچ نکلنا۔ اِنْمَلَقَ الْخِضَابُ: خضاب کا چھوٹ جانا۔
اِمْتَلَقَ الشَّیْءَ: نکالنا۔
اِسْتَمْلَقَ الْوَلَدُ اُمَّهٗ: دودھ پینا۔
المَلَق. س۔ دوستی۔ بڑی مہربانی۔ دعا۔ ہموار زمین۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الفَرَسِ مَلَقٌ." اس گھوڑے میں تیز رفتاری ہے۔
المَلِق و المَلَّاق. بہت چاپلوسی کرنے والا۔ المَلِق: کمزور۔ فَرَسٌ مَلِقٌ: گھوڑا جس کی رفتار پر اعتماد نہ کیا جائے۔ مؤنث مَلِقَةٌ.
المَلِیْق. تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او فَرَسٌ مَلِیْقٌ" تیز رفتار مرد یا گھوڑا۔
المَلَقَة. چکنا پتھر۔
المَالَق و المِمْلَق و المِمْلَقَة. ہینگا۔ المَالَق: کرنی۔ (دخیل)
المِمْلَاق. بہت محتاج۔ بہت چاپلوسی و خوشامد کرنے والا۔
مَلَكَ (ض) مَلْكًا و مِلْكًا و مُلْكًا و مَلَكَةً و مَمْلَكَةً و مَمْلِكَةً و مُمْلُكَةً الشَّیْءَ: مالک ہونا عَلَی القَوْمِ: غالب ہونا عَلٰی فُلَانٍ اَمْرَهٗ: کسی کے کام پر حاوی ہونا نَفْسَهٗ: قابو رکھنا المَرْأَةَ: نکاح کرنا (مُلْكًا) العَجِیْنَ: اچھی طرح سے گوندھنا۔
مَلَّكَ الشَّیْءَ مالک بنانا۔ مَلَّكَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَیْهِمْ: بادشاہ بنانا ہٗ اِمْرَأَةً: نکاح کرانا۔ مَلَّكَ فُلَانًا اَمْرَهٗ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا۔ مُلِّكَتِ الْمَرْأَةُ اَمْرَهَا: طلاق کا اختیار دے دینا۔
مَلَّكَ الْعَجِیْنَ: اچھی طرح گوندھنا۔
اَمْلَكَهُ الشَّیْءَ: مالک بنانا۔ اَمْلَكَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَیْهِمْ بادشاہ بنانا فُلَانًا اَمْرَهٗ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا ہٗ المَرْأَةَ: نکاح کرانا۔
تَمَلَّكَ و اِمْتَلَكَ الشَّیْءَ: مالک ہونا۔
تَمَلَّكَ عَلَی القَوْمِ: بادشاہ بننا۔
تَمَالَكَ عَنْ كَذَا: اپنے نفس پر قابو رکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَمَالَكَ اَنْ فَعَلَ او عَنْ اَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ" یعنی فلاں فعل کے کرنے سے وہ اپنے آپ کو نہیں روک سکا۔
المَلِكُ. بادشاہ۔ ج مُلُوْك و اَمْلَاك.
المُلْك. ملکیت۔ ج اَمْلَاك و مُلُوْك. قدرت کابلی مٹر کا دانہ۔ تھوڑا پانی۔
مُلْكُ الدَّابَّة: چارپائے کی ٹانگیں اور گردنیں۔ واحد مِلَاك. کہا جاتا ہے "مَالَه مُلْكٌ و مَالَه مِلْكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْك یَمِیْنِیْ" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور وہ میرے قبضہ اور تصرف میں ہے "وَلَیْسَ لَهٗ مِلْكٌ" اس کے پاس پانی نہیں "وَاَعْطَانِی مِن مُلْکِهٖ" اس نے مجھ کو اس میں سے دیا جس پر وہ قادر ہے۔ وَطَالَ مِلکہ اس کی غلامی طویل ہے "و مُلْكُ الطَّرِیْق" راستہ کا وسط یا کنارہ۔ سارے معانی میں میم کو تینوں حرکتیں ہیں۔
المَلَك. فرشتہ۔ انسان جس کا مالک ہو۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ مَلَكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو۔
المَلَاك. مَلْاَك کا مخفف۔ بمعنی فرشتہ۔ ج مَلَائِکَة و مَلَائِك. المَلَاك. اقتدار۔ و مَلَاكُ الْاَمْرُ: سہارا. سرمایہ۔ بقا۔ کہا جاتا ہے القَلْبُ مَلَاكُ الْجَسَدِ: دِل جسم کے لیے سرمایہء بقا ہے۔
المِلَاك. مٹی۔ مِلَاكُ الْاَمْرِ: سہارا۔ سرمایہء بقا۔
المَلِك. اللہ تعالیٰ۔ بادشاہ۔ صاحب قوّت و اقتدار۔ ج مُلُوْك و اَمْلَاك.
المَلَكِیّ. مَلِک کی طرف نسبت۔ مؤنث مَلَكِیَّة.
المَلْكَة المُلْكَة. ملکیت۔
المَلَكَة. ملکیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَلَكَة یَمِیْنِی" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور اس پر قادر ہوں۔ المَلَكَة: وہ صفت جو نفس کے اندر راسخ ہو جائے اور جب تک راسخ نہ ہو اسے حال کہتے ہیں۔
المَالِك. فا۔ بادشاہ۔ ج مُلَّك و مُلَّاك. ابو مالک: بھوک یا بڑھاپا۔ مَالِكُ الْحَزِین: بگلا۔
المَلَاكَة و المِلَاكَة و المُلُوْكَة. ملکیت۔
المَلَكُوْت. بادشاہی۔ عزت و قدرت۔ المَلَكُوْتُ السَّمَاوِی: آسمان میں قدسیوں کی جگہ۔
المَمْلَكَة و المَمْلُكَة. شاہی شان و شوکت۔ بادشاہی۔ ج مَمَالِك.
المَلِیْك. بادشاہ۔ ج مُلَكَاء. مَلِیْكُ النَّحْلِ: شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ ج مُلُوْك.
المُلَیْكَة. صحیفہ۔
الاُمْلُوْك. اسم جمع ہے بمعنی مُلُوْك. ایک ریگستانی جانور ہے جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے۔
المَمْلُوْك. مف۔ غلام۔ ج مَمَالِیْك. اور انہی سے ہے مَمَالِیْك مِصْر جو چرکسی غلاموں کی ایک جماعت تھی جو مصر پر غالب آگئی تھی اور

مالک بن بیٹھی تھی۔

مَلْمَلَ. تیز دوڑنا۔ مَلْمَلَهُ الْمَرَضُ : مضطرب کرنا۔

تَمَلْمَلَ. غم یا مرض کی وجہ سے بستر پر کروٹیں بدلنا الْجَالِسُ: کبھی ایک پہلو پر ٹیک لگانا کبھی دوسرے پر۔

الْمَلْمَلَة. س ہاتھی کی سونڈ۔

الْمُلْمُوْل. سرمہ کی سلائی۔ ناک کا سوراخ

مُلْمُوْلُ الْبَعِيْرِ والثَّعْلَبِ: اونٹ اور لومڑی کا ذکر۔

الْمَلْمَلِي. تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ مَلْمَلِى: تیز رفتار اونٹنی۔

الْمَلَنْخُوْلِيَا. مالیخولیا۔

مَلَا يَمْلُوْ مَلْوًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔ دوڑنا۔

مَلَّاهُ اللّٰهُ عُمْرَهٗ: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا۔ مَلَّاهُ اللّٰهُ حَبِيْبَهٗ: اللہ تعالیٰ اس کو دیر تک حبیب سے نفع اٹھانے دے۔

مُلِّيَ و تَمَلّٰى عُمْرَهٗ: عمر طویل ہونا اور فائدہ اٹھانا۔ مُلِّيَ و تَمَلّٰى حَبِيْبَهٗ: اس نے اپنے حبیب سے دیر تک نفع اٹھایا۔

اَمْلٰى اِمْلَاءً. اللّٰهُ فُلَانًا عمره: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا الْبَعِيْرَ و لِلْبَعِيْرِ: بندھن کو ڈھیلا کرنا اللّٰهُ الظَّالِمَ وَلَهٗ: مہلت دینا عَلَيْهِ الْكِتَابَ: بول کر لکھوانا۔

لَهٗ فِي غَيِّهٖ: گمراہی میں زمانہ دراز تک چھوڑنا۔

عَلَيْهِ الزَّمَنُ: لمبا ہونا۔

اِسْتَمْلَيْتُهُ الْكِتَابَ : املا کرنے کی درخواست کرنا۔

الْمَلَا. جنگل۔ کشادہ زمین۔ گرم راکھ۔ زمانہ دراز۔ ج اَمْلَاء۔

الْمَلَوَان. رات دن۔ واحد ملا۔ الْمَلَاوَة والْمَلْوَة. بتثليث الميم: زمانہ دراز۔

الْمَلِيُّ. زندگی کی مدت۔

الْاِمْلَاء. س۔ مہلت دینا۔ تاخیر کرنا۔ جو املا کیا جائے۔ ج اَمَالٍ و اَمَالِيُّ.

الْمَلَاة. سنگریزہ ناک۔ بیابان۔ ج مَلًا.

الْمَلِيُّ. زمانہ طویل۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَظَرْتُهُ مَلِيًّا" زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا۔ "و مَرَّ مَلِيٌّ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا تہائی حصہ گزر گیا۔ اور بقول رات کا ایک حصہ گزر گیا جس کی کوئی حد معین ہیں۔

الْاَمَالِيّ. املا کئے ہوئے اقوال وغیرہ اور یہ اَمْلَى الْكِتَابَ کے مصدر الاملاء کی جمع ہے۔

الْمَلْيُوْن فِي الْعَدَدِ : دس لاکھ۔ ج مَلَايِيْن.

مِمّ. مرکب ہے من وما استفہامیہ سے۔

مِن. حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) ابتداء غایت زمانی جیسے مَرِضَ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ.

(۲) ابتداء غایت مکانی جیسے سَارَ مِنْ بَيْرُوْتَ.

(۳) تبعیض۔ جیسے مِنْهُمْ مَنْ اَحْسَنَ و مِنْهُمْ مَنْ اَسَاءَ.

(۴) تعلیل۔ جیسے مِمَّا خَطِيْئَاتِهِمْ اُغْرِقُوْا.

(۵) بدل۔ جیسے اَتَرْضَوْنَ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ.

(۶) مرادف با جیسے يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ.

(۷) معنی فصل کا فائدہ بھی دیتا ہے جیسے وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ.

(۸) زائدہ بھی ہوتا ہے اور زائدہ ہونے کیلئے تین چیزیں شرط ہیں۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی نہی یا استفہام ہو۔ دوسرے یہ کہ مجرور نکرہ ہو۔ تیسرے یہ کہ مجرور فاعل یا مفعول بہ مبتدا ہو جیسے "مَا جَاءَنِي مِنْ رَجُلٍ" "و بَلْ ضَرَبْتَ مِنْ اَحَدٍ" و "مَا فِي الدَّارِ مِنْ اَحَدٍ" ان کے علاوہ اور بھی معانی ہیں جو قرینہ سے مفہوم ہوتے ہیں۔

مَنْ. اسم شرط جازم ہے جیسے مَنْ يَعْمَلْ خَيْرًا يُجْزَ بِهٖ اسم استفہام۔ جیسے مَنْ اَتٰى؟ اسم موصول اکثر استعمال ذوی العقول کیلئے ہوتا ہے۔ جیسے يَسْجُدُ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ : نکرہ موصوفہ جیسے مَرَرْتُ بِمَنْ مُعْجِبٍ لَكَ.

مَنَّ (ن) مَنًّا و مِنِّيْنَى عَلَيْهِ بكذا: بھلائی کرنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا و مِنَّةً وامْتَنَّ و اِمْتِنَانًا. عَلَيْهِ بِمَا صَنَعَ: احسان جتانا۔ و اِمْتَنَّ عَلَيْهِ بِكَذَا: بھلائی کرنا۔ و اِمْتَنَّ فُلَانًا: فلاں کے انتہائی چیز پر پہنچنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وامَنَّ و تَمَنَّنَ الرَّجُلَ: کمزور کرنا۔ قوت زائل کرنا۔ مَنَّ الْحَبْلَ: کاٹنا۔ مَنَّ الشَّيْءُ: کم ہونا النَّاقَةَ: سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔ تَمَنَّنَ فُلَانٌ فُلَانًا و تَمَنَّنَ عَلَيْهِ: احسان جتا کر تکلیف پہنچانا۔

مَنَّنَ تَمْنِيْنًا النَّاقَةَ و بِهَا: اونٹنی کو سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔

مَانَّهٗ مُمَانَّةً. کسی کی حاجت روائی کے لیے آنا جانا۔

اِسْتَمَنَّهٗ. طالب احسان ہونا۔

الْمَنُّ. س۔ احسان۔ انعام۔ ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم کر خشک ہو جاتی ہے۔ وَمَنُّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ: وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا تاکہ اس سے وہ اپنی غذا حاصل کریں۔

الْمَنَّ دو رطل کا پیمانہ یا میزان۔ ج اَمْنَان.

الْمُنَّة. قوت۔ ضعف۔ ج مُنَن.

الْمِنَّة. س۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَيَّ مِنَّةٌ او مِنَنٌ" اس کا میرے اوپر احسان یا احسانات ہیں۔ الْمِنَّة. اسم ہے مَنَّ عَلَيْهِ سے اور اسی سے ہے الْمِنَّةُ تَهْدِمُ الصَّنِيْعَةَ احسان کا جتانا احسان کو ضائع کر دیتا ہے۔ ج مِنَن.

الْمِنَنَة. مکڑی۔ مادہ سیہی۔

المَنُوْن موت (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَتْ بِهِمُ المَنُوْن" موت نے ان کو تباہ و برباد کر دیا۔ زمانہ۔ رَيْبُ المَنُوْن حوادیث زمانہ۔

المَنُوْن والمَنُوْنَة بہت احسان جتانے والا۔ تاء مبالغہ کے لیے ہے۔ مؤنث مَنُوْن۔

المَنُوْنَة بکری۔

المَنَّان بہت احسان کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ بہت احسان جتانے والا۔ مؤنث مَنَّانَة۔

المَنِيْن کمزور۔ قوی۔ غبار یا ہلکا پراگندہ غبار۔ ج مُنُن و اَمِنَّة۔

المَمْنُوْن مفع۔ کٹا ہوا۔ کمزور۔ قوی۔ ہر چیز کا بہترین حصہ جو کسی کے پاس ہو۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ مَمْنُوْنَه"۔

مَنَأ (ف) مَنَأ الجِلْدَ کھال کو دباغت دینا فُلانًا فعل کی موافقت کرنا۔

المَنِيْئَة کھال جس کو پہلی بار دباغت دی جائے۔ دباغت دینے کی جگہ۔

المَمْنَأة کالی زمین۔

المَنْجَنِيْق والمَنْجَلِيْق جنگ میں قلعہ کی دیوار پر پتھر وغیرہ پھینکنے کی مشین۔ ج مَجَانِق و مَجَانِيْق و مَنْجَنِيْقَات۔

مَنَحَہ (ف ض) مَنْحًا الشَّيْءَ دینا۔ عطا کرنا ۃ النَّاقَةَ و كُلَّ ذَاتِ لَبَنٍ اونٹنی یا دودھ والے جانور کو فائدہ اُٹھانے کیلئے دینا۔ صفت مفعول المِنْحَة و المَنِيْحَة ج مِنَحٌ و مَنَائِح۔

مَانَحَہ مَنَاحًا و مُمَانَحَةً لگاتار عطیہ دینا۔

مَانَحَتِ العَيْنُ لگاتار آنسو بہانا النَّاقَةُ: اونٹنی کا جاڑے کے زمانہ میں جبکہ اور اونٹنیوں کا دودھ دینا ختم ہو گیا ہو دودھ دینا۔

اَمْنَحَتِ النَّاقَةُ اونٹنی کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔ صفت مُمْنِح۔

اِمْتَنَحَ الرَّجُلُ عطیہ لینا۔ اور کہا جاتا ہے "اُمْتُنِحَ مَالًا" یعنی وہ مال کا رزق دیا گیا۔

اِمْتَنَحَ المَنِيْحَ عاریت پر لینا۔

تَمَنَّحَ المَالَ دوسرے کو کھلانا۔

اِسْتَمْنَحَه عطیہ طلب کرنا۔

المِنْحَة عطیہ۔ ج مِنَح۔

المَنَّاح بہت دینے والا۔

المَنُوْح جاڑے کے زمانہ میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہو جانے کے بعد دودھ دینے والی اونٹنی۔

المَنِيْح جوئے کے محروم تیروں میں سے ایک تیر۔

المُمَانِح جاڑے کے زمانہ میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ مطرٌ مُمَانِحٌ لگاتار بارش۔ رِيْحٌ مُمَانِحٌ ہوا جس کی بارش نہ رُکے۔

اَلْمَنْدَرِيْن ایک درخت جس کا پھل مالٹے سے چھوٹا ہوتا ہے اس کو لیمون یوسف آفندی بولتے ہیں۔ لذیذ پھل والا ہوتا ہے عام مالٹے کے باغوں میں پایا جاتا ہے۔

مُنْذُ و مُذْ کبھی ان کی میم مکسور ہوتی ہے ان کی تین حالتیں ہیں۔

پہلی یہ کہ دونوں حرف جر ہیں۔ اگر زمانہ ماضی ہو تو مِن کے معنے میں جیسے "مَا رَأَيْتُهُ مُذْ يَوْمِ الأَحَدِ" اور اگر زمانہ حال ہو تو فی کے معنے میں جیسے "رَأَيْتُهُ مذ شَهْرِنَا" یعنی اس موجودہ مہینہ میں۔ اور اگر معنی معدود ہوں تو مِن اور اِلٰی کے معنی میں جیسے مَا رَأَيْتُهُ مُذْ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ یعنی میں نے اس کو تین دن سے یا تین دن تک نہیں دیکھا۔

دوسری یہ کہ اسم ان دونوں کے بعد مرفوع ہو جیسے "مَا رَأَيْتُهُ مُذْ يَوْمَان" کہا گیا ہے کہ یہ دونوں اس حالت میں ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے جس میں فعل کو حذف کر دیا گیا ہے اور فاعل کو باقی رکھا گیا ہے اور اصل یوں ہے مُذْ كَانَ يَوْمَان۔

اور تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہو جیسے "مَازِلْتُ اَبْغِي المَالَ مُذْ اَنَا يَافِعٌ" میں جب سے جوان ہوا ہوں مال ہمیشہ تلاش کرتا رہا۔ مشہور یہ ہے کہ یہ دونوں اس وقت ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے اور مُذْ مُنْذُ کا مخفف ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اجتماع ساکنین کے وقت مُذْ کی ذال کو ضمہ دیتے ہیں جیسے مُذُ اليَوْمِ اگر اصل میں ضمہ نہ ہوتا تو کسرہ دیتے۔

اَلْمَنْغِيْزِيُوْم مینگانیز

رمز (علامت) اٹمی نمبر کمیتی نمبر

54.93 - 25 - M-N

مَنَعَہ (ف) مَنْعًا و مَنَعَهُ الشَّيْءَ و مِنْهُ و عَنْهُ: محروم کرنا۔ روکنا ۃ القَاضِيَ عَنِ المِيْرَاثِ: روکنا۔ ۃ عَنِ الدَّعْوٰی: باز رکھنا۔ ۃ جَارَه: حمایت کرنا اور تکلیف سے بچانا۔

مَنُعَ (ک) مَنَاعَةً و مَنَاعًا: قوی ہونا۔ الحِصْنُ: قلعہ تک پہنچ دشوار ہونا الشَّيْءُ: بلند مرتبہ و دشوار ہونا۔ صفت مَنِيْع

مَانَعَہ حمایت کرنا ۃ الشَّيْءَ: جھگڑا کرنا اور منع کرنا۔

تَمَنَّعَ و اِمْتَنَعَ عَنِ الشَّيْءِ: رکنا۔ اِمْتَنَعَ الشَّيْءُ: ناممکن الحصول ہونا۔ تَمَنَّعَ و اِمْتَنَعَ بِقَوْمِه: حفاظت میں آنا۔ قوت پکڑنا۔

تَمَانَعَا: باز رہنا عَنْ اَنْفُسِهِمَا: ایک دوسرے کی حمایت کرنا۔

المَنْع مص۔ کیکڑا۔ ج مُنُوْع۔

رَجُلٌ مَنِعٌ اپنے نفس کو باز رکھنے والا مرد۔

المَنَعَة عزت۔ قوت۔ ج مَنَعَات اور کہا جاتا ہے "لَهُمْ مَنَعَات" ان کے ایسے مضبوط قلعے ہیں جن پر دشمن قادر نہیں ہو سکتا۔

المَنْعَة والمِنْعَة قوت۔ شوکت۔

المَنَاعَة فِي الطب: ایسی قوت جو جسم کو حاصل ہو جائے اور آئندہ امراض سے محفوظ رکھے۔

المَانِع ج مَانِعُوْن و مَنَعَة فا۔ کنجوس۔ بخیل ج مَوَانِع روکنے والا۔

مَنَاعِ اسم فعل ہے بمعنی اِمْنَعْ۔

المَنُوْع والمَنَّاع بہت زیادہ منع کرنے والا۔ المَنَّاع کنجوس۔ بخیل۔

المَنْعٰی اسم ہے بمعنی اِمْتِنَاع۔

المَنِيع. غالب و قوی کہ جس پر کوئی قادر نہ ہو سکے۔ مؤنث مَنِيعَة. حِصْنٌ مَنِيعٌ: بلند و مضبوط قلعہ جس پر پہنچنا دشوار ہو۔

مَنَا يَمْنُوْ مَنْوًا الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔ صفت مفعولی مَمْنُوٌّ بِكَذَا.

المَنَا. پیمانہ یا وزن مساوی دو رطل۔ تثنی مَنَوان و مَنَيَان ج اَمْنَاءٌ و اَمْنٍ و مُنِیٌّ اور اسی معنی میں المَنَاة بھی ہے۔ کہا جاتا ہے "دَارِیْ مَنَا دَارِهٖ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔

مَنَاة. مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کے ایک بت کا نام۔

المُنْوَة. آرزو۔

مَنٰى يَمْنِیْ مَنْيًا اللّٰهُ الْخَيْرَ لِفُلَانٍ: مقدر کرنا۔ مَنَاهُ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَنَاهُ اللّٰهُ بِكَذَا یعنی اللہ اس کو فلاں چیز میں مبتلا کرے۔

مُنِیَ لِكَذَا: توفیق دیا جانا بِكَذَا: آزمائش کیا جانا۔

مَنّٰى تَمْنِيَةً الرَّجُلَ الشَّیْءَ وبِالشَّیْءِ: آرزو دلانا۔

مَانٰى مُمَانَاةً الرَّجُلَ: مدارات کرنا۔ مہلت دینا اور انتظار کرنا۔ بدلہ دینا الرَّفِيْقَ: باری باری سوار ہونا۔

اَمْنٰى اِمْنَاءً الدِّمَاءَ: خون بہانا۔ گرانا الحَاجُّ: حاجیوں کا منٰی میں آنا یا نازل ہونا۔ اَمْنٰی: منی گرانا۔

اِسْتَمْنٰى بِالْيَدِ: جلق لگانا۔ بغیر جماع کے منی نکالنا۔

اِمْتَنٰى اِمْتِنَاءً الشَّیْءَ: جھوٹ گھڑنا الحَاجُّ: حاجیوں کا منٰی میں آنا یا نازل ہونا۔

تَمَنَّى الشَّیْءَ: ارادہ کرنا الكِتَابَ: پڑھنا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا الحَدِيْثَ: جھوٹی بات گھڑنا۔

المَنِيَّة ج مَنَايَا والمَنٰى. موت۔ المَنٰى: ارادہ۔ تقدیر الٰہی۔ تم کہتے ہو "اَنَا رَاضٍ بِمَنَى اللّٰهِ" یعنی میں تقدیر الٰہی پر راضی ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّیْ بِمَنَی مِيْلٍ" وہ مجھ سے ایک میل کے اندازہ پر ہے۔

اَلْمَنَوِیُّ: مذکر کا مادہ تولید۔

المُنْيَة والمِنْيَة ج مُنًى و مِنًى والاُمْنِيَّة ج اَمَانٍ و اَمَانِیّ: آرزو۔ مطلوب۔

الاُمْنِيَّة: جھوٹ۔

المُتَمَنِّيَات. تمنائیں۔

اَلْمَنِيْمُوك: درمیانہ قد کا پودا جو برازیل کے جنگلات میں ہوتا ہے اس کے تنے سے آٹا نکالا جاتا ہے۔

مَهْ. اسم فعل مبنی علی السکون۔ بمعنی رک جا اور کبھی کہا جاتا ہے مَهٍ.

مَهَّ (ن) مَهًّا الْإِبِلَ: اونٹ کے ساتھ نرمی برتنا۔

مَهِهَ (س) مَهَهًا الشَّیْءُ: نرم ہونا۔

المَهَاهُ. نرمی ؛ تازگی۔ خوبصورتی۔ خوبصورت (والمَهَهُ) سیر و سفر کا ساتھی۔ امید۔ المَهَه: رفق۔ نرمی۔

المُهْتَر والمِهْتَار. امیر۔ والی۔ (دخیل)

مَهَجَ (ف) مَهْجًا بیماری کے بعد چہرے پر رونق آنا الوَلَدُ اُمَّهُ: دودھ پینا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اُمْتُهِجَ الرَّجُلُ: خون کھینچ لیا جانا۔

المَاهِج. ف۔ خالص دودھ۔ پتلا دودھ یا چربی۔

المُهْجَة. خون یا دل کا خون۔ روح۔ و مُهْجَة كُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا بہتر اور خالص۔ ج مُهَج و مُهُجَات.

الاُمْهُج والاُمْهُوج والاُمْهُجَاج: خالص دودھ۔

کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَمْهُوْجُ الْبَطْنِ: ڈھیلے پیٹ کا مرد۔

مَهَدَ (ف) مَهْدًا الفِرَاشَ: بستر بچھانا۔ لِنَفْسِهٖ: کمائی کرنا۔ کام کرنا۔

مَهَّدَ الفِرَاشَ: بستر بچھانا الاَمْرَ: درست و ہموار کرنا لَهُ العُذْرَ: عذر خواہی کرنا لِفُلَانٍ عُذْرَهُ: قبول کرنا لِنَفْسِهٖ خَيْرًا: اپنے لیے بھلائی مہیا کرنا۔

تَمَهَّدَ الفِرَاشُ: بستر بچھانا لَهُ الاَمْرُ: آسان ہونا الرَّجُلُ: قادر ہونا۔

اِمْتَهَدَ الشَّیْءُ: بچھنا الرَّجُلُ: کمائی کرنا/کام کرنا۔

اِسْتَمْهَدَ فِرَاشًا: بستر بچھانا۔

المَهْد. گہوارہ۔ پست زمین ج مُهُوْد.

المُهْد ج مِهَدَة و اَمْهَاد والمُهْدَة ج مُهَد: نرم و پست ہموار زمین۔

المِهَاد. بچھونا۔ پست زمین۔ ج مُهْد و مُهُد و اَمْهِدَة.

المَهِيْد. خالص مسکہ۔

المُمَهَّد. مع مَاءٌ مُمَهَّدٌ: پانی نہ گرم نہ سرد۔

مَهَرَ (ف ن) مَهْرًا و مُهُوْرًا و مَهَارًا و مَهَارَةً الشَّیْءَ و فِيْهِ و بِهٖ: حاذق ہونا۔ صفت ماہر۔ کہا جاتا ہے "مَهَرَ فِی الْعِلْمِ" یعنی علم میں حاذق و ماہر ہوا۔ فِیْ صِنَاعَتِهٖ: تجربہ کار و ماہر ہونا۔

مَهَرَ (ف ن) مَهْرًا و اَمْهَرَ الْمَرْاَةَ: مہر دینا یا مہر مقرر کرنا۔ واَمْهَرَهَا. مہر کے بدلے میں کسی شخص سے نکاح کرنا۔ صفت مفعولی مُمْهَرَة. واَمْهَرَتِ الفَرَسُ: بچھیرے یا بچھیری والی ہونا۔

مَهَّرَ. بچھیرا مانگنا یا حاصل کرنا۔

مَاهَرَهٗ مُمَاهَرَةً. ماہر ہونے میں مقابلہ کرنا۔

تَمَهَّرَ. ماہر ہونا/حاذق ہونا۔ تیرنا۔

اَلْمَهْر. س۔ نکاح کا عوض مالی ج مُهُوْر و مُهُوْرَة اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَهْرُ ذٰلِكَ" اس کے بدلے میں ہے۔

المُهْر. بچھیرا۔ گھوڑی گدھی کا پہلا بچہ۔ ج مِهَار واَمْهَار و مِهَارَة مؤنث ج مُهْرَة ج مُهَر و مُهْرَات و مُهُرَات. المُهْر: درمیان سینہ کی ایک ہڈی۔ اندرائن کا پھل۔ کبوتر کا بچہ۔ ج مِهَرَة.

المَهِيْرَة مِنَ النِّسَاءِ: بہت مہر والی عورت

جِمَهَائِر.

الماهِر. حاذق۔ اچھا تیرنے والا۔ ج مَهَرة.

المَهرِيّة. سرخ گیہوں۔ الإبلُ المَهرِيّة: مہرة بن حیدان کی طرف منسوب اونٹ جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ تیز رفتاری میں کوئی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ ج مَهارِی و مَهارٍ و مَهارَیّ.

اَلْمَهْرجانُ: (فارسی لفظ) فرس (اہل فارس) کے نزدیک یہ دو لفظوں سے مرکب ہے۔ مہر کا معنی محبت اور جان کا معنی روح۔ یعنی روح سے محبت۔

المِهْرجان. پارسیوں کی ایک عید۔

مَهْزَه (ف) مَهْزًا. بِيَدِه: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

مَهَشَهٗ (ف) مَهْشًا. جلانا۔ کھرچنا۔

اِمْتَهَش. جلنا۔

مَهَصَ الثَّوْبَ: کپڑا پاک صاف کرنا۔ سفید کرنا۔

تَمَهَّصَ فِي المَاءِ: پانی میں گھسنا۔

اِمْهَاصَّتِ الْأَرْضُ: بے نباتات ہونا۔ صفت مَهْصَاء۔

مَهِقَ (س) مَهَقًا. بہت سفید ہونا۔

مَهَقَت (ف) مَهْقًا الْخَيْلُ: گھوڑے کا دوڑنا۔ مَهَقَ الْفَصِيْلَ: اونٹ کے بچّہ کو پانی پلانا۔

تَمَهَّقَ الشَّرَابُ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

المَهَق. س۔ پانی پر کی سبزی۔

الأَمْهَق. بغیر چمک کے بہت سفید جیسے چونا۔ مؤنث مَهْقَاء ج مُهْق.

المُهْقَة. بغیر چمک کے بہت سفید رنگ۔

مَهَكَ (ف) مَهْكًا و مَهَّكَ الشَّيْءَ. خوب پیسنا۔ باریک پیسنا۔ مَهَكَهٗ: نرم و چمکدار کرنا۔

مَهَكَ فِي السَّيْرِ: جلدی کرنا۔

تَمَهَّكَ فِي الْعَمَلِ: اچھے طریقہ سے کرنا۔ ہاتھ سے منقش کرنا۔

اِمْهَكَ الرَّجُلُ: کم گوشت والا ہونا فِي الْعَدْوِ: کوشش کرنا۔

تَمَاهَكَ الْقَوْمُ. باہم جھگڑنا۔

مَهْكَةُ الشَّبَابِ و مُهْكَتُهٗ. جوانی کی رونق و تروتازگی۔

المَهُوْك. نرم کمان۔

المُمْهَك والمُنْمَهِك. جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے شَابٌّ مُمْهَك.

المُمَهَّك. لمبا بے ڈول۔

مَهَلَ (ف) مَهْلًا و مُهْلَةً و تَمَهَّلَ فِي الْعَمَلِ: اطمینان سے بغیر جلد بازی کے کام کرنا۔

مَهِلَ (س) مَهَلًا الرَّجُلُ: بھلائی میں پیش قدمی کرنا۔ صفت ماهِل.

اَمْهَلَهٗ و مَهَّلَهٗ الدَّيْنَ: مہلت دینا۔ اَمْهَلَ و مَهَّلَ الرَّجُلُ: نرمی برتنا فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ عذر کرنا۔

اِسْتَمْهَلَهٗ: مہلت مانگنا۔

المَهْل والمَهَل. مص۔ نرمی آہستگی۔ میت کی پیپ۔ اور کہا جاتا ہے "مَهْلًا و عَلٰى مَهْلٍ" یعنی ٹھہر جا جلدی نہ کر اور یہ مصدر ہے جو فعل کے قائم مقام ہے اور واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے ہے المَهَل: کسی شخص کے گزرے ہوئے لوگ۔ سوار ہونے سے پہلے معاملہ کی ہدایت۔ پیش قدمی۔ کہا جاتا ہے فُلانٌ ذُوْ مَهَلٍ: فلاں بھلائی میں پیش قدمی کرنے والا ہے۔

المُهْل. معدنی جواہر۔ جیسے چاندی تانبا لوہا وغیرہ پگھلی ہوئی دھاتیں۔ پتلا قطران۔ زیتون کا پتلا تیل۔ زہر۔ پیپ۔ یا خاص مردہ کی پیپ تروئی سے جو راکھ جھڑے۔

المُهْلَة. س۔ راکھ میں بقیہ چنگاری۔ آہستگی و نرمی۔ کہا جاتا ہے "مَشٰى عَلٰى مُهْلَتِه" وہ آہستہ آہستہ چلا۔ پتلا قطران۔ شار۔ کہا جاتا ہے "خُذِ الْمُهْلَةَ فِيْ اَمْرِكَ" یعنی اپنے معاملہ میں سامان کو لو۔ "و اَخَذَ عَلٰى فُلانٍ الْمُهْلَةَ" یعنی وہ اس سے عمر یا ادب میں بڑھ گیا۔

المَهْلَة والمِهْلَة والمُهْلَة والمهلة پیپ یا خاص مردہ کی پیپ۔

المُتَمَهِّل. فا مِنَ الرِّجَالِ: لمبا۔

مَهْمَا اسم شرط جازم ہے۔ غیر عاقل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور ظرف زمان ہے جیسے مَهْمَا يَزُرْنِي زَيْدٌ اُكْرِمْهُ: جب زید مجھ سے ملے گا میں اس کا اکرام کروں گا اور کبھی غیر ظرف ہوتا ہے جیسے مَهْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ: جو تو کرے گا میں کروں گا۔

مَهْمَهَهٗ عَنِ السَّفَرِ: روکنا۔ مَهْمَهَ فُلانًا: مہ مہ کہہ کے ڈانٹنا۔

تَمَهْمَهَ عَنِ الشَّيْءِ: باز رہنا۔ رکنا۔

المَهْمَه والمَهْمَهَة. دور کا جنگل۔ ویران ملک۔ ج مَهَامِه.

مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا و مَهْنَةً و مِهْنَةً الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔

مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا. اپنا پیشہ کرنا۔ الرَّجُلَ: مارنا اور سختی کرنا۔ الثَّوْبَ: کھینچنا۔ بوسیدہ کرنا الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَهُنَ (ک) مَهَانَةً: حقیر و کمزور ہونا۔

مَاهَنَهٗ مُمَاهَنَةً. مشق کرنا۔

اَمْهَنَهٗ. کمزور کرنا۔ خدمت لینا۔

اِمْتَهَنَ الشَّيْءَ: حقیر کرنا۔ بوسیدہ کرنا الرَّجُلَ: خدمت میں رکھنا۔ الرَّجُلُ: خدمت میں مشغول ہونا۔

المِهْنَة والمَهْنَة والمَهِنَة والمِهَنَة. کام کی مہارت۔ خدمت۔ کہا جاتا ہے "قَامَتِ الْمَرْاَةُ بِمِهْنَةِ بَيْتِهَا" عورت اپنے گھر کے کام کاج کیلئے مستعد ہوئی "وَمَا مِهْنَتُكَ هٰهُنَا" یہاں پر تمہارا کیا عمل ہے "وَهُوَ فِي مِهْنَةِ اَهْلِهِ" وہ اپنے لوگوں کی خدمت میں مشغول ہے "خَرَجَ فِيْ ثِيَابِ مِهْنَتِهٖ" وہ اپنے کام کاج کے کپڑوں میں نکلا۔ ج مِهَن و مُهَن.

المَاهِن. فا۔ خادم۔ غلام۔ ج مُهَّان و مَهَنَة و مِهَان. مؤنث مَاهِنَة ج مَوَاهِن.

المَهِيْن. حقیر۔ کمزور۔ کم سمجھ۔ ج مُهَنَاء.

مَهَا يَمْهُوْ مَهْوًا. الرَّجُلَ: بہت مارنا۔ مَهَا

ماہت يَمْهُو مَهًا البقرةُ الوَحْشيّةُ: نیل گائے کا خالص سفید ہونا۔

مَهُوَ يَمْهُو مَهَاوَةً اللَّبَنُ او السَّمْنُ: دودھ یا گھی کا پتلا ہونا۔ صفت مَهْوٌ۔

اَمْهٰى اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا۔ الحَدِيْدَةَ: لوہے کو تیز کرنا۔ الفَرَسَ: رسّی دراز کرنا۔ دوڑا کر گرم کرنا۔ اِسم المَهْيُ۔ اور کہا جاتا ہے "حفرَ البئرَ حتّٰی اَمْهٰی" اس نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔ اَمْهٰى فُلَانٌ: تعریف میں خوب مبالغہ کرنا۔ الحَبْلَ: رسّی کو ڈھیل دینا۔ القِدْحَ: تیر کی کجی کو درست کرنا۔ القِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھا دینا۔ اَمْهَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا۔

المَهْوُ: س۔ سفید کنکری۔ موتی۔ بلور۔ اولہ۔ تازہ کھجوریں۔ پتلی تلوار۔ بہت پانی والا دودھ۔

المَهَاةُ: نیل گائے (جس سے آنکھوں کی خوبصورتی میں تشبیہ دی جاتی ہے) آفتاب۔ بلور۔ ج مَهًا و مَهَوات و مَهَيَات۔

مَهٰى يَمْهٰى و يَمْهِي مَهْيًا وَاَمْهٰى وامتَهٰى الشَّفْرَةَ او الحَدِيْدَةَ: پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔ ومَهٰى الشَّيْءَ: ملمع کرنا۔

اِستَمْهٰى الفَرَسَ: گھوڑے کو پوری رفتار پر چھوڑ دینا۔ القَوْمَ: دشمن کی صفوں کو توڑ دینا اور شکست دینا۔

مَهْمَ: کلمہ استفہام ہے یعنی تمہارا کیا حال ہے۔ یا تمہیں کیا ہوا۔ یا کیا خبر ہے۔

مَاءَ يَمُوْءُ مُوَاءً وَاَمْوَأَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔ واَمْوَأَ الرَّجُلُ: بلی کی طرح آواز کرنا۔

المَائِيَةُ و المَائِئَةُ و المُمَائِيَّةُ: بلی۔

مَاتَ يَمُوْتُ مَوْتًا: مرنا۔ مَاتَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا رک جانا۔ النَّارُ: آگ کی راکھ ٹھنڈی ہونا۔

مَاتَ الحَرُّ و البَرْدُ: گرمی یا سردی کا زائل ہونا۔ مَاتَتِ الحُمّٰى: بخار کا جوش کم ہونا۔

مَاتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

مَاتَ يَمُوْتُ مَوَاتًا مَوَتَانًا المَكَانُ: ویران ہونا۔ الطَّرِيْقُ: راستہ چلنا بند ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فوقَ الرَّحلِ" یعنی گہری نیند سو گیا۔

مَوَّتَهُ: مار ڈالنا۔ موت دینا۔

اَمَاتَهُ اِمَاتَةً: مار ڈالنا۔ مَاتَ نَفْسَهُ: مغلوب کرنا۔ غَضَبَهُ: غصہ پی جانا۔ الرَّجُلُ: مرے ہوئے بچوں والا ہونا۔ النَّاقَةُ او المَرْاَةُ: مرے ہوئے بچہ والی ہونا۔ صفت مُمِيْت و مُمِيْتَة ج مَمَاوِيت القَوْمُ: مرے ہوئے جانوروں والا ہونا۔ اَمَاتَ اللَّحْمَ: خوب اچھی طرح پکانا اور جوش دینا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَتَهُ" یعنی وہ کیسا مردہ دل ہے۔

اُمِيْتَتِ اللَّفْظَةُ: لفظ کا استعمال چھوڑ دیا جانا۔

مَاوَتَ مُمَاوَتَةً قِرْنَهُ: باہم صبر کرنا۔

تَمَاوَتَ: بتکلف مردہ بننا۔ خاموشی اور کمزوری ظاہر کرنا۔

اِستَمَاتَ اِسْتِمَاتَةً و اِسْتِمَاتًا: موت چاہنا۔ ہر طریقے سے کسی چیز کو طلب کرنا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ الشَّيْءُ: ڈھیلا ہونا۔

المَوْتُ و المَوْتَةُ: موت۔ المَوْتُ الاَحْمَرُ: قتل سے جو موت واقع ہو۔ المَوْتُ الاَبْيَضُ: موت طبعی یا اچانک موت۔ المَوْتُ الاَسْوَدُ: گلا گھونٹنے سے جو موت واقع ہو۔

المُوْتَةُ: جنون کی ایک قسم۔ مرگی۔

المَيْتَةُ: المَيْتُ کا مؤنث۔ مردار۔ ج مَيْتَات۔

المِيْتَةُ: مرنے کی حالت۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ مِيْتَةً صَالِحَةً" و "مَاتَ مِيْتَةَ سُوْءٍ" (اچھی اور بری طرح مرنا)

المَيْتُوْتَةُ: موت۔ (مولد) ة

المُوْتَانُ و المَوْتَانُ: جانوروں کی مری۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوْتَانُ الفُؤَادِ" یعنی یہ بلید الطبع ہے۔ مؤنث مَوْتَانَةٌ۔

المَوْتَانُ: موت۔ غیر ذی روح۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرِ مِنَ المَوْتَانِ وَلَا تَشْتَرِ مِنَ الحَيْوَانِ" یعنی زمین اور مکانات وغیرہ خریدو اور غلام جانور وغیرہ مت خریدو اور کہا گیا ہے کہ مَوْتَانُ اس زمین کو کہتے ہیں جس میں آبادی نہ ہو۔

المَائِتُ: قریب المرگ۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ مَائِتٌ" یعنی سخت موت۔

المَيِّتُ ج اَمْوَات و مَوْتٰى و مَيِّتُوْنَ۔ والمَيْتُ ج مَيْتُوْنَ: مردہ۔ مؤنث مَيْتَةٌ و مَيِّتٌ و مَيِّتَةٌ ج مَيْتَات و مَيِّتَات۔

المَوَاتُ: س۔ غیر ذی روح۔ غیر آباد زمین یا وہ زمین جس سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے۔

المَمَاتُ: موت۔ یا زمانہ موت۔

المُمَاتُ مِنَ اللَّفْظِ: متروک الاستعمال لفظ۔

خَطِيْئَةٌ مُمِيْتَةٌ: گناہ کبیرہ۔

المُسْتَمِيْتُ: فا۔ طالب قتل جو لڑائیوں میں موت کی پروا نہ کرے۔ بتکلف مجنون بننے والا۔ انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔

مَاثَ يَمُوْثُ مَوْثًا و مَوْثَانًا الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: مخلوط کرنا۔ الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پانی میں گھلنا۔

اِنْمَاثَ: مختلط ہونا۔ حل ہونا۔ گھل مل جانا۔

مَاجَ يَمُوْجُ مَوْجًا و مَوْجَانًا و تَمَوَّجَ البَحْرُ: سمندر کا موج مارنا۔ مَاجَ القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔ مَاجَ عَنِ الحَقِّ: حق سے تجاوز کرنا۔

المَوْجُ: س۔ لہر۔ واحد مَوْجَةٌ ج اَمْوَاج۔ و مَوْجَةُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی۔

المَوَّاجُ: بہت موج مارنے والا۔

مَاخَ يَمُوْخُ مَوْخًا الغَضَبُ: غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔

المَاذُ: اچھی خصلتوں والا ہونا۔ خوش طبع (اصل اس کی مَوْذٌ ہے)

المَاذِيُّ: سفید شہد۔ یا عمدہ شہد۔ ہر قسم کے ہتھیار (و المَاذِيَّةُ) نرم زرہ۔

المَاذِيَةُ: شراب۔

مَارَ يَمُوْرُ مَوْرًا البَحْرُ: موج زن ہونا۔ الدَّمُ عَلَى الاَرْضِ: خون کا زمین پر پھیل کر بہنا

الشَّیُٔ: آگے پیچھے تیزی سے ہلنا التُّرابُ: غبار کا اُٹھنا۔ برانگیختہ ہونا۔ مَارَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ و بِالتُّرَابِ: ہوا کا مٹی کو اُٹھانا۔ برانگیختہ کرنا۔ مَارَ الصُّوْفُ عَنِ الْجَسدِ: پشم کو جسم سے اکھیڑنا۔ السِنَانُ فِی الْمَطْعُوْنِ: بھالے کا زخمی کے بدن میں ہلنا۔

اَمَارَ الدَّمَ: خون بہانا۔ اَمَارَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ ہوا کا مٹی کو اُٹھانا برانگیختہ کرنا۔ اَمَارَ السِّنَانَ فِی الْمَطْعُوْنِ: بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا۔

تَمَوَّرَ. تردد کی حالت میں آنا جانا الشَّعْرُ: بالوں کا ادھر ادھر ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "تَمَوَّرَ الْوَبَرُ وَنَحْوُہٗ عَنِ الدَّابَّۃِ" جبکہ بال یا اون وغیرہ گر جائیں الشَّیُٔ: کسی چیز کا مضطرب ہونا۔ اور جلدی جلدی حرکت کرنا۔

اِنْمَارَ الشَّعْرُ: بال اکھیڑ اجانا۔

اِمْتَارَ اِمْتِیَارًا السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

مَارَ و مَارِی. سریانی کلمہ ہے اس کے معنے سید کے ہیں اور اکثر اس کا استعمال مقدس لوگوں کے لیے ہوتا ہے اور مؤنث کیلئے مُرْت کہا جاتا ہے۔

الْمَوْر. مص۔ نرم چیز۔ چلتا ہوا ہموار راستہ۔ تیزی۔

الْمُوْر. ہوا میں اُڑنے والا غبار۔ مٹی جس کو ہوا اڑائے۔ ایک قسم کے میمنے۔

الْمُوْرَۃ والْمُوَارَۃ. گری ہوئی اون۔

الْمُوَارۃ: چیز جو کسی چیز سے گرے۔ فانی چیز کا کچھ باقی حصّہ۔

الْمَائِر. فا۔ کم سمجھ۔ سَھْمٌ مَائِرٌ: گھس جانے والا ہلکا تیر۔ مؤنث مَائِرَۃ. ج مَائِرَاتٌ و مَوَائِر.

الْمَوَّار. اسم مبالغہ۔ رِیْحٌ مَوَّارَۃٌ و اَرْیَاحٌ مُوْرٌ: مٹی برانگیختہ کرنے والی ہوا۔

الْمَوْرَج. کھیتی کرنے والوں کا آلہ جس کو کھلیان پر گھماتے ہیں اس کو پھلسا کہتے ہیں۔

اَلْمُوْرِکْس. ایک پیچی پاؤں والی پیٹ والی کھلے منہ والی کانٹے والی جس کو ہر سو چلاتی ہے سرخ رنگ والا سیلان بھائی ہے پرانے زمانے میں لوگ اس سے سرخ رنگ حاصل کرتے تھے۔

الْمَوْز. کیلے کا درخت۔ کیلا۔ واحد مَوْزَۃٌ.

الْمَوَّاز. کیلہ بیچنے والا۔

الْمَوْزَج. موزہ۔ ج مَوَازِج و مَوَازِجَۃ.

مَاسَ یَمُوْسُ مَوْسا الرَّاْسَ: سر مونڈنا۔

الْمَاسَ. ہیرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاسٌ" بے حس مرد جس پر عتاب و خفگی کا کوئی اثر نہ ہو۔

الْمُوْسٰی. استرا۔ (مذکر و مؤنث) ج مَوَاسِی و مُوْسِیات.

الْمُوْسِیْقِی. گانے کا فن۔

الْمُوْسِیْقِیُّ. گانے والا۔ گویا۔

مَاشَ یَمُوْشُ مَوْشًا الْکَرْمَ: توڑنے کے بعد باقی ماندہ انگور چننا۔

الْمَاش. اڑد۔ واحد مَاشَۃٌ. گھر کا معمولی سامان۔

اَلْمُوْسِلِیْن نروئی کا باریک نرم کپڑا۔

مَاصَ یَمُوْصُ مَوْصًا و مَوَّصَ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ مَاصَ الشَّیُٔ: ہاتھ سے ملنا۔

الْمَوْص. مص۔ بھوسہ۔

الْمُوَاصَۃ. پانی جس سے برتن یا کپڑے وغیرہ دھوئے گئے ہوں۔

مَوْعَۃُ الشَّبَاب. آغاز جوانی۔

مَاغَ یَمُوْغُ مَوْغًا و مُوَاغًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

مَاقَ یَمُوْقُ مَوْقًا الْمَبِیْعُ: ارزاں ہونا۔ الطَّعَامُ: غلہ مندا ہونا۔

مَاقَ یَمُوْقُ مَوْقًا و مُوْقًا و مُوَاقَۃً و مُؤُوْقًا. الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ ہلاک ہونا۔

تَمَاوَقَ. حماقت ظاہر کرنا۔

اِنْمَاقَ اِنْمِیَاقًا: ہلاک ہونا۔

اِسْتَمَاقَ اِسْتِمَاقَۃً. بیوقوف سمجھنا۔

الْمَائِق. بیوقوف۔ ہلاک ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَقُ مَائِقٌ" وہ بڑا سخت بیوقوف ہے۔ ج مَوْقٰی.

الْمُوْق. مص۔ بیوقوفی۔ غباوت۔ غبار۔ پروالی چیونٹی۔ گوشۂ چشم۔ موٹا موزہ جو باریک موزہ پر پہنا جائے۔ ج اَمْوَاق.

مَالَ یَمُوْلُ و یَمَالُ مَوْلًا و مُؤُوْلًا: مالدار ہونا یا بہت مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَلَہٗ" وہ کس قدر مالدار ہے۔

مَالَہٗ یَمُوْلُہٗ مَوْلًا و اَمَالَہٗ اِمَالَۃً مال دینا۔

مَوَّلَہٗ. مالدار بنانا۔

تَمَوَّلَ الْمَالَ: اپنے لیے جمع کرنا (واسْتَمَالَ) مال حاصل کرنا یا بہت مال والا ہونا۔

الْمَالُ ج اَمْوَال: مال و دولت۔ اہل بادیہ کے نزدیک اس کا اطلاق چوپایوں پر ہوتا ہے جیسے اونٹ بکری وغیرہ۔ مذکر و مؤنث ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ الْمَال و ھِیَ الْمَال" اور کہا جاتا ہے "خَرَجَ اِلٰی مَالِہٖ" یعنی اپنی جائیداد یا اپنے اونٹوں کی طرف گیا۔ ج مَالَۃٌ و مَالُوْن. بہت مال والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالٌ" بہت مالدار مرد۔ مؤنث مَالَۃٌ ج مَالَۃ و مَالَات.

اَلْمَال: مُربع عدد.

الْمُوْل. مکڑی۔ واحد مُوْلَۃٌ.

الْمَالِیَّۃ. مالیت۔ دولت۔ مال کے متعلق مولدین اس کا اطلاق مال پر بھی کرتے ہیں۔

الْمَوِّل والمَیِّل. بہت مال والا۔

الْمُوَیْل. مال کی تصغیر۔ رجب کا مہینہ۔

مِیْمَ مَوْمًا الرَّجُلُ: برسام کی بیماری لاحق ہونا یا سخت چیچک ہونا جس میں سارا جسم ایک زخم بن جائے۔ صفت مفعولی مَمُوْمٌ.

مَوَّمَ مِیْمًا. حرف میم لکھنا۔

الْمُوْم. موم۔ جلاہوں کا نال۔ موچیوں کا ایک آلہ۔ الْمَوْمَاء والْمَوْمَاۃ وسیع بیابان یا بے پانی کا بیابان۔ ج الْمَوَامِی.

الْمُوْمِیَاء. ایک قسم کی دوا۔ قدماء مصر کے طریقہ پر حنوط لگائے ہوئے اجسام۔

مَانَہٗ یَمُوْنُہٗ مَوْنًا و مُؤْنَۃً و مَوُّنَہٗ نان نفقہ برداشت کرنا۔ صفت مَائِن. مَانَ الْاَرْضَ: زراعت کے لیے زمین جوتنا۔

تَموَّنَ. نان نفقہ جمع کرنا۔ بال بچوں پر زیادہ خرچ کرنا۔

المُؤْنَة. گزارے کا ذخیرہ۔ ج مُؤن.

بَیْتُ المُؤْنَةِ: گزارہ جمع کرنے کی کوٹھری۔

المَوَّان. ذخیرہ جمع کرنے والا۔ ذخیرہ مہیا کرنے والا۔

مَاهت تَمُوْهُ و تَمَاهُ مَوْهًا و مَاهَةً و مُؤُوْهًا. البِئرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ والسَفِینَةُ: کشتی میں پانی داخل ہونا۔

مَاهَ یَمُوْهُ مَوْهًا الرَّجُلَ: پانی ہلانا الشَّیَٔ بالشَّیِٔ: ملانا۔

اَمَاهُ اِمَاهَةً و اَمْوَهَ اِمْوَاهًا الشَّیَٔ: ملانا الشَّیُٔ: ملنا الرَّجُلَ: پانی پلانا الحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا الدَّوَاةَ: دوات میں پانی ڈالنا البِئرَ: کنواں کھود کر پانی نکالنا السِّکِّیْنَ: چھری پر پانی چڑھانا۔ اَمَاهَتِ السَّمَاءُ: بہت پانی برسانا الْاَرْضُ: بہت پانی والی ہونا۔

مَوَّهَ الْمَکَانُ: پانی والی ہونا القِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھانا الشَّیَٔ بِمَاءِ الذَّهَبِ او الفِضَّةِ و نَحْوِهِمَا: سونے یا چاندی کا پانی چڑھانا عَلَیْهِ الْاَمْرَ والخَبَرَ: جھوٹی بات خلاف واقعہ سنانا۔

تَمَوَّهَ. سونے چاندی وغیرہ کا پانی چڑھنا۔ العِنَبُ: انگور کا رس دار ہونا اور پکنے کے قریب ہونا الْمَکَانُ بالْبَقْلِ: سبزہ زار ہونا۔

المَاءُ. پانی (اصل مَوَہٌ ہے) تصغیر مُوَیْه اور نسبت کے لئے مَائِیٌّ و مَاوِیٌّ و مَاهِیٌّ ج مِیَاهٌ و اَمْوَاهٌ. و مَاءُ الوَرْدِ و مَاءُ الزَّهْرِ و نَحْوِهِمَا: گلاب وغیرہ کا پانی جو عرق کھینچنے سے نکلے۔ مَاءُ الوَجْهِ او مَاءُ الشَّبَابِ: چہرہ یا جوانی کی رونق و تروتازگی مَاءُ السَّیْفِ: تلوار کی چمک دمک بَنَاتُ المَاءِ: پانی کے آس پاس رہنے والے پرندے۔ مفرد اِبْنُ المَاءِ. المَاءُ الْاَزْرَقُ: موتیابند۔

المَاهُ. پانی اور نسبت کیلئے مَاهِیٌّ. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاهُ الْفُؤَادِ و مَاهِیُّ الفُؤَادِ" یعنی بزدل۔ بلید الطبع۔

المَائَةُ. پانی۔ تصغیر مُوَیْهَةٌ.

المُوْهَةُ والمُوَاهَةُ مِنَ الْوَجْهِ: رونق و حسن۔

المَاهَةُ. س۔ چیچک۔ بِئْرٌ مَاهَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔

المَاهِیَّةُ. مؤنث المَاهِیِّ. ماهِیَّةُ الشَّیِٔ: حقیقت "شَیٌٔ مَاهُوَ" سے نکلا ہوا۔ ج مَاهِیَّات.

المَائِیَّةُ والمَاوِیَّةُ. مِنَ الشَّجَرِ: وہ سائل چیز جس سے درخت کو غذا حاصل ہو۔

المَاوِیَةُ. آئینہ۔ ج مَاوِیٌّ.

رَکِیَّةٌ مَیِّهَةٌ. بہت پانی والا کنواں۔

الاَمْوَهُ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "البِئْرُ هٰذِهِ السَّنَةَ اَمْوَهُ مِمَّا کَانَتْ" یعنی کنواں امسال بہ نسبت پہلے کے زیادہ پانی والا ہے۔

المُمَوَّهَةُ. ع۔ ناخنہ والی آنکھ۔

مَاتَ یَمِیْتُ مَیْتًا. مرنا۔

اَلمَاهِیَّةُ ج مَاهِیَّاتٌ: ماہانہ اجرت (تنخواہ) یہ لفظ "ماہ" کی طرف منسوب ہے جس کا معنی مہینہ ہے۔

مَاثَ یَمِیْثُ مَیْثًا و مَیَثَ الشَّیَٔ فِی المَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔ مَیَثَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔

تَمَیَّثَ الشَّیُٔ فِی المَاءِ: پگھلنا۔ حل ہونا الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ تَمَیَّثَ الْاَرْضُ: بارش سے نرم ہونا الحَرَارَةُ: ٹھنڈی ہونا۔

اِنْمَاثَ اِنْمِیَاثًا الشَّیُٔ فِی المَاءِ: پانی میں حل ہونا۔

اِمْتَاثَ الرَّجُلُ: زندگی کی راحت پانا الاَقِطَ: پنیر کو پانی میں بھگو کر کھانا الشَّیَٔ فِی المَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔

المَیِّثُ. نرم۔

اَرْضٌ مَیْثَاءُ بغیر ریت والی نرم زمین۔

المُسْتَمِیْثُ. انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔

مَاجَ یَمِیْجُ مَیْجًا الشَّیُٔ: مختلط ہونا۔

مَاحَ یَمِیْحُ مَیْحًا و مَیْحُوحَةً. چلو سے پانی لینا اَصْحَابَهُ: لوگوں کے لیے چلو چلو پانی لانا الرَّجُلَ: نفع دینا "هُ عِنْدَ الْاَمِیْرِ": سفارش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِحْنِیْ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" یعنی سفارش امیر سے کرو۔ مَاحَتِ الرِّیْحُ الشَّجَرَةَ: جھکانا مَاحَ الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔ مَاحَه یَمِیْحه مَیْحًا و مِیَاحَةً: دینا۔

مَیَّحَ تَمْیِیْحًا الغُصْنُ: جھکنا' ہلنا السَّکْرَانُ: چلنے میں ڈگمگانا۔

مَایَحَهُ مُمَایَحَةً. ملانا۔

اِمْتَاحَ المَاءَ: چلو لینا الرَّجُلَ: طلب فضل کیلئے کسی کے پاس آنا۔ اِمْتَاحَهُ الْحَرُّ او العَمَلُ: پسینہ میں شرابور کرنا۔

تَمَیَّحَ. ناز و انداز سے چلنا۔ دائیں بائیں جھکنا۔

تَمَایَحَ. ڈگمگانا۔

اِسْتَمَاحَهُ اِسْتِمَاحَةً. عطیہ مانگنا۔ سفارش کرنے کی درخواست کرنا۔

المَائِحُ ج مَاحَةٌ وَالمُیَّاحُ. چلو سے پانی پلانے کی درخواست کرنے والا۔

مَادَ یَمِیْدُ مَیْدًا و مَیَدَانًا. ہلنا۔ جھکنا۔ کہا جاتا ہے "مَادَتْ بِهِ الْاَرْضُ" زمین اس کے ساتھ گھوم گئی الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔ ہلنا الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔ سر چکرانا وَمَادَ الرَّجُلَ: زیارت کرنا۔ بہتر سلوک کرنا۔

تَمَایَدَ. نشاط سے جھومنا۔

تَمَیَّدَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا ناز سے چلنا۔

اِمْتَادَ اِمْتِیَادًا. غلہ جمع کرنا۔ عطیہ طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِمْتَادُوْهُ فَمَادَهُم" یعنی لوگوں نے اس سے عطیہ طلب کیا اور اس نے دیا۔

المَائِدُ. جھکنے والا۔ سر میں چکر والا۔ ج مَیْدٰی. غُصْنٌ مَائِدٌ: جھکنے والی ٹہنی۔

غُصُوْنٌ مُیَّدٌ: جھکنے والی ٹہنیاں۔

المَائِدَةُ: المَائِد کا مؤنث۔ دستر خوان جس پر کھانا ہو۔ کھانا۔ زمین کا دائرہ ج مَوَائِدُ و مَائِدَات.

مَیْد. بید میں ایک لغت نادرہ۔
المَیْدَۃ. مَادَ کا اسم مرۃ۔ کھانا۔ دستر خوان جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔
مَیْدَیْ بمعنی مِنْ اَجْلِ. کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ مَیْدَیْ ذٰلِكَ" اس نے اس کو اس کی وجہ سے کیا۔ و بمعنی "حِذَاء" کہا جاتا ہے "دَارِی بِمَیْدَیْ دَارِہٖ" میرا مکان اس کے مکان کے مقابل ہے۔
مَیْدَاء الشَّیْئِ. قیاس و انداز۔ انتہاء۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَیْدَاء ذٰلِكَ و بِمَیْدَائِهٖ" یعنی یہ اس کے مقابل ہے۔
المَیْلَان و المَیْدَان. گھوڑ دوڑ یا کھیل کود کے لئے کشادہ جگہ۔ ج مَیَادِیْن.
المَیَّاد. بہت جھومنے والا۔ مؤنث مَیَّادَۃ.
المَیْوُد. بہت ہلنے والا۔
المُمْتَاد. عطیہ مانگنے والا۔ جس سے عطیہ مانگا جائے۔
مَارَ یَمِیْرُ مَیْرًا و اَمَارَ. عِیَالَهٗ: اہل و عیال کیلئے نان و نفقہ لانا الدَّوَاءَ و نَحْوَهٗ: پگھلانا مَارَ الصُّوْفَ: اون دھنکنا۔ اَمَارَ اَوْدَاجَهٗ: رگیں کاٹنا۔
مَایَرَہ مُمَایَرَۃً. خوراک لانا۔ مقابلہ کرنا۔ نقل اتارنا۔
تَمَایَرَ تَمَایُرًا مَابَیْنَ الْقَوْمِ: فساد واقع ہونا۔
اِمْتَارَ لِعِیَالِهٖ او لِنَفْسِهٖ: خوراک جمع کرنا۔
المِیْر. س۔ خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهٗ خَیْرٌ وَ لَا مِیْرٌ."
المِیْرَۃ. خوراک جس کو انسان ذخیرہ کر کے رکھے۔ ج مِیَر
المَائِر. خوراک لانے والا ج مِیَار و مَیَّارَۃ.
المَیَّار. خوراک لانے والا۔
المُوَارَۃ. اون کا ردی حصہ جو دھنے کے وقت گرے۔
مَازَ یَمِیْزُ مَیْزًا و مَیَّزَ و اَمَازَ الشَّیْئَ: علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا الشَّیْئَ: ترجیح دینا۔ مَازَ فُلَانٌ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
تَمَیَّزَ و اِنْمَازَ اِنْمِیَازًا و اِمْتَازَ اِمْتِیَازًا و اِسْتَمَازَ اِسْتِمَازَۃً. جدا ہونا۔ و تَمَیَّزَ فُلَانٌ مِنَ الْغَیْظِ: غصہ سے پھٹ پڑنا۔ اِمْتَازَ الْقَوْمُ بعض کا بعض سے جدا ہونا۔ و اِسْتَمَازَ: جدا ہونا۔
تَمَایَزَ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ گروہ بندی کرنا۔
المَیْز و المَیِّز. مضبوط پٹھوں والا۔
التَّمْیِیْز. مَیَّزَ کا مصدر۔ قوتِ نفسانی جس سے معانی کا استنباط ہو۔ علم نحو کی ایک اصطلاح۔ سِنُّ التَّمْیِیْز: نفع ضرر پہچاننے کی عمر۔
الاِمْتِیَاز. س۔ کسی چیز کے بیچنے یا کسی کام کے کرنے کی اجازت کا خاص پروانہ۔ لائسنس ج اِمْتِیَازات (مولدۃ)
المِیْزَاب. پرنالہ۔
مَاسَ یَمِیْسُ مَیْسًا و مَیَسَانًا و تَمَیَّسَ الرَّجُلُ: نازو انداز سے چلنا۔ صفت مَائِسٌ و مَیَّاسٌ و مَیْسَان و مَیُوْسٌ.
مَیَّسَ الثَّوْبَ: دامن بنانا۔
المَیْس. س۔ ایک بڑا درخت جس کی لکڑی سے کجاوہ بنایا کرتے تھے اور اس کے دانے کالے اور میٹھے ہوتے ہیں۔ واحد مَیْسَۃٌ. المَیْس ایک قسم کی کشمش۔ دو بیلوں کے درمیان لمبی لکڑی۔ کجاوہ۔
المَیَّاس. اکڑ کے چلنے والا شیر۔ بھیڑیا۔
المَیْسَان. بہت تیز چمکنے والا ستارہ ج مَیَاسِیْن.
مَاشَ یَمِیْشُ مَیْشًا الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا النَّاقَةَ: تھن سے آدھا دودھ دوھنا الْخَبَرَ: کچھ بتلانا اور کچھ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "مَاشُوْا الْاَرْضَ مَیْشَۃً" وہ زمین پر گزرے۔
مَاطَ یَمِیْطُ مَیْطًا و مَیَطَانًا و اَمَاطَ اِمَاطَةً عَنْ کَذَا: جدا ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "مِطْ عَنَّا یَا فُلَانُ" یعنی اے فلاں ہم سے دور ہو۔ مَاطَه و اَمَاطَه و مَاطَ بِهٖ: جدا کرنا۔ دور کرنا۔ لے جانا۔ مَاطَ الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاطَ عَلَیَّ فِیْ حُکْمِهٖ" اس نے اپنے فیصلہ میں میرے اوپر ظلم کیا۔ فُلَانًا: ڈانٹنا۔ ہٹانا الشَّیْئَ: جانا۔
مَیَّطَ تَمْیِیْطًا بَیْنَهُمَا: مائل کرا دینا۔
تَمَایَطَ الْقَوْمُ: فساد واقع ہونا۔ ایک دوسرے سے بعید ہونا۔
مَایَطَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ترجیح دینا۔
المَیْط. س۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهٗ مَیْطٌ" اس کے پاس کچھ نہیں "و اِمْتَلَأَ حَتّٰی لَا یَجِدُ مَیْطًا" بھر گیا یہاں تک کہ اب مزید گنجائش نہیں "وَاَمْرٌ ذُوْ مَیْطٍ" سخت معاملہ۔
المِیَاط. دفع۔ ڈانٹ۔ جھکاؤ۔ ادبار و تباعد (جس طرح ہیاط کے معنی اقبال اور قربت کے ہیں) اور اسی سے ہے "اَصْبَحُوْا فِیْ هِیَاطٍ و مِیَاطٍ" وہ لوگ اقبال و ادبار میں ہیں۔
المَیَّاط. بیہودہ کھیل کود میں رہنے والا۔
مَاعَ یَمِیْعُ مَیْعًا الشَّیْئُ: زمین پر پھیل کر بہنا۔ کہا جاتا ہے "السَّرَابُ یَمِیْعُ" سراب زمین پر پھیل کر جاری ہے نَاصِیَةُ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کے بال طویل ہونا اور لٹکنا الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا (و اِنْمَاعَ اِنْمِیَاعًا و تَمَیَّعَ تَمَیُّعًا) السَّمْنُ: گھی کا پگھل کر بہنا۔ صفت مَائِع مؤنث مَائِعَةٌ کہا جاتا ہے الفِضَّةُ یَتَمَیَّعُ فِی الْبُوْطَةِ: چاندی کٹھالی میں پگھل کر بہہ رہی ہے۔
اَمَاعَ اِمَاعًا و اِمَاعَةُ الشَّیْئَ: بہانا۔
مَیْعَةُ الشَّیْئِ: اول شئے۔ اصل شئے۔ کہا جاتا ہے "مَیْعَةُ الشَّبَابِ" آغاز جوانی "و مَیْعَةُ السُّکْرِ" ابتدائی نشہ و "مَیْعَةُ الْفَرَسِ" گھوڑے کی دوڑ کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "الفَرَسُ فِیْ مَیْعَةِ جَرْیِهٖ" گھوڑا اپنی دوڑ کے آغاز میں ہے۔ المَیْعَة: زمین پر بہتی ہوئی چیز کا سیلان۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند۔
المَائِع. بہنے والی چیز۔ بیوقوف۔
المَائِعَة. المَائِع کا مؤنث۔ گھوڑے کی پیشانی کے بال جبکہ طویل ہوں۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند۔ ج مَوَائِع
اَلْمَیْعَةُ السَّائِلَةُ ایک خوبصورت درخت جو

ادویات میں استعمال ہوتا ہے۔
مَالَ یَمِیْلُ مَیْلًا و تَمْیَالًا و مَیَلَانًا و مَیْلُوْلَةً و مَمَالًا و مَمِیْلًا اِلَی الْمَکَانِ: لوٹنا اِلَی الشَّیْءِ اَوِ الشَّخْصِ: رغبت کرنا۔ محبت کرنا عَنِ الطَّرِیْقِ: تجاوز کرنا۔ چھوڑ دینا الحَائِطُ: دیوار کا جھکنا الحَاکِمُ فِی حُکْمِهِ: ظلم کرنا عَلَیْهِمُ الدَّهْرُ: زمانہ کا مصائب ڈالنا۔ مَالَ بِفُلَانٍ: غالب ہونا۔ مَالَ الشَّیْءَ: جھکانا؛ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا تَمِیْلُ عَلَیْهِ المِرْبَعَةُ"، یعنی فلاں بہت قوی ہے۔
مَالَتْ تَمِیْلُ مُیُوْلًا. الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈھلنا یا غروب کے قریب ہونا۔ مَالَ النَّهَارُ او اللَّیْلُ: دن یا رات کا ختم ہونے کے قریب ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَالَ بِنَا الطَّرِیق"، یعنی دور ہوا۔
مَیِلَ (س) مَیَلًا. خلقتاً جھکا ہوا ہونا۔ صفت اَمْیَل کبھی اس کا استعمال عمارات کے متعلق ہوتا ہے۔
مَیَّلَ تَمْیِیْلًا الشَّیْءَ: جھکانا فِی الْاَمْرِ: شک کرنا بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ: تردد اور ترجیح دینا۔ جیسے "قُرِّبَ لَهُ طَعَامًا فَمَیَّلَ فِیْهِ لِقِلَّتِهِ" اس نے کھانا پیش کیا اور کم ہونے کی وجہ سے متردد رہا کہ کھائے یا چھوڑ دے۔
اَمَالَ اِمَالَةً الشَّیْءَ: جھکانا یَدَهُ بِالْفَرَسِ: لگام ڈھیلی کرنا۔ اَمَالَتِ الْمَرْأَةُ: نقاب اتارنا۔ اَمَالَ الْقَارِی: پڑھنے میں امالہ کرنا۔
مَا یَلَهُ مُمَایَلَةً. موافقت کرنا۔ مدد دینا۔ لوٹ ڈالنا۔ مائل ہونا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَلْنَا الْمَلِكَ فَمَا یَلْنَاهُ"، بادشاہ نے ہم پر حملہ کیا ہم نے اس پر حملہ کر دیا۔ مَا یَلَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ترجیح دینا۔

تَمَیَّلَ و تَمَایَلَ تَمَایُلًا فِی مَشْیِهِ: ناز و انداز سے چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَ الْقَوْمِ تَمَایُلٌ"، یعنی قوم کے درمیان جنگ و جدال اور فتنے ہیں۔ تَمَایَلَ الْحِلُّ عَنِ الفَرَسِ: جھکنا۔
اِسْتَمَالَ اِسْتِمَالَةً. مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَیَّلَه فَاسْتَمَال" اس نے اسے جھکایا وہ جھک گیا فُلَانًا و بِقَلْبِهِ: جھکانا۔ مائل کرنا۔ مہربان بنانا مَافِی الوِعَاءِ: لینا۔ اِسْتَمَالَ الطَّعَامَ و نَحْوَهُ: دونوں کف یا ذراع سے ناپنا۔
المِیْلُ. سرمہ کی سلائی (مولدة) زخم ناپنے کا آلہ۔ المِیْلُ: نشان راہ جو مسافر کیلئے بنا دیا جائے تاکہ وہ مسافت معلوم کر سکے۔ مسافت جس کی کوئی حد مقرر نہیں۔ لوگوں نے کہا ہے کہ نگاہ پہنچنے تک کی مسافت عِنْدَ الْمُحَدِّثِیْنَ چار ہزار ہاتھ کی مسافت۔ والمِیْلُ الهَاشِمِی: ایک ہزار باع (اور باع دونوں ہاتھ کے پھیلاؤ کی لمبائی) ج اَمْیَال واَمْیُل ومُیُول.
مَیْلُ کَوْکَبٍ وہ زاویہ جو استواء آسمانی اور اس خط کے درمیان واقع ہے جو زمین اور ستارے کے درمیان تعلق کا ذریعہ ہے۔
دَائِرَةُ الْمَیْلِ آسمانی کرہ کا بڑا دائرہ جو کرہ دو قطب کے ساتھ گذرتا ہے۔
(العناصر الکیماویہ) (کیمیائی عناصر)
المِیْلَةُ. وقت۔ ج مِیل اور کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ مِیَلٌ"، زمانہ گردشوں والا ہے۔
الاِمَالَةُ. س فِی الْقُرْآنِ: فتحہ کو کسرہ کی جانب اور الف کو یا کی جانب جھکانا۔
الاَمْیَلُ. اسم تفضیل۔ جھکی ہوئی عمارت وغیرہ۔ زین پر ایک جانب جھکا ہوا۔ بزدل۔

مؤنث مَیْلَاءُ.
المَیْلَاءُ. الاَمْیَل کا مؤنث۔ ریت کا ٹیلہ۔
شَجَرَةٌ مَیْلَاءُ: بہت ٹہنیوں والا درخت۔
المَائِلُ. فا۔ ج مُیَّل و مَالَة مؤنث مَائِلَة ج مَائِلَات و مَوَائِل.
المَیَّالُ. بہت جھکنے والا۔ مؤنث مَیَّالَة.
مَانَ یَمِیْنُ مَیْنًا. جھوٹ بولنا۔ صفت مَائِن و مَیَّان و مَیُوْن. مَانَ الْاَرْضَ: زمین کو زراعت کے لیے جوتنا۔
تَمَایَنَ الْقَوْمُ: ایک کا دوسرے پر جھوٹ بولنا۔
المَانُ. ہل کا پھل۔
المَیْنُ. جھوٹ۔ ج مُیُوْن. کہتے ہیں "اَکْثَرُ الظُّنُوْنِ مُیُوْنٌ" اکثر گمان جھوٹے ہوتے ہیں۔ "وَمَا هُوَ اِلَّا کَذِبٌ و مَیْنٌ" یہ صرف جھوٹ ہے۔
المِیْنَا والمِیْنَاء. بندرگاہ۔ ج مَوَانٍ و مَوَانِی. المِیْنَاء: آبگینہ۔
مُتَمَایِنُ الْوُدِّ: جھوٹی دوستی کرنے والا۔
مَاهَ یَمِیْهُ مَیْهًا و مَیْهَةً السَّیْفَ وَغَیْرَهُ بِمَاءِ الذَّهَبِ: تلوار پر سونے کے پانی کا ملمع کرنا فُلَانًا: پانی پلانا۔ مَاهَتِ الْبِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔ مَاهَ یَمِیْهُ مَیْهَةً و مَاهَةً و مَیْهًا. الرَّکِیَّةَ: کنوئیں کے پانی کو زیادہ کرنا۔
المَاهَة والمِیْهَة. کنوئیں کے پانی کی کثرت۔
الاَمْیَهُ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "البِئْرُ اَمْیَهُ مِمَّا کَانَتْ"، کنواں بہ نسبت پہلے کے بہت پانی والا ہے۔
مَیَّ و مَیَّةَ و مَیَّا. عورتوں کے نام۔

ن

ن : اَلنُّوْنُ : بنیادی حروف میں سے پچیسواں حرف ہے- حروف زلقیہ سے ہے- بحساب جمل اس کا عدد (۵۰) پچاس ہے-

ن۔ حرف نون پانچ قسموں پر ہے۔

(۱) نون تاکید۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ خفیفہ۔ ثقیلہ اور یہ فعل کے ساتھ مختص ہے جیسے "لَیَکُوْنَنَّ مِنَ الصَّاغِرِیْنَ "و" لَا تَحْسَبَنَّ اللّٰہَ غَافِلًا" ماضی کی تاکید اس سے بالکل نہیں آتی اور امر کی تاکید جائز ہے اور فعل مضارع کی تاکید واجب ہے جبکہ جواب قسم ہو اور لام قسم سے کسی اجنبی کا فاصلہ نہ ہو اور فعل مثبت مستقبل ہو جیسے "تاللّٰہِ لَاَکِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ" اور جبکہ جواب قسم ہو اور یہ شرطیں نہ پائی جاتی ہوں تو تاکید ممتنع ہے اور ان کے علاوہ میں تاکید و عدم تاکید دونوں جائز ہیں مگر طلب میں تاکید زیادہ ہوتی ہے۔

(۲) نونِ تنوین۔ اور یہ نون ساکنہ زائدہ اسم کے آخر میں آتا ہے جو صرف پڑھا جاتا ہے لکھا نہیں جاتا جیسے کِتَابٌ.

(۳) نونِ تانیث۔ اور یہ یا تو خفیفہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے "ضَرَبْنَ و یَضْرِبْنَ و اضْرِبْنَ" اور یہ ضمیر ہے اور یا مشددہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو جمع مؤنث پر دلالت کرنے کیلئے ضمیروں کے ساتھ متصل ہوتا ہے جیسے "غُلَامُکُنَّ و مِنْھُنَّ و ضَرَبَھُنَّ" اور یہ حرف ہے۔

(۴) نونِ وقایہ۔ اور یہ یائے متکلم سے پہلے آتا ہے جیسے ضَرَبَنِی و اِنَّنِیْ.

(۵) نونِ زائدہ۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جبکہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل ہو جیسے "یَضْرِبَانِ و تَضْرِبَانِ" یا ضمیر مؤنث حاضر کے ساتھ متصل ہو جیسے "تَضْرِبِیْنَ" یا جمع مذکر کے ساتھ جیسے "یَضْرِبُوْنَ و تَضْرِبُوْنَ" ان ساری صورتوں میں سوائے مثنی کے مفتوح ہوتا ہے اور مثنی میں مکسور۔ دوسری قسم وہ ہے جو اسم مثنی کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور مکسور ہوتا ہے جیسے "الزَّیْدَانِ" اور جمع مذکر کے ساتھ اور مفتوح ہوتا ہے جیسے الزَّیْدُوْنَ.

نا۔ ضمیر جمع متکلم ہے اور رفع نصب جر میں مشترک ہے جیسے "رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا."

نَاَتَ (ف و ض) نَاْتًا و نَئِیْتًا. گریہ وزاری کرنا الرَجُلَ: حسد کرنا۔

النَاَات. شیر۔

نَاَثَ (ف) نَاْثًا و مَنْاَثًا عَنْہُ: بعید ہونا۔ تاخیر کرنا الرَجُلَ: کوشش کرنا۔

اَنْاَثَہٗ اِنْاَثًا. دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَعٰی سَعْیًا نَاْثًا و مِنْاَثًا" وہ سست چال چلا۔ سَیْرٌ مِنْاَثٌ: سست چال۔

نَاَجَ (ف) نُؤُوْجًا فی الْاَرْضِ: جانا الْاَمْرَ: کام کو مؤخر کرنا نَئِیْجًا) اِلَی اللّٰہِ فِی الدُّعَاءِ: گڑگڑانا۔ نَاَجَت الرِّیْحُ: ہوا کا تیز ہونا الرِّیْحُ الْمِدْصَعُ: ہوا کا تیز گزرنا۔

نَاَجَ (ف ض) نَاْجًا و نُؤَاجًا الثَّوْرُ: بیل کا آواز نکالنا۔

نَئِجَ (س) نَاْجًا. آہستہ کھانا۔

نَئِجَ الْقَوْمُ: تیز ہوا لگنا۔

النَائِجَة. تیز ہوا۔ ج نَائِجَات.

النَاْآج. بہت آواز نکالنے والا۔ تیز رَجُلٌ نَاْآجٌ: بلند آواز والا مرد۔

النَئِیْج. ص۔ کہا جاتا ہے "لِلرِّیْحِ نَئِیْجٌ" ہوا کے لیے تیز سرسراہٹ ہے۔

رِیْحٌ نَؤُوْجٌ. تیز چلنے والی ہوا۔ ج نَوَائِج.

المَنْؤُوْج. ص حَدِیْثٌ مَنْؤُوْجٌ: پیچیدہ بات۔

نَاَدَہ (ف) نَاْدًا. حسد کرنا۔ نَاَدَتْہُ الدَّاھِیَةُ مصیبت نازل ہونا۔ نَاَدَتِ الْاَرْضُ: زمین میں سیلن ہونا۔

النَآد. بروزن عَقَام والنَآدی بروزن نصاریٰ والنُؤُوْد. مصیبت۔

النِئْدِل. مصیبت۔

نَاَرَت (ف) نَاْرًا. نَائِرَةٌ فِی النَّاسِ: لوگوں میں ہیجان ہونا۔

النُؤُوْر. کاجل۔

نَاَشَ. (ف) نَاْشًا و تَنَاءَشَ الشَّیْءَ: سخت پکڑنا الْاَمْرَ: مؤخر کرنا الشَّیْءَ: دور کرنا ہٗ اللّٰہُ: زندہ کرنا اور بلند کرنا الرَّجُلُ مِنْ مَکَانِہٖ: اُٹھنا۔

تَنَاءَشَ. پیچھے ہونا اور دور ہونا الشَّیْءَ: دور سے لینا۔

اِنْتَاش پیچھے ہونا اور دور ہونا الشَّیْ فُلَانًا جلدی میں ڈالنا بِغَنَمِہٖ بکریوں کے ساتھ کوچ کرنا فُلَانًا بطی سمجھنا ہٗ اللّٰہُ برباد کرنا۔
النُؤْوش قوی غالب۔
النَیْش دور۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ نَیْشًا" اس نے اس کو اخیر میں کر دیا۔ "وَجَاءَ نَیْشًا" وہ دیر سے آیا۔ "وَاتَّبَعَہٗ نَیْشًا" بولا جاتا ہے جبکہ پیچھے رہ جائے اور پھر ساتھ چھوٹ جانے کے خوف سے جلدی سے پیچھا کرے۔
نَافَ (ف) نَافًا فِی الْاَمْرِ کوشش کرنا۔
نَیِفَ (س) نَافًا و نَافًا مِنَ الشَّرَابِ: آسودہ ہونا الرَّجُلُ نفرت کرنا الشَّیْ کھانا۔
نَالَ (ف) نَالًا و نَیْلًا و نَالَانًا الْفَرَسُ گھوڑے کا جھومتے ہوئے چلنا۔ صفت نَؤُوْلٌ۔ الرَّجُلُ سر اُٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا فُلَانًا: حسد کرنا۔
نَامَ (ض) نَیْمًا آہستہ آہستہ رونا۔
نَامَتِ الْقَوْسُ وَالْاَسَدُ وَالظَّبْیُ کمان شیر۔ ہرن کا آواز کرنا۔
النَّامَۃُ. نام کا اسم مرۃ۔ نغمہ۔ آواز۔ کہا جاتا ہے "اَسْکَتَ اللّٰہُ نَامَتَہٗ" اللہ اس کی آواز کو خاموش کر دے یعنی مار دے۔
نَاَنَا. نَاْنَاۃً و تَنَاْنَاَ عَنِ الْاَمْرِ سست ہونا۔ عاجز ہونا۔ قاصر ہونا۔ صفت نَاْنَا و نَاْنَاءٌ و نُؤْنُؤٌ یعنی عاجز۔ بزدل۔ نَاْنَاَ فُلَانًا جھڑکی غذا دینا۔ ارادہ سے باز رکھنا۔
نَای یَنْای نَاْیًا فُلَانًا و نَای عَنْ فُلَانٍ: دور ہونا۔ صفت نَاءٍ مؤنث نَائِیَۃٌ.
نَایٰ وَاَنْای و اِنْتَای النُّوْی لِلْخَیْمَۃِ: خیمہ کے گرد چو بچہ کھودنا۔
نَاءٰ یٰ مُنَاآۃً الرَّجُلَ دور کرنا الشَّرَّ عَنْ فُلَانٍ مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔
اَنْای فُلَانًا عَنْہُ دور کرنا۔
تَنَاءٰ ی تَنَائِیًا و اِنْتَای اِنْتِنَاءً دور ہونا۔
النَّاْی وَالنُّؤْی وَالنِّئْی وَالنُّوْی چو بچہ خیمہ کے اردگرد۔ ج آنَاء وَاَنْآءٌ و نُئِیٌّ و نِئِیٌّ.
النَّائِی دور۔
المُنْتَأی دور جگہ۔ خیمہ کے اردگرد چو بچہ۔
النَّایُ بانسری۔ ج نَایَات (دخیل)
نَبَّ (ض) نَبًّا و نَبِیْبًا و نُبَابًا التَّیْسُ خاصۃً بکرے کا جوش کے وقت بلبلانا۔
نَبَّبَ تَنْبِیْبًا النَّبَاتُ پورے دار ہونا۔
تَنَبَّبَ الْمَاءُ پانی کا بہہ پڑنا۔
النَّبَّۃُ اسم مرۃ۔ بدبو۔
الْاُنْبُوْب بانس یا نرکل وغیرہ کا پورا۔ ج اَنَابِیْب ہر گول جوف دار کیلئے بھی استعارہ کے طور پر بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ مِنْ اُنْبُوْبِ الْکُوْزِ" اس نے کوزہ کی ٹونٹی سے پیا۔ اُنْبُوْبُ الْمَاءِ نالی۔ اُنْبُوْبُ الْکُوْزِ: کوزہ کی ٹونٹی۔ الْاُنْبُوْبُ مِنَ الشَّجَرِ درختوں کی قطار۔ اَنَابِیْبُ الرِّئَۃِ: پھیپھڑے سے سانس لینے کی نالیاں۔
الْاُنْبُبُ وَالْاُنْبُوبَۃُ بانس یا نرکل کا پورا۔
نَبَاَ (ف) نَبْاً و نُبُوْءًا الشَّیْ بلند ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَبَاَ سَمْعِیْ عَنْ کَذَا" میرے کان نے فلاں بات سے نفرت کی عَلَی الْقَوْمِ ظاہر ہونا۔ برآمد ہونا مِنْ اَرْضٍ اِلٰی اَرْضٍ ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف نکلنا (نَبَاَ ف) نَبْاً آہستہ آواز نکالنا۔
نَبَّاَ تَنْبِئَۃً و تَنْبِیْئًا و اَنْبَاَ فُلَانًا الْخَبَرَ و بِالْخَبَرِ خبر دینا۔ تم کہتے ہو نَبَّاْتُ زَیْدًا عَمْرًوا خَارِجًا یعنی میں نے زید کو بتلایا کہ عمرو خارج ہے۔ وَاَنْبَاَ فُلَانًا دفع کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا۔
نَابَاَہٗ مُنَابَاَۃً ایک دوسرے کو خبر دینا۔ نَابَاَ الْقَوْمُ دور ہونا۔ پڑوس چھوڑ دینا۔
تَنَبَّاَ تَنَبُّؤًا دعوٰی نبوت کرنا۔
اِسْتَنْبَاَ الرَّجُلَ خبر دریافت کرنا النَّبَاَ خبر کی تفتیش کرنا۔
النَّبَاُ خبر ج اَنْبَاءٌ.
النَّبْاَۃُ آہستہ آواز یا کتے کی آواز۔
النُّبُوْءَۃُ وَالنُّبُوَّۃُ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی بات بتانا۔ پیشین گوئی کرنا۔ خدا کی طرف سے پیغامبری۔
النَّبِیُّ وَالنَّبِیْءُ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی باتیں بتانے والا۔ آئندہ کی پیشین گوئی کرنے والا۔ خدا کی طرف سے پیغامبر۔ نسبت کیلئے نَبَوِیٌّ ج اَنْبِیَاءُ و نَبِیُّوْنَ و اَنْبَاءٌ و نُبَّاءٌ مؤنث نَبِیْئَۃٌ ج نَبِیْئَاتٌ. النَّبِیُّ واضح راستہ۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا نَبِیٌّ کی تصغیر نُبَیٌّ اور نَبِیٌّ کی نُبَیٌّ.
النَّابِیُ فا۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ رَجُلٌ نَابِیٌٔ و سَیْلٌ نَابِیٌٔ ایسی جگہ سے آنے والا کہ معلوم نہ ہو۔
نَبَتَ (ن) نَبْتًا و نَبَاتًا الْمَکَانُ سبزہ زار ہونا الْبَقْلُ سبزی کا اُگنا (نُبُوْتًا) ثَدْیُ الْجَارِیَۃِ لڑکی پستان کا ابھرنا۔
نَبَتَ (ن) نَبْتَۃً و نَبَاتًا الْاِنْسَانُ جوان ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَتَ فُلَانٌ فِیْ مَنْبَتِ صِدْقٍ" یعنی فلاں نے سچے لوگوں میں پرورش پائی۔
اَنْبَتَ الْمَکَانُ سبزی والی ہونا الْبَقْلُ: سبزی کا اُگنا الْغُلَامُ لڑکے کا جوان ہونا۔
اَنْبَتَ اللّٰہُ الْبَقْلَ: سبزی اگانا۔ صفت مَنْبُوْت خلاف قیاس۔
نَبَّتَ الشَّجَرَ پودا لگانا الْحَبَّ دانہ بونا الصَّبِیَّ بچے کی پرورش کرنا۔
تَنَبَّتَ الشَّیْءُ ظاہر ہونا۔
النَّبْتُ مص۔ سبزی۔ ج نُبُوْت واحد نَبْتَۃٌ.
النَّبَاتُ مص۔ زمین سے جو کچھ اگے (پودا یا بیل یا گھاس) واحد نَبَاتَۃٌ ج نَبَاتَاتٌ وَاَنْبِتَۃٌ علم النَّبَات وہ علم جس میں نباتات کی حقیقت اور ان کے افعال و خواص سے بحث ہو۔
النَّبَاتِیُّ ماہر علم نبات۔
النَّابِتُ نئی اُگی ہوئی سبزی۔
النَّابِتَۃُ. النَّابِتُ کا مؤنث۔ اولاد۔ چوپاؤں کے بچے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ بَنِیْ فُلَانٍ لَنَابِتَۃٌ

شرٌ" فلاں کی اولاد شر و فساد کے باعث ہیں۔
ج نوابت. النوابت: ناتجربہ کار نوجوان۔
النُبُوْت. درخت کی ٹہنی اور ڈنڈے پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج نَبَابِیْت.
التَنْبِیْت. س۔ درخت۔ پودا۔ درخت خرما کی چھانٹی ہوئی شاخیں۔ ج تَنَابِیْت.
المَنْبَت. اگنے کی جگہ۔
المَنْبَات. بہت روئیدگی والی زمین۔
الیَنْبُوْت. خشخاش کا پودا۔ خرنوب کا درخت ج یَنَابِیْت. واحد یَنْبُوْتَة.
نَبَثَ (ن) نَبْثًا الْبِئْرَ: کنواں کھود کر مٹی نکالنا التُّرَابَ: کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا عَنِ السِّرِّ او الْاَمْرِ: بھید کی یا معاملہ کی تفتیش کرنا فُلَانٌ: غضبناک ہونا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَنْبُثُ عَنْ عُیُوْبِ النَّاسِ" فلاں لوگوں کے عیوب کو ظاہر کرتا ہے۔
اِنْتَبَثَ التُّرَابَ: کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا الشَّیْئَ: لینا۔
تنابثَ القَوْمُ: باہم بحث کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا یَزَالُوْنَ یَتَنَابَثُوْنَ عَنِ الْاَسْرَارِ وَ یَتَباحَثُوْنَ عَنِ الْاَخْبَارِ" وہ لوگ اسرار و اخبار کے متعلق ہمیشہ بحث کرتے رہے۔
اِسْتَنْبَثَ عَنِ السِّرِّ: تحقیق میں کوشش کرنا۔
النَّبْثُ* نشان۔ ج اَنْبَاث.
النبیث. شریر۔ کہا جاتا ہے "هُو خبیثٌ نبیثٌ"
النَبِیْثَة. کنوئیں وغیرہ سے نکالی ہوئی مٹی۔ بھید ج نبائث. کہا جاتا ہے "ظَهرتْ نبائثُهُمْ وَلَمْ تخفَ خبائثُهُمْ" ان کے بھید ظاہر ہوگئے اور ان کی خباثتیں پوشیدہ نہیں رہیں۔
نَبِیْثَةُ السَّبُعِ. ضرورت کے وقت کے لیے چھپایا ہوا گوشت۔
الْاُنْبُوْثَة. کوڑی چھول۔ بچوں کا ایک کھیل کہ مٹی کے نیچے کسی چیز کو چھپا دیتے ہیں جو نکال لیتا ہے وہ جیت جاتا ہے۔
نَبَجَ (ض) نَبِیْجًا. سخت آواز و درشت کلام ہونا۔ صفت نَبّاج.
نَبَجَت (ن) نَبَجا القَبَجةُ: چکور کا باہر نکلنا۔
اَنْبَجَ. کلام میں گڈمڈ کرنا۔ بلند ٹیلوں پر بیٹھنا۔
اِنْتَبَجَ و تَنَبَّجَ العَظْمُ: سوجنا۔
النَبْجَة. ٹیلہ ج نِباج.
النَبّاج. جھوٹا۔ کَلْبٌ نَبَّاجٌ و نُبَاجِيٌّ: بھونکنے والا کتا۔
النُبَاج. ناکارہ آدمی۔ گوز۔ نُبَاجُ الْكَلْبِ کتے کی آواز۔
النَبّاجَة. نَبّاج کا مؤنث۔ چوتڑ۔ دبر۔
النابِجَة. مصیبت۔
النِباج. بلند ٹیلے۔
النَبَجَان. دھمکی۔ وعید۔ ج نِباج.
المِنْبَج. جھوٹے وعدے کرنے والا۔
النُبُج. کالے تھیلے۔
الاَبْجَ. آم۔
النَبیج. کتے کی آواز۔
نَبَحَ (ف ض) نَبْحًا و نُبُوْحًا و نَبِیْحًا و نُبَاحًا و نِبَاحًا و تَنْبَاحًا الْكَلْبُ: کتے کا بھونکنا۔ صفت نابح ج نوابح و نُبَّح و نُبُوْح. کہا جاتا ہے "نبحه الكَلْبُ و نبح عَلَیْه" اس پر کتا بھونکا۔ نباح کتے کی آواز کے لیے ہے مگر مجازاً ہرن اور بکرے وغیرہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ و نبح الشَّاعِرُ: کہا جاتا ہے "نبحتنی کلابُكَ" تمہاری گالیاں مجھے پہنچیں۔
نَبَحَ (ف) نُباحا الْهُدْهُد: زیادہ عمر ہونے کی وجہ سے موٹی آواز والا ہونا۔
نَابَحَهُ مُنابحة الْكَلْبُ: کتے کا کسی پر بھونکنا۔
اَنْبَحَهُ و اسْتَنْبَحَهُ. بھونکانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَحَ الاضیافُ كَلْبَهُمْ" مہمانوں نے ان کے کتوں کو بھونکایا۔ عادت تھی کہ جب مسافر رات کو راستے میں بھٹک جایا کرتا تھا تو کتے کی طرح آواز نکالتا تاکہ آبادی کے کتے بھونکنے لگیں اور ان کی آواز سے اس کو راستہ کا پتہ لگ جائے۔ اور اسی وجہ سے رات کے آنے والے کو مُسْتَنْبِح کہتے تھے۔
النُبُوْح. س۔ قوم کا شور اور ان کے کتوں کی آوازیں۔ اور یہ نَبْح کی جمع ہے۔
النَبّاح. تیز بھونکنے والا۔ چھوٹی سفید سیپی جس کو ہار میں ڈالا کرتے تھے۔ واحد نَبّاحَةٌ.
كَلْبٌ نَبّاحِيٌّ. بلند آواز سے بھونکنے والا کتا۔ ظَبْیَةٌ نَبْحاء. ممیانے والی ہرنی۔
المَنْبُوْح. جس کو گالی دی جائے۔
نَبَخَ (ن ض) نُبُوْخًا الْعَجِیْنُ: خمیر اٹھنا۔
اَنْبَخَ الْعَجَانُ: خمیر اٹھانا الرَّجُلُ: نرم زمین میں کھیتی کرنا۔
النَبْخ و النَبَخ. آبلہ۔ چھالا۔
النَبْخَة و النَبَخَة. بردیٌّ ایک قسم کی گھاس جس سے کشتی کی درز کو بند کرتے تھے۔ گندھک۔
النَبْخَة و النُبْخَة. نکتہ۔
النابِخَة. دور کی زمین۔ تکبر سے بولنے والا۔ ج نَوابِخ.
الاَنْبَخ. مرد سخت اندام۔ مٹیالے رنگ والا۔ بہت مٹی۔
الْاَرْضُ النَّبْخاء. بلند زمین۔ نرم زمین۔ ج نَباخی.
النَبّاخ و الانْبَخان مِنَ الْعَجِیْنِ: اٹھا ہوا خمیر۔
نَبَذَ (ض) نَبْذًا الشَّیْئَ: پھینک دینا۔ الْاَمْرَ: بے کار کر دینا الْعَهْدَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "نبذ الی الْعَدُوِّ" اس نے عہد کو دشمن کی طرف ڈال دیا۔
نبذ و نَبَّذَ النَّبِیْذَ: نبیذ بنانا العِنَبَ او التمرَ: نبیذ بنانا۔ و نَبَّذَ الشَّیْئَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔
نَبَذَ (ض) نَبْذًا و نَبَذَانًا عِرْقُهُ: رگ کا حرکت کرنا (نبض میں ایک لغت ہے)
نَابَذَهُ مُنَابَذَةً و نِباذًا. دشمنی کی وجہ سے جدا ہونا ہ الْحَرْبَ: اعلان جنگ کرنا۔

ہٗ فِي الْبَيْعِ: بیع منابذہ کرنا۔ اور اس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ مشتری سامان پر کنکری پھینکتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ جس پر لگ جائے وہ اتنے میں میری ہے اس کو بیع منابذہ بیع القاء الحجر اور بیع الحصاۃ کہتے تھے۔

تَنَابَذُوْا۔ باہم اختلاف کرنا۔ دشمنی سے علیحدہ ہونا۔

اِنْتَبَذَ النَّبِيْذَ: نبیذ بنانا العِنَبُ او التَّمْرُ: نبیذ بنا عَنِ الْقَوْمِ: قوم سے جدا ہونا فُلَانٌ: گوشہ نشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَبَذَ اِلٰى نَاحِيَةٍ و اِنْتَبَذَ مَكَانًا"، اس نے گوشہ بعید میں اپنے لیے جگہ بنالی۔

النَّبْذ۔ س۔ تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَالُهٗ وَ بَقِيَ نَبْذٌ مِنْهُ"، اس کا مال برباد ہوگیا اور تھوڑا سا باقی رہ گیا۔ ج اَنْبَاذ۔

اَنْبَاذُ النَّاسِ اوباش لوگ۔

النَّبْذَة و النُّبْذَة۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ نَبْذَةً"، وہ ایک گوشہ میں بیٹھ گیا۔ اور کبھی چیز کے ٹکڑے کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ج نُبَذ۔

النَّبِيْذ۔ پھینکا ہوا۔ مؤنث نَبِيْذَة۔ انگور یا کھجور کی نچوڑی ہوئی شراب۔ شراب۔ ج اَنْبِذَة۔

النَّبَّاذ۔ نبیذ بیچنے والا۔

المَنْبُوْذ۔ س۔ حرامی بچہ۔ بچہ جس کو اس کی ماں نے راستہ میں پھینک دیا ہو۔ آج کل کی زبان میں اچھوت کیلئے مستعمل ہے۔

المِنْبَذَة۔ تکیہ۔ ج مَنَابِذ۔

نَبَرَ (ض) نَبْرًا: الْغُلَامُ: بڑھنا المُغَنِّي: گویے کا آواز کو پست کے بعد بلند کرنا الرَّجُلَ: ڈانٹنا ہٗ بِلِسَانِهٖ: غیبت کرنا الْحَرْفَ: ہمزہ لگانا الشَّيْءَ: بلند کرنا۔

الرُّمْحَ عَنْهُ: جلدی سے اٹھانا۔

اَنْبَرَ الْاَنْبَارَ: کٹھیلا بنانا۔

اِنْتَبَرَ الْجُرْحُ: زخم کا سوجنا الْخَطِيْبُ: خطیب کا منبر پر چڑھنا الْجَسَدُ: جسم کا سوجنا

اِنْتَبَرَتْ يَدُهٗ: ہاتھ میں آبلہ ہونا۔

النَّبْر۔ س۔ بے شرم اور کہا جاتا ہے "طَعَنَ طَعْنًا نَبْرًا"، اس نے جلدی سے نیزہ مارا۔

النِّبْر۔ ایک قسم کی مکھی یا چیچڑی۔ بہت زیادہ پستہ قد۔ ج نِبَار و اَنْبَار

النِّبْر و الاَنْبَار۔ کٹھیلا۔ غلہ و سامان رکھنے کی کوٹھری۔ ج اَنَابِر و اَنَابِيْر و اَنْبَارَات۔

النَّبْرَة۔ نَبَر کا اسم مرۃ۔ اوپر کے ہونٹ کا درمیانی گڑھا۔ جس کا ورم۔ پست آواز کے بعد بلند آواز۔ گھبراہٹ کی چیخ۔ چیز کا بلند حصہ۔

النُّبْرَة۔ بڑا لقمہ۔ ج نُبَر

النَّبِيْر۔ پنیر۔ تم کہتے ہو "اَكَلْنَا النَّبِيْرَ"، ہم نے پنیر کھایا۔

النَّبِيْر۔ مردوانا۔

النَّبُوْر۔ چوتڑ۔ دبر۔

النَّبَّار۔ چلانے والا۔ فصیح۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَّارٌ بِالْكَلَامِ"، یعنی مرد فصیح۔

المِنْبَر۔ بلند جگہ۔ جہاں سے واعظ یا خطیب لوگوں کو خطاب کرتا ہے۔ بلند ہونے کی وجہ سے منبر کہا جاتا ہے اور آلہ کی تشبیہ کی بنا پر میم کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ ج مَنَابِر

قَصَائِدُ مُنْبَرَةٌ و مَنْبُوْرَة۔ ایسے قصائد جن کا قافیہ ہمزہ ہو۔

النَّبْرِيْج: حقہ کی نالی۔ (فارسی لفظ)

النِّبْرَاس۔ چراغ۔ النِّبْرَاس: نیزے کا بھالا۔ بہادر دلیر۔ شیر۔ ج نَبَارِيْس۔

النَّبَارِيْس قریب قریب کنوئیں۔

النِّبْرِيْس۔ ہوشیار ماہر۔

النَّجْرُشْت: آدھ بھونا ہوا۔ (فارسی لفظ)

نَبَزَهٗ (ض) نَبْزًا و نَبَزَهٗ۔ عیب لگانا ہٗ بِكَذَا: برا لقب دینا۔

تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو شرم دلانا۔ ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔

النَّبَز۔ برا لقب۔ ج اَنْبَار

النِّبْز۔ حسب اور عادات میں کمینہ۔

النُّبَزَة۔ لوگوں کو اکثر برا لقب دینے والا۔

نَبَسَ (ض) نَبْسًا و نُبْسَةً و نَبَسَ بِالْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَسَ بِكَلِمَةٍ" السِّرَّ: بھید چھپانا۔ نَبَسَ الرَّجُلُ: حرکت کرنا۔ جلدی کرنا۔

اَنْبَسَ۔ جلدی کرنا۔ ذلت سے خاموش رہنا۔

النُّبُس۔ بولنے والے۔ اپنی ضروریات میں جلدی کرنے والے۔

رَجُلٌ اَنْبَسُ الْوَجْهِ: ترش رو مرد۔ مؤنث نَبْسَاء ج نُبْس۔

نَبَشَ (ن) نَبْشًا۔ الشَّيْءَ الْمَسْتُوْرَ: ظاہر کرنا الْكَنْزَ مِنَ الْاَرْضِ: کھود کر نکالنا اور اسی سے ہے "نَبْشُ الْقَبْرِ" اَلْحَدِيْثَ: نکالنا السِّرَّ: پھیلانا عَنِ الْاَسْرَارِ: بھیدوں کو نکال لینا۔ نَبَشَ لِعِيَالِهٖ: کمائی کرنا۔

اِنْتَبَشَ الشَّيْءَ مِنَ الْاَرْضِ: کھود کر نکالنا۔

النِّبْش۔ ایک درخت ہے جس کے پتے صنوبر کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور اس کی لکڑی سرخ رنگ کی بہت سخت ہوتی ہے۔

النَّبِيْشَةُ۔ زمین یا کنواں کھدا ہوا۔

النَّبَّاش۔ اسم مبالغہ۔ کفن چور۔

النِّبَاشَة۔ کفن چور کا پیشہ۔

الْاُنْبُوْش۔ جو کھودا جائے۔ الْاُنْبُوْش و الْاُنْبُوْشَة: جڑ سے اکھیڑا ہوا درخت۔ ج اَنَابِيْش اَنَابِيْشُ الْعُنْصُلِ وَنَحْوِهٖ: جنگلی پیاز کی جڑیں۔

نَبَصَ (ض) نَبْصًا فِي الْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَصَ بِكَلِمَةٍ" نبس میں ایک لغت ہے۔ اور نبس افصح ہے۔ نَبَصَ الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔

نَبَصَ (ض) نَبِيْصًا الطَّائِرُ: پرندہ کا آہستہ چہچہانا۔

النَّبْص۔ س۔ سبزی کی کونپل۔

النَّبْصَة۔ نبص کا اسم مرۃ۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهٗ نَبْصَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

نَبَضَ (ض) نَبْضًا و نَبَضَانًا الْعِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔ نَبَضَتِ الْاَمْعَاءُ: مضطرب ہونا۔ نَبَضَ الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا (نَبْضًا) الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔

نبض (ن) نبوضا. الماءُ: پانی بہنا یا گہرائی میں جانا۔

نَبَّضَ فِي الْقَوْسِ و انْبَضَ الْقَوْسَ و عَنِ الْقَوْسِ و فِي الْقَوْسِ: آواز نکلنے کیلئے تانت کھینچنا انْبَضَ الْوَتْرَ و بِالْوَتَرِ: آواز نکلنے کے لیے کھینچنا۔

النبض. دل اور شریان کی حرکت جس سے صحت اور مرض کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ج انْبَاض والنبضة. ایک ضرب نبض کی۔

فُؤَادٌ نَبْضٌ و نَبَضٌ و نَبِضٌ. تیز دل۔

النابض. فا. تیر انداز۔ پٹھا۔ کہا جاتا ہے "نبض نابضُهُ" اس کا غصہ بھڑکا۔

المنبض. نبض دیکھنے کی جگہ۔ ج منابض.

المِنبض. دھنیے کی کمان۔ ج منابض.

نبط (ض ن) نَبْطًا و نُبُوْطًا الماءُ: زمین یا چشمہ سے اُبلنا۔ نبط (ض ن) نَبْطًا و نَبَّطَ و انبط و تنبط و اسْتَنْبَطَ. البئر: کنوئیں سے پانی نکالنا۔ نبط و انبط و اسْتَنْبَطَ الشَّيْءَ: پوشیدگی کے بعد ظاہر کرنا۔ انْبَطَ الْحُكْمَ: اجتہاد سے نکالنا۔ انْبَطَ فِيْهِ: اثر کرنا۔ اِسْتَنْبَطَهُ: ایجاد کرنا۔ و اِسْتَنْبَطَ مِنْ فُلَانٍ خَيْرًا: نکالنا۔ اِسْتَنْبَطَ الْفَقِيْهُ: فقیہ کا اپنی سمجھ سے قرآن و حدیث کے باطنی معنی کو نکالنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَطَ و انبط رَايًا حسنًا او معنى صائبًا" اچھی رائے یا درست معنی ظاہر کرنا۔ و اِسْتَنْبَطَ الْعَرَبُ: نبطی ہونا۔

تنبّط. نبطیوں کے مشابہ ہونا یا نبطیوں کی طرف منسوب ہونا۔

انتبط الْكَلَامَ: اجتہاد سے نکالنا۔

النبط. کنوئیں کا پہلا پانی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِيْبُ الثَّرى بَعِيْدُ النَّبَطِ" جبکہ وعدہ کرے اور وفا نہ کرے۔ ج انْبَاط و نُبُوْط: مرد کی اندرونی حالت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لا يُدْرَكُ نَبَطُهُ" فلاں کی اندرونی حالت اور اس کے علم کی گہرائی نہیں معلوم کی جا سکتی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔

النبط. ایک عجمی قوم جو عراقین کے درمیان آباد رہتی تھی۔ پھر اس لفظ کا استعمال عوام الناس کیلئے ہونے لگا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے كَلِمَةٌ نَبَطِيَّةٌ یعنی عام کلمہ۔ واحد نَبَطِيٌّ و نَبَاطِي و نَبَاط. ج انْبَاط و نَبِيْط.

النُّبْطَة. کنوئیں کا پہلا پانی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔

الْأَنْبَطُ مِنَ الْخَيْلِ: بغل اور پیٹ کی سپیدی والا گھوڑا۔ مؤنث نَبْطَاءُ ج نُبْط.

نَبَعَ (ن) و نبع (س) و نَبُعَ (ک) نَبْعًا و نُبُوْعًا و نبعانا الماءُ: چشمہ سے نکلنا۔

تَنَبَّعَ الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا نکلنا۔

النَّبْع. س. ایک درخت جس سے تیر و کمان بنائے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَرَعُوْا النَّبْعَ بِالنَّبْعِ" وہ لوگ باہم ملے اور آپس میں نیزہ بازی کی "وَمَا رَأَيْتُ اَصْلَبَ مِنْهُ نَبْعًا" میں نے اس سے زیادہ کسی کو سخت نہیں دیکھا عند المولدین: پانی کا چشمہ اور عرب کے امثال سے ہے "لَوْ اقْتَدَحَ بِالنَّبْعِ لَاَوْرَى نَارًا" اگر درخت نبع کی لکڑی سے آگ نکالے تو بھڑکا دے یہ مثال جودت رائے کیلئے بیان کی جاتی ہے اسلئے کہ درخت نبع کی لکڑی آگ نہیں پکڑتی۔

النَّبْعَة. النبع کا واحد۔ کمان پر بھی اطلاق ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ نَبْعَةٍ كَرِيْمَةٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔

النَّابِعُ: وہ قلم جس میں سیاہی موجود ہو۔

النابعة. النابع کا مؤنث۔ ج نوابع.

نوابِعُ الْبَعِيْرِ: اونٹ کے پسینہ والے اعضاء۔

النَّبِيْع. پسینہ۔

النَّبَّاعَة. دُبر۔ بچے کی چندیا جب تک کہ نرم ہو اور جب سخت ہو جائے تو اس کو یافوخ کہتے ہیں۔

النَّبْعِيَّة. درخت نبع کی بنی ہوئی کمان۔

الْمَنْبَع. چشمہ۔ ج منابع.

الينبوع. ع. چشمہ۔ بہت پانی والا نالہ ج ينابيع. کہا جاتا ہے "فَجَّرَ اللهُ يَنَابِيْعَ الْحِكْمَةِ عَلى لِسَانِهِ" اللہ تعالیٰ نے حکمت و دانائی کے چشمے اس کی زبان پر جاری کر دیئے۔

نَبَغَ (ف ن ض) نَبْغًا و نُبُوْغًا الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا الماءُ: پانی کا چشمہ سے نکلنا الْوِعَاءُ بِالدَّقِيْقِ: چھننا الشَّرُّ: پھیلنا، ظاہر ہونا رَاْسُهُ: سر میں بھوسی ہونا الرَّجُلُ: عمدہ اشعار کہنا فِي الْعِلْمِ وَغَيْرِهِ: فائق ہونا فِي الدُّنْيَا: آسودہ زندگی والا ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَغَ فِيْهِمُ النِّفَاقُ" ان کے اندر نفاق ظاہر ہو گیا بعد اس کے کہ وہ چھپاتے تھے۔

اَنْبَغَ الْبَلَدَ: شہر میں بہت آنا جانا اِلْنَاخِلُ: آٹا چھاننا۔

النَّبْغُ و النُّبَاغ. چکی کا غبار۔

نَبْغَةُ الْقَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

النَّابِغَة. ج نَوَابِغ. فصیح۔ مرد عظیم الشان

النَّوَابِغ: آٹھ فصیح و بلیغ شاعروں کا لقب۔ اور نسبت کے لیے النابغی. النوابغ: مادہ لومڑیاں۔

النَّابِغَة. کلمہ فصیحہ۔

النَّبِيْغ. مرد عظیم الشان۔ ج نُبَغَاء.

النُّبَاغ و النُّبَّاغ و النُّبَاغَة و النُّبَّاغة. آٹا۔ سر کی بھوسی۔ مَحَجَّةٌ نُبَاغَةٌ: گرد و غبار والا راستہ۔

نَبَقَ (ن) نَبْقًا الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا۔ الرَّجُلُ: لکھنا۔

نَبَّقَ الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا الرَّجُلُ لکھنا الْكِتَابَ: ترتیب سے لکھنا الشَّجَرَ: ترتیب سے پودے لگانا النَّخْلُ: خراب ہونا اور کھجوروں کا بیری کے مانند چھوٹا ہونا۔

نَبَق و نَبَّق و انْبَق. وادی میں ایک قطار میں پودا لگانا۔

انْتَبَقَ الْكَلَامَ: نکلوانا۔

النَّبْق. س. میٹھا آٹا جو درخت خرما کے تنہ سے بنایا جاتا ہے۔

النَّبْق و النِّبْق و النَّبِق و النَّبَق. بیری واحد۔ نَبِقَة.

النَّبِيْقَة. انگور کے خوشے نکلنے کی جگہ میں گرہ

جبکہ بڑی ہو جائے۔ ج نَبَائِق.
نَبَكَ (ن) نُبُوْكًا و اِنْتَبَكَ الْمَكَانُ بلند ہونا۔
النَابك. بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَابِكٌ و اَرْضٌ نَابِكَةٌ" ج نَوَابِك.
النَبْكَة و النَبَكَة. نوک دار ٹیلہ یا چھوٹا ٹیلہ۔ ج نَبَك و نُبُك و نِبَاك و نُبُوْك. النَبَكَة درخت کی جڑ۔
نَبَلَ (ن) نَبْلًا الرَّجُلَ: تیر مارنا یا تیر دینا نَبَلَ بِالسَّهْمِ: تیر مارنا ہٗ بِالطَّعَامِ: تھوڑا تھوڑا دے کر مشغول رکھنا الرَّجُلُ: تیز چلنا الْاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا ہٗ: نجابت و شرافت میں غالب ہونا بہٖ: نرمی برتنا عَلَى الْقَوْمِ: تیر اندازی کے لیے چن چن کے دینا۔
نَبُلَ (ک) نَبَالَةً. نجیب و شریف ہونا۔ صفت نَبْل و نَبِيْل. مؤنث نَبْلَة و نَبِيْلَةٌ ج نِبَال و نَبَائِل و نَبْلَات و نَبِيْلَات. نَبُلَ عَنْ كَذَا: بڑا ہونا۔
نَبَّلَ الرَّجُلَ: تیر دینا۔ استنجے کے ڈھیلے دینا۔
اَنْبَلَه. تیر دینا۔ اَنْبَلَ الْقِدَاحَ: موٹے بدنما تیر بنانا النَّخْلُ: درخت خرما میں پکی کھجوریں ہونا۔
نَابَلَهٗ مُنَابَلَةً. نجابت و شرافت میں مقابلہ کرنا۔
تَنَبَّلَ. ذکی ہونا۔ نجیب و شریف ہونا۔ اذکیاء و شرفاء کے مشابہ بننا۔ مرنا الْمَالَ عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ تَنَبَّلَتِ الْخُطُوْبُ: حوادث کا بڑا ہونا۔
تَنَابَلَ الْقَوْمُ: شرافت یا تیر سازی میں مقابلہ کرنا۔
اِنْتَبَلَ. مرنا اور بدبودار ہونا فُلَانًا: قتل کرنا الْخطبُ: حادثہ کا بڑا ہونا لِلْاَمْرِ: خبردار اور مستعد ہونا الشَّئَ: یکبارگی اور جلدی اُٹھانا۔
اِسْتَنْبَلَ الْمَالَ: عمدہ لینا الرَّجُلَ: تیر طلب کرنا۔
النَبْل. مص۔ تیر۔ واحد نَبْلَة ج نِبَال و اَنْبَال و نُبْلَان. نَبْلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ۔

النُبْل. ذکاوت۔ نجابت۔ شرافت۔ فضیلت۔ کمال جسم۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبْلَةً" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔
النَبَل و النُبَل. بڑے بڑے یا چھوٹے چھوٹے پتھر۔ واحد نَبَلَة و نُبْلَة.
رَجُلٌ نَبَلٌ. مرد شریف۔ مؤنث نَبَلَةٌ.
النُبْلَة. عطیہ۔ ثواب اور بدلہ۔ چھوٹا لقمہ و نُبْلَةُ كُلِّ شَيءٍ: عمدہ چیز۔ ج نُبُلَات.
النَبَالَة. مص۔ ذکاوت۔ نجابت و شرافت و فضیلت۔
النِبَالَة. تیر سازی کا پیشہ۔
النُبَالَة. کسی چیز کے پورا کرنے کا سامان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبَالَتَهٗ" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔
النَبَل و النَبِيْل. شرافت والا۔ فضیلت والا النَبِيْل: بڑے جسم والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ نَبِيْلُ الرَّاْيِ" وہ عمدہ رائے والا ہے۔ ج نِبَال.
النَبِيْلَة. نَبِيل کا مؤنث۔ مردار ج نَبَائِل.
النَابِل. ج نُبَّل و نبل و النَبَّال. ج نَبَّالَة: تیر والا۔ تیر انداز۔ تیر ساز۔ تیر اندازی میں ماہر کہتے ہیں "اختلط الحابل بالنّابل". مثال ہے اس وقت بولتے ہیں جبکہ کوئی معاملہ گڑبڑ ہو جائے۔ کہا گیا ہے کہ حابل سے تانا اور نابل سے بانا مراد ہے۔
الاَنْبَل. اسم تفضیل۔ تیر اندازی کا زیادہ جاننے والا۔
التِنْبَال و التِنْبَالَة. دیکھئے۔ تنبل۔
نَبِهَ (س) نَبَهًا لِلْاَمْرِ: سمجھ جانا۔
نَبِهَ (س) نُبْهًا مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا۔
نَبَهَ (ن) و نَبِهَ (س) و نَبُہ (ک) نَبَاهَةً شریف ہونا۔ مشہور ہونا۔ صفت نَابِهٌ و نَبَهٌ و نَبِهٌ و نَبِيْهٌ.
نَبَّهَهٗ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار کرنا ہٗ عَلَى او اِلَى الْاَمْرِ: واقف کرنا۔ جتلانا۔ نَبَّهَ

بِاسْمِهٖ مشہور کرنا۔ گمنامی سے نکالنا۔
اَنْبَهَ الْحَاجَةَ: بھولنا۔ ہٗ مِنَ النَوْمِ: بیدار کرنا۔
تَنَبَّهَ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا عَلَى او لِلْاَمْرِ: واقف ہونا۔ سمجھ جانا۔
اِسْتَنْبَهَ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا۔
النُبْه. سمجھ۔
النَبَه. مص۔ کھوئی ہوئی چیز جو بغیر تلاش و جستجو کے مل جائے۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَالَّةَ نَبَهًا" میں نے گم شدہ چیز کو بغیر تلاش کے پالیا۔ مشہور۔ شئے موجود۔
النَبَاهَة. شرافت۔ سمجھ۔ شہرت۔
النَابِه و النَبَه و النَبِه و النَبِيْه. شریف۔ سمجھ دار۔ شہرت والا۔ ج نُبَهَاء اَمْرٌ نَابِهٌ: بڑا کام۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَهٌ" مرد شریف و "قَوْمٌ نَبَهٌ" یعنی شرفاء (مفرد اور جمع کے لیے اس لیے کہ مصدر ہے)
النَبَاه. اوپر کو نکلا ہوا بلند۔
المَنْبَهَة. سبب بیداری۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْبَهَةٌ عَلٰى كَذَا" یہ فلاں چیز کو بتلانے والا ہے۔
رَجُلٌ مَنْبُوْهُ الْاِسْمِ: مشہور و معروف۔
نَبَا يَنْبُوْ نَبْوَةً و نُبُوًّا و نُبِيًّا بَصَرُهٗ: نگاہ کا دھندلا ہونا۔ صفت نَابٍ الشَّئُ: دور ہونا اور پیچھے ہونا (نَبْوًا و نَبْوَةً) السَّيْفُ عَنِ الضَّرِيْبَةِ تلوار کا اچٹ جانا جَنْبُهٗ عَنِ الْفِرَاشِ: بے چین رہنا السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا الطَّبْعُ عَنِ الشَّئِ: نفرت کرنا عَنِ الشَّئِ: زائل ہونا بِيْ فُلَانٌ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَبَتْ بِيْ تِلْكَ الْاَرْضُ" یہ زمین مجھے موافق نہیں آئی الْمَكَانُ بِفُلَانٍ: ناموافق ہونا عَلَيْهِ الْاَمْرُ او الصَّاحِبُ: کھرا نہ ہونا۔ صاف نہ ہونا۔
نَبَتْ صُوْرَةُ فُلَانٍ: بدصورت ہونا۔ یہاں تک کہ آنکھ دیکھنے سے انکار کرے۔
اَنْبَى السَّيْفَ: تلوار کو کند کرنا۔
النَبْوَة. مص۔ نَبْوَةُ الزَّمَانِ: زمانہ کی سختی

(والنباوۃ) بلند زمین۔
النبی والنبوۃ: پیغامبر و پیغامبری۔
(دیکھئے مادہ نبأ) والنبیّ من الارض: بلند زمین۔
النبأۃ۔ شرافت و ریاست کی طلب۔ پیش قدمی۔
النبو۔ بلندی و ارتفاع۔
النابی۔ چوکنے والی تلوار یا تیر۔ موٹا۔ لڑائی میں پشت پھیرنے والا۔
النابیہ۔ النابی کا مؤنث۔ کمان۔
نَتَّ (ض) نَتِیْتًا القِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔
نَتَّ (ن) نَتًّا و نَتِیْتًا مِنْخَرُہٗ: غصے سے نتھنے پھلانا۔
نَتَّتَ الخبرَ: بیان کرنا۔
تَنَتَّتَ الرَّجُلُ: صفائی کے بعد گندہ ہونا۔
النُّتَّۃُ: چھوٹا سا گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔
نَتَا (ف) نَتْأً و نُتُوْءًا۔ الشَّیْءُ: بغیر جدائی کے اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ بلند ہونا۔ پھولنا القَرْحَۃُ: زخم کا سوجنا الثَّدْیُ: پستان ابھرنا الجاریۃُ: بالغ ہونا علی القومِ: ظاہر ہونا۔
اِنْتَتَا الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
النَّاتِیُٔ۔ فا۔ ہر بلند چیز جیسے مکان وغیرہ۔ اور اس میں تخفیف ہمزہ بھی جائز ہے تم کہو گے ناتی جیسے قاریٔ و قاری۔
النُّتُوْءُ۔ مص (والنتأۃ) ٹیلہ۔
نَتَبَ (ن) نُتُوْبًا الشَّیْءُ: بمعنی نتا۔
نَتَجَ (ض) نَتْجًا الماخِضَ مِنَ البہائمِ: بچہ جننے میں خبر گیری کرنا۔ صفت ناتج۔ بہیمۃ کو منتوجۃ اور بچے کو نتیجۃ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "نَتَجَہَا وَلَدًا" اس نے بچہ جنوایا۔ و نَتَجَ الرَّجُلُ الحاملَ: حاملہ عورت نے مرد کے پاس بچہ دیا۔ نَتَجَ الشَّیْءُ مِنَ الشَّیْءِ: نتیجہ نکلنا۔
نَتَجَتْ و نُتِجَتْ نِتَاجًا و اُنْتِجَتْ البہیمۃُ وَلَدًا: جننا۔ و نُتِجَ الوَلَدُ: جنا جانا اور کہا جاتا ہے "نَتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ" بارش برسانا۔ نُتِجَ القومُ: بچہ والی مویشی کا مالک ہونا۔
نَتَّجَ۔ بمعنی نَتَجَ۔ تشدید تکثیر کے لیے ہے۔
اَنْتَجَ القَوْمُ: حاملہ اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔ جننے والی اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔
اَنْتَجَتِ البَہِیْمَۃُ: جننے کے قریب ہونا۔ صفت نَتُوْج اور مُنْتِجٌ نہیں کہا جاتا۔ اَنْتَجَ الشَّیْءَ مِنَ الشَّیْءِ نتیجہ نکالنا۔
اَنْتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ: بارش برسانا۔
تَنَتَّجَتِ البَہِیْمَۃُ: ولادت کے وقت پیچ و تاب کھانا۔ اِنْتَتَجَتْ و تَنَاتَجَتِ الاِبِلُ: بچہ جننا وانتتجت الناقۃ غیر معروف جگہ میں بچہ دینا۔ اِسْتَنْتَجَ۔ بچہ جنوانا۔ نتیجہ نکالنا۔
النِّتَاجُ۔ جانوروں کے بچہ جننے کی حالت اور کہا جاتا ہے "بِالنَّاقَۃِ نِتَاجٌ" یعنی اونٹنی کو حمل ہے۔
النَّتِیْجَۃُ۔ بچہ۔ نتیجہ۔ ج نتائج۔ اور کہا جاتا ہے "غَنَمُ فُلَانٍ نَتَائِجُ" فلاں کی بکریاں ایک عمر کی ہیں۔
النَّاتِجُ۔ فا۔ لِلْبَہَائِمِ: جنانے والا۔
النَّتُوْجُ۔ حاملہ چوپایہ۔
المَنْتِجُ۔ بچہ جننے کا وقت۔
المَنْتِجَۃُ۔ دبر۔
نَتَحَ (ن ض) نَتْحًا و نُتُوْحًا العَرَقُ: پسینہ نکلنا الدَّسَمُ مِنَ الاِنَاءِ: چکنائی کا برتن سے رسنا۔ نَتَحَہُ الحَرُّ: پسینہ لانا۔
اِنْتَتَحَ الشَّیْءَ: اکھیڑنا۔
النَّتْحُ۔ مص۔ پسینہ۔
النُّتُوْحُ۔ مص۔ درخت کا گوند۔
زِقٌّ نَتَّاحٌ: ٹپکنے والی مشک۔ المَنْتَحُ۔ جسم سے پسینہ نکلنے کی جگہ۔ ج مَنَاتِحُ۔
المِنْتَحَۃُ۔ دبر۔
نَتَخَ (ض) نَتْخًا الشَّیْءَ: اکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَخَ القَلَّاعُ الضِّرْسَ" دانت اکھیڑنے والے نے داڑھ اکھیڑ لی و نَتَخَتْہُ المَنِیَّۃُ مِنْ بَیْنِ قَوْمِہٖ" موت نے اس کو قوم کے درمیان سے لے لیا۔ نتخ البازی اللحم: باز کا چنگل سے جھپٹا مارنا۔ الـ ببصرہ: دیکھنا الثوبَ بالذہب: سونے سے بننا فُلَانًا: اہانت کرنا (نَتِیْخًا و نَتَخ) بالمکان: اقامت کرنا نَتَخَ عَلٰی مِلَّۃٍ کَذَا: ثابت قدم رہنا۔
المِنْتَاخُ۔ موچنا۔ تم کہتے ہو "نَتَخْتُ الشَّوْکَۃَ مِنْ رِجْلِیْ بِالمِنْتَاخِ" میں نے کانٹے کو اپنے پیر سے موچنے سے نکال لیا۔
نَتَرَ (ن) نَتْرًا الشَّیْءَ: سختی سے کھینچنا۔ اچک لینا القَوْسَ: کمان کھینچنا الثَّوْبَ بِالاَصَابِعِ او الاَضْرَاسِ: کپڑے کو پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا الکَلَامَ: درشت کلامی کرنا ہٗ بالرُّمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔
نَتِرَ (س) نَتَرًا الشَّیْءُ: فاسد ہونا۔ ضائع ہونا۔
اِنْتَتَرَ۔ کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَرَہٗ فَانْتَتَرَ" اس نے اسے سختی سے کھینچا وہ کھنچ گیا اِنْتَتَرَ فِیْ مِشْیَتِہٖ چلتے ہوئے ٹیک لگانا۔
النَّتْرُ۔ مص۔ کام میں کمزوری و سستی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "قَابَلْتُہٗ بِنَتْرٍ" میں نے اس کا سختی سے مقابلہ کیا "وَاطْعَنُوا النَّتْرَ" زور سے نیزہ مارو۔
النَّتْرَۃُ۔ نتر کا اسم مرۃ۔ پار ہو جانے والی ضرب نیزہ۔ ج نترات۔
النَّاتِرَۃُ: تانت ٹوٹی ہوئی کمان۔ ج نواتر کہا جاتا ہے کَلَّمْتُہٗ مُنَاتَرَۃً میں نے اس سے بلند آواز سے گفتگو کی۔
نَتَشَ (ض) نَتْشًا الشَّوْکَۃَ و نَحْوَہَا: نکالنا الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا اللَّحْمَ و نَحْوَہٗ: گوشت وغیرہ کو دانت سے نوچنا الجَرَادُ الاَرْضَ: زمین کی سبزی کھا جانا الرَّجُلُ لِعِیَالِہٖ: کمائی کرنا ہٗ بِالعَصَا: لاٹھی مارنا الحَجَرَ بِرِجْلِہٖ: پتھر کو پاؤں سے ہٹا دینا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَتَشْتُ مِنْ فُلَانٍ شَیْئًا" میں نے فلاں سے کچھ نہیں حاصل کیا اور کچھ نہیں لیا۔
نَتَشَ (ض) نَتْشًا و تَنَاتَشَا الرَّجُلَ: پیٹھ پیچھے عیب جوئی کرنا۔

اَنْتَشَ النَّبَاتُ: نباتات کا زمین سے ظاہر ہونا (قبل اس کے کہ پہچانی جاسکے کہ کیا ہے)۔

النَّتَشُ. ابتدائی روئیدگی۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

المِنْتَاشُ. موچنا۔

تَنَاتِيشُ الدَّيْنِ: قرض کا بقایا۔

نَتَضَ (ن) نُتُوضًا الجِلْدُ: داد وغیرہ جیسے مرض سے چھلکے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے اِنْتَضَتِ السِنُّ السِنَّ۔

نَتَعَ (ن ض) نُتُوعًا الدَّمُ مِنَ الجُرْحِ او المَاءُ مِنَ العَيْنِ: خون کا زخم سے یا پانی کا چشمہ سے تھوڑا تھوڑا نکلنا۔ صفت نَاتِع۔

اَنْتَعَ الرَّجُلُ: سخت پسینہ آنا۔ القَیْءُ: بہت قے ہونا۔

نَتَغَ (ن ض) نَتْغًا الرَّجُلَ: عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔ تہمت رکھنا۔

اَنْتَغَ. ہنسی اڑانا۔ ہ: غیبت کرنا۔

المِنْتَغُ. وہ شخص جس کی عادت لوگوں کی غیبت کرنے کی ہو۔

نَتَفَ (ض) نَتْفًا و نَتَّفَ و اِنْتَتَفَ الشَّعْرَ او الرِّيشَ و نَحْوَهُ: بال یا پر نوچنا۔ اکھیڑنا

نَتَفَ فِي القَوْسِ: آہستہ کھینچنا۔

اَنْتَفَ الكَلأُ: اکھیڑے جانے کے قابل ہونا۔

اِنْتَتَفَ و تَنَتَّفَ و تَنَاتَفَ الشَّعْرُ او الرِّيشُ: بال یا پر اکھیڑ جانا۔

النُّتْفَةُ. گھاس وغیرہ جو انگلیوں سے اکھیڑی جائے۔ اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ نُتْفَةً مِنَ الطَّعَامِ وغیرہ" یعنی اس نے اسے تھوڑا سا کھانا دیا۔ اور ایسا ہی "اَفَادَهُ نُتْفَةً مِنْ عِلْمٍ" اس نے اسے تھوڑا سا علم سکھلایا۔ ج نُتَف۔

النُّتَفَةُ. وہ شخص جو علم وغیرہ کو پوری طرح سے حاصل نہ کر سکے۔

النُّتَافُ و النُّتَافَهُ. جو اکھیڑتے ہوئے گرے۔

النَّتِفُ و النَّتِيفُ. اکھیڑا ہوا۔ کہا جاتا ہے "غُرَابٌ نَتِفُ الجَنَاحِ" پروبال نچا ہوا کوا۔

النُّتُوفُ. داڑھی کے بال اکھیڑنے کا شائق۔

المِنْتَافُ. سوچنا۔ چمٹی۔

نَتَقَ (ن ض) نَتْقًا الجِرَابَ: توشہ دان کو جھاڑنا الجِلْدَ: کھال اتارنا الشَّیْءَ: پھاڑنا۔ ہلانا۔ بلند کرنا۔ پھیلانا۔ نَتَقَتِ المَرْأَةُ او النَّاقَةُ: بہت بچوں والی ہونا۔ صفت نَاتِق و مِنْتَاق۔ عوام النَّتَق و النِّتَاق کو قے کے معنی میں استعمال کرتے ہیں اور اس سے افعال بناتے ہیں۔

نَتَقَ (ن ض) نُتُوقًا. موٹا ہونا۔

نَتِقَت (ض) نَتْقًا و نُتُوقًا الدَّابَّةُ رَاكِبَهَا و بِرَاكِبِهَا: چوپایہ کا اپنے سوار کو تھکا دینا۔

اَنْتَقَ. توشہ دان جھاڑنا۔ بہت بچوں والی عورت سے نکاح کرنا۔ اپنا گھر غیر کے گھر کے مقابل بنانا۔

اِنْتَتَقَ الشَّیْءُ: کھنچ جانا الجِرَابُ: توشہ دان جھاڑا جانا۔

النَّاتِقُ. فا۔ آگ دینے والا چقماق۔ گھوڑا جو اپنے سوار کو تھکا دے۔ ماہ رمضان۔ کہا جاتا ہے "بَنِی دَارَهُ نَاتِقَ دَارِی" اس نے اپنا گھر میرے گھر کے سامنے بنایا۔

نَتَلَ (ض) نَتْلًا الشَّیْءَ: آگے کھینچنا۔ فلانا: ڈانٹنا۔ الجِرَابَ: توشہ دان جھاڑنا یا سب کچھ نکال دینا (نَتْلًا و نُتُولًا و نَتَلَانًا) مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِهِ: آگے بڑھ جانا۔

اِنْتَتَلَ. سبقت کرنا۔

تَنَاتَلَ النَّبْتُ: پیچیدہ ہونا اور بعض کا بعض سے بڑا ہونا۔

اِسْتَنْتَلَ مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِهِ. پیش قدمی کرنا لِلْاَمْرِ: تیاری کرنا القَوْمُ عَلَى المَاءِ: پانی پر پہلے پہنچ جانا۔

النَّتْلُ و النَّتَلُ. شتر مرغ کا انڈا جو پانی بھر کر جاڑے کے زمانہ میں دور دور میدانوں میں زمین کے اندر دبا دیا جاتا ہے تاکہ گرمی کے زمانہ میں جب پانی کی ضرورت پڑے تو کام آئے۔

رَجُلٌ نَتْلٌ: مرد پستہ قد۔

النَّتِيلَةُ. وسیلہ۔

نَتَنَ (ض) و نَتِنَ (س) نَتْنًا و نَتُنَ (ک) نَتَانَةً و نُتُونَةً و اَنْتَنَ. بدبودار ہونا۔ صفت نَتْنٌ و نَتِينٌ و مُنْتِنٌ و مِنْتِنٌ اور نَتِن کی مؤنث نَتْنَى جیسے زمِن کی زَمْنَی۔

نَتَّنَ الشَّیْءَ: بدبودار کرنا۔

النَّيْتُونُ. ایک بدبودار درخت۔

المِنْتِينُ. بدبودار۔ ج مَنَاتِين۔ کہا جاتا ہے "رِجَالٌ او آبَاطٌ مَنَاتِيْن" بدبودار لوگ۔ یا بدبودار بغل۔

المَنَاتِنُ. بدبو کی جگہیں۔ واحد مَنتن۔

نَتَا يَنْتُو نُتُوًّا العُضْوُ: سوجنا۔ صفت نَاتٍ۔

انْتَى انْتَاءً. پیچھے ہٹنا ہ: صورت و سیرت میں مشابہ ہونا۔

تَنَتَّى عَلَيْهِ: کسی پر چڑھ بیٹھنا۔

اِسْتَنْتَى اِسْتِنْتَاءً الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا۔

نَثَّ (ن ض) نَثًّا الخَبَرَ: پھیلانا الجُرْحَ: زخم پر تیل لگانا۔

نَثَّ (ض) نَثًّا و نَثِيثًا الزِّقُّ: مشک کا ٹپکنا الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ والا ہونا العَظْمُ: ہڈی سے گودا بہنا۔

تَنَاثَّ القَوْمُ الاَخْبَارَ: ایک دوسرے کو خبر بتلانا۔

النَّثُّ. مص۔ نمناک دیوار۔

النِّثَاثُ. زخم پر لگانے کا تیل۔

النَّثِيثَةُ. مشک سے ٹپکا ہوا۔

النَّثَّاثُ و المِنَثُّ. بھید یا بات کو بہت پھیلانے والا۔

النُّثَّاثُ. غیبت کرنے والے۔ واحد نَاثّ۔

المِنَثَّةُ. اون کا ٹکڑا جس سے زخم پر تیل لگائیں۔ ج مَنَاثٌّ و مِنَثَّات۔

نَثَجَ (ض) نَثْجًا بَطْنَهُ بِالسِّكِّينِ: پیٹ پھاڑنا۔ ما فِي بَطْنِهِ: آنتوں کو خالی کر دینا۔

اِسْتَنْثَجَ. احد العدلین: ڈھیلا پڑ جانا۔

النَّثْجُ. بزدل۔ بے برکت۔

المِنْثَجَة. دبر۔

نَثَدَ (س) نُثُوْدًا الرجلُ: ٹھہرنا الکمأۃ: سانپ کی چھتری کا اُگنا۔
نَثَر (ن ض) نَثرًا و نِثَارًا الشَّیٔ: بکھیرنا۔ نثر میں گفتگو کرنا الدِّرْعَ مِنْہُ: زرہ کو اتار دینا اور کہا جاتا ہے "نثرتِ المرأۃُ بَطْنَھا" یعنی اس کے بچے بہت ہوئے "وَاَخَذَ فُلانٌ دِرْعًا فَنثرھا علی نَفْسِہٖ" فلاں نے زرہ لی اور اپنے اوپر ڈال لی۔
نَثَرَت (ض) نَثِیْرًا الدَّابَّۃُ: چھینکنا اور کہا گیا ہے کہ نثیر جانوروں کیلئے ہے جیسے عُطاس آدمیوں کے لئے۔
اَنْثَر۔ناک جھاڑنا ہٗ: ناک کے بل گرانا۔
نَثَّر الشَّیٔ: بکھیرنا۔
تَنَثَّرَ و تناثَر و اِنْتثر الشَّیُٔ: بکھرنا۔کہا جاتا ہے "تناثر القَوْمُ" قوم کے لوگ بیمار ہوئے اور مرے۔
اِنْتَثَر و اِسْتَنْثَر۔ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا۔
النَّثْر۔مص۔ضد نظم۔
النَّثْرَۃُ۔نثر کا اسم مرۃ کلام نثر کا ایک ٹکڑا۔ نتھنا اور اس کا اردگرد۔چھینک۔کشادہ زرہ۔ دونوں طرف کی مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
النِثِر والمِنثر والنَیْثُران۔بہت بولنے والا۔بھیدوں کا بہت ظاہر کرنے والا۔
رَجُلٌ نَثُوْرٌ او امْرأۃٌ نَثُوْرَۃٌ۔بہت صاحب اولاد مرد یا عورت۔
النَّثِیْر۔بکھیرا ہوا۔کلام نثر۔کہا جاتا ہے "کَاَنّ لَفظہٗ نثیر الدُرِّو الدُرُّ النَثِیْرُ" گویا اس کے الفاظ بکھرے ہوئے موتی ہیں۔
النُّثارۃ والنُّثار والنَثر۔بکھری ہوئی چیزیں۔
النِثار~ مص۔شادی کے موقعہ پر جو بکھیرا جائے۔
النّاثِر۔فا۔نثر بولنے والا یا لکھنے والا۔نخلۃ ناثِرٌ: کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔
المُنَثَّر۔مثۃ۔ہیچ و ناکارہ آدمی۔
المِنْثار۔کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔
المَنْثُوْر۔مثۃ۔من الکلام: ضد منظوم
المَنْثُوْر: ایک تیز خوشبو والا پھول دار پودہ۔واحد مَنْثُوْرۃ
نَثَطَہٗ (ن) نَثطًا فُلانًا: بوجھل کرنا۔
الکَمْأۃ: سانپ کی چھتری کا زمین سے نکلنا (نَثْطًا و نُثُوْطًا) ساکن ہونا، قرار پانا۔
نَثَّطَہٗ. آرام دینا۔
اَنْثَع۔بہت قے کرنا القیَٔ او الدمَ: قے یا خون نکلنا۔
نَثَلَ (ن) نَثْلًا الفرسُ و کُلُّ ذی حافِرٍ: لید کرنا۔
نَثَلَ (ن ض) و انتثل البئر: کنوئیں سے مٹی نکالنا الجراب: توشہ دان خالی کرنا الکِنانَۃَ: ترکش سے تیروں کو نکالنا اور بکھیر دینا۔نَثَلَ الدِّرْعَ عَنْہُ: زرہ کو اتار پھینکنا اللَّحْمَ فِی القِدْرِ: گوشت کو ہانڈی میں ٹکڑے ٹکڑے کرکے ڈالنا علی فُلانٍ دِرْعَہٗ: زرہ پہنانا۔اور کہا جاتا ہے "نُثِلَتْ حفرتُہٗ" یعنی اس کی قبر کھودی گئی۔
اَنْثَلَ البئرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔
تَنَاثَلَ القَوْمُ اِلَیْہِ: اکٹھے ٹوٹ پڑنا۔
اِسْتَنْثَلَ الکِنانَۃَ: ترکش سے تیروں کو نکال کر بکھیرنا۔
النَّثَل۔کھودا ہوا۔کہا جاتا ہے "بئرُكَ نَثَلٌ" تمہارا کنواں کھدا ہوا ہے۔
النَّثْلَۃ نثل کا اسم مرۃ دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔کشادہ زرہ۔
النَّثِیْل۔لید۔
النُّثالۃ والنَّثِیْلۃ کنوئیں سے نکالی ہوئی مٹی۔بقیۃ النَّثِیْلۃ: موٹا گوشت۔
المِنْثَلۃ زنبیل۔
نَثَمَ (ض) نَثْمًا و اِنْتَثم۔فحش بکنا۔
نَثَا یَنْثُو نَثْوًا الحدیثَ: بیان کرنا۔پھیلانا الشَّیَٔ: متفرق کرنا فُلانًا: غیبت کرنا علیہ قَوْلًا: کسی کی جانب سے خبر دینا۔
تَنَاثَی القَوْمُ الحدیثَ: آپس میں ایک دوسرے سے کہنا الشّیٔ: ایک دوسرے کو یاد دلانا۔
النَّاثِی۔فا۔غیبت کرنے والا۔
النَّثْوَۃ. لوگوں کی عیب جوئی۔
النَّثا۔کسی کے متعلق اچھی یا بری خبر۔
نَثی یَنْثِی نَثْیًا الخَبَرَ: بیان کرنا یا پھیلانا۔
اَنْثی مِنَ الشَّیٔ: ناک بھوں چڑھانا۔فُلانًا: غیبت کرنا۔
نَجَّ (ض) نَجًّا و نَجِیْجًا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔صفت نَجُوج القَرْحَۃَ: زخم سے مواد بہانا۔
نَجَّ (ن) نَجًّا الشَّیَٔ مِنْ فِیْہِ: منہ سے پھینکنا۔
نَجَاہٗ (ف) نَجْأً و تَنَجَّاہٗ و اِنْتَجاہٗ نظر بد لگانا۔
رَجُلٌ نَجُوُ العَیْنِ و نَجُوْؤُھا و نَجِئُھا و نَجِیْئُھا۔بہت تیز نظر لگانے والا۔
نَجاۃُ السَّائِلِ: مانگنے والے کی حریصانہ نظر۔
نَجُبَ (ک) نَجابَۃً الوَلَدُ: شریف الاصل ہونا۔قول و فعل میں لائق ستائش ہونا۔صفت نَجِیْبٌ.
نَجَبَ (ض ن) نَجْبًا و نَجَّبَ و اِنْتَجب الشَّجَرَۃَ: درخت سے چھال اتارنا۔ وانتجب الشَّیَٔ: چننا۔برگزیدہ کرنا۔
اَنْجَب۔شریف الاصل ہونا الرَّجُلُ: شریف بچوں کا باپ ہونا۔بزدل بیٹے کا باپ ہونا۔اور کہا جاتا ہے "اَنْجَب بِہٖ اَبَوَاہُ" اس کے والدین نے شریف بچہ جنا۔
اِسْتَنْجَب۔شرفا کو طلب کرنا۔
النَّجْب والنُجَبۃ. سخی۔شریف۔فیاض۔
النَّجْبُ مِنَ الشَّجَرِ: چھال یا جڑ کی چھال۔
النَّجابۃ. شرافت۔
النَّجِیْب۔شریف۔شریف خاندان۔ج اَنْجاب و نُجَباء و نُجُب مؤنث نَجِیْبٌ و نَجِیْبَۃٌ۔ج نَجائِب. نَجائِبُ الشَّیٔ و نَواجِبُہٗ: کسی چیز کا مغز جس پر چھلکا نہ ہو۔خالص۔

المنجاب (مذکر مؤنث) ج مناجیب
والمُنجب ج مناجب ۔مؤنث مُنجبة:
شریف اولاد والا ہونا ۔ المنجاب: ست و
کمزور بغیر پرو پیکان کے تیر ۔ کریلنی۔
المنجوب ۔کشادہ برتن۔
نجث (ن) نجثا و تنجّث عن الامر:
کھود کرید کرنا ۔ تفتیش کرنا الشیٔ : نکالنا
نجث القوم: قوم سے فریاد کرنا۔
تناجث القوم الاخبار: ایک دوسرے
کے سامنے ظاہر کرنا۔
انتجث واستنجث الشیٔ : نکالنا
استنجث للشیٔ: درپے ہونا۔
النجث والنُجث ۔دِل کا غلاف ۔زرہ۔
مکان۔ج انجاث
رجل نجث ۔خبروں کی تلاش و جستجو رکھنے
والا۔
النجّاث ۔امور کی کھود کرید کرنے والا۔
النجیث ۔ مخفی بھید۔نشانہ۔ست۔
النجیثة ۔ بُری خبر جو ظاہر ہو جائے۔کنوئیں
اور جوہڑ کی مٹی۔
نجح (ف) نجحا و نُجحا و نجاحا
الامر: آسان و سہل ہونا۔نجحت حاجة
فلان و نجح فلان بحاجته: کامیاب و فتح
مند ہونا۔
نجّحه کامیاب کرانا۔
انجح ۔کامیاب و فتح مند ہونا اللّٰہ حاجته:
حاجت پوری ہونا۔صفت مُنجح ج مناجح
و مناجیح وانجح فلان بالباطل: باطل
پر غالب ہونا و انجح الباطل بفلان: باطل
کا غالب ہونا۔
تنجّح الحاجة: وعدہ کرنے والے سے پورا
کرنے کو کہنا۔
تناجحت علیه احلامه او مساعیه:
پے بہ پے درست ہونا۔
استنجح فلانا حاجته: حاجت پوری
کرنے کو کہنا۔
النجاح والنُجح ۔س۔کامیابی۔

النجاحة. صبر۔
الناجح ۔فا. سیر ناجح: سخت اور تیز
چال۔
النجیح ۔درست رائے۔کہا جاتا ہے "رای
نجیح" وہ شخص جس کی رائے درست ہو اور
اس کے امور کامیاب ہوتے ہوں ۔صابر
۔مؤنث نجیحة ۔کہا جاتا ہے "نفس
نجیحة. سیر نجیح" تیز چال ۔مکان
نجیح: قریب جگہ۔
نجخ (ف) نجخا ۔فخر کرنا النوءُ: بچھتر کا
جوش میں آنا السیلُ: یکبارگی زور سے آنا۔
البعیرُ : بدہضمی والا ہونا ۔صفت نجخ
البئر: کنواں کھودنا۔
تناجخ الموجُ: موج کا ایک دوسرے سے
ٹکرانا۔تناجخا: باہم فخر کرنا۔
الناجخ ۔فا۔کھانسنے والا۔ناجخ البحرِ:
سمندر کا شور۔الناجخ والنجوخ ۔شور
کرنے والا سمندر۔سیل ناجخ: بہت تیز بہاؤ
کا سیلاب جو زمین کو کھود دے۔
ناجخة الماءِ و نجیخه. پانی کی آواز۔
النُجاخ ۔کھانسنے والے کی آواز۔
نجخات الماءِ: پانی کی بوچھاریں۔
النَجیخة مکھن جو دودھ کے برتن میں
کناروں پر چپک جائے۔
امرأة نجاخة ۔وہ عورت جس کی اندام
نہانی سے جماع کے وقت آواز نکلے اور بقول
بعض وہ عورت جو جماع سے آسودہ نہ ہو۔
نجدہٗ (ن) نجدا ۔مدد کرنا۔غالب ہونا۔
نجد (ن) نُجودا الامر : واضح ہونا
البدنُ عرقا: بدن سے پسینہ بہنا الشیٔ من
الارض: نکلنا۔
نجد (س) نجدا الرجلُ: کام یا گھبراہٹ
سے پسینہ آنا۔صفت نجدٌ ۔ تھکنا۔بلید ہونا۔
نُجد نجدا الرجلُ: غمگین ہونا ۔صفت
منجود و نجید.
نجد (ک) نجدة و نجادة دلیر ہونا
دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا

کرنے والا ہونا (نجودا) واضح ہونا ۔ظاہر
ہونا۔صفت ناجد و نجد.
نجّد البیت: مکان کو آراستہ کرنا النجادُ
الفرش: فرش ساز کا فرش کو بنانا اور سینا
الدھرُ فلانا: تجربہ کار بنانا الرجلُ: دوڑنا۔
ناجدہ مناجدةً ۔مدد کرنا ۔مقابلہ کرنا۔
جنگ کے لیے نکلنا۔
انجدہٗ ۔مدد کرنا۔انجد الرجلُ: پسینہ والا
ہونا۔نجد میں آنا یا نجد کی طرف سفر کرنا۔اپنے
اہل و عیال سے قریب ہونا البناءُ: عمارت کا
بلند ہونا الدعوة : قبول کرنا ۔انجدت
السماءُ: بادل سے صاف ہونا۔
تنجّد الشیٔ: بلند ہونا۔
استنجد ۔دلیر ہونا فلانا و به: مدد طلب
کرنا علیه: خوفزدہ ہونے کے بعد دلیری کرنا۔
نجد ۔س۔ملک نجد۔
النجد ۔بلند زمین۔ج انجد و نُجد و
نجاد و نُجود و انجاد و انجدة. کہا جاتا
ہے "ھو طلاع انجدٍ و انجدةٍ و نجاد
و طلاع النجادِ" وہ مشکل امور پر غالب
آنے والا ہے اور اسی معنی میں ہے "طلاع
الثنایا" گھاٹیوں کو عبور کر جانے والا۔
النجدُ: مکان کی آرائش کا سامان۔ج نِجاد
و نُجود . النجدُ: ماہر رہنما۔درختوں سے
خالی جگہ۔کرب و غم۔پستان یا بلند راستہ۔
رجل نجدٌ و نجِدٌ و نجُدٌ ۔دلیر مرد
۔دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا
کرنے والا۔دعوت کو بہت جلدی قبول کرنے
والا۔ج انجاد.
النجد ۔پسینہ ۔گھر کا سامان ۔بچھونا۔پردہ
وغیرہ۔ج انجاد.
النجدة. ۔س۔اسم مرة بہادری و دلیری
۔طاقت و سختی ۔کہا جاتا ہے "لاقی فلانٌ
نجدةً" فلاں سختی میں پڑ گیا ۔مقاتلہ
۔گھبراہٹ۔ج نجدات.
النجاد ۔پرتلہ۔کہا جاتا ہے "ھو طویلُ
النجادِ" وہ لمبے پرتلے والا ہے ۔کنایہ ہے

طویل القامت ہونے سے۔
النِجادۃ. فرش سازی کا پیشہ۔
النَجِیْد ۔بہادر۔ایسے امور کو انجام دینے والا جو دوسروں کو عاجز کر دیں۔شیر۔غمگین۔ج نُجُد و نُجداء.
النَاجِد ۔فا۔مؤنث نَاجِدَۃ ج نَوَاجِد
النَجَّاد ۔فرش ساز۔
نُجُوْدُ الْبَیْتِ: مکان کو آراستہ کرنے کیلئے دیواروں کے پردے۔
النَجُوْد مِنَ الْاِبِلِ وَالْاُتُنِ: لمبی گردن والا ۔چلنے میں آگے رہنے والا۔مِنَ النِّسَاءِ: عقلمند عورت۔شریف عورت۔ج نُجُد
النَاجُوْد ۔شراب۔شراب کا برتن۔خون زعفران۔ج نَوَاجِیْد.
المِنْجَد ۔عورتوں کا ایک زیور جس کو گردن میں ڈالتی ہیں اور سینے کے نیچے تک ہوتا ہے ۔چھوٹا پہاڑ ج مَنَاجِد.
اَلْمِنْجَدَۃ. اون وغیرہ دُھننے کا لکڑی کا اوزار؛ جانوروں کو ہانکنے کیلئے چھوٹی سی چھڑی۔ج مَنَاجِد.
رَجُلٌ مِنْجَاد ۔بہت مدد کرنے والا مرد۔
المَنْجُوْد ۔مغ۔ مغموم۔ہلاک ہونے والا۔
نَجَذَہٗ (ض) نَجْذًا ۔داڑھوں سے کاٹنا۔ اصرار کرنا۔
نَجَّذَہٗ ۔تجربہ کرنا ۔آزمانا ۔نَجَّذَتْہُ وَالتَجَارِبُ. تجربہ کار بنانا۔ہٗ البَلَایَا: مصیبتوں کا لاحق ہونا۔
النَاجِذ .فا .نَوَاجِذ کا واحد بمعنی داڑھ۔کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰی نَاجِذِہٖ" وہ بالغ ہو گیا بکمالِ عقل کو پہنچ گیا۔اس لیے کہ نواجذ بلوغ و کمالِ عقل کے بعد نکلتی ہیں "وَضَحِكَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُہٗ" وہ کھلکھلا کے ہنس پڑا "وَاَبْدَتِ الْحَرْبُ نَاجِذَیْهَا" لڑائی تیز ہو گئی وَعَضَّ الرَّجُلُ عَلٰی نَاجِذَیْہِ ۔یعنی اُس نے صبر کیا۔
المَنَاجِذ جمع جُلْذ مِن غَیْرِ لَفْظِہٖ بمعنی چھچھوندر۔

نَجَرَ (ن) نَجْرًا اَلْیَوْمُ دن کا گرم ہونا۔ الْمَاءَ: پانی کو گرم پتھر سے داغ کرنا۔الرَجُلَ: مار کر ہٹانا۔الخَشَبَ: لکڑی کو چھیل کر ہموار کرنا۔الشَّیْئَ: ارادہ کرنا۔الاِبِلَ: اُونٹ کو ہانکنا۔
نَجِرَ (س) نَجَرًا ۔سخت پیاسا ہونا۔
اَنْجَرَ فُلَانًا: دودھ، گھی، آٹے سے بنا ہوا کھانا پیش کرنا۔
النَجْر ۔مص۔اصل۔حسب۔رنگ۔گرمی۔
النَجَر ۔سخت پیاس جو اُونٹ وغیرہ کو لاحق ہوتی ہے اور بجھتی نہیں۔
النَاجِر ۔گرمی کے مہینوں میں سے ہر ایک مہینہ۔
النِجَار وَالنُجَار ۔اصل۔حسب۔رنگ۔
النِجَارَۃ. بڑھئی کا پیشہ۔
النُجَارَۃ. لکڑی کا چھیلن۔رندہ کرتے وقت جو گرے۔
النَجَّار ۔بڑھئی۔
اَلْمِنْجَرُ: تیشہ
النَجِیْرَۃ. لکڑی کی چھت۔دودھ گھی آٹے سے بنا ہوا کھانا۔گرم پتھر سے داغ کیا ہوا پانی ۔بدلہ۔کہا جاتا ہے "لَاَنْجُرَنَّ نَجِیْرَتَكَ" میں تم کو بدلہ دوں گا جس کے تم مستحق ہو۔
النَجْرَان ۔لکڑی کی چول جس پر دروازہ گھومتا ہے۔پیاسا۔اور یمن اور حوران کے دو شہروں کا نام نَجْرَان ہے۔
اِبِلٌ نَجِرَۃٌ و نَجْرٰی و نَجَارٰی. پیاسے اُونٹ۔
الاَنْجَرُ وَالاَنْجَرَۃ. لنگر ۔ج اَنَاجِر (دخیل)
المَنْجَر ۔مقصد جو راستہ سے ہٹا ہوا نہ ہو۔
المِنْجَرَۃ. پانی داغ کرنے کا گرم پتھر۔
المِنْجَر ۔اُونٹوں کو بہت تیز ہانکنے والا۔ رندہ۔
المَنْجُوْر ۔مذ۔کنوئیں سے پانی نکالنے کی چرخی۔
النَوْجَر ۔ایک قسم کا آلہ جس سے زمین کھودی جاتی ہے۔

نَجَزَ (ن) نَجْزًا الحَاجَۃَ: حاجت پوری کرنا۔بِالْوَعْدِ: وعدہ میں جلدی کرنا۔الوَعْد حاضر ہونا۔جلدی ہونا۔پورا ہونا۔
نَجَزَ و نَجِزَ (س) نَجَزًا الشَّیْئُ: ختم ہونا۔ فنا ہونا۔
الْکَلَامُ: کلام کا منقطع ہونا۔
نَجَّزَ الْحَاجَۃَ: حاجت پوری کرنا۔
اَنْجَزَ الْحَاجَۃَ: حاجت پوری کرنا۔الوَعْدَ: وعدہ وفا کرنا۔اور اسی سے مثل ہے "اَنْجَزَ حُرٌّ مَا وَعَدَ" شریف آدمی جو وعدہ کرتا ہے پورا کرتا ہے اور کبھی وعدہ کو پورا کرنے کیلئے بولا جاتا ہے عَلَی الْقَتِیْلِ: فوراً مار ڈالنا۔
نَاجَزَہٗ ۔مقابلہ پر نکلنا۔مقاتلہ کرنا۔
تَنَجَّزَ الشَّرَابَ: پینے میں اصرار کرنا (و اِسْتَنْجَزَ) الحَاجَۃَ اَوِ الوَعْدَ حاجت یا وعدہ پورا کرنے کو کہنا۔
تَنَاجَزُوْا ۔باہم مقابلہ کرنا۔باہم مقاتلہ کرنا۔
النَجْز وَالنِجَاز ۔حصول۔وفائے عہد۔اور کہا جاتا ہے "اَنْتَ عَلٰی نَجْزِ حَاجَتِكَ" تم اپنی حاجت کی تکمیل کے قریب ہو۔
النَجِیْز وَالنَاجِز ۔حاضر۔موجود۔نقد۔کہا جاتا ہے "بِعْتُہٗ نَاجِزًا بِنَاجِزٍ" میں نے اس کو دست بدست بیچا اور میں نے موجود کی موجود سے بیع کی وَلَا یُبَاعُ غَائِبٌ بِنَاجِزٍ غائب کی موجود سے بیع نہ کی جائے "وَعْدٌ نَاجِزٌ وَ نَجِیْزٌ" وعدہ جو پورا کر دیا جائے۔
نَجِسَ (س) نَجَسًا و نَجُسَ (ک) نَجَاسَۃً ۔گندا ہونا ۔ناپاک ہونا ۔صفت نَجْسٌ و نِجْسٌ و نَجِسٌ و نَجُسٌ و نَجَسٌ ج اَنْجَاس.
نَجَّسَہٗ و اَنْجَسَہٗ. ناپاک کرنا ۔نَجَّسَ الصَّبِیَّ وَلَہٗ: نظر بد وغیرہ سے بچنے کے لیے تعویذ وغیرہ لٹکانا۔
تَنَجَّسَ ۔ناپاک ہونا۔الثَّوْبُ: گندگی سے آلودہ ہونا۔نجاست سے نکلنا۔
الاَنْجَاس ۔نظر بد وغیرہ سے بچانے کے لیے تعویذ گنڈا وغیرہ۔

داءٌ نجِسٌ و ناجِسٌ و نجِیسٌ لاعلاج مرض۔

النُجس۔ تعویذ کرنے والے۔

نجش(ن) نجشا الشئَ: کھود کرید کرنا۔ نکالنا۔ بکھیرنے کے بعد جمع کرنا الصَّیدَ: شکار کو ایک جگہ سے دوسری جگہ کے لیے بھڑکانا النَّار: آگ روشن کرنا۔ جلانا الحدیثَ: بات پھیلانا فی البیعِ: مبیعہ کی تعریف کر کے بائع کی موافقت کرنا۔ اور بقول بعض بغیر ارادۂ خریداری دوسروں کو پھنسانے کے لیے قیمت بڑھانا یا خریدار کو ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف رغبت دلانا۔ اسم النَّجْش (نَجْشًا و نجاشةً) تیز چلنا۔

تناجشَ القومُ فی البیعِ وغیرِہ: دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔

اِستنجشہ الشئَ: نکالنا الصَّیدَ: شکار کو بھڑکانا۔

النجاش۔ تسمہ جس کو دو چمڑوں کے درمیان رکھ کر سی دیتے ہیں۔

الناجش والنجّاش والنجیش۔ شکاری

الناجش والنجاشیُّ والمِنجاش۔ شکار کو شکاری کی طرف بھگانے والا۔ المِنجاش: بڑا عیب جو۔

النَّجاشی والنِجاشی والنجاشیُّ والنجاشیُّ شاہ حبشہ کا لقب۔

رجلٌ نجوش و منجش۔ شکار کو بھڑکانے والا۔ المنجش: بڑا نکتہ چیں وعیب جو۔

قولٌ منجوش۔ گھڑی ہوئی جھوٹی بات۔

نجع (ف) نُجوعًا و نَجع الطعامُ فی الانسان: فائدہ مند ہونا۔ نفع پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "ھذا طعامٌ ینجعُ عنہُ وَبہ" یہ ایسا کھانا ہے جو فائدہ مند ہے اور اسی سے موٹاپا حاصل ہوتا ہے فیہ الدّواءُ او الطّعامُ او الکلامُ: اثر کرنا۔ نجع البلدَ: شہر میں آنا القومُ الکلأ: چراگاہ کی تلاش میں جانا الابلَ النُجوعَ و بالنجوعِ: آٹا ملا ہوا پانی پلانا۔

نُجع الصبیُّ لبنَ الشاۃ او بلبنِ الشاۃِ: خوراک دیا جانا۔ پرورش کیا جانا۔

اَنجع الطعامُ وغیرُہ: کھانے وغیرہ کا مفید ہونا الرجلُ: کامیاب ہونا الراعِی الفصیلَ: چرواہے کا اونٹ کے بچے کو دودھ پلوانا۔

تنجّع و انتجع و استنجع القومُ الکلأ: چراگاہ کی تلاش میں جانا۔ تنجّع و انتجع و استنجع فلانًا: بخشش طلب کرنے کیلئے کسی کے پاس آنا۔ تنجّع بالدّمِ: خون سے لتھڑنا۔ اُستُنجع بہ و عنہ: ہضم ہونا۔ اور موٹا ہونا۔

النَجع۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ ج نُجوع۔

النُجعۃ چراگاہ کی تلاش۔ یہ نُجوع کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "خرجوا للنُجعۃ" لوگ چراگاہ کی تلاش میں نکلے و "فلانٌ نُجعتی" فلاں میری جائے امید ہے۔ ج نُجَعٌ۔

الناجع۔ چراگاہ کی تلاش کرنے والا۔ ج ناجعۃ و نواجع۔ ماءٌ ناجعٌ خوشگوار پانی۔

النُّجاع۔ شُجاع کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "شُجاعٌ نُجاعٌ" بہت دلیر۔

النَّجوع۔ آٹا ملا ہوا پانی جو اونٹ کو پلایا جاتا ہے۔ نَجوعُ الصبیِّ۔ دودھ۔ ماءٌ نَجوعٌ: خوشگوار صاف پانی۔

النجیع۔ فائدہ مند من الطعام او الشراب: نافع بدن کھانا یا پانی من الدّمِ: سیاہی مائل خون۔ ماءٌ نجیعٌ: خوشگوار پانی۔

المنجع والمُنتجع والمُستنجع وہ مقام جہاں گھاس کے لیے لوگ جائیں۔

نجف (ن) نجفًا النجیفَ: تراشنا۔ صفت مفعولی نجیف و منجوف الشجرۃَ: درخت کو جڑ سے کاٹنا الشاۃَ: بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔

نَجّف لِفلانٍ نُجفۃً من اللبنِ: کسی کے لیے تھوڑا سا دودھ علیحدہ کرنا۔ نجّفتِ الرِّیحُ الکثیبَ او الرملَ: ہوا کا ریت کے تودہ یا ریت کو اڑا دینا۔

اِنتجف واستنجف الشئَ نکالنا۔ الرِّیحُ السَّحابَ: ہوا کا بادل کو پانی سے خالی کر دینا الشاۃَ: بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔

النَجف ج نِجاف والنَجفۃ۔ ٹیلہ۔ وادی میں وہ جگہ جہاں پانی نہ چڑھے۔

النِجاف۔ دروازہ کے اوپر کا چھجہ۔ نجاف الغار: غار کے اوپر آگے کو نکلا ہوا پتھر۔

النجیف۔ چوڑے پھل والا تیر۔ ج نُجف۔

المِنجف۔ زنبیل۔ ٹوکری۔

المَنجوف۔ مع۔ چوڑے پھل والا تیر۔ اندر سے چوڑا برتن یا قبر۔

النُجفۃ۔ تھوڑی چیز۔

نجل (ن) نجلًا الشئَ: ظاہر کرنا الارضَ: زمین جوتنا۔ نجلہُ ابوہُ و نجل بہ: پیدا کرنا۔ نجلتِ الارضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔ نجل فلانًا: ٹھوکر مارنا یہاں تک کہ لڑھک جائے۔ الناسَ: شرارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "من نجل الناسَ نجلوہ" جو لوگوں کو عیب لگاتا ہے لوگ اسے عیب لگاتے ہیں۔ جو لوگوں کو گالی دیتا ہے لوگ اسے گالی دیتے ہیں و نجل الجلدَ عن المذبوحِ: دونوں پچھلی ٹانگوں کے درمیان کھال کاٹ کر سر کی طرف سے کھینچ لینا۔ کھال کو منجول کہتے ہیں۔

نجل (ض) نجلًا الشئَ و بالشئِ: پھینکنا ہ بالرمحِ: نیزہ مارنا الصبیُّ اللوحَ: بچہ کا تختی کو مٹانا الرجلُ: تیز چلنا۔

نجل (س) نجلًا الرجلُ: بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا ہونا۔ صفت انجل ج نُجل و نجال: آنکھ کی صفت۔ نجلاء ج نُجل۔

انجل الدابۃَ: نجیل (ایک قسم کی ترش گھاس) چرنے کے لئے چھوڑنا۔

تناجل القومُ: جھگڑا کرنا۔ نسل پیدا کرنا۔

انتجل الامرُ: ظاہر ہونا اور گزرنا۔

اِستنجل المکانُ: کسی جگہ سے پانی کا بکثرت رسنا فلانٌ النزَّ (زمین سے) سوتا نکالنا۔

النَّجل ۔س اولاد۔ نسل۔ اور کہا جاتا ہے "هو كَرِيْمُ النَّجل" وہ کریم الاصل و شریف الطبع ہے والد۔ ج انجال۔ النَّجلُ: عمل۔ بڑی جماعت۔ سڑک۔ بہنے والا پانی۔ زمین سے رسنے والا پانی ج نجال و انجال۔

النَّاجل ۔فا۔ شریف النسل (انسان یا حیوان) مؤنث ناجلة۔ ج ناجلات و نواجل

النَّواجل: بخیل (ایک قسم کی ترش گھاس) کے چرنے والے اُونٹ۔

الاَنجل ۔کشادہ لمبا چوڑا۔ ج نُجل و نجال مؤنث نجلاء ج نُجل ۔کہا جاتا ہے "طعنه طَعْنَةً نجلاء" اس نے اسے کشادہ زخم کرنے والا نیزہ مارا۔

النَّجيل ۔ایک قسم کی ترش گھاس۔ اسی گھاس کی ٹوٹی ہوئی پتیاں۔ ج نُجل۔

النَّجليات: جو گندم وغیرہ کی فصلیں جن کی بالی کھول دار اور سیدھی ہو۔

المِنجل ۔درانتی۔ ج مناجل۔ المِنجال: گنجان کھیتی۔ بہت اولاد والا۔ ماہر اُونٹ ہانکنے والا۔ اور کہا جاتا ہے "سِنانٌ مِنجل" چوڑا زخم کرنے والا بھالا۔

نجم (ن) نُجوما الشَّيُّ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نجمتِ الكواكبُ" ستارے طلوع ہوئے۔ و نجم النَّبتُ: سبزی اگی و نجم السِّنُّ او القَرْنُ: دانت یا سینگ نکل آئے۔ و "نجم في بني فلان شاعرٌ او فارس" بنو فلاں میں بے مثال شاعر یا شہسوار ظاہر ہوا كذا عن كذا: فلاں چیز سے ایسا نتیجہ برآمد ہوا فلانٌ الدَّيْنَ: قسطوں میں ادا کرنا السَّهمُ او الرُّمحُ: تیر یا نیزے کا پار ہو جانا۔

نَجَّم ۔احوال عالم معلوم کرنے کے لیے ستاروں کو دیکھنا الدَّيْنَ: قرض کو قسطوں میں ادا کرنا عليه الدِّيَةَ: دیت کی قسط مقرر کرنا۔

اَنجَم الشَّيُّ: ظاہر ہونا۔ انجمتِ السَّماءُ: آسمان پر تاروں کا کھل جانا۔ انجم الشِّتاءُ او البَرْدُ: جاڑے اور سردی کا ختم ہونا الرَّجلُ عن الامر: چھوڑنا۔ انجمتِ الحربُ: لڑائی کا ختم ہونا۔

انْتَجم البَرْدُ و الشِّتاءُ ۔جاڑے یا سردی کا گزر جانا۔ ختم ہونا۔

تَنَجَّم ۔احوال عالم معلوم کرنے کے لیے ستاروں کو دیکھنا۔

النَّجم ۔ج نُجوم و انجم و انجام و نُجُم ۔ستارہ۔ اور ثریا پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ادائیگی قرض کا مقررہ وقت۔ وقت مقررہ پر ادا کی ہوئی قسط۔ کہا جاتا ہے "جعلتُ مالي عليه نُجوما مُنجمة يؤدي كُلَّ نجم منها في وقت كذا" میں نے اس پر قسط مقرر کر دی کہ ہر قسط فلاں وقت میں ادا کرے۔

النَّجم ۔بیل۔ بغیر تنہ کے نباتات۔ اصل کہا جاتا ہے "هذا الحديث لا نجم له" اس بات کے لئے کوئی اصل نہیں۔

النَّجمة: ستارہ۔ اور یہ نجم سے خاص ہے کلمہ (والنجمة) دو گھاسوں کے نام۔ النَّجمة: ایک بیل ہے جو زمین پر پھیلتی ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ "ثِيل" اور "نجمة" اور "عِكرِش" ایک ہی چیز کے نام ہیں

ذُو النَّجمة: گدھا۔

النَّجيم من النَّبات: تازہ گھاس۔

النَّجّام و المُنجِّم و المتنجِّم ۔نجومی۔

المَنجَم ۔نکلنے کی جگہ۔ معدن۔ واضح راستہ۔

المِنجَم ۔ترازو کی لوہے کی ڈنڈی۔

نَجنَج نَجنجةً في رأيه: متحیر ہونا۔ مضطرب ہونا عينيه: دھنسی ہوئی آنکھ ہونا الإبلَ: اُونٹ کو چراگاہ سے روکنا۔ پانی سے واپس کرنا فلانا عنه: منع کرنا الشَّيَّ حرکت دینا الامرَ: پختہ ارادہ نہ کرنا۔

تَنَجنَج الرَّجلُ: متحیر ہونا الشَّيُّ: ہلنا۔

نَجه (ف) نَجها وانتجه و تنجّه الرَّجلَ: بُری طرح سے ہٹانا۔ بُری صورت سے پیش آنا۔ نجه على القَومِ: ظاہر ہونا البلد: شہر میں داخل ہونا اور ناپسند کرنا۔

نجا يَنجو نَجاةً و نَجاءً و نَجوا و نَجايةً من كذا: نجات پانا۔ رہائی پانا۔

نجا ينجو نَجاءً: تیز چل کر آگے بڑھنا (نَجوا) الشَّجرةَ: درخت کاٹنا الصَّبيَّ: بچّے کا پاخانہ کرنا فلانا: رہائی دینا۔ چھڑانا الدَّواءُ: دوا پینا النَّجوَ من البطنِ: پاخانہ نکلنا (نَجوا و نَجا) الجِلدَ عن الذَّبيحة: کھال اتارنا (نَجوا و نَجوى و ناجي مُناجاة و نَجاءً) الرَّجلَ: سرگوشی کرنا ۔اسم النَّجوى۔

نَجّى تَنجيةَ الرَّجلَ من كذا: رہائی دلانا ۔بلند زمین میں چھوڑنا۔

انجى الرَّجلَ: رہائی دلانا الرَّجلُ: پاخانہ کرنا فلانا غُصنا: کسی کیلئے ٹہنی کاٹنا الجِلدَ: کھال اتارنا النَّخلةَ: پکی کھجوروں والا ہونا الرَّجلُ: پسینہ نکلنا اور کہا جاتا ہے "شرب دواءً فما انجاه" اس نے دوا پی فائدہ نہیں ہوا۔

تَنجّى: بلند زمین ڈھونڈنا۔

تناجي تَناجيا القَومُ: سرگوشی کرنا۔

انتجى القَومُ: سرگوشی کرنا الرَّجلَ: سرگوشی کے لیے خاص کرنا۔ رازدار بنانا۔

استنجى من كذا: رہائی پانا الشَّجرةَ: درخت کو جڑ سے کاٹنا۔ الشَّيَّ من فلان: چھڑوانا الرَّجلُ: پاخانہ کرنے کے بعد دھونا یا ڈھیلے سے پونچھنا التَّمرَ: پھل چننا القَومُ: تر کھجوریں حاصل کرنا یا کھانا الرَّجلُ: تیز چلنا۔ شکست کھانا۔

النّاجي ۔فا۔ مؤنث۔ ناجيَة ج نَواجٍ و ناجيات۔ النّاجية: تیز رفتار اُونٹنی۔ کہا جاتا ہے "قطع المكانَ بنواجٍ سريعةِ الإيغال" اس نے جگہ کو تیز رفتار اُونٹنیوں سے طے کیا۔

النَّجا لاٹھی۔ لکڑی۔ ہودج کی لکڑی۔ کھال۔

النَّجو و النَّجا و النَّجاة و النَّجاء ۔رہائی۔

کہا جاتا ہے "النجائكَ النجائكَ والنجاك والنجاك" یعنی جلدی کر۔ جلدی کر۔ اور یہ باب اغراء سے ہے اور فعل محذوف سے منصوب ہے اور اس کی تقدیر "اِلْزم النجاء" ہے اور کاف حرف خطاب ہے۔

النجو۔ س۔ پاخانہ یا گوز۔ دو آدمیوں کے درمیان بھید۔ ج نجاءٌ۔ بادل جو پانی برسا چکا ہو ج نُجُوٌّ

النجوٰی۔ اسم ہے مناجات کا۔ بھید۔ سرگوشی کرنے والے اور یہ وصف بالمصدر ہے اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نَجْوَی النَجْوٰی" خراج۔ محصول۔ ج نَجاوَی۔

النَجاة۔ س۔ رہائی۔ بلند زمین۔ حسد۔ لالچ۔ سانپ کی چھتری۔ ٹہنی۔ ج نَجًا

اَلنَجْوَةُ۔ اسم مرة بلند زمین۔ ج نِجاء۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ مِنَ الْاَمْرِ بِنَجْوَةٍ" وہ اس کام سے پاک صاف ہے۔

النَجاوة۔ زمین کی گنجائش۔

النجِیُّ۔ بھید۔ جس سے رازداری کی بات کی جائے۔ بات کرنے والا۔ حدی پڑھنے والے کی آواز۔ بلند آواز سے جانور کو ہانکنے والا۔ تیز۔ کہا جاتا ہے "بعیرٌ نَجِیٌّ" تیز رفتار اُونٹ۔ اور کہا جاتا ہے "بَاتَتْ فِیْ صَدْرِهٖ نَجِیٌّ قَدْ اَسْهَرَتْهُ" اس کے سینے میں غم رہا جس نے اسے بیدار رکھا۔

المَنْجَی۔ نجات کی جگہ۔ بلند زمین۔ ج مَناجٍ۔

المَنْجاةُ باعث نجات۔ ج مَناجٍ۔ کہا جاتا ہے "الصِّدْقُ مَنْجَاةٌ" سچائی باعث نجات ہے۔

نَحَّ (ض) نَحِیْحًا الرَجُلُ: سینہ میں آواز گڑگڑانا۔

نَحَّ (ن) نَحًّا الجملَ: تیز چلنے پر اکسانا۔

النَحاحَة۔ سخاوت۔ بخل (ضد)

النَحِیْح۔ س۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَحِیْحٌ نَحِیْحٌ" فلاں حریص و بخیل ہے۔

نَحَبَ (ف ض) نَحْبًا و نَحِیْبًا الرَجُلُ: رونے میں آواز بلند کرنا (نَحْبا) بکَذَا: شرط لگانا۔

نَحَبَ (ض) نَحْبًا و نُحابًا البَعِیْرُ: کھانسنا۔

نَحَبَ (ن) نَحْبًا و نَحَبَ الرَجُلُ: نذر ماننا۔ نَحَبَ و نَحَبَ القَوْمُ فِی سَیْرِهِمْ: جلدی سے چلنا۔ نَحَبَ عَلَی الشَّیْءِ: مشغول ہونا۔ ٹوٹ پڑنا۔

نَاحَبَهٗ مُناحَبَةً۔ مفاخرت کرنا ہٗ عَلٰی کَذَا: شرط لگانا ہٗ اِلٰی فُلَانٍ: فیصلہ کے لیے جانا۔

تَنَاحَبَ القَوْمُ: جنگ وغیرہ کیلئے وقت معین کرنا۔

اِنْتَحَبَ۔ بہت رونا۔ زور سے لمبے لمبے سانس لینا۔ پھوٹ کر رونا۔

النَحْب۔ س۔ سخت گریہ۔ کھانسی۔ سختی۔ موت۔ مدت۔ وقت۔ بڑا خطرہ۔ ہمت۔ نفس۔ نیند۔ موٹاپا۔ بڑے جسم کا اُونٹ۔ حاجت۔ دلیل۔ جوا۔ تیز چال۔ یا آہستہ چال۔ نذر۔ کہا جاتا ہے "قَضٰی فُلَانٌ نَحْبَهٗ" فلاں نے اپنی نذر پوری کر دی۔ یعنی مر گیا گویا کہ موت اس کے ذمہ نذر تھی۔

النُحْبَة۔ قرعہ۔

المُنَحَّب۔ فا۔ سَیْرٌ مُنَحَّبٌ تیز چال۔

نَحَتَ (ض ن) و نَحِتَ (س) نَحْتًا العُوْدَ: لکڑی چھیلنا الحجرَ: پتھر کو ہموار کرنا الخشبةَ: لکڑی چھیل کر ہموار کرنا ہٗ: پچھاڑنا السفرُ البعیرَ: دُبلا کرنا الجبلَ: پہاڑ کھودنا الکلمةَ: دو یا زائد کلمات سے ایک کلمہ بنانا جیسے صَهْصَلَق۔ صهل و صلق سے بَسْمَلَةٌ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے۔ حَوْقَلَةٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ سے۔ فَذْلَكَةٌ فَذٰلِكَ كَذَا و كَذَا سے نَحَتَهٗ بالعَصَا: لاٹھی مارنا ہٗ بِلِسَانِهٖ: غیبت کرنا۔ ملامت کرنا۔ گالی دینا عِرْضَهٗ: طعن کرنا۔ بے آبروئی کرنا اَثْلَتَهٗ و فِیْ اَثْلَتِهٖ: مذمت کرنا۔ حسب میں طعن کرنا اور کہا جاتا ہے "نُحِتَ فُلَانٌ عَلَی الکَرَمِ" یعنی فلاں شخص فیاض پیدا کیا گیا ہے۔

نَحِتَ (ف) نَحِیْتًا۔ پیچش ہونا۔

اِنْتَحَتَ مِنَ الخَشَبَةِ مَا یَجْعَلُهٗ فِی النَّارِ: آگ میں ڈالنے کیلئے چھپٹیاں کاٹنا و اِنْتَحَتَ الخَشَبَةُ: لکڑی کا چھپٹیاں ہونا۔

النَحْت س (والنَحات والنَحِیْتَة) طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ النَحِیْتَةِ" وہ کریم الطبع ہے۔ النَحِیْتَةُ: پیچش۔

النُحاتَه۔ تراشہ۔ چھیلن۔ وہ ریزے جو کاٹنے سے گریں۔

النحّات۔ سنگ تراش۔ بہت چھیلنے والا۔

النَحِیْت۔ مص۔ چھیلا ہوا۔ گریہ و زاری۔ پیچش۔ دُبلا اُونٹ۔ ردی چیز۔ کنگھی؛ قوم میں اجنبی مِنَ الحَوَافِرِ: کنارے گھسا ہوا کھر۔

المِنْحَت ج مَنَاحِت والمِنْحات ج مناحِیْت لکڑی تراشنے کا آلہ۔ بسولہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مَنْحَتِ صِدْقٍ" وہ خالص اصل سے ہے "وَهُمْ کِرَامُ الْمَنَابِتِ وَالمَنَاحِتِ" وہ لوگ فیاض و اصل خاندان سے ہیں۔

نَحَرَ (ف) نَحْرًا و تَنْحَارًا البَهِیْمَةَ: سینہ پر مارنا۔ ذبح کرنا فُلَانًا: مقابل کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَحَرَ بَیْتِیْ بَیْتَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے و "نَحَرَ الْاُمُوْرَ عِلْمًا" یعنی اس نے معاملات کو مضبوط طریقے سے کیا۔ الصَّلَاةَ: اول وقت میں نماز پڑھنا المُصَلِّی فِی الصَّلَاةِ: سینہ نکال کر کھڑا ہونا۔

نَاحَرَهٗ مُنَاحَرَةً۔ جھگڑا کرنا۔

تَنَاحَرَ القَوْمُ عَلٰی کَذَا: جھگڑا کرنا۔ تناحرت الدَّارَان: ایک دوسرے کے مقابل ہونا القَوْمُ عَنِ الطَّرِیْقِ: راستہ سے تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا عَلَی الطَّرِیْقِ وَغَیْرِهٖ: پے در پے آنا۔

اِنْتَحَرَ الرَجُلُ: خودکشی کرنا القَوْمُ عَلَی الْاَمْرِ: جھگڑا کرنا۔ اِنْتَحَرَ السَّحَابُ: بہت پانی لے کر اٹھنا ہٗ بِالْعَصَا: مارنا۔

النَحْر ۔مس۔سینہ کا بالائی حصہ۔ج نُحُوْر ۔ کہا جاتا ہے"قعدَ فِيْ نَحْرِ فُلَان" یعنی اس نے فلاں کا مقابلہ کیا"۔نَحْرُ النَهارِ او الشَهْر" دن یا مہینے کا ابتدائی حصہ۔یوْمُ النَّحْر: ماہِ ذی الحجہ کا دسواں دن۔

النِحْر ۔حاذق۔ماہر۔سمجھ دار۔دانا بینا۔

النَاحِر ۔فا۔النَاحِرَان: سینہ کی دو رگوں کا نام۔

النَاحِرة النَاحِر کا مؤنث۔مہینہ کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات ۔ج نَوَاحِر و نَاحِرات .النَاحِرتَان: سینہ کی دو رگوں کا نام۔

النَحُوْر: ذبح کرنے والا۔

النِحْرِيْر ۔حاذق ۔سمجھ دار ۔عقلمند ۔ج نَحَارِيْر.

النَحِيْر ۔ذبح کیا ہوا۔ج نَحْرٰی و نُحَراء و نَحَائِر.

النَحِيْرَة نَحِيْر کا مؤنث ۔طبیعت مِنَ الشَهْر: مہینے کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ج نَحَائِر.

المَنْحَر ۔حلق میں ذبح کرنے کی جگہ۔مقام ذبح۔

المُنْتَحَر ۔کشادہ راستہ۔

المِنْحَار ۔کریم۔فیاض۔بہت ذبح کرنے والا ۔مہمان نواز۔کہا جاتا ہے"اِنَّهٗ لَمِنْحارٌ بَوَائِكَهَا" وہ موٹے اُونٹوں کو بہت ذبح کرنے والا ہے یعنی بڑا مہمان نواز ہے۔

المَنْحُوْر. سینہ کا بالائی حصہ۔ج مَنَاحِير.

نَحَزَهٗ (ف) نَحْزًا ۔دفع کرنا۔ہٹانا۔چھونا۔ہاون میں کوٹنا بِرِجْلِهٖ: ٹھوکر مارنا فِيْ صَدْرِهٖ:

نُحِزَ و نَحُزَ (ک) و نَحِزَ (س) نَحَزًا و نَحِزَ البَعِيْرُ: پھیپھڑے کی بیماری والا ہونا۔ صفت نَحِزٌ و نَاحِزٌ و نَحِيْزٌ و مَنْحُوْز.

نَحِزَ (س) نَحَزًا .الرَجُلُ: کھانسنا۔

اَنْحَزَ القَوْمُ: پھیپھڑے کی بیماری والے اُونٹوں کا مالک ہونا۔

النُحَاز ۔اُونٹوں کی ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے بہت کھانستے ہیں (والنِحاز) اصل۔کہا جاتا ہے"هُوَ كَرِيْمُ النِحَازِ" وہ کریم الاصل ہے۔

النَحِيْزَة. طبیعت۔کہا جاتا ہے"هُوَ كَرِيْمُ النَحِيْزَة" وہ کریم الطبع ہے ۔سخت راستہ ۔بڑے راستہ سے نکلا ہوا چھوٹا راستہ ۔ج نَحَائِز.

المِنْحَاز ۔ہاون۔اوکھلی۔

نَحَسَ (ف) نَحسًا و نَحُسَ (ک) نَحَاسَةً و نُحُوسَةً طالِعُ الْاِنْسَان: بدقسمت ہونا۔منحوس ہونا۔صفت نَحْسٌ و نَحِسٌ و مَنْحُوْس اور کہا جاتا ہے"يَوْمٌ نَحْسٌ و نَحِسٌ و نَاحِسٌ و نَحِيْسٌ و اَيَّامٌ نَوَاحِس و نَحْسَات و نَحِسَات" نامبارک دن۔

نَحَسَهٗ (ف) نَحسًا ظلم کرنا۔

اَنْحَسَتِ النَّارُ: آگ کا زیادہ دھوئیں والی ہونا۔

نَحَّسَ الْاَخْبَار: تجسس کرنا۔سن گن لینا۔

تَنَحَّسَ الرَجُلُ: بھوکا ہونا لِشُرْبِ الدَّوَاء: دوا پینے کے لیے بھوکا رہنا (واِسْتَنْحَسَ) الْاَخْبَار و عَنْهَا: تجسس کرنا اور حقیقت دریافت کرنا۔

تَنَاحَسَ و اِنْتَحَسَ فُلَانٌ: اوندھا گرنا۔

عَامٌ نَاحِسٌ ۔خشک سال ج نَوَاحِس.

النَحْسُ. مس نامبارک۔منحوس۔کہا جاتا ہے يَوْمُ نَحْسٌ و اَيَّامُ نَحْسٌ: نامبارک دن ج نُحُوس و اَنْحُس .النَحْس: مشقت و تکلیف ۔ایسا معاملہ جس کا کوئی حل نظر نہ آئے۔ٹھنڈی پچھوائی ہوا۔اطراف آسمان میں غبار۔النَحْسَان: زحل اور مریخ السَعْدَان: مشتری اور زہرہ۔

النُحَس ۔مہینہ کی انیسویں، بیسویں، اکیسویں رات جن کو ظلم بھی کہتے ہیں۔

النحاس .بتثليث النون: تانبا۔آگ۔ دھواں بغیر شعلہ کے ۔طبیعت ۔کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ النُحاس" وہ فیاض طبیعت کا ہے۔ہر چیز کا اصل۔چنگاری جو لوہے وغیرہ کو کوٹتے وقت جھڑے۔

النَحَّاس ۔ٹھٹھیرا۔تانبے کا کام کرنے والا۔

المَنَاحِس ۔نامبارک و منحوس چیزیں۔ باعث نحوست امور۔

نَحَصَتْ (ف) نُحُوْصًا النَاقَةُ. اُونٹنی کا بہت موٹا ہونا۔یا موٹائی کی وجہ سے حاملہ نہ ہونا ۔صفت نَحُوْص و نَحِيْص ۔ج نُحُص و نَحَائِص.

النُحْص ۔دامن کوہ المِنْحَاص: دبلی پتلی لمبی عورت۔

نَحَضَ (ف ض) نَحْضًا اللَحْمَ: گوشت اتارنا فُلَانًا: اصرار سے سوال کرنا العَظْمَ: ہڈی سے سب گوشت اتار لینا السِّنَانَ: بھالا تیز کرنا الدَهْرُ: نقصان پہنچانا۔

نَحَضَ (ف) نُحُوْضًا و نُحِضَ و اُنْتُحِضَ دُبلا ہونا۔کم گوشت والا ہونا۔صفت نَحِيْض و مَنْحُوْض.

نَحُضَ (ک) نَحَاضَةً ۔موٹا ہونا۔زیادہ گوشت والا ہونا ۔صفت نَحِيْضٌ و مَنْحُوْضٌ.

اِنْتَحَضَ الشَّيْئَ: بمعنی نَحَضَ الشَّيْئَ.

النَحْض. مس۔موٹا گوشت۔ج نِحَاض و نُحُوْض.

النَحْضَة. گوشت یا موٹے گوشت کا بڑا ٹکڑا۔

نَحَطَ (ض) نَحْطًا و نَحِيْطًا الفَرَسُ: گھوڑے کا تھکن سے ہنہنانا (نَحِيْطًا) لمبے لمبے سانس لینا (نَحْطًا) السَائِلَ: مانگنے والے کو سوال کے وقت جھڑک دینا۔

النَاحِط. فا۔سخت کھانسی والا۔

النَحْط والنُحَاط والنَحِيْط. سینے میں رونے کی دبی ہوئی آواز۔

النَحْطَة. اسم مرۃ۔اونٹ اور گھوڑوں کی ایک بیماری جو سینے میں ہوتی ہے اور جس سے بہت کم بچتے ہیں۔

المُنْحَطَة والمَنْحُوطَة. سینہ کی بیماری والا

اونٹ یا گھوڑا۔
النَّخاط: متکبر۔ مغرور۔
نحِفَ(س) و نَحُفَ(ک) نَحافۃً: لاغر ہونا یا خِلقۃً دُبلا ہونا۔ صفت نَحِفٌ ج نَحِفُوْن و نَحِیْفٌ ج نُحَفاء و نِحاف و مَنْحُوف۔
اَنْحفہٗ: لاغر کرنا۔ دُبلا کرنا۔
نَحَلَ(ف ن) و نَحِلَ(س) و نَحُلَ(ک) و نُحُوْلاً: بیماری یا تھکن سے دُبلا ہونا۔
نَحَلَ(ف) نَحْلاً الرَّجلَ: دینا الْمرْأۃَ: مہر دینا۔ اسم النِّحْلۃ نَحلاً القولَ: غلط بات منسوب کرنا زَیْدًا: گالی دینا ہٗ الْمرَضُ: لاغر کرنا۔
نُحِلَ الشَّاعِرُ قَصِیْدۃً: دوسرے کا قصیدہ منسوب کیا جانا۔
اَنْحلَ و نَحّلَ فُلانًا ماءً: دینا ہٗ مالاً: دینے کے لیے خاص کرنا۔ اَنْحلہ الھمُّ او الْمَرَضُ: غم یا بیماری کا کسی کو لاغر کرنا۔
اِنْتحلَ و تَنحّلَ مذھب کذا او قبیلۃ کذا: منسوب ہونا۔ اِنْتحلَ و تنحّل الشِّعْرَ او القوْلَ: دوسرے کے شعر یا قول کو اپنی طرف منسوب کرنا۔
النَّحْل: شہد کی مکھیاں۔ واحد نَحْلۃ۔
النُّحل: لاغر و دبلا۔ عطیہ۔ بخشش۔ نیا چاند۔ کہا جاتا ہے "اھلّۃ نُحلٌ"
النُّحل و النُّحلی و النُّحلان: عطیہ۔ ہبہ۔
النِّحلۃ و النُّحلۃ: عطیہ۔ ہبہ۔ عورت کو مہر دینا۔ دعوٰی۔ مذہب۔ دین۔ ج نِحل و نُحل۔ کہا جاتا ہے "ما نِحلتُك" یعنی تمہارا دین کیا ہے۔
النُّحل۔ النُّحلۃ: لاغری۔
النّاحل فا۔ باریک۔ کہا جاتا ہے "سیفٌ ناحلٌ" یعنی باریک تلوار۔ "وجملٌ ناحلٌ" یعنی لاغر اونٹ۔ ج نُحول (جیسے شاہد و شہود)
النّاحلۃ: النّاحل کا مؤنث۔ ج نواحل۔

النواحل: وہ تلواریں جن کی دھاریں کثرت استعمال سے پتلی ہو گئی ہوں۔
النَّحِیْل: دبلا۔ ج نَحْلی
نحمَ(ض) نحما و نحِیما و نحمانا الرَّجلُ: کھنکھارنا۔
الْاسدُ: شیر کا گونجنا۔
انتحم علی کذا و کذا: پختہ ارادہ کرنا۔
النُّحام: سرخ رنگ اور لمبی گردن اور ٹیڑھی چونچ والی مرغابی۔ واحد نُحامۃ۔
النحمۃ: کھانسی۔
النحیم: پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔
رجلٌ نحِمٌ: پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا مرد۔
النَّحّام: بہت پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا۔ شیر۔ بخیل۔
نحنُ: ہم۔ جمع متکلم کی ضمیر۔
نحنح و تنحنح الرَّجلُ: گلا صاف کرنا۔ کھنکھارنا۔ سینے سے آواز نکالنا۔ نحنح فُلانًا: بری طرح سے ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "ما انا بمنحنح النفس عن کذا" میرا جی اس سے خوش نہیں۔
النحانحۃ: بخیل و کمینے۔
نحا ینحو نحوا الشّیَ: قصد کرنا۔ نحا نحو فُلانٍ: پیروی کرنا۔ نحا بصرہٗ اِلَیْہِ: کسی کی طرف نگاہ پھیرنا الرَّجلُ: اپنی دو جانبوں میں سے ایک جانب جھکا ہوا ہونا فُلانًا عنہُ: پھیرنا۔ ہٹانا الشّیَ: جھکانا۔
نحّی تنحیۃً الرَّجلَ عن موضعہ: ہٹانا۔ معزول کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
ناحاہ مُناحاۃً: باہم ایک دوسرے کی جانب ہونا۔
انحی انحاءً: اعتماد کرنا۔ کسی جانب جھکنا علی فُلانٍ ضربًا: متوجہ ہونا بصرہٗ عنہُ: نگاہ پھیر لینا علیہ: اعتماد کرنا۔
انتحی انتحاءً الشّیَ و الرَّجلُ: قصد کرنا لہ: اعتماد کرنا اور جھکنا البعیرُ علی شقّہ الایسر: اونٹ کا بائیں جانب جھکنا۔
تنحّی عن موضعہ: جدا ہونا للشّیِ: اعتماد کرنا الرَّجلُ بکلام میں اعراب استعمال کرنا۔

النَّحْو: جانب۔ جہت۔ راستہ۔ مثل۔ مقدار۔ قصد و ارادہ۔ اور بطور ظرف و اسم مستعمل ہوتا ہے ج انحاء۔ و علم النحو: وہ علم جس میں کلمات عرب کے احوال مثل اعراب دینا و ترکیب و افراد سے بحث کی جائے اور اس علم کا نام علم نحو اس وجہ سے ہے کہ متکلم عرب کے طریقے پر چلتا ہے۔ ج انحاء و نُحُوٌّ اور تصغیر نُحَیٌّ جیسے دلْو و دُلیّۃ۔
النحوِیّ: علم نحو کا جاننے والا۔ ج نحویُّون۔
النّاحی فا۔ نحو کا جاننے والا۔ ج نُحاۃ
النّاحیۃ: جانب و جہت۔ ج ناحیات و نواحٍ و انحیۃ۔
نَحَی ینحی و ینحیٰ نحیًا۔ اللبنَ: دودھ بلونا۔ متھنا۔ مسکہ نکالنا الشّیَ: زائل کرنا بصرہٗ الیہ: نگاہ پھیرنا۔
نحاہ ینحیہ نحیًا: ایک گوشہ میں کرنا۔
انحی لہُ السِّلاحَ: ہتھیار سے مارنا علیہ بالسیف: تلوار کے ساتھ متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے انحی علیہ باللوائم وہ اس پر ملامت کے ساتھ متوجہ ہوا۔
نحّاہ تنحیۃ: زائل کرنا۔ جھکانا۔
تنحّی تنحّیًا: زائل ہونا۔ جھکنا۔
اِنتحی فی الْامْرِ: کوشش کرنا فی الشّیِ: اعتماد کرنا۔
النّحی و النِّحی و النُّحی: گھی کی مشک۔ دودھ بلونے کا برتن۔ چوڑے پھل کا تیر۔ ج انحاء و نِحاء و نُحِیٌّ
النحیۃ: ارادہ۔ نشانہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ نحیۃ الشّدائد" فلاں سختیوں کا نشانہ ہے۔
المنحاۃ: پانی بہنے کی پیچ دار جگہ۔ پانی لانے والے اونٹ کا راستہ۔ ج مناحٍ اھْلُ الْمنحاۃ: بیگانے لوگ۔
نخّ(ن) نخًّا: تیز چلنا۔ الْابلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا الابلَ و بالابلِ: اونٹ بٹھانے کے لیے اخ اخ یا نخ نخ کہنا۔
النّخّ سے: لمبا فرش۔ ج انخاخ

النخَة. اسم مرۃ۔ ہلکی بارش۔ کام کرنے والے بیل۔ باندی غلام۔ خبر جس کا سچ یا جھوٹ معلوم نہ ہو۔
النُخَة. کام کرنے والے بیل۔
النُخّ و النُخاخة. گودا۔ مغز۔
نَخَب (ن) نخبًا الشئَ: کھینچنا۔ عمدہ حصہ لینا۔ نخبت النملۃ: چیونٹی کا کاٹنا الصقرُ الصیدَ: باز کا شکار کے دل کو نکال لینا۔
نَخِب (س) نخبًا. بزدل ہونا۔ صفت نخب و نخَب و نِخب و نخِبٌ و انخب۔
انخب الرَجلُ: بزدل بچہ پیدا کرنا۔ بہادر بچہ پیدا کرنا۔
انتخب الشئ: کھینچ کر نکالنا۔ چننا۔
النخب. مص۔ بزدلی۔ دل کی کمزوری۔ بزدل۔ جام صحت۔ اور عوام کہتے ہیں "شرب سِرَہ او علی صحتِہ (والنخبۃ) دُبر۔
النخبۃ: بزدل۔
النُخبَة والنُخَبة. چنا ہوا۔ ج نخب.
النُخبَة. منتخب لوگ۔ دوست کے جام صحت کا پینا۔ پلانا۔ ج نُخبات. النُخبات: بزدل لوگ۔
النخیب ج نُخُب والمنخوب والینخوب بزدل۔ بے دِل۔ المنخوب: دُبلا کم گوشت والا و الینخوب: لمبا۔
النخاب. دِل کی جھلی۔
المَنخبة. حلقۂ دبر۔
المِنخاب. کمزور۔ ناکارہ۔ ج مَناخیب.
نخت (ن) نختا الطائرُ الشئَ پرندہ کا چونچ مارنا القولَ: انتہا تک پہنچانا لشجر: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔
نخج (ض) نخجا السَیلُ فی سند الوَادِی: سیلاب کا وادی کے بلند کناروں سے ٹکرانا الدلوَ وبالدلو فی البئر: ڈول کو بھر جانے کیلئے کنوئیں میں ہلانا الجاریۃ: جماع کرنا۔
استنخج الرَجلُ: سختی کے بعد نرم ہونا۔

النخیجة. باریک مکھن جو مشک سے رس کر نکلے۔
نَخَر (ض ن) نخرا و نخیرا الانسانُ او الدابۃ خراٹے لینا۔
نَخَر (ف) نخرا الحالبُ الناقۃَ: دوہنے کے لیے نتھنوں میں انگلی ڈال کر کھجلانا۔
نَخِر (س) نخرا العودُ او العظمُ و نخورۃ: لکڑی یا ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ ریزہ ریزہ ہونا۔ صفت ناخرۃ و نخِر۔
نخّرہ. بوسیدہ کرنا۔ گفتگو کرنا۔
النُخرۃ من الریح ہوا کا تیز بہاؤ (والنُخرۃ) ناک کا اگلا حصہ۔ ج نُخَر.
الناخر. فا۔ بوسیدہ۔ ریزہ ریزہ۔ حملہ کرنے والا سور۔ گدھا۔ اور بقول بعض گھوڑا۔ ج نُخُر. کہا جاتا ہے "ما بالدار ناخر" گھر میں کوئی نہیں۔
الناخرۃ. الناخر کا مؤنث۔ بوسیدہ ہڈیاں۔ گھوڑے یا گدھے۔
النَخّار. بہت خراٹے لینے والا۔
النَخوار. بزدل۔ کمزور۔ شریف۔ مغرور ج نخاورۃ.
المَنخر والمَنخِر والمِنخِر والمُنخُر والمُنخُور والمنخور. ناک۔ نتھنا۔ ج مَناخر و مناخیر.
النخور. اونٹنی کہ جب تک نتھنوں میں انگلی ڈال کر نہ کھجلائیں دودھ نہ دے۔
نَخَرب الشجرۃ: درخت میں سوراخ کرنا۔
النُخرُوب سوراخ۔ پتھر کا شگاف۔ ج نخاریب. نخاریب النحل: شہد کے چھتے کے خانے۔
نخزہ (ف) نخزا بالحدیدۃ: مارنا ہ بکلمۃ: تکلیف پہنچانا۔
نخس (ف ن) نخسا الدابۃ: جانور کے پہلو یا پچھلے حصہ پر لکڑی وغیرہ چبھو کر اکسانا بفلان: بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا البکرۃ: چرخی میں پچڑ لگانا۔

نخس لحمہ. کم ہونا البعیرُ اونٹ کی دم کے قریب خارش ہونا۔ صفت منخوس۔
تناخست الغنمُ: بھیڑ بکری کا سردی کی وجہ سے ایک دوسرے سے گرمی حاصل کرنا۔
الغُدرانُ: تالابوں کا ایک دوسرے میں پانی پہنچانا۔
الناخس. فا اونٹ کی دم کے قریب خارش (والنخوس) جوان پہاڑی بکرا۔
النخیس. چرخی کہ اس کا سوراخ چوڑا ہو گیا ہو تو پچڑ لگا کر تنگ کر دیا جائے۔
النخیسہ. بھیڑ بکری کا ملا ہوا دودھ۔ مکھن۔
النخاس. چرخی کے سوراخ کو تنگ کرنے کا پچڑ۔ نخاسا البیت: گھر یا خیمہ کے ستون۔
النخاسۃ. بمعنی نخاس (والنخاسۃ) غلاموں یا جانوروں کی بیع۔
النخّاس. بہت چبھونے والا۔ غلاموں اور جانوروں کی تجارت کرنے والا۔
المِنخس. آنکس۔ مہمیز۔ ج مناخس کہا جاتا ہے "ھو ابن نخسۃ" وہ حرامی بچہ ہے۔
نخشہ (ن) نخشا. برانگیختہ کرنا۔ تکلیف دینا الشئَ: حرکت دینا الدابۃ: جانور کو تیز ہانکنا۔ العودَ: لکڑی چھیلنا۔
نخش (ف) نخشا و نخش دبلا ہونا۔
نخِش (س) نخشا الشئُ کسی چیز کا نچلا حصہ بوسیدہ ہونا۔
النخش الی کذا: حرکت کرنا۔
تنخّش مص۔ مال کا ایک ٹکڑا۔
نخص (ف ن) نخصا الرجلُ: لاغر ہونا۔ جھریوں والا ہونا۔
نخصہٗ و انخصہ الکبر او المرض: لاغر کرنا۔ جھریوں والا ہونا۔
نَخِص (س) نخصا وانتخص لحمہ: کم گوشت ہونا۔
عجوزٌ ناخص جھریوں والی بڑھیا۔
نخط (ن) نخطا الیھم: اچانک آنا۔
المُخاط من انفہ: ناک سے رینٹ صاف

کرنا۔

نخط(ن) نخیطًا لفلان گالی دینا۔ عیب ظاہر کرنا علیہ تکبر کرنا۔

انتخطہ مشابہ ہونا۔ انتخط المخاط من انفہ ناک صاف کرنا۔

النخط و النخط لوگ۔ کہا جاتا ہے "ما ادری ای النخط ھو" میں نہیں جانتا کہ وہ کون آدمی ہے۔

النخط حرام مغز۔ بچہ دانی کی جھلی کا پانی۔

النخط بہادری کی وجہ سے نیزہ سے کھیلنے والے لوگ۔

نخع(ف) نخعًا الذبیحۃ ذبح کرنے میں چھری کو حرام مغز تک پہنچانا الامر علمًا: اچھی طرح سے آگاہ ہونا ہ الطاعۃ او النصیحۃ فرمانبرداری یا نصیحت یا خالص طریقے سے کرنا الرجل بینے یا ناک سے کسی چیز کو گرانا (نخوعًا) لہ بحقہ اقرار کرنا۔

نخع(س) نخعًا العود او النبات: لکڑی یا نباتات سے پانی نکلنا فلان بحقی: اقرار کرنا۔

تنخع الرجل: کھنکھارنا (انتخع) السحاب: سارا پانی برسا دینا۔ وانتخع الرجل عن ارضہ دور ہونا۔

النخاع بتثلیث النون: حرام مغز۔ ج نخع۔

النخاعۃ کھنکھار۔ بلغم۔

النخوع س۔ حق کا اقرار۔

الانخع اسم تفضیل۔ بمعنی اذل واقہر۔ بہت زیادہ ہلاک کرنے والا۔

المنخع گردن اور سر کا اندرونی جوڑ۔ حرام مغز کٹنے کی جگہ۔

نخف(ف ن) نخفًا و نخیفًا چھینکتے ہوئے آواز نکالنا (اور یہ بکری کے لیے خاص ہے)

انخف چھینکتے ہوئے بہت آواز نکالنا۔

النخفۃ پہاڑ کی چوٹی میں پست زمین۔

النخاف چرمی موزہ۔ ج انخفۃ۔

نخل(ن) نخلا الدقیق: آٹا چھاننا۔ بھوسی دور کرنا الشیئ چننا۔ صاف کرنا۔

النصیحۃ او الود لفلان سچی خیر خواہی یا خالص دوستی کرنا۔ (و نخس) السحاب الثلج بادل کا پتھر برسانا۔ برف گرانا۔

تنخل و انتخل الشیئ چننا۔ عمدہ لینا۔

النخل و النخیل کھجور کا درخت۔ واحد نخلۃ و نخیلۃ۔

النخلیات ایک تنے والے درخت جس کی شاخیں نہ ہوں۔

النخالۃ بھوسی جو چھلنی میں رہ جائے۔ غلہ جو چھانا جائے۔

النخیلۃ طبیعت۔ خالص خیر خواہی۔ ج نخائل۔ کہا جاتا ہے "لا یقبل اللہ الا نخائل القلوب" اللہ تعالی صرف خالص نیتوں کو قبول فرماتے ہیں۔

الناخل فا۔ کہا جاتا ہے "انہ ناخل الصدر" وہ خیر خواہ ہے و "نصیحۃ ناخلۃ" سچی خیر خواہی۔

النخال بہت کھجور کے درختوں والا۔ آٹا چھاننے والا۔

المنخل و المنخل چھلنی۔ ج مناخل۔

نخم(ن) نخما کھیلنا۔ عمدہ گانا۔ صفت ناخم۔

نخم(س) نخما و نخما و تنخم۔ کھنکھارنا۔ ناک صاف کرنا۔

نخم(س) نخما الرجل تھکنا۔

النخامۃ کھنکار۔ رینٹ۔ بلغم۔

النخمۃ اسم مرۃ۔ کھنکھار۔ رینٹ۔ خوبصورتی و زیبائی۔ بہادری۔ طمانچہ۔

نخنخ البعیر اونٹ کو بٹھانا نخنخ فلانًا: ڈانٹنا۔ ہٹانا۔ نخنخ الرجل: تیز چلنا۔

نخنخ بالابل اخ اخ کہہ کر ڈانٹنا تاکہ بیٹھ جائے۔

تنخنخ البعیر اونٹ کا بیٹھنا۔

نخا ینخو نخوۃ الرجل تعریف کرنا۔

نخی نخوۃ الرجل فخر کرنا۔ بڑا بننا۔

انخی انخاء کبر و غرور زیادہ ہونا۔

انتخی انتخاء علینا بڑا بننا۔ تکبر کرنا من کذا تنگ جانا۔

النخوۃ س۔ دلیری۔ مروت۔ بڑائی۔ کبر و غرور۔ فخر۔

ندّ(ض) ندًا و ندیدًا و ندودًا و ندادًا البعیر اونٹ کا بدک کر بھاگ جانا۔ کہا جاتا ہے ندت الکلمۃ شاذ ہونا۔ کم مستعمل ہونا۔

ندد الابل اونٹوں کو متفرق کرنا بالشیئ بدنام کرنا بفلان عیوب ظاہر کرنا۔ قبیح بات سنانا صوتہ آواز بلند کرنا۔

اندّ الابل اونٹوں کو متفرق کرنا۔

نادّہ منادّۃ مخالفت کرنا۔

تنادّ القوم باہم مخالفت کرنا۔ ایک دوسرے سے بدکنا۔ متفرق ہونا۔ تنادت الابل: اونٹوں کا بدک کر بھاگ جانا۔

النادّ فا۔ اور کہا جاتا ہے "لیس لھم نادّ" ان کیلئے رزق نہیں۔ ج نُدّاد۔

الندّ ٹیلہ۔ بلند پشتہ۔

الندّ مثل۔ کہا جاتا ہے "ما لہ ندّ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ ج انداد۔

الندید مثل و نظیر۔ ج ندداء۔ مؤنث ندیدۃ۔ ج ندائد۔ کہا جاتا ہے مالہ ندید اس کی کوئی نظیر نہیں۔

التناد س "یوم التنادّ و یوم التناد" دال کی تخفیف کے ساتھ بمعنی یوم قیامت۔ کہا جاتا ہے "ذھبوا انادید و تنادید" وہ لوگ ہر طرف پراگندہ ہوگئے۔

ندأہ(ف) ندأً خوف دلانا۔ ندأ اللحم: گوشت کو آگ میں دبانا الملۃ: بھوبھل بنانا علیھم: ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔

الندی آگ میں دبایا ہوا گوشت۔

الندی والندأۃ والنداۃ۔ آفتاب کے طلوع و غروب کے وقت بادلوں کی سرخی۔ قوس قزح۔ النداۃ والنداۃ: آفتاب کا دائرہ۔ چاند کا ہالہ۔ مال مویشیوں کی زیادتی و بہتات۔

النَّدَأَة والنُّدَاة. متفرق گھاس کا ایک حصہ۔ ج نُدَاءٌ۔

نَدَبَ (ن) نَدْبًا الْمَيِّتَ: میت پر رونا۔ میت کی خوبیاں شمار کرنا فُلَانًا اِلَى الْاَمْرِ او لِلْاَمْرِ: بلانا۔ برانگیختہ کرنا ہٗ اِلَى الْحَرْبِ: لڑائی کی جانب متوجہ کرنا۔ صفت فاعلی نَادِبٌ. صفت مفعولی مَنْدُوْبٌ اور اَمر کو مَنْدُوْبٌ اِلَيْهِ کہتے ہیں اور اسم النُّدْبَة.

نَدِبَ (س) نَدَبًا و نُدُوْبًا و نُدُوْبَةً الظَّهْرُ: پیٹھ پر زخم کا نشان ہونا۔ صفت ندیب (نَدَبًا و اَنْدَبَ) الْجُرْحُ: نشان زخم سخت ہونا۔ اَنْدَبَ فُلَانٌ نَفْسَهٗ و بِنَفْسِهٖ: خطرے میں ڈالنا۔ اَنْدَبَ الْجُرْحُ فُلَانًا: نشان ڈالنا بِظَهْرِهٖ و فِيْ ظَهْرِهٖ: نشان چھوڑنا۔

نَدُبَ (ک) نَدَابَةً الرَّجُلُ: زیرک ہونا۔ ہوشیار وچست ہونا۔

اِنْتَدَبَ لِفُلَانٍ: تردید کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَانْتَدَبَ لَهٗ فُلَانٌ" اس نے گفتگو کی اور فلاں نے اس کی تردید کی۔ اِنْتَدَبَ بِهٖ لِاَمْرٍ بلاوے پر جواب دینا اور کہتے ہیں "خُذْ مَا انْتَدَبَ" یعنی لو جو آسان ہو۔

النَّدْبُ. س۔ فضائل کی طرف سبقت کرنے والا۔ شریف دانا۔ مرد کم حاجت۔ ج نُدُوْب و نُدَبَاء. فَرَسٌ نَدْبٌ: تیز گھوڑا۔

النَّدَبُ. س۔ نشان زخم۔ ج نُدُوْب. گھوڑ دوڑ یا تیر بازی کی شرط کہ جو غالب ہو لے لے۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْتُ نَدَبًا" یعنی تیز تیز پھینکنے والی کمان چلائی۔ ج اَنْدَاب.

النَّدْبَة. اسم مرۃ۔ مؤنث النَّدْب (والنَّدَبَة) نشان زخم جو جسم پر باقی رہ جائے۔ ج نَدَبٌ جج نُدُوْب و اَنْدَاب.

النُّدْبَة. میت کے محاسن و فضائل بیان کرنا اور کہا جاتا ہے کہ "عَرَبِيٌّ نُدْبَةٌ" یعنی فصیح عربی۔

الْمَنْدَبُ. میت پر رونا۔ ج مَنَادِب.

الْمِنْدَبِيُّ: مرد کم حاجت۔

نَدَحَ (ف) نَدْحًا الشَّيْءَ: کشادہ کرنا۔

نَادَحَهٗ. کسی سے کسی چیز کے زیادہ ہونے میں مقابلہ کرنا۔

تَنَدَّحَتْ و انْتَدَحَتِ الْغَنَمُ فِيْ مَرَابِضِهَا او مَسَارِحِهَا: بکریوں کا بیٹھنے کی جگہ یا چراگاہ میں منتشر ہونا۔ متفرق ہونا۔ و تندحت پری شکم سے پھولنا۔

النَّدْحُ والنُّدْحُ. کشادگی۔ کثرت۔ پہاڑ کا کنارہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَنْدَاح.

النَّدْحُ والنُّدْحُ والنَّدْحَة و النُّدْحَة. کشادہ زمین۔

النِّدْحُ. بوجھ۔ چیز جس کو تم دور سے دیکھو۔

الْمَنْدُوْحَة والْمُنْتَدَحُ. کشادگی۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ مَنْدُوْحَةٌ او مُنْتَدَحٌ" تم کو اس کام میں آزادی ہے اور تم کو اس کا چھوڑنا ممکن ہے "وَلَكَ مُنْتَدَحٌ فِي الْبِلَادِ" تمہارے لیے ملکوں میں گنجائش ہے اَرْضٌ مَنْدُوْحَةٌ: دور کی کشادہ زمین۔

الْمَنَادِحُ. دُور کی کشادہ زمین۔

نَدَخَهٗ (ف) نَدْخًا. ٹکرا دینا۔ سمندر کا مسافر کہتا ہے "اَنْدَخْنَا الْمَرْكَبَ سَاحِلَ كَذَا" ہم نے جہاز کو فلاں ساحل سے ٹکرا دیا۔

تَنَدَّخَ الرَّجُلُ: بڑ ہانکنا۔

الْاَنْدَخُ. بیوقوف غبی کم بولنے والا۔

الْمِنْدَخُ. بری بات کہنے اور سننے میں لاپرواہ۔

نَدَرَ (ن) نَدْرًا و نُدُوْرًا. الشَّيْءُ: نادر ہونا۔ کسی چیز میں سے گر کر نمایاں ہونا مِنْ مَوْضِعِهٖ: زائل ہونا فُلَانٌ مِنْ قَوْمِهٖ: نکل جانا الشَّجَرَةُ: پتیاں نکلنا یا سبز ہونا الشَّيْءَ: تجربہ کرنا النَّبَاتُ: پتوں والی ہونا الرَّجُلُ: مرنا الرَّجُلُ فِيْ فَضْلٍ او عِلْمٍ: فضیلت یا علم میں بڑھ جانا۔

نَدُرَ (ک) نَدَارَةً الْكَلَامُ: فصیح ہونا۔ عمدہ ہونا۔ عجیب و غریب ہونا۔

اَنْدَرَ. نادر قول یا فعل کرنا الشَّيْءَ: گرانا الْعَظْمَ: جگہ سے ہٹانا۔

تَنَادَرَ عَلَيْنَا: نوادر بیان کرنا۔ و تَنَادَرُوْا الشَّيْءَ: گرانا۔

اِسْتَنْدَرَهٗ. نادر سمجھنا الْقَوْمُ اَثَرَهٗ: پیچھے جانا۔

النَّدْرُ. نادر۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ نَدْرٌ" نادر چیز یہ وصف بالمصدر ہے۔

النَّدْرَة. چاندی یا سونے کا ٹکڑا جو کان میں پایا جائے (والنُّدْرَة) کمی۔ کمیابی۔ کہا جاتا ہے "لَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ اِلَّا نَدْرَةً وَفِي النُّدْرَةِ" یعنی یہ بہت کم ہے۔

النَّادِرُ. فَا مِنَ الْكَلِمِ: کمیاب۔ شاذ و مخالف قیاس مِنَ الْجَبَلِ: پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔

النَّادِرَة. النَّادِرُ کا مؤنث۔ ج نَوَادِر.

نَوَادِرُ الْكَلَامِ: عجیب کلام۔ شاذ۔ فصیح و عمدہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَادِرَةُ الزَّمَانِ" وہ یکتائے زمانہ ہے۔

النَّدَرَى. نادر کمیاب اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ نَدَرَى وَفِيْ نَدَرَى والنَّدَرَى وفِي النَّدَرَى" یعنی میں نے اس سے گاہے ماہے ملاقات کی۔

الْاَنْدَرُ. گیہوں کا کھلیان۔ کھلیان۔ ج اَنَادِر.

الْاَنْدَرِيُّ. موٹی سی۔

نَدَسَهٗ (ن) نَدْسًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ ہٗ بِكَلِمَةٍ: کسی کے متعلق کوئی کلمہ کہہ دینا۔ نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ہٗ عَنِ الطَّرِيْقِ: راستہ سے ہٹانا عَلَيْهِ الظَّنَّ: بدگمانی کرنا الْاَرْضَ بِرِجْلِهٖ: زمین پر پاؤں پٹکنا۔

نَدِسَ (س) نَدَسًا الْغُلَامُ: سمجھدار و زیرک ہونا۔ صفت نَدْسٌ و نَدِسٌ و نَدُسٌ.

نَادَسَهٗ. ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

تَنَدَّسَ. گر پڑنا۔ پچھڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ فَتَنَدَّسَ" اس نے اس کو زمین پر پٹک دیا اور وہ گر گیا مَاءُ الْبِئْرِ: کنوئیں کے پانی کا بہنا الرَّجُلُ الْاَخْبَارَ و عَنِ الْاَخْبَارِ: خبروں کی جستجو کرنا تاکہ دوسروں سے مخفی خبر معلوم ہو جائے۔

تَنَادَسَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا۔

النَدْس مص۔ پست آواز۔ پست آواز کو تیز سننے والا۔ سمجھ دار۔
النَدَس سمجھ وزیرکی۔
رِمَاحٌ نَوَادِس لگنے والے نیزے۔ زخم کرنے والے نیزے۔
المِنْدَاس مِنَ النِّسَاءِ ہلکی پھلکی سمجھ دار عورت۔
المَنْدُوسَة گبریلا۔
نَدَشَ(ض) نَدْشًا و نَدَشًا عَنِ الشَّیْ: کھود کرید کرنا الْقُطْنَ روئی دُھنا۔
نَدَصَ(ن) نَدْصًا و نُدُوصًا الشَّیْ مِنَ الشَّیْ نکل جانا الرَّجُلُ جلدی سے نکلنا عَلی القَوْمِ مکروہ چیز کے ساتھ ظاہر ہونا القَوْمَ: لوگوں کے ساتھ شرارت کرنا (نُدُوْصًا) عَیْنُہٗ گلا گھونٹے ہوئے کی مانند آنکھیں باہر کو نکل پڑنا۔
نَدِصَت(س) نَدَصًا الْبَثْرَۃُ: پھنسی سے دبانے کی وجہ سے خون نکلنا۔
اَنْدَصَ واسْتَنْدَصَ حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ: حق وصول کرنا۔ حاصل کرنا۔
المِنْدَاص قوم کے ساتھ ہمیشہ بدی و شرارت کرنے والا۔ ج مَنَادِیْص۔
اِمْرَأَةٌ مِنْدَاصٌ و نُدُصَةٌ بیوقوف بدزبان عورت۔ خفیف العقل عورت۔
نَدَغَہٗ(ف) نَدْغًا نگلی چبھونا۔ ہٗ بِالرُّمحِ او الکَلامِ نیزہ مارنا۔ بُرا کہنا الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔ نَدَغَتْهُ الْعَقْرَبُ بچھو کا ڈسنا۔
نُدِغَ الصَّبِیُّ گدگدایا جانا۔
نَدَّغَ الْعَجِیْنَ: گوندھے ہوئے آٹے پر خشک آٹا ڈالنا۔
نَادَغَہٗ باہم عشق بازی کرنا۔
اَنْدَغَ بہ بُرا سلوک کرنا۔
اِنْتَدَغَ آہستہ ہنسنا۔
النَدْغ والنِدْغ جنگلی صعتر۔ النَدْغ شہد۔
النُدْغَة والمِنْدَغة ناخن کی جڑ کی سفیدی۔
المِنْدَغ نیزہ باز۔ کلام سے تکلیف پہنچانے والا۔

نَدَفَ(ض) نَدْفًا القُطْنَ روئی دُھنا۔ بالْعُوْدِ او السِرْهِرِ بربط یا سارنگی بجانا الطَّعَامَ کھانا الدابۃ: چوپایہ کو تیز ہانکنا۔
تَدَفَتِ السَّمَاءُ بالثَّلْجِ: آسمان کا برف برسانا۔
نَدَفَتْ(ض) نَدْفًا و نَدِیْفًا و نَدَفَانًا الدَابَّةُ: رفتار میں تیزی سے دونوں اگلی ٹانگوں کو پھرانا۔
اَنْدَفَ بربط کی آواز کی طرف مائل ہونا۔ الدَابَّةَ: چوپایہ کو تیز ہانکنا الْكَلْبَ: کتے کو پلانا۔
نَدَّفَ تَنْدِیْفًا الْقُطْنَ: روئی دھنا۔
النُدْفه تھوڑا سا دودھ۔
النَدَّاف دھنیا۔ بربط نواز۔ بہت کھانے والا۔
النِدَافة روئی دھننے کا پیشہ۔
النَدِیْف من الْقُطْنِ دھنی ہوئی روئی۔
المِنْدَف والمِنْدَفة روئی دھننے کی کمان۔
نَدَلَ(ن) نَدْلًا الشَّیْ جلدی سے اچک لینا۔ منتقل کرنا الدلوَ مِنَ الْبِئْرِ: کنوئیں سے ڈھول کھینچنا بسلْحہٖ پاخانہ کرنا۔
نَدِلَت(س) نَدلًا یَدُہٗ ہاتھ کا میلا کچیلا ہونا۔
تَنَدَّلَ و تَمَنْدَلَ بالمِنْدِیْلِ رومال سے پونچھنا۔ سر پر رومال لپیٹنا۔
اِنْتَدَلَ المالَ برداشت کرنا۔
النَدْل مص۔ میل کچیل۔
النُدُل کھانا کھلانے والے خدام۔
المَنْدَل چرمی موزہ۔ عود۔ ج منادل۔
المِنْدَل والمَنْدِیل والمِنْدِیل رومال۔ ج مَنَادِل و مَنَادِیْل۔ المَنْدَل: اُچک لینے والا۔ وہ شخص جو دونوں ہاتھوں سے چلو لے۔
نَدِمَ(س) نَدَمًا و نَدَامَة و تَنَدَّمَ عَلی مَا فَعَلَ پشیمان کرنا۔
اَنْدَمَہٗ پشیمان کرنا۔
نَادَمَہٗ نِدامًا و مُنَادَمَةً علی الشَّراب ہم نشین ہونا۔

تنادم القَوْمُ علی الشَّرابِ: ہم نشینی کرنا۔
اِنْتَدَمَ الْاَمْرُ آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ ما اِنْتَدَمَ" لو جو آسان ہو۔
النادِم پشیمان۔ شرمندہ۔ ج نادِمُوْن و نُدَّام۔
النَدْمَان پشیمان و شرمندہ۔ ج نَدامیٰ و نِدَام (مثل مفرد) مؤنث نَدْمَانَةٌ و نَدْمیٰ۔
النَدْمَان: مجلس شراب کا ہم نشین۔
النَدْم تیز طبیعت۔ زیرک۔
النَدَم مص۔ نشان۔
النَدِیْم والنَدِیْمَة مجلس شراب کا ساتھی۔ رفیق وساتھی۔ ج نِدَامٌ و نُدَمَاء و نَدْمَان۔
المَنْدَم پشیمانی۔
المَنْدَمَة باعث پشیمانی۔
ندہ(ف) نَدْهًا الرَّجُلَ: آواز دینا الرَّجُلَ ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا الابِلَ: اکٹھا ہانکنا۔
اِنْتَدَہَ و اسْتَنْدَہَ الْاَمْرُ درست ہونا۔
النَدْهَة والنُدْهَة بہت مویشی۔ النَدْهَة: آواز۔
النوادِہ دھمکیاں۔
نَدَا یَنْدُو نَدْوًا القَوْمُ جمع ہونا اور مجلس میں حاضر ہونا القَوْمَ: مجلس میں جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما یَنْدُوْهُم النادی" مجلس میں ان کیلئے گنجائش نہیں الرَّجُلَ: بخشش کرنا۔ جدا ہونا الشَّیْ متفرق ہونا۔
ندی یَنْدی ندی و نداوۃ و نُدُوَۃ الشَّیْ: تر ہونا۔ الْاَرْضُ: تری پہنچنا۔ الصَّوْتُ دور کی ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "ما نَدِیْتُ بشَیْ مِنْ فُلَان" میں نے فلاں سے کچھ حاصل نہیں کیا۔ و "رمیْتُ بصری فلَمْ یَنْدَلِیْ شَیْ" میں نے نگاہ ڈالی میرے لیے کوئی چیز متحرک نہیں ہوئی "وما نَدِیَنِیْ مِنْ فُلَان شَیْ اَکْرَهه" فلاں سے مجھ کو ایسی چیز نہیں پہنچی جس کو میں ناپسند کرتا ہوں و "لَمْ یَنْدَ مِنْهُمْ نَادٍ" یعنی ان میں سے کوئی باقی

نہیں رہا۔
نَدَّی تَنْدِیَۃً الشَّیَٔ تر کرنا الفرسَ: گھوڑے کو پلانا۔ پسینہ آنے تک دوڑانا۔
نَادَی مُنَادَاۃً و نِدَاءً الرَّجُلَ و بالرَّجُلِ پکارنا فُلَانًا مجلس میں ہم نشین ہونا۔ مفاخرت کرنا۔ نَادَیٰ بِسِرِّہٖ بھید ظاہر کرنا الشَّیَٔ: دیکھنا اور جاننا فُلَانًا: مشورہ کرنا النَّبْتُ: نباتات کا ظاہر ہونا اور گنجان ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَادَی الطَّرِیْقُ لِفُلَانٍ و نَادَاہُ" یعنی فلاں کیلئے راستہ ظاہر ہو گیا۔
اَنْدَی اِنْدَاءً الرَّجُلُ بہت داد و دہش والا ہونا۔ سخی ہونا۔ صاحب فضل ہونا الشیءَ تر کرنا الکَلَامُ: بد انجامی کے خوف سے کہنے والے یا سننے والے کو پسینہ لانا۔
تَنَدَّی الرَّجُلُ: سخی ہونا۔ مہربان ہونا۔ سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتّٰی تَنَدَّی" اس نے پیا یہاں تک کہ سیراب ہو گیا المَکَانُ: گیلا ہونا۔
تَنَادَی القَوْمُ: ایک دوسرے کو پکارنا (وانْتَدَی) القَوْمُ: مجلس میں جمع ہونا۔ و انْتَدَی الرَّجُلُ: مجلس میں حاضر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما انْتَدَیْتُ مِنْہُ شَیْئًا" میں نے اس سے کوئی خیر حاصل نہیں کی۔
النَدَی۔ س۔ بارش۔ سبز گھاس۔ شبنم۔ تر مٹی۔ بخور کے مانند ایک چیز جس سے خوشبودار کرتے ہیں۔ انتہا۔ بخشش۔ فضل و خیر۔ چربی۔ ج اَنْدَاء و اَنْدِیَۃ۔
النِدَاء و النُدَاء۔ پکار۔ آواز۔
النَدْوَۃ۔ اسم مرۃ۔ جماعت۔ مجلس۔ دَارُ النَّدْوَۃ: مجلس مشورہ۔ النَدْوَۃ: بخشش۔ مشورہ۔
النُدْوَۃ۔ اونٹوں کے پانی پینے کی جگہ۔
النَدِیّ و النَدَیٰ۔ گیلا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَدِیُّ الکَفِّ و نَدَی الکَفِّ" فلاں فیاض و سخی ہے مؤنث نَدِیَۃٌ و نَدِیَّۃٌ۔ النَدِیّ۔ مجلس۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ نَدِیُّ الصَّوْتِ" وہ بلند آواز ہے۔

النَدْیان گیلا۔
النَادِی فا۔ مجلس جب تک کہ لوگ اس میں موجود رہیں۔ ج اَنْدِیَۃ و نَوَادٍ وج اَنْدِیَات۔
النَادِیَۃ۔ النادی کا مؤنث ج نَادِیَات و نَوَادٍ و نَادِیَاتُ الشَّیِٔ چیز کے اوائل۔ و نَوَادِی الدَّھْرِ حوادث زمانہ۔ النَوَادِی: گوشے۔ متفرق اونٹنیاں نَخْلٌ نَادِیَۃٌ پانی سے دور کھجور کے درخت۔
الاَنْدَی۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَنْدَی مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے زیادہ فیاض ہے "وَھُوَ اَنْدَی صَوْتًا مِنْہُ" وہ اس سے زیادہ بلند آواز ہے۔
التَنَادِی۔ س۔ یَوْمُ التَّنَادِ یوم قیامت۔
التَنْدِیَۃ۔ س۔ تَنْدِیَۃُ الخَیْلِ: گھوڑوں کو چھریرا بنانا اور دوڑانا یہاں تک کہ پسینہ آ جائے اور ڈھیلا پن جاتا رہے۔
المَنْدَی۔ گھوڑوں کو چھریرا بنانے اور دوڑانے کی جگہ۔
المُنْدِیَۃ۔ ایسا کلمہ جو حیا کی وجہ سے پیشانی کو پسینہ آلود کر دے۔ ج مُنْدِیَات۔
المُنْتَدَی۔ مجلس۔
نَذَّ (ن) نَذِیْذًا۔ رینٹ یا کھنکھار نکلنا۔ پیشاب کرنا۔
النَذِیْذ۔ س۔ رینٹ۔ کھنکھار۔ تھوک۔
نَذَخَ (ف) نَذْخًا و اَنْذَخَ البَعِیْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔
نَذَرَ (ن ض) نَذْرًا و نُذُوْرًا۔ نذر ماننا۔ غیر واجب کو اپنے اوپر واجب کرنا جیسے کہا جاتا ہے "نَذَرَ مَالَہٗ" و "نَذَرَ عَلٰی نَفْسِہٖ لِلّٰہِ مِنَ المَالِ کَذَا" و نَذَرَ الجَیْشُ فُلَانًا: فوج کا کسی کو دیدبان بنانا۔ الاَبُ الوَلَدَ: خادم کلیسا بنانا۔
نَذِرَ (س) نَذْرًا بِہٖ: جاننا اور چوکنا ہونا اور تیاری کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَذِرُوْا بِالعَدُوِّ" وہ دشمن سے واقف ہو کر چوکنا ہو گئے۔
اَنْذَرَہٗ بِالاَمْرِ اِنْذَارًا و نَذِیْرًا و نُذْرًا و نُذُرًا و نُذُرًا جتلانا اور انجام سے ڈرانا۔ (چار آخر کے مصدر غیر قیاسی ہیں۔)
تَنَاذَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ڈرانا۔ تَنَاذَرُوْا العَدُوَّ: دشمن سے ایک دوسرے کو خوف دلانا۔
اِنْتَذَرَ عَلٰی نَفْسِہٖ کَذَا واجب کرنا۔
اَلنَذْر۔ س۔ تاوانِ زخم۔ کہا جاتا ہے "قَضٰی بِالنَّذْرِ" اس نے تاوان زخم ادا کیا۔ ہر وہ چیز جو اللہ کے لیے مانی جائے۔ ج نُذُوْر۔
النُذْرَی و النُذُر و النذارۃ ڈرانا۔
النَاذِر۔ فا۔ "فُلَانٌ نَاذِرٌ اِلَیَّ بِعَیْنِہٖ مُنْذِرٌ" فلاں میری طرف تیز نظر سے گھور رہا ہے۔
النَذِیْر۔ س۔ اسم بمعنی انذار۔ ڈرانے والا قاصد۔ بڑھاپا۔ اس لیے کہ قرب موت سے ڈراتا ہے۔ ج نُذُر۔
النَذِیْرَۃ۔ نذر میں جو دیا جائے۔ دیدبان۔ ڈرانا۔ ج نَذَائِر۔
المُنْذِر۔ فا۔ ڈرانے والا۔ اَبُو المُنْذِر مرغ کی کنیت۔ اِبْنُ المُنْذِر: حیرہ کے ایک بادشاہ کی کنیت جس کا نام نعمان تھا۔
المنَاذِرۃ۔ شاہان حیرہ۔
المُتَنَاذِر۔ فا۔ شیر۔
نَذَعَ (ف) نَذْعًا المَاءُ او العَرَقُ: پانی ٹپکنا۔ پسینہ نکلنا۔
النَذْعَۃ۔ پانی وغیرہ کا قطرہ۔
نَذُلَ (ک) نذالۃ و نُذُوْلَۃ۔ خسیس و حقیر ہونا۔ دین یا حسب میں کمتر درجہ کا ہونا۔ صفت نَذْلٌ ج اَنْذَال و نُذُوْل۔ و نَذِیْل۔ ج نُذَلَاء و نِذَال۔
النَرْجِس و النِرْجِس۔ نرگس۔ واحد نَرْجِسَۃ (دخیل)
النَارَجِیْل و النَارْجِیْل۔ ناریل واحد نَارَجِیْلَۃ اور اسی سے ہے النَارَجِیْلَۃ بمعنی گڑگڑی حقہ۔ عوام اَرْکِیْلَۃ کہتے ہیں۔
النَرْد۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا تھیلا جس کا نچلا حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا کھیل جس کو ار

شیر بن بابک شاہ ایران نے ایجاد کیا تھا۔
النَّرْدِیْن والنَّارْدِیْن. ایک خوشبودار پودہ۔ سنبل رومی۔
النَّرنْج والنَّارنْج. لیموں۔
نَزَّ (ض) نَزًّا و نَزِیْزًا و اَنَزَّ الْمَکانُ: بہت چشموں والی جگہ ہونا۔ کثرت سے پانی رسنے والی جگہ ہونا۔ کثرت سے سوتا ہونا۔ نَزَّ الْوَتَرُ: تیر پھینکتے وقت تانت کا حرکت کرنا۔ نَزَّ فُلانٌ عَنِّیْ: دور ہونا اور اکیلا ہونا (نَزِیْزًا) الظَّبْیُ: ہرن کا دوڑنا۔ آواز نکالنا۔ اَنَزَّ الشَّیْئُ: سخت ہونا۔
نَزَّزَ فُلانًا عَنْ کَذا. پاک کرنا۔ دور کرنا۔
نَزَّزَتِ الظَّبْیَۃُ وَلَدَھَا: پرورش کرنا۔
نَازَّہٗ مُنازَّۃً. خطاب میں باہم مقابلہ کرنا۔
النِّزُّ والنَّزُّ. زمین سے رس کر بہنے والا پانی۔ سوتا۔ ج نُزُوْز. النَّزُّ والنِّزُّ: خوش طبع۔ تیز فہم۔ جو ایک جگہ قرار سے نہ رہے۔ اور کہا جاتا ہے مَکانٌ نَزٌّ رس کر پانی بہنے کی جگہ و "رَجُلٌ نِزُّ شَرٍّ" برائی کے ساتھ لازم رہنے والا مرد۔
النَّزَّۃُ. اسم مرۃ۔ زبردست خواہش۔
اَرْضٌ نَزَّۃٌ رس کر پانی بہنے کی زمین۔ نَاقَۃٌ نَزَّۃٌ سبک اونٹنی۔
النِزاز. جھگڑا کرنا۔ مقابلہ کے طور پر کسی چیز کی رغبت کرنا۔ باہم چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ نِزَازُ شَرٍّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔
النَّزَّاز. اسم مبالغہ۔
النَّزِیْز. مص۔ ہلکا پھلکا۔ کثیر الحرکت خوش طبع۔ خواہش مند۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ نَزِیْزُ شَرٍّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔
المِنَزّ. بہت حرکت کرنے والا۔ گہوارہ۔ کہا جاتا ہے "الصَّبِیُّ فِی الْمِنَزِّ" بچہ گہوارے میں ہے۔
نَزَأَ (ف) نَزْءًا و نُزُوْءًا بَیْنَ الْقَوْمِ: برانگیختہ کرنا اور فساد ڈالنا (نَزْأً) عَلٰی فُلانٍ: حملہ کرنا فُلانًا عَلَیْہِ: اکسانا، برانگیختہ کرنا ہٗ عَنْ کَذا: رد کرنا۔ ہٹا دینا۔

نُزِئَ بِکَذا: شیفتہ ہونا۔ صفت مفعولی مَنْزُوْءٌ بِہٖ.
رَجُلٌ نَزّاءٌ. بہت شیفتہ و فریفتہ۔
النِزِئُ. چھوٹی مشک۔
نَزَبَ (ض) نَزْبًا و نُزابًا و نَزِیْبًا. الظَّبْیُ: ہرن کا آواز نکالنا۔
تَنازَبُوْا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔
النَّزْب. لقب۔ ج اَنْزاب.
النَّیْزَب. نر ہرن۔ بیل۔
نَزَجَ (ن) نَزْجًا الْغُلامُ: لڑکے کا ناچنا۔
نَزَحَ (ف) نَزْحًا و نُزُوْحًا دور ہونا۔
نَزَحَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں میں بہت کم پانی ہونا یا ختم ہونا۔ صفت نَازِح و نَزُوْح و نَزَح. کہا جاتا ہے "ماءٌ لا یَنْزَحُ" پانی جو ختم نہ ہو (و اَنْزَحَ) الْبِئْرَ: پانی نکالنا یہاں تک کہ بہت کم ہو جائے یا ختم ہو جائے۔
الْقَوْمُ: کم پانی کے کنوئیں والے ہونا۔
نُزِحَ بِفُلانٍ: اپنے وطن سے بہت دور چلا جانا۔
اِنْتَزَحَ عَنْ دِیارِہٖ: اپنے وطن سے دور ہونا۔
تَنازَحَ. دور ہونا۔
النَّزْح. گدلا پانی۔ کنواں جس کا زیادہ یا تمام پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج اَنْزاح.
النَّازِح والنَّزِیْح والنَّزُوْح دور۔
الْمُنْتَزَح. دوری۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ بِمُنْتَزَحٍ مِنْ کَذا" وہ اس سے دوری پر ہے۔
قَوْمٌ مَنازِیْح. اپنے وطن سے دور لوگ۔
المِنْزَحۃ. ڈول یا اس کے مانند کوئی چیز جس سے پانی نکالیں۔ ج مَنازِح.
نَزَرَہٗ (ن) نَزْرًا. سوال کرنے میں اصرار کرنا۔ جلدی کرنا۔ نَزَرَ الشَّیَ کم سمجھنا فُلانًا: حکم دینا۔ حقیر سمجھنا۔ کسی کے پاس جو کچھ ہو اس کو تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا الشَّرابُ فُلانًا: [illegible] کر دینا۔
نَزُرَ (ک) نَزْرًا و نُزْرۃ و نَزارًا و نَزارۃً

و نُزُوْرۃً. کم ہونا (نَزارۃً) الرَّجُلُ: بے برکت ہونا النَّاقَۃُ: کم دودھ والی ہونا۔
نَزَّرَ و اَنْزَرَ الْعَطاءَ: کم دینا۔
تَنَزَّرَ الشَّیْئُ: کم ہونا۔ تَنَزَّرَ مِنَ الشَّیْئِ: کم لینا۔
النَّزْر والنَّزِیْر. بہت کم۔ نَزِیْر کی جمع نُزُر.
رَجُلٌ نَزْرٌ. بے برکت مرد۔ النَّزْرُ: اونٹنی کے تھن کا ورم۔ اور کہا جاتا ہے "ما جِئْتَ اِلّا نَزْرًا" تم بہت تاخیر سے آئے۔
النَّزِرۃ والنَّزُوْر. مِنَ النِّساءِ: کم بچہ یا کم دودھ والی عورت۔ النَّزُوْر: کم بولنے والا۔ ہر تھوڑی چیز۔ ج نُزُر.
المَنْزُوْر. بہت کم۔ اور کہا جاتا ہے "اَعْطاہُ عَطاءً مَنْزُوْرًا" اس نے اس کو ایسا عطیہ دیا جس میں بہت اصرار کرنا پڑا "وَعَطاءٌ غَیْرُ مَنْزُوْرٍ" اور ایسا عطیہ جس میں اصرار کرنا نہ پڑے۔
نَزَعَ (ض) نَزْعًا الشَّیَ مِنْ مَکانِہٖ: اکھیڑنا الْاَمِیْرُ الْعامِلَ: معزول کرنا بِالسَّھْمِ: تیر پھینکنا فِی الْقَوْسِ: کمان کھینچنا عَنِ الْقَوْسِ: کمان سے پھینکنا الدَّلْوَ و بِالدَّلْوِ: کھینچنا۔ ڈول نکالنا یَدَہٗ: گریبان سے نکالنا الشَّمْسُ: آفتاب کا مغرب کی طرف جانا الْمَرِیْضُ: بیمار کا قریب الموت ہونا۔
نَزَعَ (ض) نُزُوْعًا عَنْ کَذا: رکنا۔ باز رہنا الْوَلَدُ اَباہُ و اِلٰی اَبِیْہِ: مشابہ ہونا۔
نَزَعَ (ف) نَزْعًا مَعْنًی جَیِّدًا: عمدہ معنی نکالنا۔
نَزَعَ (ف) نِزاعًا و نُزُوْعًا اِلٰی اَھْلِہٖ: مشتاق ہونا (نِزاعًا) اِلَی الشَّیْئِ: جانا۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ نَزْعَۃٌ اِلٰی کَذا" اس کو فلاں چیز کی طرف میلان ہے۔
بِفُلانٍ اِلٰی کَذا: بلانا۔ دعوت دینا۔
نَزِعَ (س) نَزَعًا. کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔ صفت اَنْزَع. مؤنث نَزْعاءُ [illegible] نہیں بلکہ اَنْزَع کی مؤنث زَعْراءُ ہے)
نازَعَ نِزاعًا الْمَرِیْضُ: بیمار کا قریب الموت

ہونا۔نازعه نِزاعًا و مُنازعۃ: جھگڑا کرنا۔
نازَعۃُ الثَّوْبَ: کپڑے سے کھینچنا۔ اور اسی سے ہے "اَرْضِیْ تَنازِعُ اَرْضکُمْ" یعنی میری زمین تمہاری زمین سے متصل ہے۔
نازَع اِلی اَهْلِه: مشتاق ہونا۔نَازَّنَا: مصافحہ کرنا۔الکاسَ: پیالہ دینا۔
نَزَّع الشَّیَٔ مِنْ مَکانِه: اکھیڑنا۔
اَنْزَع الرَّجُلُ: کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔
تَنَزَّعَ اِلَیْه: دوڑ کر جانا۔
تَنازَعَ القَوْمُ: اختلاف کرنا۔ تَنازَعُوْا الشَّیَٔ: باہم کھینچنا۔الکاسَ: پیالہ دینا۔فِی الشَّیٔ: جھگڑا کرنا۔
اِنْتَزَع الشَّیُٔ: اُکھڑنا۔الشَّیَٔ: اکھیڑنا۔رکنا۔ باز رہنا۔اِنْتَزَعَ بِالشِّعْرِ او الآیَة: شعر یا آیت کو بطور شاہد و مثال کے پیش کرنا اور کوئی شخص عمدہ معنی پیش کرے تو کہا جاتا ہے "قَدِ انْتَزَعَ مَعْنًی جَیِّدًا۔"
اِسْتَنْزَعَهُ عَنِ الشَّیِٔ: رُک جانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "رَآهُ مُکِبًّا عَلَی الشَّرِّ فَاسْتَنْزَعَهُ" اس نے اس کو برائی میں منہمک دیکھا تو اس سے باز رہنے کو کہا۔
النَّزْع والنِّزَاعُ والمُنازَعة و نَزْعُ الحَیٰوۃِ: قرب موت کی حالت۔
النِّزاعُ النَّزاعَة والمُنَازَعة: جھگڑا خصومت۔
النَّزَعَة. نَازِع کی جمع۔ تیر پھینکنے والے اور عرب کے امثال میں سے ہے "عادَ السَّهْمُ اِلَی النَّزَعَةِ" یعنی حق، حق دار کو مل گیا۔
النَّزَعَة: کنپٹیوں پر بال جھڑ جانے کی جگہ۔ جنَزَعات. النَّزَعَة: پہاڑی راستہ۔
النَّازِع. فا۔ مسافر۔ جنَزَعَةٌ و نُزَّاعٌ و نُزَّعٌ مؤنثنَازِعَةٌ. جنَوَازِع و نَازِعَات. کہا جاتا ہے "شَاۃٌ نَازِعٌ" یعنی وہ بکری جو بکرے کی طالب ہو۔
النَّزِیْع. مسافر۔ دور۔ کہا جاتا ہے "مَکانٌ نَزِیْعٌ" دور کی جگہ۔ کم گہرا کنواں۔ وطن کا مشتاق۔ لونڈی بچہ۔ شریف۔ اور ایسا ہی "فَرَسٌ نَزِیعٌ" اصیل گھوڑا۔ ج نُزَّاعٌ.
نُزَّاعُ القبائلِ: اجنبی لوگ جو دوسرے قبائل کے پڑوس میں رہیں۔النَّزِیْعُ: اکھیڑا ہوا۔
ثَمَرٌ نَزِیْعٌ: توڑا ہوا پھل۔ مؤنثنَزِیْعَةٌ ج نَزائِع.
النَّزِیْعة من النساء: وہ عورت جس کی شادی دوسری قوم میں کی گئی ہو۔ وہ عورت جو اپنے وطن کی مشتاق ہو مِنَ النَّجَائِبِ: وہ اصیل اونٹنیاں جو دوسرے ملک میں لے جائی گئی ہوں ج نَزائِع. النَّزائِعُ: چوپائی ہو مِنَ الابِلِ والخیلِ: مسافروں سے چھینے ہوئے اونٹ یا گھوڑے۔
النَّزُوْع وطن کا مشتاق۔بِئْرٌ نَزُوْعٌ: کم گہرا کنواں۔فَلاۃٌ نَزُوْعٌ: دور کا بیابان۔ ج نُزُعٌ و نِزاعٌ.
النُّزاعَة ہاتھ سے اکھیڑ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الاَنْزَع. کنپٹیوں سے گنجا۔ مؤنثنَزْعاء.
المَنْزَع کھینچنے کی جگہ۔ جمَنَازِع.
المِنْزَع سخت کھینچنے والا۔ دور پھینکا ہوا تیر۔
المِنْزَعة. جھگڑا۔ شہد اٹھانے کی چوڑی لکڑی۔
النقیضان. دو چیزیں جن کا اجتماع ایک ہی جہت سے ممتنع ہو جیسے ایجاب و سلب۔

النقیضة. پہاڑی راستہ۔ اسم ہے مناقضة کا والنقیضة فی الشعرِ: نظم جو کسی نظم کے جواب میں ہو۔ کہا جاتا ہے "هذهِ القصیدةُ نقیضةُ قصیدةِ فلانٍ" یہ قصیدہ فلاں کے قصیدہ کے جواب میں ہے اور اسی سے ہے نقائض جریر و فرزدق.

التناقض. س۔ باہم مخالف ہونا۔ کہا جاتا ہے "فی کلامهِ تناقضٌ" یعنی اس کے کلام میں تخالف ہے۔ بعض کا بعض سے ابطال ہو جاتا ہے۔

نقط (ن) نقطًا الحرفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ صفت فاعلی نقّاط اور صفت مفعولی منقوط (و نقط) بهِ الزمانُ: زمانہ کا موافق ہونا۔ ونقّط الحرفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ نقّط ثوبهُ بالمدادِ او الزعفرانِ: کپڑے کو روشنائی یا زعفران سے بوٹی دار بنانا۔

تنقّط المکانُ: گھاس کے متفرق قطعے ہونا فلانٌ الخبرَ: آہستہ آہستہ لینا۔

تنقّطتُ الخبزَ: آہستہ آہستہ میں نے روٹی کھائی۔

الناقط. فا۔ غلام کا غلام۔

النَقطة. نقط کا اسم مرة۔

النُقطة. نقط۔ فل اسٹاپ۔ ج نقاط و نُقط. کہا جاتا ہے "نقاطٌ او نُقطٌ من الکلأ" گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ "وما اختلفوا فی نُقطةٍ" یعنی انہوں نے پوری طرح موافقت کی۔ ذرا بھی مخالفت نہ کی۔

نُقطة الدائرةِ: دائرہ کا مرکز۔

النقیط. غلام کا غلام۔

المنقوط. مف۔ المنقوط من الشعرِ: شعر جس کے تمام حروف نقطے والے ہوں۔ کتابٌ منقوطٌ: کتاب جس میں اعراب لگے ہوئے ہوں۔

نقع (ف) نقعًا: آواز بلند کرنا الجیبَ: گریبان پھاڑنا فلانًا: قتل کرنا ریقهُ: تھوک منہ میں جمع کرنا۔ الموتُ: زیادہ ہونا۔ فلانًا بالشتمِ: بہت بری گالی دینا بالشرابِ: شفا پانا۔ الدواءَ وغیرهُ فی الماءِ: بھگونا۔ الرجلُ: مہمانوں کیلئے جانور ذبح کرنا۔

نقع (ف) نقوعًا الصوتُ: آواز بلند ہونا الصارخُ بصوتهِ: لگاتار چلانا۔ لهُ الشرَّ: ہمیشہ کرنا۔ من الماءِ و بهِ: سیراب ہونا السمُّ فی انیابِ الحیةِ: زہر کا سانپ کے دانتوں میں جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما نقعت بخبرهِ" یعنی میں نے اس کی تصدیق نہیں کی۔

نقع (ف) نقعًا و نقوعًا الماءُ فی بطنِ الوادی: پانی کا وادی میں جمع ہونا اور دیر تک ٹھہرنا۔ الماءُ العطشَ: پانی کا پیاس کو بجھانا۔

انقع الدواءَ وغیرهُ فی الماءِ: بھگونا

الصَّارِخُ بِصَوْتِہٖ: لگاتار چلانا الْمَاءُ فُلَانًا: سیراب کرنا الْمَاءُ: زرد ہونا اور رنگ بدل جانا الرَّجُلُ: مہمانی کیلئے جانور ذبح کرنا الْحَيَّةُ السَّمَّ فِيْ أَنْيَابِهَا: سانپ کا زہر کو اپنے دانتوں میں جمع کرنا لِفُلَانٍ شَرًّا: دل میں چھپانا الْمَيِّتَ: میت کو دفن کرنا الْعَطْشَ: پیاس کا بجھنا۔

اِنْتَقَعَ النَّقِيْعَةَ: مہمانی کے لئے جانور ذبح کرنا الْقَوْمُ نَقِيْعَةً: تقسیم سے پہلے مال غنیمت کے کسی جانور کو ذبح کرنا۔

اُنْتُقِعَ لَوْنُہٗ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے چہرہ کا رنگ بدل جانا۔

اِسْتَنْقَعَ الصَّوْتُ: آواز بلند ہونا الْمَاءُ: پانی کا زرد اور متغیر ہونا۔ فُلَانٌ فِي النَّهْرِ: نہر میں داخل ہونا اور ٹھنڈک حاصل کرنے کیلئے دیر تک ٹھہرنا۔ الْمَاءُ فِي الْغَدِيْرِ: پانی کا تالاب میں جمع ہونا۔

اُسْتُنْقِعَ لَوْنُہٗ: رنگ بدل جانا۔ الشَّيْءُ فِي الْمَاءِ: بھگویا جانا۔

النَّاقِعُ. فا. سَمٌّ نَاقِعٌ: زہر قاتل۔ دَوَاءٌ نَاقِعٌ: مفید دوا۔ دَمٌ نَاقِعٌ: تازہ خون۔

النَّقْعُ. مص. جمع شدہ پانی۔ ج اَنْقُعٌ۔ النَّقْعُ غبار۔ ج نِقَاعٌ و نُقُوْعٌ۔ والنَّقْعُ: مکہ معظمہ کے قریب ایک جگہ کا نام۔ سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ نرم و ہموار زمین۔ پانی رکنے کی جگہ ج نِقَاعٌ و اَنْقُعٌ۔ نَقْعُ الْبِئْرِ: پانی جو کنوئیں میں جمع ہو۔ کنوئیں کے پانی کی زیادتی۔

النِّقَاعُ. خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔

النُّقَاعَةُ. پانی وغیرہ جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

النَّقْعَاءُ. نرم و ہموار زمین۔ سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ غبار۔ آواز۔ ج نِقَاعٌ۔

النَّقَّاعُ. اسم مبالغہ۔ ایسے فضائل کا دعوی کرنے والا جو اس کے اندر نہ ہوں۔

النُّقُوْعُ. رنگ کہ جس میں خوشبو پڑی ہوئی ہو۔ میٹھا ٹھنڈا پانی۔ وہ چیز جو پانی میں بھگوئی جائے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَقُوْعُ اُذُنٍ" فلاں ہر چیز تسلیم کر لیتا ہے۔

النَّقِيْعُ. خشک انگور کی شراب جو پانی میں بھگو کر بنائی جائے۔ ہر وہ چیز جس میں خشک کھجور بھگوئی جائے۔ ٹھنڈا میٹھا پانی۔ بہت پانی والا کنواں۔ ج اَنْقِعَةٌ. چیخ۔ مرد جس کی ماں غیر قوم کی ہو۔ دَوَاءٌ نَقِيْعٌ: مفید دوا۔

النَّقِيْعَةُ. کھانا جو سفر سے واپس آنے والے کیلئے تیار کیا جائے۔ جانور جو مہمانی کے لئے ذبح کیا جائے۔ ج نَقَائِعُ اور اسی سے ہے "النَّاسُ نَقَائِعُ الْمَوْتِ" یعنی موت نے لوگوں کو ذبح کر دیا۔

الْاَنْقَعُ. اسم تفضیل۔ زیادہ پیاس بجھانے والا اور اسی سے مثال ہے "الرَّشْفُ اَنْقَعُ" یعنی تھوڑا تھوڑا کر کے پینا پیاس کیلئے زیادہ بجھانے والا ہوتا ہے۔ جلد بازی کے ترک کی مثال دی جاتی ہے۔

الْاُنْقُوْعَةُ. ہر ایسی جگہ جہاں پانی بہہ کر آئے "اُنْقُوْعَةُ الْمِيْزَابِ" پرنالے میں پانی بہنے کی جگہ۔

الْمُسْتَنْقَعُ. پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب کی وہ جگہ جہاں پانی میں گھس کر آدمی غسل کرے۔

الْمَنْقَعُ. سمندر۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ پانی سے سیرابی۔ ج مَنَاقِعُ.

الْمِنْقَعُ. برتن جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

الْمُنْقَعُ. مٹکا۔ پتھر کا چھوٹا برتن۔ ہر وہ چیز جو بھگوئی جائے۔ خالص دودھ کہ جس کو ٹھنڈا کریں اور پئیں۔ سَمٌّ مُنْقَعٌ: زہر جس میں اور زہر ملا کر قوت بڑھا دی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُنْقَعٌ" فلاں کی رائے سے تسلی ہوتی ہے۔

الْمُنْقُعُ. چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ، کھجور ڈالتے ہیں اور بچہ کو کھلاتے ہیں۔

الْمِنْقَعَةُ. خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن (والْمَنْقَعَةُ) بمعنے مُنْقَعٌ.

نَقَفَ (ن) نَقْفًا هَامَةَ الرَّجُلِ: کھوپڑی توڑ دینا فُلَانًا: ہلکی ضرب مارنا الْفَرْخُ الْبَيْضَةَ: پرندہ کے بچے کا انڈے میں سوراخ کر کے نکلنا۔ الرُّمَّانَةَ: انار چھیل کر دانے نکالنا الْحَنْظَلَ و نَحْوَهٗ: اندرائن توڑ کر دانہ نکالنا۔ صفت فاعلی ناقف اور صفت مفعولی نَقِيْفٌ و مَنْقُوْفٌ الشَّرَابَ: صاف کرنا اور بقول بعض ملانا عَنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا۔

نَقَّفَهٗ بِظُفْرِهٖ: ناخن سے مارنا۔

نَاقَفَهٗ مُنَاقَفَةً و نِقَافًا سر پر تلوار مارنا۔

اَنْقَفَ الْجَرَادُ الْوَادِيَ: انڈوں سے بھر دینا فُلَانًا الْعَظْمَ: ہڈی سے مغز نکالنے کیلئے دینا و تَنَقَّفَ الْحَنْظَلَ) دانہ نکالنے کیلئے اندرائن توڑنا۔

اِنْتَقَفَ الشَّيْءَ: نکالنا الْحَنْظَلَ: دانہ نکالنے کے لئے اندرائن توڑنا۔

رَجُلٌ نِقَافٌ. دور اندیش مرد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَا فِيْ نِقَافٍ وَاحِدٍ" وہ دونوں برابر برابر آئے کوئی آگے پیچھے نہیں تھا اور نقاف اصل میں ان دو بچوں کو کہتے ہیں جو ایک ہی انڈے سے نکلیں۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْيَوْمَ قِحَافٌ وَغَدًا نِقَافٌ" آج شراب نوشی کا دن ہے اور کل معاملہ ہے۔

النِّقْفُ والنَّقْفُ. بچہ جس وقت نہ انڈے سے نکلے۔

النَّقَفَةُ. پہاڑ کی چوٹی یا ٹیلہ پر چھوٹا سا گڑھا۔

النَّقَّافُ. اصرار کے ساتھ سوال کرنے والا۔ سوال کرنے میں حریص۔ لکڑی کا بہت چھیلنے والا۔ رَجُلٌ نَقَّافٌ: مرد دور اندیش۔

النَّقَّافَةُ. سوال کرنے میں حریص۔

النَّقِيْفُ. تنہ جس کو دیمک نے کھا لیا ہو ج نُقُفٌ.

الْمِنْقَافُ. پرندے کی چونچ۔ ایک قسم کی کوڑی۔

الْمَنْقُوْفُ. مف. زرد رو۔ دبلا پتلا۔ کمزور جِذْعٌ مَنْقُوْفٌ: دیمک خوردہ تنہ۔ عَيْنَانِ مَنْقُوْفَتَانِ: سرخ آنکھیں۔

نَقَلَ (ن) نَقْلًا الشَّيْءَ: ایک جگہ سے

دوسری جگہ منتقل کرنا خُفَّ الْبَعِیرِ او الثَّوْبَ او النَّعْلَ: پیوند لگانا اور درست کرنا الْکَلَامَ عَنْ قَائِلِهِ: روایت کرنا الْکِتَابَ: نقل کرنا الْکِتَابَ اِلٰی لُغَةِ کَذَا: ترجمہ کرنا۔

نَقَّلَ. الشَّیْءَ: زیادہ منتقل کرنا الْخُفَّ او الثَّوْبَ: پیوند لگانا اور درست کرنا۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔ نَقَّلَتِ الشَّجَّةُ الْعَظْمَ: زخم کا ہڈی کو توڑنا فُلَانٌ الضَّیْفَ: مہمان کو نقل کھلانا (دیکھئے نقل)

نَاقَلَ الْفَرَسُ: جلدی جلدی ٹانگیں اٹھانا۔ دوڑنے میں پتھروں سے بچنا۔ نَاقَلْتُهُ الْحَدِیْثَ: میں نے اس سے اور اس نے مجھ سے روایت کی۔ نَاقَلَهُ الْاَقْدَاحَ ایک دوسرے سے لینا دینا۔ نَاقَلْتُ فُلَانًا: پینے میں کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔ نَاقَلَ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: ایک شاعر کا دوسرے شاعر سے مقابلہ کرنا۔

اَنْقَلَ الْخُفَّ او النَّعْلَ: درست کرنا۔

تَنَقَّلَ مِنْ مَکَانٍ اِلٰی آخَرَ: منتقل ہونا۔ زیادہ منتقل ہونا الرَّجُلَ: نقل کھانا۔ (دیکھئے نُقل)

تَنَاقَلُوْا. الْحَدِیْثَ فِیْمَا بَیْنَهُمْ. بعض کا بعض سے نقل کرنا۔

اِنْتَقَلَ مِنْ مَکَانٍ اِلٰی آخَرَ: منتقل ہونا۔ فُلَانٌ اِلٰی رَحْمَةِ اللّٰهِ او اِلٰی رِضْوَانِهِ: مرنا۔ اِنْتَقَلَ الْفَرَسُ: چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ میں رکھنا۔

النَّاقِلُ. فا۔ ج نَاقِلُوْنَ و نَقَلَةٌ.

النَّاقِلَةُ. النَّاقِلُ کا مؤنث ج نَوَاقِل. و نَوَاقِلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ۔ جو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلیں۔ النَّاقِلَةُ مِنَ النَّاسِ: وہ لوگ جن کی عادت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی ہو۔ نَوَاقِلُ الْعَرَبِ: وہ لوگ جو ایک قبیلہ سے دوسرے قبیلہ کی طرف منتقل ہوں اور اسی کی طرف اپنی نسبت کریں۔

النِّقَالُ. مصدر نَاقَلَ. چوڑے چھوٹے نیزے کے پھل واحد نَقْلَةٌ. النِّقَالُ: اُونٹ کا بغیر کسی کے خود پینا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الْاِبِلُ نِقَالًا" اُونٹ نے خود بخود پانی پیا۔

النَّقَّالُ. اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرے۔ فَرَسٌ نَقَّالٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

النَّقْلُ. س۔ پرانا جوتا یا موزہ۔ کہا جاتا ہے "نَعْلٌ نَقْلٌ و خُفٌّ نَقْلٌ" النَّقْلُ والنُّقْلُ وہ چیز جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے جیسے پستہ، سیب وغیرہ۔ ج نُقُوْلٌ و نُقُوْلَاتٌ مختصر راستہ۔

النَّقْلُ عِنْدَ اَهْلِ الْعَرَبِیَّةِ: ایک لفظ کو ایک معنی کے لیے وضع کر لینے کے بعد دوسرے معنی کے لیے وضع کرنا۔

النِّقْلُ. پرانا جوتا یا چرمی موزہ۔

النَّقَلُ. پرانا جوتا یا چرمی موزہ۔ ج اَنْقَالٌ ونِقَالٌ. النَّقَلُ: شور و شغب کے ساتھ جواب۔ تیر کا پر جو ایک تیر سے نکال کر دوسرے میں لگایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرِشْ سَهْمِي بِنَقَلٍ" تباہ شدہ مکان کا ملبہ۔ چھوٹے چھوٹے پتھر۔ مختصر راستہ۔

مَکَانٌ نَقِلٌ. چھوٹے چھوٹے پتھر والی جگہ۔

رَجُلٌ نَقِلٌ. حاضر جواب۔ سخت جھگڑالو۔

النَّقْلَةُ. نقل کا اسم مرۃ۔ نِقَال کا واحد۔

النُّقْلَةُ. اسم ہے بمعنے انتقال۔ چغلی۔ ج نُقَلٌ.

النِّقْلَةُ. نَقَلَ کا اسم نوع۔ عورت جس کو کبر سنی کی وجہ سے پیغام نہ دیا جائے۔ ج نِقَلٌ.

النَّقِیْلُ. مسافر (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَقِیْلٌ و امْرَأَةٌ نَقِیْلٌ" مسافر مرد مسافر عورت۔ سیلاب جو بارش شدہ زمین سے خشک زمین میں آئے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فَرَسٌ ذُوْ نَقِیْلٍ" یہ گھوڑا تیز رفتار ہے النَّقِیْلُ: مختصر راستہ۔ جوتے۔

النَّقِیْلَةُ. مسافر عورت۔ جوتہ یا چرمی موزہ کا پیوند۔ ج نَقَائِلُ و نَقِیْلٌ.

فَرَسٌ مُنَاقِلٌ و نَقَّالٌ و مِنْقَلٌ تیز رفتار گھوڑا۔

الْمُنْقَلُ. پہاڑی راستہ۔ مختصر راستہ۔ پرانا جوتا یا پرانا چرمی موزہ۔

الْمَنْقَلَةُ. سفر کے منازل میں سے ایک منزل۔ ٹکڑا جو اُونٹ کے کھر میں لگایا جائے۔

اَرْضٌ مَنْقَلَةٌ: چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین۔

الْمِنْقَلَةُ. نقل مکانی کا آلہ۔ ج مَنَاقِلُ والمِنْقَلَةُ عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْنَ: ایک قسم کا کھیل ہے جو ایک لمبی لکڑی سے بناتے ہیں اور اس میں چودہ گڑھے دو صف میں بناتے ہیں اور ہر گڑھے میں سات سات کنکریاں ڈالتے ہیں اور پھر اس کو گھماتے ہیں۔

نَقَمَ (ض) و نَقِمَ (س) نَقْمًا و تَنِقَامًا مِنْ فُلَانٍ: سزا دینا۔ الْاَمْرَ عَلٰی فُلَانٍ او مِنْ فُلَانٍ: عیب لگانا۔ بہت مکروہ جاننا۔ کہا جاتا ہے "نَقِمَ فُلَانٌ وِتْرَهُ" یعنی بدلہ لیا۔ "وَمَا تَنْقِمُ مِنَّا" نہیں طعن و تشنیع کرتے ہو تم (نَقِمًا) الشَّیْءَ: جلدی کھانا۔

نَقَّمَ تَنْقِیْمًا. بہت زیادہ مکروہ جاننا۔

اِنْتَقَمَ مِنْهُ: سزا دینا۔

اَلنَّقَمُ. س۔ راستہ کا وسط۔

النَّقْمَةُ والنِّقْمَةُ والنَّقِمَةُ. اسم ہے انتقام کا۔ سزا۔ بدلہ۔ ج نِقَمٌ و نَقِمٌ و نَقِمَاتٌ.

النَّقِیْمَةُ. بدل ہے نَقِیْبَةٌ سے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَیْمُوْنُ النَّقِیْمَةِ" فلاں پاک نفس ہے۔

لَقْنَقَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹر ٹر کرنا۔

نَقْنَقَتِ الْعَیْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

النِّقْنِقُ. نر شتر مرغ۔ ج نَقَانِقُ.

نَقَهَ (ف) نُقُوْهًا و نَقِهَ (س) نَقَهًا. فُلَانٌ مِنْ مَرَضِهِ: صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔ صفت نَاقِهٌ ج نُقَّهٌ (نَقْهًا و نُقُوْهًا و نَقَهَانًا) الْحَدِیْثَ: سمجھنا۔ صفت نَقِهٌ و نَاقِهٌ. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَفْقَهُ وَلَا یَنْقَهُ" فلاں نہیں سمجھتا ہے۔

اَنْقَهَهُ اللّٰهُ مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے عافیت

دینا فُلانًا الحدیْث: سمجھانا۔ اور کہا جاتا ہے "انْقه لِیْ سمْعكَ"، یعنی میری طرف کان لگا۔

اِنْتقه مِن الْحدِیْث: تسلی پانا مِنْ مرْضِه: مرض سے صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔

اِسْتنْقه. پوچھنا۔ الْحَدِیْث: سمجھنا۔

النقْهة. نقه کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ فِیْ کُلِّ عامٍ مرْضةٌ و نقْهَةٌ"، اس کیلئے ہر سال میں ایک دفعہ مرض ایک دفعہ صحت ہے۔

نقا ینْقُوْ نقْوا. الْعظْم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقِي ینْقی نقاوةً و نقاءً و نَقانَةً و نُقاوةً و نقايةً. صاف ستھرا ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ خالص ہونا۔ صفت نقِیٌّ.

نقّاه تنْقیةً وانْقاه انْقَاءً. صاف ستھرا کرنا۔ چننا۔ نقّی و انْقی الطّعام: غلہ کا کوڑا کرکٹ نکالنا۔ انْقی البُرُّ: موٹا دانہ ہونا۔

انقت الإبلُ وغیْرها: موٹا ہونا۔ گودے دار ہونا۔ صفت مُنْقیةٌ ج مُنْقیات. وانْقی الْعُوْدُ: لکڑی کا تر ہونا۔

انْتقَاهُ انتقاءً. چننا۔ اِنْتقی الْعظْم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

تنقّاهُ تنقّیا. چننا۔ تنقّی الْعظْم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نقاوةُ الشّيْ ءِ و نُقاوتُهٗ و نُقایتُهٗ و نقاتُهٗ. عمدہ حصہ۔ خلاصہ۔ نُقَاوةٌ کی جمع نقاوی و نُقَاءٌ اور نُقایةٌ کی جمع نَقایا و نُقاءٌ.

نقَاةُ الطّعامِ و نُقاتُهٗ و نقایتُهٗ و نقاینُهٗ: غلہ کا کوڑا کرکٹ۔ النقَاة: ریت کا ٹیلہ جس پر کچھ نہ اُگے۔

النُقاوة. ایک قسم کی نباتات جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ ج نقاوی.

النَقا. ریت کا محدب ٹیلہ۔ مثنی نقوان و نَقَیان ج انْقاءٌ و نُقِیٌّ و نُقْیان. بنات النقَا ایک قسم کا کیڑا جو ریت میں رہتا ہے اور اس کو شَحْمةُ النقَا بھی کہا جاتا ہے۔

النقَا والنقْوُ والنِقْوُ. گودے دار ہڈی ج انْقَاء.

النقْوَة. چیز کا عمدہ حصہ۔

النقَةُ. ثقہ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ثقةٌ نقةٌ"، اور اس کی اصل نقو ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور اس کے عوض میں تالایا گیا ہے۔

النقِیّ. صاف ستھرا۔ ج نقاء وانْقیاء و نُقَوَاء.

الاَنْقی. اسم تفضیل۔ مؤنث نُقْوَی. رَجُلٌ انْقی: باریک لمبی ہڈیوں والا مرد۔ مؤنث نقْواءُ فخِذٌ نقْواءُ: باریک ہڈی کم گوشت والی ران۔

نقی ینقِی نقْیا العظْمَ. ہڈی سے گودا نکالنا۔
نقِیه ینْقَاهُ نقاءً. ملاقات کرنا۔

النقْی. ہڈی کا مغز۔ موٹائی کی وجہ سے آنکھ کی چربی۔ ج انْقاء.

النقْیةُ. کلمہ۔ کہا جاتا ہے "سمِعْتُ نقْیةَ حقٍّ"، میں نے کلمہ حق سنا۔

النقِیّ. صاف ستھرا۔ ج نقاء وانْقِیاء ونُقَوَاء.

النقِیَّة. النقِیُّ کا مؤنث۔ کلمہ۔ ج نقایا.

المُنَقِّیّ والمُنقّی. راستہ۔

نكَّ (ن) نكّا علی الْغرِیْم: قرضدار پر سختی برتنا۔ الْعمل: درست کرنا۔

نكَا (ف) نكَا الْقرْحةَ: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا۔ العدوّ و فِی الْعدُوِّ: قتل و خونریزی کرنا۔ فلانًا حقّهٗ: کسی کا حق پورا کرنا۔

انْتكا انْتكاءً حقّهٗ مِن فُلان: حق وصول کرنا۔ قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زُكَاةٌ نُكَاةٌ"، وہ ماوجب کو جلدی ادا کرتا ہے ٹالتا نہیں۔

نَكَبَ (ن) نكْبًا و نُكُوْبًا عنْهُ: تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا۔ (نكْبًا) الشّیْ ءَ و بِهٖ: ڈال دینا۔ الإنَاءَ: برتن سے سب کچھ بہا دینا۔ الكنانةَ: ترکش سے سب کچھ بکھیر دینا۔ نكبتِ الْحِجارةُ رِجْلَهٗ: پتھر کا پیر کو زخمی کرنا۔ (نكْبًا و نكَبًا) الدّهْرُ فُلانًا: مصیبت پہنچانا۔

نكبتْ نُكُوْبا الرِّیْحُ: ہوا کا بے رخ چلنا۔

نكَبَ (ن) نكابةً و نُكُوْبا فُلانٌ عنْ قوْمِهٖ: مددگار قابل بھروسہ ہونا۔

نكِبَ (س) نكبًا عنِ الطّرِیْق: راستہ سے ہٹ جانا۔ البعِیْرُ: نکب بیماری والا ہونا (دیکھئے بیماری نکب۔) الرّجُلُ: بیمار کندھے والا ہونا۔

نُكِبَ. مصیبت زدہ ہونا۔

نكّبَ. عنِ الطّرِیْق: راستہ سے ہٹ جانا؛ الگ۔ الشّیْءَ: الگ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نكّبهٗ الطّرِیْقَ ونكّب بِهٖ الطّرِیْقَ و نكّب بِهٖ عنِ الطّرِیْقِ"، یعنی اس نے اسے راستہ سے ہٹا دیا۔

ناكبهٗ. مونڈھے کے مقابل ہونا۔

تنكّب عنْهُ: الگ ہونا۔ بچنا۔ گوشہ گیر ہونا۔ کندھا پھیر کر دوسرے کی جانب متوجہ ہونا علی الشّیْءِ: ٹیک لگانا كنانتهٗ او قوْسهٗ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا اور کہا جاتا ہے "تنكّبْ عنْ وجْهِی"، میرے سامنے سے ہٹ جاؤ۔

انْتكب الرّجُلُ كنانتهٗ او قوْسهٗ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔

النكْب. مص۔ مصیبت۔ ج نُكُوْب.

المنكوب. وہ شخص جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔

النكَب. مص۔ کسی چیز میں تھوڑی سی کجی۔ ایک بیماری جو اُونٹوں کے مونڈھے میں ہوتی ہے جس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے اور کچھ ٹیڑھا چلنے لگتا ہے۔

الاَنْكَبُ. جس کے پاس کمان نہ ہو۔ نکب کی بیماری والا اُونٹ۔ جس کا ایک مونڈھا دوسرے سے بلند ہو۔ مرد ستم گار۔ جفا کار۔ کہا جاتا ہے "رجُلٌ انْكبُ عنِ الْحقِّ و ناكِبٌ عنْهُ" حق سے اعراض کرنے والا مرد۔

النكْباءُ. الاَنْكَبُ کا مؤنث۔ رِیْحٌ نكْباءُ: خلاف رخ چلنے والی یا دو ہواؤں کے درمیان چلنے والی ہوا۔ ج نُكْبٌ و نكْباوات. نُكْبُ رِیاحٍ چار ہیں۔ ا۔ الازیب. صبا اور

جنوب کے درمیان ۔ ۲۔ الصَّابِیَۃ صبا اور شمال کے درمیان اور اس کو نُکَیْبَاء بھی کہتے ہیں اور یہ تصغیر تعظیم کیلئے ہے اس لیے کہ عرب اس کو بہت ٹھنڈی سمجھتے تھے۔ ۳۔ الجربیاء شمال اور دبور کے درمیان۔ اور الھَیف جنوب اور دبور کے درمیان۔

النُّکْبَۃ نکب کا اسم مرۃ۔ مصیبت۔ ج نکبات۔

النُّکْبَۃ غلہ کی غیر معین مقدار۔ ج نکب۔

النَّکِیْب گھر کا گرداگرد۔

المِنْکَاب مرد ستم گار و جفاکار۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مِنْکَابٌ عَنِ الْحَقِّ حق سے روگردانی کرنے والا مرد۔

المَنْکِب مونڈھا۔ ج مَنَاکِب کہا جاتا ہے "تَشَابَهَتْ مِنْهُمُ الْمَنَاكِبُ وَالرُّؤُوْسُ" وہ سب مساوی ہیں کوئی ان میں بڑھا ہوا نہیں اور کہا جاتا ہے "هزَّ مَنْكِبَه لِكَذَا" وہ فلاں چیز سے خوش ہوا۔ "وفُلَانٌ مَعِيَ عَلٰى حد مَنْكِبٍ" فلاں مجھ سے کنارہ کش ہے۔ المَنْکِبُ: پہلو۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا فِي مَنْكِبٍ مِنَ الْأَرْضِ أَوِ الْجَبَلِ" ہم زمین یا پہاڑ کے پہلو میں چلے۔

المَنْکِبُ مِنَ الْقَوْمِ: چودھری مددگار مِنَ الْأَرْضِ: راستہ۔ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِمْشُوْا فِي مَنَاكِبِهَا" اس کی بلند جگہوں میں چلو۔ مَنْکِبُ الْجَوْزَا و مَنْکِبُ ذِی الْعِنَانِ و مَنْکِبُ الْفَرَس: ستاروں کے نام۔

المَنَاکِب مَنْکِب کی جمع۔ فِی رِیْشِ الطَّائِرِ: پرندہ کے بڑے پروں کے بعد چار پر (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

المَنْکُوْب مذ۔ مصیبت زدہ (النَّکِیْبُ) جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔

نَکَتَ (ن) نَکْتًا الْأَرْضَ بِقَضِیْبٍ أَوْ بِإِصْبَعِهٖ: سوچ کی حالت میں چھڑی یا انگلی سے زمین کو کریدنا النَّاسَ بِالْحَصٰی: زمین پر کنکری پھینکنا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا اچھلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الْفَرَسُ يَنْكُتُ" گھوڑا اچھلتا ہوا گزرا العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا فُلَانًا: سر کے بل گرانا۔ اور اسی سے ہے "لَأَنْكُتَنَّ بِكَ الْأَرْضَ" میں تجھ کو زمین پر سر کے بل گرادونگا کِنَانَتَهٗ: ترکش سے بکھیر دینا۔

نَکَتَ الرُّطَبُ: پکنا شروع ہونا فِی قَوْلِهٖ: نکتہ چینی کرنا۔

اِنْتَکَتَ سر کے بل گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَكَتَهٗ فَانْتَكَتَ" اس نے اسے سر کے بل گرایا وہ گر گیا۔

النُّکْتَۃ داغ۔ زمین میں کریدنے کا اثر۔ ج نُکَتٌ و نِکَاتٌ۔ النُّکْتَۃُ: آئینہ یا تلوار میں دھبہ۔ مشکل مسئلہ جو دقت نظر سے حاصل ہو۔ لطیفہ۔

النَّکَّات بڑا نکتہ چیں۔ بڑا آہو گیر۔ وہ شخص جو اپنے کلام میں لطائف بیان کرے۔

النَّکِیْت مطعون۔ وہ شخص جسے طعن تشنیع کیا گیا ہو۔

المَنْکُوْت مذ۔ سر کے بل گرا ہوا۔

نَکَثَ (ن ض) نَکْثًا العَهْدَ وَالْبَيْعَ: عہد کو توڑنا۔ بیع کو فسخ کرنا الْحَبْلَ أَوِ الْكِسَاءَ: رسی یا کمبل ادھیڑنا المِسْوَاكَ: مسواک کی کوچی بنانا۔

تَنَاكَثُوْا عُهُوْدَهُمْ: آپس میں معاہدہ توڑ دینا۔

اِنْتَکَثَ الْحَبْلُ وَغَيْرُهٗ: رسی وغیرہ کو ادھیڑا جانا السِّوَاكُ: کوچی بننا فُلَانٌ مِنْ حَاجَةٍ إِلٰى أُخْرٰى: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے میں لگنا۔

النُّکَاث پھنسیاں جو اونٹ کے منہ میں نکلتی ہیں۔

النُّکَاثَۃ رسی کا ادھڑا ہوا کنارہ۔

النِّکْث دوبارہ کاتنے کیلئے ادھیڑا ہوا کمبل یا خیمہ۔ ج اَنْکَاث کہا جاتا ہے "حَبْلٌ نِكْثٌ وَأَنْكَاثٌ" ادھیڑی ہوئی رسی۔

النَّکِیْث ادھیڑا ہوا۔ مؤنث نَکِیْثَۃ۔

النَّکِیْثَۃ نفس۔ طبیعت۔ قوت۔ پوری طاقت۔ مشکل کام جس میں لوگ اپنے عہد کو توڑ دیں۔ اور کہا جاتا ہے "قَالَ قَوْلًا لَا نَكِيْثَةَ فِيْهِ" اس نے ایسی بات کہی جس میں خلاف وعدگی نہیں "وَصَرَفَ فِيْهِ نَكِيْثَتَهٗ" اس نے اس میں پوری طاقت صرف کی۔ "وَقَعُوْا فِي النَّكِيْثَةِ" وہ مشکل کام میں پڑ گئے۔ "وَهُوَ ذُوْ نَكِيْثَةٍ حَسَنَةٍ" وہ اچھی طبیعت والا ہے۔ ج نَکَائِث۔

النَّکَّاث بنے ہوئے کو پرانا ہونے کے بعد ادھیڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْرٌ مُنْتَكِثٌ" لاغر و دبلا اونٹ۔

نَکَحَ (ف ض) نِکَاحًا و نَکْحًا الْمَرْأَةَ: عورت سے شادی کرنا۔ نَکَحَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا شادی کرنا۔ صفت ناکِحٌ و ناکِحَۃ۔ نَکَحَ الْمَطَرُ الْأَرْضَ: بارش کا زمین میں جذب ہونا الدَّوَاءُ فُلَانًا: دوا کا کسی کے اندر اثر کرنا النُّعَاسُ عَيْنَهٗ: آنکھوں میں نیند کا غالب ہونا۔

اَنْکَحَهُ الْمَرْأَةَ: شادی کرانا۔

تَنَاکَحُوْا ایک دوسرے سے شادی کرنا۔

تَنَاکَحَتِ الْأَشْجَارُ: درختوں کا آپس میں گتھ جانا۔

اِسْتَنْکَحَ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ: شادی کرنا۔ فِی بَنِی فُلَانٍ: نکاح کرنا النَّوْمُ عُيُوْنَهُمْ: نیند کا غالب آنا۔

النُّکَح بخت پرہیزگار (عامی لفظ)

المَنَاکِح عورتیں۔

نَکَخَ (ف) نَکْخًا فُلَانًا فِی حَلْقِهٖ: حلق میں مکا مارنا۔ نیزہ مارنا۔

نَکَدَ (ن) نَکْدًا فُلَانًا حَاجَتَهٗ: محروم کر دینا، تھوڑا سا دینا۔ نَکَدَ الْغُرَابُ: کوے کا بہت کاؤں کاؤں کرنا الْقَوْمُ الرَّجُلَ: کثرت سوال سے تنگ دست بنا دینا۔ نَکُدَ الرَّجُلُ: بہت سوال والا اور کم داد و دہش والا ہونا۔

نَکِدَ (س) نَکَدًا الْعَيْشُ: تنگ ہونا الرَّجُلُ: تنگ گزران والا ہونا۔ نَکِدَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں میں کم پانی ہونا۔

نَکِدَ. عَیْشُہٗ: زندگی کو تنگ بنا دینا فُلَانًا: مکدر زندگی والا کر دینا۔
نَاکَدَہٗ. سختی برتنا۔
اَنْکَدَہٗ. کم داد و دہش والا پانا۔
تَنَکَّدَ. عَیْشُہٗ. مکدر ہونا۔
تَنَاکَدَا. باہم سختی برتنا۔
النَّاکِدُ. فا۔ نَاقَۃٌ نَاکِدٌ: کم دودھ والی اُونٹنی؛ وہ اُونٹنی جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ ج نُکُدٌ رَجُلٌ نَکِدٌ و نَکَدٌ و نَکُدٌ: دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ ج اَنْکَادٌ و مَنَاکِیْد.
اَرَضُوْنَ نِکَادٌ. کم نباتات والی زمین۔
النُّکُدُ. بے دودھ والی اُونٹنیاں۔ بہت دودھ والی اُونٹنیاں (ضد) واحد نَکْدَاءُ.
النُّکْدُ و النَّکَدُ. کم داد و دہش۔ مَاءٌ نُکُدٌ: کم پانی۔
الْاَنْکَدُ: مرد دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ مؤنث نَکْدَاءُ ج نُکْدٌ. کہا جاتا ہے: جَاءَ مُنْکِدًا: وہ آیا اس حال میں کہ اس کا آنا اچھا نہیں اور یا یہ کہ خالی خولی آیا۔
عَطَاءٌ مُنْکَدٌ و مَنْکُوْدٌ. تھوڑا عطیہ۔
رَجُلٌ مَنْکُوْدٌ: وہ مرد جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔
نَکِرَ (س) نَکَرًا و نُکْرًا و نُکُوْرًا و نَکِیْرًا الْاَمْرَ: ناواقف ہونا الرَّجُلَ: نہ پہچاننا۔
نَکُرَ (ک) نَکَارَۃً الْاَمْرُ: دُشوار ہونا۔
نَکَّرَہٗ. دگرگوں کر دینا۔ نَکَّرَ الْاِسْمَ: نکرہ بنانا۔
نَاکَرَہٗ مُنَاکَرَۃً. مقابلہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ دھوکا دینا۔
اَنْکَرَہٗ. جاہل ہونا۔ اَنْکَرَ حَقَّہٗ: حق کا انکار کرنا۔ اَنْکَرَ عَلَیْہِ فِعْلَہٗ: عیب لگانا اور منع کرنا۔
تَنَکَّرَ الرَّجُلُ: اچھی حالت سے بدحال ہونا؛ دگرگوں ہونا فُلَانٌ: بدخلق ہونا لِفُلَانٍ: اجنبی ہونا۔
تَنَاکَرَ. دانستہ ناواقف بننا۔ الْاَمْرَ: ناواقف ہونا الْقَوْمُ: آپس میں دشمنی کرنا اور ایک دوسرے کا انکار کرنا۔
اِسْتَنْکَرَ الْاَمْرَ: ناواقف ہونا اَمْرًا بِجَهْلِہٖ: غیر معلوم چیز کو پوچھنا۔
النَّکَارَۃُ. مص۔ چالاکی۔ تیز فہمی۔ جہالت۔
النَّکْرُ. مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔
النُّکْرُ. مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔ برا کام۔ بہت برا کام۔
رَجُلٌ نَکِرٌ و نَکُرٌ و نُکُرٌ. چالاک تیز فہم۔ ج اَنْکَارٌ. اِمْرَاَۃٌ نَکِرٌ: چالاک و سمجھ دار عورت۔
النُّکُرُ. ناشناختہ۔ سخت کام۔
النَّکْرَاءُ. چالاکی و تیز فہمی۔ ناشناختہ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ نَکْرَاءَ" فلاں چالاک و عقلمند ہے "وَ صَابَتْهُمْ مِنَ الدَّهْرِ نَکْرَاءُ" زمانے کی سختی ان پر واقع ہوئی۔
نُکَرَاءُ الدَّهْرِ: زمانے کی سختی۔
النَّکِرَۃُ. انکار۔ ضد معرفہ۔ خون یا پیپ کا پھوڑا۔ ج نَکِرَات.
النَّکِرَۃُ. اسم ہے انکار کا جیسے نَفَقَۃٌ اِنْفَاقٌ کا۔
النَّکِیْرُ. دگرگونی۔ اَمْرٌ نَکِیْرٌ: سخت کام۔
حِصْنٌ نَکِیْرٌ: مضبوط قلعہ۔
الْمُنْکَرُ. مفع۔ خلاف مرضی خدا قول ہو یا فعل اور اس کا ضد معروف ہے۔ ج مُنْکَرَات و مَنَاکِر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْکَرٌ" چالاک تیز فہم مرد۔ ج مُنْکَرُوْنَ و مَنَاکِیْر.
الْمَنْکُوْرُ. مفع۔ مجہول۔ ج مَنَاکِیْر.
اَلْمَنَاکِیْرُ. خلافِ مرضی خدا اُمور۔ کہا جاتا ہے "هُمْ یَرْکَبُوْنَ الْمَنَاکِیْرَ وَ الْمُنْکَرَاتِ" یعنی وہ لوگ اُمورِ غیر پسندیدہ میں مبتلا ہیں۔
الْمُنْکَرُ عِنْدَ النُّحَاۃِ: اسم نکرہ۔ ضد معرفہ۔
نَکَزَتْ (ن) نَکْزًا الْحَیَّۃُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا فُلَانًا: مار کر ہٹانا الشَّیْءَ: چبھونا الدَّابَّۃَ بِعَقِبِہٖ: ایڑ لگا کر ہانکنا (نَکْزًا و نُکُوْزًا) الْمَاءُ: پانی کا نیچے اتر جانا الْبَحْرُ: خشک ہونا الْبِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔
نَکِزَتْ (س) نَکَزًا الْبِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔ نَکِزَ الْبَحْرُ: گھٹنا۔
اَنْکَزَ الْبِئْرَ: کنوئیں کا پانی ختم کر دینا۔
النَّاکِزُ. فا۔ بِئْرٌ نَاکِزٌ: کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو۔ ج نَوَاکِز.
النِّکْزُ. رذیل لوگ۔ ہڈی میں باقی ماندہ مغز (و الْمُنْکَزُ) خالی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نِکْزًا و مُنْکِزًا" یعنی وہ خالی خولی آیا۔
بِئْرٌ نَکُزٌ. کم پانی والا کنواں۔
النَّکَّازُ. اسم مبالغہ۔ ایک بہت ہی خبیث قسم کا سانپ جو مُنہ سے نہیں کاٹتا بلکہ ناک سے پھنکار مار کر ہلاک کرتا ہے اور اتنا باریک ہوتا ہے کہ اس کے سر اور دم میں تمیز نہیں ہوتی ج نَکَاکِیْز و نَکَّازَات.
الْبِئْرُ النَّکُوْزُ. کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو ج نُکُز. کہا جاتا ہے فُلَانٌ بِمَنْکَزَۃٍ مِنَ الْعَیْشِ فلاں تنگ زندگی میں ہے۔
نَکَسَہٗ (ن) نَکْسًا. اوندھا کر دینا۔ نَکَسَ رَاْسَہٗ: ذلت سے سر جھکانا۔ الطَّعَامُ وَغَیْرُہٗ دَاءَ الْمَرِیْضِ: کھانے وغیرہ کا مریض کے مرض کو لوٹا دینا الْخِضَابَ: بار بار لگانا۔ کہا جاتا ہے "نَکَسْتُ فُلَانًا فِیْ ذٰلِكَ الْاَمْرِ" میں نے فلاں کو اس معاملہ میں پھر پھنسا دیا۔
نُکِسَ الْمَرِیْضُ: دوبارہ بیمار ہونا الرَّجُلُ: ضعیف و عاجز ہونا الرَّجُلُ عَنْ نُظَرَائِہٖ: اپنے ہم جولیوں سے کوتاہی کرنا۔
نَکَّسَہٗ تَنْکِیْسًا اوندھا کرنا۔ نَکَّسَ الْفَرَسُ: گھوڑوں سے نہ مل سکنا۔ صفت۔ مُنَکِّس
تَنَکَّسَ. اوندھا ہونا۔
اِنْتَکَسَ. سر کے بل گرانا الْمَرِیْضُ: صحت یابی کے بعد دوبارہ بیمار ہونا۔
النَّاکِسُ. فا۔ سر جھکانے والا مرد ج

نَوَاکِس (شاذ)
النُّکَاس. صحت یابی کے بعد مرض کا عود کرنا۔
النُّکس. صحت یابی کے بعد مریض کا عود کرنا۔ گرنے کے بعد ابھی سیدھا نہیں ہوا تھا کہ پہلی دفعہ کے گرنے سے زیادہ زور سے گرنا۔ اور کہا جاتا ہے تَعْسًا لِفُلَانٍ و نُکْسًا او وَنَکْسًا. کلمات بددعا ہیں یعنی فلاں کے لیے ہلاکت وسرنگونی ہو۔
النِّکْس. تیر کہ جس کا سرا ٹوٹ گیا ہو اور اس کے اوپر کے حصے کو نیچے کر دیا گیا ہو۔ کمان کہ جس میں شاخ کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں (اور یہ کمان میں عیب ہے) کمزور و ہیچ و بے برکت مرد۔ پستہ قد۔ کرم وسخاوت میں کوتاہی کرنے والا۔ ج اَنْکَاس.
النُّکْس. بہت بوڑھے لوگ۔ واحد نَاکِسٌ.
المُنکّس. فا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا جو اپنے سر کو نہ اٹھائے وہ گھوڑا جو گھوڑوں سے نہ مل سکے۔
المَنْکُوْس. مفع۔ دوبارہ بیمار ہونے والا۔ مِنَ الْاَوْلَادِ: پیدائش میں جس کے پیر پہلے نکلیں قَوْسٌ مَنْکُوْسَةٌ: کمان کہ جس میں ٹہنی کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں۔
نَکَش (ن ض) نَکْشًا البِئْرَ: کنوئیں کی کیچڑ تک نکال دینا الشَّیْءَ: فنا کر دینا الشَّیْءَ و مِنَ الشَّیْءِ: فارغ ہو جانا.
اِنْتَکَشَ البِئْرَ: کنوئیں کو کیچڑ تک صاف کر دینا۔
المِنْکَش. معاملات میں خوب غور کرنے والا۔
المِنْکَاش. کنواں صاف کرنے کا آلہ۔ ج مَنَاکِیْش.
المَنْکُوْش. مفع۔ سَقَطٌ مَنْکُوْشٌ: ٹوکرا جس میں سب کچھ نکال لیا گیا ہو۔
نَکَصَ (ن ض) نَکْصًا و نُکُوْصًا و مَنْکَصًا عَنِ الْاَمْرِ: رُک جانا۔ صفت نَاکِصٌ نَکَصَ عَلٰی عَقِبَیْهِ: پہلے کام سے ہٹ جانا (اس کا استعمال عموماً خیر سے رجوع کے موقع پر ہوتا ہے اور شر سے نادر طور پر)
نَکَّصَهُ. ہٹا دینا۔
اِنْتَکَصَ الرَّجُلُ: پچھلے پاؤں لوٹنا۔
المَنْکَصُ. مف۔ ہٹنے کی جگہ۔
نَکَظَ (ن) نَکْظًا. بہت بھوکا ہونا۔ فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا۔
نَکِظَ (س) نَکَظًا. اپنی ضرورت میں جلدی کرنا لِلْخُرُوْجِ. نکلنے کے لیے جلدی کرنا۔
الرَّحِیْلُ: قریب ہونا۔
نَکَّظَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا۔ نَکَّظَ حَاجَتَهُ: دشوار کرنا۔
اَنْکَظَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا۔
تَنَکَّظَ الرَّجُلُ: سفر میں بدحال ہونا عَلٰی فُلَانٍ: بخل کرنا الْاَمْرُ عَلَیْهِ: پیچیدہ ہونا۔
النُّکْظُ والنَّکَظُ والنَّکَظَةُ والنَّکْظَةُ والمَنْکَظَةُ. کوشش۔ سفر کی سختی۔ جلدی۔
نَکَعَهُ (ف) نَکْعًا عَنِ الْاَمْرِ: جلدی کرانا یا رد کرنا فُلَانًا: پاؤں کی پشت سے مارنا فُلَانًا حَقَّهُ: حق روک دینا (نَکْعًا و تَنْکَاعًا) المَاشِیَةَ: مویشی کے تھن پر مار کر دودھ نکالنا فُلَانٌ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا۔ اور مَا نَکَعَ بمعنے مَا زَالَ افعال ناقصہ میں سے ہے "وَمَا اَدْرِی اَیْنَ نَکَعَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔
نَکِعَ (س) نَکَعًا. چھلی ہوئی ناک والا ہونا۔
نَکَّعَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: ہٹا دینا۔ جلد بازی سے زندگی کو مکدر کر دینا۔
اَنْکَعَهُ. رد کرنا۔ دفع کرنا۔ تھکانا۔ عَنِ الْاَمْرِ: جلدی کرانا۔ ہٹانا۔ اَنْکَعْتُ فُلَانًا بُغْیَتَهُ: کسی کا مطلوب باوجود طلب کے فوت ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ فَانْکَعَهُ" اس نے گفتگو کر کے اسے خاموش کر دیا "وَ شَرِبَ فَانْکَعَهُ" اس نے پیا یہاں تک کہ اس کی طبیعت مکدر ہو گئی۔
النَّکِعُ: مرد سرخ فام۔ چھلی ہوئی ناک والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ نَکِعٌ" یعنی بہت سرخی والا۔
النُّکَعُ. سرخ رنگ۔ مرد سیاہ۔ سرخی مائل۔
نَکَعَةُ الْاَنْفِ: ناک کا کنارہ۔
النُّکَعَة. مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو۔ بیوقوف کہ جب کہیں بیٹھ جائے تو ٹلے نہیں۔
النُّکَعَة. ناک کا کنارہ۔ ایک سرخ رنگ کے درخت کا پھل۔ درخت قتاد کا گوند۔ مرد کی سرخی ملی ہوئی سیاہی۔
الْاَنْکَعُ. مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو۔
المُنْکَعُ. پیچھے کو لوٹنے والا۔ اَنْفٌ مُنْکَعٌ: چپٹی ناک۔
نَکَفَ (ن) نَکْفًا عَنْ کَذَا: ناک بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ الگ ہونا۔ صفت نَاکِفٌ.
فُلَانٌ الْغَیْثَ: بارش منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا غَیْثٌ لَا یَنْکُفُهُ اَحَدٌ" یہ ایسی بارش ہے جس کے متعلق کوئی نہیں جانتا کہ اس کی انتہا کہاں ہے "وَغَیْثٌ لَا یَنْکَفُ" منقطع نہ ہونے والی بارش۔ "وَهٰذَا جَیْشٌ او بَحْرٌ لَا یُنْکَفُ" یہ لشکر غیر محدود ہے یا یہ سمندر اتھاہ ہے۔ نَکَفَ الدَّمْعَ: رخساروں پر سے انگلیوں سے پونچھنا۔
نَکِفَ (س) نَکَفًا مِنْهُ او عَنْهُ: ناک بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ بیزار ہونا۔ نَکِفَتِ الْیَدُ: درد رسیدہ ہونا الرَّجُلُ: حلق کے درد کی وجہ سے جبڑے کے غدود کا گر جانا۔
نَاکَفَهُ الْکَلَامَ مُنَاکَفَةً. ترکی بہ ترکی جواب دینا۔
اَنْکَفَهُ. ننگ و عار سے پاک کرنا۔ اَنْکَفَ اللّٰهَ: تنزیہ وتقدیس کرنا۔
نُکِفَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کی ٹھڈی کے نیچے غدود ظاہر ہونا۔
تَنَاکَفُوْا الْکَلَامَ: باہم باری باری گفتگو کرنا۔

اِنتکف الغَیثُ: منقطع کرنا القومُ: ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا اِلَیہِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنتکفتُ لَہٗ فَضرَبتُہٗ" میں اس کے اوپر جھک پڑا اور میں نے اس کو مارا۔
الحبلُ: رسّی کا ادھڑنا۔ الرَّجُلُ: بیزار ہونا العَرقَ عَنْ جبینِہٖ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔
اِستَنکَفَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ مِنْ کَذَا: ننگ وعار یا غرور کی وجہ سے باز رہنا
النُّکاف: اُونٹوں کے حلق کا مرض جس سے فوراً موت واقع ہو جاتی ہے۔
اَلنُّکافُ: بچوں کے جبڑے کے نیچے غدود کا پھول جانا۔
النکف مص۔ کان کی لو کے قریب ٹھوڑی کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔ واحد نکفۃ۔
رَجُلٌ نِکفٌ: مرد جس سے ناک بھوں چڑھائی جائے۔
النّکفتان و النُّکفتان: داڑھی۔ بچّے کے دائیں بائیں کے جبڑے۔ ج نکفات۔
النکفۃ: کان کا درد۔
المَنکُوف مفع۔ نکاف زدہ اُونٹ (دیکھئے نکاف)
نکل(ض ن) نکولاً و نکِل(س) نکلاً عَنْ کذا او مِن کذا: پیچھے ہٹنا اور بزدلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "نکل عن العدوّ و عن الیمین و عن الجواب" وہ دشمن سے پیچھے ہٹ گیا اور قسم و جواب سے باز رہا۔
نکل(ن) نکلۃ بفلان: عبرتناک سزا دینا۔
نکِل(س) نکلاً: سزا قبول کرنا۔
نکّل بہ: مصیبت ڈالنا۔ عبرتناک سزا دینا۔
نکّلہٗ عن الشَّیءِ: باز رکھنا۔ یکسو کرنا۔
اَنکلہٗ عنہ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔
النَّاکِل فا۔ بزدل کمزور۔
النکال: عقوبت۔ سزا۔ عبرتناک سزا۔
النِّکل: مضبوط بیڑی۔ ج اَنکال و نُکُول۔ لگام کا لوہا۔ مہار "فُلانٌ نِکلُ شرٍّ" فلاں برائی کے لیے قید ہے۔ یعنی دشمنوں کے لیے تازیانہ ہے۔
النَّکَل: قوی مرد۔ ہمسر پر غالب آنے والا۔ مضبوط سدھا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ نَکَلُ شرٍّ" فلاں دشمنوں کے لیے تازیانہ ہے۔
النُّکلۃ: عبرتناک سزا۔ کہا جاتا ہے "رَماہُ بنُکلۃٍ" اس نے اس کو عبرتناک سزا دی۔
المُنکّل: عبرتناک سزا۔
المِنکل: سزا دینے کا سامان۔
النکعۃ: سخت مصیبت۔
نَکْنَکَ نَکْنَکَۃً: الاَمرَ: درست کرنا علٰی غریمِہٖ: سختی کرنا۔
نکہ(ف ض) نکہًا لِفُلانٍ و علیہِ: کسی کی ناک پر سانس لینا۔ نکھت الشَّمسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا۔
نَکِھَہٗ و نَکَھَہٗ(س ف) نکھًا: کسی کا مُنہ سونگھنا۔
نُکِہَ الرَّجُلُ: بدہضمی کی وجہ سے مُنہ کی بُو کا بدل جانا۔
اِستنکھہٗ: کسی کے مُنہ کی بو سونگھنا۔ کسی کے مُنہ کی بو سونگھنے کا حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "اِستنکھتُ الرَّجُلَ فنکہَ فِی وَجھِی" میں نے مرد کے مُنہ کی بو کو سونگھنا چاہا اس نے میرے مُنہ کے سامنے سانس لیا۔
النکھۃ: نکہ کا اسم مرۃ۔ مُنہ کی بو۔
نکی ینکی نکایۃً العدوَّ و فِی العدوِّ: قتل کر کے یا زخمی کر کے غالب آنا۔ صفت فاعلی ناکٍ اور صفت مفعولی منکیٌّ القَرحۃَ: زخم کو اچھے ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا۔
نکِی ینکٰی نکًی: شکست کھانا۔ مغلوب ہونا۔ مقہور ہونا۔
النِّلنِلُ: کمزور بڈھا۔
نمّ(ن ض) نمًّا الحدیثَ: چغل خوری کرنا الحدیثُ: ظاہر ہونا بینَ النّاسِ: بھڑکانا الکلامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا الشَّیءُ: خوشبو پھیلنا۔ نمّت الرِّیحُ: ہوا کا بُو کو لانا۔
النّامُّ فا۔ ج نُمّام۔
النّامّۃ: النّامّ کا مؤنث۔ حس۔ حرکت۔ زندگی۔ کہا جاتا ہے "اَسکتَ اللّٰہُ نامّتَہٗ" یعنی اللہ اسے موت دے۔
النَّمُّ مص۔ چغل خور۔ ج نمّون و انمّاء و نُمٌّ۔
النَّمّام: چغل خور۔ ایک خوشبودار قسم کی نباتات۔ واحد نمّامۃ۔
النَّمّۃ: نمّ کا اسم مرۃ۔ نمّ کا مؤنث۔ سیاہی میں سفید یا سفیدی میں سیاہ داغ۔ اور کہا جاتا ہے "سمعتُ نمّتَہٗ" میں نے اس کی حرکت سنی۔
النِّمّۃ: نمّ کا اسم نوع۔ جوں۔
النُّمّیُّ: خیانت۔ عیب۔ دشمنی۔ طبیعت۔ انسان کا جوہر یا اصل۔ نُمّیُّ الرَّجُلِ: مرد کی طبیعت۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی الدّارِ نُمّیٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔
النُّمّیَّۃ: نمّی کا واحد۔ فاختہ۔ طبیعت۔
النَّمُوم: چغل خور۔
النّمیم و النّمیمۃ: چغل خوری۔ حرکت۔ لکھنے کی آواز۔ لکھائی۔ گفتگو کی نرم آواز۔ ج نمائم۔
النِّمنِم: چغل خوری۔
المِنمَم: چغل خور۔
النِّمْءُ و النِّمأُ: چھوٹی چھوٹی جوئیں۔
نمر(ن) نمرًا فی الجبلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
نمِر(س) نمرًا الرَّجُلُ: غضبناک و بد خلق ہونا السَّحابُ: بادل کا چیتے کے رنگ کا ہونا۔
نمّر و تنمّر: غضبناک ہونا۔ بد خلق ہونا۔
نمّر وجھَہٗ تنمیرًا: ترش رو کر دینا۔
اَنمر: صاف پانی پانا۔
تنمّر: عادت یا رنگ میں چیتے کے مشابہ ہونا بفلانٍ: بگڑنا۔ خفا ہونا۔ دھمکی دینا۔ دھمکی دینے میں آواز بلند کرنا۔
النّامرۃ و النّامورۃ: بھیڑیا وغیرہ شکار کرنے کیلئے ایک حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا

کر شکار کرتے ہیں۔

النَّامُوْر. خون۔

النَمِر والنِمْر والنَمْر. چیتا۔ اور اس کی کنیت اَبُو الاَبْرَدِ اور اَبُو الْاَسْوَدِ ہے اور ان کے علاوہ اور بھی کنیتیں ہیں۔ ج اَنْمُرٌ و اَنْمار و نُمْرٌ و نِمارٌ و نِمارَةٌ و نُمُوْرٌ و نُمُوْرَةٌ و نُمَرٌ. کہا جاتا ہے "لَبِسَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ جِلْدَ النَمِرِ" فلاں فلاں سے بگڑ گیا اور خفا ہوا۔

اَلنَمِرُ واحد نُمْرَةٌ

النَمِر. صاف پانی۔ خالص حسب۔ بہت مِنَ المَاءِ: زود ہضم پانی شیریں ہو یا نہ ہو۔ ج اَنْمار.

النُمْرَة. داغ۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ نُمْرَةٌ مِنْ غَيْرِ لَوْنِہٖ" ج نُمَرٌ.

النَمِرَة. النمر کا مؤنث۔ مادہ چیتا۔ بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو قریب قریب ہوں۔

النَمِرَة. بھیڑیئے کو شکار کرنے کے لیے حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں۔ چتکبرا رنگ۔ دھاری دار چادر۔ اُون کی چادر جس میں سیاہ و سفید دھاریاں ہوں۔ ج نِمارٌ.

النَمِيْر. صاف پانی۔ خالص حسب۔ کہا جاتا ہے مَاءٌ نَمِيْرٌ و حَسَبٌ نَمِيْرٌ: بہت مِنَ المَاءِ: پانی جو گوارا ہو چاہے میٹھا ہو یا نہ ہو۔

الاَنْمَر. سیاہ و سفید داغ والا مِنَ الْخَيْلِ وَالنَعَمِ: داغ دار اور ان بادلوں کو بھی کہتے ہیں جو مختلف رنگ کے ہوں۔ مؤنث نَمْرَاءُ ج نُمْرٌ اور کہا جاتا ہے "اَسَدٌ اَنْمَرُ" وہ شیر جس میں مٹیالا پن اور سیاہی ہو۔

طَيْرٌ مُنَمَّرٌ. کالے کالے نقطے والا پرند۔

النُمْرُق والنُمْرُقَة والنَمْرَق والنَمْرَقَة والنِمْرِق والنِمْرِقَة. چھوٹا تکیہ۔ زین کے نیچے ڈالنے کا گدیلا۔ النِمْرِقَة: پھٹے پھٹے بادل۔

نَمِسَ (ض) نَمْسًا السِرَّ: بھید چھپانا الرَّجُلَ: چپکے چپکے بات کرنا بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ بھڑکانا۔

نَمِسَ (س) نَمَسًا السَمْنُ و كُلُّ طِيْبٍ و دُهْنٍ: گھی، خوشبو اور تیل کا خراب ہونا۔ بگڑنا۔ صفت نَمِسٌ.

نَمَّسَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: ملتبس کرنا۔ خلط ملط کرنا الشَّعْرُ: بالوں کا تیل لگنے سے میلا کچیلا ہونا السَّمْنُ او الْجُبْنُ: گھی یا پنیر کا بدبودار ہونا۔ صفت مُنَمِّسٌ.

نَامَسَ مُنَامَسَةً الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنا فُلَانًا: چپکے چپکے بات کرنا۔

اَنْمَسَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ بھڑکانا۔

تَنَمَّسَ الْاَمْرُ: ملتبس ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنے کی جگہ بنانا۔

اِنَّمَسَ اِنِّمَاسًا الرَّجُلُ: چھپنا فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔

النَّامُوْس. راز دار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَامُوْسُ الْاَمِيْرِ" فلاں امیر کا رازدار ہے۔ وحی۔ حاذق۔ جھوٹا۔ چغل خور۔ شکاری کے گھات کی جگہ۔ راہب کی کوٹھری۔ جال۔ مکر و فریب۔ حیلہ نہانی۔ چیونٹی کی شکل کا ایک مٹیالا جانور۔ شیر کی جھاڑی ج نَوَامِيْس. النَّامُوْسُ الْاَكْبَرُ: حضرت جبرئیل کا لقب (دخیل)

النَّامُوْسَة. شیر کی جھاڑی۔ مچھر۔

النَّامُوْسِيَة. مچھر دانی (دخیل)

النِمْس. چھوٹی چھوٹی ٹانگوں اور لمبی دم کا بلی کے برابر ایک جانور جو سانپ اور چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کی بہت قسمیں ہیں۔ ج نُمُوْس.

النَمَس. گھی و خوشبو کی خرابی۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔

النَمَسَة. بدبو۔

النَمَّاس. چغل خور۔

الاَنْمَس. مٹیالا۔ مؤنث نَمْسَاء. ج نُمْس.

المُنَامِس. چپکے چپکے بات کرنے والا۔ گھات کی جگہ میں داخل ہونے والا۔

نَمَشَ (ن) نَمْشًا. چغل خوری کرنا۔ جھوٹ بولنا الكَلَامَ: جھوٹی بات بنانا الْجَرَادُ الْاَرْضَ: کھا کے سب صاف کرنا۔ مِنَ الْاَرْضِ بیہودہ لوگوں کی طرح کچھ اٹھانا۔

نَمَشَهٗ (ض) نَمْشًا. منقش کرنا۔

نَمِشَ (س) نَمَشًا. داغ دار ہونا۔ دھاری دار ہونا۔ صفت اَنْمَشُ و نَمِشٌ.

نَمَّشَ فِي اُذُنِهٖ: کان میں چپکے چپکے بات کہنا۔

اَنْمَشَ الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْمَشَ بَيْنَهُمْ" یعنی اس نے ان کے درمیان فساد ڈالا۔

النَمْش. مص۔ چکنی چپڑی گفتگو۔

النَمَش. مص۔ داغ۔ دھاری۔ نقش و نگار کے خطوط۔

النَمِش. داغ دار۔ دھاری دار۔ سَيْفٌ نَمِشٌ. دھاری دار تلوار۔ وَجْهٌ نَمِشٌ: داغ دار چہرہ۔

الاَنْمَش. داغ دار۔ مؤنث نَمْشَاءُ. ج نُمْشٌ عَنْزٌ نَمْشَاءُ: داغ دار بکری۔

رَجُلٌ مُنْمِشٌ. فساد آمیز مرد۔

نَمَصَ (ن) نَمْصًا. الشَعْرَ و النَبْتَ: بال یا نباتات اکھیڑنا۔

نَمَّصَ تَنْمِيْصًا و تَنَمَّصَ الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔

اَنْمَصَ النَبْتُ: جانور کے چرنے کے بعد دوبارہ اُگنا۔

تَنَمَّصَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا ابتدائی روئیدگی کو چرنا المَرْاَةُ: اکھیڑنے کیلئے پیشانی کے بال کو پکڑنا۔

النِمَاص. سوئی کا دھاگا۔

النُمَاص. مہینہ۔ ج نُمُصٌ و اَنْمِصَةٌ.

النَمَص. روئیں کی طرح نرم و ملائم بال۔ چھوٹے چھوٹے پر۔ ابتدائی نباتات۔ ایک قسم کی نرم گھاس جس سے سرپوش وغیرہ بناتے

ہیں۔

النمیص. اکھیڑا ہوا۔ النبت وہ گھاس جس کو جانور چر سکیں۔ یا وہ گھاس جو چرنے کے بعد پھر نکل آئے۔

المنمص و المنماص. موچنا۔

نمط تنمیطا بفلان الشئی و علی الشئی: راہنمائی کرنا۔

انمط لہ العطاء: کم دینا۔

النمط. ایک قسم کی چادر۔ ٹوکرے کے مانند ایک برتن۔ طریقہ۔ روش۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "ھذا من نمط ھذا" یہ اس کی قسم سے ہے "وما عندہ نمط من العلم" اسے کسی قسم کا علم نہیں۔

النمط. ایک قسم کا اُونی کپڑا جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے۔ ج أنماط و نماط اور نسبت کے لیے انماطی و نمطی۔ النمط. لوگوں کی جماعت کہ ان کا معاملہ ایک ہو۔

الانمط. طریقہ۔

النمغة. پہاڑ کی چوٹی۔ مال کی کثرت۔ قوم کا بہترین حصہ۔ نو مولود بچّے کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔

النماغة. سر کا بالائی حصہ۔ نو مولود بچّے کے سر کا وہ حصہ جو سخت ہونے سے پہلے حرکت کرتا رہتا ہے۔

نمق (ن) نمقا عین فلان: آنکھ پر طمانچہ مارنا۔ الکتاب: لکھنا۔

نمّق الکتاب: کتاب کو خوبصورت لکھنا۔ الجلد: کھال کو منقش کرنا۔

انمقت النخلة: درخت خرما میں بے گٹھلی کے کھجور ہونا۔

النمق. کتاب۔ نمق الطریق: راستہ کا وسط۔

النمقة. بدبو۔

ثوب نمیق و منمّق. منقوش کپڑا۔ او قول منمّق: بناوٹی وعدہ یا گفتگو۔

نمل (ن) نملا و نمل (س) نملا و انمل: چغل خوری کرنا۔ نمل و نمال فی الشجر: درخت پر چڑھنا۔

نملت (س) نملا یدہ: ہاتھ کا سُن ہونا۔

تنمّل القوم: حرکت کرنا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

النامل. فا۔ چغل خور۔

الناملة. النامل کا مؤنث عام راستہ۔

النمل و النمْل. چیونٹی۔ واحد نملة و نملة (مذکر و مؤنث) ج نمال۔ النمل: پہلو کی پھنسیاں۔

النمل. چغل خور۔ بہت چیونٹیوں والی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مکان نمل و ارض نملة" اور کہا جاتا ہے "فرس نمل او نمل القوائم" گھوڑا جو کلیلیں کرنے کی وجہ سے ایک جگہ قائم نہ رہے "رجل نمل او نمل الاصابع" ہر کام میں پھرتیلا مرد۔

النملة. چھوت۔ جانور کے کھر کی پھٹن۔ پہلو کی پھنسیاں۔ ایک قسم کی پھنسی جس میں سوزش ہوتی ہے اور جو جگہ بدلتی رہتی ہے۔

النملة. حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فرس ذو نملة" بہت حرکت کرنے والا گھوڑا۔

النملة. بتثلیث النون: چغل خوری۔

النملان. کسی چیز پر اوپر سے جھانکنا۔

النمّال. چغل خور۔

النمیلة. چغل خوری۔

الانملة. تسع لغات بتثلیث الھمزہ والمیم. سر انگشت۔ اور بقول بعض انگلی کا اوپر کا پورا۔ ج انامل و انملات (بتثلیث الحرفین)

النملی و المنملة من النساء: ایک جگہ پر قرار نہ لینے والی عورت۔

المنمل و مِنمال. چغل خور۔

المنمل و المنمّل: لکھا ہوا۔ گنجان لکھا ہوا۔

المنمول. زبان۔ طعام منمول: کھانا جس میں چیونٹیاں پڑ گئی ہوں۔

نامل ناملة. بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔ کہا جاتا ہے "ھو ینامل فی قیدہ"

نمنمه. آراستہ کرنا۔ مزین کرنا۔ منقش کرنا۔

نمنمت الریح الرمل او الماء: دھاری ڈالنا۔ لہر ڈالنا۔ نمنم کتابه: گنجان ڈالنا۔

النمنم و النمنیم. ریت پر کی دھاری۔ لہر۔

النمنمة: نقش والی کتاب پر باریک تصویر کسی کافن

النمنم و النُمنُم. جوانوں کے ناخن پر کی سپیدی۔ واحد نمنمة و نُمنُمة۔

المنمنم. ثوب منمنم: منقش کپڑا۔

بنت منمنم: گنجان نباتات۔ کتاب منمنم: منقش کتاب۔ ناقة منمنمة: موٹی اونٹنی۔

نمه (س) نمها: حیرانی جیسی لاحق ہونا۔ صفت نمه و نمة

نما ینمو نموا: زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔ بلند ہونا۔ الخضاب: سرخی یا سیاہی زائد ہونا۔ الحدیث الی فلان: نسبت کرنا۔

النمو. بڑھاؤ۔ زیادتی۔

النموة. زیادتی۔

النموذج و الانموذج: نمونہ۔ ج نموذجات و انموذجات

نمی ینمی نمیا و نمیا و نماء و نمیة المال و غیرہ: زیادہ ہونا۔ بہت ہونا۔ السعر: بھاؤ گراں ہونا۔ الحبر فی الکتاب: روشنائی کا لکھنے کے بعد چمک اٹھنا۔ الخضاب فی الید او الشعر: سیاہی زیادہ ہونا۔ الشئی علی الشئی: کسی چیز سے بلند کرنا۔ النار: آگ کو خوب بھڑکانا۔ الخل: موٹا ہونا۔ الماء: پانی کا چڑھنا۔ الحدیث الی فلان: کسی کی جانب نسبت کرنا۔ الرجل الی ابیه: نسبت کرنا۔

نمت الابل: موٹا ہونا۔ گرمی میں گھاس کی تلاش میں دور تک جانا۔ الصید: شکار کا زخم لگ جانے کے بعد نگاہ سے اوجھل ہونا اور مر جانا۔

نمّی تنمیة الشئی: بڑھانا۔ النار: آگ کو خوب بھڑکانا۔ الحدیث الی فلان: نسبت کرنا۔ فساد انگیزی کے لحاظ سے پہنچانا۔ کہا جاتا

ہے "فلانٌ ینمی احادیثَ النّاس" فلاں لوگوں کی باتوں کو فساد انگیزی کے لیے پہنچاتا ہے۔

اَنمی انماء الشّیءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔

اَنمی: بڑھنا الحدیثَ: چغل خوری کے لحاظ سے پھیلانا الصّیدَ: شکار کا زخم لگ جانے کے بعد نگاہ سے اوجھل ہو کے مر جانا اور اس کے مقابل میں "اصمی" ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ تیر لگنے کے بعد فوراً مر جائے اور اسی سے عرب کا قول ہے "کُلْ ما اَصمیتَ ودَعْ ما اَنمیتَ" انمی الرّاعی الابلَ: چرواہے کا اونٹوں کو دور تک لے جانا۔ انماھا الکلأ: گھاس کا اونٹوں کو موٹا کرنا۔ انمی الکرمُ: انگور کی بیل میں گچھے دار شاخ ہونا۔

اَنمیتُ لِفلانٍ: کسی کی معمولی غلطی کو چھوڑ دینا تاکہ بڑی غلطی میں مبتلا ہو جائے اور پھر اُس کیلئے کوئی عذر باقی نہ رہے۔

تنمی تنمیًا الشّیءُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا اور بلند ہونا۔

اِنتمی اِنتماءً فُلانٌ الی ابیہ: منسوب ہونا البازی: ایک جگہ سے دوسری جگہ بلند ہونا۔

وانتمی فُلانٌ فوقَ الوِسادۃِ: بلند ہونا۔

النّامی. فا۔ نجات پانے والا۔

النّامیۃ. النّامی کا مؤنث۔ بڑھنے کی طاقت؛ مخلوق من الابلِ: موٹے اونٹ۔ نامیۃُ الکرمِ: گچھے دار شاخ۔ ج نوامی۔

النّماۃ: چھوٹی جوں۔ ج نمی۔

نَھا ینھا نَھْأً الاناءَ: بھرنا اور کہا جاتا ہے شرب فُلانٌ حتّی نھا: فلاں نے پیا یہاں تک کہ سیر ہو گیا۔

نَھِیَ ینھا ونَھُو ینھُو نُھُوئًا ونھا و نَھانۃ و نُھُوئًا و نَھاوۃ اللحمُ: گوشت کا کچا رہنا۔ صفت نَھِیٌّ۔

اَنھا انھاءً اللحمَ: گوشت کچا رکھنا الامرَ: مضبوط نہ کرنا۔

النّاھی. شکم سیر۔ سیراب۔

النُّھُوْءَۃ. پختگی۔

نَھَبَ (ف ن) و نَھِبَ (س) نَھْبًا الغنیمۃَ: مالِ غنیمت لوٹنا القومُ فلانًا: سخت سست کہنا۔ نھبہ الکلبُ: کتے کا ایڑی پر کاٹ لینا۔

ناھَبَہ مُناھَبَۃً. دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔

ناھَبَ القومُ فلانًا: سخت سست کہنا الغنیمۃَ: مالِ غنیمت لوٹنا۔

اَنھبَ الرّجلُ مالَہ: لوٹنے کا موقع دینا۔

اَنھبہُ المالَ: لٹا دینا۔

تناھبت الابلُ الارضَ: ٹانگوں کے نیچے کرنا۔ تناھب الفرسانِ: باہم لوٹنا اور دوڑنے میں مسابقت کرنا۔

اِنتھب الفرسُ الشّوطَ: غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "جوادٌ ینتھبُ الغایۃَ: گھوڑا جو غایت تک مسابق ہوتا ہے" "وانتھب النّھبَ" مالِ غنیمت کو لینا۔

النَّھبُ. س۔ کہا جاتا ہے "ھذا زمانُ النَّھب" یہ لوٹ کا وقت ہے۔ غنیمت۔ ہر وہ چیز جو لوٹی جائے۔ ج نِھاب. النُّھُبُ: ایک قسم کی دوڑ۔

النُّھبۃ والنُّھبی والنُّھیبی والنُّھَیبی لوٹ۔ لوٹی ہوئی چیز۔

النَّھّاب. بہت لوٹنے والا۔

المِنھبُ. دوڑ میں فوقیت لے جانے والا گھوڑا۔

المُنتَھَب. مصدر میمی بمعنی انتہاب۔ لوٹ کی جگہ۔

المَنھُوب. مفعول۔ فوری مطلوب۔

النّھابر. النّھابیر. ہلاکتیں۔ زمین یا ریت کی بلند جگہیں۔ اور بقول بعض ٹیلوں کے درمیان گڑھے۔ واحد نُھبُرۃ و نُھبُورٌ و نُھبُورۃ. النّھابر: جہنم اور کہا جاتا ہے "غشی بہ النّھابیر" اس نے اس کو سخت کام پر برانگیختہ کیا۔

النِّھبِرۃ. لمبی لاغر عورت یا قریب بہ ہلاکت۔

نَھبَلَ الرّجلُ: عمر رسیدہ ہونا۔ لنگڑا ہونا اور لنگڑے بجو کی طرح چلنا۔

النَّھبَل. عمر رسیدہ۔ کہا جاتا ہے "شیخ نَھبلٌ و عجوزٌ نَھبلۃٌ" عمر رسیدہ بڈھا۔ عمر رسیدہ بڑھیا۔

النّھبلۃ. گرانباری کی چال۔ موٹی اونٹنی۔

نَھَتَ (ض) نَھاتًا و نَھِیتًا الاسدُ او الحمارُ او الرّجلُ: شیر کا گونجنا۔ گدھے کا رینکنا۔ مرد کا آواز کرنا۔ نالہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رأیتُہ ینھتُ کما ینھتُ القردُ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ اس طرح آواز نکال رہا تھا جیسے بندر نکالتا ہے۔

النّاھت. فا۔ حلق۔

النَّھّات. رینکنے والا (و المِنھَت) شیر۔

نُھتِر فلانٌ علینا: جھوٹ باندھنا۔

نَھَجَ (ض) و نَھِجَ (س) نَھَجًا الرّجلُ: ہانپنا۔ دمہ والا ہونا۔

نَھَجَ (ف ن) نَھْجًا الثّوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت نَھِج۔

نَھَجَ (ف) نَھْجًا الثّوبَ: کپڑے کو پرانا کرنا۔ بوسیدہ کرنا الامرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا الطّریقَ: راستہ میں چلنا۔

نَھَجَ (ف) نَھْجًا و نُھُوجًا الطّریقُ او الامرُ: راستہ کا یا معاملہ کا واضح ہونا۔

اَنھج الطّریقُ او الامرُ: راستہ یا معاملہ کا واضح ہونا ظاہر ہونا الطّریقَ او الامرَ: راستہ یا معاملہ کو واضح کرنا۔ ظاہر کرنا الدّابۃَ: چوپایہ پر سوار ہو کر سانس چڑھانا فلانًا: سانس چڑھانا الثّوبَ: کپڑے کو پرانا کرنا بوسیدہ کرنا الثّوبُ: کپڑا پرانا ہونا یا کہنگی شروع ہونا۔

اِنتھج الرّجلُ: چلنا۔ اور بقول بعض واضح راستہ تلاش کرنا الطّریقَ: راستہ کو ظاہر کرنا۔

اِستنھج الطّریقُ: راستہ کا واضح ہونا۔ فُلانٌ سبیلَ فلانٍ: پیروی کرنا۔

طریقٌ ناھجۃٌ. واضح راستہ۔

النَّھجُ. س۔ واضح راستہ۔ کہا جاتا ہے "طریقٌ نَھجٌ و طُرقٌ نَھجۃٌ و نَھجاتٌ و نَھجٌ و نُھوجٌ"

نَھجُ البلاغۃ. بلاغت کے واضح طریقے۔ ایک کتاب کا نام جس میں سیدنا علیؓ کے

خطبات، اقوال، مکاتیب، نصائح جمع کیے گئے ہیں۔

النَّهج والنَّهِيج. ہانپنا۔

المَنْهَج والمِنْهَج والمِنْهَاج: کشادہ راستہ ج مَنَاهِج۔

المُنْهَج. جلدی بوسیدہ ہونے والا کپڑا۔

نَهَدَ (ف ن) نُهُوْدًا الثَّدْيُ: پستان کا ابھرنا نَهَدَتِ الْمَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت نَاهِدٌ و نَاهِدَةٌ القِرْبَةُ: مشک کا بھرنے کے قریب ہونا (نَهْدًا و نَهَدًا) لِلْعَدُوِّ وإلَى الْعَدُوِّ: دشمن پر جلدی حملہ کرنا الهَدِيَّةَ: ہدیہ کو بڑا سمجھنا یا بڑا کرنا۔

نَهَدَ (ف) نَهْدًا. اٹھنا إلَيْهِ: کھڑا ہونا۔ جیسے دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَنَهَدَ النَّاسُ لِيَسْأَلُوْنَهُ" یعنی وہ مسجد میں داخل ہوا تو لوگ کھڑے ہو کر اس سے پوچھنے لگے۔

نَهُدَ (ک) نُهُوْدَةً الفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ اور مضبوط ہونا۔

نَهَّدَتِ الْمَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت مُنَهِّدٌ۔

نَاهَدَهُ مُنَاهَدَةً. لڑائی میں کسی کا مقابلہ کرنا۔

أَنْهَدَ العَطِيَّةَ: عطیہ کو بڑھانا الحَوْضَ او الإنَاءَ: حوض یا برتن کو بھرنا یہاں تک کہ چھلکنے لگے۔ أَنْهَدَتِ الْمَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا فُلانًا: اٹھانا۔

تَنَهَّدَ الرَّجُلُ: ٹھنڈی سانس لینا۔

تَنَاهَدَ الْقَوْمُ: برابر برابر نفقہ نکالنا تا کہ اس سے مشترک طور پر غلّہ خریدیں اور جو نفقہ نکالا جائے اس کو النِّهْد کہتے ہیں۔ تَنَاهَدَ الْقَوْمُ الشَّيْءَ: آپس میں لین دین کرنا۔ تَنَاهَدُوا فِي الْحَرْبِ: لڑائی میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِسْتَنْهَدَهُ لڑائی میں اٹھنے کیلئے بلانا۔

النَّاهِد. فا۔ ج نُهَدَاء و نُهَّادٌ. ابھرے ہوئے پستان والی عورت۔ ج نَوَاهِد۔

النَّاهِد. شیر۔ غُلامٌ نَاهِدٌ: قریب البلوغ لڑکا۔

النُّهَادُ. مقدار۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُهَادُ مِائَةٍ" یہ مقدار سو کے ہے۔

النَّهْد. س۔ بلند چیز۔ شیر۔ کریم۔ عمدہ مضبوط گھوڑا۔ مسکہ۔ پستان۔ ج نُهُود

النِّهْد. نفقہ جو شرکاء سفر برابر برابر نکالیں۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَ نِهْدَهُ مَعَ الْقَوْمِ" یعنی اس نے ان کی مدد کی۔

النَّهْدَاءُ. ریت کا بلند ٹیلہ۔

حَوْضٌ او إنَاءٌ نَهْدَانُ. بھرا ہوا حوض یا برتن جو ابھی چھلکتا نہ ہو۔

النَّهِيْد. گاڑھا مسکہ۔

النَّهِيْدَة. گاڑھا مسکہ۔ ایک قسم کا کھانا جو اندرائن کے بیج کے مغز کو آٹے سے ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔

المَنْهُوْد إلَيْهِ: جس کا قصد کیا جائے جس کی طرف اٹھا جائے۔

المُنَاهَدَة. مص۔ جھگڑا کرنا۔

نَهَرَ (ف) نَهْرًا الدَّمُ: خون کا زور سے بہنا الماءُ: پانی کا بہنا اور نہر بنا لینا النَّهْرَ: نہر کھودنا۔ نہر جاری کرنا السَّائِلَ: سائل کو ڈانٹنا (ونَهِرَ (س) نَهَرًا) الحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ الْبِئْرَ حَتّٰى نَهِرْتُ" میں نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔

أَنْهَرَ النَّهْرَ: نہر کو وسیع کرنا۔ چوڑا کرنا (اور یہ نیزہ کے زخم کیلئے بھی آتا ہے) الدَّمَ: خون نکالنا۔ بہانا الدَّمُ: خون کا بہنا العِرْقُ: رگ سے خون نہ رکنا فُلانٌ: بھلائی کو نہ پہنچنا فِي الْعَدْوِ: تاخیر کرنا۔ سستی کرنا الرَّجُلُ: ون کرنا البَطْنُ: پیٹ چلنا الحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔

اِنْتَهَرَ السَّائِلَ: سائل کو ڈانٹنا العِرْقُ: رگ سے خون نہ رکنا بَطْنُهُ: پیٹ چلنا۔

اِسْتَنْهَرَ النَّهْرُ: نہر کا اپنے بہنے کے لیے مضبوط جگہ بنانا الشَّيْءُ: وسیع و کشادہ ہونا اور ہر وہ چیز جو بہت ہو اور بہہ پڑے اس کیلئے اِسْتَنْهَر کا استعمال کرتے ہیں۔

النَّاهِر. [illegible] سفید انگور۔

النَّهَار. دن۔ نہار شرعی صبح سے لے کر مغرب تک۔ ج أَنْهُر و نُهُر۔

النَّهَار: بھٹ تیتر۔ نر سرخاب۔ نر الو۔

النَّهَارِيّ کھانا جو دن کے ابتدائی حصہ میں کھایا جائے۔ ناشتہ۔

النَّهْر. ندی۔ دریا۔ ج أَنْهُر وأَنْهَار و نُهُر و نُهُوْر۔

النَّهَر گنجائش۔ وسعت۔ نہر میں ایک لغت ہے۔

النَّهِر. سفید انگور۔ کہا جاتا ہے "نَهْرٌ نَهِرٌ" کشادہ نہر۔ "نَهَارٌ نَهِرٌ" روشن دن "مَاءٌ نَهِرٌ" بہت پانی۔

النَّهِيْر. بہت۔

النَّهِيْرَة. بہت دودھ والی اونٹنی۔

الأَنْهَر. اسم تفضیل۔ نہار أَنْهَر: بہت روشن دن۔

الأَنْهَرَانِ مِنْ مَنَازِلِ الْقَمَرِ: چاند کے منازل میں عَوَّاء اور سَمَاك نامی دو ستارے۔

النَّاهُوْر. بادل۔

المَنْهَر. پانی بہنے کی جگہ جس کو خود پانی نے بنا لیا ہو۔ قلعہ سے پانی باہر نکلنے کی نالی۔

المَنْهَرَة. لوگوں کے گھروں کے درمیان کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "أَمَامَ دَارِهِمْ مَنْهَرَةٌ" ان کے گھروں کے سامنے کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔

نَهَزَهُ (ف) نَهْزًا. دفع کرنا اور مارنا۔ نَهَزَ رَأْسَهُ: سر ہلانا الشَّيْءَ: قریب ہونا فُلانٌ: کچھ لینے کیلئے اٹھنا الفَصِيْلُ ضَرْعَ أُمِّهِ اونٹ کے بچے کا ماں کے تھن پر ٹکر مارنا الدَّابَّةُ چوپایہ کا سینہ نکال کر چلنا الدَّابَّةَ بِرَاسِهَا: چوپایہ کا اپنے آپ سے دفع کرنا۔ اور جب دودھ چھڑانے کے قریب ہو تو کہا جاتا ہے "نَهَزَ لِلْفِطَامِ" صفت مذکر نَاهِزٌ اور صفت مؤنث نَاهِزَةٌ: نَهَزَ بِالدَّلْوِ فِي الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں میں بھر جانے کے لیے ہلانا الدَّلْوَ مِنَ

الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں سے نکالنا نَهَزَ الرَّجُلُ: قے کرنے کے لیے گردن اٹھانا اور سینہ نکالنا قَيْحًا: پیپ پھینکنا اور کہا جاتا ہے "نَهَزَتْنِي اِلَيْكَ حَاجَةٌ" مجھے ضرورت تمہارے پاس لے آئی۔

نَاهَزَهُ مُنَاهَزَةً. قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاهَزَ الْخَمْسِيْنَ" اس کی عمر پچاس کے قریب ہے "وَنَاهَزَ لِلْفِطَامِ" وہ دودھ چھڑانے کے قریب پہنچا الصَّيْدَ: سبقت کرنا الْفُرْصَةَ: غنیمت جاننا۔ نَاهَزْتُهُمُ الْفُرَصَ: فرصت پانا۔

اَنْهَزَهُ. دفع کرنا۔ اٹھانا۔

تَنَاهَزَا. سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاهَزُوا الْفُرَصَ" انہوں نے فرصت کو غنیمت جاننے کی وجہ سے سبقت کی۔

اِنْتَهَزَ الْفُرْصَةَ: غنیمت جاننا اور سبقت کرتے ہوئے اٹھنا الشَّيْءَ: قبول کرنا اور لینے کی جلدی کرنا فِي الضِّحْكِ: بہت زور سے ہنسنا۔

النَّاهِزُ. فا نَاهِزُ الْقَوْمِ: قوم کا سردار۔ قوم کا چودھری۔

النُّهَازُ والنِّهَازُ. قدر۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُهَازُ ذَاكَ" یہ اس کے مقدار ہے۔

النَّهْزُ. مص. ہاتھ میں لینا۔ لینے کیلئے اٹھنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَهْزُهُ كَذَا" یعنی اس کی مقدار اتنی ہے۔

النَّهِزُ. شیر۔

النَّهَّازُ. اسم مبالغہ۔ چلنے میں سینہ نکالنے والا گدھا۔

النُّهْزَةُ. فرصت۔ ج نُهَزٌ. کہا جاتا ہے "هُوَ نُهْزَةُ الْمُخْتَلِسِ" وہ ہر ایک کا شکار ہے۔

الْمِنْهَزُ مِنَ الْبِئْرِ: کنوئیں کا من۔

الْمُنَاهَزَةُ. مص. مسابقت۔

نَهَسَ (ف) و نَهِسَ (س) نَهْسًا اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا۔ نَهَسَتِ الْحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَسَ الْكَلْبُ فُلَانًا: کتے کا کسی کو نوچ لینا۔

اِنْتَهَسَ اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا فُلَانًا: غیبت کرنا۔

النُّهَسُ والنُّهْسُ. لٹورے کے مانند ایک پرندہ جو ہمیشہ اپنی دم ہلاتا رہتا ہے اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔ ج نِهْسَان۔

النَّهَّاسُ والنَّهُوْسُ والمَنْهَسُ والمِنْهَسُ بہت دانت سے کاٹنے والا۔ شیر۔ بھیڑیا۔ الْمَنْهَسُ: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ كَثِيْرَةُ الْمَنَاهِسِ" بہت چراگاہ والی زمین۔

النَّهِيْسُ. کم گوشت والا۔ دبلا۔

اَلْمَنْهُوْسُ. مف. کم گوشت والا۔ رَجُلٌ مَنْهُوْسُ الْقَدَمَيْنِ: دبلے پتلے قدم کا مرد۔ الطَّعَامَ: کھانا۔

نَهَشَهُ (ف ض) نَهْشًا. اگلے دانتوں سے نوچنا۔ دانت سے کاٹ کر نشان ڈالنا الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَشَهُ الدَّهْرُ: مشقت میں ڈالنا۔

نُهِشَتْ و انْتُهِشَتْ اَعْضَاؤُنَا: لاغر ہونا۔

النَّهَاوِشُ. مظالم۔ عرب والوں کے قول نَهَشَهُ سے جبکہ مشقت میں ڈال دیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَهِشُ الْيَدَيْنِ او الْقَوَائِمِ" وہ ہاتھ پاؤں کا پھرتیلا ہے۔

الْمَنْهُوْشُ. مف. مشقت میں پڑا ہوا۔ دبلا۔

نَهْشَلَ الرَّجُلُ: بڑی عمر کا ہونا فُلَانًا: دانت سے کاٹنا الشَّيْءَ سخت بھوک کی مانند کھانا۔

النَّهْشَلُ. بھیڑیا۔ شکرا۔ بہت بڈھا۔ بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا۔ مؤنث نَهْشَلَةٌ۔

نَهَضَ (ف) نَهْضًا و نُهُوْضًا. کھڑا ہونا عَنْ مَكَانِهِ: اٹھنا اِلٰى عَدُوِّهِ: جلدی سے حملہ کرنا النَّبْتُ: نباتات کا سیدھا کھڑا ہونا لِلْاَمْرِ: مستعد ہونا الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کیلئے بازو پھیلانا (نَهْضًا) فُلَانًا: ظلم کرنا الشَّيْبُ فِي الشَّبَابِ: جلدی بڑھاپا شروع ہو جانا۔

نَاهَضَ قِرْنَهُ مُنَاهَضَةً. مقابلہ کرنا۔

اَنْهَضَهُ. اٹھانا۔ کھڑا کرنے کیلئے ہلانا۔ اَنْهَضَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو چلانا اور اٹھانا الْقِرْبَةَ: مشک کو چھلکنے تک بھرنا۔

اَنْهَضَهُ بِالشَّيْءِ: ٹیک لگا کے اٹھنا۔

تَنَاهَضُوْا فِي الْحَرْبِ: جنگ میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِنْتَهَضَ. کھڑا ہونا فُلَانًا لِلْاَمْرِ: مستعد کرنا۔ کھڑا کرنا الْقَوْمُ: مقاتلہ کے لیے کھڑا ہونا۔

اِسْتَنْهَضَهُ لِكَذَا: کسی کام کیلئے اٹھنے کو کہنا۔

النَّاهِضُ. فا۔ اُڑنے کے لائق پرندہ کا بچہ۔ گھوڑے کے بازو کے اوپر کا گوشت۔ کہا جاتا ہے "عَامِلٌ نَاهِضٌ" کر گزرنے والا "وَمَكَانٌ نَاهِضٌ" بلند جگہ۔

نَاهِضَةُ الرَّجُلِ: مرد کے باپ کی اولاد۔ اور اس کے خدام وغیرہ۔ ج نَوَاهِضُ.

النَّوَاهِضُ بڑے ڈیل ڈول اور سخت بدن والے اونٹ۔

النِّهَاضُ مِنَ الطُّرُقِ: راستہ کی بلندیاں اور گھاٹیاں۔ النِّهَاضُ: جلدی۔

النَّهْضُ. مص. مِنَ الْبَعِيْرِ: اونٹ کے مونڈھے اور کندھے کے درمیان کا حصہ۔ ج اَنْهُضٌ. النَّهْضُ: ظلم و زبردستی۔ سخت زمین۔

النَّهْضَةُ. نَهَضَ کا اسم مرۃ۔ طاقت و قوت۔ زمین کی چڑھائی کہ جس میں انسان یا چوپایہ پست زین سے چڑھتے ہوئے تھک جائے۔ ج نِهَاضٌ. کہا جاتا ہے "كَانَ مِنْهُ نَهْضَةٌ اِلٰى كَذَا" اس کی حرکت فلاں جانب ہے "وَهُوَ كَثِيْرُ النَّهَضَاتِ" وہ بہت حرکت والا ہے۔

النَّهَّاضُ. بہت اٹھنے والا۔ گا۔ مَكَانٌ نَهَّاضٌ: بلند جگہ۔

نَهَفَ (ف) نَهْفًا الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔

نَهَقَ (ف ن ض) و نَهِقَ (س) نَهْقًا و نَهِيْقًا و نُهَاقًا و تَنْهَاقًا الْحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔ صفت نَاهِقٌ.

تَنَاهَقَتِ الْحُمُرُ: گدھوں کا رینکنا۔

النّاهقان. کھر دار جانور کے جبڑے کی دو ابھری ہوئی ہڈیاں اور ان کو النّواهق بھی کہتے ہیں۔

ناهقُ الحمار و نواهِقُهٗ گدھے کے گلے سے آواز نکلنے کی جگہ اور بقول بعض نواهق اُن کو کہتے ہیں جو جانور کی ناک کے آخری حصّہ کو گھیرے ہوئے ہیں۔ واحد ناهقة.

النَّهق. س۔ پرندہ کی ایک قسم (والنهق) ایک قسم کی نباتات۔ واحد نَهقة و نهقة.

نهکَ(ف) نهکا و نهاکة. غالب ہونا۔ نَهَكَ الثّوب: پہن کر بوسیدہ کرنا من الطّعام و فيه: کھانے میں مبالغہ کرنا عِرْض فُلان: آبروریزی میں مبالغہ کرنا الضَّرع: تھن سے دودھ نکال لینا۔ نهکت الابلُ ماء الحوض: سارا پی جانا الحمّى فلانا: لاغر کر دینا۔ مشقت میں مبتلا کر دینا الشّراب فلانًا: دبلا کرنا۔

نَهِکَہٗ(س) نهکا و نَهکة. سخت سزا دینا (نَهِکا و نهکا و نَهکةً و نهاکةً) الحمّى فُلانا: لاغر و دبلا کرنا (نَهْكا) فلانٌ الشّراب: ختم کرنا۔

نُهِكَ نَهْكا. لاغر و دبلا ہونا۔ صفت منهُوك.

نهُکَ(ک) نهاکةً. دلیر ہونا۔

انهکہٗ. سخت سزا دینا۔

اِنْتهکتهُ الحمّى: لاغر و دبلا کرنا۔ انتهكَ فُلانٌ الحُرمة: اپنے چال چلن کو خراب کرنا الشّئ: بے عزتی کرنا فلانا: بے آبروئی کرنا۔

النّاهِك فا۔ تمام چیزوں میں مبالغہ کرنے والا۔

النَّهْك مص۔ بحر رجز کے دو ثلث کو حذف کرنا۔ جزء اخیر کو یا باقی کو منهُوك کہتے ہیں۔

النَّهْکة. نهک کا اسم مرة۔ کہا جاتا ہے "بدتْ فيهِ نهكةُ المرضِ" اس میں مرض کا اثر دبلا پن ظاہر ہوا۔

النَّهُوك. دلیر۔

النَّهِيك. تمام چیزوں میں مبالغہ کرنے والا۔ دلیر۔ مضبوط اونٹ۔ تلوار قاطع۔ کہا جاتا ہے "سيف نهيك" اچھے اخلاق والا (والنُّهيك) پسو کے مانند ایک کیڑا جس کو حرقوص بھی کہتے ہیں۔

المنْهکة. باعث پردہ دری۔ کہا جاتا ہے "هذا منهکةٌ للاعْراض" یہ آبروریزی کا سبب ہے۔

نهلتْ(ی) نهلا و منهلا الابلُ: پہلی بار پینا۔ پیاسا ہونا۔

انهل الابلَ: پہلی بار پلانا القومُ: پہلی بار پیے ہوئے اونٹوں والا ہونا انهلُوا زرعَهم: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔ انهل فلانا: غضبناک کرنا۔

النّاهل. فا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نهّل و نُهّال و نهُول و نهلة و نهلى و نهال.

النّاهلة. مؤنث النّاهل. چشمہ کی طرف آنے جانے والی ج نهّال و نواهل.

النّواهل: بھوکے اونٹ۔ النّهل. س۔ جمع ناهل. پہلی مرتبہ پینا۔ وہ خوراک جو کھائی جائے۔

النَّهْلان. پینے والا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نَهْلى ابلٌ نَهْلى: بھوکے اونٹ۔

المنْهال. بہت غصہ دلانے والا۔ ریت کا بلند ٹیلہ جس سے ریت گرتی رہے۔ قبر۔ بہت فیاض۔

المنْهل. گھاٹ۔ پینا۔ راستہ پر پانی پینے کی جگہ۔ ج مناهل.

نهم (ف ض) نهما و نهمة و نهيما الابلَ: اونٹ کو تیز دوڑنے کے لیے ڈانٹنا۔

نَهِم(ض) نهما. بہت کھانا۔

نَهَم(ض) نهما و نهيما الفيلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا۔

نهم (س) ونُهم نهما و نهامةً في الأكل: حریص ہونا فلانٌ في الشّئ: مشتاق ہونا۔

ناهمهٗ مُناهمة. باہم ٹھنڈی سانس بھرنا۔

انتهم. جھڑکی کھانا۔

النّاهم. فا۔ چلانے والا۔

النَّهام. بتثليث النون لوہار۔ بڑھئی۔

النُّهام. اُلو۔ راہب۔ ج نُهم.

النُّهامی. بتثليث النون۔ لوہار۔ بڑھئی۔

النّهامى و النُّهامى. راہب۔ آسان راستہ۔

النّهِم. حریص۔

النَّهْمة. مص۔ نهم کا اسم مرة۔ حاجت۔ کسی چیز کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "له في هذا الأمر نهمةٌ" اس کو اس کی خواہش ہے وقضى منه نَهمته اس نے اپنی خواہش پوری کی۔

النّهّام. اسم مبالغہ۔ شیر۔ واضح راستہ کا درمیان۔

النّهّامة. النّهّام کا مؤنث۔ شیر۔

النّهيم. حریص۔ شیر کی دھاڑ۔ ہاتھی کی چنگھاڑ۔

المِنْهام من الابل: ڈانٹ پر مطیع ہونے والی اونٹنی۔ ج مناهيم.

المنْهُوم. مع۔ حریص۔ مشتاق و فریفتہ۔ کہا جاتا ہے "هو منهُومٌ بالمال" وہ مال کا حریص ہے سیر نہیں ہوتا۔

نَهْنهَهٗ نهنهةً عن الشّئ: روکنا۔ ڈانٹنا۔

تنهنه. رکنا۔

النّهْنه. باریک بناوٹ کا کپڑا۔

نَهاهُ ينْهُوهُ نهْوا. ایک لغت ہے نهاهُ ينهاهُ نهيا یائی میں۔

نهاهُ ينهاهُ نهيا عن كذا: ڈانٹنا۔ منع کرنا۔ صفت مذکر ناه. صفت مؤنث ناهية اور جس سے منع کریں اس کو منهىٌّ عنهُ کہتے ہیں اور اسم النَّهية نهى اللهُ عن كذا: حرام کرنا اور کہا جاتا ہے "هو رجلٌ نهاكَ من رجلٍ" یہ ایسا شخص ہے جس نے تم کو دوسرے شخص کے طلب کرنے سے منع کر دیا ہے اور تم کہتے ہو "هي امرأةٌ نهتك من امرأة. و هما رجُلان نهياك من رجلين وهم رجالٌ نهوكَ من رجالٍ."

نَهِي و نُهِي اليه الْخبرُ پہنچنا۔
نُهِيَ يَنْهَى نَهْيً عنِ الْحاجة چھوڑ دینا۔ (کامیاب ہویا ناکامیاب)
نَهُو يَنْهُوْ نهاوةً کامل العقل ہونا۔
نَهَّاهُ تَنْهِيَةً منع کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے) نَهَّى الشَّيْ انتہا کو پہنچنا اليه الْخبرَ پہنچانا۔
اَنْهَى انهاناً الشَّيْ پہنچانا الْاَمر الى الْحاكم اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "طلب حاجة حتّى انْهى عنْها" اس نے حاجت طلب کی اور بغیر کامیابی و عدم کامیابی ترک کر دی۔ انْهى الرَّجُلُ من اللَّحْمِ اکتفا کرنا اور آسودہ ہونا۔
تناهى تناهيًا عنِ الشَّيْ رُکنا الْقومُ عنِ الْمُنْكر بعض کا بعض کو منع کرنا الشَّيْ انتہا کو پہنچنا الْماءُ پانی کا تالاب میں ٹھہرنا تناهى الخبرُ پہنچنا۔
اِنْتهى انتهاءً الشَّيْ انتہا کو پہنچنا عنِ الشَّيْ رُکنا اليك الْمَثَلُ او الخبرُ پہنچنا بفُلان الى مَوْضعِ كذا پہنچنا۔
اِسْتنْهاه استنهاءً کسی سے کہنا کہ رُک جاؤ۔ و اسْتنْهيتُ فُلاناً منْ فُلان میں نے فلاں سے کہا کہ فلاں کو مجھ سے باز رکھو۔
النَّاهي فا۔ ج نُهاة شکم سیر۔ سیراب اور کہا جاتا ہے "ناهيك بزيْدٍ فارسًا" زید تمہارے لیے کافی شہسوار ہے اور یہ مقام تعجب و استعظام میں بولا جاتا ہے۔ مقصود یہ ہے کہ وہ تمہارے مطلوب کی انتہا ہے غیر کے طلب کرنے سے مانع ہے اور عرب کا قول "هذا رجُلٌ ناهيك منْ رجُلٍ" (یہ شخص تمہارے لیے فلاں شخص سے کافی ہے) کلمہ ہے جو مقام مدح میں بطور تعجب کے بولا جاتا ہے پھر کثرت استعمال سے ہر تعجب میں بولا جانے لگا اور چونکہ یہ اسم فاعل ہے اس لیے مؤنث اور تثنیہ اور جمع ساری صورتوں میں مستعمل ہے۔ تم کہو گے "هذه امْرأةٌ ناهيتك منْ امْرأةٍ وعلى هذا القياس" اور کہا جاتا ہے "فلانٌ ماله ناهيةٌ" فلاں کیلئے عقل نہیں جو اس کو قبیح سے روکے "وما تنْهاهُ عنّا ناهيةٌ" اس کو ہم سے کوئی چیز روکنے والی نہیں۔ ج نواہ اور کہا جاتا ہے "ما ينْظُرُ فى اوامر اللهِ و نواهيه" وہ اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی کی رعایت نہیں کرتا۔
النِّهاء چیز کا آخری مرتبہ من النهار والماء چڑھائی۔ النهاء ایک قسم کا سفید پتھر۔ ایک قسم کا خرمہرہ۔ اندازہ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُم نِهاءُ مائةٍ" وہ لوگ بقدر سو کے ہیں۔
النُّهاء پانی کی چڑھائی۔ شیشہ۔ شیشہ کی صراحی۔ اندازہ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نُهاءُ مائةٍ" وہ لوگ سو کے قریب ہیں۔
نفْسٌ نهاةٌ باز رہنے والا نفس۔
النِّهاية انتہا۔ آخری مرتبہ۔ ج نهايات نهاياتُ الدّار گھر کے حدود۔
النَّهْي مص عند النّحاة کسی سے ترک فعل کو طلب کرنا اور اس کا حرف کلمہ لا ہے جس کا نام لا ناھیہ کہا جاتا ہے "هُو رجُلٌ نهْيُك منْ رجُلٍ" بمعنی "ناهيك منْ رجُلٍ" اور چونکہ یہ مصدر ہے اس لیے مؤنث اور تثنیہ و جمع نہیں لاتے۔
النَّهْي و النِّهْي تالاب۔ جوہڑ۔ ج انْهٍ و انْهاءٌ و نُهِيٌّ و نِهاءٌ۔
النُّهي و النَّهِي کامل العقل۔ کہا جاتا ہے هُو نَهٍ و نِهٍ ج نَهُون و نِهُون۔
النِّهي شیشہ۔
النُّهى النُّهْيَة کی جمع۔ عقل۔ اور عقل کو نُہی اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ ہر قبیح اور منافی عقل سے مانع ہوتی ہے۔
النُّهْية اسم ہے نَهْي سے۔ آخری مرتبہ چیز کی انتہا۔ میخ کے سرے کا سوراخ۔ عقل۔ ج نُهًى
ناقةٌ نَهِيةٌ انتہائی موٹی اونٹنی۔
النَّهُوُّ منع کرنے والا۔ ضد ہے امُوْر کا بمعنی آمر۔ کہا جاتا ہے "هُو نَهُوٌّ عنِ الْمُنكر امُوْرٌ بالْمعروف" وہ برائی سے روکنے والا اور بھلائی کا حکم دینے والا ہے۔
النّهِيُّ انتہائی موٹا۔ اور کہا جاتا ہے "رجُلٌ نهِيٌّ" یعنی کامل العقل مرد۔ "و فلانٌ نهِيُّ فُلانٍ" فلاں فلاں کو منع کرتا ہے ج انْهِياءُ۔
التَّنْهاة و التّنْهية من الوادى وادی کا آخری کنارہ۔ ج تناهٍ۔
التَّنْهاة سیلاب کیلئے روک۔ بند۔
مَناهِي الشّرْع شریعت کے ممنوعات۔
المُنْهاة انتہا۔ آخری حد۔ عقل۔ ایسی حالت جو گناہ سے دور رکھے۔ رجُلٌ مُنْهاةٌ عقلمند۔ اچھی تدبیر والا۔
المُنْتَهَى انتہا۔ آخری حد۔
ناءَ ينُوْءُ نوْءًا و تَنْواءً مشقت و تکلیف سے اٹھنا۔ گرنا بالْحمْلِ مشکل سے اٹھانا به الْحمْلُ بوجھل کرنا۔ جھکا دینا النّجمُ مغرب میں ایک ستارہ کا غروب ہونا اور اسی وقت دوسرے ستارے کا مشرق میں طلوع ہونا۔ اور ناءَ ایک لغت ہے نأی میں بمعنے بعید ہونا۔
ناوأہ مُناوأةً و نواءً فخر کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ دشمنی کرنا۔
اَناءَہ اناءةً الْحمْلُ بوجھل کرنا۔ جھکانا۔
اِسْتناء اسْتناءةً النّجمَ بمعنے ناء النجمُ فلانًا عطیہ طلب کرنا۔
النَّوْء مص۔ ستارہ جو مائل بغروب ہو۔ بارش۔ عطیہ ج انْواءٌ و نُوْآنٌ و نُوْءٌ کہتے ہیں صدق النّوْءُ جب کہ بارش ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ نوْءٌ کے معنے ایک ستارے کا مغرب میں غروب ہونا اور اسی وقت مشرق میں دوسرے ستارے کا جو اس کے مقابل ہو طلوع ہونا۔ اور یہ ہر رات میں تیرہ دن تک ہوتا ہے۔ سوائے جبھہ نامی ستارہ کے کہ اس کیلئے چودہ دن ہیں۔ اور نوء کو نوء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ جب ایک غروب ہوتا ہے تو دوسرا اُٹھتا ہے اور طلوع ہوتا ہے اور یہی طلوع نوء ہے۔
اور انْواء منجمین کے نزدیک اٹھائیس ہیں۔ جن کے مطالع مشہور ہیں۔ ہر تیرہ دن میں

ایک ستارہ مغرب میں غروب ہوتا ہے اور اس کے مقابلے میں اسی وقت دوسرا ستارہ مشرق میں طلوع ہوتا ہے اور ان اٹھائیس ستاروں کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ سال کا اختتام ہو جاتا ہے اور پھر از سر نو شروع ہوتا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں عرب کا خیال تھا کہ ایک ستارے کے طلوع اور دوسرے کے غروب کے وقت بارش یا ہوا کا ہونا ضروری ہے اسی وجہ سے وہ بارش کو اسی ستارے کی طرف منسوب کرتے تھے جس کے طلوع کے وقت ہوتی تھی اور کہتے تھے مثلاً مُطِرْنَا بِنَوْءِ الثُّرَيَّا او بِنَوْءِ الدَّبَرَان۔

النَّوْء. نباتات۔ ساگ۔ کہا جاتا ہے "ما بِالْبَادِيَةِ اَنْوَأُ مِنْ فُلَانٍ" دیہات میں فلاں سے زیادہ اَنْوَاء کا جاننے والا کوئی نہیں۔

المُسْتَنَاء. وہ شخص جس سے عطیہ مانگا جائے۔

نَابَ يَنُوْبُ نَوْبًا و مَنَابًا و نِيَابًا فِي الْاَمْرِ عَنْ زَيْدٍ: قائم مقام ہونا۔ صفت نائب اور جس کی قائم مقامی کی جائے اس کو مَنُوْبٌ عَنْهُ اور جس میں قائم مقامی کی جائے اس کو مَنُوْبٌ فِيْهِ کہتے ہیں اِلَيْهِ: بار بار واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "النَّحْل تَنُوْب اِلَى الْخَلَايَا" شہد کی مکھی بار بار چھتے کی طرف واپس آتی ہے اِلَى اللّٰهِ: توبہ کرنا فُلَانٌ: خدا کی اطاعت کرنا۔

نَابَ يَنُوْبُ نَوْبًا و نَوْبَةً فُلَانًا اَمْرٌ: پیش آنا۔

نَاوَبَهُ مُنَاوَبَةً. سزا دینا۔

نُوِّبَ. فُلَانٌ: باری مقرر کیا جانا۔

اَنَابَ زَيْدٌ عَنْهُ وَكِيْلًا فِيْ كَذَا: قائم مقام کرنا۔ زید کو مُنِيْبٌ وکیل کو مناب اور امر کو مُنَابٌ فِيْهِ کہتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "اَنَبْتُهُ مُنَابِي" میں نے اس کو اپنا قائم مقام کیا اِلَيْهِ: باری باری واپس ہونا اِلَى اللّٰهِ: متوجہ ہونا اور توبہ کرنا اور کہا جاتا ہے "اَتَانِيْ فُلَانٌ فَمَا اَنَبْتُ لَهُ وَاِلَيْهِ" میرے پاس فلاں آیا میں نے اس کی پروا نہیں کی۔

تَنَاوَبُوْا تَنَاوُبًا عَلَى الْمَاءِ: تقسیم کی کنکری سے بانٹنا الْاَمْرَ: باری باری کرنا تَنَاوَبَتْهُ الْخُطُوْبُ: حوادث و مصائب کا پیش آنا۔ اور کہا جاتا ہے "الْمَنَايَا تَتَنَاوَبُنَا" موت ہر ایک کی باری سے آتی ہے "تَنَاوَبُوْا الْخُطَبَ اَوِ الْاَمْرَ" باری باری سے وہ کام کرنے کے لئے مستعد ہوئے۔

اِنْتَابَهُمْ اِنْتِيَابًا. پیاپے آنا فُلَانًا اَمْرٌ: لاحق ہونا۔ پیش آنا زَيْدٌ عَمْرًوا: قصد کرنا۔

اِسْتَنَابَهُ اِسْتِنَابَةً. اپنا نائب بنانا۔

النَّائِب. فا۔ قائم مقام۔ ج نُوَبٌ و نُوَّابٌ اور کہا جاتا ہے "خَيْرٌ نَائِبٌ" یعنی خیر کثیر۔

النَّائِبَة. النَّائِب کا مؤنث۔ حادثہ۔ مصیبت۔ ج نَائِبَات و نَوَائِب. النَّوَائِب: عام اس سے کہ خیر ہوں یا شر۔ نَوَائِب الرَّعِيَّةِ: پل اور سڑک وغیرہ کی درستی کیلئے شاہی ٹیکس۔

الحُمّى النَّائِبَة: روزانہ کا بخار۔

النِّيَابَة. مص۔ قائم مقامی۔ باری۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتْ نِيَابَتُكَ" تمہاری باری آئی۔

النَّوْب. مص۔ نائب کی جمع۔ ایک دن رات کا سفر۔ نزدیکی۔ قوت۔

النُّوْب. حبشیوں کا ایک گروہ۔ نُوْبَه کا رہنے والا۔ واحد نُوْبِيٌّ. شہد کی مکھی۔ واحد النَّائِب.

النَّوْبَة. مص۔ فرصت۔ باری۔ دولت۔ لوگوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتْ نَوْبَتُكَ" تمہاری باری آئی۔ ج نُوَب. النَّوْبَةُ عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ: بخار شروع ہونے کا وقت۔

النُّوْبَة. حادثہ۔ مصیبت۔ ج نُوَب. نَابَهُ اَمْرٌ او اِنْتَابَهُ کا اسم۔ نوبہ کے رہنے والے صعید (مصر) کے جنوب میں ایک صوبہ۔

المَنَاب. مص۔ کہا جاتا ہے "نَابَ مَنَابَ الْقَاضِي" وہ قاضی کے قائم مقام ہوا۔ پانی کی طرف راستہ۔

المُنِيْب. فا۔ بکثرت بارش۔ عمدہ بہار۔

نَاتَ يَنُوْتُ نَوْتًا. کمزوری کی وجہ سے جھک پڑنا۔

نُوتْرُون: ایٹم کے مرکزہ کے گرد منفی چارج والے ذرات جن کو الیکٹران کہتے ہیں۔ مختلف مداروں میں گردش کرتے ہیں۔ ایک الیکٹران برقی چارج کا سب سے چھوٹا یونٹ ہے۔

النُّوتِي. کشتی بان۔ جہاز راں۔ ج نَوَاتِي اور بقول بعض معرب ہے۔

نَاجَ يَنُوْجُ نَوْجًا. ریاکاری کرنا۔ فریب دینا۔

النَّوْجَة. ناج کا اسم مرۃ۔ بگولا۔ ج نُوَج.

نَاحَتْ تَنُوْحُ نَوْحًا و نُوَاحًا و نِيَاحًا و نِيَاحَةً و مَنَاحًا الْمَرْاَةُ الْمَيِّتَ و عَلَى الْمَيِّتِ مردہ پر واویلا کرنا۔ اسم النِّيَاحَة الْحَمَامَةُ: کوکو کرنا۔ صفت نَائِحَةٌ و نَوَّاحَةٌ.

نَاوَحَهُ مُنَاوَحَةً. مقابلہ کرنا۔

تَنَوَّحَ تَنَوُّحًا الشَّيْءُ: جھولنا۔

تَنَاوَحَ تَنَاوُحًا الْجَبَلَانِ: دو پہاڑوں کا باہم مقابل ہونا۔ تَنَاوَحَتِ الرِّيَاحُ: ہواؤں کا تیز چلنا۔ کبھی پروائی کبھی شمالی کبھی جنوبی ہوا کا چلنا۔

اِسْتَنَاحَتْ اِسْتِنَاحَةً الْمَرْاَةُ: نوحہ کرنا۔ واویلا کرنا۔ اِسْتَنَاحَ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بھونکنا الرَّجُلُ: رو کر دوسرے کو رلانا۔ فُلَانًا: رلانا۔

النَّائِحَة. اسم فاعل مؤنث۔ ج نُوْحٌ و اَنْوَاحٌ و نُوَّحٌ و نَوَائِحُ و نَائِحَاتٌ.

النَّوْح. مص۔ اکٹھی ہو کر نوحہ کرنے والی عورتیں۔ کہا جاتا ہے "نِسَاءٌ نَوْحٌ" بمعنے نَوَائِحُ.

النَّوْحَة. اسم مرۃ۔ میت پر بین۔ قوت۔

النَّوَّاح. اسم مبالغہ۔ مؤنث نَوَّاحَةٌ: قمری کی مانند ایک پرندہ۔

المَنَاحَة. نوحہ کی مجلس۔ نوح کا اسم۔ کہا جاتا ہے "كُنَّا فِيْ مَنَاحَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کے اوپر بین کرنے میں تھے۔ ج مَنَاحَات و مَنَاوِح.

المَنَاحَةُ: اکٹھی ہو کر نوحہ کرنے والی عورتیں۔

نَوَّخَ تَنْوِيْخَا اللّٰهُ الْأَرْضَ طُرُوْقَةً لِلْمَاءِ: ہموار کرنا اور برداشت کرنے کی طاقت دینا۔

اَنَاخَ اِنَاخَةَ الْجَمَلَ: اونٹ کو بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "اَنَخْتُ الْبَعِيْرَ فَبَرَكَ وَ تَنَوَّخَ وَاسْتَنَاخَ" میں نے اونٹ کو بٹھایا وہ بیٹھ گیا۔ اور نَاخَ اور اَنَاخَ نہیں بولا جاتا فُلَانٌ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا الْبَلَاءُ اَو الذُّلُّ بِفُلَانٍ: نازل ہونا۔ اَنَاخَ بِهِ الْحَاجَةَ: نازل کرنا۔

اِسْتَنَاخَ اِسْتِنَاخَةً. الْجَمَلُ: اونٹ کا بیٹھنا۔

النَّانِخَة. دُور کی زمین۔

الْمُنَاخ. اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ اقامت گاہ۔ غیر پسندیدہ جگہ کیلئے کہا جاتا ہے "هٰذَا مُنَاخُ سُوْءٍ"

الْمُنِيْخ. فا۔ شیر۔

نَادَ يَنُوْدُ نَوْدًا وَ نُوَادًا وَ نَوَدَانًا. نیند سے جھومنا۔

تَنَوَّدَ تَنَوُّدًا الْغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا۔

نَوْدَلَ نَوْدَلَةً الرَّجُلُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔

النَّوْدَل. پستان۔

الْمَنُوْدَل. بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا بڈھا۔ کہا جاتا ہے "مَشَى الرَّجُلُ مُنَوْدَلًا" مرد بدن چھوڑ کر چلا۔

نَارَ يَنُوْرُ نَوْرًا وَنِيَارًا. روشن ہونا الْبَعِيْرَ: اونٹ پر داغ لگانا الْقَوْمُ: شکست کھانا النَّارُ مِنْ بَعِيْدٍ: آگ دور سے دیکھنا۔ (نَارَتِ الْمَرْأَةُ نَوْرًا وَ نِوَارًا وَ نَوَارًا" تہمت سے بچنا۔ شک و شبہ سے دور ہونا الْفِتْنَةُ: فتنہ کا واقع ہونا۔ پھیلنا۔ صفت نَائِرَةٌ.

نَوَّرَ تَنْوِيْرًا. الشَّيُّ: روشن ہونا الْمِصْبَاحَ: چراغ روشن کرنا عَلٰى فُلَانٍ: مشتبہ کرنا التَّمْرُ: گٹھلی بیٹھنا الصُّبْحُ: روشنی چمکنا الشَّجَرُ: کلی نکالنا الْفُلَانَ: روشنی دکھانا الزَّرْعُ: پکنا الْمَرْأَةُ: تہمت سے بچانا۔ شک و شبہ سے دور رکھنا۔

نَاوَرَهُ مُنَاوَرَةً. باہم گالی گلوچ کرنا۔

اَنَارَ اِنَارَةً الشَّيُّ: روشن ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ ظاہر ہونا الْبَيْتَ: روشن کرنا الْمَسْأَلَةَ: واضح کرنا اللّٰهُ بُرْهَانَهُ: حجت کی تلقین کرنا الشَّجَرُ: کلی نکالنا۔

اَنْوَرَ اِنْوَارًا. الشَّيُّ: ظاہر ہونا۔

تَنَوَّرَ تَنَوُّرًا. الْمَكَانُ: روشن ہونا الرَّجُلُ: بال دور کرنے کیلئے پاؤڈر استعمال کرنا۔ الْقَوْمُ: شکست کھانا النَّار مِنْ بَعِيْدٍ: دور سے دیکھنا الرَّجُلَ: کسی شخص کو آگ کے پاس ایسی جگہ سے دیکھنا کہ وہ اس کو نہ دیکھ رہا ہو۔

اِنْتَارَ اِنْتِيَارًا وَ اِنْتَوَرَ اِنْتِوَارًا. بال اڑانے کا پاؤڈر استعمال کرنا۔

اِسْتَنَارَ اِسْتِنَارَةً. الْبَيْتُ: روشن ہونا بِهِ: کسی سے روشنی کی مدد مانگنا عَلَيْهِ: فتح مند ہونا۔ غالب ہونا الْمَرْأَةُ: تہمت سے بچانا۔ شک و شبہ سے دور رکھنا۔

النَّائِرَة. اسم فاعل مؤنث۔ عداوت۔ بغض کینہ۔ ج نَوَائِرُ.

النَّوُوْر وَالنُّؤُوْر. کاجل۔ اثمد (سرمہ کا پتھر) کی مانند کنکری جس کو باریک پیس کر مسوڑھے پر لگاتے ہیں۔ شک و شبہ سے دور رہنے والی عورت۔ گائے جو سانڈ سے علیحدہ رہے۔ ج نُوْرٌ.

النَّوَار. مص۔ شک و شبہ سے دور رہنے والی عورت۔ گائے جو سانڈ سے علیحدہ رہے۔ ج نُوْر.

النِّوَار. شک و شبہ سے دُوری۔ یا دوری خواہ کسی چیز سے ہو۔

النَّار. آگ۔ کلمہ مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ تصغیر نُوَيْرَةٌ ج اَنْوُرٌ و نِيْرَانٌ وَنِيَرَةٌ. النَّار: داغ۔ رائے۔ اور نار سے جہنم کا کنایہ کیا جاتا ہے جَبَلُ النَّارِ: کوہ آتش فشاں بَنُو النَّارِ: تعقاع وضنان وثوب تین شاعر جو عمرو بن ثعلبہ کے لڑکے تھے اور جودت اشعار کی بنا پر بنو النار کہلاتے تھے۔ اور کہا جاتا ہے "اَوْقَدَ نَارَ الْحَرْبِ" اس نے لڑائی کی آگ بھڑکائی "وَلَا تَسْتَضِيْءُ بِنَارِ فُلَانٍ" فلاں سے مشورہ مت لو۔ "لَا تَتَرَاءَىٰ نَارُهُمَا" وہ دونوں اکٹھے نہیں ہوتے۔ اس حیثیت سے کہ ایک کی آگ دوسرے کی آگ کے مقابل ہو۔ "نَارُ التَّهْوِيْلِ" زمانہ جاہلیت میں عرب کا طریقہ تھا کہ تحالف کے وقت آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک ڈالتے تھے جب وہ چٹختا تھا تو اس سے حلف کی تاکید سمجھتے تھے۔ "نَارُ الْقِرَى" مہمانی کی آگ۔ عادت تھی کہ بلند جگہ پر رات میں آگ روشن کر دیا کرتے تھے تاکہ بھولا بھٹکا مسافر اس کو دیکھ کر آجائے اور جتنی ہی بلندی پر یہ آگ ہوتی تھی اتنی ہی باعث فخر تھی "نَارُ الْاِنْذَارِ" اعلان جنگ یا مدافعت کی آگ اس طرح پر کہ جب کسی قوم سے لڑنے کا ارادہ یا کسی قوم کے حملہ کا خوف کرتے تھے تو آگ روشن کر دیا کرتے تھے اور لوگ اسے دیکھ کر جمع ہو جایا کرتے تھے۔ "نَارُ الْاِسْتِكْثَارِ" اظہار زیادتی کی آگ۔ عرب جب کسی قوم سے مقابلہ کیلئے جاتے تھے اور کسی مقام پر پڑاؤ ڈالتے تھے تو بہت آگ جلاتے تھے اور بہت سے جانور ذبح کرتے تھے تاکہ کوئی آگ اور ذبح کی کمی سے قلت تعداد پر استدلال نہ کرے۔

النَّوْر. مص۔ کلی یا سفید کلی۔ واحد نَوْرَة. ج اَنْوَارٌ.

النُّوْر. روشنی۔ اور بقول بعض نور اس کیفیت کا نام ہے جس کو قوت باصرہ اولاً ادراک کرتی ہے۔ اور اسی کے واسطہ سے مبصرات کا ادراک کرتی ہے ج اَنْوَارٌ و نِيْرَانٌ.

النُّوْر. وہ جو چیزوں کو ظاہر کر دے۔ نباتات کی خوشنمائی اور لمبائی۔ ج نُوَرَةٌ. داغ۔

النَّوَر والنَّوَرَة. ایک خانہ بدوش قوم جو ایشیا یورپ افریقہ اور امریکہ میں پائی جاتی ہے واحد نَوَرِيّ. النُّوْرِيُّ: اُچکا۔

النُّوْرَة. داغ۔ چونہ کا پتھر۔ بال دور کرنے کا پاؤڈر۔ جادوگرنی۔

النوّار بہت روشن۔
النوّار کلی۔ واحد نوّارة ج نواویر.
النیّر روشن کرنے والا۔
النیّرة. النیّر کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "بغاهُ اللّٰهُ نیّرةً" اللہ کی مار اس پر ایسی پڑے جو کسی سے پوشیدہ نہ رہے۔
الانور اسم تفضیل۔ ظاہر خوشنما۔ کہا جاتا ہے "هذا انور من ذالك" یہ اس سے واضح تر ہے۔
المنار روشنی کی جگہ۔ علامت جو راستے کی راہنمائی کیلئے لگائی جائے۔ دو چیزوں کے درمیان کے حدود۔ ذو المنار ابرہہ تبع بن الرائش کا لقب کہ اس نے منارہ نصب کرنے کی ابتدا کی تھی۔
المنیر فا۔ خوش رنگ۔ چمکدار۔ کہا جاتا ہے "بغاهُ اللّٰهُ ذات منور" اللہ کی مار اس پر ایسی پڑے جو روشن ہو اور کسی سے پوشیدہ نہ رہے۔
المنارة. روشنی کی جگہ۔ روشنی کا منارہ۔ آذان دینے کا منارہ۔ ج مناور و منائر
نورج نورجة آنے جانے میں مختلف۔ چغل خوری کے لیے چلنا پھرنا۔
النّورج ہل کی پھالی۔ غلّہ گاہنے کا ایک آلہ۔ خواہ لکڑی کا ہو یا لوہے کا۔
النّوروز والنیروز. عند الفرس شمسی سال کا پہلا دن۔ خوشی کا دن۔
النّورس کبوتر کے برابر یا اس سے کچھ بڑا ایک آبی پرندہ جو فضا میں اڑتا رہتا ہے پھر یکبارگی پانی میں غوطہ لگاتا ہے اور سوائے مچھلی کے کچھ نہیں کھاتا اور اس کو زمّج الماء بھی کہتے ہیں۔
نوّزهٔ تنویزا کم کرنا۔
ناس ینوس نوسا الابل اونٹوں کو ہانکنا (نوسا و نوسانا) الشّیُ جھولنا۔ کہا جاتا ہے "لهُ ضفیرتان تنوسان علی عاتقه" اس کے دو گیسو ہیں جو اس کے کندھوں پر لٹک رہے ہیں۔
نوّس بالمکان تنویسا اقامت کرنا۔

اناس اناسة. الشّیُ ہلانا۔
تنوّس الغصنُ ٹہنی کا ہوا کے چلنے سے ہلنا۔
النّاوُوس والنّاؤُوس. نصرانیوں کا قبرستان (دخیل) ج نواویس. اس سنگی تابوت کو بھی کہتے ہیں جس میں لاش رکھی جائے۔
نواسُ العنکبوت مکڑی کا جالا۔ نواسُ الدّخان دھوئیں کا جالا۔
النّاس اسم ہے جو رہط و قوم کی مانند جمع کے لیے وضع کیا گیا ہے۔ واحد انسان ہے اور تصغیر نویس.
النّوّاس لٹکنے والا۔
النّوسات چوٹیاں۔
المنوس کھجور جس کا کنارہ کالا ہو گیا ہو۔
ناش ینوش نوشا الشّیَ پکڑنا۔ ڈھونڈنا فلانٌ چلنا البعیرُ اُٹھنے میں جلدی کرنا۔ فلانًا سر اور داڑھی پکڑنا زیدًا خیرًا: بھلائی پہنچانا۔ ناش الشّیَ بالشّیِ چمٹنا۔ نشتُ من الطّعام حاصل کرنا۔
ناوشوهم مناوشة فی القتال باہم حملہ کرنا۔ ناوش فلانٌ الشّیَ ملانا۔
تناوش الشّیَ پکڑنا۔ تناوشوا بالرّماح نیزہ بازی کرنا۔
انتاشه انتیاشا پکڑنا۔ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "انتاشه من الهلکة" اس نے اس کو ہلاکت سے بچالیا۔
النّووش. قوی۔ رجل نووش: سخت پکڑنے والا امرد۔
ناص ینوص نوصا و مناصا و منیصا عن قرنه مقابل سے بھاگنا۔ جدا ہونا فلانًا: سبقت لے جانا الیه: اٹھنا الشّیَ: کھینچنا للحرکة تیار ہونا عنهُ پیچھے ہٹنا (مناصا و نویصا و نیاصا و نیاصة و نوصا و نوصانا) الرّجلُ حرکت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما یقدر علی ان ینوص" وہ حرکت کرنے پر قادر نہیں۔
ناوصه مناوصة باہم حملہ کرنا۔

اناصه اناصة. ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "انصت ان آخذ منه شیئا" میں نے ارادہ کیا کہ اس سے کچھ لوں۔
انتاصت انتیاصا الشّمس: آفتاب کا غروب ہونا۔
استناصه استناصة. حرکت دینا اور ہلکا سمجھنا اور اپنی ضرورت کیلئے لے جانا۔
استناص الفرسُ چلنے کے لیے حرکت کرنا الرّجلُ سر بلند کرنا۔ پیچھے رہنا۔
النّوص س۔ گورخر۔ سخاوت (والنّوص) گریز۔
النّوصة. ناص کا اسم مرة۔ پانی وغیرہ سے دھلائی۔ کہا جاتا ہے "مابه نویص" اس میں قوت یا حرکت نہیں۔
المناص س۔ جائے پناہ۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو "مالك من مناص" تمہارے لیے نجات کی جگہ نہیں۔ سخاوت۔
ناض ینوض نوضا ملکوں میں جانا۔ پیچھے ہٹنا الشّیَ اکھیڑنے کی کوشش کرنا الماء: پانی نکالنا البرقُ: بجلی کا چمکنا الشّیُ ہلنا الرّجلُ بھاگ کر نجات پانا۔
نوّض تنویضا الثّوب بالصّبغ کپڑے کو رنگنا۔
اناض اناضة. مشقت کا اثر آنکھوں میں ظاہر ہونا النّخلُ درخت خرما کا تیار ہونا۔ پکنا۔
النّوض پانی نکلنے کی جگہ۔ وادی۔ سرینوں کے درمیان کی ہڈی من البعیر اونٹ کی پشت اور چوتڑ کا درمیانی حصہ۔ ج انواض و اناویض. الانواض والاناویض: بلند جگہیں۔
المناض جائے پناہ۔
ناطه ینوطه نوطا و نیاطا لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "نیط علیه الشّیُ" اس پر فلاں چیز لٹکائی گئی۔ ناطت الدّار گھر کا دور ہونا۔ ناط الشّیَ بغیر مشورہ کے خود اپنی رائے سے کاٹنا۔
نیط به الشّیُ ملایا جانا۔

نوطه. لٹکانا۔ نوط القربة: مشک میں تیل لگانے کیلئے بوجھ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ابطا حتّٰی نوط الرُّوح" اس نے تاخیر کی یہاں تک کہ تنگ دِل وملول کردیا۔

اناطه اناطة بکذا: لٹکانا۔ اناط البعیر: نوطہ کی بیماری لاحق ہونا (دیکھئے لفظ نوطة)

انتاط انتیاطا به: لٹکنا الشیٔ: دور ہونا الشیٔ: بغیر مشورہ کے خود اپنی رائے سے کاٹنا۔

استناط استناطة فُلانا بعیرهٗ: خوراک لادنے کیلئے اپنا اُونٹ ہمراہ کرنا۔

النائط. فا۔ پیٹھ کی ایک اندرونی رگ۔ (والنائطة) پوٹا۔

النِّیاط. س۔ دِل من المفازة: بیابان کے راستہ کی دوری اور کہا جاتا ہے "مفازة بعیدُ النِّیاطِ" دُور حد والا بیابان۔ کہا جاتا ہے "قطعتُ نیاط البلد" یعنی میں نے شہر کو طے کیا۔ النیاط: چیز لٹکانے کی جگہ۔ دِل کے متصل موٹی رگ کہ جب اس کو کاٹ دیتے ہیں تو موت واقع ہو جاتی ہے۔ پیٹھ کی ایک اندرونی رگ ج انْوطة و نُوُط.

النَّوْط. س۔ جانور کے دونوں طرف کے بوجھ کے درمیان زائد بوجھ۔ کہا جاتا ہے "اثقل النَّوْطُ الدَّابَّةَ" جانور کو درمیان کے زائد بوجھ نے گرانبار کر دیا۔ جو چیز لٹکائی جائے۔ ج انْواط و نِیاط. محمل سے لٹکی ہوئی چھوٹی ٹوکری جس میں کھجور وغیرہ ہو۔

النَّوْطَة. ناط کا اسم مرۃ۔ پوٹا۔ اُونٹ کے سینے اور ران کی جڑ میں ورم۔ اُونٹ کے پیٹ میں غدود جو مہلک ہوتے ہیں۔ کینہ۔ جگہ جس کے وسط میں درخت ہو اور اس کے دونوں طرف درخت نہ ہوں اور وہ جگہ سیلاب سے بلند ہو۔ پانی سے بلند جگہ۔ پشت اور سرین کے درمیان کی جگہ۔

النَّیِّط. کنواں جس کے صرف اطراف نے پانی نکلتا ہو۔ وسط۔ درمیان۔ تم کہتے ہو "لا کَثیر ولا قَلیل ولکنْ نَیِّطٌ بین الامرین" یعنی وسط ہے درمیان قلیل وکثیر کے گویا کہ دونوں سے تعلق ہے۔

النیطة. اُونٹ جس کو تم غلہ لانے والے کے ساتھ بھیجو تاکہ تمہارے لیے غلہ لائیں۔

الانواط. نوط کی جمع۔ لٹکی ہوئی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "عنده انواط من التمر والعنب" اس کے پاس کھجور اور انگور کے لٹکے ہوئے گچھے ہیں۔

التَّنواط. ہودج پر جو چیز زینت کے لیے لٹکائی جائے۔

التَّنُّوط والتُّنَوَّط. ایک قسم کا پرندہ۔ بیا۔ واحد تنوّطة و تنوطة.

المناط. لٹکانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هو مِنّی مناط الثُّریّا" وہ مجھ سے اتنا ہی بعید ہے جتنا ثریا (مناط ظرفیت کی وجہ سے منصوب ہے۔)

"وبنو فلان مناط الثُّریّا" فلاں کے بیٹے شریف اور عالی مرتبہ ہیں۔

غایة مُنتاطة. دور کی غایت۔

المنوط. اسم مفعول۔ کہا جاتا ہے "هذا منوط به" وہ اس کے ساتھ معلق ہے۔ "و هو منوط بالقوم" وہ قوم میں اجنبی ہے اور کہا جاتا ہے "بعیر منوط" جبکہ اس کے سینے یا رانوں کی جڑوں میں ورم ہو۔

ناع ینوع نوعا الغصن: ٹہنی کا جھکنا۔ الشیٔ: راجح ہونا الرجل: پیاسا ہونا العقاب: کسی چیز پر ٹوٹ پڑنے کے لیے جھکنا۔ فلان لشیٔ: ڈھونڈھنا الرجل: بھوکا ہونا۔ صفت نائع ج نیاع.

نوّع تنویعا الشیٔ: قسمیں کرنا۔ نوّعت الرِّیحُ الشیٔ: ہلانا۔ نوّع زید الشیٔ: لٹکا کر جھولتے ہوئے چھوڑنا۔

تنوّع الشیٔ: قسمیں ہونا۔ جھولنا الغصن: ٹہنی کا ہلنا فی السیر: آگے بڑھنا۔

استناع استناعة الغصن: ٹہنی کا ہلنا الرجل فی السیر: آگے بڑھنا الشیٔ: مدت تک رہنا۔

النائع. فا۔ پیاسا۔ اور کہا جاتا ہے بطور تابع کے "جائع نائع" یعنی بھوک کی وجہ سے جھکا ہوا۔ وعلی هذا القیاس قوم جیاع نیاع"

النَّوع. س۔ قسم اور یہ جنس سے خاص ہے۔ ج انواع.

النُّوع. پیاس۔ کہتے ہیں "رماه الله بالجُوع و النُّوع" اللہ اس کو بھوک پیاس میں مبتلا کرے اور جب بددعا کرتے ہیں تو کہتے ہیں "جُوعا نُوعا."

النوعان. شاخ کا ہلنا۔

النَّوْعة. ناع کا اسم مرۃ۔ تازہ میوہ۔

مکانٌ مُتنوِّع. دُور کی جگہ۔

المِنواع. طرز۔ طریقہ۔

ناف ینوف نوفا. الشیٔ: بلند ہونا علی الشیٔ: نمایاں ہونا البعیر: اُونٹ کا لمبا اور بلند ہونا الصبی من الثدی: بچے کا پستان سے چوسنا۔

نیّف تنییفا علی کذا: زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "نیّف العددُ علی ما تقول" جو تم کہہ رہے ہو اس سے عدد زائد ہے۔

اناف انافة علی الشیٔ: نمایاں ہونا۔ طویل ہونا۔ بلند ہونا۔ کہا جاتا ہے "اناف الجبلُ واناف البناءُ" پہاڑ بلند ہے۔ عمارت بلند ہے۔ علی کذا: زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "انافت الدّراهمُ علی المائة" دراہم سو سے زائد ہیں۔

النِّیاف من الجمال او النوق: بلند اُونٹ یا اُونٹنیاں۔ کہا جاتا ہے "جملٌ نیاف و ناقة نیاف" "امْاَةٌ نیاف" پورے قد کی خوبصورت عورت۔ فلاة نیاف: طویل عریض بیابان۔

النَّوْف. س۔ بلند کوہان۔ آواز۔ دامن کا نچلا حصہ۔ ج انواف.

النَّیِّف والنَّیْف. زیادتی۔ کہا جاتا ہے "عشرةٌ و نَیِّفٌ او ونَیْفٌ" دس اور دس سے زائد دس بیس تیس جیسی دہائیوں سے جتنی زیادتی ہو

اس کو نَیِّف کہتے ہیں یہاں تک کہ دوسری دہائی آئے اور لفظ نیف کا استعمال انہیں جیسی دہائیوں سے زیادتی کیلئے ہوتا ہے۔ اسی لیے عَشَرَةٌ و نَیِّفٌ و مائةٌ و نَیِّفٌ و اَلْفٌ و نَیِّفٌ تو بولا جاتا ہے مگر خَمْسَةَ عَشَر و نَیِّفٌ نہیں کہا جاتا۔

النَّیِّف. فضل و احسان اور کہا جاتا ہے ”هُوَ نَیِّفٌ عَلَیْهِ“ وہ اس سے زائد ہے۔ کہا جاتا ہے ”جَبَلٌ عَالِی الْمُنَافِ“ پہاڑ جس کے چڑھنے کی جگہ بلند ہو۔

المُنِیْف. فا۔ جَبَلٌ مُنِیْفٌ: بلند پہاڑ۔ اور بطور مجاز کے کہا جاتا ہے ”لَهٗ عِزٌّ مُنِیْفٌ“ اس کی عزت بلند ہے۔ اِمْرَأَةٌ مُنِیْفَةٌ: پورے قد کی خوبصورت عورت۔

نَاقَ یَنُوْقُ نَوْقًا. گوشت سے چربی اتارنا۔

نَوَّقَ تَنْوِیْقًا الْجَمَلَ: اُونٹ کو سدھانا النَّخْلَ: مادہ کھجور میں نر کھجور کے پھول ڈالنا الشَّیْءَ: ترتیب سے رکھنا۔

اَنِقَ اِنْیَاقًا ونَیْقًا الشَّیْءُ فُلَانًا: پسند آنا (آنق اَنَاقَ کا مقلوب ہے اور نِیقًا مصدر غیر قیاسی ہے)

تَنَوَّقَ تَنَوُّقًا و تَنَیَّقَ تَنَیُّقًا و اِنْتَاقَ اِنْتِیَاقًا فِیْ مَلْبَسِهٖ و مَطْعَمِهٖ و اُمُوْرِهٖ: کھانے پہنے اور دوسرے امور میں عمدگی اختیار کرنا (مانند تَأَنَّقَ کے) تَنَوَّقَ بِهٖ: مہربانی برتنا۔

اِنْتَاقَ الشَّیْءَ: چننا۔

اِسْتَنْوَقَ اِسْتِنْوَاقًا الْجَمَلُ: اُونٹنی کے مشابہ ہونا اور اسی سے مثل ہے ”اِسْتَنْوَقَ الْجَمَلُ“ اس موقع پر بولا جاتا ہے جبکہ کوئی شخص بات کرتا کرتا ایک بات میں بغیر کسی جوڑ کے دوسری بات ملا دے۔

النُّوْق. تھوڑی سُرخی کے ساتھ ملی ہوئی سپیدی۔

النِّیْق. پہاڑ کی بلند جگہ۔ ج نِیَاق و اَنْیَاق و نُیُوْق۔

النَّاقَة. اُونٹنی ج نَاقٌ و نُوْقٌ و اَنْوُقٌ و اَنْوُقٌ و اَوْنُقٌ و اَیْنُقٌ و نِیَاقٌ و نَاقَاتٌ و اَنَاوِقُ و جج ایانق و نیاقات۔

النَّاقَة. ایک قسم کی پھنسی جو ہاتھ میں نکلتی ہے۔ ستارے جو اُونٹنی کے شکل کے ہوتے ہیں۔

النَّوْقَه. حذاقت۔ مہارت۔ ہوشیاری۔

النِّیْقَةُ. اسم ہے تَنَوُّق کا۔

النَّاوُق. لکڑی کا پرنالہ۔ ج نَاوَقَات (دخیل)

النَّوَّاق. وہ شخص جو امور کو ہوشیاری سے انجام دے۔

النَّیِّق. کھانے پینے اور دیگر امور میں عمدگی اختیار کرنے والا۔

المُنَوَّق. سدھا ہوا اُونٹ جو اُونٹنی کی مانند بنا دیا گیا ہو مِنَ النَّخْلِ: نر کھجور کا پھول ڈالا ہوا۔ نَاقَةٌ مُنَوَّقَةٌ. سدھائی ہوئی اُونٹنی۔

نَوِكَ یَنْوَكُ نَوَكًا و نُوَاكًا و نَوَاكًا و نَوَاكَةً بیوقوف ہونا۔

اَنْوَكَه اِنْوَاكًا. بیوقوف پانا یا بیوقوف سمجھنا۔

اِسْتَنْوَكَ اِسْتِنْوَاكًا. بیوقوف ہونا۔ فُلَانًا: بیوقوف سمجھنا۔ کہا جاتا ہے ”مَا اَنْوَكَهٗ“ وہ کیسا بیوقوف ہے (اور اَنْوِكْ بِهٖ نہیں کہا جاتا حالانکہ یہ قیاس کے مطابق ہے)

الاَنْوَك. بیوقوف۔ بہت زیادہ بیوقوف عاجز و جاہل۔ بول چال میں عاجز ج نَوْكٰی و نُوْك مؤنث نَوْكَاءُ ج نُوْكٌ۔

المُسْتَنْوَك. بیوقوف۔

نَالَ یَنُوْلُ نَوَالًا و نَوْلًا. فُلَانًا الْعَطِیَّةَ و بِالْعَطِیَّةِ و نَالَ لَهُ الْعَطِیَّةَ وبِالْعَطِیَّةِ: دینا۔ جیسے ”نَالَنِیْ بِالْخَیْرِ“ اس نے مجھ کو خیر پہنچائی ”وَنَالَ لَهٗ بِشَیْءٍ“ بخشش کی۔ اور کہا جاتا ہے ”نَالَ لَهٗ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا“ اس کے لیے ایسا کرنے کا وقت آگیا۔

نَوَّلَهٗ تَنْوِیْلًا. عطیہ دینا۔ نَوَّلَهٗ مَعْرُوْفَهٗ: بھلائی پہنچانا۔ نَوَّلَ عَلَیْهِ بِشَیْءٍ: دینا۔

نَاوَلَهٗ مُنَاوَلَةً الشَّیْءَ: دینا یا ہاتھ بڑھا کے دینا۔

اَنَالَهٗ اِنَالَةً الشَّیْءَ و بِالشَّیْءِ: دینا۔ کہا جاتا ہے ”اَنَالَنِیْ بِخَیْرٍ“ اس نے مجھے بھلائی پہنچائی۔ اَنَالَ فُلَانٌ بِاللّٰهِ: قسم کھانا۔ کہا جاتا ہے مَا اَنْوَلَهٗ، وہ کس قدر فیاض ہے۔

تَنَوَّلَ الشَّیْءَ: لینا عَلَیْنَا فُلَانٌ بِشَیْءٍ یَسِیْرٍ: تھوڑا سا دینا۔

تَنَاوَلَ الشَّیْءَ: لینا مِنْ یَدِهٖ شَیْئًا: لینا۔ پکڑنا۔ کہا جاتا ہے ”تَنَاوَلَتْ بِنَا الرِّکَابُ مَکَانَ کَذَا“ سواریوں نے ہم کو فلاں ے پہنچا دیا۔

النَّائِل. فا۔ مصدر۔ عطیہ۔ بھلائی۔

النَّائِلَة. النَّائِل کا مؤنث۔ قریش کے ایک بت کا نام۔

النَّوَال. داد و دہش۔ حصہ۔ درستی۔ اور کہا جاتا ہے ”نَوَالُكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا“ تمہارے لیے مناسب ہے کہ ایسا کرو۔

النَّال. داد و دہش۔ رَجُلٌ نَالٌ: سخی مرد یا بہت بخشش والا۔ اور کہا جاتا ہے: رَجُلَانِ نَالَانِ و رِجَالٌ اَنْوَالٌ۔

النَّوْل. مص۔ بننے والی وادی۔ بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی۔ اور کہا جاتا ہے ”نَوْلُكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا“ تمہارے لیے مناسب ہے کہ ایسا کرو۔ ”وَمَا نَوْلُكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا“ تمہارے لیے مناسب نہیں کہ اس کو حاصل کرو یا ایسا کرو۔

النَّوْلَة. نَالَ کا اسم مرۃ۔ داد و دہش۔ کہا جاتا ہے ”مَا اَصَبْتُ مِنْهُ نَوْلَةً“ میں نے اس کا عطیہ نہیں پایا۔ بوسہ۔

المُنَاوَلَة: قربان مقدس میں حاضر ہونا یعنی عیسائی مذہب کے نزدیک۔

النُّوْلَة. داد و دہش۔ عطیہ۔

المِنْوَل و المِنْوَال. بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی یا کرگہ۔ ج مَنَاوِیْل۔ المِنْوَال: کپڑا بننے والا۔ اور کہا جاتا ہے ”هُمْ عَلٰی مِنْوَالٍ وَاحِدٍ“ وہ سب ایک ہی قسم کی عادت کے ہیں ”وَلَا اَدْرِیْ عَلٰی اَیِّ مِنْوَالٍ هُوَ“ میں نہیں جانتا وہ کس طریقہ پر ہے و ”اِفْعَلْ عَلٰی هٰذَا الْمِنْوَالِ“ اس طریقہ پر کرو۔

"وَمِنْوَالِكَ اَلَّا تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے مناسب ہے کہ ایسا نہ کرو۔

نَامَهُ يَنُوْمُهُ نَوْمًا. سونے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاوَمَنِي فَنُمتُهُ" اس نے سونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔

اَلنَّاوِلُونَ: گاڑی یا کشتی کی اجرت۔(یونانی لفظ)

نَامَ يَنَامُ نَوْمًا و نِيَامًا. اونگھنا یا سونا۔ مرنا۔ اور اسم النِيْمَة. نَامَتِ السُّوْقُ: بازار کا ماند پڑنا الرِّيْحُ: ہوا کا رک جانا النَّارُ: آگ کا بجھنا۔ نَامَ الْبَحْرُ: سمندر کا ٹھہر جانا الْعِرْقُ: رگ کا حرکت نہ کرنا الثَّوْبُ: کپڑا پرانا ہونا الرَّجُلُ: اللہ کے لیے تواضع و خاکساری کرنا اِلَيْهِ: اطمینان کرنا عَنْ حَاجَتِهِ: غافل ہونا۔ بے پرواہ ہونا اور کہا جاتا ہے "نَامَ هَمُّهُ" وہ بے ہمت ہے "وفُلَانٌ لَا يَنَامُ وَلَا يُنِيْمُ" فلاں نہ سوتا ہے نہ سونے دیتا ہے۔

نَوَّمَهُ تَنْوِيْمًا. سلانا۔ نَوَّمَ الرَّجُلُ: خوب اچھی طرح سونا الْاِبِلُ: اونٹوں کا مرنا۔

نَاوَمَهُ مُنَاوَمَةً. سونے میں غالب ہونا۔

اَنَامَهُ اِنَامَةً. سلانا۔ قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَعَنْتُ قِرْنِيْ فَاَنَمْتُهُ" میں نے اپنے ہمسر کو نیزہ مار کر قتل کر دیا۔ اَنَامَ زَيْدًا: سوتا ہوا پانا۔

تَنَاوَمَ تَنَاوُمًا. اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا۔ نیند چاہنا اِلَيْهِ: مطمئن ہونا۔ سکون اختیار ۔نا۔

اِسْتَنَامَ اِسْتِنَامَةً. الرَّجُلُ: سونا۔ نیند چاہنا۔ ۔پنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا اِلَيْهِ: سونے والے کی طرح مطمئن ہونا اِلَى الشَّيْءِ: مانوس ہونا۔

النَّائِمُ. فا۔ سونے والا۔ لیٹنے والا۔ ج نِيَام و نُوَّمٌ و نُيَّمٌ و نِيَّمٌ و نُوَّامٌ و نُيَّام و نَوْمٌ اور کہا گیا ہے کہ نَوْم اسم جمع ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَيْلٌ نَائِمٌ" گہری نیند والی رات۔

النَّائِمَة. النَّائِم کا مؤنث۔ ج نُوَّم. موت۔ سانپ۔

النُّوُوْم. بہت سونے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نُوُوْمٌ و اِمْرَأَةٌ نُوُوْمٌ".

النُّوَام. نیند۔ نیند کی بیماری۔

النَّوْم. نیند۔ نَائِم کی جمع۔ یا اسم جمع جیسا کہ گزر چکا رَجُلٌ نُوَمٌ و نُوَّامٌ. بہت سونے والا مرد۔

النِيْم. لباس شب خوابی۔ پوستین اور بعض کے نزدیک سینہ تک کی چھوٹی پوستین۔ کامل نعمت۔ وہ شخص جس سے اُنس حاصل کیا جائے۔ ایک نرم کانٹے والا درخت جس کے پتے چھوٹے ہوتے ہیں اور چنے کے برابر اس کے دانے ہوتے ہیں اور کھٹے ہوتے ہیں اور جب پک جاتے ہیں تو کالے پڑ جاتے ہیں اور میٹھے ہو جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے یا نَوْمَانُ: یعنی اے بہت سونے والے۔ اور یہ نداہی کے لئے خاص ہے۔

النَّوْمَة. نَامَ کا اسم مرۃ۔ ج نَوْمَات.

النِيْمَة. اسم ہے نام کا۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ نِيْمَةُ لَيْلَةٍ" اس کے پاس ایک رات کا گزارہ نہیں ہے۔

النُّوْمَة. وہ شخص جس کی پرواہ نہ کی جائے۔

النُّوَمَة. بہت سونے والا۔ غافل۔ گمنام۔

النُّوَيْم. غافل۔ گمنام۔

المَنَام. نیند۔ سونے کی جگہ۔ خواب ج مَنَامَات.

المَنَامَة. سونے کی جگہ۔ لباس شب خوابی۔ قبر۔

المَنَام و المُسْتَنَام. پست جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے۔

طَعَامٌ مَنْوَمَةٌ. خواب آور کھانا۔

نَوَّنَ نُوْنًا: حرف نون لکھنا الْكَلِمَةَ: کلمہ پر تنوین لگانا۔

النُّوْن. حروف مبانی میں سے ایک حرف جس کے عدد ۵۰ ہیں اور حروف زوائد میں سے ہے ج نُوْنَات و اَنْوَان

النُّوْن. دوات۔ مچھلی۔ ج نِيْنَان و اَنْوَان. تلوار کی دھار۔ تلوار۔ ذُوالنُّوْن لقب یونس علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام کا۔ عرب کی ایک تلوار کا نام۔ ذُوالنُّوْنَيْنِ معقل بن خویلد کی تلوار کا نام۔

النُّوْنَة. مچھلی۔ عمدہ بات۔ چھوٹے بچے کی ٹھوڑی کا گڑھا۔ ج نُوْنَات.

نَاهَ يَنُوْهُ نَوْهًا النَّبَاتُ وَغَيْرُهُ: بلند ہونا۔

نَاهَتِ الْهَامَةُ: اُلو کا سر اُٹھا کے چیخنا۔ نُهِتَ بِالشَّيْءِ: اُونچا کرنا۔

نَاهَتْ تَنُوْهُ و تَنَاهُ نَوْهًا نَفْسُه عن الشَّيْءِ: رک جانا۔ انکار کرکے چھوڑ دینا۔

نَوَّهَ تَنْوِيْهًا الشَّيْءَ: بلند کرنا بِفُلَانٍ: بلند آواز سے پکارنا۔ کسی کا نام بلند کرنا۔ تعریف کرنا۔ تعظیم کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَوَّهْتُ بِالْحَدِيْثِ" میں نے بلند آواز سے بات کی۔

نَوَّهَ بِاسْمِهِ: نام لے کر بلانا۔ پکارنا۔

تَنَوَّهَ تَنَوُّهًا. بلند ہونا۔

النَّوْه و النُّوْه. کسی چیز سے رکنا۔

النَّوْهَة. نَاهَ کا اسم مرۃ۔ خوراک دن رات میں صرف ایک مرتبہ۔

النُّوْهَة. بدن کی طاقت۔

النَّوَّاهَة. نوحہ کرنے والی عورت۔ بین کرنے والی عورت۔

النُّوَّه. بین کرنے والی عورتیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَنْوَهُ مِنْ فُلَانٍ" وہ فلاں سے زیادہ شریف ہے۔

نَوَى الشَّيْءَ يَنْوِيْهِ نَوَاةً و نِيَّةً و نِيَةً. ارادہ کرنا۔ نَوَى الْقَوْمُ مَنْزِلًا بِكَذَا: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا اللّٰهُ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ مسافر سے کہا جاتا ہے "نَوَاكَ اللّٰهُ" یعنی اللہ تمہاری حفاظت کرے اور تمہارا سفر میں ساتھی ہو۔

ونَوَاكَ اللّٰهُ بِالْخَيْرِ: اللہ تم کو بھلائی پہنچائے

(نَوًى) فُلَانٌ مِنْ مَكَانٍ اِلَى آخَر: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا النَّوَاةَ: گٹھلی پھینکنا (نِيَّةً و نَوًى) الْمُسَافِرُ: دور ہونا۔ (نَيًّا و نَوَايَةً و نِوَايَةً) النَّاقَةُ: موٹی ہونا۔ صفت نَاوِيَةٌ و نَاوٍ.

نَوَّى تَنْوِيَةً حَاجَتَهُ: حاجت پوری کرنا۔

نَوَّتِ الْبُسْرَةُ: گٹھلی والی ہونا۔ نَوَّى فُلَانٌ:

گٹھلی پھینکنا فُلانا: کسی کی نیت پر چھوڑ دینا۔
ناواہ مُناواۃ: دشمنی کرنا (اس کی اصل ہمزہ سے ہے)
انوی انواء الرَّجلُ: دور ہونا یا زیادہ سفروں والا ہونا حاجتہ: حاجت پوری کرنا۔ انوت البُسرۃ: گٹھلی بیٹھنا۔ انوی فُلانٌ: گٹھلی پھینکنا۔
تَنَوّی تَنَوِّیًا الشّیَٔ: قصد کرنا۔
انتواہ انتِواء: قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "انتواہ منواتہ" اس نے اس کی حاجت پوری کر دی
انتوی القومُ: ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہونا القومُ بموضع کذا: اقامت کرنا القومُ منزلا بمکان کذا: قصد کرنا۔
اِستنوی استنواء الرَّجلُ: گٹھلی پھینکنا۔
النَّاوِی: فا۔ وہ شخص جو منتقل ہونے کا پختہ ارادہ کرے۔ اُونٹنی کا کوہان۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ ناوی القومِ و مُنتواھم" فلاں قوم کا ذی رائے اور ان کے امور کا مالک ہے۔
النَّوَّاء: کھجور کی گٹھلیوں کا بیچنے والا۔
النوی: مس۔ دوری۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے (اس معنی میں مؤنث ہے) گھر۔ گٹھلیاں (اس معنی میں مذکر و مؤنث دونوں ہے) کہا جاتا ہے "استقرّت نوی القومِ بموضع کذا و کذا" (یعنی فلاں جگہ میں قوم نے اقامت کی)۔
النَّی: مس۔ چربی۔
النِّیّ: موٹاپا۔
النواۃ: گٹھلی ج نوی و نویات و جج انواء و نویٌّ و نُوِیٌّ۔
النِّیّۃ: قصد۔ ارادہ۔ دِل کا عزم۔ جس کو انسان موافق سمجھے اس کی طرف اٹھنا۔ امر۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لی فی بیتِ فلان نیّۃ" فلاں کے گھر میں میری ایک ضرورت ہے۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے۔ کہا جاتا ہے "شطّت بھم نیّۃ قُذُفٌ" رحلۃ بعیدہ نے ان کو دور پھینک دیا "ونووا نیّۃ قذفا" انہوں نے دور کی جگہ کا ارادہ کیا اور کبھی یاء میں تخفیف کی جاتی ہے کہا جاتا ہے نِیَۃٌ ج نیات
النوِیُّ: ہم ارادہ ساتھی۔
ناء ینیٔ نیأ و نیوءا و نُیُوْءۃ اللحمُ وغیرُہ: گوشت وغیرہ کا کچا رہنا۔
نیّا تنییا الامرَ: ناقص طور سے کرنا۔
انیا اللحمَ انیاء: گوشت کو کچا رکھنا۔
النِّیُٔ من اللحم: کچا یا نیم پختہ گوشت۔ اور نیّ ابدال و ادغام سے بھی جائز ہے۔ النیٔ: خالص دودھ۔
نابہ ینیبُہ نیبا: دانت پر مارنا۔
نیّبتْ تنییبا الناقۃُ: اُونٹنی کا بوڑھی ہونا۔
نیّب النبتُ: نباتات کی جڑیں پھوٹنا فلانٌ السَّھمَ: تیر پر دانت مار کر سختی معلوم کرنا اور دانتوں کا نشان ڈالنا زیدٌ: دانت کاٹنا۔ دانت پیسنا فلانا: دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ظفر فیہ السّبعُ و نیّب" درندہ نے اس کے اندر ناخن اور دانت گھسا دیا۔
تنیّب تنیُّبا النبتُ: جڑیں نکلنا الشیبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
النّاب: کچلی کا دانت (مؤنث) ج انیُبٌ و نُیوبٌ و انابیب۔ النّاب: بوڑھی اُونٹنی۔ اور اس کی تصغیر نُیَیْب ج انیاب و نیوب و نِیب ناب القومِ: سردار قوم ج انیاب
النیوب: بوڑھی اُونٹنی۔
الانیب: موٹے موٹے دانتوں والا۔ مؤنث نیباء ج نیب
نات ینیت نیتا: کمزوری سے ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔
ناح ینیح نیحا و نیحانا الغصنُ: ٹہنی کا جھکنا (نیحا) العظمُ: ہڈی کا سخت ہونا۔ مضبوط ہونا۔
نیّح تنییحا اللّٰہ عظمہ: ہڈی مضبوط کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا (اضداد میں سے ہے) کہا جاتا ہے ما نیحتہ بخیر: میں نے اس کو کچھ نہیں دیا۔ ولا نیّح اللّٰہ عظامہ: اللہ اس کی ہڈیوں کو نہ سخت کرے اور نہ مضبوط۔
النیح: سخت۔ کہا جاتا ہے "عظمٌ نیحٌ" سخت ہڈی۔
نار الثوبَ ینیرُہ نیرا و نیّرہ تنییرا و انارہ انارۃً: کپڑا بننا۔ منقش کرنا۔
النائر: فا۔ لوگوں کے درمیان فساد ڈالنے والا۔
النیّار: کپڑے میں نقش و نگار کرنے والا۔ کپڑے میں گوٹ لگانے والا۔
النِّیر: بیلوں کے کندھے پر رکھنے کا جوا۔ ج انیار و نیران۔ النیرُ: نے۔ اکٹھے دھاگے۔ کپڑے کے نقش و نگار۔ کپڑے کا چھور۔ راستہ کا کنارہ۔ راستہ کی نمایاں کھائی۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ ذو نیرین" اپنے ساتھی سے دگنی قوت والا۔ و "حربٌ ذاتُ نیرین" سخت جنگ "وناقۃٌ ذاتُ نیرین و انیار" بوڑھی اُونٹنی جس میں ابھی جوانی کچھ باقی ہو اور کبھی اس کا استعمال عورت کے لیے بھی ہوتا ہے۔
النیر والنیرۃ: اسم ہے نیر الثوب کا۔
النیرۃ: بنائی کے آلات میں سے ایک آلہ کا نام کہتے ہیں "ما انت بستاۃ ولا لُحمۃ ولا نیرۃ" اس شخص کے لیے جو نہ نافع ہو نہ نقصان دہ۔ کہا جاتا ہے "ھذا انیرُ من ذاک" یہ اس سے واضح تر ہے۔ کہا جاتا ہے "بینھم منایرۃ" ان کے درمیان فساد ہے۔
المُنیّر: موٹی کھال۔ ثوبٌ منیّرٌ: دو سوتی کپڑا۔
نیرب الرَّجلُ: چغل خوری کرنا۔ کلام میں گڑبڑ کرنا۔ گھڑنا الریحُ التراب فوق الشیٔ: ہوا کا کسی چیز کے اوپر خاک چڑھا دینا اور دھاری دھاری جیسی بنا دینا۔
النیرب: برائی۔ چغل خوری۔ چست و چالاک مرد۔ اور کہا جاتا ہے "رجلٌ نیربٌ و ذو نیرب" یعنی بدکار مرد۔
نیرج نیرجۃ الرجلُ: چغل خوری کرنا۔
النیرج: چغل خور۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ ہل کی پھالی۔ غلہ گاہنے کا ایک آلہ خواہ لکڑی کا ہو یا لوہے کا ریحٌ نیرجٌ: تیز ہوا۔ امرأۃ نیرجٌ

چالاک و مکار عورت۔ اور کہا جاتا ہے "عدا عدوًا نیرجا" متردد ہو کر جلدی جلدی دوڑا۔ اور ہر جلدی کو نیرج کہتے ہیں۔

النیروز. عند الفرس: شمسی سال کا پہلا دن۔ خوشی کا دن عموماً۔

النیزك. چھوٹا نیزہ۔ نیزے کی مانند شعلہ اور یہ ٹوٹے ہوئے ستارے کی ایک قسم ہے۔ ج نیازك (دخیل)

نیسب والنیسب والنیسبان دیکھئے مادہ ن-س-ب۔

نیسان. ماہ اپریل۔

النبص. کمزور حرکت۔ موٹی سیپی۔

ناص ینیص نیصا العرق: رگ کا حرکت کرنا۔

ناط ینیط نیطا و انتاط انتیاطا دور ہونا۔

النیط. س۔ جنازہ۔ موت۔ مدت۔ کہا جاتا ہے "اتاہ نیطه" یعنی اس کی مدت آگئی "ورماہ اللہ بالنیط" اللہ نے اسے موت دی۔ "وطعن فلانٌ فی نیطه" فلاں نے اس کے جنازہ میں نیزہ مارا یعنی وہ مر گیا۔

ناع ینیع نیعا الغصن: ٹہنی کا جھکنا صفت نائع

النوائع. جھکی ہوئی شاخیں۔

نال ینیل و ینال نیلا و نالا و نالة المطلوب. پانا۔ حاصل کرنا۔ صفت فاعلی نائل و صفت مفعولی منیل اور امر حاضر کا صیغہ نل و نل ہوگا۔ نال من فلان گالی دینا، عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "نال من عدوہ مطلوبه" اس نے اپنے دشمن سے اپنا مطلوب حاصل کر لیا اور کبھی دو مفعول کی طرف تعدیہ ہوتا ہے جیسے "نالہ مطلوبه" اس نے اس کا مطلوب حاصل کرا دیا۔ کہا جاتا ہے "نالنی من فلان" معروف فلاں سے مجھے بھلائی پہنچی۔ "و نال من عرض فلان" یعنی اس نے اس کی بے عزتی کی۔ "و نال الرحیل" کوچ کا وقت قریب ہونا۔ "و اما نال لھم ان یفھموا" کیا ان کے لیے سمجھ کا وقت نہیں آیا۔

انال انالة فلانا الشیٔ و لفلان الشیٔ: حاصل کرانا۔

النائل. فا۔ جو حاصل کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "اصبت منه نائلا" مجھے اُس سے انعام ملا۔

النیل. س۔ جو حاصل کیا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ اصبت منه نیلا

النیل. مصر کے ایک دریا کا نام۔ ایک قسم کی گھاس جس سے نیلا رنگتے ہیں۔ ایک دوسری قسم کی گھاس جس کے پتے چھوٹے چھوٹے اور تنہ سخت ہوتا ہے۔ النیل: بادل۔

النالة. س۔ گھر کا صحن۔

النولة و النیلة. جو حاصل کیا جائے۔

النیلج و النیلنج. چربی کا کاجل جس کو گوندنے میں استعمال کیا جائے۔ اور یہ معرب ہے اور عربی اس کی "لوذ" ہے۔

النیلج. نیل کا رنگ۔

النیلوفر و النینوفر و النیلوفر. گل نیلوفر (جدید)

النیلون: نیلون جس سے کپڑے وغیرہ تیار ہوتے ہیں۔

النمبرشت. ادھ بھنا۔ کہا جاتا ہے "بیض نمبرشت" اور عوام کہتے ہیں "بیض برشت"

ناہ یناہ نیھا الشیٔ. بلند ہونا۔ پسند آنا۔

النائہ. بلند۔ نمایاں۔ کہا جاتا ہے "نفس ناھة" رکنے والا نفس۔

النیم. ن و م میں ذکر کیا گیا۔

النیون. ایک کمیاب گیس جس کی بو اور رنگ نہیں بجلی کے ایندھن میں استعمال ہوتا ہے۔

النائی. بانسری۔ نے، آیات (فارسی)

و

الواؤ یہ حرف حروف تہجی میں سے ستائیسواں حرف ہے۔ یہ حروف جوف سے ہے۔واؤد بحساب جمل اس کا عدد چھ (٦) ہے۔

الواو. چند معانی کے لیے مستعمل ہے۔

(١)حرف عطف اور اس کے معنی مطلقاً جمع کے ہیں۔ جیسے جَاءَ زَيْدٌ و عَمْرٌو.

(٢)واو حالیہ۔ جملہ اسمیہ پر جیسے "جَاءَ زَيْدٌ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ" جملہ فعلیہ پر جیسے "جَاءَ زَيْدٌ وَقَدْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ."

(٣)واواستئناف جیسے "لَا تَاْكُلِ السَّمَكَ و تَشْرَبُ اللَّبَنَ"

(٤)واومعیہ جیسے "سِرْتُ وَالْجَبَل."

(٥)واوجواس مضارع منصوب کے اوپر داخل ہو جو نہی کے جواب میں واقع ہو جیسے "لَا تَنْه عَنْ خُلُقٍ و تَاتِي مِثْلَه"

(٦)واوقسم جیسے وَاللّٰهِ الْعَظِيْمِ.

(٧)واو رُبَّ جیسے وَلَيْلٍ كَمَوْجِ الْبَحْرِ اَرْخَى سُدُوْلَهُ.

(٨)واوضمیر جمع مذکر جیسے قَامُوْا.

(٩)واو علامت جمع مذکر جیسے "يَلُوْمُوْنَنِيْ قَوْمِيْ."

(١٠)واوفصل جیسے عَمْرٌو کا واو حالت رفعی و جری میں تاکہ عمر سے فرق ہو جائے۔

(١١)واو زائدہ بعد اِلا جیسے مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَلَهُ طَمَعٌ او حَسَدٌ.

وا۔ ندبہ کیلئے مخصوص ہے جیسے "وَا زَيْدَاهُ" یا "وَا ظَهْرَاه" اور کبھی نداء حقیقی میں مستعمل ہوتا ہے۔

الوَاح والوَاحَة. ریگستانی علاقہ میں سبزہ زار زمین۔ج وَاحَات.

وَأَبَ يَئِبُ وَأَبًا وابَةً مِنْ فُلَانٍ: شرم کرنا۔ شرم کی وجہ سے جھجکنا۔ وَأَبَ يَأَبَ وأَبَةً: کھر کے کناروں کا سمٹنا۔

وَئِبَ يَوْأَبُ وَأَبًا. غضبناک ہونا۔

اَوْأَبَهُ وَأَتْأَبَهُ. غضبناک کرنا۔ کسی کے ساتھ قابل شرم فعل کرنا۔ ذلت کے ساتھ حاجت سے پھیر دینا۔

اِتَّأَبَ اِتِّآبًا مِنْهُ: شرم کرنا۔

الاِبَةُ والتُّؤَبَة والمَوْئِبَة والمُوْئِبَة: رسوائی۔عار۔شرم۔

الوَأْبُ مِنَ الْقِدَاحِ بڑا پیالہ مِنَ الحَوَافِرِ: باہم ملے ہوئے کناروں والا مضبوط کھر۔چوڑا۔بڑا اُونٹ۔ج اَوْآب.

الوَأْبَة. پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے (والوَئِبَة) بہت گہرا کنواں۔ قِدْرٌ وَأْبَةٌ کشادہ ہانڈی۔

المُوْئِبَات. رسوا کرنے والی باتیں۔

الوأج. سخت بھوک۔

وَأَدَيَئِدُ وَأْدًا. البِنْتَ: لڑکی کو زندہ درگور کرنا۔ صفت مفعولی وَئِيْدٌ و وَئِيْدَةٌ و مَوْءُوْدَةٌ فُلَانًا: بو جھل کرنا۔

تَوَأَّدَ و اِتَّأَدَ فِي الْاَمْرِ: مہلت اور آہستگی سے کرنا۔ وَتَوَأَّدَتْ عَلَيْهِ الاَرْضُ: زمین کا کسی کو چھپا لینا اور غائب کر دینا الْمَرْأَةُ فِيْ قِيَامِهَا بو جھل ہونے کی وجہ سے لچکنا۔

الوَأْد. س. سخت آواز۔ دھماکہ۔ اُونٹ کی بلبلاہٹ۔

الوَئِيْد. سخت۔اُونٹ کی بلبلاہٹ۔ پیروں کی چاپ جو دور سے سنائی دے۔ اور کہا جاتا ہے "مَشٰى مَشْاً وَئِيْدًا" وہ متانت و سنجیدگی سے چلا (وَالتُّؤَدَة والتَّوْآد) سنجیدگی۔ متانت۔

المَوَائِد. مصیبتیں (اس کی اصل المَاوِد ہے)

وَأَرَ يَئِرُ وَأْرًا وَإِرَةً الرَّجُلَ: گھبراہٹ میں ڈالنا النَّارَ ولِلنَّارِ: آگ روشن کرنے کے لیے گڑھا بنانا (ووَأَّرَ تَوْئِيْرًا) فُلَانًا: مصیبت میں ڈالنا۔

اَوْأَرَهُ اِيئَارًا. نفرت دلانا۔ خبردار کرنا۔

اِسْتَوْأَرَتِ الاِبِلُ: اُونٹوں کا رُک کر پہاڑ پر چڑھ جانا۔

الوَائِر. فا۔ خوفزدہ۔

الاِرَة. ج اِرَاتٌ واِرُوْن والوُؤْرَة ج وُأَرٌ و اُوَرٌ: آگ سلگانے کی جگہ۔ الاِرَة: آگ۔ اوجھ میں پکا ہوا گوشت۔ دھوپ میں سکھایا ہوا گوشت۔ دشمنی۔ آگ کی بھڑک۔ کوہان کی چربی۔

الوِئَار. لیپنے کی مٹی نکالنے کے گڑھے۔

اَرْضٌ وَئِرَةٌ. بہت گرمی والی زمین۔

وَأَصَ يَئِصُ وَأْصًا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹکنا۔

تَوَاصَّ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔پانی پر بھیڑ کرنا۔

الوَئِيصَة. جماعت؛ مخلوق؛ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ الوَئِيصَةِ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کون ہے۔

وَأطَ يَئِيطُ وَأطًا القَوْمَ: زیارت کرنا۔ الشَّیءُ: جوش میں آنا۔

الوَأطَةُ. مِنَ الاَرْضِ: بلند زمین مِنَ المَاءِ: پانی کی بڑی جگہ۔

وَأَلَ يَئِلُ وَأْلًا و وَئِيْلًا و وُؤُوْلًا و وائلَ وِئَالًا و مُواءَ لَةً مِنْ كَذَا: نجات ڈھونڈنا۔ اِلَيْهِ: پناہ لینا اِلَى المَكَانِ: سبقت کرنا۔ وَأَلَ فُلَانًا: جائے پناہ بنانا اِلَى اللهِ: رجوع کرنا۔ توبہ کرنا (و اَوْأَلَ) المَكَانُ: تہ بتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی ہونا۔ واَوْأَلَ المَكَانَ: تہ بتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی بنانا۔ اَوَ اَلَتِ الْمَاشِيَةُ: فِی المَكَانِ اَوِ الْكَلَأ: گوبر مینگنی سے خراب کرنا۔

الوَأْلُ والمَوْئِل والمَوْأَلَة. جائے پناہ۔

اِسْتَوْأَلَتْ اِسْتِيْئَالًا الاِبِلُ: اُونٹوں کا اکٹھا ہونا۔

الوَأْلَة. اُونٹ یا بکریوں کی تہ بتہ مینگنیاں۔

وَأَمَهُ يُوْئِمُهُ تَوْئِيمًا. بدشکل کر دینا۔

وَاءَ مَهُ وِئَامًا و مُوَائَمَةً. موافقت کرنا۔

تَوَاءَ مَ. موافق ہونا۔ مناسب ہونا۔

اَتْاَمَتْ اِتْآمًا المَرْأَةُ: جڑواں جننا۔ صفت مُتْئِمٌ. اس میں واؤ کی تبدیلی تا سے ہوئی ہے۔

الوَأْم. گرم کمرہ۔

الوَأْمَة. دوسرے کی صنعت کا نقال۔

المُوَأْم. بدشکل۔ بڑے سر والا۔

المُتَوَائِم. فا. غِنَاءٌ مُتَوائِمٌ: متناسب۔

وَأْوَأ وَأْوَأَةً الكَلْبُ: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ اِلَّا وَغْوَغَةَ الذِّئَاب و وَأْوَأَةَ الكِلَابَ:" میں نے بھیڑیوں کے چیخنے اور کتوں کے بھونکنے کے علاوہ کچھ نہیں سنا۔

وَأَی يَئِی وَأْيًا. وعدہ کرنا الشَّیءَ: ذمہ دار ہونا۔

تَوَاءَ ی تَوَائِيًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔

اِتَّأَی اِتِّئَاءً. وعدہ قبول کرنا۔

اِسْتَوْأَی اسْتِيْئَاءً الرَّجُلَ: وعدہ لینا۔

اَلوَأْی. مص۔ وعدہ۔ وہم و گمان۔ لوگوں کی تعداد۔

الوَأْی مِنَ الدَوابِ: تیز رفتار۔ مؤنث وَآةٌ (جیسے کہ فَتَاةٌ)

الوَئِيَّة. بڑے بورے۔ بڑے پیٹ والی اُونٹنی (و الوَأْيَةُ) بڑا پیالہ۔ بڑی ہانڈی الوَئِيَّةُ: موتی۔ اپنے گھر کی محافظ عورت۔

وَبَّ يَؤُبُّ وَبًّا. لڑائی میں حملہ کیلئے تیار ہونا۔

وَبَأ يَوْبَأُ وَبْأً ووَبَّأَ الْمتاعَ: ترتیب سے رکھنا۔

وَبَأَ و اَوْبَأَ اِلَيْهِ: اشارہ کرنا۔

وَبِیءَ يَوْبَأُ و يِيْبَأُ وَبْأً و وَبُؤَيَوْ بُوبَاءً وِبَائَةً وِاِبَاءً واِبائَةً و وُبِیءَ يُوْبَأُ وَبْأً و اَوْبَأَ المَكَانُ: بہت وبازدہ ہونا۔ اسم البِئَة عِدَة کی مانند۔

تَوْبَّأَ البَلَد: شہر کی آب و ہوا کو ناموافق پانا۔

اِسْتَوْبَأَ اسْتِيْبَاءً الْمَدِيْنَةَ: وبازدہ پانا۔

الوَبَأ. ج اَوْبَاء والوَبَاء. ج اَوْبِئَةٌ. عام بیماری۔

الوَبِیءُ والوَبِیءُ والمَوْبُوْء. بہت وبازدہ جگہ اور ہر ایک کی مؤنث تا کے ساتھ۔

اَلمُوْبِیء. فا۔ تھوڑا پانی۔

وَبَتَ يَبِتُ وَبْتًا بالْمَكَان: اقامت کرنا۔

وَبَّخَهُ. جھڑکنا۔ ملامت کرنا۔ عار دلانا۔ دھمکانا۔

الوَبْخَة. سرزنش۔ تکلیف دہ ملامت۔

وَبِدَ يَوْبَدُ وَبَدًا. بدحال اور کم مال والا ہونا۔ صفت وَبِدٌ الثَّوْبُ: کپڑا بوسیدہ ہونا النَّهَارُ: دن سخت گرم ہونا عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔

اَوْبَدَهُ اِيْبَادًا. جدا کرنا۔

تَوَبَّدَ اَمْوَالَهُمْ: نظر لگانے کیلئے معین کرنا۔

الوَبْد. پہاڑ کا گڑھا۔

الوَبَد. مص۔ بدحالی و سختی زندگانی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ وَبَد" فلاں بدحالی میں ہے اور کبھی اس مصدر کو بطورِ وصف کے بھی استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "رَجُلٌ وَبَدٌ" یعنی بدحال مرد۔ واحد اور جمع دونوں کے لیے اور کبھی اَوْبَاد جمع لاتے ہیں۔ الوَبَد: گرمی۔ عیب۔ پہاڑ کا گڑھا۔

الوَبِد. بھوکا (والمُتَوَبِّد) سخت نظر لگنے کا سبب بننے والا۔

قَوْمٌ اَوْبَادٌ. مفلس لوگ۔

المُسْتَوْبِد. قلت مال اور کثرتِ عیال سے بدحال مرد۔

وَبِر يَوْبَر وَبَرًا و اَوْبَر اِيْبَارًا. بہت پشم والا ہونا۔ صفت وَبِرٌ و اَوْبَرُ. مؤنث وَبِرةٌ وَبْرَاء.

وَبَر يَبِرُ وَبْرًا بالْمَكَان: اقامت کرنا۔

وَبَّر. چھوٹے چھوٹے بال نکلنا الثَّعْلَبُ: لومڑی کا نشان چھپانے کیلئے سخت زمین پر چلنا الرَّجُلُ بالْمَكَان: اقامت کرنا فُلَانٌ: بھاگنا اور وحشت زدہ ہونا یا تنہا زندگی بسر کرنا عَلَيْهِ الْاَمْرَ: پوشیدہ رکھنا۔

وُبِّرَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں گابھا دینا۔

الوَبْر. سخت سردی کے سات دنوں میں سے ایک دن۔ بلی سے چھوٹا ایک جانور جس کی دُم اور کان چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ ج وُبُوْر و وِبَارٌ و وِبارَة. مؤنث الوَبْرَة.

الوَبَر. مص۔ اُونٹ اور خرگوش وغیرہ کے بال ج اَوْبَار. اَهْلُ الوَبَرِ: دیہاتی لوگ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیءَ بِوَبَرِه" یعنی اس نے سارا لے لیا۔

الوَبَرَة. وَبَر کا واحد۔

الوَابِر. فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ وَابِرٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

بَنَاتُ الاَوْبَر و بَنَاتُ اَوْبَر: چھوٹی اور ردی قسم کی سانپ کی چھتری۔ اور کہا جاتا ہے لَقِيْتُ مِنْهُ بَنَاتِ اَوْبَرَ مجھے اس سے مصیبت حاصل ہوئی۔

اَلوَابُوْرُ ج بَوَابِيْرُ: اسٹیمر۔ (فرانسیسی لفظ).

وَبِشَ يَوْبَشُ وَبَشًا الظُّفْرُ: ناخن پر سفید

داغ ہونا جلدَ البعیرِ: خارش کی وجہ سے اُونٹ کی کھال پر سیاہ سفید داغ ہونا۔ صفت وَبِشٌ۔

وَبَّشَ توبیشًا الجمرُ: چنگاری کا ہوا چلنے سے سلگنا القومُ فی امرٍ: کسی کام میں ہر جگہ سے مشغول ہونا لِلحربِ: مختلف قبائل سے جنگ کیلئے اکٹھا ہونا۔ وَبَّشَتِ الاظفارُ: ناخنوں میں سفید داغ ہونا۔

اَوْبَشَ. تیز چلنا۔ اوبَشَتِ الارضُ: مخلوط پودوں والی ہونا۔

الوَبَش والوَبْش. کھجلی کے داغ۔ ناخن کے سفید داغ۔ اَوْبَاش کا واحد بمعنی سفلہ و کمینے لوگ وَبْشُ الکلامِ: ردی کلام اور کہا جاتا ہے "ما بھٰذہِ الارضِ اِلَّا اَوْباشٌ مِن شجرٍ او نباتٍ" یعنی اس زمین میں صرف تھوڑے سے بکھرے ہوئے درخت یا نباتات ہیں۔

وَبَصَ یَبِصُ وَبْصًا وَبِیصًا وبِصَةً چمکنا۔ بجلی کوندنا۔ صفت وَابِصٌ الجرْدُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔ وَبَصَتِ الارضُ: بہت نباتات والی ہونا۔

وَبِصَ یوبَصُ وَبَصًا. چست ہونا۔ صفت وَبِصٌ۔

وَبَّصَ الجرْدُ: پلے کا آنکھیں کھولنا لَہٗ بیسیرٍ: تھوڑا دینا۔

اَوْبَصَتِ النارُ: روشن ہونا۔ شعلہ اٹھنا۔

اَوْبَصَتِ الارضُ: نباتات ظاہر ہونا۔ یا بہت نباتات والی ہونا۔

اَبْیَضُ وَابِصٌ. چمکدار سفید۔

الوَابِصَة والوَبِیصَة. آگ۔ الوَابِصَة. دہشت۔ خوف۔ کہا جاتا ہے "مَافِی النَّارِ وَابِصَةٌ" آگ میں چنگاری نہیں۔ "اِنَّہٗ لَوَابِصَةُ سمعٍ" یعنی ہر سنی ہوئی چیز پر بھروسہ کرتا ہے۔ الوَبَّاص. چاند۔ چمکیلا۔ عارضٌ وَبَّاصٌ. بہت چمکنے والا بادل۔

وَبَطَ یَبِطُ وَبْطًا الجُرحَ: زخم کھولنا۔ الرَّجُلَ: مرتبہ گھٹانا۔ ذلیل کرنا فُلانًا عَنْ حَاجَتِہٖ: روک دینا۔ باز رکھنا وَ وَبَطَ یَوْبَطُ و وَبُطَ یَوْبُطُ وَبْطًا و وُبُوطًا و وَبَاطَةً) کمزور ہونا۔ خسیس یا بزدل ہونا۔

اَوْبَطَہٗ. اچھی طرح خون بہانا۔ اچھی طرح قتل وغارت کرنا۔

الوَابِط. خسیس۔ کمزور۔ بزدل۔

الوُبَاط. کمزوری۔

وَبَقَ یَبِقُ و وَبِقَ یَبَقُ وَبْقًا وَ وَبِقَ یَوْبَقُ وَبَقًا و وُبُوقًا و مَوْبِقًا وَاسْتَوْبَقَ. ہلاکت ہونا۔ صفت وَبِقٌ۔

اَوْبَقَہٗ اِیبَاقًا. ہلاک کرنا۔ ذلیل کرنا۔ قید کرنا۔

المَوْبِق. ہلاکت کی جگہ۔ وعدہ کی جگہ۔ قید خانہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یَرْکَبُ المُوْبِقَاتِ" فلاں خطرات میں پڑتا ہے "وَیَفْعَلُ المُوْبِقَاتِ" فلاں معاصی کا ارتکاب کرتا ہے۔

وَبَلَ یَبِلُ وَبْلًا فُلانٌ بالعصا: لگاتار لاٹھی سے مارنا الصَّیْدَ: شکار کو تیز ہانکنا۔

وَبَلَتِ السَّمَاءُ: بڑی بڑی بوندوں کی بارش برسانا۔

وَبُلَ یَوْبُلُ وَبْلًا وَ وَبَالًا وَ وُبُولًا وَ وَبَالَةً المکانُ: بدہضمی والی جگہ ہونا الشَّیءُ: سخت ہونا۔

وَابَلَہٗ مُوَابَلَةً. ہیشگی کرنا۔

اِسْتَوْبَلَ اسْتِیبَالًا المکانَ: بدہضمی والی جگہ پانا۔ اِسْتَوْبَلَتِ الابلُ: چراگاہ کے مضر صحت ہونے سے بیمار ہونا۔

الوَبْل والوَابِل. تیز بارش۔ بڑی بوندوں کی بارش۔

الوَابِلَة. وابل کا مؤنث۔ بازو یا ران کے سرے کا کنارہ۔

الوَبَال. س۔ سختی۔ بدہضمی۔ برا انجام۔

الوَبْلَة والاُبْلَة. گرانی۔ سختی۔ بدہضمی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْہُ وَبْلَةُ الطَّعَامِ او اُبْلَةُ الطَّعَامِ" اس کو کھانے سے بدہضمی ہوگئی۔

الوَبِیل. سخت۔ مَرْعًی وَبِیلٌ: مضر صحت چراگاہ۔ طَعَامٌ وَبِیلٌ: مضر صحت کھانا۔ الوبیل ناقوس بجانے کی لکڑی۔ نرم شاخ۔ دھوبی کی موگری۔ اور کہا جاتا ہے "اَبِیلٌ علٰی وَبِیلٍ" یعنی لاٹھی پر سہارا لینے والا بڈھا (والوَبِیلَة والمَوْبِل والمِیبَل) موٹا ڈنڈا۔ لکڑی کا گٹھا۔

المِیبَل والمِیبَلَة. کوڑا۔ اُونٹوں کے ہانکنے کے لیے لکڑی میں بندھا ہوا تسمہ ج مَوَابِل۔

وَبْنٌ. کہا جاتا ہے "مَا بالدَّارِ وَابِنٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

الوَبْنَة. تکلیف۔ بھوک۔

الهَرِيس باریک کوٹا ہوا (و الهَرِيْسَة) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور کوٹے ہوئے گیہوں کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
رَجُلٌ مِهْرَسٌ بہت کھانے والا۔

المِهْرَاس ہاون۔ المِهْرَاس: پتھر کا ہاون۔ اوکھلی۔ بہت کھانے والا اُونٹ۔ بھاری جسم کا اُونٹ۔ مرد جو رات میں چلنے سے نہ ڈرے۔ ج مَهَارِيْس.
هَرَش(ن ض) هَرْشًا الدَّهْرُ: زمانہ کا سخت ہونا۔
هَرِش(س) هَرشا بدخلق ہونا۔
هَرَّش بين الكلاب: کتوں کے درمیان بھڑکانا بَيْنَ النَّاس لوگوں میں فساد ڈالنا۔
هَارَش مُهارشَةً و هِراشًا بَعْضَ الكِلَاب علي بعْضِهَا: بعض کو بعض پر بھڑکانا فُلَانٌ فُلَانًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَهَارَشَت واهْتَرَشَتِ الْكِلَابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَهَرَّش الغيمُ بادل کھل جانا۔
الهِراش هارَش کا مصدر، جھگڑا۔ مقاتلہ۔
الهَرِش سخت عادت والا۔ اکھڑ۔
المُهارِش. فا۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ مُهَارِشُ العنان" ہلکی لگام والا گھوڑا۔
الهِرْشَبَّة بہت بڑھیا۔
هَرْشَفت و اهْرَشَّفت. الهِرْشَفَّة دوات کے صوف کا سوکھ جانا۔
الهِرْشَفُ مِنَ الرِّجالِ دبلا بوڑھا۔ بہت پینے والا۔ بہت بڑھیا۔
الهِرْشَفَّة بہت بڑھیا۔ بوڑھی اُونٹنی۔ دوات کا خشک شدہ صوف۔
هَرِصَ(س) هَرَصًا خشک خارش والا ہونا۔
هَرَّص الرَّجلُ خشک خارش کی وجہ سے بدن کا کھجک اٹھنا۔
الهَرَص ج۔ کیڑا۔ خشک خارش۔
الهَرِيْصَة پانی جمع ہونے کی جگہ۔
هَرَضَ(ن) هَرْضًا الثَّوْبَ کپڑا پھاڑنا۔
هَرِضَ(س) هرضا خشک خارش والا ہونا۔
هَرَّض الرَّجلُ خشک خارش کی وجہ سے بدن کا کھجک اٹھنا۔

هَرَطَ(ن) هَرْطًا عِرضَ فُلَانٍ و فِيْ عِرْضِهِ آبروریزی کرنا فِي الْكَلَامِ: غیر مربوط اور بیہودہ کہنا۔
هَرِطَ(س) هَرَطًا بیماری وغیرہ کی وجہ سے ڈھیلے گوشت والا ہونا۔
الْهَرْطَقَة عیسائیوں کے نزدیک۔ دین میں بدعت اس کی طرف نسبت۔ هرطوقي۔
تَهَارَطَا ایک دوسرے کو گالی دینا۔
الهَرْط ج۔ (و الهِرْطُ) بہت دبلا گوشت۔ متمول مرد۔ دبلی بوڑھی بھیڑ۔ نَاقَةٌ هِرْطٌ: عمر رسیدہ اُونٹنی۔ ج اَهْراط و هُرُوْط.
الهِرْطَة. دبلی بوڑھی بھیڑ۔ بیوقوف۔ بزدل۔ کمزور ج هِرَط.
الهَيْرَط نرم۔ الهِرْطَال: لمبے قد والا۔
الهُرْطُمَان ایک قسم کا غلہ۔
هَرَعَ(ف) هَرْعًا اِلَيْهِ: اضطراب کے ساتھ جلدی جانا۔
هَرِعَ(س) هَرَعًا الدَّمُ: خون کا جلدی بہنا۔
الرَّجُلُ تیز رفتار یا جلدی رونے والا ہونا۔
هَرَّعَ الْقَوْمُ الرِّمَاحَ: قوم کا نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
هُرِعَ وَهُرِّعَ الرَّجُلُ: چلنے میں جلدی کرنا۔
اَهْرَعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا الْقَوْمُ رِمَاحَهُمْ نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
اُهْرِعَ الرَّجُلُ خفیف العقل ہونا۔ غصہ یا کمزوری یا خوف یا سردی سے کانپنا۔ جلدی دوڑایا جانا۔ صفت مُهْرَعٌ اور کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ الشَّيْخُ يُهْرَعُ" بڈھا مضطرب ہو کر دوڑنے لگا۔
تَهَرَّعَتِ الرِّمَاحُ: نیزوں کا سیدھا ہونا۔
تَهَرَّعَ اِلَيْهِ جلدی کرنا۔
اِهْتَرَعَ الْعُوْدُ لکڑی توڑنا۔
اُسْتُهْرِعَتِ الْاِبِلُ حوض کی طرف دوڑنا۔
الهُرَاع اضطراب کے ساتھ تیز رفتاری۔

تیز ہانکنا۔
الهَرع. س۔ اضطراب کی چال۔ تیز ہانکنا۔
الهَرِع. جلدی بہنے والا خون۔ رَجُلٌ هَرِعٌ جلدی رونے والا۔ تیز رفتار۔ مؤنث هَرِعَةٌ.
الهَرْعة والهَرَعة. جوں کے مانند ایک کیڑا۔ یا چھوٹی جوں، اور بقول بعض بڑی جوں۔
الهُرَيْعة. باریک ٹہنیوں والا درخت۔
المُهْرِع والمِهْرَاع. شیر۔
المَهْرُوْع. پاگل۔ محنت و مشقت سے درماندہ۔
المُهْرَع. سی۔ لالچی۔
الهَيْرَع. بزدل، بیوقوف، جلد باز۔ چست عورت رِيْحٌ هَيْرَعٌ و هَيْرَعةٌ: تیز چلنے والی ہوا جو مٹی اڑائے۔
الهَيْرَعة. چرواہے کی بانسری اور اس کو يَرَاعه بھی کہتے ہیں۔
هَرَف (ض) هَرْفًا بِفُلَانٍ: کسی پر تعجب کرتے ہوئے مدح میں مبالغہ کرنا۔ بغیر جانے بوجھے مدح کرنا۔ اور اسی سے ہے "لَا تَهْرِف بِمَا لَا تَعْرِف" جس کو تم جانتے نہیں اس کی مدح مت کرو۔ هَرَفَتْهُ الرِّيحُ: ہوا کا اڑا دینا۔ وهَرَفَ السَّبُعُ: درندے کا لگاتار آواز نکالنا۔
هَرَّفَت تَهْرِيْفًا النَّخْلَةُ: جلدی پھل دار ہونا۔ هَرَّفَ القَوْمُ إِلَى الصَّلوٰةِ: نماز کیلئے جلدی کرنا۔
اَهْرَفَتِ النَّخْلَةُ: جلدی پھل دار ہونا۔
اَهْرَفَ الرَّجُلُ: مال نامی کا مالک ہونا۔
هَرَق (ف) هَرْقًا وَاَهْرَقَ المَاءَ: پانی گرانا۔
هَرَّقَ المَاءَ: پانی گرانا (تشدید کثرت کے لئے ہے) اور کہا جاتا ہے (هَرِّقْ عَلَى جَمْرِكَ" یعنی اپنی جگہ پر قائم رہو، یہ ایک مقولہ ہے جو غضبناک آدمی سے کہا جاتا ہے مقصد یہ ہے کہ اپنے غصہ کی آگ کو بجھاؤ۔
هَرَاقَ المَاءَ يُهَرِيْقُهُ هِرَاقَةً. گرانا۔ اس کی اصل "اراقه يُرِيْقُهُ اِرَاقَةً" ہے۔ ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے۔ اور هَرَاقَه کی اصل هَرِيْقَه دَحْرَجه کے وزن پر ہے۔ اور اسی وجہ سے مضارع میں يُهَرِيْقُه کی ہا کو فتحہ دیا جاتا ہے جیسا کہ يُدَحْرِجه میں دال کو، اور امر کا صیغہ هَرِقْ کی اصل هَرِيْق ہے دَحْرِج کے وزن پر، ثقالت کی وجہ سے یا کے کسرہ کو نقل کر کے اجتماع ساکنین کی وجہ سے یا کو حذف کر دیا گیا۔ تثنیہ کا صیغہ هَرِيْقَا اور جمع کا هَرِيْقُوْا. اور کہا جاتا ہے "هَرِيْقُوا عَلَيْكُمْ اَوَّلَ اللَّيْلِ" وہ لوگ تمہارے پاس ابتدائی رات میں آئے۔
اور کبھی ہاء اور ہمزہ دونوں کو جمع کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "اَهْرَاقَه يُهْرِيْقُهُ اهْرَاقَه" سکون ہاء سے گویا کہ ہمزہ یاء کی حرکت کی عوض میں بڑھا دیا گیا ہے۔ اور اسی وجہ سے اس زیادتی سے فعل خماسی نہیں ہوتا۔ اسم فاعل کا صیغہ مُهْرِيْق اور اسم مفعول مُهْرَاق و مُهَرَاق.
تَهَارَقُوْا. بعض کا بعض پر پانی گرانا۔
اِهْرَوْرَقَ اِهْرِيْرَاقًا الدَّمْعُ وَالمَطَرُ: آنسو یا بارش کا جاری ہونا۔
الهِرْق. پرانا کپڑا۔
المُهْرَق. اَهْرَق کا اسم مفعول۔ صحیفہ۔ سفید ریشم کا کپڑا جس کو گوند سے چکنا کر کے لکھنے کے کام میں لاتے ہیں۔ چٹیل بیابان۔ کپڑا یا کاغذ چکنا کرنے کا آلہ۔ ج مهارِق.
المُهْرُقَان والمهْرَقَان والمُهْرَقَان. سمندر۔ کنارۂ سمندر جہاں پانی چڑھے اور پھر اتر جائے اور کوڑیاں باقی رہ جائیں۔
مَطَرٌ مُهْرَوْرِقٌ. موسلا دھار بارش۔
هَرْكَلَ هَرْكَلَةً. سست اور ناز سے چلنا۔
جَمَلٌ اور جُلٌ هُرَاكِل موٹا اور بڑے جسم کا اونٹ یا مرد۔
الهَرَاكِلَة. بڑی بڑی مچھلیاں، آبی کتے۔ بڑے چوتڑ والے دریائی جانور۔ سمندر کی موجوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ واحد هِرْكَلٌ.
الهَرْكَلَةُ والهَرْكَنةُ والهِرْكَوْلَةُ والهِرْكَوْلَةُ والهِرْكِيْل. خوبصورت اندام خوش رفتار عورت۔ بڑے سرین والی عورت۔
الهَرْكَلَة. خرام ناز۔
الهَرَل. پہلے شوہر کا بیٹا۔
هَرِمَ (س) هَرَمًا و مَهْرَمًا و مَهْرَمَةً. کمزور ہونا اور بہت بوڑھا ہونا۔ صفت هَرِمٌ. ج هَرِمُوْنَ و هَرْمٰى مؤنث هَرِمَةٌ ج هَرِمَات و هَرْمٰى.
هَرَّمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کر دینا۔ هَرَّمَ فُلَانًا تعظیم کرنا اللَّحْمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَرِّمُ عَلَيْنَا الْاَمْرَ اَوِ الْخَبَرَ" فلاں آیا اور ہمارے سامنے معاملہ کو یا خبر کو بڑا کر کے بیان کرتا ہے۔
اَهْرَمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کرنا۔ کمزور کر دینا۔
تَهَارَمَ الرَّجُلُ: بتکلف اپنے آپ کو بوڑھا ظاہر کرنا۔
اِسْتَهْرَمَهُ. بہت بوڑھا سمجھنا۔ بہت بوڑھا پانا۔
الهَرْم. ایک قسم کی ترشی مائل نمکین گھاس۔ واحد هَرْمَة. کہا جاتا ہے "هُوَ اَذَلُّ مِنْ هَرْمَةٍ" وہ ہرمہ گھاس سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔
الهَرَم. بہت بڑھاپا۔ نفس و عقل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَا تَدْرِي بِمَا يُوْلَعُ هَرَمُكَ" تم نہیں جانتے ہو تمہارا نفس کس چیز پر فریفتہ ہے۔ قَدَحٌ هَرِمٌ: ٹوٹا ہوا۔ الهَرِم: عمدہ رائے۔
الهَرَم. س۔ انتہائی بڑھاپا۔
الهَرَم عِنْدَ اَرْبَابِ المَسَاحَةِ: مخروطی شکل کی عمارت جس کی کرسی مثلث یا مربع یا بہت اضلاع والی ہو۔ ج اَهْرَام و هِرَام. اور اسی سے "اَهْرَامِ مِصْر" ہے جو اس لیے بنائے گئے تھے تاکہ بادشاہوں کے مدفن کا کام دیں۔
اَلْهَرَمُ ج اهرام و هرام (ه)
وہ جسم جس کے تین حصے اور سر ایک ہو۔ اور مضلع ان تین حصوں والے جو اس سر کے مقابل ہوں سے بنتا ہے۔

مشترک رأس ہرم کا رأس ہے۔ اور مثلثات ہرم کے اطراف جانبی ہیں۔ اور مضلع ہرم کا قاعدہ ہے۔ اور ہرم ثلاثی، رباعی اور رخماسی ہوتا ہے جب اس کا قاعدہ مثلث، مربع یا خماسی ہو۔

الهِرْمِی. خشک لکڑی۔

الهُرْمَان. عقل۔ عمدہ رائے۔

اِبْنُ هِرْمَة. غیر منصرف۔ بڈھے بڈھیا کی آخری اولاد۔

الهَرِمَة. الهَرِم کا مؤنث۔ شیرنی۔

الهَرُوْم. بدعادت۔ خبیث عورت۔

المَهْرَمة. س۔ انتہائی بڑھاپا۔

الهَرَامِیت. پرانے کنوئیں۔

هَرْمَزَ هَرْمَزَةً الرَّجُلُ: کمینہ ہونا۔ آہستہ چبانا۔ ساتھی سے چھپا کر گفتگو کرنا اللقمة لقمہ چبانا اور منہ میں پھرانا اور نہ نگلنا النَّارُ آگ کا بجھنا۔

هَرْمَسَ هَرْمَسَةً وَجْهُهُ: تیوری چڑھانا۔

الهَرْمَسَة. س۔ لوگوں کا شور و چیخ۔

الهَرَامِسَة. ماہرین علم نجوم۔

الهِرْمَوْس. مضبوط رائے والا۔ تجربہ کار چالاک۔

الهُرَامِس. لوگوں پر سخت حملہ کرنے والا شیر۔

الهِرْمَاس. سخت حملہ کرنے والا شیر۔ چیتے کا بچہ۔

الهِرْمِیس. سخت حملہ کرنے والا شیر۔ گینڈا۔

هَرْمَطَ عِرْضَهُ: بے آبروئی کرنا۔

اِهْرَمَّعَ اِهْرِمَّاعًا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ جلدی رونے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِهْرَمَّعَتِ العَیْنُ" جب کہ آنکھوں سے آنسو جلد نکل پڑے۔ فِیْ مَنْطِقِهِ: بہت بولنا۔ اِهْرَمَّعَ اِلَیْهِ: بتکلف رونا۔

الهَرْمَع. جلدی رونے والا۔ چال میں سرعت و سبکی۔

هَرْمَلَهُ هَرْمَلَةً. بال اکھیڑنا هَرْمَلَ الشَّعْرَ والوَبَرَ والرِّیْش: اکھیڑنا۔ کاٹنا۔ هَرْمَلَ عَمَلَهُ: بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ هَرْمَلَتِ العَجُوْزُ بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہونا الوَبَرُ: اونٹ کے بالوں کا گرنا۔

الهِرْمِل. بوڑھی اونٹنی۔ عمر رسیدہ عورت۔

الهُرْمُوْل. بالوں کا کچھ حصہ جو سر کے اطراف میں باقی رہ جائے ج هَرَامِیْل.

الهُرْمُوْلَة. کپڑے کا ٹکڑا جو پرانے کرتے کے دامن سے پھٹ جائے۔

هَرْنَفَ هَرْنَفَةً. آہستہ ہنسنا۔

المُهَرْنِفَة. کمزور آواز والی۔ رونے میں سست آواز والی۔

هَرْهَرَ هَرْهَرَةً الشَّیْءَ: حرکت دینا الرَّجُلُ: بے فائدہ ہنسنا بِالْغَنَمِ اَوِالاِبِلِ بکریوں یا اونٹوں کو پانی پر بلانا یا گھاٹ پر لے جانا عَلٰی فُلَانٍ: دست درازی کرنا الضَّأْنُ: بھیڑ کا ممیانا (وَتَهَرْهَرَتِ) الرِّیْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

الهِرْهِر. بوڑھی بکری۔

الهَرْهَرَة. س۔ لڑائی میں ہندوؤں کے شور و غل کی نقل۔ بھیڑ کی آواز۔ هَرْهَرَةُ الاَسَدِ شیر کے دہاڑنے کی گونج۔

الهُرْهُرَة. انگور کی بیل کی جڑ میں انگور کا گرا ہوا دانہ۔

الهُرَاهِر. بہت دودھ اور پانی۔ شیر۔ ج هَرَاهِر.

الهَرْهَار. بہت دودھ اور پانی۔ بے فائدہ ہنسنے والا۔ دبلا گوشت۔ شیر۔

الهُرْهُوْر. بہت دودھ اور پانی۔ آواز دینے والا جاری پانی۔ ایک قسم کی کشتی۔ انگور کا بکھرا ہوا دانہ۔ بوڑھی بکری۔

الهِرْهِیر. ایک قسم کی مچھلی۔ ایک خبیث قسم کا سانپ۔

هَرَاهُ یَهْرُوْهُ هَرْوًا وتَهَرَّاهُ تَهَرِّیًا. لاٹھی سے مارنا۔ ڈنڈے سے مارنا۔

الهِرَاوَة. موٹا ڈنڈا۔ سونٹا۔ ج هَرَاوَی و هُرِیٌّ و هِرِیٌّ.

الهَرَّاء. ہروی کپڑوں کا بیچنے والا۔

هِرَاة. خراسان کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے هِرَوِیٌّ.

هِرْوَلَ. تیز چلنا۔ دوڑنا۔

هَرَاهُ یَهْرِیْهِ هَرْیًا. ڈنڈے سے مارنا۔

هَرَّیَ تَهْرِیَةً الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگنا۔

هَارَاهُ مُهَارَاةً. باہم ٹھٹھا کرنا۔

الهِرَاء. کھجور کا پودہ۔

الهُرْیُ. گیہوں وغیرہ جمع کرنے کا بڑا مکان ج اَهْرَاء.

هَزَّ (ن) هَزًّا الشَّیْءَ وبِالشَّیْءِ: ہلانا مِنْ عِطْفِ فُلَانٍ: کام کیلئے ابھارنا۔ هَزَّبِهِ السَّیْرُ سیر کی وجہ سے جلدی چلنا (هَزِیْزًا) الاِبِلَ: اونٹ کو حدی سے نشاط میں لانا الکَوْکَبُ: ستارہ کا ٹوٹنا۔

هَزَّزَهُ تَهْزِیْزًا. ہلانا۔

اِهْتَزَّ. ہلنا الاِبِلُ: اونٹ کا حدی کی آواز سے چلنے میں جھومنا۔ اِهْتَزَّ اِلَیْهِ قَلْبُهُ: خوش ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَهْتَزُّ لِلْمَعْرُوْفِ" وہ اچھے اعمال سے خوش ہوتا ہے المَاءُ فِیْ جَرْیَانِهِ: پانی کا رواں ہونا الکَوْکَبُ فِیْ اِنْقِضَاضِهِ: ستارہ کا جلدی ٹوٹنا الاَرْضُ اگانا النَّبَاتُ: لہلہانا اور بڑھنا۔

تَهَزَّزَ. ہلنا۔ جھومنا۔

الهَزَّة. هَزَّ کا اسم مرۃ۔ اِمْرَاَةٌ هَزَّةٌ: برائی سے خوش ہونے والی عورت۔ جمع نِسَاءٌ هَزَّات.

الهِزَّة. هَزَّ کا اسم نوع۔ نشاط و شادمانی۔ ہانڈی کے جوش کی آواز۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ اونٹوں کی چال کی ایک قسم۔ انبساط و بحالی فرحت۔

الهَزِیْز. س۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ ہوا کی سرسراہٹ۔

الهَزَائِز. سختیاں (اس کیلئے واحد نہیں)

المَهَزّ والمَهَزَّة. حرکت۔

هَزَاَهُ یَهْزَاُهُ هَزْءًا. توڑنا۔ هَزَاَ اِبِلَهُ:

سردی سے مار ڈالنا۔اَحلَتَهُ: ہلانا۔هَزَأَ زَيْدٌ: مرنا۔

هَزَأَ وهَزِئَ يَهْزَأُ هَزأً و هُزءًا وهُزُءًا وهُزُوءًا ومَهْزَأَةً بِفُلَانٍ و مِنْهُ: ٹھٹھا کرنا۔

هَزِئَ (س)هَزءًا. مرنا۔

اَهْزَأَ اِهْزَاءً. سخت سردی میں داخل ہونا۔

اِبِلَهُ: سردی سے مار ڈالنا۔اَهْزَأَت بِهِ دَابَّتُهُ: جلدی لے جانا۔

تَهَزَّأَ تَهَزُّءًا و تَهَازَأَ تَهَازُءًا و اِسْتَهْزَأَ اِسْتِهْزَاءً. ٹھٹھا کرنا۔

الهَازِئ. فا۔ کہا جاتا ہے"هٰذِهِ مَفَازَةٌ هَازِئَةٌ بالرَّكْبِ و هَزَّائَةٌ بِهِمْ" یہ بیابان دشوار گزار ہے۔و "غِدَاةٌ هَازِئَةٌ" بہت ٹھنڈی صبح۔

رَجُلٌ هزأَةٌ. جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ کہا جاتا ہے"هُوَ هُزْأَةٌ بَيْنَ النَّاسِ" یعنی لوگ اس سے ٹھٹھا کرتے ہیں۔

رَجُلٌ هُزَأَةٌ لوگوں سے ٹھٹھا کرنے والا مرد۔

الهَوْزَب. مضبوط و قوی اُونٹ۔ بڑی عمر کا اُونٹ۔ گدھ۔

الهَيْزَب. مضبوط شیر۔

هَزبَرَهُ. کاٹنا۔

الهِزبَر والهِزبَر والهُزابِر. شیر۔

الهِزبَر: موٹا۔ مضبوط قوی۔ جہَزَابِر.

هَزبَلَ هَزبَلَةً. بہت محتاج ہونا۔

الهَزْبَلِيل. بہت تھوڑا سا۔

هَزِجَ (س)هَزَجًا اَلمُغَنِّي فِي غِنَائِهِ: گویئے کا سُر سے گانا یا پڑھنا۔ بحر ھزج کے اشعار پڑھنا۔

هَزَّجَ. سُر سے گاناصَوتَهُ: پے درپے آواز نکالنا۔

اَهْزَجَ الشَّاعِرُ: بحر ہزج کے اشعار بنانا۔

تَهَزَّجَ. سُر سے گاناالصَّوتَ: پے درپے ہوناتَهَزَّجَتِ القَوسُ: آواز نکالنا۔

الرَّعْدُ: بادل کا گڑگڑانا۔

الهَزَج. مص۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ترانہ۔ سُر۔ طرب انگیز آواز۔ ہر کلام جو متناسق ہو، اشعار کی ایک بحر کا نام۔ جانوروں کی ٹانگ پڑنے کی سرعت اور خفت۔

الهَزِج. طرب انگیز۔ کہا جاتا ہے"مُغَنٍّ هَزِجٌ" طرب انگیز گوتا۔فَرَسٌ هَزِجٌ: گھوڑا جس کی ٹانگ جلدی اور ہلکی پڑے۔

الهَزِيج مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔

الاُهْزُوجَة. ترنم آمیز گیت جاَهَازِيج.

هَزَرَهُ (ض)هَزرًا بالعَصَا: ڈنڈے سے بہت مارنا۔هَزَرَ الشَّيْءَ: سخت چھوڑنا۔فُلَانًا: جلاوطن کرنا۔ صفت مفعولمَهْزُورٌ و هَزِيرٌ بِهِ الاَرْضَ: پچھاڑنا لِفُلَان: بہت دینا الرَّجُلُ: ہنسنا۔ حاجت کے لیے جلدی کرنا اَلبَائِعُ: گراں کرنا۔ قیمت بڑھادینا۔

الهَزَار. بلبل۔ ہزارداستان جهَزَارَات.

الهِزر. نقصان زدہ۔ بیوقوف۔ سخت۔

الهَزْرَة والهَزَرَة. نرم زمین جهَزَرَات

الهُزَرَة: کاہل۔ کہا جاتا ہے"رَجُلٌ ذُوْ هَزَرَاتٍ" ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

رَجُلٌ مِهْزَرٌ. ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

هُزْرِفَ فِي عَدْوِهِ: تیز دوڑنا۔

الهِزرَاف والهُزَارِف والهُزْرُوف والهِزرَوْف. تیز رفتار ہلکا پھلکا شتر مرغ۔

الهُزْرُوف: بڑے جسم والا۔

هَزَعَ (ف)هَزْعًا. جلدی کرناالشَّيءَ: توڑنا۔

هَزَّعَهُ تَهْزِيعًا. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَهَزَّعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ لَهُ: اپنے کو ناشناختہ بنانا۔تَهَزَّعَتِ المَرْاَةُ فِي مِشْيَتِهَا: ڈگمگاناالاِبِلُ فِي سَيْرِهَا: اُونٹ کا چلتے ہوئے جھومنا۔

اِنْهَزَعَ الشَّيءُ: ٹوٹنا۔

اِهْتَزَعَ. جلدی کرنا۔ تھرکناالسَّيفُ و نَحوُهُ: تلوار وغیرہ کا حرکت کرنا۔

الهَزَع. اضطراب۔

الهِزَاع. اکیلا۔ کہا جاتا ہےمَا فِي الجَعْبَةِ اِلَّا سَهْمٌ هِزَاعٌ" ترکش میں صرف ایک ہی تیر ہے۔

الهَزَّاع. شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الهُزَع. شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الهَزِيع مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ یا تہائی یا چوتھائی رات اور بقول بعض رات کی ایک ساعت۔جهُزُع. الهَزِيع: بیوقوف۔

الاَهْزَع. ترکش کا آخری تیر عمدہ ہو یا خراب۔ کہا جاتا ہے"مَالَهُ اَهْزَعُ" اس کے پاس کچھ نہیں"وَمَا فِي الدَّارِ اَهْزَعُ" گھر میں کوئی نہیں۔"وَمَا بَقِيَ فِي سَنَامِ بَعِيرِكَ اَهْزَعُ" تمہارے اُونٹ کے کوہان میں بقیہ چربی نہیں۔

الهَيْزَعَة. خوف۔ جنگ میں شور۔

المِهْزَع. درختوں کو توڑنے والا۔ کوٹنے کا آلہ۔

سَيْفٌ مُهْتَزِعٌ. بہت حرکت کرنے والی تلوار۔فَرَسٌ مُهْتَزِعٌ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

هَزَفَتْهُ (ض)هَزْفًا الرِّيحُ: ہلکا پانا۔اُڑا لے جانا۔

هَزِقَ (س)هَزَقًا. چست ہونافِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔

اَهْزَقَ فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔

الهَزِق. چستی۔ بجلی۔ بادل کی تیز گڑگڑاہٹ۔

الهَزِق. سخت گرمیمِنَ الرِّجَالِ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

الهَزِقَة مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کو ایک جگہ پر قرار نہ ہو۔

المِهْزَاق. چنچل عورت، بہت ہنسنے والی۔

رَجُلٌ مِهْزَاقٌ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

هَزَلَ (ن)هَزْلًا (س)هُزِلَ هَزَلًا و هُزْلًا و هُزَالًا. کمزور ہونا۔ دبلا ہونا۔

هَزَلَتْ حَالُ فُلَانٍ: تنگ ہوناالهُزَال جسم کی تشبیہ دیتے ہوئے) کہا جاتا ہے"لَهُ فَضْلٌ جَزِيلٌ و حَالٌ هَزِيلٌ" اس کا فضل بہت زیادہ ہے اور حال پتلا ہے۔

هَزَلَ (ض) **هَزْلًا فِیْ کَلَامِهٖ**: ٹھٹھا کرنا۔ بکواس کرنا۔ بیہودگی کرنا **اَلدَّابَّةَ**: دبلا کرنا۔ اچھی طرح نگہبانی نہ کرنے کی وجہ سے کمزور کرنا۔ **هَزَلَ الْقَوْمُ**: دُبلے مویشی والا ہونا **فُلَانٌ**: جانوروں کے مرنے کی وجہ سے محتاج ہونا۔

هَزَّلَهٗ. لاغر ودبلا کرنا۔

هَازَلَ مُهَازَلَةً. بیہودگی کرنا **فُلَانًا**: ٹھٹھا کرنا۔

اَهْزَلَ فُلَانًا: کمزور کرنا (**هَزَلَ** میں ایک لغت ہے مگر زیادہ فصیح نہیں) کھلاڑی پانا **الْقَوْمُ**: دُبلے مویشی والی ہونا۔ سختی اور تنگی کی وجہ سے اپنے مال کو روک لینا۔

الْهُزَال. س۔ لاغری۔ دبلاپن۔

الْهُزَالَةُ. خوش طبعی۔ کہا جاتا ہے "**وَقَعَتْ بَيْنَهُمَا هُزَالَةٌ**" ان کے درمیان خوش طبعی ہے۔

الْهَزَّال والْهَزِيْل. بہت دُبلا۔

الْهُزَيْلٰی. شعبدہ باز کا فعل

الْهَزْلٰی بہت سانپ (جمع ہے واحد نہیں)

الْهَزِيْل. دبلا۔ ج **هَزْلٰی**.

الْهَزِيْلَة. **هُزَال** سے اسم مشتق ہے۔ جیسے **شَتَمَ** سے **شَتِيْمَةٌ**. پھر **هَزِيْلَة** کا اطلاق اُونٹوں میں ہونے لگا۔ ج **هَزَائِل و هَزْلٰی**.

الْهَيْزَلَة. بڑا جھنڈا۔ کہا جاتا ہے "**سَارُوْا وَ فِيْهِمْ هَيْزَلَةٌ**" وہ لوگ چلے اور ان کے اندر بڑا جھنڈا تھا۔

الْمَهْزُوْل. لاغر شدہ ج **مَهَازِيْل**. **اَرْضٌ مَهْزُوْلَةٌ**: نرم زمین۔

الْمَهَازِل. خشک سالیاں۔

هَزْلَجَ هَزْلَجَةً. جلدی کرنا۔

الْهِزْلَاج. جلد باز۔ ہلکا پھلکا۔ بھیڑیا۔ ج **هَزَالِج**.

الْهَزْلَجَة. س۔ آوازوں کا اختلاط۔ جلدی۔

هَزَمَ (ض) **هَزْمًا الْعَدُوَّ**: دشمن کو شکست دینا **الشَّیْءَ**: ہاتھ سے دبا کر گڑھا ڈالنا **فُلَانًا**: ایسی ضرب مارنا کہ سرین سے ناف پر نکل آئے **الْقَوْسَ**: کمان کا آواز دینا **لَهٗ حَقَّهٗ**: حق کم کرنا **الْبِئْرَ**: کنواں کھودنا **فُلَانًا**: قتل کرنا (**هُزُوْمًا**) **اللَّيْلُ**: سفیدیٔ صبح کا پھٹنا۔

هُزِمْتُ عَلَيْهِ: مہربان بنایا جانا۔

هَزَّمَ الْعَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے)

تَهَزَّمَتِ الْقَوْسُ: کمان کا آواز دینا **الرَّعْدُ**: گرجنا **السُّحُبُ بِالْمَاءِ**: آواز کے ساتھ برسنا **الْقِرْبَةُ**: مشک کا خشک ہو کر پھٹنا۔ **تَهَزَّمَ الْبِنَاءُ**: عمارت کا گر پڑنا۔ **اِنْهَزَمَ**. شکست کھانا۔ العَصَا۔ لاٹھی کا چڑچڑا کر ٹوٹنا۔ **الْجَيْشُ**. شکست کھانا۔ **اِهْتَزَمَتِ السَّحَابَةُ بِالْمَاءِ** آواز کے ساتھ برسنا **الْفَرَسُ**: گھوڑے کا چلنا اس طرح پر کہ آواز سنائی دے۔ **اِهْتَزَمَ الشَّاةَ**: بکری کو ذبح کرنا **الشَّیْءَ**: سبقت کرنا۔ جلدی کرنا۔

اِسْتَهْزَمَ الْجُيُوْشَ: شکست دینا۔ شکست چاہنا۔ شکست خوردہ پانا۔

الْهَازِمَةُ. مصیبت ج **هَوَازِم**.

الْهَزْم. س۔ پست زمین۔ بغیر پانی کے پتلا بادل ج **هُزُوْم**.

الْهَزِم مِنَ الْخَيْلِ: مطیع۔ کہا جاتا ہے "**فَرَسٌ هَزِمٌ و فَرَسٌ هَزِمُ الصَّوْتِ**" بادل کی گرج کے مشابہ آواز والا گھوڑا۔ **غَيْثٌ هَزِمٌ**: موسلادھار بارش۔

الْهَزَم. کمان کی آواز۔

الْهَزْمَة: اسم مرۃ۔ سینہ کا گڑھا۔ سیب وغیرہ کا گڑھا جو ہاتھ سے دبانے سے پیدا ہو۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا۔ پست زمین ج **هَزْمٌ و هُزَمٌ و هَزَمَاتٌ**. **هُزُوْمُ الْجَوْفِ** پیٹ میں دانہ پانی کی جگہ۔

قِدْرٌ هَزِمَةٌ. بہت اُبلنے والی ہانڈی۔

الْهَزُوْم. آواز دینے والی کمان۔ کہا جاتا ہے "**قَوْسٌ هَزُوْمٌ بَيِّنَةُ الْهَزَمِ**" بہت آواز نکالنے والی کمان۔

الْهَزِيْم. گرج کی آواز۔ گرج۔ سخت آواز والا گھوڑا۔ **غَيْثٌ هَزِيْمٌ**: نہ رکنے والی بارش **جَيْشٌ هَزِيْمٌ**: شکست خوردہ لشکر۔

الْهَزِيْمَة. شکست ج **هَزَائِم**. **الْهَزَائِم**: بہت پانی والے کنوئیں۔ **هَزِيْمَةُ الْفَرَسِ**: سخت دوڑ کے وقت پسینہ کا نکلنا۔

الْهَيْزَم. سخت مضبوط۔ شیر۔

الْهِزِّيْمٰی. شکست۔

الْمُتَهَزِّم. فا۔ گرج۔ **قَصَبٌ مُتَهَزِّمٌ و مُهَزَّمٌ** ٹوٹا ہوا یا پھٹا ہوا نرکل۔ **سِقَاءٌ مُتَهَزِّمٌ و مُهَزَّمٌ** باوجود خشک ہونے کے تہ کی ہوئی مشک۔

الْمِهْزَام. کریلنی۔ چھوٹی لاٹھی۔ بنیٹھی۔ ج **مَهَازِيْم**.

هَزْهَزَهٗ هَزْهَزَةً. تابع کرنا۔ **هَزْهَزَ الشَّیْءَ** ہلانا۔

تَهَزْهَزَ الشَّیْءُ: ہلنا **اِلَيْهِ قَلْبِیْ**: خوشی سے اچھلنا۔

الْهَزَاهِز. بہت جاری ہونے والا پانی۔ **بَعِيْرٌ هُزَاهِزٌ**: تیز آواز والا اُونٹ۔

الْهَزَاهِز. فتنے جو انسان کو جھنجھوڑ ادیں۔ کہا جاتا ہے "**فُلَانٌ شَهِدَ الْهَزَاهِزَ**" فلاں جنگوں اور سختیوں میں حاضر ہوا ہے۔

الْهَزْهَاز. بہت جاری ہونے والا پانی۔ "**سَيْفٌ هَزْهَازٌ**" بہت چمکنے والی صاف تلوار۔

الْهُزْهُز. بہت جاری ہونے والا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "**مَاءٌ هُزْهُزٌ و هُزَاهِزٌ و هَزَاهِزٌ**" یعنی لہریں لینے والا پانی۔ "**وَبِئْرٌ هُزْ هُزٌ**" گہرا کنواں "**وَعَيْنٌ هُزْهُزٌ**" بہت پانی والا کشادہ چشمہ۔

الْهَزْهَزَة. س۔ جنگ وفتنہ بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے **شَهِدَ فُلَانٌ الْهَزْهَزَةَ** فلاں جنگ وفتنے میں حاضر ہوا۔

هَسَّ (ن) **هَسًّا الشَّیْءَ**: کوٹنا۔ توڑنا۔

هَسَّ (ض) **هَسًّا**. دل میں بات کرنا۔ **الْكَلَامَ**: چھپانا۔

الْهَسِيْس. ریزہ ریزہ کیا ہوا۔ پوشیدہ کلام۔ **هَسِيْسُ الْجِنِّ وَ هَسَاسُهَا**. بیابان میں

جِنّوں کی آواز۔

هَسْهَسَ هَسْهَسَةً المَاءُ: پانی کا لگاتار بہنا الدِّرْعُ او الحُلِیُّ: زرہ یا زیور میں جھنکار ہونا الحَدِیْثُ: بات چھپانا۔

تَهَسْهَسَ الدِّرْعُ او الحُلِیُّ: زرہ یا زیور میں جھنکار ہونا۔

الهَسَاهِس. رات میں چلنا۔ هَسَاهِسُ النَّاسِ: آہستہ گفتگو۔

الهَسْهَاس. تمام رات بکریاں چرانے والا چرواہا۔ کام کے لیے ساری رات بیدار رہنے والا۔ قصائی۔ غیر مفہوم کلام۔ وسوسہ۔

الهَسْهَسَة. س۔ زیور یا زرہ کی جھنکار۔ نرم آواز والی چیز۔

هَشَّ (ن ض) هَشًّا وَرَقَ الشَّجَرِ: پتے جھاڑنا۔

هَشَّ (ض) هُشُوْشَةً الْخُبْزُ: روٹی کا نرم ہونا الرَّجُلُ: سست و کمزور ہونا۔

هَشَّ (س ض) هَشَاشَةً و هَشَاشًا مسکرانا۔ بھلائی پر خوش ہونا۔ شاداں ہونا۔ نشاط میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَشَشْتُ و هَشِشْتُ بِفُلَان و لِفُلَان و اَهِشُّ وَاَهَشُّ بِهٖ وَلَهٗ" میں فلاں سے خوش ہوا۔

هَشَّ (س) هَشَاشَةً و هُشُوْشًا الشَّیُٔ: نرم اور ڈھیلا ہونا۔ صفت هَشٌّ. لکڑی کا نرم ہونا کہ جلدی ٹوٹ جائے۔

هَشَّشَهٗ. نرم سمجھنا۔ خوش کرنا۔ شاداں بنانا۔

اِهْتَشَّ لِکَذَا: خوش ہونا۔ خواہش مند ہونا۔

اِهْتَشَّ فُلَانٌ بِیْ: فلاں مجھ سے خوش ہوا۔

اسْتَهَشَّهٗ. ہلکا سمجھنا۔

خُبزٌ هَشَاشٌ. نرم روٹی۔

الهَشُّ. س۔ نرم ڈھیلا۔ خُبْزَةٌ هَشَّةٌ: نرم روٹی، اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هَشُّ المَکْسِرِ" فلاں مہربان اور نرم عادت والا ہے "وَفُلَانٌ هَشُّ الْوَجْهِ" فلاں ہنس مکھ ہے، اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ هَشٌّ" بہت پسینہ والا گھوڑا۔ "وَفَرَسٌ هَشُّ الْعِنَانِ" نرم لگام والا گھوڑا "وَاَنَا بِهٖ هَشٌّ" میں اس سے بہت خوش ہوں۔

قِرْبَةٌ هَشَّاشَةٌ. پانی ٹپکانے والی مشک۔ نَاقَةٌ هَشُوْشٌ اوشَاةٌ هَشُوْشٌ بہت دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔

الهَشِیْش. مانگنے سے خوش ہونے والا۔ نرم ڈھیلا ڈھالا۔ توڑا ہوا۔ چورہ کیا ہوا۔

هَشَرَ (ن) هَشْرًا النَّاقَةَ: اونٹنی کا سارا دودھ دوہ لینا۔

الهَشْر س۔ ہلکا پن۔ پتلا پن۔

الهَشْرَة. اکڑ۔ غرور۔

شَجَرَةٌ هَشِرَةٌ و هَشُوْرٌ. درخت جس کے پتے جلدی گر جائیں۔

الهَیْشَرُ مِنَ الرِّجَالِ: نرم کمزور لمبا مرد۔

هَشَّلَتْ تَهْشِیْلًا النَّاقَةَ: تھوڑا دودھ اتارنا۔

اَهْشَلَ الرَّجُلُ: سواری کا جانور بغیر مالک کی اجازت کے دینا۔

اِهْتَشَلَ الفَرَسَ: گھوڑے پر بغیر مالک کی اجازت کے سوار ہونا۔

الهَشِیْلَة. سواری کا جانور جس پر بغیر مالک کی اجازت کے سوار ہوں مِنَ الْاِبِلِ وَغَیْرِهَا: غصب کیا ہوا اونٹ وغیرہ۔

الهَیْشَلَة. عمر رسیدہ موٹی اونٹنی۔

هَشَمَ (ض) هَشْمًا الشَّیْءَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "هَشَمَ الثَّرِیْدَ لِقَوْمِهٖ" اس نے اپنی قوم کے لیے روٹی کو توڑ کر شوربے سے تر کر کے ثرید بنایا۔ صفت هَاشِمٌ.

هَشَّمَ الشَّیْءَ: توڑنے میں مبالغہ کرنا فُلَانًا: اکرام و تعظیم کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا۔

تَهَشَّمَ الشَّیْءُ: ٹوٹنا الشَّجَرُ: خشک ہو کر ٹوٹنا الْاِبِلُ: اونٹ کا سست و کمزور ہونا فُلَانٌ الشَّیْءَ: توڑنا الرَّجُلَ: اکرام و تعظیم کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا زَیْدًا: مہربان بنانا۔ رضامند کرنا عَلٰی فُلَانٍ: مہربان ہونا۔

تَهَشَّمَتِ الْاَرْضُ: بارش منقطع ہونے سے زمین کا خشک ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَهَشَّمَهٗ لِلْمَعْرُوْفِ" اس نے اس سے بھلائی طلب کی۔

اِنْهَشَمَ الشَّیْءُ: ٹوٹنا۔ اِنْهَشَمَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا سست و کمزور ہونا۔

اِهْتَشَمَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِهْتَشَمَتْ نَفْسِیْ لَهٗ" میرا نفس اس کے سامنے مطیع و فرمانبردار ہو گیا اور بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔

الهَاشِمَة. الهَاشِم کا مؤنث۔ سر کا زخم جو ہڈی کو توڑ دے۔

الهِشَام. سخاوت۔ بخشش۔

الهَشْم. س۔ قحط زدہ زمین۔ پست زمین ج هُشُوم.

الهَشِم. سخی۔ فیاض۔

الهُشُم. نرم پہاڑ۔ دودھ کے ماہر۔ دوہنے والے۔ واحد هَاشِم.

الهَشْمَة. هشم کا اسم مرة۔

الهَشَمَة. پہاڑی بکری۔ ج هَشَمَات.

الهَشِیْم. توڑا ہوا۔ ٹوٹی ہوئی خشک گھاس۔ خشک شدہ گھاس یا درخت۔ پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔ کہا جاتا ہے "نَبْتٌ هَشِیْمٌ" جیسا کہا جاتا ہے "نَبْتٌ عَامِیٌ و حَطِیْمٌ" کمزور بدن والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَشِیْمٌ" کمزور بدن کا مرد۔ اور کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْاَرْضُ هَشِیْمًا" زمین کے درخت اور گھاس خشک ہو گئے اور ٹوٹ گئے۔

الهَشِیْمَة. زمین جس کے درخت خشک ہو گئے ہوں۔ خشک درخت۔

نَاقَةٌ مِهْشَامٌ. جلدی لاغر ہونے والی اونٹنی۔

کَلَأٌ هَیْشُوْمٌ. نازک و نرم گھاس۔

هَشْهَشَ الشَّیْءَ: ہلانا۔

الهَشْهَاش. اچھے اخلاق کا سخی مرد۔

هَاشَاهُ مُهَاشَاةً. ہنسی مذاق کرنا۔

هَصَّ (ن) هَصًّا الشَّیْءَ: روند کر کچلنا۔ باریک کرنا۔ توڑنا۔ انگلیوں سے زور سے دبانا۔ صفت مفعولی هَصِیْص و مَهْصُوْص.

هَصَّصَ الرَّجُلُ: چمکدار آنکھوں والا ہونا

اچھی طرح آنکھیں کھولنا۔ گھورنا۔
اَلهَاصَة. ہاتھی کی آنکھ۔
الهَصّ. س۔ سخت چیز۔
الهَصِيْص المَهْصُوْص. روند کر کچلی ہوئی چیز۔ هَصِيْص النَّار: آگ کی چمک۔
هَصَبَ (ض) هَصْبًا. بھاگنا۔
هَصَرَ (ض) هَصْرًا الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: کھینچ کر جھکانا الغُصْنَ و بالغُصْن: ٹہنی کو جھکا کر توڑنا کہ دونوں ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں۔ الشَّيْءَ: توڑنا۔ دفع کرنا۔ قریب کرنا قِرْنَهٗ: دبانا الْاَسَدُ فَرِيْسَتَهٗ: توڑ دینا۔
اِنْهَصَرَ وَاهْتَصَرَ. جھکنا۔ مڑنا۔ کھینچا جانا۔
اِهْتَصَرَ الغُصْنَ: جھکا کر توڑنا کہ دونوں ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں۔ اِهْتَصَرَ النَّخْلَةَ: کھجور کے خوشوں کو درست و ہموار کرنا۔
تَهَصَّرَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: لٹکنا۔
الهَصِر والهُصَر والهُصُوْر والهَصْوَر والهَاصِر والهُصَرَة والهَصْوَرَة والهَيْصَر والهَيْصَار والهَيْصُوْر والهَصَّار والمِهْصَر والمِهْصَار والمِهْصِيْر والمُهْتَصِر. شیر۔ رَجُلٌ هُصَرٌ: ہمسر کو بہت دبانے والا مرد۔
الهَصْرَة والهُصَرَة. افسوں کے مہرے جن سے عورتیں مردوں کو اپنے قابو میں رکھتی ہیں۔
الهَوَاصِر والهَوَاصِيْر. شیر جو شکار کو پھاڑ دیں اور توڑ دیں اور یہ هَصُوْر کی جمع ہیں۔
هَصَمَهٗ (ض) هَصْمًا. توڑنا۔
نَابٌ هَيْصَمٌ. ہر چیز کو توڑ دینے والا دانت۔
هَصْهَصَهٗ هَصْهَصَةً. ہاتھ سے دبانا۔
الهُصْهُص والهُصَاهِص مضبوط آدمی یا شیر۔
الهَصْهَاص. چمکدار آنکھوں والا۔
المُهَصْهِصَة. رات میں چور کی آنکھ۔
هَصَا يَهْصُوْ هَصْوًا الرَّجُلُ: عمر رسیدہ اور بوڑھا ہونا۔
هَاصَاهٗ مُهَاصَاةً. پیٹھ توڑ دینا۔

الاَهْضَاء. مضبوط و توانا لوگ۔
هَضَّ (ن) هَضًّا الشَّيْءَ: توڑنا اور باریک کرنا۔ صفت مفعولی هَضِيْض و مَهْضُوْض
هَضَّتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔ هَضَّ فُلَانٌ المَشْيَ. عمدہ چال چلنا فُلَانًا: بھڑکانا۔ اکسانا۔
هَضْهَضَ. زمین پر زور سے پاؤں مارنا۔
اِنْهَضَّ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔
اِهْتَضَّ الشَّيْءَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَضَّ نَفْسَهٗ لِفُلَانٍ" وہ فلاں کے سامنے تابعدار ہو گیا اور بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔
الهَضَّاء. لوگوں کی جماعت۔ گھوڑوں کا گلہ۔
الهَضَّاض. اسم مبالغہ۔ فَحْلٌ هَضَّاضٌ جوانوں کی گردن توڑ دینے والا۔
الهَضَض. ٹوٹ۔
هَضَبَتِ (ض) هَضْبًا السَّمَاءُ: برسنا السَّمَاءُ القَوْمَ: اچھی طرح سے تر کر دینا۔
هَضَبَ الرَّجُلُ: سست چال چلنا القَوْمُ فِي الْحَدِيْثِ: باتوں میں مشغول ہونا اور آواز بلند کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِهْضِبُوْا يَا قَوْمِ" یعنی بات چیت کرو۔
اَهْضَبَ القَوْمُ: پہاڑ کی چوٹیوں پر اترنا۔
اِهْتَضَبُوْا فِي الْحَدِيْثِ: باتوں میں مشغول ہونا اور آواز بلند کرنا۔
اِسْتَهْضَبَ الْجَبَلُ: پہاڑ کا زمین پر پھیلا ہوا ہونا۔ مستطیل ہونا۔
الهَضْبَة. زمین پر پھیلا ہوا پہاڑ۔ اکیلا لمبا پہاڑ۔ بلند زمین۔ بارش کی بوچھاڑ۔ ج هِضَبٌ و هَضْبٌ و هِضَابٌ و هَضَبَات وج اَهَاضِيْب. رَجُلٌ هَضِبَةٌ: بہت بولنے والا مرد۔
الهِضَبّ. مضبوط و قوی۔ بہت پسینے والا گھوڑا۔
غَنَمٌ هَضِيْبٌ. کم دودھ والی بکری۔
الْاُهْضُوْبَةُ مِنَ المَطَرِ: بارش کی بوچھاڑ۔ ج اَهَاضِيْب.
رَوْضَةٌ مَهْضُوْبَةٌ. بارش سے سیراب باغ۔

هَضَّجَ الْمَوَاشِيَ: اچھی طرح نہ چرانا۔
صِبْيَانٌ هَضِيْجٌ. چھوٹے بچے (اس کیلئے واحد نہیں)
هَضَلَ (ن ض) هَضْلًا بِالشِّعْرِ و بِالْكَلَامِ بہت کہنا۔
اَهْضَلَتِ السَّمَاءُ: برسنا الدَّلْوُ: ڈول کا کنوئیں میں ٹکرا کر پانی سے بھر جانا۔
الهَضْل. س۔ بہت۔
الهَضْلَاء. لمبے پستان والی عورت۔
الهَضَّال. حدی گانے والا۔
الهَيْضَل. ہتھیار بند جماعت۔ بڑا لشکر جَمَلٌ هَيْضَلٌ: موٹا بڑا لمبا اونٹ۔
الهَيْضَلَةُ مِنَ النُّوْقِ: موٹی لمبی اونٹنی۔ عمر رسیدہ۔ زیادہ دودھ دینے والی۔ ادھیڑ عورت۔ ہتیار بند جماعت۔ لوگوں کی آواز۔
هَضَمَ (ن) هَضْمًا الشَّيْءَ: توڑنا فُلَانًا: ظلم کرنا۔ غصب کرنا اور اسم الهَضِيْمَة. هَضَمَهٗ حَقَّهٗ: حق کم کرنا۔ هَضَمَ لَهٗ مِنْ حَقِّهٖ شَيْئًا رضامندی سے اپنے حق میں سے کچھ چھوڑ دینا لَهٗ مِنْ مَالِهٖ: دینا۔ هَضَمَتِ الْمِعْدَةُ الطَّعَامَ غذا کو جزو بدن ہونے کے قابل بنا دینا۔ هَضَمَ عَلَى القَوْمِ: اچانک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا شَعَرُوْا بِنَا حَتّٰى هَضَمْنَا عَلَيْهِمْ" ان کو ہماری اطلاع نہیں ہوئی اور ہم اچانک ان کے پاس پہنچ گئے۔ "وَمَا هَضَمَ عَلَيْهِ" وہ اس سے قریب نہیں ہوا۔
هَضِمَ (س) هَضَمًا. نازک اور پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَهْضَم مؤنث هَضْمَاء ج هُضْم. کہا جاتا ہے "فِي كَشْحِهٖ هَضَمٌ" یعنی وہ بڑے پیٹ والا نہیں ہے یا اس کی کمر پتلی ہے۔ هَضِمَتِ الْخَيْلُ: گھوڑے کا اٹھی ہوئی پسلیوں اور پچکے ہوئے پیٹ والا ہونا (اور یہ عیب ہے)
تَهَضَّمَهٗ. ظلم کرنا۔ چھین لینا۔ ذلیل کرنا۔ توڑنا۔ تَهَضَّمَ لِلْقَوْمِ: مطیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَهَضَّمْتُ لَهٗ نَفْسِيْ" یعنی میں اس سے

بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔

اِنهَضَمَ الطَّعَامُ: غذا کا جزو بدن ہونے کے قابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "**هٰذَا طَعَامٌ سَرِيْعُ الْإِنْهِضَامِ**" یہ کھانا جلدی جزو بدن ہونے کے قابل ہے۔ **الشَّیْءُ**. ملنا۔

اِهْتَضَمَهٗ. ظلم کرنا۔ چھین لینا۔ حق دبانا۔

الهَاضِم. فا۔ **شَیْءٌ هَاضِمٌ**: نرم چیز۔

الهَاضِمَة. **الهَاضِم** کا مؤنث۔ غذا کو جزو بدن بنانے والی قوت۔

الهَاضُوْم. کھانے کو ہضم کرنے والی دوا۔ اپنے مال کو خرچ کرنے والا۔ شیر۔

الهَضَّام. اسم مبالغہ۔ کھانے کو ہضم کرنے والی دوا۔

الهَضْم. مص۔ غذا کا جزوِ بدن ہونا۔

الهَضْم والهِضْم. پست زمین۔ بطن وادی ج **اَهْضَام** و **هُضُوْم** (**والهَضَم** و **الهَضْمَة**) بخور کی ایک قسم۔

الهَضُوْم. غذا کو ہضم کرنے والی چیز۔ **یَدٌ هَضُوْم**: فیاض ہاتھ۔ ج **هُضُم** اور کہا جاتا ہے "**فِتْیَانٌ هُضُمٌ**" خرچ کرنے والے جوان۔ "**وَرَجُلٌ هَضُوْمُ الشِّتَاءِ**" قحط کے زمانے میں خرچ کرنے والا مرد۔

الهَضِیْم. توڑا ہوا۔ **اِمْرَأَةٌ هَضِیْمٌ**: پتلی کمر والی عورت۔ **بَطْنٌ هَضِیْمٌ**: پتلا پیٹ۔ **قَصَبَةٌ هَضِیْمٌ**. بانسری۔

الهَضِیْمَة. ظلم۔ غصہ۔ کھانا جو میت کے بعد کھلایا جائے۔ ج **هَضَائِم**.

الاَهْضَم. موٹے دانتوں والا۔ مؤنث **هَضْمَاء** ج **هُضْم**. **وَاَهْضَمُ الكَشْحَیْنِ**: پتلے پہلوؤں والا۔

الیَهْضُوْمَة. خشک اور بان سے مرکب ایک خوشبو۔ **قَصَبَةٌ مَهْضُوْمَةٌ**: بانسری۔ کہا جاتا ہے "**رَاَیْتُهٗ مُتَهَضِّمًا**" میں نے اس کو غمزدہ دیکھا۔

هَاضَاهُ مُهَاضَاةً. بیوقوف سمجھنا۔ حقیر جاننا۔

الهَضَاة. گیسو۔ گدھی۔

الاَهْضَاء. لوگوں کی جماعت۔

هَطَر (ض) **هَطْرًا**. **الكَلْبَ**: لکڑی سے مار ڈالنا یا مارنا۔

تَهَطَّرَتِ الْبِئْرُ: ویران ہونا۔ گرنا۔ **تَهَطَّرَ الرَّجُلُ**: ذلیل ہونا۔

الهَطْرَة. اسم مرۃ۔ غنی کے سامنے سوال کے وقت فقیر کی ذلت۔

تَهَطْرَسَ الرَّجُلُ: لچک لچک کر چلنا۔

هَطَعَ (ف) **هَطْعًا** و **هُطُوْعًا**. ڈرتے ہوئے جلدی پیش قدمی کرنا۔ ایک ہی طرف ٹکٹکی لگانا۔

اَهْطَعَ. گردن اٹھانا اور سر جھکانا **فِی السَّیْرِ**: ڈر سے جلدی چلنا۔

اِسْتَهْطَعَ البَعِیْرُ فِیْ سَیْرِهٖ: اُونٹ کا دوڑنا۔

الهَطِیْع. کشادہ راستہ۔

نَاقَةٌ هَطْعٰی. تیز رو اُونٹنی۔

المُهْطِع. فا۔ ذلت اور عاجزی سے ایک ہی طرف نظر جمانے والا۔

هَطَفَ (ض) **هَطْفًا الرَّاعِی**: دوہنا۔ **السَّمَاءُ**: برسانا۔

الهَطِف. بہت بارش۔

هَطَلَ (ض) **هَطْلًا** و **هطلانًا** و **تَهْطَالًا المَطَرُ**: متفرق طریقہ سے بڑی بڑی بوندوں والی لگاتار بارش ہونا۔ صفت مذکر **هَاطِل** صفت مؤنث **هَاطِلَةٌ** ج **هُطَّل** **الجَرْیُ الفَرَسَ**: پسینہ بہانا۔ **هَطَلَتِ النَّاقَةُ**: اُونٹنی کا آہستہ چال چلنا۔ **هَطَلَ الرَّجُلُ**: اپنی ضرورت سے پیدل چل کر جانا۔ **هَطَلَتِ العَیْنُ بِالدَّمْعِ** آنسو بہانا۔

تَهَطَّلَ المَطَرُ: بڑی بوندوں والی لگاتار بارش ہونا۔

تَهَاطَلُوا. عَلٰی كَذَا: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

الهَاطِل. فا۔ گنجان کھیتی۔

الهَطَّال مِنَ المَطَرِ وَالسَّحَابِ: زور سے بڑی بوندوں سے برسنے والی بارش۔

الهَطْل. مص۔ لگاتار آہستہ بارش۔ تھکن۔

الهِطْل. بھیڑیا۔ چور۔ بیوقوف۔

دِیْمَةٌ هُطْلٌ. لگاتار بارش۔

الهَطِل. بڑی بوندوں کی متفرق لگاتار بارش۔ کہا جاتا ہے **مَطَرٌ هَطِلٌ** و **سَحَابٌ هَطِلٌ**. کہا جاتا ہے **دِیْمَةٌ هَطْلَاء** بڑی بوندوں کی متفرق لگاتار بارش۔ اور "**سَحَابٌ اَهْطَل**" نہیں بولا جاتا۔ جس طرح "فَرَسٌ رَوْعَاءُ" تو کہتے ہیں مگر مذکر کے لیے "اَرْوَع" نہیں کہتے "**اِمْرَاَةٌ حَسْنَاء**" تو بولتے ہیں مگر مرد کو "اَحْسَن" نہیں کہتے۔

نَاقَةٌ هَطْلٰی. آہستہ رو اُونٹنی۔ کہا جاتا ہے "**مَشَتِ الظِّبَاءُ هَطْلٰی**" یعنی ہرنیاں آہستہ چلیں۔ **اِبِلٌ هَطْلٰی** و **هَطَلٰی** بغیر ساربان کے چھوٹے ہوئے اُونٹ۔

الهَیْطَل. لومڑی۔ **الهَیْطَل**: غازیوں کی قلیل جماعت۔ ماوراء النہر کے چند شہروں کا نام۔ ترکوں یا ہندوستانیوں کی ایک قوم ج **هَیَاطِل** و **هَیَاطِلَة**.

الهَیْطَلَة. پیتل یا تانبے کی دیگچی (دخیل)

هَطْلَسَ الشَّیْءَ: سارا لے لینا۔

تَهَطْلَسَ اللِّصُّ: چور کا حیلہ و فریب کرنا **المَرِیْضُ مِنْ عِلَّتِهٖ**: مریض کا بیماری سے افاقہ پانا۔ صحت یاب ہونا۔

الهِطْلَس والهَطَلَّس. بٹ مار۔ چور۔ بھیڑیا۔ بڑا لشکر۔

هَطْهَطَ الفَرَسُ: گھوڑے کا ہنہنانا **الرَّجُلُ**: تیز چلنا **فِی العَمَلِ**: جلدی کرنا۔

الهَطَاهِط. گھوڑا۔

هَطَا یهطو هَطْوًا بكذا: پھینکنا۔

الهُطٰی. پچھاڑ۔ سخت مار۔

هَعَّ (ن) **هَعًّا** و **هَعَّةً**. قے کرنا۔

هَفَّت (ض) **هَفًّا** و **هَفِیْفًا الرِّیْحُ**: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔ **هَفَّ الرَّجُلُ**: تیز چلنا **الشَّیْءُ**: سبک اور چمکدار ہونا۔

اِهْتَفَّ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔

اِهْتَفَّتْ اُذُنُهٗ: کان کا سائیں سائیں کرنا۔

الهِفُّ. کھیتی جس کے کاٹنے میں تاخیر ہو جائے اور اس کے دانے بکھر جائیں۔ چھوٹی مچھلیاں۔ پانی کے بڑے بڑے کالے کیڑے۔ واحد هِفَّةٌ: والهِفُّ: ہلکا پھلکا مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هِفٌّ" کم شہد یا بے شہد کا چھتہ۔ ہر ہلکی چیز جس کے جوف میں کچھ نہ ہو۔ سَحَابٌ هِفٌّ: پتلا بے پانی کا بادل۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي بَيْتِكَ هِفَّةٌ و لَا سِفَّةٌ" یعنی تمہارے گھر میں کھانے پینے کی کوئی چیز نہیں۔ کہا جاتا ھے هَفَّتْ هَافَّةٌ مِنَ النَّاسِ: قحط سالی کی وجہ سے لوگوں کی جماعت آ گئی۔

الهَفَّاف. چمکدار مِنَ الْاَجْنِحَة: اڑنے میں ہلکا مِنَ الْقُمُصِ: پتلی شفاف قمیص مِنَ الحُمُرِ: سبک و چست مِنَ الظِّلَالِ: ٹھنڈا سایہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَفَّافُ الْقَمِيصِ" ہلکا پھلکا مرد۔

الهَفَّافَة. الهَفَّاف کا مؤنث۔ رِيحٌ هَفَّافَةٌ: خوشگوار یا تیز چلنے والی ہوا۔

الهَفَّان. نشان قدم۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلَى هَفَّانِهِ" وہ اس کے نشان قدم پر آیا۔

جَارِيَةٌ مُهَفَّفَةٌ. پتلی کمر والی لڑکی۔

هَفَتَ (ض) هَفْتًا و هَفَاتًا الشَّيْءُ: خفت کی وجہ سے اڑنا۔ پست ہونا۔ باریک ہونا الرَّجُلُ: بلا سوچے سمجھے بہت بولنا۔

تهافت عَلَى الشَّيْءِ: لگاتار گرنا (اکثر اس کا استعمال شر میں ہوتا ہے) اَلْفِرَاشُ عَلَى النَّارِ: پروانہ کا آگ میں گرنا النَّاسُ عَلَى الْمَاءِ: ہجوم کرنا الْقَوْمُ: مر کر گرنا الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِنْهَفَتَ الشَّيْءُ: پست ہونا۔ ذلیل ہونا۔

الهَفَات. بیوقوف۔

الهَفْت. مص۔ پست زمین۔ بہت بیوقوفی۔ کسی چیز کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرنا۔ الهَفْتُ مِنَ الْمَطَرِ: جلدی برسنے والی بارش مِنَ الْكَلَامِ: بلا سوچ و سمجھ کے بہت گفتگو۔

الهَفِيتَةُ مِنَ النَّاسِ: بھوک یا سختی کے مارے ہوئے لوگ۔

المَهْفُوت. حیران۔

تَهَفَّكَ. اضطراب کے ساتھ سست چال چلنا۔

المُتَهَفِّك. فا۔ اضطراب کے ساتھ سست چال چلنے والا (والمُهَفَّك) بہت غلطی اور گڑبڑی کرنے والا۔

هَفْهَفَ هَفْهَفَةً الرَّجُلُ: لاغر اندام و نازک ہونا الشَّيْءَ: ہلانا۔

تَهَفْهَفَ الرَّجُلُ: لاغر اندام و نازک ہونا۔

ظِلٌّ هَفْهَفٌ. ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو۔

الهَفْهَاف. پتلے پیٹ والا۔ پیاسا مِنَ الْقُمُصِ وَالْاَجْنِحَةِ: پتلا و شفاف۔ ظِلٌّ هَفْهَافٌ: ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو۔ غُرْفَةٌ هَفْهَافَةٌ: سایہ دار ٹھنڈا جھروکہ۔

المُهَفْهَف. پتلے پیٹ باریک کمر والا مؤنث مُهَفْهَفَةٌ.

هَفَا يَهْفُوْ هَفْوًا و هَفْوَةً و هَفَوَانًا تیز دوڑنا الطَّائِرُ: پر پھڑپھڑانا اور اڑنا الرَّجُلُ: پھسلنا۔ بھوکا ہونا۔

هَفَتْ تَهْفُوْ هَفْوًا و هُفُوًّا الرِّيْشَةُ او الصُّوْفَةُ فِي الْهَوَاءِ: پر یا اون کا اِدھر اُدھر اڑنا الرِّيْحُ بِالصُّوْفَةِ: ہوا کا اون کو اِدھر اُدھر اڑانا۔ هَفَا الْفُؤَادُ: دل دھڑکنا، فریفتہ ہونا فُلَانٌ: اوچھا ہونا۔ هَفَا الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا دوڑنا۔ اور کہا جاتا ہے "هَفَا الْقَلْبُ مِنَ الْحُزْنِ او مِنَ الطَّرَبِ" دل غم سے پراگندہ ہوا یا خوشی سے قابو میں نہیں رہا۔

هَافَاهُ مُهَافَاةً. خواہش کی طرف مائل کرنا۔

الهَافِي. فا۔ بھوکا۔

الهَافِيَة. الهافي کا مؤنث ج هَوَافٍ هَوا فِي الْاِبِلِ: گم شدہ اونٹ۔

الهَفَا. بارش جو کبھی برسے کبھی رک جائے۔

الهَفَاء. غلطی۔ لغزش۔

الهَفَاة. بارش۔ رَجُلٌ هَفَاةٌ: بیوقوف مرد۔

الهَفْوَة. لغزش ج هَفَوَات.

الاَهْفَاء. بیوقوف لوگ۔

هَقَّ (ض) هَقًّا الرَّجُلُ: بھاگنا۔

هَقَعَ (ف) هَقْعًا الفَرَسَ: گھوڑے کو داغ دینا۔

تَهَقَّعَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا: نادانی برتنا۔ تکبر کرنا۔ فعل قبیح کا ارتکاب کرنا۔

تُهُقِّعَ. اوندھا ہونا۔

اِنْهَقَعَ. الرَّجُلُ: سخت بھوکا ہونا۔

اَهْتَقَعَهُ. باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَقَعَ فُلَانًا عِرْقُ سُوْءٍ" فلاں کو بد اصلی نے عزت و شرافت تک پہنچنے سے روک دیا "اِهْتَقَعَتِ الْحُمّٰى فُلَانًا:" ایک دن ناغہ دے کر بخار آنا۔ اِهْتَقَعَ الشَّيْءُ فُلَانًا: دوبارہ لوٹ کر آنا۔

اُهْتُقِعَ لَوْنُهُ: خوف یا گھبراہٹ سے رنگ بدل جانا۔

الهُقَاع. غم یا بیماری کی وجہ سے غفلت۔

الهِقْع. لالچی۔ مؤنث هِقَعَةٌ.

الهَقْعَة. هَقَعَ کا اسم مرۃ۔ جوزا کے اوپر تین روشن ستارے جو دیگدان کے پایہ کے مانند ایک دوسرے سے قریب ہیں۔ الهَقْعَة: گھوڑے کے سینہ کے وسط میں دائرہ۔

الهُقَعَة. لوگوں کے درمیان بہت ٹیک لگانے والا یا لیٹنے والا۔

الهَيْقَعَة. تلوار کی جھنکار۔ تلوار کی جھنکار کی نقل۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسُّيُوْفِ هَيْقَعَةً" میں نے تلواروں کی جھنکار سنی۔ آواز سننے کے لیے خشک چیز کو خشک چیز پر مارنا۔ یا لوہے کو پتھر سے مارنا۔

المَهْقُوْع. مع مِنَ الْخَيْلِ: سینہ کے وسط میں دائرہ رکھنے والا گھوڑا۔

الهَاقِل. چوہا۔

الهِقْل. جوان شتر مرغ۔ لمبا بیوقوف۔ مؤنث هِقْلَة.

الهَقِل. بھوکا۔

الهَيْقَل. جوان شتر مرغ۔ گوہ۔

الهَيْقَلَة. ایک قسم کی چال۔ کہا جاتا ہے

"اَخَذَ يَمْشِي الْهَيْقَلَةَ."

هَقِمَ (س) هَقَمًا. بہت بھوکا ہونا۔ صفت هَقِم۔ بہت کھانا اور بدہضمی نہ ہونا۔

تَهَقَّمَهُ. مغلوب کرنا۔ تَهَقَّمَ الطَّعَامَ: پے در پے بڑے بڑے لقمے نگلنا۔

الهِقَمُ. سمندر۔ بہت کھانے والا مرد۔

الهَيْقَم. وسیع سمندر۔ سمندر کا شور۔

هَقِيَ يَهْقِي هَقْيًا. بکواس کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَهْقِي بِفُلَانٍ" فلاں فلاں کے ساتھ بک بک کرتا ہے فُلَانًا: گالی دینا فُؤَادُهُ: دِل پراگندہ ہونا۔

اَهْقَاهُ اِهْقَاءً. خراب کرنا۔

هَكَّ (ن) هَكًّا. گوز کرنا الطَّائِرُ پرندہ کا بیٹ کرنا النَّعَامُ: شتر مرغ کا پاخانہ کرنا الشَّئَ: پینا۔ صفت مفعولی مَهْكُوك و مَهْكِيك.

هَكَّهُ بِالرُّمْحِ: پیاپے نیزہ مارنا۔ هَكَّهُ بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا هَكَّتِ النَّبِيْذُ فُلَانًا: مست کرنا اللَّبَنَ: دودھ نکالنا فُلَانًا: لاغر کرنا النَّجار الخرق: بڑھئی کا سوراخ کو کشادہ کرنا الجَارِيَةَ: بہت جماع کرنا۔ هَكَّتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا گر جانا۔

هُكَّ الشَّئُ: گرایا جانا۔

تَهَكَّكَ الرَّجُلُ: مضطرب ہونا۔ الْاُنْثٰى: قریب الولادۃ ہونے کی وجہ سے تھن کا بڑا ہونا۔

اِنْهَكَّ الْبَعِيْرُ: بیٹھنے کے وقت زمین سے چمٹنا الرَّجُلُ: مست ہونا۔ اِنْهَكَّتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا گرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَنْهَكُّ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔

الهَكُّ. س۔ فاسد العقل ج هَكَكَةٌ و اَهْكَاك. سخت بارش۔

الهَكُوْكُ. ہنسی مذاق کرنے والا۔ کمزور کمینہ۔

اَحْمَقُ هَاكٌّ. انتہائی بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَكَّاكٌ بِالْكَلَامِ": غلط کلام کو صحیح سمجھ کر بولنے والا۔

الهَكُوكُ. موٹا۔ ہنسی مذاق کرنے والا۔ سخت جگہ۔ اور بقول بعض نرم جگہ۔

الهَكِيْكُ. پیا ہوا۔ مخنث۔

المَهْكُوْكُ. سخ۔ کلام میں ہنسی مذاق کرنے والا۔ مسخرا۔

المُنْهَكَّة. دشواری سے بچہ جننے والی عورت۔

هَكَبَ (ض) هَكْبًا بِهٖ: ٹھٹھا کرنا۔

هَكَدَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ: قرض دار پر سختی کرنا۔

هَكَرَ (ض) وهَكِرَ (س) هَكْرًا و هَكَرًا وهَكْرًا مِنْ كَذَا: سخت متعجب ہونا۔

هَكِرَ (س) هَكْرًا و هَكَرًا. اونگھنا۔

تَهَكَّرَ. تعجب کرنا۔ حیران ہونا۔

الهَكِرِ. متعجب (والهَكْر) اونگھنے والا۔ کہا جاتا ہے مَا فِيْهِ مَهْكَرًا او مَهْكَرَةٌ: اس میں کوئی تعجب نہیں۔

هَكَعَ (ف) هُكُوْعًا. ٹھہرنا۔ مطمئن ہونا۔

هَكَعَتِ الْبَقَرُ تَحْتَ الشَّجَرِ: سخت گرمی میں درخت کے نیچے سایہ لینا الرَّجُلُ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ فَمَا يُدْرٰى اَيْنَ سَكَعَ وَاَيْنَ هَكَعَ" فلاں گیا نہیں معلوم ہے کہ کس طرف گیا اور کہاں اقامت کی۔ هَكَعَ اللَّيْلُ تاریکی پھیلانا فُلَانٌ بِالْقَوْمِ وَ اِلَى الْقَوْمِ شام ہونے کے بعد قوم کے پاس واپس آنا الرَّجُلُ: غم یا غصہ سے سر جھکانا اِلَى الْاَرْضِ: اوندھا ہونا عَظْمُهُ: درستی کے بعد ٹوٹنا۔

هَكِعَ (س) هَكَعًا واهْتَكَعَ. مطیع ہونا۔ گھبرانا۔ عاجزی کرنا۔

الهُكَاع. کھانسی۔ تھکن کے بعد کی نیند۔

الهُكُوْع. درخت کے نیچے سایہ لینے والی گایوں کا ریوڑ۔

الهُكَعَة. بیوقوف۔

هَكَلَ تَهْكِيْلًا. الحِصَانُ او المَرْأَةُ: گھوڑے یا عورت کا اٹھلاتے ہوئے چلنا۔

تَهَاكَلَ الْقَوْمُ: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔

هَيْكَلَ الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا اور لمبا ہونا۔

الهَيْكَل. لمبی اور بڑی نباتات یا درخت واحد هَيْكَلَةٌ. بلند عمارت۔ موٹا (ہر جاندار) گرجا میں قربان گاہ۔ صورت۔ پیکر۔ مجسمہ ج هَيَاكِل. فَرَسٌ هَيْكَلٌ: بلند گھوڑا۔

هَكَمَ تَهْكِيْمًا فُلَانًا و لِفُلَانٍ: کسی کیلئے گانا۔

تَهَكَّمَتِ الْبِئْرُ و نحوها: کنوئیں کا گرنا۔

تَهَكَّمَ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: ٹھٹھا کرنا زَيْدًا: پیاپے نیزہ مارنا الرَّجُلُ: جھوٹی مغرورانہ چال چلنا اور ہر چیز میں مقدار سے بڑھ جانا۔ تَهَكَّمَ عَلٰى فُلَانٍ: سخت غضبناک ہونا عَلَى الْاَمْرِ الفَائِتِ: نادم ہونا الْمَطَرُ: ناقابل برداشت بارش ہونا فُلَانٌ: گانا لِفُلَانٍ: کسی کے لئے گانا بِفُلَانٍ: بہت یاد کرنا۔

الهَكِمُ. لا یعنی امور میں پھنسنے والا۔ شریر۔

الْاُهْكُوْمَة. ٹھٹھا۔ استہزاء۔

المُتَهَكِّم والمُسْتَهْكِم. مغرور۔

تَهَكَّنَ عَلَى الْاَمْرِ الْفَائِتِ: نادم ہونا۔

(هكا). هَاكَاهُ مُهَاكَاةً. اپنی عقل کو عاجز و ناکام سمجھنا۔

الْاَهْكَاء. حیران لوگ۔

هَلْ. حرف استفہام بمعنے کیا جیسے "هَلْ طَلَعَ النَّهَارُ" کیا دن نکل آیا۔ اور "هَلْ" نسبت ایجابیہ کے لیے مخصوص ہے جیسے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اور هَلْ لَمْ يَقُمْ زَيْدٌ" نہیں کہا جاتا۔ اور اگر نسبت سلبیہ سے استفہام مقصود ہو تو ہمزہ لاتے ہیں اور هَلْ ایسے اسم پر بھی داخل نہیں ہوتا جس کے بعد فعل ہو اسی لیے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اورهَلْ زَيْدٌ قَائِمٌ" کہنا تو جائز ہے مگر "هَلْ زَيْدٌ قَامَ" کہنا جائز نہیں۔

اور هَلْ جملہ شرطیہ پر بھی داخل نہیں ہوتا اس وجہ سے کہ اس میں ایجاب و نفی دونوں کا احتمال ہے اور اس جملہ پر بھی داخل نہیں ہوتا جس پر اِنَّ حرف تحقیق داخل ہو اس لیے کہ اِنَّ تقریر واقع کے لیے آتا ہے اور هَلْ استفہام کے لیے اور ان دونوں میں منافات ہے۔ اسی وجہ سے "هَلْ اِنْ قَامَ زَيْدٌ تَقُمْ" اور "هَلْ اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ" کہنا جائز نہیں۔ بخلاف ہمزہ کے کہ یہ استفہام میں اصل ہے اور اس میں

بڑی وسعت ہے۔

اور ھَلْ جب مضارع پر داخل ہو تو استقبال کے لئے خاص کر دیتا ہے۔ اسی وجہ سے ھَلْ تَذْھَبُ الْآنَ کہنا جائز نہیں۔

ھَلَّ (ن) ھَلًّا الْمَطَرُ: زور سے برسنا الھِلَالُ: نیا چاند نکلنا ھَلَّ الشَّھْرُ: مہینہ شروع ہونا لِلرَّجُلُ: خوش ہونا۔ چلانا۔

ھَلَّلَ تَھْلِیْلًا. تسبیح پڑھنا ھَلَلُوْیَا (عبرانی کلمہ ہے جس کے معنی ہیں "پروردگار کی تسبیح پڑھو۔" کہنا (دخیل) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا۔ اور ھَیْلَلَة سے ماخوذ ہے جیسے بَسْمَلَة بسم اللہ پڑھنا اور حَوْقَلَة لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہنا۔ کہا جاتا ہے "سَبَّحَ فُلَانٌ وَھَلَّلَ" فلاں نے تسبیح پڑھی اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ. کہا۔

وَھَلَّلَ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ بھاگنا عَنْ قِرْنِهٖ: پیچھے ہٹنا عَنْ شَتْمِهٖ: گالی دینے سے رُک جانا۔ ہٹ جانا الْمُکَاتِبُ: لکھنا۔

ھَالَّ ھِلَالًا و مُھَالَّةً الْاَجِیْرَ: در ماہہ اُجرت مقرر کرنا۔ تم کہتے ہو "تکَارَیْتُهٗ مُھَالَّةً" یعنی ایک چاند سے دوسرے چاند تک جیسا کہ "مُشَاھَرَةً" یعنی ایک مہینہ سے دوسرے مہینہ تک۔

اَھَلَّ الھِلَالُ: نیا چاند نکلنا الشَّھْرُ مہینہ شروع ہونا۔ اَھَلَّ الْقَوْمُ الھِلَالَ: چاند دیکھتے وقت آواز بلند کرنا الصَّبِیُّ: بچے کا رونے میں آواز بلند کرنا الرَّجُلُ: نیا چاند دیکھنا السَّیْفُ بِفُلَانٍ: تلوار کا کاٹنا الْعَطْشَانُ: پیاسے کا تھوک جمع ہونے کے لیے زبان کو تالو سے ملانا اللّٰهُ السَّحَابَ: برسانا الشَّھْرُ: مہینہ کا چاند دیکھنا الْمُلَبِّیْ: تلبیہ کے وقت آواز بلند کرنا فُلَانٌ بِذِکْرِ اللّٰهِ: کسی نعمت یا کسی عجیب چیز کو دیکھ کر اللہ کے ذکر میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَھَلَّ بِالتَّسْمِیَةِ عَلَی الذَّبِیْحَةِ" اس نے ذبیحہ پر اللہ کا نام لیا۔

اُھِلَّ الھِلَالُ: نیا چاند نکلنا الشَّھْرُ مہینہ شروع ہونا۔

تَھَلَّلَ الْوَجْهُ اَوِ السَّحَابُ: چمک اٹھنا۔ فُلَانٌ: خوشی سے دمکتے ہوئے چہرے والا ہونا تَھَلَّلَتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا تَھَلَّلَتْ دُمُوْعُهٗ: آنسو بہنا۔

اِنْھَلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ بارش ہونا۔ اِنْھَلَّتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا السَّمَاءُ بِالْمَطَرِ: برسانا۔

اِھْتَلَّ الْوَجْهُ وَالسَّحَابُ: چمک اٹھنا الرَّجُلُ: ہنسنے میں دانت ظاہر کرنا الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا۔

اِسْتَھَلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا السَّمَاءُ: پہلی بارش برسانا الْقَوْمُ الھِلَالَ: نیا چاند دیکھنا الشَّھْرُ: مہینہ شروع ہونا الشَّھْرَ: مہینہ کا نیا چاند دیکھنا الْوَجْهُ: خوشی سے دمک اٹھنا الصَّبِیُّ: پیدائش کے وقت چلانا۔ اور ایسا ہی ہر بولنے والے کے آواز بلند کرنے کو اِسْتِھْلَال کہتے ہیں۔

وَاسْتَھَلَّتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا۔

اُسْتُھِلَّ الھِلَالُ: نیا چاند نکلنا۔ اُسْتُھِلَّ السَّیْفُ: سونتا جانا۔

اَلْھِلَالُ. مصدر ھَالَّ کا۔ نیا چاند۔ شروع مہینہ کی دو راتوں یا تین راتوں یا سات راتوں کے چاند کو ہلال کہتے ہیں۔ اور مہینہ کی آخری دو راتوں چھبیسویں اور ستائیسویں کے چاند کو بھی۔ اور ان کے علاوہ کے چاند کو قمر کہتے ہیں۔

وَالھِلَالُ عِنْدَ اَھْلِ الْھَیْئَةِ: پہلی رات کا چاند الھِلَالُ: تھوڑا پانی۔ شکار کو زخمی کرنے کا لوہا۔ سانپ۔ اور بقول بعض نر سانپ۔ سانپ کی کینچلی۔ جوتے کا تسمہ۔ دبلا اونٹ۔ غبار۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔ اُونٹ کا نشان۔ خوبصورت لڑکا۔ چکی وغیرہ کا کنارہ جبکہ ٹوٹ جائے۔ بوچھار۔ پہلی بارش۔ ج اَھِلَّة اور اَھَالِیْل (نادر)

اَلْاَھَالِیْل. بارشیں۔ اس کے لیے واحد نہیں یا اس کا واحد اُھْلُوْل ہے۔

اَلْھَلَال. پہلی بارش۔

اَلْھَل. س۔ باریک بال۔ کپڑا۔

اَلْھِلّ. نمود اری۔ ماہ نو۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ فِیْ ھَلِّ الشَّھْرِ" میں اس کے پاس نئے چاند طلوع ہونے کے وقت آیا۔

اَلْھَلَل. خوف۔ ڈر۔ کہا جاتا ہے "ھَلَكَ فُلَانٌ ھَلَلًا" فلاں خوف کی وجہ سے ہلاک ہو گیا۔ پہلی بارش۔ مکڑی کا جالا۔ بارشیں۔ واحد ھَلَّة.

ھَلَّا. کلمہ تحضیض و تندیم ہے۔ مرکب ہے ھَلْ وَلَا سے۔ اگر ماضی پر داخل ہو تو ترک فعل پر ملامت کے لیے جیسے ھَلَّا آمَنْتَ یعنی تم ایمان کیوں نہیں لائے۔ اور اگر مضارع پر داخل ہو تو برانگیختہ کرنے کیلئے جیسے "ھَلَّا تُؤْمِنُ" تم ایمان کیوں نہیں لاتے ہو۔

اَلْھُلّٰی. خوشی جو غم کے بعد حاصل ہو۔

اَلْھَلَّة. ھَلَّ کا اسم مرۃ۔ ھَلَل کا واحد۔ چراغ دان۔ اور کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ فِیْ ھَلَّةِ الْقَمَرِ" میں اس کے پاس چاند کے طلوع کے وقت آیا (وَ مَا اَصَابَ ھَلَّةً) اس نے کچھ نہیں پایا۔

اَلْھِلَل. بارشیں۔ واحد ھِلَّةٌ. اور کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا فُلَانٌ فَلَمْ یَاْتِنَا بِھِلَّةٍ وَلَا بِلَّةٍ" فلاں ہمارے پاس آیا اور کچھ نہیں لایا۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ بِھِلِّیَانَ وَ بِذِیْ ھِلِّیَانَ" وہ گیا اور نہیں معلوم کہاں گیا ہے۔

اَلْھَلِیْلَة. زمین جس پر بارش ہوئی ہو اور ارد گرد بارش نہ ہوئی ہو۔

اَلْمُھَلِّل. فا۔ وہ شخص جو اپنے ہمسر پر حملہ کرے پھر بزدلی کی وجہ سے ہٹ جائے۔

اِبِلٌ مُھَلَّلَةٌ: دبلے اور جھکے ہوئے اونٹ۔

اَلْمُھَلَّل. جھکا ہوا۔

ھَلَبَهٗ (ض) ھَلْبًا. کسی کے بال اُکھیڑنا ھَلَبَ ذَنَبَ الْفَرَسِ: گھوڑے کی دم کو کاٹنا ھَلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: تر کرنا۔ یا لگاتار برسانا الْفَرَسُ: گھوڑے کا لگاتار دوڑنا۔ فُلَانٌ الْقَوْمَ بِلِسَانِهٖ: ہجو کرنا۔ گالی دینا۔

ھَلِبَ (س) ھَلَبًا. بہت بالوں والا ہونا۔

اَھْلَبَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا لگاتار دوڑنا۔

اَھْلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: تر کرنا۔

تَھَلَّبَ وَانْھَلَبَ الشَّعْرُ: بال اُکھڑا ہوا

ہونا۔
اِهْتَلَبَ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا۔
لَيْلَةٌ هَالِبَةٌ. بارش والی رات۔
الهُلْب. بال۔ پلکیں۔ اور بقول بعض موٹی پلکیں۔ اور بقول بعض دم کے بال اور بقول بعض سور کے بال۔ واحد **هُلْبَةٌ.**
الهَلِب. بہت بالوں والا۔
الاَهْلَب. بہت بالوں والا۔ بے بال والا۔
ذَنَبٌ اَهْلَبُ: کٹی ہوئی دم۔ **عَامٌ اَهْلَبُ** بہت بارش والا سال۔ سرسبز سال۔ **عَيْشٌ اَهْلَبُ:** کشادہ آسودہ زندگی۔
الهَلْبَاء. الاَهْلَب کا مؤنث۔ **رَقَبَةٌ هَلْبَاء** بہت بالوں والی گردن۔ کہا جاتا ہے "**وَقَعْنَا فِي هَلْبَةٍ هَلْبَاء**" ہم بڑی سخت مصیبت میں پڑ گئے۔
الهُلْبَة. هلب کا واحد۔ پیڑو۔ ایک ستارہ۔
هُلْبَةُ الشَّهْرِ: مہینے کا آخر۔ **هُلْبَةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ:** جاڑے یا زمانے کی سختی۔
الهَلَّاب. اسم مبالغہ۔ بہت ہجو کرنے والا۔ بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔ **عَامٌ هَلَّابٌ:** بہت بارش والا سال۔ **يَوْمٌ هَلَّابٌ:** ہوا اور بارش کا دن۔ **الهَلَّاب والهَلِيْب والمُهَلَّب:** جنوری کے مہینے میں بہت ٹھنڈے چند دن۔
الهَلَّابَة. بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
الاُهْلُوْب. فن۔ طریقہ۔ اسلوب ج **اَهَالِيْب.**
المُهَلَّبِيَّةُ: دودھ، پسے ہوئے چاول اور چینی کا حلوہ۔
هُلْبَةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ: جاڑے یا زمانہ کی شدت۔
فَرَسٌ مَهْلُوْبٌ. دم کٹا گھوڑا۔
المُهَلَّب. ہجو کیا ہوا۔
هَلَتَ (ن) هَلْتًا الشَّيْءَ: چھیلنا۔
انهَلَتَ. چھیلا جانا۔ اور کہا جاتا ہے "**انهَلَتَ بَعْدُو**" وہ دوڑتا ہوا کھسک گیا۔

الهُلَاث. ڈھیلا پن۔
الهَلْثَى والهَلْثَاء والهِلْثَاء و الهَلَثَاءَ قوالهِلْثَانَة والهُلْثَة. شور مچانے والی جماعت۔ **الهَلْثَانَة والهِلْثَانَة:** ڈھیلا پن۔
هَلَجَ (ض) هَلْجًا ناقابل یقین خبریں دینا۔
اَهْلَجَ الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔
الهَالِج. خواب ہائے پریشاں دیکھنے والا۔
الهَلْج. مص۔ ناقابل یقین خبریں۔ ہلکی نیند (**والهُلج**) خوابہائے پریشاں۔
الهَلَج. ایک خاردار درخت۔
تَهَلَّزَ الرَّجُلُ: دامن سمیٹنا۔ چوکس ہونا۔ چاق و چوبند ہونا۔
هَلَسَهُ (ض) هَلْسًا المَرَضُ: لاغر کر دینا۔
هُلِسَ. سل کی بیماری لاحق ہو کر عقل زائل ہونا۔ صفت **مَهْلُوْسٌ.**
هَلَسَ الرَّجُلُ: لاغر ہونا۔
هَالَسَهُ مُهَالَسَةً. چپکے چپکے باتیں کرنا۔
اَهْلَسَ. آہستہ آہستہ ہنسنا **اَلْحَدِيْثَ:** پوشیدہ کرنا **اِلَى فُلَانٍ:** چپکے سے کہنا **اَلْمَرَضُ فُلَانًا:** گھلا دینا۔
الهَالِس. فا۔ دبلے پتلے جسم والا۔ ج **هَوَالِس.**
الهُلَاس. سل کی بیماری۔
الهَلْس. مص۔ خیر کثیر۔ دبلا پن۔ پتلا پن۔ سل کی بیماری۔
الهُلُس. مرض سے لاغر شدہ لوگ۔ کمزور لوگ چاہے مرض سے لاغر نہ ہوں۔
المَهْلُوْس. مفـ۔ **رَجُلٌ مَهْلُوْسُ العَقْلِ و مُهْتَلَسُهُ:** مسلوب العقل۔
ظَلَامٌ مُهْلِسٌ. مدھم اندھیرا۔
هَلِعَ (س) هَلَعًا بے صبری سے شور۔ صفت **هَلِعَ و هَلُوْعٌ.** بھوکا ہونا۔
الهَلِع. لالچی۔
الهَالِع. فا۔ **نَعَامٌ هَالِعٌ** تیز رفتار شتر مرغ۔ کہا جاتا ہے "**نَعَامَةٌ هَالِعَةٌ و هَالِعٌ**"

ج **هَوَالِع. شُحٌّ هَالِعٌ:** غم انگیز شدتِ بخل۔
الهَلِع. غمگین۔
الهَلَع. مص (**والهُلَاع والهَلَعَان**) مقابلہ کے وقت بزدلی۔
الهُلَعَة. جلد گھبرانے والا۔
الهَلُوْع. گھبرانے والا۔ ڈرپوک۔ لالچی و بخیل۔ مصائب پر صبر نہ کر سکنے والا۔
الهِلْيَاغ. ایک چھوٹا درندہ جانور۔ یا زرسیمی۔
الهِلَّوْف. بھاری بھر کم سخت بدن والا۔ بڑی داڑھی والا۔ بہت بالوں والا۔ گھنی داڑھی۔ ابر آلود دن جس میں آفتاب نہ نکلے۔ بہت اون والا بوڑھا اونٹ۔ جنگلی سور۔
الهِلَّوْف. بہت بوڑھا۔ جھوٹا۔
الهِلَّوْفَة. بہت جھوٹا۔ گھنی داڑھی۔ بڑھیا۔
الهُلْفُوْف. سخت بدن اور بہت بالوں والا۔
هَلَقَ (ض) هَلْقًا و تَهَلَّقَ. جلدی کرنا۔
هَلقَمَ الشَّيْءَ: نگلنا۔
الهِلْقَام. لمبا۔ موٹا۔ شیر۔ چوڑی باچھوں کا اونٹ وغیرہ (**وَ الهِلْقَمُّ**) بڑا فیاض سردار جو لوگوں کی دیت وغیرہ کو اپنے اوپر برداشت کر لیتا ہو۔
الهِلْقَام والهِلْقَمّ والهِلْقَامَة والهِلقَّامَة والهُلَقِم. بہت کھانے والا۔
الهِلْقِم. قوی۔ چوڑی باچھوں والا۔ بڑی عورت۔ اور بڑے سمندر کو "**بَحْرٌ هَلْقَمٌ**" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ وہ ہر چیز کو نگل لیتا ہے۔
هَلَكَ (ض ف س) هَلَاكًا و هُلْكًا و هُلُوْكًا و تُهْلُوْكًا و مَهْلَكًا و تَهْلُكَةً بتثليث اللام فى الاخيرين: فنا ہونا۔ مرنا۔ نیست و نابود ہونا (عموماً اس کا استعمال بُری موت کے لیے ہوتا ہے (**هَلَاكًا**) **اِلَيْهِ و عَلَيْهِ:** لالچی ہونا۔ بہت خواہش مند ہونا۔
هَلَّكَهُ وَاَهْلَكَهُ. فنا کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ اگر کوئی شخص کسی بڑے کام کو کرے تو اس سے "**هَلَّكْتَ وَاَهْلَكْتَ**" کہا جاتا ہے **اَهْلَكَ**

الْمَالَ: بیچنا۔
تَهَلَّكَ فِيْ مَشْيِهٖ: مٹک کر چلنا۔ فِي الْمَفَاوِزِ: بیابان میں آوارہ و حیران پھرنا۔
تَهَالَكَ عَلَى الْفِرَاشِ: بستر ے پر گرنا فِي مَشْيِهٖ: مٹک کر چلنا عَلَى الشَّيْءِ: بہت خواہشمند ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مُتَهَالِكٌ فِي مُوَدَّتِكَ" میں تمہاری دوستی کا بہت خواہش مند ہوں فِي الْاَمْرِ او العَدْوِ: کوشش کرنا۔
اَنْهَلَكَ وَاِهْتَلَكَ. اپنے آپ کو خطرات میں ڈالنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَرَّ يَهْتَلِكُ فِي عَدْوِهٖ" وہ گزرا اس حال میں کہ دوڑنے میں کوشش کر رہا تھا۔
اِسْتَهْلَكَهٗ. ہلاک کرنا۔ اِسْتَهْلَكَ الْمَالَ: مال خرچ کرنا۔ ختم کرنا فِي الْاَمْرِ: جلدی کرتے ہوئے کوشش کرنا۔
الْهَالِكُ. فاج هَلْكٰى و هُلَّكٌ و هُلَّاكٌ و هَوَالِكُ (اور یہ شاذ ہے جیسے فَوَارِس و نَوَاكِس)
الْهَالِكَةُ. الْهَالِكُ کامؤنث۔ نفس حریص۔
الْهَالِكِيُّ. لوہار (ہالک بن عمرو بن اسد بن خزیمہ کی جانب منسوب کہ لوہاری کا کام اسی نے شروع کیا تھا)
الْهُلْكُ وَالْهَلْكُ. ہلاکت۔ تم کہتے ہو "لَاَذْهَبَنَّ فَاِمَّا هَلْكٌ وَاِمَّا مَلْكٌ" یعنی میں جاؤں گا یا تو تخت نصیب ہوگا یا تختہ۔
الْهَالُوْكُ. سنکھیا۔
الْهَلَكُ. قحط سالی کے سال۔ واحد هَلَكَةٌ. مردار کی لاش۔ پہاڑ کی چوٹی اور دامن کا درمیانی حصہ۔ دو چیزوں کے درمیان کی فضا۔ گرنے والی چیز۔
الْهُلُكُ. ہلاک ہونے والا نفس۔
الْهَلْكَاءُ. ہلاکت۔ تاکید کے لیے "هَلَكَةٌ هَلْكَاءُ" بولا جاتا ہے۔
الْهِلْكَةُ. هَلَكَ کا اسم نوع۔ گرنے والی ج هِلَكٌ. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هِلْكَةٌ مِنَ الْهِلَكِ"
اَلْهَلَكَةُ. ہلاکت۔ الْهَلَكُ کا واحد ج هَلَكَاتٌ.
الْهُلَّاكُ. فقراء۔ چارہ پانی تلاش کرنے والے لوگ جو راستہ کھو چکے ہوں۔
الْهَلْكُوْنُ والْهَلَكُوْن. قحط زدہ زمین اگرچہ پانی اس میں ہو۔ ایسی زمین جس پر ایک زمانہ دراز سے بارش نہ ہوئی ہو۔
